تفہیم البخاری
عربی متن مع اردو شرح
صحیح البخاری
احادیث معارف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا سدا بہار گلشن
تالیف
امیر المومنین فی الحدیث ابو عبداللہ محمد بن اسمعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ
ترجمہ و شرح
مولانا ظہور الباری اعظمی فاضل دارالعلوم دیوبند
دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

۷۸۶

احادیث و معارف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا سدا بہار گلشن

تفہیم البخاری

عربی متن مع اردو شرح

صحیح البخاری

جلد دوئم

تالیف

امیر المؤمنین فی الحدیث ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و شرح

مولانا ظہور الباری اعظمی فاضل دار العلوم دیوبند

دار الاشاعت

اردو بازار ایم اے جناح روڈ

کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی
طباعت : نومبر ۲۰۰۶ء علمی گرافکس
ضخامت : 1130 صفحات

مصححین: مولانا محمد شفیق کشمیری صاحب (فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی)
مولانا سرفراز احمد صاحب (فاضل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن)

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی
بیت القرآن اردو بازار کراچی
بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی
مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد
مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور
ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور
بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور
مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور
یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور
کتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد
کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

Islamic Books Centre
119-121, Halli Well Road
Bolton BL 3NE, U.K.

Azhar Academy Ltd.
London
Tel : 020 8911 9797. Fax : 020 8911 8999

امریکہ میں ملنے کے پتے

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY•14212, U.S.A

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

فہرست مضامین تفہیم البخاری جلد دوم

گیارہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۱ . الشُّرُوْطِ مَعَ النَّاسِ بِالْقَوْلِ

(۱) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسىٰ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَه، قَالَ اَخْبَرَنِي يَعْلَى بْنُ مُسْلِمٍ وَعَمْرُو ابْنُ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ يَزِيْدُ اَحَدُ هُمَا عَلىٰ صَاحِبِهٖ وَغَيْرُهُمَا قَدْ سَمِعْتُه' يُحَدِّثُه' عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اِنَّا لَعِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ حَدَّثَنِيْ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ موسىٰ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا كَانَتِ الْاُوْلىٰ نِسْيَاناً وَّالْوُسْطىٰ شَرْطًا وَّالثَّالِثَةُ عَمَداً قَالَ لَاتُؤَاخِذْ نِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا لَقِيَا غُلاَماً فَقَتَلَه' فَانْطَلَقَا فَوَجَدَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَه' قَرَاَهَا ابْنُ عَبَّاسٍؓ اَمَامَهُمْ مَّلِكٌ

۱۔لوگوں کے ساتھ زبانی شرطیں۔

۱۔ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی۔ انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے یعلی بن مسلم اور عمرو بن دینار نے خبر دی، انہیں سعید بن جبیر نے، دونوں حضرات نے یعلی بن مسلم اور عمرو بن دینار ایک دوسرے کی روایات میں اضافے (یا کمی) کے ساتھ روایت کی اور ان دونوں کے علاوہ (بھی ابن جریج نے اس طرح روایت کی ہے کہ) میں نے ان سے سنا، انہوں نے سعید ابن جبیر کے واسطہ سے حدیث بیان کی، کہ ہم ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے، انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے ابی بن کعبؓ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (موسیٰ اللہ کے رسول علیہ السلام) پھر پوری حدیث بیان کی کہ (کس طرح) خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا، کیا میں آپ کو پہلے ہی نہیں بتا چکا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے (موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے) پہلا سوال تو بھول کر ہوا تھا۔ دوسرا شرط کے طور پر اور تیسرا قصداً! آپ نے فرمایا تھا کہ "میں جس چیز کو بھول گیا، آپ اس میں مجھ سے مؤاخذہ نہ کیجئے اور نہ مجھ پر تنگی کیجئے۔ دونوں ایک لڑکے سے ملے جسے خضر علیہ السلام نے قتل کر دیا۔ پھر دونوں آگے بڑھے تو انہیں ایک دیوار ملی جو گرنے ہی والی تھی۔ لیکن اسے انہوں نے درست کر دیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے (وراٴہم ملک کے بجائے) امامہم ملک پڑھا ہے۔

باب ۲ . الشُّرُوْطِ فِي الْوَلَآءِ

(۲) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ جَآءَ تْنِيْ بَرِيْرَةُ فَقَالَتْ كَاتَبْتُ اَهْلِيْ عَلىٰ تِسْعِ اَوَاقٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ اَوْقِيَّةٌ فَاَعِيْنِيْنِيْ فَقَالَتْ اِنْ اَحَبُّوْا اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ وَيَكُوْنُ وَلَاءُ كِ لِيْ فَعَلْتُ فَذَهَبَتْ بَرِيْرَةُ اِلىٰ اَهْلِهَا فَقَالَتْ لَهُمْ فَاَبَوْا عَلَيْهَا فَجَآءَ تْ مِنْ عِنْدِهِمْ

۲۔ولاء کی شرطیں۔

۲۔ہم سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میرے پاس بریرہ آئیں اور کہنے لگیں کہ میں نے اپنے مالک سے نو اوقیہ پر مکاتبت کا معاملہ کر لیا ہے، ہر سال ایک اوقیہ دینا ہوگا: آپ بھی میری مدد کیجئے (آزادی کے لئے) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اگر تمہارے مالک چاہیں تو میں انہیں یکمشت

وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فَقَالَتْ اِنِّي قَدْ عَرَضْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَاَبَوْا اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَتْ عَآئِشَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خُذِيْهَا وَاشْتَرِطِيْ لَهُمُ الْوَلَاءَ فَاِنَّمَا الْوَلَآءُ لِمَنْ اَعْتَقَ فَفَعَلَتْ عَآئِشَةُ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَحَمِدَاللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَابَالُ رِجَالٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطاً لَّيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مَا كَانَ دُوْنَ شَرْطٍ لَّيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ قَضَآءُ اللّٰهِ اَحَقُّ وَشَرْطُ اللّٰهِ اَوْثَقُ وَاِنَّمَا الْوَلَآءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

اتنی قیمت ادا کرسکتی ہوں، لیکن تمہاری ولاء میرے ساتھ قائم ہوگی۔ بریرہ رضی اللہ عنہا اپنے مالکوں کے یہاں گئیں اور ان سے اس صورت کا ذکر کیا۔ لیکن انہوں نے (ولاء کے عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ قائم ہونے سے) انکار کیا۔ جب وہ ان کے یہاں سے واپس ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ بھی تشریف فرما تھے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے مالکوں کے سامنے یہ صورت رکھی تھی لیکن وہ کہتے ہیں کہ ولاء انہیں کے ساتھ قائم رہے گی۔ نبی کریم ﷺ نے بھی یہ بات سنی اور عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کو صورت حال سے مطلع کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم انہیں خرید لو اور انہیں ولاء کی شرط لگانے دو، ولاء تو اسی کے ساتھ قائم ہوسکتی ہے جو آزاد کرے۔ چنانچہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایسا ہی کیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ صحابہ میں گئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کے بعد فرمایا کہ کچھ لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ وہ ایسی شرطیں (معاملات) میں لگاتے ہیں، جن کی کوئی اصل کتاب اللہ میں نہیں ہے۔ ایسی کوئی بھی شرط جس کی اصل کتاب اللہ میں نہ ہو باطل ہے۔ خواہ سو شرطیں کیوں نہ لگائی جائیں۔ اللہ کا فیصلہ ہی حق ہے اور اللہ کی شرطیں ہی پائیدار ہیں۔ ولاء تو اسی کے ساتھ قائم ہوسکتی ہے جو آزاد کرے۔

باب ۳. اِذَا اشْتَرَطَ فِي الْمُزَارَعَةِ اِذَا شِئْتُ اَخْرَجْتُكَ

۳۔ مزارعت میں کسی نے یہ شرط لگائی کہ جب میں چاہوں گا تمہیں بے دخل کرسکوں گا۔

(۳) حَدَّثَنِيْ اَبُوْاَحْمَدَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰ اَبُوْغَسَّانَ الْكِنَانِيُّ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا فَدَعَ اَهْلُ خَيْبَرَ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عُمَرَ قَامَ عُمَرُ خَطِيْبًا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَامَلَ يَهُوْدَ خَيْبَرَ عَلٰى اَمْوَالِهِمْ وَقَالَ نُقِرُّكُمْ مَااَقَرَّكُمُ اللّٰهُ وَاَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ خَرَجَ اِلٰى مَالِهٖ هُنَاكَ فَعُدِيَ عَلَيْهِ مِنَ اللَّيْلِ فَفُدِعَتْ يَدَاهُ وَرِجْلَاهُ وَلَيْسَ لَنَا هُنَاكَ عَدُوٌّ غَيْرُهُمْ هُمْ عَدُوُّنَا وَتُهَمَتُنَا وَقَدْ رَاَيْتُ اِجْلَآئَهُمْ فَلَمَّا اَجْمَعَ عُمَرُ عَلٰى

۳۔ ہم سے ابواحمد نے حدیث بیان کی۔ ان سے محمد بن یحییٰ ابوغسان کنانی نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب ان کے (ہاتھ پاؤں) خیبر والوں نے توڑ ڈالے [1] تو عمر رضی اللہ عنہ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے جب خیبر کے یہودیوں سے ان کی جائیداد کے سلسلے میں معاملہ کیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ جب تک اللہ تعالیٰ تمہیں قائم رکھے، ہم قائم رہیں گے۔ [2] اس کے بعد عبداللہ بن عمرؓ وہاں اپنے اموال کے سلسلے میں گئے تو رات کو ان کے ساتھ ظلم وتعدی کا معاملہ کیا گیا، جس سے ان کے ہاتھ پاؤں ٹوٹ گئے۔

[1] ابن عمر رضی اللہ عنہ خیبر میں اپنے کاروبار کے سلسلے میں گئے تھے۔ یہودیوں نے موقعہ پا کر آپ کو ایک بالا خانہ سے نیچے گرا دیا تھا جس سے آپ کے ہاتھ پاؤں ٹوٹ گئے تھے۔ [2] یعنی خیبر کی فتح کے بعد حضور اکرم ﷺ نے ان کی جائیداد (جو اب اسلامی حکومت کے قبضہ میں آچکی تھی) میں ان سے مزارعت کا معاملہ کر لیا تھا اور یہ بھی فرما دیا تھا کہ یہ معاملہ ہمیشہ کے لئے نہیں بلکہ جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا یہ معاملہ رہے گا، اس لئے عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ معاملہ فسخ کر دیا اور چونکہ مسلمانوں کے خلاف ان کی دشمنی اور معاندانہ سرگرمیاں بڑھتی جا رہی تھیں اس لئے اسلامی دار السلطنت سے دور انہیں دوسری جگہ منتقل کروا دیا گیا۔

ذٰلِکَ اَتَاہُ اَحَدُ بَنِیْ اَبِی الْحَقِیْقِ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَتُخْرِجُنَا وَقَدْ اَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَا مَلَنَا عَلَی الْاَمْوَالِ وَشَرَطَ ذٰلِکَ لَنَا فَقَالَ عُمَرُ اَظَنَنْتَ اَنِّیْ نَسِیْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ بِکَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ خَیْبَرَ تَعْدُوْبِکَ قُلُوْصُکَ لَیْلَۃً بَعْدَ لَیْلَۃٍ فَقَالَ کَانَتْ ھٰذِہٖ ھُزَیْلَۃً مِنْ اَبِی الْقَاسِمِ قَالَ کَذَبْتَ یَاعَدُوَّاللّٰہِ فَاَجْلَاھُمْ عُمَرُوَ اَعْطَاھُمْ قِیْمَۃَ مَاکَانَ لَھُمْ مِنَ الثَّمَرِ مَالاً وَّاِبِلاً وَّعُرُوْضاً مِنْ اَقْتَابٍ وَّحِبَالٍ وَّغَیْرِ ذٰلِکَ رَوَاہُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ عُبَیْدِاللّٰہِ اَحْسِبُہٗ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِخْتَصَرَہٗ

انہوں نے کہا کہ خیبر میں ان (یہودیوں) کے سوا اور کوئی ہمارا دشمن نہیں، وہی ہمارے دشمن ہیں اور انہیں پر ہمیں شبہ ہے۔ اس لئے میں انہیں شہر بدر کردینا ہی مناسب سمجھتا ہوں۔ جب عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا پختہ ارادہ کرلیا تو ابی حقیق (ایک یہودی خاندان) کا ایک شخص آیا اور کہا کہ یا امیر المومنین کیا آپ ہمیں شہر بدر کردیں گے، حالانکہ محمد ﷺ نے ہمیں یہاں باقی رکھا تھا اور ہم سے جائیداد کا ایک معاملہ بھی کیا تھا اور اس کی (ہمیں خیبر میں رہنے دینے کی) شرط بھی آپ نے لگائی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان بھول گیا ہوں۔ جب حضور اکرم ﷺ نے تم سے کہا تھا کہ تمہارا کیا حال ہوگا جب تم خیبر سے نکالے جاؤ گے اور تمہارے اونٹ تمہیں راتوں رات لئے پھریں گے۔ ❶ اس نے کہا، یہ تو ابوالقاسم (آنحضور ﷺ) کا ایک مذاق تھا، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا کے دشمن! تم نے جھوٹی بات کہی۔ چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں شہر بدر کردیا اور ان کے پھلوں کی (باغ کی) اونٹ اور دوسرے سامان، یعنی کجاوے اور رسیاں وغیرہ سب کی قیمت ادا کردی۔ اس کی روایت حماد بن سلمہ نے عبید اللہ کے واسطہ سے کی ہے، جیسا کہ مجھے یقین ہے۔ نافع کے واسطہ سے (انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ) اور انہوں نے عمر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے واسطہ سے اختصار کے ساتھ۔

باب ۴. الشُّرُوْطِ فِی الْجِھَادِ وَالْمُصَالَحَۃِ مَعَ اَھْلِ الْحَرْبِ وَکِتَابَۃِ الشُّرُوْطِ

۴۔ جہاد، اہل حرب کے ساتھ مصالحت کی شرائط اور ان کی دستاویز۔

(۴) حدثنی عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ قَالَ اَخْبَرَنِی الزُّھْرِیُّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَۃُ بْنُ الزُّبَیْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَۃَ وَمَرْوَانَ یُصَدِّقُ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنْھُمَا حَدِیْثَ صَاحِبِہٖ قَالَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَیْبِیَّۃِ حَتّٰی کَانُوْا بِبَعْضِ الطَّرِیْقِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِیْدِ بِالْغَمِیْمِ فِیْ خَیْلٍ لِقُرَیْشٍ طَلِیْعَۃً فَخُذُوْا ذَاتَ الْیَمِیْنِ فَوَاللّٰہِ مَاشَعَرَبِھِمْ خَالِدٌ

۴۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، کہا کہ مجھے زہری نے خبر دی، کہا کہ مجھے عروہ بن زبیر نے خبر دی اور زبیر سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان نے، دونوں کے بیان سے ایک دوسرے کی حدیث کی تصدیق ہوتی تھی۔ انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ صلح حدیبیہ کے موقع پر نکلے تھے۔ ابھی آپ راستے ہی میں تھے کہ فرمایا، خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے قریش کے چند سواروں کے ساتھ ہماری نقل و حرکت کا اندازہ لگانے کے لئے مقام غمیم ٹھہرے ہوئے

❶ جب خیبر فتح ہوا تو آپ نے اسی یہودی سے مخاطب ہوکر یہ جملہ فرمایا تھا، اس میں یہودیوں کے شہر بدر کئے جانے کی پیشین گوئی ہے۔ یعنی تم خیبر سے نکال دیئے جاؤ گے اور پھر تمہیں کہیں دور دراز مقام پر جانا پڑے گا، جہاں کئی دن میں اونٹ کے ذریعہ تم پہنچو گے۔

حَتّٰی اِذَا هُمْ بِقَتَرَةِ الْجَيْشِ فَانْطَلَقَ يَرْكُضُ نَذِيْرًا لِقُرَيْشٍ وَّسَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِيْ يَهْبِطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ، فَقَالَ النَّاسُ حَلْ حَلْ فَالَحَّتْ فَقَالُوْا خَلَاتِ الْقَصْوَآءُ خَلَاتِ الْقَصْوَآءُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَلَاتِ الْقَصْوَاءُ وَمَا ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ وَّ لٰكِنْ حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يَسْئَلُوْنِيْ خُطَّةً يُعَظِّمُوْنَ فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ اِلَّا اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا ثُمَّ زَجَرَهَا فَوَثَبَتْ قَالَ فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتّٰى نَزَلَ بِاَقْصَى الْحُدَيْبِيَّةِ عَلٰى ثَمَدٍ قَلِيْلِ الْمَآءِ يَتَبَرَّضُهٗ النَّاسُ تَبَرُّضًا فَلَمْ يُلَبِّثْهُ النَّاسُ حَتّٰى نَزَحُوْهُ وَشُكِيَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشُ فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِّنْ كِنَانَتِهٖ ثُمَّ اَمَرَهُمْ اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْهِ فَوَاللّٰهِ مَازَالَ يَجِيْشُ لَهُمْ بِالرِّيِّ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ جَآءَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَآءَ الْخُزَاعِيُّ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ قَوْمِهٖ مِنْ خُزَاعَةَ وَكَانَ عَيْبَةَ نُصْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَهْلِ تِهَامَةَ فَقَالَ اِنِّيْ تَرَكْتُ كَعْبَ بْنَ لُؤَيٍّ وَّ عَامِرَ بْنَ لُؤَيٍّ نَزَلُوْا اَعْدَادَ مِيَاهِ الْحُدَيْبِيَّةِ وَمَعَهُمُ الْعُوْذُ الْمَطَافِيْلُ وَهُمْ مُقَاتِلُوْكَ وَ صَادُّوْكَ عَنِ الْبَيْتِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا لَمْ نَجِئْ لِقِتَالِ اَحَدٍ وَّلٰكِنَّا جِئْنَا مُعْتَمِرِيْنَ وَاِنَّ قُرَيْشًا قَدْ نَهِكَتْهُمُ الْحَرْبُ وَاَضَرَّتْ بِهِمْ وَاِنْ شَآءُوْا مَادَدْتُهُمْ مُدَّةً وَّ يُخَلُّوْا بَيْنِيْ وَبَيْنَ النَّاسِ فَاِنْ اَظْهَرْ فَاِنْ شَاءُوْا اَنْ يَّدْخُلُوْا فِيْمَا دَخَلَ فِيْهِ النَّاسُ فَعَلُوْا وَاِلَّا فَقَدْ جَمُّوْا وَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاُقَاتِلَنَّهُمْ عَلٰى اَمْرِيْ هٰذَا حَتّٰى تَنْفَرِدَ سَالِفَتِيْ وَلَيُنْفِذَنَّ اللّٰهُ اَمْرَهٗ، فَقَالَ بُدَيْلٌ سَاُبَلِّغُهُمْ مَّا تَقُوْلُ فَانْطَلَقَ حَتّٰى اَتٰى قُرَيْشًا قَالَ اِنَّا قَدْ جِئْنَاكُمْ مِنْ هٰذَا

ہیں۔ اس لئے تم لوگ ذات الیمین کی طرف سے جاؤ تا کہ خالدؓ کو کوئی اندازہ نہ ہوسکے۔ پس خدا گواہ ہے کہ خالد کو ان کے متعلق کچھ بھی علم نہ ہوسکا اور جب انہوں نے اس لشکر کا غبار اٹھتا ہوا دیکھا تو قریش جلدی جلدی خبر دیئے گئے۔ ادھر نبی کریم ﷺ چلتے رہے اور جب ثنیۃ المراء پر پہنچے، جس سے مکہ میں لوگ اترتے ہیں تو آنحضور ﷺ کی سواری بیٹھ گئی صحابہ کہنے لگے حل حل (اونٹنی کو اٹھانے کے لئے) لیکن وہ اپنی جگہ سے نہ اٹھی۔ صحابہؓ نے کہا قصواء اڑ گئی قصواء اڑ گئی (قصواء حضور اکرم ﷺ کی اونٹنی کا نام تھا) لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ قصواء اڑی نہیں ہے اور نہ یہ اس کی عادت ہے۔ اسے تو اس ذات نے روک لیا ہے جس نے ہاتھیوں (کے لشکر) کو (مکہ میں داخل ہونے سے) روکا تھا۔ (یعنی اللہ تعالیٰ نے) پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے قریش جو بھی ایسا مطالبہ رکھیں گے جس میں اللہ کی حرمتوں کی تعظیم ہوگی تو میں ان کا مطالبہ منظور کرلوں گا۔ ❶ آخر آپ ﷺ نے اونٹنی کو ڈانٹا تو وہ اٹھ گئی۔ بیان کیا کہ پھر نبی کریم ﷺ صحابہؓ سے آگے نکل گئے اور حدیبیہ کے آخری کنارے ثمد (ایک چشمہ یا گڑھا) پر جہاں پانی کم تھا آپ ﷺ نے قیام کیا۔ لوگ تھوڑا تھوڑا پانی استعمال کرنے لگے اور پھر پانی ختم ہوگیا۔ اب رسول اللہ ﷺ سے پیاس کی شکایت کی گئی تو آپ ﷺ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکال کر دیا کہ اسے پانی میں ڈال دیں۔ بخدا پانی انہیں سیراب کرنے کے لئے ابلنے لگا اور وہ لوگ پوری طرح سیراب ہوئے۔ لوگ اسی حال میں تھے کہ بدیل بن ورقاء خزاعیؓ اپنی قوم خزعہ کے چند افراد کو لے کر حاضر ہوئے۔ یہ لوگ تہامہ کے رہنے والے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے خیر خواہ تھے، انہوں نے اطلاع دی کہ میں کعب بن لوی اور عامر بن لوی کو پیچھے چھوڑے آرہا ہوں جنہوں نے حدیبیہ کے پانی کے ذخیروں پر اپنا پڑاؤ ڈال دیا ہے۔ ان کے ساتھ بکثرت دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں اور ہر طرح کا سامان ان کے ساتھ ہے۔ وہ لوگ آپ سے لڑیں گے اور آپ کے بیت اللہ پہنچنے میں مزاحم ہوں گے لیکن آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہم کسی سے لڑنے کے لئے نہیں آئے ہیں بلکہ صرف عمرہ کے لئے آئے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ مسلسل لڑائیوں نے قریش کو پہلے ہی کمزور کردیا ہے اور انہیں بڑا نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ اب

❶ یعنی کوئی بھی ایسا مطالبہ جس کی وجہ سے حرم میں قتل وخون سے رکا جاسکے۔ حرم کی عظمت کا پاس ضروری ہے، اس لئے میں ان کے ہر ایسے مطالبے کو مان لوں گا۔

الرَّجُلِ وَسَمِعْنَاهُ يَقُوْلُ قَوْلًا فَاِنْ شِئْتُمْ اَنْ نَّعْرِضَهُ عَلَيْكُمْ فَعَلْنَا فَقَالَ سُفَهَآؤُهُمْ لَاحَاجَةَ لَنَا اَنْ تُخْبِرَنَا عَنْهُ بِشَيْءٍ وَّقَالَ ذَوُوا الرَّأْيِ مِنْهُمْ هَاتِ مَاسَمِعْتَهُ يَقُوْلُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا فَحَدَّ ثَهُمْ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ اِيْ قَوْمِ اَلَسْتُمْ بِالْوَالِدِ قَالُوْا بَلٰى قَالَ اَلَسْتُ بِالْوَلَدِ قَالُوْا بَلٰى قَالَ فَهَلْ تَتَّهِمُوْنِيْ قَالُوْا لَاقَالَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنِّيْ اِسْتَنْفَرْتُ اَهْلَ عُكَاظٍ فَلَمَّا بَلَّحُوْا عَلَيَّ جِئْتُكُمْ بِاَهْلِيْ وَوَلَدِيْ وَمَنْ اَطَاعَنِيْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ اِنَّ هٰذَا قَدْ عَرَضَ لَكُمْ خُطَّةَ رُشْدٍ اقْبَلُوْهَا وَدَعُوْنِيْ اٰتِيْهِ قَالُوْا ائْتِهِ فَاَتَاهُ فَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِّنْ قَوْلِهٖ لِبُدَيْلٍ فَقَالَ عُرْوَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ اَيْ مُحَمَّدُ اَرَاَيْتَ اِنِ اسْتَاْصَلْتَ اَمْرَ قَوْمِكَ هَلْ سَمِعْتَ بِاَحَدٍ مِّنَ الْعَرَبِ اجْتَاحَ اَهْلَهُ قَبْلَكَ وَ اِنْ تَكُنِ الْاُخْرٰى فَاِنِّيْ وَاللّٰهِ لَاَرٰى وُجُوْهًا وَّاِنِّيْ لَاَرٰى اَشْوَابًا مِّنَ النَّاسِ خَلِيْقًا اَنْ يَّفِرُّوْا وَيَدَعُوْكَ فَقَالَ لَهُ اَبُوْبَكْرٍ اَمْصِصْ بِبَظْرِ اللَّاتِ اَنَحْنُ نَفِرُّ عَنْهُ وَ نَدَعُهُ فَقَالَ مَنْ ذَا قَالُوْا اَبُوْبَكْرٍ قَالَ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْلَا يَدٌ كَانَتْ لَكَ عِنْدِيْ لَمْ اَجْزِكَ بِهَا لَاَجَبْتُكَ قَالَ وَجَعَلَ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُلَّمَا تَكَلَّمَ اَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ وَالْمُغِيْرَةُ ابْنُ شُعْبَةَ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ السَّيْفُ وَعَلَيْهِ الْمِغْفَرُ فَكُلَّمَا اَهْوٰى عُرْوَةُ بِيَدِهٖ اِلٰى لِحْيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ يَدَهُ بِنَعْلِ السَّيْفِ وَقَالَ لَهُ اَخِّرْ يَدَكَ عَنْ لِحْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَاْسَهُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالُوا الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَقَالَ اَيْ غُدَرُ اَلَسْتُ اَسْعٰى فِيْ غَدْرَتِكَ وَكَانَ الْمُغِيْرَةُ صَحِبَ قَوْمًا فِي

اگر وہ چاہیں تو میں ایک مدت تک (لڑائی کا سلسلہ بند رکھنے کا ان سے معاہدہ کرلوں گا) اس عرصہ میں وہ میرے اور عوام کفار ومشرکین عرب کے درمیان نہ پڑیں اور مجھے ان کے سامنے اپنا دین پیش کرنے دیں پھر اگر میں کامیاب ہو جاؤں اور اس کے بعد وہ چاہیں تو اس دین میں وہ بھی داخل ہو سکتے ہیں جس میں اور تمام لوگ داخل ہو چکے ہوں گے۔ لیکن اگر مجھے کامیابی نہ ہوئی تو انہیں بھی آرام ہو جائے گا لڑائی اور جنگ سے۔ اور اگر انہیں میری اس پیش کش سے انکار ہے تو اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، جب تک میرا تن سر سے جدا نہیں ہو جاتا میں دین کے لئے برابر لڑتا رہوں گا یا پھر خداوند تعالیٰ اسے نافذ فرما دے گا۔ بدیل (رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ قریش تک آپ کی گفتگو میں پہنچاؤں گا چنانچہ وہ روانہ ہوئے اور قریش کے یہاں پہنچے اور کہا کہ ہم تمہارے پاس اس شخص (نبی کریم ﷺ) کے یہاں سے آئے ہیں اور ہم نے اسے کچھ کہتے سنا ہے اگر تم چاہو تو تمہارے سامنے ہم اسے بیان کر سکتے ہیں۔ قریش کے بے وقوفوں نے کہا کہ ہمیں اس کی ضرورت نہیں کہ تم اس شخص کی کوئی بات ہمیں سناؤ۔ لیکن جو لوگ صاحب رائے تھے انہوں نے کہا کہ ٹھیک ہے جو کچھ کہ تم نے سنا ہے ہم سے بیان کردو۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اسے (آنحضور ﷺ) کو یہ کہتے سنا ہے اور پھر جو کچھ انہوں نے آنحضور (ﷺ) سے سنا تھا وہ سب بیان کر دیا تو عروہ بن مسعود (جو اس وقت تک کفار کے ساتھ تھے) کھڑے ہوئے اور کہا کہ اے قوم کے لوگو! کیا تم میری اولاد کے درجے میں نہیں ہو۔ تو سب نے کہا کیوں نہیں اب انہوں نے پھر کہا کیا میں تمہارے باپ کے درجے میں نہیں ہوں؟ اور ہمدردی کے اعتبار سے انہوں نے پھر کہا کیا تم لوگ مجھ پر کسی قسم کی تہمت لگا سکتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ نہیں۔ انہوں نے پوچھا کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں نے عکاظ والوں کو تمہاری طرف سے محمد (ﷺ) کے ساتھ لڑنے کے لئے بلایا تھا اور جب انہوں نے انکار کیا تو میں نے اپنے گھر کے اور ان تمام لوگوں کو تمہارے سامنے لاکر کھڑا کر دیا تھا جنہوں نے میرا کہنا مانا تھا۔ قریش نے کہا کہ کیوں نہیں، یہ سب باتیں درست ہیں، اس کے بعد انہوں نے کہا، دیکھو، اب اس شخص یعنی نبی کریم ﷺ نے تمہارے سامنے اچھی اچھی اور مناسب تجویز رکھی ہے، اسے تم قبول کرلو اور مجھے اس کے پاس گفتگو کے لئے جانے دو،

الْجَاهِلِيَّةِ فَقَتَلَهُمْ وَاَخَذَ اَمْوَالَهُمْ ثُمَّ جَآءَ فَاَسْلَمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا الْاِسْلَامَ فَاَقْبَلُ وَاَمَّا الْمَالَ فَلَسْتُ مِنْهُ فِيْ شَيْءٍ ثُمَّ اِنَّ عُرْوَةَ جَعَلَ يَرْمُقُ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَيْنَيْهِ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَاتَنَخَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُخَامَةً اِلَّا وَقَعَتْ فِيْ كَفِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهٗ وَجِلْدَهٗ وَاِذَا اَمَرَهُمْ ابْتَدَرُوْا اَمْرَهٗ وَ اِذَا تَوَضَّاَ كَادُوْا يَقْتَتِلُوْنَ عَلٰى وَضُوْئِهٖ وَاِذَا تَكَلَّمَ خَفَضُوْآ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَهٗ وَمَا يُحِدُّوْنَ اِلَيْهِ النَّظَرَ تَعْظِيْمًا لَّهٗ فَرَجَعَ عُرْوَةُ اِلٰى اَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَيْ قَوْمِ وَاللّٰهِ لَقَدْ وَفَدْتُّ عَلَى الْمُلُوْكِ وَوَفَدْتُّ عَلٰى قَيْصَرَ وَكِسْرٰى وَالنَّجَاشِيِّ وَاللّٰهِ اِنْ رَّاَيْتُ مَلِكًا قَطُّ يُعَظِّمُهٗ اَصْحَابُهٗ مَايُعَظِّمُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَمَّدًا وَّاللّٰهِ اِنْ تَنَخَّمَ نُخَامَةً اِلَّا وَقَعَتْ فِيْ كَفِّ رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَدَلَكَ بِهَا وَجْهَهٗ وَجِلْدَهٗ وَاِذَا اَمَرَهُمْ ابْتَدَرُوْا

سب نے کہا آپ ضرور جائیے۔ چنانچہ عروہ بن مسعود آنحضور (ﷺ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے گفتگو شروع کی۔ حضور اکرم ﷺ نے ان سے بھی وہی باتیں کہیں جو آپ ﷺ بدیل سے کہہ چکے تھے۔ عروہ رضی اللہ عنہ نے اس وقت کہا، اے محمد ﷺ تمہیں بتاؤ کہ اگر تم نے اپنی قوم کو نیست و نابود کر دیا تو کیا اپنے سے پہلے کسی بھی عرب کے متعلق تم نے سنا ہے کہ اس نے اپنے گھرانے کا نام و نشان مٹا دیا لیکن اگر دوسری بات وقوع پذیر ہوئی (یعنی آپ ﷺ کی دعوت کو تمام عرب نے قبول کر لیا تو اس میں بھی آپ ﷺ کو کوئی فائدہ نہیں کیونکہ) بخدا میں (آپ ﷺ کے ساتھ) کچھ تو اشراف کو دیکھتا ہوں اور کچھ ادھر ادھر کے لوگ ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ (اس وقت) یہ سب بھاگ جائیں گے اور آپ ﷺ کو تنہا چھوڑ دیں گے۔ ❶ (اور آپ ﷺ کی قوم کی مدد بھی آپ کے ساتھ نہ ہوگی) اس پر ابوبکرؓ بولے امصص بظر اللات (عرب کی ایک گالی) کیوں کر ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس سے بھاگ جائیں گے اور آپ کو تنہا چھوڑ دیں گے۔ عروہ نے پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ ابوبکرؓ ہیں عروہ نے کہا ہاں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے اگر تمہارا مجھ پر ایک احسان نہ ہوتا جس کی

---

❶ ہر شخص اپنے فکر اور ماحول کے مطابق سوچتا ہے، عرب میں کوئی شخص سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اپنی قوم سے الگ رہ کر بھی کوئی بڑائی اور عظمت حاصل کر سکتا ہے لیکن اسلام نے کایا پلٹ دی، جو چیز سوچی بھی نہ جا سکتی تھی وہ ایک واقعہ اور حقیقت کی صورت میں سب کے سامنے تھی۔ عروہ بن مسعودؓ جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے اور قریش کے ساتھ اپنے وقت کے اعلیٰ درجہ کے مدبر اور ذی رائے اصحاب میں تھے۔ عمر بھی بہت تھی اور اسی کے مطابق تجربات تھے۔ سارے عرب خصوصاً قریش میں آپ کا بڑا اعتماد قائم تھا۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر یہی قریش کے نمائندہ بن کر آنحضور ﷺ سے گفتگو کرنے آئے تھے اس وقت ان کا یہ خیال تھا، جیسا کہ ایک عرب سوچ سکتا تھا کہ دوسروں پر اس درجہ اعتماد آنحضور ﷺ کی بہت بڑی غلطی ہے۔ اب تک بہت سی لڑائیاں قریش مسلمانوں سے لڑ چکے تھے اور پیہم شکست و ہزیمت نے انہیں کہیں کا نہ چھوڑا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے جب ان کے سامنے صلح کی پیش کش کی تو قریش کے ذی رائے افراد نے اس پر لبیک کہا، جانتے تھے کہ اسے قبول نہ کرنا موت کے مرادف ہے۔ حضور اکرم ﷺ بھی قریش ہی کے ایک فرد ہیں اور عروہؓ حضور اکرم ﷺ سے یہ کہہ رہے ہیں کہ آپ کی قوم جس درجہ تباہ ہو چکی ہے وہ خود آپ کے لئے بھی تشویش کا باعث ہونا چاہئے۔ کیونکہ کوئی شخص اپنی قوم کو مخالف بنا کر کامیاب نہیں ہو سکتا۔ اصل میں دونوں باتیں غلط فہمی پر مبنی تھیں۔ عروہؓ حضور اکرم ﷺ سے اب تک دور ہی رہے تھے اس لئے وہ اسی طرز پر سوچ سکتے تھے۔ جاننے والے جانتے تھے کہ حضور اکرم ﷺ نے ہمیشہ قریش کی خیر خواہی چاہی۔ آپ ﷺ دنیا والوں کے لئے رحمت تھے اور قریش پر ہی کیا انحصار سارے عرب اور ساری دنیا کی خیر خواہی آپ کے پیش نظر تھی۔ اگر یہ بات نہ ہوتی تو ایسے موقعہ پر جب قریش بری طرح پسپا ہو چکے تھے آپ ﷺ ان کے سامنے صلح کی پیش کش نہ کرتے اور صلح میں آپ نے جو رویہ اختیار کیا اور جس طرح دب کر صلح کی وہ اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ آپ کے پیش نظر صرف قوم کی بھلائی اور اسلام کی تبلیغ تھی۔ دوسری بات انہوں نے یہ کہی تھی کہ آپ نے اپنی قوم کو اپنا مخالف بنا رکھا ہے اور یہ آپ کے لئے نقصان دہ ہے۔ غالباً اس سے زیادہ غلط بات کبھی نہ کہی گئی ہوگی۔ سوچنے والا اپنے ماحول کے مطابق سوچتا ہے اور یہ نہیں دیکھتا کہ جس کے متعلق وہ سوچ رہا ہے۔ اس کا ماحول کیا ہے؟ کیا صحابہؓ سے بھی زیادہ کوئی جاں نثار قوم دنیا نے پیدا ہوئی ہے؟ کیا مخالف وموافق کوئی بھی آج سوچ سکتا ہے کہ صحابہؓ آنحضور ﷺ کا ساتھ کسی وقت بھی چھوڑ سکتے تھے؟

اَمْرَہٗ وَاِذَا تَوَضَّأَ کَادُوْا یَقْتَتِلُوْنَ عَلٰی وَضُوْئِہٖ وَاِذَا تَکَلَّمَ خَفَضُوْا اَصْوَاتَھُمْ عِنْدَہٗ وَمَا یُحِدُّوْنَ اِلَیْہِ النَّظَرَ تَعْظِیْمًا لَّہٗ وَاِنَّہٗ قَدْ عَرَضَ عَلَیْکُمْ خُطَّۃَ رُشْدٍ فَاقْبَلُوْھَا فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ کِنَانَۃَ دَعُوْنِیْ اٰتِیْہِ فَقَالُوا ائْتِہٖ فَلَمَّا اَشْرَفَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ اَصْحَابِہٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا فُلَانٌ وَھُوَ مِنْ قَوْمٍ یُّعَظِّمُوْنَ الْبُدْنَ فَابْعَثُوْھَا لَہٗ فَبُعِثَتْ لَہٗ وَاسْتَقْبَلَہُ النَّاسُ یُلَبُّوْنَ فَلَمَّا رَاٰی ذٰلِکَ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰہِ مَا یَنْبَغِیْ لِھٰٓؤُلَآءِ اَنْ یُّصَدُّوْا عَنِ الْبَیْتِ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْھُمْ یُقَالُ لَہٗ مِکْرَزُ بْنُ حَفْصٍ فَقَالَ دَعُوْنِیْ اٰتِیْہِ فَقَالُوا ائْتِہٖ فَلَمَّا اَشْرَفَ عَلَیْھِمْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھٰذَا مِکْرَزٌ وَھُوَ رَجُلٌ فَاجِرٌ فَجَعَلَ یُکَلِّمُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَیْنَمَا ھُوَ یُکَلِّمُہٗ اِذْجَآءَ سُھَیْلُ بْنُ عَمْرٍو وَقَالَ مَعْمَرٌ فَاَخْبَرَنِیْ اَیُّوْبُ عَنْ عِکْرِمَۃَ اَنَّہٗ لَمَّاجَآءَ سُھَیْلُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَقَدْ سَھُلَ لَکُمْ اَمْرُکُمْ مِنْ اَمْرِکُمْ قَالَ مَعْمَرٌ قَالَ الزُّھْرِیُّ فِیْ حَدِیْثِہٖ فَجَآءَ سُھَیْلُ بْنُ عَمْرٍو فَقَالَ اُکْتُبْ بَیْنَنَا وَ بَیْنَکُمْ کِتَابًا فَدَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْکَاتِبَ فَقَالَ اُکْتُبْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَالَ سُھَیْلٌ اَمَّا الرَّحْمٰنُ فَوَاللّٰہِ مَااَدْرِیْ مَاھُوَ وَلٰکِنِ اُکْتُبْ بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ کَمَا کُنْتَ تَکْتُبُ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ وَاللّٰہِ لَانَکْتُبُھَا اِلَّا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُکْتُبْ بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ ثُمَّ قَالَ ھٰذَا مَاقَاضٰی عَلَیْہِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَقَالَ سُھَیْلٌ وَاللّٰہِ لَوْکُنَّا نَعْلَمُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ مَاصَدَدْنَاکَ عَنِ الْبَیْتِ وَلَا قَاتَلْنَاکَ وَلٰکِنِ اُکْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی

اب تک میں مکافات نہیں کر سکا ہوں، تو تمہیں جواب ضرور دیتا۔ بیان کیا کہ وہ نبی کریم ﷺ سے پھر گفتگو کرنے لگے اور گفتگو کرتے ہوئے آپ ﷺ کی داڑھی مبارک پکڑ لیا کرتے تھے ❶ مغیرہ بن شعبہؓ نبی کریم ﷺ کے پاس کھڑے تھے، تلوار لٹکائے ہوئے اور سر پر خود پہنے ہوئے۔ عروہ جب بھی نبی کریم ﷺ کی داڑھی کی طرف ہاتھ لے جاتے تو مغیرہؓ اپنا ہاتھ تلوار کے دستے پر مارتے اور ان سے کہتے کہ رسول اللہ ﷺ کی داڑھی سے اپنا ہاتھ ہٹاؤ! عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ مغیرہ بن شعبہؓ۔ عروہؓ نے انہیں مخاطب کر کے کہا، اے عدو کیا اب تک تیرے کرتوت میں بھگت نہیں رہا؟ اصل میں مغیرہؓ اسلام لانے سے پہلے جاہلیت میں ایک قوم کے ساتھ رہے تھے، پھر ان سب کو قتل کر کے ان کا مال لے لیا تھا۔ اس کے بعد مدینہ آئے اور اسلام کے حلقہ بگوش ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ان کا مال رکھ دیا کہ جو چاہیں اس کے متعلق حکم فرمائیں لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسلام تو میں قبول کرتا ہوں، رہا یہ مال، تو میرا اس سے کوئی واسطہ نہیں۔ عروہ آنکھوں سے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب (کی نقل وحرکت) دیکھتے رہے پھر انہوں نے بیان کیا کہ بخدا اگر کبھی رسول اللہ ﷺ نے بلغم بھی تھوکا تو ان کے اصحاب نے اپنے ہاتھوں پر اسے لے لیا اور اسے اپنے چہرے اور بدن پر مل لیا۔ کسی کام کا اگر آپ نے حکم دیا تو اس کی بجا آوری میں ایک دوسرے پر لوگ سبقت لے جانے کی کوشش کرتے۔ آپ ﷺ وضو کرنے لگے تو ایسا معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کے وضو کے پانی پر لڑائی ہو جائے گی، یعنی ہر شخص اس پانی کو لینے کی کوشش کرتا تھا۔ جب آپ گفتگو کرنے لگتے تو سب پر خاموشی چھا جاتی، آپ ﷺ کی تعظیم کا یہ حال تھا کہ آپ ﷺ کے ساتھی نظر بھر کر آپ ﷺ کو دیکھ بھی نہ سکتے تھے۔ عروہ جب اپنے ساتھیوں سے ملے تو ان سے کہا، اے لوگو! بخدا میں بادشاہوں کے دربار میں بھی وفد لے کر گیا ہوں۔ قیصر و کسریٰ اور نجاشی سب کے دربار میں، لیکن خدا کی قسم! میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ کسی بادشاہ کے مصاحب اس کی اس درجہ تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد ﷺ کے اصحاب آپ کی کرتے تھے۔ بخدا اگر محمد ﷺ نے بلغم بھی تھوک دیا تو ان کے اصحاب

❶ عرب کا یہ طریقہ تھا کہ بڑوں سے گفتگو کرتے وقت ان کی داڑھی پر ہاتھ لے جاتے تھے اور پکڑ لیا کرتے تھے۔ آج ہمارے یہاں یہی چیز معیوب ہے لیکن عرب میں اس کا عام رواج تھا۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِنْ كَذَّبْتُمُوْنِيْ اُكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَذٰلِكَ لِقَوْلِهٖ لَايَسْأَلُوْنِيْ خُطَّةً يُّعَظِّمُوْنَ فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ اِلَّا اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَنْ تُخَلُّوْا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَنَطُوْفَ بِهٖ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَاللّٰهِ لَا تَتَحَدَّثُ الْعَرَبُ اَنَّا اُخِذْنَا ضُغْطَةً وَ لٰكِنْ ذٰلِكَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فَكَتَبَ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَعَلٰى اَنَّهٗ لَا يَاْتِيْكَ مِنَّا رَجُلٌ وَ اِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ اِلَّا رَدَدْتَّهٗ اِلَيْنَا قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ سُبْحَانَ اللّٰهِ كَيْفَ يُرَدُّ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَقَدْجَاءَ مُسْلِمًا فَبَيْنَمَاهُمْ كَذٰلِكَ اِذْ دَخَلَ اَبُوْ جُنْدَلِ بْنُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو يَّرْسُفُ فِيْ قُيُوْدِهٖ وَقَدْ خَرَجَ مِنْ اَسْفَلِ مَكَّةَ حَتّٰى رَمٰى بِنَفْسِهٖ بَيْنَ اَظْهُرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ سُهَيْلٌ هٰذَا يَامُحَمَّدُ اَوَّلُ مَااُقَاضِيْكَ عَلَيْهِ اَنْ تَرُدَّهٗ اِلَيَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّالَمْ نَقْضِ الْكِتَابَ بَعْدُقَالَ فَوَاللّٰهِ اِذًا لَّمْ اُصَالِحْكَ عَلٰى شَيْءٍ اَبَدًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَجِزْهُ لِيْ قَالَ مَا اَنَا بِمُجِيْزِهٖ لَكَ قَالَ بَلٰى فَافْعَلْ قَالَ مَا اَنَا بِفَاعِلٍ قَالَ مِكْرَزٌ بَلْ قَدْ اَجَزْنَاهُ لَكَ قَالَ اَبُوْ جُنْدَلٍ اَيْ مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اُرَدُّ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ وَ قَدْ جِئْتُ مُسْلِمًااَلَا تَرَوْنَ مَاقَدْ لَقِيْتُ وَكَانَ قَدْ عُذِّبَ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي اللّٰهِ قَالَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَاَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَلَسْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا قَالَ بَلٰى قُلْتُ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَعَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ بَلٰى قُلْتُ فَلِمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَآ اِذَنْ قَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ لَسْتُ اَعْصِيْهِ وَهُوَ نَاصِرِيْ قُلْتُ اَوَ لَيْسَ كُنْتَ تُحَدِّثُنَآ اَنَّا سَنَاْتِي الْبَيْتَ فَنَطُوْفُ بِهٖ

نے اسے اپنے ہاتھوں پر لے لیا اور اسے اپنے چہرے اور بدن پر مل لیا۔ آپ ﷺ نے انہیں اگر کوئی حکم دیا تو ہر شخص نے اسے بجالانے میں ایک دوسرے پر سبقت کی کوشش کی۔ آپ ﷺ نے اگر وضو کی تو ایسا معلوم ہوا کہ آپ ﷺ کے وضو پر لڑائی ہو جائے گی۔ آپ ﷺ نے جب گفتگو شروع کی تو ہر طرف خاموشی چھا گئی، ان کے دلوں میں آپ کی تعظیم کا یہ عالم کہ آپ کو نظر بھر کر نہیں دیکھ سکتے۔ انہوں نے آپ کے سامنے ایک بھلی صورت رکھی ہے۔ تمہیں چاہئے کہ اسے قبول کر لو۔ اس پر بنو کنانہ کا ایک شخص کہنے لگا کہ اچھا مجھے بھی ان کے یہاں جانے دو۔ لوگوں نے کہا، تم بھی جا سکتے ہو۔ جب یہ رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کے قریب پہنچے تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہ فلاں شخص ہے، ایک ایسی قوم کا فرد جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ اس لئے قربانی کے جانور اس کے سامنے کر دو (تا کہ معلوم ہو جائے کہ ہمارا مقصد عمرہ کے سوا اور کچھ نہیں ہے) صحابہؓ نے قربانی کے جانور اس کے سامنے کر دیئے اور تلبیہ کہتے ہوئے اس کا استقبال کیا۔ جب اس نے یہ منظر دیکھا تو کہنے لگا کہ سبحان اللہ! قطعاً مناسب نہیں ہے کہ ایسے لوگوں کو بیت اللہ سے روکا جائے اس کے بعد قریش میں سے ایک دوسرا شخص مکرز بن حفص نامی کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ مجھے بھی ان کے یہاں جانے دو۔ سب نے کہا کہ تم بھی جا سکتے ہو۔ جب وہ آنحضور ﷺ اور صحابہؓ سے قریب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ مکرز ہے ایک بدترین شخص! پر وہ نبی کریم ﷺ سے گفتگو کرنے لگا۔ ابھی وہ گفتگو کر ہی رہا تھا کہ سہیل بن عمرو آ گیا۔ معمر نے (سابقہ سند کے ساتھ) بیان کیا کہ مجھے ایوب نے خبر دی اور انہیں عکرمہ نے کہ جب سہیل بن عمرو آیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا معاملہ آسان (سہل) ہو گیا۔ معمر نے بیان کیا کہ زہری نے اپنی حدیث میں اس طرح بیان کیا تھا کہ جب سہیل بن عمرو آیا تو کہنے لگا (آنحضور ﷺ سے) کہ ہمارے اور اپنے درمیان (صلح کی) ایک تحریر لکھ لو، چنانچہ نبی کریم ﷺ نے کاتب کو بلوایا اور فرمایا کہ لکھو۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سہیل کہنے لگا، رحمٰن کو بخدا میں نہیں جانتا کہ وہ کیا چیز ہے؟ البتہ تم یوں لکھ سکتے ہو "باسمک اللھم" جیسے پہلے لکھا کرتے تھے۔ [1] مسلمانوں

[1] جاہلیت کے زمانے میں اہل عرب کسی تحریر کی ابتداء میں یہی کلمہ لکھا کرتے تھے۔ اس طرح بھی اللہ کے نام سے ابتداء کی جاتی تھی۔ اور آنحضور ﷺ ابتداء اسلام میں اس طرح لکھتے تھے۔ پھر جب آیۃ النمل نازل ہوئی تو آپ پوری طرح بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھنے لگے۔

قَالَ بَلٰى فَاَخبَرْتُکَ اَنَّا نَاتِيهِ الْعَامَ قَالَ قُلْتُ لَاقَالَ فَاِنَّکَ اٰتِيهِ وَمُطَوِّفٌ بِهٖ قَالَ فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ يَااَبَابَكْرٍ اَلَيْسَ هٰذَا نَبِيَّ اللّٰهِ حَقًّا قَالَ بَلٰى قُلْتُ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَ عَدُوُّنَا عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ بَلٰى قُلْتُ فَلِمَ نُعْطِى الدَّنِيَّةَ فِىْ دِيْنِنَآ اِذَنْ قَالَ اَيُّهَا الرَّجُلُ اِنَّهٗ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ يَعْصِىْ رَبَّهٗ وَهُوَ نَاصِرُهٗ فَاسْتَمْسِکْ بِغَرْزِهٖ فَوَاللّٰهِ اِنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ قُلْتُ اَلَيْسَ كَانَ يُحَدِّثُنَا اَنَّا سَنَاْتِى الْبَيْتَ وَنَطُوْفُ بِهٖ قَالَ بَلٰى اَفَاَخْبَرَكَ اَنَّکَ تَاْتِيهِ الْعَامَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنَّکَ اٰتِيهِ وَ مُطَوِّفٌ بِهٖ قَالَ الزُّهْرِیُّ قَالَ عُمَرُ فَعَمِلْتُ لِذَالِکَ اَعْمَالًا قَالَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهٖ قُوْمُوْا فَانْحَرُوْا ثُمَّ احْلِقُوْا قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا قَامَ مِنْهُمْ رَجُلٌ حَتّٰى قَالَ ذٰلِکَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا لَمْ يَقُمْ مِنْهُمْ اَحَدٌ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَذَكَرَ لَهَامَالَقِىَ مِنَ النَّاسِ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَتُحِبُّ ذٰلِکَ اُخْرُجْ ثُمَّ لَاتُكَلِّمْ اَحَدًا مِّنْهُمْ كَلِمَةً حَتّٰى تَنْحَرَ بُدْنَکَ وَتَدْعُوَا حَالِقَکَ فَيَحْلِقَکَ فَخَرَجَ فَلَمْ يُكَلِّمْ اَحَدًا مِنْهُمْ حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِکَ نَحَرَبُدْنَهٗ وَدَعَا حَالِقَهٗ فَحَلَقَهٗ فَلَمَّا رَاَوْا ذٰلِکَ قَامُوْا فَنَحَرُوْا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَحْلِقُ بَعْضًا حَتّٰى كَادَ بَعْضُهُمْ يَقْتُلُ بَعْضًا غَمًّا ثُمَّ جَآءَهٗ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا جَآءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ حَتّٰى بَلَغَ بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ فَطَلَّقَ عُمَرُ يَوْمَئِذٍ امْرَاَتَيْنِ كَانَتَا لَهٗ فِى الشِّرْکِ فَتَزَوَّجَ اِحْدٰهُمَا مُعٰوِيَةُ بْنُ اَبِىْ سُفْيَانَ وَالْاُخْرٰى صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ ثُمَّ رَجَعَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَجَآءَهٗ اَبُوْبَصِيْرٍ رَّجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ وَهُوَ مُسْلِمٌ فَاَرْسَلُوْا فِىْ طَلَبِهٖ رَجُلَيْنِ فَقَالُوْا

نے کہا کہ بخدا ہمیں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کے سوا اور کوئی دوسرا جملہ نہ لکھنا چاہئے۔ لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ''باسمک اللھم'' ہی لکھ دو۔ پھر آپ ﷺ نے لکھوایا۔ یہ محمد رسول اللہ (ﷺ) سے صلح نامہ کی دستاویز ہے۔ (ﷺ) سہیل نے کہا۔ اگر ہمیں یہ معلوم ہوتا کہ آپ ﷺ رسول اللہ ہیں تو نہ ہم آپ کو بیت اللہ سے روکتے اور نہ آپ سے جنگ کرتے۔ پس آپ صرف اتنا لکھئے کہ ''محمد بن عبداللہ'' اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ گواہ ہے کہ میں اس کا رسول ہوں، خواہ تم میری تکذیب ہی کرتے رہو۔ لکھو جی۔ ''محمد بن عبداللہ'' زہری نے بیان کیا کہ یہ سب کچھ (رعایت اور ان کے ہر مطالبہ کو مان لینا) صرف آپ کے اس ارشاد کا نتیجہ تھا (جو پہلے ہی آپ ﷺ بدیل رضی اللہ عنہ سے کہہ چکے تھے) کہ قریش مجھ سے جو بھی ایسا مطالبہ کریں گے جس سے اللہ تعالیٰ کی حرمتوں کی تعظیم مقصود ہوگی تو میں ان کے مطالبے کو ضرور تسلیم کرلوں گا۔ اس لئے نبی کریم ﷺ نے سہیل سے فرمایا۔ لیکن (صلح کے لئے) شرط یہ ہوگی کہ تم لوگ بیت اللہ ہمیں طواف کرنے کے لئے جانے دو گے۔ سہیل نے کہا، بخدا ہم (اس سال) ایسا نہیں ہونے دیں گے، عرب کہیں گے کہ ہم مغلوب ہو گئے تھے (اس لئے ہم نے اجازت دے دی) البتہ آئندہ سال کے لئے اجازت ہے۔ چنانچہ یہ بھی لکھ لیا۔ پھر سہیل نے کہا کہ یہ شرط بھی (لکھ لیجئے) کہ ہماری طرف کا جو شخص بھی آپ کے یہاں جائے گا، خواہ آپ کے دین ہی پر کیوں نہ ہو آپ اسے ہمیں واپس کردیں۔ (یہ) مسلمانوں نے (یہ شرط سن کر کہا، سبحان اللہ! ایک ایسے شخص کو) مشرکو کے حوالے کس طرح کیا جاسکتا ہے۔ جو مسلمان ہو کر آیا ہو۔ ابھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ ابوجندل بن سہیل بن عمرو (رضی اللہ عنہ) اپنی بیڑیوں کو گھسیٹتے ہوئے پہنچے۔ وہ مکہ کے نشیبی علاقے کی طرف سے بھاگے تھے اور اب خود کو مسلمانوں کے سامنے ڈال دیا تھا۔ سہیل نے کہا! اے محمد! یہ پہلا شخص ہے جس کے لئے (صلح نامہ کے مطابق) میں مطالبہ کرتا ہوں کہ آپ اسے ہمیں واپس کردیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ابھی تو ہم نے (صلح نامہ کی اس دفعہ کا فیصلہ نہیں کیا) تو سہیل نے کہا کہ بخدا اللہ کی قسم اس وقت میں آپ سے کسی چیز پر بھی صلح نہیں کروں گا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، مجھ پر اس ایک کو (دے کر) احسان کردو۔ اس نے کہا کہ میں ایسا احسان کبھی نہیں کرسکتا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں تمہیں ...

اَلْعَهْدَ الَّذِیْ جَعَلْتَ لَنَا فَدَ فَعَهٗ اِلَی الرَّجُلَیْنِ فَخَرَجَا بِهٖ حَتّٰی بَلَغَ ذَا الْحُلَیْفَةِ فَنَزَلُوْا یَاْکُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ لَّهُمْ فَقَالَ اَبُوْبَصِیْرٍ لِاَحَدِ الرَّجُلَیْنِ وَاللّٰهِ اِنِّی لَاَرٰی سَیْفَکَ هٰذَا یَا فُلَانُ جَیِّدًا فَاسْتَلَّهُ الْاٰخَرُ فَقَالَ اَجَلْ وَاللّٰهِ اِنَّهٗ لَجَیِّدٌ لَقَدْ جَرَّبْتُ بِهٖ ثُمَّ جَرَّبْتُ فَقَالَ اَبُوْ بَصِیْرٍ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْهِ فَاَمْکَنَهٗ مِنْهُ فَضَرَبَهٗ حَتّٰی بَرَدَ وَفَرَّ الْاٰخَرُ حَتّٰی اَتَی الْمَدِیْنَةَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ یَعْدُوْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ رَاٰهُ لَقَدْرَاٰی هٰذَا ذُعْرًا فَلَمَّا انْتَهٰی اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِیْ وَ اِنِّیْ لَمَقْتُوْلٌ فَجَآءَ اَبُوْ بَصِیْرٍ فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ قَدْ وَاللّٰهِ اَوْفَی اللّٰهُ ذِمَّتَکَ قَدْرَدَدْتَنِیْ اِلَیْهِمْ ثُمَّ اَنْجَانِیَ اللّٰهُ مِنْهُمْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیْلُ اُمِّهٖ مِسْعَرُ حَرْبٍ لَوْکَانَ لَهٗ اَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِکَ عَرَفَ اَنَّهٗ سَیَرُدُّهٗ اِلَیْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰی اَتٰی سِیْفَ الْبَحْرِ قَالَ وَیَنْفَلِتُ مِنْهُمْ اَبُوْجَنْدَلَ ابْنُ سُهَیْلٍ فَلَحِقَ بِاَبِیْ بَصِیْرٍ فَجَعَلَ لَایَخْرُجُ مِنْ قُرَیْشٍ رَجُلٌ قَدْ اَسْلَمَ اِلَّا لَحِقَ بِاَبِیْ بَصِیْرٍ حَتّٰی اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ فَوَاللّٰهِ مَایَسْمَعُوْنَ بِعِیْرٍ خَرَجَتْ لِقُرَیْشٍ اِلَی الشَّامِ اِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا فَقَتَلُوْهُمْ وَاَخَذُوْا اَمْوَالَهُمْ فَاَرْسَلَتْ قُرَیْشٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُنَاشِدُهٗ بِاللّٰهِ وَالرَّحِمِ لَمَّا اَرْسَلَ فَمَنْ اَتَاهُ فَهُوَ اٰمِنٌ فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَیْهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَهُوَالَّذِیْ کَفَّ اَیْدِیَهُمْ عَنْکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَکَّةَ مِنْ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَکُمْ عَلَیْهِمْ حَتّٰی بَلَغَ الْحَمِیَّةَ حَمِیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ وَکَانَتْ حَمِیَّتُهُمْ اَنَّهُمْ لَمْ یُقِرُّوْا اَنَّهٗ نَبِیُّ اللّٰهِ وَلَمْ یُقِرُّوْا بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَحَالُوْا بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ الْبَیْتِ وَقَالَ عُقَیْلٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ عُرْوَةُ فَاَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

احسان کر دینا چاہئے لیکن اس نے یہی جواب دیا کہ میں ایسا کبھی نہیں کر سکتا۔ البتہ مکرز نے کہا کہ چلئے ہم اس کا احسان آپ پر کرتے ہیں۔ ابوجندلؓ نے فرمایا۔ مسلمانو! میں مسلمان ہو کر آیا ہوں، کیا مجھے پھر مشرکوں کے ہاتھ میں دے دیا جائے گا؟ کیا میرے ساتھ جو کچھ معاملہ ہوا ہے تم نہیں دیکھتے؟ ابوجندل رضی اللہ عنہ کو اللہ کے راستے میں بڑی سخت اذیتیں پہنچائی گئی تھیں۔ راوی نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، آخر میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، کیا یہ واقعہ اور حقیقت نہیں کہ آپ ﷺ اللہ کے نبی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں۔ میں نے عرض کیا، کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ اور کیا ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کیوں نہیں! میں نے کہا، پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں دبیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اللہ کا رسول ہوں، میں اس کی حکم عدولی نہیں کر سکتا اور وہی میرا مددگار ہے۔ میں نے کہا کیا آپ ہم سے یہ نہیں فرماتے تھے کہ ہم بیت اللہ جائیں گے اور اس کا طواف کریں گے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ٹھیک ہے لیکن کیا میں نے تم سے یہ کہا تھا کہ اسی سال ہم بیت اللہ پہنچ جائیں گے عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے کہا نہیں آپ ﷺ نے اس قید کے ساتھ نہیں فرمایا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر اس میں کوئی شبہ نہیں کہ تم بیت اللہ تک پہنچو گے اور اس کا طواف کرو گے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں پہنچا اور ان سے بھی یہی پوچھا۔ ابوبکرؓ کیا یہ حقیقت نہیں کہ آنحضور ﷺ اللہ کے نبی ہیں؟ انہوں نے بھی فرمایا کہ کیوں نہیں۔ میں نے پوچھا کیا ہم حق پر نہیں ہیں؟ اور کیا ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں! میں نے کہا پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں دبیں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جناب بلاشک وشبہ حضور ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ وہ اپنے رب کی حکم عدولی نہیں کر سکتے۔ اور ان کا رب ہی ان کا مددگار ہے پس ان کی رسی مضبوطی سے پکڑ لو۔ خدا گواہ ہے کہ وہ حق پر ہیں۔ میں نے کہا کیا آپ ﷺ ہم سے یہ نہیں کہتے تھے کہ عنقریب ہم بیت اللہ پہنچیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ انہوں نے فرمایا کہ یہ بھی صحیح ہے، لیکن کیا آنحضور ﷺ نے آپ سے یہ فرمایا تھا کہ اسی سال آپ بیت اللہ پہنچ جائیں گے۔ میں نے کہا کہ نہیں۔ ابوبکرؓ نے فرمایا، پھر اس میں بھی کوئی شک وشبہ نہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ وَبَلَغَنَا اَنَّهُ لَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ يُّرَدُّوْا اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَآ اَنْفَقُوْا عَلٰى مَنْ هَاجَرَ مِنْ اَزْوَاجِهِمْ وَ حَكَمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ اَنْ لَّا يُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ اَنَّ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَاَتَيْنِ قَرِيْبَةَ بِنْتَ اَبِىْ اُمَيَّةَ وَابْنَةَ جَرْوَلِ الْخُزَاعِيِّ فَتَزَوَّجَ قُرَيْبَةَ مُعٰوِيَةُ وَتَزَوَّجَ الْاُخْرٰى اَبُوْجَهْمٍ فَلَمَّا اَبَى الْكُفَّارُ اَنْ يُّقِرُّوْا بِاَدَاءِ مَااَنْفَقَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنْ فَاتَكُمْ شَىْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ وَالْعَقْبُ مَايُؤَدِّى الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى مَنْ هَاجَرَتِ امْرَاَتُهُ مِنَ الْكُفَّارِ فَاَمَرَ اَنْ يُّعْطٰى مَنْ ذَهَبَ لَهُ زَوْجٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ مَااَنْفَقَ مِنْ صَدَاقِ نِسَآءِ الْكُفَّارِ اللَّاتِىْ هَاجَرْنَ وَمَا نَعْلَمُ اَحَدًامِّنَ الْمُهَاجِرَاتِ ارْتَدَّتْ بَعْدَ اِيْمَانِهَا وَ بَلَغَنَا اَنَّ اَبَا بَصِيْرِ بْنَ اَسِيْدٍ الثَّقَفِىَّ قَدِمَ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُؤْمِنًا مُهَاجِرًا فِى

کہ آپ بیت اللہ پہنچیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ زہریؒ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بعد میں میں نے اپنی اس عجلت پسندی کی مکافات کے لئے نیک اعمال کئے۔ ❶ پھر جب صلح نامہ سے آپ ﷺ فارغ ہو چکے تو صحابہ رضوان اللہ علیہم سے فرمایا، اب اٹھو اور (جن جانوروں کو ساتھ لائے ہو ان کی) قربانی کر لو اور سر بھی منڈا لو۔ انہوں نے بیان کیا کہ خدا گواہ ہے۔ صحابہ میں سے ایک شخص بھی نہ اٹھا اور تین مرتبہ آپ ﷺ نے یہی جملہ فرمایا۔ جب کوئی نہ اٹھا تو حضور ﷺ ام سلمہ (ام المؤمنین رضی اللہ عنہا) کے خیمہ میں گئے اور ان سے لوگوں کے طرزِ عمل کا ذکر کیا۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے اللہ کے نبی! کیا آپ ﷺ یہ پسند کریں گے کہ باہر تشریف لے جائیں اور کسی سے کچھ نہ کہیں۔ بلکہ اپنا قربانی کا جانور ذبح کر لیں اور اپنے حجام کو بلا لیں جو آپ کے بال مونڈ دے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ باہر تشریف لائے۔ کسی سے کچھ نہیں کہا اور یہی سب کچھ کیا اپنے جانور کی قربانی کر لی اور اپنے حجام کو بلوایا جس نے آپ ﷺ کے بال مونڈے جب صحابہ نے دیکھا تو وہ بھی ایک دوسرے کے بال مونڈنے لگے، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ رنج و غم میں

---

❶ جس سال صلح حدیبیہ ہوئی، اس وقت تک مسلمان پہلے سے بہت زیادہ قوی اور طاقت ور تھے۔ اس لئے حدیبیہ تک پہنچنے کے باوجود عمرہ نہ کرنے کا بہت سے صحابہؓ کو بڑا رنج تھا۔ آنحضور ﷺ نے جب کفار سے صلح کی تو کفار کی شرائط بھی مان لیں تھیں جن میں کفار زیادتی پر تھے۔ لیکن بہر حال یہی اللہ تعالیٰ کا حکم تھا خاص طور سے حضرت عمرؓ نے آنحضور ﷺ سے گفتگو کرنے میں بڑی جرأت سے کام لیا تھا جس کا انہیں زندگی بھر افسوس رہا اور اسی کے متعلق وہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس بیجا جرأت کی مکافات کے لئے بہت سے نیک اعمال کئے تا کہ اللہ تعالیٰ میری اس غلطی کو معاف کر دے۔ دوسری روایتوں میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ اس دن سے اپنی جرأت کی مکافات کے لئے میں برابر روزے رکھتا رہا۔ صدقات دیتا رہا، نماز (نوافل) پڑھتا رہا اور غلام آزاد کرتا رہا۔ اس موقعہ پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ثبوت خاص طور پر قابل ذکر ہے اور نبی کریم ﷺ کے جوابات کے ساتھ آپ کا توارد بھی حدیث میں یہ جو جملہ آیا ہے کہ عمرؓ نے پوچھا، کیا آپ ﷺ ہم سے کہتے نہیں تھے کہ ہم "بیت اللہ جا کر اس کا طواف کریں گے۔" اس سے صرف اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ آپ نے صرف طواف کا ذکر کیا تھا کہ ہم سب بیت اللہ پہنچیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ رہی یہ بات کہ آپ نے سال اور وقت کی تعیین کے ساتھ کوئی بات کہی ہو تو ایسا نہیں ہوا تھا قدرتی طور پر جب آپ نے عمرہ کے ارادہ سے سفر شروع کیا تو صحابہؓ کے ذہن میں یہ بات آئی ہوگی کہ اس مرتبہ ہم بیت اللہ ضرور پہنچ جائیں گے اور طواف بھی ہوگا، کیونکہ آنحضور ﷺ اس کا ذکر پہلے ہی کر چکے تھے اور جوش وجذبے کی حالت میں عمر رضی اللہ عنہ بھی یہ یاد نہ رکھ سکے کہ آنحضور کا وعدہ وقت کی تعیین کے ساتھ نہیں تھا۔ جب یاد دلایا گیا تو انہیں بھی یاد آیا اور اپنی غلطی کا احساس ہوا اس سلسلے میں ایک اور روایت بھی ہے کہ آنحضور ﷺ نے عمرہ کا خواب دیکھا تھا واقدی جس کی حدیث کے باب میں روایات پر زیادہ اعتماد نہیں کیا جا سکتا، کی ایک روایت میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے مدینہ میں یہ خواب دیکھا تھا اگر واقدی کی اس روایت کو بھی تسلیم کر لیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ خواب میں کسی وقت کی تعیین نہیں تھی اور بہر حال حدیبیہ کے واقعے کے بعد آپ ﷺ نے عمرہ تو کیا ہی تھا لیکن صحیح روایات سے یہ ثابت ہے کہ یہ خواب آپ ﷺ نے حدیبیہ میں دیکھا۔ جب صحابہؓ بہت مضطرب ہوئے اس وقت آپ ﷺ کو خواب میں دکھایا گیا تا کہ صحابہ کا اضطراب ختم ہو بہر حال اس واقعہ سے یہ قطعاً ثابت نہیں ہوتا کہ انبیاء کی خبریں بھی واقعہ کے خلاف ہو سکتی ہیں اگر ایسا خدانخواستہ ہو سکتا تو پھر دین پر اعتماد کیسے باقی رہ سکتا تھا۔ قرآن نے خود اس طرح کے تخیلات کی بڑی شدت سے تردید کی ہے۔

الْمُدَّةِ فَكَتَبَ الْاَخْنَسُ بْنُ شَرِيْقٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُهُ اَبَا بَصِيْرٍ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

ایک دوسرے سے لڑ پڑیں گے، پھر آنحضور ﷺ کے پاس (مکہ سے) چند مومن (خواتین آئیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا۔ اے لوگو! جو ایمان لا چکے ہو، جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو ان کا امتحان لے لو۔ "بعصم الکوافر تک۔"

اسی دن حضرت عمرؓ نے اپنی دو بیویوں کو طلاق دی، جواب تک شرک کی حالت میں تھیں (کیونکہ ابتدائے اسلام میں مشرکہ عورتوں سے شادی کی ممانعت نہیں تھی اور اب ہوگئی تھی، ان میں سے ایک سے تو معاویہ بن ابی سفیان (رضی اللہ عنہ) نے نکاح کر لیا تھا اور دوسری سے صفوان بن امیہ نے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ مدینہ واپس تشریف لائے تو قریش کے ایک فرد ابوبصیرؓ حاضر ہوئے (مکہ سے فرار ہو کر) وہ مسلمان ہو چکے تھے۔ قریش نے انہیں واپس لینے کے لئے دو آدمیوں کو بھیجا اور انہوں نے آ کر کہا کہ ہمارے ساتھ آپ کا معاہدہ ہو چکا ہے، چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے ابوبصیرؓ کو واپس کر دیا۔ قریش کے دونوں افراد جب انہیں لے کر واپس ہوئے اور ذوالحلیفہ پہنچے تو کھجور کھانے کے لئے اترے جو ان کے ساتھ تھی۔ ابوبصیرؓ نے ان میں سے ایک سے فرمایا بخدا تمہاری تلوار بہت اچھی معلوم ہوتی ہے۔ دوسرے ساتھی نے تلوار نیام سے نکال دی، اس شخص نے کہا، ہاں خدا کی قسم، نہایت عمدہ تلوار ہے، میں اس کا بارہا تجربہ کر چکا ہوں۔ ابوبصیرؓ اس پر بولے کہ ذرا مجھے بھی تو دکھاؤ اور اس طرح اسے اپنے قبضہ میں کر لیا۔ پھر اس شخص (تلوار کے مالک) کو ایسی ضرب لگائی کہ وہ وہیں ٹھنڈا ہو گیا۔ اس کا دوسرا ساتھی بھاگ کر مدینہ آیا اور مسجد میں دوڑتا ہوا داخل ہوا نبی کریم ﷺ نے جب اسے دیکھا تو فرمایا یہ شخص کچھ خوف زدہ معلوم ہوتا ہے جب وہ آنحضور ﷺ کے قریب پہنچا تو کہنے لگا خدا کی قسم میرا ساتھی تو مارا گیا اور میں بھی مارا جاؤں گا (اگر آپ لوگوں نے ابوبصیر کو نہ روکا) اتنے میں ابوبصیر بھی آ گئے اور عرض کیا اے اللہ کے نبی! خدا کی قسم اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذمہ داری پوری کر دی آپ ﷺ مجھے ان کے حوالے کر چکے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات دلائی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ نامعقول اگر اس کا کوئی مددگار ہوتا تو پھر لڑائی کے شعلے بھڑک اٹھتے۔ جب انہوں نے حضور اکرم ﷺ کے یہ الفاظ سنے تو سمجھ گئے کہ آپ ﷺ پھر کفار کے حوالے کر دیں گے، اس لئے وہاں سے نکل گئے اور دریا کے ساحل پر آ گئے۔ راوی نے بیان کیا کہ اپنے گھر

والوں سے (مکہ سے) چھوٹ کر ابو جندلؓ بھی جو سہیل کے بیٹے تھے ابو بصیرؓ سے جا ملے اور اب یہ حال تھا کہ قریش کا جو شخص بھی اسلام لاتا (بجائے مدینہ آنے کے) ابو بصیرؓ کے پاس ساحل سمندر پر چلا جاتا۔ اس طرح ایک جماعت بن گئی اور خدا گواہ ہے یہ لوگ قریش کے جس قافلے کے متعلق بھی سن لیتے کہ وہ شام جا رہا ہے (تجارت کے لئے) تو راستے ہی میں روک کر لوٹ لیتے اور قافلہ والوں کو قتل کر دیتے۔ اب قریش نے نبی کریم ﷺ کے یہاں اللہ اور رحم کا واسطہ دے کر درخواست بھیجی کہ آپ کسی کو بھیجیں، (ابو بصیرؓ اور اس کے دوسرے ساتھیوں کے یہاں کہ وہ قریش کی ایذاء سے رک جائیں) اور اس کے بعد جو شخص بھی آپ کے یہاں جائے گا (مکہ سے) اسے ❶ امن ہے چنانچہ آنحضور ﷺ نے ان کے یہاں اپنا آدمی بھیجا اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ ''اور وہ ذات گرامی جس نے روک دیئے تھے تمہارے ہاتھ ان سے اور ان کے ہاتھ تم سے (یعنی جنگ نہیں ہو سکی تھی) وادی مکہ میں (حدیبیہ میں) اس کے بعد کہ تم کو غالب کر دیا تھا ان پر، یہاں تک کہ بات جاہلیت کے دور کی بے جا حمایت تک پہنچ گئی تھی'' ان کی حمیت (جاہلیت) یہ تھی کہ انہوں نے (معاہدے میں بھی) آپ کے لئے اللہ کے نبی ہونے کا اقرار نہیں کیا (اور یہ الفاظ کٹوا دیئے) اسی طرح انہوں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھنے دیا اور آپ کے بیت اللہ جانے سے مانع بنے۔ عقیل نے زہری کے واسطے سے بیان کیا ان سے عروہ نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ عورتوں کا (جو مکہ سے مسلمان ہونے کی وجہ سے ہجرت کر کے مدینہ آتی تھیں) امتحان لیتے تھے (زہری نے بیان کیا کہ) ہم تک یہ روایت پہنچی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ مسلمان وہ سب کچھ ان مشرکوں کو واپس کر دیں جو انہوں نے اپنی ان بیویوں پر خرچ کیا ہو جو (اب مسلمان ہو کر) ہجرت کر آئی ہیں اور مسلمانوں کو حکم دیا کہ کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ رکھیں تو عمرؓ نے اپنی دو بیویوں، قریبہ بنت ابی امیہ اور ایک جرول خزاعی کی لڑکی کو طلاق دے دی۔ قریبہ سے معاویہؓ نے شادی کر لی تھی (کیونکہ اس وقت معاویہؓ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔) اور دوسری بیوی سے ابو جہم نے شادی کر لی تھی۔ لیکن جب کفار نے مسلمانوں کو ان

(۱) یعنی معاہدہ میں جو یہ شرط قریش نے رکھی تھی کہ ہمارا جو بھی آدمی مدینہ فرار ہو کر جائے اسے ہمارے حوالے کرنا ہوگا، انہوں نے خود ہی یہ شرط واپس لے لی۔

اخراجات کو ادا کرنے سے انکار کیا جو انہوں نے اپنی (کافرہ) بیویوں پر کئے تھے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی کافروں کے یہاں چلی جائے اس کے (مہر وحصہ) کے اخراجات ان کفار کی عورتوں کے مہر سے ادا کر دیئے جائیں جو ہجرت کر کے آئی ہیں (اور کسی مسلمان نے ان سے نکاح کر لیا ہے۔ اگرچہ ... ثبوت نہیں کہ کوئی بھی مہاجرہ ایمان کے بعد مرتد ہوئی ... حکم نازل ہوا تھا) اور ہمیں یہ رعایت بھی معلوم ہوئی ہے کہ ابوبصیر بن ... ثقفی جب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں مومن و مہاجر کی حیثیت سے معاہدہ کی مدت کے اندر ہی حاضر ہوئے تو اخنس بن شریق نے نبی کریم ﷺ کو ایک تحریر لکھی جس میں اس نے ابوبصیر (رضی اللہ عنہ کی واپسی کا) مطالبہ آپ سے کیا تھا۔ پھر انہوں نے پوری حدیث بیان کی۔

باب ۵. الشُّرُوْطِ فِي الْقَرْضِ(۵) وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَ عَطَآءٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِذَا اَجَّلَه، فِي الْقَرْضِ جَازَ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه، ذَكَرَ رَجُلًا سَاَلَ بَعْضَ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اَنْ يُّسْلِفَه، اَلْفَ دِيْنَارٍ فَدَفَعَهَآ اِلَيْهِ اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى

۵۔ قرض میں شرط لگانا۔ ابن عمر اور عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ اگر قرض کی ادائیگی) کے لئے کوئی مدت متعین کی تو جائز ہے اور لیث نے بیان کیا کہ ان سے جعفر بن ربیعہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن ہرمز نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کا ذکر کیا جنہوں نے بنی اسرائیل کے کسی دوسرے شخص سے ایک ہزار قرض مانگا۔ اور اس نے ایک متعین مدت تک کے لئے دے دیا (کہ مدت پوری ہونے پر قرض ادا کر دیں۔)

باب ۶. الْمُكَاتَبِ وَمَا لَايَحِلُّ مِنَ الشُّرُوْطِ الَّتِيْ تُخَالِفُ كِتٰبَ اللّٰهِ(۶) وَقَالَ جَابِرُبْنُ عَبْدِاللّٰهِ فِي الْمُكَاتَبِ شُرُوْطُهُمْ بَيْنَهُمْ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ اَوْعُمَرُ كُلُّ شَرْطٍ خَالَفَ كِتَابَ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَّاِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ وَّقَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ يُقَالُ عَنْ كِلَيْهِمَا عَنْ عُمَرَ وَابْنِ عُمَرَ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا)

۶۔ مکاتب اور ان شرطوں کا بیان جو کتاب اللہ کے خلاف ہوں۔ جابر بن عبداللہ نے مکاتب کے بارے میں بیان فرمایا کہ ان کی (یعنی مکاتب اور اس کے مالک کی) شرطیں ان کے درمیان (جائز) ہیں (بشرطیکہ خلاف شریعت نہ ہوں۔ ابن عمر یا عمر رضی اللہ عنہما نے (راوی کو شبہ ہے) بیان کیا کہ ہر وہ شرط جو کتاب اللہ کی مخالف ہو باطل ہے خواہ ایسی سو ۱۰۰ شرطیں بھی لگائی جائیں۔ ابوعبداللہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ) نے بیان کیا کہ بیان کیا جاتا ہے کہ عمرؓ اور ابن عمرؓ دونوں سے یہ روایت صحیح ہے۔

(۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ اَتَتْهَا بَرِيْرَةُ تَسْاَلُهَا فِيْ كِتَابَتِهَا فَقَالَتْ اِنْ شِئْتِ اَعْطَيْتُ اَهْلَكِ وَيَكُوْنُ الْوَلَاءُ لِيْ فَلَمَّا جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُه، ذٰلِكَ قَالَ النَّبِيُّ

۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے، ان سے عمرہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ بریرہ رضی اللہ عنہا اپنی مکاتبت کے سلسلے میں ان سے مدد مانگنے آئیں تو آپ نے فرمایا کہ اگر تم چاہو تو تمہارے مالکوں کو (پوری قیمت) دے دوں اور تمہاری ولاء میرے ساتھ قائم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبْتَاعِيْهَا فَاعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ ثُمَّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنبَرِ فَقَالَ مَابَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطاً لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَيْسَ لَهٗ وَ اِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ شَرْطٍ

ہوجائے (آزادی کے بعد) پھر جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو آپ سے میں نے (عائشہؓ نے) اس کا ذکر کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ انہیں خرید کر تم آزاد کردو، ولاء تو بہرحال اسی کے ساتھ قائم ہوتی ہے جو آزاد کرے۔ پھر رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لائے اور فرمایا، ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے جو ایسی شرطیں (معاملات میں) لگاتے ہیں جن کا کوئی وجود کتاب اللہ میں نہیں ہے۔ جس نے بھی کوئی ایسی شرط لگائی جس کا وجود کتاب اللہ میں نہ ہو (یعنی کتاب اللہ کی منشاء کے خلاف ہو) تو اس کی کوئی حیثیت نہ ہوگی، خواہ ایسی سو ۱۰۰ شرطیں لگالے۔

باب ۷. مَايَجُوْزُ مِنَ الْاِشْتِرَاطِ وَالثُّنْيَا فِي الْاِقْرَارِ وَالشُّرُوْطِ الَّتِيْ يَتَعَارَفُهَا النَّاسُ بَيْنَهُمْ وَاِذَا قَالَ مِائَةً اِلَّا وَاحِدَةً اَوْثِنْتَيْنِ[۸] وَقَالَ ابْنُ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ رَجُلٌ لِكَرِيِّهٖ اِرْحَلْ رِكَابَكَ فَاِنْ لَمْ اَرْحَلْ مَعَكَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا فَلَكَ مِائَةُ دِرْهَمٍ فَلَمْ يَخْرُجْ فَقَالَ شُرَيْحٌ مَنْ شَرَطَ عَلٰى نَفْسِهٖ طَائِعًا غَيْرَ مُكْرَهٍ فَهُوَ عَلَيْهِ وَ قَالَ اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ اِنَّ رَجُلاً بَاعَ طَعَامًا وَّقَالَ اِنْ لَّمْ اٰتِكَ الْاَرْبَعَآءَ فَلَيْسَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بَيْعٌ فَلَمْ يَجِئْ فَقَالَ شُرَيْحٌ لِلْمُشْتَرِيْ اَنْتَ اَخْلَفْتَ فَقَضٰى عَلَيْهِ

۷۔ جو شرطیں جائز ہیں، اقرار کرتے ہوئے استثناء اور وہ شرائط جن کا عام رواج ہے۔ اگر کسی نے یہ کہا کہ سو، سوا ایک یا دو کے۔ ابن عون نے ابن سیرین کے واسطہ سے بیان کیا کہ کسی نے اپنے کرایہ دار سے کہا کہ تم اپنی سواری تیار رکھو، اگر میں تمہارے ساتھ فلاں دن نہ جاسکا تو تم سو ۱۰۰ روپے مجھ سے وصول کرلینا۔ پھر وہ اس دن نہ جاسکا تو شریح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس نے اپنی خوشی سے خود کو کسی شرط کا مکلف بنایا ہو اور اس پر کوئی جبر بھی نہیں کیا گیا تھا تو وہ شرط لازم ہوجاتی ہے۔ ایوب نے ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ کسی شخص نے غلہ بیچا اور (خریدنے والے نے) کہا کہ اگر میں تمہارے پاس بدھ کو نہ آسکا تو میرے اور تمہارے درمیان بیع کا معاملہ باقی نہیں رہے گا۔ پھر وہ اس دن نہیں آیا تو شریحؒ نے خریدار سے کہا کہ تمہیں نے وعدہ خلافی کی ہے۔ آپ نے فیصلہ اس کے خلاف کیا۔

(۹) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مِائَةً اِلَّا وَاحِداً مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

۹۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو، جو شخص ان سب کو محفوظ رکھے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

باب ۸. الشُّرُوْطِ فِي الْوَقْفِ

۸۔ وقف کی شرطیں۔

(۱۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ اَنْبَانِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَصَابَ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَامِرُهٗ

۱۰۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے نافع نے خبر دی انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک قطعہ زمین ملی تو آپ رسول اللہ ﷺ

فِيهَا فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اَصَبْتُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهُ فَمَا تَامُرُبِهٖ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا قَالَ فَتَصَدَّقَ بِهَا عُمَرُ اَنَّهٗ لَايُبَاعُ وَلَايُوْهَبُ وَلَايُوْرَثُ وَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَآءِ وَفِي الْقُرْبٰى وَفِي الرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَالضَّيْفِ لَاجُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَّلِيَهَآ اَنْ يَّاكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ وَيُطْعِمَ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ قَالَ فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ سِيْرِيْنَ فَقَالَ غَيْرَ مُتَاثِّلٍ مَالًا

کی خدمت میں مشورہ کے لئے حاضر ہوئے اور عرض کیا، یا رسول اللہ! مجھے خیبر میں ایک زمین کا قطعہ ملا ہے۔ اپنی دانست میں اس سے بہتر مال مجھے اب تک کبھی نہیں ملا تھا۔ آپ ﷺ اس کے متعلق کیا حکم فرماتے ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر جی چاہے تو اصل زمین اپنی ملکیت میں باقی رکھو اور پیداوار صدقہ کردو۔ ابن عمرؓ نے بیان کیا کہ پھر عمرؓ نے اس کو اس شرط کے ساتھ صدقہ کر دیا تھا کہ نہ اسے بیچا جائے گا، نہ اس کا ہبہ کیا جائے گا اور نہ اس میں وراثت چلے گی۔ اسے آپ نے محتاجوں کے لئے، رشتہ داروں کے لئے اور غلام آزاد کرنے کے لئے، مجاہدوں کے لئے، مسافروں کے لئے اور مہمانوں کے لئے صدقہ (وقف) کر دیا تھا اور یہ کہ اس کا متولی اگر دستور کے مطابق اس میں سے اپنی ضروریات کے لئے یا کسی محتاج کو دے تو اس پر کوئی الزام نہیں۔ ابن عوف نے بیان کیا کہ جب میں نے اس حدیث کا ذکر ابن سیرین سے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ (متولی) اس میں سے جمع کرنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو (مطلب یہ تھا)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كُتَابُ الْوَصَايَا

وصیتوں کے مسائل

باب ۹ . الْوَصَايَا. وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِيَّةُ الرَّجُلِ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهٗ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا نِالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَاسَمِعَهٗ فَاِنَّمَا اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ جَنَفًا مَيْلًا مُتَجَانِفٌ مَآئِلٌ

۹۔ وصیتیں۔ اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد کہ آدمی کی وصیت لکھی ہوئی ہونی چاہئے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ (تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی معلوم ہو بشرطیکہ کچھ مال بھی چھوڑ رہا ہو تو وہ والدین اور عزیزوں کے حق میں معقول طریقہ سے وصیت کر جائے، یہ لازم ہے پرہیزگاروں پر پھر جو کوئی اسے اس کے سننے کے بعد بدل ڈالے، سو اس کا گناہ بس انہی پر ہوگا جو اسے بدلیں گے بے شک اللہ بڑا سننے والا ہے، بڑا جاننے والا ہے۔ البتہ جس کسی کو وصیت کرنے والے سے متعلق کسی بے عنوانی یا گناہ کا علم ہو جائے پھر وہ ان لوگوں کی آپس میں صلح کرادے، تو اس پر کوئی گناہ نہیں بے شک اللہ تعالیٰ بڑا مغفرت کرنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے (آیت میں) جنفا کے معنی جھکاؤ کے ہیں۔ متجانف کے معنی جھکنے والا۔

(۱۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ

۱۱۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر

نْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى لّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاحَقُّ امْرِیءٍ مُّسْلِمٍ لَّه، شَیْءٌ ِصِیْ فِيْهِ يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ اِلَّا وَصِيَّتُه، مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَه، بَعَه، مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عُمَرَ نِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دی، انہیں نافع نے اور انہیں عبداللہ بن عمرؓ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، کسی مسلمان کے لئے جس کے پاس وصیت کے قابل کوئی بھی چیز ہو، درست نہیں کہ دو رات بھی وصیت کو لکھ کر اپنے پاس محفوظ کئے بغیر گذار دے۔ اس روایت کی متابعت محمد بن مسلم نے عمرو کے واسطہ سے کی۔ انہوں نے ابن عمرؓ کے واسطہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کی ہے۔

۱۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ ىْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرُبْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا وْاِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحٰرِثِ خَتَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخِیْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحٰرِثِ لَ مَاتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نْدَمَوْتِهٖ دِرْهَمًا وَّلَادِيْنَارًا وَّلَاعَبْدًا وَّلَااَمَةً وَّلَا يْئًا اِلَّابَغْلَتَهُ الْبَيْضَآءَ وَسَلَاحَه، وَاَرْضًا جَعَلَهَا دَقَةً

۱۲۔ ہم سے ابراہیم بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر بن معاویہ جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے حدیث بیان کی اور ان سے رسول اللہ ﷺ کے نسبتی بھائی عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ نے جو جویریہ بنت حارثؓ (ام المؤمنین) کے بھائی تھے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی وفات کے وقت سوائے اپنے سفید خچر، اپنے ہتھیار اور اپنی زمین کے جسے آپ نے صدقہ کر دیا تھا، نہ کوئی درہم چھوڑا تھا نہ دینار، نہ غلام نہ باندی اور نہ کوئی اور چیز۔

۱۳) حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مَالِكٌ حَدَّثَنَا لْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِیْ ِفٰی هَلْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰی نالَ لَا فَقُلْتُ كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ اَوْ رُوْا بِالْوَصِيَّةِ قَالَ اَوْصٰی بِكِتَابِ اللّٰهِ

۱۳۔ ہم سے خلاد بن یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے طلحہ بن مصرف نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا، کیا رسول اللہ ﷺ نے کوئی وصیت کی تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ نہیں، اس پر میں نے پوچھا کہ پھر وصیت کس طرح لوگوں پر فرض ہوئی؟ یا (راوی نے اس طرح بیان کیا کہ) لوگوں کو وصیت کا حکم کیونکر دیا گیا انہوں نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے لوگوں کو کتاب اللہ پر عمل کرنے کی وصیت کی تھی (اور کتاب اللہ میں وصیت کا حکم موجود ہے۔)

۱۴) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنِ نِ عَوْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ ذَكَرُوْا نْدَ عَآئِشَةَ اَنَّ عَلِيًّا كَانَ وَصِيًّا فَقَالَتْ مَتٰى اَوْصٰی يْهِ وَقَدْكُنْتُ مُسْنِدَتَه، اِلٰى صَدْرِیْ اَوْقَالَتْ حَجْرِیْ فَدَعَا بِالطَّسْتِ فَلَقَدِ انْخَنَثَ فِیْ حَجْرِیْ مَا شَعَرْتُ اَنَّه، قَدْمَاتَ فَمَتٰى اَوْصٰی اِلَيْهِ

۱۴۔ ہم سے عمرو بن زرارہ نے حدیث بیان کی، انہیں اسمٰعیل نے خبر دی، انہیں ابن عون نے، انہیں ابراہیم نے، ان سے اسود نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں کچھ لوگوں نے ذکر کیا کہ علی کرم اللہ وجہہ وصی تھے؟ (آنحضور ﷺ کے) تو آپ نے فرمایا کہ کب انہیں وصیت کی تھی؟ حضور اکرم ﷺ نے میں تو (آپ کی وفات کے وقت) سر مبارک اپنے سینے پر یا انہوں نے (بجائے سینے کے) کہا کہ اپنی گود میں رکھے ہوئے تھی۔ پھر آپ نے پانی کا طشت منگوایا تھا کہ اتنے میں سر مبارک میری گود میں جھک گیا اور میں سمجھ بھی نہ سکی کہ آپ کی وفات

ہو چکی۔ اب تمہیں بتاؤ کہ آنحضور ﷺ نے انہیں کب وصیت کی تھی؟

باب ۱۰. اَنْ یَّتْرُکَ وَ رَثَتَہٗ اَغْنِیَاءَ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ یَّتَکَفَّفُوا النَّاسَ

۱۰۔ اپنے وارثوں کو مالدار چھوڑنا اس سے بہتر ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔

(۱۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ جَاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَعُوْدُنِیْ وَاَنَا بِمَکَّةَ وَهُوَیَکْرَهُ اَنْ یَّمُوْتَ بِالْاَرْضِ الَّتِیْ هَاجَرَ عَنْهَا قَالَ یَرْحَمُ اللّٰهُ ابْنَ عَفْرَآءَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُوْصِی بِمَالِیْ کُلِّهٖ قَالَ لَاقُلْتُ فَالشَّطْرُ قَالَ لَاقُلْتُ الثُّلُثُ قَالَ فَالثُّلُثُ وَالثُّلُثُ کَثِیْرٌ اِنَّکَ اَنْ تَدَعَ وَرَثَتَکَ اَغْنِیَآءَ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً یَّتَکَفَّفُوْنَ النَّاسَ فِیْ اَیْدِیْهِمْ وَاِنَّکَ مَهْمَا اَنْفَقْتَ مِنْ نَّفَقَةٍ فَاِنَّهَا صَدَقَةٌ حَتَّی اللُّقْمَةُ الَّتِیْ تَرْفَعُهَآ اِلٰی فِیّ امْرَاَتِکَ وَعَسَی اللّٰهُ اَنْ یَّرْفَعَکَ فَیَنْتَفِعَ بِکَ نَاسٌ وَّیُضَرَّبِکَ اٰخَرُوْنَ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ یَوْمَئِذٍ اِلَّا ابْنَةٌ

۱۵۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے سعد بن ابراہیم نے، ان سے عامر بن سعد نے اور ان سے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ میری عیادت کرنے تشریف لائے میں اس وقت مکہ میں تھا (حجۃ الوداع یا فتح مکہ کے موقعہ پر) حضور اکرم ﷺ اس سرزمین پر موت کو پسند نہیں فرماتے تھے جہاں سے کوئی ہجرت کر چکا ہو۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اللہ ابن عفراء (سعدؓ) پر رحم فرمائے۔ میں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) کیا میں اپنے سارے مال و دولت کی وصیت (اللہ کے راستے میں) کردوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں۔ میں نے پوچھا پھر آدھے کی کردوں؟ آپ ﷺ نے اس پر بھی فرمایا کہ نہیں، میں نے پوچھا، پھر تہائی کردوں؟ آپ نے فرمایا کہ تہائی کی کر سکتے ہو۔ اور یہ بھی بہت ہے۔ اگر تم اپنے وارثوں کو اپنے پیچھے مالدار چھوڑو تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں محتاج چھوڑو کہ (لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ اس میں کوئی شبہ نہ رکھو کہ جب بھی تم کوئی چیز (جائز طریقہ پر خرچ کروگے) تو وہ صدقہ ہوگا......وہ لقمہ بھی جو تم اٹھا کر اپنی بیوی کے منہ میں دوگے (وہ بھی صدقہ ہے) اور (ابھی وصیت کرنے کی کوئی ضرورت بھی نہیں) ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں شفا دے اور اس کے بعد تم سے بہت سے لوگوں کو فائدہ ہو اور دوسرے بہت سے لوگ (اسلام کے مخالف) نقصان اٹھائیں۔ ❶

باب ۱۱. اَلْوَصِیَّةِ بِالثُّلُثِ وَقَالَ الْحَسَنُ لَایَجُوْزُ لِلذِّمِّیِّ وَصِیَّةٌ اِلَّاالثُّلُثُ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَاَنِ احْکُمْ بَیْنَهُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ

۱۱۔ تہائی مال کی وصیت۔ حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ذمی کے لئے تہائی سے زیادہ کے لئے (وصیت جائز نہیں۔ مسلمانوں کی طرح) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آپ ان میں (یہودیوں میں) اس کے مطابق فیصلہ کیجئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر نازل فرمایا ہے۔

(۱۶) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَوْغَضَّ

۱۶۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے۔ حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن

---

❶ دوسری روایت میں ہے کہ آپ کی بیماری بڑی سنگین تھی اور بچنے کی امید بھی نہ تھی۔ اس لئے جب رسول اللہ ﷺ کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے تو آپ (سعدؓ) نے اپنا سارا مال اللہ تعالیٰ کے راستے میں وقف کر دینے کے لئے آپ ﷺ سے پوچھا تھا۔ حضور اکرم ﷺ کی آپ کے متعلق یہ آخری پیشین گوئی بھی سچی ثابت ہوئی اور آپ اس واقعہ کے بعد تقریباً پچاس سال تک زندہ رہے تھے اور عظیم الشان کارنامے اسلام میں آپ نے انجام دیئے تھے۔

النَّاسُ اِلَى الرُّبُعِ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اَوْ كَبِيْرٌ

عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عباسؓ نے بیان کیا۔ کاش! لوگ (وصیت کو) چوتھائی تک کم کر دیتے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ تہائی کی وصیت کر سکتے ہو اور تہائی بھی بہت ہے یا (آپ ﷺ نے فرمایا کہ) بڑی (رقم) ہے۔

(۱۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَرِضْتُ فَعَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ لَّا يَرُدَّنِيْ عَلٰى عَقِبِيْ قَالَ لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْفَعُكَ وَيَنْفَعُ بِكَ نَاسًا قُلْتُ اُرِيْدُ اَنْ اُوْصِيَ وَاِنَّمَا لِيَ ابْنَةٌ قُلْتُ اُوْصِيْ بِالنِّصْفِ قَالَ النِّصْفُ كَثِيْرٌ قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثِ كَثِيْرٌ اَوْ كَبِيْرٌ فَاَوْصَى النَّاسُ بِالثُّلُثِ وَجَازَ ذٰلِكَ لَهُمْ

۱۷۔ ہم سے محمد بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے زکریا بن عدی نے حدیث بیان کی، ان سے مروان نے حدیث بیان کی، ان سے ہاشم بن ہاشم نے، ان سے عامر بن سعد نے، اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں بیمار پڑا تو رسول اللہ ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرے لئے دعا کیجئے کہ اللہ مجھے الٹے پاؤں واپس نہ کر دے (یعنی مکہ میں میری موت نہ ہو جسے میں اللہ کے راستے چھوڑ چکا تھا) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں صحت دے اور تم سے بہت سے لوگ نفع اٹھائیں میں نے عرض کیا، میرا ارادہ وصیت کرنے کا ہے۔ ایک لڑکی کے سوا اور میرے کوئی (اولاد) نہیں۔ میں نے پوچھا، کیا آدھے مال کی وصیت کر دوں آپ ﷺ نے فرمایا کہ آدھا تو بہت ہے۔ پھر میں نے پوچھا تو تہائی کی کر دوں؟ فرمایا کہ تہائی کی کر سکتے ہو اگرچہ یہ بھی بہت ہے یا (یہ فرمایا کہ) بڑی ہے۔ چنانچہ لوگ بھی تہائی کی وصیت کرنے لگے اور یہ ان کے لئے جائز رہا۔

باب ۱۲ . قَوْلِ الْمُوْصِيْ لِوَصِيِّهٖ تَعَاهَدْ وَلَدِيْ وَمَا يَجُوْزُ لِلْوَصِيِّ مِنَ الدَّعْوٰى

۱۲۔ وصیت کرنے والا وصی سے کہے کہ میرے بچے کی دیکھ بھال کرتے رہنا۔ اور وصی کے لئے کس طرح کے دعوے جائز ہیں؟

(۱۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنہا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ عُتْبَةُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلٰى اَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ مِنِّيْ فَاقْبِضْهُ اِلَيْكَ فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ اَخَذَهُ سَعْدٌ فَقَالَ ابْنُ اَخِيْ قَدْ كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيْهِ فَقَامَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ اَخِيْ وَابْنُ اَمَةِ اَبِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهٖ فَتَسَاوَقَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَعْدٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ اَخِيْ كَانَ عَهِدَ اِلَيَّ فِيْهِ فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ اَخِيْ وَ ابْنُ وَلِيْدَةِ

۱۸۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ عتبہ بن ابی وقاص نے اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو یہ وصیت کی تھی کہ زمعہ کی باندی کا لڑکا میرا ہے اس لئے تم اسے اپنی پرورش میں لے لینا۔ چنانچہ فتح مکہ کے موقعہ پر سعد رضی اللہ عنہ نے اسے لے لیا اور کہا کہ میرے بھائی کا لڑکا ہے، مجھے اس نے اس کی وصیت کی تھی پھر عبد بن زمعہؓ اٹھے اور کہنے لگے کہ یہ تو میرا بھائی ہے، میرے باپ کے فراش پر پیدا ہوا ہے۔ لہٰذا دونوں حضرات نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ سعد بن وقاصؓ نے عرض کیا، یا رسول اللہ! یہ میرے بھائی کا لڑکا ہے مجھے اس نے اس کی

اَبِیْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَلَکَ يَاعَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ ثُمَّ قَالَ لِسَوْدَةَ بِنْتِ زَمْعَةَ احْتَجِبِيْ مِنْهُ لِمَا رَاٰى مِنْ شَبْهِهٖ بِعُتْبَةَ فَمَا رَاٰهَا حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ

وصیت کی تھی۔ پھر عبد بن زمعہؓ اٹھے اور عرض کیا کہ یہ میرا بھائی ہے اور میرے والد کی باندی کا لڑکا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فیصلہ یہ فرمایا کہ لڑکا تمہارا ہی ہے عبد بن زمعہؓ! بچہ فراش کے تحت ہوتا ہے اور زانی کے حصے میں پتھر ہیں۔ لیکن آپ ﷺ نے سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ اس لڑکے سے پردہ کرو کیونکہ آپ ﷺ نے عتبہ کی مشابہت اس لڑکے میں صاف پائی تھی۔ چنانچہ اس کے بعد اس لڑکے نے سودہؓ کو کبھی نہ دیکھا، تا آنکہ آپ اللہ تعالیٰ سے جا ملیں (مفصل حدیث گذر چکی ہے۔)

باب۱۳۔ اِذَا اَوْمَاَ الْمَرِيْضُ بِرَاْسِهٖ اِشَارَةً بَيِّنَةً جَازَتْ

۱۳۔ اگر مریض اپنے سر سے کوئی واضح اشارہ کرے تو قابل قبول ہے۔

(۱۹) حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اَبِيْ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ يَهُوْدِيًّا رَضَّ رَاْسَ جَارِيَةٍ بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَقِيْلَ لَهَا مَنْ فَعَلَ بِکِ اَفُلَانٌ اَفُلَانٌ حَتّٰى سُمِّيَ الْيَهُوْدِيُّ فَاَوْمَاَتْ بِرَاْسِهَا فَجِيْءَ بِهٖ فَلَمْ يَزَلْ حَتّٰى اعْتَرَفَ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُضَّ رَاْسُهٗ بِالْحِجَارَةِ

۱۹۔ ہم سے حسان بن ابی عباد نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے یہ حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ ایک یہودی نے ایک (انصاری) لڑکی کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا تھا لڑکی سے پوچھا گیا کہ تمہارا سر اس طرح کس نے کیا ہے؟ کیا فلاں شخص نے کیا؟ فلاں نے کیا ہے؟ آخر اس یہودی کا بھی نام لیا گیا (جس نے اس کا سر کچل دیا تھا) تو لڑکی نے سر کے اشارے سے اثبات میں جواب دیا پھر وہ یہودی بلایا گیا اور آخر الامر اس نے بھی اعتراف کر لیا اور نبی کریم ﷺ کے حکم سے اس کا بھی پتھر سے سر کچل دیا گیا۔ ❶

باب۱۴۔ لَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

۱۴۔ وارث کے لئے وصیت جائز نہیں ہے۔

(۲۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ وَرْقَاءَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِکَ مَا اَحَبَّ فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ وَجَعَلَ لِلْاَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسَ وَجَعَلَ لِلْمَرْاَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ

۲۰۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ورقاء نے، ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے عطاء نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (میراث کا) مال لڑکے کو ملتا تھا اور وصیت والدین کے لئے ضروری تھی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے جس طرح چاہا اس حکم کو منسوخ کر دیا۔ پھر لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر قرار دیا۔ والدین میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ، بیوی کا (اولاد کی موجودگی میں) آٹھواں حصہ اور (اولاد کے نہ ہونے کی صورت میں) چوتھا حصہ قرار دیا۔ اسی طرح شوہر کا

❶ حدیث سے صرف اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ لڑکی کے اشارے سے راز کھل گیا تھا کہ مجرم کون ہے لیکن اس سے یہ قطعاً مستنبط نہیں ہوتا کہ یہودی کو جو سزا دی گئی تھی وہ بھی اس بنیاد پر تھی، بلکہ واضح طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ سزا خود اس کے اعتراف کر لینے کی بنیاد پر دی گئی تھی سو اسی لئے مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث پر جو عنوان قائم کیا اور وہ جو مسئلہ اس سے مستنبط کرنا چاہتے ہیں وہ درست نہیں معلوم ہوتا۔ احناف اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ قاضی کی عدالت میں ایسے اشارے کا اعتبار نہیں ہوگا۔ آپس کے معاملات میں دیانۃً اگر اس کا اعتبار کریں تو ظاہر ہے کہ اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں ہو سکتا۔

(اولاد نہ ہونے کی صورت میں) آدھا اور (اولاد ہونے کی صورت میں) چوتھائی حصہ قرار دیا۔

باب ۱۵ . الصَّدَقَةِ عِنْدَ الْمَوْتِ

۱۵۔موت کے وقت صدقہ کی فضیلت۔

(۲۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَمَّارَةَ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ حَرِيْصٌ تَاْمُلَ الْغِنٰى وَتَخْشَى الْفَقْرَ وَلَا تُمْهِلُ حَتّٰى اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ

۲۱۔ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے عمارہ نے، ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا یارسول اللہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا یہ کہ تم صدقہ تندرستی کی حالت میں کرو کہ (تم اس مال کو باقی رکھنے کے) خواہش مند بھی ہو، جس سے کچھ سرمایہ جمع ہو جانے کی تمہیں امید ہو اور (اسے خرچ کرنے کی صورت میں) محتاجی کا ڈر ہو اس کار خیر میں تاخیر نہ کرو کہ جب روح حلق تک پہنچ جائے تو کہنے بیٹھ جاؤ کہ اتنا مال فلاں کے لئے۔ حالانکہ اس وقت وہ فلاں کا (وارثوں کا) ہو چکا ہوگا۔

باب ۱۶ . قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا اَوْدَيْنٍ وَيُذْكَرُ اَنَّ شُرَيْحًا وَعُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِيْزِ وَطَاؤُسًا وَّعَطَآءً وَابْنَ اُذَيْنَةَ اَجَازُوْا اِقْرَارَ الْمَرِيْضِ بِدَيْنٍ وَقَالَ الْحَسَنُ اَحَقُّ مَايُصَدَّقُ بِهِ الرَّجُلُ اٰخِرَ يَوْمٍ مِنَ الدُّنْيَا وَاَوَّلُ يَوْمٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَالْحَكَمُ اِذَآ اَبْرَاَ الْوَارِثُ مِنَ الدَّيْنِ بَرِیءَ وَاَوْصٰى رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ اَنْ لَّاتُكْشَفَ اِمْرَاَتُهُ الْفَزَارِيَّةُ عَمَّا اُغْلِقَ عَلَيْهِ بَابُهَا وَقَالَ الْحَسَنُ اِذَاقَالَ لِمَمْلُوْكِهٖ عِنْدَ الْمَوْتِ كُنْتُ اَعْتَقْتُكَ جَازَ وَقَالَ الشَّعْبِیُّ اِذَا قَالَتِ الْمَرْاَةُ عِنْدَ مَوْتِهَا اِنَّ زَوْجِیْ قَضَانِیْ وَقَبَضْتُ مِنْهُ جَازَ وَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ لَايَجُوْزُ اِقْرَارُهٗ لِسُوْءِ الظَّنِّ بِهٖ لِلْوَرَثَةِ ثُمَّ اسْتَحْسَنَ فَقَالَ يَجُوْزُ اِقْرَارُهٗ بِالْوَدِيْعَةِ وَالْبِضَاعَةِ وَالْمُضَارَبَةِ وَقَدْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكُمْ وَ الظَّنَّ

۱۶۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''وصیت کے نفاذ اور قرض کی ادائیگی کے بعد ورثاء کے حصے تقسیم ہوں گے۔ روایت کی جاتی ہے کہ شریح، عمر بن عبدالعزیز، طاؤس، عطاء اور ابن اذینہ نے مریض کے قرض کے اقرار کو جائز قرار دیا ہے۔ حسن نے فرمایا کہ سب سے زیادہ تصدیق کئے جانے کا مستحق انسان کا وہ اقرار ہے جو دنیا کے آخری دن اور آخرت کے پہلے دن کی ابتداء کے وقت (جان کنی کے وقت) وہ کرتا ہے ابراہیم اور حکم نے فرمایا کہ جب مریض وارث کو قرض سے بری کر دے تو وہ بری ہو جاتا ہے۔ رافع بن خدیج نے وصیت کی تھی کہ ان کی بیوی فزاریہ جو کچھ دروازہ بند کر کے رکھ لیں اس کی تلاش وجستجو نہ کی جائے حسن بصریؒ نے فرمایا کہ اگر کسی نے اپنے غلام سے اپنی موت کے وقت کہا کہ میں تمہیں آزاد کر چکا تھا تو آزادی کا نفاذ ہو جائے گا۔ شعبیؒ نے فرمایا کہ اگر عورت نے یہ کہا کہ میرے شوہر نے میرا حق ادا کر دیا ہے اور میں لے چکی ہوں تو اس کا اقرار صحیح ہوگا اور بعض حضرات نے کہا ہے کہ مریض کا اقرار (اپنے بعض ورثاء کے لئے) صحیح نہیں، اس اقرار کے ساتھ سوء ظن کی وجہ ❶ سے

❶ مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی بعض الناس سے مراد امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے ہے کہ وہ مریض کے اقرار کو تسلیم نہیں کرتے جب کہ وہ ورثہ میں سے کسی خاص فرد یا افراد کے لئے کسی قرض وغیرہ کا اقرار کرتا ہو۔ مصنف رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ اس کی وجہ انہوں نے یہ بتائی ہے کہ ممکن ہے مریض کسی خاص وارث کو اپنا چھوڑا ہوا مال زیادہ دلانا چاہتا ہو اور اس لئے اس کے حق میں کچھ قرض وغیرہ کا بھی اقرار کر لیا کسی ایسے شخص کے متعلق بھی یہ گمان کیا جا سکتا ہے جسے یقین ہی ہو کہ کچھ ہی دیر میں اب اس کا تعلق اس دنیا سے ختم ہو جائے گا اور اسے اپنے مولا کے سامنے اپنے تمام اعمال کا جواب دہ ہونا ہوگا

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

فَإِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَلَايَحِلُّ مَالُ الْمُسْلِمِيْنَ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰيَةُ الْمُنَافِقِ اِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ وَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّواالْاَمَانَاتِ اِلٰى اَهْلِهَا فَلَمْ يَخُصَّ وَارِثًا وَّلَا غَيْرَه' فِيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پھرانہی بعض حضرات نے استحسان سے کام لیااور کہا کہ مریض کا اقرار، ودویعت، بضاعت اور مضاربت کے سلسلے میں ہوتو جائز ہے حالانکہ نبی کریم ﷺ فرما چکے ہیں کہ بدگمانی سے بچتے رہو۔اس لئے کہ بدگمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے اور کسی مسلمان کا مال (ناجائز طریقہ سے دوسرے کے لئے) جائز نہیں ہے نبی کریم ﷺ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ منافق کی علامت یہ ہے کہ جب امانت اس کے پاس رکھی جائے تو وہ خیانت کر لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں ان کے مستحقوں تک پہنچادو۔اس آیت میں وارث یا غیر وارث کی کوئی بھی تخصیص نہیں ہے اس سلسلے میں عبداللہ بن عمر (رضی اللہ عنہ) کی بھی ایک روایت نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ہے۔

(۲۲) حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُو الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ مَالِكِ بْنِ اَبِيْ عَامِرٍ اَبُوْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اٰيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلٰثٌ اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَ اِذَااؤْتُمِنَ خَانَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ

۲۲۔ہم سے ابوالربیع سلیمان بن داؤد نے حدیث بیان کی، ان سے اسمٰعیل بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے نافع بن مالک بن ابی عامر ابوسہیل نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا منافق کی تین علامتیں ہیں جب بولتا ہے جھوٹ بولتا ہے۔جب امانت اس کے پاس رکھی جاتی ہے خیانت کرتا ہے۔جب وعدہ کرتا ہے تو اس کے خلاف کرتا ہے۔

باب ۱۷. تَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ' بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَا اَوْدَيْنٍ وَيُذْكَرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ وَقَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ

۱۷۔اللہ تعالیٰ کے اس قول کی تاویل کہ ''وصیت کے نفاذ اور قرض کی ادائیگی کے بعد'' (ورثاء کے حصے تقسیم کئے جائیں۔) روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے وصیت سے پہلے قرض کی ادائیگی کی تھی۔اور اللہ

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) جیسا کہ اوپر حضرت حسنؒ کا بھی قول گذرا کسی انسان سے ایسی گھڑی میں جھوٹ بولنے کی توقع نہیں کی جاسکتی۔لیکن احناف اس پر بھی اس کا شبہ کرتے ہیں۔حالانکہ حدیث میں سوءظن اور بدگمانی کی ممانعت بھی آئی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ حنفیہ نے اس مسئلہ کی بنیاد بدگمانی پر نہیں رکھی ہے بلکہ وجہ یہ ہے کہ اگر ہر حال میں مریض کے اقرار کو صحیح مان لیا جائے تو اس سے بقیہ ورثاء کے مفاد کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔چنانچہ احناف نے بھی اس صورت میں مریض کے اقرار کو تسلیم کیا ہے۔جب اس کے اقرار کی وجہ اور بنیاد معلوم ہو۔اور ظاہر ہے کہ ہر حال میں مریض کے اقرار کو تسلیم کر لینے سے بقیہ ورثاءؒ کے مفاد کو نقصان پہنچنا یقینی ہے اسی لئے حدیث میں خود واضح طور پر فرمادیا گیا ہے کہ ''وارث کے لئے وصیت درست نہیں ہے۔اور اس کے لئے کسی قرض کا اقرار درست نہیں ہے۔'' سوءظن کے سلسلے میں بھی یہ بات ملحوظ رہنی چاہئے کہ بلاوجہ کسی سے بدگمانی رکھنے سے منع کیا گیا ہے لیکن اگر شک کی کوئی بنیاد ہو تو اس کے لئے حدیث میں ہے کہ ''مواقع تہمت سے بچتے رہو'' اس لئے مریض کو اس کا لحاظ رکھنا چاہئے کہ اس پر کسی بدگمانی اور سوءظن کا موقعہ نہ رہے۔آگے مصنفؒ نے ودیعت مضاربت اور بضاعت سے اعتراض کیا ہے کہ ان سب امور میں اقرار کو احناف تسلیم کرتے ہیں۔حالانکہ انہیں بھی اس قاعدہ کی رو سے نہ تسلیم کرنا چاہئے تھا۔لیکن غور کیجئے۔کیا ودیعت کو کوئی شخص اقرار کہہ سکتا ہے؟ ظاہر ہے کہ جواب نفی میں ہوگا۔اسی طرح مضاربت اور بضاعت مشہور اور عام اقرار سے ایک جداگانہ صورت ہے۔عینی نے لکھا ہے کہ قرض میں اقرار کی بنیاد لزوم پر ہوتی ہے اور ان امور میں اقرار کی بنیاد امانت پر ہوتی ہے۔ان دونوں میں جو فرق ہے اس کی وضاحت کی ضرورت نہیں۔

يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَةِ اِلَى اَهْلِهَا.فَاَدَاءُ الْاَمَانَةِ اَحَقُّ مِنْ تَطَوُّعِ الْوَصِيَّةِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاصَدَقَةَ اِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَايُوْصِي الْعَبْدُ اِلَّا بِاِذْنِ اَهْلِهِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَبْدُ رَاعٍ فِيْ مَالِ سَيِّدِهِ

تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں ان کے مستحقین تک پہنچادو'' پس امانت کی ادائیگی (جو واجب ہے وصیت کے نفاذ سے جو نفل ہے، مقدم ہے اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مالداری کی صورت میں ہی صدقہ دینا چاہئے۔ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ غلام اپنے مالک کی اجازت کے بغیر وصیت نہ کرے۔ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''غلام اپنے آقا کے مال کا نگران ہے۔''

(۲۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍؓ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ سَاَلْتُه‘ فَاَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ لِيْ يَا حَكِيْمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ اَخَذَه‘ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَه‘ فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَه‘ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَه‘ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيْمٌ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَااَرْزَاُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ يَدْعُوْ حَكِيْمًا لِيُعْطِيَهُ الْعَطَاءَ فَيَاْبٰى اَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا ثُمَّ اِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَه‘ فَيَاْبٰى اَنْ يَقْبَلَه‘ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اِنِّيْ اَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ الَّذِيْ قَسَمَ اللّٰهُ لَه‘ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَّاْخُذَه‘ فَلَمْ يَرْزَاْ حَكِيْمٌ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تُوُفِّيَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

۲۳۔ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے سعید بن مسیب اور عروہ بن زبیر نے کہ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا تو آپ ﷺ نے مجھے دیا (مال) میں نے پھر مانگا اور پھر آپ ﷺ نے عطا فرمایا اس کے بعد مجھے مخاطب کر کے فرمایا! حکیم! اس مال میں (بظاہر) بڑی رونق اور لذت محسوس ہوتی ہے اور جو شخص اسے دل کی سخاوت کے ساتھ لیتا ہے اس کے مال میں برکت ہوتی ہے اور جو کوئی نیت کی برائی اور لالچ کے ساتھ لیتا ہے تو اس کے مال میں برکت نہیں ہوتی بلکہ اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو کھائے جاتا ہے لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے حکیمؓ نے بیان کیا کہ میں نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا، یارسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے۔ آپ کے بعد کبھی کسی سے کچھ نہیں مانگوں گا تا آنکہ دنیا سے اٹھ جاؤں۔ چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ انہیں (اپنی خلافت کے عہد میں) بلاتے تھے تا کہ کچھ عطیات دیں، لیکن حکیم کسی بھی چیز کے قبول کرنے سے انکار کر دیتے تھے، اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کو دینا چاہا اور آپ نے اسے بھی قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس پر عمرؓ نے فرمایا، مسلمانو! میں انہیں ان کا حق دیتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں غنیمت کا حصہ دیا ہے اور یہ اسے بھی لینے سے انکار کرتے ہیں۔ حکیمؓ نے نبی کریم ﷺ کے بعد پھر کسی سے سوال نہیں کیا اور ایک دن اللہ سے جا ملے، رحمۃ اللہ علیہ ورضی اللہ عنہ۔

(۲۴) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّخْتِيَانِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّمَسْئُوْلٌ عَنْ

۲۴۔ہم سے بشر بن محمد سختیانی نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا کہ مجھے سالم نے خبر دی اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے کہ تم میں سے ہر شخص راعی

رَّعِيَّتِهٖ وَّالْاِمَامُ رَاعٍ وَّمَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْٓ اَهْلِهٖ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ وَالْمَرْاَةُ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا رَاعِيَةٌ وَّمَسْئُوْلَةٌ عَنْ رَّعِيَّتِهَا وَالْخَادِمُ فِيْ مَالِ سَيِّدِهٖ رَاعٍ وَّ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ قَالَ وَحَسِبْتُ اَنْ قَدْ قَالَ وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِيْ مَالِ اَبِيْهِ

(نگران) ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہے۔ امام (تمام مسلمانوں کا) نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہوگا۔ آدمی اپنے گھر کا نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہوگا۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہوگا۔ خادم اپنے مخدوم کے مال کا نگران ہے اور اس سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال ہوگا۔ انہوں نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ آپ نے یہ بھی فرمایا، آدمی اپنے والد کے مال کا نگران ہے۔

باب۱۸ . اِذَا وَقَفَ اَوْاَوْصٰى لِاَقَارِبِهٖ وَمَنِ الْاَقَارِبُ وَقَالَ ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ طَلْحَةَ اجْعَلْهَا لِفُقَرَآءِ اَقَارِبِكَ فَجَعَلَهَا لِحَسَّانَ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ مِّثْلَ حَدِيْثِ ثَابِتٍ قَالَ اجْعَلْهَا لِفُقَرَآءِ قَرَابَتِكَ قَالَ اَنَسٌ فَجَعَلَهَا لِحَسَّانَ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّكَانَا اَقْرَبَ اِلَيْهِ مِنِّيْ وَكَانَ قَرَابَةُ حَسَّانَ وَ اُبَيِّ مِنْ اَبِيْ طَلْحَةَ وَاسْمُهٗ زَيْدُ ابْنُ سَهْلِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ عَمْرِو ابْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَارِ وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ حَرَامٍ فَيَجْتَمِعَانِ اِلٰى حَرَامٍ وَّ هُوَالْاَبُ الثَّالِثُ وَحَرَامُ ابْنُ عَمْرِو بْنِ زَيْدِ مَنَاةَ بْنِ عَدِيِّ ابْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ فَهُوَ يُجَامِعُ حَسَّانَ اَبَاطَلْحَةَ وَاُبَيًّا اِلٰى سِتَّةِ اٰبَآءٍ اِلٰى عَمْرِوبْنِ مَالِكٍ وَّ هُوَاُبَيُّ بْنُ كَعْبِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعٰوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ ابْنِ النَّجَّارِ فَعَمْرُو بْنُ مَالِكٍ يَّجْمَعُ حَسَّانَ وَاَبَاطَلْحَةَ وَاُبَيًّا وَّقَالَ بَعْضُهُمْ اِذَآ اَوْصٰى لِقَرَابَتِهٖ فَهُوَ اِلٰى اٰبَآئِهٖ فِي الْاِسْلَامِ

۱۸۔ جب کسی نے اپنے عزیزوں کے لئے وقف یا وصیت کی، اور اعزہ کون لوگ کہلائیں گے؟ ثابت نے انس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ اسے (بیرحاء کا باغ) اپنے غریب عزیزوں کو دے دو چنانچہ انہوں نے حسان بن ثابت اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کو دے دیا تھا۔ اور انصاری (محمد بن عبداللہ بن مثنیٰ) نے بیان کیا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ثمامہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے، ثابت کی حدیث کی طرح کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا، اسے اپنے غریب عزیزوں کو دے دو۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حسان اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہما کو وہ زمین دے دی، یہ دونوں حضرات مجھ سے زیادہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے قریبی رشتہ دار تھے، آپ سے دونوں حضرات کی قرابت داری تھی۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا نسب زید بن سہل بن اسود بن حرام بن عمرو بن زید منات بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار اور حسان بن ثابت بن منذر بن حرام رضی اللہ عنہ۔ اس طرح حرام کے ساتھ ان دونوں حضرات کا نسب مل جاتا ہے جو تیسری پشت میں ہیں۔ اور حرام بن عمرو بن زید منات بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار، گویا حرام بن عمرو پر ان دونوں حضرات کا نسب ایک ہو جاتا ہے اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان دونوں حضرات کا نسب چھٹی پشت میں عمرو بن مالک پر ملتا ہے۔ ان کا نسب اس طرح ہے ابی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک بن نجار، گویا عمرو بن مالک بن نجار پر حسان، ابوطلحہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم سب کا نسب مل جاتا

ہے بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر کسی نے اپنے عزیزوں کے لئے (قرابت کی تعیین کے ساتھ) وصیت کی، تو مسلمان آباء کے اعتبار سے اس کا نفاذ ہوگا۔

(۲۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسًا قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِىْ طَلْحَةَ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِى الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ اَبُوْطَلْحَةَ اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِىْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِىْ عَمِّهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ جَعَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِىْ يَا بَنِىْ فِهْرٍ يَّا بَنِىْ عَدِىٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ وَّقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَامَعْشَرَ قُرَيْشٍ

۲۵۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا میرا خیال ہے کہ بیر حاء کے باغ کو (جس کے وقف کرنے کا تم نے ارادہ کیا ہے) اپنے عزیزوں میں تقسیم کردو۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یارسول اللہ! میں ایسا ہی کروں گا چنانچہ اس زمین کو انہوں نے اپنے عزیزوں میں تقسیم کردیا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت اتری ''اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے۔'' تو نبی کریم ﷺ پکارنے لگے ''اے بنوفہر! اے بنو عدی قریش کی مختلف شاخوں کو۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب، یہ آیت نازل ہوئی ''اور آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے'' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے معشر قریش!

باب ۱۹ ۔ هَلْ يَدْخُلُ النِّسَآءُ وَالْوَلَدُ فِى الْاَقَارِبِ

۱۹۔ کیا عورتیں اور بچے بھی عزیزوں میں داخل ہوں گے؟

(۲۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَاَبُوسَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَوْكَلِمَةً نَحْوَهَا اشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ لَآاُغْنِىْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا اُغْنِىْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا يَّاعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ لَااُغْنِىْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّيَا صَفِيَّةُ عَمَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَآ اُغْنِىْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّيَا فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ سَلِيْنِىْ مَاشِئْتِ مِنْ مَّالِىْ لَااُغْنِىْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا تَابَعَهٗ اَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

۲۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان کو شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سعید بن مسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ ''آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے۔'' تو رسول اللہ ﷺ اٹھے اور فرمایا، اے معشر قریش یا اسی طرح کا کوئی دوسرا کلمہ، اپنی جانوں کو خریدلو (اللہ سے، اسلام اور نیک عمل کے ذریعہ سے نجات دلوالو) میں تمہیں اللہ کی پکڑ سے قطعاً نہیں بچا سکتا (اگر تم ایمان نہ لائے) اے بنی عبد مناف؟ میں تمہیں اللہ کی پکڑ سے نہیں بچا سکتا۔ اے عباس بن مطلب! میں تمہیں اللہ کی پکڑ سے قطعاً نہیں بچا سکتا۔ اے صفیہ رسول اللہ کی پھوپھی میں تمہیں اللہ کی پکڑ سے قطعاً نہیں بچا سکتا، اے فاطمہ بنت محمد! میرے مال میں سے جو چاہو مجھ سے مانگ لو لیکن اللہ کی پکڑ سے میں تمہیں بھی نہیں بچا سکتا۔ اس روایت کی متابعت اصبغ نے کی، ان سے ابن وہب نے، ان سے یونس نے اور ان سے ابن شہاب نے بیان کیا۔

باب ۲۰. هَلْ يَنْتَفِعُ الْوَاقِفُ بِوَقْفِهٖ وَقَدِ اشْتَرَطَ عُمَرُ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَّ لِيَهٗ اَنْ يَّاْ كُلَ وَقَدْ يَلِي الْوَاقِفُ وَغَيْرُهٗ وَكَذٰلِكَ مَنْ جَعَلَ بَدَ نَةً اَوْ شَيْئًا لِلّٰهِ فَلَهٗ، اَنْ يَّنْتَفِعَ بِهَا كَمَا يَنْتَفِعُ غَيْرُهٗ، وَاِنْ لَّمْ يَشْتَرِطْ

۲۰۔ کیا واقف اپنے وقف سے فائدہ اٹھا سکتا ہے؟ عمرؓ نے شرط لگائی تھی (اپنے وقف کے لئے) کہ جو شخص اس کا متولی ہوگا اس کے لئے اس وقف میں سے کھا لینے میں کوئی حرج نہ ہوگا۔ (دستور کے مطابق) واقف خود بھی وقف کا متولی ہو سکتا ہے اور دوسرا شخص بھی۔ اسی طرح اگر کسی شخص نے اونٹ یا کوئی اور چیز اللہ کے راستے میں وقف کی تو جس طرح دوسرے اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں، خود واقف بھی اٹھا سکتا ہے اگرچہ (وقف کرتے وقت) اسکی قید نہ لگائی ہو۔

(۲۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا اَنْ يَّسُوْقُ بُدْنَةً فَقَالَ لَهٗ، اِرْكَبْهَا فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا بُدْنَةٌ فَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ اَوِالرَّابِعَةِ اِرْكَبْهَا وَيْلَكَ اَوْ وَيْحَكَ

۲۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے دیکھا کہ ایک شخص قربانی کا جانور ہانکنے لئے جا رہا ہے رہا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا کہ اس پر سوار ہو جاؤ، ان صاحب نے کہا کہ یا رسول اللہ یہ تو قربانی کا جانور ہے۔ آنحضور ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا، افسوس! سوار بھی ہو جاؤ یا (آپ ﷺ نے ویلک کے بجائے) ویحک فرمایا (معنی وہی ہوں گے۔)

(۲۸) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَّسُوْقُ بَدَنَةً فَقَالَ اِرْكَبْهَا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ اِرْكَبْهَا وَيْلَكَ فِي الثَّانِيَةِ اَوْفِي الثَّالِثَةِ

۲۸۔ ہم سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے دیکھا کہ ایک صاحب قربانی کا جانور ہانکنے لئے جا رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سوار ہو جاؤ، لیکن انہوں نے معذرت کی کہ یا رسول اللہ یہ تو قربانی کا جانور ہے۔ آپ نے پھر فرمایا کہ سوار بھی ہو جاؤ۔ افسوس! یہ کلمہ آپ ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا تھا۔ ❶

باب ۲۱. اِذَا وَقَفَ شَيْئًا فَلَمْ يَدْفَعْهُ اِلٰى غَيْرِهٖ فَهُوَ جَائِزٌ لِاَنَّ عُمَرَؓ اَوْقَفَ وَ قَالَ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَّلِيَهٗ، اَنْ يَّاْكُلَ وَلَمْ يَخُصَّ اَنْ وَلِيَهٗ، عُمَرُ اَوْغَيْرُهٗ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ طَلْحَةَ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ فَقَالَ اَفْعَلُ فَقَسَمَهَا فِيْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ

۲۱۔ اگر واقف نے مال موقوفہ کو کسی دوسرے کے قبضہ میں نہیں جانے دیا تو جائز ہے اس لئے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے (خیبر کی اپنی زمین) وقف کی اور فرمایا کہ اگر میں سے اس کا متولی بھی کھائے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ یہاں آپ نے اس کی کوئی تخصیص نہیں کی تھی کہ خود آپ ہی اس کے متولی ہوں گے یا کوئی دوسرا۔ نبی کریم ﷺ نے ابوطلحہؓ سے فرمایا تھا کہ میرا خیال ہے کہ تم اپنی زمین (جسے تم صدقہ کرنا چاہتے ہو) اپنے

❶ احناف کے یہاں بھی مسئلہ یہی ہے کہ وقف سے خود واقف بھی منتفع ہو سکتا ہے۔ لیکن یہاں مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے استدلال میں قربانی کے جانور سے انتفاع کی حدیث پیش کی ہے۔ ظاہر ہے کہ قربانی وقف نہیں ہے لیکن جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں، مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں استدلال کے بیان میں بڑا توسع ہے۔

عزیزوں کو دے دو۔ انہوں نے عرض کیا کہ میں ایسا ہی کروں گا چنانچہ اپنے عزیزوں اور بنی اعمام میں اسے تقسیم کر دیا۔

باب ۲۲. اِذَا قَالَ دَارِیْ صَدَقَةٌ لِلّٰهِ وَلَمْ يُبَيِّنْ لِلْفُقَرَآءِ اَوْغَيْرِ هِمْ فَهُوَ جَائِزٌ وَّيَضَعُهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ اَوْحَيْثُ اَرَادَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ طَلْحَةَ حِيْنَ قَالَ اَحَبُّ اَمْوَالِيْ بِيْرَحَآءُ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ فَاَجَازَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَايَجُوْزُ حَتّٰى يُبَيِّنَ لِمَنْ وَالْاَوَّلُ اَصَحُّ

۲۲۔ اگر کسی نے کہا کہ میرا گھر اللہ کی راہ میں صدقہ ہے، فقراء وغیرہ کے لئے صدقہ ہونے کی کوئی وضاحت نہیں کی تو جائز ہے۔ اسے وہ اپنے عزیزوں کو بھی دے سکتا ہے اور دوسروں کو بھی (کیونکہ صدقہ کرتے ہوئے کسی کی تخصیص نہیں کی تھی) جب طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرے اموال میں مجھے سب سے زیادہ پسندیدہ بیرحاء کا باغ ہے اور وہ اللہ کے راستے میں صدقہ ہے تو نبی کریم ﷺ نے اسے جائز قرار دیا تھا (حالانکہ انہوں نے کوئی تعیین نہیں کی تھی کہ کسے دیں گے) لیکن بعض حضرات نے کہا کہ جب تک یہ نہ بیان کر دے کہ صدقہ کس کے لئے ہے جائز نہیں ہوگا۔ پہلا مسلک زیادہ صحیح ہے۔

باب ۲۳. اِذَا قَالَ اَرْضِيْ اَوْ بُسْتَانِيْ صَدَقَةٌ عَنْ اُمِّيْ فَهُوَ جَآئِزٌ وَّاِنْ لَّمْ يُبَيِّنْ لِمَنْ ذٰلِكَ

۲۳۔ کسی نے کہا کہ میری زمین یا میرا باغ میری ماں کی طرف سے صدقہ ہے تو یہ بھی جائز ہے خواہ اس میں بھی اس کی وضاحت نہ کی ہو کہ کس کے لئے صدقہ ہے۔

(۲۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَعْلٰى اَنَّهٗ سَمِعَ عِكْرِمَةَ يَقُوْلُ اَنْبَاَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ تُوُفِّيَتْ اُمُّهٗ وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهَا فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّيْ تُوُفِّيَتْ وَاَنَا غَائِبٌ عَنْهَا اَيَنْفَعُهَا شَيْءٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنَّ حَآئِطِي الْمِخْرَافَ صَدَقَةٌ عَلَيْهَا

۲۹۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں مخلد بن یزید نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے یعلیٰ نے خبر دی، انہوں نے عکرمہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ ہمیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا انتقال ہوا تو وہ ان کی خدمت میں موجود نہیں تھے۔ انہوں نے آ کر رسول اللہ ﷺ سے پوچھا، یارسول اللہ! میری والدہ کا جب انتقال ہوا تو میں ان کی خدمت میں حاضر نہیں تھا۔ کیا اگر میں کوئی چیز صدقہ کروں تو اس سے انہیں فائدہ پہنچ سکتا ہے؟ آنحضور ﷺ نے اثبات میں جواب دیا تو انہوں نے کہا کہ میں آپ ﷺ کو گواہ بناتا ہوں کہ میرا مخراف باغ ان کی طرف سے صدقہ ہے۔

باب ۲۴. اِذَا تَصَدَّقَ اَوْاَوْقَفَ بَعْضَ مَالِهٖ اَوْ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ اَوْ دَوَابِّهٖ فَهُوَ جَائِزٌ

۲۴۔ کسی نے اپنے مال، غلام یا جانوروں کا ایک حصہ صدقہ یا وقف کیا تو جائز ہے۔

(۳۰) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

۳۰۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے کہا کہ مجھے عبدالرحمن بن عبداللہ بن کعب نے خبر دی اور ان سے عبداللہ بن کعب نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا۔ وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میری توبہ (غزوہ تبوک میں نہ جانے کی)

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَاِنِّىْ اُمْسِكُ سَهْمِىَ الَّذِىْ بِخَيْبَرَ

باب ۲۵ . مَنْ تَصَدَّقَ اِلٰى وَكِيْلِهٖ ثُمَّ رَدَّالْوَكِيْلُ اِلَيْهِ وَقَالَ اِسْمٰعِيْلُ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ لَا اَعْلَمُه' اِلَّا عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ جَآءَ اَبُوْطَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِىْ كِتَابِهٖ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِىْ اِلَىَّ بِيْرُحَآءَ قَالَ وَكَانَتْ حَدِيْقَةً كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْ خُلُهَا وَ يَسْتَظِلُّ بِهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّآئِهَا فَهِىَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْجُوْ بِرَّه' وَذُخْرَه' فَضَعْهَا اَىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ اَرَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ يَا اَبَاطَلْحَةَ ذٰلِكَ مَالٌ رَّابِحٌ قَبِلْنَاهُ مِنْكَ وَرَدَدْنَاهُ عَلَيْكَ فَاجْعَلْهُ فِى الْاَقْرَبِيْنَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ اَبُوْطَلْحَةَ عَلٰى ذَوِىْ رَحِمِهٖ قَالَ وَكَانَ مِنْهُمْ اُبَىٌّ وَحَسَّانُ قَالَ وَبَاعَ حَسَّانُ حِصَّتَه' مِنْهُ مُعٰوِيَةَ فَقِيْلَ لَه' تَبِيْعُ صَدَقَةَ اَبِىْ طَلْحَةَ فَقَالَ اَلَا اَبِيْعُ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ بِصَاعٍ مِّنْ دَرَاهِمَ قَالَ وَكَانَتْ تِلْكَ الْحَدِيْقَةُ فِىْ مَوْضِعِ قَصْرِ بَنِىْ جَدِيْلَةَ الَّذِىْ بَنَاهُ مُعٰوِيَةُ

قبول ہونے کا شکرانہ یہ ہے کہ میں اپنا مال اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے راستے میں دے دوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر اپنے مال کا ایک حصہ اپنے پاس ہی باقی رکھو تو تمہارے حق میں بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ پھر میں اپنا خیبر کا حصہ اپنے پاس محفوظ رکھتا ہوں۔

۲۵۔ کسی نے اپنے وکیل کو صدقہ دیا لیکن وکیل نے اسے مؤکل ہی کو واپس کر دیا۔ اسماعیل نے بیان کیا کہ مجھے عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابی سلمہ نے خبر دی، انہیں اسحٰق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے (امام بخاریؒ نے کہا کہ) یقین ہے کہ یہ روایت انہوں نے انس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کی ہے کہ انہوں نے بیان کیا، جب یہ آیت نازل ہوئی کہ ''تم نیکی ہرگز نہیں پا سکتے جب تک اس مال میں سے نہ خرچ کرو جو تمہارا پسندیدہ ہے۔'' تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے کہ ''تم نیکی ہرگز نہیں پا سکتے جب تک اس مال میں سے خرچ نہ کرو جو تمہارا پسندیدہ ہے۔'' اور میرے اموال میں سب سے پسندیدہ مجھے بیرحاء ہے، بیان کیا کہ بیرحاء ایک باغ تھا۔ رسول اللہ ﷺ بھی اس میں تشریف لے جاتے تھے، اس کے سائے میں بیٹھتے اور اس کا پانی پیتے تھے (ابوطلحہؓ نے کہا کہ) اس لئے وہ اللہ عزوجل اور اس کے رسول اللہ ﷺ کے لئے ہے، میں اس کی نیکی اور اس کے ذخیرہ آخرت ہونے کی امید رکھتا ہوں، پس یا رسول اللہ! جس طرح اللہ پاک آپ کو بتائے اسے استعمال کیجئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مبارک ہو، ابوطلحہ! بڑا نفع بخش مال ہے، ہم تم سے اسے قبول کر کے پھر تمہارے ہی حوالے کر دیتے ہیں اور اب تم اسے اپنے عزیزوں کو دے دو۔ چنانچہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ باغ اپنے عزیزوں کو دے دیا، انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جن لوگوں کو باغ آپ نے دیا تھا ان میں ابی اور حسان رضی اللہ عنہما تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ حسان رضی اللہ عنہ نے اپنا حصہ معاویہ رضی اللہ عنہ کو بیچ دیا تو کسی نے آپ سے کہا کیا آپ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا دیا ہوا مال بیچ رہے ہیں؟ حسان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ جب ایک صاع کھجور ایک صاع درہم کے بدلے میں بک رہی ہو تو میں کیوں نہ بیچوں (یعنی قیمت اچھی لگی اس لئے بیچ دیا) یہ باغ قصر بنی جدیلہ کے قریب تھا جسے معاویہ رضی اللہ عنہ نے تعمیر کیا تھا۔

باب۲۶. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ

۲۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''جب (میراث کی) تقسیم کے وقت رشتہ دار (جو وارث نہ ہوں) یتیم اور مسکین آ جائیں اس میں سے انہیں بھی کچھ دے دو۔''

(۳۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍعَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ اِنَّ نَاسًا يَزْعُمُوْنَ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نُسِخَتْ وَلَا وَاللّٰهِ مَانُسِخَتْ وَلٰكِنَّهَا مِمَّا تَهَاوَنَ النَّاسُ هُمَا وَالِيَانِ وَالٍ يَرِثُ وَذَاكَ الَّذِىْ يَرْزُقُ وَوَالٍ لَايَرِثُ فَذَاكَ الَّذِىْ يَقُوْلُ بِالْمَعْرُوْفِ يَقُوْلُ لَااَمْلِكُ لَكَ اَنْ اُعْطِيَكَ

۳۱۔ ہم سے ابوالنعمان محمد بن فضل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کچھ لوگ سمجھنے لگے ہیں کہ یہ آیت (جس کا ذکر عنوان میں ہوا) منسوخ ہوگئی ہے، نہیں خدا گواہ ہے۔ آیت منسوخ نہیں ہوئی البتہ لوگ اس پر عمل کرنے میں سست ہو گئے ہیں۔ اصل میں والی دو۲ ہیں، ایک تو وہ جو وارث ہے اور یہی دے بھی سکتا ہے (عزیزوں، یتیموں اور محتاجوں کو جو تقسیم کے وقت آ جائیں) دوسرا والی وہ ہے جو وارث نہیں ہوتا اور وہ الفاظ میں معذرت کر سکتا ہے کہ مجھے کوئی اختیار ہی نہیں کہ تمہیں بھی اس میں سے کچھ دے سکوں۔

باب۲۷. مَايُسْتَحَبُّ لِمَنْ يُتَوَفّٰى فُجَآءَةً اَنْ يَّتَصَدَّقُوْا عَنْهُ وَ قَضَآءِ النُّذُوْرِ عَنِ الْمَيِّتِ

۲۷۔ اگر کسی کی اچانک موت واقع ہو جائے تو اس کی طرف سے صدقہ کرنا مستحب ہے اور میت کی نذروں کو پورا کرنا (بھی مستحب ہے)

(۳۲) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَؓ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّىْ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَاُرَاهَا لَوْتَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ اَفَاَ تَصَدَّقُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ تَصَدَّقْ عَنْهَا

۳۲۔ ہم سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، کہا مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ میری والدہ کی موت اچانک واقع ہوگئی۔ میرا خیال ہے کہ اگر انہیں گفتگو کا موقعہ ملتا تو وہ صدقہ کرتیں، تو کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کر سکتا ہوں؟ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں، ان کی طرف سے صدقہ کرو۔

(۳۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اُمِّىْ مَاتَتْ وَ عَلَيْهَا نَذْرٌ فَقَالَ اقْضِهِ عَنْهَا

۳۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں ابن شہاب نے انہیں عبیداللہ بن عبداللہ نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے مسئلہ پوچھا، انہوں نے عرض کیا کہ میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے اور انہوں نے نذر مان رکھی تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ان کی طرف سے نذر تم پوری کر دو۔

باب۲۸. اَلْاِشْهَادِ فِى الْوَقْفِ وَالصَّدَقَةِ

۲۸۔ وقف اور صدقہ میں گواہ۔

(۳۴) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ ابْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِىْ يَعْلٰى اَنَّهٗ سَمِعَ عِكْرِمَةَ مَوْلٰى بْنِ عَبَّاسٍؓ يَقُوْلُ اَنْبَاَنَا ابْنُ

۳۴۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی۔ انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے یعلی نے خبر دی، انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولیٰ عکرمہ سے سنا اور انہیں

عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اَخَا بَنِیْ سَاعِدَةَ تُوُفِّیَتْ اُمُّهٗ وَهُوَ غَائِبٌ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّیْ تُوُفِّیَتْ وَاَنَا غَائِبٌ عَنْهَا فَهَلْ یَنْفَعُهَا شَیْءٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنِّیْ اُشْهِدُکَ اَنَّ حَائِطِیَ الْمِخْرَافَ صَدَقَةٌ عَلَیْهَا

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ قبیلہ بنی ساعدہ کے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا انتقال ہوا تو وہ ان کی خدمت میں حاضر نہیں تھے (رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوے میں شریک تھے) اس لئے وہ حضور اکرم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا، یارسول اللہ! میری والدہ کا انتقال ہوگیا ہے اور میں اس وقت موجود نہیں تھا تو کیا اگر میں کچھ ان کی طرف سے صدقہ کروں تو انہیں اس کا فائدہ پہنچے گا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں سعد رضی اللہ عنہ نے اس پر کہا کہ میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میرا باغ مخراف ان کی طرف سے صدقہ ہے۔

باب ۲۹ .قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاٰتُوا الْیَتَامٰی اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ وَلَاتَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓی اَمْوَالِکُمْ اِنَّهٗ کَانَ حُوْبًا کَبِیْرًا وَّاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَاطَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ

۲۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ اور ''یتیموں کو ان کا مال پہنچادو اور پاکیزہ چیز کو گندی چیز سے مت تبدیل کرو اور ان کا مال مت کھاؤ اپنے مال کے ساتھ۔ بے شک یہ بہت بڑا گناہ ہے اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیموں کے باب میں انصاف نہ کرسکو گے تو جو عورتیں تمہیں پسند ہوں ان سے نکاح کرلو۔''

(۳۵) حَدَّثَنَا اَبُو الْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ کَانَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ یُحَدِّثُ اَنَّهٗ سَاَلَ عَآئِشَةَ وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّاتُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَاطَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ قَالَتْ عَائِشَةُ هِیَ الْیَتِیْمَةُ فِیْ حَجْرِ وَلِیِّهَا فَیَرْغَبُ فِیْ جَمَالِهَا وَمَالِهَا وَیُرِیْدُ اَنْ یَّتَزَوَّجَهَا بِاَدْنٰی مِنْ سُنَّةِ نِسَآئِهَا فَنُهُوْا عَنْ نِکَاحِهِنَّ اِلَّا اَنْ یُّقْسِطُوْا لَهُنَّ فِیْ اِکْمَالِ الصَّدَاقِ وَاُمِرُوْا بِنِکَاحِ مَنْ سِوَاهُنَّ مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ اسْتَفْتَی النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَیَسْتَفْتُوْنَکَ فِی النِّسَآءِ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِیْهِنَّ قَالَتْ فَبَیَّنَ اللّٰهُ فِیْ هٰذِهٖ اَنَّ الْیَتِیْمَةَ اِذَا کَانَتْ ذَاتَ جَمَالٍ وَّمَالٍ رَّغِبُوْا فِیْ نِکَاحِهَا وَلَمْ یُلْحِقُوْهَا بِسُنَّتِهَا بِاِکْمَالِ الصَّدَاقِ فَاِذَا کَانَتْ مَرْغُوْبَةً عَنْهَا فِیْ قِلَّةِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ تَرَکُوْهَا وَالْتَمَسُوْا غَیْرَهَا مِنَ النِّسَآءِ قَالَ فَلَمَّا یَتْرُکُوْنَهَا حِیْنَ یَرْغَبُوْنَ عَنْهَا فَلَیْسَ لَهُمْ اَنْ یَّنْکِحُوْهَا اِذَا رَغِبُوْا فِیْهَا اِلَّا اَنْ یُّقْسِطُوْا لَهَا

۳۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا کہ عروہ بن زبیرؓ ان سے حدیث بیان کرتے تھے، انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے آیت وان خفتم ان لا تقسطوا فی الیتمیٰ فانکحوا ما طاب لکم من النسآء (ترجمہ اوپر باب میں گزر چکا) کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ یتیم لڑکی ہے جو اپنے ولی کی زیر پرورش ہو پھر ولی کے دل میں اس کے حسن اور اس کے مال کی طرف رغبت پیدا ہوجائے اور وہ اس کی عزیز دوسری لڑکیوں کے مقابلہ میں کم مہر دے کر نکاح کرلینا چاہیں تو انہیں اس طرح نکاح کرنے سے روکا گیا ہے لیکن یہ کہ ولی ان کے ساتھ پورے مہر کی ادائیگی میں انصاف سے کام لیں (تو نکاح کرسکتے ہیں) اور انہیں ان لڑکیوں کے سوا دوسری عورتوں سے نکاح کرنے کا حکم دیا گیا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی کہ ''آپ سے لوگ عورتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تمہیں ان کے متعلق ہدایت کرتا ہے۔'' انہوں نے بیان کیا کہ پھر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں واضح کردیا کہ یتیم لڑکی اگر جمال اور مال والی ہو اور (ان کے ولی) ان سے نکاح کرنے کے خواہش مند ہوں لیکن پورا مہر دینے میں ان کے (خاندان

اَلاَوْفٰى مِنَ الصَّدَاقِ وَ يُعْطُوْهَا حَقَّهَا

کے) طریقوں کی رعایت نہ کر سکیں (تو ان سے نکاح نہ کریں) جب ان ما‌ل اور حسن کی کمی کی وجہ سے ان کی طرف انہیں اگر کوئی رغبت نہ ہوتی تو انہیں وہ چھوڑ دیتے اور ان کے سوا کسی دوسری عورت کو تلاش کرتے، بیان کیا کہ جس طرح ایسے لوگ رغبت نہ ہونے کی صورت میں ان یتیم لڑکیوں کو چھوڑ دیتے اسی طرح ان کے لئے یہ بھی جائز نہیں کہ جب ان لڑکیوں کی طرف ان کو رغبت ہو تو ان کے پورے مہر کے معاملے میں اور ان کے حقوق کی ادائیگی کے معاملے میں عدل وانصاف سے کام لئے بغیر ان سے نکاح کریں۔ ❶

باب ۳۰. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْآ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا۔لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْاَقْرَبُوْنَ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْكَثُرَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا۔حَسِيْبًا يَعْنِى كَافِيًا

۳۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اور یتیموں کی دیکھ بھال کرتے رہو، یہاں تک کہ وہ عمر نکاح کو پہنچ جائیں۔ تو اگر تم ان میں ہوشیاری دیکھ لو تو ان کے حوالے ان کا مال کر دو۔ اور ان کے مال کو جلد جلد اسراف سے اور اس خیال سے کہ یہ بڑے ہو جائیں گے مت کھا ڈالو، بلکہ جو شخص خوشحال ہو وہ تو اپنے کو بالکل رو کے رکھے اور البتہ جو شخص نادار ہو وہ مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے اور جب ان کے مال ان کے حوالے کرنے لگو تو ان پر گواہ بھی کر لیا کرو، اور اللہ حساب کرنے والا کافی ہے۔ مردوں کے لئے بھی اس چیز میں حصہ ہے جس کو والدین اور نزدیک کے قرابتدار چھوڑ جائیں اور عورتوں کے لئے بھی اس چیز میں حصہ ہے جس کو والدین اور نزدیک کے قرابتدار چھوڑ جائیں اور عورتوں کے لئے بھی اس چیز میں حصہ ہے جس کو والدین اور نزدیک کے قرابت دار چھوڑ جائیں، اس (متروکہ) میں سے تھوڑا یا زیادہ (بہر حال) ایک حصہ قطعی ہے۔ آیت میں حسیباً کے معنی کافی کے ہیں۔

باب ۳۱. وَمَا لِلْوَصِيِّ اَنْ يَّعْمَلَ فِىْ مَالِ الْيَتِيْمِ وَمَا يَاْكُلُ مِنْهُ بِقَدْرِ عُمَالَتِهٖ

۳۱۔ وصی کے لئے یتیم کے مال کو کاروبار میں استعمال کرنا اور پھر اپنے کام کے مطابق اس میں سے لینا جائز ہے۔

(۳۶) حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ حَدَّثَنَا اَبُوْسَعِيْدٍ مَّوْلٰى بَنِىْ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ تَصَدَّقَ بِمَالٍ لَّهٗ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يُقَالُ لَهٗ ثَمْغٌ وَّكَانَ نَخْلًا فَقَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اسْتَفَدْتُ مَالًا

۳۶۔ ہم سے ہارون نے حدیث بیان کی، ان سے بنو ہاشم کے مولا ابوسعید نے حدیث بیان کی، ان سے صخر بن جویریہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمرؓ نے اپنی ایک جائداد صدقہ کر کے رسول اللہ ﷺ کے حوالے کر دی (کہ جس طرح چاہیں اس کا حکم بیان کریں) اس جائداد کا نام ثمغ تھا اور یہ ایک باغ تھا۔

❶ اس حدیث کو پڑھتے وقت یہ ملحوظ رہے کہ مہر کے سلسلے میں اسلام کا منشاء یہ ہے کہ نکاح کے ساتھ ہی اس کی ادائیگی ہونی چاہیے۔ عرب میں پہلے بھی یہی دستور تھا اور اب بھی یہی ہے۔ ہمارے یہاں مہر کا جو طریقہ ہے اس سے اسلامی مہر کی ساری اہمیت کو نقصان پہنچا ہے۔

هُوَعِنْدِیْ نَفِیْسٌ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَتَصَدَّقَ بِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَصْلِهٖ لَایُبَاعُ وَلَا یُوْهَبُ وَلَا یُوْرَثُ وَلٰکِنْ یُّنْفَقُ ثَمَرُه' فَتَصَدَّقَ بِهٖ عُمَرُ فَصَدَقَتُه' ذٰلِکَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَفِی الرِّقَابِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَالضَّعِیْفِ وَابْنِ السَّبِیْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَلَا جُنَاحَ عَلٰی مَنْ وَّلِیَه' اَنْ یَّاْکُلَ مِنْهُ بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ یُوْکِلَ صَدِیْقَه' غَیْرَ مُتَمَوِّلٍ بِهٖ

عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یارسول اللہ! مجھے ایک جائداد ملی ہے اور میرے خیال میں نہایت عمدہ ہے۔ اس لئے میں نے چاہا کہ اسے صدقہ کردوں تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اسے اصل کے ساتھ صدقہ کردو کہ نہ بیچا جاسکے، نہ ہبہ کیا جاسکے اور نہ اس کا کوئی وارث بن سکے، صرف اس کا پھل کام میں لایا جاتا رہے چنانچہ عمرؓ نے اسے صدقہ کر دیا، آپ کا یہ صدقہ غازیوں کے لئے، غلام آزاد کرنے کے لئے محتاجوں اور کمزوروں کے لئے، مسافروں کے لئے اور رشتہ داروں کے لئے تھا۔ اور یہ کہ اس کے متولی کے لئے اسؓ میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا اگر وہ مناسب مقدار میں کھائے یا اپنے کسی دوست کو کھلائے بشرطیکہ اس میں سے جمع کرنے کا ارادہ نہ ہو۔

(۳۷) حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ وَمَنْ کَانَ غَنِیًّا فَلْیَسْتَعْفِفْ وَمَنْ کَانَ فَقِیْرًا فَلْیَاْکُلْ بِالْمَعْرُوْفِ قَالَتْ اُنْزِلَتْ فِیْ وَالِی الْیَتِیْمِ اَنْ یُّصِیْبَ مِنْ مَّالِهٖ اِذَا کَانَ مُحْتَاجًا بِقَدْرِ مَالِهٖ بِالْمَعْرُوْفِ

۳۷۔ ہم سے عبید بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے (قرآن مجید کی اس آیت) "اور جو شخص خوشحال ہو وہ اپنے کو بالکل روکے رکھے البتہ جو شخص نادار ہو وہ مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے" کے بارے میں فرمایا کہ یتیموں کے ولیوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ یتیم کے مال میں سے اگر والی نادار ہو مال کو پیش نظر رکھتے ہوئے مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے۔

باب ۳۲. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَّسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا

۳۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "بے شک وہ لوگ جو یتیموں کا مال ظلم کے ساتھ کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں آگ بھرتے ہیں اور عنقریب آگ ہی میں جھونک دیئے جائیں گے۔"

(۳۸) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ سُلَیْمٰنُ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرِبْنِ زَیْدِنِ الْمَدَنِیِّ عَنْ اَبِی الْغَیْثِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَاهُنَّ قَالَ الشِّرْکُ بِاللّٰهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَکْلُ الرِّبٰوا وَاَکْلُ مَالِ الْیَتِیْمِ وَالتَّوَلِّیْ یَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغٰفِلَاتِ

۳۸۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی، ان سے ثور بن زید مدنی نے، ان سے ابوالغیث نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سات چیزوں سے جو تباہ کر دینے والی ہیں بچتے رہو۔ صحابہؓ نے پوچھا یارسول اللہ! وہ کون سی چیزیں ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا، جادو کرنا، کسی کی جان لینا کہ جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے یعنی حق کے بغیر، سود کھانا، یتیم کا مال کھانا، لڑائی میں سے بھاگ آنا، پاک دامن بھولی بھالی عورتوں پر تہمت لگانا۔

باب ۳۳. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْیَتٰمٰی قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَیْرٌ وَّاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُکُمْ

۳۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "آپ سے لوگ یتیموں کے بارے میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ ان کے (اموال) میں بہتری کا خیال رکھنا ہی خیر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ لَاَعْنَتَكُمْ لَاَحْرَجَكُمْ وَضَيَّقَ وَعَنَتَ خَضَعَتْ وَقَالَ لَنَا سُلَيْمٰنُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ مَا رَدَّ ابْنُ عُمَرَ عَلٰى اَحَدٍ وَّصِيَّةً وَّكَانَ ابْنُ سِيْرِيْنَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيْهِ فِي مَالِ الْيَتِيْمِ اَنْ يَّجْتَمِعَ اِلَيْهِ نُصَحَاؤُهٗ وَاَوْلِيَاؤُهٗ فَيَنْظُرُوا الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ وَّكَانَ طَاوُسٌ اِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ الْيَتٰمٰى قَرَاَ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَقَالَ عَطَاءٌ فِيْ يَتَامَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ يُنْفِقُ الْوَلِيُّ عَلٰى كُلِّ اِنْسَانٍ بِقَدْرِهٖ مِنْ حِصَّتِهٖ

ہے اور اگر تم ان کے ساتھ (ان کے اموال میں) شریک ہو جاؤ تو (بہر حال) وہ بھی تمہارے بھائی ہی ہیں اور اللہ تعالیٰ اصلاح چاہنے والے اور فساد پیدا کرنے والے کی خوب پہچان رکھتا ہے، اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تمہیں تنگی میں مبتلا کر دیتا، بلا شبہ اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔'' (قرآن کی اس آیت مبارکہ میں) لاعنتکم کے معنی ہیں کہ تمہیں حرج اور تنگی میں مبتلا کر دینا۔ اور عنت کے معنی جھک گئے کے ہیں۔ اور ہم سے سلیمان نے بیان کیا ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے بیان کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کبھی کسی کی وصیت نہیں ٹھکرائی (جس میں انہیں شریک کیا گیا ہو) ابن سیرین رحمۃ اللہ کا محبوب مشغلہ یہ تھا کہ یتیم کے مال و جائداد کے سلسلے میں ان کے خیر خواہوں اور ولیوں کو جمع کرے تا کہ ان کے لئے کوئی اچھی صورت پیدا کرنے کے لئے غور کریں، طاؤس رحمۃ اللہ علیہ سے جب یتیموں کے معاملات سے متعلق کوئی سوال کیا جاتا تو آپ یہ آیت پڑھتے کہ ''اور اللہ فساد پیدا کرنے والے اور اصلاح چاہنے والے کی خوب پہچان رکھتا ہے۔'' عطاء رحمۃ اللہ علیہ نے یتیموں کے بارے میں فرمایا، خواہ وہ معمولی قسم کے لوگوں میں ہوں یا بڑے درجے کے، ولی کو ہر شخص پر اس کے حصے کے مطابق خرچ کرنا چاہئے۔

باب ۳۴. اِسْتِخْدَامِ الْيَتِيْمِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ اِذَا كَانَ صَلَاحًا لَّهٗ وَنَظَرِ الْاُمِّ وَزَوْجِهَا لِلْيَتِيْمِ

۳۴۔ سفر اور حضر میں یتیم سے خدمت لینا، اگر ان کے اندر اس کی صلاحیت ہو، اور ماں اور سوتیلے باپ کی نگہداشت (اگرچہ وہ باپ کی طرف سے وصی نہ ہوں)۔)

(۳۹) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ لَيْسَ لَهٗ خَادِمٌ فَاَخَذَ اَبُوْ طَلْحَةَ بِيَدِيْ فَانْطَلَقَ بِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَنَسًا غُلَامٌ كَيِّسٌ فَلْيَخْدُمْكَ قَالَ فَخَدَمْتُهٗ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ مَاقَالَ لِيْ لِشَيْءٍ صَنَعْتُهٗ لِمَ صَنَعْتَ هٰذَا هٰكَذَا وَلَا لِشَيْءٍ لَمْ اَصْنَعْهُ لِمَ لَمْ تَصْنَعْ هٰذَا هٰكَذَا

۳۹۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم بن کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابن علیہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو آپ کے ساتھ کوئی خادم نہیں تھا، اس لئے ابو طلحہ رضی اللہ عنہ میرا ہاتھ پکڑ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے گئے اور عرض کی، یا رسول اللہ! انس ذہین لڑکا ہے یہ آپ کی سفر اور حضر میں خدمت کیا کرے گا۔ انسؓ نے بیان کیا۔ چنانچہ میں نے آپ ﷺ کی سفر و حضر میں خدمت کی، آپ ﷺ نے مجھ سے کبھی کسی کام کے بارے میں جسے میں نے کر دیا ہو یہ نہیں فرمایا کہ یہ کام اس طرح کیوں کیا۔ اسی طرح کسی ایسے کام کے متعلق جسے میں نہ کر سکا ہوں، آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ کام اس طرح کیوں نہیں کیا۔

باب ۳۵. اِذَا وَقَفَ اَرْضًا وَّلَمْ يُبَيِّنِ الْحُدُوْدَ فَهُوَ

۳۵۔ اگر زمین وقف کی، بغیر حدود کی وضاحت کے تو جائز ہے، صدقہ

جَائِزٌ وَّكَذٰلِكَ الصَّدَقَةُ

(۴۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ اَبُوْطَلْحَةَ اَكْثَرَ اَنْصَارِيِّ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا مِنْ نَّخْلٍ وَّكَانَ اَحَبَّ مَالِهٖ اِلَيْهِ بِيْرُحَاءَ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَّآءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ قَالَ اَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَامَ اَبُوْطَلْحَةَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِىْ اِلَىَّ بِيْرُحَاءَ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ اَرْجُوْا بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَاللّٰهِ فَضَعْهَا حَيْثُ اَرَاكَ اللّٰهُ فَقَالَ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَّابِحٌ اَوْرَايِحٌ شَكَّ ابْنُ مَسْلَمَةَ وَقَدْ سَمِعْتُ مَاقُلْتَ وَاِنِّىْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِى الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ اَبُوْطَلْحَةَ اَفْعَلُ ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْطَلْحَةَ فِىْ اَقَارِبِهٖ وَفِىْ بَنِىْ عَمِّهٖ وَقَالَ اِسْمٰعِيْلُ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ وَيَحْيَى بْنُ يَحْيٰى عَنْ مَالِكٍ رَّايِحٌ

(۴۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمَّهُ تُوُفِّيَتْ اَيَنْفَعُهَا اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ لِىْ مِخْرَافًا وَّاُشْهِدُكَ اَنِّىْ قَدْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا

میں بھی یہی مسئلہ ہے۔

۴۰۔ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے، انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ ابوطلحہ جمہور کے باغات کے اعتبار سے مدینہ کے انصار میں سب سے بڑے مالدار تھے اور انہیں اپنے تمام اموال میں مسجد نبوی کے سامنے بیر حاء کا باغ سب سے زیادہ پسند تھا۔ خود نبی کریم ﷺ بھی اس باغ میں تشریف لے جاتے تھے اور اس کا شیریں پانی پیتے تھے۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر جب یہ آیت نازل ہوئی ''نیکی تم ہرگز نہیں حاصل کروگے جب تک اپنے اس مال میں سے نہ خرچ کرو جو تمہیں پسند ہوں۔'' تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اٹھے اور آکر رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم ''نیکی ہرگز نہیں حاصل کرسکوگے جب تک اپنے ان اموال میں سے نہ خرچ کرو جو تمہیں پسند ہو۔'' اور میرے اموال میں مجھے سب سے زیادہ پسند بیرحاء ہے اور یہ اللہ کے راستے میں صدقہ ہے، میں اللہ کی بارگاہ سے اس کی نیکی اور ذخیرہ آخرت ہونے کی توقع رکھتا ہوں۔ آپ کو جہاں اللہ تعالیٰ بتائے اسے استعمال کیجئے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا مبارک ہو، یہ تو بڑا فائدہ بخش مال ہے یا (آپ نے بجائے رابح کے) رائح کہا شک ابن سلمہ کو تھا اور جو کچھ تم نے کہا میں نے سب سن لیا ہے اور میرا خیال ہے کہ تم اسے اپنے عزیزوں کو دے دو۔ ابوطلحہ نے عرض کیا، یارسول اللہ میں ایسا ہی کروں گا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے عزیزوں اور بنی اعمام میں اسے تقسیم کردیا۔ اسمٰعیل، عبداللہ بن یوسف اور یحیٰ بن یحیٰ نے مالک کے واسطہ سے (رابح کے بجائے) رائح بیان کیا ہے۔

۴۱۔ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہیں روح بن عبادہ نے خبردی، ان سے زکریا بن اسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ ان کی والدہ کا انتقال ہوگیا، کیا اگر وہ ان کی طرف سے صدقہ کریں تو انہیں فائدہ پہنچے گا؟ آنحضور ﷺ نے جواب دیا کہ ہاں، اس پر ان صحابی نے کہا کہ میرے ایک مخراف نامی باغ ہے اور میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ وہ ان کی طرف سے صدقہ ہے۔

باب۳۶. اِذَآ اَوْقَفَ جَمَاعَةٌ اَرْضًا مُشَاعًا فَهُوَ جَائِزٌ

۳۶۔ اگر کئی آدمیوں نے مل کر مشترک زمین وقف کی تو جائز ہے۔

(۴۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ اَبِی التَّیَّاحِ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ اَمَرَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِبِنَآءِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ یَابَنِی النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ بِحَائِطِکُمْ هٰذَا قَالُوْالَاوَاللّٰهِ لَانَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَی اللّٰهِ

۴۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالتیاح نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے مسجد بنانے کا حکم دیا تو فرمایا کہ اے بنونجار! مجھ سے اپنے باغ کی قیمت طے کر لو (جس میں مسجد بنائی جانے کی تجویز تھی) انہوں نے عرض کیا کہ نہیں، خدا کی قسم ہم اس کی قیمت اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی سے نہیں لیں گے۔

باب۳۷. الْوَقْفِ کَیْفَ یُکْتَبُ

۳۷۔ وقف کس طرح لکھا جائے گا؟

(۴۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ بِخَیْبَرَ اَرْضًا فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا لَّمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَنْفَسَ مِنْهُ فَکَیْفَ تَاْمُرُنِیْ بِهٖ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ عُمَرُ اَنَّهٗ لَایُبَاعُ اَصْلُهَا وَلَایُوْهَبُ وَلَایُوْرَثُ فِی الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبٰی وَالرِّقَابِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالضَّیْفِ وَابْنِ السَّبِیْلِ لَا جُنَاحَ عَلٰی مَنْ وَّ لِیَهَآ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ اَوْ یُطْعِمَ صَدِیْقًا غَیْرَ مُتَمَوِّلٍ فِیْهِ۔

۴۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمرؓ کو خیبر میں ایک زمین ملی تو آپ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے ایک زمین ملی ہے اور اس سے عمدہ مال مجھے کبھی نہیں ملا تھا۔ آپ اس کے بارے میں مجھے کیا حکم فرماتے ہیں؟ (کس طرح میں اسے ثواب حاصل کرنے کا ذریعہ بناؤں؟) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر چاہو تو اصل اپنے قبضے میں باقی رکھتے ہوئے اس کے منافع کو صدقہ کر دو۔ چنانچہ عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اس شرط کے ساتھ صدقہ (وقف) کیا کہ اصل زمین نہ بیچی جائے، نہ ہبہ کی جائے اور نہ وراثت میں کسی کو ملے اور فقراء، رشتہ دار، غلام آزاد کرنے اللہ کے راستے (کے مجاہدوں) مہمانوں اور مسافروں کے لئے (وقف) ہے جو شخص بھی اس کا متولی ہو، اگر وہ دستور کے مطابق اس میں سے کھائے یا اپنے کسی دوست کو کھلائے تو کوئی مضائقہ نہیں، بشرطیکہ ذخیرہ اندوزی کا ارادہ نہ ہو۔

باب۳۸. الْوَقْفِ لِلْغَنِیِّ وَالْفَقِیْرِ وَالضَّیْفِ

۳۸۔ مالدار محتاج اور کمزور کے لئے وقف۔

(۴۴) حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَؓ وَجَدَ مَالًا بِخَیْبَرَ فَاَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ قَالَ اِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا فِی الْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاکِیْنِ وَذِی الْقُرْبٰی وَالضَّیْفِ۔

۴۴۔ ہم سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے، ان سے ابن عمرؓ نے کہ عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک جائداد ملی تو آپ نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے متعلق اطلاع دی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر چاہو تو اسے صدقہ کر دو، چنانچہ آپ نے فقراء، مساکین، رشتہ دار اور مہمانوں کے لئے اسے صدقہ کر دیا۔

باب ۳۹. وَ قْفِ الْاَرْضِ لِلْمَسْجِدِ

(۴۵) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ حَدَّثَنَا اَبُوالتَّیَّاحِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ اَمَرَ بِالْمَسْجِدِ وَقَالَ یَا بَنِی النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ بِحَائِطِکُمْ هٰذَا قَالُوْا لَا وَاللّٰهِ لَا نَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَی اللّٰهِ

۳۹۔ مسجد کے لئے زمین کا وقف۔

۴۵۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، کہا میں نے اپنے والد سے سنا، ان سے ابوالتیاح نے حدیث بیان کی، کہا مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو آپ نے مسجد بنانے کے لئے حکم دیا اور فرمایا، اے بنونجار! اپنے اس باغ کی مجھ سے قیمت طے کرلو۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، خدا کی قسم! ہم اس کی قیمت صرف اللہ سے مانگتے ہیں۔

باب ۴۰. وَقْفِ الدَّوَابِّ وَالْکُرَاعِ وَالْعُرُوْضِ وَالصَّامِتِ قَالَ الزُّهْرِیُّ فِیْمَنْ جَعَلَ اَلْفَ دِیْنَارٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَدَفَعَهَا اِلٰی غُلَامٍ لَهٗ تَاجِرٍ یَّتَّجِرُ بِهَا وَجَعَلَ رِبْحَهٗ صَدَقَةً لِلْمَسٰکِیْنِ وَالْاَقْرَبِیْنَ هَلْ لِلرَّجُلِ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْ رِبْحِ ذٰلِکَ الْاَلْفِ شَیْئًا وَاِنْ لَمْ یَکُنْ جَعَلَ رِبْحَهَا صَدَقَةً فِی الْمَسٰکِیْنِ قَالَ لَیْسَ لَهٗ اَنْ یَّاْکُلَ مِنْهَا

۴۰۔ جانور، گھوڑے، سامان اور سونے چاندی کا وقف زہری رحمۃ اللہ علیہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں فرمایا تھا، جس نے ہزار دینار اللہ کے راستے میں وقف کر دیئے تھے اور انہیں ایک اپنے تاجر غلام کو دے دیا تھا کہ اس سے کاروبار کرے، اور اس کے منافع کو وہ شخص محتاجوں اور عزیزوں پر صدقہ کرتا تھا، (زہری سے پوچھا گیا تھا کہ کیا اس شخص کے لئے جائز ہے اس ہزار دینار کے منافع میں سے کچھ خود بھی لے لیا کرے خصوصاً اس صورت میں) جب کہ اس منافع کو مساکین کے لئے صدقہ نہ کیا ہو (بلکہ صدقہ صرف اصل مال کا ہو اور کسی وجہ سے کاروبار میں لگالیا ہو) زہری نے فرمایا کہ (کسی صورت میں) اس کے لئے ان میں سے کھانا جائز نہیں ہے۔

(۴۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا یَحْیٰی حَدَّثَنَا عُبَیْدُاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ اَنَّ عُمَرَ حَمَلَ عَلٰی فَرَسٍ لَهٗ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَعْطَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیَحْمِلَ عَلَیْهَا رَجُلًا فَاُخْبِرَ عُمَرُ اَنَّهٗ قَدْ وَقَفَهَا یَبِیْعُهَا فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّبْتَاعَهَا فَقَالَ لَا تَبْتَعْهَا وَلَا تَرْجِعَنَّ فِیْ صَدَقَتِکَ

۴۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبید اللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے نافع نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمرؓ نے اپنا ایک گھوڑا اللہ کے راستے میں (جہاد کے لئے) ایک شخص کو سواری کے لئے دیا۔ یہ گھوڑا رسول اللہ ﷺ نے انہیں سواری کے لئے عنایت فرمایا تھا پھر عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ وہ شخص گھوڑے کو بیچ رہا ہے۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کیا وہ اسے خرید سکتے ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے نہ خریدو اپنا دیا ہوا صدقہ واپس نہ لو۔

باب ۴۱. نَفَقَةِ الْقَیِّمِ لِلْوَقْفِ

۴۱۔ وقف کے نگراں کا نفقہ۔

(۴۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَقْتَسِمُ وَرَثَتِیْ دِیْنَارًا مَّا تَرَکْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِیْ وَمَؤُنَةِ عَامِلِیْ فَهُوَ

۴۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ابوالزناد نے، انہیں اعرج نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میرے ورثہ دینار (ودرہم) تقسیم نہ کریں، میری ازواج کے نفقہ اور میرے عامل کی اجرت کے بعد جو کچھ

صَدَقَةٌ

بچے وہ صدقہ ہے۔

(۴۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوْبَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ اشْتَرَطَ فِيْ وَقْفِهِ أَنْ يَّأْكُلَ مَنْ وَّلِيَهُ وَيُوْكِلَ صَدِيْقَهُ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مَالًا

۴۸۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمرؓ نے اپنے وقف میں یہ شرط لگائی تھی کہ اس کا متولی اس میں سے کھا سکتا ہے اور اپنے دوست کو کھلا سکتا ہے بشرطیکہ ذخیرہ نہ جمع کرنے کا ارادہ ہو۔

باب ۴۲. إِذَا وَقَفَ أَرْضًا أَوْ بِئْرًا وَّ اشْتَرَطَ لِنَفْسِهِ مِثْلَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ وَ أَوْقَفَ أَنَسٌ دَارًا فَكَانَ إِذَا قَدِمَهَا نَزَلَهَا وَتَصَدَّقَ الزُّبَيْرُ بِدُوْرِهِ وَقَالَ لِلْمَرْدُوْدَةِ مِنْ بَنَاتِهِ أَنْ تَسْكُنَ غَيْرَ مُضِرَّةٍ وَّلَا مُضَرٍّ بِهَا فَإِنِ اسْتَغْنَتْ بِزَوْجٍ فَلَيْسَ لَهَا حَقٌّ وَجَعَلَ ابْنُ عُمَرَ نَصِيْبَهُ مِنْ دَارِ عُمَرَ سُكْنٰى لِذَوِي الْحَاجَةِ مِنْ اٰلِ عَبْدِاللّٰهِ وَقَالَ عَبْدَانُ أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِيْ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ أَنَّ عُثْمَانَ رضی اللہ عنہ حَيْثُ حُوْصِرَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ وَقَالَ أَنْشُدُكُمْ وَلَا أَنْشُدُ إِلَّا أَصْحٰبَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَفَرَ بِئْرَ رُوْمَةَ فَلَهُ الْجَنَّةُ فَحَفَرْتُهَا أَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ فَجَهَّزْتُهُمْ قَالَ فَصَدَّقُوْهُ بِمَا قَالَ وَقَالَ عُمَرُ فِيْ وَقْفِهِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَّلِيَهُ أَنْ يَّأْكُلَ وَقَدْ يَلِيْهِ الْوَاقِفُ وَغَيْرُهُ فَهُوَ وَاسِعٌ لِكُلٍّ

۴۲۔ کسی نے کوئی زمین یا کنواں وقف کیا اور اپنے لئے بھی عام مسلمانوں کی طرح پانی لینے کی شرط لگائی؟ ❶ انس رضی اللہ عنہ نے ایک گھر وقف کیا تھا (مدینہ میں) اور جب بھی (حج کے لئے) جاتے ہوئے مدینہ سے گذرتے تو اس گھر میں قیام کرتے تھے۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر وقف کئے تھے اور اپنی ایک مطلقہ لڑکی سے فرمایا تھا کہ وہ اس میں قیام کر سکتی ہیں لیکن وہ (گھر کو) نقصان نہ پہنچائیں اور نہ خود پریشانی میں مبتلا ہوں، البتہ جب شادی ہو جائے تو پھر انہیں (اس میں قیام کا) کوئی حق باقی نہیں رہے گا۔ ابن عمرؓ نے عمر رضی اللہ عنہ کے (وقف کردہ) گھر کے ایک خاص حصے میں اپنے غریب و محتاج آل اولاد کو ٹھہرنے کی اجازت دی تھی۔ عبدان نے بیان کیا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں ابواسحٰق نے، انہیں عبدالرحمٰن نے کہ جب عثمان رضی اللہ عنہ محاصرے میں لئے گئے تھے تو (اپنے گھر کے) اوپر چڑھ کر آپ نے باغیوں سے فرمایا تھا میں تم سے خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں اور صرف نبی کریم ﷺ کے اصحاب سے پوچھتا ہوں کہ کیا آپ لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص بئر رومہ کو کھودے گا اور اسے مسلمانوں کے لئے وقف کر دے گا، تو اسے جنت کی بشارت ہے تو میں نے ہی اس کنویں کو کھودا تھا۔ ❷ کیا آپ لوگوں کو معلوم نہیں ہے کہ حضور اکرمؐ نے جب فرمایا تھا کہ جیش عسرت (غزوۂ تبوک پر جانے والا لشکر) کو جو شخص ساز و سامان سے لیس کرے گا اسے

---

❶ یعنی کسی نے اپنے وقف کی منفعت سے خود بھی فائدہ اٹھانے کی شرط لگائی تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ ابن بطال نے کہا ہے کہ اس مسئلہ میں کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے کہ اگر کسی نے کوئی چیز وقف کرتے ہوئے اس کے منافع سے خود یا اپنے رشتہ داروں کو نفع اندوز ہونے کی بھی شرط لگائی تو جائز ہے مثلاً کسی نے کوئی کنواں وقف کیا اور شرط لگائی کہ عام مسلمانوں کی طرح میں بھی اس میں سے پانی لیا کروں گا تو وہ بھی پانی نکال سکتا ہے اور اس کی یہ شرط جائز ہوگی۔ ❷ بئر رومہ، مدینہ کا ایک مشہور کنواں ہے، جب مسلمان مدینہ ہجرت کر کے آئے تو یہی ایک ایسا کنواں تھا جس کا پانی شیریں تھا حضور اکرم ﷺ کے ارشاد پر اسے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خرید کر مسلمانوں کے لئے وقف کر دیا تھا۔ خریداری کی تعبیر کھودنے سے اس حدیث میں کی گئی ہے۔

جنت کی بشارت ہے تو میں نے ہی اسے مسلح کیا تھا (پھر تم میری مخالفت میں اس درجہ کیوں سرگرم ہو؟ انہوں نے بیان کیا کہ آپ کی ان باتوں کی سب نے تصدیق کی تھی، عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وقف کے متعلق فرمایا تھا کہ اس کا متولی اگر اس میں سے کھائے تو کوئی حرج نہیں ہے ظاہر ہے کہ متولی خود بھی واقف ہو سکتا ہے اور دوسرے بھی ہو سکتے ہیں، اس لئے یہ حکم سب کے لئے عام تھا۔

باب۴۳. اِذَا قَالَ الْوَاقِفُ لَانَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَی اللّٰهِ فَهُوَ جَائِزٌ

۴۳۔ واقف نے کہا کہ وقف کی قیمت (کا ثواب) ہم صرف اللہ سے چاہتے ہیں تو جائز ہے۔

(۴۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَابَنِی النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِیْ بِحَائِطِكُمْ قَالُوْا لَانَطْلُبُ ثَمَنَهٗ اِلَّا اِلَی اللّٰهِ

۴۹۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالتیاح نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا، اے بنونجار! تم اپنے باغ کی قیمت مجھ سے طے کر لو تو انہوں نے عرض کیا کہ ہم اس کی قیمت اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی سے نہیں چاہتے۔

باب۴۴. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَاحَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَاعَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَانَشْتَرِیْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَاقُرْبٰی وَلَانَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰۤی اَنَّهُمَااسْتَحَقَّاۤ اِثْمًا فَاٰخَرَانِ يَقُوْمَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَاۤ اِنَّاۤ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ذٰلِكَ اَدْنٰۤی اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰی وَجْهِهَاۤاَوْيَخَافُوْۤا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا وَاللّٰهُ لَايَهْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ وَقَالَ لِیْ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی الْقَاسِمِ عَنْ

۴۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت آ جائے وصیت کے وقت تمہارے آپس میں گواہ دو شخص تم میں سے معتبر ہوں یا وہ گواہ تمہارے علاوہ ہوں۔ پس تم زمین میں سفر کر رہے ہو اور تم پر موت کا واقعہ آ پہنچے تو اگر تم کو شبہ ہو جائے تو دونوں گواہوں کو بعد نماز روک رکھو اور وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم اس کے عوض کوئی نفع نہیں لینا چاہتے خواہ کسی قرابت دار ہی کے لئے ہو اور نہ ہم اللہ کی گواہی چھپائیں گے؟ ورنہ ہم بے شک گناہگار ہوں گے۔ پھر اگر خبر ہو جائے کہ وہ دونوں (وصی) حق بات دبا گئے تو دو گواہ ان کی جگہ اور مقرر ہوں ان لوگوں میں سے جن کا حق دبا ہے (میت کے) قریب تر لوگوں میں سے، یہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ درست ہے اور ہم نے زیادتی نہیں کی ہے ورنہ بے شک ہم ہی ظالم ٹھہریں گے، یہ اس کا قریب ترین (طریقہ) ہے کہ لوگ گواہی ٹھیک دیں یا اس سے ڈرے رہیں کہ ہماری قسمیں ان قسموں کے الٹی پڑیں گی اور اللہ سے ڈرتے رہو اور سنتے رہو اور اللہ فاسق لوگوں کو راہ نہیں دکھاتا اور مجھ سے علی بن عبداللہ نے بیان کیا کہ مجھ سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، ان

عَبْدُالْمَلِکِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ سَهْمٍ مَّعَ تَمِیْمِ نِالدَّارِیِّ وَعَدِیِّ بْنِ بَدَّآءٍ فَمَاتَ السَّهْمِیُّ بِاَرْضٍ لَّیْسَ بِهَا مُسْلِمٌ فَلَمَّا قَدِمَا بِتَرِکَتِهٖ فَقَدُوْا جَامًا مِّنْ فِضَّةٍ مُّخَوَّصًا مِّنْ ذَهَبٍ فَاَحْلَفَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وُجِدَ الْجَامُ بِمَکَّةَ فَقَالُوْا ابْتَعْنَاهُ مِنْ تَمِیْمٍ وَّعَدِیٍّ فَقَامَ رَجُلَانِ مِنْ اَوْلِیَآءِهٖ فَحَلَفَا لَشَهَادَتُنَا اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَاِنَّ الْجَامَ لِصَاحِبِهِمْ قَالَ وَفِیْهِمْ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَیْنِکُمْ ...... الخ

سے ابن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن ابی القاسم نے، ان سے عبدالملک بن سعید بن جبیر نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ بنوسہم کے ایک صاحب (بزیل نامی جو مسلمان بھی تھے رضی اللہ عنہ) تمیم داریؓ اور عدی بن بداء کے ساتھ (شام تجارت کے لئے) گئے تھے۔ بنوسہم کے آدمی کا اتفاق سے ایک ایسے مقام پر انتقال ہوگیا جہاں کوئی مسلمان نہیں رہتا تھا (اور انہوں نے موت کے وقت اپنے انہیں دونوں ساتھیوں کو اپنا مال واسباب حوالے کر دیا تھا کہ ان کے گھر پہنچا دیں، پھر جب یہ لوگ مدینہ واپس ہوئے تو (سامان میں) ایک چاندی کا جام موجود نہیں پایا جس میں سنہرے نقوش بنے ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں ہی ساتھیوں سے قسم لی (اور اس طرح معاملہ ختم ہوگیا) پھر وہی جام مکہ میں پایا گیا اور ان لوگوں نے (جن کے یہاں وہ ملا تھا) بتایا کہ ہم نے اسے تمیم اور عدی سے خریدا ہے اس کے بعد (مسافرت میں مرنے والے) سہمی کے عزیزوں میں سے دو شخص اٹھے اور قسم کھا کر کہا کہ ہماری گواہی ان کی گواہی کے مقابلہ میں قبول کئے جانے کے زیادہ لائق ہے، یہ جام ہمارے رشتہ دار ہی کا ہے۔ بیان کیا کہ یہ آیت انہیں کے بارے میں نازل ہوئی تھی یا یھا الذین امنوا شھادۃ بینکم الخ (ترجمہ اوپر گذر چکا ہے۔)

باب ۴۵. قَضَآءِ الْوَصِیِّ دُیُوْنَ الْمَیِّتِ بِغَیْرِ مَحْضَرٍ مِّنَ الْوَرَثَةِ

۴۵۔ ورثاء کی موجودگی کے بغیر، وصی میت کے قرض ادا کرتا ہے۔

(۵۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ اَوِالْفَضْلِ بْنِ یَعْقُوْبَ عَنْهُ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ اَبُوْمُعَاوِیَةَ عَنْ فِرَاسٍ قَالَ قَالَ الشَّعْبِیُّ حَدَّثَنِیْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ اَنَّ اَبَاهُ اُسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ وَّتَرَکَ سِتَّ بَنَاتٍ وَّتَرَکَ عَلَیْهِ دَیْنًا فَلَمَّا حَضَرَ جُذَاذُ النَّخْلِ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْتَ اَنَّ وَالِدِیْ اُسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ وَّتَرَکَ دَیْنًا کَثِیْرًا وَّاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ یَّرَاکَ الْغُرَمَآءُ قَالَ اِذْهَبْ فَبَیْدِرْ کُلَّ تَمْرٍ عَلٰی نَاحِیَتِهٖ فَفَعَلْتُ ثُمَّ

۵۰۔ ہم سے محمد بن سابق نے حدیث بیان کی، یا فضل بن یعقوب نے محمد بن سابق کے واسطہ سے (شک خود مصنف کو ہے) ان سے شیبان ابومعاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے فراس نے بیان کیا، ان سے شعبی نے بیان کیا اور ان سے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ان کے والد (عبداللہ رضی اللہ عنہ) احد کی لڑائی میں شہید ہوگئے تھے، اپنے پیچھے چھ لڑکیاں چھوڑی تھیں اور قرض بھی! جب کھجور کے پھل توڑنے کا وقت آیا تو میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یارسول اللہ! آپ کو یہ تو معلوم ہی ہے کہ میرے والد احد کی لڑائی میں شہید ہو چکے ہیں اور بہت زیادہ قرض چھوڑ گئے ہیں، میں چاہتا

دَعَوْتُ فَلَمَّا نَظَرُوْا اِلَيْهِ اُغْرُوْابِىْ تِلْكَ السَّاعَةَ فَلَمَّا رَاٰى مَا يَصْنَعُوْنَ طَافَ حَوْلَ اَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ اَصْحَابَكَ فَمَا زَالَ يَكِيْلُ لَهُمْ حَتّٰى اَدَّى اللّٰهُ اَمَانَةَ وَالِدِىْ وَاَنَا وَ اللّٰهِ رَاضٍ اَنْ يُؤَدِّىَ اللّٰهُ اَمَانَةَ وَالِدِىْ وَلَا اَرْجِعَ اِلٰى اَخَوَاتِىْ بِتَمْرَةٍ فَسَلِمَ وَاللّٰهِ الْبَيَادِرُ كُلُّهَا حَتّٰى اِنِّىْ اَنْظُرُ اِلَى الْبَيْدَرِ الَّذِىْ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهٗ لَمْ يَنْقُصْ تَمْرَةً وَّاحِدَةً قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ اُغْرُوْابِىْ يَعْنِىْ هِيْجُوْا بِىْ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ

تھا کہ قرض خواہ آپ کو دیکھ لیں (تا کہ قرض میں کچھ رعایت کر دیں لیکن قرض خواہ یہودی تھے اور وہ نہیں مانے) اس لئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جاؤ اور کھلیان میں ہر قسم کی کھجور الگ الگ کر لو۔ جب میں نے ایسا ہی کر لیا تو آنحضور ﷺ کو بلایا، قرض خواہوں نے حضور اکرم ﷺ کو دیکھ کر اور سختی شروع کر دی تھی۔ آنحضور ﷺ نے جب یہ طرز عمل ملاحظہ فرمایا تو ہر بڑے کھجور کے ڈھیر کے گرد تین چکر لگائے اور وہیں بیٹھ گئے۔ پھر فرمایا کہ اپنے قرض خواہوں کو بلاؤ۔ آپ ﷺ نے تولنا شروع کیا اور بخدا، میرے والد کی تمام امانت ادا کر دی خدا گواہ ہے کہ میں اتنے پر بھی راضی تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے والد کی تمام امانت ادا کر دے اور میں اپنی بہنوں کے لئے ایک کھجور بھی اس میں سے نہ لے جاؤں، لیکن ہوا یہ کہ ڈھیر کے ڈھیر بچ رہے اور میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ جس ڈھیر پر بیٹھے ہوئے تھے اس میں سے ایک کھجور نہیں دی گئی تھی۔ ابوعبداللہ (مصنفؒ) نے کہا کہ اغروابی (حدیث میں) کے معنی ہیں کہ مجھ پر بھڑ کنے اور سختی کرنے لگے اسی معنی میں قرآن مجید کی آیت **فاغرینا بینهم العداوة والبغضآء** میں (فاغرینا ہے)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ

جہاد اور سیرت کی تفصیلات

باب ۴۶ فَضْلِ الْجِهَادِ وَالسِّيَرِ وَ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ بَايَعْتُمْ بِهٖ اِلٰى قَوْلِهٖ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحُدُوْدُ الطَّاعَةُ

۴۶۔ جہاد اور رسول اللہ ﷺ کی سیرت کی فضیلت اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "بے شک اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جان اور ان کے مال اس بدلے میں خرید لئے ہیں کہ انہیں جنت ملے گی، اب یہ مسلمان اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہیں اور اس طرح (مقابل و محارب کفار کو) یہ قتل کرتے ہیں اور خود بھی مارے جاتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ (کہ مسلمانوں کو ان کی قربانیوں کے نتیجے میں جنت ملے گی) حق ہے توراۃ میں، انجیل میں اور قرآن میں (سب میں اس کا ذکر ہوا ہے) اور اللہ سے بڑھ کر اپنے وعدے کا پورا کرنے والا اور کون ہے؟ پس بشارت ہو تمہیں

حدود سے مراد طاعت ہے۔

(۵۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَبَّاحٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا مالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ سَمِعْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ الْعَيْزَارِ ذَكَرَ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْعَمَلِ اَفْضَلُ قَالَ الصَّلٰوةُ عَلٰى مِيْقَاتِهَا قُلْتُ ثُمَّ اَیٌّ قَالَ ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ قُلْتُ ثُمَّ اَیٌّ قَالَ الْجِهَادُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسَكَتُّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوِ اسْتَزَدْتُّهٗ لَزَادَنِیْ

۵۱۔ ہم سے محمد بن صباح نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سابق نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن مغول نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ولید بن عیزار سے سنا، ان سے ابوعمرو شیبانی نے بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وقت پر نماز ادا کرنا، میں نے پوچھا کہ اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا والدین کے ساتھ اچھا معاملہ کرنا، میں نے پوچھا اور اس کے بعد؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنا میں نے حضور اکرم ﷺ سے مزید سوالات نہیں کئے اور میں اگر اور سوالات کرتا تو آپ ﷺ اسی طرح ان کے جوابات عنایت فرماتے۔

(۵۲) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ وَّاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا

۵۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے مجاہد نے، ان سے طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، فتح مکہ کے بعد اب ہجرت باقی نہیں رہی، ❶ البتہ جہاد اور نیت اب بھی باقی ہیں اور جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو تیار ہو جایا کرو۔

(۵۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَرَى الْجِهَادَ اَفْضَلَ الْعَمَلِ اَفَلَا نُجَاهِدُ قَالَ لٰكِنْ اَفْضَلُ الْجِهَادِ حَجٌّ مَّبْرُوْرٌ

۵۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے حبیب بن ابی عمرہ نے حدیث بیان کی، ان سے عائشہ بنت طلحہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا (ام المومنین نے کہ انہوں نے پوچھا یا رسول اللہ! ہم دیکھتے ہیں کہ جہاد افضل اعمال میں سے ہے، پھر ہم بھی کیوں نہ جہاد کریں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا لیکن سب سے افضل جہاد مقبول حج ہے (خاص طور سے عورتوں کے لئے۔)

(۵۴) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ حُصَيْنٍ اَنَّ ذَكْوَانَ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهٗ

۵۴۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہیں عفان نے خبر دی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جحادہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے ابوحصین نے خبر دی، ان سے ذکوان نے حدیث بیان

---

❶ یعنی اب مکہ فتح کے بعد دارالاسلام ہو گیا ہے اور اسلام کے زیر سلطنت آ گیا ہے اس لئے یہاں سے ہجرت کرنے کا کوئی سوال باقی نہیں رہتا، یہ مطلب نہیں کہ ہجرت کا سلسلہ سرے سے ختم ہو گیا ہے۔ چونکہ اس وقت بڑی ہجرت مکہ ہی سے ہوئی تھی اس لئے عام طور پر ذہنوں میں وہیں سے ہجرت کا سوال آتا تھا۔ ورنہ جہاں تک ہجرت عام کا تعلق ہے یعنی دنیا کے کسی بھی دارالحرب، سے دارالاسلام کی طرف ہجرت، تو اس کا حکم اب بھی باقی ہے۔

قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ یَعْدِلُ الْجِھَادَ قَالَ لَااَجِدُہٗ قَالَ ھَلْ تَسْتَطِیْعُ اِذَا خَرَجَ الْمُجَاھِدُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَکَ فَتَقُوْمَ وَلَاتَفْتُرَ وَتَصُوْمَ وَلَا تُفْطِرَ قَالَ وَمَنْ یَسْتَطِیْعُ ذٰلِکَ قَالَ اَبُوْھُرَیْرَۃَ اِنَّ فَرَسَ الْمُجَاھِدِ لَیَسْتَنُّ فِیْ طِوَلِہٖ فَیُکْتَبُ لَہٗ حَسَنَاتٍ

کی، اوران سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، فرمایا کہ ایک صاحب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جو جہاد کے برابر ہو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ایسا کوئی عمل میں نہیں جانتا (جو جہاد کے برابر ہو) پھر آپ ﷺ نے فرمایا، کیا تم اتنا کر سکتے ہو کہ جب مجاہد (جہاد کے لئے محاذ پر) جائے تو تم اپنی مسجد میں آ کر نماز پڑھنی شروع کر دو اور (نماز پڑھتے رہو اور درمیان میں) کوئی سستی اور کاہلی تم میں محسوس نہ ہو، اسی طرح روزے رکھنے لگو اور (کوئی دن) بغیر روزے کے نہ گزرے۔ ان صاحب نے عرض کیا، بھلا اتنی استطاعت کسے ہوگی۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجاہد کا گھوڑا جب (چرتے وقت رسّی میں بندھا ہوا) طول میں چلتا ہے تو اس پر بھی اس کے لئے نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

باب ٤٧. اَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ یُّجَاھِدُ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَقَوْلِہٖ تَعَالٰی یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی تِجَارَۃٍ تُنْجِیْکُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ ذٰلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ یَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَیُدْخِلْکُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھَارُ وَمَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ

٤٧۔ سب سے افضل وہ مومن ہے جو اپنی جان و مال کو اللہ کے راستے میں جہاد کے لئے لگا دے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ: ''اے ایمان والو! کیا میں تم کو بتاؤں ایک ایسی تجارت جو تم کو نجات دلانے دردناک عذاب سے، یہ کہ ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ذریعہ یہ بہترین (سودا) ہے اگر تم سمجھ سکو (اگر تم نے یہ اعمال انجام دیئے تو) خداوند تعالیٰ معاف کر دیں گے تمہارے گناہ اور داخل کریں گے تم کو ایسے باغات میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور بہترین ٹھہرنے کی جگہیں تم کو عطاء کی جائیں گی، جنات عدن میں اور یہ بڑی کامیابی ہے۔''

(٥٥) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَطَاءُ بْنُ یَزِیْدَ اللَّیْثِیُّ اَنَّ اَبَاسَعِیْدِ نِالْخُدْرِیَّ حَدَّثَہٗ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَیُّ النَّاسِ اَفْضَلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُؤْمِنٌ یُّجَاھِدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِنَفْسِہٖ وَمَالِہٖ قَالُوْا ثُمَّ مَنْ قَالَ مُؤْمِنٌ فِیْ شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ یَتَّقِی اللّٰہَ وَیَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّہٖ

٥٥۔ ہم سے ابو الیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی انہیں زہری نے کہا کہ مجھ سے عطاء بن یزید لیثی نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے بیان کیا کہ عرض کیا گیا، یا رسول اللہ کون لوگ سب سے افضل ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، وہ مومن جو اللہ کے راستے میں اپنی جان اور مال سے جہاد کرے، صحابہؓ نے پوچھا اس کے بعد کون ہوگا؟ فرمایا وہ مومن جس نے پہاڑ کی کسی گھاٹی میں قیام اختیار کر لیا ہے، اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف رکھتا ہے اور لوگوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اس نے سب سے قطع تعلق کر لیا ہے۔

(٥٦) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ

٥٦۔ ہم سے ابو الیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی اور

قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَیْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ یُّجَاهِدُ فِیْ سَبِیْلِهٖ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ وَ تَوَكَّلَ اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِیْلِهٖ بِاَنْ یَّتَوَفَّاهُ اَنْ یُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ اَوْیَرْجِعَهٗ سَالِمًا مَّعَ اَجْرٍ اَوْغَنِیْمَةٍ

ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ فرما رہے تھے کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کی مثال اور اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوب جانتا ہے جو (خلوص کے ساتھ صرف اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے) اللہ کے راستے میں جہاد کرتا ہے۔ اس شخص کی مثال ہے جو برابر نماز پڑھتا رہے اور روزہ رکھتا رہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے راستے میں جہاد کرنے والے کے لئے اس کی ذمہ داری لے لی ہے کہ اگر اسے وفات دے گا (یعنی جہاد کرتے ہوئے اگر اس کی شہادت ہوئی) تو جنت میں داخل کرے گا یا پھر زندہ وسلامت (گھر) ثواب اور مال غنیمت کے ساتھ واپس کرے گا۔

باب ۴۸. اَلدُّعَآءِ بِالْجِهَادِ وَالشَّهَادَةِ لِلرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَقَالَ عُمَرُ اُرْزُقْنِیْ شَهَادَةً فِیْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ

۴۸۔ مرد اور عورتیں جہاد اور شہادت کے لئے دعا کرتی ہیں، عمرؓ نے دعا کی، اے اللہ مجھے اپنے رسول کے شہر (مدینہ طیبہ) میں شہادت کی موت عطا فرمائیے۔

(۵۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ یَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ عَلٰی اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهٗ وَكَانَتْ اُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَیْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَطْعَمَتْهُ وَجَعَلَتْ تَفْلِیْ رَاْسَهٗ فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَیْقَظَ وَهُوَ یَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ وَمَا یُضْحِكُكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِیْ عُرِضُوْا عَلَیَّ غُزَاةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوْكًا عَلَی الْاَسِرَّةِ اَوْمِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَی الْاَسِرَّةِ شَكَّ اِسْحٰقُ قَالَتْ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ فَدَعَا لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَضَعَ رَاْسَهٗ ثُمَّ اسْتَیْقَظَ وَهُوَ یَضْحَكُ فَقُلْتُ وَمَا یُضْحِكُكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِیْ عُرِضُوْا عَلَیَّ غُزَاةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَا قَالَ فِی الْاَوَّلِ قَالَتْ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ

۵۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ام حرام رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لے جایا کرتے تھے (یہ آپ کی رشتہ دار تھیں) آپ عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہا کے نکاح میں تھیں۔ ایک دن رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے تو انہوں نے آپ کی خدمت میں کھانا پیش کیا اور آپ کے سر سے جوئیں نکالنے لگیں۔ اس عرصے میں حضور اکرم ﷺ سو گئے، جب بیدار ہوئے تو آپ مسکرا رہے تھے۔ ام حرام رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے پوچھا یا رسول اللہ! کس بات پر آپ ہنس رہے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے اس طرح پیش کئے گئے کہ وہ اللہ کے راستے میں غزوہ کرنے کے لئے دریا کے بیچ میں سوار اس طرح جا رہے تھے جیسے بادشاہ تخت پر ہوتے ہیں۔ یا (آپ نے بجائے ملوکا علی الاسرہ کے) مثل الملوک علی الاسرۃ فرمایا شک اسحاق کو تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی انہیں میں سے کر دے، رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی۔ پھر آپ اپنا سر رکھ کر سو گئے، اس مرتبہ بھی آپ جب بیدار ہوئے تو مسکرا رہے تھے میں نے پوچھا، یا رسول اللہ! کس بات پر آپ ﷺ ہنس

يَّجۡعَلَنِيۡ مِنۡهُمۡ قَالَ اَنۡتِ مِنَ الۡاَوَّلِيۡنَ فَرَكِبَتِ الۡبَحۡرَ فِيۡ زَمَانِ مُعٰوِيَةَ بۡنِ اَبِيۡ سُفۡيَانَ فَصُرِعَتۡ عَنۡ دَآبَّتِهَا حِيۡنَ خَرَجَتۡ مِنَ الۡبَحۡرِ فَهَلَكَتۡ

رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے اس طرح پیش کئے گئے کہ وہ اللہ کی راہ میں غزوہ کے لئے جا رہے تھے، پہلے کی طرح اس مرتبہ بھی فرمایا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ، اللہ سے میرے لئے دعا کیجئے کہ مجھے بھی انہی میں سے کر دے۔ آپ ﷺ نے اس پر فرمایا کہ تم سب سے پہلی فوج میں شامل ہوگی (جو بحری راستے سے جہاد کرے گی) چنانچہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں، ❶ ام حرام رضی اللہ عنہا نے بحری سفر کیا پھر جب سمندر سے باہر آئیں تو ان کی سواری نے انہیں نیچے گرا دیا اور (اسی سفر میں) ان کی وفات ہوگئی۔

باب ۴۹. دَرَجَاتِ الۡمُجَاهِدِيۡنَ فِيۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ يُقَالُ هٰذِهٖ سَبِيۡلِيۡ وَهٰذَا سَبِيۡلِيۡ

۴۹۔ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والوں کے درجے۔

ہذہ سبیلی، ہذا سبیلی (مذکر اور مؤنث دونوں طرح) استعمال ہے۔

(۵۸) حَدَّثَنَا يَحۡيَى بۡنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا فُلَيۡحٌ عَنۡ هِلَالِ بۡنِ عَلِيٍّ عَنۡ عَطَآءِ بۡنِ يَسَارٍ عَنۡ اَبِيۡ هُرَيۡرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوۡلِهٖ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَصَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنۡ يُّدۡخِلَهُ الۡجَنَّةَ جَاهَدَ فِيۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَوۡجَلَسَ فِيۡ اَرۡضِهِ الَّتِيۡ وُلِدَ فِيۡهَا فَقَالُوۡا يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ اَفَلَا تُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ اِنَّ فِي الۡجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلۡمُجَاهِدِيۡنَ فِيۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ مَابَيۡنَ الدَّرَجَتَيۡنِ كَمَا بَيۡنَ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ فَاِذَا سَاَلۡتُمُ اللّٰهَ فَاسۡئَلُوۡهُ الۡفِرۡدَوۡسَ فَاِنَّهٗ اَوۡسَطُ الۡجَنَّةِ وَاَعۡلَى الۡجَنَّةِ اُرَاهُ فَوۡقَهٗ عَرۡشُ الرَّحۡمٰنِ وَمِنۡهُ تَفَجَّرُ اَنۡهَارُ الۡجَنَّةِ قَالَ مُحَمَّدُ بۡنُ فُلَيۡحٍ عَنۡ اَبِيۡهِ وَ فَوۡقَهٗ عَرۡشُ الرَّحۡمٰنِ

۵۸۔ ہم سے یحییٰ بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی ان سے بلال بن علی نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے، نماز قائم کرے اور رمضان کے روزے رکھے تو اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ اسے جنت میں داخل کرے گا، خواہ اللہ کے راستے میں جہاد کرے یا اسی جگہ پڑا رہے، جہاں پیدا ہوا تھا۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ کہ ہم لوگوں کو اس کی بشارت نہ دے دیں؟ آپ نے فرمایا کہ جنت میں سو درجے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رستے میں جہاد کرنے والوں کے لئے تیار کئے ہیں، ان کے دو درجوں میں اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمان اور زمین میں ہے، اس لئے جب اللہ تعالیٰ سے مانگنا ہو تو فردوس مانگو وہ جنت کا سب سے درمیانی درجہ ہے اور جنت کے سب سے بلند درجے پر (میرا خیال ہے کہ حضور ﷺ نے اعلی الجنۃ کی بجائے فوقہ فرمایا تھا) رحمان کا عرش ہے اور وہیں سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں۔ محمد بن فلیح نے اپنے والد کے واسطہ سے وفوقہ عرش الرحمٰن ہی کی روایت کی ہے (دونوں کا مفہوم ایک ہے۔)

---

❶ معاویہ رضی اللہ عنہ اس وقت مصر کے گورنر تھے اور عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کا دور تھا۔ جب معاویہ رضی اللہ عنہ نے خلیفۃ المسلمین سے روم پر لشکر کشی کی اجازت مانگی اور اجازت مل جانے پر مسلمانوں کا سب سے پہلا بحری بیڑا تیار ہوا جس نے، روم کے خلاف جنگ کی، حضور اکرم ﷺ کی پیشین گوئی کی صداقت میں کسے شبہ ہوسکتا ہے۔ ام حرام رضی اللہ عنہا بھی اپنے شوہر کے ساتھ اس غزوے میں شریک تھیں اور اس طرح آنحضور کی پیشین گوئی کے مطابق مسلمانوں کی سب سے پہلی بحری جنگ میں شریک ہوکر شہید ہوئیں فرضی اللہ عنہا۔

(۵۹) حَدَّثَنَا مُوْسٰی حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ رَجَآءٍ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاَیْتُ اللَّیْلَةَ رَجُلَیْنِ اَتَیَانِیْ فَصَعِدَابِیَ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِیْ دَارًا هِیَ اَحْسَنُ وَ اَفْضَلُ لَمْ اَرَقَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا قَالَا اَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَآءِ

۵۹۔ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی، ان سے سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں نے رات دو آدمی دیکھے جو میرے پاس آئے، پھر وہ مجھے لے کر درخت پر چڑھے اور اس کے بعد مجھے ایک ایسے مکان میں لے گئے جو نہایت ہی خوبصورت اور بڑا پاکیزہ تھا، ایسا خوبصورت مکان میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا، ان دونوں نے کہا کہ یہ گھر شہیدوں کا گھر ہے (معراج کی طویل حدیث کا ایک جزء بیان کیا گیا ہے۔)

باب ۵۰. الغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ قَابُ قَوْسِ اَحَدِکُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ

۵۰۔اللہ کے راستے کی صبح وشام اور جنت میں کسی کی ایک ہاتھ جگہ۔

(۶۰) حَدَّثَنَا مُعَلَّی ابْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَیْبٌ حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَغَدْوَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْرَوْحَةٌ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا

۶۰۔ہم سے معلی بن اسد نے حدیث بیان کی ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ کے راستے میں گذرنے والی ایک صبح یا ایک شام دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے۔

(۶۱) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عَمْرَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَابُ قَوْسٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِّمَّا تَطْلُعُ عَلَیْهِ الشَّمْسُ وَ تَغْرُبُ وَقَالَ لَغَدْوَةٌ اَوْرَوْحَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ خَیْرٌ مِّمَّا تَطْلُعُ عَلَیْهِ الشَّمْسُ وَ تَغْرُبُ

۶۱۔ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال بن علی نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جنت میں ایک ہاتھ جگہ اس کی تمام پہنائیوں سے بڑھ کر ہے جہاں سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے اور آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کے راستے میں ایک صبح یا ایک شام اس سے بڑھ کر ہے جس پر سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

(۶۲) حَدَّثَنَا قَبِیْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّوْحَةُ وَالْغَدْوَةُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنَ الدُّنْیَا وَمَافِیْهَا

۶۲۔ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہیل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ کے راستے میں ایک صبح وشام دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے۔

باب ۵۱. الْحُوْرِ الْعِیْنِ وَصِفَتِهِنَّ یَحَارُ فِیْهَا الطَّرْفُ شَدِیْدَةُ سَوَادِ الْعَیْنِ شَدِیْدَةُ بَیَاضِ الْعَیْنِ وَزَوَّجْنَاهُمْ اَنْکَحْنَاهُمْ

۵۱۔بڑی آنکھوں والی حوریں اور ان کے اوصاف جن کے حسن سے آنکھیں چکا چوند ہو جائیں۔ جن کی آنکھوں کی پتلی خوب سیاہ ہوگی اور سفیدی بھی بہت صاف ہوگی اور زوجنا ہم کے معنی انکحنا ہم کے ہیں۔

(۶۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۶۳۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم

قَالَ مَامِنْ عَبْدٍ يَّمُوْتُ لَه، عِنْدَاللّٰهِ خَيْرٌ يَّسُرُّه، اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَاَنَّ لَهُ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا اِلَّا الشَّهِيْدُ لِمَايَرٰى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ فَاِنَّه، يَسُرُّه، اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرٰى وَسَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَوْحَةٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْغَدْوَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَلَقَابُ قَوْسِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ اَوْمَوْضِعُ قِيْدٍ يَّعْنِي سَوْطَه، خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا وَلَوْاَنَّ امْرَاَةً مِّنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ لَاَضَاءَ تْ مَابَيْنَهُمَا وَلَمَلَاَتْهُ رِيْحًا وَّلَنَصِيْفُهَا عَلٰى رَاْسِهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

ﷺ نے فرمایا، کوئی بھی اللہ کا بندہ جسے مرنے کے بعد اللہ کی بارگاہ سے خیرو ثواب ملا ہے۔ دنیا و مافیہا کو پاکر بھی دوبارہ یہاں آنا پسند نہیں کرے گا، لیکن شہید اس سے مستثنٰی ہے کہ جب وہ (اللہ تعالیٰ کے یہاں) شہادت کی فضیلت کو دیکھے گا تو چاہے گا کہ دنیا میں دوبارہ آئے اور پھر قتل ہو اللہ کے راستے میں) اور میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے تھے کہ اللہ کے راستے میں ایک صبح یا ایک شام بھی گذار دینا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔ اور کسی کے لئے جنت میں ایک ہاتھ جگہ بھی یا (راوی کو شبہ ہے) ایک قید جگہ، قید سے مراد کوڑا ہے دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور اگر جنت کی کوئی عورت زمین کی طرف جھانک بھی لے تو زمین و آسمان اپنی تمام وسعتوں کے ساتھ منور ہو جائیں اور خوشبو سے معطر ہو جائیں، اس کے سر کا دوپٹہ بھی دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے۔

باب ۵۲. تَمَنِّي الشَّهَادَةِ

۵۲۔ شہادت کی آرزو۔

(۶۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْلَا اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَاتَطِيْبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنِّيْ وَلَااَجِدُمَآ اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنِّيْ اُقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ اُحْيَاثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْيَاثُمَّ اُقْتَلُ ثُمَّ اُحْيَا ثُمَّ اُقْتَلُ

۶۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کی، انہیں سعید بن مسیّب نے خبر دی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرمار ہے تھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، اگر مؤمنین کی جماعت کے کچھ افراد ایسے نہ ہوتے جن کا دل مجھے چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتا اور مجھے خود اتنی سواریاں میسر نہیں کہ انہیں سوار کر کے اپنے ساتھ لے چلوں، تو میں کسی چھوٹے سے چھوٹے ایسے لشکر کے ساتھ جانے سے بھی نہ رکتا جو اللہ کے راستے میں غزوے کے لئے جارہا ہوتا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، میری تو آرزو ہے کہ میں اللہ کے راستے میں قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں اور پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں اور پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر قتل کر دیا جاؤں (اللہ کے راستے میں)۔

(۶۵) حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هَلَالٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَ

۶۵۔ ہم سے یوسف بن یعقوب صفار نے حدیث بیان کی، ان سے اسمٰعیل بن علیہ نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے ان سے ہلال نے اور ان سے انس بن مالکؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا۔ ❶ آپ ﷺ نے فرمایا فوج کا جھنڈا اب زید نے اپنے ہاتھ میں

❶ اس سے پہلے آپ موتہ کی طرف ایک لشکر حضرت زید رضی اللہ عنہ کی قیادت میں بھیج چکے تھے محاذ پر لشکر پہنچ چکا ہے اور لڑائی (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جَعْفَرٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ غَيْرِ اِمَارَةٍ فَفُتِحَ لَهٗ وَقَالَ مَايَسُرُّنَا اَنَّهُمْ عِنْدَنَا قَالَ اَيُّوْبُ اَوْقَالَ مَا يَسُرُّهُمْ اَنَّهُمْ عِنْدَنَا وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

لے لیا اور وہ شہید کر دیئے گئے، پھر جعفر نے لے لیا وہ بھی شہید کر دیئے گئے، پھر عبداللہ بن رواحہ نے لے لیا وہ بھی شہید کر دیئے گئے اور اب کسی ہدایت کا انتظار کئے بغیر خالد بن ولید نے جھنڈا اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے تا کہ مسلمان ہمت نہ ہاریں، کیوں کہ لڑائی سخت ہو رہی تھی، اور ان ہی کے ہاتھ پر اسلامی لشکر کو فتح ہوئی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اور ہمیں کوئی اس کی خواہش بھی نہیں تھی کہ یہ لوگ جو شہید ہو گئے ہیں ہمارے پاس زندہ رہتے۔ ایوب نے بیان کیا یا آپ نے یہ فرمایا کہ انہیں کوئی اس کی خواہش بھی نہیں تھی کہ وہ ہمارے ساتھ زندہ رہتے، اس وقت حضور اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

باب ۵۳. فَضْلِ مَنْ يُصْرَعُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ فَهُوَ مِنْهُمْ وَ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَقَعَ: وَجَبَ

۵۳۔ اس شخص کی فضیلت جو اللہ کے راستے میں سواری سے گر کر انتقال کر جائے کہ وہ بھی انہی میں شامل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد جو شخص اپنے گھر سے اللہ اور رسول کی طرف ہجرت کا ارادہ کر کے نکلے اور پھر راستے ہی میں اس کی وفات ہو جائے تو اللہ پر اس کا اجر (ہجرت کا) واجب ہے (آیت میں) وقع کے معنی وجب کے ہیں۔

(۶۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ خَالَتِهٖ اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ قَالَتْ نَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا قَرِيْبًا مِنِّيْ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ يَتَبَسَّمُ فَقُلْتُ مَا اَضْحَكَكَ قَالَ اُنَاسٌ مِنْ اُمَّتِيْ عُرِضُوْا عَلَيَّ يَرْكَبُوْنَ هٰذَا الْبَحْرَالْاَخْضَرَكَالْمُلُوْكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ قَالَتْ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ فَدَعَا لَهَا ثُمَّ نَامَ الثَّانِيَةَ فَفَعَلَ مِثْلَهَا فَقَالَتْ مِثْلَ قَوْلِهَا فَاَجَابَهَا مِثْلَهَا وَقَالَتْ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ فَقَالَ اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ

۶۶۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن یحییٰ بن حبان نے، اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اور ان سے ان کی خالہ ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک دن نبی کریم ﷺ میرے قریب ہی سو گئے پھر جب آپ بیدار ہوئے تو مسکرا رہے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ آپ ﷺ کس بات پر ہنس رہے ہیں؟ فرمایا میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے جو (غزوہ کرنے کے لئے) اس سمندر پر سوار جا رہے تھے جیسے بادشاہ تخت پر ہوتے ہیں، انہوں نے عرض کیا، پھر آپ میرے لئے بھی دعا کر دیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی انہی میں سے بنا دے۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کے

(پچھلے صفحہ کا بقیہ حاشیہ) میں مصروف ہے کہ کمانڈر شہید ہو گیا۔ اس کے بعد حضرت جعفر نے لشکر کی قیادت شروع کی اور وہ بھی لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ حضرت جعفر کے بعد عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے قیادت شروع کی اور وہ بھی شہید کر دیئے گئے۔ اب خالد رضی اللہ عنہ نے قیادت اپنے ہاتھ میں لے لی اور مسلمان کامیاب ہو گئے۔ حضور اکرم ﷺ خود مدینہ میں تشریف رکھتے ہیں، آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے معلوم ہوا جاتا ہے اور آپ مسلمانوں کے سامنے بیان فرما رہے ہیں کہ اب فلاں بھی شہید ہو گیا اور قیادت فلاں نے سنبھال لی ہے۔ جب لشکر کو آپ ﷺ رخصت کر رہے تھے اسی وقت آپ نے ہدایت کر دی تھی کہ اس کے کمانڈر انچیف زید رضی اللہ عنہ ہیں اگر یہ لڑتے ہوئے شہید ہو جائیں تو جعفر طیارؓ کو کمانڈر بنا لینا اور اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو عبداللہ بن رواحہ کو۔ گویا آپ ﷺ نے یہ پہلے ہی اشارہ کر دیا تھا کہ ان لوگوں کے مقدر میں شہادت ہے۔

فَخَرَجَتْ مَعَ زَوْجِهَا عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ غَازِيًا اَوَّلَ مَارَكِبَ الْمُسْلِمُوْنَ الْبَحْرَمَعَ مُعٰوِيَةَ فَلَمَّا انْصَرَفُوْا مِنْ غَزْوِهِمْ قَافِلِيْنَ فَنَزَلُوا الشَّامَ فَقُرِّبَتْ اِلَيْهَا دَآبَّةٌ لِتَرْكَبَهَا فَصَرَعَتْهَا فَمَا تَتْ

لئے دعا فرمائی پھر دوبارہ آپ سو گئے اور پہلے کی طرح اس مرتبہ بھی کیا (بیدار ہوتے ہوئے مسکرائے) ام حرام رضی اللہ عنہا نے عرض کیا، آپ دعا کر دیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی انہیں میں سے بنا دے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، تم سب سے پہلے لشکر کے ساتھ ہوگی۔ چنانچہ وہ اپنے شوہر عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسلمانوں کے سب سے پہلے بحری بیڑے میں شریک ہوئیں، معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں غزوہ سے لوٹتے وقت جب شام (کے ساحل پر لشکر) اترا تو ام حرام رضی اللہ عنہا کے قریب سواری لائی گئی تا کہ اس پر سوار ہو جائیں، لیکن جانور نے اسے گرا دیا اور اسی میں ان کی وفات ہوگئی۔

باب ۵۴. مَنْ يُنْكَبُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۵۴۔ جس شخص کو اللہ کے راستے میں کوئی صدمہ پہنچا ہو؟

(۶۷) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَالْحَوْضِيُّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ اِسْحَاقَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْوَامًا مِّنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ اِلٰى بَنِيْ عَامِرٍ فِيْ سَبْعِيْنَ فَلَمَّا قَدِمُوْاقَالَ لَهُمْ خَالِيْ اَتَقَدَّمُكُمْ فَاِنْ اَمَّنُوْنِيْ حَتّٰى اُبَلِّغَهُمْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اِلَّا كُنْتُمْ مِنِّيْ قَرِيْبًا فَتَقَدَّمَ فَاَمَّنُوْهُ فَبَيْنَمَا يُحَدِّثُهُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْاَوْمَؤُوْا اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ فَطَعَنَهٗ فَاَنْفَذَهٗ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ثُمَّ مَالُوْا عَلٰى بَقِيَّةِ اَصْحَابِهٖ فَقَتَلُوْهُمْ اِلَّا رَجُلًا اَعْرَجُ صَعِدَ الْجَبَلَ قَالَ هَمَّامٌ فَاُرَاهُ اٰخَرَ مَعَهٗ فَاَخْبَرَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ قَدْلَقُوْا رَبَّهُمْ فَرَضِيَ عَنْهُمْ وَاَرْضَاهُمْ فَكُنَّا نَقْرَأُ اَنْ بَلِّغُوْا قَوْمَنَا اَنْ قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَاَرْضَانَا ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ فَدَعَا عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَبَنِيْ لِحْيَانَ وَبَنِيْ عُصَيَّةَ الَّذِيْنَ عَصَوُااللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

۶۷۔ ہم سے حفص بن عمر حوضی نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بنو ❶ سلیم کے ستر افراد بنو عامر کے یہاں بھیجے تھے۔ جب یہ سب حضرات (بیر معونہ پر) پہنچے تو میرے ماموں (حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ میں (بنوسلیم کے یہاں) پہلے جاتا ہوں، اگر مجھے انہوں نے اس بات کا امن دے دیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی باتیں ان تک پہنچاؤں (تو فبہا) ورنہ تم لوگ میرے قریب تو ہو ہی۔ چنانچہ وہ ان کے یہاں گئے اور انہوں نے امن بھی دے دیا۔ ابھی وہ قبیلہ کے لوگوں کو رسول اللہ ﷺ کی باتیں سنا ہی رہے تھے کہ قبیلہ والوں نے اپنے ایک آدمی عامر بن طفیل کو اشارہ کیا اور اس نے نیزہ آپ کے پیوست کر دیا نیزہ آر پار ہو گیا۔ اس وقت ان کی زبان سے نکلا اللہ اکبر، کامیاب ہو گیا میں، کعبہ کے رب کی قسم! اس کے بعد قبیلہ والے حرام رضی اللہ عنہ کے بقیہ ساتھیوں کی طرف (جو مہم میں ان کے ساتھ تھے اور ستر کی تعداد میں تھے) بڑھے اور سب کو قتل کر دیا۔ البتہ ایک صاحب جو لنگڑے تھے پہاڑ پر چڑھ گئے، ہمام (راوی حدیث) نے بیان کیا میں سمجھتا ہوں کہ ایک صاحب اور ان کے ساتھ (پہاڑ پر

❶ یہاں راوی کو وہم ہو گیا ہے، حضور اکرم ﷺ نے قبیلہ بنو سلیم کے لوگوں کو نہیں بھیجا تھا، بلکہ جن لوگوں کو آپ ﷺ نے بھیجا تھا وہ انصار میں سے تھے اور تمام حضرات قاری قرآن تھے۔ آپ ﷺ نے بنو عامر کے پاس ان حضرات کو خود انہیں کی درخواست پر قبیلہ میں اسلام کی تبلیغ کے لئے بھیجا تھا۔ اس مہم کے ساتھ غداری کرنے والے قبیلہ بنو سلیم کے لوگ تھے اور انہیں نے دھوکا دے کر سب کو شہید کیا تھا چونکہ ان لوگوں کا مقصد صرف تبلیغ تھا، اس لئے یہ غیر مسلح تھے۔ روایت میں وہم خود امام بخاریؒ کے شیخ حفص بن عمر کو ہوا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چڑھے) تھے (عمرو بن امیہ ضمیری) اس کے بعد جبرائیل علیہ السلام نے نبی کریم ﷺ کو خبر دی کہ آپ کے ساتھی اللہ تعالیٰ سے جا ملے ہیں، پس اللہ خود بھی ان سے خوش ہے اور انہیں بھی خوش کر دیا ہے۔ اس کے بعد ہم (قرآن کی دوسری آیتوں کے ساتھ یہ آیت بھی) پڑھتے تھے (ترجمہ) ہماری قوم کے لوگوں کو یہ پیغام پہنچا دو کہ ہم اپنے رب سے آملے ہیں پس ہمارا رب ہم سے خود بھی خوش ہے اور ہم کو بھی خوش کر دیا ہے۔'' اس کے بعد یہ آیت منسوخ ہوگئی۔ نبی کریم ﷺ نے چالیس دن تک صبح کی نماز میں قبیلہ رعل، ذکوان، بنی لحیان اور بنی عصیہ کے لئے بددعاء کی تھی جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی تھی۔

(۶۸) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْ بَعْضِ الْمُشَاهِدِ وَقَدْ دَمِيَتْ اِصْبَعُهٗ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيْتِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَالَقِيْتِ

۶۸ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسود بن قیس نے اور ان سے جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کسی لڑائی کے محاذ پر موجود تھے اور آپ ﷺ کی ایک انگلی زخمی ہوگئی تھی، آپ ﷺ نے فرمایا۔ (انگلی سے مخاطب ہو کر) تمہاری حقیقت ایک زخمی انگلی کے سوا اور کیا ہے، البتہ (اہمیت اس کی یہ ہے کہ) جو کچھ تمہیں ملا ہے، اللہ کے راستے میں ملا ہے۔

باب ۵۵۔ مَنْ يُجْرَحُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ

۵۵۔ جو اللہ کے راستے میں زخمی ہوا؟

(۶۹) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَايُكْلَمُ اَحَدٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهٖ اِلَّاجَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجُرْحُهٗ يَثْعَبُ اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ

۶۹۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں ابوالزناد نے، انہیں اعرج نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے جو شخص بھی اللہ کے راستے میں زخمی ہوا، اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ اس کے راستے میں کون زخمی ہوا ہے۔ وہ قیامت کے دن اس طرح آئے گا کہ اس کے زخموں سے خون بہہ رہا ہوگا، رنگ تو خون ہی جیسا ہوگا لیکن خوشبو مشک جیسی ہوگی۔

باب ۵۶۔ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَا اِلَّا اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ

۵۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ آپ کہہ دیجئے کہ حقیقت یہ ہے کہ تم ہمارے لئے دو ۲ اچھی باتوں میں سے ایک کے منتظر ہو ❶ اور لڑائی کبھی موافق پڑتی ہے اور کبھی مخالف۔

❶ یعنی لڑائی کا انجام یا ناکامی کی صورت میں نکلتا ہے یا کامیابی کی صورت میں، مسلمان لڑتے لڑتے اپنی جان دے دے گا یا پھر فتح حاصل ہوگی، ایمان لانے کے بعد مسلمانوں کے لئے دونوں انجام نیک اور اچھے ہیں۔ فتح کی صورت کو تو سب اچھی سمجھتے ہیں لیکن لڑائی میں موت اور شہادت ایک مومن کا آخری مقصود ہے۔ اللہ کے راستے میں لڑتا ہے اور اپنی جان دے دیتا ہے۔ جب اللہ کی بارگاہ میں پہنچتا ہے تو دیکھتا ہے کہ اللہ اس سے خوش ہے اور اس کی نوازشیں اور ضیافتیں اس کا استقبال کرتی ہیں۔

(۷۰) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَا سُفْيٰنَ اَخْبَرَه' اَنَّ هِرَ قْلَ قَالَ لَه' سَاَلْتُكَ كَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ اِيَّاهُ فَزَعَمْتَ اَنَّ الْحَرْبَ سِجَالٌ وَّدُوَلٌ فَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى ثُمَّ تَكُوْنُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ

۷۰۔ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبید اللہ بن عبداللہ نے انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور انہیں ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ہرقل نے ان سے کہا میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کے (نبی کریم ﷺ کے) ساتھ تمہاری لڑائیوں کا کیا انجام رہتا ہے۔ تو تم نے بتا دیا تھا کہ کبھی لڑائی کا انجام ہمارے حق میں ہوتا ہے اور کبھی ان کے حق میں انبیاء کا بھی یہی حال ہوتا ہے کہ (دنیاوی زندگی میں) ان کی آزمائش ہوتی ہے (کبھی فتح سے اور کبھی شکست سے) لیکن انجام انہیں کے حق میں ہوتا ہے (طویل اور مشہور حدیث کا ایک جزء)۔

باب ۵۷. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَه' وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا

۵۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''مومنوں میں وہ لوگ ہیں جنہوں نے اس وعدہ کو سچ کر دکھایا جو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا، پس ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے ہیں (اللہ کے راستے میں شہید ہو کر) اور کچھ ایسے ہیں جو انتظار کر رہے ہیں اور اپنے عہد سے وہ پھرے نہیں۔''

(۷۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ نِ الْخُزَاعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسًا ح حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا زِيَادٌ قَالَ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ نِ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ غَابَ عَمِّيْ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ غِبْتُ عَنْ اَوَّلِ قِتَالٍ قَاتَلْتَ الْمُشْرِكِيْنَ لَئِنِ اللّٰهُ اَشْهَدَنِيْ قِتَالَ الْمُشْرِكِيْنَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا اَصْنَعُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ وَّانْكَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعْتَذِرُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَآءِ يَعْنِيْ اَصْحَابَه' وَاَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَآءِ يَعْنِي الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَاسْتَقْبَلَه' سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ يَاسَعْدُ بْنُ مُعَاذِ نِ الْجَنَّةَ وَرَبِّ النَّضْرِ اِنِّيْ اَجِدُ رِيْحَهَا مِنْ دُوْنِ اُحُدٍ قَالَ سَعْدٌ فَمَا اسْتَطَعْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا صَنَعَ قَالَ اَنَسٌ فَوَجَدْنَا بِه بِضْعًا وَّ ثَمَانِيْنَ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ اَوْطَعْنَةً بِرُمْحٍ اَوْرَمْيَةً بِسَهْمٍ وَّوَجَدْنَاهُ قَدْ قُتِلَ وَ قَدْ مَثَّلَ بِهِ الْمُشْرِكُوْنَ فَمَا عَرَفَه' اَحَدٌ اِلَّا اُخْتُه' بِبَنَانِه

۷۱۔ہم سے محمد بن سعید خزاعی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالاعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ ان سے عمرو بن زرارہ نے حدیث بیان کی، ان سے زیاد نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے حمید طویل نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے چچا انس بن نضر رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں حاضر نہ ہو سکے تھے۔ اس لئے انہوں نے عرض کیا، یارسول اللہ! میں پہلی ہی لڑائی سے غیر حاضر تھا جو آپ ﷺ نے مشرکین کے خلاف لڑی تھی لیکن اب اللہ تعالیٰ نے اگر مجھے مشرکین کے خلاف کسی لڑائی میں شرکت کا موقعہ دیا تو اللہ تعالیٰ دیکھ لے گا کہ میں کیا کرتا ہوں (اور کتنی جوانمردی کے ساتھ کفار سے لڑتا ہوں) پھر جب احد کی لڑائی کا موقعہ آیا اور مسلمانوں کو اس میں پسپائی ہوئی تو انہوں نے کہا اے اللہ! جو کچھ مسلمانوں سے ہو گیا ہے میں آپ کے حضور میں اس کی معذرت پیش کرتا ہوں (کہ وہ جم کر نہیں لڑے اور منتشر ہو گئے) اور جو کچھ ان مشرکین نے کیا ہے میں اس سے برأت ظاہر کرتا ہوں (کہ انہوں نے تیرے اور تیرے رسول ﷺ کے خلاف محاذ قائم کیا) پھر وہ آگے بڑھے، (مشرکین کی طرف) تو سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے سامنا.

قَالَ اَنَسٌ كُنَّانَرٰی اَوْنَظُنُّ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِيْهِ وَفِيْ اَشْبَاهِهٖ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ وَقَالَ اِنَّ اُخْتَهٗ وَهِيَ تُسَمَّى الرُّبَيِّعُ وَكَسَرَتْ ثَنِيَّةَ امْرَأَةٍ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ اَنَسٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَاتُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا فَرَضُوْا بِالْاَرْشِ وَتَرَكُوا الْقِصَاصَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَّوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ

ہوا، ان سے انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے کہا اے سعد بن معاذ! میرا مطلوب تو جنت ہے اور نضر (ان کے والد) کے رب کی قسم میں جنت کی خوشبو احد پہاڑ کے قریب پا تا ہوں سعد رضی اللہ عنہ نے کہا، یارسول اللہ! جوانہوں نے کر دکھایا۔ اس کی مجھ میں بھی سکت نہ تھی، انسؓ نے بیان کیا کہ اس کے بعد جب انس بن نضر کو ہم نے پایا تو تلوار نیزے اور تیر کے تقریباً اسی ۸۰ زخم آپ کے جسم پر تھے، آپ شہید ہو چکے تھے مشرکوں نے ان کا مثلہ بنا دیا تھا اور کوئی شخص انہیں پہچان نہ سکا تھا، صرف ان کی بہن انگلیوں سے انہیں پہچان سکی تھی۔ انسؓ نے بیان کیا ہم سمجھتے ہیں یا (آپ نے بجائے نری کے) نظر (کہا مفہوم ایک ہے) کہ یہ آیت ان کے اور ان جیسے مومنین کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ ”مومنوں میں وہ لوگ ہیں جنہوں نے اس وعدہ کو سچا کر دکھایا جو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا تھا۔“ آخر آیت تک، انہوں نے بیان کیا کہ انس بن نضرؓ کی ایک بہن ربیعؓ نامی نے کسی خاتون کے آگے کے دانت توڑ دیئے تھے۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ نے اس سے قصاص لینے کا حکم دیا۔ انس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے (قصاص میں) ان کے دانت آپ نہ تڑوائیں (انہیں خدا کے فضل سے یہ امید تھی کہ مدعی قصاص کو معاف کر کے تاوان لینا منظور کر لیں گے) چنانچہ مدعی تاوان پر راضی ہو گئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کا نام لے کر قسم کھا لیں تو اللہ خود اسے پوری کرتا ہے۔

(۷۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِيْ اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَخِيْ عَنْ سُلَيْمَانَ اُرَاهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ عَتِيْقٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍؓ قَالَ نَسَخْتُ الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ فَفَقَدْتُّ اٰيَةً مِّنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهَا فَلَمْ اَجِدْهَا اِلَّا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ الَّذِيْ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهٗ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ وَهُوَ قَوْلُهٗ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ

۷۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی اور انہیں، زہری ح اور مجھ سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، میرا خیال ہے کہ محمد بن عتیق کے واسطہ سے ان سے ابن شہاب (زہری) نے اور ان سے خارجہ بن زید نے کہ زید بن ثابتؓ نے بیان کیا، جب قرآن مجید کے منتشر اوراق کو ایک مصحف کی (کتابی) صورت میں جمع کیا جانے لگا تو میں نے ان متفرق اوراق میں سورۂ احزاب کی ایک آیت نہیں پائی جس کی رسول اللہ ﷺ سے برابر آپ کو تلاوت کرتے ہوئے سنتا رہا تھا (جب میں نے اسے تلاش کیا تو صرف خزیمہ بن ثابت انصاریؓ کے یہاں وہ آیت مجھے ملی۔ یہ خزیمہ رضی اللہ عنہ وہی ہیں جن کی تنہا شہادت کو رسول

اللہ ﷺ نے دو آدمیوں کی شہادت کے برابر قرار دیا تھا۔ ❶ وہ آیت یہ تھی "مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ" (ترجمہ عنوان میں گذر چکا ہے۔)

باب ۵۸. عَمَلٌ صَالِحٌ قَبْلَ الْقِتَالِ وَقَالَ اَبُو دَرْدَآءِ اِنَّمَا تُقَاتِلُوْنَ بِاَعْمَالِكُمْ وَ قَوْلُه' يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْالِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَاتَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَاللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَالَا تَفْعَلُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ

۵۸۔ جنگ سے پہلے کوئی نیک عمل۔ ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ اپنے نیک اعمال کے ذریعے جنگ کرتے ہو اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اے وہ لوگو! جو ایمان لا چکے ہو ایسی باتیں کیوں کہتے ہو جو خود نہیں کرتے، اللہ کے لئے یہ بہت بڑے غصے کی بات ہے کہ تم وہ کہو جو خود نہ کرو، بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو اس کے راستے میں صف بستہ ہو کر جنگ کرتے ہیں، جیسے سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔"

(۷۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ. قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ يَقُوْلُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مُّقَنَّعٌ بِالْحَدِيْدِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُقَاتِلُ اَوْاُسْلِمُ قَالَ اَسْلِمْ ثُمَّ قَاتِلْ فَاَسْلَمَ ثُمَّ قَاتَلَ فَقُتِلَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِلَ

۷۳۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے شبابہ بن سوار فزاری نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک صاحب زرہ بند حاضر ہوئے اور عرض کیا رسول اللہ! میں پہلے جنگ میں شریک ہو جاؤں یا پہلے اسلام لاؤں؟ (یہ ابھی تک اسلام میں داخل نہیں ہوئے

---

❶ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عہد خلافت میں جب آپ کی رائے سے قرآن کے متفرق اور منتشر اجزاء کو ایک مصحف کی صورت میں جمع کیا جانے لگا تو جمع کرنے والے اجلہ صحابہ کی جماعت میں ایک مشہور و معروف شخصیت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی تھی۔ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ جب وہ مصحف جمع کر رہے تھے تو ایک آیت کہیں لکھی ہوئی نہیں مل رہی تھی اور تلاش کے بعد صرف خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے یہاں ملی، یوں تو قرآن از اول تا آخر ایک ایک حرف کی احتیاط اور رعایت کے ساتھ سینکڑوں ہزاروں صحابہ کو یاد تھا اور اس میں یہ آیت بھی شامل تھی جو زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو نہیں مل رہی تھی لیکن آپ یہ چاہتے تھے کہ جس طرح حضور اکرم ﷺ کی اپنے سامنے لکھوائی ہوئی دوسری تمام آیات مل گئی ہیں یہ آیت بھی کہیں سے مل جائے اور بالآخر وہ مل گئی۔ یہ مطلب ہرگز نہ سمجھ لیا جائے کہ کسی کو اس آیت کے قرآن مجید میں ہونے کا پتہ ہی نہ تھا اور زید بن ثابت نے صرف ایک صحابی کی شہادت پر اعتماد کر کے اسے قرآن میں شامل کر دیا۔ خود ان کا بیان ہے کہ میں اس آیت کو رسول اللہ ﷺ سے آپ کی حیات میں سنتا رہا تھا۔ اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ جہاں تک یاد ہونے کا تعلق ہے اور یہ کہ یہ آیت بھی اور دوسری آیات کی طرح قرآن مجید کا جزء ہے اس پر خود انہیں بھی اعتماد تھا، البتہ لکھی ہوئی انہیں نہیں مل رہی تھی اور اسی کی انہیں تلاش تھی۔

ظاہر ہے کہ جب زید بن ثابت رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ سے بارہا سن چکے تھے اور انہیں آیت یاد تھی تو ان تمام صحابہ کو بھی یاد رہی ہو گی جو قرآن کے پورے حافظ رہے ہوں گے۔ جہاں تک اس کی صداقت کا تعلق ہے خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ آیت رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی۔ ابی بن کعب اور ہلال بن امیہ سے بھی اسی طرح روایت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ تمام صحابہ اور حفاظ قرآن کی فرداً فرداً شہادت ضروری ہو، پس قرآن کی دوسری آیات کی طرح یہ آیت بھی انہیں یاد تھی اور جس طرح ان حضرات نے جو قرآن کے حافظ تھے کبھی قرآن کی ایک ایک آیات کا نام لے لے کر اس کی شہادت نہیں دی کہ فلاں آیت مجھے یاد ہے اور میں نے اسے رسول اللہ ﷺ کو تلاوت کرتے سنا ہے اسی طرح اس کے متعلق بھی کسی نے نہیں کہا البتہ جنہیں صورت حال کا علم ہوا اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی تلاش و تفحص پر مطلع ہوئے انہوں نے مزید احتیاط کے خیال سے اپنی تائید بھی پیش کر دی۔ خزیمہ رضی اللہ عنہ جن کے پاس یہ آیت لکھی ہوئی ملی تھی، ایک جلیل القدر صحابی ہیں غزوہ بدر اور اس کے بعد کے مغازی میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ برابر شریک رہے ہیں اور ایک موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے ان کی تنہا شہادت کو دو آدمیوں کی شہادت کے برابر قرار دیا تھا۔

قَلِيلًا وَّأُجِرَ كَثِيرًا

تھے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: پہلے اسلام لاؤ، پھر جنگ میں شریک ہونا۔ چنانچہ وہ اسلام لائے اور اس کے بعد جنگ میں شریک ہوئے اور شہید ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عمل کم کیا لیکن اجر بہت پایا۔

باب ۵۹. مَنْ اَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَه'

۵۹۔ کسی نامعلوم سمت سے تیر آ کر لگا اور جان لیوا ثابت ہوا۔

(۷۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْاَحْمَدَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ اُمَّ الرُّبَيِّعِ بِنْتَ الْبَرَاءِ وَهِيَ اُمُّ حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَانَبِيَّ اللّٰهِ اَلَا تُحَدِّثُنِيْ عَنْ حَارِثَةَ وَكَانَ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ اَصَابَه' سَهْمٌ غَرْبٌ فَاِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ صَبَرْتُ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ اجْتَهَدْتُّ عَلَيْهِ فِي الْبُكَاءِ قَالَ يَااُمَّ حَارِثَةَ اِنَّهَا جِنَانٌ فِي الْجَنَّةِ وَاِنَّ ابْنَكِ اَصَابَ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰى

۷۴۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے حسین بن محمد ابواحمد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ام الربیع بنت براء رضی اللہ عنہا جو حارثہ بن سراقہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ہیں، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا اے اللہ کے نبی! حارثہ کے بارے میں بھی آپ مجھے کچھ بتائیں گے (کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا) حارثہ رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں شہید ہو گئے تھے۔ انہیں نامعلوم سمت سے ایک تیر آ کر لگا تھا۔ اگر وہ جنت میں ہے تو صبر کرلوں گی اور اگر کہیں اور ہے تو اس کے لئے روؤں دھوؤں گی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اے ام حارثہ! جنت کے بہت درجے ہیں اور تمہارے بیٹے کو فردوس اعلیٰ میں جگہ ملی ہے۔

باب ۶۰. مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا

۶۰۔ جس نے اس ارادہ سے جنگ میں شرکت کی تا کہ اللہ تعالیٰ ہی کا کلمہ بلند رہے۔

(۷۵) حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ وَالرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُرٰى مَكَانُه' فَمَنْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۷۵۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک صحابی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے، غنیمت حاصل کرنے کے لئے، ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے شہرت کے لئے، ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے تا کہ اس کی دھاک بیٹھ جائے، تو ان میں سے اللہ کے راستہ میں کس کی شرکت ہوئی؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس ارادہ سے جنگ میں شریک ہوتا کہ اللہ ہی کا کلمہ بلند رہے تو یہ شرکت اللہ تعالیٰ کے راستے میں ہوگی۔

باب ۶۱. مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى قَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَايُضِيْعُ اَجْرَالْمُحْسِنِيْنَ

۶۱۔ جس کے قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود ہوئے ہوں اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "مَاكَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اِنَّ اللّٰهَ لَايُضِيْعُ اَجْرَالْمُحْسِنِيْنَ" تک۔

(۷۶) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ

۷۶۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن مبارک نے خبر

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا عَبَايَةُ بْنُ رَافِعِ بْنِ خُدَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُوْعَبْسٍ هُوَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ جَبْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَااغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ

دی، ان سے یحییٰ بن حمزہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یزید بن مریم نے حدیث بیان کی، انہیں عبایہ بن رافع بن خدیج نے خبر دی، کہا کہ مجھے ابوعبس رضی اللہ عنہ نے خبر دی، ''آپ کا نام عبدالرحمن ابن جبر ہے'' کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس بندے کے بھی قدم اللہ کے راستے میں غبار آلود ہوگئے ہوں گے، انہیں (جہنم کی) آگ نہ چھوئے گی۔ (انشاءاللہ)

باب ۶۲۔ مَسْحِ الْغُبَارِ عَنِ النَّاسِ فِي السَّبِيْلِ

۶۲۔ اللہ کے راستے میں پڑے ہوئے غبار کو بدن سے صاف کرنا۔

(۷۷) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لَهٗ وَلِعَلِيِّ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ائْتِيَآ اَبَاسَعِيْدٍ فَاسْمَعَا مِنْ حَدِيْثِهٖ فَاَتَيْنَاهُ وَهُوَ وَاَخُوْهُ فِي حَائِطٍ لَهُمَا يَسْقِيَانِهٖ فَلَمَّا رَاٰنَا جَآءَ فَاحْتَبٰى وَجَلَسَ فَقَالَ كُنَّا نَنْقُلُ لَبِنَ الْمَسْجِدِ لَبِنَةً لَبِنَةً وَكَانَ عَمَّارٌ يَنْقُلُ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَتَيْنِ فَمَرَّبِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ مَسَحَ عَنْ رَّاْسِهِ الْغُبَارَ وَقَالَ وَيْحَ عَمَّارٍ تَقْتُلُهُ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ عَمَّارٌ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَيَدْعُوْنَهٗ اِلَى النَّارِ

۷۷۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالوہاب نے خبر دی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے کہ ابن عباسؓ نے ان سے اور (اپنے صاحبزادے) علی بن عبداللہ سے فرمایا تم دونوں ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں جاؤ اور ان کی احادیث سنو۔ چنانچہ ہم حاضر ہوئے۔ اس وقت ابوسعیدؓ اپنے (رضاعی) بھائی کے ساتھ باغ میں تھے اور باغ کو پانی دے رہے تھے۔ جب آپ نے ہمیں دیکھا تو (ہمارے پاس) تشریف لائے اور احتباء کر کے بیٹھ گئے، اس کے بعد بیان فرمایا ہم مسجد نبوی کی اینٹیں (حضور ﷺ کی ہجرت کے بعد تعمیر مسجد کے لئے) ایک ایک کر کے ڈھو رہے تھے لیکن عمارؓ دو۲ دو۲ اینٹیں لا رہے تھے اتنے میں نبی کریم ﷺ ادھر سے گزرے اور ان کے سر سے غبار صاف کیا، پھر فرمایا: ''افسوس عمار کو ایک باغی جماعت قتل کرے گی، یہ تو انہیں اللہ کی طرف دعوت دے رہا ہوگا لیکن وہ اسے جہنم کی طرف بلا رہے ہوں گے۔''

باب ۶۳۔ اَلْغُسْلِ بَعْدَ الْحَرْبِ وَالْغُبَارِ

۶۳۔ جنگ اور غبار کے بعد غسل۔

(۷۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَجَعَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ وَاغْتَسَلَ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ وَقَدْ عَصَبَ رَاْسَهُ الْغُبَارُ فَقَالَ وَضَعْتَ السِّلَاحَ فَوَاللّٰهِ مَاوَضَعْتُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَيْنَ قَالَ هٰهُنَا وَاَوْمَاَ اِلٰى بَنِيْ قُرَيْظَةَ قَالَتْ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۷۸۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبدۃ نے خبر دی، انہیں ہشام بن عروہ نے، انہیں ان کے والد نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ جب خندق کی جنگ سے (فارغ ہوکر) واپس ہوئے اور ہتھیار رکھ کر غسل کرنا چاہا تو جرائیل علیہ السلام آئے، آپ کا سر غبار سے اٹا ہوا تھا۔ جرائیل علیہ السلام نے فرمایا۔ آپ نے ہتھیار اتار دیئے۔ خدا کی قسم، میں نے تو ابھی تک ہتھیار نہیں اتارے ہیں۔ حضور اکرم نے دریافت فرمایا تو پھر اب کہاں کا ارادہ ہے؟ انہوں نے فرمایا ادھر، اور بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان

کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے بنو قریظہ کے خلاف لشکر کشی کی۔ ❶

باب ۶۴. فَضْلِ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ فَرِحِيْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَايُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

۶۴۔ ان اصحاب کی فضیلت جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد نازل ہوا ''وہ لوگ جو اللہ کے راستے میں قتل کردیے گئے ہیں۔ انہیں ہرگز مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس، رزق پاتے رہتے ہیں، ان (نعمتوں سے) مسرور ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کی ہیں اور جو لوگ ان کے بعد والوں میں سے ابھی ان سے نہیں جا ملے ہیں، ان کی بھی اس حالت سے خوش ہیں کہ ان پر نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے، وہ لوگ خوش ہو رہے ہیں اللہ کے انعام اور فضل پر اور اس پر کہ اللہ ایمان والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

(۷۹) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ؓ قَالَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الَّذِيْنَ قَتَلُوْا اَصْحَابَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلٰثِيْنَ غَدَاةً عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنَسٌ اُنْزِلَ فِي الَّذِيْنَ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْاٰنٌ قَرَاْنَاهُ ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ بَلِّغُوْا قَوْمَنَا اَنْ قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَ رَضِيْنَا عَنْهُ

۷۹۔ ہم سے اسمٰعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اصحاب بیئر معونہ رضی اللہ عنہم کو جن لوگوں نے قتل کیا تھا، ان پر رسول اللہ ﷺ نے تیس دن تک صبح کی نماز میں بددعاء کی تھی، یہ رعل، ذکوان اور عصیہ قبائل کے لوگ تھے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی تھی۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جو صحابہ بیر معونہ کے موقعہ پر شہید کردیئے گئے تھے ان کے بارے میں قرآن کی یہ آیت نازل ہوئی تھی جسے ہم پڑھتے تھے لیکن بعد میں آیت منسوخ ہوگئی تھی (آیت کا ترجمہ) ''ہماری قوم کو پہنچا دو کہ ہم اپنے رب سے آ ملے ہیں، ہمارا رب ہم سے راضی ہے اور ہم اس سے راضی ہیں۔''

(۸۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ ؓ يَقُوْلُ اصْطَبَحَ نَاسٌ الْخَمْرَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ قُتِلُوْا شُهَدَآءَ فَقِيْلَ لِسُفْيٰنَ مِنْ اٰخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ قَالَ لَيْسَ هٰذَا فِيْهِ

۸۰۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ کچھ صحابہ نے جنگ احد کے دن صبح کے وقت شراب پی (ابھی تک شراب حرام نہیں ہوئی تھی) پھر شہید ہوئے سفیانؒ راوی حدیث سے پوچھا گیا کیا اسی دن کے آخری حصہ میں (ان کی شہادت ہوئی تھی جس دن انہوں نے شراب پی تھی؟) تو انہوں نے جواب دیا کہ حدیث میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

باب ۶۵. ظِلِّ الْمَلٰٓئِكَةِ عَلَى الشَّهِيْدِ

۶۵۔ شہید پر فرشتوں کا سایہ۔

(۸۱) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ اَخْبَرَنَا ابْنُ

۸۱۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی کہا کہ ہمیں ابن عیینہ نے خبر

❶ کیونکہ انہوں نے معاہدے کے خلاف خندق کی جنگ میں حضور اکرم ﷺ کے خلاف حصہ لیا تھا۔

ﷺ اس وقت زرہ پہنے ہوئے تھے آپ باہر تشریف لائے تو زبان مبارک پر یہ آیت تھی (ترجمہ) ''جماعت (مشرکین) جلد ہی شکست کھا جائے گی اور راہ فرار اختیار کرے گی، اور قیامت کے دن کا ان سے وعدہ ہے اور قیامت کا دن بڑا ہی بھیانک اور تلخ ہوگا (مشرکین یعنی خدا کے منکروں کے لئے) اور وہیب نے بیان کیا ان سے خالد نے حدیث بیان کی کہ بدر کے دن (کا یہ واقعہ ہے۔)

۱۷۵. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهٗ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ بِثَلٰثِيْنَ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ وَقَالَ يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ دِرْعٌ مِّنْ حَدِيْدٍ وَقَالَ مُعَلّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ وَقَالَ رَهَنَهٗ دِرْعًا مِّنْ حَدِيْدٍ

۱۷۵۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں اعمش نے، انہیں ابراہیم نے، انہیں اسود نے اور ان سے عائشہؓ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع جو کے بدلے میں رہن کے طور پر رکھی ہوئی تھی اور یعلی نے بیان کیا کہ ہم سے اعمش نے حدیث بیان کی کہ لوہے کی زرہ (تھی) اور معلّٰی نے بیان کیا، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی اور (اس روایت میں ہے کہ) حضور اکرم ﷺ نے لوہے کی ایک زرہ رہن رکھی تھی۔

۱۷۶. حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ قَدِاضْطُرَّتْ اَيْدِيْهِمَا اِلٰى تَرَاقِيْهِمَا فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَتِهٖ اِتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تُعَفِّيَ اَثَرَهٗ وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيْلُ بِالصَّدَقَةِ انْقَبَضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ اِلٰى صَاحِبَتِهَا وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ اِلٰى تَرَاقِيْهِ فَسَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَيَجْتَهِدُ اَنْ يُّوَسِّعَهَا فَلَا تَتَّسِعُ

۱۷۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن طاؤس نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو ہریرہؓ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بخیل اور صدقہ دینے والے (سخی) کی مثال دو آدمیوں جیسی ہے کہ دونوں لوہے کے جبے پہنے ہوئے ہیں ہاتھ سے لے کر گردن تک محیط، اور صدقہ دینے والا (سخی) جب بھی صدقہ کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی زرہ اس کے بدن پر کشادہ ہو جاتی ہے اور اس کے نشانات قدم کو مٹا دیتی ہے ❶ لیکن جب بخیل صدقہ کا ارادہ کرتا ہے تو اس کی زرہ کا ایک ایک حلقہ اس کے بدن پر تنگ ہو جاتا ہے اور اس طرح سکڑ جاتا ہے کہ اس کے ہاتھ اس کی گردن سے لگ جاتے ہیں ابو ہریرہؓ نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ پھر بخیل اسے کشادہ کرنا چاہتا ہے لیکن وہ کشادہ نہیں ہوتا۔

باب ۱۳۴. اَلْجُبَّةِ فِي السَّفَرِ وَالْحَرْبِ

۱۳۴۔ جبہ سفر میں اور لڑائی میں۔

۱۷۷. حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي الضُّحٰى

۱۷۷۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے

❶ مطلب یہ ہے کہ اس کے گناہوں پر پردہ ڈال دیتا ہے جس طرح زمین تک لٹکتا ہوا ملبوس زمین پر قدم وغیرہ کے نشانات کو مٹا دیتا ہے۔ اسی طرح سخی کی سخاوت بھی اس کے عیوب کو مٹا دیتی ہے۔ لیکن اس کے مقابلے میں بخل ساری برائیوں کو نمایاں کرتا ہے اور آدمی کو رسوا اور ذلیل کرتا ہے۔

مُحْرِمِيْنَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ فَرَاٰى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَاسْتَوٰى عَلٰى فَرَسِهٖ فَسَاَلَ اَصْحَابَهٗ اَنْ يُّنَاوِلُوْهُ سَوْطَهٗ فَاَبَوْا فَسَاَلَهُمْ رُمْحَهٗ فَاَبَوْا فَاَخَذَهٗ ثُمَّ شَدَّ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهٗ فَاَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبٰى بَعْضٌ فَلَمَّا اَدْرَكُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ قَالَ اِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ اَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَآءِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ فِيْ الْحِمَارِ الْوَحْشِيِّ مِثْلَ حَدِيْثِ اَبِي النَّضْرِ قَالَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَّحْمِهٖ شَيْءٌ

سے پیچھے رہ گئے۔ خود ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ابھی احرام نہیں باندھا تھا پھر انہوں نے ایک گورخر دیکھا اور اپنے گھوڑے پر سوار ہو گئے (شکار کرنے کی نیت سے) اس کے بعد انہوں نے اپنے ساتھیوں سے (جو احرام باندھے ہوئے تھے) کہا کہ ان کا کوڑا اٹھا دیں، انہوں نے اس سے انکار کیا۔ پھر انہوں نے اپنا نیزہ مانگا اس کے دینے سے بھی انہوں نے انکار کیا، آخر انہوں نے خود اسے اٹھایا اور گورخر پر جھپٹ پڑے اور اسے مار لیا نبی کریم ﷺ کے صحابہ (جو اس وقت ابوقتادہؓ کے ساتھ تھے) میں سے بعض نے تو اس گورخر کا گوشت کھایا، بعض نے اس کے کھانے سے انکار (احرام کے عذر کی بناء پر) پھر جب یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو اس کے متعلق شرعی حکم پوچھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ تو ایک کھانے کی چیز تھی جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں عطاء کی تھی۔ اور زید بن اسلم سے روایت ہے کہ ان سے عطاء بن یسار نے بیان کیا اور ان سے ابوقتادہؓ نے گورخر کے (شکار کے متعلق) ابوالنضر ہی کی حدیث کی طرح (البتہ اس روایت میں یہ اضافہ بھی ہے کہ) نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا اس میں کا کچھ بچا ہوا گوشت ابھی تمہارے پاس موجود ہے؟

باب ۱۳۳. مَاقِيْلَ فِيْ دِرْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْقَمِيْصِ فِي الْحَرْبِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا خَالِدٌ فَقَدِ احْتَبَسَ اَدْرَاعَهٗ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۱۳۳۔ لڑائی میں نبی کریم ﷺ کی زرہ اور قمیص سے متعلق روایات اور آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ "رہے خالد، تو انہوں نے اپنی زر ہیں اللہ کے راستے میں وقف کر رکھی ہیں"

۱۷۴. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اَللّٰهُمَّ اِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَالْيَوْمِ فَاَخَذَ اَبُوْبَكْرٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَدْ اَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ وَهُوَ فِي الدِّرْعِ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ فَقَالَ وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَوْمَ بَدْرٍ

۱۷۴۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ دعا فرما رہے تھے (غزوۂ بدر کے موقعہ پر) اس وقت آپ ایک قبہ میں تشریف فرما تھے کہ اے اللہ میں آپ سے آپ کے عہد اور آپ کے وعدے کا وسیلہ دے کر فریاد کرتا ہوں (آپ کی اپنے رسولوں کی مدد اور ان کے مخالفوں کو شکست سے متعلق) اے اللہ! اگر آپ چاہیں تو آج کے بعد آپ کی عبادت نہ کی جائے گی (مسلمانوں کے استیصال کی صورت میں) اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کا ہاتھ پکڑ لیا اور عرض کیا، بس کیجئے! یا رسول اللہ! آپ ﷺ اپنے رب کے حضور بہت گریہ وزاری کر چکے، حضور اکرم

باب ۱۳۱. تَفَرُّقِ النَّاسِ عَنِ الْاِمَامِ عِنْدَالْقَائِلَةِ وَالْاِسْتِظْلَالِ بِالشَّجَرِ.

۱۳۱۔ قیلولہ کے وقت درخت کا سایہ حاصل کرنے کے لئے فوجی، امام کو چھوڑ کر (متفرق درختوں کے سائے تلے) پھیل جاتے ہیں۔

۱۷۲. حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا سِنَانُ بْنُ سِنَانٍ وَاَبُوْسَلَمَةَ اَنَّ جَابِرًا اَخْبَرَهُمَا حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِيْ سِنَانِ الدُّؤَلِيِّ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهٗ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَعِنْدَهٗ رَجُلٌ وَّهُوَ لَايَشْعُرُ بِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِيْ فَقَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ قُلْتُ اللّٰهُ فَشَامَ السَّيْفَ فَهَا هُوَذَا جَالِسٌ ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ

۱۷۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے ان سے سنان بن ابی سنان اور ابوسلمہ نے حدیث بیان کی اوران دونوں حضرات کو جابر رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہیں ابراہیم بن سعد نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے خبر دی، انہیں سنان بن ابی سنان الدوٴلی نے اورانہیں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک تھے، ایک ایسی وادی میں جہاں ببول کے درخت بکثرت تھے، قیلولہ کا وقت ہوگیا تمام صحابہ درخت کے سائے کی تلاش میں (پوری وادی میں متفرق درختوں کے نیچے پھیل گئے اور نبی کریم ﷺ نے بھی ایک درخت کے نیچے قیام فرمایا، آپ ﷺ نے اپنی تلوار (درخت کے تنے سے) لٹکا دی تھی اور سو گئے تھے، جب آپ بیدار ہوئے تو آپ کے پاس ایک اجنبی شخص موجود تھا۔ اس اجنبی نے کہا تھا کہ اب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا (پھر آنحضور ﷺ نے آواز دی اور جب صحابہ: آپ ﷺ کے قریب پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا اس شخص نے میری ہی تلوار مجھ پر کھینچ لی تھی اور مجھ سے کہنے لگا تھا کہ اب تمہیں میرے ہاتھ سے کون بچا سکے گا؟ میں نے کہا کہ اللہ (اس پر وہ شخص خود ہی دہشت زدہ ہوگیا) اور تلوار نیام میں کر لی، اب یہ بیٹھا ہوا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے اسے کوئی سزا نہیں دی تھی۔

باب ۱۳۲. مَاقِيْلَ فِي الرِّمَاحِ وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُعِلَ رِزْقِيْ تَحْتَ ظِلِّ رُمْحِيْ وَجُعِلَ الذِّلَّةُ وَالصِّغَارُ عَلٰى مَنْ خَالَفَ اَمْرِيْ

۱۳۲۔ نیزے کے استعمال کے متعلق روایتیں۔ ابن عمرؓ کے واسطہ سے بیان کیا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میری روزی میرے نیزے کے سایے تلے مقدر کی گئی ہے اور جو میری شریعت کی مخالفت کرے اس کے لئے ذلت اور استخفاف مقدر کیا گیا ہے۔

۱۷۳. حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ مَوْلٰى اَبِيْ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ اَصْحَابٍ لَّهٗ

۱۷۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں عمر بن عبیداللہ کے مولیٰ ابوالنضر نے اور انہیں ابوقتادہ انصاری کے مولیٰ نافع نے اور انہیں ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے کہ آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے (صلح حدیبیہ کے موقعہ پر) مکہ کے راستے میں آپ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ جو احرام باندھے ہوئے تھے، لشکر

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَه‘ وَنِمْنَا نَوْمَةً فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَا وَاِذَا عِنْدَه‘ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ عَلَيَّ سَيْفِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهٖ صَلْتًا فَقَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقُلْتُ اَللّٰهُ ثَلٰثًا وَّلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ

گئے۔ حضور اکرم ﷺ نے بھی ایک ببول کے سائے تلے قیام فرمایا اور اپنی تلوار درخت پر لٹکا دی، ہم سب سو چکے تھے کہ آنحضور ﷺ کے پکارنے کی آواز سنائی دی، دیکھا گیا تو ایک اعرابی آپ کے پاس تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس نے (غفلت میں) میری ہی تلوار مجھ پر کھینچ لی تھی اور میں سویا ہوا تھا، جب بیدار ہوا تو ننگی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی، اس نے کہا، مجھ سے تمہیں کون بچائے گا؟ میں نے کہا کہ اللہ، تین مرتبہ (میں نے اسی طرح کہا، اور تلوار اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر گر گئی) حضور اکرم ﷺ نے اعرابی کو کوئی سزا نہیں دی بلکہ آپ بیٹھ گئے (پھر وہ خود ہی متاثر ہو کر اسلام لائے۔)

باب ۱۲۹ . لُبْسِ الْبَيْضَةِ

۱۲۹۔ خود پہننا۔

۱۷۰ . حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلٍ اَنَّه‘ سُئِلَ عَنْ جُرْحِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ جُرِحَ وَجْهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُسِرَتْ رُبَاعِيَتُه‘ وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ فَكَانَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ تَغْسِلُ الدَّمَ وَعَلِيٌّ يُمْسِكُ فَلَمَّا رَاَتْ اَنَّ الدَّمَ لَايَزِيْدُ اِلَّا كَثْرَةً اَخَذَتْ حَصِيْرًا فَاَحْرَقَتْهُ حَتّٰى صَارَ رَمَادًا ثُمَّ اَلْزَقَتْهُ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

۱۷۰۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے، آپ سے احد کی لڑائی میں نبی کریم ﷺ کے زخمی ہونے کے متعلق پوچھا گیا تھا، آپؓ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ کے چہرہ مبارک پر زخم آئے تھے۔ آپ ﷺ کے آگے کے دانت ٹوٹ گئے تھے اور خود آپ کے سر مبارک پر ٹوٹ گئی تھی (جس سے سر پر زخم آئے تھے۔ حضرت فاطمہؓ خون دھو رہی تھیں اور علیؓ پانی ڈال رہے تھے۔ جب فاطمہؓ نے دیکھا کہ خون برابر بڑھتا ہی جا رہا ہے تو آپ نے ایک چٹائی جلائی اور جب وہ بالکل راکھ ہو گئی تو راکھ کو آپ کے زخموں پر لگا دیا، جس سے خون بہنا بند ہو گیا۔

۱۳۰ . مَنْ لَمْ يَرَ كَسْرَ السِّلَاحِ عِنْدَ الْمَوْتِ

۱۳۰۔ کسی کی موت پر اس کے ہتھیار توڑنے کو جنہوں نے مناسب نہیں سمجھا۔ ❶

۱۷۱ . حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ قَالَ مَاتَرَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سَلَاحَه‘ وَبَغْلَةً بَيْضَآءَ وَاَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً

۱۷۱۔ ہم سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے ابواسحٰق نے اور ان سے عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے (وفات کے بعد) اپنے ہتھیار، ایک سفید خچر اور قطعہ اراضی جسے آپ پہلے ہی صدقہ کر چکے تھے، کے سوا اور کوئی چیز نہیں چھوڑی تھی۔

---

❶ عرب جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ جب کسی قبیلہ کا سردار یا قبیلہ کا کوئی بہادر مر جاتا تو اس کے ہتھیار توڑ دیئے جاتے، یہ اس بات کی علامت سمجھی جاتی تھی کہ اب ان ہتھیاروں کا حقیقی معنوں میں کوئی اٹھانے والا باقی نہیں رہا ہے۔ ظاہر ہے کہ اسلام میں اس طرح کے طرز عمل کے لئے کوئی وجہ جواز نہیں۔

نے (ابوبکرؓ کے آنے کے بعد، دوسری طرف متوجہ ہوجانے کے لئے لفظ عمل کے بجائے) "فلما غفل" ہے۔

باب ۱۲۶ . اَلْحَمَآئِلِ وَتَعْلِيْقِ السَّيْفِ بِالْعُنُقِ

۱۲۶۔ تلوار کا پرتلہ اور تلوار کو گردن سے لٹکانا۔

۱۶۷ . حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَاَشْجَعَ النَّاسِ وَلَقَدْ فَزِعَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَيْلَةً فَخَرَجُوْا نَحْوَ الصَّوْتِ فَاسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِاسْتَبْرَأَ الْخَبَرَ وَهُوَ عَلٰى فَرَسٍ لِاَبِىْ طَلْحَةَ عُرْىٍ وَّفِىْ عُنُقِهِ السَّيْفُ وَهُوَ يَقُوْلُ لَمْ تُرَاعُوْا ثُمَّ قَالَ وَجَدْنَاهُ بَحْرًا اَوْ قَالَ اِنَّهٗ لَبَحْرٌ ۔

۱۶۷۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ سب سے زیادہ خوب صورت اور سب سے زیادہ بہادر تھے، ایک رات مدینہ پر بڑا خوف و ہراس چھا گیا تھا (ایک آواز سن کر) سب لوگ اس آواز کی طرف بڑھے لیکن نبی کریم ﷺ سب سے آگے تھے اور آپ ﷺ نے ہی واقعہ کی تحقیق کی آپ ﷺ ابوطلحہؓ کے ایک گھوڑے پر سوار تھے جس کی پشت ننگی تھی، آپ ﷺ کی گردن میں تلوار لٹک رہی تھی اور آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ ڈرو فطعہ نہیں، پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہم نے تو گھوڑے کو سمندر پایا، یا (فرمایا کہ گھوڑا تو جیسے سمندر ہے۔)

باب ۱۲۷ . حِلْيَةِ السُّيُوْفِ

۱۲۷۔ تلوار کی آرائش۔

۱۶۸ . حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ حَبِيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ لَقَدْ فَتَحَ الْفُتُوْحَ قَوْمٌ مَاكَانَتْ حِلْيَةُ سُيُوْفِهِمُ الذَّهَبَ وَلَاالْفِضَّةَ اِنَّمَا كَانَتْ حِلْيَتُهُمُ الْعَلَابِيَّ وَالْاٰنُكَ وَالْحَدِيْدَ

۱۶۸۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں اوزاعی نے خبر دی، کہا کہ میں نے سلیمان بن حبیب سے سنا، کہا کہ میں نے ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان فرماتے تھے کہ ایک قوم (صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین) نے بہت سی فتوحات کیں اور ان کی تلواروں کی آرائش سونے چاندی سے نہیں ہوتی تھی بلکہ اونٹ کی پشت کی چمڑہ، رانگا اور لوہا ان کی تلواروں کے زیور تھے۔

باب ۱۲۸ . مَنْ عَلَّقَ سَيْفَهٗ بِالشَّجَرِ فِى السَّفَرِ عِنْدَالْقَائِلَةِ

۱۲۸۔ جس نے سفر میں قیلولہ کے وقت اپنی تلوار درخت سے لٹکائی۔

۱۶۹ . حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِىْ سِنَانُ بْنُ اَبِىْ سِنَانٍ الدُّؤَلِيُّ وَاَبُوسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهٗ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِىْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ

۱۶۹۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے سنان بن ابی سنان الدولی اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی اور انہیں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ نجد کے اطراف میں ایک غزوہ میں شریک تھے۔ جب حضور اکرم ﷺ مہم سے واپس ہوئے تو آپ کے ساتھ یہ بھی واپس ہوئے راستے میں قیلولہ کا وقت ایک ایسی وادی میں ہوا جس میں ببول کے درخت بکثرت تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے اسی وادی میں پڑاؤ کیا اور صحابہ (پوری وادی میں) درخت کے سائے کے لئے پھیل

وَكَانَ يُنفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهٖ ثُمَّ يَجْعَلُ مَابَقِيَ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

سے آپ ﷺ اپنی ازواج کو سالانہ نفقہ بھی دے دیتے تھے اور باقی ہتھیار اور گھوڑوں پر خرچ کرتے تھے تا کہ اللہ کے راستے میں (جہاد کے لئے) ہر وقت تیاری رہے۔

۱۶۵. حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيٰنَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَّقُوْلُ مَارَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفَدِّيْ رَجُلًا بَعْدَ سَعْدٍ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِرْمِ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ

۱۶۵۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے بیان کیا، ان سے سعد بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن شداد نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے اور ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے سعد بن ابراہیم نے بیان کیا، ان سے عبداللہ بن شداد نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے علیؓ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ سعد بن ابی وقاصؓ کے سوا میں نے کسی کے متعلق نبی کریم ﷺ سے نہیں سنا کہ آپ نے خود کو ان پر فدا کیا ہو، میں نے سنا کہ آپ فرما رہے تھے تیر برساؤ (سعد) تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔

باب ۱۲۵. الدَّرَقِ

۱۲۵۔ڈھال۔

۱۶۶. حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنِيْ اَبُوالْاَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِيْ جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ بِغِنَآءِ بُعَاثَ فَاضْطَجَعَ عَلَى الْفِرَاشِ وَحَوَّلَ وَجْهَهٗ فَدَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ فَانْتَهَرَنِيْ وَقَالَ مِزْمَارَةُ الشَّيْطَانِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعْهُمَا فَلَمَّا غَفَلَ غَمَزْتُهُمَا فَخَرَجَتَا قَالَتْ وَكَانَ يَوْمَ عِيْدٍ يَلْعَبُ السُّوْدَانُ بِالدَّرَقِ وَالْحِرَابِ فَاِمَّا سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِمَّا قَالَ تَشْتَهِيْنَ اَنْ تَنْظُرِيْ فَقُلْتُ نَعَمْ فَاَقَامَنِيْ وَرَآءَهٗ خَدِّيْ عَلٰى خَدِّهٖ وَيَقُوْلُ دُوْنَكُمْ بَنِيْ اَرْفِدَةَ حَتّٰى اِذَا مَلِلْتُ قَالَ حَسْبُكِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاذْهَبِيْ قَالَ اَحْمَدُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ فَلَمَّا غَفَلَ

۱۶۶۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی کہ عمرو نے کہا کہ مجھ سے ابوالاسود نے حدیث بیان کی، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ میرے یہاں تشریف لائے تو دو لڑکیاں میرے پاس جنگ بعاث کے اشعار گا رہی تھیں، آپ بستر پر لیٹ گئے اور چہرۂ مبارک دوسری طرف کر لیا، اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ آ گئے اور آپ نے مجھے ڈانٹا کہ یہ شیطانی گانا اور رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں! لیکن حضور اکرم ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ انہیں گانے دو۔ پھر جب ابوبکرؓ دوسری طرف متوجہ ہو گئے تو میں نے ان لڑکیوں کو اشارہ کیا اور وہ چلی گئیں۔ عائشہؓ نے بیان کیا کہ عید کے دن سوڈان کے کچھ صحابہؓ ڈھال اور حراب کے کھیل کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ میں نے خود رسول اللہ ﷺ سے کہا یا آپ ﷺ نے ہی فرمایا کہ تم بھی دیکھنا چاہتی ہو؟ میں نے کہا، جی ہاں! آپ ﷺ نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کر لیا، میرا چہرہ آپ ﷺ کے چہرہ پر تھا اور اس طرح میں اس کھیل کو پیچھے سے بخوبی دیکھ سکتی تھی اور آپ ﷺ فرما رہے تھے خوب بنوارفدہ! جب میں تھک گئی (دیکھتے دیکھتے) تو آپ ﷺ نے فرمایا، بس، میں نے کہا جی ہاں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو پھر جاؤ احمد نے بیان کیا اور ان سے ابن وہب

مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَا الْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ عِنْدَالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحِرَابِهِمْ دَخَلَ عُمَرُ فَاهْوٰى اِلَى الْحَصٰى فَحَصَبَهُمْ بِهَا فَقَالَ دَعْهُمْ يَاعُمَرُوَزَادَ عَلِيٌّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ وَاَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ فِي الْمَسْجِدِ

دی، انہیں معمر نے، انہیں زہری نے، انہیں مسیب نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حبشہ کے کچھ لوگ نبی کریم ﷺ کے سامنے حراب (چھوٹے نیزے) کے کھیل کا مظاہرہ کر رہے تھے کہ عمر رضی اللہ عنہ آ گئے اور کنکریاں اٹھا کر انہیں اس سے مارا، لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، عمر! انہیں کھیل دکھانے دو، علی نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ہم سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی کہ مسجد میں (یہ صحابہؓ اپنے کھیل کا مظاہرہ کر رہے تھے۔

باب ۱۲۴۔ الْمِجَنِّ وَمَنْ يَّتَتَرَّسُ بِتُرْسِ صَاحِبِهٖ

۱۲۴۔ ڈھال اور جو اپنے ساتھی کے ڈھال کو استعمال کرے (لڑائی میں)

۱۶۲۔ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ اَبُوْطَلْحَةَ يَتَتَرَّسُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتُرْسٍ وَّاحِدٍ وَكَانَ اَبُوْطَلْحَةَ حَسَنَ الرَّمْيِ فَكَانَ اِذَا رَمٰى تَشَرَّفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْظُرُ اِلٰى مَوْضِعِ نَبْلِهٖ

۱۶۲۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں اوزاعی نے خبر دی، انہیں اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک ڈھال سے کام لیتے تھے۔ ❶ ابو طلحہ رضی اللہ بڑے اچھے تیر انداز تھے، جب آپ تیر مارتے تو حضور اکرم ﷺ اچک کر دیکھتے کہ تیر کہاں جا کر گرا۔

۱۶۳۔ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ قَالَ لَمَّا كُسِرَتْ بَيْضَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَأْسِهٖ وَاُدْمِيَ وَجْهُهٗ وَكُسِرَتْ رُبَاعِيَتُهٗ وَكَانَ عَلِيٌّ يَخْتَلِفُ بِالْمَآءِ فِي الْمِجَنِّ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَغْسِلُهٗ فَلَمَّا رَاَتِ الدَّمَ يَزِيْدُ عَلَى الْمَآءِ كَثْرَةً عَمَدَتْ اِلٰى حَصِيْرٍ فَاَحْرَقَتْهَا وَاَلْصَقَتْهَا عَلٰى جُرْحِهٖ فَرَقَأَ الدَّمُ

۱۶۳۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے ابو حازم نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب (احد کی لڑائی میں) حضور اکرم ﷺ کا خود سر مبارک پر ٹوٹ گیا اور چہرہ مبارک خون آلود ہو گیا تو آپ ﷺ کے آگے کے دانت شہید ہو گئے تو علی رضی اللہ عنہ ڈھال میں بھر بھر کر پانی لا رہے تھے اور فاطمہؓ زخم دھو رہی تھیں، جب انہوں نے دیکھا کہ خون، پانی سے بھی زیادہ نکل رہا ہے تو انہوں نے ایک چٹائی جلائی اور اس کی راکھ کو آپ ﷺ کے زخموں پر لگا دیا، جس سے خون آنا بند ہو گیا۔

۱۶۴۔ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسٍ بْنِ الْحَدَثَانِ عَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً

۱۶۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے زہری نے، ان سے مالک بن اوس بن حدثان نے اور ان سے عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بنو نضیر کے اموال و جائداد کی دولت ایسی تھی جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کی ولایت و نگرانی میں دے دی تھی، مسلمانوں کی طرف سے کسی حملہ اور جنگ کے بغیر، تو یہ اموال خاص رسول اللہ ﷺ کی نگرانی میں تھے جن میں

❶ اصل میں ابو طلحہ رضی اللہ عنہ بہت اچھے تیر انداز تھے، اس لئے جب وہ جنگ کے موقعہ پر دشمنوں پر تیر برساتے تو حضور اکرم ﷺ اپنی ڈھال سے ان کی حفاظت کرتے کہ مبادا کسی کی طرف سے دشمن کا کوئی تیر انہیں زخمی نہ کر دے۔ اسی طرز عمل کو حدیث میں بیان کیا گیا ہے۔

اس وقت حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ایک آدمی (زندگی بھر) بظاہر اہل جنت کے سے کام کرتا ہے، حالانکہ وہ اہل دوزخ میں سے ہوتا ہے (کیونکہ آخر میں اسلام سے انحراف کرتا ہے) اور ایک آدمی بظاہر اہل دوزخ کے کام کرتا ہے، حالانکہ وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے (کیونکہ زندگی کے آخر میں اسلام کی دولت نصیب ہو جاتی ہے۔)

باب ۱۲۲. التَّحْرِيضِ عَلَى الرَّمْيِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالَى وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ

۱۲۱۔ تیر اندازی کی ترغیب۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اور ان (کافروں) کے مقابلے کے لئے جس قدر بھی تم سے ہو سکے سامان درست رکھو۔ قوت سے اور پلے ہوئے گھوڑوں سے، جس کے ذریعہ سے تم اپنا رعب رکھتے ہو اللہ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں پر

۱۵۹. حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ قَالَ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَفَرٍ مِّنْ اَسْلَمَ يَنْتَضِلُوْنَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْمُوْا بَنِيْ اِسْمٰعِيْلَ فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا ارْمُوْا وَاَنَا مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ فَاَمْسَكَ اَحَدُ الْفَرِيْقَيْنِ بِاَيْدِيْهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكُمْ لَا تَرْمُوْنَ قَالُوْا كَيْفَ نَرْمِيْ وَاَنْتَ مَعَهُمْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْمُوْا فَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

۱۵۹۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے بیان کیا، انہوں نے سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے سنا، بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کا قبیلہ بنو اسلم کے چند صحابہ پر گذر ہوا، جو تیر اندازی کی مشق کر رہے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اسماعیل علیہ السلام کے بیٹو، تیر اندازی کرو کہ تمہارے جد امجد (اسماعیل علیہ السلام تیر انداز تھے، پھر آپ ﷺ ایک فریق کے ساتھ ہو گئے، تو مقابلہ میں حصہ لینے والے) دوسرے فریق نے اپنے ہاتھ روک لئے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کیا بات پیش آئی تم لوگوں نے تیر اندازی بند کیوں کر دی؟ دوسرے فریق نے عرض کیا، جب آپ ﷺ ایک فریق کے ساتھ ہو گئے تو ہم بھلا کس طرح مقابلہ کر سکتے ہیں؟ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، اچھا تیر اندازی جاری رکھو، میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

۱۶۰. حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ الْغَسِيْلِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِيْ اُسَيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ حِيْنَ صَفَفْنَا لِقُرَيْشٍ وَصَفُّوْا لَنَا اِذَا اَكْثَبُوْكُمْ فَعَلَيْكُمْ بِالنَّبْلِ

۱۶۰۔ ہم سے ابو نعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمن بن غسیل نے حدیث بیان کی، ان سے حمزہ بن ابی اسید نے حدیث بیان کی اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر جب ہم قریش کے مقابلہ میں صف بستہ کھڑے ہوئے تھے اور وہ ہمارے مقابلہ میں تیار ہو گئے تھے، فرمایا کہ اگر (حملہ کرتے ہوئے) قریش تمہارے قریب آ جائیں تو تم لوگ تیر اندازی شروع کر دینا (تاکہ وہ پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوں۔)

باب ۱۲۳. اللَّهْوِ بِالْحِرَابِ وَنَحْوِهَا

۱۲۳۔ حراب وغیرہ سے کھیلنا۔

۱۶۱. حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ

۱۶۱۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر

کے راستے میں زخمی ہونا ہے۔

۱۵۸۔ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَقٰى هُوَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فَاقْتَتَلُوْا فَلَمَّا مَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَسْكَرِهٖ وَمَالَ الْاٰخَرُوْنَ اِلٰى عَسْكَرِهِمْ وَفِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ لَّايَدَعُ لَهُمْ شَاذَّةً وَّلَا فَاذَّةً اِلَّا اتَّبَعَهَا يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهٖ فَقَالَ مَااَجْزَأَ مِنَّا الْيَوْمَ اَحَدٌ كَمَا اَجْزَأَ فُلَانٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَنَا صَاحِبُهٗ قَالَ فَخَرَجَ مَعَهٗ كُلَّمَا اِذَا وَقَفَ وَقَفَ مَعَهٗ وَاِذَا اَسْرَعَ اَسْرَعَ مَعَهٗ قَالَ فَجُرِحَ الرَّجُلُ جُرْحًا شَدِيْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهٖ بِالْاَرْضِ وَذُبَابَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ ثُمَّ تَحَامَلَ عَلٰى سَيْفِهٖ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَخَرَجَ الرَّجُلُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ وَمَا ذَاكَ قَالَ الرَّجُلُ الَّذِيْ ذَكَرْتَ اٰنِفًا اَنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَاَعْظَمَ النَّاسُ ذٰلِكَ فَقُلْتُ اَنَا لَكُمْ بِهٖ فَخَرَجْتُ فِيْ طَلَبِهٖ ثُمَّ جُرِحَ جُرْحًا شَدِيْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نَصْلَ سَيْفِهٖ فِي الْاَرْضِ وَذُبَابَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۵۸۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی (اپنے اصحاب کے ساتھ احد یا خیبر کی لڑائی میں) مشرکین سے مڈبھیڑ ہوئی اور جنگ چھڑ گئی، جب حضور اکرم ﷺ اس دن کی لڑائی سے فارغ ہو کر) اپنے پڑاؤ کی طرف واپس ہوئے اور مشرکین اپنے پڑاؤ کی طرف تو حضور اکرم ﷺ کی فوج کے ساتھ ایک شخص تھا، لڑائی کے دوران اس کا یہ حال تھا کہ مشرکین کا کوئی فرد بھی اگر کسی طرف نظر پڑ جاتا تو اس کا پیچھا کر کے وہ شخص اپنی تلوار سے اسے قتل کر دیتا۔ سہل رضی اللہ عنہ نے اس کے متعلق کہا کہ آج جتنی سرگرمی کے ساتھ فلاں شخص لڑا ہے، ہم میں کوئی بھی اس طرح نہ لڑ سکا ہوگا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس پر فرمایا کہ لیکن وہ شخص اہل جہنم میں سے ہے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے (اپنے دل میں) کہا، اچھا میں اس شخص کا پیچھا کروں گا (دیکھوں، بظاہر مسلمانوں کے ساتھ ہونے کے باوجود حضور اکرم ﷺ نے اسے کیوں دوزخی فرمایا ہے۔ بیان کیا کہ وہ اس کے ساتھ چلے (دوسرے دن لڑائی میں) جب کبھی وہ کھڑا ہو جاتا تو یہ بھی کھڑے ہو جاتے اور جب تیز چلتا تو یہ بھی اس کے ساتھ تیز چلتے، بیان کیا کہ آخر وہ شخص زخمی ہو گیا۔ زخم بڑا گہرا تھا اس لئے اس نے چاہا کہ موت جلدی آ جائے اور اپنی تلوار کا پھل زمین پر رکھ کر اس کی دھار کو سینے کے مقابل میں کر لیا اور تلوار پر گر کر اپنی جان دے دی (اور اس طرح خودکشی کر کے اسلام کے حکم کے خلاف کیا) اب وہ صاحب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا کیا بات ہوئی؟ انہوں نے بیان کیا کہ وہی شخص جس کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ وہ دوزخی ہے۔ صحابہؓ پر آپ ﷺ کا فرمان بڑا شاق گذرا تھا (کہ اگر ایسا جانباز مجاہد بھی دوزخی ہو سکتا ہے تو پھر ہماری عاقبت کیسی ہوگی) میں نے ان سے کہا کہ تم سب لوگوں کی طرف سے میں اس کے متعلق تحقیق کرتا ہوں۔ چنانچہ اس کے پیچھے ہولیا۔ اس کے بعد وہ شخص سخت زخمی ہوا اور چاہا کہ موت جلدی آ جائے۔ اس۔ لئے اس نے تلوار کا پھل زمین پر رکھ کر اس کی دھار کو اپنے سینے کے مقابل کر لیا اور اس پر گر کر جان دے دی۔

کی گردن ٹوٹ گئی اور شہادت کی موت پائی۔ (رضی اللہ عنہا)

باب ۱۲۰. مِنِ اسْتَعَانَ بِالضُّعَفَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ فِي الْحَرْبِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْسُفْيَانَ قَالَ لِيْ قَيْصَرُ سَاَلْتُکَ اَشْرَافُ النَّاسِ اتَّبَعُوْهُ اَمْ ضُعَفَآؤُهُمْ فَزَعَمْتَ ضُعَفَآءَ هُمْ وَهُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ

۱۲۰۔ جس نے کمزور اور صالح لوگوں سے لڑائی میں مدد لی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، انہیں ابوسفیان نے خبر دی کہ مجھ سے قیصر (ملک روم) نے کہا کہ میں نے تم سے پوچھا کیا اونچے طبقے کے لوگوں نے ان (حضور اکرم ﷺ) کی پیروی کی ہے یا کمزور طبقہ نے (یعنی جن کی مال و جاہ کے اعتبار سے قوم میں کوئی اہمیت نہیں ہے) تم نے بتایا کہ کمزور طبقے نے (ان کی اتباع کی ہے) اور انبیاء کا پیرو کار ہوتا بھی یہی طبقہ ہے۔

(۱۵٦) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ عَنْ طَلْحَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَاٰى سَعْدٌ اَنَّ لَهٗ فَضْلًا عَلٰى مَنْ دُوْنَهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَآئِكُمْ

۱۵٦۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن طلحہ نے حدیث بیان کی، ان سے طلحہ نے، ان سے مصعب بن سعد نے بیان کیا کہ سعد بن ابی وقاصؓ کا خیال تھا کہ انہیں دوسرے بہت سے صحابہ پر (اپنی مالداری اور بہادری کی وجہ سے) فضیلت حاصل ہے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تمہاری مدد اور تمہاری روزی (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) انہیں کمزوروں کی وجہ سے تمہیں دی جاتی ہے۔

(۱۵۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَاْتِيْ زَمَانٌ يَغْزُوْ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ فِيْكُمْ مَّنْ صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَالُ نَعَمْ فَيُفْتَحُ عَلَيْهِ ثُمَّ يَاْتِيْ زَمَانٌ فَيُقَالُ فِيْكُمْ مَّنْ صَحِبَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَالُ نَعَمْ فَيُفْتَحُ ثُمَّ يَاْتِيْ زَمَانٌ فَيُقَالُ فِيْكُمْ مَّنْ صَحِبَ صَاحِبَ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَالُ نَعَمْ فَيُفْتَحُ

۱۵۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعت غزوے پر ہوگی، پوچھا جائے گا کہ کیا جماعت میں کوئی ایسے بزرگ ہیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کی صحبت اٹھائی ہو۔ کہا جائے گا کہ ہاں، تو (دعا کے لئے انہیں آگے بڑھا کے) ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی۔ پھر ایک زمانہ آئے گا، اس وقت اس کی تلاش ہوگی کہ کوئی ایسے بزرگ مل جائیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے صحابہ کی صحبت اٹھائی ہو (یعنی تابعی) ایسے بھی بزرگ مل جائیں گے اور ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی۔ اس کے بعد ایک دور آئے گا اور (سپاہیوں سے) پوچھا جائے گا کہ کیا تم میں کوئی ایسے بزرگ ہیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے صحابہ کے شاگردوں کی صحبت اٹھائی ہو (یعنی تبع تابعی) کہا جائے گا کہ ہاں اور ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی۔

باب ۱۲۱. لَايَقُوْلُ فُلَانٌ شَهِيْدٌ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُّجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِهٖ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُّكْلَمُ فِيْ سَبِيْلِهٖ

۱۲۱۔ یہ نہ کہا جائے کہ فلاں شخص شہید ہے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ خوب واقف ہے کہ کون اس کے راستے میں جہاد کرتا ہے، اللہ تعالیٰ خوب واقف ہے کہ کون اس

رُكْبَتِهٖ حَتّٰى تَرْكَبَ فَسِرْنَا حَتّٰى اِذَا اَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ نَظَرَ اِلٰى اُحُدٍ فَقَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ ثُمَّ نَظَرَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اُحَرِّمُ مَابَيْنَ لَابَتَيْهَا مِثْلَ مَاحَرَّمَ اِبْرَاهِيْمُ مَكَّةَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِىْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ

نے بیان کیا کہ میں نے دیکھا کہ آنحضور ﷺ صفیہؓ کی وجہ سے اپنے پیچھے (اونٹ کے کوہان کے اردگرد) اپنی عبا سے پردہ کئے ہوئے ہیں (سواری پر جب حضرت صفیہؓ سوار ہوتیں) تو حضور اکرم ﷺ اپنے اونٹ کے پاس بیٹھ جاتے اور اپنا گھٹنا کھڑا رکھتے اور حضرت صفیہؓ اپنا پاؤں حضور اکرم ﷺ کے گھٹنے پر رکھ کر سوار ہو جاتیں۔ اس طرح ہم چلتے رہے اور جب مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو حضور ﷺ نے احد پہاڑ کو دیکھا اور فرمایا، یہ پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں، اس کے بعد آپ ﷺ نے مدینہ کی طرف نگاہ اٹھائی اور فرمایا اے اللہ! میں اس کے دونوں پتھریلے میدانوں کے درمیان کے خطے کو باحرمت قرار دیتا ہوں، جس طرح کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ معظمہ کو باحرمت قرار دیا تھا، اے اللہ! مدینہ کے لوگوں کو ان کے مد اور صاع میں برکت دیجئے۔

باب ۱۱۹. رُكُوْبِ الْبَحْرِ

۱۱۹۔ بحری سفر۔

(۱۵۵) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَتْنِىْ اُمُّ حَرَامٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمًا فِىْ بَيْتِهَا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَايُضْحِكُكَ قَالَ عَجِبْتُ مِنْ قَوْمٍ مِنْ اُمَّتِىْ يَرْكَبُوْنَ الْبَحْرَ كَالْمُلُوْكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ فَقَالَ اَنْتِ مَعَهُمْ ثُمَّ نَامَ فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْثَلٰثًا قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ فَيَقُوْلُ اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ فَتَزَوَّجَ بِهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَخَرَجَ بِهَآ اِلَى الْغَزْوِ فَلَمَّا رَجَعَتْ قُرِبَتْ دَآبَّةٌ لِتَرْكَبَهَا فَوَقَعَتْ فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا

۱۵۵۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے محمد بن یحییٰ بن حبان نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور ان سے ام حرامؓ نے حدیث بیان کی تھی کہ نبی کریم ﷺ نے ایک دن ان کے گھر تشریف لاکر قیلولہ کیا تھا۔ جب آپ بیدار ہوئے تو مسکرا رہے تھے، انہوں نے پوچھا، یارسول اللہ! کس بات پر مسکرا رہے ہیں؟ فرمایا مجھے اپنی امت میں سے ایک ایسی قوم کو (خواب میں دیکھ کر) مسرت ہوئی جو سمندر میں (غزوہ کے لئے) اس طرح جا رہے تھے جیسے بادشاہ تخت پر بیٹھے ہوں، میں نے عرض کیا، یارسول اللہ (ﷺ) اللہ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان میں سے کردے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم بھی ان میں سے ہو۔ اس کے بعد پھر آپ ﷺ سو گئے اور جب بیدار ہوئے تو پھر مسکرا رہے تھے۔ آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی وہی بات بتائی۔ ایسا دو تین مرتبہ ہوا۔ میں (ام حرامؓ) نے کہا، یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان میں سے کردے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم سب سے پہلے لشکر کے ساتھ ہوگی، آپ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں اور وہ آپ کو (اسلام کے سب سے پہلے بحری بیڑے کے ساتھ) غزوے میں لے گئے۔ واپسی پر سوار ہونے کے لئے اپنی سواری سے قریب ہوئیں (سوار ہوتے ہوئے یا ہونے کے بعد) گر پڑیں، جس سے آپ

الْاٰيَةِ

(۱۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ اَبَا النَّضْرِ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ نِ السَّاعِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَمَوْضِعُ سَوْطِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا وَالرَّوْحَةُ يَرُوْحُهَا الْعَبْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِالْغَدْوَةُ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا

آیت تک۔

۱۵۳۔ہم سے عبیداللہ بن منیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابوالنضر سے سنا، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ کے راستے میں دشمن سے ملی ہوئی سرحد پر ایک دن کا پہرہ دینا دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے۔ جنت میں کسی کے لئے ایک کوڑے جتنی جگہ دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے اور اللہ کے راستے میں ایک صبح یا ایک شام گذارد ینا دنیا و مافیہا سے بڑھ کر ہے۔

باب ۱۱۸. مَنْ غَزَا بِصَبِيٍّ لِّلْخِدْمَةِ

(۱۵۴) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ طَلْحَةَ الْتَمِسْ غُلَامًا مِّنْ غِلْمَانِكُمْ يَخْدِمُنِيْ حَتّٰى اَخْرُجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَخَرَجَ بِيْ اَبُوْطَلْحَةَ مُرْدِفِيْ وَاَنَا غُلَامٌ رَّاهَقْتُ الْحُلُمَ فَكُنْتُ اَخْدِمُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ فَكُنْتُ اَسْمَعُه' كَثِيْرًا يَّقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ ثُمَّ قَدِمْنَا خَيْبَرَ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِصْنَ ذُكِرَ لَه' جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا وَكَانَتْ عَرُوْسًا فَاصْطَفَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ فَخَرَجَ بِهَا حَتّٰى بَلَغْنَا سَدَّ الصَّهْبَآءِ حَلَّتْ فَبَنٰى بِهَا ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ صَغِيْرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰذِنْ مَنْ حَوْلَكَ فَكَانَتْ تِلْكَ وَلِيْمَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صَفِيَّةَ ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَوِّيْ لَهَا وَرَآءَهٗ بِعَبَاءَةٍ ثُمَّ يَجْلِسُ عِنْدَ بَعِيْرِهٖ فَيَضَعُ رُكْبَتَه' فَتَضَعُ صَفِيَّةُ رِجْلَهَا عَلٰى

۱۱۸۔جس نے کسی بچے کو خدمت کے لئے غزوے میں اپنے ساتھ رکھا۔

۱۵۴۔ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اپنے قبیلے کے بچوں میں سے کوئی بچہ میرے ساتھ کر دو جو خیبر کے غزوے میں میرے کام کر دیا کرے۔ ابوطلحہؓ اپنی سواری پر اپنے پیچھے بٹھا کر مجھے (انس رضی اللہ عنہ کو) لے گئے۔ میں اس وقت ابھی لڑکا تھا، بالغ ہونے کے قریب، جب بھی حضور اکرم ﷺ کہیں قیام فرماتے تو میں آپ ﷺ کی خدمت کرتا تھا، اکثر میں سنتا کہ آپ ﷺ یہ دعا کرتے، اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تفکرات سے، غموں سے، درماندگی، سستی، بخل، بزدلی، قرض کے بوجھ اور انسانوں کے اپنے اوپر غلبہ سے تو آخر ہم خیبر پہنچے اور جب اللہ تعالیٰ نے خیبر کے قلعہ پر آپ ﷺ کو فتح دی تو آپ ﷺ کے سامنے صفیہ بنت حیی بن اخطب رضی اللہ عنہا کے جمال کا ذکر کیا گیا، ان کا شوہر (یہودی) لڑائی میں کام آ گیا تھا اور وہ ابھی دلہن ہی تھیں (اور چونکہ قبیلہ کے سردار کی لڑکی تھیں) اس لئے رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنے لئے منتخب فرمالیا۔ پھر آنحضور ﷺ انہیں ساتھ لے کر وہاں سے چلے، جب ہم سدالصہباء پر پہنچے تو وہ حیض سے پاک ہوئیں تو آپ ﷺ نے ان سے خلوت کی۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے حیس (کھجور، پنیر اور گھی سے تیار کیا ہوا ایک کھانا) تیار کرا کر ایک چھوٹے سے دسترخوان پر رکھوایا اور فرمایا کہ اپنے آس پاس کے لوگوں کو بتا دو (کہ آنحضور ﷺ نے ولیمہ کیا ہے) اور یہی حضور اکرم ﷺ کا صفیہؓ کے ساتھ نکاح کا ولیمہ تھا۔ آخر ہم مدینہ کی طرف چلے۔ انسؓ

فرمائیے۔

(۱۵۱) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُوالرَّبِیْعِ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ زَکَرِیَّآءَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ مُوَرِّقِ نِ الْعَجْلِیِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْثَرُنَا ظِلًّا نِ الَّذِیْ یَسْتَظِلُّ بِکِسَائِهٖ وَاَمَّا الَّذِیْنَ صَامُوْا فَلَمْ یَعْمَلُوْا شَیْئًا وَّاَمَّا الَّذِیْنَ اَفْطَرُوْا فَبَعَثُوا الرِّکَابَ وَامْتَهَنُوْا وَعَالَجُوْا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْیَوْمَ بِالْاَجْرِ

۱۵۱۔ ہم سے سلیمان بن داؤد ابوالربیع نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن زکریا نے، ان سے عاصم نے حدیث بیان کی، ان سے مورق عجلی نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ (ایک سفر میں) تھے (بعض صحابہؓ روزے سے تھے اور بعض نے روزہ نہیں رکھا تھا) ہم میں زیادہ بہتر سایہ میں وہ شخص تھا جس نے اپنے کپڑے سے سایہ کر رکھا تھا۔ (کیونکہ بعض حضرات سورج کی تپش سے بچنے کے لئے صرف اپنے ہاتھ سے اپنے اوپر سایہ کئے ہوئے تھے) لیکن جو حضرات روزے سے تھے وہ کوئی کام نہ کر سکے تھے (تھکن اور کمزوری کی وجہ سے) اور جن حضرات نے روزہ نہیں رکھا تھا تو وہ اپنے اونٹ (پانی میں لے گئے اور روزہ داروں کی) خوب خوب خدمت بھی کی اور (دوسرے تمام کام کئے) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ آج اجر و ثواب کو روزہ نہ رکھنے والے لے گئے۔ (1)

باب ۱۱۶. فَضْلِ مَنْ حَمَلَ مَتَاعَ صَاحِبِهٖ فِی السَّفَرِ

۱۱۶۔ اس شخص کی فضیلت جس نے سفر میں اپنے ساتھی کا سامان اٹھایا۔

(۱۵۲) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ کُلُّ سُلَامٰی عَلَیْهِ صَدَقَةٌ کُلَّ یَوْمٍ یُعِیْنُ الرَّجُلَ فِیْ دَآبَّتِهٖ یُحَامِلُهٗ عَلَیْهَا اَوْ یَرْفَعُ عَلَیْهَا مَتَاعَهٗ صَدَقَةٌ وَالْکَلِمَةُ الطَّیِّبَةُ وَکُلُّ خُطْوَةٍ یَّمْشِیْهَا اِلَی الصَّلٰوةِ صَدَقَةٌ وَدَلُّ الطَّرِیْقِ صَدَقَةٌ

۱۵۲۔ ہم سے اسحٰق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے، ان سے ہمام نے، ان سے ابوہریرہؓ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا روزانہ انسان کے ایک ایک جوڑ پر صدقہ واجب ہے، اگر کوئی شخص کسی کی سواری میں مدد کرتا ہے کہ اس کی سواری پر سوار کر دے یا اس کا سامان اس پر اٹھا کر رکھ دے تو یہ بھی صدقہ ہے۔ اچھا اور پاک کلمہ بھی (زبان سے نکالنا) صدقہ ہے، ہر قدم جو نماز کے لئے اٹھتا ہے وہ بھی صدقہ ہے اور کسی مسافر کو راستہ بتا دینا بھی صدقہ ہے۔

باب ۱۱۷. فَضْلِ رِبَاطِ یَوْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی : یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا اِلٰی اٰخِرِ

۱۱۷۔ اللہ کے راستے میں دشمن سے ملی ہوئی سرحد پر ایک دن پہرے کی فضیلت۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اے ایمان والو! صبر سے کام لو'' آخر

---

(1) مصنفؒ اس غزوہ میں غازیوں کی خدمت میں فضیلت بتانا چاہتے ہیں، کیونکہ حدیث میں اسی طبقہ کو سراہا گیا ہے اور اجر و ثواب کا زیادہ مستحق قرار دیا گیا ہے جنہوں نے غازیوں کی خدمت کی تھی، حالانکہ انہوں نے روزہ نہیں رکھا تھا۔ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ روزہ اگرچہ خیر محض ہے اور مخصوص و مقبول عبادت ہے، پھر بھی سفر وغیرہ میں ایسے مواقع پر جب کہ اس کی وجہ سے دوسرے اہم کام رک جانے کا خطرہ ہو تو روزہ نہ رکھنا افضل ہے، جو واقعہ خدمت میں ہے اس میں بھی یہی صورت پیش آئی تھی کہ جو لوگ روزے سے تھے وہ کوئی کام تھکن کی وجہ سے نہ کر سکے، لیکن بے روزہ داروں نے پوری تندہی سے تمام خدمات انجام دیں، اس لئے ان کا [illegible] بڑھ گیا۔ اسلام میں عبادت کا نظام انسان کی فطرت کے مطابق اور نہایت معقول طریقہ پر قائم ہے۔ دین نے فرائض و واجبات میں مدارج قائم کئے ہیں اور [illegible] پوری طرح جو لحاظ رکھے گا، اللہ کے نزدیک اس کی عبادت اسی درجہ مقبول ہوگی۔ حدیث میں اسی لئے کہا گیا ہے کہ روزہ نہ رکھنے والے آج اجر و ثواب [illegible] نے ایک اہم عبادت چھوڑ دی تھی، لیکن اس سے زیادہ اہم عبادت کی خاطر، اس لئے ثواب کے بھی زیادہ مستحق ہوئے۔

تَعْسًا كَانَّه' يَقُوْلُ فَاَتْعَسَهُمُ اللّٰهُ طُوْبٰى فُعْلٰى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ طَيِّبٍ وَّهِيَ يَآءٌ حُوِّلَتْ اِلَى الْوَاوِوَهِيَ مِنْ يَّطِيْبُ

تندہی سے لگا رہے اور اگر لشکر کے پیچھے (دیکھ بھال کے لئے) لگا دیا جائے تو اس میں بھی پوری تندہی اور فرض شناسی سے لگا رہے (ویسے خواہ عام دنیاوی زندگی میں اس کی کوئی اہمیت بھی نہ ہو کہ) اگر وہ کسی سے (ملاقات وغیرہ کی اجازت چاہے تو اسے اجازت بھی نہ ملے اور اگر کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش بھی قبول نہ کی جائے۔ ابوعبداللہ (امام بخاریؒ) نے کہا کہ اسرائیل اور محمد بن حجادہ نے ابوحسین کے واسطہ سے یہ روایت مرفوعاً نہیں بیان کی ہے اور کہا کہ (قرآن مجید میں) تعساً گویا یوں کہنا چاہئے کہ ''فاتعسہم اللہ (اللہ انہیں ہلاک کرے) طوبےٰ فعلی کے وزن پر ہے۔ ہر اچھی اور طیب چیز کے لئے۔ واؤ اصل میں یا تھا (طیبی) پھر ''یا'' کو واؤ سے بدل دیا گیا اور یہ یطیب سے مشتق ہے۔

باب ۱۱۵. فَضْلِ الْخِدْمَةِ فِي الْغَزْوِ

۱۱۵۔ غزوہ میں خدمت کی فضیلت۔

(۱۴۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَحِبْتُ جَرِيْرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ فَكَانَ يَخْدُمُنِيْ وَهُوَ اَكْبَرُ مِنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَرِيْرٌ اِنِّيْ رَاَيْتُ الْاَنْصَارَ يَصْنَعُوْنَ شَيْئًا لَّا اَجِدُ اَحَدًا مِّنْهُمْ اِلَّا اَكْرَمْتُه'

۱۴۹۔ ہم سے عبداللہ بن عرعرہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن عبید نے، ان سے ثابت بنانی نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا تو وہ میری خدمت کرتے تھے، حالانکہ وہ انس رضی اللہ عنہ سے بڑے تھے۔ جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے انصار کو ایک ایسا کام کرتے دیکھا (رسول اللہ ﷺ کی خدمت) کہ جب بھی ان میں سے کوئی مجھے ملتا ہے تو میں اس کی تعظیم و اکرام کرتا ہوں۔

(۱۵۰) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ اَبِيْ عَمْرٍومَّوْلَى الْمُطَّلِبِ بْنِ حَنْطَبٍ اَنَّه' سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَّقُوْلُ خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَيْبَرَ اَخْدِمُه' فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاجِعًا وَبَدَا لَه' اُحُدٌ قَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّه' ثُمَّ اَشَا رَبِيَدِهٖ اِلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحَرِّمُ مَابَيْنَ لَابَتَيْهَا كَتَحْرِيْمِ اِبْرَاهِيْمَ مَكَّةَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا

۱۵۱۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، اس سے مطلب بن حنطب کے مولی عمرو بن ابی عمرو نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر (غزوہ کے موقعہ پر) گیا، میں آپ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ پھر جب حضور اکرم ﷺ واپس ہوئے اور احد پہاڑ دکھائی دیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ پہاڑ ہے جس سے ہم محبت کرتے ہیں اور وہ ہم سے محبت کرتا ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مدینہ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا، اے اللہ میں اس کے دونوں پتھریلے میدانوں کے درمیان کے خطے کو باحرمت قرار دیتا ہوں (اللہ کے حکم سے) جس طرح ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو باحرمت شہر قرار دیا تھا، اے اللہ! ہمارے صاع اور ہمارے مد میں برکت عطا

شہیدوں کو مدینہ منتقل کرتے تھے۔

باب ۱۱۳. نَزْعِ السَّهْمِ مِنَ الْبَدَنِ

۱۱۳۔ جسم سے تیر کھینچ کر نکالنا۔

(۱۴۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى قَالَ رُمِىَ اَبُوْعَامِرٍ فِىْ رُكْبَتِهٖ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ قَالَ انْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ فَنَزَعْتُه' فَنَزَامِنْهُ الْمَاءُ فَدَخَلْتُ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُه' فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ اَبِىْ عَامِرٍ

۱۴۶۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے ابوعامر کے گھٹنے میں تیر لگا تو میں ان کے پاس پہنچا، انہوں نے فرمایا کہ اس تیر کو کھینچ کر نکال لو، میں نے کھینچ لیا تو اس میں سے خون بہنے لگا۔ پھر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ کو واقعہ کی اطلاع دی تو آپ ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی، اے اللہ! عبید ابوعامر کی مغفرت فرمائیے۔

باب ۱۱۴. اَلْحِرَاسَةِ فِى الْغَزْوِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۱۱۴۔ اللہ کے راستے میں غزوہ میں پہرہ دینا۔

(۱۴۷) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَبِيْعَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهِرَ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ قَالَ لَيْتَ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِىْ صَالِحًا يَّحْرُسُنِى اللَّيْلَةَ اِذْ سَمِعْنَا صَوْتَ سِلَاحٍ فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقَالَ اَنَا سَعْدُ بْنُ اَبِىْ وَقَّاصٍ جِئْتُ لِاَحْرُسَكَ وَنَامَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۷۔ ہم سے اسمٰعیل بن خلیل نے حدیث بیان کی، انہیں علی بن مسہر نے خبر دی، انہیں یحییٰ بن سعید نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن ربیعہ بن عامر نے خبر دی، کہا کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا، آپ بیان کرتی تھیں کہ نبی کریم ﷺ نے (ایک رات) بیداری میں گذاری، مدینہ پہنچنے کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا، کاش میرے اصحاب میں سے کوئی صالح ایسا آ تا جو رات میں ہمارا پہرہ دیتا (ابھی یہی باتیں ہو رہی تھیں) کہ ہم نے ہتھیار کی جھنکار سنی، حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ کون صاحب ہیں؟ (آنے والے نے کہا، میں ہوں، سعد بن ابی وقاص) آپ کا پہرہ دینے کے لئے تیار ہوں، پھر نبی کریم ﷺ سوئے۔

(۱۴۸) حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا اَبُوْبَكْرٍ عَنْ اَبِىْ حُصَيْنٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ وَعَبْدُ الْقَطِيْفَةِ وَعَبْدُ الْخَمِيْصَةِ اِنْ اُعْطِىَ رَضِىَ وَاِنْ لَّمْ يُعْطَ سَخِطَ تَعِسَ وَانْتَكَسَ وَاِذَا شِيْكَ فَلَا انْتَقَشَ طُوْبٰى لِعَبْدٍ اٰخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَشْعَثَ رَاْسُه' مُغْبَرَّةٍ قَدَمَاهُ اِنْ كَانَ فِى الْحِرَاسَةِ كَانَ فِى الْحِرَاسَةِ وَاِنْ كَانَ فِى السَّاقَةِ كَانَ فِى السَّاقَةِ اِنِ اسْتَاْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَه' وَاِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ لَمْ يَرْفَعْهُ اِسْرَآئِيْلُ وَمُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ اَبِىْ حُصَيْنٍ وَقَالَ

۱۴۸۔ ہم سے یحییٰ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں ابوبکر نے خبر دی، انہیں ابوحصین نے، انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، دینار کا غلام، درہم کا غلام، قطیفہ (جھوردار چادر) کا غلام، خمیصہ (سیاہ زمین کا نقشین کپڑا) کا غلام ہلاک ہوا کہ اگر اسے کچھ دے دیا جاتا ہے تو خوش ہو جاتا ہے اور اگر نہیں دیا جاتا تو ناراض ہو جاتا ہے، ایسا شخص ہلاک اور برباد ہوا اور اسے جو کانٹا چبھ گیا وہ نہیں نکلا، ایسے بندے کے لئے بشارت ہو جو اللہ کے راستے میں (غزوہ کے موقعہ پر) اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہے (لڑائی اور سخت جدوجہد کی وجہ سے) اس کے سر کے بال پراگندہ ہیں اور اس کے قدم گرد و غبار سے اٹے ہوئے ہیں۔ اگر اسے (مقدمۃ الجیش کے طور پر) پاسبانی اور پہرے پر لگا دیا جائے تو وہ اپنے اس کام میں بھی پوری

جا رہی تھیں۔ اور ابو معمر کے علاوہ (جعفر بن مہران) نے بیان کیا کہ مشکیزے کو اپنی پشت پر ادھر سے ادھر لئے پھرتی تھیں اور قوم کو اس سے پانی پلاتی تھیں، پھر واپس آتی تھیں اور مشکیزوں کو بھر کر لے جاتی تھیں اور قوم کو پلاتی تھیں۔

باب ۱۱۰. حَمْلِ النِّسَآءِ الْقِرَبَ اِلَى النَّاسِ فِي الْغَزْوِ

(۱۴۳) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ثَعْلَبَةُ بْنُ اَبِيْ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ قَسَمَ مُرُوْطًا بَيْنَ نِسَآءٍ مِّنْ نِّسَآءِ الْمَدِيْنَةِ فَبَقِيَ مِرْطٌ جَيِّدٌ فَقَالَ لَه' بَعْضُ مَنْ عِنْدَه' يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ اَعْطِ هٰذَا ابْنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ عِنْدَكَ يُرِيْدُوْنَ اُمَّ كُلْثُوْمِ بِنْتَ عَلِيٍّ فَقَالَ عُمَرُ اُمُّ سُلَيْطٍ اَحَقُّ وَاُمُّ سُلَيْطٍ مِّنْ نِّسَآءِ الْاَنْصَارِ مِمَّنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ فَاِنَّهَا كَانَتْ تَزْفِرُ لَنَا الْقِرَبَ يَوْمَ اُحُدٍ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ تَزْفِرُ تَخِيْطُ

۱۱۰۔ غزوہ میں عورتوں کا مردوں کے پاس مشکیزہ اٹھا کے لے جانا۔

۱۴۳۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے، ان سے ثعلبہ بن ابی مالک نے کہا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مدینہ کی خواتین میں کچھ چادریں تقسیم کیں، ایک نئی چادر بچ گئی تو بعض حضرات نے جو آپ کے پاس ہی تھے کہا، یاامیر المومنین! یہ چادر رسول اللہ ﷺ کی نواسی کو دے دیجئے جو آپ کے گھر میں ہیں، ان کی مراد (آپ کی بیوی) ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا سے تھی، لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ ام سلیط رضی اللہ عنہا اس کی زیادہ مستحق ہیں۔ یہ ام سلیط رضی اللہ عنہا ان انصار خواتین میں سے تھیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ احد کی لڑائی کے موقعہ پر ہمارے لئے مشکیزے (پانی کے) اٹھا کر لاتی تھیں۔ ابوعبداللہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ) نے کہا کہ (حدیث میں) ''تزفر'' سینے کے معنی میں ہے۔ ❶

باب ۱۱۱. مُدَاوَاةِ النِّسَآءِ الْجَرْحٰى فِي الْغَزْوِ

(۱۴۴) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَسْقِيْ وَنُدَاوِي الْجَرْحٰى وَنَرُدُّالْقَتْلٰى اِلَى الْمَدِيْنَةِ

۱۱۱۔ عورتوں کا غزوے میں زخمیوں کی مرہم پٹی کرنا۔

۱۴۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن ذکوان نے حدیث بیان کی، ان سے ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ (غزوہ میں) شریک ہوئے تھے (مسلمان) زخمیوں کو پانی پلاتے تھے اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرتے تھے اور جو لوگ شہید ہو جاتے ان کو مدینہ اٹھا کر لاتے تھے۔

باب ۱۱۲. رَدِّالنِّسَآءِ الْجَرْحٰى وَالْقَتْلٰى

(۱۴۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ خَالِدِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَسْقِي الْقَوْمَ وَنَخْدِمُهُمْ وَنَرُدُّ الْجَرْحٰى وَالْقَتْلٰى اِلَى الْمَدِيْنَةِ

۱۱۲۔ زخمیوں اور شہیدوں کو عورتیں منتقل کرتی ہیں۔

۱۴۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن ذکوان نے اور ان سے ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوے میں شریک ہوتے تھے، مسلمانوں کو پانی پلاتے، ان کی خدمت کرتے اور زخمیوں اور

❶ محدثین نے لکھا ہے کہ تزفر کے معنی تخیط (سینا) سے کرنا سہو ہے۔ اس کے اصل معنی اٹھانے کے ہیں۔ ''تزفر'' بمعنی تحمل۔

ہے۔ انسؓ نے بیان کیا کہ آپ عبادہ بن صامتؓ کے نکاح میں تھیں اور بنت قرظہ (معاویہؓ) کی بیوی کے ساتھ انہوں نے دریا کا سفر ❶ کیا۔ پھر جب واپس ہوئیں اور اپنی سواری پر چڑھیں تو اس نے انہیں زمین پر گرادیا، آپ سواری سے گر گئیں اور (اسی میں) آپ کی وفات ہوئی۔ رضی اللہ عنہا۔

باب ۱۰۸. حَمْلِ الرَّجُلِ امْرَاَتَه، فِی الْغَزْوِدُوْنَ بَعْضِ نِسَآئِهٖ

۱۰۸۔ غزوہ میں کوئی اپنے ساتھ اپنی کسی بیوی کو لے جاتا ہے اور کسی کو نہیں لے جاتا۔

(۱۴۱) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِیُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ وَّعُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ حَدِيْثِ عَآئِشَةَ كُلٌّ حَدَّثَنِیْ طَآئِفَةً مِنَ الْحَدِيْثِ قَالَتْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَا دَاَنْ يَّخْرُجَ اَقْرَعَ بَيْنَ نِسَآءِهٖ فَاَيَّتُهُنَّ يَخْرُجُ سَهْمُهَاخَرَجَ بِهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْرَعَ بَيْنَنَا فِیْ غَزْوَةٍغَزَاهَا فَخَرَجَ فِيْهَا سَهْمِیْ فَخَرَجْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَآ اُنْزِلَ الْحِجَابُ

۱۴۱۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن عمر نمیری نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے سنا، کہا کہ میں نے عروہ بن زبیر، سعید بن مسیب، علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ سے عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سنی، یہ تمام حضرات ان کی حدیث کا کوئی ایک حصہ بیان کرتے تھے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ باہر تشریف لے جانا چاہتے (جہاد کے لئے) تو اپنی ازواج میں قرعہ ڈالتے تھے اور جس کا نام نکل آتا تھا انہیں آنحضور ﷺ ساتھ لے جاتے تھے۔ ایک غزوہ کے موقعہ پر آپ ﷺ نے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو اس مرتبہ میرا نام آیا اور میں آنحضور ﷺ کے ساتھ گئی۔ یہ پردہ نازل ہونے کے بعد کا واقعہ ہے۔

باب ۱۰۹. غَزْوِ النِّسَآءِ وَ قِتَا لِهِنَّ مَعَ الرِّجَالِ

۱۰۹۔ عورتوں کا غزوہ اور مردوں کے ساتھ قتال میں شرکت۔

(۱۴۲) حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلَقَدْ رَاَيْتُ عَآئِشَةَ بِنْتَ اَبِیْ بَكْرٍوَّاُمَّ سُلَيْمٍ وَّاِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ اَرٰی خَدَمَ سُوْقِهِمَا تُنْقِزَانِ الْقِرَبَ وَقَالَ غَيْرُهٗ تَنْقُلَانِ الْقِرَبَ عَلٰی مُتُوْنِهِمَا ثُمَّ تُفْرِغَانِهٖ فِیْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَاٰنِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهَا فِیْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ

۱۴۲۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ احد کی لڑائی کے موقعہ پر مسلمان نبی کریم ﷺ کے پاس سے منتشر ہوگئے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عائشہ بنت ابی بکر اور ام سلیم (انسؓ کی والدہ) رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ یہ اپنا ازار سمیٹے ہوئے تھیں، جس کی وجہ سے ان کی پنڈلی بھی نظر آرہی تھی جیسا کہ کسی کام کو مستعدی کے ساتھ کرنے کے لئے کیا جاتا ہے) اور (تیز چلنے کی وجہ سے) مشکیزے چھلکاتی ہوئی

❶ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں سب سے پہلا سمندری بیڑہ حضرت معاویہؓ نے امیر المؤمنین کی اجازت سے تیار کیا اور قبرص پر چڑھائی کی۔ یہ مسلمانوں کی سب سے پہلی بحری جنگ تھی، جس میں ام حرام رضی اللہ عنہا شریک ہوئیں اور شہادت بھی پائی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیوی کا نام فاختہ تھا اور وہ بھی آپ کے ساتھ اس غزوے میں شریک تھیں۔

(۱۳۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُعٰوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ عَآئِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ اسْتَأْذَنْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ جِهَادُ كُنَّ الْحَجُّ وَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ مُعٰوِيَةَ بِهٰذَا

۱۳۸۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں معاویہ بن اسحاق نے، انہیں عائشہ بنت طلحہ نے اور ان سے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے جہاد کی اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا جہاد حج ہے اور عبداللہ بن ولید نے بیان کیا کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی اور ان سے معاویہؒ نے یہی حدیث بیان کی۔

(۱۳۹) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ مُعٰوِيَةَ بِهٰذَا وَعَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَهٗ نِسَآءُهٗ عَنِ الْجِهَادِ فَقَالَ نِعْمَ الْجِهَادُ الْحَجُّ

۱۳۹۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی اور ان سے معاویہ نے یہی حدیث بیان کی، اور حبیب بن عمرہ کی روایت جو عائشہ بنت طلحہ سے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے ہے (اس میں ہے کہ) نبی کریم ﷺ سے آپ کی ازواج مطہرات نے جہاد کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ حج کتنا عمدہ جہاد ہے۔

باب ۱۰۷. غَزْوِ الْمَرْاَةِ فِي الْبَحْرِ

۱۰۷۔ بحری غزوے میں عورتوں کی شرکت۔

(۱۴۰) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنَةِ مِلْحَانَ فَاتَّكَاَ عِنْدَهَا ثُمَّ ضَحِكَ فَقَالَتْ لِمَ تَضْحَكُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِيْ يَرْكَبُوْنَ الْبَحْرَ الْاَخْضَرَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَثَلُهُمْ مَثَلُ الْمُلُوْكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا مِنْهُمْ ثُمَّ عَادَ فَضَحِكَ فَقَالَتْ لَهٗ مِثْلَ اَوْمِمَّ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهَا مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَتْ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ قَالَ اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَلَسْتِ مِنَ الْاٰخِرِيْنَ قَالَ اَنَسٌ فَتَزَوَّجَتْ عُبَادَةَ بْنَ صَامِتٍ فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ مَعَ بِنْتِ قَرَظَةَ فَلَمَّا قَفَلَتْ رَكِبَتْ دَآبَّتَهَا فَوَقَصَتْ بِهَا فَسَقَطَتْ عَنْهَا فَمَاتَتْ

۱۴۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن عبدالرحمٰن انصاری نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے یہاں (جو آپ ﷺ کی عزیز تھیں) تشریف لے گئے اور ان کے یہاں لیٹ گئے، پھر آپ اٹھے تو مسکرا رہے تھے۔ انہوں نے پوچھا، یارسول اللہ! آپ کیوں ہنس رہے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے جواب دیا کہ میری امت کے کچھ لوگ اللہ کے راستے میں (جہاد کے لئے) بحر اخضر پر سوار ہوں گے۔ ان کی مثال (دنیا اور آخرت میں) تخت پر بیٹھے ہوئے بادشاہوں کی سی ہے۔ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا کر دیجئے کہ اللہ مجھے بھی ان میں سے کردے۔ حضور اکرم ﷺ نے دعا فرمائی کہ اے اللہ! انہیں بھی ان لوگوں میں کر دے۔ پھر دوبارہ آپ ﷺ لیٹے اور اٹھے تو مسکرا رہے تھے۔ انہوں نے اس مرتبہ بھی آپ ﷺ سے وہی سوال کیا اور حضور اکرم ﷺ نے بھی سابقہ وجہ بتائی۔ انہوں نے پھر عرض کیا۔ آپ دعا کر دیجئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان میں سے کردے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تم سب سے پہلے لشکر میں شریک ہوگی۔ (بحری غزوے کے) اور یہ کہ بعد والوں میں تمہاری شرکت نہیں

فَشَقَّ ذٰلِکَ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ حَتّٰی عَرَفَه' فَقَالَ حَقٌّ عَلَی اللّٰهِ اَنْ لَّایَرْتَفِعَ شَیْءٌ مِّنَ الدُّنْیَا اِلَّاوَضَعَه' طَوَّلَه' مُوْسٰی عَنْ حَمَّادٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم

(شک کے ساتھ) کوئی اونٹنی اس سے آگے نہیں بڑھ سکتی تھی۔ پھر ایک اعرابی ایک نوجوان اور قوی اونٹنی پر سوار ہو کر آئے اور حضور اکرم ﷺ کی اونٹنی سے ان کا اونٹ آگے نکل گیا۔ مسلمانوں پر یہ بڑا شاق گذرا، لیکن جب حضور اکرم ﷺ کو اس کا علم ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ دنیا میں جو چیز بھی بلند ہوتی ہے وہ گراتا ہے۔ موسیٰ نے حماد کے واسطہ سے اس کی روایت تفصیل کے ساتھ کی ہے۔ حماد نے ثابت سے، انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

باب ۱۰۵. بَغْلَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْبَیْضَآءِ قَالَه' اَنَسٌ وَّقَالَ اَبُوْحُمَیْدٍ اَهْدٰی مَلِکُ اَیْلَةَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَیْضَآءَ

۱۰۵۔ نبی کریم ﷺ کا سفید خچر۔ اس کی روایت انسؓ نے کی ہے۔ ابوحمید نے بیان کیا کہ ایلہ کے فرمانروا نے نبی کریم ﷺ کو ایک سفید خچر ہدیہ میں بھجوایا تھا۔

(۱۳۶) حَدَّثَنَا عَمْرُوبْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْاِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ قَالَ مَاتَرَکَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَیْضَآءَ وَسَلَاحَه' وَاَرْضًا تَرَکَهَا صَدَقَةً

۱۳۶۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے (وفات کے بعد) سوا (اپنے سفید خچر، اپنے ہتھیار اور اس زمین کے) جو آپ ﷺ نے صدقہ کر دی تھی اور کوئی چیز نہیں چھوڑی تھی۔

(۱۳۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ سُفْیٰنَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَه' رَجُلٌ یَا اَبَاعُمَارَةَ وَلَّیْتُمْ یَوْمَ حنین قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَاوَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلٰکِنْ وَلّٰی سَرْعَانُ النَّاسِ فَلَقِیَهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی بَغْلَتِهِ الْبَیْضَآءِ وَاَبُوْسُفْیَانَ بْنُ الْحَارِثِ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَنَا النَّبِیُّ لَاکَذِبْ اَنَا بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

۱۳۷۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے بیان کیا کہ مجھ سے اسحٰق نے حدیث بیان کی براء رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کہ ان سے ایک شخص نے پوچھا، اے ابوعمارہ! کیا آپ لوگوں نے (مسلمانوں کے لشکر نے) حنین کی لڑائی میں پشت پھیری تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ نہیں، خدا گواہ ہے نبی کریم ﷺ نے (جو اسلامی لشکر کی قیادت فرما رہے تھے) پشت نہیں پھیری تھی۔ البتہ جلد باز لوگ (میدان سے) بھاگ پڑے تھے۔ قبیلہ ہوازن نے ان پر تیر برسانے شروع کر دیئے تھے (اور اس کی تاب نہ لا کر بعض لوگ میدان سے بھاگ گئے تھے) لیکن نبی کریم ﷺ اپنے سفید خچر پر سوار (اپنی جگہ کھڑے تھے) اور ابوسفیان بن حارث اس کی لگام تھامے ہوئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ فرما رہے تھے کہ میں نبی ہوں، اس میں جھوٹ کا کوئی شائبہ نہیں۔ میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں۔

باب ۱۰۶. جِهَادِ النِّسَآءِ

۱۰۶۔ عورتوں کا جہاد۔

سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضَمَّرْ وَكَانَ أَمَدُهَا مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَأَنَّ عَبْدَاللهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ سَابَقَ بِهَا قَالَ أَبُوعَبْدِاللهِ أَمَدًا غَايَةً فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ

نبی کریم ﷺ نے ان گھوڑوں کی دوڑ کرائی تھی جنہیں تیار نہیں کیا گیا تھا اور دوڑ کی حد ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک رکھی تھی اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بھی دوڑ میں شرکت کی تھی۔ ابوعبداللہ نے کہا کہ امداً (حدیث میں) حد کے معنی میں ہے (قرآن مجید میں ہے) فطال علیہم الامد (اور اسی معنی میں ہے)۔

باب ۱۰۳ . غَايَةِ السَّبْقِ لِلْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ

۱۰۳۔ تیار کئے ہوئے گھوڑوں کی دوڑ کی حد۔

(۱۳۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَابَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي قَدْ أُضْمِرَتْ فَأَرْسَلَهَا مِنَ الْحَفْيَاءِ وَكَانَ أَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ فَقُلْتُ لِمُوسَى فَكَمْ كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَالَ سِتَّةُ أَمْيَالٍ أَوْسَبْعَةٌ وَسَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضَمَّرْ فَأَرْسَلَهَا مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَكَانَ أَمَدُهَا مَسْجِدَ بَنِي زُرَيْقٍ قُلْتُ فَكَمْ بَيْنَ ذٰلِكَ قَالَ مِيلٌ أَوْنَحْوُهُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ مِمَّنْ سَابَقَ فِيهَا

۱۳۳۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی۔ ان سے معاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ان گھوڑوں کی دوڑ کرائی تھی جنہیں تیار کیا گیا تھا۔ دوڑ مقام حفیاء سے شروع کرائی تھی اور ثنیۃ الوداع اس کی حد تھی (ابواسحاق نے بیان کیا کہ) میں نے ابوموسیٰ سے پوچھا، اس کا فاصلہ کتنا تھا تو انہوں نے بتایا کہ چھ یا سات میل اور آنحضور ﷺ نے ان گھوڑوں کی دوڑ بھی کرائی تھی جنہیں تیار نہیں کیا گیا تھا۔ ایسے گھوڑوں کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے شروع ہوئی تھی اور حد مسجد بنی زریق تھی۔ میں نے پوچھا، اس میں کتنا فاصلہ ہے؟ انہوں نے کہا کہ تقریباً ایک میل۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی دوڑ میں سبقت کرنے والوں میں تھے۔

باب ۱۰۴ . نَاقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ أَرْدَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ عَلَى الْقَصْوَآءِ وَقَالَ الْمِسْوَرُقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاخَلَأَتِ الْقَصْوَآءُ

۱۰۴۔ نبی کریم ﷺ کی اونٹنی۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے اسامہ کو قصواء نامی (اونٹنی) پر اپنے پیچھے بٹھایا تھا۔ مسور بن مخرمہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قصواء نے سرکشی نہیں کی ہے۔

(۱۳۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ كَانَتْ نَاقَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهَا الْعَضْبَآءُ

۱۳۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی اونٹنی کا نام عضباء ❶ تھا۔

(۱۳۵) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةٌ تُسَمَّى الْعَضْبَآءَ لَاتُسْبَقُ قَالَ حُمَيْدٌ أَوْلَاتَكَادُ تُسْبَقُ فَجَآءَ أَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُودٍ فَسَبَقَهَا

۱۳۵۔ ہم سے مالک بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کی ایک اونٹنی تھی جس کا نام عضباء تھا، کوئی اونٹنی اس سے آگے نہیں بڑھتی تھی (یعنی چلنے میں بہت تیز تھی) حمید نے کہا یا

❶ علماء سیرت اس بارے میں متفق نہیں ہیں کہ قصواء، جدعاء اور عضباء یہ حضور اکرم ﷺ کی تین اونٹنیوں کے نام تھے یا اونٹنی صرف ایک تھی اور نام اس کے تین تھے۔ دونوں قول موجود ہیں۔

الْغَرْزِ وَاسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ قَائِمَةً اَهَلَّ مِنْ عِنْدِ مَسْجِدِ ذِى الْحُلَيْفَةَ

ناقہ آپ کو لے کر سیدھی اٹھ گئی تو آپ ﷺ نے مسجد ذوالحلیفہ کے پاس لبیک کہا (احرام باندھا)۔

باب ۹۹ . رُكُوبِ الْفَرَسِ الْعُرْىِ

۹۹۔ گھوڑے کی ننگی پشت پر سوار ہونا۔

(۱۲۹) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اِسْتَقْبَلَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَرَسٍ عُرْىٍ مَّا عَلَيْهِ سَرْجٌ فِىْ عُنُقِهٖ سَيْفٌ

۱۲۹۔ ہم سے عمرو بن عون نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے اور ان سے انس بن مالکؓ نے کہ نبی کریم ﷺ گھوڑے کی ننگی پشت پر جس پر زین نہیں تھی سوار ہو کر صحابہؓ سے آگے نکل گئے تھے۔ آنحضور ﷺ کی گردن مبارک میں تلوار لٹک رہی تھی۔

باب ۱۰۰ . الْفَرَسِ الْقَطُوْفِ

۱۰۰۔ سست رفتار گھوڑا۔

(۱۳۰) حَدَّثَنَا عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ فَزِعُوْا مَرَّةً فَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِّاَبِىْ طَلْحَةَ كَانَ يَقْطِفُ اَوْكَانَ فِيْهِ قِطَافٌ فَلَمَّا رَجَعَ قَالَ وَجَدْنَا فَرَسَكُمْ هٰذَا بَحْرًا فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ لَايُجَارٰى

۱۳۰۔ ہم سے عبدالاعلیٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ ایک مرتبہ (رات میں) اہل مدینہ کو خطرہ ہوا تو نبی کریم ﷺ، ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ایک گھوڑے پر سوار ہوئے، گھوڑا سست رفتار تھا (راوی نے کہا کہ) اس کی رفتار میں سستی تھی، پھر حضور اکرم ﷺ واپس ہوئے تو فرمایا کہ ہم نے تمہارے اس گھوڑے کو دریا پایا (بڑا ہی تیز رفتار تھا) چنانچہ اس کے بعد کوئی گھوڑا اس سے آگے نہیں نکل سکتا تھا۔

باب ۱۰۱ . السَّبْقِ بَيْنَ الْخَيْلِ

۱۰۱۔ گھوڑ دوڑ۔

(۱۳۱) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ اَجْرَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ضُمِّرَ مِنَ الْخَيْلِ مِنَ الْحَفْيَاءِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ وَاَجْرٰى مَالَمْ يُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَكُنْتُ فِيْمَنْ اَجْرٰى قَالَ عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُاللّٰهِ قَالَ سُفْيٰنُ بَيْنَ الْحَفْيَاءِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ خَمْسَةُ اَمْيَالٍ اَوْسِتَّةٌ وَّبَيْنَ ثَنِيَّةِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِىْ زُرَيْقٍ مِيْلٌ

۱۳۱۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے تیار کئے ہوئے گھوڑوں کی دوڑ مقام حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک کرائی تھی اور جو گھوڑے تیار نہیں کئے گئے تھے ان کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک کرائی تھی، ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ گھوڑا دوڑ میں شریک ہونے والوں میں، میں بھی تھا۔ عبداللہ نے بیان کیا کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، سفیان نے بیان کیا کہ حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک پانچ یا چھ میل کا فاصلہ ہے اور ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق صرف ایک میل کے فاصلہ پر ہے۔

باب ۱۰۲ . اِضْمَارِ الْخَيْلِ لِلسَّبْقِ

۱۰۲۔ گھوڑ دوڑ کے لئے گھوڑوں کو تیار کرنا۔

(۱۳۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۳۲۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے

عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِصَاحِبِهٖ سَهْمًا وَّ قَالَ مَالِكٌ يُسْهَمُ لِلْخَيْلِ وَالْبَرَاذِيْنِ مِنْهَا لِقَوْلِهٖ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَ الْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَلَا يُسْهَمُ لِاَكْثَرَ مِنْ فَرَسٍ

نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے (مال غنیمت سے) گھوڑے کے دو حصے لگائے تھے اور اس کے مالک کا ایک حصہ ❶ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ گھوڑے کا اور خصوصاً ترکی گھوڑے کا بھی حصہ لگایا جائے گا (مال غنیمت میں سے) اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی وجہ سے کہ ''اور گھوڑے، خچر اور گدھے ہم نے پیدا کئے) تاکہ تم ان کی سواری کرو۔'' اور (کسی ایک شخص کے لئے ایک گھوڑے سے زیادہ کا حصہ نہیں لگایا جائے گا۔

باب۹۷. مَنْ قَادَ دَابَّةَ غَيْرِهٖ فِي الْحَرْبِ

۹۷۔ لڑائی کے موقعہ پر جس کے ہاتھ میں کسی دوسرے کے گھوڑے کی لگام ہے۔

(۱۲۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَفَرَرْتُمْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ لٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَفِرَّ اِنَّ هَوَازِنَ كَانُوْا قَوْمًا رُمَاةً وَّاِنَّا لَمَّا لَقِيْنَا هُمْ حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ فَانْهَزَمُوْا فَاَقْبَلَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى الْغَنَائِمِ وَاسْتَقْبَلُوْنَا بِالسِّهَامِ فَاَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَفِرَّ فَلَقَدْ رَاَيْتُهٗ وَاِنَّهٗ لَعَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَاِنَّ اَبَاسُفْيَانَ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

۱۲۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سہل بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے ابو اسحاق نے کہ ایک شخص نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا حنین کی لڑائی کے موقعہ پر آپ لوگ رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے؟ براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا، لیکن رسول اللہ ﷺ فرار نہیں ہوئے تھے۔ ہوازن کے لوگ (جن سے اس لڑائی میں سابقہ تھا) بڑے تیر انداز تھے، جب ہمارا ان سے سامنا ہوا تو ہم نے حملہ کر کے انہیں شکست دے دی۔ پھر مسلمان غنیمت پر ٹوٹ پڑے اور دشمنوں نے تیروں کی ہم پر بارش شروع کر دی۔ پھر بھی رسول اللہ ﷺ اپنی جگہ سے نہیں ہٹے تھے۔ میرا خود مشاہدہ ہے کہ آپ ﷺ اپنے سفید خچر پر سوار تھے، ابوسفیان رضی اللہ عنہ اس کی لگام تھامے ہوئے تھے اور آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ ''میں نبی ہوں، اس میں جھوٹ کا کوئی شائبہ نہیں، میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں۔''

باب۹۸. الرِّكَابُ وَالْغَرْزُ لِلدَّابَّةِ

۹۸۔ جانور کا رکاب اور غرز۔ ❷

(۱۲۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اَدْخَلَ رِجْلَهٗ فِي

۱۲۸۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے جب پائے مبارک غرز (رکاب) میں ڈالا اور

---

❶ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ امام اگر مصلحت دیکھے تو ایسا کر سکتا ہے، ویسے یہ کوئی قاعدہ نہیں ہے، کیونکہ بہر حال گھوڑے کو انسان پر فضیلت دینے کی کوئی وجہ نہیں۔ بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مال غنیمت تقسیم کرتے وقت حضور اکرم ﷺ نے غازیوں کو دو طبقوں میں تقسیم کر دیا تھا، ایک وہ جن کے پاس گھوڑا تھا، انہیں تو آپ ﷺ نے دو حصے دیئے اور جو پیدل تھے، انہیں آپ نے صرف ایک حصہ دیا۔ ❷ غرز بھی رکاب ہی کو کہتے ہیں، فرق صرف اتنا ہے کہ رکاب اگر لوہے یا لکڑی کا ہو تو اسے رکاب کہتے ہیں لیکن اگر چمڑے کا ہو تو اسے غرز کہتے ہیں۔

فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِہٖ قَالَ اَبُوْ عَقِیْلٍ لَآ اَدْرِیْ غَزْوَۃً اَوْ عُمْرَۃً فَلَمَّا اَنْ اَقْبَلْنَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ یَّتَعَجَّلَ اِلٰی اَھْلِہٖ فَلْیُعَجِّلْ قَالَ جَابِرٌ فَاَقْبَلْنَا وَکُنَّا عَلٰی جَمَلٍ لِّیْ اَرْمَکَ لَیْسَ فِیْہِ شِیَۃٌ وَّالنَّاسُ خَلْفِیْ فَبَیْنَا اَنَا کَذٰلِکَ اِذْ قَامَ عَلَیَّ فَقَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاجَابِرُ اسْتَمْسِکْ فَضَرَبَہٗ بِسَوْطِہٖ ضَرْبَۃً فَوَثَبَ الْبَعِیْرُ مَکَانَہٗ فَقَالَ اَتَبِیْعُ الْجَمَلَ قُلْتُ نَعَمْ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِیْنَۃَ وَدَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ فِیْ طَوَائِفِ اَصْحَابِہٖ فَدَخَلْتُ اِلَیْہِ وَعَقَلْتُ الْجَمَلَ فِیْ نَاحِیَۃِ الْبَلَاطِ فَقُلْتُ لَہٗ ھٰذَا جَمَلُکَ فَخَرَجَ فَجَعَلَ یُطِیْفُ بِالْجَمَلِ وَیَقُوْلُ الْجَمَلُ جَمَلُنَا فَبَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَاقٍ مِّنْ ذَھَبٍ فَقَالَ اَعْطُوْھَا جَابِرًا ثُمَّ قَالَ اسْتَوْفَیْتَ الثَّمَنَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ الثَّمَنُ وَالْجَمَلُ لَکَ

بیان کیجئے، انہوں نے بیان کیا کہ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھا، ابوعقیل نے کہا کہ مجھے معلوم نہیں کہ (یہ سفر) غزوہ کے لئے تھا یا عمرہ کے لئے (واپس ہوتے ہوئے) جب (مدینہ منورہ) دکھائی دینے لگا تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے گھر جلدی جانا چاہے وہ جا سکتا ہے۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم پھر آگے بڑھے، میں اپنے ایک سیاہی مائل سرخ اونٹ پر سوار تھا۔ اونٹ بالکل بے عیب تھا۔ دوسرے لوگ میرے پیچھے تھے، میں اسی طرح چل رہا تھا کہ اونٹ رک گیا (تھک کر) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جابر! ٹھہر جاؤ، پھر آپ ﷺ نے اپنے کوڑے سے اونٹ کو مارا اور اونٹ اپنی جگہ سے اچھل پڑا، پھر آپ ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ اونٹ بیچو گے؟ میں نے کہا کہ ہاں، جب مدینہ پہنچے اور نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب کے ساتھ مسجد نبوی میں داخل ہوئے تو میں بھی آپ ﷺ کی خدمت میں پہنچا اور "بلاط" کے ایک کنارے میں نے اونٹ باندھ دیا اور حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا، یہ آپ ﷺ کا اونٹ ہے۔ پھر آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور اونٹ کو گھمانے لگے اور فرمایا کہ اونٹ تو ہمارا ہی ہے۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے چند اوقیے سونا مجھے دلوایا اور دریافت فرمایا، قیمت پوری مل گئی؟ میں نے عرض کیا، جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا، اب قیمت اور اونٹ (دونوں) تمہارے ہیں۔

باب ۹۵. الرُّکُوْبِ عَلَی الدَّآبَّۃِ الصَّعْبَۃِ وَالْفُحُوْلَۃِ مِنَ الْخَیْلِ وَقَالَ رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ کَانَ السَّلَفُ یَسْتَحِبُّوْنَ الْفُحُوْلَۃَ لِاَنَّھَا اَجْرٰی وَاَجْسَرُ

۹۵۔ سرکش جانور اور گھوڑے کی سواری۔ راشد بن سعد نے بیان کیا کہ سلف (نر) گھوڑے کی سواری پسند کرتے تھے، کیونکہ وہ دوڑتا بھی تیز ہے اور جری بھی بہت ہوتا ہے۔

(۱۲۵) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰہِ اَخْبَرَنَا شُعْبَۃُ عَنْ قَتَادَۃَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ کَانَ بِالْمَدِیْنَۃِ فَزَعٌ فَاسْتَعَارَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِّاَبِیْ طَلْحَۃَ یُقَالُ لَہٗ مَنْدُوْبٌ فَرَکِبَہٗ وَقَالَ مَارَاَیْنَا مِنْ فَزَعٍ وَّاِنْ وَّجَدْنَاہُ لَبَحْرًا

۱۲۵۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں قتادہ نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ مدینہ میں (ایک رات) کچھ خوف اور گھبراہٹ ہوئی (دشمن کے حملہ کے خطرہ کی وجہ سے) تو نبی کریم ﷺ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا ایک گھوڑا عاریۃً لیا۔ اس گھوڑے کا نام مندوب تھا۔ آپ ﷺ اس پر سوار ہوئے اور واپس آ کر فرمایا کہ خوف کی کوئی بات ہمیں محسوس نہیں ہوئی، البتہ یہ گھوڑا (جیسے) دریا ہے۔

باب ۹۶. سِھَامِ الْفَرَسِ

۹۶۔ گھوڑے کا حصہ۔

(۱۲۶) حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ اَبِیْ اُسَامَۃَ

۱۲۶۔ ہم سے عبیداللہ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ كَانَ الشُّؤْمُ فِي شَيْءٍ فَفِي الْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ وَالْمَسْكَنِ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اگر (نحوست) کسی چیز میں ہو سکتی تو عورت، گھوڑے اور گھر میں ہونی چاہئے تھی۔

باب ۹۳. اَلْخَيْلُ لِثَلٰثَةٍ وَّقَوْلُهٗ تَعَالٰى وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً

۹۳۔ گھوڑے کے مالک تین طرح کے ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور گھوڑے، خچر اور گدھے (اللہ تعالیٰ نے پیدا کئے) تا کہ تم ان پر سوار بھی ہوا کرو اور زینت بھی رہے۔''

(۱۲۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحِ السَّمَّانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْلُ لِثَلٰثَةٍ لِرَجُلٍ اَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَّ عَلٰى رَجُلٍ وِّزْرٌ فَاَمَّا الَّذِيْ لَهٗ اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَّبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَطَالَ فِيْ مَرْجٍ اَوْرَوْضَةٍ فَمَا اَصَابَتْ فِيْ طِيَلِهَا ذٰلِكَ مِنَ الْمَرْجِ اَوِالرَّوْضَةِ كَانَتْ لَهٗ حَسَنَاتٌ وَّلَوْاَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا اَوْشَرَفَيْنِ كَانَتْ اَرْوَاثُهَا وَاٰثَارُهَا حَسَنَاتٍ لَّهٗ وَلَوْ اَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهْرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ يُرِدْ اَنْ يَّسْقِيَهَا كَانَ ذٰلِكَ حَسَنَاتٍ لَّهٗ وَرَجُلٌ رَّبَطَهَا فَخْرًا وَّرِيَاءً وَّنِوَاءً لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ فَهِيَ وِزْرٌ عَلٰى ذٰلِكَ وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ فَقَالَ مَااُنْزِلَ عَلَيَّ فِيْهَا اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ

۱۲۳۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے صالح سمان نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، گھوڑے تین طرح کے لوگوں کی ملکیت میں ہوتے ہیں، بعض لوگوں کے لئے وہ باعث اجر وثواب ہیں اور بعضوں کے لئے پردہ ہیں اور بعضوں کے لئے وبال جان ہیں۔ جس کے لئے گھوڑا اجر وثواب کا باعث ہوتا ہے، یہ وہ شخص ہے جو اللہ کے راستے میں (استعمال کے لئے) اسے پالتا ہے، پھر جہاں خوب چری ہوتی ہے یا (یہ فرمایا کہ) کسی شاداب جگہ اس کی رسی کو خوب لمبی کر کے باندھتا ہے (تا کہ چاروں طرف سے چر سکے) تو گھوڑا اس کی چری کی جگہ سے یا اس شاداب جگہ سے اپنی رسی میں بندھا ہوا جو کچھ بھی کھاتا پیتا ہے، مالک کو اس کی وجہ سے حسنات ملتی ہے اور اگر وہ گھوڑا اپنی رسی توڑ کر ایک یا دو شوط بھاگ جائے تو اس کے بعد اور اس کے آثار قدم میں بھی مالک کے لئے حسنات ہیں اور اگر وہ گھوڑا کسی نہر سے گذرے اور اس میں پانی پی لے تو اگر چہ مالک نے پانی پلانے کا ارادہ نہ کیا ہو، پھر بھی اس سے حسنات ملتی ہیں۔ دوسرا شخص وہ ہے جو گھوڑا فخر دکھاوے اور اہل اسلام کی دشمنی میں باندھتا ہے تو یہ اس کے لئے وبال جان ہے اور رسول اللہ ﷺ سے گدھوں کے متعلق پوچھا گیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر اس جامع اور منفرد آیت کے سوا اس کے متعلق اور کچھ نازل نہیں ہوا ہے کہ ''جو کوئی بھی ایک ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا اس کا بدلہ پائے گا اور جو کوئی ایک ذرہ برابر بھی برائی کرے گا، اس کا بدلہ پائے گا۔''

باب ۹۴. مَنْ ضَرَبَ دَآبَّةَ غَيْرِهٖ فِي الْغَزْوِ

۹۴۔ جس نے غزوہ کے موقعہ پر دوسرے کے جانور کو مارا۔

(۱۲۴) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا اَبُوْعَقِيْلٍ حَدَّثَنَا اَبُوالْمُتَوَكِّلِ النَّاجِيُّ قَالَ اَتَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِيَّ فَقُلْتُ لَهٗ حَدِّثْنِيْ بِمَا سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَافَرْتُ مَعَهٗ

۱۲۴۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو المتوکل ناجی نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں جابر بن عبداللہ انصاریؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سنا ہے، ان میں سے مجھ سے بھی کوئی حدیث

حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبَادِ اَنْ يَّعْبُدُوْهُ وَلَايُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّحَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَّايُعَذِّبَ مَنْ لَّايُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اُبَشِّرُبِهِ النَّاسَ قَالَ لَاتُبَشِّرْهُمْ فَيَتَّكِلُوْا

نے عرض کیا، اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ کا حق اپنے بندوں پر یہ ہے کہ اس کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں اور بندوں کا حق اللہ پر یہ ہے کہ جو بندہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو اللہ اسے عذاب نہ دے۔ میں نے کہا، یارسول اللہ (ﷺ) کیا میں اس کی لوگوں کو بشارت نہ دے دوں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، لوگوں کو اس کی بشارت نہ دو ورنہ (غلط طریقہ پر) اعتماد کر بیٹھیں گے اور اعمال سے نفرت برتیں گے۔

(۱۲۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدُرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِيْنَةِ فَاسْتَعَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لَّنَا يُقَالُ لَهٗ مَنْدُوْبٌ فَقَالَ مَارَاَيْنَا مِنْ فَزَعٍ وَّ اِنْ وَّجَدْنَهٗ لَبَحْراً

۱۲۰۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے قتادہؓ سے سنا کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، رات کے وقت مدینہ میں کچھ خطرہ سا محسوس ہوا تو نبی کریم ﷺ نے ہمارا (ابوطلحہؓ کا جو آپ کے عزیز تھے) گھوڑا عاریۃً منگوایا۔ گھوڑے کا نام مندوب تھا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا کہ خطرہ تو ہم نے کوئی نہیں دیکھا، البتہ گھوڑا تو سمندر ہے۔

باب ۹۲ . مَايُذْكَرُ مِنْ شُؤْمِ الْفَرَسِ

۹۲۔ گھوڑے کی نحوست سے متعلق احادیث۔

(۱۲۱) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّمَا الشُّؤْمُ فِيْ ثَلٰثَةٍ فِي الْفَرَسِ وَالْمَرْاَةِ وَالدَّارِ

۱۲۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سالم بن عبداللہ نے خبر دی اور ان سے عبداللہ بن عمرؓ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ نحوست صرف تین چیزوں میں ہے۔ گھوڑے میں، عورت میں اور گھر میں۔ ❶

(۱۲۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْ حَازِمِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِيِّ

۱۲۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن ابی حازم بن دینار نے، ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے کہا

---

❶ عام طور سے احادیث میں انہی تین چیزوں کو منحوس بتایا گیا ہے۔ البتہ ام سلمہؓ کی ایک روایت میں تلوار میں بھی نحوست کا ذکر ہے۔ ان احادیث کے بعض طرق سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے صرف خبر کے طور پر یہ فرمایا تھا، انشاء یا کوئی حکم نہیں ہے۔ چنانچہ ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہؓ کے سامنے جب مذکورہ حدیث کا ذکر ہوا تو آپ نے اس پر ناگواری کا اظہار فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے تو صرف اتنا فرمایا تھا کہ جاہلیت کے زمانہ میں عام طور سے ان تین چیزوں میں نحوست سمجھی جاتی تھی۔ آپ ﷺ نے یہ ہرگز نہیں فرمایا تھا کہ اس میں کوئی واقعیت بھی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اسلام نے اصلاً ہر طرح کی بدشگونی اور نحوست کی نفی کردی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نحوست اور بدشگونی قطعاً لایعنی چیزیں ہیں۔ نحوست وغیرہ کا تصور خالص جاہلیت کی پیداوار تھا اور جب آپؐ نے خود نفی کردی تھی تو پھر اس کی ہمت افزائی کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ بعض محدثین نے لکھا ہے کہ اگر اسے خبر کی بجائے ایک حکم مان لیا جائے، پھر بھی اس سے مقصود جاہلیت کی نحوست نہیں ہے، بلکہ ان تینوں چیزوں میں نحوست کی تخصیص سے مقصود یہ ہے کہ یہ تینوں چیزیں یا بروایت ام سلمہؓ چوتھی تلوار، ہر شخص کی زندگی کے اہم عناصر ہیں اور پوری زندگی میں انسان کا ان سے سابقہ رہتا ہے، گھوڑا اور تلوار خاص طور سے عرب کی زندگی کے اہم عناصر تھے۔ اس لئے بعض اوقات کسی خاص شخص کو کوئی خاص چیز ناموافق بھی آجاتی ہے اور جب کوئی چیز موافق نہ آئے تو اسے ترک کردینا ہی بہتر ہوتا ہے۔ پس حدیث نحوست (شؤم) سے مراد صرف عدم موافقت و مطابقت ہی ہے۔ اس سے زیادہ نہیں اور ان تین چیزوں کا ذکر، ان کی اہمیت اور ضروریات زندگی میں سے ہونے کی وجہ سے کیا گیا ہے۔ مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ اس میں کبھی کبھی آدمی مبتلا ہوجاتا ہے۔

(۱۱۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ حَدَّثَنَا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اَبِیْ قَتَادَۃَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ خَرَجَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَخَلَّفَ اَبُوْقَتَادَۃَ مَعَ بَعْضِ اَصْحَابِہٖ وَھُمْ مُحْرِمُوْنَ وَھُوَ غَیْرُ مُحْرِمٍ فَرَاَوْا حِمَارًا وَحْشِیًّا قَبْلَ اَنْ یَّرَاہُ فَلَمَّا رَاَوْہُ تَرَکُوْہُ حَتّٰی رَاٰہُ اَبُوْقَتَادَۃَ فَرَکِبَ فَرَسًا لَّہٗ یُقَالُ لَہُ الْجَرَادَۃُ فَسَاَلَھُمْ اَنْ یُّنَاوِلُوْہُ سَوْطَہٗ فَاَبَوْا فَتَنَاوَلَہٗ فَحَمَلَ فَعَقَرَہٗ ثُمَّ اَکَلَ فَاَکَلُوْا فَنَدِمُوْا فَلَمَّا اَدْرَکُوْہُ قَالَ ھَلْ مَعَکُمْ مِّنْہُ شَیْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُہٗ فَاَخَذَھَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَکَلَھَا

۱۱۱۷۔ ہم سے محمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے، ان سے عبداللہ بن ابی قتادہ نے اور ان سے ان کے والد نے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ (صلح حدیبیہ کے موقعہ پر نکلے) ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ پیچھے رہ گئے تھے، ان کے دوسرے ساتھی تو محرم تھے (عمرہ کے لئے) لیکن انہوں نے خود احرام نہیں باندھا تھا، ان کے ساتھیوں نے ایک گورخر دیکھا، ابوقتادہؓ کی اس پر نظر پڑنے سے پہلے، ان حضرات کی نظر اگر چہ اس پر پڑی تھی لیکن انہوں نے اسے نظر انداز کر دیا تھا، لیکن ابوقتادہؓ اسے دیکھتے ہی اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے، ان کے گھوڑے کا نام جرادہ تھا، اس کے بعد انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ کوئی ان کا کوڑا اٹھا کر انہیں دے دے (جسے لئے بغیر وہ سوار ہو گئے تھے) ان لوگوں نے اس سے انکار کیا۔ محرم ہونے کی وجہ سے شکار میں کسی قسم کی بھی مدد نہیں پہنچانا چاہتے تھے۔ اس لئے انہوں نے خود ہی لے لیا اور گورخر پر حملہ کر کے اس کی کونچیں کاٹ دیں ذبح کرنے اور پکانے کے بعد انہوں نے خود بھی اس کا گوشت کھایا اور دوسرے ساتھیوں نے بھی۔ پھر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ جب یہ لوگ آپ کے ساتھ ہوئے (اور واقعہ کا ذکر کیا) تو حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا اس کا گوشت تمہارے پاس بچا ہوا بھی باقی ہے؟ ابوقتادہؓ نے کہا کہ اس کی ران ہمارے ساتھ ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے بھی وہ گوشت تناول فرمایا۔

(۱۱۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ ابْنُ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا مَعْنُ ابْنُ عِیْسٰی حَدَّثَنَا اُبَیُّ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ سَھْلٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ حَائِطِنَا فَرَسٌ یُقَالُ لَہُ اللُّحَیْفُ

۱۱۱۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے معن بن عیسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابی ابن عباس بن سہل نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے دادا (سہل بن سعدؓ ساعدی) کے واسطہ سے بیان کیا کہ ہمارے باغ میں نبی کریم ﷺ کا ایک گھوڑا رہتا تھا جس کا نام لحیف تھا۔

(۱۱۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ سَمِعَ یَحْیَی بْنَ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ کُنْتُ رِدْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی حِمَارٍ یُقَالُ لَہٗ عُفَیْرٌ فَقَالَ یَامُعَاذُ ھَلْ تَدْرِیْ حَقَّ اللّٰہِ عَلٰی عِبَادِہٖ وَمَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَی اللّٰہِ قُلْتُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّ

۱۱۱۹۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے یحییٰ بن آدم سے سنا، ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے، ان سے عمرو بن میمون نے اور ان سے معاذ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جس گدھے پر سوار تھے میں اس پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ اس گدھے کا نام عفیر تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اے معاذ! کیا تمہیں معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حق اپنے بندوں پر کیا ہے؟ میں

مُسَدَّدٌ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ اَبِي الْجَعْدِ

روایت کی متابعت (جس میں بجائے ابن الجعد کے ابن ابی الجعد ہے) مسدد نے ہشیم کے واسطہ سے کی، ان سے حصین نے، ان سے شعبی نے اور ان سے عروہ بن ابی الجعد نے۔

(۱۱۴) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ

۱۱۴۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے ابوالتیاح نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، گھوڑے کی پیشانی میں برکت ہے۔

باب ۸۹. اَلْجِهَادُ مَاضٍ مَّعَ الْبَرِّ وَالْفَاجِرِ لِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

۸۹۔ جہاد کا حکم ہمیشہ باقی رہے گا، خواہ مسلمانوں کا امیر عادل ہو یا ظالم، کیونکہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک خیر و برکت قائم رہے گی۔ ❶

(۱۱۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّآءُ عَنْ عَامِرٍ حَدَّثَنَا عُرْوَةُ الْبَارِقِيُّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌفِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ

۱۱۵۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے زکریا نے حدیث بیان کی، ان سے عامر نے اور ان سے عروہ بارقی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، خیر و برکت قیامت تک گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ رہے گی۔ اسی طرح ثواب اور مال غنیمت بھی۔

باب ۹۰. مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ

۹۰۔ جس نے گھوڑا پالا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وَمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ" کی روشنی میں۔

(۱۱۶) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا طَلْحَةُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ نِ الْمَقْبُرِيَّ يُحَدِّثُ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَ تَصْدِيْقًا لِوَعْدِهٖ فَاِنَّ شِبَعَهٗ وَرِيَّهٗ وَرَوْثَهٗ وَبَوْلَهٗ فِيْ مِيْزَانِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

۱۱۶۔ہم سے علی بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ابن المبارک نے حدیث بیان کی، انہیں طلحہ بن ابی سعید نے خبر دی، کہا کہ میں نے سعید مقبری سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے اللہ تعالیٰ پر ایمان کے ساتھ اور ان کے وعدہ کو سچا جانتے ہوئے اللہ کے راستے میں (جہاد کے لئے) گھوڑا پالا تو اس گھوڑے کا کھانا، پینا اور اس کا بول و براز سب قیامت کے دن اس کی میزان میں ہوگا۔ (یعنی سب پر ثواب ملے گا۔)

باب ۹۱. اِسْمِ الْفَرَسِ وَالْحِمَارِ

۹۱۔ گھوڑوں اور گدھوں کے نام۔

---

❶ مصنف رحمتہ اللہ علیہ یہ بتانا چاہتے ہیں کہ گھوڑے میں جو خیر و برکت کے متعلق حدیث آئی ہے وہ اس کے آلہ جہاد ہونے کی وجہ سے ہے اور جب قیامت تک اس میں خیر و برکت قائم رہے گی تو اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جہاد کا حکم بھی قیامت تک باقی رہے گا اور چونکہ قیامت تک آنے والا ہر دور خیر نہیں ہو سکتا بلکہ اچھا اور برا دونوں طرح ہوگا اس لئے مسلمانوں کے امراء بھی کبھی صالح اور اسلامی شریعت کے پوری طرح پابند ہوں گے اور کبھی ایسے نہیں ہوں گے، لیکن جہاد کا سلسلہ کبھی نہ بند ہونا چاہئے، کیونکہ یہ اعلاء کلمۃ اللہ اور دنیا و آخرت میں سرمایہ کا ذریعہ ہے، اس لئے حق کے مفاد کے پیش نظر ظالم حکمرانوں کی قیادت میں بھی جہاد کیا جائے گا اور ایک شخص کے ذاتی نقصان کو جماعت کے لئے نظر انداز کر دیا جائے گا۔

نے فرمایا کہ ہر نبی کے حواری (مخصوص اور قریبی اصحاب) ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر ہیں۔

باب ۸۶. هَلْ يُبْعَثُ الطَّلِيعَةُ وَحْدَه'

(۱۱۰) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ نَدَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ قَالَ صَدَقَةُ اَظُنُّه' يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ ثُمَّ نَدَبَ فَانْتَدَبَ الزُّ بَيْرُ ثُمَّ نَدَبَ النَّاسَ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيّ حَوَارِيًّا وَاِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ

۸۶۔ کیا جاسوسی کے لئے کسی ایک شخص کو تنہا بھیجا جا سکتا ہے؟

۱۱۰۔ ہم سے صدقہ نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، ان سے ابن منکدر نے حدیث بیان کی، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو دعوت دی۔ صدقہ (امام بخاری کے استاد) کہتے تھے کہ میرا خیال ہے غزوہ خندق کا واقعہ ہے تو زبیر رضی اللہ عنہ نے اس پر لبیک کہا، پھر آپ ﷺ نے بلایا اور زبیر رضی اللہ عنہ نے لبیک کہا، پھر تیسری مرتبہ آپ ﷺ نے بلایا اور اس مرتبہ بھی زبیرؓ نے لبیک کہا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر بن عوام ہیں۔ رضی اللہ عنہ۔

باب ۸۷. سَفَرِ الْاِثْنَيْنِ

(۱۱۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْشِهَابٍ عَنْ خَالِدِ نِالْحَذَّآءِ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ انْصَرَفْتُ مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَنَا اَنَا وَصَاحِبٌ لِّىْ اَذِّنَا وَ اَقِيْمَا وَلْيَؤُ مَّكُمَا اَكْبَرُ كُمَا

۸۷۔ دو آدمیوں کا سفر۔

۱۱۱۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابوشہاب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد حذاء نے، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے مالک بن جویرث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہم نبی کریم ﷺ کے یہاں سے واپس ہوئے تو آپ ﷺ نے ہم سے فرمایا، ایک میں تھا اور دوسرے میرے ساتھی (دونوں سفر میں جا رہے تھے) کہ ایک اذان دے اور اقامت کہے اور تم دونوں میں جو بڑا ہے وہ نماز پڑھائے۔

باب ۸۸. اَلْخَيْلِ مَعْقُوْدٌ فِىْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

۸۸۔ قیامت تک گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ خیر و برکت قائم رہے گی۔

(۱۱۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلُ فِىْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

۱۱۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، قیامت تک گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ خیر و برکت قائم رہے گی کیونکہ اس سے جہاد میں کام لیا جاتا رہے گا۔

(۱۱۳) حَدَّثَنَا حَفْصُ ابْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُصَيْنٍ وَابْنِ اَبِى السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْجَعْدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِىْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ قَالَ سُلَيْمٰنُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ تَابَعَه'

۱۱۳۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حسین اور ابن ابی السفر نے، ان سے شعبی نے اور ان سے عروہ بن جعد رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ قیامت تک گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ خیر و برکت قائم رہے گی۔ سلیمان نے شعبہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ ان سے عروہ بن ابی الجعد رضی اللہ عنہ نے اس

(۱۰۷) حَدَّثَنَا مُوْسٰی حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ اِسْحَاقَ ابْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَکُنْ یَدْخُلُ بَیْتًا بِالْمَدِیْنَةِ غَیْرَ بَیْتِ اُمِّ سُلَیْمٍ اِلَّا عَلٰی اَزْوَاجِهٖ فَقِیْلَ لَهٗ فَقَالَ اِنِّیْ اَرْحَمُهَا قُتِلَ اَخُوْهَا مَعِیَ

۱۰۷۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن عبداللہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ مدینہ میں ام سلیمؓ (والدہ انسؓ) کے گھر کے سوا (اور کسی کے یہاں بکثرت) نہیں جایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ کی ازواج مطہرات کا اس سے استثناء ہے۔ حضور اکرم ﷺ سے جب اس کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اس پر رحم آتا ہے، اس کا بھائی (حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ) میرے ساتھ تھا اور وہ شہید کر دیا گیا تھا۔

باب ۸۴. التَّحَنُّطِ عِنْدَ الْقِتَالِ

۸۴۔ جنگ کے موقعہ پر حنوط ملنا۔

(۱۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدُ ابْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُوْسٰی بْنِ اَنَسٍؓ قَالَ وَذَکَرَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ قَالَ اَتٰی اَنَسٌ ثَابِتَ بْنَ قَیْسٍ وَقَدْ حَسَرَ عَنْ فَخِذَیْهِ وَهُوَ یَتَحَنَّطُ فَقَالَ یَاعَمِّ مَایَحْبِسُکَ اَنْ لَّاتَجِیْءَ قَالَ اَلْاٰنَ یَاابْنَ اَخِیْ وَجَعَلَ یَتَحَنَّطُ یَعْنِیْ مِنَ الْحَنُوْطِ ثُمَّ جَآءَ فَجَلَسَ فَذَکَرَ فِی الْحَدِیْثِ اِنْکِشَافًا مِّنَ النَّاسِ فَقَالَ هٰکَذَا عَنْ وُّجُوْهِنَا حَتّٰی نُضَارِبَ الْقَوْمَ مَاهٰکَذَا کُنَّا نَفْعَلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِئْسَ مَاعَوَّدْتُّمْ اَقْرَانَکُمْ رَوَاهُ حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍؓ

۱۰۸۔ ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن انس نے بیان کیا، جنگ یمامہ (مسلیمہ کذاب اور مسلمانوں کی لڑائی ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں) کا وہ ذکر کرتے تھے۔ بیان کیا کہ انس بن مالکؓ ثابت بن قیسؓ کے یہاں گئے، انہوں نے اپنی ران کھول رکھی گئی (اور حنوط مل رہے تھے) انسؓ نے کہا چچا، اب تک آپ کیوں نہیں تشریف لائے؟ انہوں نے جواب دیا کہ بیٹے! ابھی آتا ہوں اور وہ حنوط لگانے لگے، پھر تشریف لائے اور بیٹھ گئے (مراد صف میں شرکت سے ہے۔) انسؓ نے گفتگو کرتے ہوئے مسلمانوں کی طرف کچھ شکست خوردگی کے آثار کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ہمارے سامنے سے ہٹ جاؤ تاکہ ہم کافروں سے دست بدست لڑیں۔ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہم ایسا کبھی نہیں کرتے تھے (یعنی پہلی صف کے لوگ ڈٹ کر لڑتے تھے اور شکست خوردگی کا ہرگز مظاہرہ نہیں ہونے دیتے تھے) تم نے اپنے دشمنوں کو بہت بری چیز کا عادی بنا دیا ہے۔ روایت کیا اس کو حماد نے ثابت سے اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے۔

باب ۸۵. فَضْلِ الطَّلِیْعَةِ

۸۵۔ جاسوس دستہ کی فضیلت۔

(۱۰۹) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّاْتِیْنِیْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ یَوْمَ الْاَحْزَابِ قَالَ الزُّبَیْرُ اَنَا ثُمَّ قَالَ مَنْ یَّاْتِیْنِیْ بِخَبَرِ الْقَوْمِ قَالَ الزُّبَیْرُ اَنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ حَوَارِیًّا وَّحَوَارِیَّ الزُّبَیْرُ

۱۰۹۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے جنگ احزاب کے موقعہ پر فرمایا، دشمن کے لشکر کی خبر میرے پاس کون لا سکتا ہے؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں، آپ ﷺ نے دوبارہ پوچھا دشمن کے لشکر کی خبر کون لا سکے گا؟ اس مرتبہ بھی زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں۔ اس پر نبی کریم ﷺ

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا يُوحىٰ اِلَيْهِ وَ سَكَتَ النَّاسُ كَاَنَّ عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرُ ثُمَّ اِنَّه' مَسَحَ عَنْ وَّجْهِهِ الرُّحَضَآءَ فَقَالَ اَيْنَ السَّائِلُ اٰنِفًا اَوَخَيْرٌ هُوَ ثَلٰثًا اِنَّ الْخَيْرَ لَايَاتِيْ اِلَّا بِالْخَيْرِ وَاِنَّه' كُلَّمَا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَايَقْتُلُ حَبَطًا اَوْيُلِمُّ اِلَّا اٰكِلَةَ الْخُضِرِ اَكَلَتْ حَتّٰى اِذَا امْتَلَاَتْ خَاصِرَ تَاهَا اسْتَقْبَلَتِ الشَّمْسَ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ رَتَعَتْ وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ لِمَنْ اَخَذَه' بِحَقِّهٖ فَجَعَلَه' فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَمَنْ لَّمْ يَاخُذْ بِحَقِّهٖ فَهُوَ كَالْاٰكِلِ الَّذِيْ لَايَشْبَعُ وَيَكُوْنُ عَلَيْهِ شَهِيْدًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ

بیان کیا۔ اتنے میں ایک صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! کیا بھلائی، برائی پیدا کردی گئی۔ حضور ﷺ اس پر تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہوگئے، جیسے ان کے سروں پر پرندے ہوں (یعنی سارا ماحول ساکت وصامت تھا) اس کے بعد آپ ﷺ نے چہرہ مبارک سے پسینہ صاف کیا اور دریافت فرمایا کہ سوال کرنے والا کہاں ہے؟ کیا یہ بھی (مال اور دنیا کی برکات خیر ہے؟ تین مرتبہ آپ ﷺ نے یہی جملہ فرمایا، پھر ارشاد فرمایا) بلاشبہ حقیقی خیر کے برگ وبار جب بھی سامنے آئیں گے تو وہ خیر ہی ہوں گے، لیکن کھیتوں میں جو ہریالی اگتی ہے تو وہ کبھی کبھی (چرنے والے جانوروں کے لئے پیٹ زیادہ بھر جانے کی وجہ سے ہلاکت کا باعث بھی ہوجاتی ہے یا انہیں ہلاکت کے قریب کردیتی ہے) البتہ ہریالی چرنے والے جو جانور اس طرح چرتے ہیں کہ جب ان کے دونوں کوکھ بھر جائیں تو وہ سورج کی طرف منہ کرکے جگالی کرلیں اور چری کو لید اور پیشاب کی صورت میں نکال دیں اور پھر چرنے لگیں (تو وہ ہلاکت سے محفوظ رہتے ہیں) اسی طرح یہ مال بھی شاداب اور شیریں ہے اور مسلمانوں کا مال کتنا عمدہ ہے جسے اس نے حلال طریقوں سے جمع کیا ہو اور پھر اللہ کے راستے میں اسے (جہاد کے لئے) یتیموں کے لئے اور مسکینوں کے لئے وقف کردیا ہو، لیکن جو شخص مال کو ناجائز طریقوں سے جمع کرتا ہے تو وہ ایک ایسا کھانے والا ہے جو کبھی آسودہ نہیں ہوگا اور وہ مال قیامت کے دن اس کے خلاف گواہ بن کر آئے گا۔

باب ۸۳. فَضْلِ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا اَوْخَلَفَه' بِخَيْرٍ

۸۳۔ جس نے کسی غازی کو ساز وسامان سے لیس یا خیر خواہی کے ساتھ اس کے گھر بار کی نگرانی کی۔

(۱۰۶) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيىٰ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ بُسْرُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِخَيْرٍ فَقَدْغَزَا

۱۰۶۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے حسین نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوسلمہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے بسر بن سعید نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے اللہ کی راہ میں غزوہ کرنے والے کو ساز وسامان مہیا کیا، گویا وہ غزوہ میں شریک ہوا اور جس نے خیر خواہانہ طریقہ پر غازی کے گھر بار کی نگرانی کی تو گویا وہ بھی خود غزوہ میں شریک ہوا۔

ہیں۔ اور موسیٰ نے بیان کیا کہ ہم سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے، ان سے موسیٰ بن انس نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ابوعبداللہ (یعنی مصنفؒ) کہتا ہے کہ پہلی سند زیادہ صحیح ہے۔

باب ۸۱. فَضْلِ الصَّوْمِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

۸۱۔ اللہ تعالیٰ کے راستے میں روزہ رکھنے کی فضیلت۔

(۱۰۳) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ خْبَرَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَحْیٰی بْنُ سَعِیْدٍ سُھَیْلُ بْنُ اَبِیْ صَالِحٍ اَنَّھُمَا سَمِعَا النُّعْمٰنَ بْنَ اَبِیْ عَیَّاشٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ صَامَ یَوْمًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بَعَّدَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ عَنِ النَّارِ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا

۱۰۳۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں ابن جریج نے خبر دی کہ مجھے یحییٰ بن سعید اور سہل بن ابی صالح نے خبر دی، ان دونوں حضرات نے نعمان بن ابی عیاش سے سنا انہوں نے ابوسعید خدریؓ رضی اللہ عنہ سے، آپ نے بیان فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ فرماتے تھے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کے راستے میں ❶ جہاد کرتے ہوئے ایک دن بھی روزہ رکھا، اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے ستر سال تک محفوظ رکھے گا۔

باب ۸۲. فَضْلِ النَّفَقَةِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

۸۲۔ اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کی فضیلت۔

(۱۰۴) حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ عَنْ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا ھُرَیْرَةَؓ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَیْنِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ دَعَاہُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ کُلُّ خَزَنَةِ بَابٍ اَیْ فُلُ ھَلُمَّ قَالَ اَبُوْبَکْرٍ یَّارَسُوْلَ اللّٰہِ ذَاکَ الَّذِیْ لَاتَوٰی عَلَیْہِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَرْجُوْٓا اَنْ تَکُوْنَ مِنْھُمْ

۱۰۴۔ ہم سے سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، جس شخص نے اللہ کے راستے میں ایک جوڑا (کسی چیز کا) خرچ کیا تو اسے جنت کے داروغہ بلائیں گے، جنت کے ہر دروازے کا داروغہ (اپنی طرف بلائے گا) کہ اے فلاں، اس دروازے سے آئیے، اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے، یارسول اللہ! پھر تو اس شخص کو کوئی خوف نہیں رہے گا۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ تم بھی انہیں میں سے ہوگے۔

(۱۰۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ حَدَّثَنَا ھِلَالٌ عَنْ عَطَآءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنَّمَا اَخْشٰی عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِیْ مَا یُفْتَحُ عَلَیْکُمْ مِنْ بَرَکَاتِ الْاَرْضِ ثُمَّ ذَکَرَ زَھْرَةَ الدُّنْیَا فَبَدَاَ بِاِحْدٰھُمَا وَثَنّٰی بِالْاُخْرٰی فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اَوَیَاْتِی الْخَیْرُ بِالشَّرِّ فَسَکَتَ عَنْہُ

۱۰۵۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لائے اور ارشاد فرمایا میرے بعد تم پر دنیا کی جو برکتیں کھول دی جائیں گی میں تمہارے بارے میں ان سے خوفزدہ ہوں (کہ کہیں تم اس میں مبتلا نہ ہوجاؤ) اس کے بعد آپ ﷺ نے دنیا کی رنگینیوں کا ذکر کیا، پہلے دنیا کی برکات کا ذکر کیا پھر اس کی رنگینیوں کا

❶ فی سبیل اللہ، جس کا ترجمہ ہم نے "اللہ کے راستے میں" کیا ہے۔ اس سے مراد امام بخاریؒ کے نزدیک قرآن وحدیث میں جہاد ہے اور ان احادیث میں بھی وہی مراد ہے۔

خَيْرَ اِلَّاخَيْرُ الْاٰخِرَة فَبَارِکْ فِی الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ

تک اسلام کے لئے بیعت کی جب تک ہماری جان میں جان ہے" نبی کریم ﷺ ان کے اس رجز کے جواب میں یہ دعا فرماتے۔"اے اللہ آخرت کی بھلائی کے سوا اور کوئی بھلائی نہیں۔ پس آپ انصار اور مہاجرین کو برکت عطا فرمائیے۔

(۱۰۰) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی اِسْحٰق سَمِعْتُ الْبَرَآءَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ وَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا

۱۰۰۔ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے، انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ (خندق کھودتے ہوئے) مٹی منتقل کر رہے تھے اور فرما رہے تھے "اے اللہ اگر آپ ہدایت نہ فرماتے تو ہمیں ہدایت نصیب نہ ہوتی۔"

(۱۰۱) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ يَنْقُلُ التُّرَابَ وَقَدْ وَارَاى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ وَهُوَ يَقُوْلُ لَوْلَااَنْتَ مَااهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاَنْزِلِ السَّكِيْنَةَ عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا اِنَّ الْاُولٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

۱۰۱۔ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحٰق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو غزوۂ احزاب (خندق) کے موقعہ پر دیکھا کہ آپ مٹی (جو کھودنے کی وجہ سے نکلتی تھی) منتقل کر رہے تھے۔ مٹی سے آپ ﷺ کے پیٹ کی سفیدی چھپ گئی تھی اور آپ فرما رہے تھے۔" (اے اللہ!) اگر آپ نہ ہوتے تو ہمیں ہدایت نصیب نہ ہوتی۔ اور ہم صدقہ کرتے نہ نماز پڑھتے، آپ ہم پر سکون واطمینان نازل فرما دیجئے۔ اور اگر دشمنوں سے مڈبھیڑ ہو تو ہمیں ثابت قدمی عطا فرمائیے جن لوگوں نے ہم پر ظلم کیا ہے جب وہ کوئی فتنہ بپا کرنا چاہتے ہیں تو ہم ان کی نہیں مانتے۔

باب ۸۰. مَنْ حَبَسَهُ الْعُذْرُ عَنِ الْغَزْوِ

۸۰۔ جو شخص کسی عذر کی وجہ سے غزوے میں شریک نہ ہو سکا۔

(۱۰۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ قَالَ رَجَعْنَا مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَابْنُ زَيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِیْ غَزَاةٍ فَقَالَ اِنَّ اَقْوَامًا بِالْمَدِيْنَةِ خَلْفَنَا مَاسَلَكْنَا شِعْبًا وَّلَا وَادِيًا اِلَّا وَهُمْ مَّعَنَا فِيْهِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ وَقَالَ مُوْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ الْاَوَّلُ اَصَحُّ

۱۰۲۔ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے، حدیث بیان کی، ان سے حمید نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوہ تبوک سے واپس ہوئے۔ (مصنف حدیث کی دوسری سند بیان کرتے ہیں) ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، یہ زید کے صاحبزادے ہیں، ان سے حمید نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک غزوے پر تھے تو آپ نے فرمایا کہ کچھ لوگ مدینہ میں ہمارے پیچھے رہ گئے ہیں، لیکن، ہم کسی بھی گھاٹی یا وادی میں (جہاد کے لئے) چلیں وہ (معنوی طور پر) ہمارے ساتھ ہیں کہ وہ صرف عذر کی وجہ سے ہمارے ساتھ نہیں آ سکے۔

تھا کہ کہیں میری ران پھٹ نہ جائے۔ اس کے بعد وہ کیفیت آپ سے ختم ہوئی تو اللہ عزوجل نے آیت "غیر اولی الضرر" نازل فرمائی۔

باب ۷۷. الصَّبْرِ عِنْدَ الْقِتَالِ

(۹۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِيْ اَوْفٰى كَتَبَ فَقَرَاْتُهٗ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا

۷۷۔ جنگ کے موقع پر صبر واستقامت۔

۹۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سالم بن نضر نے کہ عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ نے (عمر بن عبید اللہ کو) لکھا اور میں نے تحریر پڑھی کہ آپ ﷺ نے فرمایا ہے" جب تمہاری کفار سے (جنگ میں) مڈبھیڑ ہو تو صبر واستقامت سے کام لو۔"

باب ۷۸. التَّحْرِيْضِ عَلَى الْقِتَالِ وَقَوْلِهٖ تَعَالٰى حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ

۷۸۔ جہاد کی ترغیب۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "مسلمانوں کو جہاد کے لئے تیار کیجئے۔"

(۹۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَنْدَقِ فَاِذَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ فِيْ غَدَاةٍ بَارِدَةٍ فَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ عَبِيْدٌ يَّعْمَلُوْنَ ذٰلِكَ لَهُمْ فَلَمَّا رَاٰى مَابِهِمْ مِّنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ فَقَالُوْا مُجِيْبِيْنَ لَهٗ. نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَابَقِيْنَا اَبَدًا

۹۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرؓ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا، کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا۔ وہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ (غزوہ خندق شروع ہونے سے کچھ پہلے جب خندق کی کھدائی ہو رہی تھی) خندق کی طرف تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے ملاحظہ فرمایا کہ مہاجرین اور انصار رضوان اللہ علیہم اجمعین سردی کے باوجود صبح ہی صبح خندق کھودنے میں مشغول ہیں۔ ان کے پاس غلام بھی نہیں تھے جو ان کی اس کھدائی میں مدد کرتے۔ جب حضور اکرم ﷺ نے ان کی تھکن اور بھوک کو دیکھا تو آپ نے دعا فرمائی۔ اے اللہ زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے پس انصار اور مہاجرین کی آپ مغفرت فرمائیے۔ صحابہؓ نے اس کے جواب میں کہا "ہم وہ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ کے ساتھ اس وقت تک جہاد کرنے کا عہد کیا ہے جب تک ہماری جان میں جان ہے" (صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم)

باب ۷۹. حَفْرِ الْخَنْدَقِ

۷۹۔ خندق کی کھدائی۔

(۹۹) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ عَلَى مُتُوْنِهِمْ وَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْاِسْلَامِ مَابَقِيْنَا اَبَدًا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجِيْبُهُمْ وَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَا

۹۹۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی کہ ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (جب تمام عرب کے مدینہ منورہ پر حملہ کا خطرہ ہوا تو) مدینہ کے اردگرد مہاجرین انصار خندق کھودنے میں مشغول ہو گئے۔ مٹی اپنی پشت پر لاد لاد کر منتقل کرتے تھے اور (یہ رجز) پڑھتے تھے۔ "ہم وہ ہیں جنہوں نے محمد ﷺ کے ہاتھ پر اس وقت

سَبِيلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ دَرَجَةً وَّكُلًّا وَّعَدَاللّٰهُ الْحُسْنٰى وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

راستے میں اپنے مال اور اپنی جان کی قربانی دے کر جہاد کرنے والوں کے برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مال اور جان کے ذریعہ جہاد کرنے والوں کو بیٹھے رہنے والوں پر ایک درجہ فضیلت دی ہے یوں اللہ تعالیٰ کا اچھا وعدہ سب کے ساتھ ہے اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدوں کو بیٹھنے والوں پر فضیلت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد غفوراً رحیماً تک۔

(۹۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَآءَ بِكَتِفٍ فَكَتَبَهَا وَشَكَا ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهٗ فَنَزَلَتْ لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ

۹۵۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا آپ فرماتے تھے کہ جب آیت لایستوی القاعدون من المؤمنین الخ (ترجمہ اوپر گذر چکا) نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ (کاتب وحی) کو بلایا۔ آپ ایک چوڑی ❶ ہڈی لے کر حاضر ہوئے اور اس آیت کو لکھا اور ابن ام مکتومؓ نے جب آپ سے نابینا ہونے کی شکایت کی تو آیت غیر اولی الضرر کے اضافہ کے ساتھ یوں نازل ہوئی لا یستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر۔

(۹۶) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدِ نِالزُّهْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ نِالسَّاعِدِيِّ اَنَّهٗ قَالَ رَاَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ جَالِسًافِي الْمَسْجِدِ فَاَقْبَلْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ فَاَخْبَرَنَا اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْلٰى عَلَيْهِ لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ فَجَآءَهٗ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَّهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ اَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُّ وَكَانَ رَجُلًا اَعْمٰى فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ فَخِذُهٗ عَلٰى فَخِذِيْ فَثَقُلَتْ عَلَيَّ حَتّٰى خِفْتُ اَنْ تُرَضَّ فَخِذِيْ ثُمَّ سُرِيَ عَنْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ

۹۶۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد زہری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے صالح بن کیسان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے سہل بن سعد زہری رضی اللہ عنہ نے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے مروان بن حکم (خلیفہ اس وقت کے) کو مسجد نبوی میں بیٹھے ہوئے دیکھا تو ان کے قریب گیا اور پہلو میں بیٹھ گیا، پھر انہوں نے ہمیں خبر دی کہ زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نے انہیں خبر دی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ آیت لکھوائی لا یستوی القاعدون من المؤمنین والمجاھدون فی سبیل اللّٰہ، انہوں نے بیان کیا کہ پھر ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ آئے اور حضور اکرم ﷺ اس وقت مجھ سے آیت لکھوا رہے تھے، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اگر مجھ میں جہاد کی استطاعت ہوتی تو میں بھی جہاد میں شریک ہوتا، وہ نابینا تھے۔ اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل کی، اس وقت حضور اکرم ﷺ کی ران میری ران پر تھی (وحی کی شدت کی وجہ سے) آپ ﷺ کی ران کا اتنا بوجھ محسوس ہوا کہ مجھے ڈر ہو گیا

❶ اس دور میں چونکہ کاغذ کا وجود نہیں تھا اس لئے ہڈی یا اور بہت سی چیزوں پر خاص طریقے استعمال کرنے کے بعد اس طرح لکھا جاتا تھا کہ صاف پڑھا جایا کرتا تھا اور کتابت بھی ایک طویل زمانہ تک باقی رہتی تھی۔

يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدِ ابْنِ الْعَاصِ

مسلمان کے قتل کا عیب لگاتا ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھوں عزت دی اور مجھے اس کے ہاتھوں ذلیل ہونے سے بچالیا۔ عنبسہ نے بیان کیا کہ اب مجھے یہ نہیں معلوم کہ حضور اکرم ﷺ نے ان کا بھی حصہ لگایا یا نہیں۔ سفیان نے بیان کیا کہ مجھ سے سعیدی نے اپنے دادا کے واسطے سے حدیث بیان کی اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے ابوعبداللہ (امام بخاریؒ نے کہا کہ سعیدی سے مراد عمرو بن یحیٰی بن سعید بن عمرو بن سعید بن عاص ہیں۔

باب ۷۴. مَنْ اِخْتَارَ الْغَزْوَ عَلَى الصَّوْمِ

۷۴۔ جس نے روزے پر غزوے کو ترجیح دی۔

(۹۲) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا ثَابِتُ الْبُنَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ اَبُوْطَلْحَةَ لَايَصُوْمُ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجَلِ الْغَزْوِ فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ اَرَاهُ مُفْطِرًا اِلَّا يَوْمَ فِطْرٍ اَوْ اَضْحٰى

۹۲۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت بنانی نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں غزوات میں شرکت کے خیال سے روزے (نفلی) نہیں رکھتے تھے، لیکن آپ کی وفات کے بعد میں نے انہیں عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے سوا روزے کے بغیر نہیں دیکھا۔

باب ۷۵. الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ

۷۵۔ قتل کے علاوہ بھی شہادت کی سات صورتیں ہیں۔

(۹۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ الْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِقُ وَصَاحِبُ الْهَدَمِ وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۹۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں یحیٰی نے، انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، شہید پانچ قسم کے ہوتے ہیں۔ طاعون کی بیماری میں ہلاک ہونے والا، پیٹ کی بیماری میں ہلاک ہونے والا، ڈوب کر مرجانے والا، دب کر مرجانے والا، اور اللہ کے راستے میں شہادت پانے والا۔ ❶

(۹۴) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ مُسْلِمٍ

۹۴۔ ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں عاصم نے خبر دی، انہیں حفصہ بنت سیرین نے اور انہیں، انس بن مالکؓ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ طاعون ہر مسلمان کے لئے شہادت ہے۔

باب ۷۶. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ

۷۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "مسلمانوں کے وہ افراد جو کسی عذر واقعی کے بغیر غزوہ کے موقعہ پر اپنے گھروں میں آ بیٹھے رہے، یہ لوگ اللہ کے

---

❶ احادیث مختلف ہیں بعض میں شہادت کی سات قسموں کا بصراحت ذکر ہے اور مصنفؒ نے عنوان انہیں احادیث کے پیش نظر لگایا ہے لیکن چونکہ یہ احادیث بیان کی شرائط پر پوری نہیں اترتی تھیں اس لئے انہیں عنوان کے تحت نہ لا سکے۔ مقصد یہ ہے کہ شہادت صرف جہاد کرتے ہوئے قتل ہوجانے پر ہی منحصر نہیں ہے اس کی مختلف صورتیں ہیں۔ یہ بات دوسری ہے کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہوئے شہادت پانے کا درجہ بہت اعلیٰ وارفع ہے۔

جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ وَّاِذَا اسْتُنفِرْتُمْ فَانفِرُوْا

فتح ہونے کے بعد (آج مکہ سے مدینہ کے لئے) ہجرت باقی نہیں رہی ہے۔ کیونکہ مکہ بھی مسلمانوں کی سلطنت کے تحت آ گیا ہے، لیکن خلوص نیت کے ساتھ جہاد اب بھی باقی ہے، اس لئے جب کہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو فوراً تیار ہو جاؤ۔ ❶

باب۷۳. الْكَافِرُ يَقْتُلُ الْمُسْلِمَ ثُمَّ يُسْلِمُ فَيُسَدِّدُ بَعْدُ وَ يُقْتَلُ

۷۳۔ ایک کافر مسلمان کو شہید کرنے کے بعد اسلام لاتا ہے، اسلام پر ثابت قدم رہتا ہے اور پھر خود (اللہ کے راستے میں) شہید ہوتا ہے۔

(۹۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ ؓ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُ هٰذَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلُ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى الْقَاتِلِ فَيُسْتَشْهَدُ

۹۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں ابوالزناد نے انہیں اعرج نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ ایسے دو اشخاص پر مسکرا پڑتا ہے کہ ان میں سے ایک نے دوسرے کو قتل کیا تھا اور پھر دونوں جنت میں داخل ہوتے ہیں پہلا اللہ کے راستے میں جنگ میں شریک ہوتا ہے اور شہید کر دیا جاتا ہے (اس لئے جنت میں جاتا ہے) اس کے بعد اللہ تعالیٰ قاتل کی توبہ قبول کر لیتا ہے (یعنی قاتل مسلمان ہو جاتا ہے) اور وہ بھی شہید ہوتا ہے۔

(۹۱) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ ؓ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ؓ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِخَيْبَرَ بَعْدَ مَاافْتَتَحُوْهَا فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْهِمْ لِيْ فَقَالَ بَعْضُ بَنِيْ سَعِيْدِ ابْنِ الْعَاصِ لَاتُسْهِمْ لَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ هٰذَا قَاتِلُ بْنِ قَوْقَلٍ فَقَالَ ابْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ وَاعَجَبًا لِوَبْرٍ تَدَلّٰى عَلَيْنَا مِنْ قَدُوْمِ ضَأْنٍ يَنْعٰى عَلَيَّ قَتْلَ رَجُلٍ مُّسْلِمٍ اَكْرَمَهُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيَّ وَلَمْ يُهِنِّيْ عَلٰى يَدَيْهِ فَقَالَ لَااَدْرِيْ اَسْهَمَ لَهٗ اَمْ لَمْ يُسْهِمْ قَالَ سُفْيٰنُ وَحَدَّثَنِيْهِ السَّعِيْدِيُّ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ السَّعِيْدِيُّ عَمْرُو بْنُ

۹۱۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عنبسہ بن سعید نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ خیبر میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے۔ خیبر فتح ہو چکا تھا۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! (ﷺ) میرا بھی مال غنیمت میں حصہ لگائیے۔ سعید بن العاص کے صاحبزادے (ابان بن سعید رضی اللہ عنہ) نے کہا، یارسول اللہ! ان کا حصہ نہ لگائیے اس پر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے کہ یہ شخص تو ابن قوقل (نعمان بن مالک ؓ) کا قاتل ہے (احد کی لڑائی میں) ابان بن سعید رضی اللہ عنہ نے کہا، کتنی عجیب بات ہے ایک وبر (بلی سے چھوٹا ایک عرب کا جانور جس کی دم اور کان چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں) جو ضان پہاڑی سے آنے والوں کے ساتھ اتر آیا ہے۔ مجھ پر ایک

❶ یعنی ضابطہ تو یہ ہے کہ قاتل اور مقتول ایک ساتھ جنت یا جہنم میں جمع نہ ہوں گے، اگر مقتول اور شہید (اللہ کے راستے میں ہوا ہے) تو یقیناً ایسے انسان کا قاتل جہنم میں جائے گا لیکن خداوند قادر و توانا خود اپنی قدرت کے عجائبات ملاحظہ فرماتا ہے اور اسے ہنسی آ جاتی ہے، ایک شخص نے کافروں کی طرف سے لڑتے ہوئے ایک مسلمان مجاہد کو شہید کر دیا پھر خدا کی قدرت کہ اسے بھی ایمان کی دولت نصیب ہوئی اور اس کے بعد وہ مسلمانوں کی طرف سے لڑتے ہوئے شہید ہوتا ہے اور اس طرح قاتل اور مقتول دونوں جنت میں داخل کئے جاتے ہوں اور خداوند قدوس جب اپنی قدرت کا یہ عجوبہ دیکھتا ہے تو اسے خود ہی ہنسی آ جاتی ہے۔

(۸۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدٍ قَالَ صَحِبْتُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِاللّٰهِ وَسَعْدًا وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ فَمَا سَمِعْتُ اَحَدًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنِّيْ سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ اُحُدٍ

۸۸۔ ہم سے قتیبہ بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن یوسف نے، ان سے سائب بن یزید رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں طلحہ بن عبید اللہ، سعد بن ابی وقاص، مقداد بن اسود اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم کی صحبت میں بیٹھا ہوں لیکن میں نے کسی کو رسول اللہ ﷺ کے حوالے سے روایت بیان کرتے نہیں سنا، البتہ طلحہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ وہ احد کی جنگ کے متعلق بیان کرتے تھے۔

باب ۷۲. وُجُوْبِ النَّفِيْرِ وَمَا يَجِبُ مِنَ الْجِهَادِ وَالنِّيَّةِ وَقَوْلِهٖ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ لَوْكَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ الْاٰيَةَ وَقَوْلِهٖ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَالَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ اِلٰى قَوْلِهٖ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنْفِرُوْا ثُبَاتٍ سَرَايَا مُتَفَرِّقِيْنَ يُقَالُ وَاَحَدُ الثُّبَاتِ ثُبَةٌ

۷۲۔ نیک نیتی کے ساتھ جہاد کے لئے نکلنا واجب ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "نکل پڑو ہلکے اور بوجھل اور جہاد کرو اپنے مال سے اور اپنی جان سے اللہ کی راہ میں۔ یہ بہتر ہے تمہارے حق میں اگر تم علم رکھتے ہو، اگر کچھ مال لگے ہاتھ مل جانے والا ہوتا اور سفر بھی معمولی ہوتا تو یہ لوگ (منافقین) ضرور آپ کے ساتھ ہو لیتے ہیں لیکن انہیں مسافت ہی دور دراز معلوم ہوئی اور یہ لوگ عنقریب اللہ کی قسم کھا جائیں گے" الآیۃ۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد: "اے ایمان والو تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ نکلو اللہ کی راہ میں تو تم زمین سے لگے جاتے ہو۔ کیا تم دنیا کی زندگی پر بمقابلہ آخرت کے راضی ہو گئے۔ سو دنیا کی زندگی کا سامان تو آخرت کی زندگی کے مقابلے میں بہت ہی قلیل ہے۔ ❶ اللہ کے ارشاد اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔" تک۔ ابن عباسؓ سے (پہلی آیت کی تفسیر میں) منقول ہے کہ جماعتیں بنا کر گروہ در گروہ جہاد کے لئے نکلو، کہا جاتا ہے کہ ثبات کا واحد ثبہ ہے۔

(۸۹) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَاسُفْيٰنُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ لٰكِنْ

۸۹۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے مجاہد نے، ان سے طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر فرمایا تھا مکہ

❶ دونوں آیتیں غزوۂ تبوک سے متعلق ہیں۔ تبوک مدینہ کے شمال میں شام کی سرحد پر ایک مقام کا نام ہے۔ مدینہ منورہ سے تبوک کی مسافت منزلوں کی تھی شام پر اس وقت مسیحوں کی حکومت تھی، حضور اکرم ﷺ غزوہ حنین سے فارغ ہو کر مدینہ واپس ہوئے تو آپ کو اطلاع ملی کچھ فوجیں تبوک میں جمع ہو رہی ہیں اور مدینہ پر حملہ کرنے کی تیاریوں میں مصروف ہیں۔ آپ نے خود ہی بڑھ کر مقابلہ کرنا چاہا۔ چنانچہ تیس ہزار کی جمعیت آپ ﷺ کے ساتھ ہو گئی لیکن موسم شدید گرمی کا تھا، فصل کے پکنے اور کٹنے کا زمانہ تھا جس پر مدینہ کی معیشت بڑی حد تک منحصر تھی۔ ایک طرف تو مقابلہ ایک باقاعدہ فوج سے تھا اور وہ بھی اپنے وقت کی بڑی سلطنت کی فوج تھی اور مسافت بھی دور دراز قدرۃً بعضوں کی ہمتیں جواب دے گئیں اور منافقین تو خوب رنگ لائے، پھر بھی جب لشکر کفار کو حالات کی ناموافقت کے باوجود مسلمانوں کی اس مستعدی کا علم ہوا تو خود ہی ان کے حوصلے پست ہو گئے اور انہیں جرأت لشکر کشی کی نہ ہوئی۔ لشکر اسلام ایک مدت تک انتظار کے بعد واپس چلا آیا۔

وَسَلَّمَ وَمَعَهُ النَّاسُ مَقْفَلَهُ مِنْ حُنَيْنٍ فَعَلِقَهُ النَّاسُ يَسْئَلُوْنَهُ حَتَّى اضْطَرُّوْهُ اِلَى سَمُرَةٍ فَخَطِفَتْ رِدَآءَهُ فَوَقَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعْطُوْنِىْ رِدَائِىْ لَوْ كَانَ لِىْ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَمْتُهُ بَيْنَكُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْنِىْ بَخِيْلًا وَّلَا كَذُوْبًا وَّلَا جَبَانًا

بہت سے صحابہ بھی تھے۔ وادی حنین سے آپ ﷺ واپس تشریف لارہے تھے، کچھ بدو لوگ آپ ﷺ کو لپٹ گئے بالآخر آپ ﷺ کو مجبوراً ایک ببول کے درخت کے پاس جانا پڑا (وہاں آپ کی چادر ببول کے کانٹے میں الجھ گئی) تو ان لوگوں نے اسے لے لیا (تاکہ جب آپ انہیں کچھ عنایت فرمائیں تو چادر واپس کریں) حضور اکرم ﷺ وہاں کھڑے ہو گئے اور فرمایا چادر مجھے دے دو، اگر میرے پاس اس درخت کے کانٹوں جتنے بھی اونٹ بکریاں ہوتیں تو میں تم میں تقسیم کر دیتا۔ پھر مجھے تم بخیل نہیں پاؤ گے اور نہ جھوٹا اور بزدل پاؤ گے۔

باب ۷۰. مَا يُتَعَوَّذُ مِنَ الْجُبْنِ

۷۰۔ بزدلی سے خدا کی پناہ!

(۸۶) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ سَمِعْتُ عَمْرَوبْنَ مَيْمُوْنَ الْاَوْدِىَّ قَالَ كَانَ سَعْدٌ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰؤُلَآءِ الْكَلِمَاتِ كَمَا يُعَلِّمُ الْمُعَلِّمُ الْغِلْمَانَ الْكِتَابَةَ وَيَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنْهُنَّ دُبُرَ الصَّلٰوةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَحَدَّثْتُ بِهِ مُصْعَبًا فَصَدَّقَهُ

۸۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک بن عمیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے عمرو بن میمون اودی سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کو یہ کلمات (دعائیں) اس طرح سکھاتے تھے جیسے معلم بچوں کو لکھنا سکھاتا ہے اور فرماتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نماز کے بعد ان کلمات کے ذریعہ اللہ کی پناہ مانگتے تھے (دعا کا ترجمہ یہ ہے) "اے اللہ! بزدلی سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں، اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ عمر کے سب سے بدترین حصے میں پہنچا دیا جاؤں، (یعنی بڑھاپے کی وہ حد جس میں عقل میں کمی آجاتی ہے اور آدمی ہر طرح معذور ہو جاتا ہے) اور تیری پناہ مانگتا ہوں میں دنیا کے فتنوں سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔" پھر میں نے یہ حدیث جب مصعب بن سعد سے بیان کی تو انہوں نے بھی اس کی تصدیق کی۔

(۸۷) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

۸۷۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے "اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے، بزدلی اور بڑھاپے کی بدترین حدود میں پہنچ جانے سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنوں سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔"

باب ۷۱. مَنْ حَدَّثَ بِمَشَاهِدِهِ فِى الْحَرْبِ قَالَهُ اَبُوْعُثْمَانَ عَنْ سَعْدٍ

۷۱۔ جو شخص اپنے جنگ کے مشاہدات بیان کرے۔ ابن عثمان نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے اسے بیان کیا ہے۔

صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ تَابَعَهُ الْاُوَيْسِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ

رضی اللہ عنہما نے عمر بن عبید اللہ کو لکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ یقین جانو! جنت تلواروں کے سائے میں ہے۔ اس روایت کی متابعت اُویسی نے ابن ابی الزناد کے واسطہ سے کی اور ان سے موسیٰ بن عقبہ نے بیان کیا۔

باب ۲۸. مَنْ طَلَبَ الْوَلَدَ لِلْجِهَادِ قَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِى جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لَاَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى مِائَةِ امْرَاَةٍ اَوْتِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ كُلُّهُنَّ تَاْتِىْ لِفَارِسٍ يُّجَاهِدُهُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَمْ يَقُلْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَلَمْ يَحْمِلْ مِنْهُنَّ اِلَّاامْرَاَةٌ وَّاحِدَةٌ جَآءَ تْ بِشِقِّ رَجُلٍ وَّالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْقَالَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَاهَدُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُرْسَانًا اَجْمَعُوْنَ

۲۸۔ جو جہاد کے لئے اللہ سے اولاد مانگے۔ لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے جعفر بن ربیعہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن ہرمز نے بیان کیا کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، ان سے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے فرمایا، آج رات میں اپنی سو ۱۰۰ یا (روای کو شک تھا) ننانوے بیویوں کے پاس جاؤں گا اور ہر بیوی ایک ایک ایسے شہسوار جنے گی جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرے گا، ان کے ساتھی نے کہا کہ انشاء اللہ بھی کہہ لیجئے لیکن انہوں نے انشاء اللہ نہیں کہا۔ چنانچہ صرف ایک بیوی حاملہ ہوئیں اور ان کے بھی آدھا بچہ پیدا ہوا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے اگر سلیمان علیہ السلام اس وقت انشاء اللہ کہہ لیتے تو (تمام بیویاں حاملہ ہوتیں اور) سب کے یہاں ایسے شہسوار بچے پیدا ہوتے جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرتے۔

باب ۲۹. اَلشُّجَاعَةِ فِى الْحَرْبِ وَالْجُبْنِ

۲۹۔ جنگ کے موقعہ پر بہادری یا بزدلی؟

(۸۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِكِ ابْنِ وَاقِدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَاَشْجَعَ النَّاسِ وَاَجْوَدَ النَّاسِ وَلَقَدْ فَزِعَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ فَكَانَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَهُمْ عَلٰى فَرَسٍ قَالَ وَجَدْنَاهُ بَحْرًا

۸۴۔ ہم سے احمد بن عبدالملک بن واقد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت بنانی نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ سب سے زیادہ خوبصورت، سب سے زیادہ بہادر اور سب سے زیادہ فیاض تھے، مدینہ کے تمام لوگ ایک (رات) خوفزدہ تھے (آواز سنائی دی تھی) اور سب لوگ اس کی طرف بڑھ رہے تھے) لیکن نبی کریم ﷺ اس وقت ایک گھوڑے پر سوار سب سے آگے تھے (جب واپس ہوئے تو) فرمایا اس گھوڑے کو دوڑنے میں ہم نے سمندر کی طرح پایا۔

(۸۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ اَنَّهٗ بَيْنَمَا هُوَ يَسِيْرُمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۸۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عمر بن محمد بن جبیر بن مطعم نے خبر دی، انہیں محمد جبیر نے خبر دی، کہا کہ مجھے جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے، آپ ﷺ کے ساتھ اور

عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ اَنَّهُ' سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ جِيْءَ بِاَبِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ مُثِّلَ بِهٖ وَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَذَهَبْتُ اَكْشِفُ عَنْ وَّجْهِهٖ فَنَهَانِيْ قَوْمِيْ فَسَمِعَ صَوْتَ صَائِحَةٍ فَقِيْلَ ابْنَةُ عَمْرٍو اَوْاُخْتُ عَمْرٍو فَقَالَ لِمَ تَبْكِيْ اَوْلَاتَبْكِيْ مَازَالَتِ الْمَلَآئِكَةُ تُظِلُّهٗ' بِاَجْنِحَتِهَا قُلْتُ لِصَدَقَةَ اَفِيْهِ حَتّٰى رُفِعَ قَالَ رُبَمَا قَالَهٗ'

دی، کہا کہ میں نے محمد بن منکدر سے سنا، انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ میرے والد، رسول اللہ ﷺ کے سامنے لائے گئے احد کے موقعہ پر) اور ان کا مثلہ بنا دیا گیا تھا۔ نعش نبی کریم ﷺ کے سامنے رکھی گئی تو میں نے آگے بڑھ کر ان کا چہرہ کھولنا چاہا، لیکن میری قوم کے لوگوں نے مجھے منع کر دیا، پھر نبی کریم ﷺ نے رونے پیٹنے کی آواز سنی (تو دریافت فرمایا کہ کس کی آواز ہے؟) لوگوں نے بتایا کہ عمرو کی لڑکی ہیں (شہید کی بہن) یا عمرو کی بہن ہے (شہید کی چچی) شک راوی کو ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا روکیوں رہی ہیں یا (آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ) روئیں نہیں ملائکہ مسلسل ان پر اپنے پروں کا سایہ کئے ہوئے ہیں (امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ) میں نے صدقہ سے پوچھا، کیا حدیث میں یہ بھی ہے کہ ''حتیٰ رفع'' تو انہوں نے بتایا کہ (سفیان نے بیان کیا کہ) بعض اوقات انہوں نے یہ الفاظ بھی حدیث میں بیان کئے تھے۔

باب ٦٦. تَمَنِّى الْمُجَاهِدِ اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا

٦٦۔ مجاہد کی، دوبارہ دنیا میں واپس آنے کی، آرزو۔

(٨٢) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدُرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ' مَاعَلَى الْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا الشَّهِيْدُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَّرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِّمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ

۸۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے قتادہ سے سنا، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، کوئی شخص بھی ایسا نہ ہوگا جو جنت میں داخل ہونے کے بعد دنیا میں دوبارہ آنا پسند کرے گا، خواہ اسے ساری دنیا مل جائے سوا شہید کے اس کی یہ تمنا ہوگی کہ دنیا میں دوبارہ واپس جا کر دوسری مرتبہ قتل ہو (اللہ کے راستے میں) کیونکہ اس عمل کی کرامت اس کے سامنے آ چکی ہوگی۔

باب ٦٧. اَلْجَنَّةُ تَحْتَ بَارِقَةِ السُّيُوْفِ وَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ اَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رِّسَالَةِ رَبِّنَا مَنْ قُتِلَ مِنَّاصَارَاِلَى الْجَنَّةِ وَقَالَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلٰى

٦٧۔ جنت کوندتی ہوئی تلواروں کے سایہ میں ہے۔ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہمیں ہمارے نبی ﷺ نے اپنے رب کا یہ پیغام دیا ہے کہ ہم میں سے جو بھی (اللہ کے راستے میں) قتل کیا جائے گا، سیدھا جنت کی طرف جائے گا اور عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا تھا کیا ہمارے مقتول جنتی اور ان کے (کفار کے) مقتول دوزخی نہیں ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، کیوں نہیں۔

(٨٣) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ اَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ وَكَاتِبِهٖ' قَالَ كَتَبَ اِلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ اَوْفٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۸۳۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے عمر بن عبید اللہ کے مولیٰ سالم ابو النضر نے، سالم عمر بن عبید اللہ کے کاتب بھی تھے۔ بیان کیا کہ عبداللہ بن ابی اوفیٰ

مُسْلِمٍ وَهُوَ ابْنُ صُبَيْحٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ ثُمَّ اَقْبَلَ فَلَقِيْتُه، بِمَآءٍ وَّعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَه، فَذَهَبَ يُخْرِجُ يَدَيْهِ مِنْ كُمَّيْهِ فَكَانَا ضَيِّقَيْنِ فَاَخْرَجَهُمَا مِنْ تَحْتُ فَغَسَلَهُمَا وَمَسَحَ بِرَأْسِهٖ وَعَلٰى خُفَّيْهِ

ابوالضحیٰ مسلم نے جو صبیح کے صاحبزادے ہیں، ان سے مسروق نے بیان کیا اور ان سے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ جب آپ ﷺ واپس ہوئے تو میں پانی لے کر خدمت میں حاضر ہوا آپ شامی جبہ پہنے ہوئے تھے۔ پھر آپ ﷺ نے کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا (وضو کرتے ہوئے) اور اپنے چہرے کو دھویا، اس کے بعد (ہاتھ دھونے کے لئے) آستین چڑھانے کی کوشش کی لیکن آستین تنگ تھی، اس لئے ہاتھوں کو نیچے سے نکالا پھر انہیں دھویا اور سر کا مسح کیا اور دونوں موزوں کا بھی۔ ❶

باب ۱۳۵. اَلْحَرِيْرِ فِي الْحَرْبِ

۱۳۵۔ لڑائی میں ریشمی کپڑا۔

۱۷۸. حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مِقْدَامٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ فِي قَمِيْصٍ مِنْ حَرِيْرٍ مِنْ حِكَّةٍ كَانَتْ بِهِمَا

۱۷۸۔ ہم سے احمد بن مقدام نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوف اور زبیر رضی اللہ عنہما کو ریشمی قمیص پہننے کی اجازت دے دی اور سبب خارش تھی جس میں یہ دونوں حضرات مبتلا ہو گئے تھے۔

۱۷۹. حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ وَقَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرَ شَكَوَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الْقَمْلَ فَاَرْخَصَ لَهُمَا فِي الْحَرِيْرِ فَرَاَيْتُه، عَلَيْهِمَا فِي غَزَاةٍ

۱۷۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے۔ اور ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ عبدالرحمٰن بن عوف اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ سے جوؤں کی شکایت کی کہ ان کے بدن میں ہو گئی ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں ریشمی کپڑے کے استعمال کی اجازت دی تھی، پھر میں نے غزوے کے موقعہ پر انہیں ریشمی کپڑا پہنے ہوئے دیکھا۔

(۱۸۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ اَخْبَرَنِي قَتَادَةُ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ قَالَ رَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فِي حَرِيْرٍ.

۱۸۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، انہیں قتادہ نے خبر دی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوف اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہما کو ریشم پہننے کی اجازت دی تھی۔

---

❶ اگر تانا بانا دونوں ریشم کے ہوں تو ایسا کپڑا پہننا بہر صورت حرام ہے اور اگر صرف تانا ریشم کا ہو نہ بانا تو ایسا کپڑا استعمال کرنا قطعاً حلال ہے لیکن اگر صرف بانا ریشم کا ہو تو صرف لڑائی کے موقع پر اس کے استعمال کو جائز کہا گیا ہے اگرچہ لڑائی میں بعض علماء نے ہر طرح کے ریشمی کپڑے کی اجازت بھی دی ہے حدیث شریف میں خارش کی وجہ سے اجازت کا ذکر ہے۔ طب کی کتابوں میں اس کی تصریح ہے کہ ریشمی کپڑا خارش کے لئے مفید ہے۔

۱۸۱. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدُرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَخَّصَ اَوْرُخِّصَ لِحِكَّةٍ بِهِمَا.

۱۸۱۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے قتادہ سے سنا اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے کہ (نبی کریم ﷺ نے) رخصت دی تھی یا (یہ بیان کیا کہ) رخصت دی گئی تھی، ان دونوں حضرات کو خارش کی وجہ سے۔

باب ۱۳۶ . مَايُذْكَرُ فِي السِّكِّيْنِ

۱۳۶۔ چھری سے متعلق روایت۔

۱۸۲. حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ جَعْفَرِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاكُلُ مِنْ كَتِفٍ يَحْتَزُّ مِنهَا ثُمَّ دُعِيَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَزَادَ فَاَلْقَى السِّكِّيْنَ

۱۸۲۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے جعفر بن عمرو بن امیہ نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ شانے کا گوشت (چھری سے) کاٹ کر تناول فرما رہے تھے۔ پھر نماز کے لئے اذان ہوئی تو آپ نے نماز پڑھی، لیکن وضو نہیں کیا (کیونکہ وضو پہلے سے موجود تھا) ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی اور انہیں زہری نے (اس روایت میں) یہ زیادتی بھی موجود ہے کہ (جب آپ نماز کے لئے تشریف لے جانے لگے) تو چھری ڈال دی۔

باب ۱۳۷ . مَاقِيْلَ فِيْ قِتَالِ الرُّوْمِ

۱۳۷۔ رومیوں سے جنگ کے متعلق روایت۔

۱۸۳. حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ اَنَّ عُمَيْرَ بْنَ الْاَسْوَدِ الْعَنْسِيَّ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ اَتٰى عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ وَهُوَ نَازِلٌ فِيْ سَاحِلِ حِمْصَ وَهُوَ فِيْ بِنَآءٍ لَّهٗ وَمَعَهٗ اُمُّ حَرَامٍ قَالَ عُمَيْرٌ فَحَدَّثَتْنَا اُمُّ حَرَامٍ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَوَّلُ جَيْشٍ مِّنْ اُمَّتِيْ يَغْزُوْنَ الْبَحْرَ قَدْ اَوْجَبُوْا قَالَتْ اُمُّ حَرَامٍ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا فِيْهِمْ قَالَ اَنْتِ فِيْهِمْ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ جَيْشٍ مِّنْ اُمَّتِيْ يَغْزُوْنَ مَدِيْنَةَ قَيْصَرَ مَغْفُوْرٌ لَّهُمْ فَقُلْتُ اَنَا فِيْهِمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ. قَالَ لَا.

۱۸۳۔ ہم سے اسحٰق بن یزید دمشقی نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی بن حمزہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ثور بن یزید نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن معدان نے اور ان سے عمیر بن اسود عنسی نے حدیث بیان کی کہ وہ عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ کا قیام ساحل حمص پر تھا اپنے ہی ایک مکان میں اور آپ کے ساتھ (آپ کی بیوی) ام حرام رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ عمیر نے بیان کیا کہ ہم سے ام حرام رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میری امت کا سب سے پہلا لشکر جو دریائی سفر کر کے غزوے کے لئے جائے گا اس نے (اپنے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت) واجب کر لی۔ ام حرام رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! کیا میں بھی ان کے ساتھ ہوں گی؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں تم بھی ان کے ساتھ ہو گی۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا، سب سے پہلا لشکر، میری امت کا، جو قیصر (رومیوں کا بادشاہ) کے شہر پر چڑھائی کرے گا ان کی مغفرت ہو گی، میں نے عرض کیا، میں

بھی ان کے ساتھ ہوں گی یارسول اللہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں۔

باب ۱۳۸. قِتَالِ الْيَهُوْدِ

۱۳۸۔ یہودیوں سے جنگ۔

۱۸۴. حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُحَمَّدِ نِالْفَرْوِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُقَاتِلُوْنَ الْيَهُوْدَ حَتّٰى يَخْتَبِئَ اَحَدُهُمْ وَرَآءَ الْحَجَرِ فَيَقُوْلُ يَاعَبْدَاللّٰهِ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَّرَآئِيْ فَاقْتُلْهُ

۱۸۴۔ ہم سے اسحٰق بن محمد فروی نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (ایک دور آئے گا جب) تم یہودیوں سے جنگ کرو گے (اور وہ شکست کھا کر بھاگتے پھریں گے) کوئی یہودی اگر پتھر کے پیچھے چھپ جائے گا تو وہ پتھر بھی بول اٹھے گا کہ "اے اللہ کے بندے! یہ یہودی میرے پیچھے چھپا بیٹھا ہے، اسے قتل کر ڈالو"

۱۸۵. حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا الْيَهُوْدَ حَتّٰى يَقُوْلَ الْحَجَرُ وَرَآءَهُ الْيَهُوْدِيُّ يَامُسْلِمُ هٰذَا يَهُوْدِيٌّ وَّرَآئِيْ فَاقْتُلْهُ

۱۸۵۔ ہم سے اسحٰق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں جریر نے خبر دی انہیں عمارہ بن قعقاع نے، انہیں ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک یہودیوں سے تمہاری جنگ نہ ہو لے گی اور وہ پتھر بھی اس وقت (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) بول اٹھے گا جس کے پیچھے یہودی چھپا ہوا ہوگا کہ اے مسلمان! یہ یہودی میری آڑ لے کر چھپا ہوا ہے، اسے قتل کر ڈالو (یہ قرب قیامت میں عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد ہوگا۔)

باب ۱۳۹. قِتَالِ التُّرْكِ.

۱۳۹۔ ترکوں سے جنگ۔ ❶

۱۸۶. حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ تَغْلِبَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ تُقَاتِلُوْا قَوْمًا عِرَاضَ الْوُجُوْهِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

۱۸۶۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے حسن سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ ہم سے عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ تم ایک ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے چہرے چوڑے ہوں گے، ایسے جیسی دہری ڈھال ہوتی ہے۔

۱۸۷. حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ الْاَعْرَجِ قَالَ قَالَ

۱۸۷۔ ہم سے سعید بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے

---

❶ ترکوں کے بارے میں احادیث میں جو کچھ بھی مذمت وغیرہ آئی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت یہ قوم کافر تھی اور ان سے جنگ یا ان کی کسی بھی حیثیت سے مذمت صرف اس وجہ سے تھی کہ وہ کافر تھے اور یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ان کے کفر کے زمانے میں ان سے مسلمانوں کو انتہائی نقصانات پہنچے ہیں۔ لیکن اب یہ قوم مسلمان ہے اس لئے احادیث میں جن امور کا ذکر ہوا ہے وہ اس دور کے ترکوں پر یا جب وہ حلقہ بگوش اسلام ہوئے نافذ نہیں کئے جا سکتے۔ حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیریؒ نے لکھا ہے کہ دنیا میں تین اقوام ایسی ہیں جو پوری کی پوری اسلام لائی ہیں۔ عرب، ترک اور افغان اگر کسی نے بعد میں ان میں سے تکفیر کیا تو اسلام لانے کے بعد کیا ہے۔

اَبُوهُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا التُّرْكَ صِغَارَ الْاَعْيُنِ حُمْرَالْوُجُوْهِ ذُلْفَ الْاُنُوْفِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ وَلَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعَرُ

صالح نے، ان سے اعرج نے بیان کیا اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی، جب تک تم ترکوں سے جنگ نہ کرلو گے، جن کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی، چہرے سرخ ہوں گے، ناک چھوٹی اور چپٹی ہوگی، ان کے چہرے ایسے ہوں گے جیسے دہری ڈھال ہوتی ہے اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم ایک ایسی قوم سے جنگ نہ کرلو گے جن کے جوتے بال کے بنے ہوئے ہوں گے۔

باب ۱۴۰ . قِتَالِ الَّذِيْنَ يَنْتَعِلُوْنَ الشَّعَرَ

۱۴۰۔ اس قوم سے جنگ جو بالوں کے جوتے پہنے ہوئے ہوگی۔

(۱۸۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا كَانَ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ قَالَ سُفْيَانُ وَزَادَ فِيْهِ اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رِوَايَةً صِغَارَ الْاَعْيُنِ ذُلْفَ الْاُنُوْفِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

۱۸۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم ایک ایسی قوم سے جنگ نہ کرلو گے جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم ایک ایسی قوم سے جنگ نہ کرلو گے جن کے چہرے دوہری ڈھال جیسے ہوں گے۔ سفیان نے بیان کیا کہ اس میں ابوالزناد نے اعرج کے واسطہ سے اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ ان کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی، ناک چھوٹی اور چپٹی ہوگی، چہرے ایسے ہوں گے جیسے دہری ڈھال ہوتی ہے۔

باب ۱۴۱ . مَنْ صَفَّ اَصْحَابَهُ عِنْدَالْهَزِيْمَةِ وَنَزَلَ عَنْ دَآبَّتِهِ وَاسْتَنْصَرَ

۱۴۱۔ جس نے شکست کے بعد اپنی فوج کو پھر سے صف بستہ کیا۔ اور اپنی سواری سے اتر کر اللہ تعالیٰ سے مدد کی دعا مانگی۔

۱۸۹ . حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ وَسَاَلَهُ رَجُلٌ اَكُنْتُمْ فَرَرْتُمْ يَا اَبَاعُمَارَةَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ لَاوَاللّٰهِ مَاوَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنَّهُ خَرَجَ شُبَّانُ اَصْحَابِهِ وَاَخِفَّاءُهُمْ حُسَّرًا لَيْسَ بِسَلَاحٍ فَاَتَوْا قَوْمًا رُمَاةً جَمْعَ هَوَازِنَ وَبَنِيْ نَصْرٍ مَايَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ فَرَشَقُوْهُمْ رَشْقًا مَّايَكَادُوْنَ يُخْطِئُوْنَ فَاَقْبَلُوْا هُنَالِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَآءِ وَابْنُ عَمِّهِ اَبُوْسُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ يَقُوْدُ بِهٖ

۱۸۹۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے براء بن عازبؓ سے سنا، ان سے ایک صاحب نے پوچھا تھا کہ ابوعمارہ! کیا آپ لوگوں نے حنین کی لڑائی میں فرار اختیار کیا تھا؟ براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نہیں خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ نے (جو لشکر کے قائد تھے) پشت ہرگز نہیں پھیری تھی۔ البتہ آپ کے اصحاب میں جو نوجوان تھے، بے سروسامان جن کے پاس نہ زرہ تھی نہ خود اور کوئی ہتھیار بھی نہیں لے گئے تھے انہوں نے ضرور میدان چھوڑ دیا تھا کیونکہ مقابلہ میں ہوازن اور بنونصر کے بہترین تیراندازوں کی جماعت تھی (وہ اتنے اچھے نشانہ باز تھے کہ) کم ہی ان کا کوئی تیر خطا جاتا۔ چنانچہ انہوں نے خوب تیر برسائے

فَنَزَلَ وَاسْتَنْصَرَ ثُمَّ قَالَ اَنَا النَّبِيُّ لَاكَذِبَ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ ثُمَّ صَفَّ اَصْحَابَه'.

اور شاید ہی کوئی نشانہ ان کا خطا ہوا ہو (اس دوران میں مسلمان) نبی کریم ﷺ کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ حضور اکرم ﷺ اپنے خچر پر سوار تھے اور آپ کے چچیرے بھائی ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب آپ کی سواری کی لگام تھامے ہوئے تھے۔ آنحضور ﷺ نے سواری سے اتر کر اللہ تعالیٰ سے مدد کی دعا مانگی، پھر فرمایا میں نبی ہوں، اس میں غلط بیانی کا کوئی شائبہ نہیں، میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں، اس کے بعد آپ نے اپنے اصحاب کی (نئے طریقے پر) صف بندی کی۔

باب ۱۴۲۔ اَلدُّعَاءِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ بِالْهَزِيْمَةِ وَالزَّلْزَلَةِ

۱۴۲۔ مشرکین کے لئے شکست اور زلزلے کی بددعا۔

(۱۹۰) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عِيْسٰى حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْاَحْزَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَلَأَ اللّٰهُ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا شَغَلُوْنَا عَنِ الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ

۱۹۰۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عیسیٰ نے خبر دی ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے، ان سے عبیدہ نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ احزاب (خندق) کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے (مشرکین کو) یہ بددعا دی کہ اے اللہ! ان کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھر دے، انہوں نے ہمیں صلوٰۃ وسطیٰ (عصر کی نماز) نہیں پڑھنے دی (یہ آپ نے اس وقت فرمایا) جب سورج غروب ہو چکا تھا (اور عصر کی نماز قضا ہو گئی تھی۔)

(۱۹۱) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ فِي الْقُنُوْتِ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ عَيَّاشَ ابْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ اَللّٰهُمَّ سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ

۱۹۱۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ذکوان نے، ان سے اعرج نے، اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ (صبح کی) دعائے قنوت میں (دوسری رکعت کے رکوع سے فارغ ہو کر) یہ دعا پڑھتے تھے (ترجمہ) ''اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات دیجئے، اے اللہ! ولید بن ولید کو نجات دیجئے اے اللہ! عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دیجئے، اے اللہ! تمام کمزور مسلمانوں کو نجات دیجئے (جو مکہ میں مشرکین کی سختیاں جھیل رہے تھے رضوان اللہ علیہم) اے اللہ! مضر پر اپنا سخت عذاب نازل کیجئے، اے اللہ! ایسا قحط نازل کیجئے جیسا یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں پڑا تھا۔

(۱۹۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ اَبِيْ خَالِدٍ اَنَّه' سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ اَبِيْ اَوْفٰى يَقُوْلُ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتٰبِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اَللّٰهُمَّ اهْزِمِ

۱۹۲۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں اسماعیل بن ابی خالد نے خبر دی اور انہوں نے عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ غزوۂ احزاب کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا کی تھی (ترجمہ) اے اللہ! کتاب کے نازل کرنے والے (قیامت کے دن) حساب بڑی سرعت سے لے لینے

الْاَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ

والے، اے اللہ! (مشرکوں اور کفار کی) جماعتوں کو (جو مسلمانوں کا استیصال کرنے آئی ہیں) شکست دیجئے اے اللہ! انہیں شکست دیجئے اور انہیں جھنجھوڑ کر رکھ دیجئے۔''

(۱۹۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِیْ ظِلِّ الْکَعْبَةِ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ وَّنَاسٌ مِّنْ قُرَیْشٍ وَنُحِرَتْ جَزُوْرٌ بِنَاحِیَةِ مَکَّةَ فَاَرْسَلُوْا فَجَآءُوْا مِنْ سَلَاهَا وَطَرَحُوْهُ عَلَیْهِ فَجَآءَتْ فَاطِمَةُ فَاَلْقَتْهُ عَنْهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ اَللّٰهُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ اَللّٰهُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ لِاَبِیْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَّعُتْبَةَ ابْنِ رَبِیْعَةَ وَشَیْبَةَ بْنِ رَبِیْعَةَ وَالْوَلِیْدِ بْنِ عُتْبَةَ وَاُبَیِّ بْنِ خَلَفٍ وَّعُقْبَةَ بْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ فَلَقَدْ رَاَیْتُهُمْ فِیْ قَلِیْبِ بَدْرٍ قَتْلٰی قَالَ اَبُوْاِسْحٰقَ وَنَسِیْتُ السَّابِعَ وَقَالَ یُوْسُفُ بْنُ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ اُمَیَّةُ بْنُ خَلَفٍ وَّقَالَ شُعْبَةُ اُمَیَّةُ اَوْ اُبَیٌّ وَالصَّحِیْحُ اُمَیَّةُ

۱۹۳۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جعفر بن عون نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے عمرو بن میمون نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کعبہ کے سائے میں نماز پڑھ رہے تھے، ابوجہل اور قریش کے بعض دوسرے افراد نے کہا (کہ اونٹ کی اوجھڑی لاکر کون حضور اکرم ﷺ پر ڈالے گا) مکہ کے کنارے ایک اونٹ ذبح ہوا تھا (اور اسی کی اوجھڑی لانے کی تجویز ہوئی) ان سبھوں نے اپنے آدمی بھیجے اور وہ اس اونٹ کی اوجھڑی اٹھا لائے اور اسے نبی کریم ﷺ کے اوپر (نماز پڑھتے ہوئے) ڈال دی۔ اس کے بعد فاطمہؓ آئیں اور انہوں نے جسد اطہر سے گندگی کو ہٹایا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس وقت یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ! قریش کو پکڑ لیجئے، اے اللہ! قریش کو پکڑ لیجئے۔ اے اللہ! قریش کو پکڑ لیجئے۔ ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ ولید بن عتبہ، ابی بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط سب کو۔ عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا، چنانچہ میں نے ان سب کو (بدر کی لڑائی میں) بدر کے کنویں میں دیکھا کہ سبھوں کو قتل کر کے اس میں ڈال دیا گیا تھا۔ ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں ساتویں شخص کا (جس کے حق میں آپ نے بددعا کی تھی نام) بھول گیا اور یوسف بن ابی اسحاق نے بیان کیا، ان سے ابواسحاق نے (سفیان کی روایت میں ابی بن خلف کی بجائے) امیہ بن خلف بیان کیا اور شعبہ نے بیان کیا کہ امیہ یا ابی (شک کے ساتھ) لیکن صحیح امیہ ہے۔

(۱۹۴) حَدَّثَنَا سُلَیْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ الْیَهُوْدَ دَخَلُوْا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اَلسَّامُ عَلَیْکَ فَلَعَنْتُهُمْ فَقَالَ مَالَکِ قُلْتُ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَاقَالُوْا قَالَ فَلَمْ تَسْمَعِیْ مَاقُلْتُ وَعَلَیْکُمْ

۱۹۴۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ بعض یہودی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا، السام علیکم (تم پر موت آئے) میں نے ان پر لعنت بھیجی (ان کی اس بیہودگی کی وجہ سے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، کیا بات ہوئی؟ میں نے عرض کیا، انہوں نے ابھی جو کہا تھا

آپ ﷺ نے نہیں سنا۔ حضور اکرم ﷺ نے جواب دیا، اور تم نے نہیں سنا کہ میں نے اس کا کیا جواب دیا۔ ''اور تم پر بھی۔'' ❶

باب ۱۴۳. هَلْ يُرْشِدُ الْمُسْلِمُ اَهْلَ الْكِتَابِ اَوْ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ

۱۴۳۔ کیا مسلمان اہل کتاب کو ہدایت کر سکتا ہے یا انہیں کتاب اللہ کی تعلیم دے سکتا ہے؟

(۱۹۵) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى قَيْصَرَ وَقَالَ فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَاِنَّ عَلَيْكَ اِثْمَ الْاَرِيْسِيِّيْنَ

۱۹۵۔ ہم سے اسحٰق نے حدیث بیان کی، انہیں یعقوب بن ابراہیم نے خبر دی، ان سے ان کے بھتیجے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے چچا نے بیان کیا، انہیں عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے خبر دی، اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے (روم کے بادشاہ) قیصر کو (خط) لکھا تھا (اس خط میں) آپ ﷺ نے یہ بھی لکھا تھا کہ اگر تم نے (اسلام کی دعوت سے) اعراض کیا تو (اپنے گناہ کے ساتھ) تم پر کاشتکاروں کا بھی گناہ پڑے گا (جن پر تم حکمرانی کرتے ہو۔)

باب ۱۴۴. اَلدُّعَاءِ لِلْمُشْرِكِيْنَ بِالْهُدٰى لِيَتَاَلَّفَهُمْ.

۱۴۴۔ مشرکین کے لئے ہدایت کی دعا کہ ان کا دل اسلام کی طرف مائل کر دے۔

(۱۹۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قَدِمَ طُفَيْلُ بْنُ عَمْرٍوالدَّوْسِيُّ وَاَصْحَابُهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ دَوْسًا عَصَتْ وَاَبَتْ فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهَا فَقِيْلَ هَلَكَتْ دَوْسٌ قَالَ اَللّٰهُمَّ اهْدِدَوْسًا وَّائْتِ بِهِمْ

۱۹۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ طفیل بن عمر الدوسیؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! قبیلہ دوس کے لوگ سرکشی پر اتر آئے ہیں اور (اللہ کا کلام سننے سے) انکار کرتے ہیں، آپ ان پر بد دعا کیجئے۔ بعض صحابہؓ نے کہا کہ اب (اگر حضور اکرم ﷺ نے ان پر) بد دعا کی تو دوس کے لوگ برباد ہو جائیں گے لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اے اللہ! دوس کے لوگوں کو ہدایت دیجئے اور انہیں (دائرہ اسلام میں) کھینچ لائیے۔

باب ۱۴۵. دَعْوَةِ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ وَعَلٰى مَايُقَاتِلُوْنَ عَلَيْهِ وَمَا كَتَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى كِسْرٰى وَقَيْصَرَ وَالدَّعْوَةِ قَبْلَ الْقِتَالِ

۱۴۵۔ یہود و نصاریٰ کو اسلام کی دعوت اور ان سے جنگ کب کی جائے؟ ان خطوط سے متعلق روایات جو نبی کریم ﷺ نے قیصر و کسریٰ کو لکھے تھے۔ اور جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت۔

(۱۹۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ لَمَّا اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّكْتُبَ اِلَى الرُّوْمِ قِيْلَ لَهٗ اِنَّهُمْ

۱۹۷۔ ہم سے علی بن جعد نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں قتادہ نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ جب نبی کریم ﷺ نے روم (کے حکمران) کو خط لکھنے کا

❶ [illegible] نے کوئی برا لفظ [illegible] نا معقول اور بیہودہ حرکتوں کا جواب [illegible] ہونا چاہیے۔

لَايَقْرَءُ وْنَ كِتَابًا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مَخْتُوْمًا فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِّنْ فِضَّةٍ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى بَيَاضِهٖ فِيْ يَدِهٖ وَنَقَشَ فِيْهِ "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ."

ارادہ کیا تو آپ سے کہا گیا کہ وہ لوگ خط اس وقت تک قبول نہیں کرتے جب تک وہ سر بمہر نہ ہو، چنانچہ آنحضور ﷺ نے ایک چاندی کی انگوٹھی بنوائی (مہر کے لئے) گویا دست مبارک پر اس کی سفیدی میری نظروں کے سامنے ہے۔ اس انگوٹھی پر "محمد رسول اللہ" کھدا ہوا تھا۔

(۱۹۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلٰى كِسْرٰى، فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ يَدْفَعُهٗ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ اِلٰى كِسْرٰى فَلَمَّا قَرَاَهٗ كِسْرٰى خَرَّقَهٗ فَحَسِبْتُ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ فَدَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ

۱۹۸۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے کہا کہ مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا مکتوب کسریٰ کے پاس بھیجا آپ نے ایلچی سے یہ فرمایا تھا کہ وہ آپ کے مکتوب کو بحرین کے گورنر کو دے دیں۔ بحرین کا گورنر اسے کسریٰ کے دربار میں پہنچا دے گا۔ جب کسریٰ نے مکتوب مبارک پڑھا تو اسے اس نے پھاڑ ڈالا، مجھے یاد ہے کہ سعید بن میسب نے بیان کیا تھا کہ پھر نبی کریم ﷺ نے اس پر بددعا کی تھی کہ وہ بھی پارہ پارہ ہو جائے (چنانچہ) ایسا ہی ہوا۔

باب ۱۴۶ . دُعَآءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْاِسْلَامِ وَالنُّبُوَّةِ وَاَنْ لَّايَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَاكَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ

۱۴۶۔ نبی کریم ﷺ کی (غیر مسلموں کو) اسلام کی طرف دعوت اور نبوت (کا اعتراف) اور یہ کہ خدا کو چھوڑ کر انسان باہم ایک دوسرے کو اپنا پالنہار نہ بنائیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ کسی انسان کے لئے یہ درست نہیں ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ اسے (کتاب وحکمت) عطا فرمائے (تو وہ بجائے اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لوگوں سے اپنی عبادت کے لئے کہے) آخر آیت تک۔

(۱۹۹) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى قَيْصَرَ يَدْعُوْهُ اِلَى الْاِسْلَامِ وَبَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلَيْهِ مَعَ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ وَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى لِيَدْفَعَهٗ اِلٰى قَيْصَرَ وَكَانَ قَيْصَرُ لَمَّا كَشَفَ اللّٰهُ عَنْهُ جُنُوْدَ فَارِسَ مَشٰى مِنْ حِمْصَ اِلٰى اِيْلِيَآءَ شُكْرًا لِمَا اَبْلَاهُ اللّٰهُ فَلَمَّا جَآءَ قَيْصَرَ كِتَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلّٰى

۱۹۹۔ ہم سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن کیسان نے (ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے قیصر کو ایک خط لکھا جس میں آپ نے اسے اسلام کی دعوت دی تھی۔ دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ نے مکتوب گرامی کے ساتھ بھیجا تھا اور انہیں حکم دیا تھا کہ مکتوب بصریٰ کے گورنر کے حوالہ کر دیں وہ اسے قیصر تک پہنچا دے گا۔ جب فارس کی فوج (اس کے مقابلے میں) شکست کھا کر پیچھے ہٹ گئی تھی (اور اس کے ملک کے مقبوضہ علاقے اسے واپس مل گئے تھے) تو اس انعام کے شکرانہ کے طور پر جو اللہ تعالیٰ نے (اس کا ملک واپس دے کر)

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حِيْنَ قَرَاَهُ اِلْتَمِسُوْا لِيْ هٰهُنَا
اَحَدًا مِّنْ قَوْمِهٖ لِاَسْاَلَهُمْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْسُفْيَانَ اَنَّهٗ
كَانَ بِالشَّامِ فِيْ رِجَالٍ مِّنْ قُرَيْشٍ قَدِمُوْا تُجَّارًا فِي
الْمُدَّةِ الَّتِيْ كَانَتْ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَبَيْنَ كُفَّارِ قُرَيْشٍ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ فَوَجَدَنَا
رَسُوْلُ قَيْصَرَ بِبَعْضِ الشَّامِ فَانْطَلَقَ بِيْ وَبِاَصْحَابِيْ
حَتّٰى قَدِمْنَا اِيْلِيَآءَ فَاُدْخِلْنَا عَلَيْهِ فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ فِيْ
مَجْلِسِ مُلْكِهٖ وَعَلَيْهِ التَّاجُ وَاِذَا حَوْلَهٗ عُظَمَآءُ
الرُّوْمِ فَقَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ سَلْهُمْ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ نَسَبًا اِلٰى
هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ يَزْعَمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ
فَقُلْتُ اَنَا اَقْرَبُهُمْ اِلَيْهِ نَسَبًا قَالَ مَاقَرَابَةُ مَابَيْنَكَ
وَبَيْنَهٗ فَقُلْتُ هُوَ ابْنُ عَمِّيْ وَلَيْسَ فِي الرَّكْبِ
يَوْمَئِذٍ اَحَدٌ مِّنْ بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ غَيْرِيْ فَقَالَ قَيْصَرُ
اَدْنُوْهُ وَاَمَرَ بِاَصْحَابِيْ فَجُعِلُوْا خَلْفَ ظَهْرِيْ عِنْدَ
كَتِفِيْ ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ قُلْ لِّاَصْحَابِهٖ اِنِّيْ سَآئِلٌ
هٰذَا الرَّجُلَ عَنِ الَّذِيْ يَزْعَمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ فَاِنْ كَذَبَ
فَكَذِّبُوْهُ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ وَاللّٰهِ لَوْلَا الْحَيَآءُ يَوْمَئِذٍ مِّنْ
اَنْ يَّاْثُرَ اَصْحَابِيْ عَنِّي الْكَذِبَ لَكَذَبْتُهٗ حِيْنَ
سَاَلَنِيْ عَنْهُ وَلٰكِنِّي اسْتَحْيَيْتُ اَنْ يَّاْثُرُوا الْكَذِبَ
عَنِّيْ فَصَدَقْتُهٗ ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ قُلْ لَّهٗ كَيْفَ نَسَبُ
هٰذَا الرَّجُلِ فِيْكُمْ قُلْتُ هُوَ فِيْنَا ذُوْ نَسَبٍ قَالَ فَهَلْ
قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَبْلَهٗ قُلْتُ لَافَقَالَ كُنْتُمْ
تَتَّهِمُوْنَهٗ عَلَى الْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَ مَاقَالَ قُلْتُ
لَاقَالَ فَهَلْ كَانَ مِنْ اٰبَآئِهٖ مِنْ مَّلِكٍ قُلْتُ لَاقَالَ
فَاَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُوْنَهٗ اَمْ ضُعَفَآءُ هُمْ قُلْتُ بَلْ
ضُعَفَآءُ هُمْ قَالَ فَيَزِيْدُوْنَ اَوْيَنْقُصُوْنَ قُلْتُ بَلْ
يَزِيْدُوْنَ قَالَ فَهَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ سُخْطَةً لِّدِيْنِهٖ بَعْدَ اَنْ
يَّدْخُلَ فِيْهِ قُلْتُ لَاقَالَ فَهَلْ يَغْدِرُ قُلْتُ لَاوَنَحْنُ
الْاٰنَ مِنْهُ فِيْ مُدَّةٍ نَحْنُ نَخَافُ اَنْ يَّغْدِرَ قَالَ

اس پر کیا تھا، ابھی قیصر حمص سے ایلیا (بیت المقدس) تک پیدل چل کر آیا تھا۔ جب اس کے پاس رسول اللہ ﷺ کا مکتوب پہنچا اور اس کے سامنے پڑھا گیا تو اس نے کہا کہ اگر ان کی (حضور اکرم ﷺ کی) قوم کا کوئی شخص یہاں ہو تو اسے تلاش کر کے لاؤ تا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے متعلق اس سے سوالات کروں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے ابوسفیانؓ نے خبر دی کہ قریش کے ایک قافلے کے ساتھ وہ ان دنوں شام میں مقیم تھے، یہ قافلہ اس دور میں یہاں تجارت کی غرض سے آیا تھا جس میں حضور اکرم ﷺ اور کفار قریش میں باہم صلح ہو چکی تھی (صلح حدیبیہ) ابوسفیان نے بیان کیا کہ قیصر کے آدمی کی ہم سے شام کے ایک مقام پر ملاقات ہوئی اور وہ مجھے اور میرے ساتھیوں کو اپنے ساتھ (قیصر کے دربار میں، بیت المقدس) لے کر چلا، (پھر جب ہم ایلیا سے بیت المقدس) پہنچے تو قیصر کے دربار میں ہماری باریابی ہوئی، اس وقت قیصر اپنے دربار میں بیٹھا ہوا تھا، اس کے سر پر تاج تھا اور روم کے امراء اس کے اردگرد تھے۔ اس نے اپنے ترجمان سے کہا کہ ان سے پوچھو کہ جنہوں نے ان کے یہاں نبوت کا دعویٰ کیا ہے، نسب کے اعتبار سے ان سے قریب ان میں سے کون شخص ہے۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ میں نے کہا کہ میں نسب کے اعتبار سے ان کے زیادہ قریب ہوں، قیصر نے پوچھا، تمہاری اور ان کی قرابت کیا ہے؟ میں نے کہا کہ (رشتے میں) وہ میرے چچا زاد بھائی ہوتے ہیں۔ اتفاق تھا کہ اس مرتبہ قافلے میں میرے سوا، بنی عبد مناف کا اور کوئی فرد شریک نہیں تھا۔ قیصر نے کہا کہ اس شخص (ابوسفیانؓ) کو مجھ سے قریب کر دو اور جو لوگ میرے ساتھ تھے اس کے حکم سے میرے پیچھے بالکل میری بغل میں کھڑے کر دیئے گئے۔ اس کے بعد اس نے اپنے ترجمان سے کہا کہ اس شخص (ابوسفیان کے ساتھیوں سے کہہ دو کہ اس سے میں ان صاحب کے بارے میں پوچھوں گا جو نبی ہونے کے مدعی ہیں، اگر یہ ان کے بارے میں کوئی جھوٹ بات کہے تو تم فوراً اس کی تردید کر دو۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ خدا کی قسم اگر اس دن اس بات کی شرم نہ ہوتی کہ کہیں میرے ساتھی میری تکذیب نہ کر بیٹھیں تو میں ان سوالات کے جوابات میں ضرور جھوٹ بول جاتا جو اس نے حضور ﷺ کے بارے میں کیے تھے۔ لیکن مجھے تو اس کا خطرہ لگا رہا کہ کہیں میرے ساتھی میری تکذیب نہ کر دیں (اگر جھوٹ بولوں) اس

اَبُوْسُفْيَانَ وَلَمْ تُمَكِّنِّي كَلِمَةٌ اُدْخِلُ فِيْهَا شَيْئًا اَنْتَقِصُهُ بِهٖ لَا اَخَافُ اَنْ يُؤْثَرَ عَنِّيْ غَيْرُهَا قَالَ فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهَا اَوْقَا تَلْكُمْ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَكَيْفَ كَانَتْ حَرْبُهُ وَحَرْبُكُمْ قُلْتُ كَانَتْ دُوَلًا وَسِجَالًا يُدَالُ عَلَيْنَا الْمَرَّةَ وَنُدَالُ عَلَيْهِ الْاُخْرٰى قَالَ فَمَاذَا يَاْمُرُكُمْ قَالَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَّعْبُدَاللّٰهَ وَحْدَهُ لَانُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا وَيَنْهَانَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآءُ نَا وَيَاْمُرُنَا بِالصَّلٰوةِ وَالصَّدَقَةِ وَالْعَفَافِ وَالْوَفَآءِ بِالْعَهْدِ وَاَدَآءِ الْاَمَانَةِ فَقَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ حِيْنَ قُلْتُ ذٰلِكَ لَهُ قُلْ لَهُ اِنِّيْ سَاَلْتُكَ عَنْ نَسَبِهٖ فِيْكُمْ فَزَعَمْتَ اَنَّهُ ذُوْنَسَبٍ وَّكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِيْ نَسَبِ قَوْمِهَا وَسَاَلْتُكَ هَلْ قَالَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَقُلْتُ لَوْكَانَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ يَّاْتَمُّ بِقَوْلٍ قَدْ قِيْلَ قَبْلَهُ وَسَاَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهُ بِالْكَذِبِ قِيْلَ اَنْ يَّقُوْلَ مَاقَالَ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَعَرَفْتُ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ وَيَكْذِبَ عَلَى اللّٰهِ وَسَاَلْتُكَ هَلْ كَانَ مِنْ اٰبَائِهٖ مِنْ مَلِكٍ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَقُلْتُ لَوْكَانَ مِنْ اٰبَآئِهٖ مَلِكٌ قُلْتُ يَطْلُبُ مُلْكَ اٰبَائِهٖ وَسَاَلْتُكَ اَشْرَافُ النَّاسِ يَتَّبِعُوْنَهُ اَمْ ضُعَفَآؤُهُمْ فَزَعَمْتَ اَنَّ ضُعَفَآءَ هُمْ اِتَّبَعُوْهُ وَهُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَاَلْتُكَ هَلْ يَزِيْدُوْنَ اَوْيَنْقُصُوْنَ فَزَعَمْتَ اَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ وَكَذٰلِكَ الْاِيْمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ وَسَاَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ اَحَدٌ سُخْطَةً لِّدِيْنِهٖ بَعْدَ اَنْ يَّدْخُلَ فِيْهِ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَكَذٰلِكَ الْاِيْمَانُ حِيْنَ تَخْلِطُ بَشَاشَتُهُ الْقُلُوْبَ لَايَسْخَطُهُ اَحَدٌ وَسَاَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لَايَغْدِرُوْنَ وَسَاَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ وَقَاتَلَكُمْ فَزَعَمْتَ اَنْ قَدْفَعَلَ وَاَنَّ حَرْبَكُمْ وَحَرْبَهُ تَكُوْنُ دُوَلًا يُدَالُ عَلَيْكُمُ الْمَرَّةَ وَتُدَالُوْنَ عَلَيْهِ الْاُخْرٰى

لئے میں نے سچائی سے کام لیا۔ اس کے بعد اس نے اپنے ترجمان سے کہا، اس سے پوچھو کہ تم لوگوں میں ان صاحب (حضور اکرم ﷺ) کا نسب کیسا بیان کیا جاتا ہے؟ میں نے بتایا کہ ہم میں ان کا نسب، نجیب سمجھا جاتا ہے۔ اس نے پوچھا، اچھا یہ نبوت کا دعویٰ اس سے پہلے بھی تمہارے یہاں کسی نے کیا تھا؟ میں نے کہا کہ نہیں۔ اس نے پوچھا، کیا اس دعوے سے پہلے ان پر کوئی جھوٹ کا الزام تھا؟ میں نے کہا کہ نہیں۔ اس نے پوچھا، تو اب سرکردہ افراد ان کی اتباع کرتے ہیں یا کمزور اور کم حیثیت کے لوگ؟ میں نے کہا کمزور اور کم حیثیت کے لوگ ہی ان کے (زیادہ) متبع ہیں۔ اس نے پوچھا کہ متبعین کی تعداد بڑھتی رہتی ہے یا گھٹتی جا رہی ہے؟ میں نے کہا جی نہیں، تعداد برابر بڑھ رہی ہے۔ اس نے پوچھا، کوئی ان کے دین سے بیزار ہو کر اسلام لانے کے بعد مرتد بھی ہوا ہے؟ میں نے کہا کہ نہیں، اس نے پوچھا، انہوں نے کبھی وعدہ خلافی بھی کی ہے؟ میں نے کہا کہ نہیں! لیکن آج کل ہمارا ان سے ایک وعدہ چل رہا ہے اور ہمیں ان کی طرف سے معاہدہ کی خلاف ورزی کا خطرہ ہے۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ پوری گفتگو میں سوا اس کے اور کوئی ایسا موقعہ نہیں ملا کہ جس میں میں کوئی ایسی بات (جھوٹی) ملادوں جس سے حضور اکرم ﷺ کی تنقیص ہوتی ہو اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے بھی تکذیب کا خطرہ نہ ہو۔ اس نے پھر پوچھا کیا تم نے کبھی ان سے جنگ کی ہے یا انہوں نے تم سے جنگ کی ہے؟ میں نے کہا کہ ہاں، اس نے پوچھا، تمہاری لڑائی کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ میں نے کہا، لڑائی میں ہمیشہ کسی ایک فریق نے فتح نہیں حاصل کی، کبھی وہ ہمیں مغلوب کر لیتے ہیں اور کبھی ہم انہیں۔ اس نے پوچھا، وہ تمہیں حکم کن چیزوں کا دیتے ہیں؟ کہا (ابوسفیان نے کہ میں نے بتایا) ہمیں وہ اس کا حکم دیتے ہیں کہ ہم صرف اللہ کی عبادت کریں اور اس کا کسی کو بھی شریک نہ ٹھہرائیں ہمیں ان معبودوں کی عبادت سے وہ منع کرتے ہیں جن کی ہمارے آباواجداد عبادت کیا کرتے تھے۔ نماز، صدقہ، پاک بازی و مروت، وفاء، عہد اور امانت کے ادا کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ جب میں اسے یہ تمام تفصیلات بتا چکا تو اس نے اپنے ترجمان سے کہا، ان سے کہو کہ میں نے تم سے ان (آنحضور ﷺ) کے نسب کے متعلق دریافت کیا تو تم نے بتایا کہ وہ تمہارے یہاں صاحب نسب اور نجیب سمجھے جاتے ہیں اور انبیاء بھی یوں ہی اپنی قوم کے اعلیٰ نسب

وَكَذٰلِکَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰی وَتَكُوْنُ لَهَا الْعَاقِبَةُ وَسَأَلْتُکَ بِمَاذَا يَاْمُرُكُمْ فَزَعَمْتَ اَنَّهٗ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَاتُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّيَنْهَاكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ وَيَاْمُرُكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَالصِّدْقِ وَالْعَفَافِ وَالْوَفَآءِ بِالْعَهْدِ وَاَدَآءِ الْاَمَانَةِ قَالَ وَهٰذِهٖ صِفَةُ النَّبِيِّ قَدْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّهٗ خَارِجٌ وَلٰكِنْ لَمْ اَظُنَّ اَنَّهٗ مِنْكُمْ وَاِنْ يَّکُ مَاقُلْتَ حَقًّا فَيُوْشِکُ اَنْ يَّمْلِکَ مَوْضِعَ قَدَمَيَّ هَاتَيْنِ وَلَوْ اَرْجُوْا اَنْ اَخْلُصَ اِلَيْهِ لَتَجَشَّمْتُ لُقِيَّهٗ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهٗ لَغَسَلْتُ قَدَمَيْهِ قَالَ اَبُوْسُفْيٰنَ ثُمَّ دَعَا بِكِتٰبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِئَ فَاِذَا فِيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَدْعُوْکَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ، وَاَسْلِمْ يُؤْتِکَ اللّٰهُ اَجْرَکَ مَرَّتَيْنِ فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْکَ اِثْمُ الْاَرِيْسِيِّيْنَ وَيَا اَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۭ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَنْ لَّانَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَانُشْرِکَ بِهٖ شَيْئًا وَّلَايَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ فَلَمَّا اَنْ قَضٰى مَقَالَتَهٗ عَلَتْ اَصْوَاتُ الَّذِيْ حَوْلَهٗ مِنْ عُظَمَآءِ الرُّوْمِ وَكَثُرَ لَغَطُهُمْ فَلَا اَدْرِيْ مَاذَا قَالُوْا وَاُمِرْنَا فَاُخْرِجْنَا فَلَمَّا اَنْ خَرَجْتُ مَعَ اَصْحَابِيْ وَخَلَوْتُ بِهِمْ قُلْتُ لَهُمْ لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِيْ كَبْشَةَ هٰذَا مَلِکُ بَنِي الْاَصْفَرِ يَخَافُهٗ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ وَاللّٰهِ مَازِلْتُ ذَلِيْلًا مُسْتَيْقِنًا بِاَنَّ اَمْرَهٗ سَيَظْهَرُ حَتّٰى اَدْخَلَ اللّٰهُ قَلْبِي الْاِسْلَامَ وَاَنَا كَارِهٌ

میں مبعوث کئے جاتے ہیں۔ میں نے تم سے یہ دریافت کیا تھا کہ کیا نبوت کا دعویٰ تمہارے یہاں اس سے پہلے بھی کسی نے کیا تھا، تم نے بتایا کہ کسی نے ایسا دعویٰ پہلے نہیں کیا تھا۔ اس سے میں سمجھا کہ اگر اس سے پہلے تمہارے یہاں کسی نے نبوت کا دعویٰ کیا ہوتا تو میں یہ بھی کہہ سکتا تھا کہ یہ صاحب بھی اسی دعویٰ کی نقل کر رہے ہیں جو اس سے پہلے کیا جا چکا ہے۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ کیا تم نے دعویٰ نبوت سے پہلے بھی ان کی طرف جھوٹ منسوب کیا تھا۔ تم نے بتایا کہ ایسا بھی نہیں ہوا۔ اس سے میں اس نتیجے پر پہنچا کہ یہ ممکن نہیں کہ ایک شخص جو لوگوں کے متعلق کبھی جھوٹ نہ بول سکا وہ خدا کے متعلق جھوٹ بول دے۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ کیا ان کے آباواجداد میں کوئی بادشاہ تھا، تم نے بتایا کہ نہیں۔ میں نے اس سے یہ فیصلہ کیا کہ اگر ان کے آباواجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہوتا تو میں بھی کہہ سکتا تھا کہ (نبوت کا دعویٰ کر کے) وہ اپنے اجداد کی سلطنت پر قابض ہونا چاہتے ہیں۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ ان کی اتباع قوم کے سربرآوردہ لوگ کرتے ہیں یا کمزور اور بے حیثیت لوگ، تم نے بتایا کہ کمزور قسم کے لوگ ان کی اتباع کرتے ہیں اور یہی طبقہ انبیاء کی (ہر دور میں) اتباع کرنے والا رہا ہے۔ میں نے تم سے پوچھا کہ ان متبعین کی تعداد بڑھتی رہتی ہے یا گھٹتی بھی ہے۔ تم نے بتایا کہ وہ لوگ برابر بڑھ رہے ہیں ایمان کا بھی یہی حال ہے یہاں تک کہ وہ مکمل ہو جائے۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ کیا کوئی شخص ان کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے برگشتہ بھی ہوا ہے تم نے کہا کہ ایسا بھی نہیں ہوا، ایمان کا بھی یہی حال ہے جب وہ دل کی گہرائیوں میں اتر جاتا ہے تو پھر کوئی چیز اس سے مؤمن کو برگشتہ نہیں بنا سکتی۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ کیا انہوں نے کبھی وعدہ خلافی بھی کی ہے، تم نے اس کا بھی جواب دیا کہ نہیں انبیاء کی بھی یہی شان ہے کہ وہ وعدہ خلافی کبھی نہیں کرتے۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ کیا تم نے کبھی ان سے یا انہوں نے تم سے جنگ کی ہے۔ تم نے بتایا کہ ایسا ہوا ہے اور تمہاری لڑائیوں کا نتیجہ ہمیشہ کسی ایک ہی کے حق میں نہیں گیا بلکہ کبھی تم مغلوب ہوئے ہو اور کبھی وہ انبیاء کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتا ہے وہ امتحان میں ڈالے جاتے ہیں لیکن انجام انہیں کا ہوتا ہے۔ میں نے تم سے دریافت کیا کہ وہ تمہیں حکم کن چیزوں کا دیتے ہیں تو تم نے بتایا کہ وہ تم کو حکم دیتے

ہیں کہ اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور تمہیں تمہارے ان معبودوں کی عبادت سے منع کرتے ہیں جن کی تمہارے آباؤ اجداد عبادت کیا کرتے تھے، تمہیں وہ نماز، صدقہ، پاکبازی ایفاء عہد اور ادائے امانت کا حکم دیتے ہیں، اس نے کہا ایک نبی کی یہی صفت ہے۔ میرے بھی علم میں یہ بات تھی کہ وہ نبی مبعوث ہونے والے ہیں لیکن یہ خیال نہ تھا کہ تم میں سے ہی وہ مبعوث ہوں گے۔ جو باتیں تم نے بتائیں اگر وہ صحیح ہیں تو وہ دن بہت قریب ہے جب وہ اس جگہ پر حکمران ہوں گے جہاں اس وقت میرے دونوں قدم موجود ہیں، اگر مجھے ان تک پہنچ سکنے کی توقع ہوتی تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہونے کی پوری کوشش کرتا اور اگر میں ان کی خدمت میں موجود ہوتا تو ان کے پاؤں دھوتا۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ اس کے بعد قیصر نے رسول اللہ ﷺ کا مکتوب گرامی طلب کیا اور وہ اس کے سامنے پڑھا گیا، اس میں لکھا ہوا تھا (ترجمہ) ''شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم کرنے والے ہیں! اللہ کے بندے اور اس کے رسول کی طرف سے، روم کے شہنشاہ ہرقل کی طرف، اس شخص پر سلامتی ہو جو ہدایت قبول کرے وامابعد۔ میں تمہیں اسلام کے پیغام کی دعوت دیتا ہوں، اسلام قبول کرو، تمہیں بھی امن وسلامتی حاصل ہوگی اور اسلام قبول کرو تو تمہیں اللہ دوہرا اجر دے گا (ایک تمہارے اپنے اسلام کا اور دوسرا تمہاری قوم کے اسلام کا جو تمہاری وجہ سے اسلام میں داخل ہوگی، لیکن اگر تم نے اس دعوت سے اعراض کیا تو تمہاری رعایا کا گناہ بھی تمہیں پر ہوگا۔ اور اے اہل کتاب ایک ایسے کلمہ پر آ کر ہم سے مل جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے، یہ کہ ہم اللہ کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کریں، نہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائیں اور نہ ہم میں سے کوئی اللہ کو چھوڑ کر باہم ایک دوسرے کو پروردگار بنائے۔ اب بھی تم اگر اعراض کرتے ہو تو اس کا اعتراف کرلو کہ (اللہ تعالیٰ کے واقعی) ہم فرمانبردار ہیں (نہ کہ تم)۔'' ابوسفیان نے بیان کیا کہ جب ہرقل اپنی بات پوری کر چکا تو روم کے جو سردار اس کے اردگرد جمع تھے، سب ایک ساتھ چیخنے لگے، اور شوروغل بہت بڑھ گیا۔ مجھے کچھ پتہ نہیں چلا کہ یہ لوگ کیا کہہ رہے تھے۔ پھر ہمیں حکم دیا گیا اور ہم وہاں سے نکال دیئے گئے۔ جب میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ وہاں سے چلا آیا اور ان کے ساتھ تنہائی ہوئی تو میں نے کہا کہ ابن

ابی کبشہ (مراد حضور اکرم ﷺ سے ہے) کا معاملہ تو بہت آگے بڑھ چکا ہے۔ بنوالاصفر (رومیوں) کا بادشاہ بھی اس سے ڈرتا ہے۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ بخدا، اسی دن سے میں احساس کمتری میں مبتلا ہوگیا تھا اور برابر اس بات کا یقین رہا کہ حضور اکرم ﷺ کا دین غالب آ کر رہے گا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں بھی ایمان داخل کر دیا۔ حالانکہ (پہلے) میں اس سے بڑی نفرت کرتا تھا۔

(۲۰۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالْعَزِیْزِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَوْمَ خَیْبَرَ لَاُعْطِیَنَّ الرَّایَةَ رَجُلًا یَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰی یَدَیْهِ فَقَامُوْا یَرْجُوْنَ لِذٰلِکَ اَیُّهُمْ یُعْطٰی فَغَدَوْا وَکُلُّهُمْ یَرْجُوْا اَنْ یُّعْطٰی فَقَالَ اَیْنَ عَلِیٌّ فَقِیْلَ یَشْتَکِیْ عَیْنَیْهِ فَاَمَرَ فَدُعِیَ لَهٗ فَبَصَقَ فِیْ عَیْنَیْهِ فَبَرَاَ مَکَانَهٗ حَتّٰی کَاَنَّهٗ لَمْ یَکُنْ بِهٖ شَیْءٌ فَقَالَ نُقَاتِلُهُمْ حَتّٰی یَکُوْنُوْا مِثْلَنَا فَقَالَ عَلٰی رِسْلِکَ حَتّٰی تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا یَجِبُ عَلَیْهِمْ فَوَاللّٰهِ لَاَنْ یُّهْدٰی بِکَ رَجُلٌ وَّاحِدٌ خَیْرٌ لَّکَ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ

۲۰۰۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ قعنبی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے خیبر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا تھا کہ اسلامی جھنڈا میں ایک ایسے شخص کے ہاتھ میں دوں گا جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ فتح عنایت فرمائے گا، اب سب لوگ اس توقع میں تھے کہ دیکھئے جھنڈا کسے ملتا ہے، جو صبح ہوئی تو سب (جو سر کردہ تھے) اسی امید میں رہے کہ کاش انہیں کو مل جائے لیکن آپ ﷺ نے دریافت فرمایا، علی کہاں ہیں؟ عرض کیا گیا کہ وہ آشوب چشم میں مبتلا ہیں۔ آخر آپ کے حکم سے انہیں بلایا گیا، آپ ﷺ نے اپنا لعاب دہن ان کی آنکھوں میں لگا دیا اور فوراً ہی وہ اچھے ہوگئے، جیسے پہلے کوئی تکلیف ہی نہ رہی ہو۔ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ہم ان (یہودیوں سے) اس وقت تک جنگ کریں گے۔ جب تک یہ ہمارے جیسے (مسلمان) نہ ہو جائیں لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ابھی توقف کرو، پہلے ان کے میدان میں اتر کر انہیں اسلام کی دعوت دے لو، اور ان کے لئے جو چیز ضروری ہے اس کی خبر کردو (پھر اگر وہ نہ مانیں تو لڑنا) خدا گواہ ہے کہ اگر تمہارے ذریعہ ایک شخص کو بھی ہدایت مل جائے تو یہ تمہارے حق میں سرخ اونٹوں سے بڑھ کر ہے۔

(۲۰۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَزَا قَوْمًا لَّمْ یَغْزُ حَتّٰی یُصْبِحَ فَاِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَکَ وَاِنْ لَّمْ یَسْمَعْ اَذَانًا اَغَارَ بَعْدَ مَا یُصْبِحُ فَنَزَلْنَا خَیْبَرَ لَیْلًا

۲۰۱۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے، کہا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی قوم پر چڑھائی کرتے تھے تو اس وقت تک کوئی اقدام نہیں فرماتے تھے جب تک صبح نہ ہو لے، جب صبح ہو جاتی اور اذان کی آواز سن لیتے تو رک جاتے اور اگر اذان کی آواز نہ سنائی دیتی تو (اس یقین کے بعد کہ یہاں مسلمان نہیں ہیں آپ حملہ کرتے تھے، صبح ہونے

کے بعد۔ چنانچہ خیبر میں بھی ہم رات میں پہنچے تھے۔

(۲۰۲) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ غَزَابِنَا حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى خَيْبَرَ فَجَآءَ هَا لَيْلًا وَّكَانَ اِذَا جَآءَ قَوْمًا بِلَيْلٍ لَايُغِيْرُ عَلَيْهِمْ حَتّٰى يُصْبِحَ فَلَمَّا اَصْبَحَ خَرَجَتْ يَهُوْدُ بِمَسَاحِيْهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

۲۰۲۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسمٰعیل بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ہمیں ساتھ لے کر ایک غزوہ کے لئے تشریف لے گئے اور ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ خیبر تشریف لے گئے۔ رات میں اور آپ ﷺ کی عادت تھی کہ جب کسی قوم تک رات کے وقت پہنچتے تو صبح سے پہلے ان پر حملہ نہیں کرتے تھے۔ جب صبح ہوئی تو یہودی اپنے پھاوڑے اور ٹوکرے لے کر باہر (کھیتوں میں کام کرنے کے لئے) نکلے جب انہوں نے لشکر دیکھا تو چیخ پڑے، محمد بخدا محمد لشکر کے ساتھ (آ گئے) اس پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ کی ذات سب سے اکبر وارفع ہے، خیبر تو تباہ ہوا کہ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اتر آتے ہیں تو (کفر سے) ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے۔

(۲۰۳) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّىْ نَفْسَهٗ وَمَالَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَى اللّٰهِ رَوَاهُ عُمَرُوَابْنُ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۰۳۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، ان سے سعید بن مسیب نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک جنگ کرتا رہوں یہاں تک کہ وہ اس کا اقرار کر لیں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ ❶ پس جس نے اقرار کر لیا کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، تو اس کی جان اور مال پھر ہم سے محفوظ ہے، سوا اس کے حق کے (یعنی اس نے کوئی ایسا جرم کیا جس کی بنا پر قانوناً اس کی جان و مال زد میں آئے، اس کے سوا) اور اس کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔ اس کی روایت عمر اور ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کی ہے۔

باب ۱۴۷ . مَنْ اَرَادَ غَزْوَةً فَوَرّٰى بِغَيْرِهَا وَمَنْ اَحَبَّ الْخُرُوْجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

۱۴۷۔ جس نے غزوہ کا ارادہ کیا لیکن اسے راز میں رکھنے کے لئے کسی اظہار کے موقعہ پر ذومعنین لفظ بول دیا۔ اور جس نے جمعرات کے دن کوچ کو پسند کیا۔

(۲۰۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ

۲۰۴۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، کہ

❶ یاد رہے کہ یہ حکم حالت امن کا نہیں ہے، بلکہ جس قوم سے مسلمانوں کی لڑائی ہو رہی ہو جنگ کے سے حالات ہوں یا لڑائی ہو رہی ہو تو اس کے لئے یہ حکم ہے کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کے اقرار کے بعد ہمارا ان سے کوئی جھگڑا نہیں۔ اس پر نوٹ اس سے پہلے بھی گذر چکا ہے۔

عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِنْ بَنِيهِ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَكُنْ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰى بِغَيْرِهَا

کہ مجھے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے خبر دی، اور انہیں عبداللہ بن کعب رضی اللہ عنہ نے، کعبؓ (جب نابینا ہو گئے تھے) کے ساتھ ان کے دوسرے صاحبزادوں میں سے یہی انہیں لے کر راستے میں ان کے آگے آگے چلتے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالکؓ سے سنا کہ وہ (غزوۂ تبوک میں) رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہ جا سکے تھے، رسول اللہ ﷺ کا اصول یہ تھا کہ جب آپ کسی غزوہ کا ارادہ کرتے تو اس کے اظہار میں ذومعنین الفاظ استعمال کرتے (تاکہ دشمن چوکنے نہ ہو جائیں)۔

(۲۰۵) حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلَّمَا يُرِيْدُ غَزْوَةً يَغْزُوْهَا اِلَّا وَرّٰى بِغَيْرِهَا حَتّٰى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكٍ فَغَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَّمَفَازًا وَّاسْتَقْبَلَ غَزْوَ عَدُوٍّ كَثِيْرٍ فَجَلّٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ اَمْرَهُمْ لِيَتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ عَدُوِّهِمْ وَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّتِيْ يُرِيْدُ وَعَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ يَقُوْلُ لَقَلَّمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ اِذَا خَرَجَ فِيْ سَفَرٍ اِلَّا يَوْمَ الْخَمِيْسِ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ثَنَا هِشَامٌ اَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَكَانَ يُحِبُّ اَنْ يَّخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

۲۰۵۔ اور مجھ سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے خبر دی، کہا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ عموماً جب کسی غزوے کا ارادہ کرتے تو اس کے اظہار میں ذومعنین الفاظ استعمال کرتے، جب غزوہ تبوک کا موقعہ آیا تو چونکہ یہ غزوہ بڑی سخت گرمی میں ہوا تھا، طویل سفر اور ٹاپو طے کرنا تھا اور مقابلہ بھی بہت بڑی فوج سے تھا، اس لئے آپ نے مسلمانوں سے اس کے متعلق واضح طور پر فرما دیا تھا تاکہ دشمن کے مقابلہ کے لئے پوری تیاری کر لیں چنانچہ (غزوہ کے لئے) جہاں آپ کو جانا تھا (یعنی تبوک) اس کا آپ نے وضاحت کے ساتھ اعلان کر دیا تھا۔ یونس سے روایت ہے، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے خبر دی کہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ عموماً رسول اللہ ﷺ جمعرات کے دن سفر کے لئے نکلتے تھے۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے اور انہیں ان کے والد نے کہ نبی کریم ﷺ غزوہ تبوک کے لئے جمعرات کے دن نکلے تھے۔ آپ جمعرات کے دن سفر کرنا پسند فرماتے تھے۔

باب ۱۴۸ . الْخُرُوْجِ بَعْدَ الظُّهْرِ

۱۴۸۔ ظہر کے بعد کوچ۔

(۲۰۶) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

۲۰۶۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے انس

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى بِالْمَدِيْنَةِ الظُّهْرَ اَرْبَعًا وَالْعَصْرَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ وَسَمِعْتُمْ يَصْرُخُوْنَ بِهِمَا جَمِيْعًا

رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے مدینہ میں ظہر چار رکعت پڑھی (پھر ظہر کے بعد حجۃ الوداع کے لئے مکہ معظمہ تشریف لے جاتے ہوئے) عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں دو رکعت پڑھی اور میں نے سنا کہ صحابہ حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ ایک ساتھ کہہ رہے تھے۔

باب ۱۴۹. اَلْخُرُوْجِ اٰخِرَالشَّهْرِ، وَقَالَ كُرَيْبٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنْطَلَقَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ وَقَدِمَ مَكَّةَ لِاَرْبَعَ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِى الْحَجَّةِ

۱۴۹۔ مہینہ کے آخری دنوں میں کوچ۔ اور کریب نے بیان کیا، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ حجۃ الوداع کے لئے مدینہ سے ذی قعدہ کی پچیس کو تشریف لے چلے تھے اور مکہ معظمہ ذی الحجہ کی چوتھی کو پہنچ گئے تھے۔

(۲۰۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَؓ تَقُوْلُ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ وَلَانَرٰى اِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَّكَّةَ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ هَدْىٌ اِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اَنْ يَّحِلَّ قَالَتْ عَائِشَةُؓ فَدُخِلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بِلَحْمِ بَقَرٍ فَقُلْتُ مَاهٰذَا فَقَالَ نَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَزْوَاجِهٖ قَالَ يَحْيٰى فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِلْقٰسِمِ ابْنِ مُحَمَّدٍ فَقَالَ اَتَتْكَ وَاللّٰهِ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهٖ

۲۰۷۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ (حجۃ الوداع کے لئے) ہم ذی قعدہ کی پچیس کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (مدینہ سے) روانہ ہوئے۔ ہمارا مقصد حج کے سوا اور کچھ بھی نہ تھا جب ہم مکہ سے قریب ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ جس کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو، جب وہ بیت اللہ کے طواف اور صفا اور مروہ کی سعی سے فارغ ہولے تو حلال ہو جائے (پھر حج کے لئے بعد میں احرام باندھے)۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ قربانی کے دن ہمارے یہاں گائے کا گوشت آیا، میں نے پوچھا کہ یہ کیسا گوشت ہے؟ تو بتایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج کی طرف سے جو قربانی کی ہے یہ اسی کا گوشت ہے، یحییٰ نے بیان کیا کہ میں نے اس کے بعد اس حدیث کا ذکر قاسم بن محمد سے کیا تو انہوں نے بتایا کہ بخدا، عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے تم سے حدیث کو پوری صحت کے ساتھ بیان کیا۔

الحمدللہ کہ تفہیم البخاری کا گیارہواں پارہ ختم ہوا۔

بارہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۱۵۰. الْخُرُوجِ فِي رَمَضَانَ

(۲۰۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ الْكَدِيْدَ أَفْطَرَ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ الزُّهْرِيُّ اَخْبَرَنِي عُبَيْدُاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ

۱۵۰۔ رمضان میں کوچ۔

۲۰۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زہری نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ (فتح مکہ کے لئے مدینہ سے) رمضان میں نکلے تھے اور روزے سے تھے، پھر جب مقام کدید پر پہنچے تو آپ نے افطار کیا، سفیان نے بیان کیا کہ زہری نے بیان کیا انہیں عبیداللہ نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، اور پوری حدیث بیان کی۔

باب ۱۵۱. التَّوْدِيعِ وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِي عَمْرٌو عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْثٍ وَقَالَ لَنَا اِنْ لَقِيتُمْ فُلَانًا وَفُلَانًا لِرَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ سَمَّا هُمَا فَحَرِّ قُوْهُمَا بِالنَّارِ قَالَ ثُمَّ اَتَيْنَاهُ نُوَدِّعُهُ حِيْنَ اَرَدْنَا الْخُرُوْجَ فَقَالَ اِنِّي كُنْتُ اَمَرْتُكُمْ اَنْ تُحَرِّقُوْا فُلَانًا وَّ فُلَانًا بِالنَّارِ وَاِنَّ النَّارَ لَايُعَذِّبُ بِهَا اِلَّا اللّٰهُ فَاِنْ اَخَذْتُمُوْهُمَا فَاقْتُلُوْهُمَا

۱۵۱۔ رخصت کرنا، اور ابن وہب نے بیان کیا، انہیں عمرو نے خبر دی، انہیں بکیر نے انہیں سلیمان بن یسار نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک مہم پر بھیجا اور ہمیں ہدایت کی کہ اگر فلاں فلاں۔ دو قریشیوں کا آپ نے نام لیا۔ مل جائیں تو انہیں آگ میں جلا دینا، ❶ انہوں نے بیان کیا کہ جب ہم نے کوچ کا ارادہ کیا تو آپ کی خدمت میں رخصت ہونے کے لئے حاضر ہو۔ اس وقت آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے تمہیں ہدایت کی تھی، کہ فلاں فلاں اشخاص اگر تمہیں مل جائیں تو انہیں آگ میں جلا دینا لیکن حقیقت یہ ہے کہ آگ کی سزا دینا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کے لئے مناسب نہیں ہے اس لئے اب اگر وہ تمہیں مل جائیں تو انہیں قتل کر دینا۔

باب ۱۵۲. السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ لِلْاِمَامِ

(۲۰۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَبَّاحٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ

۱۵۲۔ امام کے احکام سننا اور ان کو بجالانا۔

۲۰۹۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبیداللہ نے بیان کیا، ان سے نافع نے حدیث بیان کی) اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔ اور مجھ سے محمد بن صباح نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن زکریا نے

---

❶ انسان، خواہ کتنا ہی بڑا مجرم کیوں نہ ہو، بلکہ کسی بھی جاندار کو بعد میں خود حضور اکرم ﷺ نے آگ سے جلانے کی سزا کی ممانعت کر دی تھی، یہ آپ کا حکم اس سے پہلے کا ہے اور خداوند تعالیٰ کی طرف سے پھر شریعت اسلامی کا قانون یہی قرار پایا ہے کہ خواہ جرم کتنا ہی سنگین کیوں نہ ہو جلانے کی سزا کسی کو بھی نہ دی جائے، جیسا کہ خود اس حدیث کے آخر میں اس کی تصریح ہے۔

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ حَقٌّ مَالَمْ يُؤْمَرْ بِالْمَعْصِيَةِ فَإِذَا أُمِرَ بِمَعْصِيَةٍ فَلَا سَمْعَ وَلَا طَاعَةَ

حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (حکومت اسلامی کے احکام) سننا اور بجالانا (ہر فرد کے لئے) ضروری ہے، جب تک گناہ کا حکم نہ دیا جائے، کیونکہ اگر گناہ کا حکم دیا جائے تو پھر نہ اسے سننا چاہئے اور نہ اس پر عمل کرنا چاہئے۔

باب ۱۵۳ . يُقَاتَلُ مِنْ وَرَاءِ الْإِمَامِ وَيُتَّقٰى بِهٖ

۱۵۳۔ امام کی حمایت میں لڑا جائے اور ان کے زیر سایہ زندگی گزاری جائے۔

(۲۱۰) حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ أَنَّ الْأَعْرَجَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ نَحْنُ الْآخِرُونَ السَّابِقُونَ وَبِهٰذَا الْإِسْنَادِ مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ عَصَانِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيرَ فَقَدْ عَصَانِي وَإِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهٖ وَيُتَّقٰى بِهٖ فَإِنْ أَمَرَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَعَدَلَ فَإِنَّ لَهٗ بِذٰلِكَ أَجْرًا وَإِنْ قَالَ بِغَيْرِهٖ فَإِنَّ عَلَيْهِ مِنْهُ

۲۱۰۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے حدیث بیان کی اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے کہ ہم آخری امت ہونے کے باوجود (آخرت میں) سب سے پہلے اٹھائے جائیں گے، اور اسی سند کے ساتھ روایت ہے کہ جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی، اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی اور جس نے امیر کی اطاعت کی، اس نے میری اطاعت کی، اور جس نے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی، امام کی مثال ڈھال جیسی ہے کہ اس کے پیچھے رہ کر جنگ کی جاتی ہے اور اسی کے ذریعہ (دشمن کے حملہ سے) بچا جاتا ہے۔ پس اگر امام تمہیں اللہ سے ڈرتے رہنے کا حکم دے اور انصاف کو شعار بنائے تو اسے اس کا اجر ملے گا، لیکن اگر اس کے خلاف کہے گا تو اس کا گناہ اس پر ہوگا۔

باب ۱۵۴ . الْبَيْعَةِ فِي الْحَرْبِ أَنْ لَا يَفِرُّوا وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَلَى الْمَوْتِ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

۱۵۴۔ لڑائی کے موقعہ پر یہ عہد لینا کہ کوئی فرار نہ اختیار کرے، بعض حضرات نے کہا ہے کہ موت پر عہد لینا ❶ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی روشنی میں کہ، بے شک اللہ تعالیٰ مؤمنوں سے راضی ہوگیا جب انہوں نے درخت کے نیچے آپ سے عہد کیا۔''

(۲۱۱) حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ

۲۱۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے جویریہ نے

❶ جنگ کے موقعہ پر امام موت پر عہد لے یا صبر واستقامت اور کسی بھی صورت میں فرار اختیار کرنے پر، دونوں کا مقصد ایک ہی ہے، بعض حضرات نے یہ فرمایا کہ موت پر عہد نہ لیا جائے، کیونکہ مقصود موت نہیں ہے، بلکہ جنگ کے موقعہ پر استقامت اور ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہے، نہ کہ موت جن حضرات نے یہ فرمایا کہ موت پر عہد لینا چاہئے تو ان کا بھی مقصد سخت سے سخت موقعہ پر صبر واستقامت اور فرار اختیار کرنے کے سوا اور کچھ نہیں ویسے اگر کمانڈر کی ہدایت پر پوری فوج پسپائی کرے تو یہ قطعاً الگ چیز ہے، مقصود یہی ہے کہ لڑائی کے وقت فوج کے ایک ایک فرد کو کمانڈر کی ہدایت سے ایک انچ نہ ہٹنا چاہئے۔ کوئی ایسا نہ کرے کہ اپنی تنہا کی جان بچانے کے لئے کسی موقعہ پر بھاگ پڑے یا کمانڈر کی ہدایت کے بغیر اپنی جگہ سے ہٹے۔

عَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَجَعْنَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فَمَا اجْتَمَعَ مِنَّا اثْنَانِ عَلَى الشَّجَرَةِ الَّتِي بَايَعْنَا تَحْتَهَا كَانَتْ رَحْمَةً مِّنَ اللّٰهِ فَسَاَلْتُ نَافِعًا عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ بَايَعَهُمْ عَلَى الْمَوْتِ قَالَ لَا بَايَعَهُمْ عَلَى الصَّبْرِ

حدیث بیان کی، ان سے نافع نے بیان کیا اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ (صلح حدیبیہ کے بعد) جب ہم دوسرے سال پھر آئے تو ہم میں سے (جنہوں نے صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ سے عہد کیا تھا) دو شخص بھی اس درخت کی نشان دہی پر متفق نہیں تھے جس کے نیچے ہم نے رسول اللہ ﷺ سے عہد کیا تھا اور صرف اللہ تعالیٰ کی رحمت تھی، ❶ میں نے نافع سے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ نے صحابہ سے کس بات پر بیعت لی تھی، کیا موت پر لی تھی؟ فرمایا کہ نہیں بلکہ صبر و استقامت پر بیعت لی تھی۔

(۲۱۲) حَدَّثَنَا مُوسَى ابْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ زَمَنُ الْحَرَّةِ اَتَاهُ اٰتٍ فَقَالَ لَهٗ اَنَّ ابْنَ حَنْظَلَةَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْمَوْتِ فَقَالَ لَا اُبَايِعُ عَلٰى هٰذَا اَحَدًا بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۱۲۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ نے، ان سے عباد بن تمیم نے اور ان سے عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حرہ کی لڑائی کے زمانہ میں ایک صاحب ان کے پاس آئے اور کہا کہ عبداللہ بن حنظلہ لوگوں سے (یزید کے خلاف) موت پر بیعت لے رہے ہیں، تو انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد میں اب اس پر کسی سے بیعت (عہد) نہیں کروں گا۔ ❷

(۲۱۳) حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عَدَلْتُ اِلٰى ظِلِّ الشَّجَرَةِ فَلَمَّا خَفَّ النَّاسُ قَالَ يَا ابْنَ الْاَكْوَعِ اَلَا تُبَايِعُ قَالَ قُلْتُ قَدْ بَايَعْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ

۲۱۳۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے حدیث بیان کی اور ان سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (حدیبیہ کے موقعہ پر) میں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت (عہد) کی پھر ایک درخت کے سائے میں آ کر کھڑا ہو گیا، جب لوگوں کا ہجوم کم ہوا تو آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، ابن الاکوع! کیا بیعت نہیں کرو

❶ یعنی صلح سے پہلے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کی خبر آئی تو حضور ﷺ نے اس ناحق خون کا (جس کے متعلق بعد میں معلوم ہوا کہ خبر غلط تھی) بدلہ لینے کے لئے تمام صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر بیعت لی تھی کہ اس ناحق خون کے بدلے کے لئے آخری دم تک کفار سے لڑیں گے، اس بیعت پر اللہ تعالیٰ نے اپنی رضا کا اظہار قرآن میں فرمایا تھا، اور یہ اس بیعت میں شریک ہونے والے تمام صحابہؓ کے لئے فخر اور دین و دنیا کا سب سے بڑا اعزاز ہو سکتا ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر بعد میں جب ہم صلح کے سال کے عمرہ کی قضا کرنے حضور اکرم ﷺ کے ساتھ گئے تو ہم اس جگہ کی نشاندہی نہ کر سکے جہاں میں کر آنحضور ﷺ نے ہم سے عہد لیا تھا، پھر ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ یہ اسلام کی تاریخ کا ایک عظیم الشان واقعہ تھا، اور یہ بھی ظاہر ہے کہ اس جگہ پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا نزول بہت زیادہ ہوگا، جہاں بیٹھ کر حضور اکرم ﷺ نے اپنے تمام صحابہؓ سے اللہ کے دین کے لئے اتنی اہم بیعت لی تھی، اس لئے ممکن تھا کہ اگر وہ جگہ ہمیں معلوم ہوتی تو امت کے بعض افراد اس کی وجہ سے فتنہ میں پڑ جاتے اور ممکن تھا کہ جاہل اور خوش عقیدہ قسم کے لوگ مسلمان اس کی تعظیم و تکریم شروع کر دیتے، اس لئے یہ بھی خدا کی بڑی رحمت تھی کہ اس جگہ کے آثار و نشانات ہمارے ذہنوں سے بھلا دیئے اور امت کے ایک طبقہ کو غلط عقیدہ میں مبتلا ہونے سے بچا لیا۔ ❷ یعنی مقام حدیبیہ میں صلح سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے سامنے تمام صحابہؓ کے ساتھ میں نے اس کا عہد کیا تھا۔ وہ ایک عہد کافی ہے، آپ کے بعد کسی کے سامنے اس عہد کی اب ضرورت نہیں۔

وَاَیْضًا فَبَایَعْتُهُ الثَّانِیَةَ فَقُلْتُ لَهٗ یَااَبَا مُسْلِمٍ عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ کُنْتُمْ یُبَایِعُوْنَ یَوْمَئِذٍ قَالَ عَلَی الْمَوْتِ

گے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! میں تو بیعت کر چکا ہوں، آنحضور ﷺ نے فرمایا، لیکن ایک مرتبہ اور! چنانچہ میں نے دوبارہ بیعت کی۔ (یزید بن ابی عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے پوچھا، ابوسلمہ! اس دن آپ حضرات نے کس بات کا عہد کیا تھا؟ فرمایا کہ موت کا۔

(۲۱۴) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ کَانَتِ الْاَنْصَارُ یَوْمَ الْخَنْدَقِ تَقُوْلُ نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَی الْجِهَادِ مَا حَیِیْنَا اَبَدًا فَاَجَابَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَةِ فَاَکْرِمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

۲۱۴۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ انصار خندق کھودتے ہوئے (غزوہ خندق کے موقعہ پر کہتے تھے) ہم وہ ہیں جنہوں نے محمد (ﷺ) سے جہاد کا عہد کیا ہے، ہمیشہ کے لئے، جب تک ہمارے جسم میں جان ہے، حضور اکرم ﷺ نے اس پر انہیں یہ جواب دیا، آپ نے فرمایا ''اے اللہ! زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے، پس آپ (آخرت میں) انصار اور مہاجرین کا اکرام کیجئے۔''

(۲۱۵) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ فُضَیْلٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ مُجَاشِعٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَخِیْ فَقُلْتُ بَایِعْنَا عَلَی الْهِجْرَةِ فَقَالَ مَضَتِ الْهِجْرَةُ لِاَهْلِهَا فَقُلْتُ عَلَامَ تُبَایِعُنَا قَالَ عَلَی الْاِسْلَامِ وَالْجِهَادِ

۲۱۵۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے محمد بن فضیل سے سنا، انہوں نے عاصم سے، انہوں نے ابوعثمان سے اور ان سے مجاشع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اپنے بھائی کے ساتھ (فتح مکہ کے بعد) حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ہم سے ہجرت پر بیعت لے لیجئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہجرت تو (مکہ کے فتح ہونے کے بعد، وہاں سے) ہجرت کر کے آنے والوں پر ختم ہوگئی میں نے عرض کیا، پھر آپ ہم سے کس بات پر بیعت لیں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسلام اور جہاد پر۔

باب ۱۵۵. عَزْمِ الْاِمَامِ عَلَی النَّاسِ فِیْمَا یُطِیْقُوْنَ

۱۵۵۔ لوگوں کے لئے امام کی اطاعت انہیں امور میں واجب ہوتی ہے جن کی مقدرت ہو۔

(۲۱۶) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ لَقَدْ اَتَانِی الْیَوْمَ رَجُلٌ فَسَاَلَنِیْ عَنْ اَمْرٍ مَادَرَیْتُ مَااَرُدُّ عَلَیْهِ فَقَالَ اَرَاَیْتَ رَجُلًا مُؤْدِیًا نَشِیْطًا یَخْرُجُ مَعَ اُمَرَائِنَا فِی الْمَغَازِیْ، فَیَعْزِمُ عَلَیْنَا فِیْ اَشْیَاءٍ لَانُحْصِیْهَا فَقُلْتُ لَهٗ وَ اللّٰهِ مَا اَدْرِیْ مَااَقُوْلُ لَکَ اِلَّا اَنَّا کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۲۱۶۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابووائل نے ...... اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے پاس ایک شخص آیا اور ایسی بات پوچھی کہ میری کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ اس کا جواب کیا دوں، اس نے پوچھا، مجھے یہ مسئلہ بتایئے کہ ایک شخص مسرور اور خوش ہتھیار بند ہو کر ہمارے حکام کے ساتھ جہاد کے لئے جاتا ہے، پھر حکام، ہمیں (اور اسے بھی ایسی چیزوں کا مکلف قرار دیتے ہیں جو ہماری طاقت سے باہر

وَسَلَّمَ فَعَسٰی اَنْ لَایَعْزِمَ عَلَیْنَا فِی اَمْرٍ اِلَّا مَرَّةً حَتّٰی نَفْعَلَه' وَاِنَّ اَحَدَکُمْ لَنْ یَّزَالَ بِخَیْرٍ مَااتَّقَی اللّٰهَ وَاِذَاشَکَّ فِی نَفْسِهٖ شَیْءٌ سَاَلَ رَجُلًا فَشَفَاهُ مِنْهُ وَ اَوْشَکَ اَنْ لَاتَجِدُوْهُ وَالَّذِیْ لَااِلٰهَ اِلَّاهُوَ مَا اَذْکُرُ مَا غَبَرَ مِنَ الدُّنْیَا اِلَّا کَا لثَّغْبِ شُرِبَ صَفْوُهُ وَ بَقِیَ کَدَرُه'

ہیں؟ تو ہمیں ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے) میں نے اس سے کہا بخدا، مجھے کچھ سمجھ نہیں آتا کہ تمہاری بات کا کیا جواب دوں، البتہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (آپ کی حیات مبارکہ میں) تھے تو آپ کو کسی بھی معاملہ میں صرف ایک مرتبہ حکم کی ضرورت پیش آتی تھی اور ہم فوراً ہی اسے بجالاتے تھے۔ یہ یادر کھنے کی بات ہے کہ تم لوگوں میں اس وقت تک خیر رہے گی جب تک تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہے، اور اگر تمہارے دل میں کسی معاملہ میں شبہ پیدا ہو جائے (کہ کرنا چاہئے یا نہیں) تو کسی عالم سے اس کے متعلق پوچھ لو۔ تاکہ تشفی ہو جائے، وہ دور بھی آنے والا ہے کہ کوئی ایسا آدمی بھی (جو صحیح صحیح مسئلے بتادے) تمہیں نہیں ملے گا، اس ذات کی قسم جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں، جتنی دنیا باقی رہ گئی ہے وہ وادی کے اس پانی کی طرح ہے جس کا اچھا اور صاف حصہ تو پیا جا چکا ہے اور گدلا باقی رہ گیا ہے (تھوڑی مقدار میں)۔

باب ۱۵۶. کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَالَمْ یُقَاتِلْ اَوَّلَ النَّهَارِ اَخَّرَ الْقِتَالَ حَتّٰی تَزُوْلَ الشَّمْسُ

۱۵۶۔ نبی کریم ﷺ اگر دن ہوتے ہی جنگ نہ شروع کر دیتے تو پھر سورج کے زوال تک ملتوی رکھتے۔

(۲۱۷) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُواِسْحَاقَ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ اَبِی النَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِاللّٰهِ وَکَانَ کَاتِبًا لَه' قَالَ کَتَبَ اِلَیْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَرَاْتُه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ اَیَّامِ الَّتِیْ لَقِیَ فِیْهَا اِنْتَظَرَ حَتّٰی مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَامَ فِی النَّاسِ قَالَ اَیُّهَا النَّاسُ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَآءَ الْعَدُوِّ وَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِیَةَ فَاِذَا لَقِیْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّیُوْفِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ وَ مُجْرِیَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَیْهِمْ

۲۱۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے عمر بن عبیداللہ کے مولیٰ سالم ابی النضر نے سالم ان کے کاتب تھے۔ بیان کیا کہ عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہما نے انہیں خط لکھا اور میں نے اسے پڑھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک غزوہ کے موقعہ پر، جس میں لڑائی ہوئی تھی، سورج کے زوال تک جنگ شروع نہیں کی، اس کے بعد آپ ﷺ صحابہؓ سے مخاطب ہوئے، اور فرمایا لوگو، دشمن کے ساتھ جنگ کی خواہش اور تمنا دل میں نہ رکھا کرو، بلکہ اللہ تعالیٰ سے امن و عافیت کی دعاء کیا کرو۔ البتہ جب دشمن سے مڈبھیڑ ہو ہی جائے تو پھر صبر و استقامت کا ثبوت دو، یاد رکھو کہ جنت تلواروں کے سائے تلے ہے اس کے بعد آپ نے فرمایا، اے اللہ! کتاب کے نازل کرنے والے، بادل بھیجنے والے، احزاب (دشمن کے دستوں) کو شکست دینے والے انہیں شکست دیجئے اور ان کے مقابلے میں ہماری مدد کیجئے۔

باب ۱۵۷. اِسْتِیْذَانِ الرَّجُلِ الْاِمَامَ لِقَوْلِهٖ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا کَانُوْا

۱۵۷۔ امام سے اجازت لینا، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی روشنی میں ''بے شک مؤمن وہ لوگ ہیں، جو اللہ، اور اس کے رسول پر ایمان لا

مَعَهٗ عَلٰى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ

اور جب وہ اللہ کے رسول کے ساتھ کسی اجتماعی معاملے میں مصروف ہوتے ہیں تو ان سے اجازت لئے بغیر ان کے یہاں سے نہیں جاتے، بے شک وہ لوگ جو آپ سے اجازت لیتے ہیں'' آخر آیت تک''!!

(۲۱۸) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَتَلَاحَقَ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عَلٰى نَاضِحٍ لَّنَا قَدْ اَعْيَا فَلَا يَكَادُ يَسِيْرُ فَقَالَ لِيْ مَا لِبَعِيْرِكَ قَالَ قُلْتُ عَيِيَ قَالَ فَتَخَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَجَرَهٗ وَدَعَا لَهٗ فَمَا زَالَ بَيْنَ يَدَيِ الْاِبِلِ قُدَّامَهَا يَسِيْرُ فَقَالَ لِيْ كَيْفَ تَرٰى بَعِيْرَكَ قَالَ قُلْتُ بِخَيْرٍ قَدْ اَصَابَتْهُ بَرَكَتُكَ قَالَ اَفَتَبِيْعُنِيْهِ قَالَ فَاسْتَحْيَيْتُ وَلَمْ يَكُنْ لَّنَا نَاضِحٌ غَيْرُهٗ قَالَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَبِعْنِيْهِ فَبِعْتُهٗ اِيَّاهُ عَلٰى اَنَّ لِيْ فَقَارَ ظَهْرِهٖ حَتّٰى اَبْلُغَ الْمَدِيْنَةَ قَالَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ عَرُوْسٌ فَاسْتَاْذَنْتُهٗ فَاَذِنَ لِيْ فَتَقَدَّمْتُ النَّاسَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيَنِيْ خَالِيْ فَسَاَلَنِيْ عَنِ الْبَعِيْرِ فَاَخْبَرْتُهٗ بِمَا صَنَعْتُ فِيْهِ فَلَامَنِيْ قَالَ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِيْ حِيْنَ اسْتَاْذَنْتُهٗ هَلْ تَزَوَّجْتَ بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ تَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا فَقَالَ هَلَّا تَزَوَّجْتَ بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تُوُفِّيَ وَالِدِيْ اَوِاسْتُشْهِدَ وَلِيْ اَخَوَاتٌ صِغَارٌ فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ مِثْلَهُنَّ فَلَا تُؤَدِّبُهُنَّ وَلَا تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ فَتَزَوَّجْتُ ثَيِّبًا لِتَقُوْمَ عَلَيْهِنَّ وَتُؤَدِّبَهُنَّ قَالَ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ غَدَوْتُ عَلَيْهِ بِالْبَعِيْرِ فَاَعْطَانِيْ ثَمَنَهٗ وَرَدَّهٗ عَلَيَّ قَالَ الْمُغِيْرَةُ هٰذَا فِيْ قَضَائِنَا حَسَنٌ لَا نَرٰى بِهٖ بَاْسًا

۲۱۸۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں جریر نے خبر دی، انہیں مغیرہ نے، انہیں شعبی نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک تھا، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، میں اپنے ایک اونٹ پر سوار تھا۔ چونکہ وہ تھک چکا تھا اس لئے بہت دھیرے دھیرے چل رہا تھا حضور اکرم ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ تمہارے اونٹ کو کیا ہو گیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ تھک گیا ہے، بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ پیچھے گئے اور اسے ڈانٹا اور اس کے لئے دعا کی، اس کے بعد حضور اکرم ﷺ برابر اس اونٹ کے آگے آگے چلتے رہے، پھر آپ ﷺ نے دریافت فرمایا، اپنے اونٹ کے متعلق کیا خیال ہے؟ میں نے کہا کہ اب اچھا ہے، آپ کی برکت سے ایسا ہو گیا ہے، آپ نے فرمایا، پھر کیا اسے بیچو گے؟ انہوں نے بیان کیا کہ میں شرمندہ ہو گیا، کیونکہ ہمارے پاس اس کے سوا اور کوئی اونٹ نہیں تھا، بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، جی ہاں آپ نے فرمایا پھر بیچ دو، چنانچہ میں نے وہ اونٹ آپ ﷺ کو بیچ دیا، اور طے یہ پایا کہ مدینہ تک میں اسی پر سوار ہو کر جاؤں گا، بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! میری شادی ابھی نئی ہوئی ہے۔ میں نے آپ سے (اپنے گھر جانے کی) اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے اجازت عنایت فرما دی، اس لئے میں سب سے پہلے مدینہ پہنچ آیا، جب ماموں سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھ سے اونٹ کے متعلق پوچھا جو معاملہ میں کر چکا تھا اس کی انہیں اطلاع دی تو انہوں نے مجھے بہت برا بھلا کہا، جب میں نے حضور اکرم ﷺ سے اجازت چاہی تھی تو آپ ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا تھا کہ کنواری سے شادی کی ہے یا ثیبہ سے؟ میں نے عرض کیا تھا کہ ثیبہ سے! اس پر آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ باکرہ سے کیوں نہ کی وہ بھی تمہارے ساتھ کھیلتی اور تم بھی اس کے ساتھ کھیلتے (کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بھی ابھی کنوارے تھے میں نے کہا یارسول اللہ! میرے والد کی وفات ہو گئی ہے یا (یہ کہا کہ وہ

شہید ہو چکے ہیں اور میری چھوٹی چھوٹی بہنیں ہیں، اس لئے مجھے اچھا معلوم نہیں ہوا کہ انہیں جیسی کسی لڑکی کو بیاہ لاؤں، جو نہ انہیں ادب سکھا سکے، نہ ان کی نگرانی کر سکے، اس لئے میں نے ثیبہ سے شادی کی، تا کہ وہ ان کی نگرانی کرے اور انہیں ادب سکھائے، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ مدینہ پہنچے تو صبح کے وقت میں اسی اونٹ پر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آنحضور ﷺ نے مجھے اس اونٹ کی قیمت عطا فرمائی اور پھر وہ اونٹ بھی واپس کر دیا، مغیرہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہمارے فیصلے کے اعتبار سے بھی یہ صورت مناسب ہے، اس میں کوئی مضائقہ ہم نہیں سمجھتے۔

باب ۱۵۸. مَنْ غَزَا وَهُوَ حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسِهٖ فِيْهِ جَابِرٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۵۸۔ نئی نئی شادی ہونے کے باوجود جنہوں نے غزوے میں شرکت کی۔ اس باب میں جابر رضی اللہ عنہ کی روایت نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے ہے۔

باب ۱۵۹. مَنِ اخْتَارَ الْغَزْوَ بَعْدَ الْبِنَاءِ فِيْهِ اَبُوْهُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۵۹۔ شب زفاف کے بعد جس نے غزوہ میں شرکت کو پسند کیا۔ اس باب میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ہے۔

باب ۱۶۰. مُبَادَرَةِ الْاِمَامِ عِنْدَ الْفَزَعِ

۱۶۰۔ خوف اور دہشت کے وقت امام کا آگے بڑھنا (حالات معلوم کرنے کے لئے)۔

(۲۱۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ حَدَّثَنِىْ قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ بِالْمَدِيْنَةِ فَزَعٌ فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِاَبِىْ طَلْحَةَ فَقَالَ مَارَاَيْنَا مِنْ شَيْءٍ وَ اِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا

۲۱۹۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مدینہ میں خوف و دہشت پھیل گیا۔ (ایک متوقع خطرہ کی بناء پر) تو رسول اللہ ﷺ ابو طلحہؓ کے ایک گھوڑے پر سوار ہو کر (حالات معلوم کرنے کے لئے سب سے آگے تھے) پھر آپ نے فرمایا کہ ہم نے تو کوئی بات محسوس نہیں کی، البتہ اس گھوڑے کو ہم نے دریا پایا (تیزی اور چابک دستی میں)۔

باب ۱۶۱. السُّرْعَةِ وَالرَّكْضِ فِى الْفَزَعِ

۱۶۱۔ خوف اور دہشت کے موقعہ پر سرعت اور گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

(۲۲۰) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جُرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ فَزِعَ النَّاسُ فَرَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا لِاَبِىْ طَلْحَةَ بَطِيْئًا ثُمَّ خَرَجَ يَرْكُضُ وَحْدَهٗ فَرَكِبَ النَّاسُ يَرْكُضُوْنَ خَلْفَهٗ فَقَالَ لَمْ تُرَاعُوْا اِنَّهٗ لَبَحْرٌ فَمَا

۲۲۰۔ ہم سے فضل بن سہیل نے حدیث بیان کی، ان سے حسین بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ لوگوں میں خوف اور دہشت پھیل گئی تھی تو رسول اللہ ﷺ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر جو بہت سست تھا، سوار ہوئے اور تنہا (اس کی کونچ میں) ایڑ لگائے ہوئے آگے بڑھے، صحابہ بھی آپ ﷺ کے پیچھے سوار ہو کر نکلے،

سُبِقَ بَعْدَ ذٰلِکَ الْیَوْمِ

اس کے بعد آپ ﷺ نے فرمایا کہ خوف زدہ ہونے کی کوئی بات نہیں، البتہ یہ گھوڑا تو دریا ہے۔ اس دن کے بعد پھر وہ گھوڑا (دوڑ وغیرہ کے مواقع پر) کبھی پیچھے نہیں رہا۔

باب ۱۶۲۔ الجَعَائِلِ وَالْحُمْلَانِ فِی السَّبِیْلِ وَقَالَ مُجَاھِدٌ قُلْتُ لِاِبْنِ عُمَرَ الْغَزْوَ قَالَ اِنِّی اُحِبُّ اَنْ اُعِیْنَکَ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِیْ قُلْتُ اَوْسَعَ اللّٰہُ عَلَیَّ قَالَ اِنَّ غِنَاکَ لَکَ وَ اِنِّی اُحِبُّ اَنْ یَّکُوْنَ مِنْ مَالِی فِی ھٰذَا الْوَجْهِ وَقَالَ عُمَرُ اِنَّ نَاسًا یَاْخُذُوْنَ مِنْ ھٰذَا الْمَالِ لِیُجَاھِدُوْا ثُمَّ لَا یُجَاھِدُوْنَ فَمَنْ فَعَلَه' فَنَحْنُ اَحَقُّ بِمَالِهٖ حَتّٰی نَاْخُذَ مِنْهُ مَا اَخَذَ وَقَالَ طَاوٗسٌ وَمُجَاھِدٌ اِذَا دُفِعَ اِلَیْکَ شَیْءٌ تَخْرُجُ بِهٖ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ فَاصْنَعْ بِهٖ مَا شِئْتَ وَضَعْهُ عِنْدَ اَھْلِکَ

۱۶۲۔ جہاد کی اجرت ❶ اور اس کے لئے سواریاں مہیا کرنا، مجاہد نے بیان کیا کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے اپنے غزوے میں شرکت کا ارادہ ظاہر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ میں بھی تمہاری، اپنی طرف سے کچھ مالی مدد کروں (جس سے جہاد کی تیاریاں اچھی طرح کرسکوں) میں نے عرض کیا کہ اللہ کا دیا ہوا میرے پاس کافی ہے، لیکن انہوں نے فرمایا کہ تمہاری سرمایہ کاری تمہیں مبارک ہو میں تو صرف یہ چاہتا ہوں کہ اس طرح میرا مال بھی اللہ کے راستے میں خرچ ہو جائے، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ بہت سے لوگ مال کو (بیت المال کے) اس شرط پر لیتے ہیں کہ وہ جہاد میں شریک ہوں گے، لیکن شرکت سے بعد میں گریز کرتے ہیں، اس لئے جو شخص یہ طرز عمل اختیار کرے گا تو ہم اس کے مال کے زیادہ حق دار ہیں، اور ہم اس سے وہ مال جو اس نے (بیت المال کا) لیا تھا وصول کر لیں گے، طاؤس اور مجاہد نے فرمایا کہ اگر تمہیں کوئی چیز اس شرط کے ساتھ دی جائے کہ اس کے بدلے میں تم مجاہد کے لئے نکلو گے تو تم اسے جہاں جی چاہے خرچ کر سکتے ہو، اپنے گھر کی ضروریات بھی لا سکتے ہو (البتہ جہاد میں شرکت ضروری ہے۔)

(۲۲۱) حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ سَمِعْتُ مَالِکَ بْنَ اَنَسٍ سَاَلَ زَیْدَ بْنَ اَسْلَمَ فَقَالَ زَیْدٌ سَمِعْتُ اَبِیْ یَقُوْلُ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ حَمَلْتُ عَلٰی فَرَسٍ فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ فَرَاَیْتُه' یُبَاعُ فَسَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۲۲۱۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، بیان کیا کہ میں نے مالک بن انس سے سنا انہوں نے زید بن اسلم سے پوچھا تھا اور زید نے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد سے سنا تھا، وہ بیان کرتے تھے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اللہ کے راستے میں (جہاد کے لئے) اپنا ایک گھوڑا ایک شخص کو سواری کے لئے

❶ یہاں اس سے اجرت مراد ہے جو جہاد میں شرکت نہ کرنے والا کوئی شخص اپنی طرف سے کسی آدمی کو اجرت دے کر جہاد پر بھیجتا ہے۔ جہاں تک جہاد پر اجرت کا تعلق ہے تو ظاہر ہے کہ اجرت لینا جائز ہے۔ اگر چہ اس کے بعد جہاد میں وہ زور باقی نہیں رہ جاتا اور یقیناً ثواب میں بھی کمی ہوتی ہوگی۔ یوں جہاد کا حکم سب کے لئے برابر ہے اس لئے کسی معقول عذر کے بغیر اس میں شرکت سے پہلو تہی کرنا مناسب نہیں، البتہ یہ صورت اس سے الگ ہے کہ کسی پر جہاد فرض یا واجب نہ ہو اور وہ جہاد میں جانے والے کی مدد کر کے ثواب میں شریک ہو جائے، جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا۔ ظاہر ہے کہ یہ ایک مستحسن صورت ہے اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہوسکتا، یعنی جہاد میں شرکت سے بچنے کے لئے اگر ایسا فعل کرتا ہے تو پسندیدہ نہیں ہے، ہاں اگر شوق اور جذبہ سے کرے گا تو پسندیدہ اور مستحسن ہے۔

اَشْتَرِيَهٗ فَقَالَ لَاتَشْتَرِهٖ وَلَا تَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ

دے دیا پھر میں نے دیکھا کہ (بازار میں) وہی گھوڑا بک رہا تھا، میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا کہ کیا میں اسے خرید سکتا ہوں، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس گھوڑے کو تم نہ خریدو اور اپنا صدقہ (خواہ خرید کر) واپس نہ لو۔

(۲۲۲) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَوَجَدَهٗ يُبَاعُ فَاَرَادَاَنْ يَبْتَاعَهٗ فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَبْتَعْهُ وَلَاتَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ

۲۲۲۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے، ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اللہ کے راستے میں اپنا ایک گھوڑا اسواری کے لئے دے دیا تھا، پھر انہوں نے دیکھا کہ وہی گھوڑا بک رہا ہے، اپنے گھوڑے کو انہوں نے خریدنا چاہا اور رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم اسے نہ خریدو اور اس طرح اپنے صدقہ کو واپس نہ لو۔

(۲۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ نِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْصَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَااَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِيْ مَاتَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ وَلٰكِنْ لَااَجِدُ حَمُوْلَةً وَلَا اَجِدُمَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ وَيَشُقُّ عَلَيَّ اَنْ يَتَخَلَّفُوْا عَنِّيْ وَلَوَدِدْتُ اَنِّيْ قَاتَلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقُتِلْتُ ثُمَّ اُحْيِيْتُ ثُمَّ قُتِلْتُ ثُمَّ اُحْيِيْتُ

۲۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید قطان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید انصاری نے بیان کیا، اور ان سے ابوصالح نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اگر میری امت پر شاق نہ گزرتا تو میں کسی سریہ (جہاد کے لئے جانے والے مجاہدین کا ایک چھوٹا سا دستہ جس کی تعداد چالیس سے زیادہ نہ ہو)، کی شرکت نہ چھوڑتا، لیکن میرے پاس سواری کے اونٹ نہیں ہیں، اور یہ مجھ پر بہت شاق ہے کہ میرے ساتھی مجھ سے پیچھے رہ جائیں، میری تو یہ خواہش ہے کہ اللہ کے راستے میں، میں قتال کروں اور قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں، اور پھر زندہ کیا جاؤں۔

باب۱۶۳. مَاقِيْلَ فِيْ لِوَآءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۶۳۔ جہاد کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کا پرچم۔

(۲۲۴) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ثَعْلَبَةُ بْنُ اَبِيْ مَالِكِ نِ الْقُرَظِيِّ اَنَّ قَيْسَ بْنَ سَعْدِ نِ الْاَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ صَاحِبَ لِوَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ الْحَجَّ فَرَجَّلَ

۲۲۴۔ ہم سے سعد بن مریم نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عقیل نے خبر دی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں ثعلبہ بن ابی مالک قرظی نے خبر دی کہ قیس بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ نے جو جہاد میں رسول اللہ ﷺ کے علمبردار تھے جب حج کا ارادہ کیا تو (احرام باندھنے سے پہلے) کنگھی کی۔

(۲۲۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ

۲۲۵۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے یزید بن ابی عبید نے، اور ان سے سلمہ بن

عَنْهُ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَيْبَرَ وَكَانَ بِهٖ رَمَدٌ فَقَالَ اَنَا اَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلِيٌّ فَلَحِقَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ اللَّيْلَةِ الَّتِي فَتَحَهَا فِي صَبَاحِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ اَوْقَالَ لَيَاْخُذَنَّ غَدًا رَجُلٌ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَوْقَالَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِذَا نَحْنُ بِعَلِيٍّ وَّمَانَرْ جُوْهُ فَقَالُوا هٰذَا عَلِيٌّ فَاَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ خیبر کے موقعہ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہیں آئے تھے، انہیں آشوب چشم ہو گیا تھا، پھر انہوں نے کہا کہ کیا میں بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد میں شریک نہ ہوں گا! چنانچہ وہ نکلے اور آنحضور ﷺ سے جا ملے۔ اس رات کی جب شام کا وقت ہوا جس کی صبح کو خیبر فتح ہوا ہے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، میں اسلامی پرچم اس شخص کو دوں گا (یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ) کل اسلامی پرچم اس شخص کے ہاتھ میں ہوگا جسے اللہ اور اس کے رسول پسند کرتے ہیں، یا آپ نے یہ فرمایا کہ جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے، اور اللہ اس شخص کے ہاتھ پر فتح عنایت فرمائے گا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی آ گئے، حالانکہ ان کے آنے کی ہمیں کوئی توقع نہ تھی (کیونکہ آشوب میں مبتلا تھے) لوگوں نے کہا کہ یہ علی بھی آ گئے اور حضور اکرم ﷺ نے جھنڈا انہیں کو دیا، اور اللہ نے انہیں کے ہاتھ پر فتح عنایت فرمائی۔

(۲۲۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ يَقُوْلُ لِلزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا هٰهُنَا اَمَرَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْكُزَ الرَّايَةَ

۲۲۶۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے نافع بن جبیر نے بیان کیا کہ میں نے سنا کہ عباس رضی اللہ عنہ زبیر رضی اللہ عنہ سے کہہ رہے تھے کہ کیا یہاں نبی کریم ﷺ نے آپ کو پرچم نصب کرنے کا حکم دیا تھا؟

باب ۱۶۴. اَلْاَجِيْرِ وَقَالَ الْحَسَنُ وَابْنُ سِيْرِيْنَ يُقْسَمُ لِلْاَجِيْرِ مِنَ الْمَغْنَمِ وَاَخَذَ عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ فَرَسًا عَلَى النِّصْفِ فَبَلَغَ سَهْمُ الْفَرَسِ اَرْبَعَمِائَةِ دِيْنَارٍ فَاَخَذَ مِائَتَيْنِ وَاَعْطٰى صَاحِبَهٗ مِائَتَيْنِ

۱۶۴۔ مزدور، ❶ حسن اور ابن سیرین نے فرمایا کہ مال غنیمت میں سے مزدور کو بھی حصہ دیا جائے گا۔ عطیہ بن قیس نے ایک گھوڑا (مال غنیمت کے حصے کے) نصف کی شرط پر لیا گھوڑے کے حصہ میں (فتح کے بعد، مال غنیمت سے) چار سو دینار آئے تو انہوں نے دو سو دینار خود رکھ لئے اور دو بقیہ (نصف) گھوڑے کے مالک کو دے دیئے۔

(۲۲۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوْكَ فَحَمَلْتُ عَلٰى بَكْرٍ فَهُوَ اَوْثَقُ اَعْمَالِيْ فِيْ نَفْسِيْ فَاسْتَاْجَرْتُ

۲۲۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء نے، ان سے صفوان بن یعلی نے اور ان سے ان کے والد (یعلی بن امیہ) رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ تبوک میں شریک تھا اور ایک نوخیز اونٹ پر سوار تھا میرے اپنے خیال میں

❶ یعنی مجاہدین نے جہاد کے لئے جاتے وقت اگر کچھ مزدور متعین کر کے اپنے ساتھ لے لئے اپنی ضروریات اور کام وغیرہ کے لئے تو کیا یہ مزدور اپنی مزدوری پا لینے کے بعد غنیمت کے مال کے بھی مستحق ہوں گے یا نہیں؟ اسی کا جواب اس باب میں دیا گیا ہے۔

اَجِيْرًا فَقَاتَلَ رَجُلًا فَعَضَّ اَحَدُ هُمَا الْاٰخَرَ فَانْتَزَعَ يَدَهٗ مِنْ فِيْهِ وَنَزَعَ ثَنِيَّتَهٗ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدَرَهَا فَقَالَ اَيَدْفَعُ يَدَهٗ اِلَيْكَ فَتَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ

میرا یہ عمل، تمام دوسرے اعمال کے مقابلے میں سب سے زیادہ قابل اعتماد تھا (کہ اللہ کی بارگاہ میں مقبول ہوگا) میں نے ایک مزدور بھی اپنے ساتھ لے لیا تھا، پھر وہ مزدور ایک شخص (خود یعلی ابن امیہ رضی اللہ عنہ) سے لڑ پڑا اور ان میں سے ایک نے دوسرے کے ہاتھ میں دانت سے کاٹ لیا، دوسرے نے جھٹ جو اپنا ہاتھ اس کے منہ سے کھینچا تو اس کے آگے کا دانت ٹوٹ گیا، وہ شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا (کہ میرے دانت کا بدلہ دلوایئے) لیکن آنحضور ﷺ نے ہاتھ کھینچنے والے پر کوئی تاوان نہیں عائد کیا، بلکہ فرمایا تمہارے منہ میں وہ اپنا ہاتھ یوں ہی رہنے دیتا، تاکہ تم اسے چبا جاؤ جیسے اونٹ چباتا ہے۔

باب ۱۶۵۔ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ وَقَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَا اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ قَالَ جَابِرٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۶۵۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد، کہ ایک مہینہ کی مسافت تک میرے رعب کے ذریعہ میری مدد کی گئی ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''عنقریب ہم ان لوگوں کے دلوں کو مرعوب کر دیں گے، جنہوں نے کفر کیا ہے، اس لئے کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ شریک کیا ہے۔'' جابر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے روایت کی ہے۔

(۲۲۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ فَبَيْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَتْ فِيْ يَدِيْ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ وَقَدْ ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتُمْ تَنْتَثِلُوْنَهَا

۲۲۸۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے...... ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مجھے جامع کلام (جس کی عبارت مختصر، فصیح و بلیغ اور معنی بھرپور ہوں) دے کر مبعوث کیا گیا ہے، اور رعب کے ذریعہ میری مدد کی گئی ہے۔ میں سویا ہوا تھا کہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں میرے پاس لائی گئیں اور میرے ہاتھ پر رکھ دی گئیں، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ تو جا چکے (اپنے رب کے پاس) اور (جن خزانوں کی وہ کنجیاں تھیں) انہیں تم اب نکال رہے ہو۔ ❶

(۲۲۹) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهٗ اَنَّ اَبَاسُفْيَانَ اَخْبَرَهٗ

۲۲۹۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا کہ مجھے عبید اللہ بن عبداللہ نے خبر دی انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے خبر دی اور انہیں ابوسفیان رضی اللہ عنہ

❶ اس خواب میں حضور اکرم ﷺ کو یہ بشارت دی گئی تھی کہ آپ کی امت اور آپ کے متبعین کے ہاتھوں دنیا کی دو سب سے بڑی سلطنتیں فتح ہوں گی اور ان کے خزانوں کے وہ مالک ہوں گی، چنانچہ بعد میں اس خواب کی واضح اور مکمل تعبیر مسلمانوں نے دیکھی کہ دنیا کی دو سب سے بڑی سلطنتیں، ایران و روم مسلمانوں نے فتح کیں، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تمہاری ہدایت کی اور اپنے کام کی تکمیل کر کے خداوند تعالیٰ سے جا ملے لیکن وہ خزانے اب تمہارے ہاتھ میں ہیں۔

اَنْ هِرَقْلَ اَرْسَلَ اِلَيْهِ وَهُمْ بِاِيْلِيَاءَ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَ ةِ الْكِتَابِ كَثُرَ عِنْدَهٗ الصَّخَبُ فَارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ وَاُخْرِجْنَا فَقُلْتُ لِاَصْحَابِيْ حِيْنَ اُخْرِجْنَا لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِيْ كَبْشَةَ اَنَّهٗ يَخَافُهٗ مَلِكُ بَنِي الْاَصْفَرِ

نے خبر دی کہ (حضور اکرم ﷺ کا نامہ مبارک جب ہرقل کو ملا تو) اس ـــ اپنا آدمی انہیں تلاش کرنے کے لئے بھیجا، یہ لوگ اس وقت ایلیاء میں قیام پذیر تھے، آخر اس نے نبی کریم ﷺ کا نامہ مبارک منگوایا۔ جب و پڑھا جا چکا تو اس کے دربار میں بڑا ہنگامہ برپا ہوگیا۔ چاروں طرف سے) آواز بلند ہونے لگی اور ہمیں باہر نکال دیا گیا، جب ہم باہر کر دیئے گئے تو میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابن ابی کبشہ (مراد رسول اللہ ﷺ سے ہے) کا معاملہ تو اب بہت آگے بڑھ چکا ہے، یہ ملک بنی اصف (قیصر روم) بھی ان سے ڈرنے لگا ہے۔

باب ١٦٦ . حَمْلِ الزَّادِ فِي الغَزْوِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ تَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

۱۶۶۔ غزوہ میں زاد راہ ساتھ لے جانا، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اپـ ساتھ زاد راہ لے جایا کرو، پس بے شک عمدہ ترین زاد راہ تقویٰ ہے۔

(۲۳۰) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ وَحَدَّثَتْنِيْ اَيْضًا فَاطِمَةُ عَنْ اَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ صَنَعْتُ سُفْرَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِ اَبِيْ بَكْرٍ حِيْنَ اَرَادَ اَنْ يُّهَاجِرَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَتْ فَلَمْ نَجِدْ لِسُفْرَتِهٖ وَلَالِسِقَائِهٖ مَانَرْبُطُهُمَا بِهٖ فَقُلْتُ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَاللّٰهِ مَااَجِدُ شَيْئًا اَرْبُطُ بِهٖ اِلَّا نِطَاقِيْ قَالَ فَشُقِّيْهِ بِاثْنَيْنِ فَارْبِطِيْهِ بِوَاحِدٍ السِّقَاءَ وَبِالْاٰخَرِ السُّفْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلِذٰلِكَ سُمِّيَتْ ذَاتَ النِّطَاقَيْنِ

۲۳۰۔ ہم سے عبداللہ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسام نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے بیان کیا کہ مجھے میرے والد ـــ خبر دی، نیز مجھ سے فاطمہ نے بھی حدیث بیان کی اور ان سے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مدینہ ہجرت ک ارادہ کیا تو میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر آپ کے لئے سفر کا ناشتہ تیار کیا تھا، انہوں نے بیان کیا کہ جب آپ کے ناشتے اور پانی ک باندھنے کے لئے کوئی چیز نہیں ملی تو میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا ک بجز میرے کمر بند کے اور کوئی چیز اسے باندھنے کے لئے نہیں ہے تو انہوں نے فرمایا کہ پھر اسی کے دو ٹکڑے کرلو، ایک سے ناشتہ باندھ دینا او دوسرے سے پانی۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور اسی وجہ سے میرا نا "ذات النطاقین" (دو کمر بندوں والی) پڑ گیا ہے۔

(۲۳۱) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كُنَّا نَتَزَوَّدُ لُحُوْمَ الْاَضَاحِيْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

۲۳۱۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان ـــ خبر دی ان سے عمرو نے بیان کیا، انہیں عطاء نے خبر دی، انہوں نے جاب بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم لوگ نبی کریم ﷺ کے عہد میں قربانی کا گوشت مدینہ لے جایا کرتے تھے۔

(۲۳۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ حَتّٰى اِذَا

۲۳۲۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب ـــ حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے بشیر بن یسار نے خبر دی اور انہیں سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ خیبر کے موقعہ پر وہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ گئے تھے، جب لشکر مقام صہباء پر پہنچا، جو خیبر کا نشیبی علاقہ ہے

كَانُوا بِالصَّهْبَاءِ وَهِيَ مِنْ خَيْبَرَ وَهِيَ اَدْنٰى خَيْبَرَ فَصَلُّوا الْعَصْرَ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَطْعِمَةِ فَلَمْ يُؤْتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِسَوِيقٍ فَلُكْنَا فَاَكَلْنَا وَشَرِبْنَا ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا وَصَلَّيْنَا

لوگوں نے عصر کی نماز پڑھی، اور نبی کریم ﷺ نے کھانا منگوایا، حضور اکرم ﷺ کے پاس ستو کے سوا اور کوئی چیز نہیں لائی گئی (کھانے کے لئے) اور ہم نے وہی ستو کھایا اور پیا (پانی میں ستو گھول کر اس کے بعد نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے، اور کلی کی، ہم نے بھی کلی کی، اور نماز پڑھی۔ (پہلے ہی وضو سے)۔

(۲۳۳) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَرْحُومٍ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَفَّتْ اَزْوَادُ النَّاسِ وَاَمْلَقُوا فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَحْرِ اِبِلِهِمْ فَاَذِنَ لَهُمْ فَلَقِيَهُمْ عُمَرُ فَاَخْبَرُوهُ فَقَالَ مَابَقَاؤُكُمْ بَعْدَ اِبِلِكُمْ فَدَخَلَ عُمَرُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُولَ اللّٰهِ مَابَقَاؤُهُمْ بَعْدَ اِبِلِهِمْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادِ فِي النَّاسِ يَاْتُونَ بِفَضْلِ اَزْوَادِهِمْ فَدَعَا وَبَرَّكَ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَاهُمْ بِاَوْعِيَتِهِمْ فَاحْتَثَى النَّاسُ حَتّٰى فَرَغُوا ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ

۲۳۳۔ ہم سے بشر بن مرحوم نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے اور ان سے سلمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب لوگوں کے پاس زادراہ تقریباً ختم ہوگیا، تو نبی کریم ﷺ کی خدمت میں اپنے اونٹ ذبح کرنے کی اجازت لینے حاضر ہوئے حضور اکرم ﷺ نے اجازت دے دی، اتنے میں حضرت عمرؓ سے ان کی ملاقات ہوئی۔ اس اجازت کی اطلاع انہیں بھی ان لوگوں نے دی، عمر رضی اللہ عنہ نے سن کر فرمایا کہ ان اونٹوں کے بعد، پھر تمہارے پاس باقی کیا رہ جائے گا (کیونکہ انہیں پر سوار ہو کر اتنی دور دراز کی مسافت بھی تو طے کرنی تھی) اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا، یارسول اللہ! لوگ اگر اپنے اونٹ بھی ذبح کر دیں تو پھر اس کے بعد ان کے پاس باقی کیا رہ جائے گا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا پھر لوگوں میں اعلان کر دو کہ (اونٹوں کو ذبح کرنے کے بجائے) اپنا بچا کچا زادراہ لے کر آجائیں۔ (سب لوگوں نے، جو کچھ بھی ان کے پاس کھانے کی چیز باقی بچ گئی تھی، آنحضور ﷺ کے سامنے لاکر رکھ دی) حضور اکرم ﷺ نے دعا فرمائی اور اس میں برکت ہوئی، پھر سب کو ان کے برتنوں کے ساتھ آپ نے بلایا، سب نے بھر بھر کر اس میں سے لیا (کیونکہ حضور اکرم ﷺ کی دعا کے نتیجے میں بہت زیادہ برکت ہوگئی تھی) اور سب لوگ فارغ ہوگئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔

باب ۱۶۷. حَمْلِ الزَّادِ عَلَى الرِّقَابِ

۱۶۷۔ زادراہ اپنے کندھوں پر لاد کر لے جانا۔

(۲۳۴) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَرَجْنَا وَنَحْنُ ثَلٰثُمِائَةٍ نَحْمِلُ زَادَنَا عَلٰى رِقَابِنَا فَفَنِيَ زَادُنَا حَتّٰى كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَاْكُلُ فِي

۲۳۴۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں عبدہ نے خبر دی، انہیں ہشام نے، انہیں وہب بن کیسان نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم (ایک مہم پر) نکلے، ہماری تعداد تین سو تھی ہم اپنی زادراہ اپنے کندھوں پر اٹھائے ہوئے تھے آخر ہمارا توشہ جب

كُلَّ يَوْمٍ تَمْرَةً قَالَ رَجُلٌ يَااَبَاعَبْدِاللّٰهِ وَاَيْنَ كَانَتِ التَّمْرَةُ تَقَعُ مِنَ الرَّجُلِ قَالَ لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِيْنَ فَقَدْ نَاهَا حَتّٰى اَتَيْنَا الْبَحْرَ فَاِذَا حُوْتٌ قَدْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا مَااَحْبَبْنَا

(تقریباً) ختم ہوگیا تو ایک شخص کو روزانہ صرف ایک کھجور کھانے کو ملتی تھی۔ ایک شاگرد نے پوچھا، یااباعبداللہ! (جابر رضی اللہ عنہ) ایک کھجور سے بھلا ایک آدمی کا کیا بنتا ہوگا؟ انہوں نے فرمایا کہ اس کی قدر ہمیں اس وقت معلوم ہوئی جب ایک کھجور بھی باقی نہیں رہی تھی، اس کے بعد ہم دریا پر آئے تو ایک مچھلی ملی جسے دریا نے باہر پھینک دیا تھا اور ہم اٹھارہ دن تک خوب جی بھر کر کھاتے رہے۔

باب۱۶۸ . اِرْدَافُ الْمَرْاَةِ خَلْفَ اَخِيْهَا

۱۶۸۔ سواری پر کوئی خاتون اپنے بھائی کے پیچھے بیٹھتی ہیں۔

(۲۳۵) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ حَدَّثَنَا عُثْمٰنُ بْنُ الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَرْجِعُ اَصْحَابُكَ بِاَجْرِ حَجٍّ وَعُمْرَةٍ وَلَمْ اَزِدْ عَلَى الْحَجِّ فَقَالَ لَهَا اِذْهَبِيْ وَلْيُرْدِفْكِ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فَاَمَرَ عَبْدَالرَّحْمٰنِ اَنْ يُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ فَانْتَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلٰى مَكَّةَ حَتّٰى جَاءَ تْ

۲۳۵۔ ہم سے عمر بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن اسود نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی ملیکہ نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ انہوں نے عرض کیا، یارسول اللہ! آپ کے اصحاب حج اور عمرہ دونوں کر کے واپس جا رہے ہیں اور میں صرف حج کر پائی ہوں، اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر جاؤ (عمرہ کر کے آؤ) عبدالرحمٰن (رضی اللہ عنہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھائی) تمہیں اپنی سواری کے پیچھے بٹھالیں گے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ تنعیم سے (احرام باندھ کر) عائشہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ کرالائیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس عرصہ میں مکہ کے بالائی علاقہ پر ان کا انتظار کیا، یہاں تک کہ وہ آگئیں۔

(۲۳۶) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُرْدِفَ عَائِشَةَ وَاُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ

۲۳۶۔ مجھ سے عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے ان سے عمرو بن اوس نے اور ان سے عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ مجھے نبی کریم نے حکم دیا تھا کہ اپنی سواری پر پیچھے عائشہ رضی اللہ عنہا کو بٹھا کر لے جاؤں اور تنعیم سے (احرام باندھ کر) انہیں عمرہ کرالاؤں۔

باب۱۶۹ . اَلْاِرْتِدَافُ فِي الْغَزْوِ وَالْحَجِّ

۱۶۹۔ غزوہ اور حج کے سفر میں دو آدمیوں کا ایک سواری پر بیٹھنا۔

(۲۳۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ رَدِيْفَ اَبِيْ طَلْحَةَ وَاِنَّهُمْ لَيَصْرُخُوْنَ بِهِمَا جَمِيْعًا اَلْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

۲۳۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی سواری پر ان کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا، تمام صحابہ حج اور عمرہ دونوں ہی کے لئے ایک ساتھ لبیک کہہ رہے تھے۔

باب۱۷۰ . اَلرِّدْفِ عَلَى الْحِمَارِ

۱۷۰۔ گدھے پر کسی کے پیچھے بیٹھنا۔

(۲۳۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُوصَفْوَانَ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اِبْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ على اِكَافٍ عَلَيْهِ قَطِيْفَةٌ وَاَرْدَفَ اُسَامَةَ وَرَاءَهُ

۲۳۸۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوصفوان نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن یزید نے، اوران سے ابن شہاب نے ان سے عروہ نے اوران سے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ ایک گدھے پر سوار تھے، اس کی زین پر ایک چادر بچھی ہوئی تھی اور اسامہ رضی اللہ عنہ کو آپ نے پیچھے بٹھا رکھا تھا۔

(۲۳۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ يُونُسُ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ يَوْمَ الْفَتْحِ مِنْ اَعْلٰى مَكَّةَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ مُرْدِفًا اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَمَعَهٗ بِلَالٌ وَمَعَهٗ عُثْمٰنُ بْنُ طَلْحَةَ مِنَ الْحَجَبَةِ حَتّٰى اَنَاخَ فِي الْمَسْجِدِ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّاْتِيَ بِمِفْتَاحِ الْبَيْتِ فَفَتَحَ وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ اُسَامَةُ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ فَمَكَثَ فِيْهَا نَهَارًا طَوِيْلًا ثُمَّ خَرَجَ فَاسْتَبَقَ النَّاسُ وَكَانَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ اَوَّلَ مَنْ دَخَلَ فَوَجَدَ بِلَالًا وَرَآءَ الْبَابِ قَائِمًا فَسَاَلَهٗ اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ لَهٗ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَنَسِيْتُ اَنْ اَسْاَلَهٗ كَمْ صَلّٰى مِنْ سَجْدَةٍ

۲۳۹۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی کہ ان سے یونس نے بیان کیا انہیں نافع نے خبر دی اور انہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ فتح مکہ کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ مکہ کے بالائی علاقہ سے اپنی سواری پر تشریف لائے اسامہ رضی اللہ عنہ کو آپ نے اپنی سواری پر پیچھے بٹھایا تھا اور آپ کے ساتھ بلال رضی اللہ عنہ (آپ ﷺ کے مؤذن) بھی تھے اور آپ کے ساتھ عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے عثمان بن طلحہؓ ہی کعبہ کے حاجب تھے، حضور اکرم ﷺ نے مسجد الحرام کے قریب اپنی سواری بٹھا دی، اوران سے کہا کہ بیت اللہ الحرام کی کنجی لائیں۔ انہوں نے دروازہ کھول دیا اور رسول اللہ ﷺ اندر داخل ہوگئے، آپ کے ساتھ اسامہ بلال اور عثمان رضی اللہ عنہم بھی اندر آ گئے، اندر آپ کافی دیر تک رہے اور جب باہر تشریف لائے تو صحابہ نے (اندر جانے کے لئے) ایک دوسرے پر سبقت کی کوشش کی، سب سے پہلے اندر داخل ہونے والے عبداللہ رضی اللہ عنہ تھے، انہوں نے بلال رضی اللہ عنہ کو دروازے پر کھڑا پایا اوران سے پوچھا کہ حضور اکرم ﷺ نے نماز کہاں پڑھی ہے؟ انہوں نے اس جگہ کی طرف اشارہ کیا، جہاں حضور اکرم ﷺ نے نماز پڑھی تھی، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ یہ پوچھنا مجھے یاد نہیں رہا تھا کہ حضور اکرم ﷺ نے کتنی رکعتیں پڑھی تھیں۔

باب ۱۷۱. مَنْ اَخَذَ بِالرِّكَابِ وَنَحْوِهٖ

۱۷۱۔ جس نے رکاب یا اسی جیسی کوئی چیز پکڑی۔

(۲۴۰) حَدَّثَنِيْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ سُلَامٰى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيْهِ الشَّمْسُ يَعْدِلُ بَيْنَ الْاِثْنَيْنِ صَدَقَةٌ وَيُعِيْنُ الرَّجُلَ عَلٰى دَابَّتِهٖ فَيَحْمِلُ عَلَيْهَا اَوْيَرْفَعُ عَلَيْهَا مَتَاعَهٗ صَدَقَةٌ وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ وَكُلُّ خُطْوَةٍ يَخْطُوْهَا اِلَى الصَّلٰوةِ

۲۴۰۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالرزاق نے خبر دی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انسان کے ایک ایک جوڑ پر صدقہ واجب ہے، ہر دن جس میں سورج طلوع ہوتا ہے، پھر اگر دو انسانوں کے درمیان انصاف کرتا ہے تو یہ بھی صدقہ ہے، کسی کو سواری کے معاملے میں اگر مدد پہنچاتا ہے، اس طرح کہ اس پر اسے سوار کرا دیتا ہے یا اس کا سامان اس پر رکھ دیتا ہے، تو یہ بھی صدقہ ہے، ہر قدم جو نماز کے لئے اٹھتا

صَدَقَةٌ وَيُمِيطُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ

ہے صدقہ ہے اور اگر کوئی راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹا دیتا ہے تو یہ بھی صدقہ ہے۔

باب ۱۷۲۔ السَّفَرِ بِالْمَصَاحِفِ اِلٰى اَرْضِ الْعَدُوِّ وَكَذٰلِكَ يُرْوٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَابَعَهُ ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ سَافَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ فِيْ اَرْضِ الْعَدُوِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ الْقُرْآنَ

۱۷۲۔ دشمن کے ملک میں قرآن مجید لے کر سفر کرنا محمد بن بشر اس طرح روایت کرتے ہیں، وہ عبید اللہ سے روایت کرتے تھے، وہ نافع سے، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔ خود نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کے ساتھ دشمن (کفار) کے علاقے میں سفر کرتے تھے، حالانکہ یہ سب حضرات قرآن مجید کے عالم تھے۔

(۲۴۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُسَافَرَ بِالْقُرْآنِ اِلٰى اَرْضِ الْعَدُوِّ

۲۴۱۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی ان سے مالک نے ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے دشمن کے علاقے (دارالکفر) میں قرآن مجید لے کر جانے سے منع کیا تھا۔ (1)

باب ۱۷۳۔ التَّكْبِيْرِ عِنْدَ الْحَرْبِ

۱۷۳۔ جنگ کے وقت اللہ اکبر کہنا۔

(۲۴۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَبَّحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَقَدْ خَرَجُوْا بِالْمَسَاحِيْ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوْا هٰذَا مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ فَلَجَاُوْا اِلَى الْحِصْنِ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ وَاَصَبْنَا حُمُرًا فَطَبَخْنَاهَا فَنَادٰى مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَاُكْفِئَتِ الْقُدُوْرُ بِمَا فِيْهَا تَابَعَهٗ عَلِيٌّ عَنْ سُفْيَانَ رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ

۲۴۲۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے ان سے محمد نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صبح ہوئی تو نبی کریم ﷺ خیبر میں تھے اتنے میں وہاں کے باشندے (یہودی) پھاوڑے اپنی گردنوں پر لئے ہوئے نکلے، جب حضور اکرم ﷺ کو (یعنی آپ کے لشکر کو) دیکھا تو چلا اٹھے کہ یہ محمد لشکر کے ساتھ (آ گئے) محمد ﷺ لشکر کے ساتھ محمد ﷺ لشکر کے ساتھ۔ چنانچہ سب قلعہ میں پناہ گیر ہو گئے اس وقت نبی کریم ﷺ نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور فرمایا، اللہ کی ذات سب سے اعلیٰ و ارفع ہے، خیبر تو تباہ ہوا کہ جب کسی قوم کے میدان میں ہم اتر آتے ہیں تو ڈرائے ہوئے (خدا کے عذاب سے) لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے، انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے گدھے ذبح کر کے انہیں پکانا شروع کر دیا تھا کہ نبی کریم ﷺ کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ "اللہ اور اس کے رسول تمہیں گدھے کے گوشت سے منع کرتے ہیں۔" چنانچہ ہانڈیوں میں جو کچھ تھا، سب الٹ دیا گیا، اس روایت کی متابعت علی نے سفیان کے واسطہ سے کی ہے کہ

(1) دشمن کے علاقوں میں قرآن مجید لے کر جانے سے اس لئے ممانعت آئی ہے، تا کہ اس کی بے حرمتی نہ ہو، کیونکہ جنگ وغیرہ کے مواقع پر ممکن ہے قرآن مجید ان کے ہاتھ لگ جائے اور اس کی وہ توہین کریں۔ ظاہر ہے کہ اس کے سوا اور کیا وجہ ہو سکتی ہے۔

ب ۱۷۴ . مَایُکْرَہُ مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ فِی التَّکْبِیْرِ

۲۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ
عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی
شْعَرِیْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی
ہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَکُنَّا اِذَا اَشْرَفْنَا عَلٰی وَادٍ ھَلَّلْنَا
بَّرْنَا اِرْتَفَعَتْ اَصْوَاتُنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ
یْہِ وَسَلَّمَ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِرْبَعُوْا عَلٰی اَنْفُسِکُمْ
کُمْ لَاتَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا اِنَّہٗ مَعَکُمْ اِنَّہٗ
یْعٌ قَرِیْبٌ تَبَارَکَ اسْمُہٗ وَتَعَالٰی جَدُّہٗ

ب ۱۷۵ . التَّسْبِیْحِ اِذَا ھَبَطَ وَادِیًا

۲۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ
حُصَیْنِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی
عْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ
اِذَا صَعِدْنَا کَبَّرْنَا وَاِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا

ب ۱۷۶ . التَّکْبِیْرِ اِذَا عَلَا شَرَفًا

۲۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ
یٍّ عَنْ شُعْبَةُ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ جَابِرٍ
یَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کُنَّا اِذَا صَعِدْنَا کَبَّرْنَا وَاِذَا
وَّبْنَا سَبَّحْنَا

۲۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ
سَلَمَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ کَیْسَانَ عَنْ سَالِمِ بْنِ
اللّٰہِ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ
النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَفَلَ مِنَ الْحَجِّ
عُمْرَةِ وَلَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا قَالَ الْغَزْوَ یَقُوْلُ کُلَّمَا
ی عَلٰی ثَنِیَّةٍ اَوْفَدْ فِدٍ کَبَّرَ ثَلٰثًا ثُمَّ قَالَ لَااِلٰہَ اِلَّا
وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ

رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ اٹھائے تھے۔

۱۷۴۔ اللہ اکبر کہنے کے لئے آواز کو بلند کرنے کی کراہت۔ ❶

۲۴۳۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے، ان سے ابوعثمان نے، ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور جب بھی کسی وادی میں اترتے تو لاالہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہتے اور ہماری آواز بلند ہو جاتی۔ اس لئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اے لوگو! اپنی جانوں پر رحم کھاؤ، کیونکہ تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکار رہے ہو، وہ تو تمہارے ساتھ ہی ہے، بے شک وہ سننے والا اور تم سے بہت قریب ہے، مبارک ہے اس کا نام اور بڑی ہے اس کی عظمت۔

۱۷۵۔ کسی وادی میں اترتے وقت سبحان اللہ کہنا۔

۲۴۴۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے حصین بن عبدالرحمٰن نے، ان سے سالم بن ابی الجعد نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہم (کسی بلندی پر) چڑھتے تھے تو اللہ اکبر کہتے تھے اور جب (کسی نشیب میں) اترتے تھے تو سبحان اللہ کہتے تھے۔

۱۷۶۔ بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ اکبر کہنا۔

۲۴۵۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے حصین نے، ان سے سالم نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہم اوپر چڑھتے تو اللہ اکبر کہتے اور نشیب میں اترتے تو سبحان اللہ کہتے۔

۲۴۶۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے صالح ابن کیسان نے، ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ حج یا عمرہ سے واپس ہوتے، جہاں تک مجھے یاد ہے آپ نے غزوے کا بھی ذکر کیا تھا، تو جب بھی آپ کسی بلندی پر چڑھتے یا (نشیب سے) چٹیل میدان میں آتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے پھر فرماتے اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، وہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کا ہے اور تمام

---

❶ صوصاً جب جہاد، جنگ کا موقعہ بھی نہ ہو، اس عنوان کے تحت جو حدیث ہے اس میں بصراحت اس کی مخالفت بھی نہیں ہے، البتہ ایک مناسب طریقہ کی نشان ی گئی ہے، یعنی جب خدا حاضر اور ناظر ہے تو اسے پکارنے میں چیخنے اور چلانے کے کیا معنی! وقار اور آہستگی کے ساتھ اسے پکاریئے۔ اور اس سے دعا کیجئے۔

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَه' وَنَصَرَ عَبْدَه' وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَه' قَالَ صَالِحٌ فَقُلْتُ لَه' اَلَمْ يَقُلْ عَبْدُاللّٰهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ لَا

تعریفیں اسی کے لئے ہیں اور وہ ہر کام پر قدرت رکھتا ہے، ہم واپس ہو رہے ہیں، توبہ کرتے ہوئے، عبادت کرتے ہوئے، اپنے رب کی بارگاہ میں سجدہ ریز اور اس کی حمد پڑھتے ہوئے اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا (کفار کی) تمام جماعتوں کو شکست دی (غزوۂ خندق کے موقعہ پر) صالح نے بیان کیا کہ میں۔نے سالم بن عبداللہ سے پوچھا، کیا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے انشاء اللہ نہیں کہا تھا تو انہوں نے بتایا کہ نہیں۔

باب۱۷۷ . يُكْتَبُ لِلْمُسَافِرِ مِثْلُ مَاكَانَ يَعْمَلُ فِي الْاِقَامَةِ

۱۷۷۔ (سفر کی حالت میں) مسافر کی وہ سب عبادتیں لکھی جاتی ہیں، جو اقامت کے وقت کیا کرتا تھا۔

(۲۴۷) حَدَّثَنَا مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْعَوَّامُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ اَبُوْاِسْمَاعِيْلَ السَّكْسَكِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَابُرْدَةَ وَاِصْطَحَبَ هُوَ وَيَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ كَبْشَةَ فِيْ سَفَرٍ فَكَانَ يَزِيْدُ يَصُوْمُ فِي السَّفَرِ فَقَالَ لَه' اَبُوْبُرْدَةَ سَمِعْتُ اَبَامُوْسٰى مِرَارًا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ اَوْسَافَرَ كُتِبَ لَه' مِثْلُ مَاكَانَ يَعْمَلُ مُقِيْمًا صَحِيْحًا

۲۴۷۔ ہم سے مطر بن فضل نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ہارون نے حدیث بیان کی، ان سے عوام نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم ابواسماعیل سکسکی نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابو بردہ سے سنا وہ اور زید بن ابی کبشہ ایک سفر میں ساتھ تھے اور یزید سفر کی حالت میں بھی روزے رکھا کرتے تھے، ابو بردہ نے کہا کہ میں نے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے کئی بار سنا، وہ کہا کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب بندہ بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے تو وہ تمام عبادات لکھی جاتی ہیں جنہیں اقامت وصحت کے وقت وہ کیا کرتا تھا۔ ❶

باب۱۷۸ . السَّيْرِ وَحْدَه'

۱۷۸۔ تنہا سفر۔

(۲۴۸) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ نَدَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ ثُمَّ نَدَبَهُمْ فَانْتَدَبَ الزُّبَيْرُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ قَالَ سُفْيَانُ الْحَوَارِيُّ النَّاصِرُ

۲۴۸۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے (ایک مہم پر جانے کے لئے) خندق کے غزوہ کے موقعہ پر صحابہ کو پکارا تو زبیر رضی اللہ عنہ نے اس کے لئے اپنی خدمات پیش کیں پھر آپ نے صحابہ کو پکارا اور اس مرتبہ بھی زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے کو پیش کیا، آپ نے پھر پکارا تو زبیر رضی اللہ عنہ نے ہی اپنے کو پیش کیا، رسول اللہ ﷺ نے آخر فرمایا کہ ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر ہیں، سفیان نے کہا کہ حواری کے معنی معاون کے ہیں۔

(۲۴۹) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ

۲۴۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی۔ ان سے عاصم بن محمد نے

❶ یعنی سفر بھی ایک عذر ہے اور بیماری بھی۔ دونوں صورتوں میں آدمی بڑی حد تک مجبور ہو جاتا ہے۔ اس لئے شریعت نے اس کا لحاظ کیا ہے۔ وران دونوں مجبوریوں پر رعایات دی ہیں۔ بہت سی دوسری رعایتوں کے ساتھ ایک سب سے بڑی خوش خبری یہ ہے کہ جن عبادات کا مسافر یا مریض عادی تھا اور سفر یا مرض کی وجہ سے انہیں چھوڑنے پر مجبور ہوا تو اللہ تعالیٰ چھوڑنے کے باوجود اس کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں لکھتا رہتا ہے۔

قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْيَعْلَمُ النَّاسُ مَافِي الْوَحْدَةِ مَا اَعْلَمُ مَا سَارَرَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهُ'

حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جتنا میں جانتا ہوں اگر دوسروں کو بھی (تنہا سفر کرنے کی مضرتوں کا) اتنا علم ہوتا تو کوئی سوار بھی رات میں تنہا سفر نہ کرتا۔

(۲۵۰) حَدَّثَنَا اَبُونُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَافِي الْوَحْدَةِ مَا اَعْلَمُ مَاسَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَّحْدَهُ'

۲۵۰۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم بن محمد نے زید بن عبداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جتنا میں جانتا ہوں اگر لوگوں کو بھی تنہا سفر کے متعلق اتنا علم ہوتا تو کوئی سوار رات میں تنہا سفر نہ کرتا۔

باب ۱۷۹۔ اَلسُّرْعَةِ فِي السَّيْرِ قَالَ اَبُوحُمَيْدٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّي مُتَعَجِّلٌ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِي فَلْيُعَجِّلْ

۱۷۰۔ سفر میں تیز چلنا، ابوحمید نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "میں مدینہ جلدی پہنچنا چاہتا ہوں اس لئے اگر کوئی شخص میرے ساتھ تیز چلنا چاہے تو چلے۔"

(۲۵۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبِي قَالَ سُئِلَ اُسَامَةُ ابْنُ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا كَانَ يَحْيٰى يَقُولُ وَ اَنَا اَسْمَعُ فَسَقَطَ عَنِّي عَنْ مَسِيْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوِدَاعِ قَالَ فَكَانَ يَسِيْرُ الْعَنَقَ فَاِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ وَ النَّصُّ فَوْقَ الْعَنَقِ

۲۵۱۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا، انہیں ان کے والد نے خبر دی انہوں نے بیان کیا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے نبی کریم ﷺ کے حجۃ الوداع کے سفر کی رفتار کے متعلق پوچھا گیا (امام بخاریؒ بیان کرتے ہیں کہ ابن المثنیٰ نے کہا) یحییٰ (القطان راوی حدیث) بیان کرتے ہیں (ہشام کے والد، عروہ بن زبیر کے واسطہ سے کہ جب اسامہ رضی اللہ عنہ سے مذکورہ سوال کیا گیا تھا۔) تو میں سن رہا تھا (یحییٰ نے کہا کہ) پھر یہ لفظ (یعنی سن رہا تھا) بیان کرنے سے رہ گیا (اور بعد میں جب یاد آیا تو پھر اس کا بھی ذکر کیا) تو اسامہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ اوسط چال چلتے تھے، لیکن جب کوئی کشادہ جگہ آتی تو آپ ﷺ اپنی رفتار تیز کر دیتے تھے؟ تیز رفتاری کے لئے لفظ) نص، اوسط چال (عنق) سے تیز چلنے کے لئے آتا ہے۔

(۲۵۲) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِي زَيْدٌ هُوَ اِبْنُ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بِطَرِيْقِ مَكَّةَ فَبَلَغَه عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ اَبِي عُبَيْدٍ شِدَّةُ وَجَعٍ فَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بَعْدَ غُرُوْبِ الشَّفَقِ ثُمَّ نَزَلَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعَتَمَةَ يَجْمَعُ بَيْنَهُمَا وَقَالَ اِنِّي رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۵۲۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، کہا کہ مجھے زید نے خبر دی جو اسلم کے صاحبزادے تھے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ مکہ کے راستے میں تھا، اتنے میں صفیہ بنت عبید رضی اللہ عنہا (آپ کی بیوی) کے متعلق شدید کرب و بے چینی کی اطلاع ملی (مریضہ تھیں) چنانچہ آپ نے تیز چلنا شروع کر دیا اور جب (سورج غروب ہونے کے بعد) شفق کے غروب ہونے کا وقت قریب ہوا تو آپ اترے اور مغرب

اِذَا جَدَّبِهِ السَّيْرُ اٰخَرَ الْمَغْرِبَ وَجَمَعَ بَيْنَهُمَا

اور عشاء کی نماز پڑھی، دونوں نمازیں آپ نے ایک ساتھ پڑھی تھیں، پھر فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ تیزی کے ساتھ سفر طے کرنا چاہتے تو مغرب تاخیر کے ساتھ پڑھتے اور دونوں (عشاء و مغرب) ایک ساتھ ادا کرتے۔

(۲۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ مَوْلٰى اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهُ وَطَعَامَهُ وَشَرَابَهُ فَاِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ نَهْمَتَهُ فَلْيُعَجِّلْ اِلٰى اَهْلِهِ

۲۵۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ابوبکر کے مولیٰ سمی نے انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سفر بھی ایک عذاب سے کم نہیں، آدمی کی نیند، کھانے، پینے، سب میں خلل انداز ہوتا ہے، اس لئے جب مسافر اپنی ضروریات پوری کرلے تو اسے گھر جلدی واپس آجانا چاہئے۔

باب ۱۸۰ . اِذَا حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فَرَآهَا تُبَاعُ

۱۸۰۔ ایک گھوڑا کسی کو سواری کے لئے دے دیا، پھر دیکھا کہ وہی گھوڑا فروخت ہو رہا ہے۔

(۲۵۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ان عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَمَلَ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَوَجَدَه يُبَاعُ فَاَرَادَ ان يَّبْتَاعَهُ فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَاتَبْتَعْهُ وَلَاتَعُدْ فِيْ صَدَقَتِكَ

۲۵۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں نافع نے اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ایک گھوڑا، اللہ کے راستے میں سواری کے لئے دے دیا تھا، پھر آپ نے دیکھا کہ وہی گھوڑا فروخت ہو رہا ہے، آپ نے چاہا کہ اسے خرید لیں، لیکن جب رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب تم اسے نہ خریدو، اپنے صدقہ کو واپس نہ لو۔

(۲۵۵) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ حَمَلْتُ عَلٰى فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَابْتَاعَه اَوْفَاضَاعَهُ الَّذِيْ كَانَ عِنْدَه فَاَرَدْتُ اَنْ اَشْتَرِيَه وَظَنَنْتُ اَنَّه بَائِعُهُ بِرُخْصٍ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَشْتَرِهِ وَاِنْ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهِ

۲۵۵۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ فرمارہے تھے کہ اللہ کے راستے میں، میں نے ایک گھوڑا سواری کے لئے دیا، جس کو دیا تھا، وہ اس کو بیچنے لگا، یا (آپ نے یہ فرمایا تھا) کہ اس نے اسے بالکل برباد کر دیا، اس لئے...... میرا ارادہ ہوا کہ میں اسے خرید لوں، مجھے یہ خیال تھا کہ وہ شخص سستے داموں پر اسے بیچ دے گا، میں نے اس کے متعلق نبی کریم ﷺ سے جب پوچھا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر وہ گھوڑا تجھے ایک درہم میں مل جائے تو پھر بھی نہ خریدنا، کیونکہ اپنے ہبہ کو واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قے ہی چاٹ جاتا ہے۔ (اس حدیث پر نوٹ گزر چکا ہے۔

باب ۱۸۱ . اَلْجِهَادُ بِاِذْنِ الْاَبَوَيْنِ

۱۸۱۔ جہاد میں شرکت، والدین کی اجازت کے بعد۔

۲۵۶) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا حَبِیْبُ بْنُ اَبِیْ ثَابِتٍ قَالَ
سمِعْتُ اَبَاالْعَبَّاسِ الشَّاعِرَ وَكَانَ لَایُتَّهَمُ فِیْ حَدِیْثِهٖ
الَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
قُولُ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اسْتَاذَنَهٗ فِی الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَیٌّ وَالِدَاکَ قَالَ نَعَمْ
الَ فَفِیْهِمَا فَجَاهِدْ

۲۵۶۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی ان سے حبیب بن ابی ثابت نے حدیث بیان کی کہ میں نے ابوالعباس، شاعر سے سنا۔ ابوالعباس (شاعر ہونے کے ساتھ) روایت حدیث میں بھی ثقہ اور قابل اعتماد تھے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ ایک صاحب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے جہاد میں شرکت کی اجازت چاہی، آپ نے ان سے دریافت فرمایا، کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ انہوں نے کہا جی ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ پھر انہیں کو خوش رکھنے کی کوشش کرو۔

اب ۱۸۲. مَاقِیْلَ فِی الْجَرَسِ وَنَحْوِهٖ فِیْ
عْنَاقِ الْاِبِلِ

۱۸۲۔اونٹوں کی گردن میں گھنٹی وغیرہ سے متعلق روایت۔

۲۵۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ
نْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ اَنَّ
اَبَابَشِیْرٍ ںِالْاَنْصَارِیَّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ كَانَ
عَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ
سْفَارِهٖ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ حَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ وَالنَّاسُ فِیْ
بِیْتِهِمْ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
سُوْلًا اَنْ لَا یَبْقَیَنَّ فِیْ رَقَبَةِ بَعِیْرٍ قِلَادَةٌ مِنْ وَتَرٍ
قِلَادَةٌ اِلَّا قُطِعَتْ

۲۵۷۔ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن ابی بکر نے، انہیں عباد بن تمیم نے اور انہیں ابوبشیر انصاری رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ وہ ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، عبداللہ (بن ابی بکر بن حزم، راوی حدیث) نے کہا کہ میرا خیال ہے، انہوں نے بیان کیا کہ لوگ اپنی خواب گاہوں میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنا ایک قاصد بھیجا، یہ اعلان کرنے کے لئے کہ جس شخص کے اونٹ کی گردن میں تانت کا قلادہ ہو یا کسی قسم کا بھی قلادہ ہو، وہ اسے کاٹ دے۔

ب ۱۸۳. مَنِ اكْتُتِبَ فِیْ جَیْشٍ فَخَرَجَتْ اِمْرَاَتُهٗ
اجَةً اَوْكَانَ لَهٗ عُذْرٌ هَلْ یُؤْذَنُ لَهٗ

۱۸۳۔کسی نے فوج میں اپنا نام لکھوالیا، پھر اس کی بیوی حج کے لئے جانے لگی، یا اور کوئی عذر پیش آ گیا تو کیا اسے (اپنی بیوی کے ساتھ حج کے لئے جانے کی) اجازت دے دی جائے گی؟

۲۵۸) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ
مْرٍو عَنْ اَبِیْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ
هُمَا اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ
یَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ وَلَاتُسَافِرَنَّ امْرَاَةٌ اِلَّا وَمَعَهَا
حْرَمٌ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُتِبْتُ فِیْ
زْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَخَرَجَتِ امْرَاَتِیْ حَاجَّةً قَالَ
ذْهَبْ فَحُجَّ مَعَ اِمْرَاَتِکَ

۲۵۸۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے ان سے ابومعبد اور ان سے، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا کہ کوئی مرد، کسی (غیر محرم) عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ بیٹھے، کوئی عورت اس وقت تک سفر نہ کرے، جب تک اس کے ساتھ کوئی محرم نہ ہو، اتنے میں ایک صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا، یارسول اللہ! میں نے فلاں غزوے میں اپنا نام لکھوا دیا تھا، اور ادھر میری بیوی حج کے لئے جارہی ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ پھر تم بھی جاؤ اور اپنی بیوی کو حج کرالاؤ۔

باب ۱۸۴. اَلْجَاسُوْسِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّى وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاءَ. اَلتَّجَسُّسُ: اَلتَّبَحُّثُ

(۲۵۹) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنِ دِيْنَارٍ سَمِعْتُهُ مِنْهُ مَرَّتَيْنِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ حَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِىْ رَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ بْنَ الْاَسْوَدِ قَالَ انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَاْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً وَمَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا فَانْطَلَقْنَا تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلَى الرَّوْضَةِ فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ فَقُلْنَا اَخْرِجِى الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَامَعِىَ مِنْ كِتَابٍ فَقُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْلَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَاَتَيْنَا بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا فِيْهِ مِنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِىْ بَلْتَعَةَ اِلٰى اُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَاطِبُ مَا هٰذَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَا تَعْجَلْ عَلَىَّ اِنِّىْ كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِىْ قُرَيْشٍ وَلَمْ اَكُنْ مِنْ اَنْفُسِهَا وَ كَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ بِمَكَّةَ يَحْمُوْنَ بِهَا اَهْلِيْهِمْ وَاَمْوَالَهُمْ فَاَحْبَبْتُ اِذَا فَاتَنِىْ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ اَنْ اَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَحْمُوْنَ بِهَا قَرَابَتِىْ وَمَا فَعَلْتُ كُفْرًا وَلَا ارْتِدَادً وَلَارِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَالْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ صَدَقَكُمْ قَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِىْ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ قَالَ اِنَّهٗ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَكُوْنَ قَدِ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ قَالَ سُفْيَانُ وَاَىُّ اِسْنَادٍ هٰذَا

۱۸۴۔ ”جاسوس“ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ”میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ“، تجسس کے معنی تلاش وتفتیش کے ہیں۔

۲۵۹۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، سفیان نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے دومرتبہ سنی تھی، انہوں نے بیان کیا تھا، کہ مجھے محمد نے خبر دی، کہا کہ مجھے عبیداللہ بن ابی رافع نے خبر دی، کہا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے، زبیر اور مقداد بن اسود (رضی اللہ عنہم) کو ایک مہم پر بھیجا آپ نے فرمایا تھا کہ جب تم لوگ روضہ خاخ (مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک مقام کا نام) پر پہنچ جاؤ تو وہاں ہودج میں بیٹھی ہوئی ایک عورت تمہیں ملے گی اور اس کے پاس ایک خط ہوگا، تم لوگ اس سے وہ خط لے لینا، ہم روانہ ہوئے، ہمارے گھوڑے ہمیں منزل بہ منزل تیزی کے ساتھ لئے جارہے تھے اور آخر ہم روضۂ خاک پر پہنچ گئے اور وہاں واقعی ہودج میں بیٹھی ہوئی ایک عورت موجود تھی (جو مدینہ سے مکہ خط لے کر جارہی تھی) ہم نے اس سے کہا کہ خط نکالو، اس نے کہا میرے پاس تو کوئی خط نہیں، لیکن جب ہم نے اسے دھمکی دی کہ اگر تم نے خط نہ نکالا تو تمہارے کپڑے ہم خود اتار دیں گے (تلاشی کے لئے) اس پر اس نے خط اپنی گندھی ہوئی چوٹی کے اندر سے نکال دیا اور ہم اسے لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے اس کا مضمون یہ تھا، حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مشرکین مکہ کے چند اشخاص کی طرف، اس میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بعض راز کی اطلاع دی تھی، حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا، اے حاطب! یہ کیا واقعہ ہے؟ انہوں نے عرض کیا، یارسول اللہ میرے بارے میں عجلت سے کام نہ لیجئے، میری حیثیت (مکہ میں) یہ تھی کہ قریش کے ساتھ میں نے بود و باش اختیار کرلی تھی ان سے رشتہ ناتا میرا کچھ بھی نہ تھا آپ کے ساتھ جو دوسرے مہاجرین ہیں، ان کی تو قرابتیں مکہ میں ہیں اور مکہ والے اسی وجہ سے (مہاجرین کے اس وقت مکہ میں موجود) عزیزوں کی اور ان کے اموال کی حفاظت وحمایت کریں گے، چونکہ مکہ والوں کے ساتھ میرا کوئی نسبی تعلق نہیں ہے، میں نے چاہا کہ ان پر کوئی احسان کردوں جس سے متاثر ہو کر وہ میرے بھی عزیزوں، اور ان کے اموال کی حفاظت وحمایت کریں گے۔ میں نے یہ

فعل کفر یا ارتداد کی وجہ سے ہرگز نہیں کیا تھا اور نہ اسلام کے بعد کفر سے خوش ہو کر، رسول اللہ ﷺ نے سن کر فرمایا کہ انہوں نے صحیح صحیح بات بتادی ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ بولے، یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے، میں اس منافق کا گلا کاٹ دوں۔ حضور اکرم نے فرمایا، یہ بدر کی لڑائی میں (مسلمانوں کے ساتھ) لڑے ہیں اور تمہیں معلوم نہیں، اللہ تعالیٰ بدر کے مجاہدین کے احوال (موت تک کے) پہلے ہی سے جانتا تھا اور وہ خود ہی فرما چکا ہے کہ "تم جو چاہو کرو، میں تمہیں معاف کر چکا ہوں" سفیان بن عیینہ نے فرمایا کہ حدیث کی یہ سند بھی کتنی عمدہ ہے۔

باب ۱۸۵ . اَلْكِسْوَةِ لِلْاَسَارٰى

۱۸۵۔ قیدیوں کے لئے لباس۔

(۲۶۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ اُتِيَ بِاُسَارٰى وَاُتِيَ بِالعَبَّاسِ وَلَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ ثَوْبٌ فَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَه' قَمِيصًا فَوَجَدُوْا قَمِيصَ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اُبَيّ يَقْدِرُ عَلَيْهِ فَكَسَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ فَلِذٰلِكَ نَزَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَمِيصَهُ الَّذِىْ اَلْبَسَه' قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ كَانَتْ لَه' عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدٌ فَاَحَبَّ اَنْ يُكَافِئَهٗ

۲۶۰۔ ہم سے محمد ابن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر قیدی (مشرکین کے) لائے گئے تھے، جن میں عباس (رضی اللہ عنہ) بھی تھے۔ ان کے بدن پر کپڑا نہیں تھا، نبی کریم ﷺ نے ان کے لئے قمیص تلاش کروائی (چونکہ لمبے قد کے تھے) اس لئے عبداللہ بن ابی (منافق) کی قمیص ہی آپ کے بدن پر آسکی اور آنحضور نے انہیں وہ قمیص پہنادی۔ نبی کریم ﷺ نے (عبداللہ کی موت کے بعد) اسی وجہ سے اپنی قمیص اتار کر اسے پہنائی تھی، ابن عیینہ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ پر جو اس کا احسان تھا، حضور اکرم ﷺ نے چاہا کہ اسے چکادیں۔

باب ۱۸۶ . فَضْلِ مَنْ اَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْهِ رَجُلٌ

۱۸۶۔ اس شخص کی فضیلت جس کے ذریعہ کوئی شخص اسلام لایا ہو۔

(۲۶۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْن سَعِيدٍ حَدَّثَنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالْقَارِيِّ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَهْلٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَعْنِى ابْنَ سَعْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُفْتَتَحُ عَلٰى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَه' وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه' فَبَاتَ النَّاسُ لَيْلَتَهُمْ اَيُّهُمْ يُعْطٰى فَغَدَوْا كُلُّهُمْ يَرْجُوْهُ فَقَالَ اَيْنَ عَلِيٌّ فَقِيْلَ يَشْتَكِىْ عَيْنَيْهِ فَبَصَقَ فِىْ عَيْنَيْهِ وَدَعَالَه' فَبَرَءَ كَاَنْ لَمْ يَكُنْ بِهٖ وَجَعٌ فَاَعْطَاهُ فَقَالَ اُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا فَقَالَ اُنْفُذْ

۲۶۱۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن بن محمد بن عبداللہ بن عبدالقاری نے حدیث بیان کی، ان سے ابو حازم نے بیان کیا کہ، انہیں سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے خبر دی بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے خیبر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا، کل میں ایسے شخص کے ہاتھ اسلامی علم دوں گا جس کے ہاتھ پر فتح ہوگی، جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور جس سے اللہ اور اس کا رسول محبت رکھتے ہیں، رات بھر سب کے ذہن میں یہی بات چکر کرتی رہی کہ دیکھئے کسے علم ملتا ہے! اور جب صبح ہوئی تو ہر فرد پر امید تھا لیکن آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ علی کہاں ہیں؟ عرض کیا گیا کہ ان کی آنکھوں میں آشوب ہو گیا ہے، آنحضور ﷺ نے اپنا لعاب دہن ان کی آنکھوں میں

عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلاً خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

لگا دیا اور اس سے انہیں صحت ہوگئی کسی قسم کی تکلیف باقی نہ رہی، اور پھر آپ نے انہیں کو علم عطا فرمایا، علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں ان لوگوں سے اس وقت تک لڑوں گا جب تک یہ ہمارے جیسے (مسلمان) نہ ہو جائیں، آنحضور نے انہیں ہدایت دی کہ یوں ہی چلے جاؤ، جب ان کے میدان میں اتر لو انہیں اسلام کی دعوت دو، اور انہیں بتاؤ کہ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) ان پر کیا امور واجب ہیں، خدا گواہ ہے کہ اگر تمہارے ذریعہ ایک شخص بھی مسلمان ہو جائے تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

باب۱۸۷. الْاُسَارٰى فِي السَّلَاسِلِ

۱۸۷۔ قیدی زنجیروں میں۔

(۲۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ قَوْمٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ فِي السَّلَاسِلِ

۲۶۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن زیاد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ایسے لوگوں پر اللہ کو تعجب ہوگا، جو جنت میں داخل ہوں گے (حالانکہ دنیا میں اپنے کفر کی وجہ سے) وہ بیڑیوں میں تھے (لیکن بعد میں اسلام لائے اور اسی لئے جنت میں داخل ہوئے۔)

باب۱۸۸. فَضْلِ مَنْ اَسْلَمَ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ

۱۸۸۔ اہل کتاب کے کسی فرد کے اسلام لانے کی فضیلت۔

(۲۶۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَيٍّ اَبُوْحَسَنٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ اَبُوْبُرْدَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ الرَّجُلُ تَكُوْنُ لَهُ الْاَمَةُ فَيُعَلِّمُهَا فَيُحْسِنُ تَعْلِيْمَهَا وَيُؤَدِّبُهَا فَيُحْسِنُ اَدَبَهَا ثُمَّ يُعْتِقُهَا فَيَتَزَوَّجُهَا فَلَهٗ اَجْرَانِ وَمُؤْمِنُ اَهْلِ الْكِتَابِ الَّذِيْ كَانَ مُؤْمِنًا ثُمَّ اٰمَنَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَالْعَبْدُ الَّذِيْ يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ وَ يَنْصَحُ لِسَيِّدِهٖ ثُمَّ قَالَ الشَّعْبِيُّ وَاَعْطَيْتُكَهَا بِغَيْرِ شَيْءٍ وَقَدْ كَانَ الرَّجُلُ يَرْحَلُ فِيْ اَهْوَنَ مِنْهَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ

۲۶۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان بن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن حی ابوحسن نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے شعبی سے سنا۔ وہ بیان کرتے تھے کہ مجھ سے ابو بردہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے اپنے والد (ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تین طرح کے اشخاص ایسے ہیں جنہیں دوہرا اجر ملتا ہے، وہ شخص جس کی کوئی باندی ہو، وہ اسے تعلیم دے اور تعلیم دینے میں اچھا طرز عمل اختیار کرے، اسے ادب سکھائے اور اس میں اچھے طرز عمل کا مظاہرہ کرے، پھر اسے آزاد کر کے اس سے شادی کر لے تو اسے دوہرا اجر ملتا ہے۔ وہ مؤمن جو اہل کتاب میں سے ہو کہ پہلے ہی ایمان لائے ہوئے تھے (اپنے نبی پر) اور پھر نبی کریم ﷺ پر ایمان لایا تو اسے بھی دوہرا اجر ملے گا، اور وہ غلام جو اللہ تعالیٰ کے حقوق کی بھی ادائیگی کرتا ہے، اور اپنے آقا کے ساتھ بھی، خیر خواہانہ جذبہ رکھتا ہے، اس کے بعد شعبی (راوی حدیث) نے فرمایا کہ میں نے تمہیں یہ حدیث بلا کسی محنت و مشقت کے دے دی، ایک زمانہ وہ بھی تھا جب اس سے کم حدیث

کے لئے مدینہ منورہ کا سفر کرنا پڑتا تھا۔

باب ۱۸۹. اَهْلِ الدَّارِ يُبَيَّتُونَ فَيُصَابُ الْوِلْدَانُ وَالذَّرَارِيُّ.بَيَاتًا:لَيْلًا لَّيُبَيِّتَنَّهُ:لَيْلًا،يُبَيِّتُ:لَيْلًا

۱۸۹۔ دار الحرب پر رات کے وقت حملہ ہوا اور بچے اور عورتیں بھی (غیر ارادی طور پر) زخمی ہوگئیں۔ ❶ (قرآن مجید کی آیت میں) بیاتا سے مراد رات کا وقت ہے (دوسری آیت میں لبیتنہ، (سے بھی) رات کے وقت (اچانک حملہ کرنا مراد ہے) (تیسری آیت) میں بیت سے مراد بھی رات کا وقت ہی ہے۔

(۲۶۴) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بن جَثَّامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ مَرَّبِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْبِوَدَّانَ وَسُئِلَ عَنْ اَهْلِ الدَّارِ يُبَيَّتُونَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِسَائِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ قَالَ هُمْ مِنْهُمْ وَسَمِعْتُه، يَقُولُ لَاحِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّه، سَمِعَ عُبَيْدَاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا الصَّعْبُ فِي الذَّرَارِيِّ كَانَ عَمْرٌو يُحَدِّثُنَا عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْنَاهُ مِنَ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ قَالَ هُمْ مِنْهُمْ وَلَمْ يَقُلْ كَمَا قَالَ عَمْرٌو هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ

۲۶۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور ان سے صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ مقام ابواء یا ودان میں میرے پاس گزرے تو آپ سے پوچھا گیا کہ مشرکین کے جس قبیلے پر شب خون مارا جائے گا کیا ان کی عورتوں اور بچوں کو بھی قتل کرنا درست ہوگا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ بھی انہیں میں سے ہیں اور میں نے آنحضور ﷺ سے سنا کہ آپ فرما رہے تھے، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے سوا اور کسی کی حمی نہیں ہے (جس کی حمایت وحفاظت ضروری ہو) (سابقہ سند کے ساتھ) زہری سے روایت ہے کہ انہوں نے عبیداللہ سے سنا، بواسطہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ان سے صعب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، اور صرف ذراری (بچوں) کا ذکر کیا (سفیان نے بیان کیا کہ) عمرو ہم سے حدیث بیان کرتے تھے ان سے ابن شہاب، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے (سفیان نے بیان کیا کہ پھر) ہم نے خود زہری (ابن شہاب) سے سنی، انہوں نے بیان کیا کہ مجھے عبیداللہ نے خبر دی، انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور انہیں صعب رضی اللہ عنہ نے کہ حضور اکرم ﷺ نے

❶ اسلام کا حکم یہ ہے کہ لڑائی میں عورتوں، بچوں یا بوڑھوں کو کوئی تکلیف نہ پہنچائی جائے۔ یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اگر رات کے وقت مسلمان ان پر حملہ آور ہوئے تو ظاہر ہے کہ اندھیرے میں، خصوصاً جب کہ دشمن اپنے گھروں میں غافل سو رہا ہوگا، عورتوں، بچوں کی تمیز مشکل ہو جائے گی اب اگر یہ قتل ہو جاتے ہیں تو یہ کوئی گناہ نہیں ہوگا، شریعت کا مقصد صرف یہ ہے کہ قصداً اور ارادہ کر کے عورتوں، بچوں یا لڑائی وغیرہ سے عاجز بوڑھوں کو لڑائی میں کوئی تکلیف نہ پہنچانی چاہئے اور نہ انہیں قتل کرنا چاہئے، لیکن اگر حالات کی مجبوری ہو تو ظاہر ہے کہ اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں۔ نیت اور دلی ارادہ اس کا ضرور ہونا چاہئے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے (حالات کے پیش نظر) عورتوں اور بچوں کو قتل نہ کیا جائے۔ یعنی ممنوع صرف قصداً اور ارادۃً انہیں قتل کرنا ہے۔ اس کی بہت ہی واضح نظیر یہ ہے کہ مسلمانوں کے مقابلہ میں اگر دار الحرب کے کفار نے اپنے یہاں کے مسلمانوں کو آگے کر دیا، تو ظاہر ہے کہ ایسے موقعہ پر اسلامی فوج پسپائی نہیں اختیار کر سکتی، بلکہ اس کا سب سے پہلا نشانہ کفار کی طرف سے آتے ہوئے وہی مسلمان ہوں گے، خواہ انہیں مجبور کر کے ہی کیوں نہ لایا گیا ہو کیونکہ عین مورچے سے پیچھے ہو جانا خود اسلامی سلطنت کے لئے مضر ہے، اب اھون البلیتین کو اختیار کرنا پڑے گا، یہی حال کفار کی عورتوں اور بچوں کے قتل کا بھی ہے۔

فرمایا (مشرکین کی عورتوں اور بچوں کے متعلق کہ) وہ بھی انہیں میں سے ہیں (ہم منہم)۔ (زہری کے واسطہ سے) جس طرح عمرو نے بیان کیا تھا کہ وہ بھی انہیں کے باپ دادوں کی نسل سے ہیں (ہم من ابائہم) زہری نے (خود ہم سے) ان الفاظ کے ساتھ نہیں بیان کیا (اگرچہ مفہوم میں کوئی فرق نہیں تھا۔)

باب ۱۹۰ . قَتْلِ الصِّبْيَانِ فِي الْحَرْبِ

۱۹۰۔ جنگ میں بچوں کا قتل۔

(۲۶۵) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَه' اَنَّ امْرَاَةً وُجِدَتْ فِي بَعْضِ مَغَازِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْتُوْلَةً فَانْكَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلَ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ

۲۶۵۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، انہیں لیث نے خبر دی، انہیں نافع نے اور انہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ کے ایک غزوہ (غزوہ فتح) میں ایک مقتول عورت پائی گئی، تو آنحضور ﷺ نے عورتوں اور بچوں کے قتل پر ناگواری کا اظہار فرمایا۔

باب ۱۹۱ . قَتْلِ النِّسَآءِ فِي الْحَرْبِ

۱۹۱۔ جنگ میں عورتوں کا قتل۔

(۲۶۶) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ اُسَامَةَ حَدَّثَكُمْ عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ وُجِدَتِ امْرَاَةٌ مَقْتُوْلَةً فِي بَعْضِ مَغَازِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ

۲۶۶۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابواسامہ سے پوچھا کیا عبیداللہ نے آپ سے یہ حدیث بیان کی ہے، کہ ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے کسی غزوے میں مقتول پائی گئی تو نبی کریم ﷺ نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا (تو انہوں نے اس کا اقرار کیا۔)

باب ۱۹۲ . لَايُعَذَّبُ بِعَذَابِ اللّٰهِ

۱۹۲۔ اللہ تعالیٰ کے مخصوص عذاب کی سزا کسی کو نہ دی جائے،

(۲۶۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ابْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْثٍ فَقَالَ اِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا وَفُلَانًا فَاحْرِقُوْهُمَا بِالنَّارِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَرَدْنَا الْخُرُوْجَ اِنِّيْ اَمَرْتُكُمْ اَنْ تُحْرِقُوْا فُلَانًا وَفُلَانًا وَاِنَّ النَّارَ لَايُعَذِّبُ بِهَا اِلَّااللّٰهُ فَاِنْ وَجَدْتُمُوْهُمَا فَاقْتُلُوْهُمَا

۲۶۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے بکیر نے، ان سے سلیمان بن یسار نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک مہم پر روانہ فرمایا اور یہ ہدایت کی کہ اگر تمہیں فلاں اور فلاں مل جائیں تو انہیں آگ میں جلا دینا، پھر جب ہم نے روانگی کا ارادہ کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ فلاں اور فلاں کو جلا دینا، لیکن آگ ایک ایسی چیز ہے، جس کی سزا صرف اللہ تعالیٰ ہی دے سکتا ہے، اس لئے اگر وہ تمہیں ملیں تو انہیں قتل کر دینا۔

(۲۶۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَرَّقَ قَوْمًا فَبَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَوْكُنْتُ اَنَا لَمْ اُحَرِّقْهُمْ

۲۶۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے ان سے عکرمہ نے کہ علی رضی اللہ عنہ نے ایک قوم کو (جو عبداللہ بن سبا کی متبع تھی اور خود علی رضی اللہ عنہ کو اپنا

لِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ وَلَقَتَلْتُهُمْ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ

رب کہتی تھی) جلا دیا تھا۔ جب یہ اطلاع ابن عباس رضی اللہ عنہ کو ملی تو آپ نے فرمایا کہ اگر میں ہوتا تو کبھی انہیں نہ جلاتا کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ کے عذاب کی سزا کسی کو نہ دو، البتہ انہیں قتل ضرور کرتا، کیونکہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے، جو شخص اپنا دین تبدیل کرے (اور اسلام لانے کے بعد کافر ہو جائے) اسے قتل کر دو۔

باب ۱۹۳۔ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُوَ اِمَّا فِدَاءً فِيْهِ حَدِيْثُ ثُمَامَةَ وَقَوْلُهٗ عَزَّوَجَلَّ مَاكَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُونَ لَهٗ اَسْرٰى الْاٰيَةِ

۱۹۳۔ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد قیدیوں کے بارے میں) اس کے بعد، یا ان پر احسان کر کے یا فدیہ لے کر (چھوڑ دو) اس سلسلے میں ثمامہ (رضی اللہ عنہ) سے متعلق حدیث ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "نبی کے لئے مناسب نہیں تھا کہ اس کے پاس قیدی ہوں" آخر آیت تک۔

باب ۱۹۴۔ هَلْ لِلْاَسِيْرِ اَنْ يَّقْتُلَ وَيَخْدَعَ الَّذِيْنَ اَسَرُوْهُ حَتّٰى يَنْجُوَ مِنَ الْكَفَرَةِ فِيْهِ الْمِسْوَرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۹۴۔ کیا مسلمان قیدی، کفار سے نجات حاصل کرنے کے لئے قتل کر سکتا ہے اور انہیں دھوکا دے سکتا ہے اس سلسلے میں مسور رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

باب ۱۹۵۔ اِذَا حَرَّقَ الْمُشْرِكُ الْمُسْلِمَ هَلْ يُحَرَّقُ

۱۹۵۔ کیا اگر کوئی مشرک، کسی مسلمان کو جلا دے، تو اسے جلایا جا سکتا ہے؟

(۲۶۹) حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَهْطًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَوَوُا الْمَدِيْنَةَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اِبْغِنَارِسْلًا قَالَ مَا اَجِدُلَكُمْ اِلَّا اَنْ تَلْحَقُوا بِالذَّوْدِ فَانْطَلَقُوا فَشَرِبُوْا مِنْ اَبْوَالِهَا وَاَلْبَانِهَا حَتّٰى صَحُّوْا وَسَمِنُوا وَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ فَاَتَى الصَّرِيْخُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ الطَّلَبَ فَمَا تَرَجَّلَ النَّهَارُ حَتّٰى اُتِيَ بِهِمْ فَقَطَّعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ ثُمَّ اَمَرَ بِمَسَامِيْرَ فَاُحْمِيَتْ فَكَحَلَهُمْ بِهَا وَطَرَحَهُمْ بِالْحَرَّةِ يَسْتَسْقُوْنَ فَمَا يُسْقَوْنَ حَتّٰى مَاتُوْا قَالَ اَبُوقِلَابَةَ قَتَلُوا وَسَرَقُوا وَحَارَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَعَوْا فِي الْاَرْضِ فَسَادًا

۲۶۹۔ ہم سے معلیٰ بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے، ان سے ابو قلابہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ قبیلہ عکل کے آٹھ افراد کی جماعت نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی، لیکن مدینہ کی آب و ہوا انہیں موافق نہیں آئی، انہوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہمارے لئے (اونٹ کے) دودھ کا انتظام کر دیجئے (تا کہ اس کے پینے سے صحت ٹھیک ہو جائے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں کچھ اونٹ دیتا ہوں، انہیں لے جاؤ (چرانے کے لئے) اور ان کا دودھ اور پیشاب پیو، تاکہ تمہاری صحت ٹھیک ہو جائے اور تم تندرست ہو جاؤ (وہ لوگ اونٹ چرانے کے لئے لے گئے لیکن بدعہدی کی) چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ساتھ لے کر بھاگ نکلے اور اسلام لانے کے بعد کفر کیا ایک شخص نے اس کی اطلاع آنحضور ﷺ کو دی تو آپ ﷺ نے ان کی تلاش کے لئے آدمی بھیجے۔ دوپہر سے بھی پہلے وہ پکڑ لائے گئے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے گئے، پھر آپ ﷺ کے حکم سے ان کی آنکھوں میں سلائی گرم کر کے پھیر دی گئی اور حرہ (مدینہ کی پتھریلی زمین) میں انہیں ڈال دیا گیا وہ پانی مانگتے تھے لیکن نہیں دیا گیا، یہاں تک کہ سب مر گئے (ایسا ہی انہوں نے ان اونٹوں...

چرانے والے کے ساتھ کیا تھا، جس کا انہیں بدلہ دیا گیا) ابوقلابہ نے کہا کہ انہوں نے قتل کیا تھا، چوری کی تھی، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ جنگ کی تھی اور زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کی تھی۔ ❶

باب ۱۹۶۔ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَآءِ فَاَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَاُحْرِقَتْ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنْ قَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ اَحْرَقْتَ اُمَّةً مِنَ الْاُمَمِ تُسَبِّحُ اللّٰهَ

۱۹۶۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے ان سے سعید بن مسیب اور ابوسلمہ نے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ ایک چیونٹی نے ایک نبی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کو کاٹ لیا تھا تو ان کے حکم سے چیونٹیوں کے سارے گھروندے جلا دیئے گئے اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ اگر تمہیں ایک چیونٹی نے کاٹ لیا تو کیا تم ایک ایسی امت کو جلا کر خاک کر دو گے جو اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتی ہے۔

باب ۱۹۷۔ حَرْقِ الدُّوْرِ وَالنَّخِيْلِ

۱۹۷۔ گھروں اور باغوں کو جلانا۔

(۲۷۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِىْ قَيْسُ بْنُ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ قَالَ لِىْ جَرِيْرٌ قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ تُرِيْحُنِىْ مِنْ ذِى الْخَلَصَةِ وَكَانَ بَيْتًا فِىْ خَثْعَمَ يُسَمّٰى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ قَالَ فَانْطَلَقْتُ فِىْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ وَكَانُوْا اَصْحَابَ خَيْلٍ قَالَ وَكُنْتُ لَااَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ فِىْ صَدْرِىْ حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهٖ فِىْ صَدْرِىْ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا فَانْطَلَقَ اِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا ثُمَّ بَعَثَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِيْرٍ وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَاجِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَاَنَّهَا جَمَلٌ اَجْوَفُ اَوْاَجْرَبُ قَالَ فَبَارَكَ فِىْ خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ

۲۷۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے بیان کیا، ان سے قیس بن ابی حازم نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ذوالخلصہ کو (برباد کر کے) مجھے خوش کیوں نہیں کر دیتے۔ یہ ذوالخلصہ قبیلہ خثعم کا ایک بتکدہ تھا، اسے کعبۃ الیمانیۃ کہتے تھے انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں قبیلہ احمس کے ایک سو پچاس سواروں کو لے کر چلا، یہ سب حضرات بڑے اچھے گھوڑ سوار تھے لیکن میں گھوڑے کی سواری اچھی طرح نہیں کر پاتا تھا، آنحضور ﷺ نے میرے سینے پر (اپنے ہاتھ سے) مارا میں نے انگشتہائے مبارک کا نشان اپنے سینے پر دیکھا، پھر فرمایا اے اللہ! گھوڑے کی پشت پر اسے ثبات عطا فرمائیے اور دوسرے کو ہدایت کی راہ دکھانے والا اور خود ہدایت پایا ہوا بنائیے، اس کے بعد جریر رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے اور ذوالخلصہ کی عمارت کو گرا کر اس میں آگ لگا دی، پھر رسول اللہ ﷺ کو اس کی اطلاع بھجوائی جریر رضی اللہ عنہ کے قاصد نے خدمت نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا اس

---

❶ یہ حدیث اس سے پہلے گذر چکی ہے اور نوٹ بھی، ان لوگوں نے ایک ساتھ کئی سنگین جرم کا ارتکاب کیا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ حضور اکرم ﷺ کے چرواہے کا مثلہ بنایا تھا، اس لئے انہیں بھی اسی طرح کی سزا دی گئی، لیکن بعد میں اس سے ممانعت کر دی گئی کہ خواہ کچھ بھی ہو، اس طرح کی سزائیں نہ دی جائیں، اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ انہوں نے پانی مانگا، لیکن انہیں پانی نہیں دیا گیا، امت کا اس پر اجماع ہے کہ جسے پھانسی یا قتل کی سزا دی جا رہی ہو، وہ اگر پانی مانگے تو اسے پانی پلانا چاہئے۔ بات یہی صحیح ہے کہ اس حدیث کے احکام سورۂ مائدہ کی آیت سے منسوخ ہو گئے تھے۔

ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا، میں اس وقت تک آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوا، جب تک ہم نے ذوالخلصہ کو ایک خالی پیٹ والے اونٹ کی طرح نہیں بنا دیا یا (انہوں نے کہا) خارش زدہ اونٹ کی طرح (مراد ویرانی سے ہے، بیان کیا کہ یہ سن کر آپ ﷺ نے قبیلہ احمس کے سواروں اور قبیلہ کے تمام لوگوں کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

۲۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ
سٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ
هُمَا قَالَ حَرَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ
ی النَّضِيْرِ

۲۷۱۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں موسیٰ بن عقبہ نے، انہیں نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے (یہود! بنونضیر کے کھجور کے باغات جلوا دیئے تھے۔

ب ۱۹۸ . قَتْلِ النَّائِمِ الْمُشْرِكِ

۱۹۸۔ سوئے ہوئے مشرک کا قتل۔

۲۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ
كَرِيَّاءَ بْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْ
حَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ
ثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا مِنَ
نْصَارِ اِلٰى اَبِيْ رَافِعٍ لِيَقْتُلُوْهُ فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنْهُمْ
خَلَ حِصْنَهُمْ قَالَ فَدَخَلْتُ فِيْ مَرْبِطِ دَوَابَّ
مْ قَالَ وَاَغْلَقُوْا بَابَ الْحِصْنِ ثُمَّ اِنَّهُمْ فَقَدُوْا
مَارًا لَهُمْ فَخَرَجُوْا يَطْلُبُوْنَهُ فَخَرَجْتُ فِيْمَنْ
رَجَ اُرِيْهِمْ اَنِّيْ اَطْلُبُ مَعَهُمْ فَوَجَدُوا الْحِمَارَ
خَلُوْا وَدَخَلْتُ وَاَغْلَقُوْا بَابَ الْحِصْنِ لَيْلاً
ضَعُوا الْمَفَاتِيْحَ فِيْ كَوَّةٍ حَيْثُ اَرَاهَا فَلَمَّا نَامُوْا
ذْتُ الْمَفَاتِيْحَ فَفَتَحْتُ بَابَ الْحِصْنِ ثُمَّ دَخَلْتُ
يْهِ فَقُلْتُ يَا اَبَا رَافِعٍ فَاَجَابَنِيْ فَتَعَمَّدْتُ الصَّوْتَ
رَبْتُهُ فَصَاحَ فَخَرَجْتُ ثُمَّ جِئْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ
نِّيْ مُغِيْثٌ فَقُلْتُ يَا اَبَا رَافِعٍ وَغَيَّرْتُ صَوْتِيْ فَقَالَ
لَكَ لِاُمِّكَ الْوَيْلُ قُلْتُ مَاشَانُكَ. قَالَ لَا اَدْرِيْ
ی دَخَلَ عَلَيَّ فَضَرَبَنِيْ قَالَ فَوَضَعْتُ سَيْفِيْ فِيْ
نِهِ ثُمَّ تَحَامَلْتُ عَلَيْهِ حَتّٰى قَرَعَ الْعَظْمَ ثُمَّ
رَجْتُ وَاَنَا دَهِشٌ فَاَتَيْتُ سُلَّمًا لَهُمْ لِاَنْزِلَ مِنْهُ

۲۷۲۔ ہم سے علی بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کے چند افراد کو ابورافع (یہودی) کو قتل کے لئے بھیجا۔ ان میں سے ایک صاحب (عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ) آگے بڑھے اور اس کے قلعہ کے اندر داخل ہو گئے۔ انہوں نے بیان کیا کہ اندر جانے کے بعد، میں اس گھر میں گھس گیا جہاں ان کے جانور بندھا کرتے تھے۔ بیان کیا کہ انہوں نے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا، لیکن اتفاق کہ ان کا ایک گدھا، ان مویشیوں میں سے گم تھا، اس لئے وہ اسے تلاش کرنے کے لئے باہر نکلے (اس خیال سے کہ کہیں پکڑا نہ جاؤں نکلنے والوں کے ساتھ میں بھی باہر آ گیا، میں ان پر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کرتا رہا کہ میں بھی تلاش کرنے والوں میں شامل ہوں آخر گدھا انہیں مل گیا اور پھر وہ اندر آ گئے، میں بھی ان کے ساتھ اندر آ گیا اور انہوں نے قلعہ کا دروازہ بند کر لیا، وقت رات کا تھا۔ کنجیوں کا گچھا انہوں نے ایک ایسے طاق میں رکھا جسے میں دیکھ رہا تھا جب سب سو گئے تو میں نے کنجیوں کا گچھا اٹھایا اور دروازہ کھول کر ابورافع کے پاس پہنچا، میں نے آواز دی، ابورافع! اس نے جواب دیا اور میں اس کی آواز کی طرف بڑھا اور اس پر وار کر بیٹھا اور وہ چیخنے لگا تو میں باہر چلا آیا، اس کے پاس سے واپس آ کر میں پھر اس کے کمرہ میں داخل ہوا، گویا میں اس کی مدد کو پہنچا تھا میں نے

فَوَقَعْتُ فَوُثِئَتْ رِجْلِیْ فَخَرَجْتُ اِلٰی اَصْحَابِیْ فَقُلْتُ مَااَنَا بِبَارِحٍ حَتّٰی اَسْمَعَ النَّاعِیَةَ فَمَا بَرِحْتُ حَتّٰی سَمِعْتُ نَعَایَا اَبِیْ رَافِعٍ تَاجِرِ اَهْلِ الْحِجَازِ قَالَ فَقُمْتُ وَمَا بِیْ قَلَبَةٌ حَتّٰی اَتَیْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْنَاہُ

پھر اسے آواز دی۔ ابورافع! اس مرتبہ میں نے اپنی آواز بدل لی تھی۔ اس نے کہا کیا کر رہا ہے، تیری ماں برباد ہو۔ میں نے پوچھا کیا بات پیش آ ہے؟ وہ کہنے لگا، نہ معلوم کون شخص اندر میرے کمرہ میں آ گیا تھا اور مجھ حملہ کر بیٹھا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ اب کی بار میں نے اپنی تلوار اس کے پیٹ پر رکھ کر اتنے زور سے دبائی کہ اس کی ہڈیوں میں اتر گئی جس میں اس کے کمرہ سے باہر نکلا تو میں بہت خوف زدہ تھا، پھر قلعہ کی ایک سیڑھی پر میں آیا تا کہ اس سے نیچے اتر سکوں لیکن میں اس پر سے گر گیا اور میرے پاؤں میں موچ آ گئی۔ پھر جب میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا تو میں نے ان سے کہا کہ میں اس وقت تک یہاں سے نہیں جاؤں جب تک اس کی موت کا اعلان نہ سن لوں، چنانچہ میں وہیں ٹھہر گیا اور میں نے ابورافع، حجاز کے تاجر کی موت کے اعلانات بلند آواز سے ہوتے ہوئے سنے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں پھر وہاں سے اٹھا اور مجھے اس وقت کوئی مرض اور تکلیف نہیں تھی۔ پھر ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اس کی اطلاع دی۔

(۲۷۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا مِنَ الْاَنْصَارِ اِلٰی اَبِیْ رَافِعٍ فَدَخَلَ عَلَیْهِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَتِیْکٍ بَیْتَهٗ لَیْلًا فَقَتَلَهٗ وَهُوَ نَائِمٌ

۲۷۳۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی ا سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے انصار کے چند افراد ابورافع کے پاس (قتل کرنے کے لئے) بھیجا تھا، چنانچہ رات میں عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ اس کے قلعہ کے اندر داخل ہوئے اور اسے سوتے ہوئے قتل کیا۔

باب ۱۹۹. لَا تَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ

۱۹۹۔ دشمن سے جنگ کی تمنا نہ ہونی چاہئے۔

(۲۷۴) حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ یُوْسُفَ الْیَرْبُوْعِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ الْفَزَارِیُّ عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ سَالِمٌ اَبُوالنَّضْرِ مَوْلٰی عُمَرَ بْنِ عُبَیْدِاللّٰهِ كُنْتُ كَاتِبًا لِعُمَرَ بْنِ عُبَیْدِاللّٰهِ فَاَتَاهُ كِتَابُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حِیْنَ خَرَجَ اِلَی الْحَرُوْرِیَّةِ فَقَرَأْتُهٗ فَاِذَا فِیْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ اَیَّامِهِ الَّتِیْ لَقِیَ فِیْهَا الْعَدُوَّ انْتَظَرَ حَتّٰی مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَامَ فِیْ

۲۷۴۔ ہم سے یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم بن یوسف یربوعی نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق فزاری نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عمر بن عبیداللہ کے مولیٰ سالم ابوالنضر نے حدیث بیان کی کہ میں عمر بن عبیداللہ کا کاتب تھا۔ سالم نے بیان کیا کہ جب وہ خوارج سے جنگ کے لئے روانہ ہوئے تو انہیں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہما کا خط ملا، میں نے اسے پڑھا تو اس میں انہوں نے لکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک غزوے کے موقعہ پر انتظار کیا پھر جب سورج ڈھل گیا تو آپ نے لوگو

س فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ لَاتَمَنَّوْ لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَسَلُوا
الْعَافِيَةَ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ
نَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ
تَابِ وَمُجْرِىَ السَّحَابِ وَهَازِمَ الْاَحْزَابِ
هُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ فَقَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ
سَالِمٌ اَبُوالنَّضْرِ كُنْتُ كَاتِبًا لِعُمَرَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ
هُ كِتَابُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ اَوْفٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَقَالَ
عَامِرٍ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ
نَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ
النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وَسَلَّم قال لَاتَمَنَّوْا لِقَاءَ
دُوِّ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا

سے خطاب کیا اور فرمایا، اے لوگو! دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا نہ کرو، بلکہ اللہ تعالیٰ سے امن وعافیت کی دعا کرو لیکن جب جنگ چھڑ جائے تو صبر و ثبات کا ثبوت دو، اور سمجھ لو کہ جنت تلواروں کے سائے میں ہے پھر آپ نے فرمایا اے اللہ! کتاب (آسمانی) کے نازل کرنے والے، اے بادلوں کے ہانکنے والے، اے احزاب (کفار کی جماعتیں' غزوہ خندق کے موقعہ پر)کو شکست دینے والے، دشمن کو شکست دیجئے اور ان کے مقابلہ میں ہماری مدد کیجئے، اور موسیٰ بن عقبہ نے کہا کہ مجھ سے سالم ابوالنضر نے حدیث بیان کی کہ میں عمر بن عبیداللہ کا منشی تھا، ان کے پاس عبداللہ بن ابی اوفیؓ کا یہ خط آیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا، دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا نہ کرو اور ابو عامر نے بیان کیا ان سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا نہ کرو، لیکن جب جنگ شروع ہو جائے تو صبر و ثبات سے کام لو۔

ب ۲۰۰. اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ

۲۰۰۔ جنگ ایک چال ہے۔ ❶

۲۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا
دُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ
ىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
كَ كِسْرٰى ثُمَّ لَا يَكُوْنُ كِسْرٰى بَعْدَهٗ وَقَيْصَرُ
لِكَنَّ ثُمَّ لَايَكُوْنُ قَيْصَرُ بَعْدَهٗ وَلَتُقْسَمَنَّ
زُهُمَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ سَمَّى الْحَرْبَ خَدْعَةً

۲۷۵۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کسریٰ (ایران کا بادشاہ) برباد و ہلاک ہو جائے گا اور اس کے بعد کوئی کسریٰ نہیں آئے گا اور قیصر (روم کا بادشاہ) بھی ہلاک و برباد ہوگا (شام کے علاقہ میں) اور اس کے بعد (شام میں) کوئی قیصر باقی نہیں رہے گا۔ اور تم لوگ ان کے خزانے اللہ کے راستے میں تقسیم کرلو گے، اور رسول اللہ ﷺ نے لڑائی کو چال فرمایا تھا۔

۲۷) حَدَّثَنَا اَبُوبَكْرِ بْنُ اَصْرَمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ
رَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ
ىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمَّى النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۲۷۶۔ ہم سے ابوبکر بن اصرم نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں ہمام بن منبہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے جنگ کو چال کہا تھا۔

وان حدیث سے لیا گیا ہے، مطلب یہ ہے کہ طاقتور سے طاقتور فریق کے حق میں بھی جنگ میں فتح کی پیشین گوئی نہیں کی جاسکتی اور نہ جنگ میں صرف اس پر اعتماد کیا جاسکتا ہے بلکہ ایسا ہوتا ہے کہ فتح یابی کے تمام امکانات، کسی بھی مرحلہ پر ایک فریق کے حق میں روشن ہوتے ہیں اور کسی بھی غلطی اور شکست خوردہ کی کوئی بھی چال جنگ کا نقشہ پلٹ دیتی ہے اور فاتحانہ پیش قدمی کرنے والا منٹ بھر میں مفتوح ہو کر ہتھیار ڈال دیتا ہے۔ یہ چیز قدیم میں بھی تھی اور موجودہ لڑائیوں کا بھی یہی حال رہا ہے۔ اس لئے لڑائی ایک چال سے زیادہ اور کچھ نہیں اس کا مفہوم یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ دشمن کو شکست دینے کے لئے خفیہ تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں، اسی طرح عملاً چال بازی سے کام لیا جاسکتا ہے، ذومعنی الفاظ یا طرزِ عمل اختیار کر کے بھی دشمن کو دھوکے میں رکھا جاسکتا ہے لیکن جہاں تک بدعہدی اور جھوٹ کا تعلق ہے تو یہ کسی صورت میں جائز نہیں، نہ لڑائی کے دوران اور نہ اس کے بعد!

وَسَلَّمَ الحَرْبَ خُدْعَةً

(۲۷۷) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَرْبُ خُدْعَةٌ

۲۷۷۔ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ
خبر دی، انہیں عمرو نے، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے
آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا، جنگ تو چال کا نام ہے

باب ۲۰۱. الکِذْبُ فِی الحَرْبِ

۲۰۱۔ جنگ میں جھوٹ بولنا۔

(۲۷۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لِكَعْبِ بنِ الْاَشْرَفِ فَاِنَّه' قَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَه' قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَه' يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَنَّانَا وَسَأَلَنَا الصَّدَقَةَ قَالَ وَاَيضًا وَاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّه' قَالَ فَاِنَّا قَدِاتَّبَعْنَاهُ فَنَكْرَهُ اَنْ نَدَعَه' حَتّٰى نَنْظُرَ اِلٰى مَايَصِيْرُ اَمْرُه' قَالَ فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُه' حَتّٰى اسْتَمْكَنَ مِنهُ فَقَتَلَه'

۲۷۸۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان
حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے اور ان سے جابر بن عبد
رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کعب بن اشرف (یہود
کا کام کون تمام کرے گا؟ وہ اللہ اور اس کے رسول کو بہت اذیتیں پہنچا
ہے، محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ
اجازت دیں گے کہ میں اسے قتل کر آؤں، آنحضور ﷺ نے فرمایا،
راوی نے بیان کیا کہ پھر محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کعب کے پاس آ
اور اس سے کہنے لگے کہ نبی کریم ﷺ نے تو ہمیں تھکا دیا اور ہم سے صد
مانگتے ہیں کعب نے کہا کہ بخدا، پھر تو تم لوگوں کو بھی انہیں پریشان ک
چاہئے، محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اس پر کہنے لگے کہ بات یہ ہے کہ ہم
ان کی اتباع کر لی ہے، اس لئے اس وقت تک ان کا ساتھ چھوڑنا
مناسب بھی نہیں سمجھتے جب تک ان کی دعوت کا کوئی انجام سامنے
آ جائے بیان کیا کہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اس سے اسی طرح با
کرتے رہے، آخر موقعہ پا کر اسے قتل کر دیا۔

باب ۲۰۲. الْفَتْكِ بِاَهْلِ الْحَرْبِ

۲۰۲۔ کفار پر اچانک حملہ۔

(۲۷۹) حَدَّثَنِي عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الاَشْرَفِ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَه' قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأْذَنْ لِيْ فَاَقُوْلُ قَالَ قَدْ فَعَلْتُ

۲۷۹۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان
حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے ک
نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کعب بن اشرف کا کام کون تمام کرآئے گ
محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ بولے کہ کیا میں اسے قتل کر دوں؟ حضور اک
ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ انہوں نے عرض کیا کہ پھر آپ مجھے اجاز
دیں (کہ میں اس سے ذو معنی جملوں میں گفتگو کروں۔ جس سے وہ غ
فہمی میں مبتلا ہو جائے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میری طرف
اس کی اجازت ہے۔

باب ۲۰۳. مَايَجُوزُ مِنَ الْاِحْتِيَالِ وَالحَذرِ مَعَ مَنْ

۲۰۳۔ جو خفیہ تدابیر جائز ہیں، اور دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے

يَخْشٰى مَعَرَّتَه' قَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّه' قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَه' اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ فَحُدِّثَ بِهٖ فِي نَخْلٍ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخْلَ طَفِقَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ وابْنُ صَيَّادٍ فِي قَطِيْفَةٍ لَّه' فِيْهَا رَمْرَمَةٌ فَرَاَتْ اُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَاصَافِ هٰذَا مُحَمَّدٌ فَوَثَبَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْتَرَكَتْهُ بَيَّنَ

احتیاط اور پیش بندی، لیث نے بیان کیا ان سے عقیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ ابن صیاد (یہودی لڑکے) کی طرف جار ہے تھے، آپ کے ساتھ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بھی تھے (ابن صیاد کے عجیب وغریب احوال کے متعلق آپ ﷺ خود تحقیق کرنا چاہتے تھے) آپ کو اطلاع دی گئی تھی کہ ابن صیاد اس وقت نخلستان میں موجود ہے۔ حضور اکرم ﷺ جب نخلستان کے اندر داخل ہوئے تو آپ ﷺ خود کو کھجور کے تنوں سے چھپاتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے، تاکہ ابن صیاد کی ماں آپ کو نہ دیکھ سکے) اس وقت ابن صیاد ایک چادر میں لپٹا ہوا تھا اور کچھ گنگنا رہا تھا اس کی ماں نے آپ کو آتے ہوئے دیکھ کر اسے متنبہ کر دیا کہ اے صاف! یہ محمد آ گئے، ابن صیاد یہ سنتے ہی کود پڑا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر یوں ہی رہنے دیتی تو حقیقت حال واضح ہو جاتی۔

باب ۲۰۴. الرَّجَزِ فِي الْحَرْبِ وَرَفْعِ الصَّوْتِ فِي حَفْرِ الْخَنْدَقِ فِيْهِ سَهْلٌ وَاَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْهِ يَزِيْدُ عَنْ سَلَمَةَ

۲۰۴۔ جنگ میں رجز پڑھنا اور خندق کھودتے وقت آواز بلند کرنا، اس سلسلے میں سہل اور انس رضی اللہ عنہما کی احادیث، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے ہیں اس باب کی ایک حدیث یزید کی روایت سے بھی ہے، سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے۔

(۲۸۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ حَدَّثَنَا اَبُواِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يَنْقُلُ التُّرَابَ حَتّٰى وَارَى التُّرَابُ شَعْرَ صَدْرِهٖ وَكَانَ رَجُلًا كَثِيْرَالشَّعْرِ وَهُوَ يَرْتَجِزُ بِرَجَزِ عَبْدِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَااهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَاصَلَّيْنَا فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَ ثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا اِنَّ الْاَعْدَاءَ قَدْبَغَوْا عَلَيْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَه'

۲۸۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے دیکھا کہ غزوۂ احزاب کے موقعہ پر (خندق کھودتے ہوئے) آپ مٹی منتقل کر رہے تھے، سینہ مبارک کے بال مٹی سے اٹ گئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ کے بال (بدن کے بعض اعضاء پر) بہت گھنے تھے (آپ کے سینے پر ایک پتلی سی لکیر بالوں کی تھی) آنحضور ﷺ اس وقت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کا یہ رجز پڑھ رہے تھے۔ (ترجمہ) ''اے اللہ۔'' اگر آپ کی ذات نہ ہوتی تو ہم کبھی سیدھا راستہ نہ پاتے، نہ صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے، اب آپ ہمارے دلوں کو سکینت اور اطمینان عطا فرمائیے اور اگر (دشمن سے) مڈ بھیڑ ہو جائے تو ثابت قدم رکھئے۔ دشمنوں نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہے لیکن جب بھی وہ فتنوں میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں تو ہم انکار کرتے ہیں'' آپ رجز بلند آواز سے پڑھ رہے تھے۔

باب۲۰۵. مَنْ لَايَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ

(۲۸۱) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَا حَجَبَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَارَاٰنِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ فِيْ وَجْهِي وَلَقَدْ شَكَوْتُ اَنِّيْ لَااَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ بِيَدِهٖ فِي صَدْرِيْ وَقَالَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا

۲۰۵۔ جو گھوڑے کی اچھی طرح سواری نہ کر سکے؟

۲۸۱۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن نمیر نے حدیث بیان کی ان سے ابن ادریس نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل نے ان سے قیس نے، اور ان سے جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب سے میں ایمان لایا رسول اللہ ﷺ نے مجھے (اپنے گھر میں داخل ہونے سے) کبھی نہیں منع کیا (یعنی پردہ کر کے اندر بلا لیتے تھے) اور جب بھی آپ کی نظر مجھ پر پڑتی، خوشی سے آپ کا چہرہ کھل جاتا، ایک مرتبہ میں نے آپ کی خدمت میں شکایت کی کہ میں گھوڑے کی سواری اچھی طرح نہیں کر پاتا تو آپ ﷺ نے میرے سینے پر دست مبارک سے مارا اور دعا کی، اے اللہ! اسے اچھا گھوڑے سوار بنا دے اور دوسروں کو سیدھا راستہ بتانے والا بنا۔ اور خود اسے بھی سیدھے راستے پر قائم رکھ!

باب۲۰۶. دَوَاءِ الْجُرْحِ بِاِحْرَاقِ الْحَصِيْرِ وَغَسْلِ الْمَرْأَةِ عَنْ اَبِيْهَا الدَّمَ عَنْ وَجْهِهٖ وَحَمْلُ الْمَاءِ فِي التُّرْسِ

۲۰۶۔ چٹائی جلا کر زخم کی دوا کرنا، عورت کا اپنے والد کے چہرے سے خون دھونا، اور (اس کام کے لئے) ڈھال میں پانی بھر بھر کر لانا۔

(۲۸۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْحَازِمٍ قَالَ سَاَلُوْا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَيِّ شَيْءٍ دُوْوِيَ جُرْحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَقِيَ مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ كَانَ عَلِيٌّ يَجِيْءُ بِالْمَاءِ فِيْ تُرْسِهٖ وَكَانَتْ يَعْنِي فَاطِمَةَ تَغْسِلُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهٖ وَاُخِذَ حَصِيْرٌ فَاُحْرِقَ ثُمَّ حُشِيَ بِهٖ جُرْحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۸۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابو حازم نے حدیث بیان کی کہا کہ سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے شاگردوں نے پوچھا کہ (جنگ احد میں) نبی کریم ﷺ کے زخموں کا علاج کس چیز سے ہوا تھا، انہوں نے فرمایا کہ اب صحابہ میں کوئی بھی ایسا شخص زندہ نہیں ہے جو اس کے متعلق مجھ سے زیادہ جانتا ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی بھر بھر کر لا رہے تھے اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے چہرے سے خون دھو رہی تھیں اور ایک چٹائی جلائی گئی تھی اور آپ ﷺ کے زخموں میں اسی کو بھر دیا گیا تھا، صلی اللہ علیہ وعلی اٰلہ وصحبہ وبارک وسلم۔

باب۲۰۷. مَايُكْرَهُ مِنَ التَّنَازُعِ وَالْاِخْتِلَافِ فِي الْحَرْبِ وَعُقُوْبَةُ مَنْ عَصٰى اِمَامَهٗ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ قَالَ قَتَادَةُ الرِّيْحُ الْحَرْبُ

۲۰۷۔ جنگ میں نزاع اور اختلاف کی کراہت، اور جو شخص کمانڈر کے حکام کی خلاف ورزی کرے؟ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اور نزاع نہ پیدا کرو کہ اس سے تم میں بزدلی پیدا ہو جائے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے۔" قتادہ نے فرمایا کہ (آیت میں) ریح سے مراد لڑائی ہے۔

(۲۸۳) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا وَاَبَا مُوْسٰى اِلَى

۲۸۳۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے ان سے سعید بن ابی بردہ نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے ان کے دادا (ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) نے کہ نبی

الْيَمَنِ قَالَ يَسِّرَا وَلَاتُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا وَلَاتَخْتَلِفَا

کریم ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو اور انہیں یمن میں بھیجا، آنحضور ﷺ نے اس موقعہ پر یہ ہدایت کی تھی کہ (لوگوں کے لئے) آسانی پیدا کرنا انہیں سختیوں میں مبتلا نہ کرنا، خوش رکھنے کی کوشش کرنا (جائز حدود میں) اپنے سے دور نہ بھگانا اور تم دونوں (حضرت ابوموسیٰ اور حضرت معاذ) باہم میل ومحبت رکھنا، اختلاف ونزاع پیدا نہ کرنا۔

(۲۸۴) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُوإِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُحَدِّثُ قَالَ جَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجَّالَةَ يَوْمَ أُحُدٍ وَكَانُوا خَمْسِينَ رَجُلاً عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ فَقَالَ إِنْ رَأَيْتُمُونَا تَخْطَفُنَا الطَّيْرُ فَلَا تَبْرَحُوا مَكَانَكُمْ هٰذَا حَتّٰى أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ وَإِنْ رَأَيْتُمُونَا هَزَمْنَا الْقَوْمَ وَأَوْطَأْنَاهُمْ فَلَا تَبْرَحُوا حَتّٰى أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ فَهَزَمُوهُمْ قَالَ فَأَنَا وَاللّٰهِ رَأَيْتُ النِّسَاءَ يَشْتَدِدْنَ قَدْبَدَتْ خَلَاخِلُهُنَّ وَأَسْوُقُهُنَّ رَافِعَاتٍ ثِيَابَهُنَّ فَقَالَ أَصْحَابُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جُبَيْرٍ الْغَنِيمَةُ أَيْ قَوْمٌ الْغَنِيمَةُ ظَهَرَ أَصْحَابُكُمْ فَمَا تَنْتَظِرُونَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ جُبَيْرٍ أَنَسِيتُمْ مَاقَالَ لَكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوا وَاللّٰهِ لَنَأْتِيَنَّ النَّاسَ فَلَنُصِيبَنَّ مِنَ الْغَنِيمَةِ فَلَمَّا أَتَوْهُمْ صُرِفَتْ وُجُوهُهُمْ فَأَقْبَلُوا مُنْهَزِمِينَ فَذَاكَ إِذْ يَدْعُوهُمُ الرَّسُولُ فِي أُخْرَاهُمْ فَلَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا فَأَصَابُوا مِنَّا سَبْعِينَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ أَصَابَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ بَدْرٍ أَرْبَعِينَ وَمِائَةً سَبْعِينَ أَسِيرًا وَسَبْعِينَ قَتِيلًا فَقَالَ أَبُوسُفْيَانَ أَفِي الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُجِيبُوهُ ثُمَّ قَالَ أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ أَفِي الْقَوْمِ ابْنُ الْخَطَّابِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ أَمَّا هٰؤُلَاءِ فَقَدْ قُتِلُوا فَمَا مَلَكَ عُمَرُ نَفْسَهُ فَقَالَ

۲۸۴۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے احد کی جنگ کے موقعہ پر (تیراندازوں کے) ایک پیدل دستے کا امیر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو بنایا تھا اس میں پچاس افراد تھے حضور اکرم ﷺ نے انہیں تاکید کردی تھی کہ اگر تم یہ بھی دیکھ لو کہ، (ہم قتل ہوگئے اور) پرندے ہم پر ٹوٹ پڑے ہیں، پھر بھی اپنی اس جگہ سے نہ ہٹنا، جب تک میں تم لوگوں کو بلا نہ بھیجوں، اسی طرح اگر تم یہ دیکھو کہ کفار کو ہم نے شکست دے دی ہے اور انہیں پامال کردیا ہے پھر بھی یہاں سے نہ ٹلنا جب تک میں تمہیں نہ بلا بھیجوں، پھر اسلامی لشکر نے کفار کو شکست دے دی براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بخدا میں نے مشرک عورتوں کو دیکھا (جو کفار کے ساتھ جنگ میں ان کی ہمت بڑھانے کے لئے آئی تھیں کہ) تیزی کے ساتھ بھاگ رہی تھیں، ان کے پازیب اور پنڈلیاں دکھائی دے رہی تھیں اور اپنے کپڑوں کو اٹھائے ہوئے تھیں (تاکہ بھاگنے میں کوئی دشواری نہ ہو) عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے کہا کہ غنیمت، اے قوم، غنیمت تمہارے سامنے ہے تمہارے ساتھی (مسلمان) غالب آگئے ہیں، اب کس بات کا انتظار ہے اس پر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا، کیا تمہیں جو ہدایت رسول اللہ ﷺ نے کی تھی، تم اسے بھول گئے؟ لیکن وہ لوگ اسی پر مصر رہے کہ دوسرے اصحاب کے ساتھ ہم بھی غنیمت جمع کرنے میں شریک رہیں گے (کیونکہ کفار اب پوری طرح شکست کھا کر بھاگ چکے ہیں اور ان کی طرف سے خوف کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی تھی) جب یہ لوگ (اکثریت) اپنی جگہ چھوڑ کر چلے آئے تو ان کے چہرے پھیر دیئے گئے اور (مسلمانوں کو) شکست کا سامنا ہوا۔ یہی وہ گھڑی تھی جب رسول اللہ ﷺ نے اپنے ساتھ میدان میں ڈٹے رہنے والے صحابہ کی مختصر

كَذَبْتَ وَاللّٰهِ يَاعَدُوَّاللّٰهِ اِنَّ الَّذِيْنَ عَدَدْتَ لَاَحْيَاءٌ كُلُّهُمْ وَ قَدْ بَقِيَ لَكَ مَايَسُوْءُ كَ قَالَ يَوْمٌ بِيَوْمِ بَدْرٍ وَالْحَرْبُ سِجَالٌ اِنَّكُمْ سَتَجِدُوْنَ فِي الْقَوْمِ مُثْلَةً لَمْ اٰمُرْبِهَا وَلَمْ تَسُؤْنِيْ ثُمَّ اَخَذَ يَرْتَجِزُ اُعْلُ هُبَلُ اُعْلُ هُبَلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ تُجِيْبُوْهُ لَهٗ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَانَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوْا اللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلُّ قَالَ اِنَّ لَنَا الْعُزّٰى وَلَاعُزّٰى لَكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ تُجِيْبُوْهُ لَهٗ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَانَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوْا اللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَامَوْلٰى لَكُمْ

جماعت کے ساتھ (میدان چھوڑ کر فرار ہوتے ہوئے) مسلمانوں کو (پھر اپنے مورچے سنبھال لینے کے لئے) آواز دی تھی (کہ عبداللہ! میرے پاس آ جاؤ میں اللہ کا رسول ہوں، جو کوئی دوبارہ میدان میں آ جائے گا اس کے لئے جنت ہے) اس وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بارہ اصحاب کے سوا اور کوئی بھی باقی نہیں رہ گیا تھا۔ آخر (اس افراتفری کے نتیجہ میں) ہمارے ستر آدمی شہید ہوئے، بدر کی جنگ میں آنحضور ﷺ نے اپنے صحابہ کے ساتھ مشرکین کے ایک سو چالیس افراد کو ان سے جدا کیا تھا۔ ستر ان میں قیدی تھے اور ستر مقتول۔ (جب جنگ ختم ہو گئی تو ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر) ابوسفیان نے کہا، کیا محمد (ﷺ) اپنی قوم کے ساتھ موجود ہیں؟ تین مرتبہ انہوں نے یہی پوچھا، لیکن نبی کریم ﷺ نے جواب دینے سے منع فرما دیا تھا، پھر انہوں نے پوچھا ابن ابی قحافہ (ابوبکر رضی اللہ عنہ) اپنی قوم (مسلمانوں) کے ساتھ موجود ہیں، یہ سوال بھی تین مرتبہ کیا، پھر پوچھا، کیا ابن خطاب (عمر رضی اللہ عنہ) اپنی قوم میں موجود ہیں؟ تین مرتبہ انہوں نے یہی پوچھا، پھر اپنے ساتھیوں کی طرف مڑ کر کہنے لگے کہ یہ تینوں قتل ہو چکے ہیں، اس پر عمر رضی اللہ عنہ سے نہ رہا گیا اور آپ بول پڑے کہ، دشمن خدا! خدا گواہ ہے کہ تم جھوٹ بول رہے ہو، جن کے تم نے ابھی نام لئے ہیں وہ سب زندہ ہیں، جن کے نام سے تمہیں بخار چڑھتا ہے وہ سب تمہارے لئے ابھی موجود ہیں، سفیان نے کہا آج کا دن بدر کا بدلہ ہے اور لڑائی ہے بھی ایک ڈول کی طرح (کبھی ایک فریق کے لئے اور کبھی دوسرے کے لئے، تم لوگوں کو اپنی قوم کے بعض افراد مثلہ کئے ہوئے ملیں گے، میں نے اس طرح کا کوئی حکم (اپنے آدمیوں کو نہیں دیا تھا لیکن مجھے ان کا یہ عمل برا معلوم نہیں ہوا، اس کے بعد وہ رجز پڑھنے لگے، ہبل ...... (بت کا نام) بلند رہے، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگ اس کا جواب کیوں نہیں دیتے، صحابہ نے عرض کیا ہم اس کے جواب میں کیا کہیں، یارسول اللہ، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہو کہ اللہ سب سے بلند اور بزرگ تر ہے، ابوسفیان نے کہا ہمارا حامی و مددگار عزیٰ (بت) ہے اور تمہارا کوئی بھی نہیں! آنحضور ﷺ نے فرمایا، جواب کیوں نہیں دیتے، صحابہ نے عرض کیا، یارسول اللہ اس کا جواب کیا دیا جائے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، کہو کہ اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی مولا نہیں (کیونکہ تم اللہ کی وحدانیت کا انکار کرتے ہو۔)

باب ۲۰۸ . اِذَا فَزِعُوْا بِاللَّيْلِ

(۲۸۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بن سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَاَجْوَدَ النَّاسِ وَاَشجَعَ النَّاسِ قَالَ وَقَدْ فَزِعَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَيْلَةً سَمِعُوْا صَوْتًا قَالَ فَتَلَقَّا هُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَرَسٍ لِاَبِىْ طَلْحَةَ عُرْيًا وَهُوَ مُقَلِّدٌ سَيْفَه، فَقَالَ لَمْ تُرَاعُوْا لَمْ تُرَاعُوْا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدْتُه، بَحْرًا يَعْنِى الْفَرَسَ

۲۰۸۔ رات کے وقت اگر لوگ خوفزدہ ہو جائیں!

۲۸۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے ثابت نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ حسین وجمیل، سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ بہادر تھے، انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ رات کے وقت اہل مدینہ پر خوف چھا گیا تھا، کیونکہ آواز سنائی دی تھی (اور حقیقت حال معلوم کرنے کے لئے حضور اکرم ﷺ ہی سب سے آگے تھے) پھر ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ایک گھوڑے پر، جس کی پیٹھ ننگی تھی، سوار صحابہ کی طرف واپس ہوئے۔ تلوار آپ کی گردن سے لٹک رہی تھی اور آپ فرمارہے تھے کہ گھبرانے کی کوئی بات نہیں، گھبرانے کی کوئی بات نہیں اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا، میں نے تو اسے دریا کی طرح پایا۔ (تیز دوڑنے میں)، آپ کا اشارہ گھوڑے کی طرف تھا۔

باب ۲۰۹ . مَنْ رَاَى الْعَدُوَّ فَنَادٰى بِاَعْلٰى صَوْتِهٖ يَاصَبَاحَاهُ حَتّٰى يُسْمِعَ النَّاسُ

(۲۸۶) حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِىْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ اَنَّه، اَخْبَرَه، قَالَ خَرَجْتُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ذَاهِبًا نَحْوَ الْغَابَةِ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ بِثَنِيَّةِ الْغَابَةِ لَقِيَنِىْ غَلَامٌ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قُلْتُ وَيْحَكَ مَابِكَ قَالَ اُخِذَتْ لِقَاحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ مَنْ اَخَذَهَا قَالَ غَطَفَانُ وَفَزَارَةُ فَصَرَخْتُ ثَلٰثَ صَرَخَاتٍ اَسْمَعْتُ مَابَيْنَ لَابَتَيْهَا يَاصَبَاحَاهُ يَاصَبَاحَاهُ ثم انْدَفَعْتُ حَتّٰى اَلْقَاهُمْ وَقَدْ اَخَذُوْهَا فَجَعَلْتُ اَرْمِيْهِمْ وَاَقُوْلُ اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَاسْتَنْقَذْتُهَا مِنْهُمْ قَبْلَ اَنْ يَشْرَبُوْا فَاَقْبَلْتُ بِهَا اَسُوْقُهَا فَلَقِيَنِى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْقَوْمَ عِطَاشٌ وَاِنِّىْ اَعْجَلْتُهُمْ ان يَشْرَبُوا سِقْيَهُمْ فابعث فِىْ اِثْرِهِمْ فَقَالَ يَاابْنَ الْاَكْوَعِ مَلَكْتَ فَاَسْجِحْ اِنَّ الْقَوْمَ يُقْرَوْنَ فِىْ قَوْمِهِمْ

۲۰۹۔ جس نے دشمن کو دیکھ کر بلند آواز سے کہا ''یا صباح'' تا کہ لوگ سن لیں۔

۲۸۶۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی انہیں یزید بن ابی عبید نے خبر دی، انہیں سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے خبر دی آپ نے بیان کیا کہ میں مدینہ منورہ سے غابہ (شام کے راستہ میں ایک مقام) جارہا تھا، غابہ کی گھاٹی پر ابھی میں پہنچا تھا کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے ایک غلام مجھے ملے، میں نے کہا، کیا بات پیش آئی؟ کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیاں چھین لی گئیں، میں نے پوچھا کس نے چھینا۔ بتایا کہ قبیلہ غطفان اور فزارہ کے لوگوں نے پھر میں نے تین مرتبہ بہت زور سے چیخ کر ''یا صباح یا صباح'' کہا اتنی زور سے کہ مدینہ کے چاروں طرف میری آواز پہنچ گئی، اس کے بعد بہت تیزی سے آگے بڑھا اور انہیں جالیا (جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کی اونٹنیاں چھینی تھیں اونٹنیاں ان کے ساتھ تھیں، میں نے ان پر تیر برسانے شروع کر دیئے (آپ بہت اچھے تیرانداز تھے) اور یہ کہنے لگا، میں ابن اکوع ہوں اور آج کا دن کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے، آخر تمام اونٹنیاں میں نے ان سے چھڑالیں، ابھی وہ پانی نہ پینے پائے تھے اور انہیں ہانک کر واپس لانے لگا کہ اتنے میں رسول اللہ ﷺ بھی مل گئے میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ! وہ لوگ (جنہوں نے اونٹ چھینے تھے پیاسے ہیں اور میں نے انہیں پانی

پینے سے پہلے ہی ان اونٹنیوں کو چھڑا لیا تھا اس لئے ان لوگوں کے پیچھے کچھ لوگوں کو بھیج دیجئے۔ حضور اکرم ﷺ نے اس موقعہ پر فرمایا، اے ابن الاکوع! جب کسی پر قابو پا جاؤ تو پھر اس کے ساتھ اچھا معاملہ کرو اور یہ تو تمہیں معلوم ہی ہوگا کہ لوگوں کی ان کی قوم والے مدد کرتے ہیں۔)

باب ۲۱۰. مَنْ قَالَ خُذْهَا وَاَنَا ابْنُ فُلَانٍ وَقَالَ سَلَمَةُ خُذْهَا وَاَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ

۲۱۰۔ جس نے کہا کہ مقابل بھاگنے نہ پائے، میں فلاں کا بیٹا ہوں، سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا، کہ بھاگنے نہ پائیں، میں اکوع کا بیٹا ہوں!

(۲۸۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَا اَبَا عُمَارَةَ اَوَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ الْبَرَاءُ وَاَنَا اَسْمَعُ اَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُوَلِّ يَوْمَئِذٍ كَانَ اَبُوْسُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ اٰخِذًا بِعِنَانِ بَغْلَتِهٖ فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِیُّ لَاكَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَا رُاِیَ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ اَشَدُّ مِنْهُ

۲۸۷۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا، یا ابوعمارہ۔ کیا آپ حضرات (صحابہ) واقعی حنین کی جنگ میں فرار ہو گئے تھے براء رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اور میں نے سنا کہ رسول اللہ ﷺ اس دن اپنی جگہ سے قطعاً نہیں ہٹے تھے۔ ابوسفیان بن حارث آپ کی خچر کی لگام تھامے ہوئے تھے جس وقت مشرکین نے آپ کو چاروں طرف سے گھیر لیا تو آپ سواری سے اتر گئے فرمانے لگے، میں نبی ﷺ ہوں، اس میں کوئی جھوٹ نہیں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں، براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ سے زیادہ بہادر اس دن کوئی بھی نہ تھا۔

باب ۲۱۱. اِذَا نَزَلَ الْعَدُوُّ عَلٰى حُكْمِ رَجُلٍ

۲۱۱۔ اگر کسی مسلمان کی ثالثی کی شرط پر کسی مشرک نے ہتھیار ڈال دیئے!

(۲۸۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ هُوَ ابْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْقُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدٍ هُوَ ابْنُ مُعَاذٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ قَرِيْبًا مِنْهُ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا اِلٰى سَيِّدِكُمْ فَجَآءَ فَجَلَسَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ اِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ قَالَ فَاِنِّیْ اَحْكُمُ اَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَاَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ

۲۸۸۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے سعد بن ابراہیم نے ان سے ابوامامہ نے، آپ سہل بن حنیف کے صاحبزادے تھے، کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا جب بنوقریظہ نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ثالثی کی شرط پر ہتھیار ڈال دیئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں (سعد رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا، آپ وہیں قریب ہی ایک جگہ قیام پذیر تھے (کیونکہ زخمی تھے) آپ گدھے پر سوار ہو کر آئے، جب حضور اکرم ﷺ کے قریب پہنچے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ آخر آپ اتر کر آنحضور ﷺ کے پاس بیٹھ گئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ان لوگوں (بنوقریظہ کے یہودی) نے آپ کی ثالثی کی شرط پر ہتھیار ڈال دیئے ہیں (اس لئے آپ ان کا فیصلہ کر دیجئے) انہوں نے کہا پھر میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان میں جتنے آدمی لڑنے والے ہیں، انہیں قتل کر دیا جائے اور ان کی عورتوں اور بچوں کو غلام بنا لیا جائے، حضور اکرم ﷺ نے ارشاد

باب ۲۱۲. قَتْلُ الْاَسِيْرِ وَقَتْلُ الصَّبْرِ

(۲۸۹) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهٗ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اُقْتُلُوْهُ

باب ۲۱۳. هَلْ يَسْتَاسِرُ الرَّجُلُ وَمَنْ لَمْ يَسْتَاسِرْ وَمَنْ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ الْقَتْلِ

(۲۹۰) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ بْنِ اُسَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِيُّ وَهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ زُهْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ رَهْطٍ سَرِيَّةً عَيْنًا وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ نِالْاَنْصَارِيَّ جَدَّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالْهَدَاةِ وَهُوَ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ ذُكِرُوْا لِحَيٍّ مِنْ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ بَنُوْلِحْيَانَ فَنَفَرُوْا لَهُمْ قَرِيْبًا مِنْ مِائَتَيْ رَجُلٍ كُلُّهُمْ رَامٍ فَاقْتَصُّوْا اٰثَارَهُمْ حَتّٰى وَجَدُوْا مَاْكَلَهُمْ تَمْرًا تَزَوَّدُوْهُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالُوْا هٰذَا تَمْرُ يَثْرِبَ فَاقْتَصُّوْا اٰثَارَهُمْ فَلَمَّا رَاٰهُمْ عَاصِمٌ وَاَصْحَابُهٗ لَجَاُوْا اِلٰى فَدْفَدٍ وَاَحَاطَ بِهِمُ الْقَوْمُ فَقَالُوْا لَهُمُ انْزِلُوْا وَاَعْطُوْنَا بِاَيْدِيْكُمْ وَلَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيْثَاقُ وَلَانَقْتُلُ مِنْكُمْ اَحَدًا قَالَ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتٍ اَمِيْرُالسَّرِيَّةِ اَمَّا اَنَا فَوَاللّٰهِ لَا اَنْزِلُ الْيَوْمَ فِيْ ذِمَّةِ كَافِرٍ اَللّٰهُمَّ اَخْبِرْ عَنَّا نَبِيَّكَ فَرَمَوْهُمْ بِالنَّبْلِ فَقَتَلُوْا عَاصِمًا فِيْ سَبْعَةٍ فَنَزَلَ اِلَيْهِمْ ثَلَاثَةُ رَهْطٍ بِالْعَهْدِ وَالْمِيْثَاقِ مِنْهُمْ خُبَيْبٌ الْاَنْصَارِيُّ وَابْنُ دَثِنَةَ وَرَجُلٌ اٰخَرُ فَلَمَّا

فرمایا کہ آپ نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

۲۱۲۔قیدی کو قتل کرنا اور باندھ کر قتل کرنا۔

۲۸۹۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے اور ان سے ابن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے موقعہ پر جب شہر کے اندر داخل ہوئے تو سر مبارک پر خود تھا آپ جب اسے اتار رہے تھے تو ایک شخص نے آکر آپ کو اطلاع دی کہ ابن خطل (اسلام کا بدترین دشمن) کعبہ کے پردے سے لگا ہوا ہے۔آپ نے فرمایا کہ اسے پھر بھی قتل کردو!

۲۱۳۔کیا کوئی مسلمان ہتھیار ڈال سکتا ہے؟ اور جس نے ہتھیار ڈال دیئے اور قتل کئے جانے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھی۔

۲۹۰۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عمرو بن ابی سفیان بن اسید بن جاریہ ثقفی نے خبر دی۔آپ بنی زہرہ کے حلیف تھے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں تھے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے دس صحابہ کی ایک جماعت جاسوسی کی مہم پر بھیجی۔اس جماعت کا امیر عاصم بن عمر کے دادا عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو بنایا اور جماعت روانہ ہوگئی۔جب یہ لوگ مقام ہداۃ پر پہنچے جو عسفان اور مکہ کے درمیان میں واقع ہے تو قبیلہ ہذیل کی ایک شاخ بنولحیان نے (ان کے خلاف کارروائی کے لئے مشورے کئے اور اس قبیلہ کی تقریباً دو سو آدمیوں کی ایک جماعت ان کی تلاش میں نکلی، یہ پوری جماعت تیر اندازوں کی تھی۔یہ سب صحابہ کے نشانات قدم سے اندازہ لگاتے ہوئے چلتے رہے آخر ایک ایسی جگہ پہنچ گئے جہاں صحابہ نے بیٹھ کر کھجور کھائی تھی جو مدینہ سے اپنے ساتھ لے کر چلے تھے پیچھا کرنے والوں نے کہا کہ یہ (گٹھلیاں) تو یثرب (مدینہ) کی کھجوروں (کی) ہیں اور پھر قدم کے نشانات سے اندازہ کرتے ہوئے آگے بڑھنے لگے، عاصم اور آپ کے ساتھیوں نے (رضی اللہ عنہم) جب انہیں دیکھا تو ایک پہاڑ کی چوٹی پر پناہ لی مشرکین نے ان سے کہا کہ ہتھیار ڈال کر اتر آؤ تم سے ہمارا عہد و پیمان ہے ہم کسی شخص کو بھی قتل نہیں کریں گے عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ، مہم کے امیر، نے فرمایا کہ آج تو میں کسی صورت میں بھی ایک کافر کی امان میں نہیں اتروں گا اے اللہ! ہماری حالت سے اپنے نبی ﷺ کو مطلع کر

اسْتَمْكَنُوْا مِنْهُمْ اَطْلَقُوْا اَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَاَوْثَقُوْهُمْ فَقَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ هٰذَا اَوَّلُ الْغَدْرِ وَاللّٰهِ لَااَصْحَبُكُمْ اِنَّ فِي هٰؤُلَاءِ لَاُسْوَةً يُرِيْدُ الْقَتْلٰى فَجَرَّرُوْهُ وَعَالَجُوْهُ عَلٰى اَنْ يَّصْحَبَهُمْ فَاَبٰى فَقَتَلُوْهُ فَانْطَلَقُوْا بِخُبَيْبٍ وَابْنِ دَثِنَةَ حَتّٰى بَاعُوْهُمَا بِمَكَّةَ بَعْدَ وَقْعَةِ بَدْرٍ فَابْتَاعَ خُبَيْبًا بَنُو الْحَارِثِ ابْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ بْنَ عَامِرٍ يَوْمَ بَدْرٍ فَلَبِثَ خُبَيْبٌ عِنْدَهُمْ اَسِيْرًا فَاَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عِيَاضٍ اَنَّ بِنْتَ الْحَارِثِ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهُمْ حِيْنَ اجْتَمَعُوْا اسْتَعَارَ مِنْهَا مُوْسٰى يَسْتَحِدُّ بِهَا فَاَعَارَتْهُ فَاَخَذَ ابْنًا لِيْ وَاَنَا غَافِلَةٌ حِيْنَ اَتَاهُ قَالَتْ فَوَجَدْتُهُ مُجْلِسَهُ عَلٰى فَخِذِهِ وَالْمُوْسٰى بِيَدِهِ فَفَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَهَا خُبَيْبٌ فِيْ وَجْهِيْ فَقَالَ تَخْشَيْنَ اَنْ اَقْتُلَهُ مَاكُنْتُ لِاَفْعَلَ ذٰلِكَ وَاللّٰهِ مَارَاَيْتُ اَسِيْرًا قَطُّ خَيْرًا مِنْ خُبَيْبٍ وَاللّٰهِ لَقَدْ وَجَدْتُهُ يَوْمًا يَاْكُلُ مِنْ قِطْفِ عِنَبٍ فِيْ يَدِهِ وَاِنَّهُ لَمُوْثَقٌ فِي الْحَدِيْدِ وَمَا بِمَكَّةَ مِنْ ثَمَرٍ وَكَانَتْ تَقُوْلُ اِنَّهُ لَرِزْقٌ مِنَ اللّٰهِ رَزَقَهُ خُبَيْبًا فَلَمَّا خَرَجُوْا مِنَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ فِي الْحِلِّ قَالَ لَهُمْ خُبَيْبٌ ذَرُوْنِيْ اَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ فَتَرَكُوْهُ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا اَنْ تَظُنُّوْا اَنَّ مَابِيْ جَزَعٌ لَطَوَّلْتُهَا اَللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا وَقَالَ مَااُبَالِيْ حِيْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰى اَيِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِيْ وَذٰلِكَ فِيْ ذَاتِ الْاِلٰهِ وَاِنْ يَّشَاْ يُبَارِكْ عَلٰى اَوْصَالِ شِلْوٍ مُّمَزَّعٍ فَقَتَلَهُ ابْنُ الْحَارِثِ فَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَسَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ لِكُلِّ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ قُتِلَ صَبْرًا فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ لِعَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ يَوْمَ اُصِيْبَ فَاَخْبَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ خَبَرَهُمْ وَمَا اُصِيْبُوْا وَبَعَثَ نَاسٌ مِّنْ كُفَّارِ قُرَيْشٍ اِلٰى عَاصِمٍ حِيْنَ حُدِّثُوْا اَنَّهُ قُتِلَ لِيُؤْتُوْا بِشَيْءٍ مِّنْهُ يُعْرَفُ وَكَانَ

دیکھئے، اس پر انہوں نے تیر برسانے شروع کر دیئے اور عاصم رضی اللہ عنہ اور دوسرے سات صحابہ کو شہید کر ڈالا اور بقیہ تین صحابہ ان کے عہد و پیمان پر اتر آئے۔ یہ خبیب انصاری ابن دثنہ اور ایک تیسرے صحابی (عبد اللہ بن طارق بلوی رضی اللہ عنہم) تھے جب یہ صحابہ ان کے قابو میں آگئے تو انہوں نے اپنی تلواروں کے تانت اتار کر ان حضرات کو ان سے باندھ لیا، حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بخدا، یہ تمہاری پہلی بدعہدی ہے، تمہارے ساتھ میں ہرگز نہ جاؤں گا، طرز عمل تو انہیں حضرات کا قابل تقلید تھا آپ کی مراد شہداء سے تھی (کہ انہوں نے جان دے دی لیکن ان کی پناہ میں آنا پسند نہ کیا) مگر مشرکین انہیں کھینچنے لگے اور زبردستی اپنے ساتھ لے جانا چاہا، جب آپ کسی طرح بھی نہ گئے تو آپ رضی اللہ عنہ کو بھی شہید کر دیا گیا) اب یہ خبیب اور ابن دثنہ رضی اللہ عنہما کو لے کر چلنے لگے اور ان حضرات کو مکہ میں لے جا کر فروخت کر دیا، یہ جنگ بدر کے بعد کا واقعہ ہے خبیب رضی اللہ عنہ کو حارث بن عامر بن نوفل بن عبد المناف کے لڑکوں نے خرید لیا، خبیب رضی اللہ عنہ نے ہی بدر کی لڑائی میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا۔ آپ ان کے یہاں کچھ دنوں تک تو قیدی کی حیثیت سے رہے۔ (زہری نے بیان کیا) کہ مجھے عبید اللہ بن عیاض نے خبر دی اور انہیں حارث کی بیٹی (زینب رضی اللہ عنہا) نے خبر دی کہ جب لوگ جمع ہوئے (آپ کو قتل کرنے کے لئے) تو ان سے آپ نے استرا مانگا موئے زیر ناف مونڈنے کے لئے، انہوں نے استرا دے دیا (انہوں نے بیان کیا کہ) پھر آپ نے میرے ایک بچے کو اپنے پاس بلایا، جب وہ آپ کے پاس گیا تو میں غافل تھی۔ بیان کیا کہ پھر جب میں نے اپنے بچے کو آپ کی ران پر بیٹھا ہوا دیکھا اور استرا آپ کے ہاتھ میں تھا تو میں اس سے بری طرح گھبرا گئی کہ خبیب رضی اللہ عنہ بھی میرے چہرے سے سمجھ گئے آپ نے فرمایا، تمہیں اس کا خوف ہوگا کہ میں اسے قتل کر ڈالوں گا، یقین کرو، میں کبھی ایسا نہیں کر سکتا۔ خدا گواہ ہے کہ کوئی قیدی، میں نے خبیب سے بہتر کبھی نہیں دیکھا خدا گواہ ہے کہ میں نے ایک دن دیکھا کہ انگور کا خوشہ آپ کے ہاتھ میں ہے اور آپ اس میں سے کھا رہے ہیں، حالانکہ آپ لوہے کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے اور مکہ میں پھلوں کا کوئی موسم نہیں تھا، کہا کرتی تھیں کہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی روزی تھی، اللہ تعالیٰ خبیب رضی اللہ عنہ تعالیٰ عنہ کو کھلاتا پلاتا تھا، پھر

د قَتَلَ رَجُلاً مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبُعِثَ عَلٰى
اصم مِثْلُ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ فَحَمَتْهُ مِنْ رَسُوْلِهِمْ
م يَقْدِرُوْا عَلٰى اَنْ يَقْطَعَ مِنْ لَحْمِهٖ شَيْئًا

جب مشرکین حرم سے باہر انہیں لائے تاکہ حرم کے حدود سے نکل کر انہیں شہید کریں تو خبیب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ مجھے (قتل سے پہلے) صرف دو رکعتیں پڑھ لینے دو۔ انہوں نے آپ کو اجازت دے دی پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی اور فرمایا، اگر تم یہ خیال نہ کرتے کہ میں (قتل سے) گھبرا رہا ہوں تو میں ان رکعتوں کو اور طویل کرتا۔ اے اللہ ان میں سے ایک ایک کو ختم کر دے ❶ (بددعا کرنے کے بعد آپ نے یہ اشعار پڑھے) ''جب کہ میں اسلام کی حالت میں قتل کیا جا رہا ہوں تو مجھے کسی قسم کی بھی پرواہ نہیں ہے، خواہ اللہ کے راستے میں مجھے کسی پہلو پر بھی پچھاڑا جائے یہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے کے لئے ہے اور اگر وہ چاہے تو اس کے جسم کے ٹکڑوں میں بھی برکت دے سکتا ہے، جس کی بوٹی بوٹی کر دی گئی ہو، آخر حارث کے بیٹے (عقبہ) نے آپ کو شہید کر دیا، حضرت خبیب رضی اللہ عنہ سے ہی ہر مسلمان کے لئے جسے قتل کیا جائے دو رکعتیں (قتل سے پہلے) مشروع ہوئی ہیں ادھر حادثہ کے وقت ہی عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ (مہم کے امیر) کی دعاء اللہ تعالیٰ نے قبول کی تھی (کہ اے اللہ! ہماری حالت کی اطلاع اپنے نبی کو دے دے) اور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ کو وہ سب حالات بتا دیئے جن سے یہ مہم دوچار ہوئی تھی (کیونکہ آپ کو وحی کے ذریعہ اس کی اطلاع ہو گئی تھی) کفار قریش کے کچھ لوگوں کو جب معلوم ہوا کہ عاصم رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے تو انہوں نے نعش مبارک کے لئے اپنے آدمی بھیجے تاکہ ان کے جسم کا کوئی حصہ لائیں جس سے ان کی شناخت ہو سکتی ہو (جیسے سر) آپ نے بدر کی جنگ میں کفار قریش کے ایک سردار کو قتل کیا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے شہد کی مکھیوں کا ایک غول ان کی نعش کی حفاظت کے لئے بھیج دیا، جنہوں نے کافروں کے قاصدوں سے نعش کی حفاظت کی اور کفار اس پر قادر نہ ہو سکے کہ ان کے گوشت کا کوئی بھی حصہ کاٹ کر لے جا سکیں۔

ب ۲۱۴. فِكَاكِ الْاَسِيْرِ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ
بِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۱۴۔ مسلمان قیدیوں کو رہا کرانے کا مسئلہ، اس باب میں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

۲۹۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ

۲۹۱۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے

دوسری روایت میں بددعاء کے یہ الفاظ بھی ہیں کہ اے اللہ! ان میں سے کسی کو بھی زندہ نہ چھوڑ اور الگ الگ ان سب کو مار۔ چنانچہ ایک سال بھی نہ گزرنے پایا کہ قاتلوں میں سے ایک ایک ہلاک ہو چکا تھا۔

مَنْصُوْرٌ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُكُّوا الْعَانِیَ يَعْنِی الْاَسِيْرَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِيْضَ

حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''عانی''، یعنی قیدی کو چھڑایا کرو بھوکے کو کھلایا کرو اور بیمار کی عیادت کیا کرو۔

(۲۹۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ اَنَّ عَامِرًا حَدَّثَهُمْ عَنْ اَبِیْ جُحَيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قُلْتُ لِعَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ هَلْ عِنْدَكُمْ شَیْءٌ مِنَ الْوَحْیِ اِلَّا مَافِیْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ مَاَاعْلَمُهُ اِلَّا فَهْمًا يُعْطِيْهِ اللّٰهُ رَجُلًا فِی الْقُرْاٰنِ وَمَا فِیْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قُلْتُ وَمَا فِیْ هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ قَالَ الْعَقْلُ وَفِكَاكُ الْاَسِيْرِ وَاَنْ لَا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

۲۹۲۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی ان سے مطرف نے حدیث بیان کی، ان سے عامر نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا، آپ حضرات (اہل بیت) کے پاس کتاب اللہ کے سوا اور بھی کوئی وحی ہے (جو آپ حضرات کے ساتھ خاص ہو، جیسا کہ شیعان علی خیال کرتے تھے) آپ نے اس کا جواب دیا، اس ذات کی قسم، جس نے دانے کو (زمین) چیر کر نکالا، اور جس نے روح پیدا کی میں اس کے سوا اور کچھ نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ کسی مرد مسلم کو قرآن کا فہم عطا فرما دے یا وہ چیز جو اس صحیفہ میں (لکھی ہوئی) ہے۔ ❶ ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا اور اس صحیفے میں کیا ہے؟ فرمایا کہ دیت کے احکام، قیدی (مسلمان) کو رہا کرانا اور یہ کہ کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں نہ قتل کیا جائے۔

باب ۲۱۵. فِدَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ

۲۱۵۔ مشرکین کا فدیہ۔

(۲۹۳) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِیْ اُوَيْسٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رِجَالًا مِنَ الْاَنْصَارِ اسْتَاْذَنُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ فَلْنَتْرُكْ لِابْنِ اُخْتِنَا عَبَّاسٍ فِدَاءَهُ فَقَالَ لَاتَدَعُوْنَ مِنْهَا دِرْهَمًا وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ ابْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرَيْنِ فَجَاءَهُ الْعَبَّاسُ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِنِیْ فَاِنِّیْ فَادَيْتُ نَفْسِیْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلًا فَقَالَ خُذْ فَاَعْطَاهُ فِیْ ثَوْبِهٖ

۲۹۳۔ ہم سے اسماعیل بن ابی ادریس نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ انصار کے بعض افراد نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی اور عرض کیا، یارسول اللہ! آپ ہمیں اس کی اجازت دے دیں کہ ہم اپنے بھانجے عباس (رضی اللہ عنہ) کا فدیہ معاف کر دیں لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ان کے فدیہ میں سے ایک درہم بھی معاف نہ کرنا۔ اور ابراہیم نے بیان کیا، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بحرین کا خراج آیا تو عباس رضی اللہ عنہ خدمت نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا، یارسول اللہ! اس میں سے مجھے بھی عنایت فرمائیے کیونکہ (بدر کے موقعہ پر) میں نے اپنا اور عقیل (رضی اللہ عنہما) دونوں کا

❶ حضور اکرم ﷺ کی کچھ احادیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس لکھی ہوئی تھیں، جنہیں آپ اپنی تلوار کے نیام میں رکھتے تھے یہاں اسی کی طرف اشارہ ہے۔

فدیہ ادا کیا تھا، آنحضور ﷺ نے فرمایا پھر آپ لے لیجئے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے انہیں ان کے کپڑے میں دیا۔

(۲۹۴) حَدَّثَنِي مَحْمُودٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ جَاءَ فِيْ اُسَارٰى بَدْرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُفِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ

۲۹۴۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں محمد بن جبیر نے، انہیں ان کے والد (جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے، آپ بھی بدر کے قیدیوں میں شامل تھے (آپ ابھی اسلام نہیں لائے تھے) آپ نے بیان کیا میں نے سنا کہ نبی کریم ﷺ مغرب کی نماز میں سورۂ "الطور" کی قرأت کرر ہے تھے۔

باب۲۱۶. اَلْحَرْبِيُّ اِذَا دَخَلَ دَارَالْاِسْلَامِ بِغَيْرِ اَمَانٍ

۲۱۶۔ دارالحرب کا باشندہ، جو پروانہ راہ داری کے بغیر دارالاسلام میں داخل ہو گیا ہو؟

(۲۹۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوالْعُمَيْسِ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ فِيْ سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ اَصْحَابِهٖ يَتَحَدَّثُ ثُمَّ انْفَتَلَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُطْلُبُوْهُ وَاقْتُلُوْهُ فَقَتَلَهٗ فَنَفَّلَهٗ سَلَبَهٗ

۲۹۵۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے ابوعمیس نے حدیث بیان کی، ان سے ایاس بن سلمہ بن اکوع نے اور ان سے ان کے والد (سلمہ رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے یہاں مشرکوں کا ایک جاسوس آیا، حضور اکرم اس وقت سفر میں تھے (غزوہ ہوازن کے لئے تشریف لے جا رہے تھے) وہ جاسوس صحابہ رضوان اللہ علیہم، میں بیٹھا اور باتیں کیں، پھر واپس چلا گیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے تلاش کر کے قتل کر دو، چنانچہ اسے (سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے قتل کر دیا اور آنحضور ﷺ نے اس کے ہتھیار اوزار قتل کرنے والے کو دلوا دیئے۔

باب۲۱۷. يُقَاتَلُ عَنْ اَهْلِ الذِّمَّةِ وَلَا يُسْتَرَقُّوْنَ

۲۱۷۔ ذمیوں کی حمایت وحفاظت میں جنگ کی جائے گی اور انہیں غلام نہیں بنایا جا سکتا۔

(۲۹۶) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وَاُوْصِيْهِ بِذِمَّةِ اللّٰهِ وَذِمَّةِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُوْفٰى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ وَاَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَآئِهِمْ وَلَا يُكَلَّفُوْا اِلَّا طَاقَتَهُمْ

۲۹۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی انہیں حصین نے ان سے عمرو بن میمون نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا (وفات سے تھوڑی دیر پہلے) کہ میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو اس کی وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا جو عہد ہے (ذمیوں سے) اس عہد کو پورا کرے اور یہ کہ ان کی حمایت وحفاظت کے لئے جنگ کرے اور ان کی طاقت سے زیادہ کوئی بار ان نہ ڈالا جائے۔

باب۲۱۸. جَوَائِزُالْوَفْدِ

۲۱۸۔ وفد کو ہدایا دینا۔

باب ۲۱۹. هَلْ يُسْتَشْفَعُ اِلٰى اَهْلِ الذِّمَّةِ وَمُعَامَلَتِهِمْ

۲۱۹۔ کیا ذمیوں کی سفارش کی جا سکتی ہے! اور ان سے معاملات کرنا۔

(۲۹۷) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ

۲۹۷۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن عیینہ نے

سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّه' قَالَ يَوْمُ الْخَمِيْسِ وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ ثُمَّ بَكٰى حَتّٰى خَضَبَ دَمْعُه' الْحَصْبَاءَ فَقَالَ اشْتَدَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجْعُه' يَوْمَ الْخَمِيْسِ فَقَالَ ائْتُوْنِيْ بِكِتَابٍ اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَه' اَبَدًا فَتَنَازَعُوْا وَلَا يَنْبَغِيْ عِنْدَ نَبِيٍّ تَنَازُعٌ فَقَالُوْا هَجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَعُوْنِيْ فَالَّذِيْ اَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنِيْ اِلَيْهِ وَاَوْصٰى عِنْدَ مَوْتِهٖ بِثَلٰثٍ اَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَاَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَاكُنْتُ اُجِيْزُهُمْ وَنَسِيْتُ الثَّالِثَةَ وَقَالَ يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ سَاَلْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ فَقَالَ مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ وَالْيَمَامَةُ وَالْيَمَنُ وَقَالَ يَعْقُوْبُ وَالْعَرْجُ اَوَّلُ تِهَامَةِ

بیان کی ان سے سلیمان احول نے ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جمعرات کا دن۔ اور معلوم ہے جمعرات کا دن کیا ہے، پھر آپ اتنا روئے کہ کنکریاں تک بھیگ گئیں آخر آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے مرض الوفات میں شدت اسی دن ہوئی تھی، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ قلم دوات لاؤ تاکہ میں تمہارے لئے ایک ایسا دستور لکھ جاؤں کہ تم اس کے بعد کبھی بے راہ نہ ہوسکو (لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے تکلیف کی شدت دیکھ کر فرمایا کہ اس وقت آنحضور ﷺ سخت تکلیف میں مبتلا ہیں اور ہمارے پاس کتاب اللہ عمل وہدایت کے لئے موجود ہے اس وقت آپ کو تکلیف دینی مناسب نہیں) اس پر لوگوں میں اختلاف پیدا ہوگیا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نبی کی موجودگی میں تنازع واختلاف مناسب نہیں ہے، صحابہ نے کہا کہ نبی کریم ﷺ تم لوگوں سے اعراض کرر ہے ہیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اچھا، اب مجھے اپنی حالت پر چھوڑ دو، میں جن کیفیات (مراقبہ اور لقاء خداوندی کے لئے آمادگی و تیاری میں ہوں، وہ اس سے بہتر ہے جس کی تم مجھے دعوت دے رہے ہو (یعنی ہدایات لکھنا وغیرہ) اور آنحضور ﷺ نے اپنی وفات کے وقت تین وصیتیں کی تھیں۔ ❶ یہ کہ مشرکین کو جزیرۂ عرب سے باہر کردینا، وفود کو اسی طرح ہدایا دیا کرنا جس طرح میں دیتا تھا، اور تیسری ہدایت میں بھول گیا۔ اور یعقوب بن محمد نے بیان کیا کہ میں نے مغیرہ بن عبدالرحمٰن سے جزیرۂ عرب کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا، مکہ، مدینہ، یمامہ اور یمن (کا نام جزیرۂ عرب ہے) اور یعقوب نے کہا کہ عرج تہامہ کی ابتداء ہے۔

باب ۲۲۰ . التَّجَمُّلِ لِلْوُفُوْدِ

۲۲۰۔ وفود سے ملاقات کے لئے ظاہری زیبائش۔

(۲۹۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ وَجَدَ عُمَرُ حُلَّةَ اِسْتَبْرَقٍ تُبَاعُ فِي السُّوْقِ فَاَتٰى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ابْتَعْ هٰذِهِ الْحُلَّةَ فَتَجَمَّلْ بِهَا لِلْعِيْدِ وَلِلْوُفُوْدِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۲۹۸۔ ہم سے یحیٰی بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے ان سے ابن شہاب نے ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ بازار میں ایک ریشمی حلہ فروخت ہورہا ہے پھر اسے آپ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لائے اور عرض کیا! یارسول اللہ! یہ حلہ آپ خرید لیں اور عید اور وفود کی پذیرائی کے مواقع پر اس سے اپنی زیبائش

❶ ذمی، غیر مسلموں کے اس طبقے کو کہتے ہیں جو اسلامی حکومت کے حدود میں رہتا ہے۔ مصنف رحمۃ اللہ علیہ اسلام کے اس حکم کو وضاحت سے بیان کرنا چاہتے ہیں کہ ایسے تمام غیر مسلموں کی جان ومال، عزت اور آبرو مسلمانوں کی طرح ہے اور اگر ان پر کسی طرف سے کوئی آنچ آتی ہو تو مسلمان حکومت اور تمام مسلمانوں کا فرض ہے کہ ان کی حمایت وحفاظت کے لئے ان کے دشمنوں سے اگر جنگ بھی کرنی پڑے تو گریز نہ کریں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هٰذِهٖ لِبَاسُ مَنْ لَا خَلَاقَ
هٗ' اَوْ اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهٖ من لَا خَلَاقَ لَهٗ' فَلَبِثَ مَاشَاءَ
اللّٰهُ ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
جُبَّةَ دِيْبَاجٍ فَاَقْبَلَ بِهَا عُمَرُ حَتّٰى اَتٰى بِهَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ
اِنَّمَا هٰذِهٖ لِبَاسُ مَنْ لَاخَلَاقَ لَهٗ' اَوْاِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهٖ
مَنْ لَاخَلَاقَ لَهٗ' ثُمَّ اَرْسَلْتَ اِلَيَّ بِهٰذِهٖ فَقَالَ تَبِيْعُهَا
اَوْتُصِيْبُ بِهَابَعْضَ حَاجَتِكَ

باب ۲۲۱. كَيْفَ يُعْرَضُ الْاِسْلَامُ عَلَى الصَّبِيِّ

۲۹۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ' اَخْبَرَهٗ' اَنَّ عُمَرَانْطَلَقَ فِيْ رَهْطٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ ابْنِ صَيَّادٍ حَتّٰى وَجَدُوْهُ يَلْعَبُ مَعَ الغِلْمَانِ عِنْدَ اُطُمِ بَنِي مَغَالَةَ وَقَدْ قَارَبَ يَوْمَئِذٍ اِبْنُ صَيَّادٍ يَحْتَلِمُ فَلَمْ يَشْعُرْ حَتّٰى ضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهْرَهٗ بِيَدِهٖ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ اِبْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ الْاُمِّيِّيْنَ فَقَالَ ابن صَيَّادٍ للنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاذَاتَرٰى قَالَ اِبْنُ صَيَّادٍ يَاتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلِطَ عَلَيْكَ الْاَمْرُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّي قَدْخَبَاْتُ لَكَ خَبِيْئًا قَالَ ابْنُ صَيَّادٍ هُوَا لدُّخُّ قَالَ النَّبِيُّ

کریں، لیکن حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا، یہ ان لوگوں کا لباس ہے جن کا (آخرت میں) کوئی حصہ نہیں (یہ بات ختم ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے جتنے دنوں چاہا عمر رضی اللہ عنہ حسب معمول اپنے اعمال و مشاغل انجام دیتے رہے۔ لیکن ایک دن رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس ریشمی جبہ بھیجا (ہدیۃً) تو عمر رضی اللہ عنہ اسے لے کر خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا، یا رسول اللہ! آپ نے تو یہ فرمایا تھا کہ یہ ان کا لباس ہے جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے یا (عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی بات اس طرح دہرائی کہ) اسے تو وہی لوگ ہی پہن سکتے ہیں جن کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور پھر آنحضور ﷺ نے یہی میرے پاس ارسال فرمایا، اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ (میرے بھیجنے کا مقصد یہ تھا کہ تم اسے بیچ لو یا (فرمایا کہ) اس سے اپنی کوئی ضرورت پوری کرسکو؟

بچے کے سامنے اسلام کس طرح پیش کیا جائے گا۔

۲۹۹۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے انہیں سالم بن عبداللہ نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ صحابہ کی ایک جماعت میں آپ بھی شامل تھے جو ابن صیاد (یہودی لڑکا) کے یہاں جا رہی تھی، آخر بنو مغالہ (انصار کا ایک قبیلہ) کے ٹیلوں کے پاس بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے اسے ان حضرات نے پالیا، ابن صیاد بلوغ کو پہنچ چکا تھا۔ اسے (نبی کریم ﷺ کی آمد کا) احساس نہیں ہوا۔ حضور اکرم ﷺ نے (اس کے قریب پہنچ کر) اپنا ہاتھ اس کی پیٹھ پر مارا اور فرمایا، کیا تم اس کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں، (ﷺ)۔ ابن صیاد نے آپ کی طرف دیکھا اور پھر کہنے لگا، ہاں، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ عربوں کے نبی ہیں، اس کے بعد اس نے آنحضور سے پوچھا کہ کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ حضور اکرم ﷺ نے اس کا جواب (صرف اتنا) دیا کہ میں اللہ اور اس کے انبیاء پر ایمان لایا، پھر آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا تم دیکھتے کیا ہو؟ اس نے کہا کہ میرے پاس ایک خبر سچی آتی ہے تو دوسری جھوٹی، آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ حقیقت حال تم پر مشتبہ ہوگئی ہے، آنحضور ﷺ نے اس سے فرمایا، اچھا میں نے تمہارے لئے اپنے دل میں ایک بات سوچی ہے (بتاؤ وہ کیا ہے؟) ابن صیاد بولا کہ دھواں! حضور اکرم ﷺ نے فرمایا چپ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخسَأْ فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ قَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ اَضرِبُ عُنُقَهٗ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ يَّكُنْهُ فَلَنْ تُسَلَّطَ عَلَيْهِ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْهُ فَلا خَيْرَ لَكَ فِي قَتْلِهٖ قَالَ ابْنُ عُمَرَ اِنْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ يَاتِيَانِ النَّخْلَ الَّذِيْ فِيْهِ ابْنُ صَيَّادٍ حَتّٰى اِذَا دَخَلَ النَّخْلَ طَفِقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يتقى بِجُذُوْعِ النَّخْلِ وَهُوَ يَخْتِلُ ابْنَ صَيَّادٍ اَنْ يَسْمَعَ مِنِ ابن صَيَّادٍ شَيْئًا قَبْلَ اَنْ يَرَاهُ وابنُ صَيَّادٍ مُضطَجِعٌ عَلٰى فِرَاشِهٖ فِي قَطِيْفَةٍ لَهٗ فِيْهَا رَمْزَةٌ فَرَاَتْ اُمُّ ابْنِ صَيَّادٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَّقِي بِجُذُوْعِ النَّخْلِ فَقَالَتْ لِابْنِ صَيَّادٍ اَيْ صَافِ وَهُوَ اسْمُهٗ فَثَارَ ابْنُ صَيَّادٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ تَرَكَتْهُ بَيَّنَ وَقَالَ سَالِمٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنِّيْ اُنْذِرُكُمُوْهُ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَقَدْ اَنْذَرَهٗ قَوْمَهٗ لَقَدْ اَنْذَرَهٗ نُوْحٌ قَوْمَهٗ وَلٰكِنْ سَاَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهٖ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ اَعْوَرُ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِاَعْوَرَ

ہو جا کمبخت! اپنی حیثیت سے آگے نہ بڑھ، عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے اس کے بارے میں اجازت ہو تو میں اس کی گردن ماردوں، لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ وہی (دجال) ہے تو تم اس پر قادر نہیں ہو سکتے اور اگر دجال نہیں ہے تو اس کی جان لینے میں کوئی خیر نہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ایک مرتبہ) ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر آنحضور ﷺ اس کھجور کے باغ میں تشریف لائے جس میں ابن صیاد موجود تھا، جب آنحضور باغ میں داخل ہو گئے تو کھجور کے تنوں کی آڑ لیتے ہوئے، آپ ﷺ آگے بڑھنے لگے، حضور اکرم ﷺ چاہتے یہ تھے کہ اسے آپ کی موجودگی کا احساس نہ ہو سکے اور آپ اس کی باتیں سن لیں (کہ وہ خود اپنے سے کس قسم کی باتیں کرتا ہے) ابن صیاد اس وقت اپنے بستر پر ایک چادر اوڑھے پڑا تھا اور کچھ گنگنا رہا تھا، اتنے میں اس کی ماں نے آنحضور ﷺ کو دیکھ لیا کہ آپ کھجور کے تنوں کی آڑ لے کر آگے آرہے ہیں اور اسے متنبہ کر دیا کہ اے صاف، یہ اس کا نام تھا (جس سے اس کے قریب وعزیز اسے پکارتے تھے) ابن صیاد یہ سنتے ہی اچھل پڑا، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر اس کی ماں نے اسے یوں ہی رہنے دیا ہوتا تو بات واضح ہو جاتی، سالم نے بیان کیا کہ ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو خطاب فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کی ثنا بیان کی، جو اس کی شان کے لائق تھی، پھر دجال کا تذکرہ فرمایا اور فرمایا کہ میں بھی تمہیں اس کے (فتنوں سے) ڈراتا ہوں کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے اپنی قوم کو اس کے فتنوں سے نہ ڈرایا ہو، نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا تھا، لیکن میں اس کے بارے میں تم سے ایسی بات کہوں گا، جو کسی نے اپنی قوم سے نہیں کی ہے اور وہ بات یہ ہے کہ دجال کانا ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے (اس لئے دیکھتے ہی ہر مسلمان کو اس کے خدائی کے دعوے کی تکذیب کر دینی چاہئے۔)

باب۲۲۲۔ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَهُوْدِ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا قَالَهُ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

۲۲۲۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد یہود سے، کہ اسلام لاؤ تو سلامتی پاؤ گے (دنیا اور آخرت دونوں میں) اس کی روایت مقبری نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کی ہے۔

باب۲۲۳۔ اِذَا اَسْلَمَ قَوْمٌ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَلَهُمْ مَالٌ وَاَرْضُوْنَ فَهِيَ لَهُمْ

۲۲۳۔ اگر کچھ لوگ جو دار الحرب میں مقیم ہیں اسلام لائے اور وہ مال و جائیداد کے مالک ہیں۔ تو ان کی ملکیت باقی رہے گی۔

(۳۰۰) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا فِي حَجَّتِهٖ قَالَ وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيْلٌ مَنْزِلًاثُمَّ قَالَ نَحْنُ نَازِلُوْنَ غَدًا بِخَيْفِ بَنِي كِنَانَةَ الْمُحَصَّبِ حَيْثُ قَاسَمَتْ قُرَيْشٌ عَلَى الْكُفْرِ وَذٰلِكَ اَنَّ بَنِيْ كِنَانَةَ حَالَفَتْ قُرَيْشًا عَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ اَنْ لَايُبَايِعُوْهُمْ وَلَايُؤْوُوْهُمْ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَالْخَيْفُ الْوَادِيْ

۳۰۰۔ہم سے محمود نے حدیث بیان کی انہیں عبدالرزاق نے خبر دی انہیں معمر نے انہیں زہری نے انہیں علی بن حسین نے انہیں عمرو بن عثمان بن عفان نے اور ان سے اسامہ بن زیدؓ نے بیان کیا کہ میں نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر عرض کیا، یارسول اللہ! کل آپ (مکہ میں) کہاں قیام فرمائیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا،عقیل (رضی اللہ عنہ) نے ہمارے لئے کوئی گھر چھوڑا ہی کب ہے پھر ارشاد فرمایا کہ کل ہمارا قیام خیف بنی کنانہ کے مقام محصب میں ہوگا جہاں قریش نے کفر پر عہد کیا تھا، واقعہ یہ ہوا تھا کہ بنی کنانہ،اور قریش نے (یہیں پر) بنی ہاشم کے خلاف اس بات کا عہد کیا تھا کہ نہ ان سے خرید وفروخت کی جائے اور نہ انہیں پناہ دی جائے (اسلام کی اشاعت کو روکنے کے لئے) زہری نے کہا کہ خیف، وادی کو کہتے ہیں۔

(۳۰۱) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِسْتَعْمَلَ مَوْلًى لَهٗ يُدْعٰى هُنَيًّا عَلَى الْحِمٰى فَقَالَ يَاهُنَيُّ اُضْمُمْ جَنَاحَكَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ مُسْتَجَابَةٌ وَاَدْخِلْ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَرَبَّ الْغُنَيْمَةِ وَ اِيَّايَ وَنَعَمَ ابْنِ عَوْفٍ وَنَعَمَ ابْنِ عَفَّانَ فَاِنَّهُمَا اِنْ تَهْلِكْ مَاشِيَتُهُمَا يَرْجِعَانِ اِلٰى نَخْلٍ وَّزَرْعٍ وَاِنَّ رَبَّ الصُّرَيْمَةِ وَرَبَّ الْغُنَيْمَةِ اِنْ تَهْلِكْ مَاشِيَتُهُمَا يَاْتِنِيْ بِبَنِيْهِ فَيَقُوْلُ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَفَتَارِكُهُمْ اَنَا لَااَبَالَكَ فَالْمَاءُ وَالْكَلَاءُ اَيْسَرُ عَلَيَّ مِنَ الذَّهَبِ وَالْوَرَقِ وَاَيْمُ اللّٰهِ اِنَّهُمْ لَيَرَوْنَ اَنِّيْ قَدْ ظَلَمْتُهُمْ اِنَّهَا لَبِلَادُهُمْ فَقَاتَلُوْا عَلَيْهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَاَسْلَمُوْا عَلَيْهَا فِي الْاِسْلَامِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَوْلَاالْمَالُ الَّذِيْ اَحْمِلُ عَلَيْهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَاحَمَيْتُ عَلَيْهِمْ مِنْ بِلَادِهِمْ شِبْرًا

۳۰۱۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے زید بن اسلم نے،ان سے ان کے والد نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہنی نامی اپنے ایک مولا کو مقام حمی کا عامل بنایا تو انہیں یہ ہدایت کی، اے ہنی! مسلمانوں سے تواضع اور انکساری کا معاملہ کرنا اور مظلوم کی بددعا سے ہر وقت ڈرتے رہنا، کیونکہ مظلوم کی دعاء قبول ہوتی ہے،اونٹوں اور بکریوں کے مالکوں (کے ریوڑ) میں جاکر (خود پوری طرح جانچ کر صدقہ وصول کرنا، تاکہ ظلم کسی طرح کا نہ ہونے پائے) اور ہاں، ابن عوف (عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ) اور ابن عفان (عثمان رضی اللہ عنہ) اوران جیسے دوسرے امیر صحابہ کے مویشیوں کے بارے میں تجھے ڈرتے رہنا چاہئے (اوران کے امیر ہونے کی وجہ سے دوسرے غریبوں کے مویشیوں پر چراگاہ میں انہیں مقدم نہ رکھنا چاہئے) کیونکہ اگران کے مویشی ہلاک بھی ہوجائیں تو یہ حضرات اپنے کھجور کے باغات اور کھیتوں سے اپنی معاش حاصل کرسکتے ہیں لیکن گنے چنے اونٹوں کا مالک اور گنی چنی بکریوں کا مالک (غریب) کہ اگر اس کے مویشی ہلاک ہوگئے (چارہ پانی نہ ملنے کی وجہ سے) تو وہ اپنے بچوں کو لے کر میرے پاس آئے گا اور فریاد کرے گا، یاامیرالمومنین!! تو کیا میں انہیں نظرانداز کرسکوں گا؟ نہیں، بلکہ مجھے بیت المال سے ان کی معاش کا انتظام کرنا ہوگا) اس لئے (پہلے ہی سے) ان کے لئے چارہ اور پانی کا انتظام کردینا میرے لئے اس سے زیادہ آسان ہے کہ (جب حکومت کی

بے توجہی کے نتیجے میں وہ اپنا سب کچھ برباد کر کے آئیں تو میں ان کے لئے سونے چاندی کا انتظام کروں، اور خدا کی قسم وہ مجھے سمجھتے ہوں گے کہ میں نے ان کے ساتھ زیادتی کی ہے، کیونکہ یہ زمین انہیں کے علاقے ہیں، انہوں نے جاہلیت کے عہد میں اس کے لئے لڑائیاں لڑی ہیں اور اسلام کے بعد ان کی ملکیت کو باقی رکھا گیا ہے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے اگر وہ اموال (گھوڑے وغیرہ) نہ ہوتے جو جہاد میں سواریوں کے کام آتے ہیں تو ان کے علاقوں میں ایک بالشت زمین کو بھی میں چراگاہ بنانے کا روادار نہ ہوتا۔

باب ۲۲۴. كِتَابَةِ الْإِمَامِ النَّاسَ

۲۲۴۔امام کی طرف سے مردم شماری۔

(۳۰۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُكْتُبُوْالِيْ مَنْ تَلَفَّظَ بِالْاِسْلَامِ مِنَ النَّاسِ فَكَتَبْنَا لَهٗ اَلْفًا وَخَمْسَمِائَةِ رَجُلٍ فَقُلْنَا نَخَافُ وَنَحْنُ اَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا اُبْتُلِيْنَا حَتّٰى اَنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي وَحْدَهٗ وَهُوَ خَائِفٌ

۳۰۲۔ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جولوگ اسلام لا چکے ہیں (اور جنگ کے قابل ہیں) ان کے اعداد وشمار جمع کر کے میرے پاس لاؤ۔چنانچہ ہم نے ڈیڑھ ہزار مردوں کے نام لکھ کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کئے. ہم نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا، ہماری تعداد ڈیڑھ ہزار ہوگئی ہے کیا اب بھی ہم ڈریں گے؟ لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ (آنحضور ﷺ کے بعد) ہم فتنوں میں اس طرح گھر گئے کہ مسلمان تنہا نماز پڑھتے ہوئے بھی ڈرنے لگا ہے۔

(۳۰۳) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ فَوَجَدْنَاهُمْ خَمْسَ مِائَةٍ قَالَ اَبُوْمُعَاوِيَةَ مَابَيْنَ سِتِّمِائَةٍ اِلٰى سَبْعِمِائَةٍ

۳۰۳۔ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی ان سے ابوحمزہ نے اور ان سے اعمش نے (مذکورہ بالا سند کے ساتھ) کہ ہم نے پانچ سو مسلمانوں کی تعداد لکھی (ہزار کا ذکر اس روایت میں نہیں ہوا) اور ابو معاویہ نے (اپنی روایت میں) بیان کیا کہ چھ سو سے سات سو تک۔

(۳۰۴) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَامْرَاَتِيْ حَاجَّةٌ قَالَ ارْجِعْ فَحُجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ

۳۰۴۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ابن جریج نے، ان سے عمرو بن دینار نے، ان سے ابومعبد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ایک شخص نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں نے فلاں غزوے میں اپنا نام لکھوایا تھا، ادھر میری بیوی حج کرنے جا رہی ہے (تو مجھے کیا کرنا چاہئے) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر جاؤ اور اپنی بیوی کے ساتھ حج کر آؤ۔

باب ۲۲۵. اِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

۲۲۵۔اللہ تعالیٰ کبھی اپنے دین کی تائید کے لئے ایک فاجر شخص کو بھی

ذریعہ بنالیتا ہے۔

(۳۰۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَحَدَّثَنِي مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَهِدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يَدَّعِي الْاِسْلَامَ هٰذَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ قِتَالًا شَدِيْدًا فَاَصَابَتْهُ جِرَاحَةٌ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ الَّذِي قُلْتَ اِنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَاِنَّهُ قَدْ قَاتَلَ الْيَوْمَ قِتَالًا شَدِيْدًا وَقَدْمَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّارِ قَالَ فَكَادَ بَعْضُ النَّاسِ ان يَرْتَابَ فَبَيْنَمَاهُمْ عَلٰى ذٰلِكَ اِذْقِيْلَ اِنَّهُ لَمْ يَمُتْ وَلٰكِنَّ بِهٖ جِرَاحًا شَدِيْدًا فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يَصْبِرْ عَلَى الْجِرَاحِ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَاُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنِّي عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ اَمَرَ بِلَالًا فَنَادٰى بِالنَّاسِ اَنَّهُ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَيُؤَيِّدُ هٰذَا الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ

۳۰۵۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے۔ مجھ سے محمود بن غیلان نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے انہیں ابن مسیب نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (غزوہ خیبر میں) موجود تھے، آپ نے ایک شخص کے متعلق جو اپنے کو اسلام کا حلقہ بگوش کہتا تھا، فرمایا کہ یہ شخص دوزخ والوں میں سے ہے، جب جنگ کا وقت ہوا تو وہ شخص مسلمانوں کی طرف سے بڑی بہادری سے لڑا، پھر اتفاق سے وہ زخمی بھی ہوگیا، صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ! جس کے متعلق آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ دوزخیوں میں سے ہے آج تو وہ بڑی بے جگری کے ساتھ لڑا اور زخمی ہو کر) مر بھی گیا ہے آنحضور ﷺ نے اب بھی وہی جواب دیا کہ جہنم میں گیا، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حقیقت حال سے ناواقفیت اور اس شخص کے ظاہر کو دیکھ کر ممکن تھا کہ بعض لوگوں کے دل میں شبہ پیدا ہو جاتا (رسول اللہ ﷺ الصادق المصدوق کی حدیث مبارک میں) لیکن ابھی لوگ اسی کیفیت میں تھے کہ کسی نے بتایا کہ وہ ابھی مرا نہیں ہے، البتہ زخم بڑا کاری ہے اور جب رات آئی تو اس نے زخموں کی تاب نہ لاکر خودکشی کرلی، جب حضور اکرم ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا، اللہ اکبر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ ❶ پھر آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انہوں نے لوگوں میں یہ اعلان کردیا کہ مسلمان کے سوا اور کوئی جنت میں داخل نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ کبھی اپنے دین کی تائید کے لئے فاجر شخص کو بھی ذریعہ بنالیتا ہے۔

باب ۲۲۶. مَنْ تَاَمَّرَ فِي الْحَرْبِ مِنْ غَيْرِ اِمْرَةٍ اِذَا خَافَ الْعَدُوَّ

۲۲۶۔جو شخص میدان جنگ میں، جب کہ دشمن کا خوف ہو، امام کے کسی نئے حکم کے بغیر امیر لشکر بن گیا۔

(۳۰۸) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا بْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

۳۰۸۔ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے ابن علیہ نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے ان سے حمید بن ہلال نے اور ان

---

❶ آنحضور ﷺ نے مسرت کا اظہار غالباً اس لئے فرمایا کہ ظاہر میں بھی اس شخص کی طرف سے اسلامی حکم کی خلاف ورزی مشاہدہ میں آگئی تھی خودکشی ممنوع اور حرام ہے لیکن اس سے ایمان ختم نہیں ہوتا، حدیث کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ شخص مذکور حقیقتاً مومن نہ تھا اور اسی بنیاد پر اس کی تمام ظاہری قربانیاں نظرانداز کردی گئیں تھیں۔

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا جَعْفَرٌ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَاُصِيْبَ ثُمَّ اَخَذَهَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ مِنْ غَيْرِ اِمْرَةٍ فَفُتِحَ عَلَيْهِ وَمَا يَسُرُّنِیْ اَوْقَالَ مَايَسُرُّهُمْ اَنَّهُمْ عِنْدَنَا قَالَ وَاِنَّ عَيْنَيْهِ لَتَذْرِفَانِ

سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا (مدینہ میں غزوہ موتہ کے موقعہ پر) جب کہ مسلمان سپاہی موتہ کے میدان میں داد شجاعت دے رہے تھے) اور فرمایا کہ اب اسلامی علم زید بن حارثہ لئے ہوئے ہیں، انہیں شہید کر دیا۔ پھر جعفر نے علم اپنے ہاتھ میں اٹھالیا، وہ بھی شہید کردیے گئے اب عبداللہ بن رواحہ نے علم تھاما، یہ بھی شہید کر دیے گئے آخر خالد بن ولید نے کسی نئی ہدایت کے بغیر اسلامی علم اٹھالیا ہے اور ان کے ہاتھ پر فتح حاصل ہوگی اور میرے لئے اس میں کوئی خوشی کی بات نہیں تھی یا آپ نے یہ فرمایا کہ ان کے لئے کوئی خوشی کی بات نہیں تھی کہ وہ (شہدا) ہمارے پاس ہوتے (کیونکہ شہادت کے بعد جو مرتبہ اور عزت اللہ تعالیٰ کے یہاں انہیں ملی ہے وہ دنیاوی زندگی سے بدرجہا بہتر ہے۔ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ) اور انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس وقت حضور اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو، جاری تھے۔

باب ۲۲۷. الْعَوْنِ بِالْمَدَدِ

۲۲۷۔ جہاد میں مرکز سے فوجی امداد۔

(۳۰۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ وَسَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ رِعْلٌ وَذَكْوَانُ وَعُصَيَّةُ وَ بَنُو لَحْيَانَ فَزَعَمُوْا اَنَّهُمْ قَدْ اَسْلَمُوْا وَاسْتَمَدُّوْهُ عَلٰی قَوْمِهِمْ فَاَمَدَّهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعِيْنَ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ اَنَسٌ كُنَّا نُسَمِّيْهِمُ الْقُرَّاءَ يَحْطِبُوْنَ بِالنَّهَارِ وَيُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ فَانْطَلَقُوْا بِهِمْ حَتّٰی بَلَغُوْا بِئْرَ مَعُوْنَةَ غَدَرُوْابِهِمْ وَقَتَلُوْهُمْ فَقَنَتَ شَهْرًا يَدْعُوْا عَلٰی رِعْلٍ وَذَكْوَانَ وَبَنِیْ لِحْيَانَ قَالَ قَتَادَةُ وَحَدَّثَنَا اَنَسٌ اَنَّهُمْ قَرَأُوابِهِمْ قُرْاٰنًا اَلَا بَلِّغُوا عَنَّا قَوْمَنَا بِاَنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِیَ عَنَّا وَاَرْضَانَا ثُمَّ رُفِعَ ذٰلِكَ بَعْدُ

۳۰۹۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے ابن عدی نے حدیث بیان کی اور سہل بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سعید نے ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں رعل، ذکوان، عصیہ اور بنولحیان قبائل کے کچھ لوگ حاضر ہوئے اور یقین دلایا کہ وہ لوگ اسلام لا چکے ہیں اور انہوں نے اپنی قوم کو (اسلامی تعلیمات سمجھانے کے لئے) آپ سے مدد چاہی تو نبی کریم ﷺ نے ستر انصار ان کے ساتھ کر دیئے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم انہیں قاری (قرآن مجید کے عالم اور صحیح مخارج کے ساتھ تلاوت کرنے والے) کہا کرتے تھے یہ حضرات ان قبیلہ والوں کے ساتھ چلے گئے لیکن جب بئر معونہ پر پہنچے تو انہوں نے ان صحابہ کے ساتھ دھوکا کیا اور انہیں شہید کر ڈالا، رسول اکرم ﷺ نے ایک مہینہ تک (نماز میں) قنوت پڑھی تھی اور رعل، ذکوان اور بنولحیان کے لئے بددعا کی تھی، قتادہ نے بیان کیا کہ ہم سے انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (ان شہداء کے متعلق) قرآن مجید میں ہم یہ آیت بھی پڑھتے تھے (ترجمہ) ''ہاں ہماری قوم (مسلم) کو بتا دو کہ ہم اپنے رب سے جا ملے ہیں اور وہ ہم سے راضی ہوگیا ہے اور ہمیں بھی اس نے (اپنی بے پایاں نوازشات سے) خوش کیا ہے۔ پھر یہ آیت منسوخ ہوگئی تھی۔

باب ۲۲۸. مَنْ غَلَبَ الْعَدُوَّ فَاَقَامَ عَلٰى عَرْصَتِهِمْ ثلاثًا

۳۱۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ ذَكَرَلَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ اَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ تَابَعَهُ مَعَاذٌ وَعَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا سَعِيْدُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۲۸۔ جس نے دشمن پر فتح پائی اور پھر تین دن تک ان کے میدان میں قیام کیا۔

۳۱۰۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی ان سے روح بن عبادہ نے حدیث بیان کی ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے بیان کیا کہ ہم سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کو جب کسی قوم پر فتح حاصل ہوتی تو میدان جنگ میں آپ تین دن تک قیام فرماتے اس روایت کی متابعت معاذ اور عبدالاعلیٰ نے کی ان سے سعید نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے ان سے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

باب ۲۲۹. مَنْ قَسَمَ الْغَنِيْمَةَ فِىْ غَزْوِهِ وَ سَفَرِهِ وَقَالَ رَافِعٌ كُنَّا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ فَاَصَبْنَا غَنَمًا وَاِبِلًا فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ

۳۱۱) حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا اَخْبَرَهُ قَالَ اِعْتَمَرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ

۲۲۹۔ جس نے غزوہ اور سفر میں غنیمت تقسیم کی رافع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم ذوالحلیفہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے بکریاں اور اونٹ غنیمت میں ملے تھے اور نبی کریم ﷺ نے دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر قرار دے کر (تقسیم کی تھیں)

۳۱۱۔ ہم سے ہدبہ بن خالد نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے خبر دی آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے مقام جعرانہ سے، جہاں آپ نے جنگ حنین کی غنیمت تقسیم کی تھی، عمرہ کا احرام باندھا تھا۔

باب ۲۳۰. اِذَا غَنِمَ الْمُشْرِكُوْنَ مَالَ الْمُسْلِمِ ثُمَّ وَجَدَهُ الْمُسْلِمُ قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ ذَهَبَ فَرَسٌ لَهُ فَاَخَذَهُ الْعَدُوُّ فَظَهَرَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ فَرُدَّ عَلَيْهِ فِىْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَقَ عَبْدٌ لَهُ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَهَرَ عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرَدَّهُ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بَعْدَالنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۳۰۔ کسی مسلمان کا مال، مشرکین لوٹ کر لے گئے، پھر وہ مال اس مسلمان کو مل گیا؟ (مسلمانوں کے غلبہ کے بعد) ابن نمیر نے بیان کیا کہ ہم سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ان کا ایک گھوڑا چھوٹ گیا تھا اور دشمنوں نے اس پر قبضہ کر لیا تھا، پھر مسلمانوں کو غلبہ حاصل ہوا تو ان کا گھوڑا انہیں واپس کر دیا گیا تھا یہ واقعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک کا ہے اسی طرح ان کے ایک غلام نے بھاگ کر روم میں پناہ حاصل کر لی تھی، پھر جب مسلمانوں کو اس ملک پر غلبہ حاصل ہوا تو خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ان کا غلام انہیں واپس کر دیا تھا، یہ واقعہ نبی کریم ﷺ کے بعد کا ہے۔

۳۱۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ اَنَّ عَبْدًا لِابْنِ عُمَرَ اَبَقَ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَهَرَ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ فَرَدَّهُ

۳۱۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے بیان کیا انہیں نافع نے خبر دی کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ایک غلام بھاگ کر روم میں پناہ گزیں ہو گیا تھا، پھر خالد بن ولید

عَلٰی عَبْدِاللّٰہِ وَاَنَّ فَرَسًا لِابْنِ عُمَرَ عَارَ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَھَرَ عَلَیْہِ فَرَدُّوْہ عَلٰی عَبْدِاللّٰہِ

رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں (اسلامی لشکر نے) اس پر فتح پائی اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے غلام آپ کو واپس کر دیا، اور یہ کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ایک گھوڑا بھاگ کر روم پہنچ گیا تھا خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو جب روم پر فتح ہوئی تو آپ نے یہ گھوڑا بھی واپس کر دیا تھا۔

(۳۱۳) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُھَیْرٌ عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَۃَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّہٗ کَانَ عَلٰی فَرَسٍ یَوْمَ لَقِیَ الْمُسْلِمُوْنَ وَاَمِیْرُ الْمُسْلِمِیْنَ یَوْمَئِذٍ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ بَعَثَہٗ اَبُوْبَکْرٍ فَاَخَذَہُ الْعَدُوُّ فَلَمَّا ھُزِمَ الْعَدُوُّ رَدَّ خَالِدٌ فَرَسَہٗ

۳۱۳۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جس دن اسلامی لشکر کی مڈبھیڑ رومیوں سے) ہوئی تو آپ ایک گھوڑے پر سوار تھے، سالار لشکر خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف سے پھر گھوڑے کو دشمنوں نے پکڑ لیا، لیکن جب انہیں شکست ہوئی، تو خالد رضی اللہ عنہ نے گھوڑا آپ کو واپس کر دیا۔

باب ۱۲۳۱. مَنْ تَکَلَّمَ بالفَارِسِیَّۃِ والرَّطَانَۃِ وَقَوْلُہٗ تَعَالٰی وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِہٖ

۲۳۱۔ جس نے فارسی یا کسی بھی عجمی زبان میں گفتگو کی، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''(اللہ کی نشانیوں میں) تمہاری زبان اور رنگ کا اختلاف بھی ہے۔'' اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ) اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا لیکن یہ کہ وہ اسی قوم کا ہم زبان تھا (جس میں ان کی بعثت ہوئی۔)

(۳۱۴) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ اَخْبَرَنَا حَنْظَلَۃُ بْنُ اَبِیْ سُفْیَانَ اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ مِیْنَاءَ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ذَبَحْنَا بُھَیْمَۃً لَنَا وَطَحَنْتُ صَاعًا مِنْ شَعِیْرٍ فَتَعَالَ اَنْتَ وَنَفَرٌ فَصَاحَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَااَھْلَ الْخَنْدَقِ اِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُوْرًا فَحَیَّ ھَلًابِکُمْ

۳۱۴۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی انہیں حنظلہ بن ابی سفیان نے خبر دی، انہیں سعید بن مینا نے خبر دی کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ہم نے ایک چھوٹا سا بکری کا بچہ ذبح کیا ہے اور کچھ گیہوں پیس لئے ہیں اس لئے آپ دو چار آدمیوں کو ساتھ لے کر تشریف لائیں اور کھانا ہمارے گھر پر تناول فرمائیں) لیکن آنحضور ﷺ نے بآواز بلند فرمایا، اے خندق کھودنے والو! جابر نے دعوت کا کھانا تیار کر لیا ہے، اب تاخیر نہ کرو، بمسرت تمام چلے چلو۔

(۳۱۵) حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰہِ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدِ بْنِ سَعِیْدٍ قَالَتْ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَعَ اَبِیْ وَعَلَیَّ قَمِیْصٌ اَصْفَرُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَنَہْ سَنَہْ قَالَ عَبْدُاللّٰہِ وَھِیَ بِالْحَبَشِیَّۃِ حَسَنَۃٌ قَالَتْ فَذَھَبْتُ اَلْعَبُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّۃِ

۳۱۵۔ ہم سے حبان بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں خالد بن سعید نے انہیں ان کے والد نے اور ان سے ام خالد بنت خالد بن سعید رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنے والد کے ساتھ حاضر ہوئی، میں اس وقت ایک زرد رنگ کی قمیص پہنے ہوئے تھی، حضور اکرم ﷺ نے اس پر فرمایا ''سنہ سنہ'' عبداللہ نے کہا کہ یہ لفظ حبشی زبان میں اچھے کے معنی میں آتا ہے۔

فَزَبَرَنِي اَبِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ دَعْهَا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اَبْلِيْ وَاَخْلِفِي ثُمَّ اَبْلِي وَاَخْلِقِي ثُمَّ اَبْلِيْ وَاَخْلِفِي قَالَ عَبْدُاللّٰهِ فَبَقِيَتْ حَتّٰى ذُكِرَ

انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں مہر نبوت کے ساتھ (جو پشت مبارک پر تھی) کھیلنے لگی تو میرے والد نے مجھے ڈانٹا، لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا اسے ڈانٹو مت، پھر آپ نے (درازی عمر کی) دعا دی کہ اس قمیص کو خوب پہنو، اور پرانی کرو، پھر پہنو اور پرانی کرو، عبداللہ نے کہا کہ چنانچہ یہ قمیص اتنے دنوں تک باقی رہی کہ زبانوں پر اس کا چرچا آ گیا۔

(۳۱۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ اَخَذَ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِيْ فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ بِالْفَارِ سِيَّةِ كَخْ كَخْ اَمَا تَعْرِفُ اَنَّا لَانَاكُلُ الصَّدَقَةَ

۳۱۶۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن زیاد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے صدقہ کی کھجور میں سے (جو بیت المال میں آئی تھی) ایک کھجور اٹھالی اور اپنے منہ کے قریب لے گئے۔ لیکن آنحضور ﷺ نے انہیں فارسی زبان کا یہ لفظ کہہ کر روک دیا کہ) "کخ کخ" کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے۔

باب ۲۳۲. اَلْغُلُوْلِ وَ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَاغَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

۲۳۲۔ خیانت، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اور جو کوئی خیانت کرے گا، وہ قیامت میں اسے لے کر آئے گا۔"

(۳۱۷) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ زُرْعَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَهٗ وَعَظَّمَ اَمْرَهٗ قَالَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهٗ حَمْحَمَةٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَااَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ وَعَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيْرٌ لَهٗ رُغَاءٌ يَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ اَوْعَلٰى رَقَبَتِهٖ صَامِتٌ فَيَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَااَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ اَوْعَلٰى رَقَبَتِهٖ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِيْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ وَقَالَ اَيُّوْبُ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ فَرَسٌ لَهٗ حَمْحَمَةٌ

۳۱۷۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ابوحیان نے بیان کیا ان سے ابوزرعہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ہمیں خطاب فرمایا اور خیانت (غلول) کا ذکر فرمایا اور اس جرم کی ہولناکی کو واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ میں تم میں سے کسی کو بھی قیامت کے دن اس حالت میں نہ پاؤں گا کہ اس کی گردن میں بکری ہو اور چلا رہی ہو۔ یا اس کی گردن پر گھوڑا ہو اور وہ چلا رہا ہو اور وہ شخص یہ فریاد کرے کہ یا رسول اللہ! میری مدد فرمایئے لیکن میں یہ جواب دے دوں گا کہ میں تمہاری مدد نہیں کر سکتا۔ میں تو (خدا کا پیغام) تم تک پہنچا چکا ہوں، اور اس کی گردن پر اونٹ ہو اور چلا رہا ہو اور وہ شخص فریاد کر رہا ہو کہ یا رسول اللہ! میری مدد فرمایئے، لیکن میں یہ جواب دے دوں گا کہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا میں تو خدا کا پیغام تمہیں پہنچا چکا تھا، یا (وہ اس حال میں آئے) کہ اس کی گردن پر سونا چاندی ہو اور مجھ سے کہے، یا رسول اللہ! میری مدد فرمایئے لیکن میں اس سے یہ کہہ دوں گا کہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا، میں اللہ تعالیٰ کا پیغام تمہیں پہنچا چکا تھا۔ یا اس کی گردن پر کپڑے کے ٹکڑے حرکت کر رہے ہوں اور وہ فریاد کرے کہ یا

رسول اللہ! میری مدد کیجئے اور میں کہہ دوں کہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا، میں تو پہلے ہی پہنچا چکا تھا۔ اور ایوب نے بیان کیا اور ان سے ابو حیان نے کہ "فرس لہ حمحمۃ"۔

باب۲۳۳. اَلْقَلِيْلُ مِنَ الْغُلُوْلِ وَلَمْ يَذْكُرْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ حَرَّقَ مَتَاعَهٗ وَ هٰذَا اَصَحُّ

۲۳۳۔ معمولی خیانت، اور عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے اس کا ذکر نہیں کیا ہے کہ آنحضور ﷺ نے اس شخص کے (جس نے مال غنیمت میں خیانت کر لی تھی) چراتے ہوئے مال کو جلوایا بھی تھا۔ اور یہی روایت زیادہ صحیح ہے۔

(۳۱۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ عبدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ عَلٰى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ كَرْكَرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ قَالَ ابْنُ سَلَامٍ كَرْكَرَةُ يَعْنِي بِفَتْحِ الْكَافِ وَهُوَ مَضْبُوطٌ كَذَا

۳۱۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو نے، ان سے سالم بن ابی الجعد نے، ان سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے سامان واسباب پر ایک صاحب متعین تھے جن کا نام کرکرہ تھا ان کا انتقال ہو گیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ تو جہنم میں گیا، صحابہ انہیں دیکھنے گئے تو ایک عباء ان کے یہاں سے ملی، جسے خیانت کر کے انہوں نے رکھ لی تھی، ❶ ابو عبداللہ نے کہا کہ ابن سلام نے کرکرہ کاف کے فتح کے ساتھ بیان کیا اور یہی روایت محفوظ ہے۔

باب۲۳۴. مَايُكْرَهُ مِنْ ذَبْحِ الْاِبِلِ وَالْغَنَمِ فِي الْمَغَانِمِ

۲۳۴۔ مال غنیمت کے اونٹ اور بکریاں ذبح کرنے پر ناپسندیدگی۔

(۳۱۹) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ جَدِّهٖ رَافِعٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَاَصَابَ النَّاسَ جُوْعٌ وَاَصَبْنَا اِبِلاً وَغَنَمًا وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اُخْرَيَاتِ النَّاسِ فَعَجِلُوْا فَنَصَبُوا الْقُدُوْرَ فَاَمَرَ بِالْقُدُوْرِ فَاُكْفِئَتْ ثُمَّ قَسَمَ فَعَدَلَ عَشَرَةً مِنَ الْغَنَمِ بِبَعِيْرٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ وَ فِي الْقَوْمِ خَيْلٌ يَسِيْرٌ فَطَلَبُوْهُ فَاَعْيَاهُمْ فَاَهْوٰى اِلَيْهِ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهُ اللّٰهُ فَقَالَ هٰذِهِ الْبَهَائِمُ لَهَا اَوَابِدُ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَمَانَدَّ عَلَيْكُمْ فَاصْنَعُوْا بِهٖ هٰكَذَا فَقَالَ جَدِّيْ

۳۱۹۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابو عوانہ نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن مسروق نے، ان سے عبایہ بن رفاعہ نے اور ان سے ان کے دادا رافع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مقام ذو الحلیفہ میں ہم نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ پڑاؤ کیا (کسی غزوہ کے موقعہ پر) لوگوں کے پاس کھانے پینے کی چیزیں ختم ہو گئی تھیں، ادھر غنیمت میں ہمیں اونٹ اور بکریاں ملی تھیں، حضور اکرم ﷺ لشکر کے پیچھے تھے اور لوگوں نے جلدی سے کام لیا اور مال غنیمت کے بہت سے جانور تقسیم سے پہلے ذبح کر کے) ہانڈیاں (پکنے کے لئے) چڑھا دیں لیکن بعد میں نبی کریم ﷺ کے حکم سے ان ہانڈیوں کا گوشت نکال لیا گیا اور پھر آپ نے غنیمت تقسیم کی، (تقسیم میں) دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر آپ نے رکھا تھا۔ اتفاق سے مال غنیمت کا ایک اونٹ بھاگ گیا، لشکر میں

❶ یعنی عباء کی خیانت اگر چہ ایک معمولی خیانت تھی، لیکن اس کی بھی سزا انہیں بھگتنی پڑے گی، اسی گناہ کی وجہ سے آنحضور ﷺ نے ان کے جہنم میں دخول کے متعلق فرمایا۔

اَنَّا نَرْجُوا اَوْنَخَافُ اَنْ نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا وَلَيْسَ مَعَنَا مُدًى اَفَنَذْ بَحُ بِالْقَصَبِ فَقَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَكُلْ لَيْسَ ـ السِّنَّ وَالظُّفُرَ وَسَاُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ اَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَاَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ

گھوڑوں کی کمی تھی لوگ اسے پکڑنے کے لئے دوڑے لیکن اونٹ نے سب کو تھکا دیا آخر ایک صحابی (خود رافع رضی اللہ عنہ) نے تیر سے اسے مار گرایا اللہ تعالیٰ کے حکم سے اونٹ جہاں تھا وہیں رہ گیا اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ان (پالتو) جانوروں میں بھی جنگلی جانوروں کی طرح وحشت ہوتی ہے، اس لئے ان میں سے اگر کوئی قابو میں نہ آئے تو اس کے ساتھ ایسا ہی کرنا چاہئے۔

میرے دادا (رافع رضی اللہ عنہ) نے خدمت نبی ﷺ میں عرض کیا کہ ہمیں توقع ہے یا (یہ کہا کہ) خوف ہے کہ کل کہیں ہماری، دشمن سے مڈبھیڑ نہ ہو جائے، ادھر ہمارے پاس چھری نہیں ہے (تلوار دشمن کے مقابلے کے لئے ہے) تو کیا ہم بانس سے ذبح کر سکتے ہیں، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جس چیز سے خون جانور کی گردن پر اسے پھیرنے سے) نکل جائے اور اس سے ذبح کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام بھی لیا گیا ہو تو اس کا گوشت کھانا حلال ہے، البتہ وہ چیز (جس سے ذبح کیا گیا ہو) دانت اور ناخن نہ ہونی چاہئے، اس کی میں تمہارے سامنے وضاحت کروں گا، دانت تو اس لئے نہیں کہ وہ ہڈی ہے اور ناخن اس لئے نہیں کہ وہ حبشیوں کی چھری ہے (حدیث گزر چکی ہے)

باب ۲۳۵. البشارة فِی الْفُتُوحِ

۲۳۵۔ فتح کی خوشخبری۔

(۳۲۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسٌ قَالَ قَالَ لِي جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاتُرِ يحُنِي مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ وَكَانَ بَيْتًا فِيْهِ خَثْعَمُ يُسَمّٰى كَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ فَانْطَلَقْتُ فِي خَمْسِيْنَ وَمِائَةٍ مِنْ اَحْمَسَ وَكَانُوا اَصْحَابَ خَيْلٍ فَاَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّي لَااَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ فِي صَدْرِي حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهِ فِي صَدْرِي فَقَالَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًا فَانْطَلَقَ اِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا فَاَرْسَلَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُه‘ فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِيْرٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَاجِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَاَنَّهَا

۳۲۰۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے قیس نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا کہ مجھ سے جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ذی الخلصہ سے مجھے کیوں نہیں نجات دلاتے یہ ذی الخلصہ (یمن کے قبیلہ) خثعم کا ایک بتکدہ تھا، جسے کعبۃ الیمانیہ کہتے تھے۔ چنانچہ میں (اپنے قبیلہ) احمس کے ایک سو پچاس آدمیوں کو لے کر تیار ہو گیا، یہ سب شہسوار تھے، پھر میں نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ میں گھوڑے کی اچھی سواری نہیں کر پاتا تو آپ ﷺ نے میرے سینے پر (دست مبارک) مارا اور میں نے آنحضور ﷺ کی انگلیوں کا اثر اپنے سینے پر محسوس کیا۔ حضور اکرم ﷺ نے پھر یہ دعا دی کہ اے اللہ! اسے گھوڑے کا اچھا سوار بنا دیجئے اور اسے صحیح راستہ دکھانے والا اور خود بھی راہ یاب کر دیجئے'' پھر وہ مہم پر روانہ ہوئے اور اسے توڑ کر جلا دیا اس کے بعد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں خوشخبری بھجوائی (خدمت نبوی ﷺ

جَمَلٌ اَجْرَبُ فَبَارَکَ عَلٰی خَیْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ قَالَ مُسَدَّدٌ بَیْتٌ فِی خَثْعَمِ

میں) حاضر ہو کر جریر رضی اللہ عنہ کے قاصد نے عرض کیا، یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے میں اس وقت تک آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوا، جب تک وہ بتکدہ ایسا (سیاہ) نہیں ہوگیا تھا جیسا خارش زدہ اونٹ ہوا کرتا ہے (جس کا چمڑہ خارش کی وجہ سے بالکل سیاہ ہوجاتا ہے) آنحضور ﷺ نے یہ سن کر قبیلہ احمس کے سواروں اور اس کے جوانوں کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا فرمائی۔ مسدد نے اپنی روایت میں ''بیت فی خثعم'' کے الفاظ نقل کئے ہیں۔

باب ۲۳۶. مَایُعْطَی الْبَشِیْرُ وَاَعْطٰی کَعْبُ بْنُ مَالِکٍ ثَوْبَیْنِ حِیْنَ بُشِّرَ بِالتَّوْبَةِ

۲۳۶۔ خوشخبری سنانے والے کو انعام دینا، کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے جب انہیں ان کی توبہ کے قبول ہونے کی خوشخبری سنائی گئی، تو دو کپڑے دیئے تھے۔

باب ۲۳۷. لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

۲۳۷۔ فتح کے بعد ہجرت باقی نہیں رہی۔ ❶

(۳۲۱) حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ لَاهِجْرَةَ وَلٰکِنْ جِهَادٌ وَنِیَّةٌ وَاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا

۳۲۱۔ ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی ان سے شیبان نے حدیث بیان کی ان سے منصور نے، ان سے مجاہد نے، ان سے طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فتح مکہ کے دن فرمایا اب ہجرت (مکہ سے مدینہ کے لئے) باقی نہیں رہی۔ البتہ حسن نیت کے ساتھ جہاد کا ثواب باقی ہے اس لئے جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو فوراً تیار ہوجاؤ۔

(۳۲۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ مُجَاشِعٌ بِاَخِیْهِ مُجَالِدِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذَا مُجَالِدٌ یُبَایِعُکَ عَلَی الْهِجْرَةِ فَقَالَ لَاهِجْرَةَ بَعْدَ فَتْحِ مَکَّةَ وَلٰکِنْ اُبَایِعُهٗ عَلَی الْاِسْلَامِ

۳۲۲۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں یزید بن زریع نے خبر دی، انہیں خالد نے، انہیں ابو عثمان مہدی نے اور ان سے مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجاشع رضی اللہ عنہ اپنے بھائی مجالد بن مسعود رضی اللہ عنہ کو لے کر خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یہ مجالد ہیں، آپ سے ہجرت پر بیعت کرنا چاہتے ہیں لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ فتح مکہ کے بعد اب ہجرت باقی نہیں رہی، ہاں میں اسلام پر ان سے عہد (بیعت) لوں گا۔

(۳۲۳) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ

۳۲۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے

❶ مراد خاص مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی ہجرت ہے۔ یعنی پہلے، جب مکہ دار اسلام نہیں تھا اور مسلمانوں کو احکام اسلام بجالانے کی وہاں آزادی نہیں تھی تو وہاں سے ہجرت ضروری اور باعث اجر و ثواب تھی، لیکن اب مکہ اسلامی اور الٰہی حکومت کے تحت آچکا ہے اس لئے یہاں سے ہجرت کا کوئی سوال باقی نہیں رہا، یہ معنی ہرگز نہیں کہ سرے سے ہجرت کا حکم ہی ختم ہوگیا کیونکہ جب تک دنیا قائم ہے اور جب تک کفر و اسلام کی کشمکش باقی ہے اس وقت تک ہر اس خطہ سے جہاں، مسلمانوں کو احکام الٰہی پر عمل کی آزادی حاصل نہیں ہے ہجرت ضروری اور فرض ہے۔

عَمْرٌو وَابْنُ جُرَيْجٍ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُوْلُ ذَهَبْتُ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلٰى عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا وَهِيَ مُجَاوِرَةٌ بِثَبِيْرٍ فَقَالَتْ لَنَا انْقَطَعَتِ الْهِجْرَةُ مُنْذُ فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ

حدیث بیان کی کہ عمرو اور ابن جریج بیان کرتے تھے انہوں نے سنا تھا، وہ بیان کرتے تھے کہ میں عبید بن عمیر کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ ثبیر پہاڑ کے قریب قیام فرما تھیں۔ آپ نے ہم سے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مکہ پر فتح دی تھی، اسی وقت سے ہجرت کا سلسلہ منقطع ہو گیا تھا۔

باب ۲۳۸۔ اِذَا اضْطُرَّ الرَّجُلُ اِلَى النَّظَرِ فِيْ شُعُوْرِ اَهْلِ الذِّمَّةِ وَالْمُؤْمِنَاتِ اِذَا عَصَيْنَ اللّٰهَ وَتَجْرِيْدِهِنَّ

۲۳۸۔ ذمی عورت کے بال دیکھنے یا کسی مسلمان خاتون کے جس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا ارتکاب کیا ہو، بال دیکھنے اور اس کے کپڑے اتارنے کی اگر ضرورت پیش آ جائے؟

(۳۲۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ الطَّائِفِيُّ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا حُصَيْنٌ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَكَانَ عُثْمَانِيًّا فَقَالَ لِابْنِ عَطِيَّةَ وَكَانَ عَلَوِيًّا اِنِّيْ لَاَعْلَمُ مَاالَّذِيْ جَرَّأَ صَاحِبَكَ عَلَى الدِّمَاءِ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالزُّبَيْرَ فَقَالَ ائْتُوْا رَوْضَةَ كَذَا وَتَجِدُوْنَ بِهَا امْرَأَةً اَعْطَاهَا حَاطِبٌ كِتَابًا فَاَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَقُلْنَا الْكِتَابَ قَالَتْ لَمْ يُعْطِنِيْ فَقُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ اَوْلَاُجَرِّدَنَّكِ فَاَخْرَجَتْ مِنْ حُجْزَتِهَا فَاَرْسَلَ اِلٰى حَاطِبٍ فَقَالَ لَاتَعْجَلْ وَاللّٰهِ مَاكَفَرْتُ وَلَاازْدَدْتُ لِلْاِسْلَامِ اِلَّاحُبًّا وَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِكَ اِلَّا وَلَهٗ بِمَكَّةَ مَن يَدْفَعُ اللّٰهُ بِهٖ عَنْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ وَلَمْ يَكُنْ لِيْ اَحَدٌ فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا فَصَدَّقَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ دَعْنِيْ اَضْرِبْ عُنُقَهٗ فَاِنَّهٗ قَدْ نَافَقَ فَقَالَ مَايُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَهٰذَا الَّذِيْ جَرَّاَهٗ

۳۲۴۔ مجھ سے محمد بن عبداللہ بن حوشب الطائفی نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، "انہیں حصین نے خبر دی" انہیں سعد بن عبادہ نے، انہیں ابی عبدالرحمٰن نے اور آپ عثمانی تھے۔ ❶ آپ نے ابن عطیہ سے کہا، جو علوی تھے، کہ میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ تمہارے صاحب (حضرت علی رضی اللہ عنہ) کو کس چیز نے خون بہانے سے جری ❷ بنا دیا تھا، میں نے خود ان سے سنا، بیان فرماتے تھے کہ مجھے اور زبیر بن عوام (رضی اللہ عنہا) کو نبی کریم ﷺ نے بھیجا اور ہدایت فرمائی کہ فلاں باغ پر جب تم لوگ پہنچو گے تو تمہیں ایک عورت ملے گی جسے حاطب (رضی اللہ عنہ) نے ایک خط دے رکھا ہے چنانچہ جب ہم اس باغ تک پہنچے (تو ایک عورت ہمیں ملی) ہم نے اس سے کہا کہ خط لاؤ، اس نے کہا کہ حاطب (رضی اللہ عنہ) نے مجھے کوئی خط نہیں دیا ہے، ہم نے اس سے کہا کہ خط خود بخود نکال کر دے دو، ورنہ (تلاشی کے لئے) تمہارے کپڑے اتارے جائیں گے۔ تب کہیں اس نے خط اپنے ازار سے نکال کر دیا (جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں خط پیش ہوا تو) آپ ﷺ نے حاطب رضی اللہ عنہ کو بلا بھیجا، انہوں نے (خدمت نبوی میں حاضر ہو کر) عرض کیا، آنحضور ﷺ میرے بارے میں جلدی نہ فرمائیں، خدا کی قسم! میں نے نہ کفر کیا ہے اور نہ اسلام سے ہٹا ہوں، صرف (اپنے

---

❶ سلف جو لوگ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتے تھے انہیں عثمانی کہتے تھے اور جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتے تھے انہیں علوی کہتے تھے، یہ اصطلاح ایک زمانہ تک باقی رہی، پھر ختم ہو گئی تھی۔ ❷ درحقیقت اس میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھوڑے سے سوءِ ادب کا پہلو نکلتا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ عدل و انصاف کے پیکر تھے اور معاذ اللہ، آپ نے ناحق کسی کا خون نہیں بہایا تھا، لیکن جب دو فریق میں اس طرح کی گفتگو ہوتی ہے تو الفاظ کچھ تند و ترش زبان سے نکل آتے ہیں۔ یہ بات بھی نہیں کہ حضرت ابی عبدالرحمٰن حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عظمت اور ان کے مرتبہ سے غافل تھے۔ صرف افضلیت و مفضولیت کی حد تک بات تھی!!

خاندان کی) محبت نے اس پر مجبور کیا تھا، آپ کے اصحاب مہاجرین) میں کوئی شخص ایسا نہیں جس کے مکہ میں ایسے لوگ نہ ہوں جن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ ان کے خاندان والوں اوران کی جائداد کی حمایت وحفاظت نہ کرتا ہو، لیکن میرا وہاں کوئی بھی آدمی نہیں، اس لئے میں نے چاہا تھا کہ ان پر ایک احسان کردوں (تاکہ میرے خاندان کے لوگوں کو کوئی گزند نہ پہنچے) نبی کریم ﷺ نے بھی ان کی بات کی تصدیق فرمائی۔ عمر رضی اللہ عنہ تو فرمانے لگے کہ مجھے اس کی گردن مارنے دیجئے، اس نے تو نفاق کا کام کیا ہے، لیکن حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، تمہیں کیا معلوم، اللہ تعالیٰ اہل بدر کے احوال سے بخوبی واقف تھا اور وہ خود (اہل بدر کے متعلق) فرما چکا ہے کہ "جو چاہو کرو" اوراسی لئے انہیں بھی اس کی جرأت ہوگئی تھی۔

باب ۲۳۹. اِسْتِقْبَالِ الْغُزَاةِ

۲۳۹۔ غازیوں کا استقبال۔

(۳۲۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ وَحُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ لِابْنِ جَعْفَرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَتَذْكُرُ اِذْ تَلَقَّيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَنْتَ وَابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ نَعَمْ فَحَمَلَنَا وَ تَرَكَكَ

۳۲۵۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع اور حمید بن الاسود نے حدیث بیان کی ان سے حبیب بن شہید نے اوران سے ابن ابی ملیکہ نے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے جعفر رضی اللہ عنہ سے کہا تمہیں یاد ہے، جب میں اور تم اور ابن عباس رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کے استقبال کے لئے آ گئے تھے (غزوے سے واپسی پر) انہوں نے کہا کہ ہاں اور حضور اکرم ﷺ نے ہمیں سوار کرلیا تھا اور ہمیں چھوڑ دیا تھا۔

(۳۲۶) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ قَالَ السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ذَهَبْنَا نَتَلَقّٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الصبيان الی ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ

۳۲۶۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے بیان کیا کہ سائب بن یزید رضی اللہ عنہ نے فرمایا (جب رسول اللہ ﷺ، غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لارہے تھے تو) ہم بچوں کو ساتھ لے کر آپ کا استقبال کرنے ثنیۃ الوداع تک گئے تھے۔

باب ۲۴۰. مَايَقُوْلُ اِذَا رَجَعَ مِنَ الْغَزْوِ

۲۴۰۔ غزوے سے واپس ہوتے ہوئے کیا دعاء پڑھنی چاہئے۔

(۳۲۷) حَدَّثَنَا مُوسَی ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَفَلَ كَبَّرَ ثَلَاثًا قَالَ آئِبُونَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَائِبُونَ عَابِدُوْنَ حَامِدُونَ لِرَبِّنَا سَاجِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

۳۲۷۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی ان سے نافع نے اوران سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ (کسی غزوے سے) واپس ہوتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے اور یہ دعاء پڑھتے "ہم ان شاء اللہ (اللہ کے پاس) واپس جانے والے ہیں، ہم توبہ کرنے والے ہیں اپنے رب کی عبادت کرنے والے ہیں، اس کی حمد بیان کرنے والے ہیں، اوراس کا سجدہ کر

لانے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا تمام جماعتوں کو شکست دی۔

(۳۲۸) حَدَّثَنَا اَبُومَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْفَلَهٗ مِنْ عُسْفَانَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَقَدْ اَرْدَفَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ فَعَثَرَتْ نَاقَتُهٗ فَصُرِعَا جَمِيْعًا فَاقْتَحَمَ اَبُوْطَلْحَةَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَائَكَ قَالَ عَلَيْكَ الْمَرْاَةَ فَقَلَبَ ثَوْبًا عَلٰى وَجْهِهٖ وَاَتَاهَا فَاَلْقَاهُ عَلَيْهَا وَاَصْلَحَ لَهُمَا مَرْكَبَهُمَا فَرَكِبَا وَاكْتَنَفْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ قَالَ اٰيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ فَلَمْ يَزَلْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ

۳۲۸۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن ابی اسحاق نے حدیث بیان کی، اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عسفان سے واپس ہوتے ہوئے ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ حضور اکرم ﷺ اپنی اونٹنی پر سوار تھے اور آپ کی سواری پر پیچھے (ام المؤمنین) صفیہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ اتفاق سے آپ کی اونٹنی پھسل گئی اور آپ دونوں گر گئے اتنے میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بھی فوراً اپنی سواری سے کود پڑے اور بولے، یارسول اللہ! اللہ مجھے آپ پر فدا کرے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا پہلے عورت کا خیال کرو۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑا اپنے چہرے پر ڈال لیا، پھر صفیہ رضی اللہ عنہا کے قریب آئے اور وہی کپڑا (جو آپ تک اپنے اوپر ڈالے ہوئے تھے، تاکہ ام المومنینؓ پر نظر نہ پڑے) ان کے اوپر ڈال دیا، اس کے بعد دونوں حضرات کی سواری درست کی، جب آپ سوار ہوگئے تو ہم رسول اکرم ﷺ کے چاروں طرف آگئے، پھر جب ہم مدینہ کے قریب پہنچے تو آنحضور ﷺ نے یہ دعاء پڑھی ''ہم اللہ کے پاس واپس جانے والے ہیں، توبہ کرنے والے، اپنے رب کی عبادت کرنے والے اور اس کی حمد پڑھنے والے ہیں۔'' آنحضور ﷺ یہ دعا برابر پڑھتے رہے، یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہوگئے۔

(۳۲۹) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ اَقْبَلَ هُوَ وَاَبُوْطَلْحَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةُ مُرْدِفُهَا عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فَلَمَّا كَانُوْا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ عَثَرَتِ النَّاقَةُ فَصُرِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمَرْاَةُ وَاِنَّ اَبَاطَلْحَةَ قَالَ اَحْسِبُ قَالَ اقْتَحَمَ عَنْ بَعِيْرِهٖ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَانَبِيَّ اللّٰهِ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَائَكَ هَلْ اَصَابَكَ مِنْ شَيْءٍ قَالَ لَا وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْمَرْاَةِ فَاَلْقٰى اَبُوْطَلْحَةَ ثَوْبَهٗ عَلٰى وَجْهِهٖ فَقَصَدَ قَصْدَهَا

۳۲۹۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی اسحاق نے حدیث بیان کی، اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ آپ اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے ام المؤمنین صفیہ رضی اللہ عنہا بھی آنحضور ﷺ کی سواری کے پیچھے بیٹھی ہوئی تھیں، ایک موقعہ ایسا آیا کہ اونٹنی پھسل گئی اور حضور اکرم ﷺ گر گئے ام المؤمنین بھی گر گئیں بیان کیا کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے متعلق انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ اپنے اونٹ سے کود پڑے اور آنحضور ﷺ کے پاس پہنچ کر عرض کیا۔ یا نبی اللہ! اللہ مجھے آپ پر فدا کرے کوئی چوٹ تو آنحضور کو نہیں آئی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، لیکن پہلے عورت کی خبر لو، چنانچہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک کپڑا ان پر ڈال دیا، اب ام المؤمنین کھڑی ہوگئیں پھر ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ

فَالْقٰی ثَوْبَہ، عَلَیْھَا فَقَامَتِ الْمَرْاَۃُ فَشَدَّ لَھُمَا عَلٰی رَاحِلَتِھِمَا فَرَکِبَا فَسَارُوْا حَتّٰی اِذَا کَانُوا بَظْھَرِ الْمَدِیْنَۃِ اَوْقَالَ اَشْرَفُوا عَلَی الْمَدِیْنَۃِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ فَلَمْ یَزَلْ یَقُوْلُھَا حَتّٰی دَخَلَ الْمَدِیْنَۃَ

دونوں کے لئے سواری درست کی، تو آپ سوار ہوئے اور سفر شروع کیا جب مدینہ منورہ کے بالائی علاقے پر پہنچ گئے، یا یہ کہا کہ جب مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے تو نبی کریم ﷺ نے یہ دعا پڑھی "ہم اللہ کی طرف واپس جانے والے ہیں، توبہ کرنے والے، اپنے رب کی عبادت کرنے والے اور اس کی حمد بیان کرنے والے ہیں" حضور اکرم ﷺ یہ دعا برابر پڑھتے رہے، یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہو گئے۔

باب ۲۴۱. الصَّلٰوۃ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ

۲۴۱۔ سفر سے واپسی پر نماز۔

(۳۳۰) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ کُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی سَفَرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِیْنَۃَ قَالَ لِی اُدْخُلِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ رَکْعَتَیْنِ

۳۳۰۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے محارب بن دثار نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھا، پھر جب ہم مدینہ پہنچے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پہلے مسجد میں جاؤ اور دو رکعت نماز پڑھ لو۔

(۳۳۱) حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ کَعْبٍ عَنْ اَبِیْہِ وَعَمِّہٖ عُبَیْدِاللّٰہِ ابْنِ کَعْبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ ضُحًی دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ اَنْ یَجْلِسَ

۳۳۱۔ ہم سے ابو عاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب نے، ان سے ان کے والد (عبداللہ) اور چچا عبیداللہ بن کعب رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ جب سفر سے واپس ہوتے تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھتے تھے۔

باب ۲۴۲ الطَّعَامُ عِنْدَ الْقُدُوْمِ وَکَانَ ابْنُ عُمَرَ یُفْطِرُ لِمَنْ یَغْشَاہُ

۲۴۲۔ سفر سے واپسی پر کھانا کھلانے کی مشروعیت ابن عمر رضی اللہ عنہما (جب سفر سے واپس آتے تو) مزاج پرسی کے لئے آنے والوں کی وجہ سے روزہ نہیں رکھتے تھے۔

(۳۳۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا وَکِیْعٌ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَۃَ نَحَرَ جَزُوْرًا اَوْبَقَرَۃً زَادَ مُعَاذٌ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ مُحَارِبٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰہِ اشْتَرٰی مِنِّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعِیْرًا بِوَقِیَّتَیْنِ وَدِرْھَمٍ اَوْدِرْھَمَیْنِ فَلَمَّا قَدِمَ صِرَارًا اَمَرَ بِبَقَرَۃٍ فَذُبِحَتْ فَاَکَلُوْا مِنْھَا فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَۃَ اَمَرَنِیْ اَنْ اٰتِیَ الْمَسْجِدَ فَاُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ وَوَزَنَ لِیْ ثَمَنَ الْبَعِیْرِ

۳۳۲۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں وکیع نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں محارب بن دثار نے اور انہیں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے (کسی غزوہ سے) تو اونٹ یا گائے ذبح کی (راوی کو شبہ ہے) معاذ نے (اپنی روایت میں) زیادتی کی ہے، ان سے شعبہ نے بیان کی ان سے محارب نے انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے اونٹ مجھ سے خریدا تھا، دو اوقیہ اور ایک درہم یا (راوی کو شک ہے کہ دو(۲) اوقیہ) دو درہم میں۔ جب حضور اکرم ﷺ مقام صرار پر پہنچے تو آپ نے حکم دیا اور گائے ذبح کی گئی اور لوگوں نے اس کا گوشت کھایا، پھر جب آپ مدینہ منورہ

پہنچے تو مجھے حکم دیا کہ پہلے مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھوں اس کے بعد مجھے میرے اونٹ کی قیمت وزن کر کے عنایت فرمائی۔ ❶

۳۳۱) حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةَ عن محارب دثار عن جابر قال قَدِمْتُ مِنْ سَفَرٍ فَقَالَ النَّبِیُّ لَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ۔ صِرَارٌ: مَوْضِعٌ حِيَةٌ بِالْمَدِيْنَةِ

۳۳۳۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے محارب بن دثار نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں سفر سے واپس مدینہ پہنچا تو حضور اکرم ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو۔ صرار، اطراف مدینہ میں ایک جگہ کا نام ہے (مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر، جانب مشرق میں)۔

ب ۲۴۳ . فَرْضِ الْخُمُسِ

۲۴۳۔ مال غنیمت میں سے (بیت المال کے لئے) پانچویں حصے (خمس) کی فرضیت۔

۳۳۴) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اخبرنا عبدالله اخبرنا نس عن الزهری قال اخبرنی علی بن الحسین حُسَيْنَ بن علی عَلَيْهِمَا السَّلَامُ اخبره اَنَّ عليًا كَانَتْ لِيْ شَارِفٌ مِنْ نَصِيْبِيْ مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ رٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَانِيْ ارِفًا مِنَ الْخُمُسِ فَلَمَّا اَرَدْتُ ان اَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ ت رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعَدْتُ حُلًا صَوَّاغًا مِن بَنِي قَيْنُقَاعَ اَنْ يَرْتَحِلَ مَعِيَ تِيَ بِاِذْخِرٍ اَرَدْتُ اَنْ اَبِيْعَهُ الصَّوَّاغِيْنَ وَاَسْتَعِيْنَ فِي وَلِيْمَةِ عُرُسِيْ فَبَيْنَا اَنَا اَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ مَتَاعًا نَ الْاَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ وَشَارِفَايَ مُنَاخَتَانِ ى جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ رَجَعْتُ حِيْنَ معْتُ مَاجَمَعْتُ فَاِذَا شَارِفَايَ قَدْ اجْتُبَّ نِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُ هُمَا وَاُخِذَ مِنْ بَادِهِمَا فَلَمْ اَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِيْنَ رَاَيْتُ ذٰلِكَ مَنْظَرَ مِّنْهُمَا فَقُلْتُ مَنْ فَعَلَ هٰذَا فَقَالُوْا فَعَلَ مْزَةُ بْنُ عَبْدُالْمُطَّلِبِ وَهُوَ فِي هٰذَا الْبَيْتِ فِي

۳۳۴۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا انہیں علی بن حسین نے خبر دی اور انہیں حسین بن علی علیہما السلام نے خبر دی کہ علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، جنگ بدر کے مال غنیمت سے میرے حصے میں ایک اونٹنی آئی تھی اور نبی کریم ﷺ نے بھی مجھے ایک اونٹنی خمس کے مال میں سے دی تھی پھر جب میرا ارادہ ہوا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ کو رخصت کرا کے لاؤں تو بنی قینقاع کے ایک صاحب سے جو سنار تھے، میں نے یہ طے کیا کہ وہ میرے ساتھ چلیں اور ہم اذخر گھاس (تلاش کر کے) لائیں (جو سناروں کے کام آتی ہے) میرا ارادہ یہ تھا کہ میں وہ گھاس سناروں کو بیچ دوں گا اور اس کی قیمت سے ولیمہ کی دعوت کروں گا، ابھی میں ان دونوں اونٹنیوں کا سامان، کجاوے ٹوکریاں، اور رسیاں جمع کر رہا تھا اور یہ دونوں اونٹنیاں ایک انصاری صحابی کے گھر کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں کہ جب سارا سامان اکٹھا کر کے واپس آیا تو یہ منظر میرے سامنے تھا کہ میری دونوں اونٹنیوں کے کوہان کاٹ دیئے گئے تھے اور ان کے کولہے چیر کر اندر سے کلیجی نکال لی گئی تھی جب میں نے یہ منظر دیکھا تو میں اپنے آنسوؤں کو نہ روک سکا میں نے پوچھا یہ سب کچھ کس نے کیا ہے؟ تو لوگوں نے بتایا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی یہ عادت تھی کہ سفر میں روزہ نہیں رکھتے تھے نہ فرض نہ نفل۔ البتہ جب گھر پر مقیم ہوتے تو بکثرت روزے رکھا کرتے مطلب یہ ے کہ اگر چہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی عادت حالت اقامت میں بکثرت روزے رکھنے کی تھی لیکن جب آپ سفر سے واپس آتے تو دو ایک دن اس خیال سے روزہ ں رکھتے تھے کہ مزاج پرسی کے لئے لوگ آئیں گے اور ان کی ضیافت ضروری ہے۔

شَرْبٌ من الْاَنصارِ فانطلقتُ حتّٰی اَدْخُلَ عَلٰی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَه' زَیْدُ بْنُ حَارِثَةَ فعرف النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی وَجْهِیَ الَّذِی لَقِیْتُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَالَکَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا رایتُ کَالیَوْمِ قَطُّ عَدَا حَمْزَةُ علی نَاقَتَیَّ فَاَجَبَّ اَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا وَهَاهُوَ ذَافِیْ بَیْتٍ مَعَه' شَرْبٌ فَدَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِرِدَائِهٖ فارْتَدیٰ ثُمَّ انطَلَقَ یَمْشِیْ وَا تْبَعْتُه' اَنَا وَزَیْدُ بْنُ حَارِثَةَ حَتّٰی جَاءَ البیتَ الَّذِی فِیْهِ حَمْزَةُ فَاسْتَاْذَنَ فَاَذِنُوالَهُمْ فَاِذَاهُمْ شَرْبٌ فَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَلُوْمُ حَمْزَةَ فِیْمَا فَعَلَ فَاِذَا حَمْزَةُ قَدْ ثَمِلَ مُحْمَرَّةً عَیْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ اِلٰی رُکْبَتِهٖ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ اِلٰی سُرَّتِهٖ ثُمَّ صَعَّدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ اِلٰی وَجْهِهٖ ثُمَّ قَالَ حمزة هَلْ اَنْتُمْ الاعَبِیْدٌ لِاَبِیْ فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه' قَدْ ثَمِلَ فَنَکَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی عَقِبَیْهِ الْقَهْقَرٰی وَخَرَجْنَا مَعَه'

کہ حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبدالمطلبؓ نے۔ اور وہ اسی گھر میں کچھ انصار کے ساتھ شراب کی محفل جمائے بیٹھے ہیں۔ میں وہاں سے واپس آ گیا اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ کی خدمت میں اس وقت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، حضور اکرم ﷺ مجھے دیکھتے ہی سمجھ گئے کہ کوئی بات ضرور پیش آئی ہے اس لئے آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا ہوا؟ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! آج جیسا صدمہ مجھے کبھی نہیں ہوا تھا حمزہ (رضی اللہ عنہ) نے میری دونوں اونٹنیوں پر ہاتھ صاف کر دیا، دونوں کے کوہان کاٹ ڈالے اور ان کے کولہے چیر ڈالے، ابھی وہ اسی گھر میں شراب کی محفل میں موجود ہیں، نبی کریم ﷺ نے اپنی چادر مانگی، اور اسے اوڑھ کر چلنے لگے میں اور زید بن حارثہ بھی آپ کے پیچھے ہو لئے، آخر جب وہ گھر آ گیا جس میں حمزہ رضی اللہ عنہ موجود تھے تو آپ ﷺ نے اندر آنے کی اجازت چاہی، اور اندر موجود لوگوں نے آپ کو اجازت دے دی شراب کی مجلس جمی ہوئی تھی حمزہ رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا تھا اس پر رسول اللہ ﷺ انہیں ملامت کرنے لگے، حمزہ رضی اللہ عنہ کی آنکھیں شراب کے نشے میں مخمور اور سرخ تھیں وہ نظر اٹھا کر حضور اکرم ﷺ کو دیکھنے لگے، پھر نظر ذرا اور اوپر اٹھائی پھر آنحضور ﷺ کے گھٹنوں پر نظر لے گئے اس کے بعد نگاہ اور اٹھا کے آپ ﷺ کی ناف کے قریب دیکھنے لگے پھر چہرے پر نظر جمادی اور کہنے لگے، تم سب میرے باپ کے غلام ہو، حضور اکرم ﷺ نے جب محسوس کیا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ نشے میں ہیں تو آپ الٹے پاؤں واپس آ گئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ نکل آئے (حدیث پہلے گزر چکی ہے واقعہ شراب کی حرمت نازل ہونے سے پہلے کا ہے۔)

(۳۳۵) حَدَّثَنَا عبدُالعزیز ابن عبداللّٰه حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ عن صالحٍ عن ابن شهابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عروةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّ عَآئشَةَ امَّ المؤمنین رَضِیَ اللّٰه عنها اَخْبَرَتْهُ اَنَّ فاطمةَ عَلَیْهَا السَّلَامُ ابْنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سالت اَبَابَکْرٍ الصدِّیْقَ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَقْسِمَ لها مِیراثَهَا مِمَّا تَرَکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَقَالَ

۳۳۵۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی اور انہیں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مطالبہ کیا تھا کہ آنحضور ﷺ کے اس ترکہ سے انہیں ان کی میراث کا حصہ ملنا چاہئے جو اللہ تعالیٰ نے آنحضور ﷺ کو فئی کی صورت میں دیا تھا، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ آنحضور ﷺ نے (اپنی حیات میں) فرمایا تھا کہ ہماری (انبیاء علیہم السلام کی) میراث تقسیم نہیں ہوتی

لَهَا اَبُوْبَكْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَانُوْرَثُ مَاتَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَغَضِبَتْ فَاطِمَةُ بنت رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَجَرَتْ اَبَابكر فَلَمْ تَزَلْ مُهَاجِرَتَه، حَتّٰى تُوُفِّيَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ قَالَتْ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَسْاَلُ اَبَابَكْرٍ نَصِيْبَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ وَفَدَكَ وَصَدَقَتَهُ' بالمَدِيْنَةِ فَاَبٰى اَبُوْبَكْرٍ عَلَيْهَا ذٰلِكَ وَ قَالَ لَسْتُ تَارِكًا شيئًا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ الاعَمِلْتُ بِهِ فَاِنِّي اَخْشٰى اِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ اَمْرِهِ اَنْ اَزِيْغَ فَاَمَّا صَدَقَتُه' بِالْمَدِيْنَةِ فَدَ فَعَهَا عمرُ اِلٰى علي وَعَبَّاسٍ وَاَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكٌ فَاَمْسَكَهَا عمرُوَ قال هُمَا صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كانتا لِحُقُوْقِهِ التي تَعْرُوْه ونوائبه وَاَمْرُهُمَا اِلٰى مَنْ وَلِيَ الْاَمْرَ قال فَهُمَا على ذٰلِكَ اِلَى اليومِ

ہمارا ترکہ صدقہ ہے، فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے تعلقات منقطع کر لئے۔ یہ انقطاع ان کی وفات تک رہا آپ رضی اللہ عنہا رسول اللہ کے بعد چھ مہینے زندہ رہی تھیں، عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کے خیبر اور فدک اور مدینہ کے صدقے کا مطالبہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کیا تھا، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اس سے انکار تھا، انہوں نے کہا کہ میں کسی بھی ایسے عمل کو نہیں چھوڑ سکتا جسے رسول اللہ ﷺ اپنی زندگی میں کرتے رہے ہوں میں ہر ایسے عمل کو ضرور کروں گا۔ مجھے ڈر ہے کہ اگر میں نے حضور اکرم ﷺ کا کوئی عمل بھی چھوڑا تو میں حق سے منحرف ہو جاؤں گا (عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ) پھر آنحضور کا مدینہ کا جو صدقہ تھا وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی اور عباس رضی اللہ عنہما کو (اپنے عہد خلافت میں) دے دیا (ان کی ملکیت میں نہیں بلکہ صرف انتفاع کے لئے ان کے عمومی حق کے مطابق) البتہ خیبر اور فدک کی جائداد عمر رضی اللہ عنہ نے کسی کو نہیں دی اور فرمایا کہ دونوں رسول اللہ ﷺ کا صدقہ ہیں اور ان حقوق کے لئے جو وقتی طور پر پیش آتے تھے یا وقتی حادثات کے لئے خاص تھا، حضور اکرم ﷺ نے ان کے انتظامات پر خلیفہ کو مختار بنایا تھا، زہری نے بیان کیا، چنانچہ ان دونوں جائدادوں کا انتظام آج تک اسی طرح ہوتا چلا آتا ہے۔

(۲۳۶) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ محمدِ الفَرْوِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ انسٍ عن شهابٍ عن مَالك بن اَوسِ بن الحَدَثَانِ وَكَانَ محمدُ بْنُ جبير ذَكَرَ لِيْ ذِكْرًا من حديثِهِ ذٰلِكَ فَانْطَلَقْتُ حتى اَدْخُلَ عَلٰى مَالِكِ بْنِ اوس فَسَاَلْتُه' عَنْ ذٰلِكَ الحديثِ فقال مَالِكٌ بَيْنَا اَنَاجَا لِسٌ فِي اَهْلِي حِيْنَ مَتَعَ النَّهَارُ اِذَا رَسُوْلُ عمرَ بنِ الخطاب يا تِيْنِي قال اَجِبْ.امير المئومنين فا نطلقت مَعَه' حَتّٰى اَدْخُلَ عَلٰى عُمَرَ فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ عَلٰى رمال سَرِيرٍ لَيْسَ بينه وبينه' فِرَاشٌ مُتَّكِئٌ عَلٰى وِسَادَةٍ من اَدَمٍ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ ثُمَّ جلستُ فقال يامالِ اِنَّه' قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ قَوْمِكَ اَهْلُ ابياتٍ وقد اَمَرْتُ فِيْهِمْ بِرَضْخٍ فَاقْبِضْهُ

۲۳۶۔ ہم سے اسحاق بن محمد فروی نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن انس نے، ان سے ابن شہاب نے ان سے مالک بن اوس بن حدثان نے (زہری نے بیان کیا کہ) محمد بن جبیر نے مجھ سے (اسی آنے والی حدیث کا ذکر کیا تھا اس لئے میں نے مالک بن اوس کی خدمت میں خود حاضر ہو کر ان سے اس حدیث کے متعلق (مزید علم ویقین کے لئے) پوچھا، انہوں نے بیان کیا کہ دن چڑھ آیا تھا اور میں اپنے گھر والوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ اتنے میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا قاصد میرے پاس آیا اور کہا کہ، امیر المومنین آپ کو بلا رہے ہیں۔ میں قاصد کے ساتھ ہی چلا گیا اور عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کھجور کی شاخوں سے بنی ہوئی ایک چارپائی پر بیٹھے تھے جس پر کوئی بستر وغیرہ بھی نہیں بچھا تھا اور ایک چمڑے کے تکیئے پر ٹیک لگائے ہوئے تھے، میں سلام کر کے بیٹھ گیا، پھر آپ نے فرمایا، مالک! تمہاری قوم کے کچھ لوگ

اَقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ فَقُلْتُ يَااميرَالمؤمِنِيْنَ لَوْاَمَرْتَ بِهٖ
غَيرِيْ فقال اقبُضه اَيُّهَا الْمَرْءُ فَبَيْنَا اَنَا جالِسٌ
عِنْدَه' اَتَاهُ حَاجِبهُ يَرْفَا فقال هل لَکَ فی عُثمَانَ
وعبدِالرحمٰن بنِ عوفٍ والزبيرِ وسعدِ بن ابی
وقاص يَسْتَاذِنُونَ قَالَ نَعَمْ فَاذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا
فَسَلَّمُوْا وَجَلَسُوْا ثُمَّ جَلَسَ يَرْفَا يَسِيرًا ثُمَّ قَالَ هل
لَکَ فی علی وعباسٍ قال نعم فاذِنَ لهم فَدَخَلاَ
فَسَلَّمَا فَجَلَسَا فَقَالَ عَباسُ يااميرالمؤمنين اِقْضِ
بَيْنِي وَبَيْنَ هٰذَا وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فِيمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی
رَسُوْلِهٖ من بنی النضيرِ فقال الرهطُ عثمانُ واصحابُهٗ
يااميرالمؤمنين اقضِ بينهما واَرِحْ احدهما مِنَ
الاٰخر قال عمر تَيْدَکُمْ، انشدکم باللّٰه الذی باذنه
تقوم السماء والارض هل تعلمون ان رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال "لانورث ماترکنا
صدقة" يريد رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نفسه؟ قال الرهط قد قال ذلک فاقبل عمرؓ علٰی
علیؓ وعباسؓ فقال انشدکما اللّٰه أتعلمان ان
رسول اللّٰه قد قالاذلک قالا: قدقال ذلک قال
عمرفانی احدثکم عن هذاالامر ان اللّٰه قد خص
رسوله صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فی هذا الفیٔ بشیٔ لم
يعطه احداغيره ثم قرأ "وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ
مِنْهُمْ"الی قوله قَدِيْرٌ فکانت هذه خالصةً لِرَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واللّٰه مااحتازها دُونکم
ولااستأ ثَرَ بها عليکم قد اعطا کموه وبثها فيکم
حتّٰی بقی منها هذاالمالُ فکان رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ينفق علی اهله نفقة سنتهم من
هذا المال ثم يأخذمابقی فيجعله مَجْعَلَ مالِ اللّٰه
فَعَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بذلک
حياتَهٗ انشدکم باللّٰه هل تعلمون ذلک قالوا نعم
ثم قال لعلیّ وعباس انشدکما باللّٰه هل تعلمان

میرے پاس آئے تھے (اور قحط اور فقر وفاقہ کی شکایت کر رہے تھے می
نے ان کے لئے ایک معمولی سے عطیے کا فیصلہ کرلیا ہے تم اسے اپنی نگرا
میں قوم کے درمیان تقسیم کرادو، میں نے عرض کیا یا امیر المومنین! اگر آ
اس کام پر کسی اور کو مامور فرمادیتے تو بہتر تھا، لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ
اصرار کیا کہ نہیں اپنی ہی تحویل میں کام لے لو، ابھی میں وہیں حاضر تھا ک
امیر المومنین کے حاجب یرفا آئے اور کہا کہ عثمان بن عفان، عبدالرحم
بن عوف، زبیر بن عوام اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم اندر آنے ک
اجازت چاہتے ہیں۔ کیا آپ کی طرف سے اجازت ہے؟ عمر رضی اللہ
عنہ نے فرمایا کہ ہاں انہیں اندر بلالو آپ کی اجازت پر یہ لوگ داخل
ہوئے اور سلام کر کے بیٹھ گئے۔ یرفا بھی تھوڑی دیر بیٹھے رہے اور پھر اند
آ کر عرض کیا، کیا علی اور عباس رضی اللہ عنہما کو اندر آنے کی اجازت ہے
آپ نے فرمایا کہ ہاں انہیں بھی اندر بلالو، آپ کی اجازت پر یہ حضرات
بھی اندر تشریف لائے اور سلام کر کے بیٹھ گئے، عباس رضی اللہ عنہ نے
فرمایا، یا امیر المومنین! میرا اور ان کا فیصلہ کر دیجئے، ان حضرات کا نزا
اس فئی کے بارے میں تھا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو بنی نضی
کے اموال میں سے (خمس کے طور پر) عنایت فرمائی تھی اس پر حضرت
عثمان اور ان کے ساتھ جو صحابہ رضی اللہ عنہم تھے انہوں نے کہا، امیر
المومنین! ان دونوں حضرات میں کوئی فیصلہ فرمادیجئے، اور معاملہ ختم کر
دیجئے، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اچھا تو پھر ذرا صبر کیجئے، میں آپ لوگوں
سے اس اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین
قائم ہیں کیا آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا ک
"ہماری وراثت تقسیم نہیں ہوتی، جو کچھ ہم (انبیاء) چھوڑ کر جاتے ہیں و
صدقہ ہوتا ہے، جس سے حضور اکرم ﷺ کی مراد (تمام دوسرے انبیاء علیہم
السلام کے ساتھ) خود اپنی ذات بھی تھی؟ ان حضرات نے تصدیق کی ک
آنحضور ﷺ نے یہ حدیث فرمائی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اب می
آپ لوگوں سے اس مسئلہ پر گفتگو کروں گا (جو مابہ النزاع بنا ہوا ہے) ی
واقعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کے لئے اس فئی کا ایک
حصہ مخصوص کر دیا تھا جسے آنحضور ﷺ نے بھی کسی دوسرے کو نہیں دیا تھ
پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی "ماافاء اللّٰه علیٰ رسول
منھم" سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "قدیر" تک (جس میں اس تخصیص کا ذکر

ذلک قال عمرؓ ثم تَوَفَّى اللّٰه نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال ابوبكرٍ انا ولی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَهَا ابوبكر فعمل فيها بما عمل رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والله يَعْلَمُ اِنَّهٗ فِيْهَا لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تابعٌ لِلْحَقِّ ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ اَبَابَكْرٍ فَكُنْتُ اَنَا وَلِيُّ اَبِيْ بَكْرٍ فَقَبَضْتُهَا سَنَتَيْنِ من اِمَا رَتِيْ اَعْمَلُ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا عَمِلَ فِيْهَا اَبُوبَكْر واللّٰهُ يَعْلَمُ اِنِّي فِيْهَا لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ ثُمَّ جِئْتُمَانِيْ تُكَلِّمَانِيْ وَكَلِمَتُكُمَا وَاحِدَةٌ وَاَمْرُكُمَا وَاحِدٌ جِئْتَنِيْ يَاعَبَّاسُ تَسْئَالُنِيْ نَصِيْبَكَ مِنِ ابْنِ اَخِيْكَ وَجَاء نِيْ هٰذَا يُرِيْدُ عَلِيًّا يُرِيْدُ نَصِيْبَ امْرَاَتِهٖ مِنْ اَبِيْهَا فَقُلْتُ لَكُمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَلَمَّا بَدَالِي اَنْ اَدْفَعَهٗ اِلَيْكُمَا قُلْتُ ان شِئْتُمَا دَفَعْتُهَا اِلَيْكُمَا عَلٰى اَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَاللّٰهِ ومِيْثَاقَهٗ لَتَعْمَلَانِّ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَا عَمِلَ فِيْهَا اَبُوبَكْرٍ وَبِمَا عَمِلْتُ فِيْهَا مُنْذُوَلِيْتُهَا فَقُلْتُمَا اِدْفَعْهَا اِلَيْنَا فَبِذٰلِكَ دَفَعْتُهَا اِلَيْكُمَا فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا اِلَيْهِمَا بِذٰلِكَ قَالَ الرَّهْطُ نَعَم ثُمَّ اَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ فَقَالَ اَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ دَفَعْتُهَا اِلَيْكُمَا بِذٰلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ فَتَلْتَمِسَانِ مِنِّيْ قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ فَوَاللّٰهِ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ لَااَقْضِيْ فِيْهَا قَضَاءً غَيْرَ ذٰلِكَ فَاِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَادْفَعَاهَا اِلَيَّ فَاِنِّيْ اَكْفِيْكُمَاهَا

ہے) اور وہ حصہ آنحضور ﷺ کے لئے خاص رہا، خدا گواہ ہے میں نے وہ حصہ کوئی اپنے لئے مخصوص نہیں کر لیا ہے اور نہ میں آپ لوگوں کو نظر انداز کر کے اس حصہ کا تنہا مالک بن گیا ہوں، فئی کا مال آنحضور ﷺ خود سب کو عطا فرماتے تھے اور سب میں اس کی تقسیم ہوتی تھی، بس صرف یہ مال اس میں سے باقی رہ گیا تھا اور آنحضور ﷺ اس سے اپنے گھر والوں کو سال بھر کا خرچ دے دیا کرتے تھے اور اگر کچھ تقسیم کے بعد باقی بچ جاتا تو اسے اللہ کے مال کے مصرف میں خرچ کر دیا کرتے تھے (رفاع عام اور دوسرے دینی مصالح میں) آنحضور ﷺ نے اپنی پوری زندگی میں اس مال کے معاملے میں یہی طرز عمل رکھا، اللہ کا واسطہ دے کر آپ حضرات سے پوچھتا ہوں کیا آپ لوگوں کو یہ بات معلوم ہے؟ سب حضرات نے کہا ہاں، پھر عمر رضی اللہ عنہ نے علی اور عباس رضی اللہ عنہما کو خاص طور سے مخاطب کیا اور ان سے پوچھا، میں آپ حضرات سے بھی اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں، کیا اس کے متعلق آپ لوگوں کو معلوم ہے؟ دونوں حضرات نے اثبات میں جواب دیا، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو اپنے پاس بلا لیا اور ابوبکرؓ نے (جب ان سے تمام مسلمانوں نے بیعت خلافت کر لی) فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ ہوں اور اس لئے انہوں نے (آنحضور ﷺ کے اس مخصوص) مال پر قبضہ کیا اور جس طرح آنحضور ﷺ اس میں تصرفات کیا کرتے تھے انہوں نے بھی بالکل وہی طرز عمل اختیار کیا۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ وہ اپنے اس طرز عمل میں سچے مخلص، نیکوکار اور حق کی پیروی کرنے والے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بھی اپنے پاس بلا لیا اور اب میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نائب مقرر ہوا، میری خلافت کو دو سال ہو گئے ہیں اور میں نے بھی اس مال کو تحویل میں رکھا ہے جو تصرفات رسول اللہ ﷺ کیا کرتے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اس میں کیا کرتے تھے، میں نے بھی خود کو اسی کا پابند بنایا اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اپنے اس طرز عمل میں سچا مخلص اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں، پھر آپ دونوں حضرات میرے پاس مجھ سے گفتگو کرنے آئے تھے اور دونوں حضرات کا معاملہ یکساں ہے، جناب عباس! آپ تو اس لئے تشریف لائے تھے کہ آپ کو اپنے بھتیجے (ﷺ) کی میراث کا دعویٰ میرے سامنے پیش کرنا تھا اور آپ (عمر رضی اللہ عنہ) کا خطاب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے تھا۔

اس لئے تشریف لائے تھے کہ آپ کو اپنی بیوی (فاطمہ رضی اللہ عنہا) کا دعویٰ پیش کرنا تھا کہ ان کے والد (رسول اللہ ﷺ) کی میراث انہیں ملنی چاہئے، میں نے آپ دونوں حضرات سے عرض کر دیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ خود فرما گئے ہیں کہ ہماری میراث تقسیم نہیں ہوتی، جو کچھ ہم چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے لیکن پھر جب میرے سامنے یہ صورت آئی کہ مال آپ لوگوں کے انتظام میں (ملکیت میں نہیں) منتقل کر دوں تو میں نے آپ لوگوں سے یہ کہہ دیا تھا کہ اگر آپ لوگ چاہیں تو مال مذکور آپ لوگوں کے انتظام میں منتقل کر سکتا ہوں، لیکن آپ لوگوں کے لئے ضروری ہوگا کہ اللہ کے عہد اور اس کے میثاق پر مضبوطی سے قائم رہیں اور اس مال میں وہی مصارف باقی رکھیں جو رسول اللہ ﷺ نے متعین کئے تھے اور جن پر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اور میں نے، جب سے مسلمانوں کا والی بنایا گیا، عمل کیا، آپ لوگوں نے اس پر کہا کہ مال ہمارے انتظام میں دے دیں اور میں نے اسی شرط پر اسے آپ لوگوں کے انتظام میں دے دیا اب میں آپ حضرات سے خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں، میں نے انہیں وہ مال اسی شرط پر دیا تھا نا؟ عثمان رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھ آنے والے حضرات نے کہا کہ جی ہاں اسی شرط پر دیا تھا اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ، عباس اور علی رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ میں آپ حضرات سے بھی خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں، میں نے آپ لوگوں کو وہ مال اسی شرط پر دیا تھا؟ ان دونوں حضرات نے بھی یہی کہا کہ جی ہاں، (اسی شرط پر دیا تھا) عمر رضی اللہ عنہ نے پھر فرمایا، کیا اب آپ حضرات مجھ سے کوئی اور فیصلہ چاہتے ہیں؟ اس اللہ کی قسم جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں اس کے سوا میں اس معاملے میں کوئی دوسرا فیصلہ نہیں کر سکتا اور اگر آپ لوگ اس مال کے (شرط کے مطابق) انتظام پر قادر نہیں تو مجھے واپس کر دیجئے میں خود اس کا انتظام کر لوں گا۔ (1)

---

(1) اس طویل روایت میں یہ ملحوظ رہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی ناراضگی، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے وراثت کے مسئلہ پر نہیں ہوئی تھی، کیونکہ یہ سب کو معلوم ہو گیا تھا کہ خود آنحضور ﷺ نے اس کی نفی پہلے ہی کر دی تھی کہ انبیاء کی وراثت تقسیم نہیں ہوتی اور تمام صحابہؓ نے اسے مان بھی لیا تھا، خود حضرت فاطمہ، حضرت علی، حضرت عباس رضی اللہ عنہم سے بھی کسی موقعہ پر اس کی نفی منقول نہیں بلکہ نزاع صرف اس مال کے انتظام و انصرام کے معاملہ پر ہوا تھا یہی وجہ تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا انتظام اہل بیت رضوان اللہ علیہم کے ہاتھ میں بھی دے دیا تھا اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے قطع تعلق کر لیا تھا اور اپنی وفات تک ناراض رہی تھیں، مشہور روایات میں اسی طرح ہے (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

باب ۲۴۴. اَداء الْخُمس مِنَ الدِّيْنِ

۲۴۴۔ خمس کی ادائیگی دین کا جزء ہے۔

(۳۳۷) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَان حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ الضُّبَعِي قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنهما يَقُوْلُ قَدِمَ وَفْدُ عبدالقيس فَقَالوا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا هٰذَا الحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ فَلَسْنَا نَصِلَ اِلَيْكَ اِلَّا فِى الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَمُرْنَا بِاَمْرِنَاْ خُذُ مِنْهُ وَنَدْعُوْا اليه مَنْ وَرَءَ نَا قَالَ اٰمُرُكُمْ بِاَرْبَعٍ وَاَنْهَاكُمْ عن اَرْبَعِ اَلْاِيْمَانِ بِاللّٰه شَهَادَةِ اَنْ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَعَقَدَ بِيَدِهٖ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَاَنْ تُؤَدُّوااللّٰهَ خُمُسَ مَاغَنِمْتُمْ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيْرِ وَالحَنْتَمِ والمُزَفَّتِ

۳۳۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے ابوحمزہ ضبعی نے بیان کیا کہ انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا تھا، آپ بیان کرتے تھے کہ قبیلہ عبدالقیس کا وفد (خدمت نبوی ﷺ میں) حاضر ہوا، اور عرض کی یارسول اللہ! ہمارا تعلق قبیلہ ربیعہ سے ہے اور قبیلہ مضر کے کفار ہمارے اور آپ کے درمیان میں پڑتے ہیں (اس لئے ان کے خطرے کی وجہ سے ہم لوگ بار بار آپ کی خدمت میں حاضری نہیں دے سکتے، بلکہ ہم آپ کی خدمت میں صرف حرمت والے مہینوں میں حاضر ہو سکتے ہیں، پس آنحضور ﷺ ہمیں کوئی ایسا واضح حکم عطا فرما دیں جس پر ہم خود بھی مضبوطی سے قائم رہیں اور جو لوگ ہمارے ساتھ نہیں آ سکتے ہیں انہیں بھی بتا دیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور چار چیزوں سے روکتا ہوں (میں تمہیں حکم دیتا ہوں) اللہ پر ایمان لانے کا کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، نماز قائم کرنے کا، زکوٰۃ دینے کا، رمضان کے روزے رکھنے کا، اور اس بات کا کہ جو کچھ بھی تمہیں غنیمت ملے اس میں سے پانچواں حصہ (خمس) اللہ کے لئے نکال لیا کرنا اور تمہیں میں دباء، نقیر، حنتم اور مزفت کے استعمال سے روکتا ہوں۔

باب ۲۴۵. نَفَقَةِ نِسَاء النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ وفاتِهٖ

۲۴۵۔ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد ازواج مطہرات کا نفقہ۔

(۳۳۸) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ يوسفَ اَخْبَرَنَا مالكٌ عَنْ ابى الزّناد عن الاعرج عن ابى هريرة رضى اللّٰه عنه ان رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقْتَسِمُ وَرَثَتِى دِيْنَارًا مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِى وَمُؤْنَةِ عَامِلِى فَهُوَ صَدَقَةٌ

۳۳۸۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی انہیں ابوالزناد نے، انہیں اعرج نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میری وراثت دینار کی صورت میں تقسیم نہیں ہوگی، اپنی ازواج کے نفقہ اور اپنے عاملوں (جو اسلامی حکومت کی طرف سے مختلف اطراف میں متعین تھے) کی تنخواہ کے بعد جو کچھ بچ جائے، وہ صدقہ ہے۔

(۳۳۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰه بنُ ابى شيبة حَدَّثَنَا

۳۳۹۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) لیکن بعض روایات سے ثابت ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ناراض ہوئیں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں پہنچے اور اس وقت تک نہیں اٹھے جب تک وہ راضی نہیں ہو گئیں، معتبر مصنفین نے اس کی توثیق بھی کی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ صحابہ کی زندگی خصوصاً حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سیرت سے یہی طرز عمل زیادہ جوڑ بھی کھاتا ہے۔

[1] یعنی جس طرح اسلامی حکومت کے عاملوں کی تنخواہیں دی جائیں گی۔ ازواج مطہرات کا نفقہ بھی اسی طرح بیت المال سے دیا جائے گا۔

اَبُواُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيهِ عن عَآئِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَافِي بَيْتِي من شيءٍ يَاكُلُه' ذُوْكَبِدٍ اِلَّاشَطْرُ شَعِيرٍ فِي رَفٍّ لِي فَاَكَلْتُ مِنْهُ حَتّٰى طَالَ عَلَيَّ فَكِلتُه' فَفَنِيَ

نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو میرے گھر میں تھوڑے سے جو کے سوا جو ایک طاق میں رکھے ہوئے تھے، اور کوئی چیز ایسی نہیں تھی جو کسی انسان کی خوراک بن سکتی، میں اسی میں سے کھاتی رہی اور بہت دن گزر گئے، پھر میں نے اس میں سے ناپ کر نکالنا شروع کیا تو جلدی ختم ہو گئے۔

(۳۴۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عن سُفيانَ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُواِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ عمرو بنَ الْحَارِثِ قَالَ مَاتَرَكَ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا سَلَاحَه' وَبغلَتَه الْبَيْضَاء وَاَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً

۳۴۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے کہا کہ مجھ سے ابو اسحاق نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے (اپنی وفات کے بعد) اپنے ہتھیار، ایک سفید خچر اور ایک زمین جو آپ کی طرف سے صدقہ تھی کے سوا اور کوئی ترکہ نہیں چھوڑا تھا۔

باب ۲۴۶. مَاجَآءَ فِي بُيُوتِ اَزوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا نُسِبَ مِنَ البيوتِ اليهِنَّ و قول اللّٰه تعالىٰ وَقَرْنَ فِيْ بُيُوتِكُنَّ۔ ولَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآاَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ

۲۴۶۔ نبی کریم ﷺ کی ازواج کے گھر، اور یہ کہ ان گھروں کی نسبت ازواج مطہرات کی طرف کی گئی ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "تم لوگ (ازواج مطہرات) اپنے گھروں ہی میں رہا کرو" اور نبی کے گھر میں اس وقت تک نہ داخل ہو" جب تک تمہیں اجازت نہ ملے۔"

(۳۴۱) حَدَّثَنَا حَبَّانُ بنُ موسىٰ ومحمدٌ قالا اَخْبَرَنَا عبداللّٰه اخبرنا مَعْمَرٌ وَيُونسُ عن الزهرى قال اخبرنى عبيداللّٰه بن عبداللّٰه بن عتبه بن مسعود ان عَآئشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنها زوجَ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاذَنَ اَزوَاجَه' اَنْ يُمَرَّضَ فِي بَيْتِي فَاَذِنَّ لَه'

۳۴۱۔ ہم سے حبان بن موسیٰ اور محمد نے حدیث بیان کی کہا کہ ہمیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر اور یونس نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ (مرض الوفات میں) جب نبی کریم ﷺ کا مرض بہت بڑھ گیا تو آپ نے اپنی تمام ازواج سے اس کی اجازت چاہی کہ مرض کے ایام آپ میرے گھر میں گزاریں، اس کی اجازت آپ کو (ازواج مطہرات کی طرف سے) مل گئی تھی۔

(۳۴۲) حَدَّثَنَا ابنُ ابى مَرْيَمَ حَدَّثَنَا نَافِعٌ سَمِعْتُ ابنَ ابى مُلَيْكَةَ قَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي وَفِي نَوْبَتِي وَبَيْنَ سَحْرِيْ وَنَحْرِيْ وَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِي وَرِيْقِهٖ قَالَتْ دَخَلَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بِسِوَاكٍ فَضَعُفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ فَاَخَذْتُه' فَمَضَغْتُه' ثُمَّ سَنَنْتُه' بِهٖ

۳۴۲۔ ہم سے ابن ابی مریم نے حدیث بیان کی ان سے نافع نے، حدیث بیان کی، انہوں نے ابن ابی ملیکہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے گھر، میری باری کے دن، میری گردن اور سینے کے درمیان ٹیک لگائے ہوئے وفات پائی، اللہ تعالیٰ نے میرے تھوک اور آنحضور ﷺ کے تھوک کو ایک ساتھ جمع کر دیا تھا، بیان کیا (وہ اس طرح کہ) عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ، (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھائی) مسواک لئے ہوئے اندر آئے

حضور اکرم ﷺ اسے چبا نہ سکے اس لئے میں نے اسے اپنے ہاتھ میں لے لیا اور چبانے کے بعد اس سے آپ ﷺ کو مسواک کرائی۔

(۳۴۳) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بن عُفَيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي الليث قَالَ حَدَّثَنِي عبدُالرَّحمٰن بنُ خالدٍ عن ابنِ شهاب عن علي بن حسين اَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخبرته اَنَّهَا جاء تْ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزُوْرُه' وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي المسجدِ فِي العشرِ الْاواخِرِ من رَمْضَانَ ثُمَّ قَامَتْ تَنْقَلِبُ فَقَامَ مَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ قَرِيْبًا من بَابِ الْمَسْجِدِ عِنْدَ بَابِ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَرَّبِهِمَا رَجُلَانِ مِنَ الْانْصَارِ فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَفَذَا فَقَالَ لَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رِسْلِكُمَا قَالَا سُبْحَانَ اللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الْاِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ وَاِنِّي خَشِيْتُ اَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوْبِكُمَا شَيْئًا

۳۴۳۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عبدالرحمٰن بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے ان سے علی بن حسین نے کہ نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہانے انہیں خبر دی کہ آپ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں آنحضور ﷺ رمضان کے آخری عشرہ کا مسجد میں اعتکاف کئے ہوئے تھے پھر آپ واپس ہونے کے لئے اٹھیں تو آنحضور ﷺ بھی آپ کے ساتھ اٹھے آنحضور کی زوجہ مطہرہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دروازہ کے قریب جب آنحضور ﷺ پہنچے جو مسجد نبوی کے دروازے سے متصل تھا تو دو انصاری صحابی وہاں سے گزرے اور آنحضور ﷺ کو انہوں نے سلام کیا اور آگے بڑھنے لگے، لیکن آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا تھوڑی دیر کے لئے ٹھہر جاؤ (میرے ساتھ صفیہ رضی اللہ عنہا ہیں، یعنی کوئی دوسرا نہیں) ان دونوں حضرات نے عرض کیا سبحان اللہ، یا رسول اللہ! ان حضرات پر یہ معاملہ بڑا شاق گزرا (کہ آنحضور ﷺ ہماری طرف بھی اپنی ذات کے متعلق اس طرح کے شبہ کی امید رکھ سکتے ہیں، آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ شیطان انسان کے اندر اس طرح دوڑتا رہتا ہے جیسے جسم میں خون دوڑتا ہے اور مجھے یہی خطرہ ہوا کہ کہیں تمہارے دلوں میں بھی کوئی بات پیدا نہ ہو جائے۔

(۳۴۴) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بن منذرٍ حدثنا انسُ بنُ عِيَاضٍ عن عبيدِاللّٰهِ عن محمدِ بنِ يَحْيىٰ بن حَبَّانَ عَنْ وَاسِعِ بنِ حَبَّانَ عن عَبداللّٰه بن عُمَرَ رضى اللّٰه عنهما قال اِرْتَقَيْتُ فَوْقَ بَيْتِ حفصةَ فراء يتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِيْ حَاجَتَه' مُسْتَدْبِرَ الْقِبْلَةِ مُسْتَقْبِلَ الشَّامِ

۳۴۴۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی ان سے انس بن عیاض نے حدیث بیان کی ان سے عبید اللہ نے ان سے محمد بن یحییٰ بن حبان نے کہ ان سے واسع بن حبان نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں (ام المؤمنین) حفصہ رضی اللہ عنہا (ابن عمرؓ کی بہن) کے گھر کے اوپر چڑھا تو دیکھا کہ نبی کریم ﷺ قضاء حاجت کر رہے تھے، پشت مبارک قبلہ کی طرف تھی اور چہرہ مبارک شام کی طرف تھا (پھر آپ جلدی سے دیوار سے اتر گئے۔)

(۳۴۵) حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا انسُ بْنُ عياضٍ عن هشامٍ عَنْ ابيه اَنَّ عَائشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي العصر والشَّمْسُ لَمْ تَخرُجْ مِنْ

۳۴۵۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی ان سے انس بن عیاض نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ جب عصر کی نماز پڑھتے تو دھوپ ابھی ان کے حجرے میں باقی رہتی تھی۔

حُجْرَتِهَا

(۳۴۶) حَدَّثَنَا موسٰی بنُ اسماعیل حَدَّثَنا جُوَیْرِیَّةُ عن نافع عن عبداللّٰہ رَضِیَ اللّٰہُ عنهُ قَالَ قَالَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطِیْبًا فَاَشَارَنحوَ مَسْکَنِ عَآئِشَةَ فَقَالَ هُنَا الْفِتنَةُ ثَلٰثًا مِنْ حَیْثُ یَطْلُعُ قَرْنُ الشَّیْطَانِ

۳۴۶۔ ہم سے موسیٰ بن منذر نے حدیث بیان کی ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ اسی طرف سے (یعنی مشرق کی طرف سے) فتنے برپا ہوں گے، تین مرتبہ آپ نے اسی طرح فرمایا، جدھر سے شیطان کا سر نکلتا ہے (طلوع آفتاب کے ساتھ۔)

(۳۴۷) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہ بنُ یوسف اخبرنا مَالکٌ عن عبدِاللّٰہ بنِ ابی بَکرٍ عَنْ عَمْرَةَ ابنةَ عبدِالرحمٰن ان عَآئشَةَ زَوْجَ النَّبِی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمُ اخبرتْها اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمُ کان عِنْدَهَا وَاِنَّهَا سَمِعَتْ صَوْتَ اِنْسَانٍ یَسْتَاْذِنُ فِیْ بَیْتِ حَفْصَةَ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہ هٰذَا رَجُلٌ یَسْتَاْذِنُ فِیْ بَیْتِکَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمُ اُرَاه فُلَانًا لِعَمِّ حَفْصَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ۔ الرَّضَاعَةُ تُحَرِّمُ مَاتُحَرِّمُ الْوَلَادَةُ

۳۴۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن ابی بکرہ نے، انہیں عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ ان کے گھر میں تشریف رکھتے تھے، اس وقت انہوں نے سنا کہ کوئی صاحب حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں اندر آنے کی اجازت لے رہے تھے (عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ) میں نے عرض کیا، یا رسول! آپ دیکھتے نہیں، یہ شخص آپ کے گھر میں جانے کی اجازت چاہتا ہے آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ میرا خیال ہے، یہ فلاں صاحب ہیں، حفصہ کے رضاعی چچا! رضاعت بھی ان تمام چیزوں کو حرام کر دیتی ہے جنہیں ولادت حرام کرتی ہے۔

باب ۲۴۷. مَا ذُکِرَ من دِرْعِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وعَصَاہ وسَیفِهٖ وَقَدَحِهٖ وَخاتَمِهٖ وَمَا استَعْمَلَ الْخُلَفَاءُ بَعْدَہ، من ذٰلِکَ مِمَّا لم یُذْکَرْ قِسْمَتُه، وَمِنْ شَعْرِهٖ وَنَعْلِهٖ وَاٰنِیَتِهٖ مِمَّا یَتَبَرَّکُ اَصْحَابُه، وَغَیْرُهُمْ بَعْدَ وَفَاتِهٖ

۲۴۷۔ نبی کریم ﷺ کی زرہ، عصاء مبارک آپ کی تلوار، پیالہ اور انگوٹھی سے متعلق روایات۔ اور آپ کی وہ چیزیں جنہیں خلفاء نے آپ کی وفات کے بعد استعمال کیا، جن کا (صدقات کے طور پر) تقسیم میں ذکر نہیں آیا ہے، اور آپ کے بال، چپل اور برتن جن سے آپ کی وفات کے بعد آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم اور دوسرے لوگ تبرک حاصل کیا کرتے تھے۔

(۳۴۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ عبدِاللّٰہ الانصاریُ قال حَدَّثَنِی اَبِیْ عن ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ ان اَبَابکرٍ رضی اللّٰہ عَنْهُ لَمَّا اسْتُخْلِفَ بَعَثَه، اِلَی الْبَحْرَیْنِ وَکَتَبَ لَه، هٰذَا الْکِتَابَ وَخَتَمَه، بِخَاتَمِ النَّبِی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمُ وَکَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلٰثَةَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَرَسُوْلُ سَطْرٌ وَاللّٰہِ سَطْرٌ

۳۴۸۔ ہم سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی ان سے ثمامہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے جب ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے تو آپ نے انہیں (انس رضی اللہ عنہ کو) بحرین (عامل بنا کر) بھیجا اور یہ خط انہیں لکھا (جس کا دوسری طویل روایتوں میں ذکر ہے) اور اس پر نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کی مہر لگائی، مہر مبارک پر تین سطریں نقش تھیں، ایک سطر میں ''محمد'' دوسری میں ''رسول'' تیسری میں ''اللہ'' کندہ تھا۔

(۳۴۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ محمدٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ عبدِاللّٰه الاسدیُّ حدثنَا عِيسَى بْنُ طَهْمَانَ قَالَ اخرج اِلَيْنَا انسٌ نَعْلَيْنِ جَرْدَا وَيْنِ لَهُمَا قِبَالَانِ فَحَدَّثَنِي ثابتِ الْبُنَانِيُّ بَعْدُ عنْ انس اَنَّهُمَا نَعْلَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۴۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عبداللہ اسدی نے حدیث بیان کی، ان سے عیسیٰ بن طہمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ انس رضی اللہ عنہ بن مالکؓ نے ہمیں دو بوسیدہ چپل نکال کر دکھائے۔ جن میں دو تسمے لگے ہوئے تھے اس کے بعد پھر ثابت بنانی نے مجھ سے انس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کی کہ وہ دونوں چپل نبی کریم ﷺ کے تھے۔

(۳۵۰) حَدَّثَنِي محمدُ بنُ بشارٍ حدثنا عبدُالوهاب حدثنا ايوبُ عن حُمَيْد بنِ هَلَالٍ عن ابی بردةَ قال اخرجتْ الينا عَائشةُ رضی اللّٰهُ عنها كِسَاءً مُلَبَّدًا وقَالَتْ فی هٰذَا نُزِعَ رُوْحُ النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وزاد سليمانُ عن حميدٍ عن ابی بردةَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَيْنَا عَآئشَةُ اِزَارًا غَلِيْظًا مِمَّا يُصْنَعُ بالْيَمَنِ وكساءً من هٰذِهِ الَّتِی يَدْعُوْنَهَا الْمُلَبَّدَة

۳۵۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے حدیث بیان کی ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے ابو بردہ نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ہمیں ایک پیوند لگی ہوئی چادر نکال کر دکھائی اور فرمایا کہ اسی کپڑے میں نبی کریم ﷺ کی روح قبض ہوئی تھی اور سلیمان نے حمید کے واسطہ سے اضافہ کے ساتھ بیان کیا ہے کہ ابو بردہ نے فرمایا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یمن کی بنی ہوئی ایک موٹی ازار (تہبند) اور اسی طرح کی کساء (کرتے کی جگہ پہننے کا کپڑا) جسے لوگ ملبدہ کہتے تھے، ہمیں نکال کر دکھائی۔

(۳۵۱) حَدَّثَنَا عبدانُ عن ابی حمزةَ عن عاصمٍ عن ابن سيرينَ عن انس بنِ مالكٍ اَنَّ قَدَحَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْكَسَرَ فَاتَّخَذَ مَكَانَ الشَّعْبِ سِلْسِلَةً مِنْ فِضَّةٍ قَالَ عَاصِمٌ رايتُ الْقَدَحَ وَشَرِبْتُ فِيْهِ

۳۵۱۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی ان سے ابوحمزہ نے ان سے عاصم نے، ان سے ابن سیرین نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہ نبی کریم ﷺ کا پیالہ ٹوٹ گیا تو انہوں نے ٹوٹی ہوئی جگہوں کو چاندی سے جوڑ دیا، عاصم نے بیان کیا کہ میں نے وہ پیالہ دیکھا ہے اور اس میں، میں نے پانی بھی پیا ہے۔ (تبرکاً)

(۳۵۲) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ محمدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا يعقوبُ بنُ ا براهيمَ حَدَّثَنَا ابی ان الوليدَ بنَ كثيرٍ حدثه عن محمد بن عمرو بن حَلْحَلَةَ الدُّؤَلِي حَدَّثَهُ اَنَّ ابْنَ شهابٍ حَدَّثَه' اَنَّ عَلِيَّ ابنَ حسينٍ حدَّثَه' اَنَّهُمْ حِيْنَ قَدِمُوا المدينةَ مِنْ عندِ يزيدَ بن معاويةَ مَقْتَلَ حُسَيْنِ بن علی رحمة اللّٰه عليه لَقِيَه' الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ فَقَال لَه' هَلْ لَكَ اِلَيَّ من حَاجَةٍ تَامُرُنِي بِهَا فَقُلْتُ لَه' لَافَقَال لَه' فَهَلْ اَنْتَ مُعْطِيَّ سَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّي اخافُ اَنْ يَّغْلِبَكَ الْقَوْمُ عَلَيْهِ وَايْمُ اللّٰهِ لَئِنْ اَعْطَيْتَنِيْهِ لَايُخْلَصُ اِلَيْهِمْ اَبَدًا حَتّٰى تُبْلَغَ نَفْسِي اِنَّ

۳۵۲۔ ہم سے سعید بن محمد جرمی نے حدیث بیان کی ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ولید بن کثیر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عمرو بن حلحلہ دولی نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن حسین (امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ) نے حدیث بیان کی کہ جب آپ سب حضرات حسین بن علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے موقعہ پر یزید بن معاویہ کے یہاں سے (رہائی پاکر) مدینہ منورہ تشریف لائے تو مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے آپ سے ملاقات کی اور کہا اگر آپ کو کوئی ضرورت ہو تو مجھے حکم دیجئے (امام زین العابدین نے بیان کیا کہ) میں نے کہا مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے۔ تو پھر مسور رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تو کیا آپ مجھے رسول اللہ ﷺ کی تلوار عنایت فرمائیں گے؟ کیونکہ مجھے

عَلِيَّ بْنَ ابی طالبِ خَطَبَ ابْنَةَ ابی جَهْلٍ عَلٰی فَاطِمَةَ رضی اللہ عنہا فَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ فِي ذٰلِکَ عَلٰی مِنْبَرِهِ هٰذَا وَاَنَا يَوْمَئِذٍ مُحْتَلِمٌ فَقَالَ اِنَّ فَاطِمَةَ مِنِّي وَاَنَا اَتَخَوَّفُ ان تُفْتَنَ فِي دِيْنِهَا ثُمَّ ذَكَرَ صِهرًا لَهٗ مِنْ بَنِي عَبْدِ شَمْسٍ فَاَثْنٰی عَلَيْهِ فِي مُصَاهَرَتِهٖ اِيَّاهُ قَالَ حَدَّثَنِي فَصَدَقَنِي وَوَعَدَنِي فَوَفٰی لِيْ وَاِنِّي لَسْتُ اُحَرِّمُ حَلَالًا وَلَااُحِلُّ حَرَامًا وَلٰكِنْ وَاللّٰهِ لَاتَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ وَبِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ اَبَدًا

خوف ہے کہ کچھ لوگ اسے آپ سے چھین لیں گے اور خدا کی قسم، اگر وہ تلوار آپ مجھے عنایت فرما دیں گے تو کوئی شخص بھی جب تک میری جان باقی ہے، چھین نہیں سکے گا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں ابوجہل کی ایک بیٹی (جویریہ کو پیغام نکاح دیا تھا) میں نے خود سنا کہ اسی مسئلہ پر رسول اللہ ﷺ نے اپنے اسی منبر پر کھڑے ہو کر صحابہ کو خطاب فرمایا، میں اس وقت بالغ تھا آپ نے خطبہ میں فرمایا کہ فاطمہ مجھ سے ہے اور مجھے خوف ہے کہ کہیں وہ (سوکن کے ساتھ غیرت کی وجہ سے) اپنے دین کے معاملہ میں آزمائش میں نہ مبتلا ہو جائے، (رضی اللہ عنہا) اس کے بعد آپ نے اپنے بنی عبد شمس کے ایک داماد (عاص بن ربیع) کا ذکر کیا اور حق دامادی کی ادائیگی کے سلسلے میں آپ نے ان کی تعریف کی، آپ نے فرمایا کہ انہوں نے مجھ سے جو بات کہی سچ کہی، جو وعدہ کیا، اسے پورا کیا، میں کسی حلال کو حرام نہیں کر سکتا اور نہ کسی حرام کو حلال بناتا ہوں، لیکن خدا کی قسم، رسول اللہ (ﷺ) کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی کبھی ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتیں۔

(۳۵۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سعيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عن محمدِ بْنِ سُوْقَةَ عن منذرٍ عن ابنِ الحنفيةِ قَالَ لَوْكَانَ عَلِيٌّ رضی اللّٰه عَنْهُ ذَاكِرًا عثمانَ رضی اللّٰه عنه ذَكَرَهٗ يَوْمَ جَاءَهٗ نَاسٌ فَشَكَوْا سُعَاةَ عثمانَ فقال لِي عَلِيٌّ اِذْهَبْ الی عثمانَ فَاَخْبِرْهُ اَنَّهَا صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فَمُرْ سُعَاتَکَ يَعْمَلُوْنَ فِيْهَا فَاَتَيْتُهٗ بِهَا فقَالَ اَغْنِهَا عَنَّا فَاَتَيْتُ بِهَا عَلِيًّا فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ ضَعْهَا حَيْثُ اَخَذْتَهَا قَالَ الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَان حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوْقَةَ قَالَ سَمِعْتُ منذرًا الثوریَ عَنْ ابن الْحَنَفِيَّةِ قَالَ اَرْسَلَنِيْ اَبِيْ خُذْهٰذَا الْكِتَابَ فَاذْهَبْ بِهٖ اِلٰی عثمانَ فَاِنَّ فِيْهِ اَمْرَ النَّبِی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ فی الصَّدَقَةِ

۳۵۳۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن سوقہ نے ان سے منذر نے اور ان سے ابن الحنفیہ نے (ان سے کسی نے پوچھا تھا کہ آپ کے والد علی رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا کرتے تھے تو) انہوں نے فرمایا کہ اگر علی رضی اللہ عنہ، عثمان رضی اللہ عنہ کو (برائی کے ساتھ) یاد کر سکتے تو اس دن کرتے جس دن کچھ لوگوں نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر (عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں) عثمان رضی اللہ عنہ کے ساعیوں (حکومت کی طرف سے صدقات وغیرہ وصول کرنے کے لئے۔) کی شکایت کی تھی اور علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ فرمایا تھا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو کر انہیں اس کی اطلاع دے دو کہ اس [1] میں (مکتوب میں جسے آپ نے ان کے ہاتھ عثمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا) رسول اللہ ﷺ کے بیان کردہ صدقات کی تفصیلات ہیں اس لئے آپ اپنے ساعیوں کو حکم دے دیں کہ وہ اسی کے مطابق عمل کریں چنانچہ میں

[1] یہ ایک صحیفہ تھا جس میں صدقہ کی تفصیلات اسی طرح لکھی ہوئی تھیں جس طرح آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا، صدقات سے متعلق آنحضور ﷺ کی حدیث مکتوب صورت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس جو موجود تھی وہی آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجی تھی، عثمان رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ کی بھیجی ہوئی تفصیلات اس لئے واپس کر دی تھیں کہ خود ان کے پاس بھی اس سلسلے کی تفصیلات موجود تھیں۔

اسے لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں پیغام پہنچا دیا، لیکن آپ نے فرمایا کہ ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں، ان کا یہ جملہ جب میں نے علی رضی اللہ عنہ سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ پھر اس صحیفہ کو جہاں سے اٹھایا تھا وہیں رکھ دو، حمیدی نے بیان کیا، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سوقہ نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے منذر ثوری سے سنا، وہ ابن الحنیفہ کے واسطہ سے بیان کرتے تھے کہ میرے والد (علی رضی اللہ عنہ) نے مجھ سے فرمایا کہ یہ صحیفہ عثمان رضی اللہ عنہ کو لے جا کر دے آؤ، اس میں صدقہ کے متعلق رسول اللہ ﷺ کے بیان کردہ احکام ہیں۔

باب ۲۴۸. الدَّلِيلِ عَلَى اَنَّ الْخُمُسَ لِنَوَائِبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والمساكين اِيْثَارِ النَّبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ الصُّفَّةِ وَالْاَرَامِلَ حِيْنَ سَالَتْهُ فَاطِمَةُ وَشَكَتْ اِلَيْهِ الطَّحْنَ وَالرَّحٰى ان يُخْدِمَهَا مِنَ السَّبْيِ فَوَكَلَهَا اِلَى اللّٰهِ

۲۴۸۔ اس کی دلیل کہ غنیمت کا پانچواں حصہ (خمس) رسول اللہ ﷺ کے عہد میں پیش آنے والی مہمات وحوادث اور محتاجوں کے لئے تھا اور اس لئے تھا کہ آنحضور ﷺ اس میں سے اہل صفہ اور بیواؤں کو دیتے تھے، جب فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ سے اپنی مشکلات پیش کیں، اور چکی پیسنے کی دشواریوں کی شکایت کر کے عرض کیا کہ قیدیوں میں سے کوئی ایک ان کی خدمت کے لئے دے دیا جائے، تو آنحضور ﷺ نے انہیں اللہ کے سپرد کر دیا تھا۔

(۳۵۴) حَدَّثَنَا بَدَلُ بْنُ الْمُحَبَّرِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِى الْحَكَمُ قَالَ سَمِعْتُ ابنَ اَبِى لَيْلٰى حَدَّثَنَا عَلِىٌّ اَنَّ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ اِشْتَكَتْ مَاتَلْقٰى مِنَ الرَّحٰى مِمَّا تَطْحَنُ فَبَلَغَهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِىَ بِسَبْيٍ فَاَتَتْهُ تَسْاَلُهُ خَادِمًا فَلَمْ تُوَافِقْهُ فذكرتْ لِعَائِشَةَ فَجَآءَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ عَآئِشَةُ لَهٗ فَاَتَانَا وَقَدْ دَخَلْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ فَقَالَ عَلٰى مَكَانِكُمَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِىْ فَقَالَ اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِمَّا سَاَلْتُمَاهُ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا فَكَبِّرَا اللّٰهَ اَرْبَعًا وَّثَلَاثِيْنَ وَاحْمَدَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَسَبِّحَا ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ فَاِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمَا مِمَّا سَاَلْتُمَاهُ

۳۵۴۔ ہم سے بدل بن محبر نے حدیث بیان کی انہیں شعبہ نے خبر دی کہا کہ مجھے حکم نے خبر دی، کہا کہ میں نے ابن ابی لیلیٰ سے سنا اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چکی پیسنے کی اپنی دشواریوں کی شکایت کی تھی پھر انہیں معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کچھ قیدی آئے ہیں، اس لئے وہ بھی اس میں سے ایک خادم کی درخواست لے کر حاضر ہوئیں، لیکن آنحضور ﷺ موجود نہیں تھے، چنانچہ وہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس کے متعلق کہہ کر (واپس چلی آئیں) پھر آنحضور جب تشریف لائے تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے سامنے ان کی درخواست پیش کر دی اس پر آنحضور ﷺ ہمارے یہاں تشریف لائے ہم اپنے بستروں پر لیٹ چکے تھے (جب آنحضور ﷺ کو دیکھا) تو ہم لوگ کھڑے ہونے لگے تو آپ نے فرمایا کہ جس طرح ہو ویسے ہی لیٹے رہو (پھر آنحضور ﷺ درمیان میں آ کر بیٹھ گئے اور اتنے قریب ہو گئے کہ) میں نے آپ ﷺ کے دونوں قدموں کی ٹھنڈ اپنے سینے پر محسوس کی، اس کے بعد آپ نے فرمایا، جو کچھ تم لوگوں نے مانگا ہے میں

تمہیں اس سے بہتر بات کیوں نہ بتاؤں، جب تم دونوں اپنے بستر پر لیٹ جاؤ (سونے کے لئے) تو اللہ اکبر چونتیس مرتبہ، الحمد للہ تنتیس مرتبہ اور سبحان اللہ تنتیس مرتبہ پڑھ لیا کرو یہ عمل اس سے بہتر ہے جو تم دونوں نے مانگا ہے۔

باب ۲۴۹. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ يَعْنِي لِلرَّسُوْلِ قَسْمُ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا اَنَاقَاسِمٌ وَخَازِنٌ وَاللّٰهُ يُعْطِي

۲۴۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''پس بے شک اللہ کے لئے ہے اس کا خمس اور رسول کے لئے۔'' مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اس کی تقسیم پر مامور ہیں (خمس کے مالک نہیں ہیں) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں صرف تقسیم کرنے والا اور خازن ہوں، دیتا تو اللہ تعالیٰ ہے۔

(۳۵۵) حَدَّثَنَا ابُوالوليدِ حَدَّثَنَا شعبةُ عَنْ سليمانَ ومنصورٍ وقتادة سَمِعُوْا سالمَ بْنَ اَبِي الجَعْدِ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عنهما قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا مِنَ الْاَنصارِ غُلَامٌ فَاَرَادَاَنْ يُسَمِّيَهٗ مُحَمَّدًا قَالَ شعبة فِي حَدِيْثِ مَنْصُورٍ اَنَّ الْاَنْصَارِيَّ قَالَ حَمَلْتُه، عَلٰى عُنُقِيْ فَاَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وفي حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ وُلِدَ لَه، غُلَامٌ فَاَرَادَ ان يُسَمِّيَه مُحَمَّدًا قَالَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَاتَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي فَاِنِّيْ اِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ وَقَالَ عَمْرٌو اَخْبَرَنَا شعبةُ عن قتادةَ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمًا عَنْ جَابِرٍ اَرَادَ اَنْ يُسَمِّيَه، القَاسِمَ فَقَالَ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوا بِاسْمِيْ وَلَاتَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي

۳۵۵۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان، منصور اور قتادہ نے، انہوں نے سالم بن ابی الجعد سے سنا اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ہمارے انصار کے قبیلہ میں ایک صاحب کے یہاں بچہ پیدا ہوا تو انہوں نے کہا کہ بچے کا نام محمد رکھنا چاہئے اور شعبہ نے منصور سے روایت کر کے بیان کیا ہے کہ ان انصاری نے بیان کیا (جن کے یہاں ولادت ہوئی تھی) کہ میں بچے کو اپنی گردن پر اٹھا کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور سلیمان کی روایت میں ہے کہ ان کے یہاں بچہ پیدا ہوا تو انہوں نے کہا کہ اس کا نام محمد رکھنا چاہئے آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو، لیکن میری کنیت (ابوالقاسم) پر کنیت نہ رکھنا، کیونکہ مجھے تقسیم کرنے والا (قاسم) بنا کر مبعوث کیا گیا ہے، میں تم میں تقسیم کرتا ہوں، عمرو نے بیان کیا کہ ہمیں شعبہ نے خبر دی ان سے قتادہ نے بیان کیا انہوں نے سالم سے سنا اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ ان انصاری صحابی نے اپنے بچے کا نام قاسم رکھنا چاہا تھا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو، لیکن کنیت پر کنیت نہ رکھو۔

(۳۵۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سفيان عن الا عمش عن ابى سَالِمٍ عن اَبِى الجعد عن جابرِ بن عبداللّٰه الانصارى قال ولد لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ القاسمَ فقالتْ الانصارُ لَانَكْنِيْكَ اَبَاالقَاسِمِ وَلَانُنْعِمُكَ عَيْنًا فاتي النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وُلِدَ لِى غُلَامٌ فَسَمَّيْتُه، القَاسِمَ فقالتِ الانصارُ لَانَكْنِيْكَ

۳۵۶۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے ان سے ابوسلام نے ان سے ابوالجعد نے اور ان سے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہمارے قبیلہ میں ایک شخص کے یہاں بچہ پیدا ہوا تو انہوں نے اس کا نام قاسم رکھا (اب قاعدہ کے لحاظ سے ان کی کنیت ابوالقاسم ہوتی تھی،) لیکن انصار نے کہا کہ ہم تمہیں ابوالقاسم کہہ کر کبھی نہیں پکاریں گے ہم اس طرح تمہارا دل کبھی خوش نہ ہونے دیں گے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کہ

ابا القاسم و لا ننعمک عینا فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَتِ الانصارُ سَمُّوا بِاسْمِی وَلَا تَکْنُوا بِکُنْیَتِی فَاِنَّمَا اَنَا قَاسِمٌ

انصار نے نہایت مناسب طرز عمل اختیار کیا، میرے نام پر نام رکھا کرو لیکن میری کنیت پر اپنی کنیت نہ رکھو، کیونکہ میں قاسم (تقسیم کرنے والا) ہوں۔

(۳۵۷) حَدَّثَنَا حِبَّانُ اخبرنا عبدُاللّٰهِ عن یونسَ عن الزهری عن حمید بن عبدالرَّحمٰن انَّه سَمِعَ معاویةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یُرِدِاللّٰهُ بِهٖ خَیْرًا یُفَقِّهْهُ فِی الدِّیْنِ وَاللّٰهُ الْمُعْطِی وَاَنَا الْقَاسِمُ وَلَاتَزَالُ هٰذِهِ الْاُمَّةُ ظَاهِرِیْنَ عَلٰی مَنْ خَالَفَهُمْ حَتّٰی یَاتِیَ اَمْرُاللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ

۳۵۷۔ ہم سے حبان نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں زہری نے انہیں حمید بن عبدالرحمٰن نے، انہوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ خیر چاہتا ہے اسے دین کی سمجھ عنایت فرماتا ہے اور دینے والا تو اللہ ہے، میں تو صرف تقسیم کرنے والا ہوں، اور اپنے مخالفوں کے مقابلے میں یہ امت (مسلمہ) ہمیشہ ایک مضبوط اور توانا امت کی حیثیت سے باقی رہے گی، تا آنکہ اللہ کا امر (قیامت) آ جائے اور اس وقت بھی اسے غلبہ حاصل رہے گا۔

(۳۵۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ سنان حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ حَدَّثَنَا هِلَالٌ عَنْ عَبْدِالرَّحمٰن بنِ اَبِیْ عمرةَ عَنْ ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَااُعْطِیْکُمْ وَلَااَمْنَعُکُمْ اَنَا قَاسِمٌ اَضَعُ حَیْثُ اُمِرْتُ

۳۵۸۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہیں نہ میں کوئی چیز دیتا نہ تم سے کسی چیز کو روکتا میں تو صرف تقسیم کرنے والا ہوں، جہاں جہاں کا مجھے حکم ہے بس میں رکھ دیتا ہوں۔

(۳۵۹) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ زیدٍ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ ابی اَیُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُوالْاَسْوَدِ عن ابنِ عیاشٍ واسمه نُعْمَانُ عَنْ خَوْلَةَ الْاَنصارِیَّةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقُول اِنَّ رجالًا یَتَخَوَّضُوْنَ فِیْ مالِ اللّٰهِ بِغیر حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

۳۵۹۔ ہم سے عبداللہ بن زید نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن ابی ایوب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوالاسود نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عباس نے اور ان کا نام نعمان ہے، ان سے خولہ انصاریہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ سے میں نے سنا آپ فرما رہے تھے کہ کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے مال میں غلط طریقہ پر تصرف کرتے ہیں اور انہیں قیامت کے دن آگ ملے گی۔

باب ۲۵۰. قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُحِلَّتْ لَکُمُ الْغَنَائِمُ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَعَدَکُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ کَثِیْرَةً تَاخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَکُمْ هٰذِهٖ وَهِیَ لِلْعَامَّةِ حَتّٰی یُبَیِّنَهٗ الرَّسُوْلُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۲۵۰۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد کہ غنیمت تمہارے لئے حلال کی گئی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جس میں سے یہ (خیبر کی غنیمت) پہلے ہی دے دی ہے۔" یہ آیت تمام مسلمانوں کو شامل تھی، لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کی وضاحت فرما دی۔ ❶

(۳۶۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا حصین

۳۶۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے خالد نے ان سے

❶ یعنی آیت میں جو تعمیم اور اس وجہ سے ایک اجمال تھا، اسے رسول اللہ ﷺ نے واضح فرما دیا کہ غنیمت کا مستحق ہر شخص نہیں، بلکہ کچھ خاص لوگ ہیں۔ گویا آیت میں جو اجمال تھا اس کی تفصیل و وضاحت سنت نے کر دی۔

عن عامرٍ عن عروةَ البَارقِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ الخَيلُ مَعقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الخَيرُ الاجْرُ وَالْمَغنَمُ اِلٰى يَومِ القِيَامَةِ

حصین نے حدیث بیان کی، ان سے عامر نے اور ان سے عروہ بارقی رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا گھوڑوں کی پیشانیاں قیامت تک خیر کا نشان رہیں گی، آخرت میں (اس پر جہاد کرنے کی وجہ سے) ثواب اور (دنیا میں مال) مال غنیمت۔

(۳۶۱) حَدَّثَنَا اَبُوالیمان اخبرنا شعیبٌ حَدَّثَنَا ابُوالزناد عن الاعرجِ عن ابی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا هَلَکَ كِسْرٰی فَلاَ كِسْرٰی بَعْدَه، وَاِذَا هَلَکَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَه، وَالَّذِیْ نَفْسِی بِيَدِهٖ لَتُنفِقُنَّ كُنُوْزَ هُمَا فِی سَبِيلِ اللّٰهِ

۳۶۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کسریٰ پر بربادی آئے گی تو اس کے بعد کوئی کسریٰ پیدا نہ ہوگا اور جب قیصر پر بربادی آئے گی تو اس کے بعد کوئی قیصر پیدا نہ ہوگا) (شام میں) اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ تم لوگ ان دونوں کے خزانے اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے (ان پر فتح حاصل کرنے کے بعد)۔

(۳۶۲) حَدَّثَنَا اسحٰقُ سَمِعَ جَرِيْرًا عن عبد الملک عن جا بر بن سُمْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا هَلَکَ كِسْرٰی فَلاَ كِسْرٰی بَعْدَه، وَاِذَا هَلَکَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرَ بَعْدَه، وَالَّذِیْ نَفْسِی بِيَدِهٖ لَتُنْفِقُنَّ كُنُوزَهُمَا فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ

۳۶۲۔ ہم سے اسحٰق نے حدیث بیان کی انہوں نے جریر سے سنا، انہوں نے عبدالملک سے اور ان سے جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب کسریٰ پر بربادی آئے گی تو اسکے بعد کوئی کسریٰ پیدا نہ ہوگا اور جب قیصر پر بربادی آئے گی تو اس کے بعد کوئی قیصر پیدا نہ ہوگا اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تم لوگ ان دونوں کے خزانے اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے۔

(۳۶۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سنانٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخبرَنَا سَيَّارٌ حَدَّثَنَا يزيدُالفقيرُ حَدَّثَنَا جابرُ بنُ عبدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰهُ عنهما قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحِلَّتْ لِیَ الغَنَآئِمُ

۳۶۳۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی انہیں سیار نے خبر دی، ان سے یزید فقیر نے حدیث بیان کی ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میرے لئے (مراد امت ہے) غنیمت جائز کی گئی ہے۔

(۳۶۴) حَدَّثَنَا اِسمَا عِيلُ قَالَ حَدَّثَنِی مَالِکٌ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عن الاعرجِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رضی اللّٰه عنه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكَفَّلَ اللّٰه لِمَنْ جَاهَدَ فِی سَبِيلِهٖ لَايُخرِجُه، اِلَّا الجِهَادُ فِی سَبِيْلِهٖ وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهٖ بان يُدْخِلَه الجَنَّةَ اَوْيَرْجِعَه، اِلٰی مَسْكَنِهِ الَّذِیْ خَرَجَ مِنْهُ مَعَ اَجْرٍ اَوْ غَنِيْمَةٍ

۳۶۴۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے اللہ کے راستے میں جہاد کیا اور جس کی جنگ میں شرکت صرف اللہ کے راستے میں جہاد کا
مخلصانہ جذبہ اور اللہ کے دین کی تصدیق و تائید کے لئے تھی تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرنے کی ذمہ داری لیتا ہے (اگر لڑتے ہوئے شہادت پائی ہو) ورنہ پھر اسے اس کے گھر کی طرف اجر اور غنیمت کے

ساتھ واپس بھیجتا ہے جہاں سے وہ نکلا تھا۔

(۳۶۵) حَدَّثَنَا محمدُ ابنُ العلاء حَدَّثَنا ابنُ المبارکِ عن مَعْمَرٍ عن هَمَامِ بن مُنَبِّهٍ عَنْ ابی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غزا نَبِیٌّ مِنَ الانبياءِفقالَ لِقَوْمِهٖ لا يَتبَعْنِی رَجُلٌ مَلَکَ بُضْعَ امْرَاةٍ وَهُوَ يَرِيْدُ ان يَبْنِیَ بِهَا وَلَمَّا يَبْنِ بِهَا وَلا اَحَدٌ بَنٰی بُيُوتًا وَلَمْ يَرْفَعْ سُقُوْفَهَا وَلا اَحَدٌ اشتریٰ غَنمًا اَوْخَلِفَاتٍ وَهُوَ يَنتَظِرُ وَلادها فغزَا فَدَنَا مِنَ القَرْيَةِ صَلاةَ العَصْرِ اَوْقَرِيْبًا من ذٰلِکَ فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّکِ مَامُوْرَةٌ وَاَنَا مَامُوْرٌ اَللّٰهُمَّ احْبِسْهَا عَلَيْنَا فَحُبِسَتْ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَجَمَعَ الْغَنَائِمَ فَجاءَ تْ يَعْنِی النَّارَ لِتَاْكُلَهَا فَلَمْ تَطعَمْهَا فَقَالَ اِنَّ فِيْكُمْ غُلُوْلًا فَلْيُبَايِعْنِیْ مِنْ كُلِّ قَبِيْلَةٍ رَجُلٌ فَلَزِقَتْ يَدُرَجُلٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ فَلْيُبَايِعْنِیْ قَبِيْلَتُکَ فَلَزِقَتْ يَدُرَجُلَيْنِ اَوْثَلٰثَةٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ فِيْكُمُ الْغُلُوْلُ فَجَاءُ وْا بِرَاسٍ مِثْلِ رَاسِ بَقَرَةٍ مِنَ الذَّهَبِ فَوَضَعُوْهَا فَجَاءَ تِ النَّارُ فَاَكَلَتْهَا ثُمَّ اَحَلَّ اللّٰهُ لَنَا الْغَنَائِمَ وَرَاٰی ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَاَحَلَّهَا لَنَا

۳۶۵۔ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی ان سے ابن المبارک نے حدیث بیان کی ان سے معمر نے، ان سے ہمام بن منبہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انبیاء میں سے ایک نبی (علیہ السلام) نے غزوہ کا ارادہ کیا تو اپنی قوم (بنی اسرائیل) سے کہا کہ میرے ساتھ کوئی ایسا شخص جس نے ابھی نئی شادی کی ہو کہ دلہن کے ساتھ کوئی رات بھی نہ گزاری ہو، اور وہ رات گزارنا چاہتا ہو، وہ شخص جس نے گھر بنایا ہو اور ابھی اس کی چھت نہ بنا سکا ہو، اور وہ شخص جس نے (حاملہ) بکری یا حاملہ اونٹنیاں خریدی ہوں اور اسے ان کے بچے جننے کا انتظار ہو تو (ایسے لوگوں میں سے کوئی بھی) ہمارے ساتھ غزوہ میں نہ چلے، پھر انہوں نے غزوہ کیا اور جب اس آبادی سے قریب ہوئے تو عصر کا وقت ہوگیا یا اس کے قریب وقت ہوا، انہوں نے سورج سے فرمایا کہ تم بھی مامور ہو اور ہم بھی مامور ہیں، اے اللہ! اسے ہمارے لئے اپنی جگہ پر روکے رکھئے (تاکہ غروب نہ ہو اور لڑائی سے فارغ ہو کر ہم عصر کی نماز پڑھ سکیں) چنانچہ سورج رک گیا اور اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح عنایت فرمائی۔ پھر انہوں نے غنیمت جمع کی اور آگ اسے جلانے کے لئے آئی لیکن نہ جلا سکی، نبی علیہ السلام نے فرمایا تم میں سے کسی نے مال غنیمت میں خیانت کی ہے (اسی وجہ سے آگ نے اسے نہیں جلایا) اس لئے ہر قبیلہ کا ایک فرد آ کر میرے ہاتھ پر بیعت کرے (جب بیعت کرنے لگے تو) ایک قبیلہ کے شخص کا ہاتھ ان کے ہاتھ سے چمٹ گیا، انہوں نے فرمایا کہ خیانت تمہارے ہی قبیلے میں ہوئی ہے اب تمہارے قبیلے کے تمام افراد آئیں اور بیعت کریں۔ چنانچہ اس قبیلے کے دو یا تین آدمیوں کا ہاتھ اسی طرح ان کے ہاتھ سے چمٹ گیا تو آپ نے فرمایا کہ خیانت تمہیں لوگوں نے کی ہے (آخر خیانت تسلیم کر لی گئی اور) وہ لوگ گائے کے سر کی طرح سونے کا ایک سر لائے (جو غنیمت میں سے اٹھالیا گیا تھا) اور اسے رکھ دیا (غنیمت میں) تب آگ آئی (اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیونکہ پچھلی امتوں میں غنیمت کا استعمال کرنا جائز نہیں تھا) اور اسے جلا گئی۔ پھر غنیمت اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے جائز قرار دے دی، ہماری کمزوری اور عجز کو دیکھا اس لئے ہمارے لئے جائز قرار دی۔

باب ۲۵۱. الغَنِيمَةُ لِمَنْ شَهِدَ الوَقْعَةَ

۲۵۱۔غنیمت اسے ملتی ہے جو جنگ میں موجود رہا ہو۔

(۳۶۶) حَدَّثَنَا صدقةٌ اخبرنا عبدُالرَّحمٰنِ عن مَالكٍ عن زيدِ بْنِ اَسْلَمَ عن ابيهِ قَالَ قَالَ عمرُ رَضِيَ اللّٰه عَنهُ لَولَا اٰخِرُ المُسْلِمِيْنَ مَا فَتَحتُ قَرْيَةً اِلَّا قَسَمْتُهَا بَيْنَ اَهْلِهَا كَمَا قَسَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيبَرَ

۳۶۶۔ہم سے صدقہ نے حدیث بیان کی انہیں عبدالرحمٰن نے خبر دی انہیں مالک نے انہیں زید بن اسلم نے انہیں ان کے والد نے، کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اگر مسلمانوں کی آنے والی نسلوں کا خیال نہ ہوتا تو جو شہر بھی فتح ہوتا میں اسے فاتحوں میں اس طرح تقسیم کر دیا کرتا، جس طرح نبی کریم ﷺ نے خیبر کی تقسیم کی تھی۔

باب ۲۵۲ . مَنْ قَاتَلَ لِلمَغنَمِ هَلْ يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِهٖ

۲۵۲۔ جہاد میں شرکت کے وقت جس کے دل میں غنیمت کا لالچ تھا تو کیا اس کا ثواب کم ہو جائے گا؟

(۳۶۷) حَدَّثَنَا محمدُ بْنُ بشارٍ حَدَّثَنا غُنْدُرٌ حَدَّثَنا شعبةُ عن عمرٍو قال سَمِعْتُ اباوائلٍ قال حَدَّثَنا موسٰى الاشعرىُ رَضِيَ اللّٰهُ عنه قال قال اعرابىٌّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَالرَّجُلُ يقاتِلُ لِيُذْكَرَ ويقاتل لِيُرٰى مَكَانَه' مَنْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فقال من قاتَل لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

۳۶۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے بیان کیا، انہوں نے ابووائل سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک اعرابی نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا، ایک شخص ہے جو غنیمت حاصل کرنے کے لئے جہاد میں شریک ہوتا ہے، ایک شخص ہے اس لئے شرکت کرتا ہے کہ اس کی بہادری کے چرچے زبانوں پر آ جائیں، ایک شخص ہے جو اس لئے لڑتا ہے تا کہ اس کی دھاک بیٹھ جائے تو ان میں سے اللہ کے راستے میں کونسا ہوگا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جنگ میں شرکت اس لئے کرتا ہے تا کہ اللہ کا کلمہ ہی (دین) بلند رہے تو وہی اللہ کے راستے میں ہے۔

باب ۲۵۳ . قِسْمَةُ الاِمَامِ مَايَقْدِمُ عَلَيْهِ وَيَخبأُ لِمَنْ لَمْ يَحْضُرْهُ اَوْغَابَ عَنْهُ

۲۵۳۔دارالحرب سے ملنے والے اموال کی تقسیم اور جو لوگ موجود نہ ہوں ان کا حصہ محفوظ رکھنا۔

(۳۶۸) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ عبدِالوهابِ حدثنا حَمَّادُابنُ زيدٍ عن ايوبَ عن عبدِاللّٰه بنِ ابى مليكةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُهْدِيَتْ لَه' اَقْبِيَةٌ مِنْ دِيْبَاجٍ مُزَرَّرَةٌ بالذَّهَبِ فَقَسَمَهَا فِي نَاسٍ من اَصْحَابِه وَعَزَلَ مِنهَا وَاحِدًا لِمَخْرَمَةَ بنِ نَوْفَلٍ فَجَاءَ وَمَعَهُ ابْنُهُ الْمِسْوَرُ بن مَخْرَمَةَ فَقَامَ عَلَى البَابِ فَقَالَ ادْعُه' لِي فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَه' فَاخَذَ قُبَاءً فَتَلَقَّاه' بِه وَاسْتَقْبَلَه' بِاَزْرَارِهٖ فَقَالَ يَااَبَاالْمِسْوَرِ خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ يَااَبَاالْمِسْوَرِ خَبَأْتُ هٰذَا لَكَ وَكَانَ فِى خُلُقِهٖ شِدَّةٌ وَرَوَاهُ ابنُ علية عن اَيُّوبَ قال حاتِمُ بنُ

۳۶۸۔ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے اور ان سے عبداللہ بن ابی ملیکہ نے کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں دیبا کی کچھ قبائیں ہدیہ کے طور پر آئیں تھیں جس میں سونے کی گھنڈیاں لگی ہوئی تھیں انہیں آنحضور ﷺ نے اپنے چند اصحاب میں تقسیم کر دیا اور ایک قباء مخرمہ بن نوفل رضی اللہ عنہ کے لئے رکھ لی، پھر مخرمہ رضی اللہ عنہ آئے اور ان کے ساتھ ان کے صاحبزادے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بھی تھے آپ دروازے پر کھڑے ہو گئے اور کہا کہ میرا نام لے کر ان نبی کریم ﷺ کو بلاؤ۔ آنحضور ﷺ نے ان کی آواز سنی تو قباء لے کر باہر تشریف لائے اور اس کی گھنڈیاں ان کے سامنے کر دیں، پھر فرمایا ابومسور! یہ قباء میں نے تمہارے لئے رکھ لی تھی ابومسور! یہ قباء میں نے تمہارے لئے رکھ لی تھی، مخرمہ رضی اللہ عنہ ذرا تیز

وَرْدَانَ حَدَّثَنَا ایوبُ عن ابنِ مُلَیکَۃَ عَنِ المِسْوَرِ قَدِمَتْ عَلَی النَّبِی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمُ اقبیۃٌ تَابعَہ' اللَّیثُ عن ابن ابی ملیکۃ

طبیعت کے آدمی تھے ابن علیہ نے ایوب کے واسطہ سے یہ حدیث بیان کی (مرسلاً ہی) روایت کی ہے اور حاتم بن وردان نے بیان کیا کہ ہم سے ایوب نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی ملیکہ نے، ان سے مسور رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کے یہاں کچھ قبائیں آئی تھیں۔ اس روایت کی متابعت لیث نے ابن ملیکہ کے واسطے سے کی ہے۔

باب ۲۵۴. کَیْفَ قَسَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمُ قُرَیظَۃَ وَالنَّضِیرَ وَمَا اَعْطٰی مِنْ ذٰلِکَ فِی نَوَائِبِہٖ

۲۵۴۔ نبی کریم ﷺ نے قریظہ اور نضیر کی تقسیم کس طرح کی تھی اور کتنا حصہ اس میں سے حکومت کی ضروریات ومصالح کے لئے محفوظ رکھا تھا؟

(۳۶۹) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہ بنُ اَبِی الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا معتمرٌ عَنْ اَبِیہِ قال سمعتُ انسَ بنَ مالکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عنہ یَقُولُ کَانَ الرَّجلُ یَجْعَلُ للنَّبِیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ النخلاتِ حَتّٰی افْتَتَحَ قُرَیظَۃَ وَالنَّضِیرَ فَکَانَ بَعْدَ ذٰلِکَ یَرُدُّ عَلَیْھِمْ

۳۶۹۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی ان سے معتمر نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے بیان کیا انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ صحابہ (انصار) کچھ کھجور کے درخت نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ہدیہ کر دیا کرتے تھے، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے قریظہ اور نضیر کے قبائل پر فتح دی تو آنحضور ﷺ اس کے بعد اس طرح کے ہدایا واپس کر دیا کرتے تھے۔

باب ۲۵۵. بَرَکَۃِ الغَازِیْ فِی مَالِہٖ حَیًّا وَمَیِّتًا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَوُلَاۃِ الْاَمْرِ

۲۵۵۔ نبی کریم ﷺ اور خلفاء کے ساتھ غزوہ کرنے والے کے مال میں برکت، زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔

(۳۷۰) حَدَّثَنَا اِسحٰقُ بْنُ ابراھیمَ قال قلتُ لابی اسامۃَ اَحَدَّ ثَکُمْ ھشامُ بنُ عروۃَ عن اَبِیْہِ عن عبدِاللّٰہ بن الزُّبَیرِ قال لَمَّا وَقَفَ الزُّبَیرُ یَوْمَ الجَمَلِ دَعَانِیْ فَقُمْتُ اِلٰی جَنْبِہٖ فقال یابُنَیَّ اِنَّہ' لا یُقْتَلُ الیومَ اِلَّا ظَالِمٌ اَوْمَظْلُومٌ وانِی لااُرَانِیْ اِلَّا سَاُقْتَلُ الیوم مَظْلُوْمًا وَاِنَّ مِنْ اَکْبَرِ ھَمِّی لَدَیْنِی اَفْتَرٰی یُبْقِی دِیْنُنَا مِنْ مَالِنَا شَیئًا فَقَالَ یَابُنَیَّ بِعْ مَالَنَا فَاقْضِ دَیْنِی واَوْصٰی بالثُّلُثِ وَثُلُثِہٖ لِبَنِیْہِ یَعْنِی عبدَاللّٰہ بنَ الزُّبَیرِ یقول ثُلُثُ الثُّلُثِ فَاِنْ فَضَلَ مِنْ مَالِنَا فَضْلٌ بَعْدَ قَضَاءِ الدَّیْنِ شَیْءٌ فَثُلُثُہ' لِوَلَدِکَ قَالَ ھشامٌ وَکَانَ بَعْضُ وَلَدِ عبدِاللّٰہ قَدْوَازٰی بَعْضَ بنی الزبیر خُبَیْبٌ وعبادٌ لَہ' یومَئِذٍ تِسعَۃُ بَنِیْنَ وَتِسْعُ بناتٍ قَالَ عبدُاللّٰہ فَجَعَل یُوْصِیْنِی بدَیْنِہٖ وَیَقُولُ یَابُنَیَّ اِنْ عجزتَ عَنْہُ فِی شَیْءٍ فاسْتَعِنْ عَلَیْہِ مَوْلَایَ قَالَ فواللّٰہِ مَادَرَیْتُ حَتّٰی قُلْتُ یَااَبَۃِ مَنْ مَوْلَاکَ

۳۷۰۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابواسامہ سے پوچھا کیا آپ لوگوں سے ہشام بن عروہ نے یہ حدیث اپنے والد کے واسطہ سے بیان کی ہے کہ ان سے عبدالرحمٰن بن زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جمل کی جنگ کے موقعہ پر جب زبیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے تو مجھے بلایا، میں آپ کے پہلو میں جا کر کھڑا ہو گیا، آپ نے فرمایا بیٹے! آج کی لڑائی میں یا ظالم مارا جائے گا یا مظلوم، اور میرا وجدان کہتا ہے کہ آج میں مظلوم قتل کیا جاؤں گا، ادھر مجھے سب سے زیادہ فکر اپنے قرضوں کی ہے، کیا تمہیں بھی کچھ اندازہ ہے کہ قرض ادا کرنے کے بعد ہمارا مال کچھ بچ جائے گا؟ پھر انہوں نے فرمایا، بیٹے، ہمارا مال فروخت کر کے اس سے قرض ادا کر دینا، اس کے بعد آپ نے ایک تہائی کی میرے لئے اور اس تہائی کے تیسرے حصہ کی وصیت میرے بچوں کے لئے کی، یعنی عبداللہ بن زبیر کے بچوں کے لئے، انہوں نے فرمایا تھا کہ اس تہائی کے تین حصے کر لینا اور اگر قرض کی ادائیگی کے بعد ہمارے اموال میں سے کچھ بچ جائے، تو اس کا ایک تہائی تمہارے بچوں کے لئے ہوگا، ہشام نے بیان کیا کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بعض لڑکے زبیر رضی

قَالَ اللّٰه قَالَ فَوَاللّٰه مَاوقعتُ فی کربةٍ من دَيْنِهِ الا قُلْتُ يامولَی الزبير اِقْضِ عَنْهُ دَيْنَه فَيَقْضِيْهِ فَقُتِلَ الزُّبَيْرُ رَضِیَ اللّٰه عنه وَلَمْ يَدَعْ دِيْنَارًا وَّلَا دِرهَماً اِلَّا اَرَضِيْنَ مِنْهَا الْغَابَةُ واحدی عَشْرَةَ دَارًا بِالْمَدِيْنَةِ وَدَارَيْنِ بِالْبَصْرَةِ وَدَارًا بِالْكُوفَةِ وَدَارًا بِمِصْرَ قَالَ وَاِنَّمَا كَانَ دَيْنُهُ الَّذِی عَلَيْهِ اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَاتِيْهِ بِالْمَالِ فَيَسْتَوْدِعُه، اِيَّاهُ فَيَقُولُ الزُّبَيْرُ لَا وَلٰكِنَّه، سَلَفٌ فَاِنِّی اخشٰی عَلَيْهِ الضَّيعَةَ وَمَاوَلِیَ اِمَارَةً قَطُّ وَلَاجِبَايَةَ خَرَاجٍ وَّلَاشَيْئًا اِلَّا اَنْ يَّكُونَ فِی غَزْوَةٍ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْمَعَ اَبِی بَكْرٍ وعُمَرَ وعثمانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بنُ الزبيرِ فَحَسَبْتُ مَاعَلَيْهِ من الدّين فَوَجَدْتُه، اَلْفَیْ اَلْفٍ ومِائَتَی اَلْفٍ فَقَالَ فَلَقِیَ حَكِيْمُ بن حِزَامٍ عبدَاللّٰه بنَ الزبير فقال يابنَ اَخی كَمْ عَلٰی اَخِی من الدَّينِ فَكَتَمَه، فقال مِائَةُ اَلْفٍ فَقَالَ حَكِيْمٌ وَاللّٰهِ مَااُرٰی اَمْوَالَكُمْ تَسَعُ لِهٰذِهٖ فقال لَه، عَبْدُاللّٰهِ اَفَرَ اَيْتُکَ ان كَانَتْ اَلْفَیْ اَلْفٍ وَمِائَتَیْ اَلْفٍ قَالَ مَااُرَاكُمْ تُطِيقُونَ هٰذَا فَاِنْ عَجَزْتُمْ عَنْ شَیْءٍ مِنْهُ فَاسْتَعِينُوا بِی قَالَ وَكَانَ الزُّبَيْرُ اشتری الغَابَةَ بِسَبْعِينَ وَمِائَةِ اَلْفٍ فباعَهَا عَبْدُاللّٰه بِاَلْفِ الفٍ وَسِتِّمِائَةِ الف ثُمَّ قَامَ فقال من كان لَه، عَلَی الزُّبَيْرِ حَقٌّ فَلْيُوَافِنَا بِالْغَابَةِ فَاَتَاهُ عبدُاللّٰه بنُ جَعْفَرٍ وَكَانَ

اللہ عنہ کے بعض لڑکوں کے برابر تھے حبیب اور عباد (عبداللہ رضی اللہ عنہ کے اس وقت دولڑکے تھے) اور زبیر رضی اللہ عنہ کے اس وقت نولڑکے اور نولڑکیاں تھیں، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر زبیر رضی اللہ عنہ مجھے اپنے قرض کے سلسلے میں وصیت کرنے لگے اور فرمانے لگے کہ اگر قرض کی ادائیگی کے کسی مرحلہ پر بھی دشواریاں پیش آئیں تو میرے مالک ومولا سے اس میں مدد چاہنا انہوں نے بیان کیا کہ بخدا، میں ان کی بات نہ سمجھ سکا (کہ مولا سے ان کی کیا مراد ہے) آخر میں نے پوچھا کہ آپ کے مولا کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اللہ! انہوں نے بیان کیا کہ پھر خدا گواہ ہے کہ قرض ادا کرنے میں جو دشواری بھی سامنے آئی تو میں نے اسی طرح دعا کی کہ اے زبیر کے مولا! ان کی طرف سے ان کا قرض ادا کر دیجئے اور ادائیگی کی صورت میں پیدا ہو جاتی تھی، چنانچہ جب زبیر رضی اللہ عنہ (اسی موقعہ پر) شہید ہوئے تو انہوں نے ترکہ میں درہم ودینار نہیں چھوڑے تھے بلکہ ان کا ترکہ کچھ تو اراضی تھا، اور اسی میں غابہ کی زمین بھی شامل تھی، گیارہ مکانات مدینہ میں تھے دو مکان بصرہ میں تھے، ایک مکان کوفہ میں تھا اور ایک مصر میں تھا (زبیر رضی اللہ عنہ بڑے امین اور اتقیاء صحابہ میں تھے) عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ان پر جو اتنا سارا قرض ہو گیا تھا اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ جب ان کے پاس کوئی شخص اپنا مال لے کر امانت رکھنے آتا تو آپ اس سے کہتے کہ نہیں (امانت کی صورت میں اسے میں اپنے پاس نہیں رکھوں گا) البتہ اس صورت میں رکھ سکتا ہوں کہ یہ میرے ذمے قرض رہے [1] کیونکہ مجھے اس کے ضائع ہو جانے کا بھی خوف ہے۔ زبیر رضی اللہ عنہ کسی علاقے کے امیر کبھی نہیں بنے تھے، نہ وہ خراج کی وصولیابی پر کبھی مقرر

[1] حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ یوں امانت کے طور پر اگر تم نے میرے پاس رکھ دیا تو بےکار پڑا رہے گا اور ضائع ہو جانے کے خطرے کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اور اگر ضائع ہو گیا تو تمہارا مال ضائع جائے گا اور میں بھی اس سے کوئی نفع نہ اٹھا سکوں گا لیکن اگر قرض کی صورت میں، اسے میں اپنے پاس جمع کر لوں گا تو اس کے ضائع ہو جانے کی صورت میں بھی، بہرحال اس کی ادائیگی میرے لئے ضروری ہوگی اور دوسرا مفید پہلو اس کا یہ ہوگا کہ تمہارا مال میرے پاس بیکار نہیں پڑا رہے گا بلکہ میں اسے تجارتی کاروبار میں بھی لگا سکوں گا اور اس سے نفع حاصل کر سکوں گا، بہت سے لوگ آج کل کہتے ہیں کہ ہر طرح کے سودی، کاروبار کو حرام کر کے اسلام نے تجارتی ترقی کی بہت سی راہیں مسدود کر دی ہیں اور بینکنگ کی تو کوئی صورت سرے سے اسلام میں ہے ہی نہیں آپ نے غور کیا ہوگا کہ زبیر رضی اللہ عنہ سودی لین دین کے بغیر جس صورت پر عمل کرتے تھے وہ بلاسود بینکنگ ہی کی شکل تھی اس طرح کی مثالیں عہد صحابہ میں متعدد ہیں، اور بعض دوسرے اکابر صحابہ نے بھی اپنے تجارتی کاروبار کو اس طرح ترقی دی تھی یعنی سودی لین دین کی لعنت سے بھی محفوظ رہ، جس کی بعض جزوی افادیت کو تسلیم کر لینے کے بعد، ہولناکیوں کا سب کو اعتراف ہے اور تجارتی کاروبار کی اجتماعی لائن پر ترقیات کی صورتیں بھی پیدا کیجئے۔

ه‘ عَلَى الزُّبَيْرِ اَرْبَعُ مِأئَةِ اَلْفٍ فَقَالَ لِعَبْدِاللّٰه ان
شِئتُمْ تَرَكْتُهَا لَكُم قَالَ عبدُاللّٰه لاقال فَاِنْ شِئتُمْ
جَعَلْتُمُوهَا فِيمَا تُؤَخِّرُوْنَ اِنْ اَخَّرْ تُمْ.فَقَالَ عبدُاللّٰهِ
لاقال فَاقْطَعُوْا لِي قِطْعَةً فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ لَکَ من
هٰهُنَا الى هٰهُنَا قَالَ فَبَاعَ منها فَقَضٰى دَيْنَه‘ فَاَوْفَاهُ
بَقِىَ مِنْهَا اَرْبَعَةُ اسْهُمٍ ونِصفٌ فَقَدِمَ عَلٰى مُعَاوِيَةَ
عِنده عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ وَالْمُنْذِرُ ابنُ الزبيرِ وابنُ
زَمْعَةَ فَقَالَ لَه‘ مُعَاوِيَةُ كَمْ قُوِّمَتِ الغَابَةُ قَالَ كُلُّ
سَهْمٍ مِائَةُ اَلفٍ قَالَ كَمْ بَقِىَ قَالَ اَرْبَعَةُ اَسْهُمٍ
وَنِصْفٍ قَالَ الْمُنذِرُ بنُ الزبَيْر قَدْاَخَذْتُ سَهْمًا
بِمِائَةِ الفٍ قَالَ عَمْرُو بنُ عُثمَانَ قَدْ اَخذتُ سَهْمًا
بِمِائَةِ اَلْفٍ وَقَالَ ابْنُ زمعةَ قَدْ اَخَذْتُ سَهْمًا بِمِأةِ
اَلْفٍ فَقَالَ مُعَاوِيَه كَمْ بَقِىَ فَقَالَ سَهْمٌ ونِصْفٌ قَالَ
اَخَذتُه‘ بِخَمْسِيْنَ ومِائَةِ اَلْفٍ قَالَ وَبَاعَ عَبْدُاللّٰه بن
جَعْفَرٍ نَصِيبَه‘ مِنْ مُعَاوِيَةَ بِستِّمِائَةِ اَلْفٍ فَلَمَّا فَرَغَ
ابْنُ الزُّبَيْرِ مِنْ قَضَاءِ دَيْنِهٖ قَالَ بَنُو الزُّبَيْرِ اِقْسِمْ بَيْنَنا
مِيْرَاثَنَا قَالَ لَااَقْسِمُ بَيْنَكُمْ حَتّٰى اُنَادِىَ بالمَوْسِمِ
اَرْبَعَ سِنِيْنَ اَلَا مَنْ كَانَ لَه‘ علَى الزُّبَيْرِ دَيْنٌ
فَلْيَاْتِنَا فَلْنَقْضِهٖ قَالَ فَجَعَلَ كَلَّ سِنَةٍ يُنَادِى
بِالْمَوْسِمِ فَلَمَّا مَضٰى اربعُ سِنِيْنَ قَسَمَ بَيْنَهُمْ قَالَ
وَكَانَ لِلزُّبَيْرِ اَرْبَعُ نِسْوَةٍ وَرُفِعَ الثلثُ فَاَصَابَ كُلَّ
امْرأةٍ اَلْفُ الفٍ وَمِائَتَا اَلْفٍ فَجَمِيْعُ مَالِهٖ خَمْسُوْنَ
اَلْفَ الفٍ ومِائَتَا اَلْفٍ

ہوئے تھے اور نہ کوئی دوسرا عہدہ انہوں نے قبول کیا تھا، البتہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اور ابوبکر، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ غزوات میں شرکت ضرور کی تھی۔ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب میں نے اس رقم کا حساب کیا جو ان پر قرض کی صورت میں تھی تو اس کی تعداد بائیس لاکھ تھی۔ بیان کیا کہ پھر حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے ملے تو دریافت فرمایا بیٹے! میرے (دینی) بھائی پر کتنا قرض ہے؟ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے چھپانا چاہا، اور کہہ دیا کہ ایک لاکھ! اس پر حکیم رضی اللہ عنہ نے فرمایا، بخدا، میں تو نہیں سمجھتا کہ تمہارے پاس موجود سرمایہ سے یہ قرض ادا ہو سکے گا، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اب کہا کہ اگر قرض کی تعداد بائیس لاکھ ہوئی پھر آپ کی کیا رائے ہوگی؟ انہوں نے فرمایا کہ پھر تو یہ قرض تمہاری برداشت سے باہر ہے خیر اگر کوئی دشواری پیش آئے تو مجھ سے کہنا، بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ نے غابہ کی جائیدا ایک لاکھ ستر ہزار میں خریدی تھی، لیکن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سولہ لاکھ میں بیچی۔ پھر انہوں نے اعلان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ پر جن کا قرض ہو وہ غابہ میں ہم سے آ کر مل لے، چنانچہ عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ آئے، ان کا زبیر رضی اللہ عنہ پر چار لاکھ چاہئے تھا تو انہوں نے یہی پیش کش کی کہ اگر تم چاہو تو میں یہ قرض چھوڑ سکتا ہوں، لیکن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نہیں پھر انہوں نے کہا کہ اگر تم چاہو تو میں سارے قرض کی ادائیگی کے بعد لے لوں گا، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس پر بھی یہی فرمایا کہ تاخیر کی بھی کوئی ضرورت نہیں، آخر انہوں نے فرمایا کہ پھر اس میں میرے حصہ کا قطعہ متعین کر دو، عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ یہاں سے یہاں تک لے لیجئے (اپنے قرض کے بدلہ میں) بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کی جائیداد اور مکانات وغیرہ بیچ کر ان کا قرض ادا کر دیا گیا اور سارے قرض کی ادائیگی ہوگئی۔ غابہ کی جائیداد میں ساڑھے چار حصے ابھی نہیں بک سکتے تھے اس لئے عبداللہ رضی اللہ عنہ معاویہ رضی اللہ عنہ کے یہاں (شام) تشریف لے گئے۔ وہاں عمرو بن عثمان منذر بن زبیر اور ابن زمعہ بھی موجود تھے، معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا کہ غابہ کی کل جائیداد کی قیمت کتنی طے ہوئی تھی انہوں نے بتایا کہ ہر حصے کی قیمت ایک لاکھ طے پائی تھی۔ معاویہ رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا کہ اب باقی کتنے حصے رہ

گئے ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ ساڑھے چار حصے! اس پر منذر بن زبیر نے فرمایا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں میں لیتا ہوں، عمرو بن عثمان نے فرمایا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں میں لیتا ہوں۔ ابن زمعہ نے فرمایا کہ ایک حصہ ایک لاکھ میں، میں لیتا ہوں، اس کے بعد معاویہؓ نے پوچھا کہ اب کتنے حصے باقی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ حصہ! معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر اسے میں ڈیڑھ لاکھ میں لیتا ہوں۔ بیان کیا کہ عبداللہ بن جعفرؓ نے اپنا حصہ بعد میں معاویہؓ کو چھ لاکھ میں بیچ دیا، پھر جب ابن زبیر رضی اللہ عنہ قرض کی ادائیگی کر چکے تو زبیر رضی اللہ عنہ کی اولاد نے کہا کہ اب ہماری میراث تقسیم کر دیجئے لیکن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابھی میں تمہاری میراث اس وقت تک تقسیم نہیں کر سکتا جب تک چار سال تک ایام حج میں اس کا اعلان نہ کرلوں کہ جس کا بھی زبیر رضی اللہ عنہ پر قرض ہے وہ ہمارے پاس آئے اور اپنا قرض لے جائے۔ بیان کیا کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اب ہر سال ایام حج میں اس کا اعلان کرانا شروع کیا جب چار سال گزر گئے تو ان کی میراث تقسیم کی، بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کی چار بیویاں تھیں اور عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (وصیت کے مطابق) تہائی حصہ باقی ماندہ رقم سے نکال لیا تھا۔ پھر بھی ہر بیوی کے حصے میں بارہ لاکھ کی رقم آئی، زبیر رضی اللہ عنہ کا سارا مال پچاس حصوں میں تھا (اور ہر حصہ) بارہ لاکھ کا تھا۔

باب ۲۵۶. اِذَا بَعَثَ الْاِمَامُ رَسُوْلًا فِی حَاجَةٍ اَوْاَمَرَہ، بِا لمَقَامِ هَلْ يُسْهَمُ لَه،

۲۵۶۔ اگر امام کسی کو ضرورت کے لئے قاصد بنا کر بھیجے یا کسی خاص جگہ ٹھہرنے کا حکم دے، تو کیا اس کا بھی حصہ (غنیمت میں) ہوگا۔

(۳۷۱) حَدَّثَنَا مُوسٰی حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَةَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مَوْهَبٍ عَنِ ابن عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اِنَّمَا تَغَيَّبَ عثمانُ عن بَدْرٍ فَاِنَّه، كَانَتْ تَحْتَه، بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مَرِيْضَةً فَقَالَ لَه، النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لَكَ اَجْرَرَ جُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَه،

۳۷۱۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی ان سے عثمان بن موہب نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ عثمان رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں شریک نہ تھے ان کے نکاح میں رسول اللہ ﷺ کی ایک صاحبزادی تھیں اور (اس وقت) بیمار تھیں (اسی لئے شریک نہ ہو سکے تھے) ان سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں بھی اتنا ہی ثواب ملے گا، جتنا بدر میں شریک ہونے والے دوسرے کسی شخص کو ملے گا اور اتنا ہی حصہ بھی (غنیمت میں سے)۔

باب ۲۵۷. وَمِنَ الدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَ الخُمُسَ لِنَوائِبِ الْمُسْلِمِيْنَ مَاسَأَلَ هَوَازِنُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بِرَضَاعِهِ فِيْهِمْ فَتَحَلَّلَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَمَا كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمُ يَعِدُ النَّاسَ اَنْ

۲۵۷۔ خمس، مسلمانوں کی ضرورتوں اور مصالح میں خرچ ہوگا، اس کی دلیل یہ واقعہ ہے کہ جب قبیلہ ہوازن کے لوگوں نے نبی کریم ﷺ سے اپنے رضاعی رشتے کا واسطہ دے کر اپنا مطالبہ پیش کیا تھا تو آنحضور ﷺ نے مسلمانوں سے (ان سے حاصل شدہ غنیمت) معاف کرا دی تھی۔

يُعْطِيَهُمْ مِنَ الفَيْءِ وَالاَ نفالِ من الخمسِ وَمَا اَعْطٰى الاَ نصارَ وَمَا اعطٰى جابرَ بْنَ عبد الله تَمْرَ خَيْبَرَ

آنحضرت ﷺ نے بعض لوگوں سے وعدہ فرمایا کرتے تھے کہ فئی اور خمس میں سے اپنی طرف سے عطیہ کے طور پر انہیں دیں گے اور آنحضور ﷺ نے حضرت جابر اور دوسرے انصار رضی اللہ عنہم کو خیبر کی کھجوریں عطا فرمائی تھیں۔

(۳۷۲) حَدَّثَنَا سعيدُ بنُ عُفَيرٍ قَالَ. حَدَّثَنِى اللَّيثُ قَالَ حَدَّثَنِى عُقَيْلٌ عَنِ ابنِ شهابٍ قَالَ زَعَمَ عروةُ عن مَرْوَانَ بنِ الحكمِ وَمِسْوَرَ بن مَخْرَمَةَ اَخْبَرَاه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ قَالَ حِيْنَ جَاءَ ه' وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ فَسَألوه اَنْ يَرُدَّ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اَحَبُّ الْحَدِيْثِ اِلَيَّ اَصْدَقُهُ فاختاروا اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ اِمَّا السَّبْىَ وَاِمَّا المَالَ وقد كُنْتُ اِسْتَانَيْتُ بِهِمْ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ انْتَظَرَ اٰخِرَهُمْ بِضعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطائف فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ غَيْرُ رَادٍ اِلَيْهِمْ الاحدى الطَّائِفَتَيْنِ قَالُوْا فَاِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمُسْلِمِيْنَ فاثنى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُه' ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اِخْوَانَكُمْ هٰؤُلَاءِ قَدْجَاؤُنَا تَائِبِيْنَ وَاِنِّى قَدْرَاَيْتُ اَنْ اَرُدَّ اِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُطَيِّبَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَكُوْنَ عَلٰى حَظِّهٖ حَتّٰى نُعْطِيَه' اِيَّاهُ مِنْ اَوَّلِ مَا يُفِئُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّالَا نَدْرِىْ مَنْ اَذِنَ مِنْكُمْ فِى ذٰلِكَ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ فَارْجِعُوا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ اَمْرَكُمْ فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرُوْهُ اَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوْا فَاَذِنُوا فَهٰذَا الَّذِىْ بَلَغَنَا عَنْ سَبْىِ هَوَازِنَ

۳۷۲۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ عروہ کہتے تھے کہ مروان بن حکم اور مسور بن حکم اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے انہیں خبر دی کہ جب ہوازن کا وفد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے اموال اور قیدیوں کی واپسی کا مطالبہ پیش کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سچی بات مجھے سب سے زیادہ پسند ہے ان دونوں چیزوں میں سے تم ایک ہی واپس لے سکتے ہو، اپنے قیدی واپس لے لو، یا پھر مال واپس لے لو، اور میں نے تو تمہارا انتظار بھی کیا، آنحضور ﷺ نے تقریباً دس دن تک طائف سے واپسی پر ان کا انتظار کیا تھا اور جب یہ بات ان پر واضح ہوگئی کہ آنحضور ﷺ ان کی صرف ایک ہی چیز (قیدی یا مال) واپس کر سکتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ ہم اپنے قیدی واپس چاہتے ہیں، اب آنحضور ﷺ نے مسلمانوں کو خطاب فرمایا، اللہ کی اس کی شان کے مطابق تعریف کرنے کے بعد فرمایا امابعد! تمہارے یہ بھائی اب ہمارے پاس توبہ کر کے آئے ہیں اور میں مناسب سمجھتا ہوں کہ ان کے قیدی انہیں واپس کر دیئے جائیں، اس لئے جو شخص اپنی خوشی سے (غنیمت کے اپنے حصے کے قیدی) واپس کرنا چاہے وہ بھی واپس کر دے اور جو شخص چاہتا ہو کہ اس کا حصہ باقی رہے اور ہمیں جب اس کے بعد سب سے پہلی غنیمت ملے تو اس میں سے اس کے حصے کی ادائیگی کر دی جائے تو وہ بھی اپنے قیدی واپس کر دے (اور جب ہمیں دوسری غنیمت ملے گی تو اس کا حصہ ادا کر دیا جائے گا) اس پر صحابہ نے کہا کہ یا رسول اللہ! ہم اپنی خوشی سے انہیں اپنے حصے واپس کرتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، لیکن ہمیں یہ معلوم نہ ہو سکا کہ کن لوگوں نے اپنی خوشی سے اجازت دی ہے اور کن لوگوں نے نہیں دی ہے، اس لئے سب لوگ (اپنے خیموں میں) واپس چلے جائیں اور تمہارے امیر تمہارے رجحان کی ترجمانی ہمارے سامنے آ کر کریں۔ سب لوگ واپس چلے گئے اور ان کے امیروں نے ان سے اس مسئلہ پر گفتگو کی، اور

پھر آنحضور ﷺ کو آ کر اطلاع دی کہ سب لوگ خوشی سے اجازت دیتے ہیں (اس کا کوئی بدلہ نہیں چاہتے) یہی وہ خبر ہے جو ہوازن کے قیدیوں کے سلسلے میں معلوم ہوئی ہے۔

(۳۷۳) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ عَبْدِالوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا ايوبُ عن ابى قِلابَةَ قَالَ وَ حَدَّثَنِى القاسمُ بنُ عاصمٍ الكليبىُّ وَاَنَا لِحَدِيثِ القاسم احْفَظُ عَنْ زَهْدَمٍ قَالَ كنَّاعِنْدَ اَبِىْ مُوسٰى فَأُتِىَ ذَكَرَ دجاجَةً وَعِنْدَه، رَجُلٌ مِنْ بنى تَيمِ اللّٰهِ احمرُ كانه من الموالى فد عاه لِلطَّعَامِ فَقَالَ اِنِّى رَاَيْتُه، يَاكُلُ شَيئًا فَقَذِرتُه، فَحَلَفْتُ لا آكُلَ فقال هَلُمَّ فَلَاحَدِّ ثُكُمْ عَنْ ذاك انى اَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى نَفَرٍ مِنَ الاَشْعَرِيِّينَ نَسْتَحْمِلُهُ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَااَحْمِلُكُمْ وَمَا عِنْدِى مَااَحْمِلُكُمْ وَاُتِىَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بنَهْبِ ابلٍ فسأَلَ عَنَّا فقال اَيْنَ النَّفَرُ الاَشْعَرِيُّونَ فَاَمَرَلَنَا بخَمْسِ ذُوْدٍ غُرِّالذُّرٰى فَلَمَّا انطَلَقْنَا قُلْنَا مَاصَنَعْنَا لايُبَارَكُ لَنَا فرجَعْنا اِلَيْهِ فَقُلْنَا اِنَّا سألناكَ اَنْ تَحْمِلَنَا فَحَلَفْتَ اَنْ لاتَحْمِلَنَا افنسيتَ قَالَ لَسْتُ اَنَا حَمَلْتُكُمْ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ حَمَلَكُمْ وَاِنِّى وَاللّٰهِ ان شَاءَ اللّٰهُ لَااَحْلِفُ عَلٰى يَمِيْنٍ فَاَرٰى غَيْرَهَا خَيْرًا مِنهَا اِلَّا اَتَيْتُ الَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ وَ تَحَلَّلْتُهَا

۳۷۳۔ ہم سے عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے حدیث بیان کی ان سے ابوقلابہ نے بیان کیا اور (ایوب نے ایک دوسری سند کے ساتھ روایت اس طرح کی ہے کہ) مجھ سے قاسم بن عاصم کلیبی نے حدیث بیان کی اور (کہا کہ) قاسم کی حدیث (ابوقلابہ کی حدیث کی بہ نسبت) مجھے زیادہ اچھی طرح یاد ہے، زہدم کے واسطہ سے، انہوں نے بیان کیا کہ ہم ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی مجلس میں حاضر تھے۔ (کھانا لایا گیا اور) وہاں مرغی کا ذکر چلا، بنی تیم اللہ کے ایک صاحب وہاں موجود تھے، رنگ سرخ تھا، غالباً موالی میں سے تھے انہیں بھی ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کھانے پر بلایا (کھانے میں مرغی کا گوشت بھی تھا) وہ کہنے لگے کہ میں نے مرغی کو گندی چیزیں کھاتے ایک مرتبہ دیکھا تھا، مجھے بڑی ناگواری ہوئی اور میں نے قسم کھالی کہ اب کبھی مرغی کا گوشت نہ کھاؤں گا، حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قریب آ جاؤ، میں تم سے ایک حدیث اس سلسلے کی بیان کرتا ہوں، قبیلہ اشعر کے چند اشخاص کو ساتھ لے کر میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سواری کی درخواست کی (غزوۂ تبوک میں شرکت کے لئے) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ خدا کی قسم، میں تمہارے لئے سواری کا انتظام نہ کر سکوں گا، میرے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تمہاری سواری کے کام آ سکے پھر آنحضور ﷺ کی خدمت میں غنیمت کے کچھ اونٹ آئے تو آپ نے ہمارے متعلق دریافت فرمایا اور فرمایا کہ قبیلہ اشعر کے لوگ کہاں ہیں؟ چنانچہ آپ ﷺ نے پانچ اونٹ ہمیں دیئے جانے کا حکم عنایت فرمایا، خوب موٹے تازے اور فربہ! جب ہم چلنے لگے تو ہم نے آپس میں کہا کہ ہم نے جو طرز عمل اختیار کیا ہے اس سے آنحضور ﷺ کے اس عطیہ میں ہمارے لئے کوئی برکت نہیں ہو سکتی، چنانچہ پھر ہم آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم نے پہلے جب آنحضور (ﷺ) سے درخواست کی تھی تو آپ نے بحلف فرمایا تھا کہ میں تمہاری سواری کا انتظام نہیں کر سکوں گا، شاید آنحضور ﷺ کو یاد نہ رہا ہو! لیکن حضور ﷺ نے فرمایا کہ میں نے تمہاری

سواری کا انتظام واقعی نہیں کیا، وہ اللہ تعالیٰ ہیں جنہوں نے تمہیں سواریاں دی ہیں، خدا کی قسم، تم اس پر یقین رکھو کہ انشاء اللہ جب بھی میں کوئی قسم کھاؤں گا اور پھر مجھ پر بات واضح ہو جائے گی کہ بہتر اور مناسب طرز عمل اس کے سوا میں ہے تو میں وہی کروں گا جس میں اچھائی ہوگی اور کفارہ قسم دے دوں گا۔ ❶

(۳۷۴) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ یوسفَ اخبرنا مَالِکٌ عن نافعٍ عَنِ ابن عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِیَّةً فِیهَا عَبدُاللّٰهِ قِبَلَ نجدٍ فَغنِمُوْا اِبِلًا کثِیرًا فکَانَتْ سِهَامُهُمْ اثنی عَشَرَ بَعِیرًا وَاَحَدَ عَشَرَ بَعِیرًا ونُفِلُوا بعِیرًا بعیرًا

۳۷۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے خبر دی انہیں نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے نجد کی طرف سے ایک مہم روانہ کی، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ مہم کے ساتھ تھے، غنیمت کے طور پر اونٹنیوں کی ایک بڑی تعداد اس مہم کو ملی تھی، اس لئے اس کے شرکاء کو حصے میں بھی بارہ یا گیارہ گیارہ اونٹ ملے تھے اور ایک ایک اونٹ واجبی حصوں کے علاوہ بھی انہیں دیا گیا تھا۔

(۳۷۵) حَدَّثَنَا یَحیَیٰ بنُ بُکیرٍ اخبرنا اللیثُ عن عُقَیلٍ عن ابن شهاب عن سالمٍ عن ابن عمر رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا اَنَّ رسولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُنَفِّلُ بَعضَ من یَبعَثُ مِنَ السَّرایَا لِاَنفُسِهِمْ خاصَّةً سِوٰی قِسمِ عامَّةِ الجَیشِ

۳۷۵۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی انہیں لیث نے خبر دی انہیں ابن شہاب نے انہیں سالم نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ بعض مہموں کے موقعہ پر اس کے افراد کو غنیمت کے عام حصوں کے علاوہ اپنے طور پر بھی عنایت فرمایا کرتے تھے (خمس وغیرہ سے)۔

(۳۷۶) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ العلاءِ حَدَّثَنَا اَبُواُسامَةَ حَدَّثَنَا بُرَیْدُ بنُ عَبدِاللّٰهِ عن اَبِی بُردَةَ عَنْ اَبِی مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ بَلَغنَا مَخرَجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَنَحنُ بالیَمنِ فَخرَجْنا مُهَاجِرِینَ اِلَیهِ اَنَا وَاَخوَانٍ لی انا اَصغَرُ هُم اَحَدُهُمَا اَبُوبُردَةَ وَالاٰخرُ اَبُورُهمٍ اِمَّا قَالَ فی بِضعٍ وَاِمَّا قَالَ فِی ثَلَاثَةٍ وَخَمسِینَ اَوِاثْنَینِ وَخَمسِینَ رَجُلًا مِنْ قَومِی فَرَکِبنَا سَفِینَةً فَاَلقَتنَا اِلَی النَّجَاشِیِّ بِالحَبَشَةِ ووَافَقنَا جَعفَرَ بن اَبِی طالبٍ واَصحَابَه عِندَه فقال جَعفَرُ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا هٰهُنَا وَامرنَا بالِاقَامَةِ فَاَقِیمُوا مَعَنَا فَاَقَمنَا مَعَه حَتّٰی قَدِمنَا جَمِیعًا فَوَافَقنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ

۳۷۶۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی ان سے برید بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوبردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کی ہجرت کی خبر ہمیں ملی تو ہم یمن میں تھے اس لئے ہم بھی آپ کی خدمت میں مہاجر کی حیثیت سے حاضر ہونے کے لئے روانہ ہوئے تھے، میرے ساتھ دو بھائی تھے، میری عمران دونوں سے کم تھی (دونوں بھائیوں میں) ایک ابوبردہ رضی اللہ عنہ تھے اور دوسرے ابورہم، یا انہوں نے یہ فرمایا کہ اپنی قوم کے چند افراد کے ساتھ یا یہ کہا کہ ترپن یا باون افراد کے ساتھ (یہ لوگ روانہ ہوئے تھے) ہم کشتی میں سوار ہوئے تو ہماری کشتی نجاشی کے ملک حبشہ پہنچ گئی اور وہاں ہمیں جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اپنے دوسرے ساتھیوں کے ساتھ جا ملے، جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہاں بھیجا تھا اور حکم دیا تھا کہ ہم یہیں رہیں، اس

❶ عربی میں واللہ وغیرہ قسم کے لئے بہت سے الفاظ استعمال ہوتے ہیں اور مقصود صرف تاکید ہوتی ہے یہاں مراد اسی طرح کی قسم سے ہے جو گفتگو کے درمیان عربی کا ایک عام محاورہ سا بن گیا ہے۔

حِين افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَاسْهَمَ لَنَا اَوْقَالَ فَاَعْطَانَا مِنْهَا وَمَا قَسَمَ لِاَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَيْبَرَ مِنْهَا شَيْئًا اِلَّا لِمَنْ شَهِدَ مَعَه' اِلَّا اَصْحَابُ سَفِيْنَتِنَا مَعَ جَعْفَرَ وَاَصْحَابِهٖ قَسَمَ لَهُمْ مَعَهُمْ

لئے آپ لوگ بھی ہمارے ساتھ یہیں ٹھہر جایئے، چنانچہ ہم بھی وہیں ٹھہر گئے اور پھر سب ایک ساتھ (مدینہ) حاضر ہوئے، جب ہم خدمت نبوی، میں پہنچے تو آنحضور ﷺ خیبر فتح کر چکے تھے، لیکن آنحضور ﷺ نے (دوسرے مجاہدوں کے ساتھ) ہمارا بھی حصہ مال غنیمت میں لگایا انہوں نے بیان کیا کہ غنیمت میں سے آپ نے ہمیں بھی عطا فرمایا، حالانکہ آپ نے کسی ایسے شخص کا غنیمت میں حصہ نہیں لگایا تھا جو لڑائی میں شریک نہ رہا ہو، صرف انہیں لوگوں کو حصہ ملا تھا جو لڑائی میں شریک تھے البتہ ہمارے کشتی کے ساتھیوں اور جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کو بھی آپ نے غنیمت میں شریک کیا تھا (حالانکہ ہم لوگ لڑائی میں شریک نہیں تھے۔)

(۳۷۷) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْقَدْ جَاءَ نِي مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَقَدْ اَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَلَمْ يَجِئْ حَتّٰى قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ اَمَرَ اَبُوْبَكْرٍ مُنَادِيًا فَنَادٰى مَنْ كَانَ لَه' عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ اَوْعِدَةٌ فَلْيَاْتِنَا فَاَتَيْتُه' فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا فَحَثَالِي ثَلَاثًا وَجَعَلَ سُفْيَانُ يَحْثُوْ بِكَفَّيْهِ جَمِيْعًا ثُمَّ قَالَ لَنَا هٰكَذَا قَالَ لَنَا ابْنُ الْمُنْكَدِرِ وَقَالَ مَرَّةً فَاَتَيْتُ اَبَابَكْرٍ فَسَاَلْتُ فَلَمْ يُعْطِنِي ثُمَّ اَتَيْتُه' فَلَمْ يُعْطِنِي ثُمَّ اَتَيْتُه' الثَّالِثَةَ فَقُلْتُ سَاَلْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِي ثُمَّ سَاَلْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِي فَاِمَّا اَنْ تُعْطِيَنِي وَاِمَّا اَنْ تَبْخَلَ عَنِّي قَالَ قُلْتَ تَبْخَلُ عَلَيَّ مَا مَنَعْتُكَ مِنْ مَرَّةٍ اِلَّا وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اُعْطِيَكَ قَالَ سُفْيَانُ وَحَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَابِرٍ فَحَثَالِي حَثْيَةً وَقَالَ عُدَّهَا فَوَجَدْتُّهَا خَمْسَمِائَةٍ قَالَ فَخُذْ مِثْلَهَا مَرَّتَيْنِ وَقَالَ يَعْنِي ابْنَ الْمُنْكَدِرِ وَاَيُّ دَاءٍ اَدْوَاُ مِنَ الْبُخْلِ

۳۷۷۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن منکدر نے حدیث بیان کی اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ بحرین سے وصول ہو کر میرے پاس مال آئے گا تو میں تمہیں اس طرح، اس طرح دوں گا (تین لپ) اس کے بعد آنحضور ﷺ کی وفات ہوگئی اور بحرین کا مال اس وقت تک نہ آیا، پھر جب وہاں سے مال آیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حکم سے منادی نے اعلان کیا کہ جس کا بھی نبی کریم ﷺ پر کوئی قرض ہو یا آپ کا کوئی وعدہ ہو تو ہمارے پاس آئے۔ میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا تھا، چنانچہ انہوں نے تین لپ بھر کر مجھے عنایت فرمایا، سفیان بن عیینہ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا (لپ بھرنے کی کیفیت بتائی) پھر ہم سے سفیان نے بیان کیا (سابقہ سند کے ساتھ) کہ (جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا) میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا، پھر میں حاضر ہوا اور اس مرتبہ بھی انہوں نے مجھے کچھ نہیں دیا، پھر میں تیسری مرتبہ حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں نے ایک مرتبہ آپ سے مانگا اور آپ نے مجھے عنایت نہیں فرمایا، دوبارہ مانگا پھر بھی آپ نے نہیں عنایت فرمایا اور پھر مانگا لیکن آپ نے عنایت نہیں فرمایا، اب یا آپ مجھے دیجئے یا پھر میرے معاملے میں بخل سے کام لیجئے، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم کہتے ہو کہ میرے معاملے میں بخل سے کام لیتا ہے حالانکہ تجھے دینے سے جب بھی میں نے اعراض کیا تو میرے دل

میں یہ بات ہوتی تھی کہ تجھے دینا ضرور ہے (اور وقتی انکار صرف مصلحت کی وجہ سے ہوتا تھا) سفیان نے بیان کیا کہ ہم سے عمرو نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن علی نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے کہ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے ایک لپ بھر کر دیا اور فرمایا کہ اسے شمار کرلو (کہ تعداد کتنی ہے) میں نے شمار کیا تو پانچ سو کی تعداد تھی اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اتنا ہی دومرتبہ اور لے لو۔ اور ابن منکدر نے بیان کیا (کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا) (کہ بخل سے زیادہ بدترین اور کیا بیماری ہوسکتی ہے۔

(۳۷۸) حَدَّثَنَا مُسْلِمِ بن اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ حَدَّثَنَا عمرُو بن دينارٍ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰه عَنهُمَا قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ غَنِيمَةَ بِالْجِعْرَ انَةِ اِذْ قَالَ لَهٗ رَجُلٌ اعدل فَقَالَ لَهٗ شَقِيتُ اِنْ لَمْ اعدِلُ

۳۷۸۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے قرہ نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ مقام جعرانہ میں غنیمت تقسیم کررہے تھے کہ ایک شخص نے کہا، انصاف سے کام لیجئے! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں بھی انصاف سے کام نہ لوں تو تم گمراہ ہوجاؤ۔

باب ۲۵۸ . مَامَنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى الا سارى من غَيْرِ اَنْ يُخَمِّسَ

۲۵۸۔ پانچواں حصہ نکالنے سے پہلے نبی کریم ﷺ نے قیدیوں پر غنیمت کے مال سے احسان کیا۔

(۳۷۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ منصورٍ اخبَرنا عَبْدُالرَّزَّاقِ اخبَرَنا معمرٌ عنِ الزهرىِ عن محمدِ ابنِ جبيرٍ عن ابيه رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ان النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي اُسَارٰى بدْرٍ لَوْكان الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيّ حَيًّا ثُمَّ كَلَّمَنِي فِي هٰؤُلَاءِ النَّتْنٰى لَتَرَكْتُهُمْ لَهٗ

۳۷۹۔ ہم سے اسحٰق بن منصور نے حدیث بیان کی انہیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی انہیں زہری نے، انہیں محمد بن جبیر نے اور انہیں ان کے والد رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے متعلق فرمایا تھا کہ اگر مطعم بن عدی (جو کفر کی حالت میں مر گئے تھے) زندہ ہوتے اور ان کافروں کی سفارش کرتے تو میں ان کی وجہ سے انہیں (فدیہ لئے بغیر) چھوڑ دیتا۔

باب ۲۵۹ . وَمِنَ الدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَّ الخُمُسَ لِلْاِمَامِ وَاَنَّهٗ يُعْطِي بَعْضَ قَرَابَته دُوْنَ بَعْضٍ مَا قَسَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِي الْمُطلب وَبَنِي هَاشِم من خُمُسِ خَيْبَرَ قَالَ عُمَرُ بْنُ عبدِالعزيز لَمْ يَعُمَّهُمْ بِذَالِكَ وَلَمْ يَخُصَّ قَرِيبًا دُوْنَ مَنْ اَحْوَجُ اِلَيْهِ وَاِنْ كَانَ الَّذِىْ اَعْطٰى لِمَا يَشْكُوْ اِلَيْهِ مِنَ الْحَاجَةِ وَلِمَا مَسَّتْهُمْ فِي جَنْبِهٖ مِنْ قَوْمِهِمْ وَحُلَفَائِهِمْ

۲۵۹۔ اس کی دلیل کہ غنیمت کے پانچویں حصے میں امام کو تصرف کا حق ہوتا ہے اور وہ اس سے اپنے بعض (مستحق) رشتہ داروں کو بھی دے سکتا ہے،

یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے خیبر کی غنیمت میں سے بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب کو بھی دیا تھا، عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے تمام رشتہ داروں کو نہیں دیا تھا اور اس کی بھی رعایت نہیں کی تھی کہ جو قریبی رشتہ دار ہو اسی کو دیں بلکہ جو زیادہ محتاج ہوتا، اسے آپ عنایت فرماتے تھے، خواہ رشتہ میں دور ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ یہ لوگ بھی اپنی محتاجی کی شکایت کرتے تھے (اور اسلام لانے کی وجہ سے) ان کی قوم (قریش) اور ان کے حلیفوں سے انہیں اذیتیں اٹھانی پڑتی تھیں۔

(۳۸۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہ بنُ یوسف حَدَّثَنَا اللَّیثُ عَنْ عُقَیلٍ عَنِ ابْنِ شہابٍ عن ابن المسیب عن جُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ قال مشیتُ انا وعثمان بن عفان الی رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اعطیتَ بنی الْمُطَّلِبِ وَترَکْتَنَا وَنَحْنُ وَھُمْ مِنْکَ بِمَنْزِلَۃٍ واحِدَۃٍ فقالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا بنو الْمُطَّلِبِ وَھَاشِمٌ شَیْءٌ وَاحِدٌ قَالَ اللَّیْثُ حَدَّثَنِي یُونس وَزَادَ قَالَ جُبَیْرٌ وَلَمْ یقسمِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِبَنِیْ عَبْدِ شمسٍ وَلَالبنی نوفلٍ وقال ابنُ اسحاق عبدُ شَمْسٍ وَ ھَاشِمٌ وَالْمُطَّلِبُ اخْوَۃٌ لِأمٍ وامُّھم عَاتِکَۃُ بنتُ مُرَّۃَ وَ کَانَ نو فلُ اَخاھُمْ لا بیھم

۳۸۰۔ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے لیث بن عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے ان سے ابن المسیب نے اور ان سے جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اور عثان بن عفان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نے بنو مطلب کو تو عنایت فرمایا، لیکن ہمیں نظر انداز کر دیا، حالانکہ ہم اور وہ آپ کی نظر میں ایک جیسے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ بنو مطلب اور ہاشم ایک جیسے ہیں، لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی اور (اس روایت میں) یہ زیادتی کی کہ جبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نبی کریم ﷺ نے بنو شمس اور بنو نوفل کو نہیں د تھا اور ابن اسحٰق (صاحب مغازی) نے کہا ہے کہ عبد شمس، ہاشم او مطلب ایک ماں سے تھے اور ان کی ماں کا نام عاتکہ بنت مرہ تھا اور نوفل باپ کی طرف سے ان کے بھائی تھے (ماں دوسری تھیں)۔

باب ۲۶۰. مَنْ لَمْ یُخَمِّس الاسلابَ وَمَنْ قَتل قَتِیْلًا فَلَہٗ سَلَبُہٗ مِنْ غیرِ اَن یُخَمِّسَ وَحُکم الْاِمَامِ فیہ

۲۶۰۔جس نے کافر مقتول کے ساز و سامان میں سے خمس نہیں لیا اور جس نے کسی کو (لڑائی میں) قتل کیا تو مقتول کا سامان اسی کو ملے گا، بغیر اس میں سے خمس نکالے ہوئے، اور اس کے متعلق امام کا حکم۔

(۳۸۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا یوسفُ بنُ الْمَاجِشُونَ عن صالحِ بن اِبْرَاھیمَ بنِ عبدِالرَّحْمٰن بن عوف عن ابیہ عن جَدِہٖ قَالَ بَیْنَا انا واقفٌ فی الصف یَوْمَ بَدْرٍ فَنَظَرْتُ عَنْ یَمِیْنِی وَشِمَالی فاذا اَنَا بِغُلامَیْنِ مِنَ الانصار حدِیْثَۃٍ اَسْنَانُھُمَا تَمَنَّیْتُ اَنْ اکونَ بین اَضْلَعَ منھما فَغَمَزَنِی احدُھما فقال یاعَمِّ ھَلْ تعرف اَبَاجَھْلٍ قُلْتُ نَعَمْ مَاحَاجَتُکَ اِلَیْہِ یَاابْنَ اَخِیْ قَالَ اُخْبِرْتُ انہ یَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِی نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَئِن رایتہٗ لَایُفَارِقُ سَوَادِیْ سَوَادَہٗ حَتّٰی یَمُوْتَ الْاَعْجَلُ مِنَّا فَتَعَجَّبْتُ لِذٰلِکَ فَغَمَزَنِی الْاٰخَرُ فَقَالَ لِی مِثْلَھَا فَلَمْ اَنْشَبْ ان نَظَرْتُ اِلٰی اَبِی جَھْلٍ یَجُوْلُ فی النَّاسِ قُلْتُ الا اَنَّ ھٰذَا صَاحِبُکُمَا الَّذِیْ سَالْتُمَانِی عنہ فَابْتَدَرَاہُ بِسَیْفِیْھِمَا فَضَرَبَاہُ حَتّٰی قَتَلَاہُ ثُمَّ

۳۸۱۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یوسف بن ماجشون نے حدیث بیان کی ان سے صالح بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف نے ان سے ان کے والد (ابراہیم) نے اور ان سے صالح کے دادا (عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی میں، میں صف کے ساتھ کھڑا تھا، میں نے جو دائیں بائیں نظر کی، تو میرے دونوں طرف قبیلہ انصار کے دو نو عمر لڑکے کھڑے تھے، میں نے سوچا، کاش میں ان کی وجہ سے مضبوط ہوتا، ایک نے میری طرف اشارہ کیا اور پوچھا، چچا، آپ ابو جہل کو بھی پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا کہ ہاں، لیکن بیٹے تم لوگوں کو اس سے کیا کام ہے؟ لڑکے نے جواب دیا مجھے معلوم ہوا ہے وہ رسول اللہ ﷺ کو گالیاں دیتا ہے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے اگر مجھے وہ مل گیا تو اس وقت تک میں اس سے جدا نہ ہوں گا، جب تک ہم سے کوئی، جس کے مقدر میں پہلے مرنا ہوگا، مر نہ جائے گا، مجھے اس پر بڑی حیرت ہوئی (کہ اس تو عمری میں اتنے جرأت مندانہ حوصلے رکھتا ہے) پھر دوسرے نے اشارہ کیا اور وہی باتیں اس نے بھی کہیں۔ ابھی چند منٹ ہی گزرے تھے کہ مجھے ابو جہل

انصرفا الی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فاخبراہُ، فقال اَیُّکُمَا قَتلَہ' قَالَ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْھُمَا اَنَا قَتَلْتُہ' فَقَالَ ھَل مَسَحْتُمَا سیفَیْکُمَا قَالَا لافنظرَ فِی السَّیفَیْنِ فَقَالَ کِلَاکُمَا قَتَلَہ' وَسَلَبُہ' لِمُعَاذِ بْنِ عمرِو بْنِ الْجَمُوحِ و کانا معاذ بنَ عفراءَ ومعاذ بنَ عمرِو بنِ الجموحِ

دکھائی دیا، جولوگوں میں (کفار کے لشکر میں) برابر پھر رہا تھا، میں نے ان لڑکوں سے کہا کہ جس کے متعلق تم پوچھ رہے تھے وہ سامنے (پھرتا ہوا نظر آرہا ہے) دونوں نے اپنی تلواریں سنبھالیں اور اس پر جھپٹ پڑے اور حملہ کر کے اسے قتل کر ڈالا اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو اطلاع دی، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تم دونوں میں سے اسے قتل کس نے کیا ہے؟ دونوں جوانوں نے کہا کہ میں نے کیا ہے۔اس لئے آپ نے ان سے دریافت فرمایا کہ کیا اپنی تلواریں صاف کر لی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ نہیں۔ پھر آنحضور ﷺ نے دونوں تلواروں کو دیکھا اور فرمایا کہ تم دونوں ہی نے اسے قتل کیا ہے اور اس کا ساز وسامان معاذ بن عمرو بن جموح کو ملے گا۔ یہ دونوں نوجوان معاذ بن عفراء اور معاذ بن عمرو بن جموح تھے (رضی اللہ عنہما)۔

(۳۸۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰہِ بنُ مَسْلَمَۃَ عن مالِکٍ عن یحییٰ بن سعیدٍ عن ابن افلحَ عن ابی محمدٍ مَوْلٰی ابی قتادۃ عن ابی قتادۃَ رضی اللّٰہ عنہ قال خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عامَ حنین فَلَمَّا الْتَقَیْنَا کانتْ للمسلمین جولۃٌ فرایتُ رَجُلًا مِن الْمُشرِکِین عَلَا رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ فاستدرتُ حَتّٰی اَتیتُہ من ورائہ حَتّٰی ضربتُہ بالسیفِ علی حبلِ عَاتِقِہ فاقبلَ عَلَیَّ فضمَّنِی ضَمَّۃً وَجَدْتُ مِنْھَا رِیحَ الْمَوْتِ ثُمَّ ادرَکَہُ الموتُ فَاَرسَلَنِی فَلَحِقْتُ عمرَ بنَ الخطاب فقلت مَابَالُ النَّاسِ قَالَ امرُاللّٰہ ثُمَّ اِنَّ النَّاسَ رَجَعُوا وَجَلَسَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فقال من قَتَلَ قَتِیْلًا لَہ' عَلَیْہِ بَیِّنَۃٌ فَلَہ' سَلَبُہ' فَقُمتُ فَقُلْتُ من یَشْھَدُ لِی ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ مَنْ قَتَلَ قتیلاً لہ علیہ بینۃ فلہ سلبہ فقمت فقلت من یشھد لِیْ ثم جلست ثم قال الثَّالِثَۃَ مِثلَہ' فقال لَہ' رَجُلٌ صدقَ یَارَسُولَ اللّٰہ وسلبُہ عندی فَاَرْضِہٖ عَنِّیْ فقال ابوبکرٍ الصّدیق رضی اللّٰہ عنہ لاھا اللّٰہ اذا لایعمدُ الی اَسَدٍ من اُسدِاللّٰہِ یُقَاتِلُ عَنِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۳۸۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے ابن افلح نے، ان سے ابوقتادہ کے مولیٰ ابومحمد نے اور ان سے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حنین کے موقعہ پر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے پھر جب ہماری دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی تو (ابتداء میں) اسلامی لشکر پسپا ہونے لگا، اگرچہ رسول اللہ ﷺ جو امیر الجیش تھے لشکر کے ایک حصے کے ساتھ اپنی جگہ سے پیچھے نہیں ہٹے تھے) اتنے میں، میں نے دیکھا کہ مشرکین کے لشکر کا ایک شخص ایک مسلمان کے اوپر چڑھا ہوا تھا اس لئے میں فوراً ہی گھوم پڑا اور اس کے پیچھے سے آکر تلوار اس کی گردن پر ماری اب وہ شخص مجھ پر ٹوٹ پڑا اور مجھے اتنی زور سے اس نے بھینچا کہ میری روح جیسے قبض ہونے کو تھی، آخر جب اسی موت نے آدبوچا (میری تلوار کے زخموں سے) تب کہیں جا کر اس نے مجھے چھوڑا اس کے بعد مجھے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ملے تو میں نے ان سے پوچھا، کہ مسلمان اب کس پوزیشن میں ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ جو اللہ کا حکم تھا وہی ہوا۔لیکن مسلمان (پسپائی کے بعد) پھر مقابلہ پر جم گئے (اور مشرکین کو شکست ہوئی) تو نبی کریم ﷺ فروکش ہوئے اور فرمایا کہ جس نے بھی کسی کافر کو قتل کیا ہو اور اس پر وہ گواہی بھی پیش کرے تو مقتول کا ساز وسامان اسے ملے گا (ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ) کہ اس لئے میں بھی کھڑا ہوا اور میں نے کہا کہ میری طرف سے کون گواہی دے گا؟ (کہ میں نے اس شخص کو قتل کیا

يُعْطِيکَ سَلَبَه، فقال النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطَاهُ فَبِعْتُ الدِّرعَ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخرِفًا فی بَنِیْ سَلِمَةَ فانَّه، لَاَوَّلُ مَالٍ تَأَثَّلْتُه، فی الِاسْلَامِ

تھا) لیکن (جب میری طرف سے گواہی دینے کے لئے کوئی نہ اٹھا تو) میں بیٹھ گیا، پھر دوبارہ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ (آج) جس نے کسی کافر کو قتل کیا ہوگا اور اس پر اس کی طرف سے کوئی گواہ بھی ہوگا؟ تو مقتول کا ساز وسامان اسے ملے گا، اس مرتبہ پھر میں نے کھڑے ہو کر کہا کہ میری طرف سے کون گواہی دے گا؟ اور پھر مجھے بیٹھنا پڑا (گواہ نہ ملنے کی وجہ سے) تیسری مرتبہ پھر میں نے کھڑے ہو کر کہا کہ میری طرف سے کون گواہی دے گا، تیسری مرتبہ پھر آنحضور ﷺ نے وہی ارشاد دہرایا، اور اس مرتبہ جب میں کھڑا ہوا تو آنحضور ﷺ نے دریافت کیا، کہ کس چیز کے متعلق کہہ رہے ہو، ابوقتادہ! (کہ میری طرف سے کوئی گواہ ہے) میں نے آنحضور ﷺ کے سامنے واقعہ کی پوری تفصیل بیان کر دی، تو ایک صاحب نے بتایا کہ ابوقتادہ سچ کہتے ہیں، یا رسول اللہ ﷺ اور اس مقتول کا سامان میرے پاس محفوظ ہے اور میرے حق میں اسے راضی کر دیجئے (کہ مقتول کا سامان مجھ سے نہ لیں) لیکن ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نہیں، خدا کی قسم! اللہ کے ایک شیر کے ساتھ، جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے لئے لڑتا ہے۔ آنحضور ایسا نہیں کریں گے کہ ان کا سامان تمہیں دے دیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکر نے سچ کہا اور پھر سامان آپ نے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا (انہوں نے بیان کیا کہ) پھر اس کی زرہ بیچ کر میں نے بنی سلمہ میں ایک باغ خریدا اور یہ پہلا مال تھا، جو اسلام لانے کے بعد میں نے حاصل کیا تھا۔

باب ۲۶۱. مَاكَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِی المؤلفةَ قُلُوبُهُمْ وَ غَيْرَ هُمْ مِنَ الْخُمُسِ و نحوه رواه عبد اللّٰه بن زيد عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۶۱۔ نبی کریم ﷺ جو کچھ مولفۃ القلوب اور دوسرے لوگوں کو خمس وغیرہ دیا کرتے تھے، اس کی روایت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کرتے ہیں۔

(۳۸۳) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ يوسفَ حَدَّثَنَا الاوزاعی عن الزهری عن سعيد بن المسيب و عروة بن الزبير ان حَكِيْمَ بن حِزَامٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سالتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِی ثُمَّ سَاَلْتُه، فَاَعْطَانِیْ ثم قَالَ لِی يَاحَكِيْمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ اَخَذَه، بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِکَ لَه، فِيْهِ وَمَنْ اَخَذَه، بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ

۳۸۳۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے ان سے سعید بن مسیب اور عروہ بن زبیر نے کہ حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے بیان کیا میں نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا تو آپ نے مجھے عطا فرمایا، پھر دوبارہ میں نے مانگا اور اس مرتبہ بھی آپ نے عطا فرمایا، پھر ارشاد فرمایا، حکیم! یہ مال بڑا شاداب، بہت شریں اور لذیذ ہے، لیکن جو شخص اسے دل کی سخاوت کے ساتھ لیتا ہے اس کے مال میں تو برکت ہوتی ہے اور جو شخص لالچ اور حرص کے ساتھ لیتا

يُبَارِک لَه' فِيهِ كَانَ كَالَّذِیْ يَأْكُلُ وَلَايَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ حَكِيْمٌ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِی بَعَثَکَ بِالْحَقِّ لَاارْزَأُ احدًا بَعْدَکَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا فَكَانَ ابُوبَكْرٍ يدعو حَكِيْماً لِيُعْطِيَه العطاءَ فيابٰى اَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا ثُمَّ ان عمر دَعَاهُ لِيُعْطِيَهٗ فَابٰى اَنْ يَقْبَلَ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ اِنِّی اَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّه الَّذِی قَسَمَ اللّٰهُ لَه' مِنْ هٰذَا الْفَيءِ فِيأَ بٰی ان يَأْخُذَه' فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيْمٌ احدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تُوفِّیَ

ہے تو اس کے مال میں برکت نہیں ہوتی، بلکہ اس کی مثال اس شخص جیسی ہے جو کھائے جاتا ہے لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا، اور اوپر کا ہاتھ (دینے والا) نیچے کے ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہوتا ہے حکیم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ! آپ کے بعد اب کسی سے کچھ نہیں لوں گا، یہاں تک کہ اس دنیا سے اٹھ جاؤں۔ چنانچہ (آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد) ابوبکر رضی اللہ عنہ انہیں دینے کے لئے بلاتے تھے لیکن وہ اس سے ذرہ برابر بھی لینے سے انکار کر دیتے تھے، پھر عمر رضی اللہ عنہ (اپنے زمانہ خلافت میں) انہیں دینے کے لئے بلاتے تھے اور ان سے بھی لینے سے انہوں نے انکار کر دیا تھا، عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا، مسلمانو! میں انہیں کا حق دیتا ہوں، جو اللہ تعالیٰ نے فئی کے مال سے ان کا حصہ مقرر کیا ہے لیکن یہ اسے بھی قبول نہیں کرتے! حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی وفات ہوگئی لیکن آنحضور ﷺ کے بعد انہوں نے کسی سے کوئی چیز نہیں لی!

(۳۸۴) حَدَّثَنَا اَبُوالنعمان حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زيدٍ عن ايوبَ عن نافعٍ ان عمرَ بْنَ الخطاب رضی اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّه' كَانَ عَلَیَّ اِعتِكَافُ يَوْمٍ فِی الْجَاهِلِيَّةِ فَامَرَه' ان يَفِیَ بِه قَالَ وَاَصَابَ عمر جَارِيَتَيْنِ مِنْ سَبْیِ حُنَيْنٍ فَوَ ضَعَهُمَا فِی بَعْضِ بُيُوتِ مَكَّةَ قَالَ فَمَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى سبیِ حُنَيْنٍ فَجَعَلُوْا يَسْعَوْنَ فِی السِّكَكِ فَقَالَ عُمَرُ يا عَبدَاللّٰه اُنْظُرْ ماهٰذا فَقَالَ مَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السبْیِ قَالَ اِذهَبْ فَارْسِلِ الجَارِيَتَيْنِ قَالَ نَافِعٌ وَلَمْ يَعْتَمِرْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الجِعِرَّانَةِ وَلَوْ اِعْتَمَرَ لَمْ يَخْفَ عَلٰى عبداللّٰه وَزَادَ جَرِيْرُ بْنُ حازم عَنْ ايوبَ عَنْ نافع عَنِ ابن عُمَر قَالَ مِنَ الْخُمُسِ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوب عن نافع عن ابن عمر فی النَّذرِ وَلَمْ يَقُلْ يَوْمٌ

۳۸۴۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے ان سے نافع نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، یارسول اللہ! زمانہ جاہلیت میں، میں نے ایک دن کے اعتکاف کی نذر مانی تھی؟ تو آنحضور ﷺ نے اسے پورا کرنے کا حکم دیا، حضرت نافع نے بیان کیا کہ حنین کے قیدیوں میں سے عمر رضی اللہ عنہ کو دو باندیاں ملی تھیں، تو آپ نے انہیں مکہ کے کسی گھر میں رکھا، انہوں نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے حنین کے قیدیوں پر احسان کیا (اور سب کو آزاد کر دیا) تو گلیوں میں وہ دوڑنے لگے، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، عبداللہ ادھر دیکھو! کیا بات پیش آئی؟ انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان پر احسان کیا ہے (اور حنین کے تمام قیدی چھوڑ دیئے گئے ہیں، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا پھر جاؤ دونوں لڑکیوں کو بھی آزاد کر دو، نافع رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مقام جعرانہ سے عمرہ نہیں کیا تھا، اگر آنحضور ﷺ وہاں سے عمرہ کے لئے تشریف لاتے تو ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ بات پوشیدہ نہ رہتی اور جریر بن حازم نے ایوب کے واسطہ سے (اپنی روایت) میں یہ اضافہ نقل کیا ہے کہ ان سے نافع نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے نقل کیا کہ (وہ باندیاں دونوں جو عمر

رضی اللہ عنہما کو ملی تھیں) غنیمت کے پانچویں حصے (خمس) میں سے تھیں۔ (اعتکاف سے متعلق یہ روایت) معمر نے ایوب کے واسطہ سے نقل کی ہے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے نذر کے ذکر کے ساتھ کی ہے لیکن لفظ ''یوم'' کا اس میں ذکر نہیں ہے۔

(۳۸۵) حَدَّثَنَا مُوْسیٰ بنُ اسمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بن حازم حَدَّثَنَا الحَسَنُ قَالَ حَدَّثَنِی عمرُو بنُ تَغلِبَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ اَعطٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قومًا وَمَنَعَ اٰخرِیْنَ فَکَاَنَّهُمْ عَتَبُوْا عَلَیهِ فقالَ انی اُعطِیَ قَوْمًا اَخَافُ ظَلَعَهُمْ وَجَزَعَهُمْ وَاَکِلُ اَقْوَامًا اِلٰی مَاجَعَلَ اللّٰهُ فِی قُلُوبِهِمْ مِنَ الخَیْرِ والغنی مِنهُمْ عَمرو بْنُ تَغلِبَ فقال عمرو بن تغلب مااُحب اَنَّ لی بکلمة رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ حُمْرَالنَّعَمِ وَزَادَ اَبُوعَا صم عَنْ جَرِیْر قَالَ سَمِعْتُ الحسنَ یَقُولُ حَدَّثَنَا عمرو بن تغلب اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِمَالٍ اَوْبَسبیٍ فَقَسَمَه‘ بهٰذَا

۳۸۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی ان سے حسن نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے کچھ لوگوں کو دیا اور کچھ لوگوں کو نہیں دیا۔ غالباً جن لوگوں کو آنحضور ﷺ نے نہیں دیا تھا وہ اس پر کچھ ملول خاطر ہوئے (انہوں نے سمجھا کہ شاید آنحضور ﷺ ہم سے اعراض کرتے ہیں) تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں کچھ لوگوں کو اس لئے دیتا ہوں کہ مجھے ان کے دل کے مرض اور ان کی جلد بازی سے ڈر لگتا ہے، اور کچھ لوگ وہی ہیں جن پر اعتماد کرتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں بھلائی اور بے نیازی رکھی ہے عمرو بن تغلب بھی انہیں اصحاب میں شامل ہیں، عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کے اس جملے کے مقابلے میں سرخ اونٹوں کی بھی میری نظر میں کوئی وقعت نہیں ہے اور ابو عاصم نے جریر کے واسطہ سے بیان کیا کہ میں نے حسن سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ ہم سے عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس مال یا قیدی آئے تھے اور انہیں کی آپ نے تقسیم کی تھی۔

(۳۸۶) حَدَّثَنا اَبُوالوَلِیْد حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عن قَتَادَةَ عن انسٍ رضی اللّٰه عنه قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِنّی اُعطِی قُرَیشًا اَتَاَلَّفُهُمْ لِاَنَّهُمْ حَدِیْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِیَّةٍ

۳۸۶۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قریش کو میں تالیف قلب کے لئے دیتا ہوں، کیونکہ جاہلیت سے ابھی نکلے ہیں۔

(۳۸۷) حَدَّثَنَا اَبُوالیمان اخبرنا شعیب حَدَّثَنَا الزهریُ قَالَ اخبرنی انسُ بنُ مَالِكٍ ان ناساً مِنَ الانصار قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَمْوَالِ هَوَازِنَ مَاافاء اللّٰهُ فَطَفِقَ یُعْطِی رِجَالًا مِنْ قُرَیْشٍ الْمِأَةَ مِنَ الْاِبلِ فَقَالوا یغفر اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ

۳۸۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو قبیلہ ہوازن کے اموال میں سے غنیمت دی اور آنحضور ﷺ قریش کے چند اصحاب کو (تالیف قلب کی غرض سے) سو سو اونٹ دینے لگے تو بعض انصاری صحابہ نے کہا، اللہ تعالیٰ رسول اللہ ﷺ کی مغفرت کرے آنحضور ﷺ

صلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعْطِی قُرَیْشًا وَیَدَعُنَا وَسُیُوفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِھِمْ قَالَ اَنَسٌ فَحُدِّثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِمَقَالَتِھِمْ فَاَرْسَلَ اِلَی الْاَنْصَارِ فَجَمَعَھُمْ فِی قُبَّۃٍ مِنْ اَدَمٍ وَلَمْ یَدَعْ مَعَھُمْ احدًا غَیْرَھُمْ فَلَمَّا اجْتَمَعُوا جَاءَ ھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاکَانَ حَدِیْثٌ بَلَغَنِی عَنْکُمْ قَالَ لَہٗ فُقَھَاؤُھُمْ اَمَّاذَوُوْ اٰرائِنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فَلَمْ یَقُوْلُوْا شَیْئًا وَاَمَّا اُنَاسٌ مِنَّا حَدِیْثَۃٌ اَسْنَانُھُمْ فَقَالُوْا یَغْفِرُاللّٰہ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعْطِی قُرَیْشًا وَیَتْرُکُ الْاَنْصَارَ وَسُیُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَائِھِم فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّی اُعْطِیْ رِجَالًا حَدِیْثٌ عَھْدُ ھُمْ بِکُفْرِ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ یَذْھَبَ النَّاسُ بِالْاَمْوَالِ وَتَرْجِعُوْنَ اِلٰی رِجَالِکُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰہِ مَا تَنْقَلِبُوْنَ بِہٖ خَیْرٌ مِمَّا یَنْقَلِبُوْنَ بِہٖ قَالُوْا بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْرَضِیْنَا فَقَالَ لَھُمْ اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِیْ اُثْرَۃً شَدِیْدَۃً فَاصْبِرُوْا حَتّٰی تَلْقَوُا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الْحَوْضِ قَالَ اَنَسٌ فَلَمْ نَصْبِرْ

قریش کو دے رہے ہیں اور ہمیں نظر انداز کر دیا ہے حالانکہ ان کا خون ہماری تلواروں سے ٹپک رہا ہے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کے سامنے جب اس گفتگو کا ذکر ہوا تو آپ نے انصار کو بلایا اور انہیں چمڑے کے ایک خیمے میں جمع کیا ان کے سوا کسی دوسرے صحابی کو آپ نے نہیں بلایا تھا جب سب حضرات جمع ہو گئے تو آنحضور ﷺ بھی تشریف لائے اور دریافت فرمایا کہ آپ لوگوں کے بارے میں جو بات مجھے معلوم ہوئی وہ کہاں تک صحیح ہے؟ انصار کے سمجھدار صحابہؓ نے عرض کیا، یارسول اللہ! ہمارے صاحب فہم ورائے افراد کوئی ایسی بات زبان پر نہیں لائے ہیں، ہاں چند لڑکے ہیں نوعمر، انہوں نے ہی یہ کہا ہے کہ اللہ، رسول اللہ ﷺ کی مغفرت کرے، آنحضور ﷺ قریش کو تو دے رہے ہیں اور انصار کو آپ نے نظر انداز کر دیا ہے، حالانکہ ہماری تلواریں ان کے خون سے ٹپک رہی ہیں اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں بعض ایسے لوگوں کو دیتا ہوں جو ابھی کچھ دن پہلے کافر تھے (اور نئے اسلام میں داخل ہوئے ہیں) کیا تم لوگ اس پر خوش نہیں ہو کہ جب دوسرے لوگ مال و دولت لے کر واپس جا رہے ہوں گے تو تم لوگ اپنے گھروں کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ واپس جا رہے ہوں گے؟ خدا گواہ ہے کہ تمہارے ساتھ جو کچھ واپس جا رہا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو دوسرے لوگ اپنے ساتھ لے جائیں گے۔ سب حضرات نے کہا کیوں نہیں، یارسول اللہ! ہم راضی اور خوش ہیں پھر آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، میرے بعد تم دیکھو گے کہ تم پر دوسرے لوگوں کو ترجیح دی جا رہی ہوگی اور اس وقت تم صبر کرنا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ سے جا ملو اور اس کے رسول سے حوض پر! انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لیکن ہم نے صبر سے کام نہ لیا۔

۳۸۸) حَدَّثَنَا عبدُالعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ الْاُوَیْسِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیمُ بْنُ سعدٍ عن صَالِحٍ عَنِ ابنِ شھابٍ قَالَ اَخْبَرَنِی عمرُ بْنُ محمدِ بنِ جبیرٍ قَالَ اَخْبَرَنِی جبیر بْنُ مطعم انہ بینا ھُوَ مَعَ رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَعَہُ النَّاسُ مُقْبِلًا مِنْ حُنَیْنٍ عَلِقَتْ رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الاعْرَابُ یَسألونہ حتی اضطَرُّوہ اِلٰی سَمُرَۃٍ فَخَطِفَتْ رِداءَہ فَوَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

۳۸۸۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ اویسی نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی ان سے صالح نے ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے عمر بن محمد بن جبیر بن مطعم نے خبر دی ان سے محمد بن جبیر نے کہا اور انہیں جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے آپ کے ساتھ صحابہ کی فوج تھی، حنین کے غزوے سے واپسی ہو رہی تھی، راستے میں کچھ بدو آپ ﷺ سے مانگنے لگے اور اتنا اصرار شروع کر دیا کہ آپ کو ایک ببول کے سایہ میں آنا پڑا، آنحضور ﷺ وہیں رک گئے، چادر مبارک ببول کے کانٹوں سے الجھ کر

اَعْطُوْنِی رِدَائِی فَلَوکَانَ عَدَدُ هٰذِهِ الْعِضَاهِ نَعَمًا لَقَسَمْتُه، بَيْنَكُمْ ثُمَّ لَاتَجِدُوْنِی بَخِيْلًا وَلَا كَذُوْبًا وَلَا جَبَانًا

اوپر چلی گئی (اور بدوؤں نے اسے اپنے قبضہ میں کرلیا) آنحضور ﷺ
فرمایا کہ میری چادر واپس کر دو، اگر میرے پاس اس کانٹے دار بڑ
درخت کی تعداد میں مویشی ہوتے تو وہ بھی میں تم میں تقسیم کر دیتا۔ مجھے
بخیل، جھوٹا اور بزدل نہیں پاؤ گے۔

(۳۸۹) حَدَّثَنَا يَحْيىَ بْنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا مالكٌ عن اِسْحَاق بن عبدِاللّٰه عن انس بنِ مالكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كنت اَمْشِیْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعليه بُرْدٌ نَجْرَانِیٌّ غَلِيظ الحاشِيَةِ فَاَدْرَكَه، اَعْرَابِیٌّ فَجَذَبه، جَذْبَةً شَدِيْدَةً حَتّٰى نَظَرْتُ الى صَفْحَةِ عَاتِقِ النبیِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد اَثَّرَتْ به حاشيةَ الرداء من شدةِ جَذْبَتِهٖ ثُمَّ قَالَ مُرْلِی مِنْ مَالِ اللّٰهِ الَّذِیْ عِنْدَكَ فالتفتَ اِلَيْهِ فَضَحِكَ ثُمَّ اَمَرَلَه، بِعَطَاءٍ

۳۸۹۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے مالک
حدیث بیان کی ان سے اسحاق بن عبداللہ نے اور ان سے انس بن مال
رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ جا رہا تھا آ
نجران کی بنی ہوئی چوڑے حاشیہ کی ایک چادر اوڑھے ہوئے تھے۔ ا
میں ایک اعرابی آپ کے قریب پہنچے اور انہوں نے بڑی شدت
ساتھ چادر پکڑ کر کھینچی، میری نظر شانہ مبارک پر پڑی تو میں نے دیکھا
کھینچنے والے کی شدت کی وجہ سے چادر کے حاشیہ پر اثر پڑ گیا ہے! پھر ا
اعرابی نے کہا کہ اللہ کا جو مال آپ کے ساتھ ہے اس میں سے مجھے
دینے کا حکم فرمائیے، آنحضور ان کی طرف متوجہ ہوئے اور مسکرائے،
آپ نے انہیں دینے کا حکم فرمایا۔

(۳۹۰) حَدَّثَنَا عثمانُ بنُ ابی شيبةَ حَدَّثَنَا جريرٌ عن منصورٍ عن ابی وائلٍ عن عَبْدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَين اٰثَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنَاسًا فِی الْقِسْمَةِ فاعطى الْاَقْرَعَ بن حابس مائة من الابل واعطى عيينةَ مثل ذٰلك واعطى اُنَاسًا مِنْ اشراف الْعَرَبِ فَاٰثَرَهُمْ يومئذٍ فِی الْقِسْمَةِ قَالَ رَجُلٌ واللّٰهِ ان هٰذِهِ الْقِسْمَةَ مَاعُدِلَ فِيْهَا وَمَا اُرِيْدَبِهَا وَجْهُ اللّٰه فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاتيةُ فَاَخْبَرْتُه، فَقَالَ فَمَنْ يَعْدِلُ اِذَا لَمْ يَعْدِلِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه، رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسٰی قَدْ اُوْذِیَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ

۳۹۰۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے جریر
حدیث بیان کی ان سے منصور نے ان سے ابووائل نے کہ عبداللہ ر
اللہ عنہ نے بیان کیا، حنین کی لڑائی کے بعد نبی کریم ﷺ نے (غنیمت ک
تقسیم میں بعض حضرات کے ساتھ (تالیف قلب کے لئے) ترج
معاملہ کیا، اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ کو سو (۱۰۰) اونٹ دیئے، اتنے
اونٹ عیینہ رضی اللہ عنہ کو دیئے، اسی طرح اس زور بعض دوسرے اشراف
عرب کے ساتھ بھی تقسیم میں آپ نے ترجیحی سلوک کیا، اس پر ایک شخص
(معتب بن قیشر منافق) نے کہا کہ خدا کی قسم اس میں نہ تو عدل کو ملحوظ رکھا
ہے اور نہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اس سے مقصود رہی ہے میں نے کہا
واللہ! اس کی اطلاع میں رسول اللہ ﷺ کو ضرور دوں گا، چنانچہ م
آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس کی اطلاع د
آنحضور ﷺ نے سن کر فرمایا، اگر اللہ اور اس کا رسول بھی عدل نہ کر
پھر کون کرے گا، اللہ تعالیٰ موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے کہ انہیں اس
بھی زیادہ اذیتیں پہنچائی گئیں تھیں اور انہوں نے صبر کیا تھا۔

(۳۹۱) حَدَّثَنَا محمودُ بْنُ غيلانَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا هشامٌ قال اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عن اسماءَ ابنةِ ابی

۳۹۱۔ ہم سے محمود بن غیلان نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ
حدیث بیان کی ان سے ہشام نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے میر

ِر رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَتْ كُنْتُ اَنقُلُ النَّوٰی مِنْ ضِ الزُّبَيْرِ الَّتِی اَقطَعَه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ يْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی رَاْسِیْ وَهِیَ مِنِّی عَلٰی ثُلُثَی فَرْسَخٍ الَ اَبُوْضَمْرَةَ عَنْ هشام عن اَبِيْهِ ان النبیَّ صَلَّی هُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَ الزُّبَيْرَ ارضًا مِن اَمْوَالِ بَنِی ضِيْرِ

والد نے خبر دی ان سے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کو جو زمین عنایت فرمائی تھی، میں اس میں سے گٹھلیاں اپنے سر پر لایا کرتی تھی، وہ جگہ میرے گھر سے دو تہائی فرسخ دور تھی، ابوضمرہ نے ہشام کے واسطہ سے بیان کیا اور ان سے ان کے والد نے کہ نبی کریم ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کو بنونضیر کے اموال میں سے ایک قطعہ زمین عنایت فرمایا تھا۔

۳۹۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بنُ المقدَام حدثنا الفضيلُ سليمان حَدَّثَنَا موسٰی بنُ عقبةَ قَالَ اخبرنی فعٌ عن ابن عمرَ رَضِیَ اللّٰهُ عنهما ان عمرَ بنَ خطاب اَجْلَی اليهود والنَّصَارٰی مِنْ اَرضِ حِجَازِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ا ظَهَرَ عَلٰی اَهْلِ خَيْبَرَ اَرَادَ اَنْ يُخرِجَ الْيَهُوْدَ ها وَكَانَتِ الْاَرْضُ لَمَّا ظَهَرَ عَلَيْهَا لِلْيَهُوْدِ رَّسُوْلِ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فَسَاَلَ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتْرُكَهُمْ عَلٰی اَنْ يَكْفُوا مَلَ وَ لَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی هُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُقِرُّكُمْ عَلٰی ذٰلِكَ مَاشِئْنَا فَاُقِرُّوا ی اَجْلَاهُمْ عُمَرُ فِی اِمَارَتِهٖ اِلٰی تَيْمَاءَ وَاَرِيْحَا

۳۹۲۔ مجھ سے احمد بن مقدام نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے نافع نے خبر دی انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے سرزمین حجاز سے یہود و نصاریٰ کو دوسری جگہ منتقل کر دیا تھا، رسول اللہ ﷺ نے جب خیبر فتح کیا تھا تو آپ کا بھی ارادہ ہوا تھا کہ یہودیوں کو یہاں سے کسی دوسری جگہ منتقل کر دیا جائے جب آپ نے فتح پائی تو وہاں کی زمین یہود، رسول اللہ ﷺ اور عام مسلمانوں کی ہوگئی تھی، لیکن پھر یہودیوں نے آنحضور ﷺ سے کہا کہ آپ انہیں وہیں رہنے دیں، وہ (کھیتوں اور باغوں میں) کام کیا کریں گے اور آدھی پیداوار انہیں ملتی رہے گی آنحضور ﷺ نے فرمایا، جب تک ہم چاہیں، اس وقت تک کے لئے تمہیں یہاں رہنے دیں گے، چنانچہ یہ لوگ وہیں رہے اور پھر عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں اپنے دور خلافت میں مقام تیما اور اریحا میں منتقل کر دیا تھا (مسلمانوں کے خلاف ان کے فتنوں اور سازشوں کی وجہ سے)

ب ۲۶۲. مَايُصِيْبُ مِنَ الطَّعَامِ فِی اَرْضِ الْحَرْبِ

۲۶۲۔ دارالحرب میں کھانے کے لئے جو چیزیں ملیں۔

۳۹۱) حَدَّثَنَا ابُوالوليدِ حَدَّثَنَا شعبةُ عن حميد هلالٍ عن عبدِاللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ ا محاصِرِيْنَ قَصْرَ خَيْبَرَ فَرمٰی انسان بجراب شحمٌ فَنَزَوْتُ لِاٰخُذَه' فَالْتَفَتُّ فاِذَا النَّبِیُّ صَلَّی هُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَاسْتَحْيَيْتُ مِنهُ

۳۹۳۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم قصر خیبر کا محاصرہ کئے ہوئے تھے کسی شخص نے ایک کپی پھینکی جس میں چربی بھری ہوئی تھی، میں اسے لینے کے لئے بڑی تیزی سے بڑھا، لیکن مڑ کر جو دیکھا، تو قریب میں نبی کریم ﷺ موجود تھے، میں شرم سے پانی پانی ہوگیا۔

۳۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زيدٍ عن بَ عن نافع عن ابن عمر رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ ا نَصِيْبُ فی مغازينا الْعَسَلَ وَالعِنَبَ فَنَاْكُلُه' ولا

۳۹۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ (نبی کریم ﷺ کے عہد میں) غزووں میں

نَرْفَعُه'

ہمیں شہد اور انگور ملتا تھا ہم اسے کھاتے تھے (جتنا کھا سکتے تھے) لیکن
اسے جمع نہیں کرتے تھے۔

(۳۹۵) حَدَّثَنَا موسَی بنُ اِسمَاعِیلَ حَدَّثَنَا عبدُالواحِد حدثنا شیبانیٌّ قَالَ سمعتُ ابنَ ابی اَوفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عنهما یَقُولُ اَصا بَتْنَا مَجَاعَةٌ لَیَالِیَ خَیبَرَ فَلَمَّا کَانَ یَوْمُ خَیبَرَ وَقَعْنَا فِی الحُمُر الاهْلِیةِ فَانْتَحَرْنَاهَا فَلَمَّا غَلَتِ القَدُوْر نادی منا دی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اکفِئوا القَدُوْرَ فَلَا تَطْعَمُوْا مِنْ لُحُومِ الْحُمُرِ شَیْئًا قَالَ عبداللّٰه فَقُلْنَا اِنَّمَا نَهَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم لِاَنَّهَا لَمْ تُخَمَّسْ قَالَ وَقَالَ اٰخَرُوْنَ حَرَّمَهَا اَلْبَتَّةَ وَسَاَلْتُ سَعِیدَ بنَ جبیر فقال حَرَّمَهَا البَتَّةَ

۳۹۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے عبدالواح
نے حدیث بیان کی ان سے شیبانی نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے
ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ جنگ خیبر کے
موقعہ پر فاقوں پہ فاقے ہونے لگے، آخر جس دن خیبر فتح ہوا تو (مال
غنیمت میں) گدھے بھی ہمیں ملے تھے، چنانچہ انہیں ذبح کر کے (پک
شروع کر دیا) جب ہانڈیوں میں جوش آنے لگا، تو رسول اللہ ﷺ کے
منادی نے اعلان کیا کہ ہانڈیوں کو الٹ دو اور گدھے کا گوشت چکھو بھ
نہیں، عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے اس پر کہا ک
غالباً آنحضور ﷺ نے اس لئے روک دیا ہے کہ ابھی تک پانچواں حص
(خمس) اس میں سے نہیں نکالا گیا تھا، لیکن بعض دوسرے صحابہ رضی ال
عنہم نے کہا کہ آنحضور ﷺ نے گدھے کا گوشت قطعی طور پر حرام قر
دے دیا ہے (شیبانی نے بیان کیا کہ) میں نے سعید بن جبیر رضی اللہ ع
سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے اسے قطعی طور پر حرام قر
دے دیا تھا۔

باب۲۶۳. الجزیَةِ والمُوادَعَةِ مَعَ اَهْلِ الْحَرْبِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالیٰ قَاتِلُوا الَّذِیْنَ لَایُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْیَوْمِ الْاٰخِرِا وَلَایُحَرِّمُوْنَ مَاحَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَایَدِیْنُوْنَ دِیْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوتُو الْکِتَابَ حَتّٰی یُعْطُوا الْجِزْیَةَ عَنْ یَّدٍوَّهُمْ صَاغِرُوْنَ اِذِلَّاءُ وَمَا جَاءَ فِیْ اَخْذِ الجِزْیَةِ مِنَ الیَهُودِ وَالنَّصَاریٰ والمجوس والعجم وَ قَالَ ابن عیینة عَنِ ابن ابی نُجیحٍ قُلْتُ لِمُجَاهِدٍ مَاشَأنُ اَهْلِ الشَّامِ عَلَیْهِمْ اَرْبَعَةُ دَنَا نِیرُ وَاَهْلِ الیَمَنِ عَلَیْهِمْ دِینَار قَالَ جُعِلَ ذٰلِکَ من قِبَلِ الیَسَارِ

۲۶۳۔ ذمیوں سے جزیہ لینے اور دارالحرب سے معاہدہ کرنے سے متعلق
تفصیلات اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "ان لوگوں سے جنگ کرو جو اللہ
ایمان نہیں لائے اور نہ آخرت کے دن پر اور نہ وہ ان چیزوں کو حرام مان
ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام قرار دیا ہے اور نہ د
حق انہوں نے قبول کیا، ان لوگوں میں سے جنہیں کتاب دی گئی تھ
(مثلاً یہود و نصاریٰ) یہاں تک کہ وہ تمہارے غلبہ کی وجہ سے جزیہ د
قبول کر لیں اور وہ تم سے مغلوب ہو گئے ہیں" (صاغرون کے معنی) اذل
کے ہیں۔ اور وہ تفصیلات جن میں یہود، نصاریٰ، مجوس اور اہل عجم
جزیہ لینے کا بیان ہوا ہے۔ ابن عیینہ نے بیان کیا، ان سے ابن ابی نجیح
کہ میں نے مجاہد سے پوچھا، اس کی کیا وجہ ہے کہ شام کے اہل کتاب
چار دینار (جزیہ) ہے اور یمن کے اہل کتاب پر صرف ایک دینار!
انہوں نے فرمایا کہ ایسا خوش حالی اور سرمایہ کے (تفاوت کے) پیش نظ
کیا گیا ہے۔

(۳۹۶) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفیانُ قَالَ

۳۹۶۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے

سمعتُ عمرًا قَالَ كنتُ جَالِسًا مع جابرِ بنِ زيدٍ
عمرِ وابنِ اوس فَحَدَّثَهُمَا بَجَالَةُ سنة سبعين عام
حجَّ مُصعَبُ بن الزبَيْر بِاَهْلِ البَصرَةِ عِنْدَ دَرَج
مْزَمَ قَالَ كُنتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بنِ معاوِيةَ عَمّ
لاحنفِ فأتانا كتابُ عمرَ بنِ الخطاب قَبْلَ مَوْتِه
سَنَةٍ فَرِّقُوا بَيْنَ كل ذى محرمٍ مِنَ المجوس وَلَمْ
كن عمرُ اَخَذَالْجِزيَةَ من المجوسِ حَتّٰى شَهِدَ
بدُالرحمٰن بنُ عوفٍ ان رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
علَيهِ وَسَلَّم اَخذَهَا مِنْ مَجُوسِ هَجَرَ

حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے عمرو بن دینار سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں جابر بن زید اور عمرو بن اوس کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا تو ان دونوں حضرات سے بجالہ نے حدیث بیان کی ۷۰ھ میں جس سال مصعب بن زبیر نے بصرہ والوں کے ساتھ حج کیا تھا، زمزم کی سیڑھیوں کے پاس انہوں نے بیان کیا تھا کہ میں احنف بن قیس رضی اللہ عنہ کے چچا جزء بن معاویہ کا کاتب تھا تو وفات سے ایک سال پہلے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ایک مکتوب ہمارے پاس آیا کہ مجوسیوں کے ہر ذی رحم میں (اگر انہوں نے اس کے باوجود آپس میں شادی کر لی ہو تو) جدائی کرادو۔ عمر رضی اللہ عنہ مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیتے تھے، لیکن جب عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا تھا (تو آپ بھی لینے لگے تھے۔)

۳۹۷) حَدَّثَنَا اَبُوالیمان اَخبَرَنَا شعیبُ عن
لزُّهرِيَّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُرْوة بْنُ الزُّبَيْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ
نِ مَخْرَمَةَ انَّه' اَخْبَرَه' اَنَّ عمرَو بن عوفٍ
لانصاريِ وهو حليفُ بنی عامر بن لُوَیّ وَكَانَ
شهدَ بدْرًا اخبرَه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وسَلَّمَ بعث اباعبيدةَ بنَ الجراحِ اِلَى البحرين
أتي بجِزْيِهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وسَلَّم هُوَ صَالَحَ اَهْلَ البحرين وَاَمَّرَ عَلَيْهِمُ العلاء
ن الحَضْرَمِيِّ فَقَدِمَ ابوعُبَيدَةَ بمالٍ من البحرين
سَمِعَت الانْصَارُ بِقُدُوْمِ اَبِى عُبَيْدَ ةَ فَوَافَتْ صَلَاةَ
لصبحِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَلَمَّا صلى
هُمُ الفجرِانْصَرَفَ فَتَعَرَّضُوا لَه' فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ
للّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْن رآهم وقال اَظُنُّكُمْ
دْ سَمِعْتُمْ اَنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ قَدْجَآءَ بِشَيْءٍ قَالُوْا اَجَلْ
رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَابْشِرُوْا وَاَمِّلُوا مَايَسُرُّكُمْ
وَ اللّٰهِ لَا الفقْرَ اَخشٰى عليكم وَلٰكِنْ اخشٰى
عَلَيْكُمْ اَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى
نْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَا فَسُوْهَا كَمَاتنا فَسُوْهَا
تُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ

۳۹۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے کہا کہ مجھ سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی ان سے مسور بن مخرمہ نے اور انہیں عمرو بن عوف انصاری رضی اللہ عنہ نے خبر دی آپ بنی عامر بن لوی کے حلیف تھے اور جنگ بدر میں شریک تھے، آپ نے انہیں خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بحرین جزیہ وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا، آنحضور ﷺ نے بحرین کے لوگوں سے صلح کی تھی اور ان پر علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کو حاکم بنایا تھا، جب ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بحرین کا مال لے کر آئے تو انصار کو بھی معلوم ہوا کہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ آ گئے ہیں، چنانچہ فجر کی نماز سب حضرات نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ پڑھی، جب نماز آنحضور ﷺ پڑھا چکے تو لوگ آنحضور ﷺ کے سامنے آئے، آنحضور ﷺ انہیں دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا کہ میرا خیال ہے، تم نے سن لیا ہے کہ ابوعبیدہؓ کچھ لے کر آئے ہیں؟ انصار رضی اللہ عنہم نے عرض کیا جی ہاں، یا رسول اللہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا، تمہیں خوش خبری ہو، اور اس چیز کے لئے تم پر امید رہو جس سے تمہیں خوشی ہوگی لیکن خدا کی قسم، میں تمہارے بارے میں محتاجی اور فقر سے نہیں ڈرتا) مجھے خوف ہے تو اس بات کا کہ دنیا کے دروازے تم پر اس طرح کھول دیئے جائیں گے جیسے تم سے پہلے لوگوں پر کھول دیئے گئے تھے اور پھر جس طرح انہوں نے اس کے لئے منافست کی تھی تم بھی منافست میں پڑ جاؤ گے اور یہی چیز تمہیں بھی اسی طرح ہلاک کر دے گی

جیسے تم سے پہلی امتوں کو اس نے ہلاک کیا تھا۔

(۳۹۸) حَدَّثَنَا الْفَضلُ بنُ يعقوبَ حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ جعفرٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ ابن سليمان حَدَّثَنَا سعيد بُن عبدِاللّٰه الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا بكرُ بنُ عبدِاللّٰه الْمُزَنِيُّ وَزِيادُ بنُ جبيرٍ عن جبيرِ بن حَيَّةَ قَالَ بَعَثَ عُمَرُ النَّاسَ فِي اَفناءِ الْاَمصارِ يُقَاتِلُونَ الْمُشرِكِيْنَ فَاَسْلَمَ الْهُـرْمُزَانُ فَقَالَ اِنِّي مُسْتَشِيْرُكَ فِي مَغَازِيَّ هٰذِهٖ قَالَ نَعَمْ مَثَلُهَا وَمَثَلُ من فِيْهَا مِنَ النَاس مِنْ عَدُوِّ الْمُسْلِمِيْنَ مَثَلُ طَائِرٍ لَه رَاسٌ وَلَه' جناحَانِ وَلَه' رِجْلَانِ فَاِنْ كُسِرَ اَحَدُ الْجَنَاحَيْنِ نَهَضَتِ الرِّجْلَانِ بِجَنَاحٍ وَالرَّاس فَاِنْ كُسِرَ الْجَنَاحُ الْاٰخَرُ نَهَضَتِ الرِّجْلَانِ وَالرَّاسُ وَاِنْ شُدِخَ الرَّاسُ ذَهَبَتِ الرِّجْلَانِ وَالْجَنَاحَانِ وَالرَّاسُ فَالرَّاسُ كِسْرٰى وَالْجَنَاحُ قَيصَرُ وَالْجَنَاحُ الْاٰخَرُ فَارِسُ فَمُرِ الْمُسْلِمِيْنَ فَلْيَنْفِرُوْا اِلٰى كِسْرٰى وَقَالَ بكرو زِيَادٌ جَمِيْعًا عن جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ قَالَ فَنَدَبَنَا عمرُو اسْتَعْمَلَ علينا النعمانَ بن مُقَرِّنٍ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِاَرْضِ الْعَدُوِّ وَ خَرَجَ عَلَيْنَا عَامِلُ كِسْرٰى فِي اَرْبَعِيْنَ اَلْفًا فَقَام تَرْجُمَانٌ فَقَالَ لِيُكَلِّمْنِي رَجُلٌ مِنكُمْ فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ سَلْ عَمَّا شِئتَ قَالَ مَا اَنْتُمْ قَالَ نَحْنُ اُنَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ كُنَّا فِي شَقَاءٍ شَدِيْدٍ وَبَلَاءٍ شَدِيْدٍ نَمَصُّ الْجِلْدَ وَالنَّوٰى من الْجُوْعِ وَنَلْبَسُ الْوَبَرَ وَالشَّعَرَ وَنَعْبُدُ الشَّجَرَ وَالْحَجَرَ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْبَعَثَ رَبُّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبُّ الْاَرَضِيْنَ تَعَالٰى ذِكْرُه' وَجَلَّتْ عَظَمَتُه' اِلَيْنَا نَبِيًّا مِنْ اَنْفُسِنَا نَعْرِفُ اَبَاهُ وَاُمَّه' فَاَمَرَنَا نَبِيُّنَا رَسُوْلُ رَبِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُقَاتِلَكُمْ حَتّٰى تَعْبُدُوا اللّٰهَ وَحْدَه' اَوْتُؤَدُّوا الْجِزْيَةَ وَاَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رِسَالَةِ رَبِّنَا اَنَّه' مَنْ قُتِلَ مِنَّا صَارَ اِلَى الْجَنَّةِ فِي نَعِيْمٍ لَمْ يُرَمِثْلَهَا قَطُّ وَمَنْ بَقِيَ مِنَّا

۳۹۸۔ہم سے فضل بن یعقوب نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن جعفر الرقی نے حدیث بیان کی ان سے معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن عبیداللہ ثقفی نے حدیث بیان کی ان سے بکر بن عبداللہ مزنی اور زیاد بن جبیر نے حدیث بیان کی اور ان سے جبیر بن حیہ نے بیان کیا کہ کفار سے جنگ کے لئے عمر رضی اللہ عنہ نے فوجوں کو (فارس کے) شہروں کی طرف بھیجا تھا (جب لشکر قادسیہ پہنچا اور لڑائی کا نتیجہ مسلمانوں کے حق میں نکلا) تو ہرمزان (شوستر کا حاکم) نے اسلام قبول کرلیا (عمر رضی اللہ عنہ اس کے بعد اہم معاملات میں اس سے مشورہ لیتے تھے) عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا کہ تم سے ان (ممالک فارس وغیرہ) پر مہم بھیجنے کے سلسلے میں مشورہ چاہتا ہوں اس نے کہا کہ جی ہاں، اس ملک کی مثال اور اس میں رہنے والے اسلام دشمن باشندوں کی مثال ایک ایسے پرندے جیسی ہے جس کے سر ہے دو بازو ہیں اور دو پاؤں ہیں اگر اس کا ایک بازو توڑ دیا جائے تو وہ اپنے دونوں پاؤں پر ایک بازو اور ایک پر کے ساتھ کھڑا رہ سکتا ہے اگر دوسرا بازو بھی توڑ دیا جائے تو وہ اپنے دونوں پاؤں اور سر کے ساتھ کھڑا رہ سکتا ہے، لیکن اگر سر توڑ دیا جائے تو دونوں پاؤں، دونوں بازو اور سر سب بے کار رہ جاتا ہے پس سر تو کسریٰ ہے ایک بازو قیصر ہے اور دوسرا فارس! اس لئے آپ مسلمانوں کو حکم دیجئے کہ پہلے وہ کسریٰ پر حملہ کریں بکر بن عبداللہ اور زیاد بن جبیر دونوں حضرات نے بیان کیا کہ ان سے جبیر بن حیہ نے بیان کیا (اسی مشورہ کے مطابق) ہمیں عمر رضی اللہ عنہ نے طلب فرمایا (غزوہ کے لئے) اور نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا، جب ہم دشمن کی سرزمین (نہاوند) کے قریب پہنچے تو کسریٰ کا عامل چالیس ہزار کا لشکر لے کر ہماری طرف بڑھا، پھر ایک ترجمان نے سامنے آکر کہا کہ تم میں سے کوئی ایک شخص (معاملات پر) گفتگو کرے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے (مسلمانوں کی نمائندگی کی اور) فرمایا کہ جو تمہارے مطالبات ہوں انہیں بیان کرو، اس نے پوچھا، آخر تم لوگ ہو کون؟ مغیرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم عرب کے رہنے والے ہیں ہم انتہائی بدبختیوں اور مصیبتوں میں مبتلا تھے، بھوک کی شدت میں ہم چمڑے اور گٹھلیاں چوسا کرتے تھے اون اور بال ہماری

مَلَکَ رِقَابَکُمْ فَقَالَ النُّعْمَانُ رُبَّمَا اَشْهَدَکَ اللّٰهُ مِثْلَهَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُنْدِمْکَ وَلَمْ يُخْزِکَ وَلٰکِنِّي شَهِدْتُ الْقِتَالَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا لَمْ يُقَاتِلْ فِي اَوَّلِ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتّٰى تَهُبَّ الْاَرْوَاحُ وَتَحْضُرَ الصَّلَوَاتُ

پوشاک تھی اور پتھروں اور درختوں کی ہم پرستش کیا کرتے تھے، ہماری مصیبتیں اسی طرح قائم تھیں کہ آسمان اور زمین کے رب نے، جس کا ذکر اپنی تمام عظمت وجلال کے ساتھ سربلند ہے، ہماری طرف ہماری ہی طرح (کے انسانی عادات وخصائص رکھنے والا) نبی بھیجا، ہم اس کے باپ اور ماں، (یعنی خاندان کی عالی نسبی) کو جانتے ہیں، انہی ہمارے نبی، اللہ کے رسول ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم تم سے جنگ اس وقت تک کرتے رہیں جب تک تم اللہ وحدہ کی عبادت نہ کرنے لگو، یا پھر (عدم اسلام کی صورت میں) جزیہ دینا نہ قبول کرلو، اور ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں اپنے رب کا یہ پیغام بھی پہنچایا ہے کہ (اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے لڑتے ہوئے) ہمارا جو فرد بھی قتل کیا جائے گا وہ جنت میں جائے گا، جہاں اسے آرام وراحت ملے گی اور جو افراد ان میں سے زندہ باقی رہ جائیں گے وہ (فتح حاصل کر کے) تم پر حاکم بن سکیں گے۔ پھر (اس مسئلہ پر گفتگو کرتے ہوئے کہ جنگ کب شروع کیا جائے) نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ نے مغیرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اسی جیسی جنگوں کے مواقع پر بارہا نبی کریم ﷺ کے ساتھ رکھا اور ان تمام مواقع پر تمہیں کوئی ندامت نہ اٹھائی پڑی اور نہ کوئی رسوائی! اسی طرح میں بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوات میں شریک رہا ہوں۔ اور آنحضور ﷺ کا معمول تھا کہ اگر آپ دن کے ابتدائی حصے میں جنگ شروع نہ کرتے تو انتظار کرتے یہاں تک کہ ہوائیں چلنے لگتیں اور نماز کا وقت ہو جاتا (تب جنگ شروع کرتے، نماز ظہر سے فارغ ہو کر)۔

باب۲۶۴. اِذَا وَادَعَ الْاِمَامُ مَلِکَ الْقَرْيَةِ هَلْ يَکُوْنُ ذٰلِکَ لِبَقِيَّتِهِمْ

۲۶۴۔ اگر امام کسی شہر کے حاکم سے کوئی معاہدہ کرے تو کیا شہر کے تمام دوسرے افراد پر بھی معاہدہ کے احکام نافذ ہوں گے۔

(۳۹۹) حَدَّثَنَا سَهْلُ بن بَکَّار حَدَّثَنَا وهيبُ عن عمرِو بنُ يحيىٰ عن عباسِ الساعدیِ عن ابی حميدِ الساعدیِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبُوکَ واهدىٰ مَلِکُ اَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَکَسَاهُ بردًا وکتب لَه' بِبَحْرِهِمْ

۳۹۹۔ ہم سے سہل بن بکار نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ نے، ان سے عباس ساعدی نے اور ان سے ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہم غزوۂ تبوک میں شریک تھے اور ایلہ کے حاکم نے آنحضور ﷺ کو ایک سفید خچر اور ایک چادر ہدیہ میں بھیجی تھی اور آنحضور ﷺ نے ایک دستاویز کے ذریعہ اس کے ملک پر اسے حاکم باقی رکھا۔

باب۲۶۵. الْوَصَاةِ باهل ذِمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والذمةُ العهدُ وَالْاِلُّ الْقَرَابَةُ

۲۶۵۔ رسول اللہ ﷺ کی امان میں آنے والوں کے متعلق وصیت ذمہ، عہد کے معنی میں ہے، اور ال (قرآن مجید میں) قرابت کے

معنی میں ہے۔

(۴۰۰) حَدَّثَنَا اٰدمُ بنُ ابی ایاس حَدَّثَنَا شعبةُ حَدَّثَنَا ابُوجَمرةَ قال سمعتُ جُوَیرِیَةَ ابن قدامَةَ التمیمیَّ قَالَ سَمِعتُ عُمرَ بنَ الخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قُلنَا اَوصِنَا یَااَمِیرَالمُوٴمِنِینَ قَالَ اُوصِیکُم بِذِمَّةِ اللّٰهِ فَاِنَّه' ذِمَّةُ نَبِیِّکُم ورِزقُ عِیَالِکُم

۴۰۰۔ ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجمرہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے جویریہ بن قدامہ تمیمی سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا تھا، آپ سے ہم نے عرض کیا تھا ہمیں کوئی وصیت کیجئے، تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے عہد کی (جو تم نے ذمیوں سے کیا ہے) وصیت کرتا ہوں (کہ اس کی حفاظت میں کوتاہی نہ کرو) کیونکہ وہ تمہارے نبی کا عہد ہے اور تمہارے اہل وعیال کی روزی ہے۔

باب۲۶۶. مَااَقطَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ مِنَ البحرینِ وَمَا وَعَدَ من مال البحرین وَالجِزیَةِ وَلِمَن یُقسَمُ الفَیْءُ وَالجِزیَةُ

۲۶۶۔ نبی کریم ﷺ نے بحرین کی آراضی کی تقسیم جس طرح کی تھی اور جو آپ نے وہاں سے آنے والے مال اور جزیہ کے متعلق (صحابہؓ سے انہیں دینے کا) وعدہ کیا تھا اور اس شخص کے متعلق جوفئی اور جزیہ کی تقسیم کرتا ہے۔

(۴۰۱) حَدَّثَنَا اَحمَدُ بنُ یونسَ حَدَّثَنَا زهیرٌ عن یَحییَ بن سعید قال سمعتُ انسًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ الاَنصارَ لِیَکتُبَ لَهُم بالبحرینِ فَقَالُوا لَاواللّٰهِ حَتّٰی تَکتُبَ لِاِخوانِنَا من قُرَیشٍ بِمِثلِهَا فَقَالَ ذاکَ لَهُم مَاشآءَ اللّٰهُ عَلٰی ذٰلِکَ یَقُولُونَ لَه' قَالَ فَاِنَّکُم سَتَرَونَ بَعدِیْ اَثَرَةً فَاصبِرُوا حَتّٰی تَلقَونِیْ عَلَی الحَوضِ

۴۰۱۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی ان سے زہیر نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کو بلایا تا کہ بحرین میں ان کے لئے کچھ زمین لکھ دیں، لیکن انہوں نے عرض کیا کہ نہیں، خدا کی قسم (ہمیں اسی وقت وہاں زمین عنایت فرمائیے) جب اتنی زمین ہمارے بھائی قریش (مہاجرین) کے لئے بھی آپ لکھیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر اللہ نے چاہا تو ان کے لئے بھی اس کا موقعہ آئے گا، لیکن انصار مصر رہے (کہ مہاجرین کو بھی دیا جائے) پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد تم دیکھو گے کہ دوسروں کو تم پر ترجیح دی جائے گی، لیکن تم صبر سے کام لینا، تا آنکہ تم حوض پر مجھ سے آملو۔

(۴۰۲) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا اسماعیلُ بنُ ابراهیمَ قَالَ اخبرنی رَوحُ بنُ القاسمِ عن محمدِ بن المنکدرِ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰه رَضِیَ اللّٰهُ عنهما قال کان رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ لی لَو قدجاءَ نَا مَالُ البحرین قَدْ اَعْطَیتُکَ هٰکَذَا وَهٰکَذَا وَهٰکَذَا فَلَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ مَالُ

۴۰۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل بن ابراہیم نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے روح بن قاسم نے خبر دی انہیں محمد بن منکدر نے کہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ ہمارے پاس اگر بحرین سے مال آیا تو میں تمہیں اتنا، اتنا، اتنا دوں گا، پھر جب آنحضور ﷺ کی وفات ہوگئی اور اس کے بعد بحرین کا مال آیا، تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے اگر کسی سے کوئی وعدہ کیا ہو تو وہ ہمارے پاس آئے (ہم وعدہ پورا

البحرین قَالَ اَبُو بَكْرٍ مَنْ كَانَتْ لَه، عِندَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فليأتني فَاتَيْتُه، فَقُلْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد كَانَ قال لي لَوْقَدْ جَاءَ نَا مَالُ البحرين لَاَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَقَالَ لِي اُحْثُه، فَحَثَوْتُ حَثْيَةً فَقَالَ لِي عُدَّهَا فَعَدَدْتُهَا فَاِذَاهِيَ خَمْسُمِائَةٍ فَاعْطَانِيْ اَلْفًا وَخَمْسَمِائَةٍ وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ بن طَهْمَانَ عَنْ عَبْدِالعزيز بن صُهَيْبٍ عن اَنس اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بمال مِنَ البحرين فقال انْثُرُوهُ فِي الْمَسْجِدِ فَكَانَ اَكْثَرَ مَالٍ اُتِيَ بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْجَاءَهُ الْعَبَّاسُ فقال يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِنِيْ اِنِّي فَادَيْتُ نَفْسِيْ وَفَادَيْتُ عَقِيْلًا قَالَ خُذْفَحَثَا فِي ثوبهٖ ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّه، فَلَمْ يستطِعْ فَقَالَ اُؤْمُرْ بَعْضَهُمْ يَرْفَعْهُ اِلَيَّ قَالَ لَاقَالَ فَارْفَعْهُ اَنْتَ عَلَيَّ قال لَافنثر مِنْهُ ثُمَّ ذَهَبَ يُقِلُّه، فَلَمْ يَرْفَعْ فَقَالَ اُمُرْ بَعْضَهُم يَرْفَعْه، عَلَيَّ قَالَ لَاقَالَ فَارْفَعْهُ اَنْتَ عَلَيَّ قَالَ لَافَنَثَرَ ثُمَّ اَحْتَمَلَه، عَلٰى كاهلِهٖ، ثُمَّ انطَلَقَ فَمَا زَالَ يُتْبِعُه، بَصَرَه، حَتّٰى خَفِيَ عَلَيْنَا عَجَبًا من حِرْصِهٖ فَمَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَمَّ مِنْهَا دِرْهَمٌ

کرنے کی کوشش کریں گے) چنانچہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ اگر بحرین کا مال ہمارے یہاں آیا تو میں تمہیں اتنا، اتنا، اتنادوں گا اس پر انہوں نے فرمایا کہ اچھا ایک لپ بھرو، میں نے ایک لپ بھری تو انہوں نے فرمایا کہ اسے اب شمار کرو، میں نے شمار کیا تو پانچ سو تھا، پھر انہوں نے مجھے ڈیڑھ ہزار عنایت فرمایا (تین لپ آنحضور ﷺ کے فرمانے کے مطابق) اور ابراہیم بن طہمان نے بیان کیا۔ ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کے یہاں بحرین سے مال آیا تو آپ نے فرمایا کہ اسے مسجد میں پھیلا دو، بحرین کا وہ مال، ان تمام اموال میں سب سے زیادہ تھا جو اب تک رسول اللہ ﷺ کے یہاں آچکے تھے اتنے میں عباس رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور فرمایا کہ یا رسول اللہ! مجھے بھی عنایت فرمائیے کیونکہ میں نے (بدر کے موقعہ پر) اپنا بھی فدیہ ادا کیا تھا اور عقیل رضی اللہ عنہ کا بھی! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اچھا لے لیجئے، چنانچہ انہوں نے اپنے کپڑے میں بھر لیا (لیکن اٹھ نہ سکا) تو اس میں سے کم کرنے لگے، لیکن کم کرنے کے بعد بھی نہ اٹھ سکا تو عرض کیا کہ آنحضور ﷺ کسی کو حکم دیں کہ اٹھانے میں میری مدد کرے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہوسکتا، انہوں نے کہا کہ پھر آپ خود ہی اٹھوا دیں آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ بھی نہیں ہوسکتا (آپ جتنا اٹھا سکتے ہیں اٹھا کر لے جائیے) پھر عباس رضی اللہ عنہ نے اس میں سے کچھ کم کیا لیکن اس پر بھی نہ اٹھا سکے تو کہا کہ کسی کو حکم دیجئے کہ وہ اٹھا دیں آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں ایسا نہیں ہوسکتا، انہوں نے کہا پھر آپ ہی اٹھا دیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ بھی نہیں ہوسکتا آخر اس میں سے پھر انہیں کم کرنا پڑا، اور تب کہیں جا کے اسے اپنے کاندھے پر اٹھا سکے اور لے کر جانے لگے، آنحضور ﷺ اس وقت تک انہیں دیکھتے رہے جب تک وہ ہماری نظروں سے چھپ نہ گئے۔ ان کے لالچ پر آپ کو تعجب ہوا تھا۔ (آنحضور ﷺ نے تمام مال وہیں تقسیم کر دیا) اور آپ اس وقت تک وہاں سے نہ اٹھے جب تک وہاں ایک درہم بھی باقی نہ رہا۔

باب ۲۶۷. اِثم مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا بِغَيْرِ جُرْمٍ

۲۶۷۔ جس کسی نے کسی جرم کے بغیر کسی معاہد کو قتل کیا؟

(۴۰۳) حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حفصٍ حَدَّثَنَا عبدُالواحدِ حَدَّثَنَا الحسنُ بْنُ عمرٍو حَدَّثَنَا مجاهدٌ عن عبدِاللّٰه

۴۰۳۔ ہم سے قیس بن حفص نے حدیث بیان کی ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی ان سے حسن بن عمرو نے حدیث بیان کی ان سے مجاہد نے

بن عمرو رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا عن النَّبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ مُعَاهِدًا لَمْ يَرِ حْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَاِنَّ رِيْحَهَا تُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ اَرْبَعِيْنَ عَامًا

حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جس نے کسی معاہد کو قتل کیا وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پا سکے گا۔ حالانکہ جنت کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے سونگھی جا سکتی ہے۔

باب ۲۶۸. اِخرَاجِ الْيَهُودِ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَ قَالَ عُمَرُ عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقِرُّكُمْ مَا اَقَرَّ كُمُ اللّٰهُ بِهٖ

۲۶۸۔ یہودیوں کا جزیرۂ عرب سے اخراج، عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان فرمایا کہ میں تمہیں اس وقت تک (عرب میں) رہنے دوں گا، جب تک اللہ کی مرضی ہوگی۔

(۴۰۴) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيثُ قَال حَدَّثَنِي سعيدُالمقبريُّ عن ابيه عن اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنْطَلِقُوا اِلَى يَهُودَ فَخَرَجْنَا حَتّٰى جِئْنَا بَيْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَالَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِنِّي اُرِيْدُ اَنْ اُجْلِيَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَمَنْ يَجِد مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ وَاِلَّا فَاعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

۴۰۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سعید مقبری نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، ہم اسی مسجد نبوی میں موجود تھے کہ نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا کہ یہودیوں کی طرف چلو، چنانچہ ہم روانہ ہوئے اور جب بیت المدراس (یہودیوں کا مدرسہ) پر پہنچے تو آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ اسلام لاؤ تو سلامتی کے ساتھ رہو گے اور سمجھ لو کہ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے، اور میرا ارادہ ہے کہ تمہیں اس زمین (حجاز) سے دوسری جگہ منتقل کر دوں، اس لئے جس شخص کی ملکیت میں کوئی (ایسی) چیز ہو (جسے منتقل نہ کیا جا سکتا ہو) تو وہ اسے یہیں بیچ دے۔ اگر تم اس پر تیار نہیں ہو تو سمجھ لو اور تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے۔

(۴۰۵) حَدَّثَنَا محمدُ ابنُ عيينةَ عن سليمانَ الاحولِ سَمِعَ سعيدَ بنَ جبيرٍ سمعَ ابنَ عباسٍ رضى اللّٰه عنه يَقُوْلُ يَوْمُ الْخَمِيسِ وَمَا يَوْمُ الْخَمِيْسِ ثُمَّ بَكٰى حَتّٰى بَلَّ دَمْعُهٗ الحصىٰ قلتُ ياابَاعباسٍ مَايَوْمُ الْخَمِيْسِ قَالَ اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعُهٗ فقال ائتونِي بِكَتِفٍ اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَاتَضِلُّوا بَعْدَهٗ اَبَدًا فَتَنَا زَعُوْا وَلَا يَنبَغِي عِنْدَ نَبِيّ تَنَازُعٌ فَقَالُوْا مَالَهٗ اَهَجَرَ اسْتَفْهِمُوْهُ فَقَالَ ذَرُوْنِي فَالَّذِي اَنَا فِيْهِ خَيْرٌ مِمَّا تَدْعُوْنِي اِلَيْهِ فَاَمَرَهُمْ بِثَلَاثٍ قَالَ اَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِن جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَاَجِيْزُوْا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَاكُنْتُ اُجِيْزُهُمْ وَالثَّالِثَةُ اِمَّا اَنْ سَكَتَ عَنْهَا اَمَّا ان قَالَهَا فَنَسِيْتُهَا قَالَ سُفْيَانُ هٰذَا من قَوْلِ سليمان

۴۰۵۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان احول نے انہوں نے سعید بن جبیر سے سنا اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا آپ نے جمعرات کے دن کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا، تمہیں معلوم ہے کہ جمعرات کا دن کون سا دن ہے اس کے بعد آپ اتنا روئے کہ آپ کے آنسوؤں سے کنکریاں تر ہو گئیں میں نے عرض کیا، یا ابن عباس! جمعرات کا دن کون سا دن ہے؟ آپ نے بیان فرمایا کہ اسی دن رسول اللہ ﷺ کی تکلیف میں (مرض وفات کی) شدت پیدا ہوئی تھی اور آپ نے فرمایا تھا کہ مجھے (لکھنے کا) ایک چمڑا دے دو، تاکہ میں تمہارے لئے ایک ایسی دستاویز لکھ جاؤں جس کے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہو گے، اس پر لوگوں کا اختلاف ہو گیا (بعض صحابہؓ نے کہا) کہ آنحضور ﷺ کو اس شدت تکلیف میں مزید تکلیف نہ دینی چاہئے، (پھر آنحضور ﷺ نے خود ہی فرمایا کہ) نبی کی موجودگی میں اختلاف ونزاع غیر مناسب ہے۔ (اس لئے سب لوگ یہاں سے چلے جائیں) صحابہ

نے کہا کہ بہتر ہے، آنحضور ﷺ کو اس وقت زیادہ تکلیف نہ دینی چاہئے، البتہ آپ ﷺ سے پوچھا جائے۔ آنحضور ﷺ نے پھر فرمایا کہ مجھے میری حالت پر چھوڑ دو، کیونکہ اس وقت جس عالم میں، میں ہوں وہ اس سے بہتر ہے جس کی طرف تم مجھے بلا رہے ہو، اس کے بعد آنحضور ﷺ نے تین باتوں کا حکم دیا، فرمایا کہ مشرکوں کو جزیرۂ عرب سے نکال دینا اور وفود کے ساتھ اسی طرح انعام ونوازش کا معاملہ کرنا جس طرح میں کیا کرتا تھا، تیسرے حکم کے متعلق یا آپ ﷺ نے ہی کچھ نہیں فرمایا تھا یا اگر آپ نے فرمایا تھا تو میں بھول گیا ہوں سفیان نے بیان کیا کہ یہ آخری جملہ سلیمان نے کہا تھا۔

باب ۲۶۹. اِذَا غَدَرَ الْمُشْرِكُونَ بِالْمُسْلِمِينَ هَلْ يُعْفٰى عَنْهُمْ

۲۶۹۔ کیا مسلمانوں کے ساتھ کئے ہوئے عہد کے توڑنے والے غیر مسلموں کو معاف کیا جا سکتا ہے۔

(۴۰۶) حَدَّثَنَا عبدُاللهِ بنُ يوسفَ حدثنا الليثُ قَالَ حَدَّثَنِي سعيدٌ عن ابى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ اُهْدِيَتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ فِيهَا سَمٌّ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْمَعُوا اِلَیَّ مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ يَهُودَ فَجُمِعُوْا لَه' فَقَالَ اِنِّی سَائِلُكُمْ عَنْ شَيْئٍ فَهَلْ اَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْهُ فَقَالُوا نَعَمْ قَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَبُوكُمْ قَالُوْا فُلَانٌ فَقَالَ كَذَبْتُمْ بَلْ اَبُوكُمْ فُلَانٌ قَالُوْا صَدَقْتَ قَالَ فَهَلْ اَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْ شَيْءٍ اِنْ سَاَلْتُ عَنْهُ فَقَالُوْا نَعَمْ يَااَبَاالقَاسِمِ وَاِنْ كَذَبْنَا عرفتَ كِذْبَنَا كَمَا عَرَفْتَه' فِی اَبِينَا فَقَالَ لَهُمْ مَنْ اَهْلُ النَّارِ قَالُوْا نَكُونُ فِيهَا يَسِيرًا ثُمَّ تَخْلُفُونَا فِيهَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِخْسَأُوْا فِيهَا وَاللّٰهِ لَانَخْلُفُكُمْ فِيهَا اَبَدًا ثُمَّ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ صَادِقِیَّ عَنْ شَيْءٍ اِنْ سَاَلْتُكُمْ عَنْهُ فَقَالُوْا نَعَمْ يَااَبَاالقَاسِمِ قَالَ هَلْ جَعَلْتُمْ فِی هٰذِهِ الشَّاةِ سُمًّا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ مَا حَمَلَكُمْ عَلٰی ذٰلِكَ قَالُوْا اَرَدْنَا اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا نَسْتَرِيحُ وَاِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ

۴۰۶۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے سعید نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب خیبر فتح ہوا تو (یہودیوں کی طرف سے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بکری کے ایسے گوشت کا ہدیہ پیش کیا گیا جس میں زہر تھا، اس پر آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ جتنے یہودی یہاں موجود ہیں انہیں میرے پاس جمع کرو چنانچہ سب آ گئے اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ دیکھو، میں تم سے ایک بات پوچھوں گا، کیا تم لوگ صحیح صحیح واقعہ بیان کردو گے؟ سب نے کہا کہ جی ہاں، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا تمہارے والد کون تھے؟ انہوں نے کہا کہ فلاں! آنحضور ﷺ نے فرمایا تم جھوٹ بولتے ہو، تمہارے والد تو فلاں تھے سب نے کہا کہ آپ سچ فرماتے ہیں پھر آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ اگر میں تم سے ایک اور بات پوچھوں تو تم صحیح واقعہ بیان کردو گے؟ سب نے کہا، جی ہاں، یا ابا القاسم! اور اگر ہم جھوٹ بھی بولیں تو آپ ہمارے جھوٹ کو اسی طرح پکڑ لیں گے جس طرح آپ نے ابھی ہمارے والد کے بارے میں ہمارے جھوٹ کو پکڑ لیا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کے بعد دریافت فرمایا کہ دوزخ میں جانے والے لوگ کون ہیں انہوں نے کہا کہ کچھ دنوں کے لئے تو ہم اس میں جائیں گے لیکن پھر آپ لوگ ہماری جگہ داخل کر دیئے جائیں گے (اور ہم جنت میں چلے جائیں گے) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم اس میں

برباد رہو، خدا گواہ ہے کہ ہم تمہاری جگہ اس میں کبھی داخل نہیں کیے جائیں گے، پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ اگر میں تم سے کوئی بات پوچھوں تو کیا تم مجھ سے صحیح واقعہ بتادو گے؟ اس مرتبہ بھی انہوں نے کہا کہ ہاں اے ابوالقاسم! آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے اس بکری کے گوشت میں زہر ملایا تھا؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ایسا تم نے کیوں کیا تھا؟ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد یہ تھا کہ اگر آپ جھوٹے ہیں (نبوت میں) تو ہمیں آرام مل جائے گا (آپ کے زہر کھالینے کے بعد) اور اگر آپ واقعی نبی ہیں تو یہ زہر آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔

باب ۲۷۰. دُعَاءِ الامام علی من نکث عَهْدًا

(۴۰۷) حَدَّثَنَا ابو النعمان حَدَّثَنَا ثابتُ بن یزیدِ حَدَّثَنَا عاصمٌ قال سالتُ اَنَسًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عن القُنوتِ قالَ قَبلَ الرَّکُوعِ فَقُلتُ اِنَّ فُلانًا یَزعُمُ اَنَّکَ قُلتَ بَعْدَالرَّکُوعِ فَقَالَ کَذَبَ ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَنَتَ شَهْرًا بَعْدَ الرَّکُوعِ یَدْعُوْ عَلٰی اَحیَاءِ بَنِی سُلَیْم قَالَ بَعَثَ اَرْبَعِیْنَ اَوْسَبعِیْنَ یَشُکُّ فِیْهِ مِنَ القُرَّاءِ اِلٰی اُنَاسٍ مِنَ المُشرِکِیْنَ فَعَرَضَ لَهُمْ هٰؤلاءِ فَقَتَلُوهُمْ وَکَانَ بَیْنَهُمْ وَبَیْنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ مَارَاَیْتُه وَجَدَ عَلٰی اَحَدٍ مَاوَجَدَ عَلَیْهِمْ

۲۷۰۔ عہد شکنی کرنے والوں کے حق میں امام کی بددعا۔

۴۰۷۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی ان سے ثابت بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے دعائے قنوت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ رکوع سے پہلے ہونی چاہئے میں نے عرض کیا کہ فلاں صاحب تو کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ رکوع کے بعد ہوتی ہے انس رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ انہوں نے غلط کہا ہے پھر آپ نے ہم سے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مہینے تک رکوع کے بعد دعاء کی تھی اور آپ نے اس میں قبیلہ بنوسلیم کی شاخوں کے حق میں بددعاء کی تھی۔ انہوں نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے چالیس یا ستر قرآن کے عالم صحابہ کی ایک جماعت۔ راوی کو شک تھا (کہ چالیس صحابہ تھے یا ستر۔) مشرکین کے پاس بھیجی تھی (انہیں کی درخواست پر) لیکن ان لوگوں نے تمام صحابہؓ کو شہید کردیا۔ نبی کریم ﷺ سے ان کا معاہدہ تھا۔ میں نے آنحضور ﷺ کو کسی معاملہ پر اتنا رنجیدہ اور غمگین نہیں دیکھا جتنا آپ ان صحابہؓ کی شہادت پر تھے۔

باب ۲۷۱. اَمَانِ النِّسَآءِ وَجِوَارِ هِنَّ

(۴۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بنُ یوسفَ اخبرنا مالکُ عن اَبِی النَّضرِ مولی عمرِ بنِ عبیدِاللّٰه اَنَّ اَبَامُرَّةَ مَوْلٰی اُمِّ هَانِیٍٔ اِبنةِ اَبِی طَالِبٍ اَخبَرَه اَنَّه سَمِعَ اُمَّ هانی ابنةَ ابی طالب تَقُولُ ذَهَبْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الفَتحِ فَوَجَدْتُه یَغتسِلُ

۲۷۱۔ عورتوں کی امان اور ان کی طرف سے کسی کو پناہ دینا۔

۴۰۸۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں عمر بن عبیداللہ کے مولیٰ ابوالنضر نے، انہیں ام ہانی بنت ابی طالب کے مولی ابومرہ نے خبر دی انہوں نے ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا سے سنا آپ بیان کرتی تھیں، کہ فتح مکہ کے موقعہ پر میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی (مکہ میں) میں نے دیکھا کہ آنحضور

وَفَاطِمَةُ ابْنَتُه، تَسْتُرُه، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ فَقُلْتُ اَنَا اُمُّ هَانِي بِنْتِ اَبِیْ طَالب فقال مَرْحَبًا بِاُمِّ هَانِي فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهٖ قَامَ فَصَلّٰی ثَمَانَ رَكْعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ زَعَمَ ابْنُ اُمِّي عَلِيٌّ اِنَّه، قَاتِلٌ رَجُلًا قَدْاَجَرْتُه، فُلَانٌ ابن هبيرة فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَرْنَا من اَجَرْتِ يَااُمَّ هَانِئٍ قَالَتْ اُمُّ هَانِي وَذٰلِکَ ضُحًى

ﷺ غسل کر رہے تھے اور فاطمہ رضی اللہ عنہا، آنحضور ﷺ کی صاحبزادی پردہ کئے ہوئے تھیں، میں نے آنحضور ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کون صاحبہ ہیں؟ میں نے عرض کیا کہ ام ہانی بنت ابی طالب ہوں، آنحضور ﷺ نے فرمایا، خوش آمدید، ام ہانی، پھر جب آپ ﷺ غسل سے فارغ ہوئے تو کھڑے ہوکر آپ نے اٹھ رکعت نماز پڑھی آپ صرف ایک کپڑا جسم اطہر پر لپیٹے ہوئے تھے میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میرے بھائی (علی رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ وہ ایک شخص کو جسے میں پناہ دے چکی ہوں، قتل کئے بغیر نہیں رہیں گے، یہ شخص ہبیرہ کا فلاں لڑکا ہے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، ام ہانی! جسے تم نے پناہ دے دی اسے ہماری طرف سے بھی پناہ ہے۔ ام ہانی رضی اللہ عنہا نے کہا کہ یہ وقت چاشت کا تھا۔

باب ۲۷۲. ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَجِوَارُهُمْ وَاحِدَةٌ يَسْعٰى بِهَا اَدْنَاهُمْ

۲۷۲۔ مسلمانوں کا عہد اور ان کی پناہ ایک ہے، کسی ادنیٰ حیثیت کے فرد نے بھی اگر پناہ دے دی تو اس کی حفاظت کی جائے گی۔

(۴۰۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اخبرنا وكيعٌ عَنِ الاعمش عن ابراهِيْمَ التيميّ عن اَبِيْهِ قَالَ خَطَبَنَا عَلِيٌّ فقال ماعِنْدَنا كِتَابٌ نَقرَؤُه، اِلَّا كِتَابُ اللّٰهِ وَمَافِي هٰذِهِ الصَّحِيْفَةِ فَقَالَ فِيْهَا الْجِرَاحَاتُ وَاَسْنَانُ الْاِبِلِ وَالْمَدِيْنَةُ حَرَمٌ مَابَيْنَ عَيرٍ اِلٰى كَذَا فَمَنْ اَحْدَثَ فِيْهَا حَدَثًا اَوْآوَى فِيْهَا مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اجمَعِين لَايُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ وَمَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ مِثْلُ ذٰلِکَ وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ واحِدَةٌ فَمَنْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا فَعَلَيْهِ مِثْلُ ذٰلِکَ

۴۰۹۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں وکیع نے خبر دی انہیں اعمش نے، انہیں ابراہیم تیمی نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے خطبہ فرمایا کہ اس کتاب اللہ اور اس صحیفہ میں جو کچھ ہے اس کے سوا اور کوئی کتاب (احکام شریعت کی) ایسی ہمارے پاس نہیں جسے ہم پڑھتے ہوں، پھر آپ نے فرمایا کہ اس میں زخموں کے احکام ہیں (یعنی اگر کسی نے کسی کو زخمی کر دیا ہو) اور دیت میں دیئے جانے والے اونٹ کے احکام ہیں اور یہ کہ مدینہ حرم ہے، عیر پہاڑی سے فلاں (احد پہاڑی تک) اس لئے اس میں جس شخص نے کوئی نئی بات (شریعت کے اندر داخل کی یا کسی ایسے شخص کو پناہ دی تو اس پر اللہ، ملائکہ اور انسان، سب کی لعنت ہے۔ نہ اس کی کوئی فرض عبادت قبول ہوگی اور نہ نفل۔ اور جس نے اپنے موالی کے سوا دوسرے موالی بنائے ان پر اسی طرح (لعنت ہے) اور تمام مسلمانوں کا عہد ایک ہے (کسی ایک فرد کا عہد اور پناہ کسی غیر مسلم کے لئے) پس جس شخص نے کسی مسلمان کی پناہ میں جو کسی کافر کو دی گئی ہو) مداخلت کی تو اس پر بھی اسی طرح (لعنت) ہے۔

باب ۲۷۳. اِذَا قَالُوْا صَبَأْنَا وَلَمْ يُحْسِنُوْا اَسْلَمْنَا

۲۷۳۔ جب کسی نے کہا، ''صبانا اور'' ❶ اسلمنا کہنا انہیں نہیں آتا تھا، ابن

❶ ''صابی'' کے معنی بے دین کے ہیں، یا اپنے آبائی دین سے نکل جانا۔ مطلب یہ ہے کہ غیر مسلم اسلام میں داخل ہونے کے لئے صرف یہ کہتا ہے کہ میں نے اپنے آبائی دین کو چھوڑ دیا، کیونکہ اسے اسلام کے متعلق کچھ زیادہ معلومات نہیں اس لئے وہ اتنا بھی نہیں کہہ سکتا کہ اسلام لایا، (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وقال ابنُ عمرَ فجعلَ خالدٌ يَقْتُلَ فقال النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اَبْرَأُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ وَقَالَ عُمَرُ مِتْرَسْ فقدْ اٰمَنَهُ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ الْاَلْسِنَةَ كُلَّهَا وَقَالَ تَكَلَّمْ لَا بَاسَ

عمر رضی اللہ عنہ نے (واقعہ کی تفصیل میں) بیان کیا کہ (دیہات کے مشرک باشندوں کے صرف یہ کہنے پر کہ ہم صابی ہو گئے) خالد رضی اللہ عنہ نے انہیں قتل کرنا شروع کر دیا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ (اے اللہ) خالد نے جو کچھ کیا، میں تیرے حضور میں اس کی برأت کرتا ہوں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب کسی (مسلمان) نے (کسی فارسی وغیرہ سے) کہا کہ مترس (ڈرومت) تو گویا اس نے اسے امان دے دی، کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام زبانوں کو جانتا ہے۔ اور عمر رضی اللہ عنہ نے (ہرمز سے جب اسے مسلمان پکڑ کر لائے تھے) فرمایا تھا کہ جو کچھ کہنا ہو کہو، ڈرومت۔

باب ۲۷۴. الْمُوَادَعَةِ وَالْمُصَالَحَةِ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ بِالْمَالِ وَغيرِه وَاِثْمِ مَنْ لَمْ يَفِ بِالعَهْدِ وَقَوْلُه' وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا اَلْاٰيَة

۲۷۴۔ مشرکین کے ساتھ مال وغیرہ کے ذریعہ صلح اور معاہدہ اور عہد شکنی کرنے والے پر گناہ کا بیان اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ اگر کفار صلح چاہیں تو تم بھی اس کے لئے تیار ہو جاؤ۔ آخر آیت تک۔

(۴۱۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا بِشْرٌ هُوَ ابْنُ المفضل حَدَّثَنَا يَحْيٰى عن بُشَيرِ بن يَسَارٍ عن سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ قَالَ انطلق عبدُاللّٰه بنُ سهلٍ وَمُحَيِّصَةُ ابن مسعودِ بن زيد الٰى خَيْبَرَ وهى يومئذ صُلْحٌ فتفرقَا فاتٰى محيصةا لى عبداللّٰه بن سهل وَهُوَ يَتَشَحَّطُ فِى دَمِهٖ قَتِيلًا فَدَ فَنَه' ثُمَّ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَانطَلَقَ عبدُالرحمٰن ابن سهلٍ وَمُحيصه وَحُوَيِّصَته ابنَا مَسْعُوْد اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَهَبَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ يَتَكَلَّمُ فَقَالَ كَبِّرْ كَبِّرْ وَهُوَ اَحْدَثُ الْقَوْمِ فَسَكَتَ فَتَكَلَّمَا فَقَالَ اَتَحْلِفُوْنَ وَتَسْتَحِقُّوْنَ قَاتِلَكُمْ اَوْصَاحِبَكُمْ قَالُوْا وَكَيْفَ نَحْلِفُ وَلَمْ نَشْهَدْ وَلَمْ نَرَ قَالَ فَتُبْرِ ئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ فَقَالُوْا كَيْفَ نَاخُذُ اَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَعَقَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهٖ

۴۱۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے بشیر بن یسار نے اور ان سے سہل بن ابی حثمہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود بن زید رضی اللہ عنہ خیبر گئے، ان دنوں خیبر (کے یہودیوں سے مسلمانوں کی) صلح تھی۔ پھر دونوں حضرات (خیبر پہنچ کر اپنے اپنے کاموں کے لئے) جدا ہو گئے۔ اس کے بعد محیصہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن سہل کے پاس آئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ انہیں کسی نے شہید کر دیا ہے اور وہ خون میں تڑپ رہے ہیں (جب روح قبض ہو گئی تو) انہوں نے عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دفن کر دیا۔ پھر مدینہ آئے۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن بن سعد (عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بھائی) اور مسعود کے دونوں صاحبزادے محیصہ اور حویصہ رضی اللہ عنہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ گفتگو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے شروع کی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو صاحب عمر میں بڑے ہوں انہیں گفتگو کرنی چاہئے۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سب سے کم عمر تھے۔ چنانچہ وہ خاموش ہو گئے اور محیصہ اور حویصہ رضی اللہ عنہم نے گفتگو شروع کی آنحضور ﷺ نے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) تو کیا اسے مسلمان سمجھ لیا جائے گا۔ جب کہ قرینہ بھی موجود ہو کہ اس کی مراد اسلام میں داخل ہونے سے ہی ہے، اس طرح کے احکام کی ضرورت اصل میں ہنگامی حالات کے متعلق پڑتی ہے چنانچہ جو واقعہ بیان ہوا وہ بھی اسی نوعیت کا ہے، مشرکین کا قبیلہ یہ کہنا نہیں جانتا تھا کہ ہم اسلام لائے، اس لئے اس نے صرف اس پر اکتفاء کیا کہ ہم صابی (بے دین) ہو گئے۔ یاد رہے کہ مسلمانوں کو ابتداء عرب میں صابی ہی کہا جاتا ہے۔

دریافت فرمایا، کیا تم لوگ اس پر حلف اٹھا سکتے ہو، تا کہ جس شخص کی نشاندہی قاتل کی حیثیت سے تم کر رہے ہو اس پر تمہارا حق ثابت ہو سکے، ان حضرات نے عرض کیا کہ ہم ایک ایسے معاملے میں قسم کس طرح کھا سکتے ہیں جس کا ہم نے خود مشاہدہ نہ کیا ہو، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر کیا یہود تمہارے دعوے سے اپنی برأت اپنی طرف سے پچاس قسمیں پیش کر کے کر دیں؟ ان حضرات نے عرض کیا کہ کفار کی قسموں کا ہم کس طرح اعتبار کر سکتے ہیں! چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے خود اپنے پاس سے ان کی دیت ادا کر دی۔

باب ۲۷۵. فَضْلِ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ

۲۷۵۔ ایفائے عہد کی فضیلت۔

(۴۱۱) حَدَّثَنَا يَحْيىَ ابنُ بكير حدثنا الليثُ عن يونسَ عن شهابٍ عن عبيدِالله بنِ عبدِالله بن عُتْبَةَ اخبره ان عبدَالله بن عباس اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَاسفيانَ بنَ حربٍ اخبره' ان هِرَقْلَ اَرْسَلَ اِلَيْهِ فِي رَكْبٍ من قُرَيْشٍ كَانُوْا تِجَارًا بِالشَّامِ فی المدةِ الَّتِي مَادَّ فِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابا سفيان فِيْ كُفَّارِ قريش

۴۱۱۔ ہم سے یحیٰی بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے انہیں عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے خبر دی، انہیں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے خبر دی اور انہیں ابو سفیان بن حرب رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ہرقل (فرمان روائے روم) نے انہیں قریش کے قافلے کے ساتھ بھیجا تھا۔ یہ لوگ شام اس زمانے میں تجارت کی غرض سے گئے تھے، جب ابو سفیان نے رسول اللہ ﷺ سے کفار قریش کے نمائندہ کی حیثیت سے صلح کی تھی (صلح حدیبیہ)

باب ۲۷۶. هَلْ يُعْفٰى عَنِ الذِّمِّی اِذَا سَحَرَ وقال ابن وهب اَخْبَرَنِي يونسُ عن ابن شهاب سُئِلَ اَعَلٰى مَنْ سَحَرَ مِنْ اَهْلِ الْعَهْدِ قَتْلٌ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صُنِعَ لَه' ذٰلِکَ فَلَمْ يَقْتُلْ من صَنَعَهٗ وَكَانَ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ

۲۷۶۔ اگر کسی ذمی نے کسی پر سحر کر دیا تو کیا اسے معاف کیا جا سکتا ہے؟ ابن وہب نے بیان کیا، انہیں یونس نے خبر دی کہ ابن (شہاب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے پوچھا تھا کیا اگر کسی ذمی نے کسی پر سحر کر دیا تو اسے قتل کر دیا جائے گا؟ انہوں نے بیان کیا کہ یہ حدیث ہم تک پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر سحر کیا گیا تھا، لیکن آنحضور ﷺ نے اس کی وجہ سے سحر کرنے والے کو قتل نہیں کروایا تھا۔ اور آپ ﷺ پر سحر کرنے والا اہل کتاب میں سے تھا۔

(۴۱۲) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ المثنى حَدَّثَنَا يَحْيىٰ حَدَّثَنَا هشامٌ قال حَدَّثَنِي اَبِیْ عن عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُحِرَ حَتّٰى كَانَ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّه' صَنَعَ شَيْئًا وَلَمْ يَصْنَعْهُ

۴۱۲۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی۔ ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ پر سحر کر دیا گیا تھا تو (اس سحر کے اثر کی وجہ سے بعض اوقات ایسا ہوتا　　کہ آپ سمجھتے کہ آپ نے فلاں کام کر لیا ہے،

حالانکہ آپ نے وہ کام نہ کیا ہوتا۔ ❶

باب ۲۷۷. ما يُحْذَرُ مِنَ الغَدْرِ وَقَوْلِهِ تَعَالٰى وَاِنْ يُرِيْدُوْا اَنْ يَخدَ عُوْکَ فَاِنَّ حَسْبَکَ اللّٰهُ الْاٰيَةَ

۲۷۷۔عہد شکنی سے بچا جائے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اور اگر یہ لوگ آپ ﷺ کو دھوکا دینا چاہیں (اے نبی ﷺ!) تو اللہ آپ کے لئے کافی ہے" آخر آیت تک۔

(۴۱۳) حَدَّثَنِي الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا الوَلِيدُ بن مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ العلاءِ بن زَبْرٍ قَالَ سَمِعْتُ بُسْرَ بن عُبَيْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ اباادريس قال سمعتُ عَوْفَ بن مَالِک قال اتيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوکَ وَ هُوَ فِي قُبَّةٍ من اَدَمٍ فقال اُعْدُدْ سِتًّا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَوْتِي ثُمَّ فَتْحُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ ثُمَّ مُوْتَانٌ يَاخُذُ فِيْكُمْ كَقُعَاصِ الْغَنَمِ ثُمَّ اسْتِفَاضَةُ الْمَالِ حَتّٰى يُعْطَى الرَّجُلُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَيَظَلُّ سَاخِطًا ثُمَّ فِتْنَةٌ لَايَبْقٰى بَيْتٌ مِنَ الْعَرَبِ اِلَّا دَخَلَتْهُ ثُمَّ هُدْنَةٌ تَكُوْنُ بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَ بَنِي الْاَصْفَرِ فَيَغْدِ رُوْنَ فَيَاتُوْنَكُمْ تَحْتَ ثَمَا نِينَ غَايَةٍ تَحْتَ كُلِّ غَايَةٍ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

۴۱۳۔مجھ سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن علاء بن زبر نے حدیث بیان کی انہوں نے بیان کیا کہ میں نے بسر بن عبداللہ سے سنا انہوں نے ابوادریس سے سنا کہ میں نے عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں غزوہ تبوک کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ اس وقت چمڑے کے ایک خیمے میں تشریف رکھتے تھے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کی چھ شرطیں شمار کرلو، میری موت، پھر بیت المقدس کی فتح، پھر ایک وبا جوتم میں اتنی شدت سے پھیلے گی جیسے بکریوں میں طاعون پھیل جاتا ہے۔ پھر مال کی کثرت اس درجہ میں کہ ایک شخص سو دینار بھی اگر کسی کو دے گا تو اسے اس پر ناگواری ہوگی۔ پھر فتنہ، اتنا ہلاکت خیز کہ عرب کا کوئی گھر باقی نہ رہے گا جو اس کی لپیٹ میں نہ آ گیا ہوگا، پھر صلح، جو تمہارے اور بنی الاصفر (روم) کے درمیان ہوگی، لیکن وہ عہد شکنی کریں گے اور ایک عظیم لشکر کے ساتھ تم پر چڑھائی کریں گے اس میں اسی علم ہوں گے اور ہر علم کے تحت بارہ ہزار فوج ہوگی۔

باب ۲۷۸. كَيْفَ يُنْبَذُ اِلٰى اَهْلِ العَهْدِ وَقَوْلُهٗ وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ الاية

۲۷۸۔معاہدہ کو کب فسخ کیا جائے گا؟ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اگر آپ کو کسی قوم کی جانب سے نقض عہد کا اندیشہ ہو تو آپ اس معاہدہ کو انصاف

---

❶ علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ آنحضور ﷺ پر عورتوں کے معاملہ میں سحر کر دیا گیا تھا، یعنی آپ ﷺ محسوس کرتے کہ آپ جماع پر قادر ہیں، حالانکہ ایسا نہ ہوتا، آپ نے لکھا ہے کہ سحر کی یہ قسم عوام میں معروف و مشہور ہے اور اردو میں اس کے لئے کہتے ہیں کہ "فلاں مرد کو باندھ دیا۔" آنحضور ﷺ پر جو سحر ہوا تھا وہ اسی حد تک ...... تھا۔ ظاہر ہے کہ اس سے وحی اور شریعت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ نبی اپنی زندگی میں بہر حال انسان ہی ہوتا ہے اور انسان کی طرح نفع نقصان بھی اٹھاتا ہے، البتہ وحی اور شریعت کے تمام طریقے محفوظ رہتے ہیں، کیونکہ اس کا تعلق براہ راست اللہ تعالیٰ سے ہے، وہ قادر و توانا ہے اس لئے وہ خود اپنے پیغام اور وحی کی حفاظت کر سکتا ہے۔ اس بحث سے قطع نظر کہ سحر کی کیا حقیقت ہے، ہمارے یہاں اتنی بات تسلیم شدہ ہے کہ آنحضور ﷺ پر جس طرح کا بھی سحر کیا گیا ہو اور آپ ﷺ جس درجہ بھی اس سے متاثر رہے ہوں۔ بہر حال آپ کی دعوت، خدا کا پیغام اور وحی اس سے قطعاً بے غبار رہی، آپ کو ذہول و نسیان یوں بھی کسی وجہ سے ہو جایا کرتا تھا تو وہ نبوت و رسالت کے منافی نہیں ہے، کیونکہ نبوت سے متعلق کسی بھی معاملہ میں اور وحی کی حفاظت کے کسی بھی طریقہ میں آپ کو کبھی کوئی ذہول یا نسیان نہیں ہوا۔ یہ ملحوظ رہے کہ سحر کا اثر جس درجہ بھی آپ ﷺ پر ہوا تھا وہ ایک معمولی مدت تک تھا، پھر وہ اثر جاتا رہا تھا، جیسا کہ روایت سے ثابت ہے۔

کے ساتھ ختم کر دیجئے'' آخر آیت تک۔

۴۱۴) حَدَّثَنَا اَبُوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن الزهریّ اخبرنا حمیدُ بْنُ عَبْدِالرَّحمٰن ان اباهُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِي اَبُوبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنهُ فيمَن يُؤَذِّنُ يَوْمَ النَّحْرِ بِمِنًى لَا يحجُّ بعد العَامِ مُشْرِكٌ وَلَايَطُوْفُ بالبَيْتِ عُرْيَانٌ وَيَوْمُ الحجّ الْاَكْبَرُ يَوْمُ النَّحْرِ وَاِنَّمَا قِيْلَ الْاَكْبَرُ مِنْ اَجْلِ قَوْلِ النَّاسِ الحَجُّ الْاَصْغَرُ فَنَبَذَ اَبُوبَكْرٍ اِلَى النَّاسِ فِي ذٰلِكَ العَامِ فَلَمْ يحجُّ عَامَ الحَجَّةَ الْوَدَاعِ الَّذِي حَجَّ فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُشْرِكٌ

۴۱۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں حمید بن عبدالرحمٰن نے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (حجۃ الوداع سے پہلے والے حج کے موقعہ پر) قربانی کے دن منجملہ بعض دوسرے حضرات کے مجھے بھی منیٰ میں یہ اعلان کرنے بھیجا تھا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کر سکے گا کوئی شخص بیت اللہ کا طواف ننگے ہو کر نہ کر سکے گا، اور حج اکبر کا دن یوم النحر (قربانی کا دن) کو کہتے ہیں، اسے حج اکبر اس لئے کہا گیا کہ لوگ (عمرہ کو) حج اصغر کہنے لگے تھے۔ تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کفار کے معاہدہ کو اسی موقعہ پر کالعدم قرار دے دیا تھا (کیونکہ معاہدہ کی خلاف ورزی پہلے کفار قریش کی طرف سے ہو چکی تھی) چنانچہ حجۃ الوداع کے سال، جس میں رسول اللہ ﷺ نے حج کیا تھا، کوئی مشرک حج نہ کر سکا تھا۔

باب ۲۷۹. اِثْمُ من عَاهَدَ ثُمَّ غَدَرَ وَقَوْلُهُ الَّذِيْنَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِي كُلِّ مَرَّةٍ وَّهُمْ لَايَتَّقُوْنَ

۲۷۹۔ معاہدہ کرنے کے بعد عہد شکنی کرنے والے پر گناہ ''اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ'' ''وہ لوگ جن سے آپ معاہدہ کرتے ہیں اور پھر ہر مرتبہ وہ عہد شکنی کرتے ہیں اور ان کے اندر تقویٰ نہیں ہے۔''

۴۱۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سعيدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عن الاعمشِ عن عبدالله بن مرة عن مسروق عن عبداللّٰه بن عمرو رَضِيَ الله عَنهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُ خِلَالٍ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا مَنْ اِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا

۴۱۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے عبداللہ بن مرہ نے، ان سے مسروق نے، ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، چار عادتیں ایسی ہیں کہ اگر یہ چاروں کسی ایک شخص میں جمع ہو جائیں تو وہ پکا منافق ہے، وہ شخص جو بات کہتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور جب وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے اور جب معاہدہ کرتا ہے تو عہد شکنی کرتا ہے اور جب کسی سے لڑتا ہے تو گالم گلوچ پر اتر آتا ہے اور اگر کسی شخص کے اندر ان چاروں عادات میں سے ایک عادت ہے تو اس کے اندر نفاق کی ایک عادت ہے، یہاں تک کہ وہ اسے چھوڑ دے۔

۴۱۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كثيرٍ اخبرنا سفيان عن الاعْمَشِ عن ابراهيمَ التيمي عن ابيه عن عليٍ رضي اللّٰه عَنْهُ قَالَ مَا كَتَبْنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا القُرانَ وَمَا فِي هٰذِهِ الصَّحِيفَةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ المَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عَائِرٍ اِلٰى كَذَا فَمَنْ اَحْدَثَ حَدَثًا اَوْآوٰى مُحْدِثًا

۴۱۶۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی انہیں سفیان نے خبر دی انہیں اعمش نے، انہیں ابراہیم تیمی نے انہیں ان کے والد نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے نبی کریم ﷺ سے قرآن مجید اور (احادیث کے مجموعہ) اس صحیفہ کے سوا اور کوئی چیز) نہیں لکھی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ مدینہ، عائر پہاڑی اور فلاں پہاڑی کے درمیان، حرم ہے، پس جس نے (دین میں) کوئی نئی چیز داخل کی یا کسی

فَعَلَيهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اجمَعِيْنَ لَايقبَلُ مِنهُ عَدْلٌ وَلَاصَرْفٌ وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ يَسْعى بِهَا اَدْنَا هُمْ فَمَنْ اَخفرَ مُسْلِمًا فَعلَيهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَايَقْبَلُ مِنهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ وَمَنْ وَالٰى قَوْمًا بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيهِ فَعَلَيهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَايَقْبَلُ مِنهُ صَرْفٌ وَلَاعَدْلٌ قَالَ اَبُوْمُوسٰى حَدَّثَنَا هَاشِمُ بن القَاسِمِ حدثنا اسحاقُ بن سعيدٍ عَنْ اَبِيْهِ عن اَبى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عنه قَالَ كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا لَمْ تَجْتَبِئُوْا دِينَارً وَلَادِرْهَمًا فَقِيْلَ لَه' فَكَيْفَ تَرٰى ذٰلِكَ كَائِنًا يَااَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ اِىْ وَالَّذِىْ نَفْسُ ابى هُرَيْرَةَ بِيَدِهٖ عَنْ قَوْلِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ قَالُوْا عَمَّ ذَاكَ قَالَ تُنْتَهَكُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَشُدُّ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ قُلُوبَ اَهْلِ الذمه فَيَمْنَعُوْنَ مَافِىْ اَيْدِيْهِمْ

ایسے شخص کواس کے حدود میں پناہ دی تو اس پر اللہ تعالیٰ، ملائکہ اور انسا سب کی لعنت ہے، نہ اس کی کوئی فرض عبادت قبول ہوگی اور نہ نفل! مسلمانوں کا عہد ایک ہے، معمولی سے معمولی فرد کے عہد کی حفاظ کے لئے بھی کوشش کی جائے گی (جو اس نے کسی کافر سے کیا ہوگا) اور شخص بھی کسی مسلمان کے عہد کو توڑے گا، اس پر اللہ، ملائکہ اور انسا سب کی لعنت ہے، اور نہ اس کی کوئی فرض عبادت قبول ہوگی اور نہ نفل جس نے اپنے مولا کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے کو اپنا مولا بنا لی اس پر اللہ، ملائکہ اور انسان سب کی لعنت ہے نہ اس کی کوئی فرض عباد قبول ہوگی اور نہ نفل ابوموسیٰ نے بیان کیا کہ ہم سے ہاشم بن قاسم حدیث بیان کی ان سے اسحاق بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے ا کے والد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اس وقت تمہ کیا حال ہوگا، جب نہ تمہیں درہم ملے گا اور نہ دینار (جزیہ اور خراج طور پر) اس پر کسی نے کہا کہ جناب ابوہریرہ! آپ کس بنیاد پر فرما ہیں کہ ایسا ہو سکے گا؟ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ہاں ایں ذات قسم جس کے قبضہ وقدرت میں ابوہریرہ کی جان ہے، یہ صادق المصد ﷺ کا ارشاد ہے لوگوں نے پوچھا تھا کہ یہ کیسے ہو جائے گا؟ تو آپ نے فرمایا کہ اللہ اور اس کے رسول کا عہد (جو اسلامی حکومت غیر مسلمو سے ان کی جان و مال کی حفاظت کے لئے کرے گی) توڑا جانے لگ تو اللہ تعالیٰ بھی ذمیوں کے دلوں کو سخت کر دے گا اور وہ اپنا مال دینا بند دیں گے۔

باب۲۸۰. حَدَّثَنَا عَبْدَان اخبرنا ابوحمزة قال سمعتُ الاعمشَ قال سالتُ اَبَاوائل شَهِدْتَ صِفِّيْنَ قَالَ نَعَمْ فَسَمِعْتُ سهلَ ابن حُنَيْفٍ يَقُوْلُ اتَّهِمُوارأْيَكُمْ رَايَتُنِى يَوْمَ اَبِى جندلٍ وَلَواستَطِيْعُ اَنْ اَرُدَّ امرًا النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَدَدْتُه' وَمَا وَضَعْنَا اَسْيَافَنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَا لِاَمْرٍ يُفْظِعُنَا اِلَّا اَسْهَلْنَ بِنَا اِلٰى اَمْرٍ نَعْرِفُه' غَيْرَ اَمْرِنَا هٰذَا

۲۸۰۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی انہیں ابوحمزہ نے خبر دی، کہا میں نے اعمش سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابووائل پوچھا کیا آپ صفین کی جنگ میں شریک تھے؟ انہوں نے بیان کیا ہاں (میں شریک تھا) اور میں نے سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو یہ فرما سنا تھا کہ تم لوگ خود اپنی رائے کو الزام دو، میں تو (صلح حدیبیہ کے مو پر) ابوجندل رضی اللہ عنہ کے (مکہ سے فرار ہو کر آنے کے) دن کو د چکا ہوں (کہ کوئی مسلمان یہ نہیں چاہتا تھا کہ انہیں دوبارہ کفار کے حوا کر دیا جائے! معاہدہ کے مطابق) اگر میں نبی کریم ﷺ کے حکم کو رد کر تو اس دن رد کرتا (اور کفار کے حوالے کر دیا کرتا) کسی بھی خوفناک ک کے لئے جب بھی ہم نے اپنی تلواریں اپنے کاندھوں پر اٹھالیں تو ہما

تلواروں نے ہمارا کام آسان کر دیا، اس کام کے سوا (جس میں مسلمان خود باہم دست وگریبان ہیں اور اس کی گرہیں کس طرح نہیں کھلتیں۔

۴۱۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ م حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيزِ عَنْ اَبِيهِ حَدَّثَنَا بِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْوَائِلٍ قَالَ كُنَّا بِفِّينَ فَقَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ فَقَالَ اَيُّهَا النَّاسُ هِمُوْا اَنفُسَكُمْ فَاِنَّا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَلَوْنَرٰى قِتَالًا لَقَاتَلْنَا جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَسْنَا لَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ فَقَالَ بَلٰى فَقَالَ اَلَيْسَ تْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلٰى قَالَ عَلٰى مَانُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِيْنِنَا اَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ لّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَاابْنَ الْخَطَّابِ اِنِّي رَسُوْلُ لّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللّٰهُ اَبَدًا فَانْطَلَقَ عُمَرُ اِلٰى اَبِي كْرٍ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَاقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللّٰهُ اَبَدًا نَزَلَتْ سُوْرَةُ الْفَتْحِ فَقَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُمَرَاِلٰى آخِرِهَا فَقَالَ عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوَفَتْحٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ

۴۱۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی ان سے یزید بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے، ان سے حبیب بن ابی ثابت نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابووائل نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ ہم مقام صفین میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے، پھر سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا اے لوگو! تم خود کو الزام دو، ❶ ہم صلح حدیبیہ کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اگر ہمیں لڑنا ہوتا تو اس وقت لڑتے، عمر رضی اللہ عنہ اس موقعہ پر آئے، اور عرض کیا کہ یارسول اللہ! کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیوں نہیں! عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں جائیں گے! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیوں نہیں، پھر عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر ہم اپنے دین کے معاملہ میں کیوں دبیں؟ کہا ہم (مدینہ واپس چلے جائیں گے اور ہمارے اور ان کے درمیان کوئی فیصلہ اللہ نہیں کرے گا (جنگ کے بعد) آنحضور ﷺ نے فرمایا، ابن خطاب! میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ مجھے کبھی برباد نہیں کرے گا اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ، ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں گئے اور ان سے وہی سوالات کئے جو نبی کریم ﷺ سے ابھی کر چکے تھے، انہوں نے بھی (وہی جواب دیا اور) کہا کہ آنحضور ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ انہیں کبھی برباد نہیں ہونے دے گا۔ پھر سورۂ فتح نازل ہوئی اور آنحضور ﷺ نے عمر رضی اللہ عنہ کو اسے آخر تک پڑھ کر سنائی تو عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، کیا یہی فتح ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔

۴۱۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ شَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَسْمَاءَ ابْنَةِ اَبِي بَكْرٍ ضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَيَّ اُمِّي وَهِيَ

۴۱۸۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ قریش سے

❶ سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ لڑائی میں کسی طرف سے بھی شریک نہیں تھے، اس لئے دونوں فریق انہیں الزام دیتے تھے اس کا جواب انہوں نے دیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں مسلمانوں سے لڑنے کا حکم نہیں دیا تھا یہ تو خود تمہاری غلطی ہے کہ اپنی ہی تلوار سے اپنے بھائیوں کا خون بہا رہے ہو، بہت سے دوسرے صحابہ بھی حضرت معاویہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے جھگڑے میں شریک نہیں تھے۔ صفین، فرات کے قریب ایک جگہ کا نام ہے۔ سب جانتے ہیں کہ اس لڑائی کی حرکت خیزیوں سے مسلمانوں کی قوت کس درجہ متاثر ہوئی تھی۔

مُشْرِكَةٌ فِي عَهْدِ قُرَيْشٍ إِذْ عَاهَدُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمُدَّتِهِمْ مَعَ اَبِيْهَا فَاسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اُمِّيْ قَدِمَتْ عَلَيَّ وَهِيَ رَاغِبَةٌ اَفَاصِلُهَا قَالَ نَعَمْ صِلِيْهَا

جس زمانہ میں رسول اللہ ﷺ نے صلح کی تھی (صلح حدیبیہ) اسی مدت میں میری والدہ اپنے والد کو ساتھ لے کر میرے پاس تشریف لائیں، وہ اسلام میں داخل نہیں ہوئی تھیں (عروہ نے بیان کیا کہ) اسماء رضی اللہ عنہا نے اس سلسلے میں آنحضور ﷺ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ! میری والدہ آئی ہوئیں ہیں اور مجھ سے ملنا چاہتی ہیں، تو کیا مجھے ان کے ساتھ صلہ رحمی کرنی چاہئے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، ان کے ساتھ صلہ رحمی کرو۔

باب ۲۸۱ . اَلْمُصَالَحَةُ عَلٰى ثَلاثَةِ اَيَّامٍ اَوْوَقْتٍ مَعْلُوْمٍ

۲۸۱۔ تین دن یا کسی متعین وقت کے لئے صلح۔

(۴۱۹) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ يُوْسُفَ ابْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَرَادَ اَنْ يَعْتَمِرَ اَرْسَلَ اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ يَسْتَاذِنُهُمْ لِيَدْخُلَ مَكَّةَ فَاشْتَرَطُوْا عَلَيْهِ اَنْ لَايُقِيْمَ بِهَا اِلَّا ثَلاثَ لَيَالٍ وَلَايَدْخُلَهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ وَلَا يَدْعُوْا مِنْهُمْ اَحَدًا قَالَ فَاَخَذَ يَكْتُبُ الشَّرْطَ بَيْنَهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَكَتَبَ هٰذَا مَاقَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالُوْا لَوْ عَلِمْنَا اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَمْ نَمْنَعْكَ وَلَبَا يَعْنَاكَ وَلٰكِنْ اُكْتُبْ هٰذَا مَاقَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ فَقَالَ اَنَا وَاللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ وَاَنَا وَاللّٰهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ وَكَانَ لَايَكْتُبُ قَالَ فَقَالَ لِعَلِيٍّ اُمْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ عَلِيٌّ وَاللّٰهِ لَااَمْحَاهُ اَبَدًا قَالَ فَاَرِنِيْهِ قَالَ فَاَرَاهُ اِيَّاهُ فَمَحَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ فَلَمَّا دَخَلَ وَمَضَى الْاَيَّامُ اَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا اُمُرْ صَاحِبَكَ فَلْيَرْتَحِلْ فَذَكَرْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نَعَمْ ثُمَّ ارْتَحَلَ

۴۱۹۔ ہم سے احمد بن عثمان بن حکیم نے حدیث بیان کی ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے بیان کیا اور ان سے براء بن عازبؓ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے جب عمرہ کرنا چاہا تو آپ نے مکہ کے لوگوں سے اجازت لینے کے لئے آدمی بھیجا، مکہ میں داخلہ کے لئے، انہوں نے اس شرط کے ساتھ (اجازت دی) کہ مکہ میں تین دن سے زیادہ قیام نہ کریں، ہتھیار نیام میں رکھے بغیر داخل نہ ہوں اور (مکہ کے) کسی فرد کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں (اگرچہ وہ جانا بھی چاہے) انہوں نے بیان کیا کہ پھر ان شرائط کو علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے لکھنا شروع کیا اور اس طرح لکھا، ''یہ محمد ﷺ '' اللہ کے رسول کے صلح کی دستاویز ہے کفار نے کہا کہ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو پھر آپ کو روکتے ہی نہیں، بلکہ آپ پر ایمان لاتے اس لئے تمہیں یوں لکھنا چاہئے ''یہ محمد بن عبداللہ کے صلح کی دستاویز ہے۔'' اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، خدا گواہ ہے کہ میں محمد بن عبداللہ ہوں اور خدا گواہ ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں، حضور اکرم ﷺ لکھنا نہیں جانتے تھے۔ بیان کیا کہ آپ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا، رسول کا لفظ مٹا دو، علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا خدا کی قسم! یہ لفظ تو میں کبھی نہ مٹاؤں گا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر مجھے دکھاؤ (یہ لفظ کہاں ہے) بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کو وہ لفظ دکھایا اور آنحضور ﷺ نے خود اسی اپنے ہاتھ سے مٹا دیا، پھر جب حضور ﷺ مکہ تشریف لے گئے اور (تین) دن گزر گئے تو قریش علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اب اپنے ساتھی سے کہو کہ یہاں سے

چلے جائیں (علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ) میں نے اس کا ذکر آنحضورﷺ سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ ہاں (اب چلنا چاہئے) چنانچہ آپ وہاں سے روانہ ہوئے۔

باب ۲۸۲. الْمُوَادَعَةِ مِنْ غَيْرِ وَقْتٍ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقِرُّكُمْ مَا اَقَرَّكُمُ اللّٰهُ بِهٖ

۲۸۲۔غیر معین مدت کے لئے صلح، اور نبی کریمﷺ کا ارشاد کہ میں اس وقت تک تمہیں یہاں رہنے دوں گا، جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔

باب ۲۸۳. طَرْحِ جِيَفِ الْمُشْرِكِيْنَ فِي الْبِئْرِ وَلَا يُؤْخَذُ لَهُمْ ثَمَنٌ

۲۸۳۔مشرکوں کی لاشوں کو کنویں میں ڈالنا اور ان کی لاشوں کی (اگر ان کے ورثاء کے حوالے کیا جائے) قیمت نہیں لی جائے گی۔

(۴۲۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَحَوْلَهٗ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِذْ جَاءَ عُقْبَةُ ابْنُ اَبِيْ مُعَيْطٍ بِسَلٰى جَزُوْرٍ فَقَذَفَهٗ عَلٰى ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرْفَعْ رَاْسَهٗ حَتّٰى جَاءَتْ فَاطِمَةُ رضی اللہ عنہا فَاَخَذَتْ مِنْ ظَهْرِهٖ وَدَعَتْ عَلٰى مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَاَ مِنْ قُرَيْشٍ اَللّٰهُمَّ عَلَيْكَ اَبَاجَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيْعَةَ وَعُقْبَةَ بْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ وَاُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ اَوْاُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ فَلَقَدْ رَاَيْتُهُمْ قُتِلُوْا يَوْمَ بَدْرٍ فَاُلْقُوْا فِيْ بِئْرٍ غَيْرَ اُمَيَّةَ اَوْ اُبَيٍّ فَاِنَّهٗ كَانَ رَجُلًا ضَخْمًا فَلَمَّا جَرُّوْهُ تَقَطَّعَتْ اَوْصَالُهٗ قَبْلَ اَنْ يُلْقٰى فِي الْبِئْرِ

۴۲۰۔ہم سے عبدان بن عثمان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں ابواسحاق نے، انہیں عمرو بن میمون نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مکہ میں، (ابتداء اسلام کے دور میں) رسول اللہﷺ سجدہ کی حالت میں تھے اور قریب ہی قریش کے مشرکین بیٹھے ہوئے تھے، پھر عقبہ بن ابی معیط اونٹ کی اوجھڑی لایا اور نبی کریمﷺ کی پیٹھ پر اسے ڈال دیا، نبی کریمﷺ سجدہ سے اپنا سر نہ اٹھا سکے، آخر فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور حضور اکرمﷺ کی پیٹھ سے اوجھڑی کو ہٹایا اور جس نے یہ حرکت کی تھی اسے برا بھلا کہا، نبی کریمﷺ نے بھی بددعا کی کہ اے اللہ! کفار کی اس جماعت کو پکڑ لے، اے اللہ ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ شیبہ بن ربیعہ، عتبہء بن ابی معیط، امیہ بن خلف اور ابی بن خلف کو برباد کر۔اور پھر میں نے دکھا کہ یہ سب بدر کی لڑائی میں قتل کر دیئے گئے تھے اور ایک کنویں میں انہیں ڈال دیا گیا تھا، سوا امیہ یا ابی کے، کہ یہ شخص بہت بھاری بھر کم تھا، جب اسے صحابہ نے کھینچا تو کنویں میں ڈالنے سے پہلے ہی اس کے تمام جوڑ الگ ہو گئے تھے۔

باب ۲۸۴. اِثْمُ الْغَادِرِ لِلْبَرِّ وَالْفَاجِرِ

۲۸۴۔عہد شکنی کرنے والے پر گناہ، خواہ عہد نیک کے ساتھ رہا ہو، یا بے عمل کے ساتھ۔

(۴۲۱) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَعَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ اَحَدُهُمَا يُنْصَبُ وَقَالَ الْاٰخَرُ يُرٰى يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُعْرَفُ بِهٖ

۴۲۱۔ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان اعمش نے ان سے ابووائل اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے۔اور ثابت نے انس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ نبی کریمﷺ نے فرمایا، قیامت کے دن ہر عہد شکن کے لئے ایک جھنڈا ہوگا ان میں سے ایک صاحب نے یہ بیان کیا کہ وہ جھنڈا گاڑ دیا جائے گا۔

(اس کے عذر کی علامت کے طور پر) اور دوسرے صاحب نے بیان کیا کہ اسے قیامت کے دن سب دیکھیں گے اس کے ذریعہ سے پہچانا جائے گا۔

(۴۲۲) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يُنْصَبُ لِغَدْرَتِهِ

۴۲۲۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ ہر غدار کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا جو اس کے غدر کی علامت کے طور پر گاڑ دیا جائے گا۔

(۴۲۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَاهِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا وَقَالَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ إِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَّمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَإِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ الْقِتَالُ فِيهِ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَمْ يَحِلَّ لِي إِلَّا سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللّٰهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَايُعْضَدُ شَوْكُهُ وَلَايُنَفَّرُ صَيْدُهُ وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهُ إِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهُ فَقَالَ الْعَبَّاسُ يَارَسُولَ اللّٰهِ إِلَّا الْإِذْخِرَ فَإِنَّهُ لِقَيْنِهِمْ وَلِبُيُوتِهِمْ قَالَ إِلَّا الْإِذْخِرَ

۴۲۳۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے ان سے مجاہد نے، ان سے طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر فرمایا تھا اب (مکہ سے) ہجرت باقی نہیں رہی، البتہ خلوص نیت کے ساتھ جہاد کا حکم باقی ہے اس لئے جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو فوراً تیار ہو جاؤ اور آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر فرمایا تھا کہ جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کئے تھے، اسی دن اس شہر (مکہ) کو حرم قرار دیا تھا پس یہ شہر اللہ کی حرمت کے ساتھ قیامت تک کے لئے حرام ہے مجھ سے پہلے یہاں کسی کے لئے قتال جائز نہیں ہوا تھا اور میرے لئے بھی دن کے صرف ایک حصے میں جائز کیا گیا تھا پس یہ مبارک شہر اللہ تعالیٰ کی حرمت کے ساتھ حرم ہے اس کے حدود میں (کسی درخت کا) کانٹا نہ کاٹا جائے۔ یہاں کے شکار کو بھڑکایا نہ جائے، سوا اس شخص کے جو (مالک تک چیز کو پہنچانے کے لئے) اعلان کا ارادہ رکھتا ہو اور کوئی یہاں کی گری ہوئی کوئی چیز نہ اٹھائے اور نہ یہاں کی گھاس کاٹی جائے۔ اس پر عباس رضی اللہ عنہ نے کہا، یارسول اللہ! اذخر (ایک گھاس) کا اس سے استثناء کر دیجئے، کیونکہ یہ یہاں کے سناروں اور گھروں کے کام آتی ہے تو آنحضور ﷺ نے اذخر کا استثناء فرما دیا۔

الحمدللہ تفہیم البخاری کا بارھواں پارہ مکمل ہوا

تیرہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كِتَابُ بَدْءِ الْخَلْقِ

باب ۲۸۵ : مَاجَاءَ فِي قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ الَّذِىْ يَبْدَأُ الخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُه' قَالَ الرَّبِيع بن خُثَيم وَالْحَسَنُ كُلٌّ عَلَيْهِ هَيِّنٌ هَيْنٌ وَهَيِّنٌ مِثْلُ لَيِنٍ ولَيِّنٍ وَمَيْتٍ وَمَيِّتٍ وَضَيْقٍ وضَيِّقٍ أَفَعَيِيْنَا أَفَأَعْيَا عَلَيْنَا حِيْنَ أَنْشأَكُمْ وَأَنْشأَ خَلْقَكُمْ لغُوبٌ اللُّغُوْبُ النَّصَبُ' أَطْوَارًا طَورًا كَذَا وَطَورًا كَذَا' عَدَا طَوْرَه' أى قَدْرَه'

مخلوق کی ابتداء

۲۸۵۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے متعلق روایات کہ اللہ ہی ہے جس نے مخلوق کو پہلی مرتبہ پیدا کیا اور وہی پھر دوبارہ (موت کے بعد) زندہ کرے گا اور یہ (دوبارہ زندہ کرنا) تو اور بھی آسان ہے (تمہارے مشاہدے کی حیثیت سے) ربیع بن خثیم اور حسن نے فرمایا کہ یوں تو دونوں (پہلی مرتبہ پیدا کرنا اور پھر دوبارہ زندہ کرنا) اس کے لئے آسان ہے (لیکن ایک کو زیادہ آسان تمہارے مشاہدہ کے اعتبار سے کہا) ھین اور ھیّن کو لین اور لیّن میت اور میّت، ضیق اور ضیّق کی طرح (مشدد اور مخفف دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے) (اللہ تعالیٰ کے ارشاد) افعیینا کے معنی ہیں کہ) کیا ہمیں، جب تمہیں اور ساری مخلوق کو ہم نے پیدا کیا تھا کوئی دشواری اور تعب پیدا ہوا تھا، (کہ دوبارہ زندہ کرنے میں کوئی دشواری ہوگی؟) (اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں) لغوب کے معنی تھکن کے ہیں، (اور دوسرے موقعہ پر) اطواراً کے معنی یہ ہیں کہ مختلف مراحل پر تمہیں پیدا کیا۔ (عربی کے محاورہ میں بولتے ہیں) عدا طورہ' یعنی اپنے مرتبہ سے (تجاوز کرگیا)۔

(۴۲۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانٌ عن جَامِعِ بن شَدَّادٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ جَآءَ نَفَرٌ مِنْ بَنِى تَمِيْمٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَابَنِى تَمِيْمٍ اَبشِرُوا قَالُوْا بَشَّرْتَنَا فَاَعْطِنَا فَتَغَيَّرَ وَجْهُه' فَجَاءَه' اَهْلُ الْيَمَنِ فَقَالَ يَااَهْلَ الْيَمَنِ اِقْبَلُوْا الْبُشْرٰى اِذْلَمْ يَقْبَلْهَا بَنُو تَمِيْمٍ قَالُوْا قَبِلْنَا فَاَخَذَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ بَدْءَ الْخَلْقِ وَالْعَرْشِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَاعِمْرَانُ رَاحِلَتُكَ تَفَلَّتَتْ لَيْتَنِى لَمْ اَقُمْ

۴۲۴۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں جامع بن شداد نے، انہیں صفوان بن محرز نے اور ان سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ بنی تمیم کے کچھ لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ان سے فرمایا کہ اے بنی تمیم کے لوگو، تمہیں خوشخبری ہو، وہ کہنے لگے، کہ بشارت جب آپ نے دی تو اب کچھ ہمیں دیجئے بھی! اس پر حضور اکرم ﷺ کے چہرۂ مبارک کا رنگ بدل گیا، پھر آپ کی خدمت میں یمن کے لوگ آئے تو آپ نے ان سے فرمایا کہ اے یمن کے لوگو! جب بنو تمیم کے لوگوں نے خوشخبری کو قبول نہیں کیا تو اب تم اسے قبول کرلو، انہوں نے عرض کیا کہ ہم نے قبول کیا، پھر آنحضور ﷺ مخلوق اور عرش الٰہی کی ابتداء کے متعلق گفتگو فرمانے لگے۔

اتنے میں ایک صاحب آئے اور کہا کہ عمران! تمہاری سواری بھاگ گئی (عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) کاش! (اس اطلاع پر) میں حضور اکرم ﷺ کی مجلس سے نہ اٹھتا۔

(۴۲۵) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَقَلْتُ نَاقَتِیْ بِالْبَابِ فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنْ بَنِیْ تَمِيْمٍ فقال اَقْبَلُوا الْبُشْرٰی يَابَنِیْ تَمِيْمٍ قَالُوْا قَدْ بَشَّرْتَنَا فَاَعْطِنَا مَرَّتَيْنِ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰی يَا اَهْلَ الْيَمَنِ اِذْلَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ قَالُوْا قَدْ قَبِلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالُوْا جِئْنَاكَ نَسْاَلُكَ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ قَالَ كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ شَیْءٌ غَيْرُهٗ وَكَانَ عَرْشُهٗ عَلَی الْمَاءِ وَكَتَبَ فِی الذِّكْرِ كُلَّ شَیْءٍ وَخَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَنَادٰی مُنَادٍ ذَهَبَتْ نَاقَتُكَ يَاابْنَ الْحُصَيْنِ فَانْطَلَقْتُ فَاِذَا هِیَ يَقْطَعُ دُوْنَهَا السَّرَابُ فَوَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ كُنْتُ تَرَكْتُهَا وَرَوٰی عِيْسٰی عَنْ رَقَبَةَ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ قَامَ فِيْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَامًا فَاَخْبَرَنَا عَنْ بَدْءِ الْخَلْقِ حَتّٰی دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ مَنَازِلَهُمْ وَاَهْلُ النَّارِ مَنَازِلَهُمْ حَفِظَ ذٰلِكَ مَنْ حَفِظَهٗ وَنَسِيَهٗ مَنْ نَسِيَهٗ

۴۲۵۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے جامع بن شداد نے حدیث بیان کی ان سے صفوان بن محرز نے، اور ان سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے اونٹ کو دروازے پر باندھ دیا اس کے بعد بنی تمیم کے کچھ لوگ خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، اے بنو تمیم! بشارت قبول کرو وہ کہنے لگے کہ جب آپ نے ہمیں بشارت دی ہے تو اب دو مرتبہ مال دیجئے۔ پھر یمن کے چند اصحاب خدمت نبوی میں حاضر ہوئے، آنحضور ﷺ نے ان سے بھی یہی فرمایا کہ بشارت قبول کرلو، اے یمن کے لوگو! بنو تمیم والوں نے تو نہیں قبول کی انہوں نے عرض کی، ہم نے قبول کی، یا رسول اللہ! پھر انہوں نے عرض کی، ہم اس لئے حاضر ہوئے ہیں تا کہ آنحضور سے اس (عالم کی پیدائش وغیرہ کے) معاملے کے متعلق سوال کریں، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ موجود تھا (ازل سے) اور اس کے سوا کوئی چیز موجود نہ تھی، اس کا عرش پانی پر تھا، لوح محفوظ میں ہر چیز کے متعلق لکھ دیا گیا تھا اور پھر اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین پیدا کی (ابھی یہ کلمات ارشاد فرما رہے تھے کہ) ایک صاحب نے ان سے (راوی، حضرات عمران رضی اللہ عنہ سے) کہا کہ ابن الحصین تمہاری سواری بھاگ گئی، میں اس کے پیچھے دوڑا، لیکن وہ اتنا طویل فاصلہ طے کرچکی تھی کہ سراب بھی وہاں سے نظر نہیں آتا تھا، خدا گواہ ہے، میرا دل بہت پچھتایا کہ کاش میں نے اسے چھوڑ دیا ہوتا (اور آنحضور ﷺ کی حدیث سنی ہوتی) اور عیسیٰ نے رقبہ کے واسطہ سے روایت کی انہوں نے قیس بن مسلم سے، انہوں نے طارق بن شہاب سے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے منبر پر کھڑے ہو کر ہمیں خطاب کیا اور ابتداء خلق کے متعلق ہمیں خبر دی (شروع سے آخر تک یعنی) جب جنت کے مستحق اپنی منزلوں میں داخل ہو جائیں گے اور جہنم کے مستحق اپنے ٹھکانوں کو پہنچ جائیں گے جس نے اس حدیث کو یاد رکھنا تھا

اس نے یاد رکھا اور جسے بھولنا تھا وہ بھول گیا۔

(۴۲۶) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ عن اَبِیْ اَحْمَدَ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُرَاهُ یَقُوْلُ اللّٰهُ شَتَمَنِی ابْنُ اٰدَمَ وَمَا یَنْبَغِی لَه' اَنْ یَشْتُمَنِیْ وَیُکَذِّبُنِی وَمَا یَنْبَغِی لَه' اَمَّا شَتْمُه' فَقَوْلُه' اِنَّ لِی وَلَدًا وَاَمَّا تَکْذِیْبُه' فَقَوْلُه' لَیْسَ یُعِیْدُنِیْ کَمَا بَدَأَنِیْ

۴۲۶۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواحمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے ان سے ابوالزناد نے ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا، اللہ عزوجل فرماتا ہے، کہ ابن آدم نے مجھے گالی دی اور اس کے لئے یہ مناسب نہ تھا کہ وہ مجھے گالی دیتا، اس نے مجھے جھٹلایا اور اس کے لئے یہ بھی مناسب نہ تھا اس کی گالی یہ ہے کہ وہ کہتا ہے، میرے لڑکا ہے اور اس کا جھٹلانا یہ ہے کہ وہ کہتا ہے کہ جس طرح اللہ نے مجھے پیدا کیا، دوبارہ (موت کے بعد) زندہ نہیں کر سکتا۔

(۴۲۷) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیدٍ حَدَّثَنَا مُغِیْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقُرَشِیُّ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَضَی اللّٰهُ الْخَلْقَ کَتَبَ فِی کِتَابِهٖ فَهُوَ عِنْدَه' فَوْقَ الْعَرْشِ اِنَّ رَحْمَتِی غَلَبَتْ غَضَبِیْ

۴۲۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن قرشی نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جب اللہ تعالیٰ...... مخلوق کو پیدا کر چکا تو اپنی کتاب (لوح محفوظ) میں جو اس کے پاس عرش پر موجود ہے اس نے لکھا، ❶ کہ میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔

باب ۲۸۶. مَاجَآءَ فِی سَبْعِ اَرَضِیْنَ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰاتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ' السَّمَاءُ' سَمْکَهَا بِنَاءَ هَا الْحُبُکُ اسْتِوَاؤُهَا وَحُسْنُهَا' وَاَذِنَتْ سَمِعَتْ وَاَطَاعَتْ، وَاَلْقَتْ اَخْرَجَتْ مَافِیْهَا مِنَ الْمَوْتٰی' وَ تَخَلَّتْ عَنْهُمْ' طَحَاهَا دَحَاهَا' السَّاهِرَةُ وَجْهُ الْاَرْضِ کَانَ فِیْهَا الْحَیَوَانُ' نَوْمُهُمْ وَسَهَرُهُمْ

۲۸۶۔ سات زمینوں کے متعلق روایات اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اللہ تعالیٰ ہی وہ ذات گرامی ہیں جنہوں نے پیدا کئے سات آسمان اور آسمان کی طرح سات زمینیں، اللہ تعالیٰ ہی کے احکام جاری ہوتے ہیں ان کے درمیان۔ یہ اس لئے تاکہ تم کو معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر اپنے علم کے اعتبار سے قادر ہے'' (قرآن مجید میں) والسقف المرفوع سے مراد آسمان ہے۔ سمکہا بمعنی بناء آسمان، الحبک بمعنی آسمان کا استواء اور حسن، واذنت کے معنی سمع وطاعت کی، والقت کے معنی زمین میں جو مردے دفن تھے انہیں اس نے باہر ڈال دیا اور خود کو ان کو الگ کر دیا۔ طحاہا کے معنی اسے پھیلایا، الساہرہ روئے زمین کہ جس پر انسان کا سونا جاگنا ہوتا ہے۔

(۴۲۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُلَیَّةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ الْمُبَارَکِ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بن الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ

۴۲۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی انہیں ابن علیہ نے خبر دی، انہیں علی بن مبارک نے ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن ابراہیم بن حارث نے، ان سے ابوسلمہ بن

❶ آپ جانتے ہیں کہ اس طرح کے تمام الفاظ اور جملے اللہ تعالیٰ کی شان میں، ہماری فہم اور ذہن کی مناسبت سے استعمال کئے جاتے ہیں ورنہ اللہ تعالیٰ جہاں بھی ہے اور جس طرح بھی، اپنی شان حقیقی کے ساتھ ہے، اور اس کی حقیقت سمجھنے سے ہم فانی اور ضعیف انسانوں کے ذہن عاجز ہیں۔

بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَكَانَتْ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اُنَاسٍ خُصُوْمَةٌ فِي اَرْضٍ فَدَخَلَ عَلٰى عَآئِشَةَ فَذَكَرَ لَهَا ذٰلِكَ فَقَالَتْ يَااَبَاسَلَمَةَ اجْتَنِبِ الْاَرْضَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ ظَلَمَ قَيْدَ شِبْرٍ طُوِّقَهٗ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

عبدالرحمٰن نے، ان کا ایک دوسرے صاحب سے ایک زمین کے بارے میں نزاع ہوگیا تو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے واقعہ بیان کیا، انہوں نے (سب کچھ سن کر) فرمایا، ابوسلمہ! امین کے معاملات میں بڑی احتیاط رکھو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ اگر ایک بالشت کے برابر بھی کسی نے (زمین کے معاملے میں) ظلم کیا تو (قیامت کے دن) سات زمینوں کا طوق اسے پہنایا جائے گا۔

(۴۲۹) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهٖ خُسِفَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلٰى سَبْعِ اَرَضِيْنَ

۴۲۹۔ ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں موسیٰ بن عقبہ نے، انہیں سالم نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے کسی کی زمین میں سے بغیر حق کے لیا تو قیامت کے دن سات زمینوں تک اسے دھنسایا جائے گا۔

(۴۳۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّمَانُ قَدِاسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ السَّنَةُ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثَةٌ مُتَوَالِيَاتٌ ذُوالْقَعْدَةِ وَذُوالْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ

۴۳۰۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن سیرین نے، ان سے ابوبکرہ کے صاحبزادے (عبدالرحمٰن) نے اور ان سے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، سال اپنی اصلی حالت پر آ گیا، اس دن کے مطابق جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان اور زمین پیدا کی تھی، سال بارہ مہینوں کا ہوتا ہے، چار مہینے اس میں سے حرمت کے ہیں، تین تو متواتر، ذی قعدہ ذی الحجہ اور محرم اور (چوتھا) رجب مضر، جو جمادی الاخریٰ اور شعبان کے درمیان پڑتا ہے۔

(۴۳۱) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ اَنَّهٗ خَاصَمَتْهُ اَرْوٰى فِيْ حَقٍّ زَعَمَتْ اَنَّهٗ انْتَقَصَهٗ لَهَا اِلٰى مَرْوَانَ فَقَالَ سَعِيْدٌ اَنَا اَنْتَقِصُ مِنْ حَقِّهَا شَيْئًا اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ ظُلْمًا فَاِنَّهٗ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ قَالَ ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ لِيْ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۳۱۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ نے کہ اروی بنت ابی اوس سے ان کا ایک حق (زمین) کے بارے میں نزاع، جس کے متعلق اروی کا خیال تھا کہ سعید رضی اللہ عنہ نے ان کے حق میں کچھ کمی کر دی ہے، مروان خلیفہ کے یہاں فیصلہ کے لئے گیا، سعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کیا میں ان کے حق میں کوئی کمی کر سکتا ہوں، میری گواہی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ جس نے ایک بالشت زمین بھی ظلماً کسی سے لے لی تو قیامت کے دن ساتوں زمینوں کا طوق اس کی گردن میں ڈالا جائے گا، ابن ابی الزناد نے بیان کیا، ان سے

ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا اور ان سے سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا (تو آپ نے یہ حدیث بیان کی تھی۔)

باب ۲۸۷. فِي النُّجُومِ وَقَالَ قَتَادَةُ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ خَلَقَ هٰذِهِ النُّجُومَ لِثَلٰثٍ جَعَلَهَا زِينَةَ السَّمَاءِ وَرُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ وَعَلَامَاتٍ يُهْتَدٰى بِهَا فَمَنْ تَنَاوَلَ فِيهَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَخْطَأَ وَاَضَاعَ نَصِيبَه، وَتَكَلَّفَ مَالَا عِلْمَ لَه، بِه وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَشِيمًا مُتَغَيِّرًا وَالْاَبُّ مَا يَاكُلُ الْاَنْعَامُ الْاَنَامُ الْخَلْقُ، بَرْزَخٌ حَاجِبٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْفَافًا مُلْتَفَّةً وَالْغُلْبُ الْمُلْتَفَّة فِرَاشًا مِهَادًا كَقَوْلِه، وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ نَكِدًا قَلِيلًا

۲۸۷۔ ستاروں کے بارے میں، قتادہ نے (قرآن مجید کی اس آیت) "اور ہم نے زینت دی آسمان دنیا کو (تاروں کے) چراغ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ان ستاروں کو تین مقاصد کے لئے پیدا کیا ہے، انہیں آسمان کی زینت بنایا، شیاطین پر چلانے کے لئے بنایا اور (رات کی اندھیریوں میں) انہیں صحیح راستہ پر چلتے رہنے کے لئے علامتیں بنایا، بس جس شخص نے ان مقاصد کے سوا (جن کی طرف اشارے قرآن مجید میں ہیں) دوسری باتیں کہیں اس نے غلطی کی، اپنے نصیب کو ضائع کیا اور ایسے مسئلے میں بلا وجہ دخل دیا جس کے متعلق اسے کوئی (واقعی اور حقیقی) علم نہ تھا، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہشیماً بمعنی متغیراً، الاب کے معنی مویشیوں کا چارہ، الانام بمعنی مخلوق اور برزخ بمعنی حاجب مجاہد نے کہا کہ الفافا بمعنی ملتفۃً الغلب بھی بمعنی الملتفۃ، فراشاً بمعنی مہاداً جیسے خدا تعالیٰ کے اس ارشاد میں ہے ولکم فی الارض مستقر (مستقر بمعنی مہاد) نکداً بمعنی قلیلاً۔

باب ۲۸۸. صِفَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، بِحُسْبَانٍ قَالَ مُجَاهِدٌ كَحُسْبَانِ الرَّحٰى وَقَالَ غَيْرُه، بِحِسَابٍ وَمَنَازِلَ لَا يَعْدُوَا نِهَا حُسْبَانٌ جَمَاعَةُ حِسَابٍ مِثْلُ شِهَابٍ وَشُهْبَانٍ ضُحَاهَا ضَوْءُ هَا اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ لَا يَسْتُرُ ضَوْءُ اَحَدِهِمَا ضَوْءُ الْاٰخَرِ وَلَا يَنْبَغِي لَهُمَا ذٰلِكَ سَابِقُ النَّهَارِ يَتَطَالَبَانِ حَثِيثَانِ نَسْلَخُ نُخْرِجُ اَحَدَهُمَا مِنَ الْاٰخَرِ وَنُجْرِي كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا وَاهِيَةٌ وَهْيُهَا تَشَقُّقُهَا اَرْجَائِهَا مَالَمْ يَنْشَقَّ مِنْهَا فَهِيَ عَلٰى حَافَتَيْهِ كَقَوْلِكَ عَلٰى اَرْجَاءِ الْبِئْرِ اَغْطَشَ وَجَنَّ اَظْلَمَ وَقَالَ الْحَسَنُ كُوِّرَتْ تُكَوَّرُ حَتّٰى يَذْهَبَ ضَوْءُ هَا وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ جَمَعَ مِنْ دَابَّةٍ اتَّسَقَ اسْتَوٰى، بُرُوجًا مَنَازِلُ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ، الْحَرُوْرُ بِالنَّهَارِ مَعَ الشَّمْسِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحَرُوْرُ بِاللَّيْلِ وَالسَّمُومُ بِالنَّهَارِ يُقَالُ يُولِجُ يُكَوِّرُ وَلِيجَةً كُلُّ شَيْءٍ اَدْخَلْتَه، فِي شَيْءٍ

۲۸۸۔ چاند اور سورج کے اوصاف (قرآن مجید میں) بحسبان کے متعلق مجاہد نے بیان فرمایا کہ (معنی یہ ہیں) جیسے چکی گھومتی ہے، دوسرے حضرات نے فرمایا کہ معنی ہے، حساب اور منزلوں کے حدود میں جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے۔ حسبان، حساب کرنے والوں کی جماعت کو کہتے ہیں، جیسے شہاب اور شہبان، ضحاہا سے مراد اس کی روشنی ہے، ان تدرک القمر کے معنی یہ ہیں کہ ایک دوسرے کی روشنی چھین نہیں سکتا اور ان سے یہ ممکن بھی نہیں، سابق النہار کے معنی یہ ہیں کہ دونوں تیزی سے حرکت کرتے ہیں اور اپنی حدود معینہ سے آگے نہیں بڑھتے نسلخ کے معنی یہ ہیں کہ ہم ایک میں سے دوسرے کو نکالتے ہیں (یعنی دن اور رات میں کوئی حد فاصل نہیں، اور دونوں کو ہم مسلسل ان کے کاموں پر لگائے رہتے ہیں واہیۃ، وہیہا سے مشتق ہے یعنی وہ ٹکڑے ٹکڑے (تباہ و برباد) ہوا، ارجائھا، جو حصہ پھٹا ہوا نہ ہو، پس ملائکہ آسمان کے دونوں کناروں پر ہوں گے، عام محاورہ میں ارجاء البئر اسی معنی میں ہے اغطش اور جن (دونوں) تاریک ہونے کے معنی میں ہیں۔ حسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ رات تکور کے معنی میں ہے یعنی جب اس کی روشنی بالکل ختم ہو جائے۔ واللیل

وماوسق (میں وسق کے معنی ہیں) چوپایوں کو جمع کیا، اتسق بمعنی استویٰ۔ بروجا، منازل شمس وقمر۔ الحرور کا تعلق دن کے سورج کے ساتھ ہے، لیکن ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ الحرور کا تعلق رات سے ہے اور دن سے جس کا تعلق ہو اسے سموم کہتے ہیں۔ یولج بمعنی یکور۔ ولیجہ، اس چیز کو کہتے ہیں، جسے کسی دوسری چیز میں داخل کر دیا جائے۔

(۴۳۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا سفیانُ عن الاعمشِ عن ابْراهیمَ التیمیِ عن ابیه عن اَبی ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَبی ذرٍّ حین غَرَبَتِ الشمسُ تَدْرِیْ اَیْنَ تذهبُ قُلْتُ اللّٰه وَ رَسُوْلُه اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا تَذْهَبُ حَتّٰی تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَسْتَاْذِن فَاْذَنُ لَهَا و یُوْشِکُ اَنْ تَسْجُدَ فَلا یُقْبَلَ مِنْهَا وَتَسْتَاْذِنَ فَلایُؤْذَن لَهَا یُقَالُ لَهَا ارْجِعِی من حَیْثُ جِئْتِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا فَذٰلِکَ قَوْلُه تَعَالٰی وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ

۴۳۲۔ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی؛ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے ان سے ابراہیم تیمی نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے، جب سورج غروب ہوا، تو ان سے فرمایا کہ معلوم ہے، یہ سورج کہاں جاتا ہے؟ میں نے عرض کی کہ اللہ اور اس کے رسول ہی کو علم ہے، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہ جاتا ہے اور عرش کے نیچے پہنچ کر پہلے سجدہ کرتا ہے اور پھر اجازت چاہتا ہے (دوبارہ آنے کی) اور اسے اجازت دی جاتی ہے، اور وہ دن بھی قریب ہے، جب یہ سجدہ کرے گا تو اس کا سجدہ قبول نہ ہوگا اور اجازت چاہے گا لیکن اجازت نہ ملے گی (قیامت کے دن) بلکہ اس سے کہا جائے گا کہ جہاں سے آئے تھے وہیں واپس چلے جاؤ، چنانچہ اس دن وہ مغرب ہی سے طلوع ہوگا، اللہ تعالیٰ کے ارشاد "والشمس تجری لمستقر لها ذلک تقدیر العزیز العلیم" میں اسی طرف اشارہ موجود ہے۔

(۴۳۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عبدُالعزیزِ بن المختارِ حَدَّثَنَا عبداللّٰه الدَّانَاجُ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُوسَلَمَةَ بنُ عبدالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ مُکَوَّرَانِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

۴۳۳۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالعزیز بن مختار نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ داناج نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت کے دن سورج اور چاند کو لپیٹ دیا جائے گا۔

(۴۳۴) حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سلیمانَ قَالَ حدثنی ابنُ وهبٍ قال اخبرنی عمرٌو اَنَّ عبدَالرحمٰن بن القاسم حدثه عَنْ ابیه عن عبداللّٰه بنِ عمر رضی اللّٰه عنه اِنَّه کان یُخْبِر عن النَّبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لا یَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلا لِحَیَاتِهِ وَلٰکِنَّهُمَا اٰیَتَانِ من اٰیَاتِ اللّٰهِ فَاِذَا رَاَیْتُمُوْهُمَا فَصَلُّوْا

۴۳۴۔ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عمرو نے خبر دی، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا وہ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے نقل کرتے تھے کہ آپ نے فرمایا کہ سورج اور چاند میں کسی کی موت وحیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے اس لئے جب تم گرہن دیکھو تو نماز پڑھا کرو۔

(۴۳۵) حَدَّثَنَا اسماعیلُ بنُ اَبِی اُوَیسٍ قال حَدَّثَنِی مَالِکٌ عن زَیْدِ بن اَسْلَمَ عَنْ عطاء بن یسار عن عبدِاللّٰہِ بن عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰہِ لَایَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَلَا لِحَیَاتِہٖ فَاِذَا رَاَیْتُمْ ذٰلِکَ فاذکُرُوااللّٰہ

۴۳۵۔ہم سے اسماعیل بن ابی اویس نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے زید بن اسلم نے ان سے عطا بن یسار نے اور ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں سے ایک نشانی ہے کسی کی موت وحیات سے ان میں گرہن نہیں لگتا اس لئے جب گرہن ہو تو اللہ کی یاد میں لگ جایا کرو۔

(۴۳۶) حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عن عُقَیلٍ عن ابنِ شھاب قَالَ اَخْبَرَنِی عُرْوَۃُ اَنَّ عَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنھَا اَخْبَرَتْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ قَامَ فَکَبَّرَوَقَرَاَ قِرَاءَ ۃً طَوِیْلَۃً ثُمَّ رَکَعَ رُکُوعًا طَوِیْلًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَہ، فَقَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ، وَقَامَ کَمَاھُوَ فَقَرَاَ قِراءۃً طَوِیْلَۃً وَھِیَ اَدْنی مِنَ القِرَاءَ ۃِ الاُوْلٰی ثُمَّ رَکَعَ رَکُوعًا وَھِیَ اَدْنٰی مِنَ الرَّکْعَۃِ الاُوْلٰی ثُمَّ سَجَدَ سُجُوْدًا طَوِیْلًا ثُمَّ فَعَلَ فِی الرَّکْعَۃِ الْاٰخِرَۃِ مِثلَ ذٰلِکَ ثُمَّ سَلَّمَ وَ قَدْ تَجَلَّتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ فِی کُسُوفِ الشَّمْسِ وَالقَمَرِ اَنَّھُمَا اٰیَتَانِ من اٰیاتِ اللّٰہ لا یَخسِفَانِ لِمَوتِ اَحَدٍ وَلَا لِحیاتِہٖ فَاِذَا رَاَیتُمُو ھُمَا فَافزَعُوْا اِلَی الصَّلٰوۃِ

۴۳۶۔ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے عروہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ جس دن سورج گرہن لگا تو رسول اللہ ﷺ (مصلی پر) کھڑے ہوئے اللہ اکبر کہا اور بڑی دیر تک ''قرأت کرتے رہے پھر جب آپ ﷺ نے رکوع کیا ایک طویل رکوع! پھر سر اٹھا کر کہا، سمع اللہ لمن حمدہ اور پہلے کی طرح کھڑے ہو گئے اس قیام میں بھی طویل قرأت کی، اگرچہ پہلی قرأت سے کم تھی اور پھر رکوع میں چلے گئے اور دیر تک رکوع میں رہے، اگرچہ پہلی رکوع سے یہ کم طویل تھی، اس کے بعد سجدہ کیا ایک طویل سجدہ، دوسری رکعت میں بھی آپ نے اسی طرح کیا اور اس کے بعد سلام پھیرا تو سورج صاف ہو چکا تھا اب آنحضور ﷺ نے صحابہ کو خطاب کیا اور سورج اور چاند گرہن کے متعلق فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے ان میں کسی کی موت وحیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا اس لئے جب تم گرہن دیکھو تو فوراً نماز کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔

(۴۳۷) حَدَّثَنِی محمد بن المثنی حَدَّثَنَا یَحْیٰی عن اسمَاعِیلَ قَالَ حَدَّثَنِی قَیسٌ عن ابی مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّمْسُ وَالقَمَرُ لَاینکَسِفَانِ لِمَوتِ اَحَدٍ وَلاَ لِحیَاتِہٖ وَلٰکِنَّھُمَا آیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰہِ فَاِذَا رَاَیتُمُو ھُمَا فَصَلُّوا

۴۳۷۔ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے بیان کیا، ان سے قیس نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سورج اور چاند میں کسی کی موت وحیات پر گرہن نہیں لگتا بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے اس لئے جب تم ان میں گرہن دیکھو تو نماز پڑھو۔

باب ۲۸۹. مَاجَاءَ فِی قَوْلِہٖ وَھُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ الرِّیَاحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِہٖ قَاصِفًا تَقْصِفُ کُلَّ شَیْءٍ لَوَاقِحَ مَلَاقِحَ مُلْقِحَۃً اِعْصَارٌ رِیْحٌ عَاصِفٌ تَھُبُّ مِنَ الْاَرْضِ اِلَی السَّمَآءِ کَعَمُوْدٍ فِیْہِ نَارٌ صِرٌّ بَرْدٌ نُشْرًا مُتفرقَۃً.

۲۸۹۔اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے متعلق روایت کہ ''وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جو اپنی رحمت سے پہلے مختلف قسم کی ہواؤں کو بھیجتا ہے۔'' (اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں مختلف مواقع پر) قاصفاً بمعنی تقصف کل شئی، لواقح بمعنی ملاقح، اس کا واحد ملقحہ ہے۔اعصار کے معنی ہوا کا وہ جھکڑ جو ستون کی طرح زمین سے آسمان کی طرف اٹھتا ہے اور جس میں آگ ہوتی

ہے صر بمعنی برد۔ نشر بمعنی متفرقہ۔)

(۴۳۸) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن الحَكَمِ عن مجاهدٍ عن ابنِ عباسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنه عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَاُهلِكَتْ عَادٌ بالدَّبور

۴۳۸۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے حکم نے ان سے مجاہد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بادصبا کے ذریعہ میری مدد کی گئی اور قوم عاد باد دبور سے ہلاک کی گئی تھی۔

(۴۳۹) حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بن ابراهيمَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عن عطاءٍ عن عائشةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنها قالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاٰى مَخِيْلَةً فِي السَّمَآءِ اَقْبَلَ وَاَدْبَرَ وَ دَخَلَ وَ خَرَجَ وَ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ فَاِذَا اَمْطَرَتِ السَّمَآءُ سُرِّيَ عَنْهُ فَعَرَّفَتْهُ عَائِشَةُ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَدْرِيْ لَعَلَّهُ كَمَا قَالَ قَوْمٌ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِيَتِهِمْ الْاٰيَةَ

۴۳۹۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے ابن جریج نے، ان سے عطاءؒ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ بادل کا کوئی ایسا ٹکڑا دیکھتے جس سے بارش کی توقع ہوتی تو آپ کبھی آگے آتے کبھی پیچھے جاتے، کبھی اندر تشریف لاتے، کبھی باہر جاتے اور چہرہ مبارک کا رنگ بدل جاتا، لیکن جب بارش ہونے لگتی تو پھر یہ کیفیت باقی نہ رہتی، ایک مرتبہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کے متعلق آنحضور ﷺ سے پوچھا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا (اس بادل کے متعلق) میں کچھ نہیں جانتا، ممکن ہے یہ بادل بھی ویسا ہی ہو جس کے متعلق قوم عاد نے کہا تھا، جب انہوں نے بادل کو اپنی وادیوں کی طرف جاتے دیکھا تھا، آخر آیت تک، (کہ ان کے لئے رحمت کا بادل ہے، حالانکہ وہی عذاب تھا۔)

باب ۲۹۰. ذِكْرِ الْمَلَائِكَةِ وَقَالَ اَنَسٌ قَالَ عبدُاللّٰهِ بن سَلَامٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ جبرئِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ وَقَالَ ابن عَبَّاسٍ لَنَحْنُ الصَّافُّوْنَ: الْمَلَائِكَةُ

۲۹۰۔ ملائکہ کا ذکر، انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ جبرائیل علیہ السلام کو یہودی ملائکہ میں سے اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لنحن الصافون میں مراد ملائکہ سے ہے۔

(۴۴۰) حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ وَقَالَ لِي خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا يزيد بن زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سعيد و هشام قَالَا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عن مالكِ بنِ صَعْصَعَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ وَذَكَرَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَاُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُلِئَ حِكْمَةً وَاِيْمَانًا فَشُقَّ مِنَ النَّحْرِ اِلَى مَرَاقِّ الْبَطْنِ ثُمَّ غُسِلَ الْبَطْنُ بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ مُلِئَ حِكْمَةً وَ اِيْمَانًا وَاُتِيْتُ بِدَابَّةٍ اَبْيَضَ دُوْنَ الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ: الْبُرَاقُ. فَانْطَلَقْتُ مَعَ

۴۴۰۔ ہم سے ہدبہ بن خالد نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے۔ اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کیا، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی ان سے سعید اور ہشام نے حدیث بیان کی کہا کہ ہم سے قتادہ نے حدیث بیان کی ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور ان سے مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بیت اللہ کے قریب میں نیند اور بیداری کی درمیانی کیفیت میں تھا، پھر آنحضور ﷺ نے دو آدمیوں کے درمیان ایک تیسرے واقعہ کی تفصیل بیان کی۔ اس کے بعد میرے پاس سونے کا طشت لایا گیا جو حکمت اور ایمان سے لبریز تھا، میرے سینے کو پیٹ کے آخری حصے تک چاک کیا گیا، میرا پیٹ زمزم کے پانی سے دھویا گیا اور پھر اسے حکمت اور ایمان

جِبْرِئَلَ حَتّٰی اَتَیْنَا السَّمَاءَ الدُّنْیَا قِیل مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِیْلَ وَ قَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ قَالَ نَعَمْ قِیْلَ مَرْحَبًا بِهٖ وَلَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَآءَ فَاَتَیْتُ عَلٰی اٰدَمَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِکَ مِن ابنٍ وَ نَبِیٍّ فَاَتَیْنَا السَّمَاءَ الثَّانِیَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِیْلَ اُرْسِلَ اِلَیْهِ قَالَ نَعَمْ قِیْلَ مَرْحَبًا بِهٖ وَلَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ فَاَ تَیْتُ عَلٰی عِیْسٰی وَ یَحْیٰی فَقَالَا مَرْحَبًا بِکَ مِنْ اَخٍ وَنَبِیٍّ فَاَتَیْنَا السَّمَاءَ الثَّالِثَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِیْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ قَالَ نَعَمْ قِیْلَ مَرْحَبًا بِهٖ وَلَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ فَاَتَیْتُ یُوْسُفَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ قَالَ مَرْحَبًا بِکَ مِنْ اَخٍ وَنَبِیٍّ فَاَتَیْنَا السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِیْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ قِیْلَ نَعَمْ قِیْلَ مَرْحَبًابِهٖ وَلَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جاء فَاَتَیْتُ عَلٰی اِدْرِیْسَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا مِنْ اَخٍ وَّنَبِیٍّ فَاَتَیْنَا السَّمَآءِ الْخَامِسَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قِیْلَ مُحَمَّدٌ قِیْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ قَالَ نَعَمْ قِیْلَ مَرْحَبًابِهٖ ولنعم الْمَجِیْءُ جَاءَ فَاَتَیْنَا عَلٰی هٰرُوْنَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِکَ مِنْ اَخٍ نَبِیٍّ فَاَتَیْنَا السَّمَاءَ السَّادِسَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قَالَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِیْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ مَرْحَبًا بِهٖ وَلَنِعْمَ الْمَجِیْءُ جَاءَ فَاَتَیْتُ عَلٰی مُوْسٰی فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِکَ من اَخٍ وَنَبِیٍّ فَلَمَّا جَاوَزْتُ بَکٰی فَقِیْلَ مَاابکاکَ قَالَ یَارَبِّ هٰذَا الْغُلَامُ الَّذِیْ بُعِثَ بَعْدِیْ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِهٖ اَفْضَلُ مِمَّا یَدْ خُلُ مِنْ اُمَّتِیْ فَاَتَیْنَا السَّمَاءَ السَّابِعَةَ قِیْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِیْلُ قِیْلَ مَنْ مَعَکَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِیْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَیْهِ

سے بھر دیا گیا، اس کے بعد میرے پاس ایک سواری لائی گئی، سفید، خچر سے چھوٹی اور گدھے سے بڑی یعنی براق! میں اس پر جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ چلا، جب ہم آسمان دنیا پر پہنچے تو پوچھا گیا کہ کون صاحب ہیں؟ انہوں ں نے کہا کہ جبرائیل! پوچھا گیا کہ آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ محمد! (ﷺ) پوچھا گیا کہ کیا انہیں کو لانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ انہوں نے کہا کہ ہاں! اس پر جواب آیا کہ انہیں **خوش آمدید** آنے والے کیا ہی مبارک ہیں! پھر میں آدم علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوا اور انہیں سلام کیا، انہوں نے فرمایا، خوش آمدید، بیٹے اور نبی! اس کے بعد ہم دوسرے آسمان پر پہنچے، یہاں بھی وہی سوال ہوا کون صاحب ہیں؟ کہا کہ جبرائیل! سوال ہوا، آپ کیساتھ کوئی اور صاحب بھی ہیں؟ کہا کہ محمد ﷺ! سوال ہوا، انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ کہا کہ ہاں، اب ادھر سے جواب آیا، خوش آمدید! آنے والے کیا ہی مبارک ہیں! اس کے بعد میں عیسیٰ اور یحیٰ علیہما السلام کی خدمت میں حاضر ہوا ان حضرات نے بھی خوش آمدید کہا، اپنے بھائی اور نبی کو! پھر ہم تیسرے آسمان پر آئے، یہاں بھی سوال ہوا، کون صاحب ہیں؟ جواب، جبرائیل! سوال ہوا، آپ کے ساتھ بھی کوئی ہے کہا کہ محمد ﷺ! سوال ہوا، انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ انہوں نے بتایا کہ ہاں! اب آواز آئی، خوش آمدید! میرے بھائی اور نبی! آنے والے کیا ہی صالح ہیں، یہاں میں یوسف علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں سلام کیا، انہوں نے فرمایا، خوش آمدید، میرے بھائی اور نبی! یہاں سے ہم چوتھے آسمان پر آئے، اس پر بھی یہی سوال ہوا اور کون صاحب؟ جواب دیا کہ جبرائیل، سوال ہوا، آپ کے ساتھ اور کون صاحب ہیں، کہا کہ محمد ﷺ! پوچھا کیا انہیں لانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا جواب دیا کہ ہاں۔ پھر آواز آئی، انہیں خوش آمدید! کیا ہی اچھے آنے والے ہیں یہاں میں ادریس علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں سلام کیا، انہوں نے فرمایا خوش آمدید بھائی اور نبی، یہاں سے ہم پانچویں آسمان پر آئے۔ یہاں بھی سوال ہوا کہ کون صاحب؟ جواب دیا کہ جبرئیل (علیہ السلام) پوچھا گیا آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ محمد ﷺ۔ انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ کہا کہ ہاں۔ آواز آئی، انہیں خوش آمدید، آنے والے کیا ہی اچھے ہیں۔ یہاں ہم ہارون علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے انہیں سلام کیا۔ انہوں نے فرمایا،

مَرْحَبًا بِهٖ وَ نِعْمَ الْمَجِیْئُ جَآءَ فَاَتَیْتُ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَقَالَ مَرْحَبًا بِکَ مِنَ ابْنٍ وَنَبِیٍّ فَرُفِعَ لِیَ الْبَیْتُ الْمَعْمُوْرُ فَسَاَلْتُ جِبْرِیْلَ فَقَالَ هٰذَا الْبَیْتُ الْمَعْمُوْرُ یُصَلِّی فِیْهِ کُلَّ یَوْمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ اِذَا خَرَجُوْا لَمْ یَعُوْدُوْا اِلَیْهِ اٰخِرَمَا عَلَیْهِمْ وَرُفِعَتْ لِی سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی فَاِذَا نَبِقُهَا کَاَنَّهٗ قِلَالُ هَجَرَ وَوَرَقُهَا کَاَنَّهٗ آذَانُ الْفُیُوْلِ فِی اَصْلِهَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ نَهْرَانِ بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ فَسَاَلْتُ جِبْرِیْلَ فَقَالَ اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَفِی الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ النِّیْلُ وَالْفُرَاتُ ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَیَّ خَمْسُوْنَ صَلَاةً فَاَقْبَلْتُ حَتّٰی جِئْتُ مُوْسٰی فَقَالَ مَا صَنَعْتَ قُلْتُ فُرِضَتْ عَلَیَّ خَمْسُوْنَ صَلَاةً قَالَ اَنَا اَعْلَمُ بِالنَّاسِ مِنْکَ عَالَجْتُ بَنِی اِسْرَائِیْلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ وَاِنَّ اُمَّتَکَ لَاتُطِیْقُ فَارْجِعْ اِلٰی رَبِّکَ فَسَلْهُ فَرَجَعْتُ فَسَاَلْتُهٗ فَجَعَلَهَا اَرْبَعِیْنَ ثُمَّ مِثْلَهٗ ثم ثلثین ثم مثله فجعل عشرین ثم مثله فَجَعَلَ عَشْرًا فَاَتَیْتُ مُوْسٰی فَقَالَ مِثْلَهٗ فَجَعَلَهَا خَمْسًا فَاَتَیْتُ مُوْسٰی فَقَالَ مَاصَنَعْتَ قُلْتُ جَعَلَهَا خَمْسًا فَقَالَ مِثْلَهٗ قُلْتُ سَلَّمْتُ بِخَیْرٍ فَنُوْدِیَ اِنِّی قَدْ اَمْضَیْتُ فَرِیْضَتِیْ وَخَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِیْ وَاَجْزِی الْحَسَنَةَ عَشْرًا وَقَالَ همامٌ عن قتادة عن الحسن عن اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ

میرے بھائی اور نبی خوش آمدید۔ یہاں سے ہم چھٹے آسمان پر آئے، یہاں بھی سوال ہوا کہ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ جبرئیل (علیہ السلام) پوچھا گیا آپ کے ساتھ بھی کوئی ہے؟ کہا کہ محمد ﷺ۔ پوچھا گیا کیا انہیں بلایا گیا تھا؟ کہا، ہاں۔ خوش آمدید اچھے آنے والے۔ یہاں میں موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں سلام کیا۔ انہوں نے فرمایا، میرے بھائی اور نبی، خوش آمدید! جب میں وہاں سے آگے بڑھنے لگا، تو آپ رونے لگے، میں نے پوچھا، آں محترم کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اے اللہ! یہ نوجوان جسے میرے بعد نبوت دی گئی (اور عمر بھی کچھ زیادہ نہ ہوگی) اس کی امت میں سے جنت میں داخل ہونے والے، میری امت کے جنت میں داخل ہونے والے افراد سے افضل ہوں گے۔ اس کے بعد ہم ساتویں آسمان پر آئے، یہاں بھی سوال ہوا کہ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ جبرائیل! سوال ہوا کہ کوئی صاحب آپ کے ساتھ بھی ہیں، جواب دیا کہ محمد ﷺ! پوچھا، انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا، خوش آمدید! اچھے آنے والے! یہاں میں ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں سلام کیا، انہوں نے فرمایا، میرے بیٹے اور نبی! خوش آمدید! اس کے بعد مجھے بیت معمور دکھایا گیا۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا یہ بیت معمور ہے اس میں ستر ہزار ملائکہ روزانہ نماز پڑھتے ہیں اور ایک مرتبہ پڑھ کر جو اس میں سے نکل جاتا ہے تو پھر کبھی داخل نہیں ہوتا اور مجھے سدرۃ المنتہیٰ بھی دکھایا گیا اس کے پھل ایسے تھے جیسے مقام ہجر کے مٹکے ہوتے ہیں اور پتے ایسے تھے جیسے ہاتھی کے کان! اس کی جڑ سے چار نہریں نکلتی تھیں۔ دو نہریں تو باطنی تھیں اور دو ظاہری نہریں، نیل اور فرات ہیں۔ اس کے بعد مجھ پر (اور تمام امت مسلمہ پر) پچاس وقت کی نمازیں فرض کی گئیں، میں جب واپس ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے فرمایا کیا کر کے آئے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ پچاس نمازیں مجھ پر فرض کی گئیں ہیں انہوں نے فرمایا کہ انسانوں کو میں تم سے زیادہ جانتا ہوں، بنی اسرائیل کا مجھے بڑا تلخ تجربہ ہو چکا ہے تمہاری امت بھی اتنی نمازوں کی طاقت نہیں رکھتی، اس لئے اپنے رب کی بارگاہ میں دوبارہ حاضری دیجئے اور کچھ تخفیف کی درخواست کیجئے، میں واپس ہوا تو اللہ تعالیٰ نے نماز میں چالیس وقت کی کر دیں۔ پھر بھی موسیٰ علیہ السلام اپنی بات (تخفیف) پر مصر رہے اس مرتبہ تیس وقت کی رہ گئیں، پھر انہوں نے وہی فرمایا تو اب بیس وقت

کی اللہ تعالیٰ نے کر دیں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام نے وہی فرمایا اور اس مرتبہ (بارگاہ رب العزت میں میری درخواست کی پیشی پر) اللہ تعالیٰ نے انہیں دس کر دیا، جب میں موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں اس مرتبہ حاضر ہوا تو اب بھی انہوں نے اپنا اصرار جاری رکھا اور اس مرتبہ اللہ تعالیٰ نے پانچ وقت کی کر دیں اب میں موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے دریافت فرمایا کہ کیا ہوا؟ میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پانچ کر دی ہیں اس مرتبہ بھی انہوں نے اصرار کیا، میں نے کہا کہ اب تو میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کر چکا ہوں پھر آواز آئی، میں نے اپنا فریضہ (پانچ نمازوں کا) نافذ کر دیا اپنے بندوں پر تخفیف کر چکا اور میں ایک نیکی کا بدلہ دس گناہ دیتا ہوں اور ہمام نے بیان کیا، ان سے قتادہ نے، ان سے حسن نے، ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے، بیت معمور کے متعلق (الگ اس کی روایت کی ہے۔)

(۴۴۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بنُ الربيع حَدَّثَنَا ابو الاحْوَصِ عن الاعمش عن زيدِ بنِ وهبٍ قَالَ عبدُاللّٰه حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ قَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خلقُه، فِي بَطْنِ اُمِّهٖ اَرْبَعِيْنَ يَوْمً ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ وَيُقَالُ لَهٗ اُكْتُبْ عَمَلَهٗ وَرِزْقَهٗ وَاَجَلَهٗ وَ شَقِيٌّ اَوْسَعِيْدٌ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ الرُّوْحُ فَاِنَّ الرَّجُلَ مِنْكُمْ لَيَعْمَلُ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ كِتَابُهٗ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ وَيَعْمَلُ حَتّٰى مَايَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّارِ اِلَّاذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۴۴۱۔ ہم سے حسن بن ربیع نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے، ان سے زید بن وہب نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم سے صادق المصدوق رسول اللہ ﷺ نے حدیث بیان کی فرمایا کہ تمہاری تخلیق کی تیاری تمہاری ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک کی جاتی ہے۔ (نطفہ کی صورت میں) اتنے ہی دنوں تک وہ پھر ایک بستہ خون کی صورت اختیار کئے رہتا ہے اور پھر وہ اتنے ہی دنوں تک ایک مضغہ گوشت رہتا ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتے ہیں اور اسے چار باتوں (کے لکھنے) کا حکم دیتے ہیں اس سے کہا جاتا ہے کہ اس کے عمل، اس کا رزق، اس کی مدت حیات اور یہ کہ شقی ہے یا سعید، لکھ لے۔ اب اس نطفہ میں روح ڈالی جاتی ہے (خدا کی متعین کی ہوئی تقدیر اس قدر نا قابل تغیر ہے کہ) ایک شخص (زندگی بھر نیک) عمل کرتا رہتا ہے اور جب جنت اور اس کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو اس کی تقدیر سامنے آ جاتی ہے اور دوزخ والوں کے عمل شروع کر دیتا ہے اسی طرح ایک شخص (زندگی بھر برے) اعمال کرتا رہتا ہے اور جب دوزخ اور اس کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے (موت کے قریب) تو اس کی تقدیر آڑے آتی ہے اور جنت والوں کے عمل شروع کر دیتا ہے۔ (توبہ کر کے)

(۴۴۲) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سَلَامٍ اَخْبَرَنَا مخلدٌ اخبرنا ابن جريجٍ قَالَ اخبرني موسٰى بن

۴۴۲۔ ہم سے محمد بن سلام نے حدیث بیان کی انہیں مخلد نے خبر دی انہیں ابن جریج نے خبر دی کہا کہ مجھے موسیٰ بن عقبہ نے خبر دی انہیں نافع نے،

عُقبَةَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَابَعَهٗ اَبُوْعَاصِمٍ عن ابن جريج قَالَ اخبرنی موسیٰ بنُ عَقبة عن نافع عن ابی هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ الْعَبْدَ نَادٰى جِبْرِيْلَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فَلَانًا فَاَحْبِبْهُ فَيُحِبُّهٗ جِبْرِيْلُ فَيُنَادِيْ جِبْرِيْلُ فِي اَهْلِ السَّمَآءِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فَلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهٗ اَهْلُ السَّمَاءِ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِي الْاَرْضِ

انہوں نے بیان کیا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے اور اس روایت کی متابعت ابو عاصم نے ابن جریج کے واسطہ سے کی ہے کہا کہ مجھے موسیٰ بن عقبہ نے خبر دی انہیں نافع نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو جبرائیل علیہ السلام سے فرماتے ہیں کہ اللہ فلاں شخص سے محبت کرتے ہیں تم بھی اس سے محبت رکھو! چنانچہ جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت رکھنے لگتے ہیں پھر جبرائیل علیہ السلام تمام اہل آسمان کو ندا دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت رکھتے ہیں اس لئے سب لوگ اس سے محبت رکھیں، چنانچہ تمام اہل آسمان اس سے محبت رکھنے لگتے ہیں اس کے بعد روئے زمین پر بھی اسے مقبولیت حاصل ہو جاتی ہے!

(۴۴۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بن عبد الرَّحْمٰنِ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَنْزِلُ فِي الْعَنَانِ وَهُوَ السَّحَابُ فَتَذْكُرُ الْاَمْرَ قُضِيَ فِي السَّمَاءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّيَاطِيْنُ السَّمْعَ فَتَسْمَعُهٗ فَتُوْحِيْهِ اِلَى الْكُهَّانِ فَيَكْذِبُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ

۴۴۳۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں لیث نے خبر دی ان سے ابن ابی جعفر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عبدالرحمن نے ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا تھا کہ ملائکہ عنان میں اترتے ہیں اور عنان سے مراد بادل (یا آسمان) ہے (راوی کی رائے میں) یہاں ملائکہ ان امور کا تذکرہ کرتے ہیں جن کا فیصلہ آسمان میں (جناب باری کی بارگاہ سے) ہو چکا ہوتا ہے اور یہیں سے شیاطین کچھ چوری چھپے سن لیتے ہیں، پھر کاہنوں کو اس کی اطلاع دیتے ہیں اور یہ کاہن سو (۱۰۰) جھوٹ اپنی طرف سے لگا کر اسے بیان کرتے ہیں۔

(۴۴۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بن سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ وَالْاَغَرِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ كَانَ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ الْمَلَائِكَةُ يَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ فَاِذَا جَلَسَ الْاِمَامُ طَوَوُا الصُّحُفَ وَجَاؤُوْا يَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ

۴۴۴۔ ہم سے احمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوسلمہ اور اغر نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جب جمعہ کا دن آتا ہے تو مسجد کے ہر دروازے پر فرشتے متعین ہو جاتے ہیں اور سب سے پہلے آنے والے اور پھر اس کے بعد آنے والوں کو ترتیب کے ساتھ لکھتے جاتے ہیں، پھر جب امام بیٹھ جاتا ہے (منبر پر خطبہ کے لئے)، تو فرشتے اپنے رجسٹر بند کر لیتے ہیں اور ذکر (خطبہ) سننے لگ جاتے ہیں۔

(۴۴۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عبد اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ مَرَّ عُمَرُ فِي الْمَسْجِدِ وحَسَّانُ يُنْشِدُ فقال كُنْتُ اُنْشِدُ فِيْهِ وَفِيْهِ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ ثُمَّ الْتَفَتَ الى

۴۴۵۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن مسیب نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے تو حسان رضی اللہ عنہ اشعار پڑھ رہے تھے (عمر رضی اللہ عنہ نے مسجد میں اشعار

اَبِی هُرَیْرَةَ فَقَالَ اَنْشُدُکَ بِاللّٰهِ اَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَجِبْ عَنِّی اَللّٰهُمَّ اَیِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ قَالَ نَعَمْ

پڑھنے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا) تو حسان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں اس دور میں یہاں اشعار پڑھا کرتا تھا، جب آپ سے بہتر (آنحضور ﷺ) کے یہاں تشریف رکھتے تھے پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ میں تم سے خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں، کیا رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے تم نے نہیں سنا کہ (اے حسان! کفار مکہ کو) میری طرف سے جواب دو (اشعار میں) اے اللہ! روح القدس کے ذریعہ حسان کی مدد کیجئے، ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جی ہاں (میں نے سنا تھا۔)

(۴۴۶) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عمرَ حَدَّثَنَا شعبةُ عن عدی بن ثابتٍ عن البراءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لحسانٍ اُهْجُهُمْ اَوْ هَاجِهِمْ وَ جِبْرِیْلُ مَعَکَ

۴۴۶۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی بن ثابت نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے حسان رضی اللہ عنہ سے فرمایا، مشرکین مکہ کی تم بھی ہجو کر دیا (یہ فرمایا کہ) ان کی ہجو کا جواب دو، جبرائیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں۔

(۴۴۷) حَدَّثَنَا اِسحاقُ اخبرنَا وهبُ بنُ جَرِیْرٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ وَ قَالَ سَمِعْتُ حُمَیْدَ بْنَ هلال عن انس بنِ مالکٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ کَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی غُبَارٍ ساطعٍ فی سِکَّةِ بنی غَنْمٍ زَادَ مُوْسٰی مَوْکِبَ جِبْرِیْلَ

۴۴۷۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی انہیں وہب بن جریر نے خبر دی ان سے میرے والد نے حدیث بیان کی اور انہوں نے بیان کیا کہ میں نے حمید بن ہلال سے سنا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جیسے وہ غبار میری نظروں کے سامنے ہے جو قبیلہ بنی غنم کی گلی میں اٹھا تھا۔ موسیٰ نے روایت میں اضافہ کیا ہے کہ "جبرائیل علیہ السلام کے (ساتھ آنے والے) سواروں کی وجہ سے۔"

(۴۴۸) حَدَّثَنَا فَرْوَةُ حَدَّثَنَا علیُّ ابْنُ مُسْهِرٍ عن هشام بن عروةَ عن اَبِیْهِ عن عائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا ان الحَارِثَ بن هشامٍ سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَیْفَ یاتیکَ الوحیُ قَالَ کُلُّ ذاکَ یَأْتِی الْمَلَکُ اَحْیَانًا فِی مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ فَیَفْصِمُ عَنِّیْ وَقَدْ وَعَیْتُ مَا قَالَ وَهُوَ اَشَدُّه عَلَیَّ وَیَتَمَثَّلُ لِیَ الْمَلَکُ اَحْیَانًا رَجُلًا فَیُکَلِّمُنِیْ فَاَعِیْ مَا یَقُوْلُ

۴۴۸۔ ہم سے فروہ نے حدیث بیان کی ان سے علی بن مسہر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا کہ وحی آپ کے پاس کس طرح آتی ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو بھی وحی آتی ہے وہ فرشتہ کے ذریعہ آتی ہے (البتہ نزول وحی کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں) کبھی تو وہ گھنٹی بجنے کی آواز کی طرح نازل ہوتی ہے، جب نزول وحی کا سلسلہ ختم ہوتا ہے تو جو کچھ فرشتے نے نازل کیا ہوتا ہے، میں اسے پوری طرح محفوظ کر چکا ہوتا ہوں، نزول وحی کی یہ صورت میرے لئے بہت سخت ہوتی ہے اور کبھی فرشتہ میرے سامنے انسان کی صورت میں آ جاتا ہے، وہ مجھ سے (عام آدمیوں کی طرح) گفتگو کرتا ہے اور جو کچھ کہہ جاتا ہے، میں اسے پوری طرح محفوظ کر لیتا ہوں۔

(۴۴۹) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بن اَبِى كَثِيرٍ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِى سَبِيْلِ اللّٰهِ دَعَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ اَىْ فُلُ هَلُمَّ فَقَالَ اَبُوبَكْرٍ ذَاكَ الَّذِىْ لَاتَوٰى عَلَيْهِ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ

۴۴۹۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ فرمار ہے تھے کہ اللہ کے راستے میں جو شخص ایک جوڑا دے گا تو جنت کے داروغے اسے بلائیں گے کہ اے فلاں، اس دروازے سے اندر آجاؤ۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ یہ وہ شخص ہوگا جسے کوئی نقصان نہ ہوگا (خواہ کسی بھی دروازے سے جنت میں داخل ہو جائے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مجھے امید ہے کہ تم بھی انہیں میں سے ہو گے۔

(۴۵۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هشَامٌ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنها اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا يَاعَآئِشَةُ هٰذَا جِبْرِيلُ يَقْرأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ فَقَالَتْ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه، تَرَى مَالَا اَرٰى تُرِيْدُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۵۰۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی انہیں زہری نے انہیں ابوسلمہ نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا، اے عائشہ! یہ جبرائیل آئے ہیں، تمہیں سلام کہہ رہے ہیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، آپ ﷺ وہ چیزیں دیکھتے ہیں جنہیں میں نہیں دیکھ سکتی، عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد نبی کریم ﷺ سے تھی۔

(۴۵۱) حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عمرُ بن ذَرٍّ قَالَ حَدَّثَنِى يَحْيَى بن جعفر حَدَّثَنَا وكيعٌ عن عمر بنِ ذرٍ عن ابيه عن سعيد بنِ جبيرٍ عنِ ابنِ عباسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عنهما قَالَ قَالَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لجبريلَ الا تَزُوْرُنَا اكثرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا قَالَ فنزلتْ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَه، مَا بَيْنَ اَيدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا الاٰيَة

۴۵۱۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے عمر بن ذرح نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن ذر نے، ان سے ان کے والد نے ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام سے ایک مرتبہ فرمایا ہم سے ملاقات کے لئے جتنی مرتبہ آپ آتے ہیں اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے؟ بیان کیا کہ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''اور ہم نہیں اترتے لیکن آپ کے رب کے حکم سے'' اسی کا ہے جو کچھ کہ ہمارے سامنے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے'' آخر آیت تک''!

(۴۵۲) حَدَّثَنَا اسماعيلُ قال حدثنى سليمانُ عن يونسَ عن ابنِ شهابٍ عن عبيدِاللّٰه بنِ عبدِاللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ بنِ مسعودٍ عن ابنِ عباسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عنهما ان رسولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقْرَاَنِى جبريلُ عَلٰى حرفٍ فَلَمْ اَزَلْ اَسْتَزِيْدُه، حَتّٰى انْتَهٰى

۴۵۲۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبیداللہ بن عتبہ بن مسعود نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جبرائیل علیہ السلام نے قرآن مجید مجھے (عرب کے) ایک ہی لغت کے مطابق پڑھ کر سکھایا تھا لیکن میں اس میں برابر

اِلٰی سَبعَةِ اَحرُفٍ

اضافہ کی خواہش کا اظہار کرتا رہا، تا آنکہ سات لغات عرب پر اس کا نزول ہوا۔ ❶

(۴۵۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ مقاتلٍ اخبرنا عبدُاللّٰہِ اخبرنا یونسُ عن الزھریِ قال حَدَّثَنِی عبدُاللّٰہ بنُ عبداللّٰہ عن ابنِ عباسٍ رَضِیَ اللّٰہ عنھما قَالَ کَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اَجوَدَالناسِ وَکَانَ اَجوَدَ مَایَکُونُ فِی رمضان حِینَ یَلقَاہُ جِبرِیلُ وَکَانَ جِبرِیلُ یَلقَاہُ فِی کُلِّ لَیلَةٍ مِن رَمَضَانَ فَیُدَارِسُہُ القُراٰنَ فلَرَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ حِینَ یَلقَاہُ جبرِیلُ اَجوَدَ بِالخَیرِ مِنَ الرِّیحِ المُرسَلَةِ وَعَن عَبدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا مَعمَرٌ بِھٰذَا الاسنادِ نَحوَہ وروی اَبُوھُرَیرَةَ وَفَاطِمَةُ رَضِیَ اللّٰہُ عنھما عن النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبرِیلَ کَانَ یُعَارِضُہ' القُراٰنَ

۴۵۳۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے عبداللہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور آپ ﷺ کی سخاوت رمضان المبارک کے مہینے میں اور بڑھ جاتی تھی جب جبرائیل علیہ السلام آپ سے ملاقات کے لئے (روزانہ) آنے لگے تھے جبرائیل علیہ السلام، حضور اکرم ﷺ سے رمضان کی ہر رات میں ملاقات کے لئے آتے تھے اور آپ سے قرآن کا دور کرتے تھے یہ واقعہ کہ آنحضور ﷺ، (خصوصاً اس دور میں جب جبرائیل علیہ السلام مسلسل) آپ سے ملاقات کے لئے آتے تو آپ خیر وبرکات کی اشاعت وشیوع میں تیز چلنے والی ہوا سے بھی زیادہ جواد اور سخی تھے۔ اور عبداللہ سے روایت ہے ان سے معمر نے حدیث بیان کی اسی اسناد کے ساتھ، اسی طرح اور ابو ہریرہ اور فاطمہ رضی اللہ عنہما نے روایت کی نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے جبرائیل علیہ السلام آنحضور ﷺ کے ساتھ قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے۔

(۴۵۴) حَدَّثَنَا قُتَیبَةُ حَدَّثَنَا لیثٌ عَنِ ابن شھاب اَنَّ عمرَ بنَ عبدِالعزیزِ اَخَّرَالعَصرَ شیئًا فقال لہ' عُروَةُ اَمَّا اَنَّ جبرِیلَ قَد نَزَلَ فصَلّٰی اَمَامَ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ اِعلَم مَاتَقُولُ یَاعُروَةُ قَالَ سَمِعتُ بَشِیرَ بنَ اَبِی مَسعُودٍ یَقُولُ سَمِعتُ اَبَامَسعُودٍ یَقُولُ سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ نَزَلَ جِبرِیلُ فَاَمَّنِی فَصَلَّیتُ مَعَہ' ثُمَّ صَلَّیتُ مَعَہ' یَحسُبُ بِاَصَابِعِہ خَمسَ صَلَوَاتٍ

۴۵۴۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے کہ عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ ..... (خلیفہ المسلمین) نے ایک دن عصر کی نماز کچھ تاخیر سے پڑھائی، اس پر عروہ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے کہا، لیکن جبرائیل علیہ السلام (نماز کا طریقہ آنحضور کو سکھانے کے لئے) نازل ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کے آگے ہو کر آپ کو نماز پڑھائی، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، عروہ! آپ کو معلوم بھی ہے، کیا کہہ رہے ہیں آپ! انہوں نے کہا کہ میں نے حدیث بشیر بن ابی مسعود سے سنی تھی اور انہوں نے ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے اسے سنا تھا، آپ نے بیان کیا تھا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا آپ فرما رہے

❶ قرآن مجید کی سات قراٰتوں کی طرف اشارہ ہے جن کا تفصیلی ثبوت صحیح روایات واحادیث سے ہے، جیسا کہ ہر زبان میں مختلف مقامات کی زبان کا اختلاف ہوتا ہے اردو، اپنے محدود دائرے کے باوجود، اپنے محاوروں اور زبان کا بڑا اختلاف رکھتی ہے، لکھنو اور دلی کی ٹکسالی بولیوں میں زمین اور آسمان کا فرق ہے، عرب میں تو یہ حال تھا کہ ہر قبیلہ ایک الگ دنیا میں رہتا تھا اور محاورے، بلکہ، زبر تک کے فرق کو انتہائی درجے میں ملحوظ رکھا جاتا ہے، مقصد یہ ہے کہ قرآن مجید اپنے معنی اور مقصد کے اعتبار سے اگر چہ ایک ہے لیکن قرأت میں نزول کے اعتبار سے خود خداوند کریم نے اس کی سات قرأتیں عرب کے فصیح وبلیغ قبیلوں کی زبان کے اعتبار سے قرار دی ہیں۔

تھے کہ جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے اور آپ نے مجھے نماز پڑھائی میں نے ان کے ساتھ نماز پڑھی، پھر (دوسرے وقت کی) ان کے ساتھ میں نے نماز پڑھی، پھر ان کے ساتھ میں نے نماز پڑھی، پھر میں نے ان کے ساتھ نماز پڑھی، پھر میں نے ان کے ساتھ نماز پڑھی، اپنی انگلیوں پر آپ نے پانچ نمازوں کو گن کر بتایا۔

(۴۵۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ بشارٍ حَدَّثَنَا ابنُ ابی عدیٍ عن شُعْبَةَ عن حبیبِ بنِ ابی ثابتٍ عن زَیدِ بنِ وهبٍ عن ابی ذرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جِبْرِیْلُ مَنْ مَاتَ مِنْ اُمَّتِکَ لَایُشْرِکُ بِاللّٰهِ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ اَوْلَمْ یَدْخُلِ النَّارَ قَالَ وَاِنْ زَنٰی وَاِنْ سَرَقَ قَالَ وَاِنْ

۴۵۵۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے ابن عدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے حبیب بن ابی ثابت نے ان سے زید بن وہب نے اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبرائیل علیہ السلام کہہ گئے ہیں (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) کہ تمہاری امت کا جوفرد اس حالت میں مرے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا رہا ہوگا (کم از کم اپنی موت سے پہلے) تو جنت میں داخل ہوگا یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) جہنم میں نہیں داخل ہوگا (یعنی ہمیشہ کے لئے) خواہ اس نے اپنی زندگی میں زنا کی ہو، خواہ چوری کی ہو اور خواہ......

(۴۵۶) حَدَّثَنَا اَبُوالیَمَانِ اَخْبَرَنَا شعیبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ عن الاعرجِ عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ المَلَائِکَةُ یَتَعَاقَبُونَ مَلَائِکَةٌ بِاللَّیْلِ وَمَلَائِکَةٌ بِالنَّهَارِ وَیَجْتَمِعُونَ فِی صَلَاةِ الْفَجْرِ وَالْعَصْرِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ الَّذِیْنَ بَاتُو فِیکُمْ فَیَسْاَلُهُمْ وَهُوَ اَعْلَمُ فَیَقُولُ کَیْفَ تَرَکْتُهُمْ عِبَادِیْ فَیَقُولُونَ تَرَکْنَا هُمْ یُصَلُّونَ وَاَتَیْنَاهُمْ یُصَلُّونَ

۴۵۶۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فرشتوں کی ڈیوٹی بدلتی رہتی ہے، کچھ فرشتے رات کے ہیں اور کچھ دن کے اور یہ سب فجر اور عصر کی نماز میں جمع ہوتے ہیں (جو ڈیوٹی بدلنے کے اوقات) پھر وہ فرشتے جنہوں نے تمہارے یہاں ڈیوٹی دی تھی (رب العزت کے حضور میں) جاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان سے دریافت فرماتا ہے، حالانکہ وہ سب سے زیادہ جاننے والا ہے کہ تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا، وہ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ جب ہم نے انہیں چھوڑا تو وہ نماز پڑھ رہے تھے (فجر کی) اور اسی طرح جب ہم ان کے یہاں گئے تھے جب بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے (عصر کی)

باب ۲۹۱. اِذَا قَالَ اَحَدُکُمْ اٰمِیْنَ وَالْمَلَائِکَةُ فِی السَّمَاءِ اٰمِین فَوَافَقَتْ اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰی غُفِرَلَه' مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ

۲۹۱۔ جب کوئی بندہ آمین کہتا ہے اور فرشتے بھی آسمان پر آمین کہتے ہیں اور اس طرح دونوں کی زبان سے ایک ساتھ آمین نکلتی ہے تو بندے کے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

(۴۵۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا مخلدٌ اَخْبَرَنَا ابنُ جریجٍ عن اِسْمَاعِیْلَ بنِ اُمیةَ اَنَّ نافعًا حَدَّثَنَا اَنَّ

۴۵۷۔ہم سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں مخلد نے خبر دی انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں اسماعیل بن امیہ نے، ان سے نافع نے حدیث

القاسم بن مُحمَّدٍ حدثه، عن عَائشةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنها قالتْ حشوتُ للنبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وِسَادَةً فِيهَا تماثيلُ كانَّهَا نُمْرُقَةٌ فَجاء فَقامَ بَيْنَ البَابَيْنِ وَجعَلَ يَتغَيَّرُ وجْهُه، فقلتُ مالنا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَابَالُ هٰذِهِ الْوِ سَادَةِ قَالَتْ وِسَادَةٌ جعَلْتُهَا لَکَ لِتضْطَجِعَ عَلَيْهَا قَالَ أَمَا عَلِمتِ أَنَّ المَلائِكَةَ لاتَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ وَأَنَّ مَنْ صَنَعَ الصُّورَةَ يُعَذَّبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَقُولُ أحْيُوْا مَاخَلَقْتُم

بیان کی ان سے قاسم بن محمد نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے لئے ایک تکیہ بنایا جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں، وہ ایسا ہو گیا جیسے چھوٹا سا گدا۔ پھر آنحضور ﷺ تشریف لائے تو دروازے پر کھڑے ہو گئے اور آپ کے چہرے کا رنگ بدلنے لگا، میں نے عرض کیا ہم سے کیا غلطی ہوئی یا رسول اللہ! آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ یہ تکیہ کیسا ہے؟ میں نے عرض کیا، یہ تو میں نے آپ کے لئے بنایا ہے تاکہ آپ اس پر ٹیک لگا سکیں، اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی تصویر ہوتی ہے اور یہ کہ جو شخص بھی تصویر بنائے گا، قیامت کے دن اسے اس پر عذاب دیا جائے گا، اس سے کہا جائے گا کہ جس کی تم نے تخلیق کی تھی، اب اسے زندہ بھی کر کے دکھاؤ۔

(۴۵۸) حَدَّثَنَا ابنُ مقاتلٍ اخبرنا عَبْدُاللّٰه اخبرنا مَعْمرٌ عن الزهرى عن عبيدِاللّٰهِ بنِ عبدِاللّٰهِ انه سمعَ ابنَ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما يقول سمعتُ اَبَاطلحةَ يقول سمعتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَاتَدْخُلُ المَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةُ تَمَاثِيلَ

۴۵۸۔ ہم سے ابن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے انہیں عبیداللہ بن عبداللہ نے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا وہ فرماتے تھے کہ میں نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ فرماتے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتے ہوں اور اس میں بھی نہیں جہاں تصویر ہو!

(۴۵۹) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابنُ وَهْبٍ اخبرنا عمرٌو ان بكيرَ بنَ الاشجِ حَدَّثَه، اَنَّ بُسْرَ بن سعيدٍ حَدَّثَه، اَنَّ زيد بن خالدٍ الْجُهَنِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَه، وَمَعَ بُسْرِ بن سَعِيدٍ عبيدُاللّٰه الْخَوْلَانِى الَّذِى كَانَ فِي حِجرِ ميمونَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنها زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمَا زيدُ بنُ خالدٍ اَنَّ اَبَاطَلْحَةَ حَدَّثَه، اَنَّ النَّبِىَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَدْخُلُ المَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُوْرَةٌ قَالَ بُسْرٌ فَمرِضَ زَيْدُ بنُ خالد فَعُدْنَاهُ نَحْنُ فِي بَيْتِهٖ بِسِتْرٍ فِيهِ تصاويرُ فَقُلْتُ لِعُبَيْدِاللّٰهِ الخُوْلَانِيِّ اَلَمْ يُحَدِّثْنَا فى التصاوير فَقَالَ اِنّه قَالَ اِلَّا رَقْمٌ فِي ثَوْبٍ اَلَا سَمِعْتَه، قُلْتُ لَا قَالَ بَلٰى قَدْ ذَكَرَه،

۴۵۹۔ ہم سے احمد نے حدیث بیان کی ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی انہیں عمرو نے خبر دی، ان سے بکیر بن اشج نے حدیث بیان کی ان سے بسر بن سعید نے حدیث بیان کی اور ان سے زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور (راوی حدیث) بسر بن سعید کے ساتھ عبیداللہ خولانی بھی روایت حدیث میں شریک ہیں آپ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ میمونہ رضی اللہ عنہا کی پرورش میں تھے ان دونوں حضرات نے زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ ان سے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ملائکہ اس گھر میں نہیں ہوتے جس میں (جاندار کی) تصویر ہو، بسر نے بیان کیا کہ پھر زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیمار پڑے اور ہم آپ کی عیادت کے لئے آپ کے گھر گئے، گھر میں ایک پردہ پڑا ہوا تھا، اور اس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں میں نے عبیداللہ خولانی سے کہا، کیا انہوں نے ہم سے تصویروں کے متعلق ایک حدیث نہیں بیان کی تھی؟ انہوں نے بتایا کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ

نے یہ بھی فرمایا تھا کہ کپڑے پر اگر نقش ونگار ہوں (جاندار کی تصویر نہ ہو) تو وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہے، کیا آپ نے حدیث کا یہ حصہ نہیں سنا تھا؟ میں نے کہا کہ نہیں مجھے یاد نہیں ہے) انہوں نے بتایا کہ جی ہاں، حضرت زید نے یہ بھی بیان کیا تھا۔

(۴۶۰) حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ سليمانَ قَالَ حَدَّثَنِي ابنُ وهبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عمرٌو عن سالمٍ عن ابيه قال وعدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيْلُ فقَالَ اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلَا كَلبٌ

۴۶۰۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو نے حدیث بیان کی ان سے سالم نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ سے جبرائیل علیہ السلام نے آنے کا وعدہ کیا تھا (لیکن نہیں آئے، پھر جب آئے تو آنحضور ﷺ نے ان سے وجہ پوچھی، انہوں نے کہا کہ ہم کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا موجود ہو!

(۴۶۱) حَدَّثَنَا اسماعيلُ قَالَ حَدَّثني مالكٌ عن سميٍ عن ابی صالحٍ عن ابی هريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ ان رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه' فَقُولُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لكَ الْحَمْدُ فَاِنَّه' مَنْ وَافَقَ قَوْلُه' قَوْلَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَلَه' مَاتَقَدَّمَ من ذنبِهٖ

۴۶۱۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے سمی نے، ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب (نماز میں) امام کہے کہ سمع اللہ لمن حمدہ تو تم کہا کرو، ربنا لک الحمد، کیونکہ جس کا یہ ذکر ملائکہ کے ساتھ ادا ہو جاتا ہے اس کے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

(۴۶۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بنُ المنذِر حدثنا محمدُ بنُ فليحٍ حدثنا ابی عن هلالِ بنِ عليٍ عن عبدِالرحمٰن بنِ ابی عَمْرَةَ عن ابی هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَدَكُمْ فِي صَلَاةٍ مَادَامَتِ الصَّلٰوةُ تَحْبِسُه' وَالْمَلَائِكَةُ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغفِرْلَه' وَارْحَمْهُ مَالَمْ يَقُمْ مِنْ صَلَاتِهٖ اَوْيُحْدِثْ

۴۶۲۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے میرے والد نے حدیث بیان کی ان سے ہلال بن علی نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، کوئی شخص نماز کی وجہ سے جب تک کہیں ٹھہرا رہے گا اس کا یہ سارا وقت نماز میں شمار ہوگا اور ملائکہ اس کے لئے یہ دعا کرتے رہیں گے کہ "اے اللہ! اس کی مغفرت کیجئے اور اس پر اپنی رحمت نازل کیجئے (یہ اس وقت تک رہے گا) جب تک نماز سے فارغ ہو کر اپنی جگہ سے اٹھ نہ جائے یا بات نہ کرے!

(۴۶۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفيانُ عن عمرٍو عن عطاءٍ عن صفوانَ بن يعلى عن ابيه رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ سمعتُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقرأُ على المنبرِ وَنَادَوايامالكُ قَالَ سُفْيَانُ فِي قِرَاءَةِ عَبْدِاللّٰهِ وَنَادَوايَا مَالِ

۴۶۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو نے، ان سے عطاء نے، ان سے صفوان بن یعلی نے اور ان سے ان کے والد (یعلی بن امیہ) رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ منبر پر اس آیت کی تلاوت فرما رہے تھے "ونادوا یامالک" (اور وہ پکاریں گے اے مالک) (داروغہ جہنم کا نام) اور سفیان نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی

قرأت میں یوں ہے "ونا دوا یا مال"!

(۴۶۴) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ یوسفَ اخبرنا ابنُ وهبٍ قال اخبرنی یونسُ عن ابن شهابٍ قال حَدَّثنی عروةُ ان عائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنها زَوجِ النَّبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ حدثه انَّهَا قالتْ للنبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ هَلْ اَتٰی عَلَیکَ یَومٌ کَانَ اشدَّ من یومِ اُحُد قَالَ لقد لَقِیتُ من قَومِکَ مَالَقِیتُ وَکَانَ اَشدُّ مَالَقِیتُ مِنهُم یومَ العَقبَةِ اذ عَرَضْتُ نفسی عَلَی ابنِ عَبدِ یَالِیلَ بنِ عَبدِ کُلَالٍ فَلَمْ یَجِبْنِیْ اِلٰی مَااَرَدْتُ فَانطَلَقْتُ وَاَنَا مَهْمُومٌ عَلٰی وَجْهِی فَلَمْ اَستَفِقْ اِلَّا وَاَنَا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ رَأسِی فَاِذَا اَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ اَظَلَّتْنِی فَنظرْتُ فَاِذَا فِیهَا جِبْرِیْلُ فَنَادَانِی فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَومِکَ لَکَ وَمَا رَدُّوا عَلَیکَ وَقَدْ بَعَثَ اِلَیکَ مَلَکَ الجِبَالِ لِتَامُرَهُ بِمَا شِئتَ فِیهِمْ فَنَادَانِی ملکُ الجِبَالِ فَسَلَّمَ عَلَیَّ ثُمَّ قَالَ یَامُحَمَّدُ فَقَالَ ذٰلِکَ فِیمَا شِئتَ اِنْ شِئتَ اَنْ اُطبِقَ عَلَیهِمُ الاَخشَبَینِ فَقَالَ النَّبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بَلْ اَرْجُو اَنْ یُخرِجَ اللّٰهُ مِنْ اَصلَابِهِمْ من یَعبُدُاللّٰهَ وَحْدَهٗ لَایُشْرِکُ بِهٖ شَیْئًا

۴۶۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں ابن وہب نے خبر دی کہا کہ مجھے یونس نے خبر دی ان سے ابن شہاب نے بیان کیا ان سے عروہ نے حدیث بیان کی اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا انہوں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا، کیا آپ پر کوئی دن احد کے دن سے بھی زیادہ سخت گزرا ہے؟ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا (تمہیں معلوم ہی ہے کہ) تمہاری قوم (قریش) کی طرف سے میں نے کتنی مصیبتیں اٹھائی ہیں لیکن اس سارے دور میں یوم عقبہ کا واقعہ مجھ پر سب سے زیادہ سخت تھا، یہ وہ موقعہ ہے جب میں نے (طائف کے سردار) ابن عبد یالیل بن عبد کلال کی پناہ کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا تھا لیکن اس نے میرے مطالبے کو رد کر دیا تھا۔ ❶ میں وہاں سے انتہائی ملول اور رنجیدہ واپس ہوا، پھر جب میں قرن الثعالب پہنچا تب میرا غم کچھ ہلکا ہوا۔ میں نے اپنا سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ بدلی کا ایک ٹکڑا اوپر ہے اور اس نے مجھ پر سایہ کر رکھا ہے، میں نے دیکھا کہ جبرائیل علیہ السلام اس میں موجود ہیں انہوں نے مجھے آواز دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے بارے میں آپ کی قوم کی باتیں سن چکا ہے اور جو انہوں نے رد کر دیا ہے وہ بھی! آپ کے پاس اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کے فرشتے کو بھیجا ہے آپ ان کے بارے میں جو چاہیں اس کا اسے حکم دیجئے۔ اس کے بعد مجھے پہاڑوں کے فرشتے نے آواز دی، انہوں نے مجھے سلام کیا اور کہا کہ اے محمد (ﷺ!) پھر انہوں نے وہی بات کہی (جو جبرائیل علیہ السلام کہہ چکے تھے) آپ جو چاہیں (اس کا حکم مجھے فرمائیے) اگر آپ چاہیں تو میں اخشبین ❷ ان پر لا کر گرادوں، نبی کریم ﷺ نے فرمایا، مجھے تو اس کی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی صلب سے ایسی اولاد پیدا کرے گا جو تنہا اسی اللہ کی عبادت کرے گی اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے گی۔

❶ یہ طائف کا وہ واقعہ ہے جب وہاں کے سرداروں کے اشارے پر پتھر برسائے گئے تھے، جب ابو طالب کا انتقال ہوا تو آنحضور ﷺ اس امید پر طائف گئے تھے کہ ممکن ہے وہاں کے لوگ اسلام کی طرف متوجہ ہو جائیں اور آپ ﷺ کے ساتھ ہمدردی کریں، آپ ﷺ نے وہاں پہنچ کر وہاں کے تین سرداروں کو اسلام کی دعوت دی، اپنی قوم کی کج روی، اسلام بیزاری اور آپ کے ساتھ غلط طرز عمل کی داستان انہیں سنائی لیکن ان سب نے آپ کی دعوت کو نہایت بدتمیزی کے ساتھ رد کیا اور جب آپ واپس تشریف لانے لگے تو آپ کو مزید ستانے کے لئے ظالموں نے آپ پر پتھر برسائے اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

❷ مکہ کے دو مشہور پہاڑ مراد ہیں، جبل ابو قبیس اور قعیقعان۔ محدثین نے اس کے علاوہ دوسرے پہاڑوں کے نام بھی لئے ہیں!

(۴۶۵) حَدَّثَنَا قتيبةُ حدثنا اَبُوعوانةَ حدثنا ابُواسحاق الشيبانيُّ قَالَ سَاَلْتُ زِرّ بن حُبَيْشٍ عن قول اللّٰهِ تَعَالٰى فَكَانَ قَابَ قَوسَيْنِ او ادنٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآاَوْحى قَالَ حَدَّثَنَا ابنُ مسعود اَنّه' رَاى جبريلَ له سِتِّمِائَةِ جَنَاحٍ

۴۶۵۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق شیبانی نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے زر بن حبیش سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''فکان قاب قوسین اوادنیٰ فاوحیٰ الیٰ عبدہٖ ما اوحیٰ'' کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا تھا کہ آنحضور ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام کو (اپنی اصلی صورت میں) دیکھا تو ان کے چھ سو بازو تھے!

(۴۶۶) حَدَّثَنَا حفصُ بنُ عمرَ حدثنا شعبةُ عن الاعمشِ عن اِبْراهيمَ عن عَلْقَمَةَ عَنْ عبدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَقَدْ رَاٰى مِن اٰيَاتِ رَبِّهِ الْكُبرٰى قَالَ رَاٰى رَفْرَفًا اَخضَرَ سَدَّاُ اُفُقَ السَّمَاءِ

۴۶۶۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (اللہ تعالیٰ کے ارشاد) ''لقد رایٰ من آیات ربه الکبریٰ'' کے متعلق فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے ایک سبز رنگ کا بچھونا دیکھا تھا جو آسمان میں افق پر محیط تھا۔

(۴۶۷) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ عبدِاللّٰهِ بنِ اِسمَاعيل حدثنا محمد بنُ عبدِاللّٰه الانصاريُ عن ابنِ عون اَنبانا القاسمُ عن عائشةَ رَضِي اللّٰهُ عنها قَالَتْ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُحَمَّدًا راى رَبَّه' فَقدْ اَعظَمَ وَلٰكِنْ قَدْ رَاٰى جِبْرِيْلَ فِيْ صُورَتِهٖ وَخَلْقُه' سَادًا مَابَيْنَ الْاُفُقِ

۴۶۷۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی ان سے ابن عون نے انہیں قاسم نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا تھا تو وہ بری بات زبان سے نکالتے ہیں البتہ آپ نے جبرائیل علیہ السلام کو ان کی اصل صورت اور خلقت میں دیکھا تھا، افق کے درمیان وہ محیط تھے۔

(۴۶۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ يوسفَ حدثنا اَبُواُسَامَةَ حَدَّثَنَا زكرياءُ بنُ ابى زائدةَ عَنِ ابن الْاَشْوَعِ عن الشعبي عن مسروقٍ قَالَ قلتُ لِعَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنهَا فَاَيْنَ قَولُه' ثُمَّ دَنٰى فَتدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوسَيْنِ اَوْ اَدنٰى قَالَتْ ذاكَ جِبرِيْلُ كَانَ يَاتِيهِ فى صُورَةِ الرَّجُلِ وَاِنَّه' اَتَاهُ هٰذِهِ الْمَرَّةَ فِى صُورتِهِ الَّتِى هِىَ صُورَتُه' فَسَدَّ الْاُفُقَ

۴۶۸۔ مجھ سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی ان سے زکریا بن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن الاشوع نے، ان سے شعبی نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا (ان کے اس کہنے پر کہ آنحضور ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا تھا) پھر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''ثم دنی فتدلی فکان قاب قوسین اوادنیٰ'' کے متعلق آپ کیا کہیں گی انہوں نے فرمایا کہ یہ آیت تو جبرائیل علیہ السلام کے متعلق ہے، وہ ہمیشہ انسانی شکل میں آنحضور ﷺ کے پاس آتے تھے، اور اس مرتبہ اپنی اس شکل میں آئے تھے جو اصلی اور واقعی تھی اور افق پر محیط ہو گئے تھے!!

(۴۶۹) حَدَّثَنَا مُوسٰى حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُورَجَاءَ عن سمرةَ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ اَتَيَانِى قَالَا الَّذِىْ يُوْقِدُ النَّارَ

۴۶۹۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی ان سے سمرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میں نے رات (خواب میں دیکھا کہ دو

مَالِکٌ خَازِنُ النَّارِ وَاَنَا جِبْرِیْلُ وَهٰذَا مِیْکَائِیْلُ

شخص میرے پاس آئے ان دونوں نے مجھے بتایا کہ وہ جو آگ جلا رہے ہیں، جہنم کے داروغہ، مالک ہیں میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں!

(۴۷۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَةَ عَنِ الْاَعمش عن ابی حازم عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَادَعَا الرَّجُلُ امْرَاَتَه' اِلٰی فِرَاشِهٖ فَاَبَتْ فَبَاتَ غَضْبَانَ عَلَیْهَا لَعَنَتْهَا الْمَلٰئِکَةُ حَتّٰی تُصْبِحَ تَابَعَه' ابوحمزة وابن داو'د واَبُومُعَاوِیَة عن الاعمش

۴۷۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوحازم نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اگر کسی مرد نے اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلایا، لیکن اس نے آنے سے انکار کر دیا اور مرد اس پر غصہ ہو کر سو گیا تو صبح تک فرشتے اس عورت پر لعنت بھیجتے رہتے ہیں (اگر یہ واقعہ رات میں پیش آیا ہو) اس روایت کی متابعت ابوحمزہ، ابن داؤد ابومعاویہ نے اعمش کے واسطہ سے کی ہے!

(۴۷۱) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ یوسفَ اخبرنا اللیثُ قَالَ حَدَّثَنِی عُقَیْلٌ عَنِ ابْنِ شهاب قَالَ سَمِعْتُ اَبَاسَلَمَةَ قَالَ اخبرنِیْ جابرُ بن عبداللّٰه رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّه' سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ثُمَّ فَتَرَنِی عَنِّی الوحیُ فَتْرَةً فَبَیْنَا اَنَا اَمْشِی سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَاءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِیْ قِبَلَ السَّمَاءِ فَاِذَا الْمَلَکُ الَّذِیْ جَاءَ نِی بِحِرَاءٍ قَاعِدٌ عَلٰی کُرْسِیّ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرضِ فَجُئِثْتُ مِنهُ حَتّٰی هَوَیْتُ اِلَی الْاَرضِ فَجِئْتُ اَهْلِی فَقُلتُ زَمِّلُونِی زَمِّلُونِی فَاَنزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی یٰاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ اِلٰی فَاهْجُرْ قال ابو سلمة وَالرِّجزُ الاَوْثَانُ

۴۷۱۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں لیث نے خبر دی کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ میں نے ابوسلمہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ مجھے جابر بن عبداللہ رضی عنہ نے خبر دی اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا، آپ نے فرمایا تھا کہ ایک مرتبہ مجھ پر وحی کا نزول (تین سال) تک کے لئے بند ہو گیا تھا، ان دنوں میں کہیں جا رہا تھا کہ آسمان سے میں نے ایک آواز سنی اور نظر آسمان کی طرف اٹھائی میں نے دیکھا کہ وہی فرشتہ جو غار حرا میں میرے پاس آئے تھے (یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام) آسمان اور زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں میں انہیں دیکھ کر اتنا مرعوب ہوا کہ زمین پر گر پڑا، پھر میں اپنے گھر آیا اور کہنے لگا کہ مجھے کمبل اوڑھا دو، مجھے کمبل اڑھا دو، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی "یاایها المدثر" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "فاهجر" تک۔ ابوسلمہ نے بیان کیا کہ (آیت میں) الرجز بتوں کے معنی میں ہے۔

(۴۷۲) حَدَّثَنَا محمدُ بنَ بشارٍ حَدَّثَنَا غُندرٌ حَدَّثَنَا شعبةُ عن قتادةَ وقال لی خَلِیْفَةُ حَدَّثَنَا یَزید بنُ زریعٍ حدثنا سعیدٌ عن قتادةَ عن اَبی العالیة حَدَّثَنا ابنُ عمِ نَبِیِّکم یعنی ابن عباسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا عن النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ لَیْلَةَ اُسْرِیَ بِی مُوسٰی رَجُلاً اٰدَمَ طُوَالاً جَعْدًا کَاَ نَّه' مِن رِجَالِ شَنُوْءَةَ وَرَاَیْتُ عِیسٰی رَجُلًا مَرْبُوعًا مَرْبُوعَ الْخَلقِ اِلَی الْحُمْرَةِ وَالْبَیَاضِ سَبْطَ الرَّاْسِ وَرَاَیْتُ

۴۷۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے۔ اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کیا ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی ان سے سعید نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے ان سے ابوالعالیہ نے اور ان سے تمہارے نبی کے چچازاد بھائی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، شب معراج میں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا تھا، گندمی رنگ، قد نکلتا ہوا اور بال گھنگھریالے تھے، ایسے لگتے تھے جیسے قبیلہ شنوءہ کا کوئی شخص اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو بھی دیکھا تھا، درمیانہ قد،

مَلَكًا خَازِنَ النَّارِ وَالدَّجَّالَ فِي ايَاتٍ اَرَاهُنَّ اللّٰهُ اِيَّاهُ فَلاتَكُنْ فِي مِرْيَةٍ مِنْ لِقَائِهِ قَالَ اَنَسٌ وَابُوبَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْرُسُ المَلا ئِكَةُ الْمَدِينَةَ مِنَ الدَّجَّالِ

سڈول جسم رنگ سرخی اور سفیدی لئے ہوئے اور سر کے بال سیدھے تھے (یعنی گھنگھریالے نہیں تھے) اور میں نے جہنم کے داروغہ کو بھی دیکھا تھا اور دجال کو بھی، منجملہ ان آیات کے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھائی تھیں، پس (اے نبی) ان سے ملاقات کے بارے میں آپ کسی شک و شبہ میں نہ رہیے۔'' انس اور ابو بکرہ رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ فرشتے دجال سے مدینہ کی حفاظت کریں گے (اور اسے شہر کے اندر داخل نہیں ہونے دیں گے۔)

باب ۲۹۲ . مَاجَاءَ فِي صِفَةِ الْجَنَّةِ وَاَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ قَالَ اَبُو الْعَالِيَةِ مُطَهَّرَةٌ مِنَ الْحَيْضِ وَالْبُوْلِ وَالْبُزَاقِ كُلَّمَا رُزِقُوْا اُتُوا بِشَيْءٍ ثُمَّ اُتُوا بِاٰخَرَ قَالُوا هٰذَا الَّذِي رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ اُتِينَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوبِهِ مُتَشَابِهًا يُشْبِهُ بَعْضُهُ بَعْضًا وَيَخْتَلِفُ فِي الطَّعُومِ قُطُوفُهَا يَقْطِفُونَ كَيْفَ شَاءُ وْا دَانِيَةٌ قَرِيبَةٌ الاَرَائِكُ السُّرُرُ وَقَالَ الْحَسَنُ النَّضْرَةُ فِي الْوُجُوهِ وَالسُّرُورِ فِي الْقَلْبِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ سَلْسَبِيلًا حَدِيدَةُ الْجِرْيَةِ غَوْلٌ وَجَعُ الْبَطْنِ يُنْزَفُونَ لَا تَذْهَبُ عُقُولُهُمْ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ دِهَاقًا مُمْتَلِئًا كَوَاعِبَ نَوَاهِدَ الرَّحِيقُ الخَمْرُ التَّسْنِيمُ يَعْلُو شَرَابَ اَهْلِ الْجَنَّةِ. خِتَامُهُ طِيْنُهُ مِسْكٌ نَضَّاخَتَانِ فَيَّاضَتَانِ يُقَالُ مَوْضُونَةٌ مَنْسُوجَةٌ مِنْهُ وَضِيْنُ النَّاقَةِ وَالْكُوبُ مَالَا اُذُنَ لَهُ وَلَاعُرْوَةَ وَالْاَبَارِيقُ ذواتُ الْاٰذانِ وَالْعُرَى عُرُبًا مُثَقَّلَةً واحدتُهَا عَرُوْبُ مِثْلُ صَبُورٍ وَصُبُرٍ يُسَمِّيهَا اَهْلُ مكة العَرِبَةَ وَاَهْلُ الْمَدِينَةِ الغَنِجَةَ وَاهلُ العراق الشَّكِلَةَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ رَوْحٌ جَنَّةٌ وَرَخَاءٌ وَالرَّيْحَانُ الرِّزْقُ وَالْمَنْضُودُ الْمَوْزُ وَالْمَخْضُودُ الْمُوْقَرُ حَمْلًا ويقال ايضا لاشوك له وَالْعُرُبُ الْمُحَبَّبَاتُ اِلَى اَزْوَاجِهِنَّ وَيُقَالُ مَسْكُوبٌ جَارٍ وَفُرُشٍ مَرْفُوعَةٍ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ لَغْوًا بَاطِلًا

۲۹۲۔ جنت کی صفت کے متعلق روایات اور یہ کہ جنت مخلوق ہے، ابو العالیہ نے فرمایا کہ جنت (کی عورتیں) حیض پیشاب اور تھوک سے پاک ہوں گی۔ (آیت) کلما رزقوا یعنی جب بھی ان کے پاس کوئی چیز لائی جائے گی اور پھر دوبارہ لائی جائے گی، تو وہ کہیں گے کہ یہ تو وہی ہے جو ہمیں پہلے دی گئی تھی، یعنی ہمارے پاس پہلے لائی گئی تھی کیونکہ ان کے پاس متشابہ چیزیں لائی جائیں گی۔ جو ایک دوسرے کی (صورت میں) مشابہ ہوں گی، لیکن مزے میں مختلف ہوں گی، قطوفہا سے مراد ہے کہ جنت کے پھل جب اور جس طرح چاہیں گے توڑ سکیں گے، دانیۃ بمعنی قریب الارائک بمعنی مسہری۔ حسنؒ نے فرمایا کہ نضرہ کا تعلق، چہروں سے ہے اور سرور کا دل سے۔ مجاہد نے فرمایا کہ سلسبیلا بمعنی تیزی سے بہنے والا، غول کے معنی درد شکم ینزفون بمعنی ان کی عقلیں جاتی نہیں رہتی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دہاقا بمعنی بھرا ہوا کواعب بمعنی ابھرے ہوئے سینے والیاں، الرحیق بمعنی شراب۔ التسنیم وہ چیز جو اہل جنت کے مشروب کے اوپر ہوں گی۔ ❶ ختامہ یعنی ان کا تلچھٹ مشک (جیسا خوشبودار) ہوگا۔

نضاختان بمعنی فیاضتان بولتے ہیں موضونۃ بمعنی بنی ہوئی چیز، وضین الناقہ اسی سے آتا ہے۔ الکوب: ایسا برتن جس کے نہ ٹونٹی ہو نہ دستہ۔ اور الاباریق: ٹونٹی اور دستے والے برتن کو کہتے ہیں، عربا بمعنی مثقلب واحد عروب ہے، جیسے صبور اور صبر۔ اہل مکہ اسی عربہ کہتے ہیں اہل مکہ غنجہ اور اہل عراق شکلہ۔ مجاہدؒ نے فرمایا کہ روح باغ اور آرام کی زندگی کے لئے بولتے ہیں اور الریحان بمعنی رزق

❶ علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے۔ مزاج لخمر اہل الجنۃ یلقی فیہا الطیب لاتحۃ (لمونی جو شراب پر خوشبو کے لئے ڈالتے ہیں) (فیض الباری)۔

تاثِيما كَذِبًا افْنَانٌ اغْصَانٌ وَجَنى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ مَايُجْتَبٰى قَرِيبٌ مُدهَا مَّتَانِ سَودَاوَانِ مِنَ الرِّيِّ

المنضو دبمعنی موز (کیلا) المخضو دبمعنی تہ بتہ اور اسے بھی کہتے ہیں جس میں کانٹے نہ ہوں، الغرب وہ عورتیں جو اپنے شوہروں کو پسند ہوں کہا جاتا ہے مسکوب، یعنی جاری۔ فرش مرفوعۃ۔ یعنی بعض بعض کے اوپر، لغواً یعنی باطل۔ تاثیماً بمعنی جھوٹ۔ افنان بمعنی شاخیں وجنیٰ الجنتین۔ دان۔ یعنی جو پھل بہت قریب سے توڑے جاسکتے ہوں۔ مدہامتان یعنی سیرابی کی وجہ سے (سبزی مائل بہ) سیاہی۔

(۴۷۳) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُس حَدَّثَنَا الليثُ بنُ سَعْدٍ عن نافعٍ عن عبداللّٰهِ بنِ عمرَ رَضِيَ اللّٰهُ عنهما قَالَ قَالَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ اَحَدُكُم فَاِنَّه' يُعْرَضُ عَلَيْهِ مَقْعَدُه' بِالغَدَاةِ وَالعَشِيّ فَاِنْ كَانَ مَنْ اَهْلِ الْجَنَّه فَمِنْ اَهْلِ الجَنَّةِ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَهلِ النَّارِ فَمِنْ اَهْلِ النَّارِ

۴۷۳۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے ان سے ابن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص مرتا ہے تو (روزانہ) صبح و شام اس کی قیام گاہ اس کے سامنے لائی جاتی ہے اگر وہ جنتی ہے تو جنت کی قیام گاہ اس کے سامنے لائی جاتی ہے اگر وہ دوزخی ہے تو دوزخ کی۔

(۴۷۴) حَدَّثَنَا اَبُوالوليدِ حدثنا سَلْمُ بْنُ زَرِيرٍ حَدَّثَنَا اَبُورَجَاءٍ عن عمران بن حصينٍ عن النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَطَّلَعْتُ فِي الجَنَّةِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الفقراءَ وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ

۴۷۴۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے سلمہ بن زریر نے حدیث بیان کی ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی اور ان سے عمران بن حصین نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا تو جنتیوں میں زیادتی فقراء کی نظر آئی اور میں نے دوزخ میں جھانک کر دیکھا تو دوزخیوں میں زیادتی عورتوں کی نظر آئی۔ ❶

(۴۷۵) حَدَّثَنَا سعيدُ بنُ ابى مريمَ حدثنا اللّيثُ قَالَ حَدَّثَنِي عقيلٌ عن ابن شهابٍ قال اخبرني سعيدُ بنُ المسيب اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بينا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ بَينَا اَنَا نَائِمٌ رَاَيْتُنِي فِي الجَنَّةِ فَاِذَا امْرَاَةٌ تَوَضَّاءُ اِلَى جانِبِ قَصْرٍ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ فَقَالُوا لِعُمَرَ بن الْخَطَّابِ فَذَ كَرْتُ غَيْرَتَه' فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا فَبَكٰى عُمَرُ وَقَالَ اَعَلَيكَ اَغَارُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

۴۷۵۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے بیان کیا انہیں سعید بن مسیب نے خبر دی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں جنت دیکھی، میں نے اس میں ایک عورت کو دیکھا جو ایک محل کے کنارے وضو کر رہی تھی میں نے پوچھا یہ محل کس کا ہے؟ تو فرشتوں نے مجھے بتایا کہ عمر بن خطابؓ کا۔ مجھے اس وقت ان کی غیرت یاد آئی اور میں وہاں سے لوٹ آیا (اندر داخل نہیں ہوا) یہ سن کر عمر رضی اللہ عنہ رو دیئے اور کہنے لگے، کیا آپ کے

❶ یہ ملحوظ رہے کہ یہ اس وقت کا نبی کریم ﷺ کا صرف مشاہدہ ہے۔ ممکن ہے اس وقت عورتوں کی تعداد جہنم میں زیادہ رہی ہو، بہر حال حدیث میں جنس عورت کا کوئی حکم نہیں بیان ہوا ہے اور نہ ہر زمانے کی کیفیت کا مشاہدہ تھا، عورتوں میں کچھ عیب ایسے ہوتے ہیں جو عام طور پر مردوں میں نہیں ہوتے، بعض احادیث میں عورتوں کی جہنم میں کثرت کی وجہ انہیں عیوب کا پایا جانا بتایا گیا ہے۔ بہر حال حدیث میں عورتوں کی تنقیص نہیں کی گئی ہے بلکہ جیسا کہ بعض دوسری احادیث میں اشارہ ہے عورتوں کو اپنے مخصوص عیوب سے دامن بچانے کی ترغیب دی گئی ہے!!

ساتھ بھی غیرت کروں گا، یارسول اللہ ﷺ؟

(۴۷۶) حَدَّثَنَا حجاجُ بنُ مِنهَالٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ قَالَ سمعتُ اباعمران الجُونِي يحدثُ عن ابی بكرِ بنِ عبداللّٰه بن قيسٍ الاشعري عن اَبِيه اَنَّ النبیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْه وَسَلَّم قَالَ الخيمَةُ دُرَّةٌ مُجوّفَةٌ طولُها فِي السَّماءِ ثَلثون مِيلًا من كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا لِلْمُؤمِنِ اَهْلٌ لايَرَاهُمُ الاٰخَرُونَ قَالَ ابوعبدالصمد والحارث بن عُبَيْدٍ عَنْ اَبِیْ عِمْرَان سِتُّونَ مِيلًا

۴۷۶۔ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابوعمران جونی سے سنا ان سے ابوبکر بن عبداللہ بن قیس اشعریٰ نے حدیث بیان کی اور ان سے ان کے والد نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (جنتیوں) کا خیمہ موتیوں کا ایک مکان ہوگا آسمان میں اس کا طول تیس میل ہوگا، اس کے ہر کنارے پر مؤمن کی ایک بیوی ہوگی جسے دوسرے نہ دیکھ سکیں گے ابوعبدالصمد اور حارث بن عبید نے ابوعمران کے واسطے سے بیان کیا کہ ساٹھ میل (بجائے تیس میل کے)

(۴۷۷) حَدَّثَنَا الحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سفيان حدثنا اَبُوالزنادِ عن الْاَعْرَجِ عَنْ ابی هريرة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ اللّٰهُ اَعْدَدْتُ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِيْنَ مَالا عَيْنٌ رَاَتْ وَلا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ فاقرَاُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَلا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ

۴۷۷۔ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے سفیان نے ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لئے وہ چیزیں تیار کر رکھی ہیں، جنہیں نہ آنکھوں نے دیکھا ہے نہ کانوں نے سنا ہے اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا کبھی خیال گزرا ہے، اگر جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو" پس کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی تازگی اور سرور کے لئے کیا چیزیں پوشیدہ کر کے رکھی گئی ہیں!

(۴۷۸) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ مقاتلٍ اخبرنا عبدُاللّٰهِ اخبرنا مَعْمَرٌ عن همامِ بن مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الْجَنَّةَ صُورَتُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيلَةَ البَدْرِ لايَبْصُقُونَ فِيهَا وَلايَمْتَخِطُونَ وَلا يَتَغَوَّطُونَ اٰنِيَتُهُمْ فِيهَا الذَّهَبُ اَمشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالفِضَّةِ وَمُجَامِرُهُمُ الْاَلُوَّةُ وَرَشْحُهُمُ المِسْكُ وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ يُرَى مُخُّ سُوْقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الحُسْنِ لااخْتِلافَ بَيْنَهُمْ وَلاتَبَاغُضَ قُلُوبُهُمْ قَلْبٌ وَاحِدٌ يُسَبِّحُونَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا

۴۷۸۔ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام بن منبہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں داخل ہونے والی سب سے پہلی جماعتوں والوں کے چہرے ایسے ہوں گے جیسے چودھویں کا چاند اور نہ اس میں تھوکیں گے، نہ ان کی ناک سے کوئی آلائش آئے گی اور نہ وہ بول و براز کریں گے ان کے برتن سونے کے ہوں گے، کنگھے سونے چاندی کے ہوں گے انگیٹھیوں کا ایندھن عود کا ہوگا، پسینہ مشک جیسا ہوگا اور ہر شخص کی، دو بیویاں ہوں گی جن کی حسن و خوبصورتی کا یہ عالم ہوگا کہ پنڈلیوں کا گودا گوشت کے اوپر سے دکھائی دے گا، نہ جنتیوں میں کوئی اختلاف ہوگا اور نہ بغض وعناد۔ ان کے دل ایک ہوں گے اور وہ صبح شام تسبیح پڑھتے رہیں گے۔

(۴۷۹) حَدَّثَنَا اَبُواليمانِ اخبرنا شعيبٌ حَدَّثَنَا ابوالزِّنَادِ عَنِ الاعرجِ عن ابی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ

۴۷۹۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے

عَنْهُ ان رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَالَّذِيْنَ عَلٰى اٰثْرِهِمْ كَاَشَدِّ كَوْكَبٍ اِضَاءَةً قُلُوْبُهُمْ عَلٰى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ لَااخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ وَلَا تَبَاغُضَ لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا يُرٰى مُخُّ سَاقِهَا من وَرَاءِ لَحْمِهَا مِنَ الْحُسْنِ يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًا لَايَسْقَمُونَ وَلَا يَمْتَخِطُوْنَ وَلَا يَبْصُقُوْنَ اٰ نِيَتُهُمُ الذَّهَبُ وَالْفِضَّةُ وَاَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَوُقُودُ مَجَامِرِهِمُ الْاَ لُوَّةَ قَالَ اَبُوالْيَمَانِ يعنى الْعُوْدَ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْاِبْكَارُ اَوَّلُ الْفَجْرِ وَالْعَشِيُّ مَيْلُ الشَّمْسِ ان تراهُ تَغْرُبُ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں داخل ہونے والی سب سے پہلی جماعت والوں کے چہرے ایسے منور ہوں گے جیسے چودھویں کا چاند! جو جماعت اس کے بعد داخل ہوگی ان کے چہرے سب سے زیادہ چمکدار ستارے جیسے ہوں گے۔ ان کے دل ایک ہوں گے کہ کوئی بھی اختلاف ان میں نہ ہوگا اور نہ ایک دوسرے سے بغض وحسد کا کوئی سوال ہوگا، ہر شخص کی دو بیویاں ہوں گی ان کے حسن و خوبصورتی کا یہ عالم ہوگا کہ ان کے پنڈلیوں کا گودا گوشت کے اوپر سے دکھائی دے گا وہ اس میں صبح شام اللہ کی تسبیح کرتے رہیں گے نہ ان کے پاس سے کسی بیماری کا گذر ہوگا، نہ ان کی ناک میں کوئی آلائش آئے گی اور نہ تھوک آئے گی، ان کے برتن سونے اور چاندی کے ہوں گے اور کنگھے سونے کے ہوں گے اور ان کی انگیٹھیوں کا ایندھن الوہ کا ہوگا، ابوالیمان نے بیان کیا کہ الوہ سے مراد عود ہے اور ان کا پسینہ مشک جیسا ہوگا، مجاہد نے فرمایا کہ ابکار سے مراد اول فجر ہے اور العشی سے مراد سورج کا اتنا ڈھل جانا ہے کہ غروب ہوتا نظر آنے لگے۔

(۴۸۰) حَدَّثَنَا محمدُ بْنُ ابى بكر الْمُقَدَّمِيُّ حَدَّثَنَا فُضَيلُ بْنُ سليمانَ عن ابى حازمٍ عن سهلِ بن سعدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عنه عن النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيَدْخُلَنَّ من اُمَّتِى سَبْعُونَ اَلْفًا اَوْسَبْعُمِائَةِ اَلْفٍ لَايَدْخُلُ اَوَّلُهُمْ حَتّٰى يَدْخُلَ اٰخِرُهُمْ وُجُوهُهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ

۴۸۰۔ ہم سے محمد بن ابی بکر مقدمی نے حدیث بیان کی ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میری امت میں سے ستر ہزار یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) سات لاکھ کی ایک جماعت جنت میں بیک وقت داخل ہوگی اور ان سب کے چہرے ایسے ہوں گے جیسے چودھویں کا چاند ہوتا ہے۔

(۴۸۱) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا يُونسُ بْنُ محمَّد حَدَّثَنَا شيبانُ عَنْ قتادَةَ حَدَّثَنَا انسٌ رَضِىَ اللّٰهُ عنه قَالَ اُهْدِىَ للنَّبِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُبَّةُ سندُسٍ وَكَانَ يَنهٰى عَنِ الحرير فَعَجِبَ النَّاسُ مِنهَا فَقَالَ وَالَّذِى نفسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَمَنَادِيلُ سَعْدِ بنِ معاذٍ فِى الْجَنَّةِ اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا

۴۸۱۔ ہم سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی ان سے یونس بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے شیبان نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی آپ نے بیان فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں سندس (ایک خاص قسم کا ریشم) کا ایک جبہ ہدیہ پیش کیا گیا۔ آنحضور ﷺ (مردوں کے لئے) ریشم کے استعمال سے پہلے ہی منع کر چکے تھے، صحابہ نے اس جبے کو بہت ہی پسند کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے بہتر ہیں۔

(۴۸۲) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا يحيىٰ بنُ سعيدٍ عن سفيانَ قال حَدَّثَنِى ابواسحاق قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ

۴۸۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے بیان کیا ان سے ابواسحاق نے

بن عازب رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ اُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بثوبٍ مِنْ حریرٍ فَجَعَلُوا یَعْجَبُونَ من حُسْنِه وَلِینِه فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَنا دِیلُ سَعْدِ بنِ مُعَاذٍ فِی الجَنَّةِ اَفْضَلُ من هٰذا

حدیث بیان کی کہا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ریشم کا ایک کپڑا پیش کیا گیا اس کی خوبصورتی اور نزاکت نے لوگوں کو حیرت میں ڈال دیا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں سعد بن معاذ کے رومال اس سے بہتر اور افضل ہیں!!

(۴۸۳) حَدَّثَنَا علیُّ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفیانُ عَنْ ابی حازم عن سهلِ بنِ سعدٍ الساعدی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُوْضِعُ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَیرٌ مِنَ الدُّنیا وَمَا فِیهَا

۴۸۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جنت میں ایک کوڑے کی جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

(۴۸۴) حَدَّثَنَا روحُ بنُ عبدالمؤمنِ حدثنا یزیدُ بنُ زُرَیعٍ حَدَّثَنَا سعیدٌ عن قتادةَ حدثنا انسُ بنُ مالکٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِی الجنه لَشَجرَةً یَسِیرُ الرَّاکِبُ فِی ظِلِّهَا مِائَةَ عامٍ لَایَقْطَعُهَا

۴۸۴۔ ہم سے روح بن عبدالمؤمن نے حدیث بیان کی ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی ان سے سعید نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں ایک سوار سو سال تک چل سکتا ہے اور پھر بھی اس کو طے نہ کر سکے گا۔

(۴۸۵) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سنانٍ حَدَّثَنَا فُلَیحُ بنُ سلیمانَ حَدَّثَنَا هلالُ بنُ علیٍ عَنْ عبدِالرحمٰنِ بن اَبِیْ عمرةَ عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰه عنه عن النَّبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فی الجَنَّةِ لَشَجرَةً یَسِیرالرَّاکِبُ فِی ظِلِّهَا مِائَةَ سَنَةٍ واقرأُ وا اِن شِئتُمْ وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ وَلَقَابُ قوسِ اَحدِکُمْ فِی الجَنَّةِ خَیْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ اَوْتَغْرُبُ

۴۸۵۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی ان سے فلیح بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال بن علی نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک درخت ہے جس کے سائے میں ایک سوار سو سال تک چل سکے گا۔ اور اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو''اور لمبا سایہ'' اور کسی شخص کے لئے ایک کمان کے برابر جنت میں جگہ اس پوری کائنات سے بہتر ہے جس پر سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے۔

(۴۸۶) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بنُ المنذرِ حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ فُلَیحٍ حدثنا ابی عن هلالٍ عن عبدِالرحمٰنِ بن ابی عمرةَ عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عن النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الجَنَّةَ عَلٰی صُورَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ البَدْرِ وَالَّذِیْنَ عَلٰی اٰثَارِهِمْ کَاَحْسَنِ کوکَبٍ دُرِّیٍ فِی السَّمَاءِ اِضَاءَةً قلوبُهُمْ عَلٰی قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ لَاتَبَاغُضَ بَیْنَهُمْ وَلَاتَحَاسُدَ لِکُلِّ امْرِئٍ زَوْجَتَانِ مِنَ الْحُورِ الْعِینِ یُرَی مُخُّ سُوْقِهِنَّ من وَرَاءِ الْعَظْمِ وَاللَّحْمِ

۴۸۶۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے ہلال نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ سب سے پہلی جماعت جو جنت میں داخل ہوگی، ان کے چہرے چودھویں کے چاند کی طرح ہوں گے۔ جو جماعت اس کے بعد داخل ہوگی، ان کے چہرے آسمان پر موتی کی طرح چمکنے والے ستاروں میں جو سب سے زیادہ روشن ستارہ ہوتا ہے، اس جیسے ہوں گے سب کے دل ایک جیسے ہوں گے نہ ان میں بغض فساد ہوگا اور نہ حسد۔ ہر جنتی کی دو حور عین بیویاں ہوں گی (ان کے حسن و

جمال کا یہ عالم ہوگا کہ) پنڈلی کی ہڈی اور گوشت کے اندر کا گودا بھی دیکھا جا سکے گا۔

۴۸) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بنُ منهالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قال
یّ بنُ ثابتٍ اخبرنی قَالَ سمعتُ البراءَ رَضِیَ
عنه عن النَّبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا
ت اِبْرَاهِیمُ قَالَ اِنَّ لَه مُرْضِعًا فِی الْجَنَّةِ

۴۸۷۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عدی بن ثابت نے خبر دی کہا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے بیان کیا جب رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں اسے ایک دودھ پلانے والی خاتون کے حوالہ کر دیا جائے گا!

۴۸) حَدَّثَنَا عبدُالعزیز بنُ عبدِاللّٰه قَالَ حَدَّثَنِی
کُ بنُ انسٍ عن صفوانَ بنِ سُلَیم عن عطاءِ بْنِ
ارٍ عن ابی سعیدِ الْخُدریِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عن
ی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اهلَ الجنة
اءَ وْنَ اَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوقِهِمْ كَمَا یَتَراءَ وْنَ
وکَبَ الدُّرِّیَّ الغابرَ فِی الْاُفُقِ مِنَ الْمَشرِقِ
لْمَغرِبِ لِتَفَاضُلِ مَابَیْنَهُمْ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ
كَ مَنَازِلُ الْاَنْبِیَاءِ لَایَبْلُغُهَا غَیْرُهُمْ قَالَ بَلٰی
ذِی نَفْسِی بِیَدِهٖ رِجَالٌ اٰمَنُوا بِاللّٰهِ وَصَدَّقُوا
رْسَلِیْنَ

۴۸۸۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک بن انس نے حدیث بیان کی ان سے صفوان بن سلیم نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جنت پانے والوں کو ان سے اوپر کے بالا خانوں میں رہنے والے (یعنی دوسرے) ان سے بلند مرتبہ جنتی ایسے نظر آئیں گے جیسے مشرق و مغرب کی جانب، بہت دور، افق پر چمکنے والا کوئی ستارہ تمہیں نظر آتا ہے ان میں ایک طبقہ کو دوسرے پر جو فضیلت حاصل ہوگی اس کی وجہ سے مراتب میں یہ فرق ہوگا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو انبیاء کے محل ہوں گے جنہیں انبیاء کے سوا اور کوئی نہ پا سکے گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ ان لوگوں کے محلات ہوں گے جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہوں گے اور انبیاء کی تصدیق کی ہوگی (اور ایمان اور تصدیق کا پورا پورا حق ادا کیا ہوگا۔

۲۹۳ . صفةِ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَقَالَ النبیُّ صَلَّی
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَیْنِ دُعِیَ مِنْ بَابِ
نَّةَ فِیْهِ عُبَادَةَ عن النَّبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۲۹۳۔ جنت کے دروازوں کے اوصاف! اور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے (اللہ کے راستے میں) ایک جوڑے کا انفاق کیا اسے جنت کے دروازے سے بلایا جائے گا اس حدیث (کے راویوں) میں عبادہ رضی اللہ عنہ ہیں نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے!!

۴۸) حَدَّثَنَا سعیدُ بْنُ ابی مَرْیَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ
مُطَرِّفٍ قَالَ حَدَّثَنِی ابوحازمٍ عن سهلِ بنِ سعدٍ
ی اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
الْجَنَّةِ ثَمَانِیَةُ اَبْوَابٍ فِیْهَا بَابٌ یُسَمَّی الرَّیَّانَ
خُلُه اِلَّا الصَّائِمون

۴۸۹۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن مطرف نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابوحازم نے حدیث بیان کی ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جنت کے آٹھ دروازے ہوں گے ایک دروازے کا نام 'ریان' ہوگا جس سے داخل ہونے والے صرف روزے دار ہوں گے!!

باب ۲۹۴. صفةِ النَّار وَاَنَّها مخلوقةٌ غَسَّاقًا يُقالُ غَسَقَتْ عَينُه، وَيَغسِقُ الْجُرْحُ وَكَانَّ الغَسَّاقَ وَالغَسِيْقَ وَاحِدٌ غِسْلِيْنَ كُلُّ شَيءٍ غَسَلْتَه، فَخَرَجَ مِنْهُ شَيءٌ فَهُوَ غِسلِيْنٌ فِعْلِيْنَ مِنَ الغَسْلِ مِنَ الجُرْحِ وَالدَّبَرِ وَقَالَ عِكْرِمَةُ حَصَبُ جَهَنَّمَ حَطَبٌ بِالحَبَشِيَّةِ وقال غيره حاصِبًا الرِّيْحُ العَاصِفُ وَالحَاصِبُ مَاتَرمِي بِهِ الرِّيْحُ ومنه حَصَبُ جَهَنَّمَ مَايُرمٰى بِهٖ فِى جَهَنَّمَ هُمْ حَصَبُهَا ويقال حَصَبَ فِى الْاَرْضِ ذَهَبَ وَالحَصَبُ مُشتَقٌّ مِنْ حَصْبَاءِ الحِجَارَةِ صَدِيْدٌ قَيْحٌ وَدَمٌ خَبَتْ طَفِئَتْ تُورُوْنَ تَستَخرِجُونَ اَوْرَيْتُ اَوْقَدْتُ لِلْمُقْوِيْنَ لِلمُسَافِرِيْنَ وَالقِيُّ القَفْرُ وقال ابنُ عباس صِرَاطُ الجَحِيْمِ سَوَاءُ الجَحِيْمُ وَوَسَطُ الجَحِيم لَشَوبًا من حَمِيم يخلُطُ طَعَامُهُمْ ويُساط بالحَمِيمِ زَفِيْرٌ وَشَهِيْقٌ صَوتٌ شَدِيْدٌ وَصَوتٌ ضَعِيْفٌ وِردًا عِطَاشًا غَيًا خُسرَانًا وَقَالَ مجاهد يُسْجَرُوْنَ تُوْقَدُبِهِمُ النَّارونُحَاسٌ الصُّفْرُ يُصَبُّ عَلٰى رُؤُوسِهِمْ يقال ذُوقُوْاباشِرُوْا وَجَرِّبُوْا وليس هٰذا مِنْ ذَوْقِ الْفَمِ مَارِجٌ خَالِصٌ مِنَ النَّارِ مَرَجَ الْاَمِيْرُ رَعِيَّتَه، اِذَا خَلَّاهُمْ يَعْدُوْا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مَرِيْجٍ مُلْتَبِسٌ مَرِجَ اَمْرُ النَّاسِ اِختَلَطَ مَرَجَ البَحْرَينِ مَرَجْتَ دَابَّتَكَ تَرَكْتَهَا

۲۹۴۔دوزخ کے اوصاف، اور یہ کہ وہ مخلوق ہے (قرآن مجید میں "غساقا" غسقت عینه (اس وقت) بولتے ہیں (جب آنکھوں سے پانی آنے لگے۔ اور یغسق الجرح (جب زخم سے پیپ بہنے لگے) گویا الغسق اور الغساق ہم معنی ہیں "غسلین" کوئی بھی چیز جب دھوئی جائے گی تو اس سے جو دھون نکلے گا اسے غسلین کہیں گے فعلین کے وزن پر، زخم اور خاص طور سے اونٹ کے زخم کے دھوون کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ عکرمہ نے کہا حصب جهنم میں لفظ حصب حبشی زبان میں لکڑی کے معنی میں آتا ہے اور اسی معنی میں پھر عربی میں استعمال ہونے لگا) اور دوسرے حضرات نے کہا کہ حاصب تیز ہوا کو کہتے ہیں، حاصب اسے بھی کہتے ہیں جسے ہوا اڑا لے جائے اور اسی سے حصب جهنم ہے جو چیزیں بھی جہنم میں ڈالی جائیں گی وہی اس کا حصب ہوں گی بولتے ہیں حصب فی الارض بمعنی ذهب حصب، حصباء الحجارة (کنکری) سے مشتق ہے۔صدید پیپ اور خون۔ خبت: بجھ گئی، تورون: نکالتے ہو، بولتے ہیں، اوریت: یعنی میں نے روشن کیا۔ للمقوین: یعنی مسافروں کے لئے۔ القی: بمعنی بے آب وگیاہ میدان، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے صراط الجحم کے معنی بیان فرمائے کہ جہنم کا وسط اور درمیانی حصہ۔ لشوبامن حمیم یعنی ان کے کھانوں میں گرم پانی ملا دیا جائے گا زفیر وشھیق: بمعنی تیز آواز اور نرم آواز۔ وردا: یعنی پیاس کی حالت میں، غیا: یعنی خاسر و نامراد۔ مجاہد نے فرمایا کہ یسجرون یعنی انہیں آگ کا ایندھن بنایا جائے گا، ونحاس سے مراد ہے تانبا جوان کے سروں پر (پگھلا کر گرم گرم) بہایا جائے گا بولتے ہیں ذوقوا: بمعنی برتو اور تجربہ کرو یہ لفظ ذوق فم سے ماخوذ نہیں ہے۔ مارج۔ یعنی خالص آگ (محاورہ میں بولتے ہیں) مرج الا میر رعیته جب امیر رعایا کو آزاد چھوڑ دے کہ وہ ایک دوسرے پر ظلم کرتے رہیں مریج: بمعنی ملتبس کہتے ہیں۔ مرج امرالناس جب التباس پیدا ہوجائے مرج البحرین اسی محاورہ سے ماخوذ ہے۔ مرجت دابتک جب تم نے اسے چھوڑ دیا ہو!!

(۴۹۰) حَدَّثَنَا ابُوالولِيدِ حَدَّثَنَا شعبة عن مهاجرٍ ابِى الحسنِ قال سمعتُ زيدَ بنَ وهبٍ يَقُوْلُ سمعت اَبَاذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يقول كَانَ النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سفرٍ فقال اَبرِدْ ثُمَّ قَالَ اَبرِدْ حَتّٰى فَاءَ الفَيُّ يَعْنِيْ لِلتُّلُوْلِ ثُمَّ قَالَ اَبْرِدُوْا

۴۹۰۔ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے مہاجر ابوالحسن نے بیان کیا کہ میں نے زید بن وہب سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ ایک سفر میں تھے، جب (حضرت بلال ؓ ظہر کی اذان دینے اٹھے تو) آپ نے فرمایا کہ وقت ذرا ٹھنڈا ہو لینے

بِالصَّلٰوةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الحَرِّ مِن فَيحِ جَهَنَّمَ

دو، پھر دوبارہ (جب وہ اذان کے لئے اٹھے تو پھر) آپ نے انہیں یہی حکم دیا کہ وقت اور ٹھنڈا ہو لینے دو، یہاں تک کہ ٹیلوں کے سائے نیچے اتر جائیں اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ نماز، ٹھنڈے اوقات میں پڑھا کرو، کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کے سانس لینے سے پیدا ہوتی ہے۔ ❶

(۴۹۱) حَدَّثَنَا محمدُ بنَ يوسفَ حدثنا سفيانُ عن الاعمشِ عن ذكوانَ عن ابى سعيدٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اَبرِدُوا بِالصَّلَاةِ فَاِنَّ شِدَّةَ الحَرِّ مِن فَيحِ جَهَنَّمَ

۴۹۱۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ذکوان نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، نماز ٹھنڈے وقت میں پڑھا کرو، کیونکہ گرمی کی شدت جہنم کے سانس لینے سے پیدا ہوتی ہے۔

(۴۹۲) حَدَّثَنَا اَبُواليمانِ اَخبرنَا شعيبٌ عن الزُّهرِىِّ قَالَ حَدَّثَنِى ابوسلمة بنُ عبدِالرحمٰن انه سَمِعَ اَبَاهُرَيرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنهُ يقول قال رسول اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِشتَكَتِ النَّارُ اِلٰى رَبِّهَا فَقَالَت رَبِّ اَكَلَ بَعضِى بَعضًا فَاَذِنَ لَهَا بنفسينِ نَفَسٍ فِى الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِى الصَّيفِ فَاَشَدُّ مَا تَجِدُونَ فِى الحَرِّ وَاَشَدُّ مَا تَجِدُونَ مِنَ الزَّمهَرِيرِ

۴۹۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جہنم نے اپنے رب کے حضور میں شکایت کی اور کہا کہ میرے رب! میرے ہی بعض حصے نے بعض کو کھا لیا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے دو سانسوں کی اجازت دی ایک سانس جاڑے، میں اور ایک گرمی میں، تم انتہائی، گرمی اور انتہائی سردی جوان موسموں میں محسوس کرتے ہو (یہ اسی جہنم کے سانس لینے کا نتیجہ ہے۔)

(۴۹۳) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا اَبُوعَامِرٍ حدثنا همامٌ عن ابى جمرةَ الضبعِىِّ قَالَ كُنتُ اُجَالِسُ بنَ عباسٍ بِمَكَّةَ فاخذتنِى الحُمّٰى فقال ابرِدهَا عَنكَ بماءِ زمزمَ فانَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ الحُمّٰى من فَيحِ جَهَنَّمَ فَابرِدُوهَا بالماءِ اَوقَالَ بِمَاءِ زَمزَمَ شك هَمَّامٌ

۴۹۳۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے ابو عامر نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے ابوجمرہ ضبعی نے بیان کیا میں، مکہ میں، ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھا کرتا تھا، وہاں مجھے بخار آنے لگا، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس بخار کو زمزم کے پانی سے ٹھنڈا کر لو، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بخار، جہنم کے سانس کے اثر سے ہوتا ہے، اس لئے اسے پانی سے ٹھنڈا کر لیا کرو، یا یہ فرمایا کہ زمزم کے پانی سے'' ہمام کو شبہ تھا۔ ❷

(۴۹۴) حَدَّثَنِى عمرُو بنُ عباسٍ حَدَّثَنَا عبدُالرحمٰنِ حدثنا سفيانُ عن ابيه عن عَبَايَةَ بنِ رفاعةَ قال اَخبرنى رافعُ بن خَدِيجٍ قال سمعتُ

۴۹۴۔ مجھ سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے ان سے عبایہ بن رفاعہ نے بیان کیا انہیں رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ میں نے نبی کریم

---

❶ اس سے پہلے بھی ہم لکھ آئے ہیں کہ اشیا کے وجود کے لئے ظاہری اسباب کے ساتھ کچھ باطنی اسباب بھی ہوتے ہیں۔

❷ ابن سینا نے اس حدیث کے متعلق لکھا ہے کہ صفراوی بخار رہا ہوگا، کیونکہ صفراوی بخار میں نہانا طبعی حیثیت سے مفید ہوسکتا ہے، بہر حال موسم اور آب و ہوا پر یہ موقوف ہے۔

النَّبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقول الحُمّٰی مِنْ فَوْرِ جَهَنَّمَ فابْرِدُوْهَا عَنْکُم بِالمَاءِ

ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا تھا کہ بخار جہنم کے جوش مارنے کے اثر سے ہوتا ہے اس لئے اسے پانی سے ٹھنڈا کرلیا کرو۔

(۴۹۵) حَدَّثَنَا مالکُ بنُ اسماعیل حدثنا زهیرٌ حدثنا هشامٌ عَنْ عروةَ عن عَائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنها عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال الحُمّٰی مِن فَیحِ جَهَنَّمَ فابْرِدُوْها بالمَاءِ

۴۹۵۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے زہیر نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے حدیث بیان کی ان سے عروہ نے ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بخار جہنم کے سانس کے اثر سے ہوتا ہے اسے پانی سے ٹھنڈا کرلیا کرو۔

(۴۹۶) حدثنا مسدد عن یحییٰ عن عبیدالله قال حدثنی نافعٌ عن ابنِ عمر رضی الله عنهما عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الحُمّٰی من فَیحِ جَهَنَّمَ فابْرِدو ها با لماءِ

۴۹۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے عبیداللہ نے بیان کیا، انہیں نافع نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بخار جہنم کے سانس کے اثر سے ہوتا ہے اس لئے اسے پانی سے ٹھنڈا کرلیا کرو۔

(۴۹۷) حَدَّثَنَا اسماعیلُ بنُ ابی اویسٍ قال حَدَّثَنِی مالکٌ عن ابی الزنادِ عن الاعرجِ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه ان رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نارُکُم جُزْءٌ مِنْ سَبْعِیْنَ جُزْءً ا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ قِیْلَ یَارسول اللّٰه ان کَانَتْ لَکَافِیَةً قَالَ فُضِّلَتْ عَلَیْهِنَّ بِتسْعَةٍ وَسِتِّیْنَ جُزْءً ا کُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا

۴۹۷۔ ہم سے اسماعیل بن ابی اویس نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہاری (دنیا کی) آگ جہنم کی آگ کے مقابلے میں ستروں حصہ ہے (اپنی گرمی اور ہلاکت خیزی میں) کسی نے پوچھا، یا رسول اللہ (کفار اور گنہگاروں کے عذاب کے لئے تو) یہ ہماری دنیا کی آگ بھی بہت تھی، !آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ دنیا کی آگ کے مقابلے میں، جہنم کی آگ انہتر گنا بڑھ کر ہے۔ ❶

(۴۹۸) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بنُ سعیدٍ حدثنا سفیانُ عن عمرٍو سمعَ عطاءً یُخبر عن صفوانَ بنِ یعلٰی عن ابیه سَمِعَ النَّبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقرأُ عَلَی المِنبَرِ وَ نَادَوْا یَامَالِکُ

۴۹۸۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو نے، انہوں نے عطاء سے سنا انہوں نے صفوان بن یعلیٰ کے واسطہ سے خبر دی، انہوں نے اپنے والد کے واسطہ سے، انہوں نے نبی کریم ﷺ کو منبر پر اس طرح آیت پڑھتے سنا "ونادوا یا مالک" (اور وہ پکاریں گے "اے مالک!)

(۴۹۹) حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا سُفیَانُ عن الاَعْمَشِ عن ابی وَائل قال قیل لاسامة لَوْاَتَیْتَ فُلانًا فَکَلَّمْتَه، قَالَ انکم لتَرَوْنَ انی لااُکَلِّمُه، اِلَّا اُسْمِعُکُمْ اِنِّی اکلمه فِی السِرِّدَوْنَ اَنْ اَفْتَحَ بابًا لااَکُوْنَ اول من فَتَحه وَلااَقُوْلُ لِرَجُلٍ اِنْ کَانَ

۴۹۹۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے ان سے ابووائل نے بیان کیا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے کسی نے کہا اگر فلاں صاحب (عثمان رضی اللہ عنہ) کے یہاں جا کر ان سے (مسلمانوں کے باہمی اختلاف ونزاع کو ختم کرنے کے لئے) گفتگو کریں (تو شاید بہتر صورت پیدا ہو جائے) انہوں نے

❶ اس حدیث کی بعض روایتوں میں عدد کی کمی بیشی بھی ہے۔ مقصد صرف انتہائی شدت کو بیان کرنا ہے عام طور سے یہ اعداد عرب کے محاورے میں مبالغہ اور کسی چیز کی انتہائی (زیادتی کو بیان کرنے کے لئے بولے جاتے تھے، مراد ان اعداد میں منحصر نہیں ہوتی تھی۔

عَلَیَّ اَمِیْرًا اَنَّهٗ خَیْرُ النَّاسِ بعد شیء سمعتُه من رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قالوا وما سمعتَه یقولُ قال سمعتُه یقول یُجَاءُ بِالرَّجُلِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَیُلْقٰی فی النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهٗ فِی النَّارِ فَیَدُوْرُ کَمَا یَدُوْرُ الْحِمَارُ بِرَحَاهُ فَیَجْتَمِعُ اَهْلُ النَّارِ عَلَیْهِ فَیَقُوْلُوْنَ اَیْ فُلَانُ مَاشَانُکَ اَلَیْسَ کُنْتَ تَامُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْکَرِ قَالَ کُنْتُ اٰمُرُکُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِیْهِ وَاَنْهَاکُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاٰتِیْهِ رَوَاهُ غُنْدَرٌ عَنْ شعبةَ عَنِ الْاَعْمَشِ

فرمایا غالباً تم لوگ یہ سمجھتے ہو کہ اگر میں تم لوگوں کی موجودگی میں ان سے اس معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کرتا تو گویا کبھی نہیں کرتا ہوں، حالانکہ میں ان سے (اس مسئلہ پر) تنہائی میں باتیں کیا کرتا ہوں۔ بغیر کسی (فتنے کے) دروازے کو کھولے ہوئے میں یہ ہرگز نہیں پسند کرتا کہ کسی فتنے کے دروازے کو سب سے پہلے کھولنے والا بنوں، اور میں کسی بھی شخص کے متعلق صرف اس لئے کہ وہ میرا حاکم ہے یہ نہیں کہہ سکتا کہ سب سے اچھا آدمی وہی ہے، کیونکہ میں نے ایک حدیث رسول اللہ ﷺ سے سن رکھی ہے، لوگوں نے پوچھا کہ آپ نے آنحضور ﷺ سے جو حدیث سنی ہے وہ کیا ہے؟ حضرت اسامہ نے فرمایا آنحضور ﷺ کو میں نے یہ فرماتے سنا تھا کہ قیامت کے دن ایک شخص کو لایا جائے گا اور جہنم میں ڈال دیا جائے گا آگ میں اس کی آنکھیں باہر نکل آئیں گی اور وہ شخص اس طرح چکر لگانے لگے گا۔ جیسے گدھا اپنی چکی پر گردش کیا کرتا ہے (تیزی کے ساتھ) جہنم میں ڈالے جانے والے اس کے قریب آکر جمع ہو جائیں گے اور اس سے کہیں گے، اے فلاں! یہ تمہاری کیا درگت بنی! کیا تم ہمیں اچھے کام کرنے کے لئے نہیں کہتے تھے اور کیا تم برے کاموں سے ہمیں منع نہیں کیا کرتے تھے؟ وہ شخص کہے گا کہ جی ہاں، میں تمہیں تو اچھے کاموں کا حکم دیتا تھا لیکن خود نہیں کرتا تھا، برے کاموں سے تمہیں منع بھی کرتا تھا لیکن میں اسے خود کیا کرتا تھا۔ اس حدیث کی روایت غندر نے شعبہ کے واسطہ سے اور انہوں نے اعمش کے واسطہ سے کی۔

باب ۲۹۵. صِفَةِ اِبْلِیْسَ وجنودِه وقال مجاهد یَقْذِفُوْنَ یَرْمُوْنَ دُحُوْرًا مَطْرُوْدِیْنَ وَاصِبٌ دَائِمٌ وَقَالَ ابنُ عباسٍ مَدْحُوْرًا مَطْرُوْدًا وَیُقَالُ مَرِیْدًا مُتَمَرِّدًا بَتَّکَهٗ قَطَعَهٗ وَاسْتَفْزِزْ اسْتَخِفَّ بِخَیْلِکَ الْفُرْسَانُ وَالرَّجْلُ الرَّجَّالَةُ واحدها رَاجِلٌ مِثْلُ صَاحِبٍ وَصَحْبٍ وَتَاجِرٍ وَتَجْرٍ لَاَحْتَنِکَنَّ لَاَسْتَاْصِلَنَّ قَرِیْنٌ شَیْطَانٌ

۲۹۵۔ ابلیس اور اس کی فوج کے اوصاف، مجاہد نے فرمایا کہ یقذفون کے معنی ہیں، پھینک کر مارا جاتا ہے۔ ''دحوراً'' بمعنی دھتکارے ہوئے۔ واصب، بمعنی دائم۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مدحوراً بمعنی دھتکارا ہوا۔ مرید بمعنی متمردا، استعمال ہوگا، اور بتکہ۔ یعنی چیز کو کاٹ دیا استفزز بمعنی استخف بخیلک یعنی گھوڑے سوار۔ رجل اور رجالہ کا واحد راجل آتا ہے جیسے صاحب اور صحب تاجر اور تجر۔ لاحتنکن۔ بمعنی لا ستاملن قرین۔ یعنی شیطان۔

(۵۰۰) حَدَّثَنَا ابراهیمُ بنُ موسٰی اخبرنا عیسٰی عن هشامٍ عن ابیه عن عائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنها قالت سُحِرَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وقال اللیث کتب اِلَیَّ هشامٌ انه سمعه وَوَعَاهُ عن اَبِیْهِ

۵۰۰۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں عیسیٰ نے خبر دی، انہیں ہشام نے انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ پر سحر ہوا تھا اور لیث نے بیان کیا کہ مجھے ہشام نے لکھا تھا کہ انہوں نے اپنے والد سے سنا تھا اور محفوظ رکھا تھا اور

عن عائشة قالتْ سُحِرَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی کَانَ یُخَیَّلُ اِلَیْهِ انَّه' یفعلُ الشَّیْءَ وَمَا یَفْعَلُه' حَتّٰی کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ دَعَا وَ دَعَا ثُمَّ قَالَ اَشَعَرْتِ اَنَّ اللّٰهَ اَفتَانِی فیما فِیْهِ شِفَائِیْ اَتَانِی رَجُلَانِ فَقَعَدَ اَحَدُهُمَا عِنْدَرَاسِیْ وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رِجْلِی فقال اَحَدُهُمَا لِلْاٰخَرِ مَاوَجَعُ الرَّجُلِ قَالَ مَطْبُوبٌ قَالَ وَمَنْ طَبَّه' قَالَ لَبِیْدُ بْنُ الْاَعْصَمِ قَالَ فِیْمَاذَا قَالَ فِی مُشْطٍ وَّمُشَاقَةٍ وَجُفِّ طَلْعَةِ ذَکَرٍ قَالَ فَاَیْنَ هُوَ قَالَ فِی بئرِذَرْوَانَ فَخَرَجَ اِلَیْهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَجَعَ فقال لِعَائشةَ حِینَ رَجَعَ نَخلُهَا کَاَنَّهَا رُؤُسُ الشَّیَاطِیْنِ فَقُلْتُ اسْتَخْرَجْتَه' فَقَالَ لا اَمَّا اَنَا فقد شفانِیَ اللّٰهُ وَخَشِیْتُ اَنْ یُثِیْرَ ذٰلِکَ عَلَی النَّاسِ شَرًّا ثُمَّ دُفِنَتِ البئرُ

ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ پر سحر ہو گیا تھا، آپ کے ذہن میں یہ بات ہوتی تھی کہ فلاں کام میں کر سکتا ہوں لیکن آپ اسے کر نہیں پاتے تھے، ایک دن آپ نے بلایا (عائشہ رضی اللہ عنہا کو) اور پھر دوبارہ بلایا، اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ تمہیں معلوم بھی ہوا، اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ چیز بتا دی ہے جس میں میری شفاء مقدر ہے، میرے پاس دو حضرات آئے ایک صاحب تو میرے سر کی طرف بیٹھ گئے اور دوسرے پاؤں کی طرف، پھر ایک صاحب نے دوسرے سے کہا انہیں (آنحضور کو) بیماری کیا ہے؟ دوسرے صاحب نے جواب دیا کہ ان پر سحر ہوا ہے انہوں نے پوچھا، سحر ان پر کس نے کیا ہے؟ جواب دیا کہ لبید بن اعصم نے، پوچھا کہ وہ سحر (ٹونا) رکھا کس چیز میں ہے؟ کہا کہ کنگھے میں، کتان میں اور کھجور کے خشک خوشے کے غلاف میں۔ پوچھا اور وہ چیزیں ہیں کہاں؟ کہا کہ بیر ذروان میں! پھر نبی کریم ﷺ بیر ذروان تشریف لے گئے، اور واپس آئے تو عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا وہاں کے کھجور کے درخت ایسے ہیں جیسے شیطان کی کھوپڑی! میں نے آنحضور ﷺ سے پوچھا، وہ ٹونا آپ نے نکلوایا بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں مجھے تو اللہ تعالیٰ نے خود شفا دے دی ہے اور میں نے اسے اس خیال سے نہیں نکلوایا کہ کہیں اس کی وجہ سے لوگوں میں کوئی مفسدہ نہ پھیل جائے اس کے بعد وہ کنواں پاٹ دیا گیا۔

(۵۰۱) حَدَّثَنَا اسماعیلُ بنُ ابی اویسٍ قَالَ حَدَّثَنِی اخی عن سلیمانَ بنِ بلالٍ عن یحییٰ بنِ سعید بن المسیب عن ابی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه ان رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال یعقِدُ الشَّیطَانُ عَلٰی قافِیَةِ رَاسِ اَحَدِکُمْ اِذَا هُوَنَامَ ثَلٰثَ عُقَدٍ یَضرِبُ کُلَّ عُقْدَةٍ مَکَانَهَا عَلَیْکَ لَیْلٌ طَوِیْلٌ فارقُدْ فَاِن اسْتَیْقَظَ فَذَکَرَاللّٰهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ فَاِنْ تَوَضَّأَ انحَلَّتْ عُقدَةٌ فَاِنْ صَلّٰی انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ کُلُّهَا فَاَصبَحَ نَشِیْطًا طَیِّبَ النَّفْسِ وَاِلَّااَصبَحَ خَبِیْثَ النَّفْسِ کَسْلَانَ

۵۰۱۔ ہم سے اسماعیل بن ابی اویس نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان بن بلال نے ان سے یحییٰ بن سعید نے ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انسان جب سویا ہوا ہوتا ہے تو شیطان اس کے سر کی گدی پر تین گرہیں لگا دیتا ہے خوب اچھی طرح! اور کہتا ہے، ابھی بہت رات باقی ہے پڑے سوتے رہو، لیکن اگر وہ شخص بیدار ہو کر اللہ کا ذکر شروع کر دیتا ہے تو گرہ کھل جاتی ہے پھر جب وضو کرتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے پھر جب نماز پڑھتا ہے تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے اور اس کی صبح نشاط اور پاکیزہ مسرت سے بھرپور ہوتی ہے ورنہ بدباطنی اور دل میں ناپاکی لئے ہوئے اٹھتا ہے۔

(۵۰۲) حَدَّثَنَا عثمانُ بن ابی شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جریر عن منصور عن ابی وائل عن عبیدِاللّٰه رَضِیَ اللّٰه

۵۰۲۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی ان سے منصور نے، ان سے ابو وائل نے اور ان سے

عَنهُ قَالَ ذکر عند النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ نَامَ لَیلَةً حتی اَصبحَ قال ذاک رَجلٌ بال الشَّیطَانُ فِی اُذُنیهِ اَوقَالَ فِی اُذُنِهِ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں حاضر خدمت تھا تو نبی کریم ﷺ نے ایک ایسے شخص کا تذکرہ فرمایا جو رات بھر دن چڑھے تک پڑا سوتا رہا ہو، آپ نے فرمایا کہ یہ ایسا شخص ہے جس کے دونوں کانوں میں شیطان نے پیشاب کر دیا ہے یا آپ نے یہ فرمایا کہ کان میں۔

(۵۰۳) حَدَّثَنَا مُوسَی بُنُ اسماعیلَ حَدَّثَنَا همامُ بنُ منصورٍ عن سالمِ بن ابی الجعدِ عن کُرَیبٍ عن ابن عباسٍ رضی اللّٰهُ عنهما عن النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَمَا اِنَّ اَحَدَکُم اِذَا اَتٰی اَهلَه' وَقَالَ بسمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبنَا الشَّیطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیطَانَ مَارَزَقتَنَا فَرُزِقَا وَلَدًا لَم یَضُرَّهُ الشَّیطَانُ

۵۰۳۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے منصور نے، ان سے سالم بن ابی الجعد نے ان سے کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آتا ہے اور یہ دعا پڑھتا ہے ''اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اے اللہ! ہم سے شیطان کو دور رکھ اور جو کچھ ہمیں دے (اولاد) اس سے بھی شیطان کو دور رکھ۔'' پھر اگر ان کے یہاں کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

(۵۰۴) حَدَّثَنَا محمدٌ اخبرنا عبدةٌ عن هشامِ بنِ عروةَ عن ابیه عن ابنِ عمرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِذَا طَلَعَ حَاجِبُ الشَّمسِ فَدَعُوا الصَّلَاةَ حَتّٰی تَبرُزَ وَاِذَا غَابَ حَاجِبُ الشَّمسِ فَدَعُوا الصَّلَاةَ حَتّٰی تَغِیبَ وَلَا تَحَیَّنُوا بِصَلَاتِکُم طُلُوعَ الشَّمسِ وَلَاغُرُوبَهَا فَاِنَّهَا تَطلُعُ بَینَ قَرنَی شَیطَانٍ اَوِالشَّیطَانِ لَااَدرِی اَیَّ ذٰلِکَ قَالَ هشام

۵۰۴۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبدہ نے خبر دی انہیں ہشام بن عروہ نے انہیں ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب سورج طلوع ہو تو اس وقت تک کے لئے نماز چھوڑ دو جب تک وہ پوری طرح ظاہر نہ ہو جائے اور جب غروب ہونے لگے تب بھی اس وقت تک کے لئے نماز چھوڑ دو، جب تک بالکل غروب نہ ہو جائے، اور نماز سورج کے طلوع اور غروب کے وقت نہ پڑھو، کیونکہ یہ شیطان کے دونوں سینگوں کے درمیان سے طلوع ہوتا ہے (شیطان یا الشیطان مجھے یقین نہیں کہ ہشام نے ان دو الفاظ میں سے کون سا لفظ استعمال کیا تھا۔

(۵۰۵) حَدَّثَنَا اَبُومَعمَرٍ حَدَّثَنَا عبدُالوارثِ حَدَّثَنَا یونسُ عن حمیدِ بن هلالٍ عنِ ابی صالحٍ عن ابی هریرة قال قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَّ بَینَ یدی اَحَدِکُم شَیءٌ وَهُوَ یُصَلِّی فَلیَمنَعهُ فَاِن اَبٰی فَلیَمنَعهُ فَاِن اَبٰی فَلیُقَاتِلهُ فَاِنَّمَا هُوَ شَیطَانٌ وَقَالَ عثمانُ ابنُ الهَیثَمِ حَدَّثَنَا عَوفٌ عن مُحَمَّدِ بن سیرینَ عن ابی هُرَیرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ وَکَّلَنِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بِحِفظِ زَکَاةِ رَمَضَانَ فَاَتَانِی اٰتٍ فَجَعَلَ یحثو من الطَّعام فَاَخَذتُه' فَقُلتُ لَاَرفَعَنَّکَ الی رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ

۵۰۵۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے حدیث بیان کی ان سے حمید بن ہلال نے ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کہ اگر نماز پڑھتے میں کسی شخص کے سامنے سے کوئی گزرے تو اسے گزرنے سے روکنا چاہئے۔ اگر وہ نہ رکے...... تو پھر روکنا چاہئے اور اگر اب بھی نہ رکے تو اسے بشدت روکنے کی کوشش کرنی چاہئے (لیکن نماز کے منافی کوئی عمل نہ کرنا چاہئے) کیونکہ ایسا کرنے والا آدمی شیطان ہے (جو قصداً نمازی کے آگے سے گزرتا ہے اور روکنے سے بھی نہیں رکتا) اور عثمان بن ہیثم نے بیان کیا ان سے عوف نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن سیرین نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ

وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الحَدِيُثَ فَقَالَ اِذَا اَوَيتَ اِلٰى فراشِکَ فاقْرَا اٰيَةَ الْكُرسِيّ لَنْ يَّزَالَ عَلَيْكَ مِنَ اللّٰهِ حَافِظٌ وَلَا يَقرَبُكَ شَيُطَانٌ حَتّٰى تُصبِحَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ صَدَقَکَ وَهُوَ كَذُوبٌ ذَاکَ شَيُطَانٌ

عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ صدقہ فطر کی حفاظت پ[ر] مجھے مامور کیا، ایک شخص آیا اور دونوں ہاتھوں سے غلہ بھر بھر کر لینے لگا میں نے اسے پکڑ لیا اور کہا کہ اب تجھے میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پیش کروں گا، پھر انہوں نے (تفصیل کے ساتھ) حدیث بیان کی، (آخر الامر) اس چور نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ جب تم اپ[نے] بستر پر سونے کے لئے لیٹنے لگو تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرو، اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر ایک نگہبان مقرر ہو جائے گا اور شیطان تمہارے قریب بھی نہ آ سکے گا، صبح تک، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ بات تو اس نے سچی کہی، اگر چہ وہ ہے جھوٹا، وہ شیطان تھا۔

(۵۰۶) حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا الليثُ عن عُقَيلٍ عَنِ ابْنِ شهاب قَالَ اخبرنى عروةُ قَالَ اَبُوهُرَيُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ رَسُوُلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَاتِي الشَّيُطَانُ اَحَدَكُمُ فَيَقُوُلُ مَنُ خَلَقَ كَذَا مَنُ خَلَقَ كَذَا حَتّٰى يَقُولَ مَنُ خَلَقَ رَبَّکَ فَاِذَا بَلَغَه' فَلْيَسُتَعِذُ بِاللّٰهِ وَلْيَنْتَهِ

۵۰۶۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عرو[ہ] نے خبر دی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس شیطان آتا ہے اور تمہارے دل میں پہلے تو ی[ہ] سوال پیدا کرتا ہے کہ فلاں چیز کس نے پیدا کی فلاں چیز کس نے پیدا ک[ی] اور آخر میں بات یہاں تک پہنچاتا ہے کہ خود تمہارے رب کو کس نے پید[ا] کیا، جب اس حد تک پہنچ جائے تو اللہ سے پناہ مانگنی چاہئے اور تصورات ک[ا] سلسلہ ختم کر دینا چاہئے۔

(۵۰۷) حَدَّثَنَا يَحيَى بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا الليثُ قال حَدَّثَنِي عُقَيلٌ عن ابن شهابٍ قَالَ ابن اَبِي اَنَسٍ مَوْلَى التَّيُمِيِّيُنَ اَنَّ اَبَاهُ حدَّثَه انه سَمِعَ اَبَا هريرة رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ يقول قال رَسُوُلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتُ اَبُوَابُ الجَنَّةِ وَ غُلِقَتُ اَبُوَابُ جهَنَّمَ وَ سُلُسِلَتِ الشَّيَاطِيُنُ

۵۰۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے، ان سے تیمیین کے مولیٰ ابن ابی یونس نے بیان کیا ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے انہوں نے سنا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین کو زنجیروں میں باندھ دیا جاتا ہے۔

(۵۰۸) حَدَّثَنَا الحميدىُ حَدَّثَنَا سفيان حدثنا عمرو قَالَ اخبرنى سعيدُ بنُ جُبَيُرٍ قال قلت لابن عباسٍ فقال حَدَّثَنَا ابىُّ بن كعب انه سمعَ رسولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يقول اِنَّ مُوسٰى قَالَ لِفَتَاهُ اٰتِنَا غَدَاءَنَا قَالَ اَرَاَيُتَ اِذْاَوَيُنَا اِلَى الصَّخُرَةِ فَاِنِّي نَسِيُتُ الْحُوُتَ وَمَآ اَنسَانِيهِ اِلَّا الشَّيُطَانُ اَنُ

۵۰۸۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمر نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے سعید بن جبیر نے خبر دی کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ ہم سے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی تھی انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا آپ فرمار ہے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رفیق سفر (یوشع بن نون) سے فرمایا کہ ہمارا کھانا لاؤ، اس پر انہوں نے

اَذْكُرَهُ وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِىْ اَمَرَ اللّٰهُ بِهِ

بتایا کہ آپ کو معلوم بھی ہے، جب ہم نے چٹان پر پڑاؤ ڈالا تھا، تو میں مچھلی وہیں بھول گیا تھا (اور اپنے ساتھ نہ لا سکا تھا) اور مجھے اسے یاد رکھنے سے صرف شیطان نے غافل رکھا، اور موسیٰ علیہ السلام نے اس وقت تک کوئی تھکن محسوس نہیں کی جب تک اس حد سے نہ گزر لئے جہاں کا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا تھا۔

(۵۰۹) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ مسلمةَ عن مالكٍ عن عبدِاللّٰه بن دينارٍ عن عبدِاللّٰه بن عمرَ رَضِيَ اللّٰهُ عنهما قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيْرُ اِلَى الْمَشْرِقِ فَقَالَ هَا اِنَّ الفِتنَةَ هٰهُنَا اِنَّ الفِتنَةَ هٰهُنَا مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ

۵۰۹۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ مشرق کی طرف اشارہ کر کے فرما رہے تھے کہ ہاں! فتنہ اسی طرف ہے جہاں سے شیطان کا سینگ نکلتا ہے۔

(۵۱۰) حَدَّثَنَا يَحْيَى بنُ جعفرٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ عبدِاللّٰه الانصاريُّ حَدَّثَنَا ابن جريجٍ قَالَ اخبرني عطاءٌ عن جابرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال اِذَا اسْتَجْنَحَ اللَّيْلُ اَوْكَانَ جُنْحُ اللَّيلَ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ فَاِنَّ الشَّيٰطِينَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ فَاِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ الْعِشَاءِ فَخَلُّوْهُمْ وَاَغْلِقْ بَابَكَ وَاذْكُرِاسْمَ اللّٰهِ وَاَطْفِيْ مِصْبَاحَكَ وَاذْكُرِاسْمَ اللّٰهِ وَاَوْكِ سِقَائَكَ وَاذْكُرِاسْمَ اللّٰهِ وَخَمِّرْ اِنَاءَ كَ وَاذْكُرِاسْمَ اللّٰهِ وَلَوْ تَعْرُضُ عَلَيْهِ شَيْئًا

۵۱۰۔ ہم سے یحییٰ بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عطا نے خبر دی اور انہیں جابر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، رات شروع ہوتے ہی اپنے بچوں کو اپنے پاس (گھر میں جمع کر لیا کرو کیونکہ شیاطین اسی وقت ہجوم کرنا شروع کرتے ہیں پھر جب رات کی کچھ تاریکی پھیل جائے تو انہیں چھوڑ دو (سونے کے لئے) پھر اللہ کا نام لے کر اپنا دروازہ بند کرو، اللہ کا نام لے کر چراغ بجھا دو، پانی کے برتن اللہ کا نام لے کر ڈھک دو اور دوسرے برتن بھی اللہ کا نام لے کر ڈھک دو اور اگر ڈھکن نہ ہو) تو عرض میں ہی کوئی چیز رکھ دو۔

(۵۱۱) حَدَّثَنَا محمودُ بن غَيْلان حَدَّثَنَا عبدُالرزاقِ اخبرنا معمرٌ عن الزهريِ عن علي بن حسينٍ عن صفيةَ ابنةِ حُيَيٍّ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَكِفًا فاتيته اَزُوْرُه' لَيْلًا فحدثتُه ثم قمتُ فانقلبتُ فقام مَعِيَ لِيَقْلِبَنِي وَكَانَ مسكنُها فى دارِاسامةَ بنِ زيدٍ فمر رَجُلَانِ من الانصارِ فلما رَاَيَا النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْرَعَا فقال النبيُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ علي رِسْلِكُمَا اَنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ فَقَالَا سُبْحَانَ اللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِىْ مِنَ الانسانِ مَجْرَى الدَّمِ وَاِنِّي خَشِيْتُ ان يقذِفَ فِي قُلُوبِكُمَا

۵۱۱۔ ہم سے محمود بن غیلان نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی انہیں زہری نے انہیں علی بن حسین نے اور ان سے (ام المومنین) صفیہ بنت حی رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ اعتکاف میں تھے تو میں رات کے وقت آپ کی زیارت کے لئے (مسجد میں) آئی میں آپ ﷺ سے باتیں کرتی رہی پھر جب واپس ہونے کے لئے کھڑی ہوئی تو آنحضور ﷺ بھی مجھے چھوڑنے کے لئے کھڑے ہوئے ام المومنین کا مسکن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے مکان میں تھا اسی وقت دو انصاری صحابہؓ گزرے۔ جب انہوں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا تو تیز تیز چلنے لگے آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا ٹھہر جاؤ، یہ صفیہ بنت حی ہیں، ان دونوں صحابہؓ نے عرض کیا سبحان اللہ! یا رسول اللہ (کیا

سُوْءً اَوْقَالَ شَيْئًا

ہم بھی آپ ﷺ کے بارے میں کوئی شبہ کر سکتے ہیں) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑتا ہے اس لئے مجھے ڈر لگا کہ کہیں تمہارے دلوں میں بھی کوئی بری بات پیدا نہ ہو جائے یا آپ ﷺ نے (سوءً کی بجائے، شیئاً فرمایا۔)

(۵۱۲) حَدَّثَنَا عبدانُ عن ابی حمزَةَ عن الاعمشِ عن عدی بن ثابتٍ عن سلیمانَ بنِ صردٍ قَالَ کُنتُ جالسًا مع النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلَانِ یستبَّان فاحدُهما اِحْمَرَّ وَجْهُه' وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجه فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنّی لَاَعْلَمُ کَلِمَةً لَوْ قَالَهَا ذَهَبَ عَنْهُ مَایَجدُلو قال اَعُوذُ بِاللّٰه من الشَّیْطَان ذَهَبَ عَنْهُ مَایَجِدُ فَقَالُوا له اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ فَقَالَ وَهَلْ بِیْ جُنُوْنٌ

۵۱۲۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش نے، ان سے عدی بن ثابت نے اور ان سے سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا اور (قریب ہی) دو آدمی گالم گلوچ کر رہے تھے اتنے میں ایک شخص کا چہرہ (غصے سے سرخ ہو گیا اور گردن کی رگیں پھول گئیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ایک ایسا کلمہ معلوم ہے کہ اگر یہ شخص اسے پڑھ لے تو اس کا غصہ جاتا رہے اگر یہ شخص پڑھ لے (ترجمہ) میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی، شیطان سے، تو اس کا غصہ جاتا رہے گا لوگوں نے اس پر اس سے کہا کہ نبی کریم ﷺ فرما رہے ہیں کہ تمہیں شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنی چاہئے، اس نے کہا کیا میں کوئی دیوانہ ہوں!

(۵۱۳) حَدَّثَنَا اٰدمُ حَدَّثَنَا شعبةُ حَدَّثَنَا منصور عن سالم بنِ ابی الْجَعْد عن کُرَیْبٍ عن ابن عباسٍ قَالَ قَالَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لو اَنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اَتٰی اَهْلَه' قَالَ اللّٰهم جَنِّبْنِی الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَارَزَقْتَنِی فَاِنْ کَانَ بَیْنَهُمَا وَلَدٌ لَمْ یَضُرَّهُ' الشَّیْطَانُ وَلَم یُسَلَّطْ عَلَیْهِ قَالَ وَحَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عن سَالِمٍ عن کُرَیْبٍ عن ابنِ عَبَّاسٍ مِثْلَه'

۵۱۳۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے حدیث بیان کی ان سے سالم بن ابی الجعد نے ان سے کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کوئی شخص جب اپنی بیوی کے پاس جائے اور یہ دعاء پڑھ لے (ترجمہ) ''اے اللہ! مجھے شیطان سے دور رکھئے، اور میری جو اولاد پیدا ہو اسے بھی شیطان سے دور رکھئے پھر اس قربت کے نتیجہ میں اگر کوئی بچہ پیدا ہو گا تو شیطان اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ اس پر تسلط قائم کر سکے گا، شعبہ نے بیان کیا اور ہم سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے سالم نے ان سے کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، مذکورہ حدیث کی طرح۔

(۵۱۴) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا شبابةُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن محمدِ بن زیادٍ عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه' صَلّٰی صَلَاةً فَقَالَ اِنَّ الشَّیْطَانَ عَرَضَ لِیْ فَشَدَّ عَلَیَّ یَقْطَعُ الصَّلَاةَ عَلَیَّ فَاَمْکَنَنِیَ اللّٰهُ مِنْهُ' فَذَکَرَه'

۵۱۴۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی ان سے شبابہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن زیاد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ نماز پڑھی اور فارغ ہونے کے بعد فرمایا کہ شیطان میرے سامنے آ گیا تھا اور نماز تڑوانے کی بڑی کوششیں شروع کر دیں تھیں لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قدرت دے دی، پھر حدیث (تفصیل کے ساتھ) ذکر کی۔

(۵۱۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلٰوةِ اَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهٗ ضُرَاطٌ فَاِذَا قُضِيَ اَقْبَلَ فَاِذَا ثُوِّبَ بِهَا اَدْبَرَ فَاِذَا قُضِيَ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْاِنْسَانِ وَقَلْبِهٖ فَيَقُوْلُ اُذْكُرْ كَذَا وَكَذَا حَتّٰى لَايَدْرِيْ اَثَلٰثًا صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا فَاِذَا لَمْ يَدْرِ ثَلٰثًا صَلّٰى اَوْ اَرْبَعًا سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

۵۱۵۔ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان پشت پھیر کر بھاگتا ہے، گوز مارتا ہوا❶ لیکن جب اذان ختم ہوجاتی ہے تو پھر آجاتا ہے پھر جب اقامت ہونے لگتی ہے تو بھاگ کھڑا ہوتا ہے اور جب ختم ہوتی ہے تو پھر آجاتا ہے اور آدمی کے دل میں وساوس ڈالنے لگتا ہے کہ فلاں بات یاد کرو، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کو بھی یاد نہیں رہتا کہ تین رکعت نماز پڑھی تھی یا چار رکعت۔ ایسی صورت میں سجدہ سہو کرنا چاہئے۔

(۵۱۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِي اٰدَمَ يَطْعَنُ الشَّيْطَانُ فِي جَنْبَيْهِ بِاِصْبَعِهٖ حِيْنَ يُوْلَدُ غَيْرَ عِيْسَى بْنِ مَرْيَمَ ذَهَبَ يَطْعُنُ فَطَعَنَ فِي الْحِجَابِ

۵۱۶۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی انہیں ابوالزناد نے، انہیں اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، شیطان ہر انسان کی پیدائش کے وقت اپنی انگلی سے اس کے پہلو میں کچو کے لگاتا ہے سوا عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے، کہ جب وہ کچوکے لگانے گیا تو پردے پر لگا آیا تھا۔

(۵۱۷) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَدِمْتُ الشَّامَ فَقُلْتُ مَنْ هٰهُنَا قَالُوْا اَبُوالدَّرْدَاءِ قَالَ اَفِيْكُمُ الَّذِيْ اَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۱۷۔ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ نے، ان سے ابراہیم نے اور ان سے علقمہ نے بیان کیا کہ شام پہنچا تو میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں (صحابہ میں سے) کن کا قیام رہتا ہے لوگوں نے بتایا کہ ابودرداء کا، ابودرداءؓ کی خدمت میں حاضر ہونے کے بعد علقمہ سے آپ نے دریافت فرمایا، اچھا جنہیں (عمار رضی اللہ عنہ کو) اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی زبانی شیطان سے اپنی پناہ میں لینے کا اعلان کیا ہے، وہ آپ میں سے ہی ہیں۔

(۵۱۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ وَقَالَ الَّذِيْ اَجَارَهُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ عَمَّارًا قَالَ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ عَنْ

۵۱۸۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ نے (سابقہ سند کے ساتھ) کہ انہوں نے فرمایا، وہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی زبانی شیطان سے اپنی پناہ میں لینے کا اعلان کیا تھا آپ کی مراد عمار رضی اللہ عنہ سے تھی، بیان کیا کہ لیث

---

❶ یہ "ولہ ضراط" کا ترجمہ ہے، شدید گھبراہٹ اور انتہائی پریشان حالی کے بیان کے لئے بھی اس کا استعمال ہوتا تھا اور غالباً حدیث میں بھی اسی مفہوم کے لئے آیا ہے حقیقی معنی پر بھی محمول ہوسکتا ہے لیکن بہرحال مفہوم وہی ہوگا کہ انتہائی پریشان حالی میں بھاگتا ہے کہ پیچھے دیکھنے کی فرصت نہیں ہوتی۔ یہ تعبیر اسی لئے اختیار کی گئی ہے تاکہ اذان سنتے ہی شیطان پر جو پریشانی اور گھبراہٹ کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے اس کی تصویر سامنے آجائے!

ابی الاسود اخبرہ، عروۃ عن عائشۃ رضی اللّٰہ عنھا عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال الملائکۃ تتحدث فی العنان والعنان الغمام بالامر یکون فی الارض فتسمع الشیاطین الکلمۃ فتقرھا فی اذن الکاھن کما تقر القارورۃ فیزیدون معھا مائۃ کذبۃ

نے کہا کہ مجھ سے خالد بن یزید نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن ابی ہلال نے، ان سے ابوالاسود نے، انہیں عروہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ملائکہ عنان میں آپس میں کسی ایسے معاملے سے گفتگو کرتے ہیں جو زمین میں ہونے والا ہوتا ہے، عنان سے مراد بادل ہے تو شیاطین اس میں سے کوئی ایسا کلمہ سن لیتے ہیں اور وہی کاہنوں کے کان میں اس طرح لاکر ڈالتے ہیں جیسے شیشی میں کوئی چیز ڈالی جاتی ہے اور یہ کاہن اس میں سو جھوٹ ملا کر (لوگوں سے بیان کرتے ہیں)۔

(۵۱۹) حدثنا عاصم بن علی حدثنا ابن ابی ذئب عن سعید المقبری عن ابیہ عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال التثاؤب من الشیطان فاذا تثاءب احدکم فلیردہ، ما استطاع فان احدکم اذا قال ھا ضحک الشیطان

۵۱۹۔ہم سے عاصم بن علی نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی ذئب نے حدیث بیان کی ان سے سعید مقبری نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ❶ جمائی شیطان کی طرف سے ہے پس جب کسی کو جمائی آئے تو اسے حتی الامکان روکنے کی کوشش کرنی چاہئے، کیونکہ جب (جمائی لیتے ہوئے) آدمی ''ہا'' کرتا ہے شیطان اس پر ہنستا ہے۔

(۵۲۰) حدثنا زکریاء بن یحیی حدثنا ابو اسامۃ قال ھشام اخبرنا عن ابیہ عن عائشۃ رضی اللّٰہ عنھا قالت لما کان یوم احد ھزم المشرکون فصاح ابلیس ای عباد اللّٰہ اخراکم فرجعت اولاھم فاجتلدت ھی واخراھم فنظر حذیفۃ فاذا ھو بابیہ الیمان فقال ای عباد اللّٰہ ابی ابی فواللّٰہ ما احتجزوا حتی قتلوہ فقال حذیفۃ غفر اللّٰہ لکم قال عروۃ فما زالت فی حذیفۃ منہ بقیۃ خیر حتی لحق باللّٰہ

۵۲۰۔ہم سے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی کہا کہ ہشام نے ہمیں اپنے والد کے واسطہ سے خبر دی ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا تھا کہ احد کی لڑائی میں جب مشرکین کو شکست ہوگئی تو ابلیس نے چلا کر کہا کہ اے اللہ کے بندو! یعنی مسلمانو دشمن تمہارے پیچھے ہے۔ چنانچہ آگے کے مسلمان پیچھے کی طرف پل پڑے اور پیچھے والوں کو انہوں نے مارنا شروع کر دیا حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا تو ان کے والد یمان رضی اللہ عنہ بھی پیچھے تھے انہوں نے بہتیرا کہا کہ اے اللہ کے بندو! یہ میرے والد ہیں یہ میرے والد ہیں! لیکن خدا گواہ ہے کہ لوگوں نے جب تک انہیں قتل نہ کر لیا نہ چھوڑا، بعد میں حذیفہ رضی اللہ عنہ نے صرف اتنا کہا کہ خیر، اللہ تمہیں معاف کرے (کہ یہ فعل صرف غلط فہمی کی وجہ سے ہو گیا ہے) عروہ نے بیان کیا کہ پھر حذیفہ رضی اللہ

---

❶ جس طرح جمائی کو شیطان کی طرف سے کہا گیا ہے، چھینک کی اسناد دوسری احادیث میں رحمان کی طرف سے کی گئی ہے، وجہ یہ ہے کہ جمائی سستی اور کسل کی علامت ہے جس سے شیطان خوش ہوتا ہے اس لئے اس کی نسبت شیطان کی طرف کی گئی ہے، کیونکہ خبائث اور برائیوں کی نسبت شیطان کی طرف ہوتی ہے دوسری طرف، اگر کسی بیماری کا نتیجہ نہ ہو تو عام حالات میں چھینک سے طبیعت میں نشاط اور جودت پیدا ہوتی ہے اس لئے اس کی نسبت رحمان کی طرف کی گئی، کیونکہ طیبات اور تمام اچھائیاں اللہ کی طرف منسوب ہیں۔

عنہا اپنے والد کے قاتلوں کے لئے (جو صحابہ ہی تھے) برابر مغفرت کی دعا کرتے رہے، تا آنکہ اللہ سے جا ملے۔

۵۲۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا
الْاَحْوَصِ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ
تْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى
هُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اِلْتِفَاتِ الرَّجُلِ فِي الصَّلَاةِ
الَ هُوَ اِخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ
دِكُمْ

۵۲۱۔ ہم سے حسن بن ربیع نے حدیث بیان کی ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی، ان سے اشعث نے ان سے ان کے والد نے ان سے مسروق نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے نماز میں ادھر ادھر دیکھنے کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ ایک دست درازی ہے جو شیطان تمہاری نماز میں کرتا ہے۔

۵۲۲) حَدَّثَنَا اَبُوالْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ
دَّثَنِي يَحْيٰى عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ
ِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۲۲۔ ہم سے ابوالمغیرہ نے حدیث بیان کی ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن ابی قتادہ نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے۔

۵۲۳) حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا
الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ
ِ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ
هِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا
صَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِذَا حَلَمَ
دُكُمْ حُلْمًا يَخَافُهُ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ وَلْيَتَعَوَّذْ
لّٰهِ مِنْ شَرِّهَا فَاِنَّهَا لَاتَضُرُّهٗ

۵۲۳۔ مجھ سے سلیمان بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی ان سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے الاوزاعی نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن ابی قتادہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ان کے والد (ابوقتادہ رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے ہے اس لئے اگر کوئی برا اور ڈراؤنا خواب دیکھے تو بائیں طرف تھوتھو کر کے اللہ کی شیطان کے شر سے پناہ مانگے اس وقت شیطان اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

۵۲۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ
ْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
هِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهٗ
شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى
ِ شَيْءٍ قَدِيْرٌ فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَتْ لَهٗ عَدْلَ
شْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِيَتْ عَنْهُ
ةُ سَيِّئَةٍ وَكَانَتْ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ يَوْمَهٗ ذٰلِكَ
ي يُمْسِيَ وَلَمْ يَاْتِ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهٖ اِلَّا
دٌ عَمِلَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ

۵۲۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ابوبکر کے مولیٰ سمی نے انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دن بھر میں سو مرتبہ یہ دعا پڑھے گا (ترجمہ) "نہیں ہے کوئی معبود سوا اللہ تعالیٰ کے، اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کا ہے اور تمام تعریف اسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، تو اسے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا سو نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جائیں گی، اس روز، دن بھر یہ دعاء شیطان سے اس کی نگہبانی کرتی رہے گی، تا آنکہ شام ہو جائے اور کوئی شخص اس وقت تک اس سے زیادہ افضل عمل کرنے والا نہیں سمجھا جائے گا جب تک وہ اس سے بھی زیادہ عمل نہ کر لے۔

۵۲۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ

۵۲۵۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن

اَبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُالْحَمِيْدِ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَاهُ' سَعْدُ بْنُ وَقَّاصٍ قَالَ اِسْتَاْذَنَ عُمَرُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَه' نِسَاءٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُكَلِّمْنَه' وَيَسْتَكْثِرْنَه' عَالِيَةً اَصْوَاتُهُنَّ فَلَمَّا اسْتَاْذَنَ عُمَرُ قُمْنَ يَبْتَدِرْنَ الْحِجَابَ فَاَذِنَ لَه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ فَقَالَ عُمَرُ اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ عَجِبْتُ مِنْ هٰؤُلَاءِ اللَّاتِىْ كُنَّ عِنْدِىْ فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ فَقَالَ عُمَرُ فَاَنْتَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتَ اَحَقَّ اَنْ يَهَبْنَ ثُمَّ قَالَ اَىْ عَدُوَّاتِ اَنْفُسِهِنَّ اَتَهَبْنَنِىْ وَلَاتَهَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَ نَعَمْ اَنْتَ اَفَظُّ وَ اَغْلَظُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ مَالَقِيَكَ الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا اِلَّا سَالِكًا فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ

ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہا کہ مجھے عبدالحمید بن عبدالرحمٰن بن زید نے خبر دی انہیں محمد بن سعد بن ابی وقاص نے خبر دی اور ان سے ان کے والد سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت چاہی، اس وقت چند قریشی خواتین (ازواج مطہرات) آپ کے پاس بیٹھی آپ سے گفتگو کر رہی تھیں اور آپ سے (نفقہ میں) اضافہ کا مطالبہ کر رہی تھیں، خوب آواز بلند کر کر کے لیکن جوں ہی عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی، ازواج مطہرات جلدی سے پردے کے پیچھے چلی گئیں، پھر رسول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت دی (عمر رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے تو) آنحضور ﷺ مسکرا رہے تھے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کو راضی اور خوش رکھے، یا رسول اللہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ان پر تعجب ہوا، ابھی ابھی میرے پاس تھیں لیکن جوں ہی تمہاری آواز سنی تو پردے کے پیچھے جلدی سے بھاگ گئیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، لیکن آپ، یا رسول اللہ! زیادہ اس کے مستحق تھے کہ آپ سے یہ ڈرتیں پھر انہوں نے کہا، اے اپنی جانوں کی دشمن! مجھ سے تو تم ڈرتی ہو لیکن آنحضور ﷺ سے نہیں ڈرتیں (ازواج مطہرات بولیں کہ واقعہ یہی ہے، کیونکہ آپ رسول اللہ ﷺ کے برخلاف بہت سخت ہیں آنحضور ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، اگر شیطان بھی کہیں راستے میں تم سے مل جاتا ہے تو اپنا راستہ بدل دیتا ہے۔

(۵۲۶) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ ابْنُ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ يَزِيْدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اسْتَيْقَظَ اَرَاهُ اَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهٖ فَتَوَضَّاَ فَلْيَسْتَنْثِرْ ثَلٰثًا فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَبِيْتُ عَلٰى خَيْشُوْمِهٖ

۵۲۶۔ ہم سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابن ابی حازم نے حدیث بیان کی ان سے یزید نے ان سے محمد بن ابراہیم نے ان سے عیسیٰ بن طلحہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جب کوئی شخص سو کر اٹھے اور پھر وضو کرے تو تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا چاہئے، کیونکہ شیطان رات بھر اس کی ناک کے سرے پر رہتا ہے۔

باب ۲۹۶. ذِكْرُالْجِنِّ وَثَوَابِهِمْ وَعِقَابِهِمْ لِقَوْلِهٖ يَامَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيَاتِىْ اِلٰى قَوْلِهٖ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ بَخْسًا

۲۹۶۔ جنوں کا ذکر، ان کا ثواب اور ان پر عقاب!!! اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی روشنی میں کہ "اے معشر جن وانس! کیا انبیاء تمہارے پاس میری نشانیاں بیان کرنے کے لئے نہیں آئے" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "عما یعملون" تک

نقصًا قَالَ مُجَاهِدٌ وَجَعَلُوا بَيْنَه' وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا
قَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ اَلْمَلَائِكَةُ بناتُ اللّٰهِ وَاُمَّهَاتُهُمْ
بناتُ سَرَاوَاتِ الْجِنّ قَالَ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ
لَمُحْضَرُوْنَ سَتُحْضَرُ لِلْحِسَابِ جُنْدٌ مُحْضَرُوْنَ
عِنْدَالحِسَابِ

(قرآن مجید میں) بخسأ۔ بمعنی نقص ہے مجاہد نے (قرآن کی آیت) "وجعلوا بينه وبين الجنة نسباً" کے متعلق فرمایا کہ کفار قریش کہا کرتے تھے کہ ملائکہ اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں ہیں اور جنوں کے سرداروں کی بیٹیاں ان کی مائیں ہیں (اس کی تردید میں) اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ "فرشتوں کو خوب معلوم ہے کہ یہ کفار حاضر کئے جائیں گے"، یعنی حساب کے لئے (اللہ کے حضور) حاضر ہوں گے جند محضرون سے مراد بھی حساب کے وقت حاضر ہونا ہے۔

(۵۲۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰه بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِىْ صَعْصَعَةَ الْاَنْصَارِىِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّه' اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَاسَعِيْدِ الْخُدْرِىَّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَه' اِنِّىْ اَرَاكَ تُحِبُّ الْغَنَمَ وَالْبَادِيَةَ فَاِذَا كُنْتَ فِىْ غَنَمِكَ وَبَادِيَتِكَ فَاَذَّنْتَ بِالصَّلَاةِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالنِّدَاءِ فَاِنَّه' لَايَسْمَعُ مَدَى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَلَا اِنْسٌ وَلَا شَىْءٌ اِلَّاشَهِدَ لَه' يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ اَبُوسَعِيْدٍ سَمِعْتُه' مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۲۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے مالک نے ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی صعصعہ انصاری نے اور انہیں ان کے والد نے خبر دی کہ ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میرا خیال ہے کہ تم بکریوں کے ساتھ جنگل و بیابان کی زندگی کو پسند کرتے ہو اس لئے جب کبھی اپنی بکریوں کے ساتھ تم کسی بیابان میں موجود ہو اور (وقت ہونے پر) نماز کے لئے اذان دو تو، اذان دیتے ہوئے اپنی آواز خوب بلند کیا کرو، کیونکہ مؤذن کی آواز اذان کو جہاں تک بھی کوئی انسان یا جن یا کوئی چیز بھی سنے گی تو قیامت کے دن اس کے لئے گواہی دے گی، ابوسعید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ حدیث میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی۔

باب ۲۹۶. وَ قَوْلُ اللّٰه جَلَّ وَعَزَّ وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَيْكَ نَفَرًا مِنَ الجِنّ اِلٰى قَوْلِهٖ اُولٰئِكَ فِىْ ضَلَالٍ مُبِيْنٍ مَصْرِفًا مَعْدِلًا صَرَفْنَا اَىْ وَجَّهْنَا

۲۹۶۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب ہم نے آپ کی طرف جنوں کی جماعت کا رخ کر دیا" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اولئک فی ضلال مبین" تک مصرف بمعنی لوٹنے کی جگہ صرفنا یعنی ہم نے رخ کر دیا۔

باب ۲۹۷. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلثُّعْبَانُ الْحَيَّةُ الذَّكَرُ مِنْهَا يُقَالُ الْحَيَّاتُ اَجْنَاسٌ اَلْجَانُّ وَالْاَفَاعِىْ وَالْاَسَاوِدُ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا فِىْ مُلْكِهٖ وَسُلْطَانِهٖ يُقَالُ صَافَّاتٍ بُسُطٌ اَجْنِحَتَهُنَّ يَقْبِضْنَ يَضْرِبْنَ بِاَجْنِحَتِهِنَّ

۲۹۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور پھیلا دیئے ہم نے زمین پر ہر طرح کے جانور" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (قرآن مجید میں لفظ) ثعبان نر سانپ کے لئے آتا ہے سانپوں کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں، جان، افعی اور اسود (وغیرہ) (آیت میں) "آخذ بنا صیتها" سے مراد اس کے زیر فرمان اور زیر حکم ہونا ہے صافات بمعنی اپنے بازوؤں کو پھیلائے ہوئے یقبضن بمعنی اپنے بازوؤں کو پھڑ پھڑاتے ہوئے۔

(۵۲۸) حَدَّثَنَا عبداللّٰه ابن محمد حَدَّثَنَا هشام بن يوسف حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّه' سَمِعَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنبَرِ يَقُوْلُ اُقْتُلُوا

۵۲۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے ہشام بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے ان سے سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ ﷺ منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرما

الْحَيَّاتِ وَاقْتُلُوا ذَاالطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَيَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ فَبَيْنَا اَنَا اُطَارِدُ حَيَّةً لِاَقْتُلَهَا فَنَادَانِيْ اَبُوْلُبَابَةَ لَاتَقْتُلْهَا فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ قَالَ اِنَّهٗ نَهٰى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ وَهِيَ الْعَوَامِرُ وَقَالَ عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ فَرَاٰنِيْ اَبُوْ لُبَابَةَ اَوْزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ وَتَابَعَهٗ يُوْنُسُ وَابْنُ عُيَيْنَةَ وَاِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ وَالزُّبَيْدِيُّ وَقَالَ صَالِحٌ وَابْنُ اَبِيْ حَفْصَةَ وَابْنُ مُجَمِّعٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَاٰنِيْ اَبُوْلُبَابَةَ وَزَيْدُ بْنُ الْخَطَّابِ

رہے تھے کہ سانپوں کو مار ڈالا کرو (خصوصاً) ان کو جن کے سروں پر دو نقطے ہوتے ہیں۔ اور دم بریدہ سانپ کو بھی، کیونکہ یہ دونوں آنکھ کی روشنی تک کو زائل کر دیتے ہیں (اگر آدمی کی نظر ان پر پڑ جائے) اور حمل تک گرا دیتے ہیں (اگر کوئی عورت انہیں دیکھ لے) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں ایک سانپ کو مارنے کی کوشش کر رہا تھا کہ مجھ سے ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے پکار کر کہا کہ اسے نہ ماریئے میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے تو سانپوں کو مارنے کا حکم دیا تھا لیکن انہوں نے بتایا کہ بعد میں پھر آنحضور ﷺ نے گھروں میں رہنے والے سانپوں کو مارنے سے منع کر دیا تھا، ❶ ایسے سانپ عوامر کہلاتے ہیں اور عبدالرزاق نے معمر کے واسطہ سے بیان کیا (اور ان سے زہری نے) کہ پھر مجھے ابولبابہ رضی اللہ عنہ یا زید بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بتایا (شبہ کے ساتھ) معمر کی متابعت یونس، ابن عیینہ، اسحاق کلبی اور زبیدی نے کی، صالح، ابن ابی حفصہ اور ابن مجمع نے زہری کے واسطہ سے بیان کیا ان سے سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ مجھے ابولبابہ اور زید بن خطاب رضی اللہ عنہما نے بتایا۔

باب ۲۹۸. خَيْرُ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ

۲۹۸۔ مسلمان کا سب سے عمدہ سرمایہ وہ بکریاں ہوں گی جنہیں وہ پہاڑ کی چوٹی پر لے کر چلا جائے گا۔

(۵۲۹) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ صَعْصَعَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ اَنْ يَّكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الرَّجُلِ غَنَمٌ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ يَفِرُّ بِدِيْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ

۵۲۹۔ ہم سے اسماعیل بن ابی اویس نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی صعصعہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایک زمانہ آئے گا جب مسلمان کا سب سے عمدہ سرمایہ اس کی وہ بکریاں ہوں گی جنہیں وہ پہاڑ کی چوٹیوں پر اور وادیوں میں لے کر چلا جائے گا تاکہ اس طرح اپنے دین و ایمان کو فتنوں سے بچا لے۔

(۵۳۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ

۵۳۰۔ ہم سے محمد عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے

---

❶ حدیث کے ظاہری الفاظ سے تعمیم مفہوم ہوتی ہے، لیکن امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ ممانعت خاص مدینہ منورہ کے گھروں کے سانپوں کو مارنے سے آئی ہے۔ بعض حضرات نے شہروں کے مکانات میں رہنے والے سانپ کو مارنے کی حد تک ممانعت کی تعلیم کی ہے۔ بہر حال ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ عموماً گھروں کے سانپ جنات ہوتے ہیں جو کبھی کبھی سانپ کی صورت میں متشکل ہو جاتے ہیں۔ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں منقول ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ ان گھروں میں رہنے والے سانپ عوامر ہوتے ہیں۔ اس لئے جب تم انہیں دیکھو تو تین (مرتبہ یا دن) انہیں متنبہ کرو، اگر اس کے بعد بھی وہ باز نہ آئیں تو انہیں مار ڈالو۔

عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاسُ الْكُفْرِ نَحْوَالْمَشْرِقِ وَالفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِی اَهْلِ الْخَيْلِ وَالْاِبِلِ وَالفَدَّادِيْنَ اَهْلِ الْوَبَرِ وَالسَّكِيْنَةُ فِی اَهْلِ الغَنَمِ

خبر دی، انہیں ابوالزناد نے، انہیں اعرج نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کفر کی بنیاد مشرق میں ہے اور فخر اور تکبر گھوڑے والوں، اونٹ والوں، اور کسانوں میں ہوتا ہے جو (عموماً) گاؤں کے رہنے والے ہوتے ہیں لیکن بکری والوں میں سکینت ہوتی ہے۔

(۵۳۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيیٰ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِی قَيْسٌ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَمْرٍو اَبِی مَسْعُوْدٍ قَالَ اَشَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ نَحْوَ الْيَمَنِ فَقَالَ الْاِيْمَانُ يَمَانٍ هٰهُنَا اَلَا اِنَّ الْقَسْوَةَ وَغَلَظَ الْقُلُوْبِ فِی الْفَدَّادِيْنَ عِنْدَ اُصُوْلِ اَذْنَابِ الْاِبِلِ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنَا الشَّيْطَانِ فِی رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ

۵۳۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل نے بیان کیا کہ مجھ سے قیس نے حدیث بیان کی اور ان سے عقبہ بن عمرو ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے یمن کی طرف اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ایمان تو ادھر ہے، یمن میں وہاں، اور قساوت اور سخت دلی اس طرف ہے جدھر سے شیطان کے دونوں سینگ طلوع ہوتے ہیں (سورج کے طلوع کے وقت، مشرق کی طرف سے) قبیلہ ربیعہ، اور مضر کے کسانوں میں، ان کے اونٹوں کی دم کے پیچھے۔

(۵۳۲) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ رَبِيْعَةَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيْكَةِ فَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَاِنَّهَا رَاَتْ مَلَكًا وَاِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيْقَ الْحِمَارِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ فَاِنَّهٗ رَاٰی شَيْطَانًا

۵۳۲۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے جعفر بن ربیعہ نے ان سے اعرج نے ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جب مرغ کو بانگ دیتے سنا کرو (سحر کے وقت) تو اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل کے لئے دعاء کیا کرو، کیونکہ وہ فرشتے کو دیکھ کر (بانگ دیتا ہے) اور جب گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو، کہ وہ شیطان کو دیکھ کر (آواز دیتا ہے۔)

(۵۳۳) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا رَوْحٌ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِی عَطَاءٌ سَمِعَ جَابِرًا بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ اَوْ اَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ فَاِنَّ الشَّيَاطِيْنَ تَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ فَاِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوْهُمْ وَاَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا قَالَ وَاَخْبَرَنِی عَمْرُ بْنُ دِيْنَارٍ سَمِعَ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ نَحْوَمَا اَخْبَرَنِی عَطَاءٌ وَلَمْ يَذْكُرْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

۵۳۳۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی انہیں روح نے خبر دی انہیں ابن جریج نے خبر دی کہا کہ مجھے عطاء نے خبر دی اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب رات کی تاریکی محیط ہونے لگے یا (آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ) جب شام ہو جائے تو اپنے بچوں کو اپنے پاس بلا لیا کرو، کیونکہ شیاطین...... اسی وقت پھیلتے ہیں پھر جب رات کا کچھ حصہ گزر جائے تو انہیں چھوڑ دو (سونے، کھانے وغیرہ کے لئے) اور دروازے بند کرلو اور اللہ کا ذکر کرو، کیونکہ شیطان کسی بند دروازے کو نہیں کھول سکتا، بیان کیا اور مجھے عمرو بن دینار نے خبر دی کہ انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بعینہ اسی طرح حدیث سنی تھی جس طرح مجھے عطاء نے خبر دی تھی البتہ انہوں نے اس کا ذکر نہیں کیا کہ ''اللہ کا ذکر کرو۔''

(۵۳۴) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُقِدَتْ اُمَّةٌ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ لَايُدْرٰی مَافَعَلَتْ وَاِنِّیْ لَااُرَاهَا اِلَّا الْفَارَ اِذَا وُضِعَ لَهَا اَلْبَانُ الْاِبِلِ لَمْ تَشْرَبْ وَاِذَا وُضِعَ لَهَا اَلْبَانُ الشَّاءِ شَرِبَتْ فَحَدَّثْتُ كَعْبًا فَقَالَ اَنْتَ سَمِعْتَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهٗ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ لِیْ مِرَارًا فَقُلْتُ اَفَاَقْرَأُ التَّوْرَاةَ

۵۳۴۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے، ان سے محمد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بنی اسرائیل کا ایک طبقہ (مسخ ہونے کے بعد) ناپید ہوگیا کچھ معلوم نہیں ان کا کیا ہوا، میرا تو خیال ہے کہ انہیں چوہے کی صورت میں مسخ کر دیا گیا تھا چوہوں کے سامنے جب اونٹ کا دودھ رکھا جاتا ہے تو وہ اسے نہیں پیتے، لیکن اگر بکری کا دودھ رکھا جائے تو پی جاتے ہیں، پھر میں نے یہ حدیث کعب احبار سے بیان کی تو انہوں نے (حیرت سے) پوچھا کیا واقعی آپ نے آنحضور ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے؟ کئی مرتبہ انہوں نے یہ سوال کیا میں اس پر بولا، کیا کوئی میں نے تورات پڑھی ہے (کہ اس میں سے دیکھ کر بیان کردوں گا۔)

(۵۳۵) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْوَزَغِ الْفُوَيْسِقُ وَلَمْ اَسْمَعْهُ اَمَرَ بِقَتْلِهٖ وَزَعَمَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِهٖ

۵۳۵۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی ان سے ابن وہب نے بیان کیا ان سے یونس نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے ان سے عروہ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے گرگٹ کے متعلق فرمایا تھا کہ وہ موذی (فویسق) ہے لیکن میں نے آپ سے اسے مار ڈالنے کا حکم نہیں سنا تھا اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بتاتے تھے کہ آنحضور ﷺ نے اسے مار ڈالنے کا حکم دیا تھا۔

(۵۳۶) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْحَمِيْدِ بْنُ جُبَيْرِ ابْنِ شَيْبَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اُمَّ شَرِيْكٍ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهَا بِقَتْلِ الْاَوْزَاغِ

۵۳۶۔ ہم سے صدقہ نے حدیث بیان کی انہیں ابن عیینہ نے خبر دی ان سے عبدالحمید بن جبیر بن شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن المسیب نے اور انہیں ام شریک رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ نے گرگٹ کو مار ڈالنے کا حکم دیا تھا۔

(۵۳) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوْا ذَاالطُّفْيَتَيْنِ فَاِنَّهٗ يَلْتَمِسُ الْبَصَرَ وَيُصِيْبُ الْحَبَلَ

۵۳ ۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس سانپ کے سر پر دو نقطے ہوتے ہیں اسے (اگر وہ کہیں مل جائے تو) مار ڈالا کرو، کیونکہ وہ اندھا بنا دیتے ہیں اور حمل کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔

(۵۳۷) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْاَبْتَرِ وَقَالَ اِنَّهٗ يُصِيْبُ الْبَصَرَ وَيُذْهِبُ الْحَمْلَ

۵۳۷۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے بیان کیا ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے دم بریدہ سانپ کو مار ڈالنے کا حکم دیا...... تھا اور فرمایا تھا کہ بینائی کو نقصان پہنچاتا

ہے اور حمل کو ساقط کر دیتا ہے۔

(۵۳۹) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِيٍّ عَنْ اَبِیْ یُوْنُس الْقُشَیْرِیُّ عَنْ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ کَانَ یَقْتُلُ الْحَیَّاتِ ثُمَّ نَهٰی قَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَدَمَ حَائِطًا لَه، فَوَجَدَ فِیْهِ سِلْخَ حَیَّةٍ فَقَالَ انْظُرُوْا اَیْنَ هُوَ فَنَظَرُوْا فَقَالَ اقْتُلُوْهُ فَکُنْتُ اَقْتُلُهَا لِذٰلِکَ فَلَقِیْتُ اَبَا لُبَابَةَ فَاَخْبَرَنِیْ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقْتُلُوا الْجِنَانَ اِلَّا کُلَّ اَبْتَرَذِیْ طُفْیَتَیْنِ فَاِنَّه، یُسْقِطُ الْوَلَدَ وَیُذْهِبُ الْبَصَرَ فَاقْتُلُوْهُ

۵۳۹۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی ان سے ابن عدی نے حدیث بیان کی ان سے ابو یونس قشیری نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سانپوں کو مار ڈالا کرتے تھے لیکن بعد میں انہیں مارنے سے منع کرنے لگے تھے انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی ایک دیوار گروائی تو اس میں سے ایک سانپ کی کینچلی نکلی، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اب تلاش کرو، سانپ کہاں ہے، صحابہؓ نے تلاش کیا (اور وہ مل گیا) تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے مار ڈالو، میں بھی اسی وجہ سے سانپوں کو مار ڈالا کرتا تھا، پھر میری ملاقات ایک دن ابولبابہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو انہوں نے مجھے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا، سانپوں کو نہ مارا کرو، سوا دم بریدہ سانپ کے جس کے سر پر دو نقطے ہوتے ہیں کہ یہ حمل کو ساقط کر دیتا ہے اور آدمی کو اندھا بنا دیتا ہے اس لئے اس سانپ کو مار ڈالا کرو۔

(۵۴۰) حَدَّثَنَا مَالِکُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّه، کَانَ یَقْتُلُ الْحَیَّاتِ فَحَدَّثَه، اَبُوْ لُبَابَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ قَتْلِ جِنَانِ الْبُیُوْتِ فَاَمْسَکَ عَنْهَا

۵۴۰۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی اور ان سے نافع نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سانپوں کو مار ڈالا کرتے تھے (جب بھی انہیں موقعہ مل جاتا) پھر ان سے ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے گھروں کے سانپوں کو مارنے سے منع کیا تھا اس لئے انہیں نہ مارا کیجئے۔

باب ۲۹۹. اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِی شَرَابِ اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْهُ فَاِنَّ فِی اَحَدِ جَنَاحَیْهِ دَاءً وَفِی الْاُخْرٰی شِفَاءً. وَخَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ فَوَاسِقُ یُقْتَلْنَ فِی الْحَرَمِ

۲۹۹۔ اگر کسی کے مشروب میں مکھی گر جائے تو اسے ڈبو لینا چاہئے، کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری (کے جراثیم) ہوتے ہیں اور دوسرے پر میں (ان جراثیم سے پیدا ہونے والی بیماری کی) شفاء ہوتی ہے اور پانچ جانور موذی ہیں، انہیں حرم میں مارا جا سکتا ہے۔

(۵۴۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ فَوَاسِقُ یُقْتَلْنَ فِی الْحَرَمِ الْفَارَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْحُدَیَّا وَالْغُرَابُ وَالْکَلْبُ الْعَقُوْرُ

۵۴۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، پانچ جانور موذی ہیں، انہیں حرم میں مارا جا سکتا ہے۔ چوہا، بچھو، چیل، کوا، اور کاٹ لینے والا کتا۔

(۵۴۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۵۴۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن دینار نے اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، پانچ جانور ایسے ہیں جنہیں اگر کوئی شخص حالت

قَالَ خَمسٌ مِنَ الدَّوابِّ مَنْ قَتَلهُنَّ وَهُوَ مُحرِمٌ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ الْعَقرَبُ وَالفَارَةُ والكَلْبُ الْعَقُوْرُ وَالغُرَابُ وَالْحِدَأَةُ

احرام میں بھی مار ڈالے تو اس کے لئے کوئی مضائقہ نہیں، بچھو، چوہا، کاٹ لینے والا کتا، کوا، اور چیل۔

(۵۴۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيْرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَفَعَه' قَالَ خَمِّرُوا الْاٰنِيَةَ وَاَوْكُوا الْاَسْقِيَةَ وَاَجِيْفُوا الْاَبْوَابَ وَاَكْفِتُوْا صِبْيَانَكُمْ عِنْدَالْعِشَاءِ فَاِنَّ لِلْجِنِّ اِنْتِشَارًا وَخَطْفَةً وَاَطْفِئُوْا الْمَصَابِيْحَ عِنْدَالرُّقَادِ فَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِيْلَةَ فَاَحْرَقَتْ اَهْلَ الْبَيْتِ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ وَحَبِيْبٌ عَنْ عَطَاءٍ فَاِنَّ لِلشَّيَاطِيْنِ

۵۴۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی ان سے کثیر نے ان سے عطاء نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا برتنوں کو ڈھک لیا کرو، مشکیزوں (کے منہ) کو باندھ لیا کرو، دروازے بند کرلیا کرو اور اپنے بچوں کو اپنے پاس جمع کرلیا کرو، شام ہوتے ہی کیونکہ شیطان اسی وقت (روئے زمین پر) پھیلتے ہیں اور دست درازی کرتے ہیں۔ اور سوتے وقت چراغ بجھا لیا کرو، کیونکہ موذی (چوہا) بعض اوقات جلتی بتی کو کھینچ لاتا ہے اور اس طرح گھر والوں کو جلا دیتا ہے۔ ابن جریج اور حبیب نے عطاء کے واسطہ سے بیان کیا کہ "بعض اوقات شیطان" (بجائے لفظ فویسق بمعنی موذی کے۔)

(۵۴۴) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ فَنَزَلَتْ وَالْمُرْسَلاتِ عُرْفًا فَاِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ اِذْخَرَجَتْ حَيَّةٌ مِنْ جُحْرِهَا فَابْتَدَرْنَاهَا لِنَقْتُلَهَا فَسَبَقَتْنَا فَدَخَلَتْ جُحْرَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا وَعَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ مِثْلَه' قَالَ وَاِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ رَطْبَةً وَتَابَعَه' اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ وَقَالَ حَفْصٌ اَبُوْمُعَاوِيَةَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ

۵۴۴۔ ہم سے عبدہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی انہیں یحییٰ بن آدم نے خبر دی، انہیں اسرائیل نے، انہیں منصور نے انہیں ابراہیم نے، انہیں علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (مقام منیٰ میں) ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غار میں قیام کئے ہوئے تھے کہ آیت "والمرسلات عرفاً" نازل ہوئی۔ ابھی ہم آنحضور ﷺ کی زبان مبارک سے اسے سیکھ رہے تھے کہ ایک سانپ ایک سوراخ سے نکلا ہم اسے مارنے کے لئے آگے بڑھے لیکن وہ بھاگ گیا اور اپنے سوراخ میں داخل ہوگیا، آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، تمہارے ضرر سے وہ اسی طرح محفوظ رہا، جیسے تم اس کے ضرر سے محفوظ رہے اور اسرائیل سے روایت ہے ان سے اعمش نے ان سے ابراہیم نے ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسی طرح بیان کیا، کہا کہ ہم آنحضور ﷺ کی زبان سے آیت تازہ بتازہ سیکھ رہے تھے اور اسکی متابعت ابوعوانہ نے مغیرہ کے واسطہ سے کی اور حفص، ابومعاویہ اور سلیمان بن قرم نے اعمش کے واسطہ سے بیان کیا ان سے ابراہیم نے، ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے۔

(۵۴۵) حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَخْبَرَنَا عَبْدُالْاَعْلٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

۵۴۵۔ ہم سے نصر بن علی نے حدیث بیان کی انہیں عبدالاعلیٰ نے خبر دی ان سے عبیداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی ان سے نافع نے اور ان

رَضِیَ اللّٰہُ عَنھُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلَتْ اِمْرَاَۃٌ النَّارَ فِیْ ھِرَّۃٍ رَبَطَتْھَا فَلَمْ تُطْعِمْھَا وَلَمْ تَدَعْھَا تَاکُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ قَالَ وَحَدَّثَنَا عُبَیْدُاللّٰہِ عَنْ سَعِیْدِ نِالْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِثْلَہٗ

سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے بیان فرمایا، ایک عورت ایک بلی کی وجہ سے جہنم میں گئی، اس نے بلی کو باندھ رکھا تھا، نہ تو اسے کھانے کے لئے دیتی تھی اور نہ چھوڑتی ہی تھی کہ کیڑے مکوڑے کھا کر (اپنی جان بچالے) کہا اور ہم سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سعید مقبری نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے، اسی طرح۔

(۵۴۶) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اَبِیْ اُوَیْسٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِکٌ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ نَزَلَ نَبِیٌّ مِنَ الْاَنْبِیَاءِ تَحْتَ شَجَرَۃٍ فَلَدَغَتْہُ نَمْلَۃٌ فَاَمَرَ بِجَھَازِہٖ فَاُخْرِجَ مِنْ تَحْتِھَا ثُمَّ اَمَرَ بِبَیْتِھَا فَاُحْرِقَ بِالنَّارِ فَاَوْحَی اللّٰہُ اِلَیْہِ فَھَلَّا نَمْلَۃً وَّاحِدَۃً

۵۴۶۔ ہم سے اسماعیل بن ابی اویس نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گروہ انبیاء میں سے ایک نبی ایک درخت کے سائے میں ٹھہرے۔ وہاں انہیں کسی چیونٹی نے کاٹ لیا تو انہوں نے اس کے چھتے کو درخت کے نیچے سے نکالنے کا حکم دیا، وہ نکالا گیا، پھر انہوں نے اس کے گھر کو جلا دینے کا حکم دیا اور وہ آگ سے جلا دیا گیا، اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی بھیجی کہ آپ نے ایک ہی چیونٹی پر اکتفا کیوں نہیں کیا (جس نے کاٹا تھا، سزا صرف اسے ہی ملنی چاہئے تھی۔

باب ۳۰۰۔ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ شَرَابِ اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْہُ فَاِنَّ فِیْ اِحْدٰی جَنَاحَیْہِ دَاءً وَفِی الْاُخْرٰی شِفَاءً

۳۰۰۔ جب مکھی کسی کے مشروب میں پڑ جائے تو اسے ڈبو لینا چاہئے کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری (کے جراثیم) ہوتے ہیں اور دوسرے میں اس کی شفاء ہوتی ہے۔

(۵۴۷) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُتْبَۃُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ بْنُ حُنَیْنٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَقُوْلُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ شَرَابِ اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْہُ ثُمَّ لِیَنْزِعْہُ فَاِنَّ فِیْ اِحْدٰی جَنَاحَیْہِ دَاءً وَّالْاُخْرٰی شِفَاءً

۵۴۷۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عتبہ بن مسلم نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عبید بن حنین نے خبر دی کہا کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب مکھی کسی کے مشروب میں پڑ جائے تو اسے ڈبو لینا چاہئے اور پھر نکال کر پھینک دینا چاہئے، کیونکہ اس کے ایک پر میں (بیماری کے جراثیم) ہوتے ہیں اور دوسرے میں اس کی شفا ہوتی ہے۔

(۵۴۸) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ وَابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ غُفِرَ لِاِمْرَاَۃٍ مُوْمِسَۃٍ مَرَّتْ بِکَلْبٍ عَلٰی رَاْسِ رَکِیٍّ یَلْھَثُ قَالَ کَادَ یَقْتُلُہٗ

۵۴۸۔ ہم سے حسن بن صباح نے حدیث بیان کی ان سے اسحاق ازرق نے حدیث بیان کی ان سے عوف نے حدیث بیان کی ان سے حسن اور ابن سیرین نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ایک فاحشہ عورت کی اس وجہ سے مغفرت ہوگئی تھی کہ وہ ایک کتے کے قریب سے گزر رہی تھی جو ایک کنویں کے قریب کھڑا ہانپ رہا تھا ایسا

الْعَطَشُ فَنَزَعَتْ خُفَّهَا فَاَوْثَقَتْهُ بِخِمَارِهَا فَنَزَعَتْ لَهُ مِنَ الْمَاءِ فَغُفِرَ لَهَا بِذٰلِکَ

معلوم ہوتا تھا کہ پیاس کی شدت کی وجہ سے ابھی مرجائے گا اس عورت نے اپنا جوتا نکالا اور اس میں اپنا دوپٹہ باندھ کر اس کے لئے پانی نکالا او کتے کو پانی پلا کر اس کی جان بچائی) تو اس کی مغفرت اسی (عمل) کی وجہ سے ہوگئی تھی!

(۵۴۹) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ حَفِظْتُهُ مِنَ الزُّهْرِیِّ کَمَا اَنَّکَ هٰهُنَا اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَدْخُلُ الْمَلٰٓئِکَةُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَلَاصُوْرَةٌ

۵۴۹۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے اسی طرح (سن کر) یہ حدیث یاد کی تھی، جیسے تم یہاں موجود ہو (انہوں نے بیان کیا کہ) مجھے عبیداللہ نے خبر دی، انہیں ابن عباس نے اور انہیں ابوطلحہ رضی اللہ عنہم نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، فرشتے ان گھروں میں نہیں داخل ہوتے جن میں کتا یا تصویر ہو۔

(۵۵۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ

۵۵۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے خبر دی، انہیں نافع نے اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے کتے کو مارنے کا حکم دیا تھا۔ ❶

(۵۵۱) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْسَلَمَةَ اَنَّ اَبَاهُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَمْسَکَ کَلْبًا یَنْقُصُ من عَمَلِهٖ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ اِلَّا کَلْبَ حَرْثٍ اَوْکَلْبَ مَاشِیَةٍ

۵۵۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے بیان کیا، ان سے ابوسلمہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جو شخص کتا پالتا ہے، اس کے عمل نیک سے روزانہ ایک قیراط کم کر دیا جاتا ہے (ثواب کا) کھیت کے لئے یا مویشی کے لئے جو کتے پالے جائیں وہ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۵۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ خُصَیْفَةَ قَالَ اَخْبَرَنِی السَّائِبُ بْنُ یَزِیْدَ سَمِعَ سُفْیَانَ بْنَ اَبِیْ زُهَیْرٍ الشَّنُوِیَّ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنِ اقْتَنٰی کَلْبًا لَایُغْنِیْ عَنْهُ زَرْعًا وَّلَاضَرْعًا نَقَصَ من عَمَلِهٖ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ فَقَالَ السَّائِبُ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیْ

۵۵۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے یزید بن خصیفہ نے خبر دی کہا کہ مجھے سائب بن یزید نے خبر دی انہوں نے سفیان بن ابی زہیر شنوی رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ بیان فرما رہے تھے کہ جس نے کوئی کتا پالا، نہ تو پالنے والے کا مقصد کھیت کی حفاظت تھی اور نہ مویشیوں کی، تو روزانہ اس کے عمل خیر میں سے ایک قیراط (ثواب) کی کمی ہو جایا کرے گی سائب نے پوچھا، کیا آپ نے خود یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی

❶ آنحضور ﷺ نے شکار کے لئے یا گھربار کی رکھوالی کے لئے کتے پالنے کی اجازت دی تھی، محدثینؒ نے لکھا ہے کہ پاگل یا جو کتے انسانوں کے دشمن ہوں اور کاٹنے کے لئے دوڑتے ہوں انہیں آپ ﷺ نے مارنے کا حکم دیا تھا، آپ ﷺ کی مراد تمام کتوں سے نہیں تھی اصل بات یہ ہے کہ اسلام کی نظر میں کتا ایک بد ترین مخلوق ہے اور صرف مجبوریوں کی صورت میں ہی اسے برداشت کیا گیا ہے اس لئے حتی الامکان اسے دور رکھنے کی تاکید کی گئی ہے۔

وَرَبِّ هٰذِهِ الْقِبْلَةِ

انہوں نے فرمایا ہاں، اس قبلہ کے رب کی قسم، (میں نے خود سنا تھا۔)

كِتَابُ الْاَنْبِيَاءِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيهِمْ

ذکر انبیاء علیہم السّلام

باب ۳۰۱. خَلْقِ اٰدَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيهِ وَذُرِّيَّتِهٖ صَلْصَالٌ طِيْنٌ خُلِطَ بِرَمْلٍ فَصَلْصَلَ كَمَا يُصَلْصِلُ الْفَخَّارُ وَيُقَالُ مُنْتِنٌ يُرِيْدُوْنَ بِهٖ صَلَّ كَمَا يُقَالُ صَرَّ الْبَابُ وَصَرْصَرَ عِنْدَ الْاِغْلَاقِ مِثْلُ كَبْكَبْتُهٗ يَعْنِيْ كَبَبْتُهٗ فَمَرَّتْ بِهٖ اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَاَتَمَّتْهُ اَنْ لَا تَسْجُدَ اَنْ تَسْجُدَ

۳۰۱۔حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی ذریت کی پیدائش (قرآن مجید میں لفظ) صلصال کے معنی ایسی مٹی کے ہیں جس میں ریت ملایا گیا ہو، اور وہ اس طرح بجنے لگے جیسے پکی ہوئی مٹی بجتی ہے منتن بولتے ہیں اور اس سے صل مراد لیتے ہیں (اور اس کا مضاعف صلصل ہے، اس کے ہم معنی) کہتے ہیں۔ صر الباب اور صرصر (مضاعف کر کے) دروازہ بند کرتے وقت کی آواز کے لئے، جیسے کبکبتہ، کببتہ کے معنی میں ہے (تضعیف اور بغیر تضعیف کے۔) (قرآن مجید میں) مرت بہ کے معنی یہ ہیں کہ (حوا علیہا السلام، ایام حمل گزارتی رہیں یہاں تک کہ دن پورے کر لئے۔ ان لاتسجد معنی میں ان تسجد کے ہیں۔

باب ۳۰۲. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ اِلَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ فِيْ كَبَدٍ فِيْ شِدَّةِ خَلْقٍ وَرِيَاشًا الْمَالُ وَقَالَ غَيْرُهٗ الرِّيَاشُ وَالرِّيْشُ وَاحِدٌ وَهُوَ مَاظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ مَاتُمْنُوْنَ النُّطْفَةُ فِيْ اَرْحَامِ النِّسَاءِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ النُّطْفَةُ فِي الْاِحْلِيْلِ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ فَهُوَ شَفْعٌ السَّمَاءُ شَفْعٌ وَالْوَتْرُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِيْ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ فِيْ اَحْسَنِ خَلْقٍ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ اِلَّا مَنْ اٰمَنَ خُسْرٍ ضَلَالٍ ثُمَّ اسْتَثْنٰى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ لَازِبٍ لَازِمٌ نُنْشِئَكُمْ فِيْ اَيِّ خَلْقٍ نَشَاءُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ نُعَظِّمُكَ وَقَالَ اَبُوالْعَالِيَةِ فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمَاتٍ فَهُوَ قَوْلُهٗ رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا فَاَزَلَّهُمَا فَاسْتَزَلَّهُمَا وَيَتَسَنَّهْ يَتَغَيَّرْ اٰسِنٌ مُتَغَيِّرٌ وَالْمَسْنُوْنُ الْمُتَغَيِّرُ حَمَإٍ جَمْعُ حَمْاَةٍ وَهُوَ الطِّيْنُ الْمُتَغَيِّرُ

۳۰۲۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں زمین پر اپنا ایک خلیفہ بنانے والا ہوں۔" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (قرآن مجید میں) "لما علیها حافظ" الا علیها حافظ کے معنی میں ہے (قبیلہ ہذیل کی زبان کے مطابق) فی کبد. بمعنی فی شدۃ خلق. وریاشاً (حسن کی قرأت کے مطابق) قرأت متواترہ وریشاً ہے، حسن کی قرأت کے مطابق۔ بمعنی مال۔ دوسرے حضرات نے کہا ہے کہ ریاش اور ریش ہم معنی ہیں لباس کا جو حصہ اوپر ہو اس کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ماتمنون یعنی نطفہ جو عورت کے رحم میں (جاتا ہے) مجاہد نے "انه علیٰ رجعه لقادر" کے متعلق فرمایا (مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ) نطفہ کو پھر دوبارہ احلیل ذکر میں (لوٹا دے) جتنی چیزیں بھی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیں انہیں جوڑا کر کے پیدا کیا، آسمان کا بھی جوڑا بنایا (زمین کو) یکتا ذات صرف اللہ کی ہے فی احسن تقویم بمعنی سب سے عمدہ پیدائش میں (اللہ تعالیٰ انسان کو) عمر کے سب سے ناقص حصے (پیروی وضعیفی) میں پہنچا دیتے ہیں (کہ کوئی کام نہیں کر سکتا اور حسنات کا سلسلہ ختم ہو جاتا ہے) سوا ان

يَخْصِفَانِ اَخْذُ الْخِصَافِ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ يُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ وَيَخْصِفَانِ بَعْضَه، اِلٰى بَعْضٍ سَوْاٰتُهُمَا كِنَايَةٌ عن فَرْجَيْهِمَا وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ هٰهُنَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْحِيْنُ عِنْدَالْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ اِلٰى مَالَايُحْصَى عَدَدُه قَبِيْلُه، جِيْلُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُمْ

کے جو ایمان لائے (اور آخر تک اعمال خیر کرتے رہے) خسر بمعنی گمراہی اور بے راہی) پھر "الا من امن" سے استثناء کیا (یعنی مومن اس سے مستثنیٰ ہیں) لازب بمعنی لازم ننشئکم یعنی جس صورت وہیئت میں بھی ہم چاہیں گے۔ "نسبح بحمدک" یعنی ہم تیری تعظیم وتنزیہ کرتے ہیں، ابوالعالیہ نے کہا ہے کہ آیت فتلقی ادم من ربہ کلمات سے مراد کلمات دعائیہ یہ ہیں "ربنا ظلمنا انفسنا" الخ' فازلهما یعنی انہیں لغزش اور غلطی پر اکسایا' یتسنہ بمعنی یتغیر، آسن بمعنی متغیر، مسنون بمعنی متغیر، حماء، حماۃ کی جمع ہے ایسی مٹی کو کہتے ہیں جس کا رنگ (امتداد زمانہ سے) بدل گیا ہو۔ یخصفان یعنی ملانے لگے، من ورق الجنۃ' مطلب یہ ہے کہ پتوں کو ملا کر ایک کو دوسرے کے ساتھ جوڑنے لگے تھے (تاکہ ستر پوشی کرسکیں) سوآتھما' شرم گاہ سے کنایہ ہے' متاع الی حین' سے اس موقع پر مراد قیامت تک کا وقت ہے لفظ "حین" عربی محاورہ میں تھوڑی دیر سے لے کر زمانہ کے غیر متناہی سلسلے تک کے لئے بولا جاتا ہے، قبیلہ' یعنی وہ طبقہ جس سے اس کا تعلق ہے!!

(۵۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَطُوْلُه، سِتُّوْنَ ذِرَاعًا ثُمَّ قَالَ اِذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فَاسْتَمِعْ مَايُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّه، تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا السَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ حتى الْاٰنَ

۵۵۳۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی ان سے معمر نے ان سے ہمام نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو ان کی لمبائی ساٹھ ہاتھ بنائی پھر ارشاد فرمایا کہ جاؤ اور ان ملائکہ کو سلام کرو، دیکھو، کن الفاظ سے وہ تمہارے سلام کا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہی تمہارا اور تمہاری ذریت کا سلام و جواب ہوگا، آدم علیہ السلام (گئے اور) کہا السلام علیکم ملائکہ نے جواب دیا، السلام علیک ورحمۃ اللہ، گویا انہوں نے "ورحمۃ اللہ" کا اضافہ کیا۔ پس جو کوئی بھی جنت میں داخل ہوگا وہ آدم علیہ السلام کی شکل وصورت میں داخل ہوگا۔ آدم علیہ السلام کے بعد انسانوں میں (حسن و جمال اور طول وعرض کی) کمی ہوتی رہی، تا آنکہ نوبت اس دور تک پہنچی۔

(۵۵۴) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ عَلٰى اَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِيْ

۵۵۴۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے عمارہ نے، ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سب سے پہلا جو گروہ جنت میں داخل ہوگا ان کی صورتیں ایسی ہوں گی جیسے چودھویں کا چاند ہوتا ہے پھر جو لوگ اس کے بعد داخل ہوں گے وہ آسمان

السَّمَاءِ اِضَاءَ ةً لَايَبُولُونَ وَلَايَتَغَوَّطُونَ وَلَايَتْفِلُوْنَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ اَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ وَمَجَامِرُهُمُ الْاَلُوَّةُ الْانجُوجُ عُودُ الطِّيْبِ وَاَزْوَاجُهُمُ الْحُورُ الْعِيْنُ عَلٰى خَلْقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلٰى صُورَةِ اَبِيهِمْ اٰدَمَ سِتُّونَ ذِرَاعًا فِي السَّمَاءِ

کے سب سے زیادہ روشن ستارے کی طرح ہوں گے، نہ تو ان لوگوں کو پیشاب کی ضرورت ہوگی نہ قضائے حاجت کی، نہ وہ تھوکیں گے نہ ناک سے الائش نکالیں گے ان کے کنگھے سونے کے ہوں گے اور پسینہ مشک کی طرح، ان کی انگیٹھیوں میں الوہ یعنی انجوج پڑا ہوا ہوگا، یہ نہایت پاکیزہ عود ہے ان کی بیویاں بڑی آنکھوں والی حوریں ہوں گی، سب کی صورتیں ایک ہوں گی، یعنی اپنے والد آدم علیہ السلام کی صورت پر، ساٹھ گز لمبی، آسمان سے باتیں کرتی ہوئیں۔

(۵۵۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ سُلَيْمٍ قَالَتْ يَارَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ فَهَلْ عَلَى الْمَرْاَةِ الْغُسْلُ اِذَا احْتَلَمَتْ قَالَ نَعَمْ اِذَارَاَتِ الْمَاءَ فَضَحِكَتْ اُمُّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ تَحْتَلِمُ الْمَرْاَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِمَ يُشْبِهُ الْوَلَدُ

۵۵۵۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے ان سے زینب بنت ابی سلمہ نے، ان سے (ام المؤمنین) ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ! (قرآن مجید میں ہے کہ) اللہ تعالیٰ حق بات سے نہیں شرماتا، تو کیا اگر عورت کو احتلام ہو تو اس پر بھی غسل واجب ہو جاتا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، بشرطیکہ پانی دیکھ لے! ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اس بات پر ہنسی آ گئی اور فرمانے لگیں اچھا، عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا (اگر ایسا نہیں ہے) تو پھر بچے میں (ماں کی) شباہت کہاں سے آتی ہے۔

(۵۵۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ اَخْبَرَنَا الْفَزَارِيُّ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَلَغَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ مَقْدَمُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنِّي سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا نَبِيٌّ مَااَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ وَمَا اَوَّلُ عَامٍ يَاكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ وَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَنْزِعُ الْوَلَدُ ىٰ اَبِيهِ وَمِنْ اَيِّ شَيْءٍ يَنْزِعُ اِلٰى اَخْوَالِهِ فَقَالَ سُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَّرَنِي بِهِنَّ انِفًا بْرِيْلُ قَالَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ ذَاكَ عَدُوُّالْيَهُودِ مِنَ مَلَائِكَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ا اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ لْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ وَاَمَّا اَوَّلُ طَعَامٍ يَاكُلُهُ اَهْلُ لْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوتٍ وَاَمَّا الشَّبَهُ فِي الْوَلَدِ فَاِنَّ رَّجُلَ اِذَا غَشِيَ الْمَرْاَةَ فَسَبَقَهَا مَاؤُهُ كَانَ الشَّبَهُ

۵۵۶۔ہم سے محمد بن سلام نے حدیث بیان کی انہیں فزاری نے خبر دی، انہیں حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو (جو توراۃ اور شریعت موسوی کے نہایت اونچے درجے کے عالم تھے) جب رسول اللہ ﷺ کی مدینہ تشریف آوری کی اطلاع ملی تو وہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ میں آپ ﷺ سے تین چیزوں کے متعلق پوچھوں گا، جنہیں نبی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا، قیامت کی سب سے پہلی علامت؟ وہ کونسا کھانا ہے جو سب سے پہلے اہل جنت کو کھانے کے لئے دیا جائے گا؟ اور کس چیز کی وجہ سے بچہ اپنے باپ کے مشابہ ہوتا ہے؟ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل علیہ السلام نے ابھی ابھی مجھے آکر اس کی اطلاع دی ہے اس پر عبد اللہ رضی اللہ عنہ بولے کہ ملائکہ میں یہی تو یہودیوں کے دشمن ہیں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ قیامت کی سب سے پہلی علامت ایک آگ کی صورت میں ظہور پذیر ہوگی جو لوگوں کو مشرق سے مغرب کی طرف لے جائے گی۔ سب سے پہلا کھانا جو اہل جنت کی

لَه' وَاِذَا سَبَقَ مَاؤُهَا كَانَ الشَّبَه' لَهَا قَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ اِنْ عَلِمُوْا بِاِسْلَامِيْ قَبْلَ اَنْ تَسْاَلَهُمْ بَهَتُوْنِيْ عِنْدَكَ فَجَاءَ تِ الْيَهُوْدُ وَدَخَلَ عَبْدُاللّٰهِ الْبَيْتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ رَجُلٍ فِيْكُمْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَالُوْا اَعْلَمُنَا وَابْنُ اَعْلَمِنَا وَاَخْبَرُنَا وَابْنُ اَخْبَرِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ عَبْدُاللّٰهِ قَالُوْا اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ فَخَرَجَ عَبْدُاللّٰهِ اِلَيْهِمْ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالُوْا شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا وَوَقَعُوْا فِيْهِ

ضیافت کے لئے پیش کیا جائے گا۔وہ مچھلی کی کلیجی کا ایک منفرد ٹکڑا ہوگا (جو سب سے زیادہ لذیذ اور پاکیزہ ہوتا ہے)اور بچے کی شباہت کا جہاں تک تعلق ہے،تو جب مرد،عورت کے قریب جاتا ہےاس وقت اگر مرد کی منی سبقت کر جاتی ہے تو بچہ اس کی شکل وصورت پر ہوتا ہے لیکن اگر عورت کی منی سبقت کر جاتی ہے تو پھر بچہ عورت کی شکل وصورت پر ہوتا ہے (یہ سن کر) عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بول اٹھے ''میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں'' پھرعرض کیا یارسول اللہ(ﷺ)یہود حیرت انگیز حد تک جھوٹی قوم ہے اگر آپ کے دریافت کرنے سے پہلے میرے اسلام کے متعلق انہیں علم ہوگیا تو آپ کے سامنے مجھ پر ہر طرح کی تہمتیں دھرنی شروع کر دیں گے(اس لئے ابھی انہیں میرے اسلام کے متعلق کچھ نہ بتایئے) چنانچہ کچھ یہودی آئے اور عبداللہ رضی اللہ عنہ کے گھر کے اندر بیٹھ گئے آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا تم لوگوں میں عبداللہ بن سلام کون صاحب ہیں؟ سارے یہودی کہنے لگے،ہم میں سب سے بڑے عالم اور ہمارے سب سے بڑے عالم کے صاحبزادے! ہم میں سب سے زیادہ بہتر اور ہم میں سب سے بہتر کے صاحبزادے! آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا،اگر عبداللہ مسلمان ہو جائیں پھر تمہارا کیا طرز عمل ہوگا؟ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس سے محفوظ رکھے اتنے میں عبداللہ رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے اور کہا ''میں گواہی دیتاہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتاہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔اب وہ سب ان کے متعلق کہنے لگے کہ ہم میں سب سے بد ترین اور سب سے بدترین کا بیٹا!وہیں ساری حقیقت کھل گئی۔

(۵۵۷) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَه' يَعْنِيْ لَوْلَا بَنُوْاِسْرَائِيْلَ لَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَاحَوَّاءُ لَمْ تَخُنْ اُنْثٰى زَوْجَهَا

۵۵۷۔ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں ہمام نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے (عبدالرزاق کی) روایت کی طرح ۔یعنی اگر قوم بنی اسرائیل نہ ہوتی تو گوشت نہ سڑا کرتا اور اگر حوا علیہا السلام نہ ہوتیں تو عورت اپنے شوہر کے ساتھ خیانت نہ کیا کرتی ۔ ❶

(۵۵۸) حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ وَمُوْسَى بْنُ حِزَامٍ قَالَا

۵۵۸۔ہم سے ابوکریب اور موسیٰ بن حزام نے حدیث بیان کی کہا کہ ہم

❶ بنی اسرائیل کو من سلویٰ انعام الٰہی کے طور پر ملتا تھا اور انہیں اس کے جمع کر کے رکھنے کی ممانعت کر دی گئی تھی لیکن وہ نہ مانے اور انہوں نے جمع کرنا شروع کر دیا، سزا کے طور پر سلویٰ کا گوشت سڑا دیا گیا اسی طرف حدیث میں اشارہ ہے لیکن اسی طرح سب سے پہلے حضرت حوا علیہا السلام نے شیطان کی سازش کے نتیجہ میں حضرت آدم علیہ السلام کو جنت کے درخت کے کھانے کی ترغیب دی تھی ، یہی عادت ان کی اولاد میں بھی منتقل ہوگئی۔خیانت سے اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ مَيْسَرَةَ الْاَشْجَعِيِّ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتَوْصُوا بِالنِّسَاءِ فَاِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ وَاِنَّ اَعْوَجَ شَيْئٍ فِى الضِّلَعِ اَعْلَاهُ فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِيْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَاِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ يَزَلْ اَعْوَجَ فَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ

سے حسین بن علی نے حدیث بیان کی ان سے زائدہ نے، ان سے میسرہ اشجعی نے، ان سے ابوحازم نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، عورتوں کے معاملے میں میری وصیت کا ہمیشہ خیال رکھنا، کیونکہ عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے پسلی میں بھی سب سے ٹیڑھا اوپر کا حصہ ہوتا ہے لیکن اگر کوئی شخص اسے بالکل سیدھی کرنے کی کوشش کرے گا تو انجام کار تو ڑ کے رہے گا اور اگر (اس کی اصلاح واستقامت کی طرف سے بے توجہی برتے گا) اور اسے یونہی چھوڑ دے گا تو پھر وہ ہمیشہ ٹیڑھی ہی رہ جائے گی، پس عورتوں کے بارے میں میری وصیتوں پر ہمیشہ عامل رہنا (کہ ان کے ساتھ معاملے میں میانہ روی اور سوجھ بوجھ کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا۔)

(۵۵۹) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ اِنَّ اَحَدَكُمْ يُجْمَعُ فِى بَطْنِ اُمِّهٖ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِ مَلَكًا بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَكْتُبُ عَمَلَهٗ وَاَجَلَهٗ وَرِزْقَهٗ وَشَقِيٌّ اَوْسَعِيْدٌ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ فَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَايَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَايَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُ النَّارَ

۵۵۹۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے زید بن وہب نے حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے حدیث بیان فرمائی اور آپ صادق المصدوق تھے کہ انسان کی خلقت اس کے ماں کے پیٹ میں پہلے چالیس دن تک پوری کی جاتی ہے پھر وہ اتنے ہی دنوں تک علقہ وغلیظ اور جامد خون کی صورت میں باقی رہتا ہے پھر اتنے ہی دنوں کے لئے مضغہ (گوشت کا لوتھڑا) کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ پھر (چوتھے مرحلہ پر) اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو چار باتوں کا حکم دے کر بھیجتا ہے پس وہ فرشتہ اس کے عمل۔ اس کی مدت حیات، روزی، اور یہ کہ سعید ہے یا شقی کو لکھ لیتا ہے اس کے بعد اس میں روح پھونکی جاتی ہے چنانچہ انسان (زندگی بھر) دوزخیوں کے کام کرتا رہتا ہے اور جب اس کے اور دوزخ کے درمیان صرف ایک گز کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے تو اس کی کتاب (تقدیر) سامنے آجاتی ہے اور وہ جنتیوں جیسے اعمال کرنے لگتا ہے اور جنت میں جاتا ہے اسی طرح ایک شخص جنتیوں جیسے کام کرتا رہتا ہے اور جب اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے تو اس کی کتاب (تقدیر) سامنے آتی ہے اور وہ دوزخیوں کے اعمال شروع کر دیتا ہے اور دوزخ میں جاتا ہے۔

(۵۶۰) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ

۵۶۰۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی ان سے عبیداللہ بن ابی بکر بن انس نے اور ان سے انس

مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ وَکَّلَ فِی الرَّحِمِ مَلَکًا فَیَقُولُ یَارَبِّ نُطْفَةٌ یَارَبِّ عَلَقَةٌ یَارَبِّ مُضْغَةٌ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ یَخْلُقَهَا قَالَ یَارَبِّ اَذَکَرٌ اَمْ اُنْثٰی یَارَبِّ اَشَقِیٌّ اَمْ سَعِیْدٌ فَمَاالرِّزْقُ فَمَا الْاَجَلُ فَیُکْتَبُ کَذٰلِکَ فِی بَطْنِ اُمِّهٖ

بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے رحم مادر کے لئے ایک فرشتہ متعین کر دیا ہے، وہ فرشتہ عرض کرتا ہے اے رب! نطفہ ہے، اے رب مضغہ ہے، اے رب، علقہ ہے، پھر جب اللہ تعالیٰ انہیں پیدا کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو فرشتہ پوچھتا ہے، اے رب! یہ مرد ہے یا اے رب! یہ عورت ہے؟ اے رب یہ شقی ہے یا سعید؟ اس کی روزی کیا ہے؟ اور مدت حیات کتنی ہے؟ چنانچہ اسی کے مطابق ماں کے پیٹ ہی میں سب کچھ فرشتہ لکھ لیتا ہے۔

(۵۶۲) حَدَّثَنَا قَیْسُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ ابْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ عَنْ اَنَسٍ یَرْفَعُه' اَنَّ اللّٰہَ یَقُولُ لِاَھْوَنِ اَھْلِ النَّارِ عَذَابًا لَوْاَنَّ لَکَ مَافِی الْاَرْضِ من شَیْءٍ کُنْتَ تَفْتَدِیْ بِهٖ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَقَدْ سَاَلْتُکَ مَاھُوَ اَھْوَنُ مِنْ ھٰذَا وَاَنْتَ فِی صُلْبِ اٰدَمَ اَنْ لَاتُشْرِکَ بِیْ فَاَبَیْتَ اِلَّا الشِّرْکَ

۵۶۲۔ ہم سے قیس بن حفص نے حدیث بیان کی ان سے خالد بن حارث نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوعمران جونی نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس شخص سے پوچھے گا جسے جہنم کا سب سے ہلکا عذاب دیا گیا ہوگا کہ اگر دنیا میں تمہاری کوئی چیز ہوتی تو کیا تم اس عذاب سے نجات پانے کے لئے اسے بدلے میں دے سکتے تھے؟ وہ شخص کہے گا کہ جی ہاں، اس پر اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا کہ جب تم آدم کی پیٹھ میں تھے تو میں نے تم سے اس سے بھی معمولی چیز کا مطالبہ کیا تھا (یوم میثاق میں) کہ میرا کسی کو بھی شریک نہ ٹھہرانا لیکن (جب تم دنیا میں آئے تو) اسی شرک کا راستہ اختیار کیا۔

(۵۶۳) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وسَلَّم لَاتُقْتَلُ نَفْسٌ ظُلْمًا اِلَّا کَانَ عَلَی ابْنِ اٰدَمَ الْاَوَّلِ کِفْلٌ مِنْ دَمِهَا لِاَنَّه' اَوَّلُ مَنْ سَنَّ الْقَتْلَ

۵۶۳۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن مرہ نے حدیث بیان کی ان سے مسروق نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب بھی کوئی انسان ظلماً قتل کیا جاتا ہے تو آدم علیہ السلام کے سب سے پہلے بیٹے (قابیل) کے نامۂ اعمال میں بھی اس قتل کا گناہ لکھا جاتا ہے، کیونکہ قتل کا طریقہ سب سے پہلے اسی نے ایجاد کیا تھا۔

باب ۳۰۳۔ اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ قَالَ وَقَالَ اللَّیْثُ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَلْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاکَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ وَقَالَ یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ حَدَّثَنِی یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ بِھٰذَا

۳۰۳۔ ارواح ایک جگہ جمع لشکر کی صورت میں تھیں مصنفؒ بیان کرتے ہیں اور لیث نے روایت بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید نے ان سے عمرہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ فرما رہے تھے کہ ارواح ایک جگہ لشکر کی صورت میں تھیں، پس وہاں جن روحوں میں باہم اتفاق واتحاد طبیعت ہوا وہ (اس دنیا میں جسم کے اندر آنے کے بعد بھی) باہم طبیعت اور اخلاق کے اعتبار سے

متفق ومتحد رہیں اور جن میں باہم وہاں اجنبیت رہی وہ یہاں بھی مختلف رہیں اور یحییٰ بن ایوب نے کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن سعید نے اسی طرح حدیث بیان کی۔

باب ۳۰۴. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَادِئَ الرَّأْيِ مَاظَهَرَ لَنَا اَقْلِعِي اَمْسِكِي وَفَارَ التَّنُّوْرُ نَبَعَ الْمَاءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ وَجْهُ الْاَرْضِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْجُوْدِيُّ جَبَلٌ بِالْجَزِيْرَةِ دَاْبٌ مِثْلُ حَالٌ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يَاقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيَاتِ اللّٰهِ اِلٰی قَوْلِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

۳۰۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کے پاس اپنا رسول بنا کر بھیجا'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے (قرآن مجید کی آیت میں) بادی الرای کے متعلق فرمایا کہ وہ چیز جو ہمارے سامنے (بغیر کسی غور وفکر کے) واضح ہو۔ اقلعی یعنی روک لو۔ فار التنور: یعنی پانی اس میں سے ابل پڑے اور عکرمہ نے فرمایا کہ (تنور بمعنی) روئے زمین اور مجاہد نے فرمایا کہ الجودی جزیرہ کا ایک پہاڑ ہے۔ داب۔ بمعنی حال۔ اور نوح کی خبر کی ان پر تلاوت کیجئے جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ اے قوم! اگر میرا یہاں ٹھہرنا اور اللہ تعالیٰ کی آیات تمہارے سامنے بیان کرنا تمہیں زیادہ ناگوار ہے'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد من المسلمین تک۔

باب ۳۰۵. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖۤ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ اِلٰی اٰخِرِ السُّوْرَةِ

۳۰۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ بے شک ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف اپنا رسول بنا کر بھیجا کہ اپنی قوم کو ڈراؤ، اس سے پہلے کہ انہیں دردناک عذاب آ پکڑے آخر سورہ تک۔

(۵۶۳) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَالِمٌ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّاسِ فَاَثْنٰی عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اِنِّيْ لَاُنْذِرُكُمُوْهُ وَمَا مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا اَنْذَرَهٗ قَوْمَهٗ لَقَدْ اَنْذَرَ نُوْحٌ قَوْمَهٗ وَلٰكِنِّيْ اَقُوْلُ لَكُمْ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهٖ تَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ اَعْوَرُ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِاَعْوَرَ

۵۶۳۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے انہیں زہری نے کہ سالم نے بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو خطاب فرمایا پہلے اللہ تعالیٰ کی اس کی شان کے مطابق ثنا بیان کی پھر دجال کا ذکر فرمایا اور فرمایا کہ میں تمہیں دجال کے فتنے سے ڈراتا ہوں اور کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے اپنی قوم کو اس سے نہ ڈرایا ہو۔ نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا تھا لیکن میں تمہیں اس کے بارے میں ایک ایسی بات بتاتا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی تھی تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ دجال کانا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

(۵۶۴) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا عَنِ الدَّجَّالِ مَاحَدَّثَ بِهٖ نَبِيٌّ قَوْمَهٗ اِنَّهٗ اَعْوَرُ وَاِنَّهٗ يَجِيْءُ مَعَهٗ بِمِثَالِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَالَّتِيْ يَقُوْلُ اِنَّهَا الْجَنَّةُ هِيَ النَّارُ وَاِنِّيْ اُنْذِرُكُمْ بِهٖ كَمَا اَنْذَرَ بِهٖ

۵۶۴۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کیوں نہ میں تمہیں دجال کے متعلق ایک ایسی بات بتادوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو اب تک نہیں بتائی تھی، وہ کانا ہوگا اور جنت اور جہنم جیسی چیز لائے گا پس جسے وہ جنت کہے گا درحقیقت وہی دوزخ ہوگی اور میں تمہیں اس

نُوحٌ قَوْمَه‘

کے فتنے سے اسی طرح ڈراتا ہوں جیسے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا تھا۔

(۵۶۵) حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجِئُ نُوحٌ وَ اُمَّتُه‘ فَيَقُولُ اللّٰهُ تعالٰى بَلَّغْتَ فَيَقُولُ نَعَمْ اَىْ رَبِّ فَيَقُولُ لِاُمَّتِهٖ هَلْ بَلَّغَكُمْ فَيَقُولُونَ لَامَاجَاءَ نَا مِنْ نَبِيٍّ فَيَقُولُ لِنُوحٍ مَنْ يَشْهَدُلَكَ فَيَقُولُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَاُمَّتُه‘ فَنَشْهَدُ اَنَّه‘ قَدْ بَلَّغَ وَهُوَ قَوْلُه‘ جَلَّ ذِكْرُه‘ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِتَكُوْنُوا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَالْوَسَطُ الْعَدْلُ

۵۶۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے عبدالواحد بن زیاد نے حدیث بیان کی ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (قیامت کے دن) نوح علیہ السلام بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوں گے اللہ تعالیٰ دریافت فرمائے گا، کیا (میرا پیغام) تم نے پہنچادیا تھا۔ نوح علیہ السلام عرض کریں گے میں نے آپ کا پیغام پہنچادیا تھا، اے رب العزت! اب اللہ تعالیٰ ان کی امت سے دریافت فرمائیں گے کیا (نوح علیہ السلام نے) تم تک میرا پیغام پہنچادیا تھا؟ وہ جواب دیں گے کہ نہیں، ہمارے پاس آپ کا کوئی نبی نہیں آیا اس پر اللہ تعالیٰ نوح علیہ السلام سے دریافت فرمائیں گے اس کیلئے آپ کی طرف سے کوئی گواہی بھی دے سکتا ہے؟ وہ عرض کریں گے کہ محمد ﷺ اور ان کی امت (کے لوگ میرے گواہ ہیں) چنانچہ ہم اس بات کی شہادت دیں گے کہ نوح علیہ السلام نے پیغام خداوندی اپنی قوم تک پہنچایا تھا، اور یہی مفہوم اللہ جل ذکرہٗ کے اس ارشاد کا ہے کہ ''اور اسی طرح ہم نے تمہیں امت وسط بنایا، تاکہ تم لوگوں پر گواہی دو، اور وسط کے معنی درمیانی کے ہیں۔

(۵۶۶) حَدَّثَنِى اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوحَيَّان عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عنه قال كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى دَعْوَةٍ فَرُفِعَ اليه الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُه‘ فَنَهَسَ مِنهَا نَهْسَةً و قال اَنَا سَيِّدُ الْقَومِ يَومَ الْقِيَامَةِ هَلْ تَدْرُوْنَ بِمَنْ يَجْمَعُ اللّٰهُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِى صَعِيْدٍ وَاحِدٍ فَيُبْصِرُهُمُ النَّاظِرُ وَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِى وَتَدْنُوا مِنْهُمُ الشَّمْسُ فَيَقُولُ بَعْضُ النَّاسِ اَلاَ تَرَوْنَ اِلٰى مَااَنْتُمْ فِيْهِ اِلٰى مَابَلَغَكُمْ اَلاَ تَنْظُرُونَ اِلٰى من يَشْفَعُ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ فَيَقُولُ بَعْضُ النَّاسِ اَبُوْكُمْ اٰدَمُ فَيَاْتُوْنَه‘ فَيَقُولُونَ يَااٰدَمُ اَنْتَ اَبُوالْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهٖ وَاَمَرَ الْمَلٰئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ وَاَسْكَنَكَ الْجَنَّةَ اَلاَ

۵۶۶۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن عبید نے حدیث بیان کی ان سے ابوحیان نے حدیث بیان کی ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک دعوت میں شریک تھے آنحضور ﷺ کی خدمت میں دست کا گوشت پیش کیا گیا جو آپ کو بہت مرغوب تھا آپ ﷺ نے اس کی ہڈی کا گوشت دانتوں سے نکال کر تناول فرمایا پھر فرمایا کہ میں قیامت کے دن لوگوں کا سردار ہوں گا تمہیں معلوم ہے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ قیامت کے دن) تمام مخلوق کو ایک چٹیل میدان میں جمع کرے گا اس طرح کہ دیکھنے والا سب کو ایک ساتھ دیکھ سکے گا (کیونکہ جگہ برابر ہوگی) اور (حجاب کوئی نہ ہوگا) آواز دینے والے کی آواز ہر جگہ سنی جاسکے گی اور سورج بالکل قریب ہوجائے گا ایک شخص اپنے قریب کے دوسرے شخص سے کہے گا، دیکھتے نہیں کہ سب لوگ کیسی پریشانی میں مبتلا ہیں اور مصیبت کس حد تک پہنچ چکی ہے، کیوں نہ کسی ایسے شخص کی تلاش کی جائے

تَشْفَعُ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلاَ تَرٰى مَانَحْنُ فِيْهِ وَمَا بَلَغَنَا • فَيَقُوْلُ رَبِّىْ غَضِبَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَه، مِثْلَه، وَلَا يَغْضَبُ بَعْدَه، مِثْلَه، وَنَهَانِىْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُه، نَفْسِىْ نَفْسِىْ اذْهَبُوا اِلٰى غَيْرِىْ اِذْهَبُوْا اِلٰى نُوْحٍ فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ يَانُوْحُ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَسَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا اَمَا تَرٰى اِلٰى مَانَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَابَلَغَنَا اَلاَ تَشْفَعُ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ فَيَقُوْلُ رَبِّىْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَه، مِثْلَه، وَلَا يَغْضَبُ بَعْدَه، مِثْلَهُ نَفْسِىْ نَفْسِىْ اِئْتُوا النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَاْتُوْنِىْ فَاَسْجُدُ تَحْتَ الْعَرْشِ فَيُقَالُ يَامُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ وَسَلْ تُعْطَهْ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ لَا اَحْفَظُ سَائِرَه،

جو رب العزت کی بارگاہ میں ہم سب کی شفاعت کے لئے جائے کچھ لوگوں کا مشورہ ہوگا کہ جدامجد آدم علیہ السلام! آپ انسانوں کے جدامجد ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا تھا اپنی روح آپ کے اندر پھونکی تھی ملائکہ کو حکم دیا تھا اور انہوں نے آپ کو سجدہ کیا تھا اور جنت میں آپ کو (پیدا کرنے کے بعد) ٹھہرایا تھا آپ اپنے رب کے حضور میں ہماری شفاعت کر دیں آپ خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ ہم کس درجہ الجھن اور پریشانی میں مبتلا ہیں وہ فرمائیں گے کہ (گناہ گاروں پر) اللہ تعالیٰ آج اس درجہ غضبناک ہیں کہ کبھی اتنے غضب ناک نہیں ہوئے تھے، اور آئندہ کبھی نہ ہوں گے اور مجھے پہلے ہی درخت (جنت) کے کھانے سے منع کر چکے تھے لیکن میں اس فرمان کو بجالانے میں کوتاہی کر گیا تھا آج تو مجھے اپنی ہی پڑی ہے (نفسی نفسی) تم لوگ کسی اور کے پاس جاؤ، ہاں نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ، چنانچہ سب لوگ نوح علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے، اے نوح علیہ السلام! آپ (آدم علیہ السلام کے بعد) روئے زمین پر سب سے پہلے نبی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو "عبدالشکور" کہہ کر پکارا ہے آپ ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ آج ہم کیسی مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہیں آپ اپنے رب کے حضور میں ہماری شفاعت کر دیجئے، وہ بھی یہی جواب دیں گے کہ میرا رب آج اس درجہ غضبناک ہے کہ اس سے پہلے کبھی اتنا غضبناک نہیں ہوا تھا اور نہ کبھی اس کے بعد اتنا غضبناک ہوگا، آج تو مجھے خود اپنی ہی فکر ہے (نفسی نفسی) تم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جاؤ۔ چنانچہ وہ لوگ میرے پاس آئیں گے میں (ان کی شفاعت کے لئے) عرش کے نیچے سجدے میں گر پڑوں گا۔ پھر آواز آئے گی، اے محمد! سر اٹھاؤ اور شفاعت کرو، تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی، مانگو تمہیں دیا جائے گا۔ محمد بن عبید اللہ نے بیان کیا کہ ساری حدیث میں یاد نہ رکھ سکا۔

(۵۶۷) حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْاَحْمَدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَفَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ مِثْلَ قِرَاءَةِ الْعَامَّةِ

۵۶۷۔ ہم سے نصر بن علی بن نصر نے حدیث بیان کی انہیں ابو احمد نے خبر دی، انہیں سفیان نے، انہیں ابو اسحاق نے، انہیں اسود بن یزید نے اور انہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے (آیت) "فھل من مدکر" مشہور قرأت کے مطابق تلاوت کی تھی (ادغام کے ساتھ)۔

باب۳۰۶. وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِذْ قَالَ

۳۰۶۔ اور بے شک الیاس رسولوں میں سے تھے، جب انہوں نے اپنی

لِقَوْمِهِ اَلاَ تَتَّقُوْنَ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَائِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ اِلَّاعِبَادَاللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُذْكَرُ بِخَيْرٍ سَلَامٌ عَلٰى اِلْيَاسِيْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ يُذْكَرُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اِلْيَاسَ هُوَ اِدْرِيْسُ

قوم سے کہا تھا کہ تم (خدا کو چھوڑ کر بتوں کی عبادت کرنے سے) ڈرتے کیوں نہیں (خدا کے عذاب سے) تم بعل (بت) کی تو عبادت کرتے ہو۔ اور سب سے اچھے پیدا کرنے والے کی عبادت سے اعراض کرتے ہو، اللہ ہی تمہارا رب ہے اور تمہارے آباء اجداد کا بھی۔ لیکن ان کی قوم نے انہیں جھٹلایا پس بے شک وہ سب لوگ (عذاب کے لئے) حاضر کئے جائیں گے، سوا اللہ کے ان بندوں کے جو مخلص تھے (کہ انہیں جنت میں داخل کیا جائے گا) اور ہم نے بعد میں آنے والی امتوں میں ان کا ذکر خیر چھوڑا ہے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے (ترکنا علیہ فی الاخرین) کے متعلق، فرمایا کہ بھلائی کے ساتھ انہیں یاد کیا جاتا رہے گا، سلامتی ہو الیاسین (الیاس علیہ السلام اور ان کے متبعین) پر، بے شک ہم اسی طرح مخلصین کو بدلہ دیتے ہیں، بے شک وہ ہمارے مخلص بندوں میں سے تھے ابن عباس اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ الیاس، ادریس علیہ السلام کا نام تھا۔

باب۳۰۷. ذِكْرُ اِدْرِيْسَ عَلَيْهِ السَّلَام وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ جَدُّ اَبِي نوحٍ وَ يُقَالُ جَدُّ نُوحٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا قَالَ عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ

۳۰۷۔ ادریس علیہ السلام کا تذکرہ آپ نوح علیہ السلام کے والد کے دادا تھے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خود نوح علیہ السلام کے دادا تھے، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اور ہم نے ان کو بلند مکان (آسمان) پر اٹھالیا تھا، عبدان نے کہا کہ ہمیں عبداللہ نے خبر دی'' انہیں یونس نے خبر دی اور انہیں زہری نے۔

(۵۶۸) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْ عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ اَنَسٌ كَانَ اَبُوْذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُرِجَ سَقْفُ بَيْتِيْ وَاَنَا بِمَكَّةَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ فَفَرَجَ صَدْرِي ثُمَّ غَسَلَه بِمَاءِ زَمْزَمَ ثُمَّ جَاءَ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مُمْتَلِئٍ حِكْمَةً وَاِيمَانًا وَاَفْرَ غَهَا فِي صَدْرِي ثُمَّ اطبقَهُ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِيْ فَعَرَجَ بِي اِلَى السَّمَاءِ فَلَمَّا جَاءَ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا قَالَ جِبْرِيْلُ لِخَازِنِ السَّمَاءِ افْتَحْ قَالَ مَنْ هٰذَا؟ قَالَ هٰذاجِبْرِيْلُ فَقَالَ مَعَكَ اَحَدٌ قَالَ مَعِيَ مُحَمَّدٌ قَالَ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ فَافْتَحْ فَلَمَّا عَلَوْنَا السَّمَاءَ اِذَا رَجُلٌ عَنْ يَمِيْنِهِ اَسْوِدَةٌ وَعَنْ يَسَارِهِ اَسْوِدَةٌ فَاِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِيْنِهِ ضَحِكَ وَاِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهِ بَكَى

۵۶۸۔ ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی ان سے عنبسہ نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے بیان کیا اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوذر رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میرے گھر کی چھت کھولی گئی (شب معراج میں) میرا قیام ان دنوں میں مکہ میں تھا، پھر جبرائیلؑ اترے اور میرا سینہ چاک کیا اور اسے زمزم کے پانی سے دھویا۔ اس کے بعد سونے کا ایک طشت لائے جو حکمت اور ایمان سے لبریز تھا، اسے میرے سینے میں انڈیل دیا پھر میرا ہاتھ پکڑ کر آسمان کی طرف چلے۔ جب آسمان دنیا پر پہنچے، تو جبرائیل علیہ السلام نے آسمان کے داروغہ سے کہا کہ دروازہ کھولو پوچھا کہ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے جواب دیا کہ جبرائیل! پھر پوچھا کہ آپ کے ساتھ کوئی اور بھی ہے؟ جواب دیا کہ میرے ساتھ محمد ﷺ ہیں کیا انہیں لانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا؟ جواب دیا کہ ہاں۔ اب دروازہ کھلا، جب ہم

قَالَ مَرْحَباً بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ وَالاِبْنِ الصَّالِحِ قُلْتُ
نْ هٰذَا يَاجِبْرِيْلُ قَالَ هٰذَا آدَمُ وَهٰذِهِ الاَسْوِدَةُ عَنْ
مِيْنِهٖ وَعَنْ شِمَالِهٖ نَسَمُ بَنِيْهِ فَاَهْلُ الْيَمِيْنِ مِنْهُمْ
هْلُ الْجَنَّةِ وَالاَسْوِدَةُ الَّتِيْ عَنْ شِمَالِهٖ اَهْلُ النَّارِ
إِذَا نَظَرَ قِبَلَ يَمِيْنِهٖ ضَحِکَ وَإِذَا نَظَرَ قِبَلَ شِمَالِهٖ
کٰی ثُمَّ عَرَجَ بِیْ جِبْرِيْلُ حَتّٰی اَتَی السَّمَاءَ الثَّانِيَةَ
قَالَ لِخَازِنِهَا اِفْتَحْ فَقَالَ لَهٗ خَازِنُهَا مِثْلَ مَاقَالَ
لْاَوَّلُ فَفَتَحَ قَالَ اَنَسٌ فَذَکَرَ اَنَّهٗ وَجَدَ فِی
سَّمٰوَاتِ اِدْرِيْسَ وَمُوْسٰی وَعِيْسٰی وَاِبْرَاهِيْمَ وَلَمْ
ثْبِتْ لِیْ کَيْفَ مَنَازِلُهُمْ غَيْرَ اَنَّهٗ قَدْ ذَکَرَ اَنَّهٗ وَجَدَ
دَمَ فِی السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَاِبْرَاهِيْمَ فِی السَّادِسَةِ وَقَالَ
سٌ فَلَمَّا مَرَّ جِبْرِيْلُ بِاِدْرِيْسَ قَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ
صَّالِحِ وَالْاَخِ الصَّالِحِ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا
دْرِيْسُ ثُمَّ مَرَرْتُ بِمُوْسٰی فَقَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ
صَّالِحِ وَالْاَخِ الصَّالِحِ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا
وْسٰی ثُمَّ مَرَرْتُ بِعِيْسٰی فَقَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ
صَّالِحِ وَالاَخِ الصَّالِحِ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ عِيْسٰی
مَّ مَرَرْتُ بِاِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ مَرْحَبًا بِالنَّبِيِّ الصَّالِحِ
الْاِبْنِ الصَّالِحِ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالَ هٰذَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ
نُ شِهَابٍ وَاَخْبَرَنِیْ ابْنُ حَزْمٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ
بَاحَيَّةَ الْاَنْصَارِيَّ کَانَا يَقُوْلَانِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّی
لّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ عُرِجَ بِیْ حَتّٰی ظَهَرْتُ
سْتَوًی اَسْمَعُ صَرِيْفَ الْاَقْلَامِ قَالَ ابْنُ حَزْمٍ
نَسُ بْنُ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ النَّبِيُّ
لَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَرَضَ اللّٰهُ عَلَیَّ خَمْسِيْنَ
لَاةً فَرَجَعْتُ بِذٰلِکَ حَتّٰی اَمُرَّ بِمُوْسٰی فَقَالَ
وْسٰی مَاالَّذِیْ فَرَضَ عَلٰی اُمَّتِکَ قُلْتُ فَرَضَ
يْهِمْ خَمْسِيْنَ صَلَاةً قَالَ فَرَاجِعْ رَبَّکَ فَاِنَّ
تَکَ لَاتُطِيْقُ ذٰلِکَ فَرَجَعْتُ فَرَاجَعْتُ رَبِّیْ
ضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ اِلٰی مُوْسٰی فَقَالَ رَاجِعْ

آسمان پر پہنچے تو وہاں ایک بزرگ سے ہماری ملاقات ہوئی کچھ انسانی روحیں ان کے دائیں طرف تھیں اور کچھ بائیں طرف، جب وہ دائیں طرف دیکھتے تو مسکرادیتے اور جب بائیں طرف دیکھتے تو رو پڑتے انہوں نے کہا خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بیٹے! میں نے پوچھا جبرائیل، یہ کون صاحب ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ آدم علیہ السلام ہیں اور یہ جو انسانی روحیں ان کے دائیں اور بائیں طرف تھیں ان کی اولاد (بنی آدم) کی روحیں تھیں، ان میں جو روحیں دائیں طرف تھیں، وہ جنتی تھیں اور جو بائیں طرف تھیں وہ دوزخی تھیں اس لئے جب وہ دائیں طرف دیکھتے تو وہ مسکراتے تھے اور جب بائیں طرف دیکھتے تھے تو روتے تھے، پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے اوپر لے کر چڑھے اور دوسرے آسمان پر آئے اور آسمان کے داروغہ سے بھی انہوں نے کہا کہ دروازہ کھولو انہوں نے بھی اسی طرح کے سوالات کئے جو پہلے آسمان پر ہو چکے تھے پھر دروازہ کھولا، انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوذر رضی اللہ نے بتفصیل بتایا کہ آنحضورﷺ نے مختلف آسمانوں پر ادریس، موسیٰ، عیسیٰ اور ابراہیم علیہ السلام کو پایا، لیکن انہوں نے ان انبیاء کرام کے مراتب کی کوئی تعیین نہیں کی صرف اتنا کہا کہ آنحضورﷺ نے آدم علیہ السلام کو آسمان دنیا (پہلے آسمان) پر پایا اور ابراہیم علیہ السلام کو چھٹے پر۔ اور انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر جبرائیل علیہ السلام، ادریس علیہ السلام کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا، خوش آمدید صالح نبی اور صالح بھائی! میں نے جبرائیل سے پوچھا، یہ کون صاحب ہیں؟ تو انہوں نے بتایا کہ یہ ادریس علیہ السلام ہیں پھر میرا گزر موسیٰ علیہ السلام کے قریب سے ہوا تو انہوں نے بھی کہا کہ خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بھائی! میں نے پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ موسیٰ علیہ السلام ہیں پھر میں عیسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا انہوں نے بھی کہا خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بھائی، میں نے پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ تو بتایا کہ عیسیٰ علیہ السلام پھر میں ابراہیم علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو انہوں نے فرمایا خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بیٹے، میں نے پوچھا کہ یہ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ ابراہیم علیہ السلام ہیں، ابن شہاب زہری نے بیان کیا اور مجھے ابن حزم نے خبر دی کہ ابن عباس اور ابوحیہ انصاری رضی

رَبَّکَ فَذَکَرَ مِثلَه' فَوَضَعَ شَطْرَهَا فَرَجَعْتُ اِلٰی مُوسٰی فَاَخبَرْتُه' فَقَالَ رَاجِعْ رَبَّکَ فَاِنَّ اُمَّتَکَ لَاتُطِیْقُ ذٰلِکَ فَرَجَعْتُ فَرَاجَعتُ رَبِّیْ فقال هِیَ خَمْسٌ وَهِیَ خَمْسُونَ لَایُبَدَّلَ الْقَوْلُ لَدَیَّ .فَرَجَعْتُ اِلٰی مُوْسٰی فقال رَاجِعْ رَبَّکَ فَقُلْتُ قَدِاسْتَحْیَیْتُ مِنْ رَبِّی ثُمَّ انْطَلَقَ حَتّٰی اَتٰی بِی سِدْرَةَ الْمُنْتَهٰی فَغَشِیَهَا اَلوَانٌ لَاادرِیْ مَاهِیَ ثُمَّ اُدْخِلْتُ الجَنَّةَ فَاِذَا فِیْهَا جَنَابِذُ اللُّؤْلُؤِ وَاِذَا تُرَابُهَا المِسْکُ

اللہ عنہما بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا پھر مجھے او پر چڑھے اور میں اتنے بلند مقام پر پہنچ گیا جہاں سے قلم کے لکھنے صاف سننے لگا تھا ابن حزم نے بیان کیا اور انس بن مالک رضی نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا پھر اللہ تعالیٰ نے پچاس نمازیں مجھ پر فرض کیں میں اس فریضہ کے ساتھ واپس ہوا ا موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو انہوں نے پوچھا کہ امت پر کیا چیز فرض کی گئی ہے؟ میں نے جواب دیا کہ پچاس نمازیں ان پر فرض ہوئیں ہیں، انہوں نے کہا کہ آپ اپنے ر مراجعت کیجئے کیونکہ آپ کی امت میں اتنی نمازوں کی طاقت نہ چنانچہ میں واپس ہوا اور رب العزت کے حضور میں مراجعت کے نتیجے میں اس کا ایک حصہ کم ہوگیا پھر میں موسیٰ علیہ السلام آیا اور اس مرتبہ بھی انہوں نے کہا کہ اپنے رب سے مراجعہ (اور مزید کمی کرائیے) پھر انہوں نے (پہلی تفصیلات کا) ذک رب العزت نے ایک حصہ کی کمی کر دی۔ پھر میں موسیٰ عل کے پاس آیا اور انہیں خبر کی، انہوں نے کہا کہ اپنے رب سے م کیجئے، کیونکہ آپ کی امت میں اس کی بھی طاقت نہیں ہے واپس ہوا اور اپنے رب سے مراجعت کی، اللہ تعالیٰ نے اس م کہ نمازیں پانچ وقت کی کر دی گئیں اور ثواب پچاس نمازوں ک رکھا گیا، ہمارا قول بدلا نہیں کرتا، پھر میں موسیٰ علیہ السلام کے پا انہوں نے اب بھی اسی پر زور دیا کہ اپنے رب سے آپ کو مرا کرنی چاہئے، لیکن میں نے کہا کہ مجھے رب العزت سے شرم آتی بار درخواست کرتے ہوئے) پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے لے بڑھے اور سدرۃ المنتہیٰ کے پاس لائے جہاں مختلف قسم کے ر تھے، مجھے معلوم نہیں کہ وہ کیا چیز تھی اس کے بعد مجھے جنت میں گیا تو میں نے دیکھا کہ موتی کے قبے بنے ہوئے ہیں اور ا مشک کی ہے۔

باب۳۰۸. قول اللّٰه تَعَالٰی وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا قَالَ یَاقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وقوله اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَه' بِالَاحْقَافِ اِلٰی قَوْلِه' کَذَالِکَ نَجْزِی الْقَوْمَ الْمُجْرِمِیْنَ فِیْهِ عَنْ عَطَاءٍ وَسُلَیْمَانُ عن عائشةَ عن

۳۰۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور قوم عاد کی طرف ہم نے ان کے بھ (نبی بنا کر بھیجا) انہوں نے کہا، اے قوم اللہ کی عبادت کرو'' اور ا ارشاد کہ ''جب ہود نے اپنی قوم کو ریت کے مرتفع اور مستطیل سل (جہاں ان کی قوم رہتی تھی) ڈرایا'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''یوں ہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

۳۰۱. قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَاَمَّاعَادٌ فَاُهْلِكُوْا
صَرْصَرٍ شَدِيْدَةٍ عَاتِيَةٍ قَالَ ابن عيينة عتت
خُزَّانِ سَخَّرَهَا عَلَيهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ اَيَّامٍ
مًا مُتَتَابِعَةً فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ
زُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ اصولها فَهَل تَرٰى لَهُمْ مِّنْ
بقية

۵) حَدَّثَنَا محمد بن عَرعَرَةَ حَدَّثَنَا شعبةُ عَنِ
كم عن مجاهدٍ عن ابن عباس رضى الله
ما عن النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عليهِ وَسَلَّم قال نُصِرْتُ
بَا وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُورِ قال قال ابن كثير
سفيان عن ابيه عن ابن ابى نُعْمٍ عن ابى سعيد
اللّٰه عَنهُ قَال بعث عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عنه الى
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بِذُ هَيْبَةٍ فَقَسَمَهَا بَيْنَ
عة الاقرع بن حابس الحنظلى ثم المجاشعى
نة بن بَدرا لفَزَارِىُ وزيد الطائى ثم احد بنى
ن وعلقمة بن عَلاثَةَ العامرى ثم احد بنى
ب فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ والانصارُ قالوا يُعْطِىْ
دِيْدَ اهل نجد وَيَدعُنَا قال انَّمَا اَتَا لَّفُهُمْ فَاَقْبَلَ
غَائِرُ العَيْنَيْنِ مُشرِفُ الوَجْنَتَيْنِ نَاتِئُ الجبين
اللِّحْيَةِ محلوقُ الراس فقال اِتَّقِ اللّٰهَ يَامحمدُ
من يُطِعِ اللّٰهَ اِذَا عَصَيْتُ اَيَاْمَنُنِىَ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ
ضِ فَلاَ تَاْمَنُوْنِى فَسَأَله رجلٌ قتله اَحْسِبُهُ
م بْنَ الوليدِ فَمَنَعَهُ فَلَمَّا وَلّٰى قال اِنَّ مِنْ
ضِئ هٰذَا اَوْفِى عَقِبِ هٰذَا قَوْمًا يَقْرَأُوْنَ القراٰنَ
اوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوْقَ
هم مِنَ الرَّمِيَّةِ يَقْتُلُوْنَ اَهْلَ الاِسْلَامِ وَيَدَعُوْنَ
الاوثان لَئِن اَنَا اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ

دیتے ہیں، مجرم قوموں کو' تک! اس باب میں عطاء اور سلیمان کی عائشہ رضی اللہ عنہا سے، بحوالہ نبی کریم ﷺ روایت ہے۔

۳۰۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد' لیکن قوم عاد تو انہیں ایک نہایت سخت قسم کی آندھی سے ہلاک کیا گیا جو بڑی ہی غضب ناک تھی' ابن عیینہ نے (آیت کے لفظ عاتیہ کی تشریح میں فرمایا کہ ای) عتت علی الخزان ''جوان پر متواتر سات رات اور آٹھ دن تک مسلط رہی تھی'' (آیت میں لفظ حسوماً بمعنی) متتابعۃ ہے۔'' پس تو اس قوم کو وہاں یوں گرا ہوا دیکھتا ہے کہ گویا گری ہوئی کھجور کے تنے پڑے ہیں، سو کیا تجھ کو ان میں سے بچا ہوا کچھ نظر آتا ہے'' باقیہ بمعنی بقیہ۔

۵۶۹۔ ہم سے محمد بن عرعرہ نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے حکم نے، ان سے مجاہد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (غزوۂ خندق کے موقعہ پر) پروا ہوا سے میری مدد کی گئی اور قوم عاد پچھوا ہوا سے ہلاک کی گئی تھی (مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے) کہا کہ ابن کثیر نے بیان کیا ان سے سفیان نے ان سے ان کے والد نے ان سے ابن ابی نعم نے اور ان سے ابو سعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے (یمن سے) نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کچھ سونا بھیجا تو آنحضور ﷺ نے اسے چار حضرات میں تقسیم کر دیا، اقرع بن حابس حنظلی ثم المجاشعی، عیینہ بن بدر فزاری، زید طائی، جو بعد میں بنو نبہان میں شامل ہو گئے تھے اور علقمہ بن علاثہ عامری جو بعد میں بنو کلاب میں شامل ہو گئے تھے اس پر قریش اور انصار نے ناگواری محسوس کی اور کہنے لگے کہ آنحضور ﷺ نے نجد کے سرداروں کو دیا لیکن ہمیں نظر انداز کر دیا ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں صرف ان کی تالیف قلب کے لئے انہیں دیتا ہوں۔ پھر ایک شخص سامنے آیا، اس کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں، رخسار بھدے طریقے پر ابھرے ہوئے تھے، پیشانی بھی اٹھی ہوئی تھی۔ داڑھی بہت گھنی تھی اور سر منڈا ہوا تھا، اس نے کہا اے محمد! اللہ سے ڈریئے، (ﷺ) آنحضور ﷺ نے فرمایا اگر میں ہی اللہ کی نافرمانی کرنے لگوں گا تو پھر اس کی اطاعت کون کرے گا؟ اللہ تعالیٰ نے مجھے روئے زمین پر امین بنا کر بھیجا ہے لیکن کیا تم مجھے امین نہیں سمجھتے؟ اس شخص کی اس گستاخی پر ایک صحابی نے اس کے قتل کی اجازت چاہی میرا خیال ہے کہ یہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے لیکن آنحضور ﷺ

نے انہیں اس سے روک دیا۔ پھر جب وہ شخص وہاں سے چلنے لگا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص کی نسل سے یا (آپ ﷺ نے فرمایا کہ) اس شخص کے بعد (اسی کی قوم سے) ایک ایسی جماعت پیدا ہوگی جو قرآن کی تلاوت تو کرے گی لیکن قرآن مجید ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، دین سے وہ اس طرح نکل چکے ہوں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے، یہ مسلمانوں کو قتل کریں گے اور بت پرستوں کو چھوڑ دیں گے، اگر میری زندگی اس وقت تک باقی رہی تو میں اس کا اس طرح استیصال کروں گا جیسے قوم عاد کا استیصال (عذاب الٰہی سے) ہوا تھا۔

(۵۶۸) حَدَّثَنَا خالدُ بنُ یزیدَ حَدَّثَنَا اسرائیلُ عن ابی اسحاقَ عن الاسودِ قال سمعتُ عبدَاللّٰه قال سمعتُ النَّبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یقرأُ فَهَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ

۵۶۸۔ ہم سے خالد بن یزید نے حدیث بیان کی ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی ان سے ابو اسحاق نے ان سے اسود نے، کہا کہ میں نے عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ آیت ''فہل من مدکر'' کی تلاوت فرما رہے تھے۔

باب ۳۱۰. قِصَّةِ یَاجُوجَ وَمَاجُوجَ وَقَولِ اللّٰه تَعالٰی قَالُوا یٰذَاالْقَرْنَیْنِ اِنَّ یَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فی الْاَرْضِ

۳۱۰۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''انہوں نے کہا کہ اے ذوالقرنین، یاجوج اور ماجوج زمین پر فساد مچاتے ہیں۔

باب ۳۱۱. قول اللّٰهِ تعَالٰی وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ قُلْ سَاَتْلُوْ عَلَیکُمْ مِنْهُ ذِکْرًا اِنَّا مَکَّنَّا لَه' فِی الْاَرْضِ وَاٰتیناه مِنْ کُلِّ شَیْئٍ سَبَبًا فَاَتْبَعَ سَبَبًا اِلٰی قَوْلِهٖ اٰتُونِی زُبُرَالْحَدِیْدِ وَاحِدُهَا زُبْرَةٌ وهی الْقِطَعُ حَتّٰی اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ یقال عن ابن عباس الجبلین وَالسُّدَّیْنِ الجبلین خَرْجًا اَجْرًا قَالَ انفُخُوا حَتّٰی اِذَا جَعَلَه' نَارًا قَالَ اٰتُونِیْ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا اَصبُبْ عَلَیْهِ رِصَاصًا وَیُقَالُ الحَدِیْدُ وَ یُقَالُ الصُّفْرُ وقال ابْنُ عبَّاس النُحاس فَمَا اسْطَاعُوْا اَنْ یَّظْهَرُوْهُ یَعْلُوْهُ اِسْتَطَاعَ استفعل من اطعت له فلذلک فُتِحَ اَسْطَاعَ یَسْطِیعُ وَقَالَ بَعضهُم استطاع یستطیع وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَه' نقبا قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِنْ رَبّی فَاِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبّی جَعَلَه' دکاً اَلْزَقه بالارض وناقةٌ دکَّاء لاسنامَ لَهَا وَالدَّ کداکُ مِنَ الاَرضِ مِثْله حتی صَلُبَ مِنَ الارض وَتَلَبَّدَ وَکَانَ

۳۱۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ سے ذوالقرنین کے متعلق یہ لوگ پوچھتے ہیں آپ کہئے کہ ان کا ذکر میں ابھی تمہارے سامنے بیان کرتا ہوں ہم نے انہیں زمین پر حکومت دی تھی اور ہم نے ان کو ہر طرح کا سامان دیا تھا پھر وہ ایک راہ پر ہو لئے'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''تم لوگ میرے پاس لوہے کی چادریں لاؤ'' تک زبر کا واحد زبرة ہے اور ٹکڑے کو کہتے ہیں۔ ''یہاں تک کہ جب ان دونوں پہاڑوں کی چوٹیوں کے درمیان کو برابر کر دیا'' ابن عباس رضی اللہ عنہ سے (بین الصدفین) کی تفسیر میں منقول ہے کہ ''دو پہاڑوں کے درمیان'' اور السدین (الصدفین کی دوسری قرأت) بھی الجبلین (دو پہاڑ) کے معنی میں ہے۔ خرجاً بمعنی اجر عظیم (دونوں پہاڑوں کے سروں کے درمیان کو برابر کرنے کے بعد) ''ذوالقرنین نے (عملہ سے) کہا کہ اب دھونکو، یہاں تک کہ جب اسے آگ بنا دیا تو کہا کہ اب میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ تو میں اس پر ڈال دوں (افرغ علیہ قطراً کے معنی ہیں کہ) میں اس پر پگھلا ہوا سیسہ ڈال دوں (قطر کے معنی) بعض نے لوہے (پگھلے ہوئے) سے کئے ہیں اور بعض نے پیتل سے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس کے معنی تانبا بتایا ہے'' سو قوم یاجوج

وَعْدُ رَبِّي حَقًّا وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوْجُ فِي بَعْضٍ،حَتّى اِذَا فُتِحَتْ يَاجُوجُ وَمَا جُوجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ قَالَ قتادةُ حَدَبٌ اَكَمَةٌ قال رجلٌ للنبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَايتُ السَّدَّ مِثل البُرد المُحَبَّرِ قال رأيتَه

وماجوج کے لوگ (اس سد کے بعد) نہ اس پر چڑھ سکتے تھے (یظھروہ بمعنی) یعلوہ استطاع، اطعت لہٗ سے استفعال کا صیغہ ہے اسی لئے اسطاع یسطیع (کے ہمزہ کو، تا کے حذف کے بعد) فتح کے ساتھ پڑھا جاتا ہے، لیکن بعض حضرات اسے استطاع، یستطیع ہی پڑھتے ہیں۔'' اور نہ وہ اس میں نقب ہی لگا سکتے ہیں، ذوالقرنین نے کہا کہ یہ بھی میرے پروردگار کی ایک رحمت ہی ہے پھر جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو وہ اسے ڈھا کر برابر کر دے گا'' یعنی اسے زمین کے برابر کردے گا، اسی سے بولتے ہیں'' ناقة دکاء'' جس اونٹ کے کوہان نہ ہو، اور الدکداک من الارض۔ زمین کی اس ہموار سطح کو کہتے ہیں جو خشک ہو چکی ہو اور کہیں سے اٹھی ہوئی نہ ہو۔'' اور میرے پروردگار کا ہر وعدہ برحق ہے اور اس روز ہم انہیں ایک کو دوسرے سے گڈمڈ کر دیں گے'' یہاں تک کہ جب یاجوج وماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے نکلنے لگیں گے۔'' قتادہ نے بیان کیا کہ'' حدب'' بمعنی ٹیلہ ہے ایک صحابی نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ میں نے سد سکندری کو منقش چادر کی طرح دیکھا ہے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، اچھا تم اسے دیکھ چکے ہو۔

(۵۷۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا اللّيثُ عن عُقَيلٍ عن ابنِ شهابٍ عَنْ عُروَةَ بن الزبَيْرِ اَنَّ زينبَ ابنةَ ابى سلمةَ حَدَّثَتْهُ عن اُمِّ حبيبةَ بنتِ ابى سفيانَ عن زَينبَ ابنة جَحْشٍ رَضِيَ اللّٰه عنهن اَن النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم دَخلَ عليها فزعًا يَقولُ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَيْلٌ لِلعَرَبِ مِنْ شَرٍّقَدِ اقترَبَ فُتِحَ اليَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوجَ وَمَاجُوجَ مِثْلُ هٰذِهٖ وَحَلَّقَ بِاَصْبَعِهِ الِابْهَامِ وَالَّتِي تَلِيهَا قَالَتْ زَينَبُ ابنةُ جَحْشٍ فقلتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَالْخَبَثُ

۵۷۱۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے ان سے ابن شہاب نے ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی، ان سے ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا نے ان سے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ ان کے یہاں تشریف لائے آپ گھبرائے ہوئے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، عرب میں اس شر کی وجہ سے تباہی مچ جائے گی جس کے دن اب قریب آنے کو ہیں، آج یاجوج وماجوج نے دیوار میں اتنا سوراخ کر لیا ہے، پھر آنحضور ﷺ نے انگوٹھے اور اس کے قریب کی انگلی سے حلقہ بنا کر بتایا ام المومنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے سوال کیا یارسول اللہ! کیا ہم اس کے باوجود ہلاک کر دیئے جائیں گے کہ ہم میں صالح اصحاب بھی موجود ہوں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، جب فسق وفجور بڑھ جائے گا۔

(۵۷۲) حَدَّثَنَا مسلمُ بنُ ابراهيمَ حَدَّثَنَا وُهَيبٌ حدثنا ابنُ طاؤسٍ عن ابيه عن ابى هريرةَ رَضِيَ

۵۷۲۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ابن طاؤس نے حدیث بیان کی ان سے ان

اللّٰهُ عنه عن النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ فَتَحَ اللّٰهُ من رَدمِ يَاجُوجَ وَمَاجُوجَ مِثْلَ هٰذَا وَعَقَدَ بِيَدِهٖ تِسْعِيْنَ

کے والد نے اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے یاجوج وماجوج کی دیوار سے اتنا کھول دیا ہے پھر آپ ﷺ نے اپنی انگلیوں سے نوے کے عدد کی طرح کر کے واضح کیا۔

(۵۷۳) حَدَّثَنِیْ اسحاقُ بنُ نصرٍ حَدَّثَنَا ابو اسامةَ عن الاعمشِ حَدَّثَنَا ابوصالحٍ عن ابی سعیدٍ الخدری رَضِیَ اللّٰهُ عنه عن النبیِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ يَقُولُ اللّٰهُ تعالٰی يَاٰادَمُ فيقولُ لَبَّيْکَ وَسَعْدَيْکَ وَالخَيرُ فِی يَدَيْکَ فَيَقُولُ اَخْرِجْ بَعْثَ النَّارِ قَالَ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ مِن كُلِّ اَلْفٍ تِسْعُمَائَةٍ وَتِسعَةً وَتِسعِيْنَ فَعِنْدَه' يَشِيْبُ الصَّغِيْرُ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ قَالُوا يَارَسُولَ اللّٰهِ وَاَيُّنَا ذٰلِکَ الوَاحِدُ قَالَ اَبْشِرُوا فَاِنَّ مِنكُمْ رَجُلًا وَمِن يَاجُوجَ وَمَاجُوجَ اَلفًا ثُمَّ قَالَ وَالَّذِی نفسِی بِيَدِهٖ اَرْجُو اَنْ تَكُونُوا رُبُعَ اَهْلِ الجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا فَقَالَ اَرْجُو اَنْ تَكُونُوا ثُلُثَ اَهْلِ الجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا فَقَالَ اَرْجُو اَنْ تَكُونُوا نِصفَ اَهْلِ الجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا فَقَالَ مَااَنْتُمْ فِی النَّاسِ اِلَّا كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِی جِلْدِ ثَوْرٍ اَبْيَضَ اَوْ كَشَعْرَةٍ بَيضَاءَ فِی جِلْدِ ثَوْرٍ اَسْوَدَ

۵۷۳۔ مجھ سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے، ان سے ابوصالح نے حدیث بیان کی اوران سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) فرمائے گا، اے آدم! آدم علیہ السلام عرض کریں گے، ہر وقت میں آپ کی اطاعت وبندگی کے لئے حاضر ہوں، ساری بھلائیاں صرف آپ ہی کے قبضے میں ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا، جہنم میں جانے والوں کو باہر نکالو، آدم علیہ السلام عرض کریں گے، اے اللہ، جہنمیوں کی تعداد کتنی ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ ہر ایک ہزار میں سے نوسونناوے! اس وقت (کی ہولناکی کا اور وحشت کا یہ عالم ہوگا کہ) بچے بوڑھے ہوجائیں گے اور ہر حاملہ عورت اپنا حمل ساقط کردے گی اس وقت تم (خوف ووحشت کی وجہ سے) لوگوں کو مدہوشی کے عالم میں دیکھو گے، حالانکہ وہ مدہوش نہ ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب بڑا ہی سخت ہے'' صحابہ نے عرض کیا، یارسول اللہ! (ایک ہزار میں سے) وہ ایک شخص (جنت کا مستحق) ہم میں سے کون ہوگا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں بشارت ہو وہ ایک آدمی تم میں سے ہوگا اور ایک ہزار (جہنم میں جانے والے) یاجوج وماجوج کی قوم سے ہوں گے، پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے مجھے توقع ہے کہ تم (امت مسلمہ) تمام اہل جنت کے چوتھائی ہوگے اس پر ہم نے (خوشی میں) اللہ اکبر کہا، پھر آپ نے فرمایا کہ مجھے توقع ہے کہ تم تمام اہل جنت کا ایک تہائی ہوگے پھر ہم نے اللہ اکبر کہا تو آپ ﷺ نے فرمایا مجھے توقع ہے کہ تم لوگ تمام اہل جنت کے نصف ہوگے پھر ہم نے اللہ اکبر کہا۔ پھر آپ نے فرمایا کہ (محشر میں) تم لوگ تمام انسانوں کے مقابلے میں اتنے ہوگے جتنے کسی سفید بیل کے جسم پر سیاہ بال ہوتے ہیں یا جتنے کسی سیاہ بیل کے جسم پر سفید بال ہوتے ہیں۔

باب ۳۱۲. قولِ اللّٰهِ تعالٰی وَاتَّخَذَاللّٰهُ اِبراهِيْمَ خَلِيْلًا وَقَولِهٖ اِنَّ اِبرَاهِيمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا وَقَولِهٖ اِنَّ

۳۱۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اور اللہ نے ابراہیمؑ کو خلیل بنایا۔'' اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''بے شک ابراہیمؑ (تمام عمدہ خصائل کے جامع ہونے کی

راهِيم لا وَّاهٌ حَلِيمٌ وَقالَ ابو ميسرة الرَّحِيم
سان الحبشة

حیثیت سے) ایک امت تھے اللہ تعالیٰ کے مطیع وفرماں بردار۔" اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "بے شک ابراہیم نہایت نرم طبیعت اور بڑے ہی بردبار تھے۔" ابومیسرہ نے کہا کہ (اواہ) حبشی زبان میں رحیم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

۵۷۴) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا سفيانُ
دَّثَنَا المُغيرةُ بنُ النعمانِ قالَ حدثني سعيدُ بنُ
بيرٍ عن ابنِ عباسٍ رضى الله عنهما عن النبي
لَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قالَ اِنكُمْ مَحشورونَ حُفَاةً
راةً غُرْلًا ثُمَّ قَرَأ كَمَا بَدَأنَا اَوَّلَ خلقٍ نُعِيدُه' وَعْدًا
لينا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ وَاَوَّلُ مَنْ يُكسىٰ يومَ القِيَامَةِ
راهِيمُ وَاِنَّ اُنَاسًا مِنْ اَصْحَابِي يُوخَذبِهِمْ ذَاتَ
شِّمَالِ فَاَقُولُ اَصحَابِيْ اَصْحَابِي فَيَقُولُ اِنَّهُمْ لَمْ
ا لُوا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى اَعقابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ فَاَقُولُ
ما قَالَ العَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا
دُمْتُ فِيهِمْ اِلٰى قَوْلِهِ الحَكِيمُ

۵۷۴۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی انہیں سفیان نے خبر دی ان سے مغیرہ بن نعمان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے سعید بن جبیر نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تم لوگ حشر میں ننگے پاؤں، ننگے جسم اور غیر مختون اٹھائے جاؤ گے پھر آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی کہ "جیسا کہ ہم نے پیدا کیا تھا پہلی مرتبہ ایسے ہی لوٹائیں گے، یہ ہماری طرف سے ایک وعدہ ہے جس کو ہم پورا کر کے رہیں گے۔" اور انبیاء میں سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو کپڑا پہنایا جائے گا۔ اور میرے اصحاب میں سے بعض کو جہنم کی طرف لے جایا جائے گا تو میں پکار اٹھوں گا کہ یہ تو میرے اصحاب ہیں میرے اصحاب، لیکن مجھے بتایا جائے گا کہ آپ کی وفات کے بعد ان لوگوں نے پھر کفر اختیار کر لیا تھا، ❶ اس وقت میں بھی وہی جملہ کہوں گا جو عبد صالح (عیسیٰ علیہ السلام) کہیں گے کہ "جب تک میں ان کے ساتھ تھا ان پر نگران تھا اللہ تعالیٰ کے ارشاد الحکیم تک۔

۵۷۵) حَدَّثَنَا اسماعيلُ بنُ عبدِاللّٰه قالَ اخبرني
ي عبدُالحميد عن ابي ذِئْبٍ عن سعيدٍ
لمقبريِ عن ابي هريرةَ رضى الله عنه عن النبيِ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ يَلْقَى اِبراهيمُ اَبَاهُ اٰذَرَ يومَ
يامة وَعَلٰى وَجهِ اٰذَرَ قَتَرَةٌ وَغَبَرَةٌ فيقولُ لَه'
راهيمُ اَلَمْ اَقُلْ لَکَ لاتَعْصِنِي فَيَقُولُ فاليومَ لا
صِيكَ فَيَقُولُ ابراهيمُ يَارَبِّ اِنَّکَ وَعَدْتَنِي اَنْ
تُخْزِيَنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ فَاَيُّ خِزيٍ اَخْزَى مِنْ اَبِي

۵۷۵۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میرے بھائی عبدالحمید نے خبر دی، انہیں ابن ابی ذئب نے، انہیں سعید مقبری نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ابراہیم علیہ السلام اپنے والد آذر سے قیامت کے دن جب ملیں گے تو ان کے چہرے پر سیاہی اور غبار ہوگا۔ ابراہیم علیہ السلام کہیں گے کہ کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ میری رسالت کی مخالفت نہ کیجئے۔ وہ کہیں گے کہ آج میں آپ کی مخالفت نہیں کرتا ابراہیم علیہ السلام کہیں گے کہ اے رب! آپ نے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ مجھے قیامت کے دن رسوا نہیں

یہ دیہات کے وہ سخت دل اور اکھڑ بدوی ہوں گے جو برائے نام اسلام میں داخل ہو گئے تھے اور آنحضور ﷺ کی وفات کے ساتھ ہی پھر مرتد ہو گئے تھے اور
سلام کے خلاف صف آراء ہوئے تھے۔ چنانچہ ایسے بہت سے بدوی عربوں کا ذکر تاریخ میں موجود ہے جو یا تو منافق تھے اور اسلام کے غلبہ سے خوف زدہ ہو کر
لام میں داخل ہو گئے تھے، یا پھر برائے نام اسلام میں داخل ہو کر مسلمان ہو گئے تھے اور انہوں نے اسلام سے کبھی کوئی دلچسپی سرے سے لی ہی نہیں تھی ایسے
ور ایمان مسلمانوں کا ہی ایک طبقہ وہ تھا جو آنحضور ﷺ کی وفات کے ساتھ ہی مرتد ہوا اور خلافت اسلامیہ کے خلاف جنگ کی۔ پھر شکست کھائی یا قتل کئے
، معتمد اور مشہور صحابہ میں سے کوئی بھی اس حدیث کا مصداق نہیں اور بحمد اللہ ان میں سے ہر ایک کی زندگی کے اوراق آئینے کی طرح صاف اور واضح ہیں۔

الْاَبْعَدِ فَيَقُولُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّي حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ ثُمَّ يُقَالُ يَااِبْرَاهِيمُ مَاتَحْتَ رِجلَيْكَ فَيَنْظُرُ فَاِذَا هُوَ بِذِبْحٍ مُلتَطِخٍ فَيُوْخَذُ بِقَوائِمِه فَيُلْقٰى فِي النَّارِ

کریں گے آج اس رسوائی سے بڑھ کر اور کون سی رسوائی ہوگی کہ میرے والد (آپ کی رحمت سے) سب سے زیادہ دور ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے جنت کا فروں پر حرام قرار دی ہے پھر کہا جائے گا کہ اے ابراہیم تمہارے قدموں کے نیچے کیا چیز ہے؟ دیکھیں گے تو ایک ذبح کیا ہوا جانور خون میں لتھڑا ہوا وہاں پڑا ہوگا اور پھر اس کے پاؤں پکڑ کر اسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

(۵۷۶) حَدَّثَنَا يَحيَىَ بنُ سليمانَ قال حدثني ابنُ وهبٍ قال اخبرني عمرٌو اَنَّ بُكَيرًا حَدَّثَه' عن كرَيْبٍ مولَى ابنِ عباسٍ اَنَّ ابنَ عباسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ البيتَ فَوَجَدَ فيهِ صورةَ ابراهيمَ وصورةَ مريمَ فقال اَمَالَهُمْ فقد سَمِعُوْا اِنَّ المَلَائِكَةَ لَاتدخلُ بَيْتًا فِيهِ صُورَةٌ هٰذَا اِبرَاهِيمُ مُصَوَّرٌ فَمَالَه' يَستَقسِمُ

۵۷۶۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے عمرو نے خبر دی، ان سے بکیر نے حدیث بیان کی ان سے ابن عباس کے مولیٰ کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ بیت اللہ میں داخل ہوئے تو اس میں ابراہیم علیہ السلام اور مریم علیہا السلام کی تصویریں دیکھیں، پھر آپ نے فرمایا کہ قریش کو کیا ہوگیا ہے حالانکہ انہیں معلوم ہو چکا ہے کہ فرشتے کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویریں رکھی ہوں، یہ ابراہیم علیہ السلام کی تصویر ہے اور وہ بھی پانسہ پھینکتے ہوئے۔

(۵۷۷) حَدَّثَنَا ابراهيمُ بْنُ مُوسٰى اخبرنا هشامٌ عن معمرٍ عن ايوبَ عن عكرمةَ عن ابنِ عباسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا ان النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم لَمَّا رَاَى الصُّوَرَفِي البيتِ لَمْ يَدْخُلْ حتى اَمَرَ بها فَمُحِيَتْ وراى ابراهيمَ واسماعيلَ عليهِمَا السلام بَايدِيهِمَا الاَزْلَامُ فقال قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ وَاللّٰهِ اِنِ اسْتَقْسَمَا بِالْاَزْلَامِ قَطُّ

۵۷۷۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں ایوب نے، انہیں عکرمہ نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے جب بیت اللہ میں تصویریں دیکھیں تو اندر اس وقت تک داخل نہ ہوئے جب تک وہ مٹا نہ دی گئیں، اور آپ نے ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں دیکھیں کہ ان کے ہاتھوں میں تیر (پانسے کے) تھے تو آپ نے فرمایا، اللہ ان پر بربادی لائے، واللہ، ان حضرات نے کبھی تیر (پانسے کے) نہیں پھینکے تھے۔

(۵۷۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عبدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا يحيى بن سعيدٍ حدثنا عبيدُاللّٰه قَالَ حَدَّثَنِي سعيدُ بنُ ابى سعيدٍ عن ابيه عن ابى هريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قِيلَ يَارَسُولَ اللّٰه منْ اكرَمُ النَّاسِ قَالَ اَتقاهُمْ فَقَالُوا لَيْسَ عن هٰذَا نَسأَلُكَ قَالَ فَيُوسُفُ نَبِيُّ اللّٰه ابنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰه ابنِ خَلِيلِ اللّٰه قَالُوا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نسأَلُ لك قال فَعَنْ مَعَادِنِ العَرَبِ تَسأَلُونَ خِيَارُهُمْ فِي الجَاهلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الاِسْلَامِ اِذَا فَقُهوا قال اَبُواسامة وَمُعْتَمِرٌ عن عبيدِاللّٰه عن

۵۷۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے سعید بن ابی سعید نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا گیا، یا رسول اللہ! سب سے زیادہ شریف کون ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔ صحابہ نے عرض کیا کہ ہم آنحضور ﷺ نے اس کے متعلق نہیں پوچھتے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر اللہ کے نبی یوسف بن نبی اللہ بن نبی اللہ، بن خلیل اللہ (سب سے زیادہ شریف ہیں) صحابہ نے کہا کہ ہم اس کے متعلق بھی نہیں پوچھتے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اچھا، عرب کے

سعیدِ عن ابی ھریرۃَ عنَ النبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ

خاندانوں کے متعلق تم پوچھنا چاہتے ہو، جو جاہلیت میں شریف تھے، اسلام میں بھی وہ شریف ہیں (بلکہ اس سے بڑھ کر) جب کہ دین کی سمجھ انہیں آجائے۔ ابواسامہ اور معتمر نے عبید اللہ کے واسطہ سے بیان کیا، ان سے سعید نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

(۵۷۹) حَدَّثَنَا مؤملٌ حدثنا اسماعیلُ حدثنا عوفٌ حَدَّثَنَا ابورجاءٍ حدثنا سمرۃُ قال قال رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم اَتَانِی اللَّیلَۃَ اٰتِیَان فَاَتَینَا عَلٰی رَجُلٍ طَوِیلٍ لَااَکَادُاَرٰی رَاسَہٗ طُوْلًا وَاِنَّہٗ اِبْرَاھِیمُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ

۵۷۹۔ہم سے مؤمل نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے عوف نے حدیث بیان کی ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی اور ان سے سمرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا رات میرے پاس (خواب میں) دوفرشتے (جبرائیل ومیکائل) آئے پھر یہ دونوں حضرات مجھے ساتھ لے کر ایک لمبے بزرگ کے پاس گئے وہ اتنے لمبے تھے کہ ان کا سر میں نہیں دیکھ پاتا تھا اور یہ ابراہیم علیہ السلام تھے۔

(۵۸۰) حَدَّثَنَا بیانُ بنُ عمرٍو حدثنا النضرُ اخبرنا ابنُ عونٍ عن مجاھدٍ اَنَّہٗ سَمِعَ ابنَ عباسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عنھما وَذَکَرُوْا لَہٗ الدَّجَّالَ بَیْنَ عَینَیہِ مَکتُوبٌ کَافِرٌ اَوْکَ فـ ر قَالَ لَم اَسمَعْہُ وَلٰکِنَّہٗ قَالَ اَمَّا اِبْرٰھِیمُ فَانظُرُوا اِلٰی صَاحِبِکُمْ وَاَمَّا مُوْسٰی فَجَعْدٌ اٰدَمُ عَلٰی جَمَلٍ اَحْمَرَ مَخطُوْمٍ بِخُلبَۃٍ کَاَنِّی انظُرُ اِلَیہِ اِنحَدَرَ فِی الوَادِیْ

۵۸۰۔ہم سے بیان بن عمرو نے حدیث بیان کی ان سے نضر نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عون نے خبر دی، انہیں مجاہد نے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا آپ کے سامنے دجال کا لوگ تذکرہ کر رہے تھے کہ اس کی پیشانی پر لکھا ہوگا ''کافر'' یا (یوں لکھا ہوگا) ''ک،ف، ر'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ سے میں نے یہ حدیث نہیں سنی تھی، البتہ اپ نے ایک مرتبہ یہ حدیث بیان فرمائی کہ ابراہیم علیہ السلام (کی شکل وضع معلوم کرنے) کے لئے تم اپنے صاحب کو دیکھ سکتے ہو، [1] اور موسیٰ علیہ السلام میانہ قد، گندم گوں، ایک سرخ اونٹ پر سوار تھے جس کی لگام کھجور کی چھال کی تھی جیسے میں انہیں اس وقت بھی وادی میں اترتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔

(۵۸۱) حَدَّثَنَا قُتَیبَۃُ بنُ سعیدٍ حدثنا مُغیرۃُ بنُ عبدالرحمٰنِ القُرشِیُّ عن ابی الزنادِ عن الْاَعرَجِ عن ابی ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّم اِختَتَنَ اِبرَاھِیمُ عَلَیہِ السلام وَھُوَ ثَمَانِینَ سَنَۃً با لقَدُوْمِ

۵۸۱۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن القرشی نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ابراہیم علیہ السلام نے اسی ۸۰ سال کی عمر میں ختنہ کرایا تھا، مقام قدوم میں۔

(۵۸۲) حَدَّثَنَا اَبُوالیمانِ اخبرنا شعیبٌ حدثنا اَبُوالزنادِ بِالقَدُوْمِ مُخَفَّفَۃً تابعہ عبدُالرحمٰنِ بنُ اسحاق عن ابی الزنادِ تابعہ عجلانُ عن ابی

۵۸۲۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ''بالقدوم'' بالتخفیف اس روایت کی متابعت عبدالرحمٰن بن اسحاق نے ابوالزناد کے واسطہ سے کی ہے۔ ان کی

[1] صاحبکم کے لفظ سے اشارہ آنحضور ﷺ نے اپنی ذات مبارک کی طرف کیا تھا، کیونکہ آنحضور ﷺ، ابراہیم علیہ السلام سے بہت زیادہ مشابہ تھے۔

هريرةَ وَرواه محمدُ بن عمرٍو عن ابى سَلمة

(عبدالرحمٰن بن اسحاق یا شعیب کی) متابعت عجلان نے بھی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کی ہے، اور محمد بن عمرو نے اس کی روایت ابوسلمہ سے کی ہے۔

(۵۸۳) حَدَّثَنَا سعيدُ بن تَلِيدٍ الرُّعينى اَخْبَرَنَا ابنُ وهبٍ قال اخبرنى جريرُ بنُ حَازمٍ عَنْ ايوبَ عن مُحمَّدٍ عن ابى هريرةَ رَضِىَ اللّٰهُ عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم لَمْ يَكْذِبْ اِبْرَاهِيْمُ اِلَّا ثَلَثًا

۵۸۳۔ ہم سے سعید بن تلید رعینی نے حدیث بیان کی انہیں ابن وہب نے خبر دی کہا کہ مجھے جریر بن حازم نے خبر دی انہیں ایوب نے انہیں محمد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ابراہیم علیہ السلام نے توریہ ❶ (کذب) تین مرتبہ کے سوا اور کبھی نہیں کیا۔

(۵۸۴) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ محبوبٍ حَدَّثَنَا حمادُ ابنُ زيدٍ عن ايوبَ عن محمدٍ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰهُ عنه قال لَم يَكذِبْ اِبراهيمُ عَلَيهِ السَّلامُ اِلَّا ثَلاثَ كَذِبَاتٍ ثِنتينِ مِنهُنَّ فِى ذاتِ اللّٰهِ عَزَّوجلَّ قولُه' اِنّى سَقِيمٌ وَقولُه' بَلْ فَعلَه' كَبِيرُهُم هٰذا وَقالَ بَينا هُوَ ذاتَ يومٍ وَسارَةُ اِذا اَتى عَلٰى جَبَّارٍ مِنَ الجَبابرَةِ فَقِيلَ لَه' اِنَّ هٰهُنا رَجُلًا مَعه' امْرَأةٌ مِنْ اَحسَنِ النّاس فَاَرْسَلَ اِلَيهِ فَسَأ لَه' عَنها فَقالَ مَنْ هٰذا قَالَ اُختِى فَاَتى بِسارَةَ قَالَ يَاسارَةُ لَيسَ عَلٰى وَجهِ الاَرْضِ مُؤمِنٌ غَيرِىْ وَغَيرُكِ

۵۸۴۔ ہم سے محمد بن محبوب نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے ان سے محمد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے تین مرتبہ جھوٹ بولا تھا، دو ان میں سے خالص اللہ عزوجل کی رضا کے لئے تھے ایک تو ان کا فرمانا (بطور توریہ کے) کہ "میں بیمار ہوں ❷ اور دوسرا ان کا یہ فرمانا کہ "بلکہ یہ کام تو ان کے بڑے (بت) نے کیا ہے" اور بیان کیا کہ ایک مرتبہ ابراہیم علیہ السلام اور سارہ رضی اللہ عنہا ایک ظالم بادشاہ کی حدود سلطنت سے گزر رہے تھے بادشاہ کو اطلاع ملی کہ یہاں ایک شخص آیا ہوا ہے اور اس کے ساتھ دنیا کی ایک خوبصورت ترین عورت ہے بادشاہ نے ابراہیم علیہ السلام کے پاس اپنا آدمی بھیج کر انہیں بلوایا اور سارہ رضی

---

❶ توریہ کا مفہوم یہ ہے کہ واقعہ کچھ اور ہو، لیکن کوئی شخص کسی خاص مصلحت کی وجہ سے اسے ذو معنیین الفاظ کے ساتھ اس انداز میں بیان کرے کہ مخاطب اصل واقعہ کو نہ سمجھ سکے بلکہ اس کا ذہن خلاف واقعہ چیز کی طرف منتقل ہو جائے۔ شریعت نے بعض حالات میں اس کی اجازت دی ہے، چونکہ حقیقت کے اعتبار سے یہ ایک طرح کی مغالطہ دہی ہے، اس لئے حدیث میں اس کے لئے کذب (جھوٹ) کا لفظ استعمال کیا گیا۔ حدیث تفصیل کے ساتھ آ رہی ہے۔ ❷ روایتوں میں اختلاف ہے بعض روایتوں میں "قدوم" دال کے تشدید کے ساتھ آیا ہے اور بعض روایتوں میں دال کی تخفیف کے ساتھ، دال کی تخفیف کے ساتھ اگر پڑھا جائے تو بڑھئی کا آلہ (بسولہ) بھی مراد ہو سکتا ہے ویسے یہ مختلف مقامات کا نام بھی ہے اور اگر تشدید کے ساتھ پڑھا جائے تو یقینی طور پر کسی مقام کا نام ہی ہوگا۔

❸ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھرانے کے لوگ انہیں اپنے قومی میلے میں لے جانا چاہتے تھے اس کے علاوہ کہ وہاں مشرکانہ رسوم خود باعث کوفت تھیں، حضرت ابراہیم علیہ السلام انکے بت خانے کے بتوں کو توڑنا بھی چاہتے تھے، ایک خاص مقصد کے پیش نظر! اس لئے آپ نے ان کے ساتھ جانے سے گریز کیا اور فرمایا کہ میں بیمار ہوں واقعۃً آپ بیمار نہیں تھے، لیکن دل برداشتہ فروز تھے انتہائی درجہ میں اور اس دل برداشتگی کے لئے آپ نے بیمار کا لفظ استعمال کیا جو ایک حیثیت سے صحیح بھی ہے اگرچہ مخاطب کا ذہن یقینی طور پر عام قسم کی بیماری کی طرف ہی منتقل ہو سکتا ہے پھر جب وہ لوگ آپ کو چھوڑ کر چلے گئے تو آپ نے بت خانے کے تمام بتوں کو توڑ ڈالا اور جس کلہاڑے سے توڑا تھا اسے سب سے بڑے بت کے کندھے پر رکھ دیا جسے آپ نے مصلحتاً نہیں توڑا تھا پھر جب قوم کے لوگ واپس آئے اور آپ سے پوچھا، تو آپ نے طنزاً کہا کہ "یہ سارا کام اس بڑے بت نے کیا ہے" واقعی کلہاڑا بھی اس کے کندھے پر تھا مقصد ان کی بت پرستی کی نامعقولیت کی طرف توجہ دلائی تھی کہ جن کے تم پجاری ہو ان کی حیثیت صرف اتنی ہے آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ واقعی اور حقیقی جھوٹ کا ان دونوں باتوں سے کوئی تعلق بھی ہے۔

وَاَنَّ هٰذَا سَاَلَنِی فَاَخبَرْتُه' اَنَّکِ اُختِی فَلَا تُکَذِّبِیْنِیْ فَاَرْسَلَ اِلَیهَا فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَیهِ ذَهَبَ یَتَنَاوَلُهَا بِیَدِهٖ فَاُخِذَ فقال اُدْعِی اللّٰهَ لِی وَلَااَضُرُّکِ فَدَعَتْ اللّٰهَ فَاُطْلِقَ ثُمَّ تنَا وَلَهَا الثانِیَةَ فَاُخِذَ مِثلَهَا اَوْ اَشَدَّ فَقَالَ اُدْعِیْ اللّٰه لِی وَلَا اَضُرُّکِ فَدَعَتْ فَاُطْلِقَ فَدَعَا بَعْضَ حَجَبَتِهٖ فَقَالَ اِنَّکُمْ لَمْ تَاتُوْنِی بِاِنسَانٍ اِنَّمَا اَتَیْتُمُوْنِی بِشَیطَانٍ فَاَخْدَمَهَا هَاجَرَ فَاَتَتْهُ وَهُوَ قَائِمٌ یُصَلِّیْ فَاَوْمَأَ بِیَدِهٖ مَهْیَا قَالَتْ رَدَّاللّٰهُ کَیْدَ الْکَافِرِ اَوِالْفَاجِرِ فِی نَحْرِهٖ وَاَخدَمَ هَاجَرَ قَالَ اَبُوْهُرَیْرَة تِلْکَ اُمُّکُمْ یَابَنِیْ ماءِ السَّماءِ

اللہ عنہا کے متعلق پوچھا کہ یہ کون ہیں؟ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ میری بہن (دینی رشتے کے اعتبار سے) پھر آپ سارہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور فرمایا کہ اے سارہ! یہاں میرے اور تمہارے سوا اور کوئی بھی مؤمن نہیں ہے، اور اس بادشاہ نے مجھ سے پوچھا تو میں نے اس سے کہہ دیا ہے کہ تم میری بہن ہو (دینی اعتبار سے) اس لئے اب تم کوئی ایسی بات نہ کہنا جس سے میں جھوٹا بنوں، پھر اس ظالم نے سارہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا اور جب آپ اس کے پاس گئیں تو اس نے آپ کی طرف ہاتھ بڑھانا چاہا، لیکن فوراً ہی پکڑلیا گیا (خدا کی طرف سے) پھر وہ کہنے لگا کہ میرے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرو (کہ اس مصیبت سے مجھے نجات دے) میں اب تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا، چنانچہ آپ نے اللہ سے دعا کی اور وہ چھوڑ دیا گیا لیکن پھر دوسری مرتبہ اس نے ہاتھ بڑھایا اور اس مرتبہ بھی اسی طرح پکڑلیا گیا بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت! اور کہنے لگا کہ اللہ سے میرے لئے دعا کرو، میں اب تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچاؤں گا حضرت سارہ نے دعا کی اور وہ چھوڑ دیا گیا اس کے بعد اس نے اپنے کسی حاجب (ایک معزز درباری عہدہ) کو بلا کر کہا کہ تم لوگ میرے پاس کسی انسان کو نہیں لائے ہو، یہ تو کوئی سرکش جن ہے (جاتے ہوئے) حضرت سارہ کو اس نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کی خدمت کے لئے دیا جب حضرت سارہ آئیں تو ..... تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے نماز پڑھ رہے تھے آپ نے ہاتھ کے اشارہ سے ان کا حال پوچھا انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کافر یا (یہ کہا کہ) فاجر کے فریب کو اسی کے منہ پر دے مارا، اور ہاجرہ کو خدمت کے لئے دیا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے بنی ماء السماء (اہل عرب) تمہاری والدہ یہی (حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا ہیں۔)

(۵۸۵) حَدَّثَنَا عبیدُاللّٰهِ بنُ موسٰی اوابنُ سلامٍ عنه اخبرنا ابن جُرَیْجٍ عَنْ عبدِالحمیدِ بنِ جبیرٍ عن سعیدِ بنِ المسیب عن اُمِّ شریکٍ رضی اللّٰه عنه اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَقَالَ وَکَانَ یَنْفَخُ عَلٰی اِبرَاهِیمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۵۸۵۔ ہم سے عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی یا ابن سلام۔ نے (ہم سے حدیث بیان کی) عبید اللہ بن موسیٰ کے واسطہ سے انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں عبدالحمید بن جبیر نے، انہیں سعید بن میتب نے اور انہیں ام شریک رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا تھا اور فرمایا اس نے ابراہیم کی آگ پر پھونکا تھا (تاکہ اور بھڑکے، جب آپ کو آگ میں ڈالا گیا تھا۔)

(۵۸۶) حَدَّثَنَا عمر بن حفص بن غیاث حَدَّثَنَا

۵۸۶۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان

اَبی حدثنا الاعمشُ حدثنی اِبرَاھیمُ عن علقمةَ عن عبدِاللّٰه رضی اللّٰه عنه قَالَ لَمَّا نزَلَتِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوا وَلَمْ یَلْبِسُوْا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰه اَیُّنَا لَایَظْلِمُ نَفْسَه، قَالَ لَیْسَ کَمَا تَقُوْلُوْنَ لَمْ یَلْبِسُوا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ بِشِرْکٍ اَوَلَمْ تَسْمَعُوا اِلٰی قَوْلِ لُقمانَ لِابنِهٖ یٰبُنَیَّ لَاتُشْرِکْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ

کے والد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت اتری ''جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان میں کسی قسم کے ظلم (گناہ) کی آمیزش نہ کی، تو ہم نے عرض کیا، یا رسول اللہ! ہم میں کون ایسا ہوگا جس نے اپنی جان پر ظلم نہ کیا ہوگا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ واقعہ وہ نہیں جو تم سمجھتے ہو جس نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی آمیزش نہ کی'' (میں ظلم سے مراد) شرک ہے کیا تم نے لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو نصیحت نہیں سنی کہ ''اے بیٹے! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔

باب ۳۱۳. یَزِفُّوْنَ النَّسلانُ فِی المَشْی

۳۱۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد یزفون یعنی تیز چلتے ہوئے۔

۵۸۷ حَدَّثَنَا اسحاقُ بنُ ابراھیمَ بنِ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عن ابی حَیَّانَ عَنْ ابی زُرْعَةَ عن ابی هُرَیْرَةَ رضیَ اللّٰهُ عنه قال اُتِیَ النَّبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا بِلَحْمٍ فقال اِنَّ اللّٰهَ یَجْمَعُ یومَ القِیامَةِ الاَوَّلِیْنَ والْاٰخِرِیْنَ فِی صَعِیْدٍ وَاحِدٍ فَیُسْمِعُهُمُ الدَّاعِی وَیُنْفِذُ هُمُ البَصَرَ وَتَدْنُوالشَّمْسُ مِنْهُمْ فَذکَرَ حدیثَ الشَّفاعَةِ فیاتُونَ ابْرَاھیمَ فَیَقُولُونَ اَنْتَ نبیُّ اللّٰه وخلیلُه، منَ الاَرضِ اشفع لَنا الٰی رَبِّکَ فیقُولُ فذکر کَذِباتِه نَفسِیْ نفسِیْ اِذْهَبُوا اِلٰی مُوْسٰی تابعه انس عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۵۸۷۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم بن نصر نے حدیث بیان کی ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی ان سے ابو حیان نے ان سے ابو زرعہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ایک مرتبہ گوشت پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اولین و آخرین کو ایک ہموار اور وسیع علاقے میں جمع کرے گا، اس طرح کہ پکارنے والا سب کو اپنی بات سنا سکے گا، اور دیکھنے والا سب کو ایک ساتھ دیکھ سکے گا (سطح کے ہموار ہونے کی وجہ سے) اور لوگوں سے سورج بالکل قریب ہو جائے گا۔ پھر حدیث شفاعت ذکر کی کہ لوگ ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے کہ آپ روئے زمین پر اللہ کے نبی اور اس کے خلیل ہیں، ہمارے لئے اپنے رب کے حضور میں شفاعت کیجئے، پھر انہیں اپنے جھوٹ (توبہ یہ) یاد آجائیں گے اور کہیں گے کہ آج تو مجھے اپنی ہی جان کی پڑی ہے، تم لوگ موسیٰ علیہ السلام کے یہاں جاؤ اس روایت کی متابعت انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کی۔

(۵۸۸) حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بنُ سعیدٍ اَبُوْعبدِاللّٰه حدثنا وهبُ بنُ جبیرٍ عن ایوبَ عن عبدِاللّٰه بنِ سعیدِ بنِ جُبیرٍ عن ابیه عن ابنِ عباسٍ رضی اللّٰه عنهما عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال یَرْحَمُ اللّٰهُ اُمَّ اِسْمَاعِیْلَ لَوْلَا اَنَّها عَجِلَتْ لَکانَ زَمْزَمُ عینًا مَعِیْنًا قَالَ الانصاریُّ حدثنا ابن جُرَیْجٍ اما کثیرُ بْنُ کثیرٍ

۵۸۸۔ مجھ سے ابو عبداللہ احمد بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے وہب بن جبیر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے عبداللہ بن سعید بن جبیر نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ اسماعیل علیہ السلام کی والدہ پر رحم کرے اگر انہوں نے جلدی نہ کی ہوتی (اور زمزم کے پانی کو بہنے سے روک نہ دیا ہوتا) تو زمزم

فحدثنی قال انی وعثمانَ بن ابی سلیمان جلوسٌ مَع سعیدِ بن جبیر فقال ماھٰکَذا حَدَّثَنِی ابْنُ عباسٍ قالَ اَقْبَلَ ابراھیمُ باسماعیلَ واُمّه علیھم السَّلامُ وھی تُرضِعُه معھا شَنَّةٌ لَم یرْفَعْهُ‌ثم جاء بھا ابراھیمُ وبابنھا اسماعیل

ایک بہتا ہوا چشمہ ہوتا (تمام روئے زمین پر) محمد بن عبداللہ انصاری نے کہا کہ ہم سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، (انہوں نے کہا) کہ کثیر بن کثیر نے مجھ سے جو حدیث بیان کی کہ میں اور عثمان بن ابی سلیمان، سعید بن جبیر کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو انہوں نے فرمایا کہ ابن عباس نے مجھ سے اس طرح حدیث نہیں بیان کی تھی بلکہ انہوں نے بیان کیا تھا کہ ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل اور ان کی والدہ علیہم السلام کو لے کر آئے، وہ ابھی اسماعیل علیہ السلام کو دودھ پلاتی تھیں ان کے پاس ایک مشکیزہ تھا اس روایت حدیث کو آنحضور ﷺ کی طرف سے منسوب کر کے نہیں بیان کیا ہے۔ پھر انہیں اور ان کے بیٹے اسماعیل کو ابراہیم لے کر آئے علیہم السلام۔

(۵۸۹) حَدَّثَنِی عبدُاللّٰهِ بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا عبدُالرزاقِ اَخبَرنَا مَعْمَرٌ عن ایوبَ السَّخْتِیَانِی وکثیرِ بُنِ کثیرِ بنِ المطلبِ بنِ ابی وداعة یَزِیْدُ احَدُھما عَلَی الاٰخَرِ عنِ سعیدِ بنِ جبیرٍ قال ابنُ عباسٍ اَوَّلُ ماتخذَالنساءُ المِنطَقَ مِنْ قِبَلِ اُم اَسماعیلَ اتخذت مِنطَقاً لَتُعَفِّیَ اثرھا علی سارة ثُم جاءَ بھا ابراھیمُ وبابنِھا اسماعیلَ وھی ترضِعُه' حتی وَضَعَھُمَا عند البیتِ عِندَ دَوْحَةٍ فَوْقَ زَمْزَمَ فی اعلَی المسجدِ و لیس بمکة یومَئِذٍ احدٌ و لیس بِھَا ماءٌ فو ضعھما ھنالک وو ضع عندھما جرَابًا فِیهِ تمرٌو سقاءً فِیهِ ماءٌ ثُم قَفّی ابراھیمُ مُنطَلِقًا فَتَبِعَتْهُ اُمُ اسماعیلَ فقالَتْ یاابراھیمُ اَیْنَ تَذْھَبُ وَتَتْرُکُنا بھٰذَا الوادیِ الَّذی لیس فیه اِنسٌ وَلَاشیٌ فقالتْ له' ذلک مِرارًا وجعل لَایلتفتُ اِلَیھَا فَقالَتْ لَه' اَللّٰهُ الَّذی اَمرکَ بِھٰذَا قال نعم قالتْ اِذَنْ لَایُضَیِّعُنا ثُمّ رجعتْ فانطلقَ ابراھیمُ حتی اِذَا کان عِندالثنیةِ حیث لَایَرَوْنَه استقبلَ بوِجھه البیتَ ثُمَّ دَعَا بِھٰؤُلاءِ الکلماتِ وَرَفَعَ یَدَیْهِ فقالَ رَبّ اِنِی اَسْکَنتُ مِنْ ذُرِیَّتِی بِوادٍ غَیرِ ذِیْ زَرْعٍ حَتّٰی بَلَغَ یَشکُرُوْنَ

۵۸۹۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں سختیانی اور کثیر بن کثیر بن مطلب بن ابی وداعہ نے۔ دونوں حضرات اضافہ وکمی کے ساتھ روایت کرتے ہیں سعید بن جبیر کے واسطہ سے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، عورتوں میں (کام اور مصروفیت کے وقت کمر پر) پٹکا باندھنے کا طریقہ (اسماعیل علیہ السلام) کی والدہ (ہاجرہ علیہا السلام) سے چلا ہے، سب سے پہلے انہوں نے پٹکا اس لئے باندھا تھا تا کہ سارہ علیہا السلام کی ناراضگی کو دور کر دیں (پٹکا باندھ کر خود کو خادمہ کی صورت میں پیش کر کے) پھر انہیں اور ان کے بیٹے اسماعیل کو ابراہیم (علیہم السلام) ساتھ لے کر نکلے، اس وقت ابھی آپ اسماعیل علیہ السلام کو دودھ پلاتی تھیں اور بیت اللہ کے قریب ایک بڑے درخت کے پاس جو زمزم کے اوپر مسجد الحرام کے بالائی حصے میں تھا، انہیں لاکر بٹھا دیا، ان دنوں مکہ کسی بھی انسان کے وجود سے خالی تھا اور ہاجرہ کے ساتھ پانی بھی نہیں تھا ابراہیم علیہ السلام نے ان دونوں حضرات کو وہیں چھوڑ دیا، اور ان کے لئے ایک چمڑے کے تھیلے میں کھجور اور ایک مشکیزہ میں پانی رکھ دیا (کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم یہی تھا) پھر ابراہیم علیہ السلام (گھر شام آنے تک کے لئے) روانہ ہوئے اس وقت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ان کے پیچھے پیچھے آئیں اور کہا کہ اے ابراہیم! اس بے آب وگیاہ وادی میں جہاں کوئی بھی متنفس موجود نہیں، آپ ہمیں چھوڑ کر کہاں جا رہے ہیں؟ انہوں نے بار بار اس جملے کو دہرایا لیکن ابراہیم علیہ السلام ان کی طرف دیکھتے نہیں تھے آخر

وَجَعَلَتْ اُمُّ اسماعيلَ تُرْضِعُ اسماعيلَ وتَشْرَبُ من ذلک الماءِ حَتّٰی اِذَا نَفِدَ مَافِی السِّقَاءِ عَطِشَتْ و عَطِشَ ابنُها وجعلتْ تَنظُرُ اِلَيه يَتَلَمَّظُ اوقال يَتَلَبَّطُ فانطَلَقَتْ كَرَاهِيَةَ ان تَنظُرَ اليه فَوَجدت الصفا اَقرَبَ جبلٍ فی الاَرضِ يليها فقامتْ عليه ثم اِستَقْبَلَتْ الوادیَ تَنظُرُ هَلْ تَرٰی احدًا فلم تَرا حداً فَهَبَطَتْ من الصفا حَتّٰی اِذَا بلغتِ الوادی رفعتْ طَرَفَ دِرْعِهَا ثم سَعَتْ سَعْیَ الانسانِ المَجهُودِ حتی جاوزتِ الوادیَ ثم اَتَتِ المروةَ فقامتْ عليها ونظرتْ هل تَرٰی اَحَدًا فلم تَرَ احداً ففعلتْ ذلک سَبْعَ مَرَّاتٍ قال ابنُ عباسٍ قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذٰلِکَ سَعْیُ النَّاسِ بَيْنَهُما فلمّا اشرفتْ عَلَی المَرْوَةِ سمِعتْ صوتًا فقالت صهٍ تُرِيدُ نفسَها ثم تَسَمَّعَتْ فَسَمِعَتْ ايضًا فقالتْ قَد اَسْمَعْتَ ان كان عندکَ غُوَاثٌ فَاِذَا هی بالمَلَکِ عند مَوْضِعِ زَمْزَم فَبَحَثَ بعَقِبِهٖ اوقال بجناحِهٖ حتی ظهرالماء فجعلتْ تحوّضُه، وَتقُولُ بيدِهَا هٰكَذَا وجعلتْ تَغرِفُ قال ابنُ عباسٍ قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُ اللّٰهُ اُمَّ اسمَاعِيلَ لَوْتَرَكَتْ زَمْزَمَ اوقال لَوْلَمْ تَغرِفْ مِنَ المَاءِ لَكَانتْ زَمْزَمُ عينًا مَعِينًا قال فشربتْ وَاَرْضَعَتْ ولدَها فقال لَهَا المَلَکُ لَاتخافُوا الضَّيْعَةَ فَاِنَّ هٰهُنَا بَيْتَ اللّٰهِ يَبْنِی هٰذَا الغُلَامُ وَابُوهُ وَاِنَّ اللّٰهَ لَايُضِيعُ اَهْلَه، وَكَانَ البَيْتُ مُرْتَفِعًا مِنَ الاَرضِ كالرَّابِيَةِ تاتيهِ السُّيُولُ فتاخذُ عن يمينِهٖ وَشمالِهٖ فكانت كَذٰلِکَ حتی مَرَّتْ بِهِمْ رُفْقَةٌ مِن جُرْهُمَ اواهلُ بيتٍ مِنْ جُرْهُمَ مُقبلِينَ من طريقِ كَدَاءٍ فَنَزَلُوا فِی اسفلِ مَكَّةَ فَرَاَوْا طَائِرًا عَائِفًا فَقَالُوا اِنَّ هٰذَا الطائرَ لَيَدُوْرُ عَلٰی ماءٍ لَعَهْدُنا بهذا الوادِی وما فيه ماءٌ فَارسَلُوا

ہاجرہ علیہا السلام نے پوچھا کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے
ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ ہاں، اس پر ہاجرہ علیہا السلام بول اٹھیں
پھر اللہ تعالیٰ ہمیں ضائع نہیں کرے گا، چنانچہ وہ واپس آ گئیں اور ابرا
علیہ السلام روانہ ہو گئے جب وہ مقام ثنیہ پر، جہاں سے یہ لوگ آپ
دیکھ نہیں سکتے تھے تو آپ نے بیت اللہ کی طرف رخ کر کے ان الفاظ میں
دعا کی آپ نے ہاتھ اٹھا کر عرض کی ''میرے رب! میں نے ا
خاندان کو اس وادی غیر ذی...... زرع میں ٹھہرایا ہے۔'' (قرآن مجید
آیت) یشکرون تک آپ کے دعائیہ کلمات نقل ہوئے ہیں اسماعیل ع
السلام کی والدہ انہیں دودھ پلانے لگیں اور خود پانی پینے لگیں، آخر جب
مشکیزہ کا سارا پانی ختم ہوگیا تو وہ پیاسی رہنے لگیں، اور ان
صاحبزادے بھی پیاسے رہنے لگے، وہ اب دیکھ رہی تھیں کہ سامنے ان
لخت جگر (پیاس کی شدت سے پیچ و تاب کھا رہا ہے یا کہا کہ زمین پر لو
رہا ہے، وہ وہاں سے ہٹ گئیں، کیونکہ اس حالت میں انہیں دیکھنے
دل بے چین ہوتا تھا صفا پہاڑی، وہاں سے سب سے زیادہ قریب تھی
اسی پر چڑھ گئیں (پانی کی تلاش میں) اور وادی کی طرف رخ کر کے
دیکھنے لگیں کہ کہیں کوئی متنفس نظر آتا ہے، لیکن کوئی انسان نظر نہ آیا وہ
سے اتر گئیں اور جب وادی میں پہنچیں تو اپنا دامن اٹھا لیا (تا کہ دوڑ
وقت نہ الجھیں) اور کسی پریشان حال کی طرح دوڑنے لگیں پھر وادی
نکل کر مروہ پہاڑی پر آ گئیں اس پر کھڑی ہو کر دیکھنے لگیں کہ کہیں کو
متنفس نظر آتا ہے، لیکن کوئی نظر نہ آیا اس طرح انہوں نے سات مرتبہ
ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، (صفا
مروہ کے درمیان) لوگوں کے لئے سعی اسی وجہ سے مشروع ہو
(ساتویں مرتبہ) جب وہ مروہ پر چڑھیں تو انہیں ایک آواز سنائی د
انہوں نے کہا، خاموش! یہ خود اپنے ہی سے وہ کہہ رہیں تھیں اور آواز
طرف انہوں نے کان لگا دیئے آواز اب بھی سنائی دے رہی تھی
انہوں نے کہا کہ تمہاری آواز میں نے سنی اگر تم میری مدد کر سکتے ہو تو
کہا، کیا دیکھتی ہوں کہ جہاں اب زمزم (کا کنواں ہے) وہیں ایک فر
موجود ہے فرشتے نے اپنی ایڑی سے زمین میں گڑھا کر دیا یا یہ
کہا اپنے بازو سے، جس سے وہاں پانی ظاہر ہو گیا، حضرت ہاجرہ
اسے حوض کی شکل میں بنا دیا اور اپنے ہاتھ سے اس طرح کر دیا (تا کہ پ

رِيًا اَوْجَرِيَّيْنِ فَاِذَاهُمْ بِالْمَاءِ فَرَجَعُوا فَاَخْبَرُوْهُمْ
ماءِ فَاَقْبَلُوا قال وامُّ اسماعيل عندالماء فقالوا
ذَنِينَ لَنَا ان نَنْزِل عندكِ فقالتْ نعم ولكن
حقَّ لكم في الماءِ قَالُوا نَعَمْ قال ابنُ عباس قال
بيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالفَى ذٰلِكَ اُمَّ
سماعِيلَ وَهِىَ تُحِبُّ الْاُنْسَ فَنزلُوا وَاَرْسَلُوا الى
ليهِمْ فَنزلُوا معهم حَتّٰى اِذَا كَانَ بِهَا اهل اَبْيَاتٍ
هُم وشب الغُلامُ وتَعَلَّمَ العربيةَ مِنْهُمْ وَاَنفَسَهُمْ
عْجَبَهُمْ حِيْنَ شَبَّ فَلَمَّا اَدْرَكَ زَوَّجُوهُ امرَاةً
هم وماتتْ امُّ اسماعيل فجاء ابراهيمُ بعد
تزَوَّجَ اسماعيلُ يُطَالِعُ تَرِكَتَه، فَلَمْ يَجِدْ
سماعيلَ فَسَأَلَ امراتَه عَنْهُ فقالت خَرَجَ يبتغِي لَنَا
م سَاَلَهَا عن عَيْشِهِمْ وَهيئَتِهِم فقالت نَحْنُ بشرٍّ
حن في ضَيْقٍ وَشِدَّةٍ فسكت اليه قَالَ فَاِذَا جَاءَ
رْجُكِ فَاقرَئِي عَلَيْهِ السَّلام وقُوْلِي له يُغَيِّرُ عتبة
بِه فلما جاء اسماعيلُ كانّه انسَ شيئًا فَقَالَ هَل
اءَ كُمْ مِنْ اَحَدٍ قالتْ نعم جاءنا شيخٌ كذا وكذا
سَاَلَنَا عنك فاخبرتُه وسَالني كَيفَ عَيْشُنَا
خبرتُه انا في جَهْدٍ وشدةٍ قال فهل اَوْصَاكِ
شيْءٍ قالتْ نعم اَمَرَنِي اَن اَقْرَاَ عليكِ السلامَ
يقولُ غَيِّرْ عَتْبَةَ بَابِكَ قال ذاكِ اَبِي وقد اَمَرَنِي
اُفَارِقَكِ اِلْحَقِي بِاَهْلِكِ فَطَلَّقَهَا وَتَزَوَّجَ مِنْهُمْ
خرٰى فَلَبِثَ عَنْهُمْ ابراهيمُ مَاشاءَ اللّٰهُ ثُمَّ اَتَاهُمْ
دُ فَلَمْ يَجِدْهُ فَدَخَلَ عَلَى امراتِهِ فَسَاَلَهَا عنه
الَتْ خَرَجَ يبتغي لنا قال كَيْفَ اَنْتُم وسَاَلَهَا عن
يشِهِم وهيئتِهم فقالتْ نَحْنُ بخيرٍ وَسَعَةٍ واثنتْ
لى اللّٰهِ فَقَالَ مَاطعامُكم قالتْ اللحمُ قال فما
رابُكم قالت الماءَ قال اللهمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِى
لحمِ والماءِ قَالَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ
كنْ لهم يومَئِذٍ حَبٌّ وَلَوكَانَ لَهُمْ دَعَا لَهُمْ فِيهِ قَالَ

بہنے نہ پائے) اور چلو سے پانی اپنے مشکیزہ میں ڈالنے لگیں، جب وہ بھر چکیں تو وہاں سے چشمہ ابل پڑا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ! ام اسماعیل پر رحم کرے اگر زمزم کو انہوں نے یوں ہی چھوڑ دیا ہوتا، یا آپ نے فرمایا کہ چلو سے مشکیزانہ بھرا ہوتا تو زمزم (تمام روئے زمین پر) ایک بہتے ہوئے چشمے کی صورت اختیار کر لیتا بیان کیا کہ حضرت ہاجرہ نے خود بھی وہ پانی پیا اور اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو بھی پلایا اس کے بعد ان سے فرشتے نے کہا کہ اپنے ضیاع کا خوف ہرگز نہ کرنا، کیونکہ یہیں خدا کا گھر ہوگا، جسے یہ بچہ اور اسکے والد تعمیر کریں گے اور اللہ اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرتا اب جہاں بیت اللہ ہے، اس وقت وہاں ٹیلے کی طرح زمین اٹھی ہوئی تھی۔ سیلاب کا دھارا آتا اور اس کے دائیں بائیں سے زمین کاٹ کر لے جاتا اس طرح وہاں کے شب و روز گزرتے رہے اور آخر ایک دن قبیلہ جرہم کے کچھ لوگ وہاں سے گزرے یا (آپ ﷺ نے یہ فرمایا) کہ قبیلہ جرہم کے چند گھرانے، مقام کداء (مکہ کا بالائی حصہ) کے راستے سے گزر کر مکہ کے نشیبی علاقے میں انہوں نے پڑاؤ کیا، (قریب ہی) انہوں نے منڈ لاتے ہوئے کچھ پرندے دیکھے ان لوگوں نے کہا کہ یہ پرندہ پانی پر منڈلا رہا ہے، حالانکہ اس سے پہلے جب بھی ہم اس وادی سے گزرے، یہاں پانی کا نام و نشان بھی نہ پایا آخر انہوں نے اپنا ایک آدمی یا دو آدمی بھیجے، وہاں انہوں نے واقعی پانی پایا چنانچہ انہوں نے واپس آ کر پانی کی موجودگی کی اطلاع دی، اب یہ سب لوگ یہاں آئے بیان کیا کہ اسماعیل علیہ السلام کی والدہ اس وقت پانی پر ہی بیٹھی ہوئی تھیں ان لوگوں نے کہا کہ کیا آپ ہمیں اپنے پڑوس میں قیام کی اجازت دیں گی؟ ہاجرہ علیہا السلام نے فرمایا کہ ہاں، لیکن اس شرط کے ساتھ کہ پانی پر تمہارا کوئی حق (ملکیت) کا نہیں قائم ہوگا انہوں نے اسے تسلیم کر لیا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اب ام اسماعیل کو پڑوسی مل گئے تھے بنی آدم کی موجودگی ان کے باعث انس و دل بستگی تو تھی ہی چنانچہ ان لوگوں نے خود بھی یہاں قیام کیا اور اپنے قبیلے کے دوسرے لوگوں کو بھی بلوایا اور سب لوگ بھی یہیں آ کر قیام پذیر ہو گئے اس طرح یہاں ان کے کئی گھرانے آ کر آباد ہو گئے اور بچہ (اسماعیل علیہ السلام جرہم کے بچوں میں) جوان ہوا اور ان سے عربی سیکھ لی، جوانی میں اسماعیل علیہ

فَهُمَا لايَخلُوُ عليهما احدٌ بغير مكةَ اِلّا لم يُوَافِقَاهُ قالَ فاذا جاءَ زوجُكِ فَاَقرَئِي عليه السلام وَمرِيهِ يُثَبِّتُ عَتَبَةَ بَابِهِ فلما جاء اسماعيلُ قال هَلُ اَتَاكُمُ مِن احدٍ قالت نَعَمُ اَتَانَا شيخٌ حسنُ الهيئةِ وَاَثنَتُ عليه فَسَالَنِي عَنكَ فاخبرتُه فَسَالَنِيُ كيف عيشُنا فاخبرتُه انا بِخَيرٍ قال فَاَوصَاكِ بشَيءٍ قالتُ نعم هو يقرأُ عليكَ السلامَ ويَاْمُرُكَ ان تُثَبِّتَ عَتَبَةَ بَابِكَ قَالَ ذاكِ اَبِيُ وَاَنتِ العَتَبَةُ اَمَرَنِيُ ان اُمسِكَكِ ثُمَّ لَبِثَ عنهم مَاشاءَ اللّٰهُ ثُمَّ جَاءَ بَعُدَ ذٰلِكَ واسماعيلُ يَبُرِى نبلًا لَه' تَحتَ دَوحَةٍ قريبًا من زَمزَمَ فَلَمَّا رآه قام اليه فصنعا كما يصنع الوالدِ بالولد والولد بالوالد ثم قال يااسماعيلُ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِي بِاَمرٍ قال فاصنَعُ مَااَمَرَكَ رَبُّكَ قَالَ وتُعِينُنِيُ قال وَاُعِينُكَ قال فَاِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيُ اَنُ اَبنِيَ هٰهُنَا بَيتًا وَاَشَارَ الى اَكَمَةٍ مُرتَفِعَةٍ على ماحَولَهَا قال فَعِندَ ذلك رَفَعَا القَوَاعِدَ من البيت فجعل اسماعيلُ يَاتِي بالحجارة وابراهيمُ يَبنِيُ حتى اذا ارتَفَعَ البناءُ جَاءَ بهذا الحَجَرِ فَوَضَعَه' لَه' فقام عَلَيهِ وَهُوَ يَبنِيُ واسماعيلُ يناوِلُهُ الحجارة وهُمَا يقولان رَبَّنَا تَقَبَّلُ مِنَّا اِنَّكَ اَنتَ السَّمِيعُ العَلِيمُ قال فَجَعَلا يَبنِيَانِ حَتّٰى يَدُورا حَولَ البيتِ وَهُمَا يقولان رَبَّنَا تَقَبَّلُ مِنَّا اِنَّكَ اَنتَ السَّمِيعُ العَلِيمُ

السلام ایسے تھے کہ آپ پر سب کی نظریں اٹھتی تھیں اور سب سے زیادہ آپ بھلے لگتے چنانچہ جرہم والوں نے آپ کی اپنے قبیلے کی ایک لڑکی سے شادی کر لی، پھر اسماعیل علیہ السلام کی والدہ (ہاجرہ علیہا السلام) کا بھی انتقال ہو گیا حضرت اسماعیل کی شادی کے بعد ابراہیم علیہ السلام یہاں، اپنے چھوڑے ہوئے سرمایہ کو دیکھنے تشریف لائے اسماعیل علیہ السلام گھر پر موجود نہیں تھے اس لئے آپ نے ان کی بیوی سے ان کے متعلق دریافت فرمایا۔ انہوں نے بتایا، کہ روزی کی تلاش میں کہیں گئے ہیں۔ پھر آپ نے ان سے ان کی معاش وغیرہ کے متعلق دریافت فرمایا تو انہوں نے کہا کہ حالت اچھی نہیں ہے بڑی تنگی ترشی میں گزر اوقات ہوتی ہے اس طرح انہوں نے شکایت کی ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تمہارا شوہر آئے تو ان سے میرا سلام کہنا اور یہ بھی کہ وہ اپنے دروازے کی چوکھٹ کو بدل ڈالیں پھر جب اسماعیل علیہ السلام واپس تشریف لائے تو جیسے انہوں نے کچھ انسیت سی محسوس کی اور فرمایا کیا کوئی صاحب یہاں آئے تھے؟ ان کی بیوی نے بتایا کہ ہاں ایک بزرگ اس اس صورت کے یہاں آئے تھے اور آپ کے بارے میں پوچھ رہے تھے میں نے انہیں بتایا (کہ آپ باہر گئے ہوئے ہیں) پھر انہوں نے پوچھا کہ تمہاری معیشت کا کیا حال ہے؟ میں نے ان سے کہا کہ ہماری گزر اوقات بڑی تنگی ترشی سے ہوتی ہے اسماعیل علیہ السلام نے فرمایا کہ انہوں نے تمہیں کچھ نصیحت بھی کی تھی؟ ان کی بیوی نے بتایا کہ ہاں، مجھ سے انہوں نے کہا تھا کہ آپ کو سلام کہہ دوں اور کہہ گئے ہیں کہ آپ اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دیں، اسماعیل علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ بزرگ میرے والد تھے اور مجھے یہ حکم دے گئے ہیں کہ میں تمہیں جدا کر دوں اب تم اپنے گھر جا سکتی ہو، چنانچہ اسماعیل علیہ السلام نے انہیں طلاق دے دی اور بنو جرہم ہی میں ایک دوسری عورت سے شادی کر لی، جب تک اللہ تعالیٰ کو منظور رہا، ابراہیم علیہ السلام ان کے یہاں نہیں آئے پھر جب کچھ دنوں کے بعد تشریف لائے تو اس مرتبہ بھی وہ اپنے گھر موجود نہیں تھے آپ ان کی بیوی کے یہاں گئے اور ان سے اسماعیل کے متعلق دریافت فرمایا انہوں نے بتایا ہمارے لئے روزی تلاش کرنے گئے ہیں ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا کہ تم لوگوں کا کیسا حال ہے؟ آپ نے ان کی گزر بسر اور دوسرے حالات کے متعلق دریافت فرمایا

انہوں نے بتایا کہ ہمارا حال بہت اچھا ہے، بڑی فراخی ہے انہوں نے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی تعریف وثنا کی۔ ابراہیم علیہ السلام نے دریافت فرمایا کہ تم لوگ کھاتے کیا ہو؟ انہوں نے بتایا کہ گوشت! آپ نے دریافت فرمایا اور پیتے کیا ہو؟ بتایا کہ پانی! ابراہیم علیہ السلام نے ان کے لئے دعا کی، اے اللہ! ان کے گوشت اور پانی میں برکت نازل فرمایئے ان دنوں انہیں اناج میسر نہیں تھا اگر اناج بھی ان کے کھانے میں شامل ہوتا تو ضرور آپ اس میں بھی برکت کی دعا کرتے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ صرف گوشت اور پانی پر خوراک میں انحصار، مداومت کے ساتھ مکہ کے سوا اور کسی خطۂ زمین پر بھی موافق نہیں (مکہ میں اس پر انحصار مداومت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کے نتیجے میں موافق آجاتا ہے ابراہیمؑ نے جاتے ہوئے) ان سے فرمایا کہ جب تمہارے شوہر واپس آجائیں تو ان سے میرا سلام کہنا اور ان سے کہہ دینا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ کو باقی رکھیں جب اسماعیل علیہ السلام تشریف لائے تو پوچھا کہ یہاں کوئی آیا تھا، انہوں نے بتایا کہ جی ہاں، ایک بزرگ! بڑی اچھی وضع وشکل کے آئے تھے، بیوی نے آنے والے بزرگ کی تعریف کی، پھر انہوں نے مجھ سے آپ کے متعلق پوچھا اور میں نے بتادیا پھر انہوں نے پوچھا کہ تمہارے گزر بسر کا کیا حال ہے تو میں نے بتایا کہ ہم اچھی حالت میں ہیں اسماعیل علیہ السلام نے دریافت فرمایا کیا انہوں نے تمہیں کوئی وصیت بھی کی تھی؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں آپ کو انہوں نے سلام کہا تھا اور حکم دیا تھا کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ کو باقی رکھیں اسماعیل علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ بزرگ میرے والد تھے چوکھٹ تم ہو اور آپ مجھے حکم دے گئے ہیں کہ تمہیں اپنے ساتھ رکھوں پھر جتنے دنوں اللہ تعالیٰ کو منظور رہا ابراہیم علیہ السلام ان کے یہاں نہیں تشریف لے گئے جب تشریف لائے تو دیکھا کہ اسماعیل علیہ السلام زمزم کے قریب ایک بڑے درخت کے سائے میں (جہاں ابراہیم علیہ السلام انہیں چھوڑ گئے تھے) اپنے تیر بنا رہے تھے جب اسماعیل علیہ السلام نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا تو سروقد کھڑے ہوگئے۔ اور جس طرح ایک باپ اپنے بیٹے کے ساتھ معاملہ کرتا ہے وہی طرز عمل ان دونوں حضرات نے ایک دوسرے کے ساتھ اختیار کیا پھر ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا، اسماعیل! اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک حکم دیا ہے اسماعیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ آپ کے رب نے

جو حکم آپ کو دیا ہے آپ اسے ضرور انجام دیجئے۔ انہوں نے فرمایا ا
بھی میری مدد کر سکو گے؟ عرض کیا کہ میں آپ کی مدد کروں گا فرمایا ک
تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اسی مقام پر ایک گھر بناؤں (اللہ کا
آپ نے ایک اونچے ٹیلے کی طرف اشارہ کیا کہ اس کے چاروں طرف
آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس وقت ان دونوں حضرات نے بیت اللہ
بنیاد پر عمارت کی تعمیر شروع کی اسماعیل علیہ السلام پتھر اٹھا اٹھا کر لا
تھے اور ابراہیم علیہ السلام تعمیر کرتے جاتے تھے جب دیواریں بلند ہو
تو اسماعیل علیہ السلام یہ پتھر لائے اور ابراہیم علیہ السلام کے لئے اسے
دیا اب ابراہیم علیہ السلام اس پتھر پر کھڑے ہو کر تعمیر کرنے لگے اسما
علیہ السلام پتھر دیئے جاتے تھے اور یہ دونوں حضرات یہ دعا پڑھتے جا
تھے "ہمارے رب" ہماری طرف سے قبول کیجئے، بے شک آپ بڑ
سننے والے، بہت جاننے والے ہیں" فرمایا کہ دونوں حضرات تعمیر کر
رہے اور بیت اللہ کے چاروں طرف گھوم گھوم کر یہ دعا پڑھتے ر
"ہمارے رب! ہماری طرف سے یہ قبول کیجئے، بے شک آپ بڑ
سننے والے بہت جاننے والے ہیں۔

(۵۹۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا اَبُوعامرٍ عبدُالملکِ بنُ عمرٍو قال حدثنا ابراهيمُ بنُ نافعٍ عن كثيرِ بنِ كثيرٍ عن سعيدِ بنِ جُبَيْرٍ عن ابنِ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما قَالَ لَمَّا كانَ بَيْنَ ابراهيمَ وَبَيْنَ اهلِه ماكَانَ خَرَجَ باسماعيلَ واُمِّ اسماعيلَ ومعهم شَنَّةٌ فِيْهَا مَاءٌ فجعلتْ اُمُّ اسماعيل تَشْرَبُ من الشَّنَّةِ فَيَدِرُّ لَبَنُهَا على صَبِيِّهَا حتى قدم مكةَ فوضعها تحت دَوْحَةٍ ثُمَّ رَجَعَ ابراهيمُ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاتَّبَعَتْهُ اُمُّ اسماعيلَ حتى لَمَّا بَلَغُوْا كَدَاءً نَادَتْهُ مِنْ ورائِهٖ ياابراهيمُ اِلٰى مَنْ تترُكُنَا قال اِلٰى اللّٰهِ قَالَتْ رَضِيْتُ باللّٰهِ قال فَرَجَعَتْ فجعلتْ تَشْرَبُ من الشَّنَّةِ وَيَدِرُّ لبنُها على صَبِيِّهَا حَتّٰى لَمَّا فَنِيَ الماءُ قَالَت لوذهبتُ فَنَظَرْتُ لَعَلِّيْ اُحِسُّ اَحَدًا قال فذهبتْ فَصَعِدَتِ الصَّفَا فَنَظَرَتْ وَنَظَرَتْ هَلْ تُحِسُّ احدًا فَلَمْ تُحِسَّ اَحَدًا فلما

۵۹۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے ابوع
عبدالملک بن عمرو نے حدیث بیان کی کہا کہ ہم سے ابراہیم بن نا
نے حدیث بیان کی ان سے کثیر بن کثیر نے، ان سے سعید بن جبیر
اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ابراہیم علیہ السلام
ان کی اہلیہ (حضرت سارہ رضی اللہ عنہا) کے درمیان جو کچھ ہونا تھا
وہ ہوا، تو آپ اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ (حضرت ہاجرہ رضی ا
عنہا) کو لے کر نکلے، ان کے ساتھ ایک مشکیزہ تھا، جس میں پانی تھ
اسماعیل علیہ السلام کی والدہ اسی مشکیزہ کا پانی پیتی رہیں اور اپنا دودھ ا
بچے کو پلاتی رہیں، جب ابراہیم علیہ السلام مکہ پہنچے تو انہیں ایک بڑ
درخت کے پاس ٹھہرا کر اپنے گھر واپس آنے لگے، اسماعیل علیہ السلام
والدہ آپ کے پیچھے پیچھے آئیں (اسماعیل علیہ السلام کو گود میں اٹھا
ہوئے) جب مقام کداء پر پہنچے تو آپ نے پیچھے سے آواز دی کہ ا
ابراہیم! ہمیں کس پر چھوڑے جا رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ اللہ
ہاجرہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ پھر میں اللہ پر خوش ہوں بیان کیا کہ
حضرت ہاجرہ اپنی جگہ پر واپس چلی آئیں اور اسی مشکیزے سے پانی پ

تِ الوادی سَعَتْ وَاَتَتِ الْمَرْوَةَ ففعلتْ ذٰلِکَ
اطًا ثمَّ قَالَتْ لَوْذَهَبْتُ فنظرتُ مَافَعَلَ تَعْنِیْ
بِیَّ فذهبتُ فنظرتُ فاِذا هُوَ علی حالِهٖ کانّه
غُ لِلموتِ فلم تُقِرَّهَا نفسُهَا فقالتْ لوذَهَبْتُ
رتُ لَعَلّی اُحِسُّ احدًا فذهبتْ فصعدت الصَّفَا
رَتْ وَنظرَتْ فلَمْ تُحِسَّ احدًا حتی اتمت
ا ثُمَّ قالتْ لوذهبتُ فنظرتُ مَافعَلَ فَاِذَا هِیَ
رَتِ فقالتْ اَغِثْ ان کان عندکَ خَیْرٌ فاذا
یلُ فقال بعَقِبِهٖ هٰکَذَا اوغمز بعَقِبِهٖ علی
ض قالَ فانبثقَ الماءُ فَدَ هِشَتْ امُّ اسماعیلَ
لتْ تَحْفِرُ قال فقال ابو القاسم صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
لَمْ لوتَرَکَتْهُ کَانَ الماءُ ظَاهِرًا فجعلتْ تَشْرَبُ
الماء ویدِرُّ لبنُها علی صبیِّها قال فَمَرَّ نَاسٌ من
هُمْ ببطن الوادیِ فَاِذَاهم بطیرٍ کانهم اَنْکَرُوا
ک وقالوا مایکون الطیرُ اِلَّا علی ماءٍ فَبَعَثُوْا
لَهُمْ فنظر فاذاهم بالماء فاتاهم فاخبرهم
ا الیها فقالوا یاامَّ اسماعیل اَتَاذَنِیْنَ لنا ان
ن معکِ اونَسْکُنُ مَعَکِ فَبَلَغَ ابنُها فَنَکَحَ
م امرأةً قال ثم انه بَدَالِابراهیمَ فقال لِاَهْلِهٖ اِنِّیْ
عٌ تِرکَتِیْ قال فَجاءَ فَسَلَّمَ فَقَالَ اَیْنَ اسمٰعیلُ
تْ امرأتُه ذَهَبَ یَصِیدُ قال قُوْلِیْ له اِذَا جَاءَ
عَتَبَةَ بَابِکَ فَلَمَّا جَاءَ اخبرتْه قال انتِ ذاکِ
بِیَ الی اهلِکِ قال ثم انه بَدَالِاِبْرَاهِیْمَ فقالَ
لِهٖ انی مُطَّلِعٌ تِرکَتِی قال فَجَاءَ فقال اَیْنَ
عیلُ فقالتْ امراتُه ذَهَبَ یَصِیْدُ فقالتْ اَلاَ
فَتَطْعَمَ وَ تَشْرَبَ فقال وما طعامُکم وما
بُکم قالت طعامُنا اللحمُ وشرابُنا الماءُ قال
م بَارِکْ لهم فی طعامِهِم و شرابِهِم قال فقال
لقاسم صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَرَکَةٌ بِدَعْوَةِ
هِیمَ قَالَ ثُمَّ انه بَدَالِابراهیم فقال لِاَهْلِهٖ اِنِّیْ

رہیں اور اپنا دودھ بچے کو پلاتی رہیں، جب پانی ختم ہوگیا تو انہوں نے
سوچا کہ ادھر ادھر دیکھنا چاہئے ممکن ہے کوئی متنفس نظر آ جائے۔ بیان کیا
کہ یہی سوچ کر وہ صفا پر چڑھ گئیں اور چاروں طرف دیکھا کہ شاید کوئی
نظر آ جائے، لیکن کوئی نظر نہ آیا، پھر جب وادی میں اتریں تو دوڑ کر مروہ
تک آئیں اسی طرح کئی چکر لگائے۔ پھر سوچا، کہ چلوں، ذرا بچے کو تو
دیکھوں کہ کس حالت میں ہے، چنانچہ آئیں اور دیکھا تو بچہ اسی حالت
میں تھا، جیسے موت کے لئے تڑپ رہا ہو۔ ان کا دل بہت بے چین ہوا،
سوچا، چلوں دوبارہ دیکھوں ممکن ہے کوئی متنفس نظر آ جائے۔ آئیں اور
صفا پر چڑھ گئیں اور چاروں طرف نظر پھیر پھیر کر دیکھتی رہیں، لیکن کوئی
نظر نہ آیا اس طرح حضرت ہاجرہ علیہا السلام نے سات چکر لگائے پھر
سوچا، چلو دیکھوں بچہ کس حالت میں ہے اسی وقت انہیں ایک آواز سنائی
دی انہوں نے (آواز سے مخاطب ہوکر) کہا کہ اگر تمہارے پاس کوئی
بھلائی ہے تو میری مدد کرو، وہاں جبرائیل موجود تھے انہوں نے اپنی ایڑی
سے یوں کیا (اشارہ کرکے بتایا) اور زمین ایڑی سے کھودی بیان کیا کہ
اس عمل کے نتیجے میں پانی پھوٹ پڑا۔ ام اسماعیل دہشت زدہ ہوگئیں پھر
وہ زمین کھودنے لگیں بیان کیا کہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا، اگر وہ پانی کو
یوں ہی رہنے دیتیں تو پانی پھیل جاتا۔ بیان کیا کہ پھر حضرت ہاجرہ زمزم کا
پانی پیتی رہیں اور اپنا دودھ اپنے بچے (حضرت اسماعیل علیہ السلام) کو
پلاتی، رہیں۔ بیان کیا کہ اس کے بعد قبیلہ جرہم کے کچھ افراد وادی کے
نشیب سے گزرے انہیں وہاں پرندے نظر آئے انہیں کچھ عجیب سا
معلوم ہوا (کیونکہ اس سے پہلے انہوں نے کبھی اس وادی میں پانی نہیں
دیکھا تھا) انہوں نے آپس میں کہا کہ پرندہ تو صرف پانی ہی پر (اس
طرح) منڈلا سکتا ہے، ان لوگوں نے اپنا آدمی وہاں بھیجا اس نے جا کر
دیکھا تو واقعی وہاں پانی موجود تھا، اس نے آکر اپنے قبیلہ والوں کو اطلاع
دی تو یہ سب لوگ یہاں آ گئے اور کہا کہ اے ام اسماعیل! کیا آپ ہمیں
اپنے ساتھ رہنے کی یا (یہ کہا کہ) اپنے ساتھ قیام کی اجازت دیں گی؟
پھر ان کے بچے (اسماعیل علیہ السلام) بالغ ہوئے اور قبیلہ جرہم کی ہی
ایک لڑکی سے ان کا نکاح ہوگیا، بیان کیا کہ پھر ابراہیم علیہ السلام کے
سامنے ایک صورت آئی اور انہوں نے اپنی اہل (سارہ رضی اللہ عنہا)
سے فرمایا کہ میں جن لوگوں کو (مکہ چھوڑ آیا تھا ان کی خبر لینے جاؤں گا)

مُطَّلِعٌ تَرِكَتِي فجاء فوافق اسماعيلَ من وراء زَمْزَمَ يُصْلِحُ نَبْلاً له فقال يااسماعيلُ اِنَّ رَبَّكَ اَمَرَنِيْ ان اَبْنِيَ لَه' بيتًا قال اَطِعْ رَبَّكَ قَالَ انه قد اَمَرَنِيْ اَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلَيْهِ قَالَ اِذَنْ اَفْعَلُ او كما قال فقاما فجعل ابراهيمُ يَبْنِيْ واسماعيلُ يُنَاوِلُهُ الحجارةَ وَيقولان رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنا اِنَّكَ اَنتَ السَّمِيعُ العَلِيْمُ قَالَ حتّٰى ارتفعَ البناءُ وَضَعُفَ الشيخ علىٰ نقل الحجارةِ فقام على حجر المقام فجعل يُنَاوِلُه الحجارة ويقولان رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنتَ السَّمِيْعُ العَلِيمُ

بیان کیا کہ پھر ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے اور سلام کر کے در یا
فرمایا کہ اسماعیل کہاں ہیں؟ ان کی بیوی نے بتایا کہ شکار کے لئے
ہیں انہوں نے فرمایا کہ جب وہ آئیں تو ان سے کہنا کہ اپنے دروا
چوکھٹ بدل ڈالیں) جب اسماعیل علیہ السلام آئے تو ان کی بیوی
واقعہ کی اطلاع دی) اسماعیل علیہ السلام نے فرمایا کہ وہ تمہیں ہو (
بدلنے کے لئے ابراہیم علیہ السلام کہہ گئے ہیں) اب تم اپنے گھر جا
ہو، بیان کیا کہ پھر دوبارہ ابراہیم علیہ السلام کے سامنے ایک صورت
اورانہوں نے اپنی اہل سے فرمایا کہ میں جن لوگوں کو چھوڑ آیا ہوں ا
دیکھنے جاؤں گا، بیان کیا کہ ابراہیم علیہ السلام تشریف لائے اور دریا
فرمایا کہ اسماعیل کہاں ہیں؟ ان کی بیوی نے بتایا کہ شکار کے لئے
ہیں انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ ٹھہریئے اور کچھ تناول فرمالیجئے (
تشریف لے جائیے گا) ابراہیم علیہ السلام نے دریافت فرمایا کہ تم ا
کھاتے پیتے کیا ہو؟ انہوں نے بتایا کہ گوشت کھاتے ہیں اور پانی
ہیں آپ نے دعا کی کہ اے اللہ! ان کے کھانے اور ان کے پانی
برکت نازل فرمایئے۔ بیان کیا کہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا ابراہیم
السلام کی اس دعا کی برکت اب تک چلی آرہی ہے (کہ اگر مکہ میں
مسلسل صرف انہیں دونوں چیزوں پر کھانے پینے میں انحصار کرے
بھی انہیں کوئی نقصان نہیں ہوتا) بیان کیا کہ پھر (تیسری بار) ابراہیم
السلام کے سامنے ایک صورت آئی اور اپنی اہل سے انہوں نے کہا ک
کو میں چھوڑ آیا ہوں ان کی خبر لینے جاؤں گا۔ چنانچہ آپ تشریف لا
اور اس مرتبہ اسماعیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، جو زمزم کے
اپنے تیر ٹھیک کر رہے تھے ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا، اے اسما
تمہارے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس کا ایک گھر بناؤں، بیٹے
عرض کیا کہ پھر اپنے رب کا حکم بجالایئے، انہوں نے فرمایا اور مجھ
بھی حکم دیا ہے کہ تم اس کام میں میری مدد کرو۔ عرض کیا کہ میں اس
لئے تیار ہوں اور دونوں حضرات یہ دعا کرتے جاتے تھے ''ہمارے ر
ہماری طرف سے اسے قبول کیجئے، بے شک آپ بڑے سننے والے ب
جاننے والے ہیں'' بیان کیا کہ آخر جب دیوار بلند ہوگئی اور بزر
(حضرت ابراہیم) کو پتھر (دیوار پر) رکھنے میں دشواری ہوئی تو وہ م
(ابراہیم) کے پتھر پر کھڑے ہوئے اور اسماعیل علیہ السلام آپ کو پتھر

اٹھا کر دیتے جاتے تھے اور یہ دعا زبان پر جاری تھی "اے ہمارے رب! ہماری طرف سے اسے قبول کیجئے بے شک آپ بڑے سننے والے بہت جاننے والے ہیں!!"۔

۵۹۱) حَدَّثَنَا موسَى بنُ اسماعيلَ حدثنا عبدُالواحِدِ حدثنا الاعمشُ حدثنا ابراهيمُ التَّيمىّ عن اَبِيهِ قَالَ سَمِعتُ اباذرٍ رضى اللّٰه عنه قال قلتُ يارَسُولَ اللّٰهِ اَىُّ مسجدٍ وُضِعَ فى الْارضِ اَوَّلُ قال. المسجدُ الحَرَامُ قال قلتُ ثم اَىُّ قَالَ المَسجدُ الاقصٰى قلت كم كَانَ بينهما قال اَربَعُونَ سنةً ثُمَّ اَيْنَمَا اَدرَكَتكَ الصَّلاةُ بَعْدُ فَصَلِّهْ فَاِنَّ الفَضلَ فِيهِ

۵۹۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم تیمی نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! سب سے پہلے روئے زمین پر کون سی مسجد تعمیر ہوئی تھی، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مسجد حرام! انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں نے عرض کیا اور اس کے بعد؟ فرمایا کہ مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) میں نے عرض کیا ان دونوں مساجد کی تعمیر کے درمیان کتنا وقفہ رہا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ چالیس سال۔ لیکن اب جہاں بھی نماز کا وقت ہو جائے فوراً اسے ادا کر لو کہ فضیلت اسی میں ہے (کہ وقت پر نماز پڑھی جائے۔)

۵۹۲) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ مسلمةَ عن مالكٍ عن عمرِو بْنِ اَبِى عمرٍو مَوْلَى المُطَّلِبِ عن انسِ بنِ مالكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ طَلَعَ له اُحُدٌ فقال هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ' اَللّٰهُمَّ اِنَّ ابراهيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَاِنِّى اُحَرِّمُ مَابَيْنَ لَابَتَيهَا رَوَاهُ عبدُاللّٰه بنُ زيدٍ عن النَّبِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ

۵۹۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی ان سے مالک نے ان سے مطلب کے مولیٰ عمرو بن ابی عمرو نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے احد پہاڑی کو دیکھ کر فرمایا کہ یہ پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں اے اللہ!...... ابراہیم علیہ السلام نے مکہ معظمہ کو باحرمت شہر قرار دیا تھا اور میں مدینہ کے دو پتھریلے علاقے کے درمیانی حصے کو باحرمت قرار دیتا ہوں اس کی روایت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بھی نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے۔

۵۹۳) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ يوسفَ اخبرنا مالكٌ عن ابنِ شهابٍ عن سالمِ بنِ عبدِاللّٰهِ اَنَّ ابنَ اَبِى بكرٍ اخبر عبدَاللّٰه بنَ عُمَرَ عن عائشةَ رضى اللّٰه عنهم زَوجِ النبىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رسولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَم تَرى اَنَّ قَومَكِ لَمَّا بَنَوُالْكَعبَةَ اقتصَرُوا عن قَوَاعِدِ ابراهيمَ فَقُلْتُ يارَسُولَ اللّٰهِ اَلا تَرُدُّهَا عَلٰى قَوَاعِدِ ابراهيمَ فَقَالَ لَولَاحِدْثَانُ قَومِكِ بِالكُفرِ فقال عبدُاللّٰه بنُ عُمَرَ لَئِنْ كانتْ عائشةُ سمعتْ هٰذا مِنْ رسولِ اللّٰهِ

۵۹۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے انہیں سالم بن عبداللہ نے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو ابن ابی بکر نے خبر دی اور انہیں نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہیں معلوم نہیں کہ جب تمہاری قوم نے کعبہ کی (نئی) تعمیر کی تو قواعد ابراہیم کو چھوڑ دیا میں نے عرض کی یا رسول اللہ! پھر آپ اسے قواعد ابراہیم کے مطابق دوبارہ اس کی تعمیر کیوں نہیں کر دیتے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تمہاری قوم کا زمانہ کفر سے قریب نہ ہوتا (تو میں ایسا ہی کرتا) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مااُرىٰ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ترک استلام الركنين اللذَيْنِ يَلِيَان الحجرَ اِلَّا اَنَّ البيتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰى قَواعِدِ ابراهيمَ وقال اسماعيلُ عبدُاللّٰه بنُ ابى بكر

فرمایا کہ جب یہ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے تو میرا خیال ہے کہ آنحضور ﷺ نے ان دونوں کونوں کے، جو مقام ابراہیم کے قریب ہیں، استلام کو صرف اسی وجہ سے چھوڑا تھا کہ بیت اللہ کی تعمیر مکمل طور پر بناء ابراہیمؑ کے مطابق نہیں ہوئی تھی او اسماعیل نے کہا کہ عبداللہ بن ابی بکر (بجائے ابن ابی بکر کے۔)

(۵۹۴) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ يوسفَ اخبرنا مالكُ بنُ انسٍ عن عبدِاللّٰه بنِ ابى بكرِ بنِ محمدِ بنِ عمرِو بنِ حَزْمٍ عن ابيه عن عمرِو بنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ اَخبَرَنِى ابوحميد السَّاعِدىُّ رضى اللّٰه عَنهُ انهم قالوا يارسولَ اللّٰه كيف نُصَلِّىْ عليكَ فقال رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُولُوا اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبراهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبراهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجيدٌ

۵۹۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں مالک بن انس نے خبر دی انہیں عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم نے انہیں ان کے والد نے انہیں عمرو بن سلیم زرقی نے اور انہیں ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ہم آپ پر کس طرح درود بھیجا کریں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو۔ ''اے اللہ رحمت نازل فرما محمد پر، ان کی ازواج اور ان کی ذریت پر، جیسی کہ تو نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیمؑ پر، اور اپنی برکت نازل فرما محمد پر، ان کی ازواج اور ذریت پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو انتہائی ستودہ صفات ہے اور عظمت والا ہے۔

(۵۹۵) حَدَّثَنَا قيسُ بنُ حَفْصٍ وموسَى بنُ اسماعيلَ قالا حدثنا عبدُالواحدِ بنُ زيادٍ حدثنا ابوفَرْوَة مسلمُ بنُ سالمِ الهَمْدَانِىُّ قَالَ حَدَّثَنِى عبدُاللّٰه بنُ عيسىٰ سمع عبدَالرحمٰن بنَ ابى ليلىٰ قَالَ لَقِيَنِى كعبُ بنُ عُجْرَةَ فقال الا اُهْدِىْ لَكَ هديةً سمعتُها من النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقلتُ بلىٰ فَاَهْدِهَالى فقال سأَلْنَا رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يارسولَ اللّٰه كيف الصلاةُ عليكم اهلَ البيتِ فانَّ اللّٰه قد عَلَّمَنَا كيف نُسَلِّمَ قال قُولُوْا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبراهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبراهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وعلى ال محمد كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

۵۹۵۔ ہم سے قیس بن حفص نے اور موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی کہا کہ ہم سے عبدالواحد بن زیاد نے حدیث بیان کی ان سے ابوفروہ مسلم بن سالم ہمدانی نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن عیسیٰ نے حدیث بیان کی۔ انہوں نے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے میری ملاقات ہوئی تو آپ نے فرمایا، کیوں نہ میں تمہیں (حدیث کا) ایک ہدیہ پہنچاؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا میں نے عرض کی، جی ہاں یہ ہدیہ مجھے ضرور عنایت فرمائیے، انہوں نے بیان کیا کہ ہم نے آنحضور ﷺ سے پوچھا یا رسول اللہ! آپ پر اور اہلبیت پر صلاۃ (درود) کس طرح بھیجا کریں، اللہ تعالیٰ نے سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہمیں خود ہی سکھا دیا ہے (نماز کے تعدہ التحیات میں) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو ''اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرمائیے محمد پر آل محمد پر، جیسا کہ آپ نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر، بے شک آپ ستودہ صفات اور عظمت والے ہیں۔ اے اللہ! برکت نازل فرمائیے محمد پر اور آل محمد پر، جیسا کہ آپ نے برکت فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر بے

شک آپ ستودہ صفات اور عظمت والے ہیں۔

(۵۹۶) حَدَّثَنَا عثمانُ بنُ ابی شیبة حَدَّثَنَا جریرٌ عن منصورٍ عَن المِنهَالِ عن سعیدِ بنِ جبیرٍ عن ابنِ عباسٍ رَضِیَ اللّٰہ عنهما قال کان النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعَوِّذُ الحسن والحسینَ ویقول اِنَّ اَبَاکُمَا کَانَ یُعَوِّذُبِها اسمَاعِیْلَ وَاِسْحَاق اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّةِ مِن کُلِّ شَیطَانٍ وَهَامَّةٍ ومن کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّةٍ

۵۹۶۔ہم سے ابی شیبہ نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی ان سے منصور نے ان سے منہال نے ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضور حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے لئے پناہ طلب کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے تمہارے جدِامجد ابراہیمؑ بھی ان کلمات کے ذریعہ اللہ کی پناہ اسماعیل اور اسحاق علیہما السلام کے لئے طلب کیا کرتے تھے، میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل و مکمل کلمات کے ذریعہ، ہر جنس کے شیطان سے، ہر زہریلے جانور سے، اور ہر ضرررساں نظر سے۔

باب ۳۱۴. قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ وَ نَبِّئْهُمْ عَنْ ضَیْفِ اِبْرَاهِیْمَ وَ قَوْلِهِ وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ

۳۱۴۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ”اور انہیں ابراہیم کے مہمانوں کے واقعہ کی خبر کر دیجئے“ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ”اے میرے رب مجھے دکھا دیجئے کہ آپ مردوں کو کس طرح زندہ کرتے ہیں“ ارشاد ”اور لیکن اس لئے کہ میرا دل مطمئن ہو جائے“ تک۔

(۵۹۷) حَدَّثَنَا احمدُ بنُ صالِحٍ حَدَّثَنَا ابنُ وهبٍ قَالَ اخبرنی یونسُ عن ابنِ شهابٍ عن ابی سلمةَ بن عبدِالرحمنِ وسعیدِ بنِ المسیب عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰہ عنه اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّکِّ مِنْ اِبْرَاهِیْمَ اِذْ قَالَ رَبِّ اَرِنِی کَیْفَ تُحْیِی الْمَوْتٰی قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قلبی وَیَرْحَمُ اللّٰہُ لُوطًا لقد کَانَ یَاْوِی اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِی السِّجْنِ طُولَ مَالَبِثَ یُوسُفُ لَاَجَبْتُ

۵۹۷۔ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے یونس نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمن اور سعید بن مسیب نے، انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہم ابراہیم علیہ السلام کے مقابلے میں شک کے زیادہ مستحق ہیں جب انہوں نے کہا تھا کہ میرے رب! مجھے دکھا دیجئے کہ آپ مردوں کو کس طرح زندہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا، کیا تم ایمان نہیں لائے؟ انہوں نے عرض کیا کہ کیوں نہیں یہ صرف اس لئے تاکہ میرا دل مطمئن ہو جائے (پوری طرح) اور اللہ لوط علیہ السلام پر رحم کرے کہ انہوں نے رکن شدید کی پناہ چاہی تھی اور اگر میں اتنی مدت تک قید خانے میں رہتا جتنی مدت تک یوسف علیہ السلام رہے تھے تو بلانے والے کی بات ضرور مان لیتا (جب وہ بادشاہ کی طرف سے انہیں بلانے آیا تھا۔)

باب ۳۱۵. قَولِ اللّٰہِ تعالٰی وَاذْکُرْ فِی الْکِتَابِ اِسْمَاعِیْلَ اِنَّهٗ کَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ

۳۱۵۔اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور یاد کرو اسماعیل کو کتاب قرآن مجید میں، بے شک وہ وعدے کے سچے تھے۔

(۵۹۸) حَدَّثَنَا قتیبةُ بنُ سعیدٍ حَدَّثَنَا حاتمٌ عن یزیدَ بنِ ابی عبیدٍ عن سلمةَ بنِ الاکوعِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ مَرَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ علی نَفَرٍ مِنْ اَسْلَمَ یَنْتَضِلُوْنَ فقال رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

۵۹۸۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے حاتم نے حدیث بیان کی ان سے یزید بن ابی عبید نے اور ان سے سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ قبیلہ اسلم کی ایک جماعت سے گزرے جو تیراندازی میں مقابلہ کر رہی تھی آنحضور ﷺ نے فرمایا،

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِرْمُوا بَنِي اِسْمَاعِيلَ فَاِنَّ اَبَاكُمْ كَانَ رَامِيًا وَاَنَا مَعَ بَنِي فُلَانٍ قَالَ فَاَمْسَكَ اَحَدُ الفَرِيْقَيْنِ بِاَيْدِيْهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَكُمْ لَاتَرْمُوْنَ فَقَالُوا يَارَسُولَ اللّٰهِ نَرْمِيْ وَاَنْتَ مَعَهُمْ قَالَ اِرْمُوا وَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

بنواسماعیل! تیراندازی کئے جاؤ کہ تمہارے جدامجد بھی تیرانداز تھے۔ اور میں بنوفلاں کے ساتھ ہوں بیان کیا کہ یہ سنتے ہی دوسرے فریق نے تیر اندازی بند کردی آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا بات ہوئی تم لوگ تیر کیوں نہیں چلاتے، انہوں نے عرض کی یارسول اللہ! جب آپ فریق مقابل کے ساتھ ہوگئے تو اب ہم کس طرح تیر چلا سکتے ہیں اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اچھا، مقابلہ جاری رکھو میں تم سب کے ساتھ ہوں۔

باب ۳۱۶. قِصَّةِ اسحَاقَ بنِ اِبرَاهِيمَ عَلَيهِمَا السَّلَامُ فِيهِ ابنُ عُمَر وَاَبُوهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۱۶۔ اسحاق بن ابراہیم علیہما السلام کا واقعہ اس سلسلے میں ابن عمر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایت نبی کریم ﷺ کے واسطہ سے ہے۔

باب ۳۱۷. اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ المَوْتُ اِلَى قَوْلِهِ وَ نَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ

۳۱۷۔ کیا تم لوگ اس وقت موجود تھے "جب یعقوبؑ کی وفات ہو رہی تھی" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "ونحن له مسلمون" تک۔

(۵۹۹) حَدَّثَنَا اسحَاقُ بنُ ابراهِيمَ سَمِعَ المعتمرَ عن عبيدِاللّٰه عن سَعِيدِ بنِ اَبِى سعيدِ المقبرِىِّ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه قال قِيْلَ للنبىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اكرمُ الناسِ قَالَ اَكْرَمُهُمْ اَتْقَاهُمْ قالوا يانبى اللّٰهِ لَيْسَ عن هٰذا نَسْاَلُكَ قال فَاَكْرَمُ النَّاسِ يُوسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ قَالُوا لَيْسَ عن هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ العَرَبِ تَسْاَلُوْنِى قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِى الجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِى الاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا

۵۹۹۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی انہوں نے معتمر سے سنا انہوں نے عبیداللہ سے، انہوں نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ سے پوچھا گیا سب سے زیادہ شریف کون ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو سب سے زیادہ متقی ہو وہ سب سے زیادہ شریف ہے صحابہؓ نے عرض کی یارسول اللہ! ہمارے سوال کا مقصد یہ نہیں ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ شریف یوسف بن نبی اللہ (یعقوب) بن خلیل اللہ (ابراہیم علیہ السلام) تھے، صحابہ نے عرض کی کہ ہمارے سوال کا مقصد یہ بھی نہیں ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم لوگ عرب کے شرفاء کے متعلق پوچھنا چاہتے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر جاہلیت میں جو لوگ شریف اور اچھے اخلاق وعادت کے تھے وہ اسلام لانے کے بعد بھی شریف اور اچھے سمجھے جائیں گے، جب کہ دین کی سمجھ بھی انہیں آجائے۔

باب ۳۱۸. وَلُوطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اَتَاْتُوْنَ الفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَاءِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ اِلَّا اَنْ قَالُوْا اَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِنْ قَرْيَتِكُمْ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَتَطَهَّرُوْنَ فَاَنْجَيْنَاهُ وَاَهْلَهُ اِلَّا امْرَاَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الغَابِرِيْنَ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَطَرًا فَسَاءَ

۳۱۸۔ "اور لوطؑ نے جب اپنی قوم سے کہا کہ تم جانتے ہوئے بھی کیوں فحش کام کا ارتکاب کرتے ہو تم آخر کیوں عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی شہوت پوری کرتے ہو کچھ نہیں تم محض جاہل لوگ ہو اس پر ان کی قوم کا جواب اس کے سوا اور کچھ نہیں ہوا کہ انہوں نے کہا کہ آل لوط کو اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ بڑے پاک باز بنتے ہیں پس ہم نے انہیں اور ان کے متبعین کو نجات دی سوا ان کی بیوی کے کہ

مَطَرُ الْمُنذَرِيْنَ

ہم نے اس کے متعلق فیصلہ کر دیا تھا کہ وہ عذاب میں باقی رہنے والی ہے اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) بارش برسائی، پس ڈرائے ہوئے لوگوں پر بارش (کا عذاب) بڑا ہی برا تھا۔

(٦٠٠) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شعيبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزنادِ عَنِ الاعرج عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال يَغفِرُ اللّٰهُ لِلُوطٍ اِنْ كَانَ لَيَأْوِى اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ

٦٠٠۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ لوط علیہ السلام کی مغفرت فرمائے کہ وہ رکن شدید کی پناہ میں آنا چاہتے تھے۔

باب ٣١٩. فَلَمَّا جَاءَ اٰلَ لُوطِ الْمُرْسَلُونَ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُونَ بِرُكْنِهٖ بِمَنْ مَعَه لانهم قوّته تَرْكَنُوا تميلوا فَاَنْكَرهُمْ وَاستنكرَهُمْ وَاحِدٌ يُهْرَعُونَ يُسْرَعُونَ دَابِرَ اٰخِرَ صيحة بمعنى هلكة للمتوسمين اى للنا ظرين لبسبيل اى لَبِطَرِيْقٍ

٣١٩۔ ''پھر جب آل لوط کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے آئے تو لوط نے کہا کہ آپ لوگ کسی دوسری جگہ کے معلوم ہوتے ہیں (موسیٰ علیہ السلام کے واقعہ میں) ''برکنہ'' سے مراد وہ لوگ ہیں جو فرعون کے ساتھ تھے، کیونکہ وہ اس کی قوت بازو تھے تر کنوا بمعنی تمیلوا، فانکرھم، نکرھم اور استنکرھم کے معنی ہیں ایک ہیں یھرعون بمعنی یسرعون. دابر بمعنی اٰخر صیحۃ بمعنی ھلکۃ. للمتو سمین ای للنا ظرین لبسبیل ای لبطریق.

(٦٠١) حَدَّثَنَا محمودٌ حدثنا ابواحمدَ حدثنا سفيانُ عن ابى اسحاقَ عن الاسودِ عن عبدِاللّٰهِ رضى اللّٰه عنه قال قَرَأَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فهل من مُّدَّكِرٍ

٦٠١۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی ان سے ابواحمد نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ''فھل من مدکر'' پڑھا تھا۔

باب ٣٢٠. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَ اِلٰى ثَمُودَ اَخَاهُمْ صَالِحًا كَذَّبَ اَصْحَابُ الحِجْرِ اَلْحِجْرُ موضع ثمودَ واَمَّا حَرثٌ حِجرٌ حَرام وَكُلُّ مَمْنُوعٍ فَهُوَ حِجْرٌ مَحْجُور وَالْحِجْرُ كلُ بناءٍ بَنَيْتَه وَمَا حَجَّرْتُ عَلَيْهِ مِنَ الاَرضِ فَهُوَ حِجر وَمِنْهُ سُمِّىَ حَطِيْمُ البَيْتِ حِجْرًا كَانَّه مُشْتَقٌ من مَحْطُومٍ مِثلَ قَتِيلٍ مِنْ مَقْتُولٍ وَيُقَالُ لِلْاُنْثٰى من الخيل الحِجْرُ وَيقال لِلعَقلِ حِجْرَ وَحِجىً واما حِجرُ اليمامة فَهُوَ مَنْزِلٌ

٣٢٠۔ ''اللہ تعالیٰ کا ارشاد'' اور قوم ثمود کے پاس ہم نے ان کے (قومی) بھائی صالح کو بھیجا ''حجر والوں نے (اپنے نبی کو) (جھٹلایا)'' حجر، ثمود کی بستی تھی اور حرث حجر کے معنی حرام کے ہیں۔ ہر ممنوع چیز کو حجر محجور کہتے ہیں۔ جو بھی عمارت تم تعمیر کرو اسے مجر کہہ سکتے ہیں۔ اسی طرح جو زمین احاطہ کے ذریعہ گھیر دو اسے بھی حجر کہتے ہیں گویا وہ محطوم سے مشتق ہے۔ جیسے قتیل، مقتول سے۔ گھوڑی کو بھی حجر کہتے ہیں۔ عقل کو حجر کہتے ہیں اور حجی بھی۔ لیکن حجر الیمامۃ بستی تھی (قوم ثمود کی)۔

(٦٠٢) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سفيانُ حدثنا هشامُ بنُ عُرْوَةَ عن ابيه عن عبدِاللّٰهِ بنِ زمعة قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ الَّذِى

٦٠٢۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ہشام بن عروہ نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے اور ان سے عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی

عَقَرَالنَّاقَةَ قَالَ اِنۡتَدَبَ لَهَا رَجُلٌ ذُوعِزٍ وَمَنعَةٍ فِى قُوَّةٍ كَأَبِى زَمۡعَةَ

کریم ﷺ سے سنا (کہ آپ خطبہ دے رہے تھے) (اور خطبہ کے درمیان) آپ نے اس قوم کا ذکر کیا جنھوں نے اونٹنی کو ذبح کر دیا تھا آنحضور ﷺ نے فرمایا خدا کی بھیجی ہوئی، اس (اونٹنی کو ذبح کرنے والا، قوم کا ایک ہی بہت با اقتدار اور باعزت فرد تھا، ابوزمعہ کی طرح۔

(۶۰۳) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ مسكينٍ اَبُوالحسنِ حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ حَسَّانِ بنِ حَيَّانَ اَبُوزكريَا حَدَّثَنَا سليمانُ عن عبدِاللّٰه بنِ دينارٍ عن ابن عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عنهما اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ لما نزل الحِجۡرَ فِى غَزۡوَةِ تبوكَ اَمَرَهُم ان لايَشۡرَبُوا من بئرها وَلَا يَسۡتَقُوا منها فَقَالُوا قد عَجَنَّا مِنۡهَا وَاسۡتَقَيۡنَا فَاَمَرَهُمۡ اَنۡ يَطۡرَحُوا ذٰلِكَ العَجِيۡنَ وَيُهۡرِقُوا ذٰلِكَ المَاءَ وَيُرۡوٰى عن سَبۡرَةَ بنِ معبدٍ وابى الشَّمُوسِ اَنَّ النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِاِلۡقَاءِ الطَّعَامِ وَقَالَ اَبُوذَرٍ عن النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ مَنِ اعۡتَجَنَ بِمَائِهِ

۶۰۳۔ ہم سے محمد بن مسکین ابوالحسن نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن حسان بن حیان ابوزکریا نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن دینار نے ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حجر (ثمود کی بستی) میں پڑاؤ کیا، غزوۂ تبوک کے لئے جاتے ہوئے تو آپ ﷺ نے صحابہؓ کو حکم دیا کہ یہاں کے کنوؤں کا پانی نہ پئیں اور نہ اپنے برتنوں میں ساتھ لیں، صحابہؓ نے عرض کی کہ ہم نے تو اس سے اپنا آٹا بھی گوندھ لیا اور پانی اپنے برتنوں میں بھی رکھ لیا آنحضور ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ گندھا ہوا آٹا پھینک دیں اور پانی بہادیں اور بسرہ بن معبد اور ابوالشموش کی روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کھانے کو پھینک دینے کا حکم دیا تھا اور ابوذر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ جس نے آٹا اس پانی سے گوندھ لیا ہو (وہ اسے پھینک دے)۔

(۶۰۴) حَدَّثَنَا ابراهيمُ بنُ المنذرِ حدثنا انسُ بن عياضٍ عن عبيدِاللّٰه عن نافعٍ اَنَّ عبدَاللّٰهِ بنَ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عنهما اَخۡبَرَهٗ اَنَّ النَّاسَ نزلوا مَعَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ ارضَ ثمودَ الحِجۡرَ فاستَقُوا من بئرِهَا وَاعۡتَجَنُوا بِهٖ فَاَمَرَهُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ اَنۡ يُهۡرِيۡقُوۡا مااسۡتَقَوۡا من بئرها وان يَعۡلِفُوا الابلَ العَجينَ وَاَمَرَهُمۡ ان يَّسۡتَقُوا مِنَ البِئۡرِ الَّتِى كَانَتۡ تَرِدُهَا النَّاقَةُ تابعَهٗ اسامة عن نَافِعٍ

۶۰۴۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی ان سے انس بن عیاض نے حدیث بیان کی ان سے عبیداللہ نے ان سے نافع نے، اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ صحابہ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ ثمود کی بستی حجر میں، پڑاؤ کیا تو وہاں کے کنوؤں کا پانی اپنے برتنوں میں بھر لیا اور آٹا بھی اس پانی سے گوندھ لیا لیکن آنحضور ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ جو پانی انہوں نے اپنے برتنوں میں بھر لیا ہے اسے انڈیل دیں اور گندھا ہوا آٹا جانوروں کو کھلا دیں اس کے بجائے آنحضور ﷺ نے انہیں یہ حکم دیا کہ اس کنویں سے پانی لیں جس سے صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پیا کرتی تھی۔

(۶۰۵) حدثنى محمدٌ اخبرنا عبدُاللّٰه عن مَعۡمَرٍ عن الزهرىِ قال اَخۡبَرَنِى سالمُ بنُ عبدِاللّٰه عن ابيه رَضِىَ اللّٰه عنهم اَنَّ النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرَّ بالحِجۡرِ قَالَ لاتدخلُوا مَسَاكِنَ الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا اِلَّا ان تَكُوۡنُوۡا باكِيۡنَ ان يُصِيۡبَكُمۡ مِثۡلُ

۶۰۵۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے ان سے زہری نے بیان کیا انہیں ان کے والد (عبداللہ) رضی اللہ عنہم نے کہ نبی کریم ﷺ جب مقام حجر سے گزرے تو فرمایا کہ ان لوگوں کی بستی میں جنھوں نے ظلم کیا تھا نہ داخل ہو مگر اس صورت میں کہ تم روتے ہوئے ہو کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پر بھی وہی عذاب آجائے جو ان پر آیا تھا۔ پھر

مَااَصَابَهُمْ ثُمَّ تَقَنَّعَ بِرِدَاءِهٖ وَهُوَعَلَى الرَّحْلِ.

آپ ﷺ نے اپنی چادر چہرہ مبارک پر ڈال لی۔ آپ کجاوے پر تشریف رکھتے تھے۔

(۲۰۶) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه حدثنا وَهْبٌ حدثنا اَبِیْ سَمِعْتُ يُوْنُسَ عن الزهرىِ عن سالِمٍ اَنَّ ابنَ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَنفُسَهُمْ اِلَّا ان تَكُوْنُوا بَاكِيْنَ اَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا اَصا بَهُمْ

۶۰۶۔ مجھ سے عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے وہب نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی انہوں نے یونس سے سنا، انہوں نے زہری سے، انہوں نے سالم سے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب کہ تمہیں ان لوگوں کی بستی سے گزرنا پڑ رہا ہے جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا تو روتے ہوئے گزرو کہیں تمہیں بھی وہ عذاب نہ آ پکڑے جس میں ظالم لوگ گرفتار کئے گئے تھے۔

باب ۳۲۱. اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ

۳۲۱۔ کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کی موت کا وقت آیا۔

(۲۰۷) حَدَّثَنَا اسحاقُ بنُ منصورٍ اَخْبَرَنَا عبدُالصمدِ حَدَّثَنَا عبدُالرحمٰنِ بن عبدِاللّٰه عن ابيه عن ابنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُمَا عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قال الْكَرِيْمُ ابْنُ الْكَرِيْمِ ابن الكَرِيمِ ابن الكريم يُوْسُفُ بنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ ابنِ اِبرَاهِيْمَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

۶۰۷۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی انہیں عبدالصمد نے خبر دی، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، شریف بن شریف بن شریف بن شریف، یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام تھے۔

باب ۳۲۲. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَقَدْ كَانَ فِى يُوسُفَ وَاِخوَتِهٖ اٰيَاتٌ لِلسَّا ئِلِيْنَ

۳۲۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ بے شک یوسف اور ان کے بھائیوں کے واقعات میں، پوچھنے والوں کے لئے عبرتیں ہیں۔

(۲۰۸) حَدَّثَنَا عبيدُ بنُ اِسمَاعيلَ عن ابى اسامة عن عبيد اللّٰه قال اخبرنى سعيدُ بنُ ابى سعيدٍ عن ابى هريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكرَمُ النَّاسِ قَالَ اَتْقَاهُمْ لِلّٰهِ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَاَكرَمُ النَّاسِ يُوسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابن نبى اللّٰه ابْنُ خَلِيْلِ اللّٰهِ قَالُوا لَيسَ عَنْ هذا نسألك قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُوْنِى اَلنَّاسُ مَعَادِنُ خِيَارُهُمْ فِى الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِى الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوا

۶۰۸۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے، ان سے عبیداللہ نے بیان کیا، انہیں سعید بن ابی سعید نے خبر دی انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ سے پوچھا گیا، سب سے زیادہ شریف آدمی کون ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا جو اللہ کا خوف سب سے زیادہ رکھتا ہو۔ صحابہؓ نے عرض کی کہ ہمارے سوال کا مقصد یہ نہیں ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر سب سے زیادہ شریف، اللہ کے نبی یوسف بن نبی اللہ بن نبی اللہ بن خلیل اللہ ہیں صحابہؓ نے عرض کی کہ ہمارے سوال کا مقصد یہ بھی نہیں ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اچھا تم لوگ عرب کے خاندانوں کے متعلق پوچھنا چاہتے ہو، انسانی برادری (سونے چاندی کی) کانوں کی طرح ہیں (کہ ان میں اچھے اور برے ہر طرح کے لوگ ہوتے ہیں) جو لوگ تم میں زمانہ جاہلیت میں شریف اور بہتر اخلاق کے تھے

اسلام کے بعد بھی وہ ویسے ہی ہیں، جب کہ دین کی سمجھ بھی انہیں آجائے۔

(۶۰۹) حَدَّثَنَا محمدٌ اخبرنا عبدةُ عن عبیدِاللّٰہ عن سعیدٍ عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰہ عَنهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا

۶۰۹۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبدہ نے خبر دی، انہیں عبیداللہ نے، انہیں سعید نے، انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، اور انہیں نبی کریم ﷺ نے، اسی طرح۔

(۶۱۰) حَدَّثَنَا بَدَلُ ابْنُ الْمُحَبَّرِ اَخْبَرَنَا شعبةُ عن سعدِ بنِ اِبْرَاهِیمَ قال سمعتُ عروةَ بنَ الزبیر عن عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہ عنها انَّ النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا مُرِی اَبَابَکْرٍ یُصَلِّی بِالنَّاسِ قَالَتْ انه رَجُلٌ أَسِیفٌ مَتٰی یَقُمْ مَقَامَکَ رَقَّ فَعَادَ فعادتْ قَالَ شعبة فَقَالَ فِی الثَّالِثَةِ اوالرابعةِ اِنَّکُنَّ صَوَاحِبُ یُوسُفَ مُرُوا اَبَابَکْرٍ

۶۱۰۔ ہم سے بدل بن محبر نے حدیث بیان کی انہیں شعبہ نے خبر دی ان سے سعد بن ابراہیم نے بیان کیا انہوں نے عروہ بن زبیر سے سنا اور انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی کریم ﷺ نے (مرض الموت میں) ان سے فرمایا ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی کہ وہ بہت رقیق القلب ہیں آپ کی جگہ جب کھڑے ہوں گے تو ان پر رقت طاری ہو جائے گی آنحضور ﷺ نے انہیں دوبارہ یہی حکم دیا، انہوں نے بھی دوبارہ یہی عذر بیان کیا، شعبہ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ فرمایا کہ تم لوگ بھی صواحب یوسف ہی ہو، ابوبکر سے کہو۔

(۶۱۱) حَدَّثَنَا الربیعُ بنُ یحیی البصریُّ حدثنا زائدة عن عبدالمالک بن عمیرٍ عن ابی بردة بنِ ابی موسٰی عن ابیه قال مَرِضَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فقال مُرُوا ابابکرٍ فَلْیُصَلِّ بالناس فقالتْ عائشةُ اَنَّ اَبَابکرٍ رَجُلٌ کذا فَقَالَ مثله فَقَالَتْ مِثْلَه، فقال مُرُوْهُ فانکنَّ صواحبُ یوسف فَاَمَّ اَبُوْبکرٍ فی حیاةِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ حسینٌ عن زائدةَ رَجُلٌ رَقِیقٌ

۶۱۱۔ ہم سے ربیع بن یحییٰ بصری نے حدیث بیان کی ان سے زائدہ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالملک بن عمیر نے ان سے ابو بردہ بن ابی موسیٰ نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب بیمار پڑے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ (رقیق القلب) انسان ہیں لیکن آنحضور ﷺ نے دوبارہ یہی حکم دیا اور انہوں نے بھی یہی عذر دہرایا آخر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ان سے کہو تم لوگ بھی صواحب یوسف ہی ہو۔ چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کی زندگی میں امامت کی تھی اور حسین نے زائدہ کے واسطہ سے "رجل رقیق" کے الفاظ بیان کئے۔

(۶۱۲) حَدَّثَنَا اَبُوالیمانِ اخبرنا شعیب حَدَّثَنَا ابوالزنادِ عن الاعرج عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَنجِ عَیَّاشَ بْنَ اَبِی رَبِیعَةَ اَللّٰهُمَّ اَنجِ سَلَمَةَ بنَ هِشَامٍ اَللّٰهُمَّ اَنجِ الْوَلِیْدَ بنَ الْوَلِیْدِ اَللّٰهُمَّ اَنجِ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَکَ عَلٰی مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجعلْهَا سِنِیْنَ کَسِنِی یُوسُفَ

۶۱۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی، اے اللہ! عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دیجئے، اے اللہ! سلمہ بن ہشام کو نجات دیجئے، اے اللہ ولید بن ولید کو نجات دیجئے، اے اللہ ضعیف اور کمزور مسلمانوں کو نجات دیجئے (مشرکوں کی زیادتی اور ظلم سے) اے اللہ! قبیلہ مضر کو سخت گرفت میں لے لیجئے، اے اللہ یوسف علیہ السلام کے عہد کی سی

قحط سالی ان پر نازل فرمائیے۔

(٦١٣) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہ بنُ محمدِ بنِ اسماءَ ابن اخی جویریۃ حَدَّثَنَا جویریۃ بنُ اسماءَ عن مالکٍ عن الزھریِ ان سعیدَ بنَ المسیبِ وَاَباعبیدٍ اَخبَرَاہ عن ابی ھریرۃَ رَضِیَ اللّٰہ عنه قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یرحَمُ اللّٰہُ لُوطًا لَقَدْ کَانَ یَأوِی اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ وَلَوْ لَبِثتُ فِی السِّجْنِ مَا لَبِثَ یُوسُفُ ثُمَّ اَتَانِی الدَّاعِی لَاَجَبْتُه'

۶۱۳۔ہم سے عبداللہ بن محمد بن اسماء ابن اخی جویریہ نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ بن اسماء نے، ان سے مالک نے، ان سے زہری نے انہیں سعید بن مسیب اور ابوعبیدہ نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ لوط علیہ السلام پر رحم فرمائے کہ وہ رکن شدید کی پناہ لینا چاہتے تھے اور اگر میں اتنی طویل مدت تک قید میں رہتا، جتنی یوسف علیہ السلام رہے تھے اور پھر میرے پاس (بادشاہ کا آدمی) بلانے کے لئے آتا تو میں ضرور اس کے ساتھ چلا جاتا۔

(٦١٤) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سَلَامٍ اخبرنا ابنُ فُضَیلٍ حَدَّثَنَا حصینٌ عن سفیانَ عن مسروقٍ قالَ سألتُ اُمَّ رُومَانَ وَھِیَ اُمُّ عائشۃَ لَمَّا قِیلَ فِیھَا مَاقِیلَ قالتْ بینما انامع عائشۃَ جالِسَتَان اذ وَلَجَتْ علینا امرأۃٌ مِنَ الْاَنصَارِ وھی تَقُولُ فَعَلَ اللّٰہُ بِفُلانَ وَفَعَلَ قالتْ فقلتُ لِمَ قالتْ اِنَّه نَمَی ذِکرَالْحدیث فقالتْ عائشۃُ اَیُّ حدیثٍ فَاَخبَرَتھَا قالتْ فَسمِعَه اَبُوبکرٍ وَرَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قالتْ نَعَمْ فَخَرَّتْ مَغْشِیًّا علیھا فما افاقتْ اِلَّا وعلیھا حُمّٰی بِنَافِضٍ فجاءَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فقال مالِھٰذِہٖ قُلتُ حُمّٰی اَخذَتْھا مِنْ اَجلِ حَدِیثٍ تُحُدِّثَ بِه فَقَعَدَتْ فقالتْ واللّٰہ لئن حلفتُ لَاتُصَدِّقُوْنِّی وَلَئِنِ اعْتَذَرْتُ لَاتَعْذِرُوْنِّی فَمَثَلِی وَمَثَلُکُمْ کَمَثَلِ یعقوبَ وَبَنِیْهِ فَاللّٰہُ المستعانُ علی ماتَصِفُوْنَ فانصرفَ النبیُّ صلی اللّٰہ علیه وسلم فَاَنْزَلَ اللّٰہُ مَااَنْزَلَ فَاَخبَرَھَا فَقَالَتْ بِحَمْدِاللّٰہِ لَابِحَمْدِ اَحَدٍ

۶۱۴۔ہم سے محمد بن سلام نے حدیث بیان کی انہیں ابن فضیل نے خبر دی ان سے حصین نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں نے ام رومان رضی اللہ عنہا سے۔ (آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ہیں)، عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں جوافواہ اڑائی گئی تھی اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں عائشہؓ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی کہ ایک انصاری خاتون ہمارے یہاں آئیں اور کہا کہ اللہ فلاں (مسطح رضی اللہ عنہ) کو بدلہ دے اور وہ بدلہ بھی دے چکا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کہا آپ یہ کیا کہہ رہی ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ اس نے ادھر کی ادھر لگائی ہے، پھر انصاری خاتون نے (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا تہمت کا سارا) واقعہ بیان کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے (اپنی والدہ سے) پوچھا کہ کونسا واقعہ ہے؟ تو ان کی والدہ نے انہیں واقعہ کی تفصیل بتائی، عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ اور رسول اللہ ﷺ کو بھی معلوم ہوگیا؟ ان کی والدہ نے بتایا کہ ہاں۔ یہ سنتے ہی حضرت عائشہ بے ہوش ہوگئیں اور گر پڑیں اور جب ہوش آیا تو جاڑے کے ساتھ بخار چڑھا ہوا تھا پھر نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور دریافت فرمایا کہ انہیں کیا ہوا؟ میں نے عرض کی کہ ایک بات اس سے کہی گئی تھی اور اسی کے صدمے سے بخار آ گیا ہے پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اٹھ کر بیٹھ گئیں اور کہا کہ بخدا، اگر میں قسم کھاؤں، جب بھی آپ لوگ میری بات نہیں مان سکتے اور اگر کوئی عذر بیان کروں تو اسے بھی نہیں تسلیم کر سکتے، بس میری اور آپ لوگوں کی مثال یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں کی سی ہے (کہ انہوں نے

اپنے بیٹوں کی من گھڑت کہانی سن کر فرمایا تھا کہ) "جو کچھ تم کہہ رہے ہو میں اس پر اللہ ہی کی مدد چاہتا ہوں، اس کے بعد آنحضور واپس تشریف لے گئے۔ اور اللہ تعالیٰ کو جو کچھ منظور تھا وہ نازل فرمایا (حضرت عائشہ کی برأت کے سلسلے میں) جب آنحضور ﷺ نے اس کی اطلاع عائشہ رضی اللہ عنہا کو دی تو انہوں نے کہا کہ اس کے لئے صرف اللہ کی حمد وثنا" ہے کسی اور کی نہیں۔

(۶۱۵) حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الليثُ عن عُقيلٍ عن ابنِ شهابٍ قال اخْبَرَنى عروةُ انَّهُ سَأَلَ عائشة رضىَ اللّٰهُ عنها زوجَ النَّبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلَّم ارايت قوله حتّٰى اِذَا استيأس الرُّسُلُ وَظَنُّوْا انَّهم قد كُذِبُوْا قَالَتْ بَلْ كَذَّبَهُمْ قَوْمُهُمْ فَقُلْتُ واللّٰهِ لقد استَيْقَنُوْا اَنَّ قومهم كَذَّبُوهُم وَمَا هُوَ بالظَّنِّ فقالتْ ياعُرَيَّةُ لَقَدْ اسْتَيْقَنوا بذلك قلتُ فلعَلَّهَا اوكُذِبُوْا قالتْ معاذَاللّٰه لَمْ تَكُنِ الرُّسُلُ تظُنُّ ذلك بربِّهَا وَاَمَّا هٰذِهِ الاية قالتْ هُمْ اَتْباعُ الرُّسُلِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا بربِّهِمْ وَصَدَّقُوهُمْ وَطَالَ عَلَيْهِمُ البَلاءُ وَاسْتَاخَرَ عَنْهُمُ النَصْرُ حَتّٰى اِذَا اسْتَيأسَتْ مِمَّنْ كَذَّبَهُمْ مِنْ قَوْمِهِمْ وَظَنُّوْا اَنَّ اتباعهم كَذَّبُوْاهُمْ جَاءَ هُمْ نَصْرُاللّٰه قال ابوعبداللّٰه اسْتَيْأَسُوْا افتعلوا من يَئِسْتُ منه اى من يوسف لاتيأ سوا من رَوْحِ اللّٰه معناه الرجاء اخبرنى عبدة حدثنا عبد الصمد عن عبد الرحمٰن عن ابيه عن عمر رضى اللّٰه عنهما عن النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال الكَرِيْمُ ابنُ الكَرِيمِ ابنِ الكَرِيمِ ابنِ الكَرِيْمِ يُوسُفُ بنُ يَعْقُوبَ بنِ اِسْحَاقَ بنِ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

۶۱۵۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے کہا کہ مجھے عروہ نے خبر دی انہوں نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس آیت کے متعلق پوچھا "حتی اذا استیأس الرسل وظنوا انهم قد کذبوا." (بالتشدید) ہے یا کذبوا (بالتخفیف) یہاں تک کہ جب انبیاء ناامید ہو گئے اور انہیں خیال گزرنے لگا کہ اب انہیں جھٹلا دیا جائے گا، تو اس کی مدد پہنچی، تو انہوں نے فرمایا کہ (یہ بالتشدید ہے اور مطلب یہ ہے کہ) ان کی قوم نے انہیں جھٹلایا تھا میں نے عرض کی کہ اس کا تو انہیں یقین تھا ہی کہ قوم انہیں جھٹلا رہی ہے پھر قرآن میں لفظ "ظن" (گمان وخیال کے معنی میں) استعمال کیوں کیا گیا؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا "عریہ! انبیاء اسے پوری طرح جانتے تھے اور یقین رکھتے تھے (کہ ان کی قوم انہیں جھٹلا رہی ہے) میں نے عرض کی "شاید" یہ "اوکذبوا" (بالتخفیف) ہو انہوں نے فرمایا معاذ اللہ! انبیاء اپنے رب کے ساتھ اس طرح کا گمان نہیں کر سکتے (خلاف وعدہ کا) لیکن یہ آیت، انہوں نے فرمایا..... تو اس کا تعلق انبیاء کے ان متبعین سے ہے جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے اور اپنے انبیاء کی تصدیق کی تھی، پھر جب آزمائشوں اور مشکلات کا سلسلہ طویل ہوا اور اللہ کی مدد پہنچنے میں تاخیر پر تاخیر ہوتی رہی (کیونکہ اس کا وقت ابھی نہیں آیا تھا) انبیاء اپنی قوم کے ان افراد سے تو بالکل مایوس ہو گئے تھے جنہوں نے ان کی تکذیب کی تھی اور (مدد کی تاخیر کی وجہ سے) انہیں یہ گمان ہوا (شدت مایوسی کی وجہ سے) کہ کہیں ان کے متبعین بھی تکذیب نہ کر بیٹھیں تو ایک دم اللہ کی مدد آ پہنچی۔ ابوعبداللہ نے کہا کہ استیأسوا، افتعلوا، کے وزن پر ہے یئست سے۔ منہ اے من یوسف۔ لاتیأ سوا من روح اللہ کے معنی رجاء امید کے ہیں۔ مجھے عبدہ نے خبر دی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن

نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، شریف بن شریف بن شریف بن شریف یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام ہیں۔

ب ۳۲۳. قولِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَاَیُّوبَ اِذْنَادٰی رَبَّه' ی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اُرْکُضْ ضرب یَرْکُضُوْنَ یَعْدُوْنَ

۳۲۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ایوب (علیہ السلام) نے جب اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف اور مرض نے آ گھیرا ہے اور آپ ارحم الراحمین ہیں'' ارکض بمعنی اضرب۔ یر کضون ای یعدون۔

(۶۱۶) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہ بنُ محمدٍ الجُعْفِیُّ حَدَّثَنَا دُالرزاقِ اخبرنا معمرٌ عن همامٍ عن ابی هریرةَ ضِیَ اللّٰہُ عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ما اَیُّوبُ یَغتَسِلُ عُریَانًا خرَّ عَلَیْهِ رِجْلُ جَرَادٍ مِنْ بٍ فَجَعَلَ یَحْثِیْ فِی ثوبه فنادٰی رَبُّه' یااَیُّوبُ اَلَمْ نْ اَغنَیْتُکَ عَمَّاتَرٰی قَالَ بَلٰی یَارَبِّ وَلٰکِنْ غِنَی لِی عن بَرَکَتِکَ

۶۱۶۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور انہیں، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایوب علیہ السلام برہنہ غسل کر رہے تھے کہ سونے کی ٹڈیاں ان پر گرنے لگیں آپ انہیں اپنے کپڑے میں جمع کرنے لگے ان کے پروردگار نے ان سے کہا کہ اے ایوب! جو کچھ تم دیکھ رہے ہو (سونے کی ٹڈیاں) کیا میں نے تمہیں اس سے بے نیاز نہیں کر دیا ہے ایوب علیہ السلام نے فرمایا کہ صحیح ہے، اے رب العزت! لیکن آپ کی برکت سے میں کس طرح بے نیاز ہوسکتا ہوں۔

ب ۳۲۴. وَاذْکُرْ فِی الکِتَابِ مُوسٰی اِنَّه' کَانَ خلَصًا وَکَانَ رَسُوْلًا نَّبِیًّا وَنَادَیْنَاهُ مِنْ جَانِبِ طُورِ الْاَیْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِیًّا کلمه وَوَهَبْنَا لَه' مِنْ حمَتِنَا اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِیًّا للواحد وللاثنین لجمیعِ نَجِیٌّ وَیقال خَلَصُوْا نَجِیًّا اعتزلوا نَجِیًّا لجمیع اَنْجِیَه یَتَنَاجَون تَلَقَّفُ تَلَقَّمُ

۳۲۴۔ اور یاد کرو کتاب (قرآن مجید) میں موسیٰ کو کہ وہ (اپنی عبادات و ایمان میں) مخلص اور موحد تھے اور رسول و نبی تھے، جب کہ ہم نے طور کی داہنی جانب سے انہیں آواز دی اور سرگوشی کے لئے انہیں قریب بلایا اور ان کے لئے اپنی رحمت سے ہم نے ان کے بھائی ہارون کو نبوت سے سرفراز کیا۔ واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لئے لفظ نجی استعمال ہوتا ہے بولتے ہیں خلصوا نجیا، یعنی سرگوشی کے لئے علیحدہ جگہ چلے گئے (اگر نجی کا لفظ مفرد کے لئے استعمال ہوا ہو تو اس کی جمع انجیہ ہوگی تلقف بمعنی تلقم۔

ب ۳۲۵. وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ اِلٰی لِه مُسْرِفٌ کَذَّابٌ

۳۲۵۔ ''اور فرعون کے خاندان کے ایک مؤمن فرد نے کہا جو اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھے'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد مسرف کذاب تک۔

(۶۱۷) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہِ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا اللیثُ ی حَدَّثَنِی عُقَیْلٌ عن ابنِ شهابٍ سمعتُ عروةَ ی قالتْ عائشةُ رضی اللّٰه عنها فَرَجَعَ النبیُّ لَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی خدیجةَ یَرْجُفُ فُؤَادُه طلقتْ به الٰی وَرَقَةَ بْنِ نَوفَلٍ وَکَانَ رَجُلًا تَنَصَّرَ رأَ الانجیلَ بالعربیةِ فقال ورقة مَاذَا تَرٰی

۶۱۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے، انہوں نے عروہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، پھر نبی کریم ﷺ (غار حرا سے) سب سے پہلی مرتبہ وحی کے نازل ہونے کے بعد) ام المؤمنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے تو آپ بہت گھبرائے ہوئے تھے۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا

فَاَخْبَرَہٗ فَقَالَ ورقۃُ ھٰذَا الناموسُ الَّذِی اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی مُوْسٰی وان اَدْرَکَنِی یَوْمُکَ اَنْصُرْکَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا الناموسُ صاحبُ السِّرِّ الَّذِی یُطْلِعُہ بِمَا یَسْتُرُہٗ عن غَیرِہٖ

آنحضور ﷺ کو (اپنے عزیز) ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں، وہ نصرانی ہوگئے تھے اور انجیل کو عربی میں پڑھتے تھے ورقہ نے پوچھا کہ آپ کیا دیکھتے ہیں؟ آنحضور ﷺ نے انہیں بتایا تو انہوں نے بتایا کہ یہی وہ ہیں ''ناموس'' جنہیں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا تھا اور اگر میں تمہارے زمانے تک زندہ رہا تو میں تمہاری پوری پوری مدد کروں گا۔ ناموس، رازدار کو کہتے ہیں۔ جو ایسے راز پر بھی مطلع ہو جو آدمی دوسروں سے چھپاتا ہے۔

باب۳۲۶. قول اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ وَھَلْ اَتَاکَ حَدِیْثُ مُوْسٰی اذرَاٰی نَارًا اِلٰی قَوْلِہٖ بِالْوَادِی الْمُقَدَّسِ طُوًی اٰنَسْتُ اَبْصَرْتُ نارًا لَّعَلِّی اٰتِیْکُمْ مِنْھَا بِقَبَسٍ الآیۃ قال ابنُ عباسٍ المقدَّسُ المبارَکُ طُوًی اسم الوادی سِیْرَتَھا حالَتَھَا والنُّھٰی التُّقٰی بِمِلْکِنَا بِاَمْرِنَا ھَوٰی شَقِیَ فَارِغًا اِلَّا مِنْ ذِکْرِ مُوْسٰی رِدْاً کَیْ یُصَدِّقَنِیْ وَیُقَالُ مُغِیْثًا اَوْمُعِیْنًا یَبْطِشُ وَیَبْطُشُ یَأْتَمِرُوْن یَتَشَاوَرُوْنَ والجَذْوَۃ قِطْعَۃٌ غَلِیْظَۃٌ مِنَ الخَشَبِ لَیْسَ فِیْھَا لَھَبٌ سَنَشُدُّ سَنُعِیْنُکَ کُلَّمَا عَزَّزْتَ شَیْئًا فقد جعلتَ لہ عَضُدًا وقال غیرُہ کُلَّمَا لَمْ یَنْطِقْ بِحَرْفٍ اوفیہِ تَمْتَمَۃٌ اَوْفَأْفَأَۃٌ فھی عُقْدَۃٌ اَزْرِی ظَھْرِی فَیُسْحِتَکُمْ فَیُھْلِکَکُمُ المُثْلٰی تأنیث الأمثلِ یقول بدینِکم یقال خُذِالمُثْلٰی خُذِالاَمْثَلِ ثم ائْتُوْا صَفًّا یُقَالُ ھَلْ اتیتَ الصفَّ الیومَ یعنی المصلّٰی الَّذِی یُصَلّٰی فیہ فَاَوْجَسَ اَضْمَرَ خوفًا فَذَھَبَتِ الواوُمن خِیْفَۃً لکسرۃِ الخَاء فِی جُذُوْعِ النخلِ علی جُذُوْعِ خَطْبُکَ بَالُکَ مِسَاسَ مصدر ماسَّہٗ مِسَاسًا لَنَنْسِفَنَّہٗ لَنُذْرِیَنَّہٗ الضَّحٰی الْحَرُّ قُصِّیْہِ اتَّبِعِی اَثَرَہ وقد یکون ان تَقُصَّ الکلامَ نحن نَقُصُّ عَلَیْکَ عن جُنُبٍ عن بُعْدٍ وعن جَنَابَۃٍ وعن اجتناب واحِدٌ قال مجاھد علی قَدَرٍ مَوْعِدٍ لاتَنِیَا لاتَضْعُفَا یَبَسًایَابِسًا من زینۃِ القوم الحُلٰی الذی استعاروا من اٰلِ فرعونَ

۳۲۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اور کیا آپ کو موسیٰ (علیہ السلام) کا واقعہ معلوم ہوا جب انہوں نے آگ دیکھی، اللہ تعالیٰ کے ارشاد 'بالوادی المقدس طوی' تک انست ای ابصرت میں نے آگ دیکھی ہے، ممکن ہے تمہارے لئے اس میں سے کوئی انگارہ لاسکوں'' (تاپنے کے لئے ...... آخر آیت تک۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ المقدس مبارک کے معنی میں ہے ''طوی'' وادی کا نام ہے۔ سیر تھا یعنی اس کی حالت۔ النہی بمعنی ...... پرہیزگاری۔ بملکنا یعنی اپنے حکم سے۔ ھویٰ یعنی بدبخت رہا۔ فارغا یعنی (ہر چیز، خوف وڈر سے موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل) وخالی تھا سوا موسیٰ علیہ السلام کے ذکر کے۔ رداً یصدقنی (یعنی میرے ساتھ ہارون علیہ السلام کو مددگار کے طور پر بھیجئے تاکہ فرعون کے دربار میں میری رسالت کی تصدیق کریں) رداً کے معنی فریادرس کے بھی آتے ہیں اور مددگار کے بھی یبطش اور یبطش (طاء کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ) یاتمرون بمعنی یتشاورون۔ الجذوۃ لکڑی کا وہ موٹا ٹکڑا جس میں لپٹ نہ ہو (اگرچہ آگ ہو) سنشد یعنی ہم تمہاری مدد کریں گے کہ جب تم نے کسی کی مدد کی تو گویا تم اس کے دست وبازو بن گئے اور دوسرے حضرات نے کہا کہ جب کوئی حرف زبان سے نہ ادا ہو پائے لکنت ہو یا فازبان پر آجاتا ہے تو اس کے لئے لفظ ''عقدۃ'' استعمال کرتے ہیں ازری بمعنی طھری فیسحتکم بمعنی فیھلککم المثلی۔ امثل کی تانیث ہے (بمعنی افضل) کہتے ہیں خذ المثلی، خذ الا مثل. ثم أ تواصفاً، کہتے ہیں ھل اتیت الصف الیوم. (میں الصف سے مراد) وہ جگہ ہے جہاں نماز پڑھی جاتی ہو۔ فاوجس یعنی دل میں پیدا ہو، خوف۔ خیفۃ (جو اصل میں خوفۃ تھا) کا واؤ خاء کے کسرہ کی وجہ سے یا سے بدل گیا ہے۔'' فی جذوع النخل ای علی جذوع النخل. خطبک بمعنی،

فتھا القیتھا القی صنع فنسی موسی ھم
ونہ اخطا الرب ان لایرجع الیھم قولا فی
جل ۔

بالک۔ مساس مصدر ہے ماسہ مساساً سے لننسفنہ یعنی الندرینہ، الضحاء بمعنی الحر۔ قصیہ یعنی اس کے پیچھے پیچھے چلی جا اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ نقص الکلام سے اس کے معنی ماخوذ ہوں (جیسے آیت) نحن نقص علیک۔ میں ہے عن جنب یعنی عن بعد۔ اور عن جنابۃ وعن اجتناب ایک معنی میں ہیں مجاہد نے فرمایا کہ علی قدر (میں قدر کا ترجمہ) وعدہ متعینہ ہے۔ لاتنیا یعنی لا تضعفا یبساً بمعنی یابساً۔ من زینۃ القوم سے مراد وہ زیورات ہیں جوانہوں نے آل فرعون سے مستعار لئے تھے فقذ فتھا ای القیتھا۔ القی بمعنی صنع۔ فنسی موسی، یعنی سامری اور اس کے متبعین یہ کہتے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام، پروردگار (ان کی مراد گوسالہ سے تھی، معاذ اللہ) کو چھوڑ کر دوسری جگہ (طور پر) چلے گئے۔ ان لا یرجع الیھم قولاً، گوسالہ کے بارے میں ہے۔

۱۸) حدثنا ھدبۃ بن خالد حدثنا ھمام حدثنا
دۃ عن انس بن مالک عن ما لک بن صعصعۃ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدثھم عن
ۃ اسری بہ حتی اتی السماء الخامسۃ فاذا
رون قال ھذا ھا رون فسلم علیہ فسلمت علیہ
ثم قال مرحبا بالاخ الصالح والنبی الصالح
ہ ثابت وعبا د بن ابی علی عن انس عن النبی
ی اللہ علیہ وسلم

۶۱۸۔ ہم سے ہدبۃ بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اور ان سے مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے اس رات کے متعلق حدیث بیان کی جس میں آپ معراج کے لئے تشریف لے گئے تھے کہ جب آپ پانچویں آسمان پر تشریف لائے تو وہاں ہارون علیہ السلام تشریف رکھتے تھے، جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ آپ ہارون علیہ السلام ہیں انہیں سلام کیجئے۔ میں نے سلام کیا تو انہوں نے جواب دیتے ہوئے فرمایا خوش آمدید، صالح بھائی اور صالح نبی! اس روایت کی متابعت ثابت اور عباد بن ابی علی نے انس رضی اللہ عنہ نے واسطے سے بیان کی اور ان نے نبی کریم ﷺ سے۔

ب ۳۲۷۔ قول اللہ تعالی وھل اتاک حدیث
سی وکلم اللہ موسی تکلیما

۳۲۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور کیا آپ کو موسیٰ کا واقعہ معلوم ہوا، اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کو اپنے کلام سے نوازا۔

۱۹) حدثنا ابراھیم بن موسی اخبرنا ھشام بن
سف اخبرنا معمر عن الزھری عن سعید بن
سیب عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ اسری بہ
ت موسی واذا رجل ضرب رجل کانہ من
ال شنوءۃ و رایت عیسی فاذا ھو رجل ربعۃ
مر کانما خرج من دیماس وانا اشبہ ولد

۶۱۹۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی انہیں زہری نے انہیں سعید بن مسیب نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس رات کی سرگذشت بیان کی جس میں آپ ﷺ معراج کے لئے تشریف لے گئے تھے کہ میں نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ گٹھے ہوئے بدن کے تھے، بال گھنگھریالے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ قبیلہ شنوءۃ کے افراد میں سے ہوں اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو بھی دیکھا وہ

اِبراهِيمَ ثُمَّ اُتِيتُ بِاِنَاءَ يْنِ فِي اَحَدِهِمَا لَبَنٌ وَفِي الْاُخَرِ خَمرٌفقَالَ اِشْرَب اَيَّهُمَا شِئتَ فَاَخذتُ اللَّبَنَ فَشَرِبتُه' فَقِيْلَ اَخَذتَ الفِطْرَةَ اَمَا اِنَّکَ لَوْ اَخذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُکَ

میانہ قد اور نہایت سرخ وسفید تھے (چہرے پراتنی شادابی تھی کہ) معلو ہوتا تھا کہ ابھی غسل خانے سے نکلے ہیں، اور میں ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں ان سے سب سے زیادہ مشابہ ہوں، پھر دو برتن میرے سامنے لائے گئے ایک میں دودھ تھا اور دوسرے میں شراب۔ جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ دونوں چیزوں میں سے آپ کا جو جی چاہے پیجئے میں نے دودھ کا پیالہ اپنے ہاتھ میں لے لیا اور دودھ پی گیا مجھ سے کہا گیا کہ آپ نے فطرت (اسلام اور استقامت) کو اختیار کیا اگر اس کے بجائے آپ نے شراب پی ہوتی تو، آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔

(۶۲۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنا غُندَرٌ حَدَّثَنَا شعبةُ عن قتادةَ قال سمعتُ ابالعالية حدثنا ابنُ عمِ نبيكم يعني ابنَ عباسٍ عن النبيﷺ قَالَ لا ينبغي لِعَبْدٍ ان يقولَ اَنَا خَيْرٌ مِنْ يونسَ بنِ مَتّٰى ونَسَبَه' الى ابيه وذكر النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيلَةَ اُسْرِىَ به فقال موسٰى اٰدَمُ طُوَالٌ كَانَّه' مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ وَ قال عيسٰى جَعْدٌ مَرْبُوْعٌ وَذَكَرَ مالكًا خازنَ النارِ وذكر الدَّجَّالَ

۶۲۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے قتادہ نے بیان کیا انہوں نے ابوالعالیہ سے سنا اور ان سے تمہارے نبی کے چچا زاد بھائی یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی شخص کے لئے یہ درست نہیں کہ مجھے یونس بن متی علیہ السلام پر ترجیح دے آنحضور ﷺ نے آپ کا نام آپ کے والد کی طرف سے منسوب کر کے لیا۔ اور آنحضور ﷺ نے شب معراج کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام گندم گوں اور دراز قد تھے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے قبیلہ شنوءہ کے کوئی صاحب ہوں اور فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام درمیانہ قد تھے اور آنحضور ﷺ نے داروغہ جہنم مالک کا بھی ذکر فرمایا اور دجال کا بھی ذکر فرمایا۔

(۶۲۱) حَدَّثَنَا عليُّ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفيانُ حَدَّثَنَا ايوبُ السَّختِيَانِيُّ عن ابنِ سعيدِ بنِ جبيرٍ عن ابيهِ عنِ ابنِ عباسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عنهما اَنَّ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لما قَدِمَ المدينةَ وَجَدَهُمْ يصومون يومًا يعني عاشوراءَ فقالوا هٰذَا يومٌ عظيمٌ وهُوَ يَوْم نَجّٰى اللّٰهُ فيه مُوسٰى واَغْرَقَ اٰلَ فرعونَ فَصَامَ موسٰى شكرًا لله فقال انااولٰى بموسٰى مِنْهُمْ فصامهو أمر بِصِيَامِهِ

۶۲۱۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے ایوب سختیانی نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن جبیر کے صاحبزادے (عبداللہ) نے اپنے والد کے واسطے سے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو وہاں کے لوگ ایک دن یعنی عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے ان لوگوں (یہودیوں) نے بتایا کہ یہ بڑا باعظمت دن ہے اسی دن اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو نجات دی تھی اور آل فرعون کو غرق کیا تھا۔ اس کے شکرانہ میں موسیٰ علیہ السلام نے اس دن کا روزہ رکھا تھا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں موسیٰ علیہ السلام کا ان سے زیادہ قریب ہوں، چنانچہ آپ نے خود بھی اس دن کا روزہ رکھنا شروع کیا اور صحابہؓ کو بھی اس کا حکم دیا۔

ب ۳۲۸. قول الله تعالٰی وَوَاعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ
ةً وَاَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّهٖ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً
الَ مُوْسٰی لِاَخِیْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِیْ فِیْ قَوْمِیْ
صْلِحْ وَلَاتَتَّبِعْ سَبِیْلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَلَمَّا جَاءَ
سٰی لِمِیْقَاتِنَا وَکَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ
کَ قَالَ لن تَرَانِیْ اِلٰی قَوْلِهٖ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ
ل دَکَّهٗ زلزلهٗ فدُکَّتَا فَدُکِکْنَ جَعَلَ الجبالَ
لوا حدةِ کما قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَنَّ السَّمٰوٰتِ
لْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا وَلَمْ یقل کُنَّ رَتْقًا مُلْتَصِقَتَیْنِ
رِبُوْا ثوبٌ مشرَّب مَصْبُوْغٌ قال ابنُ عباسٍ
جَسَتْ اِنْفَجَرَتْ واذنَتَقْنَا الْجَبَلَ رَفَعْنَا

۳۲۸۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ہم نے موسیٰ سے تیس دن کا وعدہ کیا، پھر اس میں دس دن کا مزید اضافہ کر دیا اور اس طرح ان کے رب کے متعین کردہ چالیس دن پورے ہو گئے'' اور موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میری غیر موجودگی میں میری قوم کی نگرانی کرتے رہنا، اور ان کے ساتھ نرم رویہ رکھنا اور مفسدوں کے راستے کی پیروی نہ کرنا، پھر جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے متعین کردہ وقت پر آئے اور ان کے رب نے ان سے (بلا واسطہ) گفتگو کی تو انہوں نے عرض کی میرے پروردگار! مجھے اپنا دیدار کرا دیجئے، میں آپ کو دیکھ لوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''وانا اول المؤمنین'' تک بولتے ہیں کہ یعنی اسے جھنجھوڑ دیا۔ (آیت میں) فدکنا معنی میں فدککن کے ہے ''الجبال'' کو واحد کے حکم میں تسلیم کر کے (اور اسی طرح الارض کو آیت میں تثنیہ کا صیغہ لائے) جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''ان السموات والارض کانتا رتقا (بصیغہ تثنیہ) اس کے بجائے کن رتقا (بصیغہ جمع) نہیں فرمایا (رتقا کے معنی) ملے ہوئے کے ہیں۔ اشربوا (یعنی ان کے دلوں میں گوسالے کی محبت رس بس گئی تھی) ثوب مشرب رنگا ہوا کپڑا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انجست کے معنی پھوٹ پڑی واذ نتقنا الجبل، یعنی پہاڑ کو ہم نے ان کے اوپر اٹھایا۔

۶۲۲) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا سفیانُ
عمرِو بنِ یحییٰ عن ابیه عن ابی سعیدٍ رَضِیَ
هُ عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ النَّاسُ
عَقُوْنَ یَوْمَ القِیامَةِ فَاکُوْنَ اَوَّلَ من یُفِیْقُ فَاِذَا اَنَا
وسٰی اٰخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ فَلَا اَدْرِیْ
قَ قَبْلِیْ اَمْ جُوْزِیَ بِصَعْقَةِ الطُّوْرِ

۶۲۲۔ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن یحییٰ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت کے دن سب لوگ بے ہوش ہو جائیں گے پھر سب سے پہلے میں ہوش میں آؤں گا اور دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کے پایوں میں سے ایک پایہ پکڑے ہوئے ہیں، اب مجھے یہ معلوم نہیں کہ وہ مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے ہوں گے یا (بے ہوش ہی نہیں کئے گئے ہوں گے بلکہ) انہیں کوہ طور کی بے ہوشی کا بدلہ ملا ہو گا۔

۶۲) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ محمدِ الجُعْفِیُّ حَدَّثَنَا
دُالرَّزَّاقِ اخبرنا مَعْمَرٌ عن همامٍ عن ابی هریرةَ
یَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
ا بَنُوْ اسرائیلَ لَمْ یَخْنَزِ اللَّحْمُ وَلَوْلَا حَوَّاءُ لَمْ
نْ اُنْثٰی زَوْجَهَا الدَّهْرَ

۶۲۳۔مجھ سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی انہیں ہمام نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اگر بنی اسرائیل نہ ہوتے تو گوشت کبھی خراب نہ ہوا کرتا اور اگر حواء علیہا السلام نہ ہوتیں تو کوئی عورت اپنے شوہر کی خیانت کبھی نہ کرتی (حدیث پر نوٹ

گزر چکا ہے۔)

باب ۳۲۹. طُوفَانٌ مِنَ السَّيْلِ يُقَالُ لِلْمَوْتِ الكَثِيرِ طُوفَانٌ القُمَّلُ الحَمنان يشبه صِغارَ الحَلَمِ حقيق حق سُقِطَ كُلُّ مَنْ نَدِمَ فقد سُقِطَ فِي يَدِهِ

۳۲۹۔قرآن مجید میں طوفان سے مراد سیلاب کا طوفان ہے۔ بکثر
اموات کا وقوع ہونے لگے تو اِسے بھی طوفان کہتے ہیں۔ القمل
چچڑی کو کہتے ہیں جو چھوٹی جوں کے مشابہ ہوتی ہے حقیق بمعنی حق۔
(بمعنی نادم ہوا) جو شخص بھی نادم ہوتا ہے تو (گویا) وہ اپنے ہاتھ میں
پڑتا ہے(یعنی کبھی ہاتھ کو دانتوں سے، شدت غم میں کاٹتا ہے اور کبھی ہا
سے دوسری حرکتیں کرتا ہے جو غم والم پر دلالت کرتی ہیں۔)

باب ۳۳۰. حدِيثُ الخَضِرِ مَعَ مُوسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

۳۳۰۔خضر علیہ السلام کا واقعہ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ۔

(۶۲۴) حَدَّثَنَا عمرُو بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا يعقوب بنُ اِبراهِيمَ قال حدثني ابي عن صالحٍ عن ابن شهابٍ ان عبدَاللّٰهِ بنَ عبدِاللّٰهِ اخبره عن ابن عباس انه تَمارٰى هو وَالحَرُّ بنُ قيسٍ الفَزَارِيُّ في صاحب موسٰى قال ابنُ عباسٍ هُوَخَضِرُ فَمَرَّ بهما اُبَيُّ بن كعبٍ فَدَعاه بنُ عباسٍ فقال اِني تما ريتُ اَنَا وصاحِبِي هٰذا فِي صاحبِ موسٰى الَّذِي سَاَلَ السَّبِيلَ الى لُقِيِّهِ هل سَمِعتَ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذكُر شانَه قَالَ نعم سمعتُ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بينَما موسٰى فِي مَلاءٍ مِنْ بنِي اِسرائيلَ جاءَ هُ رَجُلٌ فقال هَل تَعلَمُ اَحدًا اَعْلَمَ مِنْكَ قَالَ لا فَاَوحَى اللّٰهُ اِلى مُوسٰى بلٰى عَبدُ نَاخضرٌ فَسأَلَ موسى السَّبِيلَ اليه فَجُعِلَ لَهُ الحُوتُ اٰيَةً وَقِيلَ لَه اِذَا فقدتَ الحوتَ فارْجِعْ فَاِنَّكَ سَتَلْقَاه فَكَانَ يَتَّبِعُ الحُوتَ فِي البَحْرِ فقال لِمُوسٰى فَتَاهُ اَرَاَيْتَ اِذْاَ وَيْنَا اِلى الصَّخْرَةِ فَاِنِّي نَسِيتُ الحُوتَ ومااَنْسانِيْهُ اِلَّاالشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَه فَقال مُوسٰى ذٰلِكَ مَاكُنَّا نَبْغِي فَارتَدَّا عَلٰى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا فَوَجَدَا خَضِرًا فَكَانَ مِنْ شانِهِمَا الَّذِي قَصَّ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِي كِتَابِهِ

۶۲۴۔ہم سے عمرو بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے یعقوب
ابراہیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان
ان سے صالح نے ان سے ابن شہاب نے انہیں عبیداللہ بن عبداللہ
خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ حر بن قیس فزاری رضی
عنہ سے صاحب موسیٰ (علیہا السلام) کے بارے میں ان کا اختلاف
پھر ابی بن کعب رضی اللہ عنہ...... وہاں سے گزرے تو ابن عباس رضی
عنہ نے انہیں بلایا اور فرمایا کہ میرا، اپنے ان ساتھی سے صاحب موسیٰ
بارے میں اختلاف ہو گیا ہے جن سے ملاقات کے لئے موسیٰ علیہ السلا
نے راستہ پوچھا تھا، کیا رسول اللہ ﷺ سے آپ نے ان کے حالات
تذکرہ سنا ہے؟ انہوں نے فرمایا جی ہاں! میں نے آنحضور ﷺ کو
فرماتے سنا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی ایک جماعت
تشریف رکھتے تھے کہ ایک شخص نے ان سے آکر پوچھا، کیا آپ
ایسے شخص کو جانتے ہیں جو اس روئے زمین پر آپ سے زیادہ علم رکھنے
ہو؟ انہوں نے فرمایا کہ نہیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر
نازل کی کہ کیوں نہیں، ہمارا بندہ خضر ہے (جنہیں ان احوال کا علم
جن کا آپ کو نہیں) موسیٰ علیہ السلام نے ان تک پہنچنے کا راستہ پوچھ
انہیں مچھلی کو اس کی نشانی کے طور پر بتایا گیا اور کہا گیا کہ جب مچھلی
ہو جائے (تو جہاں گم ہوئی ہو وہاں) واپس آجانا وہیں ان سے ملاقا
ہو گی چنانچہ موسیٰ علیہ السلام دریا میں (سفر کے دوران) مچھلی کی برابر نگر
کرتے رہے پھر ان سے ان کے رفیق سفر نے کہا کہ آپ نے خیال نہ
کیا جب ہم چٹان کے پاس ٹھہرے تو میں مچھلی (کے متعلق بتانا) بھ

گیا تھا اور مجھے محض شیطان نے اسے یاد رکھنے سے غافل رکھا، موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اسی کی تو ہمیں تلاش تھی، چنانچہ یہ حضرات اسی راستے سے پیچھے کی طرف لوٹے اور خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی ان دونوں، حضرات کے ہی وہ حالات ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بیان کیا ہے۔

(۶۲۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بنُ عَبدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا سفیانُ حدثنا عمرُو بنُ دینارٍ قال اخبرنی سعیدُ بنُ جبیرٍ قال قلتُ لابنِ عباسٍ اَنَّ نوفًا البِکَالِیَّ یَزْعُمُ اَنَّ موسٰی صاحب الخضرِلَیسَ ھُوَ مُوسٰی بن اسرائیل انما ھو مُوسٰی اٰخَرُ فقال کَذَبَ عَدُوُّاللّٰہِ حَدَّثَنَا اُبَیُّ بنُ کعبٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ان مُوسٰی قَامَ خَطِیْبًا فِی بَنِي اِسرَائیل فَسُئِلَ اَیُّ النَّاسِ اَعْلَمُ فقال اَنَا فعتَبَ اللّٰہُ عَلَیْہِ اِذ لَمْ یَرُدَّ العِلمَ اِلَیْہ فقال لَہ' بَلٰی لِیْ عَبْدٌ بِمجْمَعِ البَحْرَینِ ھُوَ اَعْلَمُ مِنکَ قَالَ اَیْ رَبِّ وَمَنْ لی بِہٖ وَرُبَّمَا قال سفیانُ اَیْ رَبِّ وَکَیْفَ لی بہ قال تَاخُذُحُوتًا فتجعلہ فِی مِکتَلٍ حیثما فقدتَ الحوتَ فَھُوَ ثَمَّ وَرُبَّمَا قال فھو ثَمَّہ واخذ حوتا فجعلہ فِی مِکتَلٍ ثم انطلق ھُوَوَ فتاہ یُوْشَعُ بنُ نونٍ حَتّٰی اَتَیَا الصخرةَ وَضَعَا رؤسَھما فَرَقَدَ موسٰی واضطَرَبَ الحوت فخرج فسقط فی البَحْرِ فَاتَّخَذَ سَبِیْلَہ' فی البحر سَرَبًا فَاَمْسَکَ اللّٰہُ عن الحوتِ جریةَ الماءِ فصار مثلَ الطاقِ فقال ھٰکذا مِثلُ الطاقِ فَانْطَلَقَا یَمْشِیَانِ بقیةَ لَیْلَتِھِمَا وَیَوْمِھِمَا حتی اِذَا کَانَ من الغد قَالَ لِفَتَاہُ اٰتِنَا غَدَاءَ نَا لقد لَقِیْنَا مِن سَفَرِنَا ھٰذَا نَصَبًا ولم یجد مُوسٰی النصبَ حتی جَاوَزَحیث امرہ اللّٰہُ قال لَہ' فتاہ اَرَاَیْتَ اِذْ اَوَیْنَا اِلَی الصَّخْرَةِ فَاِنِّی نَسِیْتُ الْحُوْتَ وَمَا اَنْسَانِیْہُ اِلَّا الشَّیطَانُ ان اَذْکُرَہ' وَاتَّخَذَ سَبِیْلَہ' فِی البَحْرِ عَجَبًا فکان للحوتِ سَرَبًا ولھما عَجَبًا قَالَ لَہ' مُوسٰی

۶۲۵۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے سعید بن جبیر نے خبر دی، انہوں نے کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ نوف بکالی کہتے ہیں کہ، موسیٰ، صاحب خضر بنی اسرائیل کے موسیٰ نہیں ہیں، بلکہ وہ دوسرے موسیٰ ہیں (علیہم السلام) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دشمن خدا نے قطعاً بے بنیاد بات کہی، ہم سے اُبی ابن کعب رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو کھڑے ہو کر خطاب کر رہے تھے کہ ان سے پوچھا گیا، کون سا شخص سب سے زیادہ جاننے والا ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ میں، اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا کیونکہ (جیسا کہ چاہئے تھا) انہوں نے علم کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں کی تھی، اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا کہ کیوں نہیں، میرا ایک بندہ ہے جہاں دو دریا آ کر ملتے ہیں وہاں رہتا ہے اور تم سے زیادہ جاننے والا ہے، انہوں نے عرض کیا، اے رب العزت! میں ان سے کس طرح مل سکوں گا! سفیان نے (اپنی روایت میں یہ الفاظ) بیان کئے کہ اے ''رب کیف لی بہ'' اللہ تعالیٰ نے فرمایا ایک مچھلی پکڑ کر اپنے تھیلے میں رکھ لو، جہاں وہ مچھلی گم ہو جائے بس میرا بندہ وہیں تمہیں ملے گا، بعض اوقات انہوں نے (بجائے فھوثم کے) فھوثمہ کہا۔ چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے مچھلی لی اور اسے ایک تھیلے میں رکھ لیا۔ پھر آپ اور آپ کے رفیق سفر یوشع بن نون رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے، جب یہ حضرات چٹان پر پہنچے تو سر سے ٹیک لگائی، موسیٰ علیہ السلام کو نیند آ گئی اور مچھلی تڑپ کر نکلی اور دریا کے اندر چلی گئی اور اس نے دریا میں اپنا راستہ اچھی طرح بنا لیا، اللہ تعالیٰ نے مچھلی سے پانی کے بہاؤ کو روک دیا اور وہ محراب کی طرح ہو گئی، انہوں نے واضح کیا کہ یوں محراب کی طرح! پھر دونوں حضرات اس دن اور رات کے باقی ماندہ حصے میں چلتے رہے جب دوسرا دن آیا تو موسیٰ علیہ السلام

ذٰلکَ مَاکُنَّا نبغِی فَارْتَدَّا عَلٰی اٰثَارِھِمَا قَصَصًا رجعًا یَقُصَّانِ اٰثَارَھما حَتّٰی انْتَھَیَا اِلَی الصخرۃِ فاذَا رَجُلٌ مُسَجًّی بثوب فَسَلَّمَ موسٰی فَرَدَّ علیه فقال وَاَنّٰی بِاَرْضِکَ السَّلَامُ قال انامُوْسٰی قال مُوسٰی بنی اسرائیل قال نعم اَتَیْتُکَ لِتُعَلِّمَنِیْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قال یَا موسٰی انی علٰی علمٍ من علمِ اللّٰہِ علمنیہِ اللّٰہ لَاتعلمه وَانت علٰی علمٍ من علمِ اللّٰہِ علمکه اللّٰهُ لااعلَمُه قال ھل اَتَّبِعُکَ قال اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا وَکَیْفَ تَصبِرُ عَلٰی مَالَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبرًا اِلٰی قوله اَمْرًا فَانْطَلَقَا یَمْشِیَان عَلٰی سَاحِلِ البحر فَمَرَّتْ بهما سفینةٌ کَلَّمُوْھم ان یَحْمِلُوھم فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوہ بغیر نَولٍ فلما رکبا فِی السَّفِینَۃِ جاء عصفورٌ فَوَقَعَ علی حرفِ السفینۃ ۔فَنَقَر فِی البَحْرِ نَقْرَۃً اَوْنَقرتَینِ قال له الخضریا موسٰی مانَقَصَ علمی وعلمُکَ من علمِ اللّٰہِ اِلَّا مثل مانقص ھٰذَا العُصْفُورُ بِمنقارِهٖ من البحر اِذْ اَخَذَ الفَأْس فنزَعَ لوحًا قال فلم یَفْجَأْ مُوْسٰی الا وقد قلع لوحًا بِالقَدُّومِ فقال له مُوسٰی ماصنعتَ قومٌ حملونا بغیرِ نَولٍ عمدتَ اِلٰی سفِیْنَتِھِمْ فخرقتَھا لِتُغْرِقَ اھلَھا لقد جئتَ شیئًا اِمرًا قال اَلَمْ اَقُلْ اِنَّکَ لن تَستطیعَ معی صبرًا قَالَ لَاتُؤَاخِذْنی بِمَا نَسِیْتُ وَلَا تُرھِقْنِی من اَمْرِی عُسْرًا فَکَانَتِ الاولٰی مِن موسٰی نِسْیَانًا فلما خَرَجَ من البحر مَرُّوْا بغلامٍ یلعبُ مَعَ الصبیان فاخذ الخضرُ براسِهٖ فَقَلَعَه بِیَدِهٖ ھٰکذَا وَ اَوْمَاءَ سفیانُ بِاَطْرَافِ اصابِعِهٖ کانه یَقْطِفُ شیئًا فقال له موسٰی اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّۃً بِغَیْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جئتَ شیئًا نُکرًا قَالَ الم اَقُلْ لک اِنَّکَ لَنْ تَستَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا قَالَ ان سَاَلْتُکَ عن شَیْءٍ بَعْدَھَا فَلَا تُصَاحِبْنِی قد بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّیْ عُذْرًا فَانْطَلَقَا حَتّٰی اِذَا اَتَیَا اَھْلَ

نے اس وقت اپنے رفیق سفر سے فرمایا کہ اب ہمارا کھانا لاؤ، کیونکہ ہم اپنے اس سفر میں بہت تھک گئے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس وقت تک کوئی تھکان محسوس نہیں کی تھی جب تک وہ اس متعینہ جگہ سے آگے نہ بڑھ گئے جس کا اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا ان کے رفیق نے کہا کہ دیکھئے تو سہی جب ہم چٹان پر اترے ہوئے تھے تو میں مچھلی (کے متعلق کہنا) آپ سے بھول گیا اور مجھے اس کی یاد سے صرف شیطان نے غافل رکھا اور اس مچھلی نے تو (وہیں چٹان کے قریب) دریا میں اپنا راستہ حیرت انگیز طریقہ پر بنالیا تھا، مچھلی کو تو راستہ مل گیا تھا اور یہ حضرات (خدا کی اس قدرت پر) حیرت زدہ تھے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہی جگہ تھی جس کی ہم تلاش میں ہیں چنانچہ دونوں حضرات اسی راستے سے پیچھے کی طرف واپس ہوئے اور جب اس چٹان پر پہنچے تو وہاں ایک صاحب موجود تھے سارا جسم ایک کپڑے میں لپیٹے ہوئے، موسیٰ علیہ السلام نے انہیں سلام کیا اور انہوں نے جواب دیا، پھر کہا اس خطے میں تو سلام کا رواج نہیں تھا؟ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں موسیٰ ہوں انہوں نے پوچھا، بنی اسرائیل کے موسیٰ! فرمایا کہ جی ہاں، میں آپ کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ آپ مجھے وہ علم مفید سکھادیں، جو آپ کو سکھایا گیا ہے۔ انہوں نے فرمایا، اے موسیٰ، میرے پاس اللہ کا دیا ہوا ایک علم ہے، اللہ تعالیٰ نے مجھے سکھایا ہے اور تم اسے نہیں جانتے اسی طرح آپ کے پاس اللہ کا دیا ہوا ایک علم ہے، اللہ تعالیٰ نے تمہیں وہ علم سکھایا ہے اور میں اس کو نہیں جانتا، موسیٰ علیہ السلام نے کہا کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں انہوں نے کہا آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے، اور واقعی آپ ان امور کے متعلق صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں جو آپ کے احاطہ علم میں نہیں، اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''امرا'' تک۔ آخر موسیٰ اور خضر علیہ السلام چلے، دریا کے کنارے کنارے پھر ان کے قریب سے ایک کشتی گزری، ان حضرات نے کہا کہ انہیں بھی کشتی والے کشتی پر سوار کرلیں، کشتی والوں نے خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور کسی اجرت کے بغیر اس پر سوار کرلیا۔ جب یہ اصحاب اس پر سوار ہوگئے تو ایک چڑیا آئی اور کشتی کے ایک کنارے پر بیٹھ کر اس نے پانی اپنی چونچ میں ایک یا دو مرتبہ ڈالا۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا، اے موسیٰ! میرے اور آپ کے علم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے علم میں اتنی بھی کمی نہیں ہوئی جتنی اس چڑیا کے

قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ مَائِلًا اَوْمَأَ بيده هكذا واشار سفيانُ كانه يَمْسَحُ شيئًا اِلٰى فَوْق فلم اسمع سفيان يذكَر مائلا اِلَّا مَرَّةً قَالَ قَومٌ اتَيْناهُم فلم يُطْعِمُونا ولم يُضَيِّفُوْنَا عَمَدتَّ الى حَائِطِهِمْ لوشئتَ لَاتَّخذت عليه اَجرًا قال هٰذا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيْلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِدْنَا اَنَّ مُوسٰى كَانَ صَبَرَ فَقَصَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا من خَبَرِهِمَا قَالَ سفيانُ قال النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرحَمُ اللّٰه مُوسٰى لوكَانَ صَبَرَ لَقُصَّ عَلَيْنَا من اَمْرِهِمَا وَقَرَأَ ابنُ عباسٍ اَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَاخُذُكُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَاَمَّا الغُلامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ ابواه مُؤْمِنَيْنِ ثُمَّ قَالَ لى سُفيانُ سَمِعْتُه مِنْهُ مَرَّتَيْنِ وَحَفِظْتُهٗ منه قيلَ لسفيانَ حَفِظْتَه قبلَ ان تَسْمَعَه من عمرٍو اَوْتَحَفَّظْتَهٗ من انسانٍ فقال مِمَّنْ اَتَحَفَّظُهٗ ورواه احدٌ عن عمرو غيرى سَمِعْتُه منه مَرَّتَيْنِ اوثلا ثا وَحفِظتهُ مِنهُ

دریا میں چونچ مارے سے دریا کے پانی میں کمی ہوگی، اتنے میں خضر علیہ السلام نے کلہاڑی اٹھائی اور کشتی میں سے ایک تختہ نکال لیا، موسیٰ علیہ السلام نے جونظر اٹھائی تو وہ اپنی کلہاڑی سے نکال چکے تھے اس پر وہ بول پڑے کہ یہ آپ نے کیا کیا؟ جن لوگوں نے ہمیں بغیر کسی اجرت کے سوار کرلیا انہیں کی کشتی پر آپ نے بری نظر ڈالی اور اسے چیر دیا کہ سارے کشتی والے ڈوب جائیں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ آپ نے نہایت ناگوار کام کیا خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ (کیا میں نے آپ سے پہلے ہی نہیں کہہ دیا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ (یہ بے صبری اپنے وعدہ کو بھول جانے کی وجہ سے ہوئی، اس لئے) آپ اس چیز کا مجھ سے مواخذہ نہ کریں جو میں بھول گیا تھا اور میرے معاملے میں تنگی نہ فرمائیں، یہ پہلی بات موسیٰ علیہ السلام سے بھول کر ہوئی تھی پھر جب دریائی سفر ختم ہوا تو ان کا گزر ایک بچے کے پاس سے ہوا جو دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ خضر علیہ السلام نے اس کا سر پکڑ کر اپنے ہاتھ سے (دھڑ سے) جدا کر دیا، سفیان نے اپنے ہاتھ کی انگلی سے (جدا کرنے کی کیفیت بتانے کے لئے) اشارہ کیا، جیسے وہ کوئی چیز اچک رہے ہوں، اس پر موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ نے ایک جان کو ضائع کر دیا، کسی دوسرے کی جان کے بدلے میں بھی یہ نہیں تھا، بلاشبہ آپ نے ایک برا کام کیا، خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا میں نے آپ سے پہلے ہی نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا، اچھا اس کے بعد اگر میں نے آپ سے کوئی بات پوچھی تو پھر آپ مجھے ساتھ نہ لے چلئے گا بے شک آپ میرے بارے میں حد عذر کو پہنچ چکے یہ دونوں حضرات آگے بڑھے اور جب ایک بستی میں پہنچے تو بستی والوں سے کہا کہ وہ انہیں اپنا مہمان بنالیں، لیکن انہوں نے انکار کر دیا پھر اس بستی میں انہیں ایک دیوار دکھائی دی جو بس گرنے ہی والی تھی، خضر علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے یوں اشارہ کیا، سفیان نے (کیفیت بتانے کے لئے) اس طرح اشارہ کیا جیسے وہ کوئی چیز اوپر کی طرف پھیر رہے ہوں، میں نے سفیان سے ''مائلا'' کا لفظ صرف ایک مرتبہ سنا تھا موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ یہ لوگ تو ایسے تھے ہم ان کے یہاں آئے اور انہوں نے ہماری میز بانی سے بھی انکار کیا، پھر ان کی دیوار آپ نے ٹھیک کر دی، اگر آپ چاہتے تو

اس کی اجرت ان سے لے سکتے تھے۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ بس یہاں سے میرے اور آپ کے درمیان جدائی ہوگئی جن باتوں پر آپ صبر نہیں کر سکتے تھے میں ان کی تاویل وتوجیہ آپ پر واضح کروں گا، نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا ہماری تو یہ خواہش تھی کہ موسیٰ علیہ السلام صبر کرتے اور اللہ تعالیٰ تکوینی واقعات ہمارے لئے بیان کرتا، سفیان نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے اگر انہوں نے صبر کیا ہوتا تو ان کے مزید واقعات ہمیں معلوم ہوتے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے (جمہور کی قرأت ورائھم کے بجائے) اما مھم ملک یاخذ کل سفینۃ غصباً'' پڑھا ہے۔ اور وہ بچہ (جس کی خضر علیہ السلام نے جان لی تھی) کافر تھا اور اس کے والدین مؤمن تھے پھر مجھ سے سفیان نے بیان کیا کہ میں نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے دو مرتبہ سنی تھی اور انہیں سے (سن کر) یاد کی تھی سفیان سے کسی نے پوچھا تھا کہ کیا یہ حدیث آپ نے عمرو بن دینار سے سننے سے پہلے ہی کسی دوسرے شخص سے سن کر (جس سے عمرو بن دینار سے سنی ہو یاد کی تھی، یا (اس کے بجائے یہ جملہ کہا تحفظتہ من انسان'' (شک علی بن عبداللہ کو تھا) تو سفیان نے فرمایا کہ دوسرے کسی شخص سے سن کر میں یاد کرتا، کیا اس حدیث کو عمرو بن دینار کے واسطہ سے میرے سوا کسی اور نے بھی روایت کیا ہے؟ میں نے ان سے یہ حدیث دو یا تین مرتبہ سنی تھی اور انہیں سے سن کر یاد کی تھی۔

(۶۲۶) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سعیدِ الاَصْبَهَانِیُّ اخبرنا ابنُ المبارکِ عن معمرٍ عن همامِ بن مُنَبِّهٍ عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا سُمِّیَ الخَضِرَ اَنَّه' جَلَسَ عَلٰی فَروَةٍ بَیْضَاءَ فَاِذَا هِیَ تَهْتَزُّ مِنْ خَلْفِهٖ خَضْرَاءَ

۲۶۶۔ ہم سے محمد بن سعید اصبہانی نے حدیث بیان کی انہیں ابن مبارک نے خبر دی، انہیں معمر نے انہیں ہمام بن منبہ نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، خضر علیہ السلام کا یہ نام اس وجہ سے پڑا کہ وہ ایک صاف اور بے آب وگیاہ زمین پر بیٹھے تھے، لیکن جوں ہی اٹھے تو وہ جگہ سرسبز وشاداب تھی۔

(۶۲۷) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بنُ نصرٍ حدثنا عبدُالرزاقِ عن معمرٍ عن همام بن منبهٍ انه سَمِعَ ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه یقول قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قِیْلَ لِبَنِی اِسْرَائِیلَ اُدْخُلُوا البَابَ سُجَّدًا وَقُولُوْا حِطَّةٌ فَبَدَّ لُوا فَدَخَلُوْا یَزْحَفُونَ عَلٰی اَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوْا حَبَّةٌ فِی شَعْرَةٍ.

۲۶۷۔ مجھ سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی ان سے معمر نے ان سے ہمام بن منبہ نے اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بنی اسرائیل کو حکم ہوا تھا کہ دروازے سے جھک کر خشوع وخضوع کے ساتھ داخل ہوں یہ کہتے ہوئے کہ ہمارا سوال صرف مغفرت کا ہے لیکن انہوں نے اس کے برعکس کیا اور اپنے سرین کے بل گھسٹے ہوئے داخل ہوئے اور یہ کہتے ہوئے ''حبۃ فی شعرۃ'' (ایک مہمل جملہ)

(۶۲۸) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ ابراهِيمَ حَدَّثَنَا رَوحُ بنُ عبادةَ حَدَّثَنَا عوفٌ عن الحسن ومحمدٍ وخِلَاسٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ موسٰى كان رَجُلًا حَيِيًّا سِتِّيرًا لايُرٰى مِنْ جِلْدِهٖ شَيءٌ اِسْتِحْيَاءً مِنْهُ فَاٰذَاه من اٰذَاهُ مِنْ بَنِى اِسرَائِيلَ فَقَالُوا مَايَستَتِرُ هٰذَا التَّسَتُّرَ اِلَّا من عَيبٍ بجلدِهٖ اِمَّا بَرَصٌ وَاِمَّا اُدْرَةٌ وَاِمَّا اٰفَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ اَرَادَ اَنْ يُبَرِّئَهُ مِمَّا قَالُوا لِمُوسٰى فَخَلَا يَوْمًا وَحْدَه' فَوَضَعَ ثِيَابَهُ عَلَى الحَجَرِ ثُمَّ اغتَسَلَ فَلَمَّا فَرَغَ اَقْبَلَ اِلٰى ثِيَابِهٖ لِيَاخُذَهَا وَاِنَّ الْحَجَرَ عَدَا بِثَوْبِهٖ فَاَخَذَ مُوسٰى عَصَاهُ وَطَلَبَ الْحَجَرَ فَجَعَلَ يَقُولُ ثَوبِى حَجَرُ ثَوبِى حَجَرُ حَتّٰى انْتَهٰى الى مَلَاءٍ مِنْ بَنِى اِسْرَائِيلَ فَرَاَوْهُ عُرْيَانًا اَحْسَنَ مَاخَلَقَ اللّٰهُ وَاَبْرَاَهُ مِمَّا يَقُولُونَ وَقَامَ الحَجَرُ فَاَخَذَ ثَوبَه' فَلَبِسَه وَطَفِقَ بالحَجَرِ ضَرْبًا بِعَصَاهُ فَوَاللّٰهِ اِنَّ بِالحَجَرِ لَنَدَبًا مِنْ اَثَرِ ضَرْبِهٖ ثَلٰثًا اَوْ اَرْبَعًا اَوْخَمْسًا فَذٰلِكَ قَوْلُه' يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَاللّٰهِ وَجِيهًا

۶۲۸۔ مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے روح بن عبادہ نے حدیث بیان کی ان سے عوف نے حدیث بیان کی ان سے حسن، محمد بن سیرین اور خلاس نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، موسیٰ علیہ السلام بڑے ہی باحیا اور ستر پوشی کے معاملہ میں انتہائی محتاط تھے، ان کی حیاء اور شرم کا یہ عالم تھا کہ ان کے بدن کا کوئی حصہ بھی نہیں دیکھا جا سکتا تھا۔ بنی اسرائیل کے جو لوگ انہیں اذیت پہنچانے کے درپے تھے وہ کیوں باز رہ سکتے تھے ان لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ اس درجہ ستر پوشی کا اہتمام صرف اس لئے ہے کہ ان کے جسم میں عیب ہے یا برص ہے یا انتفاخ خصیتین ہے یا پھر کوئی اور بیماری ہے ادھر اللہ تعالیٰ یہ ارادہ کر چکا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام کی ان کے ہفوات سے برأت کرے گا، ایک دن موسیٰ علیہ السلام تنہا غسل کرنے کے لئے آئے اور ایک پتھر پر اپنے کپڑے (اتار کر) رکھ دیئے، پھر غسل کیا، جب فارغ ہوئے تو کپڑے اٹھانے کے لئے بڑھے، لیکن پتھر ان کے کپڑوں کے سمیت بھاگنے لگا (خدا کے حکم سے) موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا اٹھایا اور پتھر کے پیچھے پیچھے دوڑے، یہ کہتے ہوئے کہ پتھر میرا کپڑا دے دے۔ آخر بنی اسرائیل کی ایک جماعت تک پہنچ گئے (بے خبری میں) ان سب نے آپ کو ننگا دیکھ لیا، اللہ کی مخلوق میں سب سے بہتر حالت میں! اور اس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کی تہمت سے آپ کی برأت کر دی اب پتھر بھی رک گیا اور آپ نے کپڑا اٹھا کر پہنا، پھر پتھر، کو اپنے عصا سے مارنے لگے۔ بخدا، اس پتھر پر، موسیٰ علیہ السلام کے مارنے کی وجہ سے تین یا چار پانچ جگہ نشانات پڑ گئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد ''تم ان کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰؑ کو اذیت دی تھی، پھر ان کی تہمت سے اللہ تعالیٰ نے انہیں بری قرار دیا اور وہ اللہ کی بارگاہ میں وجیہ اور باعزت تھے'' میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

(۶۲۹) حَدَّثَنَا اَبُوالوَلِيدِ ٭ حدثنا شعبةُ عنِ الاعمشِ قال سمعتُ اباوائلٍ قال سمعتُ عبدَاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰه عنه قال قَسَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْمًا فقال رَجُل اِنَّ هٰذِهٖ لَقِسْمَةٌ مَااُرِيْدَ بها وجهُ اللّٰهِ فَاَتَيْتُ النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاخبرتُه فَغَضِبَ حتى رايتُ الغضبَ فى وجهِهٖ ثم

۶۲۹۔ ہم سے ابو الولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے بیان کیا انہوں نے ابو وائل سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے (مال) ایک مرتبہ تقسیم کیا ایک شخص نے کہا کہ یہ ایک ایسی تقسیم ہے جس میں اللہ کی رضا کا کوئی لحاظ نہیں کیا گیا ہے میں نے آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو اس کی اطلاع دی۔

قال يَرحَمُ اللّٰهُ مُوسٰى قَدْاُوذِىَ بِاَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَا

آنحضور ﷺ غصہ ہوئے اور میں نے آپ کے چہرۂ مبارک پر غصے کے آثار دیکھے، پھر فرمایا، اللہ تعالیٰ، موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے، انہیں اس سے بھی زیادہ اذیت دی گئی تھی اور انہوں نے صبر کیا تھا۔

باب ۳۳۱. يَعْكُفُونَ عَلٰى اَصْنَامٍ لَهُمْ مُتَبَّرٌ خسرانٌ وَلِيُتَبِّرُوا يُدَمِّرُوا مَاعَلَوْا مَاغَلَبُوْا

۳۳۱۔ ''وہ اپنے بتوں کے پاس (ان کی عبادت کے لئے) آکر بیٹھتے بس متبر کے معنی خسران۔ وليتبروا اى يدمروا. ماعلوا اى ماغلبوا۔

(۶۳۰) حَدَّثَنَا يحيى بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا اللَّيثُ عن يونسَ عن ابنِ شهابٍ عن ابى سلمةَ بنِ عبدِالرحمٰنِ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰه رَضِىَ اللّٰهُ عنهما قال كُنَّا مع رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَجْنِىُ الكَبَاثَ وَاَنَّ رسولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلَّم قال عَلَيْكُمْ بالاَسْوَدِ مِنْهُ فَاِنَّهٗ اَطيَبُه' قَالُوْا اَكُنتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا وَقَدرَ عَاهَا

۶۳۰۔ ہم سے یحییٰ بن بکیری نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے ان سے ابن شہاب نے ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ایک مرتبہ) ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (سفر میں تھے) پیلو کے پھل توڑنے لگے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو سیاہ ہوگئے ہوں انہیں توڑو، کیونکہ وہ زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کیا آنحضور ﷺ نے کبھی بکریاں چرائی ہیں؟ آنحضورؐ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔

باب ۳۳۲. وَاِذْ قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهٖ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوا بقَرَةً الاية قال ابوالعالية اَلْعَوَانُ النَّصَفُ بَيْنَ البكر والهَرِمَةِ فَاقِعٌ صاف لَاذَلُولٌ لَمْ يُذِلْهَا العملُ تُثِيْرُالارضَ ليستْ بِذَلولٍ تُثِيْرُ الارضَ وَلَا تَعْمَلُ فى الحَرْثِ مُسَلَّمَةٌ مِنَ العيوب لَاشِيَةَ بَيَاضَ صَفْرَاءَ اِنْ شِئْتَ سَوْدَاءُ وَيُقَالُ صَفْراءُ كقوله جِمَالاتٌ صُفْرٌ فَادَّارَاْتُمْ اِخْتَلَفْتُمْ

۳۳۲۔ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو۔'' آخر آیت تک ابوالعالیہ نے فرمایا کہ (قرآن مجید میں لفظ) العوان نوجوان اور بوڑھے کے درمیان کے معنی میں ہے۔ فاقع، بمعنی صاف، لاذلول۔ یعنی جسے کام نے نڈھال اور لاغر نہ کر دیا ہو۔ تثیر الارض یعنی وہ اتنی کمزور نہ ہو کہ نہ زمین جوت سکے اور نہ کھیتی باڑی کے کام کی ہو۔ مسلمۃ یعنی عیوب سے پاک ہو، لاشیۃ، یعنی سفیدی (نہ ہو) صفراء اگر تم چاہو تو اس کے معنی سیاہ کے بھی ہو سکتے ہیں اور (اپنے معنی مشہور پر بھی محمول ہو سکتا ہے یعنی) زرد۔ جیسے جمالات صفر میں۔ فادارأتم بمعنی اختلفتم۔

باب ۳۳۳. وَفَاةِ موسٰى وذِكرِ مَابَعْدَه'

۳۳۳۔ موسیٰ علیہ السلام کی وفات اور ان کے بعد کے حالات۔

(۶۳۱) حَدَّثَنَا يحيى بنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا عبدُالرزاقِ اخبرنا معمرٌ عن ابنِ طاؤسٍ عن ابيه عن ابى هريرةَ رَضِىَ اللّٰهُ عنه قال اُرْسِلَ ملكُ الموتِ اِلٰى موسٰى عليهما السَّلام فلما جاءَه صَكَّهٗ فَرَجَعَ الى رَبِّه فقال اَرْسَلْتَنِىْ الى عبدٍ لَايُرِيْدُ الموتَ قَالَ ارْجِعْ اِلَيْهِ فَقُلْ لَه' يَضَعُ يَدَه عَلٰى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَه' بِمَا

۶۳۱۔ ہم سے یحییٰ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی انہیں ابن طاؤس نے اور انہیں ان کے والد نے ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس ملک الموت علیہ السلام کو بھیجا جب ملک الموت، موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے تو آپ نے اسے چانٹا مارا (کیونکہ انسان کی صورت میں آئے تھے) ملک الموت، اللہ رب

غطَّتْ يَدُه، بِكُلِّ شعرةٍ سَنَةٌ قال اى ربِّ ثم ماذا قال ثم الموتُ قال فالانَ قَالَ فَسَالَ اللّٰهَ اَنْ يُدْنِيَهُ من الارض المقدسةِ رمية بحَجَرٍ قال ابوهريرة فقال رَسُوْلُ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوكُنْتُ ثَمَّ لَاَرُيْتُكُمْ قَبْرَه، اِلىٰ جَانِبِ الطَّرِيق تَحْتَ الكَثِيْبِ الاحْمَرِ قَالَ وَاَخْبَرَنَا معمرٌ عن همامٍ حَدَّثَنَا ابوهريرةَ عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَه،

العزت کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ آپ نے اپنے ایک ایسے بندے کے پاس مجھے بھیجا جو موت کے لئے تیار نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ کہ دوبارہ ان کے پاس جاؤ اور کہو کہ اپنا ہاتھ کسی بیل کی پیٹھ پر رکھیں ان کے ہاتھ میں جتنے بال اس کے آجائیں اس کے ہر بال کے بدلے میں ایک سال کی عمر انہیں دی جائے گی (ملک الموت دوبارہ آئے اور اللہ تعالیٰ کا فیصلہ سنایا) موسیٰ علیہ السلام بولے، اے رب! پھر اس کے بعد کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پھر موت ہے موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا کہ ابھی کیوں نہ آجائے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ بیت المقدس سے مجھے اتنا قریب کر دیا جائے کہ (جہاں ان کی قبر ہو وہاں سے) اگر کوئی پتھر پھینکنے والا پھینکے تو بیت المقدس تک پہنچ سکے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں وہاں موجود ہوتا تو تمہیں ان کی قبر دکھاتا، راستے کے کنارے ریت کے سرخ ٹیلے کے نیچے، عبدالرزاق بن ہمام نے بیان کیا، اور ہمیں معمر نے خبر دی انہیں ہمام نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، نبی کریم ﷺ کے حوالے سے، اسی طرح۔

(۶۳۲) حَدَّثَنَا اَبُواليمانِ اخبرنا شعيبٌ عن الزهرى قال اخبرنى اَبُوسلمةَ بنُ عبدِالرحمٰن وسعيدُ ابنُ المسيبِ اَنَّ اباهريرةَ رَضِيَ اللّٰه عنه قال استبَّ رجلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ورَجُلٌ مِن اليهودِ فقال المسلمُ والذى اصْطَفٰى مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على العالَمِيْنَ فى قَسَمٍ يُقْسِمُ بِه فقال اليهودىُ والذى اصطفٰى موسٰى على العالمين فَرَفَعَ المسلمُ عند ذٰلكَ يَدَهُ فَلَطَمَ اليهودىَّ فَذَهَبَ اليهودىُ الى النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاخبرهُ الَّذِىْ كان مِنْ اَمْرِهِ واَمْرِالمسلمِ فقال لاتُخَيِّرُوْنِىْ عَلٰى مُوسٰى فَاِنَّ النَّاسَ يصعَقُونَ فَاَكُونُ اَوَّلَ من يُفِيْقُ فَاِذَا مُوْسٰى بَاطِشٌ بِجَانِبِ العَرْشِ فَلا اَدْرِىْ اَكَانَ فِيْمَن صَعِقَ فَاَفَاقَ قَبْلِى اَوْكَانَ مِمَّنْ اسْتَثْنَى اللّٰهُ

۶۳۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور سعید بن مسیب نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مسلمانوں کی جماعت کے ایک فرد اور یہودیوں سے ایک شخص کا باہم جھگڑا ہوا، مسلمانوں نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس نے محمد ﷺ کو ساری دنیا میں برگزیدہ بنایا، قسم کھاتے ہوئے انہوں نے یہ جملہ کہا اس پر یہودی نے کہا قسم اس ذات کی جس نے موسیٰ علیہ السلام کو ساری دنیا میں برگزیدہ بنایا اس پر مسلمان نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور یہودی کو تھپڑ مار دیا۔ یہودی، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے اور مسلمان کے معاملے کی آپ ﷺ کو اطلاع دی آنحضور ﷺ نے اسی موقعہ پر فرمایا تھا کہ مجھے موسیٰ علیہ السلام پر ترجیح نہ دیا کرو، لوگ قیامت کے دن بے ہوش کر دیئے جائیں گے اور سب سے پہلے میں ہوش میں آؤں گا، پھر دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کا کنارہ پکڑے ہوئے ہیں۔ اب مجھے معلوم نہیں کہ وہ بھی بے ہوش ہونے والوں میں تھے اور مجھ سے پہلے ہی ہوش میں آگئے تھے

یا انہیں اللہ تعالیٰ نے بے ہوش ہونے والوں میں ہی نہیں رکھا تھا۔

(۶۳۳) حَدَّثَنَا عبدُالعزیزِ بنُ عبدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا ابراهیمُ بنُ سعدٍ عن ابنِ شهابٍ عن حمیدِ بنِ عبدِالرَّحمٰنِ ان اباهریرةَ قال قال رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ احتَجَّ اٰدَمُ وَمُوْسٰی فقال له موسٰی اَنتَ اٰدَمُ الَّذِی اَخرَجَتکَ خَطِیْئَتُکَ مِنَ الجَنَّةِ فقال لَه' اٰدَمُ اَنتَ موسَی الَّذِی اصطَفَاکَ اللّٰہُ بِرِسَالَاتِهٖ وبکَلَامِهٖ ثُمَّ تَلُومُنِی عَلٰی اَمرٍ قُدِّرَ عَلَیَّ قَبلَ اَنْ اُخلَقَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوسٰی مَرَّتَینِ

۶۳۳۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی ان سے ابن شہاب نے ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا موسیٰ اور آدم علیہ السلام نے آپس میں بحث کی (آسمان پر) موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا کہ آپ آدم ہیں (علیہ السلام تمام انسانوں کے جد امجد اور عظیم المرتبت پیغمبر) جنہیں ان کی لغزش نے جنت سے نکالا تھا آدم علیہ السلام نے فرمایا، اور آپ موسیٰ ہیں (علیہ السلام) کہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت اور اپنے کلام سے نواز، پھر بھی آپ مجھے ایک ایسے معاملے پر ملامت کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے میری پیدائش سے پہلے مقدر کر دیا تھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، چنانچہ آدم علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام پر غالب رہے آنحضور ﷺ نے یہ جملہ دو مرتبہ فرمایا۔

(۶۳۴) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا حُصَیْنُ بنُ نُمَیرٍ عن حصینِ بنِ عبدِالرحمٰنِ عن سعیدِ بنِ جبیرٍ عن ابنِ عباسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عنهما قَالَ خَرَجَ علینا النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا قَالَ عُرِضَتْ عَلَیَّ الْاُمَمُ وَرَاَیتُ سَوَادًا کثیرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِیلَ هٰذَا مُوسٰی فِی قَومِهٖ

۶۳۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے حصین بن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے حصین بن عبدالرحمٰن نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ ایک دن نبی کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا میرے سامنے تمام امتیں لائی گئیں اور میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑی جماعت افق پر محیط ہے، پھر بتایا گیا کہ یہ موسیٰ ہیں اپنی قوم کے ساتھ؟

باب۳۳۴. قَوْلِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا امْرَاَةَ فِرعَونَ اِلٰی قَولِهٖ وَکَانَتْ مِنَ القَانِتِینَ

۳۳۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد' اور ایمان والوں کے لئے اللہ تعالیٰ فرعون کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''وکانت من القانتین'' تک۔

(۶۳۵) حَدَّثَنَا یَحیَی بنُ جعفرٍ حدثنا وَکِیْعٌ عن شعبةَ عن عمرِو ابنِ مرةَ عن مرةَ الهمدانِیِّ عن ابی موسٰی رضی اللّٰہ عنه قال قَالَ رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ کثیرٌ وَلَمْ یَکْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا اٰسِیَةُ امْرَاَةُ فِرْعَونَ وَمَرْیَمُ بنتُ عمرانَ وَاِنَّ فَضْلَ عَائِشَةَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ

۶۳۵۔ ہم سے یحییٰ بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے وکیع نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے ان سے عمرو بن مرہ نے ان سے مرہ ہمدانی نے اور ان سے ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مردوں میں سے تو بہت کامل اٹھے، لیکن عورتوں میں فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہا اور مریم بنت عمران علیہا السلام کے سوا اور کوئی کامل نہیں پیدا ہوئی اور عورتوں پر عائشہ (رضی اللہ عنہا) کی فضیلت ایسی ہے جیسے تمام کھانوں پر ثرید کی۔

باب۳۳۵. اِنَّ قَارُونَ کَانَ من قومِ مُوسٰی الاٰیة

۳۳۵۔ ''بے شک قارون، موسیٰ کی قوم کا ایک فرد تھا'' الاٰیة۔ (آیت۔

لَتنوءُ لَتثقُلُ قال ابنُ عباسٍ اُولی القُوَّةِ لَایُرفَعُها العُصبَةُ مِنَ الرِّجالِ یقال الفَرِحِینَ المَرِحِینَ وَیکَاَنَّ اللّٰهَ مثل اَلَم تَرَ اَنَّ اللّٰه یَبسُطُ الرِّزقَ لِمَن یَّشاءُ وَ یقدِرُ وَیُوَسِّعُ علیه وَیُضَیِّقُ

میں) لتنوء بمعنی لتثقل ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اولی القوۃ کی تفسیر میں فرمایا کہ اس کی کنجیوں کو لوگوں کی ایک پوری جماعت بھی نہ اٹھا پاتی تھی، الفرحین بمعنی المرحین، ویکان الم تر اللہ یبسط الرزق لمن یشاء ویقدر کی طرح ہے۔ یعنی کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہتا ہے رزق میں وسعت پیدا کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگی پیدا کر دیتا ہے۔"

باب ۳۳۵. وَاِلٰی مَدیَنَ اَخاهُم شُعَیبًا اِلٰی اهلِ مدینِ لان مدینَ بلد ومِثلُهٗ وَاسئَلِ القریةَ وَاسئَلِ العیرَ یعنی اهلَ القریةِ واهلَ العِیرِ وَرَاءَ کُم ظِهرِیًّا لَم تَلتَفِتُوا الیه یقال اذا لَم یقض حَاجَتَهٗ ظهرتَ حَاجَتِی وجَعَلتَنِی ظِهرِیًّا قال الظِهرِیُّ اَن تاخُذَ مَعَکَ دابةً اوِعاءً تَستَظهِرُ بِهٖ مَکَانَتُهُم وَمَکَانُهُم واحدٌ یَغنَوا یَعِیشُوا ییأس یحزن اٰسیٰ اَحزَنَ وقال الحسنُ اِنَّکَ لَاَنتَ الحلیم یستهزؤن وقال مجاهد لَیکَةُ الاَیکَةُ یوم الظُلَّةِ اِظلَالُ العذابُ عَلَیهِم

۳۳۵۔ "والیٰ مدین اخاهم شعیبا" سے اہل مدین مراد ہیں، کیونکہ مدین ایک شہر تھا (اور مدین والوں کی طرف ان کے بھائی شعیب نبی بنا کر بھیجے گئے۔) اسی طرح واسال القریۃ اور واسال العیر سے اہل قریہ اور اہل عیر مراد ہیں۔ ورائکم ظهریا یعنی ان کی طرف انہوں نے کوئی توجہ نہ کی۔ جب کوئی کسی کی ضرورت پوری نہ کر سکے تو کہتے ہیں۔ ظهرت حاجتی اور جعلتنی ظهریا امام بخاریؒ نے فرمایا کہ الظهری یہ ہے کہ تم اپنے ساتھ کوئی چوپایہ یا برتن رکھو جس سے تمہیں مدد حاصل ہوتی رہے مکانتهم اور مکانهم ایک چیز ہے یغنوا بمعنی یعیشوا ییأس بمعنی یحزن. آسی بمعنی احزن اور حسن نے فرمایا کہ انک لانت الحلیم الرشید کہہ کر وہ ان کا مذاق بنایا کرتے تھے۔ مجاہد نے فرمایا کہ لیکۃ اور الایکۃ ہم معنی ہیں۔ یوم الظلۃ سے مراد یہ ہے کہ عذاب کے بادلوں نے ان پر (سایہ ڈالا تھا۔)

باب ۳۳۶. قولِ اللّٰه تعالٰی. وَاِنَّ یونُسَ لَمِنَ المُرسَلِینَ اِلٰی قولِه وَهُوَ مُلِیمٌ قال مجاهدٌ مذنبٌ المشحون المُوقَرُ فَلَولَا اَنَّهٗ کَانَ مِنَ المُسَبِّحِینَ الاٰیة فَنَبَذنَاهُ بِالعَرَاءِ بوجهِ الارضِ وَهُوَ سَقِیمٌ وَاَنبَتنَا عَلَیه شَجَرَةً مِن یَقطِینٍ من غیرِ ذاتِ اصلٍ الدُبَّاءُ ونحوه وَاَرسَلنَاه اِلٰی مِائَةِ اَلفٍ اَو یَزِیدُونَ فَاٰمَنُوا فَمَتَّعنَاهم اِلٰی حِینٍ وَلَاتَکُن کَصَاحِبِ الحُوتِ اِذ نَادٰی وَهُوَ مَکظُومٌ کظِیمٌ وَهُوَ مغمومٌ

۳۳۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور بے شک یونس رسولوں میں سے تھے" ارشاد خداوندی "وهو ملیم تک مجاہدؒ نے فرمایا کہ (ملیم بمعنی) مذنب ہے المشحون بمعنی الموقر "پس اگر وہ اللہ کی تسبیح پڑھنے والے نہ ہوتے" الآیۃ فنبذناه بالعراء (میں العراء سے مراد) زمین (خشکی کا علاقہ) ہے (یعنی ہم نے ان کو خشکی پر ڈال دیا اور وہ نڈھال تھے اور ہم نے ان کے قریب بغیر تنے کا ایک پودا، جیسے کدو وغیرہ، پیدا کر دیا تھا اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زیادہ آدمیوں کے پاس بھیجا۔ چنانچہ وہ لوگ ایمان لائے اور ہم نے ایک مدت تک انہیں نفع اٹھانے کا موقعہ دیا۔" اور ("اے محمد! ﷺ) آپ صاحب حوت (یونس علیہ السلام کی طرح نہ ہو جائیے کہ جب انہوں نے (مچھلی کے پیٹ سے) مغموم حالت میں اللہ تعالیٰ کو پکارا۔" آیت میں مکظوم، کظیم کے معنی میں ہے۔ یعنی مغموم۔

(۶۳۶) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا یحیی عن سفیانَ قال

۶۳۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان

حدثني الاعمشُ حَدَّثَنَا اَبُونُعَيم حَدَّثَنا سفيانُ عن الاعمشِ حدثنا ابونعيم حدثنا سفيانُ عن الاعمشِ عن ابی وائلٍ عن عبدِاللّٰه رَضِیَ اللّٰه عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَايَقُولَنَّ اَحدُكُم اِنِّی خَيرٌ مِنْ يُونُسَ زَادَ مُسدد يونسُ بنُ مَتّٰی

کی ان سے سفیان نے بیان کیا کہ مجھ سے اعمش نے حدیث بیان کی۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کوئی شخص میرے متعلق یہ نہ کہے کہ میں یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں، مسدد نے اس اضافہ کے ساتھ روایت کی ہے کہ یونس بن متی۔

(۶۳۷) حَدَّثَنَا حفصُ بنُ عمرَ حدثنا شعبةُ عن قتادةَ عن ابی الْعَالِيةِ عن ابنِ عباسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عنه عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قال مَاينبغِی لِعَبْدٍ اَنْ يَقُوْلَ اِنِّی خَيرٌ مِنْ يُونُسَ بنِ مَتّٰی ونَسَبَه' اِلٰی ابيه

۶۳۷۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے ان سے ابوالعالیہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی شخص کے لئے مناسب نہیں کہ مجھے یونس بن متی سے بہتر قرار دے، آپ ﷺ نے ان کے والد کی طرف منسوب کر کے ان کا نام لیا تھا۔

(۶۳۸) حَدَّثَنَا يَحْيَی بنُ بكيرٍ عنِ الليثِ عن عبدِالعزيز بنِ ابی سلمةَ عن عبدِاللّٰه بنِ الفضلِ عن الاعرجِ عن ابی هريرةَ رضی اللّٰه عنه قال بينما يهوديٌّ يعرِضُ سِلْعَتَه' اُعْطِیَ بِهَا شيئًا كَرِهَه' فقال لاوالَّذی اصطفی موسٰی علی البشر فسمعه رجل من الانصار فقام فَلَطَمَ وَجْهَه' وقال تقول والذی اصطفی موسٰی علی البشر والنبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ بين اَظْهُرِنا فذهب اليه فقال اباالقاسم اِنَّ لِی ذِمَّةً وعَهدًا فما بَالُ فلانٍ لَطَمَ وَجْهِی فَقَالَ لِمَ لَطَمْتَ وَجهَه' فَذَكَره فَغَضِبَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ حتّٰی رُؤِیَ فی وجهِهٖ ثم قَالَ لَاتُفَضِّلُوا بَيْنَ اَنبياءِ اللّٰهِ فَاِنَّه' يُنْفَخُ فِی الصُّورِ فَيَصْعَقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرضِ اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ اُخْرٰی فَاَكُونُ اَوَّلَ مَنْ بُعِثَ فَاِذَا مُوسٰی اٰخِذٌ بِالعَرْشِ فَلَاادری اَحُوسِبَ بِصَعْقَتِهٖ يَوْمَ الطُّورِ اَمْ بُعِثَ قَبْلِیْ وَلَا اَقُولُ اِنَّ اَحدًا اَفْضَلُ مِنْ يُونُسَ بنِ مَتّٰی

۶۳۸۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے، ان سے عبداللہ بن فضل نے ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ ایک یہودی اپنا سامان دکھا رہا تھا (لوگوں کو، بیچنے کے لئے) لیکن اسے اس کی جو قیمت دی گئی اس پر وہ راضی نہ تھا، اس لئے کہنے لگا کہ ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں میں برگزیدہ قرار دیا یہ جملہ ایک انصاری صحابی نے سن لیا اور کھڑے ہو کر انہوں نے ایک تھپڑ اس کے منہ پر مارا اور کہا، نبی کریم ﷺ ہم میں ابھی موجود ہیں اور تم اس طرح قسم کھاتے ہو کہ اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں میں برگزیدہ قرار دیا اس پر وہ یہودی آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا، اے ابوقاسم! میرا مسلمانوں کے ساتھ امن وصلح کا عہد و پیمان ہے، پھر فلاں شخص کا کیا حال ہوگا (جو مسلمان ہے اور) اس نے میرے منہ پر چانٹا مارا ہے آنحضور ﷺ نے صحابی سے دریافت فرمایا کہ تم نے اس کے منہ پر کیوں چانٹا مارا تھا؟ انہوں نے وجہ بیان کی تو آنحضور ﷺ غصے ہو گئے اور غصہ کے آثار چہرۂ مبارک پر نمایاں ہو گئے پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے انبیاء میں باہم ایک کو دوسرے پر فضیلت نہ دیا کرو، جب صور پھونکا جائے گا، تو آسمان وزمین کی تمام مخلوق پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی سوا ان کے جنہیں اللہ تعالیٰ چاہے گا پھر دوسرے مرتبہ صور پھونکا جائے گا اور سب سے پہلے مجھے اٹھایا جائے

گا، لیکن میں دیکھوں گا موسیٰ علیہ السلام عرش پکڑے ہوئے کھڑے ہوں گے، اب مجھے معلوم نہیں کہ یہ انہیں طور کی بے ہوشی کا بدلہ دیا گیا تھا یا مجھ سے بھی پہلے ان کی بے ہوشی ختم کر دی گئی تھی اور میں تو یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ کوئی شخص یونس بن متی علیہ السلام سے افضل ہے۔

(۶۳۹) حَدَّثَنَا اَبُوالولیدُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن سعدِ بنِ ابراھیمَ قال سَمعت حمیدَ بنَ عبدِالرحمٰنِ عن ابی ھریرةَ عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال لَایَنْبَغِی لِعَبْدٍ ان یقولَ اَنَا خَیْرٌ من یُونُسَ بن مَتّٰی

۶۳۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے سعد بن ابراہیم نے، انہوں نے حمید بن عبدالرحمٰن سے سنا اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کسی شخص کے لئے یہ کہنا مناسب نہیں کہ میں یونس بن متی علیہ السلام سے افضل ہوں۔

باب۳۳۷. وَاسْاَلْهُمْ عَنِ الْقَرْیَةِ الَّتِی كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ اِذ یَعْدُونَ فِی السَّبتِ یتعدون یجاوزون فی السبت اِذ تَاتِیهِمْ حِیْتَانُهُمْ یَومَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا شوارع الی قوله كونوا قردةً خاسئین

۳۳۷۔ ''اور ان سے اس بستی کے متعلق پوچھئے جو دریا کے کنارے تھی'' اذیعدون فی السبت'' (میں یعدون) یعتدون کے معنی میں ہے یعنی سبت کے دن انہوں نے حد سے تجاوز کیا'' جب سبت کے دن ان کی مچھلیاں ان کے گھاٹ پر آ جاتی تھیں'' شرعا بمعنی شوارع۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد'' کونوا قردة خاسئین'' تک۔

باب۳۳۸. قَوْلِ اللّٰهِ تعالٰی وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا الزُّبُرالكتب واحدها زَبُور زَبَرْتُ كتبتُ وَلَقَدْ اٰتینا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا یاجبالُ اَوِّبِی مَعَه' قال مجاهد سَبِّحِیْ معه وَالطَّیرَ وَاَلَنَّالَهُ الحَدِیْدَ اَنِ اعْمَلْ سَابِغَاتٍ الدروع وَقَدِّرْفِی السَّرد المَسَامِیْرِ وَالْحَلَقِ ولا یُدِقَّ المسمار فیتسلسل وَلا تُعَظِّمْ فیفصِمَ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّی بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِیْرٌ

۳۳۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد'' اور دی ہم نے داؤد علیہ السلام کو زبور'' الزبر بمعنی الکتب اس کا واحد زبور ہے زبرت بمعنی کتبت۔'' اور بے شک ہم نے داؤدؑ کو اپنے پاس سے فضل دیا تھا (اور ہم نے کہا تھا کہ) اے پہاڑ! ان کے ساتھ تسبیح پڑھا کر'' مجاہدؒ نے فرمایا کہ، (اوبی معہ کا معنی) سبحی معہ ہے۔ اور پرندوں کو بھی (ہم نے ان کے ساتھ تسبیح پڑھنے کا حکم دیا تھا) اور لوہے کو ان کے لئے نرم کیا تھا کہ اس سے زرہیں بنائیں...... سابغات بمعنی دروع'' اور بنانے میں ایک خاص انداز رکھو، (یعنی زرہ کی) کیلوں اور حلقے بنانے میں، یعنی کیلوں کو اتنا باریک بھی نہ کر دو کہ ڈھیلی ہو جائیں اور نہ اتنی بڑی ہوں کہ حلقہ ٹوٹ جائے۔'' اور اچھے عمل کرو، بے شک تم جو عمل کرو گے میں اسے دیکھ رہا ہوں۔''

(۶۴۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا عبدُالرزاق اَخْبَرَنَا معمرٌ عن همامٍ عن ابی هریرةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُفِّفَ عَلٰی دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلامُ القُرآنُ فَكَانَ یَامُرُ بِدَوَابِّهٖ فَتُسْرَجُ فیقرأُ الْقرآنَ قَبْلَ اَنْ تُسْرَجَ دَوَابُّهٗ وَلَا یَاكُلُ اِلَّا مِنْ عَمَلِ یَدِهٖ رَوَاهُ موسَی بن عقبة

۶۴۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی انہیں ہمام نے) اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، داؤد علیہ السلام کے لئے قرآن (یعنی زبور) کی قرأت بہت آسان کر دی گئی تھی، چنانچہ وہ اپنی سواری پر زین کسنے کا حکم دیتے تھے اور زین، کسی جانے سے پہلے ہی پوری زبور کی تلاوت کر لیتے تھے اور آپ صرف اپنے

عن صفوان عن عطاء بن يَسَارٍ عن ابى هريرة عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہاتھوں کی کمائی کھاتے تھے اس کی روایت موسیٰ بن عقبہ نے کی ان سے صفوان نے، ان سے عطاء بن یسار نے، ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

(۶۴۱) حَدَّثَنَا يَحيىَ بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا الليثُ عن عقيلٍ عن ابن شهابٍ اَنَّ سعيدَ بنَ المسيبِ اخبره واباسلمة بنَ عبدِالرحمٰن ان عبدَاللّٰه بنَ عمرٍو رضى اللّٰه عنهما قال اُخبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّىْ اقول واللّٰه لَاصُومَنَّ النَّهارَ وَلَا قُومَنَّ الَّليل مَاعشتُ فقال لَه' رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنتَ الَّذِى تَقولُ وَاللّٰهِ لَاصُومَنَّ النَّهارَ وَلا قُومَنَّ الَّليلَ مَاعِشتُ قلت قد قلتُه قَالَ اِنَّكَ لَاتَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ فَصُمْ وَافْطِر وَقُمْ وَنم وَصُمْ مِنَ الشَّهرِ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنَّ الحَسنةَ بعَشْرِ اَمثالِهَا وَذٰلِكَ مِثلُ صِيامِ الدَّهرِ فَقُلتُ اِنِّى اُطِيقُ اَفْضَلَ من ذٰلِكَ يَارَسُولَ اللّٰهِ قَالَ فَصُمْ يومًا وَافْطِر يومَيْنَ قال قلت انى اُطِيقُ افضلَ مِنْ ذٰلِكَ قال فَصُم يَومًا وَافطِر يَوْمًا وَذٰلِكَ صِيامُ دَاوٗدَ وَهُوَعَدْلُ الصِيَّام قلت انى اُطِيقُ اَفْضَلَ مِنْهُ يَارسولَ اللّٰه قَالَ لَاافضل مِنْ ذٰلِكَ

۶۴۱۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے ان سے ابن شہاب نے انہیں سعید بن مسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور ان سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو اطلاع ملی کہ میں نے کہا ہے کہ خدا کی قسم، جب تک زندہ رہوں گا دن کے روزے رکھوں گا اور رات بھر عبادت میں گزار دوں گا رسول اللہ ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ کیا تمہیں نے یہ کہا ہے کہ خدا کی قسم جب تک زندہ رہوں گا دن کے روزے رکھوں گا اور رات بھر عبادت میں گزاروں گا؟ میں نے عرض کی کہ جی ہاں میں نے یہ جملہ کہا تھا آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم اسے نبھا نہیں سکو گے اس لئے روزہ بھی رکھا کرو، اور بغیر روزے کے بھی رہا کرو، اور رات میں بھی عبادت کیا کرو اور سویا بھی کرو، ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھا کرو کیونکہ ہر نیکی کا بدلہ دس گنا ملتا ہے، اس طرح روزے کا یہ طریقہ بھی (ثواب کے اعتبار سے) زندگی بھر کے روزے جیسا ہوجائے گا میں نے عرض کی کہ میں اس سے افضل طریقہ کی طاقت رکھتا ہوں، یارسول اللہ! آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ پھر ایک دن روزہ رکھا کرو اور دو دن بغیر روزے کے رہا کرو۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی، میں اس سے بھی افضل طریقے کی طاقت رکھتا ہوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر ایک دن روزہ رکھا کرو، اور ایک دن روزہ کے بغیر رہا کرو، داؤد علیہ السلام کے روزے کا طریقہ بھی یہی تھا اور یہی سب سے افضل طریقہ ہے میں نے عرض کی، یارسول اللہ! میں اس سے بھی افضل طریقے کی طاقت رکھتا ہوں لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس سے افضل اور کوئی طریقہ نہیں۔

(۶۴۲) حَدَّثَنَا خلادُ بنُ يحيى حَدَّثَنَا مِسعرٌ حَدَّثَنَا حبيبُ بنُ ابى ثابتٍ عن ابى العباسِ عن عبدِاللّٰه ابن عمرٍو بنِ العاصِ قال قال لى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَم اُنَبَّأْ اَنَّكَ تَقومُ الَّليلَ وَتَصُومُ النَّهار فقلتُ نَعَم فقال فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلتَ ذٰلِكَ

۶۴۲۔ ہم سے خلاد بن یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے مسعر نے حدیث بیان کی، ان سے حبیب بن ابی ثابت نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالعباس نے اور ان سے عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا کیا میری یہ اطلاع صحیح ہے کہ تم رات بھر عبادت کرتے رہو اور دن میں (روزانہ) روزے رکھتے

حَمتِ العَيْنُ وَنَفِهَتِ النَّفسُ صُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَةَ اَيَّامٍ فَذٰلِكَ صَوْمُ الدَّهْرِ اَوْكَصَومِ الدَّهْرِ تُ انى اَجِدُ بِىْ قال مِسْعَرٌ يعنى قوةً قال فَصُمْ وْمَ دَاوٗد عَلَيهِ السَّلامُ وَكَانَ يَصُوْمُ يَومًا وَيُفطِرُ مًا وَلَايَفِرُّ اِذَا لَاقٰى

رہو؟ میں نے عرض کی جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، لیکن اگر تم اسی طرح کرتے رہے تو تمہاری آنکھیں کمزور ہو جائیں گی اور تمہارا جی اکتا جائے گا، ہر مہینے میں تین دن روزے رکھا کرو کہ یہی (ثواب کے اعتبار سے) زندگی بھر کا روزہ ہے یا (آپ ﷺ نے فرمایا کہ زندگی بھر کے روزے کی طرح ہے میں نے عرض کی کہ اپنے میں، میں محسوس کرتا ہوں، مسعر نے بیان کیا کہ آپ کی مراد قوت سے تھی، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر داؤد علیہ السلام کے روزے کی طرح روزے رکھا کرو آپ ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے اور ایک دن بغیر روزے کے رہا کرتے تھے اور دشمن سے مڈبھیڑ ہو جاتی تو راہ فرار نہیں اختیار کرتے تھے۔

ب ۳۳۹. اَحبُّ الصَّلاة الى اللّٰهِ صلاةُ داوٗدَ حَبُّ الصيام الى اللّٰه صَيَامُ دَاوٗد كان ينامُ نِصْفَ يل ويقوم ثُلثَه' وينام سُدُسَه' ويصومُ يومًا فطِرُ يَوْمًا قَالَ عَلِيٌّ وهو قول عائشة مااَلْفَاهُ سحرَ عندى اِلَّا نائِمًا

۳۳۹۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سب سے پسندیدہ نماز داؤد علیہ السلام کی نماز کا طریقہ ہے اور سب سے پسندیدہ روزہ داؤد علیہ السلام کے روزے کا طریقہ ہے، آپ (ابتدائی) آدھی رات سویا کرتے تھے، اور ایک تہائی رات میں عبادت کیا کرتے تھے پھر جب رات کا چھٹا حصہ باقی رہ جاتا تو سویا کرتے تھے اسی طرح ایک دن روزہ رکھا کرتے تھے اور ایک دن بغیر روزے کے رہا کرتے تھے۔ علی نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی اسی کے متعلق فرمایا تھا کہ جب بھی سحر کے وقت میرے یہاں نبی کریم ﷺ موجود رہے تو سوئے ہوئے ہوتے تھے۔

۶۴) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ حدثنا سفيانُ عَن رِو بنِ دينار عن عمرِو بنِ اوسٍ الثقفى سَمِعَ دَاللّٰه بنَ عمرٍو قال قال لى رسولُ اللّٰه صَلَّى ، عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ صِيَامُ دَاوٗدَ نَ يَصُومُ يَوْمًاوَ يُفطِرُ يَوْمًا وَاَحَبُّ الصَّلاةِ اِلى ، صَلاةُ دَاوٗدَ كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُومُ ثُلُثَه' امُ سُدُسَه'

۶۴۳۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے، ان سے عمرو بن اوس ثقفی نے، انہوں نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا اللہ تعالیٰ کے نزدیک روزے کا سب سے پسندیدہ طریقہ داؤد علیہ السلام کا طریقہ ہے، آپ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن بغیر روزے کے رہتے تھے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے نزدیک نماز کا سب سے پسندیدہ طریقہ داؤد علیہ السلام کی نماز کا طریقہ ہے آپ آدھی رات تک سوتے تھے اور ایک تہائی حصے میں عبادت کرتے تھے پھر بقیہ چھٹے حصے میں بھی سوتے تھے۔

۳۴۰. وَاذ كُرْ عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَالْاَيْدِ اِنَّه' اَوَّابٌ قوله وَفَصْلَ الخِطَابِ قال مجاهدٌ اَلْفَهْمُ فِى ناء وَلَا تُشْطِط لَاتُسْرِفْ وَاهدِنِىْ اِلى سَوَاءِ راطِ اِنَّ هٰذَا اَخِى لَه' تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً

۳۴۰۔ اور یاد کیجئے ہمارے بندے داؤد بڑی قوت والے کو، وہ بڑے رجوع کرنے والے تھے" اللہ تعالیٰ کے ارشاد، فصل الخطاب (فیصلہ کرنے والی تقریر ہم نے انہیں عطا کی تھی، تک مجاہد نے فرمایا (فصل الخطاب سے مراد) فیصلے کی سوجھ بوجھ ہے، ولا تشطط یعنی بے انصافی نہ

يقال للمرأة نعجة ويقال لها ايضًا شاةٌ وَلِي نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فقال اَكْفِلْنِيهَا مِثْلُ وَكَفَّلَهَا زكريا ضَمَّهَا وعَزَّنِيْ غَلَبَنِيْ صَارَ اَعَزَّمِنِّي اعزَزْتُه جعلته عزيزًا في الخطاب يقال المحاورة قال لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ وَاِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْخُلَطَاءِ الشُّرَكَاءِ لَيَبْغِيْ اِلٰى قوله اِنَّمَا فَتَنَّاهُ قال ابنُ عباسٍ اِخْتَبَرْنَاه وقرأ عمرُ فَتَّنَاهُ بتشديد التاء فَاستَغْفَرَ رَبَّه' وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ

کیجئے'' اور ہمیں سیدھی راہ بتا دیجئے۔ یہ شخص میرا بھائی ہے اس کے
ننانوے نعجہ (دنبیاں) ہیں ''عورت کے لئے بھی نعجہ کا لفظ استعمال ہو
ہے اور نعجہ بکری کو بھی کہتے ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے سو
کہتا ہے وہ بھی مجھ کو دے ڈال یہ کفلھا زکریا کی طرح ہے بمعنی ضمھا'' او
گفتگو میں مجھے دباتا ہے۔ داؤد نے کہا کہ اس نے تیری دنبی اپنی دنبیو
میں ملانے کی درخواست کر کے واقعی تجھ پر ظلم کیا اور اکثر شرکاء یوں ہی
ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''انما فتناہ
تک۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (''فتناہ'' کے معنی ہیں) ہم
نے ان کا امتحان کیا۔ عمر رضی اللہ عنہ اس کی قرأت تاء کی تشدید کے ساتھ
(''فتناہ'' کیا کرتے تھے'' سو انہوں نے اپنے پروردگار کے سامنے توبہ کی
اور وہ جھک پڑے اور رجوع ہوئے۔

(۶۴۴) حَدَّثَنَا محمدٌ حدثنا سهلُ بنُ يوسفَ قال سمعتُ العَوَّامَ عن مجاهدٍ قال قلتُ لابنِ عباسٍ اَاَسْجُدُ في ص فَقَرَأَ ومن ذُرِّيَّتِهٖ داؤدَ وسليمانَ حتى اَتٰى فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ فقال نبيُّكم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اُمِرَاَنْ يَقْتَدِيَ بِهِمْ

۶۴۴۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی ان سے سہل بن یوسف نے
حدیث بیان کی کہا کہ میں نے العوام سے سنا، ان سے مجاہد نے بیان
کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا میں سورۂ ص
میں سجدہ کیا کروں؟ تو آپ نے آیت ''ومن ذریته داؤ
وسليمان'' کی تلاوت کی ''فبهداهم اقتده'' تک۔ انہوں نے
فرمایا کہ تمہارے نبی ﷺ ان لوگوں میں سے تھے جنہیں انبیاء علیہم
السلام کی اقتداء کا حکم تھا۔

(۶۴۵) حَدَّثَنَا موسَى بنُ اسماعيلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ايوبُ عن عكرمةَ عن ابنِ عباسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قال ليس ص مِنْ عزائمِ السجودِ ورايتُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يسجد فيها

۶۴۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے وہیب نے
حدیث بیان کی ان سے ایوب نے حدیث بیان کی ان سے عکرمہ نے او
ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کیا کہ سورۂ ص کا سجدہ ضروری نہیں
لیکن میں نے نبی کریم ﷺ کو اس سورۃ میں سجدہ کرتے دیکھا ہے۔

باب ۳۴۱ قولِ اللّٰه تعالٰى وَوَهَبنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ العَبْدُ اِنَّه' اَوَّابٌ الراجع المنيب وقوله هَبْ لِي مُلْكًا لَايَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ وقوله وَاتَّبَعُوا مَاتَتْلُو الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَرَوَاحُهَا شَهْرٌ وَاَسَلْنَا لَه' عَيْنَ الْقِطْرِ اَذَبْنَا لَه' عَيْنَ الحديدِ وَمِنَ الجنّ مَنْ يعملُ بَيْنَ يديهِ الى قوله من مَحَارِيْبَ قال مجاهد بُنْيَانٌ مَادُوْنَ الْقُصُوْرِ وتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ

۳۴۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کیا، وہ بہت اچھ
بندے تھے وہ بہت رجوع ہونے والے تھے الراجع۔ بمعنی المنیب اور ال
تعالیٰ کا ارشاد کہ سلیمان علیہ السلام نے دعاء کی ''مجھے ایسی سلطنت دیج
کہ میرے سوا کسی کو میسر نہ ہو'' اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور یہ لوگ پیچھے لگ
گئے اس علم کے جو سلیمانؑ کی بادشاہت میں شیطان پڑھا کرتے تھے
اور (ہم نے) سلیمان کے لئے ہوا کو (مسخر کر دیا) کہ اس کی صبح کی منز
مہینہ بھر کی ہوتی اور اس کی شام کی منزل مہینہ بھر کی ہوتی اور ہم نے ا
کے لئے تانبے کا چشمہ بہا دیا۔'' (واسلنا له عين القطر) بمعنی (اذ

كالحياض للإ بل وقال ابن عباسٍ كالجَوْبَةِ مِنَ لْاَرضِ وقدورٍرّاسياتٍ الٰى قوله الشكور فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوتَ مَادَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖ اِلَّا دَابَّةُ الارضِ تَاْكُلُ مِنسَاَتَه، عصاه فلما خَرَّالٰى قوله الْمُهِيْن حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالاَعْنَاقِ يَمْسَحُ اَعْرَافَ الخيلِ وعَرَاقِيْبَهَا اَلْاَصْفَادُ الْوَثَاقُ قال مجاهدٌ الصافِنَاتُ صَفَنَ الفَرَسُ رَفَعَ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ حتّٰى تكُونَ عَلٰى طَرَفِ الحَافِرِ الجيادِ السراعُ جسدًا شيطَانًا رُخَاءً طَيِّبَةً حَيْثُ اَصَابَ حَيْثُ شَاءَ فَامْنُنْ اَعْطِ بِغَيْرِ حِسَابٍ بِغَيْرِ حَرَجٍ

له عين الحديد) ہے ''اور جنات میں کچھ وہ تھے جوان کے آگے ان کے پروردگار کے حکم سے خوب کام کرتے تھے'' ارشاد ''من محاريب'' تک مجاہد نے فرمایا کہ (محاریب سے مراد بڑی عمارتیں ہیں) جو محلات سے چھوٹی ہوں ''اور مجسمے اور لگن جیسے حوض۔ جیسے اونٹوں کے لئے حوض ہوا کرتے ہیں اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جیسے زمین میں گڑھے (بڑے بڑے) ہوا کرتے ہیں'' اور (''بڑی بڑی جمی ہوئی دیگیں'') ارشاد ''الشکور'' تک ''پھر جب ہم نے ان پر موت کا حکم جاری کر دیا تو کسی چیز نے ان کی موت کا پتہ نہ دیا بجز ایک زمین کے کیڑے کے کہ وہ سلیمانؑ کے عصا کو کھاتا رہا، سو جب وہ گر پڑے تب جنات پر حقیقت واضح ہوئی اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''المھین'' تک ''سلیمانؑ کہنے لگے کہ میں اس مال کی محبت میں پروردگار کی یاد سے غافل ہو گیا'' پھر آپ ان کی پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے'' یعنی گھوڑوں کے ایال اور ان کی کونچیں کاٹنے لگے (یہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے) الاصفاد بمعنی الوثاق۔ مجاہد نے فرمایا کہ الصافنات، صفن الفرس سے مشتق ہے، اس وقت بولتے ہیں جب گھوڑا ایک پاؤں اٹھا کر کھر کی نوک پر کھڑا ہو جائے۔ الجیاد یعنی دوڑنے میں تیز۔ جسداً بمعنی شیطان۔ رخاء یعنی پاکیزہ۔ حیث اصاب یعنی جہاں چاہے۔ فامنن، اعط کے معنی میں ہے۔ بغیر حساب یعنی بغیر کسی مضائقہ کے۔

(٦٤٦) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ بشارٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ جعفرٍ حدثنا شعبةُ عن محمدِ بن زيادٍ عن ابى هريرةَ عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عِفرِيتًا مِنَ الجنِّ تَفَلَّتَ البَارِحَةَ لِيَقْطَعَ عَلَيَّ صَلَاتِي فَاَمْكَنَنِي اللّٰه مِنهُ فَاَخَذتُه، فَاَرَدْتُ اَنْ اَرْبُطَه، عَلٰى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي المَسْجِدِ حَتّٰى تَنظُرُوْا اِلَيْهِ كُلُّكُمْ فَذَكَرتُ دَعْوَةَ اَخِي سُلَيْمَانَ رَبِّ هَبْ لِي مُلْكًا لَايَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِي فَرَدَدْتُه، خَاسِئًا عِفْرِيتٌ متمرد من انسٍ اوجانٍ مثل زبينة جَمَاعتها الزبانية

٦٤٦۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن زیادہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ایک سرکش جن کل رات میرے سامنے آ گیا، تا کہ میری نماز خراب کرے، لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قدرت دے دی اور میں نے اسے پکڑ لیا پھر میں نے چاہا، کہ اسے مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں کہ تم سب لوگ بھی دیکھ سکو لیکن مجھے اپنے بھائی سلیمان علیہ السلام کی دعا یاد آ گئی کہ ''مجھے ایسی سلطنت دیجئے جو میرے سوا کسی کو میسر نہ ہو اس لئے میں نے اسے، نامراد واپس کر دیا، عفریت سرکش کے معنی میں ہے خواہ انسانوں میں سے ہو یا جنوں میں سے۔

(٦٤٧) حَدَّثَنَا خالدُ بنُ مخلدٍ حدثنا مغيرةُ بنُ عبدِالرحمٰنِ عن ابى الزنادِ عن الاعرجِ عن

٦٤٧۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ بن...... عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی ان سے ابوالزناد نے ان سے اعرج نے

ابی هریرة عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قَالَ قَالَ سُلَیمَانُ بنُ دَاوٗدَ لَاطُوفَنَّ اللَّیلَةَ عَلٰی سَبْعِیْنَ اِمْرَأَةً تَحْمِلُ کُلُّ امْرَاَةٍ فَارِسًا یُجَاهِدُ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ فَقَالَ لَه' صَاحِبُه' اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلَمْ یَقُلْ وَلَمْ تَحْمِلْ شَیْئًا اِلَّا وَاحِدًا سَاقِطًا اَحَدُ شِقَّیهِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم لَوْ قَالَهَا لَجَاهَدُوا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ شُعَیْبٌ وَابنُ ابی الزناد تِسعِیْنَ وَهُوَ اَصَحُّ

اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا سلیمان ابن داؤد علیہما السلام نے کہا کہ آج رات میں اپنی بیویوں کے پاس جاؤں گا اور ہر بیوی ایک شہسوار جنے گی جو اللہ کے راستے میں جہاد کرے گا ان کے رفیق نے کہا انشاء اللہ لیکن انہوں نے نہیں کہا، چنانچہ کسی بیوی کے یہاں بچہ پیدا نہیں ہوا صرف ایک کے یہاں ہوا اور اس کی بھی ایک جانب بیکار تھی، نبی کریم ﷺ نے فرمایا اگر سلیمان علیہ السلام انشاء اللہ کہہ لیتے تو (سب کے یہاں بچے پیدا ہوتے) اور اللہ کے راستے میں جہاد کرتے شعیب اور ابن ابی الزناد نے ''نوے'' بیان کیا (بجائے ستر کے) اور یہی زیادہ صحیح ہے۔

(۶۴۸) حَدَّثَنِی عُمَرُ بنُ حفص حدثنا اَبی حَدَّثَنَا الاعمش حَدَّثَنَا ابراهیمُ التَّیمیُّ عن ابیه عن ابی ذرٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عنه قَالَ قُلْتُ یَارَسُولَ اللّٰه اَیُّ مسجدٍ وُضِعَ اَوَّلُ قَالَ المَسْجِدُ الحَرَامُ قُلْتُ ثُمَّ اَیُّ قَالَ ثُمَّ المَسْجِدُ الاَقصٰی قُلْتُ کَمْ کَانَ بَینَهُمَا قَالَ اربعُونَ ثُمَّ قَالَ حَیثُمَا اَدرَکَتْکَ الصَّلَاۃُ فَصَلِّ وَالْاَرْضُ لَکَ مَسْجِدٌ

۶۴۸۔ مجھ سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم تیمی نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا، یارسول اللہ! سب سے پہلے کون سی مسجد بنائی گئی تھی؟ فرمایا کہ مسجد حرام! میں نے سوال کیا کہ اس کے بعد کون سی؟ فرمایا کہ مسجد اقصیٰ۔ میں نے سوال کیا اور ان دونوں کی تعمیر کا درمیانی فاصلہ کتنا تھا؟ فرمایا چالیس سال، پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس جگہ بھی نماز کا وقت ہو جائے۔ فوراً نماز پڑھ لو، تمہارے لئے (امت مسلمہ کے لئے، تمام روئے زمین مسجد ہے۔)

(۶۴۹) حَدَّثَنَا ابوالیمان اَخبَرَنَا شعیبٌ حَدَّثَنَا ابوالزنادِ عن عبدِالرَّحمٰنِ حَدَّثَهُ انه سَمِعَ اباهریرةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنه انَّه' سَمِعَ رَسُولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یَقُولُ مَثَلِی وَمَثَلُ النَّاسِ کَمَثَلِ رَجُلٍ استَوقَدَ نَارًا فَجَعَلَ الفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ تَقَعُ فِی النَّارِ وَقَالَ کَانَتْ امراتَانِ مَعَهُمَا اِبنَاهُمَا جَاءَ الذِّئبُ فَذَهَبَ بابنِ اِحدٰهُمَا فقالت صَاحِبَتُهُمَا اِنَّمَا ذَهَبَ بِابنِکِ وَقَالَتِ الْاُخرٰی اِنَّمَا ذَهَبَ بِابنِکِ فَتَحَا کَمَتَا اِلٰی دَاوٗدَ فَقَضٰی بِه لِلکُبرٰی فَخَرَجَتَا عَلٰی سُلَیمَانَ بنِ دَاوٗدَ فَاَخبَرَتَاهُ فَقَالَ ائتونِی بِالسِّکِّینِ اَشُقُّه' بَینَهُمَا فَقَالَتِ الصُّغرٰی لَا تَفعَلْ یَرحَمُکَ اللّٰهُ هُوَ ابْنُهَا فَقَضٰی

۶۴۹۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی انہوں نے ابو ہریرہؓ سے سنا اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میری اور تمام انسانوں کی مثال ایک ایسے شخص کی سی ہے جس نے آگ روشن کی ہو، پھر پروانے اور کیڑے مکوڑے اس آگ میں گرنے لگے ہوں اور آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ دو عورتیں تھیں اور دونوں کے بچے تھے اتنے میں ایک بھیڑیا آیا اور ایک عورت کے بیٹے کو اٹھالے گیا، ان دونوں میں سے ایک عورت نے کہا کہ بھیڑیا تمہارے بیٹے کو لے گیا ہے اور دوسری نے کہا تمہارے بیٹے کو لے گیا ہے دونوں داؤد علیہ السلام کے یہاں اپنا مقدمہ لے گئیں آپ نے بڑی عورت کے حق میں فیصلہ کر دیا اس کے بعد وہ دونوں سلیمان بن داؤد علیہ السلام کے یہاں آئیں اور انہیں صورت حال کی اطلاع دی

بِهٖ لِلصُّغْرٰى قَالَ اَبُوْهريرة واللّٰه اِنْ سَمِعتُ بِالسكينِ الا يومئذ وَمَا كُنَّا نقول الاالمدية

انہوں نے فرمایا کہ اچھا، چھری لاؤ اس بچے کے دو ٹکڑے کر کے دونوں کے حصے دے دوں، چھوٹی عورت نے یہ سن کر کہا، اللہ آپ پر رحم فرمائے ایسا نہ کیجئے میں نے مان لیا کہ یہ اسی بڑی کا لڑکا ہے اس پر سلیمان علیہ السلام نے اس چھوٹی کے حق میں فیصلہ کیا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے سکین (چھری) کا لفظ اسی دن سنا۔ ورنہ ہم ہمیشہ (چھری کے لئے) مدیہ کا لفظ استعمال کرتے تھے۔

باب۳۴۲. قَولِ اللّٰه تَعالٰى وَلَقَد اٰتينا لُقمَانَ الْحِكمَةَ اَن اشكُرْ لِلّٰهِ اِلٰى قَولِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ كُلَّ مُختَالٍ فَخُورٍ وَلا تُصَعِّرْ الاعراضُ بِالْوَجه

۳۴۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''اور بے شک دی تھی ہم نے لقمان کو حکمت کہ اللہ کا شکر ادا کرو'' ارشاد ''ان اللّٰه لايحب كل مختال فخور'' تک۔ لاتصعر یعنی چہرہ نہ پھیرو۔

(۶۵۰) حَدَّثَنَا ابوالوليد حدثنا شُعبَةُ عن الاعمشِ عن ابراهيمَ عن عَلقَمَةَ عن عبدِاللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا اِيمَانَهُمْ بِظُلمٍ قَالَ اَصْحَابُ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ ايمانَهٗ بِظُلم فَنَزَلَتْ لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ

۶۵۰۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی انہیں اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت ''جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان میں ظلم کی آمیزش نہیں کی'' نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ کے اصحاب نے عرض کی ہم میں ایسا کون ہوگا اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، بے شک شرک ظلم عظیم ہے۔''

(۶۵۱) حَدَّثَنَا اسحاقُ اخبرنا عيسى بنُ يونسَ حَدَّثَنَا الاَعْمَشُ عن ابراهيمَ عن علقمةَ عن عبدِاللّٰه رَضِيَ اللّٰهُ عنه قالَ لَمَّا نزلت الَّذِينَ اٰمَنُوا وَلَم يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُم بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ على المسلمين فقالوا يارَسُوْلَ اللّٰه اَيّنَا لايظلمُ نفسَه قال لَيسَ ذٰلِكَ اِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ اَلَمْ تَسْمَعُوا مَاقَالَ لُقْمَانُ لِاِبنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَىَّ لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

۶۵۱۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی انہیں عیسیٰ بن یونس نے خبر دی ...... ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت ''جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی آمیزش نہیں کی، نازل ہوئی تو مسلمانوں پر بڑا شاق گزرا اور انہوں نے عرض کی، ہم میں کون ایسا ہوسکتا ہے جس نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی آمیزش نہ کی ہوگی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کا، یہ مطلب نہیں، ظلم سے مراد آیت میں شرک ہے، کیا تم نے نہیں سنا، کہ لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے سے کہا تھا، اسے نصیحت کرتے ہوئے کہ ''اے بیٹے! اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، بے شک شرک، عظیم ظلم ہے۔

باب۳۴۳. وَاضرِبْ لَهُم مَثَلاً اَصْحَابَ الْقَرْيَةِ الاٰية فَعَزَّزْنَا قَالَ مجاهد شَدَّدْنَا وَقَالَ ابن عَبَّاسٍ طَائِرُكم مَصَائِبُكُم

۳۴۳۔ ''اور ان کے سامنے اصحاب قریہ کی مثال بیان کیجئے'' الایۃ۔ فعززنا کے معنی کے متعلق مجاہد نے فرمایا کہ ''ہم نے انہیں تقویت پہنچائی'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ طائرکم کے معنی ''تمہاری مصیبتیں'' ہیں!۔

باب ۳۴۴. قول الله تعالٰى ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَه' زَكَرِيَّآ اِذْنَادٰى رَبَّه' نِدَاءً خَفِيًّا قَالَ رَبِّ اِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّاسُ شَيْبًا اِلٰى قوله لَمْ نَجْعَلْ لَه' مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا قَالَ ابنُ عباسٍ مَثَلًا يقال رَضِيًّا مَرْضِيًّا عَتِيًّا عصيًّا عَتَايَعْتُو قال رَبِّ اَنّٰى يَكُونُ لِي غُلَا مٌ الٰى قوله ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ويقال صَحِيْحًا فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَعَشِيًّا فَاَوْحٰى فَاَشَارَ يَايَحْيٰى خُذِالْكِتَابَ بِقُوَّةٍ اِلٰى قَوْلِهٖ وَيَومَ يُبْعَثُ حَيًّا حَفِيًّالَطِيْفًا عاقِرًا الذكر وَالْاُنثٰى سَوَاءٌ

۳۴۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''(یہ) تذکرہ ہے آپ کے پروردگار کی رحمت (فرمانے کا) اپنے بندے زکریا پر) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو خفیہ طور پر پکارا، کہا اے میرے پروردگار میری ہڈیاں کمزور ہوگئیں، اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل پڑی ہے۔'' ارشاد "لم نجعل له' من قبل سمیاً لک" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''رضیا''، مرضیاً کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ عتیا بمعنی عصیا۔ عتایعتواء سویا بمعنی) صحیحاً۔'' پھر وہ اپنی قوم کے روبرو حجرہ سے برآمد ہوئے اور ان سے ارشاد کیا کہ اللہ تعالیٰ کی پاکی صبح وشام بیان کیا کرو۔'' "فاوحے ای فاشار." "اے یحییٰ! ''کتاب کو مضبوط پکڑ لو۔'' ارشاد۔ "ویوم یبعث حیاً." تک۔ حفیاً بمعنی لطیفاً۔ عاقراً، مؤنث اور مذکر دونوں کے لئے آتا ہے۔

(۶۵۲) حَدَّثَنَا هدبةُ بنُ خالدٍ حَدَّثَنَا همامُ بنُ يحيٰى حدثنا قتادةٌ عن انسِ بنِ مالكٍ عن مالكِ بنِ صَعْصَعَةَ ان نبيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ عن ليلة اُسْرِيَ بِهٖ ثُمَّ صَعِدَ حَتّٰى اَتَى السماءَ الثانيةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جبريلُ قِيْلَ وَمن مَعَكَ قَالَ محمدٌ قِيلَ وَاُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا يَحْيٰى وَعِيْسٰى وهما ابنا خالةٍ قال هٰذا يحيٰى وعيسٰى فَسَلِّمْ عليهما فَسَلَّمْتُ فَرَدَّا ثُمَّ قالا مرحبًا بالاخِ الصَّالحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ

۶۵۲۔ ہم سے ہدبہ بن خالد نے حدیث بیان کی ان سے ہمام بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اور ان سے مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے شب معراج کے متعلق حدیث بیان کی کہ آپ ﷺ اوپر چڑھے اور دوسرے آسمان پر تشریف لائے پھر دروازہ کھولنے کے لئے کہا پوچھا گیا کون صاحب ہیں؟ کہا کہ جبرائیل۔ پوچھا گیا آپ کے ساتھ کون ہیں؟ کہا کہ محمد (ﷺ) پوچھا گیا، کیا انہیں لانے کے لئے بھیجا گیا تھا؟ کہا کہ جی ہاں۔ پھر جب میں وہاں پہنچا تو عیسیٰ اور یحییٰ علیہ السلام وہاں تشریف رکھتے تھے، یہ دونوں حضرات آپس میں خالہ زاد بھائی ہیں، جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ یہ یحییٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) ہیں انہیں سلام کیجئے میں نے سلام کیا، دونوں حضرات نے جواب دیا اور کہا، خوش آمدید۔ صالح بھائی اور صالح نبی۔

باب ۳۴۵. قولِ اللّٰهِ تعالٰى وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ اِذِانْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا اِذْ قَالَتِ الْمَلٰئِكَةُ يَامَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ اِنَّ اللّٰهَ اصطَفٰى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَاٰلَ اِبراهِيمَ وَاٰلَ عِمرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ اِلٰى قوله يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ قَالَ ابنُ عباسٍ وَاٰلُ عمران المؤمنون من اٰل ابراهيمَ وَاٰلِ ياسين واٰل محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِابرَاهِيمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

۳۴۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اس کتاب میں مریم کا ذکر کیجئے جب وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہوکر ایک شرقی مکان میں گئیں'' (اور وہ وقت یاد کرو) جب فرشتوں نے کہا کہ اے مریم، اللہ آپ کو خوش خبری دے رہا ہے۔ ''اپنی طرف سے ایک کلمہ کی'' ''بے شک اللہ نے آدم اور نوح اور آل ابراہیم اوا آل عمران کو تمام جہاں میں منتخب کیا ہے ارشاد "یرزق من یشاء بغیر حساب" تک۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آل عمران آل ابراہیم آل عمران آل یاسین اور آل محمد ﷺ وعلی سائر الانبیاء کے مؤمنین ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابراہیم علیہ السلام

وَهُمُ المؤمنون ويقال آل يعقوبَ اهلُ يعقوب فاِذَا صغَّرُوْا آل ثُمَّ رَدُّوهُ الى الا صَل قالوا اُهَيْل

سے سب سے زیادہ قریب وہی لوگ ہیں جنہوں نے آپ کی اتباع کی ہے اور یہ مؤمنین کا طبقہ ہے۔ آل یعقوب کی اصل اہل یعقوب بتاتے ہیں، چنانچہ جب اس کی تصغیر کی جائے گی تو اپنی اصل حالت پر آ جائے گا اور کہیں گے۔ اُہیل۔

(۶۵۳) حَدَّثَنَا ابواليمان اخبرنا شعيبٌ عن الزهرى قال حَدَّثَنِي سعيدُ بنُ المسيبِ قال قال ابوهريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه سَمِعتُ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يقولُ مَامِنْ بَنِيْ اٰدَمَ مَولُودٌ اِلَّا يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ حِيْنَ يُولَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ غَيْرَ مَرْيَمَ وَابْنِهَا ثُمَّ يقول ابُوهريرةَ وَاِنِّى اُعِيْذُهَابِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

۶۵۳۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا ان سے سعید بن مسیب نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ ہر ایک، نبی آدم جب پیدا ہوتا ہے تو پیدائش کے وقت شیطان اسے چھوتا ہے اور بچہ شیطان کے چھونے سے زور سے چیختا ہے، سوا مریم علیہا السلام اور ان کے صاحبزادے عیسیٰ علیہ السلام کے۔ پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ) اس کی وجہ مریم علیہا السلام کی والدہ کی یہ دعا ہے کہ اے اللہ! میں اسے (مریم علیہا السلام) اور اس کی ذریت کو شیطان رجیم سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔''

باب ۳۴۶. وَاِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَامَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلٰى نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ يَامَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ ذٰلِكَ مِنْ اَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيْهِ اِلَيْكَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْيُلْقُوْنَ اَقْلاَ مَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ يُقَال يَكْفُلُ يَضُمُّ كَفَلَهَا ضَمَّهَا مخففة ليس من كَفَالَةِ الديونِ وَشِبْهِهَا

۳۴۶۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب فرشتوں نے کہا کہ اے مریم، بے شک اللہ نے آپ کو برگزیدہ بنایا ہے، اور پاک کر دیا ہے اور آپ کو دنیا جہاں کی بیویوں کے مقابلے میں برگزیدہ کر لیا ہے، اے مریم! اپنے پروردگار کی عبادت کرتی رہ اور تسبیح کرتی رہ اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرتی رہ، یہ (واقعات) غیب کی خبروں میں سے ہیں، ہم آپ کے اوپر ان کی وحی کر رہے ہیں اور آپ ان لوگوں کے پاس نہیں جاتے، اس وقت جب وہ اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کی سرپرستی کرے اور نہ آپ اس وقت ان کے پاس تھے جب وہ باہم اختلاف کر رہے تھے۔'' یکفل یضم کے معنی میں بولتے ہیں، کفلھا یعنی ضمھا، (بعض قرأتوں میں) تخفیف کے ساتھ ہے، یہاں کفالت دیون وغیرہ سے ماخوذ ہو کر استعمال نہیں ہوا ہے (بلکہ ضم واخذ کے معنی میں ہے۔)

(۶۵۴) حَدَّثَنَا احمدُ ابنُ ابى رجاءٍ حَدَّثَنَا النضرُ عن هشامٍ قال اخبرنى اَبِى قال سمعتُ عبدَاللّٰهِ بنَ جعفرٍ قال سمعتُ عَلِيًّا رضى اللّٰه عنه يقول سمعتُ النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بنتُ عمرانَ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيجَةُ

۶۵۴۔ مجھ سے احمد بن ابی رجاء نے حدیث بیان کی ان سے نضر نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، کہا کہ میں نے عبداللہ بن جعفر سے سنا، کہا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آنحضور ﷺ فرما رہے تھے کہ مریم بنت عمران علیہا السلام (اپنے زمانہ میں) سب سے بہترین خاتون تھیں اور اس امت کی سب سے بہترین خاتون خدیجہ ہیں

باب ۳۴۷. قَوْلِهِ تَعَالٰی اِذ قَالَتِ الْمَلَائِکَةُ یَامَرْیَمُ اِلٰی قَوْلِه، فَاِنَّمَا یَقُولُ لَه، کُنْ فَیَکُوْنُ یُبَشِّرُکِ وَیَبْشُرُکِ واحدٌ وَجِیْهًا شَرِیْفًا وَقَالَ ابراهیم المَسِیْحُ الصِّدِّیْقُ وَقال مجاهدٌ الکَهْلُ الحَلِیْمُ والاکمهُ من یُّبْصِرُ بالنَّهارِ وَلَایُبْصِرُ وقال غیرُه مَنْ یولَدُ اَعْمٰی

(رضی اللہ عنہا)۔

۳۴۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد' جب ملائکہ نے کہا کہ اے مریم' ارشاد' فانما یقول له، کن فیکون" یبشرک (بالتشدید) اور یبْشرک (بالتخفیف) ایک ہی چیز ہے۔مجاہد نے فرمایا کہ الکھل بمعنی حلیم ہے۔ الاکمہ اس شخص کو کہتے ہیں جودن میں تو دیکھ سکتا ہو لیکن رات میں اسے کچھ نظر نہ آتا ہو اور دوسرے حضرات نے کہا ہے کہ اسے کہتے ہیں جو پیدائشی نابینا ہو۔

(۶۵۵) حَدَّثَنَا اٰدمُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن عمرو بن مرة قال سمعتُ مرةَ الهمدانِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِی مُوْسَی الاشعری رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ، کَمَلَ مِنَ الرِّجَالِ کَثِیْرٌ وَلَمْ یَکْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ اِلا مَرْیَمُ بنتُ عِمْرَانَ وَاٰسِیَةُ امْرَاَةُ فِرْعَونَ وَقَالَ ابنُ وَهبٍ اخبرنی یونسُ عن ابنِ شهابٍ قال حدثنی سعیدُ بنُ المسیبِ ان اباهریرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یقولُ نِسَاءُ قُرَیْشٍ خَیْرُ نِسَاءٍ رَکِبْنَ الاِبلَ اَحْنَاهُ عَلٰی طِفْلٍ وَاَرْعَاهُ عَلٰی زَوْجٍ فِی ذَاتِ یَدِهِ یقول ابوهریرةَ عَلٰی اَثْرِ ذٰلِکَ وَلَمْ تَرْکَبْ مریمُ بِنتُ عمرانَ بَعِیرًا قط تابعه ابنُ اَخِی الزهریِ واسحاقُ الکلبیُّ عن الزهریِ

۶۵۵۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن مرہ نے، کہا کہ میں نے مرہ ہمدانی سے سنا وہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، عورتوں پر عائشہ کی فضیلت ایسی ہے جیسے تمام کھانوں پر ثرید کی! مردوں میں تو بہت سے کامل اٹھے، لیکن عورتوں میں مریم علیہا السلام اور فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہا کے سوا اور کوئی کامل پیدا نہیں ہوئی اور ابن وہب نے بیان کیا کہ مجھے یونس نے خبر دی ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہا کہ مجھ سے سعید بن مسیّب نے بیان کیا اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ نے فرمایا کہ اونٹ پر سوار ہونے والیوں (عربی خواتین) میں سب سے بہترین قریشی خواتین ہیں، اپنے بچے پر سب سے زیادہ شفقت و محبت کرنے والی اور اپنے شوہر کے مال واسباب کی سب سے بہتر نگران و محافظ! ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد ہی فرمایا کہ مریم بنت عمران رضی اللہ عنہا اونٹ پر کبھی سوار نہیں ہوئی تھیں اس روایت کی متابعت زہری کے بھتیجے (محمد بن عبداللہ بن مسلم) نے اور اسحاق کلبی نے۔ زہری کے واسطے سے کی۔

باب ۳۴۷. قَوْلِهِ یَااَهْلَ الکِتَابِ لَاتَغْلُوْا فِی دِیْنِکُمْ وَلَاتَقُولُوا عَلَی اللّٰهِ اِلَّاالحَقَّ اِنَّمَا المَسِیحُ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ رَسُولُ اللّٰهِ وَکَلِمَتُه، اَلْقَاهَا اِلٰی مَرْیَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ وَلَاتَقُولُوا ثَلٰثَةٌ انتَهُوْا خَیْرًالَّکُمْ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَاحِدٌ سُبحانَه، اَنْ یَّکُونَ لَه، وَلَدٌ لَّه، مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَکَفٰی بِاللّٰهِ وَکِیْلًا قَالَ ابوعبید کلمة کُنْ فَکَانَ

۳۴۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد' اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو نہ کرو، اور اللہ کے بارے میں کوئی بات حق کے سوا نہ کہو، مسیح عیسیٰ بن مریم تو بس اللہ کے ایک پیغمبر ہیں اور اس کا ایک کلمہ جسے اللہ نے پہنچا دیا تھا مریم تک اور ایک جان ہیں اس کی طرف سے، پس اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لاؤ اور یہ نہ کہو کہ خدا تین ہیں اس سے باز آ جاؤ، تمہارے حق میں یہی بہتر ہے، اللہ تو بس ایک ہی معبود ہے، وہ پاک ہے اس سے کہ اس کے بیٹا ہو، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین

وقال غيره وروحٌ مِّنهُ اَحياهُ فَجعلَهُ رُوحًا وَلَا تَقُولُوْا ثلاثَةٌ

میں ہے اور اللہ ہی کا کارساز ہونا کافی ہے'' ابوعبید نے بیان کیا کہ کلمتہ سے مراد اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانا ہے کہ ہو جاؤ اور وہ ہو گئے۔ دوسرے حضرات نے کہا کہ وروح منہ سے مراد یہ ہے کہ اللہ نے انہیں زندہ کیا اور روح ڈالی، اور یہ نہ کہو کہ خدا تین ہیں۔

(۶۵۶) حَدَّثَنَا صدقةُ بنُ الفضلِ حدثنا الوليد عن الاوزاعِي قَالَ حَدَّثَني عُمَيرُ بْنُ هَانِيءٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ جُنَادَةُ بن ابى امية عن عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَهِدَ ان لااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَه' لاشَرِيْکَ لَه' وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُه' وَرَسُوْلُه' وَاَنَّ عِيسىٰ عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُه' وَكَلِمَتُه' اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَالجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ ادخلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَاكَانَ مِنَ العَمَلِ قَالَ الوليدُ حَدَّثَنِي ابنُ جَابِرٍ عن عُمَيْرٍ عن جُنَادَةَ وَزَادَ مِنْ ابوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمانيةِ اَيُّهَا شَاءَ

۶۵۶۔ ہم سے صدقہ بن فضلؒ نے حدیث بیان کی، ان سے ولید نے ان سے اوزاعی نے بیان کیا کہا کہ مجھ سے عمیر بن ہانی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے جنادہ بن ابی امیہ نے حدیث بیان کی اور ان سے عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جس نے گواہی دی کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، وہ وحدہٗ لاشریک ہے اور یہ کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں اور یہ کہ عیسیٰ اس کے بندے اور رسول ہیں اور اس کا کلمہ ہیں جسے اللہ نے پہنچا دیا تھا مریم تک اور ایک جان ہیں اس کی طرف سے اور یہ کہ جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے تو اس نے جو بھی عمل کیا ہوگا، (آخر الامر) اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کریں گے۔ ولید نے بیان کیا کہ مجھ سے ابن جابر نے حدیث بیان کی، ان سے عمیر نے اور جنادہ نے اور اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے (ایسا شخص) جنت کے آٹھ دروازوں میں سے جس سے چاہے گا (داخل ہوگا)۔

باب۳۴۸. وَاذْكُرْفِي الكِتَابِ مَرْيَمَ اِذِ انْتَبَذَتْ من اَهْلِهَا اعتزلَتْ نبذناه اَلْقَيْنَاه شَرقِيًا مِمَّا يلي الشرقِ فَاَجَاءَ ها افعل مِنِ جئت ويقال الجأها اضطرها تُسَاقِطُ تُسْقِطُ قَصِيًّا قَاصيًا فَرِيًّا عَظِيمًا قال ابنُ عباسٍ نَسْيًا لَمْ اَكُنْ شيئًا وقال غيره النسى الحقير وقال ابووائلٍ علمت مريم ان التَّقِيَّ ذونُهْيَةٍ حين قالتْ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا قَالَ وكيعٌ عن اسرائيلَ عن ابى اسحاقَ عن البراءِ سَرِيًّانَهرٌ صَغِيرٌ بِالسُّرْيَانية

۳۴۸۔ اور (اس) کتاب میں مریم کا ذکر کیجئے جب وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہو کر ایک شرقی مکان میں گئیں۔ نبذناہ ای القیناہ. شرقیاً یعنی شرقی گوشہ کی طرف۔ فاجاء ھا، جئت سے افعال (مزید) کا صیغہ ہے۔ الجاھا۔ اضطرھا کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ تساقط بمعنی تسقط قصیا یعنی قاصیا. فریا بمعنی عظیماً، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نسیاً کے معنی یہ ہیں کہ میں کچھ ہوتا ہی نہ'' دوسرے حضرات نے کہا کہ (النسی حقیر کے معنی میں ہے، ابووائل نے فرمایا کہ مریم علیہا السلام کو اس پر یقین تھا کہ تقویٰ ہی دانائی ہے، اسی وجہ سے انہوں نے فرمایا تھا (جبرائیل علیہ السلام سے) کہ کاش تم متقی ہوتے۔'' اور وکیع نے بیان کیا، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے کہ، سریاً، سریانی زبان میں چھوٹی نہر کو کہتے ہیں۔

(۶۵۷) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبرَاهِيمَ حدثنا جَرِيرُ بْنُ حازمٍ عن محمدِ بنِ سيرينَ عن ابى هريرةَ عنْ

۶۵۷۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حاتم نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن سیرین نے اور ان سے ابوہریرہ

النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَتكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ اِلَّا ثَلٰثَةٌ عِيسٰى وَكَانَ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ رَجُلٌ يُقَالُ لَه، جُرَيْجٌ كَانَ يُصَلِّي جَاءَ تهُ اُمُّه، فَدَ عَتْهُ فَقَالَ اُجِيبُهَا اَواُصَلِّي فَقَالَتْ اَللّٰهُمَّ لَاتُمِتْهُ حَتّٰى تُرِيَهُ وُجُوهَ الْمُومِسَاتِ وَكَانَ جُرَيْجٌ فِي صَوْمَعَتِهٖ فَتَعَرَّضَتْ لَهُ امْرَاَةٌ وَكَلَّمَتْهُ فَاَبٰى فَاَتَتْ رَاعِيًا فَامكَنَتْهُ مِنْ نَفْسِهَا فَوَلَدَتْ غُلَامًا فَقَالَتْ مِنْ جُرَيْجٍ فَاَتَوْهُ فَكَسَرُوا صَوْمَعَتَه، وَاَنْزَلُوهُ وَسَبُّوْهُ فَتَوَضَّأَ وَ صَلّٰى ثُمَّ اَتَى الْغُلَامَ فَقَالَ مَنْ اَبُوكَ يَاغُلَامُ قَالَ الرَّاعِي قَالُوْا نَبْنِيْ صَوْمَعَتَكَ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ لَا اِلَّا مِنْ طِيْنٍ وَكَانَتْ امْرَاَةٌ تُرْضِعُ اِبْنًا لَهَا مِنْ بَنِي اِسْرَائِيلَ فَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ رَاكِبٌ ذُوْشَارَةٍ فَقَالَتْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ ابْنِي مِثْلَه، فَتَرَكَ ثَدْيَهَا وَاَقْبَلَ عَلَى الرَّاكِبِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ لَاتَجْعَلْنِي مِثْلَه، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلٰى ثَدْيِهَا يَمَصُّه، قَالَ اَبُوهُرَيْرَةَ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَى النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمَصُّ اصْبَعَه، ثُمَّ مُرَّ بِاَمَةٍ فَقَالَتْ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلِ ابْنِي مِثْلَ هٰذِهٖ فَتَرَكَ ثَدْيَهَا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِثْلَهَا فَقَالَتْ لِمَ ذَاكَ فَقَالَ الرَّاكِبُ جَبَّارٌ مِنَ الْجَبَابِرَةِ وَهٰذِهِ الْاَمَةُ يَقُولُونَ سَرَقْتِ زَنَيْتِ وَلَمْ تَفْعَلْ

رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، گہوارہ میں تین بچوں کے سوا اور کسی نے گفتگو نہیں کی اول عیسیٰ علیہ السلام (دوسرے کا واقعہ یہ ہے کہ) بنی اسرائیل میں ایک بزرگ تھے، نام جریج تھا، وہ نماز پڑھ رہے تھے کہ ان کی والدہ نے انہیں پکارا، انہوں نے (اپنے دل میں) کہا کہ میں اپنی والدہ کا جواب دوں یا نماز پڑھتا رہوں؟ آخر انہوں نے نماز نہیں توڑی) اس پر ان کی والدہ نے (غصہ ہوکر) بددعا کی، اے اللہ! اس وقت تک اسے موت نہ آئے جب تک یہ زانیہ عورتوں کا چہرہ نہ دیکھ لے، جریج اپنے عبادت خانے میں رہا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ان کے سامنے ایک عورت آئی اور ان سے گفتگو کی، لیکن انہوں نے (اس کی خواہش پوری کرنے سے) انکار کیا۔ پھر ایک چرواہے کے پاس آئی اور اسے اپنے اوپر قابو دے دیا اس سے ایک بچہ پیدا ہوا اور اس نے ان پر یہ تہمت دھری کہ یہ جریج کا بچہ ہے۔ ان کی قوم کے لوگ آئے اور ان کا عبادت خانہ توڑ دیا، انہیں نیچے اتار کر لائے اور انہیں گالی دی۔ پھر انہوں نے وضو کر کے نماز پڑھی، اس کے...... بعد بچے کے پاس آئے اور اس سے پوچھا کہ تمہارا باپ کون ہے؟ بچہ (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) بول پڑا کہ چرواہا! اس پر (ان کی قوم شرمندہ ہوئی اور کہا، کہ ہم آپ کا عبادت خانہ سونے کا بنائیں گے، لیکن انہوں نے کہا کہ نہیں، مٹی ہی کا بنے گا۔ تیسرا واقعہ) ایک بنی اسرائیل کی عورت تھی، اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی۔ قریب سے ایک سوار نہایت وجیہ اور خوش پوش گزرا۔ اس عورت نے دعا کی کہ اے اللہ! میرے بچے کو بھی اسی جیسا بنا دے لیکن بچہ (اللہ کے حکم سے) بول پڑا کہ اے اللہ! مجھے اس جیسا نہ بنانا، پھر اس کے سینے سے لگ کر دودھ پینے لگا، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جیسے میں اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں کہ نبی کریم ﷺ اپنی انگلی چوس رہے ہیں (بچے کے دودھ پینے لگنے کی کیفیت بیان کرتے وقت!) پھر ایک باندی اس کے پاس قریب سے لے جائی گئی!! (جسے اس کے مالک مار رہے تھے) تو اس عورت نے دعا کی کہ اے اللہ! میرے بچے کو اس جیسا نہ بنانا، بچے نے پھر اس کا پستان چھوڑ دیا اور کہا اے اللہ! مجھے اسی جیسا بنا دے اس عورت نے پوچھا، ایسا تم کیوں کہہ رہے ہو؟ بچے نے کہا کہ وہ سوار ظالموں میں سے ایک ظالم شخص تھا، اور اس باندی سے لوگ کہہ رہے تھے کہ تم نے چوری اور زنا کیا، حالانکہ اس نے کچھ بھی نہیں کیا تھا۔

(۶۵۸) حَدَّثَنَا اِبرَاهِيمُ بنُ موسٰى اخبرنا هشامٌ عن مَعْمَرٍ حَدَّثَنِي محمودٌ حدثنا عبدُالرزاق اخبرنا معمرٌ عنَ الزهرِي قال اخبرني سعيدُ بنُ الُمُسَيَّبِ عن ابى هريرةَ رضى الله عنه قال قال رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ليلةَ اُسْرِىَ بِهٖ لَقِيتُ مُوسٰى قال فَنَعَتَه، فَاِذَا رَجُلٌ حَسِبْتُه، قال مُضْطَرِبٌ رَجِلُ الرَّاسِ كَانَّه، مِنْ رِجَالِ شَنُوءَ ةَ قَالَ وَلَقِيتُ عِيسٰى فَنعتَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال رَبْعَةٌ اَحْمَرُ كَاَنَّمَا خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ يَعْنِى الْحَمَّامَ وَرَاَيْتُ اِبْرَاهِيمَ وَاَنَا اَشبَهُ وَلَدِهٖ بِهٖ قَالَ وَاُتِيتُ بِاِنَاءَيْنِ اَحَدُهُمَا لَبَنٌ وَالْاٰخَرُ فِيْهِ خَمْرٌ فَقِيلَ لِي خُذْ اَيَّهُمَا شِئْتَ فَاَخَذْتُ اللَّبَنَ فَشَرِبْتُه، فَقِيلَ لِي هُدِيتَ الفِطْرَةَ اَوْاَصَبْتَ الْفِطْرَةَ اَمَا اِنَّكَ لَوْاَخَذْتَ الخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ

۶۵۸۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر نے۔ اور مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا انہیں سعید بن مسیب نے خبر دی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس رات میری معراج ہوئی تھی میں نے موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کی تھی۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے ان کا حلیہ بیان کیا کہ وہ، میرا خیال ہے کہ معمر نے کہا، دراز قامت اور سیدھے بالوں والے تھے، جیسے قبیلہ شنوہ کے افراد ہوتے ہیں۔ آپ نے بیان کیا کہ میں نے عیسیٰ علیہ السلام سے بھی ملاقات کی آنحضور ﷺ نے ان کا بھی حلیہ بیان فرمایا کہ درمیانہ قد اور سرخ و سپید تھے، جیسے ابھی ابھی غسل خانے سے باہر آئے ہوں اور میں نے ابراہیم علیہ السلام سے بھی ملاقات کی تھی اور میں ان کی اولاد میں ان سے سب سے زیادہ مشابہ ہوں، آنحضور ﷺ نے بیان فرمایا، کہ میرے پاس دو برتن لائے گئے، ایک میں دودھ تھا اور دوسرے میں شراب مجھ سے کہا گیا کہ جو آپ کا جی چاہے لے لیجئے۔ میں نے دودھ کا برتن لے لیا اور پی لیا۔ اس پر مجھ سے کہا گیا کہ فطرت کی طرف آپ نے راہ پالی، یا فطرت کو آپ نے پالیا۔ اس کے بجائے اگر آپ شراب کا برتن لیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی۔

(۶۵۹) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا اسرائيلُ اخبرنا عثمانُ بنُ المغيرةَ عن مجاهدٍ عن ابنِ عُمَرَ رضى اللّٰهُ عنهما قال قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ عيسىٰ وَمُوسٰى وَابْرَاهِيمَ فَاَمَّا عيسٰى فَاَحْمَرُ جعْدٌ عَرِيْضُ الصَّدْرِ وَاَمَّا مُوسٰى فَاٰدَمُ جَسِيمٌ سَبِطٌ كَاَنَّه، مِنْ رِجَالِ الزُّطِّ

۶۵۹۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی انہیں اسرائیل نے خبر دی، انہیں عثمان بن مغیرہ نے خبر دی انہیں مجاہد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بیان کیا کہ میں نے عیسیٰ، موسیٰ اور ابراہیم علیہم السلام کو دیکھا، عیسیٰ علیہ السلام نہایت سرخ، گھنگھر یالے بال والے اور چوڑے سینے والے تھے۔ اور موسیٰ (علیہ السلام گندم گوں، دراز قامت اور سیدھے بالوں والے تھے) جیسے کوئی قبیلہ زط کا فرد ہو۔

(۶۶۰) حَدَّثَنَا اِبرَاهِيمُ بنُ المنذرِ حَدَّثَنَا اَبُوضُمْرَةَ حَدَّثَنَا مُوسٰى عن نافعٍ قال قال عبدُاللّٰهِ ذَكَرَالنبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَيْنَ ظَهْرَى النَّاسِ المسيحَ الدَّجَّالَ فقالَ اِنَّ اللّٰهَ لَيسَ بِاَعْوَرَ اَلَا اِنَّ المَسِيْحَ الدَّجَالَ اَعْوَرُ العَيْنِ اليُمْنٰى كَاَنَّ عَيْنَه، عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ وَاَرَانِى اللَّيْلَةَ عِنْدَ الْكَعْبَةِ فِي

۶۶۰۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوضمرہ نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ نے حدیث بیان کی ان سے نافع نے کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک دن لوگوں کے سامنے دجال کا ذکر کیا اور فرمایا اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ کانا نہیں ہے، لیکن دجال داہنی آنکھ سے کانا ہوگا (اس لئے اس کا خدائی کا دعویٰ بداہۃً غلط ہوگا) اس کی آنکھ اٹھے ہوئے انگور کی طرح ہوگی۔ اور

المَنَامِ فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ كَأَحْسَنِ مَاتَرَى مِنْ أُدْمِ الرِّجَالِ تَضْرِبُ لِمَّتُه، بَيْنَ مَنْكِبَيْهِ رَجِلُ الشَّعْرِ يَقْطُرُ رَأسُه، مَاءً وَاضِعًا يَدَيْهِ عَلٰى مَنْكِبَي رَجُلَيْنِ وَهُوَ يَطُوفُ بِالبيتِ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فَقَالُوْا هٰذَا المَسِيْحُ بْنُ مَرْيَمَ ثُمَّ رَأَيْتُ رَجُلًا وَرَاءَ هُ جَعْدًا قَطَطًا أَعْوَرَ الْعَيْنِ اليمنى كَأَشْبَهِ مَنْ رَأَيْتُ بِابْنِ قَطَنٍ وَاضِعًا يَدَيْهِ على مَنْكِبَيْ رَجُلٍ يَطُوفُ بِالبَيْتِ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا المَسِيْحُ الدَّجَّالُ تابعه عُبَيْدُاللّٰه عن نافعٍ

میں نے رات کعبہ کے پاس خواب میں ایک گندمی رنگ کے آدمی کو دیکھا، گندمی رنگ کے آدمیوں میں شکل وصورت کے اعتبار سے سب سے زیادہ حسین وجمیل! ان کے سر کے بال شانوں تک لٹک رہے تھے، سر سے پانی ٹپک رہا تھا اور دونوں ہاتھ دو آدمیوں کے شانوں پر رکھے ہوئے وہ بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے، میں نے پوچھا کہ یہ کون صاحب ہیں؟ تو فرشتوں نے بتایا کہ آپ مسیح بن مریم ہیں اس کے بعد میں نے ایک شخص کو دیکھا سخت اور مڑے ہوئے بالوں والا اور داہنی آنکھ سے کانا تھا، اسے میں نے ابن قطن سے سب سے زیادہ شکل وصورت میں ملتا ہوا پایا، وہ بھی ایک شخص کے شانوں پر اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا، میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ فرشتوں نے بتایا کہ دجال ہے اس روایت کی متابعت عبداللہ نے نافع کے واسطہ سے کی۔

(۶۶۱) حَدَّثَنَا احمدُ بنَ محمدٍ المكيُّ قال سمعتُ ابراهيمَ بنَ سعدٍ قال حَدَّثَنِي الزهريُّ عن سالمٍ عن ابيه قال لاوَاللّٰهِ ماقال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لعيسى أَحْمَرَ ولكن قَالَ بَيْنَمَا أَنَانَائِمٌ أَطُوفُ بِالكَعْبَةِ فَإِذَا رَجُلٌ آدَمُ سَبْطُ الشَّعْرِ يُهَادَى بَيْنَ رَجُلَيْنِ يَنْطُفُ رَأسُه، مَاءً أَوْيُهْرَاقُ رَأْسُه، مَاءً فَقُلْتُ من هٰذَا قَالُوا ابْنُ مَرْيَمَ فَذَهَبْتُ أَلْتَفِتُ فَإِذَا رَجُلٌ أَحْمَرُ جَسِيْمٌ جَعْدُ الرَّأسِ أَعْوَرُ عَيْنِهِ اليُمْنٰى كَأَنَّ عَيْنَه، عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ قُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا الدَّجَّالُ وَأَقْرَبُ النَّاسِ بِهٖ شَبَهًا ابْنُ قَطَنٍ قال الزهرىُ رَجُلٌ من خزاعة هَلَكَ فِي الجَاهِلِيَّةِ

۶۶۱۔ ہم سے احمد بن محمد مکی نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابراہیم بن سعد سے سنا، کہا کہ مجھ سے زہری نے حدیث بیان کی ان سے سلام نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ ہرگز نہیں، خدا کی قسم، نبی کریم ﷺ نے عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق یہ نہیں فرمایا تھا کہ وہ سرخ تھے، بلکہ آپ نے یہ فرمایا تھا کہ میں نے خواب میں ایک مرتبہ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے اپنے کو دیکھا تھا، اس وقت مجھے ایک صاحب نظر آئے جو گندمی رنگ لٹکے ہوئے بال والے تھے، دو آدمیوں کے درمیان ان کا سہارا لئے ہوئے اور سر سے پانی صاف کر رہے تھے، میں نے پوچھا کہ آپ کون صاحب ہیں؟ تو فرشتوں نے جواب دیا کہ آپ ابن مریم علیہ السلام ہیں۔ اس پر میں نے انہیں غور سے جو دیکھا تو مجھے ایک اور شخص بھی دکھائی دیا جو سرخ موٹا سر کے بال مڑے ہوئے، اور داہنی آنکھ سے کانا تھا۔ اس کی آنکھ ایسے دکھائی دیتی تھی جیسے اٹھا ہوا انگور ہو، میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ تو فرشتوں نے بتایا کہ یہ دجال ہے اس سے شکل وصورت میں ابن قطن بہت زیادہ مشابہ تھا، زہری نے بیان کیا کہ یہ قبیلۂ خزاعہ کا ایک شخص تھا۔ جاہلیت کے زمانہ میں مرگیا تھا۔

(۶۶۲) حَدَّثَنَا أَبُوالْيَمانِ اخبرنا شعيبٌ عن الزهري قال اخبرني أَبُوسَلَمَةَ أَنَّ اباهريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه قال سمعتُ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ وَالْأَنْبِيَاءُ

۶۶۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ فرما رہے تھے کہ میں ابن مریم (عیسیٰ علیہ السلام) سے دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ قریب

اَوْلَادُ عَلَّاتٍ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَه، نَبِيٌّ

ہوں انبیاء علاتی بھائیوں کی طرح ہیں اور میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں مبعوث ہوا۔

(٦٦٣) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سنان حدثنا فُلَيْحُ بنُ سليمانَ حَدَّثَنَا هلالَ بن علي عَنْ عبدِالرحمٰنِ ابن ابى عمرةَ عن ابى هريرةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِعِيسٰى بن مَرْيَمَ فِي الدُّنياَ والْاٰخِرَةِ وَالْاَ نبِياءُ اِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ اُمَّهَا تُهُمْ شَتّٰى وَدِيْنُهُمْ وَاحِدٌ وَقَالَ اِبراهِيمُ بنُ طهمانَ عن موسٰى بنِ عقبةَ عن صفوانَ بنِ سليمٍ عن عَطَاءِ بنِ يسارٍ عن ابى هريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه قالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۶۶۳۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی ان سے فلیح بن سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے ہلال بن علی نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میں عیسیٰ بن مریم سے اور لوگوں کی بہ نسبت سب سے زیادہ قریب ہوں، دنیا میں بھی، اور آخرت میں بھی! اور انبیاء علاتی بھائیوں کی طرح ہیں۔ مسائل فروع میں اگر چہ اختلاف ہے، لیکن دین وعقیدہ سب کا ایک ہی ہے اور ابراہیم بن طہمان نے بیان کیا، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے صفوان بن سلیم نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

(٦٦٤) وَحَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عبدُالرَّزَّاقِ اخبرنا معمرٌ عن همامٍ عن ابى هريرةَ عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال رَاٰى عيسَى بْنُ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرِقُ فقال له اَسَرَقْتَ قَالَ كَلَّا وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيسٰى اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ عَيْنِي

۶۶۴۔ اور ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، عیسیٰ بن مریم علیہ السلام نے ایک شخص کو چوری کرتے ہوئے دیکھا، پھر اس سے دریافت فرمایا تم نے چوری کی؟ اس نے کہا کہ ہرگز نہیں، اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں، عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اللہ پر ایمان لایا اور میری آنکھوں کو دھوکا ہوا۔

(٦٦٥) حَدَّثَنَا الحميديُ حدثنا سفيانُ قال سمعتُ الزهريَ يقول اخبرني عبيدُاللّٰهِ بنُ عبدِاللّٰهِ عن ابنِ عباسٍ سَمِعَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يقول على المنبر سمعتُ النبيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول لَاتُطْرُونِي كَمَا اَطْرَتِ النصارى عِيسَى بنَ مَرْيَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُه، فَقُولُوا عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُولُه،

۶۶۵۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے زہری سے سنا وہ بیان کرتے تھے کہ مجھے عبیداللہ بن عبداللہ نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، انہوں نے عمر رضی اللہ عنہ کو منبر پر یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ مجھے میرے مرتبے سے زیادہ نہ بڑھاؤ جیسے عیسیٰ بن مریم کو نصاریٰ نے ان کے مرتبے سے زیادہ بڑھا دیا ہے میں تو صرف اللہ کا بندہ ہوں اس لئے یہی کہا کرو (میرے متعلق) کہ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول۔

(٦٦٦) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ مقاتلٍ اخبرنا عبدُاللّٰه اخبرني صالحُ بنُ حَيٍّ اَنَّ رجلًا من اَهْلِ خُراسانَ قالَ للشعبيِ فقال الشعبي اخبرني اَبُوبُردةَ عن

۶۶۶۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں صالح بن حی نے خبر دی کہ خراسان کے ایک شخص نے شعبی سے پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ مجھے ابو بردہ نے خبر دی اور ان سے

ابی مُوسَی الاشعری رضی اللّٰهُ عَنهُ قال قال رسولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَدَّبَ الرَّجُلُ اَمَته فَاَحسَنَ تادِیبَهَا وَعَلَّمَهَا فَاَحسَنَ تَعلِیمَهَا ثُمَّ اَعْتَقَهَا فتَزَ وَّجهَاکَانَ لَه' اَجرَان وَاِذَا اٰمَنَ بِعِیسٰی ثُمَّ آمَنَ بِی فَلَه' اَجرَانِ وَالعَبدُ اِذَا اتَّقٰی رَبَّه' وَاَطَاعَ مَوَالِیَه فَلَه' اَجرَانِ

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اگر کوئی شخص اپنی باندی کی نہایت عمدہ طریقے پر تربیت کرے اور تمام رعایتوں کے ساتھ اسے تعلیم دے پھر اسے آزاد کر کے اس سے نکاح کرے تو اسے دہرا اجر ملتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص جو پہلے سے عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان رکھتا تھا، پھر مجھ پر ایمان لایا تو اسے بھی دہرا اجر ملتا ہے اور غلام جو اپنے رب کا بھی تقویٰ رکھتا ہے اور اپنے آقا کی بھی اطاعت کرتا ہے تو اسے بھی دہرا اجر ملتا ہے۔

(۶۶۷) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا سفیانُ عن المغیرةِ بنِ النعمانِ عن سعیدِ بنِ جبیرٍ عن ابنِ عباسٍ رضی اللّٰهُ عنهما قال قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ تُحشَرُونَ حُفَاةً عُرَاةً غُرلاً ثُمَّ قَرَا کَمَا بَدَأنَا اَوَّلَ خَلقٍ نُّعِیدُه' وَعدًا عَلَینَا اِنَّا کُنَّا فَاعِلِینَ فَاَوَّلُ مَن یُّکسٰی اِبرَاهِیمُ ثُمَّ یُؤخَذُ بِرِجَالٍ مِن اَصحَابِی ذَاتَ الیَمِینَ وَذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُولُ اَصحَابِی فَیُقَالُ اِنَّهُم لَم یَزَالُوا مُرتَدِّینَ عَلٰی اَعقَابِهِم مُنذُ فَارَقتَهُم فَاَقُولُ کَمَا قَالَ العَبدُ الصَّالِحُ عِیسَی بنُ مَریَمَ وَکُنتُ عَلَیهِم شَهِیدًا مَادُمتُ فِیهِم فَلَمَّا تَوَ فَّیتَنِی کُنتَ اَنتَ الرَّقِیبَ عَلَیهِم وَاَنتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ شَهِیدٌ اِلٰی قَولِهِ العَزِیزُ الحَکِیمُ قَالَ محمدُ بنُ یوسفَ ذُکِرَ عن ابی عبدِاللّٰه عن قَبِیصَةَ قَالَ هُمُ المُرتَدُّونَ الَّذِینَ ارتَدُّوا عَلٰی عَهدِ اَبِی بَکرٍ فَقَاتَلَهُم ابوبکرٍ رضی اللّٰه عنه

۶۶۷۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے مغیرہ بن نعمان نے، انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، (قیامت کے دن) تم لوگ ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنے کے اٹھائے جاؤ گے۔ پھر آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی، جس طرح ہم نے انہیں پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اسی طرح ہم دوبارہ لوٹائیں گے، یہ ہماری جانب سے وعدہ ہے اور بے شک ہم اسے کرنے والے ہیں، پھر سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کپڑا پہنایا جائے گا۔ پھر میرے اصحاب کو دائیں (جنت کی) طرف لے جایا جائے گا لیکن کچھ کو بائیں (دوزخ کی) جانب لے جایا جائے گا، میں کہوں گا کہ یہ تو میرے اصحاب ہیں، لیکن مجھے بتایا جائے گا کہ جب آپ ان سے جدا ہوئے اسی وقت انہوں نے ارتداد اختیار کر لیا تھا میں اس وقت وہی کہوں گا جو عبد صالح عیسیٰ بن مریم نے کہا تھا، کہ جب تک میں ان میں موجود تھا ان کی نگرانی کرتا رہا لیکن جب آپ نے مجھے اٹھا لیا تو آپ ہی ان کے نگہبان ہیں، اور آپ ہر چیز پر نگہبان ہیں'' ارشاد ''العزیز الحکیم تک'' محمد بن یوسف نے بیان کیا کہ ابوعبداللہ سے روایت ہے اور ان سے قبیصہ نے بیان کیا کہ یہ وہ مرتدین ہیں جنہوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ارتداد اختیار کیا تھا اور جن سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جنگ کی تھی۔

باب ۳۴۹. نزولِ عیسَی بنِ مریمَ عَلَیهِ السَّلَامُ

۳۴۹۔ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کا نزول۔

(۶۶۸) حَدَّثَنَا اسحاقُ اخبرنا یعقوبُ بنُ ابراهیمَ حدثنا ابی عن صالحٍ عن ابنِ شهابٍ اَنَّ سعیدَ بنَ

۶۶۸۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں یعقوب بن ابراہیم نے خبر دی ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے صالح نے

مسیب سَمِعَ اَبَاھریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِہٖ لَیُوشِکَنَّ اَنْ یَنْزِلَ فِیْکُمُ ابْنُ مَرْیَمَ حَکَمًا عَدْلًا فَیَکْسِرُ الصَّلِیْبَ وَیَقْتُلُ الخنزیرَ وَیَضَعُ الجِزیَۃَ وَیَفِیْضُ المَالُ حتی لَا یَقْبَلَہٗ اَحَدٌ حَتّٰی تَکُونَ السَّجْدَۃُ الوَاحِدَۃُ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا ثُمَّ یقول ابوھریرۃَ وَاقْرَءُ وااِنْ شِئْتُمْ وَاِنْ مِنْ اَھْلِ الکِتَابِ اِلَّا لَیُؤْمِنَنَّ بِہٖ قَبْلَ مَوْتِہٖ وَیَوْمَ الْقِیَامَۃِ یَکُونُ عَلَیْھِمْ شَھِیْدًا

ان سے ابن شہاب نے ان سے سعید بن مسیب نے اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے وہ زمانہ قریب ہے کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام تمہارے درمیان ایک عادل حاکم کی حیثیت سے نزول کریں گے وہ صلیب کو توڑ دیں گے، سور کو مار ڈالیں گے اور جزیہ قبول نہیں کریں گے اس وقت مال و دولت کی اتنی کثرت ہو جائے گی کہ کوئی اسے لینے والا نہیں ملے گا اور ایک سجدہ دنیا اور مافیہا سے بڑھ کر ہوگا، پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو۔" اور کوئی اہل کتاب ایسا نہیں ہوگا جو عیسیٰ علیہ السلام کی وفات سے پہلے ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن وہ ان پر گواہ ہوں گے۔

(۶۶۹) حَدَّثَنَا ابنُ بکیرٍ حدثنا اللیثُ عن یونسَ عن ابنِ شھابٍ عن نافعٍ مولٰی ابی قتادَۃَ الانصاری اَنَّ اباھریرۃَ قال قال رَسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ بْنُ مَرْیَمَ فِیْکُمْ وَاِمَامُکُمْ مِنْکُمْ تابعہٗ عُقَیْلٌ والاوزاعیُّ

۶۶۹۔ ہم سے ابن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے ان سے ابن شہاب نے ان سے ابو قتادہ انصاری رضی اللہ عنہ کے مولا نافع نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب ابن مریم تم میں اتریں گے (تم نماز پڑھ رہے ہوگے) اور تمہارا امام تمہیں میں سے ہوگا اس روایت کی متابعت عقیل اور اوزاعی نے کی ہے۔

باب ۳۵۰. ماذکر عَنْ بَنِی اِسْرَائیلَ

۳۵۰۔ بنی اسرائیل کے واقعات کا تذکرہ۔

(۶۷۰) حَدَّثَنَا موسَی بنُ اسماعیلَ حَدَّثَنَا ابوعَوانَۃَ حَدَّثَنَا عبدُالملک عن رِبْعِیّ بن حِرَاشٍ قَالَ قَالَ عُقْبَۃُ بن عمرٍو لِحُذَیْفَۃَ اَلاَ تُحَدِّثُنَا مَا سَمِعتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّی سَمِعْتُہٗ یَقُولُ اِنَّ مَعَ الدَّجَّالِ اِذَا خَرَجَ مَاءً وَنَارًا فَاَمَّا الَّذِیْ یَرَی النَّاسُ اَنَّھَا النَّارُ فَمَاءٌ بَارِدٌ وَاَمَّا الَّذِیْ یَرَی النَّاسُ اَنَّہٗ مَاءٌ بَارِدٌ فَنَارٌ تُحْرِقُ فَمَنْ اَدْرَکَ مِنْکُمْ فَلْیَقَعْ فِی الَّذِیْ یَرٰی اَنَّھَا نَارٌ فَاِنَّہٗ عَذْبٌ بَارِدٌ قَالَ حذیفۃُ وسمعتُہ یقول اِنَّ رَجُلًا کَانَ فِیمَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ اَتَاہُ الْمَلَکُ لِیَقْبِضَ رُوحَہٗ فَقِیْلَ لَہٗ ھَلْ عَلِمْتَ مِنْ خَیْرٍ قَالَ مَااَعْلَمُ قِیْلَ لَہٗ اُنْظُرْ قَالَ مَااَعْلَمُ شَیْئًا غَیْرَ اَنِّی کُنْتُ اُبَایِعُ النَّاسَ فِی الدُّنْیَا وَاُجَازِیْھِمْ فَاُنْظِرُ الْمُوْسِرَ وَاَتَجَاوَزُ

۶۷۰۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابو عوانہ نے حدیث بیان کی ان سے ربعی بن حراش نے بیان کیا کہ عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا کیا آپ وہ حدیث ہم سے نہیں بیان کریں گے جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے آنحضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ جب دجال نکلے گا تو اس کے ساتھ آگ اور پانی دونوں ہوں گے لیکن جو لوگوں کو آگ دکھائی دے گی وہ ٹھنڈا پانی ہوگا اور جو لوگوں کو ٹھنڈا پانی دکھائی دے گا وہ تو جلانے والی آگ ہوگی اس لئے تم میں سے جو کوئی اس زمانے میں ہو تو اسے اس میں گرنا چاہئے جو آگ دکھائی دیتی ہو کیونکہ وہ انتہائی شیریں اور ٹھنڈا پانی ہوگا، حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے آنحضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ عہد گزشتہ میں ایک شخص کے پاس ملک الموت آئے، ان کی روح قبض کرتے (اور ان کی روح قبض کی) پھر ان سے پوچھا گیا، کوئی اپنی نیکی تمہیں یاد ہے؟ انہوں نے

عَنِ الْمُعْسِرِ فَاَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَقَال وسَمِعْتُه يقول اَنَّ رَجُلاً حَضَرَهُ الْمَوْتُ فَلَمَّا يَئِسَ مِنَ الْحَيَاةِ اَوْصَى اَهْلَه اِذَا اَنَامِتُّ فَاجْمَعُوْا لِى حَطَبًا كَثِيْرًا وَاَوْقِدُوْا فِيهِ نَارًا حَتّٰى اِذَا اَكَلَتْ لَحْمِىْ وَخَلَصَتْ اِلٰى عَظْمِى فَامْتُحِشَتْ فَخُذُوْهَا فَاطْحَنوا هَاثُمَّ اَنْظُرُوْا يَوْمًا رَاحًا فَاذْرُوْهُ فِي الْيَمِّ فَفَعلُوا فَجَمَعَه فَقَالَ لَه لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَالَ من خَشْيَتِكَ فَغَفَرَ اللّٰهُ لَه قَالَ عُقْبَةُ بن عَمرٍو وَاَنَا سَمِعْتُه يَقُولُ ذَاكَ وَكَانَ نَبَّاشًا

کہا کہ مجھے تو یاد نہیں پڑتی ان سے کہا گیا کہ یاد کرو! انہوں نے کہا کہ مجھے کوئی اپنی نیکی یاد نہیں، سوا اس کے کہ میں دنیا میں لوگوں کے ساتھ خرید و فروخت کیا کرتا تھا اور لین دین کیا کرتا تھا، جو لوگ خوشحال اور مالدار ہوتے انہیں تو میں (اپنا قرض وصول کرتے وقت) مہلت دیا کرتا تھا اور تنگ دستوں کو معاف کر دیا کرتا تھا اور تنگ دستوں کو معاف کر دیا کرتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اسی پر جنت میں داخل کیا۔ اور حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ ایک شخص کی موت کا جب وقت آ گیا اور وہ اپنی زندگی سے بالکل مایوس ہو گیا تو اس نے اپنے گھر والوں کو وصیت کی کہ جب میری موت واقع ہو جائے تو میرے لئے بہت ساری لکڑیاں جمع کرنا اس میں آگ لگانا (پھر میری نعش اس میں ڈال دینا) جب آگ میرے گوشت کو جلا چکے اور آخر ہڈی کو بھی جلا دے تو ان جلی ہوئی ہڈیوں کو پیس لینا اور کسی تند ہوا والے دن کا انتظار کرنا۔ اور (ایسے کسی دن) میری راکھ کو دریا میں بہا دینا۔ اس کے گھر والوں نے ایسا ہی کیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی راکھ کو جمع کیا اور اس سے دریافت کیا، ایسا تم نے کیوں کروایا تھا؟ اس نے جواب دیا کہ تیرے ہی خوف سے، اے اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے اس وجہ سے اس کی مغفرت فرما دی۔ عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے آنحضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ یہ شخص کفن چور تھا۔

(۶۷۱) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اخبرنا عبدُاللّٰهِ اخبرني مَعْمَرٌو يُونُس عن الزهرِي قال اَخبَرَنِى عُبَيْدُاللّٰهِ بنُ عبدِاللّٰه اَنَّ عَائشة وابنَ عباسٍ رضى اللّٰه عَنهُمْ قَالَا لَمَّا نُزِلَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَفِقَ يَطْرَح خَمِيْصَةً عَلٰى وَجْهِهٖ فَاِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَجهِهٖ فَقَالَ وَهُوَ كَذٰلِكَ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُودِ وَالنَّصَارىٰ اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا

۶۷۱۔ مجھ سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں معمر اور یونس نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبید اللہ بن عبداللہ نے خبر دی کہ عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا، جب رسول اللہ ﷺ پر نزع کی کیفیت طاری ہوئی تو آنحضور ﷺ اپنی چادر چہرہ مبارک پر بار بار ڈال لیتے تھے پھر جب شدت بڑھتی تو اسے ہٹا دیتے آنحضور ﷺ نے اسی حالت میں فرمایا تھا اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو یہود و نصاریٰ پر کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا تھا، آنحضور ﷺ (اس شدید وقت میں بھی ان کی گمراہی کا ذکر کر کے اپنی امت کو) ان کے کئے سے ڈرانا چاہتے تھے۔

(۶۷۲) حَدَّثَنِى مُحَمَّدُ بْنُ بشارٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ جعفرٍ حَدَّثَنَا شعبةُ عن فُرَاتٍ القَزازِ قال سمعتُ اباحازمٍ قال قَاعَدْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ خَمسَ سِنِيْنَ

۶۷۲۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے فرات قزار نے بیان کیا انہوں نے ابوحازم سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں ...... ابو ہریرہ

...معته، یُحدّثُ عن النّبی صَلّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ... کانَتْ بَنُو اسرائیلَ تَسُوسُهُمُ الا نبیاءُ کُلَّما ...کَ نبیٌّ خلَفَه، نبیٌّ وَانَّه، لا نبیَّ بَعْدِیْ وَسَیَکُونُ ...فاءُ فَیَکْثُرُوْنَ قَالُوا فَمَا تَامُرُنَا قَالَ فُوابِبَیْعَةِ ...ولِ فَالْاَوَّلِ اَعْطُوْهُمْ حَقَّهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ سَائِلُهُمْ ...ما اسْتَرْعَاهُمْ

رضی اللہ عنہ کی مجلس میں پانچ سال تک بیٹھا ہوں میں نے انہیں رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث بیان کرتے سنا کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا، بنی اسرائیل کے انبیاء ان کی سیاسی راہنمائی بھی کیا کرتے تھے جب بھی ان کے کوئی نبی ہلاک ہو جاتے تو دوسرے ان کی قائم مقامی کے لئے موجود ہوتے، لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا البتہ خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے، صحابہؓ نے عرض کیا کہ ان کے متعلق آپ کا ہمیں کیا حکم ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سب سے پہلے جس سے بیعت کرلو، بس اسی کی وفاداری کو لازم جانو اور ان کا جو حق ہے اس کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ ان سے قیامت کے دن ان کی رعایا کے بارے میں سوال کرے گا (کہ انہیں جو فرض سونپا گیا تھا اس سے کس طرح وہ عہدہ برآ ہوئے۔)

(۶۷۳) حَدَّثَنَا سعیدُ بنُ ابی مَرْیَمَ حَدَّثَنَا ...غَسَّانَ قال حَدَّثَنِی زَیْدُ بنُ اسلمَ عن عطاءِ بنِ ...یسارٍ عن ابی سعیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبیَّ صَلَّی ...اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قَالَ لَتَتَّبِعُنَّ سنَنَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ شِبْرًا ...بِشِبرٍ وَذِرَاعًا بذِرَاعٍ حَتّی لَوْسَلَکُوْا جُحْرَ ضَبٍّ ...سَلَکْتُمُوهُ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی ...قَالَ فَمَنْ

۶۷۳۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی ان سے ابو غسان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زید بن اسلم نے حدیث بیان کی ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم لوگ پہلی امتوں کی قدم بہ قدم پیروی کرو گے، یہاں تک کہ اگر وہ لوگ کسی گوہ کے سوراخ میں داخل ہوئے ہوں گے تو تم بھی داخل ہو گے، ہم نے پوچھا، یارسول اللہ! کیا آپ کی مراد پہلی امتوں سے یہود و نصاریٰ ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر اور کون ہو سکتا ہے۔

(۶۷۴) حدثنا عمرانُ بنُ مَیْسَرَةَ حدثنا ...عبدُالوَارث حدثنا خالدٌ عن ابی قلابَةَ عن انسٍ ...رضی اللّٰه عنه قال ذَکَرُوا النارَ والناقوسَ فَذَکَرُوا ...الیهودَ والنصارٰی فأُمِرَ بلالٌ اَنْ یَشْفَعَ الاذَانَ وَاَنْ ...یُوتِرَ الاقامةَ

۶۷۴۔ ہم سے عمران بن میسرہ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی ان سے خالد نے حدیث بیان کی ان سے ابو قلابہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (نماز کے لئے اعلان کے طریقے پر بحث کرتے وقت) صحابہ نے آگ اور ناقوس کا ذکر کیا لیکن بعض حضرات نے کہا کہ یہ تو یہود اور نصاریٰ کا طریقہ ہے۔ آخر بلال رضی اللہ عنہ کو حکم ہوا کہ اذان میں (کلمات) دو دو دفعہ کہیں اور اقامت میں ایک ایک دفعہ۔

(۶۷۵) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ یوسفَ حدثنا سفیانُ ...عنِ الاعمشِ عن ابی الضُحٰی عن مسروقٍ عن ...عائشةَ رضی اللّٰهُ عنها کَانَتْ تَکْرَهُ ان یَجعلَ یَدَه، ...فی خاصِرتِهٖ وَتقولُ اِنَّ الْیَهُوْدَ تَفْعَلُه، تابعه شُعْبَةُ ...عنِ الْاَعْمَشِ

۶۷۵۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کوکھ پر ہاتھ رکھنے کو ناپسند کرتی تھیں، اور فرماتی تھیں کہ اس طرح یہود کرتے ہیں۔ اس روایت کی متابعت شعبہ نے اعمش کے واسطہ سے کی۔

(۶۷۶) حَدَّثَنَا قتیبةُ بنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا لَیْثٌ عَن نافعٍ

۶۷۶۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے

عن ابنِ عمرَ رضي الله عنهما عن رسولِ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَجَلُكُمْ فِي اَجَلِ من خَلا مِنَ الْاُمَمِ مَابَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى مَغْرِبِ الشَّمْسِ وَاِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارىٰ كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا فَقَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِي اِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ اِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَن يَعْمَلُ لِي مِنْ نِصفِ النَّهَارِ اِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيرَاطٍ قِيْرَاطٍ فَعَمِلَتِ النَّصَارىٰ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلَى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ ثُمَّ قَالَ مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى مَغرِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَين قِيْرَاطَين اَلَا فَاَنْتُمُ الَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى مَغْرِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قيرَاطَيْنِ قيرَاطَيْنِ اَلَا لَكُمُ الْاَجْرُ مَرَّتَيْنِ فَغَضِبَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارىٰ فَقَالُوا نَحْنُ اَكْثَرُ عَمَلًا وَاَقَلُّ عَطَاءً قَالَ اللّٰهُ هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا قَالُوا لَاقَالَ فَاِنَّهٗ فَضْلِيْ اُعْطِيْهِ مَنْ شِئْتُ

حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اوران سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہارا زمانہ پچھلی امتوں کے مقابلے میں ایسا ہے جیسے عصر سے مغرب تک کا وقت (بقیہ دن کے مقابلے میں) تمہاری مثال یہود ونصاریٰ کے ساتھ ایسی ہے، جیسے کسی شخص نے کچھ مزدور رکھے اور کہا کہ میرا کام آدھے دن پر کون ایک ایک قیراط کی مزدوری پر کرے گا یہود نے آدھے دن تک ایک ایک قیراط کی مزدوری پر کام کرنا طے کرلیا پھر ایک شخص نے کہا کہ آدھے دن سے عصر کی نماز تک میرا کام کون شخص ایک ایک قراط کی مزدوری پر کرے گا۔ اب نصاریٰ ایک ایک قراط کی مزدوری پر آدھے دن سے عصر کے وقت تک مزدوری کرنے پر تیار ہو گئے پھر اس شخص نے کہا کہ عصر کی نماز سے سورج ڈوبنے تک دو دو قیراط پر کون شخص میرا کام کرے گا؟ تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ وہ تمہیں لوگ ہو جو دو دو قیراط کی مزدوری پر عصر سے سورج ڈوبنے تک کام کرو گے، تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ تمہاری مزدوری دگنی ہے۔ یہود ونصاریٰ اس فیصلہ پر غصہ ہو گئے اور کہنے لگے کام تو ہم زیادہ کریں اور مزدوری ہمیں کم ملے۔ اللہ تعالیٰ نے ان سے دریافت فرمایا، کیا میں نے تمہیں تمہارا حق دینے میں کوئی کمی کی ہے؟ انہوں نے کہا کہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پھر یہ میرا فضل ہے میں جسے چاہوں دوں۔

(٦٧٧) حَدَّثَنَا عَلِي بن عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفيانُ عن عمرٍو عن طاؤسٍ عن ابن عباسٍ قال سمعتُ عمرَ رضي الله عنه يقول قَاتَلَ اللّٰهُ فُلَا نًا اَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُودَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُومُ فَجَمَلُوهَا فَبَاعُوْهَا تابعه جابرٌ وابوهريرةَ عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۶۷۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے طاؤس نے، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ فلاں کو غارت کرے۔ کیا انہیں معلوم نہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا، یہود پر اللہ کی لعنت ہو، ان کے لئے چربی حرام ہوئی تو انہوں نے اسے پگھلا کر بیچنا شروع کر دیا، اس روایت کی متابعت جابر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کی۔

(٦٧٨) حَدَّثَنَا ابُوعاصمٍ الضحاكُ بنُ مُخلَّدٍ اخبرنا الاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا حسانُ بنُ عطيةَ عَنْ ابي كَبْشَةَ عَنْ عبدِاللّٰه بنِ عمرٍو اَنَّ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ اٰيَةً وَحَدِّثُوا عَنْ بني اِسْرائيلَ وَلاَ حَرَجَ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ

۶۷۸۔ ہم سے ابو عاصم ضحاک بن مخلد نے حدیث بیان کی انہیں اوزاعی نے خبر دی، ان سے حسان بن عطیہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو کبشہ نے اوران سے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میرا پیغام لوگوں کو پہنچاؤ، اگرچہ ایک آیت ہی ہو سکے اور بنی اسرائیل کے واقعات تم بیان کر سکتے ہو اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اور جس نے مجھ پر قصداً جھوٹ باندھا تو اسے اپنے جہنم کے ٹھکانے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

...٦٧) حَدَّثَنَا عبدُالعزيزِ بنُ عبدِاللّٰه قَالَ حَدَّثَنِي ...اهِيمُ بنُ سعدٍ عن صالحٍ عن ابنِ شهَابٍ قَالَ ...ي اَبُوسَلَمَةَ بنُ عبدِالرحمٰنِ ان اباهريرةَ رَضِيَ ...ه عنه قال اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ...نَ اِنَّ اليَهُودَ وَالنَّصارىٰ لَايَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوهُمْ

٦٧٩۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا ان سے ابوسلمہ نے بیان کیا اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، یہود و نصاریٰ (داڑھی وغیرہ میں) خضاب نہیں دیتے تم لوگ اس کے خلاف طریقہ اختیار کرو (یعنی خضاب دیا کرو۔)

...٦٨) حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنِي حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا ...يرٌ عن الحسن حَدَّثَنا جُنْدَبُ بنُ عبدِاللّٰه في ...ا المَسْجد ومانَسِيْنَا مُنْذُ حَدَّثَنَا وما نَخْشٰى ان ...ون جندبٌ كَذَبَ عَلىٰ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ ...يْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ بِهٖ جُرحٌ ...جزع فاخذ سِكِّيْنًا فَحَزَّ بِهَا يَدَهُ فَمَا رَقَأَ الدَّمُ ...ى مَاتَ قَالَ اللّٰهُ تَعالىٰ بَادَرَنِيْ عَبْدِيْ بنفسه ...تُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

٦٨٠۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے حجاج نے حدیث بیان کی ان سے جریر نے حدیث بیان کی ان سے حسن نے اور ان سے جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسی مسجد میں حدیث بیان کی (حسن نے کہا کہ) انہوں نے جب ہم سے حدیث بیان کی ہم اسے بھولے نہیں (بلکہ برابر حفظ و مذاکرہ کرتے رہے) اور نہ ہمیں اس کا اندیشہ ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف اس حدیث کی نسبت غلط کی ہوگی، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، پچھلے زمانہ میں ایک شخص (کے ہاتھ میں) زخم ہوگیا تھا اور اسے اس سے بڑی تکلیف تھی آخر اس نے چھری سے اپنا ہاتھ کاٹ لیا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خون مسلسل بہنے لگا، اور اسی سے وہ مر گیا پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے بندے نے خود میرے پاس آنے والی عجلت کی اس لئے میں نے بھی جنت اس پر حرام کر دی۔

...ب ۳۵۱. حديث ابرصَ واعمىٰ واقرعَ فِي بني ...رائيل

۳۵۱۔ بنی اسرائیل کے ابرص، نابینا اور گنجے کا واقعہ۔

...٦٨) حَدَّثَنَا احمدُ بنُ اسحاقَ حَدَّثَنَا عمرُو بنُ ...صمٍ حدثنا همامٌ حدثنا اسحاقُ بنُ عبدِاللّٰه قَالَ ...دَّثَنِي عبدُالرَّحمٰنِ بنُ ابي عمرةَ اَنَّ اباهريرةَ ...دَّثَه' اَنَّه' سَمِعَ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ...دثني محمد حدثنا عبدُاللّٰهِ بنُ رجاءٍ اخبرنا ...امٌ عن اسحاقَ بن عبدِاللّٰه قال اخبرني ...دُالرحمٰنِ ابنُ ابي عمرةَ اَنَّ اباهريرةَ رضي اللّٰهُ ...، حَدَّثَهٗ انه سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ ...لَّمَ يقول اِنَّ ثَلٰثَةً فِي بَنِي اِسرَائِيْلَ اَبْرَصَ ...رَعَ واعمىٰ بَدَا لِلّٰهِ اَنْ يَبْتَلِيَهُمْ فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ ...كا فَاَتَى الْاَبرَصَ فَقَالَ اَيُّ شَيْءٍ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ

٦٨١۔ مجھ سے احمد بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن عاصم نے حدیث بیان کی ان سے ہمام نے حدیث بیان کی ان سے اسحاق بن عبداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے عبدالرحمٰن بن ابی حمزہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ اور مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی انہیں ہمام نے خبر دی ان سے اسحاق بن عبداللہ نے بیان کیا، انہیں عبدالرحمٰن ابی عمرہ نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل میں تین شخص تھے، ایک ابرص، دوسرا اندھا اور تیسرا گنجا، اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ ان کا امتحان لے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس ایک فرشتہ بھیجا، فرشتہ پہلے ابرص کے

لَوْنٌ حَسَنٌ وَجِلْدٌ حَسَنٌ قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ
فَمَسَحَه‘ فَذَهَبَ عَنْهُ فَاُعْطِیَ لَوْنًا حَسَنًا وَجِلْدًا
حَسَنًا فَقَالَ اَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ الْاِبِلُ
اَوْقَالَ الْبَقَرُ هُوَشَکَّ فِی ذٰلِکَ اَنَّ الْاَبْرَصَ
وَالْاَقْرَعَ قَالَ اَحَدُهُمَا الْاِبِلُ وَقَالَ الْاٰخَرُ الْبَقَرُ
فَاُعْطِیَ نَاقَةً عُشَرَاءَ فَقَالَ یُبَارِکُ لَکَ فِیْهَا وَاَتَی
الْاَقْرَعَ فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ شَعْرٌحَسَنٌ
وَیَذْهَبُ عَنِّی هٰذَا قَدْ قَذِرَنِی النَّاسُ قَالَ فَمَسَحَه‘
فَذَهَبَ وَاُعْطِیَ شَعْرًا حَسَنًا قَالَ فَاَیُّ الْمَالِ اَحَبُّ
اِلَیْکَ قَالَ الْبَقَرُ قَالَ فَاَعْطَاهُ بَقَرَةً حَامِلًا وَقَالَ
یُبَارَکُ لَکَ فِیْهَا وَاَتَی الْاَعْمٰی فَقَالَ اَیُّ شَیْءٍ
اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ یَرُدُّاللّٰهُ اِلَیَّ بَصَرِیْ فَاُبْصِرُ بِهِ
النَّاسَ قَالَ فَمَسَحَه‘ فَرَدَّاللّٰهُ اِلَیْهِ بَصَرَه‘ قَالَ فَاَیُّ
الْمَالِ اَحَبُّ اِلَیْکَ قَالَ الْغَنَمُ فَاَعْطَاهُ شَاةً وَالِدًا
فَاُنْتِجَ هٰذَانِ وَوَلَّدَ هٰذَا فَکَانَ لِهٰذَا وَادٍ مِنْ اِبِلٍ
وَلِهٰذَا وَادٍ مِنْ بَقَرٍ وَلِهٰذَا وَادٍ مِنَ الْغَنَمِ ثُمَّ اِنَّه‘ اَتَی
الْاَبْرَصَ فِیْ صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ
تَقَطَّعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ سَفَرِیْ فَلَا بَلَاغَ الْیَوْمَ اِلَّا
بِاللّٰهِ ثُمَّ بِکَ اَسْئَالُکَ بِالَّذِیْ اَعْطَاکَ اللَّوْنَ
الْحَسَنَ وَالْمَالَ بَعِیْرًا اَتَبَلَّغُ عَلَیْهِ فِیْ سَفَرِیْ فَقَالَ
لَه‘ اِنَّ الْحُقُوْقَ کَثِیْرَةٌ فَقَالَ لَه‘ کَاَنِّیْ اَعْرِفُکَ اَلَمْ
تَکُنْ اَبْرَصَ یَقْذَرُکَ النَّاسُ فَقِیْرًا فَاَعْطَاکَ اللّٰهُ
فَقَالَ لَقَدْ وَرِثْتُ لِکَابِرٍ عَنْ کَابِرٍ فَقَالَ اِنْ کُنْتَ
کَاذِبًا فَصَیَّرَکَ اللّٰهُ اِلٰی مَاکُنْتَ وَاَتَی الْاَقْرَعَ فِیْ
صُوْرَتِهٖ وَهَیْئَتِهٖ فَقَالَ لَه‘ مِثْلَ مَاقَالَ لِهٰذَا فَرَدَّ عَلَیْهِ
مِثْلَ مَارَدَّ عَلَیْهِ هٰذَا فَقَالَ اِنْ کُنْتَ کَاذِبًا فَصَیَّرَکَ
اللّٰهُ اِلٰی مَاکُنْتَ وَاَتَی الْاَعْمٰی فِیْ صُوْرَتِهٖ فَقَالَ
رَجُلٌ مِسْکِیْنٌ وَابْنُ سَبِیْلٍ وَتَقَطَّعَتْ بِیَ الْحِبَالُ فِیْ
سَفَرِیْ فَلَا بَلَاغَ الْیَوْمَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ بِکَ اَسْئَالُکَ
بِالَّذِیْ رَدَّ عَلَیْکَ بَصَرَکَ شَاةً اَتَبَلَّغُ بِهَا فِیْ

پاس آیا، اور اس سے پہلے پوچھا، تمہیں سب سے زیادہ کیا چیز پسند
اس نے جواب دیا کہ اچھا رنگ اور اچھی جلد، کیونکہ (ابرص ہونے کی
سے) مجھ سے لوگ پرہیز کرتے ہیں۔ بیان کیا کہ فرشتے نے اس پر
ہاتھ پھیرا تو اس کی بیماری جاتی رہی اور اس کا رنگ بھی خوبصورت ہو
اور جلد بھی اچھی ہوگئی فرشتے نے پوچھا کس طرح کا مال تم زیادہ پ
کرتے ہو؟ اس نے کہا کہ اونٹ یا اس نے گائے کو کہا اسحاق بن عبداللّٰ
اس سلسلے میں شک تھا کہ ابرص اور گنجے، دونوں میں ایک نے اونٹ
خواہش کی تھی اور دوسرے نے گائے کی۔ (اس کی تعیین کے سلسلے
شک تھا) چنانچہ اسے حاملہ اونٹنی دی گئی اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں ا
میں برکت دے گا، پھر فرشتہ گنجے کے پاس آیا، اور اس سے پوچھا
تمہیں کیا چیز پسند ہے؟ اس نے کہا کہ عمدہ بال، اور موجودہ عیب میرا
ہو جائے، کیونکہ لوگ اس کی وجہ سے مجھ سے پرہیز کرتے ہیں، بیان
کہ فرشتہ نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اس کا عیب جاتا رہا، اور اس
بجائے عمدہ بال آگئے۔ فرشتے نے پوچھا، کس طرح کا مال پسند کرو
اس نے کہا کہ گائے! بیان کیا کہ فرشتہ نے اسے گائے حاملہ دے دی
کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اس میں برکت دے گا، پھر اندھے کے پاس فر
آیا، اور کہا کہ تمہیں کیا چیز پسند ہے؟ اس نے کہا...... کہ اللہ تعالیٰ
بصارت دے دے تاکہ میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔ بیان کیا کہ فرشتے
ہاتھ پھیرا اور اللہ تعالیٰ نے اس کی بصارت اسے واپس کردی پھر پوچھا
کس طرح کا مال تم پسند کرو گے؟ اس نے کہا کہ بکریاں! فرشتے
اسے حاملہ بکری دے دی پھر تینوں جانوروں کے بچے پیدا ہوئے (
کچھ دنوں بعد ان میں اتنی برکت ہوئی) ابرص کے اونٹوں سے اس
وادی بھر گئی، گنجے کے گائے بیل سے اس کی وادی بھر گئی اور اندھے
بکریوں سے اس کی وادی بھر گئی، پھر دوبارہ فرشتہ اپنی اسی پہلی ہیئ
وصورت میں ابرص کے یہاں آیا اور کہا کہ میں ایک نہایت مسکین آ
ہوں، سفر کا تمام سامان واسباب ختم ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ کے سوا اور
سے مقصد بر آری کی توقع نہیں، لیکن میں تم سے اسی ذات کا وا
دے کر جس نے تمہیں اچھا رنگ اور اچھی جلد اور مال عطا کیا، ایک اون
کا سوال کرتا ہوں جس سے سفر کی ضروریات پوری کرسکوں اس
فرشتے سے کہا کہ حقوق اور بہت سے ہیں (تمہارے لئے گنجائش نہیں

سَفَرِیْ فَقَالَ قَدْ كُنْتُ اَعْمٰی فَرَدَّاللّٰهُ بَصَرِیْ وَفَقِيْرًا فَقَدْاَ غْنَانِیْ فَخُذْمَاشِئْتَ فَوَاللّٰهِ لَااَجْهَدُكَ الْيَوْمَ بِشَیْءٍ اَخَذْتَه، لِلّٰهِ فَقَالَ اَمْسِکْ مَالَکَ فَاِنَّمَا ابْتُلِيْتُمْ فَقَدْ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْکَ وَسَخِطَ عَلٰى صَاحِبَيْکَ

فرشتے نے کہا، غالباً میں تمہیں پہچانتا ہوں، کیا تمہیں برص کی بیماری نہیں تھی جس کی وجہ سے لوگ تم سے گھن کیا کرتے تھے، ایک فقیر اور قلاش! پھر تمہیں اللہ تعالیٰ نے یہ چیزیں عطا کیں؟ اس نے کہا کہ یہ ساری دولت تو پشتہا پشت سے چلی آرہی ہے، فرشتے نے کہا کہ اگر تم جھوٹے ہو تو اللہ تعالیٰ تم کو اپنی پہلی حالت پر لوٹا دے پھر فرشتہ گنجے کے پاس اپنی پہلی اس ہیئت وصورت میں آیا اور اس سے وہی درخواست کی اس نے بھی وہی ابرص والا جواب دیا، فرشتہ نے کہا اگر تم جھوٹے ہو تو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی پہلی حالت پر لوٹا دے اس کے بعد فرشتہ اندھے کے پاس آیا اور اپنی اسی پہلی صورت میں! اور کہا کہ میں ایک مسکین آدمی ہوں، سفر کے تمام اسباب ووسائل ختم ہو چکے ہیں اور سوا اللہ تعالیٰ کے کسی سے مقصد برآری کی توقع نہیں، میں تم سے، اس ذات کا واسطہ دے کر جس نے تمہیں تمہاری بصارت دی ایک بکری مانگتا ہوں جس سے اپنے سفر کی ضروریات پوری کرسکوں۔ اندھے نے جواب دیا کہ واقعی میں اندھا تھا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بصارت عطا فرمائی اور واقعی میں فقیر ومفلس تھا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے مالدار بنایا، تم جتنی بکریاں چاہو لے سکتے ہو۔ بخدا جب تم نے خدا کا واسطہ دیا ہے تو جتنا بھی تمہارا جی چاہے لے لو، میں تمہیں ہرگز نہیں روک سکتا، فرشتہ نے کہا تم اپنا مال اپنے پاس رکھو، یہ تو صرف امتحان تھا، اور اللہ تعالیٰ تم سے راضی اور خوش ہے اور تمہارے دونوں ساتھیوں سے ناراض۔

باب ۳۵۲. اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ، الكهف الفتح فی الْجَبَلِ والرقيمُ الكتاب مَرْقُوْمٌ مَكْتُوْبٌ مِنَ الرَّقْمِ رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَلْهَمْنَا صَبْرًا شططا اِفْرَاطا الْوَصِيْدُ الفناءُ وَجَمْعُه، وَصَائِدُ وَوُصُدٌ ويقال الْوَصِيْدُالبابُ اَلْمُؤْصَدَةُ اَلْمُطْبَقَةُ اٰصَدَالْبَابَ وَاَوْصَدَ بَعَثْنَاهُمْ اَحْيَيْنَاهُمْ اَزْكٰی اَكْثَرُ رَيْعًا فَضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى اٰذَانِهِمْ فَنَامُوْا رَجْمًا بِالْغَيْبِ لَمْ يَسْتَبِنْ وَقال مجاهدٌ تَقْرِضُهُمْ تَتْرُكُهُمْ

۳۵۲۔ ''کیا تمہارا خیال ہے کہ، اصحاب کھف ورقیم'' الکھف پہاڑ میں شگاف کو کہتے ہیں اور رقیم بمعنی کتاب مرقوم بمعنی مکتوب، رقم ہی سے مشتق ہے۔ ربطنا علی قلوبھم، یعنی ہم نے ان کے دل میں صبر ڈال دیا تھا شططا بمعنی افراطاً الوصید بمعنی فنا اس کی جمع وصائد اور وصد آتی ہے، بولتے ہیں، وصد الباب موصدة یعنی مطبقة، اسی سے اصد الباب (بمعنی اغلق!) آتا ہے اور اوصد بھی بولتے ہیں۔ بعثنا ھم ای احیینا ھم. از کی ای اکثر ریعاً. فضرب اللہ علیٰ اذا نھم یعنی وہ سوگئے۔ رجما بالغیب۔ یعنی جو چیز واضح نہ ہو۔

الحمد للہ تفہیم البخاری کا تیرھواں پارہ پورا ہوا۔

چودھواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۳۵۲. حَدِيْثُ الْغَارِ

(۶۸۲) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ خليلٍ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بن مسهرٍ عَنْ عبيدِاللّٰهِ بن عمرَ عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ رضي اللّٰه عنهما اَنَّ رَسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا ثَلاَ ثَةُ نَفَرٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلكُمْ يَمْشُوْنَ اِذَا اَصَابَهُمْ مَطَرٌ فَاَوَوْا اِلٰى غَارٍ فَانْطَبَقَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ بعضُهم لبعضٍ اِنَّهٗ وَاللّٰهِ يَاهٰؤُلاَءِ لَايُنْجِيْكُمْ اِلَّا الصِّدْقُ فَلْيَدْعُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْكُمْ بِمَا يَعْلَمُ اَنَّهٗ قَدْ صَدَقَ فِيْهِ فقال وَاحِدٌ مِنْهُمْ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ كَانَ لِيْ اَجِيْرٌ عَمِلَ لِي عَلٰى فَرَقٍ مِنْ اَرُزٍّ فَذَ هَبَ وَ تَرَكَهٗ وَ اَنِّيْ عَمَدْتُ اِلٰى ذٰلِكَ الْفَرَقِ فَزَرَ عْتُهٗ فَصَارَ مِنْ اَمْرِهٖ اَنِّي اشْتَرَ يْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَاَنَّهٗ اَتَانِي يَطْلُبُ اَجْرَهٗ فَقُلْتُ اعْمِدْ اِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ فَسُقْهَا فَقَال لِي اِنَّمَالِيْ عِنْدَكَ فَرَقٌ مِنْ اَرُزٍّ فَقُلْتُ لَهٗ اعْمِدْ اِلٰى تِلْكَ الْبَقَرِ فَاِنَّهَا مِنْ ذٰلِكَ الْفَرَقِ فَسَاقَهَا فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَانْسَاحَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ فَقَالَ الْاٰخَرُ اللهمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ كَانَ لِي اَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ فَكُنْتُ اٰتِيْهِمَا كُلَّ لَيْلَةٍ بِلَبَنِ غَنَمٍ لِيْ فَاَبْطَاْتُ عَلَيْهِمَا لَيْلَةً فَجِئْتُ وَقَدْ رَقَدَا وَاَهْلِيْ وَعِيَالِيْ يَتَضَا غَوْنَ مِنَ الْجُوْعِ فَكُنْتُ لاَ اَسْقِيْهِمْ حَتّٰى يَشْرَبَ اَبَوَايَ فَكَرِهْتُ اَنْ اُوْقِظَهُمَا وَكَرِهْتُ ان اَدَ عَهُمَافَيَسْتَكِنَّا لِشَرْ بَتِهِمَا فَلَمْ اَزَلْ اَنْتَظِرُحَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّيْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ مِنْ خَشْيَتِكَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَانْسَاحَتْ عَنْهُمُ الصَّخْرَةُ حَتّٰى نَظَرُوْا اِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ

۳۵۲۔ غار کا واقعہ۔

۶۸۲۔ ہم سے اسماعیل بن خلیل نے حدیث بیان کی۔ انہیں علی بن مسہر نے خبر دی۔ انہیں عبید اللہ بن عمر نے انہیں نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پچھلے زمانے میں تین آدمی کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں بارش نے انہیں آلیا۔ تینوں نے ایک غار میں پناہ لی لیکن (جب وہ اندر گئے تو) غار کا منہ بند ہوگیا۔ اس موقعہ پر ایک نے دوسرے سے کہا، بخدا تمہیں اس مصیبت سے اب صرف سچائی (نیک عمل) ہی نجات دلا سکتی ہے، اب ہر شخص کو اپنے کسی ایسے عمل کا واسطہ دے کر دعا کرنی چاہئے جس کے بارے میں اسے یقین ہو کر وہ خالص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے تھا۔ چنانچہ ایک نے اس طرح دعا کی، اے اللہ آپ کو خوب معلوم ہے کہ میں نے ایک مزدور کیا تھا جس نے ایک فرق چاول کی مزدوری پر میرا کام کیا تھا لیکن وہ شخص (کام کر کے) چلا گیا اور اپنی مزدوری چھوڑ گیا۔ پھر میں نے اس ایک فرق چاول کو لیا اور اس کی کاشت کی۔ اس سے اتنا کچھ ہوگیا کہ میں نے پیداوار سے ایک گائے خرید لی۔ اس کے بعد وہی شخص مجھ سے اپنی مزدوری مانگنے آیا۔ میں نے کہا کہ یہ گائے کھڑی ہے اسے لے جاؤ۔ اس نے کہا کہ میرا تو صرف ایک فرق چاول تم پر چاہئے تھا۔ میں نے اس سے کہا اس گائے کو لے جاؤ، کیونکہ یہ اسی ایک فرق کی ہے۔ آخر وہ گائے کو لے کر چلا گیا۔ پس اے اللہ! اگر تو سمجھتا ہے کہ یہ کام میں نے صرف تیری خشیت سے کیا تھا تو غار کا منہ کھول دے۔ چنانچہ چٹان (جو ان کے اندر داخل ہونے کے بعد غار کے منہ پر گر پڑی تھی) تھوڑی سی ہٹ گئی۔ پھر دوسرے نے اس طرح دعا کی، اے اللہ! تجھے خوب علم ہے کہ میرے والدین جب بوڑھے ہو گئے تھے تو میں ان کی خدمت میں روزانہ رات میں اپنی بکریوں کا دودھ لا کر پیش کیا کرتا تھا۔ ایک دن اتفاق سے میں دیر میں آیا اور جب آیا تو وہ سو چکے تھے، ادھر میری بیوی اور بچے بھوک سے بے چین تھے لیکن میری عادت تھی کہ جب تک والدین کو دودھ نہ پلا لوں، بیوی بچوں کو نہیں دیتا تھا۔ مجھے انہیں بیدار کرنا بھی پسند نہیں تھا اور

الاٰخرُ اَللّٰھُمَّ اِن کُنتَ تَعلَمُ اَنَّہ' کَان لِے ابنَۃُ عَمٍّ مِن اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیَّ وَاَنِّیۡ رَاوَدتُّھَا عَن نَفسِھَا فَاَبَتْ اِلَّا اَنْ اٰتِیَھَا بِمِائَۃِ دِیۡنَارٍ فَطَلَبْتُھَا حَتّٰی قَدَرتُ فَاَتَیتُھَا بِھَا فَدَفَعتُھَا اِلَیۡھَا فَاَمْکَنَتنِیۡ مِن نَفسِھَا فَلَمَّا قَعَدتُ بَیۡنَ رِجلَیۡھَا فَقَالَتْ اِتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تَفُضَّ الْخَاتَمَ اِلَّا بِحَقِّہٖ فَقُمتُ وَتَرَکتُ مِائَۃَ دِیۡنَارٍ فَاِنْ کُنتَ تَعلَمُ اَنِّی فَعَلتُ ذٰلِکَ مِنْ خَشیَتِکَ فَفَرِّجْ عَنَّا فَفَرَّجَ اللّٰہُ عَنھُمْ فَخَرَجُوا

چھوڑنا بھی پسند نہ تھا (کیونکہ یہی ان کا شام کا کھانا تھا اور اس کے نہ پینے کی وجہ سے وہ کمزور ہو جاتے۔ چنانچہ میں انکا وہیں انتظار کرتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔ پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ کام صرف تیرے خوف وخشیت کی وجہ سے کیا تھا تو ہمارا راستہ کھول دے۔ چٹان تھوڑی سی اور ہٹ گئی اور اب آسمان نظر آنے لگا۔ پھر آخری شخص نے یوں دعا کی۔ اے اللہ! تو خوب جانتا ہے کہ میری ایک چچازاد بہن تھی جو مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی۔ میں نے اسے اپنے پاس بلایا۔ لیکن اس نے انکار کیا اور صرف ایک شرط پر تیار ہوئی کہ میں اسے سو دینار لا کر دے دوں میں نے یہ رقم حاصل کرنے کے لئے دوڑ دھوپ کی اور آخر مجھے مل گئی تو میں اس کے پاس آیا اور رقم اس کے حوالے کر دی۔ (شرط کے مطابق) اس نے مجھے اپنے اوپر قدرت دے دی۔ جب میں اس کے دونوں پاؤں کے درمیان بیٹھ چکا تھا تو اس نے کہا کہ اللہ سے ڈرو اور مہر کو بغیر حق کے نہ توڑو۔ میں (یہ سنتے ہی) کھڑا ہو گیا اور سو ۱۰۰ دینار بھی واپس نہیں لئے، پس اگر تیرے علم میں بھی میں نے یہ عمل تیرے خوف وخشیت کی وجہ سے کیا تھا تو ہمارا راستہ صاف کر دے۔ اب راستہ صاف ہو چکا تھا، اور وہ تینوں باہر نکل آئے تھے۔

باب ۳۵۳

(۶۸۳) حَدَّثَنَا اَبُو الیَمَانِ اخبرنا شعیبٌ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عن عبدِالرحمٰنِ حَدَّثَہ' اَنہ سَمِعَ اباھریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ انہ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ بَیۡنَا اِمْرَاَۃٌ تُرۡضِعُ ابۡنَھَا اِذْ مَرَّبِھَا رَاکِبٌ وَھِیَ تُرۡضِعُہ' فقالت اللّٰھُمَّ لَاتُمِتْ ابۡنِیۡ حَتّٰی یَکُوۡنَ مِثۡلَ ھٰذَا فَقَالَ اللّٰھُمَّ لَا تَجۡعَلۡنِیۡ مِثۡلَہ' ثُمَّ رَجَعَ فِی الثَّدۡیِ وَمُرَّ بِامۡرَاَۃٍ تُجَرَّرُ وَیُلۡعَبُ بِھَا فَقَالَتْ اَللّٰھُمَّ لَاتَجۡعَلِ ابۡنِیۡ مِثۡلَھَا فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ مِثۡلَھَا فَقَالَ اَمَّا الرَّاکِبُ فَاِنَّہ' کَافِرٌ وَاَمَّا الۡمَرۡاَۃُ فَاِنَّھُمۡ یَقُوۡلُوۡنَ لَھَاتَزۡنِیۡ وَتَقُوۡلُ حَسۡبِیَ اللّٰہُ وَیَقُوۡلُوۡنَ تَسۡرِقُ وَتَقُوۡلُ حَسۡبِیَ اللّٰہُ

باب ۳۵۳۔

۶۸۳۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی۔ انہیں شعیب نے خبر دی ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک عورت اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی کہ ایک سوار ادھر سے گذرا، وہ اس وقت بھی بچے کو دودھ پلا رہی تھی (سوار کو دیکھ کر) عورت نے دعاء کی، اے اللہ! میرے بچے کو اس وقت تک موت نہ آئے جب تک اس سوار جیسا نہ ہو لے۔ اسی وقت بچہ بول پڑا، اے اللہ! مجھے اس جیسا نہ بنانا، اور پھر دودھ پینے لگا۔ اس کے بعد ایک عورت کو ادھر سے لے جایا گیا۔ اسے لے جانے والے اسے گھسیٹ رہے تھے اور اس کا مذاق بنا رہے تھے۔ ماں نے دعا کی، اے اللہ! میرے بچے کو اس عورت جیسا نہ بنانا۔ لیکن بچے نے کہا کہ اے اللہ! مجھے اسی جیسا بنا دے۔ پھر اس بچے نے (بطور خرق عادت) بتایا کہ سوار تو کافر تھا اور اس عورت کے متعلق لوگ کہتے تھے کہ تم نے زنا کی ہے تو وہ

جواب دیتی کہ حسبی اللہ (اللہ میرے لئے کافی ہے) لوگ کہتے کہ تم نے چوری کی ہے تو وہ جواب دیتی کہ حسبی اللہ (اللہ میرے لئے کافی ہے۔)

(۶۸۴) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وهبٍ قال اخبرنی جَرِيْرُ بْنُ حازمٍ عَنْ ايوبَ عن محمدِ بنِ سيرينَ عن ابی هريرةَ رضی اللّٰه عنه قال قال النبیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا كَلْبٌ يُطِيْفُ بَرَكِيَّةٍ كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ اِذْ رَاَتْهُ بَغِیٌّ مِنْ بَغَايَا بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ فَنَزَعَتْ مُوْقَهَا فَسَقَتْهُ فَغُفِرَ لَهَا بِهٖ

۶۸۴۔ ہم سے سعید بن تلید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھے جریر بن حازم نے خبر دی، انہیں ایوب نے، انہیں محمد بن سیرین نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ایک کتا ایک کنویں کے چاروں طرف چکر کاٹ رہا تھا، جیسے پیاس کی شدت سے اس کی جان نکل جانے والی ہو کہ بنی اسرائیل کی ایک زانیہ عورت نے اسے دیکھ لیا۔ اس عورت نے اپنا جرموق اتار کر کتے کو پانی پلایا (کنویں سے کھینچنے کے بعد) اور اس کی مغفرت اسی عمل کی وجہ سے ہوگئی۔

(۶۸۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بنُ مسلمةَ عن مالكٍ عن ابنِ شهابٍ عن حميدِ بنِ عبدِالرحمٰنِ انّهٗ سَمِعَ معاويةَ بنَ ابی سفيانَ عَامَ حَجَّ عَلَى الْمِنْبَرِ فتناول قُصَّةً مِنْ شَعَرٍ وَ كَانَتْ فِی يَدَیْ حَرَسِیٍّ فَقَالَ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ اَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ مِثْلِ هٰذَا وَيَقُوْلُ اِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ اِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ

۶۸۵۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے اور انہوں نے معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے سنا ایک سال جب وہ حج کے لئے گئے ہوئے تھے تو منبر نبوی پر کھڑے ہو کر انہوں نے پیشانی پر کے بالوں کا ایک لچھا لیا، جو ان کے محافظ کے ہاتھ میں تھا اور فرمایا، اے اہل مدینہ! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا تھا، آپ نے اس طرح بال سنوارنے کی) ممانعت فرمائی تھی، اور فرمایا تھا کہ بنی اسرائیل پر بربادی اس وقت آئی تھی جب ان کی عورتوں نے اس طرح بال سنوارنے شروع کر دیئے تھے۔

(۶۸۶) حَدَّثَنَا عبدُالعزيزِ بن عبدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبراهيمُ بنُ سعدٍ عن ابيه عن ابی سلمةَ عن ابی هريرةَ رضی اللّٰه عنه عن النبیّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال اِنّهٗ قَدْ كَانَ فِيْمَا مَضٰى قَبْلَكُمْ مِنَ الْاُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ وَاِنَّهٗ اِنْ كَانَ فِیْ اُمَّتِیْ هٰذِهٖ مِنْهُمْ فَاِنَّهٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

۶۸۶۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا گذشتہ امتوں میں محدث ● حضرات ہوا کرتے تھے اور اگر میری امت میں کوئی ایسا ہے۔ تو وہ عمر بن خطاب ہیں۔ (رضی اللہ عنہ)۔

(۶۸۷) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ ابی عدی عَنْ شعبةَ عن قَتَادَةَ عن ابی الصِّدِّيْقِ النَّاجِیِّ عَنْ ابی سعيدٍ رضی اللّٰه عنه عن النبی

۶۸۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے قتادہ نے، ان سے ابوصدیق ناجی نے، ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم

● محدث (دال کے فتحہ کے ساتھ) ان حضرات کو کہتے ہیں جن کی زبان پر بغیر وحی و نبوت کے سچی اور حق بات جاری ہو جاتی ہے۔ یہ مرتبہ اولیاء اور صدیقین کا ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زندگی میں اس طرح کے واقعات ملتے ہیں۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ رَجُلٌ قَتَلَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اِنْسَانًا ثُمَّ خَرَجَ يَسْأَلُ فَأَتَى رَاهِبًا فَسَأَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ هَلْ مِنْ تَوْبَةٍ فَقَالَ لَا فَقَتَلَهٗ فَجَعَلَ يَسْأَلُ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ اِئْتِ قَرْيَةَ كَذَا وَكَذَا فَأَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَنَاءَ بِصَدْرِهٖ نَحْوَهَا فَاخْتَصَمَتْ فِيهِ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ وَمَلَائِكَةُ الْعَذَابِ فَأَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى هٰذِهٖ اَنْ تَقَرَّبِي وَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى هٰذِهٖ اَنْ تَبَاعَدِي وَقَالَ قِيسُوْا مَا بَيْنَهُمَا فَوُجِدَ اِلٰى هٰذِهٖ اَقْرَبَ بِشِبْرٍ فَغُفِرَ لَهٗ

ﷺ نے فرمایا، بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا جس نے ننانوے ۹۹ قتل کئے تھے اور پھر مسئلہ پوچھنے نکلا تھا وہ ایک راہب کے پاس آیا اور اس سے پوچھا کیا اس گناہ سے توبہ کی کوئی صورت ممکن ہے؟ راہب نے جواب دیا کہ نہیں۔ اس نے راہب کو بھی قتل کر دیا۔ پھر وہ (دوسروں سے) پوچھنے لگا۔ آخر اس سے ایک راہب نے بتایا کہ فلاں بستی میں جاؤ (وہ اس بستی کی طرف روانہ ہوا، لیکن آدھے راستے بھی نہیں پہنچا تھا کہ) اس کی موت واقع ہوگئی، موت کے وقت اس نے اپنا سینہ اس بستی کی طرف کر لیا۔ آخر رحمت کے فرشتوں اور عذاب کے فرشتوں میں باہم نزاع ہوا (کہ کون اسے لے جائے) لیکن اللہ تعالیٰ نے اس بستی کو (جہاں توبہ کے لئے وہ جارہا تھا) حکم دیا کہ اس کی نعش سے قریب ہو جائے اور دوسری بستی کو (جہاں سے نکلا تھا) حکم دیا کہ اس کی نعش سے دور ہو جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا کہ اب دونوں کا فاصلہ دیکھو اور (جب ناپا تو) اس بستی کو (جہاں وہ توبہ کرنے جارہا تھا۔ ایک بالشت نعش سے زیادہ قریب پایا اور اس کی مغفرت ہوگئی۔

(۶۸۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سفيانُ حدثنا اَبُو الزِّنَادِ عن ابی هريرة رضی اللّٰه عنه قال صَلّٰى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً اِذْ رَكِبَهَا فَضَرَبَهَا فَقَالَتْ اِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْنَا لِلْحَرْثِ فَقَالَ النَّاسُ سُبْحَانَ اللّٰهِ بَقَرَةٌ تَكَلَّمُ فَقَالَ فَاِنِّي اُوْمِنُ بِهٰذَا اَنَا وَاَبُوبَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَاهُمَا ثَمَّ وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِي غَنَمِهٖ اِذْ عَدَا الذِّئْبُ فَذَهَبَ مِنْهَا بِشَاةٍ فَطَلَبَ حَتّٰى كَاَنَّهٗ اسْتَنْقَذَهَا مِنْهُ فَقَالَ لَهُ الذِّئْبُ هٰذَا اسْتَنْقَذْتَهَا مِنِّي فَمَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ يَوْمَ لَا رَاعِيَ لَهَا غَيْرِي فقال الناسُ سبحانَ اللّٰه ذِئْبٌ يَتَكَلَّمُ قَالَ فَاِنِّي اُوْمِنُ بِهٰذَا اَنَا وَاَبُوبَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَاهُمَا ثَمَّ وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ عن مسعرٍ عن سعدِ بنِ اِبراهيمَ عن ابی سلمةَ عن ابی هُريرةَ عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بمثله

۶۸۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے صبح کی نماز پڑھی اور پھر لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا، ایک شخص (بنی اسرائیل کا) اپنی گائے ہانکے لئے جارہا تھا کہ اس پر سوار ہو گیا اور پھر اسے مارا۔ اس گائے نے (خرق عادت کے طور پر) کہا کہ ہم اس کے لئے نہیں پیدا کئے گئے ہیں، ہماری پیدائش تو کھیتی کے لئے ہوئی ہے۔ لوگوں نے کہا، سبحان اللہ! بیل بول رہا ہے۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اس پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی اس پر ایمان لاتے ہیں، حالانکہ یہ دونوں حضرات وہاں موجود بھی نہیں تھے۔ اسی طرح ایک شخص اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ ایک بھیڑیا آیا اور ریوڑ میں سے ایک بکری اٹھا کر لے جانے لگا۔ ریوڑ والا دوڑا اور اس نے بکری کو بھیڑیئے سے چھڑا لیا۔ اس پر بھیڑیا بولا۔ آج تو تم نے مجھ سے اسے چھڑا لیا ہے۔ لیکن بھیڑیئے والے دن (قرب قیامت میں) اسے کون بچائے گا! جس دن میرے سوا اور کوئی اس کا نگہبان نہ ہوگا؟ لوگوں نے کہا، سبحان اللہ بھیڑیا (آدمیوں کی زبان میں) باتیں کر رہا ہے۔

آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اس واقعہ کی صداقت پر ایمان لایا اور ابوبکرؓ اور عمر بھی اس پر ایمان لائے۔ حالانکہ یہ دونوں حضرات وہاں موجود نہیں تھے۔ اور ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے مسعر نے، ان سے سعد بن ابراہیم نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے۔ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے اسی حدیث کی طرح۔

(۶۸۹) حَدَّثَنَا اِسحاقُ بنُ نصرٍ اخبرنا عبدُالرزاقِ عن معمرٍ عن همامٍ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه قال قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرٰی رَجُلٌ مِن رَجُلٍ عِقارًا لَه' فوجَدَ الرجلُ الَّذی اشترٰی العَقارَ فِیْ عَقارِهٖ جَرَّةً فِیْهَا ذَهَبٌ فَقَالَ لَه الّذی اشْتَرٰی الْعَقارَ خُذْ ذَهَبَکَ مِنِّیْ اِنَّمَا اشْتَرَیْتُ مِنْکَ الْاَرْضَ وَلَمْ اَبْتَعْ مِنْکَ الذَّهَبَ وقال الّذی لَهُ الْاَرْضُ اِنَّما بِعْتُکَ الْاَرْضَ وَمَا فِیْهَا فَتَحا کَمَا اِلٰی رَجُلٍ فَقَالَ الَّذِیْ تَحاکَمَا اِلَیْهِ اَلَکُمَا وَلَدٌ قَالَ احدُهما لِیْ غُلامٌ وَقَالَ الْاٰخرُ لِیْ جارِیَةٌ قَالَ انکِحُوا الْغُلامَ الجَارِیَةَ وَاَنفِقُوْا عَلٰی اَنفُسِهِمَا مِنْهُ وَتَصَدَّقَا

۶۸۹۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی۔ انہیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں ہمام نے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک شخص نے دوسرے شخص سے اس کی جائیداد خریدی، جائیداد کے خریدار کو اس جائیداد میں ایک گھڑا ملا جس میں سونا تھا جس سے وہ جائیداد اس نے خریدی تھی اس سے اس نے کہا کہ مجھ سے اپنا سونا لے لو۔ کیونکہ میں نے تم سے زمین خریدی تھی، سونا نہیں خریدا تھا۔ لیکن سابق مالک نے کہا کہ میں نے تو زمین کو ان تمام چیزوں سمیت تمہیں فروخت کر دیا تھا جو اس کے اندر موجود ہو۔ یہ دونوں ایک تیسرے شخص (حضرت داؤد علیہ السلام) کے پاس اپنا مقدمہ لے گئے۔ فیصلہ کرنے والے نے ان دونوں سے پوچھا، کیا تمہارے کوئی اولاد بھی ہے؟ اس پر ایک شخص نے کہا کہ میرے ایک لڑکا ہے اور دوسرے نے کہا کہ میرے ایک لڑکی ہے فیصلہ کرنے والے نے ان سے کہا کہ لڑکے کا لڑکی سے نکاح کر دو اور سونا انہیں پر خرچ کر دو اور یوں کار خیر میں لگا دو۔

(۶۹۰) حَدَّثَنَا عبدُالعزیزِ بن عبدِاللّٰهِ قال حَدَّثَنِیْ مالکٌ عن محمدِ بنِ المنکدرِ وعن اَبی النَّضرِ مولٰی عمرَ ابنُ عبیدِاللّٰه عن عامرِ بنِ سعدِ بن ابی وقاصٍ عن ابیه انه سَمِعَه' یسأل اُسامةَ بْنَ زیدٍ ماذَا سَمِعْتَ مِنْ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فی الطَّاعُوْنِ فقال اسامةُ قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعونُ رِجْسٌ اُرْسِلَ عَلٰی طَائِفَةٍ مِنْ بَنِیْ اِسرَائِیلَ اَوْعَلٰی مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ فَاِذَا سَمِعْتُمْ بِه بِاَرْضٍ فَلا تَقْدَمُوْا عَلَیْهِ وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَاَنتُم بِهَا فَلا تَخْرُجُوْا فِرَارًا مِنْهُ قَالَ اَبُوالنضرِ لایُخرِجُکُمْ اِلَّا فِرَارًا منه

۶۹۰۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے، ان سے عمر بن عبید اللہ کے مولیٰ ابوالنضر نے، ان سے عامر بن سعد بن ابی وقاص نے اور انہوں نے اپنے والد کو اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے یہ پوچھتے سنا تھا کہ طاعون کے بارے میں آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کیا سنا تھا؟ انہوں نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا، طاعون ایک عذاب ہے جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بھیجا گیا تھا یا (آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ) ایک گذشتہ امت پر (بجائے اسرائیل کے) اس لئے جب کسی جگہ کے متعلق تمہیں معلوم ہو جائے (کہ وہاں طاعون کی وبا پھیلی ہوئی ہے) تو وہاں نہ جاؤ۔ لیکن اگر کسی ایسی جگہ یہ وبا پھیل جائے جہاں تم پہلے سے موجود ہو تو وہاں سے راہ فرار بھی نہ اختیار کرو۔ ابوالنضر نے بیان کیا کہ

ایسا ہونا چاہئے کہ صرف بھاگنے کی غرض سے نکلو" (یعنی اگر کوئی دوسری ضرورت طبعی کی وجہ سے وہاں سے کہیں جانا ہو جائے تو اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں۔)

(۶۹۱) حَدَّثَنَا موسى بنُ اسماعيلَ حَدَّثَنَا داؤدُ بنُ ابی الفُراتِ حدثنا عبدُاللّٰهِ بنُ بريدةَ عن يحيَى بنِ يعمرَ عن عائشةَ رضى اللّٰه عنها زَوجِ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قالتْ سألتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطاعون فَاَخبَرَنِی اَنَّه' عَذَابٌ يَبعَثُهُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ شَاءَ وَاَنَّ اللّٰهَ جَعَلَه' رحمةً للمؤمنين لَيس من اَحَدٍ يَقَعُ الطَّاعُوْنَ فَيَمْكُثُ فِي بَلَدِهٖ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يعلمُ اَنَّه' لَايُصِيْبه' اِلَّا مَاكَتَبَ اللّٰهُ لَه' اِلَّا كَانَ لَه' مِثْلُ اَجرِ شَهِيْدٍ

۶۹۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے داؤد بن ابی فرات نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن بریدہ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن یعمر نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے آنحضور ﷺ سے طاعون کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ ایک عذاب ہے اللہ تعالیٰ جس پر چاہتا ہے بھیجتا ہے لیکن اسی کو اللہ تعالیٰ نے مؤمنوں کے لئے رحمت بنا دیا ہے اگر کسی شخص کی بستی میں طاعون کی وبا پھیل جائے اور وہ صبر کے ساتھ خدا کی رحمت سے امید لگائے ہوئے وہیں ٹھہرا رہے کہ ہوگا وہی جو اللہ تعالیٰ نے مقدر کر دیا ہے تو اسے ایک شہید کے برابر ثواب ملے گا۔

(۶۹۲) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ حدثنا ليثٌ عن ابنِ شهابٍ عن عروةَ عن عائشة رَضى اللّٰه عنها اَنَّ قريشاً اَهَمَّهُمْ شَانُ المراةِ المخزو مِيَّة الَّتِیْ سَرَقَتْ فَقَالُوْا وَمَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسول اللّٰه صَلَّى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فقالوا وَمَنْ يَّجْتَرِئُ عَلَيهِ اِلَّا اسامةُ بنُ زيدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَ اُسامةُ فَقَال رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اَتَشْفَعُ فِیْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا اَهْلَکَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا سَرَقَ فيهمُ الشريفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ فيهم الضَّعِيْفُ اَقَامُوْا عَلَيهِ الْحَدَّ وَايْمُ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَةَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا

۶۹۲۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ مخزومی خاتون جس نے (غزوہ فتح کے موقعہ پر) چوری کر لی تھی، کے معاملہ سے قریش بہت غمگین اور رنجیدہ تھے (کہ ایک معزز خاتون کا چوری کی سزا میں اسلامی شریعت کے مطابق کس طرح ہاتھ کٹے گا) انہوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اس معاملہ پر آنحضور ﷺ سے گفتگو کون کر سکتا ہے؟ آخر یہ طے پایا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ جو حضور اکرم ﷺ کو بہت عزیز ہیں، ان کے سوا اور کوئی اس کی جرأت نہیں کر سکتا۔ چنانچہ اسامہ رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے اس معاملہ پر کچھ کہنا چاہا، لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا تم اللہ کی حدود میں سے ایک حد کے بارے میں مجھ سے سفارش کرنے آئے ہو؟ پھر آپ اٹھے اور خطبہ دیا، (خطبہ میں) آپ نے فرمایا، پچھلی بہت سی امتیں اس لئے ہلاک ہوئیں کہ جب ان کا کوئی شریف آدمی چوری کرتا تھا تو اسے چھوڑ دیتے تھے۔ اور اگر کوئی کمزور چوری کرتا تو اس پر حد قائم کرتے۔ اور خدا کی قسم! اگر فاطمہ بنت محمد ﷺ بھی چوری کرتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹتا۔ (اعاذہا اللہ تعالیٰ منہ)۔

(۶۹۳) حَدَّثَنَا اٰدمُ حدثنا شعبةُ حَدَّثَنَا عَبْدُالمَلِکِ بنُ ميسرةَ قال سمعتُ النَّزّال بن سبرة الهلالیَّ

۶۹۳۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی۔ ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک بن میسرہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے

عن ابن مسعود رضی اللّٰه عنه قَال سمعتُ رَجُلًا قرا ایَةً وَسَمِعتُ النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یَقرأُ خِلَافَها فجئتُ بِهِ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فاخبرتُه فعرفتُ فی وَجْهِه الکَرَاهیة وقال کلاکما مُحسِنٌ وَلاَ تَختَلِفُوا فَاِنَّ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ اختَلَفُوْا فَهَلَکُوْا

نزال بن سبرہ ہلالی سے سنا اور ان سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے ایک صحابی کو قرآن مجید کی ایک آیت پڑھتے سنا۔ وہی آیت نبی کریم ﷺ سے اس کے خلاف قرأت کے ساتھ سن چکا تھا۔ اس لئے میں انہیں ساتھ لے کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو واقعہ کی اطلاع دی لیکن میں نے آنحضور ﷺ کے چہرۂ مبارک پر اس کی وجہ سے ناپسندیدگی کے آثار دیکھے اور آپ نے فرمایا، تم دونوں کی قرأت درست ہے، اختلافات نہ اٹھایا کرو، تم سے پہلی امتیں باہم اختلافات پیدا کیا کرتی تھیں اور اسی کی وجہ سے وہ ہلاک ہوگئیں۔

(۶۹۴) حَدَّثَنَا عمرُ بْنُ حَفْص حَدَّثَنَا الاعمشُ قَالَ حَدَّثنی شقیقٌ قال عبدُاللّٰه کَأَنِّیْ اَنْظُرُ الی النّبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یَحْکِیْ نَبیًّا من الْاَنْبیاءِ ضَرَبَه' قَوْمُه فَاَدْمَوْهُ وَهُوَ یَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهٖ ویقول اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِیْ فَاِنَّهُمْ لَایَعْلَمُوْن

۶۹۴۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے شقیق نے حدیث بیان کی کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، گویا نبی کریم ﷺ کا روئے انور میری نظروں کے سامنے ہے۔ جب آپ انبیاء سابقین میں سے ایک نبی کا واقعہ بیان کر رہے تھے کہ ان کی قوم نے انہیں مارا اور خون آلود کر دیا۔ لیکن وہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام خون صاف کرتے جاتے تھے اور یہ دعا کرتے جاتے تھے ''اے اللہ! میری قوم کی مغفرت فرمائیے کہ یہ لوگ جانتے نہیں۔''

(۶۹۵) حَدَّثَنَا ابو الولیدِ حَدَّثَنَا اَبُوعَوانة عن قَتَادَةَ عن عقبةَ بْنِ عبدِالغافِرِ عن ابی سعیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عن النَّبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اَنَّ رَجُلًا کَانَ قَبْلَکُمْ رَغسَهُ اللّٰه مَالًا فَقَالَ لِبَنِیْهِ لَمَّا حُضِرَ أَیَّ اَب کُنْتُ لَکُمْ قَالُوْا خَیْرَ اَب قَالَ فَاِنِّیْ لَمْ اَعْمَلْ خَیْراً قَطُّ فَاِذَامِتُّ فَاحْرِقُوْنِیْ ثُمَّ اسْحَقُوْنِی ثُمَّ ذَرُوْنِیْ فِیْ یَوْمٍ عَاصِفٍ ففعلوا فَجَمَعَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَقَالَ مَاحَمَلَکَ قَالَ مَخَافَتُکَ فَتَلَقَّاهُ بِرَحْمَةٍ وقال معاذٌ حدثنا شعبةُ عن قتادَةَ سمعتُ عقبةَ ابنَ عبدِالغافِرِ قال سمعتُ اباسعیدِالخدریَّ عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم

۶۹۵۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے قتادہ نے، ان سے عقبہ بن عبدالغافر نے، ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے کہ گذشتہ امتوں میں ایک شخص کو اللہ تعالیٰ نے خوب مال و دولت دی تھی۔ جب اس کی موت کا وقت قریب ہوا تو اس نے اپنے بیٹوں سے پوچھا، میں تمہارے حق میں کس طرح کا باپ ثابت ہوا، بیٹوں نے کہا کہ آپ ہمارے بہترین باپ تھے اس شخص نے کہا، لیکن میں نے کبھی کوئی نیک عمل نہیں کیا، اس لئے جب میری موت ہو جائے تو میری میت کو جلا ڈالنا پھر میری (باقی ماندہ ہڈیوں کو) پیس لینا اور (راکھ کو) کسی سخت آندھی کے دن اڑا دینا۔ بیٹوں نے یوں ہی کیا۔ لیکن اللہ عزوجل نے اسے جمع کیا اور اس سے پوچھا کہ تم نے ایسا کیوں کیا تھا؟ اس شخص نے جواب دیا کہ تیرے ہی خوف وخشیت سے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اسے اپنے سایہ رحمت میں جگہ دی۔ معاذ نے بیان کیا کہ ہم سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے، انہوں نے عقبہ بن عبدالغافر سے سنا۔ انہوں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے۔

(۲۹۶) حَدَّثَنَا مسددٌ حَدَّثَنَا اَبُوعوانَة عن عبدِالملکِ بنِ عمیرٍ عن ربعیِ بنِ حراشٍ قال قال عقبةُ لِحُذَیفَةَ الا تُحدِّثُنَا ماسمعتَ من النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قال سَمِعْتُه یقول اَنَّ رَجُلا حَضَرَهُ الموتُ لَمَّا اَیِسَ مِنَ الحیاۃ اَوصٰی اَهْلَه' اِذَامُتُّ فاجمَعُوا لِیْ حَطَبًا کَثِیْرًا ثُمَّ اَوْرُوْا نَارًا حتی اذا اَکَلَتْ لَحْمِیْ وَخَلَصَتْ الی عَظْمِیْ فَخُذُوْهَا فَاطْحَنُوْهَا فَذَرُّوْنِیْ فِی الْیَمِّ فِیْ یَوْمٍ حَارٍّ اَوْرَاحٍ فَجَمَعَهُ اللّٰهُ فَقَالَ لِمَ فَعَلْتَ قَالَ مِنْ خَشْیَتِکَ فَغَفَرَ لَه' قَالَ عقبةُ وَاَنَا سَمِعْتُه' یَقُوْلُ

۲۹۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک بن عمیر نے، ان سے ربعی بن حراش نے بیان کیا کہ عقبہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ نے نبی کریم ﷺ سے جو حدیثیں سنیں ہیں وہ ہم سے بھی بیان کیجئے انہوں نے بیان کیا کہ میں نے آنحضور ﷺ کو یہ کہتے سنا تھا کہ ایک شخص کی موت کا وقت جب قریب ہوا اور وہ زندگی سے بالکل مایوس ہو گیا تو اپنے گھر والوں کو وصیت کی کہ جب میری موت ہو جائے تو پہلے میرے لئے خوب زیادہ لکڑیاں جمع کرنا اور اس سے آگ جلانا (پھر میرے جسم کو اس آگ میں ڈال دینا جب آگ میرے جسم کو خاکستر بنا چکے اور صرف ہڈی ہڈی باقی رہ جائے تو ہڈیوں کو پیس لینا اور کسی شدید گرمی کے دن۔ یا (فرمایا کہ) شدید ہوا کے دن اسے دریا میں اڑا دیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے جمع کیا اور اس سے دریافت فرمایا کہ تم نے ایسا کیوں کیا تھا؟ اس نے کہا کہ تیری ہی خشیت سے! چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرما دی۔ عقبہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے بھی آنحضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا۔

(۲۹۷) حَدَّثَنَا موسٰی حدثنا اَبُوعوانة حَدَّثَنَا عبدُالملکِ وقال فی یوم رَاحٍ

۲۹۷۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے حدیث بیان کی اور کہا کہ ''کسی تیز ہوا کے دن'' (یعنی اس روایت میں راوی کو شک نہیں تھا۔)

(۲۹۸) حَدَّثَنَا عبدُالعزیزِ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا ابراهیمُ بنُ سعدٍ عنِ ابن شهابٍ عن عبیدِاللّٰهِ بنِ عبدِاللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ عن ابی هریرةَ اَن رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ الرَّجُلُ یُدَایِنُ النَّاسَ فَکَانَ یقول لِفَتَاهُ اِذَا اَتَیْتَ مُعْسِرًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یَتَجَاوَزَ عَنَّا قَالَ فَلَقِیَ اللّٰهَ فَتَجَاوَزَ عَنْهُ

۲۹۸۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک شخص لوگوں کو قرض دیا کرتا تھا اور اپنے کارندے کو اس نے یہ ہدایت کر رکھی تھی کہ جب تمہارا سابقہ کسی تنگدست سے پڑے (جو میرا مقروض ہو تو اسے معاف کر دیا کرو،) ممکن ہے اللہ تعالیٰ بھی ہمیں (اس عمل کی وجہ سے) معاف فرمادے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ چنانچہ جب وہ اللہ تعالیٰ سے ملا تو اللہ تعالیٰ نے اسے معاف فرمادیا۔

(۲۹۹) حَدَّثَنِیْ عبدُاللّٰهِ بنُ محمدٍ حَدَّثَنَا هشامٌ اخبرنا معمرٌ عن الزُّهریِّ عن حمیدِ بنِ عبدِالرحمٰنِ عن ابی هریرة رضی اللّٰهُ عنه عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ رَجُلٌ یُسْرِفُ

۲۹۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں حمید بن عبدالرحمٰن نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک شخص تھا جس نے اپنی جان پر بڑی زیادتیاں کر رکھی تھیں،

عَلٰى نَفْسِهٖ فَلَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ قَالَ لِبَنِيْهِ اِذَا اَنَامُتُّ فَاحْرِ قُوْنِي ثُمَّ اطْحَنُوْنِيْ ثُمَّ ذَرُوْنِيْ فِي الرِّيْحِ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قَدَرَ عَلَيَّ رَبِّيْ لَيُعَذِّ بُنِيْ عَذَابًا مَاعَذَّبَه' اَحَدًا فَلَمَّا مَاتَ فُعِلَ بِهٖ ذٰلِكَ فَاَمَرَ اللّٰهُ الْاَرْضَ فَقَالَ اجْمَعِيْ مَا فِيْكِ مِنْهُ فَفعلتْ فاذا هُوَ قَائِمٌ فَقَالَ مَاحَمَلَكَ عَلٰى مَاصَنَعْتَ وَقَالَ غَيْرُه خَشْيَتُكَ قَالَ مَخَا فَتُكَ يَارَبِّ

(گناہ کر کے) پھر جب اس کی موت کا وقت قریب آیا تو اپنے بیٹوں سے اس نے کہا کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا ڈالنا پھر میری ہڈیوں کو پیس کر ہوا میں اڑا دینا۔ خدا کی قسم، اگر میرے رب نے مجھے پا لیا تو مجھے اتنا شدید عذاب دے گا جو پہلے کسی کو بھی اس نے نہیں دیا ہوگا۔ جب وہ مر گیا تو (اس کی وصیت کے مطابق) اس کے ساتھ ایسا ہی کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا اور فرمایا، اگر ایک ذرہ بھی کہیں اس کا تمہارے پاس ہے تو اسے جمع کر کے لاؤ، زمین حکم بجالائی اور وہ شخص اب (اپنے رب کے حضور) کھڑا تھا، اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا، تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کیا اے رب! تیری خشیت کی وجہ سے! چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت کر دی۔ دوسرے حضرات نے یوں بیان کیا ''مخافتک یا رب'' (تیرے خوف کی وجہ سے، اے میرے رب!)

(۷۰۰) حَدَّثَنِيْ عبدُاللّٰهِ بن مُحَمَّدِ بْنِ اسماء حدثنا جويرية بْنُ اسماء عَن نا فعٍ عن عبدِاللّٰهِ بْنِ عمرَ رَضى الله عنهما اَنَّ رسولَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال عُذِّ بَتْ امْرَأَ ةٌ فِيْ هِرَّةٍ سَجَنَتْهَا حتى ماتَتْ فَدَخلَتْ فيها النَّارَ لَاهِيَ اَطْعَمَتْهَا وَلَاسَقَتْهَا اِذْحَبَسَتْهَا وَلَاهِيَ تَرَكَتْهَا تَأكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ

۷۰۰۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ایک عورت کو ایک بلی کی وجہ سے عذاب دیا گیا تھا جسے اس نے باندھ رکھا تھا جس سے بلی مر گئی تھی اور اسی کی پاداش میں وہ جہنم میں گئی، جب وہ عورت بلی کو باندھے ہوئے تھی تو نہ اس نے اسے کھانے کے لئے کوئی چیز دی تھی، نہ پینے کے لئے اور نہ اس نے بلی کو چھوڑا ہی کہ وہ گھاس پھونس ہی کھا لیتی۔

(۷۰۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يونسَ عن زُهيرٍ حدثنا منصورٌ عن رِبْعِيِّ ابنِ حراشٍ حدثنا اَبُومسعودٍ عقبةُ قال قال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كلامِ النُّبُوَّةِ اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ

۷۰۱۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے، ان سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے ربعی بن حراش نے اور ان سے ابو مسعود عقبہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ کلام نبوت سے جو چیز تمام انسانوں کو ملی ہے (اور جس پر تمام انبیاء نے ہر زمانہ میں متفقہ طور پر تنبیہ کی) وہ یہ جملہ ہے کہ ''جب حیاء نہ ہو تو پھر جو جی چاہے کرو۔''

(۷۰۲) حَدَّثَنَا آدمُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن منصورٍ قال سمعتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ يُحَدِّثُ عن اَبِي مسعودٍ قال قال النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ اِذَالَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

۷۰۲۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے بیان کیا۔ انہوں نے ربعی بن حراش سے سنا اور وہ ابو مسعود رضی اللہ عنہ کے واسطے سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کلام نبوت سے جو چیز تمام انسانی برادری کو ملی ہے وہ یہ جملہ ہے کہ ''جب حیاء نہ ہو پھر جو جی چاہے کرو۔''

۷۰۳) حَدَّثَنَا بشرُ بنُ محمدٍ اخبرنا عبيدُاللّٰهِ اخبرنا يونسُ عن الزهريِ اخبرَني سالمٌ اَنَّ ابنَ عمرَ حَدَّثَه اَنَّ النبيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال بَيْنَمَا رَجُلٌ يَجُرُّ اِزَارَهُ مِنَ الخُيَلَاءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِي الْاَرْضِ اِلٰى يومِ القيامةِ تابعه عبدُالرحمٰن بنُ خالدٍ عن الزهرِي

۷۰۳۔ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں عبید اللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سالم نے خبر دی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایک شخص تکبر کی وجہ سے اپنا تہبند زمین سے گھسیٹتا ہوا جا رہا تھا کہ اسے زمین میں دھنسا دیا گیا اور اب وہ قیامت تک یوں ہی زمین میں دھنستا اور پیچ و تاب کھاتا چلا جائے گا۔ اس روایت کی متابعت عبدالرحمٰن بن خالد نے زہری کے واسطہ سے کی۔

۷۰۴) حَدَّثَنَا موسَى بنُ اسماعيلَ حَدَّثَنَا وُهيبٌ قال حَدَّثَنِيْ ابنُ طَاؤسٍ عن ابيه عن ابى هريرةَ رضِيَ اللّٰهُ عنه عن النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ القِيَامَةِ بَيْدَ كُلِّ اُمَّةٍ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا وَاُوْتِيْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ فَهٰذَا الْيَوْمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَغَدًا لِلْيَهُوْدِ وَبَعْدَ غَدٍ لِلنَّصَارٰى عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ يَوْمٌ يَغْسِلُ رَاْسَه، وَجَسَدَه،

۷۰۴۔ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ابن طاؤس نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ہم (اس دنیا میں) تمام امتوں سے بعد میں آئے لیکن (قیامت کے دن) پہلے ہوں گے۔ صرف فرق اتنا ہے کہ انہیں کتاب پہلے دی گئی تھی اور ہمیں ان کے بعد میں ملی ہے۔ اور یہی وہ (جمعہ کا) دن ہے جس کے بارے میں امتوں کا اختلاف ہو گیا تھا۔ یہودیوں نے تو اسے اس کے دوسرے دن (سبت کو) کر لیا اور نصاریٰ نے تیسرے دن (اتوار کو) پس ہر مسلمان کو ہفتے میں ایک دن تو ضرور ہی اپنے جسم اور اپنے سر کو دھو لینا چاہئے (یعنی جمعہ کے دن۔)

۷۰۵) حَدَّثَنَا ادمُ حَدَّثَنَا شعبةُ حَدَّثَنَا عَمرُو بنُ مُرَّةَ قال سمعتُ سعيدَ بنَ المسيبِ قَالَ قَدِمَ معاويةُ بنُ ابى سفيانَ المدينةَ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا فَخَطَبَنَا فَاَخْرَجَ كُبَّةً مِنْ شَعْرٍ فَقَالَ مَاكُنْتُ اُرٰى اَنَّ اَحَدًا يَفْعَلُ هٰذَا غير اليَهُوْدِ وَاِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاه الزُّوْرَ يَعْنِى الْوِصَالَ فِي الشَّعْرِ تَابَعَه، غُنْدَر عَنْ شعبةَ

۷۰۵۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے، انہوں نے سعید بن مسیب سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ نے مدینہ کے اپنے آخری سفر میں ہمیں خطاب فرمایا۔ (خطبہ کے دوران) آپ نے ایک بالوں کا گچھا نکالا اور فرمایا، میں نہیں سمجھتا کہ یہودیوں کے سوا اور کوئی اس طرح کرتا ہوگا (مراد ان کی عورتیں ہیں) اور نبی کریم ﷺ نے اس طرح بال سنوارنے کا نام "الزور" فریب اور جھوٹ رکھا تھا۔ آپ کی مراد "وصال فی الشعر" ۞ سے تھی۔ اس روایت کی متابعت غندر نے شعبہ کے واسطہ سے کی ہے۔

كتاب المناقب

کتاب المناقب

باب ۳۵۴. قولِ اللّٰه تَعَالٰى يَآاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقَاكُمْ وَقولِه وَاتَّقُوا

۳۵۴۔مفاخر و مکارم۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قوموں اور خاندان بنا دیا ہے تا کہ

۞ یعنی سر کے قدرتی بالوں میں مصنوعی بال لگا کر چوٹی گوندھنا۔

اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَاءَ لُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا وَمَا يُنْهٰى عَنْ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ الشعوبُ النسبُ البعيدُ وَالْقَبَائِلُ دُوْنَ ذٰلِکَ

ایک دوسرے کو پہچان سکو، بے شک تم سب میں سے پرہیز گار تو اللہ کے نزدیک معزز تر ہے۔" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اللہ سے تقویٰ اختیار کرو جس کے واسطہ سے ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور قرابتوں کے باب میں بھی (تقویٰ اختیار کرو) بے شک اللہ تمہارے اوپر نگہبان ہے۔" شعوب کا اطلاق دور دور کے نسب پر ہوتا ہے اور قبائل کا اس کے مقابلے میں قریبی نسب پر۔

(۷۰۶) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يزيد الكاهلى حَدَّثَنَا ابوبكرٍ عن ابى حصينٍ عن سعيدِ بنِ جبيرٍ عن ابنِ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَائِلَ قَالَ الشعوب القبائلُ العظامُ وَالقبائلُ الْبُطُوْنُ

۷۰۶۔ ہم سے خالد بن یزید الکاہلی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبکر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحصین نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (آیت) وجعلنا کم شعوبا وقبائل کے متعلق فرمایا کہ شعوب بڑے قبیلوں کے معنی میں ہے اور قبائل کو بڑے قبیلے کی شاخیں۔

(۷۰۷) حَدَّثَنَا محمدُ بْنُ بشَّارٍ حدثنا يحيٰى بْنُ سعيدٍ عن عبيدِاللّٰهِ قال حَدَّثَنِیْ سعيدُ بْنُ ابى سعيدٍ عَنْ ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه قال قيل يارسولَ اللّٰهِ مَنْ اكرمُ النَّاسِ قَالَ اَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُکَ قَالَ فيوسفُ نَبِیُّ اللّٰه

۷۰۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے بیان کیا، ان سے سعید بن ابی سعید نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پوچھا گیا، یارسول اللہ (ﷺ!) سب سے زیادہ شریف کون ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو سب سے زیادہ متقی ہو۔ صحابہؓ نے عرض کی کہ ہمارا سوال اس کے متعلق نہیں ہے اس پر آنحضور نے فرمایا کہ پھر اللہ کے نبی یوسفؑ (سب سے زیادہ شریف ہیں)۔

(۷۰۸) حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حفصٍ حدثنا عبدُالواحد حَدَّثَنَا كليبُ بْنُ وائلٍ قَالَ حَدَّثَتنى ربيبةُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زينبُ ابنةُ ابى سلمةَ قال قلتُ لَهَا اَرَاَيْتِ النبیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَانَ مِنْ مُضَرَ قالتْ فَمِمَّنْ كَانَ اِلَّا مِنْ مُضَرَ مِنْ بَنِی النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ

۷۰۸۔ ہم سے قیس بن حفص نے حدیث بیان کی ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے کلیب بن وائل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا جو نبی کریم ﷺ کی زیر پرورش رہ چکی تھیں۔ کلیب نے بیان کیا کہ میں نے آپ سے پوچھا، آپ کا کیا خیال ہے، کیا نبی کریم ﷺ کا تعلق قبیلہ مضر سے تھا؟ انہوں نے فرمایا پھر کس سے تھا؟ یقیناً آنحضور ﷺ مضر کی شاخ بنی النضر بن کنانہ سے تعلق رکھتے تھے۔

(۷۰۹) حَدَّثَنَا موسى حَدَّثَنَا عبدُالواحدِ حَدَّثَنَا كليبٌ حَدَّثَتنى ربيبةُ النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واظُنُّهَا زَيْنَبَ قالتْ نَهٰى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُقَيَّرِ وَالْمُزَفَّتِ

۷۰۹۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے کلیب نے حدیث بیان کی اور ان سے ربیبہ نبی کریم ﷺ نے، میرا خیال ہے کہ مراد زینب رضی اللہ عنہا سے ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے دباء حنتم، مقیر اور مزفت [1] کی استعمال سے منع

[1] یہ چاروں شراب کے برتن تھے جس میں عرب شراب بنایا اور استعمال کیا کرتے تھے۔ ان کی وضع کچھ ایسی تھی کہ شراب ان میں (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وقلتُ لها اَخبرِيْنِي النبيُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ كان مِن مُضَرَ كان قَالَتْ فَمِمَّنْ كَانَ الاَمِن مُضَرَ كَانَ من وَلَدِ النَّضرِ بْن كِنَانَةَ

فرمایا تھا، اور میں نے ان سے پوچھا تھا کہ آپ مجھے بتایئے کہ آنحضور ﷺ کا تعلق کس قبیلے سے تھا، کیا واقعی آپ کا تعلق مضر سے تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ پھر اور کس سے ہوسکتا ہے؟ یقیناً آپ کا تعلق اسی قبیلہ سے تھا۔ آپ نضر بن کنانہ کی اولاد میں سے تھے۔

(۷۱۰) حَدَّثَنِيْ اسحاقُ بنُ ابراهيمَ اخبرنا جريرٌ عن عمارةَ عن ابى زرعةَ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه عن رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَجِدُوْنَ النَّاسَ مَعَادِنَ خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الاسْلامِ اِذَا فَقِهُوْا وَتجِدُوْنَ خَيْرَ النَّاسِ فِي هٰذَا الشَّانِ اَشَدَّهُمْ لَه، كَرَاهِيَةً وَتَجِدُوْنَ شَرَّالنَّاسِ ذَاالْوَجْهَيْنِ الَّذِىْ يأتى هٰؤلاءِ بِوَجْهٍ وَيَأتِى هٰؤلاءِ بِوَجهٍ

۷۱۰۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں جریر نے خبر دی، انہیں عمارہ نے، انہیں ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تم انسانوں کو کان کی طرح پاؤ گے (بھلائی اور برائی میں) جو لوگ جاہلیت کے زمانہ میں بہتر اور اچھی صفات کے تھے وہ اسلام کے بعد بھی بہتر اور اچھی صفات والے ہیں جب کہ انہوں نے دین کی سمجھ بھی حاصل کر لی ہو اور تم دیکھو گے کہ اس (خلافت و امارت کے) معاملے میں سب سے بہترین وہ لوگ ثابت ہوں گے جو سب سے زیادہ اسے ناپسند کرتے ہوں اور تم دیکھو گے کہ سب سے بدترین دوزخی لوگ ہیں جو اس کے منہ پر اس کے جیسی باتیں بناتے ہیں اور اس کے منہ پر اس کے جیسی!

(۷۱۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بنُ سعيدٍ حَدَّثَنَا المغيرةُ عن ابى الزنادِ عن الاعرجِ عن ابى هُريرةَ رضى اللّٰه عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فى هٰذا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ وَكَافِرُ هُمْ تَبَعٌ لِكَا فِرِهِمْ والنَّاسُ مَعَادِنُ خِيَارُهُمْ فى الجاهلِيَّةِ خيارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا تَجِدُوْنَ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ اَشَدَّ النَّاسِ كَرَاهِيَةً لِهٰذَا الشَّأنِ حَتّٰى يَقَعَ فِيْهِ

۷۱۱۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اس (خلافت کے) معاملے میں لوگ قریش کے تابع رہیں گے، عام مسلمان قریشی مسلمانوں کے تابع رہیں گے، جس طرح عام کفار، قریشی کفار کے تابع رہتے چلے آئے ہیں۔ اور انسانوں کی مثال کان سی ہے۔ جو لوگ جاہلیت کے دور میں بہتر تھے وہ اسلام لانے کے بعد بھی بہتر ہیں، جب کہ انہوں نے دین کی سمجھ بھی حاصل کر لی ہو۔ تم دیکھو گے کہ بہترین اور لائق وہی ثابت ہوں گے جو خلافت و امارت کے عہدے کو بہت زیادہ ناپسند کرتے رہے ہوں، یہاں تک کہ جب انہیں اس کی ذمہ داری قبول کرنی ہی پڑی (تو نہایت کامیاب اور بہتر ثابت ہوئے۔)

باب ۔ ۳۵۵

باب ۳۵۵۔

(۷۱۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يحيٰى عَنْ شُعبةَ حَدَّثَنِيْ عبدالملک عن طاؤسٍ عن ابنِ عباسٍ

۷۱۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے عبدالملک نے حدیث بیان کی، ان سے

(پچھلے صفحہ کا حاشیہ) جلد تیار ہو جایا کرتی تھی۔ جب شراب کی ممانعت نازل ہوئی تو احتیاطاً ان برتنوں کے استعمال سے بھی کچھ دنوں کے لئے روک دیا گیا تھا۔ ان پر نوٹ پہلے گذر چکا ہے۔

رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡھُمَا اِلَّا الۡمَوَدَّۃَ فِی القر بیٰ قالَ فقال سعیدُ بنُ جبیرٍ قربیٰ محمدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ فقال اِنَّ النبیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ لم یکن بَطۡنٌ مِنۡ قُرَیۡشٍ اِلَّاوَلَہ فیہ قرابۃٌ فنزلتۡ عَلَیۡہِ اِلَّا اَنۡ تَصِلُوۡا قَرَابَۃً بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَکُمۡ

طاؤس نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے ''الا المودۃ فی القربیٰ'' کے متعلق، (طاؤس نے) بیان کیا کہ سعید بن جبیر نے فرمایا کہ اس سے مراد محمد ﷺ کی قرابت ہے۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قریش کی کوئی شاخ ایسی نہیں تھی جس میں آنحضور ﷺ کی قرابت نہ رہی ہو اور اسی وجہ سے یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ (میرا اور تم سے کوئی مطالبہ نہیں بلکہ) صرف یہ ہے کہ تم لوگ میری اور اپنی قرابت کا لحاظ کرو (اور دعوت اسلام کو قبول کرلو)۔

(۷۱۳) حَدَّثَنَا علیُّ بنُ عبدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا سفیانُ عَن اسماعیلَ عَنۡ قَیۡسٍ عَنۡ اَبِی مَسۡعُوۡدٍ یَبۡلُغُ بِہِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنۡ ھٰھُنَا جَائَتِ الۡفِتَنُ نَحۡوَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡجَفَاءُ وَ غِلَظُ الۡقُلُوبِ فِی الۡفَدَّادِیۡنَ اھلِ الۡوَبَرِ عِنۡدَ اُصُوۡلِ اذنابِ الۡاِبِلِ وَالۡبَقَرِ فِیۡ رَبِیۡعَۃَ وَمُضَرَ

۷۱۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس نے اور ان سے ابومسعود رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اسی طرف سے فتنے اٹھیں گے یعنی مشرق سے۔ اور شقاوت اور سخت دلی ان چیخنے اور شور مچاتے رہنے والے بدوؤں میں ہے، ان کے اونٹ اور گائے کی دموں کے پیچھے، ربیعہ اور مضر والوں میں۔

(۷۱۴) حَدَّثَنَا ابوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن الزھریِ قال اخبرنی ابوسلمۃَ ابنُ عبدِالرحمٰنِ اِن اباھُریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ قَالَ سَمِعۡتُ رَسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ یَقُوۡلُ الۡفَخۡرُ وَالۡخُیَلَاءُ فِی الۡفَدَّادِین اَھۡلِ الۡوَبَرِ وَالسَّکِیۡنَۃُ فِیۡ اَھۡلِ الۡغَنَمِ وَالۡاِیۡمَانُ یَمَانٌ وَالۡحِکۡمَۃُ یَمَانِیَۃٌ قَالَ اَبُوۡعَبۡدِاللّٰہ سُمِّیَتِ الۡیَمَنُ لِاَنَّھَا عَنۡ یَمِیۡنِ الۡکَعۡبَۃِ وَالشَّامَ لِاَنَّھَا عن یَسَارِ الۡکَعۡبَۃِ المشامَۃُ المیسرۃ والیدالیسری الشؤمیٰ والجانبُ الۡایسر الاشأمُ

۷۱۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ فخر اور تکبر ان چیخنے اور شور مچاتے رہنے والے بدوؤں میں (زیادہ) ہوتا ہے اور بکری چرانے والوں میں وقار و تواضع ہوتی ہی اور ایمان تو یمن میں ہے اور حکمت و معرفت بھی یمنی ہے۔ ابوعبداللہ (امام بخاریؒ) نے کہا کہ یمن کا نام یمن اس لئے پڑا کہ یہ کعبہ کے دائیں طرف ہے اور شام کو شام اس لئے کہتے ہیں کہ یہ کعبہ کے بائیں طرف ہے ''الشامۃ۔'' بائیں جانب کو کہتے ہیں۔ بائیں ہاتھ کو ''الشومیٰ'' کہتے ہیں اور بائیں جانب کو ''الاشام'' کہتے ہیں۔

باب ۳۵۶. مناقِبُ قُرَیۡشٍ

۳۵۶۔ قریش کے مناقب۔

(۷۱۵) حَدَّثَنَا ابوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن الزھریِ قال کان محمدُ بنُ جبیرِ بنِ مُطۡعِمٍ یُحَدِّثُ اَنَّہ' بَلَغَ مُعاویۃ وھو عِنۡدَہ' فِیۡ وَفۡدٍ مِنۡ قُرَیۡش اَنَّ عبدَاللّٰہِ بنَ عمرِو بنِ العاصِ یُحَدِّث اَنَّہ' سیکون مَلِکٌ من قَحۡطَانَ فَغَضِبَ معاویۃُ فقام فاثنٰی علَی اللّٰہ بِمَا ھُوَاَھۡلُہ' ثم قال اَمَّا بعد

۷۱۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی۔ انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا کہ محمد بن جبیر بن مطعم بیان کرتے تھے کہ میں نے معاویہ رضی اللہ عنہ تک یہ بات پہنچائی۔ محمد بن جبیر آپ کی خدمت میں قریش کے ایک وفد کے ساتھ حاضر ہوئے تھے کہ عبداللہ بن عمر بن عاص رضی اللہ عنہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ عنقریب (قرب قیامت میں) بنی قحطان سے ایک حکمران اٹھے گا۔ اس پر معاویہ رضی اللہ عنہ غصے

فانه بَلَغَنِیْ اَنَّ رِجَالًا مِنْکُمْ یَتَحَدَّثُوْنَ احادیث لَیْسَتْ فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ وَلَا تُؤْثَرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فاولٰئک جُهَّالُکُمْ فَاِیَّاکُمْ وَالْاَ مَانِیَّ الَّتِیْ تُضِلُّ اَهْلَهَا فَاِنِّیْ سمعتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقول اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ فِیْ قُرَیْشٍ لَایُعَادِیْهِمْ اَحَدٌ اِلَّا کَبَّهُ اللّٰهُ عَلٰی وَجْهِهٖ ما اَقَامُوا الدِّیْنَ

ہو گئے، پھر آپ اٹھے اور اللہ تعالیٰ کی اس کی شان کے مطابق حمد وثنا کے بعد فرمایا، امابعد! مجھے معلوم ہوا کہ بعض حضرات ایسی احادیث بیان کرتے ہیں جو نہ قرآن مجید میں موجود ہیں اور نہ رسول اللہ ﷺ سے کسی نے ان کی روایت کی ہے ❶ تم میں سب سے جاہل یہی لوگ ہیں۔ پس گمراہ کن خیالات سے بچتے رہو، میں نے تو نبی کریم ﷺ سے یہ سنا ہے کہ یہ خلافت قریش میں رہے گی اور ان سے جو بھی چھیننے کی کوشش کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ذلیل کر دے گا۔ (لیکن یہ صورت حال اسی وقت تک رہے گی) جب تک وہ دین کو قائم رکھیں گے (انفرادی اور اجتماعی طور پر۔)

(۷۱۶) حَدَّثَنَا ابو الولید حَدَّثَنَا عاصمُ بنُ محمدٍ قال سمعتُ ابی عن ابنِ عُمَرَ رضی اللّٰه عَنْهُمَا عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَایَزَالُ هٰذَا الْاَمْرُ فِیْ قُرَیْشٍ مَابَقِیَ مِنْهُم اثْنَانِ

۷۱۶۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی۔ ان سے عاصم بن محمد نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا اور انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ یہ خلافت اس وقت تک قریش کے ہاتھوں میں باقی رہے گی۔ جب تک ان میں دو افراد بھی ایسے ہوں گے (جو علیٰ منہاج النبوۃ حکومت کرنے کی پوری صلاحیتیں رکھتے ہوں۔)

(۷۱۷) حَدَّثَنَا یحییَ بنُ بکیرٍ حَدَّثَنَا اللیثُ عن عُقَیْلٍ عن ابنِ شهابٍ عنِ ابنِ المُسَیَّبِ عن جبیرِ بنِ مطعمٍ قال مَشَیْتُ اَنَا وعثمانُ بنُ عفانَ فقال یارسولَ اللّٰه اعطیْتَ بنی المُطلب وتَرَکْتَنَا وَاِنَّمَا نَحْنُ وَهُمْ مِنْکَ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا بَنُوْهَاشِمٍ وَبَنُوالْمُطَّلِب شَیْءٌ وَاحِدٌ وقَال اللیثُ حَدَّثَنِیْ ابوالاسودِ محَمَدٌ عن عروةَ ابنِ الزبیرِ قال ذَهَبَ عبدُاللّٰهِ بنُ الزبیرِ مَعَ اُنَاسٍ من بنی زُهْرَةَ الٰی عائشةَ وکانتْ اَرَقَّ شَیْئٍ عَلَیْهِمْ لِقَرَابَتِهِم من رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۷۱۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے ابن میتب نے اور ان سے جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اور عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ چل رہے تھے کہ انہوں نے عرض کی، یا رسول اللہ (ﷺ) بنو مطلب کو تو آپ نے عطا فرمایا اور ہمیں نظر انداز کر دیا۔ حالانکہ آپ کے لئے ہم اور وہ ایک درجے کے تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ (صحیح کہا) بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہی ہیں۔ اور لیث نے بیان کیا، ان سے ابوالاسود محمد نے حدیث بیان کی اور ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بنی زہرہ کے چند افراد کے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لے گئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بنی زہرہ کے ساتھ نہایت اچھی طرح پیش آتی تھیں کیونکہ ان

---

❶ عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے تورات کا مطالعہ کیا تھا، یہ بات حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے علم میں بھی رہی ہوگی۔ ادھر ان کی بیان کردہ حدیث کا جسے محمد بن جبیر نے نقل کیا تھا، انہیں علم نہیں تھا۔ اس لئے انہیں شبہ ہوا کہ یقیناً یہ حدیث انہوں نے تورات سے نقل کر کے یوں ہی بے سند بیان کر دی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ معاویہ رضی اللہ عنہ سنتے ہی غصے ہو گئے اور لوگوں کو جو ان کے علم میں حقیقت حال تھی اس سے آگاہ کرنا ضروری سمجھا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کا حوالہ بھی نہیں دیا تھا۔ اس لئے معاویہ رضی اللہ عنہ کا شبہ یقین میں بدل گیا۔ ورنہ واقعہ یہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی بیان کردہ حدیث بھی صحیح تھی اور رسول اللہ ﷺ سے ثابت تھی۔ خود صحیح بخاری میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی یہ حدیث منقول ہے۔ بنی قحطان کے جس حکمران کا ذکر حدیث میں ہے، ان کے متعلق روایات سے پتہ چلتا ہے کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد ہوں گے اور غالباً اسلام کے آخری حکمران ہوں گے۔

(۷۱۸) حَدَّثَنَا ابونعیمٍ حَدَّثَنَا سفیانُ عن سعدٍ ح قال یعقوبُ بنُ ابراھیمَ حَدَّثَنَا ابی عن ابیه قَالَ حَدَّثَنِیْ عبدُالرحمٰنِ بن هُرْمُزَ الاعرَجُ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُرَیْشٌ وَالْاَنصَارُ وَجُهَیْنَةُ وَمُزَیْنَةُ وَاَسْلَمُ وَاَشْجَعُ وَغِفَارُ مَوَالِیَّ لَیْسَ لَهُمْ مَوْلًی دُوْنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

(۷۱۹) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا اللیثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ ابوالاسودِ عنِ عروةَ بنِ الزبیر قال کان عبدُاللّٰهِ بنُ الزبیرِ اَحَبَّ الْبَشَرِ اِلٰی عَائِشَةَ بَعْدَالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بکرٍ وکَانَ اَبَرَّالنَّاسِ بِهَا وکَانَتْ لاتُمْسِکُ شَیْئًا مِمَّا جَاءَ هَا من رِزقِ اللّٰهِ اِلَّا تَصَدَّقَتْ فَقَالَ ابنُ الزبیرِ یَنْبَغِیْ ان یُؤخَذ علٰی یَدَیْهَا فَقَالَتْ یُؤخَذُ عَلٰی یَدَیَّ عَلَیَّ نَذْرٌ اِن کَلَّمْتُه، فَاسْتَشْفَعَ اِلَیْهَا برجالٍ من قریشٍ وباَخْوَالِ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً فَامْتَنَعَتْ فقال له الزهریُّوْنَ اخوالُ النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ عبدُالرحمٰنِ بنُ الاسودِ بنِ عبدِیَغُوْثَ وَالمسورُ بنُ مَخْرَمَةَ اِذَا اسْتَاْذَنَّا فَاقْتَحِمِ الْحِجَابَ فَفَعَلَ فَاَرْسَلَ اِلَیْهَا بعَشْرِ رِقَابٍ فَاَعْتَقَهُمْ ثُمَّ لَمْ تَزَلْ تُعْتِقُهم حَتّٰی بَلَغَتْ اَرْبَعِیْنَ فَقَالَتْ وَدِدْتُ اَنِّیْ جَعَلْتُ حِیْنَ حَلَفْتُ عَمَلًا اَعْمَلُه، فَاَفْرُغ مِنْهُ

لوگوں کی رسول اللہ ﷺ سے قرابت تھی۔

۷۱۸۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی اور ان سے سعد نے۔ یعقوب بن ابراہیم نے بیان کیا کہ ہم سے میرے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ مجھ سے عبداللہ بن ہرمز الاعرج نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قریش، انصار، جہینہ، مزینہ، اسلم، اشجع اور غفار میرے مولا (مددگار اور سب سے زیادہ قریب) ہیں اور ان کا بھی مولا اللہ اور اس کے رسول کے سوا اور کوئی نہیں۔

۷۱۹۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوالاسود نے حدیث بیان کی، ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے عائشہ رضی اللہ عنہا کو سب سے زیادہ محبت تھی۔ حضرت عائشہؓ کی عادت تھی کہ اللہ کی جو رزق بھی انہیں ملتی تھی وہ اسے صدقہ کر دیا کرتی تھیں (جمع نہیں کرتی تھیں) ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے (کسی سے) کہا کہ ام المومنین کو اس سے روکنا چاہئے۔ (جب عائشہ رضی اللہ عنہا کو ابن زبیر رضی اللہ عنہ کا یہ جملہ پہنچا تو) آپ نے فرمایا، اچھا، مجھے روکا جائے گا؟ اب اگر میں نے اس سے بات کی تو مجھ پر نذر واجب ہے۔ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے (ام المومنین کو راضی کرنے کے لئے) قریش کے چند اصحاب اور خاص طور سے رسول اللہ ﷺ کے ننہالی رشتہ داروں (بنی زہرہ) کو ان کی خدمت میں سفارش کے لئے بھیجا۔ لیکن حضرت عائشہ پھر بھی نہ مانیں۔ اس پر بنوزہرہ نے جو رسول اللہ ﷺ کے (رشتے میں) ماموں ہوتے تھے اور ان میں عبدالرحمٰن بن اسود بن عبدیغوث اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ (آپ ہمارے ساتھ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں چلئے) اور جب ہم ان سے اجازت چاہیں تو آپ (بلا اجازت) اندر چلے آئیں۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا (جب عائشہ رضی اللہ عنہا خوش ہوگئیں تو) انہوں نے ان کی خدمت میں دس غلام بھیجے (آزاد کرنے کے لئے، بطور کفارہ قسم) اور ام المومنین نے انہیں آزاد کر دیا۔ پھر آپ برابر غلام آزاد کرتی رہیں۔ یہاں تک کہ چالیس غلام آزاد کر دیئے پھر آپ نے فرمایا، قسم کھا لینے کے بعد، میں چاہتی تھی کہ کوئی ایسا عمل کروں

جس کی وجہ سے اس قسم کا کفارہ ادا ہو جائے۔

باب ۳۵۷. نُزِلَ الْقُرآنُ بِلِسانِ قُرَيْشٍ

۳۵۷۔قرآن کا نزول،قریش کی زبان میں۔

(۷۲۰) حَدَّثَنَا عبدُالعزيزِ بنِ عبدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا ابراهيمُ بنُ سعدٍ عن ابنِ شهابٍ عن انسٍ اَنَّ عثمانَ دَعَا زَيْدَ بنَ ثابتٍ وعبدَاللّٰهِ بنَ الزبيرِ وسعيدَ بنَ العاصِ وعبدَالرحمٰنِ بنَ الحارثِ بنِ هشامٍ فَنَسَخُوهَا فِي الْمَصَاحِفِ وقال عثمانُ للرَّهْطِ الْقُرَشِيين الثلاثةِ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بنُ ثابتٍ فِي شيءٍ مِنَ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ فَاِنَّمَا نُزِلَ بِلِسَانِهِمْ فَفَعَلُوْا ذٰلِكَ

۷۲۰۔ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی،ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی،ان سے ابن شہاب نے اوران سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے زید بن ثابت،عبداللہ بن زبیر، سعید بن العاص اور عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ عنہم کو بلایا اور (آپ کے حکم سے) ان حضرات نے قرآن مجید کو کئی مصحفوں میں نقل کیا۔اور عثمان رضی اللہ عنہ نے (ان چار حضرات میں) تین قریشی صحابہ سے فرمایا تھا کہ جب آپ لوگوں کا زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے (جو مدینہ منورہ کے رہنے والے تھے) قرآن کے کسی موقعہ پر (اس کے کلمات کی لہجے میں) اختلاف ہو جائے تو اس کی کتابت قریش کی زبان کے مطابق کرنا۔کیونکہ قرآن مجید کا نزول قریش کی زبان میں ہوا ہے۔ ان حضرات نے یوں ہی کیا۔

باب ۳۵۸. نِسْبَةُ الْيَمَنِ اِلَى اِسْمَاعِيْلَ مِنْهُمْ اَسْلَمُ بنُ اَفْصَى بنِ حَارِثَةَ بنِ عمرِو بنِ عامرٍ مِنْ خُزَاعَةَ

۳۵۸۔اہل یمن کی نسبت اسماعیل علیہ السلام کی طرف قبیلہ خزاعہ کی شاخ بنو اسلم بن افصیٰ بن حارثہ بن عمرو بن عامر اہل یمن میں سے تھے۔

(۷۲۱) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا يحيٰى عن يزيدَ بنِ ابي عبيدٍ حدثنا سلمةُ رضي اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قومٍ مِنْ اَسْلَمَ يَتَنَاضَلُوْنَ بِالسُّوْقِ فقال اِرْمُوْا بَنِي اِسْمَاعِيْلَ فَاِنَّ اَبَاكُم كَانَ رَامِيًا وَاَنَا مَعَ بَنِي فُلَانٍ لِاَحَدِ الْفَرِيْقَيْنِ فَاَمْسَكُوْا بِاَيْدِيْهِمْ فَقَالَ مَالَهُمْ قَالُوْا وَكَيْفَ نَرْمِيْ وَاَنْتَ مَعَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ اِرْمُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ كُلِّكُمْ

۷۲۱۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی،ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی،ان سے یزید بن ابی عبید نے اوران سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ قبیلہ اسلم کے صحابہ کی طرف سے گذرے جو بازار (کے میدان) میں تیر اندازی کررہے تھے تو آپ نے فرمایا کہ بنو اسماعیل! خوب تیر اندازی کرو۔کہ تمہارے جدا مجد (اسماعیل علیہ السلام) بھی تیرانداز تھے اور میں بنی فلاں کے ساتھ ہوں،فریقین میں سے ایک کی طرف (آپ ہو گئے) اس پر دوسرے فریق نے اپنے ہاتھ روک لئے۔آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہوئی؟ انہوں نے عرض کیا،جب آنحضور بنی فلاں (فریق مخالف) کے ساتھ ہو گئے تو پھر ہمارے لئے تیراندازی میں ان سے مقابلہ کس طرح ممکن ہوسکتا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا،اچھا تیر اندازی جاری رکھو،میں تم سب لوگوں کے ساتھ ہوں۔

باب ۳۵۹۔

(۷۲۲) حَدَّثَنَا ابومعمرٍ حدثنا عبدُالوارثِ عن الحسينِ عن عبدِاللّٰهِ بنِ بريدةَ قال حَدَّثَنِي يَحْيٰى

۷۲۲۔ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی۔ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی۔ان سے حسین نے،ان سے عبداللہ بن بریدہ نے بیان

بن يَعْمُرَ اَنَّ اباالاسودِ الدِّيلِيَّ حدثه عَنْ ابى ذرٍ رضى اللّٰه عنه اَنَّه، سَمِعَ النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ مِنْ رَجُلٍ اِدَّعَى لِغَيْرِ اَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُهُ اِلَّا كَفَرَ وَمَنِ ادَّعَى قَوْمًا لَيْسَ لَه، فِيْهِمْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

کیا ان سے یحیٰ بن یعمر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاسود دیلی نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ فرمار ہے تھے کہ جس شخص نے بھی جان بوجھ کر اپنے باپ کے سوا اور سے اپنا نسب ملایا جس سے اس کا کوئی (نسبی) تعلق نہیں تھا تو اسے اپنا ٹھکانا جہنم میں سمجھنا چاہیے۔

(۷۲۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عياشٍ حدثنا جَرِيْرٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ عبدُالواحدِ ابنُ عبدِاللّٰه النَّصْرِيُّ قَالَ سمعتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ يقول قال رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اعظَمِ الفِرَى ان يَدَّعِيَ الرَّجُلُ اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ اَوْ يُرِىَ عَيْنَهُ مَا لَمْ تَرَاَوْ يَقُوْلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَمْ يَقُلْ

۷۲۳۔ ہم سے علی بن عیاش نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبدالواحد بن عبداللہ نصری نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے بڑا بہتان یہ ہے کہ آدمی اپنے والد کے سوا اپنا نسب کسی اور سے ملائے یا جو چیز اس نے نہیں دیکھی ہے (خواب میں) اس کے دیکھنے کا دعویٰ کرے، یا رسول اللہ ﷺ کی طرف ایسی حدیث منسوب کرے جو آپ نے نہ فرمائی ہو۔

(۷۲۴) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا حمادٌ عن ابى جَمْرَةَ قَالَ سمعتُ ابنَ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما يقول قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِالقيسِ على رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقالوا يارسولَ اللّٰهِ اِنَّا هذا الحيَّ مِنْ ربيعةَ قَدْ حَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كفارُ مُضَرَ فَلَسْنَا نَخْلِصُ اليكَ اِلَّا فِىْ كُلِّ شهرٍ حرامٍ فَلَوْ اَمَرْتَنَا بِاَمْرٍ نَاخُذُه، عنك ونُبَلِّغُه، مَنْ وراءَ نا قال اٰمُرُكُمْ باَرْبَعٍ وَاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعٍ اَلْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ شَهَادَةِ اَنْ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَاَنْ تُؤَدُّوا اِلَى اللّٰهِ خُمُسَ مَاغَنِمْتُمْ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْحَنْتَمِ وَالنَّقِيْرِ وَ الْمُزَفَّتِ

۷۲۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجمرہ نے بیان کیا اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ فرمار ہے تھے کہ قبیلہ عبدالقیس کا وفد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! ہمارا تعلق اسی قبیلہ ربیعہ سے ہے اور ہمارے اور آنحضور کے درمیان (راستے میں) کفار مضر کا قبیلہ پڑتا ہے۔ اس لئے ہم آنحضور ﷺ کی خدمت میں صرف حرمت کے مہینوں میں ہی حاضر ہو سکتے ہیں، مناسب ہوتا۔ اگر آنحضور ﷺ ہمیں ایسے احکام وہدایات دے دیں جس پر ہم خود بھی مضبوطی سے قائم رہیں اور جو لوگ ہمارے ساتھ (ہمارے قبیلے کے) نہیں آ سکے ہیں، انہیں بھی بتا دیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور چار باتوں سے روکتا ہوں (حکم دیتا ہوں) اللہ پر ایمان لانے کا یعنی اس کی گواہی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور نماز قائم کرنے کا اور زکوٰۃ ادا کرنے کا اور اس بات کا کہ جو کچھ بھی تمہیں مال غنیمت ملے اس میں سے پانچواں حصہ اللہ کو ادا کرو۔ اور میں تمہیں دباء، حنتم، نقیر اور مزفت (کے استعمال سے) منع کرتا ہوں۔

(۷۲۵) حَدَّثَنَا ابواليمان اخبرنا شعيبٌ عن الزهرى عن سالمِ بنِ عبدِاللّٰه اَنَّ عبدَاللّٰهِ بنَ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى

۷۲۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ منبر پر

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ عَلَى المنبر الاَ اِنَّ الفتنَةَ هٰهُنَا يُشِير اِلَى الْمَشْرِق مِنْ حَيْثُ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَان

فرمار ہے تھے، آگاہ ہو جاؤ، فتنہ اسی طرف ہے آپ نے مشرق کی طرف اشارہ کر کے یہ جملہ فرمایا۔ جدھر سے شیطان کا سینگ طلوع ہوتا ہے۔

باب ۳۶۰. ذِكر اَسلَمَ وَغِفَارَ وَمُزَيْنَةَ وَجُهَيْنَةَ

۳۶۰۔ قبیلہ اسلم، مزینہ اور جہینہ کا تذکرہ۔

(۷۲۶) حَدَّثَنَا ابونعيم حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عن سعدٍ عن عبدِالرحمٰنِ بنِ هُرْمزَ عن ابى هريرةَ رضيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرَيْشٌ وَالْاَنْصَارُ وَ جُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَ اَسلَمُ وَ غِفَارُ وَاَشجَعُ. مَوَالِيُّ لَيسَ لَهُم مَوْلَى دُوْنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ

۷۲۶۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ہرمز نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قریش، انصار، جہینہ، مزینہ، اسلم، غفار اور اشجع میرے مولا (انصار و مددگار) ہیں اور ان کا بھی مولیٰ اللہ اور اس کے رسول کے سوا اور کوئی نہیں۔

(۷۲۷) حَدَّثَنِيُ محمدُ بنُ غُرير الزهريُّ حَدَّثَنَا يعقوبُ بنُ ابراهيمَ عن ابيه عن صالح حَدَّثَنَا نَافِعٌ اَنَّ عبدَاللّٰه اَخبرَه اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى الْمِنبَرِ غِفَارُ غَفرَاللّٰه لَهَا وَاَسلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ وَعُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَه'

۷۲۷۔ مجھ سے محمد بن غریر زہری نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے اس کے والد نے، ان سے صالح نے، ان سے نافع نے اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے منبر پر ارشاد فرمایا، قبیلہ غفار کی اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے اور قبیلہ اسلم کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے۔ اور قبیلہ عصیہ نے اللہ تعالیٰ کی عصیان و نافرمانی کی۔

(۷۲۷) حَدَّثَنِيُ مُحَمَّدٌ اخبرنا عبدُالوهّاب الثقفيُّ عن ايوبَ عن محمدٍ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَسلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ وَغِفَارُ غَفرَ اللّٰهُ لَهَا

۷۲۷۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی۔ انہیں عبدالوہاب ثقفی نے خبر دی، انہیں ایوب نے، انہیں محمد نے، انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے بیان کیا، کہ قبیلہ اسلم کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے اور قبیلہ غفار کی اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

(۷۲۸) حَدَّثَنَا قبيصةُ حَدَّثَنَا سفيانُ حَدَّثَنِيُ مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابنُ مهديٍ عن سفيان عن عبدِالملك ابن عُمَير عَن عبدِالرحمٰن ابن ابى بكرةَ عن ابيه قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيتُم اِنْ كَانَ جُهَيْنَةُ وَمُزَيْنَةُ وَاَسلَمُ وَ غِفَارُ خَيرًا مِنْ بَنِى تَمِيمٍ وَّبَنِىْ اَسَدٍ وَمِنْ بَنِىْ عبداللّٰه بْنِ غَطْفَانَ وَمِنْ بَنِىْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ فَقَالَ رَجُلٌ خَابُوْا وَخَسِرُوْا فَقَالَ هُوَ خَيرٌ مِنْ بَنِىْ تَمِيمٍ وَمِنْ بَنِىْ اَسَدٍ وَمِنْ بَنِىْ عَبدِ اللّٰه بن غَطْفَان ومن بَنِىْ عَامِر بْنِ صَعْصَعَةَ

۷۲۸۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ اور مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے عبدالملک بن عمیر نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ نے اور ان سے ان کے والد نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تمہارا کیا خیال ہے، کیا جہینہ، مزینہ، اسلم۔ اور غفار کے قبیلے بنی تمیم، بنی اسد، بنی عبداللہ بن غطفان اور بنی عامر بن صعصعہ کے مقابلے میں بہتر ہیں؟ ایک صاحب نے کہا کہ وہ تو ناکام و نامراد ہوئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ قبیلے بنو تمیم، بنو اسد، بنو عبداللہ بن غطفان اور بنو عامر بن صعصعہ کے قبیلے سے بہتر ہیں۔ [1]

[1] جاہلیت کے دور میں جہینہ، مزینہ، اسلم اور غفار کے قبیلے بنی تمیم، بنی اسد وغیرہ سے کم درجہ کے سمجھے جاتے تھے۔ پھر جب اسلام آیا (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

(۷۲۹) حَدَّثَنِیُ محمدُ بنُ بشارٍ حَدَّثَنَا غندرُ حَدَّثَنَا شعبةُ عن محمدِ بنِ ابی یعقوبَ قال سمعتُ عبدَالرحمٰن بنَ ابی بکرةَ عن ابیه اَنَّ الاقرعَ بن حابسٍ قال للنبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ انما بَایَعَکَ سُرَّاقُ الْحَجِیجِ من اسلمُ وغِفَارٍ ومزینة وَاَحْسِبُه وَ جُهَیْنَةَ ابن ابی یعقوب شَکَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَیْتَ اِنْ کَانَ اَسْلَمُ وَغِفَّارُ وَمُزَیْنَةُ وَاَحْسِبُه، وَجُهَیْنَةُ خَیْرًا مِنْ بَنِیْ تمیمٍ وبَنِیْ عَامِرٍ وَاَسَدٍ وَغَطفَانَ خَابُوْا وَخَسِرُوْا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَالَّذِی نَفْسِیْ بِیَدِهٖ اِنَّهُمْ لخیرٌ مِنْهُمْ

۷۲۹۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن ابی یعقوب نے بیان کیا، انہوں نے عبدالرحمٰن بن ابی بکرہ سے سنا، انہوں نے اپنے والد سے کہ اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ آنحضور ﷺ سے اسلم، غفار اور مزینہ میرا خیال ہے کہ انہوں نے جہینہ کا بھی نام لیا۔ کے قبائل نے بیعت کی ہے (اسلام پر)۔ اس موقعہ پر شک راوی حدیث محمد بن ابی یعقوب کو تھا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا تمہارا کیا خیال ہے، کیا اسلم، غفار، مزینہ۔ میرا خیال ہے کہ آنحضور ﷺ نے جہینہ کا بھی نام لیا کے قبائل بنوتمیم، و بنو عامر، اسد اور غطفان کے قبائل سے بہتر ہیں یا ناکام و نامراد ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ لوگ ناکام و نامراد ہیں۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے اول الذکر قبائل آخر الذکر کے مقابلے میں بہتر ہیں۔

باب ۳۶۱. ابْنُ اُختِ القَوْمِ ومولی الْقَوْمِ منهم

۳۶۱۔ کسی قوم کا بھانجا یا آزاد کردہ غلام اسی قوم میں شمار ہوتا ہے۔

(۷۳۰) حَدَّثَنَا سلیمانُ بنُ حربٍ حدثنا شعبةُ عن قتادةَ عن انسٍ رضی اللّٰهُ عنه قال دعا النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الانصارَ فقال هَلْ فِیْکُمْ اَحَدٌ من غَیْرِکم قالوا لَا اِلَّا ابْنُ اُخْتٍ لَنَا فقال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِبْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ

۷۳۰۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کو خاص طور سے ایک مرتبہ بلایا، پھر ان سے دریافت فرمایا کیا تم لوگوں میں کوئی ایسا شخص بھی رہتا ہے جس کا تعلق تمہارے قبیلے سے نہ ہو؟ انہوں نے عرض کیا کہ صرف ہمارا ایک بھانجہ ایسا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ بھانجہ بھی اسی قوم کا ایک فرد ہوتا ہے۔

باب ۳۶۲. قِصَّةُ زَمْزَم

۳۶۲۔ زمزم کا واقعہ۔

(۷۳۱) حَدَّثَنَا زیدٌ هو ابن اخزمَ قال ابوقتیبةَ سَالِمُ بن قتیبةَ حَدَّثَنِی مثنی بنُ سعیدٍ القصیرُ قال حدثنی ابوجمرةَ قال قال لنا ابنُ عباسٍ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاِسْلَامِ ابی ذرٍ قَالَ قلنا بلٰی قَالَ قَالَ ابوذر کُنْتُ رَجُلًا مِنْ غِفَارٍ فَبَلَغَنَا اَنَّ رَجُلًا قد خرج بمکةَ یَزْعُمُ انه نَبِیٌّ فَقُلْتُ لِاَخِیْ انْطَلِقْ اِلٰی هٰذَا الرَّجُلِ کَلِّمْهُ وَ ائْتِنِی بِخَبَرِه فانطلق فَلَقِیَه، ثُمَّ

۷۳۱۔ ہم سے زید نے، جو اخزم کے بیٹے ہیں۔ بیان کیا، کہا کہ ہم سے ابوقتیبہ سالم بن قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے مثنیٰ بن سعید قصیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابو ہریرہؓ نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، ابوذر رضی اللہ عنہ کے اسلام کا واقعہ تمہیں سناؤں؟ ہم نے عرض کی، ضرور! انہوں نے بیان کیا، کہ ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میرا تعلق قبیلہ غفار سے تھا۔ ہمارے یہاں یہ خبر پہنچی کہ مکہ میں ایک شخص پیدا ہوا ہے جس کا دعویٰ ہے کہ وہ نبی ہے (پہلے تو)

(پچھلے صفحہ کا حاشیہ) تو انہوں نے اسے قبول کرنے میں سبقت کی اور اسلام میں نمایاں کام انجام دیئے، اس لئے شرف و فضیلت میں بنوتمیم وغیرہ قبائل سے بڑھ گئے۔ حدیث میں یہی ارشاد ہوا ہے۔

رَجعَ فَقُلْتُ مَا عِندَ کَ فَقَالَ واللّٰہ لقد رایت رَجُلًا یامر بالخیرِ وینھٰی عن الشّر فَقُلْتُ لَه' لَمْ تَشْفِنِی من الخبز فا خذتُ جُرَابًا وَعَصا ثُمَّ اقبلتُ اِلٰی مَکَّةَ فجعلتُ لااعْرِفه وَاکرَهُ اَن اَسالَ عنه وَاَشرَبُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ وَاَکُونُ فی المسجدِ قالَ فَمَرَّبِیْ عَلِیٌّ فَقَال کَاَنَّ الرجلَ غَرِیبٌ قالَ قُلتُ نعم قال فانطَلِقْ الی المنزلِ قال فانطلقتُ معه لایَسالُنی عَنْ شیٌ وَلا اَخبرُه فَلَمَّا اَصبَحتُ غَدَوْتُ الی المسجدِ لااَسَالُ عنه ولیس اَحدٌ یُخبرُنِیْ عنه بشیءٍ قال فَمَرَّبی عَلیٌّ فقال اما نال للرجلِ یعرِف منزلَه بعدُ قال قلتُ لاقال اِنطَلِقْ معی قالَ فقال مَاامرک وما اَقْدَمَکَ ھذہ البلدَةَ قال قلتُ له ان کتمتَ عَلیَّ اخبرتُک قال فانی اَفعَلُ قال قلتُ له بَلَغَنا اَنَّه' قد خَرَجَ ھھنا رجلٌ یَزْعُمُ اَنَّه' نبیٌّ فارسلتُ اَخِیْ لیکلِّمَه فرجع ولم یَشْفِنی من الخبرِ فاردتُ اَنْ القاہ فقال له اَمَّا اِنَّکَ قَدْرَشدتَ ھذا وَجْھِی اِلَیْه فاتبعنی اُدْخُلْ حیثُ اَدْخُلُ فَاِنِّی اِنْ رأیتُ اَحَدًا اخافُه علیکَ قمتُ الی الحائط کأنی اُصْلِحُ نَعْلِیْ وَامضِ اَنْتَ فَمضٰی وَمَضَیْتُ معه حتی دخل ودخلتُ معه علی النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ له اعْرِضْ عَلَیَّ الاِسْلامَ فعرضه فاسلمتُ مکانی فقال لی یَااَبَا ذَرٍّ اُکْتُم ھٰذَا الْاَمْرَ وَارْجِعْ اِلٰی بَلَدِکَ فَاِذَا بَلَغَکَ ظُھُوْرُنَا فَاَقْبِلْ فَقُلْتُ وَالَّذِی بَعَثَه' بالحق لَاَصْرَخَنَّ بِھَا بَیْنَ اظھرھم فَجَاءَ الی المسجدِ وقریشٌ فیه فَقَالَ یامعشرَ قریشٍ انی اشھدُ اَنْ لااِلٰهَ اِلّااللّٰه وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہ' وَرَسُوْلُه' فَقَالُوْا قُوْمُوْا اِلٰی ھٰذاالصَّابِیِّ فَقَامُوْا فَضُرِبْتُ لِاَمُوْتَ فادرکنی العباسُ فاَکَبَّ عَلَیَّ ثُمَّ اَقْبَلَ علیھم فقال ویلکم تقتلون رَجُلًا مِنْ غِفَارٍ

میں نے اپنے بھائی سے کہا کہ اس شخص کے پاس جاؤ، اس سے گفتگو کرو، اور پھر اس کے سارے حالات آ کر مجھے بتاؤ۔ چنانچہ میرے بھائی خدمت نبوی میں حاضر ہوئے، آنحضور ﷺ سے ملاقات کی اور واپس آ گئے۔ میں نے پوچھا کہ کیا خبر لائے؟ انہوں نے کہا۔ بخدا، میں نے ایک ایسے شخص کو دیکھا ہے جو اچھے کاموں کے لئے کہتا ہے اور برے کاموں سے منع کرتا ہے۔ میں نے کہا کہ تمہاری باتوں سے مجھے تشفی نہیں ہوئی۔ اب میں نے ناشتے کا تھیلا اور چھڑی اٹھائی اور مکہ آ گیا۔ میں آنحضور ﷺ کو پہچانتا نہیں تھا اور آپ کے متعلق کسی سے پوچھتے ہوئے بھی ڈر لگتا تھا۔ (کہ پریشان کرنا شروع کر دیں گے) میں (صرف زمزم کا پانی پی لیا کرتا تھا اور مسجد حرام میں ٹھہرا ہوا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ علی رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گذرے اور بولے کہ معلوم ہوتا ہے، آپ اس شہر میں اجنبی ہیں؟ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کہا جی ہاں۔ بیان کیا کہ پھر وہ مجھے اپنے گھر ساتھ لے گئے۔ بیان کیا کہ میں آپ کے ساتھ ساتھ گیا، نہ انہوں نے مجھ سے کوئی بات پوچھی اور نہ میں نے کچھ کہا۔ صبح ہوئی تو پھر مسجد حرام میں آ گیا۔ تا کہ آنحضور ﷺ کے بارے میں کسی سے پوچھوں، لیکن آپ کے بارے میں کوئی بتانے والا نہیں تھا۔ بیان کیا کہ پھر علی رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گذرے اور فرمایا، کیا ابھی تک آپ اپنی منزل کو نہیں پا سکے؟ بیان کیا کہ میں نے کہا کہ نہیں، انہوں نے فرمایا کہ اچھا پھر میرے ساتھ آیئے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر حضرت علیؓ نے پوچھا، آپ کا معاملہ کیا ہے۔ آپ اس شہر میں کیوں تشریف لائے ہیں؟ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کہا، اگر آپ راز داری سے کام لیں تو میں آپ کو اپنے معاملے کے متعلق بتا سکتا ہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ میری طرف سے مطمئن رہئے۔ بیان کیا کہ میں نے ان سے کہا، ہمیں معلوم ہوا ہے کہ یہاں کوئی شخص پیدا ہوا ہے جو نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ میں نے اپنے بھائی کو اس سے گفتگو کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ لیکن جب وہ واپس ہوئے تو انہوں نے مجھے کوئی تشفی بخش اطلاعات نہیں دیں۔ اس لئے میں اس ارادہ سے آیا ہوں کہ ان سے خود ملاقات کروں۔ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، پھر اب آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ میں انہیں کے یہاں جا رہا ہوں، آپ میرے پیچھے پیچھے چلیں، جہاں میں داخل ہوں آپ بھی داخل ہو جائیں، اگر میں کسی

وَمُتْجَرُكُمْ وَمَمَرُّكُم علی غِفَارٍ فاقلعوا عنی فَلَمَّا ان اصبحتُ الغَدَ رَجَعْتُ فقلتُ مثلَ ما قلتُ بالامسِ فَقَالُوْا قُوْمُوْا اِلٰی هٰذا الصابیِ فَصُنِعَ بی مثلُ ماصُنِعَ بالامسِ وادرکنی العباسُ فأکَبَّ عَلَیَّ وقال مثلَ مقالته بالامس قال فکان هذا اولَ اسلام ابی ذر رضی اللّٰه عنه

ایسے شخص کو دیکھوں گا جس سے آپ کے بارے میں مجھے خطرہ ہوگا تو میں کسی دیوار کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو جاؤں۔ گویا میں اپنا چپل ٹھیک کرنے لگا ہوں۔ اس وقت آپ آگے بڑھ جائیں۔ چنانچہ وہ چلے اور میں بھی آپ کے پیچھے ہولیا اور آخر وہ اندر گئے اور میں بھی ان کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں اندر داخل ہو گیا۔ میں نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ اسلام کے اصول و مبادی مجھے سمجھا دیجئے، آنحضور ﷺ نے میرے سامنے ان کی وضاحت کی اور میں مسلمان ہو گیا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا، اے ابوذر! اس معاملے کو ابھی راز میں رکھنا اور اپنے شہر چلے جانا۔ پھر جب تمہیں ہمارے متعلق یہ معلوم ہو جائے کہ ہم نے دین کی اشاعت کی کوشش پوری طرح شروع کر دی ہیں تب یہاں دوبارہ آنا، میں نے عرض کی، اس ذات کی قسم، جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے میں سب کے سامنے ڈنکے کی چوٹ اس کا اعلان کروں گا۔ چنانچہ وہ مسجد حرام میں آئے، قریش وہاں موجود تھے اور کہا، اے معشر قریش! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ قریشیوں نے کہا۔ پکڑو اس بددین کو! چنانچہ وہ میری طرف بڑھے اور مجھے اتنا مارا کہ میں موت کے قریب پہنچ گیا، اتنے میں عباس (رضی اللہ عنہ) آ گئے اور مجھ پر گر کر مجھے اپنے جسم سے چھپا لیا اور قریشیوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا، بدبختو! قبیلہ غفار کے آدمی کو قتل کرتے ہو، غفار سے تو تمہاری تجارت بھی ہے اور تمہارے قافلے بھی اس طرف سے گذرتے ہیں۔ اس پر انہوں نے مجھے چھوڑ دیا۔ پھر جب دوسری صبح ہوئی تو پھر میں وہیں آیا اور جو کچھ میں نے کل کہا تھا اسی کو پھر دہرایا، قریشیوں نے پھر کہا، پکڑو، اس بددین کو! جو کچھ انہوں نے میرے ساتھ کل کیا تھا وہی آج بھی کیا۔ اتفاق سے پھر عباسؓ آ گئے اور مجھ پر گر کر مجھے اپنے جسم سے انہوں نے چھپا لیا اور جو کچھ انہوں نے قریشیوں سے کل کہا تھا اسی کو آج بھی دہرایا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ یہ ہے ابوذر رضی اللہ عنہ کے اسلام کی ابتداء۔

(۷۳۲) حَدَّثَنَا سلیمانُ بنُ حربٍ حدثنا حمادٌ عن ایوبَ عن محمدٍ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه قال قال اسلمُ وغفار وشیءٌ منِ مُزَیْنَةَ وجهینة

۷۳۲۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے محمد نے، اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قبیلہ اسلم، غفار، اور

او قال شئ من جُهَيْنَةَ اومزينة خيرٌ عندالله اوقال يوْمَ القيامة من اسد وتميم وهوازن وغطفان

مزینہ اور جہینہ کے کچھ افراد یا انہوں نے بیان کیا کہ مزینہ کے کچھ افراد یا (بیان کیا کہ) جہینہ کے کچھ افراد اللہ تعالیٰ کے نزدیک، یا بیان کیا کہ قیامت کے دن، قبیلہ اسد، تمیم، ہوازن اور غطفان سے بہتر ہیں۔

باب ۳۶۲. ذكر قحطان

۳۶۲۔ قحطان کا تذکرہ۔

(۷۳۳) حَدَّثَنَا عبدُالعزيز بنُ عبدِاللّٰهِ قال حدثني سليمانُ بنُ بلالٍ عن ثورِ بنِ زيدٍ عن ابى الغيثِ عن ابى هريرةَ رضى الله عنه عن النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ رَجُلٌ مِنْ قَحْطَانَ يَسُوْقُ النَّاسَ بِعَصَاهُ

۷۳۳۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی، ان سے ثور بن زید نے، ان سے ابوالغیث نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک برپا نہیں ہوگی جب تک قبیلہ قحطان میں ایک شخص نہیں پیدا ہولیں گے جو مسلمانوں کی قیادت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لیں گے۔

باب ۳۶۴. مَا يُنْهٰى مِنْ دعوَى الجاهلية

۳۶۴۔ جاہلیت کے دعووں کی ممانعت۔

(۷۳۴) حَدَّثَنَا محمدٌ اخبرنا مخلد بنُ يزيدَ اخبرنا ابنُ جريجٍ قال اخبرنى عَمْرُو ابنُ دينارٍ اَنَّهٗ سمع جَابرًا رضى الله عنه يقول غَزَوْنَا مع النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ ثاب معه ناس من المهاجرين حتى كثرو ا وكان من المهاجرين رجل لَعَّابٌ فَكَسَعَ اَنْصَارِ يًّافَغَضِبَ الانصاريُّ غَضَبًا شَدِيْدًا حتى تَدَاعَوْا وَقَالَ الانصاريُّ يَا لَلْاَنْصَارِ وقال المهاجريُّ يالَلْمُهَاجِرِيْنَ فَخَرَجَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَابَالُ دَعْوَى اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ ثُمَّ قَالَ مَاشَأْنُهُمْ فَأُخْبِرَ بِكَسْعَةِ المهاجريِّ الانْصَارِيَّ قَالَ فَقَالَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا خَبِيْثَةٌ وقَالَ عبدُالله بنُ ابى سلولٍ قَدْ تَدَاعَوْا علينا لئن رَجَعْنَا الى المدينةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنَّا الاَذَلَّ فَقَالَ عمرُ اَلَانقتلُ يارسول الله هذا الخبيثَ لعبدالله فقال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَتَحَدَّثُ النَّاسُ اِنَّهٗ كَانَ يَقْتُلُ اَصْحَابَهٗ

۷۳۴۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں مخلد بن یزید نے خبر دی انہیں ابن جریج نے خبر دی۔ کہا کہ مجھے عمرو بن دینار نے خبر دی اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوں میں شریک تھے کہ مہاجرین بڑی تعداد میں ایک جگہ جمع ہوگئے، وجہ یہ ہوئی کہ مہاجرین میں ایک صحابی تھے، بڑے زندہ دل! انہوں نے ایک انصاری صحابی کو (مزاحاً) مار دیا۔ اس پر انصاری بہت غصے ہوگئے اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ (جاہلیت کے طریقے پر اپنے اپنے اعوان وانصاری کی) ان حضرات نے دہائی دی، انصاری نے کہا، اے قبائل انصار! مدد کو پہنچو اور مہاجر نے کہا! مدد کو پہنچو۔ اتنے میں نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے اور دریافت فرمایا، کیا بات ہے، یہ جاہلیت کے دعوے کیسے؟ آپ کے صورت حال دریافت کرنے پر مہاجر صحابی کے انصاری صحابی کو مار دینے کا واقعہ بیان کیا گیا تو آپ نے فرمایا، جاہلیت کے دعوے ختم ہونے چاہئیں کیونکہ یہ نہایت بدترین چیز ہے۔ عبداللہ بن ابی سلول (منافق) نے کہا کہ یہ مہاجرین اب ہمارے خلاف اپنے اعوان وانصار کی دہائی دینے لگے ہیں، مدینہ واپس ہوکر باعزت، ذلیل کو یقیناً نکال دے گا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی یارسول اللہ ﷺ ہم اس خبیث عبداللہ بن ابی کو قتل کیوں نہ کردیں؟ لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا، ایسا نہ ہونا چاہئے کہ (بعد میں آنے والی نسلیں) کہیں کہ محمد (ﷺ) اپنے ساتھیوں کو قتل کردیا کرتے تھے۔

(۷۳۵) حَدَّثَنِیْ ثابتُ بنُ محمدٍ حَدَّثَنا سفیانُ عن الاعمشِ عن عبدِاللّٰہ بنِ مُرَّۃَ عن مسروقٍ عن عبداللّٰہ رَضی اللّٰہ عَنہ عن النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وعن سفیانَ عن زبید عن ابراھیم عن مسروقٍ عن عبدِاللّٰہ عنِ النبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وسَلَّم قَال لیس مِنَّا مَنْ ضَرَبَ الْخُدُوْدَ وَشَقَّ الْجُیُوْبَ وَ دَعَا بِدَعْوَی الْجَاھِلِیَّۃِ

۷۳۵۔ہم سے ثابت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے عبداللہ بن مرہ نے، ان سے مسروق نے اوران سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔اورسفیان نے زبید کے واسطہ سے۔انہوں نے ابراہیم سے، انہوں نے مسروق سے اور انہوں نے عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو (نوحہ کرتے ہوئے) اپنے رخسار پیٹے، گریبان پھاڑ ڈالے اور جاہلیت کے دعوے کرے۔

باب ۳۶۵. قِصَّۃ خُزَاعَۃَ

۳۶۵۔قبیلہ خزاعہ کا واقعہ۔

(۷۳۶) حَدَّثَنِیْ اسحاقُ بنُ ابراھیم حَدَّثَنَا یحیی بنُ ادَمَ اخبرنا اِسْرَائِیلُ عن ابی حَصِیْنٍ عن ابی صالحٍ عن ابی ھریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ اَن رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم قال عمرُو بن لُحَیّ بن قَمعَۃَ بْن خِنْدِ فَ اَبُو خُزَاعَۃَ

۷۳۶۔مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، انہیں اسرائیل نے خبر دی، انہیں ابوحصین نے، انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، عمرو بن لحی بن قمعہ ابن خندف قبیلہ خزاعہ کا جدامجد ہے۔

(۷۳۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ قَالَ سَمِعتُ سَعِیْدَ بْنَ الْمُسَیَّبِ قَالَ الْبَحِیْرَۃُ الَّتِیْ یُمْنَعُ دَرُّھَا لِلطَّوَاغِیتِ وَلَا یَحْلِبُھَا اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ وَالسَّائِبَۃُ الَّتِیْ کَانُوا یُسَیِّبُوْنَھَا لِاٰلِھَتِھِمْ۔ فَلاَ یُحْمَلُ عَلَیْھَا شَیْءٌ قَالَ وَقَالَ اَبُوھُرَیْرَۃَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاَیْتُ عَمْرَ وبْنَ عَامِرِ بْنِ لُحَیّ الْخُزَاعِیَّ یَجُرُّ قُصْبَہٗ فِی النَّارِ کَانَ اَوَّلُ مَنْ سَیَّبَ السَّوَآئِبَ

۷۳۷۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی ان سے زہری نے بیان کیا، انہوں نے سعید بن میتب سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ بحیرہ (اس اونٹنی کو کہا جاتا تھا) جن کے دودھ کی ممانعت ہوتی تھی، کیونکہ وہ بتوں کے لئے وقف ہوتی تھیں۔اس لئے کوئی شخص بھی ان کا دودھ نہیں دوہتا تھا اور سائبہ اسے کہتے تھے جنہیں وہ اپنے معبودوں کے لئے چھوڑ دیتے تھے اوران پر بار برداری نہیں کی جاتی تھی (اور نہ سواری) انہوں نے بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں نے عمرو بن عامر بن لحی خزاعی کو دیکھا کہ جہنم میں اپنی انتڑیاں گھسیٹ رہا تھا۔اور یہی عمرو وہ پہلا شخص تھا جس نے سائبہ کی بدعت نکالی تھی۔

باب ۳۶۶. قِصَّۃ زَمْزم وجھل العرب

۳۶۶۔زمزم کا واقعہ اورعرب کی جہالت۔

۷۳۸. حَدَّثَنَا ابوالنعمان حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَۃَ عن ابی بشرٍ عن سعیدِ ابن جبیرٍ عن ابنِ عباسٍ رضی اللّٰہ عنھما قَالَ اِذَا سَرَّکَ اَنْ تَعلَم جَھْلَ الْعَرَبِ فاقرأ مافوقَ الثلاثین ومائۃٍ فی سورۃِ الْاَنْعَامِ قَدْ خَسِرَ الَّذِیْنَ قَتَلُوْا اَوْلَادَھُمْ سَفَھًا بِغَیْرِ علمٍ اِلٰی قَوْلِہٖ قَدْ

۷۳۸۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اوران سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ اگر تم عرب کی جہالت کے متعلق جاننا چاہتے ہوتو سورۂ انعام میں ایک سوتیس آیتوں کے بعد یہ آیتیں پڑھ لو "یقیناً وہ لوگ نامراد ہوئے جنہوں نے اپنی اولاد، (خصوصاً

ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ

لڑکیوں) کو بیوقوفی کی وجہ سے بلا کسی علم کے مار ڈالا" ارشاد قد ضلوا وما کانوا مھتدین" تک۔

باب۳۶۷. من انتسب الٰى آبائه فى الاسلام وَالجاهلية

۳۶۷۔ جس نے اسلام اور جاہلیت کے زمانے میں اپنی نسبت اپنے آباء واجداد کی طرف کی۔

(۷۳۹)وقال ابنُ عُمرَوَ ابوهريرةَ عن النبيِّ ﷺ اِنَّ الْكَرِيْمَ بْنَ الْكَرِيْمِ بْنَ الْكَرِيمِ بنِ الكريمِ يوسفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحَاق بْنِ اِبْرَاهِيْمَ خليلِ اللّٰه وَ قالَ البراءُ عن النبى ﷺ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِب

۷۳۹۔ ابن عمر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کریم بن کریم بن کریم بن کریم یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم خلیل اللہ علیہم الصلوٰۃ والسلام تھے، اور براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ میں "ابن عبدالمطلب" ہوں۔

(۷۴۰) حَدَّثَنَا عمرُ ابن حفصٍ حَدَّثَنَا ابى حدثنا الاعمشُ حَدَّثَنَا عمرُو بنُ مرةَ عن سعيدِ بنِ جبيرٍ عَن ابنِ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما قال لَمَّا نزلتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ جَعَلَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِىْ يابَنِىْ فِهْرٍ يابَنِىْ عَدِىٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ وقال لَنَا قبيصة اخبرنا سفيان عن حبيب بن ابى ثابت عن سعيدِ بنِ جبيرٍ عن ابن عباس قال لَمَّا نزلت وَاَنْذِرْعشير تَكَ الْاَقْرَ بِيْنَ جعل النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يدعوهم قبائل قبائل

۷۴۰۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب یہ آیت اتری "آپ اپنے قریبی عزیزوں کو ڈرائیے۔" تو نبی کریم ﷺ نے قریش کی مختلف شاخوں کو بلایا "اے بنی فہر! اے بنی عدی!" اور ہم سے قبیصہ نے بیان کیا۔ انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت "اور آپ اپنے قریبی عزیزوں کو ڈرائیے" اتری تو آنحضور ﷺ نے ایک ایک قبیلے کو بلایا۔

(۷۴۱) حَدَّثَنَا ابواليمانِ اخبرنا شعيبٌ اخبرنا ابوالزنادِ عن الاعرجِ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه ان النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال يابَنِىْ عَبْدِمَنَافٍ اشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ يابَنِىْ عَبْدِالْمُطَّلِب اشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ اللّٰهِ يَا اُمَّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ يَافَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ اشْتَرِيَا اَنْفُسَكُمَا مِنَ اللّٰهِ لَااَمْلِكُ لَكُمَا مِنَ اللّٰه شَيْئاً سَلَانِىْ مِنْ مَالِىْ مَا شِئْتُمَا

۷۴۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی انہیں ابوالزناد نے خبر دی، انہیں اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اے بنی عبد مناف! اپنی جانوں کو اللہ تعالیٰ سے خرید لو (یعنی انہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچالو) اے بنی عبدالمطلب! اپنی جانوں کو اللہ تعالیٰ سے خرید لو۔ اے زبیر بن عوام کی والدہ، رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی، اے فاطمہ بنت محمد! اپنی جانوں کو اللہ تعالیٰ سے خرید لو، میں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کچھ نہیں کرسکتا، تم دونوں میرے مال میں سے جتنا چاہو مانگ سکتی ہو۔

باب۳۶۸. قِصَّةِ الْحَبَشِ وَقَوْلِ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يابنى ارفِدَةَ

۳۶۸۔ حبشہ کے لوگوں کا واقعہ اور ان کے متعلق نبی کریم ﷺ کا فرمانا کہ اے بنی ارفدہ۔

(۷۴۲) حَدَّثَنَا يحيَى بنُ بكيرٍ حدثنا الليثُ عن عُقيلٍ عن ابنِ شهابٍ عن عروةَ عن عائشةَ اَنَّ ابابكرٍ رضى اللّٰه عنه دخل عَلَيْهَا وعندها

۷۴۲۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی۔ ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے یہاں

جارِيَتان في ايام منٰى تُدَفِّفَانِ وتضربان والنبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَشٍّ بثوبه فانْتَهَرَهما ابوبكرٍ فَكَشَفَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن وجهه فقال دَعْهما ياابَابَكْرٍ فانها اَيَّام عِيْدٍ وتلك الْاَيَّامُ اَيَّامُ مِنًى وقالت عائشةُ رايتُ النبيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ وَاَنَا اَنْظُرُ الى الحبشة وهم يَلْعَبُوْنَ فى المسجد فزجرهم عُمَرُ فَقَالَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُمْ اَمْنًا بَنِى اَرْفِدَةَ يعنى من الامن

تشریف لائے تو وہاں دولڑکیاں دف بجا کر گا رہی تھیں۔ یہ حج کے ایام (بقرعید) کا واقعہ ہے۔ نبی کریم ﷺ روئے مبارک پر کپڑا ڈالے ہوئے (دوسری طرف رخ کر کے لیٹے ہوئے تھے۔) ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں ڈانٹا تو آنحضور ﷺ نے چہرہ مبارک سے کپڑا ہٹا کر فرمایا، ابوبکرؓ! انہیں گانے دو، یہ عید کے دن ہیں۔ یہ دن منٰی (بقرعید) کے تھے۔ اور عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، کہ میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ مجھے چھپانے کی (پوری طرح) کوشش فرمارہے ہیں اور میں حبشہ کے صحابہ کو دیکھ رہی تھی۔ جو (حراب کے) کھیل کا مظاہرہ مسجد میں (مسجد کے سامنے صحن میں) کر رہے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں ڈانٹا (جب وہ تشریف لائے) لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا، بنی ارفدہ! اطمینان وسکون کے ساتھ اپنے کھیل کا مظاہرہ جاری رکھو۔

باب ۳۶۹. من احب ان لايُسَبَّ نَسَبُهُ

۳۶۹۔ جس نے اپنے نسب کو سب وشتم سے بچانا چاہا۔

(۷۴۳) حَدَّثَنِيْ عثمانُ بنُ ابى شيبةَ حَدَّثَنَا عبدةُ عن هشام عن ابيه عن عائشةَ رضى اللّٰه عنها قالتْ اِسْتَأْذَنَ حسانُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هجاءِ المشركين قال كَيْفَ بَنَسبِيْ فقال حسانُ لَاَسُلَّنَّکَ مِنهم كما تُسَلُّ الشعرةُ من العجينِ وعن ابيه قال ذهبتُ اسبُّ حسَّانَ عند عائشةَ فقالتْ لاتَسُبَّه فانه كان يدافع عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۷۴۳۔ مجھ سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ حسان رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے مشرکین (قریش) کی ہجو کرنے کی اجازت چاہی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر میرے نسب کا کیا ہوگا؟ (کیونکہ آپ بھی قریشی تھے) اس پر حسان رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میں آپ کو اس طرح نکال لے جاؤں گا جیسے آٹے میں سے بال نکال لیا جاتا ہے اور (ہشام نے) اپنے والد کے واسطہ سے، کہ انہوں نے فرمایا، عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں میں حسان رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہنے لگا تو آپ نے فرمایا، انہیں برا بھلا نہ کہو، وہ نبی کریم ﷺ کی طرف سے مدافعت کیا کرتے تھے (اشعار کے ذریعہ)۔

باب ۳۷۰. بَاب ماجاء فى اسماءِ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقولِ اللّٰه تعالىٰ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَه اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِوَ قَوْلِه مِنْ بَعْدِى اسْمُه اَحْمَدُ

۳۷۰۔ رسول اللہ ﷺ کے اسماء گرامی کے متعلق روایات۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد، محمد ﷺ، اللہ کے رسول اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں، وہ کفار کے حق میں انتہائی سخت ہیں" اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "من بعدی اسمه احمد."

(۷۴۴) حَدَّثَنِيْ ابراهيمُ بنُ المنذرِ قال حَدَّثَنِيْ مَعْنٌ عن مالكٍ عن ابنِ شهابٍ عن محمدِ بنِ جبيرِ بنِ مُطْعِمٍ عن ابيه رضى اللّٰه عنه قال قال

۷۴۴۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے معن نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے محمد بن جبیر بن مطعم نے اور ان سے ان کے والد (جبیر بن مطعم)

ل اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيْ خَمْسَةُ
ءِ اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَحْمَدُ وَاَنَا الماحِي الَّذِى
واللّٰهُ بِى الْكُفرَ وَاَنَا الحاشرُ الَّذِى يُحْشَرُ
ى عَلٰى قَدَمِىْ وَاَنَا الْعَاقِبُ

٧) حَدَّثَنَا علىُّ بنُ عبدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سفيانُ عن
لزنادِ عن الاعرجِ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه
ال قال رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ
وْنَ كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّىْ شَتْمَ قُرَيْشٍ
ـهِمْ يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَاَنَا
مَّدٌ

١ ٣٧. خاتِمِ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

٧) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سنانٍ حَدَّثَنَا سليمٌ حدثنا
بنُ مِيْنَاءَ عن جابرِ بنِ عبدِاللّٰهِ رضى اللّٰه
ا قال قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِىْ
الانبياءِ كَرَجُلٍ بَنٰى دَارًا فَاَكْمَلَهَا وَاَحْسَنَهَا
ضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَهَا وَيَتَعَجَّبُوْنَ
وْنَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ

٧) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ حدثنا اسماعيلُ بنُ
عن عبدِاللّٰه بنِ دينارٍ عن ابى صالحٍ عن ابى
ةَ رضى اللّٰه عنه اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
وَسَلَّمَ قال اِنَّ مَثَلِىْ وَمَثَلَ الانبياءِ مِنْ قَبْلِىْ
رَجُلٍ بَنٰى بَيْتًا فَاَحْسَنَهُ وَاَجْمَلَهُ اِلَّا مَوْضِعَ
نْ زَاوِيَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِهٖ وَيَعْجَبُوْنَ
وْنَ هَلَّا وُضِعَتْ هٰذِهِ اللَّبِنَةُ قَالَ فَاَنَا اللَّبِنَةُ
اتَمُ النَّبِيِّيْنَ

رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میرے پانچ نام ہیں، میں محمد، احمد اور ماحی (مٹانے والا) ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائے گا اور میں ''حاشر'' ہوں کہ تمام انسانوں کا (قیامت کے دن) میرے بعد حشر ہوگا اور میں ''عاقب'' ہوں (بعد میں آنے والا۔)

۳۴۵۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہیں تعجب نہیں ہوتا کہ اللہ تعالیٰ قریش کے سب وشتم اور لعنت وملامت کو مجھ سے کس طرح دور کرتا ہے، مجھے وہ مذمم کہہ کر سب وشتم کرتے ہیں مذمم کہہ کر مجھے لعنت ملامت کرتے ہیں حالانکہ میرا نام (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) محمد ہے۔ (ﷺ)۔

۱ ۳۷۔ خاتم النبیین ﷺ۔

۳۴۶۷۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی، ان سے سلیم نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن میناء نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میری اور دوسرے انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے کوئی مکان بنایا، دلآویزی اور ہر حیثیت سے اسے کامل ومکمل کردیا، صرف ایک اینٹ کی جگہ باقی رہ گئی تھی۔ لوگ اس گھر میں داخل ہوتے اور (اس کے حسن و دلآویزی سے) حیرت زدہ رہ جاتے اور کہتے، کاش یہ ایک اینٹ کی جگہ بھی خالی نہ رہتی (اور اس اینٹ کی جگہ پر کرنے والے اور مکان کی دلآویزی کو ہر حیثیت سے تکمیل تک پہنچانے والے آنحضور ﷺ ہیں۔)

۳۴۷۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے، ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میری اور مجھ سے پہلے کے تمام انبیاء کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے ایک گھر بنایا ہوا اور اس میں ہر طرح حسن ودلآویزی پیدا کی ہو، لیکن ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹ گئی ہو۔ اب تمام لوگ آتے ہیں اور مکان کو چاروں طرف سے گھوم کر دیکھتے اور حیرت زدہ رہ جاتے ہیں، لیکن یہ بھی کہتے جاتے ہیں کہ یہاں پر ایک اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ تو میں ہی وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔

(۷۴۸) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا اللیثُ عن عقیلٍ عن ابنِ شهابٍ عن عروةَ بنِ الزبیر عن عائشةَ رضی اللّٰه عنها اَن النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّیَ وهو ابنُ ثلاثٍ وَّستِّیْنِ وَقال ابنُ شهابٍ واخبرنی سعیدُ بنُ المسیب مثله

۷۴۸۔ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے تریسٹھ سال کی عمر میں وفات پائی تھی۔ اور ابن شہاب نے بیان کیا اور انہیں سعید بن مسیب نے خبر دی اسی طرح۔

باب ۳۷۳. کُنْیَةُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۳۷۳۔نبی کریم ﷺ کی کنیت۔

(۷۴۹) حَدَّثَنَا حفصُ بن عمر حدثنا شعبةُ عن حمیدٍ عن انس رضی اللّٰه عنه قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فی السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ یااَبَاالْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْه وسلَّمَ فَقَالَ سَمُّوْا بِاسْمِی وَلاتَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِی

۷۴۹۔ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ بازار میں تشریف رکھتے تھے کہ ایک صاحب کی آواز آئی، یا ابا القاسم! آنحضور ﷺ ان کی طرف متوجہ ہوئے (معلوم ہوا کہ انہوں نے کسی اور کو پکارا تھا) اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت نہ اختیار کرو۔

(۷۵۰) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ کثیرٍ اخبرنا شعبةُ عن منصورٍ عن سالمٍ عن جابرٍ رضی اللّٰه عنه عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَسَمُّوْا بِاسْمِی وَلَا تکْتَنُوْا بِکُنْیَتِی

۷۵۰۔ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں منصور نے، انہیں سالم نے اور انہیں جابر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میرے نام پر نام رکھا کرو لیکن میری کنیت نہ اختیار کرو۔

(۷۵۱) حَدَّثَنَا علیُّ بنُ عَبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفیانُ عن ایوبَ عن ابنِ سیرینَ قَالَ سَمِعْتُ اباهریرةَ یقول قَالَ ابو القاسم صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمُّو بِاسْمی ولاتکْتَنُوْا بِکُنْیَتِی

۷۵۱۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن سیرین نے بیان کیا اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا، میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت نہ اختیار کرو۔

(۷۵۲) حَدَّثَنِی اسحاقُ اخبرنا الفضلُ بن موسی عن الجَعَیْدِ بنِ عبدِالرحمٰن رَاَیْتُ السَّائِبَ بْنَ یَزِیْدَ ابْنَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِیْنَ جلْدًا مُعْتَدِلًا فَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ مَامُتِّعْتُ بِه سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ اِلَّابِدُعَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ خَالَتِیْ ذَهَبَتْ بِی اِلَیْهِ فَقَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابن اختی شاکٍ فَادْعُ اللّٰهَ لَه' قَالَ فَدَعَالِیْ

۷۵۲۔مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں فضل بن موسیٰ نے خبر دی، انہیں جعید بن عبدالرحمٰن نے کہ میں نے سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کو چورانوے ۹۴ سال کی عمر میں دیکھا کہ نہایت قوی و توانا تھے کمر ذرا بھی نہیں جھکی تھی، انہوں نے فرمایا کہ مجھے یقین ہے کہ میرے اعضاء وحواس میں جو اتنی توانائی ہے وہ صرف رسول اللہ ﷺ کے دعا کے نتیجے میں ہے۔ میری خالہ مجھے ایک مرتبہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں لے گئیں اور عرض کی، یارسول اللہ! یہ میرا بھانجہ بیمار ہو رہا ہے! آپ اس کے لئے دعاء فرما دیجئے انہوں نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے میرے لئے دعا فرمائی۔

باب ۳۷۵. خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

۳۷۵۔مہر نبوت۔

۷۵۳) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ عبدِاللّٰه حَدَّثَنا حاتمٌ عن
جعيدِ بنِ عبدالرحمٰنِ قال سمعتُ السائبَ بنَ
يد قال ذَهبَتْ بِيْ خَالَتِيْ اِلٰى رَسولِ اللّٰه صَلَّى
لّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقالَتْ يَارسول اللّٰه اِنَّ ابنَ اختى
جِعٌ فَمسَحَ رَأْسِيْ وَدَ عَالِيْ بِالْبَرَكَةِ وَتوَضَّأَ
شَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهٖ ثُمَّ قُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَنَظَرْتُ
ى خَاتِمِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ وَقَالَ ابْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ الْحُجلَةُ
نْ حُجَلِ الْفَرَسِ الَّذِىْ بَيْنَ عَيْنَيْهِ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ بن
حَمْزَةَ مِثْلَ زِرِّالْحَجَلَةِ

۷۵۳۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے جعید بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا، اور انہوں نے سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے سنا کہ میری خالہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئیں اور عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! یہ میرا بھانجا بیمار ہوگیا ہے۔ اس پر آنحضور ﷺ نے میرے سر پر دست مبارک پھیرا اور میرے لئے برکت کی دعاء فرمائی۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے وضو کیا تو میں نے آپ ﷺ کے وضو کا پانی (جو آنحضور ﷺ کے جسم اطہر سے ٹپکتا تھا) پیا پھر آپ کی پیٹھ کی طرف جا کے کھڑا ہوگیا اور میں نے مہر نبوت کو دونوں شانوں کے درمیان میں دیکھا، ابن عبیداللہ نے فرمایا کہ حجلہ، حجل الفرس سے مشتق ہے جو گھوڑے کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں ہوتا ہے۔ ابراہیم بن حمزہ نے بیان کیا کہ (مہر نبوت) عروس کے پردے کی گھنڈی کی طرح تھا۔

اب ۳۷۶. صفةِ النَّبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۷۶۔ نبی کریم ﷺ کے اوصاف۔

۷۵۴) حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ عَنْ عُمَرَ بنِ سعيدِ بنِ
بِى حُسَيْن عن ابنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ
لْحارِثِ قَالَ صَلَّى اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الْعَصْرَ
مّ خَرَجَ يَمْشِيْ فرأى الْحَسَنَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ
حمَلَه' عَلٰى عَاتِقِهٖ وَقَالَ بِاَبِىْ شَبِيْهٌ بِالنَّبِيِّ لَاشَبِيْهٌ
عَلِيٍّ وَ عَلِيٌّ يَضْحَكُ

۷۵۴۔ ہم سے ابو عاصم نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن سعید بن ابی حسین نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے عقبہ بن حارث نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ عصر کی نماز سے فارغ ہوکر باہر تشریف لائے تو دیکھا کہ حسن رضی اللہ عنہ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ آپ نے انہیں اپنے کندھے پر بٹھالیا اور فرمایا، میرے باپ تم پر فدا ہوں، تم میں نبی کریم ﷺ کی شباہت ہے علی کی نہیں۔ اس پر علی رضی اللہ عنہ ہنس دیئے۔

۷۵۵) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنا زُهَيْرٌ حَدَّثَنا
سْمَاعيلُ عَنْ اَبِىْ جُحَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ
اَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ الْحَسَنُ
شْبِهُه'

۷۵۵۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی۔ ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے۔ حسن رضی اللہ عنہ میں آپ کی پوری شباہت موجود ہے۔

۷۵۶) حَدَّثَنِىْ عمرُو بنُ عليٍّ حَدَّثَنَا ابن فُضَيْلٍ
حَدَّثَنَا اسماعيلُ بنُ ابى خالدٍ قال سَمِعْت
باجُحَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى
للّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ كَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا
لسَّلَامُ يَشْبِهُه' قُلْتُ لِاَبِىْ جُحَيْفَةَ صِفْهُ لِىْ قَالَ
كَانَ اَبْيَضَ قَدْ شَمِطَ وَاَمَرَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۷۵۶۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن فضیل نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے، حسن بن علی رضی اللہ عنہما میں آپ ﷺ کی شباہت پوری طرح موجود تھی۔ میں نے ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ آپ آنحضور ﷺ کے اوصاف بیان فرمادیجئے۔

وَسَلَّمَ بِثَلاثَ عَشْرَةَ قُلُوْصًا قَالَ فَقُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ نَقْبِضَهَا!

انہوں نے فرمایا، آنحضور ﷺ سرخ وسفید تھے، کچھ بال سفید ہو گئے تھے (آخر عمر میں) آنحضور ﷺ نے ہمیں تیرہ اونٹنیوں کے دیئے جانے کا حکم دیا تھا، لیکن ابھی ان اونٹنیوں کو ہم نے اپنے قبضہ میں بھی نہیں لیا تھا کہ آپ ﷺ کی وفات ہوگئی۔

(۷۵۷) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ رجاءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِيْ اسحاقَ عن وهبٍ عن ابی جُحَيْفَةَ السُّوَائِي قَالَ رَاَيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاَيْتُ بياضًا مِنْ تحت شفته السفلى الْعَنْفَقَةَ

۷۵۷۔ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے، ان سے وہب نے، ان سے ابوجحیفہ السوائی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ نچلے ہونٹ مبارک کے نیچے ٹھوڑی کے کچھ بال سفید تھے۔

(۷۵۸) حَدَّثَنَا عصامُ بنُ خالدٍ حَدَّثَنَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ اَنَّهٗ سَأَل عبدَاللّٰهِ بن بسرٍ صاحبَ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال ارايتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَيْخًا قَالَ كَانَ فِي عَنْفَقَتِهٖ شعراتٌ بِيْضٌ

۷۵۸۔ہم سے عصام بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے حریز بن عثمان نے حدیث بیان کی اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے صحابی عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا رسول اللہ ﷺ (آخر عمر میں) بوڑھے دکھائی دیتے تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ کی ٹھوڑی کے چند بال سفید ہو گئے تھے۔

(۷۵۹) حَدَّثَنِيْ ابنُ بكيرٍ قال حدثني الليثُ عن خالدٍ عن سعيدِ بنِ ابی هلالٍ عن ربيعة بنِ ابی عبدالرحمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَصِفُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال كَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلا بِالْقَصِيْرِ اَزْهَرَ اللَّوْنِ لَيْسَ بِاَبْيَضَ اَمْهَقَ وَلاآدَمَ لَيْسَ بِجَعْدٍ قَطَطٍ وَلَاسَبْطٍ رَجِلٍ اُنْزِلَ عَلَيْهِ وَهُوَ ابْنُ اَرْبعين فَلَبِثَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ يَنْزِلُ عَلَيْهِ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ وَلَيْسَ فِي رَاسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ قَالَ ربيعة فَرَاَيْتُ شَعْرًا مِنْ شَعْرِهٖ فَاِذَا هُوَاَحْمَرُ فَسَاَلْتُ فَقِيْلَ اَحْمَرُ مِنَ الطِّيْبِ

۷۵۹۔مجھ سے ابن بکیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے، ان سے سعید بن ابی ہلال نے، ان سے ربیعہ بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے نبی کریم ﷺ کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرمایا حضور اکرم ﷺ درمیانہ قد تھے، نہ بہت لمبے اور نہ چھوٹے قد کے، رنگ کھلتا ہوا تھا (سرخ وسفید) نہ خالی سفید تھے اور نہ بالکل گندم گوں، آپ ﷺ کے بال نہ بالکل مڑے ہوئے سخت قسم کے تھے اور نہ سیدھے لٹکے ہوئے ۔آپ ﷺ پر نزول وحی کا جب سلسلہ شروع ہوا تو اس وقت آپ ﷺ کی عمر چالیس سال تھی۔ مکہ میں آپ ﷺ نے دس سال تک قیام فرمایا۔ [1] اور اس پورے عرصے میں آپ ﷺ پر وحی نازل ہوتی رہی اور مدینہ میں بھی آپ ﷺ کا قیام دس سال رہا۔ آپ ﷺ کے سر اور داڑھی

---

[1] مکہ میں نزول وحی کے سلسلے کے شروع ہونے کے بعد، حضور اکرم ﷺ کے قیام کی مدت تیرہ سال ہے۔ روایت میں صرف دس سال کا ذکر ہے۔ علماء نے اس کی مختلف توجیہات کی ہیں۔ بعض اوقات جب راوی مختصر طور پر حدیث بیان کرنا چاہتے ہیں تو تفصیلات سے گریز کے خیال سے واقعہ سے بہت سی چیزیں حذف کر دیتے ہیں۔ حضور اکرم ؐ پر وحی کے سلسلہ کے شروع ہونے کے بعد تقریباً تین سال ایسے گذرے ہیں جن میں آپ پر وحی کا سلسلہ بند ہو گیا تھا، اسے ''فترۃ'' کا زمانہ کہتے ہیں۔ راوی کا مقصد چونکہ آپ کی پوری عمر بیان کرنا نہیں بلکہ زمانہ وحی اور مدت وحی بیان کرنا ہے۔ اس لئے انہوں نے بیچ کے ان سالوں کو حذف کر دیا جن میں سلسلہ وحی کے شروع ہونے کے بعد، وحی نہیں آئی تھی۔ اس کے علاوہ دس یا اس سے زیادہ کے عدد میں کسر کے اعداد کو حذف کر دینے کا بھی عرب میں عام رواج تھا۔

میں بیس بال بھی سفید نہیں ہوئے تھے۔ ربیعہ (راوی حدیث) نے بیان کیا کہ پھر میں نے حضور اکرم ﷺ کا ایک بال دیکھا تو وہ سرخ تھا۔ میں نے اس کے متعلق پوچھا تو مجھے بتایا گیا کہ خوشبو سے سرخ ہو گیا ہے۔

(۷۶۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ ابنُ یوسفَ اخبرنا مَالِکُ بنُ انسٍ عن ربیعةَ بنِ ابی عبدِالرحمٰنِ عن انسِ بنِ مالکٍ رضی اللّٰه عنه انَّه' سَمِعَه' یَقُوْلُ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ بِالطَّوِیْلِ البائنِ وَلَا بِالْقَصِیْرِ وَلَا بِالْاَبْیَضِ الْاَمْهَقِ وَلَیْسَ بِالْاٰدَمِ وَلَیْسَ بِالْجَعْدِ القَطَطِ وَلَابِالسَّبْطِ بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلٰی رَاْسِ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً فَاَقَامَ بِمَکَّةَ عَشْرَ سنین وبالمدینه عشرَ سنین فَتَوَفَّاه اللّٰهُ ولیس فی راسِه ولِحْیَتِهٖ عشرونَ شعرةً بیضاءَ

۷۶۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک بن انس نے خبر دی، انہیں ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نہ بہت لمبے تھے اور نہ چھوٹے قد کے، نہ بالکل سفید تھے اور نہ گندمی رنگ کے، نہ آپ ﷺ کے بال بہت زیادہ گھنگھریالے سخت تھے اور نہ بالکل سیدھے لٹکے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چالیس سال کی عمر میں مبعوث فرمایا اور آپ ﷺ نے مکہ میں دس سال تک قیام کیا اور مدینہ میں دس سال تک قیام کیا، جب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وفات دی تو آپ ﷺ کے سر اور داڑھی کے بیس بال بھی سفید نہیں تھے۔

(۷۶۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بنُ سعیدٍ ابوعبدِاللّٰه حَدَّثَنَا اسحاقُ بنُ منصورٍ حَدَّثَنَا ابراهیمُ بنُ یوسفَ عن ابیه عن ابی اسحاقَ قال سَمِعْتُ البَرَاءَ یقول کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا وَاَحْسَنَه' خَلْقًا لَیْسَ بِالطَّوِیْلِ الْبَائنِ وَلَا بِالقَصِیْرِ

۷۶۱۔ ہم سے ابوعبداللہ احمد بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ حسن و جمال میں بھی سب سے بڑھ کر تھے اور عادات و اخلاق میں بھی سب سے بہتر تھے، آپ ﷺ کا قد نہ بہت لانبا تھا اور نہ چھوٹا۔

(۷۶۲) حَدَّثَنَا اَبُو نُعَیم حَدَّثَنَا همامٌ عن قَتَادَةَ قال سالتُ اَنَسًا هَلْ خَضَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اِنَّمَا کَانَ شَیْئٌ فِیْ صُدْغَیْهِ

۷۶۲۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا رسول اللہ ﷺ نے کبھی خضاب بھی استعمال فرمایا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے کبھی خضاب نہیں لگایا، صرف آپ ﷺ کی دونوں کنپٹیوں پر (سر میں) چند بال سفید تھے۔

۷۶۳. حَدَّثَنَا حَفْصُ بنُ عمرَ حدثنا شعبةُ عن ابی اسحاق عن البراءِ بنِ عازبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرْبُوْعًا بُعَیْدَ مابَیْنَ الْمَنْکِبَیْنِ لَه' شعرٌ یَبْلُغُ شَحْمَةَ اُذنیهِ رَاَیْتُه' فِیْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ لَمْ اَرَ شَیْئًا قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهُ قال یوسفُ بن ابی اسحاق عن ابیه الٰی منکبیه

۷۶۳۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ درمیانہ قد تھے۔ آپ ﷺ کا سینہ بہت کشادہ اور کھلا ہوا تھا آپ ﷺ کے (سر کے) بال کانوں کی لو تک لٹکتے رہتے تھے۔ میں نے حضور اکرم ﷺ کو ایک مرتبہ ایک سرخ حلہ میں دیکھا۔ میں نے اتنا حسین اور دلآویز منظر کبھی بھی نہیں دیکھا تھا۔ یوسف بن ابی اسحاق نے اپنے والد کے واسطہ سے ''الی منکبیه'' بیان کیا (بجائے شحمة اذنه کے۔)

(۷۶۴) حَدَّثَنَا اَبُونُعَيمٍ حَدَّثَنَا زهيرٌ عن ابى اسحاق قال سُئِلَ البراءُ اَكَانَ وَجهُ النَّبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مثلَ السيف قَالَ لَابَلْ مثلَ القمر

۷۶۴۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ کسی نے براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ کا چہرہ تلوار کی طرح تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ نہیں چہرۂ مبارک چاند کی طرح تھا۔

(۷۶۵) حَدَّثَنَا الحسنُ بنُ منصورٍ ابوعليٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بنُ محمدٍ الاعور بِالْمَصِّيْصَةِ حَدَّثَنَا شعبةُ عن الحكمِ قال سمعتُ اَبَاجُحَيْفَةَ قَالَ خَرَجَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالهَا جرة اِلى البطحاءِ فَتوضَّاَ ثُمَّ صَلى الظُّهرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ وَزَادَ فِيْهِ عَوْنٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى جُحَيْفَةَ قَالَ كَانَ يَمُرُّ مِن وَرَائِهَا المارةُ وقامَ الناس فجعلوا ياخُذُوْنَ يديه فيمسحون بهما وُجُوْهَهُمْ فاخذتُ بِيَدِهٖ فَوَضَعْتُهَا عَلٰى وَجْهِىْ فَاِذا هِىَ اَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَاَطْيَبُ رَائِحَةً مِنَ الْمِسْکِ

۷۶۵۔ہم سے ابوعلی حسن بن منصور نے حدیث بیان کی، ان سے حجاج بن محمد الاعور نے مصیصہ (ایک شہر) میں حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے بیان کیا کہ میں نے ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ دوپہر کے وقت (سفر کے ارادہ سے) نکلے، بطحاء پر پہنچ کر آپ نے وضو کیا، اور ظہر کی نماز دو رکعت پڑھی اور عصر کی بھی دو رکعت پڑھی۔ (جب آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے تو) آپ کے سامنے ایک چھوٹا سا نیزہ (بطور سترہ کے) گڑا ہوا تھا۔ عون نے اپنے والد کے واسطہ سے اس روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس نیزے کے آگے سے آنے جانے والے آ جا رہے تھے۔ پھر صحابہؓ آپ ﷺ کے پاس آ گئے اور آپ ﷺ کے ہاتھ کو لے کر اپنے چہروں پر اسے پھیرنے لگے ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے بھی دست مبارک کو اپنے چہرے پر رکھا۔ اس وقت وہ برف سے بھی زیادہ ٹھنڈے محسوس ہوتے تھے اور ان کی خوشبو مشک سے بھی زیادہ خوشگوار تھی۔

(۷۶۶) حَدَّثَنَا عبدانُ حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه اخبرنا يُوْنسُ عن الزهرىِ قال حَدَّثَنِىْ عبيدُاللّٰه بنُ عبدِاللّٰه عن ابنِ عباسٍ رضى اللّٰه عنهما قال كَانَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْوَدَ النَّاسِ وَاَجْوَدَمَا يَكُوْنُ فِىْ رَمَضَانَ حِيْنَ يَلْقَاه جِبْرِئيْلُ وَكَانَ جِبْرِئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَام يَلْقَاهُ فِىْ كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَان فَيُدَارِسُه الْقُرآنَ فَلَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرسَلَةِ

۷۶۶۔ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں یونس نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے عبید اللہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں جب آپ ﷺ سے جبرائیل علیہ السلام ملاقات کے لئے آیا کرتے تھے، آپ کی سخاوت اور بھی بڑھ جایا کرتی تھی۔ جبرائیل علیہ السلام رمضان کی ہر رات میں آپ سے ملاقات کے لئے تشریف لاتے اور آپ کے ساتھ قرآن مجید کا دور کرتے۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ خیر و بھلائی کے معاملے میں باد مخری سے بھی زیادہ سخی ہوتے تھے۔

(۷۶۷) حَدَّثَنَا يَحيىٰ حَدَّثَنَا عبدُالرَّزاق حَدَّثَنا ابنُ جُرَيج قال اخبرنى ابنُ شهابٍ عن عروةَ عن عائشةَ رضى اللّٰه عَنْهَا اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ

۷۶۷۔ہم سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھے ابن شہاب نے خبر دی، انہیں عروہ نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ایک مرتبہ رسول

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عليها مسرورًا تَبْرُقُ اَسَارِيْرُ وَجْهِهٖ فقال اَلَمْ تَسْمَعِىْ ماقَالَ الْمُدْلَجِىُّ لِزَيْدٍ وَاُسَامَةَ وَرَاٰى اَقْدَامَهُمَا اِنَّ بَعْضَ هٰذِهِ الْاَقْدَامِ مِنْ بَعْضٍ

اللہ ﷺ ان کے یہاں بہت مسرور اور خوش داخل ہوئے، خوشی اور مسرت سے چہرہ مبارک کھلا جارہا تھا، پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تم نے سنا نہیں مجزز مدلجی نے زید و اسامہ کے صرف قدم دیکھ کر کیا بات کہی؟ اس نے کہا کہ ایک کے پاؤں دوسرے کے پاؤں سے نکلے معلوم ہوتے ہیں۔ ❶

(۷۶۸) حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ بكيرٍ حدثنا الليثُ عن عقيلٍ عن ابنِ شهابٍ عن عبدِالرحمٰنِ بنِ عبدِاللّٰه بنِ كعبٍ اَنَّ عبدَاللّٰهِ بنَ كعبٍ قَال سَمِعْتُ كعبَ بن مالكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوكَ قَالَ فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلٰى رَسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ هُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهٗ مِنَ السُّرُوْرِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهٗ حَتّٰى كَاَنَّهٗ قِطْعَةُ قَمَرٍ وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ

۷۶۸۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب نے اور ان سے عبداللہ بن کعب نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ غزوۂ تبوک میں اپنی عدم شرکت کا واقعہ بیان کررہے تھے (جب اللہ تعالیٰ) نے ان کی توبہ قبول کرلی تھی، انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں نے حاضر ہوکر رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا تو چہرۂ مبارک مسرت وخوشی سے چمک رہا تھا (کعب رضی اللہ عنہ کی توبہ قبول ہوجانے کی وجہ سے) جب بھی حضور اکرم ﷺ کسی بات پر مسرور ہوتے تو چہرہ مبارک چمک اٹھتا، ایسا معلوم ہوتا جیسے چاند کا ٹکڑا ہو اور آپ ﷺ کی مسرت کو ہم اسی سے سمجھ جاتے تھے۔

(۷۶۹) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ حَدَّثَنَا يعقوبُ بنُ عبدِالرحمٰنِ عن عمرٍو عن سعيدِ نِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ هريرةَ رضى اللّٰه عنه اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ مِنْ خَيْرِ قُرُوْنِ بَنِىْ اٰدَمَ قَرْنًا فَقَرْنًا حَتّٰى كُنْتُ مِنَ الْقَرْنِ الَّذِىْ كُنْتُ فِيْهِ

۷۶۹۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے سعید مقبری نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انقلاب زمانہ کے ساتھ ساتھ مجھے بنی آدم کے بہترین خانوادوں میں منتقل کیا جاتا رہا۔ اور آخر دور میں میرا وجود ہوا جس میں کہ مقدر تھا۔ ❷

(۷۷۰) حَدَّثَنَا يَحيىَ بنُ بكيرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عن يونسَ عن ابنِ شهابٍ قال اخبرنى عبيدُاللّٰهِ بنُ

۷۷۰۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا،

---

❶ اسامہ رضی اللہ عنہ بیٹے تھے اور زید رضی اللہ عنہ آپ کے والد۔ لیکن اسامہ رضی اللہ عنہ بہت سیاہ رنگ کے تھے۔ ادھر زید رضی اللہ عنہ سرخ وسفید! اس لئے، جیسا کہ عوام میں ہوتا ہے، بعض لوگ ان کے نسب پر ہی شبہ کرنے لگے تھے کہ ایک سرخ وسفید باپ کا بیٹا اتنا سیاہ کیسے ہوسکتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کو یہ بات بہت ناگوار تھی۔ اتفاق سے ایک قیافہ شناس آیا۔ اس وقت یہ دونوں حضرات ایک چادر میں سوئے ہوئے تھے اور صرف قدم باہر دکھائی دے رہے تھے۔ قیافہ شناس نے صرف قدم دیکھ کر کہا کہ معلوم ہوتا ہے ان میں سے ایک باپ اور دوسرا بیٹا ہے۔ اسلام کی نظر میں قیافہ کی کوئی اہمیت نہیں اور نہ اثبات نسب یا کسی بھی معاملے میں اس سے کوئی مدد لی جاسکتی ہے۔ لیکن چونکہ عرب جاہلیت اس پر اعتماد کرتے تھے اور جو لوگ ان دونوں حضرات کے نسب کے سلسلے میں شبہ کرتے تھے انہیں اسی طرح کی چیزیں مطمئن بھی کرسکتی تھیں۔ اسی لئے آنحضور ﷺ اس تائید غیبی پر انتہائی مسرت اور خوشی محسوس کررہے تھے۔ ❷ مطلب یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کے بعد، آنحضور ﷺ کے نسب کے جتنے بھی سلسلے ہیں وہ سب آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے بہترین خانوادے تھے۔ آپ کے اجداد میں ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ پھر اسماعیل علیہ السلام ہیں جو ابوالعرب ہیں۔ اس کے بعد عربوں کے جتنے سلسلے ہیں ان سب میں آنحضور کا خانوادہ سب سے زیادہ بلند تر اور رفیع المنزلت تھا۔ آپ کا تعلق اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کی شاخ کنانہ سے، پھر قریش سے پھر بنی ہاشم سے ہے۔

عبداللّٰہ عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کان یَسْدُلُ شَعْرَہ، وکان المشرکون یَفْرُکُوْنَ رُؤُسَهُمْ فَکَانَ اَهْلُ الْکتاب یَسْدِلُوْنَ رُؤُسهم وَکَانَ رَسُولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ موافقتہ اَهْل الکتاب فیما لم یُؤْمَر فِیْهِ بِشَیْئٍ ثُمَّ فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رأسه،

انہیں عبید اللہ بن عبد اللہ نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے۔ رسول اللہ ﷺ (سر کے آگے کے بال کو پیشانی پر) پڑا رہنے دیتے۔ اور مشرکین کی یہ عادت تھی کہ وہ سر کے آگے کے بال کو دو حصوں میں کر لیتے تھے (پیشانی پر پڑا نہیں رہنے دیتے تھے)۔ اور اہل کتاب کے آگے کے بال پیشانی پر) پڑا رہنے دیتے تھے حضور اکرم ﷺ معاملات میں جس کے متعلق اللہ تعالیٰ کا حکم آپ کو نہ ملا ہوتا اہل کتاب موافقت کو پسند فرماتے تھے (اور حکم نازل ہونے کے بعد وحی پر کرتے تھے) پھر حضور اکرمؐ بھی آگے کے بال کے دو حصے کرنے (اور پیشانی پر پڑا نہیں رہنے دیتے تھے)۔

(۷۷۱) حَدَّثَنَا عبدانُ عن ابی حمزةَ عن الاعمشِ عن ابی وائلٍ عن مسروقٍ عن عبدِاللّٰہ بنِ عمرٍو رضی اللّٰہ عنهما قَالَ لم یکنِ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَکَانَ یَقُوْلُ اِنَّ مِنْ خِیَارِکُمْ اَحْسَنَکُمْ اَخْلَاقًا

۷۷۱۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان اعمش نے، ان سے ابووائل نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عبد بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ بد زبان اور لڑ جھگڑنے والے نہیں تھے، آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ تم میں سب بہتر وہ شخص ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں۔

(۷۷۲) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰہِ بنُ یوسفَ اخبرنا مالکٌ عن ابنِ شهابٍ عن عروةَ بنِ الزبیرِ عن عائشةَ رضی اللّٰہ عنها اَنَّهَا قالتْ ماخُیِّرَ رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَ اَمْرَیْنِ اِلَّا اَخَذَ اَیْسَرَهُمَا مَالَمْ یَکُنْ اِثْمًا فَاِنْ کَانَ اِثْمًا کَانَ اَبْعَدَالنَّاس مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ اِلَّا اَنْ تُنْتَهَکَ حُرْمَةُ اللّٰہِ فَیَنْتَقِمُ لِلّٰہِ بِهَا

۷۷۲۔ ہم سے عبد اللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے، انہیں عروہ بن زبیر نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ سے جب بھی دو چیزوں میں کسی ایک کے اختیار کرنے کے لئے کہا گیا تو آپ ﷺ نے ہمیشہ اسی کو اختیار فرمایا جس میں زیادہ سہولت ہوئی۔ بشرطیکہ اس میں کوئی گناہ کا پہلو نہ نکلتا ہو، کیونکہ اگر اس میں گناہ کا کوئی شائبہ بھی ہوتا۔ تو آپ اس سے سب سے زیادہ دور رہتے اور آنحضور ﷺ نے اپنی ذات کے لئے کبھی کسی سے انتقام نہیں لیا، لیکن اگر اللہ کی حرمت کو کوئی توڑتا تو آپ ﷺ اس سے ضرور انتقام لیتے تھے۔

(۷۷۳) حَدَّثَنَا سلیمانُ ابنُ حربٍ حَدَّثنا حمَّادٌ عن ثابتٍ عن انسٍ رضی اللّٰہ عنه قال مَامَسِسْتُ حَرِیْرًا وَلَادِیْبَاجًا اَلْیَنَ مِنْ کَفِّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَاشَمِمْتُ رِیْحًا قَطُّ اَوْ عَرْفًا قَطُّ اَطْیَبَ مِنْ رِیحِ اَوْعَرْفِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۷۷۳۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم و نازک کوئی حریر و دیباج میرے ہاتھوں نے کبھی نہیں چھوڑا اور نہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خوشبو یا آپ کے پسینے سے زیادہ بہتر اور پاکیزہ کوئی خوشبو یا عطر سونگھا۔

(۷۷۴) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا یحییٰ عَنْ شعبةَ عن قتادةَ عن عبدِاللّٰہ بن ابی عتبةَ عَنْ ابی سعیدٍ

۷۷۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے قتادہ نے، ان سے عبد اللہ بن ابی

الخدری قال کان النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَشدَّ حیاءً من العذراءِ فِی خِدْرِهَا

عتبہ نے اور ان سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ پردہ نشین کنواری لڑکیوں سے بھی زیادہ شرمیلے تھے۔

(۷۷۵) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ بشارٍ حَدَّثَنَا یَحییٰ و ابنُ مهدیٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ مثله واذا کَرِهَ شَیْئًا عُرِفَ فِی وَجْهِهٖ

۔۔۔۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی اور ان سے یحییٰ اور ابن مہدی نے حدیث بیان کی، اور ان سے شعبہ نے اسی طرح حدیث بیان کی (اس اضافہ کے ساتھ کہ) جب کوئی خاص بات پیش آتی تو آنحضور ﷺ کے چہرے پر اس کا اثر ظاہر ہو جاتا۔

(۷۷۶) حَدَّثَنِیْ علیُّ بن الجَعْدِ اَخْبَرنَا شعبةُ عن الاعمشِ عن ابی حازمٍ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه قال مَاعَابَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طعامًا قَطُّ ان اشتهاه اکله و الاتَرکه

۷۷۶۔ مجھ سے علی بن جعد نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں اعمش نے، انہیں ابو حازم نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے کبھی کسی کھانے میں عیب نہیں نکالا، اگر آپ ﷺ کو مرغوب ہوتا تو تناول فرماتے ورنہ چھوڑ دیتے۔

(۷۷۷) حَدَّثَنَا قتیبةُ بنُ سعیدٍ حَدَّثَنَا بکرُ بنُ مضرَ عن جعفرِ بْنِ ربیعةَ عن الْاَعرجِ عن عبدِاللّٰه بنِ مالکٍ ابن بُحَیْنَةَ الْاَسْدِیِّ قَالَ کَانَ النَّبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ فَرَّجَ بَیْنَ یَدَیْهِ حَتّٰی نَریٰ اِبْطَیْهِ قَالَ وَقَالَ ابن بُکَیْرٍ حَدَّثَنَا بکر وقال بیاضَ اِبْطَیْهِ

۷۷۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن مضر نے حدیث بیان کی، ان سے جعفر بن ربیعہ نے ان سے اعرج نے، ان سے عبداللہ بن مالک بن بحینہ اسدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب سجدہ کرتے تو دونوں بازوؤں کو اتنا کشادہ رکھتے کہ ہم آپ ﷺ کی بغل دیکھ سکتے تھے۔ بیان کیا کہ ابن بکیر نے روایت کی اور ان سے بکر نے حدیث بیان کی کہ "ہم آنحضور ﷺ کی بغل کی سفیدی دیکھ سکتے تھے۔"

(۷۷۸) حَدَّثَنَا عبدُالاعلی بنُ حمادٍ حَدَّثَنَا یزیدُ بنُ زریعٍ حدثنا سعیدٌ عن قتادةَ اَنَّ اَنَسًا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُمْ اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ لَایَرْفَعُ یَدَیْهِ فِی شَیْئٍ من دُعَائِهٖ اِلَّا فی الاستسقاءِ فَاِنَّه کَانَ یرفعُ یدیهِ حتی یُریٰ بیاضُ اِبْطَیْه

۷۷۸۔ ہم سے عبدالاعلیٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہ رسول اللہ ﷺ دعاء استسقاء کے سوا اور کسی دعاء میں (بمبالغہ) ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے، اس دعاء میں آپ اتنا ہاتھ اٹھاتے کہ بغل مبارک کی سفیدی دیکھی جا سکتی تھی۔

(۷۷۹) حَدَّثَنَا الحسنُ بنُ الصباحِ حَدَّثَنَا محمدُ بنُ سابقٍ حَدَّثَنَا مالکُ بنُ مِغْوَلٍ قَال سَمِعْتُ عَوْنَ بنَ ابی جُحَیْفَةَ ذکر عن ابیه قال دُفِعتُ الی النبیِ صَلَّی للّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وهو بالابطح فی قُبَّةٍ کَانَ بالهاجرةِ فَخَرَجَ بلالٌ فنادی بالصَّلاة ثُمَّ دَخَلَ فَاَخْرَجَ فَضلَ وَضُوءِ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَعَ النَّاسُ علیه یاخذون منه ثم دَخَلَ فَاَخْرَجَ العنزةَ وَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۷۷۹۔ ہم سے حسن بن صباح نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سابق نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن مغول نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے عون ابن ابی جحیفہ سے سنا، وہ اپنے والد کے واسطہ سے بیان کرتے تھے کہ میں بلا قصد وارادہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ابطح میں (مکہ سے باہر) خیمہ کے اندر تشریف رکھتے تھے، بھری دوپہر کا وقت تھا۔ پھر بلال رضی اللہ عنہ نے باہر نکل کر نماز کے لئے اذان دی اور اندر آ گئے۔ اس کے بعد بلال رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی نکالا تو صحابہ اسے لینے کے لئے ٹوٹ پڑنے۔ بلال رضی

وسَلَّمَ كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی وبیصِ ساقَیْه فرکَزَ العنزةَ ثم صَلَّی الظهرَ رکعتین والعصر رکعتین یَمُرُّ بین یدیه الحمارُ والمرأةُ

اللہ عنہ نے اندر سے ایک نیزہ نکالا اور حضور اکرمؐ باہر تشریف لائے گویا آپ کی پنڈلیوں کی چمک اب بھی میری نظروں کے سامنے ہے۔ بلال رضی اللہ عنہ نے نیزہ گاڑ دیا (سترہ کے لئے) اور آنحضور ﷺ نے ظہر اور عصر کی دو دو رکعت نماز پڑھائی۔ گدھے اور عورتیں آپ کے سامنے سے گذر رہی تھیں۔

(۷۷۹) حَدَّثَنِی الحسنُ ابن صَبَّاحِ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا سفیانُ عن الزُّهریِ عن عروةَ عن عائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُحَدِّثُ حَدِیْثًا لَوْعَدَّهُ الْعَادُّ لَاَحصَاهُ وقال اللَّیْثُ حَدَّثَنِیْ یُوْنُسُ عن ابنِ شِهَابٍ انَّه' قَالَ اخبرنی عروةُ بنُ الزبیرِ عن عائشةَ انها قالتْ اَلاَ یُحْجِبُکَ اَبُوفلان جاء فَجَلَسَ اِلٰی جَانِبِ حُجْرَتِی یُحَدِّثُ عَنْ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُسمعنی ذٰلک وکنت اسبح فقام قبل اَنْ اَقْضِیَ سُبحَتِی وَلَوادرکْتُهٗ لَرَدَدْتُّ علیه اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لم یکن یَسْرُدُ الحدیثَ کَسَرْدِکُمْ

۷۷۹۔ مجھ سے حسن بن صباح بزار نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ (اتنی متانت اور ترتیل کے ساتھ) باتیں کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص (آپ ﷺ کے الفاظ) شمار کرنا چاہتا تو کرسکتا تھا۔ اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے عروہ بن زبیر نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ابوفلاں کے طرز عمل پر تمہیں تعجب نہیں ہوا، وہ آئے اور میرے حجرہ کے ایک طرف بیٹھ کر رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے احادیث بیان کرنے لگے۔ میں اس وقت نماز پڑھ رہی تھی۔ پھر وہ نماز ختم کرنے سے پہلے ہی اٹھ کر چلے گئے۔ اگر وہ مجھے مل جاتے تو انہیں میں ٹوکتی (کہ آپ جلدی جلدی حدیث بیان کیوں کرتے ہیں) رسول اللہ ﷺ تو تمہاری طرح یوں جلدی جلدی باتیں نہیں کیا کرتے تھے۔

باب ۳۷۷. کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَنَامُ عَیْنُه' وَلَایَنَامُ قَلْبُه' رواه سعیدُ بنُ مِیْنَاءَ عَنْ جابرٍ عن النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۳۷۷۔ نبی کریم ﷺ کی آنکھیں سوتی تھیں لیکن قلب اس وقت بھی بیدار رہتا تھا۔ اس کی روایت سعید بن میناء نے جابر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کی ہے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔

(۷۸۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰهِ بنُ مسلمةَ عن مالکٍ عن سعیدِ نِالْمَقْبُرِیِّ عن ابی سلمة بنِ عبدِالرحمٰنِ انه سَاَلَ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰه عنها کَیْفَ کَانَتْ صَلَاةُ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ رَمَضَانَ قَالَتْ مَاکَانَ یَزِیْدُ فِیْ رَمَضَانَ وَلَا غَیرِهٖ عَلٰی اِحدٰی عشرةَ رکعةً یُصَلِّی اَرْبعَ رَکَعَاتٍ فَلاَ تَسَاَلُ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ یُصَلِّی اَرْبَعًا فَلاَ تَسَاَلُ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ ثُمَّ یُصَلِّیْ ثَلاثًا فَقُلْتُ یارَسُوْلَ اللّٰهِ تنامُ قَبْلَ اَنْ تُوْتِرَ قَالَ تَنَامُ عَیْنِی وَلا

۷۸۱۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے ان سے سعید مقبری نے، ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اور انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رمضان المبارک میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کی کیا کیفیت ہوتی تھی؟ آپ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ رمضان المبارک یا دوسرے کسی بھی مہینے میں (آخر شب میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے، پہلے آپ چار رکعت پڑھتے وہ رکعتیں کتنی لمبی ہوتی تھیں، کتنی ان میں دلآویزی ہوتی تھی، اس کے متعلق نہ پوچھو۔ پھر آپ چار رکعتیں پڑھتے۔ یہ رکعتیں بھی کتنی لمبی ہوتی تھیں اور کتنی دلآویز، اس کے متعلق نہ پوچھو۔

يَنَامُ قَلْبِي

پھر آپ تین رکعت پڑھتے تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ (ﷺ!) آپ وتر پڑھے بغیر کیوں سوتے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن میرا دل بیدار رہتا ہے۔

(۷۸۱) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي اَخِي عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يحدثنا عَنْ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من مَسْجِدِ الْكَعْبَةِ جَاءَ ثَلاَ ثَةُ نَفَرٍ قَبْلَ اَنْ يُوْحٰى اِلَيْهِ وَهُوَ نَائِمٌ فِي مَسْجِدِ الْحَرَامِ فَقَالَ اولهُمْ اَيُّهُمْ هُوَ فَقَالَ اَوْسَطُهُمْ هُوَ خَيْرُهُمْ وَقَالَ آخِرُهُمْ خُذُوْا خَيْرَهُمْ فَكَانَتْ تِلْكَ فَلَمْ يَرَهُمْ حَتّٰى جَاءُ وْا لَيْلَةً اُخْرٰى فِيْمَا يَرٰى قَلْبُه' وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَائِمَةٌ عَيْنَاهُ وَلَايَنَامُ قَلْبُه' وَكَذٰلِكَ الْاَنْبِيَاءُ تَنَامُ اَعْيُنُهُمْ وَلَاتَنَامُ قُلُوبُهُمْ فَتَوَلَّاهُ جِبْرِ يلُ ثُمَّ عَرَجَ بِهٖ اِلَى السَّمَآءِ

۷۸۱۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے شریک بن عبداللہ بن ابی نمر نے، انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ مسجد حرام سے نبی کریم ﷺ کی معراج سے متعلق ان سے حدیث بیان کر رہے تھے کہ (معراج سے پہلے) تین فرشتے آئے، یہ آپ ﷺ پر وحی نازل ہونے سے بھی پہلے کا واقعہ ہے۔ اس وقت آپ مسجد حرام میں (دو آدمیوں کے درمیان میں) سو رہے تھے۔ ایک فرشتے نے پوچھا، وہ کون ہیں؟ دوسرے نے کہا کہ وہ درمیان والے ہیں، وہی سب سے بہتر ہیں۔ تیسرے نے کہا کہ پھر جو سب سے بہتر ہیں انہیں ساتھ لے چلو۔ اس رات صرف اتنا ہی واقعہ پیش آیا۔ پھر آنحضور ﷺ نے انہیں نہیں دیکھا۔ لیکن یہی حضرات ایک رات اور آئے۔ اس حالت میں جب صرف آپ کا قلب بیدار تھا۔ حضور اکرمؐ کی آنکھیں جب سوتی تھیں، قلب آپ ﷺ کا اس وقت بھی بیدار رہتا تھا۔ تمام انبیاء کی یہی کیفیت ہوتی ہے کہ جب آنکھیں سوتی ہیں، قلب اس وقت بھی بیدار رہتا ہے۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نے انتظام و اہتمام کیا اور آپ کو آسمان پر لے گئے۔

باب۳۷۸. عَلَامَاتُ النُّبُوَّةِ فِي الْاِسْلَامِ

۳۷۸۔ بعثت کے بعد نبوت کی علامات۔

(۷۸۲) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْد حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ زَرِيْرٍ سَمِعْتُ اَبَارَجَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ اَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَسِيْرٍ فَاَدْ لَجُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ وَجْهُ الصُّبْحِ عَرَّسُوْا فَغَلَبَتْهُمْ اَعْيُنُهُمْ حَتّٰى ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ اِسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَا مِهٖ اَبُوْبَكْرٍ وَكَانَ لَا يُوْقَظُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَنَامِهٖ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ فَاسْتَيْقَظَ عُمَرُ فَقَعَدَ اَبُوْبَكْرٍ عِنْدَ رَأْسِهٖ فَجَعَلَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَه' حَتّٰى اسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَ وَصَلّٰى بِنَا الْغَدَاةَ

۷۸۲و۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے سلم بن زریر نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابورجاء سے سنا کہ ہم سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ یہ حضرات نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، رات بھر سب لوگ چلتے رہے تھے، پھر جب صبح کا وقت قریب ہوا تو پڑاؤ کیا، اس لئے سب لوگ اتنی گہری نیند سوتے رہے کہ سورج پوری طرح نکل آیا۔ سب سے پہلے ابوبکر رضی اللہ عنہ جاگے۔ لیکن آپ حضور اکرم ﷺ کو، جب آپ سوتے ہوئے ہوتے، نہیں جگاتے تھے تا آنکہ آنحضور ﷺ خود ہی بیدار ہو جاتے۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ بھی بیدار ہو گئے۔ آخر ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ کے سر مبارک کے قریب بیٹھ گئے اور بلند آواز سے اللہ اکبر کہنے لگے۔ اس سے آنحضور

فَاعْتَزَلَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لَمْ يُصَلِّ مَعَنَا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَافُلَانُ مَايَمْنَعُكَ اَنْ تُصَلِّيَ مَعَنَا قَالَ اَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ فَاَ مَرَهٗ اَنْ يَتَيَمَّمَ بِا لصَّعِيْدِ ثُمَّ صَلّٰى وَ جَعَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكُوْبٍ بَيْنَ يَدَيْهِ وَقَدْ عَطِشْنَا عَطَشًا شَدِيْدًا فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيْرُ اِذَا نَحْنُ بِامْرَاَةٍ سَادِلَةٍ رِجْلَيْهَا بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ فَقُلْنَا لَهَا اَيْنَ الْمَاءُ فَقَالَتْ اِنَّهٗ لَامَاءَ فَقُلْنَا كَمْ بَيْنَ اَهْلِكِ وَبَيْنَ الْمَاءِ قَالَتْ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ فَقُلْنَا اِنْطَلِقِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ وَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَلَمْ نُمَلِّكْهَا مِنْ اَمْرِهَا حَتّٰى اسْتَقْبَلْنَا بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَتْهُ بِمِثْلِ الَّذِيْ حَدَّثَتْنَا غَيْرَ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا مُؤْتِمَةٌ فَاَمَرَ بِمَزَادَ تَيْهَا فَمَسَحَ فِي الْعَزْلَا وَيْنِ فَشَرِبْنَا عِطَاشًا اَرْبَعِيْنَ رَجُلًا حَتّٰى رَوِيْنَا فَمَلَاْنَا كُلَّ قِرْبَةٍ مَّعَنَا وَاِدَاوَةٍ غَيْرَ اَنَّهٗ لَمْ نَسْقِ بَعِيْرًا وَهِيَ تَكَادُ تَنِضُّ مِنَ الْمِلْءِ ثُمَّ قَالَ هَاتُوْا مَاعِنْدَكُمْ فَجُمِعَ لَهَامِنَ الْكِسَرِ وَالتَّمْرِ حَتّٰى اَتَتْ اَهْلَهَا قَالَتْ لَقِيْتُ اَسْحَرَ النَّاسِ اَوْهُوَ نَبِيٌّ كَمَا زَعَمُوْا فَهَدَى اللّٰهُ ذَاكَ الصِّرْمَ بِتِلْكَ الْمَرْاَةِ فَاَسْلَمَتْ وَاَسْلَمُوْا

ﷺ بھی جاگ گئے (آنحضور ﷺ وہاں سے بغیر نماز پڑھے کچھ فاصلے پ
تشریف لائے) اور یہاں آپ اترے اور ہمیں صبح کی نماز پڑھائی۔ ایک
صاحب ہم سے دور کھڑے تھے اور انہوں نے ہمارے ساتھ نماز نہیں
پڑھی تھی۔ آنحضور ﷺ جب فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے ان سے
دریافت فرمایا، اے فلاں! ہمارے ساتھ نماز پڑھنے سے کیا چیز تمہیں مان
بنی؟ انہوں نے عرض کیا کہ مجھے غسل کی حاجت ہوگئی ہے (اور پانی نہیں
ہے) آنحضور ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ پاک مٹی سے تیمّم کرلو۔ پھ
انہوں نے بھی (تیمّم کے بعد) نماز پڑھی پھر آنحضور ﷺ نے مجھے چن
سواروں کے ساتھ آگے بھیج دیا۔ ہمیں بڑی شدید پیاس لگی ہوئی تھی اب
ہم اسی حالت میں چل رہے تھے کہ ہمیں ایک عورت ملی جو دو مشکوں کے
درمیان (سواری پر) اپنے پاؤں لٹکائے ہوئے جارہی تھی۔ ہم نے اس
سے کہا کہ پانی کہاں ہے؟ اس نے جواب دیا کہ پانی نہیں ہے۔ ہم نے
اس سے پوچھا کہ تمہارے گھر سے پانی کتنے فاصلے پر ہے؟ اس نے بتا
کہ ایک دن رات کا فاصلہ ہے۔ ہم نے اس سے کہا کہ اچھا تم رسول اللہ
ﷺ کی خدمت میں چلو۔ وہ بولی، رسول اللہ کیا چیز ہوتی ہے؟ آخر ہم
آنحضور ﷺ کی خدمت میں اسے لائے۔ اس نے آپ ﷺ سے وہ
باتیں کیں جو ہم سے کرچکی تھی۔ اتنا اور کہا کہ وہ یتیم بچوں کی ماں ہے۔
آنحضور ﷺ کے حکم سے دونوں مشکوں کو اتارا گیا اور آپ ﷺ نے ان
کے منہ پر دست مبارک کو پھیرا۔ ہم چالیس پیاسے آدمیوں نے اس میں
سے خوب سیراب ہوکر پیا اور اپنے تمام مشکیزے اور برتن بھی بھر لئے
صرف ہم نے اونٹوں کو پانی نہیں پلایا۔ اس کے باوجود اس کی مشکیں پانی
سے اتنی بھری ہوئی تھیں کہ معلوم ہورہا تھا ابھی بہہ پڑیں گی (حضور اکرم
ﷺ کے ہاتھ پھیرنے کی برکت سے) اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرما
کہ جو کچھ تمہارے پاس (کھانے کی چیز باقی رہ گئی) ہے میرے پاس
لاؤ۔ چنانچہ اس عورت کے سامنے ٹکڑے اور کھجوریں لاکر جمع کردی گئیں
پھر جب وہ اپنے قبیلے میں آئی تو اپنے آدمیوں سے اس نے کہا کہ آج
میں سب سے بڑے ساحر سے مل کر آئی ہوں یا پھر، جیسا کہ اس کے
ماننے والوں کا خیال ہے۔ وہ واقعی نبی ہے۔ آخر اللہ تعالیٰ نے اس قبیلے کو
اسی عورت کی وجہ سے ہدایت دی، وہ خود بھی اسلام لائی اور قبیلے والے بھی
اسلام لائے۔

۷۸۱) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ
یٌ عَنْ سَعِیْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
لَ اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ وَھُوَ
زَّوْرَاءِ فَوَضَعَ یَدَہٗ فِی الْاِنَاءِ فَجَعَلَ الْمَاءُ یَنْبَعُ
ن بَیْنِ اَصَابِعِہٖ فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ قَالَ قَتَادَةُ قُلْتُ
نَسٍ کَمْ کُنْتُمْ قَالَ ثَلٰثَمِائَةٍ اَوْزُھَاءَ ثَلٰثَمِائَةٍ

۷۸۳۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک برتن حاضر کیا گیا (پانی کا) حضور اکرم ﷺ اس وقت مقام زوراء میں تشریف رکھتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے اس برتن پر اپنا ہاتھ رکھا تو اس میں سے پانی، آپ کی انگلیوں کے درمیان سے ابلنے لگا اور اسی پانی سے پوری جماعت نے وضو کیا۔ قتادہ نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، آپ حضرات کتنی تعداد میں تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ تین سو یا تقریباً تین سو۔

۷۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِکٍ
نْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ
نِ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ
ہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلٰوةُ الْعَصْرِ
تَمِسَ الْوَضُوْءُ فَلَمْ یَجِدُوْہُ فَاُتِیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
لَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِوَضُوْءٍ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
لَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَہٗ فِیْ ذٰلِکَ الْاِنَاءِ فَاَمَرَ
اسَ اَنْ یَتَوَضَّأُوْا مِنْہُ فَرَاَیْتُ الْمَاءَ یَنْبُعُ مِنْ
تِ اَصَابِعِہٖ فَتَوَضَّأَ النَّاسُ حَتّٰی تَوَضَّأُوْا مِنْ
دِ آخِرِھِمْ

۷۸۴۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، عصر کی نماز کا وقت ہو گیا تھا اور لوگ وضو (کے لئے پانی) کی تلاش کر رہے تھے لیکن پانی کا کہیں پتہ نہیں تھا۔ پھر آنحضور ﷺ نے خدمت میں وضو (کا پانی برتن میں) لایا گیا۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس برتن پر رکھا اور لوگوں سے فرمایا کہ اسی پانی سے وضو کریں۔ میں نے دیکھا کہ پانی آپ کی انگلیوں کے نیچے سے ابل رہا تھا۔ چنانچہ لوگوں نے وضو شروع کی اور ہر شخص نے وضو کر لی۔

۷۸) حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مُبَارَکٍ حَدَّثَنَا
زْمٌ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ
لِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ
یْہِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ مَخَارِجِہٖ وَمَعَہٗ نَاسٌ مِنْ
صْحَابِہٖ فَانْطَلَقُوْا یَسِیْرُوْنَ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلَمْ
جِدُوْا مَاءً یَتَوَضَّأُوْنَ فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ
اءَ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ یَسِیْرٍ فَاَخَذَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ
یْہِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ مَدَّ اَصَابِعَہُ الْاَرْبَعَ عَلَی
قَدَحِ ثُمَّ قَالَ قُوْمُوْا فَتَوَضَّئُوْا فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ حَتّٰی
غُوْا فِیْمَا یُرِیْدُوْنَ مِنَ الْوَضُوْءِ وَکَانُوْا سَبْعِیْنَ اَوْ
وَہٗ

۷۸۵۔ ہم سے عبدالرحمٰن بن مبارک نے حدیث بیان کی، ان سے حزم نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ میں نے حسن سے سنا، کہا کہ ہم سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ کسی سفر میں تھے اور آپ ﷺ کے ساتھ صحابہ کی بھی ایک جماعت تھی۔ لوگ چلتے رہے جب نماز کا وقت ہوا تو وضو کے لئے کہیں پانی نہیں ملا۔ آخر جماعت میں سے ایک صاحب اٹھے اور ایک بڑے پیالے میں تھوڑا سا پانی لے کر حاضر خدمت ہوئے آنحضور ﷺ نے اسے لیا اور اس کے پانی سے وضو کیا۔ پھر آپ نے اپنا ہاتھ پیالے پر پھیلا دیا اور فرمایا کہ آؤ اور وضو کرو۔ پوری جماعت نے وضو کیا اور تمام آداب وسنن کے ساتھ پوری طرح کیا۔ ستّر یا اسّی کے لگ بھگ افراد تھے۔

(۷۸۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ يَزِيْدَ اَخْبَرَنَا حمیدٌ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فقَامَ مَنْ كَانَ قَرِيْبَ الدَّارِ مِنَ الْمَسْجِدِ يتوضأ وبقی قومٌ فأُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بمخضبٍ من حجارةٍ فِيْهِ مَاءٌ فَوَضَعَ كَفَّه، فَصَغُرَ الْمِخْضَبُ اَنْ يَبْسُطَ فِيْهِ كَفَّه، فَضَمَّ اَصَابِعَه، فَوَضَعَهَا فِی الْمِخْضَبِ فَتَوَضَّأَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا قُلْتُ كَمْ كَانُوْا قَالَ ثَمَانُوْنَ رَجُلاً

۷۸۶۔ہم سے عبداللہ بن منیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے یزید سے سنا، انہیں حمید نے خبر دی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، نماز کا وقت ہو چکا تھا، مسجد نبوی سے جن کے گھر قریب تھے انہوں نے تو وضو کر لیا لیکن بہت سے لوگ باقی رہ گئے۔ اس کے بعد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پتھر کی بنی ہوئی ایک لگن لائی گئی، اس میں پانی تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ اس پر رکھا، لیکن اس کا منہ اتنا تنگ تھا کہ آپ اس کے اندر اپنا ہاتھ پھیلا کر نہیں رکھ سکتے تھے، چنانچہ آپ نے انگلیاں ملالیں اور لگن کے اندر ہاتھ کو ڈال دیا۔ پھر (اسی پانی سے) جتنے لوگ باقی رہ گئے تھے سب نے وضو کیا۔ میں نے پوچھا کہ ان کی تعداد کیا تھی؟ انس رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ اسی ۸۰ آدمی تھے۔

(۷۸۷) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ وَالنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ فَتَوَضَّأَ فَجَهَشَ النَّاسُ نَحْوَه، فَقَالَ مَالَكُمْ قَالُوْا لَيْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ وَلَا نَشْرَبُ اِلَّا مَا بَيْنَ يَدَيْكَ فَوَضَعَ يَدَه، فِی الرَّكْوَةِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَثُوْرُ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ كَاَمْثَالِ الْعُيُوْنِ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا قُلْتُ كَمْ كُنْتُمْ قَالَ لَوْ كُنَّا مِائَةَ اَلْفٍ لَكَفَانَا كُنَّا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةً

۷۸۷۔ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے حدیث بیان کی، ان سے سالم بن ابی الجعد نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر لوگوں کو پیاس لگی ہوئی تھی، نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک چھاگل رکھا ہوا تھا۔ آپ ﷺ نے اس سے وضو کیا، اتنے میں لوگ آنحضور ﷺ کے پاس آ گئے۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ اس پانی کے سوا جو آپ کے سامنے ہے، نہ تو ہمارے پاس وضو کے لئے کوئی دوسرا پانی ہے اور نہ پینے کے لئے۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ چھاگل میں رکھ دیا۔ اور پانی آپ ﷺ کی انگلیوں کے درمیان میں سے چشمے کی طرح ابلنے لگا اور ہم سب نے اس پانی کو پیا بھی اور اس سے وضو بھی کیا۔ میں نے پوچھا، آپ حضرات کتنی تعداد میں تھے؟ فرمایا کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی کافی ہوتا، ویسے ہماری تعداد اس وقت پندرہ سو تھی۔

(۷۸۸) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عن ابی اسحاق عَنِ الْبَرَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَالْحُدَيْبِيَّةُ بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا حَتّٰى لَمْ نَتْرُكْ فِيْهَا قَطْرَةً فَجَلَسَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى شَفِيْرِ الْبِئْرِ فَدَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَمَجَّ عَلَيْهِ فِی الْبِئْرِ فَمَكَثْنَا غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ اسْتَقَيْنَا حَتّٰى رَوِيْنَا وَرَوَتْ اَوْصَدَرَتْ

۷۸۸۔ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر ہم چودہ سو کی تعداد میں تھے۔ حدیبیہ ایک کنوئیں کا نام ہے ہم نے اس سے اتنا پانی کھینچا کہ ایک قطرہ بھی اس میں باقی نہیں رہا۔ (جب حضور اکرم ﷺ کو صورت حال کی اطلاع ہوئی تو آپ تشریف لائے) اور کنوئیں کے کنارے بیٹھ کر پانی طلب فرمایا، پانی سے غرغرہ کیا اور کلی کا پانی کنوئیں میں ڈال دیا۔ ابھی

رِکَابُنَا

تھوڑی دیر بھی نہیں ہوئی تھی کہ کنواں پھر پانی سے بھر گیا تھا، ہم بھی اس سے خوب سیراب ہوئے اور ہماری سواریاں بھی۔

(۷۸۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ اَنَّه' سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْطَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيْفًا اَعْرِفُ الْجُوْعَ فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ قَالَتْ نَعَمْ فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ ثُمَّ اَخْرَجَتْ خِمَاراً لَهَا فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهٖ ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدِى وَلَا ثَتْنِى بِبَعْضِهٖ ثُمَّ اَرْسَلَتْنِى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَذَهَبْتُ بِهٖ فَوَجَدْتُ رَسُولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلَكَ اَبُوْطَلْحَةَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِطَعَامٍ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَّعَه' قُوْمُوْا فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَاطَلْحَةَ فَاَخْبَرْتُه' فَقَالَ اَبُوْطَلْحَةَ يَااُمَّ سُلَيْمٍ قَدْجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَانُطْعِمُهُمْ فَقَالَتْ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُه' اَعْلَمُ فَانْطَلَقَ اَبُوْطَلْحَةَ حَتّٰى لَقِىَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ مَعَه' فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلُمِّىْ يَااُمَّ سُلَيْمٍ مَاعِنْدَكِ فَاَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ وَعَصَرَتْ اُمُّ سليم عُكَّةً فَاَدَمَته ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَقُوْلَ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ خَرَجُوْا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْاثُمَّ خَرَجُوْا ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَاَكَلُوْاحَتّٰى

۷۸۹۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ام سلیم رضی اللہ عنہا سے کہا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کی آواز سنی تو آپ کی آواز میں بہت ضعف محسوس ہوا۔ میرا خیال ہے کہ آپ فاقے سے ہیں، کیا تمہارے پاس (کھانے کی) کوئی چیز ہے؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں۔ چنانچہ انہوں نے جو کی چند روٹیاں نکالیں، پھر اپنی اوڑھنی نکالی اور اس کے ایک حصے سے روٹیوں کو لپیٹ کر میرے ہاتھ میں اسے چھپا دیا اور اس کا دوسرا حصہ میرے اوپر رکھ دیا، اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں مجھے بھیجا، انہوں نے بیان کیا کہ میں گیا تو آنحضور ﷺ مسجد میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ ﷺ کے ساتھ بہت سے صحابہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ میں آپ ﷺ کے پاس کھڑا ہو گیا تو آپ نے دریافت فرمایا، کیا ابوطلحہ نے تمہیں بھیجا ہے؟ میں نے عرض کی، جی ہاں، آپ نے دریافت فرمایا کھانے کے لئے؟ میں نے عرض کیا، جی ہاں۔ جو صحابہ آپ ﷺ کے ساتھ اس وقت بیٹھے ہوئے تھے، ان سب حضرات سے آپ ﷺ نے فرمایا کہ چلو۔ آنحضور ﷺ تشریف لانے لگے اور میں آپ ﷺ کے آگے آگے چل رہا تھا۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچ کر میں نے انہیں اطلاع دی۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا، ام سلیم! حضور اکرم ﷺ تو بہت سے لوگوں کو ساتھ لائے ہیں۔ ہمارے پاس اتنا کھانا کہاں ہے کہ سب کو کھلایا جا سکے؟ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے کہا، اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں (یعنی آپ سے صورت حال کوئی چھپی ہوئی نہیں ہے) پھر ابوطلحہ رضی اللہ عنہ استقبال کے لئے آئے اور حضور اکرم ﷺ سے ملاقات ہوئی۔ اب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آپ بھی چل رہے تھے (گھر پہنچ کر) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، ام سلیم! تمہارے پاس جو کچھ ہے، یہاں لاؤ۔ ام سلیم نے وہی روٹی لا کر آپ ﷺ کے سامنے رکھ دی۔ پھر آنحضور ﷺ کے حکم سے روٹیوں کا چورا کر دیا گیا۔ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے اس پر گھی ڈال دیا جو گویا اس کا سالن تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس کے بعد اس پر دعا کی، جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ پھر فرمایا دس آدمیوں کو

شبعُوْا ثُمَّ خرجُوْا ثُمَّ قالَ ائْذَنْ لِعشَرَةٍ فَاَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوْا وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ اَوْثَمانُوْنَ رَجُلاً

(اندر آ کر کھانے کے لئے) بلالو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا، ان سب حضرات نے (وہی گھی میں چپڑی ہوئی روٹی) پیٹ بھر کر کھائی اور جب یہ حضرات باہر آ گئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر دس آدمیوں کو بلالو، انہوں نے بلالیا، اور اس جماعت نے بھی پیٹ بھر کر کھایا۔ جب باہر گئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر دس ہی آدمیوں کو اندر بلالو۔ اس طرح سب حضرات نے پیٹ بھر کر کھایا جن کی تعداد ستر یا اسّی تھی۔

(۷۹۰) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا اَبُوْاحمد الزُّبَیْرِیُّ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیلُ عن منصورٍ عن ابراهیمَ عن علقمةَ عن عبدِاللّٰه قال كُنَّا نَعُدُّ الْاٰیَاتِ بَرَكَةً وَاَنْتُم تَعُدُّوْنَهَا تَخْوِیْفًا كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فی سفرٍ فَقَلَّ الماءُ فَقَالَ اُطْلُبُوْا فَضْلَةً مِنْ ماءٍ فجاءُوْا بِاِناءٍ فیه ماء قلیلٌ فَاَدْخَلَ یَدَه' فی الاناءِ ثُمَّ قَالَ حَیَّ عَلَی الطَّهُوْرِ الْمُبَارَکِ وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰه فلقد رأیتُ الماءَ یَنْبَعُ مِنْ بَیْنَ اصابعِ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَقَدْ كُنَّا نسمع تَسْبِیْحَ الطَّعَامِ وَهُوَ یُؤكل

۷۹۰۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواحمد زبیری نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیات ومعجزات کو ہم باعث برکت سمجھتے تھے اور تم لوگ اسے باعث خوف جانتے ہو۔ ایک مرتبہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے اور پانی تقریباً ختم ہو گیا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو کچھ بھی پانی بچ گیا ہو اسے تلاش کرو۔ چنانچہ صحابہؓ ایک برتن میں تھوڑا سا پانی لائے۔ آنحضور ﷺ نے اپنا ہاتھ برتن میں ڈال دیا اور فرمایا کہ بابرکت، پانی کی طرف آؤ اور برکت تو اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ میں نے دیکھا کہ آنحضور ﷺ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی ابل رہا تھا اور ہم بعض تو اس کھانے کو تسبیح کرتا ہوا بھی سنتے تھے جو (نبی کریم ﷺ کے ساتھ) کھایا جاتا تھا۔

(۷۹۱) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا زکریا قَالَ حَدَّثَنِیْ عامرٌ قال حَدَّثَنِیْ جابرٌ رضی اللّٰه عنه اَنَّ اَبَاهُ تُوُفِّیَ وَعَلَیْهِ دَیْنٌ فَاَتَیْتُ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ ابی تَرَکَ عَلَیْهِ دَیْنًا ولَیْس عِنْدِیْ اِلَّا مایُخْرِجُ نَخْلُه' ولایَبْلُغُ مایُخْرِجُ سنین ماعَلَیْهِ فَانْطَلَقَ مَعِیَ لِكَیْ لایُفْحِشَ عَلَیَّ الغرماءُ فَمَشٰی حولَ بَیْدَرٍ مِنْ بَیَادِرِ التَّمرِ فَدَعَا ثُمَّ آخرَ ثُمَّ جَلَسَ عَلَیْهِ فَقَالَ انْزِعوه فَاَوْفَاهُمُ الَّذِیْ لَهُم وَبَقِیَ مثلُ مااَعطاهم

۷۹۱۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے زکریا نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عامر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے جابر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ان کے والد (عبداللہ رضی اللہ عنہ، جنگ احد میں) شریک ہو گئے تھے اور مقروض تھے۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، کہ میرے والد اپنے اوپر قرض چھوڑ گئے ہیں، ادھر میرے پاس سوائے پیداوار کے جو نخلستان سے ہوتی ہے اور کچھ نہیں اور اس کی پیداوار سے تو دو سال میں بھی قرض ادا نہیں ہو سکتا اس لئے آپ میرے ساتھ تشریف لے چلئے تاکہ قرض خواہ میرے ساتھ سخت معاملہ نہ کریں (یعنی ان سے کوئی معاملہ طے کرا دیجئے لیکن وہ نہیں مانے) تو آپ ﷺ کھجور کے جو ڈھیر لگے ہوئے تھے پہلے ان میں سے ایک کے چاروں طرف چلے اور دعا کی، اسی طرح دوسرے ڈھیر کے بھی۔ پھر آپ ﷺ وہاں بیٹھ گئے اور فرمایا کہ کھجوریں نکال کر انہیں دو۔

چنانچہ آپ نے سارا قرض ادا کر دیا اور جتنی قرض میں دی تھی اتنی ہی بچ بھی گئی۔

(۷۹۲) حَدَّثَنَا مُوْسَى بنُ اسماعيلَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ ابيه حَدَّثَنَا ابوعثمانَ انه حَدَّثَه' عبدُالرحمٰنِ بن ابی بكرٍ رضى اللّٰهُ عنهما اَنَّ اصحابَ الصُّفَّةِ كَانُوا اُنَاسًا فُقَراءَ وَاَنَّ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مرةً مَنْ كَانَ عِنْدَه' طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ وَمَنْ كَانَ عِنْدَه' طَعَامُ اَرْبَعَةٍ فَلْيَذْهَبْ بِخَامِسٍ اَوْسَادِسٍ اَوْكَمَا قَالَ وَاَنَّ اَبَابَكرٍ جاء بثلاثةٍ وانطلقَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بعشرةٍ وابوبكرٍ ثلاثةً قَالَ فَهُوَ اَنَا وابِىْ وَاُمِّىْ وَلَا اَدْرِىْ هَلْ قَالَ امْرَأَتِىْ وَخَادِمِىْ بَيْنَ بَيْتِنَا وَبَيْنَ بَيْتِ ابى بكرٍ وَاَنَّ ابابكرٍ تَعَشّٰى عِنْدَالنبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَبِثَ حَتّٰى صَلَّى العشاءَ ثُمَّ رَجَعَ فَلَبِثَ حَتّٰى تَعَشّٰى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بَعْدَ مَامَضَى مِنَ اللَّيْلِ مَاشَاءَ اللّٰهُ قَالَتْ لَهُ امراتُه مَاحَبَسَكَ عَنْ اَضْيَافِكَ اَوْضَيْفِكَ قَالَ اَوْعَشَّيْتِهِمْ قَالَتْ اَبَوْا حَتّٰى تَجِئَ قدعَرَضُوْا عَلَيْهِمْ فَغَلَبُوْهُمْ فَذَهَبْتُ ناختبأتُ فَقَالَ يَاغُنْثَرُ فَجَدَّعَ وَسَبَّ وَقَالَ كُلُوْا وَقَالَ لَااَطْعَمُه' اَبَدًا قال وَاَيْمُ اللّٰهِ مَاكُنَّا نَاخُذُ مِنَ اللقمةِ اِلَّا رَبَامِنْ اَسْفَلِهَا اَكْثَرَ مِنْهَا حتى شبعوا وصارتْ اكثرَ مِمَّا كانت قبل فَنَظَرَ ابوبكرٍ فاذا شَىْءٌ اواكثرُ فقالَ لامرأتِهٖ يَااُخْتَ بنى فِرَاسٍ قَالَت لَاوَقُرَّةِ عَيْنِىْ لَهِىَ الْاٰنَ اكثرُ مما قبلُ بثلاثِ مراتٍ فَاَكل منها ابوبكرٍ وقال انما كان من الشيطان يعنى يَمِيْنَه' ثُمَّ اَكَلَ منهالقمةً ثُمَّ حَمَلَهَا الى النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاَصْبَحَتْ عِنْدَه' وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَمَضَى الاجلُ فَعَرَّفْنَا اثنا عَشَرَ رَجُلًا مع كل

۷۹۲۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے ان سے ابوعثمان نے حدیث بیان کی اور ان سے عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ اصحاب صفہ محتاج وغریب تھے اور نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ جس کے گھر میں دو آدمیوں کا کھانا ہو (اور اس کے گھر کھانے والے بھی دو ہوں، تو وہ ایک تیسرے کو بھی اپنے ساتھ لیتا جائے اور جس کے گھر چار آدمیوں کا کھانا ہو وہ ایک پانچواں بھی اپنے ساتھ لیتا جائے یا چھٹے کو بھی اصحاب صفہ میں سے) اوکما قال۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ تین اصحاب صفہ کو اپنے ساتھ لائے تھے اور آنحضور ﷺ اپنے ساتھ دس اصحاب کو لے گئے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں تین آدمی تھے، میں، میرے والد، اور میری والدہ۔ مجھے یاد نہیں کہ انہوں نے اپنی بیوی کا بھی ذکر کیا تھا یا نہیں اور ان کے خادم جوان کے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر مشترک طور پر کام کیا کرتا تھا۔ لیکن خود ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا۔ پھر وہاں کچھ دیر تک ٹھہرے رہے اور عشاء کی نماز پڑھ کر واپس ہوئے (مہمانوں کو پہلے ہی بھیج چکے تھے) اس کے لئے انہیں اتنی دیر ٹھہرنا پڑا کہ آنحضور ﷺ نے کھانا تناول فرمالیا۔ پھر اللہ تعالیٰ کو جتنا منظور تھا جب رات کا اتنا حصہ گذر گیا تو آپ گھر واپس آئے۔ ان کی بیوی نے ان سے کہا، کیا بات ہوئی، آپ کو اپنے مہمان یاد نہیں رہے یا ان کی ضیافت یاد نہیں رہی۔ انہوں نے آپ کو بتایا کہ مہمانوں نے آپ کے آنے تک کھانے سے انکار کیا، ان کے سامنے ماحضر پیش کیا گیا تھا لیکن وہ نہیں مانے۔ تو میں جلدی سے چھپ گیا (ابوبکر رضی اللہ عنہ غصہ ہو گئے تھے) آپ نے ڈانٹا، اے بد بخت! اور بہت برا بھلا کہا۔ پھر فرمایا (مہمانوں سے) آپ حضرات تناول فرمائیں، میں تو اسے قطعاً نہیں کھاؤں گا۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ خدا گواہ ہے، پھر ہم جو لقمہ بھی (اس کھانے میں سے) اٹھاتے تھے تو جیسے نیچے سے کھانا اور زیادہ ہو جاتا تھا (اتنی اس میں برکت ہوئی) سب حضرات نے شکم سیر ہو کر کھایا اور کھانا پہلے سے زیادہ بچ رہا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو دیکھا تو کھانا جوں کا توں تھا یا پہلے سے بھی زیادہ! اس پر انہوں نے اپنی بیوی

رَجُل منهم اُنَاسٌ اللّٰهُ اَعْلَمُ كَمْ مَعَ كُلِّ رَجُلٍ غَيْرَ اَنَّهُ بَعَثَ مَعَهُمْ قال اَكَلُوْا مِنْهَا اَجْمَعُوْنَ اَوْ كَمَا قَالَ

سے کہا، اے اخت بنی فراس! دیکھو (تو سہی یہ کیا معاملہ ہوا) انہوں نے کہا، کچھ بھی نہیں، میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم! کھانا تو پہلے سے تین گنا زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ پھر وہ کھانا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی تناول فرمایا اور فرمایا کہ یہ تو شیطان کا کرشمہ تھا، آپ کا اشارہ اپنی قسم کی طرف تھا۔ ایک لقمہ کھا کر اسے آپ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لے گئے۔ وہاں صبح ہوگئی۔ اتفاق سے ایک قوم جس کا ہم (مسلمانوں) سے معاہدہ تھا اور معاہدہ کی مدت ختم ہوچکی تھی (اس لئے اس سلسلے میں گفتگو کرنے و آئے ہوئے تھے) ہم نے بارہ آدمیوں کو نمائندہ کے طور پر منتخب کرلیا۔ ہر شخص کے ساتھ ایک جماعت تھی۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ ان کی تعدا کیا تھی، البتہ وہ کھانا ان کی تحویل میں دے دیا گیا اور سب نے اسی کھانے کو (شکم سیر ہوکر) کھایا۔ او کما قال۔

(۷۹۳) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا حمادٌ عن عبدِالْعزيز عن انسٍ وعن يونسَ عن ثابتٍ عن انسٍ رضى اللّٰه عنه قال اصابَ اهلَ المدينةِ قَحطٌ علٰى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَا هُوَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمعةِ اِذْقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلَكَتِ الْكُرَاعُ هَلَكَتِ الشَّاءُ فَادْعُ اللّٰهَ يَسْقِيْنَا فَمَدَّيَدَيْهِ وَدَعَا قَالَ اَنَسٌ وَاِنَّ السَّمَاءَ لَمِثْلُ الزُّجَاجَةِ فَهَاجَتْ رِيْحٌ اَنْشَأَتْ سَحَابًا ثُمَّ اجْتَمَعَ ثُمَّ اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا فَخَرَجْنَا نَخُوْضُ الماءَ حَتّٰى اَتَيْنَا مَنَازِلَنَا فَلَمْ نَزَلْ نُمْطَرُ اِلَى الْجُمُعَةِ الاُخْرٰى فقامَ اليه ذٰلِكَ الرجلُ اوغيرُه فقال يارسولَ اللّٰه تَهَدَّمَتِ الْبُيُوْتُ فَادْعُ اللّٰهَ يَحْبِسْهُ فَتَبَسَّمَ ثُمَّ قَالَ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَنَظَرْتُ اِلَى السَّحَابِ تَصَدَّعَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ كَاَنَّهُ اِكْلِيْلٌ

۷۹۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالعزیز نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے۔ اور یونس سے روایت ہے، ان سے ثابت نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ایک سال قحط پڑا، آپ ﷺ جمعہ کی نماز کے لئے خطبہ دے رہے تھے کہ ایک صاحب نے اٹھ کر کہا، یا رسول اللہ ﷺ! گھوڑے ہلاک ہوگئے، بکریاں ہلاک ہوگئیں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ ہمیں سیراب کردے۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ اٹھائے اور دعا کی۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس وقت آسمان شیشے کی طرح (صاف و شفاف) تھا۔ اتنے میں ایک ہوا اٹھی۔ بادل کا ایک ٹکڑا دکھائی دیا اور پھر بہت سے ٹکڑے جمع ہوگئے اور بارش شروع ہوگئی۔ ہم جب نکلے تو گھر پہنچتے پہنچتے پانی میں ڈوب چکے تھے۔ بارش یوں ہی دوسرے جمعہ تک برابر ہوتی رہی دوسرے جمعہ کو وہی صاحب یا کوئی اور، پھر کھڑے ہوئے اور عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ مکانات گر گئے، دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ بارش روک دے۔ آنحضور ﷺ اس پر مسکرائے اور فرمایا، ہمارے چاروں طرف بارش برسائیے (جہاں اس کی ضرورت ہے) ہم پر (مدینہ میں) بارش نہ برسائیے۔ میں نے جو نظر اٹھائی تو بادل کے ٹکڑے چاروں طرف پھیل گئے تھے اور مدینہ تاج کی طرح نکل آیا تھا۔

(۷۹۴) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ المثنى حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ

۷۹۴۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوغسان یحییٰ بن

ثیر ابوغسانَ حدّثنا ابوحفصٍ واسمه عُمَرُ بنُ
عَلاءِ اخوابی عمرِو بنِ العلاءِ قال سمعتُ نافعاً
ن ابنِ عُمَرَ رضی اللّٰه عنهما کان النبیُّ صَلَّی
لّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ اِلٰی جِذْعٍ فَلَمَّا اتَّخَذَ
منبر تَحَوَّلَ اِلیه فَحَنَّ الْجِذْعُ فَاَتَاهُ فَمَسَحَ یدَهٗ
لَیْهِ وقَالَ عبدالحمید اخبرنا عثمانُ بنُ عمرَ
خبرنا معاذُ بنُ العلاءِ عن نافعٍ بهذا راواه
وعاصم عن ابن ابی رَوَّادٍ عن نافعٍ عن ابنِ عمرَ
ن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۷۹۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْم حَدَّثَنَا عبدُالواحد بنُ ایمنَ
ل سمعتُ ابی عن جابر بنِ عبدِاللّٰه رضی اللّٰه
نهما اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَقُوْمُ
مَ الْجُمُعَةِ اِلٰی شَجَرَةٍ اَوْنَخْلَةٍ فقالت امراةٌ مِنَ
انصارِ اورجلٌ یارسولَ اللّٰه الاَ نَجْعَلُ لَکَ منبرًا
ل ان شئتم فَجَعَلُوْا له مِنْبَرًا فلما کان یومَ
جمعةِ دُفِعَ اِلَی المِنبرِ فَصَاحَتِ النَّخْلَةُ صِیَاحَ
صَّبِیِّ ثُمَّ نَزَلَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فضمها
یه تَئِنُّ انینَ الصبیِّ الَّذِیْ یُسَکَّنُ قَالَ کَانَتْ
کِیْ علی ماکانتْ تسمع من الذِّکر عِنْدَهَا

۷۹۶) حَدَّثَنَا اسماعیلُ قال حَدَّثَنِیْ اَخِیْ عن
لیمانَ بنِ بلالٍ عن یحییَ بنِ سعیدٍ قال اخبرنی
فصُ بنُ عبیدِاللّٰه بنِ انسِ ابنِ مالکٍ انه سَمِعَ
ابر بنَ عبدِاللّٰه رضی اللّٰه عنهما یقول کان
مسجدُ مسقوفًا علی جُذُوْعٍ مِنْ نَخْلٍ فکان
بیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اذا خَطَبَ یقوم الی
ذْعٍ منها فلما صُنِعَ له المنبرُ وکان علیه فَسَمِعْنَا

کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحفص نے، جن کا نام عمر بن علاء ہے، ابوعمرو بن علاء کے بھائی نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے نافع سے سنا اور انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ کھجور کے ایک تنے کا سہارا لے کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ پھر جب منبر بن گیا تو آپ (خطبہ دینے کے لئے) اس پر تشریف لے گئے۔ اس پر اس تنے سے رونے کی آواز سنائی دی تو آنحضور ﷺ اس کے قریب تشریف لائے اور اپنا ہاتھ اس پر پھیرا۔ اور عبدالحمید نے کہا کہ ہمیں عثمان بن عمر نے خبر دی؛ انہیں معاذ بن علاء نے خبر دی اور انہیں نافع نے، اسی حدیث کی۔ اور اس کی روایت ابوعاصم نے کی، ان سے ابودرداء نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔

۷۹۵۔ ہم نے ابونعیم نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالواحد بن ایمن نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا۔ اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ جمعہ کے دن خطبہ کے لئے ایک درخت (کے تنے) کے پاس کھڑے ہوتے تھے یا (بیان کیا کہ) کھجور کے درخت کے۔ پھر ایک انصاری خاتون نے یا کسی صحابی نے کہا، یا رسول اللہ (ﷺ) کیوں نہ ہم آپ کے لئے منبر تیار کر دیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اگر تمہارا جی چاہے۔ چنانچہ انہوں نے آپ کے لئے منبر تیار کر دیا جب جمعہ کا دن ہوا تو آپ اس منبر پر تشریف لے گئے۔ اس پر اس کھجور کے تنے سے بچوں کی طرح رونے کی آواز آنے لگی۔ آنحضور ﷺ منبر سے اترے اور اسے اپنے سے لگالیا۔ جس طرح بچوں کو چپ کرنے کے لئے لوریاں دیتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے بھی اسے اسی طرح چپ کیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ تنا اس لئے رو رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ذکر کو سنتا تھا جو اس کے قریب ہوا کرتا تھا۔

۷۹۶۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان بن بلال نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے بیان کیا، انہیں حفص بن عبداللہ بن انس بن مالک نے خبر دی اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ مسجد نبوی کی چھت کھجور کے تنوں پر بنائی گئی تھی۔ نبی کریم ﷺ جب خطبہ کے لئے تشریف لائے تو آپ (انہیں ستونوں میں سے) ایک تنے کے قریب کھڑے ہوتے لیکن جب آپ کے لئے منبر بنا دیا گیا تو آپ اس

لذلک الجذع صوتًا کصوتِ العِشَارَ حَتّٰی جاء النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ فوضَعَ یَدَہ علیھا فسَکَنتُ

پر تشریف لائے۔ پھر ہم نے اس تنے سے اس طرح رونے کی آواز ک
جیسی بچہ جننے کے قریب اونٹنی کی آواز ہوتی ہے۔ آخر جب آنحضور
نے اس کے قریب آکر اس پر ہاتھ رکھا تو وہ چپ ہوا۔

(۷۹۷) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ بشارٍ حدثنہ ابنُ ابی عدیٍ عن شُعۡبَۃَ وَحدثنی بشرُ بنُ خالدٍ حدثنا محمدٌ عن شُعۡبَۃَ عَنۡ سُلَیۡمَانَ سمعتُ اباوائلٍ یحدث عن حُذَیۡفَۃَ اَنَّ عمرَ بنَ الخطاب رضی اللّٰہ عنہ قال اَیُّکُم یَحۡفَظُ قولَ رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ فی الفتنۃِ فقال حذیفۃُ اَنَا اَحۡفَظُ کما قال قال ھاتِ اِنَّکَ لَجَرِیٌّ قَالَ رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ فِتۡنَۃُ الرَّجُلِ فِی اَھۡلِہٖ وَمَا لِہٖ وَجَارِہٖ تُکَفِّرُھَا الصَّلٰوۃُ وَالصَّدَقَۃُ وَالۡاَمۡرُ بِالۡمَعۡرُوفِ وَالنَّھۡیُ عَنِ الۡمُنۡکَرِ قَالَ لَیۡسَتۡ ھٰذہ ولکن التی تَمُوۡجُ کموجِ البحرِ قَالَ یاامیر المؤمنین لاباسَ علیکَ منھا اِنَّ بینکَ وبینھا بابًا مُغۡلقًا قال یُفتحُ البابُ اویُکسَر قال لابل یُکسَر قال ذاکَ اَحۡرٰی ان لایُغلقُ قلنا عَلِمَ البابَ قال نعم کما اَنَّ دونَ غدٍ اللَّیۡلَۃَ انی حدثتہ حدیثا لیس بِالۡاَغَالِیۡطِ فھِبۡنَا ان نَسۡأَلَہٗ وَاَمَرۡنَا مسروقًا فَسَأَلَہٗ فقال مَنِ البَابُ قال عمرُ

۷۹۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عد
نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے۔ مجھ سے بشر بن خالد
حدیث بیان کی، ان سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے،
سے سلیمان نے، انہوں نے ابووائل سے سنا، وہ حذیفہ رضی اللہ عنہ
حوالے سے حدیث بیان کرتے تھے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ
پوچھا فتنہ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث کسے یاد ہے؟ حذ
رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے زیادہ یاد ہے۔ جس طرح رسول اللہ ﷺ
فرمایا تھا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ پھر بیان کرو، تم جری بھی تھ
انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انسان کی ایک آزما
(فتنہ) تو اس کے گھر، مال اور پڑوس میں ہوتی ہے۔ جس کا کفارہ، نم
روزہ، صدقہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بن جاتی ہے۔ عمر رضی
عنہ نے فرمایا کہ اس کے متعلق میں نہیں پوچھتا، بلکہ میری مراد اس ف
سے ہے جو سمندر کی طرح (ٹھاٹیں) مارتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ا
فتنے کا آپ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ آپ کے اور اس فتنے کے درمیا
ایک بند دروازہ ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا، وہ دروازہ کھولا جا
گا (فتنوں کے داخل ہونے کے لئے) یا توڑ دیا جائے گا؟ انہوں
فرمایا کہ نہیں بلکہ توڑ دیا جائے گا۔ آپ نے اس پر فرمایا کہ پھر تو بند
ہو سکے گا۔ ہم نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا عمر رضی اللہ عنہ ا
دروازے کے متعلق جانتے تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ اسی طرح جا
تھے جیسے دن کے بعد رات کے آنے کو ہر شخص جانتا ہے۔ میں نے ا
حدیث بیان کی جو غلط نہیں تھی۔ ہمیں حذیفہ رضی اللہ عنہ سے (درو
کے متعلق) پوچھتے ہوئے ڈر معلوم ہوا، اس لئے ہم نے مسروق سے ک
انہوں نے جب پوچھا کہ وہ دروازہ کون صاحب ہے؟ تو آپ نے
کہ عمر رضی اللہ عنہ۔

(۷۹۸) حَدَّثَنَا ابوالیمانِ اخبرنا شعیبٌ حَدَّثَنَا ابوالزنادِ عن الاعرجَ عن ابی ھریرۃَ رضی اللّٰہ عنہ عن النبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ قال لَا تَقُوۡمُ

۷۹۸۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر
ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اور ان
ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت ت

ساعَةُ حَتّٰی تُقَاتِلُوا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ وَحَتّٰی اتِلُوا التُّرْکَ صِغَارَ الْاَعْيُنِ حُمْرَ الْوُجُوْهِ ذُلْفَ نُوْفِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ وَتَجِدُوْنَ خَيْرَ النَّاسِ اَشَدَّهُمْ كَرَاهِيَةً لِهٰذَا الْاَمْرِ حَتّٰی عَ فِيْهِ وَالنَّاسُ مَعَادِنُ خِيَارُهُمْ فِی الْجَاهِلِيَّةِ يَارُهُمْ فِی الْاِسْلَامِ وَلَيَاتِيَنَّ عَلٰی اَحَدِكُمْ زَمَانٌ نْ يَرَانِی اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لَهٗ مِثْلُ اَهْلِهٖ مَالِهٖ

نہیں برپا ہوگی جب تک تم ایک ایسی قوم کے ساتھ جنگ نہ کرلو گے جن کے جوتے بال کے ہوں گے اور جب تک تم ترکوں سے جنگ نہ کرلو گے جن کے جوتے بال کے ہوں گے اور جب تک تم ترکوں سے جنگ نہ کرلو گے، جن کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی، چہرے سرخ ہوں گے، ناک چھوٹی اور چپٹی ہوگی۔ چہرے ایسے ہوں گے جیسے پٹی ہوئی ڈھال۔ اور تم سب سے زیادہ مناسب شخص اسے پاؤ گے جو اس معاملہ (خلافت کی ذمہ داری اٹھانے سے سب سے زیادہ دور بھاگتا ہوا الا یہ کہ اسے اٹھانا ہی پڑ جائے (تو اخلاص کے ساتھ اس سے عہدہ برآ ہونے کی ہر طرح کوشش کرتا ہے) لوگوں کی مثال کان کی سی ہے۔ جو افراد جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام لانے کے بعد بھی بہتر ہیں، اور تم پر ایک ایسا دور بھی آنے والا ہے (حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد) کہ مجھے دیکھنے کی تمنا اسے اپنے اہل و مال سے بھی بڑھ کر ہوگی۔

۷۹۹) حَدَّثَنِیْ يَحْيٰی حَدَّثَنَا عبدُالرَّزاق عن معمرٍ عن ابی هريرةَ رضی الله عنه ان النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُقَاتِلُوا خُوْزًا وَكِرْمَانَ مِنَ الْاَعَاجِمِ حُمْرَ الْوُجُوْهِ فُطْسَ الْاُنوفِ صِغَارَ الْاَعْيُنِ وُجُوْهُهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ تابعه غيره عن عبدالرزاق

۷۹۹۔ مجھ سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی۔ جب تک تم عجم کے ممالک خوز و کرمان سے جنگ نہ کرلو گے چہرے ان کے سرخ ہوں گے، ناک چپٹی ہوگی، آنکھیں چھوٹی ہوں گی۔ چہرے ایسے ہوں گے جیسے پٹی ہوئی ڈھال ہوتی ہے اور ان کے جوتے بالوں کے ہوں گے۔ عبدالرزاق کے واسطہ سے اس حدیث کی متابعت یحییٰ کے علاوہ دوسروں نے بھی کی ہے۔

۸۰۰) حَدَّثَنَا علیُّ بنُ عبدِاللّٰهِ حدثنا سفيان قال قال اسماعيلُ اخبرنا قيسٌ قال اَتَيْنَا اباهريرةَ رضی اللّٰهُ عنه فقال صَحِبْتُ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثلاثَ سِنِيْنَ لَمْ اَكُنْ فِی سِنِیَّ اَحْرَصَ عَلٰی ان اَعِیَ الحديثَ مِنِّی فيهنَّ سمعتُه يقول وقال هكذا بِيَدِهٖ بين يدیِ الساعةِ تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ وَهُوَ هٰذا الْبَارِزُ وقال سفيانُ مَرَّةً وهم اَهْلُ الْبَارِزِ

۸۰۰۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ اسماعیل نے بیان کیا، انہیں قیس نے خبر دی، انہوں نے بیان کیا کہ ہم ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں تین سال رہا ہوں، اپنی پوری عمر میں مجھے حدیث یاد کرنے کا اتنا شوق کبھی نہیں ہوا جتنا ان تین سالوں میں تھا۔ میں نے آنحضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا، آپ نے اپنے ہاتھ سے یوں اشارہ کرکے فرمایا کہ قیامت کے قریب تم لوگ (مسلمان) ایک ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے جوتے بالوں کے ہوں گے، مراد یہی اہل عجم ہیں۔ سفیان نے ایک مرتبہ روایت یوں بیان کی "وھم اھل البارز" (وھو ھذا البارز کے بجائے)۔

(۸۰۱) حَدَّثَنَا سليمانُ بنُ حربِ حدثنا جريرُ بن حازمٍ سمعتُ الحسَن يقول حدثنا عمرُ بنُ تَغْلِبَ قَالَ سمعتُ رَسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول بين يَدَى السَّاعَةِ تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا يَنتعِلُوْنَ الشَّعَرَ وَتُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا كَانَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

۸۰۱۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی،ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی،انہوں نے حسن سے سنا،انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے عمرو بن تغلب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا،آپ ﷺ نے فرمایا،قیامت کے قریب تم ایک ایسی قوم سے جنگ کرو گے جو بالوں کا جوتا پہنتے ہوں گے اور ایک ایسی قوم سے جنگ کرو گے جن کے چہرے پٹی ہوئی ڈھال کی طرح ہوں گے۔

(۸۰۲) حَدَّثَنَا الحكمُ بنُ نافعٍ اخبرنا شعيبٌ عن الزهرى قال اخبرنى سالمُ بنُ عبدِاللّٰه اَنَّ عبدَاللّٰهِ بنَ عُمَرَ رضى اللّٰه عنهما قال سمعتُ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُ الْحَجَرُ يَامُسْلِمُ هٰذَا يَهُوْدِىٌّ وَرَائِى فاقْتُلْهُ

۸۰۲۔ہم سے حکم بن نافع نے حدیث بیان کی،انہیں شعیب نے خبر دی،ان سے زہری نے بیان کیا،کہا کہ مجھے سالم بن عبداللہ نے خبر دی کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا،میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ تم یہودیوں سے ایک جنگ کرو گے اور اس میں ان پر غالب آ جاؤ گے۔اس وقت یہ کیفیت ہوگی کہ (اگر کوئی یہودی جان بچانے کے لئے کسی پہاڑ میں بھی چھپ جائے گا تو) پتھر بولے گا کہ اے مسلم! یہ یہودی میری آڑ میں چھپا ہوا ہے۔اسے قتل کردو۔

(۸۰۳) حَدَّثَنَا قتيبةُ ابنُ سعيدٍ حَدَّثَنَا سفيانُ عن عمرٍو عن جابرٍ عن ابى سعيدٍ رضى اللّٰهُ عنه عن النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال يَاْتِى عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُوْنَ فَيُقَالُ هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ عَلَيْهِ ثُمَّ يَغْزُوْنَ فَيُقَالُ لَهُمْ هَلْ فِيْكُمْ مَنْ صَحِبَ مَنْ صَحِبَ الرَّسُوْلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ فَيُفْتَحُ لَهُمْ

۸۰۳۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی،ان سے سفیان نے حدیث بیان کی،ان سے عمرو نے ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ غزوہ کے لئے فوج جمع ہوگی۔پوچھا جائے گا کہ فوج میں کوئی صحابی بھی ہیں،جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت اٹھائی ہو؟ معلوم ہوگا کہ ہاں ہیں،تو ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی،پھر ایک غزوہ ہوگا،پوچھا جائے گا۔کیا فوج میں کوئی تابعی ہیں،جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے کسی صحابی کی صحبت اٹھائی ہو،معلوم ہوگا کہ ہاں ہیں تو ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی۔

(۸۰۴) حَدَّثَنِى محمدُ بنُ الحكمِ اخبرنا النضرُ اخبرنا سعدُ نِالطَّائىُ اَخْبَرَنَا مُحِلُّ ابن خَلِيْفَة عن عدىِ بنِ حَاتِمٍ قال بينا انا عِندَ النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذ اتاه رجلٌ فشَكا اليه الفاقةَ ثم اتاه اخرُ فشكا قَطْعَ السَّبِيْلِ فقال ياعدىُّ هَلْ رايتَ الحِيْرَةَ قلتُ لَمْ اَرَهَا وقد اُنْبِئْتُ عَنهَا قال فان طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ لَتَرَيَنَّ الظَّعِيْنَةَ تَرْتَحِلُ مِنَ

۸۰۴۔مجھ سے محمد بن حکیم نے حدیث بیان کی،انہیں نضر نے خبر دی،انہیں سعید طائی نے خبر دی،انہیں محل بن خلیفہ نے خبر دی۔ان سے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک صاحب آئے اور آنحضور ﷺ سے فقر و فاقہ کی شکایت کی،پھر دوسرے صاحب آئے اور راستوں کے غیر محفوظ ہونے کی شکایت کی،اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا۔عدی! تم نے مقام حیرہ دیکھا ہے میں نے عرض کی کہ میں نے نہیں دیکھا ہے البتہ اس کے متعلق

الْحِيرَةِ حَتّٰى تَطُوْفَ بِالْكَعْبَةِ لَاتَخَافُ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ قُلْتُ فِيْمَا بَيْنِىْ وَبَيْنَ نَفْسِىْ فَاَيْنَ دُعَّا رُطَيِّئٍ الَّذِيْنَ قد سَعَّرُوا البلاد وَلَئِنْ طَالَتْ بِکَ حَيَاةٌ لَتُفْتَحَنَّ كُنُوْزُ كِسْرَى قُلْتُ كِسْرَى بن هُرْمُزَ قَالَ كِسْرَى بْنِ هُرْمُزَ وَلَئِنْ طَالَتْ بِکَ حَيَاةٌ لَتَرَيَنَّ الرَّجُلَ يُخْرِجُ مِلْءَ كَفِّهٖ مِنْ ذَهَبٍ اَوْفِضَّةٍ يَطْلُبُ مَنْ يَقْبَلُه مِنْهُ فَلاَ يَجِدُ اَحَدًا يَقْبَلُه مِنْهُ وَلَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ اَحَدُكُمْ يَوْمَ يَلْقَاهُ وَلَيْسَ بينهُ وَبَيْنَه تُرْجُمَانٌ يُتَرْجِمُ لَه فَيَقُوْلَنَّ اَلَمْ اَبْعَثْ اِلَيْکَ رَسُوْلًا فَيُبَلِّغَکَ فَيَقُوْلُ بَلٰى فَيَقُوْلُ اَلَمْ اُعْطِکَ مَالًا وَاُفْضِلُ عَلَيْکَ فَيَقُوْلُ بَلٰى فَيَنْظُرُ عَنْ يَمِيْنِهٖ فَلَا يَرٰى اِلَّا جَهَنَّمَ وَيَنْظُرُ عَنْ يَسَارِهٖ فَلَا يَرٰى اِلَّا جَهَنَّمَ قَالَ عَدِيٌّ سمعتُ النَّبِى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقَّةِ تَمْرَةٍ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ شِقَّةَ تَمْرَةٍ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ قَالَ عَدِيٌّ فرايتُ الظعينة تَرْتَحِلُ مِنَ الْحِيرَةِ حَتّٰى تَطُوْفَ بِالكعبة لاتَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ وَكُنْتُ فِيْمَنْ افتتح كنوزَ كِسْرى بن هُرْمُزَ وَلَئِن طَالَتْ بكم حياةٌ لَتَرَوُنَّ ماقال النبىُّ ابوالقاسمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْرِجُ ملَ كفه حدَّثَنِىْ عبداللّٰه حَدَّثَنَا ابوعاصم اخبرنا سَعْدَان بن بشر حَدَّثَنَا ابو مجاهدحَدَّثَنَا مُحِلُّ بن خليفة سمعتُ عديًا كنتُ عندالنبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجھے معلومات ضرور ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اگر تم کچھ دنوں اور زندہ رہ سکے تو دیکھو گے کہ ہودج میں ایک عورت حیرہ سے سفر کرے گی اور (مکہ پہنچ کر) کعبہ کا طواف کرے گی اور اللہ کے سوا اسے کسی کا بھی خوف نہیں ہوگا (کیونکہ راستے محفوظ ہوں گے) میں نے (حیرت سے) اپنے دل میں کہا۔ پھر قبیلہ طے کے ان ڈاکوؤں کا کیا ہوگا جنہوں نے ہر جگہ شر و فساد مچا رکھا ہے! (آنحضور ﷺ نے مزید ارشاد فرمایا) اگر تم کچھ دنوں زندہ رہ سکے تو کسریٰ کے خزانوں کو کھولو گے۔ میں (حیرت میں) بول اٹھا، کسریٰ بن ہرمز (ایران کا بادشاہ) آنحضور ﷺ نے فرمایا، ہاں کسریٰ بن ہرمز! اور اگر تم کچھ دنوں زندہ رہے تو دیکھو گے کہ ایک شخص اپنے ہاتھ میں سونا یا چاندی بھر کر نکلے گا، اسے کسی ایسے آدمی کی تلاش ہوگی جو اسے قبول کر لے، لیکن اسے کوئی ایسا آدمی نہیں ملے گا جو اسے قبول کر لے۔ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا جو دن مقرر ہے (قیامت کا) اس دن انسان اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ درمیان میں کوئی ترجمان نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس سے دریافت فرمائیں گے، کیا میں نے تمہارے پاس رسول نہیں بھیجے تھے جس نے تم تک میرا پیغام پہنچا دیا تھا؟ وہ عرض کرے گا، آپ نے بھیجا تھا۔ اللہ تعالیٰ دریافت فرمائیں گے، کیا میں نے تمہیں مال نہیں دیا تھا؟ کیا میں نے اس کے ذریعہ تمہیں فضیلت نہیں دی تھی؟ وہ عرض کرے گا آپ نے دیا تھا۔ پھر وہ اپنی داہنی طرف دیکھے گا اور سوا جہنم کے اسے اور کچھ نظر نہ آئے گا۔ پھر بائیں طرف دیکھے گا اور ادھر بھی جہنم کے سوا اور کچھ نہیں نظر آئے گا۔ عدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ جہنم سے ڈرو۔ اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہو (اسے صدقہ میں دے کر) اگر کسی کو کھجور کی گٹھلی میسر نہ آ سکے تو (کسی سے) ایک اچھا کلمہ ہی کہہ دے۔ عدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے ہودج میں بیٹھی ہوئی عورت کو تو خود دیکھ لیا کہ حیرہ سے سفر کے لئے نکلی اور (مکہ پہنچ کر) کعبہ کا اس نے طواف کیا اور اسے اللہ کے سوا اور کسی (ڈاکو وغیرہ کا راستے میں) خوف نہیں تھا۔ اور مجاہدین کی اس جماعت میں تو میں خود شریک تھا جس نے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے فتح کئے تھے۔ اور اگر تم لوگ کچھ دنوں اور زندہ رہے تو وہ بھی دیکھ لو گے جو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ ایک شخص اپنے ہاتھ میں (سونا چاندی) بھر کر نکلے گا (اور اسے لینے والا کوئی نہیں ملے گا۔) مجھ سے

عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عاصم نے حدیث بیان کی، انہیں سعدان بن بشر نے خبر دی، ان سے ابومجاہد نے حدیث بیان کی، ان سے محل بن خلیفہ نے حدیث بیان کی اور انہوں نے عدی رضی اللہ عنہ سے سنا کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا۔

(۸۰۵) حَدَّثَنِیْ سعیدُ بنُ شُرَحْبِیْل حَدَّثَنَا لیثٌ عن یزیدَعنِ ابی الخیرِ عن عقبةَ بنِ عامرٍ انَّ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خرَجَ یَوْمًا فَصَلّٰی عَلٰی اهلِ احدٍ صلاةً علی المیّتِ ثم انصرفَ الی المنبرِ فَقَالَ اِنِّیْ فَرَطُکُمْ وَاَنَا شَهِیْدٌ عَلَیْکُمْ اِنِّیْ وَاللّٰهِ لَاَنْظُرُ اِلٰی حَوْضِی الْاٰنَ وَاِنِّیْ قَدْ اُعْطِیْتُ خَزَائِنَ مَفَاتِیْحِ الْاَرْضِ وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ مَااَخَافُ بَعْدِیْ اَنْ تُشْرِکُوْا وَلٰکِنْ اَخَافُ اَنْ تَنَافَسُوْا فِیْهَا

۸۰۵۔ مجھ سے سعید بن شرجیل نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی الخیر نے، ان سے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک دن باہر تشریف لائے اور شہداء احد کے لئے اس طرح دعائیں کیں جیسے میت کے لئے کی جاتی ہیں، پھر آپ منبر پر تشریف لائے اور فرمایا، میں (حوض پر) تم سے پہلے پہنچوں گا۔ میں تم پر گواہ ہوں اور میں، بخدا، اپنے حوض کو اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں، مجھے روئے زمین کے خزانوں کی کنجیاں دی گئی ہیں۔ اللہ گواہ ہے کہ مجھے تمہارے بارے میں اس کا خوف نہیں کہ تم شرک میں مبتلا ہو جاؤ گے، میں تو اس سے ڈرتا ہوں کہ دنیا کے لئے تمہارے اندر باہمی منافست پیدا ہو جائے گی۔

(۸۰۶) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْم حَدَّثَنَا ابنُ عیینةَ عن الزهریِ عن عروةَ عن اسامةَ رضی اللّٰه عنه قال اشرفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اُطُمٍ من الآطام فَقَالَ هَلْ تَرَوْنَ مَا اَرٰی اِنِّیْ اُرٰی الفِتَنَ تَقَعُ خِلَالَ بیوتِکُمْ مَوَاقِعَ الْقَطْرِ

۸۰۶۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے اسامہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ ایک مرتبہ مدینہ کے ایک ٹیلے پر چڑھے اور فرمایا، جو کچھ میں دیکھ رہا ہوں کیا تمہیں بھی نظر آ رہا ہے۔ میں فتنوں کو دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے گھروں میں وہ اس طرح گر رہے ہیں جیسے بارش کی بوندیں۔

(۸۰۷) حَدَّثَنَا ابوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن الزُّهْرِیِّ قال حَدَّثَنِیْ عروةُ بنُ الزبیرِ اَنَّ زینبَ ابنةَ ابی سلمةَ حدثتهان اُمَّ حبیبةَ بنتَ ابی سفیانَ حَدَّثَتَا عن زینبَ بنتِ جَحْشٍ ان النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دخل عَلَیْهَا فَزِعًا یَقُوْلُ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَیْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِاقْتَرَبَ فُتِحَ الْیَوْمَ مِنْ رَدْمِ یَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مِثْلُ هٰذا وَحَلَّقَ باصْبَعِهٖ وبالَّتی تَلِیْهَا فَقَالَتْ زَیْنَبُ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَهْلِکُ وَفِیْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا کَثُرَ الْخَبَثُ وعن الزُّهْرِی حدثنی هِنْدُ بنتُ الحَارِثِ اَنَّ اُمَّ سلمةَ

۸۰۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے کہا کہ مجھ سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی، ان سے زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی، ان سے ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی اور ان سے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے کہ ایک دن نبی کریم ﷺ ان کے یہاں تشریف لائے تو آپ بہت پریشان نظر آ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، عرب کے لئے تباہی اس شر سے آئے گی جس کے واقعہ ہونے کا زمانہ قریب آ گیا ہے۔ آج یاجوج ماجوج کے سد میں اتنا شگاف پیدا ہو گیا ہے اور آپ نے انگلیوں سے حلقہ بنا کر اس کی وضاحت کی۔ ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے

قالتْ استيقظَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال سُبحانَ اللّٰهِ مَاذَا اُنزِلَ مِنَ الْخَزائِنِ وَمَاذَا اُنْزِلَ مِنَ الفِتَنِ

عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! ہم میں صالح افراد ہوں گے، پھر بھی ہم ہلاک کر دیئے جائیں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں جب خباثتیں بڑھ جائیں گی (تو ایسا بھی ہوگا) اور زہری سے روایت ہے، ان سے ہند بنت الحارث نے حدیث بیان کی کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، نبی کریم ﷺ بیدار ہوئے تو فرمایا سبحان اللہ! کیسے کیسے خزانے اور کیسے کیسے فتنے نازل ہوئے ہیں۔

(۸۰۸) حَدَّثَنَا ابونعيمٍ حَدَّثَنَا عبدُالعزيزِ بنُ ابى سلمةَ بن الماجشونَ عن عبدِالرحمنِ ابنِ ابى صعصعةَ عن ابيه عن ابى سعيدِ الخدرى رضى اللّٰهُ عنه قال قال لى انى اُراكَ تُحِبُّ الغنمَ وتَتَّخِذُهَا فَاَصْلِحْها واَصْلِحْ رُعامَها فانى سمعتُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول يَاْتِىْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ تَكُوْنُ الْغَنَمُ فِيْهِ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ يَتْبَعُ بِهَا شَعَفَ الْجِبَالِ اَوْسَعَفَ الْجِبَالِ فِىْ مَوَاقِعِ الْقَطْرِ يَفِرُّ بِدِيْنِهٖ مِنَ الْفِتَنِ

۸۰۸۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ بن ماجشون نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی صعصعہ نے، ان سے ان کے والد نے کہ ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میرا خیال ہے کہ تمہیں بکریوں سے بہت لگاؤ ہے اور تم انہیں پالتے ہو۔ تو تم ان کی نگہداشت کیا کرو اور ان کی ناک سے نکلنے والی آلائش کی صفائی کا بھی خیال رکھا کرو (جو عموماً بیماری کی وجہ سے نکلتی ہے) کیونکہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے، آپ نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک ایسا دور آئے گا کہ مسلمان کا سب سے عمدہ مال اس کی بکریاں ہوں گی۔ جنہیں لے کر وہ پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھ جائے گا۔ یا (آپ نے فرمایا) سعف الجبال۔ بارش کے پانی گرنے کی جگہوں میں (یعنی وادیوں اور پہاڑ کے دامن میں جہاں گھاس اور چری کی افراط ہوتی ہے) اس طرح وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لئے راہ فرار اختیار کرے گا۔

(۸۰۹) حَدَّثَنَا عبدُالعزيزِ الْاُوَيسىُّ حدثنا ابراهيمُ عن صالحِ بن كيسانَ عن ابنِ شهابٍ عن ابنِ المسيبِ وابى سلمةَ بن عبدالرحمٰن ان اباهريرة رضى اللّٰه عنه قال قالَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَكُوْنَ فِتَنٌ الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ وَالْقَائِمُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِىْ وَالْمَاشِىْ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِىْ وَمَنْ يُشْرِفْ لَهَا تَسْتَشْرِفْهُ وَمَنْ وَجَدَ مَلْجَاً اَوْمَعَاذًا فَلْيَعُذْ بِهٖ وَعَنِ ابنِ شهابٍ حدثنى ابوبكر بن عبدالرحمٰن بن الحارث عن عبد الرحمٰن بن مطيع ابن الاسود عن نوفل بن مُعَاوِيَةَ مِثْلَ حديث ابى هريرة هٰذا اِلَّا ان اَبَابكر يزيدُ مِنَ الصَّلاةِ صَلَاةٌ مَنْ فَاتَتْهُ فَكَاَنَّمَا وُتِرَاَهْلَهٗ وَمَا لَهٗ

۸۰۹۔ ہم سے عبدالعزیز اویسی نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن کیسان نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے ابن المسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، فتنے کا دور جب آئے گا تو اس میں بیٹھنے والا کھڑے رہنے والے سے بہتر ہوگا، کھڑا رہنے والا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ جو اس میں جھانکے گا فتنہ بھی اسے اچک ہی لے گا اور اس وقت جسے جہاں بھی جائے پناہ مل جائے بس وہیں پناہ پکڑ لے (اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لئے) اور ابن شہاب سے روایت ہے، ان سے ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن مطیع بن اسود نے اور ان سے نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اسی حدیث کی طرح،

البتہ ابوبکر (راوی حدیث) نے اس روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ نمازوں میں ایک نماز ایسی ہے کہ جس سے چھوٹ جائے گویا اس کے اہل وعیال برباد ہو گئے۔

(۸۱۰) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ کثیرٍ اخبرنا سفیانُ عن الاعمشِ عن زیدِ بنِ وھبٍ عن ابن مسعودٍ عن النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَکُوْنُ اَثَرَةٌ وَاُمُوْرٌ تُنْکِرُوْنَهَا قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰه فما تَامُرُنَا قَالَ تُؤَدُّوْنَ الْحَقَّ الَّذِیْ عَلَیْکُمْ وتَسْاَلُوْنَ اللّٰهَ الَّذِیْ لَکُمْ

۸۱۰۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں اعمش نے، انہیں زید بن وہب نے اور انہیں ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ (میرے بعد) تم پر ایک ایسا دور آئے گا جس میں تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی اور ایسی باتیں سامنے آئیں گی (دین کے معاملات میں) جن میں تم اجنبیت محسوس کرو گے۔ انہوں نے عرض کی، یا رسول اللہ! اس وقت ہمیں کیا طرز عمل اختیار کرنا چاہئے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو حقوق تم پر واجب ہوں انہیں ادا کرتے رہنا اور اپنے حقوق کی طلب بس اللہ تعالیٰ ہی سے کرنا۔

(۸۱۱) حَدَّثَنِیْ محمدُ بنُ عبدِالرحیم حَدَّثَنَا ابومعمرٍ اسماعیلُ بنُ ابراھیمَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَة حدثنا شعبةُ عن اَبی التیاحِ عن ابی زرعةَ عن ابی ھریرةَ رضی اللّٰه عنه قال قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُهْلِکُ النَّاسَ هٰذَا الْحَیُّ مِنْ قُرَیْشٍ قالوا فَمَاتَاْمُرُنَا قالَ لَوْ اَنَّ النَّاسَ اعْتَزَلُوْ هم قال محمودٌ حدثنا ابوداود اخبرنا شعبَةُ عن ابی التیاح سمعتُ ابازُرْعَةَ حَدَّثَنِیْ احمد بن محمد المکی حدثنا عمرو بن یحیی بن سعید الْاُمَوِیُّ عَنْ جده قال کُنْتُ مَعَ مروان وابی ھریرة فسمعتُ اباھریرة یقول سمعتُ الصادقَ المصدوقَ یقولُ هَلَاکُ اُمَّتِیْ عَلٰی یَدَیْ غِلْمَةٍ مِنْ قُرَیْشٍ فقال مروان غِلْمَةٌ قال ابوھریرة اِن شِئْتَ اَنْ اُسَمِّیَهِمْ بَنِیْ فُلَانٍ وَبَنِیْ فُلَانٍ

۸۱۱۔ مجھ سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابومعمر اسمٰعیل بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالتیاح نے، ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اس قبیلہ قریش کے بعض افراد (طلب دنیا وسلطنت کے پیچھے) لوگوں کو ہلاک و برباد کردیں گے۔ صحابہؓ نے عرض کیا، ایسے وقت کے لئے آنحضور ﷺ کا ہمیں کیا حکم ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا، کاش لوگ اس سے بس علیحدہ ہی رہتے، محمود نے بیان کیا کہ ہم سے ابوداؤد نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں ابوالتیاح نے اور انہوں نے ابوزرعہ سے سنا تھا۔ مجھ سے احمد بن محمد مکی نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ بن سعید اموی نے حدیث بیان کی ان سے ان کے دادا نے بیان کیا کہ میں مروان بن حکم اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا، اس وقت میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میں نے الصادق والمصدوق ﷺ سے سنا۔ حضور اکرم ﷺ فرما رہے تھے کہ میری امت کی بربادی قریش کے چند نوجوانوں کے ہاتھوں ہوگی۔ مروان نے پوچھا نوجوانوں (غلمة) کے؟ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارا جی چاہے تو میں ان کے نام لے دوں! بنی فلاں، بنی فلاں!

(۸۱۲) حَدَّثَنَا یحییَ بنُ موسٰی حَدَّثَنَا الولیدُ قال

۸۱۲۔ ہم سے یحییٰ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ولید نے

حَدَّثَنِی ابنُ جابرٍ قال حَدَّثَنِی بُسْرُ بنُ عبیدِاللّٰه الْحضْرَمِیُّ قَالَ حَدَّثَنِی اَبُوادریس الخولانی انه سمعَ حذیفةَ بنَ الیمان یقول کان النَّاسُ یسالون رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عنِ الخیرِ وکنتُ اَسْاَلُه' عن الشرِ مخافة ان یُدْرِکَنِی فقلتُ یارسولَ اللّٰهِ اِنَّا کنّا فِی جاهلیةٍ وشرٍ فَجَائنااللّٰهُ بِهٰذَا الخیرِ فهل بعد هذا الخیرِ من شرٍ قال نعم قلت وهَلْ بعد ذلک الشرِ من خیرٍ قال نعم وفیه دَخَنٌ قلت ومادَخَنُه' قال قَوْمٌ یَهْدُوْنَ بغیرِ هَدْیِیْ تَعْرِفُ مِنهُمْ وَتُنْکِرُ قُلْتُ فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِکَ الخَیْرِ مِنْ شَرٍّ قَالَ نَعَمْ دُعَاةٌ اِلٰی اَبْوَابِ جَهَنَّمَ مِنْ اَجَابَهُمْ اِلَیْهَا قَذَفُوْهُ فِیْهَا قُلْتُ یارَسولَ اللّٰه صِفْهُم لَنَا فَقَالَ هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَیَتَکَلَّمُوْنَ بِاَلْسِنَتِنَا قُلْتُ فَمَا تَاْمُرُ نِیْ اِنْ اَدْرَکَنِیْ ذٰلِکَ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاِمَامَهُمْ قُلْتُ فَاِنْ لَمْ یَکُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَلَا اِمَامٌ قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْکَ الفِرقَ کُلَّهَا وَلَوْ اَنْ تَعَضَّ بِاَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰی یُدْرِکَکَ الْمَوْتُ وَاَنْتَ عَلٰی ذٰلِکَ

حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن جابر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے بسر بن عبیداللہ حضرمی نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ابوادریس خولانی نے حدیث بیان کی، انہوں نے حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے سنا تھا، آپ بیان کرتے تھے کہ دوسرے صحابہ تو رسول اللہ ﷺ سے خیر کے متعلق سوال کیا کرتے تھے، لیکن میں شر کے متعلق پوچھتا تھا، اس خوف سے کہ کہیں میری زندگی میں ہی نہ پیدا ہو جائے۔ (اس لئے اس دور کے متعلق آنحضور ﷺ کے احکام مجھے معلوم ہونے چاہئیں) تو میں نے ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ سے سوال کیا، یارسول اللہ! ہم جاہلیت اور شر کے زمانے میں تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ خیر (اسلام) عطا فرمائی۔ اب کیا اس خیر کے بعد پھر شر کا کوئی زمانہ آئے گا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ میں نے سوال کیا، اور اس شر کے بعد پھر خیر کا زمانہ آئے گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، لیکن اس خیر پر کچھ دھبے ہوں گے۔ میں نے عرض کی۔ وہ دھبے کیسے ہوں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو میری سنت اور طریقے کے علاوہ طریقے اختیار کریں گے، تم ان میں (خیر کو) پہچان لوگے۔ اس کے باوجود (ان کی بدعات کی وجہ سے) انہیں ناپسند کروگے۔ میں نے سوال کیا، کیا اس خیر کے بعد پھر شر کا زمانہ آئے گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، جہنم کے دروازوں کی طرف بلانے والے پیدا ہو جائیں گے اور جو ان کی پذیرائی کرے گا اسے وہ جہنم میں جھونک دیں گے۔ میں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! ان کے اوصاف بھی بیان فرمادیجئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ لوگ ہماری ہی قوم و مذہب کے ہوں گے، ہماری ہی زبان بولیں گے۔ میں نے عرض کی پھر اگر میں ان کا زمانہ پاؤں تو آپ کا میرے لئے کیا حکم ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کا ساتھ نہ چھوڑنا۔ میں نے عرض کی۔ اگر مسلمانوں کی کوئی جماعت نہ ہوئی اور ان کا کوئی امام نہ ہوا؟ حضور اکرم ﷺ نے پھر فرمایا، پھر ان تمام فرقوں سے اپنے کو الگ رکھنا، اگرچہ تمہیں اس کے لئے کسی درخت کی جڑ دانت سے پکڑنی پڑے (خواہ کسی قسم کے بھی مشکل حالات کا سامنا ہو) یہاں تک کہ تمہاری موت آجائے اور تم اسی حالت میں ہو۔

(۸۱۳) حَدَّثَنَا الحکمُ بنُ نافعٍ حَدَّثَنَا شعیبٌ عن

۸۱۳۔ ہم سے حکم بن نافع نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے

الزهريِ قال اخبرني ابوسلمةَ اَنَّ اباهريرةَ رَضِيَ اللّٰه عنه قال قال رسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاتقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَقْتَتِلَ فِئَتَانِ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ

حدیث بیان کی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ نے خبر دی، اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک برپا نہیں ہوگی جب تک دو جماعتیں (مسلمانوں کی) باہم جنگ نہ کرلیں گی اور دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا۔

(۸۱۴) حَدَّثَنِيْ عبدُاللّٰه بنُ محمدٍ حدثنا عبدالرَّزَّاق اخبرنا معمرٌ عن همامٍ عن ابي هريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنه عن النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قالَ لا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَقْتَتِلَ فِئتان فيكون بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ وَلَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُبْعَثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبًا مِنْ ثَلَاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ اَنَّه' رسولُ اللّٰه

۸۱۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ قیامت اس وقت تک برپا نہ ہوگی جب تک دو جماعتیں باہم جنگ نہ کرلیں گی، دونوں میں بڑی زبردست جنگ ہوگی، حالانکہ دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا اور قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تقریباً تیس جھوٹے دجال نہ پیدا ہولیں گے، ان میں ہر ایک کا یہی دعویٰ ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

(۸۱۵) حَدَّثَنَا ابواليمان اخبرنا شعيب عن الزهري قال اخبرني ابوسلمة ابن عبد الرحمٰن ان اباسعيد الخدري رضي اللّٰه عنه قال بينما نحن عِنْدَ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وهو يَقْسِمُ قَسْمًا اتاه ذُوالْخُوَيْصِرَةِ وهو رجلٌ من بني تميم فقال يارسولَ اللّٰه اعدلْ فقال وَيْلَكَ وَمَنْ يَعْدِلُ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ قَدْخِبْتُ وَخَسِرْتُ ان لَمْ اَكُنْ اَعْدِلُ فَقَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ فَاَضْرِبَ عُنُقَه' فَقَالَ دَعْهُ فَاِنَّ لَه' اصحابًا يَحْقِرُ اَحَدُكُمْ صَلَاتَه' مَعَ صَلَاتِهِمْ وَصِيَامَه' مَعَ صِيَامِهِمْ يَقْرَأُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَايُجَاوِزُ تراقيهم يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنَ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ يُنْظَرُ اِلٰى نَصْلِهٖ فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرُ اِلٰى رِصَافِهٖ فَمَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ ثُمَّ يُنْظَرَ اِلٰى نَضِيِّهٖ وَهُوَ قِدْحُه' فَلَا يُوْجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ قَدْ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ اٰيَتُهُمْ رَجُلٌ اَسْوَدُاِحْدَى عَضُدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْاَةِ اَومِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ وَ يَخْرُجُوْنَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ قَالَ ابوسعيد فَاَشْهَدُ اَنِّيْ سمعتُ هٰذا الحديثَ من رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۱۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں موجود تھے اور آپ تقسیم کررہے تھے اتنے میں بنی تمیم کا ایک شخص، ذوالخویصرہ نامی آیا اور کہنے لگا کہ یارسول اللہ! انصاف سے کام لیجئے! آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، افسوس! اگر میں بھی انصاف نہ کروں گا تو پھر کون کرے گا، اگر میں انصاف نہ کروں تو میں بھی تباہ و برباد ہوجاؤں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا، اس کے بارے میں آپ اجازت دیں، میں اس کی گردن ماردوں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے چھوڑ دو، اس کے ایسے ساتھی پیدا ہوں گے کہ تم اپنی نماز اور روزے کو ان کی نماز اور روزے کے مقابلے میں (بظاہر) کم درجے کی سمجھو گے، وہ قرآن کی تلاوت کریں گے، لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا (یعنی دل مؤمن نہیں ہوں گے۔) اور وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے، جیسے کمان سے تیر نکلتا ہے، اس تیر کے پھل کو اگر دیکھا جائے تو اس میں کوئی چیز نظر نہ آئے گی، پھر اس کے پٹھے کو اگر دیکھا جائے جو تیر میں اس کے پھل کے داخل ہونے کی جگہ سے اوپر لگایا جاتا ہے تو وہاں بھی کچھ نہ ملے گا، اس کے نضی۔ (نضی تیر میں لگائی جانے والی لکڑی کو کہتے ہیں) کو دیکھا جائے تو وہاں بھی کچھ نہیں ملے گا، اسی طرح اگر اس کے پر کو دیکھا جائے تو اس میں بھی کچھ نہیں ملے گا، حالانکہ گندگی اور خون سے وہ

وَاشهَدُ اَنَّ عَلِيَّ بن ابي طالب قَاتَلَهُمْ وَاَنَا مَعَه' فَامَرَ بذلك الرجلِ فَالتُمِسَ فَأُتِيَ بِهٖ حتى نظرتُ اِليه على نعتِ النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذى نَعَته'

تیر گذر چکا ہے۔ ❶ ان کی علامت ایک سیاہ شخص ہوگا۔ اس کا ایک بازو عورت کے پستان کی طرح (اٹھا ہوا) ہوگا۔ یا گوشت کے لوتھڑے کی طرح ہوگا اور حرکت کر رہا ہوگا۔ یہ لوگ مسلمانوں کے افضل طبقہ کے خلاف بغاوت کریں گے (اور شر و فساد پھیلائیں گے) ابو سعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی تھی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ان سے جنگ کی تھی (یعنی خوارج) اس وقت میں بھی علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ علی رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے تلاش کیلئے جانے کا حکم دیا (جسے آنحضور ﷺ نے اس گروہ کی علامت کے طور پر بیان فرمایا تھا۔) چنانچہ اس کی تلاش ہوئی اور آخر وہ لایا گیا، میں نے اسے دیکھا تو اس کا پورا حلیہ بعینہ آنحضور ﷺ کے بیان کردہ اوصاف کے مطابق پایا۔

(۸۱۶) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا سفيانُ عن الاعمش عن خيثمةَ عن سويد بن غفلة قال قال عليّ رضى الله عنه اذا حَدَّثْتُكُمْ عن رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلاَنْ اَخِرَّ مِنَ السَّمَاءِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَكْذِبَ عَلَيْهِ وَ اِذَا حَدَّثْتُكُمْ فِيمَا بَيْنِي وَ بَيْنَكُمْ فَاِنَّ الْحَرْبَ خَدْعَةٌ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَاْتِي فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ حُدَثَاءُ الْاَسْنَانِ سُفَهَاءُ الْاَحْلَامِ يَقُوْلُوْنَ مِنْ خَيْرِ قَوْلِ الْبَرِيَّةِ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَا يُجَاوِزُ اِيْمَانُهُمْ حَنَاجِرَهُمْ فَاَيْنَمَا لَقِيْتُمُوْهُم فَاقْتُلُوْهُمْ فَاِنَّ قَتْلَهُمْ اَجْرٌ لِمَنْ قَتَلَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

۸۱۶۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں اعمش نے انہیں خثیمہ نے، ان سے سوید بن غفلہ نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جب تم سے میں کوئی حدیث رسول اللہ ﷺ کے واسطہ سے بیان کروں، تو میرے لئے آسمان پر سے گر جانا اس سے بہتر ہے کہ آنحضور ﷺ کی طرف کسی جھوٹ کی نسبت کروں۔ البتہ جب ہماری باہمی معاملات کی بات چیت ہو تو جنگ ایک چال ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرماتے تھے کہ آخر زمانہ میں ایک جماعت پیدا ہوگی، نوعمروں اور بے وقوفوں کی، زبان سے ایسی باتیں کہیں گے جو دنیا کی بہترین بات ہوگی۔ لیکن اسلام سے اس طرح نکل چکے ہوں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے، ان کا ایمان ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، تم انہیں جہاں بھی پاؤ، قتل کر دو، کیونکہ ان کا قتل، قاتل کے لئے قیامت کے دن باعث اجر ہوگا۔

(۸۱۷) حَدَّثَنِيْ محمدُ بن المثنى حدثنا يحيى عن اسماعيل حدثنا قيسٌ عن خبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ قَالَ شَكَوْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۱۷۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے ان سے قیس نے حدیث بیان کی، ان سے خباب بن ارت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے

❶ یعنی جس طرح ایک تیر کمان سے نکلنے کے بعد شکار کو چھیدتا ہوا گذر جاتا ہے اور جب اسے دیکھا جاتا ہے تو بالکل صاف نظر آتا ہے حالانکہ اس سے شکار زخمی ہو کر خاک و خون میں تڑپ رہا ہے۔ وہ شکار کے جسم کی تمام آلائشوں اور خون سے گذر کر کہیں دور گرا ہے لیکن چونکہ نہایت سرعت کے ساتھ اس نے اپنا فاصلہ طے کیا تھا اس لئے خون وغیرہ کا کوئی اثر اس کے کسی حصہ پر بھی دکھائی نہیں دیتا، اسی طرح وہ لوگ بھی دین سے بہت دور ہوں گے، لیکن بظاہر دین سے انحراف کے اثرات ان میں کہیں نظر نہ آئیں گے۔

وهو متوسّدٌ بردةً لَّه، فی ظلّ الكعبةِ قلنا له الا تَسْتَنْصِرُ لَنَا اَلا تَدْعو اللّٰهَ لَنَا قال كَانَ الرَّجُلُ فِيمَنْ قَبْلَكُمْ يُحْفَرُ لَه، فِى الْاَرْضِ فَيُجْعَلُ فِيهِ فَيُجَاءُ بِالْمِنْشَارِ فَيُوْضَعُ عَلٰى رَاسِهِ فَيُشَقُّ بِاثْنَتَيْنِ وَمَا يَصُدُّه، ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ وَيُمْشَطُ بِاَمْشَاطِ الْحَدِيْدِ مَادُوْنَ لَحْمِهٖ مِنْ عَظْمٍ اَوْعَصَبٍ وَمَا يَصُدُّه، ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ وَاللّٰهِ لَيُتِمَّنَّ هٰذَا الْاَمْرَ حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَايُخَافُ اِلَّا اللّٰهَ اَوِ الذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهٖ وَلٰكِنَّكُمْ تَسْتَعْجِلُوْنَ

شکایت کی، آپ اس وقت اپنی ایک چادر اوڑھے کعبہ کے سائے میں ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے، ہم نے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ آنحضور ﷺ ہمارے لئے مدد کیوں نہیں طلب کرتے، ہمارے لئے اللہ سے دعا کیوں نہیں کرتے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ (ایمان لانے کی سزا میں) گذشتہ امتوں کے افراد کے لئے گڑھا کھودا جاتا تھا اور انہیں اس میں ڈال دیا جاتا تھا، پھر آرا ان کے سر پر رکھ کران کے دوٹکڑے کردیئے جاتے تھے اور یہ سزا بھی انہیں ان کے دین سے روک نہیں سکتی تھی، لوہے کے کنگھے ان کے گوشت میں دھنسا کر ان کی ہڈیوں اور پٹھوں پر پھیرے جاتے تھے اور یہ سزا بھی انہیں ان کے دین سے نہیں روک سکتی تھی۔ خدا گواہ ہے کہ یہ امر (اسلام) بھی کمال کو پہنچے گا اور ایک زمانہ آئے گا کہ ایک سوار مقام صنعاء سے حضر موت تک سفر کرے گا۔ لیکن (راستوں کے قطعاً مامون ہونے کی وجہ سے) اسے اللہ کے سوا اور کسی کا خوف نہیں ہوگا یا پھر اسے بھیڑیوں کا خوف ہوگا کہ کہیں اس کی بکریوں کو نہ کھا جائے، لیکن تم عجلت سے کام لیتے ہو۔

(۸۱۸) حَدَّثَنَا عليُّ بن عبداللّٰه حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بن سعد حدثنا ابن عون قال انبأنى موسى بن انس عن انسِ بنِ مالكٍ رضى اللّٰه عنه ان النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم افْتَقَدَ ثَابتَ بنَ قَيْسٍ فَقَالَ رَجُلٌ يارسولَ اللّٰه انا اَعلمُ لكَ عِلْمَه فاتاه فَوَجَدَه، جالسًا فى بيته مُنَكِّساً راسَه فقال ماشأنُكَ فقال شرٌّ كان يَرفع صوتَه فوقَ صوتِ النبىِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فقد حبط عمله وهو من اهلِ النارِ فاتَى الرجلُ فَاَخبَرَه انه قال كذا وكذا فقال موسٰى بن انس فرجع المرة الْاٰخِرَة بِبَشَارَةٍ عظيمةٍ فقال اذْهَبْ اليه فَقُلْ لَه، اِنَّكَ لَسْتَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَلٰكِنْ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۸۱۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ازہر بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، انہیں موسیٰ بن انس نے خبر دی اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کو ایک دن ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نہیں ملے تو ایک صحابی نے کہا، یارسول اللہ (ﷺ) میں اپ کے لئے ان کی خبر لاتا ہوں۔ چنانچہ وہ ان کے یہاں آئے تو دیکھا کہ اپنے گھر میں سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ برا حال ہے، یہ بد بخت۔ نبی کریم ﷺ کی آواز کے سامنے آنحضور ﷺ سے بھی اونچی آواز سے بولا کرتا تھا اور اسی لئے اس کا عمل غارت گیا اور یہ دوزخیوں میں ہوگیا ہے۔ وہ صحابی آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اطلاع دی کہ ثابت رضی اللہ عنہ یوں کہہ رہے ہیں۔ موسیٰ بن انس نے بیان کیا، لیکن دوسری مرتبہ وہی صحابی ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس ایک عظیم بشارت لے کر واپس ہوئے۔ آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا تھا کہ ثابت کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اہل جہنم میں سے نہیں ہے۔ بلکہ وہ اہل جنت میں سے ہے۔

(۸۱۹) حَدَّثَنِىْ محمدُ بن بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حدثنا شعبة عن ابى اسحاق سمعتُ البراء بن

۸۱۹۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور

عازبٍ رضی اللّٰہ عنھما قَرأَ رجلٌ الکَھفَ وفی الدرِالدَّابَّۃُ فجعلتْ تنفِرُ فَسلَّمَ فَاِذا ضَبابَۃٌ اوسحابۃٌ غَشِیَتْہُ فَذَکَرہ، للنبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسلَّم فقال اِقرَأْ فلانُ فَاِنَّھَا السَّکِینۃُ نزلتْ للقرآنِ اوتنزَّلَتْ للقرآنِ

انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان فرمایا کہ ایک صحابی نے (نماز میں) سورۂ کہف کی تلاوت کی، اسی گھر میں گھوڑا بندھا ہوا تھا۔ گھوڑے نے اچھلنا کودنا شروع کر دیا۔ اس کے بعد جب انہوں نے سلام پھیرا تو دیکھا کہ بادل کے ایک ٹکڑے نے ان پر سایہ کر رکھا ہے۔ اس واقعہ کا ذکر انہوں نے نبی کریم ﷺ سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ تلاوت کو مزید طول دینا چاہئے تھا، کیونکہ یہ سکینت تھی جو قرآن کی وجہ سے نازل ہوئی تھی یا (اس کے بجائے راوی نے تنزلت للقرآن کے الفاظ کہے۔)

(۸۲۰) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ یوسفَ حَدَّثَنَا احمد بن یزید بن ابراھیم ابوالحسن الْحَرَّانِیُّ حَدَّثَنَا زُھیر بن معاویۃ حَدَّثَنَا ابواسحاقَ سمعتُ البراءَ بن عازب یقول جَاءَ ابوبکرٍ رضی اللّٰہ عنہُ الی ابی فی مَنْزِلِہٖ فاشْتَرٰی مِنْہُ رَحْلًا فَقَالَ لعازبٍ اِبْعَثْ ابنک یَحْمِلْہُ، مَعِیَ قال فحملتُہ معہ وخرج ابی یَنْتَقِدُ ثَمَنَہ، فقال لہ ابی یااَبابکرٍ حَدِّثْنِیْ کیف صَنَعْتُمَا حِیْنَ سَرَیْتَ مع رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسلَّم قال نَعَمْ اَسْرَیْنَا لَیْلَتَنَا وَمِنَ الْغدِ حتی قَامَ قائمُ الظھیرۃِ وخَلاالطریقُ لَایَمُرُّ فِیْہِ اَحَدٌ فَرُفِعَتْ لَنَا صَخْرَۃٌ طویْلَۃٌ لَھَا ظِلٌّ لَمْ تَاتِ علیہ الشمسُ فَنزلنا عِنْدَہ، وَسَوَّیْتُ للنبیِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسلَّم مَکانًا بیدی یَنَامُ علیہ وبسطتُ فِیْہِ فَرْوَۃً وَقُلْتُ نَمْ یارسولَ اللّٰہ وَاَنَا اَنْفُضُ لَکَ مَاحَوْلَکَ فَنامَ وَخَرَجْتُ اَنْفُضُ مَاحولہ فَاِذَا اَنَا براعٍ مقبلٍ بِغَنَمِہٖ الی الصخرۃِ یرید مِنْھَا مثل الذی اَرَدْنَا فقلتُ لِمَنْ اَنْتَ یاغلامُ فقال لرجل من اھلِ المدینۃِ اومکۃَ قُلْتُ اَفِیْ غَنَمِکَ لَبَنٌ قال نعم قلت اَفَتَحْلُبُ قال نعم فاخذشاۃً فقلتُ انفُضِ الضرعَ من الترابِ والشعرِ والقذی قال فرایتُ البراءَ یَضْرِبُ احدی یَدَیْہِ علی الاُخْرٰی یَنْفُضُ فَحَلَبَ فِی قَعْبٍ کُثْبَۃً من لبنٍ ومعی اِدَاوَۃٌ حملتُھا

۸۲۰۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے احمد بن یزید بن ابراہیم ابوالحسن حرانی نے حدیث بیان کی ان سے زہیر بن معاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی اور انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے والد کے پاس ان کے گھر آئے اور ان سے ایک کجاوہ خریدا۔ پھر انہوں نے والد سے فرمایا کہ اپنے بیٹے کے ذریعہ اسے میرے ساتھ بھیج دیجئے۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، چنانچہ میں اس کجاوے کو اٹھا کر آپ کے ساتھ چلا اور میرے والد بھی قیمت لینے آئے۔ میرے والد نے آپ سے پوچھا اے ابوبکر! مجھے وہ واقعہ بتایئے، جب آپ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی تھی تو آپ دونوں حضرات نے کیسے وقت گذارا تھا۔ اس پر انہوں نے بیان کیا کہ جی ہاں رات بھر تو ہم چلتے رہے، اور دوسرے دن صبح کو بھی، لیکن جب دوپہر کا وقت ہوا اور راستہ بالکل سنسان پڑ گیا کہ کوئی بھی متنفس گذرتا ہوا دکھائی نہیں دیتا تھا تو ہمیں ایک لمبی چٹان دکھائی دی، اس کے (بھرپور) سائے میں دھوپ نہیں آئی تھی۔ ہم وہیں اتر گئے اور میں نے خود نبی کریم ﷺ کے لئے ایک جگہ اپنے ہاتھ سے آپ کے آرام فرمانے کے لئے ٹھیک کر دی اور ایک پوستین وہاں بچھادی۔ پھر عرض کیا، یارسول اللہ (ﷺ) آپ آرام فرمائیں میں پاسبانی کے فرائض انجام دوں گا۔ آنحضور ﷺ سو گئے اور میں چاروں طرف دیکھنے بھالنے کے لئے نکلا۔ اتفاق سے مجھے ایک چرواہا ملا۔ وہ بھی اپنی بکریوں کے ریوڑ کو اسی چٹان کے سائے میں لانا چاہتا تھا۔ جس مقصد کے تحت ہم نے وہاں پڑاؤ کیا تھا، وہی اس کا بھی مقصد تھا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ تمہارا کس قبیلے سے تعلق ہے؟ اس نے بتایا کہ مکہ یا

للنبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يَرْتَوِى مِنْهَا يشربُ ويتوضَّأُ فاتيتُ النبىَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فكرهت ان اُوْقِظَه فوَافقْتُه حين استيقظَ فَصَبَبْتُ من الماءِ على اللبن حتى برد اسفله فقلتُ اِشْرَبْ يارسولَ اللّٰه قال فشرب حتى رضيتُ ثُمَّ قَالَ اَلَمْ يَاْن لِلرَّحِيْلِ قُلْتُ بلىٰ قال فارْتَحلْنَا بَعْدَ مَامَالَتِ الشَّمْسُ وَاتَّبَعَنَا سُرَاقَةُ بن مالك فقلتُ اُتِيْنَا يارسولَ اللّٰه فقال لَاتَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فدعا عليه النبىُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فارتَطَمَتْ بِهٖ فَرَسُهٗ اِلٰى بطْنها اُرىَ فى جَلدٍ من الارضِ شك زهيرٌ فقال انّىْ اُراكُما قدْ دَعوتُمَا علىَّ فادعوالِىْ واللّٰه لَكُما اَنْ اَرُدَّ عَنكُمَا الطلبَ فدعاله النبىُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَنجَا فَجَعَلَ لايَلْقٰى اَحَدًا اِلَّا قَالَ كَفَيْتُكُمْ ماهنا فلايلقى احدًا اِلَّا رَدَّه قال وَوَفٰى لَنَا

(راوی نے بیان کیا کہ) مدینہ کے ایک شخص سے! میں نے پوچھا کیا تمہارے ریوڑ سے دودھ بھی حاصل ہوسکتا ہے؟ اس نے کہا کہ ہاں میں نے پوچھا، کیا ہمارے لئے تم دودھ دوہ سکتے ہو؟ اس نے کہا کہ ہاں۔ چنانچہ وہ بکری پکڑ کے لایا، میں نے اس سے کہا کہ پہلے تھن کو مٹی، بال اور دوسری گندگیوں سے صاف کرلو، ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے پر مار کر تھن کو جھاڑنے کی کیفیت بیان کی، اس نے لکڑی کے ایک پیالے میں دودھ دوہا۔ میں نے آنحضور ﷺ کے لئے ایک برتن اپنے ساتھ رکھ لیا تھا، آپ اس سے پانی پیا کرتے تھے، اس سے پانی پیا جاسکتا تھا اور وضو بھی کیا جاسکتا تھا۔ پھر میں آنحضور ﷺ کے پاس آیا۔ میں آپ کو جگانا پسند نہیں کرتا تھا لیکن جب میں حاضر ہوا تو آنحضور ﷺ بیدار ہوچکے تھے۔ میں نے پہلے دودھ کے برتن پر پانی بہایا جب اس کے نیچے کا حصہ تر ہوگیا تو میں نے عرض کی، نوش فرمایئے، یارسول اللہ ﷺ انہوں نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے نوش فرمایا جس سے مجھے سکون اور مسرت حاصل ہوئی۔ پھر آپ ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا ابھی کوچ کا وقت نہیں ہوا ہے؟ میں نے عرض کی کہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ جب سورج ڈھل گیا تو ہم نے کوچ کیا تھا۔ سراقہ بن مالک ہمارا پیچھا کرتا ہوا یہیں آپہنچا تھا۔ میں نے کہا، اب تو یہ ہمارے قریب پہنچ گیا، یارسول اللہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا، غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ آنحضور ﷺ نے پھر اس کے حق میں بددعا کی اور اس کا گھوڑا اسے لئے ہوئے پیٹ تک زمین میں دھنس گیا۔ میرا خیال ہے کہ زمین بڑی سخت تھی، یہ شک (راوی حدیث) زہیر کو تھا سراقہ نے اس پر کہا، میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگوں نے میرے لئے بددعا کی ہے اگر اب آپ لوگ میرے لئے (اس مصیبت سے نجات کی) دعا کریں تو خدا کی قسم، میں آپ لوگوں کی تلاش میں آنے والے تمام لوگوں کو واپس لے جاؤں گا۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے اس کے لئے دعا کی اور وہ نجات پا گیا (وعدہ کے مطابق) جو بھی اسے راستے میں ملتا تھا اس سے وہ کہتا تھا کہ میں بہت تلاش کرچکا ہوں، یہاں قطعی طور پر وہ موجود نہیں ہیں، اس طرح جو بھی ملتا اسے واپس اپنے ساتھ لے جاتا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس نے ہمارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کیا۔

(۸۲۱) حَدَّثَنَا معلی بن اسد حدثنا عبدُالعزیز بنُ مختارٍ حدثنا خالدٌ عن عِكْرِمَةَ عن ابنِ عباسٍ رضی اللّٰہ عنهما ان النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم دخل علی اعرابیٍ یعودُه قال وکان النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اذا دخل علی مریضٍ یعودُه قال لابَأسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فقال لَه لاباس طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰه قال قُلْتَ طهورٌ کلا بل هی حُمّٰی تفُوْرُ اوتثُوْرُ علی شیخٍ کبیر تُزِیْرُهُ القبورَ فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَنَعَمْ اِذًا

۸۲۱۔ہم سے معلی بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن مختار نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ ایک اعرابی کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، آنحضور ﷺ جب بھی کسی مریض کی عیادت کے لئے تشریف لے جاتے تو فرماتے کوئی مضائقہ نہیں، انشاء اللہ (گناہوں کو) دھل دے گا، آپ نے اس اعرابی سے بھی یہی فرمایا کہ ''کوئی مضائقہ نہیں، انشاء اللہ! گناہوں کو دھل دے گا۔اس نے اس پر کہا، آپ کہتے ہیں گناہوں کو دھلنے والا ہے، قطعاً غلط ہے۔ یہ تو نہایت شدید قسم کا بخار ہے یا (راوی نے) تثور کہا (دونوں کا مفہوم ایک ہے) کہ اگر کسی بوڑھے کو آ جاتا ہے تو قبر کی زیارت کرائے بغیر نہیں رہتا۔آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر یوں ہی ہوگا۔

(۸۲۲) حَدَّثَنَا ابو معمرٍ حَدَّثَنَا عبدُالوارث حدثنا عبدُالعزیز عن انسٍ رضی اللّٰه عنه قال کان رجلٌ نصرانیًا فاَسْلَمَ وقرأ البقرةَ وَاٰلَ عمران فکان یکتبُ للنبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَعَادَ نصرانیًا فکان یقول مایدری مُحَمَّدٌ اِلّا ماکتبتُ له فاماته اللّٰهُ فدفنوه فاَصْبَحَ وقد نفَظَتْهُ الْاَرْضُ فقالوا هٰذا فِعْلُ محمدٍ واصحابِه لَمَّا هَرَبَ منهم نَبَشُوا عن صاحبِنا فَاَلْقُوْه فَحفرُوْا لَه فَاَعْمَقُوْا فاصْبَحَ وقد لَفَظَتْهُ الارضُ فَقَالُوا هٰذَا فعل محمدٍ واصحابِه نَبَشُوْا عن صاحِبنا لما هَرَب مِنْهُمْ فَاَلْقُوْه فَحَفرُوا له وَاَعْمَقُوْا لَه فِے الْاَرْضِ مااستطاعوا فاصبح قد لَفَظَتْه الارضُ فَعَلِمُوْا اَنَّه لَيْسَ مِنَ الناسِ فَاَلْقُوْهُ

۸۲۲۔ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک شخص پہلے عیسائی تھا، پھر اسلام میں داخل ہو گیا تھا، سورۂ بقرہ اور آل عمران پڑھ لی تھی اور نبی کریم ﷺ کی (وحی کی) کتابت بھی کرنے لگا تھا۔لیکن پھر وہ شخص عیسائی ہو گیا اور کہنے لگا کہ محمد (ﷺ) کے لئے جو کچھ میں نے لکھ دیا ہے اس کے سوا اسے اور کچھ بھی معلوم نہیں (نعوذ باللہ) پھر اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے مطابق اس کی موت واقعہ ہو گئی اور اس کے آدمیوں نے اسے دفن کر دیا۔لیکن صبح ہوئی تو انہوں نے دیکھا کہ اس کی لاش زمین سے باہر پڑی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ محمد (ﷺ) اور اس کے ساتھیوں (رضی اللہ عنہم) کا فعل ہے۔ چونکہ ان کا دین اس نے چھوڑ دیا تھا۔اس لئے انہوں نے اس کی قبر کھودی اور لاش کو باہر نکال کر پھینک دیا ہے چنانچہ دوسری قبر انہوں نے کھودی، بہت زیادہ گہری! لیکن صبح ہوئی تو پھر لاش باہر تھی۔اس مرتبہ بھی انہوں نے یہی کہا کہ یہ محمد ﷺ اور اس کے ساتھیوں کا فعل ہے (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم) چونکہ ان کا دین اس نے ترک کر دیا تھا۔اس لئے اس کی قبر کھود کر انہوں نے لاش باہر پھینک دی ہے۔پھر انہوں نے قبر کھودی اور جتنی گہری ان کے بس میں تھی، کر کے اسے اس کے اندر ڈال دیا۔لیکن صبح ہوئی تو پھر لاش باہر تھی۔اب انہیں یقین آیا کہ یہ کسی انسان کا کام نہیں

ہے چنانچہ انہوں نے اسے یونہی (زمین پر) چھوڑ دیا۔

(۸۲۳) حَدَّثَنَا یحیی بن بکیر حدثنا اللیثُ عن یونسَ عن ابنِ شہابٍ قال واخبرنی ابن المسیب عن ابی ھریرۃَ انه قال قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِذَا ھَلَکَ کِسرَی فلاَ کسری بعدَه واذَا ھَلَکَ قَیْصرُ فلاَ قَیْصَرَ بَعْدَه' وَالَّذی نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِه لَتُنفِقُنَّ کنُوْزَھُمَا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

۸۲۳۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا اور انہیں ابن مسیب نے خبر دی تھی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا۔ جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا۔ تو پھر کوئی کسریٰ پیدا نہیں ہوگا اور جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو پھر کوئی قیصر پیدا نہیں ہوگا۔ اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد کی جان ہے تم ان کے خزانے اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے۔

(۸۲۴) حَدَّثَنَا قبیصۃ حدثنا سفیان عن عبدالملک بن عمیر عن جابر بن سمرۃ رفعه قال اِذا ھَلَکَ کِسرَی فلاَ کِسری بعده وَ ذَکَرَ و قال لَتُنفَقُنَّ کنُوْزَھُمَا فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ

۸۲۴۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک بن عمیر نے اور ان سے جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے، کہ جب کسریٰ ہلاک ہو جائے گا تو اس کے بعد کوئی کسریٰ پیدا نہیں ہوگا اور جب قیصر ہلاک ہو جائے گا تو کوئی قیصر پھر پیدا نہیں ہوگا اور انہوں نے (پہلی حدیث کی طرح اس حدیث کو بھی) بیان کیا اور کہا (آنحضور ﷺ نے فرمایا) تم ان دونوں کے خزانے اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے۔

(۸۲۵) حَدَّثَنَا ابوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن عبداللّٰه بن ابی حسین حَدَّثَنَا نافعُ بنُ جبیرٍ عن ابنِ عباسٍ رضی اللّٰه عنھما قال قدم مُسَیْلِمَۃُ الْکَذَّابُ عَلٰی عھدِ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَجَعَلَ یقولُ اِنْ جَعَلَ لِیْ مُحَمَّدٌ الامْرَمِنْ بعدِہ تبعْتُه' وقَدِمَھَا فی بَشَرٍ کَثِیْرٍ من قومِه فَاَقْبَلَ الیه رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم ومعه ثابتُ بنُ قیسِ بن شَمَّاسٍ وفی یدِ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قطعۃُ جریرٍ حتی وَقَفَ علی مسیلمۃَ فی اصحابه فَقَالَ لَوْ سَاَلْتَنِیْ ھٰذِہِ الْقِطْعَۃَ مَا اَعْطَیْتُکَھَا وَلَنْ تَعْدُوَ اَمْرَ اللّٰهِ فِیْکَ وَلَئِنْ اَدْبَرْتَ لَیَعْقِرَنَّکَ اللّٰهُ وَ اِنِّیْ لَاَرَاکَ الَّذِی اُرِیْتُ فِیْکَ مَارَاَیْتُ فَاَخْبَرَنِیْ ابوھریرۃَ اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم قَالَ بَیْنَمَا اَنَا نَائِمٌ رَاَیْتُ فِی یَدَیَّ سِوَارَیْنِ مِنْ ذَھَبٍ فَاَھَمَّنِیْ شَاْنُھُمَا فَاُوْحِیَ اِلَیَّ فِی الْمَنَامِ اَنِ انْفُخْھُمَا فَنَفَخْتُھُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُھُمَا

۸۲۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن ابی حسین نے، ان سے نافع بن جبیر نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں مسیلمہ کذاب پیدا ہوا تھا اور یہ کہنے لگا تھا کہ اگر محمد (ﷺ) ''امر'' (یعنی نبوت وخلافت) کو اپنے بعد مجھے سونپ دیں تو میں ان کی اتباع کے لئے تیار ہوں۔ مسیلمہ اپنی قوم کی ایک بہت بڑی فوج لے کر مدینہ کی طرف آیا تھا۔ لیکن (اولاً) رسول اللہ ﷺ اس کے پاس (اسے سمجھانے کے لئے) تشریف لے گئے، آپ کے ساتھ ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ تھے اور آپ کے ہاتھ میں ایک لکڑی کا ٹکڑا تھا۔ آپ جب وہاں پہنچے جہاں مسیلمہ اپنے آدمیوں کے ساتھ موجود تھا تو آپ نے اس سے فرمایا، اگر تم مجھ سے یہ ٹکڑا (لکڑی کا جو آپ کے ہاتھ میں تھا، بھی مانگو گے (اس عنوان پر) تو میں نہیں دے سکتا۔ تمہارے بارے میں اللہ کا جو حکم ہو چکا ہے اس سے تم آگے نہیں جا سکتے اور اگر تم نے کوئی سرتابی کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں زندہ نہیں چھوڑے گا میں تو سمجھتا ہوں کہ تم وہی ہو جو مجھے (خواب میں) دکھائے گئے تھے، تمہارے ہی بارے میں میں نے دیکھا تھا۔ ابن

.ابین یخرجان بعدی فکان احدھما العنسی
لاخر مسیلمۃ الکذاب صاحب الیمامۃ

عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا) مجھے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا، میں سویا ہوا تھا کہ میں نے (خواب میں) سونے کے دو کنگن اپنے ہاتھوں میں دیکھے، مجھے اس خواب سے بہت رنج ہوا۔ پھر خواب میں ہی وحی کے ذریعہ مجھے ہدایت کی گئی کہ میں ان پر پھونک ماروں۔ چنانچہ جب میں نے پھونک ماری تو وہ اڑ گئے۔ میں نے اس سے یہ تاویل لی کہ میرے بعد دو جھوٹے پیدا ہوں گے۔ پس ان میں سے ایک تو اسود عنسی تھا اور دوسرا یمامہ کا مسیلمہ کذاب۔

۸۲) حدثنی محمد بن العلاء حدثنا حماد بن
امۃ عن برید بن عبداللّٰہ بن ابی بردہ عن جدہ
بردۃ عن ابی موسی اُراہ عن النبیّ صلی اللّٰہ
یہ وسلم قال رأیت فی المنام انی اُھاجر من
کۃ الی ارض بھا نخل فذھب وھلی الی انھا
مامۃ اوھجر فاذا ھی المدینۃ یثرب ورایت فی
یای ھذہ انی ھززت سیفا فانقطع صدرہ فاذا
ما اصیب من المؤمنین یوم احد ثم ھززتہ
خری فعاد احسن ماکان فاذا ھو ماجاء اللّٰہ بہ
الفتح واجتماع المؤمنین ورایت فیھا بقرا
للّٰہ خیر فاذا ھم المؤمنون یوم احد واذا الخیر
جاء اللّٰہ بہ من الخیر وثواب الصدق الذی اتانا
ہ بعد یوم بدر

۸۲۶۔ مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن عبداللہ بن ابی بردہ نے، ان سے ان کے دادا ابو بردہ نے اور ان سے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے، میرا خیال ہے (امام بخاری نے فرمایا) کہ آپ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، میں نے خواب دیکھا تھا کہ میں مکہ سے ایک ایسی سرزمین کی طرف ہجرت کر رہا ہوں، جہاں کھجور کے باغات ہیں۔ اس پر میرا خیال ادھر منتقل ہوا کہ یہ مقام یمامہ یا ہجر ہوگا لیکن وہ مدینہ نکلا، یثرب! اور اسی خواب میں، میں نے دیکھا کہ میں تلوار ہلائی تو وہ بیچ میں سے ٹوٹ گئی، یہ اس نقصان اور مصیبت کی طرف اشارہ تھا جو احد کی لڑائی میں مسلمانوں کو اٹھانی پڑی تھی۔ پھر میں نے دوسری مرتبہ اسے ہلایا تو وہ پہلے سے بھی اچھی صورت میں جڑ گئی یہ اس واقعہ کی طرف اشارہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ کی فتح دی تھی، اور مسلمانوں کو اجتماعی زندگی میں قوت و توانائی عنایت فرمائی تھی، میں نے اسی خواب میں ایک گائے دیکھی اور اللہ تعالیٰ کی تقدیرات میں بھلائی ہی ہوتی ہے، ان گایوں سے ان مسلمانوں کی طرف اشارہ تھا جو احد کی لڑائی میں قتل کئے گئے تھے۔ اور خیر و بھلائی وہ تھی جو ہمیں اللہ تعالیٰ سے صدق و سچائی کا بدلہ بدر کی لڑائی کے بعد عنایت فرمایا (خیبر اور مکہ کی فتح کی صورت میں)۔

۸۲۷) حدثنا ابونعیم حدثنا زکریا عن فراس
ن عامر عن مسروق عن عائشۃ رضی اللّٰہ عنھا
لت اقبلت فاطمۃ تمشی کان مشیتھا مشی
نبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللّٰہ
یہ وسلم مرحبا یابنتی ثم اجلسھا عن یمینہ
عن شمالہ ثم اسر الیھا حدیثا فبکت فقلت

۸۲۷۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے زکریا نے حدیث بیان کی، ان سے فراس نے، ان سے عامر نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ فاطمہ (رضی اللہ عنہا) آئیں، ان کی چال میں نبی کریم ﷺ کی چال سے بڑی مشابہت تھی، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا! بیٹی، مرحبا! اس کے بعد آپ ﷺ نے انہیں اپنی دائیں طرف یا بائیں طرف بٹھایا، پھر ان کے کان میں آپ نے کوئی بات کہی تو

لها لم يبكين ثم اَسَرَّ اليها حديثا فضحكتُ فقلتُ مارايتُ كاليومِ فَرَحًا اَقْرَبَ من حزنٍ فسألتُها عما قال فقالتْ ماكنتُ لِاُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم حتى قُبِضَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فسالتُها، فَقالتْ اَسَرَّ اِلَيَّ اِنَّ جبْرِيلَ كَانَ يُعَارِضُنِي القُرْاٰنَ كُلَّ سَنَةٍ مَرَّةً وَاِنَّه' عَارَضَنِي الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَلا اُرَاهُ اِلَّا حَضَرَ اَجَلِيْ وَاِنَّكِ اَوَّلُ اَهْلِ بَيْتِي لِحَاقًا بِيْ فَبَكَيْتُ فَقَالَ اَمَا تَرْضَيْنَ اَنْ تَكُوْنِي سَيِّدَةَ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَوْنِسَاءِ الْمُؤْمِنِيْن فَضَحِكْتُ لِذالكَ

وہ رو دیں۔ میں نے ان سے پوچھا آپ رونے کیوں لگی تھیں؟ دوبارہ آنحضور ﷺ نے ان کے کان میں کچھ کہا تو وہ ہنس دیں۔ میں کہا آج غم کے فوراً بعد ہی خوشی کی جو کیفیت میں نے آپ کے چہرے محسوس کی، اس کا مشاہدہ میں نے کبھی نہیں کیا تھا۔ پھر میں نے ان پوچھا کہ آنحضور ﷺ نے کیا فرمایا تھا (ان کے کان میں) انہوں نے کہ جب تک رسول اللہ ﷺ باحیات ہیں میں آپ کے راز کو کسی پر نہ کھول سکتی۔ چنانچہ میں نے (آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد) پوچھ انہوں نے بتایا کہ آنحضور ﷺ نے میرے کان میں یہ کہا تھا کہ جبرا علیہ السلام ہر سال قرآن مجید کا ایک مرتبہ دور کیا کرتے تھے لیکن ا سال انہوں نے دو(۲) مرتبہ دور کیا، مجھے یقین ہے کہ اب میری موت وقت قریب آچکا ہے اور میرے گھرانے میں سب سے پہلے مجھ آملنے والی تم ہوگی، میں (آپ کی اس گفتگو پر) رونے لگی تو آپ فرمایا، کیا تم اس پر راضی نہیں کہ جنت کی عورتوں کی سردار ہو۔ یا (آنحض ﷺ نے فرمایا کہ) مؤمنہ عورتوں کی، اور میں اسی پر ہنسی تھی۔

(۸۲۸) حَدَّثَنِيْ يحيى بنُ قَزَعَةَ حَدَّثَنَا ابراهيم بنُ سعدٍ عن ابيه عن عروة عن عائشةَ رضى اللّٰه عنها قالتْ دعا النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فاطمةَ ابْنَته' فِيْ شِكْوَاه الذى قُبِضَ فيها فسارَّها بشيءٍ فبكتْ ثم دَعَاهَا فسارَّها فضحكتْ قالتَ فسألتُها عن ذٰلِكَ فقالتْ سارَّني النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فاخبرني اَنَّه' يُقْبَضُ فِى وَجعِهِ الَّذِى تُوُفِّيَ فِيْهِ فَبَكَيْتُ ثُمَّ سَارَّنِيْ فاخْبَرَنِيْ اَنِّيْ اَوَّلُ اَهْل بَيْتِه اَتْبَعُه' فَضَحِكْتُ

۸۲۸۔ مجھ سے یحیٰی بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم ب سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عروہ اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ا زمانہ مرض میں اپنی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور آہستہ ان سے کوئی بات کہی تو وہ رونے لگیں، پھر آپ نے انہیں بلایا ا آہستہ سے کوئی بات کہی تو وہ ہنسیں۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں فاطمہ رضی اللہ عنہا سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے بتایا کہ پہ مرتبہ جب آنحضور ﷺ نے مجھ سے آہستہ سے جو گفتگو کی تھی تو اس میں آپ نے فرمایا تھا کہ آپ کی اسی مرض میں وفات ہو جائے گی جس میں واقعی آپ کی وفات ہوئی، میں اس پر رو پڑی۔ پھر دوبارہ آنحض ﷺ نے آہستہ سے مجھ سے جو بات کہی اس میں آپ نے فرمایا کہ آ کے اہل بیت میں، میں سب سے پہلے آنحضور ﷺ سے جاملوں گی ا پر میں ہنسی۔

(۸۲۹) حَدَّثَنا مُحَمَّدُ بنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا شعبه عن ابى بشر عن سعيدِ بنِ جبيرٍ عنِ ابن عباس قَال كَان عمرُ بنُ الخطابِ رضى اللّٰه يُدْنِي ابنَ عباس

۸۲۹۔ ہم سے محمد بن عرعرہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ حدیث بیان کی، ان سے ابی بشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے، ان ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، اب

ل له عبدُالرحمٰن بنُ عوفٍ اِنَّ لَنَا ابناءً مثلَه
ل اِنّه مِنْ حيثُ تعلم فسأل عمرُابن عباسٍ عن
ه الاٰية اِذاجاءَ نَصْرُاللّٰهِ وَالْفتحُ فَقَالَ اَجَلُ
ول اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اَعْلَمَه اياه فقال
علمُ منها اِلَّا ماتعْلَمُ

عباس رضی اللہ عنہ کو اپنے قریب بٹھاتے تھے۔اس پر عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ سے شکایت کی کہ ان جیسے تو ہمارے لڑکے ہیں،لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ یہ محض ان کے علم وفضل کی وجہ سے ہے۔پھر عمر رضی اللہ عنہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیت "اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح" کے متعلق دریافت فرمایا تو انہوں نے جواب دیا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی وفات تھی جس کی اطلاع اللہ تعالیٰ نے آپ کو دی۔عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا،جو مفہوم تم نے بتایا میں بھی وہی سمجھتا تھا۔

۸۳) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عبدُالرحمٰن ابن
يمان بن حنظلةَ بن الْغَسِيْلِ حَدَّثَنَا عكرمةُ عن
عباسٍ رضى الله عنهما قال خَرَجَ رسولُ اللّٰه
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فى مَرَضِهِ الَّذِى مَاتَ فِيْهِ
حفةٍ قَدْ عَصَّبَ بِعِصَابَةٍ دَسماءَ حتى جلس
ى المنبر فحمِدَاللّٰه واثنى عليه ثُمَّ قَالَ اَمَّابَعْدُ
النَّاسَ يَكْثُرُوْنَ ويَقِلُّ الانصارُ حَتّٰى يَكونوا فِى
س بِمَنْزِلَةِ الْمِلْحِ فِى الطَّعَامِ فَمَنْ وَلِىَ منكُمْ
ا يَضُرُّ فِيْهِ قَوْمًا وَ يَنفعُ فِيْهِ اٰخَرِيْنَ فَلْيَقْبَلْ مِنْ
سِنِهِمْ وَيَتَجَاوَزُ عَنْ مُسِيْئِهِمْ فَكَانَ اٰخِرَ
لِسٍ جَلَسَ به النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۳۰۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی،ان سے عبدالرحمٰن بن سلیمان بن حنظلہ بن غسیل نے حدیث بیان کی،ان سے عکرمہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مرض الوفات میں رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے،آپ سر مبارک پر ایک سیاہ پٹی باندھے ہوئے تھے(مسجد نبوی میں تشریف لائے اور)منبر پر تشریف فرما ہوئے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی اور فرمایا،امابعد(آنے والے دور میں)دوسرے لوگوں کی تعداد بہت بڑھ جائے گی لیکن انصار کم ہوتے جائیں گے اور ایک زمانہ آئے گا کہ دوسروں کے مقابلے میں ان کی تعداد اتنی کم ہوجائے گی جیسے کھانے میں نمک ہوتا ہے۔پس اگر تم میں سے کوئی شخص کہیں کا والی ہو اور اپنی ولایت کی وجہ سے وہ کسی کو نقصان اور نفع بھی پہنچا سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ انصار کے نیکوں(کی نیکی)قبول کرے اور جو نیک نہ ہوں انہیں معاف کیا کرے۔یہ نبی کریم ﷺ کی آخری مجلس تھی۔

۸۳) حَدَّثَنِى عبدُاللّٰه بنُ محمدٍ حدثنا يحيَى
ادم حدثنا حسين الْجُعْفِىُّ عَنْ اَبِى موسٰى عن
سن عن ابى بكرةَ رضه قَالَ اَخْرَجَ النبىُّ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم ذات يوم الحسنَ فصَعِدَبِهِ
ى المنبرِ فقال اِبْنِى هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ
لِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

۸۳۱۔مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی،ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی،،ان سے حسین جعفی نے حدیث بیان کی،ان سے ابوموسیٰ نے،ان سے حسن نے اور ان سے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ حسن رضی اللہ عنہ کو ایک دن ساتھ لے کر باہر تشریف لائے اور منبر پر فروکش ہوئے،پھر فرمایا،میرا یہ بیٹا سردار ہے اور امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرائے گا۔

۸۲) حَدَّثَنَا سليمان بن حرب حَدَّثَنَا حماد بن
عن ايوب عن حُميد بن هلال عن انس بن
ك رَضِىَ اللّٰه عنه اَنَّ النبىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
لَّم نَعَى جَعْفَرًا وَزَيْدًا قَبْلَ اَنْ يَجِىْءَ خَبَرُهُمْ
ناهُ تَذْرِفَانِ

۸۳۲۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی،ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی،ان سے ایوب نے،ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے جعفر اور زید رضی اللہ عنہما کی شہادت کی اطلاع(محاذ جنگ سے)اطلاع آنے سے پہلے ہی صحابہ کو دے دی تھی(کیونکہ آپ کو وحی کے ذریعہ معلوم ہوگیا

تھا) اس وقت حضور اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

(۸۳۳) حَدَّثَنَا عمرُو بنُ عباسٍ حَدَّثَنَا ابن مَهْدِيّ حدثنا سفيان عن محمد بن المنكدر عن جابر رضي الله عنه قال قال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكُمْ من اَنْمَاطٍ قُلْتُ وَاَنّٰى يَكُوْنُ لَنَا الْاَنْمَاطُ قَالَ اَمَا اِنَّه' سَيَكُوْن لَكُمُ الْاَنْمَاطُ فَاَنَا اَقُوْلُ لَهَا يعني امراتَه اَخِّرِيْ عني اَنْمَا طَكِ فَتَقُوْلُ الم يقلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا ستكون لكم الانْماطُ فَاَدَعُهَا

۸۳۳۔ ہم سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن مہد[ی] نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد [بن] منکدر نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ان کی شادی [کے] موقعہ پر) نبی کریم ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا تمہارے پاس نمط (ا[یک] خاص قسم کے بستر ے) ہیں؟ میں نے عرض کیا، ہمارے پاس نمط ک[س] طرح ہو سکتے ہیں؟ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، یاد رکھو، ایک وق[ت] آئے گا کہ تمہارے پاس نمط ہوں گے۔ اب جب میں اس سے یعنی ا[پنی] اپنی بیوی سے کہتا ہوں کہ اپنے نمط ہٹا لو تو وہ کہتی ہے کہ کیا نبی کر[یم] ﷺ نے تم سے نہیں کہا تھا کہ ایک وقت آئے گا جب تمہارے پاس ن[مط] ہوں گے، چنانچہ میں انہیں وہیں رہنے دیتا ہوں۔

(۸۳۴) حَدَّثَنِيْ احمدُ بنُ اسحاقَ حَدَّثَنَا عبيدُاللّٰه بن موسٰي حدثنا اسرائيل عن عبدِاللّٰه بن مسعودٍ رضي اللّٰه عنه قال انْطَلَقَ سعدُ بنُ معاذٍ مُعْتَمِرًا قال فَنَزَلَ على اميةَ بنِ خلفٍ ابي صفوان وَكَانَ اُمَيَّةُ اذا انْطَلَقَ الى الشامِ فَمَرَّ بالمدينةِ نَزَلَ على سعدٍ فقال اميةُ لسعدٍ اِنْتَظِرْ حتى اذا انْتَصَفَ النهارُ وغَفَلَ النَّاسُ انطلقتُ فطفتُ فَبَيْنَا سعدٌ يطوف اذا ابوجهلٍ فَقَالَ من هذا الذى يطوف بالكعبة فقال سعدُ انا سعدٌ فقال ابوجهل تطوف با لكعبة امِنًا وقد اٰوَيْتُم محمداً واَصحَابَه' فقال نعم فَتَلاَ حَيَابينهما فقال اميةُ لسعدٍ لاتَرْفَعْ صَوْتَكَ على ابي الحكمِ فانه سيدُ اهلِ الوادى ثم قال سعدٌ واللّٰه لئن مَنَعْتَنِي ان اطوفَ بالبيتِ لَاَقْطَعَنَّ مَتْجَرَكَ بالشامِ قال فجعل اميةُ يقول لسعدٍ لاترفع صوتك وجعل يُمْسِكه' فَغَضِبَ سعدٌ فقال دَعْنَا عنكَ فاني سمعتُ محمداً صلى اللّٰه عليه وسلم يَزْعُمُ اَنَّه' قاتلُك قال اِيَّايَ قال نعم قال واللّٰه مايكذبُ محمدٌ اذا حَدَّثَ فَرَجَعَ اِلٰى امراتِه فقال اَمَاتَعْلَمِيْنَ ماقال لي اَخِي الْيَثْرِبِيُّ

۸۳۴۔ مجھ سے احمد بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ [بن] موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ا[ن] سے ابو اسحاق نے، ان سے عمرو بن میمون نے اور ان سے عبد اللہ [بن] مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ عمرہ کے ا[رادہ] سے (مکہ) آئے اور ابو صفوان نے امیہ بن خلف کے یہاں قیام کیا۔ ا[میہ] بھی شام جاتے ہوئے (تجارت وغیرہ کے لئے) جب مدینہ سے گذ[رتا] تو سعد رضی اللہ عنہ کے یہاں قیام کرتا تھا۔ امیہ نے سعد رضی اللہ عنہ [سے] کہا۔ ابھی ٹھہرو، جب نصف النہار کا وقت ہو جائے اور لوگ غا[فل] ہو جائیں (تو طواف کرنا) چنانچہ میں (اس کے کہنے کے مطابق) آیا ا[ور] طواف کرنے لگا۔ سعد رضی اللہ عنہ ابھی طواف کر رہے تھے کہ ابوجہ[ل] آ گیا اور کہنے لگا، یہ کعبہ کا طواف کون کر رہا ہے؟ سعد رضی اللہ عنہ [نے] فرمایا کہ میں سعد ہوں، ابوجہل بولا تم کعبہ کا طواف محفوظ و مامون حال[ت] میں کر رہے ہو حالانکہ تم نے محمد اور اس کے ساتھیوں کو پناہ دے رکھی [ہے] (صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وبارک وسلم)! انہوں نے فرمایا ہاں ٹھی[ک] ہے۔ اس طرح بات بڑھ گئی۔ پھر امیہ نے سعد رضی اللہ عنہ سے ک[ہا] ابوالحکم (ابوجہل) کے سامنے اونچی آواز کر کے نہ بولو، وہ اس وادی [کا] سردار ہے۔ اس پر سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا کی قسم! اگر تم نے [مجھے] بیت اللہ کے طواف سے روکا تو میں بھی تمہاری شام کی تجارت بند کر دو[ں] گا۔ (کیونکہ شام جانے کا صرف ایک ہی راستہ مدینے سے جاتا تھ[ا]

قالتْ وما قال قال زَعَمَ انه سَمِعَ محمدًا انه قاتلی قالتْ فوالله مايكذبُ محمدٌ قال فَلَمَّا خَرَجُوْا الى بدرٍ وجاءَ الصريخُ قالتْ له امراتُه اَمَاذكرت ماقال لَکَ اَخُوْکَ اليثربیُّ قال فَاَرَادَان لايخرجَ فقال له ابوجهل انک من اَشْرَافِ الوادی فَسِرْ يوما اويومين فَسَارَمعهم فقتله اللّٰهُ

بیان کیا کہ امیہ، سعد رضی اللہ عنہ سے برابر یہی کہتا رہا کہ اپنی آواز بلند نہ کرو، اور (مقابلہ سے) روکتا رہا۔ سعد رضی اللہ عنہ کو اس پر غصہ آ گیا اور آپ نے فرمایا، اس حمایت جاہلیت سے باز آ جاؤ، میں نے محمد ﷺ سے سنا ہے۔ آپ نے فرمایا تھا کہ آنحضور ﷺ تمہیں قتل کریں گے۔ امیہ نے پوچھا مجھے؟ آپ نے فرمایا، ہاں۔ اس پر وہ کہنے لگا، بخدا، محمد ﷺ جب کوئی بات کہتے ہیں تو غلط نہیں ہوتی۔ پھر وہ اپنی بیوی کے پاس آیا اور اس سے کہا۔ تمہیں معلوم نہیں، میرے یثربی بھائی نے مجھے کیا بات بتائی ہے؟ اس نے پوچھا، انہوں نے کیا کہا؟ اس نے بتایا کہ محمد (ﷺ) کہہ چکے ہیں کہ وہ مجھے قتل کریں گے وہ کہنے لگی، بخدا، محمد ﷺ غلط بات زبان سے نہیں نکالتے۔ بیان کیا کہ پھر اہل مکہ بدر کی لڑائی کے لئے روانہ ہونے لگے اور کوچ کی اطلاع دینے والا آیا تو امیہ سے اس کی بیوی نے کہا، تمہیں یاد نہیں رہا، تمہارا یثربی بھائی تمہیں کیا اطلاع دے گیا تھا؟ بیان کیا کہ اس کی یاد دھانی پر اس کا ارادہ ہو گیا تھا کہ اب جنگ میں شرکت کے لئے نہیں جائے گا۔ لیکن ابوجہل نے کہا، تم وادی مکہ کے اشراف میں سے ہو، اس لئے کم از کم ایک یا دو (۲) دن کے لئے ہی تمہیں چلنا چاہئے۔ اس طرح وہ ان کے ساتھ جنگ میں شرکت کے لئے نکلا اور اللہ تعالیٰ نے بدبخت کو قتل کر دیا۔

(۸۳۵) حَدَّثَنِی عبدُالرحمٰن بنُ شَيْبَةَ حدثنا عبدُالرحمٰن بن المغيرة عن ابيه عن موسى بن عقبه عن سالم بن عبدِالله عن عبدِالله رضى الله عنه ان رسولَ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال رَايْتُ النَّاسَ مُجْتَمِعِيْنَ فِی صَعِيْدٍ فَقَامَ اَبُوبَکْرٍ فنزع ذَنُوْبًا اَوْذَنُوْ بَيْنِ وَفِیْ بَعْض نَزْعِهِ ضَعْفٌ وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَه' ثُمَّ اَخَذَهَا عُمَرُ فَاسْتَحَالَتْ بِيَدِهٖ غَرْبًا فَلَمْ اَرَعَبْقَرِيًّا فِی النَّاسِ يَفْرِی فَرِيَّهُ حَتّٰى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ وَقَالَ همام عَنْ ابی هريرةَ عن النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَعَ ابوبكر ذَنُوْبَيْنِ

۸۳۵۔ مجھ سے عبدالرحمٰن بن شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن مغیرہ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میں نے (خواب میں) دیکھا کہ لوگ ایک میدان میں جمع ہیں۔ پھر ابوبکر (رضی اللہ عنہ) اٹھے اور ایک یا دو ڈول پانی بھر کر انہوں نے نکالا، پانی نکالنے میں بعض اوقات ان میں کمزوری محسوس ہوتی تھی اور اللہ ان کی مغفرت کرے پھر ڈول عمر (رضی اللہ عنہ) نے سنبھالی۔ جس نے ان کے ہاتھ میں ایک بڑے ڈول کی صورت اختیار کر لی، میں نے ان جیسا مدبر اور بہادر انسان نہیں دیکھا جو اس درجہ جرأت اور حسن تدبیر سے کام کا عادی ہو (اور انہوں نے اتنے ڈول کھینچے) کہ لوگوں نے اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ کو پانی سے بھر لیا۔ اور ہمام نے بیان کیا۔ ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دو ڈول کھینچے تھے۔

(۸۳۶) حَدَّثَنِی عباسُ بنُ الولیدِ النَّرسِیُّ حَدَّثَنَا معتمرٌ قال سمعتُ ابی حدثنا ابوعثمان. قال اُنبئتُ ان جبریلَ علیه السلام اتی النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ و عندَه' اُمُّ سلمةَ فجعَلَ یُحَدِّثُ ثم قام قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِامِّ سلمةَ مَنْ هٰذا او کما قال قال قالتْ هٰذا دِحْیَةُ فَقالتْ امُ سلمةَ اَیْمُ اللّٰهِ ماحسبتُه اِلَّا اِیَّاه حَتّٰی سمعت خطبة نبیِّ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بخبر جبریلَ او کما قال قال فقلتُ لابی عثمان ممن سمعتَ هٰذا قال من اسامةَ بنِ زیدٍ

۸۳۶۔ مجھ سے عباس بن الولید نرسی نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، ان سے ابوعثمان نے حدیث بیان کی کہ مجھے یہ حدیث معلوم ہوئی ہے، کہ جبرائیل علیہ السلام ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور آپ سے گفتگو کرتے رہے۔ اس وقت حضور اکرم ﷺ کے پاس ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیٹھی ہوئی تھیں۔ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام چلے گئے تو حضور اکرم ﷺ نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے دریافت فرمایا، یہ کون صاحب تھے؟ اوکما قال، ابوعثمان نے بیان کیا کہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا، دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ تھے۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، خدا گواہ ہے، میں سمجھے بیٹھی تھی کہ وہ دحیہ کلبی ہیں آخر جب میں نے حضور اکرم ﷺ کا خطبہ سنا جس میں آپ جبرائیل علیہ السلام (کی آمد کی) اطلاع دے رہے تھے تو میں سمجھی کہ وہ جبرائیل علیہ السلام ہی تھے اوکما قال۔ بیان کیا کہ میں نے ابوعثمان سے پوچھا کہ آپ نے یہ حدیث کس سے سنی تھی؟ تو انہوں نے بتایا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے۔

باب ۳۷۹. قَوْلِ اللّٰه تَعَالٰی یَعْرِفُوْنَه' کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَاءَ هُمْ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ

۳۷۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "اہل کتاب نبی کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بے شک ان میں سے ایک فریق حق کو جانتے ہوئے چھپاتا ہے۔"

(۸۳۷) حَدَّثَنَا عبداللّٰه بن یوسف اخبرنا مالک بن انس عن نا فع عن عبداللّٰه ابن عمر رضی اللّٰه عنهما اَنَّ الیهودَ جاءُ وْا الی رسولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرُوْا لَه' اَنَّ رَجُلًا منهم وامراةً زَنَیَا فقال لهم رسولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ماتَجِدُوْنَ فِی التَّوْرَاةِ فِی شَأنِ الرَّجم فَقالُوْا نَفْضَحُهُمْ وَیُجْلَدُوْنَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰه بن سَلَامٍ کَذَبْتُمْ اِنَّ فِیْهَا الرَّجْمَ فَاَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوْهَا فَوَضَعَ اَحَدُ هُمْ یَدَه' عَلٰی اٰیَةِ الرَّجْمِ فَقَرَأَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا فَقَالَ له عبدُاللّٰه ابنُ سَلَامٍ ارْفَعْ یَدَکَ فَرَفَعَ یَدَه' فَاِذَا فِیْهَا اٰیَةُ الرَّجْمِ فَقَالُوْا صَدَقَ یَامُحَمَّدُ فِیْهَا اٰیَةُ الرَّجْمِ فَاَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا قَالَ عبدُاللّٰه فَرَاَیْتُ

۸۳۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک بن انس نے خبر دی، انہیں نافع نے اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ یہود، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور آپ کو بتایا کہ ان کے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کی ہے۔ آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا، رجم کے بارے میں تورات میں کیا حکم ہے؟ انہوں نے بتایا یہ کہ ہم انہیں بے عزت اور شرمندہ کریں اور انہیں کوڑے لگائے جائیں۔ اس پر عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا (جو اسلام لانے سے پہلے تورات کے بہت بڑے عالم سمجھے جاتے تھے) کہ تم لوگ غلط بیانی سے کام لے رہے ہو، تورات میں رجم کا حکم موجود ہے۔ پھر یہودی تورات لائے اور اسے کھولا۔ لیکن رجم سے متعلق جو آیت تھی اسے ایک یہودی نے اپنے ہاتھ سے چھپا لیا اور اس سے پہلے اور اس کے بعد کی آیتیں پڑھ ڈالیں۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اچھا اب اپنا ہاتھ اٹھاؤ، جب اس نے ہاتھ اٹھایا تو وہاں آیت رجم موجود تھی۔ اب وہ

الرَّجُلَ يَحْنأُ عَلَى المرأةِ يَقِيهَا الحجارةَ

سب کہنے لگے کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے سچ کہا تھا، اے محمد! توارات میں رجم کی آیت موجود ہے۔ چنانچہ آنحضور ﷺ کے حکم سے ان دونوں کو رجم کیا گیا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا، میں نے دیکھا کہ (رجم کے وقت) مرد پتھر کی ضربات سے عورت کو بچانے کے لئے اس پر گر پڑتا تھا۔

باب ۳۸۰. سؤالِ المشركينَ اَنْ يُرِيَهم النَّبيُّ صلي اللّٰه عليه وسلم اٰيه فاراهم انْشِقَاق القَمَرِ

۳۸۰۔ مشرکین کے اس مطالبہ پر کہ انہیں نبی کریم ﷺ کوئی معجزہ دکھائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے شق قمر کا معجزہ دکھایا تھا۔

(۸۳۸) حدثنا صدقةُ بن الفضل اخبرنا ابن عيينةَ عنْ ابن ا بى نجيح عن مجاهدٍ عن ابى معمرِ بن عبداللّٰه بن مسعود رضي اللّٰه عنه قال انشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّتَيْنِ فقال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْهَدُوْا

۸۳۸۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، انہیں ابن ابی نجیح نے، انہیں مجاہد نے، انہیں ابو معمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے (حضور اکرم ﷺ کے معجزہ کے طور پر، اللہ تعالیٰ کے حکم سے) اور آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ اس پر گواہ رہنا۔

(۸۳۹) حَدَّثَنِىْ عبدُاللّٰه بنُ محمدٍ حدثنا يونس حدثنا شيبان عن قتادة عن انس بن مالک وقال لى خليفة حدثنا يزيد بن زريع حدثنا سعيد عن قتادة عن انس بن مالک رضى اللّٰه عنه انه حدثهم اَنَّ اَهْلَ مَكَّةَ سَاَلُوْا رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُرِيَهُمْ آيةً فَاَرَاهم انشقاقَ القَمَرِ

۸۳۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کیا، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے۔ اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کیا، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے یونس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ اہل مکہ نے رسول اللہ ﷺ سے مطالبہ کیا تھا کہ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں تو آنحضور ﷺ نے شق قمر کا معجزہ دکھایا تھا۔

(۸۴۰) حَدَّثَنِىْ حلف بن خالد القرشِىُّ حَدَّثنا بكر بن مضر عن جعفر بن ربيعة عن عراک بن مالک عن عبيد اللّٰه بن عبداللّٰه بن مسعود عن ابن عباس رضى اللّٰه عنهما اَنَّ الْقَمَرَ اِنْشَقَّ فِىْ زَمَانِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۴۰۔ مجھ سے خلف بن خالد قرشی نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن مضر نے حدیث بیان کی، ان سے جعفر بن ربیعہ نے، ان سے عراک بن مالک نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن مسعود نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے تھے۔

باب: ۳۸۱

باب ۳۸۱۔

(۸۴۱) حَدَّثَنِىْ محمدُ بنُ المثنى حدثنا معاذٌ قال حدثنى ابى عن قتادةَ حدثنا انسٌ رضى اللّٰه عنه اَنَّ رَجُلَيْنِ مِنْ اصحاب النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَا مِنْ عِنْدِالنَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۴۱۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی۔ ان سے معاذ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ کی مجلس سے دو صحابہ اٹھ کر (اپنے گھر) واپس ہوئے، رات تاریک تھی،

فی لیلة مُظْلِمَةٍ وَمَعَهُمَا مِثْلُ المِصْبَاحَیْنِ یُضِیْاٰنِ بَیْنَ اَیْدِیهما فلما افْتَرَقَا صَارَ مَعَ کلِّ واحدٍ منهما واحدٌ حتی اَتٰی اهلَه

لیکن دو چراغ کی طرح کی کوئی چیز ان کے آگے روشنی کرتی جاتی تھی۔ پھر جب یہ دونوں حضرات (راستے میں، اپنے اپنے گھر کی طرف جانے کے لئے) جدا ہوئے تو وہ چیز دونوں حضرات کے ساتھ الگ الگ ہوگئی اوراس طرح وہ اپنے گھر پہنچ گئے۔

(۸۴۲) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بن ابی الاسودِ حدثنا یحییٰ عن اسماعیلَ حدثنا قیسٌ سمعت المغیرةَ بنَ شعبةَ عن النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال لایزالُ نَاسٌ مِن اُمَّتِی ظَاهِرِیْنَ حتی یَاتِیَهُمْ اَمْرُاللّٰه وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ

۸۴۲۔ مجھ سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے حدیث بیان کی اورانہوں نے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میری امت کے کچھ افراد ہمیشہ غالب رہیں گی، یہاں تک کہ جب قیامت آئے گی جب بھی وہ غالب ہی ہوں گے (یعنی اپنے فضل وکمال اور باطل کے مقابلے میں پامردی اور استقلال کے ساتھ۔)

(۸۴۳) حَدَّثَنَا الحُمَیْدِیُّ حَدَّثَنَا الولیدُ قال حدثنی ابنُ جابر قال حدثنی عمیر بن هانیٔ اَنَّه سَمِعَ معاویةَ یقول سمعتُ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لایزالُ مِنْ اُمَّتِیْ اُمَّةٌ قَائِمَةٌ بِاَمْرِاللّٰه لَایَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وَلَامَنْ خَالَفَهُمْ حَتی یَاْتِیَهُمْ اَمْرُاللّٰهِ وَهُمْ عَلٰی ذٰلِکَ قال عُمَیْرٌ فقال مالکُ بْنُ یُخَامِرَ قال معاذٌ وهُمْ بِالشَّام فَقَال معاویه هٰذا مالک یزعم انه سَمِع معاذًا یَقُوْلُ وهم بالشَّامِ

۸۴۳۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے ولید نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن جابر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمیر بن ہانی نے حدیث بیان کی اورانہوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا، آپ فرمارہے تھے کہ میری امت میں ہمیشہ ایک طبقہ ایسا موجود رہے گا جو اللہ تعالیٰ کی شریعت پر قائم رہے گا، انہیں ذلیل کرنے کی کوشش کرنے والے اوراسی طرح ان کی مخالفت کرنے والے انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچاسکیں گے یہاں تک کہ قیامت آئے گی اورامت کا یہ طبقہ حق پر اسی طرح قائم رہے گا۔ عمیر نے بیان کیا کہ اس پر مالک بن یخامر نے کہا۔ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا تھا کہ وہ طبقہ شام میں ہوگا، معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ مالک یہاں موجود ہیں اور کہہ رہے ہیں کہ انہوں نے معاذ رضی اللہ عنہ سے سنا تھا کہ وہ طبقہ شام میں ہوگا۔

(۸۴۴) حَدَّثَنَا علیُّ بنُ عبدِاللّٰه اخبرنا سفیانُ حَدَّثَنَا شبیبُ بْنُ غَرْ قَدَةَ قَالَ سمعتُ الحیَّ یُحَدِّثُون عن عروةَ ان النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَاهُ دیناراً یَشْتَرِیْ له بِهٖ شاةً فاشتریٰ له به شَاتَیْنِ فباعَ احدٰهما بِدِینار وجاءه بِدِینارٍ وشاةٍ فَدَعَاله بالبَرَکةِ فی بَیْعِهٖ وکان لَواشْتَرَیَ التراب لَرَبِحَ فیه قال سفیانُ کان الحسنُ بنُ عمارةَ جَاءَ نا

۸۴۴۔ مجھ سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، ان سے شبیب بن غرقدہ نے حدیث بیان کی کہ میں نے اپنے قبیلہ کے لوگوں سے سنا تھا وہ لوگ عروہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں ایک دینار دیا کہ اس کی بکری خرید لائیں۔ انہوں نے اس دینار سے دو بکریاں خریدی، پھر ایک بکری کو ایک دینار میں بیچ کر دینار بھی واپس کردیا اورایک بکری بھی پیش کردی۔ حضور اکرم ﷺ نے اس پر ان کی خرید وفروخت میں برکت کی دعاء کی۔ پھر تو ان کا یہ

بِهٰذا الحديثِ عنه قال سمعه شَبِيْبٌ من عروَةَ فَاَتَيْتُه، فقال شبيبٌ اِنِّی لم اَسْمَعْهُ مِن عروةَ قال سمعتُ الْحَیَّ يُخْبِرُوْنَه، عنهُ ولكن سمعتُه يقول سمعتُ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم يقول اَلْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ بِنَواصی الخيلِ اِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ قال وقد رايتُ فی داره سبعين فرسًا قال سفيان يَشْتَرِی له شاةً كانها اُضْحِيَةٌ

حال تھا کہ اگر مٹی بھی خریدتے تو اس میں بھی انہیں نفع ہو جاتا۔ سفیان نے بیان کیا کہ حسن بن عمارہ نے ہمیں یہ حدیث پہنچائی تھی شبیب بن غرقدہ کے واسطہ سے، حسن بن عمارہ نے بیان کیا کہ شبیب نے حدیث عروہ رضی اللہ عنہ سے خود سنی تھی۔ چنانچہ میں شبیب کی خدمت میں حاضر ہوا (واقعہ کی تحقیق کے لئے) تو انہوں نے بتایا کہ میں نے حدیث خود عروہ رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی تھی، البتہ میں نے اپنے قبیلہ کے لوگوں کو ان کے حوالے سے بیان کرتے سنا تھا۔ البتہ یہ حدیث خود میں نے ان سے سنی تھی، آپ بیان کرتے تھے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا، خیر اور بھلائی گھوڑوں کی پیشانی کے ساتھ قیامت تک وابستہ رہے گی۔ شبیب نے بیان کیا کہ میں نے عروہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں ستر (۷۰) گھوڑے دیکھے تھے۔ سفیان نے بیان کیا کہ عروہ رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم کے لئے بکری خریدی تھی، غالباً وہ قربانی کے لئے تھی۔

(۸۴۵) حَدَّثَنَا مسددٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰی عَنْ عبيدِاللّٰه قَالَ اخبرنی نَافِعٌ عن ابن عمرَ رضی اللّٰه عنهما اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قال الخَيْلُ فِی نواصِيهَا الْخَيْرُ اِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ

۸۴۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے بیان کیا انہیں نافع نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ خیر و بھلائی قیامت تک کے لئے وابستہ کر دی گئی تھی۔

(۸۴۶) حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَفْص حدثنا خالدُ بن الحارث حدثنا شعبةَ عن ابی التَّيَّاح قال سَمِعْتُ اَنسًا عَن النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قال الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِی نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ

۸۴۶۔ ہم سے قیس بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو التیاح نے حدیث بیان کی اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا گھوڑے کی پیشانی کے ساتھ خیر و بھلائی وابستہ کر دی گئی ہے۔

(۸۴۷) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ مسلمةَ عن مَالكٍ عن زيدِ بن اسلم عن ابی صالح السَّمَّان عن ابی هريرةَ رضی اللّٰه عنه عن النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قال اَلْخَيْلُ لِثَلاَثَةٍ لِرَجُلٍ اَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَعَلٰی رَجُلٍ وِزْرٌ فَاَمَّا الَّذِیْ لَه، اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَها فی سبيل اللّٰه فاطال لَهَافی مَرْجٍ اَوْرَوضَةٍ فَمَا اَصَابَتْ فِیْ طِيَلِهَا مِنَ الْمَرْجِ اَوِ الرَّوْضَةِ كَانَتْ لَه، حَسَنَاتٌ وَلَوْ اَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَافَاسْتَنَّتْ شَرَفاً اَوْشَرَفَيْنِ كَانَتْ اَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَه، وَلَوْ اَنَّهَا

۸۴۷۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ابو صالح سمان نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، گھوڑے کا انجام تین قسم کا ہے ایک شخص کے لئے تو وہ باعث اجر و ثواب ہے، ایک شخص کے لئے وہ صرف پردہ ہے اور ایک شخص کے لئے وبال ہے جس شخص کے لئے گھوڑا باعث اجر و ثواب ہے، یہ وہ شخص ہے جو جہاد کے لئے اسے پالتا ہے اور چراگاہ یا باغ میں اس کی رسی کو (جس سے وہ بندھا ہوتا ہے) خوب دراز کر دیتا ہے (تاکہ خوب اچھی طرح چر سکے) تو وہ اپنے اس طول و عرض میں جو کچھ بھی چرتا چگتا ہے وہ سب اس کے لئے نیکیاں بن

مَرَّتْ بِنَهْرٍ فَشَرِبَتْ وَلَمْ يُرِدْ اَنْ يَسْقِيَهَا كَانَ ذٰلِكَ لَه' حَسَنَاتٍ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّياً وَسِتْرًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِي رِقَابِهَا وَظُهُورِهَا فَهِيَ لَه' كَذٰلِكَ سِتْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَرِيَاءً ونِوَاءً لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ فَهِيَ لَه' وِزْرٌ وَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ فَقَالَ مَا اُنْزِلَ عَلَيَّ فِيهَا اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَه' وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَه'

جاتی ہیں۔اور اگر کبھی وہ اپنی رسی تڑا کر دو چار قدم دوڑ لیتا ہے تو اس کی لید بھی مالک کے لئے باعث اجر و ثواب بن جاتی ہے اور کبھی اگر وہ کسی نہر سے گذرتے ہوئے اس میں سے پانی پی لیتا ہے اگرچہ مالک کے دل میں پہلے سے اسے پلانے کا خیال بھی نہیں تھا، پھر گھوڑے کا پانی پینا اس کے لئے اجر و ثواب بن جاتا ہے۔اور ایک شخص وہ ہے جو گھوڑے کو لوگوں کے سامنے اظہار استغناء، پردہ پوشی اور سوال سے بچے رہنے کی غرض سے پالتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا جو حق اس کی گردن اور اس کی پیٹھ کے ساتھ وابستہ ہے اسے بھی وہ فراموش نہیں کرتا تو یہ گھوڑا اس کی خواہش کے مطابق اس کے لئے ایک پردہ ہوتا ہے اور ایک شخص وہ ہے جو گھوڑے کو فخر اور دکھاوے اور اہل اسلام کی دشمنی میں پالتا ہے تو وہ اس کے لئے وبال جان ہے اور نبی کریم ﷺ سے گدھوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اس جامع اور منفرد آیت کے سوا مجھ پر اس کے بارے میں اور کچھ نازل نہیں ہوا کہ ''جو شخص ایک ذرہ کے برابر بھی نیکی کرے گا تو اس کا بدلہ پائے گا اور جو شخص ایک ذرہ کے برابر بھی برائی کرے گا تو اس کا بدلہ بھی پائے گا۔''

(۸۴۸) حَدَّثَنَا عليُّ بن عبدِاللّٰه حَدَّثَنَا سفيانُ حدثنا ايوبُ عن محمدٍ سمعتُ انسَ بن مالكٍ رضى اللّٰه عنه يقول صَبَّحَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ بكرةً وقد خَرَجُوْا بالمَسَاحِيِ فلمَّا رَاَوْهُ قالوا محمدٌ والخميسُ واَحَالُوْا اِلَى الحِصْنِ يَسْعَوْنَ فَرَفَعَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وقال اللّٰه اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

۸۴۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ خیبر میں صبح تڑکے ہی پہنچ گئے تھے۔ خیبر کے یہودی اس وقت اپنے پھاوڑے لے کر (کھیتوں اور باغات وغیرہ پر) جا رہے تھے کہ انہوں نے آپ ﷺ کو دیکھا اور یہ کہتے ہوئے کہ محمد لشکر لے کر آ گئے قلعہ کی طرف بھاگے۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے اپنے ہاتھ اٹھا کر فرمایا اللہ اکبر! خیبر تو برباد ہوا کہ جب ہم کسی قوم کے میدان میں (جنگ کے لئے) اتر جاتے ہیں تو پھر ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے۔

(۸۴۹) حَدَّثَنِيْ اِبرهيمُ بن المنذر حدثنا ابن ابى الفُدَيْكِ عن ابن ابى ذئب عن الْمَقْبُرِيِّ عن ابى هريرةَ رضى اللّٰه عنه قال قلتُ يارسولَ اللّٰه انّى سمعتُ مِنكَ حديثاً كثيراً فَاَنْسَاهُ قال اُبْسُطْ رِدَاءَكَ فَبَسَطْتُ فَغَرَفَ بِيَدِهِ فِيهِ ثُمَّ قَالَ ضُمَّهُ فَضَمَمْتُه' فَمَا نَسِيتُ حَدِيثًا بَعْدَه'

۸۴۹۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی الفدیک نے حدیث بیان کی، ان سے ابی ذئب نے، ان سے مقبری نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ (ﷺ) میں نے آنحضور ﷺ سے بہت سی احادیث اب تک سنی ہیں لیکن میں انہیں بھول جاتا ہوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اپنی چادر پھیلاؤ، میں نے چادر پھیلا دی اور آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس پر ڈال دیا

اور فرمایا کہ اسے اب سمیٹ لو، چنانچہ میں نے سمیٹ لیا، اور اس کے بعد کبھی کوئی حدیث نہیں بھولا۔

باب ۳۸۲. فضائل اصحاب النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم ومن صحب النبیّ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم اور آہ' من المسلمین فھو من اصحابہ

۳۸۲۔ نبی کریم ﷺ کے اصحاب کی فضیلت ومسلمانوں کے جس فرد نے بھی آنحضور ﷺ کی صحبت اٹھائی ہو یا آپ ﷺ کا دیدار اسے نصیب ہوا ہو وہ آپ ﷺ کا صحابی ہے۔

(۸۵۰) حدّثنا علیُ بن عبداللّٰہ حدثنا سفیانُ عن عمرٍو قال سمعت جابرَ بن عبداللّٰہ رضی اللّٰہ عنہ یقول حدثنا ابوسعید الخدریُ قال قال رسولُ اللّٰہ صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم یاتی علی النّاسِ زمانٌ فیغزُوُفئامٌ من النّاسِ فیقولُون فیکم من صاحبَ رسُولَ اللّٰہِ صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم فیقُولُونَ نعم فیُفتحُ لھُم ثُمّ یاتیْ علی النّاسِ زمانٌ فیغزُوْ فئامٌ من النّاسِ فیُقالُ ھلْ فیکُم منْ صاحبَ اصحابَ رسُول اللّٰہ صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم فیقُولُونَ نعم فیُفتحُ لھُم ثُمّ یاتیْ علی النّاسِ زمانٌ فیغزُو فئامٌ من النّاسِ فیُقالُ ھلْ فیکُم منْ صاحبَ منْ صاحبَ اصحابَ رسُول اللّٰہ صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم فیقُولُونَ نعم فیُفتحُ لھُم

۸۵۰۔ مجھ سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے بیان کیا اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعت غزوہ کرے گی تو لوگ پوچھیں گے کہ کیا تمہارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے کوئی صحابی بھی ہیں؟ جواب ملے گا کہ ہاں ہیں، تو انہیں کے ذریعہ فتح کی دعا کی جائے گی۔ پھر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعت غزوہ کرے گی اور اس موقعہ پر یہ سوال اٹھے گا کہ کیا یہاں کوئی رسول اللہ ﷺ کے صحابی کی صحبت اٹھانے والے (تابعی) موجود ہیں؟ جواب ہوگا کہ ہاں ہیں اور ان کے ذریعہ فتح کی دعا کی جائے گی۔ اس کے بعد ایک زمانہ آئے گا کہ مسلمانوں کی جماعت غزوہ کرے گی اور اس وقت سوال اٹھے گا کہ کیا یہاں کوئی بزرگ ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کے صحبت یافتہ کسی بزرگ کی صحبت میں رہے ہوں۔ جواب ہوگا کہ ہاں ہیں تو ان کے ذریعہ فتح کی دعا مانگی جائے گی۔

(۸۵۱) حدّثنی اسحاقُ حدثنا النضرُ اخبرنا شعبة عن ابی جمرة سمعتُ زھدم بن مضرّب سمعتُ عمرانَ بن حصین رضی اللّٰہ عنھما یقول قال رسولُ اللّٰہ صلّی اللّٰہُ علیہِ وسلّم خیرُ اُمّتیْ قرنیْ ثُمّ الّذین یلُونھُم ثُمّ الّذین یلُونھُم قال عمرانُ فلا ادری اذکَر بعد قرنِہ قرنینِ اوْثلاً ثاً ثُمّ انّ بعدکُم قوْمًا یشھدُون ولایُستشھدُون ویخُونُون ولا یُؤتمنُون وینذُرُون ولایفُون ویظھرُ فیھِمُ السّمنُ

۸۵۱۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے نضر نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں ابوحمزہ نے، انہوں نے زہدم بن مضرب سے سنا، انہوں نے عمران بن حصین رضی اللہ عنہما سے سنا آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میری امت کا سب سے بہترین دور میرا دور ہے، پھر ان لوگوں کا جو اس کے بعد آئیں گے، پھر ان لوگوں کا جو اس کے بعد آئیں گے۔ عمران رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے یاد نہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنے دور کے بعد دو دور کا ذکر کیا یا تین کا۔ پھر آپ نے فرمایا) تمہارے بعد ایک ایسی نسل پیدا ہوگی جو بغیر کہے شہادت دینے کے لئے تیار ہو جایا کرے گی ان میں خیانت اتنی عام ہو جائے گی کہ ان پر کسی قسم کا اعتماد باقی نہیں رہے گا اور نذریں مانیں گے لیکن انہیں پوری نہیں کریں گے، ان میں موٹاپا عام ہو جائے گا (بوجہ طمع دنیا کے)۔

(۸۵۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا سفيانُ عن منصورٍ عن ابراهيم عن عَبيدةَ عن عبدِاللّٰه رَضى اللّٰهُ عنه انَّ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيرُ النَّاسِ قَرنِى ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهم ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُم ثُمَّ يَجِيئُ قَومٌ تَسبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِم يَمِينَه' وَيَمِينُه' شَهَادَتَه' قال ابراهيمُ وكانوا يَضرِبُونَنَا عَلَى الشَّهَادَةِ والعهد ونَحنُ صِغَارٌ

۸۵۲۔ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے عبیدہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بہترین دور میرا دور ہے۔ پھر ان لوگوں کا جو اس کے بعد آئیں گے، پھر ان لوگوں کا جو اس کے بعد آئیں گے۔ اس کے بعد ایک ایسی نسل پیدا ہوگی کہ گواہی (دینے کے لئے جب وہ کھڑے ہوں گے تو اس) سے پہلے قسم ان کی زبان پر آجایا کرے گی اور قسم (کھانا چاہیں گے تو اس سے) پہلے گواہی ان کی زبان پر آجایا کرے گی (جھوٹ کی کثرت کی وجہ سے)۔ ابراہیم نے بیان کیا کہ جب ہم چھوٹے تھے تو شہادت اور عہد (کے الفاظ زبان پر لانے) کی وجہ سے ہمارے بڑے ہمیں مارا کرتے تھے۔

باب ۳۸۳۔ مناقب المهاجرين وفضلِهم منهم ابوبكر عبدُاللّٰه بنُ ابى قحافةَ التيميُّ رَضى اللّٰه عنه وقولِ اللّٰه تَعالىٰ لِلفُقَرآءِ المُهَاجِرِينَ الَّذِينَ اُخرِجُوا مِن دِيَارِهِم وَاَموَالِهِم يَبتَغُونَ فَضلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضوَانًا وَيَنصُرُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَه' اُولٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ وَقَالَ اِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَد نَصَرَهُ اللّٰهُ الى قوله اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا قالتْ عائشة وابوسعيد وابن عباس رضى اللّٰه عنهم وكان ابوبكر مع النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فى الغار

۳۸۳۔مہاجرین کے مناقب و فضائل ابوبکر صدیق یعنی عبداللہ بن ابی قحافہ تیمی رضی اللہ عنہ بھی مہاجرین کی جماعت میں شامل ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ''ان حاجت مند مہاجروں کا یہ (خاص طور پر) حق ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے جدا کر دیئے گئے ہیں، اللہ کے فضل اور رضا مندی کے طلبگار ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔ یہی لوگ تو صادق ہیں'' اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ''اگر تم لوگ ان کی (یعنی رسول کی) مدد نہ کرو گے تو ان کی مدد تو خود اللہ کر چکا ہے'' ارشاد ''ان اللہ معنا'' تک۔

حضرت عائشہ، ابوسعید اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نے بیان کیا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ غار میں تھے (ہجرت کرتے ہوئے۔)

(۸۵۳) حدّثنا عبدُاللّٰه بن رجاءَ حَدَّثَنَا اسرائيلُ عن ابى اسحاقَ عن البراءِ قال اشتَرَى ابوبكرٍ رضى اللّٰه عنه من عازبٍ رَحلًا بثلاثَةَ عَشَرَ دِرهَمًا فَقَال ابوبكر لعازبٍ مُرِالبراء فَليَحمِلُ اِلَىَّ رَحلِىَ فقال عازبٌ لَاحَتّٰى تُحَدِّثَنَا كيف صنعتَ انتَ ورسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ حين خَرَجتُمَا من مكةَ والمُشركون يَطلُبُونَكُم قال اِرتَحلنَا من مكّةَ فَاَحيَينَا اَوسَرَينَا لَيلَتَنَا ويومنَا حتى اَظهَرنَا وَقَامَ قائمُ الظهيرة فرميتُ بِبَصَرِى هَل اَرىٰ من

۸۵۳۔ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (ان کے والد) عازب رضی اللہ عنہ سے ایک کجاوہ تیرہ درہم میں خریدا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عازب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ براء (رضی اللہ عنہ) سے کہئے کہ وہ میرے یہاں یہ کجاوہ اٹھا کر پہنچا دیں۔ اس پر عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک آپ وہ واقعہ نہ بیان کر دیں کہ آپ اور رسول اللہ ﷺ مکہ سے (ہجرت کے ارادہ سے) کس طرح نکلنے میں کامیاب ہوئے تھے جب کہ مشرکین آپ حضرات کو تلاش بھی کر رہے تھے۔

ظُلٍّ فَاَوِیَ اِلَیْهِ فاذا صَخْرَةٌ اَتَیْتُهَا فنظرتُ بَقِیَّةَ ظِلٍّ لها فَسَوَّیْتُه، ثم فرشتُ للنبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فیه ثم قلتُ له اِضْطَجِعْ یانبیَّ اللّٰه فاضْطَجَعَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثم انطلقتُ اَنْظُرُ مَاحَوْلِیْ هل اَرٰی مِنَ الطَّلَبِ احدًا فاذا انا براعِیْ غَنَمٍ یسوق غَنَمَه، الی الصخرةِ یُرِیدُ منها الذی اَرَدْنَا فسالتُه فقلتُ لَه، لِمَنْ انت یاغلامُ قال لِرَجلٍ من قریشٍ سَمَّاه فَعَرَفْتُه، فقلتُ هل فی غنمِک من لبنٍ قال نعم قلتُ فَهَلْ اَنْتَ حالبٌ لبنًا قال نعم فامرتُه فاعْتَقَلَ شاةً من غنمِهٖ ثم امرتُه ان یَنْفُضَ ضَرْعَهَا من الغُبَارِ ثم امرتُها ان ینفُضَ کَفَّیْهِ فقال هٰکذا ضَرَبَ احدی کفّیه بالاخرٰی فَحَلَبَ لِی کُثْبَةً من لبنٍ وقد جعلتُ لرسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِدَاوَةً علی فِمِهَا خرقةٌ فَصَبَبْتُ علی اللبن حتی بَرَدَ اَسْفَلُه، فانطلقتُ به الی النبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فوافقتُه قداسْتَیْقَظَ فقلتُ اِشْرَبْ یارسولَ اللّٰه فشرب حتی رضیتُ ثم قلتُ قَدْ آنَ الرحیلُ یارسولَ اللّٰه قال بلٰی فارْتَحَلْنَا والقومُ یطلبونَنَا فلم یُدْرِکْنَا احدٌ منهم غیر سُرَاقَةَ بن مالک بن جُعْشُمٍ علی فرسٍ له فقلتُ هٰذَا الطَّلَبُ قد لَحِقَنَا یارسولَ اللّٰه فقال لَاتَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا

انہوں نے بیان کیا کہ مکہ سے نکلنے کے بعد ہم رات بھر چلتے رہے اور دن میں بھی سفر جاری رکھا، لیکن جب دو پہر ہوگئی تو میں نے چاروں طرف نظر دوڑائی کہ کہیں کوئی سایہ نظر آ جائے اور ہم اس میں پناہ لے سکیں، آخر ایک چٹان دکھائی دی اور میں نے اس کے قریب پہنچ کر سائے کے طول و عرض کا جائزہ لیا۔ پھر نبی کریم ﷺ کے لئے ایک فرش وہاں میں نے بچھا دیا اور عرض کی، یا رسول اللہ! اب آپ آرام فرمائیں۔ حضور اکرم ﷺ لیٹ گئے۔ پھر چاروں طرف دیکھتا ہوا میں نکلا کہ ممکن ہے کوئی انسان نظر آ جائے۔ اتفاق سے بکریوں کا چرواہا دکھائی دیا جو اپنی بکریاں ہانکتا ہوا اسی چٹان کی طرف بڑھ رہا تھا، جو کام ہم نے اس چٹان سے لیا تھا، ہی اس کا بھی ارادہ ہوگا۔ میں نے بڑھ کر اس سے پوچھا کہ لڑکے! تمہارا تعلق کس قبیلے سے ہے؟ اس نے قریش کے ایک شخص کا نام لیا تو میں نے اسے پہچان لیا پھر میں نے اس سے پوچھا کیا تمہاری بکریوں میں دودھ ہوگا؟ اس نے کہا کہ جی ہاں ہے۔ میں نے کہا، تو کیا تم دودھ دوھ سکتے ہو؟ اس نے کہا کہ ہاں۔ چنانچہ میں نے اس سے کہا اور اس نے اپنے ریوڑ کی ایک بکری باندھ دی، پھر میرے کہنے پر اس نے اس کے تھن کو غبار سے جھاڑا۔ اب میں نے کہا کہ اپنا ہاتھ جھاڑ لو، اس نے یوں اپنا ایک ہاتھ دوسرے پر مارا اور میرے لئے تھوڑا سا دودھ دوہا۔ حضور اکرم ﷺ کے لئے ایک برتن میں نے پہلے ہی سے ساتھ لے لیا تھا، اور اس کے منہ کو کپڑے سے بند کر دیا تھا۔ پھر میں نے دودھ (کے برتن) پر پانی بہایا (ٹھنڈا کرنے کے لئے) اور جب اس کے نیچے کا حصہ ٹھنڈا ہوگیا تو اسے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوا۔ میں جب حاضر خدمت ہوا تو آپ بیدار ہو چکے تھے، میں نے عرض کی، نوش فرمائیے، یا رسول اللہ (ﷺ) آنحضور ﷺ نے نوش فرمایا اور مجھے مسرت حاصل ہوئی۔ پھر میں نے عرض کیا، کوچ کا وقت ہوگیا ہے یا رسول اللہ (ﷺ) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، ہاں ٹھیک ہے۔ چنانچہ ہم آگے بڑھے اور مکہ والے ہماری تلاش میں تھے، لیکن سراقہ بن مالک بن جعشم کے سوا ہمیں کسی نے نہیں پایا، وہ اپنے گھوڑے پر سوار تھا۔ میں نے اسے دیکھتے ہی کہا کہ ہمارا پیچھا کرنے والا ہمارے قریب آ پہنچا، یا رسول اللہ (ﷺ) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا فکر نہ کرو، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

(۸۵۴) حَدَّثَنَا محمدُ بن سنانٍ حدثنا همامٌ عن

۸۵۴۔ ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے

ثابتٍ عن انس عن ابی بکر رضی اللہ عنہ قال قلتُ للنبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وانا فی الغارِ لوان اَحدھم نظر تحتَ قَدمَیہ لَاَبْصَرَنا فقال ماظنُک یااَبَابَکرٍ باثْنَینِ اللّٰہُ ثَالِثُھُمَا

حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے اور ان سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہم غار میں تھے تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ اگر مشرکین کے کسی فرد نے اپنے قدموں کے قریب سے (جھک کر) ہمیں تلاش کیا تو وہ ضرور ہمیں دیکھ لے گا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس پر فرمایا، اے ابوبکر! ان دو۲ کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ تعالیٰ ہے۔

باب ۳۸۴. قولِ النبیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُدُّوا الْاَبْوَابَ اِلَّا بَابَ اَبِی بَکرٍ قالہ ابنُ عباس عن النبیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۳۸۴۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد کہ ابوبکرؓ کے دروازے کو چھوڑ کر (مسجد نبوی کے) تمام دروازے بند کر دو۔ اس کی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے۔

(۸۵۵) حَدَّثَنِی عبدُاللہ بنُ محمدٍ حدثنا ابوعامرٍ حدثنا فُلَیحٌ قَالَ حَدَّثَنِی سالمٌ ابوالنضر عن بسرِ بن سعید عن ابی سعید الخدری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَطَبَ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الناسَ وَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ خَیَّرَ عَبْدًا بَینَ الدُّنیا وَبَینَ مَاعِنْدَہ، فَاخْتَارَ ذٰلِکَ الْعَبْدُمَا عِنْدَ اللّٰہِ قال فبکی ابوبکرٍ فَعَجِبنَا لبکائِہٖ ان یُخبرَ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عن عبدٍ خُیِّرَ فکان رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھوالْمُخَیَّرَ وکان ابوبکرٍ اَعْلَمَنَا فقال رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَمَنِّ النَّاسِ عَلَیَّ فِی صُحْبتِہٖ وَمَالِہٖ اَبَابَکْرٍ وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلًا غَیرَ رَبِّی لَاتَّخَذْتُ اَبَابَکْرٍ وَلٰکِنْ اُخُوَّۃُ الْاِسْلَامِ وَمَوَدَّتُہ، لَایُبْقَیَنَّ فِی الْمَسْجِدِ بَابٌ اِلَّا سُدَّ اِلَّا بَابُ اَبِی بَکْرٍ

۸۵۵۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عامر نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سالم ابوالنضر نے حدیث بیان کی، ان سے بسر بن سعید نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو دنیا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے ان دونوں میں سے کسی ایک کا اختیار دیا تو اس بندے نے اسے اختیار کر لیا جو اللہ کے پاس تھا، انہوں نے بیان کیا کہ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے۔ ہمیں ان کی اس گریہ زاری پر حیرت ہوئی کہ حضور اکرم ﷺ تو کسی بندے کے متعلق خبر دے رہے ہیں جسے اختیار دیا گیا تھا۔ لیکن بات یہ تھی کہ حضور اکرم ﷺ ہی وہ تھے جنہیں اختیار دیا گیا تھا اور ابوبکرؓ ہم میں سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔ آنحضور ﷺ نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ اپنی صحبت اور مال کے ذریعہ مجھ پر ابوبکرؓ کا سب سے زیادہ احسان ہے اور اگر میں اپنے رب کے سوا خلیل بنا سکتا تو ابوبکرؓ کو بناتا۔ لیکن اسلام کی اخوت اور مؤدت کافی ہے۔ مسجد کے تمام دروازے جو صحابہ کے گھروں کی طرف کھلتے تھے) بند کر دیئے جائیں، سوا ابوبکر کی طرف کے دروازے کے۔

باب ۳۸۵. فَضْلِ اَبِی بَکرٍ بعد النبیّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۳۸۵۔ نبی کریم ﷺ کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت۔

(۸۵۶) حَدَّثَنَا عبدُالعزیز بنُ عبدِاللہ حدثنا سلیمانُ عن یحییَ بن سعید عن نافع عن ابن عمرَ رضی اللہ عنھما قال کُنَّا نُخَیَّرُ بینَ الناسِ فِی زَمَنِ

۸۵۶۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد

النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُخَيِّرُ اَبَابكر ثم عمرَ بن الخطاب ثم عثمان بن عفان رضي الله عنهم

میں جب ہمیں صحابہ کے درمیان انتخاب کے لئے کہا جاتا تو سب میں منتخب اور ممتاز ہم ابوبکر رضی اللہ عنہ کو قرار دیتے۔ پھر عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، کو پھر عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو۔

باب ۳۸۶۔ قول النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذً اخَلِيْلًا قاله اَبُو سَعِيْد

۳۸۶۔ نبی کریم ﷺ کا ارشادگرامی کہ اگر میں کسی کو خلیل بنا سکتا۔ اس کی روایت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کی ہے۔

(۸۵۷) حَدَّثَنَا مسلمُ بنُ ابراهيمَ حدثنا وهيبٌ حدثنا ايوب عن عكرمةَ عن ابن عباسٍ رضي الله عنهما عن النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لَوْكُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ اُمَّتِيْ خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَابَكْرٍ وَلٰكِنْ اَخِيْ وَصَاحِبِيْ حَدَّثَنَا معلّٰى بنُ اسد وموسٰى قالا حدثنا وهيب عن ايوب وقال لَوْكُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُه' خَلِيْلًا وَّلٰكِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ حَدَّثَنَا قتيبةُ حدثنا عبدالوهاب عن ايوب مثله

۸۵۷۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اگر اپنی امت کے کسی فرد کو میں خلیل بنا سکتا تو ابوبکر کو بناتا، لیکن وہ میرے بھائی اور میرے ساتھی ہیں۔ ہم سے معلّٰی بن اسد اور موسیٰ نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ ہم سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے (اس روایت میں یوں ہے) کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا اگر میں کسی کو خلیل بنا سکتا تو ابوبکر کو بناتا لیکن اسلام کی اخوت سب سے بہتر ہے۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی اور ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، سابق کی طرح۔

(۸۵۸) حَدَّثَنَا سليمانُ بن حرب اخبرنا حمادُ بن زيد عن ايوبَ عن عبدِالله بن ابى مليكة قال كَتَبَ اهلُ الكوفَةِ الى ابْنِ الزبيرِ فِي الجَدِّ فَقَالَ اَمَّا الَّذِيْ قال رسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكُنْتُ مُتَّخِذًا مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُه' اَنْزَلَه' اَبًا يَعْنِي اَبَابَكْرٍ

۸۵۸۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، انہیں حماد بن زید نے خبر دی، انہیں ایوب نے، ان سے عبداللہ بن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ کوفہ والوں نے ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے دادا (کی میراث کے سلسلے میں) استفتاء کیا تو آپ نے انہیں جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا، اگر اس امت میں کسی کو میں اپنا خلیل بنا سکتا تو ابوبکرؓ کو بناتا اور انہوں نے دادا کو باپ کے درجے میں قرار دیا تھا۔ آپ کی مراد ابوبکر رضی اللہ عنہ سے تھی۔

باب - ۳۸۷

باب ۳۸۷۔

(۸۵۹) حَدَّثَنَا الحميديُّ ومحمدُ بن عبدالله قالا حدثنا ابراهيمُ بن سعد عن ابيه عن محمد بن جبير بن مطعم عن ابيه قال اَتَتِ امْرَاَةٌ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا ان تَرْجِعَ اليه قالتْ ارايتَ ان جِئْتُ ولم اَجِدْكَ كانَّهَا تَقُوْلُ الموت قال عليه السَّلام اِنْ لَمْ تجديني فَأْتِي اَبَابَكْرٍ

۸۵۹۔ ہم سے حمیدی اور محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے محمد بن جبیر بن مطعم نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ ایک خاتون نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ نے ان سے دوبارہ آنے کے لئے فرمایا۔ انہوں نے کہا، لیکن اگر میں نے آپ کو نہ پایا پھر آپ کا کیا خیال ہے؟ غالباً وہ وفات کی طرف اشارہ کر رہی تھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اگر تم مجھے نہ پا سکیں تو ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کے

پاس چلی جانا۔

(۸۶۰) حَدَّثَنَا احمدُ بنُ ابی الطیب حَدَّثَنَا اسماعیلُ ابنُ مجالدٍ حَدَّثَنَا بیانُ بن بشر عن وبرة بن عبدالرحمٰن عن همام قال سمعتُ عمارًا یقول رأیتُ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وما معه الاخمسةُ اَعْبُدٍ وامرأتان وابوبکر

۸۶۰۔ہم سے احمد بن ابی طیب نے حدیث بیان کی۔ان سے اسماعیل بن مجالد نے حدیث بیان کی۔ان سے بیان بن بشر نے حدیث بیان کی،ان سے وبرہ بن عبدالرحمٰن نے،ان سے ہمام نے بیان کیا کہ میں نے عمار رضی اللہ عنہ سے سنا،آپ بیان کرتے تھے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس وقت دیکھا تھا۔جب آپ کے ساتھ (اسلام لانے والوں میں پانچ غلام،دو(۲)عورتوں اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہم کے سو اور کوئی نہ تھا۔

(۸۶۱) حَدَّثَنِی هشامُ بنُ عمارٍ حدثنا صدقةُ بن خالد حدثنا زیدُ بن واقد عن بسر بن عبیداللّٰه عن عَآئذِاللّٰهِ ابی ادریس عن ابی الد رداء رضی اللّٰه عنه قال کنتُ جَالسًا عندالنبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِذْاَقْبَلَ ابوبکرٍ آخِذًا بِطَرَفِ ثوبه حتی اَبْدٰی عن رکبتهفقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا صَاحِبُکُمْ فقد غَامَرَ فَسلَّم وقال انی کَانَ بینی وبین ابن الخطاب شَیٌّ فَاَسْرَعْتُ الیه ثم قدمتُ فسالتُه اَنْ یَغْفِرَ لِیْ فَاَبٰی عَلیَّ فاقبلتُ الیک فقال یَغْفِرُ اللّٰه لَکَ یَااَبَابَکْرٍ ثَلاثًا ثُمَّ ان عمرَ نَدِمَ فَاَتٰی منزلَ ابی بکرٍ فسأل اَثَمَّ ابو بکرٍ فقالوا لافَاَتٰی الی النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فسلّم فجعل وجهُ النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم یَتَمَعَّرُ حتی اَشْفَقَ ابوبکرٍ فحثا علی رُکْبَتَیْهِ فقال یارسولَ اللّٰه واللّٰهِ اَنَا کُنْتُ اَظْلَمَ مرتین فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِنَّ اللّٰه بَعَثَنِیْ اِلَیْکُمْ فَقُلْتُمْ کَذَبْتَ وَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ صَدَقَ وَوَاسَانِیْ بِنَفْسِهٖ وَمَاله فَهَلْ اَنْتُمْ تَارِکُوْلِیْ صَاحِبِیْ مرتین فما اُوْذِیَ بعدها

۸۶۱۔مجھ سے ہشام بن عمارہ نے حدیث بیان کی،ان سے صدقہ بن خالد نے حدیث بیان کی،ان سے زید بن واقد نے حدیث بیان کی،ان سے بسر بن عبید اللہ نے،ان سے عائذ اللہ ابوادریس نے اور ان سے ابودرداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں بھی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنے کپڑے کا کنارہ پکڑے ہوئے آئے،(کپڑا انہوں نے اس طرح پکڑ رکھا تھا کہ) اس سے گھٹنا کھل گیا تھا۔حضور اکرم ﷺ نے یہ حالت دیکھ کر فرمایا،معلوم ہوتا ہے تمہارے دوست کسی سے لڑ آئے ہیں۔پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حاضر ہو کر سلام کیا اور عرض کی یارسول اللہ(ﷺ) میرے اور ابن خطاب کے درمیان کچھ بات ہوگئی تھی اور اس سلسلے میں،میں نے جلد بازی سے کام لیا،لیکن بعد میں مجھے ندامت ہوئی تو میں نے ان سے معافی چاہی،اب وہ مجھے معاف کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔اسی لئے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔اے ابوبکر! تمہیں اللہ معاف کرے،تین مرتبہ یہ جملہ ارشاد فرمایا۔آخر عمر رضی اللہ عنہ کو بھی ندامت ہوئی اور وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچے اور پوچھا،یہاں ابوبکر موجود ہیں؟ معلوم ہوا کہ موجود نہیں ہیں تو آپ بھی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام کیا۔حضور اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک متغیر ہوگیا (ناگواری کی وجہ سے) اور ابوبکر رضی اللہ عنہ ڈر گئے اور گھٹنوں کے بل بیٹھ کر عرض کرنے لگے،یارسول اللہ(ﷺ) خدا گواہ ہے زیادتی میری طرف سے تھی،دو مرتبہ یہ جملہ کہا آنحضور ﷺ نے فرمایا،اللہ نے مجھے تمہاری طرف مبعوث کیا تھا،اور تم لوگوں نے کہا تھا کہ تم جھوٹ بولتے ہو،لیکن ابوبکرؓ نے کہا تھا کہ میں سچا ہوں اور اپنی جان اور مال کے

ذریعہ انہوں نے میری مدد کی تھی تو کیا تم لوگ میرے ساتھی کو مجھ سے الگ کر دو گے۔ دو مرتبہ آنحضور ﷺ نے یہ جملہ فرمایا اور اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کبھی کسی نے تکلیف نہیں پہنچائی۔

(۸۶۲) حَدَّثَنَا مَعَلَّی بن اسدٍ حدثنا عبدُالعزیز بن المختارِ قال خالدُالحذاءُ حَدَّثَنَا عن ابی عثمان قال حدثنی عمرُو بن العاص رضی اللّٰہ عنہ اَن النبیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعَثَہ' علی جیشِ ذاتِ السلاسلِ فقلتُ اَیُّ النَّاسِ احبُّ اِلَیْکَ قال عائِشَةُ فقلتُ مِنَ الرجالِ فقال ابوھا قلتُ ثم مَنْ قال عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَعَدَّ رجالًا

۸۶۲۔ ہم سے معلّی بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن مختار نے حدیث بیان کی کہ خالد حذاء نے ہم سے ابوعثمان کے واسطہ سے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں غزوہ ذات السلاسل کے لئے بھیجا، عمرو رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ) پھر میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ سب سے زیادہ محبت آپ کو کس شخص سے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ عائشہ سے۔ میں نے پوچھا، اور مردوں میں؟ فرمایا اس کے والد سے۔ میں نے پوچھا اس کے بعد فرمایا کہ عمر بن خطاب سے۔ اس طرح آپ ﷺ نے کئی اشخاص کے نام لئے۔

(۸۶۳) حَدَّثَنَا ابوالیمان اخبرنا شعیب عن الزھری قال اخبرنی ابوسلمةَ بن عبدالرحمٰن اَن اباھریرةَ رضی اللّٰہ عنہ قال سمعتُ رسولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یقول بَیْنَمَا رَاعٍ فِیْ غَنَمِہٖ عَدَا عَلَیْہِ الذِّئْبُ فَاَخَذَ مِنْھَا شَاةً فَطَلَبَہُ الرَّاعِیُ فَالْتَفَتَ اِلَیْہِ الذِّئْبُ فَقَالَ مَنْ لَھَا یَوْمَ السَّبُعِ یَوْمَ لَیْسَ لَھَا رَاعٍ غَیْرِیْ وَبَیْنَا رَجُلٌ یَسُوْقُ بَقَرَةً قَدْ حمل عَلَیْھَا فَالْتَفَتَتْ اِلَیْہِ فَکَلَّمَتْہُ فَقَالَتْ اِنِّی لَمْ اُخْلَقْ لِھٰذَا وَ لٰکِنِّی خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ قَالَ النَّاسُ سُبْحَانَ اللّٰہ قال النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنِّی اُوْمِنُ بِذٰلِکَ وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا

۸۶۳۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ ایک چرواہا اپنی بکریاں چرا رہا تھا کہ بھیڑیا آ گیا اور ریوڑ سے ایک بکری اٹھا کر لے جانے لگا۔ چرواہے نے اس سے بکری چھڑانی چاہی تو بھیڑیا بول پڑا۔ یوم السبع میں اس کی رکھوالی کرنے والا کون ہوگا، جس دن میرے سوا اور کوئی اس کا چرواہا نہ ہوگا؟ اسی طرح ایک شخص بیل لئے جا رہا تھا اس پر سوار ہو کر، بیل اس کی طرف متوجہ ہو کر گویا ہوا اور کہا کہ میری تخلیق اس کے لئے نہیں ہوئی ہے، میں تو کھیتی باڑی کے کاموں کے لئے پیدا کیا گیا ہوں۔ وہ شخص بول پڑا، سبحان اللہ! (جانور، اور انسانوں کی طرح باتیں کرتا ہے!) حضور اکرم ﷺ نے پھر فرمایا کہ میں ان واقعات پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکر اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہما بھی۔

(۸۶۴) حَدَّثَنَا عبدانُ اخبرنا عبدُاللّٰہ عن یونسَ عن الزھریِ قال اخبرنی ابنُ المسیب سمعَ اباھریرة رضی اللّٰہ عنہ قال سمعتُ النبیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بَیْنَا اَنَا نَائِمٌ رَاَیْتُنِیْ عَلٰی قَلِیْبٍ عَلَیْھَا دَلْوٌ فَنَزَعْتُ مِنْھَا مَاشَآءَ اللّٰہُ ثُمَّ اَخَذَھَا

۸۶۴۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابن المسیب نے خبر دی اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ میں سو رہا تھا کہ خواب میں، میں نے خود کو ایک کنوئیں پر دیکھا، اس پر ایک ڈول تھا، اللہ تعالیٰ نے جتنا

ابنُ ابی قُحافۃَ فنزَ عَ بھا ذَنُوبًا اَوْ ذَنُوبَینِ وَفِی نَزْعِہٖ ضَعفٌ وَاللّٰہُ یَغفِرُ لَہٗ ضَعفَہٗ ثُمَّ اِستَحالَتْ غَربًا فَاَخَذَھا ابن الخطّاب فَلَمْ اَرَعَبقَرِیًّا مِنَ النَّاسِ یَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ حَتّٰی ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ

چاہا میں نے اس سے پانی کھینچا۔ پھر اسے ابن ابی قحافہ (ابوبکر رضی اللہ عنہ) نے لے لیا اور انہوں نے ایک یا دو ۲ ڈول کھینچے، ان کے کھینچنے میں کچھ کمزوری محسوس ہوئی اور اللہ ان کی اس کمزوری کو معاف کرے۔ پھر اس ڈول نے ایک بہت بڑے ڈول کی صورت اختیار کر لی اور اسے ابن خطاب نے اپنے ہاتھ میں لے لیا میں نے اتنا قوی اور باہمت انسان نہیں دیکھا جو عمرؓ کی طرح ڈول کھینچ سکتا ہو، یہ حال تھا کہ لوگوں نے اونٹوں کے پانی پینے کی جگہوں کو بھر لیا تھا۔

(۷۶۵) حَدَّثَنَا محمدُ بن مقاتلٍ اخبرنا عبداللّٰہ اخبرنا موسی بن عقبۃَ عن سالمِ بن عبداللّٰہ عن عبدِاللّٰہ بن عمرَ رضی اللّٰہُ عنھما قال قال رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ من جَرَّثَوْبَہٗ خُیَلاءَ لَمْ یَنظُرِ اللّٰہُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیامَۃِ فَقَالَ ابوبکر اِنَّ اَحَدَ شِقَّیْ ثَوْبِی یَسْتَرْخِیْ اِلا ان اَتَعَاھَدَ ذلک منہ فقال رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکَ لَسْتَ تَصْنَعُ ذٰلِکَ خُیَلاءَ قَالَ موسٰی فقلت لِسالمٍ اذکر عبدُاللّٰہ مَنْ جَرَّ اِزَارَہٗ قال لَمْ اسمعہ ذکر الاثوبَہٗ

۸۶۵۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں موسیٰ بن عقبہ نے خبر دی، انہیں سالم بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اپنا کپڑا (پاجامہ یا تہبند وغیرہ) کبر و غرور کی وجہ سے زمین پر گھسیٹتا چلے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف دیکھیں گے بھی نہیں۔ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میرے کپڑے کا ایک حصہ لٹک جایا کرتا ہے البتہ اگر میں پوری طرح نگہداشت رکھوں (تو اس سے بچنا ممکن ہوگا) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ آپ ایسا تکبر کے طور پر نہیں کرتے (اس لئے آپ اس حکم کے تحت داخل نہیں ہیں) موسیٰ نے بیان کیا کہ میں نے سالم سے پوچھا، کیا عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا کہ جو اپنے تہبند کو گھسیٹتے ہوئے چلا تو انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ان سے کپڑے ہی کے متعلق سنا تھا (تہبند وغیرہ کی تخصیص کے ساتھ نہیں سنا تھا۔)

(۸۶۶) حَدَّثَنَا ابوالیمان حدثنا شعیبٌ عن الزھری قال اخبرنی حمید بن عبدالرحمن بن عوف اَن اباھریرۃَ قال سمعتُ رسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یقول مَنْ انفَقَ زَوْجَیْنِ مِنْ شَیْءٍ مِنَ الْاَشیَاءِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہ دُعِیَ مِنْ اَبْوَابِ یَعْنِی الْجَنَّۃَ یَاعَبْدَاللّٰہِ ھٰذَا خَیْرٌ فَمَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الصَّلٰوۃِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّلٰوۃِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الْجِھَادِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الجِھَادِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الصَّدَقَۃِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَۃِ وَمَنْ کَانَ مِنْ اَھْلِ الصِّیَامِ دُعِیَ مِنْ بَابِ الصِّیَامِ وَبَابِ الرَّیَّانِ فَقَالَ

۸۶۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی ان سے شعیب نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے بیان کیا۔ کہا کہ مجھے حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ جس نے اللہ کے راستے میں کسی چیز کا ایک جوڑا خرچ کیا تو اسے جنت کے دروازوں سے بلایا جائے گا کہ اے اللہ کے بندے! یہ دروازہ بہتر ہے پس جو شخص اہل نماز میں سے ہوگا اسے نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا جو شخص اہل جہاد میں سے ہوگا اسے جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا، جو شخص اہل صدقہ میں سے ہوگا اسے صدقہ کے دروازے سے بلایا جائے گا اور جو شخص اہل صیام (روزہ) میں سے ہوگا، اسے صیام اور ریان وسیرابی کے

اَبُوبکرٍ ماعلی هٰذَ الَّذِیْ یُدْعٰی من تلکَ الابواب من ضرورةٍ وقال هَلْ یُدْعٰی منها کلِها احدٌ یارسول اللّٰه قال نعم وَاَرْجُوْا اَنْ تَکُوْنَ مِنْهُمْ یااَبَابکْرٍ

دروازے سے بلایا جائے گا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی جس شخص کو ان تمام ہی دروازوں سے بلایا جائے گا پھر تو اسے کسی قسم کا خوف واندیشہ باقی نہیں رہے گا۔ اور پوچھا، کیا کوئی شخص ایسا بھی ہوگا جسے ان تمام دروازوں سے بلایا جائے۔ یارسول اللہ (ﷺ)! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں اور مجھے توقع ہے کہ آپ بھی انہیں میں سے ہوں گے اے ابوبکر!

(۸۶۷) حَدَّثَنَا اسماعیلُ بنُ عبدِاللّٰه حدثنا سلیمانُ بن بلا ل عن هشام بن عروةَ عن عروة بن الزبیر عن عائشةَ رضی اللّٰه عنها زَوْجِ النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَن رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ وابوبکرٍ بالسُّنْحِ قال اسماعیل یعنی بالعالیة فقام عمرُ یقول واللّٰه مَامَاتَ رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قالتْ وقال عمرُو اللّٰهِ ماکان یَقَعُ فی نفسی اِلَّا ذَاکَ وَلَیَبْعَثَنَّهٗ اللّٰه فَلَیُقَطِّعَنَّ اَیْدِیْ رجالٍ وارجُلَهم فَجَاءَ ابوبکرٍ فَکَشَفَ عن رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَّلَهٗ قال بابی اَنْتَ واُمِّیْ طِبْتَ حیًّا وَمَیْتًا والَّذِیْ نفسی بِیَدِهٖ لَایُذِیْقُکَ اللّٰه الموتتین ابدًا ثم خرج فقال ایها الحالفُ علی رِسْلِکَ فلما تَکَلَّمَ ابوبکرٍ جَلَسَ عمرُ فحمداللّٰه ابوبکرٍ وَاَثْنٰی علیه وقال اَلاَ من کان یعبدُ محمدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ مُحَمَّدًا قدمات ومن کان یَعْبُدُاللّٰه فان اللّٰه حیٌّ لَایَمُوْتُ وقال اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّ اِنَّهُمْ مَیِّتُوْنَ وقال وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْقُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓی اَعْقَابِکُمْ وَمَنْ یَّنْقَلِبْ عَلٰی عَقِبَیْهِ فَلَنْ یَّضُرَّ اللّٰهَ شَیْئًا وَسَیَجْزِی اللّٰهُ الشَّاکِرِیْنَ قال فَنَشَجَ النَّاسُ یبکون قال واجْتَمَعَتِ الانصارُ الی سعدِ ابنِ عُبَادَةَ فِیْ سَقِیْفَةِ بنی ساعدةَ فقالوا مِنَّا امیرٌ ومنکم امیرٌ فَذَهَبَ الیهم ابوبکرٍ وعمرُ بنُ الخطاب وابوعبیدةَ بْنُ الجراحِ فذهب عمرُ یَتَکَلَّمُ

۸۶۷۔ مجھ سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی۔ ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ حضور اکرم ﷺ کی جب وفات ہوئی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ اس وقت مقام سخ میں تھے۔ اسماعیل نے کہا کہ آپ کی مراد مدینہ کے بالائی علاقہ سے تھی۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ اٹھ کر یہ کہنے لگے کہ خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ کی وفات نہیں ہوئی ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا دل اس کے سوا کسی اور بات کے لئے تیار نہیں تھا اور یہ کہ اللہ تعالیٰ آنحضور ﷺ کو مبعوث فرمائیں گے اور آپ ﷺ ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیں گے (جو آپ کی موت کی باتیں کرتے ہیں۔) اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے! اور حضور اکرم ﷺ کی نعش مبارک کو کھول کر بوسہ دیا اور کہا، میرے باپ اور ماں آپ پر فدا ہوں، آپ زندگی میں بھی پاکیزہ تھے اور وفات کے بعد بھی، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، اللہ تعالیٰ آپ پر دو مرتبہ موات ہرگز طاری نہیں کرے گا۔ اس کے بعد آپ باہر تشریف لائے اور کہا کہ اے قسم کھانے والے! خطاب، عمر رضی اللہ عنہ سے تھا، جو قسم کھا کھا کر کہہ رہے تھے کہ حضور اکرم ﷺ کی وفات نہیں ہوئی ہے) عجلت نہ کیجئے۔ پھر جب ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گفتگو شروع کی تو عمر رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پہلے اللہ کی حمد وثناء کی اور پھر فرمایا (ہاں) اگر کوئی محمد (ﷺ) کی عبادت کرتا تھا تو اسے معلوم ہونا چاہئے کہ محمد ﷺ کی وفات ہو چکی ہے اور جو شخص اللہ کی عبادت کرتا تھا تو اللہ ہی ہے اس پر موت کبھی طاری نہیں ہوگی اور اللہ تعالیٰ نے خود (حضور اکرم ﷺ کو خطاب کر کے) فرمایا تھا کہ آپ پر بھی موت طاری ہوگی اور انہیں بھی موت کا سامنا کرنا ہوگا، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا۔ کہ محمد ﷺ صرف رسول ہیں، اس سے پہلے بھی بہت سے رسول گذر چکے ہیں، پس

فَاسْكَتَه' ابوبكرٍ وكان عمرُ يقولُ واللّٰه ماارَدتُ بِذٰلِكَ اِلَّا اَنِّيْ قَدْهَيَّأْتُ كَلَامًا قد اعجبني خشِيتُ ان لايَبْلُغَه ابوبكرٍ ثم تكلَّم ابوبكرٍ فتكلَّم اَبْلَغَ النّاسِ فقال في كلامِهِ نحنُ الامراءُ وانتم الوزراءُ فقال حُبابُ بن المنذرِ لاواللّٰهِ لانَفْعَلُ مِنَّا اميرٌ ومنكم اميرٌ فقال ابوبكرٍ لاولكنا الامراءُ وانتم الوزراء هم اوسط الْعَرَبِ دارًا واعْرَبُهم اَحْسَابًا فَبَايِعُوْا عُمَرَ اَوْاَبَاعُبَيْدَةَ فقال عمرُ بل نُبَايِعُكَ اَنْتَ فَاَنت سيدُنا وخيرُنا وَاَحَبُّنَا الى رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاخذ عمرُ بيدِهٖ فَبَايعه وبايعه النّاسُ فقال قَائِلٌ قَتَلْتُمْ سعدَ بنَ عبادةَ فقال عمرُ قَتَلَهُ اللّٰه' وقال عبدُاللّٰه بن سالم عن الزبيدي قال عبدالرحمٰن بن القاسم اخبرني القاسم ان عائشةَ رضي اللّٰه عنها قالتْ شَخَصَ بصرُالنبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قال في الرَّفِيْقِ الاعلٰى ثَلاثًا وَقَصَّ الحديثَ قالتْ فما كانت من خُطْبَتِهِمَا من خطبةِ الانفع اللّٰهُ بها لقد خَوَّفَ عمرُ النّاسَ وان فيهم لنفاقًا فَرَدَّهُمُ اللّٰهُ بذٰلك ثم لقد بَصَّرَ ابوبكرٍ النّاسَ الهُدٰى وعَرَّفهم الحقَ الذي عليهم وَخَرَجُوْا به يَتْلُوْنَ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ الى الشاكرين

کیا اگر ان کی وفات ہو جائے (یا انہیں شہید کر دیا جائے تو تم ارتداد اختیار کرلو گے اور جو شخص ارتداد اختیار کرے گا تو اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اللہ عنقریب شکر گذار بندوں کو بدلہ دینے والا ہے" بیان کیا یہ سن کر لوگ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے۔ بیان کیا کہ انصار سقیفۂ بنی ساعدہ میں سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس جمع ہو گئے تھے اور کہنے لگے تھے کہ ایک امیر ہم میں سے ہوگا اور ایک امیر تم (مہاجرین) میں سے ہوگا۔ پھر ابوبکر عمر بن الخطاب اور ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہم ان کی مجلس میں پہنچے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے گفتگو کی ابتداء کرنی چاہی لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے خاموش رہنے کے لئے کہا۔ عمر رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ خدا گواہ ہے میں نے ایسا صرف اس وجہ سے کیا تھا کہ میں نے پہلے سے ہی ایک تقریر تیار کر لی تھی جو مجھے بہت پسند آئی تھی، پھر بھی مجھے ڈر تھا کہ ابوبکرؓ کی برابری اس سے بھی نہیں ہو سکے گی۔ آخر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے گفتگو شروع کی، انتہائی بلاغت کے ساتھ، انہوں نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ ہم (قریش) امراء ہیں اور تم (جماعت انصار) وزراء ہو۔ اس پر حباب بن منذر رضی اللہ عنہ بولے کہ نہیں، خدا گواہ ہے، ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے، ایک امیر ہم میں سے ہوگا اور ایک تم میں سے، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پھر فرمایا کہ نہیں ہم امراء ہیں اور تم وزراء ہو (حدیث کی رو سے)۔ قریش گھرانے کے اعتبار سے بھی سب سے بہتر شمار کئے جاتے ہیں اور اپنے عادات واخلاق میں عربیت کی بہت سے زیادہ نمائندگی کرتے ہیں۔ اس لئے عمر یا ابوعبیدہ کے ہاتھ پر بیعت کر لو۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، نہیں، ہم آپ سے ہی بیعت کریں گے آپ ہمارے سردار ہیں۔ ہم میں سب سے بہتر ہیں اور رسول اللہ ﷺ کی جناب میں ہم سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا ہاتھ پکڑ لیا اور ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ پھر سب لوگوں نے بیعت کی۔ اتنے میں کسی کی آواز آئی کہ بیعت عبادہ رضی اللہ عنہ کو تم لوگوں نے نظر انداز اور بے وقعت کر دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے نظر انداز کیا ہے (یعنی اللہ کے حکم سے وہ خلافت کے مستحق نہیں ہیں) اور عبداللہ بن سالم نے زبیدی کے واسطہ سے بیان کیا کہ عبدالرحمٰن بن قاسم نے بیان کیا انہیں قاسم نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی نگاہ مبارک اٹھی (وفات سے پہلے) اور

آپ ﷺ نے فرمایا کہ (اے اللہ، مجھے) رفیق اعلیٰ میں ،اخل کیجئے۔آپ نے یہ جملہ تین مرتبہ فرمایا۔اور پوری حدیث بیان کی ۔عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما، دونوں ہی کے خطبوں سے نفع پہنچا (عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو دھمکایا) کیونکہ ان میں بعض منافق بھی تھے، اس لئے انہیں اللہ تعالیٰ نے اس طرح باز رکھا (غلط افواہیں پھیلانے سے) اور (بعد میں) ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو صحیح راستہ دکھایا اور انہیں بتایا کہ جو کچھ ان کے علم میں آچکا ہے وہی صحیح ہے اور یہی وجہ تھی کہ جب لوگ باہر آئے تو یہ آیت تلاوت کرر ہے تھے ”محمد ﷺ ایک رسول ہیں اور ان سے پہلے بھی رسول گذر چکے ہیں۔“ ”الشاکرین تک۔“

(۸۶۸) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا سفيانُ حدثنا جامعُ ابن ابى راشد حدثنا ابوعلى عن محمدِ بن الحنفية قال قلتُ لابى اَىُّ النَّاسِ خَيْرٌ بعدَ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال ابوبكرٍ قلتُ ثم مَنْ قال ثم عُمَرُ وخشيت ان يقولَ عثمانُ قلتُ ثم اَنْتَ قال ماانا الارجلٌ من المُسْلِمِيْنَ

۸۶۸۔ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی ،انہیں سفیان نے خبر دی، ان سے جامع بن ابی راشد نے حدیث بیان کی، ان سے ابویعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن حنفیہ نے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد (علی رضی اللہ عنہ) سے پوچھا، رسول اللہ ﷺ کے بعد سب سے افضل صحابی کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ ابوبکرؓ۔ میں نے پوچھا اس کے بعد؟ انہوں نے فرمایا کہ اس کے بعد عمرؓ مجھے اس کا اندیشہ تھا کہ (اگر پھر میں نے اتنا پوچھا کہ اس کے بعد؟ تو) کہہ دیں گے کہ عثمانؓ، اس لئے میں نے عرض کی۔اس کے بعد آپ کا درجہ ہے؟ فرمایا کہ میں تو صرف مسلمانوں کی جماعت کا ایک فرد ہوں۔

(۸۶۹) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ عن مالكٍ عن عبدالرحمٰن بن القاسم عن ابيه عن عائشةَ رضى اللّٰه عنها قالتْ خَرَجْنَا مع رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فى بعض اَسْفَارِه حتى اذا كنا بالبَيْدَاءِ اوبذاتِ الجيشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لى فَاَقَامَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على الْتِمَاسِهٖ اقام الناسُ معه وليسوا على ماءٍ وليس معهم ماءٌ فَاَتَى النَّاسُ ابابكرٍ فقالوا الا تَرَى ماصنعتْ عائشةُ اقامتْ برسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وبالناسِ معهٗ ولَيْسُوا على ماءٍ وليس معهم ماءٌ فجاءَ ابوبكرٍ ورسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعٌ راسَه على فَخِذِىْ قد نامَ فقال حَبَسْتِ رسولَ اللّٰه صَلَّى

۸۶۹۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے۔جب ہم مقام بیداء یا مقام ذات الجیش پر پہنچے تو میرا ایک ہار گم ہوگیا۔اس لئے حضور اکرم ﷺ اس کی تلاش کے لئے وہاں ٹھہر گئے اور صحابہؓ بھی آپ ﷺ کے ساتھ ٹھہرے لیکن یہ اس جگہ پانی کا نام ونشان تھا اور نہ ان کے ساتھ پانی تھا۔لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ اور کہنے لگے کہ آپ ملاحظہ نہیں فرماتے۔عائشہؓ نے کیا کر رکھا ہے حضور اکرم ﷺ کو یہیں روک لیا۔اتنے صحابہ آپ کے ساتھ ہیں، نہ تو یہاں پانی کا نام ونشان ہے اور نہ لوگ اپنے ساتھ لئے ہوئے ہیں اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ لے آئے۔رسول اللہ ﷺ اس وقت سر مبارک میری رانوں پر رکھے ہوئے سور ہے تھے وہ کہنے لگے تمہاری وجہ سے آنحضور

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والناسَ وليسُوْا على ماءٍ وليس معهم ماءٌ قالتْ فعَاتَبَنِىْ وقال ماشاءَ اللّٰهُ ان يقولَ وجعل يَطْعَنُنِىْ بيدهٖ فى خاصِرتِىْ فلا يَمْنَعُنِىْ من التَّحَرُّكِ الا مكانُ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على فَخِذِىْ فَنَامَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حتى اَصْبَحَ على غيرِمَاءٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰية التَيَمُّمِ فَتَيَمَّمُوْا فقال اُسَيْدُ بنُ الحضيرِ ماهى باول بركتكم ياٰلَ ابى بكر فقالتْ عائشةُ فَبَعَثْنَا البعيرَ الَّذِىْ كنتُ عليه فَوَجَدْنَا الْعِقْدَ تَحْتَه'

ﷺ اور سب لوگوں کو رکنا پڑا اب نہ یہاں کہیں پانی ہے اور نہ لوگوں کے ساتھ ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے بہت برا بھلا کہا، جو کچھ اللہ کو منظور تھا اور اپنے ہاتھ سے مجھے کچوکے لگانے لگے ان کچوکوں کے باوجود حرکت کرنے سے صرف ایک چیز مانع رہی کہ حضور اکرم ﷺ کا سر مبارک میری ران پر تھا۔ آنحضور ﷺ سوتے رہے اور جب صبح ہوئی تو پانی نہیں تھا اور اسی موقع پر اللہ تعالیٰ نے تیمم کا حکم نازل فرمایا اور سب نے تیمم کیا، اس پر اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے آل ابوبکرؓ! یہ تمہاری کوئی پہلی حرکت نہیں ہے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر ہم نے جب اس اونٹ کو اٹھایا جس پر میں سوار تھی تو ہار اسی کے نیچے ملا۔

(۸۷۰) حَدَّثَنَا اٰدمُ بنُ ابى اياسٍ حدثنا شعبةُ عن الاعمشِ قال سمعتُ ذكوانَ يحدثُ عن ابى سعيدِ الخدرى رضى اللّٰه عنه قال قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَسُبُّوْا اَصْحَابِىْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَكم اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا ما بَلَغَ مُدَّاَحَدِهِمْ وَلا نَصِيْفَه تابعه جرير وعبداللّٰه بن داؤد وابومعاوية ومحاضر عن الاعمش

۸۷۰۔ ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے بیان کیا انہوں نے ذکوان سے سنا اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میرے اصحاب کو برا بھلا نہ کہو اگر کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر بھی سونا اللہ کے راستے میں خرچ کر ڈالے تو ان کے ایک مدغلہ کی برابری بھی نہیں کر سکتا اور نہ ان کے آدھے مد کی۔ اس روایت کی متابعت جریر، عبداللہ بن داؤد، ابومعاویہ اور محاضر نے اعمش کے واسطہ سے کی۔

(۸۷۱) حَدَّثَنَا محمدُ بن مسكينٍ ابوالحسن حدثنا يحيَى بن حيان حدثنا سليمانُ عن شريكِ بن ابى نمر عن سعيد بن المسيب قال اخبرنى ابوموسى الاشعرىُّ اَنَّه' تَوَضَّأَفِى بَيْتِهٖ ثم خَرَجَ فقلتُ لَاَلْزَمَنَّ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَكُوْنَنَّ مَعَه' يَوْمِىْ هٰذَا قال فجاء المسجد فَسَاَلَ عن النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقالوا خَرَجَ وَوَجَّهَ هٰهُنَا فخرجتُ على اِثْرِه اَسْاَلُ عنه حتى دخل بِئْرَارِيسٍ فجلستُ عندالباب وَبَابُهَا مِنْ جَرِيْدٍ حتى قَضٰى رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَه' فتوضأ وقمتُ اليه فَاِذَا هو جالسٌ على بئراريسٍ وتَوَسَّطَ قُفَّهَا وكَشَفَ عن سَاقَيْهِ وَدَلَّاهُمَا فى البئرِ فسلمت عليه ثم انصرفتُ

۸۷۱۔ ہم سے محمد بن مسکین ابوالحسن نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن حبان نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے شریک بن ابی نمر نے، ان سے سعید بن میتب نے بیان کیا اور انہیں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ نے ایک دن اپنے گھر میں وضو کیا اور اس ارادہ سے نکلے کہ آج دن بھر رسول اللہ ﷺ کی رفاقت میں گذاروں گا۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر آپ مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور حضور اکرم ﷺ کے متعلق پوچھا تو وہاں موجود لوگوں نے بتایا کہ آنحضور ﷺ تو تشریف لے جا چکے ہیں اور آپ اس طرف تشریف لے گئے۔ چنانچہ میں آنحضور ﷺ کے متعلق پوچھتا ہوا آپ کے پیچھے پیچھے نکلا اور آخر میں نے دیکھا کہ آپ (قباء کے قریب ایک باغ) بئراریس میں داخل ہو رہے ہیں۔ میں دروازے پر بیٹھ گیا اور اس کا دروازہ کھجور کی شاخوں سے بنا ہوا تھا۔ جب حضور اکرم ﷺ قضاء حاجت کر چکے اور وضو بھی کر لیا تو میں آپ ﷺ کے پاس گیا۔ میں نے دیکھا کہ آپ بئراریس

فَجَلَسْتُ عندالباب فقلتُ لَاَكُوْنَنَّ بَوَّابَ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اليومَ فجاء ابوبكرٍ فَدَفَعَ البابَ فَقُلْتُ مَنْ هذَا فقال ابوبكر فقلتُ على رِسْلِكَ ثم ذهبتُ فقلتُ يارسولَ اللّٰه هٰذا ابوبكرٍ يَسْتَأْذِنُ فقال ائْذَنْ له وبَشِّرْه بالجنةِ فَاَقبلتُ حتى قلتُ لابى بكرٍ اُدْخُلْ ورَسُوْلُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُكَ بالجنةِ فدخل ابوبكرٍ فجلس عن يمينِ رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَه، فى الْقُفِّ وَدَلّٰى رجليه فى البئرِ كما صَنَعَ النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وكَشَفَ عن ساقيهم رجعتُ فجلستُ وقد تركتُ اَخِىْ يَتَوَضَّأُ وَيَلْحَقُنِىْ فقلتُ اِن يُردِاللّٰه بفلانٍ خيرًا يريدُ اَخاه يَأْتِ بِهٖ فاذا انسانٌ يُحَرِّكُ البابَ فقلتُ مَنْ هذا فقال عمرُ بن الخطاب فقلتُ على رِسْلِكَ ثم جِئْتُ الى رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فسلّمتُ عليه فقلتُ هذا عمرُ بن الخطاب يَستاذِنُ فقال ائْذَنْ له،وبَشِّرْه بالجنةِ فجئتُ فقلتُ اُدْخُلْ وبَشَّرك رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالجنةِ فدخل فَجَلَسَ مع رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فى الْقُفِّ عن يسارِه ودَلّٰى رِجْلَيْهِ فى البئرِ ثم رجعتُ فجلستُ فَقُلْتُ اِنْ يُّردِاللّٰهُ بفلان خيرًايأتِ به فجاء انسانٌ يُحَرِّكُ البابَ فقلتُ مَن هذا فقال عثمانُ بن عفان فقلتُ على رِسْلِكَ فجئتُ الى رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فاخبرتُه فقال ائْذَنْ له وبَشِّرْهُ بالجنةِ عَلٰى بَلْوَى تُصِيْبُه، فَجِئْتُه، فقلتُ له اُدْخُلْ وَبَشَّرَكَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالجنةِ على بلْوَى تصيبُكَ فدخل فوجد الْقُفَّ قَدْ مُلِئَ فجَلَسَ وُجَاهَه، مِن الشِّقِّ الْاٰخَرِ قال شريك قال سعيد بن المسيب فاوّلتها قُبُوْرَهُمْ

(اس باغ کے کنویں) کے منہ پر بیٹھے ہوئے تھے، اپنی پنڈلیاں آپ نے کھول رکھی تھیں اور کنوئیں میں پاؤں لٹکائے ہوئے تھے۔ میں نے آپ ﷺ کو سلام کیا اور پھر واپس آ کر باغ کے دروازے پر بیٹھ گیا۔ میں نے سوچا کہ آج میں رسول اللہ ﷺ کا دربان رہوں گا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور دروازہ کھولنا چاہا تو میں نے پوچھا کہ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ ابوبکر! میں نے کہا تھوڑی دیر ٹھہر جائیے۔ پھر میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ ابوبکرؓ دروازے پر موجود ہیں اور آپ سے اجازت چاہتے ہیں (اندر آنے کی) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت بھی! میں دروازہ پر آیا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اندر تشریف لے جائیے اور رسول اللہ ﷺ نے آپ کو جنت کی بشارت دی ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر داخل ہوئے اور اسی کنویں کے منہ پر حضور اکرم ﷺ کی داہنی طرف بیٹھ گئے اور اپنے دونوں پاؤں کنوئیں میں لٹکا لئے جس طرح حضور اکرم ﷺ لٹکائے ہوئے تھے اور اپنی پنڈلیوں کو بھی کھول لیا تھا پھر میں واپس آ کر اپنی جگہ بیٹھ گیا۔ میں آتے وقت اپنے بھائی کو وضو کرتا ہوا چھوڑ آیا تھا۔ وہ میرے ساتھ آنے والے تھے۔ میں نے اپنے دل میں کہا۔ کاش اللہ تعالیٰ فلاں کو خبر دے دیتا ان کی مراد اپنے بھائی سے تھی اور انہیں یہاں کسی طرح پہنچا دیتا۔ اتنے میں کسی صاحب نے دروازہ پر دستک دی۔ میں نے پوچھا کون صاحب ہیں؟ کہا کہ عمر بن خطاب۔ میں نے کہا کہ تھوڑی دیر کے لئے ٹھہر جائیے۔ چنانچہ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کے بعد عرض کیا کہ عمرؓ بن خطاب دروازے پر کھڑے ہیں اور اجازت چاہتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں اجازت دے دو اور جنت کی بشارت بھی پہنچا دو۔ میں واپس آیا اور کہا کہ اندر تشریف لے جائیے اور آپ کو رسول اللہ ﷺ نے جنت کی بشارت دی ہے آپ بھی داخل ہوئے اور حضور اکرم ﷺ کے ساتھ اسی من پر بائیں طرف بیٹھ گئے اور اپنے پاؤں کنوئیں میں لٹکا لئے۔ میں پھر دروازہ پر آ کر بیٹھ گیا۔ اور سوچتا رہا کہ کاش اللہ تعالیٰ فلاں (آپ کے بھائی) کے ساتھ خیر چاہتے اور انہیں یہاں پہنچا دیتے۔ اتنے میں ایک صاحب آئے اور دروازے پر دستک دی۔ میں نے پوچھا، کون صاحب ہیں؟ بولے کہ عثمان بن عفان میں نے کہا تھوڑی دیر کے لئے توقف کیجئے۔

میں حضور اکرم ﷺ کے پاس آیا اور آپ کو ان کی آمد کی اطلاع دی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں اجازت دے دو اور ایک مصیبت پر جو انہیں پہنچے گی جنت کی بشارت پہنچا دو۔ میں دروازے پر آیا اور ان سے کہا کہ اندر تشریف لے جائیے حضور اکرم ﷺ نے آپ کو جنت کی بشارت دی ہے، ایک مصیبت پر جو آپ کو پہنچے گی۔ آپ جب داخل ہوئے تو دیکھا کہ چبوترہ پر جگہ نہیں ہے۔ اس لئے آپ دوسری طرف حضور اکرم ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے۔ شریک نے بیان کیا کہ سعید بن مسیب نے فرمایا، میں نے اس سے ان حضرات کی قبروں کی تاویل لی۔ (کہ اسی ترتیب سے بنیں گی۔)

(۸۷۲) حَدَّثَنِیْ محمدُ بن بشارٍ حدثنا یحییٰ عن سعید عن قتادۃَ ان انسَ بن مالکٍ رضی اللّٰہ عنہ حدثھم اَن النبیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَعِدَ اُحُدًا وابوبکر وعمرُ وعثمانُ فَرَجَفَ بھم فقال اُثْبُتْ اُحُدُ فَاِنَّمَا عَلَیْکَ نَبِیٌّ وَصِدِّیْقٌ وَشَھِیْدَانِ

۸۷۲۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے، ان سے قتادہ نے، اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ جب نبی کریم ﷺ، ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر احد پہاڑ پر چڑھے تو احد کانپ اٹھا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، احد! قرار پکڑ کہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

(۸۷۳) حَدَّثَنِیْ احمدُ بن سعید ابوعبداللّٰہ حدثنا وھبُ بن جریر حدثنا صَخْرٌ عن نافع ان عبدَاللّٰہ بن عمرَ رضی اللّٰہ عنھما قال قال رسولُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَمَا اَنَا عَلٰی بِئْرٍ اَنْزِعُ مِنْھَا جَاءَ نِیْ اَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ فَاَخَذَ ابوبکرٍ الدَّلْوَ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا اَوْ ذَنُوْبَیْنِ وفی نَزْعِہٖ ضعفٌ واللّٰہ یَغْفِرُ لَہٗ ثُمَّ اَخَذَھَا ابنُ الخطّاب مِنْ یَدِاَبِی بَکْرٍ فاسْتَحَالَتْ فِی یَدِہٖ غَرْبًا فَلَمْ اَرَعَبْقَرِیًّا مِنَ النَّاسِ یَفْرِی فَرِیَّہٗ فَنَزَعَ حَتّٰی ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ قال وھب العَطَنُ مَبْرَکُ الابلِ یقول حتی رَوِیَتِ الْاِبِلُ فَاَنَاخَتْ

۸۷۳۔ مجھ سے ابوعبداللہ احمد بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے وہب بن جریر نے حدیث بیان کی، ان سے صخر نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میں ایک کنویں پر (خواب میں) کھڑا اس سے پانی کھینچ رہا تھا کہ میرے پاس ابوبکرؓ اور عمرؓ بھی پہنچ گئے۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ڈول لے لیا اور ایک یا دو ۲ ڈول کھینچے۔ ان کے کھینچنے میں ضعف تھا اور اللہ ان کی مغفرت کرے گا پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے ڈول عمر رضی اللہ عنہ نے لے لیا اور ان کے ہاتھ میں پہنچتے ہی وہ ایک بہت بڑے ڈول کی صورت مین تبدیل ہو گیا۔ میں نے کوئی باہمت اور قوی انسان نہیں دیکھا جو اتنی حسن تدبیر اور مضبوط قوت ارادی کے ساتھ کام کرنے کا عادی ہو چنانچہ انہوں نے اتنا پانی کھینچا کہ لوگوں نے اونٹوں کو پانی پلانے کی جگہیں بھر لیں، وہب نے بیان کیا ''العطن'' اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ کو کہتے ہیں، بولتے ہیں اونٹ اتنا سیراب ہوئے کہ (وہیں) بیٹھ گئے۔

(۸۷۴) حَدَّثَنَا الولیدُ بنُ صالحٍ حدثنا عیسَی بن

۸۷۴۔ ہم سے ولید بن صالح نے حدیث بیان کی ان سے عیسیٰ بن

يونس حدثنا عمرُ بن سعيد بن ابى الحسين المكّى عن ابن ابى مُلَيْكَةَ عن ابن عباسٍ رضى الله عنهما قال اِنِّى لَوَاقِفٌ فِى قومٍ فَدَعَوُا اللّٰهَ لعمرَ بنِ عمر الخطاب وقد وُضِعَ على سريره اذا رجلٌ مِنْ خَلْفِىْ قد وضع مِرْفَقَهُ على مَنْكِبِىْ يقول رحمك ان كنتُ لَاَرْجُوْ اَنْ يجعلك اللّٰهُ مع صاحِبَيْکَ لِاَنِّى كثيرًا مماكنتُ اَسْمَعُ رسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول كنتُ وابوبكر وعمرُ وفَعلتُ وَابوبكر وعمرُ وَانْطَلَقْتُ وَابوبكر وعمرفان كنت لَاَرْجُوْ اَنْ يجعلك اللّٰهُ معهما فالتَفَتُّ فاذا هو عليُّ بن ابى طالب

یونس نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن سعید بن ابی الحسین مکی نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں کچھ لوگوں کے ساتھ کھڑا تھا جو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے لئے دعائیں کر رہے تھے، اس وقت آپ کا جنازہ تابوت پر رکھا ہوا تھا اتنے میں ایک صاحب نے میرے پیچھے سے آ کر میرے شانوں پر اپنی کہنیاں رکھ دیں اور (عمر رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے) کہنے لگے اللہ آپ پر رحم کرے۔ مجھے تو یہی توقع تھی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں (حضور اکرم ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ) کے ساتھ (دفن) کرے گا۔ میں اکثر رسول اللہ ﷺ کو یوں فرماتے سنا کرتا تھا۔ کہ ''میں ور ابوبکر اور عمر تھے۔'' ''میں نے اور ابوبکر اور عمر نے یہ کام کیا۔'' ''میں اور ابوبکر اور عمر گئے۔'' اس لئے مجھے تو یہی توقع تھی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو انہیں دونوں حضرات کے ساتھ رکھے گا۔ میں نے مڑ کر جو دیکھا تو آپ علی رضی اللہ عنہ تھے۔

(۸۷۵) حَدَّثَنِىْ محمدُ بن يزيد الكوفىُّ حدثنا الوليدُ عن الاوزاعىِ عن يحيَى بن ابى كثير عن محمدِ بن ابراهيم عن عروةَ بن الزبير قال سَاَلْتُ عبدَاللّٰه بنَ عَمْرٍو عن اَشَدِّ ماصَنَعَ المشركون برسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال رايتُ عقبةَ بنَ ابى معيط جاءَ الى النبىّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وهو يُصَلِّىْ فَوَضَعَ رِدَاءَ هُ فى عُنُقِهِ فَخَنَقَه' به خنقًا شَدِيْدًا فجاء ابوبكر حتى دَفَعَه عنه فقال اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ رَبِّىَ اللّٰهُ وَقَدْ جَاءَ كُم بالبَيِّنَاتِ مِنْ رَّبِّكُم

۸۷۵۔ مجھ سے محمد بن یزید کوفی نے حدیث بیان کی، ان سے ولید نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے، ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے، ان سے محمد بن ابراہیم نے اور ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مشرکین مکہ کے سب سے زیادہ شدید اور سنگین معاملے کے متعلق پوچھا جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کیا تھا تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ عقبہ بن ابی معیط حضور اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ آپ اس وقت نماز پڑھ رہے تھے اس بد بخت نے اپنی چادر گردن مبارک میں ڈال کر کھینچی جس سے آپ کا گلا بڑی شدت کے ساتھ پھنس گیا اتنے میں ابوبکرؓ تشریف لائے اور بد بخت کو دفع کیا اور فرمایا، کیا تم ایک ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے اور وہ تمہارے پاس اپنے پروردگار کی طرف سے بینات (معجزات ودلائل) بھی لایا ہے۔

باب۳۸۸. مناقب عمرَ بن الخطاب ابى حفصٍ القرشى العَدَوِىّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

۳۸۸۔ ابو حفص عمر بن خطاب قرشی عدوی رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۸۷۶) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا عبدُالعزيز المَاجِشُون حدثنا محمد بن المُنْكَدِرِ عن جابرِ بن عبدالله رضى الله عنهما قال قال النبىُّ صَلَّى

۸۷۶۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی ان سے عبدالعزیز ماجشون نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے

اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ رَأيتُنِي دَخَلْتُ الجَنَّةَ فَإذَا انا بالرُّمَيصَاءِ اِمْرَأةِ اَبِي طَلْحَةَ وَسَمِعْتُ خَشفَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا فقالَ هٰذا بلالٌ وَرَأيْتُ قَصْرًا بِفِنَائِهِ جارِيَةٌ فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا فَقَالَ لِعُمَرَ فَأرَدْتُ اَنْ اَدْخُلَهُ فَاَنْظُرُ اِلَيهِ فَذَكَرْتُ غَيرَتَكَ فَقَالَ عُمَرُ بِأُمِّي وَاَبِي يَارَسُولَ اللّٰه اَعَلَيكَ اَغَارُ

فرمایا۔ میں (خواب میں) (جنت میں داخل ہوا تو وہاں میں نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی بیوی رمیصاء کو دیکھا اور میں نے قدموں کے چاپ کی آواز سنی تو میں نے پوچھا، یہ کون صاحب ہیں؟ بتایا گیا بلال رضی اللہ عنہ۔ اور میں نے ایک محل دیکھا، اس کے سامنے ایک عورت تھی۔ میں نے پوچھا، یہ کس کا محل ہے؟ تو بتایا گیا کہ عمر رضی اللہ عنہ کا، میرے دل میں آیا کہ اندر داخل ہو کر اسے دیکھوں لیکن مجھے عمرؓ کی غیرت یاد آئی (اور اس لئے اندر داخل نہیں ہوا) اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ کیا میں آپ سے بھی غیرت کروں گا۔ یارسول اللہ (ﷺ)!

(۸۷۷) حَدَّثَنَا سعيدُ بن ابی مريم اخبرنا الليثُ قال حدثني عقيلُ عن ابن شهابٍ قال اخبرني سعيدُ ابن المسيب اَن اباهريرةَ رَضِيَ اللّٰهُ عنهُ قال بَيْنَمَا نحنُ عند رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ بَيْنَا انَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِيْ فِي الجَنَّةِ فَإذَا امْرَأةٌ تَتَوَضَّأُ اِلٰى جانِبِ قَصْرٍ فقلت لِمَنْ هٰذَا القصرُ قَالُوا لِعُمَرَ فَذَكَرْتُ غَيْرَتَهٗ فَوَلَّيْتُ مُدْبِرًا فَبَكٰى عمرُ وقال اَعَلَيْكَ اَغَارُ يارسولَ اللّٰه

۸۷۷۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں لیث نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے سعید بن مسیب نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں سویا ہوا تھا کہ میں نے (خواب میں) جنت دیکھی، میں نے دیکھا کہ ایک عورت ایک محل کے کنارے وضو کر رہی ہے میں نے پوچھا کہ یہ محل کس کا ہے؟ تو فرشتوں نے بتایا کہ عمرؓ کا، پھر مجھے ان کی غیرت وحمیت یاد آئی اور میں وہیں سے لوٹ آیا۔ اس پر عمرؓ رو دیئے اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! کیا میں آپ ﷺ کے ساتھ بھی غیرت کروں گا۔

(۸۷۸) حَدَّثَنِيْ محمد بن الصَّلْتِ ابوجعفر الكوفيُّ حَدَّثَنَا ابنُ المبارك عن يونس عن الزهري قال اخبرني حمزةعن ابيه اَن رسولَ اللّٰه صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال بَيْنَا انَانَا ئِمٌ شَرِبْتُ يَعْنِي اللَّبَنَ حَتّٰى انْظُرَ اِلَى الرِّيِّ يَجْرِيْ فِي ظُفُرِي او في اَظْفَارِيْ ثُمَّ نَاوَلْتُ عُمَرَ فَقَالوا فَمَا اَوَّلْتَهُ قَالَ الْعِلْمَ

۸۷۸۔ مجھ سے محمد بن صلت ابوجعفر کوفی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن المبارک نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں حمزہ نے خبر دی اور انہیں ان کے والد نے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے خواب میں دودھ پیا اور سیرابی کے اثر کو اپنے ناخنوں تک پر محسوس کیا۔ پھر میں نے پیا کہ عمر رضی اللہ عنہ کو دے دیا۔ صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ (ﷺ) اس خواب کی تعبیر کیا ہوگی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ علم۔

(۸۷۹) حَدَّثَنَا محمدُ بن عبداللّٰه ابن نمير حدثنا محمدُ بن بشرحَدَّثَنَا عبيدُاللّٰه قال حدثنا بكر بن سالم عن سالم عن عبداللّٰه بن عمرَ رضي اللّٰه عنهما اَن النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال اُرِيْتُ

۸۷۹۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن نمیر نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن بشر نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوبکر بن سالم نے حدیث بیان کی، ان سے سالم نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں نے خواب

فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اَنْزِعُ بِدَلْوٍ بَکْرَۃٍ عَلٰی قَلِیْبٍ فَجَاءَ اَبُوْبَکْرٍ فَنَزَعَ ذَنُوْبًا اَوْذَنُوْبَیْنِ نَزْعًا ضَعِیْفًا وَاللّٰہُ یَغْفِرُ لَہٗ ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا لَمْ اَرَعَبْقَرِیًّا یَفْرِیْ فَرِیَّہٗ حَتّٰی رَوِیَ النَّاسُ وَضَرَبُوْا بِعَطَنٍ قال ابن جُبَیْرٍ الْعَبْقَرِیّ عتاق الزرابی وقال یحیٰی اَلزَّرَابِیُّ الطَّنَافِسُ لَھَا خَمْلٌ رَقِیْقٌ مَبْثُوْثَۃٌ کثیرۃٌ

میں دیکھا کہ میں ایک کنوئیں سے ایک اچھا بڑا ڈول کھینچ رہا ہوں۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے بھی ایک یا دو ڈول کھینچے، ضعف کے ساتھ اور اللہ ان کی مغفرت کرے گا۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ آئے اور ان کے ہاتھ میں وہ ڈول بہت بڑے ڈول کی صورت اختیار کر گیا، میں نے ان جیسا قوی اور باعظمت شخص نہیں دیکھا جو اتنی مضبوط قوت ارادی کے ساتھ کام کا عادی ہو، انہوں نے اتنا کھینچا کہ لوگ سیراب ہو گئے اور اونٹوں کے سیراب ہونے کی جگہوں کو بھر کر محفوظ کر لیا۔

(۸۸۰) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ حدثنا یعقوب بن ابراھیم قال حدثنی ابی عن صالح عن ابن شھاب اخبرنی عبدالحمید ان محمدَ بن سعد اخبرہ ان اباہ قال حدثنی عبد العزیز بن عبد اللّٰہ حدثنا ابراھیم بن سعد عن صالح عن ابن شھاب عن عبد الحمید ابن عبد الرحمٰن بن زید عن محمدابن سعد بن ابی وقاص عن ابیہ قال استاذن عمرُ بنُ الخطاب عَلٰی رسول اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وعندہ نسوۃٌ من قریش یُکَلِّمْنَہٗ و یَسْتَکْثِرْنَہ عَالِیَۃً اصواتُھن علی صوتِہٖ فلما اسْتَاْذَنَ عمرُ بنُ الخطاب قُمْنَ فَبَادَرْنَ الحِجَابَ فَاَذِنَہٗ رسولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فدخَلَ عمر ورَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَضْحَکُ فقال عمرُ اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ یارسولَ اللّٰہ فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَجِبْتُ مِنْ ھٰؤُلاءِ اللَّاتِیْ کُنَّ عِنْدِیْ فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَکَ ابْتَدَرْنَ الْحِجَابَ فَقَالَ عمرُ فَاَنْتَ احقُّ ان یَھَبْنَ یارسولَ اللّٰہ ثم قال عمرُ یاعدواتِ اَنْفُسِھِنَّ اَتَھَبْنَنِیْ ولاتَھَبْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ نعم اَنْتَ اَفَظُّ واَغْلَظُ من رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَال رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِیْھًایا ابنَ الخَطَّاب والذی نَفْسِی بِیَدِہٖ مَا لَقِیَکَ الشَّیْطَانُ سَالِکاً فَجًّا قَطُّ اِلَّا سَلَکَ فَجًّاغَیْرَ فَجِّکَ

۸۸۰۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی۔ ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے، انہیں عبدالحمید نے خبر دی، انہیں محمد بن سعد نے خبر دی اور ان سے ان کے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا۔ اور مجھ سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالحمید بن عبدالرحمٰن بن زید نے، ان سے محمد بن سعد بن ابی وقاص نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اندر آنے کی اجازت چاہی اس وقت حضور اکرم ﷺ کے پاس قریش کی چند عورتیں (امہات المؤمنین میں سے) بیٹھی باتیں کر رہی تھیں اور آنحضور ﷺ کی آواز سے بھی بلند آواز کے ساتھ آپ سے نفقہ میں زیادتی کا مطالبہ کر رہی تھیں۔ یوں ہی عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی تو وہ تمام خواتین کھڑی ہو کر پردے کے پیچھے جلدی سے بھاگ کھڑی ہوئیں۔ آخر حضور اکرم ﷺ نے انہیں اجازت دی اور وہ داخل ہوئے تو آنحضور ﷺ مسکرا رہے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ)! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، مجھے ان عورتوں پر ہنسی آ رہی تھی جو ابھی میرے پاس بیٹھی ہوئی تھیں، لیکن آپ کی آواز سنتے ہی پردے کے پیچھے بھاگ گئیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ (ﷺ)! ڈرنا تو انہیں آپ سے چاہئے تھا پھر انہوں نے (عورتوں سے) کہا، اے اپنی جانوں کی دشمن! تم مجھ سے تو ڈرتی ہو اور حضور اکرم ﷺ سے نہیں ڈرتیں۔ عورتوں نے کہا کہ ہاں، آپ ٹھیک کہتے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کے مقابلے میں آپ کہیں زیادہ سخت ہیں۔ اس پر آنحضور ﷺ

نے فرمایا، اے ابن خطاب! اس ذات کی قسم، جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے اگر کبھی شیطان آپ کو کسی راستے پر چلتا دیکھ لیتا ہے۔ تو اسے چھوڑ کر کبھی دوسرے راستے پر ہو لیتا ہے۔

(۸۸۱) حَدَّثَنَا محمدُ بم المثنی حدثنا یحییٰ عن اسماعیل حدثنا قیس قال قال عبداللّٰہ مَازِلْنَا اَعِزَّةً مُنْذُ اَسْلَمَ عُمَرُ

۸۸۱۔ ہم سے محمد بن مثنی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے قیس نے حدیث بیان کی کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے بعد پھر ہمیں ہمیشہ عزت حاصل رہی ہے۔

(۸۸۲) حَدَّثَنَا عبدانُ اخبرنا عبداللّٰہ حدثنا عمرُ بن سعید عن ابن ابی ملیکة انه سمع ابنَ عباسٍ یقول وُضِعَ عمرُ علی سریرہ فَتَکَنَّفَهُ الناسُ یدْعُوْنَ ویُصَلُّوْنَ قَبْلَ ان یُرْفَعَ وانَا فیهم فَلَمْ یرُعْنِی اِلّا رجلٌ اٰخِذٌ منکبی فاذا علیٌّ فَتَرَحَّمَ علی عمرَ وقال ماخَلَّفْت احدًا احبَّ اِلَیَّ اَنْ القیَ اللّٰہ بمثلِ عملِه منک وَاَیْمُ اللّٰهِ اِنْ کُنْتُ لَاَظُنُّ اَنْ یَجْعلکَ اللّٰہ مَعَ صَاحِبَیْکَ وَحَسِبْتُ اَنِّیْ کُنْتُ کَثِیْرًا اَسْمَعُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ذَهَبْتُ اَنَا وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَدَخَلْتُ اَنَا وَاَبُوْبَکْرٍ وَعُمَرُ وَخَرَجْتُ اَنَا وَابوبکر وعُمَرُ

۸۸۲۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی انہیں عبداللہ نے خبر دی، ان سے عمر بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ جب عمر رضی اللہ عنہ ان کے تابوت پر (شہادت کے بعد) رکھا گیا تو تمام لوگوں نے نعش مبارک کو گھیر لیا۔ اور ان کے لئے دعا صلاۃ پڑھنے لگے، نعش ابھی اٹھائی نہیں گئی تھی میں بھی وہیں موجود تھا۔ اسی حالت میں اچانک ایک صاحب نے میرا شانہ پکڑ لیا، میں نے دیکھا تو وہ علی کرم اللہ وجہہ تھے۔ پھر انہوں نے عمر رضی اللہ عنہ کے لئے دعا رحمت کی اور ان کی نعش کو مخاطب کر کے فرمایا، آپ نے اپنے بعد کسی بھی شخص کو نہیں چھوڑا کہ جسے دیکھ کر مجھے یہ تمنا ہوتی کہ اسکے عمل جیسا عمل کرتے ہوئے میں اللہ سے جا ملوں، اور خدا کی قسم مجھے تو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ ہی رکھے گا میرا یہ یقین اس وجہ سے تھا کہ میں نے اکثر رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ سنے تھے کہ ''میں، ابوبکر اور عمر گئے۔ میں، ابوبکر اور عمر داخل ہوئے۔ میں، ابوبکر اور عمر باہر آئے۔''

(۸۸۳) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا یزیدُ بنُ زریعٍ حدثنا سعیدٌ وقال لی خلیفةُ حدثنا محمدُ بن سواء وکَهْمَسٌ بنُ المِنْهَالِ قالا حَدَّثَنَا سعیدٌ عن قتادةَ عن انسِ بنِ مالکٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَعِدَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی اُحُدٍ ومعه ابوبکر وعمرُ وعثمانُ فَرَجَفَ بهم فَضَرَ بَه' بِرِجْلِهٖ وقال اُثْبُتْ اُحُدُ فَمَاعَلَیکَ اِلَّا نَبِیٌّ اَوْصِدِّیْقٌ اَوْشَهِیْدَانِ

۸۸۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کی، ان سے محمد بن سواء اور کہمس بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ احد پہاڑ پر چڑھے تو آپ ﷺ کے ساتھ ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ پہاڑ کانپنے لگا تو حضور اکرم ﷺ نے اپنے پاؤں سے اسے تھپکی دی اور فرمایا، احد! ٹھہرا رہ کہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو (۲) شہید ہی تو ہیں۔

(۸۸۴) حَدَّثَنَا یحییٰ بن سلیمان قال حدثنی ابنُ وهب قال حدثنی عمرُ هُوَابن محمد اَن زیدَ بن اسلم حدثه عن ابیه قال سألنی ابن عمرعن بعض شأنِهٖ یعنی عمرؓ فاخبرتُه فقال مارَاَیت احدًا قط بعدَ رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حین قُبِضَ کانَ اَجدَّ وَاَجوَدَ حتی انتهی من عمرَ بن الخطاب

۸۸۴۔ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمر بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن اسلم نے بیان کیا، اور ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے اپنے والد عمر رضی اللہ عنہ کے بعض حالات پوچھے، جو میں نے انہیں بتا دیئے تو انہوں نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ کے بعد میں نے کسی شخص کو معاملات میں اتنی انتھک کوشش کرنے والا اور اتنا زیادہ سخی نہیں دیکھا اور یہ خصائل عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ پر ہی ختم ہو گئے۔

(۸۸۵) حَدَّثَنَا سلیمان بن حرب حدثنا حمادُ بن زید عن ثابتٍ عن انسٍ رضی اللّٰه عنه اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عن السَّاعَةِ فقال متی الساعةُ قال ومَاذَا اَعْدَدْتَ لَهَا قَالَ لَاشیئَ الا اَنّی اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فقال اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قالَ انسٌ فما فَرِحْنَا بِشیئٍ فَرَحَنَا بقولِ النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قَالَ انسٌ فَاَنَا اُحِبُّ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابکرٍ و عمرَو اَرْجُو انْ اَکُوْنَ معهم بِحُبِّیْ اِیَّاهُم وَاِنْ لَمْ اَعْمَلْ بمثلِ اَعمالِهِم

۸۸۵۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی۔ ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صاحب نے رسول اللہ ﷺ سے قیامت کے متعلق پوچھا کہ قیامت کب قائم ہوگی؟ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اور تم نے قیامت کے لئے تیاری کیا کی ہے؟ انہوں نے عرض کی کچھ بھی نہیں سوا اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر تمہارا حشر بھی انہیں کے ساتھ ہوگا جن سے تمہیں محبت ہے۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہمیں کبھی اتنی خوشی کسی بات سے بھی نہیں ہوئی ہوگی جتنی آپ کے اس ارشاد سے ہوئی کہ "تمہارا حشر انہیں کے ساتھ ہوگا جن سے تمہیں محبت ہے۔" انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں بھی رسول اللہ ﷺ سے اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت رکھتا ہوں اور ان سے اپنی اس محبت کی وجہ سے امیدوار ہوں کہ میرا حشر انہیں حضرات کے ساتھ ہوگا۔ اگرچہ میرے عمل ان کے جیسے نہیں ہیں۔

(۸۸۶) حَدَّثَنَا یحییٰ بن قَزَعَةَ حَدَّثَنَا ابراهیمُ بن سعد عن ابیه عن ابی سلمة عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه قال قال رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ کَانَ فِیْمَا قَبْلَکُمْ مِنَ الْاُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ فان یَکُ فی اُمَّتِیْ اَحَدٌ فَاِنَّه عُمَرُ زاد زکریاء بن ابی زائدة عن سعد عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ کَانَ فِیْمَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ مِنْ بَنِی اسرائیلَ رِجالٌ یُکَلَّمُوْنَ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَکُوْنُوْا اَنْبِیَاءَ فَاِنْ یَکُنْ مِنْ اُمَّتِیْ منهم اَحَدٌ فَعُمَرُ

۸۸۶۔ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابو سلمہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تم سے پہلی امتوں میں محدث (جن کی زبان پر حق اور فیصلہ خداوندی خود بخود اللہ کے حکم سے جاری ہو جایا کرتا تھا) ہوا کرتے تھے اور اگر میری امت میں کوئی ایسا شخص ہے تو وہ عمر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ زکریا بن زائدہ نے اپنی روایت میں سعد کے واسطہ سے یہ اضافہ کیا ہے کہ ان سے ابو سلمہ نے بیان کیا اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تم سے پہلی بنی اسرائیل کی امتوں میں کچھ لوگ ایسے ہوا کرتے

تھے کہ نبی نہیں ہوتے تھے اور اس کے باوجود، (فرشتوں کے ذریعہ) ان سے کلام ہوا کرتا تھا۔ اور اگر میری امت میں کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے تو وہ عمر (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

(۸۸۷) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بن یوسف حدثنا اللیثُ حدثنا عُقَیلٌ عن ابن شھابٍ عن سعید بن المسیبِ وابی سلمة بن عبدالرحمٰن قالا سَمِعْنا اباھریرةَ رضی اللّٰه عنه یقول قال رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم بینما رَاعٍ فِی غَنمِهٖ عَدَا الذّئبُ فَاخذ منھا شاةً فطلبھا حتّی استَنقذھا فالْتفت اِلیهِ الذّئبُ فقال لهٗ مَنْ لَھا یَوْمَ السَّبعِ لَیس لھا رَاعٍ غَیْری فَقال النّاس سبحانَ اللّٰه فقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنّی اُوْمِنُ بِهٖ وَاَبُوْبَکْرٍ وَ عُمَرُ وَمَا ثَمّ اَبُوْبَکْرٍ وعُمَرُ

۸۸۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے سعید بن مسیب اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ ہم نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ایک چرواہا اپنا ریوڑ چرا رہا تھا کہ ایک بھیڑیئے نے اس کی ایک بکری پکڑ لی۔ چرواہے نے اس کا پیچھا کیا اور بکری کو اس سے چھڑا لیا۔ پھر بھیڑیا اس کی طرف متوجہ ہوا اور بولا (خرق عادت کے طور پر) یوم السبع میں اس کی حفاظت کرنے والا کون ہوگا، جب میرے سوا اس کا کوئی چرواہا نہ ہوگا، صحابہؓ اس پر بول اٹھے، سبحان اللہ! حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں اس واقعہ پر ایمان لاتا ہوں اور ابوبکر و عمر بھی حالانکہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما موجود نہیں تھے۔

(۸۸۸) حَدَّثَنَا یحیَی بنُ بکیر حدثنا اللیثُ عن عقیلٍ عن ابن شھابٍ قال اخبرنی ابوامامة بن سھل بن حُنیف عن ابی سعیدِ الخدری رضی اللّٰه عنه قال سمعتُ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقول بَیْنا اَنا نائمٌ رَاَیْتُ النَّاسَ عُرِضُوْا عَلَیَّ وَعَلَیْھِمْ قُمُصٌ فَمِنْھا مَا یَبْلُغُ الثُّدیَّ وَمِنْھا مایَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلک وَعُرِضَ عَلَیَّ عُمَرُ وعلیه قمِیْصٌ اجترُّہٗ قالُوْا فَمَا اَوَّلتَه یا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدِّیْنَ

۸۸۸۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا۔ انہیں ابوامامہ بن سہل بن حنیف نے خبر دی اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے جو قمیص پہنے ہوئے تھے۔ ان میں سے بعض کی قمیص صرف سینے تک کی تھی اور بعض کی اس سے بھی چھوٹی اور میرے سامنے عمرؓ پیش کئے گئے تو وہ اتنی بڑی قمیص پہنے ہوئے تھے کہ چلتے ہوئے گھسٹتی تھی۔ صحابہؓ نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے اس کی تعبیر کیا لی؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دین۔

(۸۸۹) حَدَّثَنَا الصلتُ بن محمدٍ حدثنا اسماعیلُ بن ابراھیمَ حدثنا ایوبُ عن ابن ابی مُلَیْکَةَ عَنِ المِسوَرِ بن مَخرمَةَ قَالَ لَمَّا طُعِنَ عمرُ جعل یَاْلَمُ فَقَالَ لَهٗ ابن عباس وکانّه یُجَزِّعُه' یاامیرَالمُؤمنین ولئن کَانَ ذٰلک لَقَدْ صَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَحْسَنْتَ

۸۸۹۔ ہم سے صلت ابن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوملیکہ نے اور ان سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب عمر رضی اللہ عنہ زخمی کر دیئے گئے تو بڑی کرب و بے چینی کا اظہار آپ کی طرف سے ہوا۔ اس موقعہ پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آپ سے تسلی و تشفی کے طور پر کہا کہ یا امیر المومنین! آپ اس درجہ گھبرا کیوں رہے

صحبته ثم فارَقْته، وهو عنكَ راضٍ ثم صَحِبْتَ ابابكر فاحْسَنْتَ صحبته ثم فارقته، وهو عَنْكَ راضٍ ثُمَّ صَحِبْتَ صَحَبَتَهُمْ فَاَحْسَنْتَ صُحْبَتَهُمْ ولئن فارقتهم لَتُفارِقَنَّهُمْ وَهُمْ عَنْكَ راضُوْن، قال اَمَّا ماذكرتَ من صُحبةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ورضاه فَانّما ذَاكَ مَنٌّ مِنَ اللّٰهِ تَعالٰى مَنَّ به عَلَيَّ واَمَّاما ذكرتَ من صُحبةِ ابى بكر و رِضاه فانما ذاكَ مَنٌّ من اللّٰه جَلَّ ذِكْرُه، مَنَّ بِهٖ عَلَيَّ وَاَمَّاما تَرىٰ من جزعى فهو من اَجْلِكَ واَجْلِ اَصْحَابِكَ واللّٰهِ لَوْ اَن لى طِلَاعَ الارضِ ذهبًا لَا فْتَدَيْتُ بِهٖ مِنْ عذابِ اللّٰهِ عزوجل قَبْلَ اَنْ اَرَاهُ قال حَمَّاد بن زيد حدثنا ايوب عن ابن ابى مُلَيْكَةَ عن ابن عباس دخلتُ على عمرَ بهذا

ہیں حالانکہ آپ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہے اور آنحضور ﷺ کی صحبت کا پورا حق ادا کیا، پھر جب آپ آنحضور ﷺ سے جدا ہوئے تو آنحضور ﷺ آپ سے خوش اور راضی تھے۔اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صحبت اٹھائی اور ان کی صحبت کا بھی آپ نے پورا حق ادا کیا اور جب جدا ہوئے تو وہ بھی آپ سے راضی اور خوش تھے، آخر میں مسلمانوں کی صحبت آپ کو حاصل رہی، ان کی صحبت کا بھی آپ نے پورا حق ادا کیا ہے اور اگر آپ ان سے جدا ہوئے تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ انہیں بھی آپ اپنے سے خوش اور راضی ہی چھوڑیں گے۔اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، آپ نے جو رسول اللہ ﷺ کی صحبت کا اور آنحضور ﷺ کی رضاو خوشی کا جوذکر کیا ہے تو یقیناً یہ صرف اللہ تعالیٰ کا ایک فضل اور احسان ہے جو اس نے مجھ پر کیا ہے، اسی طرح جو آپ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صحبت اور ان کی رضاو خوشی کا ذکر کیا ہے تو یہ بھی مجھ پر اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان تھا، لیکن جو گھبراہٹ اور پریشانی مجھ پر طاری آپ دیکھ رہے ہیں وہ آپ کی وجہ سے اور آپ کے ساتھیوں کی وجہ سے ہے اور خدا کی قسم، اگر میرے پاس زمین بھر سونا ہوتا تو اللہ تعالیٰ کے عذاب کا سامنا کرنے سے پہلے اس کا فدیہ دے کر اس سے نجات کی کوشش کرتا، حماد بن زید نے بیان کیا، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوملیکہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ میں عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔یہی حدیث۔

(۸۹۰) حَدَّثَنَا يُوسُفُ بن موسٰى حدثنا ابواسامةَ قال حدثنى عثمانُ بن غِيَاثٍ حَدَّثَنَا ابوعثمانَ النهدىُّ عن ابى موسٰى رضِىَ اللّٰه عَنْهُ قال كُنْتُ مع النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَائِطٍ مِنْ حِيْطَانِ المدينةِ فَجَاءَ رجلٌ فاسْتَفْتَحَ فقال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَحْ لَه، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَا فاذا ابوبكر فَبَشَّرْتُه بما قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فحَمِدَاللّٰه ثم جا ء رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فقال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَحْ لَه، وَبَشِّرْهُ بالجنَّة ففتحتُ له فاذ ا هو عمرُ فاخبرتُه بما قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فحَمِدَاللّٰه ثُمَّ

۸۹۰۔ہم سے یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عثمان بن غیاث نے حدیث بیان کی ان سے ابوعثمان نہدی نے حدیث بیان کی، اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مدینہ کے ایک باغ میں، میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا کہ ایک صاحب نے آکر دروازہ کھلوایا، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ان کے لئے دروازہ کھول دو اور انہیں جنت کی بشارت سنا دو۔ میں نے دروازہ کھولا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے، میں نے انہیں نبی کریم ﷺ کے فرمانے کے مطابق جنت کی بشارت سنائی تو انہوں نے اس پر اللہ کی حمد وثنا کی پھر ایک صاحب آئے اور دروازہ کھلوایا۔حضور اکرم ﷺ نے اس موقعہ پر بھی یہی فرمایا کہ دروازہ ان کے کھول دو، اور انہیں جنت کی بشارت سنا دو۔میں نے دروازہ کھولا تو عمر رضی اللہ عنہ تھے۔انہیں بھی

اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فقال لی افْتَحْ لَه' وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰی بَلْوَی تُصِیْبُه' فاذا عثمانُ فَاَخْبَرْتُه' بِمَا قال رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَاللّٰه ثم قال اللّٰهُ المستعانُ

جب حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کی اطلاع سنائی تو انہوں نے اللہ کی حمد و ثنا کی۔ پھر ایک تیسرے صاحب نے دروازہ کھلوایا۔ ان کے لئے بھی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دروازہ کھول دو اور انہیں جنت کی بشارت سنا دو۔ ان مصائب اور آزمائشوں کے بعد جن سے انہیں (دنیا میں) دوچار ہونا پڑے گا۔ آپ عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ جب میں نے آپؓ کو حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کی اطلاع دی تو آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد میں فرمایا کہ اللہ مدد کرنے والا ہے۔

(۸۹۱) حَدَّثَنَا یحیَی بن سلیمان قال حدثنی ابنُ وهب قال اخبرنی حیوة قال حدثنی ابوعقیل زهرة بن معبد انه سَمِعَ جدَّه عبدَاللّٰه بن هشام قال کُنَّا مع النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وهو اٰخِذٌ بِیَدِ عمرَ بن الخطّاب

۸۹۱۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے حیوٰۃ نے خبر دی۔ کہا کہ مجھ سے ابوعقیل زہرہ بن معبد نے حدیث بیان کی اور انہوں نے اپنے دادا عبداللہ بن ہشام رضی اللہ عنہ سے سنا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ہم ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔ حضور اکرم ﷺ اس وقت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے ہوئے تھے۔

باب ۳۸۹. مناقب عثمانَ بن عفان ابی عَمْرٍو القرشی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یَحْفِرْ بِئْرَ رُوْمَةَ فَلَهُ الْجَنَّةُ فَحَفَرَها عُثْمَانُ وَقَالَ من جَهَّزَ جَیْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ فَجَهَّزَه' عثمانُ

۳۸۹۔ ابوعمرو عثمان بن عفان القرشی رضی اللہ عنہ کے مناقب۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ جو شخص بئر رومہ (ایک کنواں) کو خرید کر سب کے لئے عام کر دے گا وہ جنت کا مستحق ہوگا۔ تو عثمان رضی اللہ عنہ نے اسے خرید کر عام کر دیا تھا اور آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ جو شخص جیش عسرہ (غزوۂ تبوک کے لشکر) کو سامان سے لیس کرے گا وہ جنت کا مستحق ہوگا تو عثمان رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا تھا۔

(۸۹۲) حَدَّثَنَا سلیمانُ بنُ حربٍ حدثنا حمادٌ عن اَیُّوب عن ابی عثمان عن ابی موسٰی رضی اللّٰه عنه اَن النبیَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ حائطًا وامَرنی بحِفْظِ الحائطِ فَجاءَ رجلٌ یَسْتَاذِنُ فَقَالَ ائْذَنْ لَه' وبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَاِذا ابوبکر ثم جَاءَ اٰخرُ یستاذِنُ فقال ائْذَنْ لَه' وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فاذا عمرُ ثم جَاءَ اٰخرُ یستاذِنُ فَسَکَتَ هنیئةً ثم قال ائْذَنْ لَه' وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلٰی بَلْوَی تُصِیْبُه' فاذا عثمان بن عفان قال حماد وحدثنا عاصم الْاَحْوَلُ وعلیُّ بن الحکم سمعا اباعثمان یحدث عن ابی موسی بنحوه وزاد فیه عاصم اَنَّ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۸۹۲۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابوعثمان نے اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک باغ کے اندر تشریف لے گئے اور مجھ سے فرمایا کہ میں دروازہ پر حفاظت کرتا رہوں۔ پھر ایک صاحب آئے اور اجازت چاہی، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں اجازت دے دو اور جنت کی خوشخبری بھی سنا دو۔ آپ ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے پھر دوسرے صاحب آئے اور اجازت چاہی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں بھی اجازت دے دو اور جنت کی خوشخبری سنا دو۔ آپ عمر رضی اللہ عنہ تھے۔ پھر تیسرے صاحب آئے اور اجازت چاہی۔ آنحضور ﷺ تھوڑی دیر کے لئے خاموش ہو گئے، پھر فرمایا کہ انہیں بھی اجازت دے دو اور (دنیا میں) ایک آزمائش سے گذرنے کے بعد جنت کی بشارت

لّم كان قاعدًا فى مكان فيه ماءٌ قد انكشفَ
رُكبَتَيهِ اور كبته فلما دَخَلَ عثمانُ غطَّاهَا

بھی سنا دو۔ آپ عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ حماد نے بیان کیا۔ اور ہم سے عاصم احول اور علی بن حکم نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابوعثمان سے سنا اور وہ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اسی طرح حدیث بیان کرتے تھے، لیکن عاصم نے اپنی اس روایت میں یہ اضافہ بھی کیا ہے کہ نبی کریم ﷺ اس وقت ایک جگہ بیٹھے ہوئے تھے جس کے اندر پانی تھا اور آپ اپنے دونوں گھٹنے یا ایک گھٹنہ کھولے ہوئے تھے لیکن جب عثمان رضی اللہ عنہ داخل ہوئے تو آپ نے چھپالیا تھا۔

٨٩...) حَدَّثَنِيْ اَحمدُ بن شبيبِ بن سعد قال
ثَنِيْ ابى عن يونس قال ابنُ شهاب اخبرنى
وةُ اَنْ عبيدالله بن عدى بن الخيار اخبره اَن
سْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وعبدالرحمٰن بن الاسود ابن
يَغوث قالَا مايمنعك اَنْ تُكَلِّم عُثمانَ لِاَخِيْهِ
يدِ فقد اَكْثَرَالناسُ فيه فقصدتُ لعثمانَ حتى
جَ الى الصلاةِ قلتُ اِنَّ لى اِلَيْكَ حاجةً وهى
يْحَةٌ لك قَالَ يَااَيُّهَا المرءُ مِنْكَ قال معمرٌ
قال اَعُوْذُ باللّٰهِ مِنْكَ فانصرفتُ فَرَجَعْتُ
م اِذْجَاءَ رَسُوْلُ عثمانَ فَاَتَيْتُه' فقال
صِيْحَتُكَ فقلتُ اِنَّ اللّٰهَ سبحانه بَعَثَ محمدًا
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بالحقِ واَنْزَلَ عليه الكتابَ
تَ مِمَّنْ استجابَ لِلّٰهِ ولرسولِهٖ صَلَّى اللّٰهُ
هِ وَسَلَّمَ فهاجرتَ الهِجْرَتَيْنِ وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاَيْتَ هَدْيَه' وقد اَكْثَرَ
سُ فِى شَاْنِ الوليدِ قال اَدركتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لاولكن خَلَصَ اِلَيَّ من
مِهٖ مَايَخْلُصُ الى الْعَذْرَاءِ فِي سِتْرِهَا قَالَ اَمَّا بَعْدُ
اللّٰه بَعَثَ مُحَمَّدً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالحقِ
تُ ممن استجاب لِلّٰهِ ولرسولِهٖ واٰمَنْتُ بما
ثَ بِهٖ وهاجرتُ الهِجْرَتَيْنِ كما قلتَ وصحبتُ
وْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وبَايَعْتُه فوا للّٰه
صيتُه ولاغَشَشْتُه حتى تَوَفَّاه اللّٰهُ ثم ابوبكر

٨٩٣۔ ہم سے احمد بن شبیب بن سعد نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، کہ ابن شہاب نے بیان کیا اور انہیں عروہ نے خبر دی، انہیں عبیداللہ بن عدی بن خیار نے خبر دی کہ مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن اسود بن عبد یغوث رضی اللہ عنہما نے ان سے کہا کہ آپ عثمان رضی اللہ عنہ سے ان کے بھائی ولید کے بارے میں (جسے عثمان رضی اللہ عنہ نے کوفہ کا گورنر بنایا تھا) کیوں گفتگو نہیں کرتے، لوگوں میں اس مسئلہ پر بڑی بے چینی پائی جاتی ہے۔ چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ کے یہاں گیا اور جب وہ نماز کے لئے باہر تشریف لائے تو میں نے عرض کی کہ مجھے آپ سے ایک ضرورت ہے اور وہ ہے آپ کے ساتھ ایک خیر خواہی! اس پر عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے میاں! تم سے (میں خدا کی پناہ چاہتا ہوں) معمر نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا ''اعوذ باللہ منک۔'' میں واپس ان حضرات کے پاس آ گیا۔ اتنے میں عثمان رضی اللہ عنہ کا قاصد بلانے کے لئے آیا۔ میں جب اس کے ساتھ عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، تو آپ نے دریافت فرمایا کہ تمہاری خیر خواہی (نصیحت) کیا تھی؟ میں نے عرض کی، اللہ سبحانہ، تعالیٰ نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا اور ان پر کتاب نازل کی۔ آپ بھی ان لوگوں میں شامل تھے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی دعوت پر لبیک کہا تھا۔ آپ نے دو ہجرتیں کیں۔ حضور اکرم ﷺ کی صحبت اٹھائی اور آپ کے طریقے اور سنت کو دیکھا لیکن لوگوں میں ولید کی وجہ سے بڑی بے چینی پیدا ہوگئی ہے (اس کے خلاف شریعت کاموں کی وجہ سے۔) عثمان رضی اللہ نے اس پر پوچھا۔ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ میں نے عرض کی کہ نہیں (اگرچہ پیدائش حضور اکرم ﷺ کے دور ہی کی ہے) لیکن حضور اکرم ﷺ

مِثْلُه' ثم عُمَرُ مِثْلُه' ثُمَّ اسْتُخلِفتُ اَفَلَيسَ لی من الحقِّ مثلُ الذی لهم قلتُ بَلٰی قال فما هٰذِهِ الاحاديثُ الَّتِیْ تَبْلُغُنِیْ عَنْكُمْ اماما ذَكَرْتَ من شأن الوليد فَسَنَأْخُذَ فيه بالحق ان شاءَ اللّٰهُ ثم دَعَا عَلِيًّا فَاَمَرَه' ان يَجْلِدَه' فَجَلَدَه' ثَمَانِيْنَ

کی احادیث ایک کنواری لڑکی تک اس کے تمام پردوں کے باوجود جب پہنچ چکی ہیں تو مجھے کیوں نہ معلوم ہوتیں، ❶ اس پر عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا، امابعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا اور میں اللہ اور اس کے رسول کی دعوت کو قبول کرنے والوں میں ہی تھا۔ حضور اکرم ﷺ جس دعوت کو لے کر بھیجے گئے تھے میں اس پر مکمل طریقے سے ایمان لایا اور (جیسا کہ آپ نے کہا دو(۲) ہجرتیں بھی کیں، میں حضور اکرم ﷺ کی صحبت سے بھی فیض یاب ہوا ہوں اور آپ سے بیعت بھی کی ہے۔ پس خدا گواہ ہے کہ میں نے کبھی آپ کے حکم سے سرتابی نہیں کی اور نہ آپ کے ساتھ کبھی کوئی فریب کیا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دی، اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی یہی معاملہ رہا۔ تو کیا جب کہ مجھے ان کا جانشین بنا دیا گیا ہے تو مجھے وہ حقوق حاصل نہیں ہوں گے جو انہیں تھے؟ میں نے عرض کی کہ کیوں نہیں، آپ نے فرمایا کہ پھر ان باتوں کے لئے کیا جواز رہ جاتا ہے جو آپ لوگوں کی طرف سے مجھے پہنچتی رہتی ہیں لیکن آپ نے جو ولید کے حالات کا ذکر کیا ہے تو انشاء اللہ ہم اس معاملے میں حق پر ہی قائم رہیں گے۔ پھر آپ نے علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان سے فرمایا کہ ولید کو کوڑے لگوائیں۔ چنانچہ آپ نے اسے اسی ۸۰ کوڑے لگوائے۔ ❷

(۸۹۴) حَدَّثَنِیْ محمدُ بنُ حاتمِ بْنِ بَزِيع حَدَّثَنَا شَاذَانُ حَدَّثَنَا عبدالعزيز بن ابی سلمة الماجِشُوْنَ عن عبيدالله عن نافِعٍ عن ابن عمرَ رَضِیَ اللّٰهُ عنهما قال كُنَّا فی زَمَنِ النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لانَعْدِلُ بابی بكر اَحَدًا ثم عُمَرَ ثُمَّ عُثْمَانَ ثم نَتْرُكُ اصحابَ النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۸۹۴۔ مجھ سے محمد بن حاتم بن بزیع نے حدیث بیان کی، ان سے شاذان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ الماجشون نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں ہم ابوبکر رضی اللہ عنہ کے برابر کسی کو نہیں قرار دیتے تھے۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ کو اور پھر عثمان رضی اللہ عنہ کو، اس کے بعد حضور اکرم ﷺ کے صحابہؓ پر ہم کوئی بحث

❶ یعنی حضور اکرم ﷺ کے فرمودات کی اشاعت اتنی عام اور شائع وضائع ہے کہ ان کے علم سے کوئی مسلمان خالی نہیں۔ کنواری لڑکی جو اپنی شرم وحجاب کے لئے مشہور ہے۔ وہ بھی آپ کے فرمودات کا علم رکھتی ہے تو پھر مجھے کیوں نہ ہوگا جب کہ میں انہیں حاصل کرنے کے لئے کوششیں بھی کرتا رہا ہوں۔

❷ ولید کی دوسری بے راہ روی کے تذکروں کے ساتھ جو خاص واقعہ اس وقت پیش آیا تھا وہ اس کے شراب پینے کا تھا اور اس پر مسلمانوں میں بڑی بے چینی ہوگئی تھی۔ چونکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتظامات کے خلاف بعض لوگ صرف فتنہ پردازی کی غرض سے نکتہ چینی کیا کرتے تھے، اس لئے جب عبید اللہ بن عدی بن خیار رضی اللہ عنہ نے ان سے اس واقعہ کا ذکر کیا اور عوام وخواص کی اس واقعہ پر عام بے چینی کا ذکر کیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اسے بھی اولاً اس نقطہ نظر کی ترجمانی سمجھی اور اس پر ایک حد تک ناراضگی کا بھی اظہار فرمایا لیکن بعد میں واقعہ کی تحقیق کی طرف متوجہ ہوئے اور جب دو آدمیوں کی گواہی اس کے شراب استعمال کرنے پر ہوگئی تو اسے اسی ۸۰ کوڑے لگوائے، جو شراب پینے کی اسلامی شریعت میں سزا ہے۔

لانُفاضِلُ بَيْنَهُمْ تابعه عبدالله عن عبدالعزيز

نہیں کرتے تھے اور کسی کو ایک دوسرے پر فضیلت نہیں دیتے۔ اس روایت کی متابعت عبداللہ نے عبدالعزیز کے واسطہ سے کی۔

(۸۹۵) حَدَّثَنَا موسىٰ بنُ اسماعيلَ حَدَّثَنَا ابوعَوانَةَ حَدَّثَنَا عثمانُ هو ابن مَوْهِبٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ مِصْرَ وَحَجَّ البيتَ فَرَأىٰ قَوْمًا جلوسًا فقال مَنْ هٰؤلاء الْقَوْمُ قَالَ هٰؤلاء قريشٌ قال فَمَنِ الشيخُ فيهم قالوا عبدالله بن عمر قال ياابنَ عُمَرَ اِنِّيْ سائِلُکَ عن شيءٍ فَحَدِّثْنِيْ هَلْ تَعْلَمُ اَنَّ عثمانَ فَرَّ يَوْمَ اُحُدٍ قال نعم فقال تَعْلَمُ اَنَّهٗ تَغَيَّبَ عن بدرٍ ولم يَشْهَدْ قال نعم قال تَعْلَمُ اَنَّهٗ تَغَيَّبَ عن بيعةِ الرضوان فلم يَشْهَدْهَا قال نعم قال اللّٰهُ اَكْبَرُ قال ابنُ عُمَرَ تَعالَ اُبَيِّنْ لَکَ اَمَّا فِرارُهٗ يَوْمَ اُحُدٍ فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَفَا عَنْهُ وغَفَرَلَهٗ واما تَغَيُّبُهٗ عن بدرٍ فانه كانَتْ تَحْتَهٗ بنتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وكانَتْ مريضةً فقال له رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِن لَکَ اَجْرَ رَجُلٍ مِمَّنْ شَهِدَ بدرًا وسَهْمَه وَاَمَّا تَغَيُّبُهٗ عن بيعةِ الرضوان فَلَوْكَانَ اَحَدًا عَزَّ ببطن مكةَ من عثمانَ لَبَعَثَهٗ مكانَهٗ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عثمانَ وكانَتْ بيعةُ الرضوان بعدَ ماذَهَبَ عُثْمَانُ الى مكةَ فقال رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُمْنىٰ هٰذِهٖ يَدُ عثمانَ فَضَرَبَ بِهَا على يَدِهٖ فقال هٰذِهٖ لِعُثْمَانَ فقال له ابن عمرَ اِذْهَبْ بها الْاٰنَ مَعَکَ

۸۹۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن موہب نے حدیث بیان کی کہ اہل مصر میں سے ایک صاحب آئے اور حج بیت اللہ کیا۔ پھر کچھ لوگوں کو بیٹھے ہوئے دیکھا تو پوچھا کہ ان حضرات کا تعلق کس قبیلے سے ہے؟ کسی نے کہا کہ یہ حضرات قریش ہیں۔ انہوں نے پوچھا کہ ان میں بزرگ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما۔ انہوں نے پوچھا، اے ابن عمر! میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں، امید ہے کہ آپ مجھے بتائیں گے، کیا آپ کو معلوم ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے احد کی لڑائی سے راہ فرار اختیار کی تھی؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں ایسا ہوا تھا، پھر انہوں نے پوچھا کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ بدر کی لڑائی میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ جواب دیا کہ ہاں، ایسا ہوا تھا، انہوں نے پوچھا، کیا آپ کو معلوم ہے کہ وہ بیعت رضوان میں بھی شریک نہیں ہوئے تھے جواب دیا کہ ہاں یہ بھی صحیح ہے۔ یہ سن کر ان کی زبان سے نکلا، اللہ اکبر! تو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، قریب آ جاؤ، میں تمہیں ان واقعات کی تفصیل سمجھاؤں گا۔ احد کی لڑائی سے فرار کے متعلق میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کر دیا ہے۔ بدر کی لڑائی میں عدم شرکت کا واقعہ یہ ہے کہ ان کے نکاح میں نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی تھیں اور اس وقت بیمار تھیں اور حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا (لڑائی میں عدم شرکت کی اجازت دیتے ہوئے) کہ تمہیں اتنا ہی اجر وثواب ملے گا جتنا اس شخص کو جو بدر کی لڑائی میں شریک ہوگا اور اسی کے مطابق مال غنیمت سے حصہ بھی! اور بیعت رضوان میں عدم شرکت کا واقعہ یہ ہے کہ اس موقعہ پر وادی مکہ میں کوئی بھی شخص (مسلمانوں کی طرف کا) عثمان رضی اللہ عنہ سے زیادہ ہر دلعزیز اور بااثر ہوتا تو حضور اکرم ﷺ اسی کو آپ کی جگہ وہاں بھیجتے، یہی وجہ ہوئی تھی کہ آنحضور ﷺ نے انہیں مکہ بھیج دیا تھا (تاکہ قریش کو یہ باور کرایا جا سکے کہ آنحضور ﷺ صرف عمرہ کی غرض سے آئے ہیں، لڑائی ہرگز مقصود نہیں) اور جب بیعت رضوان ہو رہی تھی تو عثمان رضی اللہ عنہ مکہ جا چکے تھے۔ اس موقعہ پر حضور اکرم ﷺ نے اپنے داہنے ہاتھ کو اٹھا کر فرمایا تھا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور پھر اسے اپنے

دوسرے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا تھا کہ یہ بیعت عثمان کی طرف سے ہے۔ا
کے بعد ابن عمر رضی اللہ عنہ نے سوال کرنے والے شخص سے فرمایا کہ
ان باتوں کو ہمیشہ یاد رکھنا۔(تا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف کوئی جذ
نہ پیدا ہو۔)

(۸۹۶) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا یحییٰ عن سعیدٍ عن قتادۃَ اَنَّ اَنَسًا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حدثھم قال صَعِدَ النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُحُدًا ومعہ ابوبکر وعمرُ وعثمان فَرَجَفَ فقال اسْکُنْ اُحُدُ اَظُنُّہ' ضَرَبَہ' بِرِجْلِہٖ فَلَیْسَ عَلَیْکَ اِلَّا نَبِیٌّ وَّصِدِّیْقٌ وَشَہِیْدَانِ

۸۹۶۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی،ان سے یحییٰ نے حدیث بیا
کی،ان سے سعید نے،ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ
نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ جب احد پہاڑ پر چڑھے اور آپ ـ
ساتھ ابو بکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم بھی تھے تو پہاڑ کانپنے لگا۔حضور اک
ﷺ نے اس پر فرمایا، احد ٹھہر جا۔میرا خیال ہے کہ آنحضور ﷺ نے ا
اپنے پاؤں سے مارا بھی تھا کہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو(۲) شہید
تو ہیں۔

باب ۳۹۰. قِصَّۃِ البَیْعَۃ وَالاتفاقِ عَلٰی عُثْمَان بن عَفَّان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

۳۹۰۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بیعت اور آپ کی خلافت پر اتفا
کا واقعہ۔

(۸۹۷) حَدَّثَنَا موسَی بنُ اسماعیلَ حدثنا ابوعوانَۃَ عن حصین عن عمر بن میمون قال رَاَیْتُ عمرَ بنَ الخطابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَبْلَ اَنْ یُّصَابَ بِاَیَّامٍ بالمدینۃِ وَقَفَ علی حذیفۃَ بنِ الیمانِ وعثمانَ بنِ حنیف قَالَ کَیْفَ فَعَلْتُمَا اَتخافَانِ اَنْ تَکُوْنَا قد حَمَّلْتُمَا الْاَرْضَ مالا تُطِیْقُ قالا حَمَّلْنَاھَا اَمْرًا ھی لہ مُطِیْقَۃٌ مافِیْھَا کَبِیْرِ فضل قال انظرا ان تَکُوْنَا حَمَّلْتُمَا الارضَ مالاَ تُطِیْقُ قال قالا لَافقال عمرُ لئن سلمنی اللّٰہُ لادَ عَنَّ اَرَامِلَ اھلِ العراقِ لایَحْتَجْنَ اِلٰی رَجُلٍ بَعْدِیْ ابدًا قال فَمَا اَتَتْ علیہ الارَابِعَۃٌ حَتّٰی اُصِیْبَ قال اِنِّیْ لقائمٌ مَابَیْنِیْ وبَیْنَہ الاعبدُاللّٰہ بنُ عباسٍ غداۃَ اُصِیْبَ وَکَانَ اِذا مَرَّبَیْنَ الصَّفَّیْنِ قال اسْتَوُوا حتی اِذا لم یَرَفِیْھِنَّ خَلَلًا تَقَدَّمَ فَکَبَّرَ ورُبَّمَا قَرَاَسُوْرَۃَ یوسُفَ اوالنحل اونحو ذلک فِی الرکعۃِ الاولٰی حَتّٰی یَجْتَمِعَ الناسُ فَمَا ھُوَ اِلَّا اَنْ کَبَّرَ فَسَمِعْتُہ' یقول قَتَلَنِیْ اَوْاَکَلَنِی الْکَلْبُ حِیْنَ طَعَنَہ' فَطَارَ الْعِلْجُ بِسِکِّیْنٍ

۸۹۷۔ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی،ان سے ابوعوا
نے حدیث بیان کی،ان سے حصین نے،ان سے عمر بن میمون نے بیا
کیا کہ میں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو شہادت سے چند دن پہ
مدینہ میں دیکھا کہ آپ حذیفہ بن یمان اور عثمان بن حنیف رضی اللہ ع
کے ساتھ کھڑے تھے اور ان سے فرما رہے تھے کہ (عراق کی اراضی ـ
لئے،جس کا انتظام خلافت کی جانب سے ان حضرات کے سپرد کیا گ
تھا) آپ لوگوں نے کیا کیا؟ کیا آپ لوگوں کو یہ خطرہ ہوا ہے کہ ا
زمین والوں پر اتنا بوجھ پڑ گیا ہے جسے برداشت کرنے کی ان میں طاقت
نہیں ہے؟ ان حضرات نے جواب دیا کہ ہم نے ان پر (جزیہ وخراج کا
اتنا ہی بار ڈالا ہے جسے ادا کرنے کی ان میں طاقت ہے،اس میں کو
زیادتی نہیں کی گئی ہے۔عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بہر حال ہمیشہ اس
لحاظ رکھنا کہ اس زمین پر خراج کا اتنا بار نہ پڑے جو زمین والوں کی طاقت
سے باہر ہو۔بیان کیا کہ ان دو حضرات نے کہا کہ ایسا نہیں ہونے پا
گا۔اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے زند
رکھا تو میں عراق کی بیوہ عورتوں کے لئے اتنا کر دوں گا کہ پھر میرے بعد
وہ کسی کی محتاج نہیں رہیں گی۔بیان کیا کہ ابھی گفتگو پر چوتھا دن ہی آیا ت
کہ عمر رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے۔عمر ابن میمون نے بیان کیا کہ جس

ذَاتَ طَرَفَيْنِ لَايَمُرُّ عَلٰى اَحَدٍ يميناً وَلاَ شِمَالًا اِلَّا طَعَنَه' حتى طعَنَ ثلاَ ثَةَ عَشَر رَجُلًا مَاتَ منهم سبعةٌ فلما راى ذٰلك رجلٌ من المسلمين طَرَحَ عليه بُرنُسًا فلما ظَنَّ العِلْجُ انه ماخوذٌ نَحَرَ نفسه وتَنَاوَلَ عُمَرُ يَدَ عبدِالرحمٰن بنِ عوفٍ فَقَدَّمَه' فَمَنْ يَلِى عُمَرَ فَقَدْ رَاَى الَّذِىْ اَرىٰ وَاَمَّا نَـوَاحِى المسجِدِ فَاِنَّهُمْ لَايَدْرُوْنَ غَيْرَ انهم قد فَقَدُوْا صوتَ عُمَرَو هُمْ يَقُوْلُوْنَ سبحانَ اللّٰهِ سبحانَ اللّٰهِ فَصَلّٰى بِهِمْ عبدُالرحمٰن صلاةً خفيفةً فَلَمَّا انْصَرَفُوْا قال يااِبن عباسٍ اُنْظُرْ مَنْ قَتَلَنِىْ فَجَالَ ساعةً ثم جَاءَ فقال غلامُ المُغيرةِ قال الصَّنَعُ قال نعم قال قَاتَلَهُ اللّٰهُ لَقَدْاَمَرْتُ بِهٖ معروفًا الحمدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لم يَجْعَلُ مِيْتَتِى بِيَدِ رَجُلٍ يَدَّعِى الْاِسْلَامَ قدكنتَ اَنْتَ وابوك تُحِبَّان ان تَكْثُرَ العُلُوجُ بالمدينة وَكَانَ اَكْثَرَهم رقيقًا فَقَال اِنْ شئتَ فعلتُ اى ان شئتَ قَتَلْنَا قال كَذَبْتَ بعد ماتكَلَّمُوْا بلسانكم وصَلَّوْا قِبلَتكم وحَجُّوا حَجَّكم فَاحْتُمِلَ الى بَيْتِه فانْطَلَقْنَا معه وكان الناسُ لم تُصِبْهُم مصيبةٌ قَبْلَ يومئذٍ فَقَائِلٌ يقول لاباسَ وقائلٌ يقول اَخَافُ عليه فاتِىَ بنبيذٍ فَشَرِبَه' فَخَرَجَ مِنْ جَوْفِهٖ ثم اُتِىَ بِلَبَنٍ فَشَرِبَهٗ فَخَرَجَ من جُرْحِهٖ فعلموا اَنَّه' مَيِّتٌ فَدَخَلْنَا عليه وجاء النَّاسُ يُثْنُوْنَ عَلَيه وجَاءَ رَجُلٌ شابٌّ فقال اَبْشِرْ ياامير المؤمنين بِبُشْرىَ اللّٰهِ لَكَ مِنْ صحبةِ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقِدَمٍ فى الاسلام مَاقدعلمتَ ثم وُلِّيْتَ فَعَدَلْتَ ثم شهادةٌ قال وَدِدْتُ اَنَّ ذٰلِكَ كَفَافٌ لَا عَلَيَّ وَلَالِى فلما اَدْبَرَ اِذَا اِزَارُه' يَمَسُّ الارضَ قال رُدُّوْا عَلَيَّ الغلام قال ابنَ اَخِىْ اِرْفَعْ ثَوْبَكَ فَاِنَّه' اَبْقٰى لثوبك وَاَتْقٰى لِرَبِّكَ ياعبدَاللّٰه بنَ عُمَرَ اُنْظُرْ ما عليَّ من الدين فَحَسَبُوْه فَوَجَدُوْه سِتَّةً وثَمانِيْنَ الفًا اونحوه

صبح کو آپ شہید کئے گئے، میں (فجر کی نماز کے انتظار میں، صف کے اندر) کھڑا تھا اور میرے اور آپ کے درمیان عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے سوا اور کوئی نہیں تھا۔ آپ کی عادت تھی کہ جب صف سے گذرتے تو فرماتے جاتے کہ صفیں سیدھی کرلو اور جب دیکھتے کہ صفوں میں کوئی خلل باقی نہیں رہ گیا ہے تب آگے (مصلے پر) بڑھتے اور تکبیر کہتے۔ آپ (فجر کی نماز کی) پہلی رکعت میں عموماً سورۂ یوسف، سورۂ نحل یا اتنی ہی طویل کوئی سورت پڑھتے۔ یہاں تک کہ لوگ جمع ہو جاتے اس دن ابھی آپ نے تکبیر کہی ہی تھی کہ میں نے سنا، آپؓ فرمارہے ہیں کہ مجھے قتل کردیا یا کتے نے کاٹ لیا۔ ابولؤلؤ نے آپ کو زخمی کردیا تھا اس کے بعد بدبخت اپنا دو دھاری ہتھیار لئے دوڑنے لگا اور دائیں بائیں جدھر بھی پھرتا تو لوگوں کو زخمی کرتا جاتا اس طرح اس نے تیرہ آدمیوں کو زخمی کردیا۔ جن میں سات حضرات نے شہادت پائی۔ مسلمانوں میں سے ایک صاحب نے جب یہ صورت حال دیکھی تو انہوں نے اپنی لمبی ٹوپی (برنس) اس پر ڈال دی، بدبخت کو جب یقین ہو گیا کہ اب پکڑ لیا جائے گا تو اس نے خود اپنا بھی گلا کاٹ دیا پھر عمر رضی اللہ عنہ نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر انہیں آگے بڑھا دیا (نماز پڑھانے کے لئے۔) (عمرو بن میمون نے بیان کیا کہ) جو لوگ عمر رضی اللہ عنہ کے قریب تھے انہوں نے بھی وہ صورت حال دیکھی جو میں دیکھ رہا تھا، لیکن جو لوگ مسجد کے کنارے پر تھے (پیچھے کی صفوں میں) تو انہیں کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔ البتہ چونکہ عمر رضی اللہ عنہ کی آواز (نماز میں) انہوں نے نہیں سنی تو کہتے رہے کہ سبحان اللہ، سبحان اللہ! حیرت و تعجب کی وجہ سے) آخر عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو بہت ہلکی نماز پڑھائی۔ پھر جب لوگ واپس ہونے لگے تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ابن عباس! دیکھو مجھے کس نے زخمی کیا ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے تھوڑی دیر گھوم پھر کر دیکھا اور فرمایا کہ مغیرہ رضی اللہ عنہ کے غلام (ابولؤلؤ) نے آپ کو زخمی کیا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا وہی جو کاریگر ہے؟ جواب دیا کہ جی ہاں۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا اسے برباد کرے۔ میں نے تو اسے اچھی بات کہی تھی (جس کا اس نے یہ بدلہ دیا) اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میری موت اس نے کسی ایسے شخص کے ہاتھوں نہیں مقدر کی جو اسلام کا مدعی ہو۔ تم اور تمہارے والد (عباس رضی اللہ عنہ) اس کے بہت

قال اِنْ وفٰی له مالُ اٰلِ عمرَ فَادِّهٖ من اموالهم وَاِلَّا فَسَلْ فی بنی عدی بن کعب فان لَمْ تَفِ اَموالُهم فَسَلْ فی قریشٍ ولا تَعْدُهُمْ اِلٰی غیرهم فَادِّعَنِّیْ هذا المالَ اِنْطَلِقْ اِلٰی عَائشةَ امِ المؤمنین فقل یَقْرَأُ عَلیکَ عمرُالسَّلامَ وَلا تَقُلْ امیرَالمُؤْمِنِیْنَ فانی لستُ الیومَ للمؤمنین امیرًا وقُلْ یَسْتَاْذِنُ عمرُ بن الخطاب ان یُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَیْهِ فَسَلَّمَ وَاسْتَاْذَنَ ثم دَخَلَ عَلَیْهَا فَوَجَدَهَا قاعدةً تَبْکِیْ فَقَالَ یَقْرَأُ علیک عمرُ بن الخطاب السلامَ ویستاذنُ ان یُدْفَنَ مع صَاحِبَیْهِ فقالتْ کنتُ اُرِیْدُه لِنَفْسِیَ وَلَاُوْثِرَنَّ به الیومَ علی نفسی فلما اَقْبَلَ قیل هٰذا عبدُاللّٰه بنُ عُمَرَ قَدْجَاءَ قال اِرْفَعُوْنِیْ فَاَسْنَدَه' رجلٌ الیه فقال مَالَدَیْکَ قال الذی تُحِبُّ یاامیرَالمؤمنین اَذِنَتْ قال الحمدُ لِلّٰه ماکان من شیءٍ اَهَمُّ اِلَیَّ مِنْ ذٰلِکَ فَاِذَا اَنَا قَضَیْتُ فاحْمِلُوْنی ثم سَلِّمْ فَقُلْ یَستاذِنُ عمرُ بن الخطاب فَاِنْ اَذِنَتْ لِیْ فَاَدْخِلونی واِنْ رَدَّتْنِیْ رُدُّوْنی الی مقابرِالمسلمین وجَائَتْ اُمُّ المؤمنین حَفْصَةُ والنساءُ تَسِیرُ معها فلما رَاَیْنَاهَا قُمْنَا فَوَلَجَتْ عَلَیْهِ فَبَکَتْ عِنْدَه' ساعَةً واستأذن الرجالُ فَوَلَجَتْ داخِلًا لهم فَسَمِعْنَا بُکَاءَ هَا مِنَ الدَاخِلِ فقالوا اَوْصِ یاامیرَالمُؤمنین استَخْلِفَ قال مَااَجِدُ اَحَقَّ بهذَا الاَمْرِ مِنْ هٰؤُلاء النفرِ اوالرهْطِ الَّذِیْنَ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وهو عنهم رَاضٍ فَسَمّٰی علیًّا وعثمانَ والزبیرَ وطلحةَ وَسعدًا وعبدَالرحمٰن وقال یَشْهَدُکُمْ عبدُاللّٰه بنُ عمرَوَ لیس له من الاَمْرِ شَیْءٌ کَهَیْئَةِ التَّعْزِیَةِ له فان اَصَابَتِ الْاِمْرَةُ سعدًا فَهُوَ ذاک والا فَلْیَسْتَعِنْ به اَیُّکُمْ مَا اُمِّرَ فَاِنِّیْ لَمْ اَعْزِلْه' عَنْ عِجْزٍ وَلَا خِیانَةٍ وقال اُوْصِی الخلیفةَ مِنْ بعدی بالمهاجرین

خواہش مند تھے کہ عجمی غلام مدینے میں زیادہ سے زیادہ لائے جائیں، یوں بھی ان کے پاس غلام بہت تھے۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اگر آپ فرمائیں تو ہم بھی کر گذریں، مقصد یہ تھا کہ اگر آپ چاہیں تو ہم (مدینہ میں مقیم عجمی غلاموں کو) قتل کر ڈالیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یہ انتہائی غلط فکر ہے۔ خصوصاً جب کہ تمہاری زبان میں گفتگو کرتے ہیں، تمہارے قبلہ کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے ہیں اور تمہاری طرح حج ادا کرتے ہیں (یعنی جب وہ مسلمان ہو گئے ہیں پھر ان کا قتل کس طرح جائز ہوسکتا ہے) پھر عمر رضی اللہ عنہ کو ان کے گھر اٹھا کر لایا گیا اور ہم آپ کے ساتھ ساتھ آئے ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے لوگوں پر کبھی اس سے پہلے اتنی بڑی مصیبت آئی ہی نہیں تھی (عمر رضی اللہ عنہ کے زندہ بچ جانے کے متعلق لوگوں کی رائے بھی مختلف تھی) بعض تو یہ کہتے تھے کہ کچھ نہیں ہوگا (اچھے ہو جائیں گے) اور بعض یہ کہتے تھے کہ آپؓ کی زندگی خطرہ میں ہے۔ اس کے بعد کھجور کا پانی لایا گیا اور آپ نے اسے نوش فرمایا تو وہ آپ کے پیٹ سے باہر نکل آیا۔ پھر دودھ لایا گیا۔ اسے بھی جوں ہی آپ نے پیا زخم کے راستے وہ بھی باہر نکل آیا۔ اب لوگوں کو یقین ہو گیا کہ آپ کی شہادت یقینی ہے۔ پھر ہم اندر گئے اور لوگ آپ کی تعریف و توصیف کرنے لگے۔ اتنے میں ایک نوجوان اندر آیا اور کہنے لگا، یا امیر المؤمنین! آپ کو خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت اٹھائی ابتداء میں اسلام لانے کا شرف حاصل کیا۔ جو آپ کو معلوم ہے (یعنی جو بشارتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کو ملی ہیں۔) پھر آپ والی بنائے گئے اور عدل و انصاف سے حکومت کی اور پھر شہادت پائی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں تو اس پر بھی خوش تھا کہ ان باتوں کی وجہ سے برابر پر میرا معاملہ ختم ہو جاتا، نہ عقاب ہوتا اور نہ ثواب! جب وہ نوجوان جانے لگا تو اس کا تہبند (ازار) لٹک رہا تھا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا لڑکے کو میرے پاس واپس بلا لاؤ۔ (جب وہ آئے تو) آپ نے فرمایا۔ میرے بیٹے! یہ اپنا کپڑا اٹھائے رکھو (زمین سے) کہ اس سے تمہارا کپڑا بھی زیادہ دنوں تک چلے گا اور تمہارے رب سے تقویٰ کا بھی باعث ہے۔ اے عبداللہ بن عمر! دیکھو مجھ پر کتنا قرض ہے؟ جب لوگوں نے آپ پر قرض کا شمار کیا تو تقریباً چھیاسی ہزار ۸۶۰۰۰ نکلا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ اگر یہ قرض آل عمر

الاولین ان یَعْرِفَ لھم حَقَّھُمْ وَیَحْفَظُ لَھُمْ حُرْمَتَھُمْ واُوْصِیْہِ بالانصار خیرًا الَّذِیْنَ تبَوَّءُ واالدَّار والْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِھِمْ ان یُّقْبَلَ من مُحْسِنِھِم وان یُعْفٰی عن مُسِیْئِھِم واُوْصِیْہ باھل الامصار خیرًا فَاِنَّھُمْ رِدْءُ الاسلامِ وَجُبَاۃُ الْمَالِ وغَیْظُ العدووان لایُؤْخَذَ منھم اِلَّا فَضْلُھُمْ عن رضاھم وَاُوْصِیْہِ بالاَعْرَابِ خیرًا فانھم اَصْلُ العَرَبِ ومادۃُ الاسلامِ ان یُؤْخذ من حواشی اموالِھم وتُرَدَّ علی فُقَرائِھِم واُوصِیْہ بذمۃ اللّٰہ وذمۃ رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ان یُوْفٰی لھم بِعَھْدِھِمْ وان یُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِھِمْ ولایُکَلَّفُوْا اِلا طاقتھم فلما قُبِضَ خَرَجْنَا بہ فانْطَلَقْنَا نَمْشِی فَسَلَّمَ عبدُاللّٰہ بنُ عمرَ قال یستاذن عمرُ بنُ الخطاب قالتْ اَدْخِلُوْہُ فاُدْخِلَ فوُضِعَ ھُنَالِکَ مع صا حبیہ فلما فُرِغَ من دفنہ اجتمع ھٰؤُلاءِ الرھط فقال عبدُالرحمٰن اِجْعَلُوا اَمْرَکم الی ثلاثۃٍ منکم فقال الزبیرُ قد جعلتُ اَمْرِی الی علیٍ فقال طلحۃُ قد جعلتُ اَمْرِی الی عثمانَ وقال سعدٌ قد جعلتَ اَمْرِی الی عبدِالرحمٰنِ بنِ عَوْفٍ فقال عبدُالرحمٰن اَیُّکُمَا تَبَرأَ من ھذا الاَمرِ فَنَجْعَلَہ' الیہ واللّٰہ علیہ والاسلامُ لَیَنْظُرَنَّ اَفْضَلَھُمْ فی نَفْسِہِ فَاُسْکِتَ الشَّیْخَان فقال عبدُالرحمٰنِ افتجعلونہ اِلَیّ واللّٰہِ علیّ اَنْ لَاآلُوَ عن افضلِکم قال نعم فاخذ بیدِ اَحَدِھما فقال لَکَ قرابۃٌ مِنْ رسولِ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالْقَدَمُ فی الاسلام ماقد علمتَ فاللّٰہ علیک لئن اَمَّرْتُکَ لَتَعْدِ لَنَّ ولئن اَمَّرْتُ عثمانَ لَتَسْمَعَنَّ ولَتُطِیْعَنَّ ثم خلا بالْآخرِ فقال لہ مثلَ ذلک فلما اَخَذَالمیثاقَ قال اِرْفَعْ یَدَکَ یاعثمانُ فَبَایَعَہ' فَبَایَعَ لہٗ عَلِیٌّ وَوَلَجَ اھلُ الدارِ فَبَایَعُوْہُ

کے مال سے ادا ہو سکے تو انہیں کے مال سے اس کی ادائیگی کرنا، ورنہ پھر بنی عدی بن کعب سے کہنا، اگر ان کے مال کے بعد بھی ادائیگی نہ ہو سکے تو قریش سے کہنا، ان کے سوا اور کسی سے امداد کو طلب نہ کرنا اور میری طرف سے اس قرض کی ادائیگی کر دینا۔ اچھا اب ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں جاؤ اور ان سے عرض کرو کہ عمر نے آپ کی خدمت میں سلام عرض کیا ہے، امیر المؤمنین (میرے نام کے ساتھ) نہ کہنا کیونکہ اب میں مسلمانوں کا امیر نہیں رہا ہوں۔ تو ان سے عرض کرنا کہ عمر بن خطاب نے آپ سے اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت چاہی ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے (عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو کر) سلام کیا اور اجازت لے کر اندر داخل ہوئے، دیکھا کہ آپ بیٹھی رو رہی ہیں۔ پھر کہا کہ عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) نے آپ کو سلام کہا ہے اور اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت چاہی ہے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا میں نے اس جگہ کو اپنے لئے منتخب کر رکھا تھا، لیکن آج میں انہیں اپنے پر ترجیح دوں گی۔ پھر جب ابن عمر رضی اللہ عنہ واپس آئے تو لوگوں نے بتایا کہ عبداللہ آ گئے تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر مجھے اٹھاؤ، ایک صاحب نے سہارا دے کر آپؓ کو اٹھایا۔ آپؓ نے دریافت فرمایا، کیا خبر لائے؟ کہا کہ جو آپ کی تمنا تھی یا امیر المؤمنین! عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، الحمد للہ! اس سے اہم چیز اب میرے لئے کوئی نہیں رہ گئی تھی لیکن جب میری وفات ہو چکے اور مجھے اٹھا کر (دفن کے لئے) لے چلو تو پھر میرا سلام ان سے کہنا اور عرض کرنا کہ عمر بن خطاب نے آپ سے اجازت چاہی ہے، اگر وہ میرے لئے اجازت دے دیں تب مجھے وہاں دفن کرنا اور اگر اجازت نہ دیں تو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا۔ اس کے بعد ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا آئیں، ان کے ساتھ کچھ دوسری خواتین بھی تھیں۔ جب ہم نے انہیں دیکھا تو ہم اٹھ گئے، آپ عمر رضی اللہ عنہ کے قریب آئیں اور وہاں تھوڑی دیر تک آنسو بہاتی رہیں پھر جب مردوں نے اندر آنے کی اجازت چاہی تو آپ مکان کے اندرونی حصہ میں چلی گئیں اور ہم نے ان کے رونے کی آواز سنی۔ پھر لوگوں نے عرض کی، امیر المؤمنین! کوئی وصیت کر دیجئے، خلافت کے متعلق! فرمایا کہ خلافت کا میں ان حضرات سے زیادہ اور کسی کو مستحق نہیں پاتا کہ رسول اللہ ﷺ اپنی وفات تک جن سے راضی

اور خوش تھے، پھر آپ نے علی، عثمان، زبیر، طلحہ، سعد اور عبدالرحمٰن رضوان اللہ علیہم اجمعین کا نام لیا۔ اور یہ بھی فرمایا کہ عبداللہ بن عمر کو بھی صرف مشورہ کی حد تک شریک رکھنا، لیکن خلافت سے انہیں کوئی سروکار نہیں رہے گا، جیسے آپ نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کی تسکین کے لئے یہ فرمایا ہو۔ پھر اگر خلافت سعد کو مل جائے تو وہ اس کے اہل ہیں اور اگر وہ نہ ہو سکیں تو جو شخص بھی خلیفہ ہو وہ اپنے زمانہ خلافت میں ان کا تعاون حاصل کرتا رہے، کیونکہ میں نے انہیں (کوفہ کی گورنری سے) نااہلی یا کسی خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا ہے۔ اور عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو مہاجرین اولین کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ ان کے حقوق کو پہچانے اور ان کے احترام وعزت کو ملحوظ رکھے۔ اور میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو وصیت کرتا ہوں کہ وہ انصار کے ساتھ بہتر معاملہ کرے، جو دارالہجرت اور دارالایمان (مدینہ منورہ) میں (رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے سے) مقیم ہیں، (خلیفہ کو چاہئے) کہ وہ ان کے نیکوں کو نوازے اور ان کے بروں کو معاف کر دیا کرے۔ اور میں ہونے والے خلیفہ کو وصیت کرتا ہوں کہ شہری آبادی کے ساتھ بھی اچھا معاملہ رکھے کہ یہ لوگ اسلام کی مدد، مال جمع کرنے کا ذریعہ اور (اسلام کے) دشمنوں کے لئے ایک مصیبت ہیں اور یہ کہ ان سے وہی وصول کیا جائے جو ان کے پاس فاضل ہو اور ان کی خوشی سے لیا جائے۔ اور میں ہونے والے خلیفہ کو اعراب کے ساتھ بھی اچھا معاملہ کرنے کی وصیت کرتا ہوں کہ وہ اصل عرب ہیں اور اسلام کی جڑ ہیں۔ اور یہ کہ ان سے ان کا بچا کھچا مال وصول کیا جائے اور انہیں کے محتاجوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ اور میں ہونے والے خلیفہ کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے عہد کے نگہداشت کی (جو اسلامی حکومت کے تحت غیر مسلموں سے کیا ہے) وصیت کرتا ہوں کہ ان سے کئے گئے عہد کو پورا کیا جائے، ان کی حفاظت کے لئے جنگ کی جائے اور ان کی حیثیت سے زیادہ ان پر بوجھ نہ ڈالا جائے۔ جب عمر رضی اللہ عنہ کی وفات ہو گئی تو ہم وہاں سے (عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کی طرف) آئے۔ (دفن کے لئے) عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے (عائشہ رضی اللہ عنہا کو) سلام کیا اور عرض کی کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی ہے۔ ام المؤمنین نے فرمایا، انہیں یہیں دفن کیا جائے۔ چنانچہ وہیں دفن ہوئے اور عائشہ رضی اللہ عنہا ہی کے حجرہ

میں) اپنے دونوں ساتھیوں کے ساتھ آرام فرما ہیں۔ پھر جب لوگ دفن سے فارغ ہو چکے تو وہ جماعت (جن میں سے کسی ایک کو خلیفہ منتخب کرنا تھا) جمع ہوئی۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تمہیں اپنا معاملہ اپنے ہی میں سے تین آدمیوں کے سپرد کر دینا چاہئے۔ اس پر زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنا معاملہ علی رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنا معاملہ عثمان رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا اور سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنا معاملہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا۔ اس کے بعد عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے (عثمان اور علی رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے) فرمایا کہ آپ حضرات میں سے جو بھی خلافت سے اپنی براءت ظاہر کرے گا ہم خلافت اسی کو دیں گے اور اللہ اس کا نگران و نگہبان ہوگا اور اسلام کے حقوق کی ذمہ داری اس پر لازم ہوگی۔ ہر شخص کو غور کرنا چاہئے کہ اس کے خیال میں کون افضل ہے اس پر حضرات شیخین خاموش ہو گئے تو عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ کیا آپ حضرات انتخاب کی ذمہ داری مجھ پر ڈالتے ہیں۔ خدا گواہ ہے کہ میں آپ حضرات میں سے اسی کو منتخب کروں گا جو سب میں افضل ہوگا۔ ان حضرات نے فرمایا کہ جی ہاں، پھر آپ نے ان حضرات (حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما) میں سے ایک کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ آپ کی رسول اللہ ﷺ سے قرابت بھی ہے اور ابتداء میں اسلام لانے کا شرف بھی! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے! پس اللہ آپ کا نگران ہے کہ اگر میں آپ کو خلیفہ بنا دوں تو کیا آپ عدل و انصاف سے کام لیں گے اور اگر عثمان کو بنا دوں تو کیا آپ ان کے احکام کو سنیں گے اور ان کی اطاعت کریں گے؟ اس کے بعد دوسرے صاحب کو تنہائی میں لے گئے اور ان سے بھی یہی کہا اور جب ان سے وعدہ لے لیا تو فرمایا، اے عثمان آپ اپنا ہاتھ بڑھائیے۔ چنانچہ آپ نے ان سے بیعت کی اور علی رضی اللہ عنہ نے بھی ان سے بیعت کی۔ پھر اہل مدینہ آئے اور سب نے بیعت کی۔

باب ۳۹۶. مناقبِ عليٍ بن ابى طالب القرشي الهاشمي ابى الحسن رضى الله عنه وقال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لعَلِيٍّ اَنْتَ مِنِّي وَاَنَا مِنْكَ وقال عُمَرُ تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهو عَنْهُ راضٍ

۳۹۱۔ ابوالحسن علی بن ابی طالب القرشی الہاشمی رضی اللہ عنہ کے مناقب۔ نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں اور عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ اپنی وفات تک آپؓ سے راضی اور خوش تھے۔

(۸۹۸) حَدَّثَنَا قتيبةُ بنُ سعيدٍ حدثنا عبدُالعزيز عن ابی حازمٍ عن سهل بن سعدٍ رضی الله عنه اَنَّ رسولَ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ قال فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوْكُوْنَ لَيْلَتَهم اَيُّهُم يُعْطَاها فلما اَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رسولِ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يرجو ان يُعْطَاها فقال اين عَلِيُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالُوْا يَشْتَكِیْ عَيْنَيْهِ يارسولَ الله قال فَاَرْسِلُوْا اِلَيْهِ فَاْتُوْنِیْ بِهٖ فَلَمَّا جَاءَ بَصَقَ فی عَيْنَيْهِ ودَعَا لَه، فَبَرأَ حتى كَاَنْ لَمْ يَكُنْ بِهٖ وَجَعٌ فَاَعْطَاه الراية فقال عَلِیٌّ يارسولَ الله اُقَاتِلُهم حَتّٰى يَكُوْنوا مثلَنا فقال انفُذْ عَلٰى رِسْلِکَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ ادعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَايَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللهِ فِيْهِ فَوَ اللّٰهِ لَاَنْ يَهْدِیَ اللّٰهُ بِکَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌلَّکَ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لَکَ حُمْرُ النَّعَمِ

۸۹۸۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، ان سے ابو حازم نے اور ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے (جنگ خیبر کے موقعہ پر) فرمایا۔ کل میں ایک ایسے شخص کو اسلامی علم دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح عنایت فرمائے گا۔ بیان کیا کہ رات کو لوگ یہ سوچتے رہے کہ دیکھئے علم کسے ملتا ہے۔ جب صبح ہوئی تو حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں سب حضرات (جو سرکردہ تھے) حاضر ہوئے سب کو امید تھی کہ علم انہیں ہی ملے گا۔ لیکن آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، علی بن ابی طالب کہاں ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ ان کی آنکھوں میں آشوب ہو گیا ہے۔ یارسول اللہ(ﷺ) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر ان کے یہاں کسی کو بھیج کر بلوالو۔ جب وہ آئے تو آنحضور ﷺ نے ان کی آنکھ میں اپنا تھوک ڈالا اور ان کے لئے دعا کی۔ اس سے انہیں ایسی شفا حاصل ہوئی جیسے کوئی مرض پہلے تھا ہی نہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے علم انہیں کو عنایت فرمایا۔ علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ(ﷺ) میں ان سے اتنا لڑوں گا کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اسی طرح چلے جاؤ، جب ان کے میدان میں اترو تو پہلے انہیں اسلام کی دعوت دو اور انہیں بتاؤ کہ اللہ کے ان پر کیا حقوق واجب ہیں، خدا گواہ ہے کہ اگر تمہارے ذریعہ اللہ تعالیٰ ایک شخص کو بھی ہدایت دے دے تو وہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

(۸۹۹) حَدَّثَنَا قتيبةُ حدثنا حاتمُ بن يزيد بن ابی عبيد عن سلمةَ قال كان عَلِیٌّ قد تَخَلَّفَ عَنِ النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فی خَيْبَرَ وكَانَ بِهٖ رَمَدٌ فَقَالَ اَنَا اَتَخَلَّفُ عَنْ رسولِ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلِیٌّ فَلَحِقَ بالنبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فلما كان مساءُ الليلةِ التی فَتَحَهَا اللّٰهُ فی صَبَاحِهَا قال رَسولُ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايه اَوْ لَيَاْخُذَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه، اَوْقَالَ يُحِبُّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَه، يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَاِذَا نَحْنُ بِعَلِیٍّ وَمَا نَرْجُوْهُ فَقَالُوْا هٰذَا عَلِیٌّ فَاَعْطَاهُ رسولُ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ

۸۹۹۔ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن یزید بن ابی عبید نے حدیث بیان کی، ان سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ غزوۂ خیبر کے موقع پر نبی کریم ﷺ کے ساتھ بوجہ آشوب چشم کے نہیں آسکے تھے۔ پھر انہوں نے سوچا۔ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ غزوہ میں شریک نہ ہوسکوں (تو بڑی بدقسمتی ہوگی) چنانچہ گھر سے نکلے اور حضور اکرم ﷺ کے لشکر سے جاملے۔ جب اس رات کی شام آئی جس کی صبح کو اللہ تعالیٰ نے فتح عنایت فرمائی تھی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، کل میں ایک ایسے شخص کو علم دوں گا یا (آپ ﷺ نے یوں فرمایا کہ کل) ایک ایسا شخص علم کو لے گا جس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں، یا آپ ﷺ نے یہ فرمایا کہ جو اللہ اور اسکے رسول سے محبت رکھتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس کے ہاتھ پر فتح عنایت فرمائے گا۔ اتفاق سے

فَفتحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

علی رضی اللہ عنہ آ گئے، حالانکہ ان کے آنے کی کوئی توقع نہیں تھی۔ لوگوں نے بتایا کہ یہ ہیں علی رضی اللہ عنہ! آنحضور ﷺ نے علم انہیں کو دیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ پر فتح عنایت فرمائی۔

(۹۰۰) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بنُ مسلمةَ حَدَّثَنَا عبدالعزيز بن ابى حازم عن ابيه ان رجلًا جاءَ اِلٰى سهلِ بنِ سعدٍ فقال هذا فلانٌ لِاَمِيرِ المدينةِ يَدْعُوْ عليًا عندالمنبر قال فيقول ماذا قال يقول له اَبُوْتُراب فَضحِكَ قال واللّٰهِ مَاسَمَّاهُ اِلَّا النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وماكان له اسمٌ اَحَبَّ اليه منه فَاسْتَطْعَمْتُ الحديثَ سهلًا وقلتُ يااباعباسٍ كَيْفَ قَالَ دَخلَ عَلِيٌّ عَلٰى فَاطِمَةَ ثُمَّ خَرَجَ فَاضْطَجَعَ فِے المسجدِ فقال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اين ابنُ عَمِّكِ قالتْ فى المسجدِ فَخرَجَ اليه فَوَجَدَ رِدَاءَه قد سَقَطَ عن ظَهْرِهٖ وخَلَصَ الترابُ الى ظَهْرِهٖ فَجَعَلَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عن ظَهْرِهٖ فَيَقُوْلُ اِجْلِسْ يَا اَبَاتُرَابٍ مَرَّتَيْن

۹۰۰۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالعزیز بن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے کہ ایک شخص سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے یہاں آیا اور کہا کہ یہ فلاں، اس کا اشارہ امیر مدینہ (مروان بن حکم) کی طرف تھا، برسر منبر علی رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہتا ہے۔ ابو حازم نے بیان کیا کہ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا، کیا کہتا ہے؟ اس نے بتایا کہ انہیں ''ابو تراب'' کہتا ہے۔ اس پر سہل رضی اللہ عنہ ہنسنے لگے اور فرمایا کہ خدا گواہ ہے۔ یہ نام تو ان کا رسول اللہ ﷺ نے رکھا تھا اور خود علی رضی اللہ عنہ کو اس نام سے زیادہ اپنے لئے اور کوئی نام پسند نہیں تھا یہ سن کر میں نے سہل رضی اللہ عنہ سے واقعہ کی تفصیل بیان کرنے کی خواہش ظاہر کی اور عرض کی، اے ابو عباس! اس کا واقعہ کیا ہے؟ بیان فرمایا کہ ایک مرتبہ علی رضی اللہ عنہ، فاطمہ رضی اللہ عنہا کے یہاں آئے اور پھر باہر آ کر مسجد میں لیٹ رہے۔ پھر آنحضور ﷺ نے (فاطمہ رضی اللہ عنہا) سے دریافت فرمایا، تمہارے چچا زاد بھائی (علی رضی اللہ عنہ) کہاں ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ مسجد میں ہیں۔ آنحضور ﷺ یہیں تشریف لائے دیکھا تو ان کی چادر پیٹھ سے نیچے آ گئی ہے اور ان کی پیٹھ اچھی طرح خاک آلود ہو چکی ہے۔ آنحضور ﷺ مٹی ان کی پیٹھ سے صاف کرنے لگے اور فرمایا، اٹھو، ابو تراب۔ (دو مرتبہ آپ ﷺ نے یہ فرمایا۔)

(۹۰۱) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ رافعٍ حدثنا حسينٌ عن زائدةَ عن ابى حُصَينٍ عن سعد بن عبيدةَ قال جاءَ رجلٌ الى ابنِ عمرَ فساله عن عثمانَ فَذَكَرَ عن مَحَاسِنِ عَمَلِهٖ قال لَعَلَّ ذَاكَ يَسُوْءُكَ قال نعم قال فَاَرْغَمَ اللّٰهُ بِاَنْفِكَ ثُمَّ سَأَلَه' عن عليٍ فذكره مَحَاسِنَ عَمَلِهٖ قَالَ هو ذاكَ بيتُه اوسطُ بيوتِ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثم قَالَ لَعَلَّ ذَاكَ يَسُوْءُكَ قال اَجَلْ قال فَاَرْغَمَ اللّٰهُ بِاَنْفِكَ اِنْطَلِقْ فاجْهَدْ عَلَىَّ جَهْدَكَ

۹۰۱۔ ہم سے محمد بن رافع نے حدیث بیان کی، ان سے حسین نے، ان سے زائدہ نے، ان سے ابو حصین نے، ان سے سعد بن عبیدہ نے بیان کیا کہ ایک شخص ابن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عثمان رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا، آپ نے ان کے محاسن کو ذکر کیا پھر فرمایا، غالباً یہ باتیں تمہیں بری لگی ہوں گی۔ اس نے کہا کہ جی ہاں۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ تجھے ذلیل کرے۔ پھر اس نے علی رضی اللہ عنہ کے متعلق پوچھا اور ان کے بھی آپ نے محاسن ذکر کئے اور فرمایا کہ علی رضی اللہ عنہ کا گھرانہ نبی کریم ﷺ کے خاندان کا نہایت عمدہ گھرانہ ہے۔ پھر فرمایا غالباً یہ باتیں بھی تمہیں بری لگی ہوں گی۔ اس نے کہا کہ جی ہاں۔ ابن عمر رضی

اللہ عنہ نے فرمایا، خدا تجھے ذلیل کرے۔ جاؤ اور مریا جو بگاڑنا چاہتے ہو بگاڑ لینا۔

(۹۰۲) حَدَّثَنِیْ محمدُ بنُ بشارٍ حدثنا غُندَرٌ حَدَّثَنَا شعبةُ عن الحکم سمعت ابن ابی لیلٰی قال حدثنا عليٌّ أَنَّ فاطمةَ رَضی اللّٰہ عنہا شَکَتْ ماتَلْقٰی من اثرالرحٰی فَاَتَی النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سبیٌ فانْطَلَقَتْ فَلَمْ تَجِدْهُ فَوَجَدَتْ عائشةَ فاخبرتْها فلما جاء النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اخبرتْه عائشةُ بمجیءِ فاطمةَ فجاء النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَیْنَا وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْتُ لِاَقُوْمَ فَقَالَ عَلٰی مَکَانِکُمَا فَقَعَدَ بَیْنَنَا حَتّٰی وَجَدْتُ بردَ قَدَمَیْهِ علی صَدْرِیْ وَقَالَ اَلَا اُعَلِّمُکُمَا خَیْرًا مِمَّا سَاَلْتُمَانِیْ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَکُمَا تُکَبِّرَا اَرْبَعًا وَثَلٰثِیْنَ وَسَبِّحَا ثَلٰثًا وَثَلٰثِیْنَ وَتَحْمَدَا ثَلٰثَةً وَثَلٰثِیْنَ فَهُوَ خَیْرٌ لَکُمَا مِنْ خَادِمٍ

۹۰۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے، انہوں نے ابن ابی لیلیٰ سے سنا، کہا کہ ہم سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے (نبی کریم ﷺ سے) چکی پیسنے کی تکلیف کی شکایت کی۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ کے یہاں کچھ قیدی آئے تو فاطمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے یہاں آئیں لیکن آپ ﷺ موجود نہیں تھے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان کی ملاقات ہوئی تو ان سے اس کے متعلق انہوں نے بات کی۔ پھر جب آنحضور ﷺ تشریف لائے تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ سے فاطمہ رضی اللہ عنہا کے آنے کی اطلاع دی۔ اس پر آنحضور ﷺ خود ہمارے یہاں تشریف لائے، اس وقت ہم اپنے بستروں پر لیٹ چکے تھے۔ میں نے چاہا کہ کھڑا ہو جاؤں، لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یوں ہی لیٹے رہو۔ اس کے بعد آپ ﷺ ہم دونوں کے درمیان میں بیٹھ گئے اور میں نے آپ کے قدموں کی ٹھنڈا اپنے سینے پر محسوس کی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا، تم لوگوں نے جو مطالبہ مجھ سے کیا ہے، کیا میں تمہیں اس سے بہتر بات نہ بتاؤں، جب سونے کے لئے بستر پر لیٹو تو چونتیس مرتبہ اللہ اکبر، تینتیس مرتبہ سبحان اللہ اور تینتیس مرتبہ الحمدللہ پڑھ لیا کرو۔ یہ تمہارے لئے کسی خادم سے بہتر ہے۔

(۹۰۳) حَدَّثَنِیْ محمدُ بن بشار حدثنا غُندَرٌ حدثنا شعبة عن سعد قال سمعتُ ابراهیمَ بن سعد عن ابیه قال قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ اَمَا تَرْضٰی اَنْ تَکُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی

۹۰۳۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابراہیم بن سعد سے سنا، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا، کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم میرے ساتھ اس درجہ میں رہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہارون علیہ السلام تھے۔

(۹۰۴) حَدَّثَنَا علی بن الْجَعْدِ اخبرنا شعبةُ عن ایوب عن ابن سیرین عن عبیدةَ عن علیٍ رضی اللّٰه عنه قال اقْضُوْا کَمَا کُنْتُم تَقْضُوْنَ فَاِنِّیْ اَکْرَهُ الاختلافَ حَتّٰی یَکُوْنَ لِلنَّاسِ جَمَاعَةٌ اَوْاَمُوْتُ کَمَامَاتَ اَصحابِی فَکَانَ ابن سیرین یَرٰی اَنَّ عَامَّةَ

۹۰۴۔ ہم سے علی بن جعد نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی۔ انہیں ایوب نے، انہیں ابن سیرین نے، انہیں عبیدہ نے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا (اہل عراق سے) کہ جس طرح تم پہلے فیصلہ کیا کرتے تھے ویسے ہی اب بھی کیا کرو، کیونکہ میں اختلاف کو پسند نہیں کرتا، تاکہ لوگوں کی ایک جماعت رہے اور تاکہ میری بھی موت انہیں حالات

مایُرْوٰی عَنْ عليٍّ الکذبُ

میں ہو جن میں میرے ساتھی (ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) کی ہوئی تھی۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ عام طور سے (روافض) جو علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے روایات بیان کرتے ہیں (شیخین کی مخالفت میں) وہ قطعاً جھوٹ ہیں۔

باب ۳۹۲. مناقب جعفر بن ابی طالبؓ و قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَشْبَهْتَ خَلْقِیْ وَخُلُقِیْ

۳۹۲۔ جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے مناقب۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ تم صورت اور سیرت میں مجھ سے زیادہ مشابہ ہو۔

۹۰۵) حَدَّثَنَا احمدُ بن ابی بکر حَدَّثَنَا محمد بن ابراهیم بن دینار ابوعبید اللّٰه الجهنیُّ عن ابن ابی ذئب عن سعید المَقْبُرِیِّ عن ابی هریرةَ رضی اللّٰه عنه اَنَّ النَّاسَ کَانُوا یقولونَ اَکْثَرَ اَبُوْهُرَیْرَةَ اِنِّیْ کُنْتُ اَلْزَمُ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشِبَعِ بَطْنِیْ حَتّٰی لَا آکُلُ الْخَمِیْرَ وَلَا اَلْبَسُ الحَبِیْرَ وَلَا یَخْدُمُنِی فلانٌ ولا فلانةٌ وکنتُ اُلْصِقُ بَطْنِیْ بالحصْبَاءِ مِنَ الْجُوْعِ وَاِنْ کُنْتُ لَاَسْتَقْرِئُ الرجلَ الآیَةَ هِیَ معی کی یَنْقَلِبَ بی فَیُطْعِمَنِی وکان خَیْرَالناسِ لِلمسکین جَعْفَرُ بن ابی طالب کان یَنْقَلِبُ بنا فَیُطْعِمُنَا ماکان فی بیتِهٖ حتی ان کان لَیُخْرِجُ اِلَیْنَا الْعُکَّةَ الَّتِیْ لَیْسَ فِیْهَا شیٔ فنشقها فنلعق ما فیها

۹۰۵۔ ہم سے احمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن ابراہیم بن دینار ابوعبداللہ جہنی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ذئب نے، ان سے سعید مقبری نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ لوگ کہتے ہیں کہ ابوہریرہ بہت احادیث بیان کرتا ہے۔ حالانکہ پیٹ بھرنے کے بعد میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہر وقت رہتا تھا۔ میں خمیری روٹی نہیں کھاتا تھا اور نہ عمدہ لباس پہنتا تھا (کہ اس کے حاصل کرنے میں مجھے وقت لگانا پڑتا) اور نہ میری خدمت کے لئے کوئی فلاں یا فلانی تھی۔ بلکہ میں بھوک کی شدت کی وجہ سے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ لیا کرتا تھا، بعض اوقات میں کسی کو کوئی آیت اس لئے پڑھ کر اس کا مطلب پوچھتا تھا کہ وہ اپنے گھر لے جا کر مجھے کھانا کھلا دے، حالانکہ مجھے اس کا مطلب معلوم ہوتا تھا، مسکینوں کے ساتھ سب سے بہتر سلوک کرنے والے جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ تھے، ہمیں اپنے گھر لے جاتے اور جو کچھ بھی موجود ہوتا اس سے ہماری ضیافت کرتے تھے۔ بعض اوقات تو ایسا ہوتا کہ صرف گھی کی خالی کپی نکال کر لاتے اور ہم اسے پھاڑ کر اس میں جو کچھ لگا رہتا اسے چاٹ لیتے تھے۔

۹۰۶) حَدَّثَنِیْ عمرُو بن علی حدثنا یزیدُ ابن هارون اخبرنا اسماعیلُ بن ابی خالد عن الشعبی ان ابنَ عمرَ رضی اللّٰه عنهما کان اذا سَلَّمَ عَلَی ابنِ جَعْفَرَ قال السَّلَامُ عَلَیْکَ یاابْنَ ذِی الجَنَاحَیْنِ

۹۰۶۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ہارون نے حدیث بیان کی، انہیں اسماعیل بن ابی خالد نے خبر دی، انہیں شعبی نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما جب جعفر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کو سلام کرتے تو یوں فرماتے "السلام علیکم یا ابن ذی الجناحین"۔

باب ۳۹۳. ذِکْرُ الْعَبَّاس بنِ عبدالمطلب رضی اللّٰه عَنْهُ

۳۹۳۔ عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ۔

۹۰۷) حَدَّثَنَا الحسنُ بن محمد حدثنا محمدُ

۹۰۷۔ ہم سے حسن بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبداللہ

بنُ عبدِاللّٰهِ الانصاری حدثنی ابی عبداللّٰه بن المثنی عن ثُمامَةَ بن عبداللّٰه بن انس عن انس رضی اللّٰه عنه اَن عمرَ بن الخطاب کان اِذَا قَحَطُوا اسْتَسْقَی بالعباسِ بنِ عبدالمطلب فقال اللّٰهم اناکنّا نَتَوَسَّلُ بنبینا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فتسقینا وانا نَتَوَسّلُ الیک بعَمِّ نبینا فاسْقِنَا قالَ فَیُسْقَوْنَ

انصاری نے حدیث بیان کی۔ان سے ابی عبداللہ بن مثنی نے حدیث بیان کی، ان سے ثمامہ بن عبداللہ بن انس نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ قحط کے زمانہ میں عباس بن مطلب رضی اللہ عنہ کو آگے بڑھا کر دعاء استسقاء کراتے تھے اور فرماتے تھے کہ اللہ پہلے ہم اپنے نبی ﷺ کے وسیلہ سے دعا استسقاء کرتے تھے اور آپ ہمیں سیرابی عطا فرماتے تھے اور اب ہم اپنے نبی کے چچا کے ذریعہ استسقاء کی دعاء کرتے ہیں اس لئے ہمیں سیرابی عطا فرمایئے۔بیان کیا کہ اس کے بعد خوب بارش ہوئی۔

باب ۳۹۴. منا قب قرابة رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ومَنْقَبَةِ فاطمة علیها السَّلام بنت النبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وقال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ سَیِّدَةُ نِساءِ اَهْلِ الجَنَّةِ

۳۹۴۔رسول اللہ ﷺ کے رشتہ داروں کے مناقب،اور فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت النبی ﷺ کے مناقب۔آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ فاطمہؓ جنت کی عورتوں کی سردار ہے۔

(۹۰۸) حَدَّثَنا ابوالیمان اخبرنا شعیبٌ عن الزهری قال حدثنی عروة بن الزبیر عن عائشةَ اَنَّ فاطمةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَرسَلَتْ الی ابی بکرٍ تَسْاَلُه' مِیْرَاثَهَا من النَّبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فیما اَفَاءَ اللّٰهُ علی رسولِه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَطْلُبُ صَدَقَةَ النَّبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ التی بالمدینةِ وفَدَک ومابقی من خُمُسِ خیبرَ فقال ابوبکرٍ اِنَّ رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال لانُوْرَثُ مَا تَرَکْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ اِنَّمَا یاکُلُ اٰلُ محمَّدٍ مِنْ هٰذَا المالِ یعنی مالَ اللّٰهِ لَیْسَ لَهُمْ ان یزیدوا علی المَاکَلِ وانِّیْ واللّٰهِ لا اُغَیِّرُ شیئًا من صدقةِ النبیِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّتِیْ کانَتْ عَلَیْها فی عهدِ النبی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَعْمَلَنَّ فیها بما عَمِلَ فیها رسولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَتَشَهَّدَ عَلِیٌّ ثم قال اِنَّا قَدْ عَرَفْنَا یااباَبَکْرٍ فَضِیْلَتَک وَذَکَرَ قرابتهم من رسولِ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وحَقَّهُمْ فتکلَّمَ اَبُوْبَکْرٍ فَقَالَ والّذِی نفسی بیده لقرابةُ رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَصِلَ من قرابتی اخبرنی

۹۰۸۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی،انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے کیا بیان کی،ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کے یہاں اپنا آدمی بھیج کر نبی اکرم ﷺ سے ملنے والی اپنی میراث کا مطالبہ کیا۔جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو فئی کی صورت میں دی تھی،یعنی آپ کا مطالبہ مدینہ کی اس جائیداد سے متعلق تھا جو آنحضور ﷺ مصارف خیر میں خرچ کرتے تھے اور اسی طرح فدک کی جائیداد اور خیبر کے خمس کا بھی۔ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ خود فرما گئے ہیں،ہماری میراث نہیں ہوتی،ہم (انبیاء) جو کچھ چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے اور یہ کہ آل محمد ﷺ کے اخراجات اسی مال میں سے پورے کئے جائیں گے اگر چہ انہیں یہ حق نہیں ہوگا کہ پیداوار کے مقررہ حصہ سے زیادہ لیں۔ اور میں،خدا کی قسم،حضور اکرم ﷺ کے مصارف خیر میں،جو خود آپ ﷺ کے عہد مبارک میں اس کا نظم تھا۔اس میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا۔بلکہ وہی نظام جاری رکھوں گا۔جسے آنحضور ﷺ نے قائم کیا تھا۔اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت پڑھ کر فرمایا،اے ابو بکر!ہم آپ کی فضیلت ومرتبہ سے خوب واقف ہیں۔اس کے بعد آپ نے آنحضور ﷺ سے اپنی قرابت کا اور اپنے حق کا ذکر کیا۔ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا،اس ذات کی قسم،جس کی قبضہ وقدرت میں میری جان ہے،اپنی قرابت کے ساتھ صلہ رحمی کرنے سے بھی زیادہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی قرابت ہے۔

عبد اللّٰه بن عبدالوهاب حدثنا خالد حدثنا شعبة عن واقد قال سمعتُ ابی یحدث عن ابن عمر عن ابی بکر رضی اللّٰه عنهم قال ارقُبُوا محمدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فی اهلِ بَیْتِهٖ

مجھے عبداللہ بن عبدالوہاب نے خبر دی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی۔ ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے واقد نے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا، محمد ﷺ کی خوشنودی آپ کے اہل بیت کے ساتھ محبت رکھنے میں سمجھو۔

(۹۰۹) حَدَّثَنَا ابوالولید حدثنا ابنُ عیینة عن عمرو بن دینار عن ابن ابی ملیکة عن المِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَن رسولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قال فاطمةُ بَضْعَةٌ مِنِّیْ فَمَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِیْ

۹۰۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے، ان سے مسور بن مخرمہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، فاطمہؓ میرے جسم کا ایک ٹکڑا ہے۔ اس لئے جس نے اسے ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔

(۹۱۰) حَدَّثَنَا یحییٰ بن قزعة حَدَّثَنَا ابراهیمُ بن سعد عن ابیه عن عروةَ عن عائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قالَتْ دعا النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فاطمةَ ابنته فی شکواه الذی قُبِضَ فِیْهَا فسارّها بشیءٍ فَبَکَتْ ثم دَعَاهَا فَسَارَّهَا فَضَحِکَتْ قالتْ فسالتُها عن ذٰلک فقالتْ سارَّنِی النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فاخبرنی انه یُقْبَضُ فی وَجعه الَّذِی تُوُفِّیَ فیه فبکیتُ ثم سارَّنِی فَاَخْبَرَنِی اَنِّیْ اولُ اهلِ بیتهٖ اَتْبَعُه' فَضَحِکْتُ

۹۱۰۔ ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنے مرض کے موقعہ پر بلایا جس میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی تھی۔ پھر آہستہ سے کوئی بات کہی تو آپ رونے لگیں۔ پھر آنحضور ﷺ نے انہیں بلایا اور آہستہ سے کوئی بات کہی تو آپ ہنسنے لگیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر میں نے آپ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے بتایا کہ پہلے جب مجھ سے آنحضور ﷺ نے آہستہ سے یہ کہا تھا کہ آنحضور ﷺ اپنی اس بیماری میں وفات پا جائیں گے جس میں آپ کی وفات ہوئی۔ میں اس پر رونے لگی۔ پھر مجھ سے آنحضور ﷺ نے آہستہ سے فرمایا کہ آپ کے اہل بیت میں سب سے پہلے میں آپ ﷺ سے جاملوں گی۔ اس پر میں ہنسی تھی۔

باب ۳۹۵. مناقب الزبیر بن العوامؓ و قال ابن عبّاس هوحَوَارِیُّ النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وسُمِّیَ الحَوَرِیُّوْن لبیاضِ ثیابهم

۳۹۵۔ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ نبی کریم ﷺ کے حواری تھے اور حواری انہیں (عیسیٰ علیہ السلام کے حواریین کو) اس لئے کہا جاتا ہے کہ ان کے کپڑے سفید ہوتے تھے۔

(۹۱۱) حَدَّثَنَا خالدُ بن مخلد حدثنا علیُّ بن مُسْهِرٍ عن هشامِ بن عروة عن ابیه قال اخبرنی مَرْوانُ بن الحکم قال اصاب عثمان بن عفان رُعَافٌ شَدِیْدٌ سنة الرُّعافِ حتی حبسه عن الحجِّ

۹۱۱۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن مسہر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ مجھے مروان بن حکم نے خبر دی کہ جس سال نکسیر پھوٹنے کی بیماری پھوٹ پڑی تھی، اس سال حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اتنی سخت

واَوْصى فَدَخَلَ عليه رَجُلٌ من قريشٍ قال استَخْلِفْ قال وقالوهُ قال نعم قال ومن فَسَكَتَ فَدَخَلَ عليه رَجُلٌ اٰخرُ اَحسِبُه الحٰرث فقال اسْتَخْلِفْ فقال عثمانُ وقالوهُ فقال نعم قال ومن هُوَ فسكت قال فلعلهم قالوا الزُّبَيْرَ قال نعم قال اما والَّذِىْ نَفْسِىْ بيده انه لَخَيْرُهم ماعلمت وان كان لَاَحَبَّهُمْ الى رسولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نکسیر پھوٹی کہ آپ حج کے لئے بھی نہ جا سکے اور (زندگی سے مایوس ہو کر) وصیت بھی کر دی۔ پھر ان کی خدمت میں قریش کے ایک صاحب گئے اور کہا کہ کسی کو اپنے بعد خلیفہ بنا دیجئے۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا، کیا یہ سب کی خواہش ہے؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ کسے بناؤں؟ اس پر وہ خاموش ہو گئے۔ اس کے بعد ایک دوسرے صاحب گئے۔ میرا خیال ہے کہ وہ حارث تھے۔ انہوں نے بھی یہی کہا کہ آپ کسی کو خلیفہ بنا دیجئے۔ آپ نے ان سے بھی دریافت فرمایا کہ کیا یہ سب کی خواہش ہے؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں۔ آپ نے دریافت فرمایا۔ لوگوں کی رائے کس کے متعلق ہے؟ اس پر وہ بھی خاموش ہو گئے تو آپ نے فرمایا، غالباً زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف لوگوں کا رجحان ہے؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے میرے علم کے مطابق بھی وہ ان میں سب سے بہتر ہیں اور بلاشبہ وہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں بھی ان میں سب سے زیادہ پسندیدہ اور محبوب تھے۔

(۹۱۲) حَدَّثَنِىْ عبيدُ بن اسماعيل حدثنا ابو اسامةَ عن هشامٍ اخبرنى اَبِىْ سمعتُ مروانَ كنتُ عند عثمانَ اتاه رَجُلٌ فقال اسْتَخْلِفْ قال وَقِيْلَ ذاكَ قال نَعم الزُّبَيْرُ قال اَمَا واللّٰهِ اِنَّكُمْ لَتَعْلَمُوْنَ انه خَيْرُكم ثلاثًا

۹۱۲۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، انہیں ان کے والد نے خبر دی کہ میں نے مروان سے سنا کہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں موجود تھا۔ اتنے میں ایک صاحب آئے اور کہا کہ کسی کو اپنا خلیفہ بنا دیجئے۔ آپ نے دریافت فرمایا، کیا اس کی خواہش کی جارہی ہے؟ انہوں نے بتایا کہ جی ہاں، زبیر رضی اللہ عنہ کی طرف لوگوں کا رجحان ہے۔ آپ نے اس پر فرمایا کہ ٹھیک ہے تمہیں بھی معلوم ہے کہ وہ تم میں بہتر ہیں۔ تین مرتبہ یہ جملہ فرمایا۔

(۹۱۳) حَدَّثَنَا مالكُ بن اسماعيل حدثنا عبدالعزيز هو ابن ابى سلمة عن محمد عن محمدِ بن الْمُنْكَدِرِ عن جابرٍ رضى اللّٰه عنه قال قال النبىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بكُلِّ نَبِىٍّ حَوَارِىُّ وَاِنَّ حَوَارِىَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ

۹۱۳۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی جو ابوسلمہ کے صاحبزادے تھے۔ ان سے محمد نے، ان سے محمد بن منکدر نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر بن عوام ہیں۔ رضی اللہ عنہ۔

(۹۱۴) حَدَّثَنَا احمدُ بن محمد اخبرنا عبداللّٰه اخبرنا هشام بن عروة عن ابيه عن عبداللّٰه بن الزبير قال كنتُ يومَ الاحزابِ جُعِلْتُ اَنَا وعُمَرُ

۹۱۴۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی۔ انہیں عبداللہ نے انہیں ہشام بن عروہ نے خبر دی، انہیں ان کے والد نے اور ان سے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جنگ احزاب کے موقعہ پر مجھے اور عمر بن

ابی سلمةَ فی النِّسَاءِ فنظرتُ فاذا اَنَا بالزبیر
ی فَرَسِهِ یَختَلِفُ اِلٰی بَنِی قریظة مَرَّتَینِ او ثلاثًا
ما رَجَعتُ قلتُ یاابتِ رَأَیتُکَ تختلفُ قال
هل رَاَیتَنِی یَابُنَیَّ قلتُ نعم قال کان رسولُ اللّٰه
لَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قال مَن یَاتِ بَنِی قُرَیظَةَ
اتِیْنِیْ بِخَبَرِهِم فانطلقتُ فلما رجعتُ جَمَعَ لِی
سولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم اَبَوَیهِ فقال
اک اَبِی وَاُمِّی

ابی سلمہ رضی اللہ عنہ کو عورتوں میں چھوڑ دیا گیا تھا (کیونکہ دونوں حضرات بچے تھے) میں نے اچانک دیکھا کہ زبیر رضی اللہ عنہ (آپ کے والد) اپنے گھوڑے پر سوار بنی قریظہ (یہودیوں کا ایک قبیلہ) کی طرف آ جا رہے ہیں، دو یا تین مرتبہ ایسا ہوا۔ پھر جب وہاں سے واپس آیا تو میں نے عرض کی، والد صاحب! میں نے آپ کو کئی مرتبہ آتے جاتے دیکھا، آپ نے فرمایا، بیٹے! کیا واقعی تم نے بھی دیکھا تھا؟ میں نے عرض کی جی ہاں آپ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ کون ہے جو بنو قریظہ کی طرف جا کر ان کی (نقل و حرکت کے متعلق) اطلاع میرے پاس لا سکتا ہے؟ اس پر میں گیا اور جب میں واپس آیا تو آنحضور ﷺ نے (فرط مسرت میں) اپنے والدین کا ایک ساتھ ذکر کر کے فرمایا کہ میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔

۹۱۵) حَدَّثَنَا علیُّ بن حفص حدثنا ابنُ
مبارک اخبرنا هشامُ بن عروة عن ابیه اَن
سحابَ النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قالوا للزبیر
مَ الیرموکِ الاتشُدُّ فَنَشُدَّ مَعَکَ فَحَمَلَ
لیهم فَضَرَبُوهُ ضَربَتَینِ، علی عاتِقِهِ بَینَهُمَا
اضربةٌ ضُرِبَهَا یوم بدرٍ قال عروة فکُنتُ اُدخِلُ
سابعِی فی تِلکَ الضَّرَبَاتِ اَلعَبُ وَاَنَا صَغِیرٌ

۹۱۵۔ ہم سے علی بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ابن المبارک نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن عروہ نے خبر دی اور انہیں ان کے والد نے کہ جنگ یرموک کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کے صحابہ نے زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے کہا آپ حملہ کیوں نہیں کرتے، تاکہ ہم بھی آپ کے ساتھ حملہ کریں۔ چنانچہ آپ نے ان پر (رومیوں پر) حملہ کیا۔ اس موقعہ پر انہوں نے آپ کے دو کاری زخم شانے پر لگائے، درمیان میں وہ زخم تھا جو بدر کے موقعہ پر آپ کو لگا تھا۔ عروہ نے بیان کیا کہ (یہ زخم اتنے گہرے تھے کہ اچھے ہو جانے کے بعد) بچپن میں ان زخموں کے اندر اپنی انگلیاں ڈال کر کھیلا کرتا تھا۔

اب ۳۹۶. ذکرِ طلحةَ بن عبیداللّٰه وقال عمرُ
وُفِّیَ النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وهو عنه رَاضٍ

۳۹۶۔ طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ۔
عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے متعلق فرمایا تھا کہ نبی کریم ﷺ اپنی وفات تک ان سے راضی اور خوش تھے۔

۹۱۶) حَدَّثَنِی محمدُ بن ابی بکر المُقَدَّمِیُّ عن
بیه عن ابی عثمانَ قال لم یَبقَ مع النبی صَلَّی اللّٰهُ
علَیهِ وَسَلَّمَ فی بعضِ تلک الایامِ الَّتِی قَاتَلَ فِیهِنَّ
سولُ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ غیرُ طلحة
سعدٍ عن حدیثهما

۹۱۶۔ مجھ سے محمد بن ابی بکر مقدمی نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابو عثمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بعض ان جنگوں میں جن میں رسول اللہ ﷺ خود شریک ہوئے تھے (احد کی جنگ) طلحہ اور سعد رضی اللہ عنہما کے سوا اور کوئی باقی نہیں رہا تھا۔

۹۱۷) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا خالدٌ حدثنا ابن ابی
خالد عن قیسِ بن ابی حازم قال رایتُ یَدَ طلحةَ

۹۱۷۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی خالد نے حدیث بیان کی، ان سے قیس بن ابی حازم

الَّتِي وَقَى بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد شَلَّتْ

نے بیان کیا کہ میں نے طلحہ رضی اللہ عنہ کا وہ ہاتھ دیکھا ہے جس سے آپ نے رسول اللہ ﷺ کی (جنگ احد میں) حفاظت کی تھی کہ بالکل بیکار ہو چکا تھا۔

باب۳۹۷. مناقب سعدِ بن ابي وقاص الزهری و بنوزُهرَةَ اخوالُ النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وهو سعد بن مَالِک

۳۹۷۔ سعد بن ابی وقاص الزہری رضی اللہ عنہ کے مناقب۔
بنوزہرہ نبی کریم ﷺ کے ماموں ہوتے تھے۔ آپ کا اصل نام سعد بن ابی مالک ہے۔

(۹۱۸) حَدَّثَنِیْ محمدُ بن المثنی حدثنا عبدالوهابِ قال سمعتُ یحیٰی قال سمعتُ سعیدَ بن المسیب قَالَ سمعتُ سعداً یقول جَمَعَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ

۹۱۸۔ مجھ سے محمد بن مثنی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے یحییٰ سے سنا، کہا کہ میں نے سعید بن مسیب سے سنا، کہا کہ میں نے سعد رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ جنگ احد کے موقعہ پر میرے لئے نبی کریم ﷺ نے اپنے والدین کا ایک ساتھ ذکر کیا (اور فرمایا کہ میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔)

(۹۱۹) حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بن ابراهيم حدثنا هَاشم بن هاشم عن عامر بن سعد عن ابيه قال لَقَدْ رَاَيْتُنِیْ وَاَنَا ثُلُثُ الْاِسْلَامِ

۹۱۹۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہاشم بن ہاشم نے حدیث بیان کی، ان سے عامر بن سعد نے اور ان سے ان کے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ مجھے خوب یاد ہے میں (مردوں میں) تیسرا شخص تھا جو اسلام میں داخل ہوا تھا۔

(۹۲۰) حَدَّثَنَا ابراهيمُ بن موسى اخبرنا ابنُ ابن ابی زائد ة حدثنا هاشمُ بن ها شم بن عتبة بن ابی وقاص قال سمعتُ سعیدَ بن المسیب یقول سمعتُ سعدَ بن ابی وقاص یقولُ مَااَسْلَمَ اَحَدٌ اِلَّا فی الیومِ الَّذِیْ اسلمتُ فیه و لقد مکثتُ سَبْعَةَ ایامٍ واِنِّیْ لَثُلُثُ الاسلامِ تَابعه اَبُواُسَامة حدثنا هاشم

۹۲۰۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ابن ابی زائدہ نے خبر دی، ان سے ہاشم بن ہاشم بن عتبہ بن ابی وقاص نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے سعید بن مسیب سے سنا، کہا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ جس دن میں اسلام لایا ہوں، اسی دن دوسرے (سب سے پہلے اسلام میں داخل ہونے والے حضرات صحابہ) بھی اسلام میں داخل ہوئے ہیں اور میں سات دن تک اسی حیثیت میں رہا کہ میں اسلام کا تیسرا فرد تھا۔ اس روایت کی متابعت ابواسامہ نے کی، اور ان سے ہاشم نے حدیث بیان کی تھی۔

(۹۲۰٪) حَدَّثَنَا عمرُو بن عَوْن حدثنا خالد بن عبداللّٰه عن اسماعيل عن قيس قال سمعتُ سعدًا رضی اللّٰه عنه یقول اِنِّیْ لَاَوَّلُ الْعَرَبِ رَمٰی بِسَهْمٍ فی سبیلِ اللّٰهِ وَكُنَّا نَغْزُوْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما لنا طعام اِلَاوَرَقُ الشجرة حتی اِنَّ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كما يَضَعُ الْبَعِيْرُ اَوِالشَّاةُ مَالَه' خِلْطٌ

۹۲۰٪۔ ہم سے عمرو بن عون نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس نے بیان کیا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان فرماتے تھے کہ عرب میں سب سے پہلے اللہ کے راستے میں، میں نے تیراندازی کی تھی (ابتداء اسلام میں) ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ اس طرح غزوات میں شرکت کرتے تھے کہ ہمارے ساتھ درختوں کے

م اصبحت بنواسد تعزرني على الاسلام لقد
جبت اِذًا وَضَلَّ عَمَلِيْ وَكَانُوْا وَشَوابه علٰى عُمَرَ
الوا لَايُحْسِنُ يُصَلِّيْ

پتوں کے سوا کھانے کے لئے بھی کچھ نہ ہوتا تھا۔ اس سے ہمیں اونٹ اور بکریوں کی طرح اجابت ہوتی تھی (مینگنیوں کی طرح) یعنی ملی ہوئی نہیں ہوتی تھی، لیکن اب بنی اسد کا یہ حال ہے کہ اسلامی احکام پر عمل میں میرے اندر عیب نکالتے ہیں (اگر ان کے کہنے کے مطابق، میں واقعی نماز اچھی طرح نہیں پڑھ پاتا تو) میں ناکام و نامراد رہا اور میرا عمل برباد ہو گیا۔ واقعہ یہ پیش آیا تھا کہ بنی اسد نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کی خلافت کے عہد میں، آپ سے) شکایت کی تھی کہ سعد رضی اللہ عنہ نماز اچھی طرح نہیں پڑھتے۔

اب ۳۹۸. ذكر اَصْهارِ النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
سَلَّمَ منهم ابو العاص بن الرّبيع

۳۹۸۔ نبی کریم ﷺ کے داماد۔ "ابوالعاصؓ بن ربیع بھی آپ ﷺ کے داماد تھے۔"

۹۲۱) حَدَّثَنَا ابواليمان اخبرنا شعيبٌ عن
لزهري قال حَدَّثَني عليُّ بن حسين اَن المِسْوَر
نَ مخرمَةَ قَالَ اِنَّ عَلِيًّا خَطَبَ بِنْتَ ابي جهلٍ
سمعتْ بذلك فاطمةُ فَاَتَتْ رسولَ اللّٰه صَلَّى
للّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقالتْ يَزْعُمُ قَوْمُكَ اَنَّكَ
تغضبُ لِبَنَاتِكَ وَهٰذَا عَلِيٌّ نَاكِحٌ بِنْتَ اَبِيْ
جَهْلٍ فقام رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
سمعته حين تَشَهَّدَ يقول اَمَّا بَعْدُ اَنْكَحْتُ
بَاالْعَاصِ بْنَ الرَّبِيْعِ فَحَدَّثَنِيْ وَصَدقني وَاِنَّ فَاطِمَةَ
ضْعَةٌ مِنِّي وَاِنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ يَسُوْءَ هَا وَاللّٰهِ لَاتَجْتَمِعُ
نت رسول اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وبِنْتُ
عَدُوِّاللّٰهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَاحِدٍ فَتَرَكَ عليٌّ الخِطْبَةَ
زاد محمد بن عمرو بن حَلْحَلَةَ عن ابن شهاب
عن علي عن مِسْوَرٍ سمعتُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وذكر صِهْرًا له من بني عبد شمس فَاَثْنٰى
عليه فى مُصَاهَرَتِهٖ اياه فَاَحْسَنَ قال حَدَّثَنِيْ
فَصَدَقَنِي وَوَعَدَنِي فَوَفٰى لِيْ

۹۲۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے علی بن حسین نے حدیث بیان کی اور ان سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی لڑکی کو (جو مسلمان تھیں) پیغام نکاح دیا، اس کی اطلاع جب فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ہوئی تو آپ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کی کہ آپ کی قوم کا خیال ہے کہ آپ کو اپنی بیٹیوں کی خاطر (جب انہیں کوئی تکلیف دی) کسی پر غصہ نہیں آتا، اب دیکھئے یہ علی (رضی اللہ عنہ) ابوجہل کی بیٹیوں سے نکاح کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر آنحضور ﷺ نے صحابہؓ کو خطاب فرمایا، میں نے آپ کو کلمۂ شہادت پڑھتے سنا، پھر آپ نے فرمایا، امابعد! میں نے ابوالعاص بن ربیع سے (زینب رضی اللہ عنہا کی حضور اکرم ﷺ کی سب سے بڑی صاحبزادی) شادی کی تو انہوں نے جو بات بھی کہی اس میں وہ سچے اترے، اور بلاشبہ فاطمہؓ بھی میرے (جسم کا) ایک ٹکڑا ہے اور مجھے یہ پسند نہیں کہ کوئی بھی اسے تکلیف دے، خدا کی قسم، رسول اللہ ﷺ کی بیٹی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک شخص کے پاس جمع نہیں ہوسکتیں چنانچہ علی رضی اللہ عنہ نے شادی کا ارادہ ترک کر دیا۔ محمد بن عمرو بن حلحلہ نے ابن شہاب کے واسطہ سے یہ اضافہ کیا ہے، انہوں نے علی بن حسین کے واسطہ سے اور انہوں نے مسور رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ آپ نے بنی عبد شمس کے اپنے ایک داماد کا ذکر کیا اور حقوق دامادی کی ادائیگی میں ان کی وقیع الفاظ میں تعریف فرمائی اور پھر فرمایا کہ انہوں نے مجھ سے جو

بات بھی کہی سچی کہی اور جو وعدہ بھی کیا پورا کر دکھایا۔

باب ۳۹۹. مناقب زيدِ بنِ حارثةَ مولى النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقال البراءُ عن النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا

۳۹۹۔ نبی کریم ﷺ کے مولا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے مناقب۔ براء رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا کہ (آنحضور ﷺ نے زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا) تم ہمارے بھائی اور ہمارے مولا ہو۔

(۹۲۲) حَدَّثَنَا خالد بنُ مَخْلَدٍ حدثنا سليمان قال حدثنى عبداللّٰهِ بن دينار عن عبدِاللّٰه بنِ عمر رضى اللّٰه عنهما قال بَعَثَ النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اُسَامَةَ بنَ زيد فَطَعَنَ بعضُ الناسِ فى اِمَارتِهٖ فقال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ان تَطْعَنُوْا فِى اِمَارَتِهٖ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِىْ اِمَارَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ وَايْمُ اللّٰهِ اِن كَانَ لَخَلِيْقًا لِّلْاِمَارَةِ وَاِنْ كَانَ لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَىَّ وَاِنَّ هٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَىَّ بَعْدَه‘

۹۲۲۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مہم بھیجی اور اس کا امیر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو بنایا۔ ان کے امیر بنائے جانے پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا آج تم اس کے امیر بنائے جانے پر اعتراض کرر ہے ہو تو اس سے پہلے اس کے باپ کے امیر بنائے جانے پر بھی تم نے اعتراض کیا تھا اور خدا گواہ ہے کہ وہ (زید رضی اللہ عنہ امارت کے مستحق تھے اور مجھے سب سے زیادہ عزیز تھے۔ اور یہ (اسامہ رضی اللہ عنہ) اب ان کے بعد مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے۔

(۹۲۳) حَدَّثَنَا يحيَى بنُ قزعة حَدَّثَنَا اِبرهيمُ بن سعد عن الزهرى عن عروةَ عن عائشةَ رضى اللّٰه عَنْهَا قالتْ دخَلَ عَلَيَّ قَائِفٌ والنبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شاهدٌ واسامةُ بنُ زيدٍ وزيدُ بنُ حارثةَ مُضْطَجِعَان فقال ان هذهِ الْاَقْدَامَ بَعْضُهَا من بعض قال فَسُرَّ بذٰلك النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ واَعْجَبَه‘ فَاَخْبَرَ بِهٖ عائشةَ

۹۲۳۔ ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک قیافہ شناس میرے یہاں آیا، نبی کریم ﷺ اس وقت وہیں تشریف رکھتے تھے، اور اسامہ بن زید اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما (ایک چادر میں) لیٹے ہوئے تھے (منہ اور جسم کا سارا حصہ قدموں کے سوا چھپا ہوا تھا) اس قیافہ شناس نے کہا کہ یہ پاؤں بعض، بعض سے نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں (یعنی باپ بیٹے ہیں) بیان کیا کہ آنحضور ﷺ اس سے اس اندازہ پر بہت مسرور ہوئے اور پھر آنحضور ﷺ نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی واقعہ بیان فرمایا۔

باب ۴۰۰. ذكر اسامةَ بن زيد

۴۰۰۔ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا ذکر۔

(۹۲۴) حَدَّثَنَا قتيبة بن سعيدحدثنا لَيْثٌ عن الزهرى عن عروةَ عن عائشةَ رضى اللّٰه عنها اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّهُمْ شَأنُ المراةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ فَقَالُوْا مَنْ يَجْتَرِئُ عليه الا اسامةُ بن زيدٍ حِبُّ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وحدثنا عَلِيٌّ حدثنا سفيان

۹۲۴۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے زہری سے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ قریش مخزومیہ عورت کے معاملے کی وجہ سے (جس نے غزوۂ فتح مکہ کے موقعہ پر چوری کر لی تھی) بہت ملول اور رنجیدہ تھے انہوں نے یہ فیصلہ آپس میں کیا کہ اسامہ بن زیدؓ کے سوا، جو رسول اللہ

قال ذهبتُ اَسْاَلُ الزهريَّ عن حديث المخزوميةِ فَصَاحَ بِيْ قلتُ لسفيانَ فَلَمْ تَحْتَمِلْهُ عن اَحَدٍ قال وجدتُه فى كتابٍ كانَ كَتَبَه' ايوبُ بن موسٰى عن الزهرى عن عروة عن عائشةَ رضى الله عنها اَنَّ امراةً من بنى مَخْزُومٍ سَرقَتْ فقالوا من يُكَلِّمُ فيها النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فلم يجترئ اَحدٌ ان يُّكَلِّمَه فَكَلَّمَه' اسامةُ بنُ زيدٍ فقالَ اِنَّ بَنِيْ اِسرائِيْلَ كَانَ اِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ الضَّعِيْفُ قَطَعُوْهُ لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ لَقَطَعْتُ يَدَهَا

ﷺ کو انتہائی عزیز ہیں (اس عورت کی شفارش کی) اور کون جرأت کر سکتا ہے۔ اور ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے زہری سے مخزومیہ کی حدیث پوچھی تو مجھ پر بہت غصہ ہو گئے، میں نے اس پر سفیان سے پوچھا تو پھر آپ کسی اور ذریعہ سے اس حدیث کی روایت نہیں کرتے؟ انہوں نے بیان کیا کہ ایوب بن موسیٰ کی لکھی ہوئی ایک کتاب میں، میں نے یہ حدیث دیکھی، وہ زہری کے واسطہ سے روایت کرتے تھے، وہ عروہ کے واسطہ سے اور وہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے کہ بنی مخزوم کی ایک عورت نے چوری کر لی تھی۔ قریش نے یہ سوال اٹھایا (اپنی مجلس میں) کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں اس عورت کی سفارش کون لے جا سکتا ہے؟ کوئی اس کی جرأت نہیں کر سکتا تھا۔ آخر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے سفارش کی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، بنی اسرائیل میں یہ دستور بن گیا تھا کہ جب کوئی شریف چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے لیکن اگر کوئی معمولی درجے کا آدمی چوری کرتا تو اس کا ہاتھ کاٹتے، اگر آج فاطمہؓ نے چوری کی ہوتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹتا۔

باب: ۴۰۱

(۹۲۵) حَدَّثَنِیْ الحسنُ بنُ محمدٍ حدثنا ابوعباد يحيى بن عباد حدثناالْمَاجِشُوْنَ اخبرنَا عبدالله بن دينار قال نظر ابنُ عمر يومًا و هو فى المسجد الى رجل يَسْحَبُ ثيابه فى ناحيةٍ من الْمَسْجِدِ فَقَالَ انْظُرْ من هٰذَا لَيْت هٰذَا عِنْدِیْ قَالَ لَه' انسانٌ اماتعرف هٰذَا يااباعبدالرحمٰن هٰذَا محمدُ بن اُسامةَ قال فَطَأْطَاءَ ابنُ عُمَرَ رَاسَه' وَنَقَرَ بِيَدَيْهِ فى الارضِ ثُمَّ قَالَ لورَاٰه رسولُ الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَحَبَّه'

۹۲۵۔ مجھ سے حسن بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عباد یحییٰ بن عباد نے حدیث بیان کی، ان سے ماجشون نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ بن دینار نے خبر دی کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک دن ایک شخص کو مسجد میں دیکھا کہ اپنا کپڑا ایک کونے میں پھیلا رہے تھے؟ آپ نے فرمایا، دیکھو، یہ کون صاحب ہیں، کاش میرے قریب ہوتے (تو میں انہیں نصیحت کرتا) ایک شخص نے کہا۔ یا اباعبدالرحمٰن! کیا آپ انہیں نہیں پہچانتے، یہ محمد بن اسامہ ہیں۔ ابن دینار نے بیان کیا کہ یہ سنتے ہی ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنا سر جھکا لیا اور اپنے ہاتھوں سے زمین کریدنے لگے، پھر فرمایا کہ اگر رسول اللہ ﷺ انہیں دیکھتے تو یقیناً آپ انہیں عزیز رکھتے۔

(۹۲۶) حَدَّثَنَا موسَى بنُ اسماعيلَ حدثنا مُعْتَمِرٌ قال سمعتُ ابى حدثنا ابوعثمان عن اسامةَ بن زيد رضى الله عنهما حَدَّثَ عن النبیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انه كان ياخُذُه' وَالْحَسَنَ فيقول اللّٰهُمَّ اَحِبَّهُمَا فَاِنِّیْ اُحِبُّهُمَا وقالَ نُعَيْمٌ عن ابنِ المبارك

۹۲۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، ان سے ابو عثمان نے حدیث بیان کی، اور ان سے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی، کہ نبی کریم ﷺ انہیں اور حسن کو (رضی اللہ عنہما) پکڑ لیتے تھے اور فرماتے تھے، اے اللہ! آپ انہیں اپنا محبوب بنا لیجئے کہ میں ان سے محبت

اخبرنا معمرٌ عن الزهري اخبرني مولى لاسامةَ بن زيدٍ اَنَّ الحجاجَ بن اَيمَنَ بْنِ اُمِّ اَ يْمَنَ وَكَانَ اَيْمَنُ بن اُم اَيمن اَخا اُسامَةَ لِاُمِّهٖ وَهُوَ رَجُلٌ مِنَ الانصار فرآهُ ابنُ عمرَ لم يُتِمَّ ركوعه وَلا سجودَه فقال اَعِدْ قال ابوعبداللّٰه وحدثني سليمان بن عبدالرحمٰن حدثنا الوليد حدثنا عبدالرحمٰن بن نمر عن الزهري حدثني حرملةُ مولى اسامة بن زيد انه بينما هو مع عبدِاللّٰه بن عمرَ اذ دخل الحجاجُ بنُ اَيمَنَ فَلَمْ يُتِمَّ رَكُوعَه وَلا سُجُودَه فقال اَعِدْ فَلَمَّا وَلّٰى قال لي ابنُ عمر مَنْ هٰذَا قلتُ اَلْحَجَّاجُ بْنُ اَيمَنَ ابنِ اُم اَيمَنَ فقال ابنُ عُمَرَ لورَاٰى هذا رسولُ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَحَبَّه' فذكرحُبَّه' وَمَا وَلَدَتْهُ' اُمُّ اَيْمَنَ قال وحدثني بعضُ اصحابي عن سليمان وكانتْ حاضِنَةَ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کرتا ہوں۔اور نعیم نے ابن المبارک کے واسطہ سے بیان کیا،انہیں معمر نے خبر دی،انہیں زہری نے ،انہیں اسامہ بن زید کے ایک موال (حرملہ) نے خبر دی کہ حجاج بن ایمن بن ام ایمن کو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھ کہ (نماز میں) انہوں نے رکوع اور سجدہ پوری طرح نہیں ادا کیا ہے۔ ایمن بن ام ایمن،اسامہ رضی اللہ عنہ کے ماں کی طرف سے بھائی تھے، ایمن رضی اللہ عنہ قبیلہ انصار کے ایک فرد تھے۔تو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ (نماز) دوبارہ پڑھ لو۔ابو عبداللہ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ) نے بیان کیا اور مجھ سے سلیمان بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی،ان سے ولید نے حدیث بیان کی،ان سے عبدالرحمٰن بن نمر نے حدیث بیان کی،ان سے زہری نے،ان سے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے موال حرملہ نے حدیث بیان کی کہ وہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے کہ حجاج بن ایمن (مسجد کے) اندر آئے،لیکن نہ انہوں نے رکوع پوری طرح ادا کیا اور نہ سجدہ۔ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ نماز دوبارہ پڑھ لو۔پھر جب وہ جانے لگے تو آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ یہ کون صاحب ہیں؟ میں نے عرض کی حجاج بن ایمن بن ام ایمن۔اس پر آپ نے فرمایا،اگر انہیں رسول اللہ ﷺ دیکھتے تو بہت عزیز رکھتے۔پھر آپ نے آنحضور ﷺ کی اسامہ رضی اللہ عنہ اور ام ایمن رضی اللہ عنہا کی تمام اولاد سے محبت کا ذکر کیا۔امام بخاریؒ نے بیان کیا،اور مجھ سے میرے بعض اساتذہ نے بیان کیا اور ان سے سلیمان نے کہ ام ایمن رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کو گود لیا تھا۔

باب ۴۰۲. مناقبِ عبدِاللّٰه بن عمر بن الخطاب رضى اللّٰه عنهما

۴۰۲۔عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے مناقب۔

(۹۲۷) حَدَّثَنَا اسحاق بن نصر حدثنا عبدالرزاق عن معمر عن الزهري عن سالم عن ابنِ عمرَ رضي اللّٰه عنهما قَالَ كَانَ الرَّجُلُ فِي حياةِ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذا رَاٰى رؤيا قَصَّها على النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَمَنَّيْتُ اَنْ اَرى رؤيا اَقُصُّهَا على النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وكنتُ غُلامًا اَعزَبَ وكنتُ اَنَامُ فِي المَسْجِدِ على عهدِ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَيْتُ فِي المنامِ كَاَنَّ

۹۲۷۔ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی،ان سے معمر نے،ان سے زہری نے،ان سے سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب حیات تھے تو جب بھی کوئی شخص کوئی خواب دیکھتا،آنحضور ﷺ سے اسے بیان کرتا۔میرے دل میں بھی یہ تمنا پیدا ہوگئی کہ میں بھی کوئی خواب دیکھوں اور حضور اکرم ﷺ سے بیان کروں۔میں ان دنوں غیر شادی شدہ تھا اور نوعمر۔میں حضور اکرم ﷺ کے عہد میں مسجد کے اندر سویا کرتا تھا تو میں نے خواب میں دو(۲) فرشتوں کو دیکھا کہ مجھے پکڑ کر دوزخ کی طرف لے گئے،

مَلَكَيْنِ اَخَذَانِيْ فذهبابي الى النار فَاِذَاهِيَ مَطْوِيَّةٌ كَطَيِّ البِئْرِ واذا لها قَرْنَانِ كَقَرْنَيِ البِئْرِ واذا فِيْهَا ناسٌ قد عرفتهم فجعلتُ اَقُوْلُ اعوذُ باللّٰهِ مِنَ النَّارِ اعوذُ باللّٰهِ مِنَ النَّارِ فَلَقِيَهُمَا ملكٌ اٰخرُ فقال لِيْ لَنْ تُرَاعَ فَقَصَصْتُها على حفصة فَقَصَّتْهَا حفصة على النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُاللّٰه لَوْكَانَ يُصَلِّيْ بِاللَّيْلِ قال سالمٌ فكان عَبْدُاللّٰه لايَنَامُ من اللَّيْلِ الا قَلِيْلا

میں نے دیکھا کہ وہ بل دار کنوئیں کی طرح پیچ در پیچ تھی، کنویں ہی کی طرح اس کے بھی دو کنارے تھے (جہاں دو پتھر رکھے جاتے ہیں، تاکہ عرض میں کوئی کڑی وغیرہ بچھادی جائے) اور اس کے اندر کچھ ایسے لوگ تھے جنہیں میں پہچانتا تھا میں اسے دیکھتے ہی کہنے لگا، دوزخ سے میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ دوزخ سے میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کے بعد مجھ سے ایک دوسرے فرشتے کی ملاقات ہوئی اس نے مجھ سے کہا کہ خوف نہ کھاؤ۔ میں نے اپنا یہ خواب حفصہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا اور انہوں نے آنحضور ﷺ سے، تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ عبداللہ بہت اچھا لڑکا ہے۔ کاش رات میں بھی نماز پڑھا کرتا۔ سالم نے بیان کیا کہ عبداللہ رضی اللہ عنہ اس کے بعد رات میں بہت کم سویا کرتے تھے۔

(۹۲۸) حَدَّثَنَا يحيى بنُ سليمان حدثنا ابنُ وَهب عن يونسَ عن الزهريِّ عن سالمٍ عن ابن عمرَ عن اُخْتِهِ حفصةَ اَنَّ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قال لَهَا اِنَّ عَبْدَاللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ

۹۲۸۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے زہری نے، ان سے سالم نے، ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی بہن حفصہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ سے رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا تھا، عبداللہ مرد صالح ہے۔

باب ۴۰۳. مَناقب عمار وحذيفة رضى اللّٰهُ عنهما

۴۰۳۔ عمار اور حذیفہ رضی اللہ عنہما کے مناقب۔

(۹۲۹) حَدَّثَنَا مالكُ بن اسماعيل حدثنا اسرائيل عن المغيرة عن ابراهيمَ عن علقمةَ قال قدمتُ الشَّامَ فصليتُ رَكْعَتَيْنِ ثم قلتُ اللهم يَسِّرْلِيْ جليسًا صالحًا فاتيتُ قومًا فجلستُ اليهم فاذا شيخٌ قدجاءَ حتىٰ جَلَسَ الى جَنْبِيْ قلتُ مَنْ هذا قَالُوْا اَبُوالدرداءِ فقلتُ اِنِّيْ دعوتُ اللّٰه اَنْ يُيَسِّرَ لِيْ جليسًا صالحًا فَيَسَّرَكَ لِيْ قال مِمَّنْ اَنْتَ قلتُ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ قال اولَيْسَ عِنْدَكُمْ ابنُ اُمِّ عَبْدٍ صَاحِبُ النَّعْلَيْنِ وَالْوِسَادِ وَالْمِطْهَرَةِ وَفِيْكُم الَّذِى اَجَارَهُ اللّٰهُ من الشيطان على لسان نبيِّه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اوليس فيكم صاحبُ سِرِّ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم الذى لايعلمه اَحَدٌ غَيْرُه، ثم قال كيف يقرأ عبدُاللّٰه وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى فقرأتُ عليه وَ اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى قال واللّٰه لقد اَقْرَاَنِيْهَا رسولُ

۹۲۹۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے بیان کیا کہ میں جب شام آیا تو میں نے دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا کی کہ اے اللہ! مجھے کوئی صالح ہمنشین عطا فرمائیے۔ پھر میں ایک قوم کے پاس آیا اور ان کی مجلس میں بیٹھ گیا تھوڑی ہی دیر بعد ایک بزرگ آئے اور میرے قریب بیٹھ گئے۔ میں نے پوچھا، آپ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ ابو درداء رضی اللہ عنہ۔ اس پر میں نے دریافت فرمایا، آپ کا وطن کہاں ہے؟ میں نے عرض کی، کوفہ۔ آپ نے فرمایا، کیا تمہارے یہاں ابن ام عبد، صاحب النعلین، صاحب وسادہ ومطہرہ (یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) نہیں ہیں؟ کیا تمہارے ہاں وہ نہیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کی زبانی شیطان سے پناہ دے چکا ہے (کہ وہ انہیں کبھی غلط راستے پر نہیں لے جاسکتا۔ مراد عمار رضی اللہ عنہ سے ہے) کیا تم میں وہ نہیں ہیں جو رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے بہت سے راز ہائے سربستہ کے حامل ہیں، جنہیں ان کے سوا اور کوئی نہیں جانتا (پھر ان کی موجودگی کے باوجود وہاں سے آنے کی کیا ضرورت

اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيْهِ اِلٰى فِيَّ

تھی؟) اس کے بعد آپ نے دریافت فرمایا، عبداللہ رضی اللہ عنہ آیت "واللیل اذا یغشی" کی تلاوت کس طرح کرتے ہیں؟ میں نے انہیں پڑھ کر سنائی کہ "واللیل اذا یغشٰی والنھار اذا تجلی وماخلق الذکر والانثٰی" اس پر آپ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ نے خود اپنی زبان مبارک سے مجھے اسی طرح یاد کرایا تھا۔

(۹۳۰) حَدَّثَنَا سليمانُ بن حربٍ حدثنا شعبةُ عن مغيرةَ عن ابراهيمَ قال ذَهَبَ علقمةُ الى الشامِ فلما دَخَلَ المسجدَ قال اللهم يَسِّرْلِیْ جليساً صالحًا فَجَلَسَ الى ابى الدرداءِ فقال ابوالدرداءِ ممن اَنْتَ قال مِنْ اهلِ الكوفةِ قَالَ اَلَيْسَ فيكم اومنكم صاحبُ السِّرِّالَّذِیْ لايَعْلَمُه' غَيْرُه' يعنى حذيفةَ قال قلتُ بلٰى قال اَلَيْسَ فيكم اومنكم الذى اَجارَه اللّٰهُ على لسانِ نبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعنى من الشيطان يعنى عمارًا قلت بلى قال اليس فيكم اومنكم صاحبُ السواكِ والسِّرَارِ قال بلٰى قال كيف كان عبدُاللّٰه يقراءُ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى قلتُ وَالذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى قال مازال بى هؤلاءِ حتى كادوا يَسْتَنْزِلُوْنِیْ عن شئٍ سمعتُه'من رسُولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۳۰۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ نے، ان سے ابراہیم نے بیان کیا کہ علقمہ شام تشریف لے گئے اور مسجد میں جا کر یہ دعا کی اے اللہ! مجھے ایک صالح ہم نشین عطا فرمائیے۔ چنانچہ آپ کو ابودرداء رضی اللہ عنہ کی صحبت نصیب ہوئی۔ ابودرداء رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا آپ کا تعلق کہاں سے ہے؟ عرض کی کہ کوفہ سے، اس پر آپ نے فرمایا کیا تمہارے یہاں نبی کریم ﷺ کے راز دار نہیں ہیں کہ جنہیں ان کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ آپ کی مراد ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ سے تھی۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی، جی ہاں موجود ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا، کیا تم میں وہ شخص نہیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی زبانی شیطان سے اپنی پناہ دی تھی، آپ کی مراد عمار رضی اللہ عنہ سے تھی۔ میں نے عرض کی کہ جی ہاں وہ بھی موجود ہیں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ کیا تم میں مسواک والے اور تکیہ والے نہیں ہیں۔ میں نے عرض کیا، جی ہاں وہ بھی موجود ہیں۔ اس کے بعد آپ نے دریافت فرمایا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ آیت "واللیل اذا یغشیٰ والنھار اذا تجلی" کی قرأت کس طرح کرتے تھے؟ میں نے کہا کہ آپ (ماخلق کے حذف کے ساتھ) "الذکر والانثیٰ" پڑھا کرتے تھے۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ یہ شام والے ہمیشہ اس کوشش میں رہے کہ جس طرح میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا (اس آیت کی تلاوت کرتے ہوئے، جیسا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت سے بھی اس کی توثیق ہوئی) اس سے مجھے ہٹا دیں۔

باب ۴۰۴. مَنَاقِبُ ابى عبيدةَ بنِ الجراح

۴۰۴۔ ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۳۱) حَدَّثَنَا عمرُو بن على حدثنا عبدالاعلى رضى اللّٰه عنه حدثنا خالد عن ابي قِلَابَةَ قَالَ حدثنى انس بن مالك اَنَّ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنًا وَاِنَّ اَمِيْنَنَا اَيَّتُهَا

۹۳۱۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالاعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوقلابہ نے بیان کیا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہر امت میں امین ہوتے ہیں۔ اور اس امت

اُلامَّۃُ اَبُوعبیدَۃَ بْنُ الجَرَّاح

(۹۳۲) حَدَّثَنَا مسلمُ بن ابراھیم حدثنا شعبةُ عن ابی اسحاق عن صلةٍ عن حذیفةَ رضی اللّٰه عنه قال قال النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَھْلِ نجرانَ لَاَبْعَثَنَّ یعنی علیکم اَمِیْنًا حَقَّ اَمِیْنٍ فَاَشْرَفَ اصحابُه فَبَعَثَ اباعبیدةَ رضی اللّٰه عنه

باب۴۰۵. ذِکرِ مُصْعَبِ بْنِ عُمَیْر

باب۴۰۶. مَنَاقِبُ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قال نا فع بن جبیر عن ابی ھریرة عا نق النبیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الحسن

(۹۳۳) حَدَّثَنَا صدقةُ حدثناابن عیینه حدثنا ابوموسٰی عن الحسن سَمِعَ اَبَابَکْرَةَ سمعتُ النبیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ علی المِنبَرِ والحسنُ الی جَنْبه یَنْظُرُ اِلَی النَّاسِ مَرَّةً وَاِلَیْهِ مَرَّةً ویقول ابْنِیْ ھٰذَا سَیِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یُصْلِحَ بِهٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

(۹۳۴) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا المُعْتَمِرُ قال سَمِعت ابی قال حدثنا ابوعثمان عن اسامةَ بن زید رضی اللّٰه عنهما عن النبیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ انه کان یَاخُذُه والحسنَ ویقول اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّھُمَافَاَحِبَّھُمَا اَوْکما قالٗ

(۹۳۵) حَدَّثَنِیْ محمدُ بن الحسین ابن ابراھیم قال حدثنی حسینُ بن محمدٍ حدثنا جریرٌ عن محمدٍ عن انسِ بن مالکٍ رضی اللّٰه عنه اُتِیَ عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ زِیَادٍ بِرَأْسِ الْحُسَیْنِ رضی اللّٰه عنه فَجُعِلَ فی طَسْتٍ فَجَعَلَ یَنْکُتُ وَقال فی حُسْنِهٖ شَیْئًا فقال انسٌ کان اَشْبَھَھُمْ برسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وکان مَخْضُوبًا بِالْوَسْمَةِ

کے امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں (رضی اللہ عنہ)

۹۳۲۔ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے صلہ نے اور ان سے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے اہل نجران سے فرمایا میں تمہارے یہاں ایک امین کو بھیجوں گا جو حقیقی معنوں میں امین ہوگا تمام صحابہ کو اشتیاق تھا لیکن آنحضور ﷺ نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔

۴۰۵۔مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ۔

۴۰۶۔حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے مناقب۔

نافع بن جبیر نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کو گلے سے لگایا۔

۹۳۳۔ہم سے صدقہ نے حدیث بیان کی، ان سے حسن نے، انہوں نے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آنحضور ﷺ منبر پر تشریف رکھتے تھے اور حسن رضی اللہ عنہ آپ کے پہلو میں تھے۔ آنحضور ﷺ کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور پھر حسن رضی اللہ عنہ کی طرف اور فرماتے میرا یہ بیٹا سردار ہے اور امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرائے گا۔

۹۳۴۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے ابوعثمان نے حدیث بیان کی اور ان سے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ انہیں اور حسن رضی اللہ عنہما کو پکڑ کر دعا کرتے تھے کہ اے اللہ! مجھے ان سے محبت ہے آپ بھی ان سے محبت رکھئے۔ اور کما قال۔

۹۳۵۔مجھ سے محمد بن حسین بن ابراہیم نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے حسین بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ جب حسین علیہ السلام کا سر مبارک عبیداللہ بن زیاد کے پاس لایا گیا اور ایک طشت میں رکھ دیا گیا تو بد بخت اس پر لکڑی سے مارنے لگا اور آپ کے حسن و خوبصورتی کے بارے میں بھی کچھ کہا (کہ میں نے اس سے زیادہ خوبصورت چہرہ نہیں دیکھا) اس پر انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ سے سب سے زیادہ مشابہ تھے۔ آپ نے وسمہ کا خضاب استعمال کر رکھا تھا۔

(۹۳۶) حَدَّثَنَا حجَّاجُ بنُ المنهالِ حدثنا شعبةُ قال اخبرني عَدِيٌّ قال سمعتُ البراءَ رضي اللّٰه عنه قال رَاَيتُ النبيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والحَسَنُ عَلٰى عاتِقِهٖ يقول اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اُحِبُّهٗ فَاَحِبَّهٗ

۹۳۶۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عدی نے خبر دی کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، حسن رضی اللہ عنہ آپ کے شانہ مبارک پر تھے اور آپ یہ فرما رہے تھے کہ اے اللہ! مجھے اس سے محبت ہے، آپ بھی اس سے محبت رکھئے۔

(۹۳۷) حَدَّثَنَا عبدانُ اخبرنا عبدُاللّٰه قال اخبرني عمرُ بن سعيد بن ابي حسين عن ابن ابي مليكةَ عن عقبةَ بن الحارث قال رايتُ ابابكرٍ رضي اللّٰه عنه وَحَمَلَ الْحَسَنَ وهو يقول بِاَبِىْ شَبِيْهٌ بالنبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ليس شَبِيْهٌ بِعَلِيٍّ وَعَلِيٌّ يَضْحَكُ

۹۳۷۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، کہا کہ مجھے عمر بن سعید بن ابی حسین نے خبر دی انہیں ابن ابی ملیکہ نے ان سے عقبہ بن حارث نے بیان کیا کہ میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ حسن رضی اللہ عنہ کو اٹھائے ہوئے ہیں اور فرما رہے ہیں، میرے باپ ان پر فدا ہوں، نبی کریم ﷺ سے مشابہ ہیں، علی سے نہیں۔ علی رضی اللہ عنہ وہیں مسکرا رہے تھے۔

(۹۳۸) حَدَّثَنِىْ يحيَى بن معين وصدقة قالا اخبرنا محمدُ ابن جعفر عن شعبةَ عن و اقد بن محمد عن ابيه عن ابنِ عمرَ رضي اللّٰه عنهما قال قال ابوبكرٍ اُرْقُبُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في اهل بيته

۹۳۸۔ مجھ سے یحییٰ بن معین اور صدقہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہمیں محمد بن جعفر نے خبر دی، انہیں شعبہ نے انہیں واقد بن محمد نے، انہیں ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نبی کریم ﷺ (کی خوشنودی) آپ کے اہل بیت کے ساتھ (محبت و خدمت کے ذریعہ) تلاش کرو۔

(۹۳۹) حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بن موسٰى اخبرنا هشامُ بنُ يوسفَ عن مَعْمَرٍعن الزهرى عن انسٍ وقال عَبْدُالرَّزَّاقِ اخبرنا مَعْمَرٌ عن الزهرى اخبرني انسٌ قال لم يكن اَحَدٌ اَشْبَهَ بالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

۹۳۹۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں معمر نے انہیں زہری نے اور انہیں انس رضی اللہ عنہ نے اور عبدالرزاق نے بیان کیا کہ ہمیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے زیادہ اور کوئی شخص نبی کریم ﷺ سے مشابہ نہیں تھا۔

(۹۴۰) حَدَّثَنِىْ محمدُ بن بشار حدثنا غُنْدُرٌ حدثنا شعبةُ عن محمدِ بن ابي يعقوب سمعتُ ابن ابي نُعْمٍ سمعتُ عبدَاللّٰه بن عمروٍ سَاَلَهٗ عن المُحْرِمِ قال شعبة اَحْسِبُهٗ يَقْتُلُ الذُّبَابَ فقال اَهْلُ العراق يَسْاَلُوْنَ عن قَتْلِ الذُّبَابِ وقد قتلوا ابنَ ابنةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقال النبيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمَا رَيْحَانَتَاىَ مِنَ الدُّنْيَا

۹۴۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن ابی یعقوب نے، انہوں نے ابن ابی نعم سے سنا اور انہوں نے عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے سنا اور کسی نے ان سے محرم کے بارے میں پوچھا تھا شعبہ نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ اگر کوئی شخص (احرام کی حالت میں) مکھی مار دے (تو اسے کیا کفارہ دینا پڑے گا؟) اس پر عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا عراق کے لوگ مکھی کے بارے میں سوال کرتے ہیں، جب کہ یہی لوگ رسول اللہ ﷺ کے نواسے کو قتل کر چکے ہیں، جن کے بارے میں آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ یہ دونوں (حضرات حسن وحسین رضی اللہ عنہما)

دنیا میں میرے لئے دو پھول ہیں۔

باب۴۰۷. مناقب بلالِ بن رباحٍ مولی ابی بکر رضی اللّٰہ عنهما و قال النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَیْکَ بَیْنَ یَدَیَّ فی الجَنَّةِ

۴۰۷۔ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مولا بلال بن رباح رضی اللہ عنہ کے مناقب۔ اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ جنت میں اپنے آگے میں نے تمہارے قدموں کی چاپ سنی تھی۔

(۹۴۱) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیم حَدَّثَنَا عَبْدُ العَزِیْزِ بنُ ابی سلمةَ عن محمدِ ابنِ الْمُنْکَدِرِ اخبرنا جابرُ بنُ عبدِاللّٰہ رضی اللّٰہ عنهما قال کان عمرُ یقول ابوبکر سَیِّدُنَا وَاعتق سَیِّدَنَا یعنی بِلَالًا

۹۴۱۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے اور انہیں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے۔ابوبکر ہمارے سردار ہیں اور ہمارے سردار کو انہوں نے آزاد کیا ہے، آپ کی مراد بلال حبشی رضی اللہ عنہ سے تھی۔

(۹۴۲) حَدَّثَنَا ابنُ نمیر عن محمدِ بن عبید حدثنا اسماعیلُ عن قیسٍ اَنَّ بلالًا قال لابی بکرٍ اِنْ کُنْتَ اِنَّمَا اشْتَرَیْتَنِیْ لِنفْسِکَ فَاَمْسِکْنِیْ وَاِنْ کُنْتَ اِنَّمَا اشْتَرَیْتَنِیْ لِلّٰہ فَدَعْنِی وَعَمَلَ اللّٰہِ

۹۴۲۔ہم سے ابن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبید نے، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی اور ان سے قیس نے کہ بلال رضی اللہ عنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا، کہ اگر آپ نے مجھے اپنے لئے خریدا ہے، تو پھر اپنے پاس ہی رکھئے، اور اگر اللہ کے لئے خریدا ہے تو پھر مجھے آزاد کر دیجئے اور اللہ کے راستے میں عمل کرنے دیجئے۔

باب۴۰۸. ذِکر ابنِ عَبَّاسٍ رضِیَ اللّٰہ عنهما

۴۰۸۔ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تذکرہ۔

(۹۴۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حدثنا عبدُالوارث عن خالد عن عکرمة عن ابنِ عباسٍ قال ضَمَّنِي النبیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الی صَدْرِهٖ وقال اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الحِکْمَةَ

۹۴۳۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے، ان سے عکرمہ نے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، مجھے نبی کریم ﷺ نے اپنے سینے سے لگایا اور فرمایا، اے اللہ! اسے حکمت کا علم عطا فرمائیے۔

باب۴۰۹. مناقب خالدِ بنِ الولیدِ رضی اللّٰہ عَنه

۴۰۹۔خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۴۴) حَدَّثَنَا احمدُ بن واقد حَدَّثَنَا حمادُ بن زید عن ایوبَ عن حمیدِ بنِ هلال عن انسٍ رضی اللّٰہ عنه اَنَّ النبیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَعٰی زَیْدًا وجَعْفَراً وَابْنَ رَوَاحَةَ للناسِ قبل ان یاتِیَهُمْ خَبَرُهم فَقَال اَخَذَ الرَّایَةَ زَیْدٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخذ جَعْفَرٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخذ ابْنُ رَوَاحَةَ فَاُصِیْبَ وَعَیْنَاهُ تَذْرِ فَانِ حَتّٰی اَخَذَهَا سَیْفٌ مِنْ سُیُوْفِ اللّٰہِ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰہُ عَلَیْهِمْ

۹۴۴۔ہم سے احمد بن واقد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے کسی اطلاع کے پہنچنے سے پہلے زید، جعفر اور ابن رواحہ رضوان اللہ علیہم کی شہادت کی خبر صحابہ کو سنادی تھی، آپ نے فرمایا کہ اب اسلامی علم کو زید رضی اللہ عنہ لئے ہوئے ہیں اور وہ بھی شہید کر دیئے گئے۔اب جعفر رضی اللہ عنہ نے علم اٹھالیا اور وہ بھی شہید کر دیئے گئے اب ابن رواحہ (رضی اللہ عنہ) نے علم اٹھالیا ہے اور وہ بھی شہید کر دیئے گئے۔حضور اکرم ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور آخر اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (خالد بن ولید رضی اللہ عنہ) نے اٹھالیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کی قیادت میں مسلمانوں کو

فتح عنایت فرمائی۔

باب ۴۱۰. مناقب سالمٍ مولٰی ابی حذیفة رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۱۰۔ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے مولا سالم رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۴۵) حَدَّثَنَا سلیمانُ بن حرب حدثنا شعبةُ عن عمرٍو بن مرة عن ابراهیمَ عن مسروقٍ قال ذُكِرَ عبدُاللّٰه عند عبدِاللّٰه بن عَمْرٍو فقال ذاكَ رَجُلٌ لاأزالُ اُحِبُّه' بَعْدَ مَاسَمِعْتُ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یقول اِسْتَقْرِءُ وْا القُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ بن مسعود فَبَدَأَ بِه وَسَالِمٍ مولٰی ابی حُذَیفة وَاُبَیِّ بنِ كَعْبٍ وَمُعَاذِ بنِ جَبَلٍ قَالَ لَااَدْرِی بدأبِاُبَیّ او بمعاذٍ

۹۴۵۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے ان سے ابراہیم نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے یہاں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا تذکرہ ہوا تو آپ نے فرمایا۔ میں ان سے ہمیشہ محبت رکھوں گا، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے، چار اشخاص سے قرآن سیکھو، عبداللہ بن مسعود آنحضور ﷺ نے ابتداء عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ہی کی، اور ابوحذیفہ کے مولا سالم، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہم، انہوں نے بیان کیا کہ مجھے پوری طرح یاد نہیں کہ آنحضور ﷺ نے پہلے ابی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا یا معاذ رضی اللہ عنہ کا۔

باب ۴۱۱. مناقب عبدِاللّٰه ابْنِ مَسْعُوْد رَضِیَ اللّٰه عَنْهُ

۴۱۱۔عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۴۶) حَدَّثَنَا حفصُ بنُ عمرحدثنا شعبةُ عن سلیمانَ قَالَ سمعتُ اباوائلٍ قَالَ سَمِعْتُ مَسْرُوْقًا قَالَ قَالَ عبدُاللّٰه بن عمرٍو اِنَّ رَسُولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَكُنْ فَاحِشًا ولا مُتَفَحِّشًا وَقَالَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّكُمْ اِلَیَّ اَحْسَنَكُمْ اَخْلَاقًا وَقَالَ اسْتَقْرِءُ وْا الْقُرآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ بن مَسْعُوْدٍ وَسَالِمٍ مَوْلٰی اَبِیْ حُذَیْفَةَ وَاُبَیِّ بْنِ كَعْبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

۹۴۶۔ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے بیان کیا۔ انہوں نے ابووائل سے سنا، کہا کہ میں نے مسروق سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا، رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک پر کوئی برا کلمہ نہیں آتا تھا اور نہ آپ کی ذات سے یہ ممکن تھا۔ اور آپ نے فرمایا تھا کہ تم میں سب سے زیادہ عزیز مجھے وہ شخص ہے جس کے عادات واخلاق سب سے عمدہ ہوں۔ اور آپ نے فرمایا کہ قرآن مجید چار افراد سے سیکھو عبداللہ بن مسعود، ابوحذیفہ کے مولا سالم، ابی بن کعب اور معاذ بن جبل (رضی اللہ عنہم)۔

(۹۴۷) حَدَّثَنَا مُوْسٰی عَنْ اَبِیْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِیْرَةَ عن ابراهیم عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ دَخَلْتُ الشَّامَ فَصَلَّیْتُ رَكْعَتَیْنِ فَقُلْتُ اَللّٰهُمَّ یَسِّرْلِیْ جَلِیْسًا فَرَاَیْتُ شَیْخًا مُقْبِلًا فَلَمَّا دَنَا قُلْتُ اَرْجُو اَنْ یَكُوْنَ اسْتَجَابَ قَالَ مِنْ اَیْنَ اَنْتَ قُلْتُ مِنْ اَهْلِ الْكُوْفَةِ قَالَ اَفَلَمْ یَكُنْ فِیْكُمْ صَاحِبُ النَّعْلَیْنِ وَالْوِسَادِ وَالْمِطْهَرَةِ اَوَلَمْ یَكُنْ فِیْكُمُ الَّذِیْ اُجِیْرَمِنَ الشَّیْطَانِ اَوَلَمْ یَكُنْ فِیْكُمْ صَاحِبُ السِّرِّالَّذِیْ لَایَعْلَمُهٗ غَیْرُهٗ كَیْفَ قَرَاابْنُ

۹۴۷۔ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے، ان سے مغیرہ نے، ان سے ابراہیم نے ان سے علقمہ نے کہ میں شام پہنچا تو سب سے پہلے میں نے دو رکعت نماز پڑھی اور یہ دعا کی، اے اللہ! مجھے کسی (صالح) ہمنشین کی صحبت سے فیض یابی کی توفیق عطا فرمایئے، چنانچہ میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ آرہے تھے۔ جب وہ قریب آگئے تو میں نے سوچا، شاید میری دعا قبول ہوگئی ہے۔ انہوں نے دریافت فرمایا، تمہارا وطن ومولد کہاں ہے؟ میں نے عرض کی کہ کوفہ کا رہنے والا ہوں اس پر آپ نے فرمایا کیا تمہارے یہاں صاحب

اُم عَبْدٍوَ اللَّيْلِ؟فقرأت وَ اللَّيْلِ اِذَا يغشٰى وَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى قَالَ اَقْرَاَنِيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاهُ اِلٰى فِيَّ فَمَا زَالَ هٰؤُلَاءِ حَتّٰى كَادُوْا يَرُدُّ وْنِيْ

نعلین، صاحب وساد و مطہرہ (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) نہیں ہیں؟ کیا تمہارے یہاں وہ صحابی نہیں ہیں جنہیں شیطان سے (اللہ کی پناہ مل چکی ہے؟ کیا تمہارے یہاں سربستہ رازوں کے جاننے والے نہیں ہیں کہ جنہیں ان کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ (پھر دریافت فرمایا کہ) ابن ام عبد (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) آیت واللیل کی قرأت کس طرح کرتے ہیں میں نے عرض کی کہ "واللیل اذا یغشی والنھار اذا تجلی والذکر والانثیٰ" آپ نے فرمایا کہ مجھے بھی رسول اللہ ﷺ نے خود اپنی زبان مبارک سے اسی طرح سکھایا تھا۔ لیکن اب شام والے مجھے اس طرح قرأت کرنے سے ہٹانا چاہتے ہیں۔

(۹۴۸) حَدَّثَنَا سليمانُ بنُ حربٍ حدثنا شعبةُ عن ابى اسحاق عن عبدِالرحمٰن بن زيدٍ فقال سألْنَا حذيفةَ عن رجلٍ قَرِيْبِ السَّمْتِ وَالهَدْيِ من النبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حتى ناخُذَ عَنْهُ. فقال مااَعْرِفُ احدًا اقربَ سَمْتًا وهَدْيًا وَدَلًّا بالنبيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من ابنِ اُمِّ عَبْدٍ

۹۴۸۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے عبدالرحمٰن بن زیاد نے بیان کیا کہ ہم نے حذیفہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ صحابہ میں نبی کریم ﷺ سے عادات واخلاق اور طور وطریق میں سب سے زیادہ قریب کون صحابی تھے؟ تاکہ ہم ان سے سیکھیں۔ آپ نے فرمایا کہ اخلاق طور وطریق اور سیرت وعادات میں ابن ام عبد سے زیادہ آنحضور ﷺ سے قریب اور کسی کو میں نہیں سمجھتا۔

(۹۴۹) حَدَّثَنِيْ محمدُ بنُ العلاء حدثنا ابراهيمُ بن يوسفَ بن ابى اسحاق قال حدثنى الْاَسْود بن يزيدَ قال سَمِعْتُ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ قَدِمْتُ اَنَا وَاَخِيْ مِنَ الْيَمَنِ فَمَكَثْنَا حِيْنًا مَانُرَى اِلَّا اَنَّ عَبْدَاللّٰه بن مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا نَرٰى مِنْ دُخُوْلِه وَدُخُوْلِ اُمِّهٖ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۴۹۔ مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے کہا کہ مجھ سے اسود بن یزید نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں اور میرے بھائی یمن سے (مدینہ منورہ) حاضر ہوئے اور ایک زمانہ تک یہاں قیام کیا ہم اس پورے عرصے میں یہی سمجھتے رہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ کے گھرانے کے ایک فرد ہیں، کیونکہ آنحضور ﷺ کے گھر میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ کی (بکثرت) آمد و رفت ہم دیکھا کرتے تھے۔

باب ۴۱۲. ذكر معاوية رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۱۲۔ معاویہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ۔

(۹۵۰) حَدَّثَنَا الحسنُ بنُ بشير حدثنا الْمُعَافٰى عن عثمانَ بن الاسود عن ابنِ ابى مُلَيْكَةَ قالَ "وَتَرَ معاويةُ بعدَالعشاءِ بِرَكعةٍ وعِنْدَه مولًى لابنِ عَبَّاسٍ

۹۵۰۔ ہم سے حسن بن بشیر نے حدیث بیان کی، ان سے معافی نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن اسود نے اور ان سے ابن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ نے عشاء کے بعد وتر کی صرف ایک

فاتی ابن عبّاسٍ فقال دَعْهُ فانّه' قَدْ صَحِبَ رسول اللّٰہِ صَلّی اللّٰہُ عَلیْہِ وَسَلَّم

رکعت نماز پڑھی وہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ کے ایک مولا (کریب) بھی موجود تھے، جب وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے (تو معاویہ رضی اللہ عنہ کی ایک رکعت وتر کا ذکر کیا) اس پر آپ نے فرمایا، کوئی حرج نہیں، انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی صحبت اٹھائی ہے، (اور یقیناً ان کے پاس آنحضور ﷺ کے قول وفعل میں سے کوئی چیز ہوگی۔)

(۹۵۱) حدّثنا ابنُ ابی مریمَ حدثنا نافعُ بن عمرَ حدثنی ابن ابی مليكة قِیل لابنِ عباسٍ هل لک فی امیرالمؤمنین مُعاویۃَ فانّه' ماأوْتَر الّا بواحِدَةٍ قال انّه' فقیْهٌ

۹۵۱۔ ہم سے ابن ابی مریم نے حدیث بیان کی، ان سے نافع بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے حدیث بیان کی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق آپ کیا فرمائیں گے انہوں نے وتر کی صرف ایک رکعت پڑھی ہے؟ آپ نے فرمایا کہ وہ فقیہ ہیں۔

(۹۵۲) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَبّاسٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی التَّیَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ حُمْرانَ بْنَ ابان عَنْ مُعاوِیَة رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ اِنَّكُمْ لتصلُّوْنَ صَلاةً لقدْ صَحِبْنا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رأَیْنَاهُ یُصَلِّیْهَا وَلَقَدْ نَهٰی عَنْهُمَا یَعْنِی رَكْعَتَیْنِ بَعْدَالْعَصْرِ

۹۵۲۔ مجھ سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالتیاح نے بیان کیا، انہوں نے حمران بن ابان سے سنا کہ معاویہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم لوگ ایک خاص نماز پڑھتے ہو، ہم نبی کریم ﷺ کی صحبت میں رہے اور ہم نے کبھی آپ کو اس وقت نماز پڑھتے نہیں دیکھا بلکہ آپ نے تو ان سے منع فرمایا تھا، معاویہ رضی اللہ عنہ کی مراد عصر کے بعد دو رکعت نماز سے تھی (جسے اس زمانہ میں بعض لوگ پڑھتے تھے۔)

باب ۴۱۳. مناقب فاطمةَ رضی اللہ عنها وقال النبیُّ صَلَّی اللّٰه علیْهِ وَسَلَّم فاطمَةُ سَیِّدَةُ نسآءِ اهْلِ الْجنَّة

۴۱۳۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مناقب۔
نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ فاطمہؓ جنت کی خواتین کی سردار ہیں۔

(۹۵۳) حَدَّثَنا ابوالولید حدثنا ابنُ عیینةَ عن عمرِو بن دینارٍ عن ابن ابی ملیكةَ عن المسور ابن مَخْرَمة رضِیَ اللّٰه عَنْهُمَا انَّ رسولَ اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ علیْه وَسَلَّم قال فاطِمَةُ بَضعَةٌ مِنّی فَمَنْ اَغْضَبها اغضبَنِیْ

۹۵۳۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کیا، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، فاطمہؓ میرے بدن کا ایک ٹکڑا ہے جو اسے ناراض کرے گا وہ مجھے ناراض کرے گا۔

باب ۴۱۴. فضل عَائشةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنها

۴۱۴۔ عائشہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت۔

(۹۵۴) حَدَّثَنَا یَحْیَی بنُ بكیر حَدَّثَنَا اللیثُ عن یونسَ عن ابنِ شهابٍ قال ابوسلمة انَّ عَائشَةَ رَضِیَ اللّٰه عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلّی اللّٰهُ

۹۵۴۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے ابوسلمہ نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمًا یَاعَائِشُ هٰذَا جِبْرِیْلُ یُقْرِئُکِ السَّلَامَ فَقُلْتُ وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُه، تَرٰی مالاارٰی تُرِیْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اللہ ﷺ نے ایک دن فرمایا یا عائش! یہ جبرائیل تشریف رکھتے ہیں اور تمہیں سلام کہتے ہیں میں نے اس پر جواب دیا وعلیہ السلام و برکاتہ، آپ وہ کچھ ملاحظہ فرماتے ہیں جو ہمیں نظر نہیں آتیں۔ آپ کی مراد نبی کریم ﷺ سے تھی۔

(۹۵۵) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حدثنا شعبة قال ح وحدثنا عمرٌو واخبرنا شعبةُ عن عمرِو بن مُرَّةَ عن مرة عن ابی موسی الاشعری رضی اللّٰه عنه قَالَ قال رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَمَلَ مِنَ الرِّجَالِ کَثِیْرٌ وَلَمْ یَکْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ اِلَّا مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَآسِیَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ وَفَضْلُ عَائِشَةَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ

۹۵۵۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی کہا (مصنفؒ نے) اور ہم سے عمرو نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی انہیں عمرو بن مرہ نے انہیں مرہ نے اور انہیں ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا مردوں میں تو بہت سے کامل اٹھے لیکن عورتوں میں مریم بنت عمران، فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہن کے سوا اور کوئی کامل پیدا نہیں ہوئی اور عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسی ہے، جیسے ثرید کی فضیلت بقیہ تمام کھانوں پر۔

(۹۵۶) حَدَّثَنَا عبدُالعزیز ابن عبداللّٰه قَالَ حَدَّثَنِیْ محمدُ بن جعفر عن عبدِاللّٰه بن عبدالرحمٰن انه سَمِعَ انس بن مالک رضی اللّٰه عنه یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلَی الطَّعَامِ

۹۵۶۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن عبدالرحمٰن نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا، عائشہؓ کی فضیلت عورتوں میں ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت بقیہ تمام کھانوں پر۔

(۹۵۷) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بن بشار حَدَّثَنَا عبدالوهابِ بنُ عبدِالمجید حَدَّثَنَا ابن عَوْنٍ عَنِ القاسمِ بن محمَّدٍ اَنَّ عَائِشَةَ اشْتَکَتْ فَجاءَ ابنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ یَااُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ تَقْدَمِیْنَ عَلٰی فَرَطِ صدقٍ علی رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ

۹۵۷۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب بن عبدالمجید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے قاسم بن محمد نے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیمار پڑیں تو ابن عباس رضی اللہ عنہ (عیادت کے لئے آئے) عرض کی ام المؤمنین! آپ تو سچے جانے والے کے پاس جارہی ہیں یعنی رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس۔

(۹۵۸) حَدَّثَنَا محمدُ بن بشار حَدَّثَنَا غندرٌ حدثنا شعبةَ عن الحکم سمعتُ اباوائلٍ قال لَمَّا بعث عَلِیٌّ عَمَّارًا والحَسَنَ الی الکوفةِ لِیَسْتَنْفِرَهُمْ خَطَبَ عمارٌ فَقَالَ اِنِّی لَاَعْلَمُ اَنَّها زَوْجَتُه، فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَلکن اللّٰه ابتلاکم لِتَتَّبِعُوْهُ اَوْاِیَّاها

۹۵۸۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے اور انہوں نے ابووائل سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب علی رضی اللہ عنہ نے عمار اور حسن رضی اللہ عنہما کو کوفہ بھیجا تھا کہ وہاں کے لوگوں کو اپنی مدد کے لئے تیار کریں تو عمار رضی اللہ عنہ نے انہیں خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا مجھے بھی خوب معلوم ہے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا، رسول اللہ ﷺ کی زوجہ ہیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی لیکن اللہ تعالیٰ تمہیں آزمانا چاہتا ہے کہ دیکھے تم علی کا اتباع کرتے ہو (جو خلیفہ برحق ہیں یا عائشہ رضی اللہ

عنہا کی)۔

(۹۵۹) حَدَّثَنَا عبیدُ ابنُ اسماعیلَ حدثنا ابو اسامة عن هشامٍ عن ابیه عن عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عنها انها اسْتَعَارَتْ من اَسمَاءَ قِلادَةً فَهَلَكَتْ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِهٖ فِیْ طَلَبِهَا فَاَدْرَكَتْهُمُ الصَّلٰوةُ فَصَلُّوْا بغَيْرِ وُضُوْءٍ فَلَمَّا اَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَوْا ذٰلِكَ اِلَيْهِ فنَزَلَتْ اٰيَةُ التَّيَمُّمِ فَقَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ جَزَاكِ اللّٰهُ خَيْرًا فَوَاللّٰهِ مَانَزَلَ بِكِ امْرٌقَطُّ اِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ لَكِ مِنْهُ مَخْرَجًا وَجَعَلَ لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ بَرَكَةً

۹۵۹۔ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ (نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں جانے کے لئے) آپ نے (اپنی بہن) اسماء رضی اللہ عنہا سے ایک ہار عاریۃً لے لیا تھا، اتفاق سے وہ راستے میں کہیں گم ہوگیا آنحضور ﷺ نے اسے تلاش کرنے کے لئے چند صحابہ کو بھیجا اس دوران میں نماز کا وقت ہوگیا تو ان حضرات نے بغیر وضو کے نماز پڑھ لی پھر جب آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ سے صورت حال کے متعلق عرض کی، اس کے بعد تیمم کی آیت نازل ہوئی، اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے اس پر کہا تمہیں اللہ خیر کا بدلہ دے، خدا گواہ ہے کہ تم پر جب بھی کوئی مرحلہ آیا تو اللہ تعالیٰ نے اس سے نکلنے کی سبیل تمہارے لئے پیدا کر دی اور تمام مسلمانوں کے لئے بھی اس میں برکت پیدا فرمائی۔

(۹۶۰) حَدَّثَنِیْ عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كَانَ فِیْ مَرَضِهٖ جَعَلَ يَدُوْرُفِیْ نِسَائِهٖ وَيَقُوْلُ اَيْنَ غَدًا حِرْصًا عَلٰى بَيْتِ عَائِشَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمِیْ سَكَنَ

۹۶۰۔مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے مرض الوفات میں بھی ازواج مطہرات کی باری کی پابندی فرماتے رہے البتہ یہ دریافت فرماتے رہے کہ کل کس کے یہاں ٹھہرنا ہے؟ کیونکہ آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں کی باری کے خواہش مند تھے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب میرے یہاں قیام کا دن آیا تو آپ کو سکون ہوا۔

(۹۶۱) حَدَّثَنَا عبدُاللّٰه بن عبدالوهاب حدثنا هشامٌ عن ابيه قال كَانَ النَّاسُ يَتحرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَاجْتَمَعَ صَوَاحِبِی اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ فَقُلْنَ يَااُمَّ سَلَمَةَ وَاللّٰهِ اِنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ وانا نُرِيْدُ الْخَيْرَ كما تُرِيْدُه عائشةُ فَمُرِیْ رسولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْمُرَالنَّاسَ اَنْ يُهْدُوْا اليه حيثُ مَاكَانَ وَحَيْثُ مَادَارَ قَالَتْ فذَكَرَتْ ذلك امُ سلمةَ للنبیِّ صَلَّى

۹۶۱۔ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ صحابہ (آنحضور ﷺ کی خدمت میں) اپنا ہدیہ پیش کرنے کے لئے عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا انتظار کیا کرتے تھے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ اس پر میری سوکنیں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے یہاں جمع ہوئیں اور کہا، اے ام سلمہ! بخدا لوگ اپنا ہدیہ بھیجنے کے لئے عائشہ کی باری کا انتظار کرتے ہیں اور جیسے عائشہ چاہتی ہیں ہم بھی چاہتی ہیں کہ ہمارے

للّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَاَعْرَضَ عَنِّيْ فَلَمَّا عَادَ اِلَيَّ .كرتُ له ذاك فَاَعْرَضَ عَنِّي فلما كان في لثالثةِ ذكرتُ له فقال يَااُمَّ سَلَمَةَ لَاتُؤْذِيْنِيْ فِيْ مائشَةَ فَاِنَّه" وَاللّٰهِ مَا نَزَلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَاَنَا فِے حافِ امْرأةٍ مِنْكُنَّ غَيْرِهَا

ساتھ بہتر معاملہ ہو اس لئے آپ رسول اللہ ﷺ سے کہئے کہ لوگوں سے فرمادیں کہ ہدیہ بھیجنے میں کسی خاص باری کے منتظر نہ رہا کریں۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ سے اس کے متعلق کہا ان کا بیان تھا کہ اس پر آنحضور ﷺ نے مجھ سے اعراض فرمایا۔ پھر جب آپ ﷺ نے دوبارہ توجہ فرمائی تو میں نے آپ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا، آپ ﷺ نے اس مرتبہ بھی اعراض فرمایا، تیسری مرتبہ جب میں نے ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے ام سلمہ عائشہ کے معاملہ میں مجھے اذیت نہ دو، اللہ گواہ ہے کہ تم میں سے کسی کے بستر پر مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی سوا عائشہ کے بستر کے (رضی اللہ عنہن)۔

الحمدللہ تفہیم البخاری کا چودھواں پارہ ختم ہوا۔

پندرہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۴۱۵ . مَنَاقِبِ الْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّءُوالدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا اُوْتُوْا

۴۱۵۔ انصار رضوان اللہ علیہم کے مناقب' اور ان لوگوں کا (بھی حق ہے جو دار الاسلام اور ایمان میں ان کے پہلے سے قرار پکڑے ہوئے ہیں محبت کرتے ہیں اس سے جو ان کے پاس ہجرت کر کے آتا ہے اور اپنے دلوں میں کوئی رشک نہیں اس سے جو کچھ انہیں ملتا ہے۔

(۹۶۲) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مَهْدِى بْنُ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَرَاَيْتَ اسْمَ الْاَنْصَارِ كُنْتُمْ تُسَمَّوْنَ بِهٖ اَمْ سَمَّاكُمُ اللّٰهُ قَالَ بَلْ سَمَّانَا اللّٰهُ كُنَّا نَدْخُلُ عَلٰى اَنَسٍ فَيُحَدِّثُنَا مَنَاقِبَ الْاَنْصَارِ وَمَشَاهِدَهُمْ وَيُقْبِلُ عَلَيَّ اَوْعَلٰى رَجُلٍ مِنَ الْاَزْدِ فَيَقُوْلُ فَعَلَ قَوْمُكَ كَذَا وَكَذَا كَذَا وَكَذَا

۹۶۲۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے مہدی بن میمون نے حدیث بیان کی ان سے غیلان بن جریر نے حدیث بیان کی کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا، انصار اپنا نام آپ حضرات نے خود اختیار کیا تھا (قرآن مجید میں اس کے ذکر سے پہلے، یا آپ حضرات کا یہ نام اللہ تعالیٰ نے رکھا تھا؟ آپ نے فرمایا نہیں، ہمیں یہ خطاب اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا تھا۔ (غیلان کی روایت ہے کہ) ہم انسؓ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو آپ ہم سے انصار کے مناقب اور غزوات میں ان کی شرکت کے واقعات بیان کرتے تھے اور میری طرف یا (انہوں نے اس طرح بیان کیا کہ) قبیلہ ازد کے ایک شخص کی طرف [1] متوجہ ہو کر فرماتے، تمہاری قوم (انصار) نے فلاں فلاں مواقع پر فلاں فلاں کارنامے انجام دیئے ہیں۔

(۹۶۳) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ يَوْمُ بُعَاثَ يَوْمًا قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَؤُهُمْ وَقُتِلَتْ سَرَوَاتُهُمْ وَجُرِّحُوْا فَقَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ دُخُوْلِهِمْ فِي الْاِسْلَامِ

۹۶۳۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ بعاث کی جنگ کو (جو اسلام سے پہلے اوس و خزرج میں ہوئی تھی) اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ سے پہلے ہی مقدر کر رکھا تھا، چنانچہ جب آنحضور تشریف لائے تو مدینہ میں انصار کی جماعت افتراق و تشتت کا شکار تھی اور ان کے سردار قتل کئے جا چکے تھے یا زخمی کئے جا چکے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اس جنگ کو آنحضور ﷺ سے پہلے اس لئے مقدر کیا تھا کہ انصار کا اسلام میں داخل ہونا مشکل نہ رہے۔

(۹۶۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِى

۹۶۴۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث

[1] راوی کو شک ہے کہ ان دو جملوں میں سے غیلان رحمۃ اللہ علیہ نے کون سا جملہ کہا تھا؟ بہرحال دونوں کا مقصد ایک ہے اور دونوں سے مراد خود ان کی اپنی ذات ہے آپ قبیلہ ازد ہی کے ایک فرد تھے۔

تَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ
الَتِ الْاَنْصَارُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَاَعْطَى قُرَيْشًا وَاللّٰهِ
نَّ هٰذَا لَهُوَ الْعَجَبُ اِنَّ سُيُوْفَنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَاءِ
رَيْشٍ وَغَنَائِمُنَا تُرَدُّ عَلَيْهِمْ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ
َلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا الْاَنْصَارَ قَالَ فَقَالَ
االَّذِيْ بَلَغَنِيْ عَنْكُمْ وَكَانُوْا لَا يَكْذِبُوْنَ فَقَالُوْا هُوَ
لذِيْ بَلَغَكَ قَالَ اَوَلَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَرْجِعَ النَّاسُ
لْغَنَائِمِ اِلٰى بُيُوْتِهِمْ وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
لّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بُيُوْتِكُمْ لَوْسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ
ادِيًا اَوْ شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِيَ الْاَنْصَارِ اَوْشِعْبَهُمْ

بیان کی ان سے ابوالتیاح نے بیان کیا اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے موقع پر جب آنحضور ﷺ نے قریش کو (غزوہ حنین کی غنیمت کا زیادہ حصہ) دیا تو (اسلام میں نئے نئے داخل ہونے والے) بعض انصار نے کہا، خدا کی قسم، یہ تو عجیب بات ہوئی، ابھی ہماری تلواروں سے قریش کا خون ٹپک رہا تھا اور ہمارا حاصل کیا ہوا مال غنیمت انہیں کو دیا جارہا ہے، اس کی اطلاع جب آنحضور ﷺ کو ملی تو آپ ﷺ نے انصار کو بلایا انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، جو مجھے اطلاع ملی ہے کیا وہ صحیح ہے؟ ظاہر ہے کہ انصار جھوٹ نہیں بول سکتے تھے۔ انہوں نے عرض کر دیا کہ آنحضور ﷺ کو اطلاع صحیح ملی ہے (لیکن یہ انصار کی نوخیز پود کو غلطی ہے اور صرف وقتی جوش کی وجہ سے) اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا تم اس سے خوش اور راضی نہیں ہو کہ جب سب لوگ غنیمت کے مال لے کر اپنے گھروں کو واپس جارہے ہوں گے تو تم رسول اللہ ﷺ کو ساتھ لئے اپنے گھروں کو جاؤ گے؟ انصار جس وادی یا گھاٹی میں چلیں گے تو میں بھی انہیں کی وادی یا گھاٹی میں چلوں گا۔

ا ب ۴۱۶. قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا
هِجْرَةُ لَكُنْتُ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ
نِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۱۶۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد کہ "اگر ہجرت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں انصار کی طرف اپنے کو منسوب کرتا۔ اس کی روایت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے۔

۹۶۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا
ُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
نْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْقَالَ
ُوالْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْاَنَّ الْاَنْصَارَ
َلَكُوْا وَادِيًا اَوْشِعْبًا لَسَلَكْتُ فِيْ وَادِي الْاَنْصَارِ
لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَاً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ
بُوْهُرَيْرَةَ مَاظَلَمَ بِاَبِيْ وَاُمِّيْ آوَوْهُ وَنَصَرُوْهُ
وْكَلِمَةً اُخْرٰى

۹۶۵۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن زیاد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے یا (یوں بیان کیا) ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا، انصار جس وادی یا گھاٹی میں چلیں تو میں بھی انہیں کی وادی میں چلوں گا اور اگر ہجرت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد کہلوانا پسند کرتا، ابوہریرہؓ نے فرمایا، آنحضور پر میرے ماں باپ فدا ہوں آپ نے یہ کوئی غلط بات نہیں فرمائی تھی، انصار نے آپ کو اپنے یہاں ٹھہرایا تھا اور آپ کی مدد کی تھی، یا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے (اس کے علاوہ) اور کوئی دوسرا کلمہ کہا۔

ا ب ۴۱۷. اِخَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ
لْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ

۴۱۷۔ نبی کریم ﷺ انصار اور مہاجرین کے درمیان مواخات قائم کرتے ہیں۔

۹۶۶) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ

۹۶۶۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے

اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ لَمَّاقَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ آخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَسَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ قَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنِّىْ اَكْثَرُ الْاَنْصَارِ مَالًا فَاَقْسِمُ مَالِىْ نِصْفَيْنِ وَلِىَ امْرَاَتَانِ فَانْظُرْ اَعْجَبَهُمَا اِلَيْكَ فَسَمِّهَا لِىْ اُطَلِّقْهَا فَاِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجْهَا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِىْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ اَيْنَ سُوْقُكُمْ فَدَلُّوْهُ عَلٰى سُوْقِ بَنِىْ قَيْنُقَاعَ فَمَا انْقَلَبَ اِلَّا وَمَعَهٗ فَضْلٌ مِنْ اَقِطٍ وَ سَمْنٍ ثُمَّ تَابَعَ الْغُدُوَّ ثُمَّ جَاءَ يَوْمًا وَبِهٖ اَثَرُ صُفْرَةٍ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْيَمْ قَالَ تَزَوَّجْتُ قَالَ كَمْ سُقْتَ اِلَيْهَا قَالَ نَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ اَوْوَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ شَكَّ اِبْرَاهِيْمُ

ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے ان سے ان کے دادا نے بیان کیا کہ جب مہاجرین مدینہ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے عبدالرحمٰن اور سعد بن ربیع رضی اللہ عنہما کے درمیان بھائی چارہ کرا (سعد رضی اللہ عنہ نے) عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے فرمایا میں انصار کے سب سے دولت مند افراد میں سے ہوں، اس لئے آپ میرا آدھا مال لے لیجئے۔ اور میری دو(۲) بیویاں ہیں آپ انہیں دیکھ لیجئے اور جو آپ کو پسند ہو اس کے متعلق مجھے بتائیے میں اسے طلاق دے دوں گا، عدت گذرنے کے بعد آپ اس سے نکاح کر لیں۔ اس پر عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ آپ کے اہل اور مال میں برکت عطا فرمائے، آپ کا بازار کدھر ہے؟ چنانچہ بنی قینقاع کا بازار انہیں بتا دیا اور جب وہ وہاں سے واپس ہوئے (کچھ کاروبار کر کے) تو ان کے ساتھ کچھ پنیر اور گھی تھا پھر آپ اسی طرح روزانہ صبح سویرے بازار چلے جاتے (اور کاروبار کرتے) آخر ایک دن خدمت نبوی میں حاضر ہوئے تو جسم پر (خوشبو کی) زردی کا اثر تھا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ میں نے شادی کر لی ہے آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا مہر کتنا ادا کیا؟ عرض کی کہ سونے کی ایک گٹھلی یا (یہ کہا کہ) ایک گٹھلی کے وزن برابر سونا۔ ابراہیم کو شبہ تھا۔

(٩٦٧) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَاٰخَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَكَانَ كَثِيْرَ الْمَالِ فَقَالَ سَعْدٌ قَدْ عَلِمَتِ الْاَنْصَارُ اَنِّىْ مِنْ اَكْثَرِهَا مَالًا سَاَقْسِمُ مَالِىْ بَيْنِىْ وَبَيْنَكَ شَطْرَيْنِ وَلِىَ امْرَاَتَانِ فَانْظُرْ اَعْجَبَهُمَا اِلَيْكَ فَاُطَلِّقُهَا حَتّٰى اِذَا حَلَّتْ تَزَوَّجْتَهَا فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِىْ اَهْلِكَ فَلَمْ يَرْجِعْ يَوْمَئِذٍ حَتّٰى اَفْضَلَ شَيْئًا مِنْ سَمْنٍ وَاَقِطٍ فَلَمْ يَلْبَثْ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى جَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْيَمْ قَالَ تَزَوَّجْتُ

٩٦٧۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے اسماعیل بن جعفر نے حدیث بیان کی ان سے حمید نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ (مدینہ ہجرت کر کے) آئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے اور سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کرا دیا۔ سعد رضی اللہ عنہ بہت دولت مند تھے، آپ نے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے فرمایا، انصار کو معلوم ہے کہ میں ان میں سب سے زیادہ مالدار ہوں، اس لئے میں اپنا مال آدھا آدھا اپنے اور آپ کے درمیان تقسیم کر دینا چاہتا ہوں اور میرے یہاں دو(۲) بیویاں ہیں جو آپ کو پسند ہوگی، میں اسے طلاق دے دوں گا، جب اس کی عدت گذر جائے تو آپ اس سے نکاح کر لیں۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ آپ کے اہل و مال میں برکت عطا فرمائے، پھر وہ (بازار سے) اس وقت تک واپس نہیں آئے جب تک کچھ گھی اور پنیر (نفع کا) بچا نہیں لیا۔ تھوڑے ہی دنوں کے بعد جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر

امْرَأَةً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ مَاسُقْتَ فِيهَا قَالَ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ اَوْنَوَاةً مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

ہوئے تو جسم پر زردی کا نشان تھا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ کیا ہے؟ عرض کی کہ میں نے ایک خاتون سے شادی کر لی ہے، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، مہر کیا دیا؟ عرض کی ایک گٹھلی کے برابر سونا یا (یہ کہا کہ) سونے کی ایک گٹھلی، اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا، اچھا اب ولیمہ کرو، خواہ ایک بکری ہی کا ہو۔

(۹۶۸) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ هَمَّامٍ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيْرَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ اِقْسِمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ النَّخْلَ قَالَ لَاقَالَ تَكْفُوْنَا الْمُؤْنَةَ وَتُشْرِكُوْنَا فِى التَّمْرِ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

۹۶۸۔ ہم سے ابو ہمام صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے مغیرہ بن عبدالرحمٰن سے سنا، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انصار نے کہا، (یارسول اللہ) کھجور کے باغات ہمارے اور مہاجرین کے درمیان تقسیم فرما دیجئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں ایسا نہیں کروں گا اس پر انصار نے (مہاجرین سے) کہا، پھر آپ حضرات یہ صورت اختیار کر لیں کہ کام ہماری طرف سے آپ کر دیا کریں اور کھجور کے پھلوں میں ہمارے شریک ہو جائیں مہاجرین نے کہا، ہم نے آپ حضرات کی بات سنی اور ہم ایسا ہی کریں گے۔

باب۴۱۸. حُبِّ الْاَنْصَارِ

۴۱۸۔ انصار کی محبت۔

(۹۶۹) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَدِىُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْقَالَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَنْصَارُ لَايُحِبُّهُمْ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا يُبْغِضُهُمْ اِلَّا مُنَافِقٌ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ اَبْغَضَهُ اللّٰهُ

۹۶۹۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہیں عدی بن ثابت نے خبر دی، کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، یا (اس طرح بیان کیا کہ) نبی کریم ﷺ نے فرمایا انصار سے صرف مومن ہی محبت رکھ سکتا ہے اور ان سے صرف منافق ہی بغض و دشمنی رکھ سکتا ہے، پس جو شخص ان سے محبت رکھے گا اس سے اللہ محبت رکھے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھے گا۔

(۹۷۰) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اٰيَةُ الْاِيْمَانِ حُبُّ الْاَنْصَارِ وَاٰيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْاَنْصَارِ

۹۷۰۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن جبر نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایمان کی نشانی انصار کی محبت ہے اور نفاق کی نشانی انصار سے بغض رکھنا ہے۔

باب۴۱۹. قَوْلِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ اَنْتُمْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَىَّ

۴۱۹۔ انصار سے نبی کریم ﷺ کا ارشاد کہ تم لوگ مجھے سب سے زیادہ عزیز ہو۔

(۹۷۱) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا

۹۷۱۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے

عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مُقْبِلِيْنَ قَالَ حَسِبْتُ اَنَّه' قَالَ مِنْ عُرْسٍ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُمْثِلًا فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَنْتُمْ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ قَالَهَا ثَلاَثَ مِرَارٍ

حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے (انصار کی) عورتوں اور بچوں کو غالباً کسی شادی سے واپس آتے ہوئے دیکھا تو آپ کھڑے ہو گئے اور تین مرتبہ فرمایا، اللہ! تم لوگ مجھے سب سے زیادہ عزیز ہو۔

(۹۷۲) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ هِشَامُ ابْنُ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ تِ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا صَبِيٌّ لَهَا فَكَلَّمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّكُمْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ مَرَّتَيْنِ

۹۷۲۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم بن کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے بہز بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے ہشام بن زید نے خبر دی، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ انصار کی ایک خاتون نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں ان کے ساتھ ان کا ایک بچہ بھی تھا آنحضور ﷺ نے ان سے گفتگو فرمائی، پھر فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے تم لوگ مجھے سب سے زیادہ عزیز ہو دو مرتبہ آپ نے یہ جملہ ارشاد فرمایا۔

باب ۴۲۰. اَتْبَاعِ الْاَنْصَارِ

۴۲۰۔ انصار کے حلیف۔

(۹۷۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعْتُ اَبَا حَمْزَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَتِ الْاَنْصَارُ لِكُلِّ نَبِيٍّ اَتْبَاعٌ وَاِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاكَ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ اَتْبَاعَنَا مِنَّا فَدَعَا بِهٖ فَنَمَيْتُ ذٰلِكَ اِلَى ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ قَدْ زَعَمَ ذٰلِكَ زَيْدٌ

۹۷۳۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمر نے انہوں نے ابوحمزہ سے سنا اور انہوں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے کہ انصار نے عرض کی، یارسول اللہ! ہر نبی کے حلیف ہوتے ہیں اور ہم نے آپ کی اتباع کی ہے اس لئے آپ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ ہمارے حلیفوں کو بھی ہماری ہی طرح قرار دے (کہ انہیں بھی انصار کہا جائے اور ان کے ساتھ بھی وہ مراعات کی جائیں جو ہمارے ساتھ ہوں) تو آنحضور ﷺ نے اس کی دعا فرمائی۔ پھر میں نے اس حدیث کا ذکر ابن ابی لیلیٰ کے سامنے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے بھی یہ حدیث بیان کی تھی۔

(۹۷۴) حَدَّثَنَا آدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حَمْزَةَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَتِ الْاَنْصَارُ اِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ اَتْبَاعًا وَاِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاكَ فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ اَتْبَاعَنَا مِنَّا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَتْبَاعَهُمْ مِنْهُمْ قَالَ عَمْرٌو فَذَكَرْتُه' لِابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ قَدْ زَعَمَ ذٰلِكَ زَيْدٌ

۹۷۴۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی کہ میں نے انصار کے ایک فرد ابوحمزہ سے سنا کہ انصار نے عرض کی، ہر قوم کے حلیف ہوتے ہیں، ہم نے بھی آپ کی اتباع کی ہے، آپ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ ہمارے حلیفوں کو بھی ہماری ہی طرح قرار دے دے چنانچہ نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی، اے اللہ! ان کے حلیفوں کو بھی انہیں میں سے قرار دیجئے، عمرو نے

قَالَ شُعْبَةُ اَظُنُّه، زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ

بیان کیا کہ پھر میں نے اس کا تذکرہ ابن ابی لیلیٰ کے سامنے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ زید رضی اللہ عنہ نے بھی یہی فرمایا تھا۔ شعبہ نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ انہوں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہا تھا۔

باب ۴۲۱. فَضْلِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ

۴۲۱۔ انصار کے گھرانوں کی فضیلت۔

(۹۷۵) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُوْ النَّجَّارِ ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِالْحَارِثِ بْنِ خَزْرَجٍ ثُمَّ بَنُوْ سَاعِدَةَ وَفِیْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَیْرٌ فَقَالَ سَعْدٌ مَاأَرَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَیْنَا فَقِیْلَ قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰی كَثِیْرٍ وَقَالَ عَبْدُالصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ سَمِعْتُ اَنَسًا قَالَ اَبُوْاُسَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا وَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ

۹۷۵۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے قتادہ سے سنا ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور ان سے ابواسید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، بنونجار کا گھرانہ انصار میں سب سے بہتر گھرانہ ہے پھر بنوعبدالاشہل کا، پھر بنو الحارث بن خزرج کا، پھر بنو ساعدہ کا، اور خیر انصار کے تمام ہی گھرانوں میں ہے۔ سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا خیال ہے، نبی کریم ﷺ نے انصار کے قبیلوں کو ہم پر ترجیح دی ہے۔ ان سے کہا بھی گیا کہ آپ کے قبیلہ پر بہت سے قبیلوں کو آنحضور ﷺ نے فضیلت دی ہے اور عبدالصمد نے بیان کیا کہ ہم سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی۔ انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا اور ان سے اسید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے یہی حدیث بیان کی۔ (اور اس روایت میں یوں ہے کہ) سعد بن عبادہ (رضی اللہ عنہ) نے کہا۔

(۹۷۶) حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ عَنْ یَحْیٰی قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَیْدٍ اَنَّه، سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ خَیْرُ الْاَنْصَارِ اَوْقَالَ خَیْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُوالنَّجَّارِ وَبَنُوْ عَبْدِالْاَشْهَلِ وَبَنُوْ الْحَارِثِ وَ بَنُوْ سَاعِدَةَ

۹۷۶۔ ہم سے سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے کہ ابوسلمہ نے بیان کیا کہ مجھے ابواسید رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے سنا تھا کہ انصار میں سب سے بہتر یا انصار کے گھرانوں میں سب سے بہتر، بنو نجار، بنوعبدالاشہل، بنوحارث اور بنوساعدہ کے گھرانے ہیں۔

(۹۷۷) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ یَحْیٰی عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ اَبِیْ حُمَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ خَیْرَ دُوْرِ الْاَنْصَارِدَارُ بَنِی النَّجَّارِ ثُمَّ عَبْدِ الْاَ شْهَلِ ثُمَّ دَارُبَنِی الْحَارِثِ ثُمَّ بَنِیْ سَاعِدَةَ وَفِیْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَیْرٌ فَلَحِقْنَا سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فَقَالَ اَبُوْاُسَیْدٍ اَلَمْ تَرَ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیَّرَ الْاَنْصَارَ فَجَعَلْنَا اٰخِیْرًا فَاَدْرَکَ سعدُ النبیَّ صلی

۹۷۷۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عباس بن سہل نے اور ان سے ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا انصار کا سب سے بہترین گھرانہ بنونجار کا گھرانہ ہے پھر عبداشہل کا، پھر بنی حارث کا، پھر بنی ساعدہ کا اور خیر انصار کے تمام گھرانوں میں ہے۔ پھر ہماری ملاقات سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو ابواسید رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا، آپ کو معلوم نہیں، حضور اکرم ﷺ نے انصار کے بہترین گھرانوں کی نشاندہی کی اور ہمیں سب سے اخیر میں رکھا

الله عليه وسلم فقال. يارسول الله خُيِّر دُوْرَ الانصارِ فجعلنا اخرًا فَقَالَ اَوَلَيْسَ بِحَسْبِكُمْ اَنْ تَكُوْنُوْامِنَ الْخِيَارِ.

چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! انصار کے سب سے بہترین خانوادوں کا بیان ہوا اور ہم سب سے اخیر میں کر دیئے گئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا تمہارے لئے یہ کافی نہیں کہ تمہارا خانوادہ بھی بہترین خانوادہ ہے۔

باب ۴۲۲. قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ اِصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ قَالَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۲۲۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد انصار سے کہ ''صبر سے کام لینا یہاں تک کہ تم مجھ سے حوض پر ملاقات کرو (قیامت کے دن)۔'' اس کی روایت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے۔

(۹۷۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَسْتَعْمِلُنِيْ كَمَا اسْتَعْمَلْتَ فُلَانًا قَالَ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ

۹۷۸۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے قتادہ سے سنا انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے کہ ایک انصاری صحابی نے عرض کی، یارسول اللہ! فلاں شخص کی طرح مجھے بھی آپ عامل بنا دیجئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، میرے بعد (دنیاوی معاملات میں) تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی، اس لئے صبر سے کام لینا، یہاں تک کہ مجھ سے حوض پر آملو۔

(۹۷۹) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ اِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِيْ اَثَرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ وَمَوْعِدُكُمُ الْحَوْضِ

۹۷۹۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انصار سے فرمایا میرے بعد تم دیکھو گے کہ تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی اس وقت تم صبر سے کام لینا، یہاں تک کہ مجھ سے آملو، اور میری تم سے ملاقات حوض پر ہوگی۔

(۹۸۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِيْنَ خَرَجَ مَعَهٗ اِلَى الْوَلِيْدِ قَالَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَنْصَارَ اِلٰى اَنْ يُقْطِعَ لَهُمُ الْبَحْرَيْنِ فَقَالُوْا لَا اِلَّا اَنْ تُقْطِعَ لِاِخْوَانِنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مِثْلَهَا قَالَ اِمَّا لَا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِيْ فَاِنَّهٗ سَيُصِيْبُكُمْ بَعْدِيْ اَثَرَةٌ

۹۸۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے، انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا جب وہ آپ کے ساتھ خلیفہ ولید بن عبدالملک کے یہاں جانے کے لئے سفر کر رہے تھے، انس رضی اللہ عنہ نے اس موقعہ پر فرمایا تھا کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کو بلایا تا کہ بحرین کی اراضی انہیں عطا فرما دیں، انصار نے عرض کی ایسا نہیں ہوسکتا، جب تک آنحضور ﷺ ہمارے بھائی مہاجرین کو بھی اسی جیسی زمین نہ عطا فرمائیں (ہم اسے قبول نہیں کرسکتے) آنحضور ﷺ نے فرمایا جب آج انکار کیا ہے تو پھر (میرے بعد بھی) صبر سے کام لینا، یہاں تک کہ مجھ سے آملو، کیونکہ میرے بعد تم پر دوسروں کو ترجیح دی جایا کرے گی۔

باب ۴۲۳. دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْلِحِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ

۴۲۳۔"نبی کریم ﷺ کی دعا کہ (اے اللہ انصار اور مہاجر پر اپنا کرم فرمائیے۔"

(۹۸۱)حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُوْاِيَاسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَيْشَ اِلَّاعَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاَصْلِحِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةَ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ وَقَالَ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ

۹۸۱۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوایاس نے حدیث بیان کی، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخرت کی زندگی کے سوا اور کوئی زندگی (قابل توجہ) نہیں پس انصار اور مہاجرین پر اپنا کرم فرمائیے اور قتادہ سے روایت ہے، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا نبی کریم ﷺ کے حوالے سے اسی طرح۔ اور انہوں نے بیان کیا "پس انصار کی مغفرت کیجئے۔"

(۹۸۲) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَتِ الْاَنْصَارُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ تَقُوْلُ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَاحَيِيْنَا اَبَدًا فَاَجَابَهُمْ اَللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ اِلَّاعَيْشُ الْاٰخِرَهْ فَاَكْرِمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ

۹۸۲۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حمید طویل نے، انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ انصار غزوۂ خندق کے موقع پر (خندق کھودتے ہوئے) یہ شعر پڑھتے تھے۔"ہم وہ ہیں جنہوں نے محمد سے عہد کیا ہے جہاد کا، جب تک ہماری جان میں جان ہے۔" آنحضور ﷺ نے (جب سنا تو) اس کا جواب یوں دیا۔"اے اللہ! آخرت کی زندگی کے سوا اور کوئی زندگی قابل توجہ نہیں ہے۔ پس انصار و مہاجرین پر اپنا فضل و کرم فرمائیے۔"

(۹۸۳) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلٍ قَالَ جَاءَ نَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ نَحْنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلٰى اَكْتَادِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَهْ فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ

۹۸۳۔مجھ سے محمد بن عبیداللہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے سہل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو ہم خندق کھود رہے تھے اور اپنے کندھوں پر مٹی منتقل کر رہے تھے۔ اس وقت آنحضور ﷺ نے یہ دعا فرمائی۔"اے اللہ! آخرت کی زندگی کے سوا اور کوئی زندگی نہیں، پس انصار اور مہاجرین کی آپ مغفرت فرمائیے۔"

باب ۴۲۴. وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْكَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ

۴۲۴۔اور اپنے سے مقدم رکھتے ہیں، اگرچہ خود فاقہ میں ہی ہوں۔

(۹۸۴) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ دَاؤدَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ اِلٰى نِسَائِهٖ فَقُلْنَ مَا مَعَنَا اِلَّاالْمَاءُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَضُمُّ اَوْيُضِيْفُ هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَا فَانْطَلَقَ بِهٖ اِلَى امْرَاَتِهٖ فَقَالَ اَكْرِمِيْ ضَيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

۹۸۴۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن داؤد نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن غزوان نے، ان سے ابوحازم نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صاحب (خود ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آنحضور ﷺ نے انہیں ازواج مطہرات کے یہاں بھیجا (تاکہ ان کی ضیافت کریں) ازواج نے کہلا بھیجا کہ ہمارے پاس پانی کے سوا اور کچھ نہیں ہے اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا ان کی کون ضیافت کرے گا۔ ایک انصاری صحابی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ مَا عِنْدَنَا اِلَّا قُوْتُ صِبْيَانِيْ فَقَالَ هَيِّئِيْ طَعَامَكِ وَاَصْبِحِيْ سِرَاجَكِ وَ نَوِّمِيْ صِبْيَانَكِ اِذَا اَرَادُوْا عَشَاءً فَهَيَّأَتْ طَعَامَهَا وَاَصْبَحَتْ سِرَاجَهَا وَنَوَّمَتْ صِبْيَانَهَا ثُمَّ قَامَتْ كَاَنَّهَا تُصْلِحُ سِرَاجَهَا فَاَطْفَأَتْهُ فَجَعَلَا يُرِيَانِهٖ اَنَّهُمَا يَاْكُلَانِ فَبَاتَا طَاوِيَيْنِ فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ضَحِكَ اللّٰهُ اللَّيْلَةَ اَوْ عَجِبَ مِنْ فَعَالِكُمَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

نے عرض کی کہ میں کروں گا چنانچہ وہ اپنے گھر لے گئے اور اپنی بیوی سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے مہمان کی خاطر تواضع کرو۔ بیوی نے کہا کہ گھر میں بچوں کے کھانے کے سوا اور کوئی چیز بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو کچھ بھی ہے اسے نکال دو اور چراغ جلالو اور بچے اگر کھانا مانگتے ہیں تو انہیں سلا دو۔ بیوی نے کھانا نکال دیا اور چراغ جلا دیا اور اپنے بچوں کو (بھوکا) سلا دیا۔ پھر وہ دکھاتو یہ رہی تھیں جیسے چراغ درست کر رہی ہوں لیکن انہوں نے اسے بجھا دیا۔ اس کے بعد دونوں میاں بیوی مہمان پر یہ ظاہر کرنے لگے کہ گویا وہ بھی ان کے ساتھ کھا رہے ہیں (اندھیرے میں) لیکن ان دونوں حضرات نے رات (اپنے بچوں سمیت) فاقہ سے گذار دی، صبح کے وقت جب وہ صحابی آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا تم دونوں میاں بیوی کے طرز عمل پر رات اللہ تعالیٰ مسکرا دیا (یا یہ فرمایا کہ) پسند کیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ''اور (انصار رضوان اللہ علیہم اجمعین) اپنے سے مقدم رکھتے ہیں۔ (دوسرے صحابہ کو) اگر چہ خود فاقہ ہی میں ہوں اور جو اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جائے تو ایسے ہی لوگ تو فلاح پانے والے ہیں۔''

باب ۴۲۵. قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَ تَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ

۴۲۵۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد۔ کہ ''انصار کے نیکوکاروں کی پذیرائی کرو اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کرو۔''

(۹۸۵) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى اَبُوْ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا شَاذَانُ اَخُوْ عَبْدَانَ حَدَّثَنَا اَبِيْ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ مَرَّ اَبُوْبَكْرٍ وَالْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بِمَجْلِسٍ مِّنْ مَّجَالِسِ الْاَنْصَارِ وَهُمْ يَبْكُوْنَ فَقَالَ مَايُبْكِيْكُمْ قَالُوْا ذَكَرْنَا مَجْلِسَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَّا فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ بِذٰلِكَ قَالَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ عَصَّبَ عَلٰى رَاْسِهٖ حَاشِيَةَ بُرْدٍ قَالَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ وَلَمْ يَصْعَدْهُ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اُوْصِيْكُمْ بِالْاَنْصَارِ فَاِنَّهُمْ كَرِشِيْ وَعَيْبَتِيْ وَقَدْ قَضَوُا الَّذِيْ عَلَيْهِمْ وَبَقِيَ الَّذِيْ لَهُمْ فَاقْبَلُوْا مِنْ

۹۸۵۔ مجھ سے ابو علی محمد بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدان کے بھائی شاذان نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ بن حجاج نے خبر دی، ان سے ہشام بن زید نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابو بکر اور عباس رضی اللہ عنہما انصار کی ایک مجلس سے گذرے، دیکھا کہ تمام اہل مجلس رو رہے ہیں، پوچھا، آپ حضرات کیوں رو رہے ہیں؟ اہل مجلس نے کہا کہ ابھی ہم رسول اللہ ﷺ کی مجلس کا ذکر کر رہے تھے جس میں ہم بیٹھا کرتے تھے (یہ آنحضور ﷺ کے مرض الوفات کا واقعہ ہے) اس کے بعد یہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو واقعہ کی اطلاع دی۔ بیان کیا کہ اس پر آنحضور ﷺ باہر تشریف لائے، سر مبارک پر کپڑے کی ایک پٹی بندھی ہوئی تھی، بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ منبر پر تشریف لائے اور اس کے بعد پھر کبھی منبر پر آپ نہ تشریف لا سکے، آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا، میں تمہیں انصار کے بارے میں وصیت

مُحْسِنِهِمْ وَ تَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ

کرتا ہوں کہ وہ میرے جسم و جان ہیں، انہوں نے اپنی تمام ذمہ داریاں پوری کیں، لیکن اس کا بدلہ جو انہیں ملنا چاہئے تھا (جنت) وہ ملنا ابھی باقی ہے اس لئے تم لوگ بھی ان کے نیکو کاروں کی پذیرائی کرنا اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کرتے رہنا۔

(۹۸۶) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْغَسِيْلِ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعليه مِلْحفَةٌ مُتَعَطِّفًا بِهَا عَلٰى مَنْكِبَيْهِ وَعَلَيْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ حَتّٰى جَلَسَ عَلَى الْمِنبَرِ فَحَمِدَاللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا النَّاسُ فَاِنَّ النَّاسَ يَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّ الْاَنْصَارُ حَتّٰى يَكُوْنُوْا كَالْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ فَمَنْ وَلِيَ مِنْكُمْ اَمْرًا يَضُرُّ فِيْهِ اَحَدًا اَوْيَنْفَعُه' فَلْيَقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَ يَتَجَاوَزْ عَنْ مُسِيْئِهِمْ

۹۸۶۔ ہم سے احمد بن یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابن غسیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے عکرمہ سے سنا، کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے آپ اپنے دونوں شانوں سے چادر اوڑھے ہوئے تھے اور (سر مبارک پر) ایک سیاہ پٹی (بندھی ہوئی) تھی۔ آخر آپ منبر پر بیٹھ گئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا، اما بعد اے لوگو! دوسروں کی تو بہت کثرت ہو جائے گی لیکن انصار کی تعداد بہت کم ہو جائے گی اور وہ ایسے ہو جائیں گے جیسے کھانے میں نمک ہوتا ہے پس تم میں سے جو شخص بھی کسی ایسے معاملہ میں بااختیار ہو جس کے ذریعہ کسی کو نقصان و نفع پہنچا سکتا ہو تو اسے انصار کے نیکو کاروں کی پذیرائی کرنی چاہئے اور ان کے خطا کاروں سے درگذر کرنا چاہئے۔

(۹۸۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدُرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَنْصَارُ كَرِشِيْ وَعَيْبَتِيْ وَالنَّاسُ سَيَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّوْنَ فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ

۹۸۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے قتادہ سے سنا اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، انصار میرے جسم و جان ہیں، ایک دور آئے گا کہ دوسرے لوگ تو بہت ہو جائیں گے لیکن انصار کم رہ جائیں گے اس لئے ان کے نیکو کاروں کی پذیرائی کیا کرو اور خطا کاروں سے درگذر کیا کرو۔

باب ۴۲۶. مناقب سعد بن معاذ رضی اللّٰه عنه

۴۲۶۔ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۸۸) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اُهْدِيَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةُ حَرِيْرٍ فَجَعَلَ اَصْحَابُه' يَمَسُّوْنَهَا وَيُعْجَبُوْنَ مِنْ لِيْنِهَا فَقَالَ اَتَعْجَبُوْنَ مِنْ لِيْنِ هٰذِهِ لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ خَيْرٌ مِنْهَا اَوْ اَلْيَنُ رَوَاهُ قَتَادَةُ وَالزُّهْرِيُّ سَمِعَا اَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۸۸۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے، کہا کہ میں نے براء بن عازب سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے پاس ہدیہ میں ایک ریشمی حلہ آیا تو صحابہ اسے چھونے لگے اور اس کی نرمی اور نزاکت پر حیرت کرنے لگے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، تمہیں اس کی نرمی پر حیرت ہے، سعد بن معاذ کے رومال (جنت میں) اس سے کہیں بہتر ہیں یا (آپ نے فرمایا کہ) اس سے کہیں زیادہ نرم و نازک ہیں۔ اس حدیث کی روایت قتادہ اور زہری نے بھی کی ہے، انہوں نے انس رضی اللہ عنہ

سے سنا نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔

(۹۸۹) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا فَضْلُ ابْنُ مُسَاوِرٍ خَتَنُ اَبِیْ عَوَانَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ وَ عَنِ الْاَعْمَشِ حَدَّثَنَا اَبُوْ صَالِحٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَه' فَقَالَ رَجُلٌ لِجَابِرٍ فَاِنَّ الْبَرَاءَ یَقُوْلُ اهْتَزَّ السَّرِیْرُ فَقَالَ اِنَّه' کَانَ بَیْنَ هٰذَیْنِ الْحَیَّیْنِ ضَغَائِنُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اهْتَزَّ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ لِمَوْتِ سَعْدِ ابْنِ مُعَاذٍ

۹۸۹۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ کے داماد فضل بن مساور نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوسفیان نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ سعد بن معاذ کی موت پر عرش ہل گیا۔ اور اعمش سے روایت ہے، ان سے ابوصالح نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے اسی طرح۔ ایک صاحب نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ براء رضی اللہ عنہ تو اس طرح حدیث بیان کرتے ہیں کہ چارپائی (جس پر معاذ رضی اللہ عنہ کی نعش رکھی ہوئی تھی،) ہل گئی۔ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ان دونوں قبیلوں (اوس اور خزرج) کے درمیان دشمنی تھی [1] (زمانہ جاہلیت میں) میں نے خود نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ سعد بن معاذ کی موت پر عرش رحمان ہل گیا۔

(۹۹۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ ابْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اُنَاسًا نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَاَرْسَلَ اِلَیْهِ فَجَاءَ عَلٰی حِمَارٍ فَلَمَّا بَلَغَ قَرِیْبًا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا اِلٰی خَیْرِکُمْ اَوْسَیِّدِکُمْ فَقَالَ یَاسَعْدُ اِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِکَ قَالَ فَاِنِّیْ اَحْکُمُ فِیْهِمْ اَنْ تُقْتَلَ مُقَاتِلَتُهُمْ وَتُسْبٰی ذَرَارِیُّهُمْ قَالَ حَکَمْتَ بِحُکْمِ اللّٰهِ اَوْ بِحُکْمِ الْمَلِکِ

۹۹۰۔ ہم سے محمد بن عرعرہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعد بن ابراہیم نے، ان سے ابوامامہ بن سہل بن حنیف نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک قوم (یہود بنی قریظہ) نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث مان کر ہتھیار ڈال دیئے تو انہیں بلانے کے لئے آدمی بھیجا گیا اور وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے۔ جب اس جگہ کے قریب پہنچے جسے (نبی کریم ﷺ نے ایام محاصرہ میں) نماز پڑھنے کے لئے منتخب کیا تھا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنے سب سے بہتر شخص کے لئے یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) اپنے سردار کے لئے کھڑے ہو جاؤ، پھر آپ ﷺ نے فرمایا، اے سعد! انہوں نے آپ کو ثالث مان کر ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا، پھر میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان کے جو افراد جنگ کے قابل ہیں انہیں قتل کر دیا جائے

---

[1] اس عداوت اور دشمنی کی طرف اشارہ ہے جو انصار کے دو قبیلوں، اوس و خزرج کے درمیان زمانہ جاہلیت میں تھی، لیکن ظاہر ہے کہ اسلام کے بعد اس کے اثرات ایک فیصدی بھی باقی نہیں رہ گئے تھے، سعد رضی اللہ عنہ قبیلہ اوس کے سردار تھے اور براء رضی اللہ عنہ کا تعلق خزرج سے تھا۔ جابر رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ ہے کہ اس پرانی دشمنی کی وجہ سے انہوں نے حدیث پوری طرح نہیں بیان کی۔ یہ کلمات صحابہؓ کے آپس میں ایک دوسرے کے متعلق ہیں وہ آپس میں معاصر تھے، مرتبہ میں بھی کوئی زیادہ فرق نہیں تھا اور سب حضرات رسول اللہ ﷺ کی صحبت سے فیضیاب ہوئے تھے اس لئے بشری تقاضوں کے ماتحت وہ ایک دوسرے کے متعلق بہت کچھ کہنے کے مجاز ہو سکتے ہیں، لیکن ہم اس طرح کی کوئی بات زبان پر نہیں لا سکتے اور نہ ہمارے لئے یہ جائز ہے۔ علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ حدیث میں اس طرح کا تغیر و تبدل صحابہؓ کی شان سے قطعاً مستبعد ہے۔ وہ اس سے بہت ارفع و اعلیٰ ہیں کہ ان کی ذات کے ساتھ اس طرح کا کوئی شبہ بھی ذہن میں لایا جائے۔ بہر حال حدیث دونوں طرح آئی ہے اور دونوں صورتوں کی محدثین نے یہ تشریح کی ہے کہ اس میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات کو ایک امر عظیم اور ایک حادثہ عظیم بتایا گیا ہے۔ آپ کے مرتبہ کو گھٹانا کسی کے بھی پیش نظر نہیں تھا۔

اور ان کی عورتوں، بچوں کو قید کرلیا جائے آنحضورﷺ نے فرمایا کہ آپ نے اللہ کے فیصلے کے مطابق فیصلہ کیا یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) فرشتے کے حکم کے مطابق۔

باب ۴۲۷۔ مَنْقَبَةُ اُسَيْدِ ابْنِ حُضَيْرٍ وَّعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

۴۲۷۔اسید بن حضیر اور عباد بن بشر رضی اللہ عنہ کی منقبت۔

(۹۹۱) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ اَخْبَرَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلَيْنِ خَرَجَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لَيْلَةٍ مُّظْلِمَةٍ وَاِذَا نُوْرٌ بَيْنَ اَيْدِيْهِمَا حَتّٰى تَفَرَّقَا فَتَفَرَّقَ النُّوْرُ مَعَهُمَا وَقَالَ مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ اُسَيْدَ ابْنَ حُضَيْرٍ وَرَجُلًا مِنَ الْاَ نْصَارِ وَقَالَ حَمَّادٌ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ كَانَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۹۱۔ہم سے علی بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے حبان نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، انہیں قتادہ نے خبر دی اور انہیں انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریمﷺ کی مجلس سے اٹھ کر دو(۲) صحابی ایک تاریک رات میں (اپنے گھر کی طرف) جانے لگے تو ایک نوران کے آگے آگے تھا۔ پھر جب وہ جدا ہوئے تو ان کے ساتھ ساتھ نور بھی الگ الگ ہوگیا اور معمر نے ثابت کے واسطے سے بیان کیا، ان سے ثابت نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ اور ایک دوسرے انصاری صحابی (کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا تھا) اور حماد نے بیان کیا انہیں ثابت نے خبر دی اور انہیں انس رضی اللہ عنہ نے کہ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر (کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا تھا) نبی کریمﷺ کے حوالہ کے ساتھ۔

باب ۴۲۸۔ مَنَاقِبُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۲۸۔معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۹۲) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اسْتَقْرِؤُا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ وَاُبَيٍّ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

۹۹۲۔مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریمﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا قرآن چار افراد ابن مسعود، ابوحذیفہ کے مولا سالم، ابی اور معاذ بن جبل (رضوان اللہ علیہم اجمعین) سے سیکھو۔

باب ۴۲۹۔ مَنْقَبَةُ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا

۴۲۹۔سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی منقبت۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپ اس سے پہلے مرد صالح تھے۔

(۹۹۳) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَبُوْ اُسَيْدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُوالنَّجَّارِ ثُمَّ بَنُوْ عَبْدِالْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنُوالْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ بَنُوْ

۹۹۳۔ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ابوسید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریمﷺ نے فرمایا انصار کا بہترین گھرانہ بنونجار کا گھرانہ ہے، پھر بنوعبدالاشہل کا، پھر بنوعبدالحارث کا، پھر

سَاعِدَةَ وَفِي كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَ كَانَ ذَاقَدَمٍ فِي الْإِسْلَامِ اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا فَقِيْلَ لَهُ قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلٰى نَاسٍ كَثِيْرٍ

بنو ساعدہ کا اور خیر انصار کے تمام گھرانوں میں ہے۔ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا، اور آپ اسلام میں بڑا رسوخ رکھتے تھے کہ میرا خیال ہے، آنحضور ﷺ نے ہم پر دوسروں کو فضیلت دی ہے آپ سے کہا گیا کہ آنحضور ﷺ نے آپ پر بہت سے قبائل کو فضیلت دی ہے۔

باب ۴۳۰. مَنَاقِبِ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۰۔ ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۹۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ ذُكِرَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ عِنْدَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَقَالَ ذَاكَ رَجُلٌ لَا اَزَالُ اُحِبُّ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خُذُوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَبَدَءَ بِهِ وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

۹۹۴۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن مرہ نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ اس وقت سے ان کی محبت میرے دل میں جاگزیں ہوگئی ہے۔ جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ قرآن چار اشخاص سے سیکھو، عبداللہ بن مسعود، آنحضور ﷺ نے ابتداء انہیں کے نام سے کی، اور ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے موالا سالم، معاذ بن جبل اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم۔

(۹۹۵) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ سَمِعْتُ شُعْبَةَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَيٍّ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اَقْرَءَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قَالَ وَسَمَّانِيْ قَالَ نَعَمْ فَبَكٰى

۹۹۵۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے شعبہ سے سنا، انہوں نے قتادہ سے سنا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ابن ابی کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کو سورہ "لم یکن الذین کفروا" سناؤں، ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی، کیا اللہ تعالیٰ نے میری تعیین بھی فرمائی ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، اس پر ابی رضی اللہ عنہ رونے لگے۔

باب ۴۳۱. مَنَاقِبِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۱۔ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۹۶) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ اُبَيٌّ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَاَبُوْزَيْدٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ قُلْتُ لِاَنَسٍ مَنْ اَبُوْزَيْدٍ قَالَ اَحَدُ عُمُوْمَتِيْ

۹۹۶۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں چار افراد اور ان سب کا تعلق قبیلہ انصار سے تھا، قرآن مجید پر سند سمجھے جاتے تھے۔ ابی بن کعب، معاذ بن جبل، ابوزید اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہم۔ میں نے پوچھا، ابوزید کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میرے ایک چچا۔

باب ۴۳۲. مَنَاقِبِ اَبِيْ طَلْحَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۲۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

(۹۹۷) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ

۹۹۷۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے حدیث بیان کی اور

م اُحُدٍ اِنْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ مُجَوِّبٌ بِهٖ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ لَه' وَكَانَ اَبُوْطَلْحَةَ جُلًا رَامِيًا شَدِيْدَ الْقِدِّ يَكْسِرُ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ ثَلَاثًا وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَه' الْجُعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ يَقُوْلُ انْشُرْهَا لِاَبِيْ طَلْحَةَ فَاَشْرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَى الْقَوْمِ فَيَقُوْلُ اَبُوْطَلْحَةَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ لَاتُشْرِفْ يُصِيْبُكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ نَحْرِيْ دُوْنَ نَحْرِكَ وَلَقَدْ رَاَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ اَبِيْ بَكْرٍ وَاُمَّ سُلَيْمٍ وَاِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ اَرٰى خَدَمَ سُوْقِهِمَا تُنْقِزَانِ الْقِرَبَ عَلٰى مُتُوْنِهِمَا تُفْرِغَانِهٖ فِيْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَاٰنِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهٖ فِيْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدَيْ اَبِيْ طَلْحَةَ اِمَّا مَرَّتَيْنِ وَاِمَّا ثَلَاثًا

ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ احد کی لڑائی کے موقعہ پر جب صحابہؓ، نبی کریم ﷺ کے قریب سے ادھر ادھر منتشر ہونے لگے تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس وقت اپنی ایک ڈھال سے آنحضور ﷺ کی حفاظت کر رہے تھے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بڑے تیرانداز تھے اور خوب کھینچ کر تیر چلایا کرتے تھے۔ چنانچہ اس دن دو یا تین کمانیں آپ نے توڑ دی تھیں اس وقت اگر کوئی مسلمان ترکش لئے ہوئے گذرتا تو آنحضور ﷺ فرماتے کہ اس کے تیر ابوطلحہ کو دے دو آنحضور ﷺ صورت حال کا جائزہ لینے کے لئے اچک کر دیکھنے لگتے تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ عرض کرتے۔ یا نبی اللہ! آپ پر میرے باپ اور ماں فدا ہوں، اچک کر ملاحظہ نہ فرمائیں۔ کہیں کوئی تیر آنحضور ﷺ کو نہ لگ جائے۔ میرا سینہ آنحضور ﷺ کے سینے کی ڈھال بنا رہے۔ اور میں نے عائشہ بنت ابی بکر اور ام سلیم (ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی بیوی) کو دیکھا کہ اپنا ازار اٹھائے ہوئے (غازیوں کی مدد میں بڑی مستعدی کے ساتھ مشغول) تھیں۔ (پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے)۔ (کپڑا انہوں نے اتنا اٹھا رکھا تھا کہ) میں ان کی پنڈلیوں کے زیور دیکھ سکتا تھا۔ انتہائی سرعت کے ساتھ مشکیزے اپنی پیٹھوں پر لئے ہوئے جاتی تھیں اور مسلمانوں کو پلا کر واپس آتی تھیں اور پھر انہیں بھر کر لے جاتیں اور ان کا پانی مسلمانوں کو پلاتیں اور ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے اس دن دو یا تین مرتبہ تلوار چھوٹ چھوٹ کر گر پڑی تھی۔

باب ۴۳۳۔ مَنَاقِبُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۳۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے مناقب۔

۹۹۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي النَّضْرِ مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ ابْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَاسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِاَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْاَرْضِ اِنَّه' مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِلَّا لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ وَفِيْهِ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ الْاٰيَةَ قَالَ لَا اَدْرِيْ قَالَ مَالِكٌ الْاٰيَةَ اَوْفِي الْحَدِيْثِ

۹۹۸۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے مالک سے سنا، وہ عمر بن عبیداللہ کے مولا ابونضر کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے وہ عامر بن سعد بن ابی وقاص کے واسطہ سے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے، عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے سوا اور کسی کے متعلق یہ نہیں سنا کہ وہ اہل جنت میں سے ہیں۔ بیان کیا کہ آیت "وشہد شاہد من بنی اسرائیل" الآیۃ۔ انہیں کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔ (راوی حدیث عبداللہ بن یوسف نے) بیان کیا کہ آیت کے نزول کے متعلق مالک کا قول ہے یا حدیث میں اسی طرح تھا۔

۹۹۹) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِيْ مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ فَدَخَلَ

۹۹۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ازہر سمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے، ان سے محمد نے اور ان سے قیس بن عبادہ نے بیان کیا کہ میں مسجد نبوی میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک بزرگ

رَجُلٌ عَلٰی وَجْهِهٖ اَثَرُ الْخُشُوْعِ فَقَالُوْا هٰذَا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَصَلّٰی رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزَ فِيْهَا ثُمَّ خَرَجَ وَتَبِعْتُه، فَقُلْتُ اِنَّكَ حِيْنَ دَخَلْتَ الْمَسْجِدَ قَالُوْا هٰذَا رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ وَاللّٰهِ مَايَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يَقُوْلَ مَالَا يَعْلَمُ وَسَاُحَدِّثُكَ لِمَ ذَاكَ رَاَيْتُ رُؤْيَا عَلٰی عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُهَا عَلَيْهِ وَرَاَيْتُ كَاَنِّيْ فِيْ رَوْضَةٍ ذَكَرَ مِنْ سَعَتِهَا وَخُضْرَتِهَا وَوَسْطُهَا عُمُوْدٌ مِنْ حَدِيْدٍ اَسْفَلُه، فِي الْاَرْضِ وَاَعْلَاهُ فِي السَّمَاءِ فِيْ اَعْلَاهُ عُرْوَةٌ فَقِيْلَ لِيَ ارْقَه، قُلْتُ لَااَسْتَطِيْعُ فَاَتَانِيْ مِنْصَفٌ فَرَفَعَ ثِيَابِيْ مِنْ خَلْفِيْ فَرَقِيْتُ حَتّٰی كُنْتُ فِيْ اَعْلَاهَا فَاَخَذْتُ بِالْعُرْوَةِ فَقِيْلَ لِيْ اسْتَمْسِكْ فَاسْتَيْقَظْتُ وَاِنَّهَا لَفِيْ يَدِيْ فَقَصَصْتُهَا عَلَی النَّبِيِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تِلْكَ الرَّوْضَةُ الْاِسْلَامُ وَذٰلِكَ الْعُمُوْدُ عُمُوْدُ الْاِسْلَامِ وَتِلْكَ الْعُرْوَةُ عُرْوَةُ الْوُثْقٰی فَاَنْتَ عَلَی الْاِسْلَامِ حَتّٰی تَمُوْتَ وَذَاكَ الرَّجُلُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ وَقَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ عَنِ ابْنِ سَلَامٍ قَالَ وَصِيْفٌ مَكَانَ مِنْصَفٌ

داخل ہوئے، جن کے چہرے پر خشوع وخضوع کے آثار نمایاں۔ لوگوں نے کہا کہ یہ اہل جنت میں سے ہیں پھر انہوں نے دو رکعت مختصر طریقہ پر پڑھی اور باہر نکل گئے، میں بھی ان کے پیچھے ہولیا اور ع کی، جب آپ مسجد میں داخل ہوئے تو لوگوں نے کہا کہ یہ بزرگ جنت میں سے ہیں۔ اس پر انہوں نے فرمایا، خدا کی قسم، کسی کے ایسی بات زبان سے نکالنا مناسب نہیں ہے جسے وہ نہ جانتا ہو، اور تمہیں بتاؤں گا کہ ایسا کیوں ہے۔ نبی کریم ﷺ کے عہد میں میں ایک خواب دیکھا اور آنحضور ﷺ سے اسے بیان کیا۔ میں نے خوا دیکھا تھا کہ جیسے میں ایک باغ میں ہوں، پھر آپ نے اس کی وسعت اس کے سبزہ زاروں کا ذکر کیا، اس باغ کے درمیان میں لوہے کا ایک ہے جس کا نچلا حصہ زمین میں اور اوپر کا آسمان پر، اور اس کی چوٹی پر گھنا درخت (العروة) ہے مجھ سے کہا گیا کہ اس پر چڑھ جاؤ میں۔ کہ مجھ میں تو اتنی طاقت نہیں ہے اتنے میں ایک خادم آیا اور پیچھے میرے کپڑے اس نے اٹھائے تو میں چڑھ گیا۔ اور جب اس کی چو پہنچ گیا تو میں نے اس گھنے درخت کو پکڑ لیا مجھ سے کہا گیا کہ اس در کو پوری مضبوطی کے ساتھ پکڑے رہو۔ ابھی میں اسے اپنے ہاتھ پکڑے ہی ہوئے تھا کہ میری نیند کھل گئی۔ یہ خواب جب میں آنحضور ﷺ سے بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو باغ تم نے دیکا اسلام ہے اس میں ستون اسلام کا ستون ہے اور عروہ (گھنا درخ عروۃ الوثقی ہے۔ اس لئے تم اسلام پر موت تک قائم رہو گے۔ یہ بز عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ تھے اور مجھ سے خلیفہ نے حدیث بیان ان سے معاذ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث کی، ان سے محمد نے، ان سے قیس بن عباد نے حدیث بیان کی، عبد بن سلام رضی اللہ عنہ کے حوالے سے۔ منصف (خادم) کے بجا وصیف کا لفظ ذکر کیا۔

(۱۰۰۰) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَلَقِيْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ اَلَا تَجِيْءُ فَاُطْعِمَكَ سَوِيْقًا وَتَمْرًا وَتَدْخُلُ فِيْ بَيْتٍ ثُمَّ قَالَ اِنَّكَ بِاَرْضٍ الرِّبَا بِهَا فَاشٍ اِذَا كَانَ لَكَ

۱۰۰۰۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی بردہ نے اور ان سے ان کے نے کہ میں مدینہ منورہ حاضر ہوا تو میں نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ سے ملاقات کی، آپ نے فرمایا آؤ تمہیں میں ستو اور کھجور کھلاؤں گا ایک (باعظمت) مکان میں داخل ہو گے (کہ رسول اللہ ﷺ بھی اس

عَلٰى رَجُلٍ حَقٌّ فَاَهْدٰى اِلَيْكَ حِمْلَ تِبْنٍ اَوْحِمْلَ شَعِيْرٍ اَوْ حِمْلَ قَتٍّ فَلَا تَاْخُذْهُ فَاِنَّهُ رِبًا وَلَمْ يَذْكُرِ النَّضْرُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَوَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ اَلْبَيْتَ

تشریف لے گئے تھے) پھر آپ نے فرمایا، تمہارا قیام ایک ایسے ملک میں ہے جہاں سودی معاملات بہت عام ہیں، اگر تمہارا کسی شخص پر کوئی حق ہو اور پھر وہ تمہیں ایک تنکے، جو کے ایک دانے یا ایک گھاس کے برابر بھی ہدیہ دے تو اسے قبول نہ کرنا، کیونکہ وہ بھی سود ہے۔ نضر ابوداؤد اور وہب نے شعبہ کے واسطہ سے (اپنی روایتوں میں) البیت (گھر) کا ذکر نہیں کیا۔

باب ۴۳۴. تَزْوِيْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيْجَةَ وَفَضْلِهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

۴۳۴۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نبی کریم ﷺ کا نکاح، اور آپ کی فضیلت۔

(۱۰۰۱) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حَدَّثَنِيْ صَدَقَةُ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ وَخَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيْجَةُ

۱۰۰۱۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبادہ نے خبر دی، انہیں ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن جعفر سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اور مجھ سے صدقہ نے حدیث بیان کی، انہیں عبدہ نے خبر دی انہیں ہشام نے ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن جعفر سے سنا، انہوں نے علی رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (اپنے زمانہ میں) مریم علیہا السلام سب سے افضل خاتون تھیں۔ اور (اس امت میں) خدیجہ سب سے افضل ہیں۔

(۱۰۰۲) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَاغِرْتُ عَلَى امْرَاَةٍ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاغِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ هَلَكَتْ قَبْلَ اَنْ يَتَزَوَّجَنِيْ لِمَا كُنْتُ اَسْمَعُهُ يَذْكُرُهَا وَاَمَرَهُ اللّٰهُ اَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ وَاِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيُهْدِيْ فِيْ خَلَائِلِهَا مِنْهَا مَايَسَعُهُنَّ

۱۰۰۲۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہشام نے میرے پاس اپنے والد (عروہ) کے واسطے سے لکھ کر بھیجا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، نبی کریم ﷺ کی کسی بیوی کے معاملہ میں، میں نے اتنی غیرت نہیں محسوس کی جتنی خدیجہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں، محسوس کرتی تھی، آپ میرے نکاح سے پہلے ہی وفات پا چکی تھیں لیکن آنحضور ﷺ کی زبان سے میں ان کا ذکر برابر سنتی رہتی تھی۔ اور اللہ تعالیٰ نے آنحضور ﷺ کو حکم دیا تھا کہ انہیں (جنت میں) موتی کے ایک محل کی خوشخبری سنا دیں۔ آنحضور ﷺ کبھی بکری ذبح کرتے تو ان سے میل محبت رکھنے والی خواتین کو اس میں سے اتنا ہدیہ بھیجتے جو ان کے لئے کافی ہوتا۔

(۱۰۰۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَاغِرْتُ عَلٰى امْرَاَةٍ مَاغِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

۱۰۰۳۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے معاملہ میں جتنی غیرت میں محسوس کرتی تھی، اتنی کسی عورت

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهَا قَالَتْ وَتَزَوَّجَنِىْ بَعْدَهَا بِثَلَاثِ سِنِيْنَ اَمَرَه، رَبُّه، عَزَّوَجَلَّ اَوْجِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنْ يُبَشِّرَهَا بِبَيْتٍ فِى الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ

کے معاملے میں نہیں کی، کیونکہ رسول اللہ ﷺ ان کا ذکر اکثر کیا کرتے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ سے میرا نکاح ان کی وفات کے تین سال بعد ہوا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا تھا یا جبرائیل علیہ السلام کے ذریعہ یہ پیغام پہنچایا تھا کہ آنحضور ﷺ جنت میں موتیوں کے ایک محل کی بشارت دے دی۔

(۱۰۰۴) حَدَّثَنِىْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَنٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلٰى اَحَدٍ مِنْ نِسَاءِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا غِرْتُ عَلٰى خَدِيْجَةَ وَمَا رَاَيْتُهَا وَلٰكِنْ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ ذِكْرَهَا وَرُبَّمَا ذَبَحَ الشَّاةَ ثُمَّ يُقَطِّعُهَا اَعْضَاءً ثُمَّ يَبْعَثُهَا فِىْ صَدَائِقِ خَدِيْجَةَ فَرُبَمَا قُلْتُ لَه، كَاَنَّه، لَمْ يَكُنْ فِى الدُّنْيَا امْرَاَةٌ اِلَّاخَدِيْجَةَ فَيَقُوْلُ اِنَّهَا كَانَتْ وَكَانَتْ وَكَانَ لِىْ مِنْهَا وَلَدٌ

۱۰۰۴۔ مجھ سے عمر بن محمد بن حسن نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی تمام ازواج میں جتنی غیرت مجھے خدیجہ رضی اللہ عنہا سے آتی تھی اتنی کسی اور سے نہیں آتی تھی۔ حالانکہ میں نے انہیں دیکھا بھی نہیں تھا۔ لیکن آنحضور ﷺ ان کا ذکر بکثرت کیا کرتے تھے، اور اگر کبھی کوئی بکری ذبح کرتے تو اس کے ٹکڑے کر کے خدیجہ رضی اللہ عنہا کی ملنے والیوں کو بھیجتے تھے۔ میں نے اکثر آنحضور ﷺ سے کہا، جیسے دنیا میں خدیجہؓ کے سوا اور کوئی عورت ہے ہی نہیں! اس پر آنحضور ﷺ فرماتے کہ وہ ایسی تھیں اور ایسی تھیں، اور ان سے میری اولاد ہے۔

(۱۰۰۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ اَوْفٰى رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بَشَّرَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيْجَةَ قَالَ نَعَمْ بِبَيْتٍ مِنْ قَصَبٍ لَاصَخَبَ فِيْهِ وَلَانَصَبَ

۱۰۰۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ کیا رسول اللہ ﷺ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا۔ کیا رسول اللہ ﷺ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کو بشارت دی تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں جنت میں موتیوں کے ایک محل کی! جہاں نہ کوئی شور وغل ہوگا اور نہ تھکن ہوگی۔

(۱۰۰۶) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَتٰى جِبْرَئِيْلُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ خَدِيْجَةُ قَدْ اَتَتْ مَعَهَا اِنَاءٌ فِيْهِ اِدَامٌ اَوْطَعَامٌ اَوْشَرَابٌ فَاِذَا هِىَ اَتَتْکَ فَاقْرَاْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنْ رَبِّهَا وَمِنِّىْ وَبَشِّرْهَا بِبَيْتٍ فِى الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ لَاصَخَبَ فِيْهِ وَلَانَصَبَ وَقَالَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ اَخْبَرَنَا عَلِىُّ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا

۱۰۰۶۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فضیل نے حدیث بیان کی، ان سے عمارہ نے، ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جبرائیل علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور کہا، یا رسول اللہ! خدیجہؓ آپ کے پاس ایک برتن لئے آرہی ہیں جس میں سالن (یا فرمایا) کھانا (یا فرمایا) پینے کی چیز ہے جب وہ آپ کے پاس آئیں تو ان کے رب کی جانب سے انہیں سلام پہنچا دیجئے اور میری طرف سے بھی! اور انہیں جنت میں موتیوں کے ایک محل کی بشارت دے دیجئے۔ جہاں نہ شور و ہنگامہ ہوگا اور نہ تکلیف و تھکن۔ اور اسماعیل بن خلیل نے بیان کیا، انہیں علی بن مسہر نے خبر دی، انہیں

قَالَتِ اسْتَأْذَنَتْ هَالَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ أُخْتُ خَدِيْجَةَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَ اسْتِئْذَانَ خَدِيْجَةَ فَارْتَاعَ لِذٰلِكَ فَقَالَ اللّٰهُمَّ هَالَةُ قَالَتْ فَغِرْتُ فَقُلْتُ مَاتَذْكُرُمِنْ عَجُوْزٍ مِنْ عَجَائِزِ قُرَيْشٍ حَمْرَاءِ الشِّدْقَيْنِ هَلَكَتْ فِي الدَّهْرِقَدْ أَبْدَلَكَ اللّٰهُ خَيْرًا مِنْهَا

ہشام نے انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہالہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ آنحضور ﷺ سے اندر آنے کی اجازت چاہی تو آنحضور ﷺ کو خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اجازت لینے کی ادا یاد آ گئی، آپ چونک اٹھے اور فرمایا، خداوندا یہ تو ہالہ ہیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ مجھے اس پر بڑی غیرت آئی، میں نے کہا آپ قریش کی کس بوڑھی کا ذکر کیا کرتے ہیں جس کے مسوڑوں پر بھی صرف سرخی باقی رہ گئی تھی (دانتوں کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے) اور جسے مرے ہوئے بھی ایک زمانہ گذر چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو اس سے بہتر دے دیا ہے۔ ❶

باب ۴۳۵. ذِكْرِ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۵۔ جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کا ذکر۔

(۱۰۰۷) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْوَاسِطِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَاحَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَارَآنِيْ اِلَّاضَحِكَ وَعَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ ذُوالْخَلَصَةِ وَكَانَ يُقَالُ لَهُ الْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَّةُ اَوِالْكَعْبَةُ الشَّامِيَّةُ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ اَنْتَ مُرِيْحِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ قَالَ فَنَفَرْتُ اِلَيْهِ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِنْ اَحْمَسَ قَالَ فَكَسَرْنَا وَقَتَلْنَا مَنْ وَجَدْنَا عِنْدَهُ فَاَتَيْنَاهُ فَاَخْبَرْنَاهُ فَدَعَالَنَا وَلِاَحْمَسَ

۱۰۰۷۔ ہم سے اسحاق واسطی نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے بیان نے کہ میں نے قیس سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جب میں اسلام میں داخل ہوا ہوں رسول اللہ ﷺ نے مجھے (گھر کے اندر آنے سے) نہیں روکا۔ (جب بھی میں نے اجازت چاہی) اور جب بھی آنحضور ﷺ مجھے دیکھتے تو مسکراتے۔ اور قیس کے واسطہ سے روایت ہے کہ جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، زمانہ جاہلیت میں ''ذوالخلصہ'' نامی ایک بت کدہ تھا۔ اسے ''الکعبۃ الیمانیۃ یا الکعبۃ الشامیۃ'' بھی کہتے تھے۔ آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا ذی الخلصہ (کے وجود سے میں جس اذیت میں مبتلا ہوں) کیا تم مجھے اس سے نجات دلا سکتے ہو؟ انہوں نے بیان کیا، کہ پھر میں قبیلہ احمس کے ڈیڑھ سو سواروں کو لے کر چلا، انہوں نے بیان کیا، اور ہم نے بت کدے کو مسمار کر دیا اور اس میں جسے بھی پایا قتل کر دیا۔ پھر ہم آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو اطلاع دی تو آپ نے ہمارے لئے اور قبیلہ احمس کے لئے دعا فرمائی۔

باب ۴۳۶. ذِكْرِ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ الْعَبْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۳۶۔ حذیفہ بن یمان عبسی رضی اللہ عنہ کا ذکر۔

(۱۰۰۸) حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ اَخْبَرَنَا

۱۰۰۸۔ مجھ سے اسماعیل بن خلیل نے حدیث بیان کی، انہیں سلمہ بن رجاء

❶ مسند احمد کی ایک روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس بات پر اتنا غصے ہوئے کہ چہرہ مبارک سرخ ہو گیا اور فرمایا اس سے بہتر کیا چیز مجھے ملی ہے؟ عائشہ رضی اللہ عنہا کھڑی ہو گئیں اور اللہ کے حضور میں توبہ کی اور پھر کبھی اس طرح کی گفتگو آنحضور ﷺ کے سامنے نہیں کی۔

سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَاقَالَتْ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ هَزِيْمَةً بَيِّنَةً فَصَاحَ اِبْلِيْسُ اَيْ عِبَادَاللّٰهِ اُخْرَاكُمْ فَرَجَعَتْ اُوْلَاهُمْ عَلٰى اُخْرَاهُمْ فَاجْتَلَدَتْ اُخْرَاهُمْ فَنَظَرَحُذَيْفَةُ فَاِذَا هُوَ بِاَبِيْهِ فَنَادٰى اَيْ عِبَادَاللّٰهِ اَبِيْ اَبِيْ فَقَالَتْ فَوَاللّٰهِ مَااحْتَجَزُوْا حَتّٰى قَتَلُوْهُ فَقَالَ حُذَيْفَةُ غَفَرَاللّٰهُ لَكُمْ قَالَ اَبِيْ فَوَاللّٰهِ مَازَالَتْ فِيْ حُذَيْفَةَ مِنْهَا بَقِيَّةُ خَيْرٍ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ

نے خبر دی، انہیں ہشام بن عروہ نے، انہیں ان کے والد نے، اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ احد کی لڑائی میں جب مشرکین واضح طور پر شکست کھا چکے تھے تو ابلیس نے چلا کر کہا، اے اللہ کے بندو! پیچھے والوں کو (قتل کرو یا ان کی مدد کرو) چنانچہ آگے کے مسلمان پیچھے والوں پر پل پڑے اور انہیں قتل کرنا شروع کر دیا، حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جو دیکھا تو ان کے والد (یمان رضی اللہ عنہ) بھی وہیں موجود تھے۔ انہوں نے بآواز بلند کہا اے اللہ کے بندوں! یہ تو میرے والد ہیں۔ میرے والد! عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کیا، بخدا، اس وقت تک لوگ وہاں سے نہیں ہٹے جب تک انہیں قتل نہ کر لیا، حذیفہ رضی اللہ عنہ نے صرف اتنا کہا، اللہ تمہاری مغفرت کرے۔ (ہشام نے بیان کیا کہ) میرے والد نے بیان کیا، خدا گواہ ہے، حذیفہ رضی اللہ عنہ برابر یہ کلمہ دعائیہ (کہ اللہ ان کے والد کے قاتلوں کی مغفرت کرے کہ محض غلط فہمی کی وجہ سے یہ حادثہ پیش آیا تھا) کہتے رہے تا آنکہ اللہ سے جا ملے۔

باب ۴۳۷۔ ذِكْرِ هِنْدِ بِنْتِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

وَقَالَ عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ اَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ جَاءَتْ هِنْدٌ بِنْتُ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَانَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ مِنْ اَهْلِ خِبَاءٍ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ يَذِلُّوْا مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ ثُمَّ مَا اَصْبَحَ الْيَوْمَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَهْلُ خِبَاءٍ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ يَعِزُّوْا مِنْ اَهْلِ خِبَائِكَ قَالَ وَاَيْضًا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَاسُفْيَانَ رَجُلٌ مِسِّيْكٌ فَهَلْ عَلَيَّ حَرَجٌ اَنْ اُطْعِمَ مِنَ الَّذِيْ لَهٗ عِيَالَنَا قَالَ لَا اُرَاهُ اِلَّا بِالْمَعْرُوْفِ.

۴۳۷۔ ہند ❶ بنت عتبہ بن ربیعہ رضی اللہ عنہا کا ذکر۔

اور عبدان نے بیان کیا، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی انہیں زہری نے، ان سے عروہ نے حدیث بیان کی کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، ہند بنت عتبہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں (اسلام لانے کے بعد) حاضر ہوئیں اور عرض کی، یارسول اللہ! روئے زمین پر کسی گھرانے کی ذلت آپ کے گھرانے کی ذلت سے زیادہ میرے لئے باعث مسرت نہیں تھی لیکن آج کسی گھرانے کی عزت روئے زمین پر آپ کے گھرانے کی عزت سے زیادہ میرے لئے باعث مسرت نہیں ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا ابھی اس میں اضافہ ہوگا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے پھر انہوں نے کہا، یارسول اللہ! ابوسفیان بہت بخیل ہیں تو کیا اس میں کوئی حرج ہے اگر میں ان کے مال میں سے (ان کی اجازت کے بغیر) ان کے بچوں کو کھلا پلا دیا کروں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ دستور کے مطابق ہونا چاہئے۔

باب ۴۳۸۔ حَدِيْثُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ

۴۳۸۔ زید بن عمرو بن نفیل کا واقعہ۔

❶ یعنی ابوسفیان کی بیوی اور معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ۔ فتح مکہ کے بعد اسلام لائی ہیں۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ بھی اسی زمانہ میں اسلام لائے تھے۔

۱۰۱) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ حَدَّثَنَا
یْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ حَدَّثَنَا مُوْسٰی حَدَّثَنَا سَالِمُ ابْنُ
دِ اللّٰہِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا اَنَّ
یَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَقِیَ زَیْدَ ابْنَ عَمْرِو بْنِ
لٍ بِاَسْفَلِ بَلْدَحٍ قَبْلَ اَنْ یُّنْزَلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی
ہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْوَحْیُ فَقُدِّمَتْ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی
ہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُفْرَۃٌ فَاَبٰی اَنْ یَّاْکُلَ مِنْھَا ثُمَّ قَالَ
دٌ اِنِّیْ لَسْتُ اٰکُلُ مِمَّا تَذْبَحُوْنَ عَلٰی اَنْصَابِکُمْ
؟ اٰکُلُ اِلَّا مَاذُکِرَاسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَاَنَّ زَیْدَ بْنَ
مْرٍو کَانَ یَعِیْبُ عَلٰی قُرَیْشٍ ذَبَائِحَھُمْ وَیَقُوْلُ
شَّاۃُ خَلَقَھَا اللّٰہُ وَاَنْزَلَ لَھَا مِنَ السَّمَاءِ الْمَاءَ
نْبَتَ لَھَا مِنَ الْاَرْضِ ثُمَّ تَذْبَحُوْنَھَا عَلٰی غَیْرِ اسْمِ
ہِ اِنْکَارًا لِذٰلِکَ وَاِعْظَامًا لَہٗ قَالَ مُوْسٰی حَدَّثَنِیْ
الِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ وَلَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا تُحُدِّثَ بِہٖ عَنِ
نِ عُمَرَ اَنَّ زَیْدَ بن عَمْرِو بْنِ نُفَیْلٍ خَرَجَ اِلَی
شَّامِ یَسْاَلُ عَنِ الدِّیْنِ وَیَتْبَعُہٗ فَلَقِیَ عَالِمًا مِنَ
یَھُوْدِ فَسَاَلَہٗ عَنْ دِیْنِھِمْ فَقَالَ اِنِّیْ لَعَلِّیْ اَنْ اَدِیْنَ
یْنِکُمْ فَاَخْبِرْنِیْ فَقَالَ لَاتَکُوْنُ عَلٰی دِیْنِنَا حَتّٰی
خُذَ بِنَصِیْبِکَ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ قَالَ زَیْدٌ مَا اَفِرُّ
لَّا مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ وَلَا اَحْمِلُ مِنْ غَضَبِ اللّٰہِ شَیْئًا
بَدًا وَاَنّٰی اَسْتَطِیْعُہٗ فَھَلْ تَدُلُّنِیْ عَلٰی غَیْرِہٖ قَالَ مَا
عْلَمُہٗ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ حَنِیْفًا قَالَ زَیْدٌ وَمَاالْحَنِیْفُ
الَ دِیْنُ اِبْرَاھِیْمَ لَمْ یَکُنْ یَھُوْدِیًّا وَلَا نَصْرَانِیًّا
لَایَعْبُدُ اِلَّااللّٰہَ فَخَرَجَ زَیْدٌ فَلَقِیَ عَالِمًا مِنَ
لنَّصَارٰی فَذَکَرَ مِثْلَہٗ فَقَالَ لَنْ تَکُوْنَ عَلٰی دِیْنِنَا
حَتّٰی تَاْخُذَ بِنَصِیْبِکَ مِنْ لَعْنَۃِ اللّٰہِ قَالَ مَا اَفِرُّ اِلَّا
مِنْ لَعْنَۃِ اللّٰہِ وَلَا اَحْمِلُ مِنْ لَعْنَۃِ اللّٰہِ وَلَا مِنْ غَضَبِہٖ
شَیْئًا اَبَدًا وَاَنّٰی اَسْتَطِیْعُ فَھَلْ تَدُلُّنِیْ عَلٰی غَیْرِہٖ قَالَ
مَا اَعْلَمُہٗ اِلَّا اَنْ یَکُوْنَ حَنِیْفًا وَقَالَ وَمَا الْحَنِیْفُ
قَالَ دِیْنُ اِبْرَاھِیْمَ لَمْ یَکُنْ یَھُوْدِیًّا وَلَا نَصْرَانِیًّا وَلَا

۱۰۱۰۔ مجھ سے محمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سالم بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی زید بن عمرو بن نفیل سے (وادی) بلدح کے نشیبی علاقہ میں ملاقات ہوئی، یہ واقعہ نزول وحی سے پہلے کا ہے۔ پھر آنحضور ﷺ کے سامنے ایک دسترخوان بچھایا گیا تو زید بن عمرو بن نفیل نے کھانے سے انکار کیا اور (جن لوگوں نے دسترخوان بچھایا تھا) ان سے کہا کہ اپنے بتوں کے نام پر جو تم ذبیحہ کرتے ہو، میں اسے نہیں کھاتا، میں تو وہی ذبیحہ کھا سکتا ہوں جس پر صرف اللہ کا نام لیا گیا ہو، زید بن عمرو، قریش پر ان کے ذبیحے کے بارے میں نکتہ چینی کیا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ بکری کو پیدا تو کیا ہی اللہ تعالیٰ نے، اس نے اس کے لئے آسمان سے پانی نازل فرمایا ہے، اسی نے اس کے لئے زمین پر گھاس اگائی ہے اور پھر تم لوگ اللہ کے نام کے سوا دوسرے (بتوں کے) ناموں پر اسے ذبح کرتے ہو۔ زید نے یہ کلمات ان کے ان افعال پر اعتراض اور ان کے اس عمل کو بہت بڑی جرأت قرار دیتے ہوئے کہے تھے۔ موسیٰ نے بیان کیا! ان سے سالم بن عبداللہ نے حدیث بیان کی اور مجھے یقین ہے کہ انہوں نے حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کی تھی کہ زید بن عمرو بن نفیل شام گئے، دین (خالص) کی تلاش و جستجو میں! وہاں ان کی ایک یہودی عالم سے ملاقات ہوئی تو آپ نے ان کے دین کے بارے میں پوچھا اور کہا، ممکن ہے میں تمہارا دین اختیار کرلوں، اس لئے تم مجھے اپنے دین کے متعلق بتاؤ۔ یہودی عالم نے کہا کہ ہمارے دین میں تم اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتے جب تک اللہ کے عذاب کے ایک حصہ کے لئے (جو ایک مختصر مدت تک مرنے کے بعد ہوگا) تیار نہ ہو جاؤ۔ اس پر زید نے کہا کہ یہ سب کچھ تو میں اللہ کے عذاب ہی سے بچنے کے لئے کر رہا ہوں! اللہ کے عذاب کو برداشت کرنے کی میرے اندر ذرا بھی طاقت نہیں اور مجھ میں یہ طاقت ہو بھی کیسے سکتی ہے! کیا تم مجھے کسی دوسرے دین کے متعلق کچھ بتا سکتے ہو؟ عالم نے کہا کہ میری نظر میں تو صرف ایک ”دین حنیف“ ہے۔ زید نے پوچھا، دین حنیف کیا ہے؟ عالم نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کا دین جو نہ یہودی تھے نہ نصرانی، اور اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے تھے۔ زید وہاں سے چلے آئے اور ایک نصرانی عالم

يَعْبُدُ اِلَّا اللّٰهَ فَلَمَّا رَاى زَيْدٌ قَوْلَهُمْ فِيْ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامِ خَرَجَ فَلَمَّا بَرَزَ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَشْهَدُ اَنِّيْ عَلٰى دِيْنِ اِبْرَاهِيْمَ وَقَالَ اللَّيْثُ كَتَبَ اِلَيَّ هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَتْ رَاَيْتُ زَيْدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَائِمًا مُسْنِدًا ظَهْرَهُ اِلَى الْكَعْبَةِ يَقُوْلُ يَامَعَاشِرَ قُرَيْشٍ وَاللّٰهِ مَامِنْكُمْ عَلٰى دِيْنِ اِبْرَاهِيْمَ غَيْرِيْ وَكَانَ يُحْيِي الْمَوْؤُدَةَ يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَقْتُلَ ابْنَتَهُ مَالَا تَقْتُلْهَا اَنَا اَكْفِيْكَهَا مُؤْنَتَهَا فَيَاْخُذُهَا فَاِذَا تَرَعْرَعَتْ قَالَ لِاَبِيْهَا اِنْ شِئْتَ دَفَعْتُهَا اِلَيْكَ وَ اِنْ شِئْتَ كَفَيْتُكَ مُؤْنَتَهَا

سے ملے۔ ان سے بھی اپنا مقصد بیان کیا، اس نے بھی یہی کہا کہ ہمارے دین میں اس وقت تک داخل نہیں ہو سکتے جب تک اپنے اوپر اللہ کی لعنت کے ایک حصہ کے لئے تیار نہ ہو جاؤ، زید نے کہا میں اللہ کی لعنت ہی سے بچنے کے لئے تو یہ سب کچھ کر رہا ہوں اللہ کی لعنت کے تحمل کی مجھ میں قطعاً طاقت نہیں، اور میں اس کا تحمل کر بھی کس طرح سکتا ہوں کیا تم میرے لئے اس کے سوا کسی اور دین کی نشاندہی کر سکتے ہو، اس نے کہا میری نظر میں تو صرف ایک دین حنیف ہے انہوں نے پوچھ دین حنیف سے آپ کی کیا مراد ہے؟ کہا کہ دین ابراہیم جو نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی اور اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے تھے۔ زید نے جب ابراہیم علیہ السلام کے متعلق ان کی یہ رائے سنی تو وہاں سے روانہ ہوئے اور اس سرزمین سے باہر نکل کر اپنے ہاتھ اٹھائے اور یہ دعا کی، اے اللہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں دین ابراہیم پر ہوں۔ اور لیث نے بیان کیا کہ مجھے ہشام نے لکھا اپنے والد کے واسطہ سے اور ان سے اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا تھا کہ میں نے زید بن عمرو بن نفیل کو کعبہ سے اپنی پیٹھ لگائے ہوئے کھڑے ہو کر یہ کہتے سنا، اے معشر قریش! خدا کی قسم میرے سوا اور کوئی تمہارے، یہاں دین ابراہیم پر نہیں ہے۔ اگر کسی لڑکی کو زندہ درگور کرنا چاہتے تو اسے، بچانے کی زید کوشش کیا کرتے تھے اور ایسے شخص سے جو اپنی بیٹی کو مار ڈالنا چاہتا، کہتے، اس کی جان نہ لو، اس کے تمام اخراجات میرے ذمہ رہیں گے چنانچہ لڑکی کو اپنی پرورش میں لے لیتے جب وہ بڑی ہو جاتی تو اس کے باپ سے کہتے اب اگر تم چاہو تو میں لڑکی کو تمہارے حوالے کر سکتا ہوں اور اگر چاہو تو اب بھی میرے ذمہ اس کے تمام اخراجات رہنے دو۔

باب ۴۳۹. بُنْيَانُ الْكَعْبَةِ

۴۳۹۔ کعبہ کی تعمیر۔

(۱۰۱۱) حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا بُنِيَتِ الْكَعْبَةُ ذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَبَّاسٌ يَنْقُلَانِ الْحِجَارَةَ فَقَالَ عَبَّاسٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْ اِزَارَكَ عَلٰى رَقَبَتِكَ يَقِيْكَ مِنَ الْحِجَارَةِ فَخَرَّ اِلَى الْاَرْضِ وَطَمَحَتْ

۱۰۱۱۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے عمرو بن دینار ؒ نے خبر دی، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب کعبہ کی تعمیر ہو رہی تھی تو نبی کریم ﷺ اور عباس رضی اللہ عنہ اس کے لئے پتھر ڈھو رہے تھے۔ عباس رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے کہا، اپنا تہبند گردن پر رکھ لو، اس طرح پتھر کی (خراش لگنے سے بچ جاؤ گے۔ (آنحضور ﷺ نے جونہی ایسا کیا) آپ زمین پر گر پڑے اور آپ

عَيْنَاهُ اِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ اَفَاقَ فَقَالَ اِزَارِىْ اِزَارِىْ فَشُدَّ عَلَيْهِ اِزَارُه‘

کی نظر آسمان پر گڑ گئی۔ جب افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا میرا تہبند لاؤ۔ میرا تہبند لاؤ۔ پھر آپ کا تہبند باندھا گیا۔

(۱۰۱۲) حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ وَعُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِىْ يَزِيْدَ قَالَا لَمْ يَكُنْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْلَ الْبَيْتِ حَائِطٌ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ حَوْلَ الْبَيْتِ حَتّٰى كَانَ عُمَرُ فَبَنٰى حَوْلَه‘ حَائِطًا قَالَ عُبَيْدُاللّٰهِ جَدْرُه‘ قَصِيْرٌ فَبَنَاهُ ابْنُ الزُّبَيْرِ

۱۰۱۲۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار اور عبیداللہ بن ابی زید نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں بیت اللہ کے چاروں طرف دیوار نہیں تھی لوگ بیت اللہ ہی کے چاروں طرف نماز پڑھتے تھے پھر جب عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو آپ نے وہاں دیوار بنوائی۔ عبیداللہ نے بیان کیا کہ یہ دیوار بھی چھوٹی تھی اور ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے اس سے اضافہ کروایا۔

باب ۴۴۰۔ اَيَّامِ الْجَاهِلِيَّةِ

۴۴۰۔ دور جاہلیت۔

(۱۰۱۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ هِشَامٌ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ عَاشُوْرَاءُ يَوْمًا تَصُوْمُه‘ قُرَيْشٌ فِى الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُه‘ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَه‘ وَاَمَرَ بِصِيَامِهٖ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ كَانَ مَنْ شَاءَ صَامَه‘ وَمَنْ شَاءَ لَايَصُوْمُه‘

۱۰۱۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ عاشورا کا روزہ قریش زمانہ جاہلیت میں رکھتے تھے اور نبی کریم ﷺ نے بھی (ابتداء اسلام میں) اسے باقی رکھا تھا۔ آنحضور ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو آپ نے خود بھی اس دن روزہ رکھا اور صحابہؓ کو بھی رکھنے کا حکم دیا لیکن جب رمضان کا روزہ فرض ہوا تو اس کے بعد (حکم اس طرح باقی رہا کہ) جس کا جی چاہے عاشورا کا روزہ بھی رکھے اور اگر کوئی نہ رکھے تو اس میں بھی کوئی گناہ کی بات نہیں۔

(۱۰۱۴) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاؤُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّ الْعُمْرَةَ فِىْ اَشْهُرِ الْحَجِّ مِنَ الْفُجُوْرِ فِى الْاَرْضِ وَكَانُوْا يُسَمُّوْنَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا وَ يَقُوْلُوْنَ اِذَا بَرَاَ الدَّبَرُ وَعَفَا الْاَثَرُ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرَ قَالَ فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُه‘ رَابِعَةً مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ اَمَرَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّجْعَلُوْهَا عُمْرَةً قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الْحِلِّ قَالَ الْحِلُّ كُلُّه‘

۱۰۱۴۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی ان سے ابن طاؤس نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ زمانہ جاہلیت میں لوگ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا بہت بڑا گناہ خیال کرتے تھے وہ محرم کو صفر کہتے تھے اور کہتے تھے کہ اونٹ کی پیٹھ کا زخم جب اچھا ہونے لگے اور (حاجیوں کے) نشانات قدم مٹ چکیں، پھر عمرہ کرنے والوں کا عمرہ جائز ہوتا ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کے ساتھ ذی الحجہ کی چوتھی تاریخ کو حج کا احرام باندھے ہوئے (مکہ) تشریف لائے تو آنحضور ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ اپنے حج کے احرام کو عمرہ سے تبدیل کر دیں (اور پہلے عمرہ کریں) صحابہ نے عرض کی، یارسول اللہ! (اس عمرہ اور حج کے دوران میں) کیا چیزیں حلال ہوں گی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تمام چیزیں! (جو احرام نہ ہونے کی حالت میں

حلال تھیں۔)

(۱۰۱۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ كَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ جَآءَ سَيْلٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَكَسَا مَا بَيْنَ الْجَبَلَيْنِ قَالَ سُفْيَانُ وَيَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ لَهٗ شَاْنٌ

۱۰۱۵۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ عمرو بیان کرتے تھے کہ ہم سے سعید بن مسیب نے حدیث بیان کی اوران سے ان کے والد نے، ان کے دادا کے واسطہ سے بیان کیا کہ زمانہ جاہلیت میں ایک مرتبہ ایسا سیلاب آیا تھا کہ (مکہ کی) دونوں پہاڑیوں کے درمیان سب کچھ اس کے اندر ڈھک گیا تھا۔ سفیان نے بیان کیا کہ (عمرو بن دینار) بیان کرتے تھے کہ اس کا واقعہ بڑا بھیانک ہے۔

(۱۰۱۶) حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ بَيَانٍ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ دَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ عَلٰى امْرَاَةٍ مِنْ اَحْمَسَ يُقَالُ لَهَا زَيْنَبُ فَرَآهَا لَاتَكَلَّمُ فَقَالَ مَالَهَا لَاتَكَلَّمُ قَالُوْا حَجَّتْ مُصْمِتَةً قَالَ لَهَا تَكَلَّمِيْ فَاِنَّ هٰذَا لَايَحِلُّ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَتَكَلَّمَتْ فَقَالَتْ مَنْ اَنْتَ قَالَ امْرُؤٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَتْ اَيُّ الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَتْ مِنْ اَيِّ قُرَيْشٍ اَنْتَ قَالَ اِنَّكِ لَسَؤُوْلٌ اَنَااَبُو بَكْرٍ قَالَتْ مَابَقَاءُ نَا عَلٰى هٰذَا الْاَمْرِ الصَّالِحِ الَّذِيْ جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْدَ الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ بَقَاؤُكُمْ عَلَيْهِ مَااسْتَقَامَتْ بِكُمْ اَئِمَّتُكُمْ قَالَتْ وَمَا الْاَئِمَّةُ قَالَ اَمَا كَانَ لِقَوْمِكِ رُؤُسٌ وَاَشْرَافٌ يَاْمُرُوْنَهُمْ فَيُطِيْعُوْنَهُمْ قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَهُمْ اُولٰئِكِ عَلَى النَّاسِ

۱۰۱۶۔ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی ان سے بیان نے، ان سے ابوبشر نے اور ان سے قیس بن ابی حازم نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ قبیلہ احمس کی ایک خاتون سے ملے۔ ان کا نام زینب تھا (رضی اللہ عنہا) آپ نے دیکھا کہ وہ بات ہی نہیں کرتیں، دریافت فرمایا کیا بات ہے، یہ بات کیوں نہیں کرتیں؟ لوگوں نے بتایا کہ مکمل خاموشی کے ساتھ حج کر رہی ہیں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا، بات کرو، اس طرح حج کرنا درست نہیں ہے کیونکہ یہ تو جاہلیت کا طریقہ ہے۔ چنانچہ انہوں نے بات کی اور پوچھا، آپ کون ہیں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں مہاجرین کا ایک فرد ہوں، انہوں نے پوچھا، کہ مہاجرین کے کس قبیلہ سے آپ کا تعلق ہے؟ آپ نے فرمایا کہ قریش سے، انہوں نے پوچھا قریش کے کس خانوادہ سے؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا، تم سوال بہت کرنے کی عادی معلوم ہوتی ہو، میں ابوبکر ہوں، اس کے بعد انہوں نے پوچھا، جاہلیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے جو ہمیں یہ دین حق عطا فرمایا ہے اس پر ہم (مسلمان) کب تک قائم رہ سکیں گے؟ آپ نے فرمایا، اس پر تمہارا قیام اس وقت تک رہے گا جب تک تمہارے ائمہ (سربراہ) اس پر قائم رہیں۔ خاتون نے پوچھا ائمہ کسے کہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا، کیا تمہاری قوم میں سردار اور اشراف نہیں تھے جو اگر انہیں کوئی حکم دیتے تھے تو وہ اس کی اطاعت کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تھے، آپ نے فرمایا، ائمہ کا معاملہ بھی تمام مسلمانوں کے ساتھ ایسا ہی ہوگا۔

(۱۰۱۷) حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ

۱۰۱۷۔مجھ سے فروہ بن ابی المغراء نے حدیث بیان کی، انہیں علی بن مسہر نے خبر دی، انہیں ہشام نے، انہیں ان کے والد نے اور ان سے

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَسْلَمَتِ امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ لِبَعْضِ الْعَرَبِ وَكَانَ لَهَا حِفْشٌ فِي الْمَسْجِدِ قَالَتْ فَكَانَتْ تَاتِيْنَا فَتُحَدِّثُ عِنْدَنَا فَاِذَا فَرَغَتْ مِنْ حَدِيْثِهَا قَالَتْ وَيَوْمُ الْوِشَاحِ مِنْ تَعَاجِيْبِ رَبِّنَا اَلاَ اِنَّهُ مِنْ بَلْدَةِ الْكُفْرِ اَنْجَانِي فَلَمَّا اَكْثَرَتْ قَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ وَمَا يَوْمُ الْوِشَاحِ قَالَتْ خَرَجَتْ جُوَيْرِيَةٌ لِبَعْضِ اَهْلِيْ وَعَلَيْهَا وِشَاحٌ مِنْ اَدَمٍ فَسَقَطَ مِنْهَا فَانْحَطَّتْ عَلَيْهِ الْحُدَيَّا وَهِيَ تَحْسِبُهُ لَحْمًا فَاَخَذَتْهُ فَاتَّهَمُوْنِيْ بِهِ فَعَذَّبُوْنِيْ حَتّٰى بَلَغَ مِنْ اَمْرِيْ اَنَّهُمْ طَلَبُوْا فِيْ قُبُلِيْ فَبَيْنَا هُمْ حَوْلِيْ وَاَنَا فِيْ كَرْبِيْ وَاِذْ اَقْبَلَتِ الْحُدَيَّا حَتّٰى وَازَتْ بِرُءُوْسِنَا ثُمَّ اَلْقَتْهُ فَاَخَذُوْهُ فَقُلْتُ لَهُمْ هٰذَا الَّذِيْ اتَّهَمْتُمُوْنِيْ بِهِ وَاَنَا مِنْهُ بَرِيْئَةٌ

عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک حبشی خاتون جو کسی عرب کی باندی تھیں۔ اسلام لائیں اور مسجد میں ان کے رہنے کے لئے تھوڑی سی جگہ دے دی گئی۔ بیان کیا کہ وہ ہمارے یہاں آیا کرتی تھیں لیکن جب گفتگو سے فارغ ہو جاتیں تو کہتی "اور ہار والا دن بھی ہمارے رب کی عجائب میں ہے، کہ اس نے کفر کے شہر سے مجھے نجات دی تھی"۔ انہوں نے جب کئی مرتبہ یہ شعر پڑھا تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے دریافت فرمایا کہ ہار والے دن کا کیا قصہ ہے؟ انہوں نے بیان کیا کہ میرے مالکوں کے گھرانے کی ایک لڑکی چمڑے کا ایک (سرخ اور) مرصع ہار پہن کر گئی اور کہیں گم کر آئی۔ اتفاق سے ایک چیل کی اس پر نظر پڑی اور وہ اسے گوشت سمجھ کر اٹھانے گئی، گھر والوں نے مجھے اس کے لئے متہم کیا (کیونکہ انہیں اس طرح اس کے گم ہونے کا علم نہیں تھا) اور مجھے سزائیں دینی شروع کیں اور یہاں تک کہ میری شرم گاہ کی بھی تلاشی لی ابھی وہ میرے چاروں طرف ہی تھے اور میں اپنی مصیبت میں مبتلا تھی کہ چیل آئی اور ہمارے سروں کے بالکل اوپر اڑنے لگی پھر اس نے وہی ہار نیچے گرا دیا۔ گھر والوں نے اسے اٹھالیا تو میں نے ان سے کہا، اسی کے لئے تو تم لوگ مجھے الزام دے رہے تھے، حالانکہ میں اس سے بری تھی۔

(۱۰۱۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلاَ مَنْ كَانَ حَالِفًا فَلاَ يَحْلِفْ اِلَّا بِاللّٰهِ فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تَحْلِفُ بِاٰبَائِهَا فَقَالَ لَاتَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ

۱۰۱۸۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ہاں، اگر کسی کو قسم کھانی ہو تو اللہ کے سوا اور کسی کی قسم نہ کھائے۔ قریش اپنے آباواجداد کی قسم کھایا کرتے تھے تو آنحضور ﷺ نے انہیں فرمایا کہ اپنے آباء واجداد کے نام کی قسم نہ کھایا کرو۔

(۱۰۱۹) حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ اَنَّ الْقَاسِمَ كَانَ يَمْشِيْ بَيْنَ يَدَيِ الْجَنَازَةِ وَلَا يَقُوْمُ لَهَا وَيُخْبِرُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْمُوْنَ لَهَا يَقُوْلُوْنَ اِذَا رَاَوْهَا كُنْتِ فِيْ اَهْلِكِ مَا اَنْتِ مَرَّتَيْنِ

۱۰۱۹۔ مجھ سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عمرو نے خبر دی، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے حدیث بیان کی کہ قاسم جنازہ کے آگے آگے چلا کرتے تھے۔ اور جنازہ کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوتے تھے، عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے وہ بیان کرتے تھے کہ زمانہ جاہلیت میں لوگ جنازہ کے لئے کھڑے ہو جایا کرتے تھے اور اسے دیکھ کر دو مرتبہ یہ کہتے تھے کہ "جس طرح اپنی زندگی میں اپنے

گھر والوں کے ساتھ تھے اب بھی اسی طرح رہو گے۔

(۱۰۲۰) حَدَّثَنِی عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنَ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّ الْمُشْرِکِیْنَ کَانُوْا لَایُفِیضُوْنَ مِنْ جَمْعٍ حَتّٰی تَشْرُقَ الشَّمْسُ عَلٰی ثَبِیْرٍ فَخَالَفَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَفَاضَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ

۱۰۲۰۔ مجھ سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے عمرو بن میمون نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب تک دھوپ ثبیر پہاڑی پر نہ جاتی، قریش (حج میں) مزدلفہ سے نہیں نکلا کرتے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے ان کے اس طرز عمل کی مخالفت کی اور سورج کے طلوع ہونے سے پہلے آپ نے وہاں سے کوچ کیا۔

(۱۰۲۱) حَدَّثَنِی اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِی اُسَامَةَ حَدَّثَکُمْ یَحْیَی بْنُ الْمُهَلَّبِ حَدَّثَنَا حُصَیْنٌ عَنْ عِکْرِمَةَ وَکَاْسًا دِهَاقًا قَالَ مُتَتَابِعَةً قَالَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سَمِعْتُ اَبِی یَقُوْلُ فِی الْجَاهِلِیَّةِ اسْقِنَا کَاْسًا دِهَاقًا

۱۰۲۱۔ مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابواسامہ سے پوچھا، کیا آپ حضرات سے یحییٰ بن مہلب نے یہ حدیث بیان کی تھی کہ ان سے حصین نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے (قرآن مجید کی آیت میں) ''وکاساً دھاقاً'' کے متعلق فرمایا کہ (معنی میں) ''بھرا ہوا جام جس کا دور مسلسل چلے'' عکرمہ نے بیان کیا، اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد سے یہ سنا، وہ فرماتے تھے کہ زمانہ جاہلیت میں (یہ لفظ استعمال کرتے تھے۔ ''اسقنا کاساً دھاقاً''

(۱۰۲۲) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِکِ عَنْ اَبِی سَلَمَةَ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ کَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ کَلِمَةُ لَبِیْدٍ اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَاخَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ وَکَادَ اُمَیَّةُ بْنُ اَبِی الصَّلْتِ اَنْ یُسْلِمَ

۱۰۲۲۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہؓ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا سب سے سچی بات جو کوئی شاعر کہہ سکتا تھا وہ لبید (رضی اللہ عنہ) نے کہی ہے'' ہاں، اللہ کے سوا ہر چیز بے حقیقت ہے۔'' اور قریب تھا کہ امیہ بن صلت مسلمان ہو جاتا۔

(۱۰۲۳) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ حَدَّثَنِی اَخِی عَنْ سُلَیْمَانَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ کَانَ لِاَبِی بَکْرٍ غُلَامٌ یُخْرِجُ لَهُ الْخَرَاجَ وَکَانَ اَبُوْ بَکْرٍ یَاْکُلُ مِنْهُ فَجَاءَ یَوْمًا بِشَیْءٍ فَاَکَلَ مِنْهُ اَبُوْ بَکْرٍ فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ تَدْرِی مَاهٰذَا فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ وَمَا هُوَ قَالَ کُنْتُ تَکَهَّنْتُ لِاِنْسَانٍ فِی الْجَاهِلِیَّةِ وَمَا اُحْسِنُ الْکِهَانَةَ اِلَّا اَنِّی خَدَعْتُهُ فَلَقِیَنِی فَاَعْطَانِی بِذٰلِکَ فَهٰذَا الَّذِی اَکَلْتَ مِنْهُ فَاَدْخَلَ

۱۰۲۳۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے، ان سے قاسم بن محمد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا جو روزانہ انہیں کچھ محصول دیا کرتا تھا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اسے اپنی ضروریات میں استعمال کرتے تھے (اس اطمینان کے بعد کہ جائز ذرائع سے حاصل کیا گیا ہے) ایک دن وہ غلام کوئی چیز لایا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے استعمال کر لیا۔ پھر اس نے کہا آپ کو معلوم ہے، یہ کیا چیز ہے؟ آپ نے دریافت فرمایا کیا ہے؟ اس نے کہا میں

اَبُوْبَكْرٍ يَدَه' فَقَاءَ كُلَّ شَيْئٍ فِي بَطْنِهِ

نے زمانہ جاہلیت میں ایک شخص کے لئے کہانت کی تھی۔ حالانکہ مجھے کہانت نہیں آتی تھی، میں نے تو صرف اسے دھوکہ دیا تھا لیکن اتفاق سے وہ مجھے مل گیا اور اس نے یہ چیز مجھے دی ہے جو آپ تناول بھی فرما چکے ہیں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ سنتے ہی اپنا ہاتھ منہ میں ڈالا اور پیٹ کی تمام چیزیں قے کر کے نکال ڈالیں۔

(١٠٢٤) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ اَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَتَبَايَعُوْنَ لُحُوْمَ الْجَزُوْرِ اِلٰى حَبَلِ الْحَبَلَةِ قَالَ وَحَبَلُ الْحَبَلَةِ اَنْ تُنْتَجَ النَّاقَةُ مَافِيْ بَطْنِهَا ثُمَّ تَحْمِلُ الَّتِيْ نُتِجَتْ فَنَهَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ

۱۰۲۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے، انہیں نافع نے خبر دی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ زمانہ جاہلیت کے لوگ ''حبل الحبلہ'' تک (قیمت کی ادائیگی کے وعدہ پر) اونٹ کا گوشت (وغیرہ) بیچا کرتے تھے آپ نے بیان کیا کہ حبل الحبلہ کا مطلب یہ ہے کہ کوئی حاملہ اونٹنی اپنا بچہ جنے، پھر وہ نوزائیدہ بچہ (بڑھ کر) حاملہ ہو۔ نبی کریم ﷺ نے اس طرح کی خرید وفروخت ممنوع قرار دی تھی۔

(١٠٢٥) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ قَالَ غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ كُنَّا نَاتِيْ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَيُحَدِّثُنَا عَنِ الْاَنْصَارِ وَكَانَ يَقُوْلُ لِيْ فَعَلَ قَوْمُكَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا فَعَلَ قَوْمُكَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا

۱۰۲۵۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے مہدی نے حدیث بیان کی کہ غیلان بن جریر نے بیان کیا کہ ہم انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور آپ ہم سے انصار کے متعلق بیان فرمایا کرتے تھے اور مجھ سے فرماتے تھے کہ تمہاری قوم نے فلاں موقعہ پر یہ کارنامہ انجام دیا، فلاں موقعہ پر یہ کارنامہ انجام دیا۔

باب ۱۴۴۱. بَابُ الْقَسَامَةِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

۱۴۴۱۔ زمانہ جاہلیت میں قسامہ۔

(١٠٢٦) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا قَطَنٌ اَبُوالْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا اَبُوْيَزِيْدَ الْمَدَنِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اِنَّ اَوَّلَ قَسَامَةٍ كَانَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَفِيْنَا بَنِيْ هَاشِمٍ كَانَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ اِسْتَأْجَرَه' رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ مِنْ فَخِذٍ اُخْرىٰ فَانْطَلَقَ مَعَه' فِيْ اِبِلِهٖ فَمَرَّ رَجُلٌ بِهٖ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ قَدِ انْقَطَعَتْ عُرْوَةُ جُوَالِقِهٖ فَقَالَ اَغِثْنِيْ بِعِقَالٍ اَشُدُّبِهٖ عُرْوَةَ جُوَالِقِيْ لَاتَنْفِرُ الْاِبِلُ فَاَعْطَاهُ عِقَالًا فَشَدَّ بِهٖ عُرْوَةَ جُوَالِقِهٖ فَلَمَّا نَزَلُوْا عُقِلَتِ الْاِبِلُ اِلَّا بَعِيْرًا وَاحِدًا فَقَالَ الَّذِيْ اسْتَأْجَرَه' مَاشَانُ هٰذَا الْبَعِيْرِ لَمْ يُعْقَلْ مِنْ بَيْنِ الْاِبِلِ قَالَ لَيْسَ لَه' عِقَالٌ قَالَ فَاَيْنَ عِقَالُه' قَالَ فَحَذَفَه'

۱۰۲۶۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے قطن ابوالہیثم نے، ان سے ابویزید مدنی نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا، جاہلیت میں سب سے پہلا قسامہ ہمارے ہی قبیلہ بنی ہاشم میں ہوا تھا۔ بنوہاشم کے ایک شخص کو قریش کی کسی دوسری شاخ کے ایک شخص نے مزدوری پر رکھا تھا، ہاشمی مزدور، اپنے مستاجر کے ساتھ ایلہ گیا۔ وہاں کہیں اس مزدور کے پاس سے ایک دوسرا ہاشمی شخص گذرا، اس کی بوری کا بندھن ٹوٹ گیا تھا۔ اس نے اپنے مزدور بھائی سے کہا مجھے کوئی رسی دے دو جس سے میں اپنی بوری کا منہ باندھ لوں اور میرا اونٹ بھی نہ بھاگ سکے۔ اس نے ایک رسی اسے دے دی اور اس نے اپنی بوری کا منہ اس سے باندھ لیا (اور چلا گیا) (پھر جب انہوں نے (مزدور اور مستاجر) نے ایک جگہ پڑاؤ کیا تو تمام اونٹ باندھے، لیکن ایک اونٹ کھلا رہا جس نے ہاشمی کو

بعصًا كَانَ فِيهَا اَجلُه، فَمَرَّ بِهٖ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ فَقَالَ اَتَشْهَدُ الْمَوْسِمَ قَالَ مَا اَشْهَدُ وَرُبَمَا شَهِدْتُه، قَالَ هَلْ اَنْتَ مُبَلِّغٌ عَنِّىْ رِسَالَةً مَرَّةً مِنَ الدَّهْرِ فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَكُنْتَ اِذَا اَنْتَ شَهِدْتَّ الْمَوْسِمَ فَنَادِيَا آلَ قُرَيْشٍ فَاِذَا اَجَابُوْكَ فَنَادِ يَا اٰلَ بَنِىْ هَاشِمٍ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَسَلْ عَنْ اَبِىْ طَالِبٍ فَاَخْبِرْهُ اِنَّ فُلَانًا قَتَلَنِىْ فِىْ عِقَالٍ وَمَاتَ الْمُسْتَاْجِرُ فَلَمَّا قَدِمَ الَّذِىْ اسْتَاْجَرَه، اَتَاهُ اَبُوْطَالِبٍ فَقَالَ مَا فَعَلَ صَاحِبُنَا قَالَ مَرِضَ فَاَحْسَنْتُ الْقِيَامَ عَلَيْهِ فَوَلِّيْتُ دَفْنَه، قَالَ قَدْ كَانَ اَهْلَ ذَاكَ مِنْكَ فَمَكُثَ حِيْنًا ثُمَّ اِنَّ الرَّجُلَ الَّذِىْ اَوْصٰى اِلَيْهِ اَنْ يُبَلِّغَ عَنْهُ وَافَى الْمَوْسِمَ فَقَالَ يَا آلَ قُرَيْشٍ فَقَالُوْا هٰذِهٖ قُرَيْشٌ قَالَ يَا آلَ بَنِىْ هَاشِمٍ قَالُوْا هٰذِهٖ بَنُوْهَاشِمٍ قَالَ اَيْنَ اَبُوْطَالِبٍ قَالُوْا هٰذَا اَبُوْطَالِبٍ قَالَ اَمَرَنِىْ فُلَانٌ اَنْ اُبَلِّغَكَ رِسَالَةً اَنَّ فُلَانًا قَتَلَه، فِىْ عِقَالٍ فَاَتَاهُ اَبُوْطَالِبٍ فَقَالَ لَه، اخْتَرْ مِنَّا اِحْدٰى ثَلَاثٍ اِنْ شِئْتَ اَنْ تُؤَدِّىَ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ فَاِنَّكَ قَتَلْتَ صَاحِبَنَا وَاِنْ شِئْتَ حَلَفَ خَمْسُوْنَ مِنْ قَوْمِكَ اَنَّكَ لَمْ تَقْتُلْهُ، فَاِنْ اَبَيْتَ قَتَلْنَاكَ بِهٖ فَاَتٰى قَوْمَه، فَقَالُوْا نَحْلِفُ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ مِنْ بَنِىْ هَاشِمٍ كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِنْهُمْ قَدْ وُلِدَتْ لَه، فَقَالَتْ يَااَبَاطَالِبٍ اُحِبُّ اَنْ تُجِيْزَابْنِىْ هٰذَا بِرَجُلٍ مِنَ الْخَمْسِيْنَ وَلَا تَصْبُرْ يَمِيْنَه، حَيْثُ تُصْبَرُ الْاَيْمَانُ فَفَعَلَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ يَااَبَاطَالِبٍ اَرَدْتَّ خَمْسِيْنَ رَجُلًا اَنْ يَحْلِفُوْا مَكَانَ مِائَةٍ مِنَ الْاِبِلِ يُصِيْبُ كُلَّ رَجُلٍ بَعِيْرَانِ هٰذَانِ بَعِيْرَانِ فَاقْبَلْهُمَا عَنِّىْ وَلَاتَصْبُرْ يَمِيْنِىْ حَيْثُ تُصْبَرُ الْاَيْمَانُ فَقَبِلَهُمَا وَجَاءَ ثَمَانِيَةٌ وَاَرْبَعُوْنَ فَحَلَفُوْا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ مَا حَالَ الْحَوْلُ وَمِنَ الثَّمَانِيَةِ وَالْاَرْبَعِيْنَ عَيْنٌ تَطْرِفُ

مزدوری پر اپنے ساتھ رکھا تھا اس نے پوچھا، یہ اونٹ دوسرے اونٹوں کے ساتھ کیوں نہیں باندھا گیا، کیا بات ہے؟ مزدور نے کہا کہ اس کی رسی موجود نہیں ہے۔ مالک نے پوچھا کیا ہوئی اس کی رسی؟ بیان کیا کہ یہ کہہ کر چھڑی سے مالک نے اسے مارا اور اسی میں اس مزدور کی موت مقدر تھی (مرنے سے پہلے) وہاں سے ایک یمنی شخص گذر رہا تھا، ہاشمی مزدور نے پوچھا، کیا حج کے لئے اس سال تم مکہ جاؤ گے اس نے کہا کہ ابھی ارادہ تو نہیں ہے۔ لیکن میں جاتا رہتا ہوں۔ اس مزدور نے کہا جب بھی تم مکہ پہنچو، کیا میرا ایک پیغام پہنچادو گے؟ اس نے کہا کہ ہاں پہنچادوں گا۔ اس نے کہا کہ جب بھی تم حج کے لئے جاؤ، تو پکارنا، اے قریش! جب وہ تمہارے پاس جمع ہو جائیں تو پکارنا، اے بنی ہاشم! جب وہ تمہارے پاس آجائیں تو ان سے ابوطالب کے متعلق پوچھنا اور انہیں بتانا کہ فلاں شخص نے مجھے ایک رسی کے لئے قتل کر دیا ہے۔ اس وصیت کے بعد مزدور مر گیا پھر جب اس کا مستاجر مکہ آیا تو ابوطالب کے یہاں بھی آ گیا جناب ابوطالب نے دریافت کیا، ہمارے قبیلہ کے جس شخص کو تم اپنے ساتھ مزدوری پر لے گئے تھے اس کا کیا ہوا؟ اس نے کہا کہ وہ بیمار ہو گیا تھا۔ میں نے تیمارداری میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، (لیکن وہ مر گیا تو) میں نے اسے دفن کر دیا، ابوطالب نے کہا کہ تم سے اسی کی توقع تھی۔ کچھ دنوں کے بعد وہی یمنی شخص جسے ہاشمی مزدور نے پیغام پہنچانے کی وصیت کی تھی موسم حج میں آیا اور آواز دی اے قریش! لوگوں نے بتایا کہ یہاں ہیں قریش، اس نے آواز دی اے بنی ہاشم! لوگوں نے بتایا کہ بنی ہاشم یہ ہیں۔ اس نے پوچھا ابوطالب کہاں ہیں لوگوں نے بتایا تو اس نے کہا کہ فلاں شخص نے مجھے ایک پیغام پہنچانے کے لئے کہا تھا کہ فلاں شخص نے اسے ایک رسی کی وجہ سے قتل کر دیا ہے۔ اب جناب ابوطالب اس مستاجر کے یہاں آئے اور کہا کہ ان تین چیزوں میں سے کوئی چیز پسند کر لو۔ اگر تم چاہو تو سو (۱۰۰) اونٹ دیت میں دے دو، کیونکہ تم نے ہمارے قبیلہ کے آدمی کو قتل کیا ہے اور اگر چاہو تو تمہاری قوم کے پچاس افراد اس کی قسم کھالیں کہ تم نے اسے قتل نہیں کیا ہے اگر تم اس پر تیار نہیں ہو گے تو ہم تمہیں اس کے بدلے میں قتل کر دیں گے وہ شخص اپنی قوم کے پاس آیا تو وہ اس کے لئے تیار ہو گئے کہ ہم قسم کھالیں گے۔ پھر بنو ہاشم کی ایک عورت ابوطالب کے پاس آئی جو اسی قبیلہ کے ایک شخص سے بیاہی ہوئی

تھی۔ اور اپنے اس شوہر سے اس کے ایک بچہ بھی تھا، اس نے کہا اے ابوطالب! اگر آپ مہربانی کرتے اور میرے اس لڑکے کو ان پچاس آدمیوں میں سے معاف کرتے اور جہاں قسمیں لی جاتی ہیں (یعنی رکن اور مقام ابراہیم کے درمیان) اس سے وہاں قسم نہ لیتے۔ جناب ابوطالب نے اسے معاف کر دیا۔ اس کے بعد ان میں کا ایک اور شخص آیا اور کہا، اے ابوطالب! آپ نے سو (۱۰۰) اونٹوں کی جگہ پچاس آدمیوں سے قسم طلب کی ہے اس طرح ہر شخص پر دو (۲) اونٹ پڑتے ہیں۔ یہ دو (۲) اونٹ میری طرف سے آپ قبول کر لیجئے۔ اور مجھے اس مقام پر قسم کے لئے مجبور نہ کیجئے جہاں قسم لی جاتی ہے۔ جناب ابوطالب نے اسے بھی منظور کر لیا۔ اس کے بعد بقیہ اڑتالیس شخص آئے اور انہوں نے قسم کھالی، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے ابھی اس واقعہ کو پورا سال بھی نہیں گذرا تھا کہ وہ اڑتالیس آدمی موت کے گھاٹ اتر گئے۔

(۱۰۲۷) حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ یَوْمُ بُعَاثَ یَوْمٌ قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَؤُهُمْ وَ قُتِلَتْ سَرَاوَاتُهُمْ وَجُرِّحُوْا قَدَّمَهُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ دُخُوْلِهِمْ فِی الْاِسْلَامِ وَقَالَ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنَا عَمْرٌو عَنْ بُكَیْرِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ كُرَیْبًا مَوْلَی ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَیْسَ السَّعْیُ بِبَطْنِ الْوَادِیْ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سُنَّةً اِنَّمَا كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِیَّةِ یَسْعَوْنَهَا وَیَقُوْلُوْنَ لَا نُجِیْزُ الْبَطْحَاءَ اِلَّا شَدًّا

۱۰۲۷۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ بعاث کی لڑائی اللہ تعالیٰ نے (مصلحت کی وجہ سے) رسول اللہ ﷺ سے پہلے برپا کر دی تھی، آنحضور ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو یہاں کا شیرازہ بکھر چکا تھا۔ ان کے سردار مارے جا چکے تھے۔ اور زخمی ہو چکے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس لڑائی کو اس لئے پہلے برپا کیا تھا کہ مدینہ والے اسلام میں بسہولت داخل ہو جائیں اور ابن وہب نے بیان کیا انہیں عمرو نے خبر دی، انہیں بکیر بن اشج نے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا کریب نے ان سے حدیث بیان کی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا، صفا اور مروہ کی بطن وادی میں سعی سنت نہیں ہے، یہاں جاہلیت کے دور میں لوگ تیزی کے ساتھ دوڑا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم تو یہاں سے بس جلدی ہی سے دوڑ کر گزرا کریں گے

(۱۰۲۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ

۱۰۲۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان

● کسی محلے یا گاؤں وغیرہ میں کوئی شخص مقتول پڑا ہوا ملا، قاتل کا کچھ پتہ نہیں اور نہ اس سے متعلق صحیح معلومات حاصل کرنے کے ذرائع موجود ہیں۔ تو ایسی صورت میں اس محلّہ کی ایک بڑی تعداد سے اس بات کی قسم لی جاتی ہے کہ ان کا اس قتل میں کوئی حصہ نہیں اور نہ وہ اس کے متعلق کوئی علم ہی رکھتے ہیں۔ قسامہ کا جو طریقہ دور جاہلیت میں رائج تھا، اسلام نے اس میں کسی ترمیم کے بغیر اسی طرح باقی رکھا۔ احناف کی یہی رائے ہے۔

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ اَخْبَرَنَا مُطَرِّفٌ سَمِعْتُ اَبَاالسَّفْرِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ بْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اسْمَعُوْا مِنِّيْ مَا اَقُوْلُ لَكُمْ وَاسْمِعُوْنِيْ مَايَقُوْلُوْنَ وَلَاتَذْهَبُوْا فَتَقُوْلُوْا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ فَلْيَطُفْ مِنْ وَرَاءِ الْحِجْرِ وَلَا تَقُوْلُوْا الْحَطِيْمُ فَاِنَّ الرَّجُلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَانَ يَحْلِفُ فَيُلْقِيْ سَوْطَه' اَوْنَعْلَه' اَوْقَوْسَه'

نے حدیث بیان کی، انہیں مطرف نے خبر دی، انہوں نے ابوالسفر سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے فرمایا، اے لوگو! میری باتیں سنو کہ میں تم سے کیا بیان کرتا ہوں اور (جو کچھ تم نے سمجھا ہے) وہ مجھے سناؤ، ایسا نہ ہو کہ تم لوگ یہاں سے اٹھ کر (بغیر سمجھے) چلے جاؤ اور پھر کہنے لگو کہ ابن عباس نے یوں کہا۔ جو شخص بھی بیت اللہ کا طواف کرے تو اسے حطیم کے پیچھے سے طواف کرنا چاہئے، اور اسے حطیم نہ کہا کرو، کیونکہ زمانہ جاہلیت میں جب کوئی شخص قسم کھایا کرتا تو اپنا کوڑا، جوتا یا کمان یہاں ڈال جایا کرتا تھا۔ ❶

(۱۰۲۹) حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قِرَدَةً اجْتَمَعَ عَلَيْهَا قِرَدَةٌ قَدْ زَنَتْ فَرَجَمُوْهَا فَرَجَمْتُهَا مَعَهُمْ

۱۰۲۹۔ ہم سے نعیم بن حماد نے حدیث بیان کی ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے عمرو بن میمون نے بیان کیا کہ میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک بندر دیکھا اس کے چاروں طرف بہت سے بندر جمع ہو گئے تھے۔ اس بندر نے زنا کی تھی اس لئے سبھوں نے مل کر اسے رجم کیا اور ان کے ساتھ میں نے بھی اس پر پتھر مارے۔

(۱۰۳۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ خِلَالٌ مِنْ خِلَالِ الْجَاهِلِيَّةِ الطَّعْنُ فِي الْاَنْسَابِ وَالنِّيَاحَةُ وَنَسِيَ الثَّالِثَةَ قَالَ سُفْيَانُ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهَا الْاِسْتِسْقَاءُ بِالْاَنْوَاءِ

۱۰۳۰۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے فرمایا کہ جاہلیت کی عادتوں میں سے نسب کے معاملے میں طعنہ زنی اور میت پر نوحہ بھی ہے، تیسری عادت کے متعلق (عبید اللہ) بھول گئے تھے اور سفیان نے بیان کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ وہ تیسری عادت نچھتروں سے بارش مانگنا تھی۔

باب ۴۴۲. مُبْعَثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مُنَافِ ابْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسِ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ

۴۴۲۔ نبی کریم ﷺ کی بعثت۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

(۱۰۳۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ رَجَاءٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ

۱۰۳۱۔ ہم سے احمد بن ابی رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے نضر نے

❶ عرب کی عادت تھی کہ جب کسی اہم معاملہ میں ثبوت نہ ملتا اور قسم کھانی پڑتی تو یہیں آ کر قسم کھایا کرتے تھے اور اس کے ثبوت کے طور پر کوئی چیز یہاں ڈال جایا کرتے تھے۔ اور اسے اس وقت تک نہیں اٹھاتے تھے جب تک ان کی قسم کا صحیح ہونا نہ ثابت ہو جاتا۔ اور اسی لئے اس حصے کو حطیم کہتے ہیں ابن عباسؓ نے حطیم کی اسی مناسبت کے پیش نظر اسے حطیم کہنے سے منع کیا تھا لیکن امت نے اس سلسلے میں ابن عباسؓ کی اتباع نہیں کی اور بغیر کسی نکیر کے اسے حطیم ہی کہتے چلے آئے ہیں۔

عَنْ هِشَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ أُنْزِلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعِيْنَ وَمَكَثَ بِمَكَّةَ ثَلٰثَ عَشْرَةَ سَنَةً ثُمَّ أُمِرَ بِالْهِجْرَةِ فَهَا جَرَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَمَكَثَ بِهَا عَشْرَ سِنِيْنَ ثُمَّ تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ چالیس سال کی عمر میں پہنچے تو آپ ﷺ پر نزول وحی کا سلسلہ شروع ہوا، اس کے بعد آنحضور نے تیرہ سال تک مکہ معظمہ میں قیام فرمایا، پھر آپ کو ہجرت کا حکم ہوا اور آپ مدینہ منورہ ہجرت کر کے چلے گئے وہاں دس سال آپ نے قیام فرمایا، اور پھر آپ نے وفات فرمائی۔

باب ۴۴۳. مَالَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَكَّةَ

۴۴۳۔ نبی کریم ﷺ اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مکہ میں مشرکین کے ہاتھوں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

(۱۰۳۲) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا بَيَانٌ وَاِسْمَاعِيْلُ قَالَا سَمِعْنَا قَيْسًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ خَبَّابًا يَقُوْلُ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً وَهُوَ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِيْنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شِدَّةً فَقُلْتُ اَلَا تَدْعُوا اللّٰهَ فَقَعَدَ وَهُوَ مُحْمَرٌّ وَجْهُهٗ فَقَالَ لَقَدْ كَانَ مَنْ قَبْلَكُمْ لَيُمْشَطُ بِمِشَاطِ الْحَدِيْدِ مَا دُوْنَ عِظَامِهٖ مِنْ لَحْمٍ اَوْعَصَبٍ مَايَصْرِفُهٗ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ وَيُوْضَعُ الْمِنْشَارُ عَلٰى مَفْرِقِ رَأْسِهٖ فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ مَايَصْرِفُهٗ ذٰلِكَ عَنْ دِيْنِهٖ وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلٰى حَضْرَ مَوْتَ مَايَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ زَادَ بَيَانٌ وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهٖ

۱۰۳۲۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے بیان اور اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے کہا کہ ہم نے قیس سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے خباب رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک مرتبہ حاضر ہوا تو آپ کعبہ کے سائے تلے چادر مبارک پر ٹیک لگائے بیٹھے تھے مشرکین مکہ سے ہمیں انتہائی شدید تکالیف اور مصائب کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے آپ دعا کیوں نہیں فرماتے اس پر آنحضور ﷺ سیدھے بیٹھ گئے، چہرہ مبارک سرخ ہوگیا اور فرمایا تم سے پہلی امتوں میں (مسلمانوں پر اس طرح مظالم ڈھائے گئے کہ) لوہے کی کنگھوں کو ان کے گوشت اور پٹھوں سے گذار کر ان کی ہڈیوں تک پہنچا دیا گیا اور یہ معاملہ بھی انہیں ان کے دین سے نہ پھیر سکا کسی کے سر پر آرا رکھ کر اس کے دو ٹکڑے کر دیئے گئے اور یہ بھی انہیں ان کے دین سے نہ پھیر سکا، اس دین اسلام کو تو اللہ تعالیٰ خود ہی تمام وکمال تک پہنچائے گا کہ ایک سوار صنعاء سے حضر موت تک (تنہا) جائے گا اور (راستے میں) اسے اللہ کے سوا اور کسی کا خوف نہ ہوگا۔ بیان نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا کہ ''سوا بھیڑیئے کے کہ اس سے اپنی بکریوں کے معاملہ میں خوف ہوگا۔''

(۱۰۳۳) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ ابْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّجْمَ فَسَجَدَ فَمَا بَقِيَ اَحَدٌ اِلَّا سَجَدَ اِلَّا رَجُلٌ رَاَيْتُهٗ اَخَذَ كَفًّا مِنْ حَصًا فَرَفَعَهٗ فَسَجَدَ عَلَيْهِ وَقَالَ هٰذَا

۱۰۳۳۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے سورۂ نجم پڑھی اور سجدہ کیا، اس وقت حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تمام لوگوں نے سجدہ کیا صرف ایک شخص کو میں نے دیکھا کہ اپنے ہاتھ میں اس نے کنکریاں اٹھا کر اس

يَكْفِينِي فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا

پر اپنا سر رکھ دیا اور کہنے لگا کہ میرے لئے بس اتنا ہی کافی ہے میں نے پھر اسے دیکھا کہ کفر کی حالت میں قتل کیا گیا۔

(۱۰۳۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَحَوْلَهُ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ بِسَلَى جَزُورٍ فَقَذَفَهُ عَلَى ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ رضى الله عنها فَأَخَذَتْهُ مِنْ ظَهْرِهِ وَدَعَتْ عَلَى مَنْ صَنَعَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَأَ مِنْ قُرَيْشٍ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ شُعْبَةُ الشَّاكُّ فَرَأَيْتُهُمْ قُتِلُوا يَوْمَ بَدْرٍ فَأُلْقُوا فِي بِئْرٍ غَيْرَ أُمَيَّةَ أَوْ أُبَيٍّ تَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُ فَلَمْ يُلْقَ فِي الْبِئْرِ

۱۰۳۴۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے، ان سے عمرو بن میمون نے اور اس سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ (نماز پڑھتے ہوئے) سجدہ کی حالت میں تھے۔ قریش کے کچھ افراد وہیں قریب میں موجود تھے اتنے میں عقبہ بن معیط اونٹ کی اوجھڑی لایا اور حضور اکرم ﷺ کی پشت مبارک پر اسے ڈال دیا، اس کی وجہ سے آنحضور ﷺ نے اپنا سر نہیں اٹھایا۔ پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں اور گندگی کو پشت مبارک سے ہٹایا اور جس نے ایسا کیا تھا اسے بددعا دی، آنحضور ﷺ نے بھی ان کے حق میں بددعا کی کہ اے اللہ! قریش کی اس جماعت کو پکڑ لیجئے، ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف یا۔ (امیہ کے بجائے آپ نے بددعا) ابی بن خلف (کے حق میں فرمائی) شبہ راوی حدیث شعبہ کو تھا۔ (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ) پھر میں نے دیکھا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر یہ سب قتل کر دیئے گئے تھے اور ایک کنویں میں انہیں ڈال دیا گیا تھا۔ سوا امیہ یا ابی کے، کہ اس کا ایک ایک جوڑ الگ ہو گیا تھا۔ اس لئے کنویں میں نہیں پھینکا جا سکا۔

(۱۰۳۵) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ أَوْ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ أَمَرَنِي عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ أَبْزَى قَالَ سَلِ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ هَاتَيْنِ الْآيَتَيْنِ مَا أَمْرُهُمَا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَمَّا أُنْزِلَتِ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ قَالَ مُشْرِكُو أَهْلِ مَكَّةَ فَقَدْ قَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ وَدَعَوْنَا مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَقَدْ أَتَيْنَا الْفَوَاحِشَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ فَهٰذِهِ لِأُولٰئِكَ وَأَمَّا الَّتِي فِي النِّسَاءِ الرَّجُلُ إِذَا عَرَفَ الْإِسْلَامَ وَشَرَائِعَهُ ثُمَّ قَتَلَ

۱۰۳۵۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے سعید بن جبیر نے حدیث بیان کی یا (منصور نے اس طرح) بیان کیا کہ مجھ سے حکم نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ مجھ سے عبدالرحمن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ان دو آیتوں کے متعلق پوچھو کہ ان میں مطابقت کس طرح پیدا کی جا سکتی ہے، (ایک آیت) "ولاتقتلوا النفس التی حرم اللّٰہ" اور (دوسری آیت) "ومن یقتل مؤمنا متعمدا" ● ابن عباس رضی اللہ عنہ سے میں نے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ جب سورۂ فرقان کی آیت نازل ہوئی تو مشرکین مکہ نے کہا، ہم نے تو ان جانوں کا بھی قتل کیا ہے جن کے قتل کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا تھا، ہم اللہ کے سوا دوسرے معبودوں کی عبادت بھی کرتے

● پہلی آیت سے توبہ کے بعد معافی کا اور دوسری آیت سے مطلقاً وجوب جزاء کا ثبوت ہوتا ہے، تو ان دونوں میں توفیق کی کیا صورت ہو سکتی ہے؟

فَجَزَائُه، جَهَنَّمُ فَذَكَرْتُه، لِمُجَاهِدٍ فَقَالَ اِلَّا مَنْ نَدِمَ

رہے ہیں اور فواحش کا بھی ہم نے ارتکاب کیا ہے (پھر اسلام میں داخل ہوکر ہمیں کیا فائدہ پہنچ جائے گا؟) اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی کہ "الا من تاب و امن" (وہ لوگ اس حکم میں مستثناء ہیں جو توبہ کر لیں اور ایمان لائیں) تو یہ آیت ان کے حق میں تھی۔ لیکن سورۃ النساء کی آیت اس شخص کے بارے میں ہے جو اسلام اور شرائع اسلام کی معرفت کے بعد کسی کو قتل کرتا ہے تو اس کی جزاء جہنم ہے۔ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے اس ارشاد کا ذکر مجاہد سے کیا تو انہوں نے فرمایا کہ لیکن وہ لوگ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں جو توبہ کر لیں۔

(۱۰۳۶) حَدَّثَنَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَخْبِرْنِي بِاَشَدِّ شَيْءٍ صَنَعَهُ الْمُشْرِكُوْنَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِي حِجْرِا لكَعْبَةِ اِذْ اَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ اَبِي مُعَيْطٍ فَوَضَعَ ثَوْبَه، فِي عُنُقِهٖ فَخَنَقَه، خَنْقًا شَدِيْدًا فَاَقْبَلَ اَبُوْبَكْرٍ حَتّٰى اَخَذَ بِمُنْكِبِهٖ وَدَفَعَه، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلاً اَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ الْاٰيَةَ تَابَعَهُ ابْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ قُلْتُ لِعَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو وَقَالَ عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قِيْلَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ

۱۰۳۶۔ ہم سے عیاش بن ولید نے حدیث بیان کی، ان سے ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن ابراہیم تیمی نے بیان کیا کہ مجھ سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے پوچھا مجھے مشرکین کے سب سے سخت معاملے کے متعلق بتایئے جو مشرکین نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا تھا، آپ نے فرمایا، نبی کریم ﷺ کعبہ کے قریب نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط آیا اور اپنا کپڑا حضور اکرم ﷺ کی گردن مبارک میں پھنسا کر زور سے آپ ﷺ کا گلا گھونٹنے لگا۔ اتنے میں ابوبکر رضی اللہ عنہ آ گئے اور انہوں نے بدبخت کا کندھا پکڑ کر آنحضور ﷺ کے پاس سے اسے ہٹا دیا اور کہا، کیا تم لوگ ایک شخص کو صرف اس لئے مارڈالنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔ الآیہ۔ اس روایت کی متابعت ابن اسحاق نے کی (اور بیان کیا کہ) مجھ سے یحییٰ بن عروہ نے حدیث بیان کی اور ان سے عروہ نے کہ میں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ اور عبدہ نے بیان کیا۔ ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے کہ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا۔ اور محمد بن عمر نے بیان کیا، ان سے ابوسلمہ نے کہ مجھ سے عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔

باب ۴۴۵۔ اِسْلَامِ اَبِي بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۴۵۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسلام۔

(۱۰۳۸) حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادٍ الْاٰمِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ ابْنُ مُجَالِدٍ عَنْ بَيَانٍ عَنْ وَبَرَةَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ

۱۰۳۸۔ مجھ سے عبداللہ بن حماد آملی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن معین نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن مجالد نے حدیث بیان کی، ان سے بیان نے ان سے وبرہ نے اور ان سے ہمام

عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَامَعَهٗ إِلَّا خَمْسَةُ أَعْبُدٍ وَامْرَأَتَانِ وَأَبُوْبَكْرٍ

بن حارث نے بیان کیا کہ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس حالت میں بھی دیکھا ہے، جب آنحضور ﷺ کے ساتھ پانچ غلام، دو (۲) عورتوں اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہم کے سوا اور کوئی (مسلمان نہیں) تھا۔

باب ۴۴۵. إِسْلَامِ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۴۵۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا اسلام۔

(۱۰۳۹) حَدَّثَنِيْ إِسْحَاقُ أَخْبَرَنَا أَبُوْأُسَامَةَ حَدَّثَنَا هَاشِمٌ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَاإِسْحَاقَ سَعْدَ بْنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ مَاأَسْلَمَ أَحَدٌ إِلَّا فِي الْيَوْمِ الَّذِيْ أَسْلَمْتُ فِيْهِ وَلَقَدْ مَكَثْتُ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَّ إِنِّيْ لَثُلُثُ الْإِسْلَامِ

۱۰۳۹۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں ابواسامہ نے خبر دی ان سے ہاشم نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے سعید بن مسیب سے سنا، کہا کہ میں نے ابواسحاق سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جس دن میں اسلام لایا ہوں دوسرے حضرات (جنہیں سب سے پہلے اسلام میں داخل ہونے کا شرف حاصل ہے) بھی اسی دن اسلام لائے اور میں اسلام میں داخل ہونے والے تیسرے فرد کی حیثیت سے سات دن تک رہا۔

باب ۴۴۶. ذِكْرِ الْجِنِّ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ

۴۴۶۔ جنوں کا ذکر اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "آپ کہہ دیجئے کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے قرآن کو بغور سنا"

(۱۰۴۰) حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا أَبُوْأُسَامَةَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ مَعْنِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِيْ قَالَ سَأَلْتُ مَسْرُوْقًا مَنْ آذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِنِّ لَيْلَةَ اسْتَمَعُوا الْقُرْآنَ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ أَبُوْكَ يَعْنِيْ عَبْدَاللّٰهِ أَنَّهٗ آذَنَتْ بِهِمْ شَجَرَةٌ

۱۰۴۰۔ مجھ سے عبیداللہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے مسعر نے حدیث بیان کی، ان سے معن بن عبدالرحمن نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے مسروق سے پوچھا کہ جس رات جنوں نے قرآن مجید سنا تھا، اس کی اطلاع نبی کریم ﷺ کو کس نے دی تھی۔ مسروق نے فرمایا کہ مجھ سے تمہارے والد یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ آنحضور ﷺ کو جنوں کی اطلاع ایک درخت نے دی تھی۔

(۱۰۴۱) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَمْرُو ابْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهٗ كَانَ يَحْمِلُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِدَاوَةً لِوَضُوْئِهٖ وَحَاجَتِهٖ فَبَيْنَمَا هُوَ يَتْبَعُهٗ بِهَا فَقَالَ مَنْ هٰذَا فَقَالَ أَنَا أَبُوْهُرَيْرَةَ فَقَالَ ابْغِنِيْ أَحْجَارًا أَسْتَنْفِضْ بِهَا وَلَا تَأْتِنِيْ بِعَظْمٍ وَلَا بِرَوْثَةٍ فَأَتَيْتُهٗ بِأَحْجَارٍ أَحْمِلُهَا فِيْ طَرَفِ ثَوْبِيْ حَتّٰى وَضَعْتُهَا إِلٰى جَنْبِهٖ ثُمَّ انْصَرَفْتُ حَتّٰى إِذَا

۱۰۴۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے میرے دادا نے خبر دی اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ آپ رسول اللہ ﷺ کے وضو اور قضاء حاجت کے لئے (پانی کا) ایک برتن لئے آنحضور ﷺ کے ساتھ تھے، آپ برتن لئے ہوئے آنحضور ﷺ کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے کہ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کون صاحب ہیں؟ بتایا کہ ابوہریرہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ) استنجے کے لئے چند پتھر تلاش کر لاؤ اور ہاں، ہڈی اور لید نہ لانا۔ پھر میں پتھر لے کر حاضر ہوا، میں انہیں اپنے کپڑے

فَرَغَ مَشَيْتُ فَقُلْتُ مَابَالُ الْعَظْمِ وَالرَّوْثَةِ قَالَ هُمَا مِنْ طَعَامِ الْجِنِّ وَاِنَّه' اَتَانِىْ وَفْدُ جِنِّ نَصِيْبِيْنَ وَنِعْمَ الْجِنُّ فَسَاَلُوْنِى الزَّادَ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ لَهُمْ اَنْ لَايَمُرُّوا بِعَظْمٍ وَلَابِرَوْثَةٍ اِلَّا وَجَدُوْا عَلَيْهَا طَعَامًا

میں رکھے ہوئے تھا اور لا کر آنحضور ﷺ کے قریب اسے رکھ دیا اور وہاں سے واپس چلا آیا۔ آنحضور ﷺ جب قضاء حاجت سے فارغ ہو گئے تو میں پھر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، ہڈی اور لید کے لانے سے آنحضور ﷺ نے منع کیوں فرمایا تھا؟ فرمایا کہ اس لئے کہ وہ جنوں کی خوراک ہیں، میرے پاس نصیبین کے جنوں کا ایک وفد آیا تھا، اور کیا ہی وہ اچھے جن تھے! تو انہوں نے مجھ سے اپنی خوراک کے متعلق کہا۔ میں نے ان کے لئے اللہ سے دعا کی کہ جب بھی ہڈی یا لید پر ان کی نظر پڑے تو وہ ان کے لئے ان کے کھانے کی چیز بن جائے۔

باب۷ ۴۴. اِسْلَامِ اَبِىْ ذَرٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۴۷۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا اسلام۔

(۱۰۴۲) حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى عن ابى جمرةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا بَلَغَ اَبَاذَرٍّ مَبْعَثُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ لِاَخِيْهِ ارْكَبْ اِلٰى هٰذَا الْوَادِىْ فَاعْلَمْ لِىْ عِلْمَ هٰذَاالرَّجُلِ الَّذِىْ يَزْعُمُ اَنَّه' نَبِىٌّ يَاتِيْهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ وَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهٖ ثُمَّ ائْتِنِىْ فَانْطَلَقَ الْاَخُ حَتّٰى قَدِمَه' وَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى اَبِىْ ذَرٍّ فَقَالَ لَه' رَاَيْتُه' يَامُرُ بِمَكَارِمِ الْاَخْلَاقِ وَكَلَامًا مَاهُوَ بِالشِّعْرِ فَقَالَ مَاشَفَيْتَنِىْ مِمَّا اَرَدْتُّ فَتَزَوَّدَ وَحَمَلَ شَنَّةً لَه' فِيْهَامَاءٌ حَتّٰى قَدِمَ مَكَّةَ فَاَتَى الْمَسْجِدَ فَالْتَمَسَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَلَا يَعْرِفُه' وَكَرِهَ اَنْ يَسْاَلَ عَنْهُ حَتّٰى اَدْرَكَه' بَعْضُ اللَّيْلِ فَاضْطَجَعَ فَرَاٰهُ عَلِىٌّ فَعَرَفَ اَنَّه' غَرِيْبٌ فَلَمَّا رَاٰهُ تَبِعَه' فَلَمْ يَسْاَلْ وَاحِدٌ مِنْهُمَاصَاحِبَه' عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى اَصْبَحَ ثُمَّ احْتَمَلَ قِرْبَتَه' وَزَادَه' اِلَى الْمَسْجِدِ وَظَلَّ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَلَا يَرَاهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم حَتّٰى اَمْسٰى فَعَادَاِلٰى مَضْجَعِهٖ فَمَرَّبِهٖ عَلِىٌّ فَقَالَ اَمَا نَالَ لِلرَّجُلِ اَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَه' فَاَقَامَه' فَذَهَبَ بِهٖ مَعَه' لَايَسْاَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَه' عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ فَعَادَ عَلِىٌّ مِثْلَ ذٰلِكَ فَاَقَامَ مَعَه' ثُمَّ

۱۰۴۲۔ مجھ سے عمرو بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجمرہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب ابوذر رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے متعلق معلوم ہوا تو انہوں نے اپنے بھائی سے کہا، وادی مکہ کے لئے سواری تیار کر لو اور اس شخص کے بارے میں جو نبی ہونے کا دعویدار ہے اور کہتا ہے کہ اس کے پاس آسمان سے خبر آتی ہے، میرے لئے معلومات حاصل کر کے لاؤ، اس کی باتوں کو خوب غور سے سننا اور پھر میرے پاس آنا، ان کے بھائی وہاں سے چلے اور مکہ حاضر ہو کر آنحضور ﷺ کی احادیث خود سنیں پھر واپس ہو کر انہوں نے ابوذر رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ میں نے انہیں خود دیکھا ہے وہ اچھے اخلاق و عادات کی تلقین کرتے ہیں اور میں نے ان سے جو کلام سنا ہے (یعنی قرآن مجید) وہ شعر نہیں ہے اس پر ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ جس مقصد کے لئے میں نے تمہیں بھیجا تھا، مجھے اس سلسلہ میں پوری طرح تشفی نہیں ہوئی۔ چنانچہ انہوں نے خود رخت سفر باندھا، پانی سے بھرا ہوا ایک مشکیزہ ساتھ لیا اور مکہ آئے۔ مسجد الحرام میں حاضری دی اور یہاں نبی کریم ﷺ کو تلاش کیا، ابوذر رضی اللہ عنہ، آنحضور ﷺ کو پہچانتے نہیں تھے اور کسی سے آنحضور ﷺ کے متعلق پوچھنا بھی پسند نہیں کرتے تھے ایک رات کا واقعہ ہے کہ آپ لیٹے ہوئے تھے، حضرت علی ؓ نے آپ کو اس حالت میں دیکھا اور سمجھ گئے کہ کوئی مسافر ہے (حضرت علی ؓ نے ان سے فرمایا کہ آپ میرے گھر چل کر آرام کیجئے) ابوذر رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے پیچھے چلے گئے لیکن کسی نے ایک دوسرے کے متعلق

قَالَ اَلَا تُحَدِّثُنِیْ مَاالَّذِیْ اَقْدَمَکَ قَالَ اِنْ اَعْطَیْتَنِیْ عَهْدًا وَمِیْثَاقًا لَتُرْشِدَ نَّنِیْ فَعَلْتُ فَفَعَلَ فَاَخْبَرَه' قَالَ فَاِنَّه' حَقٌّ وَهُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَاِذَا اَصْبَحْتَ فَاتْبَعْنِیْ فَاِنِّیْ اِنْ رَاَیْتُ شَیْئًا اَخَافُ عَلَیْکَ قُمْتُ کَاَنِّیْ اُرِیْقُ الْمَاءَ فَاِنْ مَضَیْتُ فَاتْبَعْنِیْ حَتّٰی تَدْخُلَ مَدْخَلِیْ فَفَعَلَ فَانْطَلَقَ یَقْفُوْهُ حَتّٰی دَخَلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَدَخَلَ مَعَه' فَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهٖ وَاَسْلَمَ مَکَانَه' فَقَالَ لَه' النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم اِرْجِعْ اِلٰی قَوْمِکَ فَاَخْبِرْهُمْ حَتّٰی یَاتِیَکَ اَمْرِیْ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَاَصْرُخَنَّ بِهَا بَیْنَ ظَهْرَا نَیْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰی اَتَی الْمَسْجِدَ فَنَادٰی بِاَعْلٰی صَوْتِهٖ اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ قَامَ الْقَوْمُ فَضَرَبُوْهُ حَتّٰی اَضْجَعُوْهُ وَاَتَی الْعَبَّاسُ فَاَکَبَّ عَلَیْهِ قَالَ وَیْلَکُمْ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّه' مِنْ غِفَارٍ وَاَنَّ طَرِیْقَ تِجَارِ کُمْ اِلَی الشَّامِ فَاَنْقَذَه' مِنْهُمْ ثُمَّ عَادَ مِنَ الْغَدِ لِمِثْلِهَا فَضَرَبُوْهُ وَثَارُوْا اِلَیْهِ فَاَکَبَّ الْعَبَّاسُ عَلَیْهِ

نہیں پوچھا جب صبح ہوئی تو ابوذر رضی اللہ عنہ نے پھر اپنا مشکیزہ اور رخت سفر اٹھایا اور مسجد الحرام میں آ گئے یہ دن بھی یونہی گذر گیا اور آپ نبی کریم ﷺ کو نہ دیکھ سکے۔ شام ہوئی تو سونے کی تیاری کرنے لگے کہ علی رضی اللہ عنہ پھر وہاں سے گزرے اور سمجھ گئے کہ ابھی یہ شخص اپنی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکا آپ انہیں وہاں سے پھر اپنے ساتھ لے آئے اور آج بھی کسی نے ایک دوسرے کے متعلق کچھ نہیں پوچھا، تیسرا دن جب ہوا اور علی رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ یہی معاملہ کیا اور اپنے ساتھ لے گئے تو ان سے پوچھا کہ کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ یہاں آپ کے آنے کا باعث کیا ہے؟ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر آپ مجھ سے پختہ وعدہ کر لیں کہ میری راہنمائی کریں گے تو میں آپ سے سب کچھ بتا دوں علی رضی اللہ عنہ نے وعدہ کر لیا تو آپ نے انہیں صورت حال کی اطلاع دی علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بلاشبہ وہ حق پر ہیں اور اللہ کے رسول ہیں ﷺ۔ اچھا صبح کو آپ میرے پیچھے پیچھے میرے ساتھ چلیں اگر میں نے (راستے میں) کوئی ایسی بات محسوس کی جس سے مجھے آپ کے بارے میں کوئی خطرہ ہوا تو میں کھڑا ہو جاؤں گا (کسی دیوار کے قریب) گویا مجھے پیشاب کرنا ہے (اس وقت آپ میرا انتظار نہ کریں) اور جب میں پھر چلنے لگوں تو میرے پیچھے آ جائیں (تا کہ کوئی سمجھ نہ سکے کہ دونوں حضرات ساتھ ہیں اور اس طرح جس گھر میں، میں داخل ہوں۔ آپ بھی داخل ہو جائیں انہوں نے ایسا ہی کیا اور پیچھے پیچھے چلے تا آنکہ علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچ گئے، آنحضور ﷺ کی باتیں سنیں اور وہیں اسلام لائے پھر آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، اب اپنی قوم میں واپس جاؤ اور انہیں میرے متعلق بتاؤ تا آنکہ جب ہمارے ظہور اور غلبہ کا علم ہو جائے (تو پھر ہمارے پاس آ جاؤ) ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اس ذات کی قسم، جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے میں ان قریشیوں کے مجمع میں بانگ دہل کلمہ توحید و رسالت کا اعلان کروں گا چنانچہ آنحضور ﷺ کے یہاں سے واپس آپ مسجد حرام میں آئے اور بلند آواز سے کہا کہ ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔'' سارا مجمع ٹوٹ پڑا اور اتنا مارا کہ آپ گر پڑے۔ اتنے میں عباس (رضی اللہ عنہ) آ گئے اور ابوذر رضی اللہ عنہ کے اوپر اپنے کو ڈال کر، قریش سے فرمایا، افسوس! کیا تمہیں معلوم

نہیں کہ اس شخص کا تعلق قبیلہ غفار سے ہے اور شام جانے والے تمہارے تاجروں کا راستہ ادھر ہی سے پڑتا ہے اس طرح ان سے آپ کو بچایا۔ پھر ابوذر رضی اللہ عنہ دوسرے دن مسجد حرام میں آئے اور اپنے اسلام کا اظہار کیا قوم بری طرح آپ پر ٹوٹ پڑی اور مارنے لگے۔ اس دن بھی عباسؓ نے ہی آپ کو بچایا۔

باب ۴۴۸. اِسْلَامِ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۴۸۔ سعید بن زید رضی اللہ عنہ کا اسلام۔

(۱۰۴۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ فِيْ مَسْجِدِ الْكُوْفَةِ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ وَاِنَّ عُمَرَ لَمُوْثِقِيْ عَلَى الْاِسْلَامِ قَبْلَ اَنْ يُسْلِمَ عُمَرُ وَلَوْ اَنَّ اُحُدًا ارْفَضَّ لِلَّذِيْ صَنَعْتُمْ بِعُثْمَانَ لَكَانَ مَحْقُوْقًا اَنْ يَرْفَضَّ.

۱۰۴۳۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے ان سے قیس نے بیان کیا کہ میں نے کوفہ کی مسجد میں سعید بن زید بن عمرو بن نفیلؓ سے سنا، آپ بیان کر رہے تھے کہ ایک وقت تھا جب عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام لانے سے پہلے، مجھے اس وجہ سے باندھ رکھا تھا کہ میں نے اسلام کیوں قبول کیا لیکن جو کچھ تم لوگوں نے عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ کیا ہے (انہیں قتل کر کے) اس کی وجہ سے اگر احد پہاڑ بھی اپنی جگہ چھوڑ دے تو اسے ایسا ہی کرنا چاہئے۔ ❶

باب ۴۴۹. اِسْلَامِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۴۹۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا اسلام۔

(۱۰۴۴) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مَازِلْنَا اَعِزَّةً مُنْذُ اَسْلَمَ عُمَرُ

۱۰۴۴۔ مجھ سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں اسماعیل بن ابی خالد نے، انہیں قیس بن ابی حازم نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کے بعد ہم ہمیشہ غالب رہے۔

(۱۰۴۵) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ فَاَخْبَرَنِيْ جَدِّيْ زَيْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ فِي الدَّارِ خَائِفًا اِذْجَاءَهُ الْعَاصُ بْنُ وَائِلِ السَّهْمِيُّ اَبُوْعَمْرٍو وَعَلَيْهِ حُلَّةُ حِبَرَةٍ وَقَمِيْصٌ مَكْفُوْفٌ بِحَرِيْرٍ وَهُوَ مِنْ بَنِيْ سَهْمٍ وَهُمْ حُلَفَاؤُنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ لَهُ مَابَالُكَ قَالَ زَعَمَ قَوْمُكَ اَنَّهُمْ

۱۰۴۵۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمر بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں ان کے دادا زید بن عبداللہ بن عمر نے خبر دی، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ (اسلام لانے کے بعد، قریش سے) خوفزدہ ہو کر گھر میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ابو عمرو عاص بن وائل سہمی اندر آیا، دھاری دار حلہ اور ریشمی گوٹ کی قمیص پہنے ہوئے تھا، اس کا تعلق قبیلہ بنو سہم سے تھا جو زمانہ جاہلیت میں ہمارے حلیف تھے۔ عاص نے عمر رضی

❶ گویا حضرت سعید رضی اللہ عنہ انقلاب زمانہ پر حیرت زدہ ہیں کہ ایک وقت تھا جب عمر رضی اللہ عنہ جو اس وقت تک اسلام نہیں لائے تھے، ایک مسلمان سے جو ان کا عزیز و قریب بھی تھا اس طرح کا طرز عمل اختیار کرتے تھے۔ اور کیونکہ وہ کافر تھے اس وجہ سے ایک مسلمان کو انہوں نے جذبہ انتقام کی وجہ سے باندھ رکھا تھا۔ لیکن اب کفر و اسلام کا سوال اٹھ گیا، خود مسلمانوں نے اسلام کے دعوے کے باوجود ایک مسلمان، جلیل القدر صحابی مبشر بالجنہ کو جو ان کا امیر بھی ہے کس بیدردی سے قتل کر ڈالا ہے

سَيَقْتُلُوْنِيْ اِنْ اَسْلَمْتُ قَالَ لَا سَبِيْلَ اِلَيْكَ بَعْدَ اَنْ قَالَهَا اٰمِنْتُ فَخَرَجَ الْعَاصُ فَلَقِيَ النَّاسَ قَدْ سَالَ بِهِمُ الْوَادِيْ فَقَالَ اَيْنَ تُرِيْدُوْنَ فَقَالُوْا نُرِيْدُ هٰذَا ابْنَ الْخَطَّابِ الَّذِيْ صَبَا قَالَ لَاسَبِيْلَ اِلَيْهِ فَكَرَّ النَّاسُ

اللہ عنہ سے کہا کیا بات ہے؟ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہاری قوم میرے قتل پر تلی بیٹھی ہے کیونکہ میں نے اسلام قبول کرلیا ہے۔ اس نے کہا "تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔" جب اس نے یہ کلمہ کہہ دیا تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر میں بھی اپنے کو امان میں سمجھتا ہوں۔ اس کے بعد عاص باہر نکلا تو دیکھا کہ وادی میں انسانوں کا سمندر موجیں لے رہا ہے۔ اس نے پوچھا، کدھر کا رخ ہے؟ انہوں نے کہا اس ابن خطاب کی طرف جو بے دین ہو گیا ہے۔ عاص نے کہا اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ یہ سنتے ہی لوگ واپس ہو گئے۔

(۱۰۴۶) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ سَمِعْتُهُ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا لَمَّا اَسْلَمَ عُمَرُ اجْتَمَعَ النَّاسُ عِنْدَ دَارِهِ وَقَالُوْا صَبَا عُمَرُ وَاَنَا غُلَامٌ فَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِيْ فَجَاءَ رَجُلٌ عَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْ دِيْبَاجٍ فَقَالَ قَدْ صَبَا عُمَرُ فَمَا ذَاكَ فَاَنَا لَهُ جَارٌ قَالَ فَرَاَيْتُ النَّاسَ تَصَدَّعُوْا عَنْهُ فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا الْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ

۱۰۴۶۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے عمرو بن دینار سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے تو لوگ آپ کے گھر کے قریب جمع ہو گئے اور کہنے لگے کہ عمر بے دین ہو گیا ہے میں ان دنوں بچہ تھا اور اس وقت اپنے گھر کی چھت پر چڑھا ہوا تھا۔ اتنے میں ایک شخص آیا۔ ریشم کی قبا پہنے ہوئے۔ اس شخص نے لوگوں سے کہا۔ ٹھیک ہے عمر بے دین ہو گیا، لیکن یہ مجمع کیسا ہے؟ میں نے دیکھا کہ مجمع اسی وقت چھٹ گیا۔ میں نے پوچھا یہ کون صاحب تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عاص بن وائل۔

(۱۰۴۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ اَنَّ سَالِمًا حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَاسَمِعْتُ عُمَرَ لِشَيْءٍ قَطُّ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَظُنُّهُ كَذَا اِلَّاكَانَ كَمَا يَظُنُّ بَيْنَمَا عُمَرُ جَالِسٌ اِذْ مَرَّبِهِ رَجُلٌ جَمِيْلٌ فَقَالَ لَقَدْ اَخْطَاَظَنِّيْ اَوْ اِنَّ هٰذَا عَلٰى دِيْنِهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَوْلَقَدْ كَانَ كَاهِنَهُمْ عَلَيَّ الرَّجُلُ فَدُعِيَ لَهُ فَقَالَ لَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ اُسْتُقْبِلَ بِهِ رَجُلٌ مُسْلِمٌ قَالَ فَاِنِّيْ اَعْزِمُ عَلَيْكَ اِلَّا مَااَخْبَرْتَنِيْ قَالَ كُنْتُ كَاهِنَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ فَمَا اَعْجَبُ مَاجَاءَ تْكَ بِهِ جِنِّيَّتُكَ قَالَ بَيْنَمَا اَنَا يَوْمًا فِي السُّوْقِ جَاءَ تْنِيْ اَعْرِفُ فِيْهَا الْفَزَعَ فَقَالَتْ اَلَمْ تَرَ الْجِنَّ وَاِبْلَاسَهَا وَيَاْسَهَا مِنْ بَعْدِ اِنْكَاسِهَا وَلُحُوْقَهَا بِالْقِلَاصِ

۱۰۴۷۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمر نے حدیث بیان کی، ان سے سالم نے حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب بھی عمر رضی اللہ عنہ نے کسی چیز کے متعلق کہا ہو کہ میرا خیال ہے کہ یہ اس طرح ہے کہ وہ اسی طرح ہوئی جیسا وہ اس کے متعلق اپنا خیال ظاہر کرتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک خوبصورت شخص وہاں سے گذرا آپ نے فرمایا، یہ میرا خیال غلط ہے، یا یہ شخص اپنے جاہلیت کے دین پر اب بھی قائم ہے، یا زمانہ جاہلیت میں اپنی قوم کا کاہن رہا ہے۔ اچھا اس شخص کو میرے پاس بلاؤ وہ شخص بلایا گیا تو عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے سامنے بھی یہی بات دہرائی۔ اس پر اس نے کہا، ایک مسلمان سے جس طرح کا سوال آج کیا جا رہا ہے میں نے ایسا کبھی نہیں دیکھا! عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، لیکن میں تمہارے لئے ضروری قرار دیتا ہوں کہ تم مجھے اس سلسلے میں بتاؤ۔ اس

وَاَحْلَاسِهَا قَالَ عُمَرُ صَدَقَ بَيْنَمَا اَنَا نَائِمٌ عِنْدَ اٰلِهَتِهِمْ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ بِعِجْلٍ فَذَبَحَهُ فَصَرَخَ بِهٖ صَارِخٌ لَمْ اَسْمَعْ صَارِخًا قَطُّ اَشَدَّ صَوْتًا مِنْهُ يَقُوْلُ يَا جَلِيْحُ اَمْرٌ نَجِيْحٌ رَجُلٌ فَصِيْحٌ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَوَثَبَ الْقَوْمُ قُلْتُ لَا اَبْرَحُ حَتّٰى اَعْلَمَ مَاوَرَاءَ هٰذَا ثُمَّ نَادٰى يَاجَلِيْحُ اَمْرٌ نَجِيْحٌ رَجُلٌ فَصِيْحٌ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَقُمْتُ فَمَا نَشِبْنَا اَنْ قِيْلَ هٰذَا نَبِيٌّ

نے اقرار کیا کہ میں جاہلیت کے زمانہ میں اپنی قوم کا کاہن تھا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت فرمایا۔ غیب کی جو اطلاعات جنیہ تمہارے پاس لائی تھی اس کی سب سے حیرت انگیز کوئی خبر سناؤ؟ شخص مذکور نے کہا کہ ایک دن میں بازار میں تھا کہ جنیہ میرے پاس آئی میں نے محسوس کیا کہ وہ گھبرائی ہوئی ہے پھر اس نے کہا، جنوں کے متعلق تمہیں نہیں معلوم جب سے انہیں آسمانی خبروں کے سننے سے روک دیا گیا ہے، وہ کس درجہ مایوس اور خوفزدہ ہیں اور اب ان کی آمد ورفت بستیوں میں نہیں ہوگی، بلکہ اونٹوں کے ساتھ جنگل میں رہیں گے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم نے سچ کہا، ایک مرتبہ میں ان کے بتوں کے قریب سویا ہوا تھا۔ ایک شخص ایک بچھڑا لایا اور بت پر اسے ذبح کر دیا اس پر کسی چیخنے والے نے اتنی زور سے چیخ کر کہا کہ میں نے ایسی شدید چیخ کبھی نہیں سنی تھی اس نے کہا اے چست و چالاک شخص! کامیابی کی طرف لے جانے والا ایک امر ظاہر ہونے والا ہے۔ ایک فصیح شخص کہے گا کہ ''تیرے سوا (اے اللہ) کوئی معبود نہیں۔'' تمام لوگ اٹھ کھڑے ہوئے میں نے کہا اب میں یہ معلوم کئے بغیر نہ رہوں گا کہ اس کے پیچھے کیا چیز ہے۔ اتنے میں پھر وہی آواز آئی۔ اے چست و چالاک شخص! کامیابی کی طرف لے جانے والا امر ظاہر ہونے والا ہے، ایک فصیح شخص کہے گا تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور میں بھی کھڑا ہو گیا، کچھ ہی دن گذرے تھے کہ کہا جانے لگا، نبی مبعوث ہو گئے ہیں۔

(۱۰۴۸) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنَا قَيْسٌ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ يَقُوْلُ لِلْقَوْمِ لَوْ رَاَيْتُنِيْ مُوْثِقِيْ عُمَرُ عَلَى الْاِسْلَامِ اَنَا وَاُخْتَهٗ وَمَا اَسْلَمَ وَلَوْ اَنَّ اُحُدًا انْقَضَّ لِمَا صَنَعْتُمْ بِعُثْمَانَ لَكَانَ مَحْقُوْقًا اَنْ يَنْقَضَّ

۱۰۴۸۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے مسلمانوں کو مخاطب کر کے فرمایا ایک وقت تھا کہ عمر رضی اللہ عنہ جب اسلام میں داخل نہیں ہوئے تھے تو مجھے اور اپنی بہن کو اس لئے باندھ رکھا تھا کہ ہم اسلام کیوں لائے۔ تم نے جو کچھ عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ معاملہ کیا ہے۔ اگر اس پر احد پہاڑ بھی اپنی جگہ سے ٹل جائے تو اسے ایسا ہی کرنا چاہئے تھا۔

باب ۴۵۰. انْشِقَاقُ الْقَمَرِ

۴۵۰۔ شق قمر۔

(۱۰۴۹) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ

۱۰۴۹۔ مجھ سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی عروبہ نے حدیث

قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَهْلَ مَكَّةَ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُرِيَهُمْ آيَةً فَاَرَاهُمُ الْقَمَرَ شِقَّتَيْنِ حَتّٰى رَاَوْحِرَاءَ بَيْنَهُمَا

بیان کی ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ اہل مکہ نے رسول اللہ ﷺ سے معجزہ کا مطالبہ کیا تو آنحضور ﷺ نے چاند کے دو (۲) ٹکڑے کر کے (اللہ کے حکم سے) دکھا دیئے (وہ دونوں ٹکڑے اتنے فاصلہ پر ہو گئے تھے کہ) حراء پہاڑ ان دونوں کے درمیان حائل تھا۔

(۱۰۵۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى فَقَالَ اشْهَدُوْا وَذَهَبَتْ فِرْقَةٌ نَحْوَ الْجَبَلِ وَقَالَ اَبُوالضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اِنْشَقَّ بِمَكَّةَ وَتَابَعَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

۱۰۵۰۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے ابومعمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جس وقت چاند کے دو (۲) ٹکڑے ہوئے تھے تو ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ منیٰ کے میدان میں موجود تھے، آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ گواہ رہنا، چاند کا ایک ٹکڑا (دوسرے سے الگ ہو کر) پہاڑ کی طرف چلا گیا تھا۔ اور ابوالضحیٰ نے بیان کیا، ان سے مسروق نے، ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ شق قمر کا معجزہ مکہ میں پیش آیا تھا اس کی متابعت محمد بن مسلم نے کی، ان سے ابونجیح نے بیان کیا، ان سے مجاہد نے، ان سے ابومعمر نے، اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے۔

(۱۰۵۱) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ قَالَ حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْقَمَرَا نْشَقَّ عَلٰى زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۵۱۔ ہم سے عثمان بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن مضر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے جعفر بن ربیعہ نے حدیث بیان کی، ان سے عراک بن مالک نے، ان سے عبیداللہ بن عتبہ بن مسعود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں شق قمر کا معجزہ ہوا تھا۔

(۱۰۵۲) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ

۱۰۵۲۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابومعمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ چاند کے دو (۲) ٹکڑے ہوئے تھے (آنحضور کے معجزہ کے طور پر)

باب ۴۵۱. هِجْرَةِ الْحَبْشَةِ وَقَالَتْ عَائِشَةُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْتُ دَارَهِجْرَتِكُمْ ذَاتَ نَخْلٍ بَيْنَ لَابَتَيْنِ فَهَاجَرَ مَنْ هَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ وَرَجَعَ عَامَّةُ مَنْ كَانَ هَاجَرَ بِاَرْضِ الْحَبْشَةِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فِيْهِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى وَاَسْمَاءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۵۱۔ حبشہ کی ہجرت۔

عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، مجھے تمہاری ہجرت کی جگہ (خواب میں) دکھائی گئی ہے وہاں کھجور کے باغات ہیں دو پتھریلے میدانوں کے درمیان۔ چنانچہ جنہیں ہجرت کرنی تھی وہ مدینہ ہجرت کر کے چلے گئے، بلکہ جو مسلمان حبشہ ہجرت کر گئے تھے، وہ بھی مدینہ واپس چلے آئے۔ اس باب میں ابوموسیٰ اور اسماء رضی اللہ عنہا کی

روایات نبی کریم کے حوالے سے ہیں۔

(۱۰۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَخْبَرَ نَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عُبَيْدَاللّٰهِ ابْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ اَخْبَرَهُ' اَنَّ الْمِسْوَرَ ابْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ الْاَسْوَدِ ابْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ قَالَا لَهُ' مَايَمْنَعُكَ اَنْ تُكَلِّمَ خَالَكَ عُثْمَانَ فِيْ اَخِيْهِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ وَكَانَ اَكْثَرَ النَّاسُ فِيْمَا فَعَلَ بِهٖ قَالَ عُبَيْدُاللّٰهِ فَانْتَصَبْتُ لِعُثْمَانَ حِيْنَ خَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَقُلْتُ لَهُ' اِنَّ لِيْ اِلَيْكَ حَاجَةً وَهِيَ نَصِيْحَةٌ فَقَالَ اَيُّهَا الْمَرْءُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ فَانْصَرَفْتُ فَلَمَّا قَضَيْتُ الصَّلَاةَ جَلَسْتُ اِلَى الْمِسْوَرِ وَاِلَى ابْنِ يَغُوْثَ فَحَدَّثْتُهُمَا بِالَّذِيْ قُلْتُ لِعُثْمَانَ وَقَالَ لِيْ فَقَالَا قَدْ قَضَيْتَ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْكَ فَبَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ مَعَهُمَا اِذْ جَاءَ نِيْ رَسُوْلُ عُثْمَانَ فَقَالَا لِيْ قَدِ ابْتَلَاكَ اللّٰهُ فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ مَا نَصِيْحَتُكَ الَّتِيْ ذَكَرْتَ اٰنِفًا قَالَ فَتَشَهَّدْتُ ثُمَّ قُلْتُ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ وَكُنْتَ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰمَنْتَ بِهٖ وَهَاجَرْتَ الْهِجْرَتَيْنِ الْاَوْلَيَيْنِ وَصَحِبْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاَيْتَ هَدْيَهٗ وَقَدْ اَكْثَرَ النَّاسُ فِيْ شَانِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ فَحَقٌّ عَلَيْكَ اَنْ تُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدَّ فَقَالَ لِيْ يَاابْنَ اَخِيْ اَدْرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ لَاوَلٰكِنْ قَدْ خَلَصَ اِلَيَّ مِنْ عِلْمِهٖ مَاخَلَصَ اِلَى الْعَذْرَاءِ فِيْ سِتْرِهَا قَالَ فَتَشَهَّدَ عُثْمَانُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ وَكُنْتُ مِمَّنِ اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاٰمَنْتُ بِمَا بُعِثَ بِهٖ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۵۳۔ہم سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے ان سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی انہیں عبیداللہ بن عدی بن خیار نے خبر دی، انہیں مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن اسود بن عبدیغوث نے کہ ان دونوں حضرات نے عبیداللہ بن عدی بن خیار سے کہا، آپ اپنے ماموں (امیر المؤمنین) عثمان رضی اللہ عنہ سے ان کے بھائی ولید بن عقبہ کے بارے میں گفتگو کیوں نہیں کرتے ولید کی غلطیوں پر عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف سے گرفت نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں میں اس کا بڑا چرچا ہونے لگا۔عبید اللہ نے بیان کیا، چنانچہ جب عثمان رضی اللہ عنہ نماز پڑھنے نکلے تو میں ان کے پاس گیا اور عرض کی کہ مجھے آپ سے ایک ضرورت تھی، آپ کو ایک خیر خواہانہ مشورہ دینا تھا، اس پر انہوں نے فرمایا، میاں! تم سے تو میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ میں وہاں سے واپس چلا آیا۔نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں مسور بن مخرمہ اور ابن عبدیغوث کی خدمت میں حاضر ہوا اور عثمان رضی اللہ عنہ سے جو کچھ میں نے کہا تھا اور انہوں نے اس کا جو جواب مجھے دیا تھا۔سب میں نے بیان کر دیا۔ان حضرات نے فرمایا کہ تم نے اپنا حق ادا کر دیا ہے۔ابھی اسی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کا آدمی میرے پاس (بلانے کے لئے) آیا۔ان حضرات نے مجھ سے فرمایا تمہیں اللہ تعالیٰ نے امتحان میں ڈالا ہے آخر میں وہاں سے چلا اور عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔آپ نے دریافت فرمایا، تم ابھی جس خیر خواہی کا ذکر کر رہے تھے وہ کیا تھی؟ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں نے کلمہ شہادت پڑھ کر عرض کیا۔اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا اور ان پر اپنی کتاب نازل فرمائی۔آپ ان لوگوں میں سے تھے جنہوں نے آنحضور ﷺ کی دعوت پر لبیک کہا تھا۔آپ آنحضور ﷺ پر ایمان لائے، دو (۲) ہجرتیں کیں (ایک حبشہ کو دوسری مدینہ کو) آپ رسول اللہ ﷺ کی صحبت سے فیضیاب ہیں۔اور آنحضور ﷺ کے طریقوں کو دیکھا ہے ولید بن عقبہ کے بارے میں لوگوں میں اب بہت چرچا ہونے لگا ہے (اس کی شراب نوشی کے سلسلے میں) اس لئے آپ کے لئے ضروری ہے کہ (پوری طرح شرعی ثبوت حاصل کر کے) اس پر حد قائم کریں۔عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا صاحبزادے! کیا تم نے بھی رسول اللہ

وَهَاجَرْتُ الْهِجْرَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ كَمَا قُلْتَ وَصَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَايَعْتُه، وَاللّٰهِ مَاعَصَيْتُه، وَلَا غَشَشْتُه، حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَخْلَفَ اللّٰهُ اَبَابَكْرٍ فَوَاللّٰهِ مَاعَصَيْتُه، وَلَا غَشَشْتُه، ثُمَّ اسْتُخْلِفَ عُمَرُ فَوَاللّٰهِ مَاعَصَيْتُه، وَلَا غَشَشْتُه، حَتّٰى توفاه الله ثُمَّ اسْتُخْلِفْتُ اَفَلَيْسَ لِیْ عَلَيْكُمْ مِثْلُ الَّذِیْ كَانَ لَهُمْ عَلَیَّ قَالَ بَلٰى قَالَ فَمَا هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ الَّتِیْ تَبْلُغُنِیْ عَنْكُمْ فَاَمَّا مَاذَكَرْتَ مِنْ شَاْنِ الْوَلِيْدِ ابْنِ عُقْبَةَ فَسَنَاْخُذُ فِيْهِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ قَالَ فَجَلَدَالْوَلِيْدَ اَرْبَعِيْنَ جَلْدَةً وَاَمَرَ عَلِيًّا اَنْ يَّجْلِدَه، وَكَانَ هُوَ يَجْلِدُه، وَقَالَ يُوْنُسُ وَابْنُ اَخِی الزُّهْرِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَفَلَيْسَ لِیْ عَلَيْكُمْ مِنَ الْحَقِّ مِثْلُ الَّذِیْ كَانَ لَهُمْ

ﷺ کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی کہ نہیں، لیکن آنحضور ﷺ کا علم اس طرح حاصل کیا جیسے کنواری لڑکی اپنی پردے میں (مامون ومحفوظ) ہوتی ہے انہوں نے بیان کیا کہ پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی کلمہ شہادت پڑھ کر فرمایا، بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا اور آپ پر اپنی کتاب نازل کی۔ اور یہ بھی واقعہ ہے کہ میں ان لوگوں میں تھا جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی دعوت پر (ابتداء ہی میں) لبیک کہا تھا آنحضور ﷺ جس شریعت کو لے کر مبعوث ہوئے تھے، میں اس پر ایمان لایا، اور جیسا کہ تم نے کہا، میں نے دو (۲) ہجرتیں کیں، میں حضور ﷺ کی صحبت سے بھی فیضیاب ہوا اور آپ سے بیعت بھی کی، اللہ گواہ ہے کہ میں نے آپ ﷺ کی نافرمانی نہیں کی اور نہ کبھی کوئی خیانت کی۔ آخر اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی اور ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے۔ اللہ گواہ ہے کہ میں نے ان کی بھی کبھی نافرمانی کی۔ اور نہ ان کے کسی معاملہ میں کوئی خیانت کی، ان کے بعد عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے۔ اللہ گواہ ہے کہ میں نے ان کی بھی کبھی نافرمانی کی اور نہ ان کے کسی معاملہ میں کوئی خیانت کی۔ ان کے بعد میں خلیفہ منتخب ہوا کیا اب میرا تم لوگوں پر وہی حق نہیں ہے جو ان حضرات کا مجھ پر تھا؟ عبیداللہ نے عرض کی یقیناً آپ کا حق ہے۔ پھر آپ نے فرمایا، پھر ان باتوں کی کیا حقیقت ہے جو تم لوگوں کی طرف سے مجھے پہنچ رہی ہیں؟ جہاں تک تم نے ولید بن عقبہ کے معاملے کا ذکر کیا ہے تو ہم انشاء اللہ اس معاملے میں اس کی گرفت حق کے ساتھ کریں گے۔ بیان کیا کہ آخر (گواہی گذرنے کے بعد) ولید بن عقبہ کے چالیس کوڑے لگوائے اور علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ کوڑے لگائیں۔ حضرت علیؓ ہی کوڑے لگایا کرتے تھے اور یونس اور زہری کے بھتیجے نے زہری کے واسطہ سے (عثمان رضی اللہ عنہ کا قول اس طرح) بیان کیا ''کیا تم لوگوں پر میرا وہی حق نہیں ہے جو ان لوگوں کا تھا۔''

(۱۰۵۴) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ وَاُمَّ سَلَمَةَ ذَكَرَتَا كَنِيْسَةً رَاَيْنَهَا بِالْحَبْشَةِ فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَذَكَرَتَا لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اُولٰٓئِكَ اِذَا كَانَ فِيْهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلٰى قَبْرِهٖ مَسْجِدًا وَصَوَّرُوْا

۱۰۵۴۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے بیان کیا، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ام حبیبہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ایک گرجا کا ذکر کیا جسے انہوں نے حبشہ میں دیکھا تھا اس کے اندر تصویریں تھیں انہوں نے اس کا ذکر نبی کریم ﷺ کے سامنے بھی کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا جب ان میں کوئی مرد صالح ہوتا اور اس کی وفات ہو جاتی تو اس کی

فِيْهِ تِيْكَ الصُّوَرَ اُولٰئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَاللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

قبر پر وہ لوگ مسجد بناتے اور گرجوں میں اس طرح کی تصویریں رکھتے، یہ لوگ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بدترین مخلوق ہوں گے۔

(۱۰۵۵) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ ابْنُ سَعِيْدِ السَّعِيْدِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ قَالَتْ قَدِمْتُ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ وَ اَنَا جُوَيْرِيَةٌ فَكَسَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمِيْصَةً لَهَا اَعْلَامٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ الْاَعْلَامَ بِيَدِهٖ وَيَقُوْلُ سَنَاهُ سَنَاه قَالَ الْحُمَيْدِيُّ يَعْنِيْ حَسَنٌ حَسَنٌ

۱۰۵۵۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن سعید سعیدی نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے ان سے ام خالد بنت خالد نے بیان کیا کہ میں جب حبشہ سے آئی تو بہت کم عمر تھی۔ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک دھاری دار کپڑا عنایت فرمایا، اور پھر آپ نے اس کی دھاریوں پر اپنا ہاتھ پھیر کر فرمایا، سناہ سناہ۔ حمیدی نے بیان کیا، یعنی حسن، حسن (بمعنی عمدہ)۔

(۱۰۵۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَيَرُدُّ عَلَيْنَا فَلَمَّا رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ سَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْنَا فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا نُسَلِّمُ عَلَيْكَ فَتَرُدُّ عَلَيْنَا قَالَ اِنَّ فِي الصَّلٰوةِ شُغْلًا فَقُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ كَيْفَ تَصْنَعُ اَنْتَ قَالَ اَرُدُّ فِيْ نَفْسِيْ

۱۰۵۶۔ ہم سے یحییٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ابتداء میں نبی کریم ﷺ نماز پڑھتے ہوئے اور ہم آنحضور ﷺ کو سلام کرتے تو آپ جواب عنایت فرماتے تھے لیکن جب ہم نجاشی کے ملک حبشہ سے واپس (مدینہ) آئے اور ہم نے (نماز پڑھنے میں) آپ کو سلام کیا تو آپ نے جواب نہیں دیا، ہم نے عرض کی یارسول اللہ! ہم پہلے آپ کو سلام کرتے تھے تو آپ ﷺ جواب عنایت فرماتے تھے؟ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، نماز میں مشغولیت ہوتی ہے (بارگاہ رب العزت میں حاضری کی)۔ سلیمان اعمش نے بیان کیا کہ) میں نے ابراہیم سے پوچھا، ایسے موقعہ پر آپ کیا کرتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں دل میں جواب دے لیتا ہوں۔

(۱۰۵۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَرَكِبْنَا سَفِيْنَةً فَاَلْقَتْنَا سَفِيْنَتُنَا اِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ فَوَافَقْنَا جَعْفَرَ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَقَمْنَا مَعَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكُمْ اَنْتُمْ يَااَهْلَ السَّفِيْنَةِ هِجْرَتَانِ

۱۰۵۷۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہمیں رسول اللہ ﷺ کی اطلاع ملی تو ہم یمن میں تھے۔ پھر ہم کشتی پر سوار ہوئے (آنحضور ﷺ کی خدمت میں پہنچنے کے لئے) لیکن اتفاق سے ہوا نے ہماری کشتی کا رخ نجاشی کے ملک حبشہ کی طرف کر دیا۔ ہماری ملاقات وہاں جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ہوئی (جو ہجرت کر کے وہاں موجود تھے) ہم انہیں کے ساتھ وہاں ٹھہرے پھر مدینہ کا رخ کیا اور آنحضور ﷺ سے اس وقت ملاقات ہوئی جب آپ خیبر فتح کر چکے

تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا تم نے اے کشتی والو! دو (۲) ہجرتیں کی ہیں۔

باب ۴۵۲. مَوْتِ النَّجَاشِيِّ

(۱۰۵۸) حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ حَدَّثَنَا بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ مَاتَ النَّجَاشِيُّ مَاتَ الْيَوْمَ رَجُلٌ صَالِحٌ فَقُومُوا فَصَلُّوا عَلٰى اَخِيكُمْ اَصْحَمَةَ

(۱۰۵۹) حَدَّثَنَا عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ اَنَّ عَطَاءً حَدَّثَهُمْ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلَى النَّجَاشِيِّ فَصَفَفْنَا وَرَاءَهُ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي اَوِ الثَّالِثِ

(۱۰۶۰) حَدَّثَنِي عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى اَصْحَمَةَ النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا تَابَعَهُ عَبْدُالصَّمَدِ

(۱۰۶۱) حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَابْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعٰى لَهُمُ النَّجَاشِيَّ صَاحِبَ الْحَبَشَةِ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ وَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِاَخِيكُمْ وَعَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفَّ بِهِمْ فِي الْمُصَلّٰى فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَكَبَّرَ اَرْبَعًا

۴۵۲۔ نجاشی کی وفات۔

۱۰۵۸۔ ہم سے ربیع نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن جریج نے، ان سے عطاء نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جس دن نجاشی (حبشہ کے بادشاہ) کی وفات ہوئی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، آج ایک مرد صالح اس دنیا سے اٹھ گیا، اٹھو اور اپنے بھائی اصحمہ (نجاشی کا نام) کی نماز جنازہ پڑھ لو۔

۱۰۵۹۔ ہم سے عبدالاعلی بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء نے حدیث بیان کی، اور ان سے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے نجاشی کے جنازہ کی نماز پڑھی تھی اور ہم صف باندھ کر آنحضور ﷺ کے پیچھے کھڑے ہوئے تھے میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

۱۰۶۰۔ مجھ سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یزید نے حدیث بیان کی، ان سے سلیم بن حیان نے، ان سے سعید بن میناء نے حدیث بیان کی، ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے اصحمہ نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی، اور چار مرتبہ آنحضور نے نماز میں تکبیر کہی اس روایت کی متابعت عبدالصمد نے کی۔

۱۰۶۱۔ ہم سے زہیر بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور ابن مسیب نے حدیث بیان کی اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کی موت کی اطلاع اسی دن دے دی تھی جس دن ان کا انتقال ہوا تھا اور آپ نے فرمایا تھا کہ اپنے بھائی کی مغفرت کے لئے دعاء کرو۔ اور صالح سے روایت ہے کہ ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے سعید بن مسیب نے بیان کیا اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ نے (نماز جنازہ کے لئے) مصلی (مدینہ سے باہر جہاں عید کی نماز پڑھی جاتی تھی) میں صحابہ کو صف بستہ کھڑا کیا اور ان کی نماز جنازہ پڑھی۔ آپ نے چار مرتبہ تکبیر کہی تھی۔

باب ۴۵۳. تَقَاسُمِ الْمُشْرِكِيْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۵۳۔ نبی کریم ﷺ کے خلاف مشرکین کا عہد و پیمان۔

(۱۰۶۲) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَرَادَ حُنَيْنًا مَنْزِلُنَا غَدًا اِنْشَاءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِىْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ

۱۰۶۲۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے جب حنین کا قصد کیا تو فرمایا، انشاءاللہ کل ہمارا قیام خیف بنی کنانہ میں ہوگا جہاں مشرکین نے کفر کی حمایت کے لئے عہد و پیمان کیا تھا۔

باب ۴۵۴. قِصَّةِ اَبِىْ طَالِبٍ

۴۵۴۔ جناب ابوطالب کا واقعہ۔

(۱۰۶۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْمَلِكِ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَغْنَيْتَ عَنْ عَمِّكَ فَاِنَّهٗ كَانَ يَحُوْطُكَ وَيَغْضَبُ لَكَ قَالَ هُوَ فِىْ ضَحْضَاحٍ مِّنْ نَّارٍ وَلَوْلَا اَنَا لَكَانَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ

۱۰۶۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے عبدالملک نے، ان سے عبداللہ بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا آپ اپنے چچا (ابوطالب) کے کیا کام آئے کہ وہ آپ کی حفاظت وحمایت کرتے تھے اور آپ کے لئے لڑتے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا (یہی وجہ ہے کہ) وہ صرف ٹخنوں تک جہنم میں ہیں۔ اگر میں نہ ہوتا تو جہنم کے درک اسفل میں ہوتے۔

(۱۰۶۴) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ اَبَا طَالِبٍ لَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ دَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ اَبُوْجَهْلٍ فَقَالَ اَىْ عَمِّ قُلْ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ كَلِمَةً اُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَاللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ وَعَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُمَيَّةَ يَااَبَاطَالِبٍ تَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَلَمْ يَزَالَا يُكَلِّمَانِهٖ حَتّٰى قَالَ اٰخِرُ شَيْءٍ كَلَّمَهُمْ بِهٖ عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَهٗ مَالَمْ اُنْهَ عَنْهُ فَنَزَلَتْ مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا اُولِىْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَاتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحَابُ الْجَحِيْمِ وَ نَزَلَتْ اِنَّكَ لَا تَهْدِىْ مَنْ اَحْبَبْتَ

۱۰۶۴۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں ابن مسیب نے اور انہیں ان کے والد نے کہ جب جناب ابوطالب کی وفات کا وقت قریب ہوا تو نبی کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے، اس وقت وہاں ابوجہل بھی بیٹھا ہوا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، چچا! کلمہ لاالٰہ الااللہ ایک مرتبہ کہہ دیجئے، اللہ کی بارگاہ میں (آپ کی بخشش کے لئے) ایک یہی دلیل میرے ہاتھ آجائے گی۔ اس پر ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا، اے ابوطالب! کیا عبدالمطلب کے دین سے تم پھر جاؤ گے! یہ دونوں اس پر یہی زور دیتے رہے اور آخری کلمہ جوان کی زبان سے نکلا وہ یہ تھا کہ میں عبدالمطلب کے دین پر قائم ہوں۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں ان کے لئے اس وقت تک دعا مغفرت کرتا رہوں گا جب تک مجھے اس سے منع نہ کردیا جائے۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی "نبی کے لئے اور مسلمانوں کے لئے مناسب نہیں ہے کہ مشرکین کے لئے

دعا مغفرت کریں خواہ وہ قریبی عزیز ہی کیوں نہ ہوں۔ جب مسلمان کے سامنے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ وہ دوزخی ہیں۔ اور آیت نازل ہوئی "بے شک جسے آپ چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے۔" (بلکہ تمام تر یہ دولت اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر موقوف ہے)۔

(۱۰۶۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذُكِرَ عِنْدَهٗ عَمُّهٗ فَقَالَ لَعَلَّهٗ تَنْفَعُهٗ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُجْعَلُ فِيْ ضَحْضَاحٍ مِنَ النَّارِ يَبْلُغُ كَعْبَيْهِ يَغْلِيْ مِنْهُ دَمَاغُهٗ

۱۰۶۵۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے ابن الہاد نے، ان سے عبداللہ بن خباب نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے ا، آنحضور ﷺ کی مجلس میں آپ کے چچا کا تذکرہ ہو رہا تھا۔ تو آپ نے فرمایا، ممکن ہے قیامت کے دن انہیں میری شفاعت کام آ جائے اور انہیں صرف ٹخنوں تک جہنم میں رکھا جائے جس سے ان کا دماغ کھولے گا۔

(۱۰۶۶) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ وَالدَّارَوَرْدِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بِهٰذَا وَقَالَ تَغْلِيْ مِنْهُ اُمُّ دِمَاغِهٖ

۱۰۶۶۔ ہم سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی ان سے ابن ابوحازم اور داروردی نے حدیث بیان کی، یزید کے واسطہ سے سابقہ حدیث کی طرح۔ البتہ اس روایت میں یہ ہے کہ جناب ابوطالب کے دماغ کا بھیجہ اس سے کھولے گا۔

باب ۴۵۵. حَدِيْثُ الْاِسْرَاءِ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى سُبْحَانَ الَّذِيْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى

۴۵۵۔ حدیث المعراج۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "پاک ذات ہے وہ اپنے بندہ کو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے گیا۔"

(۱۰۶۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَمَّا كَذَّبَنِيْ قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَا اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ آيَاتِهٖ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِ

۱۰۶۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے ان سے ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے حدیث بیان کی کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ جب قریش نے مجھے جھٹلایا (معراج کے واقعہ کے سلسلہ میں) تو میں حجر میں کھڑا ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس میرے سامنے کر دی اور میں اس کی تمام جزئیات قریش سے بیان کرنے لگا، دیکھ دیکھ کر۔

باب ۴۵۶. الْمِعْرَاجِ

۴۵۶۔ معراج۔

(۱۰۶۸) حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ عَنْ لَيْلَةِ اُسْرِيَ بِهٖ قَالَ

۱۰۶۸۔ ہم سے ہدبہ بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے اور ان سے مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے شب معراج کا واقعہ بیان کیا۔ آنحضور ﷺ نے

بَيْنَمَا اَنَا فِي الْحَطِيْمِ وَرُبَمَا قَالَ فِي الْحِجْرِ مُضْطَجِعًا اِذْاَتَانِيْ اٰتٍ فَقَدْ قَالَ وَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ فَشَقَّ مَابَيْنَ هٰذِهٖ اِلٰى هٰذِهٖ فَقُلْتُ لِلْجَارُوْدِ وَهُوَ اِلٰى جَنْبِيْ مَايَعْنِيْ بِهٖ قَالَ مِنْ ثُغْرَةِ نَحْرِهٖ اِلٰى شِعْرَتِهٖ وَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مِنْ قَصِّهٖ اِلٰى شِعْرَتِهٖ فَاسْتَخْرَجَ قَلْبِيْ ثُمَّ اُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ مَمْلُوْءَةٍ اِيْمَانًا فَغُسِلَ قَلْبِيْ ثُمَّ حُشِيَ ثُمَّ اُتِيْتُ بِدَابَّةٍ دُوْنَ الْبَغْلِ وَفَوْقَ الْحِمَارِ اَبْيَضَ فَقَالَ لَهُ الْجَارُوْدُ هُوَ الْبُرَاقُ يَااَبَاحَمْزَةَ قَالَ اَنَسٌ نَعَمْ يَضَعُ خُطْوَةً عِنْدَ اَقْصٰى طَرْفِهٖ فَحُمِلْتُ عَلَيْهِ فَانْطَلَقَ بِيْ جِبْرِيْلُ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الدُّنْيَا فَاسْتَفْتَحَ فَقِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَ قَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ مَرْحَبًابِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ فَفَتَحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا فِيْهَا اٰدَمُ فَقَالَ هٰذَا اَبُوْكَ اٰدَمُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّالسَّلَامَ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاِبْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ حَتّٰى اَتَى السَّمَآءَ الثَّانِيَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ فَفَتَحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا يَحْيٰى وَعِيْسٰى وَهُمَا ابْنَا الْخَالَةِ قَالَ هٰذَا يَحْيٰى وَعِيْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِمَا فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَاهٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيْلَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيْءُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِذَا يُوْسُفُ قَالَ هٰذَا يوسف فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الرَّابِعَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيْلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ اَوَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ

فرمایا، میں حطیم میں لیٹا ہوا تھا، بعض اوقات قتادہ نے حطیم کے بجائے حجر بیان کیا کہ میرے پاس ایک صاحب (جبرئیل علیہ السلام) آئے اور چاک کیا، قتادہ نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ یہاں سے یہاں تک میں نے جارود سے، جو میرے قریب ہی بیٹھے ہوئے تھے، پوچھا کہ انس رضی اللہ عنہ کی اس لفظ سے کیا مراد تھی؟ تو انہوں نے کہا کہ حلق سے ناف تک! (قتادہ نے بیان کیا کہ) میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان فرما رہے تھے کہ آنحضور ﷺ کے سینے کے اوپر سے ناف تک (چاک کیا) پھر میرا دل نکالا اور ایک سونے کا طشت لایا گیا جو ایمان سے لبریز تھا اس سے میرا دل دھویا گیا اور پہلے کی طرح رکھ دیا گیا اس کے بعد ایک جانور لایا گیا جو گھوڑے سے چھوٹا اور گدھے سے بڑا تھا اور سفید! جارود نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، ابوحمزہ! کیا وہ براق تھا؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ اس کا ہر قدم اس کے منتہائے نظر پر پڑتا تھا۔ (آنحضور ﷺ کے فرمایا کہ) مجھے اس پر سوار کیا گیا اور جبرائیل علیہ السلام مجھے لے کر چلے۔ آسمان دنیا پر پہنچے تو دروازہ کھلوایا، پوچھا گیا کون صاحب ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ جبرائیل، پوچھا گیا اور آپ کی ساتھ کون ہے؟ آپ نے بتایا کہ محمد (ﷺ) پوچھا گیا، کیا انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ انہوں نے جواب دیا ہاں۔ اس پر آواز آئی، خوش آمدید! کیا ہی مبارک آنے والے ہیں وہ۔ اور دروازہ کھول دیا۔ جب میں اندر گیا تو میں نے وہاں آدم علیہ السلام کو دیکھا۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا، یہ آپ کے جدامجد آدم ہیں۔ انہیں سلام کیجئے۔ میں نے آپ کو سلام کیا اور آپ نے سلام کا جواب دیا، اور فرمایا، خوش آمدید صالح بیٹے اور صالح نبی! جبرائیل علیہ السلام اوپر چڑھے اور دوسرے آسمان پر آئے۔ وہاں بھی دروازہ کھلوایا۔ آواز آئی کون صاحب ہیں۔ بتایا کہ جبرئیل، پوچھا گیا۔ آپ کے ساتھ اور کوئی صاحب بھی ہیں؟ کہا کہ محمد ﷺ، پوچھا گیا کیا آپ کو انہیں بلانے کے لئے بھیجا گیا تھا؟ پھر آواز آئی، انہیں خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ۔ پھر دروازہ کھلا اور میں اندر گیا تو وہاں یحییٰ اور عیسیٰ علیہما السلام موجود تھے۔ دونوں حضرات خالہ زاد بھائی ہیں جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا یہ عیسیٰ اور یحییٰ علیہما السلام ہیں انہیں سلام کیجئے۔ میں نے سلام کیا اور ان حضرات نے میرے سلام کا جواب دیا، اور فرمایا،

قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيئُ جَاءَ فَفُتِحَ فَلَمَّا خَلَصْتُ اِلَى اِدْرِيْسَ قَالَ هٰذَا اِدْرِيْسُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَبِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ الْخَامِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قِيلَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيئُ جَاءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا هَارُوْنُ قَالَ هٰذَا هَارُوْنُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ صَعِدَبِيْ حَتّٰى اَتَى السَّمَاءَ السَّادِسَةَ فَاسْتَفْتَحَ قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيلَ مَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًابِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيئُ جَاءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا مُوْسٰى قَالَ هٰذَا مُوْسٰى فَسَلِّمْ عَلَيْهِ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاَخِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ فَلَمَّا تَجَاوَزْتُ بَكٰى قِيلَ لَهٗ مَايُبْكِيْكَ قَالَ اَبْكِيْ لِاَنَّ غُلَامًا بُعِثَ بَعْدِيْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِهٖ اَكْثَرُ مَنْ يَدْ خُلُهَا مِنْ اُمَّتِيْ ثُمَّ صَعِدَ بِيْ اِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ قِيلَ مَنْ هٰذَا قَالَ جِبْرِيْلُ قِيلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيلَ وَقَدْ بُعِثَ اِلَيْهِ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَرْحَبًا بِهٖ فَنِعْمَ الْمَجِيئُ جَاءَ فَلَمَّا خَلَصْتُ فَاِذَا اِبْرَاهِيْمُ قَالَ هٰذَا اَبُوْكَ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ قَالَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ السَّلَامَ قَالَ مَرْحَبًا بِالْاِبْنِ الصَّالِحِ وَالنَّبِيِّ الصَّالِحِ ثُمَّ رُفِعَتْ لِيَ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَاِذَا نَبِقُهَا مِثْلُ قِلَالِ هَجَرَ وَاِذَا وَرَقُهَا مِثْلُ آذَانِ الْفِيَلَةِ قَالَ هٰذِهٖ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى وَ اِذَا اَرْبَعَةُ اَنْهَارٍ نَهْرَانِ بَاطِنَانِ وَنَهْرَانِ ظَاهِرَانِ فَقُلْتُ مَا هٰذَانِ يَاجِبْرِيْلُ قَالَ اَمَّا الْبَاطِنَانِ فَنَهْرَانِ فِي الْجَنَّةِ وَاَمَّا الظَّاهِرَانِ فَالنِّيْلُ وَالْفُرَاتُ ثُمَّ رُفِعَ لِيَ الْبَيْتُ الْمَعْمُوْرُ ثُمَّ اُتِيْتُ بِاِنَاءٍ مِنْ

خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بھائی! یہاں سے جرائیل علیہ السلام مجھے تیسرے آسمان کی طرف لے کر چڑھے اور دروازہ کھلوایا، پوچھا گیا کون صاحب ہیں؟ جواب دیا گیا، جرائیل، پوچھا گیا اور آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ محمد (ﷺ) پوچھا گیا کیا انہیں لانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ جواب دیا کہ ہاں۔ اس پر آواز آئی۔ انہیں خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ، دروازہ کھلا اور جب میں اندر داخل ہوا تو وہاں یوسف علیہ السلام موجود تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا، یہ یوسف علیہ السلام ہیں، انہیں سلام کیجئے میں نے سلام کیا تو انہوں نے جواب دیا اور فرمایا، خوش آمدید صالح نبی اور صالح بھائی! پھر جرائیل علیہ السلام مجھے لے کر اوپر چڑھے اور چوتھے آسمان پر پہنچے دروازہ کھلوایا تو پوچھا گیا کون صاحب ہیں؟ بتایا کہ جبرائیل! پوچھا گیا اور آپ کے ساتھ کون ہے؟ کہا گیا کہ محمد (ﷺ) پوچھا، کیا انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ جواب دیا کہ ہاں، کہا کہ انہیں خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ! اب دروازہ کھلا، جب میں وہاں ادریس علیہ السلام کی خدمت میں پہنچا تو جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ، یہ ادریس علیہ السلام ہیں۔ انہیں سلام کیجئے، میں نے انہیں سلام کیا اور انہوں نے جواب دیا اور فرمایا خوش آمدید، صالح بھائی اور صالح نبی! پھر مجھے لے کر پانچویں آسمان پر آئے اور دروازہ کھلوایا، پوچھا گیا، کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ جبرائیل، پوچھا گیا، آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ محمد ﷺ، پوچھا گیا، کیا انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ جواب دیا کہ ہاں، اب آواز آئی خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ۔ یہاں جب میں ہارون علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ آپ ہارون ہیں۔ انہیں سلام کیجئے۔ میں نے انہیں سلام کیا۔ انہوں نے جواب کے بعد فرمایا، خوش آمدید صالح نبی اور صالح بھائی، یہاں سے لے کر مجھے آگے بڑھے اور چھٹے آسمان پر پہنچے اور دروازہ کھلوایا۔ پوچھا گیا کون صاحب؟ بتایا کہ جبرائیل آپ کے ساتھ کوئی دوسرے صاحب بھی ہیں؟ جواب دیا کہ محمد (ﷺ) پوچھا گیا کیا انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ جواب دیا کہ ہاں، پھر کہا انہیں خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ، میں جب وہاں موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا

خَمْرٍ وَ اِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ وَاِنَاءٍ مِنْ عَسَلٍ فَاَخَذْتُ اللَّبَنَ فَقَالَ هِيَ الْفِطْرَةُ اَنْتَ عَلَيْهَا وَاُمَّتُکَ ثُمَّ فُرِضَتْ عَلَيَّ الصَّلٰوتُ خَمْسِيْنَ صَلَاةً کُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ فَمَرَرْتُ عَلٰى مُوْسٰى فَقَالَ بِمَا اُمِرْتَ قَالَ اُمِرْتُ بِخَمْسِيْنَ صَلَاةً کُلَّ يَوْمٍ قَالَ اِنَّ اُمَّتَکَ لَاتَسْتَطِيْعُ خَمْسِيْنَ صَلَاةً کُلَّ يَوْمٍ وَّاِنِّيْ وَاللّٰهِ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَکَ وَعَالَجْتُ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّکَ فَاسْاَلْهُ التَّخْفِيْفَ لِاُمَّتِکَ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَوَضَعَ عَنِّيْ عَشْرًا فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَاُمِرْتُ بِعَشْرِ صَلَوَاتٍ کُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مِثْلَهٗ فَرَجَعْتُ فَاُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ کُلَّ يَوْمٍ فَرَجَعْتُ اِلٰى مُوْسٰى فَقَالَ بِمَا اُمِرْتَ قُلْتُ اُمِرْتُ بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ کُلَّ يَوْمٍ قَالَ اِنَّ اُمَّتَکَ لَاتَسْتَطِيْعُ خَمْسَ صَلَوَاتٍ کُلَّ يَوْمٍ وَّاِنِّيْ قَدْ جَرَّبْتُ النَّاسَ قَبْلَکَ وَعَالَجْتُ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ اَشَدَّ الْمُعَالَجَةِ فَارْجِعْ اِلٰى رَبِّکَ فَاسْاَلْهُ التَّخْفِيْفَ لِاُمَّتِکَ قَالَ سَاَلْتُ رَبِّيْ حَتّٰى اسْتَحْيَيْتُ وَلٰكِنْ اَرْضٰى وَاُسَلِّمُ قَالَ فَلَمَّا جَاوَزْتُ نَادٰى مُنَادٍ اَمْضَيْتُ فَرِيْضَتِيْ وَ خَفَّفْتُ عَنْ عِبَادِيْ

کہ یہ موسیٰ علیہ السلام ہیں انہیں سلام کیجئے میں نے سلام کیا اور انہوں نے جواب کے بعد فرمایا خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بھائی۔ جب میں آگے بڑھا تو وہ رونے لگے۔ کسی نے پوچھا آپ روکیوں رہے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا میں اس پر رو رہا ہوں کہ یہ لڑکا (آنحضور ﷺ) میرے بعد نبی بنا کر بھیجا گیا۔ لیکن جنت میں اس کی امت کے افراد میری امت سے زیادہ داخل ہوں گے۔ پھر جبرائیل علیہ السلام مجھے لے کر ساتویں آسمان کی طرف گئے اور دروازہ کھلوایا۔ پوچھا گیا کون صاحب! جواب دیا کہ جبرائیل پوچھا گیا اور آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ جواب دیا کہ محمد (ﷺ) پوچھا گیا کیا انہیں بلانے کے لئے آپ کو بھیجا گیا تھا؟ جواب دیا کہ ہاں، کہا کہ انہیں خوش آمدید، کیا ہی اچھے آنے والے ہیں وہ۔ میں جب اندر گیا تو ابراہیم علیہ السلام تشریف رکھتے تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ آپ کے جد امجد ہیں، انہیں سلام کیجئے۔ فرمایا کہ میں نے آپ کو سلام کیا تو انہوں نے جواب دیا اور فرمایا خوش آمدید، صالح نبی اور صالح بیٹے پھر سدرۃ المنتہیٰ کو میرے سامنے کر دیا گیا میں نے دیکھا کہ اس کے پھل مقام حجر کے مٹکوں کی طرح (بڑے بڑے) تھے اور اس کے پتے ہاتھیوں کے کان کی طرح تھے۔ جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ سدرۃ المنتہیٰ ہے وہاں میں نے چار نہریں دیکھیں دو (۲) باطنی اور دو (۲) ظاہری۔ میں نے پوچھا، اے جبرائیل! یہ کیا ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ جو دو باطنی نہریں ہیں وہ جنت سے تعلق رکھتی ہیں اور دو ظاہری نہریں نیل اور فرات ہیں۔ پھر میرے سامنے بیت المعمور کو لایا گیا۔ وہاں میرے سامنے ایک گلاس میں شراب، ایک میں دودھ اور ایک میں شہد لایا گیا، میں نے دودھ کا گلاس لے لیا تو جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا کہ یہی فطرت ہے اور آپ اس پر قائم ہیں اور آپ کی امت بھی! پھر مجھ پر روزانہ پچاس وقت کی نمازیں فرض کی گئیں میں واپس ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کی پاس سے گذرا تو انہوں نے پوچھا کہ کس چیز کا آپ کو حکم ہوا، میں نے کہا کہ روزانہ پچاس وقت کی نمازوں کا، موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا لیکن آپ کی امت میں اتنی طاقت نہیں ہے۔ اس سے پہلے میرے سابقہ لوگوں سے پڑ چکا ہے اور بنی اسرائیل کا مجھے تلخ تجربہ ہے۔ اس لئے آپ اپنے رب کے حضور میں دوبارہ جائیے اور اپنی امت پر تخفیف کے لئے عرض کیجئے۔ چنانچہ میں اللہ

تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہوا اور تخفیف کے لئے عرض کی تو دس وقت کی نمازیں کم کر دی گئیں۔ پھر جب میں واپسی میں موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا تو انہوں نے پھر وہی سوال کیا۔ میں دوبارہ بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوا۔ اور اس وقت بھی دس وقت کی نمازیں کم ہوئیں۔ پھر میں موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا تو انہوں نے وہی مطالبہ کیا میں نے اس مرتبہ بھی بارگاہ رب العزت میں حاضر ہو کر دس وقت کی نمازیں کم کرائیں پھر موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا اور اس مرتبہ بھی انہوں نے اپنی پہلی رائے کا اظہار کیا۔ پھر بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوا تو مجھے دس وقت کی نمازوں کا حکم ہوا میں واپس ہونے لگا تو آپ نے پھر وہی کہا۔ اب بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوا تو روزانہ صرف پانچ وقت کی نمازوں کا حکم باقی رہا۔ موسیٰ علیہ السلام کے پاس واپس آیا تو آپ نے دریافت فرمایا۔ اب کیا حکم ہوا؟ میں نے بتایا کہ روزانہ پانچ وقت کی نمازوں کا حکم ہوا ہے فرمایا کہ آپ کی امت اس کی استطاعت بھی نہیں رکھتی۔ میرا سابقہ آپ سے پہلے لوگوں سے پڑ چکا ہے اور بنی اسرائیل کا مجھے بڑا تلخ تجربہ ہے۔ آپ رب کے دربار میں پھر حاضر ہو کر تخفیف کے لئے عرض کیجئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ رب العزت سے بہت سوال کر چکا اور اب مجھے شرم آتی ہے۔ اب میں اسی پر راضی اور خوش ہوں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر جب میں وہاں سے گذرنے لگا تو ندا آئی ''میں نے اپنا فریضہ نافذ کر دیا۔ اور اپنے بندوں پر تخفیف کر چکا۔''

(۱۰۶۹) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِيْ قَوْلِهِ تَعَالٰى وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَاالَّتِيْ اَرَيْنَاكَ اِلَّافِتْنَةً لِّلنَّاسِ قَالَ هِيَ رُؤْيَاعَيْنٍ اُرِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهِ اِلٰى بَيْتِ الْمُقَدَّسِ قَالَ وَالشَّجَرَةُ الْمَلْعُوْنَةُ فِي الْقُرْاٰنِ قَالَ هِيَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ

۱۰۶۹۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اللہ تعالیٰ نے ارشاد ''وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس'' (اور جو مشاہدہ ہم نے آپ کو کرایا اس سے مقصد صرف لوگوں کا امتحان تھا) فرمایا کہ یہ عینی مشاہدہ تھا جو رسول اللہ ﷺ کو اس رات دکھلایا گیا تھا۔ جس میں آپ کو بیت المقدس تک لے جایا گیا تھا۔ اور قرآن مجید میں جس ''الشجرۃ الملعونۃ'' کا ذکر آیا ہے وہ سینڈ کا درخت ہے۔

باب ۴۵۷. وَفُوْدِ الْاَنْصَارِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَبَيْعَةِ الْعَقَبَةِ

۴۵۷۔ مکہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس انصار کے وفود کی آمد اور بیعت عقبہ۔

(۱۰۷۰) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ

۱۰۷۰۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے

عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنَا اَحْمَدُبْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ وَكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ حِيْنَ عَمِيَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِطُوْلِهٖ قَالَ ابْنُ بُكَيْرٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ وَلَقَدْ شَهِدْتُّ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِيْنَ تَوَاثَقْنَا عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَا اُحِبُّ اَنَّ لِيْ بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ وَاِنْ كَانَتْ بَدْرٌ اَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا

حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے۔ح۔اور ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے عنبسہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن کعب نے، جب کعب رضی اللہ عنہ نابینا ہو گئے۔تو آپ ہی چلنے پھرنے میں ان کے ساتھ رہا کرتے تھے۔آپ نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا آپ تفصیل کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہوسکنے کا واقعہ بیان کرتے تھے۔ابن بکیر نے اپنی حدیث میں بیان کیا کہ 'اور میں نبی کریم ﷺ کے پاس عقبہ کی رات میں حاضر تھا جب ہم نے اسلام کی حمایت کا عہد کیا تھا میرے نزدیک (لیلۃ عقبہ کی بیعت) بدر کی لڑائی میں حاضری سے بھی زیادہ اہم ہے اگرچہ لوگوں کی زبانوں پر بدر کا چرچا اس سے زیادہ ہے۔

(۱۰۷۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ كَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ شَهِدَ بِيْ خَالَايَ الْعَقَبَةَ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ قَالَ بْنُ عُيَيْنَةَ اَحَدُهُمَا الْبَرَاءُ ابْنُ مَعْرُوْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۰۷۲۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ عمرو کہا کرتے تھے کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میرے دو۲ ماموں مجھے بھی بیعت عقبہ میں ساتھ لے گئے تھے۔ابوعبداللہ نے کہا کہ ابن عیینہ نے بیان کیا، ان میں سے ایک براء بن معرور رضی اللہ عنہ تھے۔

(۱۰۷۳) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ اَنَا وَاَبِيْ وَخَالَيَّ مِنْ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ

۱۰۷۳۔مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، ان سے عطاء نے بیان کیا کہ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں، میرے والد اور میرے دو۲ ماموں بیعت عقبہ کرنے والوں میں سے تھے۔

(۱۰۷۴) حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْاِدْرِيْسَ عَائِذُاللّٰهِ اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ مِنَ الَّذِيْنَ شَهِدُوْا بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ اَصْحَابِهٖ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَحَوْلَهٗ عِصَابَةٌ مِنْ اَصْحَابِهٖ تَعَالَوْا بَايِعُوْنِيْ عَلٰى اَنْ لَاتُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَاتَسْرِقُوْا وَلَاتَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ وَلَاتَاْتُوْنَ بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ

۱۰۷۴۔مجھ سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہیں یعقوب بن ابراہیم نے خبر دی، ان سے ان کے بھتیجے ابن شہاب نے، ان سے ان کے چچا نے بیان کیا اور انہیں ابوادریس عائذ اللہ نے خبر دی کہ عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ ان صحابہ میں تھے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر کی لڑائی میں شرکت کی تھی اور عقبہ کی رات آنحضور ﷺ نے عہد کیا تھا، انہوں نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس وقت آپ کے پاس صحابہؓ کی ایک جماعت تھی، کہ آؤ مجھ سے اس بات کا عہد کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ گے، چوری کا ارتکاب نہ کرو گے، زنا نہ کرو گے، اپنی اولاد کو قتل نہ کرو گے، اپنی طرف سے گھڑ کر کسی پر تہمت نہ

اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ وَلَا تَعْصُوْنِيْ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِي الدُّنْيَا فَهُوَ لَهٗ كَفَّارَةٌ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَاَمْرُهٗ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ عَفَا عَنْهُ قَالَ فَبَايَعْتُهٗ عَلٰى ذٰلِكَ

لگاؤ گے اور اچھی باتوں میں میری نافرمانی نہ کرو گے، پس جو شخص اس عہد پر قائم رہے گا اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے اور جو کوئی اس میں کوتاہی کرے گا (بشرطیکہ شرک کا ارتکاب نہ کیا ہو) اور دنیا میں اسے اس کی سزا بھی مل گئی ہو تو اس کے لئے کفارہ بن جائے گی، اور جس شخص نے اس میں سے کچھ کمی کی اور اللہ تعالیٰ نے اسے پوشیدہ رکھنے دیا تو اس کا معاملہ اللہ کی راہ ہے۔ چاہے تو اس پر سزا دے اور چاہے معاف کر دے، عبادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا چنانچہ میں نے آنحضور ﷺ سے ان امور پر بیعت کی۔

(۱۰۷۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ ابْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنِ الصُّنَابِحِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اِنِّيْ مِنَ النُّقَبَاءِ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نُشْرِكَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا نَسْرِقَ وَلَانَزْنِيَ وَلَانَقْتُلَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ وَلَانَنْتَهِبَ وَلَا نَعْصِيَ بِالْجَنَّةِ اِنْ فَعَلْنَا ذٰلِكَ فَاِنْ غَشِيْنَا مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا كَانَ قَضَاءُ ذٰلِكَ اِلَى اللّٰهِ

۱۰۷۵۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی حبیب نے، ان سے ابوالخیر نے، ان سے صنابحی نے، اور ان سے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ان نقیبوں میں سے تھا جنہوں نے (عقبہ کی رات میں) رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تھی آپ نے بیان کیا کہ ہم نے آنحضور ﷺ سے اس کا عہد کیا تھا کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے، چوری نہیں کریں گے زنا نہیں کریں گے کسی ایسے شخص کو قتل نہیں کریں گے جس کا قتل اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو لوٹ مار نہیں کریں گے اور نہ اللہ کی نافرمانی کریں گے جنت کے بدلے میں، اگر ہم اس عہد میں پورے اترے۔ لیکن اگر ہم نے اس میں کچھ کوتاہی کی تو اس کا فیصلہ اللہ پر ہوگا۔

باب ۴۵۸. تَزْوِيْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَائِشَةَ وَقُدُوْمِهَا الْمَدِيْنَةَ وَ بِنَائِهٖ بِهَا

۴۵۸۔ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی کریم ﷺ کا نکاح آپ کی مدینہ تشریف آوری اور رخصتی۔

(۱۰۷۶) حَدَّثَنِيْ فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ تَزَوَّجَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْنَا فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ خَزْرَجٍ فَوُعِكْتُ فَتَمَرَّقَ شَعْرِيْ فَوَفٰى جُمَيْمَةً فَاَتَتْنِيْ اُمِّيْ اُمُّ رُوْمَانَ وَاِنِّيْ لَفِيْ اُرْجُوْحَةٍ وَمَعِيْ صَوَاحِبُ لِيْ فَصَرَخَتْ بِيْ فَاَتَيْتُهَا لَا اَدْرِيْ مَا تُرِيْدُ بِيْ فَاَخَذَتْ بِيَدِيْ حَتّٰى اَوْقَفَتْنِيْ عَلٰى بَابِ الدَّارِ وَاِنِّيْ لَاُنْهِجُ حَتّٰى سَكَنَ بَعْضُ نَفَسِيْ ثُمَّ اَخَذَتْ شَيْئًا مِنْ مَّاءٍ فَمَسَحَتْ بِهٖ وَجْهِيْ وَرَاْسِيْ ثُمَّ اَدْخَلَتْنِي الدَّارَ فَاِذَا نِسْوَةٌ مِنَ

۱۰۷۶۔ مجھ سے فروہ بن ابی المغراء نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن مسہر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ سے میرا نکاح جب ہوا تو میری عمر چھ سال کی تھی۔ پھر ہم مدینہ (ہجرت کر کے) آئے اور بنی حارث بن خزرج کے یہاں قیام کیا۔ یہاں آ کر مجھے بخار چڑھا اور اس کی وجہ سے میرے بال گرنے لگے اور بہت تھوڑے سے رہ گئے۔ پھر میری والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا آئیں۔ اس وقت میں چند سہیلیوں کے ساتھ جھولا جھول رہی تھی۔ انہوں نے مجھے پکارا تو میں حاضر ہوگئی۔ مجھے کچھ معلوم نہیں تھا کہ میرے ساتھ ان کا کیا ارادہ ہے۔ آخر انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر گھر کے دروازے کے پاس کھڑا کر دیا اور میرا سانس پھولا جا رہا تھا۔ تھوڑی دیر میں جب مجھے کچھ سکون ہوا تو انہوں نے

الْاَنْصَارِ فِي الْبَيْتِ فَقُلْنَ عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَعَلٰى خَيْرِ طَائِرٍ فَاَسْلَمَتْنِيْ اِلَيْهِنَّ فَاَصْلَحْنَ مِنْ شَانِيْ فَلَمْ يَرُعْنِيْ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضُحًى فَاَسْلَمَتْنِيْ اِلَيْهِ وَاَنَا يَوْمَئِذٍ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ

تھوڑا سا پانی لے کر میرے منہ پر اور سر پر پھیرا اور گھر کے اندر مجھے لے گئیں۔ وہاں انصار کی چند خواتین موجود تھیں جنہوں نے مجھے دیکھ کر کہا، خیر و برکت اور اچھا نصیب لے کر آئی ہو، میری والدہ نے مجھے انہیں کے سپرد کر دیا اور انہوں نے میرا سنگار اور آرائش کی، اس کے بعد دن چڑھے اچانک رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور آنحضور ﷺ نے مجھے سلام کیا میری عمر اس وقت نو سال تھی۔ ❶

(۱۰۷۷) حَدَّثَنَا مُعَلًّى حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا اُرِيْتُکِ فِي الْمَنَامِ مَرَّتَيْنِ اَرٰى اَنَّکِ فِيْ سَرَقَةٍ مِنْ حَرِيْرٍ وَيُقَالُ هٰذِهٖ امْرَاَتُکَ فَاَکْشِفُ عَنْهَا فَاِذَا هِيَ اَنْتِ فَاَقُوْلُ اِنْ يَکُ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ يُمْضِهٖ

۱۰۷۷۔ ہم سے معلّٰی نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم مجھے دو۲ مرتبہ خواب میں دکھائی گئی، میں نے دیکھا کہ تم ایک ریشمی کپڑے میں لپٹی ہوئی ہو اور کہا جا رہا ہے کہ یہ آپ کی بیوی ہیں، ان کا چہرہ کھول کر دیکھئے میں نے چہرہ کھول کر دیکھا تو تم تھیں، میں نے سوچا کہ اگر یہ خواب اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہے تو وہ خود اس کی صورت پیدا فرمائے گا۔

(۱۰۷۸) حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ تُوُفِّيَتْ خَدِيْجَةُ قَبْلَ مَخْرَجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ بِثَلَاثِ سِنِيْنَ فَلَبِثَ سَنَتَيْنِ اَوْقَرِيْبًا مِنْ ذٰلِکَ وَ نَکَحَ عَائِشَةَ وَهِيَ بِنْتُ سِتِّ سِنِيْنَ ثُمَّ بَنٰى بِهَا وَهِيَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ

۱۰۷۸۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات نبی کریم ﷺ کی مدینہ کو، ہجرت سے تین سال پہلے ہو گئی تھی۔ آنحضور ﷺ نے آپ کی وفات کے تقریباً دو۲ سال بعد عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا اس وقت ان کی عمر چھ۶ سال کی تھی، پھر جب رخصتی ہوئی تو وہ نو سال کی تھی۔

باب ۴۵۹ هِجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ وَاَبُوْهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ لَا الْهِجْرَةُ لَکُنْتُ امْرَاً مِنَ الْاَنْصَارِ وَقَالَ اَبُوْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اُهَاجِرُ مِنْ مَکَّةَ اِلٰى اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهَلِيْ اَنَّهَا الْيَمَامَةُ اَوْهَجَرٌ فَاِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ

۴۵۹۔ نبی کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب کی مدینہ کی طرف ہجرت۔

عبداللہ بن زید اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ اگر ہجرت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں انصار کا ایک فرد بن کر رہنا پسند کرتا اور ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ میں نے خواب دیکھا کہ میں مکہ سے ایک ایسی سرزمین کی طرف ہجرت کر کے جا رہا ہوں کہ جہاں کھجور کے باغات ہیں، میرا ذہن اس سے یمامہ یا ہجر کی طرف گیا، لیکن یہ سرزمین تو شہر "یثرب" کی تھی۔

(۱۰۷۹) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا

۱۰۷۹۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے

❶ حجاز چونکہ گرم ملک ہے اس لئے وہاں قدرتی طور پر لڑکے اور لڑکیاں بہت کم عمر میں بالغ ہو جاتی ہیں، اس لئے عائشہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی کے وقت صرف نو سال کی عمر پر تعجب نہ ہونا چاہئے۔ جو ممالک سرد ہیں ان میں بلوغ کی عمر ہندوستان سے زیادہ ہے۔

الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاوَائِلٍ يَقُوْلُ عُدْنَا خَبَّابًا فَقَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُرِيْدُ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَقَعَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَضٰى لَمْ يَاْخُذْ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ نَمِرَةً فَكُنَّا اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَهٗ بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ بَدَا رَاْسُهٗ فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُغَطِّيَ رَاْسَهٗ وَنَجْعَلَ عَلٰى رِجْلَيْهِ شَيْئًا مِنْ اِذْخِرٍ وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَهٗ ثَمَرَتُهٗ فَهُوَ يَهْدِبُهَا

حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابووائل سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ ہم خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے تو آپ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہم نے صرف اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہجرت کی، اللہ تعالیٰ ہمیں اس کا اجر دے گا۔ پھر ہمارے بہت سے ساتھی اس دنیا سے اٹھ گئے اور انہوں نے (دنیا میں) اپنے (اعمال کا) پھل نہیں دیکھا، انہیں میں مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تھے، احد کی لڑائی میں آپ شہید کئے گئے تھے اور صرف ایک دھاری دار چادر چھوڑی تھی (کفن دیتے وقت) جب ہم ان کی چادر سے ان کا سر ڈھکتے تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں ڈھکتے تو سر کھل جاتا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ان کا سر ڈھک دیں اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دیں (تاکہ چھپ جائے) اور ہم میں بہت سے ایسے بھی ہیں کہ (اس دنیا میں بھی) ان کے اعمال کا پھل انہیں ملا اور وہ اس سے نفع اندوز ہو رہے ہیں۔

(۱۰۸۰) حدثنا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ ابْنِ وَقَّاصٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلٰى دُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهٗ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهِجْرَتُهٗ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۸۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی آپ زید کے صاحبزادے ہیں، ان سے یحییٰ نے، ان سے محمد بن ابراہیم نے ان سے علقمہ بن وقاص نے بیان کیا کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے کہ اعمال نیت پر موقوف ہوتے ہیں پس جس کا مقصد ہجرت سے دنیا ہوگا۔ وہ اپنے اسی مقصد کو حاصل کر سکے گا یا مقصد ہجرت سے کسی عورت سے شادی کرنا ہوگا تو وہ بھی اپنے اسی مقصد تک پہنچ سکے گا۔ لیکن جن کا ہجرت سے مقصد اللہ اور اس کے رسول ہوں گے تو اسی کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے سمجھی جائے گی۔

(۱۰۸۱) حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْعَمْرٍو الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ جَبْرٍ الْمَكِّيِّ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يَقُوْلُ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

۱۰۸۱۔ مجھ سے اسحاق بن یزید دمشقی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن حمزہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوعمرو اوزاعی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ بن ابی لبابہ نے، ان سے مجاہد بن جبر مکی نے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ فتح مکہ کے بعد (مکہ سے مدینہ کی) ہجرت باقی نہیں رہی۔

(۱۰۸۲) حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ قَالَ زُرْتُ عَائِشَةَ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ

۱۰۸۲۔ مجھ سے اوزاعی نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء بن ابی رباح نے بیان کیا کہ عبید بن عمر لیثی کے ساتھ میں عائشہ رضی اللہ عنہا کی

فَسَأَلْنَاهَا عَنِ الْهِجْرَةِ الْيَوْمَ قَالَتْ كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ يَفِرُّ اَحَدُهُمْ بِدِيْنِهِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِلٰى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخَافَةَ اَنْ يُفْتَنَ عَلَيْهِ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَقَدْ اَظْهَرَ اللّٰهُ الْاِسْلَامَ وَالْيَوْمَ يَعْبُدُ رَبَّه‘ حَيْثُ شَاءَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ

خدمت میں حاضر ہوا اور ہم نے آپ سے فتح مکہ کے بعد ہجرت کے متعلق پوچھا؟ انہوں نے فرمایا کہ ایک وقت تھا جب مسلمان اپنے دین کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف راہ فرار اختیار کرتا تھا (کفر کی آبادیوں سے) اس خطرہ کی وجہ سے کہ کہیں وہ فتنہ میں نہ پڑ جائے۔ لیکن اب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کر دیا ہی اور آج (سر زمین عرب میں) انسان جہاں بھی چاہے اپنے رب کی عبادت کر سکتا ہے (اس لئے ہجرت کی کوئی وجہ نہیں) البتہ خلوص نیت کے ساتھ جہاد کا ثواب باقی ہے۔

(۱۰۸۳) حَدَّثَنِيْ زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ هِشَامٌ فَاَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ سَعْدًا قَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّه‘ لَيْسَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ اُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخْرَجُوْهُ اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْ اَظُنُّ اَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ وَقَالَ اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ اَخْبَرَتْنِيْ عَائِشَةُ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا نَبِيَّكَ وَاَخْرَجُوْهُ مِنْ قُرَيْشٍ

۱۰۸۳۔ مجھ سے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن نمیر نے حدیث بیان کی، کہ ہشام نے بیان کیا، انہیں ان کے والد نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ سعد رضی اللہ عنہ نے کہا، اے اللہ! تو جانتا ہے کہ اس سے زیادہ مجھے اور کوئی چیز پسندیدہ نہیں کہ تیرے راستے میں، میں اس سے جہاد کروں جس نے تیرے رسول ﷺ کی تکذیب کی اور انہیں (ان کے وطن مکہ) سے نکالا، اے اللہ! لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تو نے ہمارے اور ان کے درمیان لڑائی کا سلسلہ ختم کر دیا ہے اور ابان بن یزید نے بیان کیا، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ (یہ الفاظ سعد رضی اللہ عنہ نے فرمائے تھے) من قوم کذبوا نبیک واخر جوہ من قریش.

(۱۰۸۴) حَدَّثَنَا مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَمَكَثَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً يُوْحٰى اِلَيْهِ ثُمَّ اُمِرَ بِالْهِجْرَةِ فَهَاجَرَ عَشْرَ سِنِيْنَ وَمَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ

۱۰۸۴۔ ہم سے مطر بن فضل نے حدیث بیان کی، ان سے روح نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کو چالیس سال کی عمر میں رسول بنایا گیا تھا، پھر آپ پر مکہ معظمہ میں قیام کے دوران تیرہ سال تک وحی آتی رہی۔ اس کے بعد آپ کو ہجرت کا حکم ہوا اور آپ نے ہجرت کی حالت میں دس سال گذارے جب آپ کی وفات ہوئی تو آپ کی عمر تریسٹھ ۶۳ سال کی تھی۔

(۱۰۸۵) حَدَّثَنِيْ مَطَرُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَكَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۱۰۸۵۔ مجھ سے مطر بن فضل نے حدیث بیان کی، ان سے روح بن عبادہ نے حدیث بیان کی، ان سے زکریا بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ

عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مکہ میں تیرہ سال قیام کیا (نزول وحی کے سلسلے کے بعد) اور جب آپ کی وفات ہوئی تو آپ کی عمر تریسٹھ سال کی تھی۔

(۱۰۸۶) حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ أَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عُبَيْدٍ يَعْنِي ابْنَ حُنَيْنٍ عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ إِنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَاءَ وَ بَيْنَ مَاعِنْدَهُ فَاخْتَارَ مَاعِنْدَهُ فَبَكٰى أَبُوْبَكْرٍ وَقَالَ فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَ أُمَّهَاتِنَا فَعَجِبْنَا لَهُ وَ قَالَ النَّاسُ انْظُرُوْا إِلٰى هٰذَا الشَّيْخِ يُخْبِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَالْمُخَيَّرَ وَ كَانَ أَبُوْ بَكْرٍ هُوَاَعْلَمَنَابِهِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبَا بَكْرٍ وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا مِنْ أُمَّتِيْ لَاتَّخَذْتُ أَبَابَكْرٍ إِلَّا خُلَّةَ الْإِسْلَامِ لَايُبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ إِلَّا خَوْخَةُ أَبِيْ بَكْرٍ

۱۰۸۶۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن عبید اللہ کے مولا ابوالنصر نے، ان سے عبید یعنی ابن حنین نے اور انسے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر بیٹھے پھر فرمایا، اپنے ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا کہ دنیا کی نعمتوں میں سے جو وہ چاہے اسے اپنے لئے پسند کر لے، یا جو اللہ تعالیٰ کے یہاں ہے (آخرت میں) اسے پسند کر لے۔ اس بندے نے اللہ تعالیٰ کے یہاں ملنے والی چیز کو پسند کرلیا، اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور عرض کی، ہمارے ماں باپ آنحضور ﷺ پر فدا ہوں، ہمیں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اس طرز عمل پر حیرت ہوئی، بعض لوگوں نے کہا، ان بزرگوں کو دیکھئے، آنحضور ﷺ تو ایک بندے کے متعلق اطلاع دے رہے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے دنیا کی نعمتوں اور جو اللہ کے پاس ہے اس میں سے کسی کے پسند کرنے کا اختیار دیا تھا اور یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمارے ماں باپ آنحضور ﷺ پر فدا ہوں لیکن رسول اللہ ﷺ ہی کو ان دو چیزوں میں سے ایک کا اختیار دیا گیا تھا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم میں سب سے زیادہ اس سلسلے میں باخبر تھے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ اپنی صحبت اور مال کے ذریعہ مجھ پر احسان کرنے والے ابوبکر ہیں، اگر میں اپنی امت میں سے کسی کو اپنا خلیل بنا سکتا تو ابوبکر کو بناتا۔ البتہ اسلامی تعلق ان کے ساتھ کافی ہے مسجد میں کوئی دروازہ اب کھلا ہوا باقی نہ رکھا جائے سوا ابوبکر کے گھر کی طرف کھلنے والے دروازہ کے۔

(۱۰۸۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمْ أَعْقِلْ أَبَوَيَّ قَطُّ إِلَّا وَهُمَا يَدِيْنَانِ الدِّيْنَ وَلَمْ يَمُرَّ عَلَيْنَا يَوْمٌ إِلَّا يَأْتِيْنَا فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرَفَيِ النَّهَارِ بُكْرَةً وَعَشِيَّةً فَلَمَّا ابْتُلِيَ الْمُسْلِمُوْنَ خَرَجَ أَبُوْبَكْرٍ مُهَاجِرًا

۱۰۸۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے کہ ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی، اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب میں نے ہوش سنبھالا تو میں نے اپنے والدین کو دین اسلام کا متبع پایا۔ اور کوئی دن ایسا نہیں گذرتا تھا جس میں رسول اللہ ﷺ ہمارے یہاں صبح و شام دونوں وقت تشریف نہ لاتے ہوں۔ پھر جب (مکہ میں) مسلمانوں کو ستایا جانے لگا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ حبشہ کی

نَحْوَ اَرْضِ الْحَبْشَةِ حَتّٰى بَلَغَ بَرْكَ الْغِمَادِ لَقِيَهُ ابْنُ الدَّاغِنَةِ وَهُوَ سَيِّدُ الْقَارَةِ فَقَالَ اَيْنَ تُرِيْدُ يَا اَبَابَكْرٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَخْرَجَنِيْ قَوْمِيْ فَاُرِيْدُ اَنْ اَسِيْحَ فِي الْاَرْضِ وَاَعْبُدَ رَبِّيْ قَالَ ابْنُ الدَّغِنَةِ فَاِنَّ مِثْلَكَ يَااَبَابَكْرٍ لَايَخْرُجُ وَلَايُخْرَجُ اِنَّكَ تَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَآئِبِ الْحَقِّ فَاَنَا لَكَ جَارٌ ارْجِعْ وَعْبُدْ رَبَّكَ بِبَلَدِكَ وَارْتَحَلَ مَعَهٗ بْنُ الدَّغِنَةِ فَطَافَ ابْنُ الدَّغِنَةِ عَشِيَّةً فِيْ اَشْرَافِ قُرَيْشٍ فَقَالَ لَهُمْ اِنَّ اَبَابَكْرٍ لَايَخْرُجُ مِثْلُهٗ وَلَايُخْرَجُ اَتُخْرِجُوْنَ رَجُلًا يَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَيَصِلُ الرَّحِمَ وَيَحْمِلُ الْكَلَّ وَيَقْرِي الضَّيْفَ وَيُعِيْنُ عَلٰى نَوَائِبِ الْحَقِّ فَلَمْ تُكَذِّبْ قُرَيْشٌ بِجِوَارِابْنِ الدَّاغِنَةِ وَقَالُوْالِا بْنِ الدَّغِنَةِ مُرْ اَبَابَكْرٍ فَلْيَعْبُدْ رَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ فَلْيُصَلِّ فِيْهَا وَالْيَقْرَأْ مَاشَاءَ وَلَا يُؤْذِيْنَا بِذٰلِكَ وَلَايَسْتَعْلِنْ بِهٖ فَاِنَّا نَخْشٰى اَنْ يَفْتِنَ نِسَاءَ نَا وَ اَبْنَاءَ نَا فَقَالَ ذَالِكَ ابْنُ الدَّاغِنَةِ لِاَبِيْ بَكْرٍ فَلَبِثَ اَبُوْبَكْرٍ بِذٰلِكَ يَعْبُدُ رَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ ثُمَّ بَدَا لِاَبِيْ بَكْرٍ فَابْتَنٰى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهٖ وَكَانَ يُصَلِّيْ فِيْهِ وَيَقْرَأُ الْقُرْآنَ فَيَنْقَذِفُ عَلَيْهِ نِسَاءُ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَبْنَاءُ هُمْ وَهُمْ يَعْجَبُوْنَ مِنْهُ وَيَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا بَكَّاءً لَايَمْلِكُ عَيْنَيْهِ اِذَا قَرَأَ الْقُرْآنَ وَاَفْزَعَ ذٰلِكَ اَشْرَافَ قُرَيْشٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَاَرْسَلُوْا اِلَى ابْنِ الدَّغِنَةِ فَقَدِمَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا اِنَّا كُنَّا اَجَرْنَا اَبَابَكْرٍ بِجِوَارِكَ عَلٰى اَنْ يَعْبُدَرَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ فَقَدْ جَاوَزَ ذَالِكَ فَابْتَنٰى مَسْجِدًا بِفِنَاءِ دَارِهٖ فَاَعْلَنَ بِا لصَّلَاةِ وَالْقِرَاءَ ةِ فِيْهِ وَاِنَّا قَدْ خَشِيْنَا اَنْ يَفْتِنَ نِسَاءَ نَا وَاَبْنَاءَ نَا فَانْهَهٗ فَاِنْ اَحَبَّ اَنْ يَقْتَصِرَ عَلٰى اَنْ يَعْبُدَ رَبَّهٗ فِيْ دَارِهٖ فَعَلَ وَاِنْ اَبٰى اِلَّا اَنْ يُعْلِنَ بِذٰلِكَ فَاسْئَلْهُ اَنْ يَرُدَّ

طرف ہجرت کا ارادہ کر کے نکلے۔ جب مقام برک الغماد پر پہنچے تو آپ کی ملاقات ابن الداغنہ سے ہوئی۔ وہ قبیلہ قارہ کا سردار تھا اس نے پوچھا، ابوبکر! کہاں کا ارادہ ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ میری قوم نے مجھے نکال دیا ہے۔ اب میں نے ارادہ کرلیا ہے کہ ملک ملک کی سیاحت کروں گا۔ اور (آزادی کے ساتھ) اپنے رب کی عبادت کروں گا ابن الداغنہ نے کہا، لیکن ابوبکر! تم جیسے انسان کو اپنے وطن سے نہ خود نکلنا چاہئے اور نہ اسے نکالا جانا چاہئے تم محتاجوں کی مدد کرتے ہو، صلہ رحمی کرتے ہو، بے کسوں کا بوجھ اٹھاتے ہو، مہمان نوازی کرتے ہو اور حق پر قائم رہنے کی وجہ سے کسی پر آنے والی مصیبتوں میں اس کی مدد کرتے ہو میں تمہیں پناہ دیتا ہوں، واپس چلو اور اپنے شہر ہی میں اپنے رب کی عبادت کرو۔ چنانچہ آپ واپس آ گئے اور ابن الداغنہ بھی آپ کے ساتھ واپس آیا، اس کے بعد ابن الداغنہ قریش کے تمام سرداروں کے یہاں شام کے وقت گیا اور سب سے اس نے کہا کہ ابوبکر جیسے شخص کو نہ خود نکلنا چاہئے اور نہ اسے نکالا جانا چاہئے، کیا تم ایک ایسے شخص کو نکال دو گے جو محتاجوں کی امداد کرتا ہے، صلہ رحمی کرتا ہے، بے کسوں کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ مہمان نوازی کرتا ہے اور حق کی وجہ سے کسی پر آنے والی مصیبتوں میں اس کی مدد کرتا ہے۔ قریش نے ابن الداغنہ کی پناہ سے انکار نہیں کیا صرف اتنا کہا کہ ابوبکر سے کہہ دو کہ اپنے رب کی عبادت اپنے گھر کے اندر ہی کیا کریں، وہیں نماز پڑھیں اور جو جی چاہے وہیں پڑھیں، اپنی ان عبادات سے ہمیں تکلیف نہ پہنچائیں اس کا اظہار واعلان نہ کریں کیونکہ ہمیں اس کا خطرہ ہے کہ کہیں ہماری عورتیں اور بچے اس فتنہ میں نہ مبتلا ہو جائیں، یہ باتیں ابن الداغنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بھی آ کر کہہ دیں، کچھ دنوں تک تو آپ اس پر قائم رہے اور اپنے گھر کے اندر ہی اپنے رب کی عبادت کرتے رہے نہ نماز برسرعام پڑھتے تھے اور نہ اپنے گھر کے سوا کسی اور جگہ تلاوت قرآن کرتے تھے لیکن پھر انہوں نے کچھ سوچا اور اپنے گھر کے سامنے نماز پڑھنے کے لئے ایک جگہ بنائی جہاں آپ نے نماز پڑھنی شروع کی اور تلاوت قرآن بھی وہیں کرنے لگے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں مشرکین کی عورتوں اور بچوں کا مجمع ہونے لگا۔ وہ سب حیرت اور پسندیدگی کے ساتھ انہیں دیکھتے رہا کرتے تھے، ابوبکر رضی اللہ عنہ بڑے نرم دل تھے۔ جب قرآن مجید کی تلاوت کرتے تو آنسوؤں کو روک نہ سکتے تھے۔ اس

اِلَیکَ ذِمَّتَکَ فَاِنَّا قَدْ کَرِھْنَا اَنْ نُخفِرَکَ وَلَسْنَا
مُقِرِّیْنَ لِاَبِیْ بَکْرٍ الْاِسْتِعْلَانَ قَالَتْ عَائِشَۃُ فَاَتَی ابْنُ
الدَّغِنَۃِ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ فَقَالَ قَدْ عَلِمْتَ الَّذِیْ
عَاقَدْتُ لَکَ عَلَیْہِ فَاِمَّا اَنْ تَقْتَصِرَ عَلٰی ذٰلِکَ
وَاِمَّا اَنْ تَرْجِعَ اِلَیَّ ذِمَّتِیْ فَاِنِّیْ لَا اُحِبُّ اَنْ تَسْمَعَ
الْعَرَبُ اَنِّیْ اُخْفِرْتُ فِیْ رَجُلٍ عَقَدْتُ لَہٗ فَقَالَ
ابوبکرٍ فَاِنِّیْ اَرُدُّ اِلَیْکَ جِوَارَکَ وَ اَرْضٰی بِجِوَارِ
اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ وَالنَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَئِذٍ
بِمَکَّۃَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِیْنَ
اِنِّیْ اُرِیْتُ دَارَھِجْرَتِکُمْ ذَاتَ نَخْلٍ بَیْنَ لَابَتَیْنِ
وَھُمَا الْحَرَّتَانِ فَھَاجَرَ قِبَلَ الْمَدِیْنَۃِ وَرَجَعَ عَامَّۃُ مَنْ
کَانَ ھَاجَرَ بِاَرْضِ الْحَبَشَۃِ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ وَتَجَھَّزَ
اَبُوْ بَکْرٍ قِبَلَ الْمَدِیْنَۃِ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی رِسْلِکَ فَاِنِّیْ ارجوااَنْ یُّؤْذَنَ
لِیْ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ وَھَلْ تَرْجُوْا ذٰلِکَ بِاَبِیْ اَنْتَ
قَالَ نَعَمْ فَحَبَسَ اَبُوْ بَکْرٍ نَفْسَہٗ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِیَصْحَبَہٗ وَعَلَفَ رَاحِلَتَیْنِ
کَانَتَا عِنْدَہٗ وَرَقَ السَّمُرِ وَھُوَ الْخَبَطُ اَرْبَعَۃَ اَشْھُرٍ
قَالَ ابْنُ شِھَابٍ قَالَ عُرْوَۃُ قَالَتْ عَائِشَۃُ فَبَیْنَمَا
نَحْنُ یَوْمًا جُلُوْسٌ فِیْ بَیْتِ اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ نَحْرِ
الظَّھِیْرَۃِ قَالَ قَائِلٌ لِاَبِیْ بَکْرٍ ھٰذَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَقَنِّعًا فِیْ سَاعَۃٍ لَمْ یَکُنْ یَاْتِیْنَا فِیْھَا
فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ فِدَاءٌ لَہٗ اَبِیْ وَاُمِّیْ وَاللّٰہِ مَاجَاءَ بِہٖ فِیْ
ھٰذِہِ السَّاعَۃِ اِلَّا اَمْرٌ قَالَتْ فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَ فَاُذِنَ لَہٗ فَدَخَلَ فَقَالَ
النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ بَکْرٍ اَخْرِجْ مَنْ
عِنْدَکَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ اِنَّمَا ھُمْ اَھْلُکَ بِاَبِیْ اَنْتَ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ فَاِنِّیْ اُذِنَ لِیْ فِی الْخُرُوْجِ فَقَالَ
اَبُوْبَکْرٍ الصَّحَابَۃَ بِاَبِیْ اَنْتَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ

صورت حال سے مشرکین قریش کے سردار گھبرا گئے اور انہوں نے ابن الدغنہ کو بلا بھیجا جب ابن الدغنہ گیا تو انہوں نے اس سے کہا کہ ہم نے ابوبکر کے لئے تمہاری پناہ اس شرط کے ساتھ تسلیم کی تھی کہ اپنے رب کی عبادت وہ اپنے گھر کے اندر کیا کریں گے لیکن انہوں نے شرط کی خلاف ورزی کی ہے اور اپنے گھر کے سامنے نماز پڑھنے کے لئے ایک جگہ بنا کر برسر عام نماز پڑھنے اور تلاوت قرآن کرنے لگے ہیں۔ ہمیں اس کا ڈر ہے کہ کہیں ہماری عورتیں اور بچے اس فتنے میں نہ مبتلا ہو جائیں۔ اس لئے تم انہیں روک دو اگر انہیں یہ شرط منظور ہو کہ اپنے رب کی عبادت صرف اپنے گھر کے اندر ہی کیا کریں تو وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر وہ اعلان واظہار پر مصر ہیں تو ان سے کہو کہ تمہاری پناہ واپس دے دیں۔ کیونکہ ہمیں یہ پسند نہیں کہ تمہاری دی ہوئی پناہ میں ہم دخل اندازی کریں۔ لیکن ہم ابوبکر کے اس اعلان واظہار کو بھی برداشت نہیں کر سکتے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر ابن الدغنہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں آیا اور کہا کہ جس شرط کے ساتھ میں نے آپ سے عہد کیا تھا وہ آپ کو معلوم ہے اب یا آپ اس شرط پر قائم رہئے یا پھر میرے عہد کو واپس کیجئے کیونکہ مجھے یہ گوارا نہیں کہ عرب کے کانوں تک یہ بات پہنچے کہ میں نے ایک شخص کو پناہ دی تھی لیکن اس میں (قریش کی طرف سے) دخل اندازی کی گئی اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں تمہاری پناہ واپس کرتا ہوں اور اپنے رب عزوجل کی پناہ پر راضی اور خوش ہوں، حضور اکرم ﷺ ان دنوں مکہ میں تشریف رکھتے تھے۔ آپ نے مسلمانوں سے فرمایا کہ تمہاری ہجرت کی جگہ مجھے (خواب میں) دکھائی گئی ہے وہاں کھجور کے باغات ہیں اور دو پتھریلے میدانوں کے درمیان میں واقع ہے چنانچہ جنہیں ہجرت کرنا تھی انہوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کی اور جو حضرات سرزمین حبشہ ہجرت کر کے چلے گئے تھے وہ بھی مدینہ واپس چلے آئے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی مدینہ ہجرت کی تیاری شروع کر دی، لیکن آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ کچھ دنوں کے لئے توقف کرو، مجھے توقع ہے کہ ہجرت کی اجازت مجھے بھی مل جائے گی۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، کیا واقعی آپ کو بھی اس کی توقع ہے، میرے باپ آپ پر فدا ہوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کی رفاقت سفر کے شرف کے خیال سے اپنا ارادہ ملتوی کر دیا اور دو(۲)

فَخُذْ بِاَبِیْ اَنْتَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِحْدٰی رَاحِلَتَیَّ هَاتَیْنِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالثَّمَنِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَجَهَّزْنَا هُمَا اَحَثَّ الْجِهَازِ وَصَنَعْنَا لَهُمَا سُفْرَةً فِیْ جِرَابٍ فَقَطَعَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ اَبِیْ بَكْرٍ قِطْعَةً مِنْ نِطَاقِهَا فَرَبَطَتْ بِهٖ عَلٰی فَمِ الْجِرَابِ فَبِذٰلِكَ سُمِّیَتْ ذَاتَ النِّطَاقِ قَالَتْ ثُمَّ لَحِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ بِغَارٍ فِیْ جَبَلِ ثَوْرٍ فَكَمَنَا فِیْهِ ثَلَاثَ لَیَالٍ یَبِیْتُ عِنْدَهُمَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌّ ثَقِفٌ لَقِنٌ فَیُدْلِجُ مِنْ عِنْدِهِمَا بِسَحَرٍ فَیُصْبِحُ مَعَ قُرَیْشٍ بِمَكَّةَ كَبَائِتٍ فَلَا یَسْمَعُ اَمْرًا یُكْتَادَانِ بِهٖ اِلَّا دَعَاهُ حَتّٰی یَاتِیَهُمَا بِخَبَرِ ذٰلِكَ حِیْنَ یَخْتَلِطُ الظَّلَامُ وَیَرْعٰی عَلَیْهِمَا عَامِرُ بْنُ فُهَیْرَةَ مَوْلٰی اَبِیْ بَكْرٍ مِنْحَةً مِنْ غَنَمٍ فَیُرِیْحُهَا عَلَیْهِمَا حِیْنَ یَذْهَبُ سَاعَةٌ مِنَ الْعِشَاءِ فَیَبِیْتَانِ فِیْ رِسْلٍ وَهُوَ لَبَنُ مِنْحَتِهِمَا وَرَضِیْفِهِمَا حَتّٰی یَنْعِقَ بِهَا عَامِرُ بْنُ فُهَیْرَةَ بِغَلَسٍ یَفْعَلُ ذٰلِكَ فِیْ كُلِّ لَیْلَةٍ مِنْ تِلْكَ اللَّیَالِی الثَّلَاثِ وَاسْتَاْجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ رَجُلًا مِنْ بَنِی الدِّیْلِ وَهُوَ مِنْ عَبْدِ بْنِ عَدِیٍّ هَادِیًا خِرِّیْتًا وَالْخِرِّیْتُ الْمَاهِرُ بِالْهِدَایَةِ قَدْ غَمَسَ حِلْفًا فِیْ اٰلِ الْعَاصِ ابْنِ وَائِلِ السَّهْمِیِّ وَهُوَ عَلٰی دِیْنِ كُفَّارِ قُرَیْشٍ فَاَمِنَاهُ فَدَفَعَا اِلَیْهِ رَاحِلَتَیْهِمَا وَوَاعَدَاهُ غَارَ ثَوْرٍ بَعْدَ ثَلَاثِ لَیَالٍ بِرَاحِلَتَیْهِمَا صُبْحَ ثَلَاثٍ وَانْطَلَقَ مَعَهُمَا عَامِرُ ابْنُ فُهَیْرَةَ وَالدَّلِیْلُ فَاَخَذَ بِهِمْ طَرِیْقَ السَّوَاحِلِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَالِكٍ الْمُدْلِجِیُّ وَهُوَابْنُ اَخِیْ سُرَاقَةَ ابْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ اَنَّ اَبَاهُ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ سُرَاقَةَ بْنَ جُعْشُمٍ یَقُوْلُ جَاءَ نَا رُسُلُ كُفَّارِ قُرَیْشٍ یَجْعَلُوْنَ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَكْرٍ دِیَةَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مَنْ

اونٹنیوں کو اُن کے پاس تھیں کیکر کے پتے کھلا کر تیار کرنے لگے، چار مہینے تک۔ ابن شہاب نے بیان کیا ان سے عروہ نے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، ایک دن، ہم ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر بیٹھے ہوئے تھے، بھری دوپہر تھی کہ کسی نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا۔ رسول اللہ ﷺ سر پر رومال ڈالے تشریف لا رہے ہیں۔ آنحضور ﷺ کا معمول ہمارے یہاں اس وقت آنے کا نہیں تھا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے، آنحضور ﷺ پر میرے ماں باپ فدا ہوں ایسے وقت میں تو آپ کسی خاص وجہ سے ہی تشریف لائے ہوں گے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ تشریف لائے اور اندر آنے کی اجازت چاہی۔ ابوبکرؓ نے آپ ﷺ کو اجازت دی تو آپ اندر داخل ہوئے۔ پھر آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا اس وقت یہاں سے تھوڑی دیر کے لئے سب کو اٹھادو۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یہاں اس وقت تو سب گھر کے ہی افراد ہیں، میرے باپ آپ پر فدا ہوں یا رسول اللہ! آنحضور ﷺ نے اس کے بعد فرمایا کہ مجھے ہجرت کی اجازت دے دی گئی ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ میرے باپ آنحضور ﷺ پر فدا ہوں، یا رسول اللہ! کیا مجھے رفاقت سفر کا شرف حاصل ہو سکے گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ! میرے باپ آپ پر فدا ہوں، ان دونوں میں سے ایک اونٹنی آپ لے لیجئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، لیکن قیمت سے! عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ہم نے جلدی جلدی ان کے لئے تیاریاں شروع کر دیں اور کچھ زاد سفر ایک تھیلے میں رکھ دیا اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا نے اپنے پٹکے کے ٹکڑے کر کے تھیلے کا منہ اس سے باندھ دیا اور اسی وجہ سے ان کا نام ذات النطاق (پٹکے والی) پڑ گیا، عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جبل ثور کے غار میں پڑاؤ کیا اور تین راتیں وہیں گذاریں، عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ رات وہیں جا کر گذارا کرتے تھے، یہ تو جوان لیکن بہت سمجھدار تھے اور ذہن پایا تھا۔ سحر کے وقت وہاں سے نکل آتے تھے اور صبح اتنی سویرے مکہ پہنچ جاتے جیسے وہیں رات گذاری ہو۔ پھر جو کچھ بھی یہاں سنتے اور جس کے ذریعہ ان حضرات کے خلاف کارروائی کے لئے کوئی تدبیر کی جاتی تو اسے محفوظ رکھتے اور جب اندھیرا چھا جاتا تو تمام اطلاعات یہاں آ کر پہنچاتے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مولا عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ آپ

قَتلَه' اَوْاَسَرَهُ فَبَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ فِيْ مَجْلِسٍ مِنْ مَجَالِسِ قَوْمِيْ بَنِيْ مُدْلِجٍ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ حَتّٰى قَامَ عَلَيْنَا وَنَحْنُ جُلُوْسٌ فَقَالَ يَاسُرَاقَةُ اِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ اٰنِفًا اَسْوِدَةً بِالسَّاحِلِ اُرَاهَا مُحَمَّدًا وَاَصْحَابَه' قَالَ سُرَاقَةُ فَعَرَفْتُ اَنَّهُمْ هُمْ فَقُلْتُ لَه' اِنَّهُمْ لَيْسُوْا بِهِمْ وَلٰكِنَّكَ رَاَيْتَ فُلاَ نًا وَفُلاَناً انْطَلَقُوْا بِاَعْيُنِنَا ثُمَّ لَبِثْتُ فِي الْمَجْلِسِ سَاعَةً ثُمَّ قُمْتُ فَدَ خَلْتُ فَاَمَرْتُ جَارِيَتِيْ اَنْ تَخْرُجَ بِفَرَسِيْ وَهِيَ مِنْ وَرَاءِ اَكَمَةٍ فَتَحْبِسَهَا عَلَيَّ وَاَخَذْتُ رُمْحِيْ فَخَرَجْتُ بِهٖ مِنْ ظَهْرِ الْبَيْتِ فَخَطَطْتُ بِزُجِّهِ الْاَرْضَ وَخَفَضْتُ عَالِيَه' حَتّٰى اَتَيْتُ فَرَسِيْ فَرَ كِبْتُهَا فَرَ فَعْتُهَا تُقَرِّبُ بِيْ حَتّٰى دَنَوْتُ مِنْهُمْ فَعَثَرَتْ بِيْ فَرَسِيْ فَخَرَرْتُ عَنْهَا فَقُمْتُ فَاَهْوَيْتُ يَدِيْ اِلٰى كِنَانَتِيْ فَاسْتَخْرَجْتُ مِنْهَا الْاَزْلَامَ فَاسْتَقْسَمْتُ بِهَا اَضُرُّهُمْ اَمْ لَا فَخَرَجَ الَّذِيْ اَكْرَهُ فَرَكِبْتُ فَرَسِيْ وَعَصَيْتُ الْاَزْلَامَ تُقَرِّبُ بِيْ حَتّٰى اِذَا سَمِعْتُ قِرَاءَ ةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ لَا يَلْتَفِتُ وَاَبُوْبَكْرٍ يُكْثِرُ الْاِلْتِفَاتَ سَاخَتْ يَدَا فَرَسِيْ فِي الْاَرْضِ حَتّٰى بَلَغَنَا الرُّكْبَتَيْنِ فَخَرَرْتُ عَنْهَا ثُمَّ زَجَرْتُهَا فَنَهَضَتْ فَلَمْ يَكَدْ تُخْرِجُ يَدَيْهَا فَلَمَّا اسْتَوَتْ قَائِمَةً اِذَا لِاَثَرِيَدَيْهَا عُثَانٌ سَاطِعٌ فِي السَّمَاءِ مِثْلُ الدُّخَانِ فَاسْتَقْسَمْتُ بِالْاَزْلَامِ فَخَرَجَ الَّذِيْ اَكْرَهُ فَنَادَيْتُهُمْ بِالْاَمَانِ فَوَقَفُوْا فَرَكِبْتُ فَرَسِيْ حَتّٰى جِئْتُهُمْ وَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ حِيْنَ لَقِيْتُ مَالَقِيْتُ مِنَ الْحَبْسِ عَنْهُمْ اَنْ سَيَظْهَرُ اَمْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَه' اِنَّ قَوْمَكَ قَدْ جَعَلُوْا فِيْكَ الدِّيَةَ وَاَخْبَرْتُهُمْ اَخْبَارَ مَايُرِيْدُ النَّاسُ بِهِمْ وَعَرَضْتُ عَلَيْهِمُ الزَّادَ وَالْمَتَاعَ فَلَمْ يَرْزَاٰنِيْ وَلَمْ يَسْاَلَانِيْ اِلَّا اَنْ قَالَ اَخْفِ عَنَّا فَسَاَلْتُه' اَنْ يَكْتُبَ لِيْ كِتَابَ اَمْنٍ فَاَمَرَ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ فَكَتَبَ

حضرات کے لئے قریب ہی دودھ دینے والی بکری چرایا کرتے تھے اور جب کچھ رات گذر جاتی تو اسے غار میں لاتے تھے آپ حضرات اسی پر رات گذارتے۔ اس دودھ کو گرم لوہے کے ذریعہ گرم کرلیا جاتا تھا۔ صبح منہ اندھیرے ہی عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ غار سے نکل آتے تھے ان تین راتوں میں روزانہ کا ان کا یہی دستور تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بنی دیل جو بنی عبد بن عدی کی شاخ تھی، کے ایک شخص کو راستہ بتانے کے لئے اجرت پر اپنے ساتھ رکھا تھا۔ یہ شخص راستوں کا بڑا ماہر تھا۔ آل عاص بن وائل سہمی کا یہ حلف بھی تھا اور کفار قریش کے دین پر قائم تھا، ان حضرات نے اس پر اعتماد کیا۔ اور اپنے دونوں اونٹ اس کے حوالہ کر دیئے۔ قرار یہ پایا تھا کہ تین راتیں گذار کر یہ شخص غار ثور میں ان حضرات سے ملاقات کرے۔ چنانچہ تیسری رات کی صبح کو وہ دونوں اونٹ لے کر (آ گیا) اب عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ اور یہ راستہ بتانے والا، ان حضرات کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے، ساحل کے راستے سے ہوتے ہوئے۔ ابن شہاب نے بیان کیا اور مجھے عبدالرحمٰن بن مالک مدلجی نے خبر دی، آپ سراقہ بن مالک بن جعشم کے بھتیجے ہیں۔ کہ ان کے والد نے انہیں خبر دی اور انہوں نے سراقہ بن مالک بن جعشم کو یہ کہتے سنا کہ ہمارے پاس کفار قریش کے قاصد آئے اور یہ پیش کش کی کہ رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اگر کوئی شخص قتل کر دے یا قید کر لائے تو ہر ایک کے بدلے میں اسے سو اونٹ دیئے جائیں گے میں اپنی قوم بنی مدلج کی ایک مجلس میں بیٹھا ہوا تھا کہ ان کا ایک آدمی سامنے آیا اور ہمارے قریب کھڑا ہو گیا۔ ہم ابھی بیٹھے ہوئے تھے۔ اس نے کہا، سراقہ! ساحل پر میں ابھی چند سائے دیکھ کر آرہا ہوں۔ میرا خیال ہے کہ وہ محمد اور ان کے ساتھی ہی ہیں۔ (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم) سراقہ نے کہا، میں سمجھ گیا کہ اس کا خیال صحیح ہے۔ لیکن میں نے اس سے کہا کہ یہ وہ لوگ نہیں ہیں، میں نے فلاں فلاں کو دیکھا ہے۔ ہمارے سامنے سے اسی طرف گئے ہیں اس کے بعد میں مجلس میں تھوڑی دیر اور بیٹھا رہا اور پھر اٹھتے ہی گھر گیا اور اپنی باندی سے کہا کہ میرے گھوڑے کو لے کر ٹیلے کے پیچھے چلی جائے اور وہیں میرا انتظار کرے، اس کے بعد میں نے اپنا نیزہ اٹھایا اور گھر کی پشت کی طرف سے باہر نکل آیا، میں نیزے کی نوک سے زمین پر لکیر کھینچتا چلا گیا اور اوپر

فِیْ رُقْعَةٍ مِنْ اَدِیْمٍ ثُمَّ مَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقِیَ الزُّبَیْرَ فِیْ رَكْبٍ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ كَانُوْا تُجَّارًا قَافِلِیْنَ مِنَ الشَّامِ فَكَسَا الزُّبَیْرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَابَكْرٍ ثِیَابَ بَیَاضٍ وَسَمِعَ الْمُسْلِمُوْنَ بِالْمَدِیْنَةِ مَخْرَجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ فَكَانُوْا یَغْدُوْنَ كُلَّ غَدَاةٍ اِلَی الْحَرَّةِ فَیَنْتَظِرُوْنَهٗ حَتّٰی یَرُدَّهُمْ حَرُّ الظَّهِیْرَةِ فَانْقَلَبُوْا یَوْمًا بَعْدَ مَا اَطَالُوا انْتِظَارَهُمْ فَلَمَّا اَوَوْا اِلٰی بُیُوْتِهِمْ اَوْفٰی رَجُلٌ مِنْ یَهُوْدَ عَلٰی اُطُمٍ مِنْ آطَامِهِمْ لِاَمْرٍ یَنْظُرُ اِلَیْهِ فَبَصُرَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ مُبَیَّضِیْنَ یَزُوْلُ بِهِمُ السَّرَابُ فَلَمْ یَمْلِكِ الْیَهُوْدِیُّ اَنْ قَالَ بِاَعْلٰی صَوْتِهٖ یَامَعَاشِرَ الْعَرَبِ هٰذَا جَدُّكُمُ الَّذِیْ تَنْتَظِرُوْنَ فَثَارَ الْمُسْلِمُوْنَ اِلَی السِّلَاحِ فَتَلَقَّوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِ الْحَرَّةِ فَعَدَلَ بِهِمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ حَتّٰی نَزَلَ بِهِمْ فِیْ بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ وَ ذٰلِكَ یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ مِنْ شَهْرِ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ فَقَامَ اَبُوْبَكْرٍ لِلنَّاسِ وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَامِتًا وَطَفِقَ مَنْ جَاءَ مِنَ الْاَنْصَارِ مِمَّنْ لَمْ یَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُحَیِّیْ اَبَابَكْرٍ حَتّٰی اَصَابَتِ الشَّمْسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلَ اَبُوْبَكْرٍ حَتّٰی ظَلَّلَ عَلَیْهِ بِرِدَائِهٖ فَعَرَفَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ بِضْعَ عَشْرَةَ لَیْلَةً وَاُسِّسَ الْمَسْجِدُ الَّذِیْ اُسِّسَ عَلَی التَّقْوٰی وَصَلّٰی فِیْهِ

کے حصے کو چھپائے ہوئے تھا۔ ❶ میں گھوڑے کے پاس آ کر اس پر سوار ہوا اور صبار فتاری کے ساتھ اسے لے چلا، جتنی سرعت کے ساتھ بھی میرے لئے ممکن تھا آخر الامر میں نے ان حضرات کو پا ہی لیا، اسی وقت گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور مجھے زمین پر گرا دیا۔ لیکن میں کھڑا ہو گیا اور اپنا دایاں ہاتھ ترکش کی طرف بڑھایا اس میں سے تیر نکال کر میں نے فال نکالی کہ آیا میں انہیں نقصان پہنچا سکتا ہوں یا نہیں، فال (اب بھی) وہ نکلی جسے میں پسند نہیں کرتا تھا (یعنی میں انہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکوں گا) لیکن میں دوبارہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا اور تیروں کے فال کی پرواہ نہیں کی، پھر میرا گھوڑا مجھے انتہائی تیزی کے ساتھ دوڑائے لئے جا رہا تھا۔ آخر جب میں نے رسول اللہ ﷺ کی قرأت سنی، آنحضور ﷺ میری طرف کوئی توجہ نہیں کر رہے تھے لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ بار بار مڑ کر دیکھتے تھے تو میرے گھوڑے کے آگے کے دونوں پاؤں زمین میں دھنس گئے، جب وہ ٹخنوں تک دھنس گیا تو میں اس کے اوپر گر پڑا اور اسے اٹھانے کے لئے ڈانٹا، میں نے اسے اٹھانے کی کوشش کی، لیکن وہ اپنے پاؤں زمین سے نہیں نکال سکا بڑی مشکل سے جب اس نے پوری طرح کھڑے ہونے کی کوشش کی تو اس کے آگے کے پاؤں سے منتشر سا غبار اٹھ کر دھوئیں کی طرح آسمان کی طرف چڑھنے لگا، پھر میں نے تیروں سے فال نکالی، لیکن اس مرتبہ بھی وہی فال آئی جسے میں پسند نہیں کرتا تھا۔ اس وقت میں نے ان حضرات کو امان دینے کے لئے پکارا۔ میری آواز پر وہ لوگ کھڑے ہو گئے اور میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس آیا۔ ان تک بڑے ارادے کے ساتھ پہنچنے سے جس طرح مجھے روک دیا گیا تھا اسی سے مجھے یقین ہو گیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کی دعوت غالب آ کر رہے گی، اس لئے میں نے آنحضور ﷺ سے کہا کہ آپ کی قوم نے آپ کے لئے سو اونٹوں کے انعام کا اعلان کیا ہے پھر میں نے آپ کو قریش کے ارادوں کی اطلاع دی۔ میں نے ان حضرات کی خدمت میں کچھ توشہ اور سامان پیش کیا لیکن آنحضور ﷺ نے اسے قبول نہیں کیا۔ مجھ سے کسی اور چیز کا مطالبہ بھی نہیں کیا صرف اتنا کہا کہ ہمارے متعلق رازداری سے کام

❶ یہ سب کارروائی اس لئے کی جا رہی تھی تا کہ کسی کو شبہ نہ ہو جائے کہ حضور اکرم ﷺ فداہ ابی وامی کا پیچھا کیا جا رہا ہے اور یہ کہ آنحضور ﷺ واقعی ساحل کے راستے سے مدینہ کی طرف تشریف لے جا رہے ہیں، کیونکہ اگر کوئی اور جان جاتا اور ساتھ ہو لیتا تو انعام کی تقسیم ہو جاتی اور پورا حصہ ان صاحب کو نہیں مل سکتا تھا دوسری روایتوں میں ہے کہ اس نے روانگی سے پہلے بھی جاہلیت کے دستور کے مطابق فال نکالی تھی، اور ہر مرتبہ کی فال کا نتیجہ یہی نکلتا تھا کہ اس ارادہ کو ترک کر دینا چاہیے۔

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثم رَكِبَ رَاحِلَتَه، فَسَارَ يَمْشِيْ مَعَهُ النَّاسُ حَتّٰى بَرَكَتْ عِنْدَ مَسْجِدِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ وَهُوَيُصَلِّيْ فِيْهِ يَوْمَئِذٍ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَكَانَ مِرْبَدًا لِلتَّمْرِ لِسُهَيْلٍ وَسَهْلٍ غُلاَ مَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِيْ حِجْرِ اَسْعَدَ بْنِ زُرَارَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بَرَكَتْ بِه رَاحِلَتُه، هٰذَا اِنْشَاءَ اللّٰهُ الْمَنْزِلُ ثُمَّ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُلاَمَيْنِ فَسَاوَمَهُمَا بِالْمِرْبَدِ لِيَتَّخِذَه، مَسْجِدًا فَقَالَا بَلْ نَهَبُه، لَكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَبٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَقْبَلَه مِنْهُمَا هِبَةً حَتّٰى ابْتَاعَه، مِنْهُمَا ثُمَّ بَنَاهُ مَسْجِدًا وَطَفِقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ مَعَهُمُ اللَّبِنَ فِيْ بُنْيَانِه وَيَقُوْلُ وَهُوَ يَنْقُلُ اللَّبِنَ هٰذَا الْحِمَالُ لَا حِمَالُ خَيْبَرْ هٰذَا اَبَرُّ رَبَّنَا وَاَطْهَرْ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنَّ الْاَجْرَ اَجْرُ الْاٰخِرَةْ فَارْحَمِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ فَتَمَثَّلَ بِشِعْرِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يُسَمَّ لِيْ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَلَمْ يَبْلُغْنَا فِي الْاَحَادِيْثِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمَثَّلَ بِبَيْتِ شِعْرٍ تَامٍّ غَيْرِ هٰذَا الْبَيْتِ

لینا لیکن میں نے عرض کی کہ آپ میرے لئے ایک امن کی تحریر لکھ دیجئے۔ آنحضور ﷺ نے عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انہوں نے چمڑے کے ایک رقعہ پر تحریر امن لکھ دی۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ آگے بڑھے، ابن شہاب نے بیان کیا اور انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ کی ملاقات زبیر رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو مسلمانوں کے ایک تجارتی قافلہ کے ساتھ شام سے واپس آ رہے تھے۔ زبیر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں سفید پوشاک پیش کی۔ ادھر مدینہ میں مسلمانوں کو آنحضور ﷺ کی مکہ سے ہجرت کی اطلاع ہو گئی تھی اور یہ حضرات روزانہ صبح کو مقام حرہ تک آتے تھے اور آنحضور ﷺ کا انتظار کرتے رہتے، لیکن دوپہر کی گرمی کی وجہ سے (دوپہر کو) انہیں واپس ہو جانا پڑتا تھا۔ ایک دن جب بہت طویل انتظار کے بعد سب حضرات واپس آ گئے اور اپنے گھر پہنچ گئے تو ایک یہودی نے اپنے ایک قلعہ سے غور سے جو دیکھا تو رسول اللہ ﷺ اپنے ساتھیوں کے ساتھ نظر آئے، اس وقت آپ سفید کپڑا زیب تن کئے ہوئے تھے اور بہت دور تھے۔ یہودی بے اختیار چلا اٹھا کہ اے معشر عرب! تمہارے بزرگ آ گئے جن کا تمہیں انتظار تھا۔ مسلمان ہتھیار لے کر دوڑ پڑے اور حضور اکرم ﷺ کا مقام حرہ پر پہنچنے سے پہلے استقبال کیا۔ آپ نے ان کے ساتھ داہنی طرف کا راستہ اختیار کیا اور بنی عمرو بن عوف میں قیام کیا۔ یہ ربیع الاول کا مہینہ تھا اور پیر کا دن۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ لوگوں کے سامنے کھڑے ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ بیٹھے رہے۔ انصار کے جن افراد نے رسول اللہ ﷺ کو اس سے پہلے نہیں دیکھا تھا وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ ہی کو سلام کر رہے تھے لیکن جب حضور اکرم ﷺ پر دھوپ پڑنے لگی تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنی چادر سے آنحضور ﷺ پر سایہ کیا، اس وقت لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو پہچان لیا۔ حضور اکرم ﷺ نے بنی عمرو بن عوف میں تقریباً دس دن تک قیام کیا اور وہ مسجد جس کی بنیاد تقویٰ پر قائم ہے (قرآن کے بیان کے مطابق) وہ اسی زمین میں تعمیر ہوئی اور حضور اکرم ﷺ نے اس میں نماز پڑھی۔ پھر آنحضور ﷺ اپنی سواری پر سوار ہوئے اور صحابہ بھی آپ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ آخر آنحضور ﷺ کی سواری مدینہ منورہ میں اس مقام پر آ کر بیٹھ گئی، جہاں اب مسجد نبوی ہے اس مقام پر چند مسلمان ان دنوں نماز ادا کیا کرتے تھے یہ جگہ سہیل اور

سہل (رضی اللہ عنہما) دو۲ یتیم بچوں کی ملکیت تھی اور کھجور کا یہاں کھلیان لگتا تھا۔ یہ دونوں بچے سعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کی پرورش میں تھے جب اونٹنی وہاں بیٹھ گئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، انشاء اللہ یہی قیام کی جگہ ہے۔ اس کے بعد آپ نے دونوں یتیم بچوں کو بلایا اور ان سے اس جگہ کا معاملہ کرنا چاہا، تا کہ وہاں مسجد تعمیر کی جا سکے، دونوں بچوں نے کہا کہ نہیں یا رسول اللہ! ہم یہ جگہ آپ کو ہبہ کریں گے لیکن آنحضور ﷺ نے ہبہ کے طور پر قبول کرنے سے انکار کیا۔ بلکہ زمین قیمت ادا کر کے لی اور وہیں مسجد تعمیر کی۔ اس کی تعمیر کے وقت خود حضور اکرم ﷺ بھی صحابہ کے ساتھ اینٹوں کے ڈھونے میں شریک تھے، اینٹ ڈھوتے وقت آنحضور ﷺ یہ فرماتے جاتے تھے کہ "یہ بوجھ خیبر ❶ کے بوجھ نہیں ہیں" بلکہ اس کا اجر و ثواب اللہ کے یہاں باقی رہنے والا ہے اور اس میں بہت زیادہ طہارت اور پاکی ہے۔" اور آنحضور ﷺ فرماتے تھے، اے اللہ! اجر تو بس آخرت ہی کا اجر ہے۔ پس آپ انصار اور مہاجرین پر اپنی رحمت نازل فرمایئے۔" اس طرح آپ ﷺ نے ایک مسلمان شاعر کے شعر کو استعمال کیا جن کا نام مجھے معلوم نہیں۔ ابن شہاب نے بیان کیا کہ احادیث سے ہمیں یہ اب تک معلوم نہیں کہ آنحضور ﷺ نے اس شعر کے سوا کسی بھی شاعر کے پورے شعر کو کسی موقعہ پر استعمال کیا ہو۔

۱۰۸۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا
وُاُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِیْهِ وَفَاطِمَةَ عَنْ اَسْمَاءَ
ضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا صَنَعْتُ سُفْرَةً لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ
لَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِیْ بَکْرٍ حِیْنَ اَرَادَ الْمَدِیْنَةَ فَقُلْتُ
بِیْ مَا اَجِدُ شَیْئًا اَرْبِطُهٗ اِلَّا نِطَاقِیْ قَالَ فَشُقِّیْهِ
عَلْتُ فَسُمِّیْتُ ذَاتَ النِّطَاقَیْنِ

۱۰۸۸۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد اور فاطمہ رحمہا نے اور ان سے اسماء رضی اللہ عنہا نے کہ جب نبی کریم ﷺ اور ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ ہجرت کا ارادہ کیا تو میں نے آپ حضرات کے لئے ناشتہ تیار کیا میں نے اپنے والد (ابو بکر رضی اللہ عنہ) سے کہا کہ میرے پٹکے کے سوا اور کوئی چیز اس وقت میرے پاس ایسی نہیں جس سے میں اس ناشتہ کو باندھ دوں۔ اس پر آپ نے فرمایا کہ پھر اس سے دو۲ ٹکڑے کر لو۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور اسی وقت میرا نام ذات النطاقین (دو۲ پٹکوں والی) پڑ گیا۔

۱۰۸۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ
دَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ

۱۰۸۹۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق

❶ خیبر مدینہ میں اپنی کھجور وغیرہ کی پیداوار کے لئے مشہور تھا۔ اسی طرف اشارہ ہے کہ وہاں کے باغات کے مالک جو پھل اور اناج وہاں سے اٹھا کر لاتے ہیں اپنے تئیں خوش ہوتے ہیں یہ بوجھ اس سے کہیں زیادہ بہتر اور پاک ہے کہ اس کی قیمت اور اس کا بدلہ اللہ دے گا جو ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا اَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ تَبِعَهُ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ فَدَعَا عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاخَتْ بِهٖ فَرَسُه، قَالَ ادْعُ اللّٰهَ لِيْ وَلَا اَضُرُّكَ فَدَعَا لَه، قَالَ اَبُوْبَكْرٍ فَاَخَذْتُ قَدَحًا فَحَلَبْتُ فِيْهِ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ فَاَتَيْتُه، فَشَرِبَ حَتّٰى رَضِيْتُ

نے بیان کیا، انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ کے لئے روانہ ہوئے تو سراقہ بن مالک بن جعشم نے آپ کا پیچھا کیا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کے لئے بددعا کی تو اس کے گھوڑے (کا پاؤں) زمین میں دھنس گیا۔ اس نے عرض کی کہ میرے لئے اللہ سے دعا کیجئے (کہ اس مصیبت سے نجات دے) میں آپ کو کوئی نقصان پہنچانے کی کوشش نہیں کروں گا آنحضور ﷺ نے اس کے لئے دعا کی۔ رسول اللہ ﷺ کو ایک مرتبہ پیاس محسوس ہوئی۔ اتنے میں ایک چرواہا گذرا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے ایک پیالہ لیا اور اس میں (ریوڑ کی ایک بکری کا) تھوڑا سا دودھ دوہا اور وہ دودھ میں نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں لاکر پیش کیا جسے آپ ﷺ نے نوش فرمایا اور مجھے دلی مسرت حاصل ہوئی۔

(۱۰۹۰) حَدَّثَنِيْ زَكَرِيَّاءُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَتْ فَخَرَجْتُ وَاَنَا مُتِمٌّ فَاَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلْتُ بِقُبَاءَ فَوَلَدْتُه، بِقُبَاءٍ ثُمَّ اَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُه، فِيْ حِجْرِهٖ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِيْ فِيْهِ فَكَانَ اَوَّلَ شَيْءٍ دَخَلَ جَوْفَه، رِيْقُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ حَنَّكَه، بِتَمْرَةٍ ثُمَّ دَعَالَه، وَبَرَّكَ عَلَيْهِ وَكَانَ اَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِي الْاِسْلَامِ تَابَعَه، خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَسْمَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا هَاجَرَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ حُبْلٰى

۱۰۹۰۔ مجھ سے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے اسماء رضی اللہ عنہا نے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما ان کے پیٹ میں تھے، انہیں دنوں جب حمل کی مدت بھی پوری ہو چکی تھی، میں مدینہ کے لئے روانہ ہوئی، یہاں پہنچ کر میں نے قبا میں قیام کیا اور یہیں عبداللہ (رضی اللہ عنہ) پیدا ہوئے پھر میں انہیں لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ ﷺ کی گود میں رکھ دیا۔ آنحضور ﷺ نے ایک کھجور طلب فرمائی اور اسے چبا کر آپ نے عبداللہ کے منہ میں اسے رکھ دیا۔ چنانچہ سب سے پہلی چیز جو عبداللہ کے پیٹ میں داخل ہوئی وہ حضور اکرم ﷺ کا مبارک تھوک تھا اس کے بعد آنحضور ﷺ نے ان کے لئے دعا کی اور اللہ سے ان کے لئے برکت طلب کی۔ عبداللہ سب سے پہلے مولود ہیں جن کی ولادت ہجرت کے بعد ہوئی۔ اس روایت کی متابعت خالد بن مخلد نے کی، ان سے علی بن مسہر نے بیان کیا، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے اسماء رضی اللہ عنہا نے کہ جب وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ہجرت کے لئے نکلیں تو حاملہ تھیں۔

(۱۰۹۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَوَّلُ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِي الْاِسْلَامِ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الزُّبَيْرِ اَتَوْا بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۰۹۱۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے، ان سے ہشام بن عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ سب سے پہلے مولود جن کی ولادت اسلام (ہجرت کے بعد) ہوئی عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ ہیں انہیں لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں لائے تو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً فَلاَ كَهَا ثُمَّ اَدْخَلَهَا فِيْ فِيْهِ فَاَوَّلُ مَا دَخَلَ بَطْنَه' رِيْقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آنحضور ﷺ نے ایک کھجور لے کر اسے چبایا پھر ان کے منہ میں اسے ڈال دیا، چنانچہ سب سے پہلی چیز جوان کے پیٹ میں گئی وہ حضور اکرم ﷺ کا مبارک تھوک تھا۔

(۱۰۹۲) حَدَّثَنَا محمدٌ حدثنا عبدُالصمد حدثنا ابی حدثنا عبدالعزیز بن صهیب حدثنا انس بن مالک رضی اللّٰه عنه قال اَقْبَلَ نبیُّ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ وهو مُرْدِفٌ ابابكرٍ وابوبكرٍ شَيْخٌ يُعْرَفُ ونبیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَابٌّ لَايُعْرَفُ قال فَيَلْقَى الرَّجُلُ ابابكرٍ فيقولُ ياابابكرٍ مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِیْ بَيْنَ يَدَيْكَ فَيَقُوْلُ هٰذَاالرَّجُلُ يَهْدِيْنِى السَّبِيْلَ قال فَيَحْسبُ الْحَاسِبُ اَنَّه' اِنَّمَا يَعْنِى الطَّرِيْقَ وَاِنَّمَا يَعْنِى سَبِيْلَ الْخَيْرِ فَالْتَفَتَ اَبُوْبَكْرٍ فَاِذَا هُوَ بِفَارِسٍ قَدْ لَحِقَهُمْ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا فَارِسٌ قَدْ لَحِقَ بِنَا فَالْتَفَتَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال اَللّٰهُمَّ اصْرَعْهُ فَصَرَعَهُ الْفَرَسُ ثُمَّ قَامَتْ تُحَمْحِمُ فقال يانبیَّ اللّٰهِ مُرْنِىْ بِمَ شِئْتَ قال فَقِفْ مَكَانَكَ لَاتَتْرُكَنَّ اَحَدًا يَلْحَقُ بِنَا قَالَ فَكَانَ اَوَّلَ النَّهَارِ جَاهِداً عَلٰى نبیِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وكان اٰخِرَالنَّهَارِ مَسْلَحَةً له فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَانِبَ الْحَرَّةِ ثُمَّ بَعَثَ اِلَى الْاَنْصَارِ فَجَاءُ وْا اِلٰى نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِمَا وَقَالُوْ ا اِرْكَبَا اٰمِنَيْنِ مُطَاعَيْنِ فَرَكِبَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وابوبكرٍ وحَفُّوْا دُوْنَهُمَا بالسلاح فقيل فی المدينة جاءَ نَبِیُّ اللّٰه جَاءَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَاَشْرَفُوْا يَنْظُرُوْنَ وَيَقُوْلُوْنَ جَاءَ نَبِیُّ اللّٰه جاءَ نبیُّ اللّٰه فَاَقْبَلَ يَسِيْرَ حتى نَزَلَ جَانِبَ

۱۰۹۲۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے (ہجرت کر کے) تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آپ کی سواری پر پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، ابوبکر عمر رسیدہ معلوم ہوتے تھے۔ اور آپ کو لوگ عام طور سے پہچانتے تھے لیکن حضور اکرم ﷺ ابھی نو جوان معلوم ہوتے تھے اور آپ ﷺ کو لوگ عام طور پر پہچانتے بھی نہ تھے۔ ❶ بیان کیا کہ اگر راستے میں کوئی شخص ملتا اور پوچھتا کہ اے ابوبکرؓ! یہ آپ کے ساتھ کون صاحب ہیں؟ تو آپ جواب دیتے کہ آپ مجھے راستہ بتاتے ہیں۔ ابوبکرؓ کی مراد خیر اور بھلائی کے راستے سے ہوتی تھی۔ ایک مرتبہ ابوبکرؓ مڑے تو ایک سوار نظر آیا جو ان کے قریب بس پہنچنے ہی والا تھا۔ انہوں نے کہا یارسول اللہ یہ سوار آ گیا اور اب ہمارے قریب پہنچنے ہی والا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے بھی اسے مڑ کر دیکھا اور دعا کی کہ اے اللہ! اسے گرا دے، چنانچہ گھوڑا اسے لے کر زمین پر گر گیا، پھر جب وہ ہنہناتا ہوا اٹھا تو سوار (سراقہ) نے کہا اے اللہ کے نبی! آپ جو چاہیں مجھے حکم دیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اپنی جگہ کھڑے رہو اور دیکھو، کسی کو ہماری طرف نہ آنے دینا بیان کیا کہ وہی شخص جو صبح آپ کے خلاف کوششیں کر رہا تھا۔ شام جب ہوئی تو آپ کا حمایتی تھا اس کے بعد حضور اکرم ﷺ حرا کے قریب اترے اور انصار کے پاس آدمی بھیجا۔ حضرات انصار رضوان اللہ علیہم حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دونوں حضرات کو سلام کیا اور عرض کی، آپ حضرات سوار ہو جائیں، آپ کی حفاظت اور اطاعت وفرمانبرداری کی جائے گی چنانچہ آنحضور ﷺ اور ابوبکرؓ سوار ہو گئے اور ہتھیار بند حضرات انصار نے آپ دونوں کو اپنے

❶ حضور اکرم ﷺ ابوبکرؓ سے دو سال کئی مہینے عمر میں بڑے تھے، لیکن اس وقت تک آپ کے بال سیاہ تھے، اس لئے معلوم ہوتا تھا کہ آپ نو جوان ہیں، لیکن ابوبکرؓ کی داڑھی کے بال کافی سفید ہو چکے تھے۔ راوی نے اسی کی تعبیر کی ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ چونکہ تاجر تھے اور اکثر اطراف عرب کا سفر کرتے رہتے تھے، اس لئے لوگ آپ کو جانتے پہچانتے تھے۔

دَارِ اَبِی اَیُّوْبَ فَاِنَّه، لَیُحَدِّثُ اَهْلَه، اِذْ سَمِعَ بِهٖ عَبْدُاللّٰهِ ابنُ سَلَامٍ وهو فی نخلٍ لِاَهْلِهٖ یَخْتَرِفُ لَهُمْ فَعَجَلَ اَنْ یَضَعَ الَّذِیْ یَخْتَرِفُ لَهُمْ فِیْهَا فَجَاءَ وَهِیَ مَعَه، فَسَمِعَ مِنْ بَنِیِّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم ثم رَجَعَ اِلَی اَهْلِهٖ فقال بَنِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ بیوتِ اَهْلِنَا اقربُ فَقَالَ اَبُوْایوبَ اَنَا یابَنِیَّ اللّٰهِ هٰذِهٖ دَارِیْ وَهٰذَا بَابِیْ قال فَانْطَلِقْ فَهَیِّئْ لَنَا مَقِیْلًا قَالَ عَلٰی بَرَکَةِ اللّٰهِ فَلَمَّا جَاءَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ عبدُاللّٰه بنُ سلام فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّکَ رسولُ اللّٰهِ وانک جئتَ بحقٍ وقد علمتْ یَهُوْدُ اَنِّیْ سَیِّدُهُم وابنُ سَیِّدِهِمْ وَاَعْلَمُهُمْ وابنُ اَعْلَمِهِمْ فَادْعُهُمْ فَاسْأَلْهُمْ عَنِّیْ قَبْلَ اَنْ یَعْلَمُوْا اَنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ فَاِنَّهم اِنْ یَعْلَمُوْا اَنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ قالوا فِیَّ مَالَیْسَ فِیَّ فَاَرْسَلَ بَنِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم فَاَقْبَلُوْا فَدَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالَ لَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یامَعْشَرَ الیَهُوْدِ وَیْلَکُمْ اتَّقُوااللّٰهَ فَوَاللّٰهِ الَّذِیْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِنَّکُمْ لَتَعْلَمُوْنَ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا وَاَنِّیْ جِئْتُکُمْ بِحَقٍّ فَاَسْلِمُوْا قَالُوْا مَانَعْلَمُه، قَالُوْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَهَا ثلاث مِرارٍ قال فَاَیُّ رَجُلٍ فِیْکُمْ عبدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قالوا ذاک سیدُنا وابنُ سیدنا واعلمُنا وابنُ اَعْلَمِنَا قَالَ اَفَرَئیْتُم اِنْ اَسْلَمَ قَالوا حاشٰی لِلّٰهِ ماکان لِیُسْلِمَ قال اَفَرَاَیْتُم اِنْ اَسْلَمَ قَالُوْ حاشٰی لِلّٰه مَاکان لِیُسْلِمَ قال اَفَرَاَیْتُم ان اسلم قالوا حاشٰی لِلّٰه ماکان لِیُسْلِم قَالَ یاابنَ سَلَامٍ اُخْرُجْ عَلَیْهِمْ فَخَرَجَ فَقَالَ یامَعْشَرَ الیَهُوْدِ اتَّقُوا اللّٰهَ فواللّٰهِ الَّذِیْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَاِنَّکُمْ لَتَعْلَمُوْنَ اَنَّه، رسولُ اللّٰهِ اَنَّه، جاءَ بِحَقٍّ فَقَالُوْا کذبتَ فَاَخْرَجَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حلقہ میں لے لیا، اتنے میں مدینہ میں بھی سب کو معلوم ہو گیا کہ آنحضور تشریف لا چکے ہیں، سب لوگ آپ ﷺ کو دیکھنے کے لئے بلندی پر چڑھ گئے اور کہنے لگے کہ اللہ کے نبی آ گئے، اللہ کے نبی آ گئے۔ آنحضور مدینہ کی طرف چلتے رہے اور مدینہ پہنچ کر ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر کے قریب سواری سے اتر گئے۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ (یہود کے عالم) نے اپنے گھر والوں سے آنحضور ﷺ کا تذکرہ سنا، وہ اس وقت اپنے ایک کھجور کے باغ میں تھے۔ اور کھجور جمع کر رہے تھے۔ انہوں نے (سنتے ہی) بڑی عجلت کے ساتھ جو کچھ کھجور جمع کر چکے تھے۔ اسے رکھ دینا چاہا۔ لیکن جب حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو جمع شدہ کھجور ان کے ساتھ ہی تھی۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی باتیں سنیں اور اپنے گھر واپس چلے آئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہمارے (ننہیالی) اقارب میں کس کا گھر یہاں سے زیادہ قریب ہے؟ ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میرا اے اللہ کے نبی ﷺ! یہ میرا گھر ہے۔ اور یہ اس کا دروازہ ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا پھر چلئے۔ ہمارے لئے قیلولہ کی کوئی جگہ منتخب کر دیجئے۔ ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ پھر آپ دونوں تشریف لے چلئے۔ اللہ کی برکت کے ساتھ۔ آنحضور ﷺ ابھی ان کے گھر میں داخل ہوئے تھے۔ کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بھی آ گئے۔ اور کہا کہ "میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اور یہ کہ آپ حق کے ساتھ مبعوث ہوئے ہیں۔ اور یہ یہودی میرے متعلق اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ میں ان کا سردار ہوں اور ان کے سردار کا بیٹا ہوں۔ اور ان میں سب سے زیادہ جاننے والا ہوں اور ان کے سب سے بڑے عالم کا بیٹا ہوں۔ اس لئے آپ اس سے پہلے کہ میرے اسلام کے متعلق انہیں کچھ معلوم ہو۔ بلایئے اور ان سے میرے متعلق دریافت فرمایئے۔ کیونکہ انہیں اگر معلوم ہو گیا کہ میں اسلام لا چکا ہوں۔ تو میرے متعلق خلاف واقعہ باتیں کہنی شروع کر دیں گے۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے انہیں بلا بھیجا اور جب وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے ان سے دریافت فرمایا۔ اے معشر یہود! افسوس تم پر اللہ سے ڈرو۔ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ تم لوگ خوب جانتے ہو۔ کہ میں اللہ کا رسول برحق ہوں اور یہ بھی کہ میں تمہارے پاس حق لے کر آیا ہوں۔ پھر اب اسلام میں داخل ہو جاؤ۔ لیکن انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ معلوم تو نہیں

ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ان سے اور انہوں نے آنحضور ﷺ سے اس طرح تین مرتبہ کہا۔ پھر آپ نے دریافت فرمایا۔ اچھا عبداللہ بن سلام تم میں کون صاحب ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہمارے سردار ہمارے سردار کے بیٹے۔ ہم میں سب سے زیادہ جاننے والے (توراۃ اور شریعت موسوی کے) اور ہمارے سب سے بڑے عالم کے بیٹے! حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، اگر وہ اسلام لائیں۔ پھر تمہارا کیا خیال ہوگا۔ کہنے لگے۔ اللہ ان کی حفاظت کرے وہ اسلام کیوں لانے لگے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ابن سلام! اب ان کے سامنے آجاؤ۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ باہر آگئے۔ (قریب کے اس کمرے سے جس میں آپ اس لئے بیٹھے تھے۔ تاکہ یہود آپ کو دیکھ نہ سکیں) اور کہا، اے معشر یہود! خدا سے ڈرو۔ اس اللہ کی قسم جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں تمہیں خوب معلوم ہے۔ کہ آپ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔ اور یہ کہ آپ حق کے ساتھ مبعوث ہوئے ہیں۔ یہودیوں نے کہا تم جھوٹے ہو پھر آنحضور ﷺ نے ان سے باہر چلے جانے کے لئے فرمایا۔

(۱۰۹۳) حَدَّثَنَا ابرهيمُ بنُ موسٰى اخبرنا هشامٌ عن ابن جُريجٍ قال اخبرني عبيدُاللهِ بنُ عمرَ عن نافعٍ يعني عن ابنِ عمر عن عمرَ بن الخطاب رضى الله عنه قال كَان فَرَضَ لِلْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِيْنَ اَرْبَعَةَ اٰلَافٍ فى اَرْبَعَةٍ وَفَرَضَ لِابْنِ عُمَرَ ثلاثةَ آلافٍ وَخَمْسِمِائَةٍ فقيل لَه' هو مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ فَلِمَ نَقَصْتَه' مِنْ اَرْبَعَةِ الافٍ فقال اِنَّمَا هَاجَرَبِهٖ اَبَوَاهُ يقولُ لَيْسَ هُوَ كَمَنْ هَاجَرَ بِنَفْسِهٖ

۱۰۹۳۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں ہشام نے خبر دی ان سے ابن جریج نے بیان کیا۔ کہا کہ مجھے عبیداللہ بن عمر نے خبر دی، انہیں نافع نے یعنی ابن عمر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے اور ان سے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، آپ نے تمام مہاجرین اولین کا وظیفہ (اپنے عہد خلافت میں) چار چار ہزار مقرر کر دیا تھا۔ لیکن ابن عمر رضی اللہ عنہ کا وظیفہ ساڑھے تین ہزار تھا اس پر آپ سے پوچھا گیا کہ ابن عمر بھی مہاجرین میں سے ہیں پھر آپ انہیں چار ہزار سے کم کیوں دیتے ہیں۔ تو عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہیں ان کے والدین ہجرت کر کے لائے تھے۔ اس لئے وہ ان حضرات مہاجرین کے برابر نہیں ہو سکتے جنہوں نے خود ہجرت کی تھی۔

(۱۰۹۴) حَدَّثَنَا محمدُ بنُ كثيرٍ اخبرنا سفيانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عن ابى وائل عَنْ خَبَّابٍ قال هَاجَرْنَا مَعَ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۹۴۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی۔ انہیں سفیان نے خبر دی۔ انہیں اعمش نے، انہیں ابو وائل نے اور ان سے خباب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی۔

(۱۰۹۵) حَدَّثَنَا مسددٌ حدثنا يحى عن الاَعْمَش قَالَ سَمِعْتُ شَقِيْقَ ابن سلمةَ قال حدثنا خبابٌ قال هَاجَرْنَا مَعَ رسولِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۰۹۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی۔ ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے بیان کیا۔ انہوں نے شقیق بن سلمہ سے سنا۔ کہا کہ ہم سے خباب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے

نَبْتَغِيْ وَجهَ اللّٰهِ وَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَضٰى لَمْ يَاكُلْ من اَجْرِهٖ شيئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يوم اُحُدٍ فَلَمْ نَجِدْ شَيْئًا نُكَفِّنُه' فِيهِ الَّا نَمِرَةً كنا اذا غَطَّيْنَا بها رَاسَه' خَرَجَتْ رِجْلَاهُ فَاِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ خرج راسه' فَاَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُغَطِّيَ رَاسَه' بِهَا وَنَجْعَلَ عَلٰى رِجْلَيْهِ مِنْ اِذْخِرٍ وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَه' ثَمَرَتُه' فَهُوَ يَهْدِ بُهَا

ساتھ ہجرت کی۔ تو ہمارا مقصد صرف اللہ کی رضا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں اس کا اجر بھی ضرور دے گا۔ پس ہم میں سے بعض تو پہلے ہی اس دنیا سے اٹھ گئے۔ اور یہاں اپنا کوئی اجر انہوں نے نہیں پایا۔ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ بھی انہیں میں سے ہیں۔ احد کی لڑائی میں آپ نے شہادت پائی تھی۔ اور ان کے کفن کے لئے ہمارے پاس ایک کمبل کے سوا اور کچھ نہیں تھا۔ اور وہ بھی ایسا کہ اگر اس سے ہم ان کا سر چھپاتے تو ان کے پاؤں کھل جاتے۔ اور اگر پاؤں چھپاتے تو سر کھلا رہ جاتا۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے حکم دیا کہ آپ کا سر چھپا دیا جائے اور پاؤں کو اذخر گھاس سے چھپا دیا جائے اور ہم میں بعض وہ ہیں جنہوں نے اپنے اس عمل کا پھل اس دنیا میں (بھی پایا اور اب وہ اس سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

(۱۰۹۶) حَدَّثَنَا يحيى بنُ بشرٍ حدثنا روح حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ معاويةَ بنِ قُرَّةَ قَالَ حَدَّثني ابوبردةَ ابن ابيْ موسَى الْاشعريّ قَالَ قَالَ لِي عبدُاللّٰه بنُ عمرَ هَلْ تَدْرِيْ مَاقَالَ اَبِيْ لِاَبِيْكَ قال قلتُ لَاقال فَاِنَّ اَبِيْ قَالَ لِاَبِيْكَ يَااَبَامُوْسٰى هَلْ يَسُرُّكَ اِسْلَامُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِجْرَتُنَا مَعَه' وَجِهَا دُنَا مَعَه' وَعَمَلُنَا كُلُّه' مَعَه' بَرَدَلَنَا وَاَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَاهُ بَعْدَه' نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَاسًا بِرَاْسٍ فَقَالَ اَبُوْكَ لِاَبِيْ لَاوَاللّٰهِ قَدْجَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَصَلَّيْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَيْرًا كَثِيْرًاوَّاَسْلَمَ عَلٰى اَيْدِيْنَا بَشَرٌ كَثِيْرٌ وَّاِنَّا لَنَرْجُوْا ذٰلِكَ فَقَالَ اَبِيْ لٰكِنِّيْ اَنَاوَالَّذِيْ نَفْسُ عُمَرَ بِيَدِهٖ لَوَدِدْتُ اَنَّ ذٰلِكَ بَرَدَ لَنَا وَاَنَّ كُلَّ شَيْءٍ عَمِلْنَاهُ بَعْدُ نَجَوْنَامِنْهُ كَفَافًا رَاسًا بِرَاسٍ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَاكَ واللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ اَبِيْ

۱۰۹۶۔ ہم سے یحییٰ بن بشر نے حدیث بیان کی۔ ان سے روح نے حدیث بیان کی۔ ان سے عوف نے حدیث بیان کی۔ ان سے معاویہ بن قرہ نے بیان کیا۔ کہ مجھ سے ابو بردہ بن ابی موسیٰ اشعری نے حدیث بیان کی۔ آپ نے بیان کیا کہ مجھ سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ کیا آپ کو معلوم ہے میرے والد نے آپ کے والد کو کیا جواب دیا تھا؟ انہوں نے کہا کہ نہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے والد نے آپ کے والد سے کہا تھا۔ اے ابو موسیٰؓ! کیا تم اس پر راضی ہو کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہمارا اسلام، آپ کے ساتھ ہماری ہجرت، آپ کے ساتھ ہمارا جہاد، اور ہمارا تمام عمل جو ہم نے آپ کی زندگی میں کیا تھا۔ ان کے بدلے میں ہم اپنے ان اعمال سے نجات پا جائیں۔ جو ہم نے آپ کے بعد کئے ہیں۔ بس برابری پر معاملہ ختم ہو جائے اس پر آپ کے والد نے میرے والد سے کہا خدا کی قسم، میں اس پر راضی نہیں ہوں۔ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے بعد بھی جہاد کیا۔ نمازیں پڑھیں روزے رکھے اور بہت سے اعمال خیر کئے اور ہمارے ہاتھ پر ایک مخلوق نے اسلام قبول کیا۔ ہم تو اس کے اجر کی بھی توقع رکھتے ہیں۔ اس پر میرے والد نے کہا، لیکن جہاں تک میرا سوال ہے تو اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں عمر کی جان ہے۔ میری تو یہ خواہش ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں کیا ہوا ہمارا عمل محفوظ رہے۔ اور جتنے اعمال ہم نے آپ کے بعد کئے ہیں۔ ان سب سے اس کے بدلہ میں ہم نجات پا جائیں اور برابر برابر پر ہمارا معاملہ ختم ہو جائے۔ اس پر میں نے کہا، خدا گواہ ہے۔ آپ کے والد

میرے والد سے بہتر تھے۔

(۱۰۹۷) حَدَّثَنِیْ محمدُ بنُ صَبَّاحٍ اَوْبَلَغَنِیْ عَنْهُ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا قِیْلَ لَه، هَاجَرَ قَبْلَ اَبِیْهِ یَغْضَبُ قَالَ وَقَدِمْتُ اَنَا وَعُمَرُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْ نَاهُ قَائِلًا فَرَجَعْنَا اِلَی الْمَنْزِلِ فَاَرْسَلَنِیْ عُمَرُ وَقَالَ اذ هَبْ فَانْظُرْ هَلْ اسْتَیْقَظَ فَاَتَیْتُه، فَدَخَلْتُ عَلَیْهِ فَبَایَعْتُه، ثُمَّ انْطَلَقْتُ اِلٰی عُمَرَ فَاَخْبَرْتُه، اَنَّه، قَدِ اسْتَیْقَظَ فَانْطَلَقْنَا اِلَیْهِ نُهَرْوِلُ هَرْ وَلَةً حَتّٰی دَخَلَ عَلَیْهِ فَبَایَعَه، ثُمَّ بَایَعْتُه،

۱۰۹۷۔ مجھ سے محمد بن صباح نے حدیث بیان کی۔ یا ان کے واسطہ سے یہ روایت مجھ تک پہنچی۔ کہ ان سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے عاصم نے۔ ان سے ابوعثمان نے بیان کیا۔ اورانہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ جب آپ سے کہا جاتا کہ آپ نے اپنے والد سے پہلے ہجرت کی۔ تو آپ غصے ہو جایا کرتے تھے ❶ آپ نے بیان کیا کہ میں عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس وقت آپ قیلولہ کرر ہے تھے۔ اس لئے ہم گھر واپس آئے۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے آنحضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا۔ اورفرمایا کہ جا کر دیکھ آ ؤ۔ آنحضور ﷺ ابھی بیدار ہوئے یا نہیں؟ چنانچہ میں آیا (آنحضور ﷺ بیدار ہو چکے تھے) اس لئے میں اندر چلا گیا۔ اور آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ پھر میں عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ کو حضور اکرم ﷺ کے بیدار ہونے کی اطلاع دی۔ اس کے بعد ہم بڑی تیزی کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں تقریباً دوڑتے ہوئے حاضر ہوئے عمر رضی اللہ عنہ اندر گئے۔ اور آنحضور ﷺ سے بیعت لی۔ اور میں نے بھی (دوبارہ بیعت کی۔) ❷

(۱۰۹۸) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا شُرَیْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ یُحَدِّثُ قَالَ ابْتَاعَ اَبُوْبَکْرٍ مِنْ عَازِبٍ رَحْلًا فَحَمَلْتُه، مَعَه، قَالَ فَسَاَلَه، عَازِبٌ عَنْ مَسِیْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُخِذَ عَلَیْنَا بِالرَّصَدِ فَخَرَجْنَا لَیْلًا فَاَحْثَثْنَا لَیْلَتَنَا وَیَوْمَنَا حَتّٰی قَامَ قَائِمُ الظَّهِیْرَةِ ثُمَّ رُفِعَتْ لَنَا صَخْرَةٌ فَاَتَیْنَاهَا وَلَهَا شَیْءٌ مِنْ ظِلٍّ قَالَ فَفَرَشْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرْوَةً مَعِیْ ثُمَّ اضْطَجَعَ عَلَیْهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ اَنْفُضُ مَاحَوْلَه، فَاِذَا اَنَا بِرَاعٍ قَدْاَقْبَلَ فِیْ غُنَیْمَةٍ یُرِیْدُ مِنَ

۱۰۹۸۔ ہم سے احمد بن عثمان نے حدیث بیان کی۔ ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا۔ کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے حدیث سنی۔ آپ بیان کرتے تھے۔ کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عازب رضی اللہ عنہ (براء رضی اللہ عنہ کے والد) سے ایک کجاوہ خریدا۔ اور میں آپ کے ساتھ اسے اٹھا کر پہنچانے لایا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عازب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے ہجرت کے متعلق پوچھا تو آپ نے بیان فرمایا۔ کہ چونکہ ہماری نگرانی ہو رہی تھی۔ اس لئے ہم (غار سے) رات کے وقت باہر آئے۔ اور پوری رات اور دن بہت تیزی کے ساتھ چلتے رہے۔ جب دو پہر کا وقت ہوا تو ہمیں ایک چٹان دکھائی دی۔ ہم

---

❶ کیونکہ اس سے جزوی طور پر آپ کی، آپ کے والد عمر رضی اللہ عنہ پر فضیلت ثابت ہوتی ہے۔ اس لئے اگر کوئی اس طرح کی کوئی بات کہتا تو آپ غصے ہو جایا کرتے۔ ❷ یعنی حقیقت صرف اتنی ہے کہ میں نے آنحضور ﷺ سے بیعت ہجرت کے بعد عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے کر لی تھی۔ اور اس کی صورت یہ پیش آئی تھی۔ ورنہ ظاہر ہے کہ ہجرت تو اپنے والدین کے ساتھ ہی کی تھی۔

الصَّخرَةِ مِثلَ الَّذِیْ اَرَدْنَا فَسَالْتُه، لِمَنْ اَنْتَ یَاغُلَامُ فَقَالَ اَنَا لِفُلَانٍ فَقُلْتُ لَه، هَلْ فِیْ غَنَمِکَ مِنْ لَبَنٍ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ لَه، هَلْ اَنْتَ حَالِبٌ قَالَ نَعَمْ فَاَخَذَ شَاةً مِنْ غَنَمِهٖ فَقُلْتُ لَهُ انْفُضِ الضَّرْعَ قَالَ فَحَلَبَ کُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ وَمَعِیَ اِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ عَلَیْهَا خِرْقَةٌ قَدْ رَوَّاْتُهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَصَبَبْتُ عَلَی اللَّبَنِ حَتّٰی بَرَدَ اَسْفَلَه، ثُمَّ اَتَیْتُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اشْرَبْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَشَرِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی رَضِیْتُ ثُمَّ ارْتَحَلْنَا وَالطَّلَبُ فِیْ اِثْرِنَا قَالَ الْبَرَاءُ فَدَخَلْتُ مَعَ اَبِیْ بَکْرٍ عَلٰی اَهْلِهٖ فَاِذَا عَائِشَةُ ابْنَتُه، مُضْطَجِعَةٌ قَد اَصَابَتْهَا حُمّٰی فَرَاَیْتُ اَبَاهَا فَقَبَّلَ خَدَّهَا وَقَالَ کَیْفَ اَنْتِ یَابُنَیَّةُ

اس کے قریب پہنچے۔تو اس کا تھوڑا سا سایہ بھی موجود تھا۔ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کے لئے ایک پوستین بچھا دی۔ جو میرے ساتھ تھی۔آنحضور ﷺ اس پر لیٹ گئے اور میں قرب وجوار کی دیکھ بھال کرنے لگا اتفاق سے ایک چرواہا نظر پڑا جو اپنی بکریوں کے مختصر سے ریوڑ کے ساتھ اسی چٹان کی طرف آ رہا تھا۔اس کا بھی مقصد اس چٹان سے وہی تھا۔ جس کے لئے ہم یہاں آئے تھے (یعنی سایہ حاصل کرنا) میں نے اس سے پوچھا لڑکے! تمہارا تعلق کس سے ہے؟ اس نے بتایا کہ فلاں سے۔ میں نے اس سے پوچھا کیا تمہاری بکریوں سے کچھ دودھ حاصل ہو سکتا ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ میں نے پوچھا کیا تمہیں مالک کی طرف سے اس کے دودھ مسافروں کو دینے کی اجازت ہے؟ اس نے اس کا بھی جواب اثبات میں دیا۔ پھر وہ اپنے ریوڑ سے ایک بکری لایا تو میں نے اس سے کہا کہ پہلے اس کا تھن جھاڑ لو۔آپ نے بیان کیا کہ پھر اس نے کچھ دودھ دوہا میرے ساتھ پانی کا ایک برتن تھا۔اس کے منہ پر کپڑا بندھا ہوا تھا۔ پانی میں نے حضور اکرم کے لئے ساتھ لے رکھا تھا۔ وہ پانی میں نے دودھ (کے برتن) پر بہایا اور جب دودھ کے نیچے تک ٹھنڈا ہو گیا۔تو میں اسے آنحضور ﷺ کی خدمت میں لے کر حاضر ہوا اور عرض کی، نوش فرمایئے۔یارسول اللہ! آنحضور ﷺ نے اسے نوش فرمایا۔جس سے مجھے انتہائی مسرت وخوشی حاصل ہوئی۔اس کے بعد ہم نے پھر کوچ شروع کیا۔اور گماشتے ہماری تلاش میں تھے۔ براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ ان کے گھر میں داخل ہوا تو آپ کی صاحبزادی عائشہ رضی اللہ عنہا لیٹی ہوئی تھیں۔ انہیں بخار آ رہا تھا۔ میں نے ان کے والد کو دیکھا کہ آپ نے اس کے رخسار پر بوسہ دیا۔اور دریافت فرمایا بیٹی طبیعت کیسی ہے؟

(۱۰۹۹) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْیَرَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ اَبِیْ عَبْلَةَ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ وَسَّاجٍ حَدَّثَه، عَنْ اَنَسٍ خَادِمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَیْسَ فِیْ اَصْحَابِهٖ اَشْمَطُ غَیْرَ اَبِیْ بَکْرٍ فَغَلَفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْکَتَمِ وَقَالَ دُحَیْمٌ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ

۱۰۹۹۔ہم سے سلیمان بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن حمیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن ابی عبلہ نے حدیث بیان کی ان سے عقبہ بن وساج نے حدیث بیان کی۔اور ان سے نبی کریم ﷺ کے خادم انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب حضور اکرم (مدینہ منورہ) تشریف لائے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے سوا اور کوئی آپ کے اصحاب میں ایسا نہیں تھا۔ جس کے بال سفید ہو رہے ہوں۔

حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنِیْ اَبُوْعُبَیْدٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ وَسَّاجٍ حَدَّثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ فَكَانَ اَسَنَّ اَصْحَابِهٖ اَبُوْبَكْرٍ فَغَلَّفَهَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ حَتّٰی قَنَاَلَوْنُهَا

اس لئے آپ نے مہندی اور کتم کا خضاب استعمال کیا اور دحیم نے بیان کیا۔ ان سے ولید نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوعبید نے حدیث بیان کی ان سے عقبہ بن وساج نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔ آپ نے فرمایا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے۔ تو آپ کے اصحاب میں سب سے زیادہ عمر ابوبکرؓ کی تھی۔ اس لئے انہوں نے مہندی اور کتم کا خضاب استعمال کیا جس سے آپ کے بالوں کا رنگ سرخ ہوگیا۔

(۱۱۰۰) حَدَّثَنَا اَصْبَغُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَابَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ تَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنْ كَلْبٍ یُقَالُ لَهَا اُمُّ بَكْرٍ فَلَمَّا هَاجَرَ اَبُوْبَكْرٍ طَلَّقَهَا فَتَزَوَّجَهَا ابْنُ عَمِّهَا هٰذَا الشَّاعِرُ الَّذِیْ قَالَ هٰذِهِ الْقَصِیْدَةَ رَثّٰی كُفَّارَ قُرَیْشٍ وَمَاذَا بِالْقَلِیْبِ قَلِیْبِ بَدْرٍ مِنَ الشِّیْزٰی تُزَیَّنُ بِالسَّنَامِ وَمَا ذَا بِالْقَلِیْبِ قَلِیْبِ بَدْرٍ مِنَ الْقَیْنَاتِ وَالشَّرْبِ الْكِرَامِ تُحَیِّیْ بِالسَّلَامَةِ اُمُّ بَكْرٍ وَهَلْ لِیْ بَعْدَ قَوْمِیْ مِنْ سَلَامٍ یُحَدِّثُنَا الرَّسُوْلُ بِاَنْ سَنُحْیٰی وَكَیْفَ حَیَاةُ اَصْدَاءٍ وَهَامٍ

۱۱۰۰۔ ہم سے اصبغ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ بن زبیر نے، ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قبیلہ بنو کلب کی ایک عورت ام بکر نامی سے شادی کر لی تھی۔ پھر جب آپ نے ہجرت کی۔ تو اسے طلاق دے آئے۔ اس عورت سے پھر اس کے چچازاد بھائی نے شادی کر لی تھی۔ یہ شخص شاعر تھا۔ اور اسی نے یہ مشہور مرثیہ کفار قریش کے بارے میں کہا ہے۔ (بدر کی جنگ میں ان کی شکست اور قتل کئے جانے پر) ''مقام بدر کے کنوؤں کو میں کیا کہوں کہ انہوں نے ہمیں درخت شیز کے بڑے بڑے پیالوں سے محروم کر دیا۔ جو کبھی اونٹ کے کوہان کے گوشت سے مزین ہوا کرتے تھے۔ میں بدر کے کنوؤں کو کیا کہوں! کہ انہوں نے ہمیں گانے والی باندیوں اور معزز بادہ نوشوں سے محروم کر دیا۔ ام بکر مجھے سلامتی کی دعائیں دیتی رہی۔ لیکن میری قوم کی بربادی کے بعد میری سلامتی کا کیا سوال باقی رہ جاتا ہے یہ رسول اللہ ﷺ ہمیں دوبارہ زندگی کا یقین دلاتا ہے۔ بھلا بتاؤ تو سہی، الو بن جانے کے بعد پھر زندگی کس طرح ممکن ہے۔''

(۱۱۰۱) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْغَارِ فَرَفَعْتُ رَاْسِیْ فَاِذَا اَنَا بِاَقْدَامِ الْقَوْمِ فَقُلْتُ یَانَبِیَّ اللّٰهِ لَوْ اَنَّ بَعْضَهُمْ طَاْطَاَ بَصَرَهٗ رَاٰنَا قَالَ اُسْكُتْ یَااَبَابَكْرٍ اِثْنَانِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا

۱۱۰۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے اور ان سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ غار میں تھا۔ میں نے جو سر اٹھایا تو قوم کے چند افراد کے قدم (باہر) نظر آئے میں نے کہا اے اللہ کے نبی! اگر ان میں سے کسی نے بھی نیچے جھک کر دیکھ لیا۔ تو وہ ہمیں ضرور دیکھ لے گا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ابوبکر! خاموش رہو۔ ہم ایسے دو ہیں کہ جن کا تیسرا خدا ہے۔

(۱۱۰۲) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ

۱۱۰۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ولید بن مسلم

مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ وَقَالَ حَدَّثَنِیْ عَطَاءُ بْنُ یَزِیْدَ اللَّیْثِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَعِیْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَه، عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ وَیْحَکَ اَنَّ الْهِجْرَةَ شَانُهَا شَدِیْدٌ فَهَلْ لَکَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتُعْطِیْ صَدَ قَتَهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ تَمْنَحُ مِنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتَحْلُبُهَا یَوْمَ وُرُوْدِهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاعْمَلْ مِنْ وَرَاءِ الْبِحَارِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَنْ یَتِرَکَ مِنْ عَمَلِکَ شَیْئًا

نے حدیث بیان کی۔ ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی۔ اور محمد بن یوسف نے بیان کیا کہ ہم سے اوزاعی نے حدیث بیان کی۔ ان سے زہری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عطا بن یزید لیثی نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ابوسعید رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ ایک اعرابی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور آپ سے ہجرت کے متعلق پوچھا آنحضور ﷺ نے فرمایا، افسوس، ہجرت تو بہت بڑی چیز ہے۔ تمہارے پاس کچھ اونٹ بھی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جی ہاں ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم ان کی زکوۃ بھی ادا کرتے ہو۔ انہوں نے عرض کی ادا کرتا ہوں آپ نے دریافت فرمایا۔ اونٹیوں کا دودھ دوسرے محتاجوں کو بھی دوہنے کے لئے دے دیا کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کی کہ ایسا بھی کرتا ہوں آپ نے دریافت فرمایا۔ انہیں گھاٹ پر لے جا کر (محتاجوں کے لئے) دوہتے ہو انہوں نے عرض کی کہ ایسا بھی کرتا ہوں۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم سات سمندر پار عمل کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہارا کوئی عمل بھی ضائع جانے نہیں دے گا۔

باب ۶۴۰. مَقْدَمِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ الْمَدِیْنَةَ

۶۴۰۔ نبی کریم ﷺ اور آپ کے صحابہ کی مدینہ میں آمد۔

(۱۱۰۳) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِیْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَنْبَانَا اَبُواِسْحَاقَ سَمِعَ الْبَرَاءَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَیْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ وَابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ ثُمَّ قَدِمَ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ وَ بِلَالٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۱۰۳۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ ہمیں ابواسحاق نے خبر دی۔ انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ سب سے پہلے (ہجرت کر کے) ہمارے یہاں مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما آئے، پھر عمار بن یاسر اور بلال رضی اللہ عنہما آئے۔

(۱۱۰۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عن اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ ابْنَ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَیْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ وَابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ وَ کَانَا یُقْرِئَانِ النَّاسَ فَقَدِمَ بِلَالٌ وَسَعْدٌ وَعَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ ثُمَّ قَدِمَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِیْ عِشْرِیْنَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَاَیْتُ اَهْلَ الْمَدِیْنَةِ فَرِحُوْا بِشَیْءٍ فَرَحَهُمْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی

۱۱۰۴۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی۔ ان سے غندر نے حدیث بیان کی۔ ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابواسحاق نے بیان کیا۔ اور انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ سب سے پہلے ہمارے یہاں مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما آئے۔ یہ دونوں حضرات (مدینہ کے) مسلمانوں کو قرآن پڑھنا سکھاتے تھے۔ اس کے بعد بلال، سعد اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم آئے۔ پھر عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ کے بیس (۲۰) صحابہ کو ساتھ لے کر آئے۔ اور پھر نبی کریم ﷺ تشریف لائے۔ مدینہ کے لوگوں کو جتنی خوشی اور مسرت حضور اکرم ﷺ کی تشریف آوری سے

جَعَلَ الْاِمَاءُ يَقُلْنَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا قَدِمَ حَتّٰى قَرَاْتُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى فِيْ سُوَرٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ

ہوئی۔ میں نے کبھی انہیں کسی بات پر اس قدر مسرور اور خوش نہیں دیکھا۔ لڑکیاں بھی (خوشی میں) کہنے لگیں کہ رسول اللہ ﷺ آ گئے۔ حضور اکرم ﷺ جب تشریف لائے تو اس سے پہلے میں مفصل کی دوسری چند سورتوں کے ساتھ سبح اسم ربک الاعلیٰ بھی سیکھ چلا تھا۔ (ان مہاجرین سے جو پہلے ہی قرآن سکھانے کے لئے مدینہ آ گئے تھے۔)

(۱۱۰۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ اَبُوْبَكْرٍ وَبِلَالٌ قَالَتْ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا فَقُلْتُ يَا اَبَتِ كَيْفَ تَجِدُكَ وَيَا بِلَالُ كَيْفَ تَجِدُكَ قَالَتْ فَكَانَ اَبُوْبَكْرٍ اِذَا اَخَذَتْهُ الْحُمّٰى يَقُوْلُ كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِيْ اَهْلِهِ وَالْمَوْتُ اَدْنٰى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ وَكَانَ بِلَالٌ اِذَا اُقْلِعَ عَنْهُ الْحُمّٰى يَرْفَعُ عَقِيْرَتَهُ وَيَقُوْلُ اَلَا لَيْتَ شِعْرِيْ هَلْ اَبِيْتَنَّ لَيْلَةً بِوَادٍ وَحَوْلِيْ اِذْخِرٌ وَجَلِيْلٌ وَهَلْ اَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِيْ شَامَةٌ وَطَفِيْلٌ قَالَتْ عَائِشَةُ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ اَوْ اَشَدَّ حُبًّا وَصَحِّحْهَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِهَا وَمُدِّهَا وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ

۱۱۰۵۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی۔ انہیں مالک نے خبر دی۔ انہیں ہشام بن عروہ نے۔ انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا۔ کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے۔ تو ابوبکر اور بلال رضی اللہ عنہما کو بخار چڑھ آیا۔ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اور عرض کی، والد صاحب آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ حضرت بلال آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ انہوں نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جب بخار چڑھا تو یہ شعر پڑھنے لگے۔ (ترجمہ) ہر شخص اپنے گھر والوں کے ساتھ صبح کرتا ہے۔ اور موت تو چپل کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اور بلال رضی اللہ عنہ کے بخار میں جب کچھ تخفیف ہوتی تو زور زور سے روتے اور پھر شعر پڑھتے۔ ''کاش مجھے یہ معلوم ہو جاتا کہ میں ایک رات بھی وادی مکہ میں گذار سکوں گا۔ جب کہ میرے اردگرد (خوشبودار گھاس) اذخر اور جلیل ہوں گی۔ اور کیا ایک دن بھی مجھے ایسا مل سکے گا۔ جب میں مقام مجنہ کے پانی پر جاؤں گا۔ اور کیا شامہ اور طفیل کی پہاڑیاں ایک نظر دیکھ سکوں گا۔'' عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کو اس کی اطلاع دی تو آپ نے دعا دی۔ اے اللہ مدینہ کی محبت ہمارے دل میں اتنی پیدا کر دیجئے جتنی مکہ کی تھی' بلکہ اسے سے بھی زیادہ' یہاں کی آب و ہوا کو صحت بخش بنا دیجئے' ہمارے لئے یہاں کے صاع اور مد (اناج ماپنے کے پیمانے) میں برکت عنایت فرمائیے اور یہاں کے بخار کو مقام جعفہ میں کر دیجئے۔

(۱۱۰۶) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيِّ بْنِ خِيَارٍ اَخْبَرَهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عُثْمَانَ فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَكُنْتُ مِمَّنْ

۱۱۰۶۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی۔ ان سے ہشام نے حدیث بیان کی۔ انہیں معمر نے خبر دی۔ انہیں زہری نے، ان سے عروہ نے حدیث بیان کی انہیں عبیداللہ بن عدی نے خبر دی کہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ح۔ اور بشر بن شعیب نے بیان کیا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی ان سے زہری نے، ان سے

اسْتَجَابَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَآمَنَ بِمَا بُعِثَ بِهٖ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ هَاجَرْتُ هِجْرَتَيْنِ وَنِلْتُ صِهْرَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَايَعْتُهٗ فَوَاللّٰهِ مَاعَصَيْتُهٗ وَلَا غَشَشْتُهٗ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ تَابَعَهٗ اِسْحَاقُ الْكَلْبِيُّ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ مِثْلَهٗ

عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی۔ اور انہیں عبید اللہ بن عدی بن خیار نے خبر دی۔ کہ میں عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے کلمہ شہادت پڑھنے کے بعد فرمایا، امابعد، کوئی شک و شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا، میں بھی ان لوگوں میں تھا۔ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی دعوت پر (ابتداء ہی میں) لبیک کہا تھا۔ اور ان تمام چیزوں پر ایمان لائے تھے۔ جنہیں لے کر آنحضور ﷺ کو بھیجا گیا پھر میں نے دو ہجرتیں کیں اور آپ ﷺ کا داماد بنا اور آنحضرت ﷺ سے میں نے بیعت کی۔ خدا گواہ ہے کہ میں نے آپ کی نہ کبھی نافرمانی کی اور نہ کبھی لاگ لپیٹ سے کام لیا۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ کا وصال ہو گیا۔ اس روایت کی متابعت اسحاق کلبی نے کی۔ ان سے زہری نے حدیث بیان کی۔ اسی طرح۔

(۱۱۰۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى ابْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ وَاَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ رَجَعَ اِلٰى اَهْلِهٖ وَهُوَ بِمِنًى فِيْ اٰخِرِ حَجَّةٍ حَجَّهَا عُمَرُ فَوَجَدَنِيْ فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فَقُلْتُ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ الْمَوْسِمَ يَجْمَعُ رَعَاعَ النَّاسِ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تُمْهِلَ حَتّٰى تَقْدَمَ الْمَدِيْنَةَ فَاِنَّهَا دَارُ الْهِجْرَةِ وَالسُّنَّةِ وَتَخْلُصَ لِاَهْلِ الْفِقْهِ وَاَشْرَافِ النَّاسِ وَذَوِيْ رَايِهِمْ قَالَ عُمَرُ لَاَقُوْمَنَّ فِيْ اَوَّلِ مَقَامٍ اَقُوْمُهٗ بِالْمَدِيْنَةِ

۱۱۰۷۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ ان سے مالک نے حدیث بیان کی۔ ح۔ اور مجھے یونس نے خبر دی۔ ان سے ابن شہاب نے بیان کیا۔ انہیں عبید اللہ بن عبداللہ نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی۔ کہ عبداللہ بن عوف رضی اللہ عنہ منیٰ میں اپنے خیمے کی طرف واپس آ رہے تھے۔ یہ عمر رضی اللہ عنہ کے آخری حج کا واقعہ ہے۔ تو ان کی مجھ سے ملاقات ہو گئی۔ آپ نے فرمایا کہ (عمر رضی اللہ عنہ حاجیوں کو خطاب کرنے والے تھے۔ اس لئے) میں نے عرض کی اے امیر المؤمنین، موسم حج میں ہر طرح کے معمولی سوجھ بوجھ رکھنے والے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ آپ اپنا ارادہ ملتوی کر دیں۔ اور مدینہ پہنچ کر (خطاب فرمائیں) کیونکہ وہ دارالہجرۃ اور دارالسنۃ ہے۔ اور وہاں اہل فقہ، معزز اور صاحب رائے اصحاب رہتے ہیں۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (تم ٹھیک کہتے ہو) مدینہ پہنچتے ہی سب سے پہلی فرصت میں لوگوں کو خطاب کروں گا۔

(۱۱۰۸) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ اُمَّ الْعَلَاءِ امْرَاَةً مِنْ نِسَائِهِمْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ. اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ طَارَلَهُمْ فِي السُّكْنٰى حِيْنَ اقْتَرَعَتِ الْاَنْصَارُ عَلٰى سُكْنَى الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَتْ اُمُّ الْعَلَاءِ

۱۱۰۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابن شہاب نے خبر دی۔ انہیں خارجہ بن زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہ (ان کی والدہ) ام اعلاء رضی اللہ عنہا۔ ایک انصاری خاتون جنہوں نے نبی کریم ﷺ سے بیعت کی تھی۔ نے انہیں خبر دی کہ جب انصار نے مہاجرین کی میزبانی کے لئے قرعہ اندازی کی۔ تو عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ان کے گھرانے کے حصے

فَاشْتَكٰى عُثْمَانُ عِنْدَنَا فَمَرَّضْتُه، حَتّٰى تُوُفِّيَ وَجَعَلْنَاهُ فِي أَثْوَابِهٖ فَدَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ شَهَادَتِي عَلَيْكَ لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللّٰهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يُدْرِيكِ أَنَّ اللّٰهَ أَكْرَمَه، قَالَتْ قُلْتُ لَا أَدْرِي بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَنْ قَالَ أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ وَاللّٰهِ الْيَقِيْنُ وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَرْجُوْ لَهُ الْخَيْرَ وَمَا أَدْرِي وَاللّٰهِ وَأَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِي قَالَتْ فَوَاللّٰهِ لَا أُزَكِّي أَحَدًا بَعْدَه، قَالَتْ فَأَحْزَنَنِي ذٰلِكَ فَنِمْتُ فَأُرِيْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ عَيْنًا تَجْرِي فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُه، فَقَالَ ذٰلِكَ عَمَلُه،

میں آئے تھے۔ ام علار رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر عثمان رضی اللہ عنہ ہمارے یہاں بیمار پڑ گئے۔ میں نے ان کی پوری طرح تیمارداری کی۔ لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے۔ ہم نے انہیں ان کے کپڑوں میں لپیٹ دیا تھا۔ اتنے میں نبی کریم ﷺ بھی تشریف لائے۔ تو میں نے کہا ابوسائب (عثمان رضی اللہ عنہ کی کنیت تم پر اللہ کی رحمتیں ہوں۔ میری تمہارے متعلق گواہی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں انعام واکرام سے نواز ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں انعام واکرام سے نوازا ہے؟ میں نے عرض کی مجھے علم تو اس سلسلہ میں کچھ نہیں ہے؟ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ یا رسول اللہ! لیکن اور کسے اللہ تعالیٰ نوازے گا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اس میں واقعی کوئی شک وشبہ نہیں کہ ایک یقینی امر (موت) سے وہ دو چار ہو چکے ہیں۔ خدا گواہ ہے کہ میں بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے خیر ہی کی توقع رکھتا ہوں، لیکن میں، حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ خود اپنے متعلق نہیں کہہ سکتا کہ میرے ساتھ کیا معاملہ ہوگا۔ ام اعلاء رضی اللہ عنہا نے عرض کی، پھر خدا کی قسم! اس کے بعد میں اب کسی کا بھی تزکیہ نہیں کروں گی۔ انہوں نے بیان کیا کہ اس واقعہ پر مجھے بڑا رنج ہوا۔ پھر میں سوگئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے لئے ایک بہتا ہوا چشمہ ہے۔ میں آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اور آپ ﷺ سے اپنا خواب بیان کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ ان کا عمل تھا۔

(۱۱۰۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ يَوْمُ بُعَاثٍ يَوْمًا قَدَّمَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَقَدِ افْتَرَقَ مَلَؤُهُمْ وَقُتِلَتْ سَرَاتُهُمْ فِي دُخُوْلِهِمْ فِي الْإِسْلَامِ

۱۱۰۹۔ ہم سے عبیداللہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا۔ کہ بعاث کی لڑائی کو (انصار کے قبائل اوس وخزرج کے درمیان) اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی رسول اللہ ﷺ کی بعثت کی تمہید کے طور پر برپا کر دیا تھا۔ چنانچہ جب آنحضور ﷺ مدینہ تشریف لائے تو انصار کا شیرازہ بکھرا پڑا تھا۔ اور ان کے سردار قتل ہو چکے تھے۔ یہ گویا ان کے اسلام میں داخل ہونے کی تمہید تھی۔

(۱۱۱۰) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ ابْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ أَبَابَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا يَوْمَ فِطْرٍ أَوْ أَضْحٰى وَعِنْدَهَا قَيْنَتَانِ تُغَنِّيَانِ

۱۱۱۰۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ان کے یہاں آئے تو نبی کریم ﷺ بھی وہیں تشریف رکھتے تھے۔

بِمَا تَقَاذَفَتِ الْاَنْصَارُ يَوْمَ بُعَاثٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مِزْمَارُ الشَّيْطَانِ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُمَا يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّ لِكُلِّ قَوْمٍ عِيْدًا وَّاِنَّ عِيْدَنَا هٰذَا الْيَوْمُ

عید الفطر یا عید الضحیٰ کا موقعہ تھا۔ دولڑکیاں یوم بعاث سے متعلق وہ اشعار پڑھ رہی تھیں۔ جو انصار کے شعراء نے اپنے مفاخر میں کہے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ شیطانی گانے بجانے دومرتبہ (آپ نے یہ جملہ دہرایا) لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا، ابوبکر، انہیں پڑھنے دو، ہر قوم کی عید ہوتی ہے اور یہ ہماری عید ہے۔

(۱۱۱۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُالصَّمَدِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يُحَدِّثُ حَدَّثَنَا اَبُوالتَّيَّاحِ يَزِيْدُ بْنُ حُمَيْدٍ الضُّبَعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ نَزَلَ فِيْ عُلْوِ الْمَدِيْنَةِ فِيْ حَيٍّ يُقَالُ لَهُمْ بَنُوْعَمْرِو بْنِ عَوْفٍ قَالَ فَاَقَامَ فِيْهِمْ اَرْبَعَ عَشْرَةَ لَيْلَةً ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰى مَلَاَ بَنِي النَّجَّارِ قَالَ فَجَاءُوْا مُتَقَلِّدِيْ سُيُوْفِهِمْ قَالَ وَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ وَاَبُوْبَكْرٍ رِدْفُهُ وَمَلَاءُ بَنِي النَّجَّارِ حَوْلَهُ حَتّٰى اَلْقٰى بِفِنَاءِ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ فَكَانَ يُصَلِّيْ حَيْثُ اَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ وَيُصَلِّيْ فِيْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ قَالَ ثُمَّ اِنَّهُ اَمَرَ بِبِنَاءِ الْمَسْجِدِ فَاَرْسَلَ اِلٰى مَلَاءِ بَنِي النَّجَّارِ فَجَاءُوْا فَقَالَ يَابَنِي النَّجَّارِ ثَامِنُوْنِيْ حَائِطَكُمْ هٰذَا فَقَالُوْا لَا وَاللّٰهِ لَانَطْلُبُ ثَمَنَهُ اِلَّا اِلَى اللّٰهِ قَالَ فَكَانَ فِيْهِ مَااَقُوْلُ لَكُمْ كَانَتْ فِيْهِ قُبُوْرُ الْمُشْرِكِيْنَ وَكَانَتْ فِيْهِ خِرَبٌ وَكَانَ فِيْهِ نَخْلٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ فَنُبِشَتْ وَبِالْخِرَبِ فَسُوِّيَتْ وَبِالنَّخْلِ فَقُطِعَ قَالَ فَصَفُّوْا النَّخْلَ قِبْلَةَ الْمَسْجِدِ قَالَ وَجَعَلُوْا عِضَادَتَيْهِ حِجَارَةً قَالَ جَعَلُوْا يَنْقُلُوْنَ ذَاكَ الصَّخْرَ وَهُمْ يَرْتَجِزُوْنَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ يَقُوْلُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ لَاخَيْرَ اِلَّاخَيْرُ الْاٰخِرَةْ فَانْصُرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةْ

۱۱۱۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی اور ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی انہیں عبدالصمد نے خبر دی، کہا کہ میں نے اپنے والد کو حدیث بیان کرتے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے ابوالتیاح یزید بن حمید ضبعی نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔ انہوں نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو مدینہ کے بالائی علاقہ کے ایک قبیلہ میں آپ ﷺ نے (سب سے پہلے) قیام کیا جنہیں بنی عمرو بن عوف کہا جاتا تھا بیان کیا۔ کہ آنحضور ﷺ نے وہاں چودہ دن قیام کیا۔ پھر آپ ﷺ نے قبیلہ بنی النجار کے پاس اپنا آدمی بھیجا۔ بیان کیا کہ انصار بنی النجار آپ ﷺ کی خدمت میں تلواریں لٹکائے ہوئے حاضر ہوئے۔ انہوں نے بیان کیا گویا اس وقت بھی وہ منظر میری نظروں کے سامنے ہے۔ کہ حضور اکرم ﷺ اپنی سواری پر سوار ہیں۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اسی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے سوار ہیں۔ اور بنی النجار کے انصار آپ ﷺ کے چاروں طرف حلقہ بنائے ہوئے ہیں۔ آخر آپ ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کے قریب اتر گئے۔ انہوں نے بیان کیا کہ ابھی تک جہاں بھی نماز کا وقت ہوجاتا وہیں آپ نماز پڑھ لیتے تھے۔ بکریوں کے ریوڑ جہاں رات کو باندھے جاتے تھے وہاں بھی نماز پڑھ لی جاتی تھی۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے مسجد کی تعمیر کا حکم دیا۔ آپ نے اس کے لئے قبیلہ بنی النجار کے افراد کو بلا بھیجا۔ وہ حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا، اے بنوالنجار! اپنے اس باغ کی مجھ سے قیمت طے کرلو (جہاں مسجد بنانے کی تجویز تھی) انہوں نے عرض کی نہیں، خدا گواہ ہے۔ ہم اس کی قیمت اللہ کے سوا اور کسی سے نہیں لے سکتے انہوں نے بیان کیا کہ اس باغ میں وہ چیزیں تھیں جو میں تم سے بیان کروں گا۔ اس میں مشرکین کی قبریں تھیں اس میں ویرانہ تھا اور چند کھجور کے درخت تھے۔ پس حضور ﷺ کے حکم سے قبریں اکھیڑ دی گئیں اور ویرانہ

درست کر دیا گیا اور کھجور کے درخت کاٹ دیئے گئے۔ بیان کیا کہ کھجور کے تنے مسجد کے قبلہ کی طرف ایک قطار میں کھڑے کر دیئے گئے۔ (دیوار کا کام دینے کے لئے) اور اس میں دروازہ بنانے کے لئے پتھر رکھ دیئے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صحابہؓ جب پتھر منتقل کر رہے تھے۔ تو رجز پڑھتے جاتے تھے حضور اکرم ﷺ بھی ان کے ساتھ تھے اور آپ فرماتے جاتے تھے کہ اے اللہ! آخرت ہی کی خیر خیر ہے پس آپ انصار اور مہاجرین کی مدد فرمائیے۔

باب ۴۶۱. اِقَامَةِ الْمُهَاجِرِ بِمَكَّةَ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهٖ

۴۶۱۔ حج کے افعال کی ادائیگی کے بعد مہاجر کا مکہ میں قیام؟

(۱۱۱۲) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدِ الزُّهْرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَسْاَلُ السَّائِبَ ابْنَ اُخْتِ النَّمِرِ مَا سَمِعْتَ فِیْ سُكْنٰى مَكَّةَ قَالَ سَمِعْتُ الْعَلَاءِ بْنَ الْحَضْرَمِیَّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثٌ لِلْمُهَاجِرِ بَعْدَ الصَّدْرِ

۱۱۱۲۔ مجھ سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے حاتم نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالرحمٰن بن حمید زہری نے بیان کیا۔ انہوں نے خلیفہ عمر بن عبدالعزیز سے سنا۔ آپ نمر کندی کے بھانجے سائب بن یزید سے دریافت کر رہے تھے۔ کہ آپ نے مکہ میں (مہاجر کی) اقامت کے سلسلے میں کیا سنا ہے؟ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے علا بن حضرمی رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مہاجر کو (حج میں) طواف صدر کے بعد تین دن کی اجازت ہے۔

باب ۴۶۲ مِنْ اَيْنَ اَرَّخُوا التَّارِيْخَ

۴۶۲۔ سنہ کی ابتداء کب سے ہوئی؟

(۱۱۱۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ قَالَ مَاعَدُّوْا مِنْ مَبْعَثِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا مِنْ وَفَاتِهٖ مَاعَدُّوْا اِلَّا مِنْ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةَ

۱۱۱۳۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی۔ ان سے ان کے والد نے ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (سنہ ہجری کا) شمار نبی کریم ﷺ کی بعثت کے سال سے ہوا اور نہ آپ کی وفات کے سال سے۔ بلکہ اس کا شمار مدینہ کی ہجرت کے سال ہوا۔

(۱۱۱۴) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَاقَالَتْ فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ هَاجَرَا لنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُرِضَت اَرْبَعًا وَتُرِكَتْ صَلَاةُ السَّفَرِ عَلَى الْاُوْلٰى تابَعَه' عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ

۱۱۱۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی۔ ان سے معمر نے حدیث بیان کی۔ ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ (پہلے) نماز صرف دو رکعت فرض ہوئی تھی۔ پھر نبی کریم ﷺ نے ہجرت کی۔ تو وہ فرض رکعتیں چار ہو گئیں۔ البتہ سفر کی حالت میں نماز اپنی پہلی ہی حالت پر باقی رکھی تھی۔ اس روایت کی متابعت عبدالرزاق نے معمر کے واسطہ سے کی ہے۔

باب ۴۶۳. قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِیْ هِجْرَتَهُمْ وَمَرْ ثِيَتِهٖ لِمَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ

۴۶۳۔ نبی کریم ﷺ کی دعا کہ اے اللہ! میرے اصحاب کی ہجرت کی تکمیل فرما دیجئے اور جو مہاجر مکہ میں انتقال کر گئے ان کے لئے آپ ﷺ کا اظہار رنج والم۔

(۱۱۱۵) حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ قَزْعَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ

۱۱۱۵۔ ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے

عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ مَرَضٍ اَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَ بِيْ مِنَ الْوَجَعِ مَاتَرٰى وَاَنَا ذُوْمَالٍ وَلَايَرِثُنِيْ اِلَّا ابْنَةٌ لِيْ وَاحِدَةٌ اَفَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثَيْ مَالِيْ قَالَ لَا قَالَ فَاَتَصَدَّقُ بِشَطْرِهٖ قَالَ اَلثُّلُثُ يَاسَعْدُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ ذُرِّيَّتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ اَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنْ تَذَرَ ذُرِّيَّتَكَ وَلَسْتَ بِنَافِقٍ نَفَقَةً تَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا آجَرَكَ اللّٰهُ حَتَّى اللُّقْمَةَ تَجْعَلُهَا فِيْ فِيْ امْرَاَتِكَ قُلْتُ، يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِيْ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلاً تَبْتَغِيْ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ دَرَجَةً وَرِفْعَةً وَلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ وَلَاتَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ لٰكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ يَرْثِيْ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُوُفِّيَ بِمَكَّةَ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ وَمُوْسٰى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ

حدیث بیان کی ان سے زہری نے۔ان سے عامر بن سعد بن مالک نے اور ان سے ان کے والد (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ حجۃ الوداع کے موقع پر میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔اس مرض میں میرے بچنے کی کوئی امید باقی نہیں رہی تھی۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! مرض کی شدت آپ خود ملاحظہ فرمارہے ہیں۔ میرے پاس مال و دولت کافی ہے۔اور صرف میرے ایک لڑکی پس ماندگان میں ہے۔تو کیا میں اپنے دو تہائی مال کا صدقہ کردوں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ کہ نہیں۔ میں نے عرض کی، پھر آدھے کا کردوں؟ فرمایا کہ سعد! بس ایک تہائی کا کردو۔ یہ بھی بہت ہے۔اگر تم اپنی اولاد کو مالدار چھوڑ کر جاؤ تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں محتاج چھوڑو، اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھیریں۔احمد بن یونس نے بیان کیا، ان سے ابراہیم نے کہ ''تم اپنی اولاد کو چھوڑ کر'' اور جو کچھ بھی (جائز طریقہ پر) خرچ کرو گے اور اس سے اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہوگی۔تو اللہ تعالیٰ تمہیں اس کا اجر دے گا اللہ تمہیں اس لقمہ پر بھی اجر دے گا جو تم اپنی بیوی کے منہ میں رکھو گے۔ میں نے پوچھا یارسول اللہ! کیا میں اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جاؤں گا؟ (یہیں مکہ میں بیماری کی وجہ سے) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم پیچھے نہیں رہو گے۔ بہر حال تم جو بھی عمل کرو گے اور اس سے مقصود اللہ تعالیٰ کی رضا ہو تو تمہارا مرتبہ اس کی وجہ سے بلند ہوتا رہے گا۔اور شاید تم ابھی اور زندہ رہو گے۔تم سے بہت سے لوگوں کو (مسلمانوں کو) نفع پہنچے گا۔اور بہتوں کو (غیر مسلموں کو) نقصان۔اے اللہ! میرے صحابہؓ کی ہجرت کی تکمیل کردیجئے اور انہیں الٹے پاؤں واپس نہ کیجئے۔(کہ وہ ہجرت کو چھوڑ کر اپنے گھروں کو واپس آجائیں) لیکن قابل رحم تو سعد بن خولہ ہیں! آنحضور ﷺ ان کے لئے اظہار رنج والم کررہے تھے۔ کیونکہ ان کی وفات مکہ میں ہوگئی تھی۔(حالانکہ وہ مہاجر تھے، رضی اللہ عنہ) اور احمد بن یونس اور موسیٰ نے بیان کیا اور ان سے ابراہیم نے کہ ''تم اپنے ورثاء کو چھوڑو۔'' (اپنی اولاد (ذریت) کو چھوڑو کے بجائے۔)

باب ۴۶۴. كَيْفَ اٰخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَصْحَابِهٖ وَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فَاٰخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ سَعْدِ

۴۶۴۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہؓ کے درمیان بھائی چارہ کس طرح کرایا تھا؟ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب ہم مدینہ ہجرت کرکے آئے تو آنحضور ﷺ نے میرے اور سعد بن ربیع انصاری

بْنِ الرَّبِيعِ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَقَالَ اَبُوجُحَيْفَةَ اٰخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ سَلْمَانَ وَاَبِي الدَّرْدَاءِ

رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ کرایا تھا ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے حضرت سلمان فارسی اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہم کے درمیان بھائی چارہ کرایا تھا۔

(۱۱۱۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَدِمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فَاٰخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ الْاَنْصَارِيِّ فَعَرَضَ عَلَيْهِ اَنْ يُنَاصِفَهُ اَهْلَهُ وَمَالَهُ فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ دُلَّنِيْ عَلَى السُّوْقِ فَرَبِحَ شَيْئًا مِنْ اَقِطٍ وَسَمْنٍ فَرَاٰهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَيَّامٍ وَعَلَيْهِ وَضَرٌ مِنْ صُفْرَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْيَمْ يَاعَبْدَالرَّحْمٰنِ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ فَمَا سُقْتَ فِيْهَا فَقَالَ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

۱۱۱۶۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ جب عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ہجرت کر کے آئے تو آنحضور ﷺ نے ان کا بھائی چارہ سعد بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ کے ساتھ کرایا تھا۔ سعد رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ پیش کش کی کہ ان کے اہل و مال میں سے آدھا وہ قبول کر لیں۔ لیکن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اہل و مال میں برکت عنایت فرمائے آپ تو مجھے بازار کا راستہ بتا دیں چنانچہ انہوں نے تجارت شروع کر دی۔ اور (پہلے دن) انہیں کچھ پنیر اور گھی نفع میں ملا چند دنوں کے بعد انہیں نبی کریم ﷺ نے دیکھا کہ ان کے کپڑے پر (خوشبو کی) زردی کا اثر ہے۔ تو آپ نے دریافت فرمایا عبدالرحمٰن! یہ کیا ہے؟ آپ نے عرض کی، یارسول اللہ میں نے ایک انصاری خاتون سے شادی کر لی ہے۔ آنحضور نے دریافت فرمایا کہ انہیں مہر میں تم نے کیا دیا؟ انہوں نے بتایا کہ ایک گٹھلی برابر سونا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اب ولیمہ کرو۔ خواہ ایک بکری ہی کا ہو۔

باب ۴۶۵

(۱۱۱۷) حَدَّثَنِيْ حَامِدُ بْنُ عُمَرَ عَنْ بِشْرِ بْنِ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ حَدَّثَنَا اَنَسٌ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ بَلَغَهُ مَقْدَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَاَتَاهُ يَسْاَلُهُ عَنْ اَشْيَاءَ فَقَالَ اِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَايَعْلَمُهُنَّ اِلَّا نَبِيٌّ مَااَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ وَمَااَوَّلُ طَعَامٍ يَاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ وَمَابَالُ الْوَلَدِ يَنْزِعُ اِلَى اَبِيْهِ اَوْاِلَى اُمِّهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بِهِ جِبْرِيْلُ اٰنِفًا قَالَ ابْنُ سَلَامٍ ذَاكَ عَدُوُّالْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ قَالَ اَمَّااَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُهُمْ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ وَاَمَّا اَوَّلُ طَعَامٍ يَاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ الْحُوْتِ وَاَمَّا الْوَلَدُ فَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْاَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْاَةِ مَاءَ الرَّجُلِ نَزَعَتِ الْوَلَدَ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَااِلٰهَ

۱۱۱۷۔ مجھ سے حامد بن عمر نے حدیث بیان کی۔ ان سے بشر بن مفضل نے، ان سے حمید نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ جب عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے مدینہ آنے کی اطلاع ہوئی تو آپ آنحضور سے چند امور کے متعلق سوال کرنے کے لئے آئے۔ انہوں نے کہا کہ میں آپ سے تین چیزوں کے متعلق پوچھوں گا جنہیں نبی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ قیامت کی پہلی نشانی کیا ہوگی؟ اہل جنت کی ضیافت سب سے پہلے کس کھانے سے کی جائے گی؟ اور یہ کیا بات ہے کہ بچہ کبھی باپ پر جاتا ہے اور کبھی ماں پر؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جواب ابھی مجھے جبرائیل علیہ السلام نے آ کر بتایا ہے۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ ملائکہ میں یہودیوں کے دشمن ہیں آنحضور ﷺ نے فرمایا قیامت کی پہلی علامت ایک آگ ہے جو انسانوں کو مشرق سے مغرب کی طرف لے جائے گی۔ جس کھانے سے سب سے پہلے اہل جنت کی ضیافت ہوگی وہ مچھلی کی کلیجی کا وہ ٹکڑا ہوگا جو

اَلاَّ اللّٰهُ وَاَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَلْیَهُوْدَ قَوْمٌ بُهتٌ فَاسْاَلْهُم عَنِّیْ قَبْلَ اَنْ یَعْلَمُوْا بِاِسْلَامِیْ فَجَاءَ تِ الْیَهُوْدُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ رَجُلٍ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِیْکُمْ قَالُوْا خَیْرُنَا وَابْنُ خَیْرِنَا وَاَفْضَلُنَا وَابْنُ اَفْضَلِنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَیْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَالُوْا اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذَالِکَ فَاَعَادَ عَلَیْهِمْ فَقَالُوْا مِثْلَ ذٰلِکَ فَخَرَجَ اِلَیْهِمْ عَبْدُاللّٰهِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالُوْا شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا وَتَنَقَّصُوْهُ قَالَ هٰذَا کُنْتُ اَخَافُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ

کلیجی کے ساتھ لگا رہتا ہے۔اور بچہ باپ کی صورت پر اس وقت جاتا ہے جب عورت کے پانی پر مرد کا پانی غالب آ جائے اور جب مرد کے پانی پر عورت کا پانی غالب آ جاتا ہے۔تو بچہ ماں پر جاتا ہے۔عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا۔میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ﷺ ہیں۔پھر آپ نے عرض کی۔یا رسول اللہ (ﷺ) یہودی بڑے افترا پرداز لوگ ہیں۔اس لئے آپ اس سے پہلے کہ میرے اسلام کے بارے میں انہیں کچھ معلوم ہو۔ان سے میرے متعلق دریافت فرمائیں۔چنانچہ چند یہودی آئے تو آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا۔کہ تمہاری قوم میں عبداللہ بن سلام کون صاحب ہیں؟ وہ کہنے لگے کہ ہم میں سب سے بہتر اور سب سے بہتر کے بیٹے، ہم میں سب سے افضل اور سب سے افضل کے بیٹے۔آنحضور ﷺ نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر وہ اسلام لائیں؟ وہ کہنے لگے اس سے اللہ تعالیٰ انہیں اپنی پناہ میں رکھے۔آنحضور نے دوبارہ ان سے یہی سوال کیا۔اور انہوں نے یہی جواب دیا۔اس کے بعد عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ باہر آئے۔اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔اب وہ کہنے لگے یہ تو ہم میں سب سے بدترین فرد ہے۔اور سب سے بدترین کا بیٹا،فوراً تنقیص شروع کر دی۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی،یا رسول اللہ (ﷺ) اسی کا مجھے ڈر تھا۔

(۱۱۱۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ اَبَا الْمِنْهَالِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ مُطْعِمٍ قَالَ بَاعَ شَرِیْکٌ لِیْ دَرَاهِمَ فِی السُّوْقِ نَسِیْئَةً فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ اَیَصْلُحُ هٰذَا فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَقَدْ بِعْتُهَا فِی السُّوْقِ فَمَا عَابَهٗ اَحَدٌ فَسَاَلْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ فَقَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَبَایَعُ هٰذَا الْبَیْعَ فَقَالَ مَاکَانَ یَدًا بِیَدٍ فَلَیْسَ بِهٖ بَاْسٌ وَمَاکَانَ نَسِیْئَةً فَلَا یَصْلُحُ وَالْقَ زَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ فَاسْاَلْهُ فَاِنَّهٗ کَانَ اَعْظَمَنَا تِجَارَةً فَسَاَلْتُ زَیْدَ ابْنَ اَرْقَمَ فَقَالَ مِثْلَهٗ وَقَالَ سُفْیَانُ مَرَّةً فَقَالَ قَدِمَ عَلَیْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَنَحْنُ نَتَبَایَعُ وَقَالَ نَسِیْئَةً اِلَی

۱۱۱۸۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی،ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو نے۔انہوں نے ابو منہال سے سنا اور ان سے عبدالرحمٰن بن مطعم نے بیان کیا کہ میرے ایک ساجھی نے بازار میں ادھا چند درہم فروخت کئے۔میں نے اس سے کہا سبحان اللہ! کیا یہ جائز ہے؟ انہوں نے کہا سبحان اللہ! خدا گواہ ہے۔کہ میں نے بازار میں اسے بیچا تو کسی نے بھی قابل گرفت نہیں سمجھا۔میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب (ہجرت کر کے) تشریف لائے تو ہم اس طرح خرید و فروخت کیا کرتے تھے۔آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ خرید و فروخت کی۔اس صورت میں اگر معاملہ دست بدست (نقد) ہو تو کوئی مضائقہ نہیں لیکن اگر ادھار پر معاملہ کیا۔تو پھر یہ صورت جائز نہ ہوگی۔اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے بھی تم مل کر اس کے متعلق پوچھ لو۔کیونکہ وہ ہم سب سے بڑے تاجر

مَوْسِمِ اَوِالْحَجّ

تھے۔ میں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو آپ نے بھی یہی فرمایا۔ سفیان نے ایک مرتبہ یوں حدیث بیان کی۔ کہ نبی کریم ﷺ جب ہمارے یہاں مدینہ تشریف لائے تو ہم (اس طرح کی) خرید و فروخت کیا کرتے تھے۔ اور بیان کیا کہ ادھار موسم تک کے لئے یا (یوں بیان کیا) کہ حج تک کے لئے۔

باب ۴۶۶. اِتیانِ الیهودِ النبیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ سَلَّمَ حِیْنَ قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ هَادُوْا صَارُوْا یَهُوْدًا وَاَمَّا وْلُه' هُدْنَا تُبْنَا هَائِدٌ تَائِبٌ

۴۶۶۔ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو آپ ﷺ کے پاس یہودیوں کے آنے کی تفصیلات (قرآن مجید میں) هادوا کے معنی ہیں کہ یہود ہوئے لیکن هدنا تبنا کے معنی میں ہے (ہم نے توبہ کی) هائد بمعنی تائب۔

(۱۱۱۹) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ اٰمَنَ بِیْ عَشَرَةٌ مِنَ الْیَهُوْدِ لَاٰمَنَ بِیْ الْیَهُوْدُ

۱۱۱۹۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی۔ ان سے قرہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے محمد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اگر دس یہود (کے احبار و علماء) مجھ پر ایمان لائیں تو تمام یہود مسلمان ہو جائیں۔

(۱۱۲۰) حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ اَوْمُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدِاللّٰهِ الْغُدَانِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ اُسَامَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْعُمَیْسٍ عَنْ قَیْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَاِذَا اُنَاسٌ مِنَ الْیَهُوْدِ یُعَظِّمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ وَیَصُوْمُوْنَه' فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَحَقُّ بِصَوْمِهٖ فَاَمَرَ بِصَوْمِهٖ

۱۱۲۰۔ مجھ سے احمد یا محمد بن عبید اللہ غدانی نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن اسامہ نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابوعمیس نے خبر دی۔ انہیں قیس بن مسلم نے۔ انہیں طارق بن شہاب نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے۔ تو آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ کہ یہودی عاشورہ کے دن کی تعظیم کرتے ہیں۔ اور اس دن روزہ رکھتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہم اس دن روزہ رکھنے کے زیادہ حق دار ہیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اس دن کے روزے کا حکم دیا۔

(۱۱۲۱) حَدَّثَنَا زِیَادُ بْنُ اَیُّوْبَ حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَجَدَالْیَهُوْدَ یَصُوْمُوْنَ عَاشُوْرَاءَ فَسُئِلُوْا عَنْ ذٰلِکَ فَقَالُوْ هٰذَا الْیَوْمُ الَّذِیْ اَظْفَرَاللّٰهُ فِیْهِ مُوْسٰی وَبَنِیْ اِسْرَائِیْلَ عَلٰی فِرْعَوْنَ وَنَحْنُ نَصُوْمُه' تَعْظِیْمًا لَه' فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَوْلٰی بِمُوْسٰی مِنْکُمْ ثُمَّ اَمَرَ بِصَوْمِهٖ

۱۱۲۱۔ ہم سے زیاد بن ایوب نے حدیث بیان کی ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوبشر نے حدیث بیان کی۔ ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا۔ کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو آپ نے دیکھا کہ یہودی عاشورا کے دن روزہ رکھتے ہیں۔ اس کے متعلق ان سے پوچھا گیا۔ تو انہوں نے بتایا کہ یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور بنو اسرائیل کو فرعونیوں پر فتح عنایت فرمائی تھی۔ چنانچہ ہم اس دن کی تعظیم میں روزہ رکھتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہم موسیٰ علیہ السلام سے تمہاری بہ نسبت زیادہ قریب ہیں۔ اور آپ نے اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیا۔

(۱۱۲۲) حَدَّثَنَا عَبْدَ انُ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ

۱۱۲۲۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبد اللہ نے حدیث بیان کی ان سے یونس نے، ان سے زہری نے بیان کیا۔ انہیں عبید اللہ

عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْدِلُ شَعْرَهٗ وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَفْرُقُونَ رُءُ وْسَهُمْ وَكَانَ اَهْلُ الْكِتَابِ يُسْدِلُوْنَ رُءُوْسَهُمْ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ اَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ ثُمَّ فَرَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاْسَهٗ

بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی۔ اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے۔ کہ نبی کریم ﷺ سر کے بال کو پیشانی پر لٹکا دیتے تھے۔ اور مشرکین مانگ نکالتے تھے، اہل کتاب بھی اپنے سروں کے بال لٹکے رہنے دیتے تھے جن امور میں نبی کریم ﷺ کو (وحی کے ذریعہ) کوئی حکم نہیں ہوتا تھا آپ ان میں اہل کتاب کی موافقت پسند کرتے تھے۔ پھر بعد میں آنحضور ﷺ بھی مانگ نکالنے لگے تھے۔

(۱۱۲۳) حَدَّثَنِيْ زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْبِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ هُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ جَزَّءُوْهُ اَجْزَاءً فَاٰمَنُوْا بِبَعْضِهٖ وَكَفَرُوْا بِبَعْضِهٖ

۱۱۲۳۔ مجھ سے زیاد بن ایوب نے حدیث بیان کی ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابوبشر نے خبر دی انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ کہ وہ اہل کتاب ہی تو ہیں جنہوں نے آسمانی صحیفہ کے حصہ بخرے کر دیئے۔ اور بعض پر ایمان لائے اور بعض کا کفر کیا۔

باب ۴۶۷. اِسْلَامِ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۶۷۔ سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا ایمان۔

(۱۱۲۴) حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيْقٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ اَبِيْ ح وَحَدَّثَنَا اَبُوْعُثْمَانَ عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ اَنَّهٗ تَدَاوَلَهٗ بِضْعَةَ عَشَرَ مِنْ رَبٍّ اِلٰى رَبٍّ

۱۱۲۴۔ مجھ سے حسن بن عمر بن شقیق نے حدیث بیان کی ان سے معتمر نے حدیث بیان کی کہ میرے والد نے بیان کیا۔ ح۔ اور ہم سے ابوسفیان نے حدیث بیان کی سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے کہ آپ تقریباً دس مالکوں کے قبضہ میں تبدیل ہوئے تھے۔

(۱۱۲۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَلْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اَنَا مِنْ رَامَهُرْمُزْ

۱۱۲۵۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عوف نے ان سے ابوعثمان نے بیان کیا کہ میں نے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ بیان کرتے تھے۔ کہ میں رام ہرمز (فارس میں ایک مقام) کا رہنے والا ہوں۔

(۱۱۲۶) حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ فَتْرَةٌ بَيْنَ عِيْسٰى وَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتُّمِائَةِ سَنَةٍ

۱۱۲۶۔ مجھ سے حسن بن مدرک نے حدیث بیان کی۔ ان سے یحییٰ بن حماد نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابوعوانہ نے خبر دی۔ انہیں عاصم احول نے، انہیں ابوعثمان نے اور ان سے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ کے درمیان چھ سو سال کی مدت ہے۔ [1]

الحمدللہ تفہیم البخاری کا پندرھواں پارہ مکمل ہوا۔

[1] خود سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی عمر ساڑھے تین سو سال رہی ہے۔ اور آپ کی ملاقات عیسیٰ علیہ السلام کے وصی سے ثابت ہے فطرت کا زمانہ یہاں آپ نے چھ سو سال بتایا۔ لیکن محققین نے لکھا ہے۔ کہ ساڑھے پانچ سو ہے۔ بیان میں اتنی مدت کا فرق شمسی اور قمری سال کے حساب کے فرق کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔

سولہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

كَتَابُ المغازِىْ

غزوات

ب۴۶۸. غَزْوَةِ الْعُشَيْرَةِ اَوِ الْعُسَيْرَةِ قَالَ ابْنُ سحاق اَوَّلُ مَاغَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُوَآءَ ثُمَّ بواطَ ثُمَّ الْعُشَيْرَةَ

۴۶۸۔غزوۂ عشیرہ یا عسیرہ۔

ابن اسحاق نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کا سب سے پہلا غزوہ مقام ابواء کی طرف ہوا، پھر جبل بواط کی طرف اور پھر عشیرہ کی طرف۔

۱۱۲۷) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَهْبٌ دَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ كُنْتُ اِلٰى جَنْبِ زَيْدِ نِ اَرْقَمَ فَقِيْلَ لَه' كَمْ غَزَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ مِنْ غَزْوَةٍ قَالَ تِسْعَ عَشَرَةَ قُلْتُ كَمْ غَزَوْتَ تَ مَعَه قَالَ سَبْعَ عَشَرَةَ قُلْتُ فَاَيُّهُمْ كَانَتْ اَوَّلَ لَ الْعُسَيْرَةُ اَوِالْعُشَيْرَةُ فَذَكَرْتُ لِقَتَادَةَ فَقَالَ مُشَيْرَةُ

۱۱۲۷۔مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے وہب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے کہ میں اس وقت زید بن ارقم کے پہلو میں بیٹھا ہوا تھا۔ آپ سے پوچھا گیا تھا کہ نبی کریم ﷺ نے کتنے غزوے کئے؟ آپ نے فرمایا کہ انیس! میں نے پوچھا، آپ آنحضور ﷺ کے ساتھ کتنے غزوات میں شریک رہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ سترہ میں۔ میں نے پوچھا: آپ کا سب سے پہلا غزوہ کون سا ہے؟ فرمایا کہ عسیرہ یا عشیرہ۔ پھر میں نے اس کا ذکر قتادہ سے کیا تو آپ نے کہا کہ (صحیح لفظ) عشیرہ ہے۔

ب۴۶۹. ذِكْرِ النبيِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَلُ بِبَدْرٍ

۴۶۹۔مقتولین بدر کے متعلق نبی کریم ﷺ کی پیشین گوئی۔

۱۱۲۸) حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمٰنَ حَدَّثَنَا شُرَيْحُ نُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ ىْ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ مَيْمُوْنٍ اَنَّه' مِعَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَ نْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ اَنَّه' قَالَ كَانَ صَدِيْقًا لِاُمَيَّةَ بْنِ لَفٍ وَّكَانَ اُمَيَّةُ اِذَامَرَّ بِالْمَدِيْنَةِ نَزَلَ عَلٰى سَعْدٍ كَانَ سَعْدٌ اِذَا مَرَّ بِمَكَّةَ نَزَلَ عَلٰى اُمَيَّةَ فَلَمَّا قَدِمَ سُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ انْطَلَقَ عْدٌ مُعْتَمِرًا فَلَمَّا نَزَلَ عَلٰى اُمَيَّةَ بِمَكَّةَ فَقَالَ لِاُمَيَّةَ ظُرْلِی سَاعَةَ خَلْوَةٍ لَعَلِّیْ اَنْ اَطُوْفَ بِالْبَيْتِ خَرَجَ بِه قَرِيْبًا مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ فَلَقِيَهُمَا اَبُوْجَهْلٍ قَالَ يَآاَبَاصَفْوَانَ مَنْ هٰذَا مَعَكَ فَقَالَ هٰذَا سَعْدٌ

۱۱۲۸۔مجھ سے احمد بن عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ مجھ سے عمرو بن میمون نے حدیث بیان کی، انہوں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے، انہوں نے فرمایا کہ وہ امیہ بن خلف کے دوست تھے (جاہلیت کے زمانے سے) اور جب بھی امیہ مدینہ سے گذرتا تو ان کے یہاں قیام کرتا تھا۔ اسی طرح سعد رضی اللہ عنہ جب مکہ سے گذرتے تو امیہ کے یہاں قیام کرتے تھے۔ پھر جب نبی کریم ﷺ مدینہ ہجرت کر کے تشریف لائے تو ایک مرتبہ سعد رضی اللہ عنہ مکہ عمرہ کے ارادے سے گئے اور (وضع کے مطابق) امیہ کے یہاں قیام کیا، آپ نے امیہ سے فرمایا کہ میرے لئے کوئی تنہائی کا وقت بتاؤ، میں بیت اللہ کا طواف کروں گا۔ چنانچہ امیہ

فَقَالَ لَهٗ اَبُوْجَهْلٍ اَلَا اَرٰکَ تَطُوْفُ بِمَکَّةَ اٰمِنًا وَّقَدْ اٰوَيْتُمُ الصُّبَاةَ وَزَعَمْتُمْ اَنَّکُمْ تَنْصُرُوْنَهُمْ وَتُعِيْنُوْنَهُمْ اَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنَّکَ مَعَ اَبِیْ صَفْوَانَ مَارَجَعْتَ اِلٰی اَهْلِکَ سَالِمًا فَقَالَ لَهٗ سَعْدٌ وَّرَفَعَ صَوْتَهٗ عَلَيْهِ اَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ مَّنَعْتَنِیْ هٰذَا لَاَمْنَعَنَّکَ مَاهُوَ اَشَدُّ عَلَيْکَ مِنْهُ طَرِيْقَکَ عَلَی الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ لَهٗ اُمَيَّةُ لَاتَرْفَعْ صَوْتَکَ يَا سَعْدُ عَلٰی اَبِی الْحَکَمِ سَيِّدِ اَهْلِ الْوَادِیْ فَقَالَ سَعْدٌ دَعْنَا عَنْکَ يَآ اُمَيَّةُ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّهُمْ قَاتِلُوْکَ قَالَ بِمَکَّةَ قَالَ لَآ اَدْرِیْ فَفَزِعَ لِذٰلِکَ اُمَيَّةُ فَزَعًا شَدِيْدًا فَلَمَّا رَجَعَ اُمَيَّةُ اِلٰی اَهْلِهٖ قَالَ يَا اُمَّ صَفْوَانَ اَلَمْ تَرَیْ مَا قَالَ لِیْ سَعْدٌ قَالَتْ وَمَا قَالَ لَکَ قَالَ زَعَمَ اَنَّ مُحَمَّدًا اَخْبَرَهُمْ اَنَّهُمْ قَاتِلِیَّ فَقُلْتُ لَهٗ بِمَکَّةَ قَالَ لَا اَدْرِیْ فَقَالَ اُمَيَّةُ وَاللّٰهِ لَآاَخْرُجُ مِنْ مَکَّةَ فَلَمَّا کَانَ يَوْمُ بَدْرٍ اِسْتَنْفَرَ اَبُوْجَهْلٍ النَّاسَ قَالَ اَدْرِکُوْا عِيْرَکُمْ فَکَرِهَ اُمَيَّةُ اَنْ يَّخْرُجَ فَاَتَاهُ اَبُوْجَهْلٍ فَقَالَ يَآاَبَاصَفْوَانَ اِنَّکَ مَتٰی مَايَرَاکَ النَّاسُ قَدْ تَخَلَّفْتَ وَاَنْتَ سَيِّدُ اَهْلِ الْوَادِیْ تَخَلَّفُوْا مَعَکَ فَلَمْ يَزَلْ بِهٖ اَبُوْجَهْلٍ حَتّٰی قَالَ اَمَّا اِذْ غَلَبْتَنِیْ فَوَاللّٰهِ لَاَشْتَرِيَنَّ اَجْوَدَ بَعِيْرٍ بِمَکَّةَ ثُمَّ قَالَ اُمَيَّةُ يَا اُمَّ صَفْوَانَ جَهِّزِيْنِیْ فَقَالَتْ لَهٗ يَا اَبَا صَفْوَانَ وَ قَدْ نَسِيْتَ مَا قَالَ لَکَ اَخُوْکَ الْيَثْرِبِیُّ قَالَ لَا مَااُرِيْدُ اِلَّا اَنْ اَجُوْزَ مَعَهُمْ اِلَّا قَرِيْبًا فَلَمَّا خَرَجَ اُمَيَّةُ اَخَذَ لَا يَنْزِلُ مَنْزِلًا اِلَّا عَقَلَ بَعِيْرَهٗ فَلَمْ يَزَلْ بِذٰلِکَ حَتّٰی قَتَلَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ بِبَدْرٍ

انہیں دو پہر کے وقت ساتھ لے کر نکلا (کیونکہ اس وقت خصوصاً عرب کی گرمیوں میں لوگ باہر نہیں آتے۔) اتفاق سے ابوجہل سے ملاقات ہو گئی۔ اس نے پوچھا، ابوصفوان! یہ تمہارے ساتھ کون صاحب ہیں؟ امیہ نے بتایا کہ آپ سعد بن معاذ ہیں۔ اس پر ابوجہل نے کہا: میں تمہیں مکہ میں مامون ومحفوظ طواف کرتا ہوا نہ دیکھوں، تم لوگوں نے بے دینوں کو پناہ دے رکھی ہے اور اس خیال میں ہو کہ تم لوگ ان کی مدد کرو گے، خدا کی قسم اگر اس وقت تم ابوصفوان (امیہ کی کنیت) کے ساتھ نہ ہوتے تو اپنے گھر صحیح وسالم واپس نہیں جا سکتے تھے۔ اس پر سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اس وقت آپ کی آواز بلند ہوگئی تھی، کہ خدا کی قسم اگر تم نے آج مجھے طواف سے روک دیا تو میں بھی مدینہ کی طرف سے تمہارا گذرنا بند کردوں گا اور یہ تمہارے لئے زیادہ مشکلات کا باعث بن جائے گا سعد! ابوالحکم (ابوجہل) کے سامنے بلند آواز سے باتیں نہ کرو، یہ وادی مکہ کا سردار ہے! سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا، امیہ اس طرح کی گفتگو نہ کرو، خدا گواہ ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ سے سن چکا ہوں کہ مسلمان تمہیں قتل کریں گے۔ امیہ نے پوچھا، کیا مکہ میں مجھے قتل کریں گے؟ آپ نے فرمایا کہ اس کا مجھے کچھ علم نہیں۔ امیہ اس بات سے بہت زیادہ گھبرا گیا اور جب اپنے گھر واپس آیا تو (اپنی بیوی سے) کہا، ام صفوان، دیکھا نہیں سعد میرے متعلق کیا کہہ رہے تھے!، اس نے پوچھا، کیا کہہ رہے تھے؟ امیہ نے کہا کہ وہ یہ بتا رہے تھے کہ محمد ﷺ نے انہیں خبر دی ہے کہ مسلمان مجھے قتل کریں گے میں نے پوچھا، کیا مکہ میں مجھے قتل کریں گے؟ تو انہوں نے کہا کہ اس کا مجھے علم نہیں۔ امیہ کہنے لگا، خدا کی قسم! اب مکہ سے باہر میں کبھی جاؤں گا ہی نہیں۔ ❷ پھر بدر کی لڑائی کے موقعہ پر جب ابوجہل نے قریش سے لڑائی کی تیاری کے لئے کہا اور کہا کہ اپنے قافلہ کی مدد کو پہنچو، تو امیہ نے لڑائی میں شرکت پسند نہیں کی۔ لیکن ابوجہل اس کے پاس آیا اور کہنے لگا، اے ابوصفوان! تم وادی کے سردار ہو۔ جب لوگ دیکھیں گے کہ تم ہی لڑائی سے گریز کر رہے ہو تو دوسرے لوگ بھی

---

❶ مکہ کے لوگ شام تجارت کے لئے جاتے تھے اور اس کا راستہ مدینہ سے ہو کر گذرتا تھا۔ چونکہ مکہ کی معاش کا دارومدار شام سے تجارت پر تھا، اس لئے قدرتی طور پر یہ بندش ان کی موت وزندگی کا سوال بن جاتی۔ ❷ حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے جو الفاظ بھی نکلتے تھے وہ سچے ہوتے تھے اور ان کی صداقت کا قریش نے ہمیشہ تجربہ کیا تھا۔ یہ تو محض ایک ضد تھی کہ آپ کی مخالفت سے باز نہیں آتے تھے اور آپ کی دعوت سے اعراض ضروری سمجھتے تھے۔ شعوری طور پر بھی وہ آنحضور ﷺ کو سچا نبی جانتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ آنحضور ﷺ کی پیشین گوئی سنتے ہی امیہ گھبرا گیا اور مدینہ سے باہر نہ نکلنے کا عہد کر لیا۔

تمہاری اتباع کریں گے۔ ابوجہل یوں ہی برابر اس کی شرکت پر اصرار کرتا رہا۔ آخر امیہ نے کہا، جب تمہارا اصرار ہی ہے تو خدا کی قسم، میں (اس لڑائی کے لئے) مکہ کا سب سے عمدہ اونٹ خریدوں گا (تا کہ زیادہ بہتر طریقہ پر اپنی حفاظت کرسکوں) پھر امیہ نے (اپنی بیوی سے) کہا، ام صفوان! میرا سازوسامان تیار کردو۔ اس نے کہا، ابوصفوان، اپنے یثربی بھائی کی بات بھول گئے۔ امیہ بولا کہ میں بھولا نہیں ہوں ان کے ساتھ صرف تھوڑی دور تک جاؤں گا۔ جب امیہ نکلا تو راستہ میں جس منزل پر بھی قیام ہوتا۔ یہ اپنا اونٹ (اپنے قریب ہی) باندھے رکھتا۔ اسی طرح سارے سفر میں اس نے اہتمام کیا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے مطابق بدر میں قتل ہو کر ہی رہا۔

باب ۴۷۰. قِصَّةِ غَزْوَةِ بَدْرٍ وَّقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالیٰ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ وَقَالَ وَحْشِيٌّ قَتَلَ حَمْزَةُ طُعَيْمَةَ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ يَوْمَ بَدْرٍ وَّقَوْلُهٗ تَعَالیٰ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ الاٰية

۴۷۰۔ غزوۂ بدر کا واقعہ۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے تمہاری نصرت کی بدر میں حالانکہ تم پست تھے، تو اللہ سے ڈرتے رہو، عجب کیا کہ شکر گذار بن جاؤ۔ وہ وقت یاد کیجئے، جب آپ مؤمنین سے کہہ رہے تھے، کیا یہ تمہارے لئے کافی نہیں کہ تمہارا پروردگار تمہاری مدد تین ہزار اتارے ہوئے فرشتوں سے کرے، کیوں نہیں بشرطیکہ تم نے صبر وتقویٰ قائم رکھا۔ اور اگر وہ تم پر فوراً آ پڑیں گے تو تمہارا پروردگار تمہاری مدد پانچ ہزار نشان کئے ہوئے فرشتوں سے کرے گا اور یہ تو اللہ نے اس لئے کیا کہ تم خوش ہو جاؤ، اور تمہیں اس سے دلجمعی حاصل ہو جائے، ورنہ نصرت تو بس زبردست اور حکمت والے اللہ ہی کی طرف سے ہے اور یہ نصرت اس غرض سے تھی تا کہ کفر کرنے والوں میں سے ایک گروہ کو ہلاک کردے یا انہیں خوار کردے کہ وہ ناکام ہو کر واپس ہو جائیں۔ جناب وحشیؓ نے فرمایا کہ حمزہ رضی اللہ عنہ نے طعیمہ بن عدی بن خیار کو بدر کی جنگ میں قتل کیا تھا اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے کہ جب اللہ تعالیٰ تم سے وعدہ کررہا تھا، دو(۲) جماعتوں میں سے ایک کے لئے کہ وہ تمہارے ہاتھ آجائے گی۔" الآیۃ۔

(۱۱۲۹) حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ لَمْ

۱۱۲۹۔ مجھ سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب نے، ان سے عبداللہ بن کعب نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ

اَتَخَلَّفُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا اِلَّا فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْکَ غَيْرَ اَنِّیْ تَخَلَّفْتُ عَنْ غَزْوَةِ بَدْرٍ وَّلَمْ يُعَاتَبْ اَحَدٌ تَخَلَّفَ عَنْهَا اِنَّمَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ عِيْرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلٰى غَيْرِ مِيْعَادٍ۔

رسول اللہ ﷺ نے جتنے غزوے کئے، میں غزوۂ تبوک کے سوا، اور کسی میں غیر حاضر نہیں رہا۔ البتہ غزوۂ بدر میں بھی میں شریک نہ ہوسکا تھا، لیکن جو لوگ اس غزوہ میں شرکت نہیں کرسکے تھے ان پر کسی قسم کا عتاب خداوندی بھی نہیں ہوا تھا، کیونکہ رسول اللہ ﷺ قریش کے قافلہ کو تلاش کرنے کے لئے نکلے تھے اور اس طرح اتفاقی طور پر مسلمانوں اور ان کے دشمنوں میں مڈبھیڑ ہوگئی تھی۔

باب ۴۷۱. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ اَنِّیْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِاللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ وَ يُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَالشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ اِذْيُوْحِیْ رَبُّکَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّیْ مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَاُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ذٰلِکَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

۴۷۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اس وقت کو یاد کرو جب تم اپنے پروردگار سے فریاد کررہے تھے۔'' پھر اس نے تمہاری سن لی اور فرمایا کہ میں تمہیں ایک ہزار کے بعد دیگرے آنے والے فرشتوں سے مدد دوں گا، اور اللہ نے یہ بس اس لئے کیا کہ تمہیں بشارت ہو اور تاکہ تمہارے دلوں کو اس سے اطمینان ہوجائے درآنحالیکہ نصرت تو بس اللہ ہی کے پاس سے ہے، بے شک اللہ زبردست ہے، حکمت والا ہے۔ اور وہ وقت بھی یاد کرو جب اللہ نے اپنی طرف سے چین دینے کو تم پر غنودگی کو طاری کردیا تھا، اور آسمان سے تمہارے اوپر پانی اتار رہا تھا کہ اس کے ذریعہ سے تمہیں پاک کردے اور تم سے شیطانی وسوسہ کو دفع کردے اور تاکہ مضبوط کردے تمہارے دلوں کو اور اس کے باعث تمہارے قدم جمادے۔ (اور اس وقت کو یاد کرو) جب آپ کا پروردگار وحی کررہا تھا فرشتوں کی جانب کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، سو ایمان لانے والوں کو جمائے رکھو میں ابھی کافروں کے دلوں میں رعب ڈالے دیتا ہوں، سو تم کافروں کی گردنوں کے اوپر مارو اور ان کے پوروں پر ضرب لگاؤ۔ یہ حکم قتال اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتا ہے سو اللہ تعالیٰ سزا دینے میں سخت ہے۔

(۱۱۳۰) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ مُخَارِقٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍؓ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ شَهِدْتُّ مِنَ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ مَشْهَدًا لَاَنْ اَكُوْنَ صَاحِبَهٗ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا عُدِلَ بِهٖ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُوْ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ لَانَقُوْلُ كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسٰى اذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلَا وَلٰكِنَّا نُقَاتِلُ عَنْ يَّمِيْنِکَ وَعَنْ شِمَالِکَ وَبَيْنَ يَدَيْکَ وَخَلْفَکَ

۱۱۳۰۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے مخارق نے، ان سے طارق بن شہاب نے بیان کیا، اور انہوں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے ایک ایسی بات سنی کہ اگر وہ بات میری زبان سے ادا ہوجاتی تو میرے لئے کسی بھی چیز کے مقابلے میں زیادہ عزیز ہوتی، وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آنحضور ﷺ اس وقت مسلمانوں کو مشرکین کے خلاف آمادہ کررہے تھے، انہوں نے عرض کی، ہم وہ نہیں کہیں گے جو موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہا تھا کہ جاؤ تم اور

فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْرَقَ وَجْهُهٗ وَسَرَّهٗ يَعْنِيْ قَوْلَهٗ

تمہارا رب ان سے جنگ کرو۔ بلکہ ہم آپ کے دائیں بائیں، آگے اور پیچھے جمع ہو کر لڑیں گے۔ میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ کا چہرۂ مبارک کھل گیا اور ان کی گفتگو سے آپ مسرور ہوئے۔

(۱۱۳۱) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ ابْنُ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ اَللّٰهُمَّ اَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اَللّٰهُمَّ اِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ فَاَخَذَ اَبُوْبَكْرٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ حَسْبُكَ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ

۱۱۳۱۔ مجھ سے محمد بن عبداللہ بن حوشب نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا تھا، اے اللہ! آپ کے عہد اور آپ کے وعدہ کا واسطہ دیتا ہوں، اگر آپ چاہیں گے تو روئے زمین پر مسلمانوں کے ختم ہو جانے کے بعد) آپ کی عبادت نہ ہوگی۔ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کا دست مبارک تھام لیا اور عرض کی، بس کیجئے یا رسول اللہ (ﷺ) اس کے بعد آنحضور ﷺ اپنے خیمے سے باہر تشریف لائے تو آپ ﷺ کی زبان مبارک پر یہ آیت تھی ”عنقریب کفار کی جماعت کو شکست ہوگی اور یہ پشت پھیر لیں گے۔“

باب ۴۷۲

باب ۴۷۲۔

(۱۱۳۲) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُالْكَرِيْمِ اَنَّهٗ سَمِعَ مِقْسَمًا مَّوْلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحٰرِثِ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ سَمِعَهٗ يَقُوْلُ لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَنْ بَدْرٍ وَّ الْخَارِجُوْنَ اِلٰى بَدْرٍ

۱۱۳۲۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے عبدالکریم نے خبر دی، انہوں نے عبداللہ بن حارث کے مولا مقسم سے سنا، وہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کرتے تھے، آپ نے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی میں شرکت کرنے والے اور اس میں شریک نہ ہونے والے برابر نہیں ہو سکتے۔

باب ۴۷۳. عِدَّةِ اَصْحَابِ بَدْرٍ

۴۷۳۔ چند اصحاب بدر۔

(۱۱۳۳) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ اسْتُصْغِرْتُ اَنَا وَ ابْنُ عُمَرَ

۱۱۳۳۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (بدر کی لڑائی کے موقعہ پر) مجھے اور ابن عمر کو ”کم عمر“ قرار دے دیا گیا تھا۔

(۱۱۳۴) حَدَّثَنِيْ مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا وَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ اسْتُصْغِرْتُ اَنَا وَابْنُ عُمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ وَّكَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ يَوْمَ بَدْرٍ نَيِّفًا عَلٰى سِتِّيْنَ وَالْاَنْصَارُ نَيِّفًا وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَتَيْنِ

۱۱۳۴۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے وہب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے ابواسحٰق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر مجھے اور ابن عمرؓ کو کم عمر قرار دے دیا گیا تھا، اور اس لڑائی میں مہاجرین کی تعداد ساٹھ سے زیادہ تھی اور انصار دو سو چالیس سے زیادہ تھے۔

(۱۱۳۵) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ يَقُوْلُ حَدَّثَنِىْ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا اَنَّهُمْ كَانُوْا عِدَّةَ اَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوْا مَعَهُ النَّهَرَ بِضْعَةَ عَشَرَ وَثَلٰثَ مِائَةٍ قَالَ الْبَرَآءُ لَاوَاللّٰهِ مَا جَاوَزَمَعَهُ النَّهَرَ اِلَّا مُؤْمِنٌ

۱۱۳۵۔ہم سے عمر بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ محمد ﷺ کے ایک صحابی رضی اللہ عنہ، جنہوں نے بدر کی لڑائی میں شرکت کی تھی، مجھ سے حدیث بیان کی کہ بدر کی لڑائی میں ان کی تعداد اتنی ہی تھی جتنی طالوت رضی اللہ عنہ کے ان اصحاب کی تھی جنہوں نے ان کے ساتھ نہر فلسطین کو پار کیا تھا، تقریباً تین سو دس ۳۱۰ براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نہیں، خدا گواہ ہے کہ طالوت رضی اللہ عنہ کے ساتھ نہر فلسطین کو صرف وہی لوگ پار کر سکے تھے جو مؤمن تھے۔

(۱۱۳۶) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كُنَّا اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَتَحَدَّثُ اَنَّ عِدَّةَ اَصْحَابِ بَدْرٍ عَلٰى عِدَّةِ اَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوْا مَعَهُ النَّهَرَ وَلَمْ يُجَاوِزْ مَعَهٗ اِلَّا مُؤْمِنٌ بِضْعَةَ عَشَرَ وَ ثَلٰثِمِائَةٍ

۱۱۳۶۔ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے، انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم اصحاب محمد ﷺ آپس میں یہ گفتگو کرتے تھے کہ اصحاب بدر کی تعداد بھی اتنی ہی تھی جتنی اصحاب طالوت کی، جنہوں نے آپ کے ساتھ نہر فلسطین کو عبور کیا تھا اور ان کے ساتھ نہر کو عبور کرنے والے صرف مومن ہی تھے، تقریباً تین سو دس افراد۔

(۱۱۳۷) حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّ اَصْحَابَ بَدْرٍ ثَلٰثُ مِائَةٍ وَّبِضْعَةَ عَشَرَ بِعِدَّةِ اَصْحَابِ طَالُوْتَ الَّذِيْنَ جَاوَزُوْا مَعَهُ النَّهَرَ وَمَا جَاوَزَمَعَهٗ اِلَّا مُؤْمِنٌ

۱۱۳۷۔مجھ سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے۔ ح۔ اور ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی۔ انہیں ابواسحاق نے، اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم آپس میں یہ گفتگو کرتے تھے، کہ اصحاب بدر کی تعداد بھی تقریباً تین سو دس تھی، جتنی ان اصحاب طالوت کی تعداد تھی جنہوں نے ان کے ساتھ نہر فلسطین کو عبور کیا تھا۔ اور اسے عبور کرنے والے صرف مؤمن تھے۔

باب ۴۷۴۔ دُعَآءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى كُفَّارِ قُرَيْشٍ شَيْبَةَ وَعُتْبَةَ وَالْوَلِيْدِ وَاَبِىْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَّ هَلَاكِهِمْ

۴۷۴۔کفار قریش، شیبہ، عتبہ، ولید اور ابوجہل بن ہشام کے لئے نبی کریم ﷺ کی بددعا اور ان کی ہلاکت۔

(۱۱۳۸) حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَااَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَّضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اسْتَقْبَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ فَدَعَا عَلٰى نَفَرٍ مِّنْ قُرَيْشٍ

۱۱۳۸۔مجھ سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن میمون نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے کعبہ کی طرف رخ کر کے کفار قریش کے چند افراد، شیبہ بن

عَلٰى شَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ وَاَبِیْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ فَاَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُهُمْ صَرْعٰى قَدْ غَيَّرَتْهُمُ الشَّمْسُ وَكَانَ يَوْمًا حَارًا

ربیعہ، ولید بن عتبہ اور ابو جہل بن ہشام کے حق میں بددعا کی تھی اس کے لئے اللہ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے (بدر کے میدان میں) ان کی لاشیں پڑی ہوئی پائیں، دھوپ کی وجہ سے ان میں تغیر پیدا ہو گیا تھا، کیونکہ دن گرمی کے تھے۔

باب ۴۷۵۔ قَتْلِ اَبِیْ جَهْلٍ

۴۷۵۔ ابو جہل کا قتل۔

(۱۱۳۹) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ اَخْبَرَنَا قَيْسٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ اَتٰى اَبَاجَهْلٍ وَّبِهٖ رَمَقٌ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ هَلْ اَعْمَدُ مِنْ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ

۱۱۳۹۔ ہم سے ابن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، انہیں قیس نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر آپ ابو جہل کے قریب سے گذرے، ابھی اس میں تھوڑی سی جان باقی تھی۔ اس نے آپ سے کہا، کتنے بڑے اور شریف شخص کو تم لوگوں نے قتل کر دیا ہے۔

(۱۱۴۰) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِیِّ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَنْظُرُمَا صَنَعَ اَبُوْجَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَآءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ اَنْتَ اَبُوْجَهْلٍ قَالَ فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ قَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ اَوْرَجُلٌ قَتَلَهٗ قَوْمُهٗ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ اَنْتَ اَبُوْ جَهْلٍ

۱۱۴۰۔ مجھ سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان تیمی نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کون معلوم کر کے آئے گا کہ ابو جہل کا کیا ہوا؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ حقیقت حال معلوم کرنے آئے تو دیکھا کہ عفراء کے صاحبزادوں (معاذ اور معوذ رضی اللہ عنہما) نے اسے قتل کر دیا اور اس کا جسم ٹھنڈا پڑا ہے۔ آپ نے دریافت فرمایا، کیا تمہیں ابو جہل ہو؟ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی ڈاڑھی پکڑ لی، ابو جہل نے کہا، کیا اس سے بڑا کوئی انسان ہے جسے تم نے آج قتل کر ڈالا ہے؟ یا (اس نے یہ کہا کہ کیا اس سے بھی بڑا کوئی) انسان ہے جسے اس کی قوم نے قتل کر ڈالا ہے؟ احمد بن یونس نے (اپنی روایت میں) یہ الفاظ بیان کئے ''انت ابو جہل۔''

(۱۱۴۱) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِیِّ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَّنْ يَنْظُرُ مَافَعَلَ اَبُوْجَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَآءَ حَتّٰى بَرَدَ فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ فَقَالَ اَنْتَ اَبَاجَهْلٍ قَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلَهٗ قَوْمُهٗ اَوْقَالَ قَتَلْتُمُوْهُ

۱۱۴۱۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان تیمی نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا، کون دیکھ کر آئے گا کہ ابو جہل کا کیا ہوا؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ معلوم کرنے کے لئے گئے تو دیکھا کہ عفراء کے دونوں صاحبزادوں نے اسے قتل کر دیا تھا اور اس کا جسم ٹھنڈا پڑا ہے۔ آپ نے اس کی ڈاڑھی پکڑ کر کہا تمہیں ابو جہل ہو؟ اس نے کہا، کیا اس سے بھی بڑا کوئی آدمی ہے جسے آج اس کی قوم نے قتل کر ڈالا ہے، یا (اس نے یوں کہا کہ) تم لوگوں نے قتل کر

ڈالا ہے۔

(۱۱۴۲) حَدَّثَنِي ابْنُ الْمُثَنّٰى اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ نَّحْوَهٗ

۱۱۴۲۔ مجھ سے ابن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں معاذ بن معاذ نے خبر دی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی اسی طرح۔

(۱۱۴۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كَتَبْتُ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ الْمَا جِشُوْنَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ فِيْ بَدْرٍ يَعْنِيْ حَدِيْثَ ابْنَيْ عَفْرَآءَ

۱۱۴۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے یوسف بن ماجشون کے واسطہ سے یہ حدیث لکھی تھی، انہوں نے صالح بن ابراہیم کے واسطہ سے بیان کیا، انہوں نے اپنے والد کے واسطہ سے، انہوں نے صالح کے دادا (عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ) کے واسطہ سے، بدر کے بارے میں یعنی یہی عفراء کے دونوں صاحبزادوں کی حدیث۔

(۱۱۴۴) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا اَبُوْمِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّجْثُوْ بَيْنَ يَدَيِ الرَّحْمٰنِ لِلْخُصُوْمَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَقَالَ قَيْسُ بْنُ عُبَادٍ وَّفِيْهِمْ اُنْزِلَتْ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ قَالَ هُمُ الَّذِيْنَ تَبَارَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ حَمْزَةُ وَعَلِيٌّ وَّعُبَيْدَةُ اَوْاَبُوْعُبَيْدَةَ ابْنُ الْحٰرِثِ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَعُتْبَةُ وَالْوَلِيْدُ بْنُ عُتْبَ.

۱۱۴۴۔ مجھ سے محمد بن عبداللہ رقاشی نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے ابومجلز نے، ان سے قیس بن عباد نے اور ان سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ قیامت کے دن میں سب سے پہلا شخص ہوں گا جو اللہ تعالیٰ کے دربار میں فیصلہ کے لئے دوزانو ہو کر بیٹھے گا۔ قیس بن عباد نے بیان کیا کہ انہیں حضرات (حمزہ، علی اور عبیدہ رضی اللہ عنہم اجمعین) کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ ”یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اللہ کے بارے میں نبرد آزمائی کی“ بیان کیا کہ یہ وہی ہیں جو بدر کی لڑائی میں نبرد آزمائی کے لئے (تنہا تنہا) نکلے تھے، یعنی حمزہ، علی اور عبیدہ یا ابوعبیدہ بن حارث رضوان اللہ علیہم اجمعین (مسلمانوں کی طرف سے)۔ اور شیبہ بن ربیعہ، عتبہ اور ولید بن عتبہ (کفار قریش کی طرف سے)۔

(۱۱۴۵) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ نَزَلَتْ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ فِيْ سِتَّةٍ مِّنْ قُرَيْشٍ عَلِيٍّ وَّحَمْزَةَ وَعُبَيْدَةَ بْنِ الْحٰرِثِ وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ

۱۱۴۵۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوسفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابو ہاشم نے، ان سے ابومجلز نے، ان سے قیس بن عباد نے اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیت کریمہ ”هٰذٰن خصمان اختصموا فی ربهم“ (یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اللہ کے بارے میں نبرد آزمائی کی) قریش کے چھ افراد کے بارے میں نازل ہوئی تھی (تین مسلمانوں کی طرف کے یعنی) علی، حمزہ اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہم اور (تین کفار کی طرف کے یعنی) شیبہ بن ربیعہ، عتبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ۔

(۱۱۴۶) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الصَّوَّافُ حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ كَانَ ينزل فِي بَنِيْ ضُبَيْعَةَ وَهُوَ مَوْلًى لِبَنِيْ سَدُوْسَ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ فِيْنَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ

۱۱۴۶۔ہم سے اسحاق بن ابراہیم صواف نے حدیث بیان کی، ان سے یوسف بن یعقوب نے حدیث بیان کی، آپ کا بنی ضبیعہ کے یہاں آنا جانا تھا اور آپ بنی سدوس کے مولا تھے۔ان سے سلیمان تیمی نے حدیث بیان کی، ان سے ابومجلز نے اور ان سے قیس بن عباد نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی تھی۔"ھٰذان خصمان اختصموا فی ربھم."

(۱۱۴۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ سَمِعْتُ اَبَاذَرٍّ يُقْسِمُ لَنَزَلَتْ هٰٓؤُلَاءِ الْاٰيَاتُ فِيْ هٰٓؤُلَاءِ الرَّهْطِ السِّتَّةِ يَوْمَ بَدْرٍ نَّحْوَهٗ

۱۱۴۷۔ہم سے یحییٰ بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہیں وکیع نے خبر دی، انہیں سفیان نے، انہیں ابو ہاشم نے، انہیں ابومجلز نے، انہیں قیس بن عباد نے اور انہوں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ قسمیہ بیان کرتے تھے کہ یہ آیت (جو اوپر گذری) انہیں چھ افراد کے بارے میں، بدر کی لڑائی کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی، پہلی حدیث کی طرح۔

(۱۱۴۸) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَآ اَبُوْهَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاذَرٍّ يُقْسِمُ قَسَمًا اِنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ نَزَلَتْ فِي الَّذِيْنَ بَرَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ حَمْزَةَ وَعَلِيٍّ وَّعُبَيْدَةَ بْنِ الْحٰرِثِ وَعُتْبَةَ وَشَيْبَةَ ابْنَيْ رَبِيْعَةَ وَالْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ

۱۱۴۸۔ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، انہیں ابو ہاشم نے خبر دی، انہیں ابومجلز نے، انہیں قیس نے، کہا کہ میں نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ قسمیہ بیان کرتے تھے کہ یہ آیت "ھٰذان خصمان اختصموا فی ربھم" ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو بدر کی لڑائی میں مبارزت کے لئے نکلے تھے یعنی حضرت حمزہ، علی اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہم اور عتبہ، شیبہ، جو ربیعہ کے بیٹے تھے، اور ولید بن عتبہ۔

(۱۱۴۹) حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ سَاَلَ رَجُلٌ نِ الْبَرَاءَ وَاَنَا اَسْمَعُ قَالَ اَشَهِدَ عَلِيٌّ بَدْرًا قَالَ بَارَزَ وَظَاهَرَ

۱۱۴۹۔مجھ سے ابوعبداللہ احمد بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن منصور سلولی نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابواسحاق نے کہ ایک شخص نے براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا اور میں سن رہا تھا کہ کیا علی رضی اللہ عنہ بدر کی جنگ میں شریک تھے؟ آپ نے فرمایا کہ انہوں نے مبارزت کی تھی اور غالب رہے تھے۔

(۱۱۵۰) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ كَاتَبْتُ اُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ فَذَكَرَ قَتْلَهٗ وَقَتْلَ ابْنِهٖ فَقَالَ بِلَالٌ لَّانَجَوْتُ اِنْ نَجَآ اُمَيَّةُ

۱۱۵۰۔ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے یوسف بن ماجشون نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن عبدالرحمٰن بن عوف نے، ان سے ان کے والد نے، ان کے دادا عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے حوالے سے، آپ نے بیان کیا کہ امیہ بن خلف سے (ہجرت کے بعد) میرا عہد نامہ ہو گیا تھا۔ پھر لڑائی کے موقعہ پر آپ نے اس کے اور اس کے قتل کا ذکر کیا، بلال رضی اللہ عنہ نے (جب اسے دیکھ

لیا تو) فرمایا کہ اگر آج امیہ بچ نکلا تو اسے میں اپنی سب سے بڑی ناکامی سمجھوں گا۔

(۱۱۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَرَاَ وَالنَّجْمِ فَسَجَدَ بِهَا وَسَجَدَ مَنْ مَّعَهٗ غَيْرَ اَنَّ شَيْخًا اَخَذَ كَفًّا مِّنْ تُرَابٍ فَرَفَعَهٗ اِلٰى جَبْهَتِهٖ فَقَالَ يَكْفِيْنِيْ هٰذَا قَالَ عَبْدُاللّٰهِ فَلَقَدْ رَاَيْتُهٗ بَعْدُ قُتِلَ كَافِرًا

۱۱۵۱۔ ہم سے عبدان بن عثمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں ابواسحاق نے، انہیں اسود نے اور انہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے (ایک مرتبہ مکہ میں) سورۂ والنجم کی تلاوت کی اور سجدۂ تلاوت کیا تو جتنے لوگ وہاں موجود تھے سب سجدہ میں گر گئے، سوا ایک بوڑھے کے کہ اس نے ہتھیلی میں مٹی لے کر اپنی پیشانی پر اسے لگا لیا اور کہنے لگا کہ میرے لئے بس اتنا ہی کافی ہے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے اسے دیکھا کہ کفر کی حالت میں قتل کیا گیا (یعنی امیہ بن خلف)

(۱۱۵۲) اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ كَانَ فِي الزُّبَيْرِ ثَلٰثُ ضَرَبَاتٍ بِالسَّيْفِ اِحْدَاهُنَّ فِيْ عَاتِقِهٖ قَالَ اِنْ كُنْتُ لَاُدْخِلُ اَصَابِعِيْ فِيْهَا قَالَ ضُرِبَ ثِنْتَيْنِ يَوْمَ بَدْرٍ وَّوَاحِدَةً يَوْمَ الْيَرْمُوْكِ قَالَ عُرْوَةُ وَقَالَ لِيْ عَبْدُالْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ حِيْنَ قُتِلَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَاعُرْوَةُ هَلْ تَعْرِفُ سَيْفَ الزُّبَيْرِ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَمَا فِيْهِ قُلْتُ فِيْهِ فَلَّةٌ فُلَّهَا يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ صَدَقْتَ بِهِنَّ فُلُوْلٌ مِّنْ قِرَاعِ الْكَتَائِبِ ثُمَّ رَدَّهٗ عَلٰى عُرْوَةَ قَالَ هِشَامٌ فَاَقَمْنَاهُ بَيْنَنَا ثَلٰثَةَ اٰلَافٍ وَاَخَذَ بَعْضُنَا وَلَوَدِدْتُ اَنِّيْ كُنْتُ اَخَذْتُهٗ

۱۱۵۲۔ مجھے ابراہیم بن موسیٰ نے خبر دی، ان سے ہشام بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے، ان سے ہشام نے، ان سے عروہ نے بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کے جسم پر تلوار کے تین (گہرے) زخموں کے نشانات تھے، ایک ان کے شانے پر تھا (اور اتنا گہرا تھا کہ) میں اپنی انگلیاں ان میں داخل کر دیا کرتا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ان میں سے دو زخم آپ کو بدر کی لڑائی میں آئے تھے اور ایک جنگ یرموک کے موقعہ پر۔ عروہ نے بیان کیا کہ جب عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا تو مجھ سے عبدالملک بن مروان نے کہا اے عروہ! کیا زبیر رضی اللہ عنہ کی تلوار تم پہچانتے ہو؟ میں نے کہا کہ ہاں، پہچانتا ہوں، اس نے پوچھا اس کی کوئی نشانی بتاؤ! میں نے کہا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر اس کی دھار کا ایک حصہ ٹوٹ گیا تھا۔ جو ابھی تک اس میں باقی ہے۔ عبدالملک نے کہا کہ تم نے سچ کہا۔ فوجوں کے ساتھ نبرد آزمائی میں ان تلواروں کی دھار کئی جگہ سے ٹوٹ گئی ہے۔ پھر اس نے وہ تلوار عروہ رحمۃ اللہ علیہ کو واپس کر دی۔ ہشام نے بیان کیا کہ ہمارا اندازہ تھا کہ اس تلوار کی قیمت تین ہزار ہے۔ وہ تلوار ہمارے ایک عزیز کے حصے میں چلی گئی تھی (وراثت میں) میری بڑی خواہش تھی کہ کاش! وہ میرے حصے میں آتی۔

(۱۱۵۳) حدثنا فَرْوَةُ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ سَيْفُ الزُّبَيْرِ مُحَلًّى بِفِضَّةٍ قَالَ هِشَامٌ وَّكَانَ سَيْفُ عُرْوَةَ مُحَلًّى بِفِضَّةٍ

۱۱۵۳۔ ہم سے فروہ نے حدیث بیان کی، ان سے علی نے، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کی تلوار پر چاندی کا کام تھا۔ ہشام نے بیان کیا کہ (میرے والد) عروہ کی تلوار پر

چاندی کا کام تھا۔

(۱۱۵۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلزُّبَيْرِ يَوْمَ الْيَرْمُوْكِ اَلَا تَشُدُّ فَنَشُدُّ مَعَكَ فَقَالَ اِنِّىْ اِنْ شَدَدْتُ كَذَبْتُمْ فَقَالُوْا لَانَفْعَلُ فَحَمَلَ عَلَيْهِمْ حَتّٰى شَقَّ صُفُوْفَهُمْ فَجَاوَزَهُمْ وَمَامَعَهُ اَحَدٌ ثُمَّ رَجَعَ مُقْبِلًا فَاَخَذُوْا بِلِجَامِهِ فَضَرَبُوْهُ ضَرْبَتَيْنِ عَلٰى عَاتِقِهِ بَيْنَهُمَا ضَرْبَةٌ ضُرِبَهَا يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ عُرْوَةُ كُنْتُ اُدْخِلُ اَصَابِعِىْ فِىْ تِلْكَ الضَّرَبَاتِ اَلْعَبُ وَاَنَا صَغِيْرٌ قَالَ عُرْوَةُ وَكَانَ مَعَهُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ يَوْمَئِذٍ وَهُوَ ابْنُ عَشْرِ سِنِيْنَ فَحَمَلَهُ عَلٰى فَرَسٍ وَّكَّلَ بِهٖ رَجُلًا

۱۱۵۴۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن عروہ نے خبر دی، انہیں ان کے والد نے، کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ نے زبیر رضی اللہ عنہ سے یرموک کی جنگ کے موقعہ پر کہا، آپ حملہ کرتے تو ہم بھی آپ کے ساتھ حملہ کرتے، آپ نے فرمایا کہ اگر میں نے ان پر زور کا حملہ کر دیا تو پھر تم لوگ پیچھے رہ جاؤ گے۔ سب حضرات بولے کہ ہم ایسا نہیں کریں گے (بلکہ آپ کا ساتھ دیں گے) چنانچہ آپ نے دشمن (رومی فوج) پر حملہ کر دیا اور ان کی صفوں کو چیرتے ہوئے آگے نکل گئے۔ اس وقت آپ کے ساتھ کوئی بھی (مسلمان) نہیں تھا۔ پھر (مسلمان فوج کی طرف) آنے لگے تو رومیوں نے آپ کے گھوڑے کی لگام پکڑ لی اور شانے پر دو کاری زخم لگائے۔ جو زخم بدر کی لڑائی کے موقعہ پر آپ کو لگا تھا وہ ان دونوں زخموں کے درمیان میں پڑ گیا تھا۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب میں چھوٹا تھا تو ان زخموں میں اپنی انگلیاں ڈال کر کھیلا کرتا تھا۔ عروہ نے بیان کیا کہ یرموک کی لڑائی کے موقعہ پر عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ گئے تھے۔ اس وقت ان کی عمر کل دس سال کی تھی (چونکہ بہادری اور فروسیت کا جوہر رکھتے تھے) اس لئے آپ کو ایک گھوڑے پر سوار کر کے ایک صاحب کی نگرانی میں دے دیا (کہ کہیں جنگ میں یہ بھی شریک نہ ہو جائیں)۔

(۱۱۵۵) حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ سَمِعَ رَوْحَ بْنَ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عُرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ ذَكَرَ لَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ طَلْحَةَ اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِاَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ رَجُلًا مِّنْ صَنَادِيْدِ قُرَيْشٍ فَقُذِفُوْا فِىْ طَوِىٍّ مِّنْ اَطْوَآءِ بَدْرٍ خَبِيْثٍ مُّخْبِثٍ وَّكَانَ اِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ اَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ اَلْيَوْمَ الثَّالِثَ اَمَرَ بِرَاحِلَتِهٖ فَشُدَّ عَلَيْهَا رَحْلُهَا ثُمَّ مَشٰى وَاتَّبَعَهٗ اَصْحَابُهٗ وَقَالُوْا مَانُرٰى يَنْطَلِقُ اِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِهٖ حَتّٰى قَامَ عَلٰى شَفَةِ الرَّكِىِّ فَجَعَلَ يُنَادِيْهِمْ بِاَسْمَآئِهِمْ وَاَسْمَآءِ اٰبَآئِهِمْ يَافُلَانُ بْنُ فُلَانٍ

۱۱۵۵۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہوں نے روح بن عبادہ سے سنا۔ ان سے سعید بن ابی عروہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے بیان کیا کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہم سے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کے حکم سے قریش کے چوبیس سردار (جو قتل کر دیئے گئے تھے) بدر کے ایک بہت ہی گندے اور اندھیرے کنوئیں میں پھینک دیئے گئے تھے۔ عادت مبارکہ تھی کہ آنحضور ﷺ جب دشمن پر غالب آتے تو میدان جنگ میں تین دن تک قیام فرماتے۔ جنگ بدر کے خاتمہ کے تیسرے دن آپ ﷺ کے حکم سے آپ ﷺ کی سواری پر کجاوہ باندھا گیا اور آپ ﷺ روانہ ہوئے۔ آپ ﷺ کے اصحابؓ بھی آپ ﷺ کے ساتھ تھے۔ صحابہؓ نے کہا، غالباً آپ ﷺ کسی ضرورت کے لئے تشریف لے

وَّيَافُلاَنَ بْنَ فُلاَنٍ اَيَسُرُّكُمْ اَنَّكُمْ اَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَه‘ فَاِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَاوَعَدَرَبُّكُمْ حَقًّا قَالَ فَقَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تُكَلِّمُ مِنْ اَجْسَادٍ لَّا اَرْوَاحَ لَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ الَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَآاَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَآ اَقُوْلُ مِنْهُمْ قَالَ قَتَادَةُ اَحْيَاهُمُ اللّٰهُ حَتّٰى اَسْمَعَهُمْ قَوْلَه‘ تَوْبِيْخًا وَتَصْغِيْرًا وَّنِقْمَةً وَّحَسْرَةً وَّنَدَمًا

جا رہے ہیں، آخر آپ ﷺ اس کنوئیں کے کنارے آ کر کھڑے ہو گئے اور کفار قریش کے سرداروں کے (جو قتل کر دیئے گئے تھے اور اسی کنوئیں میں ان کی لاشیں پھینک دی گئی تھیں) نام ان کے باپ کے نام کے ساتھ لے کر آپ ﷺ انہیں آواز دینے لگے اے فلاں بن فلاں، اے فلاں بن فلاں! کیا آج تمہارے لئے یہ بات بہتر نہیں تھی کہ تم نے دنیا میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی، بے شک ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا وہ ہمیں پوری طرح حاصل ہو گیا (یعنی ثواب اور فتح و کامیابی کا) تو کیا تمہارے رب کا تمہارے متعلق جو وعدہ تھا (عذاب کا) وہ بھی تمہیں پوری طرح مل گیا۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس پر عمر رضی اللہ عنہ بول پڑے، یا رسول اللہ (ﷺ) آپ (ﷺ) ان لاشوں سے کیوں خطاب فرما رہے ہیں جن میں کوئی جان نہیں ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، جو کچھ میں کہہ رہا ہوں، تم لوگ ان سے زیادہ اسے نہیں سن رہے ہو، قتادہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کر دیا تھا (اس وقت) تا کہ آنحضور ﷺ انہیں اپنی بات سنا دیں، ان کی توبیخ، ذلت، نامرادی اور حسرت وندامت کی توثیق کے لئے۔

(۱۱۵۶) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَلَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا قَالَ هُمْ وَاللّٰهِ كُفَّارُ قُرَيْشٍ قَالَ عَمْرٌو هُمْ قُرَيْشٌ وَّمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَةُ اللّٰهِ وَاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَالْبَوَارِ قَالَ النَّارَ يَوْمَ بَدْرٍ

۱۱۵۶۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، قرآن مجید کی آیت "الذین بدلوا نعمة اللّٰه کفراً" کے بارے میں، آپ ﷺ نے فرمایا، خدا گواہ ہے کہ یہ کفار قریش تھے۔ عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس سے مراد قریش تھے اور رسول اللہ ﷺ اللہ کی نعمت تھے۔ کفار قریش نے اپنی قوم کو دارالبوار یعنی جہنم میں جھونک دیا، جنگ بدر کے موقعہ پر۔

(۱۱۵۷) حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ عَآئِشَةَ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَفَعَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمَيِّتَ يُعَذَّبُ فِىْ قَبْرِهٖ بِبُكَآءِ اَهْلِهٖ فَقَالَتْ اِنَّمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه‘ لَيُعَذَّبُ بِخَطِيْئَتِهٖ وَاِنَّ اَهْلَه‘ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهِ الْاٰنَ قَالَتْ وَذَاكَ مِثْلُ قَوْلِهٖ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۱۵۷۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے کسی نے اس کا ذکر کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ میت کو قبر میں اس کے گھر والوں کے اس پر رونے سے بھی عذاب ہوتا ہے اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے تو یہ فرمایا تھا کہ عذاب میت پر اس کی بدعملیوں اور گناہوں کی وجہ سے ہوتا ہے اور اس کے گھر والے ہیں

وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْقَلِيْبِ وَفِيْهِ قَتْلٰى بَدْرٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ لَهُمْ مَا قَالَ اِنَّهُمْ يَسْمَعُوْنَ مَآاَقُوْلُ اِنَّمَا قَالَ اِنَّهُمُ الْاٰنَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ مَا كُنْتُ اَقُوْلُ لَهُمْ حَقٌّ ثُمَّ قَرَاَتْ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِى الْقُبُوْرِ تَقُوْلُ حِيْنَ تَبَوَّؤُا مَقَاعِدَهُمْ مِنَ النَّارِ

کہ اب بھی اس کی جدائی میں روتے رہتے ہیں، آپ نے فرمایا کہ اس کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے رسول اللہ ﷺ نے بدر کے اس کنویں پر کھڑے ہو کر جس میں مقتولین مشرکین کی لاشیں ڈال دی گئی تھیں، ان کے متعلق فرمایا تھا کہ جو کچھ میں ان سے کہہ رہا ہوں، یہ اسے سن رہے ہیں۔ تو آپ کے فرمانے کا مقصد یہ تھا کہ اب انہیں معلوم ہو گیا ہوگا کہ ان سے میں جو کچھ کہا کرتا تھا وہ حق تھا۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی کہ ''آپ مردوں کو نہیں سنا سکتے اور جو لوگ قبر میں دفن ہو چکے انہیں آپ اپنی بات نہیں سنا سکتے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ (آپ ان مردوں کو نہیں سنا سکتے) جو اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا چکے ہیں۔

(۱۱۵۸) حَدَّثَنِىْ عُثْمَانُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَقَفَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَلِيْبِ بَدْرٍ فَقَالَ هَلْ وَجَدْتُّمْ مَاوَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ثُمَّ قَالَ اِنَّهُمُ الْاٰنَ يَسْمَعُوْنَ مَا اَقُوْلُ فَذُكِرَ لِعَائِشَةَ فَقَالَتْ اِنَّمَا قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُمُ الْاٰنَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ الَّذِىْ كُنْتُ اَقُوْلُ لَهُمْ هُوَالْحَقُّ ثُمَّ قَرَاَتْ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى حَتّٰى قَرَاَتِ الْاٰيَةَ

۱۱۵۸۔ مجھ سے عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کے کنویں پر کھڑے ہو کر فرمایا، کیا جو کچھ تمہارے رب نے تمہارے لئے وعدہ کر رکھا تھا، اسے تم نے حق پالیا، پھر آپ نے فرمایا، جو کچھ میں نے کہا ہے، یہ اب بھی اسے سن رہے ہیں۔ اس حدیث کا ذکر جب عائشہ رضی اللہ عنہا سے کیا گیا تو اپ نے کہا کہ آنحضور ﷺ نے یہ فرمایا تھا کہ انہوں نے اب جان لیا ہوگا کہ جو کچھ میں نے ان سے کہا تھا وہ حق تھا۔ اس کے بعد آپ نے آیت ''بے شک آپ ان مردوں کو نہیں سنا سکتے'' پوری پڑھی۔

باب ۴۷۶. فَضْلِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا

۴۷۶۔ بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں کی فضیلت۔

(۱۱۵۹) حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اُصِيْبَ حَارِثَةُ يَوْمَ بَدْرٍ وَهُوَ غُلَامٌ فَجَاءَ تْ اُمُّهٗ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَرَفْتَ مَنْزِلَةَ حَارِثَةَ مِنِّىْ فَاِنْ يَكُنْ فِى الْجَنَّةِ اَصْبِرُ وَاَحْتَسِبُ وَ اِنْ تَكُ الْاُخْرٰى تَرٰى مَا اَصْنَعُ فَقَالَ وَيْحَكِ اَوَهَبِلْتِ اَوَجَنَّةٌ وَّاحِدَةٌ هِىَ اِنَّهَا جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ وَاِنَّهٗ فِىْ جَنَّةِ الْفِرْدَوْسِ

۱۱۵۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے بیان کیا کہ میں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ حارثہ بن سراقہ انصاری رضی اللہ عنہ، جو ابھی نوعمر تھے۔ بدر کے موقعہ پر شہید ہو گئے تھے (پانی پینے کے لئے حوض پر آئے تھے کہ ایک تیر، نے شہید کر دیا) پھر ان کی والدہ (ربیع بنت النضر رضی اللہ عنہا۔ انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی) رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! آپ کو معلوم ہے کہ مجھے حارثہ سے کتنا تعلق تھا، اگر وہ اب جنت میں ہے تو میں اس پر صبر کروں گی اور اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھوں گی، اور اگر کہیں دوسری جگہ ہے تو آپ دیکھ رہے ہیں کہ میں کس حال میں ہوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، خدا تم پر رحم کرے، کیا دیوانی

ہوئی جارہی ہو، کیا وہاں کوئی ایک جنت ہے؟ بہت سی جنتیں ہیں اور تمہارا بیٹا جنت الفردوس میں ہے۔

(۱۱۶۰) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اِدْرِیْسَ قَالَ سَمِعْتُ حُصَیْنَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ عَنْ عَلِیٍّ قَالَ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا مَرْثَدٍ وَالزُّبَیْرَ وَکُلُّنَا فَارِسٌ قَالَ انْطَلِقُوْا حَتّٰی تَاْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا امْرَاَةً مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ مَعَهَا کِتَابٌ مِّنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِیْ بَلْتَعَةَ اِلَی الْمُشْرِکِیْنَ فَاَدْرَکْنَاهَا تَسِیْرُ عَلٰی بَعِیْرٍ لَهَاحَیْثُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا الْکِتَابَ فَقَالَتْ مَامَعَنَا کِتَابٌ فَاَنَخْنَاهَا فَالْتَمَسْنَا فَلَمْ نَرَ کِتَابًا فَقُلْنَا مَاکَذَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَتُخْرِجَنَّ الْکِتَابَ اَوْ لَنُجَرِّدَنَّکِ فَلَمَّا رَاَتِ الْجِدَّ اَهْوَتْ اِلٰی حُجْزَتِهَا وَهِیَ مُحْتَجِزَةٌ بِکِسَآءٍ فَاَخْرَجَتْهُ فَانْطَلَقْنَا بِهَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ خَانَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَالْمُؤْمِنِیْنَ فَدَعْنِیْ فَلَاَضْرِبْ عُنُقَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَاحَمَلَکَ عَلٰی مَاصَنَعْتَ قَالَ حَاطِبٌ وَّاللّٰهِ مَابِیْ اَنْ لَّااَکُوْنَ مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرَدْتُّ اَنْ یَّکُوْنَ لِیْ عِنْدَ الْقَوْمِ یَدٌ یَّدْفَعُ اللّٰهُ بِهَا عَنْ اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَلَیْسَ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِکَ اِلَّالَهٗ هُنَاکَ مِنْ عَشِیْرَتِهٖ مَنْ یَّدْفَعُ اللّٰهُ بِهٖ عَنْ اَهْلِهٖ وَمَالِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ وَلَا تَقُوْلُوْا لَهٗ اِلَّا خَیْرًا فَقَالَ عُمَرُ اِنَّهٗ قَدْخَانَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالْمُؤْمِنِیْنَ فَدَعْنِیْ فَلَاَضْرِبْ عُنُقَهٗ فَقَالَ اَلَیْسَ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ اِلٰی اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ وَجَبَتْ لَکُمُ الْجَنَّةُ اَوْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَکُمْ فَدَمَعَتْ

۱۱۶۰۔ مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ بن ادریس نے خبر دی، کہا کہ میں نے حصین بن عبدالرحمٰن سے سنا، انہوں نے سعد بن عبیدہ سے، انہوں نے ابوعبدالرحمٰن سلمی سے کہ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، مجھے، ابومرثد اور زبیر (رضی اللہ عنہم) کو رسول اللہ ﷺ نے ایک مہم پر بھیجا۔ ہم سب شہسوار تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم لوگ سیدھے چلے جاؤ۔ جب روضہ خاخ پر پہنچو گے تو وہاں تمہیں مشرکین کی ایک عورت ملے گی، وہ ایک خط لئے ہوئے ہوگی جسے حاطب بن ابی بلتعہ (رضی اللہ عنہ) نے مشرکین کے نام بھیج رکھا ہے، چنانچہ آنحضور ﷺ نے جس جگہ کی نشان دہی کی تھی ہم نے وہیں اس عورت کو ایک اونٹ پر جاتے ہوئے پالیا۔ ہم نے اس سے کہا کہ خط لاؤ۔ وہ کہنے لگی کہ میرے پاس تو کوئی خط نہیں ہے۔ ہم نے اس کے اونٹ کو بٹھا کر اس کی تلاشی لی تو واقعی ہمیں بھی کوئی خط نہیں ملا۔ لیکن ہم نے کہا کہ آنحضور ﷺ کی بات کبھی غلط نہیں ہو سکتی، خط نکالو، ورنہ ہم تمہیں ننگا کر دیں گے جب اس نے ہمارا سخت رویہ دیکھا تو ازار باندھنے کی جگہ کی طرف اپنا ہاتھ لے گئی وہ ایک چادر اوڑھے ہوئے تھی اور اس نے خط نکال کر ہمارے حوالے کیا ہم اسے لے کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس نے (حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ) اللہ اس کے رسول اور مسلمانوں سے خیانت کی ہے، آنحضور ﷺ مجھے حکم عنایت فرمایئے کہ اس کی گردن ماردوں، لیکن آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ تم نے یہ طرز عمل کیوں اختیار کیا تھا؟ حاطب رضی اللہ عنہ نے عرض کی، خدا گواہ ہے یہ وجہ ہرگز نہیں تھی کہ اللہ، اس کے رسول پر میرا ایمان باقی نہیں رہا تھا، میرا مقصد تو صرف اتنا تھا کہ قریش پر اس طرح میرا ایک احسان ہو جائے گا اور اس کی وجہ سے وہ (مکہ میں باقی رہ جانے والے) میرے اہل و مال کی حفاظت کریں گے۔ آپ کے اصحاب میں جتنے بھی حضرات (مہاجرین) ہیں ان سب کا قبیلہ وہاں موجود ہے اور اللہ کے حکم سے وہاں وہ ان کے اہل و مال کی حفاظت کرتا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہوں نے سچی بات بتا دی اور تم لوگوں کو چاہئے کہ ان کے متعلق اچھی بات ہی کہو۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پھر عرض کی

نِيَا عُمَرَ وَ قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُه' اَعْلَمُ

کہ اس شخص نے اللہ، اس کے رسول اور مسلمانوں سے خیانت کی ہے، آپ مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی گردن ماردوں، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، کیا یہ اہل بدر میں سے نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ اہل بدر کے احوال کو پہلے ہی سے جانتا تھا اور وہ خود فرما چکا ہے کہ تمہارا جو جی چاہے کرو، تمہیں جنت ضرور ملے گی، (یا آپ نے یہ فرمایا کہ) میں نے تمہاری مغفرت کر دی ہے۔ یہ سن کر عمر رضی اللہ عنہ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور عرض کی، اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔

باب ۔ ۴۷۷

(۱۱٦۱) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الْجُعْفِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْاَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ الْغَسِیْلِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِیْ اُسَیْدٍ وَّالزُّبَیْرِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ اَبِیْ اُسَیْدٍ عَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ بَدْرٍ اِذَا اَکْثَبُوْ کُمْ فَارْمُوْهُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَکُمْ

باب ۴۷۷:

۱۱٦۱۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے ابواحمد زبیری نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن غسیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے حمزہ بن ابی اسید اور زبیر بن منذر بن ابی اسید نے اور ان سے ابواسید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جنگ بدر کے موقعہ پر ہمیں ہدایت کی تھی کہ جب کفار تمہارے قریب آ جائیں تو ان پر تیر برسانا شروع کر دینا اور (جب تک دور ہیں) اپنے تیروں کو محفوظ رکھو۔

(۱۱٦۲) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِیْمِ حَدَّثَنَا اَبُوْاَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ الْغَسِیْلِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِیْ اُسَیْدٍ وَّالْمُنْذِرِ بْنِ اَبِیْ اُسَیْدٍ عَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ بَدْرٍ اِذَا اَکْثَبُوْکُمْ یَعْنِیْ کَثَرُوْکُمْ فَارْمُوْهُمْ وَاسْتَبْقُوْا نَبْلَکُمْ

۱۱٦۲۔ مجھ سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابواحمد زبیری نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن غسیل نے، ان سے حمزہ بن ابی اسید اور منذر بن ابی اسید نے اور ان سے ابواسید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ بدر کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ہدایت کی تھی کہ جب تمہارے قریب کفار آ جائیں یعنی حملہ وہجوم کریں (اور اتنے قریب آ جائیں کہ تم اپنے تیر کا نشانہ انہیں بنا سکو) تو پھر ان پر تیر برسانے شروع کر دینا اور اب (جب تک وہ اتنے قریب نہیں ہیں) اپنے تیر کو محفوظ رکھو۔

(۱۱٦۳) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ جَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الرُّمَاةِ یَوْمَ اُحُدٍ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جُبَیْرٍ فَاَصَابُوْا مِنَّا سَبْعِیْنَ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُه' اَصَابُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ یَوْمَ بَدْرٍ اَرْبَعِیْنَ وَمِائَةً سَبْعِیْنَ اَسِیْرًا وَّسَبْعِیْنَ قَتِیْلًا قَالَ اَبُوْسُفْیَانَ یَوْمٌ بِیَوْمِ

۱۱٦۳۔ مجھ سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرر ہے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے احد کی لڑائی میں تیراندازوں پر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو سردار مقرر کیا تھا۔ اس لڑائی میں ہمارے ستر (۷۰) آدمی شہید ہوئے تھے ۔ نبی کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب سے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر ایک سو چالیس مشرکین کو نقصان پہنچا تھا۔ ستر (۷۰) ان میں سے قتل کر دیئے گئے تھے، اور ستر (۷۰)

بَدْرٍ وَّالْحَرْبُ سِجَالٌ

قیدی بنا کر لائے گئے تھے۔ اس پر ابو سفیان نے کہا کہ آج کا دن بد کے دن کا بدلہ ہے اور لڑائی کی مثال ہے بھی ڈول کی سی۔

۱۱۶۴) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَرَاهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَاِذَا الْخَيْرُ مَاجَآءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْخَيْرِ بَعْدُ وَثَوَابُ الصِّدْقِ الَّذِیْ اٰتَانَا بَعْد يَوْمِ بَدْرٍ

۱۱۶۴۔ مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید نے، ان سے ان کے دادا نے، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے، غالباً نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کہ آپ نے فرمایا، خیر و بھلائی وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں احد کی لڑائی کے بعد عنایت فرمائی، اور خلوص عمل کا بدلہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں بدر کی لڑائی کے بعد عنایت فرمایا۔

(۱۱۶۵) حَدَّثَنِیْ يَعْقُوْبُ حَدَّثَنَآ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اِنِّیْ لَفِی الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ اِذَالْتَفَتُّ فَاِذَا عَنْ يَمِيْنِیْ وَعَنْ يَسَارِیْ فَتَيَانِ حَدِيْثَا السِّنِّ فَكَاَنِّیْ لَمْ اٰمَنْ بِمَكَانِهِمَا اِذْقَالَ لِیْ اَحَدُهُمَا سِرًّا مِّنْ صَاحِبِهٖ يَاعَمِّ اَرِنِیْ اَبَا جَهْلٍ فَقُلْتُ يَاابْنَ اَخِیْ وَمَا تَصْنَعُ بِهٖ قَالَ عَاهَدْتُّ اللّٰهَ اِنْ رَاَيْتُه‘ اَنْ اَقْتُلَه‘ اَوْاَمُوْتَ دُوْنَه‘ فَقَالَ لِیَ الْاٰخَرُسِرًّا مِنْ صَاحِبِهٖ مِثْلَه‘ قَالَ فَمَا سَرَّنِیْ اَنِّیْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ مَكَا نَهُمَا فَاَشَرْتُ لَهُمَا اِلَيْهِ فَشَدَّا عَلَيْهِ مِثْلَ الصَّقْرَيْنِ حَتّٰی ضَرَبَاهُ وَهُمَاابْنَا عَفْرَاءَ

۱۱۶۵۔ مجھ سے یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان کے دادا کے واسطہ سے کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا، بدر کی لڑائی کے موقعہ پر میں صف میں کھڑا تھا۔ میں نے مڑ کے دیکھا تو میری داہنی اور بائیں طرف دو نوجوان کھڑے تھے، ابھی میں ان کے متعلق کوئی فیصلہ بھی نہیں کر پایا تھا کہ ایک نے مجھ سے چپکے سے پوچھا، تاکہ اس کا ساتھی سننے نہ پائے، چچا! مجھے ابوجہل کو دکھا دیجئے، میں نے کہا، بھتیجے، تم اسے دیکھ کے کیا کرو گے؟ اس نے کہا، میں نے اللہ تعالیٰ کے سامنے یہ عہد کیا ہے کہ اگر میں نے اسے دیکھ لیا تو یا اسے قتل کر کے رہوں گا یا پھر خود اپنی جان دے دوں گا؟ دوسرے نوجوان نے بھی اپنے ساتھی سے چھپاتے ہوئے مجھ سے یہی بات پوچھی، آپ نے فرمایا کہ اس وقت ان دونوں نوجوانوں کے درمیان میں کھڑے ہو کر مجھے مسرت محسوس ہوئی۔ میں نے اشارے سے انہیں ابوجہل کو دکھایا۔ وہ دونوں باز کی طرح اس پر جھپٹے اور آخر اسے مار گرایا۔ یہ دونوں عفراء کے بیٹے تھے۔

(۱۱۶۶) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ اَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ اُسَيْدِ بْنِ جَارِيَةَ الثَّقَفِیُّ حَلِيْفُ بَنِیْ زُهْرَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةً عَيْنًا وَّاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِیَّ جَدَّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ حَتّٰی اِذَاكَانُوْا بِالْهَدْاَةِ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ ذُكِرُوْالِحَیٍّ مِنْ هُذَيْلٍ يُقَالُ لَهُمْ

۱۱۶۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں ابن شہاب نے خبر دی کہا کہ مجھے عمر بن اسید بن جاریہ ثقفی نے خبر دی جو بنی زہرہ کے حلیف تھے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے تلامذہ میں شامل تھے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، نبی کریم ﷺ نے دس جاسوس بھیجے اور ان کا امیر عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کو بنایا جو عاصم بن عمر بن خطاب کے نانا ہوتے ہیں۔ جب یہ لوگ عسفان اور مکہ کے درمیان مقام ہدہ پر پہنچے تو بنی ہذیل کے ایک قبیلہ کو ان کے آنے کی اطلاع مل گئی اس قبیلہ کا نام بنی لحیان تھا چنانچہ اس کے تقریبا

لِحيان فنفروا لهم بقريب من مائة رجل رام اقتصوا آثارهم حتى وجدوا مأكلهم التمر في نزل نزلوه فقالوا تمر يثرب فاتبعوا آثارهم فلما حس بهم عاصم وأصحابه لجؤوا الى موضع فأحاط بهم القوم فقالوا لهم انزلوا فأعطوا بأيديكم ولكم العهد والميثاق ان لانقتل منكم احداً فقال عاصم بن ثابت أيها القوم أما انا فلا انزل في ذمة كافر ثم قال اللهم أخبر عنا نبيك صلى الله عليه وسلم فرموهم بالنبل فقتلوا عاصمًا ونزل اليهم ثلثة نفر على العهد والميثاق منهم خبيب وزيد بن الدثنة ورجل اخر فلما استمكنوا منهم اطلقوا اوتار قسيهم فربطوهم بها قال الرجل الثالث هذا اول الغدر والله لا اصحبكم ان لي بهؤلاء أسوة تريد القتلى فجرروه وعالجوه فابى ان يصحبهم فانطلق بخبيب وزيد بن الدثنة حتى باعوهما بعد وقعة بدر فابتاع بنو الحرث بن عامر بن نوفل خبيبًا وكان خبيب هو قتل الحرث بن عامر يوم بدر فلبث خبيب عندهم اسيرًا حتى اجمعوا قتله فاستعار من بعض بنات الحرث موسى يستحد بها فأعارته فدرج بني لها وهي غافلة حتى اتاه فوجدته مجلسه على فخذه والموسى بيده قالت ففزعت فزعة عرفها خبيب فقال اتخشين ان اقتله ماكنت لافعل ذلك قالت والله مارايت اسيرًا قط خيرًا من خبيب والله لقد وجدته يومًا يأكل قطفًا من عنب في يده وانه لموثق بالحديد وما بمكة من ثمرة وكانت تقول انه لرزق رزقه الله خبيبًا فلما خرجوا به من الحرم ليقتلوه في الحل قال لهم خبيب دعوني أصلي ركعتين فتركوه فركع ركعتين فقال والله لولا ان تحسبوا

سو تیر انداز ان حضرات کی تلاش میں نکلے اور ان کے نشان قدم کے انداز پر چلنے لگے۔ آخر اس جگہ بھی پہنچ گئے جہاں بیٹھ کر ان حضراتؓ نے کھجور کھائی تھی، انہوں نے کہا کہ یہ یثرب (مدینہ) کی کھجور (کی گٹھلیاں) ہیں اب پھر وہ ان کے نشان قدم کے اندازے پر چلنے لگے۔ جب عاصم رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے ان کی نقل وحرکت کو محسوس کرلیا تو ایک (محفوظ) جگہ پر پناہ لی۔ قبیلہ والوں نے انہیں اپنے گھیرے میں لے لیا اور کہا کہ نیچے اتر آؤ اور ہماری حراست خود سے قبول کرلو تو تم سے ہم وعدہ کرتے ہیں کہ تمہارے کسی فرد کو بھی ہم قتل نہیں کریں گے۔ عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ مسلمانو! میں کسی کافر کی پناہ میں نہیں اتر سکتا۔ پھر آپ نے دعا کی اے اللہ! ہمارے حالات کی اطلاع اپنے نبی ﷺ کو کر دیجئے۔ آخر قبیلہ والوں نے مسلمانوں پر تیر اندازی کی اور عاصم رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا۔ بعد میں ان کے وعدہ پر تین صحابہ اتر آئے۔ یہ حضرات، حضرت خبیب، زید بن دثنہ اور ایک تیسرے صحابی تھے (رضی اللہ عنہم)۔ قبیلہ والوں نے جب ان حضرات پر قابو پالیا تو ان کی کمان سے تانت نکال کر اسی سے انہیں باندھ دیا۔ تیسرے صحابی نے فرمایا۔ یہ تمہاری پہلی بدعہدی ہے'' میں تمہارے ساتھ کبھی نہیں جا سکتا، میرے لئے تو انہیں کی زندگی نمونہ ومثال ہے، آپ کا اشارہ ان حضرات کی طرف تھا جو ابھی شہید کئے جا چکے تھے۔ کفار نے انہیں گھسیٹنا شروع کیا اور زبردستی کی لیکن وہ کسی طرح ان کے ساتھ جانے پر تیار نہ ہوئے (تو انہوں نے آپ کو بھی شہید کر دیا) اور خبیب اور زید بن دثنہ رضی اللہ عنہما کو ساتھ لے کر گئے اور (مکہ میں لے جا کر) انہیں بیچ دیا۔ یہ بدر کی لڑائی کے بعد کا واقعہ ہے۔ چنانچہ حارث بن عامر بن نوفل کے لڑکوں نے خبیب رضی اللہ عنہ کو خرید لیا۔ آپ نے ہی بدر کی لڑائی میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا۔ کچھ دنوں تک تو آپ ان کے یہاں قید رہے، آخر انہوں نے آپ کے قتل کا ارادہ کیا، انہیں دنوں حارث کی کسی لڑکی سے آپ نے استرا مانگا، موئے زیر ناف بنانے کے لئے۔ اس نے دے دیا۔ اس وقت اس کا ایک چھوٹا سا بچہ ان کے پاس (کھیلتا ہوا) چلا گیا، اس عورت کی غفلت میں، پھر جب وہ آپ کی طرف آئے تو دیکھا کہ بچہ آپ کی ران پر بیٹھا ہے اور استرا آپ کے ہاتھ میں ہے۔ بیان کیا کہ یہ دیکھتے ہی وہ اس درجہ گھبرا گئی کہ خبیب رضی اللہ عنہ

اَنَّ مَابِیْ جَزَعٌ لَزِدْتُ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا وَّاقْتُلْهُمْ بَدَدًا وَلَا تُبْقِ مِنْهُمْ اَحَدًا ثُمَّ اَنْشَا يَقُوْلُ فَلَسْتُ اُبَالِیْ حِيْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰی اَیِّ جَنْبٍ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِیْ وَ ذٰلِكَ فِیْ ذَاتِ الْاِلٰهِ وَاِنْ يَّشَا يُبَارِكْ عَلٰی اَوْصَالِ شَلْوٍ مُّمَزَّعٍ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ اَبُوْسَرْوَعَةَ عُقْبَةُ ابْنُ الْحَارِثِ فَقَتَلَهٗ وَكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ سَنَّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ قُتِلَ صَبْرًا الصَّلٰوةَ وَاَخْبَرَ اَصْحَابَهٗ يَوْمَ اُصِيْبُوْا خَبَرَهُمْ وَبَعَثَ نَاسٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اِلٰی عَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ حِيْنَ حُدِّثُوْا اَنَّهٗ قُتِلَ اَنْ يُّؤْتُوْا بِشَیْءٍ مِّنْهُ يُعْرَفُ وَكَانَ قَتَلَ رَجُلًا عَظِيْمًا مِّنْ عُظَمَائِهِمْ فَبَعَثَ اللّٰهُ لِعَاصِمٍ مِّثْلَ الظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ فَحَمَتْهُ مِنْ رُّسُلِهِمْ فَلَمْ يَقْدِرُوْآ اَنْ يَّقْطَعُوْا مِنْهُ شَيْئًا وَّقَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ ذَكَرُوْا مَرَارَةَ ابْنَ الرَّبِيْعِ الْعَمْرِیَّ وَ هِلَالَ بْنَ اُمَيَّةَ الْوَاقِفِیَّ رَجُلَيْنِ صَالِحَيْنِ قَدْ شَهِدَا بَدْرًا

نے اس کی گھبراہٹ کو محسوس کر لیا اور فرمایا کیا تمہیں اس کا خوف ہے کہ میں اس بچے کو قتل کر دوں گا، یقین رکھو میں ایسا ہرگز نہیں کر سکتا۔ ان خاتون نے بیان کیا کہ خدا کی قسم میں نے کبھی کوئی قیدی خبیب رضی اللہ عنہ سے بہتر نہیں دیکھا، خدا گواہ ہے کہ میں نے ایک دن انہیں انگور کے ایک خوشہ سے انگور کھاتے دیکھا جو ان کے ہاتھ میں تھا، حالانکہ وہ لوہے کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے اور مکہ میں اس وقت کوئی پھل بھی نہیں تھا۔ وہ بیان کرتی تھیں کہ وہ تو اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی روزی تھی جو اس نے خبیب رضی اللہ عنہ کے لئے بھیجی تھی۔ پھر بنو حارثہ انہیں قتل کرنے کے لئے حرم سے باہر لے جانے لگے، تو خبیب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ مجھے دو رکعت پڑھنے کی اجازت دے دو۔ انہوں نے اس کی اجازت دی تو آپ نے دو رکعت نماز پڑھی اور فرمایا، خدا گواہ ہے، اگر تمہیں یہ خیال نہ ہونے لگتا کہ میں پریشانی کی وجہ سے (دیر تک نماز پڑھ رہا ہوں) تو اور زیادہ دیر تک پڑھتا۔ پھر آپ نے دعا کی کہ اے اللہ! ان میں سے ایک ایک کو الگ الگ ہلاک کر اور ایک کو بھی باقی نہ چھوڑ اور یہ اشعار پڑھے "جب کہ میں اسلام پر قتل کیا جا رہا ہوں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں کہ اللہ کی راہ میں مجھے کس پہلو پر پچھاڑا جائے گا، اور یہ صرف اللہ کی رضا کو حاصل کرنے کے لئے ہے، اگر وہ چاہے گا تو میرے جسم کے ایک ایک جوڑ پر ثواب عطا فرمائے گا۔" اس کے بعد ابوسروعہ عقبہ بن حارث ان کی طرف بڑھا اور انہیں شہید کر دیا۔ خبیب رضی اللہ عنہ نے ہر اس مسلمان کے جسے قید کر کے قتل کیا جائے، نماز کی سنت قائم کی ہے (قتل سے پہلے دو (۲) رکعت)۔ ادھر جس دن ان صحابہؓ پر مصیبت نازل ہوئی تھی آنحضور ﷺ نے اپنے صحابہؓ کو اسی دن اس کی اطلاع دے دی تھی۔ قریش کے کچھ لوگوں کو جب معلوم ہوا کہ عاصم ابن ثابت رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے ہیں تو ان کے پاس اپنے آدمی بھیجے تاکہ ان کے جسم کا کوئی حصہ لائیں جس سے انہیں پہچانا جا سکے، کیونکہ آپ نے بھی (بدر میں) ان کے ایک سردار کو قتل کیا تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی لاش پر بادل کی طرح شہد کی مکھیوں کے پرندے بھیج دیئے اور انہوں نے آپؓ کے جسم کی کفار قریش کے ان فرستادوں سے حفاظت کی۔ چنانچہ وہ آپؓ کے جسم کا کوئی حصہ بھی نہ کاٹ سکے۔ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا (اپنی طویل حدیث میں) کہ میرے سامنے لوگوں نے مرارہ بن

ربیع عمری اور ہلال بن امیہ واقفی رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا (جو غزوۂ تبوک میں شریک نہیں ہو سکے تھے) کہ وہ صالح صحابہ میں سے ہیں اور بدر کی لڑائی میں شریک تھے۔

(۱۱۶۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثُ عَنْ يَحْيىٰ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ ذُكِرَلَه' اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ وَكَانَ بَدْرِيًّا مَّرِضَ فِيْ يَوْمِ جُمُعَةٍ فَرَكِبَ اِلَيْهِ بَعْدَ اَنْ تَعَالَى النَّهَارُ وَاقْتَرَبَتِ الْجُمُعَةُ وَتَرَكَ الْجُمُعَةَ

۱۱۶۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے ان سے نافع نے کہ انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جمعہ کے دن ذکر کیا کہ سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ، جو بدری صحابی تھے، بیمار ہیں۔ دن چڑھ چکا تھا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ سوار ہو کر ان کے پاس تشریف لے گئے۔ اتنے میں جمعہ کا وقت قریب ہو گیا اور آپ جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکے۔

(۱۱۶۸) وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ اَبَاهُ كَتَبَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ يَاْمُرُه' اَنْ يَّدْخُلَ عَلٰى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحٰرِثِ الْاَسْلَمِيَّةِ فَيَسْاَ لَهَا عَنْ حَدِيْثِهَا وَعَنْ مَّا قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اسْتَفْتَتْهُ فَكَتَبَ عُمَرُبْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْاَرْقَمِ اِلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ يُخْبِرُه' اَنَّ سُبَيْعَةَ بِنْتَ الْحٰرِثِ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهِيَ حَامِلٌ فَلَمْ تَنْشَبْ اَنْ وَّضَعَتْ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاتِهٖ فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا تَجَمَّلَتْ لِلْخُطَّابِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا اَبُوالسَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عَبْدِالدَّارِ فَقَالَ لَهَا مَالِيْ اَرَاكِ تَجَمَّلْتِ لِلْخُطَّابِ تُرَجِّيْنَ النِّكَاحَ فَاِنَّكِ وَاللّٰهِ مَآاَنْتِ بِنَاكِحٍ حَتّٰى تَمُرَّ عَلَيْكِ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرٌ قَالَتْ سُبَيْعَةُ فَلَمَّا قَالَ لِيْ ذٰلِكَ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِيْ حِيْنَ اَمْسَيْتُ وَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُه' عَنْ ذٰلِكَ فَاَفْتَانِيْ بِاَنِّيْ قَدْحَلَلْتُ حِيْنَ وَضَعْتُ حَمْلِيْ وَاَمَرَنِيْ بِالتَّزَوُّجِ اِنْ بَدَا لِيْ تَابَعَه' اَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ

۱۱۶۸۔ اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے حدیث بیان کی کہ ان کے والد نے عمر بن عبداللہ بن ارقم زہری کو لکھا۔ کہ وہ سبیعہ بنت حارث اسلمیہ رضی اللہ عنہا کے پاس جائیں اور ان سے ان کے واقعہ کے متعلق پوچھیں کہ جب انہوں نے آنحضور ﷺ سے مسئلہ پوچھا تھا تو آپ نے ان سے کیا فرمایا تھا۔ چنانچہ انہوں نے میرے والد کو اس کے جواب میں لکھا کہ سبیعہ بنت حارث رضی اللہ عنہا نے انہیں خبر دی ہے کہ وہ سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ آپ کا تعلق بنی عامر بن لوی سے تھا اور آپ بدر کی جنگ میں شرکت کرنے والوں میں سے تھے۔ پھر حجۃ الوداع کے موقعہ پر ان کی وفات ہو گئی تھی اور اس وقت وہ حمل سے تھیں۔ سعد بن خولہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے کچھ ہی دن بعد ان کے یہاں بچہ پیدا ہوا۔ نفاس کے ایام جب وہ گذار چکیں تو نکاح کا پیغام بھیجنے والوں کے لئے انہوں نے اچھے کپڑے پہنے اس وقت بنو عبدالدار کے ایک صحابی ابوالسنابل بن بعکک ان کے یہاں گئے اور ان سے کہا۔ میرا خیال ہے کہ تم نے نکاح کا پیغام بھیجنے والوں کے لئے یہ زیب و زینت کی ہے۔ کیا نکاح کا ارادہ ہے؟ لیکن خدا کی قسم، جب تک چار مہینے دس دن نہ گذر جائیں (سعد رضی اللہ عنہ کی وفات کو) تم نکاح کے قابل نہیں ہوگی۔ سبیعہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب ابوالسنابل نے یہ بات مجھ سے کہی تو میں نے شام ہوتے ہی کپڑے پہنے اور حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے متعلق میں نے آپ سے سوال کیا۔ آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ میں ولادت کے بعد واقعی

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّسَاَلْنَاهُ فَقَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ مَوْلٰی بَنِیْ عَامِرِ بْنِ لُؤَیٍّ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ اِیَاسِ بْنِ الْبُکَیْرِ وَکَانَ اَبُوْهُ شَهِدَ بَدْرًا اَخْبَرَه'

عدت سے نکل چکی ہوں اور اگر میں چاہوں تو نکاح کرسکتی ہوں۔ اس روایت کی متابعت اصبغ نے ابن وہب کے واسطہ سے کی، ان سے یونس نے بیان کیا اور لیث نے کہا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، (آپ نے بیان کیا کہ) ہم نے ان سے پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ مجھے بنو عامر بن لوی کے مولا محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان نے خبر دی کہ محمد بن ایاس بن بکیر نے انہیں خبر دی اور ان کے والد بدر کی لڑائی میں شریک تھے۔

باب۴۷۸. شُهُوْدِ الْمَلٰئِکَةِ بَدْرًا

۴۷۸۔ جنگ بدر میں فرشتوں کی شرکت۔

(۱۱۶۹) حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنَا جَرِیْرٌ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِیِّ عَنْ اَبِیْهِ وَکَانَ اَبُوْهُ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ قَالَ جَاءَ جِبْرِیْلُ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاتَعُدُّوْنَ اَهْلَ بَدْرٍ فِیْکُمْ قَالَ مِنْ اَفْضَلِ الْمُسْلِمِیْنَ اَوْ کَلِمَةً نَحْوَهَا قَالَ وَکَذٰلِکَ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْمَلٰئِکَةِ

۱۱۶۹۔ مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی۔ انہیں جریر نے خبر دی، انہیں یحییٰ بن سعید نے، انہیں معاذ بن رفاعہ بن رافع رزقی نے اپنے والد (رفاء بن رافع رضی اللہ عنہ) کے واسطہ سے، اس کے والد بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں میں تھے۔ آپ نے بیان کیا کہ جبرائیل علیہ السلام، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آئے اور آپ سے پوچھا کہ بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں کا آپ کے یہاں مرتبہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ مسلمانوں میں سب سے افضل، یا آنحضور ﷺ نے اسی طرح کا کوئی کلمہ ارشاد فرمایا، جبریل علیہ السلام نے فرمایا کہ جو ملائکہ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے ان کا بھی مرتبہ یہی ہے۔

(۱۱۷۰) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ یَّحْیٰی عَنْ مُعَاذِ بْنِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ وَّکَانَ رِفَاعَةُ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ وَکَانَ رَافِعٌ مِّنْ اَهْلِ الْعَقَبَةِ فَکَانَ یَقُوْلُ لِابْنِهٖ مَایَسُرُّنِیْ اَنِّیْ شَهِدْتُّ بَدْرًا بِالْعَقَبَةِ قَالَ سَاَلَ جِبْرِیْلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا

۱۱۷۰۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے معاذ بن رفاعہ بن رافع نے، رفاعہ رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے اور (ان کے والد) رافع رضی اللہ عنہ بیعت عقبہ میں شریک ہوئے تھے۔ تو آپ نے اپنے صاحبزادے (رفاعہ رضی اللہ عنہ) سے فرمایا کرتے تھے کہ بیعت عقبہ کی شرکت کے مقابلے میں بدر کی شرکت مجھے زیادہ عزیز نہیں ہے۔ بیان کیا کہ جبریل علیہ السلام نے نبی کریم ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا۔

(۱۱۷۱) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ اَخْبَرَنَا یَحْیٰی سَمِعَ مُعَاذَ بْنَ رِفَاعَةَ اَنَّ مَلَکًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ یَّحْیٰی اَنَّ یَزِیْدَ بْنَ الْهَادِ اَخْبَرَه' اَنَّه' کَانَ مَعَه' یَوْمَ حَدَّثَه' مُعَاذٌ هٰذَاالْحَدِیْثَ فَقَالَ یَزِیْدُ فَقَالَ مُعَاذٌ اِنَّ السَّائِلَ هُوَ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ

۱۱۷۱۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، انہیں یزید نے خبر دی، انہیں یحییٰ نے خبر دی اور انہوں نے معاذ بن رفاعہ سے سنا، کہ ایک فرشتے نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا۔ اور یحییٰ سے روایت ہے کہ یزید بن ہاد نے انہیں خبر دی کہ جس دن معاذ بن رفاعہ نے ان سے یہ حدیث بیان کی تھی تو وہ بھی ان کے ساتھ تھے۔ یزید نے بیان کیا کہ معاذ نے فرمایا تھا کہ پوچھنے والے جبریل علیہ السلام تھے۔

(۱۱۷۲) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَوْمَ بَدْرٍ هٰذَا جِبْرِیْلُ اٰخِذٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ عَلَیْهِ اَدَاةُ الْحَرْبِ

۱۱۷۲۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالوہاب نے خبر دی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا تھا، یہ ہیں جبریل علیہ السلام، اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے اور ہتھیار بند۔

باب۔ ۴۷۹

باب ۴۷۹۔

(۱۱۷۳) حَدَّثَنِیْ خَلِیْفَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَاتَ اَبُوْ زَیْدٍ وَلَمْ یَتْرُکْ عَقِبًا وَّكَانَ بَدْرِیًّا

۱۱۷۳۔ مجھ سے خلیفہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوزید رضی اللہ عنہ وفات پا گئے اور آپ نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی، آپ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے۔

(۱۱۷۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ یَحْیَى بْنُ سَعِیْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ خَبَّابٍ اَنَّ اَبَاسَعِیْدِ بْنِ مَالِکٍ الْخُدْرِیَّ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَقَدَّمَ اِلَیْهِ اَهْلُهٗ لَحْمًا مِّنْ لُحُوْمِ الْاَضْحٰى فَقَالَ مَااَنَا بِاٰكِلِهٖ حَتّٰى اَسْاَلَ فَانْطَلَقَ اِلٰى اَخِیْهِ لِاُمِّهٖ وَكَانَ بَدْرِیًّا قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ حَدَثَ بَعْدَکَ اَمْرٌ نَقْضٌ لِّمَا كَانُوْا یَنْهَوْنَ عَنْهُ مِنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْاَضْحٰى بَعْدَ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ

۱۱۷۴۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیا کی، کہا کہ مجھ سے یحیٰی بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے قاسم بن محمد نے، ان سے ابن خباب رضی اللہ عنہ نے کہ ابوسعید بن مالک خدری رضی اللہ عنہ سفر سے واپس آئے تو ان کے گھر والے قربانی کا گوشت ان کے لئے لائے، انہوں نے فرمایا کہ میں اسے اس وقت تک نہیں کھاؤں گا۔ جب تک اس کا حکم نہ معلوم کرلوں (کیونکہ ابتداء اسلام میں تین دن سے زیادہ قربانی کے گوشت کے کھانے کی ممانعت کردی گئی تھی) چنانچہ آپ اپنی والدہ کی طرف سے ایک بھائی کے پاس گئے، وہ بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں میں تھے یعنی قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ۔ انہوں نے بتایا کہ بعد میں وہ حکم منسوخ کردیا گیا تھا جس میں تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانے کی ممانعت کی گئی تھی۔

(۱۱۷۵) حَدَّثَنِیْ عُبَیْدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ الزُّبَیْرُ لَقِیْتُ یَوْمَ بَدْرٍ عُبَیْدَةَ بْنَ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ وَهُوَ مُدَجَّجٌ لَا یُرٰى مِنْهُ اِلَّا عَیْنَاهُ وَهُوَ یُكْنٰى اَبُوْ ذَاتِ الْكَرِشِ فَقَالَ اَنَااَبُوْذَاتِ الْكَرِشِ فَحَمَلْتُ عَلَیْهِ بِالْعَنَزَةِ فَطَعَنْتُهٗ فِیْ عَیْنِهٖ فَمَاتَ قَالَ هِشَامٌ فَاُخْبِرْتُ اَنَّ الزُّبَیْرَ قَالَ لَقَدْ وَضَعْتُ رِجْلِیْ عَلَیْهِ ثُمَّ تَمَطَّاْتُ فَكَانَ الْجَهْدُ اَنْ نَزَعْتُهَا وَقَدِ انْثَنٰى طَرَفَاهَا قَالَ عُرْوَةُ فَسَاَلَهٗ اِیَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۱۱۷۵۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا اور ان سے زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر میری مڈبھیڑ عبیدہ بن سعید بن عاص سے ہوگئی۔ اس کا سارا جسم لوہے سے ڈھکا ہوا تھا اور صرف آنکھ دکھائی دے رہی تھی۔ اس کی کنیت ابوذات الکرش تھی، کہنے لگا کہ میں ابوذات الکرش ہوں۔ میں نے چھوٹے نیزے سے اس پر حملہ کیا اور اس کی آنکھ ہی کو نشانہ بنایا۔ چنانچہ اس زخم سے وہ مرگیا۔ ہشام نے بیان کیا کہ مجھے خبر دی گئی ہے کہ زبیر

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُ فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَهَا ثُمَّ طَلَبَهَا اَبُوْبَكْرٍ فَاَعْطَاهُ فَلَمَّا قُبِضَ اَبُوْ بَكْرٍ سَالَهَآاِيَّاهُ عُمَرُ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهَا فَلَمَّا قُبِضَ عُمَرُ اَخَذَهَا ثُمَّ طَلَبَهَا عُثْمَانُ مِنْهُ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهَا فَلَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ وَ قَعَتْ عِنْدَ اٰلِ عَلِيٍّ فَطَلَبَهَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ فَكَانَتْ عِنْدَه، حَتّٰى قُتِلَ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا، پھر میں نے اپنا پاؤں اس کے اوپر رکھ کر پورا زور لگایا اور بڑی دشواری سے وہ نیزہ اس کی آنکھ سے نکال سکا۔ اس کے دونوں کنارے مڑ گئے تھے۔ عروہ نے بیان کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کا وہ نیزہ عاریۃً طلب فرمایا تو آپؓ نے پیش کر دیا۔ جب حضور اکرم ﷺ کی وفات ہو گئی تو آپ نے اسے واپس لے لیا۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے طلب فرمایا تو آپ نے انہیں بھی دے دیا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے طلب فرمایا، آپ نے انہیں بھی دے دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد آپ نے اسے لے لیا۔ پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے طلب فرمایا تو آپ نے انہیں بھی دے دیا۔ عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد وہ نیزہ علی رضی اللہ عنہ کے پاس چلا گیا اور آپ کے بعد آپ کی اولاد کے پاس۔ اس کے بعد عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے اسے لے لیا اور آپ کے پاس ہی وہ رہا، یہاں تک کہ آپ شہید کر دیئے گئے۔

(۱۱۷۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْاِدْرِيْسَ عَائِذُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَايِعُوْنِىْ

۱۱۷۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، کہا کہ مجھے ابوادریس عائذ اللہ بن عبداللہ نے خبر دی اور انہیں عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے، آپ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا، کہ مجھ سے عہد کرو۔

(۱۱۷۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَااللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِعَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَبَاحُذَيْفَةَ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَنّٰى سَالِمًا وَّاَنْكَحَه، بِنْتَ اَخِيْهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ وَ هُوَمَوْلًى لِاِمْرَاَةٍ مِنَ الْاَنْصَارِ كَمَا تَبَنّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا وَكَانَ مَنْ تَبَنّٰى رَجُلاً فِى الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ اِلَيْهِ وَوَرِثَ مِنْ مِيْرَاثِهٖ حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَائِهِمْ فَجَاءَ تْ سَهْلَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَ كَرَ الْحَدِيْثَ

۱۱۷۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، انہیں ابن شہاب نے خبر دی، انہیں عروہ بن زبیر نے اور انہیں نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والوں میں تھے، نے سالم رضی اللہ عنہ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا اور ان کی اپنی بھانجی ہند بنت ولید بن عتبہ رضی اللہ عنہا سے شادی کر دی تھی۔ سالم رضی اللہ عنہ ایک انصاری خاتون کے مولا تھے، جیسے نبی کریم ﷺ نے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیا تھا۔ جاہلیت میں یہ دستور تھا کہ اگر کوئی شخص کسی کو اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیتا تو لوگ اسی کی طرف اسے منسوب کر کے پکارتے تھے، اور منہ بولا بیٹا اس کی میراث کا بھی وارث ہوتا تھا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ”انہیں ان کے آباء کی طرف منسوب کر کے پکارو“ تو سہلہ رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ پھر تفصیل سے آپ

نے حدیث بیان کی۔

(۱۱۷۸) حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ بُنِيَ عَلَيَّ فَجَلَسَ عَلٰى فِرَاشِي كَمَجْلِسِكَ مِنِّي وَجُوَيْرِيَاتٌ يَضْرِبْنَ بِالدُّفِّ يَنْدُبْنَ مَن قُتِلَ مِنْ آبَائِهِنَّ يَوْمَ بَدْرٍ حَتّٰى قَالَتْ جَارِيَةٌ وَّفِينَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَافِي غَدٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُولِي هٰكَذَا وَ قُولِي مَا كُنْتِ تَقُولِينَ

۱۱۷۸۔ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن ذکوان نے، ان سے ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا کے بیان کیا کہ جس رات میری شادی ہوئی تھی، نبی کریم ﷺ اسی کی صبح کو میرے یہاں تشریف لائے اور میرے بستر پر بیٹھے جیسے اب تم میرے پاس بیٹھے ہوئے ہو۔ چند بچیاں دف بجا رہی تھیں اور وہ اشعار پڑھ رہی تھیں جن میں ان کے خاندان والوں کا ذکر تھا جو بدر کی لڑائی میں شہید ہو گئے تھے، انہیں اشعار میں ایک لڑکی نے یہ مصرعہ بھی پڑھا کہ "ہم میں نبی ﷺ ہیں جو کل ہونے والی بات جانتے ہیں۔" آنحضور ﷺ نے فرمایا، یہ نہ پڑھو، جو پہلے تم پڑھ رہی تھیں وہی پڑھو۔

(۱۱۷۹) حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى أَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ قَالَ حَدَّثَنِي أَخِي عَنْ سُلَيْمٰنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَتِيقٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُوطَلْحَةَ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَّعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰئِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا صُورَةٌ يُرِيدُ التَّمَاثِيلَ الَّتِي فِيهَا الْأَرْوَاحُ

۱۱۷۹۔ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں زہری نے۔ ح۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے محمد بن ابی عتیق نے، ان سے ابن شہاب (زہری) نے، ان سے عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کے صحابی ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی، آپ آنحضور ﷺ کے ساتھ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے۔ کہ ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا ہو، آپ کی مراد جاندار کی تصویر سے تھی۔

(۱۱۸۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ أَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ أَخْبَرَنَا يُونُسُ ح حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ أَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيًّا قَالَ كَانَتْ لِي شَارِفٌ مِنْ نَصِيبِي مِنَ الْمَغْنَمِ يَوْمَ بَدْرٍ وَّكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَانِي مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِنَ الْخُمُسِ يَوْمَئِذٍ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَبْتَنِيَ بِفَاطِمَةَ رضی اللہ عنہا بِنْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعَدْتُ رَجُلًا صَوَّاغًا فِي بَنِي قَيْنُقَاعَ أَنْ يَرْتَحِلَ مَعِيَ فَنَأْتِيَ بِإِذْخِرٍ فَأَرَدْتُ أَنْ أَبِيعَهُ مِنَ الصَّوَّاغِينَ فَنَسْتَعِينَ بِهِ فِي وَلِيمَةِ عُرْسِي فَبَيْنَا أَنَا أَجْمَعُ لِشَارِفَيَّ

۱۱۸۰۔ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی۔ ح۔ ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے عنبسہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، انہیں علی بن حسین نے خبر دی، انہیں حسین بن علی رضی اللہ عنہ نے خبر دی، اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ بدر کی غنیمت میں سے مجھے ایک اونٹنی ملی تھی اور اسی جنگ کی غنیمت میں سے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کا جو "خمس" کے طور پر حصہ مقرر کیا تھا اس میں سے بھی آنحضور ﷺ نے مجھے ایک اونٹنی عنایت فرمائی تھی۔ پھر میرا ارادہ ہوا کہ آنحضور ﷺ کی صاحبزادی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی رخصتی کرالاؤں، اس لئے میں نے بنی قینقاع کے ایک سنار سے بات چیت کی کہ وہ میرے ساتھ چلے اور ہم اذخر گھاس لائیں، میرا ارادہ تھا کہ میں اس

مِنَ الْاَقْتَابِ وَالْغَرَائِرِ وَالْحِبَالِ وَشَارِ فَایَ مُنَاخَانِ اِلٰی جَنْبِ حُجْرَةِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ حَتّٰی جَمَعْتُ مَاجَمَعْتُ فَاِذَا اَنَا بِشَارِ فَیَّ قَدْ اُجِبَّتْ اَسْنِمَتُهُمَا وَبُقِرَتْ خَوَاصِرُهُمَا وَاُخِذَ مِنْ اَكْبَادِهِمَا فَلَمْ اَمْلِكْ عَيْنَيَّ حِيْنَ رَاَيْتُ الْمَنْظَرَ قُلْتُ مَنْ فَعَلَ هٰذَا قَالُوْا فَعَلَه' حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ وَهُوَ فِیْ هٰذَا الْبَيْتِ فِیْ شَرْبٍ مِنَ الْاَنْصَارِ عِنْدَه' قَيْنَةٌ وَّاَصْحَابُه' فَقَالَتْ فِیْ غِنَآئِهَا اَلَا يَاحَمْزَ لِلشُّرُفِ النِّوَآءِ فَوَثَبَ حَمْزَةُ اِلَی السَّيْفِ فَاَجَبَّ اَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَ هُمَا وَاَخَذَ مِنْ اَكْبَادِ هِمَآ قَالَ عَلِیٌّ فَانْطَلَقْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَه' زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ وَعَرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ لَقِيْتُ فَقَالَ مَالَكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَارَاَيْتُ كَالْيَوْمِ عَدَا حَمْزَةُ عَلٰی نَاقَتَیَّ فَاَجَبَّ اَسْنِمَتَهُمَا وَبَقَرَ خَوَاصِرَهُمَا وَهَا هُوَ ذَافِیْ بَيْتٍ مَّعَه' شَرْبٌ فَدَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِدَائِهٖ فَارْتَدٰی ثُمَّ انْطَلَقَ يَمْشِیْ وَاتَّبَعْتُه' اَنَا وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ حَتّٰی جَآءَ الْبَيْتَ الَّذِیْ فِيْهِ حَمْزَةُ فَاسْتَاذَنَ عَلَيْهِ فَاُذِنَ لَه' فَطَفِقَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلُوْمُ حَمْزَةَ فِيْمَا فَعَلَ فَاِذَا حَمْزَةُ ثَمِلٌ مُّحْمَرَّةٌ عَيْنَاهُ فَنَظَرَ حَمْزَةُ اِلٰی رُكْبَتِهٖ ثُمَّ صَعِدَ النَّظَرَ فَنَظَرَ اِلٰی وَجْهِهٖ ثُمَّ قَالَ حَمْزَةُ وَهَلْ اَنْتُمْ اِلَّا عَبِيْدٌ لِّاَبِیْ فَعَرَفَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه' ثَمِلٌ فَنَكَصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی عَقِبَيْهِ الْقَهْقَرٰی فَخَرَجَ وَخَرَجْنَا مَعَه'

گھاس کوسناروں کے ہاتھ بیچ دوں گا اور اس کی قیمت ولیمہ کی دعوت میں لگاؤں گا۔ میں ابھی اپنی اونٹنیوں کے لئے پالان، ٹوکرے اور رسیاں جمع کر رہا تھا۔ اونٹنیاں ایک انصاری صحابی کے حجرہ کے قریب بیٹھی ہوئی تھیں۔ میں جن انتظامات میں تھا جب وہ پورے ہو گئے تو (اونٹنیوں کو لینے آیا) وہاں یہ منظر تھا کہ ان کے کوہان کسی نے کاٹ دیئے تھے اور کوکھ چیر کر اندر سے کلیجی نکال لی تھی۔ یہ منظر دیکھ کر میں اپنے آنسوؤں کو نہ روک سکا۔ میں نے پوچھا، یہ کس نے کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے، اور وہ ابھی اسی حجرہ میں موجود ہیں، انصار کے ساتھ شراب نوشی کی ایک مجلس میں، ان کے پاس ایک گانے والی اور ان کے دوست واحباب ہیں۔ گانے والی نے گاتے ہوئے جب یہ مصرعہ پڑھا "ہاں، اے حمزہ! یہ عمدہ اور فربہ اونٹنیاں" تو حمزہ نے کود کر اپنی تلوار تھامی اور ان دونوں اونٹنیوں کے کوہان کاٹ ڈالے اور ان کے کوکھ چیر کر اندر سے کلیجی نکال لی۔ علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں وہاں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بھی آنحضور ﷺ کی خدمت میں موجود تھے۔ آنحضور ﷺ نے میرے رنج وغم کو پہلے ہی بھانپ لیا اور دریافت فرمایا، کیا بات پیش آئی؟ میں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) آج جیسی تکلیف دہ بات کبھی پیش نہیں آئی تھی، حمزہ (رضی اللہ عنہ) نے میری دونوں اونٹنیوں کو پکڑ کے ان کے کوہان کاٹ ڈالے اور ان کی کوکھ چیر ڈالی، وہ یہیں ایک گھر میں شراب کی مجلس جمائے بیٹھے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے اپنی چادر مبارک منگوائی اور اسے اوڑھ کر آپ تشریف لے چلے۔ میں اور حضرت زید بن حارثہ بھی ساتھ ساتھ ہو لئے۔ جب اس گھر کے قریب آپ تشریف لائے جہاں حمزہ رضی اللہ عنہ تھے تو آپ نے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ آنحضور ﷺ کو اندر جانے کی اجازت ملی تو آپ اندر تشریف لے گئے اور حمزہ رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا تھا اس پر انہیں تنبیہ فرمائی، حمزہ رضی اللہ عنہ شراب کے نشے میں مست تھے اور ان کی آنکھیں سرخ تھیں، انہوں نے آنحضور ﷺ کی طرف نظر اٹھائی، پھر ذرا ادھر اوپر اٹھائی اور آپ کے گھٹنوں پر دیکھنے لگے، پھر اور نظر اٹھائی اور آپ کے چہرہ پر دیکھنے لگے، پھر کہنے لگے، تم سب میرے باپ کے غلام ہو، آنحضور ﷺ سمجھ گئے کہ وہ اس وقت مدہوش ہیں۔ اس لئے آپ فوراً الٹے پاؤں واپس آ گئے اور اس گھر سے باہر نکل

آئے، ہم بھی آپ کے ساتھ تھے۔

(۱۱۸۱) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُیَیْنَةَ قَالَ انْفَذَه' لَنَا ابْنُ الْاَصْبَهَانِیْ سَمِعَهٗ مِنِ ابْنِ مَعْقَلٍ اَنَّ عَلِیًّا کَبَّرَ عَلٰی سَهْلِ بْنِ حُنَیْفٍ فَقَالَ اِنَّه' شَهِدَ بَدْرًا

۱۱۸۱۔ مجھ سے محمد بن عباد نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، کہا کہ ہمیں یہ روایت ابن الاصبہانی سے پہنچی اور انہوں نے ابن معقل سے سنا کہ علی رضی اللہ عنہ نے سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی اور فرمایا کہ وہ بدر کی لڑائی میں شریک تھے۔

(۱۱۸۲) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّه' سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ یُحَدِّثُ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حِیْنَ تَاَیَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَیْسِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِیِّ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا تُوُفِّیَ بِالْمَدِیْنَةِ قَالَ عُمَرُ فَلَقِیْتُ عُثْمَانَ ابْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَیْهِ حَفْصَةَ فَقُلْتُ اِنْ شِئْتَ اَنْکَحْتُکَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ قَالَ سَانْظُرُ فِیْ اَمْرِیْ فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ فَقَالَ قَدْ بَدَالِیَ اَنْ لَّااَتَزَوَّجَ یَوْمِیْ هٰذَا قَالَ عُمَرُ فَلَقِیْتُ اَبَابَکْرٍ فَقُلْتُ اِنْ شِئْتَ اَنْکَحْتُکَ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ فَصَمَتَ اَبُوْبَکْرٍ فَلَمْ یَرْجِعْ اِلَیَّ شَیْئًا فَکُنْتُ عَلَیْهِ اَوْجَدَ مِنِّیْ عَلٰی عُثْمَانَ فَلَبِثْتُ لَیَالِیَ ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْکَحْتُهَا اِیَّاهُ فَلَقِیَنِیْ اَبُوْبَکْرٍ فَقَالَ لَعَلَّکَ وَجَدْتَّ عَلَیَّ حِیْنَ عَرَضْتَ عَلَیَّ حَفْصَةَ فَلَمْ اَرْجِعْ اِلَیْکَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّه' لَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَرْجِعَ اِلَیْکَ فِیْمَا عَرَضْتَ اِلَّااَنِّیْ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْذَکَرَهَا فَلَمْ اَکُنْ لِاُفْشِیَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْتَرَکَهَا لَقَبِلْتُهَا

۱۱۸۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سالم بن عبداللہ نے خبر دی، انہوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے واسطے سے حدیث بیان کی کہ جب حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے شوہر خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کی وفات ہوگئی، آپ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں تھے اور بدر کی لڑائی میں آپ نے شرکت کی تھی اور مدینہ میں آپ کی وفات ہوگئی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میری ملاقات عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے ان سے حفصہ کا ذکر کیا اور کہا کہ اگر آپ چاہیں تو اس کا نکاح میں آپ سے کر دوں۔ انہوں نے کہا کہ میں سوچوں گا۔ اس لئے میں چند دنوں کے لئے ٹھہر گیا، پھر انہوں نے کہا کہ میری رائے یہ ہوئی ہے کہ ابھی میں نکاح نہ کروں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر میری ملاقات ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ہوئی اور ان سے بھی میں نے یہی کہا کہ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کا نکاح حفصہ بنت عمر سے کر دوں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ خاموش ہو گئے اور کوئی جواب نہیں دیا۔ ان کا یہ طرز عمل، عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی زیادہ میرے لئے باعث تکلیف ہوا۔ کچھ دنوں میں نے اور توقف کیا تو نبی کریم ﷺ نے خود حفصہ رضی اللہ عنہا کا پیغام بھیجا اور میں نے ان کا نکاح آنحضور سے کر دیا۔ اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ملاقات مجھ سے ہوئی تو انہوں نے کہا، غالباً آپ کو میرے اس طرز عمل سے تکلیف ہوئی ہوگی کہ جب آپ کی مجھ سے ملاقات ہوئی اور آپ نے حفصہؓ کے متعلق مجھ سے بات کی تو میں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے کہا کہ ہاں ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ آپ کی بات کا میں نے صرف اس لئے کوئی جواب نہیں دیا تھا کہ میرے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کا تذکرہ فرمایا ہے میں آنحضور ﷺ کے راز کو کھولنا نہیں چاہتا تھا اور اگر آپ ﷺ اپنا ارادہ بدل دیتے تو میں ضرور ان سے نکاح کرتا۔

(۱۱۸۳) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ سَمِعَ اَبَامَسْعُوْدِ الْبَدْرِيَّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَفَقَةُ الرَّجُلِ عَلٰى اَهْلِه صَدَقَةٌ

۱۱۸۳۔ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی نے، ان سے عبداللہ بن یزید نے، انہوں نے ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، انسان کا اپنے بال بچوں پر خرچ کرنا بھی باعث ثواب ہے (بشرطیکہ جائز طریقہ پر خرچ کرے)۔

(۱۱۸۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ يُحَدِّثُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِيْزِ فِيْ اِمَارَتِه اَخَّرَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ الْعَصْرَ وَهُوَ اَمِيْرُ الْكُوْفَةِ فَدَخَلَ اَبُوْمَسْعُوْدٍ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ جَدُّ زَيْدِ بْنِ حَسَنٍ شَهِدَ بَدْرًا فَقَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ نَزَلَ جِبْرِيْلُ فَصَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ صَلَوَاتٍ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا اُمِرْتُ كَذٰلِكَ كَانَ بَشِيْرُ بْنُ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ

۱۱۸۴۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہوں نے عروہ بن زبیر سے سنا کہ امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز سے انہوں نے ان کے عہد خلافت میں یہ حدیث بیان کی کہ مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ جب کوفہ کے امیر تھے، تو انہوں نے ایک دن عصر کی نماز دیر سے پڑھی۔ اس پر زید بن حسن کے نانا ابومسعود عقبہ بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ ان کے یہاں گئے، آپ بدر کی لڑائی میں شریک ہونے والے صحابہ میں تھے، اور کہا، آپ کو معلوم ہے کہ جبرائیل علیہ السلام آئے (نماز کا طریقہ بتانے کے لئے) اور آپ نے نماز پڑھی اور آنحضور ﷺ نے (آپ کے پیچھے نماز پڑھی، پانچوں وقت کی نمازیں۔ پھر فرمایا کہ اسی طرح مجھے حکم ملا ہے۔ بشیر بن ابی مسعود بھی یہ حدیث اپنے والد کے واسطہ سے بیان کرتے تھے۔

(۱۱۸۵) حَدَّثَنَا مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ نِ الْبَدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاٰيَتَانِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ مَنْ قَرَاَهُمَا فِيْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ قَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ فَلَقِيْتُ اَبَامَسْعُوْدٍ وَهُوَ يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ فَسَاَلْتُهٗ فَحَدَّثَنِيْهِ

۱۱۸۵۔ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے عبدالرحمٰن بن یزید نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، سورۂ بقرہ کی دو آیتیں (آمن الرسول سے آخر تک) ایسی ہیں کہ جو شخص انہیں رات میں پڑھ لے وہ اس کے لئے کافی ہو جائیں گی۔ عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ پھر میں نے خود ابومسعود رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی، آپ اس وقت بیت اللہ کا طواف کر رہے تھے، میں نے آپ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو آپ نے حدیث مجھ سے بھی بیان کی۔

(۱۱۸۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ مَحْمُوْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ اَنَّ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ وَّكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَّهٗ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا

۱۱۸۶۔ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، انہیں محمود بن ربیع نے خبر دی کہ عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ، جو نبی کریم ﷺ کے اصحاب میں تھے، بدر میں شریک ہوئے تھے اور انصار میں سے تھے، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم سے احمد بن صالح نے

اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ ثُمَّ سَاَلْتُ الْحُصَيْنَ بْنَ مُحَمَّدٍ وَهُوَ اَحَدُبَنِي سَالِمٍ وَّهُوَ مِنْ سَرَاتِهِمْ عَنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ فَصَدَّقَه'

حدیث بیان کی، ان سے ابن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے عنبسہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ پھر میں نے حصین بن محمد سے جو بنی سالم کے سرداروں میں سے تھے۔ محمود بن ربیع کی حدیث کے متعلق پوچھا جس کی روایت انہوں نے عتبان بن مالک سے کی تھی تو انہوں نے بھی اس کی تصدیق کی۔

(۱۱۸۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ وَكَانَ اَكْبَرَ بَنِيْ عَدِيٍّ وَّكَانَ اَبُوْهُ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عُمَرَ اسْتَعْمَلَ قُدَامَةَ بْنَ مَظْعُوْنٍ عَلَى الْبَحْرَيْنِ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ خَالُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَحَفْصَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

۱۱۸۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، کہا کہ مجھے عبداللہ بن عامر بن ربیعہ نے خبر دی۔ آپ قبیلہ بنی عدی کے عمر رسیدہ بزرگوں میں تھے (آپ نے بیان کیا کہ) عمر رضی اللہ عنہ نے قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ کو بحرین کا عامل بنایا تھا، آپ بدر کے معرکے میں شریک تھے اور عبداللہ بن عمر اور حفصہ رضی اللہ عنہم کے ماموں تھے۔

(۱۱۸۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَآءَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ سَالِمَ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَه' قَالَ اَخْبَرَ رَافِعُ بْنُ خَدِيْجٍ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اَنَّ عَمَّيْهِ وَكَانَا شَهِدَا بَدْرًا اَخْبَرَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ قُلْتُ لِسَالِمٍ فَتُكْرِيْهَا اَنْتَ قَالَ نَعَمْ اَنَّ رَافِعًا اَكْثَرَ عَلٰى نَفْسِهٖ

۱۱۸۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے زہری نے، انہیں سالم بن عبداللہ نے خبر دی، بیان کیا کہ رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو خبر دی کہ ان کے دو چچاؤں، جنہوں نے بدر کی لڑائی میں شرکت کی تھی، نے انہیں خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے مزارع (کاشت کرنے والے) سے (مخصوص اور عرب میں مروج طریقوں سے) اجرت لینے سے منع کیا تھا۔ میں نے سالم سے کہا لیکن اجرت (لگان) لیتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہاں، رافع رضی اللہ عنہ نے اپنے اوپر زیادتی کی تھی۔ ❶

(۱۱۸۹) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُصَيْنِ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ اللَّيْثِيَّ قَالَ رَاَيْتُ رِفَاعَةَ بْنَ رَافِعِ نِ الْاَنْصَارِيَّ

۱۱۸۹۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین بن عبدالرحمٰن نے، انہوں نے عبداللہ بن شداد بن ہادلیثی سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ

---

❶ مقصد یہ ہے کہ کاشتکار سے زمین کا مالک جو اجرت اپنی زمین کے استعمال کی لے گا، اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک تو وہ جو عرب میں رائج تھیں کہ کھیت کے جس حصے میں زیادہ پیداوار ہوتی تھی اسے مالک اپنے لئے مخصوص کر لیتا تھا اور باقی کی پیداوار کاشتکار کو مل جاتی تھی۔ اسی طرح اور بھی بعض غیر منصفانہ طریقے تھے تو آنحضور ﷺ نے اس طرح زمین کی اجرت لینے سے منع فرمایا تھا۔ لیکن جہاں تک زمین پر نقد اجرت لینے کا سوال ہے، یعنی لگان، تو آنحضور ﷺ نے اس سے منع نہیں کیا تھا، اسی طرح اس باب کے ان معاملات سے بھی منع نہیں کیا جو انصاف پر مبنی ہوں۔ تو رافع رضی اللہ عنہ جو ممانعت کو بالکل عام رکھتے ہیں۔ گویا اپنے اوپر زیادتی کرتے ہیں۔ اس حدیث کے مضمون پر نوٹ گذر چکا ہے۔

وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا

کو دیکھا ہے، آپ بدر کی لڑائی میں شریک ہوئے تھے۔

(۱۱۹۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌوَّ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّه' اَخْبَرَه' اَنَّ الْمِسْوَر ابْنَ مَخْرَمَةَ اَخْبَرَه' اَنَّ عَمْرو بْنَ عَوْفٍ وَّهُوَ حَلِيْفٌ لِبَنِيْ عَامِرِبْنِ لُؤَيِّ وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَبَاعُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ اِلَى الْبَحْرَيْنِ يَاْتِيْ بِجِزْيَتِهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَالَحَ اَهْلَ الْبَحْرَيْنِ وَاَمَّرَ عَلَيْهِمُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ فَقَدِمَ اَبُوْعُبَيْدَةَ بِمَالٍ مِّنَ الْبَحْرَيْنِ فَسَمِعَتِ الْاَنْصَارُ بِقُدُوْمِ اَبِيْ عُبَيْدَةَ فَوَافَوْاصَلَاةَ الْفَجْرِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا انْصَرَفَ تَعَرَّضُوْالَه' فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ رَاٰهُمْ ثُمَّ قَالَ اَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ اَنَّ اَبَاعُبَيْدَةَ قَدِمَ بِشَيْءٍ قَالُوْا اَجَلْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَاَبْشِرُوْا وَاَمِّلُوْا مَايَسُرُّكُمْ فَوَاللّٰهِ مَا الْفَقْرَ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ قَبْلَكُمْ فَتَنَا فَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ

۱۱۹۰۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر اور یونس نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی، انہیں مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ، جو بنی عامر بن لوی کے حلیف تھے اور بدر کی لڑائی میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ شریک تھے، (نے بیان کیا کہ) آنحضور ﷺ نے ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بحرین، وہاں کا جزیہ لانے کے لئے بھیجا، آنحضور ﷺ نے بحرین والوں سے صلح کی تھی اور ان پر علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ کو امیر بنایا تھا۔ پھر ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بحرین سے مال لے کر آئے (جزیہ کا) جب انصار رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے آنے کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے فجر کی نماز آنحضور ﷺ کے ساتھ پڑھی (مسجد نبوی میں)۔ آنحضور ﷺ جب نماز سے فارغ ہوئے تو تمام انصار آپ کے سامنے آئے۔ آنحضور ﷺ انہیں دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا، میرا خیال ہے کہ تمہیں یہ اطلاع مل گئی ہے کہ ابوعبیدہ مال لے کر آئے ہیں! انہوں نے عرض کی، جی ہاں، یا رسول اللہ (ﷺ)! آنحضور ﷺ نے فرمایا، پھر تمہیں خوشخبری ہو اور جس سے تمہیں خوشی ہوگی اس کی امید رکھو، خدا گواہ ہے کہ مجھے تمہارے متعلق محتاجی سے ڈر نہیں لگتا، مجھے تو اس کا خوف ہے کہ دنیا تم پر بھی اسی طرح کشادہ کر دی جائے گی جس طرح تم سے پہلوں پر کشادہ کی گئی تھی۔ پھر پہلوں کی طرح اس کے لئے منافست کرو گے اور جس طرح وہ ہلاک ہو گئے تھے تمہیں بھی یہ چیز ہلاک کر کے رہے گی۔

(۱۱۹۱) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يَقْتُلُ الْحَيَّاتِ كُلَّهَا حَتّٰى حَدَّثَه' اَبُوْلُبَابَةَ الْبَدْرِيُّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ قَتْلِ جِنَانِ الْبُيُوْتِ فَاَمْسَكَ عَنْهَا

۱۱۹۱۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر طرح کے سانپ مار ڈالا کرتے تھے (جب بھی انہیں نظر آ جاتا)، لیکن جب ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے جو بدر کی لڑائی میں شریک تھے، ان سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے گھر میں نکلنے والے سانپ کے مارنے سے منع کیا تھا تو آپ نے بھی اسے مارنا چھوڑ دیا تھا۔ (حدیث گذر چکی ہے)۔

(۱۱۹۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ فُلَيْحٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْاَنْصَارِ

۱۱۹۲۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے کہ ابن شہاب نے بیان کیا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے

ستاذنوا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ذن لنا فلنترك لابن اختنا عباس فداءه' قال والله لا تذرون منه درهما

حدیث بیان کی کہ انصار کے چند افراد نے رسول اللہ ﷺ سے اجازت چاہی اور عرض کی کہ آپ ہمیں اجازت عنایت فرمائیں۔ ہم اپنے بھانجے عباس (رضی اللہ عنہ) کا فدیہ معاف کردیں (جو بدر کی قید سے آزادی حاصل کرنے کے لئے انہیں ادا کرنا پڑتا) لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا، خدا گواہ ہے، ان کے فدیہ سے ایک درہم بھی نہ چھوڑنا۔

(۱۱۹۳) حدثنا ابوعاصم عن ابن جريج عن لزهري عن عطاء بن يزيد عن عبيد الله بن عدي عن المقداد بن الاسود ح وحدثني اسحاق حدثنا عقوب ابن ابراهيم بن سعد حدثنا ابن اخي ابن شهاب عن عمه قال اخبرني عطاء بن يزيد الليثي ثم الجندعي ان عبيدالله ابن عدي بن الخيار خبره' ان ابن المقداد بن عمرو الكندي وكان حليفا لبني زهرة وكان ممن شهد بدرا مع رسول لله صلى الله عليه وسلم اخبره' انه' قال لرسول لله صلى الله عليه وسلم ارايت ان لقيت رجلا من الكفار فاقتتلنا فضرب احدى يدي بالسيف فقطعها ثم لاذمني بشجرة فقال اسلمت لله اقتله' يا رسول الله بعد ان قالها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقتله' فقال يارسول الله انه' قطع احدى يدي ثم قال ذلك بعد ما قطعها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لاتقتله' فان قتلته' فانه' بمنزلتك قبل ان تقتله' وانك بمنزلته قبل ان يقول كلمة التي قال

۱۱۹۳۔ ہم سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے، ان سے زہری نے، ان سے عطاء بن یزید نے، ان سے عبید اللہ بن عدی نے اور ان سے مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ نے، ح۔ اور مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب کے بھتیجے (محمد بن عبداللہ) نے اپنے چچا (محمد بن مسلم بن شہاب) کے واسطہ سے بیان کیا، انہیں عطاء بن یزید لیثی ثم الجندعی نے خبر دی، انہیں عبید اللہ بن عدی بن خیار نے خبر دی اور انہیں مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ نے، آپ بنی زہرہ کے حلیف تھے اور بدر کی لڑائی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شرکت کرنے والوں میں تھے، انہوں نے خبر دی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی، اگر کسی موقعہ پر میری مڈبھیڑ کسی کافر سے ہو جائے اور ہم ایک دوسرے کو قتل کرنے کے درپے ہو جائیں اور وہ میرے ایک ہاتھ پر تلوار مار کر اسے کاٹ ڈالے، پھر (جب میں اس پر غالب ہونے لگوں تو) وہ مجھ سے بھاگ کر ایک درخت کی پناہ لے اور کہنے لگے کہ ''میں اللہ پر ایمان لایا، تو کیا، یارسول اللہ (ﷺ) اس کے اس اقرار کے بعد پھر بھی مجھے اسے قتل کر دینا چاہئے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر تم اسے قتل نہ کرنا۔ انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) وہ پہلے میرا ایک ہاتھ بھی کاٹ چکا ہے؟ اور یہ اقرار، میرے ہاتھ کاٹنے کے بعد کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے اس مرتبہ بھی یہی فرمایا کہ اسے قتل نہ کرنا، کیونکہ اگر تم نے اسے قتل کر ڈالا تو اسے قتل کرنے سے پہلے جو تمہارا مقام تھا، وہ اس مقام پر فائز ہوگا اور تمہارا مقام وہ ہوگا جو اس کا مقام اس وقت تھا جب اس نے اس کلمہ کا اقرار نہیں کیا تھا۔

(۱۱۹۴) حدثني يعقوب بن ابراهيم حدثنا ابن

۱۱۹۴۔ مجھ سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن

عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا اَنَسٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَّنْ يَنْظُرُ مَاصَنَعَ اَبُوْ جَهْلٍ فَانْطَلَقَ بْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَه' قَدْضَرَبَه' ابْنَا عَفْرَاءَ حَتّٰى بَرَدَ فَقَالَ اَنْتَ اَبَاجَهْلٍ قَالَ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ سُلَيْمٰنُ هٰكَذَا قَالَهَا اَنَسٌ قَالَ اَنْتَ اَبَاجَهْلٍ قَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ قَالَ سُلَيْمٰنُ اَوْقَالَ قَتَلَه' قَوْمُه' قَالَ قَالَ اَبُوْمِجْلَزٍ قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ فَلَوْ غَيْرُ اَكَّارٍ قَتَلَنِیْ

عُلیہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان تیمی نے حدیث بیان کی، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے بدر کی لڑائی کے موقعہ پر فرمایا، کون دیکھ آئے گا کہ ابوجہل کے ساتھ کیا ہوا؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس کے لئے روانہ ہوئے اور دیکھا کہ عفراء کے دونوں بیٹوں نے اسے قتل کر دیا ہے اور اس کی لاش ٹھنڈی ہونے والی ہے، انہوں نے پوچھا، ابوجہل تم ہی ہو؟ ابن علیہ نے بیان کیا کہ سلیمان نے اسی طرح بیان کیا اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا تھا، کیا تم ہی ابوجہل ہو؟ اس پر اس نے کہا، کیا اس سے بڑا بھی کوئی ہوگا جسے تم نے آج قتل کر دیا ہے سلیمان نے بیان کیا کہ یا اس نے یوں کہا "جسے اس کی قوم نے قتل کر دیا ہے (کیا اس سے بھی بڑا کوئی ہوگا) کہا کہ ابومجلز نے بیان کیا کہ ابوجہل نے کہا، کاش! ایک کسان کے سوا مجھے کسی اور نے قتل کیا ہوتا؟

(۱۱۹۵) حَدَّثَنَا مُوْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ لَمَّا تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لِاَبِيْ بَكْرٍ اِنْطَلِقْ بِنَااِلٰى اِخْوَانِنَا مِنَ الْاَنْصَارِ فَلَقِيْنَا مِنْهُمْ رَجُلَانِ صَالِحَانِ شَهِدَا بَدْرًا فَحَدَّثْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ هُمَا عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ وَمَعْنُ بْنُ عَدِيٍّ

۱۱۹۵۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کہ جب نبی کریم ﷺ کی وفات ہوگئی تو میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا، ہمیں ساتھ لے کر ہمارے انصار بھائیوں کے یہاں چلئے۔ پھر ہماری ملاقات دو صالح انصاری اصحاب سے ہوئی، جنہوں نے بدر کی لڑائی میں شرکت کی تھی۔ پھر میں نے اس حدیث کا تذکرہ عروہ بن زبیرؓ سے کیا تو انہوں نے بتایا کہ وہ دونوں اصحاب عویم بن ساعدہ اور معن بن عدی رضی اللہ عنہما تھے۔

(۱۱۹۶) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ سَمِعَ مُحَمَّدَ ابْنَ فُضَيْلٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ كَانَ عَطَآءُ الْبَدْرِيِّيْنَ خَمْسَةَ الْاٰفٍ خَمْسَةَ الْاٰفٍ وَقَالَ عُمَرُ لَاُفَضِّلَنَّكُمْ عَلٰى مَنْ بَعْدَهُمْ

۱۱۹۶۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے محمد بن فضیل سے سنا، انہوں نے اسماعیل سے، انہوں نے قیس سے کہ بدری صحابہ کا (سالانہ) وظیفہ پانچ پانچ ہزار تھا (جو انہیں بیت المال سے ملتا تھا)۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ میں انہیں (بدری صحابہ کو) ان اصحاب پر فضیلت دوں گا جو ان کے بعد ایمان لائے ہیں۔

(۱۱۹۷) حَدَّثَنِيْ اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ وَذٰلِكَ اَوَّلَ

۱۱۹۷۔ مجھ سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی۔ انہیں زہری نے، انہیں محمد بن جبیر نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ سے میں نے سنا آپ مغرب کی نماز میں سورہ والطور کی

اوقر الایمان فی قلبی وعن الزهری عن محمد بن جبیر بن مطعم عن ابیه ان النبی صلی الله علیه وسلم قال فی اساری بدر لو کان المطعم بن عدی حیا ثم کلمنی فی هؤلاء النتنی لترکتهم له' قال اللیث عن یحیی عن سعید بن المسیب وقعت الفتنة الاولی یعنی مقتل عثمان فلم تبق من اصحاب بدر احدا ثم وقعت الفتنة الثانیة یعنی الحرة فلم تبق من اصحاب الحدیبیة احدا ثم وقعت الثالثة فلم ترتفع وللناس طباخ

تلاوت کرر ہے تھے۔ یہ پہلا موقعہ تھا جب ایمان میرے دل کو لگا تھا۔ اور زہری سے روایت ہے، ان سے محمد بن جبیر بن مطعم نے اور ان سے ان کے والد (جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے، کہ نبی کریم ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے متعلق فرمایا تھا، اگر مطعم بن عدی (رضی اللہ عنہ) زندہ ہوتے اور ان (بدر کے) قیدیوں کے لئے سفارش کرتے تو میں انہیں ان کے کہنے سے چھوڑ دیتا۔ اور لیث نے یحییٰ کے واسطہ سے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن میتب نے کہ پہلا فتنہ جب برپا ہوا یعنی عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کا، تو اس نے اصحاب بدر میں سے کسی کو باقی نہیں چھوڑا۔ ❶ پھر جب دوسرا فتنہ برپا ہوا یعنی حرہ کا، تو اس نے اصحاب حدیبیہ میں سے کسی کو باقی نہیں چھوڑا۔ پھر تیسرا فتنہ برپا ہوا تو اپنے ساتھ لوگوں کی تمام عقل وخوبی لیتا گیا۔

(۱۱۹۸) حدثنا الحجاج بن منهال حدثنا عبدالله بن النمیری حدثنا یونس بن یزید قال سمعت الزهری قال سمعت عروة بن الزبیر وسعید بن المسیب وعلقمة بن وقاص وعبیدالله بن عبدالله عن حدیث عائشة زوج النبی صلی الله علیه وسلم کل حدثنی طائفة من الحدیث قالت فاقبلت انا وام مسطح فعثرت ام مسطح فی مرطها فقالت تعس مسطح فقلت بئس ماقلت تسبین رجلا شهد بدرا فذکر حدیث الافک

۱۱۹۸۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن نمیری نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن یزید نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے سنا، کہا کہ میں نے عروہ بن زبیر، سعید بن میتب، علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ سے۔ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ (افک) کے متعلق سنا۔ ان حضرات میں سے ہر ایک نے مجھ سے اس واقعہ کا کوئی ایک حصہ بیان کیا، عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا تھا کہ میں اور ام مسطح رضی اللہ عنہا جا رہے تھے کہ ام مسطح رضی اللہ عنہا اپنی چادر میں الجھ کر پھسل پڑیں اس پر ان کی زبان سے نکلا، مسطح کا برا ہو، میں نے کہا، آپ نے اچھی بات نہیں کہی، ایک ایسے شخص کو آپ برا کہتی ہیں جو بدر میں شریک ہو چکا ہے۔ پھر انہوں نے افک (تہمت) کا واقعہ بیان کیا۔

(۱۱۹۹) حدثنا ابراهیم بن المنذر حدثنا محمد بن فلیح بن سلیمان عن موسی بن عقبة عن ابن شهاب قال هذه مغازی رسول الله صلی الله علیه وسلم فذکر الحدیث فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو یلقیهم هل وجدتم ماوعدربکم

۱۱۹۹۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے اور ان سے ابن شہاب نے بیان کیا (غزوات کی کچھ تفصیلات بیان کرنے کے بعد کہ) یہ رسول اللہ ﷺ کے غزوات کا بیان تھا۔ پھر انہوں نے حدیث بیان کی کہ جب (بدر کے) کفار مقتولین کنویں میں ڈالے جانے لگے تو

❶ حضرت علیؓ، زبیر، طلحہ، سعد اور سعید رضی اللہ عنہم، اکابر صحابہ جو بدر کی لڑائی میں شریک تھے۔ عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد زندہ رہے ہیں۔ اس لئے بعض محدثین نے لکھا ہے کہ راوی کا یہ کہنا کہ شہادت عثمان کے بعد کوئی بھی بدری صحابی باقی نہیں رہا۔ صحیح نہیں ہے لیکن غالباً راوی کی مراد یہ ہے کہ یہ فتنہ جس بنیاد پر اٹھا تھا، ابھی وہ ختم نہیں ہوئی تھی کہ تمام اکابر بدریین اس دنیا سے رخصت ہو چکے تھے۔ یا پھر اکثریت پر کل کا حکم لگایا ہو۔

حَقًّا قَالَ مُوْسٰی قَالَ نَافِعٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تُنَادِيْ نَاسًا اَمْوَاتًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَااَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا قُلْتُ مِنْهُمْ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ فَجَمِيْعُ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ قُرَيْشٍ مِمَّنْ ضُرِبَ لَهٗ بِسَهْمِهٖ اَحَدٌ وَّثَمَانُوْنَ رَجُلًا وَكَانَ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَقُوْلُ قَالَ الزُّبَيْرُ قُسِمَتْ سُهْمَانُهُمْ فَكَانُوْا مِائَةً وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (انہیں مخاطب کر کے) کیا تم نے اس چیز کو حق پالیا جس کا تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا۔ موسیٰ نے بیان کیا، ان سے نافع نے بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ اس پر حضور اکرم ﷺ کے چند اصحابؓ نے عرض کی، یارسول اللہ! آپ ایسے لوگوں کو آواز دے رہے ہیں جو مر چکے ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، جو کچھ میں نے ان سے کہا ہے، اسے تم نے بھی ان سے زیادہ بہتر طریقہ پر نہیں سنا ہوگا، ابوعبداللہ نے کہا کہ قریش (صحابہؓ) کے جتنے افراد بدر میں شریک ہوئے تھے اور جن کا حصہ بھی (اس کی غنیمت میں) لگا تھا، ان کی تعداد اسی (۸۰) تھی۔ عروہ بن زبیر بیان کیا کرتے تھے کہ زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں نے (ان مہاجرین کے حصے) تقسیم کئے تھے اور ان کی تعداد سو (۱۰۰) تھی۔ اور زیادہ بہتر علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔

(۱۲۰۰) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ ضُرِبَتْ يَوْمَ بَدْرٍ لِّلْمُهَاجِرِيْنَ بِمِائَةِ سَهْمٍ

۱۲۰۰۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں ہشام بن عروہ نے، انہیں ان کے والد نے اور ان سے زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بدر کے موقعہ پر مہاجرین کے سو حصے تھے۔

باب ۴۸۰. تَسْمِيَةِ مَنْ سُمِّيَ مِنْ اَهْلِ بَدْرٍ فِي الْجَامِعِ الَّذِيْ وَضَعَهٗ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ عَلٰی حُرُوْفِ الْمُعْجَمِ النَّبِيُّ مُحَمَّدُ بْنُ عبدالله الهاشمیﷺ اِيَاسُ بْنُ الْبُكَيْرِ بِلَالُ بْنُ رِبَاحٍ مَوْلٰی اَبِيْ بَكْرِ الْقُرَشِيِّ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ الْهَاشِمِيُّ حَاطِبُ بْنُ اَبِيْ بَلْتَعَةَ حَلِيْفٌ لِّقُرَيْشٍ اَبُوْحُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ الْقُرَشِيُّ حَارِثَةُ بْنُ الرَّبِيْعِ الْاَنْصَارِيُّ قُتِلَ يَوْمَ بَدْرٍ وَّحَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ كَانَ فِي النَّظَارَةِ خُبَيْبُ بْنُ عَدِيٍّ الْاَنْصَارِيُّ خُنَيْسُ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِيُّ رِفَاعَةُ ابْنُ رَافِعِ الْاَنْصَارِيُّ رِفَاعَةُ بْنُ عَبْدِالْمُنْذِرِ اَبُوْلُبَابَةَ الْاَنْصَارِيُّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ الْقُرَشِيُّ زَيْدُ بْنُ سَهْلٍ اَبُوْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيُّ اَبُوْ زَيْدِ الْاَنْصَارِيُّ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ الزُّهْرِيُّ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ الْقُرَشِيُّ سعيدبن زيد بن عمرو بن نفيل القرشيُّ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ الْاَنْصَارِيُّ ظُهَيْرُ بْنُ رَافِعِ الْاَنْصَارِيُّ وَاَخُوْهُ

۴۸۰۔ بترتیب حروف تہجی، ان اصحاب کے اسماء گرامی جنہوں نے بدر کی جنگ میں شرکت کی تھی۔ اور جنہیں ابوعبداللہ (امام بخاریؒ) اس جامع میں ذکر کرتا ہے، جس کی اس نے ترتیب دی ہے (یعنی یہی صحیح بخاری):۔ (۱) النبی محمد بن عبداللہ الہاشمی، (۲) ایاس بن بکیر رضی اللہ عنہ، (۳) ابوبکر صدیق القرشی رضی اللہ عنہ کے مولا، بلال بن رباح رضی اللہ عنہ، (۴) حمزہ بن عبدالمطلب الہاشمی رضی اللہ عنہ (۵) قریش کے حلیف حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ، (۶) ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ القرشی رضی اللہ عنہ، (۷) حارثہ بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ، آپ نے بدر کی جنگ میں شہادت پائی تھی آپ کو حارثہ بن سراقہ بھی کہتے ہیں، آپ جنگ کے میدان میں صرف تماشائی کی حیثیت سے آئے تھے (کم عمری کی وجہ سے، لیکن بدر کے میدان میں ہی آپ کے ایک تیر کفار کی طرف سے آ کر لگا اور اس سے آپ نے شہادت پائی۔ (۸) خبیب بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ (۹) خنیس بن حذافہ السہمی رضی اللہ عنہ، (۱۰) رفاعہ بن رافع انصاری ﷺ، (۱۱) رفاعہ بن عبدالمنذر ابولبابہ انصاری رضی اللہ عنہ، (۱۲) زبیر بن العوام

عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ اَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ الْقُرَشِيُّ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدِ الْهُذَلِيُّ عُتْبَةُ بْنُ مَسْعُوْدِ الْهُذَلِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفِ الزُّهْرِيُّ عُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ الْقُرَشِيُّ عُبَادَةُ ابْنُ الصَّامِتِ الْاَنْصَارِيُّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الْعَدَوِيُّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ الْقُرَشِيُّ خَلَّفَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ابْنَتِهٖ وَضَرَبَ لَهٗ بِسَهْمِهٖ عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبِ الْهَاشِمِيُّ عَمْرُو بْنُ عَوْفٍ حَلِيْفُ بَنِيْ عَامِرِبْنِ لُؤَيٍّ عُقْبَةُ بْنُ عَمْرِوالْاَنْصَارِيُّ عَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ الْعَنْزِيُّ عَاصِمُ بْنُ ثَابِتِ الْاَنْصَارِيُّ عُوَيْمُ بْنُ سَاعِدَةَ الْاَنْصَارِيُّ عِتْبَانُ بْنُ سَاعِدَةَ الْاَنْصَارِيُّ عِتْبَانُ بْنُ مَالِكِ الْاَنْصَارِيُّ قُدَامَةُ بْنُ مَظْعُوْنٍ قَتَادَةُ ابْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ مُعَوِّذُ بْنُ عَفْرَاءَ وَاَخُوْهُ مَالِكُ بْنُ رَبِيْعَةَ اَبُوْاُسَيْدِ الْاَنْصَارِيُّ مُرَارَةُ ابْنُ الرَّبِيْعِ الْاَنْصَارِيُّ مَعْنُ بْنُ عَدِيِّ الْاَنْصَارِيُّ مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ مِقْدَادُ بْنُ عَمْرِوالْكِنْدِيُّ حَلِيْفُ بَنِيْ زُهْرَةَ هِلَالُ ابْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

القرشی رضی اللہ عنہ، (۱۳) زید بن سہل ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ، (۱۴) ابوزید انصاری رضی اللہ عنہ' (۱۵) سعد بن مالک زہری رضی اللہ عنہ' (۱۶) سعد بن خولہ القرشی رضی اللہ عنہ' (۱۷) سعید بن زید بن عمرو بن نفیل القرشی رضی اللہ عنہ' (۱۸) سہل بن حنیف انصاری رضی اللہ عنہ' (۱۹) ظہیر بن رافع انصاری رضی اللہ عنہ' (۲۰) اور ان کے بھائی (مظہر رضی اللہ عنہ)۔ (۲۱) عبداللہ بن عثمان ابوبکر الصدیق القرشی رضی اللہ عنہ، (۲۲) عبداللہ بن مسعود الہذلی رضی اللہ عنہ۔ (۲۳) عتبہ بن مسعود الہذلی رضی اللہ عنہ' (۲۴) عبدالرحمٰن بن عوف الزہری رضی اللہ عنہ' (۲۵) عبیدہ بن حارث القرشی رضی اللہ عنہ، (۲۶) عبادہ بن الصامت انصاری رضی اللہ عنہ۔ (۲۷) عمر بن خطاب العدوی رضی اللہ عنہ' (۲۸) عثمان بن عفان القرشی رضی اللہ عنہ آپ کو رسول اللہ ﷺ نے اپنی صاحبزادی (جو آپ کے گھر میں تھیں) کی تیمار داری کے لئے مدینہ منورہ میں ہی چھوڑا تھا، لیکن بدر کی غنیمت میں آپ کا بھی حصہ لگایا تھا' (۲۹) علی بن ابی طالب الہاشمی رضی اللہ عنہ' (۳۰) بنی عامر بن لوی کے حلیف عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ' (۳۱) عقبہ بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ' (۳۲) عامر بن ربیعہ الغزی رضی اللہ عنہ' (۳۳) عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ' (۳۴) عویم بن ساعدہ انصاری رضی اللہ عنہ (۳۵) عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ' (۳۶) قدامہ بن مظعون رضی اللہ عنہ' (۳۷) قتادہ بن نعمان انصاری رضی اللہ عنہ' (۳۸) معاذ بن عمرو بن جموح رضی اللہ عنہ' (۳۹) معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہ (۴۰) اور ان کے بھائی (عوف رضی اللہ عنہ)۔ (۴۱) مالک بن ربیعہ ابواسید انصاری رضی اللہ عنہ، (۴۲) مرارہ بن ربیع انصاری رضی اللہ عنہ' (۴۳) معن بن عدی انصاری رضی اللہ عنہ' (۴۴) مسطح بن اثاثہ بن عباد بن عبدالمطلب بن عبد مناف رضی اللہ عنہ' (۴۵) مقداد بن عمرو الکندی رضی اللہ عنہ، بنی زہرہ کے حلیف' (۴۶) اور ہلال بن امیہ انصاری رضی اللہ عنہ و رضوان اللہ علیہم اجمعین۔

باب ۴۸۱. حَدِيْثُ بَنِي النَّضِيْرِ وَمَخْرَجِ رَسُوْلِ

۴۸۱۔ بنونضیر کے یہودیوں کا واقعہ۔ ❶

❶ بنونضیر اور بنوقریظہ، یہودیوں کے مدینہ میں دو بڑے قبیلے تھے اور مدینہ کی اقتصادیات پر بڑی حد تک حاوی تھے۔ جب حضور اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آپ نے ان کے ساتھ امن اور صلح کا معاہدہ کیا تھا۔ لیکن غدر اور بدعہدی کے یہ عادی تھے۔ اس معاہدہ میں بھی ان کا یہی طرز عمل رہا۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے ان کی بدعہدیوں سے تنگ آ کر انہیں ریحا، تیماء اور وادی القریٰ کی طرف جلاوطن کر دیا تھا۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ فِيْ دِيَةِ الرَّجُلَيْنِ وَمَا اَرَادُوْا مِنَ الْغَدْرِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ كَانَتْ عَلٰى رَاْسِ سِتَّةِ اَشْهُرٍ مِنْ وَّقْعَةِ بَدْرٍ قَبْلَ اُحُدٍ وَّقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى هُوَالَّذِيْ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ وَجَعَلَهٗ ابْنُ اِسْحَاقَ بَعْدَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَ اُحُدٍ

اور رسول اللہ ﷺ کا دو مسلمانوں کی دیت کے سلسلے میں ان کے پاس جا: اور حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ان کا خلاف معاہدہ طرز عمل، زہری نے عروہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ غزوہ بنونضیر غزوۂ بدر کے چھ مہینے بعد اور غزوہ احد سے پہلے ہوا تھا۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اللہ ہی وہ ہے جس نے اہل کتاب کے کفار کو ان کے گھروں سے نکالا اور یہ (جزیرہ عرب سے) ان کی پہلی جلا وطنی ہے۔" ابن اسحاق کی تحقیق میں یہ غزوہ غزوۂ موتہ اور غزوۂ احد کے بعد ہوا ہے۔

(۱۲۰۱) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَارَبَتِ النَّضِيْرُ وَقُرَيْظَةُ فَاَجْلٰى بَنِي النَّضِيْرِ وَ اَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَ مَنَّ عَلَيْهِمْ حَتّٰى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ وَ قَسَمَ نِسَآءَ هُمْ وَ اَوْلَادَ هُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّا بَعْضَهُمْ لَحِقُوْا بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَهُمْ اَسْلَمُوْا وَاَجْلٰى يَهُوْدَ الْمَدِيْنَةِ كُلَّهُمْ بَنِيْ قَيْنُقَاعَ وَهُمْ رَهْطُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَّيَهُوْدَ بَنِيْ حَارِثَةَ وَكُلَّ يَهُوْدِ الْمَدِيْنَةِ

۱۲۰۱۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں موسیٰ بن عقبہ نے انہیں نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بنونضیر اور بنوقریظہ نے نبی کریم ﷺ سے (معاہدہ کے خلاف کر کے) لڑائی مول لی۔ اس لئے آپ نے قبیلہ بنونضیر کو جلا وطن کر دیا۔ لیکن قبیلہ بنوقریظہ کو جلا وطن نہیں کیا۔ پھر بنوقریظہ نے بھی جنگ مول لی۔ اس لئے آپ نے ان کے مردوں کو قتل کروا دیا اور ان کی عورتوں، بچوں اور مال کو مسلمانوں میں تقسیم کر دیا، صرف بعض بنی قریظہ اس سے مستثنیٰ قرار دیئے گئے تھے، کیونکہ وہ آنحضور ﷺ کی پناہ میں آ گئے تھے، اس لئے آپؐ نے انہیں پناہ دی اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے مدینہ کے تمام یہودیوں کو جلا وطن کر دیا تھا۔ بنوقینقاع کو بھی جو عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا قبیلہ تھا۔ یہود بنی حارثہ کو بھی اور مدینہ کے تمام یہودیوں کو۔

(۱۲۰۲) حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ سُوْرَةُ الْحَشْرِ قَالَ قُلْ سُوْرَةُ النَّضِيْرِ تَابَعَهٗ هُشَيْمٌ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ

۱۲۰۲۔ مجھ سے حسن بن مدرک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، انہیں ابوعوانہ نے خبر دی، انہیں ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے سامنے کہا۔ "سورۂ حشر" تو آپ نے فرمایا کہ اسے "سورۂ نضیر" کہو، کیونکہ یہ سورت بنونضیر کے ہی بارے میں نازل ہوئی اس روایت کی متابعت ہشیم نے ابوبشر کے واسطہ سے کی ہے۔

(۱۲۰۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ حَتّٰى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ

۱۲۰۳۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ انصاری صحابہ نبی کریم ﷺ کے لئے کچھ کھجور کے درخت مخصوص رکھتے تھے (تاکہ اس کا پھل آپ کی خدمت میں بھیج دیا جائے) لیکن جب اللہ تعالیٰ نے بنوقریظہ اور بنونضیر پر

فتح عطا فرمائی تو آنحضور ﷺ ان کے پھل واپس فرما دیا کرتے تھے۔

(۱۲۰۴) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ فَنَزَلَتْ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ اَوْتَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ

۱۲۰۴۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بنونضیر کے کھجور کے باغات جلوا دیئے تھے اور ان کے درختوں کو کٹوا دیا تھا۔ یہ باغات مقام بویرہ میں تھے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''جو درخت تم نے کاٹ دیئے ہیں یا جنہیں تم نے چھوڑ دیا ہے کہ وہ اپنی جڑوں پر کھڑے ہیں تو یہ اللہ کے حکم سے ہوا ہے۔''

(۱۲۰۵) حَدَّثَنِيْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا حَبَّانُ اَخْبَرَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَآءَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ قَالَ وَلَهَا يَقُوْلُ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ قَالَ فَاَجَابَهٗ اَبُوْسُفْيَانَ بْنُ الْحٰرِثِ اَدَامَ اللّٰهُ ذٰلِكَ مِنْ صَنِيْعٍ وَحَرَّقَ فِيْ نَوَاحِيْهَا السَّعِيْرُ سَتَعْلَمُ اَيُّنَا مِنْهَا بِنُزْهٍ وَتَعْلَمُ اَيُّ اَرْضَيْنَا تَضِيْرُ

۱۲۰۵۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں حبان نے خبر دی، انہیں جویریہ بن اسماء نے خبر دی، انہیں نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے بنونضیر کے باغات جلوا دیئے تھے۔ آپ نے بیان کیا کہ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اسی کے متعلق یہ شعر کہا تھا، (ترجمہ) ''بنولوی (قریش) کے شریفوں نے بڑی آسانی کے ساتھ برداشت کر لی، مقام بویرہ کی وہ آگ جو پھیل رہی تھی۔'' بیان کیا کہ پھر اس کا جواب ابوسفیان بن حارث نے ان اشعار میں دیا۔ ''خدا کرے کہ میدان میں ہمیشہ یوں ہی آگ لگتی رہے اور اس کے اطراف سے بھی (جہاں مسلمانوں کی آبادیاں ہیں) یوں ہی شعلے اٹھتے رہیں، تمہیں جلد ہی معلوم ہو جائے گا۔ کہ ہم میں سے کون اس مقام بویرہ سے دور ہے (جو اس آگ کے اثرات سے محفوظ رہتا ہے) اور تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس کی سرزمین کو نقصان پہنچتا ہے۔''

(۱۲۰۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيُّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ دَعَاهُ اِذْ جَآءَهٗ حَاجِبُهٗ يَرْفَا فَقَالَ هَلْ لَّكَ فِيْ عُثْمٰنَ وَعَبْدِالرَّحْمٰنِ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ يَسْتَاْذِنُوْنَ فَقَالَ نَعَمْ فَاَدْخِلْهُمْ فَلَبِثَ قَلِيْلاً ثُمَّ جَآءَ فَقَالَ هَلْ لَّكَ فِيْ عَبَّاسٍ وَّعَلِيٍّ يَسْتَاْذِنَانِ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا دَخَلاَ قَالَ عَبَّاسٌ يَآاَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ فِي الَّذِيْ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِي النَّضِيْرِ فَاسْتَبَّ عَلِيٌّ وَعَبَّاسٌ فَقَالَ الرَّهْطُ يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ اقْضِ بَيْنَهُمَا

۱۲۰۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں مالک بن اوس بن حدثان نصری نے خبر دی کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں بلایا تھا (وہ ابھی امیر المؤمنین کی خدمت میں موجود تھے کہ) امیر المؤمنین کے حاجب یرفا آئے اور عرض کی کہ عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ، زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، اندر آنے کی اجازت چاہتے ہیں، کیا آپ کی طرف سے انہیں اجازت ہے؟ امیر المؤمنین نے فرمایا کہ ہاں'' انہیں اندر بلا لو۔ تھوڑی دیر بعد یرفا پھر آئے اور عرض کی، عباس رضی اللہ عنہ اور علی رضی اللہ عنہ بھی اجازت چاہتے ہیں، کیا انہیں اندر آنے کی اجازت ہے؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں (انہیں بھی اندر بلا لو) جب یہ دونوں حضرات اندر تشریف لائے تو عباس

وَارِحْ اَحَدَهُمَا مِنَ الْاٰخَرِ فَقَالَ عُمَرُ اتَّئِدُوْا وَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِىْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَانُوْرَثُ مَاتَرَكْنَا صَدَقَةٌ يُرِيْدُ بِذٰلِكَ نَفْسَهٗ قَالُوْا قَدْ قَالَ ذٰلِكَ فَاَقْبَلَ عُمَرُ عَلٰى عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ فَقَالَ اَنْشُدُكُمَا بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ ذٰلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ فَاِنِّىْ اُحَدِّثُكُمْ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ اِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ كَانَ خَصَّ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَّمْ يُعْطِهٖ اَحَدًا غَيْرَهٗ فَقَالَ جَلَّ ذِكْرُهٗ وَمَا اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَارِكَابٍ اِلٰى قَوْلِهٖ قَدِيْرٌ فَكَانَتْ هٰذِهٖ خَالِصَةً لِّرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَاللّٰهِ مَا احْتَازَهَا دُوْنَكُمْ وَلَا اسْتَاْثَرَهَا عَلَيْكُمْ لَقَدْ اَعْطَاكُمُوْهَا وَقَسَمَهَا فِيْكُمْ حَتّٰى بَقِىَ هٰذَا الْمَالُ مِنْهَا فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ ثُمَّ يَاْخُذُ مَابَقِىَ فَيَجْعَلُهٗ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ فَعَمِلَ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيَاتَهٗ ثُمَّ تُوُفِّىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍؓ فَاَنَا وَلِىُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَهٗ اَبُوْبَكْرٍ فَعَمِلَ فِيْهِ بِمَا عَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ فَاَقْبَلَ عَلٰى عَلِيٍّ وَعَبَّاسٍ وَّقَالَ تَذْكُرَانِ اَنَّ اَبَابَكْرٍ عَمِلَ فِيْهِ كَمَا تَقُوْلَانِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهٗ فِيْهِ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَّاشِدٌ تَابِعٌ لِّلْحَقِّ ثُمَّ تَوَفَّى اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ فَقُلْتُ اَنَا وَلِىُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِىْ بَكْرٍؓ فَقَبَضْتُهٗ سَنَتَيْنِ مِنْ اِمَارَتِىْ اَعْمَلُ فِيْهِ بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنِّىْ فِيْهِ صَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِّلْحَقِّ ثُمَّ جِئْتُمَانِىْ كِلَاكُمَا وَكَلِمَتُكُمَا

رضی اللہ عنہ نے کہا، امیر المومنین! میرا اور ان کا (علی رضی اللہ عنہ) فیصلہ کر دیجئے۔ ان دونوں حضرات کا اس جائداد کے بارے میں اختلاف تھا جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو مال بنونضیر سے فی کے طور پر دیا تھا۔ اس موقعہ پر علی اور عباس رضی اللہ عنہما نے ایک دوسرے پر تنقید کی تو حاضرین نے عرض کی کہ امیر المومنین! آپ دونوں حضرات کا فیصلہ کر دیجئے تاکہ دونوں حضرات کا کوئی جھگڑا باقی نہ رہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، جلدی نہ کیجئے، میں آپ لوگوں سے اس اللہ کے واسطہ سے پوچھتا ہوں جس کے حکم سے آسمان وزمین قائم ہیں، کیا آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا، ہم (انبیاء کی وراثت تقسیم نہیں ہوتی، جو کچھ ہم چھوڑ جائیں، وہ صدقہ ہوتا ہے، اور اس سے آنحضور ﷺ کی مراد خود اپنی ذات سے تھی، حاضرین نے کہا کہ جی ہاں، آنحضور ﷺ نے یہ فرمایا تھا۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ، عباس اور علی رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے کہا میں آپ حضرات سے بھی اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں، کیا آپ حضرات کو بھی معلوم ہے کہ آنحضور ﷺ نے یہ حدیث ارشاد فرمائی تھی؟ ان دونوں حضرات نے بھی جواب اثبات میں دیا۔ اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ پھر میں آپ حضرات سے اس معاملے پر گفتگو کرتا ہوں، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو اس فی میں سے (جو بنونضیر سے ملی تھی) ایک خصوصیت کے ساتھ عنایت کیا تھا جس میں آپ کے سوا اور کسی کی شرکت نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ کا اس کے متعلق ارشاد ہے کہ ''بنونضیر کے اموال سے جو اللہ نے اپنے رسول کو دیا ہے تو تم نے اس کے لئے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے (یعنی جنگ نہیں ہوئی تھی) اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''قدیر'' تک۔ تو یہ مال خاص رسول اللہ ﷺ کے لئے تھا، لیکن خدا گواہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے تمہیں نظر انداز کر کے اپنے لئے اسے مخصوص نہیں کیا تھا، نہ تم پر اپنی ذات کو ترجیح دی تھی، پہلے اس مال میں سے تمہیں دیا اور تم میں اس کی تقسیم کی اور آخر اس فی میں سے یہ جائیداد بچ گئی تھی۔ پس آپ اپنی ازواج کا سالانہ خرچ بھی اسی میں سے دیتے تھے، اور جو کچھ اس میں سے باقی بچتا تھا اسے آپ اللہ تعالیٰ کے مال کے مصارف میں خرچ کیا کرتے تھے، (یعنی رفاہ عام اور اجتماعی ضرورتوں میں) آنحضور ﷺ نے اپنی زندگی میں یہ جائیداد انہیں مصارف میں خرچ کی۔ پھر جب آپ کی وفات ہوگئی تو

وَاحِدَةٌ وَّاَمْرُكُمَا جَمِيْعٌ فَجِئْتَنِيْ يَعْنِيْ عَبَّاسًا فَقُلْتُ
لَكُمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ فَلَمَّا بَدَا لِيْ اَنْ اَدْفَعَهُ
اِلَيْكُمَا قُلْتُ اِنْ شِئْتُمَا دَفَعْتُهٗ اِلَيْكُمَا عَلٰى اَنَّ
عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللّٰهِ وَمِيْثَاقَهٗ لَتَعْمَلَانِ فِيْهِ بِمَا عَمِلَ
فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍؓ
وَّعَمِلْتُ فِيْهِ مُذْ وُلِّيْتُ وَّاِلَّا فَلَا تُكَلِّمَانِيْ فَقُلْتُمَا
ادْفَعْهُ اِلَيْنَا بِذٰلِكَ فَدَفَعْتُهٗ اِلَيْكُمَا اَفَتَلْتَمِسَانِ
مِنِّيْ قَضَآءً غَيْرَ ذٰلِكَ فَوَاللّٰهِ الَّذِيْ بِاِذْنِهٖ تَقُوْمُ
السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ لَا اَقْضِيْ فِيْهِ بِقَضَآءٍ غَيْرَ ذٰلِكَ
حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ فَاِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهُ فَادْفَعَا اِلَيَّ فَاَنَا
اَكْفِيْكُمَاهُ قَالَ فَحَدَّثْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عُرْوَةَ بْنَ
الزُّبَيْرِ فَقَالَ صَدَقَ مَالِكُ بْنُ اَوْسٍ اَنَا سَمِعْتُ
عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُوْلُ
اَرْسَلَ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ
اِلٰى اَبِيْ بَكْرٍ يَسْاَلْنَهٗ ثُمُنَهُنَّ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى
رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ اَنَا اَرُدُّهُنَّ
فَقُلْتُ لَهُنَّ اَلَا تَتَّقِيْنَ اللّٰهَ اَلَمْ تَعْلَمْنَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ
يُرِيْدُ بِذٰلِكَ نَفْسَهٗ اِنَّمَا يَاْكُلُ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَالِ فَانْتَهٰى اَزْوَاجُ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَا اَخْبَرَتْهُنَّ قَالَ فَكَانَتْ
هٰذِهِ الصَّدَقَةُ بِيَدِ عَلِيٍّ مَنَعَهَا عَلِيٌّ عَبَّاسًا فَغَلَبَهٗ
عَلَيْهَا ثُمَّ كَانَ بِيَدِ حَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ثُمَّ بِيَدِ حُسَيْنِ بْنِ
عَلِيٍّ ثُمَّ بِيَدِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ وَحَسَنِ بْنِ حَسَنٍ
كِلَاهُمَا كَانَا يَتَدَاوَلَانِهَا ثُمَّ بِيَدِ زَيْدِ ابْنِ حَسَنٍ
وَهِيَ صَدَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے آنحضور ﷺ کا جانشین بنایا گیا ہے، اس لئے آپ نے اسے اپنے قبضہ میں لے لیا اور اسے انہیں مصارف میں خرچ کرتے رہے جس میں آنحضور ﷺ خرچ کرتے تھے اور آپ حضرات یہیں موجود تھے۔ اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ، علی اور عباس رضی اللہ عنہما کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا، آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی وہی طرز عمل اختیار کیا، جیسا کہ آپ لوگوں کو بھی اس کا اعتراف ہے اور اللہ گواہ ہے کہ وہ اپنے اس طرز عمل میں سچے، مخلص صحیح راستے پر اور حق کی پیروی کرنے والے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بھی اٹھالیا، اس لئے میں نے کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کا جانشین بنایا گیا ہے۔ چنانچہ میں اس جائداد پر اپنی امارت کے دو سالوں سے قابض ہوں اور اسے انہیں مصارف میں صرف کرتا ہوں جس میں آنحضور ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا اور اللہ جانتا ہے کہ میں بھی اپنے طرز عمل میں سچا، مخلص، صحیح راستے پر اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں، پھر آپ دونوں حضرات میرے پاس آئے، آپ دونوں ایک ہی ہیں اور آپ کا معاملہ بھی ایک ہے۔ پھر آپ میرے پاس آئے، آپ کی مراد عباس رضی اللہ عنہ سے تھی، تو میں نے آپ دونوں کے سامنے یہ بات صاف کر دی تھی کہ رسول اللہ ﷺ فرما گئے تھے کہ ''ہماری وراثت تقسیم نہیں ہوتی، ہم جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے۔'' پھر جب میرے سامنے یہ بات آئی کہ وہ جائداد میں آپ دونوں حضرات کو دے دوں۔ (تاکہ آپ اس کا انتظام کریں اور ان مصارف میں خرچ کریں جس میں وہ خرچ ہوتی آئی ہے، ملکیت کے طور پر نہیں) تو میں نے آپ سے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو میں یہ جائداد آپ کو دے سکتا ہوں، لیکن شرط یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عہد و میثاق کی تمام ذمہ داریوں کو آپ پورا کریں، آپ لوگوں کو بخوبی معلوم ہے کہ آنحضور ﷺ اور ابوبکر صدیقؓ نے اور خود میں نے جب سے میں والی بنا ہوں، اس جائداد کے معاملہ میں کس طرز عمل کو اختیار کیا ہے۔ اگر یہ شرط منظور نہ ہو تو پھر مجھ سے اس کے بارے میں آپ لوگ گفتگو نہ کریں۔ آپ لوگوں نے اس پر کہا کہ ٹھیک ہے۔ آپ اسی شرط پر وہ جائداد ہمارے حوالے کر دیں۔ چنانچہ میں نے اسے آپ لوگوں کے حوالے کر دیا، کیا آپ حضرات اس کے سوا کوئی اور فیصلہ اس سلسلے میں مجھ سے کروانا چاہتے ہیں؟ اس اللہ کی قسم

جس کے حکم سے آسمان وزمین قائم ہیں، قیامت تک میں اس کے سوا اور کوئی فیصلہ نہیں کرسکتا۔ اگر آپ لوگ (شرط کے مطابق اس کے انتظام و انصرام سے) عاجز ہیں تو وہ جائداد مجھے واپس کر دیجئے میں خود اس کے انتظامات کرلوں گا۔ زہری نے بیان کیا کہ پھر میں نے اس حدیث کا تذکرہ عروہ بن زبیر سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ مالک بن اوس نے یہ روایت تم سے صحیح بیان کی ہے۔ میں نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا ہے، آپ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کی ازواج نے عثمان رضی اللہ عنہ کو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا (جب وہ خلیفہ ہوئے) اور ان سے مطالبہ کیا، کہ اللہ تعالیٰ نے جوفئی اپنے رسول ﷺ کو دی تھی اس میں سے ان کے حصے ملنے چاہئیں۔ لیکن میں نے انہیں روکا اور ان سے کہا، تم خدا سے نہیں ڈرتیں، کیا آنحضور ﷺ نے خود نہیں فرمایا تھا کہ ہماری میراث نہیں تقسیم ہوتی ہم جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہوتا ہے، آنحضور ﷺ کا اشارہ اس ارشاد میں خود اپنی ذات کی طرف تھا، البتہ آل محمد (ﷺ) کو اس جائیداد میں سے (سابق کی طرح ان کی ضروریات کے لئے) ملتا رہے گا۔ جب میں نے ازواج مطہرات کو حدیث سنائی تو انہوں نے بھی اپنی رائے بدل دی۔ عروہ نے بیان کیا کہ یہی وہ صدقہ ہے جس کا انتظام پہلے علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا۔ علی رضی اللہ عنہ نے عباس رضی اللہ عنہ کو اس کے انتظام میں شریک نہیں کیا تھا، بلکہ خود اس کا انتظام کرتے تھے (اور جس طرح آنحضور ﷺ، ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہ نے اسے خرچ کیا تھا، اسی طرح انہیں مصارف میں آپ بھی خرچ کرتے تھے) اس کے بعد وہ صدقہ حسن بن علی رضی اللہ عنہ کے انتظام میں آ گیا تھا، پھر حسین بن علی رضی اللہ عنہ کے انتظام میں رہا۔ پھر جناب علی بن حسین اور حسن بن حسن کے انتظام میں رہا۔ یہ دونوں حضرات اس کا انتظام و انصرام نوبت بنوبت کرتے رہے۔ اور آخر میں یہ صدقہ جناب زید بن حسن کے انتظام میں آ گیا تھا۔ اور یہ حق ہے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا صدقہ تھا۔ ❶

---

❶ یہ حدیث اس سے پہلے بھی گذر چکی ہے۔ اور پہلے بھی نوٹ میں اس کی وضاحت کردی گئی تھی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا جو کچھ بھی فدک کی اس جائداد کے بارے میں اختلاف تھا وہ صرف اس بات کا تھا کہ اس کی نگرانی کون کرے اور اس صدقہ کا متولی کون ہو۔ حدیث سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ اگر پہلے کچھ غلط فہمی رہی بھی ہوگی تو وہ آنحضور ﷺ کی اس حدیث کے سب حضرات کو معلوم ہو جانے کے بعد کہ انبیاء کی میراث تقسیم نہیں ہوتی دور ہوگئی تھی۔ فقہ حنفی میں یہ جزئیہ ملتا ہے کہ جب تک خیانت ظاہر نہ ہو، بہتر یہی ہے کہ وقف کے متولی واقف ہی کی اولاد میں سے ہوں۔

(۱۲۰۷) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ رضی اللہ عنھا وَالْعَبَّاسَ اَتَیَا اَبَابَکْرٍ یَلْتَمِسَانِ مِیْرَاثَهُمَا اَرْضَه، مِنْ فَدَکٍ وَسَهْمَه، مِنْ خَیْبَرَ فَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَانُوْرَثُ مَاتَرَکْنَا صَدَقَةٌ اِنَّمَا یَاکُلُ اٰلُ مُحَمَّدٍ فِیْ هٰذَا الْمَالِ وَاللّٰهِ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِیْ

۱۲۰۷۔ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں عروہ نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور عباس رضی اللہ عنہ، ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور آنحضور ﷺ کی زمین جو فدک میں تھی اور جو خیبر میں آپ کو حصہ ملتا تھا۔ اس میں سے اپنی میراث کا مطالبہ کیا۔ اس پر ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے خود آنخضرت ﷺ سے سنا ہے، آپ نے فرمایا تھا کہ ہماری وراثت تقسیم نہیں ہوتی، جو کچھ ہم چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے۔ البتہ آل محمد (ﷺ) کو اس جائداد میں سے حصہ ضرور ملتا رہے گا (حسب سابق) اور خدا گواہ ہے، رسول اللہ ﷺ کے عزیزوں کے ساتھ عمدہ معاملہ، خود اپنے عزیزوں کے ساتھ حسن معاملت سے مجھے زیادہ عزیز ہے۔

باب ۴۸۲. قَتْلِ کَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ

۴۸۲۔کعب بن اشرف کا قتل۔

(۱۲۰۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لِکَعْبِ ابْنِ الْاَشْرَفِ فَاِنَّه، قَدْ اٰذَی اللّٰهَ وَرَسُوْلَه، فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُحِبُّ اَنْ اَقْتُلَه، فَقَالَ نَعَمْ قَالَ فَاْذَنْ لِیْ اَنْ اَقُوْلَ شَیْئًا قَالَ قُلْ فَاَتَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَاَلَنَا صَدَقَةً وَّاِنَّه، قَدْ عَنَّانَا وَاِنِّیْ قَدْ اَتَیْتُکَ اَسْتَسْلِفُکَ قَالَ وَاَیْضًا وَّاللّٰهِ لَتَمَلُّنَّه، قَالَ اِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ فَلاَ نُحِبُّ اَنْ نَّدَعَه، حَتّٰی نَنْظُرَ اِلٰی اَیِّ شَیْءٍ یَّصِیْرُ شَاْنُه، وَقَدْ اَرَدْنَا اَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا اَوْ وَسْقَیْنِ حَدَّثَنَا عَمْرٌو غَیْرَ مَرَّةٍ فَلَمْ یَذْکُرْ وَسْقًا اَوْوَسْقَیْنِ فَقُلْتُ لَه، فِیْهِ وَسْقًا اَوْوَسْقَیْنِ فَقَالَ اَرٰی فِیْهِ وَسْقًا اَوْ وَسْقَیْنِ فَقَالَ نَعَمْ ارْهَنُوْنِیْ قَالُوْا اَیَّ شَیْءٍ تُرِیْدُ قَالَ ارْهَنُوْنِیْ نِسَاءَ کُمْ قَالُوْا کَیْفَ نَرْهَنُکَ نِسَآءَ نَا وَاَنْتَ اَجْمَلُ الْعَرَبِ قَالَ فَارْهَنُوْنِیْ اَبْنَاءَ کُمْ قَالُوْا کَیْفَ نَرْهَنُکَ اَبْنَآءَ نَا فَیُسَبُّ اَحَدُهُمْ فَیُقَالُ رُهِنَ بِوَسْقٍ اَوْوَسْقَیْنِ هٰذَا عَارٌ عَلَیْنَا وَلٰکِنَّا نَرْهَنُکَ

۱۲۰۸۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، کعب بن اشرف کا کام کون تمام کر آئے گا۔ وہ اللہ اور اس کے رسول کو بہت اذیتیں دے چکا۔ اس پر محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! کیا آپ پسند فرمائیں گے کہ میں اسے قتل کر آؤں؟ آنحضور ﷺ نے اثبات میں جواب دیا، انہوں نے عرض کی، پھر آنحضور ﷺ مجھے اجازت عنایت فرمائیں کہ میں اس سے کچھ باتیں کہوں (جس سے پہلے اسے مطمئن اور خوش کرلوں، اگرچہ وہ باتیں خلاف واقعہ ہی کیوں نہ ہوں) آنحضور ﷺ نے انہیں اجازت دے دی۔ اب محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ، کعب بن اشرف کے پاس آئے اور اس سے کہا، یہ شخص (اشارہ حضور اکرم ﷺ کی ذات مبارک کی طرف تھا) ہم سے صدقہ مانگتا رہتا ہے اور اس نے ہمیں تھکا مارا ہے۔ (اب ہمارے پاس کچھ باقی نہیں رہا ہے) اس لئے میں تم سے قرض لینے آیا ہوں۔ اس پر کعب نے کہا، ابھی آگے دیکھنا، خدا کی قسم، بالکل اکتا جاؤ گے! محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا، چونکہ ہم نے بھی اب ان کی اتباع کرلی ہے اس لئے جب تک یہ نہ کھل جائے کہ ان کا اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے، انہیں چھوڑ نا بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ میں تم سے ایک وسق

اللَّأْمَةَ قَالَ سُفْيٰنُ يَعْنِي السِّلَاحَ فَوَاعَدَهُ اَنْ يَاتِيَهُ فَجَاءَهُ لَيْلًا وَّمَعَهُ اَبُوْنَائِلَةَ وَهُوَ اَخُو كَعْبٍ مِّنَ الرَّضَاعَةِ فَدَعَاهُمْ اِلَى الْحِصْنِ فَنَزَلَ اِلَيْهِمْ فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ اَيْنَ تَخْرُجُ هٰذِهِ السَّاعَةَ فَقَالَ اِنَّمَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَاَخِيْ اَبُوْنَائِلَةَ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو قَالَتْ اَسْمَعُ صَوْتًا كَاَنَّهُ يَقْطُرُ مِنْهُ الدَّمُ قَالَ اِنَّمَا هُوَ اَخِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَضِيْعِيْ اَبُوْنَائِلَةَ اِنَّ الْكَرِيْمَ لَوْدُعِيَ اِلٰى طَعْنَةٍ بِلَيْلٍ لَّاَجَابَ قَالَ وَيُدْخِلُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ مَعَهُ رَجُلَيْنِ قِيْلَ لِسُفْيٰنَ سَمَّاهُمْ عَمْرٌو قَالَ سَمّٰى بَعْضَهُمْ قَالَ عَمْرٌو وَجَآءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو وَاَبُوْ عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ وَالْحٰرِثُ بْنُ اَوْسٍ وَّعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ عَمْرٌو جَآءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ فَقَالَ اِذَا مَاجَآءَ فَاِنِّيْ قَائِلٌ بِشَعْرِهٖ فَاَشُمُّهُ فَاِذَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اسْتَمْكَنْتُ مِنْ رَّاْسِهٖ فَدُوْنَكُمْ فَاضْرِبُوْهُ وَقَالَ مَرَّةً ثُمَّ اُشِمُّكُمْ فَنَزَلَ اِلَيْهِمْ مُتَوَشِّحًا وَهُوَ يَنْفَحُ مِنْهُ رِيْحُ الطِّيْبِ فَقَالَ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ رِيْحًا اَيْ اَطْيَبَ وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو قَالَ عِنْدِيْ اَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ وَاَكْمَلُ الْعَرَبِ قَالَ عَمْرٌو فَقَالَ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَشُمَّ رَاْسَكَ قَالَ نَعَمْ فَشَمَّهُ ثُمَّ اَشَمَّ اَصْحَابَهُ ثُمَّ قَالَ اَتَاْذَنُ لِيْ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا اسْتَمْكَنَ مِنْهُ قَالَ دُوْنَكُمْ فَقَتَلُوْهُ ثُمَّ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرُوْهُ

یا (راوی نے بیان کیا کہ) دو (۲) وسق قرض لینے آیا ہوں۔ اور ہم سے عمرو بن دینار نے یہ حدیث کئی مرتبہ بیان کی، لیکن ایک وسق یا دو (۲) وسق کا کوئی تذکرہ نہیں کیا۔ میں نے ان سے کہا کہ حدیث میں ایک وسق یا دو وسق کا تذکرہ آیا ہے۔ کعب بن اشرف نے کہا، ہاں، (میں قرض دینے کے لئے تیار ہوں، لیکن) میرے پاس کچھ رہن رکھ دو، انہوں نے پوچھا، رہن میں تم کیا چاہتے ہو؟ اس نے کہا، اپنی عورتوں کو رہن رکھ دو، انہوں نے کہا کہ تم عرب کے خوبصورت ترین فرد ہو، ہم تمہارے پاس اپنی عورتیں کس طرح گروی رکھ سکتے ہیں، اس نے کہا، پھر اپنے بچوں کو گروی رکھ دو، انہوں نے کہا، ہم بچوں کو کس طرح گروی رکھ دیں۔ کل انہیں اسی پر گالیاں دی جائیں گی کہ ایک یا دو وسق پر اسے رہن رکھ دیا گیا تھا، یہ تو بڑی بے غیرتی ہے۔ البتہ ہم تمہارے پاس 'لامۃ' رہن رکھ سکتے ہیں۔ سفیان نے بیان کیا کہ مراد اس سے ہتھیار تھے۔ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس سے دوبارہ ملنے کا وعدہ کیا اور رات کے وقت اس کے یہاں آئے، آپ کے ساتھ ابونائلہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ آپ کعب بن اشرف کے رضاعی بھائی تھے۔ پھر اس کے قلعہ کے پاس جا کر انہوں نے اسے آواز دی۔ وہ باہر آنے لگا تو اس کی بیوی نے کہا۔ کہ اس وقت (اتنی رات گئے) کہاں باہر جا رہے ہو؟ اس نے کہا، وہ تو محمد بن مسلمہ اور میرا بھائی ابونائلہ ہیں۔ عمرو کے سوا (دوسرے راوی) نے بیان کیا کہ اس کی بیوی نے اس سے کہا تھا کہ مجھے تو یہ آواز ایسی لگتی ہے۔ جیسے اس سے خون ٹپک رہا ہو۔ کعب نے جواب دیا کہ میرے بھائی محمد بن مسلمہ اور میرے رضاعی بھائی ابونائلہ ہیں۔ شریف کو اگر رات میں بھی نیزہ بازی کے لئے بلایا جاتا ہے، تو وہ نکل پڑتا ہے۔ بیان کیا کہ جب محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ اندر گئے تو آپ کے ساتھ دو آدمی اور تھے۔ سفیان سے پوچھا گیا کہ کیا عمرو بن دینار نے ان کے نام بھی لئے تھے؟ انہوں نے بتایا کہ بعض کا نام لیا تھا۔ عمرو نے بیان کیا کہ وہ آئے تو ان کے ساتھ دو آدمی اور تھے۔ اور عمرو بن دینار کے سوا (راوی نے) ابوعبس بن جبر، حارث بن اوس اور عباد بن بشر نام بتائے تھے، عمرو نے بیان کیا کہ وہ اپنے ساتھ دو آدمیوں کو لائے تھے اور انہیں یہ ہدایت کی تھی کہ جب کعب آئے گا تو میں اس کے بال (سر کے) اپنے ہاتھ میں لے لوں گا اور اسے سونگھنے لگوں گا۔ جب تمہیں اندازہ ہو جائے کہ میں نے اس کا سر پوری طرح اپنے قبضہ

میں لے لیا ہے تو پھر تیار ہو جانا اور اسے قتل کر ڈالنا۔ عمرو نے ایک مرتبہ یوں بیان کیا کہ پھر اس کا سر سونگھوں گا۔ آخر کعب چادر لپیٹے ہوئے باہر آیا۔ اس کے جسم سے خوشبو پھوٹی پڑتی تھی۔ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، آج سے زیادہ عمدہ خوشبو میں نے کبھی نہیں سونگھی تھی۔ عمرو کے سوا (دوسرے راوی) نے بیان کیا کہ کعب اس پر بولا، میرے پاس عرب کی وہ عورت ہے جو ہر وقت عطر میں بسی رہتی ہے اور حسن و جمال میں بھی اس کی کوئی نظیر نہیں۔ عمرو نے بیان کیا کہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا، کیا تمہارے سر سونگھنے کی مجھے اجازت ہے؟ اس نے کہا، سونگھ سکتے ہو۔ بیان کیا کہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس کا سر سونگھا اور آپ کے بعد آپ کے ساتھیوں نے بھی سونگھا۔ پھر آپ نے کہا، کیا دوبارہ سونگھنے کی اجازت ہے؟ اس نے اس مرتبہ بھی اجازت دے دی، پھر جب محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اسے پوری طرح اپنے قابو میں لے لیا تو اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تیار ہو جاؤ، چنانچہ انہوں نے اسے قتل کر دیا اور آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کی اطلاع دی۔ (حدیث پہلے گذر چکی ہے۔)

باب ۴۸۳. قَتْلِ اَبِیْ رَافِعٍ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِی الْحُقَيْقِ وَيُقَالُ سَلَامُ ابْنُ اَبِی الْحُقَيْقِ كَانَ بِخَيْبَرَ وَيُقَالُ فِیْ حِصْنٍ لَّهٗ بِاَرْضِ الْحِجَازِ وَقَالَ الزُّهْرِیُّ هُوَ بَعْدَ كَعْبِ بْنِ الْاَشْرَفِ

۴۸۳۔ ابو رافع عبداللہ بن ابی حقیق کا قتل۔ اس کا نام سلام بن ابی حقیق بتایا گیا ہے۔ وہ خیبر میں رہتا تھا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ سرزمین حجاز میں اپنے ایک قلعہ میں رہتا تھا۔ زہری نے بیان کیا کہ اس کا قتل کعب بن اشرف کے بعد ہوا تھا۔

(۱۲۰۹) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ ابْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا اِلٰى اَبِیْ رَافِعٍ فَدَخَلَ عَلَيْهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيْكٍ بَيْتَهٗ لَيْلًا وَّهُوَ نَائِمٌ فَقَتَلَهٗ

۱۲۰۹۔ مجھ سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے ان سے ابو اسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے چند صحابہ کو ابو رافع (یہودی کے قتل) کے لئے بھیجا اور رات کے وقت اسکے گھر میں عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے داخل ہو کر اسے قتل کر ڈالا، اس وقت وہ سو رہا تھا۔

(۱۲۱۰) حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِیْ رَافِعٍ نِ الْيَهُوْدِیِّ رِجَالًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَتِيْكٍ وَّكَانَ اَبُوْرَافِعٍ

۱۲۱۰۔ ہم سے یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابو اسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ابو رافع یہودی (کے قتل) کے لئے چند انصاری صحابہ کو بھیجا اور عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کو ان کا امیر بنایا، ابو رافع، حضور اکرم ﷺ کی

يُؤْذِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُعِيْنُ عَلَيْهِ وكَانَ فِىْ حِصْنٍ لَّه بِاَرْضِ الْحِجَازِ فَلَمَّا دَنَوْا مِنْهُ وَقَدْ غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَرَاحَ النَّاسُ بِسَرْحِهِمْ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ لِاَصْحَابِه اِجْلِسُوْا مَكَانَكُمْ فَاِنِّىْ مُنْطَلِقٌ وَّمُتَلَطِّفٌ لِّلْبَوَّابِ لَعَلِّىْ اَنْ اَدْخُلَ فَاَقْبَلَ حَتّٰى دَنَا مِنَ الْبَابِ ثُمَّ تَقَنَّعَ بِثَوْبِه كَاَنَّه يَقْضِىْ حَاجَةً وَّقَدْ دَخَلَ النَّاسُ فَهَتَفَ بِهِ الْبَوَّابُ يَاعَبْدَاللّٰهِ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تَدْخُلَ فَادْخُلْ فَاِنِّىْ اُرِيْدُ اَنْ اُغْلِقَ الْبَابَ فَدَخَلْتُ فَكَمَنْتُ فَلَمَّا دَخَلَ النَّاسُ اَغْلَقَ الْبَابَ ثُمَّ عَلَّقَ الْاَ غَالِيْقَ عَلٰى وَتَدٍ قَالَ فَقُمْتُ اِلَى الْاَقَالِيْدِ فَاَخَذْتُهَا فَفَتَحْتُ الْبَابَ وَكَانَ اَبُوْرَافِعٍ يُّسْمَرُ عِنْدَه وَكَانَ فِىْ عَلَالِىَّ لَه فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْهُ اَهْلُ سَمَرِه صَعِدْتُّ اِلَيْهِ فَجَعَلْتُ كُلَّمَا فَتَحْتُ بَابًا اَغْلَقْتُ عَلَىَّ مِنْ دَاخِلٍ قُلْتُ اِنِ الْقَوْمُ لَوْ نَذِرُوْابِىْ لَمْ يَخْلُصُوْا اِلَىَّ حَتّٰى اَقْتُلَه فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ فَاِذَاهُوَ فِىْ بَيْتٍ مُّظْلِمٍ وَّسْطَ عِيَالِه لَااَدْرِىْ اَيْنَ هُوَ مِنَ الْبَيْتِ فَقُلْتُ يَااَبَارَافِعٍ قَالَ مَنْ هٰذَا فَاَهْوَيْتُ نَحْوَ الصَّوْتِ فَاَضْرِبُه ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ وَاَنَادَهِشٌ فَمَآ اَغْنَيْتُ شَيْئًا فَصَاحَ فَخَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ فَاَمْكُثُ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ دَخَلْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ مَا هٰذَا الصَّوْتُ يَآاَبَارَافِعٍ فَقَالَ لِاُمِّكَ الْوَيْلُ اِنَّ رَجُلًا فِى الْبَيْتِ ضَرَبَنِىْ قَبْلُ بِالسَّيْفِ قَالَ فَاَضْرِبُه ضَرْبَةً اَثْخَنَتْهُ وَلَمْ اَقْتُلْهُ ثُمَّ وَضَعْتُ ظُبَةَ السَّيْفِ فِىْ بَطْنِه حَتّٰى اَخَذَ فِىْ ظَهْرِه فَعَرَفْتُ اَنِّىْ قَتَلْتُه فَجَعَلْتُ اَفْتَحُ الْاَبْوَابَ بَابًا بَابًا حَتّٰى انْتَهَيْتُ اِلٰى دَرَجَةٍ لَّه فَوَضَعْتُ رِجْلِىْ وَاَنَااَرٰى اَنِّىْ قَدِ انْتَهَيْتُ اِلَى الْاَرْضِ فَوَقَعْتُ فِىْ لَيْلَةٍ مُّقْمِرَةٍ فَانْكَسَرَتْ سَاقِىْ فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ عَلَى الْبَابِ فَقُلْتُ لَااَخْرُجُ اللَّيْلَةَ حَتّٰى اَعْلَمَ اَقَتَلْتُه فَلَمَّا صَاحَ الدِّيْكُ قَامَ النَّاعِىْ عَلَى السُّوْرِ فَقَالَ اَنْعٰى

ایذاء کے درپے رہا کرتا تھا۔ اور آپ کے خلاف (آپ کے دشمنوں کی) مدد کیا کرتا تھا۔ سرزمین حجاز میں اس کا ایک قلعہ تھا اور وہیں وہ رہا کرتا تھا۔ جب اس کے قلعہ کے قریب یہ حضرات پہنچے تو سورج غروب ہو چکا تھا اور لوگ اپنے مویشی لے کر واپس آ چکے تھے (اپنے گھروں کو) عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ آپ لوگ یہیں رہیں، میں (اس کے قلعہ پر) جا رہا ہوں۔ ممکن ہے دربان پر کوئی تدبیر کارگر ہو جائے اور میں اندر جانے میں کامیاب ہو جاؤں۔ چنانچہ آپ (قلعہ کے پاس) آئے اور دروازے سے قریب پہنچ کر آپ نے خود کو اپنے کپڑوں میں اس طرح چھپا لیا۔ جیسے کوئی قضاء حاجت کر رہا ہو۔ قلعہ کے تمام افراد اندر داخل ہو چکے تھے۔ دربان نے انہیں بھی قلعہ کا آدمی سمجھ کر) آواز دی، خدا کے بندے! اگر اندر آنا ہے تو جلدی آ جاؤ، میں اب دروازہ بند کر دوں گا۔ (عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا) چنانچہ میں بھی اندر چلا گیا اور چھپ کر اس کی نقل و حرکت کو دیکھنے لگا۔ جب سب لوگ اندر آ گئے تو اس نے دروازہ بند کیا اور کنجیوں کا گچھا ایک کھونٹی پر ٹانگ دیا۔ انہوں نے بیان کیا کہ اب میں ان کنجیوں کی طرف بڑھا اور انہیں اپنے قبضہ میں کر لیا۔ پھر میں نے دروازہ کھول لیا۔ ابورافع کے پاس اس وقت کہانیاں اور داستانیں بیان کی جا رہی تھیں۔ وہ اپنے خاص بالاخانے میں تھا۔ جب داستان گو اس کے یہاں سے اٹھ کر چلے گئے تو میں اس کے کمرے کی طرف چڑھنے لگا، اس عرصہ میں، میں جتنے دروازے (اس تک پہنچنے کے لئے) کھولتا تھا۔ انہیں اندر سے بند کر دیا کرتا تھا۔ اس سے میرا مقصد یہ تھا کہ اگر قلعہ والوں کو میرے متعلق معلوم بھی ہو جائے تو اس وقت تک یہ لوگ میرے پاس نہ پہنچ سکیں جب تک میں اسے قتل نہ کر لوں۔ آخر میں اس کے قریب پہنچ گیا۔ اس وقت وہ ایک تاریک کمرے میں اپنے اہل و عیال کے ساتھ (سو رہا) تھا، مجھے کچھ اندازہ نہیں ہو سکا کہ وہ کہاں ہے اس لئے میں نے آواز دی، یا ابارافع! وہ بولا، کون ہے؟ اب میں نے آواز کی طرف بڑھ کر تلوار کی ایک ضرب لگائی، اس وقت میں بہت گھبرایا ہوا تھا اور یہی وجہ ہوئی کہ میں اس کا کام تمام نہیں کر سکا۔ وہ چیخا تو میں کمرے سے باہر نکل آیا اور تھوڑی دیر تک باہر ہی ٹھہرا رہا۔ پھر دوبارہ اندر گیا اور میں نے پوچھا۔ ابورافع! یہ آواز کیسی تھی؟ وہ بولا، تیری ماں پر تباہی آئے۔ ابھی ابھی مجھ پر کسی نے تلوار سے

اَبَا رَافِعٍ تاجِرَ اَهْلِ الْحِجَازِ فَانْطَلَقْتُ اِلٰى اَصْحَابِىْ فَقُلْتُ النَّجَآءَ فَقَدْ قَتَلَ اللّٰهُ اَبَا رَافِعٍ فَانْتَهَيْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ اُبْسُطْ رِجْلَكَ فَبَسَطْتُ رِجْلِىْ فَمَسَحَهَا فَكَاَنَّمَا لَمْ اَشْتَكِهَا قَطُّ

حملہ کیا تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر (آواز کی طرف بڑھ کر) میں نے تلوار کی ایک ضرب لگائی، انہوں نے بیان کیا کہ اگر چہ میں اسے زخمی تو بہت کر چکا تھا لیکن وہ ابھی مرا نہیں تھا۔ اس لئے میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر دبائی جو اس کی پیٹھ تک پہنچ گئی۔ مجھے اب یقین ہو گیا تھا کہ میں اسے قتل کر چکا ہوں۔ چنانچہ میں نے دروازے ایک ایک کر کے کھولنے شروع کئے، آخر میں ایک زینے پر پہنچا۔ میں یہ سمجھا کہ زمین کی سطح تک میں پہنچ چکا ہوں (لیکن ابھی میں اوپر ہی تھا) اس لئے میں نے اس پر پاؤں رکھ دیا اور نیچے گر پڑا، چاندنی رات تھی، اس طرح گر پڑنے سے میری پنڈلی ٹوٹ گئی، میں نے اسے اپنے عمامہ سے باندھ لیا۔ اور آ کر دروازے پر بیٹھ گیا۔ میں نے یہ ارادہ کر لیا تھا کہ یہاں سے اس وقت تک نہیں جاؤں گا جب تک یہ نہ معلوم ہو جائے کہ آیا میں اسے قتل کر چکا ہوں یا نہیں۔ جب (سحر کے وقت) مرغ نے بانگ دی تو اسی وقت قلعہ کی فصیل پر ایک پکارنے والے نے کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ اہل حجاز کے تاجر ابو رافع کی موت ہو گئی ہے۔ میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ اب جلدی کرو، اللہ تعالیٰ نے ابو رافع کو قتل کروا دیا ہے چنانچہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس کی اطلاع دی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنا پاؤں پھیلاؤ، میں نے پاؤں پھیلایا تو آنحضور ﷺ نے اس پر دست مبارک پھیرا۔ اور اس کی برکت سے پاؤں اتنا اچھا ہو گیا جیسے کبھی اس میں چوٹ آئی ہی نہیں تھی۔

(۱۲۱۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا شُرَيْحٌ هُوَابْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِىْ رَافِعٍ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَتِيْكٍ وَّعَبْدَاللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ فِىْ نَاسٍ مَعَهُمْ فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى دَنَوْا مِنَ الْحِصْنِ فَقَالَ لَهُمْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَتِيْكٍ امْكُثُوْا اَنْتُمْ حَتّٰى اَنْطَلِقَ اَنَا فَاَنْظُرَ قَالَ فَتَلَطَّفْتُ اَنْ اَدْخُلَ الْحِصْنَ فَفَقَدُوْا حِمَارًا لَهُمْ قَالَ فَخَرَجُوْا بِقَبَسٍ يَطْلُبُوْنَه، قَالَ فَخَشِيْتُ اَنْ اُعْرَفَ قَالَ فَغَطَّيْتُ رَاْسِىْ كَاَنِّىْ

۱۲۱۱۔ ہم سے احمد بن عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے شریح نے حدیث بیان کی، آپ مسلمہ کے صاحبزادے ہیں۔ ان سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے عبداللہ بن عتیک اور عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہما کو چند صحابہؓ کے ساتھ ابو رافع (کے قتل) کے لئے بھیجا۔ یہ حضرات روانہ ہوئے۔ جب اسکے قلعہ کے قریب پہنچے تو عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ آپ لوگ یہیں ٹھہر جائیں، پہلے میں جاتا ہوں، دیکھوں کیا صورت حال ہے۔ عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (قلعہ کے قریب پہنچ کر) میں اندر جانے کے لئے تدابیر

اَقْضِیْ حَاجَةً ثُمَّ نَادٰی صَاحِبُ الْبَابِ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَدْخُلَ فِیْهِ فَلْیَدْخُلْ قَبْلَ اَنْ اُغْلِقَه' فَدَخَلْتُ ثُمَّ اخْتَبَاْتُ فِیْ مَرْبِطِ حِمَارٍ عِنْدَ بَابِ الْحِصْنِ فَتَعَشَّوْا عِنْدَ اَبِیْ رَافِعٍ وَّتَحَدَّثُوْا حَتّٰی ذَهَبَتْ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّیْلِ ثُمَّ رَجَعُوْآ اِلٰی بُیُوْتِهِمْ فَلَمَّا هَدَاَتِ الْاَصْوَاتُ وَلاَ اَسْمَعُ حَرَکَةً خَرَجْتُ قَالَ وَرَاَیْتُ صَاحِبَ الْبَابِ حَیْثُ وَضَعَ مِفْتَاحَ الْحِصْنِ فِیْ کُوَّةٍ فَاَخَذْتُه' فَفَتَحْتُ بِه بَابَ الْحِصْنِ قَالَ قُلْتُ اِنْ نَّذِرَ بِیَ الْقَوْمُ انْطَلَقْتُ عَلٰی مَهَلٍ ثُمَّ عَمَدْتُ اِلٰی اَبْوَابِ بُیُوْتِهِمْ فَغَلَّقْتُهَا عَلَیْهِمْ مِنْ ظَاهِرٍ ثُمَّ صَعِدْتُ اِلٰی اَبِیْ رَافِعٍ فِیْ سُلَّمٍ فَاِذَا الْبَیْتُ مُظْلِمٌ قَدْ طَفِئَ سِرَاجُه' فَلَمْ اَدْرِ اَیْنَ الرَّجُلُ فَقُلْتُ یَآاَبَارَافِعٍ قَالَ مَنْ هٰذَا قَالَ فَعَمَدْتُ نَحْوَالصَّوْتِ فَاَضْرِبُه' وَصَاحَ فَلَمْ تُغْنِ شَیْئًا قَالَ ثُمَّ جِئْتُ کَاَنِّیْ اُغِیْثُه' فَقُلْتُ مَالَکَ یَا اَبَارَافِعٍ وَّغَیَّرْتُ صَوْتِیْ فَقَالَ اَلاَ اُعْجِبُکَ لِاُمِّکَ الْوَیْلُ دَخَلَ عَلَیَّ رَجُلٌ فَضَرَبَنِیْ بِالسَّیْفِ قَالَ فَعَمَدْتُّ لَه' اَیْضًا فَاَضْرِبُه' اُخْرٰی فَلَمْ تُغْنِ شَیْئًا فَصَاحَ وَقَامَ اَهْلُه' قَالَ ثُمَّ جِئْتُ وَ غَیَّرْتُ صَوْتِیْ کَهَیْئَةِ الْمُغِیْثِ فَاِذَا هُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰی ظَهْرِه فَاَضَعُ السَّیْفَ فِیْ بَطْنِه ثُمَّ اَنْکَفِیْ عَلَیْهِ حَتّٰی سَمِعْتُ صَوْتَ الْعَظْمِ ثُمَّ خَرَجْتُ دَهِشًا حَتّٰی اَتَیْتُ السُّلَّمَ اُرِیْدُ اَنْ اَنْزِلَ فَاَسْقُطُ مِنْهُ فَانْخَلَعَتْ رِجْلِیْ فَعَصَبْتُهَا ثُمَّ اَتَیْتُ اَصْحَابِیْ اَحْجُلُ فَقُلْتُ انْطَلِقُوْا فَبَشِّرُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّیْ لَآاَبْرَحُ حَتّٰی اَسْمَعَ النَّاعِیَةَ فَلَمَّا کَانَ فِیْ وَجْهِ الصُّبْحِ صَعِدَ النَّاعِیَةُ فَقَالَ اَنْعٰی اَبَارَافِعٍ قَالَ فَقُمْتُ اَمْشِیْ مَابِیْ قَلَبَةٌ فَاَدْرَکْتُ اَصْحَابِیْ قَبْلَ اَنْ یَّاْتُوا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبَشَّرْتُه'

کرنے لگا۔ اتفاق سے قلعہ کا ایک گدھا گم تھا۔ انہوں نے بیان کیا کہ اس گدھے کو تلاش کرنے کے لئے قلعہ والے آگ کا ایک شعلہ لے کر باہر نکلے۔ بیان کیا کہ میں ڈرا کہ کہیں مجھے کوئی پہچان نہ لے، اس لئے میں نے اپنا سر ڈھک لیا، جیسے میں قضاء حاجت کر رہا ہوں۔ اس کے بعد دربان نے آواز دی کہ اس سے پہلے کہ میں دروازہ بند کرلوں جسے قلعہ کے اندر داخل ہونا ہے وہ جلدی آ جائے۔ میں نے (موقعہ غنیمت سمجھا اور) اندر داخل ہو گیا۔ اور قلعہ کے دروازے کے پاس ہی جہاں گدھے باندھے جاتے تھے۔ وہیں چھپ گیا۔ قلعہ والوں نے ابورافع کے ساتھ کھانا کھایا، اور پھر اسے قصے سناتے رہے۔ آخر کچھ رات گئے وہ سب (قلعہ کے اندر) اپنے اپنے گھروں میں واپس آ گئے، اب سناٹا چھا چکا تھا اور کہیں کوئی حرکت بھی محسوس نہیں ہوتی تھی، اس لئے میں باہر نکلا۔ آپ نے بیان کیا کہ میں نے پہلے ہی دیکھ لیا تھا کہ دربان نے کنجی ایک طاق میں رکھی ہے، میں نے پہلے کنجی اپنے قبضہ میں لی اور پھر سب سے پہلے قلعہ کا دروازہ کھولا۔ بیان کیا کہ میں نے یہ سوچا تھا کہ اگر قلعہ والوں کو میرا علم ہو گیا تو میں بڑی آسانی کے ساتھ راہ فرار اختیار کر سکوں گا۔ اس کے بعد میں نے ان کے گھروں کے دروازے کھولنے شروع کئے (جن کے بعد ابورافع کا مخصوص کمرہ پڑتا تھا) اور انہیں اندر سے بند کرتا جاتا تھا، اب میں زینوں سے ابورافع کے بالا خانے تک پہنچ چکا تھا۔ اس کے کمرہ میں اندھیرا تھا، اس کا چراغ گل کر دیا گیا تھا۔ میں یہ نہیں اندازہ کر پاتا تھا کہ ابورافع ہے کہاں! اس لئے میں نے آواز دی، یا ابارافع! اس پر وہ بولا کہ کون ہے؟ آپ نے بیان کیا کہ پھر آواز کی طرف میں بڑھا اور میں نے تلوار سے اس پر حملہ کیا۔ وہ چلانے لگا۔ لیکن یہ وار اوچھا پڑا تھا۔ آپ نے بیان کیا کہ پھر دوبارہ میں اس کے قریب پہنچا گویا اس کی مدد کو آیا ہوں۔ میں نے آواز بدل کر پوچھا، کیا بات پیش آئی، ابورافع! اس نے کہا، تیری ماں پر تباہی آئے، ابھی کوئی شخص میرے کمرے میں آ گیا تھا اور تلوار سے مجھ پر حملہ کیا۔ آپ نے بیان کیا کہ اس مرتبہ پھر میں نے اس کی آواز کی طرف بڑھ کر دوبارہ حملہ کیا۔ اس حملہ میں بھی وہ قتل نہ ہو سکا۔ پھر وہ چلانے لگا اور اس کی بیوی بھی اٹھ گئی (اور چلانے لگی) آپ نے بیان کیا کہ پھر میں فریادرس بن کر پہنچا اور میں نے اپنی آواز بدل لی اس وقت وہ چت لیٹا ہوا تھا۔ میں نے اپنی تلوار اس کے

پیٹ پر رکھ کر زور سے اسے دبایا۔ آخر جب میں نے ہڈی ٹوٹنے کی آواز سن لی تو میں وہاں سے نکلا، بہت گھبرایا ہوا۔ اب زینہ پر آ چکا تھا میں اترنا چاہتا تھا کہ نیچے گر پڑا۔ جس سے میرا پاؤں ٹوٹ گیا۔ میں نے اس پر پٹی باندھی اور لنگڑاتے ہوئے اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچا۔ میں نے ان سے کہا کہ تم لوگ جاؤ اور رسول اللہ ﷺ کو خوشخبری سناؤ میں تو یہاں سے اس وقت تک نہیں ہٹوں گا جب تک اس کی موت کا اعلان نہ سن لوں۔ چنانچہ سحر کے وقت موت کا اعلان کرنے والا (قلعہ کی فصیل پر) چڑھا اور اعلان کیا کہ ابورافع کی موت واقع ہوگئی ہے۔ آپ نے بیان کیا کہ پھر میں چلنے کے لئے اٹھا، مجھے (فرط مسرت میں) کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی تھی۔ اس سے پہلے کہ میرے ساتھی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں پہنچیں، میں نے انہیں پالیا اور انہیں خوشخبری سنائی۔

۴۸۴۔ غزوۂ احد۔

باب ۴۸۴. غَزْوَةِ اُحُدٍ وَّقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ وَقَوْلِهٖ جَلَّ ذِكْرُهٗ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ وَقَوْلِهٖ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا الْاٰيَة

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور وہ وقت یاد کیجئے، جب آپ صبح کو اپنے گھروں کے پاس سے نکلے، مسلمانوں کو قتال کے لئے مناسب مقامات پر لے جاتے ہوئے اور اللہ بڑا سننے والا ہے، بڑا جاننے والا ہے۔'' اور اللہ جل ذکرہ کا ارشاد ''اور نہ ہمت ہارو اور نہ غم کرو، تمہیں غالب رہو گے اگر تم مؤمن رہے۔ اگر تمہیں کوئی زخم پہنچ جائے تو ان لوگوں کو بھی ایسا ہی زخم پہنچ چکا ہے، اور ہم ان ایام کی الٹ پھیر تو لوگوں کے درمیان کرتے ہی رہتے ہیں، تاکہ اللہ ایمان لانے والوں کو جان لے۔ اور تم میں سے کچھ کو شہید بنانا تھا اور اللہ تعالیٰ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا، اور تاکہ اللہ ایمان لانے والوں کو میل کچیل سے صاف کر دے اور کافروں کو مٹا دے۔ شاید تم اس گمان میں ہو کہ جنت میں داخل ہو گے، حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے ان لوگوں کو جانا نہیں جنھوں نے جہاد کیا اور نہ صبر کرنے والوں کو جانا۔ اور تم تو موت کی تمنا کر رہے تھے قبل اس کے کہ اس کے سامنے آؤ، سو اس کو اب تم نے کھلی آنکھوں سے دیکھ لیا۔'' اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور یقیناً تم سے اللہ نے سچ کر دکھایا اپنا وعدہ نصرت، جب کہ تم انہیں اس کے حکم سے قتل کر رہے تھے۔ یہاں تک کہ جب تم خود ہی کمزور پڑ گئے اور باہم جھگڑنے لگے، حکم رسول کے باب میں، اور نافرمانی کی بعد اس کے کہ اللہ نے دکھا دیا تھا جو کچھ کہ تم چاہتے تھے۔ بعض تم میں وہ تھے جو دنیا چاہتے تھے اور بعض تم میں ایسے تھے جو آخرت چاہتے تھے، پھر اللہ نے تم کو ان

میں سے ہٹا لیا۔ تاکہ تمہاری پوری آزمائش کرے، اور اللہ نے یقیناً تم سے درگذر کی اور اللہ ایمان لانے والوں کے حق میں بڑا فضل والا ہے (اور آیت) "اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں انہیں ہرگز مردہ مت خیال کرو۔" آلایۃ۔

(۱۲۱۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ هٰذَا جِبْرِيْلُ اٰخِذٌ بِرَاسِ فَرَسِهٖ عَلَيْهِ اَدَاةُ الْحَرْبِ

۱۲۱۲۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالوہاب نے خبر دی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ احد کے موقعہ پر فرمایا، یہ جبرائیل علیہ السلام ہیں، ہتھیار بند، اپنے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے۔

(۱۲۱۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّآءُ بْنُ عَدِيٍّ اَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ حَيْوَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ بَعْدَ ثَمَانِيْ سِنِيْنَ كَالْمُوَدِّعِ لِلْاَحْيَآءِ وَالْاَمْوَاتِ ثُمَّ طَلَعَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ اِنِّيْ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ فَرَطٌ وَاَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيْدٌ وَّاِنَّ مَوْعِدَكُمُ الْحَوْضُ وَ اِنِّيْ لَاَنْظُرُ اِلَيْهِ مِنْ مَّقَامِيْ هٰذَا وَاِنِّيْ لَسْتُ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوْا وَلٰكِنِّيْ اَخْشٰى عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا اَنْ تَنَافَسُوْهَا قَالَ فَكَانَتْ اٰخِرَ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۱۳۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، انہیں زکریا بن عدی نے خبر دی، انہیں ابن المبارک نے خبر دی، انہیں حیوۃ نے، انہیں یزید بن ابی حبیب نے، انہیں ابوالخیر نے اور ان سے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے آٹھ سال بعد (وفات سے کچھ پہلے) غزوۂ احد کے شہداء کے لئے دعاء کی، جیسے آپ زندوں اور مردوں سب کو وداع کر رہے ہوں۔ اس کے بعد آپ منبر پر رونق افروز ہوئے۔ اور فرمایا، میں تم سے آگے آگے ہوں، میں تم پر گواہ رہوں گا اور مجھ سے (قیامت کے دن) تمہاری ملاقات حوض کوثر پر ہوگی، اس وقت بھی میں اپنی اس جگہ سے حوض کوثر کو دیکھ رہا ہوں۔ تمہارے بارے میں مجھے اس کا کوئی خطرہ نہیں ہے کہ تم شرک کرو گے، ہاں میں تمہارے بارے میں دنیا سے ڈرتا ہوں کہ تم کہیں دنیا کے لئے باہم منافست نہ کرنے لگو۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے لئے رسول اللہ ﷺ کا یہ آخری دیدار تھا۔

(۱۲۱۴) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَقِيْنَا الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَئِذٍ وَّ اَجْلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا مِنَ الرُّمَاةِ وَاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَاللّٰهِ وَقَالَ لَا تَبْرَحُوْا اِنْ رَّاَيْتُمُوْنَا ظَهَرْنَا عَلَيْهِمْ فَلَا تَبْرَحُوْا وَاِنْ رَّاَيْتُمُوْهُمْ ظَهَرُوْا عَلَيْنَا فَلَا تُعِيْنُوْنَا فَلَمَّا لَقِيْنَا هَرَبُوْا حَتّٰى رَاَيْتُ النِّسَآءَ يَشْتَدِدْنَ فِي الْجَبَلِ رَفَعْنَ عَنْ سُوْقِهِنَّ قَدْ بَدَتْ خَلَاخِلُهُنَّ فَاَخَذُوْا يَقُوْلُوْنَ

۱۲۱۴۔ ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن اسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ احد کے موقعہ پر جب مشرکین سے مقابلہ کے لئے ہم پہنچے تو آنحضور ﷺ نے تیراندازوں کا ایک دستہ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں (پہاڑی پر) متعین کر دیا تھا اور انہیں یہ حکم دیا تھا کہ تم اپنی جگہ سے نہ ہٹنا، اس وقت بھی جب تم دیکھ لو کہ ہم ان پر غالب آ گئے ہیں پھر بھی یہاں سے نہ ہٹنا اور اس وقت بھی جب تم دیکھ لو کہ وہ ہم پر غالب آ گئے، تم لوگ ہماری مدد کے لئے نہ آنا۔ پھر جب ہماری مڈبھیڑ

الْغَنِيْمَةَ الْغَنِيْمَةَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ عَهِدَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا تَبْرَحُوْا فَاَبَوْا فَلَمَّا اَبَوْا صُرِفَ وُجُوْهُهُمْ فَاُصِيْبَ سَبْعُوْنَ قَتِيْلًا وَّاَشْرَفَ اَبُوْسُفْيٰنَ قَالَ اَفِي الْقَوْمِ مُحَمَّدٌ فَقَالَ لَاتُجِيْبُوْهُ فَقَالَ اَفِي الْقَوْمِ ابْنُ اَبِيْ قُحَافَةَ فَقَالَ لَاتُجِيْبُوْهُ فَقَالَ اَفِي الْقَوْمِ ابْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنَّ هٰؤُلَاءِ قُتِلُوْا فَلَوْ كَانُوْا اَحْيَآءً لَّاَجَابُوْا فَلَمْ يَمْلِكْ عُمَرُ لِنَفْسِهٖ فَقَالَ كَذَبْتَ يَاعَدُوَّاللّٰهِ اَبْقَى اللّٰهُ عَلَيْكَ مَايُخْزِيْكَ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ اُعْلُ هُبَلُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجِيْبُوْهُ قَالُوا مَا نَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوا اللّٰهُ اَعْلٰى وَاَجَلُّ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ لَنَا الْعُزّٰى وَلَاعُزّٰى لَكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجِيْبُوْهُ قَالُوْا مَانَقُوْلُ قَالَ قُوْلُوْا اللّٰهُ مَوْلَانَا وَلَامَوْلٰى لَكُمْ قَالَ اَبُوْسُفْيَانَ يَوْمٌ بِيَوْمِ بَدْرٍ وَّالْحَرْبُ سِجَالٌ وَتَجِدُوْنَ مُثْلَةً لَّمْ اٰمُرْبِهَا وَلَمْ تَسُؤْنِيْ

کفار سے ہوئی تو ان میں بھگدڑ مچ گئی، میں نے دیکھا کہ ان کی عورتیں (جوان کی ہمت بڑھانے کے لئے آئی تھیں)'' پہاڑیوں پر بڑی تیزی کے ساتھ بھاگی جارہی ہیں، پنڈلیوں سے اوپر کپڑے اٹھائے ہوئے جس سے ان کے پازیب دکھائی دے رہے تھے۔ عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کے (تیرانداز) ساتھی کہنے لگے کہ غنیمت، غنیمت اس پر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ مجھے نبی کریم ﷺ نے تاکید کی تھی کہ اپنی جگہ سے نہ ہٹنا (اس لئے تم لوگ مال غنیمت لوٹنے نہ جاؤ) لیکن ان کے ساتھیوں نے ان کا حکم ماننے سے انکار کر دیا۔ ان کی اس حکم عدولی کے نتیجے میں مسلمانوں کو شکست ہوئی اور ستر(۷۰) مسلمان شہید ہوئے۔ اس کے بعد ابوسفیان نے پہاڑی پر سے آواز دی۔ کیا تمہارے ساتھ محمد (ﷺ) موجود ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کوئی جواب نہ دے، پھر انہوں نے پوچھا، کیا تمہارے ساتھ ابن ابی قحافہ (ابوبکر رضی اللہ عنہ) موجود ہیں؟ آنحضور ﷺ نے اس کے جواب کی بھی ممانعت فرمادی، انہوں نے پوچھا، کیا تمہارے ساتھ ابن خطاب (عمر رضی اللہ عنہ) موجود ہیں؟ اس کے بعد وہ کہنے لگے کہ یہ سب قتل کر دیئے گئے، اگر زندہ ہوتے تو جواب دیتے۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ بے قابو ہو گئے اور فرمایا، خدا کے دشمن! تم جھوٹے ہو، خدا نے ابھی انہیں تمہیں ذلیل کرنے کے لئے باقی رکھا ہے۔ ابوسفیان نے کہا: ہبل (ایک بت) بلند رہے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کا جواب دو۔ صحابہؓ نے عرض کی کہ ہم کیا جواب دیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کہو، اللہ سب سے بلند اور بزرگ تر ہے۔ ابوسفیان نے کہا، ہمارے پاس عزیٰ (بت) ہے اور تمہارے پاس کوئی عزیٰ نہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کا جواب دو۔ صحابہؓ نے عرض کی، کیا جواب دیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کہو، اللہ ہمارا حامی اور مددگار ہے اور تمہارا کوئی حامی نہیں۔ ابوسفیان نے کہا، آج کا دن، بدر کے دن کا بدلہ ہے، اور لڑائی کی مثال ڈول کی ہوتی ہے۔ (کبھی ہمارے حق میں اور کبھی تمہارے حق میں) تم اپنے مقتولین میں کچھ لاشوں کو مثلہ کیا ہوا پاؤ گے، میں نے اس کا حکم نہیں دیا تھا، لیکن مجھے برا بھی نہیں معلوم ہوا۔

(۱۲۱۵) اَخْبَرَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْروٍعَنْ جَابِرٍ قَالَ اصْطَبَحَ الْخَمْرَ يَوْمَ اُحُدٍ نَّاسٌ ثُمَّ قُتِلُوْا شُهَدَآءَ

۱۲۱۵۔ مجھے عبداللہ بن محمد نے خبر دی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بعض صحابہؓ نے غزوہ احد کی صبح کو شراب پی۔ (ابھی حرام نہیں ہوئی تھی) اور پھر

شہادت کی موت نصیب ہوئی (رضی اللہ عنہم)۔

(۱۲۱۶) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْهِ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ اُتِيَ بِطَعَامٍ وَّكَانَ صَائِمًا فَقَالَ قُتِلَ مُصْعَبُ ابْنُ عُمَيْرٍ وَّهُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ كُفِّنَ فِيْ بُرْدَةٍ اِنْ غُطِّيَ رَاْسُه، بَدَتْ رِجْلَاهُ وَاِنْ غُطِّيَ رِجْلَاهُ بَدَا رَاْسُه، وَاُرَاهُ قَالَ وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِّنِّيْ ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ اَوْقَالَ اُعْطِيْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَااُعْطِيْنَا وَقَدْ خَشِيْنَآ اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا ثُمَّ جَعَلَ يَبْكِيْ حَتّٰى تَرَكَ الطَّعَامَ

۱۲۱۶۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں سعد بن ابراہیم نے، ان سے ان کے والد ابراہیم نے کہ (ان کے والد) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا لایا گیا، آپ کا روزہ تھا، تو آپ نے فرمایا، معصب بن عمیر رضی اللہ عنہ (احد کی جنگ میں) شہید کر دیئے گئے۔ وہ مجھ سے افضل اور بہتر تھے، لیکن انہیں جس چادر کا کفن دیا گیا (وہ اتنی چھوٹی تھی کہ) اگر اس سے ان کا سر چھپایا جاتا تو پاؤں کھل جاتے تھے اور اگر پاؤں چھپائے جاتے تو سر کھل جاتا تھا۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے فرمایا، اور حمزہ رضی اللہ عنہ۔ (اسی جنگ میں) شہید کئے گئے، وہ مجھ سے بہتر اور افضل تھے پھر جیسا کہ تم دیکھتے ہو، ہمارے لئے دنیا میں فراغت اور وسعت دی گئی یا آپ نے یہ فرمایا کہ پھر جیسا کہ تم دیکھتے ہو، ہمیں دنیا دی گئی، ہمیں اس کا ڈر ہے کہ کہیں یہی ہماری نیکیوں کا بدلہ نہ ہو جو اسی دنیا میں ہمیں دیا جا رہا ہے اس کے بعد آپ اتنا روئے کہ کھانا تناول نہ فرما سکے۔

(۱۲۱۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِؓ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَرَاَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فَاَيْنَ اَنَا قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَاَلْقٰى تَمَرَاتٍ فِيْ يَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ

۱۲۱۷۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ایک صحابی نے نبی کریم ﷺ سے غزوہ احد کے موقعہ پر پوچھا، یارسول اللہ (ﷺ) اگر میں قتل کر دیا گیا تو میں کہاں جاؤں گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جنت میں! انہوں نے کھجور پھینک دی جو ان کے ہاتھ میں تھی اور لڑنے لگے، یہاں تک کہ شہید ہوئے۔

(۱۲۱۸) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ وَمِنَّا مَنْ مَّضٰى اَوْذَهَبَ لَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِهٖ شَيْئًا كَانَ مِنْهُمْ مُصْعَبُ ابْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍلَمْ يَتْرُكْ اِلَّا نَمِرَةً كُنَّآ اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَه، خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غُطِّيَ بِهَارِجْلَاهُ خَرَجَ رَاْسُه، فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَطُّوْا بِهَا رَاْسَه، وَاجْعَلُوْا عَلٰى رِجْلِهِ الْاِذْخِرَ اَوْقَالَ اَلْقُوْا عَلٰى رِجْلِهٖ مِنَ الْاِذْخِرِ وَمِنَّا قَدْ

۱۲۱۸۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے شقیق نے اور ان سے خباب بن الارت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی تھی۔ ہمارا مقصد صرف اللہ کی خوشنودی اور رضا تھا، اس کا اجر و ثواب اللہ کے ذمے تھا۔ پھر ہم میں سے بعض حضرات تو وہ تھے جو گذر گئے اور کوئی اجر انہوں نے اس دنیا میں نہیں دیکھا انہیں میں سے مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ بھی تھے، احد کی لڑائی میں آپ نے شہادت پائی تھی، ایک دھاریدار چادر کے سوا اور کوئی چیز ان کے پاس نہیں تھی (اور وہی ان کا کفن بنی) جب ہم اس سے ان کا سر چھپاتے تھے تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں چھپاتے تو سر کھل جاتا۔

عتْ لَهٗ ثَمرَتُهٗ فَهُوَ يَهْدِ بُهَا

آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سر چادر سے چھپادو اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دو، یا آنحضور ﷺ نے یہ الفاظ فرمائے تھے کہ (القوا علی رجله من الا ذخر، بجلئے اجعلوا علی رجله الا ذخر کے) اور ہم میں بعض وہ تھے جنہیں ان کے اس عمل کا بدلہ (اسی دنیا میں) مل رہا ہے اور وہ اس سے نفع اندوز ہو رہے ہیں۔

۱۲۱۹) اَخْبَرَنَا حَسَّانُ ابْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ عَمَّهٗ غَابَ نْ بَدْرٍ فَقَالَ غِبْتُ عَنْ اَوَّلِ قِتَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ اَشْهَدَنِيَ اللّٰهُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَآ اَجِدُّ فَلَقِيَ يَوْمَ اُحُدٍ فَهُزِمَ نَاسُ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعْتَذِرُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ ؤُلَاءِ يَعْنِي الْمُسْلِمِيْنَ وَاَبْرَأُ اِلَيْكَ مِمَّا جَآءَ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ فَتَقَدَّمَ بِسَيْفِهٖ فَلَقِيَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فَقَالَ نَ يَاسَعْدُ اِنِّيْ اَجِدُ رِيْحَ الْجَنَّةِ دُوْنَ اُحُدٍ فَمَضٰى تِلَ فَمَا عُرِفَ حَتّٰى عَرَفَتْهُ اُخْتُهٗ بِشَامَةٍ اَوْبِبَنَانِهٖ بِهٖ بِضْعٌ وَّثَمَانُوْنَ مِنْ طَعْنَةٍ وَضَرْبَةٍ وَّرَمْيَةٍ بِسَهْمٍ

۱۲۱۹۔ ہم سے حسان بن حسان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن طلحہ نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ ان کے چچا بدر کی لڑائی میں شریک نہ ہو سکے تھے۔ پھر آپ نے کہا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ پہلی ہی لڑائی میں غیر حاضر رہا، اگر آنحضور ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجھے کسی اور لڑائی میں شرکت کا موقعہ دیا تو اللہ دیکھے گا کہ میں کتنی بے جگری سے لڑتا ہوں۔ پھر غزوۂ احد کے موقعہ پر جب مسلمانوں کی جماعت میں افراتفری پیدا ہوگئی تو انہوں نے کہا۔ اے اللہ! مسلمانوں نے آج جو کچھ کیا، میں آپ کے حضور میں ان کے لئے معذرت خواہ ہوں، اور مشرکین نے جو کچھ کیا، میں آپ کے حضور میں اس سے براءت اور اپنی بیزاری ظاہر کرتا ہوں۔ پھر اپنی تلوار لے کر آگے بڑھے" راستے میں سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی تو آپ نے ان سے کہا، سعد کہاں جا رہے ہو؟ میں تو احد پہاڑی کے دامن میں جنت کی ہوائیں محسوس کر رہا ہوں۔ اس کے بعد وہ آگے بڑھ گئے اور شہید کر دیئے گئے، ان کی لاش پہچانی نہیں جا رہی تھی۔ آخر ان کی بہن نے ایک تل یا ان کی انگلیوں سے ان کی لاش کی شناخت کی، نیزے، تلوار اور تیر کے تقریباً اسی ۸۰ زخم ان کے جسم پر تھے (فرضی اللہ عنہ)۔

۱۲۲۰) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا بْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهٗ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ فَقَدْتُ اٰيَةً مِنَ الْاَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْنَا لْمُصْحَفَ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلَّمَ يَقْرَأُبِهَا فَالْتَمَسْنَاهَا فَوَجَدْنَاهَا مَعَ خُزَيْمَةَ نِ ثَابِتِ الْاَنْصَارِيِّ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوااللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ

۱۲۲۰۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، انہیں خارجہ بن زید بن ثابت نے خبر دی اور انہوں نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ جب ہم قرآن مجید کو ترتیب وار لکھنے لگے (حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد) تو مجھے سورۂ احزاب کی ایک آیت (لکھی ہوئی) نہیں ملی۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس کی تلاوت کرتے بارہا سنا تھا۔ پھر جب ہم نے اس کی تلاش کی تو وہ آیت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے یہاں ہمیں ملی (آیت یہ تھی) "من

مَنْ يَّنْتَظِرُ فَالْحَقْنَاهَا فِي سُوْرَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ

المؤمنين رجال صدقوا ماعا هدوا الله عليه فمنهم من قضى نحبه ومنهم من ينتظر .'' پھر ہم نے اس آیت کو اس کی سورت میں قرآن مجید کی ترتیب کے مطابق لکھ دیا۔

(۱۲۲۱) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيّ بْنِ ثَابِتٍ سَمِعْتُ عَبْدَاللهِ بْنَ يَزِيْدَ يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ لَمَّا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُحُدٍ رَّجَعَ نَاسٌ مِّمَّنْ خَرَجَ مَعَه' وَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ فِرْقَةٌ تَقُوْلُ نُقَا تِلُهُمْ وَفِرْقَةٌ تَقُوْلُ لَانُقَاتِلُهُمْ فَنَزَلَتْ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَا فِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا وَقَالَ اِنَّهَا طَيْبَةٌ تَنْفِي الذُّنُوبَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْفِضَّةِ

۱۲۲۱۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی بن ثابت نے، انہوں نے عبداللہ بن یزید سے سنا، وہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ آپ نے بیان کیا، جب نبی کریم ﷺ غزوۂ احد کے لئے نکلے تو کچھ لوگ جو آپ کے ساتھ تھے (منافقین کی جماعت، بہانہ بنا کر) واپس چلے گئے۔ پھر صحابہؓ کی ان واپس ہونے والے منافقین کے بارے میں دو(۲) رائیں ہوگئی تھیں، ایک جماعت تو کہتی تھی کہ ہمیں پہلے ان سے جنگ کرنی چاہئے۔ اور دوسری جماعت کہتی تھی کہ ان سے ہمیں جنگ نہ کرنی چاہئے۔ اس پر آیت نازل ہوئی ''پس تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ منافقین کے بارے میں تمہاری دو(۲) جماعتیں ہوگئی ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے اعمال اور سرکشی کی وجہ سے انہیں کفر کی طرف لوٹا دیا ہے۔'' اور آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مدینہ ''طیبہ'' ہے، سرکشوں کو یہ اس طرح اپنے سے دور کر دیتا ہے جیسے آگ، چاندی کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے۔

باب ۴۸۵۔ اِذْ هَمَّتْ طَّائِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

۴۸۵۔ (قرآن مجید کی آیت) ''جب تم میں سے دو(۲) جماعتیں اس کا خیال کر بیٹھی تھیں کہ ہمت ہار دیں، درآنحالیکہ اللہ دونوں کا مددگار تھا اور مسلمانوں کو تو اللہ ہی پر اعتماد رکھنا چاہئے۔''

(۱۲۲۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْنَا اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتَانِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا بَنِيْ سَلِمَةَ وَبَنِيْ حَارِثَةَ وَمَا اُحِبُّ اَنَّهَا لَمْ تَنْزِلْ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا

۱۲۲۲۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی تھی ''واذ همت طائفتان منكم ان تفشلا'' (ترجمہ عنوان میں گذر چکا) یعنی بنی حارثہ اور بنی سلمہ کے بارے میں۔ میری یہ خواہش نہیں ہے کہ یہ آیت نازل نہ ہوتی، جب کہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے (آیت میں) کہ ''اور اللہ ان دونوں جماعتوں کا مددگار ہے۔''

(۱۲۲۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ اَخْبَرَنَا عَمْرٌو عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ نَكَحْتَ يَا جَابِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَاذَااَبِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا قُلْتُ لَابَلْ ثَيِّبًا قَالَ فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُكَ

۱۲۲۳۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، انہیں عمرو نے خبر دی اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا، جابر! کیا نکاح کر لیا میں نے عرض کی، جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کنواری

قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِىْ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ وَّتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ كُنَّ لِىْ تِسْعَ اَخَوَاتٍ فَكَرِهْتُ اَنْ اَجْمَعَ اِلَيْهِنَّ جَارِيَةً خَرْقَاءَ مِثْلَهُنَّ وَلٰكِنْ امْرَاَةً تَمْشُطُهُنَّ وَ تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ قَالَ اَصَبْتَ

سے یا ثیبہ سے؟ میں نے عرض کی کہ ثیبہ سے! آنحضور ﷺ نے فرمایا، کسی کنواری لڑکی سے کیوں نہ کیا، جس کے ساتھ تم کھیلا کرتے۔ میں نے عرض کی، یارسول اللہ! میرے والد احد کی لڑائی میں شہید ہو گئے اور نو لڑکیاں چھوڑیں، گویا میری نو بہنیں موجود ہیں، اسی لئے میں نے مناسب نہیں خیال کیا کہ انہیں جیسی ناتجربہ کار لڑکی ان کے پاس لا کے بٹھا دوں۔ بلکہ ایک ایسی عورت لاؤں جوان کی دیکھ بھال کرے اور ان کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم نے اچھا کیا۔

(۱۲۲۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ شُرَيْحٍ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِىِّ قَالَ حَدَّثَنِىْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ اَبَاهُ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ وَتَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا وَّتَرَكَ سِتَّ بَنَاتٍ فَلَمَّا حَضَرَ جِذَاذُ النَّخْلِ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدْ عَلِمْتَ اَنَّ وَالِدِىْ قَدِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ وَّتَرَكَ دَيْنًا كَثِيْرًا وَّاِنِّىْ اُحِبُّ اَنْ يَّرَاكَ الْغُرَمَآءُ فَقَالَ اِذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلٰى نَاحِيَةٍ فَفَعَلْتُ ثُمَّ دَعَوْتُهٗ فَلَمَّا نَظَرُوْآ اِلَيْهِ كَاَنَّهُمْ اُغْرُوْبِىْ تِلْكَ السَّاعَةَ فَلَمَّا رَاٰى مَايَصْنَعُوْنَ اَطَافَ حَوْلَ اَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ لَكَ اَصْحَابَكَ فَمَا زَالَ يَكِيْلُ لَهُمْ حَتّٰى اَدَّى اللّٰهُ عَنْ وَّالِدِىْ اَمَانَتَهٗ وَاَنَا اَرْضٰى اَنْ يُّؤَدِّىَ اللّٰهُ اَمَانَةَ وَالِدِىْ وَلَااَرْجِعُ اِلٰى اَخَوَاتِىْ بِتَمْرَةٍ فَسَلَّمَ اللّٰهُ الْبَيَادِرَ كُلَّهَا وَحَتّٰى اَنِّىْ اَنْظُرُ اِلَى الْبَيْدَرِ الَّذِىْ كَانَ عَلَيْهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهَا لَمْ يَنْقُصْ تَمْرَةً وَّاحِدَةً

۱۲۲۴۔ ہم سے احمد بن ابی شریح نے حدیث بیان کی، انہیں عبید اللہ بن موسیٰ نے خبر دی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے فراس نے، ان سے شعبی نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ کے والد (عبداللہ رضی اللہ عنہ) احد کی لڑائی میں شہید ہو گئے تھے اور قرض چھوڑ گئے تھے، اور چھ لڑکیاں بھی۔ جب درختوں سے کھجور اتارے جانے کا وقت قریب آیا تو، آپ نے بیان کیا کہ، میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ جیسا کہ آنحضور ﷺ کے علم میں ہے، والد احد کی لڑائی میں شہید ہو گئے اور قرض چھوڑ گئے ہیں، میں چاہتا تھا کہ قرض خواہ آپ کو دیکھ لیں (اور قرض کے مطالبہ میں نرمی برتیں) آنحضور ﷺ نے فرمایا، جاؤ اور ہر قسم کی کھجور کا الگ الگ ڈھیر لگا لو۔ میں نے حکم کے مطابق عمل کیا اور پھر آپ کو بلانے گیا۔ جب قرض خواہوں نے آپ کو دیکھا تو جیسے اس وقت مجھ پر اور زیادہ بھڑک اٹھے۔ (قرض خواہ یہودی تھے) آنحضور ﷺ نے جب ان کا طرز عمل دیکھا تو آپ پہلے سب سے بڑی ڈھیر کے چاروں طرف تین مرتبہ پھرے، اس کے بعد اس پر بیٹھ گئے اور فرمایا، اپنے قرض خواہوں کو بلا لاؤ۔ آنحضور ﷺ برابر انہیں ناپ کے دیتے رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے والد کی طرف سے ان کی امانت ادا کر دی۔ میں اس پر خوش تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے والد کی امانت ادا کر دے اور میں اپنی بہنوں کے لئے ایک کھجور بھی نہ لے جاؤں لیکن اللہ تعالیٰ نے تمام دوسرے ڈھیر بچا دیئے بلکہ اس ڈھیر کو بھی جب میں نے دیکھا جس پر آنحضور ﷺ بیٹھے ہوئے تھے (اور جس میں سے آپ نے قرض ادا کیا تھا) کہ جیسے اس میں سے ایک کھجور کا دانہ بھی کم نہیں ہوا ہے۔

(۱۲۲۵) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ وَّمَعَهٗ رَجُلَانِ يُقَاتِلَانِ عَنْهُ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيْضٌ كَاَشَدِّ الْقِتَالِ مَارَاَيْتُهُمَا قَبْلُ وَلَا بَعْدُ

۱۲۲۵۔ہم سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان کے دادا کے واسطے سے کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا، غزوۂ احد کے موقعہ پر میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا اور آپ ﷺ کے ساتھ دو اور صاحب (یعنی جبریل اور میکائیل علیہما السلام انسانی صورت میں) تھے، وہ آپ کو اپنی حفاظت میں لے کر کفار سے بڑی بے جگری سے لڑ رہے تھے، ان کے جسم پر سفید کپڑے تھے، میں نے انہیں نہ اس سے پہلے کبھی دیکھا تھا اور نہ اس کے بعد کبھی دیکھا۔

(۱۲۲۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ هَاشِمٍ السَّعْدِيُّ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ اَبِیْ وَقَّاصٍ يَّقُوْلُ نَثَلَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِنَانَتَهٗ يَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ ارْمِ فِدَاكَ اَبِیْ وَ اُمِّیْ

۱۲۲۶۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے مروان بن معاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہاشم بن ہاشم سعدی نے بیان کیا، انہوں نے سعید بن مسیب سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ غزوۂ احد کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے اپنے ترکش کے تیر مجھے نکال کر دیئے اور فرمایا خوب تیر برساؤ، میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔

(۱۲۲۷) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُوْلُ جَمَعَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَوَيْهِ يَوْمَ اُحُدٍ

۱۲۲۷۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے بیان کیا، انہوں نے سعید بن مسیب سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ غزوۂ احد کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے (میری ہمت افزائی کے لئے) اپنے والد اور والدہ دونوں کا ایک ساتھ ذکر کیا (اور فرمایا کہ میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔)

(۱۲۲۸) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ يَحْيٰى عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ لَقَدْ جَمَعَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَبَوَيْهِ كِلَيْهِمَا يُرِيْدُ حِيْنَ قَالَ فِدَاكَ اَبِیْ وَاُمِّیْ وَهُوَ يُقَاتِلُ

۱۲۲۸۔ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابن المسیب نے، انہوں نے بیان کیا کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ احد کے موقعہ پر (میری ہمت افزائی کے لئے) اپنے والد اور والدہ دونوں کا ایک ساتھ ذکر فرمایا، ان کی مراد حضور اکرم ﷺ کے اس ارشاد سے تھی جو آپ ﷺ نے اس وقت فرمایا تھا جب وہ جنگ کر رہے تھے کہ میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔

(۱۲۲۹) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَّقُوْلُ مَا سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْمَعُ اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ غَيْرَ

۱۲۲۹۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے مسعر نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے، ان سے ابن شداد نے بیان کیا، انہوں نے علی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ سعد رضی اللہ عنہ کے سوا میں

سَعْدٍ

نے کسی (کی ہمت افزائی) کے لئے نبی کریم ﷺ سے اپنے والدین کا ایک ساتھ ذکر نہیں سنا۔

(۱۲۳۰) حَدَّثَنَا بُسْرَةُ بْنُ صَفْوَانَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَا سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ اَبَوَيْهِ لِاَحَدٍ اِلَّا لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فَاِنِّيْ سَمِعْتُه' يَقُوْلُ يَوْمَ اُحُدٍ يَا سَعْدُ ارْمِ فِدَاكَ اَبِيْ وَ اُمِّيْ

۱۲۳۰۔ ہم سے بسرہ بن صفوان نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عبداللہ بن شداد نے اوران سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ سعد بن مالک (مالک، سعد رضی اللہ عنہ کے والد ابی وقاص کا اصل نام تھا) کے سوا میں نے اور کسی کے لئے نبی کریم ﷺ کو اپنے والدین کا ایک ساتھ ذکر کرتے نہیں سنا۔ میں نے خود سنا کہ احد کی لڑائی کے موقعہ پر آنحضور ﷺ فرمارہے تھے، سعد! خوب تیر برساؤ، میرے ماں باپ تم پر فدا ہوں۔

(۱۲۳۱) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ زَعَمَ اَبُوْعُثْمَانَ اَنَّه' لَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ تِلْكَ الْاَيَّامِ الَّتِيْ يُقَاتِلُ فِيْهِنَّ غَيْرَ طَلْحَةَ وَسَعْدٍ عَنْ حَدِيْثِهِمَا

۱۲۳۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ ابوعثمان بیان کرتے تھے کہ ان غزوات میں سے جن میں نبی کریم ﷺ نے کفار سے قتال کیا بعض غزوہ (احد) میں ایک موقعہ پر آپ کے ساتھ طلحہ اور سعد (رضی اللہ عنہما کے سوا اور کوئی باقی نہیں رہ گیا تھا۔ ابوعثمان نے یہ حدیث حضرت طلحہ اور سعد رضی اللہ عنہما کے واسطہ سے بیان کی تھی۔

(۱۲۳۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يُوْسُفَ قَالَ سَمِعْتُ السَّآئِبَ بْنَ يَزِيْدَ قَالَ صَحِبْتُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ وَّطَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِاللّٰهِ وَالْمِقْدَادَ وَ سَعْدًا فَمَا سَمِعْتُ اَحَدًا مِّنْهُمْ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَنِّيْ سَمِعْتُ طَلْحَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَوْمِ اُحُدٍ

۱۲۳۲۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن یوسف نے بیان کیا ان سے سائب بن یزید نے بیان کیا کہ میں عبدالرحمٰن بن عوف، طلحہ بن عبیداللہ، مقداد بن اسود اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کی صحبت میں رہا ہوں لیکن میں نے ان حضرات میں سے کسی کو نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے نہیں سنا، صرف طلحہ رضی اللہ عنہ سے غزوۂ اُحد کے متعلق حدیث سنی تھی۔

(۱۲۳۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ رَاَيْتُ يَدَ طَلْحَةَ شَلَّاءَ وَقٰى بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ

۱۲۳۳۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس نے بیان کیا کہ میں نے طلحہ رضی اللہ عنہ کا وہ ہاتھ دیکھا جو شل ہو چکا تھا۔ اسی ہاتھ سے آپ نے غزوۂ احد کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کی حفاظت کی تھی۔

(۱۲۳۴) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ انْهَزَمَ النَّاسُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْطَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۳۴۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ احد میں جب مسلمان نبی کریم ﷺ کے پاس سے منتشر ہو گئے اور پسپا ہو گئے (اور آنحضور ﷺ میدان جنگ میں

مُجَوّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ لَّه، وَكَانَ اَبُوْطَلْحَةَ رَجُلًا رَّامِيًا شَدِيْدَ النَّزْعِ كَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ اَوْثَلٰثًا وَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَه، بِجَعْبَةٍ مِنَ النَّبْلِ فَيَقُوْلُ اُنْثُرْهَا لِاَبِىْ طَلْحَةَ قَالَ وَيُشْرِفُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَى الْقَوْمِ فَيَقُوْلُ اَبُوْطَلْحَةَ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ لَاتُشْرِفْ يُصِيْبُكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ نَحْرِىْ دُوْنَ نَحْرِكَ وَلَقَدْ رَاَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ اَبِىْ بَكْرٍ وَاُمَّ سُلَيْمٍ وَاِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَ تَانِ اَرٰى خَدَمَ سُوْقِهِمَا تَنْقُزَانِ الْقِرَبَ عَلٰى مُتُوْنِهِمَا تُفْرِغَانِهٖ فِىْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَانِهَا ثُمَّ تَجِيْئَانِ فَتُفْرِغَانِهٖ فِىْ اَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَّدَىْ اَبِىْ طَلْحَةَ اِمَّا مَرَّتَيْنِ وَاِمَّا ثَلٰثًا

اپنی جگہ پورے استقلال اور بہادری کے ساتھ کھڑے رہے) تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ، حضور اکرم ﷺ کی، اپنے چمڑے کی ڈھال سے حفاظت کر رہے تھے، ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بڑے ماہر تیرانداز تھے اور کمان خوب کھینچ کر تیر چلایا کرتے تھے۔ اس دن انہوں نے دو یا تین کمانیں توڑ دی تھیں۔ مسلمانوں میں سے کوئی اگر تیر کا ترکش لئے ہوئے گذرتا تو آنحضور ﷺ ان سے فرماتے کہ تیر ابوطلحہ کے لئے یہیں رکھتے جاؤ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ مشرکین کو دیکھنے کے لئے سر (ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی ڈھال کے اوپر سے) اٹھا کر جھانکتے تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ عرض کرتے، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ سر مبارک اوپر نہ اٹھائیے کہیں مشرکین کی طرف سے کوئی تیر آنحضور ﷺ کو آ کر نہ لگ جائے، میری گردن آپ سے پہلے ہے۔ اور میں نے دیکھا کہ ام المؤمنین عائشہ بنت ابی بکر اور (انس رضی اللہ عنہ کی والدہ) ام سلیم رضی اللہ عنہما اپنے کپڑے اٹھائے ہوئے ہیں۔ کہ ان کی پنڈلیاں نظر آ رہی ہیں اور مشکیزے اپنی پیٹھوں پر لئے ہوئے دوڑ رہی ہیں اور اس کا پانی مسلمانوں کو (خصوصاً جو زخمی ہو گئے تھے) پلا رہی ہیں، پھر (جب اسکا پانی ختم ہو جاتا ہے تو) واپس آتی ہیں اور مشک بھر کر لے جاتی ہیں اور مسلمانوں کو پلاتی ہیں۔ اس دن ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے دو (۲) یا تین مرتبہ تلوار گر گئی تھی۔

(۱۲۳۵) حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ هُزِمَ الْمُشْرِكُوْنَ فَصَرَخَ اِبْلِيْسُ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَىْ عِبَادَاللّٰهِ اُخْرَاكُمْ فَرَجَعَتْ اُوْلَاهُمْ فَاجْتَلَدَتْ هِىَ وَاُخْرَاهُمْ فَبَصُرَ حُذَيْفَةُ فَاِذَا هُوَ بِاَبِيْهِ الْيَمَانِ فَقَالَ اَىْ عِبَادَاللّٰهِ اَبِىْ اَبِىْ قَالَ قَالَتْ فَوَ اللّٰهِ مَااحْتَجَزُوْا حَتّٰى قَتَلُوْهُ فَقَالَ حُذَيْفَةُ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ قَالَ عُرْوَةُ فَوَاللّٰهِ مَازَالَتْ فِىْ حُذَيْفَةَ بَقِيَّةُ خَيْرٍ حَتّٰى لَقِىَ بِاللّٰهِ بَصُرْتُ عَلِمْتُ مِنَ الْبَصِيْرَةِ فِى الْاَمْرِ وَاَبْصَرْتُ مِنْ بَصَرِ

۱۲۳۵۔ مجھ سے عبید اللہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے، اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ غزوہ احد میں پہلے مشرکین شکست کھا گئے تھے، لیکن ابلیس، اللہ کی اس پر لعنت ہو، چلایا کہ اے عباد اللہ (مسلمانو!) اپنے پیچھے والوں سے خبردار ہو جاؤ۔ ❶ اس پر آگے جو مسلمان تھے وہ لوٹ پڑے اور اپنے پیچھے والوں سے گتھم گتھا ہو گئے۔ حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے جو دیکھا تو ان کے والد یمان رضی اللہ عنہ بھی انہیں میں ہیں (جنہیں مسلمان اپنا دشمن مشرک سمجھ کر مار رہے تھے) وہ کہنے لگے، اے عباد اللہ! یہ میرے والد ہیں، میرے والد! عروہ نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، پس خدا گواہ ہے،

---

❶ گویا جو جماعت ان کے پیچھے ہے وہ کفار کی ہے اور ان پر حملہ کرنا چاہتی ہے۔ مسلمانوں کو غلط فہمی ہوئی اور انہوں نے اسے اپنے ہی کسی امیر کی آواز سمجھ کر پیچھے والوں پر حملہ کر دیا حالانکہ ان کے پیچھے بھی مسلمان ہی تھے اس طرح مسلمان آپس میں گتھم گتھا ہو گئے اور مسلمانوں نے مسلمانوں کو قتل کیا۔

الْعَيْنِ وَ يُقَالُ بَصُرْتُ وَاَبْصَرْتُ وَاحِدٌ

مسلمانوں نے انہیں اس وقت تک نہیں چھوڑا جب تک قتل نہ کر لیا۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے صرف اتنا فرمایا کہ خدا تمہاری مغفرت کرے۔ عروہ نے بیان کیا کہ اس کے بعد حذیفہ رضی اللہ عنہ (اپنے والد کے قتل کرنے والوں کے لئے) برابر مغفرت کی دعا کرتے رہتے تھے تاآنکہ وہ اللہ سے جاملے (کیونکہ یہ قتل محض غلط فہمی اور ذہنی پریشانی کی وجہ سے ہوا تھا۔) بصرت، یعنی میں علی وجہ البصیرت اس معاملہ کو سمجھتا ہوں اور ابصرت، آنکھ سے دیکھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ بصرت اور ابصرت ہم معنی ہیں۔

باب ۴۸۶. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَاكَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ

۴۸۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یقیناً تم میں سے جو لوگ اس دن پھر گئے تھے جس دن کہ دونوں جماعتیں باہم مقابل ہوئی تھیں تو یہ تو بس اس سبب سے ہوا کہ شیطان نے انہیں ان کے بعض کرتوتوں کے سبب لغزش دے دی تھی اور بے شک اللہ انہیں معاف کر چکا ہے، یقیناً اللہ بڑا مغفرت والا ہے، بڑا حلم والا ہے۔

(۱۲۲۶) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا اَبُوْحَمْزَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ حَجَّ الْبَيْتَ فَرَاٰى قَوْمًا جُلُوْسًا فَقَالَ مَنْ هٰؤُلَاءِ الْقُعُوْدُ قَالُوْا هٰؤُلَاءِ قُرَيْشٌ قَالَ مَنِ الشَّيْخُ قَالُوْا ابْنُ عُمَرَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اِنِّىْ سَائِلُكَ عَنْ شَىْءٍ تُحَدِّثُنِىْ قَالَ اَنْشُدُكَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الْبَيْتِ اَتَعْلَمُ اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَرَّيَوْمَ اُحُدٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتَعْلَمُهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَدْرٍ فَلَمْ يَشْهَدْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَتَعْلَمُ اَنَّهُ تَخَلَّفَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَلَمْ يَشْهَدْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَكَبَّرَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ تَعَالَ لِاُخْبِرَكَ وَلِاُبَيِّنَ لَكَ عَمَّا سَاَلْتَنِىْ عَنْهُ اَمَّا فِرَارُهُ يَوْمَ اُحُدٍ فَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَفَاعَنْهُ وَاَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَدْرٍ فَاِنَّهُ كَانَ تَحْتَهُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ مَرِيْضَةً فَقَالَ لَهُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لَكَ اَجْرَ رَجُلٍ مِّمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَّسَهْمَهُ وَاَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ فَاِنَّهُ لَوْ كَانَ اَحَدٌ اَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ لَبَعَثَهُ مَكَانَهُ فَبَعَثَ عُثْمٰنَ وَكَانَ

۱۲۲۶۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں ابوحمزہ نے خبر دی، ان سے عثمان بن موہب نے بیان کیا کہ ایک صاحب بیت اللہ کے حج کے لئے آئے تھے، دیکھا کہ کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ پوچھا کہ یہ بیٹھے ہوئے کون لوگ ہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ قریش ہیں۔ پوچھا کہ ان میں شیخ کون ہیں؟ بتایا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ۔ وہ صاحب ابن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور آپ سے کہا کہ میں آپ سے ایک بات پوچھتا ہوں، آپ مجھ سے واقعات (صحیح اور واضح طور پر) بیان کر دیجئے، اس گھر کی حرمت کا واسطہ دے کر میں آپ سے پوچھتا ہوں، کیا آپ کو معلوم ہے۔ کہ عثمان رضی اللہ عنہ نے غزوۂ احد کے مواقعہ پر راہ فرار اختیار کی تھی؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں صحیح ہے۔ انہوں نے پوچھا، آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ بدر کی لڑائی میں شریک نہیں تھے فرمایا کہ ہاں یہ بھی ہوا تھا۔ انہوں نے پوچھا، آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ وہ بیعت الرضوان (بیعت حدیبیہ) میں بھی پیچھے رہ گئے تھے اور حاضر نہ ہو سکے تھے؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں، یہ بھی صحیح ہے اس پر ان صاحب نے (مارے خوشی کے) اللہ اکبر کہا۔ لیکن ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، یہاں آؤ، میں تمہیں بتاؤں گا اور جو سوالات تم نے کئے ہیں، ان کی میں تمہارے سامنے تفصیل بیان کروں گا۔ احد کی لڑائی میں فرار سے متعلق جو

بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَ مَاذَهَبَ عُثْمَانُ اِلٰى مَكَّةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى هٰذِهٖ يَدُ عُثْمَانَ فَضَرَبَ بِهَا عَلٰى يَدِهٖ فَقَالَ هٰذِهٖ لِعُثْمٰنَ اِذْهَبْ بِهٰذَا الْاٰنَ مَعَكَ

تم نے کہا تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ غلطی معاف کر دی ہے۔ ● بدر کی لڑائی میں ان کے نہ ہونے کے متعلق جو تم نے کہا، تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے نکاح میں رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی (حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا) تھیں اور بیمار تھیں۔ آنحضور ﷺ نے (انہیں خود مدینہ ان کی تیمارداری کے لئے چھوڑا تھا اور) فرمایا تھا کہ تمہیں اس شخص کے برابر اجر و ثواب ملے گا جو بدر کی لڑائی میں شریک ہوگا اور اسی کے برابر مال غنیمت سے حصہ بھی ملے گا۔ بیعت رضوان میں ان کی عدم شرکت کا جہاں تک سوال ہے تو اگر وادی مکہ میں عثمان بن عفان سے زیادہ کوئی شخص ہر دلعزیز ہوتا تو آنحضور ﷺ آپ کے بجائے انہی کو بھیجتے اس لئے عثمان رضی اللہ عنہ کو وہاں بھیجنا پڑا۔ اور بیعت رضوان اس وقت ہوئی جب وہ مکہ میں تھے۔ (بیعت لیتے ہوئے) آنحضور ﷺ نے اپنے داہنے ہاتھ کو اٹھا کر فرمایا کہ یہ عثمان (رضی اللہ عنہا) کا ہاتھ ہے اور اسے اپنے (بائیں) ہاتھ پر مار کر فرمایا کہ یہ بیعت عثمانؓ کی طرف سے ہے۔ اب جا سکتے ہو، البتہ میری باتوں کو یاد رکھنا۔

باب ٤٨٧. اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَافَاتَكُمْ وَلَامَا اَصَابَكُمْ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ تُصْعِدُوْنَ تَذْهَبُوْنَ اَصْعَدَ وَصَعِدَ فَوْقَ الْبَيْتِ

٤٨٧۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد وہ وقت یاد کرو جب تم چڑھے جا رہے تھے اور مڑ کر بھی کسی کو نہ دیکھتے تھے اور رسول تم کو پکار رہے تھے اور تمہارے پیچھے کی جانب سے۔ سو اللہ نے تمہیں غم دیا غم کی پاداش میں، تاکہ تم رنجیدہ نہ ہوا کرو اس چیز پر جو تمہارے ہاتھ سے نکل جائے اور نہ اس مصیبت سے جو تم پر پڑے اور اللہ تمہارے کاموں سے خوب خبردار ہے۔"

(١٢٣٧) حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ

١٢٣٧۔ مجھ سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں

● غزوۂ احد کے موقعہ پر عام مسلمانوں میں کفار کے اچانک اور غیر متوقع حملہ کی وجہ سے گھبراہٹ اور دہشت پھیل گئی۔ اور چند صحابہؓ کے سوا، تمام حضرات منتشر ہو گئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ اپنی جگہ پر کھڑے ہوئے تھے اور دو ایک صحابہؓ کے ساتھ، جن کا ذکر انہیں احادیث میں اوپر گزرا، کفار کے تمام حملوں کا انتہائی پامردی سے مقابلہ کر رہے تھے۔ تھوڑی دیر کے بعد آنحضور ﷺ نے صحابہؓ کو آواز دی اور پھر تمام صحابہ جمع ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہؓ کی اس غلطی کو معاف کر دیا تھا اور اپنی معافی کا خود قرآن مجید میں اعلان کیا، اکثر صحابہ منتشر ہو گئے تھے۔ اور انہیں میں عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ مسلمانوں کو اس غزوہ میں اگرچہ نقصان بہت اٹھانا پڑا تھا لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ مسلمانوں نے غزوہ احد میں شکست کھائی تھی۔ کیونکہ نہ مسلمانوں نے ہتھیار ڈالے تھے اور نہ ان کے قائد یعنی آنحضور ﷺ نے میدان جنگ چھوڑا تھا۔ شکست و فتح کا مدار کمانڈر کے ساتھ فوج کی پسپائی پر ہوتا ہے۔ فوج یعنی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین میں اگرچہ تھوڑی دیر کے لئے انتشار پیدا ہو گیا تھا، لیکن پھر یہ سب حضرات جلد ہی میدان میں آ گئے تھے یہ بھی نہیں ہوا تھا کہ صحابہؓ نے میدان چھوڑ دیا ہو۔ بلکہ ایک غیر متوقع صورت حال سے گھبراہٹ اور صفوں میں انتشار پیدا ہو گیا تھا، گویا ایک افراتفری کی صورت تھی کہ جب اللہ کے نبی ﷺ نے انہیں پکارا۔ تو وہ فوراً سنبھل گئے اور پھر آ کر آپ کے چاروں طرف جمع ہو گئے۔

قَالَ جَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الرَّجَالَۃِ یَوْمَ اُحُدٍ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ جُبَیْرٍ وَّاَقْبَلُوْا مُنْھَزِمِیْنَ فَذَاکَ اِذْیَدْعُوْھُمُ الرَّسُوْلُ فِیْ اُخْرَاھُمْ

نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ غزوۂ احد کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے (تیراندازوں کے) پیدل دستہ کا امیر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو بنایا تھا لیکن وہ لوگ شکست خوردہ ہوکر آئے۔ آیت "اذید عوھم الرسول فی اخراھم" اسی بارے میں نازل ہوئی تھی۔

باب ۴۸۸۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ م بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ وَطَآئِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّالَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا قُلْ لَّوْکُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَافِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَافِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

۴۸۸۔ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد) "پھر اس نے اس غم کے بعد تمہارے اوپر راحت نازل کی، یعنی غنودگی کہ اس کا تم میں سے ایک جماعت پر غلبہ ہو رہا تھا اور ایک جماعت وہ تھی کہ اسے اپنی جانوں کو پڑی ہوئی تھی یہ اللہ کے بارے میں خلاف حقیقت خیالات اور جاہلیت کے خیالات قائم کر رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے کہ ہمارا کچھ اختیار چلتا ہے؟ آپ کہہ دیجئے کہ اختیار تو سارا اللہ کا ہے۔ یہ لوگ دلوں میں ایسی بات چھپائے ہوئے ہیں جو آپ پر ظاہر نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ کچھ بھی ہمارا اختیار چلتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے۔ آپ کہہ دیجئے کہ اگر تم گھروں میں ہوتے جب بھی وہ لوگ جن کے لئے قتل مقدر ہو چکا تھا اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل ہی پڑتے اور یہ سب اس لئے ہوا کہ اللہ تمہارے باطن کی آزمائش کرے اور تا کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے صاف کردے اور اللہ تعالیٰ باطن کی باتوں کو خوب جانتا ہے۔"

۱۲۳۸۔ وَقَالَ خَلِیْفَۃُ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَۃَ قَالَ کُنْتُ فِیْمَنْ تَغَشَّاہُ النُّعَاسُ یَوْمَ اُحُدٍ حَتّٰی سَقَطَ سَیْفِیْ مِنْ یَّدِیْ مِرَارًا یَسْقُطُ وَاٰخُذُہٗ وَیَسْقُطُ وَاٰخُذُہٗ

۱۲۳۸۔ اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کیا، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی ان سے انس رضی اللہ عنہ نے اور ان سے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ان لوگوں میں تھا جنہیں غزوہ احد کے موقع پر (طمانیت وسکون پیدا کرنے کے لئے) اونگھ نے آ گھیرا تھا اور اسی حالت میں میری تلوار کئی مرتبہ گر پڑی تھی، گر جاتی (ہاتھ سے چھوٹ کر، بے اختیار) تو میں اسے اٹھالیتا۔ پھر گر جاتی اور میں اسے اٹھالیتا۔

باب ۴۸۹۔ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْیَتُوْبَ عَلَیْھِمْ اَوْیُعَذِّبَھُمْ فَاِنَّھُمْ ظَالِمُوْنَ قَالَ حُمَیْدٌ وَّثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ شُجَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ فَقَالَ کَیْفَ یُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوْا نَبِیَّھُمْ فَنَزَلَتْ لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ

۴۸۹۔ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد) آپ کو اس امر میں کوئی دخل نہیں۔ اللہ خواہ ان کی توبہ قبول کرے، خواہ انہیں عذاب دے اس لئے کہ وہ ظالم ہیں۔" حمید اور ثابت بنانی نے انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے بیان کیا کہ غزوۂ احد کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کے سر مبارک میں زخم آ گئے تھے، تو آپ نے فرمایا کہ وہ قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے جس نے اپنے نبی کو زخمی کر دیا ہے۔ اس پر (مذکورہ بالا آیت) "لیس لک من الامر شیء" نازل ہوئی۔

(۱۲۴۰) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِاللّٰهِ السُّلَمِيُّ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ مِنَ الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ مِنَ الْفَجْرِ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَّفُلَانًا وَّفُلَانًا بَعْدَمَا يَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ وَعَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ سَمِعْتُ سَالِمَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْا عَلٰى صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ وَسُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو وَّالْحٰرِثِ بْنِ هِشَامٍ فَنَزَلَتْ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ

۱۲۴۰۔ ہم سے یحییٰ بن عبداللہ سلمی نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سالم نے، اپنے والد (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کے واسطہ سے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، جب آنحضور ﷺ فجر کی آخری رکعت کے رکوع سے سر مبارک اٹھاتے تو یہ دعا کرتے "اے اللہ! فلاں! فلاں اور فلاں (یعنی صفوان بن امیہ، سہیل بن عمرو اور حارث بن ہشام، کو اپنی رحمت سے دور کر دیجئے۔" یہ دعا آپ سمع اللہ لمن حمدہ، ربنا لک الحمد کے بعد کرتے تھے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت لیس لک من الامر شیئ سے فانھم ظٰلمون" تک نازل کی، (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا ہے)۔ اور حنظلہ بن ابی سفیان سے روایت ہے، انہوں نے سالم بن عبداللہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ صفوان بن امیہ، سہیل بن عمرو اور حارث بن ہشام کے لئے بددعا کرتے تھے، اس پر آیت، " لیس لک من الا مر شیئ سے فانھم ظٰلمون" تک نازل فرمائی۔

باب ۴۹۰. ذِكْرُ اُمِّ سُلَيْطٍ

۴۹۰۔ ام سلیط رضی اللہ عنہا کا تذکرہ۔

(۱۲۴۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّ قَالَ ثَعْلَبَةُ بْنُ اَبِيْ مَالِكٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَسَمَ مُرُوْطًا بَيْنَ نِسَاءٍ مِّنْ نِسَآءِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ فَبَقِيَ مِنْهَا مِرْطٌ جَيِّدٌ فَقَالَ لَهُ بَعْضُ مَنْ عِنْدَهُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَعْطِ هٰذَا بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ عِنْدَكَ يُرِيْدُوْنَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ عَلِيٍّ فَقَالَ عُمَرُ اُمُّ سُلَيْطٍ اَحَقُّ بِهٖ وَاُمُّ سُلَيْطٍ مِّنْ نِّسَآءِ الْاَنْصَارِ مِمَّنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ اِنَّهَا كَانَتْ تَزْفِرُ لَنَا الْقِرَبَ يَوْمَ اُحُدٍ

۱۲۴۱۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس، ان سے ابن شہاب نے کہ ثعلبہ بن ابی مالک نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مدینہ کی خواتین میں چادریں تقسیم کروائیں۔ ایک عمدہ قسم کی چادر باقی بچ گئی تو ایک صاحب نے جو وہیں موجود تھے، عرض کی، یا امیر المؤمنین! یہ چادر رسول اللہ ﷺ کی نواسی کو دے دیجئے جو آپ کے نکاح میں ہیں، ان کا اشارہ ام کلثوم بنت علی رضی اللہ عنہا کی طرف تھا۔ لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ام سلیط، ان سے زیادہ مستحق ہیں۔ ام سلیط رضی اللہ عنہا کا تعلق قبیلہ انصار سے تھا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تھی، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ غزوۂ احد میں وہ ہمارے لئے مشک اٹھا اٹھا کر لاتی تھیں۔

باب ۴۹۱. قَتْلِ حَمْزَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۴۹۱۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت۔

(۱۲۴۲) حَدَّثَنِيْ اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ سُلَيْمٰنَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ

۱۲۴۲۔ مجھ سے ابوجعفر بن محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے حجین بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابی سلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن فضیل نے، ان سے سلیمان بن یسار نے ان سے جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں عبید اللہ بن عدی بن خیار رضی اللہ عنہ کے

الْخِيَارِ فَلَمَّا قَدِمْنَا حِمْصَ قَالَ لِي عُبَيْدُاللهِ هَلْ لَّكَ فِي وَحْشِيٍّ تَسْأَلُ عَنْ قَتْلِ حَمْزَةَ قُلْتُ نَعَمْ وَكَانَ وَحْشِيٌّ يَّسْكُنُ حِمْصَ فَسَأَلْنَا عَنْهُ فَقِيْلَ لَنَا هُوَذَاكَ فِي ظِلِّ قَصْرِهٖ كَانَّه' حَمِيْتٌ قَالَ فَجِئْنَا حَتّٰى وَقَفْنَا عَلَيْهِ بِيَسِيْرٍ فَسَلَّمْنَا فَرَدَّ السَّلَامَ قَالَ وَعُبَيْدُ اللهِ مُعْتَجِرٌ بِعِمَامَتِهٖ مَايُرٰى وَحْشِيٌّ اِلَّاعَيْنَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَقَالَ عُبَيْدُ اللهِ يَاوَحْشِيُّ اَتَعْرِفُنِيْ قَالَ فَنَظَرَ اِلَيْهِ ثُمَّ قَالَ لَاوَاللهِ اِلَّا اَنِّيْ اَعْلَمُ اَنَّ عَدِيَّ بْنَ الْخِيَارِ تَزَوَّجَ امْرَاَةً يُقَالُ لَهَا اُمُّ قِتَالٍ بِنْتُ اَبِي الْعِيْصِ فَوَلَدَتْ لَه' فَحَمَلْتُ ذٰلِكَ الْغُلَامَ مَعَ اُمِّهٖ فَنَاوَلْتُهَااِيَّاهُ فَكَاَنِّيْ نَظَرْتُ اِلٰى قَدَمِكَ قَالَ فَكَشَفَ عُبَيْدُاللهِ عَنْ وَّجْهِهٖ ثُمَّ قَالَ اَلَا تُخْبِرُنَا بِقَتْلِ حَمْزَةَ قَالَ نَعَمْ اِنَّ حَمْزَةَ قَتَلَ طُعَيْمَةَ بْنَ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ بِبَدْرٍ فَقَالَ لِيْ مَوْلَايَ جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ اِنْ قَتَلْتَ حَمْزَةَ بِعَمِّيْ فَاَنْتَ حُرٌّ قَالَ فَلَمَّا اَنْ خَرَجَ النَّاسُ عَامَ عَيْنَيْنِ وَعَيْنَيْنِ جَبَلٌ بِحِيَالِ اُحُدٍ بَيْنَه' وَبَيْنَه' وَادٍ خَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ اِلَى الْقِتَالِ فَلَمَّا اصْطَفُّوْا لِلْقِتَالِ خَرَجَ سِبَاعٌ فَقَالَ هَلْ مِنْ مُّبَارِزٍ قَالَ فَخَرَجَ اِلَيْهِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَقَالَ يَاسِبَاعُ يَاابْنَ اُمِّ اَنْمَارٍ مُقَطِّعَةِ الْبُظُوْرِ اَتُحَادُّ اللهَ وَرَسُوْلَه' صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثُمَّ شَدَّ عَلَيْهِ فَكَانَ كَاَمْسِ الذَّاهِبِ قَالَ وَكَمَنْتُ لِحَمْزَةَ تَحْتَ صَخْرَةٍ لَمَّا دَنَامِنِّيْ رَمَيْتُه' بِحَرْبَتِيْ فَاَضَعُهَا فِيْ ثُنَّتِهٖ حَتّٰى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ وَرِكَيْهِ قَالَ فَكَانَ ذٰلِكَ الْعَهْدَ بِهٖ فَلَمَّا رَجَعَ النَّاسُ رَجَعْتُ مَعَهُمْ فَاَقَمْتُ بِمَكَّةَ حَتّٰى فَشَافِيْهَا الْاِسْلَامُ ثُمَّ خَرَجْتُ اِلَى الطَّائِفِ فَاَرْسَلُوْآ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُسُوْلًا فَقِيْلَ لِيْ اِنَّه' لَايَهِيْجُ الرُّسُلَ فَخَرَجْتُ مَعَهُمْ حَتّٰى قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَاٰنِيْ قَالَ اَنْتَ وَحْشِيٌّ

ساتھ روانہ ہوا، جب ہم حمص پہنچے تو مجھ سے عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا آپ کو وحشی (ابن حرب حبشی جنہوں نے غزوۂ احد میں بحالت کفر حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کر کے ان کی لاش کا مثلہ بنایا تھا) سے کچھ دلچسپی ہے۔ ہم چل کے ان سے حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے متعلق واقعات معلوم کرتے، میں نے کہا کہ ٹھیک ہے۔ چلنا چاہئے۔ وحشی کا قیام حمص میں تھا۔ چنانچہ ہم لوگوں نے ان کے متعلق معلوم کیا تو ہمیں بتایا گیا کہ وہ اپنے مکان کے سائے میں بیٹھے ہوئے ہیں، جیسے کوئی بڑا سا کپا ہو۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر ہم ان کے پاس آئے اور تھوڑی دیر ان کے پاس کھڑے رہے۔ پھر سلام کیا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا۔ بیان کیا کہ عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنے عمامہ کو اس طرح لپیٹ لیا تھا کہ وحشی صرف ان کی آنکھیں اور پاؤں دیکھ سکتے تھے۔ عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا اے وحشی! کیا آپ نے مجھے پہچانا؟ بیان کیا کہ پھر انہوں نے عبیداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا اور کہا کہ نہیں، خدا کی قسم، البتہ میں اتنا جانتا ہوں کہ عدی بن خیار نے ایک عورت سے نکاح کیا تھا، اسے ام قتال بنت ابی العیس کہا جاتا تھا، پھر مکہ میں اس کے یہاں ایک بچہ پیدا ہوا اور میں اس کے لئے کسی انا کی تلاش کے لئے گیا تھا، پھر میں اس بچے کو اس کی (رضاعی) ماں کے پاس لے گیا اور اس کے حوالہ کر دیا، غالباً میں نے تمہارے پاؤں دیکھے تھے۔ بیان کیا کہ اس پر عبیداللہ بن عدی رضی اللہ عنہ نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹا لیا اور کہا، ہمیں آپ حمزہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے واقعات بتا سکتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہاں، بدر کی لڑائی میں حمزہؓ نے طعیمہ بن عدی بن خیار کو قتل کیا تھا، میرے مولا جبیر بن مطعم نے مجھ سے کہا کہ اگر تم نے حمزہ کو میرے چچا (طعیمہ) کے بدلے میں قتل کر دیا تو تم آزاد ہو۔ انہوں نے بتایا کہ پھر جب قریش عینین کی جنگ کے لئے نکلے۔ عینین احد کی ایک پہاڑی ہے اور اس کے اور احد کے درمیان وادی حائل ہے۔ تو میں بھی ان کے ساتھ جنگ کے ارادہ سے ہولیا۔ جب (دونوں فوجیں آمنے سامنے) لڑنے کے لئے صف بستہ ہوگئیں تو (قریش کی صف میں سے) سباع بن عبدالعزی نکلا اور اس نے آواز دی، ہے کوئی لڑنے والا؟ بیان کیا کہ (اس کی اس دعوت مبارزت پر) حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نکل کر آئے اور

قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَنْتَ قَتَلْتَ حَمْزَةَ قُلْتُ قَدْ كَانَ مِنَ الْاَمْرِ مَابَلَغَكَ قَالَ فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ اَنْ تُغَيِّبَ وَجْهَكَ عَنِّيْ قَالَ فَخَرَجْتُ فَلَمَّا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ مُسَيْلَمَةُ الْكَذَّابُ قُلْتُ لَاَخْرُجَنَّ اِلٰى مُسَيْلَمَةَ لَعَلِّيْ اَقْتُلُهٗ فَاُكَافِئَ بِهٖ حَمْزَةَ قَالَ فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ فَكَانَ مِنْ اَمْرِهٖ مَاكَانَ قَالَ فَاِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِيْ ثُلْمَةِ جِدَارٍ كَاَنَّهٗ جَمَلٌ اَوْرَقُ ثَائِرُ الرَّاْسِ قَالَ فَرَمَيْتُهٗ بِحَرْبَتِيْ فَاَضَعُهَا بَيْنَ ثَدْيَيْهِ حَتّٰى خَرَجَتْ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِ قَالَ وَوَثَبَ اِلَيْهِ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَضَرَبَهٗ بِالسَّيْفِ عَلٰى هَامَتِهٖ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنَ الْفَضْلِ فَاَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ فَقَالَتْ جَارِيَةٌ عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ وَّاَمِيْرُالْمُؤْمِنِيْنَ قَتَلَهُ الْعَبْدُ الْاَسْوَدُ

فرمایا، اے سباع، اے ام انمار کے بیٹے جو عورتوں کے ختنے کیا کرتی تھی، ❶ تو اللہ اور اس کے رسول سے لڑنے آیا ہے، بیان کیا کہ پھر حمزہ رضی اللہ عنہ نے اس پر حملہ کیا اور قتل کر دیا۔ اب وہ گذرے ہوئے رن کی طرح ہو چکا تھا۔ وحشی نے بیان کیا کہ ادھر میں ایک چٹان کے نیچے۔ حمزہ کی تاک میں تھا اور جوں ہی وہ مجھ سے قریب ہوئے میں نے ان پر اپنا چھوٹا نیزہ پھینک کر مارا۔ نیزہ ان کی ناف کے نیچے جا کر لگا اور سرین کے پار ہو گیا۔ بیان کیا کہ یہی ان کی شہادت کا سبب بنا۔ پھر جب قریش واپس ہوئے تو میں بھی ان کے ساتھ واپس آ گیا اور مکہ میں مقیم رہا۔ لیکن جب مکہ بھی اسلامی سلطنت کے تحت آ گیا تو میں طائف چلا گیا۔ طائف والون نے بھی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک قاصد بھیجا (اپنی اطاعت اور اسلام کے لئے) تو مجھ سے وہاں کے لوگوں نے کہا کہ انبیاء کسی پر زیادتی نہیں کرتے اس لئے تم مطمئن رہو، اسلام قبول کرنے کے بعد تمہاری پچھلی تمام غلطیاں معاف ہو جائیں گی) چنانچہ میں بھی ان کے ساتھ روانہ ہوا۔ جب میں آنحضور ﷺ کی خدمت میں پہنچا اور آپ ﷺ نے مجھے دیکھا تو دریافت فرمایا۔ کیا تمہارا ہی نام وحشی ہے۔ میں نے عرض کی کہ جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کیا تمہیں نے حمزہ کو قتل کیا تھا؟ میں نے عرض کی، جو آنحضور ﷺ کو معاملے میں معلوم ہے وہی صحیح ہے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، کیا تم ایسا کر سکتے ہو کہ اپنی صورت مجھے کبھی نہ دکھاؤ۔ ❷ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں وہاں سے نکل گیا۔ پھر آنحضور ﷺ کی جب وفات ہوئی تو مسیلمہ کذاب نے خروج کیا۔ اب میں نے سوچا کہ مجھے مسیلمہ کے

---

❶ عورتوں کا ختنہ۔ ہم ہندوستانیوں کے لئے عجیب سی بات ہے، لیکن عرب میں، مردوں کی طرح عورتوں کا بھی ختنہ ہوتا تھا اور جس طرح مردوں کے ختنے مرد کیا کرتے تھے، عورتوں کے ختنے عورتیں کیا کرتی تھیں۔ یہ طریقہ جاہلیت میں بھی رائج تھا اور اسلام نے اسے باقی رکھا کیونکہ ابراہیم علیہ السلام کی جو بعض سنتیں عربوں میں باقی رہ گئی تھیں ان میں سے ایک یہ بھی تھی۔ عرب ممالک میں عورتوں کے ختنے کا اب بھی رواج ہے۔ لیکن ہم ہندوستانی مسلمان ہیں اور اس سے کوئی واقفیت بھی نہیں رکھتے۔ جس طرح مردوں کا ختنہ سنت ہے، عورتوں کا ختنہ بھی سنت ہے۔ چونکہ سباع بن عبدالعزی کی ماں عورتوں کے ختنے کیا کرتی تھی، اس لئے حمزہ رضی اللہ عنہ نے اسے اس کی ماں کے پیشے پر عار دلائی۔ ❷ اسلام لانے کے بعد ان کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے، لیکن انہوں نے آنحضور ﷺ کے چچا، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا اور اس میں بھی اتنی بے دردی کا مظاہرہ کیا تھا کہ جب وہ شہید ہو گئے تو ان کا سینہ چاک کر کے اندر سے دل نکالا تھا اور لاش کو بگاڑ دیا تھا۔ اس لئے یہ ایک قدرتی بات تھی کہ انہیں دیکھ کر حمزہ رضی اللہ عنہ کی غم انگیز شہادت آنحضور ﷺ کے سامنے آ جاتی، اور پھر یہ بھی سوچئے کہ آنحضور ﷺ، روحی وابی وامی فداہ اپنے چچا کو اتنی بے دردی سے قتل کرنے والے کی صحبت کیسے برداشت کر سکتے تھے۔

خلاف جنگ میں ضرور شرکت کرنی چاہئے، ممکن ہے میں اسے قتل کردوں اور اس طرح حمزہ رضی اللہ عنہ کے قتل کی مکافات ہو سکے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں بھی اس کے خلاف جنگ کے لئے مسلمانوں کے ساتھ نکلا، اس سے جنگ کے واقعات سب کو معلوم ہیں۔ بیان کیا کہ (میدان جنگ میں) میں نے دیکھا کہ ایک شخص (مسیلمہ) ایک دیوار کی دراز سے لگا کھڑا ہے، جیسے گندمی رنگ کا کوئی اونٹ ہو، سر کے بال پریشان تھے۔ بیان کیا کہ میں نے اس پر بھی اپنا چھوٹا نیزہ پھینک کر مارا۔ نیزہ اس کے سینے پر لگا، اور شانوں کو پار کر گیا۔ بیان کیا کہ اتنے میں ایک انصاری صحابی جھپٹے اور تلوار سے اس کی کھوپڑی پر مارا (عبدالعزیز بن عبداللہ نے) بیان کیا، ان سے عبداللہ بن فضل نے بیان کیا کہ پھر مجھے سلیمان بن یسار نے خبر دی اور انہوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کر رہے تھے کہ (مسیلمہ کے قتل کے بعد) ایک لڑکی نے چھت پر کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ ''امیر المؤمنین کو ایک کالے غلام (یعنی حضرت وحشی) نے قتل کر دیا۔

ب ۴۹۲. مَآ اَصَابَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَ الْجِرَاحِ يَوْمَ اُحُدٍ

۴۹۲۔ غزوۂ احد کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کو جو زخم پہنچے تھے۔

۱۲۴۳) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ رَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامٍ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ لَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَدَّ غَضَبُ لّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ فَعَلُوْابِنَبِيِّهٖ يُشِيْرُ اِلٰى رَبَاعِيَّتِهٖ اشْتَدَّ ضَبُ اللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ يَقْتُلُهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ لَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

۱۲۴۳۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے، ان سے ہمام نے اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا غضب اس قوم پر انتہائی سخت ہے جنہوں نے اس کے نبی کے ساتھ یہ کیا، آپ کا اشارہ آگے کے دندان مبارک (کے ٹوٹ جانے) کی طرف تھا، اللہ تعالیٰ کا غضب اس شخص (ابن ابی بن خلف) پر انتہائی سخت ہے۔ جسے اس کے نبی نے اللہ کے راستے میں قتل کیا ہے۔

۱۲۴۴) حَدَّثَنِيْ مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى نُ سَعِيْدِ الْاُمَوِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اشْتَدَّ غَضَبُ لّٰهِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى قَوْمٍ دَمَّوْا وَجْهَ بِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۴۴۔ مجھ سے مخلد بن مالک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید اموی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر انتہائی غضب نازل ہوا جسے اللہ کے نبی ﷺ نے قتل کیا تھا، اللہ تعالیٰ کا انتہائی غضب اس قوم پر نازل ہوا جنہوں نے اللہ کے نبی ﷺ کے چہرہ مبارک

کوخون آلود کردیا تھا (غزوۂ احد کے موقعہ پر)۔

(۱۲۴۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ وَّهُوَ يُسْئَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَعْرِفُ مَنْ كَانَ يَغْسِلُ جُرْحَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ يَسْكُبُ الْمَآءَ وَبِمَادُوْوِیَ قَالَ كَانَتْ فَاطِمَةُ رضی اللہ عنہا بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُهٗ وَعَلِیٌّ يَسْكُبُ الْمَآءَ بِالْمِجَنِّ فَلَمَّا رَاَتْ فَاطِمَةُ اَنَّ الْمَآءَ لَايَزِيْدُ الدَّمَ اِلَّا كَثْرَةً اَخَذَتْ قِطْعَةً مِّنْ حَصِيْرٍ فَاَحْرَقَتْهَا وَاَلْصَقَتْهَا فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ وَكُسِرَتْ رُبَاعِيَتُهٗ يَوْمَئِذٍ وَّجُرِحَ وَجْهُهٗ وَكُسِرَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ

۱۲۴۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے اور انہوں نے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ سے نبی کریم ﷺ کے (غزوۂ احد کے موقعہ پر آنے والے) زخموں کے متعلق پوچھا گیا تھا، تو آپ نے بیان کیا کہ خدا گواہ ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ کے زخموں کو کس نے دھویا تھا، انہوں نے بیان کیا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا، رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی، خون کو دھو رہی تھیں، علی رضی اللہ عنہ ڈھال سے پانی ڈال رہے تھے، جب فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ پانی ڈالنے سے خون اور زیادہ نکلا آرہا ہے تو آپ نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لے کر اسے جلایا اور پھر اسے زخم پر چپکا دیا۔ اس عمل سے خون آنا بند ہوگیا۔ اسی دن آنحضور ﷺ کے آگے کے دندان مبارک ٹوٹے تھے، آنحضور ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی ہوگیا تھا اور خود سر مبارک پر ٹوٹ گئی تھی۔

(۱۲۴۶) حَدَّثَنِیْ عَمْرُوبْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ قَتَلَهٗ نَبِیٌّ وَّاشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلٰى مَنْ دَمّٰى وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۴۶۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ کا انتہائی غضب اس شخص پر نازل ہوا جسے اللہ کے نبی نے قتل کیا تھا، اللہ تعالیٰ کا انتہائی غضب اس پر نازل ہوا جس نے (یعنی عبداللہ بن قمیہ نے لعنۃ اللہ علیہ، رسول اللہ ﷺ کے چہرہ مبارک کو خون آلود کیا تھا۔

باب ۴۹۳۔ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

۴۹۳۔ ''وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی دعوت پر لبیک کہا۔''

(۱۲۴۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ قَالَتْ لِعُرْوَةَ يَاابْنَ اُخْتِیْ كَانَ اَبُوْكَ مِنْهُمُ الزُّبَيْرُ وَاَبُوْبَكْرٍ لَمَّآ اَصَابَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَااَصَابَ يَوْمَ اُحُدٍ وَانْصَرَفَ عَنْهُ الْمُشْرِكُوْنَ خَافَ اَنْ يَّرْجِعُوْا قَالَ مَنْ يَّذْهَبُ فِیْ

۱۲۴۷۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابومعاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے (آیت) ''وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی دعوت پر لبیک کہا۔ آپ نے عروہ سے اس آیت کے متعلق فرمایا۔ میرے بھانجے! تمہارے والد زبیر اور (نانا) بوبکر رضی اللہ عنہما بھی انہیں میں سے تھے، احد کی لڑائی میں رسول اللہ ﷺ کو جو کچھ تکلیف پہنچی تھی جب وہ پہنچی، اور مشرکین واپس جانے لگے تو آنحضور ﷺ کو اس کا خطرہ ہوا کہ کہیں وہ پھر لوٹ کر حملہ نہ کریں، اس لئے آپ

اٰثْرِهِمْ فَانْتَدَبَ مِنْهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلًا قَالَ كَانَ فِيْهِمْ اَبُوْ بَكْرٍ وَّالزُّبَيْرُ

نے فرمایا کہ ان کا تعاقب کرنے کون جائے؟❶ اسی وقت ستر (۷۰) صحابہؓ نے اپنی خدمات پیش کیں۔ بیان کیا کہ ابوبکر اور زبیر رضی اللہ عنہما بھی انہیں میں تھے۔

باب ۴۹۴. مَنْ قُتِلَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنْهُمْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَالْيَمَانُ وَاَنَسُ بْنُ النَّضْرِ وَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ

۴۹۴۔ جن مسلمانوں نے غزوۂ احد میں شہادت حاصل کی تھی انہی میں حمزہ بن عبدالمطلب، ابوحذیفہ الیمان، انس بن نضر اور مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہم بھی تھے۔

(۱۲۴۸) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ مَانَعْلَمُ حَيًّامِّنْ اَحْيَآءِ الْعَرَبِ اَكْثَرَ شَهِيْدًا اَعَزَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ قَتَادَةُ وَحَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّه' قُتِلَ مِنْهُمْ يَوْمَ اُحُدٍ سَبْعُوْنَ وَيَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ سَبْعُوْنَ وَيَوْمَ الْيَمَامَةِ سَبْعُوْنَ قَالَ وَكَانَ بِئْرُمَعُوْنَةَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَوْمَ الْيَمَامَةِ عَلٰى عَهْدِ اَبِيْ بَكْرٍ يَّوْمَ مُسَيْلَمَةَ الْكَذَّابِ

۱۲۴۸۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے معاذ بن ہشام نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے بیان کیا کہ عرب کے تمام قبائل میں کوئی قبیلہ انصار کے مقابلے میں اس سعادت کو حاصل نہیں کر سکا کہ اس کے سب سے زیادہ افراد شہید ہوئے اور وہ قیامت کے دن سب سے زیادہ عزت سے اٹھے گا، انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہم سے حدیث بیان کی کہ غزوۂ احد میں قبیلہ انصار کے ستر افراد شہید ہوئے، بیر معونہ کے واقعہ میں اس کے ستر (۷۰) افراد شہید ہوئے اور یمامہ کی لڑائی میں اس کے ستر افراد شہید ہوئے۔ بیان کیا بئر معونہ کا واقعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں پیش آیا تھا، اور یمامہ کی جنگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ہوئی تھی جو مسیلمہ کذاب سے لڑی گئی تھی۔

(۱۲۴۹) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ابْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى اُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ اَخْذًا لِّلْقُرْاٰنِ فَاِذَا اُشِيْرَلَه' اِلٰى اَحَدٍ قَدَّمَه' فِي اللَّحْدِ وَقَالَ اَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَآئِهِمْ وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ وَلَمْ يُغَسَّلُوْا وَقَالَ اَبُوالْوَلِيْدِ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا قَالَ لَمَّا قُتِلَ اَبِيْ جَعَلْتُ اَبْكِيْ وَاَكْشِفُ الثَّوْبَ عَنْ وَّجْهِهٖ فَجَعَلَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَوْنِيْ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۲۴۹۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے اور انہیں جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے احد کے شہداء کو (دفن کے لئے) ایک ہی کپڑے میں دو (۲) دو (۲) صحابہؓ کو کفن دیا اور آپ ﷺ دریافت فرماتے کہ ان میں قران کے عالم سب سے زیادہ کون ہیں؟ جب کسی ایک کی طرف اشارہ کر کے آپ کو بتایا جاتا تو لحد میں آپ انہیں آگے کرتے، آپ نے فرمایا کہ قیامت کے دن میں ان سب پر گواہ ہوں گا، پھر آپ نے تمام شہداء کو خون سمیت دفن کا حکم دیا اور ان کی نماز نہیں پڑھی اور نہ انہیں غسل دیا۔ اور ابوالولید نے بیان کیا، ان سے شعبہ نے، ان سے ابن المنکدر نے بیان کیا، انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب میرے والد (عبداللہ رضی اللہ عنہ) شہید کر دیئے گئے تو میں رونے لگا اور بار بار

❶ یہ اس لئے تاکہ مشرکین یہ نہ سمجھیں کہ احد کے نقصان نے مسلمانوں کو نڈھال کر دیا ہے اور اگر ان پر دوبارہ حملہ کیا گیا تو وہ کامیاب ہو جائے گا۔

عَلَيْهِ وَسَلَّم لَمْ يَنَهُ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم لَا تَبكِيهِ اَوْمَا تَبْكِيهِ مَازَالَتِ الْمَلٰئِكَةُ تُظِلُّه' بِاَجْنِحَتِهَا حَتّٰى رُفِعَ

ان کے چہرے سے کپڑا ہٹاتا۔ صحابہؓ مجھے روکتے تھے لیکن رسول اللہ ﷺ نے نہیں روکا۔ (فاطمہ بن عمرو رضی اللہ عنہا، عبداللہ رضی اللہ عنہ کی بہن بھی رونے لگی تھیں تو) آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ روؤ مت (آنحضور ﷺ نے لاتبکیہ فرمایا یا ماتبکیہ راوی کو شک تھا) فرشتے برابر ان کی لاش پر اپنے پروں کا سایہ کئے ہوئے تھے، تاآنکہ اسے اٹھالیا گیا۔

(۱۲۵۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهِ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِي مُوسٰى اُرٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ رَاَيْتُ فِي رُؤْيَايَ اَنِّي هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُه' فَاِذَا هُوَمَا اُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُه' اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَاكَانَ فَاِذَا هُوَ مَاجَآءَ بِهِ اللّٰهُ عَنِ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَاَيْتُ فِيْهَا بَقَرًاوَّاللّٰهُ خَيْرٌ فَاِذَاهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ اُحُدٍ

۱۲۵۰۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ بن ابی بردہ نے، ان سے ان کے دادا ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا، میں نے خواب دیکھا ہے کہ میں نے تلوار کو ہلایا اور اس سے اس کی دھار ٹوٹ گئی، اس کی تعبیر مسلمانوں کے اس نقصان کی صورت میں ظاہر ہوئی جو غزوۂ احد میں اٹھانی پڑی تھی۔ پھر میں نے دوبارہ اس تلوار کو ہلایا، تو وہ اس سے بھی زیادہ اچھی صورت میں ہوگئی۔ جیسے پہلے تھی، اس کی تعبیر اللہ تعالیٰ نے فتح اور مسلمانوں کے اتحاد و اجتماع کی صورت میں ظاہر کی۔ میں نے اسی خواب میں ایک گائے دیکھی تھی (جو ذبح ہو رہی تھی) اور اللہ تعالیٰ کے تمام کاروبار برازحکمت ہوتے ہیں۔ اس کی تعبیر وہ مسلمان تھے (جو) احد کی لڑائی میں شہید ہوئے۔

(۱۲۵۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ خَبَّابٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ هَاجَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَنَحْنُ نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ فَوَجَبَ اَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ فَمِنَّا مَنْ مَّضٰى اَوْ ذَهَبَ لَمْ يَاْكُلْ مِنْ اَجْرِه شَيْئًا كَانَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ فَلَمْ يَتْرُكْ اِلَّا نَمِرَةً كُنَّا اِذَا غَطَّيْنَا بِهَا رَاْسَه' خَرَجَتْ رِجْلَاهُ وَاِذَا غُطِّيَ بِهَارِجْلَيْهِ خَرَجَ رَاْسُه' فَقَالَ لَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم غَطُّوْا بِهَا رَاْسَه' وَاجْعَلُوْا عَلٰى رِجْلَيْهِ الْاِذْخِرَ وَمِنَّا مَنْ اَيْنَعَتْ لَه' ثَمَرَتُه' فَهُوَ يَهْدِبُهَا

۱۲۵۱۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے شقیق نے اور ان سے خباب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے، نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہجرت کی اور ہمارا مقصد اس سے صرف اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنا تھا۔ ضروری تھا کہ اللہ تعالیٰ اس پر ہمیں اجر دیتا۔ اب بعض حضرات تو وہ تھے جو اللہ سے جا ملے اور (دنیا میں) انہوں نے اپنا کوئی اجر نہیں دیکھا۔ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ بھی انہیں میں سے تھے، غزوۂ احد میں آپ نے شہادت پائی تھی اور ایک چادر کے سوا اور کوئی چیز انہوں نے نہیں چھوڑی تھی۔ اس چادر سے (کفن دیتے وقت) جب ہم ان کا سر چھپاتے تھے تو پاؤں کھل جاتا تھا اور پاؤں چھپاتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، آنحضور ﷺ نے ہم سے فرمایا کہ چادر سے سر چھپا دو۔ اور پاؤں پر اذخر گھاس رکھ دو یا آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ **الفو علی رجلیه من الاذخر** (**اجعلوا علی رجلیه الاذخر**) کے بجائے، دونوں

جملوں کا مفہوم ایک ہے) اور ہم میں بعض وہ ہیں جنہیں ان کے اس عمل کا پھل (اسی دنیا میں) دے دیا گیا اور وہ اس سے خوب لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

باب ۴۹۵ اُحُدٌ يُحِبُّنَا قَالَهُ عَبَّاسُ بْنُ سَهْلٍ عَنْ اَبِىْ حُمَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۴۹۵۔ احد پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے۔ عباس بن سہل نے ابوحمید کے واسطہ سے نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے۔

(۱۲۵۲) حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبِىْ عَنْ قُرَّةَ بن خَالِدٍ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعْتُ اَنَسًا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ

۱۲۵۲۔ ہم سے نصر بن علی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، انہیں قرہ بن خالد نے، انہیں قتادہ نے اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا (احد کے بارے میں) یہ پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں۔

(۱۲۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ عَمْرٍو مَوْلَى الْمُطَّلِبِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَعَ لَهُ اُحُدٌ فَقَالَ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَ نُحِبُّهُ اَللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَ اِنِّىْ حَرَّمْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا

۱۲۵۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں امام مالک نے خبر دی، انہیں مطلب کے مولا عمرو نے اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے (خیبر سے واپس ہوتے ہوئے) احد کو دیکھ کر فرمایا: یہ پہاڑ ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں، اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو باحرمت علاقہ قرار دیا تھا۔ (آپ کے حکم کے مطابق) اور میں (آپ کے حکم کے مطابق) ان دونوں پتھریلے میدانوں کے درمیانی علاقے (مدینہ منورہ) کو باحرمت قرار دیتا ہوں۔

(۱۲۵۴) حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِى الْخَيْرِ عَنْ عُقْبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى اَهْلِ اُحُدٍ صَلٰوتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ اِنِّىْ فَرَطٌ لَكُمْ وَاَنَا شَهِيْدٌ عَلَيْكُمْ وَاِنِّىْ لَاَنْظُرُ اِلٰى حَوْضِىَ الْاٰنَ وَاِنِّىْ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ اَوْمَفَاتِيْحَ الْاَرْضِ اِنِّىْ وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِىْ وَ لٰكِنِّىْ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا

۱۲۵۴۔ مجھ سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی حبیب نے، ان سے ابوالخیر نے اور ان سے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک دن باہر تشریف لائے اور شہداء احد کے حق میں دعا کی، جیسے مردوں کے لئے دعا کی جاتی ہے۔ پھر آپ منبر پر تشریف لائے اور فرمایا کہ میں تمہارے آگے جاؤں گا، میں تمہارے حق میں گواہ رہوں گا، میں اب بھی اپنے حوض (کوثر) کو دیکھ رہا ہوں، مجھے دنیا کے خزانوں کی کنجی عطا فرمائی گئی ہے، یا (آپ نے فرمایا) مفاتیح الارض (مفاتیح خزائن الارض کے بجائے، دونوں جملوں کے مفہوم میں کوئی فرق نہیں)، خدا گواہ ہے کہ میں تمہارے بارے میں اس سے نہیں ڈرتا کہ تم میرے بعد شرک کرنے لگو گے۔ بلکہ مجھے اس کا خطرہ ہے کہ تم دنیا کے لئے منافست کرنے لگو گے۔

باب ۴۹۶. غَزْوَةِ الرَّجِيعِ وَ رِعْلٍ وَّ ذَكْوَانَ وَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَحَدِيْثِ عَضَلٍ وَّالْقَارَةِ وَعَاصِمِ بْنِ ثَابِتٍ وَّخُبَيْبٍ وَّاَصْحَابِهٖ قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ اَنَّهَا بَعْدَ اُحُدٍ

(۱۲۵۵) حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ الثَّقَفِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَؓ قَالَ بَعَثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً عَيْنًا وَّاَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَاصِمَ ابْنَ ثَابِتٍ وَّهُوَ جَدُّ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِؓ فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى اِذَاكَانَ بَيْنَ عُسْفَانَ وَمَكَّةَ ذُكِرُوْا لِحَىٍّ مِّنْ هُذَيْلٍ يُّقَالُ لَهُمْ بَنُوْلِحْيَانَ فَتَبِعُوْهُمْ بِقَرِيْبٍ مِّنْ مِّائَةِ رَامٍ فَاقْتَصُّوْا آثَارَهُمْ حَتّٰى اَتَوْا مَنْزِلًا نَّزَلُوْهُ فَوَجَدُوْا فِيْهِ نَوٰى تَمْرٍ تَزَوَّدُوا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالُوْا هٰذَا تَمْرُ يَثْرِبَ فَتَبِعُوْا آثَارَهُمْ حَتّٰى لَحِقُوْهُمْ فَلَمَّا انْتَهٰى عَاصِمٌ وَّاَصْحَابُهٗ لَجَاُوْا اِلٰى فَدْفَدٍ وَّجَآءَ الْقَوْمُ فَاَحَاطُوْا بِهِمْ فَقَالُوْا لَكُمُ الْعَهْدُ وَالْمِيْثَاقُ اِنْ نَّزَلْتُمْ اِلَيْنَا اَنْ لَّانَقْتُلَ مِنْكُمْ رَجُلًا فَقَالَ عَاصِمٌ وَّاَمَّا اَنَا فَلَا اَنْزِلُ فِىْ ذِمَّةِ كَافِرٍ اَللّٰهُمَّ اَخْبِرْعَنَّا نَبِيَّكَ فَقَاتَلُوْهُمْ حَتّٰى قَتَلُوْا عَاصِمًا فِىْ سَبْعَةِ نَفَرٍ بِالنَّبْلِ وَبَقِىَ خُبَيْبٌ وَّ زَيْدٌ وَّ رَجُلٌ اٰخَرُ فَاَعْطَوْهُمُ الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ نَزَلُوْآ اِلَيْهِمْ فَلَمَّا اسْتَمْكَنُوْا مِنْهُمْ حَلُّوْآ اَوْتَارَ قِسِيِّهِمْ فَرَبَطُوْهُمْ بِهَا فَقَالَ الرَّجُلُ الثَّالِثُ الَّذِىْ مَعَهُمَا هٰذَا اَوَّلُ الْغَدْرِ فَاَبٰى اَنْ يَّصْحَبَهُمْ فَجَرَّرُوْهُ وَعَالَجُوْهُ عَلٰى اَنْ يَّصْحَبَهُمْ فَلَمْ يَفْعَلْ فَقَتَلُوْهُ وَانْطَلَقُوْا بِخُبَيْبٍ وَّزَيْدٍ حَتّٰى بَاعُوْهُمْ بِمَكَّةَ فَاشْتَرٰى خُبَيْبًا بَنُوالْحَارِثِ ابْنِ عَامِرِ بْنِ نَوْفَلٍ وَّكَانَ خُبَيْبٌ هُوَ قَتَلَ الْحَارِثَ

۴۹۶۔غزوۂ رجیع۔غزوہ بئر معونہ ❶ جو قبائل رعل وذکوان کے ساتھ پیش آیا تھا۔قبائل عضل وقارہ کا واقعہ اور عاصم بن ثابت اور آپ کے ساتھیوں (رضی اللہ عنہم) کا واقعہ۔ابن اسحاق نے بیان کیا کہ ہم سے عاصم بن عمر نے حدیث بیان کی کہ غزوۂ رجیع، غزوۂ احد کے بعد پیش آیا تھا۔

۱۲۵۵۔مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں زہری نے، انہیں عمرو بن ابی سفیان ثقفی نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے جاسوسی کے لئے ایک جماعت (مکہ، قریش کی سرگرمیوں کی خبر لانے کے لئے) بھیجی اور اس کا امیر عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بنایا، آپ عاصم بن عمر بن خطاب کے نانا ہیں، یہ جماعت روانہ ہوئی اور جب عسفان اور مکہ کے درمیان پہنچی تو قبیلہ ہذیل کی ایک شاخ کو جسے بنولحیان کہا جاتا تھا، ان کا علم ہوگیا اور قبیلہ کے تقریباً سو تیر اندازوں نے ان کا پیچھا کیا اور ان کے نشانات قدم کو تلاش کرتے ہوئے چلے، آخر ایک ایسی جگہ پہنچنے میں کامیاب ہوگئے، جہاں صحابہؓ کی جماعت نے پڑاؤ کیا تھا۔ وہاں انہیں ان کھجوروں کی گٹھلیاں ملیں جو صحابہؓ مدینہ سے لائے تھے (اور وہیں بیٹھ کر انہیں کھایا تھا) قبیلہ والوں نے کہا کہ یہ تو یثرب کی کھجور (کی گٹھلی) ہے۔اب انہوں نے پھر تلاش شروع کی اور صحابہؓ کو پالیا۔عاصم رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے جب یہ صورت حال دیکھی تو صحابہؓ کی اس جماعت نے ایک ٹیلے پر چڑھ کر پناہ لی۔قبیلہ والوں نے وہاں پہنچ کر ٹیلہ کو اپنے گھیرے میں لے لیا اور صحابہؓ سے کہا کہ ہم تمہیں یقین دلاتے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ اگر تم نے ہتھیار ڈال دیئے تو ہم تم میں سے کسی کو قتل نہیں کریں گے۔اس پر عاصم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تو کسی کافر کی حفاظت وامن میں، اپنے کو کسی صورت میں بھی نہیں دے سکتا، اے اللہ! ہمارے ساتھ پیش آنے والے حالات کی اطلاع اپنے نبی کو پہنچا دے۔چنانچہ حضرات صحابہؓ نے ان سے قتال کیا اور عاصم رضی اللہ عنہ اپنے چھ ساتھیوں کے ساتھ ان کے تیروں سے شہید ہوگئے۔حضرت خبیب، زید، اور ایک صحابی رضی اللہ عنہم ان کے حملوں

❶ مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے غزوۂ رجیع اور غزوۂ بئر معونہ، دونوں کو ایک باب میں ذکر کر دیا ہے یہ دونوں مختلف اوقات میں پیش آئے تھے۔غزوۂ رجیع کا تعلق دس (۱۰) صحابہ کی اس جماعت سے ہے۔جس میں عاصم اور خبیب رضی اللہ عنہما شریک تھے۔یہ حادثہ قبائل عضل وقارہ کی اسلام دشمنی کا نتیجہ تھا اور بئر معونہ کا تعلق ان ستر(۷۰) قاری صحابہ سے ہے جو اسلام کی تعلیم کے لئے بھیجے گئے تھے اور جنہیں قبائل رعل وذکوان نے دھوکہ دے کر شہید کیا تھا۔

...م بَدْرٍ فَمَكَثَ عِنْدَ هُمْ اَسِيْرًا حَتّٰى اِذَا اَجْمَعُوْا
...لَه' اِسْتَعَارَ مُوْسٰى مِنْ بَعْضِ بَنَاتِ الْحَارِثِ
...سْتَحِدَّ بِهَا فَاعَارَتْهُ قَالَتْ فَغَفَلْتُ عَنْ صَبِيٍّ لِّيْ
...دَ رَجَ اِلَيْهِ حَتّٰى اَتَاهُ فَوَضَعَه' عَلٰى فَخِذِهٖ فَلَمَّا
...اَيْتُه' فَزِعْتُ فَزْعَةً عَرَفَ ذَاكَ مِنِّيْ وَفِيْ يَدِهٖ
مُوْسٰى فَقَالَ اَتَخْشِيْنَ اَنْ اَقْتُلَه' مَاكُنْتُ لِاَفْعَلَ
...اكَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَكَانَتْ تَقُوْلُ مَارَاَيْتُ اَسِيْرًا
...طُّ خَيْرًا مِّنْ خُبَيْبٍ لَّقَدْ رَاَيْتُه' يَاْكُلُ مِنْ قِطْفِ
...نَبٍ وَّمَا بِمَكَّةَ يَوْمَئِذٍ ثَمَرَةٌ وَّ اِنَّه' لَمُوْثَقٌ فِيْ
...حَدِيْدِ وَمَا كَانَ اِلَّا رِزْقٌ رَّزَقَهُ اللّٰهُ فَخَرَجُوْا بِهٖ
...نَ الْحَرَمِ لِيَقْتُلُوْهُ فَقَالَ دَعُوْنِيْ اُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ
...صَرَفَ اِلَيْهِمْ فَقَالَ لَوْلَا اَنْ تَرَوْا اَنَّ مَابِيْ جَزَعٌ
...نَ الْمَوْتِ لَزِدْتُ فَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَنَّ الرَّكْعَتَيْنِ
...نْدَ الْقَتْلِ هُوَ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اَحْصِهِمْ عَدَدًا ثُمَّ قَالَ
...ا اُبَالِيْ حِيْنَ اُقْتَلُ مُسْلِمًا عَلٰى اَيِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ
...صْرَعِيْ وَذٰلِكَ فِيْ ذَاتِ الْاِلٰهِ وَاِنْ يَّشَاْ يُبَارِكْ
...لٰى اَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعٍ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ
...حَارِثِ فَقَتَلَه' وَبَعَثَتْ قُرَيْشٌ اِلٰى عَاصِمٍ لِيُؤْتَوْا
...شَيْءٍ مِنْ جَسَدِهٖ يَعْرِفُوْنَه' وَكَانَ عَاصِمٌ قَتَلَ
...ظِيْمًا مِنْ عُظَمَائِهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَبَعَثَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِثْلَ
...ظُّلَّةِ مِنَ الدَّبْرِ فَحَمَتْهُ مِنْ رُسُلِهِمْ فَلَمْ يَقْدِرُوْا مِنْهُ
...لٰى شَيْءٍ

سے ابھی محفوظ تھے۔ قبیلہ والوں نے انہیں پھر حفاظت وامان کا یقین دلایا۔ یہ حضرات ان کی یقین دہانی پر اتر آئے۔ پھر جب قبیلہ والوں نے انہیں پوری طرح اپنے قبضہ میں لے لیا تو ان کی کمان کی تانت اتار کر ان حضرات کو انہیں سے باندھ دیا۔ تیسرے صحابی، جو خبیب اور زید رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھے، انہوں نے کہا کہ یہ تمہاری سب سے پہلی غداری ہے، انہوں نے ان کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا، پہلے تو قبیلہ والوں نے انہیں گھسیٹا اور اپنے ساتھ لے جانے کے لئے زور لگاتے رہے لیکن جب وہ کسی طرح تیار نہ ہوئے تو انہیں وہیں قتل کر دیا (رضی اللہ عنہ) اور خبیب اور زید رضی اللہ عنہما کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے۔ پھر انہیں مکہ میں لاکر بیچ دیا۔ خبیب رضی اللہ عنہ کو تو حارث بن عامر بن نوفل کے بیٹوں نے خرید لیا، خبیب رضی اللہ عنہ نے بدر کی جنگ میں حارث کو قتل کیا تھا۔ آپ ان کے یہاں کچھ دنوں تک قیدی کی حیثیت سے رہے۔ جس وقت ان سب کا خبیب رضی اللہ عنہ کے قتل پر اتفاق ہو چکا تھا تو اتفاق سے انہیں دنوں حارث کی ایک لڑکی (زینب بنت حارث رضی اللہ عنہا) سے آپ نے استرا مانگا تھا۔ موئے زیر ناف صاف کرنے کے لئے، اور انہوں نے آپ کو استرا دے بھی دیا تھا، ان کا بیان تھا (اسلام لانے کے بعد) کہ میرا لڑکا میری غفلت میں خبیب رضی اللہ عنہ کے پاس چلا گیا، آپ نے اسے اپنی ران پر بٹھا لیا، میں نے جو اسے اس حالت میں دیکھا تو بہت گھبرائی، (1) انہوں نے میری گھبراہٹ کو بھانپ لیا۔ استرا ان کے ہاتھ میں تھا، انہوں نے مجھ سے کہا، کیا تمہیں اس کا خطرہ ہے کہ میں اس بچے کو قتل کر دوں گا۔ انشاء اللہ میں ہرگز ایسا نہیں کر سکتا۔ ان کا بیان تھا کہ خبیب رضی اللہ عنہ سے بہتر قیدی میں نے کبھی نہیں دیکھا تھا، میں نے انہیں انگور کا خوشہ کھاتے ہوئے دیکھا، حالانکہ اس وقت مکہ میں کسی طرح کا پھل موجود نہیں تھا، جب کہ وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے بھی تھے۔ وہ تو اللہ کی بھیجی ہوئی روزی تھی۔ پھر حارث کے بیٹے انہیں لے کر حرم کی حدود سے باہر گئے قتل کرنے کے لئے۔ خبیب رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا (قتل کرنے سے پہلے) کہ مجھے دو ۲ رکعت نماز پڑھنے کی اجازت دو۔ (انہوں نے اجازت دے دی اور) جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو ان سے فرمایا کہ اگر تم یہ خیال نہ کرنے لگتے (اگر میں نماز طویل

(1) کہ انہیں اس بات کا یقین تو ہے کہ مجھے قتل کیا جائے گا، کہیں خدانخواستہ میرے بچے کو استرے سے ذبح نہ کر دیں۔

کرتا) کہ موت سے گھبرا گیا ہوں تو اور زیادہ پڑھتا۔ خبیب رضی اللہ
ہی پہلے وہ شخص ہیں جن سے قتل سے پہلے دو(۲) رکعت نماز کا طریقہ
ہے۔ اس کے بعد آپ نے انؓ کے لئے بددعا کی، اے اللہ! انہیں ا
ایک کر کے ہلاک کر دے، اور یہ اشعار پڑھے ''جب کہ میں مسلم
ہونے کی حالت میں قتل کیا جارہا ہوں تو مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں کہ
پہلو پر اللہ کی راہ میں مجھے قتل کیا جائے گا، یہ سب کچھ اللہ کی راہ میں
اور اگر وہ چاہے گا تو جس کے ایک ایک کٹے ہوئے ٹکڑے میں بر
دے گا۔'' پھر عقبہ بن حارث نے کھڑے ہو کر انہیں شہید کر دیا اور قر
نے عاصم رضی اللہ عنہ کی لاش کے لئے آدمی بھیجے' تا کہ ان کے جسم
کوئی بھی حصہ لائیں جس سے انہیں پہچانا جا سکے۔ عاصم رضی اللہ عنہ
قریش کے ایک بہت بڑے سردار کو بدر کی لڑائی میں قتل کیا تھا لیکن ا
تعالیٰ نے شہد کی مکھیوں کا بادل کی طرح ایک دل بھیجا اور ان مکھیوں
ان کی لاش کو قریش کے آدمیوں سے محفوظ رکھا اور یہ لوگ ان کی لاش
سے کوئی بھی عضو لے جانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔

(۱۲۵۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ الَّذِىْ قَتَلَ خُبَيْبًا هُوَ اَبُوْسَرُوْعَةَ

۱۲۵۶۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ خبیب رضی اللہ عنہ کو ابوسروعہ (عقبہ بن حارث) نے قتل کیا تھا۔

(۱۲۵۷) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ بَعَثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّحَاجَةٍ يُّقَالُ لَهُمُ الْقُرَّآءُ فَعَرَضَ لَهُمْ حَيَّانِ مِنْ بَنِىْ سُلَيْمٍ رِّعْلٌ وَّذَكْوَانُ عِنْدَ بِئْرٍ يُّقَالُ لَهَا بِئْرُمَعُوْنَةَ فَقَالَ الْقَوْمُ وَاللّٰهِ مَآاِيَّاكُمْ اَرَدْنَآ اِنَّمَا نَحْنُ مُجْتَازُوْنَ فِىْ حَاجَةٍ لِّلنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَتَلُوْهُمْ فَدَعَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عليهم شَهْرًا فِىْ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ وَذٰلِكَ بَدْءُ الْقُنُوْتِ وَمَا كُنَّا نَقْنُتُ قَالَ عَبْدُالْعَزِيْزِ وَسَاَلَ رَجُلٌ اَنَسًا عَنِ الْقُنُوْتِ اَبَعْدَ الرُّكُوْعِ اَوْعِنْدَ فَرَاغٍ مِنَ الْقِرَاءَةِ قَالَ لَابَلْ عِنْدَ فَرَاغٍ مِنَ الْقِرَاءَةِ

۱۲۵۷۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی اور ان سے ا
بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ستر صحابہؓ کی ا
جماعت تبلیغ اسلام کے لئے بھیجی تھی۔ انہیں ''القراء'' کہا جاتا تھا۔ بنو
کے دو(۲) قبیلے رعل اور ذکوان نے ایک کنویں کے قریب ان کے سا
مزاحمت کی۔ یہ کنواں ''بئر معونہ'' کے نام سے مشہور تھا۔ صحابہ رضوان ا
علیہم نے ان سے کہا کہ خدا گواہ ہے، ہم تمہارے خلاف لڑنے یہا
نہیں آئے ہیں، بلکہ ہمیں تو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ایک ضرورت
مامور کیا گیا ہے۔ لیکن کفار کے ان قبیلوں نے تمام صحابہؓ کو شہید کر
(صرف ایک صحابی کعب بن زید رضی اللہ عنہ زخمی ہو کر بچ نکلے تھے۔
مدینہ آ کر اطلاع دی تھی) اس واقعہ کے بعد آنحضور ﷺ نے صبح کی
میں ان کے لئے ایک مہینے تک بددعا کی تھی۔ اسی دن سے دعائے قنو
کی ابتداء ہوئی، ورنہ اس سے پہلے ہم دعاء قنوت نہیں پڑھتے تھے

عبدالعزیز نے کہا کہ ایک شخص نے انس رضی اللہ عنہ سے دعاء قنوت کے بارے میں پوچھا کہ یہ دعا رکوع کی بعد پڑھی جائے گی، یا قرأت قرآن سے فارغ ہونے کے بعد (رکوع سے پہلے)۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نہیں، بلکہ قرات قرآن سے فارغ ہونے کے بعد۔

(۱۲۵۸) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوْعِ يَدْعُوْا عَلٰى اَحْيَآءٍ مِّنَ الْعَرَبِ

۱۲۵۸۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے رکوع کے بعد ایک مہینہ تک قنوت پڑھی جس میں آپ عرب کے بعض قبائل کے لئے بددعا کرتے تھے۔

(۱۲۵۹) حَدَّثَنِىْ عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رِعْلًا وَّ ذَكْوَانَ وَ عُصَيَّةَ وَبَنِىْ لِحْيَانَ اسْتَمَدُّوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم عَلٰى عَدُوٍّ فَاَمَدَّهُمْ بِسَبْعِيْنَ مِنَ الْاَنْصَارِ كُنَّا نُسَمِّيْهِمُ الْقُرَّاءَ فِىْ زَمَانِهِمْ كَانُوْا يَحْتَطِبُوْنَ بِالنَّهَارِ وَيُصَلُّوْنَ بِاللَّيْلِ حَتّٰى كَانُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قَتَلُوْهُمْ وَغَدَرُوْا بِهِمْ فَبَلَغَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَقَنَتَ. شَهْرًا فِى الصُّبْحِ عَلٰى اَحْيَآءٍ مِّنْ اَحْيَآءِ الْعَرَبِ عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِىْ لِحْيَانَ قَالَ اَنَسٌ فَقَرَاْنَا فِيْهِمْ قُرْاٰنًا ثُمَّ اِنَّ ذٰلِكَ رُفِعَ بَلِّغُوْا عَنَّا قَوْمَنَا اِنَّا لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِىَ عَنَّا وَاَرْضَانَا وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَه' اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَنَتَ شَهْرًا فِىْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ يَدْعُوْا عَلٰى اَحْيَاءٍ مِنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ عَلٰى رِعْلٍ وَّ ذَكْوَانَ وَعُصَيَّةَ وَبَنِىْ لَحْيَانَ زَادَ خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا ابْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَنَسٌ اَنَّ اُولٰئِكَ السَّبْعِيْنَ مِنَ الْاَنْصَارِ قُتِلُوْا بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْاٰنًا كِتَابًا نَحْوَه'

۱۲۵۹۔ مجھ سے عبدالاعلیٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رعل، ذکوان، عصیہ اور بنولحیان نے رسول اللہ ﷺ سے (اسلام کی تبلیغ کے لئے مدد چاہی۔ آنحضور ﷺ نے ستر ۷۰ انصاری صحابہؓ سے ان کی مدد کی، ہم ان حضرات کو ''القراء'' (قاری کی جمع) کہا کرتے تھے۔ اپنی زندگی میں یہ حضرات دن میں لکڑیاں جمع کرتے تھے (معاش حاصل کرنے کے لئے) اور رات میں نماز پڑھا کرتے تھے۔ جب یہ حضرات بئر معونہ پر پہنچے تو ان قبیلے والوں نے انہیں دھوکہ دیا اور انہیں شہید کر دیا۔ جب آنحضور ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے صبح کی نماز میں ایک مہینے تک بددعا کی، عرب کے انہیں چند قبائل رعل، ذکوان، عصیہ اور بنولحیان کے لئے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ان صحابہؓ کے بارے میں قرآن میں (آیت نازل ہوئی اور) ہم اس کی تلاوت کرتے تھے، پھر وہ آیت منسوخ ہوگئی (آیت کا ترجمہ) ہماری طرف سے ہماری قوم (مسلمانوں) کو پہنچا دیجئے کہ ہم اپنے رب کے پاس آ گئے ہیں، ہمارا رب ہم سے راضی ہے اور ہمیں بھی (اپنی نعمتوں سے) اس نے خوش وخرم رکھا ہے۔ اور قتادہ سے روایت ہے، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مہینے تک صبح کی نماز میں، عرب کے چند قبائل یعنی رعل، ذکوان، عصیہ اور بنولحیان کے لئے بددعا کی تھی۔ خلیفہ نے یہ اضافہ کیا ہے ان سے ابن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ یہ ستر ۷۰ صحابہ قبیلۂ انصار سے تعلق رکھتے

تھے اور انہیں بئر معونہ کے پاس شہید کر دیا گیا تھا۔ قرآناً سے مراد کتاب اللہ ہے، عبدالاعلیٰ کی روایت کی طرح۔

(۱۲۶۰) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَنَسٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ خَالَهٗ اَخٌ لِاُمِّ سُلَيْمٍ فِيْ سَبْعِيْنَ رَاكِبًا وَّكَانَ رَئِيْسُ الْمُشْرِكِيْنَ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ خَيَّرَ بَيْنَ ثَلٰثِ خِصَالٍ فَقَالَ يَكُوْنُ لَكَ اَهْلُ السَّهْلِ وَلِيْ اَهْلُ الْمَدَرِ اَوْ اَكُوْنُ خَلِيْفَتَكَ اَوْ اَغْزُوْكَ بِاَهْلِ غَطْفَانَ بِاَلْفٍ وَّ اَلْفٍ فَطُعِنَ عَامِرٌ فِيْ بَيْتِ اُمِّ فُلَانٍ فَقَالَ غُدَّةٌ كَغُدَّةِ الْبَكْرِ فِيْ بَيْتِ امْرَاَةٍ مِنْ اٰلِ فُلَانٍ ائْتُوْنِيْ بِفَرَسِيْ فَمَاتَ عَلٰى ظَهْرِ فَرَسِهٖ فَانْطَلَقَ حَرَامٌ اَخُوْ اُمِّ سُلَيْمٍ وَّهُوَ رَجُلٌ اَعْرَجُ وَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ كُوْنَا قَرِيْبًا حَتّٰى اٰتِيَهُمْ فَاِنْ اٰمَنُوْنِيْ كُنْتُمْ وَاِنْ قَتَلُوْنِيْ اَتَيْتُمْ اَصْحَابَكُمْ فَقَالَ اَتُؤْمِنُوْنِيْ اُبَلِّغْ رِسَالَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُمْ وَاَوْمَؤُا اِلٰى رَجُلٍ فَاَتَاهُ مِنْ خَلْفِهٖ فَطَعَنَهٗ قَالَ هَمَّامٌ اَحْسِبُهٗ حَتّٰى اَنْفَذَهٗ بِالرُّمْحِ قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَلَحِقَ الرَّجُلُ فَقُتِلُوْا كُلُّهُمْ غَيْرَ الْاَعْرَجِ كَانَ فِيْ رَاْسِ جَبَلٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْنَا ثُمَّ كَانَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ اِنَّا قَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَاَرْضَانَا فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثَلٰثِيْنَ صَبَاحًا عَلٰى رِعْلٍ وَّذَكْوَانَ وَبَنِيْ لِحْيَانَ وَعُصَيَّةَ الَّذِيْنَ عَصَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ،

۱۲۶۰۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے بیان کیا اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے ماموں، ام سلیم رضی اللہ عنہا (انس رضی اللہ عنہ کی والدہ) کے بھائی (حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ) کو بھی ان ستر سواروں کے ساتھ بھیجا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی تھی کہ رئیس المشرکین عامر بن طفیل نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے تین صورتیں رکھی تھیں۔ اس نے کہا کہ یا تو یہ کیجئے کہ دیہاتی آبادی پر آپ کی حکومت رہے اور شہری آبادی پر میری یا مجھے آپ کا جانشین منتخب کیا جائے ورنہ پھر میں ہزاروں غطفانیوں کو لے کر آپ پر چڑھائی کروں گا۔ (اس پر آنحضور ﷺ نے اس کے لئے بددعا کی) اور ام فلاں کے گھر میں وہ طاعون میں مبتلا ہوا۔ کہنے لگا کہ آل فلاں کی عورت کے گھر کے جوان اونٹ کی طرح مجھے بھی غدود نکل آیا ہے۔ میرا گھوڑا لاؤ، چنانچہ وہ اپنے گھوڑے کی پشت پر ہی مر گیا۔ بہر حال ام سلیم رضی اللہ عنہا کے بھائی حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ، ایک اور صحابی جو لنگڑے تھے اور ایک تیسرے صحابی جن کا تعلق بنی فلاں سے تھا، آگے بڑھے۔ حرام رضی اللہ عنہ نے (اپنے دونوں ساتھیوں سے بنو عامر تک پہنچ کر پہلے ہی) کہہ دیا کہ آپ دونوں میرے قریب ہی کہیں رہئے۔ میں ان کے پاس پہلے جاتا ہوں، اگر انہوں نے مجھے امن دے دیا تو آپ لوگ قریب ہی ہیں اور اگر مجھے انہوں نے قتل کر دیا تو آپ حضرات اپنے ساتھیوں کے پاس چلے جائیں (اور صورت حال کی اطلاع کر دیں)۔ چنانچہ قبیلہ میں پہنچ کر انہوں نے ان سے کہا، کیا تم مجھے امان دیتے ہو کہ میں رسول اللہ ﷺ کا پیغام تمہیں پہنچا دوں؟ پھر وہ آنحضور ﷺ کا پیغام انہیں پہنچانے لگے تو قبیلہ والوں نے ایک شخص کو اشارہ کیا اور اس نے پیچھے سے آکر آپ پر نیزہ سے وار کیا، ہمام نے بیان کیا، میرا خیال ہے کہ نیزہ آر پار ہو گیا تھا۔ حرام رضی اللہ عنہ کی زبان سے اس وقت نکلا، اللہ اکبر، کعبہ کے رب کی قسم، میں نے تو کامیابی حاصل کر لی۔ اس کے بعد ان ایک صحابی کو بھی مشرکین نے پکڑ لیا (جو حرام رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور انہیں شہید کر دیا) پھر اس مہم کے تمام صحابہؓ کو شہید کر

دیا۔صرف لنگڑے صحابی بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے، وہ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے تھے۔ان شہداء کی شان میں اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرمائی، بعد میں وہ آیت منسوخ ہوگئی، (آیت یہ تھی) "انا قد لقینا ربنا فرضی عنا وارضانا" (ترجمہ گذر چکا)۔آنحضور ﷺ نے ان قبائل رعل، ذکوان، بنولحیان اور عصیہ کے لئے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی تھی۔تیس دن تک صبح کی نماز میں بددعا کی۔

(١٢٦١) حَدَّثَنِي حِبَّانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ قَالَ حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ لَمَّا طُعِنَ حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ وَكَانَ خَالَهُ يَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ قَالَ بِالدَّمِ هٰكَذَا فَنَضَحَهُ عَلٰى وَجْهِهِ وَرَاسِهِ ثُمَّ قَالَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

١٢٦١۔مجھ سے حبان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے ثمامہ بن عبداللہ بن انس نے حدیث بیان کی اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے، کہ جب حرام بن ملحان رضی اللہ عنہ کو جو آپ کے ماموں تھے بئر معونہ کے موقعہ پر زخمی کیا گیا تو زخم پر سے خون کو ہاتھ میں لے کر انہوں نے یوں اپنے چہرہ اور سر پر لگالیا اور فرمایا، میں کامیاب ہوگیا، کعبہ کے رب کی قسم!

(١٢٦٢) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَاذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبُوْ بَكْرٍ فِي الْخُرُوْجِ حِيْنَ اشْتَدَّ عَلَيْهِ الْاَذٰى فَقَالَ لَهُ اَقِمْ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَطْمَعُ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكَ فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنِّيْ لَاَرْجُوْا ذٰلِكَ قَالَتْ فَانْتَظَرَهُ اَبُوْبَكْرٍ فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ ظُهْرًا فَنَادَاهُ فَقَالَ اَخْرِجْ مَنْ عِنْدَكَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ اِنَّمَا هُمَا ابْنَتَايَ فَقَالَ اَشَعَرْتَ اَنَّهُ قَدْ اُذِنَ لِيْ فِي الْخُرُوْجِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الصُّحْبَةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّحْبَةَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِيْ نَاقَتَانِ قَدْ كُنْتُ اَعْدَدْتُهُمَا لِلْخُرُوْجِ فَاَعْطَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدَاهُمَا وَهِيَ الْجَدْعَاءُ فَرَكِبَا فَانْطَلَقَا حَتّٰى اَتَيَا الْغَارَ وَهُوَ بِثَوْرٍ فَتَوَارَ يَا فِيْهِ فَكَانَ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ غُلَامًا لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الطُّفَيْلِ بْنِ سَخْبَرَةَ اَخُوْ عَائِشَةَ لِاُمِّهَا وَكَانَتْ لِاَبِيْ بَكْرٍ مِنْحَةٌ فَكَانَ يَرُوْحُ

١٢٦٢۔ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب قریش کی اذیتیں بہت بڑھ گئیں تو رسول اللہ ﷺ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ہجرت کی اجازت چاہی۔آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ ابھی یہیں ٹھہرے رہو۔انہوں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ بھی (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) اپنے لئے ہجرت کی اجازت کے متوقع ہیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، مجھے اس کی امید ہے۔عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ انتظار کرنے لگے۔آخر آنحضور ﷺ ایک دن ظہر کے وقت (ہمارے گھر) تشریف لائے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو پکارا۔(گھر کے اندر تشریف لاکر) فرمایا کہ تخلیہ کرلو۔ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ صرف میری دونوں لڑکیاں یہاں موجود ہیں! آنحضور ﷺ نے فرمایا۔آپ کو معلوم ہے، مجھے بھی ہجرت کی اجازت دے دی گئی ہے۔ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ! کیا مجھے بھی رفاقت کی سعادت حاصل ہوگی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، آپ بھی میرے ساتھ چلیں گے، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ! میرے پاس دو (٢) اونٹنیاں ہیں۔اور میں نے انہیں ہجرت ہی کی نیت سے تیار کر رکھا ہے،

بِهَا وَ يَغْدُوَا عَلَيْهِمْ وَيُصْبِحُ فَيَدَّ لِجُ اِلَيْهِمَا ثُمَّ يَسْرَحُ فَلاَ يُفْطَنُ بِهِ اَحَدٌ مِّنَ الرِّعَآءِ فَلَمَّا خَرَجَا خَرَجَ مَعَهُمَا يُعْقِبَانِهِ حَتّٰى قَدِمَا الْمَدِيْنَةَ فَقُتِلَ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ يَوْمَ بِئْرِ مَعُوْنَةَ وَعَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ قَالَ قَالَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ فَاَخْبَرَنِيْ اَبِيْ قَالَ لَمَّا قُتِلَ الَّذِيْنَ بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ وَاُسِرَ عَمْرُوبْنُ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ قَالَ لَهٗ عَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ مَنْ هٰذَا فَاَشَارَاِلٰى قَتِيْلٍ فَقَالَ لَهٗ عَمْرُو بْنُ اُمَيَّةَ هٰذَا عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ فَقَالَ لَقَدْ رَاَيْتُهٗ بَعْدَ مَاقُتِلَ رُفِعَ اِلَى السَّمَاءِ حَتّٰى اِنِّي لَاَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْاَرْضِ ثُمَّ وُضِعَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم خَبَرُهُمْ فَنَعَاهُمْ فَقَالَ اِنَّ اَصْحَابَكُمْ قَدْ اُصِيْبُوْا وَاِنَّهُمْ قَدْسَاَ لُوْا رَبَّهُمْ فَقَالُوْا رَبَّنَا اَخْبِرْعَنَّآ اِخْوَانَنَا بِمَآ رَضِيْنَا عَنْكَ وَرَضِيْتَ عَنَّا فَاَخْبَرَهُمْ عَنْهُمْ وَاُصِيْبَ يَوْمَئِذٍ فِيْهِمْ عُرْوَةُ بْنُ اَسْمَآءَ بْنِ الصَّلْتِ فَسُمِّيَ عُرْوَةُ بِهٖ وَمُنْذِرُ بْنُ عَمْرٍو سُمِّيَ بِهٖ مُنْذِرًا

چنانچہ آپ نے آنحضور ﷺ کو ایک اونٹنی جس کا نام "الجدعا" تھا دے دی۔ دونوں حضرات سوار ہو کر روانہ ہوئے اور غار (یہ غار ثور پہاڑی کا تھا) میں روپوش ہو گئے۔ عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ جو عبداللہ بن طفیل بن سنجرہ، عائشہ رضی اللہ عنہا کے، والدہ کی طرف سے بھائی تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی ایک دودھ دینے والی اونٹنی تھی تو عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ صبح و شام (عام مویشیوں کے ساتھ) اسے چرانے لے جاتے تھے اور رات کے آخری حصہ میں آنحضور ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آتے تھے (غار ثور میں آپ حضرات کی خوراک اسی کا دودھ تھی) اور پھر اسے چرانے کے لئے لے کر روانہ ہو جاتے تھے، اس طرح کوئی چرواہا اس راز پر مطلع نہ ہو سکا۔ پھر جب آنحضور ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ غار سے نکل کر روانہ ہوئے تو پیچھے پیچھے عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ بھی پہنچے تھے۔ آخر دونوں حضرات مدینہ پہنچ گئے۔ بئر معونہ کے حادثہ میں عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ بھی شہید ہو گئے تھے۔ ابواسامہ سے روایت ہے، ان سے ہشام بن عروہ نے بیان کیا، انہیں ان کے والد نے خبر دی، انہوں نے بیان کیا کہ جب بئر معونہ کے حادثہ میں قاری صحابہؓ شہید کئے گئے اور عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ قید کئے گئے تو عامر بن طفیل رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ انہوں نے ایک لاش کی طرف اشارہ کیا۔ عمرو بن امیہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ یہ عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ اس پر عامر بن طفیل رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ شہید ہو جانے کے بعد ان کی لاش آسمان کی طرف اٹھالی گئی، میں نے اوپر نظر اٹھائی تو لاش آسمان اور زمین کے درمیان معلق تھی، پھر وہ زمین پر رکھ دی گئی (مشرکین کی دستبرد سے بچانے کے لئے) ان شہداء کے متعلق نبی کریم ﷺ کو (جبریل علیہ السلام نے) بتادیا تھا۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے ان کی شہادت کی اطلاع صحابہؓ کو دی اور فرمایا کہ یہ تمہارے ساتھی شہید کر دیئے گئے ہیں اور شہادت کے بعد انہوں نے اپنے رب کے حضور میں عرض کی کہ اے ہمارے رب! ہمارے (مسلمان) بھائیوں کو اس کی اطلاع دے دیجئے کہ ہم آپ کے یہاں پہنچ کر کس طرح خوش اور مسرور ہیں اور آپ بھی ہم سے راضی ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے (قرآن مجید کے ذریعہ) مسلمانوں کو اس کی اطلاع دے دی، اسی حادثہ میں عروہ بن اسماء بن صلت رضی اللہ عنہ بھی شہید ہوئے تھے (پھر زبیر رضی اللہ عنہ کے

صاحبزادے جب تولد ہوئے) تو ان کا نام عروہ، انہیں عروہ بن اسماء رضی اللہ عنہ کے نام پر رکھا گیا۔ منذر بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی اس حادثہ میں شہید ہوئے تھے (اور زبیر رضی اللہ عنہ کے دوسرے صاحبزادے کا نام) منذر انہیں کے نام پر رکھا گیا۔

(۱۲۶۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَنَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا يَدْعُوْا عَلٰى رِعْلٍ وَّ ذَكْوَانَ وَيَقُوْلُ عُصَيَّةُ عَصَتِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَه؛

۱۲۶۳۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں سلیمان تیمی نے خبر دی، انہیں ابومجلز نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مہینے تک رکوع کے بعد دعا قنوت پڑھی، اس دعا قنوت میں آپ ﷺ نے رعل اور ذکوان کے لئے بددعا کی۔ آپ فرماتے تھے کہ قبیلہ عصیہ نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی وعصیان کیا۔

(۱۲۶۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم عَلَى الَّذِيْنَ قَتَلُوْا يَعْنِيْ اَصْحَابَهٗ بِبِئْرِ مَعُوْنَةَ ثَلٰثِيْنَ صَبَاحًا حِيْنَ يَدْعُوْا عَلٰى رِعْلٍ وَّلَحْيَانَ وَعُصَيَّةَ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَه، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ اَنَسٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فِي الَّذِيْنَ قُتِلُوْا اَصْحَابِ بِئْرِ مَعُوْنَةَ قُرْاٰنًا قَرَاْنَاهُ حَتّٰى نُسِخَ بَعْدُ بَلِّغُوْا قَوْمَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَ رَضِيْنَا عَنْهُ

۱۲۶۴۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے آپ کے اصحاب کو بئر معونہ کے حادثہ میں شہید کیا تھا۔ تیس دن تک صبح کی نماز میں بددعا کی تھی، آپ قبائل رعل، بنولحیان اور عصیہ کے لئے ان نمازوں میں بدعا کرتے تھے، جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کی تھی۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر انہیں اصحاب کے بارے میں جو بئر معونہ کے حادثہ میں شہید کردیئے گئے تھے، قرآن مجید کی آیت نازل کی، ہم اس آیت کی تلاوت کرتے تھے لیکن بعد میں وہ منسوخ ہوگئی تھی۔ (آیت کا ترجمہ) ''ہماری قوم کو پہنچادو کہ ہم اپنے رب سے آملے ہیں۔ ہمارا رب ہم سے راضی اور خوش اور ہم بھی اس کے یہاں راضی اور خوش ہیں۔''

(۱۲۶۵) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا عَاصِمُ الْاَحْوَلُ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فِي الصَّلٰوةِ فَقَالَ نَعَمْ فَقُلْتُ كَانَ قَبْلَ الرُّكُوْعِ اَوْبَعْدَه، قَالَ قَبْلَه، قُلْتُ فَاِنَّ فُلَانًا اَخْبَرَنِيْ عَنْكَ اَنَّكَ قُلْتَ بَعْدَه، قَالَ كَذَبَ اِنَّمَا قَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا اَنَّه، كَانَ بَعَثَ نَاسًا يُقَالُ لَهُمْ

۱۲۶۵۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم احول نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے نماز میں قنوت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ہاں ٹھیک ہے۔ میں نے پوچھا کہ قنوت رکوع سے پہلے ہے یا رکوع کے بعد؟ آپ نے فرمایا کہ رکوع سے پہلے۔ میں نے عرض کی کہ فلاں صاحب نے تو آپ ہی کے واسطہ سے مجھے بتایا ہے کہ قنوت رکوع کے بعد ہے۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہوں نے غلط

الْقُرَّآءُ وَهُمْ سَبْعُوْنَ رَجُلًا اِلٰى نَاسٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَبَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ قَبْلَهُمْ فَظَهَرَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدٌ فَقَنَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ شَهْرًا يَّدْعُوْا عَلَيْهِمْ

کہا، رسول اللہ ﷺ نے رکوع کے بعد صرف ایک مہینے تک قنوت پڑھی۔ آپ ﷺ نے صحابہؓ کی ایک جماعت کو جو''القراء'' کے نام سے مشہور تھی اور جو ستر(۷۰) کی تعداد میں تھے۔مشرکین کے بعض قبائل کے یہاں بھیجا تھا۔مشرکین کے ان قبائل نے حضور اکرم ﷺ کو ان صحابہؓ کے بارے میں پہلے حفظ وامان کا یقین دلایا تھا،لیکن یہ لوگ صحابہؓ کی اس جماعت پر غالب آ گئے (اور غداری کی،اور انہیں شہید کر دیا) رسول اللہ ﷺ نے اسی موقعہ پر رکوع کے بعد ایک مہینے تک قنوت پڑھی تھی اور اس میں ان مشرکین کے لئے بددعا کی تھی۔

بَاب ۴۹۷. غَزْوَةِ الْخَنْدَقِ وَهِيَ الْاَحْزَابُ قَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ كَانَتْ فِيْ شَوَّالٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ

۴۹۷۔غزوۂ خندق،اس کا دوسرا نام غزوۂ احزاب ہے موسیٰ بن عقبہ نے فرمایا کہ غزوۂ خندق شوال ۰۴ھ میں ہوا تھا۔

(۱۲۶۶) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَهٗ يَوْمَ اُحُدٍ وَّهُوَ ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ فَلَمْ يُجِزْهُ وَعَرَضَهٗ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَ هُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ فَاَجَازَهٗ

۱۲۶۶۔ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی،ان سے عبیداللہ نے بیان کیا کہا کہ مجھے نافع نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کے سامنے اپنے آپ کو انہوں نے غزوۂ احد کے موقع پر پیش کیا (تا کہ لڑنے والوں میں انہیں بھی شامل کر لیا جائے) اس وقت آپ چودہ سال کے تھے،تو آنحضور ﷺ نے انہیں اجازت نہیں دی تھی،لیکن غزوۂ خندق کے موقعہ پر جب آپ نے آنحضور ﷺ کے سامنے پیش کیا تو آنحضور ﷺ نے اجازت دے دی۔اس وقت آپ پندرہ سال کی عمر میں تھے۔

(۱۲۶۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍؓ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَنْدَقِ وَهُمْ يَحْفِرُوْنَ وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ عَلٰى اَكْتَادِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ اِلَّا عَيْشَ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ

۱۲۶۷۔ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی،ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی،ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خندق میں تھے،صحابہؓ خندق کھود رہے تھے اور مٹی ہم اپنے کاندھوں پر منتقل کر رہے تھے،اس وقت آنحضور نے دعا کی،اے اللہ! آخرت ہی کی زندگی بس زندگی ہے۔پس آپ انصارؓ اور مہاجرینؓ کی مغفرت فرمائیے۔

(۱۲۶۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ حُمَيْدٍ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْخَنْدَقِ فَاِذَا الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ فِيْ غَدَاةٍ بَارِدَةٍ فَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ عَبِيْدٌ يَعْمَلُوْنَ ذٰلِكَ لَهُمْ فَلَمَّا رَاٰى مَابِهِمْ مِّنَ النَّصَبِ وَالْجُوْعِ قَالَ

۱۲۶۸۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی،ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی،ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی،ان سے حمید نے،انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا،آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ خندق کی طرف تشریف لے گئے،آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ مہاجرین اور انصار سردی میں صبح سویرے ہی خندق کھود رہے ہیں،ان کے پاس ملازم نہیں تھے کہ ان کے بجائے وہ اس کام کو انجام دیتے،

اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْاٰخِرَةْ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ فَقَالُوْا مُجِيْبِيْنَ لَهٗ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا

جب آنحضور ﷺ نے ان کی اس مشقت، بھوک اور فاقہ کو دیکھا تو دعا کی اے اللہ! زندگی تو بس آخرت ہی کی زندگی ہے بس انصار اور مہاجرین کی مغفرت کیجئے۔ صحابہ نے اس کے جواب میں کہا ہم ہی ہیں جنہوں نے محمد (ﷺ) سے جہاد کا عہد کیا ہے، جب تک ہماری جان میں جان ہے۔

(۱۲۶۹) حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ حَوْلَ الْمَدِيْنَةِ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ عَلٰى مُتُوْنِهِمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّدًا عَلَى الْاِسْلَامِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا قَالَ يَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيْبُهُمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَاخَيْرَ اِلَّا خَيْرُ الْاٰخِرَهْ فَبَارِكْ فِي الْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ قَالَ وَيُؤْتَوْنَ بِمِلْءِ كَفِّيْ مِنَ الشَّعِيْرِ فَيُصْنَعُ لَهُمْ بِاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ تُوْضَعُ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ وَالْقَوْمُ جِيَاعٌ وَهِيَ بَشِعَةٌ فِي الْحَلْقِ وَلَهَا رِيْحٌ مُنْتِنٌ

۱۲۶۹۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مدینہ کے چاروں طرف مہاجرین و انصار خندق کھودنے میں مصروف ہو گئے اور مٹی اپنی پیٹھ پر منتقل کرنے لگے، اس وقت وہ یہ شعر پڑھ رہے تھے، ہم نے ہی محمد (ﷺ) سے اسلام پر عہد کیا، جب تک ہماری جان میں جان ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ اس پر نبی کریم ﷺ نے دعا کی، اے اللہ! خیر تو صرف آخرت ہی کی خیر ہے، پس انصار اور مہاجرین کو آپ برکت عطا فرمایئے۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک مٹھی جَو آتا اور ان صحابہؓ کے لئے ایسے روغن میں جس کا مزہ بھی بگڑ چکا ہوتا ملا کر پکا دیا جاتا، یہی ماحضر ان صحابہؓ کے سامنے رکھ دیا جاتا، صحابہ بھوکے ہوتے، یہ ان کے حلق میں چپکتا تھا اور اس میں بدبو بھی ہوتی تھی۔

(۲۲۷۰) حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ ابْنُ اَيْمَنَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ جَابِرًا فَقَالَ اِنَّا يَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْفِرُ فَعَرَضَتْ كُدْيَةٌ شَدِيْدَةٌ فَجَآءُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا هٰذِهٖ كُدْيَةٌ عَرَضَتْ فِي الْخَنْدَقِ فَقَالَ اَنَا نَازِلٌ ثُمَّ قَامَ وَبَطْنُهٗ مَعْصُوْبٌ بِحَجَرٍ وَّلَبِثْنَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ لَّا نَذُوْقُ ذَوَاقًا فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِعْوَلَ فَضَرَبَ فَعَادَ كَثِيْبًا اَهْيَلَ اَوْاَهْيَمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ اِلَى الْبَيْتِ فَقُلْتُ لِامْرَاَتِيْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مَاكَانَ فِيْ ذٰلِكَ صَبْرٌ فَعِنْدَكِ شَيْءٌ قَالَتْ عِنْدِيْ شَعِيْرٌ وَّ عَنَاقٌ فَذَبَحْتُ الْعَنَاقَ وَطَحَنَتِ الشَّعِيْرَ حَتّٰى جَعَلْنَا اللَّحْمَ فِي الْبُرْمَةِ ثُمَّ جِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْعَجِيْنُ قَدِ انْكَسَرَ وَالْبُرْمَةُ بَيْنَ الْاَثَافِيِّ قَدْ

۱۲۷۰۔ ہم سے خلاد بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد بن ایمن نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں جابر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے بیان فرمایا کہ ہم غزوۂ خندق کے موقعہ پر خندق کھود رہے تھے کہ ایک بہت سخت قسم کی چٹان سی نکلی، (جس پر کدال اور پھاوڑے کا کوئی اثر نہیں ہوتا تھا، اس لئے خندق کی کھدائی میں رکاوٹ پیدا ہوگئی) صحابہؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے عرض کی کہ خندق میں ایک چٹان ظاہر ہوگئی ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اندر اترتا ہوں۔ چنانچہ آپ کھڑے ہوئے، اس وقت (بھوک کی شدت کی وجہ سے) آپ کا پیٹ پتھر سے بندھا ہوا تھا۔ تین دن سے ہمیں ایک دانہ بھی کھانے کے لئے نہیں ملا تھا۔ آنحضور ﷺ نے کدال اپنے ہاتھ میں لی اور چٹان پر اس سے مارا۔ چٹان (ایک ہی ضرب میں) بالو کے ڈھیر کی طرح بہہ گئی۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ! مجھے گھر جانے کی اجازت عنایت فرمایئے (گھر آکر) میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ آج میں نے حضور اکرم ﷺ کو (فاقوں کی وجہ

كَادَتْ اَنْ تَنْضجَ فَقُلْتُ طُعَيِّمٌ لِيْ فَقُمْ اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ اَوْرَجُلانِ قَالَ كَمْ هُوَ فَذَكَرْتُ لَهٗ قَالَ كَثِيْرٌ طَيِّبٌ قَالَ قُلْ لَّهَا لَا تَنْزِعِ الْبُرْمَةَ وَلَا الْخُبْزَ مِنَ التَّنُّوْرِ حَتّٰى اٰتِيَ فَقَالَ قُوْمُوْا فَقَامَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ فَلَمَّا دَخَلَ عَلٰى امْرَاَتِهٖ فَقَالَ وَيْحَكِ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَمَنْ مَعَهُمْ قَالَتْ هَلْ سَالَكَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ ادْخُلُوْا وَلَا تَضَاغَطُوْا فَجَعَلَ يَكْسِرُ الْخُبْزَ وَ يَجْعَلُ عَلَيْهِ اللَّحْمَ وَيُخَمِّرُ الْبُرْمَةَ وَالتَّنُّوْرَ اِذَآ اَخَذَ مِنْهُ وَيُقَرِّبُ اِلٰى اَصْحَابِهٖ ثُمَّ يَنْزِعُ فَلَمْ يَزَلْ يَكْسِرُ الْخُبْزَ وَيَغْرِفُ حَتّٰى شَبِعُوْا وَبَقِيَ بَقِيَّةٌ قَالَ كُلِيْ هٰذَا وَاَهْدِيْ فَاِنَّ النَّاسَ اَصَابَتْهُمْ مَّجَاعَةٌ

سے) اس حالت میں دیکھا کہ صبر نہ ہوسکا، کیا تمہارے پاس (کھانے کی) کوئی چیز ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ہاں، کچھ جو ہیں اور ایک بکری کا بچہ! میں نے بکری کے بچے کو ذبح کیا اور میری بیوی نے جو پیسے۔ پھر گوشت کو ہم نے ہانڈی میں رکھا (پکنے کے لئے) اور میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آٹا گوندھا جا چکا تھا اور گوشت چولھے پر پکنے کے قریب تھا۔ حضور اکرم ﷺ سے میں نے عرض کی، گھر کھانے کے لئے مختصری چیز تیار ہے، یارسول اللہ ﷺ! آپ اپنے ساتھ ایک دو (۲) آدمیوں کو لے کر تشریف لے چلیں، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کتنا ہے؟ میں نے آپ ﷺ سے سب کچھ بتادیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ بہت ہے اور نہایت عمدہ وطیب۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنی بیوی سے کہہ دو، کہ چولھے سے ہانڈی نہ اتاریں اور نہ تنور سے روٹی نکالیں، میں ابھی آرہا ہوں۔ پھر صحابہؓ سے فرمایا کہ سب لوگ چلیں۔ تمام انصار اور مہاجرین تیار ہو گئے۔ جب جابر رضی اللہ عنہ گھر میں پہنچے تو اپنی بیوی سے انہوں نے کہا، اب کیا ہوگا، رسول اللہ ﷺ تو تمام مہاجرین و انصار کو ساتھ لے کر تشریف لا رہے ہیں۔ انہوں نے پوچھا، آنحضور ﷺ نے آپ سے کچھ پوچھا بھی تھا؟ جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہاں۔ آنحضور ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا کہ اندر داخل ہو جاؤ، لیکن ازدحام نہ ہونے پائے اس کے بعد آنحضور ﷺ روٹی کا چورا کرنے لگے اور گوشت اس پر ڈالنے لگے، ہانڈی اور تنور دونوں ڈھکے ہوئے تھے۔ آنحضور ﷺ نے اسے لیا اور صحابہؓ کے قریب کر دیا۔ پھر آپ نے گوشت اور روٹی نکالی۔ اس طرح آپ برابر روٹی چورا کرتے جاتے اور گوشت اس میں ڈالتے جاتے، یہاں تک کہ تمام صحابہ شکم سیر ہو گئے اور کھانا باقی بھی بچ گیا۔ آخر میں آنحضور نے (جابر رضی اللہ عنہ کی بیوی سے) فرمایا کہ اب یہ کھانا تم خود کھاؤ اور لوگوں کے یہاں ہدیہ میں بھیجو، کیونکہ آج کل لوگ فقر و فاقہ میں مبتلا ہیں۔

(۱۲۷۱) حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ اَخْبَرَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيٰنَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَآءَ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ لَمَّا حُفِرَ الْخَنْدَقُ رَاَيْتُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمَصًا شَدِيْدًا فَانْكَفَاتُ اِلٰى امْرَاَتِيْ فَقُلْتُ هَلْ

۱۲۷۱۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، انہیں حنظلہ بن ابی سفیان نے خبر دی، انہیں سعید بن میناء نے خبر دی، کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ جب خندق کھودی جارہی تھی تو میں نے محسوس کیا کہ نبی کریم ﷺ انتہائی بھوک میں مبتلا ہیں۔ میں فوراً اپنی بیوی کے پاس آیا اور

عِنْدَکِ شَیْءٌ فَاِنِّیْ رَاَیْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَمْصًا شَدِیْدًا فَاَخْرَجَتْ اِلَیَّ جِرَابًا فِیْہِ صَاعٌ مِّنْ شَعِیْرٍ وَّلَنَا بُھَیْمَةٌ دَاجِنٌ فَذَبَحْتُھَا وَطَحَنَتِ الشَّعِیْرَ فَفَرَغَتْ اِلٰی فَرَاغِیْ وَقَطَعْتُھَا فِیْ بُرْمَتِھَا ثُمَّ وَلَّیْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَاتَفْضَحْنِیْ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِمَنْ مَّعَہٗ فَجِئْتُہٗ فَسَارَرْتُہٗ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ذَبَحْنَا بُھَیْمَةً لَّنَا وَطَحَنَّا صَاعًا مِّنْ شَعِیْرٍ کَانَ عِنْدَنَا فَتَعَالَ اَنْتَ وَنَفَرٌ مَّعَکَ فَصَاحَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَااَھْلَ الْخَنْدَقِ اِنَّ جَابِرًا قَدْ صَنَعَ سُؤْرًا فَحَیَّ ھَلًابِکُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاتُنْزِلُنَّ بُرْمَتَکُمْ وَلَا تُخْبِزُنَّ عَجِیْنَکُمْ حَتّٰی اَجِیْءَ فَجِئْتُ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْدُمُ النَّاسَ حَتّٰی جِئْتُ امْرَاَتِیْ فَقَالَتْ بِکَ وَبِکَ فَقُلْتُ قَدْ فَعَلْتُ الَّذِیْ قُلْتِ فَاَخْرَجَتْ لَہٗ عَجِیْنًا فَبَصَقَ فِیْہِ وَبَارَکَ ثُمَّ عَمَدَ اِلٰی بُرْمَتِنَا فَبَصَقَ فِیْہِ وَبَارَکَ ثُمَّ قَالَ ادْعُ خَابِزَةً فَلْتَخْبِزْ مَعِیْ وَاقْدَحِیْ مِنْ بُرْمَتِکُمْ وَلَا تُنْزِلُوْھَا وَھُمْ اَلْفٌ فَاُقْسِمُ بِاللّٰہِ لَقَدْ اَکَلُوْا حَتّٰی تَرَکُوْا وَانْحَرَفُوْا وَاِنَّ بُرْمَتَنَا لَتَغِطُّ کَمَا ھِیَ وَاِنَّ عَجِیْنَنَا لَیُخْبَزُ کَمَا ھُوَ

کہا، کیا تمہارے پاس کوئی کھانے کی چیز ہے؟ میرا خیال ہے کہ حضور اکرم ﷺ انتہائی بھوک میں مبتلا ہیں۔ میری بیوی ایک تھیلا نکال کر لائیں جس میں ایک صاع جو تھے، گھر میں ہمارا ایک بکری کا بچہ بھی بندھا ہوا تھا۔ میں نے بکری کے بچے کو ذبح کیا اور میری بیوی نے جو کو چکی میں پیسا۔ جب میں ذبح سے فارغ ہوا تو وہ بھی جو پیس چکی تھیں۔ میں نے گوشت کی بوٹیاں کر کے ہانڈی میں رکھ دیا اور آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میری بیوی نے پہلے ہی تنبیہ کر دی تھی کہ حضور اکرم ﷺ اور آپ کے صحابہؓ کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کرنا (یعنی جتنا کھانا ہے، کہیں اس سے زیادہ آدمیوں کو لے کر چلے آؤ) چنانچہ میں نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کے کان میں یہ عرض کی کہ یارسول اللہ! ہم نے ایک چھوٹا سا بچہ ذبح کر لیا ہے اور ایک صاع جو پیس لئے ہیں جو ہمارے پاس تھے، اس لئے آپ ﷺ دو ایک صحابہ کو ساتھ لے کر تشریف لے چلیں۔ لیکن حضور اکرم ﷺ نے بہت بلند آواز سے فرمایا، اے اہل خندق! جابر نے تمہارے لئے کھانا تیار کروایا ہے، بس اب سارا کام چھوڑ دو اور جلدی چلے چلو۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جب تک میں آ نہ جاؤں ہانڈی چولھے پر سے نہ اتارنا اور نہ آٹے کی روٹی پکانی شروع کرنا۔ میں اپنے گھر آیا، ادھر حضور اکرم ﷺ بھی صحابہ کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے۔ میں اپنی بیوی کے پاس آیا تو وہ مجھے برا بھلا کہنے لگیں۔ میں نے کہا کہ تم نے جو کچھ مجھ سے کہا تھا، میں نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے عرض کر دیا تھا۔ آخر میری بیوی نے گندھا ہوا آٹا نکالا اور آنحضور ﷺ نے اس میں اپنے لعاب دہن کی آمیزش کر دی اور برکت کی دعا کی، ہانڈی میں بھی آپ نے تھوک کی آمیزش کی اور برکت کی دعا کی۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ اب روٹی پکانے والی کو بلاؤ، وہ میرے سامنے روٹی پکائے اور گوشت ہانڈی سے نکالے، لیکن چولھے سے ہانڈی نہ اتارنا۔ صحابہؓ کی تعداد ہزار کے قریب تھی، میں اللہ تعالیٰ کو گواہ بناتا ہوں کہ اتنے ہی کھانے کو سب نے (شکم سیر ہو کر) کھایا اور کھانا بچ بھی گیا۔ جب تمام حضرات واپس ہوئے تو ہماری ہانڈی اسی طرح ابل رہی تھی جس طرح شروع میں تھی اور آٹے کی روٹیاں برابر پکائی جا رہی تھیں۔

(۱۲۷۲) حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ ھِشَامٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عَائِشَةَ اِذْجَاءُ وْکُمْ مِّنْ

۱۲۷۲۔ مجھ سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان

فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ قَالَتْ كَانَ ذَاكَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ

سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ (آیت) ''جب مشرکین تمہارے بالائی علاقہ سے اور تمہارے نشیبی علاقہ سے تم پر چڑھ آئے تھے اور جب آنکھیں چکا چوند ہوگئی تھیں اور دل حلق تک آ گئے تھے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ یہ آیت غزوۂ خندق کے واقعہ کے متعلق نازل ہوئی تھی۔

(۱۲۷۳) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى اَغْمَرَ بَطْنَه' اَوِاغْبَرَّ بَطْنُه' يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَوْلَااللّٰهُ مَااهْتَدَيْنَا وَلَاتَصَدَّقْنَا وَلَاصَلَّيْنَا فَانْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا اِنَّ الْاُولٰى قَدْبَغَوْا عَلَيْنَا اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا وَرَفَعَ بِهَا صَوْتَه' اَبَيْنَا اَبَيْنَا

۱۲۷۳۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے۔ اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوہ خندق کے موقعہ پر (خندق کی کھدائی کے وقت) رسول اللہ ﷺ مٹی اٹھا کر لا رہے تھے، یہاں تک کہ آپ کا بطن مبارک غبار سے اٹ گیا تھا۔ آنحضور ﷺ کی زبان پر یہ کلمات جاری تھے۔

''خدا کی قسم، اگر خدا نہ ہوتا تو ہمیں سیدھا راستہ نہ ملتا، نہ ہم صدقہ کرتے نہ نماز پڑھتے، پس آپ ہمارے دلوں پر سکینت وطمانیت نازل کیجئے اور اگر ہماری مڈبھیڑ ہو جائے تو ہمیں ثابت قدمی عنایت فرمائیے، جو لوگ ہمارے خلاف چڑھ آئے ہیں، جب یہ کوئی فتنہ چاہتے ہیں تو ہم ان کی نہیں مانتے'' ابینا ابینا (ہم ان کی نہیں مانتے، ہم ان کی نہیں مانتے) پر آپ ﷺ کی آواز بلند ہو جاتی۔

(۱۲۷۴) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِى الْحَكَمُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُصِرْتُ بِالصَّبَاوَ اُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ

۱۲۷۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے بیان کیا۔ ان سے حکم نے حدیث بیان کی، ان سے مجاہد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، پروا ہوا کے ذریعے میری مدد کی گئی اور قوم عاد پچھوا ہوا سے ہلاک کر دی گئی تھی۔

(۱۲۷۵) حَدَّثَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمٰنَ حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يُحَدِّثُ لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْاَحْزَابِ وَخَنْدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُه' يَنْقُلُ مِنْ تُرَابِ الْخَنْدَقِ حَتّٰى وَارٰى عَنِّى الْغُبَارُ جِلْدَةَ بَطْنِهٖ وَكَانَ كَثِيْرَالشَّعْرِ فَسَمِعْتُه' يَرْتَجِزُ بِكَلِمَاتِ بْنِ رَوَاحَةَ وَهُوَ يَنْقُلُ مِنَ التُّرَابِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَااهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَانْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّا قَيْنَا اِنَّ الْاُولٰى قَدْبَغَوْا

۱۲۷۵۔ مجھ سے احمد بن عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ حدیث بیان کرتے تھے کہ غزوۂ احزاب یعنی غزوۂ خندق کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کو میں نے دیکھا کہ خندق کے اندر سے آپ بھی مٹی اٹھا اٹھا کر لا رہے ہیں، حضور اکرم ﷺ کے بطن مبارک کی جلد مٹی سے اٹ گئی تھی، آپ ﷺ کے (سینے سے پیٹ تک) گھنے بالوں (کی ایک لکیر) تھی میں نے خود سنا کہ آنحضور ﷺ ابن رواحہ رضی اللہ عنہ کے رجزیہ اشعار، مٹی منتقل کرتے ہوئے پڑھ رہے تھے، آپ ﷺ کی زبان مبارک

عَلَيْنَا وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا قَالَ ثُمَّ يَمُدُّ صَوْتَه' بِاٰخِرِهَا

پر ان کے یہ اشعار جاری تھے۔ ''اے اللہ! اگر آپ نہ ہوتے تو ہمیں سیدھا راستہ نہ ملتا، نہ ہم صدقہ کرتے نہ نماز پڑھتے، پس ہم پر اپنی طرف سے سکینت وطمانیت نازل فرمایئے اور اگر ہماری مڈبھیڑ ہو جائے تو ہمیں ثابت قدمی عنایت فرمایئے۔ یہ لوگ ہمارے خلاف چڑھ آئے ہیں۔ جب یہ ہم سے کوئی فتنہ چاہتے ہیں (یعنی یہ کہ ہم اسلام کو چھوڑ دیں) تو ہم ان کی نہیں سنتے۔'' بیان کیا کہ آنحضور ﷺ آخری کلمات کو کھینچ کر پڑھتے تھے۔''

(۱۲۷۶) حَدَّثَنِیْ عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ ؓ قَالَ اَوَّلُ يَوْمٍ شَهِدْتُه' يَوْمُ الْخَنْدَقِ

۱۲۷۶۔ مجھ سے عبدہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے، آپ عبداللہ بن دینار کے صاحبزادے ہیں، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ سب سے پہلا غزوہ جس میں میں نے شرکت کی، وہ غزوہ خندق ہے۔

(۱۲۷۷) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وَاَخْبَرَنِی ابْنُ طَاؤسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی حَفْصَةَ وَ نَسْوَاتُهَا تَنْطُفُ قُلْتُ قَدْكَانَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ مَاتَرَيْنَ فَلَمْ يُجْعَلْ لِّیْ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ فَقَالَتْ اِلْحَقْ فَاِنَّهُمْ يَنْتَظِرُوْنَکَ وَاَخْشٰی اَنْ يَكُوْنَ فِی احْتِبَاسِکَ عَنْهُمْ فُرْقَةٌ فَلَمْ تَدَعْهُ حَتّٰی ذَهَبَ فَلَمَّا تَفَرَّقَ النَّاسُ خَطَبَ مُعٰوِيَةُ قَالَ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ اَنْ يَتَكَلَّمَ فِیْ هٰذَا الْاَمْرِ فَلْيُطْلِعْ لَنَا قَرْنَه' فَلَنَحْنُ اَحَقُّ بِهٖ مِنْهُ وَ مِنْ اَبِيْهِ قَالَ حَبِيْبُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَهَلَّا اَجَبْتَه' قَالَ عَبْدُاللّٰهِ فَحَلَلْتُ حُبْوَتِیْ وَهَمَمْتُ اَنْ اَقُوْلَ اَحَقُّ بِهٰذَا الْاَمْرِ مِنْکَ مَنْ قَاتَلَکَ وَاَبَاکَ عَلَی الْاِسْلَامِ فَخَشِيْتُ اَنْ اَقُوْلَ كَلِمَةً تُفَرِّقُ بَيْنَ الْجَمْعِ وَ تَسْفِکُ الدَّمَ وَيُحْمَلُ عَنِّیْ غَيْرُ ذٰلِکَ فَذَكَرْتُ مَا اَعَدَّاللّٰهُ فِی الْجِنَانِ قَالَ حَبِيْبٌ حُفِظْتَ وَعُصِمْتَ قَالَ مَحْمُوْدٌ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَنَوْسَاتُهَا

۱۲۷۷۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر بن راشد نے، انہیں زہری نے، انہیں سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ اور معمر بن راشد نے بیان کیا کہ مجھے ابن طاؤس نے خبر دی، ان سے عکرمہ بن خالد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا کے یہاں گیا تو ان کے سر کے بالوں سے پانی کے قطرات ٹپک رہے تھے۔ میں نے ان سے کہا کہ مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کی جو کیفیت ہے وہ آپ بھی دیکھ رہی ہیں (یعنی علی اور معاویہ رضی اللہ عنہما کے اختلافات اور جنگیں) اور مجھے حکومت کے معاملات میں کوئی عمل دخل حاصل نہیں ہے۔ حفصہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ مسلمانوں کے اجتماع میں جاؤ، لوگ تمہارا انتظار کر رہے ہیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارا موقعہ پر نہ پہنچنا مزید اختلافات اور تشتت کا سبب بن جائے۔ آخر حفصہ رضی اللہ عنہا کے اصرار پر عبداللہ رضی اللہ عنہ گئے پھر جب لوگ وہاں سے چلے گئے تو معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اور کہا کہ خلافت کے مسئلے پر جسے گفتگو کرنی ہو وہ ہمارے سامنے آ کر گفتگو کرے، یقیناً ہم اس سے (اشارہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی طرف تھا) زیادہ خلافت کے حق دار ہیں اور اس کے باپ سے بھی زیادہ! حبیب بن مسلمہ رضی اللہ

عنہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اس پر کہا کہ آپؓ نے وہیں اس کا جواب کیوں نہیں دیا؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اسی وقت اپنا دامن سمیٹ لیا تھا اور ارادہ کر چکا تھا کہ ان سے کہوں کہ آپ سے زیادہ خلافت کا مستحق وہ ہے جس نے تم سے اور تمہارے باپ سے اسلام کے لئے جنگ کی تھی لیکن پھر میں ڈرا کہ کہیں میری اس بات سے مسلمانوں میں اختلاف کی خلیج اور وسیع نہ ہو جائے اور خونریزی ہو جائے اور میری بات کا مطلب میری منشاء کے خلاف لیا جانے لگے، اس کے بجائے مجھے وہ نعمتیں یاد آ گئیں جو اللہ تعالیٰ نے (صبر کرنے والوں کے لئے) جنتوں میں تیار کر رکھی ہیں۔ حبیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ واقعی آپ محفوظ رہے اور بچا لئے گئے۔ محمود نے عبدالرزاق کے واسطہ سے (نسواتھا کے بجائے لفظ) نوساتھا بیان کیا (چوٹی کے معنی میں)۔

(۱۲۷۸) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ نَغْزُوْهُمْ وَلَايَغْزُوْنَنَا

۱۲۷۸۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان سے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ احزاب کے موقعہ پر (جب کفار کا لشکر ناکام واپس ہوگیا) فرمایا کہ اب ہم ان سے لڑیں گے آئندہ وہ ہم پر چڑھ کر کبھی نہ آ سکیں گے۔

(۱۲۷۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ سَمِعْتُ اَبَااِسْحٰقَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ سُلَيْمٰنَ بْنَ صُرَدٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حِيْنَ اَجْلَى الْاَحْزَابَ عَنْهُ اَلْاٰنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَنَا نَحْنُ نَسِيْرُ اِلَيْهِمْ

۱۲۷۹۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابواسحاق سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، جب عرب کے قبائل (جو غزوہ خندق کے موقعہ پر مدینہ چڑھ کر آئے تھے) ناکام واپس ہو گئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اب ہم ان سے جنگ کریں گے، وہ ہم پر چڑھ کر نہ آ سکیں گے بلکہ ہم ان پر فوج کشی کریں گے۔

(۱۲۸۰) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ مَلَاَاللّٰهُ عَلَيْهِمْ بُيُوْتَهُمْ وَقُبُوْرَهُمْ نَارًا كَمَا شَغَلُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

۱۲۸۰۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے روح نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے، ان سے عبیدہ نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ خندق کے موقعہ پر فرمایا جس طرح ان کفار نے ہمیں صلاۃ وسطیٰ (نماز عصر) نہیں پڑھنے دی اور سورج

غروب ہوگیا، اللہ تعالیٰ بھی ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے۔

(۱۲۸۱) حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَّحْيىٰ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَاءَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ بَعْدَمَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ جَعَلَ يَسُبُّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ وَّقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كِدْتُ اَنْ اُصَلِّىَ حَتّٰى كَادَتِ الشَّمْسُ اَنْ تَغْرُبَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا صَلَّيْتُهَا فَنَزَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُطْحَانَ فَتَوَضَّا لِلصَّلٰوةِ وَتَوَضَّاْنَا لَهَا فَصَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ صَلّٰى بَعْدَهَا الْمَغْرِبَ

۱۲۸۱۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ غزوۂ خندق کے موقع پر سورج غروب ہونے کے بعد (لڑکر) واپس ہوئے آپ کفار قریش کو برا بھلا کہہ رہے تھے، آپ نے عرض کی، یارسول اللہ! سورج غروب ہونے کو ہے اور میں عصر کی نماز اب تک نہیں پڑھ سکا (جنگ کی مصروفیات کی وجہ سے) اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، خدا گواہ ہے، نماز تو میں بھی نہ پڑھ سکا، آخر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وادی بطحان میں اترے۔ آنحضور ﷺ نے نماز کے لئے وضو کی ہم نے بھی وضو کی پھر عصر کی نماز سورج غروب ہونے کے بعد پڑھی اور اس کے بعد مغرب کی نماز پڑھی۔

(۱۲۸۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَّقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ مَنْ يَّاتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا ثُمَّ قَالَ مَنْ يَّاتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا ثُمَّ قَالَ مَنْ يَّاتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ فَقَالَ الزُّبَيْرُ اَنَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا وَّ اِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ

۱۲۸۲۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، ان سے ابن منذر نے بیان کیا اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ غزوۂ احزاب کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کفار کے لشکر کی خبریں کون لائے گا؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میں تیار ہوں۔ پھر آنحضور ﷺ نے پوچھا، کفار کے لشکر کی خبریں کون لائے گا؟ اس مرتبہ بھی زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں۔ پھر آنحضور ﷺ نے تیسری مرتبہ پوچھا کہ کفار کے لشکر کی خبریں کون لائے گا؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے اس مرتبہ بھی اپنے آپ کو پیش کیا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر نبی کے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری زبیر ہیں۔

(۱۲۸۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَحْدَهٗ اَعَزَّ جُنْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَغَلَبَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ فَلَا شَيْءَ بَعْدَهٗ

۱۲۸۳۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی سعید نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے، تنہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، جس نے اپنے لشکر (اسلامی لشکر) کو فتح دی، اپنے بندے کی مدد کی (یعنی حضور اکرم ﷺ کی) اور احزاب (قبائل عرب) کو تنہا مغلوب کیا (غزوۂ خندق کے موقعہ پر) پس اس کے مقابلے میں کسی کی کوئی حیثیت نہیں۔

(۱۲۸۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا الْفَزَارِيُّ وَعَبْدَةُ

۱۲۸۴۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں فزاری اور عبدہ نے خبر دی،

عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِى اَوفٰى يَقُوْلُ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْاَحْزَابِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ سَرِيْعَ الْحِسَابِ اهْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ

ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے احزاب (قبائل) کے لئے (غزوہ خندق کے موقعہ پر) بددعا کی کہ اے اللہ! کتاب کے نازل کرنے والے، جلدی حساب لینے والے قبائل عرب کو شکست دیجئے، اے اللہ! انہیں شکست دیجئے اور جھنجھوڑ دیجئے۔

(۱۲۸۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ وَّنَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا قَفَلَ مِنَ الْغَزْوِ اَوِالْحَجِّ اَوِ الْعُمْرَةِ يَبْدَأُ فَيُكَبِّرُ ثَلٰثَ مِرَارٍ ثُمَّ يَقُوْلُ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

۱۲۸۵۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں موسیٰ بن عقبہ نے خبر دی، انہیں سالم اور نافع نے اور انہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ جب غزوے، حج یا عمرے سے واپس آتے تو سب سے پہلے تین مرتبہ تکبیر کہتے، پھر فرماتے، تنہا اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی شریک نہیں، ملک اسی کے لئے ہے۔ حمد اسی کے لئے ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، ہم واپس ہو رہے ہیں، توبہ کرتے ہوئے، عبادت کرتے ہوئے، اپنے رب کے حضور میں سجدہ ریز اور اس کی حمد بیان کرتے ہوئے، اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، اپنے بندہ کی مدد کی اور احزاب کو تنہا شکست دی۔

باب۴۹۸. مَرْجَعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَحْزَابِ وَمَخْرَجِهٖ اِلٰى بَنِى قُرَيْظَةَ وَمُحَاصَرَتِهٖ اِيَّاهُمْ

۴۹۸۔ غزوۂ احزاب سے نبی کریم ﷺ کی واپسی، پھر بنو قریظہ پر فوج کشی اور ان کا محاصرہ۔

(۱۲۸۶) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَمَّا رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَوَضَعَ السَّلَاحَ وَاغْتَسَلَ اَتَاهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ قَدْوَضَعْتَ السَّلَاحَ وَاللّٰهِ مَا نَزَعْنَاهُ فَاخْرُجْ اِلَيْهِمْ قَالَ فَاِلٰى اَيْنَ قَالَ هٰهُنَا وَاَشَارَ اِلٰى بَنِى قُرَيْظَةَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِمْ

۱۲۸۶۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جوں ہی نبی کریم ﷺ خندق سے واپس ہوئے اور ہتھیار اتار کر غسل کیا تو جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے اور کہا، آپ نے ہتھیار اتار کر دیئے! خدا گواہ ہے، ہم نے ابھی ہتھیار نہیں اتارا ہے، ان پر فوج کشی کیجئے۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کس پر؟ جبریل علیہ السلام نے کہا کہ ان پر اور انہوں نے (یہود کے قبیلہ) بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا، چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے بنو قریظہ پر فوج کشی کی۔

(۱۲۸۷) حَدَّثَنَا مُوْسٰى حَدَّثَنَا جَرِيْرُبْنُ حَازِمٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَاَنِّىْ اَنْظُرُ اِلَى الْغُبَارِسَاطِعًا فِىْ زُقَاقِ بَنِىْ غَنْمٍ مَوْكِبَ جِبْرِيْلَ

۱۲۸۷۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی، ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جیسے اب بھی وہ غبار میں دیکھ رہا ہوں جو جبریل علیہ

حِيْنَ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَنِىْ قُرَيْظَةَ

السلام کے ساتھ ہوا اور فرشتوں کی وجہ سے قبیلہ بنو غنم کی گلی میں اٹھا تھا، جب رسول اللہ ﷺ نے بنو قریظہ کے خلاف کارروائی کی تھی۔

(۱۲۸۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ اَسْمَاءَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ لَايُصَلِّيَنَّ اَحَدٌ الْعَصْرَ اِلَّا فِىْ بَنِىْ قُرَيْظَةَ فَاَدْرَكَ بَعْضُهُمُ الْعَصْرَ فِى الطَّرِيْقِ فَقَالَ لَا نُصَلِّىْ حَتّٰى نَاتِيَهَا وَقَالَ بَعْضُهُمْ بَلْ نُصَلِّىْ لَمْ يُرِدْ مِنَّا ذٰلِكَ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُعَنِّفْ وَاحِدًا مِنْهُمْ

۱۲۸۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوہ احزاب (سے فارغ ہو کر) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمام مسلمان عصر کی نماز بنو قریظہ تک پہنچنے کے بعد ہی ادا کریں (بنو قریظہ کی طرف جاتے ہوئے) بعض حضرات (جو کچھ پیچھے رہ گئے ہوں گے) کی عصر کی نماز کا وقت راستے ہی میں ہو گیا۔ ان میں سے کچھ صحابہؓ نے تو کہا کہ ہم راستے میں نماز نہیں پڑھیں گے (کیونکہ آنحضور ﷺ نے بنو قریظہ میں نماز عصر پڑھنے کے لئے فرمایا ہے) اور بعض صحابہؓ نے کہا کہ آنحضور ﷺ کے ارشاد کا منشاء یہ نہیں تھا۔ ❶ بعد میں آنحضور ﷺ کے سامنے اس کا تذکرہ ہوا تو آپ نے کسی کے عمل پر نکیر نہیں فرمائی (کیونکہ دونوں جماعتوں نے اپنی فہم کے مطابق ٹھیک عمل کیا تھا۔

(۱۲۸۹) حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ وَّحَدَّثَنِىْ خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ حَتّٰى افْتَتَحَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيْرَ وَاِنَّ اَهْلِىْ اَمَرُوْنِىْ اَنْ اٰتِىَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَهُ الَّذِيْنَ كَانُوْا اَعْطَوْهُ اَوْبَعْضَه، وَكَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ اُمَّ اَيْمَنَ فَجَاءَ تْ اُمُّ اَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِىْ عُنُقِىْ تَقُوْلُ كَلَّا وَالَّذِىْ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَلَايُعْطِيْكُهُمْ وَقَدْ اَعْطَانِيْهَا اَوْ كَمَا قَالَتْ وَالنَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَكِ كَذَا وَتَقُوْلُ كَلَّا وَاللّٰهِ حَتّٰى اَعْطَاهَا حَسِبْتُ اَنَّه، قَالَ عَشَرَةَ اَمْثَالِهِ اَوْكَمَا قَالَ

۱۲۸۹۔ ہم سے ابن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی۔ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اور مجھ سے خلیفہ نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صحابہ اپنے باغ سے نبی کریم ﷺ کے لئے چند کھجور کے درخت متعین کر دیتے تھے (کہ اس کا پھل حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں ہدیہ کے طور پر بھیج دیا جائے)، یہاں تک کہ بنو قریظہ اور بنو نضیر کے قبائل فتح ہو گئے (تو آنحضور ﷺ نے ان ہدایا کو واپس کر دیا) میرے گھر والوں نے بھی مجھے اس کھجور کو، تمام کی تمام یا اس کا کچھ حصہ، لینے کے لئے آنحضور ﷺ کی خدمت میں بھیجا۔ آنحضور ﷺ نے وہ کھجور ام ایمن رضی اللہ عنہا کو دے دی تھی۔ اتنے میں وہ بھی آ گئیں اور کپڑا میری گردن میں ڈال کر کہنے لگیں، قطعاً نہیں، اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں، یہ پھل تمہیں نہیں ملیں گے، آنحضور ﷺ مجھے عنایت فرما چکے ہیں، یا اسی طرح کے الفاظ انہوں نے بیان کئے۔ اس پر آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تم مجھ سے اس کے بدلے میں اتنا لے لو (اور ان کا مال انہیں واپس کر

❶ یعنی یہ کہ اگر راستے میں نماز کا وقت ہو جائے، پھر بھی نہ پڑھی جائے۔ بلکہ صرف بنو قریظہ تک پہنچنے میں عجلت مطلوب تھی۔

دو) لیکن وہ اب بھی یہی کہے جا رہی تھیں کہ قطعاً نہیں، خدا کی قسم۔ یہاں تک کہ آنحضور ﷺ نے انہیں، میرا خیال ہے کہ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس کا دس گنا دینے کا وعدہ فرمایا (پھر انہوں نے مجھے چھوڑا) یا اسی طرح کے الفاظ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کئے۔

(۱۲۹۰) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَااُمَامَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاسَعِيْدِ الْخُدْرِیَّ يَقُوْلُ نَزَلَ اَهْلُ قُرَيْظَةَ عَلٰی حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی سَعْدٍ فَاَتٰی عَلٰی حِمَارٍ فَلَمَّا دَنٰی مِنَ الْمَسْجِدِ فَقَالَ لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْآ اِلٰی سَيِّدِكُمْ اَوْخَيْرِكُمْ فَقَالَ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰی حُكْمِكَ فَقَالَ تَقْتُلُ مُقَاتِلَهُمْ وَتَسْبِیْ ذَرَارِيَّهُمْ قَالَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ اللّٰهِ وَرُبَمَا قَالَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ

۱۲۹۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے بیان کی، انہوں نے ابوامامہ سے سنا، بیان کیا کہ میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ بنوقریظہ نے سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث مان کر ہتھیار ڈال دیئے تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں بلانے کے لئے آدمی بھیجا۔ وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے۔ اس مسجد کے قریب ہوئے جسے آنحضور ﷺ نے نماز پڑھنے کے لئے منتخب کر رکھا تھا تو آنحضور ﷺ نے انصار سے فرمایا کہ اپنے سردار کی تکریم کے لئے کھڑے ہو جاؤ، یا (آنحضور ﷺ نے فرمایا) اپنے سے بہتر (کی تکریم کے لئے کھڑے ہو جاؤ) اس کے بعد آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ بنوقریظہ نے آپ کو ثالث مان کر ہتھیار ڈال دیئے ہیں۔ چنانچہ سعد رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ کیا کہ جتنے ان میں جنگ کے قابل ہیں، انہیں قتل کر دیا جائے اور ان کے بچوں اور عورتوں کو قیدی بنا لیا جائے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ آپ نے اللہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا یا آنحضور ﷺ نے یہ فرمایا کہ فرشتہ (جبریل علیہ السلام) کے فیصلہ کے مطابق۔

(۱۲۹۱) حَدَّثَنَا زَكَرِيَّآءُ بْنُ يَحْيٰی حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُصِيْبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمَاهُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَه، حِبَّانُ بْنُ الْعَرِقَةِ رَمَاهُ فِی الْاَكْحَلِ فَضَرَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِی الْمَسْجِدِ لِيَعُوْدَه، مِنْ قَرِيْبٍ فَلَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ وَاغْتَسَلَ فَاَتَاهُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَاسَه، مِنَ الْغُبَارِ فَقَالَ قَدْوَضَعْتَ السِّلَاحَ وَاللّٰهِ مَا وَضَعْتُه، اُخْرُجْ اِلَيْهِمْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَيْنَ فَاَشَارَ اِلٰی بَنِیْ قُرَيْظَةَ فَاَتَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

۱۲۹۱۔ ہم سے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ غزوۂ خندق کے موقعہ پر سعد رضی اللہ عنہ زخمی ہو گئے تھے، قریش کے ایک شخص، حبان بن عرفہ نامی نے ان پر تیر چلایا تھا اور وہ ان کے بازو کی رگ میں آ کے لگا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے ان کے لئے مسجد میں ایک خیمہ نصب کرا دیا تھا، تا کہ قریب سے ان کی عیادت کرتے رہیں۔ پھر جب حضور اکرم ﷺ غزوۂ خندق سے واپس ہوئے اور ہتھیار رکھ کر غسل کیا تو جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے۔ وہ اپنے سر سے غبار جھاڑ رہے تھے۔ انہوں نے آنحضور ﷺ سے کہا، آپ نے ہتھیار رکھ دیئے! خدا کی قسم، ابھی میں نے ہتھیار نہیں اتارے ہیں، آپ ﷺ کو ان پر فوج کشی کرنی ہے۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِهٖ فَرَدَّ الْحُكْمَ اِلٰى سَعْدٍ قَالَ فَاِنِّىْ اَحْكُمُ فِيْهِمْ اَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَاَنْ تُسْبَى النِّسَاءُ وَالذُّرِّيَّةُ وَاَنْ تُقْسَمَ اَمْوَالُهُمْ قَالَ هِشَامٌ فَاَخْبَرَنِىْ اَبِىْ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ سَعْدًا قَالَ اللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ لَيْسَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَىَّ اَنْ اُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوْا رَسُوْلَكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخْرَجُوْهُ فَاِنِّىْ اَظُنُّ اَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَاِنْ كَانَ بَقِىَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَىْءٌ فَاَبْقِنِىْ لَهٗ حَتّٰى اُجَاهِدَهُمْ فِيْكَ وَاِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتَتِىْ فِيْهَا فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَّبَّتِهٖ فَلَمْ يَرُعْهُمْ وَفِى الْمَسْجِدِ خَيْمَةٌ مِّنْ بَنِىْ غِفَارٍ اِلَّا الدَّمُ يَسِيْلُ اِلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَا اَهْلَ الْخَيْمَةِ مَا هٰذَا الَّذِىْ يَاْتِيْنَا مِنْ قِبَلِكُمْ فَاِذَا سَعْدٌ يَغْذُوْ جُرْحُهٗ دَمًا فَمَاتَ مِنْهَا رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کن پر؟ تو انہوں نے بنوقریظہ کی طرف اشارہ کیا۔ ❶ آنحضور بنی قریظہ تک پہنچے، (اور انہوں نے اسلامی لشکر کے پندرہ دن کے سخت محاصرہ کے بعد) سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث مان کر ہتھیار ڈال دیئے۔ آنحضور ﷺ نے سعد رضی اللہ عنہ کو فیصلہ کا اختیار دیا۔ سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ان کے بارے میں فیصلہ کرتا ہوں کہ جتنے افراد ان کے جنگ کے قابل ہیں، قتل کر دیئے جائیں ان کی عورتیں اور بچے قید کر لئے جائیں اور ان کا مال تقسیم کر لیا جائے، ہشام نے بیان کیا کہ پھر مجھے میرے والد نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے خبر دی کہ سعد رضی اللہ عنہ نے یہ دعا کی تھی ''اے اللہ! تو خوب جانتا ہے کہ اس سے زیادہ مجھے کوئی چیز عزیز نہیں کہ میں تیرے راستے میں اس قوم سے جہاد کروں جس نے تیرے رسول ﷺ کو جھٹلایا اور انہیں ان کے وطن سے نکالا، لیکن اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے اور ان کے درمیان لڑائی کا سلسلہ آپ ختم کر دیں گے لیکن اگر قریش سے ہماری لڑائی کا کوئی بھی سلسلہ باقی ہے تو مجھے اس کے لئے زندہ رکھئے۔ یہاں تک کہ میں تیرے راستے میں ان سے جہاد کروں، اور اگر لڑائی کے سلسلے کو آپ نے ختم ہی کر دیا ہے تو پھر میرے زخموں کو پھر سے ہرا کر دیجئے۔ (آپؓ کے زخم تقریباً ٹھیک ہونے لگے تھے) اور اسی میں میری موت واقع کر دیجئے'' چنانچہ سینہ پر ان کا زخم پھر سے تازہ ہو گیا۔ ❷ مسجد میں قبیلہ بنوغفار کے کچھ صحابہؓ کا بھی ایک خیمہ تھا۔ خون ان کی طرف بہہ کر آیا تو وہ گھبرائے اور انہوں نے کہا، اے اہل خیمہ! تمہاری طرف سے یہ خون ہماری طرف کیوں آ رہا ہے؟ دیکھا تو سعد رضی اللہ عنہ کے زخم سے خون بہہ رہا تھا۔ آپ کی وفات اسی میں ہوئی، فرضی اللہ عنہ وارضاہ۔

(۱۲۹۲) حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ

۱۲۹۲۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر

❶ مدینہ ہجرت کے بعد حضور اکرم ﷺ نے یہودیوں کے مختلف قبائل اور آس پاس کے دوسرے مشرک عرب قبائل سے معاہدہ امن وصلح کر لیا تھا۔ لیکن یہودی برابر اسلام کے خلاف سازشوں میں لگے رہتے تھے۔ در پردہ تو ان کی طرف سے معاہدہ کی خلاف ورزی برابر ہوتی رہتی تھی، لیکن غزوۂ خندق کے موقعہ پر جو انتہائی فیصلہ کن غزوہ تھا، جب مشرکوں کو اس میں شکست ہوگئی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ اب کبھی انہیں ہم پر اس طرح چڑھ کر آنے کی ہمت نہ ہوگی اس غزوہ میں خاص طور سے بنوقریظہ نے بہت کھل کر قریش کا ساتھ دیا تھا اور معاہدہ کی خلاف ورزی کی تھی۔ اس لئے غزوہ خندق کے فوراً بعد اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا کہ انہیں اب مہلت نہ ملنی چاہئے۔ ❷ ایک روایت میں ہے کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ لیٹے ہوئے تھے۔ اتفاق سے ایک بکری آئی اور اس نے ان کے سینہ پر اپنا کھر رکھ دیا جس سے ان کا زخم پھر سے تازہ ہو گیا۔

قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَدِیٌّ اَنَّہٗ سَمِعَ الْبَرَاءَؓ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِحَسَّانَ اھْجُھُمْ اَوْھَاجِھِمْ وَجِبْرِیْلُ مَعَکَ وَزَادَ اِبْرَاھِیْمُ بْنُ طَھْمَانَ عَنِ الشَّیْبَانِیِّ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ قُرَیْظَۃَ لِحَسَّانَ ابْنِ ثَابِتٍ اھْجُ الْمُشْرِکِیْنَ فَاِنَّ جِبْرِیْلَ مَعَکَ

دی، کہا کہ مجھے عدی نے خبر دی، انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ مشرکین کی ہجو کرو، یا (آنحضور ﷺ نے اس کے بجائے) "ہاجہم" فرمایا، جبرائیل علیہ السلام تمہارے ساتھ ہیں اور ابراہیم طہمان نے شیبانی کے واسطہ سے اضافہ کیا ہے کہ ان سے عدی بن ثابت نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ بنوقریظہ کے موقعہ پر حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ مشرکین کی ہجو کرو، جبرائیلؑ تمہارے ساتھ ہیں۔

باب ۴۹۹. غَزْوَۃِ ذَاتِ الرِّقَاعِ وَھِیَ غَزْوَۃُ مُحَارِبِ خَصَفَۃَ مِنْ بَنِیْ ثَعْلَبَۃَ مِنْ غَطَفَانَ فَنَزَلَ نَخْلًا وَّھِیَ بَعْدَ خَیْبَرَ لِاَنَّ اَبَا مُوْسٰی جَآءَ بَعْدَ خَیْبَرَ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ رَجَآءٍ اَخْبَرَ نَا عِمْرَانُ الْعَطَّارُ عَنْ یَّحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِؓ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَلّٰی بِاَصْحَابِہٖ فِی الْخَوْفِ فِیْ غَزْوَۃِ السَّابِعَۃِ غَزْوَۃِ ذَاتِ الرِّقَاعِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْخَوْفَ بِذِیْ قَرَدٍ وَّقَالَ بَکْرُ بْنُ سَوَادَۃَ حَدَّثَنِیْ زِیَادُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی اَنَّ جَابِرًا حَدَّثَھُمْ صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِھِمْ یَوْمَ مُحَارِبٍ وَّ ثَعْلَبَۃَ وَقَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ سَمِعْتُ وَھْبَ بْنَ کَیْسَانَ سَمِعْتُ جَابِرًا خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی ذَاتِ الرِّقَاعِ مِنْ نَخْلٍ فَلَقِیَ جَمْعًا مِنْ غَطَفَانَ فَلَمْ یَکُنْ قِتَالٌ وَّ اَخَافَ النَّاسُ بَعْضُھُمْ بَعْضًا فَصَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَکْعَتَیِ الْخَوْفِ وَ قَالَ یَزِیْدُ عَنْ سَلَمَۃَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْقَرَدِ

۴۹۹۔ غزوۂ ذات الرقاع۔ اسی کا دوسرا نام غزوہ محارب خصفہ و بنی ثعلبہ بھی ہے جو قبیلہ غطفان میں سے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے اس غزوہ میں مقام نخل پر پڑاؤ کیا تھا۔ یہ غزوہ، غزوۂ خیبر کے بعد ہوا ہے، کیونکہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، غزوۂ خیبر کے بعد مدینہ آئے تھے (اور غزوۂ ذات الرقاع میں ان کی شرکت روایتوں سے ثابت ہے، اور عبداللہ بن رجاء نے بیان کی، انہیں عمران عطار نے خبر دی، انہیں یحییٰ بن ابی کثیر نے، انہیں ابوسلمہ نے اور انہیں جابر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نماز خوف ساتویں (سال یا ساتویں غزوہ) میں پڑھی تھی، یعنی غزوۂ ذات الرقاع میں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، کہ نبی کریم ﷺ نے نماز خوف ذوقرد میں پڑھی تھی۔ اور بکر بن سوادہ نے بیان کیا، ان سے زیاد بن نافع نے حدیث بیان کی، ان سے ابوموسیٰ نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ محارب اور بنی ثعلبہ میں اپنے اصحاب کو نماز پڑھائی تھی۔ اور ابن اسحاق نے بیان کیا، انہوں نے وہب بن کیسان سے سنا، انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ غزوۂ ذات الرقاع کے لئے مقام نخل سے روانہ ہوئے تھے، وہاں آپ کا قبیلہ غطفان کی ایک جماعت سے سامنا ہوا، لیکن کوئی جنگ نہیں ہوئی، اور چونکہ مسلمانوں پر کفار کے (اچانک حملے کا) خطرہ تھا اس لئے آنحضور ﷺ نے دو رکعت نماز خوف پڑھائی۔ اور یزید نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ ذوالقرد میں شریک تھا۔

(۱۲۹۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ وَّنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ بَيْنَنَا بَعِيْرٌ نَّعْتَقِبُهٗ فَنَقِبَتْ اَقْدَامُنَا وَنَقِبَتْ قَدَمَایَ وَسَقَطَتْ اَظْفَارِیْ وَكُنَّا نَلُفُّ عَلٰٓی اَرْجُلِنَا الْخِرَقَ فَسُمِّيَتْ غَزْوَةَ ذَاتِ الرِّقَاعِ لِمَا كُنَّا نَعْصِبُ مِنَ الْخِرَقِ عَلٰٓی اَرْجُلِنَا وَحَدَّثَ اَبُوْمُوْسٰی بِهٰذَا ثُمَّ كَرِهَ ذَاكَ قَالَ مَاكُنْتُ اَصْنَعُ اَنْ اَذْكُرَهٗ كَاَنَّهٗ كَرِهَ اَنْ يَّكُوْنَ شَیْءٌ مِّنْ عَمَلِهٖ اَفْشَاهُ

۱۲۹۳۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ بن ابی بردہ نے، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ کے لئے نکلے، ہم چھ ساتھی تھے اور ہم سب کے لئے صرف ایک اونٹ تھا۔ جس پر یکے بعد دیگرے ہم سوار ہوتے تھے۔ (پیدل طویل اور پر مشقت سفر کی وجہ سے) ہمارے پاؤں پھٹ گئے تھے۔ میرے بھی پاؤں پھٹ گئے تھے، ناخن بھی جھڑ گئے تھے۔ چنانچہ ہم قدموں پر کپڑے کی پٹی باندھ کر چل رہے تھے اسی لئے اس کا نام ذات الرقاع پڑا، کیونکہ ہم نے قدموں کو پٹیوں سے باندھا تھا۔ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، نے یہ حدیث تو بیان کر دی، لیکن پھر آپ کو اس کا اظہار اچھا نہیں معلوم ہوا، فرمانے لگے کہ مجھے یہ حدیث بیان نہ کرنی چاہئے تھی، آپ اصل میں پسند نہیں کرتے تھے کہ آپ کا کوئی عمل خیر لوگوں کے سامنے آئے۔

(۱۲۹۴) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ عَمَّنْ شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ ذَاتِ الرِّقَاعِ صَلّٰی صَلٰوةَ الْخَوْفِ اَنَّ طَائِفَةً صَفَّتْ مَعَهٗ وَطَائِفَةٌ وُّجَاهَ الْعَدُوِّ فَصَلّٰی بِالَّتِیْ مَعَهٗ رَكْعَةً ثُمَّ ثَبَتَ قَائِمًا وَّاَتَمُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ ثُمَّ انْصَرَفُوْا فَصَفُّوْا وُجَاهَ الْعَدُوِّ وَجَآءَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰی فَصَلّٰی بِهِمُ الرَّكْعَةَ الَّتِیْ بَقِيَتْ مِنْ صَلٰوتِهٖ ثُمَّ ثَبَتَ جَالِسًا وَّ اَتَمُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ ثُمَّ سَلَّمَ بِهِمْ وَقَالَ مُعَاذٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَخْلٍ فَذَكَرَ صَلٰوةَ الْخَوْفِ قَالَ مَالِكٌ وَذٰلِكَ اَحْسَنُ مَاسَمِعْتُ فِیْ صَلٰوةِ الْخَوْفِ تَابَعَهُ اللَّيْثُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ زَيْدِبْنِ اَسْلَمَ اَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَهٗ صَلَّی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ بَنِیْ اَنْمَارٍ

۱۲۹۴۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے یزید بن رومان نے، ان سے صالح بن خوات نے، ایک ایسے صحابی کے حوالہ سے بیان کیا جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ ذات الرقاع میں شرکت کی تھی کہ حضور اکرم نے نماز خوف پڑھی تھی۔ اس کی صورت یہ ہوئی تھی کہ پہلے ایک جماعت نے آپ ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھی، اس وقت دوسری جماعت (مسلمانوں کی) دشمن کے مقابلے پر کھڑی تھی۔ آنحضور ﷺ نے اس جماعت کو جو آپ کے پیچھے صف میں کھڑی تھی، ایک رکعت نماز پڑھائی اور اس کے بعد آپ کھڑے رہے، اس جماعت نے اس عرصہ میں اپنی نماز پوری کر لی اور واپس آ کر دشمن کے مقابلے میں کھڑے ہو گئے اس کے بعد دوسری جماعت آئی تو آنحضور ﷺ نے انہیں نماز کی دوسری رکعت پڑھائی جو باقی رہ گئی تھی اور (رکوع وسجدہ کے بعد) آپ قعدہ میں بیٹھے رہے۔ پھر ان لوگوں نے جب اپنی نماز (جو باقی رہ گئی تھی) پوری کر لی تو آپ نے ان کے ساتھ سلام پھیرا۔ اور معاذ نے بیان کیا، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ابوزبیر نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقام نخل میں تھے۔ پھر آپ نے نماز خوف کا تذکرہ کیا۔ امام مالک نے بیان کیا کہ نماز خوف کے سلسلے میں

جتنی روایات میں نے سنی ہیں، یہ روایت ان سب میں زیادہ بہتر ہے۔
اس روایت کی متابعت لیث نے کی، ان سے ہشام نے، ان سے زید بن اسلم اور ان سے قاسم بن محمد نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ بنی انمار میں (نماز خوف) پڑھی تھی۔

(۱۲۹۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدِ الْاَنْصَارِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ قَالَ يَقُوْمُ الْاِمَامُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ وَطَائِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَه' وَطَائِفَةٌ مِّنْ قِبَلِ الْعَدُوِّ وُجُوْهُهُمْ اِلَى الْعَدُوِّ فَيُصَلِّىْ بِالَّذِيْنَ مَعَه' رَكْعَةً ثُمَّ يَقُوْمُوْنَ فَيَرْكَعُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَتَيْنِ فِىْ مَكَانِهِمْ ثُمَّ يَذْهَبُ هٰؤُلَاءِ اِلٰى مَقَامِ اُولٰئِكَ فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً فَلَه' ثِنْتَانِ ثُمَّ يَرْكَعُوْنَ وَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَتَيْنِ

۱۲۹۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی بن سعید قطان نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی بن سعید انصاری نے حدیث بیان کی، ان سے قاسم بن محمد نے، ان سے صالح بن خوات نے، ان سے سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (نماز خوف میں) امام قبلہ رو ہو کر کھڑا ہوگا اور مسلمانوں کی ایک جماعت اس کے ساتھ نماز میں شریک ہوگی، اس عرصہ میں مسلمانوں کی دوسری جماعت دشمن کے مقابلہ پر کھڑی ہوگی، انہیں کی طرف رخ کئے ہوئے۔ امام اپنے ساتھ والی جماعت کو پہلے ایک رکعت نماز پڑھائے گا۔ (ایک رکعت پڑھنے کے بعد) یہ جماعت کھڑی ہو جائے گی اور خود (امام کے بغیر) اسی جگہ ایک رکوع اور (۲) سجدے کر کے دشمن کے مقابلہ پر جا کر کھڑی ہو جائے گی، جہاں دوسری جماعت پہلے سے موجود تھی۔ اس کے بعد امام اس دوسری جماعت کو ایک رکعت نماز پڑھائے گا اس طرح امام کی دو (۲) رکعت پوری ہو جائے گی اور یہ دوسری جماعت ایک رکوع اور دو سجدہ خود کرے گی۔

(۱۲۹۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِىْ حَثْمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۲۹۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے، ان سے ان کے والد نے، ان سے صالح بن خوات نے اور ان سے سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔

(۱۲۹۷) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِى ابْنُ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ يَّحْيىٰ سَمِعَ الْقَاسِمَ اَخْبَرَنِىْ صَالِحُ بْنُ خَوَّاتٍ عَنْ سَهْلٍ حَدَّثَه' قَوْلَه'

۱۲۹۷۔ مجھ سے محمد بن عبید اللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے، انہوں نے قاسم سے سنا، انہیں صالح بن خوات نے خبر دی اور ان سے سہل بن ابی حثمہ نے مذکورہ بالا حدیث بیان کی۔

(۱۲۹۸) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَالِمٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَوَازَيْنَا الْعَدُوَّ فَصَافَفْنَا لَهُمْ

۱۲۹۸۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، کہا کہ مجھے سالم نے خبر دی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اطراف نجد میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوہ کے لئے گیا تھا، وہاں ہم دشمن کے آمنے سامنے کھڑے ہوئے اور ان کے مقابلے میں صف بندی کی۔

(۱۲۹۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِاِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ وَالطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى مُوَاجِهَةَ الْعَدُوِّ ثُمَّ انْصَرَفُوْا فِيْ مَقَامِ اَصْحَابِهِمْ فَجَآءَ اُولٰئِكَ فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً ثُمَّ سَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ قَامَ هٰؤُلَاءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ وَقَامَ هٰؤُلَاءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ

۱۲۹۹۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے سالم بن عبداللہ بن عمر نے اور ان سے ان کے والد نے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک جماعت کے ساتھ نماز (خوف) پڑھی اور دوسری جماعت اس عرصہ میں دشمن کے مقابلے پر کھڑی تھی۔ پھر یہ جماعت جب اپنے دوسرے ساتھیوں کی جگہ (نماز پڑھ کر) چلی گئی تو دوسری جماعت آئی اور آنحضور ﷺ نے انہیں بھی ایک رکعت نماز پڑھائی۔ اس کے بعد آپ نے اس جماعت کے ساتھ سلام پھیرا۔ آخر اس جماعت نے کھڑے ہو کر اپنی ایک رکعت پوری کی اور پہلی جماعت نے بھی کھڑے ہو کر اپنی ایک رکعت پوری کی۔

(۱۳۰۰) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ سِنَانٌ وَّاَبُوْسَلَمَةَ اَنَّ جَابِرًا اَخْبَرَ اَنَّهٗ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ

۱۳۰۰۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے سنان اور ابوسلمہ نے حدیث بیان کی اور انہیں جابر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ نبی کریم ﷺ کے ساتھ اطراف نجد میں غزوہ کے لئے گئے تھے۔

(۱۳۰۱) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَخِيْ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ اَبِيْ عَتِيْقٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سِنَانِ بْنِ اَبِيْ سِنَانِ الدُّؤَلِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهٗ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْعِضَاهِ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ وَ نَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ سَمُرَةٍ فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهٗ قَالَ جَابِرٌ فَنِمْنَا نَوْمَةً ثُمَّ اِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَا فَجِئْنَا فَاِذَا عِنْدَهٗ اَعْرَابِيٌّ جَالِسٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ سَيْفِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهٖ صَلْتًا فَقَالَ لِيْ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قُلْتُ اللّٰهُ فَهَاهُوَ جَالِسٌ ثُمَّ لَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۳۰۱۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے محمد بن ابی عتیق نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے سنان بن ابی سنان دؤلی نے، انہیں جابر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ نبی کریم ﷺ کے ساتھ اطراف نجد میں غزوہ کے لئے گئے تھے۔ پھر جب آنحضور ﷺ واپس ہوئے تو آپ بھی واپس ہوئے۔ قیلولہ کا وقت ایک وادی میں آیا، جہاں ببول کے درخت بہت تھے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ وہیں اتر گئے، اور صحابہ درختوں کے سائے کے لئے پوری وادی میں پھیل گئے۔ حضور اکرم ﷺ نے بھی ایک ببول کے درخت کے نیچے قیام فرمایا اور اپنی تلوار اس درخت پر لٹکا دی۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابھی تھوڑی ہی دیر ہمیں سوئے ہوئے ہوئی تھی کہ آنحضور ﷺ نے ہمیں پکارا۔ ہم جب خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ کے پاس ایک اعرابی بیٹھا ہوا تھا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص نے میری تلوار (مجھی پر) کھینچ لی تھی۔ میں اس وقت سویا ہوا تھا، میری آنکھ کھلی تو ننگی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی۔ اس نے مجھ سے کہا، تمہیں میرے ہاتھ سے آج کون بچائے گا؟ میں نے کہا کہ اللہ! اب دیکھو یہ بیٹھا ہوا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے اسے پھر کوئی سزا نہیں دی۔ اور

وَقَالَ اَبَانٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَاتِ الرِّقَاعِ فَاِذَا اَتَيْنَا عَلٰى شَجَرَةٍ ظَلِيْلَةٍ تَرَكْنَاهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَسَيْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعَلَّقٌ بِالشَّجَرَةِ فَاخْتَرَطَهٗ فَقَالَ تَخَافُنِيْ قَالَ لَا قَالَ فَمَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قَالَ اللّٰهُ فَتَهَدَّدَهٗ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلّٰى بِطَائِفَةٍ رَّكْعَتَيْنِ ثُمَّ تَاَخَّرُوْا وَصَلّٰى بِالطَّائِفَةِ الْاُخْرٰى رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعٌ وَّلِلْقَوْمِ رَكْعَتَيْنِ وَقَالَ مُسَدَّدٌ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ عَنْ اَبِي بِشْرٍ اِسْمُ الرَّجُلِ غَوْرَثُ بْنُ الْحَارِثِ وَقَاتَلَ فِيْهَا مُحَارِبَ خَصَفَةَ وَقَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَخْلٍ فَصَلَّى الْخَوْفَ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ نَجْدٍ صَلٰوةَ الْخَوْفِ وَاِنَّمَا جَآءَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ خَيْبَرَ

ابان نے کہا کہ ہم سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ذات الرقاع میں تھے۔ پھر ہم ایک ایسی جگہ آئے جہاں بہت گھنے سایہ کا درخت تھا۔ وہ درخت ہم نے آنحضور ﷺ کے لئے مخصوص کر دیا (تا کہ آپ وہاں آرام فرمائیں)۔ بعد میں مشرکین میں سے ایک شخص آیا، آنحضور ﷺ کی تلوار درخت سے لٹک رہی تھی۔ اس نے وہ تلوار آنحضور ﷺ پر کھینچ لی اور پوچھا، تم مجھ سے ڈرتے ہو؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں۔ اس پر اس نے پوچھا، آج میرے ہاتھ سے تمہیں کون بچائے گا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ! پھر صحابہؓ نے اسے ڈانٹا دھمکایا۔ اور نماز کی اقامت کہی گئی (نماز خوف کی) تو آنحضور ﷺ نے پہلے ایک جماعت کو دو (۲) رکعت نماز پڑھائی جب وہ جماعت (آنحضور ﷺ کے پیچھے سے) ہٹ گئی تو آپ ﷺ نے دوسری جماعت کو بھی دو ۲ رکعت نماز پڑھائی۔ اس طرح نبی کریم ﷺ کی چار رکعت نماز ہوئی، لیکن مقتدیوں کی صرف دو (۲) دو (۲) رکعت۔ اور مسدد نے بیان کیا، ان سے ابوعوانہ نے، ان سے ابوبشر نے کہ اس شخص کا نام (جس نے آپ ﷺ پر تلوار کھینچی تھی) غورث بن حارث تھا۔ اور آنحضور ﷺ نے اس غزوہ میں قبیلہ محارب حفصہ سے جنگ کی تھی۔ اور ابوالزبیر نے جابر رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقام نخل میں تھے تو آپ ﷺ نے نماز خوف پڑھی۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز خوف غزوہ نجد میں پڑھی تھی۔ یہ یاد رہے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں (سب سے پہلے) غزوۂ خیبر کے موقعہ پر حاضر ہوئے تھے۔

باب ۵۰۰. غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ مِنْ خُزَاعَةَ وَهِيَ

۵۰۰۔ غزوۂ بنی المصطلق۔ یہ غزوہ قبیلہ بنوخزاعہ سے ہوا تھا اس کا دوسرا نام

---

❶ اس روایت سے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے اس مسلک کی تائید ہوتی ہے کہ فرض نماز، نفل نماز پڑھنے والے امام کی اقتداء میں پڑھی جاسکتی ہے۔ کیونکہ مجاہدوں کی یہ جماعت سفر میں تھی اور سفر میں چار رکعت فرض نماز صرف دو رکعت باقی رہ جاتی ہے۔ روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فرض نماز صرف دو رکعت تھی۔ آنحضور ﷺ نے چار رکعت پڑھی جس میں سے دو رکعت یقیناً نفل تھی اور فرض پڑھنے والے صحابہؓ نے آکر اس میں آپ ﷺ کی اقتداء کی۔ لیکن محدثین احناف نے لکھا ہے کہ اس روایت کا تعلق بھی اسی واقعہ سے ہے جو سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں بیان ہوا۔ لیکن راوی واقعات کے بیان کرنے میں بہت سے امور کو نظر انداز بھی کر دیتا ہے۔ چونکہ آنحضور ﷺ نے پہلی جماعت کے لئے انتظار کیا اور جب یہ جماعت اپنی نماز پوری کر کے چلی گئی تو آپ نے دوسری جماعت کو ایک رکعت نماز پڑھائی اور ان کے ساتھ سلام پھیرا، اس لئے راوی نے آنحضور ﷺ کی طرف چار رکعت کی نسبت کی، کیونکہ دونوں جماعتوں نے مجموعی طور پر جب چار رکعت پوری کر لیں تب آنحضورؐ نے سلام پھیرا تھا۔ سہل رضی اللہ عنہ کی روایت میں حدیث اسی طرح بیان ہوئی ہے۔

غَزْوَةُ الْمُرَيْسِيعِ قَالَ ابْنُ اِسْحٰقَ وَذٰلِكَ سَنَةَ سِتٍّ وَّقَالَ مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَقَالَ النُّعْمَانُ ابْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ كَانَ حَدِيْثُ الْاِفْكِ فِيْ غَزْوَةِ الْمُرَيْسِيعِ

غزوۂ مریسیع ہے۔ ابن اسحاق نے بیان کیا کہ یہ غزوہ ۶ھ میں ہوا تھا۔ اور موسیٰ بن عقبہ نے بیان کیا کہ ۴ھ میں۔ اور نعمان بن راشد نے زہری کے واسطہ سے بیان کیا کہ واقعۂ افک غزوۂ مریسیع میں پیش آیا تھا۔

(۱۳۰۲) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ رَّبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَيَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ اَنَّهٗ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَرَاَيْتُ اَبَاسَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ فَسَاَلْتُهٗ عَنِ الْعَزْلِ قَالَ اَبُوْسَعِيْدٍ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ بَنِي الْمُصْطَلِقِ فَاَصَبْنَا سَبْيًا مِّنْ سَبْيِ الْعَرَبِ فَاشْتَهَيْنَا النِّسَآءَ وَاشْتَدَّتْ عَلَيْنَا الْعُزْبَةُ وَاَحْبَبْنَا الْعَزْلَ فَاَرَدْنَا اَنْ نَّعْزِلَ وَقُلْنَا نَعْزِلُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا قَبْلَ اَنْ نَسْاَلَهٗ فَسَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّاتَفْعَلُوْا مَامِنْ نَسَمَةٍ كَائِنَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اِلَّا وَهِيَ كَائِنَةٌ

۱۳۰۲۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انہیں اسماعیل بن جعفر نے خبر دی، انہیں ربیعہ بن ابی عبدالرحمٰن نے، انہیں محمد بن یحییٰ بن حیان نے اور ان سے ابومحیریز نے بیان کیا کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اندر موجود تھے۔ میں ان کے پاس بیٹھ گیا اور عزل [1] کے متعلق ان سے سوال کیا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ بنی المصطلق کے لئے نکلے، اس غزوہ میں ہمیں کچھ عرب کے قیدی ملے۔ (جن میں عورتیں تھیں)۔ پھر اس سفر میں ہمیں عورتوں کی خواہش ہوئی اور تنہائی جیسے کاٹنے لگی، دوسری طرف ہم عزل کرنا چاہتے تھے (تا کہ ان عورتوں سے بچہ نہ پیدا ہو)۔ ہمارا ارادہ یہی تھا کہ عزل کرلیں گے لیکن پھر ہم نے سوچا کہ رسول اللہ ﷺ موجود ہیں، آپ ﷺ سے پوچھے بغیر عزل کرنا مناسب نہ ہوگا۔ چنانچہ ہم نے آنحضور ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم عزل نہ کرو پھر بھی کوئی حرج نہیں۔ کیونکہ قیامت تک جو جان وجود میں آنے والی ہے وہ ضرور آ کر رہے گی۔

(۱۳۰۳) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ نَجْدٍ فَلَمَّا اَدْرَكَتْهُ الْقَائِلَةُ وَهُوَ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَّاسْتَظَلَّ بِهَا وَعَلَّقَ سَيْفَهٗ فَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الشَّجَرِ يَسْتَظِلُّوْنَ وَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ دَعَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْنَا فَاِذَا اَعْرَابِيٌّ قَاعِدٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اَتَانِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاخْتَرَطَ سَيْفِيْ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلٰى رَاْسِيْ مُخْتَرِطٌ سَيْفِيْ صَلْتًا قَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قُلْتُ اللّٰهُ فَشَامَهٗ ثُمَّ قَعَدَ فَهُوَ

۱۳۰۳۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں ابوسلمہ نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ نجد کی طرف غزوہ کے لئے گئے۔ دوپہر کا وقت ہوا تو آپ ایک وادی میں پہنچے جہاں ببول کے درخت بکثرت تھے۔ آنحضور ﷺ نے گھنے درخت کے نیچے سایہ کے لئے قیام کیا اور درخت سے تلوار لٹکا دی۔ صحابہؓ بھی درختوں کے نیچے سایہ حاصل کرنے کے لئے منتشر ہو گئے۔ ابھی ہم اسی کیفیت میں تھے کہ آنحضور ﷺ نے ہمیں پکارا۔ ہم حاضر ہوئے تو ایک اعرابی آپ ﷺ کے سامنے بیٹھا ہوا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ شخص میرے پاس آیا تو میں سو رہا تھا۔ اتنے میں اس نے میری تلوار کھینچ لی اور میں بھی بیدار ہو گیا۔ یہ میری ننگی تلوار کھینچے ہوئے میرے

[1] عزل کا مفہوم یہ ہے کہ مرد اپنی بیوی کے ساتھ ہم بستری کرے اور جب انزال کا وقت قریب ہو تو آلہ تناسل کو نکال لے، تا کہ بچہ نہ پیدا ہو۔

هٰذَا قَالَ وَلَمْ يُعَاقِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سر پر کھڑا تھا۔ مجھ سے کہنے لگا، آج مجھ سے تمہیں کون بچائے گا) میں نے کہا کہ اللہ! (وہ شخص صرف اس ایک لفظ سے اتنا مرعوب ہوا کہ) تلوار کو نیام میں رکھ کر بیٹھ گیا۔ اور دیکھ لو، یہ بیٹھا ہوا ہے۔ آنحضور ﷺ نے اسے کوئی سزا نہیں دی۔

باب ۵۰۱. غَزْوَةِ اَنْمَارٍ

۵۰۱۔ غزوۂ انمار۔

(۱۳۰۴) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ حَدَّثَنَا عُثْمٰنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سُرَاقَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِىِّ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ غَزْوَةِ اَنْمَارٍ يُصَلِّىْ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ مُتَوَجِّهًا قِبَلَ الْمَشْرِقِ مُتَطَوِّعًا

۱۳۰۴۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ذئب نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن عبداللہ بن سراقہ نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو غزوہ انمار میں دیکھا کہ نفل نماز آپ ﷺ اپنی سواری پر مشرق کی طرف رخ کئے ہوئے پڑھ رہے تھے۔

باب ۵۰۲ حَدِيْثِ الْاِفْكِ وَالْاِفْكُ بِمَنْزِلَةِ النِّجْسِ وَالنَّجَسِ يُقَالُ اِفْكُهُمْ

۵۰۲۔ واقعۂ افک۔ لفظ افک، نجس اور نجس کی طرح ہے۔ بولتے ہیں۔ "افکھم"۔

(۱۳۰۵) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ وَّعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالَ لَهَا اَهْلُ الْاِفْكِ مَا قَالُوْا وَ كُلُّهُمْ حَدَّثَنِىْ طَائِفَةً مِّنْ حَدِيْثِهَا وَبَعْضُهُمْ كَانَ اَوْعٰى لِحَدِيْثِهَامِنْ بَعْضٍ وَّاَثْبَتَ لَهٗ اقْتِصَاصًا وَّقَدْ وَعَيْتُ عَنْ كُلِّ رَجُلٍ مِّنْهُمُ الْحَدِيْثَ الَّذِىْ حَدَّثَنِىْ عَنْ عَائِشَةَ وَبَعْضُ حَدِيْثِهِمْ يُصَدِّقُ بَعْضًا وَّ اِنْ كَانَ بَعْضُهُمْ اَوْعٰى لَهٗ مِنْ بَعْضٍ قَالُوْا قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ سَفَرًا اَقْرَعَ بَيْنَ اَزْوَاجِهٖ فَاَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهٗ قَالَتْ عَائِشَةُ فَاَقْرَعَ بَيْنَنَا فِىْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ فِيْهَا سَهْمِىْ فَخَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَااُنْزِلَ الْحِجَابُ فَكُنْتُ اُحْمَلُ فِىْ هَوْدَجِىْ وَاُنْزَلُ فِيْهِ فَسِرْنَا حَتّٰى اِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ

۱۳۰۵۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے عروہ بن زبیر، سعید بن میسّب، علقمہ بن وقاص اور عبیداللہ بن عبداللہ بن عقبہ بن مسعود نے حدیث بیان کی اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ جب اہل افک (تہمت لگانے والوں) نے ان کے متعلق وہ سب کچھ کہا جو انہیں کہنا تھا۔ (ابن شہاب نے بیان کیا کہ) تمام حضرات نے (جن چار حضرات کے نام انہوں نے روایت کے سلسلے میں لئے ہیں) (مجھ سے عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کا ایک ایک حصہ بیان کیا، یہ بھی تھا کہ ان میں سے بعض کو ان کی حدیث زیادہ بہتر طریقہ پر محفوظ تھی اور واقعہ کا بیان بھی وہ بہت جچا تلا کرتے تھے، بہر حال میں نے وہ حدیث ان تمام حضرات سے محفوظ کی، جنھوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے مجھ سے بیان کی تھی، اگرچہ بعض حضرات کو دوسرے حضرات کے مقابلے میں حدیث زیادہ بہتر طریقہ پر محفوظ تھی۔ پھر بھی ان میں باہم ایک کی حدیث دوسرے کی حدیث کی تصدیق کرتی ہے۔ ان حضرات نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ جب سفر کا ارادہ کرتے تو ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ اندازی کرتے تھے اور جس کا نام آتا، تو آنحضور ﷺ انہیں اپنے ساتھ سفر میں لے جاتے۔ عائشہ رضی

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَتِهٖ تِلْكَ وَ قَفَلَ دَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَافِلِيْنَ اٰذَنَ لَيْلَةً بِالرَّحِيْلِ فَقُمْتُ حِيْنَ اٰذَنُوْا بِالرَّحِيْلِ فَمَشَيْتُ حَتّٰى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ فَلَمَّا قَضَيْتُ شَانِیْ اَقْبَلْتُ اِلٰى رَحْلِیْ فَلَمَسْتُ صَدْرِیْ فَاِذَا عِقْدٌ لِّیْ مِنْ جَزْعِ اَظْفَارٍ قَدِانْقَطَعَ فَرَجَعْتُ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِیْ فَحَبَسَنِیْ ابْتِغَاءُهٗ قَالَتْ وَاَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُرَحِّلُوْنِیْ فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِیْ فَرَحَلُوْهُ عَلٰى بَعِيْرِیَ الَّذِیْ كُنْتُ اَرْكَبُ عَلَيْهِ وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنِّیْ فِيْهِ وَكَانَ النِّسَآءُ اِذْ ذَاكَ خِفَافًا فَلَمْ يُهَبَّلْنَ وَلَمْ يَغْشَهُنَّ اللَّحْمُ اِنَّمَا يَاْكُلْنَ الْعُلْقَةَ مِنَ الطَّعَامِ فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِيْنَ رَفَعُوْهُ وَحَمَلُوْهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيْثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا الْجَمَلَ فَسَارُوْا وَوَجَدْتُ عِقْدِیْ بَعْدَ مَااسْتَمَرَّ الْجَيْشُ فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَا مِنْهُمْ دَاعٍ وَّلَامُجِيْبٌ فَتَيَمَّمْتُ مَنْزِلِیَ الَّذِیْ كُنْتُ بِهٖ وَظَنَنْتُ اَنَّهُمْ سَيَفْقِدُوْنِیْ فَيَرْجِعُوْنَ اِلَیَّ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسَةٌ فِیْ مَنْزِلِیْ غَلَبَتْنِیْ عَيْنِیْ فَنِمْتُ وَكَانَ صَفْوَانُ ابْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِیُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِیُّ مِنْ وَّرَاءِ الْجَيْشِ فَاَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِیْ فَرَاٰى سَوَادَ اِنْسَانٍ نَّائِمٍ فَعَرَفَنِیْ حِيْنَ رَاٰنِیْ وَكَانَ رَاٰنِیْ قَبْلَ الْحِجَابِ فَاسْتَيْقَظْتُ بِاسْتِرْجَاعِهٖ حِيْنَ عَرَفَنِیْ فَخَمَّرْتُ وَجْهِیْ بِجِلْبَابِیْ وَوَاللّٰهِ مَاتَكَلَّمْنَا بِكَلِمَاتٍ وَّلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهٖ وَهَوٰى حَتّٰى اَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ فَوَطِئَ عَلٰى يَدِهَا فَقُمْتُ اِلَيْهَا فَرَكِبْتُهَا فَانْطَلَقَ يَقُوْدُ بِیَ الرَّاحِلَةَ حَتّٰى اَتَيْنَا الْجَيْشَ مُوْغِرِيْنَ فِیْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ وَهُمْ نُزُوْلٌ قَالَتْ فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِیْ تَوَلّٰى كِبْرَ الْاِفْكِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَیٍّ ابْنُ سَلُوْلَ قَالَ عُرْوَةُ اُخْبِرْتُ اَنَّهٗ كَانَ يُشَاعُ وَيُتَحَدَّثُ بِهٖ عِنْدَهٗ فَيُقِرُّهٗ وَيَسْتَمِعُهٗ وَيَسْتَوْشِيْهِ وَقَالَ عُرْوَةُ اَيْضًا لَمْ يُسَمِّ

اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک غزوہ کے موقعہ پر جب آپ ﷺ نے قرعہ ڈالا تو میرا نام نکلا اور میں آنحضور ﷺ کے ساتھ سفر میں روانہ ہوئی۔ یہ واقعہ پردہ کے حکم کے نازل ہونے کے بعد کا ہے۔ چنانچہ مجھے ہودج سمیت اٹھا کر سوار کر دیا جاتا اور اسی کے ساتھ اتارا جاتا۔ اس طرح ہم روانہ ہوئے پھر جب حضور اکرم ﷺ اپنے اس غزوہ سے فارغ ہو گئے تو واپس ہوئے۔ واپسی میں اب ہم مدینہ کے قریب تھے (اور ایک مقام پر پڑاؤ تھا) جہاں سے آنحضور ﷺ نے کوچ کا رات میں اعلان کیا۔ کوچ کا اعلان ہو چکا تھا۔ تو میں کھڑی ہوئی اور تھوڑی دور چل کر لشکر کے حدود سے آگے نکل گئی (قضاء حاجت کے لئے)۔ پھر قضاء حاجت سے فارغ ہو کر میں اپنی سواری کے پاس پہنچی۔ وہاں پہنچ کر میں نے جو اپنا سینہ ٹٹولا تو اظفار (یمن کا ایک شہر) کے مہرہ کا بنا ہوا میرا ہار غائب تھا۔ اب میں پھر واپس ہوئی اور اپنا ہار تلاش کرنے لگی۔ اس تلاش میں دیر ہو گئی۔ آپ نے بیان کیا کہ جو لوگ مجھے سوار کیا کرتے تھے وہ آئے اور میرے ہودج کو اٹھا کر انہوں نے میرے اونٹ پر رکھ دیا، جس پر میں سوار ہوا کرتی تھی، انہوں نے سمجھا کہ میں ہودج کے اندر ہی ہوں، ان دنوں عورتیں بہت ہلکی پھلکی تھیں، ان کے جسم میں زیادہ گوشت نہیں ہوتا تھا، کیونکہ بہت معمولی خوراک انہیں میسر آتی تھی اس لئے اٹھانے والوں نے جب اٹھایا تو ہودج کے ہلکے پن میں انہیں کوئی اجنبیت نہیں محسوس ہوئی، یوں بھی اس وقت میں ایک کم عمر لڑکی تھی۔ غرض اونٹ کو اٹھا کر وہ روانہ ہو گئے۔ جب لشکر گذر گیا تو مجھے بھی اپنا ہار مل گیا۔ میں قیام گاہ پر آئی تو وہاں کوئی بھی موجود نہ تھا۔ نہ پکارنے والا اور نہ جواب دینے والا، اس لئے میں وہاں آئی جہاں میری اصل قیام گاہ تھی۔ مجھے یقین تھا کہ جلد ہی میری عدم موجودگی کا انہیں احساس ہو جائے گا اور مجھے لینے کے لئے وہ واپس آئیں گے۔ اپنی قیام گاہ پر بیٹھے بیٹھے میری آنکھ لگ گئی اور میں سو گئی۔ صفوان بن معطل سلمی ثم الذکوانی رضی اللہ عنہ لشکر کے پیچھے پیچھے آ رہے تھے (تاکہ لشکر کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو اٹھا لیں) انہوں نے ایک سوئے ہوئے انسان کا سایہ دیکھا اور جب (قریب آ کر) مجھے دیکھا تو پہچان گئے۔ پردہ سے پہلے وہ مجھے دیکھ چکے تھے۔ جب وہ پہنچ گئے۔ تو انا للہ پڑھنا شروع کیا اور ان کی آواز سے میں جاگ اٹھی اور فوراً اپنی چادر سے میں نے اپنا چہرہ چھپا لیا۔ خدا گواہ ہے کہ

مِنْ اَهْلِ الْاِفْكِ اَيْضًا اَلْاَحسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ
وَّمِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ وَحَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ فِى نَاسٍ
اٰخَرِيْنَ لَاعِلْمَ لِىْ بِهِمْ غَيْرَ اَنَّهُمْ عُصْبَةٌ كَمَا قَالَ
اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِنَّ كِبْرَ ذٰلِكَ يُقَالُ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَىِّ
ابْنُ سَلُوْلَ قَالَ عُرْوَةُ كَانَتْ عَآئِشَةُ تَكْرَهُ اَنْ
يُّسَبَّ عِنْدَهَا حَسَّانُ وَتَقُوْلُ اِنَّهُ الَّذِىْ قَالَ فَاِنَّ اَبِىْ
وَوَالِدَه، وَعِرْضِىْ لِعِرْضِ مُحَمَّدٍ مِّنْكُمْ وِقَآءٌ قَالَتْ
عَائِشَةُ فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِيْنَ قَدِمْتُ
شَهْرًا وَّالنَّاسُ يُفِيْضُوْنَ فِىْ قَوْلِ اَصْحَابِ الْاِفْكِ
لَااَشْعُرُ بِشَىْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ يُرِيْبُنِىْ فِىْ وَجْعِىْ
اِنِّىْ لَآاَعْرِفُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اللُّطْفَ الَّذِىْ كُنْتُ اَرٰى مِنْهُ حِيْنَ اَشْتَكِىْ اِنَّمَا
يَدْخُلُ عَلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُوْلُ كَيْفَ تِيْكُمْ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَذٰلِكَ
يُرِيْبُنِىْ وَلَا اَشْعُرُ بِالشَّرِّ حَتّٰى خَرَجْتُ حِيْنَ نَقَهْتُ
فَخَرَجْتُ مَعَ اُمِّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا
وَكُنَّا لَانَخْرُجُ اِلَّا لَيْلًا اِلٰى لَيْلٍ وَّذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ
تُتَّخَذَ الكنف قَرِيْبًا مِّنْ بُيُوْتِنَا قَالَتْ وَاَمْرُنَا اَمْرُ
الْعَرَبِ الْاُوَلِ فِى الْبَرِيَّةِ قِبَلَ الْغَائِطِ وَ كُنَّاتَا ذَى
بِالْكُنُفِ اَنْ نَّتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوْتِنَا قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ اَنَا
وَاُمُّ مِسْطَحٍ هِىَ ابْنَةُ اَبِىْ رُهْمِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ بْنِ
عَبْدِ مَنَافٍ وَّاُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ ابْنِ عَامِرٍ خَالَةُ اَبِىْ
بَكْرِ الصِّدِّيْقِ وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ
الْمُطَّلِبِ فَاَقْبَلْتُ اَنَاوَاُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِىْ حِيْنَ
فَرَغْنَا مِنْ شَاْنِنَا فَعَثَرَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ فِىْ مِرْطِهَا
فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا بِئْسَ مَاقُلْتِ
اَتَسُبِّيْنَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا فَقَالَتْ اَىْ هَنْتَاهُ
وَلَمْ تَسْمَعِىْ مَا قَالَ قَالَتْ وَقُلْتُ مَاقَالَ فَاَخْبَرَتْنِىْ
بِقَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ قَالَتْ فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰى
مَرَضِىْ فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى بَيْتِىْ دَخَلَ عَلَىَّ رَسُوْلُ

میں نے ان سے ایک لفظ بھی نہیں کہا اور نہ ماسوا انا اللہ کے، ان کی زبا
سے کوئی لفظ سنا۔ وہ سواری سے اتر گئے اور اسے انہوں نے بیٹھا کرا
کی اگلی ٹانگ کو موڑ دیا (تاکہ بغیر کسی کی مدد کے ام المؤمنین اس پر
ہوسکیں)۔ میں اٹھی اور اس پر سوار ہوگئی۔ اب وہ سواری کو آگے سے کھی
ہوئے لے چلے۔ جب ہم لشکر کے قریب پہنچے تو بھری دوپہر کا وقت تھ
لشکر پڑاؤ کئے ہوئے تھا۔ ام المؤمنینؓ نے بیان کیا کہ پھر جسے ہلاک ہ
تھا وہ ہلاک ہوا۔ اصل میں تہمت کا بیڑا عبداللہ بن ابی :
سلول (منافق) نے اٹھا رکھا تھا۔ عروہ نے بیان کیا کہ مجھے معلوم ہوا۔
کہ وہ اس تہمت کی اشاعت کرتا تھا اور اس کی مجلسوں میں اس کا تذ
ہوا کرتا تھا، وہ اس کی تصدیق کرتا، خوب توجہ وانہماک سے سنتا ا
پھیلانے کے لئے خوب کھود کرید کرتا۔ عروہ نے سابقہ سند کے حوا
سے یہ بھی کہا کہ حسان بن ثابت، مسطح بن اثاثہ اور حمنہ بنت جحش رض
اللہ عنہم کے سوا، تہمت لگانے میں شریک کسی کا بھی نام نہیں لیا۔ کہ مج
ان کے ناموں کی تفصیلات کا علم ہوتا۔ اگرچہ اس میں شریک ہو۔
والے بہت سے تھے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا (کہ جن لوگو
نے تہمت لگائی ہے وہ بہت سے ہیں) لیکن اس معاملہ میں سب۔
بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والا عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔ عروہ نے بیان
کہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس پر بڑی ناپسندیدگی کا اظہار کرتی تھیں اگر ا
کے سامنے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا جاتا۔ آپ فرماتی
کہ یہ شعر حسان ہی نے کہا ہے کہ "میرے والد اور میرے والد کے وا
اور میری عزت، محمد (ﷺ) کی عزت کی حفاظت کے لئے تمہار۔
سامنے ڈھال بنی رہیں گی۔" عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر ہ
مدینہ پہنچ گئے اور وہاں پہنچتے ہی میں جو بیمار پڑی تو ایک مہینے تک مرض
سے نجات نہ ملی۔ اس عرصہ میں لوگوں میں تہمت لگانے والوں ک
افواہوں کا بڑا چرچا رہا، لیکن میں ایک بات بھی نہیں سمجھتی تھی۔ البتہ ا
مرض کے دوران ایک چیز سے مجھے بڑا شبہ ہوتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ ک
وہ محبت وعنایت میں نہیں محسوس کرتی تھی جس کا پہلے جب بھی بیمار ہوتی
میں مشاہدہ کر چکی تھی، حضور اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لاتے، سلا
کرتے اور دریافت فرماتے، کیسی طبیعت ہے؟ صرف اتنا پوچھ کر واپس
تشریف لے جاتے۔ حضور اکرم ﷺ کے اس طرز عمل سے مجھے شبہ ہو

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ تِيكُمْ فَقُلْتُ لَهٗ اَتَاذَنُ لِيْٓ اَنْ اٰتِيَ اَبَوَيَّ قَالَتْ وَاُرِيْدُ اَنْ اَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا قَالَتْ فَاَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لِاُمِّيْ يَآ اُمَّتَاهُ مَاذَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ قَالَتْ يَابُنَيَّةُ هَوِّنِيْ عَلَيْكِ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ قَطُّ وَضِيْئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا لَهَا ضَرَآئِرُ اِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا قَالَتْ فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا قَالَتْ فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى اَصْبَحْتُ لَايَرْقَاُ لِيْ دَمْعٌ وَّلَآ اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ ثُمَّ اَصْبَحْتُ اَبْكِيْ قَالَتْ وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَّاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْاَلُهُمَا وَيَسْتَشِيْرُهُمَا فِيْ فِرَاقِ اَهْلِهٖ قَالَتْ فَاَمَّآ اُسَامَةُ فَاَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَآءَ ةِ اَهْلِهٖ وَبِالَّذِيْ يَعْلَمُ لَهُمْ فِيْ نَفْسِهٖ فَقَالَ اُسَامَةُ اَهْلَكَ وَلَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا وَّاَمَّا عَلِيٌّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَآءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ وَّسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ قَالَتْ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيْرَةَ هَلْ رَاَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يُّرِيْبُكِ قَالَتْ بَرِيْرَةُ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَارَاَيْتُ عَلَيْهَا اَمْرًا قَطُّ اَغْمِصُهٗ غَيْرَ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ اَهْلِهَا فَتَاتِي الدَّاجِنُ فَتَاكُلُهٗ قَالَتْ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَّوْمِهٖ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ وَّ هُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ يَا مَعْشَرَالْمُسْلِمِيْنَ مَنْ يَّعْذِرُنِيْ مِنْ رَجُلٍ قَدْ بَلَغَنِيْ عَنْهُ اَذَاهُ فِيْٓ اَهْلِيْ وَاللّٰهِ مَاعَلِمْتُ عَلٰٓى اَهْلِيْٓ اِلَّا خَيْرًا وَّ لَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَّا عَلِمْتُ عَلَيْهِ اِلَّا خَيْرًا وَّمَا يَدْخُلُ عَلٰٓى اَهْلِيْٓ اِلَّا مَعِيْ قَالَتْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ اَخُوْبَنِيْ عَبْدِالْاَشْهَلِ فَقَالَ اَنَا

تھا، لیکن شر (جو پھیل چکا تھا) اس کا مجھے کوئی احساس نہیں تھا۔ مرض سے جب افاقہ ہوا تو میں ام مسطح رضی اللہ عنہا کے ساتھ ''مناصع'' کی طرف گئی۔ مناصع (مدینہ کی آبادی سے باہر) ہمارے قضاء حاجت کی جگہ تھی، ہم یہاں صرف رات کے وقت جاتے تھے۔ یہ اس سے پہلے کی بات ہے، جب بیت الخلاء ہمارے گھروں سے متصل بن گئے۔ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ابھی ہم عرب قدیم کے طریقے پر عمل کرتے تھے اور میدان میں قضاء حاجت کے لئے جاتے تھے اور ہمیں اس سے تکلیف ہوتی تھی کہ بیت الخلاء ہمارے گھروں کے قریب بنائے جائیں۔ آپ نے بیان کیا، الغرض میں اور ام مسطح (رضی اللہ عنہا) قضاء حاجت کے لئے گئیں۔ ام مسطح، ابی رہم بن عبدالمطلب بن عبدمناف کی صاحبزادی ہیں۔ ان کی والدہ صخر بن عامر کی بیٹی ہیں اور وہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ ہیں۔ انہیں کے صاحبزادے مسطح بن اثاثہ بن عباد بن مطلب رضی اللہ عنہ ہیں...... پھر میں اور ام مسطح، خلاء سے فارغ ہو کر اپنے گھر کی طرف واپس آ رہے تھے کہ ام مسطح رضی اللہ عنہا اپنی چادر میں الجھ گئیں اور ان کی زبان سے نکلا کہ مسطح ذلیل ہو۔ میں نے کہا، آپ نے بری بات زبان سے نکالی، ایک ایسے شخص کو آپ برا کہہ رہی ہیں جو بدر کی لڑائی میں شریک ہو چکا ہے۔ انہوں نے اس پر کہا، کیوں، مسطح کی باتیں آپ نے نہیں سنیں؟ ام المؤمنینؓ نے بیان کیا کہ میں نے پوچھا کہ انہوں نے کیا کہا ہے؟ بیان کیا کہ پھر انہوں نے تہمت لگانے والوں کی باتیں سنائیں۔ بیان کیا کہ ان باتوں کو سن کر میرا مرض اور بڑھ گیا۔ جب میں اپنے گھر واپس آئی تو حضور اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور سلام کے بعد دریافت فرمایا کہ کیسی طبیعت ہے؟ میں نے آنحضور ﷺ سے عرض کی کہ کیا آپ مجھے اپنے والدین کے گھر جانے کی اجازت مرحمت فرمائیں گے؟ ام المؤمنین نے بیان کیا کہ میرا ارادہ یہ تھا کہ ان سے اس خبر کی تصدیق کروں گی۔ انہوں نے بیان کیا کہ مجھے حضور اکرم ﷺ نے اجازت دے دی۔ میں نے اپنی والدہ سے (گھر جا کر) پوچھا کہ آخر لوگوں میں کس طرح کی افواہیں ہیں انہوں نے فرمایا، بیٹی فکر نہ کرو، خدا کی قسم، ایسا شاید ہی کہیں ہوا ہو کہ ایک خوبصورت عورت کسی ایسے شوہر کے ساتھ ہو جو اس سے محبت بھی رکھتا ہو اور اس کے سوکنیں بھی ہوں اور پھر بھی اس پر تہمتیں نہ

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْذِرُکَ فَاِنْ کَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَه، وَاِنْ کَانَ مِنْ اِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا اَمْرَکَ قَالَتْ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْخَزْرَجِ وَکَانَتْ اُمُّ حَسَّانَ بِنْتَ عَمِّهٖ مِنْ فَخِذِهٖ وَهُوَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ قَالَتْ وَکَانَ قَبْلَ ذٰلِکَ رَجُلًا صَالِحًا وَّلٰکِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدٍ کَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَاتَقْتُلُه، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى قَتْلِهٖ وَلَوْکَانَ مِنْ رَهْطِکَ مَااَحْبَبْتَ اَنْ يُّقْتَلَ فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَّ هُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدٍ فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ کَذَبْتَ لَعَمْرُاللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّه، فَاِنَّکَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ فَثَارَالْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى هَمُّوْا اَنْ يَّقْتَتِلُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ قَالَتْ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَکَتُوْا وَسَکَتَ قَالَتْ فَبَکَيْتُ يَوْمِيْ ذٰلِکَ کُلَّه، لَايَرْقَاُلِيْ دَمْعٌ وَّلَااَکْتَحِلُ بِنَوْمٍ قَالَتْ وَاَصْبَحَ اَبَوَایَ عِنْدِيْ وَقَدْ بَکَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَيَوْمًا لَايَرْقَاُلِيْ دَمْعٌ وَّلَا اَکْتَحِلُ بِنَوْمٍ حَتّٰى اَنِّيْ لَاَ ظُنُّ اَنَّ الْبُکَآءَ فَالِقٌ کَبِدِيْ فَبَيْنَا اَبَوَایَ جَالِسَانِ عِنْدِيْ وَاَنَا اَبْکِيْ فَاسْتَاذَنَتْ عَلَيَّ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْکِيْ مَعِيْ قَالَتْ فَبَيْنَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِکَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ قَالَتْ وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِيْ مُنْذُ قِيْلَ مَاقِيْلَ قَبْلَهَا وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَايُوْحٰى اِلَيْهِ فِيْ شَاْنِيْ بِشَيْءٍ قَالَتْ فَتَشَهَّدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ يَاعَآئِشَةُ اِنَّه، بَلَغَنِيْ عَنْکِ کَذَا وَکَذَا فَاِنْ کُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُکِ اللّٰهُ وَاِنْ کُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَ تُوْبِيْ اِلَيْهِ فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَتْ فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ

لگائی گئی ہوں، اس کی عیب جوئی نہ کی گئی ہو۔ ام المؤمنینؓ نے بیان کیا میں نے اس پر کہا، سبحان اللہ، (میری سوکنوں کا اس سے کیا تعلق) تو عام لوگوں میں چرچا ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر جو میں نے شروع کیا، تو رات بھر روتی رہی اسی طرح صبح ہوگئی اور میرے آنسو طرح نہیں تھمتے تھے اور نہ نیند ہی آتی تھی۔ بیان کیا کہ ادھر رسول ﷺ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بیوی کو علیحدہ کرنے کے متعلق مشورہ کرنے کے لئے بلایا کیونکہ اس میں اب تک وحی آپ ﷺ پر نازل نہیں ہوئی تھی۔ بیان کیا کہ اسامہ اللہ عنہ نے تو حضور اکرم ﷺ کو اسی کے مطابق مشورہ دیا جو وہ آنحضور کی بیوی (مراد خود اپنی ذات سے ہے) کی براءت اور آنحضور ﷺ ان سے محبت کے متعلق جانتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے کہا کہ آ ﷺ کی اہل میں مجھے خیر و بھلائی کے سوا اور کچھ نہیں معلوم ہے لیکن رضی اللہ عنہ نے کہا، یارسول اللہ (ﷺ) اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی رکھی ہے اور عورتیں بھی ان کے علاوہ بہت ہیں، آپ ان کی باندی (بریرہ رضی اللہ عنہا) سے بھی دریافت فرمالیں، وہ حقیقت حال بیان کر دے گی۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے بریرہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور سے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے کوئی ایسی بات دیکھی ہے جس سے تمہ شک وشبہ ہوا ہو (عائشہ رضی اللہ عنہا پر)۔ بریرہ رضی اللہ عنہا نے کہا، ذات کی قسم، جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا، میں نے ان اندر کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جو قابل گرفت ہو اور بری ہو، اتنی بات ض ہے کہ وہ ایک نوعمر لڑکی ہیں، آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر کھا جاتی ہے (یعنی نوعمری کی وجہ سے غفلت ہے)۔ انہوں نے بیان کہ اسی دن رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کو خطاب کیا اور منبر پر کھڑے ہ عبداللہ بن ابی (منافق) کا معاملہ رکھا، آپ نے فرمایا، اے مع مسلمین! اس شخص کے بارے میں میری کون مدد کرے گا جس اذیتیں اب میری اہل کے معاملے تک پہنچ گئی ہیں، خدا گواہ ہے کہ نے اپنی اہل میں خیر کے سوا اور کوئی چیز نہیں دیکھی اور نام بھی ان لوگ نے ایک ایسے شخص (صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ، جو ام المؤمنین کو اونٹ پر لائے تھے) کا لیا ہے جس کے بارے میں بھی میں خیر کے اور کچھ نہیں جانتا، وہ جب بھی میرے گھر میں آئے تو میرے ساتھ

ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَه' قَلَصَ دَمْعِىْ حَتّٰى مَا
سُّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ لِاَبِىْ اَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ
ى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِّىْ فِيْمَا قَالَ فَقَالَ اَبِىْ
لّٰهِ مَا اَدْرِىْ مَآ اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
لَّمَ فَقُلْتُ لِاُمِّىْ اَجِيْبِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
هِ وَسَلَّمَ فِيْمَا قَالَ قَالَتْ اُمِّىْ وَاللّٰهِ مَااَدْرِىْ
قُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ
ا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ لَااَقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ كَثِيْرًا
، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ
ى اسْتَقَرَّ فِىْ اَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِه فَلَئِنْ قُلْتُ
مْ اِنِّىْ بَرِيْئَةٌ لَّا تُصَدِّقُوْنِىْ وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ
رٍ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَنِّىْ مِنْهُ بَرِيْئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّىْ فَوَاللّٰهِ لَآ
دُلِىْ وَلَكُمْ مَثَلًا اِلَّا اَبَايُوْسُفَ حِيْنَ قَالَ فَصَبْرٌ
مِيْلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ
ضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِىْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَنِّىْ حِيْنَئِذٍ
يْئَةٌ وَّاَنَّ اللّٰهَ مُبَرِّئِىْ بِبَرَائَتِىْ وَلٰكِنْ وَّاللّٰهِ مَاكُنْتُ
نُّ اَنَّ اللّٰهَ مُنْزِلٌ فِىْ شَاْنِىْ وَحْيًا يُّتْلٰى لَشَاْنِىْ فِىْ
سِى كَانَ اَحْقَرَ مِنْ اَنْ يَّتَكَلَّمَ اللّٰهُ فِىَّ بِاَمْرٍ وَّ لٰكِنْ
تُ اَرْجُوْاَنْ يَّرٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
سَلَّمَ فِى النَّوْمِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِى اللّٰهُ بِهَا فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ
سُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَه' وَلَا
رَجَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَيْتِ حَتّٰى اُنْزِلَ عَلَيْهِ فَاَخَذَه'
كَانَ يَاْخُذُه' مِنَ الْبُرَحَآءِ حَتّٰى اِنَّه' لَيَتَحَدَّرُ مِنْهُ
نَ الْعَرَقِ مِثْلُ الْجُمَانِ وَهُوَ فِىْ يَوْمٍ شَاتٍ مِّنْ ثِقَلِ
قَوْلِ الَّذِىْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ قَالَتْ فَسُرِّىَ عَنْ رَسُوْلِ
هِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَكَانَتْ
لَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا اَنْ قَالَ يَاعَائِشَةُ اَمَّااللّٰهُ فَقَدْ
اَكِ قَالَتْ فَقَالَتْ لِىْ اُمِّىْ قُوْمِىْ اِلَيْهِ فَقُلْتُ
للّٰهِ لَااَقُوْمُ اِلَيْهِ فَاِنِّىْ لَآ اَحْمَدُ اِلَّااللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ
لَتْ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُوْا بِالْاِفْكِ

آئے۔ ام المومنین نے بیان کیا کہ اس پر سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ، قبیلہ بنی عبدالاشہل کے ہم رشتہ، کھڑے ہوئے اور عرض کی، میں، یارسول اللہ! آپ کی مدد کروں گا، اگر وہ شخص قبیلہ اوس کا ہوا تو میں اس کی گردن ماردوں گا اور اگر وہ ہمارے بھائیوں خزرج کے قبیلہ کا ہوا تو آپ ﷺ کا اس کے متعلق بھی جو حکم ہوگا ہم بجالائیں گے۔ ام المومنینؓ نے بیان کیا کہ اس پر قبیلہ خزرج کے ایک صحابیؓ کھڑے ہوئے، حسان رضی اللہ عنہ کی والدہ ان کی چچازاد بہن تھیں، یعنی سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ، آپ قبیلہ خزرج کے سردار تھے اور اس سے پہلے بڑے صالح اور مخلصین میں تھے، لیکن آج قبیلہ کی حمیت ان پر غالب آ گئی تھی، انہوں نے سعد رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے کہا، خدا کی قسم، تم جھوٹے ہو، تم اسے قتل نہیں کر سکتے اور نہ تمہارے اندر اتنی طاقت ہے، اگر وہ تمہارے قبیلہ کا ہوتا تو تم اس کے قتل کا نام نہ لیتے۔ اس کے بعد اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ، جو سعد بن معاذ کے چچیرے بھائی تھے کھڑے ہوئے اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے کہا، خدا کی قسم، تم جھوٹے ہو، ہم اسے ضرور قتل کریں گے، اب اس میں شبہ نہیں رہا کہ تم بھی منافق ہو، تم منافقوں کی طرف سے مدافعت کرتے ہو۔ اتنے میں اوس وخزرج انصار کے دونوں قبیلے بھڑک اٹھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپس ہی میں لڑ پڑیں گے۔ اس وقت تک رسول اللہ ﷺ منبر پر ہی تشریف رکھتے تھے۔ ام المومنینؓ نے بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ سب کو خاموش کرنے لگے، تو سب حضرات چپ ہوگئے اور آنحضور ﷺ بھی خاموش ہوگئے۔ ام المومنینؓ نے بیان کیا کہ میں اس روز پورے دن روتی رہی، نہ میرا آنسو تھمتا تھا اور نہ آنکھ لگتی تھی۔ بیان کیا کہ صبح کے وقت میرے والدین (ابوبکر صدیق اور ام رومان رضی اللہ عنہما) میرے پاس آئے، دو (۲) راتیں اور ایک دن میرا روتے ہوئے گذر گیا تھا۔ اس پورے عرصہ میں نہ میرا آنسو رکا اور نہ نیند آئی، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ روتے روتے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا۔ ابھی میرے والدین میرے پاس ہی بیٹھے ہوئے تھے اور میں روئے جارہی تھی کہ قبیلہ انصار کی ایک خاتون نے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ میں نے انہیں اجازت دے دی اور وہ بھی میرے ساتھ بیٹھ کر رونے لگیں۔ بیان کیا کہ ہم ابھی اسی حالت میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، آپ ﷺ نے سلام کیا اور بیٹھ گئے۔ بیان

الْعَشْرَ الْاٰيَاتِ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فِيْ بَرَآءَ تِيْ قَالَ اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ وَكَانَ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحِ ابْنِ اُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهٖ مِنْهُ وَفَقْرِهٖ وَاللّٰهِ لَآ اُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ شَيْئًا اَبَدًا بَعْدَ الَّذِيْ قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ قَالَ اَبُوْبَكْرِ الصِّدِّيْقُ بَلٰى وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّ اَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لِيْ فَرَجَعَ اِلٰى مِسْطَحِ النَّفَقَةَ الَّتِيْ كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ وَ قَالَ وَاللّٰهِ لَآ اَنْزِعُهَا مِنْهُ اَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ اَمْرِيْ فَقَالَ لِزَيْنَبَ مَاذَا عَلِمْتِ اَوْرَاَيْتِ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْمِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاللّٰهِ مَاعَلِمْتُ اِلَّاخَيْرًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَهِيَ الَّتِيْ كَانَتْ تُسَامِيْنِيْ مِنْ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ قَالَتْ وَطَفِقَتْ اُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيْمَنْ هَلَكَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَهٰذَا الَّذِيْ بَلَغَنِيْ مِنْ حَدِيْثِ هٰٓؤُلَآءِ الرَّهْطِ ثُمَّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَاللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهٗ مَاقِيْلَ لَيَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَاكَشَفْتُ مِنْ كَنَفِ اُنْثٰى قَطُّ قَالَتْ ثُمَّ قُتِلَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

کیا کہ جب سے مجھ پر تہمت لگائی گئی تھی، آنحضور ﷺ میرے پاس نہیں بیٹھے تھے، ایک مہینہ گذر گیا تھا اور میرے بارے میں آپ ﷺ کو وحی کے ذریعہ کوئی اطلاع نہیں دی گئی تھی۔ بیان کیا کہ بیٹھنے کے بعد آنحضور ﷺ نے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر فرمایا، اما بعد، اے عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں اس طرح کی اطلاعات ملی ہیں، اگر تم واقعی اس معاملے سے بری ہو تو اللہ تمہاری برائت کر دے گا، لیکن اگر تم نے کسی گناہ کا قصد کیا تھ تو اللہ کی مغفرت چاہو اور اس کے حضور میں توبہ کرو، کیونکہ بندہ جب (اپنے گناہوں کا) اعتراف کر لیتا ہے اور پھر اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کر لیتا ہے۔ ام المؤمنین نے بیان کیا کہ جب حضور اکرم ﷺ اپنا کلام پورا کر چکے تو میرے آنسو اس طرح خشک ہو گئے کہ ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہوتا تھا۔ میں نے پہلے اپنے والد سے کہا کہ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو ان کے کلام کا جواب دیں۔ والد نے فرمایا، خدا گواہ ہے، میں کچھ نہیں جانتا کہ آنحضور ﷺ سے مجھے کیا کہنا چاہئے۔ پھر میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے جو کچھ فرمایا ہے وہ اس کا جواب دیں۔ والدہ نے بھی یہی کہا، خدا کی قسم! مجھے کچھ معلوم نہیں کہ آنحضور ﷺ سے مجھے کیا کہنا چاہئے، اس لئے میں نے خود ہی عرض کی، حالانکہ میں بہت کم عمر لڑکی تھی اور قرآن مجید بھی میں نے زیادہ نہیں پڑھا تھا کہ خدا کی قسم، مجھے بھی معلوم ہوا ہے کہ آپ لوگوں نے اس طرح کی افواہوں پر کان دھرا، اور بات آپ لوگوں کے دل میں گھر کر گئی اور آپ لوگوں نے اس کی تصدیق کی، اب اگر میں یہ کہوں کہ میں اس تہمت سے بری ہوں تو آپ لوگ میری تصدیق نہیں کر سکتے اور اگر اس گناہ کا اقرار و اعتراف کر لوں اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بری ہوں تو آپ لوگ اس کی تصدیق کرنے لگ جائیں گے، پس خدا گواہ ہے، میری اور آپ لوگوں کی مثال یوسف علیہ السلام کے والد (یعقوب علیہ السلام) جیسے ہے جب انہوں نے کہا تھا "فصبر جميل والله المستعان علىٰ ماتصفون" (پس صبر جمیل بہتر ہے اور اللہ ہی کی مدد مطلوب ہے، اس بارے میں جو تم کہہ رہے ہو) پھر میں نے اپنا چہرہ دوسری طرف کر لیا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی (کیونکہ کمزور اور بیمار تھیں) اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس معاملے سے قطعاً بری تھی اور وہ خود میری برأت کرے گا۔ کیونکہ

میں واقعی بری تھی، لیکن خدا گواہ ہے، مجھے اس کا کوئی وہم وگمان بھی نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعہ قرآن مجید میں میرے معاملے کی صفائی کرے گا، کیونکہ میں اپنے کو اس سے بہت کمتر سمجھتی تھی کہ اللہ تعالیٰ میرے معاملہ میں خود کوئی کلام فرمائیں، مجھے تو صرف اتنی امید تھی کہ آنحضور ﷺ کوئی خواب دیکھیں گے جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ میری برأت کرے گا، لیکن خدا گواہ ہے، ابھی حضور اکرم ﷺ اس مجلس سے اٹھے بھی نہیں تھے اور نہ اور کوئی گھر کا آدمی وہاں سے اٹھا تھا کہ آنحضور ﷺ پر وحی نازل ہونی شروع ہوئی اور آپ ﷺ پر وہ کیفیت طاری ہوئی جو وحی کی شدت میں طاری ہوتی تھی۔ موتیوں کی طرح پسینے کے قطرے آپ ﷺ کے چہرے سے گرنے لگے۔ حالانکہ سردی کا موسم تھا۔ یہ اس وحی کی ثقل کی وجہ سے تھا جو آپ ﷺ پر نازل ہو رہی تھی۔'' ام المؤمنینؓ نے بیان کیا کہ پھر آپ ﷺ کی وہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ تبسم فرمارہے تھے، سب سے پہلا کلمہ جو آپ ﷺ کی زبان سے نکلا وہ یہ تھا، آپ ﷺ نے فرمایا، اے عائشہ! اللہ نے تمہاری برأت کر دی، انہوں نے بیان کیا کہ اس پر میری والدہ نے کہا کہ آنحضور ﷺ کے سامنے کھڑی ہو جاؤ، میں نے کہا، نہیں، خدا کی قسم! میں ان کے سامنے نہیں کھڑی ہوں گی، میں اللہ عزوجل کے سوا اور کسی کی حمد وثنا نہیں کروں گی (کہ اسی نے میری برائت نازل کی) بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ''ان الذین جاؤو بالافک (جو لوگ تہمت تراشی میں شریک ہوئے ہیں) دس آیتیں اس سلسلے میں نازل فرمائیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں میری برائت کے لئے نازل فرمائیں تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، جو مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ کے اخراجات، ان سے قرابت اور ان کی محتاجی کی وجہ سے، خود اٹھاتے تھے، نے کہا کہ خدا کی قسم، مسطح نے جب عائشہ کے متعلق اس طرح کی تہمت تراشی میں حصہ لیا تو میں اس پر اب کبھی کچھ خرچ نہیں کروں گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''ولا یاتل اولوالفضل منکم'' یعنی اہل فضل اور اہل ہمت قسم نہ کھائیں) سے غفور رحیم تک (کیونکہ مسطح رضی اللہ عنہ یا دوسرے مومنین کی اس میں شرکت غلط فہمی کی وجہ سے تھی) چنانچہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا، خدا کی قسم، میری تمنا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے اس اقدام پر معاف کر دے اور مسطح رضی اللہ عنہ کو جو کچھ وہ دیا کرتے تھے اسے پھر دینے لگے اور کہا

کہ خدا کی قسم، اب اس وظیفہ کو میں کبھی بند نہیں کروں گا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میرے معاملے میں آنحضور ﷺ نے ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی مشورہ کیا تھا، آپ ﷺ نے ان سے پوچھا کہ عائشہ کے متعلق تمہیں کیا معلومات ہیں یا ان میں تم نے کیا چیز دیکھی ہے؟ انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ میں اپنی آنکھوں اور کانوں کو محفوظ رکھتی ہوں (کہ ان کی طرف خلاف واقعہ نسبت کروں) خدا گواہ ہے، میں ان کے بارے میں خیر کے سوا اور کچھ نہیں جانتی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ زینب رضی اللہ عنہا ہی تمام ازواج مطہرات میں میرے مقابل کی تھیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے تقویٰ اور پاکبازی کی وجہ سے انہیں محفوظ رکھا۔ بیان کیا کہ البتہ ان کی بہن حمنہ نے غلط رویہ اختیار کیا تھا اور ہلاک ہونے والوں کے ساتھ وہ بھی ہلاک ہوئی تھیں۔ ابن شہاب نے بیان کیا کہ یہی تھی وہ تفصیل اس حدیث کی جو مجھے ان اکابر کی طرف سے پہنچی تھی۔ پھر عروہ نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، خدا گواہ ہے، جن صحابی (یعنی صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ) کے ساتھ یہ تہمت لگائی گئی تھی وہ (اپنے پر اس تہمت کو سن کر) کہتے سبحان اللہ، اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے، میں نے آج تک کبھی کسی (غیر) عورت کا پردہ نہیں کھولا، ام المؤمنین نے بیان کیا کہ پھر اس واقعہ کے بعد وہ اللہ کے راستے میں شہید ہوگئے تھے۔

(۱۳۰۶) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ اَمْلٰی عَلَیَّ ھِشَامُ بْنُ یُوْسُفَ مِنْ حِفْظِہٖ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّھْرِیِّ قَالَ قَالَ لِیَ الْوَلِیْدُ بْنُ عَبْدِالْمَلِکِ اَبَلَغَکَ اَنَّ عَلِیًّا کَانَ فِیْمَنْ قَذَفَ عَائِشَۃَ قُلْتُ لَاوَلٰکِنْ اَخْبَرَنِیْ رَجُلَانِ مِنْ قَوْمِکَ اَبُوْسَلَمَۃَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَاَبُوْبَکْرِ بْنُ عَبْدِالرحمٰنِ بْنِ الْحٰرِثِ اَنَّ عَائِشَۃَ قَالَتْ لَھُمَا کَانَ عَلِیٌّ مُسَلِّمًا فِیْ شَانِھَا فَرَاجَعُوْہُ فَلَمْ یَرْجِعْ وَقَالَ مُسَلِّمًا بِلَاشَکٍّ فِیْہِ وَعَلَیْہِ کَانَ فِیْ اَصْلِ الْعَتِیْقِ کَذٰلِکَ

۱۳۰۶۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہشام بن یوسف نے زبانی مجھے حدیث لکھوائی، انہوں نے بیان کیا کہ ہمیں معمر نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے خلیفہ ولید بن عبدالملک نے پوچھا، کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے والوں میں سے تھے؟ میں نے کہا کہ نہیں، البتہ آپ کی قوم (قریش) کے دو صاحب، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اور ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث نے مجھے خبر دی کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے فرمایا کہ علی رضی اللہ عنہ ان کے معاملے میں غیر جانبدار تھے۔ پھر شاگردوں نے ہشام بن یوسف سے مزید اس کی تحقیق کرنی چاہی تو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اور انہوں نے بلا کسی شک کے لفظ ''مسلما'' (غیر جانبدار) بیان کیا، لفظ ''علیہ'' کا بھی اضافہ انہوں نے کیا۔

(۱۳۰۷) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ حَدَّثَتْنِيْ اُمُّ رُوْمَانَ وَهِيَ اُمُّ عَائِشَةَ قَالَتْ: بَيْنَا اَنَا قَاعِدَةٌ اَنَا وَعَائِشَةُ اِذْ وَلَجَتِ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَتْ فَعَلَ اللّٰهُ بِفُلَانٍ وَّفَعَلَ فَقَالَتْ اُمُّ رُوْمَانَ وَمَا ذَاكِ قَالَتْ ابْنِيْ فِيْمَنْ حَدَّثَ الْحَدِيْثَ قَالَتْ مَاذَاكِ قَالَتْ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ عَائِشَةُ سَمِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ وَاَبُوْبَكْرٍ قَالَتْ نَعَمْ فَخَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا فَمَا اَفَاقَتْ اِلَّا وَعَلَيْهَا حُمّٰى بِنَافِضٍ فَطَرَحْتُ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا فَغَطَّيْتُهَا فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاشَانُ هٰذِهٖ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخَذَتْهَا الْحُمّٰى بِنَافِضٍ قَالَ فَلَعَلَّ فِيْ حَدِيْثٍ تُحُدِّثَ بِهٖ قَالَتْ نَعَمْ فَقَعَدَتْ عَائِشَةُ فَقَالَتْ وَاللّٰهِ لَئِنْ حَلَفْتُ لَاتُصَدِّقُوْنِيْ وَلَئِنْ قُلْتُ لَاتَعْذِرُوْنِيْ مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَيَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ قَالَتْ وَانْصَرَفَ وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عُذْرَهَا قَالَتْ بِحَمْدِاللّٰهِ لَابِحَمْدِ اَحَدٍ وَّلَا بِحَمْدِكَ

۱۳۰۷۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے ابووائل نے بیان کیا، ان سے مسروق بن اجدع نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ام رومان رضی اللہ عنہا نے حدیث بیان کی، آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ہیں، آپ نے بیان کیا کہ میں اور عائشہ بیٹھی ہوئی تھیں کہ ایک انصاری خاتون آئیں اور کہنے لگیں کہ اللہ نے فلاں اور فلاں کا برا کیا (اشارہ تہمت لگانے والوں کی طرف تھا) ام رومان رضی اللہ عنہا نے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ انہوں نے کہا کہ میرا لڑکا بھی ان لوگوں کے ساتھ شریک ہوگیا جنہوں نے اس طرح کی بات کی ہے۔ ام رومان نے پوچھا کہ آخر بات کیا ہے؟ اس پر انہوں نے تہمت لگانے والوں کی باتیں نقل کر دیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا، کیا رسول اللہ ﷺ نے بھی یہ باتیں سنی ہیں؟ انہوں نے بیان کیا کہ ہاں۔ انہوں نے پوچھا، اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی؟ انہوں نے کہا کہ ہاں، انہوں نے بھی۔ یہ سنتے ہی وہ غش کھا کر گر پڑیں اور جب ہوش آیا تو جاڑے کے ساتھ بخار چڑھا ہوا تھا۔ میں نے ان کے کپڑے ان پر ڈال دیئے اور اچھی طرح ڈھک دیا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، اور دریافت فرمایا کہ انہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کیا، یا رسول اللہ (ﷺ) جاڑے کے ساتھ بخار چڑھ گیا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، غالباً یہ اس بات کی وجہ سے ہوا ہوگا جس کا چرچا ہو رہا ہے۔ ام رومان رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جی ہاں۔ پھر عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیٹھ کر کہا کہ خدا کی قسم، اگر میں قسم کھاؤں تو آپ لوگ میری تصدیق نہیں کریں گے اور اگر کچھ کہوں تو میرا عذر نہیں سنیں گے، میری اور آپ لوگوں کی یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں جیسی مثال ہے کہ انہوں نے کہا تھا "واللہ المستعان علیٰ ما تصفون" بیان کیا کہ پھر عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنا چہرہ دوسری طرف پھیر لیا اور زیادہ کچھ نہیں کہا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے خود ان کی براءت نازل کی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس پر کہا کہ اس کے لئے صرف اللہ کی حمد ہے اور کسی کی نہیں، آپ کی بھی نہیں۔

(۱۳۰۸) حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقْرَاُ اِذْتَلِقُوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُ الْوَلْقُ الْكَذِبُ قَالَ ابْنُ

۱۳۰۸۔ مجھ سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے نافع بن عمر نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے کہ عائشہ رضی اللہ عنہا (سورہ نور کی آیت میں) قراءت "تلقونہ بالسنتکم" کرتی تھیں اور

اَبِیْ مُلَیْکَةَ وَکَانَتْ اَعْلَمَ مِنْ غَیْرِھَا بِذٰلِکَ لِاَنَّہٗ نَزَلَ فِیْھَا

(اس کی تفسیر میں) فرماتی تھیں کہ ''الولق'' جھوٹ کے معنی میں ہے۔ ابن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ آپ کو اس آیت کے متعلق زیادہ علم رہا ہوگا، کیونکہ آپ ہی کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

(١٣٠٩) حَدَّثَنَا عُثْمٰنُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ ھِشَامٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَتْ ذَھَبْتُ اَسُبُّ حَسَّانَ عِنْدَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ لَا تَسُبُّہٗ فَاِنَّہٗ کَانَ یُنَافِحُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَتْ عَائِشَةُ اسْتَاذَنَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھِجَآءِ الْمُشْرِکِیْنَ قَالَ کَیْفَ بِنَسَبِیْ قَالَ لَاَسُلَّنَّکَ مِنْھُمْ کَمَا تُسَلُّ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِیْنِ وَقَالَ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عُثْمٰنُ بْنُ فَرْقَدٍ سَمِعْتُ ھِشَامًا عَنْ اَبِیْہِ قَالَ سَبَبْتُ حَسَّانَ وَکَانَ مِمَّنْ کَثَّرَ عَلَیْھَا

١٣٠٩۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہنے لگا تو آپ نے فرمایا کہ انہیں برا نہ کہو، کیونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مدافعت کرتے تھے۔ اور عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ انہوں نے حضور اکرم ﷺ سے مشرکین کی ہجو کہنے کی اجازت چاہی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ پھر میرے نسب کا کیا ہوگا؟ حسان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں آپ ﷺ کو ان سے اس طرح الگ کرلوں گا جیسے بال گندھے ہوئے آٹے سے کھینچ لیا جاتا ہے۔ اور محمد نے بیان کیا، ان سے عثمان بن فرقد نے حدیث بیان کی، انہوں نے ہشام سے سنا، انہوں نے اپنے والد سے، آپ نے بیان کیا کہ میں نے حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کو برا بھلا کہا، کیونکہ انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگانے میں بہت حصہ لیا تھا۔

(١٣١٠) حَدَّثَنِیْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی عَائِشَةَ وَعِنْدَھَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ یُنْشِدُھَا شِعْرًا یُشَبِّبُ بِاَبْیَاتٍ لَہٗ وَقَالَ حَصَانٌ رَّزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِیْبَةٍ وَتُصْبِحُ غَرْثٰی مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ فَقَالَتْ لَہٗ عَائِشَةُ لٰکِنَّکَ لَسْتَ کَذٰلِکَ قَالَ مَسْرُوْقٌ فَقُلْتُ لَھَا لِمَ تَاْذَنِیْ لَہٗ اَنْ یَّدْخُلَ عَلَیْکِ وَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَہٗ مِنْھُمْ لَہٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ فَقَالَتْ وَاَیُّ عَذَابٍ اَشَدُّ مِنَ الْعَمٰی قَالَتْ لَہٗ اِنَّہٗ کَانَ یُنَافِحُ اَوْیُھَا جِیْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

١٣١٠۔ مجھ سے بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں سلیمان نے، انہیں ابوالضحیٰ نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ ہم عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ کے یہاں حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے اور ام المؤمنین کو اپنے اشعار سنا رہے تھے۔ ایک شعر تھا (ترجمہ) ''باعفت اور باوقار ہیں، کبھی آپ پر کسی قسم کا شک و شبہ نہیں کیا جاسکتا اور بھوکی رہتی ہیں، غافل عورتوں کے گوشت نہیں کھاتیں'' ❶ اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا، لیکن آپ تو ایسے نہیں ثابت ہوئے (کیونکہ تہمت لگانے والوں کے ساتھ آپ بھی شریک ہوگئے تھے)۔ مسروق نے بیان کیا کہ پھر میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی، آپ انہیں اپنے یہاں آنے کی اجازت کیوں دیتی ہیں، جب کہ اللہ تعالیٰ ان کے متعلق فرما چکا ہے کہ ''اور ان میں وہ شخص جو تہمت لگانے میں سب سے زیادہ ذمہ دار ہے اس کے لئے عذاب عظیم ہے۔'' ❷ اس پر ام المؤمنین نے فرمایا کہ نابینا

---

❶ یعنی غیبت نہیں کرتیں کیونکہ حدیث میں ہے کہ اپنے دینی بھائی بہن کی غیبت کرنے والا شخص اس کا گوشت کھاتا ہے۔ ❷ یہ آیت عبداللہ بن ابی بن سلول رئیس المنافقین کے بارے میں نازل ہوئی تھی جیسا کہ معلوم ہے، عائشہ رضی اللہ عنہا، حسان رضی اللہ عنہ کی شان میں (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ہو جانے سے سخت اور کیا عذاب ہوگا۔ (حسان رضی اللہ عنہ کی بصارت آخر عمر میں جاتی رہی تھی) عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا حسان رضی اللہ عنہ رسول ﷺ کی طرف سے مدافعت کیا کرتے تھے۔

باب ۵۰۳. غَزْوَةِ الْحُدَيْبِيَّةِ وَ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْيُبَا يِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

۵۰۳۔غزوۂ حدیبیہ۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "بے شک اللہ تعالیٰ مؤمنین سے راضی ہوگیا جب انہوں نے آپ سے درخت کے نیچے بیعت کی"۔

(۱۳۱۱) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ زَيْدِ ابْنِ خَالِدٍؓ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَّةِ فَاَصَابَنَا مَطَرٌ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَصَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيْنَا فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قُلْنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَقَالَ قَالَ اللّٰهُ اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِيْ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَ بِرِزْقِ اللّٰهِ وَبِفَضْلِ اللّٰهِ فَهُوَمُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ وَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَابِنَجْمِ كَذَا فَهُوَ مُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ وَكَافِرٌ بِيْ

۱۳۱۱۔ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے صالح بن کیسان نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ بن عبد اللہ نے اور ان سے زید بن خالد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حدیبیہ کے موقعہ پر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے تو ایک دن، رات میں بارش ہوئی، آنحضور ﷺ نے صبح کی نماز پڑھانے کے بعد ہم سے خطاب کیا اور دریافت فرمایا، معلوم ہے تمہارے رب نے کیا کہا؟ ہم نے عرض کی کہ اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، صبح ہوئی تو میرے کچھ بندوں نے اس حالت میں صبح کی کہ ان کا ایمان مجھ پر تھا اور کچھ نے اس حالت میں صبح کی کہ وہ میرا کفر وانکار کئے ہوئے تھے، تو جس نے کہا کہ ہم پر یہ بارش اللہ کی رزق، اللہ کی رحمت اور اللہ کے فضل سے ہوتی ہے تو وہ مجھ پر ایمان لانے والا ہے اور ستاروں (کے اثرات) کا انکار کرنے والا ہے اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ یہ بارش فلاں ستارے کی وجہ سے ہوئی ہے تو ستاروں پر ایمان لانے والے اور میرا انکار کرنے والے ہیں۔

(۱۳۱۲) حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا اَخْبَرَهٗ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ كُلُّهُنَّ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ اِلَّا الَّتِيْ كَانَتْ مَعَ حَجَّتِهٖ عُمْرَةً مِنَ الْحُدَيْبِيَّةِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَعُمْرَةً مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِيْ ذِي الْقَعْدَةِ وَ عُمْرَةً مِنَ الْجِعْرَانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ

۱۳۱۲۔ہم سے ہدبہ بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے چار عمرے کئے اور سوا اس عمرے کے جو آپ نے حج کے ساتھ کیا، تمام عمرے ذی قعدہ کے مہینے میں کئے، حدیبیہ کا عمرہ بھی آپ ﷺ ذیقعدہ کے مہینے میں کرنے تشریف لے گئے پھر دوسرے سال (اس کی قضا میں) آپ ﷺ نے ذیقعدہ میں

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) کسی برے کلمہ کو گوارا نہیں کرتی تھیں حسان رضی اللہ عنہ سے تہمت میں شرکت کی غلطی ضرور ہوئی تھی، لیکن جن صحابہؓ نے بھی اس میں غلطی سے شرکت کی تھی، وہ سب حضرات تائب ہو گئے تھے اور ان کی توبہ قبول ہوگئی تھی۔ لیکن بہر حال حضرت عائشہؓ پر بہت بڑی تہمت لگائی گئی تھی اور اگر چہ دل آپ کا غلطی سے شریک ہونے والے صحابہؓ کی طرف سے صاف ہوگیا تھا جیسا کہ واقعات سے ظاہر ہے لیکن جب اس طرح کے تذکرے ہوتے تو دل کا کبیدہ ہو جانا یک قدرتی بات تھی۔ یہاں بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دو ایک چبھتے ہوئے جملے غالباً اسی تاثر میں کہہ دیئے ہیں۔

حُنَيْنٍ فِي ذِي الْقَعْدَةِ وَ عُمْرَةً مَعَ حَجَّتِهٖ

عمرہ کیا اور ایک عمرہ جعرانہ سے آپ ﷺ نے کیا تھا، جہاں غزوۂ حنین کی غنیمت آپ نے تقسیم کی تھی، یہ بھی ذی قعدہ میں کیا تھا اور ایک عمرہ حج کے ساتھ کیا۔

(۱۳۱۳) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ قَالَ انْطَلَقْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَّةِ فَاَحْرَمَ اَصْحَابُهٗ وَلَمْ اُحْرِمْ

۱۳۱۳۔ ہم سے سعید بن ربیع نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن مبارک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے عبداللہ بن ابی قتادہ نے اور انس سے ان کے والد نے حدیث بیان کی کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صلح حدیبیہ کے سال روانہ ہوئے۔ تمام صحابہؓ نے احرام باندھ لیا تھا، لیکن میں نے ابھی احرام نہیں باندھا تھا۔

(۱۳۱۴) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِؓ قَالَ تَعُدُّوْنَ اَنْتُمُ الْفَتْحَ فَتْحَ مَكَّةَ وَ قَدْ كَانَ فَتْحُ مَكَّةَ فَتْحًا وَّنَحْنُ نَعُدُّ الْفَتْحَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَالْحُدَيْبِيَّةُ بِئْرٌ فَنَزَحْنَاهَا فَلَمْ نَتْرُكْ فِيْهَا قَطْرَةً فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهَا فَجَلَسَ عَلٰى شَفِيْرِهَا ثُمَّ دَعَا بِاِنَاءٍ مِّنْ مَاءٍ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ مَضْمَضَ وَدَعَا ثُمَّ صَبَّهٗ فَتَرَكْنَاهَا غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ اِنَّهَا اَصْدَرَتْنَا مَاشِئْنَا نَحْنُ وَرِكَابُنَا

۱۳۱۴۔ ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے کہ ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم لوگ فتح مکہ کو (حقیقی اور آخری) فتح سمجھتے ہو، فتح مکہ تو بہرحال فتح تھی ہی، لیکن ہم غزوۂ حدیبیہ کی بیعت رضوان کو حقیقی فتح سمجھتے ہیں۔ اس دن ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چودہ سو افراد تھے۔ حدیبیہ نامی ایک کنواں وہاں پر تھا۔ ہم نے اس میں سے اتنا پانی کھینچا کہ اس کے اندر ایک قطرہ بھی پانی کے نام پر باقی نہ رہا۔ حضور اکرم ﷺ کو جب اس کی اطلاع ہوئی (کہ پانی ختم ہوگیا ہے) تو آپ کنویں پر تشریف لائے اور اس کے کنارے بیٹھ کر کسی ایک برتن میں پانی طلب فرمایا۔ اس سے آپ ﷺ نے وضو کیا اور مضمضہ (کلی) کیا اور دعا کی۔ پھر سارا پانی اس کنویں میں ڈال دیا۔ تھوڑی دیر کے لئے ہم نے کنویں کو یوں ہی رہنے دیا اور اس کے بعد جتنا ہم نے چاہا اس میں سے پانی پیا اور اپنی سواریوں کو پلایا۔

(۱۳۱۵) حَدَّثَنِيْ فَضْلُ بْنُ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ اَبُوْعَلِيٍّ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ قَالَ اَنْبَانَا الْبَرَآءُ بْنُ عَازِبٍؓ اَنَّهُمْ كَانُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ اَوْاَكْثَرَ فَنَزَلُوْا عَلٰى بِئْرٍ فَنَزَحُوْهَا فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَى الْبِئْرَ وَ قَعَدَ عَلٰى شَفِيْرِهَا ثُمَّ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّآئِهَا فَاُتِيَ بِهٖ فَبَصَقَ فَدَعَا ثُمَّ قَالَ دَعُوْهَا سَاعَةً فَاَرْوَوْا اَنْفُسَهُمْ وَرِكَابَهُمْ حَتّٰى ارْتَحَلُوْا

۱۳۱۵۔ مجھ سے فضل بن یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے حسن بن محمد بن اعین ابوعلی حرانی نے حدیث بیان کی ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ ہمیں براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے خبر دی۔ کہ آپ حضرات غزوۂ حدیبیہ کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک ہزار چار سو کی تعداد میں تھے یا اس سے بھی زیادہ، ایک کنویں پر پڑاؤ ہوا (یعنی حدیبیہ پر) لشکر نے اس کا (سارا) پانی کھینچ لیا اور پھر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آنحضور ﷺ کنویں کے پاس تشریف لائے اور اس کے کنارے بیٹھ گئے۔ پھر فرمایا، کہ ایک ڈول میں اسی کنویں کا پانی لاؤ۔ پانی لایا گیا تو آپ ﷺ نے اس میں کلی کی اور دعا کی، پھر فرمایا کہ کنویں کو یوں ہی تھوڑی دیر کے لئے رہنے دو۔ اس

کے بعد سب لشکر خود بھی سیراب ہوتا رہا اور اپنی سواریوں کو بھی سیراب کرتا رہا، روانگی کے وقت تک۔

(۱۳۱۶) حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ سَالِمٍ عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ عَطِشَ النَّاسُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا ثُمَّ اَقْبَلَ النَّاسُ نَحْوَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالَكُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَيْسَ عِنْدَنَا مَاءٌ نَتَوَضَّأُ بِهٖ وَلَانَشْرَبُ اِلَّامَافِيْ رَكْوَتِكَ قَالَ فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فِي الرَّكْوَةِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَفُوْرُ مِنْ اَصَابِعِهٖ كَاَمْثَالِ الْعُيُوْنِ قَالَ فَشَرِبْنَا وَتَوَضَّأْنَا فَقُلْتُ لِجَابِرٍ كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ لَوْكُنَّا مِائَةَ اَلْفٍ لَكَفَانَا كُنَّا خَمْسَ عَشَرَةَ مِائَةً

۱۳۱۶۔ہم سے یوسف بن عیسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن فضیل نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے حدیث بیان کی، ان سے سالم نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حدیبیہ کے موقعہ پر سارا ہی لشکر پیاسا ہو چکا تھا، رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایک چھاگل تھا، اس کے پانی سے آپ ﷺ نے وضو کیا۔ پھر صحابہؓ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہے؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ! ہمارے پاس اب پانی نہیں رہا، نہ وضو کرنے کے لئے اور نہ پینے کے لئے، سوا اس پانی کے جو آپ کے برتن میں موجود ہے۔ بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ نے اپنا ہاتھ اس برتن پر رکھا اور پانی آپ ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے چشمے کی طرح پھوٹ پھوٹ کر ابلنے لگا۔ بیان کیا کہ پھر ہم نے پانی پیا بھی اور وضو بھی کیا۔ میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ حضرات کتنی تعداد میں تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی کافی ہوتا، ویسے اس وقت ہماری تعداد پندرہ سو تھی۔

(۱۳۱۷) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنِ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ بَلَغَنِيْ اَنَّ جَابِرَبْنَ عَبْدِاللّٰهِ كَانَ يَقُوْلُ كَانُوْا اَرْبَعَ عَشَرَةَ مِائَةً فَقَالَ لِيْ سَعِيْدٌ حَدَّثَنِيْ جَابِرٌ كَانُوْا خَمْسَ عَشَرَةَ مِائَةَ الَّذِيْنَ بَايَعُواالنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ قَتَادَةَ تَابَعَهٗ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ

۱۳۱۷۔ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے، ان سے قتادہ نے کہ میں نے سعید بن مسیب سے پوچھا، مجھے معلوم ہوا ہے کہ جابر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ (حدیبیہ کی صلح کے موقعہ پر) صحابہؓ کی تعداد چودہ سو تھی۔ اس پر سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ مجھ سے جابر رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا کہ اس موقعہ پر پندرہ سو صحابہؓ موجود تھے۔ جنہوں نے نبی کریم ﷺ سے حدیبیہ میں عہد کیا تھا، ابوداؤد نے بیان کیا، ان سے قرہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے، اس روایت کی متابعت محمد بن بشار نے کی۔

(۱۳۱۸) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ اَنْتُمْ خَيْرُ اَهْلِ

۱۳۱۸۔ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے بیان کیا، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ حدیبیہ

الْاَرْضِ وَكُنَّا اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ وَّلَوْ كُنْتُ اُبْصِرُ الْيَوْمَ لَاَرَيْتُكُمْ مَكَانَ الشَّجَرَةِ تَابَعَه' الْاَعْمَشُ سَمِعَ سَالِمًا سَمِعَ جَابِرًا اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ وَّقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِىْ اَوفٰى كَانَ اَصْحَابُ الشَّجَرَةِ اَلْفًا وَّثَلٰثَ مِائَةٍ وَكَانَتْ اَسْلَمُ ثُمُنَ الْمُهَاجِرِيْنَ تَابَعَه' مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْدَاوٗدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ

کے موقعہ پر فرمایا تھا کہ تم لوگ اہل ارض میں سب سے بہتر ہو۔ ہماری تعداد اس موقعہ پر چودہ سو تھی۔ اگر آج میری آنکھوں میں ❶ بینائی ہوتی۔ تو میں اس درخت کا محل وقوع بتاتا (جہاں بیعت رضوان ہوئی تھی) اس روایت کی متابعت اعمش نے کی ان سے سالم نے سنا اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ چودہ سو (صحابہ غزوۂ حدیبیہ میں تھے) اور عبداللہ بن معاذ نے بیان کیا، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے، ان سے عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اصحاب شجرہ (بیعت رضوان کرنے والوں) کی تعداد تیرہ سو تھی، قبیلہ اسلم مہاجرین کا آٹھواں حصہ تھے۔ اس روایت کی متابعت محمد بن بشار نے کی، ان سے ابوداؤد نے حدیث بیان کی اور ان سے شعبہ نے۔

(۱۳۱۹) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عِيْسٰى عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ اَنَّه' سَمِعَ مِرْدَاسًا الْاَسْلَمِيَّ يَقُوْلُ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ يُقْبَضُ الصَّالِحُوْنَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَتَبْقٰى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ التَّمْرِ وَالشَّعِيْرِ لَايَعْبَاُ اللّٰهُ بِهِمْ شَيْئًا

۱۳۱۹۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عیسیٰ نے خبر دی، انہیں اسماعیل نے انہیں قیس نے اور انہوں نے مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ اصحاب شجرہ (غزوہ حدیبیہ میں شریک ہونے والوں) میں سے تھے، آپ بیان کرتے تھے کہ پہلے صالحین کی روح قبض کی جائے گی، جو زیادہ صالح ہوگا اس کی سب سے پہلے اور جو اس کے بعد کے درجے کا ہوگا اس کی اس کے بعد وعلیٰ ہذا القیاس۔ پھر ردی اور بیکار کھجور اور جو کی طرح بیکار اور غلط قسم کے لوگ باقی رہ جائیں گے جن کی اللہ کے نزدیک کوئی قیمت نہیں ہوگی۔

(۱۳۲۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرِ ابْنِ مَخْرَمَةَ قَالَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَّةِ فِىْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةً مِّنْ اَصْحَابِهٖ فَلَمَّا كَانَ بِذِى الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْىَ وَاَشْعَرَ وَاَحْرَمَ مِنْهَا لَآاُحْصِىْ كَمْ سَمِعْتُه' مِنْ سُفْيٰنَ حَتّٰى سَمِعْتُه' يَقُوْلُ لَااَحْفَظُ مِنَ الزُّهْرِيِّ الْاِشْعَارَ وَالتَّقْلِيْدَ فَلَا اَدْرِىْ يَعْنِىْ مَوْضِعَ الْاِشْعَارِ وَالتَّقْلِيْدِ اَوِالْحَدِيْثَ كُلَّه'

۱۳۲۰۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے، ان سے خلیفہ مروان اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر تقریباً ایک ہزار صحابہؓ کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے۔ جب آپ ﷺ ذوالحلیفہ پہنچے تو ہدی (قربانی کا جانور) کو قلادہ پہنایا اور ان پر نشان لگایا اور عمرہ کا احرام باندھا میں نے یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے بارہا سنی اور ایک مرتبہ یہ بھی سنا کہ آپ بیان کر رہے تھے کہ مجھے زہری کے واسطہ سے نشان لگانے اور قلادہ پہنانے کے متعلق یاد نہیں رہا، اس لئے میں نہیں جانتا، اس سے ان کی مراد صرف نشان لگانے اور قلادہ

❶ جابر رضی اللہ عنہ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔

پہنانے سے تھی یا پوری حدیث سے تھی؟

(۱۳۲۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ وَّرْقَاءَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰهُ وَقَمْلُه' يَسْقُطُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَقَالَ اَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ قَالَ نَعَمْ فَاَمَرَه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّحْلِقَ وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَّةِ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَّهُمْ اَنَّهُمْ يَحِلُّوْنَ بِهَا وَهُمْ عَلٰى طَمَعٍ اَنْ يَّدْخُلُوْا مَكَّةَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ الْفِدْيَةَ فَاَمَرَه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّطْعِمَ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ اَوْيُهْدِىَ شَاةً اَوْيَصُوْمَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

۱۳۲۱۔ ہم سے حسن بن حلف نے حدیث بیان کی، کہ مجھ سے اسحاق بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر ورقاء نے، ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے مجاہد نے بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے حدیث بیان کی اور ان سے کعب بن عجرہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں دیکھا کہ جوئیں ان کے چہرہ سے نیچے گر رہی ہیں تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کیا اس سے تمہیں تکلیف ہوتی ہے؟ انہوں نے عرض کی، کہ جی ہاں۔ اس پر آنحضور ﷺ نے انہیں سر منڈوا لینے کا حکم دیا۔ آپ اس وقت حدیبیہ میں تھے (عمرہ کے لئے احرام باندھے ہوئے) اور ابھی یہ فیصلہ نہیں ہوا تھا کہ احرام کھولنا پڑے گا۔ بلکہ صحابہؓ کی تو یہ آرزو تھی کہ مکہ میں کس طرح داخل ہوا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فدیہ کا حکم نازل فرمایا (یعنی احرام کی حالت میں سر منڈوانے وغیرہ پر) اور آنحضور ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ ایک فرق اناج چھ مسکینوں کو کھلا دیں یا ایک بکری کی قربانی کریں یا تین دن روزے رکھیں۔

(۱۳۲۲) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِلَى السُّوْقِ فَلَحِقَتْ عُمَرَ امْرَاَةٌ شَابَّةٌ فَقَالَتْ يَااَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ هَلَكَ زَوْجِىْ وَتَرَكَ صِبْيَةً صِغَارًا وَّاللّٰهِ مَايُنْضِجُوْنَ كُرَاعًا وَّلَالَهُمْ زَرْعٌ وَّلَاضَرْعٌ وَخَشِيْتُ اَنْ تَاْكُلَهُمُ الضَّبُعُ وَاَنَا بِنْتُ خُفَافِ بْنِ اِيْمَاءَ الْغِفَارِىِّ وَقَدْ شَهِدَ اَبِى الْحُدَيْبِيَّةَ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ مَعَهَا عُمَرُ وَلَمْ يَمْضِ ثُمَّ قَالَ مَرْحَبًا بِنَسَبٍ قَرِيْبٍ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلٰى بَعِيْرٍ ظَهِيْرٍ كَانَ مَرْبُوْطًا فِى الدَّارِ فَحَمَلَ عَلَيْهِ غِرَارَتَيْنِ مَلَاَهُمَا طَعَامًا وَّ حَمَلَ بَيْنَهُمَا نَفَقَةً وَّثِيَابًا ثُمَّ نَاوَلَهَا بِخِطَامِهٖ ثُمَّ قَالَ اقْتَادِيْهِ فَلَنْ يَّفْنٰى حَتّٰى يَاْتِيَكُمُ اللّٰهُ بِخَيْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ اَكْثَرْتَ لَهَا قَالَ عُمَرُ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ وَاللّٰهِ اِنِّىْ لَاَرٰى اَبَا هٰذِهٖ وَاَخَاهَا قَدْ حَاصَرَا حِصْنًا زَمَانًا فَافْتَتَحَاهُ ثُمَّ اَصْبَحْنَا

۱۳۲۲۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ بازار گیا۔ عمر رضی اللہ عنہ سے ایک نوجوان عورت نے ملاقات کی اور عرض کی کہ یا امیر المؤمنین! میرے شوہر کی وفات ہوگئی ہے اور چند چھوٹی چھوٹی بچیاں چھوڑ گئے ہیں، خدا گواہ ہے کہ اب نہ ان کے پاس کسی جانور کے پائے ہیں کہ اسے پکالیں، نہ کھیتی ہے اور نہ دودھ کے قابل کوئی جانور ہے، مجھے تو اس کا خطرہ ہے کہ وہ فقر و فاقہ کی وجہ سے ہلاک نہ ہو جائیں میں خفاف بن ایماء غفاریؓ کی لڑکی ہوں۔ میرے والد آنحضور ﷺ کے ساتھ غزوۂ حدیبیہ میں شریک ہوئے تھے۔ یہ سن کر عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس تھوڑی دیر کے لئے رک گئے، پھر فرمایا، مرحبا، تمہارا خاندانی تعلق تو بہت قریبی ہے۔ اور ایک بہت قوی اونٹ کی طرف مڑے جو گھر میں بندھا ہوا تھا اور اس پر دو (۲) بورے غلے سے بھرے ہوئے رکھ دیئے ان دونوں بوروں کے درمیان دوسری ضرورت کی چیزیں اور کپڑے رکھ دیئے اور اس کی نکیل ان کے ہاتھ میں تھما کر فرمایا کہ اسے لے جاؤ، یہ جب ختم

نَسْتَفِيءُ سُهْمَا نَهُمَا فِيْهِ

ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ تمہیں پھر خیر و بھلائی دے گا۔ ایک صاحبؓ نے اس پر کہا، یاامیر المؤمنین! آپ نے اسے بہت دے دیا، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تیری ماں تجھے روئے، خدا کی قسم، اس عورت کے والد اور اس کے بھائی جیسے اب بھی میری نظروں کے سامنے ہیں کہ ایک مدت تک ایک قلعہ کے محاصرے میں شریک ہیں اور پھر آخر اسے فتح کرلیا اور پھر ہم نے مال غنیمت میں سے اپنے حصے لئے۔

(۱۳۲۳) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ اَبُوْعَمْرٍو الْفَزَارِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَقَدْ رَاَيْتُ الشَّجَرَةَ ثُمَّ اَتَيْتُهَا بَعْدُ فَلَمْ اَعْرِفْهَا قَالَ مَحْمُوْدٌ ثُمَّ اُنْسِيْتُهَا بَعْدُ

۱۳۲۳۔ مجھ سے محمد بن رافع نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعمر شبابہ بن سوار اور فزاری نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے، ان سے سعید بن مسیّب نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے وہ درخت دیکھا تھا (جس کے نیچے بیعت رضوان آنحضور ﷺ نے لی تھی) لیکن پھر بعد میں جب آیا تو میں اسے نہیں پہچان سکا۔ محمود نے بیان کیا (اپنی روایت میں) کہ پھر بعد میں مجھے وہ درخت یاد نہیں رہا تھا (کہ کون سا ہے)۔

(۱۳۲۴) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ انْطَلَقْتُ حَاجًا فَمَرَرْتُ بِقَوْمٍ يُصَلُّوْنَ قُلْتُ مَاهٰذَا الْمَسْجِدُ قَالُوْا هٰذِهِ الشَّجَرَةُ حَيْثُ بَايَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ فَاَتَيْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ سَعِيْدٌ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ اَنَّهُ، كَانَ فِيْمَنْ بَايَعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَلَمَّا خَرَجْنَا مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ نَسِيْنَا هَا فَلَمْ نَقْدِرْ عَلَيْهَا فَقَالَ سَعِيْدٌ اَنَّ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَعْلَمُوْهَا وَعَلِمْتُمُوْهَا اَنْتُمْ فَاَنْتُمْ اَعْلَمُ

۱۳۲۴۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے طارق بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا کہ حج کے ارادہ سے جاتے ہوئے میں کچھ ایسے لوگوں کے قریب سے گذرا جو نماز پڑھ رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ یہ کون سی مسجد ہے؟ انہوں نے بتایا کہ یہ وہی درخت ہے جہاں رسول اللہ ﷺ نے بیعت رضوان لی تھی۔ پھر میں سعید بن مسیبؒ کے پاس آیا اور انہیں اس کی اطلاع دی تو انہوں نے بیان کیا کہ میرے والد نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ وہ بھی اس درخت کے نیچے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کرنے والوں میں شریک تھے، انہوں نے بتایا کہ پھر جب ہم دوسرے سال وہاں آئے تو ہمیں وہ درخت یاد نہیں رہا تھا اور ہم اس کی تلاش میں ناکام رہے۔ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صحابہؓ کوتو اس درخت کا علم نہیں تھا اور آپ لوگوں کو اس کا علم ہوگیا، پھر تو آپ ہی لوگ زیادہ عالم ہوئے!

(۱۳۲۵) حَدَّثَنَا مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ حَدَّثَنَا طَارِقٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ مِمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَرَجَعْنَآ اِلَيْهَا الْعَامَ الْمُقْبِلَ فَعَمِيَتْ عَلَيْنَا

۱۳۲۵۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے طارق نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے ان کے والد نے کہ انہوں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے بیعت رضوان کی تھی، پھر جب دوسرے سال ہم وہاں آئے تو ہمیں پتہ ہی نہیں چلا کہ وہ کون سا درخت تھا۔

(۱۳۲۶) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ طَارِقٍ قَالَ ذُكِرَتْ عِنْدَ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ الشَّجَرَةُ فَضَحِكَ فَقَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ وَكَانَ شَهِدَهَا

۱۳۲۶۔ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے طارق نے بیان کیا کہ سعید بن مسیب کی مجلس میں ''الشجرۃ'' کا ذکر ہوا تو آپ ہنسے اور فرمایا کہ میرے والد نے مجھے خبر دی ہے اور وہ اس بیعت میں شریک تھے۔

(۱۳۲۷) حَدَّثَنَا اٰدَمُ ابْنُ اَبِیْ اِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ اَبِیْ اَوْفٰى وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ قَالَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَاَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهٖ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِمْ فَاَتَاهُ اَبِیْ بِصَدَقَتِهٖ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اٰلِ اَبِیْ اَوْفٰى

۱۳۲۷۔ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے بیان کیا، انہوں نے عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیعت رضوان میں شریک تھے، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جب کوئی صدقہ لے کر حاضر ہوتا تو آپ ﷺ دعا کرتے کہ اے اللہ! اس پر اپنی رحمت ومغفرت نازل فرما۔ چنانچہ میرے والد بھی اپنا صدقہ لے کر حاضر ہوئے تو آنحضور نے دعا کی کہ اے اللہ! آل ابی اوفیٰ پر اپنی رحمت ومغفرت نازل فرما۔

(۱۳۲۸) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ عَنْ اَخِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْحَرَّةِ وَالنَّاسُ يُبَايِعُونَ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ فَقَالَ ابْنُ زَيْدٍ عَلٰى مَايُبَايِعُ ابْنُ حَنْظَلَةَ النَّاسَ قِيلَ لَهٗ عَلَى الْمَوْتِ قَالَ لَآاُبَايِعُ عَلٰى ذٰلِكَ اَحَدًا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ شَهِدَ مَعَهُ الْحُدَيْبِيَّةَ

۱۳۲۸۔ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے بھائی نے، ان سے سلیمان نے، ان سے عمرو بن یحییٰ نے اور ان سے عباد بن تمیم نے بیان کیا کہ ''حرہ'' کی لڑائی کے موقعہ پر لوگ عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر (یزید کے خلاف) بیعت کر رہے تھے۔ عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ ابن حنظلہ رضی اللہ عنہ سے کس بات پر بیعت کی جارہی ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ موت پر ابن زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد اب میں کسی سے بھی موت پر بیعت نہیں کروں گا، آپ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ غزوۂ حدیبیہ میں شریک تھے (جہاں آنحضور ﷺ نے صحابہؓ سے موت پر بیعت لی تھی۔)

(۱۳۲۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلٰى الْمُحَارِبِیُّ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ وَلَيْسَ لِلْحِيطَانِ ظِلٌّ نَسْتَظِلُّ فِيهِ

۱۳۲۹۔ہم سے یحییٰ بن یعلیٰ محاربی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ایاس بن سلمہ بن اکوع نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، وہ ''اصحاب شجرہ'' میں سے تھے، انہوں نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ کر واپس ہوئے تو دیواروں کا سایہ ابھی اتنا نہیں ہوا تھا کہ اس کا سایہ حاصل کیا جاسکے۔

(۱۳۳۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ عُبَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِسَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَلٰى اَیِّ شَیْءٍ بَايَعْتُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَالَ عَلَى الْمَوْتِ

۱۳۳۰۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے بیان کیا کہ میں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ صلح حدیبیہ کے موقع پر آپ حضرات نے رسول اللہ ﷺ سے کس چیز پر بیعت کی تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ موت پر۔

(۱۳۳۱) حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بْنُ اَشْکَابٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ لَقِیْتُ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ فَقُلْتُ طُوْبٰی لَکَ صَحِبْتَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبَایَعْتَهٗ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَقَالَ یَاابْنَ اَخِیْ اِنَّکَ لَا تَدْرِیْ مَاحَدَّثْنَا بَعْدَهٗ ۔

۱۳۳۱۔ مجھ سے احمد بن اشکاب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فضیل نے حدیث بیان کی، ان سے علاء بن مسیّب نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں براء بن عازبؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، مبارک ہو، آپ کو نبی کریم ﷺ کی صحبت نصیب ہوئی اور آنحضور ﷺ سے آپ نے ''شجرہ'' (درخت) کے نیچے بیعت کی۔ انہوں نے فرمایا، بیٹے تمہیں معلوم نہیں کہ ہم آنحضور ﷺ کے بعد کن چیزوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

(۱۳۳۲) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعٰوِیَةُ هُوَ ابْنُ سَلَامٍ عَنْ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ اَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاکِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ بَایَعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

۱۳۳۲۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن صالح نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے معاویہ نے حدیث بیان کی، وہ سلام کے صاحبزادے ہیں، ان سے یحییٰ نے ان سے ابوقلابہ نے اور انہیں ثابت بن ضحاک نے خبر دی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے درخت کے نیچے بیعت (عہد) کی تھی۔

(۱۲۳۳) حَدَّثَنِی اَحْمَدُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اِنَّا فَتَحْنَالَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا قَالَ الْحُدَیْبِیَّةُ قَالَ اَصْحَابُهٗ هَنِیْئًا مَّرِیْئًا فَمَالَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لِیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ قَالَ شُعْبَةُ فَقَدِمْتُ الْکُوْفَةَ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا کُلِّهٖ عَنْ قَتَادَةَ ثُمَّ رَجَعْتُ فَذَکَرْتُ لَهٗ فَقَالَ اَمَّا اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَعَنْ اَنَسٍ وَّاَمَّا هَنِیْئًا مَّرِیْئًا فَعَنْ عِکْرِمَةَ

۱۳۳۳۔ مجھ سے احمد بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن عمر نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں قتادہ نے اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ (آیت) ''بے شک ہم نے تمہیں کھلی ہوئی فتح دی'' یہ فتح صلح حدیبیہ تھی۔ صحابہؓ نے عرض کی آنحضور ﷺ کے لئے تو مرحلہ آسان اور سہل ہے (کہ آپ کی تمام اگلی اور پچھلی لغزش اور فروگذاشت معاف ہو چکی ہے)، لیکن ہمارا کیا ہوا؟ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ''تا کہ مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں جنت میں داخل کی جائیں جس کے نیچے نہریں جاری ہوں گی۔'' شعبہ نے بیان کیا کہ پھر میں کوفہ آیا اور قتادہ کے واسطہ سے پوری حدیث بیان کی، پھر میں دوبارہ قتادہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کے سامنے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ''بے شک ہم نے تمہیں کھلی فتح دی ہے'' کی تفسیر تو انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے لیکن اس کے بعد 'ھنیئا مریئا'' (یعنی آنحضور ﷺ کے لئے تو ہر مرحلہ آسان و سہل ہے) یہ تفسیر عکرمہ سے منقول ہے۔

(۱۳۳۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْن مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَامِرٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ مَّجْزَاةَ بْنِ زَاهِرِالْاَسْلَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ وَکَانَ مِمَّنْ شَهِدَ الشَّجَرَةَ قَالَ اِنِّیْ لَاُوْقِدُ تَحْتَ الْقِدْرِ بِلُحُوْمِ الْحُمُرِ اِذْ

۱۳۳۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعامر نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے مجزاۃ بن زاہر اسلمی نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا، آپ بیعت رضوان میں شریک تھے، آپ نے بیان کیا کہ ہانڈی میں، میں گدھے کا

دی مُنَادِیُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْھَاکُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ وَعَنْ مَّجْزَاۃَ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْھُمْ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَۃِ اسْمُہٗ اُھْبَانُ بْنُ اَوْسٍ وَکَانَ یَشْتَکِیْ رُکْبَتَہٗ وَکَانَ اِذَا سَجَدَ جَعَلَ تَحْتَ رُکْبَتِہٖ وِسَادَۃً

گوشت ابال رہا تھا کہ ایک منادی نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اعلان کیا کہ آنحضور ﷺ تمہیں گدھے کے گوشت کے استعمال سے منع کرتے ہیں اور مجزاۃ نے اپنے ہی قبیلہ کے ایک صحابی کے متعلق جو بیعت رضوان میں شریک تھے اور جن کا نام اہبان بن اوس رضی اللہ عنہ تھا، نقل کیا کہ ان کے ایک گھٹنے میں تکلیف تھی، اس لئے جب وہ سجدہ کرتے تو اس گھٹنے کے نیچے کوئی گدا رکھ لیتے تھے۔

۱۳۳۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَدِیٍّ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ بَشِیْرِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ سُوَیْدِ بْنِ النُّعْمَانِ وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَۃِ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُہٗ اُتُوْا بِسَوِیْقٍ فَلَاکُوْہُ تَابَعَہٗ مُعَاذٌ عَنْ شُعْبَۃَ

۱۳۳۵۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عدی نے، ان سے شعبہ نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے بشیر بن یسار نے اور ان سے سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا آپ بیعت رضوان میں شریک تھے کہ گویا اب بھی وہ منظر میری نظروں کے سامنے ہے، جب رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہؓ کے سامنے ستو لایا گیا، جسے ان حضرات نے پیا۔ اس روایت کی متابعت معاذ نے شعبہ کے حوالے سے کی ہے۔

۱۳۳۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ بَزِیْعٍ حَدَّثَنَا شَاذَانُ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ اَبِیْ جَمْرَۃَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو وَکَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَۃِ ھَلْ یُنْقَضُ الْوِتْرُ قَالَ اِذَا اَوْتَرْتَ مِنْ اَوَّلِہٖ فَلَا تُوْتِرْ مِنْ اٰخِرِہٖ

۱۳۳۶۔ ہم سے محمد بن حاتم بن بزیع نے حدیث بیان کی، ان سے شاذان نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے ابوجمرہ نے بیان کیا کہ انہوں نے عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے پوچھا، آپ نبی کریم ﷺ کے صحابی تھے اور بیعت رضوان میں شریک تھے۔ کہ کیا وتر کی نماز دوبارہ پڑھی جاسکتی ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ اگر شروع رات میں وتر پڑھ لی ہو تو آخر رات میں نہ پڑھو۔

۱۳۳۷) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ یُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِکٌ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یَسِیْرُ فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِہٖ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ یَسِیْرُ مَعَہٗ لَیْلًا فَسَاَلَہٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ شَیْءٍ فَلَمْ یُجِبْہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَاَلَہٗ فَلَمْ یُجِبْہُ ثُمَّ سَاَلَہٗ فَلَمْ یُجِبْہُ وَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ یَا عُمَرُ نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ کُلُّ ذٰلِکَ لَا یُجِیْبُکَ قَالَ عُمَرُ فَحَرَّکْتُ بَعِیْرِیْ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ اَمَامَ الْمُسْلِمِیْنَ وَخَشِیْتُ اَنْ یَّنْزِلَ فِیَّ قُرْاٰنٌ فَمَا نَشِبْتُ اَنْ سَمِعْتُ

۱۳۳۷۔ مجھ سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں زید بن اسلم نے اور انہیں ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ کسی سفر میں تھے (سفر حدیبیہ میں) رات کا وقت تھا اور عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ ساتھ تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے آپ سے کچھ پوچھا، لیکن آپ ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے (اپنے دل میں) کہا، عمر! تیری ماں تجھے روئے، رسول اللہ ﷺ سے تم نے تین مرتبہ سوال کیا، جو آپ ﷺ کو پسند نہیں تھا، چنانچہ آنحضور ﷺ نے تمہیں ایک مرتبہ بھی جواب نہیں دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے اپنے اونٹ کو ایڑ لگائی اور مسلمانوں سے آگے نکل گیا، مجھے ڈر تھا کہ کہیں میرے بارے میں کوئی وحی نازل نہ ہوجائے۔ ابھی تھوڑی دیر ہوئی تھی کہ میں نے سنا،

صَارِخًا يَصْرُخُ بِيْ قَالَ فَقُلْتُ لَقَدْ خَشِيْتُ اَنْ يَكُوْنَ نَزَلَ فِيَّ قُرْاٰنٌ وَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَقَدْ اُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِيَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

ایک شخص مجھے آواز دے رہا تھا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے
کہ میں تو پہلے ہی ڈر رہا تھا کہ میرے بارے میں کہیں کوئی وحی نا
نہ ہوجائے۔ بہر حال میں آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو
آپ ﷺ کو سلام کیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ رات مجھ پر ا
سورت نازل ہوئی ہے اور وہ مجھے اس تمام کائنات سے عزیز ہے
پر سورج طلوع ہوتا ہے پھر آپ نے ''انا فتحنا لک فتحاً مبیناً'' (بے ش
ہم نے آپ کو کھلی ہوئی فتح دی ہے) کی تلاوت فرمائی۔

(۱۳۳۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ حِيْنَ حَدَّثَ هٰذَا الْحَدِيْثَ حَفِظْتُ بَعْضَه' وَثَبَّتَنِيْ مَعْمَرٌ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ يَزِيْدُ اَحَدُهُمَا عَلٰى صَاحِبِهٖ قَالَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَّةِ فِيْ بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةٍ مِنْ اَصْحَابِهٖ فَلَمَّا اَتٰى ذَاالْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَاَشْعَرَه' وَاَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ وَّ بَعَثَ عَيْنًا لَه' مِنْ خُزَاعَةَ وَ سَارَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ بِغَدِيْرِ الْاَشْطَاطِ اَتَاهُ عَيْنُه' قَالَ اِنَّ قُرَيْشًا جَمَعُوْا لَكَ جُمُوْعًا وَّقَدْ جَمَعُوْا لَكَ الْاَحَابِيْشَ وَهُمْ مُقَاتِلُوْكَ وَصَآدُّوْكَ عَنِ الْبَيْتِ وَمَانِعُوْكَ فَقَالَ اَشِيْرُوْآ اَيُّهَا النَّاسُ عَلَيَّ اَتَرَوْنَ اَنْ اَمِيْلَ اِلٰى عِيَالِهِمْ وَذَرَارِيِّ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَصُدُّوْنَا عَنِ الْبَيْتِ فَاِنْ يَّاْتُوْنَا كَانَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ قَدْ قَطَعَ عَيْنًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاِلَّا تَرَكْنَاهُمْ مَّحْرُوْبِيْنَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَّارَسُوْلَ اللّٰهِ خَرَجْتَ عَامِدًا لِهٰذَا الْبَيْتِ لَاتُرِيْدُ قَتْلَ اَحَدٍ وَّلَاحَرْبَ اَحَدٍ فَتَوَجَّهْ لَه' فَمَنْ صَدَّنَا عَنْهُ قَاتَلْنَاهُ قَالَ امْضُوْا عَلٰى اسْمِ اللّٰهِ

۱۳۳۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان
حدیث بیان کی، کہا کہ جب زہری نے یہ حدیث بیان کی تو میں نے
کی زبانی اسے سنا، لیکن مجھے اس کا بعض حصہ ہی یاد رہا، پھر معمر بن ر
نے (زہری سے سنی ہوئی حدیث کو) مجھے یاد کرادیا، ان سے عروہ بن
نے ان سے مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ اور مروان بن حکم نے بیان
دونوں راوی اپنی روایتوں میں کچھ اضافے کے ساتھ حدیث بیان کر
تھے، انہوں نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ صلح حدیبیہ کے موقع پر تقریباً
ہزار صحابہؓ کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے۔ پھر جب آپ ﷺ ذوالحلیفہ پ
آپ ﷺ نے قربانی کے جانور کو قلادہ پہنایا اور اس پر نشان لگایا اور و
سے عمرہ کا احرام باندھا۔ پھر آپ ﷺ نے قبیلہ خزاعہ کے ایک صحا
جاسوسی کے لئے بھیجا اور خود بھی سفر جاری رکھا۔ جب آپ عذیر الاش
پر پہنچے تو آپ ﷺ کے جاسوس بھی خبریں لے کر آگئے، انہوں نے
کہ قریش نے آپ کے مقابلے کے لئے بہت بڑا مجمع تیار کر رکھا ہے
بہت سے قبائل کو بلایا ہے، وہ آپ سے جنگ کرنے پر تلے ہوئے
اور آپ کو بیت اللہ الحرام (کے عمرہ) سے روکیں گے۔ اس پر آنحض
ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا، لوگو! مجھے مشورہ دو، کیا تمہارے خیال میں
مناسب ہوگا کہ میں ان کفار کے عورتوں اور بچوں پر حملہ کروں
ہمارے بیت اللہ تک پہنچنے میں رکاوٹ بننا چاہتے ہیں، اگر انہوں
ہمارا مقابلہ کیا تو اللہ عزوجل نے مشرکین سے ہمارے جاسوس کو بھی مح
رکھا ہے، اور اگر وہ ہمارے مقابلے پر نہیں آئے تو ہم انہیں ایک شک
خوردہ قوم کی طرح چھوڑ دیں گے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض ک
یارسول ﷺ آپ تو محض بیت اللہ کے ارادہ سے نکلے ہیں، نہ آپ
ارادہ کسی کو قتل کرنے کا تھا اور نہ کسی سے لڑائی کا، اس لئے آپ بیت

تشریف لے چلئے۔ اگر ہمیں پھر بھی کوئی بیت اللہ تک جانے سے روکے گا تو ہم اس سے جنگ کریں گے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر سفر جاری رکھو۔

١٣١) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنِی
اَخِی بْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ
ـرِ اَنَّهٗ سَمِعَ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ وَالْمِسْوَرَ بْنِ
ـمَةَ يُخْبِرَانِ خَبَرًا مِّنْ خَبَرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ عُمْرَةِ الْحُدَيْبِيَّةِ فَكَانَ فِيْمَآ
ـنِیْ عُرْوَةُ عَنْهُمَآ اَنَّهٗ لَمَّا كَاتَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُهَيْلَ بْنَ عَمْرٍو يَوْمَ
ـيْبِيَّةِ عَلٰى قَضِيَّةِ الْمُدَّةِ وَكَانَ فِيْمَا اشْتَرَطَ
ـلُ بْنُ عَمْرٍو اَنَّهٗ قَالَ لَايَاْتِيْكَ مِنَّآ اَحَدٌ وَاِنْ
عَلٰى دِيْنِكَ اِلَّا رَدَدْتَهٗ اِلَيْنَا وَخَلَّيْتَ بَيْنَنَا
، وَاَبٰى سُهَيْلٌ اَنْ يُّقَاضِیَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا عَلٰى ذٰلِكَ فَكَرِهَ الْمُؤْمِنُوْنَ
ـكَ وَامْتَعَضُوْا فَتَكَلَّمُوْا فِيْهِ فَلَمَّا اَبٰى سُهَيْلٌ اَنْ
ـیَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا عَلٰى
ـكَ كَاتَبَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَاجَنْدَلِ بْنَ
ـلٍ يَوْمَئِذٍ اِلٰى اَبِيْهِ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو وَّلَمْ يَاْتِ
ـلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ مِّنَ الرِّجَالِ
ـدَهٗ فِیْ تِلْكَ الْمُدَّةِ وَاِنْ كَانَ مُسْلِمًا وَّجَآءَتِ
ـمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَكَانَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتُ عُقْبَةَ
ـیْ مُعَيْطٍ مِّمَّنْ خَرَجَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
وَسَلَّمَ وَهِیَ عَاتِقٌ فَجَآءَ اَهْلُهَا يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْجِعَهَآ اِلَيْهِمْ حَتّٰى
اللّٰهُ تَعَالٰى فِی الْمُؤْمِنَاتِ مَآاَنْزَلَ قَالَ ابْنُ
ـبٍ وَّاَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ

۱۳۳۹۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں یعقوب نے خبر دی ان سے ان کے بھتیجے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے چچا نے، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی اور انہوں نے مروان بن حکم اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ سے سنا، دونوں راویوں نے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے عمرہ حدیبیہ کے بارے میں خبر بیان کی، تو عروہ نے مجھے اس سلسلے میں جو کچھ خبر دی تھی، اس میں یہ بھی تھا کہ جب حضور اکرم ﷺ اور (قریش کا نمائندہ) سہیل بن عمرو حدیبیہ میں ایک معینہ مدت تک کے لئے صلح کی دستاویز لکھ رہے تھے اور اس میں سہیل نے ایک شرط یہ رکھی تھی کہ ہمارا اگر کوئی آدمی آپ کے یہاں پناہ لے، خواہ وہ آپ کے دین پر ہی کیوں نہ ہو تو آپ کو اسے ہمارے حوالہ کرنا ہوگا تا کہ ہم اس کے متعلق کوئی فیصلہ کرنے میں آزاد ہوں، سہیل اس شرط پر اڑ گیا، اور اصرار کرنے لگا کہ حضور اکرم ﷺ اس شرط کو قبول کر لیں، مسلمان اس شرط پر کسی طرح راضی نہیں تھے اور اسلامی لشکر میں اس پر بڑی تشویش تھی۔ لیکن چونکہ اس شرط پر سہیل اڑا ہوا تھا اور اس کے بغیر صلح کے لئے تیار نہیں تھا۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے یہ شرط بھی تسلیم کر لی اور ابو جندل بن سہیل رضی اللہ عنہ کو ان کے والد سہیل بن عمرو کے سپرد کر دیا (جو اسی وقت مکہ سے فرار ہو کر بیڑی کو گھسیٹتے ہوئے مسلمانوں کے پاس پہنچے تھے)۔ (شرط کے مطابق) مدت صلح میں (مکہ سے فرار ہو کر) جو بھی آتا، آنحضور ﷺ سے واپس کر دیتے، خواہ وہ مسلمان ہی کیوں نہ ہوتا۔ اس مدت میں بعض مؤمن خواتین بھی ہجرت کر کے مکہ سے آئیں، ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط بھی ان میں سے ہیں جو اس مدت میں حضور اکرم ﷺ کے پاس آئی تھیں، آپ اس وقت نو جوان تھیں۔ ان کے گھر والے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور مطالبہ کیا کہ انہیں واپس کر دیں، اس پر اللہ تعالیٰ نے مؤمن خواتین کے بارے میں وہ آیت نازل کی جو شرط کے مناسب تھی۔ [1] ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے عروہ بن زبیرؓ نے خبر دی اور ان

[1] ...معاہدہ کی شرط میں عورتوں کا کوئی ذکر نہیں تھا، اس لئے جب عورتوں کا مسئلہ سامنے آیا تو خود قرآن مجید میں حکم نازل ہوا کہ عورتوں کو مشرکین کے حوالے نہ
...ئے کہ اس سے معاہدہ کی خلاف ورزی لازم نہیں آتی۔

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ وَعَنْ عَمِّهٖ قَالَ بَلَغَنَا حِيْنَ اَمَرَ اللّٰهُ رَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرُدَّ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنْ هَاجَرَ مِنْ اَزْوَاجِهِمْ وَبَلَغَنَآ اَنَّ اَبَا بَصِيْرٍ فَذَكَرَهٗ بِطُوْلِهٖ

سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ آ یہ یاایها النبی اذا جاء ک المؤمنات کے نازل ہونے کی وجہ سے آنحضور ﷺ ہجرت کر کے آنے والی خواتین کو پہلے آزماتے تھے۔ اور ا کے چچا سے روایت ہے کہ ہمیں وہ حدیث بھی معلوم ہے جب حضور اکر ﷺ نے حکم دیا تھا کہ جو مسلمان خواتین ہجرت کر کے چلی آتی ہیں ان کے شوہروں کو وہ سب کچھ واپس کر دیا جائے جو وہ اپنی ان بیویوں کو دے چکے ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ابو بصیر پھر انہوں نے تفصیل کے ساتھ حدیث بیان کی۔

(۱۳۴۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ خَرَجَ مُعْتَمِرًا فِي الْفِتْنَةِ فَقَالَ اِنْ صُدِدْتُّ عَنِ الْبَيْتِ صَنَعْنَا كَمَا صَنَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهَلَّ بِعُمْرَةٍ مِّنْ اَجْلِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ عَامَ الْحُدَيْبِيَّةِ

۱۳۴۰۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، ان سے نافع نے کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فتنہ کے زمانہ میں عمرہ کے ارادہ سے نکلے، پھر آپ نے فرمایا کہ اگر بیت اللہ سے مجھے روک دیا گیا تو میں و کروں گا جو رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا۔ چنانچہ آپ نے صرف عمرہ کا احر باندھا، کیونکہ حضور اکرم ﷺ نے بھی صلح حدیبیہ کے موقعہ پر صرف عمر احرام باندھا تھا۔

(۱۳۴۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ اَهَلَّ وَقَالَ اِنْ حِيْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ لَفَعَلْتُ كَمَا فَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ حَالَتْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ بَيْنَهٗ وَتَلَا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

۱۳۴۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیا کی، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ احرام باندھا اور فرمایا کہ اگر مجھے بیت اللہ سے روکا گیا تو میں بھی و کروں گا جو رسول اللہ ﷺ نے کیا تھا۔ جب آنحضور ﷺ کو کفار قریش بیت اللہ سے روکا تھا۔ اور اس آیت کی تلاوت کی کہ ''یقیناً تم لوگوں لئے رسول اللہ ﷺ کی زندگی بہترین اسوہ ہے۔''

(۱۳۴۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَآءَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ عُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَاهُ اَنَّهُمَا كَلَّمَا عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ ح وَحَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ بَعْضَ بَنِيْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ لَهٗ لَوْ اَقَمْتَ الْعَامَ فَاِنِّيْ اَخَافُ اَنْ لَّا تَصِلَ اِلَى الْبَيْتِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ فَنَحَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدَايَاهُ وَحَلَقَ وَقَصَّرَ اَصْحَابُهٗ وَقَالَ اُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ اَوْجَبْتُ عُمْرَةً فَاِنْ خُلِّيَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الْبَيْتِ طُفْتُ

۱۳۴۲۔ ہم سے عبداللہ بن محمد بن اسماء نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی، انہیں نافع نے، ان سے عبیداللہ بن عبدا اور سالم بن عبداللہ نے خبر دی کہ ان دونوں حضرات نے عبداللہ بن رضی اللہ عنہ سے گفتگو کی۔ ح۔ اور ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حد بیان کی، ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی اور ان سے نافع نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے کسی صاحبزادے نے ان سے کہا، اگر ا سال، آپ (عمرہ کرنے) نہ جاتے تو بہتر تھا، کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ آ بیت اللہ تک نہیں پہنچ سکیں گے۔ اس پر انہوں نے فرمایا کہ ہم رسول ا ﷺ کے ساتھ نکلے تھے تو کفار قریش نے بیت اللہ پہنچنے سے روک دیا چنانچہ آنحضور ﷺ نے اپنے قربانی کے جانور وہیں ذبح کر دیئے اور

وَاِنْ حِيْلَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ الْبَيْتِ صَنَعْتُ كَمَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ مَآاُرٰى شَانَهُمَآ اِلَّاوَاحِدًا اُشْهِدُكُمْ اَنِّىْ قَدْ اَوْجَبْتُ حَجَّةً مَّعَ عُمْرَتِىْ فَطَافَ طَوَافًا وَّاحِدًا وَّسَعْيًا وَّاحِدًاحَتّٰى حَلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا

کے بال منڈوادیئے۔ صحابہؓ نے بھی بال چھوٹے کروالئے۔ آنحضور ﷺ نے اس کے بعد فرمایا کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنے اوپر ایک عمرہ واجب کرلیا ہے (اور اسی طرح تمام صحابہؓ پر بھی وہ واجب ہوگیا) اس لئے اگر آج مجھے بیت اللہ تک جانے دیا گیا تو میں بھی طواف کرلوں گا اور اگر مجھے بھی روک دیا گیا تو میں بھی وہی کروں گا جو آنحضور ﷺ نے کیا تھا۔ پھر تھوڑی دور چلے اور فرمایا کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنے اوپر عمرہ کے ساتھ حج کو بھی ضروری قرار دے لیا، اور فرمایا، میری نظر میں تو حج اور عمرہ دونوں ایک ہی جیسے ہیں (کہ ان میں سے کسی کے بھی احرام باندھنے کے بعد اگر اسے اس کی ادائیگی سے روک دیا جائے تو اس سے حلال ہونا جائز ہوتا ہے)۔ پھر آپ نے ایک طواف کیا اور ایک سعی کی (جس دن مکہ پہنچے) اور آخر دونوں ہی کو پورا کیا (حدیث گذر چکی ہے)۔

(۱۳۴۳) حَدَّثَنِىْ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ سَمِعَ النَّضْرَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا صَخْرٌ عَنْ نَّافِعٍ قَالَ اِنَّ النَّاسَ يَتَحَدَّثُوْنَ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَسْلَمَ قَبْلَ عُمَرَ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ عُمَرُ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَرْسَلَ عَبْدَاللّٰهِ اِلٰى فَرَسٍ لَه، عِنْدَ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ يَاتِىْ بِه لِيُقَاتِلَ عَلَيْهِ ورسولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَعُمَرُ لَايَدْرِىْ بِذٰلِكَ فَبَايَعَهُ عَبْدُاللّٰهِ ثُمَّ ذَهَبَ اِلَى الْفَرَسِ فَجَاءَ بِه اِلٰى عُمَرَ وَعُمَرُ يَسْتَلْئِمُ لِلْقِتَالِ فَاَخْبَرَه، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُ تَحْتَ الشَّجَرَةِ قَالَ فَانْطَلَقَ فَذَهَبَ مَعَه، حَتّٰى بَايَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهِىَ الَّتِىْ يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَسْلَمَ قَبْلَ عُمَرَ وَقَالَ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِىُّ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ تَفَرَّقُوْا فِىْ ظِلَالِ الشَّجَرِ فَاِذَا النَّاسُ مُحْدِقُوْنَ بِالنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَاعَبْدَاللّٰهِ انْظُرْمَا شَانُ النَّاسِ قَدْ اَحْدَقُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَهُمْ

۱۳۴۳۔ مجھ سے شجاع بن ولید نے حدیث بیان کی، انہوں نے نضر بن محمد سے سنا، ان سے صخر نے حدیث بیان کی، اور ان سے نافع نے بیان کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے اسلام میں داخل ہوئے تھے، حالانکہ یہ غلط ہے، البتہ عمر رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو اپنا ایک گھوڑا لانے کے لئے بھیجا تھا، جو ایک انصاری صحابیؓ کے پاس تھا۔ تاکہ اسی پر سوار ہوکر جنگ میں شریک ہوں۔ اسی دوران میں رسول اللہ ﷺ درخت کے نیچے بیٹھ کر بیعت لے رہے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ کو ابھی اس کی اطلاع نہیں ہوئی تھی۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے پہلے بیعت کی، پھر گھوڑا لینے گئے، جس وقت وہ اسے لے کر عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو آپ جنگ کے لئے اپنی زرہ پہن رہے تھے، انہوں نے اس وقت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ حضور اکرم ﷺ درخت کے نیچے بیعت لے رہے ہیں۔ بیان کیا کہ پھر آپ اپنے صاحبزادے کو ساتھ لے کر گئے اور بیعت کی۔ اتنی سی بات تھی، جس پر لوگ اب کہتے ہیں کہ عمر رضی اللہ عنہ سے پہلے ابن عمر رضی اللہ عنہ اسلام لائے تھے۔ اور ہشام بن عمار نے بیان کیا، ان سے ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن محمد عمری نے حدیث بیان کی، انہیں نافع نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر صحابہ جو حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تھے، مختلف درختوں کے سائے میں منتشر ہوگئے تھے۔ پھر اچانک بہت سے صحابہؓ حضور اکرم ﷺ کے چاروں

يُبَايِعُوْنَ فَبَايَعَ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى عُمَرَ فَخَرَجَ فَبَايَعَ

طرف جمع ہو گئے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، عبداللہ! دیکھو تو سہی، لوگ حضور اکرم ﷺ کے پاس جمع کیوں ہو گئے ہیں؟ انہوں نے دیکھا تو صحابہؓ بیعت کر رہے تھے۔ چنانچہ پہلے خود بیعت کر لی۔ پھر عمر رضی اللہ عنہ کو آ کر اطلاع دی، عمر رضی اللہ عنہ بھی گئے اور بیعت کی۔

(۱۳۴۴) حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ اَوْفٰى قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اعْتَمَرَ فَطَافَ فَطُفْنَا مَعَهٗ وَصَلّٰى وَصَلَّيْنَا مَعَهٗ وَسَعٰى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَكُنَّا نَسْتُرُهٗ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ لَايُصِيْبُهٗ اَحَدٌ بِشَيْءٍ

۱۳۴۴۔ ہم سے ابن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے یعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ نے عمرہ (قضا) کیا تھا تو ہم بھی آپ کے ساتھ تھے، آنحضور ﷺ نے طواف کیا تو ہم نے بھی طواف کیا، آنحضور ﷺ نے نماز پڑھی تو ہم نے بھی نماز پڑھی اور آنحضور ﷺ نے صفا اور مروہ کی سعی بھی کی، ہم آنحضور ﷺ کی اہل مکہ سے حفاظت کرتے رہتے تھے، تاکہ کوئی تکلیف دہ بات نہ پیش آ جائے۔

(۱۳۴۵) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاحُصَيْنٍ قَالَ قَالَ اَبُوْوَائِلٍ لَمَّا قَدِمَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ مِّنْ صِفِّيْنَ اَتَيْنَاهُ نَسْتَخْبِرُهٗ فَقَالَ اتَّهِمُوا الرَّاْىَ فَلَقَدْ رَاَيْتُنِىْ يَوْمَ اَبِىْ جَنْدَلٍ وَلَوْ اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَرُدَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَهٗ لَرَدَدْتُ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ وَمَا وَضَعْنَآ اَسْيَافَنَا عَلٰى عَوَاتِقِنَآ لِاَمْرٍ يُّفْظِعُنَا اِلَّا اَسْهَلْنَ بِنَا اِلٰى اَمْرٍ نَعْرِفُهٗ قَبْلَ هٰذَا الْاَمْرِ مَانَسُدُّ مِنْهَا خُصْمًا اِلَّا انْفَجَرَ عَلَيْنَا خُصْمٌ مَّا نَدْرِىْ كَيْفَ نَاْتِىْ لَهٗ

۱۳۴۵۔ ہم سے حسن بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سابق نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن مغول نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابوحصین سے سنا، ان سے ابووائل نے بیان کیا کہ سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ جب جنگ صفین (جو علی اور معاویہ رضی اللہ عنہما میں ہوئی تھی) سے واپس آئے تو ہم ان کی خدمت میں حاضر ہوئے، حالات معلوم کرنے کے لئے۔ انہوں نے فرمایا کہ اس جنگ کے بارے میں تم لوگ اپنی رائے اور فکر کو متہم نہ کرو، میں یوم ابوجندل (صلح حدیبیہ) میں بھی موجود تھا اگر رسول اللہ ﷺ کے حکم کو ماننے سے انکار ممکن ہوتا تو میں اس دن ضرور حکم کی خلاف ورزی کرتا (اور قریش سے لڑتا)، اللہ اور اس کا رسول ﷺ جانتے ہیں کہ جب ہم نے کسی مشکل کام کے لئے اپنی تلواروں کو اپنے کاندھوں پر رکھا (جنگ کے لئے) تو صورت حال آسان ہو گئی اور ہم نے مشکل حل کر لی، لیکن یہ معاملہ پہلے کے تمام معاملات سے مختلف ہے، اس میں ہم (فتنے کے) ایک کنارے کو ٹھیک کرتے ہیں تو دوسرا بگڑ جاتا ہے، کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ مسئلہ حل کیسے ہو گا۔

(۱۳۴۶) حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ اَتٰى عَلَىَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰى

۱۳۴۶۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے مجاہد نے، ان سے ابن ابی لیلیٰ نے، ان سے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آپ عمرۂ حدیبیہ کے موقعہ پر حضور اکرم ﷺ کی خدمت

وَجْهِيْ فَقَالَ اَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّ رَاسِكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاحْلِقْ وَصُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ اَوِ انْسُكْ نَسِيْكَةً قَالَ اَيُّوْبُ لَااَدْرِيْ بِاَيِّ هٰذَا بَدَا

میں حاضر ہوئے تو جوئیں آپ کے چہرے پر گر رہی تھیں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا یہ جوئیں جو تمہارے سر سے گر رہی ہیں۔ تکلیف دہ ہیں؟ آپ نے عرض کی کہ جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر سر منڈالو اور تین دن روزہ رکھ لو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو یا پھر کوئی قربانی کر ڈالو (سر منڈانے کے فدیہ کے طور پر)۔ ایوب نے بیان کیا کہ مجھے معلوم نہیں کہ ان تینوں امور میں سے پہلے آنحضور ﷺ نے کون سی بات ارشاد فرمائی تھی۔

(۱۳۴۷) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحُدَيْبِيَّةِ وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ وَقَدْ حَصَرَنَا الْمُشْرِكُوْنَ قَالَ وَكَانَتْ لِيْ وَفْرَةٌ فَجَعَلَتِ الْهَوَامُّ تَسَّاقَطُ عَلٰى وَجْهِيْ فَمَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيُؤْذِيْكَ هَوَآمُّ رَاسِكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَاُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْبِهٖ اَذًى مِّنْ رَّاسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْنُسُكٍ

۱۳۴۷۔ مجھ سے ابوعبداللہ محمد بن ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے مجاہد نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے اور ان سے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور احرام باندھے ہوئے تھے۔ ادھر مشرکین ہمیں بیت اللہ تک جانے نہیں دینا چاہتے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میرے سر پر بال بڑے بڑے تھے جس سے جوئیں میرے چہرے پر گرنے لگیں۔ آنحضور ﷺ نے مجھے دیکھ کر دریافت فرمایا، کیا یہ جوئیں تکلیف دہ ہیں، میں نے عرض کی جی ہاں۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر آیت نازل ہوئی ''پس اگر تم میں کوئی مریض ہو یا اس کے سر میں کوئی تکلیف دہ چیز ہو، تو اسے (بال منڈا دینا چاہئے اور) تین دن کے روزے یا صدقہ یا قربانی کا فدیہ دینا چاہئے۔

باب۵۰۴. قصة عُكْلٍ وعُرَيْنَةَ

۵۰۴۔ قبائل عکل اور عرینہ کا واقعہ۔

(۱۳۴۸) حَدَّثَنِيْ عَبْدُالْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ اَنَّ نَاسًا مِّنْ عُكْلٍ وَّعُرَيْنَةَ قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَكَلَّمُوْا بِالْاِسْلَامِ فَقَالُوْا يَانَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا اَهْلَ ضَرْعٍ وَّلَمْ نَكُنْ اَهْلَ رِيْفٍ وَّاسْتَوْخَمُوا الْمَدِيْنَةَ فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَوْدٍ وَّرَاعٍ وَّاَمَرَهُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا فِيْهِ فَيَشْرَبُوْا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى اِذَا كَانُوْا نَاحِيَةَ الْحَرَّةِ كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَقَتَلُوْا رَاعِيَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاقُوا الذَّوْدَ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ

۱۳۴۸۔ مجھ سے عبدالاعلیٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہ قبائل عکل و عرینہ کے کچھ لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں مدینہ آئے اور اسلام میں داخل ہو گئے۔ پھر انہوں نے کہا، اے اللہ کے نبی (ﷺ) ہم لوگ مویشی رکھتے تھے، کھیت وغیرہ ہمارے پاس نہیں تھے، اور انہیں مدینہ کی آب و ہوا ناموافق آئی تو آنحضور ﷺ نے کچھ اونٹ اور ایک چرواہا ان کے ساتھ کر دیا اور فرمایا کہ انہیں اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیو (تو تمہیں صحت حاصل ہو جائے گی) وہ لوگ (چراگاہ کی طرف) گئے۔ لیکن مقام حرہ کے کنارے پہنچتے ہی وہ اسلام سے پھر گئے، اور حضور اکرم ﷺ کے چرواہے

الطَّلَبَ فِیْ اٰثَارِھِمْ فَاَمَرَ بِھِمْ فَسَمَرُوْا اَعْیُنَھُمْ وَقَطَعُوْا اَیْدِیَھُمْ وَتُرِکُوْا فِیْ نَاحِیَۃِ الْحَرَّۃِ حَتّٰی مَاتُوْا عَلٰی حَالِھِمْ قَالَ قَتَادَۃُ بَلَغَنَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِکَ کَانَ یَحُثُّ عَلَی الصَّدَقَۃِ وَیَنْھٰی عَنِ الْمُثْلَۃِ وَقَالَ شُعْبَۃُ وَاَبَانُ وَحَمَّادٌ عَنْ قَتَادَۃَ مِنْ عُرَیْنَۃَ وَقَالَ یَحْیَی بْنُ اَبِیْ کَثِیْرٍ وَّاَیُّوْبُ عَنْ اَبِیْ قِلَابَۃَ عَنْ اَنَسٍ قَدِمَ نَفَرٌ مِّنْ عُکْلٍ

کو قتل کر دیا، ❶ اور اونٹوں کو لے کر بھاگنے لگے۔ اس کی اطلاع جب حضور اکرم ﷺ کو ملی تو آپ ﷺ نے چند صحابہؓ کو ان کے پیچھے دوڑایا۔ (وہ پکڑ کر مدینہ لائے گئے) تو آنحضور ﷺ کے حکم سے انؓ کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیر دی گئیں (کیونکہ انہوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا) اور ان کے ہاتھ کاٹ دیئے گئے۔ اور انہیں حرہ کے کنارے چھوڑ دیا گیا۔ آخر وہ اسی حالت میں مر گئے۔ قتادہ نے بیان کیا کہ ہمیں یہ روایت پہنچی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اس کے بعد صحابہؓ کو صدقہ کا حکم دیا اور مثلہ (مقتول کی لاش بگاڑنا یا ایذا دے کر اسے قتل کرنا) سے منع فرمایا۔ اور شعبہ، ابان اور حماد نے قتادہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ (یہ لوگ) عرینہ کے قبیلے کے تھے (عکل کا نام نہیں لیا)۔ اور یحییٰ بن ابی کثیر اور ایوب نے بیان کیا، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ قبیلہ عکل کے کچھ لوگ آئے۔

(۱۳۴۹) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِیْمِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ اَبُوْعُمَرَ الْحَوْضِیُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ حَدَّثَنَا اَیُّوْبُ وَالْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْرَجَآءٍ مَّوْلٰی اَبِیْ قِلَابَۃَ وَکَانَ مَعَہٗ بِالشَّامِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِیْزِ اسْتَشَارَ النَّاسَ یَوْمًا قَالَ مَاتَقُوْلُوْنَ فِیْ ھٰذِہِ الْقَسَامَۃِ فَقَالُوْا حَقٌّ قَضٰی بِھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَضَتْ بِھَا الْخُلَفَآءُ قَبْلَکَ قَالَ وَاَبُوْقِلَابَۃَ خَلْفَ سَرِیْرِہٖ فَقَالَ عَنْبَسَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ فَاَیْنَ حَدِیْثُ اَنَسٍ فِی الْعُرَنِیِّیْنَ قَالَ اَبُوْقِلَابَۃَ اِیَّایَ حَدَّثَہٗ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ قَالَ عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ صُھَیْبٍ عَنْ اَنَسٍ مِّنْ عُرَیْنَۃَ وَقَالَ اَبُوْقِلَابَۃَ عَنْ اَنَسٍ مِّنْ عُکْلٍ ذَکَرَ الْقِصَّۃَ

۱۳۴۹۔ مجھ سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے حفص بن عمر ابوعمر الحوضی نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب اور حجاج صواف نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوقلابہ کے مولا ابورجاء نے حدیث بیان کی، وہ ابوقلابہ کے ساتھ شام میں تھے کہ خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ نے ایک دن لوگوں سے مشورہ کیا کہ اس "قسامہ" کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ حق ہے، اسکا فیصلہ رسول اللہ ﷺ اور پھر خلفاء راشدین آپ سے پہلے کرتے رہے ہیں۔ ابورجاء نے بیان کیا کہ اس وقت ابوقلابہ، عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے تخت کے پیچھے تھے۔ عنبسہ بن سعید نے کہا کہ پھر قبیلہ عرینہ کے لوگوں کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کا ذکر کیا کریں گے؟ اس پر ابوقلابہ نے کہا کہ انس رضی اللہ عنہ نے خود مجھ سے یہ حدیث بیان کی۔ عبدالعزیز بن صہیب نے (اپنی روایت میں) انس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے صرف عرینہ کا نام لیا اور ابوقلابہ نے اپنی روایت میں، انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے صرف عکل کا نام لیا اور واقعہ بیان کیا۔

الحمدللہ تفہیم البخاری کا سولھواں پارہ مکمل ہوا۔

❶ چرواہے کا نام یسار النوبی تھا، جب قبیلے والے اونٹ لے کر بھاگنے لگے تو انہوں نے مزاحمت کی۔ اس پر انہوں نے ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے اور ان کی زبان اور آنکھ میں کانٹے گاڑ دیئے، جس سے انہوں نے شہادت پائی۔ رضی اللہ عنہ۔

سترہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۵۰۵. غَزْوَةِ ذَاتِ الْقَرَدِ وَهِيَ الْغَزْوَةُ الَّتِي اَغَارُوْا عَلٰى لِقَاحِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ خَيْبَرَ بِثَلَاثٍ

۵۰۵۔ غزوۂ ذات القرد۔ یہ وہی غزوہ ہے جس میں مشرکین غزوۂ خیبر سے تین دن پہلے نبی کریم ﷺ کی اونٹنیوں کو لوٹ کر لے جا رہے تھے۔

(۱۳۵۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ ابْنَ الْاَكْوَعِ يَقُوْلُ خَرَجْتُ قَبْلَ اَنْ يُؤَذَّنَ بِالْاُوْلٰى وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْعٰى بِذِيْ قَرَدٍ قَالَ فَلَقِيَنِيْ غُلَامٌ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ اُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ مَنْ اَخَذَهَا قَالَ غَطَفَانُ قَالَ فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ يَاصَبَاحَاهُ قَالَ فَاَسْمَعْتُ مَابَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِيْنَةِ ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلٰى وَجْهِيْ حَتّٰى اَدْرَكْتُهُمْ وَقَدْ اَخَذُوْا يَسْتَقُوْنَ مِنَ الْمَآءِ فَجَعَلْتُ اَرْمِيْهِمْ بِنَبْلِيْ وَكُنْتُ رَامِيًا وَّاَقُوْلُ اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ اَلْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ وَّاَرْتَجِزُ حَتَّى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِيْنَ بُرْدَةً قَالَ وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقُلْتُ يَانَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَآءَ وَهُمْ عِطَاشٌ فَابْعَثْ اِلَيْهِمُ السَّاعَةَ فَقَالَ يَاابْنَ الْاَكْوَعِ مَلَكْتَ فَاَسْجِحْ قَالَ ثُمَّ رَجَعْنَا وَيُرْدِفُنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى نَاقَتِهٖ حَتّٰى دَخَلْنَا الْمَدِيْنَةَ۔

۱۳۵۰۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید ابی عبید نے بیان کیا اور انہوں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ فجر کی اذان سے پہلے میں (مدینہ سے باہر، غابہ کی طرف) نکلا، رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیاں ذات قرد میں چرا کرتی تھیں۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر مجھے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے غلام ملے اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیاں لوٹ لی گئیں۔ میں نے پوچھا کہ کس نے لوٹا ہے انہیں؟ انہوں نے بتایا کہ قبیلہ غطفان والوں نے۔ انہوں نے بیان کیا کہ پھر میں تین مرتبہ بڑی زور زور سے چیخا، یاصباحاہ! انہوں نے بیان کیا کہ اپنی آواز میں نے مدینہ کے دونوں کناروں تک پہنچا دی اور اس کے بعد ممکنہ سرعت کے ساتھ دوڑتا ہوا آگے بڑھا، اور آخر انہیں جالیا۔ اس وقت وہ پانی پینے کے لئے اترے تھے، میں نے ان پر تیر برسانے شروع کر دیئے، میں تیراندازی میں ماہر تھا، اور یہ کہتا جاتا تھا، میں ابن الاکوع ہوں، آج ذلیلوں کی حکومت کا دن ہے، میں یہی رجز پڑھتا رہا اور آخر اونٹنیاں ان سے چھڑا لیں، بلکہ ان کی تیس چادریں بھی میرے قبضے میں آ گئیں۔ بیان کیا کہ اس کے بعد حضور اکرم ﷺ بھی صحابہؓ کو ساتھ لے کر آ گئے۔ میں نے عرض کی، یارسول اللہ! میں نے ان لوگوں کو پانی نہیں پینے دیا ہے اور ابھی وہ پیاسے ہیں، آپ ﷺ فوراً ان کے تعاقب کے لئے لوگوں کو بھیج دیجئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، اے ابن الاکوع! جب کسی پر قابو پالیا تو پھر نرمی اختیار کیا کرو۔ بیان کیا کہ پھر ہم واپس آ گئے اور حضور اکرم ﷺ مجھے اپنی اونٹنی پر پیچھے بٹھا کر لائے تھے، یہاں تک کہ ہم مدینہ میں داخل ہو گئے۔

باب ۵۰۶. غَزْوَةِ خَيْبَرَ

۵۰۶۔ غزوۂ خیبر۔

(۱۳۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَّالِكٍ

۱۳۵۱۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک

عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ سُوَيْدَ بْنَ النُّعْمَانِ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالصَّهْبَآءِ وَهِيَ مِنْ اَدْنٰى خَيْبَرَ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَعَا بِالْاَزْوَادِ فَلَمْ يُؤْتَ اِلَّا بِالسَّوِيْقِ فَاَمَرَ بِهٖ فَثُرِّيَ فَاَكَلَ وَاَكَلْنَا ثُمَّ قَامَ اِلَى الْمَغْرِبِ فَمَضْمَضَ وَمَضْمَضْنَا ثُمَّ صَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

نے، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے بشیر بن یسار نے اور انہیں سوید بن نعمان رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ غزوۂ خیبر کے لئے آپ بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے تھے، (بیان کیا کہ) جب ہم مقام صہباء میں پہنچے جو خیبر کے نشیب میں واقع ہے تو آنحضور ﷺ نے عصر کی نماز پڑھی۔ پھر آپ ﷺ نے توشۂ سفر منگوایا، ستو کے سوا اور کوئی چیز آپ ﷺ کی خدمت میں نہیں لائی گئی۔ اس ستو میں آپ ﷺ کے حکم سے پانی ڈالا گیا اور وہی آپ ﷺ نے بھی تناول فرمایا اور ہم نے بھی کھایا۔ اس کے بعد مغرب کی نماز کے لئے آپ کھڑے ہوئے (چونکہ وضو سے پہلے سے تھا) اس لئے آنحضور ﷺ نے بھی صرف کلی کی اور ہم نے بھی، پھر نماز پڑھی اور، اس نماز کے لئے (نئے سرے سے) وضو نہیں کیا

(۱۳۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَيْبَرَ فَسِرْنَا لَيْلًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرٍ يَاعَامِرُ اَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا فَنَزَلَ يَحْدُوْ بِالْقَوْمِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَااهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاغْفِرْ فِدَاءً لَّكَ مَااَبْقَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا وَاَلْقِيَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا اِنَّا اِذَا صِيْحَ بِنَا اَبَيْنَا وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوْا عَلَيْنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذَا السَّائِقُ قَالُوْا عَامِرُ بْنُ الْاَكْوَعِ قَالَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَجَبَتْ يَانَبِيَّ اللّٰهِ لَوْلَا اَمْتَعْتَنَا بِهٖ فَاَتَيْنَا خَيْبَرَ فَحَاصَرْنَا هُمْ حَتّٰى اَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيْدَةٌ ثُمَّ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى فَتَحَهَاعَلَيْهِمْ فَلَمَّا اَمْسَى النَّاسُ مَسَآءَ الْيَوْمِ الَّذِيْ فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ اَوْقَدُوْا نِيْرَانًا كَثِيْرَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاهٰذِهِ النِّيْرَانُ عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ تُوْقِدُوْنَ قَالُوْا عَلٰى لَحْمٍ قَالَ عَلٰى اَيِّ لَحْمٍ قَالُوْا لَحْمَ حُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْرِيْقُوْهَا وَاكْسِرُوْهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ

۱۳۵۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے اور ان سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے، رات کے وقت ہمارا سفر جاری تھا کہ ایک صاحب نے عامر رضی اللہ عنہ سے کہا، عامر! اپنے کچھ رجز سناؤ، عامر رضی اللہ عنہ شاعر تھے، اس فرمائش پر وہ حدی خوانی کرنے لگے، کہا ''اے اللہ! اگر آپ نہ ہوتے تو ہمیں سیدھا راستہ نہ ملتا، نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ ہم نماز پڑھتے پس ہماری مغفرت کیجئے، جب تک ہم زندہ رہیں ہماری جانیں آپ کے راستے میں فداء رہیں، اور اگر ہماری مڈبھیڑ ہو جائے) تو ہمیں ثابت قدم رکھئے! ہم پر سکینت اور طمانیت نازل فرمایئے۔ ہمیں جب (باطل کی طرف) بلایا جاتا ہے تو ہم انکار کر دیتے ہیں، آج چلا چلا کر وہ ہمارے خلاف میدان میں آئے ہیں (حسب عادت حدی کو سن کر اونٹ تیزی سے چلنے لگے) آنحضور ﷺ نے فرمایا، کون حدی خوانی کر رہا ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ عامر بن الاکوع، آنحضور ﷺ نے فرمایا، اللہ اس پر اپنی رحمت نازل فرمائے۔ صحابہؓ نے عرض کی، یا رسول اللہ! آپ نے تو انہیں شہادت کا مستحق قرار دے دیا کاش ابھی اور ہمیں ان سے فائدہ اٹھانے دیتے۔ پھر ہم خیبر آئے اور قلعہ کا محاصرہ کیا۔ (محاصرہ بہت سخت اور طویل تھا) اس لئے اس کے دوران ہمیں سخت بھوک اور فاقوں سے گذرنا پڑا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ہمیں فتح عنایت فرمائی جس دن قلعہ فتح ہونا تھا اس کی رات جب ہوئی تو لشکر

اللّٰهِ اَوْنُهَرِيْقُهَا وَنَغْسِلُهَا قَالَ اَوْذَاكَ فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ قَصِيْرًا فَتَنَاوَلَ بِهٖ سَاقَ يَهُوْدِيِّ لِيَضْرِبَهٗ وَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهٖ فَاَصَابَ عَيْنَ رُكْبَةِ عَامِرٍ فَمَاتَ مِنْهُ قَالَ فَلَمَّا قَفَلُوْا قَالَ سَلَمَةُ رَاٰنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ اٰخِذٌ بِيَدِیْ قَالَ مَالَكَ قُلْتُ لَهٗ فِدَاكَ اَبِیْ وَاُمِّیْ زَعَمُوْا اَنَّ عَامِرًا حَبَطَ عَمَلُهٗ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ مَنْ قَالَهٗ اِنَّ لَهٗ لَاَجْرَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ اِنَّهٗ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ قَلَّ عَرَبِیٌّ مَشٰی بِهَامِثْلَهٗ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ قَالَ نَشَابِهَا

میں جگہ جگہ آگ جل رہی تھی، حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ آگ کیسی ہے؟ کس چیز کے لئے اسے جگہ جگہ جلا رکھا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ گوشت پکانے کے لئے، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کس جانور کا گوشت ہے؟ صحابہؓ نے بتایا کہ پالتو گدھوں کا۔ آنحضور نے فرمایا کہ تمام گوشت پھینک دو اور ہانڈیوں کو توڑ دو۔ ایک صحابیؓ نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ ایسا کیوں نہ کرلیں کہ گوشت تو پھینک دیں اور ہانڈیوں کو دھولیں۔ آنحضور نے فرمایا کہ یوں ہی کرلو۔ پھر (دن میں) جب صحابہؓ نے (جنگ کے لئے) صف بندی کی تو چونکہ عامر رضی اللہ عنہ کی تلوار چھوٹی تھی، اس لئے انہوں نے جب ایک یہودی کی پنڈلی پر (جھک کر) وار کرنا چاہا تو خود انہیں کی تلوار کی دھار سے ان کے گھٹنے کے اوپر کا حصہ زخمی ہوگیا اور آپ کی شہادت اسی میں ہوئی۔ بیان کیا کہ پھر جب لشکر واپس ہو رہا تھا تو، سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ، مجھے آنحضور ﷺ نے دیکھا اور میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا، کیا بات ہے؟ میں نے عرض کی، میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عامر رضی اللہ عنہ کا سارا عمل اکارت گیا (کیونکہ خود اپنی ہی تلوار سے وفات ہوئی) آنحضور نے فرمایا، جھوٹا ہے وہ شخص جو اس طرح کی باتیں کرتا ہے، انہیں تو دوہرا اجر ملے گا، پھر آپ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیوں کو ایک ساتھ ملایا، انہوں نے تکلیف اور مشقت بھی اٹھائی اور اللہ کے راستے میں جہاد بھی کیا، شاید ہی کوئی عربی ہو جس نے ان جیسی مثال قائم کی ہو۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے بیان کیا (بجائے مشی بہا کے) نشابہا۔

(۱۳۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتٰی خَيْبَرَ لَيْلًا وَكَانَ اِذَا اَتٰی قَوْمًا بِلَيْلٍ لَمْ يُغْزِبِهِمْ حَتّٰی يُصْبِحَ فَلَمَّا اَصْبَحَ خَرَجَتِ الْيَهُوْدُ بِمَسَاحِيْهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ فَلَمَّا رَاَوْهُ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَّاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيْسُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ

۱۳۵۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں حمید طویل نے اور انہیں انس رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ خیبر رات کے وقت پہنچے، آپ ﷺ کا معمول تھا کہ جب کسی قوم پر حملہ کرنے کے لئے رات کے وقت موقعہ پر پہنچتے تو فوراً ہی حملہ نہیں کرتے تھے، بلکہ صبح ہو جاتی جب کرتے۔ چنانچہ صبح کے وقت یہودی اپنے کلہاڑے اور ٹوکرے لے کر باہر نکلے۔ لیکن جب انہوں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا تو شور کرنے لگے کہ محمد، خدا کی قسم، محمد لشکر لے کر آگئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ خیبر برباد ہوا۔ ہم جب کسی قوم کے میدان میں اتر جاتے ہیں تو ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے۔

(۱۳۵۴) اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَبَّحْنَا خَيْبَرَ بُكْرَةً فَخَرَجَ اَهْلُهَا بِالْمَسَاحِيْ فَلَمَّا بَصُرُوْا بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَّاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيْسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ فَاَصَبْنَا مِنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَنَادٰى مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ فَاِنَّهَا رِجْسٌ

۱۳۵۴۔ ہمیں صدقہ بن فضل نے خبر دی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سیرین نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم خیبر صبح کے وقت پہنچے۔ ❶ یہودی اپنے پھاوڑے وغیرہ لے کر باہر آئے، لیکن جب انہوں نے حضور اکرم ﷺ کو دیکھا تو چلانے لگے کہ محمد! خدا کی قسم، محمد لشکر لے کر آگئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اللہ کی ذات سب سے بلند و برتر ہے، یقیناً جب ہم کسی قوم کے میدان میں اتر جائیں تو پھر ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے۔ پھر وہاں ہمیں گدھے کا گوشت ملا، لیکن آنحضور کی طرف سے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ تمہیں گدھے کا گوشت کھانے سے منع کرتے ہیں کہ یہ ناپاک ہے۔

(۱۳۵۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَهٗ جَآءٍ فَقَالَ اُكِلَتِ الْحُمُرُ فَسَكَتَ ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَقَالَ اُكِلَتِ الْحُمُرُ فَسَكَتَ ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اُفْنِيَتِ الْحُمُرُ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادٰى فِي النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ فَاُكْفِئَتِ الْقُدُوْرُ وَاِنَّهَا لَتَفُوْرُ بِاللَّحْمِ

۱۳۵۴۔ ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک صاحب نے حاضر ہو کر عرض کی کہ گدھے کا گوشت کھایا جا رہا ہے۔ اس پر آنحضور ﷺ نے خاموشی اختیار کی۔ پھر دوبارہ وہ حاضر ہوئے اور عرض کی کہ گدھے کا گوشت کھایا جا رہا ہے۔ آنحضور ﷺ اس مرتبہ بھی خاموش رہے۔ پھر وہ تیسری مرتبہ آئے اور عرض کی کہ گدھے ختم ہو گئے۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے ایک منادی سے اعلان کرایا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ تمہیں پالتو گدھوں کے گوشت کے استعمال سے منع کرتے ہیں چنانچہ تمام ہانڈیاں الٹ دی گئیں، حالانکہ ان میں گوشت ابل رہا تھا۔

(۱۳۵۵) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ قَرِيْبًا مِّنْ خَيْبَرَ بِغَلَسٍ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ فَخَرَجُوْا

۱۳۵۵۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے صبح کی نماز خیبر کے قریب پہنچ کر ادا کی، ابھی اندھیرا تھا۔ پھر فرمایا، اللہ کی ذات سب سے بلند و برتر ہے، خیبر برباد ہوا، یقیناً جب ہم کسی قوم کے میدان میں اتر جائیں تو

❶ ابھی اس سے پہلے کی روایت میں گذرا ہے کہ رات کے وقت اسلامی لشکر خیبر پہنچا تھا۔ محدثین نے لکھا ہے کہ غالباً رات کے وقت ہی لشکر وہاں پہنچا ہوگا۔ لیکن رات موقعہ سے کچھ فاصلے پر گذاری ہوگی، پھر جب صبح ہوئی ہوگی تو لشکر میدان میں آیا ہوگا اور اس روایت میں صبح کے وقت پہنچنے کا ذکر واقعہ کی اسی نوعیت کی وجہ سے ہے۔

يَسْعَوْنَ فِي السِّكَكِ فَقَتَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذُّرِّيَّةَ وَكَانَ فِي السَّبْيِ صَفِيَّةُ فَصَارَتْ اِلٰى دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ ثُمَّ صَارَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا فَقَالَ عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ لِثَابِتٍ يَااَبَامُحَمَّدٍ اَنْتَ قُلْتَ لِاَنَسٍ مَااَصْدَقَهَا فَحَرَّكَ ثَابِتٌ رَأْسَه، تَصْدِيْقًا لَّه،

ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہو جاتی ہے۔ پھر یہود گلیوں میں دوڑتے ہوئے نکلے، آخر حضور اکرم ﷺ نے ان کے جنگ کے قابل افراد کو قتل کرا دیا اور عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا۔ قیدیوں میں ام المؤمنین صفیہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ آپؓ دحیہ کلبیؓ کے حصے میں آئی تھیں۔ پھر آپؓ حضور اکرم ﷺ کے پاس آ گئیں (آپ ﷺ نے ان سے نکاح کر لیا) اور ان کے مہر میں انہیں آزاد کر دیا۔ عبدالعزیز بن صہیب نے ثابت سے پوچھا، ابومحمد! کیا آپ نے انس رضی اللہ عنہ سے یہ پوچھا تھا کہ آنحضور ﷺ نے صفیہ رضی اللہ عنہا کو کیا مہر دیا تھا؟ ثابت نے اثبات میں سر ہلایا۔

(۱۳۵۶) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ سَبَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ فَاَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا فَقَالَ ثَابِتٌ لِاَنَسٍ مَّااَصْدَقَهَا قَالَ اَصْدَقَهَا نَفْسَهَا فَاَعْتَقَهَا

۱۳۵۶۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ صفیہ رضی اللہ عنہا بھی رسول اللہ ﷺ کے قیدیوں میں تھیں، لیکن آپ نے انہیں آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا تھا۔ ثابت نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، آنحضور ﷺ نے انہیں مہر کیا دیا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ خود انہیں کو ان کے مہر میں دیا تھا یعنی انہیں آزاد کر دیا تھا۔

(۱۳۵۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْتَقٰى هُوَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فَاقْتَتَلُوْا فَلَمَّا مَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَسْكَرِهٖ وَمَالَ الْاٰخَرُوْنَ اِلٰى عَسْكَرِهِمْ وَفِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ لَّايَدَعُ لَهُمْ شَاذَّةً وَّلَا فَاذَّةً اِلَّا اتَّبَعَهَا يَضْرِبُهَا بِسَيْفِهٖ فَقِيْلَ مَااَجْزَاَ مِنَّا الْيَوْمَ اَحَدٌ كَمَا اَجْزَاَ فُلَانٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّه، مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَنَا صَاحِبُه، قَالَ فَخَرَجَ مَعَه، كُلَّمَا وَقَفَ وَقَفَ مَعَه، وَاِذَا اَسْرَعَ اَسْرَعَ مَعَه، قَالَ فَجُرِحَ الرَّجُلُ جُرْحًا شَدِيْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ سَيْفَه، بِالْاَرْضِ وَذُبَابَه، بَيْنَ ثَدْيَيْهِ ثُمَّ تَحَامَلَ عَلٰى سَيْفِهٖ فَقَتَلَ نَفْسَه، فَخَرَجَ الرَّجُلُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

۱۳۵۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ (اپنے لشکر کے ساتھ) مشرکین (یعنی یہود خیبر) کے خلاف صف آرا ہوئے اور جنگ کی، پھر جب آپ اپنے خیمے کی طرف واپس ہوئے اور یہودی بھی اپنے خیموں میں واپس چلے گئے، تو رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی کے متعلق کسی نے ذکر کیا کہ یہودیوں کا کوئی بھی فرد اگر انہیں مل جاتا ہے تو وہ اس کا پیچھا کر کے اسے قتل کئے بغیر نہیں رہتے، کہا گیا کہ آج فلاں شخص ہماری طرف سے جتنی بہادری اور ہمت سے لڑا ہے، شاید اتنی بہادری سے کوئی بھی نہیں لڑا ہوگا۔ لیکن آنحضور ﷺ نے ان کے متعلق فرمایا کہ وہ ہے بہر حال اہل دوزخ میں سے! ایک صحابیؓ نے اس پر کہا کہ پھر میں ان کے ساتھ ساتھ رہوں گا۔ بیان کیا کہ پھر وہ ان کے پیچھے ہو لئے، جہاں وہ ٹھہر جاتے یہ بھی ٹھہر جاتے اور جہاں وہ دوڑ کر چلتے یہ بھی دوڑنے لگتے۔ بیان کیا کہ پھر وہ صاحب (جن کے متعلق آنحضور ﷺ نے اہل دوزخ میں سے ہونے کا اعلان کیا تھا) زخمی ہو گئے، انتہائی شدید طور پر، اور چاہا کہ جلدی

عَلَيْهِ وَسَلَّم فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ وَمَا ذَاکَ قَالَ الرَّجُلُ الَّذِیْ ذَکَرْتَ اٰنِفًا اَنَّه' مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَاَعْظَمَ النَّاسُ ذٰلِکَ فَقُلْتُ اَنَالَکُمْ بِه فَخَرَجْتُ فِیْ طَلَبِه ثُمَّ جُرِحَ جُرْحًا شَدِیْدًا فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نَصْلَ سَیْفِه فِی الْاَرْضِ وَذُبَابَه' بَیْنَ ثَدْیَیْهِ ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَیْهِ فَقَتَلَ نَفْسَه' فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم عِنْدَ ذٰلِکَ اِنَّ الرَّجُلَ لَیَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِیْمَا یَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَیَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ فِیْمَا یَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

موت آ جائے، اس لئے انہوں نے اپنی تلوار زمین میں گاڑ دی اور اس کی نوک سینے کے مقابل میں کر کے اس پر گر پڑے اور اس طرح خودکشی کے مرتکب ہوئے، اب دوسرے صحابی (جوان کے پیچھے پیچھے لگے ہوئے تھے) حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور عرض کی، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا بات ہے؟ ان صحابیؓ نے عرض کی کہ جن کے متعلق ابھی آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ اہل دوزخ میں سے ہیں تو لوگوں پر آپ ﷺ کا یہ ارشاد بڑا شاق گذرا تھا، میں نے ان سے کہا کہ میں تمہارے لئے ان کے پیچھے پیچھے جاتا ہوں۔ چنانچہ میں ان کے ساتھ ساتھ رہا۔ ایک موقعہ پر جب وہ بہت شدید طور پر زخمی ہو گئے تو اس خواہش میں کہ موت جلدی آ جائے، اپنی تلوار انہوں نے زمین میں گاڑ دی اور اس کی نوک کو اپنے سینے کے سامنے کر کے اس پر گر پڑے اور اس طرح انہوں نے خود اپنی جان ضائع کر دی۔ اسی موقعہ پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انسان زندگی بھر بظاہر جنت والوں کے سے عمل کرتا ہے، حالانکہ وہ اہل دوزخ میں سے ہوتا ہے (آخر میں اسلامی احکام کے خلاف عمل کرنے کی وجہ سے)، اسی طرح دوسرا شخص بظاہر زندگی بھر اہل دوزخ کے عمل کرتا ہے، حالانکہ وہ جنتی ہوتا ہے (آخر میں توبہ کی وجہ سے)۔ (حدیث پر نوٹ گذر چکا ہے۔)

(۱۳۵۸) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ اَنَّ اَبَاهُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَهِدْنَا خَیْبَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّم لِرَجُلٍ مِّمَّنْ مَّعَه' یَدَّعِی الْاِسْلَامَ هٰذَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ الْقِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ اَشَدَّ الْقِتَالِ حَتّٰی کَثُرَتْ بِهِ الْجِرَاحَةُ فَکَادَ بَعْضُ النَّاسِ یَرْتَابُ فَوَجَدَ الرَّجُلُ اَلَمَ الْجِرَاحَةِ فَاَهْوٰی بِیَدِه اِلٰی کِنَانَتِه فَاسْتَخْرَجَ مِنْهَا اَسْهُمًا فَنَحَرَ بِهَا نَفْسَه' فَاشْتَدَّ رِجَالٌ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ فَقَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَدَّقَ اللّٰهُ حَدِیْثَکَ انْتَحَرَ فُلَانٌ فَقَتَلَ نَفْسَه' فَقَالَ قُمْ یَافُلَانُ فَاَذِّنْ اَنَّه' لَایَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ اِنَّ اللّٰهَ یُؤَیِّدُ

۱۳۵۸۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سعید بن مسیب نے خبر دی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم خیبر کی جنگ میں شریک تھے، رسول اللہ ﷺ نے ایک صاحب کے متعلق، جو آپ کے ساتھ تھے اور خود کو مسلمان کہتے تھے، فرمایا، کہ یہ شخص اہل دوزخ میں سے ہے۔ پھر جنگ جب شروع ہوئی تو وہ صاحب بڑی پامردی سے لڑے اور بہت زیادہ زخمی ہو گئے۔ ممکن تھا کہ کچھ لوگ شبہ میں پڑ جاتے (کہ آنحضور ﷺ نے ایک ایسے شخص کے متعلق اس طرح کے کلمات کیسے ارشاد فرمائے جو اتنی پامردی سے لڑا ہے۔) لیکن ان صاحب کے لئے زخموں کی تکلیف قابل برداشت تھی، چنانچہ انہوں نے اپنے ترکش میں سے تیر نکالے اور اپنے سینے میں انہیں چبھو دیا۔ یہ منظر دیکھ کر مسلمان دوڑتے ہوئے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ

الدِّيْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ تَابَعَه، مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَ قَالَ شَبِيْبٌ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ شَهِدْ نَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ وَقَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَابَعَه، صَالِحٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ الزُّبَيْدِيُّ اَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ كَعْبٍ اَخْبَرَه، اَنَّ عُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي مَنْ شَهِدَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ قَالَ الزُّهْرِيُّ وَاَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ وَسَعِيْدٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نے آپ کا ارشاد سچ کر دکھایا، اس شخص نے خود اپنے سینے میں تیر چبھو کر خودکشی کر لی۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، اے فلاں جاؤ اور اعلان کر دو کہ جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہو سکتا ہے، یوں اللہ تعالیٰ اپنے دین کی مدد فاجر شخص سے بھی لے لیتا ہے اس روایت کی متابعت معمر نے زہری کے واسطہ سے کی اور شبیب نے یونس کے واسطہ سے بیان کیا، انہوں نے ابن شہاب زہری کے واسطہ سے، انہیں سعید بن مسیب اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب نے خبر دی، انس سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ خیبر میں موجود تھے۔ اور ابن المبارک نے بیان کیا، ان سے یونس نے، ان سے زہری نے، ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے۔ اس روایت کی متابعت صالح نے زہری کے واسطہ سے کی، اور زبیدی نے بیان کیا، انہیں زہری نے خبر دی، انہیں عبدالرحمٰن بن کعب نے خبر دی، اور انہیں عبیداللہ بن کعب نے خبر دی کہ مجھے ان صحابی نے خبر دی جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ خیبر میں موجود تھے۔ زہری نے بیان کیا، اور مجھے عبیداللہ بن عبداللہ اور سعید بن مسیب نے خبر دی، رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے۔

(۱۳۵۹) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ اَوْقَالَ لَمَّا تَوَجَّهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْرَفَ النَّاسُ عَلٰى وَادٍ فَرَفَعُوْا اَصْوَاتَهُمْ بِالتَّكْبِيْرِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْبَعُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ اِنَّكُمْ لَاتَدْعُوْنَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا اِنَّكُمْ تَدْعُوْنَ سَمِيْعًا قَرِيْبًا وَّهُوَ مَعَكُمْ وَاَنَا خَلْفَ دَابَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَنِيْ وَاَنَا اَقُوْلُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ فَقَالَ لِيْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ قُلْتُ لَبَّيْكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزٍ مِّنْ كُنُوْزِالْجَنَّةِ قُلْتُ بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ قَالَ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

۱۳۵۹۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے، ان سے ابوعثمان نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر پر فوج کشی کی، یا یوں بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ (خیبر کی طرف) روانہ ہوئے تو (راستے میں) لوگ ایک وادی میں پہنچے اور بلند آواز کے ساتھ تکبیر کہنے لگے، اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الٰہ الا اللہ (اللہ کی ذات سب سے بلند و برتر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں) آنحضور ﷺ نے اس پر ارشاد فرمایا، اپنی جانوں پر رحم کرو تم کسی بہرے کو یا ایسے شخص کو نہیں پکار رہے ہو جو تم سے دور ہو، جسے تم پکار رہے ہو وہ سب سے زیادہ سننے والا اور بہت ہی قریب ہے، وہ تمہارے ساتھ ہے۔ میں حضور اکرم ﷺ کی سواری کے پیچھے تھا، میں نے جب "لاحول ولاقوۃ الاباللہ" (طاقت وقوت اللہ کے سوا اور کسی کو حاصل نہیں) کہا تو آنحضور ﷺ نے سن لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، عبداللہ بن قیس! میں نے کہا، لبیک یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک ایسا کلمہ نہ بتا دوں جو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے؟ میں نے عرض کی۔ ضرور

بتائیے، یارسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ یہی کلمہ ہے، لاحول و لا قوۃ الاباللہ ۔

(۱۳۶۰) حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ رَاَيْتُ اَثَرَ ضَرْبَةٍ فِيْ سَاقِ سَلَمَةَ فَقُلْتُ يَااَبَا مُسْلِمٍ مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ فَقَالَ هٰذِهٖ ضَرْبَةٌ اَصَابَتْنِيْ يَوْمَ خَيْبَرَ فَقَالَ النَّاسُ اُصِيْبَ سَلَمَةُ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِيْهِ ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ

۱۳۶۰۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی میں ایک زخم کا نشان دیکھ کر ان سے پوچھا، اے ابومسلم! یہ زخم کب آپ کو لگا تھا؟ انہوں نے فرمایا کہ غزوۂ خیبر میں مجھے یہ زخم لگا تھا۔ لوگ کہنے لگے کہ سلمہ زخمی ہوگیا۔ چنانچہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ نے تین مرتبہ اس پر دم فرمایا۔ اس کی برکت سے آج تک مجھے پھر کبھی اس زخم سے کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔

(۱۳۶۱) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَهْلٍ قَالَ الْتَقَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُشْرِكُوْنَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ فَاقْتَتَلُوْا فَمَالَ كُلُّ قَوْمٍ اِلَى عَسْكَرِهِمْ وَفِي الْمُسْلِمِيْنَ رَجُلٌ لَّا يَدَعُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شَاذَّةً وَّلَا فَاذَّةً اِلَّا اتَّبَعَهَا فَضَرَبَهَا بِسَيْفِهٖ فَقِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَجْزَاَ اَحَدُهُمْ مَّا اَجْزَاَ فُلَانٌ فَقَالَ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالُوْا اَيُّنَا مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اِنْ كَانَ هٰذَا مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ لَاَتَّبِعَنَّهٗ فَاِذَا اَسْرَعَ وَاَبْطَاَ كُنْتُ مَعَهٗ حَتّٰى جُرِحَ فَاسْتَعْجَلَ الْمَوْتَ فَوَضَعَ نِصَابَ سَيْفِهٖ بِالْاَرْضِ وَذُبَابَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ ثُمَّ تَحَامَلَ عَلَيْهِ فَقَتَلَ نَفْسَهٗ فَجَاءَ الرَّجُلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ وَمَاذَاكَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فِيْمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۳۶۱۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک غزوہ (خیبر) میں نبی کریم ﷺ اور مشرکین کی مڈبھیڑ ہوئی اور خوب جم کر جنگ ہوئی۔ آخر دونوں لشکر اپنے اپنے خیموں کی طرف واپس ہوئے۔ مسلمانوں میں ایک صاحب تھے جنہیں مشرکین کی طرف کا کوئی شخص کہیں مل جاتا تو اس کا پیچھا کر کے قتل کئے بغیر نہ رہتے۔ کہا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ! جتنی پامردی سے آج فلاں شخص لڑا ہے، اتنی پامردی سے تو کوئی نہ لڑا ہوگا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ اہل دوزخ میں سے ہے۔ صحابہؓ نے کہا، اگر یہ بھی دوزخی ہیں تو پھر ہم جیسے لوگ کس طرح جنت کے مستحق ہوسکتے ہیں؟ اس پر ایک صحابی نے کہا کہ میں ان کے پیچھے پیچھے رہوں گا۔ چنانچہ جب وہ دوڑتے یا آہستہ چلتے تو میں ان کے ساتھ ساتھ ہوتا، آخر وہ زخمی ہوئے اور چاہا کہ موت جلدی آجائے، اس لئے انہوں نے تلوار کا قبضہ زمین میں گاڑ دیا اور نوک کو سینے کے محاذ میں کر کے اس پر گر پڑے، اس طرح انہوں نے خودکشی کر لی۔ اب وہ صحابی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا بات ہے؟ انہوں نے تفصیل بتائی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ایک شخص بظاہر جنتیوں کے سے عمل کرتا رہتا ہے، حالانکہ وہ اہل دوزخ میں سے ہوتا ہے اسی طرح ایک دوسرا شخص بظاہر دوزخیوں کے سے عمل کرتا رہتا ہے، حالانکہ وہ جنتی ہوتا ہے۔

(۱۳۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْخُزَاعِيُّ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيعِ عَنْ اَبِىْ عِمْرَانَ قَالَ نَظَرَ اَنَسٌ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَرَاٰى طَيَالِسَةً فَقَالَ كَاَنَّهُمُ السَّاعَةَ يَهُوْدُ خَيْبَرَ

۱۳۶۲۔ ہم سے محمد بن سعید خزاعی نے حدیث بیان کی، ان سے زیادہ بن ربیع نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعمران نے بیان کیا کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے (بصرہ کی مسجد میں) جمعہ کے دن لوگوں کو دیکھا کہ (ان کے سروں پر) چادریں ہیں جن پر پھول بوٹے کڑھے ہوئے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ یہ لوگ اس وقت خیبر کے یہودیوں کی طرح معلوم ہوتے ہیں۔

(۱۳۶۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِىْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ خَيْبَرَ وَكَانَ رَمِدًا فَقَالَ اَنَا اَتَخَلَّفُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَحِقَ فَلَمَّا بِتْنَا اللَّيْلَةَ الَّتِىْ فُتِحَتْ قَالَ لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا اَوْلَيَاخُذَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَّجُلٌ يُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ يُفْتَحُ عَلَيْهِ فَنَحْنُ نَرْجُوْهَافَقِيْلَ هٰذَا عَلِيٌّ فَاَعْطَاهُ فَفُتِحَ عَلَيْهِ

۱۳۶۳۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے اور ان سے سلمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ غزوۂ خیبر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہ جا سکے تھے کیونکہ آشوب چشم میں مبتلا تھے (جب آنحضور ﷺ جا چکے تو) انہوں نے سوچا، اب میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ غزوے میں بھی شریک نہ ہوں گا؟ چنانچہ وہ بھی آ گئے۔ جس دن خیبر فتح ہونا تھا جب اس کی رات آئی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کل میں (اسلامی) علم اس شخص کو دوں گا یا (یہ فرمایا ہے) کل علم وہ شخص لے گا جسے اللہ اور اس کا رسول ﷺ عزیز رکھتے ہیں اور جس کے ہاتھ پر فتح حاصل ہوگی، ہم سب ہی اس دعاء کے امیدوار تھے لیکن کہا گیا کہ یہ ہیں علی رضی اللہ عنہ، اور آنحضور ﷺ نے انہیں کو علم دیا اور انہیں کے ہاتھ پر خیبر فتح ہوا۔

(۱۳۶۴) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ رَّضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ لَاُعْطِيَنَّ هٰذِهِ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَّفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ فَبَاتَ النَّاسُ يَدُوْكُوْنَ لَيْلَتَهُمْ اَيُّهُمْ يُعْطَاهَا فَلَمَّا اَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّهُمْ يَرْجُوْنَ اَنْ يُّعْطَاهَا فَقَالَ اَيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ فَقِيْلَ هُوَيَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَشْتَكِىْ عَيْنَيْهِ قَالَ فَاَرْسِلُوْا اِلَيْهِ فَاُتِىَ بِهٖ فَبَصَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ عَيْنَيْهِ وَدَعَالَهٗ فَبَرَاَ كَاَنْ لَّمْ يَكُنْ بِهٖ وَجَعٌ فَاَعْطَاهُ الرَّايَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا

۱۳۶۴۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے بیان کیا، کہا کہ مجھے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ غزوہ خیبر میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا۔ کل میں علم ایک ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھوں اللہ تعالیٰ فتح عنایت فرمائے گا اور جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کے رسول بھی اسے عزیز رکھتے ہیں۔ بیان کیا کہ وہ رات سب ہی کی اس پیچ وتاب میں گذر گئی کہ دیکھیں حضور اکرم ﷺ کسے عنایت فرماتے ہیں۔ صبح ہوئی تو سب خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے اور اس توقع کے ساتھ کہ علم انہیں کو ملے گا۔ لیکن آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، علی بن ابی طالب کہاں ہیں؟ عرض کی گئی کہ یارسول اللہ (ﷺ) وہ تو آشوب چشم میں مبتلا ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں بلا لاؤ۔ جب وہ لائے گئے تو آنحضور ﷺ نے اپنا تھوک ان کی آنکھوں میں لگا دیا اور ان کے لئے دعا کی، اس دعا کی برکت سے ان کی آنکھیں اتنی اچھی

فَقَالَ اُنْفُذْ عَلٰی رِسْلِکَ حَتّٰی تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ ثُمَّ اُدْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِّنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَّهْدِيَ اللّٰهُ بِکَ رَجُلًا وَّاحِدًا خَيْرٌ لَّکَ مِنْ اَنْ يَّکُوْنَ لَکَ حُمْرُ النَّعَمِ

ہو گئیں جیسے پہلے کوئی بیماری ہی نہیں تھی۔ علی رضی اللہ عنہ نے (علم سنبھال کر) عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! میں ان سے اس وقت تک جنگ کروں گا جب تک وہ ہمارے ہی جیسے نہ ہو جائیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، یوں ہی چلے جاؤ، ان کے میدان میں اتر کر پہلے انہیں اسلام کی دعوت دو۔ اور بتاؤ کہ اللہ کا ان پر کیا حق واجب ہے، خدا کی قسم، اگر تمہارے ذریعہ ایک شخص کو بھی ہدایت مل جائے تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔

(۱۳۶۵) حَدَّثَنَا عَبْدُالْغَفَّارِ بْنُ دَاوٗدَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ح وَحَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الزُّهْرِيُّ عَنْ عَمْرٍو مَوْلَی الْمُطَّلِبِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَدِمْنَا خَيْبَرَ فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْحِصْنَ ذُکِرَ لَهٗ جَمَالُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ وَقَدْ قُتِلَ زَوْجُهَا وَکَانَتْ عَرُوْسًا فَاصْطَفَاهَا النَّبِيُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ فَخَرَجَ بِهَا حَتّٰی بَلَغْنَا سُدَّ الصَّهْبَآءِ حَلَّتْ فَبَنٰی بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَنَعَ حَيْسًا فِيْ نِطَعٍ صَغِيْرٍ ثُمَّ قَالَ لِيْ اٰذِنْ مَنْ حَوْلَکَ فَکَانَتْ تِلْکَ وَلِيْمَتَهٗ عَلٰی صَفِيَّةَ ثُمَّ خَرَجْنَا اِلَی الْمَدِيْنَةِ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَوِّيْ لَهَا وَرَآءَهٗ بِعَبَاءَةٍ ثُمَّ يَجْلِسُ عِنْدَ بَعِيْرِهٖ فَيَضَعُ رُکْبَتَهٗ وَتَضَعُ صَفِيَّةُ رِجْلَهَا عَلٰی رُکْبَتِهٖ حَتّٰی تَرْکَبَ

۱۳۶۵۔ ہم سے عبدالغفار بن داؤد نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی۔ ح۔ اور مجھ سے احمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھے یعقوب بن عبدالرحمٰن زہری نے خبر دی، انہیں مطلب کے مولا عمرو نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم خیبر آئے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے آنحضور ﷺ کو خیبر کی فتح عنایت فرمائی تو آپ ﷺ کے سامنے صفیہ بنت حیی بن اخطب رضی اللہ عنہا کی خوبصورتی کا کسی نے ذکر کیا، ان کے شوہر قتل ہو گئے تھے اور ان کی شادی ابھی نئی ہوئی تھی۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے انہیں اپنے لئے لے لیا اور انہیں ساتھ لے کر آنحضور ﷺ روانہ ہوئے، آخر جب ہم مقام سد الصہباء میں پہنچے تو ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا حیض سے پاک ہوئیں اور آنحضور ﷺ نے ان کے ساتھ خلوت فرمائی۔ پھر آپ نے حیس بنایا۔ کھجور کے ساتھ گھی اور پنیر وغیرہ ملا کر بنایا جاتا تھا) اور اسے ایک چھوٹے سے دستر خوان پر رکھ کر مجھ سے فرمایا کہ جو لوگ تمہارے قریب ہیں، انہیں بلالو۔ (ام المومنین صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح کا) آنحضور ﷺ کی طرف سے یہی ولیمہ تھا۔ پھر ہم مدینہ کے لئے روانہ ہوئے تو میں نے دیکھا کہ نبی کریم ﷺ نے صفیہ رضی اللہ عنہا کے لئے عباء اونٹ کے کوہان میں باندھ دی تاکہ پیچھے سے وہ اسے پکڑے رہیں اور اپنے اونٹ کے پاس بیٹھ کر اپنا گھٹنہ اس پر رکھا اور صفیہ رضی اللہ عنہا اپنا پاؤں آنحضور ﷺ کے گھٹنے پر رکھ کر سوار ہوئیں۔

(۱۳۶۶) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَخِيْ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ يَحْيٰی عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۳۶۶۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے یحییٰ نے، ان سے حمید طویل نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ

وَسَلَّمَ اَقَامَ عَلٰی صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ بِطَرِيْقِ خَيْبَرَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ حَتّٰى اَعْرَسَ بِهَا وَكَانَتْ فِيْمَنْ ضُرِبَ عَلَيْهَا الْحِجَابُ

نبی کریم ﷺ نے صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کے لئے خیبر کے راستہ میں تین دن تک قیام فرمایا اور آخری دن ان سے خلوت فرمائی اور وہ بھی امہات المؤمنین میں شامل ہوگئیں۔

(۱۳۶۷) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ خَيْبَرَ وَالْمَدِيْنَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ يُبْنٰى عَلَيْهِ بِصَفِيَّةَ فَدَعَوْتُ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى وَلِيْمَتِهٖ وَمَا كَانَ فِيْهَا مِنْ خُبْزٍ وَّ لَا لَحْمٍ وَمَا كَانَ فِيْهَا اِلَّا اَنْ اَمَرَ بِلَالًا بِالْاَنْطَاعِ فَبُسِطَتْ فَاَلْقٰى عَلَيْهَا التَّمْرَ وَالْاَقِطَ وَالسَّمْنَ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ اِحْدٰى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَوْمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُهٗ قَالُوْا اِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ اِحْدٰى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِنْ لَّمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهٗ فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطّٰى لَهَا خَلْفَهٗ وَمَدَّ الْحِجَابَ

۱۳۶۷۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر بن ابی کثیر نے خبر دی، کہا کہ مجھے حمید نے خبر دی اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے مدینہ اور خیبر کے درمیان (مقام سد الصہباء میں) تین دن تک قیام فرمایا اور یہیں صفیہ رضی اللہ عنہا سے خلوت کی تھی۔ پھر میں نے آنحضور ﷺ کی طرف سے مسلمانوں کو ولیمہ کی دعوت دی آپ ﷺ کے ولیمہ میں نہ روٹی تھی، نہ گوشت تھا۔ صرف اتنا ہوا کہ آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو دستر خوان بچھانے کا حکم دیا اور وہ بچھا دیا گیا، پھر اس پر کھجور، پنیر اور گھی (کا مالیدہ) رکھ دیا۔ مسلمانوں نے کہا کہ صفیہ رضی اللہ عنہا، امہات المؤمنین میں سے ہیں یا باندی ہیں؟ کچھ لوگوں نے کہا کہ اگر آنحضور ﷺ نے انہیں پردے میں رکھا تو ام المؤمنین ہیں اور اگر نہیں رکھا تو پھر یہ اس کی علامت ہوگی کہ وہ باندی ہیں۔ آخر جب کوچ کا وقت ہوا تو آنحضور ﷺ نے ان کے لئے اپنی سواری پر پیچھے بیٹھنے کی جگہ بنائی، اور ان کے لئے پردہ کیا۔

(۱۳۶۸) حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَهْبٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا مُحَاصِرِيْ خَيْبَرَ فَرَمٰى اِنْسَانٌ بِجِرَابٍ فِيْهِ شَحْمٌ فَنَزَوْتُ لِاٰخُذَهٗ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَحْيَيْتُ

۱۳۶۸۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ح۔ اور مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے وہب نے حدیث بیان کی، ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم خیبر کا محاصرہ کئے ہوئے تھے کہ کسی شخص نے چمڑے کی ایک کپی پھینکی جس میں چربی تھی، میں اسے اٹھانے کے لئے دوڑا، لیکن میں نے جو مڑ کر دیکھا تو حضور اکرم ﷺ موجود تھے، میں پانی پانی ہوگیا۔

(۱۳۶۹) حَدَّثَنِيْ عبيد بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ وَّسَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ اَكْلِ الثُّوْمِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ نَهٰى عَنْ اَكْلِ الثُّوْمِ هُوَ عَنْ نَّافِعٍ وَّحْدَهٗ وَلُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ عَنْ سَالِمٍ

۱۳۶۹۔ مجھ سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع اور سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ خیبر کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ نے لہسن اور پالتو گدھوں کے کھانے سے منع فرمایا تھا لہسن کھانے کی ممانعت کا ذکر صرف نافع سے منقول ہے اور پالتو گدھوں کے کھانے کی ممانعت صرف سالم سے منقول ہے۔

(۱۳۷۰) حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ

۱۳۷۰۔ مجھ سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيْهِمَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَآءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ اَكْلِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ

حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبداللہ اور حسن نے، دونوں حضرات محمد بن علی کے صاحبزادے ہیں، ان سے ان کے والد نے اور ان سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ خیبر کے موقعہ پر عورتوں سے متعہ کی ممانعت کی تھی اور پالتو گدھوں کے کھانے کی بھی۔

(۱۳۷۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

۱۳۷۱۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، ان سے عبیداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ خیبر کے موقعہ پر گدھے کا گوشت کھانے کی ممانعت کی تھی۔

(۱۳۷۲) حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ وَّ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

۱۳۷۲۔ مجھ سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبید نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع اور سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت کی ممانعت کی تھی۔

(۱۳۷۳) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ وَرَخَّصَ فِي الْخَيْلِ

۱۳۷۳۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے، ان سے عمرو نے، ان سے محمد بن علی نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقعہ پر گدھے کے گوشت کی ممانعت کی تھی اور گھوڑوں (کے گوشت کھانے) کی اجازت دی تھی۔ ❶

(۱۳۷۴) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَبَّادٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِيْ اَوْفٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَصَابَتْنَا مَجَاعَةٌ يَوْمَ خَيْبَرَ فَاِنَّ الْقُدُوْرَ لَتَغْلِيْ قَالَ وَبَعْضُهَا نَضِجَتْ فَجَآءَ مُنَادِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَاْكُلُوْا مِنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ شَيْئًا وَّ اَهْرِيْقُوْهَا قَالَ ابْنُ اَبِيْ اَوْفٰى فَتَحَدَّثْنَا اَنَّهٗ اِنَّمَا نَهٰى عَنْهَا لِاَنَّهَا لَمْ تُخَمَّسْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ نَهٰى عَنْهَا الْبَتَّةَ لِاَنَّهَا تَاْكُلُ الْقَذِرَةَ

۱۳۷۴۔ ہم سے سعید بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے عباد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبانی نے بیان کیا اور انہوں نے ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ غزوۂ خیبر میں ایک موقعہ پر ہم بہت بھوکے تھے، ادھر ہانڈیوں میں ابال آ رہا تھا (گدھے کا گوشت پکایا جارہا تھا) اور کچھ پک بھی گئی تھیں کہ نبی کریم ﷺ کے منادی نے اعلان کیا کہ گدھے کے گوشت کا ایک ذرہ بھی نہ کھاؤ اور اسے پھینک دو۔ ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر بعض لوگوں نے کہا کہ آنحضور ﷺ نے اس کی ممانعت اس لئے کی ہے کہ ابھی اس میں سے خمس نہیں نکالا گیا تھا اور بعض لوگوں کا خیال تھا کہ آپ ﷺ نے اس کی واقعی ممانعت (ہمیشہ کے لئے) کر دی ہے، کیونکہ یہ

❶ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی وجہ سے گھوڑے کے گوشت کو جائز قرار دیا ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اسے مکروہ قرار دیتے ہیں۔ ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ آنحضور ﷺ نے گھوڑے کا گوشت کھانے کی ممانعت کی تھی۔ بہر حال دلائل دونوں طرف ہیں۔

گندگی کھاتا ہے۔

(۱۳۷۵) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ وَعَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَنَّهُمْ کَانُوْا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَابُوْا حُمُرًا فَطَبَخُوْهَا فَنَادٰی مُنَادِی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْفِئُوا الْقُدُوْرَ

۱۳۷۵۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عدی بن ثابت نے خبر دی اور انہیں براء اور عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہم نے کہ وہ لوگ نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے، پھر انہیں گدھے ملے تو انہوں نے ان کا گوشت پکایا لیکن آنحضور ﷺ کے منادی نے اعلان کیا کہ ہانڈیاں انڈیل دو۔

(۱۳۷۶) حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَدِیُّ ابْنُ ثَابِتٍ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ وَابْنَ اَبِیْ اَوْفٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا یُحَدِّثَانِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ یَوْمَ خَیْبَرَ وَقَدْ نَصَبُوا الْقُدُوْرَ اَکْفِئُوا الْقُدُوْرَ

۱۳۷۶۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی بن ثابت نے حدیث بیان کی، انہوں نے براء بن عازب اور عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہما سے سنا، یہ حضرات نبی کریم ﷺ کے حوالے سے حدیث بیان کرتے تھے، کہ آنحضور ﷺ نے غزوہ خیبر کے موقعہ پر فرمایا تھا کہ ہانڈیوں کا گوشت پھینک دو، اس وقت ہانڈیاں چولھے پر رکھی جا چکی تھیں۔

(۱۳۷۷) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ

۱۳۷۷۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی بن ثابت نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوہ میں شریک تھے، پہلی روایت کی طرح۔

(۱۳۷۸) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ زَآئِدَةَ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ عَنْ عَامِرٍ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَمَرَنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ خَیْبَرَ اَنْ نُّلْقِیَ الْحُمُرَ الْاَهْلِیَّةَ نِیْئَةً وَّنَضِیْجَةً ثُمَّ لَمْ یَاْمُرْنَا بِاَکْلِهٖ بَعْدُ

۱۳۷۸۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ابن ابی زائدہ نے خبر دی، انہیں عاصم نے خبر دی، انہیں عامر نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ خیبر کے موقعہ پر ہمیں نبی کریم ﷺ نے حکم دیا تھا کہ پالتو گدھوں کا گوشت ہم پھینک دیں، کچا بھی اور پکا ہوا بھی۔ پھر ہمیں اس کے کھانے کا کبھی آپ ﷺ نے حکم نہیں دیا۔

(۱۳۷۹) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی الْحُسَیْنِ حَدَّثَنَا عُمَرُ ابْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَا اَدْرِیْ اَنَهٰی عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجْلِ اَنَّهٗ کَانَ حَمُوْلَةَ النَّاسِ فَکَرِهَ اَنْ تَذْهَبَ حَمُوْلَتُهُمْ وَحَرَّمَهٗ فِیْ یَوْمِ خَیْبَرَ لَحْمَ الْحُمُرِ الْاَهْلِیَّةِ

۱۳۷۹۔ مجھ سے محمد بن ابی الحسین نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے عامر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ مجھے معلوم نہیں کہ آیا آنحضور ﷺ نے گدھے کا گوشت کھانے سے اس لئے منع کیا تھا کہ اس سے باربرداری کا کام لیا جاتا ہے اور آپ ﷺ نے پسند نہیں فرمایا کہ باربرداری کا جانور ختم ہو جائے، یا آپ ﷺ نے صرف غزوۂ خیبر کے موقعہ پر پالتو گدھوں کے گوشت کی ممانعت کی تھی (کہ ابھی

اس کا خمس نہیں نکالا گیا تھا۔)

(۱۳۸۰) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَابِقٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّاجِلِ سَهْمًا قَالَ فَسَّرَه' نَافِعٌ فَقَالَ اِذَا كَانَ مَعَ الرَّجُلِ فَرَسٌ فَلَه' ثَلَاثَةُ اَسْهُمٍ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّه' فَرَسٌ فَلَه' سَهْمٌ

۱۳۸۰۔ہم سے حسن بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سابق نے حدیث بیان کی، ان سے زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ بن عمر نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ خیبر میں (مال غنیمت سے) سواروں کو دو۲ حصے دیئے تھے اور پیدل فوجیوں کو ایک حصہ۔ اس کی تفسیر نافع نے اس طرح کی ہے کہ اگر کسی شخص کے ساتھ گھوڑا ہوتا تو اسے تین حصے ملتے تھے اور اگر گھوڑا نہ ہوتا تو صرف ایک حصہ ملتا تھا۔

(۱۳۸۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ اَخْبَرَه' قَالَ مَشَيْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا اَعْطَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ وَتَرَكْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَةٍ وَّاحِدَةٍ مِّنْكَ فَقَالَ اِنَّمَا بَنُوْهَاشِمٍ وَّبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ قَالَ جُبَيْرٌ وَلَمْ يَقْسِمِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّ بَنِيْ نَوْفَلٍ شَيْئًا

۱۳۸۱۔ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے سعید بن مسیب نے اور انہیں جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ میں اور عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہم نے عرض کی کہ آنحضور ﷺ نے بنو مطلب کو تو خیبر کے خمس میں سے عنایت فرمایا ہے اور ہمیں نظر انداز کر دیا، حالانکہ آپ ﷺ سے قرابت میں ہم اور وہ برابر تھے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، یقیناً بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہیں۔ جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے بنو عبد شمس اور بنو نوفل کو کچھ نہیں دیا تھا (خمس میں سے)

(۱۳۸۲) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَلَغَنَا مَخْرَجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِالْيَمَنِ فَخَرَجْنَا مُهَاجِرِيْنَ اِلَيْهِ اَنَا وَاَخَوَانِ لِيْ اَنَا اَصْغَرُهُمْ اَحَدُهُمَا اَبُوْبُرْدَةَ وَالْاٰخَرُ اَبُوْرُهْمٍ اِمَّا قَالَ بِضْعٌ وَّاِمَّا قَالَ فِيْ ثَلَاثَةٍ وَخَمْسِيْنَ اَوِاثْنَيْنِ وَخَمْسِيْنَ رَجُلًا مِّنْ قَوْمِيْ فَرَكِبْنَا سَفِيْنَةً فَاَلْقَتْنَا سَفِيْنَتُنَا اِلَى النَّجَاشِيِّ بِالْحَبَشَةِ فَوَافَقْنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَقَمْنَا مَعَه' حَتّٰى قَدِمْنَا جَمِيْعًا فَوَافَقْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ افْتُتِحَ خَيْبَرُ وَ كَانَ اُنَاسٌ مِّنَ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ لَنَا يَعْنِيْ لِاَهْلِ السَّفِيْنَةِ سَبَقْنَا كُمْ بِالْهِجْرَةِ وَدَخَلَتْ اَسْمَآءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ وَّهِيَ مِمَّنْ قَدِمَ مَعَنَا

۱۳۸۲۔مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہمیں نبی کریم ﷺ کی ہجرت کے متعلق اطلاع ملی تو ہم یمن میں تھے۔ اس لئے ہم بھی آنحضور ﷺ کی خدمت میں، ہجرت کی نیت سے نکل پڑے، میں اور میرے دو بھائی میں دونوں سے چھوٹا تھا، میرے ایک بھائی کا نام ابو بردہ (رضی اللہ عنہ) تھا اور دوسرے کا ابو رہم (رضی اللہ عنہ)۔ انہوں نے کہا کہ کچھ اوپر پچاس یا انہوں نے یوں بیان کیا کہ ترپن ۵۳ یا باون میری قوم کے افراد ساتھ تھے۔ ہم کشتی پر سوار ہوئے (مدینہ آنے کے لئے) لیکن ہماری کشتی نے ہمیں نجاشی کے ملک حبشہ میں لا ڈالا۔ وہاں ہماری ملاقات جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ہوگئی (جو پہلے ہی مکہ ہجرت کر کے وہاں موجود تھے) ہم نے وہاں انہیں کے ساتھ قیام کیا۔ پھر ہم سب مدینہ ساتھ روانہ ہوئے۔ یہاں ہم حضور

عَلٰی حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَائِرَةً وَّقَدْ کَانَتْ هَاجَرَتْ اِلَی النَّجَاشِیِّ فِیْمَنْ هَاجَرَ فَدَخَلَ عُمَرُ عَلٰی حَفْصَةَ وَاَسْمَآءُ عِنْدَهَا فَقَالَ عُمَرُ حِیْنَ رَاٰی اَسْمَآءَ مَنْ هٰذِهٖ قَالَتْ اَسْمَآءُ بِنْتُ عُمَیْسٍ قَالَ عُمَرُ الْحَبَشِیَّةُ هٰذِهِ الْبَحْرِیَّةُ هٰذِهٖ قَالَتْ اَسْمَآءُ نَعَمْ قَالَ سَبَقْنَاکُمْ بِالْهِجْرَةِ فَنَحْنُ اَحَقُّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْکُمْ فَغَضِبَتْ وَقَالَتْ کَلَّا وَاللّٰهِ کُنْتُمْ مَّعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُطْعِمُ جَآئِعَکُمْ وَیَعِظُ جَاهِلَکُمْ وَکُنَّا فِیْ دَارٍ اَوْفِیْ اَرْضِ الْبُعَدَآءِ الْبُغَضَآءِ بِالْحَبَشَةِ وَذٰلِکَ فِی اللّٰهِ وَفِیْ رَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَایْمُ اللّٰهِ لَا اَطْعَمُ طَعَامًا وَّلَا اَشْرَبُ شَرَابًا حَتّٰی اَذْکُرَ مَا قُلْتَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ کُنَّا نُؤْذٰی وَنُخَافُ وَسَاَذْکُرُ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ اَسْاَلُهٗ وَاللّٰهِ لَا اَکْذِبُ وَلَا اَزِیْغُ وَلَا اَزِیْدُ عَلَیْهِ فَلَمَّا جَآءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ یَانَبِیَّ اللّٰهِ اِنَّ عُمَرَ قَالَ کَذَا وَکَذَا قَالَ فَمَا قُلْتِ لَهٗ قَالَتْ قُلْتُ لَهٗ کَذَا وَکَذَا قَالَ لَیْسَ بِاَحَقَّ بِیْ مِنْکُمْ وَلَهٗ وَلِاَصْحَابِهٖ هِجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ وَّلَکُمْ اَنْتُمْ اَهْلَ السَّفِیْنَةِ هِجْرَتَانِ قَالَتْ فَلَقَدْ رَاَیْتُ اَبَامُوْسٰی وَاَصْحَابَ السَّفِیْنَةِ یَاْتُوْنِیْ اَرْسَالًا یَّسْاَلُوْنِیْ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ مَامِنَ الدُّنْیَا شَیْءٌ هُمْ اَفْرَحُ وَلَا اَعْظَمُ فِیْ اَنْفُسِهِمْ مِمَّا قَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْبُرْدَةَ قَالَتْ اَسْمَآءُ فَلَقَدْ رَاَیْتُ اَبَامُوْسٰی وَاِنَّهٗ لَیَسْتَعِیْدُ هٰذَا الْحَدِیْثَ مِنِّیْ قَالَ اَبُوْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَاَعْرِفُ اَصْوَاتَ رُفْقَةِ الْاَشْعَرِیِّیْنَ بِالْقُرْاٰنِ حِیْنَ یَدْخُلُوْنَ بِاللَّیْلِ وَ اَعْرِفُ مَنَازِلَهُمْ مِنْ اَصْوَاتِهِمْ بِالْقُرْاٰنِ بِاللَّیْلِ وَاِنْ کُنْتُ لَمْ اَرَمَنَازِلَهُمْ حِیْنَ نَزَلُوْا بِالنَّهَارِ

اکرم ﷺ کی خدمت میں اس وقت پہنچے جب آپ خیبر فتح کر چکے تھے۔ کچھ لوگ ہم سے یعنی کشتی والوں سے کہنے لگے کہ ہم نے تم سے پہلے ہجرت کی ہے اور اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا جو ہمارے ساتھ ہی مدینہ آئی تھیں، ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئیں، ان سے ملاقات کے لئے۔ وہ بھی نجاشی کے ملک میں ہجرت کرنیوالوں کے ساتھ ہجرت کر کے چلی گئی تھیں۔ عمر رضی اللہ عنہ بھی حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر پہنچے، اس وقت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا وہیں تھیں۔ جب عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھا تو دریافت فرمایا کہ یہ کون ہیں؟ ام المؤمنین نے بتایا کہ اسماء بنت عمیس! عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا، اچھا، وہی جو حبشہ سے بحری سفر کر کے آئی ہیں۔ اسماء رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جی ہاں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ ہم تم لوگوں سے ہجرت میں آگے ہیں، اس لئے رسول اللہ ﷺ سے ہم، تمہارے مقابلہ میں زیادہ قریب ہیں۔ اسماء رضی اللہ عنہا اس پر بہت غصہ ہوگئیں اور کہا، ہرگز نہیں، خدا کی قسم تم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہے ہو، تم میں جو بھوکے ہوتے تھے اسے آنحضور ﷺ کھانا کھلاتے تھے، اور جو ناواقف ہوتے، اسے آنحضور ﷺ نصیحت و موعظت کیا کرتے تھے، لیکن ہم بہت دور حبشہ میں غیروں اور دشمنوں کے ملک میں رہتے تھے، یہ سب کچھ ہم نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے راستے ہی میں تو کیا۔ اور خدا کی قسم، میں اس وقت تک نہ کھانا کھاؤں گی، نہ پانی پیوں گی جب تک تمہاری بات رسول اللہ ﷺ سے نہ کہہ لوں۔ ہمیں اذیت دی جاتی تھی، دھمکایا ڈرایا جاتا تھا، میں آنحضور ﷺ سے اس کا ذکر کروں گی اور آپ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھوں گی، خدا گواہ ہے کہ نہ میں جھوٹ بولوں گی، نہ کج روی اختیار کروں گی اور نہ کسی (خلاف واقعہ بات کا) اضافہ کروں گی، چنانچہ جب حضور اکرم ﷺ تشریف لائے تو انہوں نے عرض کی، یا نبی اللہ! عمر اس طرح کی باتیں کرتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ پھر تم نے انہیں کیا جواب دیا؟ انہوں نے عرض کی کہ میں نے انہیں یہ جواب دیا تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ وہ تم سے زیادہ مجھ سے قریب نہیں ہیں، انہیں اور ان کے ساتھیوں کو صرف ایک ہجرت حاصل ہوئی اور تم کشتی والوں نے دو (۲) ہجرتوں کا شرف حاصل کیا۔ انہوں نے بیان کیا کہ اس واقعہ کے بعد

وَمِنْهُمْ حَكِيْمٌ اِذَا لَقِىَ الْخَيْلَ اَوْقَالَ الْعَدُوَّ قَالَ لَهُمْ اِنَّ اَصْحَابِىْ يَاْمُرُوْنَكُمْ اَنْ تَنْظُرُوْهُمْ

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اور تمام کشتی والے میرے پاس گروہ در گروہ آنے لگے اور مجھ سے اس حدیث کے متعلق پوچھنے لگے، ان کے لئے دنیا میں حضور اکرم ﷺ کے ان کے متعلق اس ارشاد سے زیادہ خوش کن اور باعث فخر اور کوئی چیز نہیں تھی۔ ابو بردہ نے بیان کیا کہ اسماء رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ مجھ سے اس حدیث کو بار بار سنتے تھے، ابو بردہ نے بیان کیا اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا، جب میرے اشعری احباب رات میں آتے ہیں تو میں ان کی قرآن کی تلاوت کی آواز پہچان جاتا ہوں۔ اگر چہ دن میں، میں نے ان کی اقامت گاہوں کو نہ دیکھا ہو۔ لیکن جب رات میں وہ قرآن پڑھتے ہیں تو ان کی آواز سے میں ان کی اقامت گاہوں کو پہچان لیتا ہوں، میرے انہیں اشعری احباب میں ایک مرد دانا بھی ہے کہ جب کہیں اس کی سواروں سے مڈبھیڑ ہو جاتی ہے، یا آپ نے فرمایا کہ دشمن سے، تو ان سے کہتا ہے کہ میرے دوستوں نے کہا ہے کہ تم تھوڑی دیر کے لئے ان کا انتظار کر لو۔

(۱۳۸۳) حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ سَمِعَ حَفْصَ بْنَ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَدِمْنَا عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ اَنِ افْتَتَحَ خَيْبَرَ فَقَسَمَ لَنَا وَلَمْ يَقْسِمْ لِاَحَدٍ لَمْ يَشْهَدِ الْفَتْحَ غَيْرَنَا

۱۳۸۳۔ مجھ سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے حفص بن غیاث سے سنا، ان سے برید بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ خیبر کی فتح کے بعد ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچے، لیکن آنحضور ﷺ نے (مال غنیمت میں) ہمارا بھی حصہ لگایا، آنحضور ﷺ نے ہمارے سوا کسی بھی ایسے شخص کا حصہ مال غنیمت میں نہیں لگایا جو فتح کے وقت (اسلامی لشکر کے ساتھ) موجود نہ رہا ہو۔

(۱۳۸۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ ثَوْرٌ قَالَ حَدَّثَنِیْ سَالِمٌ مَوْلَى ابْنِ مُطِيْعٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ اِفْتَتَحْنَا خَيْبَرَ وَلَمْ نَغْنَمْ ذَهَبًا وَّلَا فِضَّةً اِنَّمَا غَنِمْنَا الْبَقَرَ وَالْاِبِلَ وَالْمَتَاعَ وَ الْحَوَائِطَ ثُمَّ انْصَرَفْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى وَادِى الْقُرٰى وَمَعَهٗ عَبْدٌ لَّهٗ يُقَالُ لَهٗ مِدْعَمٌ اَهْدَاهُ لَهٗ اَحَدُ بَنِى الضِّبَابِ فَبَيْنَمَا هُوَ يَحُطُّ رَحْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۳۸۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے امام مالک بن انس نے بیان کیا، ان سے ثور نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن مطیع کے مولا سالم نے حدیث بیان کی اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ جب خیبر فتح ہوا تو مال غنیمت میں سونا اور چاندی نہیں ملا تھا، بلکہ گائے، اونٹ سامان اور باغات ملے تھے۔ پھر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ وادی القریٰ کی طرف لوٹے، آنحضور ﷺ کے ساتھ ایک غلام تھے، مدعم نامی، بنو ضباب کے ایک صحابی نے آپ کو ہدیہ میں دیا تھا۔ وہ آنحضور ﷺ کا کجاوہ اتار رہے

وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ ہٗ سَھْمٌ عَائِرٌ حَتّٰی اَصَابَ ذٰلِکَ الْعَبْدَ فَقَالَ النَّاسُ ھَنِیْئًا لَّہُ الشَّھَادَةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَلٰی وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِیْ اَصَابَھَا یَوْمَ خَیْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْھَا الْمُقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَیْہِ نَارًا فَجَآءَ رَجُلٌ حِیْنَ سَمِعَ ذٰلِکَ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِشِرَاکٍ اَوْبِشِرَاکَیْنِ فَقَالَ ھٰذَا شَیْءٌ کُنْتُ اَصَبْتُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شِرَاکٌ اَوْشِرَاکَانِ مِنْ نَارٍ

تھے کہ کسی نامعلوم سمت سے ایک تیر آ کر ان کے لگا۔ لوگوں نے کہا، مبارک ہو، شہادت! لیکن آنحضور نے فرمایا۔ ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، جو چادر اس نے خیبر میں تقسیم سے پہلے مال غنیمت میں سے چرائی تھی، وہ اس پر آگ کا شعلہ بن کر بھڑک رہی ہے۔ یہ سن کر ایک دوسرے صاحب ایک یا دو تسمے لے کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یہ میں نے اٹھا لئے تھے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تسمہ یا دو تسمے آگ سے ہیں۔

(۱۳۸۵) حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ زَیْدٌ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّہٗ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَقُوْلُ اَمَا وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْلَا اَنْ اَتْرُکَ اٰخِرَ النَّاسِ بَبَّانًا لَّیْسَ لَھُمْ شَیْءٌ مَّا فُتِحَتْ عَلَیَّ قَرْیَةٌ اِلَّا قَسَمْتُھَا کَمَا قَسَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْبَرَ وَلٰکِنِّیْ اَتْرُکُھَا خِزَانَةً لَّھُمْ یَقْتَسِمُوْنَھَا

۱۳۸۵۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، کہا کہ مجھے زید نے خبر دی، انہیں ان کے والد نے اور انہوں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا، ہاں، اس ذات کی قسم، جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، اگر اس کا خطرہ نہ ہوتا کہ بعد کی نسلیں بے جائیداد رہ جائیں گی اور ان کے پاس کچھ نہ ہوگا تو جو بھی بستی میرے زمانہ خلافت میں فتح ہوتی، میں اسے اسی طرح تقسیم کر دیتا۔ جس طرح نبی کریم ﷺ نے خیبر کی تقسیم کی تھی، میں ان مفتوحہ اراضی کو بعد میں آنے والے مسلمانوں کے لئے محفوظ چھوڑے جا رہا ہوں تا کہ وہ (اس کی منصفانہ) تقسیم کرتے رہیں۔

(۱۳۸۶) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا ابْنُ مَھْدِیٍّ عَنْ مَّالِکِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ لَوْلَا اٰخِرُ الْمُسْلِمِیْنَ مَافُتِحَتْ عَلَیْھِمْ قَرْیَةٌ اِلَّا قَسَمْتُھَا کَمَا قَسَمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْبَرَ

۱۳۸۶۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن انس نے، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ان کے والد نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اگر بعد میں آنے والے مسلمانوں کا خیال نہ ہوتا تو جو بستی بھی میرے دور میں فتح ہوتی، میں اسے اسی طرح تقسیم کرتا جس طرح نبی کریم ﷺ نے خیبر کی تقسیم کر دی تھی۔

(۱۳۸۷) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّھْرِیَّ وَسَاَلَہٗ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اُمَیَّةَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِیْدٍ اَنَّ اَبَاھُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَہٗ قَالَ لَہٗ بَعْضُ بَنِیْ سَعِیْدِ بْنِ الْعَاصِ لَاتُعْطِہٖ فَقَالَ اَبُوْھُرَیْرَةَ ھٰذَا قَاتِلُ ابْنِ قَوْقَلٍ فَقَالَ وَاعَجَبَاہُ لِوَبْرٍ تَدَلّٰی مِنْ قَدُوْمِ الضَّانِ وَیُذْکَرُ عَنِ الزُّبَیْدِیِّ عَنِ

۱۳۸۷۔ مجھ سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے سنا، اور ان سے اسماعیل بن امیہ نے سوال کیا تھا تو انہوں نے بیان کیا کہ مجھے عنبسہ بن سعید نے خبر دی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے مانگا (خیبر کی غنیمت میں سے) سعید بن عاص کے ایک لڑکے (ابان بن سعید رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ یا رسول اللہ! انہیں نہ دیجئے۔ اس پر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ شخص تو ابن قوقل رضی اللہ

الزُّهرِیِّ قَالَ اَخبَرَنِی عَنبَسَةُ بنُ سَعِیدٍ اَنَّه سَمِعَ اَبَاهُرَیرَةَ یُخبِرُ سَعِیدَ بنَ العَاصِ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَبَانَ عَلٰی سَرِیَّةٍ مِّنَ المَدِینَةِ قِبَلَ نَجدٍ قَالَ اَبُوهُرَیرَةَ فَقَدِمَ اَبَانُ وَاَصحَابُه عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ بِخَیبَرَ بَعدَ مَاافتَتَحَهَا وَاِنَّ حُزُمَ خَیلِهِم لَلِیفٌ قَالَ اَبُوهُرَیرَةَ قُلتُ یَارَسُولَ اللّٰهِ لَاتَقسِم لَهُم قَالَ اَبَانُ وَاَنتَ بِهٰذَا یَاوَبرُتَحَدَّرَ مِن رَّاسِ ضَانٍ فَقَالَ النَّبِیُّ یَااَبَانُ اجلِس فَلَم یَقسِم لَهُم

عنہ کا قاتل ہے۔ ❶ ابان رضی اللہ عنہ اس پر بولے، حیرت ہے اس وبر (بلی سے چھوٹا ایک جانور) پر جو قدوم الضان پہاڑی سے اتر آیا ہے۔ اور زبیدی سے روایت ہے کہ ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عنبسہ بن سعید نے خبر دی، انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ سعید بن عاص رضی اللہ عنہ کو خبر دے رہے تھے کہ ابان رضی اللہ عنہ کو حضور اکرم ﷺ نے کسی سریہ پر مدینہ سے نجد کی طرف بھیجا تھا۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر ابان اور ان کے ساتھی آنحضور ﷺ کی خدمت میں خیبر حاضر ہوئے، خیبر فتح ہو چکا تھا۔ ان لوگوں کے گھوڑوں کے تنگ چھال ہی کے تھے (یعنی انہوں نے مہم میں کوئی کامیابی حاصل نہیں کی تھی) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! غنیمت میں ان کا حصہ نہ لگائیے۔ اس پر ابان رضی اللہ عنہ بولے، اے وبر! تیری حیثیت تو صرف یہ ہے کہ قدوم الضان کی چوٹی سے اتر آیا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، ابان! بیٹھ جاؤ۔ آنحضور نے ان لوگوں کا حصہ نہیں لگایا۔

(۱۳۸۸) حَدَّثَنَا مُوسَی بنُ اِسمَاعِیلَ حَدَّثَنَا عَمرُو بنُ یَحیَی بنِ سَعِیدٍ قَالَ اَخبَرَنِی جَدِّیْ اَنَّ اَبَانَ بنَ سَعِیدٍ اَقبَلَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ عَلَیهِ فَقَالَ اَبُوهُرَیرَةَ یَارَسُولَ اللّٰهِ هٰذَا قَاتِلُ ابنُ قَوقَلٍ وَّقَالَ اَبَانُ لِاَبِی هُرَیرَةَ وَاعَجَبًا لَّکَ وَبرٌ تَدَاْدَاَ مِن قَدُومِ ضَانٍ یَّنعٰی عَلَیَّ امرَاً اَکرَمَهُ اللّٰهُ بِیَدِیْ وَ مَنَعَه اَن یُّهِینَنِی بِیَدِهٖ

۱۳۸۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے میرے دادا نے خبر دی کہ ابان بن سعید رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور سلام کیا۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بولے کہ یارسول اللہ ﷺ! یہ تو ابن قوقل رضی اللہ عنہ کا قاتل ہے۔ اور ابان رضی اللہ عنہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا، حیرت ہے اس وبر پر، جو قدوم الضان سے ابھی اترا ہے اور مجھ پر عیب لگاتا ہے، ایک ایسے شخص پر کہ جس کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں (ابن قوقل رضی اللہ عنہ کو) عزت دی۔ اور ایسا نہیں ہونے دیا کہ ان کے ہاتھ سے مجھے ذلیل کرتا۔ ❷

(۱۳۸۹) حَدَّثَنَا یَحیَی بنُ بُکَیرٍ حَدَّثَنَا اللَّیثُ عَن عُقَیلٍ عَنِ ابنِ شِهَابٍ عَن عُروَةَ عَن عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ رضی اللہ عنہا بِنتَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ

۱۳۸۹۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ نے، ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ کی صاحبزادی

❶ ابن قوقل رضی اللہ عنہ صحابی ہیں، ابان بن سعید رضی اللہ عنہ ابھی اسلام نہیں لائے تھے اور اسی حالت میں انہوں نے ابن قوقل رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا۔

❷ یعنی میں نے ابن قوقل رضی اللہ عنہ کو اگر شہید کیا تو وہ میری جاہلیت کا زمانہ تھا اور بہرحال شہادت ایک مطلوب امر ہے، اللہ کی بارگاہ میں اس سے عزت حاصل ہوتی ہے جو میرے ہاتھوں انہیں حاصل ہوئی۔ دوسری طرف اللہ تعالیٰ کا یہ بھی فضل ہوا کہ کفر کی حالت میں ان کے ہاتھ سے مجھے قتل نہیں کروایا جو میری اخروی ذلت کا باعث بنتا اور اب میں مسلمان ہوں اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہوں۔

وَسَلَّمَ اَرْسَلَتْ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ تَسْاَلُهٗ مِیْرَاثَهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَیْهِ بِالْمَدِیْنَةِ وَفَدَکٍ وَمَا بَقِیَ مِنْ خُمُسِ خَیْبَرَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَانُوْرَثُ مَاتَرَکْنَا صَدَقَةٌ اِنَّمَا یَاکُلُ اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَا الْمَالِ وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ لَااُغَیِّرُ شَیْئًا مِّنْ صَدَقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِیْ کَانَ عَلَیْهَا فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَاَعْمَلَنَّ فِیْهَا بِمَا عَمِلَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَبٰی اَبُوْ بَکْرٍ اَنْ یَّدْفَعَ اِلٰی فَاطِمَةَ مِنْهَا شَیْئًا فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ عَلٰی اَبِیْ بَکْرٍ فِیْ ذٰلِکَ فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ تُکَلِّمْهُ حَتّٰی تُوُفِّیَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ فَلَمَّا تُوُفِّیَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِیٌّ لَیْلًا وَلَمْ یُؤْذِنْ بِهَا اَبَابَکْرٍ وَّصَلّٰی عَلَیْهَا وَکَانَ لِعَلِیٍّ مِّنَ النَّاسِ وَجْهٌ حَیَاةَ فَاطِمَةَ فَلَمَّا تُوُفِّیَتْ اسْتَنْکَرَ عَلِیٌّ وُجُوْهَ النَّاسِ فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ اَبِیْ بَکْرٍ وَّمُبَایَعَتَهٗ وَلَمْ یَکُنْ یُّبَایِعُ تِلْکَ الْاَشْهُرَ فَاَرْسَلَ اِلٰی اَبِیْ بَکْرٍ اَنِ ائْتِنَا وَلَا یَاْتِنَا اَحَدٌ مَّعَکَ کَرَاهِیَةً لِّمَحْضَرِ عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ لَاوَاللّٰهِ لَاتَدْخُلُ عَلَیْهِمْ وَحْدَکَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ وَّمَا عَسَیْتَهُمْ اَنْ یَّفْعَلُوْابِیْ وَاللّٰهِ لَاٰتِیَنَّهُمْ فَدَخَلَ عَلَیْهِمْ اَبُوْبَکْرٍ فَتَشَهَّدَ عَلِیٌّ فَقَالَ اِنَّا قَدْ عَرَفْنَا فَضْلَکَ وَمَا اَعْطَاکَ اللّٰهُ وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَیْکَ خَیْرًا سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَیْکَ وَلٰکِنَّکَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَیْنَا بِالْاَمْرِ وَکُنَّا نَرٰی لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَصِیْبًا حَتّٰی فَاضَتْ عَیْنَا اَبِیْ بَکْرٍ فَلَمَّا تَکَلَّمَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَقَرَابَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ اَصِلَ مِنْ قَرَابَتِیْ وَاَمَّا الَّذِیْ شَجَرَ بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمْ مِّنْ هٰذِهِ الْاَمْوَالِ فَلَمْ اٰلُ

فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے (جب آپ خلیفہ ہوئے) اپنی میراث کا مطالبہ کیا، آنحضور ﷺ کے اس ترکہ سے جو آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے مدینہ اور فدک میں عنایت فرمایا تھا، اور خیبر کا جو خمس باقی رہ گیا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے خود ہی ارشاد فرمایا تھا کہ ہماری میراث نہیں ہوتی، ہم جو کچھ چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے، البتہ آل محمد ﷺ اسی مال سے اپنی ضروریات پوری کرے گی، اور میں، خدا کی قسم، جو صدقہ حضور اکرم ﷺ چھوڑ گئے ہیں اس میں کسی قسم کا تغیر نہیں کروں گا، جس حال میں وہ آنحضور ﷺ کے عہد میں تھا اب بھی اسی طرح رہے گا اور اس میں (اس کی تقسیم وغیرہ میں) میں بھی وہی طرز عمل اختیار کروں گا جو آنحضور ﷺ کا اپنی زندگی میں تھا۔ گویا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس میں سے کچھ بھی دینے سے انکار کر دیا۔ اس پر فاطمہ رضی اللہ عنہا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف سے کبیدہ خاطر ہو گئیں اور ان سے ترک تعلق کر لیا، اور اس کے بعد وفات تک ان سے (اس معاملہ پر) کوئی گفتگو نہیں کی۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ کے بعد چھ مہینے تک زندہ رہیں۔ ان کے شوہر علی رضی اللہ عنہ نے انہیں رات میں دفن کر دیا اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع بھی نہیں دی۔ اور خود ان کی نماز جنازہ پڑھ لی۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا جب تک زندہ رہیں، علی رضی اللہ عنہ کو لوگوں میں بہت عزت اور وجاہت حاصل رہی لیکن ان کی وفات کے بعد انہوں نے محسوس کیا کہ اب وہ بات نہیں رہی اس لئے ان سے مصالحت کرنی چاہی اور بیعت بھی۔ علی رضی اللہ عنہ نے ان چھ مہینوں میں ان سے بیعت نہیں کی تھی۔ چنانچہ انہوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے یہاں کہلوا بھیجا کہ آپ ہمارے یہاں تشریف لائیں، لیکن آپ کے ساتھ کوئی دوسرا نہ ہو۔ اصل میں علی رضی اللہ عنہ اس مجلس میں عمر رضی اللہ عنہ کی موجودگی کو پسند نہیں کرتے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا، ہرگز نہیں، خدا کی قسم، آپ ان کے یہاں تنہا تشریف نہ لے جائیں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ان سے اس کی توقع نہیں رکھتا کہ میرے ساتھ ان کا کوئی برا ارادہ ہوگا، خدا کی قسم، میں ان کے پاس (تنہا ہی) ضرور جاؤں گا۔ آخر آپ علی رضی اللہ عنہ کے یہاں گئے۔ علی رضی اللہ عنہ نے کلمہ شہادت کے بعد فرمایا، ہمیں آپ کے فضل و کمال اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بخشا ہے، سب کا ہمیں اعتراف ہے، جو خیر

فِيهَا عَنِ الْخَيْرِ وَلَمْ اَتْرُكْ اَمْرًا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ فِيهَا اِلَّا صَنَعْتُهُ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِاَبِي بَكْرٍ مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةَ لِلْبَيْعَةِ فَلَمَّا صَلَّى اَبُوبَكْرِ الظُّهْرَ رَقِيَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ وَذَكَرَ شَاْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِي اعْتَذَرَ اِلَيْهِ ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَتَشَهَّدَ عَلِيٌّ فَعَظَّمَ حَقَّ اَبِي بَكْرٍ وَحَدَّثَ اَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِي صَنَعَ نَفَاسَةً عَلَى اَبِي بَكْرٍ وَلَا اِنْكَارًا لِلَّذِي فَضَّلَهُ اللّٰهُ بِهِ وَلٰكِنَّا نَرٰى لَنَا فِي هٰذَا الْاَمْرِ نَصِيبًا فَاسْتَبَدَّ عَلَيْنَا فَوَجَدْنَا فِي اَنْفُسِنَا فَسُرَّ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُونَ وَقَالُوا اَصَبْتَ وَكَانَ الْمُسْلِمُونَ اِلٰى عَلِيٍّ قَرِيبًا حِينَ رَاجَعَ الْاَمْرَ الْمَعْرُوفَ

وامتیاز آپ کو اللہ تعالیٰ نے دیا تھا ہم نے اس میں کوئی ریس بھی نہیں کی، لیکن آپ نے ہمارے ساتھ زیادتی کی (کہ خلافت کے معاملے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں لیا) ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اپنی قرابت کی وجہ سے اپنا حق سمجھتے ہیں (کہ آپ ہم سے مشورہ کرتے۔) ابوبکر رضی اللہ عنہ پر ان باتوں سے گریہ طاری ہو گیا اور جب بات کرنے کے قابل ہوئے تو فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے، رسول اللہ ﷺ کی قرابت کے ساتھ صلہ مجھے اپنی قرابت سے زیادہ عزیز ہے، لیکن میرے اور آپ لوگوں کے درمیان ان اموال کے سلسلے میں جو اختلاف ہوا ہے تو میں اس میں حق اور خیر سے نہیں رہتا ہوں اور اس سلسلے میں جو طرز عمل میں نے حضور اکرم ﷺ کا دیکھا، خود میں نے بھی اسی کو اختیار کیا۔ علی رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ دو پہر کے بعد میں آپ سے بیعت کروں گا۔ چنانچہ ظہر کی نماز سے فارغ ہو کر ابوبکر رضی اللہ عنہ، منبر پر آئے اور کلمہ شہادت کے بعد علی رضی اللہ عنہ کے معاملے کا اور ان کے اب تک بیعت نہ کرنے کا ذکر کیا اور وہ عذر بھی بیان کیا جو علی رضی اللہ عنہ نے پیش کیا تھا۔ پھر علی رضی اللہ عنہ نے استغفار اور شہادت کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کا حق اور ان کی بزرگی بیان کی اور فرمایا کہ جو کچھ انہوں نے کیا ہے اس کا باعث ابوبکر رضی اللہ عنہ سے حسد نہیں تھا اور نہ ان کے اس فضل وکمال کا انکار مقصود تھا جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عنایت فرمایا تھا، یہ بات ضرور تھی کہ ہم اس معاملہ خلافت میں اپنا حق سمجھتے تھے (کہ ہم سے بھی مشورہ کیا جاتا) ہمارے ساتھ یہی زیادتی ہوئی تھی جس سے ہمیں رنج پہنچا۔ مسلمان اس واقعہ پر بہت خوش ہوئے اور کہا کہ آپ نے درست فرمایا۔ جب علی رضی اللہ عنہ نے اس معاملہ میں یہ مناسب طرز عمل اختیار کر لیا تو مسلمان ان سے اور زیادہ قریب ہو گئے (اسی مضمون کی روایت پر اس سے پہلے نوٹ گذر چکا ہے۔)

(۱۳۹۰) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِي عُمَارَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ قُلْنَا الْاٰنَ نَشْبَعُ مِنَ التَّمْرِ

۱۳۹۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے حرمی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عمارہ نے خبر دی، انہیں عکرمہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب خیبر فتح ہوا تو ہم نے کہا کہ اب کھجوروں سے ہمارا جی بھر جائے گا۔

(۱۳۹۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ اَبِيهِ

۱۳۹۱۔ ہم سے حسن نے حدیث بیان کی، ان سے قرہ بن حبیب نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمن بن عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مَاشَبِعْنَا حَتّٰی فَتَحْنَا خَیْبَرَ

کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب تک خیبر فتح نہیں ہوا تھا ہم تنگی ترشی میں بسر کرتے تھے۔

باب۵۰۷. اِسْتِعْمَالِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَهْلِ خَیْبَرَ

۵۰۷۔ نبی کریم ﷺ کا اہل خیبر پر عامل مقرر کرنا۔

(۱۳۹۱) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنِی مَالِکٌ عَنْ عَبْدِالْمَجِیْدِ بْنِ سُهَیْلٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیَّبِ عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ وَاَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا عَلٰی خَیْبَرَ فَجَآءَهٗ بِتَمْرٍ جَنِیْبٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کُلُّ تَمْرِ خَیْبَرَ هٰکَذَا فَقَالَ لَاوَاللّٰهِ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَنَاخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَیْنِ وَالصَّاعَیْنِ بِالثَّلَاثَةِ فَقَالَ لَاتَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِیْبًا وَقَالَ عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَجِیْدِ عَنْ سَعِیْدٍ اَنَّ اَبَاسَعِیْدٍ وَّاَبَاهُرَیْرَةَ حَدَّثَاهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ اَخَا بَنِی عَدِیٍّ مِّنَ الْاَنْصَارِ اِلٰی خَیْبَرَ فَاَمَّرَهٗ عَلَیْهَا وَعَنْ عَبْدِ الْمَجِیْدِ عَنْ اَبِی صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ وَاَبِی سَعِیْدٍ مِّثْلَهٗ

۱۳۹۱۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالمجید بن سہیل نے، ان سے سعید بن مسیب نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک صحابی کو خیبر کا عامل مقرر کیا۔ وہ وہاں سے عمدہ قسم کی کھجوریں لائے تو آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ کیا خیبر کی تمام کھجوریں ایسی ہی ہیں؟ انہوں نے عرض کی نہیں، خدا کی قسم، یارسول اللہ (ﷺ) ہم اس طرح کی ایک صاع کھجور (اس سے خراب) دو۲ صاع یا تین صاع کھجور کے بدلے میں ان سے لے لیتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس طرح نہ کیا کرو، بلکہ (اگر اچھی کھجور لینی ہی ہوتو) ساری کھجور پہلے درہم کے بدلے بیچ ڈالا کرو، پھر ان دراہم سے اچھی کھجور خرید لیا کرو۔ اور عبدالعزیز بن محمد نے بیان کیا، ان سے عبدالمجید نے، ان سے سعید نے اور ان سے ابوسعید اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کے خاندان بنی عدی کے بھائی کو خیبر بھیجا اور انہیں وہاں کا عامل مقرر کیا۔ اور عبدالمجید سے روایت ہے کہ ان سے ابوصالح سمان نے اور ان سے ابوہریرہ اور ابوسعید رضی اللہ عنہما نے اسی طرح روایت کی۔

باب۵۰۸. مُعَامَلَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ خَیْبَرَ

۵۰۸۔ اہل خیبر کے ساتھ نبی کریم ﷺ کا معاملہ۔

(۱۳۹۲) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا جُوَیْرِیَةُ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَعْطَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْبَرَ الْیَهُوْدَ اَنْ یَّعْمَلُوْهَا وَ یَزْرَعُوْهَا وَلَهُمْ شَطْرُ مَایَخْرُجُ مِنْهَا

۱۳۹۲۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے جویریہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے، اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے خیبر (کی زمین و باغات، وہاں کے) یہودیوں کے پاس ہی رہنے دیئے تھے کہ وہ ان میں کام کریں اور بوئیں جوتیں اور انہیں ان کی پیداوار کا نصف ملے گا۔

باب۵۰۹. الشَّاةِ الَّتِیْ سُمَّتْ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِخَیْبَرَ رَوَاهُ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۵۰۹۔ بکری کا گوشت جس میں نبی کریم ﷺ کو خیبر میں زہر دیا گیا تھا۔ اس کی روایت عروہ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے

(۱۳۹۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِي سَعِيدٌ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا فُتِحَتْ خَيْبَرُ أُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ فِيهَا سُمٌّ

۱۳۹۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے سعید نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ خیبر کی فتح کے بعد نبی کریم ﷺ کو (ایک یہودی عورت کی طرف سے) بکری کے گوشت کا ہدیہ پیش کیا گیا جس میں زہر تھا۔

باب ۵۱۰. غَزْوَةِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

۵۱۰۔ غزوہ زید بن حارثہ۔

(۱۳۹۴) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ أَمَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ عَلَى قَوْمٍ فَطَعَنُوا فِي إِمَارَتِهِ فَقَالَ إِنْ تَطْعَنُوا فِي إِمَارَتِهِ فَقَدْ طَعَنْتُمْ فِي إِمَارَةِ أَبِيهِ مِنْ قَبْلِهِ وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ كَانَ خَلِيقًا لِلْإِمَارَةِ وَإِنْ كَانَ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ وَإِنَّ هٰذَا لَمِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ

۱۳۹۴۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ (کبار مہاجرین و انصار کی) (ایک جماعت کا امیر رسول اللہ ﷺ نے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو بنایا ان کی امارت پر بعض لوگوں کو اعتراض ہوا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ آج اس کی امارت پر اعتراض ہے، تمہیں کچھ دن پہلے اس کے باپ کی امارت پر کر چکے ہو۔ حالانکہ خدا گواہ ہے، وہ امارت کے مستحق اور اہل تھے اس کے علاوہ کہ وہ مجھے سب سے زیادہ عزیز بھی تھے۔ جس طرح یہ (اسامہ رضی اللہ عنہ) ان کے بعد مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے۔

باب ۵۱۱. عُمْرَةِ الْقَضَاءِ ذَكَرَهُ أَنَسٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۱۱۔ عمرہ قضاء۔ انس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے اس کا ذکر کیا ہے۔

(۱۳۹۵) حَدَّثَنِي عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوسَى عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذِي الْقَعْدَةِ فَأَبَى أَهْلُ مَكَّةَ أَنْ يَدَعُوهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلَى أَنْ يُقِيمَ بِهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ قَالُوا لَا نُقِرُّ بِهٰذَا لَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَيْئًا وَّ لٰكِنْ أَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ فَقَالَ أَنَا رَسُولُ اللّٰهِ وَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِيٍّ امْحُ رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ عَلِيٌّ لَا وَاللّٰهِ لَا أَمْحُوكَ أَبَدًا فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ فَكَتَبَ

۱۳۹۵۔ مجھ سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ذیقعدہ میں عمرہ کا احرام باندھا (لیکن حدیبیہ تک پہنچے تھے کہ) اہل مکہ آپ ﷺ کے مکہ میں داخل ہونے سے مانع آئے۔ آخر فیصلہ اس پر ہوا کہ (آئندہ سال) مکہ میں تین دن قیام کر سکتے ہیں۔ جب معاہدہ لکھا جانے لگا تو اس کی ابتداء اس طرح ہوئی ''یہ وہ معاہدہ ہے جو محمد رسول اللہ ﷺ نے کیا۔'' قریش کہنے لگے کہ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے، اگر ہم آپ ﷺ کو اللہ کا رسول مانتے تو روکنے کی کوئی وجہ ہی نہ تھی، آپ تو بس محمد بن عبداللہ ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں اللہ کا رسول بھی ہوں اور میں محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ رسول اللہ کا لفظ مٹا دو۔ انہوں نے کہا کہ ہرگز نہیں، خدا کی قسم! میں یہ لفظ کبھی نہیں مٹا سکتا۔ آنحضور ﷺ نے وہ دستاویز اپنے ہاتھ

هٰذَا مَا قَاضٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ لَايُدْخِلُ مَكَّةَ السِّلَاحَ اِلَّا السَّيْفَ فِى الْقِرَابِ وَ اَنْ لَّايَخْرُجَ مِنْ اَهْلِهَا بِاَحَدٍاِنْ اَرَادَاَنْ يَّتْبَعَه' وَاَنْ لَّايَمْنَعَ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَحَدًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا قُلْ لِّصَاحِبِكَ اخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ فَخَرَجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَبِعَتْهُ ابْنَةُ حَمْزَةَ تُنَادِىْ يَا عَمِّ يَاعَمِّ فَتَنَا وَلَهَا عَلِىٌّ فَاَخَذَ بِيَدِهَا وَقَالَ لِفَا طِمَةَ رضى الله عنها دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ حَمَلَتْهَا فَاخْتَصَمَ فِيْهَا عَلِىٌّ وَزَيْدٌ وَّجَعْفَرٌ قَالَ عَلِىٌّ اَنَا اَخَذْتُهَا وَهِىَ بِنْتُ عَمِّىْ وَ قَالَ جَعْفَرٌ اِبْنَةُ عَمِّىْ وَخَالَتُهَا تَحْتِىْ وَقَالَ زَيْدٌ اِبْنَةُ اَخِىْ فَقَضٰى بِهَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَالَتِهَا وَقَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ وَقَالَ لِعَلِىٍّ اَنْتَ مِنِّىْ وَاَنَا مِنْكَ وَقَالَ لِجَعْفَرٍ اَشْبَهْتَ خَلْقِىْ وَخُلُقِىْ وَقَالَ لِزَيْدٍ اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا وَقَالَ عَلِىٌّ اَلَا تَتَزَوَّجُ بِنْتَ حَمْزَةَ قَالَ اِنَّهَا ابْنَةُ اَخِىْ مِنَ الرَّضَاعَةِ

میں لے لی۔ آپ لکھنا نہیں جانتے تھے لیکن آپ ﷺ نے اس کے الفاظ اس طرح کر دیئے ''یہ وہ معاہدہ ہے جو محمد بن عبداللہ نے کیا کہ وہ ہتھیار لے کر مکہ میں نہیں آئیں گے، البتہ ایسی تلوار جو نیام میں ہو ساتھ لا سکتے ہیں، اور یہ کہ اگر اہل مکہ میں سے کوئی ان کے ساتھ جانا چاہے گا تو وہ اسے اپنے ساتھ نہیں لے جائیں گے، لیکن اگر ان کے ساتھیوں میں سے کوئی مکہ میں رہنا چاہے گا تو وہ اسے نہ روکیں گے، پھر جب (آئندہ سال) آنحضور ﷺ (عمرہ قضا کے لئے) مکہ میں داخل ہوئے اور (تین دن کی) مدت پوری ہوگئی تو مکہ والے علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے ساتھی سے کہو کہ اب یہاں سے چلے جائیں، کیونکہ مدت پوری ہوگئی ہے۔ جب آنحضور ﷺ مکہ سے نکلے تو آپ ﷺ کے پیچھے حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی چچا چچا کہتی ہوئی آئیں۔ علی رضی اللہ عنہ نے انہیں لے لیا اور ہاتھ پکڑ کر فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس لائے اور کہا کہ اپنے چچا کی صاحبزادی کو تھامو، میں اسے لیتا آیا ہوں۔ (مدینہ پہنچ کر، ان کی پرورش کے لئے انہیں اپنے ساتھ رکھنے میں) علی، زید اور جعفر رضی اللہ عنہم کا اختلاف ہوا۔ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اسے اپنے ساتھ لایا ہوں اور یہ میرے چچا کی لڑکی ہے۔ جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ میرے چچا کی لڑکی ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہیں۔ زید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ میرے بھائی کی لڑکی ہے۔ لیکن آنحضور ﷺ نے ان کی خالہ کے حق میں فیصلہ فرمایا (جو جعفر رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں) اور فرمایا کہ خالہ، ماں کے درجے میں ہوتی ہے اور علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔ جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم صورت و شکل اور عادات و اخلاق دونوں میں مجھ سے مشابہ ہو۔ اور زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم ہمارے بھائی اور ہمارے مولا ہو۔ علی رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے عرض کی کہ حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کو آپ اپنے نکاح میں لے لیں۔ لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ میرے رضاعی بھائی کی لڑکی ہے (حمزہ رضی اللہ عنہ، آنحضور ﷺ کے رضاعی بھائی اور حقیقی چچا تھے۔)

(۱۳۹۶) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ ح وَحَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ

۱۳۹۶۔ مجھ سے محمد بن رافع نے حدیث بیان کی، ان سے سریج نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی۔ اور مجھ سے محمد بن حسین بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے

عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مُعْتَمِرًا فَحَالَ كُفَّارُ قُرَیْشٍ بَیْنَه، وَبَیْنَ الْبَیْتِ فَنَحَرَ هَدْیَه، وَحَلَقَ رَاْسَه، بِالْحُدَیْبِیَّةِ وَقَاضَاهُمْ عَلٰی اَنْ یَّعْتَمِرَ الْعَامَ الْمُقْبِلَ وَلَا یَحْمِلَ سِلَاحًا عَلَیْهِمْ اِلَّا سُیُوْفًا وَّلَا یُقِیْمُ بِهَا اِلَّا مَااَحَبُّوا فَاعْتَمَرَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فَدَخَلَهَا كَمَا كَانَ صَالَحَهُمْ فَلَمَّا اَنْ قَامَ بِهَا ثَلَاثًا اَمَرُوْهُ اَنْ یَّخْرُجَ فَخَرَجَ

حدیث بیان کی، ان سے فلیح بن سلیمان نے حدیث بیان کی۔ ان سے نافع نے اوران سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ عمرہ کے ارادہ سے نکلے، لیکن کفار قریش نے بیت اللہ پہنچنے سے آپ ﷺ کو روکا۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے اپنا قربانی کا جانور حدیبیہ میں ہی ذبح کر دیا اور وہیں سر بھی منڈوایا۔ اوران سے معاہدہ کیا کہ آنحضور ﷺ آئندہ سال عمرہ کر سکتے ہیں، لیکن (نیام میں) تلواروں کے سوا اور کوئی ہتھیار ساتھ نہیں لا سکتے، اور جتنے دنوں کفار قریش چاہیں گے اس سے زیادہ آپ وہاں ٹھہر نہیں سکتے۔'' اس لئے آنحضور ﷺ نے آئندہ سال عمرہ کیا اور معاہدہ کی شرائط کے مطابق مکہ میں داخل ہوئے، تین دن آپ ﷺ وہاں مقیم رہے، پھر قریش نے آپ ﷺ سے جانے کے لئے کہا اور آپ ﷺ مکہ سے چلے آئے۔

(۱۳۹۷) حَدَّثَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ الْمَسْجِدَ فَاِذَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا جَالِسٌ اِلٰی حُجْرَةِ عَآئِشَةَ ثُمَّ قَالَ كَم اعْتَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعًا اِحْدٰهُنَّ فِیْ رَجَبَ ثُمَّ سَمِعْنَا اسْتِنَانَ عَآئِشَةَ قَالَ عُرْوَةُ یَااُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلَا تَسْمَعِیْنَ مَایَقُوْلُ اَبُوْعَبْدِالرَّحْمٰنِ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ فَقَالَتْ مَااعْتَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عُمْرَةً اِلَّا وَهُوَ شَاهِدُه، وَمَا اعْتَمَرَ فِیْ رَجَبٍ قَطُّ

۱۳۹۷۔ مجھ سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے مجاہد نے بیان کیا کہ میں اور عروہ بن زبیر مسجد نبوی ﷺ میں داخل ہوئے تو ابن عمر رضی اللہ عنہما، عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے قریب بیٹھے ہوئے تھے۔ عروہ نے سوال کیا کہ نبی کریم ﷺ نے کتنے عمرے کئے تھے؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ چار، اور ایک ان میں سے رجب میں کیا تھا۔ پھر ہم نے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے (اپنے حجرہ میں) مسواک کرنے کی آہٹ سنی تو عروہ نے ان سے پوچھا، ام المؤمنین! آپ نے سنا نہیں، ابوعبدالرحمن (ابن عمر رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے چار عمرے کئے تھے؟ ام المؤمنینؓ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے جب بھی عمرہ کیا تو وہ آپ کے ساتھ ساتھ تھے، لیکن آپ ﷺ نے رجب میں کبھی عمرہ نہیں کیا۔

(۱۳۹۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ سَمِعَ ابْنَ اَبِیْ اَوْفٰی یَقُوْلُ لَمَّا اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَتَرْنَاهُ مِنْ غِلْمَانِ الْمُشْرِكِیْنَ وَمِنْهُمْ اَنْ یُّؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

۱۳۹۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے، انہوں نے ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے عمرہ (قضا) کیا تو ہم آنحضور ﷺ کی مشرکین کے چھوکروں اور مشرکین سے حفاظت کرتے رہتے تھے کہ مبادہ وہ آپ ﷺ کو کوئی تکلیف پہنچانے کی کوشش نہ کریں۔

(۱۳۹۹) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَا بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ

۱۳۹۹۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے، جو زید کے صاحبزادے ہیں، حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان

عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُه' فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ اِنَّه' يَقْدَمُ عَلَيْكُمْ وَفْدٌ وَّهَنَتْهُمْ حُمّٰی يَثْرِبَ وَاَمَرَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْمُلُوا الْاَشْوَاطَ الثَّلَاثَةَ وَاَنْ يَّمْشُوْا مَا بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ وَلَمْ يَمْنَعْهُ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ اَنْ يَّرْمُلُوا الْاَشْوَاطَ كُلَّهَا اِلَّا الْاِبْقَاءُ عَلَيْهِمْ وَزَادَ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَامِهِ الَّذِیْ اسْتَاْمَنَ قَالَ ارْمُلُوْا لِيَرَی الْمُشْرِكُوْنَ قُوَّتَهُمْ وَالْمُشْرِكُوْنَ قِبَلَ قُعَيْقِعَانَ

سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ صحابہ کے ساتھ (عمرہ قضاء کے لئے مکہ) تشریف لائے تو مشرکین مکہ نے کہا کہ تمہارے یہاں وہ لوگ آ رہے ہیں جنہیں یثرب (مدینہ) کے بخار نے لاغر و کمزور کر رکھا ہے۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے حکم دیا کہ طواف کے تین چکروں میں اکڑ کر چلا جائے (تاکہ مشرکین کو مسلمانوں کی قوت کا اندازہ ہو سکتے) اور دونوں رکن یمانی کے درمیان حسب معمول چلیں۔ تمام چکروں میں اکڑ کر چلنے کا حکم آپ نے اس لئے نہیں دیا کہ کہیں یہ پر مشقت اور دشوار نہ ہو جائے۔ اور ابن سلمہ نے ایوب کے واسطہ سے اضافہ کیا ہے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب آنحضور ﷺ اس سال عمرہ کرنے آئے جس سال مشرکین نے آپ کو امن دیا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اکڑ کر چلو، تاکہ مشرکین تمہاری قوت و طاقت کا مظاہرہ دیکھیں۔ مشرکین جبل قعیقعان کی طرف سے (دیکھ رہے تھے)۔

(۱۴۰۰) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اِنَّمَا سَعَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِیَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَه'

۱۴۰۰۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان بن عیینہ نے ان سے عمرو نے، ان سے عطاء نے، اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے بیت اللہ کے طواف میں رمل اور صفا و مروہ کے درمیان سعی، مشرکین کے سامنے اپنی قوت و طاقت کے مظاہرے کے لئے کی تھی۔

(۱۴۰۱) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ تَزَوَّجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ وَّبَنٰی بِهَا وَهُوَ حَلَالٌ وَّمَاتَتْ بِسَرِفَ وَزَادَ ابْنُ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِیْ ابْنُ اَبِیْ نَجِيْحٍ وَّ اَبَانُ ابْنُ صَالِحٍ عَنْ عَطَاءٍ وَّمُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ تَزَوَّجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُوْنَةَ فِیْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ

۱۴۰۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ نے ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو آپ ﷺ محرم تھے، اور جب آپؐ سے خلوت کی تو احرام کھول چکے تھے۔ میمونہ رضی اللہ عنہا کا انتقال بھی اسی مقام سرف میں ہوا (جہاں آنحضور ﷺ نے سب سے پہلے ان کے ساتھ خلوت کی تھی۔) اور ابن اسحاق نے اپنی روایت میں اضافہ کیا ہے، ان سے ابن ابی نجیح اور ابان بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء اور مجاہد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے میمونہ رضی اللہ عنہا سے عمرہ قضا میں نکاح کیا تھا۔

باب ۵۱۲. غَزْوَةِ مُوْتَةَ مِنْ اَرْضِ الشَّامِ

۵۱۲۔ غزوۂ موتہ، سرزمین شام میں۔

(۱۴۰۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ اَبِیْ هِلَالٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِیْ نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ وَقَفَ عَلٰی جَعْفَرٍ یَوْمَئِذٍ وَّهُوَ قَتِیْلٌ فَعَدَدْتُ بِهٖ خَمْسِیْنَ بَیْنَ طَعْنَةٍ وَضَرْبَةٍ لَیْسَ مِنْهَا شَیْءٌ فِیْ دُبُرِهٖ یَعْنِیْ فِیْ ظَهْرِهٖ

۱۴۰۲۔ ہم سے احمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابو ہلال نے بیان کیا اور انہیں نافع نے خبر دی اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اس دن (غزوۂ موتہ میں) جعفر رضی اللہ عنہ کی لاش پر کھڑے ہو کر میں نے شمار کیا تو تیروں اور تلواروں کے پچاس زخم ان کے جسم پر تھے، لیکن پیچھے یعنی پشت پر ایک زخم بھی نہیں تھا (یعنی آخری وقت تک آپؓ نے پشت نہیں پھیری۔)

(۱۴۰۳) اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا مُغِیْرَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللّٰه عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ مُوْتَةَ زَیْدَ بْنَ حَارِثَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ قُتِلَ زَیْدٌ فَجَعْفَرٌ وَاِنْ قُتِلَ جَعْفَرٌ فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ كُنْتُ فِیْهِمْ فِیْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ فَالْتَمَسْنَا جَعْفَرَ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ فَوَجَدْنَاهُ فِی الْقَتْلٰی وَوَجَدْنَا مَافِیْ جَسَدِهٖ بِضْعًا وَّتِسْعِیْنَ مِنْ طَعْنَةٍ وَّرَمْیَةٍ

۱۴۰۳۔ ہمیں احمد بن ابی بکر نے خبر دی، ان سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن سعد نے، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ موتہ کے لشکر کا امیر زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو بنایا تھا، آنحضور ﷺ نے یہ بھی فرما دیا تھا کہ اگر زیدؓ شہید ہو جائیں تو جعفرؓ امیر ہوں گے اور اگر جعفرؓ بھی شہید ہو جائیں تو عبداللہ بن رواحہؓ امیر ہوں گے۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس غزوہ میں، میں بھی شریک تھا۔ بعد میں جب ہم نے جعفر رضی اللہ عنہ کو تلاش کیا تو ان کی لاش ہمیں مقتولین میں ملی اور ان کے جسم پر تقریباً نوے (۹۰) زخم نیزوں اور تیروں کے تھے۔ فرضی اللہ عنہم وارضاھم اجمعین۔

(۱۴۰۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ وَاقِدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَعٰی زَیْدًا وَّجَعْفَرًا وَّابْنَ رَوَاحَةَ لِلنَّاسِ قَبْلَ اَنْ یَّاْتِیَهُمْ خَبَرُهُمْ فَقَالَ اَخَذَ الرَّایَةَ زَیْدٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخَذَ جَعْفَرٌ فَاُصِیْبَ ثُمَّ اَخَذَ ابْنُ رَوَاحَةَ فَاُصِیْبَ وَعَیْنَاهُ تَذْرِفَانِ حَتّٰی اَخَذَ الرَّایَةَ سَیْفٌ مِّنْ سُیُوْفِ اللّٰهِ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ

۱۴۰۴۔ ہم سے احمد بن واقد نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے حمید بن ہلال نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے زید، جعفر اور ابن رواحہ رضی اللہ عنہم کی شہادت کی خبر اس وقت صحابہ کو دے دی تھی، جب ابھی ان کے متعلق کوئی اطلاع نہیں آئی تھی۔ آپؐ فرماتے جا رہے تھے کہ اب زید علم لئے ہوئے ہیں، اب وہ شہید کر دیئے گئے، اب جعفرؓ نے علم اٹھا لیا، وہ بھی شہید کر دیئے گئے، اب ابن رواحہؓ نے علم اٹھا لیا وہ بھی شہید کر دیئے گئے۔ آنحضور ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ آخر اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (خالد بن ولید رضی اللہ عنہ) نے علم اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور اللہ نے ان ہی کے ہاتھ پر فتح عنایت فرمائی۔ ❶

۱۴۰۵ حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ یَحْیَى بْنَ سَعِیْدٍ قَالَ اَخْبَرَتْنِیْ عَمْرَةُ قَالَتْ

۱۴۰۵۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے یحییٰ بن سعید سے سنا، کہا کہ مجھے عمرہ

❶ آنحضور ﷺ اس غزوہ میں شریک نہیں تھے اور یہ سب اطلاعات مدینہ میں بیٹھ کر صحابہ کو دے رہے تھے۔

سَمِعْتُ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُوْلُ لَمَّا جَآءَ قَتْلُ ابْنِ حَارِثَةَ وَجَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَّعَبْدِاللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ جَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَفُ فِيْهِ الْحُزْنُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَاَنَا اَطَّلِعُ مِنْ صَائِرِ الْبَابِ تَعْنِيْ مِنْ شَقِّ الْبَابِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ نِسَآءَ جَعْفَرٍ قَالَ وَذَكَرَ بُكَآءَ هُنَّ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّنْهَاهُنَّ قَالَ فَذَهَبَ الرَّجُلُ ثُمَّ اَتٰى فَقَالَ قَدْ نَهَيْتُهُنَّ وَذَكَرَ اَنَّهٗ لَمْ يُطِعْنَهٗ قَالَ فَاَمَرَ اَيْضًا فَذَهَبَ ثُمَّ اَتٰى فَقَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ غَلَبْنَنَا فَزَعَمَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاحْثُ فِيْ اَفْوَاهِهِنَّ مِنَ التُّرَابِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقُلْتُ اَرْغَمَ اللّٰهُ اَنْفَكَ فَوَاللّٰهِ مَا اَنْتَ تَفْعَلُ وَمَا تَرَكْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَنَاءِ

نے خبر دی، کہا کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابن حارثہ، جعفر بن ابی طالب اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم کی شہادت کی اطلاع آئی تھی، آنحضور ﷺ بیٹھے ہوئے تھے اور آپ ﷺ کے چہرے سے غم والم صاف ظاہر تھا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں دروازے کی دراڑ سے جھانک کر دیکھ رہی تھی۔ اتنے میں ایک صاحب نے آکر عرض کی، یا رسول اللہ (ﷺ) جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر کی عورتیں۔ بیان کیا کہ انہوں نے ان کے نوحہ وبکا کا ذکر کیا۔ آنحضور ﷺ نے حکم دیا کہ انہیں روک دو، بیان کیا کہ وہ صاحب چلے گئے اور پھر واپس آکر کہا کہ میں نے انہیں روکا اور یہ بھی کہہ دیا۔ لیکن انہوں نے میری بات نہیں مانی۔ بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے پھر منع کرنے کے لئے فرمایا۔ وہ صاحب پھر جا کر واپس آئے اور کہا، بخدا، وہ تو ہم پر غالب آگئی ہیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ پھر ان کے منہ میں مٹی جھونک دو۔ ام المومنینؓ نے بیان کیا، میں نے اپنے دل میں کہا، اللہ تیری ناک غبار آلود کردے، یہ تو تم کرنے سے رہے، البتہ رسول اللہ ﷺ کو پریشان کر کے ہی چھوڑا۔

(۱۴۰۵) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا حَيَّا ابْنَ جَعْفَرٍ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ

۱۴۰۵۔ مجھ سے محمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عامر نے بیان کیا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ جب جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر سلام بھیجتے تو کہتے، السلام علیک یا ابن ذی الجناحین

(۱۴۰۶) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ يَقُوْلُ لَقَدِ انْقَطَعَتْ فِيْ يَدِيْ يَوْمَ مُؤْتَةَ تِسْعَةُ اَسْيَافٍ فَمَا بَقِيَ فِيْ يَدِيْ اِلَّا صَفِيْحَةٌ يَمَانِيَةٌ

۱۴۰۶۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس بن ابی حازم نے بیان کیا کہ میں نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ غزوۂ موتہ میں میرے ہاتھ سے نو ۹ تلواریں ٹوٹی تھیں، صرف ایک یمن کی بنی ہوئی چوڑے پھل کی تلوار باقی رہ گئی تھی۔

(۱۴۰۷) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اِسْمَاعِيْلَ قَالَ حَدَّثَنِيْ قَيْسٌ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ يَقُوْلُ لَقَدْ دُقَّ فِيْ يَدِيْ يَوْمَ مُؤْتَةَ تِسْعَةُ اَسْيَافٍ وَّصَبَرَتْ فِيْ يَدِيْ صَفِيْحَةٌ لِّيْ يَمَانِيَةٌ

۱۴۰۷۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے بیان کیا، ان سے قیس نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ غزوۂ موتہ میں میرے ہاتھ سے نو تلواریں ٹوٹی تھیں۔ صرف ایک یمن کی بنی ہوئی چوڑے پھل کی تلوار میرے ہاتھ میں باقی رہ گئی تھی۔

(۱۴۰۸) حَدَّثَنِیْ عِمْرَانُ بْنُ مَیْسَرَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَیْلٍ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اُغْمِیَ عَلٰی عَبْدِاللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ فَجَعَلَتْ اُخْتُه' عَمْرَةُ تَبْکِیْ وَاجَبَلَاهُ وَاکَذَا وَاکَذَا تُعَدِّدُ عَلَیْهِ فَقَالَ حِیْنَ اَفَاقَ مَا قُلْتِ شَیْئًا اِلَّا قِیْلَ لِیْ اَنْتَ کَذٰلِکَ

۱۴۰۸۔ مجھ سے عمران بن میسرہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فضیل نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے عامر نے اور ان سے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما نے کہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ پر (ایک مرتبہ کسی مرض میں) بے ہوشی طاری ہوئی تو ان کی بہن عمرہ رضی اللہ عنہا (یہ سمجھ کر کہ کوئی حادثہ پیش آ گیا) ان کا نوحہ و ماتم کرنے لگیں۔ واجبلا، واکذا، واکذا، ان کے محاسن اس طرح ایک ایک کر کے گنانے لگیں، لیکن جب عبداللہ رضی اللہ عنہ کو افاقہ ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ تم جب میری کسی خوبی کا بیان کرتی تھیں تو مجھ سے پوچھا جاتا تھا کہ کیا تم واقعی ایسے ہی تھے۔ ❶

(۱۴۰۹) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ حُصَیْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ قَالَ اُغْمِیَ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ بِهٰذَا فَلَمَّا مَاتَ لَمْ تَبْکِ عَلَیْهِ

۱۴۰۹۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبثر نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے شعبی نے اور ان سے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ پر بے ہوشی کی کیفیت طاری ہوگئی تھی، اوپر کی حدیث کی طرح (تفصیلات بیان کیں) چنانچہ جب (غزوۂ موتہ میں) آپؓ شہید ہوئے تو آپ کی بہن آپ پر نہیں روئیں (کیونکہ آپ نے اس مرض میں انہیں منع کر دیا تھا۔)

باب ۵۱۳. بَعْثِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ اِلَی الْحُرُقَاتِ مِنْ جُهَیْنَةَ

۵۱۳۔ نبی کریم ﷺ کا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو قبیلہ جہینہ کی شاخ حرقات کے خلاف مہم پر بھیجنا۔

(۱۴۱۰) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ اَخْبَرَنَا حُصَیْنٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْ ظَبْیَانَ قَالَ سَمِعْتُ اُسَامَةَ بْنَ زَیْدٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا یَقُوْلُ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی الْحُرَقَةِ فَصَبَّحْنَا الْقَوْمَ فَهَزَمْنَاهُمْ وَلَحِقْتُ اَنَا وَرَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ رَجُلًا مِنْهُمْ فَلَمَّا غَشِیْنَاهُ قَالَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَکَفَّ الْاَنْصَارُ فَطَعَنْتُه' بِرُمْحِیْ حَتّٰی قَتَلْتُه' فَلَمَّا قَدِمْنَا بَلَغَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَآاُسَامَةُ اَقَتَلْتَه' بَعْدَ مَاقَالَ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ قُلْتُ کَانَ مُتَعَوِّذًا فَمَازَالَ یُکَرِّرُهَا حَتّٰی تَمَنَّیْتُ اَنِّیْ لَمْ اَکُنْ اَسْلَمْتُ قَبْلَ ذٰلِکَ الْیَوْمِ

۱۴۱۰۔ مجھ سے عمرو بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، انہیں حصین نے خبر دی، انہیں ابوظبیان نے خبر دی، کہا کہ میں نے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے قبیلہ حرقہ کی طرف بھیجا۔ ہم نے صبح کے وقت ان پر حملہ کیا اور انہیں شکست دے دی۔ پھر میں نے اور ایک اور انصاری صحابی نے اس قبیلہ کے ایک شخص کو دیکھا، جب ہم نے اس پر قابو پالیا تو اس نے کہا، لا الٰہ الا اللہ۔ انصاری تو فوراً ہی رک گئے، لیکن میں نے اسے اپنے نیزے سے قتل کر دیا۔ جب ہم واپس ہوئے تو حضور اکرم ﷺ کو اس کی بھی اطلاع ہوئی، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، اسامہ! کیا اس کے لا الٰہ الا اللہ کہنے کے باوجود تم نے اسے قتل کر دیا تھا؟ میں نے عرض کی کہ وہ قتل سے بچنا چاہتا تھا

---

❶ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ پر بے ہوشی اور جان کنی کی سی کیفیت طاری ہوگئی تھی۔ ان کے گھر والوں نے سمجھا کہ کوئی حادثہ پیش آ گیا اور ان کی بہن رونے لگیں تو ایک فرشتہ نے ان سے یہ سوال کیا تھا۔ گویا ان کی کیفیت اس حال کو پہنچ چکی تھی کہ عالم غیب کی بعض چیزیں نظر آنے لگی تھیں۔

(ورنہ دل کے ایمان سے اس وقت بھی خالی تھا) آنحضور ﷺ نے میرے سامنے یہ سوال اتنی مرتبہ دہرایا (کہ کیا تم نے اس کے لا الہ الا اللہ کہنے کے باوجود اسے قتل کر دیا تھا) کہ میرے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ کاش میں آج سے اسلام نہ لاتا۔ ❶

(۱۴۱۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ يَقُوْلُ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ وَخَرَجْتُ فِيْمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبُعُوْثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ مَّرَّةً عَلَيْنَا اَبُوْبَكْرٍ وَّمَرَّةً عَلَيْنَا اُسَامَةُ وَقَالَ عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ يَقُوْلُ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ وَّخَرَجْتُ فِيْمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبَعْثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ مَرَّةً عَلَيْنَا اَبُوْبَكْرٍ وَّمَرَّةً اُسَامَةُ

۱۴۱۱۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے بیان کیا اور انہوں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ میں نبی کریم ﷺ کے سات غزووں میں شریک رہا ہوں اور نو ایسی مہموں میں شریک ہوا ہوں جو آپ نے روانہ کی تھیں۔ کبھی ہم پر ابوبکر رضی اللہ عنہ امیر ہوئے اور کسی مہم کے امیر اسامہ رضی اللہ عنہ ہوئے۔ اور عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے بیان کیا اور انہوں نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ سات غزووں میں شریک رہا ہوں اور نو ایسی مہموں پر گیا ہوں جنہیں حضور اکرم ﷺ نے بھیجا تھا، کبھی ہمارے امیر ابوبکر رضی اللہ عنہ ہوئے اور کبھی اسامہ رضی اللہ عنہ۔

(۱۴۱۲) حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ وَّ غَزَوْتُ مَعَ ابْنِ حَارِثَةَ اسْتَعْمَلَهٗ عَلَيْنَا

۱۴۱۲۔ ہم سے ابوعاصم الضحاک بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید نے حدیث بیان کی، ان سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ سات غزووں میں شریک رہا ہوں اور میں نے ابن حارثہ (یعنی اسامہ رضی اللہ عنہ) کے ساتھ بھی غزوہ کیا ہے، آنحضور ﷺ نے انہیں ہم پر امیر بنایا تھا۔

(۱۴۱۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ ابْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ فَذَكَرَ خَيْبَرَ وَالْحُدَيْبِيَّةَ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ وَيَوْمَ الْقَرَدِ قَالَ يَزِيْدُ وَنَسِيْتُ بَقِيَّتَهُمْ

۱۴۱۳۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن مسعدہ نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی عبید نے اور ان سے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ سات غزوے کئے، اس ضمن میں آپ نے غزوۂ خیبر، حدیبیہ، غزوۂ حنین اور غزوۂ ذات القرد کا ذکر کیا۔ یزید نے بیان کیا کہ باقی غزووں کے

❶ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ واقعی اس سے پہلے کی زندگی میں کفر کو پسند کرتے تھے، بلکہ صرف واقعہ پر انتہائی حسرت و افسوس کا اظہار مقصود تھا۔ یعنی غلطی اتنی عظیم تھی کہ ان کے دل میں تمنا پیدا ہوئی کہ کاش میں آج سے پہلے مسلمان نہ ہوتا اور مجھ سے یہ غلطی سرزد نہ ہوتی ہوا اور آج جب اسلام لاتا تو میرے سارے پچھلے گناہ دھل چکے ہوتے، کیونکہ اسلام کفر کی زندگی کے تمام گناہوں کو دھلا دیتا ہے۔ بہرحال اس جملہ سے صرف اظہار حسرت و افسوس مقصود تھا، اور اس طرح کے جملے ایسے مواقع پر استعمال کرنے کا عام دستور ہے۔

نام مجھے یاد نہیں رہے۔

باب ۵۱۴. غَزْوَةِ الْفَتْحِ وَمَا بَعَثَ حَاطِبُ بْنُ اَبِیْ بَلْتَعَةَ اِلٰی اَهْلِ مَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِغَزْوِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۱۴۔ غزوۂ فتح مکہ۔ اور جو خط حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ اہل مکہ کو نبی کریم ﷺ کے ارادہ سے مطلع کرنے کے لئے بھیج رہے تھے۔

(۱۴۱۴) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِیْ رَافِعٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ فَقَالَ انْطَلِقُوْا حَتّٰى تَاْتُوا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَّعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا قَالَ فَانْطَلَقْنَا تَعَادٰى بِنَاخَيْلُنَا حَتّٰى اَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ قُلْنَا لَهَا اَخْرِجِیْ الْكِتَابَ قَالَتْ مَامَعِیْ كِتَابٌ فَقُلْنَا لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ اَوْلَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ قَالَ فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَاَتَيْنَا بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا فِيْهِ مِنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِیْ بَلْتَعَةَ اِلٰی نَاسٍ بِمَكَّةَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاحَاطِبُ مَاهٰذَا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَاتَعْجَلْ عَلَیَّ اِنِّیْ كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِیْ قُرَيْشٍ يَقُوْلُ كُنْتُ حَلِيْفًا وَلَمْ اَكُنْ مِنْ اَنْفُسِهَا وَكَانَ مَنْ مَّعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مَنْ لَّهُمْ قَرَابَاتٌ يَّحْمُوْنَ اَهْلِيْهِمْ وَاَمْوَالَهُمْ فَاَحْبَبْتُ اِذْ فَاتَنِیْ ذٰلِكَ مِنَ النَّسَبِ فِيْهِمْ اَنْ اَتَّخِذَ عِنْدَهُمْ يَدًا يَّحْمُوْنَ قَرَابَتِیْ وَلَمْ اَفْعَلْهُ ارْتِدَادًا عَنْ دِيْنِیْ وَلَارِضًا بِالْكُفْرِ بَعْدَ الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا اِنَّهٗ قَدْ صَدَقَكُمْ فَقَالَ عُمَرُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ دَعْنِیْ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَّمَايُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلٰی مَنْ شَهِدَ بَدْرًا قَالَ اعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ

۱۴۱۴۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو بن دینار نے بیان کیا، انہیں حسن بن محمد نے خبر دی اور انہوں نے عبید اللہ بن رافع سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے علی رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ مجھے زبیر اور مقداد (رضوان اللہ علیہم) کو رسول اللہ ﷺ نے روانہ کیا اور ہدایت کی کہ (مکہ کے راستے پر) چلے جاؤ، مقام روضہ خاخ پر پہنچو گے تو وہاں تمہیں ہودج میں ایک عورت ملے گی، وہ ایک خط لئے ہوئے ہوگی، تم خط اس سے لے لینا۔ انہوں نے بیان کیا کہ ہم روانہ ہوئے، ہمارے گھوڑے ہمیں تیزی کے ساتھ لئے جا رہے تھے۔ جب ہم روضہ خاخ پر پہنچے تو واقعی وہاں ہمیں ایک عورت ہودج میں ملی۔ ہم نے اس سے کہا کہ خط نکالو۔ کہنے لگی کہ میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ لیکن ہم نے جب اس سے یہ کہا کہ اگر تم نے خود سے خط نکال کر ہمیں نہیں دیا تو ہم تمہارا کپڑا اتار کر (تلاشی لیں گے) تب اس نے اپنی چوٹی میں سے وہ خط نکالا۔ ہم وہ خط لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ (یہاں جب خط پڑھا گیا) تو اس میں یہ لکھا تھا کہ حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مشرکین مکہ کے کچھ لوگوں کے نام، اس میں انہوں نے مشرکین کو حضور اکرم ﷺ کے بعض راز کی اطلاع دی تھی۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، حاطب! یہ کیا چیز ہے؟ انہوں نے عرض کی، یا رسول اللہ (ﷺ) میرے بارے میں فیصلہ کرنے میں آپ عجلت نہ فرمائیں (مکہ کی زندگی میں) میں قریش کے ساتھ رہتا تھا، انہوں نے کہا کہ میں صرف ان کا حلیف تھا۔ ان سے میری کوئی قرابت نہیں تھی، لیکن جو دوسرے مہاجرین آپ کے ساتھ ہیں، ان سب کی قریش کے ساتھ قرابت ہے، اس لئے ان کے عزیز و اقرباء (مکہ کے) وہاں ان کی اولاد اور ان کے اموال کی حفاظت کرتے، لیکن چونکہ میرا ان سے کوئی نسبی تعلق نہیں تھا، اس لئے میں نے چاہا کہ ان پر ایک احسان کردوں اور وہ اس کے بدلہ میں (مکہ میں موجود) میرے رشتہ داروں کی حفاظت کریں، میں نے یہ کام اپنے دین سے پھر

السُّوْرَةَ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّىْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ اِلٰى قَوْلِهٖ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ

کر نہیں کیا ہے اور نہ اسلام لانے کے بعد میرے دل میں کفر کی حمایت کا کوئی جذبہ ہے۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ واقعی انہوں نے تمہارے سامنے سچی بات کہہ دی ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ غزوۂ بدر میں شریک رہے ہیں، اور تمہیں کیا معلوم۔ اللہ تعالیٰ جو غزوۂ بدر میں شریک ہونے والوں کے اعمال پر واقف ہے (کہ آئندہ وہ کیا کریں گے) اس نے ان کے متعلق خود فرمایا ہے کہ "جو چاہو کرو، میں نے تمہارے گناہ معاف کر دیئے۔" اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی اے وہ لوگو جو ایمان لا چکے ہو، میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ کہ ان سے تم اپنی محبت کا اظہار کرتے ہو' ارشاد "فقد ضل سواء السبیل" تک۔

باب ۵۱۵. غَزْوَةِ الْفَتْحِ فِىْ رَمَضَانَ

۵۱۵۔ غزوۂ فتح مکہ رمضان میں ہوا تھا۔

(۱۴۱۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا غَزْوَةَ الْفَتْحِ فِىْ رَمَضَانَ قَالَ وَسَمِعْتُ ابْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ مِثْلَ ذٰلِكَ وَعَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ صَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا بَلَغَ الْكَدِيْدَ الْمَآءَ الَّذِىْ بَيْنَ قُدَيْدٍ وَّعُسْفَانَ اَفْطَرَ فَلَمْ يَزَلْ مُفْطِرًا حَتّٰى انْسَلَخَ الشَّهْرُ

۱۴۱۵۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہا کہ مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ نے غزوۂ فتح مکہ رمضان میں کیا تھا۔ (زہری نے) بیان کیا، کہ میں نے ابن مسیب سے سنا، وہ بھی اسی طرح بیان کرتے تھے۔ اور عبیداللہ سے روایت ہے، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ (غزوۂ فتح کے لئے جاتے ہوئے) رسول اللہ ﷺ روزے سے تھے، لیکن جب آپ مقام کدید پر پہنچے، جو قدید اور عسفان کے درمیان ایک چشمہ ہے، تو آپ ﷺ نے روزہ توڑ دیا۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے روزہ نہیں رکھا، یہاں تک کہ رمضان کا مہینہ ختم ہو گیا۔ ❶

(۱۴۱۶) حَدَّثَنِىْ مَحْمُوْدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ قَالَ اَخْبَرَنِى الزُّهْرِىُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِىْ رَمَضَانَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ وَمَعَهٗ عَشَرَةُ الْاٰفِ وَّذٰلِكَ عَلٰى رَاْسِ

۱۴۱۶۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، کہا کہ مجھے زہری نے خبر دی، انہیں عبیداللہ بن عبداللہ نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ (فتح مکہ کے لئے) (مدینہ سے روانہ ہوئے، آپ ﷺ کے ساتھ دس ہزار کا لشکر تھا۔ یہ واقعہ ۸ ہجری کے نصف سال گذر جانے کے بعد کا ہے۔ چنانچہ

❶ کیونکہ مسافر تھے اور جہاد مقصد تھا۔ روزہ سے انسان قدرتاً کمزور ہو جاتا ہے، جو خاص طور سے جہاد کے وقت نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے یہی وجہ تھی کہ آنحضور ﷺ نے خود بھی روزے نہیں رکھے اور نہ ہی صحابہؓ نے۔

ثَمَانِ سِنِيْنَ وَنِصْفٍ مِنْ مَقْدَمِهِ الْمَدِيْنَةَ فَسَارَ هُوَ وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلٰى مَكَّةَ يَصُوْمُ وَيَصُوْمُوْنَ حَتّٰى بَلَغَ الْكَدِيْدَ وَهُوَ مَآءٌ بَيْنَ عُسْفَانَ وَقُدَيْدٍ اَفْطَرَ وَاَفْطَرُوْا قَالَ الزُّهْرِيُّ وَاِنَّمَا يُؤْخَذُ مِنْ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاٰخِرُ فَالْاٰخِرُ

آنحضورﷺ اور آپﷺ کے ساتھ جو مسلمان تھے، مکہ کے لئے روانہ ہوئے۔ آنحضورﷺ بھی روزے سے تھے اور تمام مسلمان بھی! لیکن جب آپ مقام کدید پر پہنچے، جو قدید اور عسفان کے درمیان ایک چشمہ ہے تو آپﷺ نے روزہ توڑ دیا اور آپﷺ کے ساتھ مسلمانوں نے بھی روزہ توڑ دیا۔ زہری نے فرمایا کہ آنحضورﷺ کے سب سے آخری عمل پر ہی مسئلہ کی بنیاد رکھی جائے گی۔

(۱۴۱۷) حَدَّثَنِيْ عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ اِلٰى حُنَيْنٍ وَّالنَّاسُ مُخْتَلِفُوْنَ فَصَآئِمٌ وَّمُفْطِرٌ فَلَمَّا اسْتَوٰى عَلٰى رَاحِلَتِهٖ دَعَا بِاِنَآءٍ مِّنْ لَّبَنٍ اَوْمَآءٍ فَوَضَعَهٗ عَلٰى رَاحَتِهٖ اَوْعَلٰى رَاحِلَتِهٖ ثُمَّ نَظَرَ اِلَى النَّاسِ فَقَالَ الْمُفْطِرُوْنَ لِلصُّوَّامِ اَفْطِرُوْا وَقَالَ عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ وَقَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۱۷۔ مجھ سے عیاش بن ولید نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالاعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریمﷺ رمضان میں حنین کی طرف تشریف لے گئے۔ ❶ مسلمانوں میں اختلاف تھا (کہ آنحضورﷺ روزے سے ہیں یا نہیں) اس لئے بعض حضرات تو روزے سے تھے اور بعض نے روزہ نہیں رکھا تھا۔ لیکن جب آنحضورﷺ اپنی سواری پر پوری طرح بیٹھ گئے تو آپﷺ نے برتن میں دودھ یا پانی طلب فرمایا (راوی کو شک تھا) چنانچہ برتن آپﷺ کے ہاتھ میں دے دیا گیا یا (راوی نے یہ بیان کیا کہ) آپﷺ کے کجاوے پر رکھ دیا گیا پھر آپﷺ نے لوگوں کو دیکھا اور جن لوگوں نے پہلے سے روزہ نہیں رکھا تھا، انہوں نے روزہ داروں سے کہا کہ اب روزہ توڑ لو۔ اور عبدالرزاق نے کہا، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ایوب نے، انہیں عکرمہ نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریمﷺ غزوۂ فتح کے لئے روانہ ہوئے۔ اور حماد بن زید نے بیان کیا، ان سے ایوب نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے نبی کریمﷺ کے حوالے سے۔

(۱۴۱۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ سَافَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِاِنَآءٍ مِّنْ مَّآءٍ فَشَرِبَ نَهَارًا لِيُرِيَهُ النَّاسَ فَاَفْطَرَ حَتّٰى قَدِمَ

۱۴۱۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے مجاہد نے، ان سے طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہﷺ نے رمضان میں سفر شروع کیا۔ آپ روزے سے تھے لیکن جب مقام عسفان پر پہنچے تو پانی طلب فرمایا۔ دن کا وقت تھا اور آپﷺ نے وہ پانی

❶ مشہور روایتوں میں ہے کہ آنحضورﷺ غزوۂ حنین کے لئے شوال میں فتح مکہ کے بعد تشریف لے گئے تھے۔ محدثین نے اس روایت کے متعلق لکھا ہے کہ آنحضورﷺ نے رمضان ہی میں غزوۂ حنین کا ارادہ کیا تھا اور راوی نے آپ کے ارادے کی تعبیر ایسے لفظ سے کی ہے جس کے معنی روانہ ہونے اور مہم پر جانے کے ہیں۔ بہرحال روایات اور واقعات بیان کرتے ہوئے اس طرح کی تعبیرات میں کوئی استبعاد اور اجنبیت نہیں ہے۔

مَكَّةَ قَالَ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ صَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ وَاَفْطَرَ فَمَنْ شَآءَ صَامَ وَمَنْ شَآءَ اَفْطَرَ

پیا، تا کہ لوگ دیکھ لیں پھر آپ ﷺ نے روزہ نہیں رکھا، ر مکہ میں داخل ہوئے۔ بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے سفر میں (بعض اوقات) روزہ بھی رکھا ہے اور (بعض اوقات) نہیں بھی رکھا۔ اس لئے (سفر میں) جس کا جی چاہے روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے نہ رکھے۔

باب ۵۱۶. اَيْنَ رَكَزَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّايَةَ يَوْمَ الْفَتْحِ

۵۱۶۔ فتح مکہ کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ نے علم کہاں نصب کیا تھا؟

(۱۴۱۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ لَمَّا سَارَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ قُرَيْشًا خَرَجَ اَبُوْسُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ وَّحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ وَّبُدَيْلُ بْنُ وَرْقَآءَ يَلْتَمِسُوْنَ الْخَبَرَ عَنْ رَّسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَقْبَلُوْا يَسِيْرُوْنَ حَتّٰى اَتَوْا مَرَّ الظَّهْرَانِ فَاِذَا هُمْ بِنِيْرَانٍ كَاَنَّهَا نِيْرَانُ عَرَفَةَ فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ مَاهٰذِهٖ لَكَاَنَّهَا نِيْرَانُ عَرَفَةَ فَقَالَ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَآءَ نِيْرَانُ بَنِيْ عَمْرٍو فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ عَمْرٌو اَقَلُّ مِنْ ذٰلِكَ فَرَاٰهُمْ نَاسٌ مِّنْ حَرَسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَدْرَكُوْهُمْ فَاَخَذُوْهُمْ فَاَتَوْا بِهِمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمَ اَبُوْسُفْيَانَ فَلَمَّا سَارَ قَالَ لِلْعَبَّاسِ اِحْبِسْ اَبَا سُفْيَانَ عِنْدَ حَطْمِ الْخَيْلِ حَتّٰى يَنْظُرَ اِلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَحَبَسَهُ الْعَبَّاسُ فَجَعَلَتِ الْقَبَآئِلُ تَمُرُّ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمُرُّ كَتِيبَةً كَتِيبَةً عَلٰى اَبِيْ سُفْيَانَ فَمَرَّتْ كَتِيبَةٌ قَالَ يَاعَبَّاسُ مَنْ هٰذِهٖ قَالَ هٰذِهٖ غِفَارٌ قَالَ مَالِيْ وَلِغِفَارٍ ثُمَّ مَرَّتْ جُهَيْنَةُ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ مَرَّتْ سَعْدُ بْنُ هُذَيْمٍ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَمَرَّتْ سُلَيْمٌ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى اَقْبَلَتْ كَتِيبَةٌ لَمْ يُرَمِثْلُهَا قَالَ مَنْ هٰذِهٖ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ الْاَنْصَارُ عَلَيْهِمْ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَهُ الرَّايَةُ فَقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يَااَبَاسُفْيَانَ الْيَوْمُ يَوْمُ الْمَلْحَمَةِ الْيَوْمَ تُسْتَحَلُّ

۱۴۱۹۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے لئے روانہ ہوئے تو قریش کو اس کی اطلاع مل گئی تھی۔ چنانچہ سفیان بن حرب، حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء نبی کریم ﷺ کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے مکہ سے نکلے۔ یہ لوگ چلتے چلتے مقام مرالظہر ان پر جب پہنچے تو انہیں جگہ جگہ آگ جلتی ہوئی دکھائی دی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مقام عرفہ کی آگ ہے۔ ابوسفیان نے کہا، یہ آگ کیسی ہے؟ یہ تو عرفہ کی آگ کی طرح دکھائی دیتی ہے۔ اس پر بدیل بن ورقاء نے کہا کہ یہ بنی عمرو (یعنی قباء کا قبیلہ) کی آگ ہے۔ ابوسفیان نے کہا کہ بنی عمرو کی تعداد اس سے بہت کم ہے۔ اتنے میں آنحضور ﷺ کے محافظ دستے نے انہیں دیکھ لیا، اور پکڑ کر آنحضور ﷺ کی خدمت میں لائے۔ پھر ابوسفیان نے اسلام قبول کرلیا۔ اس کے بعد جب آنحضور ﷺ آگے (کی طرف) بڑھے تو عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابوسفیان کو ایسی گذرگاہ پر روکے رکھو جہاں گھوڑوں کا جاتے وقت سے ازدحام ہوتا کہ وہ مسلمانوں (کی طاقت وقوت) کو دیکھ لیں۔ چنانچہ عباس رضی اللہ عنہ، انہیں ایسے ہی مقام پر روک کر کھڑے ہوگئے اور حضور اکرم ﷺ کے ساتھ قبائل کے دستے ایک ایک کر کے ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے سامنے سے گذرنے لگے، ایک دستہ گذرا تو انہوں نے پوچھا عباس! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ یہ قبیلہ غفار ہے۔ ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے غفار سے کیا سروکار۔ پھر قبیلہ جہینہ گذرا تو ان کے متعلق بھی انہوں نے یہی کہا، قبیلہ سلیم گذرا تو ان کے متعلق بھی یہی کہا۔ آخر ایک دستہ سامنے آیا اس جیسا فوجی دستہ نہیں دیکھا گیا ہوگا۔ ابوسفیانؓ نے پوچھا، یہ کون

الْكَعْبَةُ فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ يَاعَبَّاسُ حَبَّذَا يَوْمُ الذِّمَارِ ثُمَّ جَآءَ تْ كَتِيْبَةٌ وَّهِيَ اَقَلُّ الْكَتَائِبِ فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ وَرَايَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ فَلَمَّا مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ سُفْيَانَ قَالَ اَلَمْ تَعْلَمْ مَاقَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ مَاقَالَ قَالَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ كَذَبَ سَعْدٌ وَّلٰكِنْ هٰذَايَوْمٌ يُّعَظِّمُ اللّٰهُ فِيْهِ الْكَعْبَةَ وَيَوْمٌ تُكْسٰى فِيْهِ الْكَعْبَةُ قَالَ وَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُرْكَزَرَايَتُهٗ بِالْحَجُوْنِ قَالَ عُرْوَةُ وَاَخْبَرَنِيْ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الْعَبَّاسَ يَقُوْلُ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ هٰهُنَا اَمَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَرْكُزَ الرَّايَةَ قَالَ وَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَنْ يَّدْخُلَ مِنْ اَعْلٰى مَكَّةَ مِنْ كَدَاءٍ وَّ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كُدٰى فَقُتِلَ مِنْ خَيْلِ خَالِدٍ يَوْمَئِذٍ رَّجُلَانِ حُبَيْشُ بْنُ الْاَشْعَرِ وَكُرْزُ بْنُ جَابِرِ الْفِهْرِيُّ

لوگ ہیں؟ عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ انصار کا دستہ ہے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ اس کے امیر ہیں اور انہیں کے ہاتھ میں (انصار کا) علم ہے۔ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ابوسفیان! آج کا دن گھمسان کی جنگ کا دن ہے۔ آج کعبہ (یعنی حرم) حلال کر دیا گیا ہے۔ ابوسفیان اس پر بولے، اے عباس! (قریش کی اس) ہلاکت و بربادی کے دن تمہاری مدد کی ضرورت ہے! پھر ایک اور دستہ آیا، یہ سب سے چھوٹا دستہ تھا، اس میں رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہؓ تھے۔ آنحضور ﷺ کا علم زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ اٹھائے ہوئے تھے۔ جب آنحضور ﷺ ابوسفیان کے قریب سے گذرے تو انہوں نے کہا، آپ کو معلوم نہیں، سعد بن عبادہ کیا کہہ گئے ہیں، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ انہوں نے کیا کہا ہے؟ تو ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ یہ کہہ گئے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سعد نے غلط کہا۔ بلکہ آج کا دن وہ دن ہے جس میں اللہ کعبہ کی عظمت اور زیادہ کرے گا، آج کعبہ کو غلاف پہنایا جائے گا۔ عروہ نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے حکم دیا کہ آپ کا علم مقام حجون میں گاڑ دیا جائے۔ عروہ نے بیان کیا اور مجھے نافع بن جبیر بن مطعم نے خبر دی۔ کہا کہ میں نے عباس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے کہا (فتح مکہ کے بعد) کہ آنحضور ﷺ نے آپ کو یہیں علم نصب کرنے کا حکم دیا تھا۔ بیان کیا کہ اس دن آنحضور ﷺ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا کہ مکہ کے بالائی علاقہ کداء کی طرف سے داخل ہوں اور خود حضور اکرم ﷺ (نشیبی علاقہ) کداء کی طرف سے داخل ہوئے۔ اس دن خالد رضی اللہ عنہ کے دستہ کے دو (۲) صحابی، حبیش بن اشعر اور کرز بن جابر فہری رضی اللہ عنہما شہید ہوئے تھے۔

(۱۴۲۰) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مُغَفَّلٍ يَّقُوْلُ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ عَلٰى نَاقَتِهٖ وَهُوَ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفَتْحِ يُرَجِّعُ وَقَالَ لَوْلَا اَنْ يَّجْتَمِعَ النَّاسُ حَوْلِيْ لَرَجَّعْتُ كَمَا رَجَّعَ

۱۴۲۰۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن قرہ نے بیان کیا، انہوں نے عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے موقعہ پر اپنے اونٹ پر سوار ہیں اور خوش الحانی کے ساتھ سورۂ فتح کی تلاوت فرما رہے ہیں۔ انہوں نے بیان کیا کہ اگر اس کا خطرہ نہ ہوتا کہ لوگ مجھے گھیر لیں گے تو میں حضور اکرم ﷺ کی طرح تلاوت کر کے دکھاتا۔

(۱۴۲۱) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ حَفْصَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ اَنَّه، قَالَ زَمَنَ الْفَتْحِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ تَرَكَ لَنَا عَقِيْلٌ مِّنْ مَّنْزِلٍ ثُمَّ قَالَ لَايَرِثُ الْمُؤْمِنُ الْكَافِرَ وَلَايَرِثُ الْكَافِرُ الْمُؤْمِنَ قِيْلَ لِلزُّهْرِيِّ وَمَنْ وَّرِثَ اَبَاطَالِبٍ قَالَ وَرِثَه، عَقِيْلٌ وَّطَالِبٌ قَالَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَيْنَ تَنْزِلُ غَدًا فِيْ حَجَّتِهٖ وَلَمْ يَقُلْ يُوْنُسُ حَجَّتَه، وَلَا زَمَنَ الْفَتْحِ

۱۴۲۱۔ ہم سے سلیمان بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سعدان بن یحیٰی نے حدیث بیان کیا، ان سے محمد بن ابی حفصہ نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے علی بن حسین نے، ان سے عمرو بن عثمان نے اور ان سے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے موقعہ پر انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا۔ یا رسول اللہ ﷺ! کل (مکہ میں) آپ ﷺ کہاں قیام فرمائیں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، ہمارے لئے عقیل نے کوئی گھر ہی کہاں چھوڑا ہے! پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن، کافر کا وارث نہیں ہوسکتا اور نہ کافر، مؤمن کا وارث ہوسکتا ہے۔ زہری سے پوچھا گیا کہ پھر ابوطالب کی وراثت کسے ملی تھی؟ انہوں نے بتایا کہ ان کے وارث عقیل اور طالب ہوئے تھے۔ معمر نے زہری کے واسطہ سے (اسامہ رضی اللہ عنہ کا سوال یوں نقل کیا ہے کہ) آپ اپنے حج کے لئے کہاں قیام فرمائیں گے؟ اور یونس نے (اپنی روایت میں) نہ حج کا ذکر کیا ہے اور نہ فتح مکہ کا۔

(۱۴۲۲) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلُنَا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اِذَا فَتَحَ اللّٰهُ الْخَيْفُ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ

۱۴۲۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، انشاء اللہ! ہماری قیام گاہ، اگر اللہ تعالیٰ نے فتح عنایت فرمائی تو، خیف بنی کنانہ میں ہوگی جہاں قریش نے کفر کے لئے عہد کیا تھا (حضور اکرم ﷺ اور بنو مطلب اور بنو ہاشم کو مکہ سے وہاں نکال دینے اور ان سے ہر طرح کا تعلق قطع کر لینے کے لئے۔)

(۱۴۲۳) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَرَادَ حُنَيْنًا مَّنْزِلُنَا غَدًا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِخَيْفِ بَنِىْ كِنَانَةَ حَيْثُ تَقَاسَمُوْا عَلَى الْكُفْرِ

۱۴۲۳۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، انہیں ابن شہاب نے خبر دی، انہیں ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حنین کا ارادہ کیا تو فرمایا کہ انشاء اللہ کل ہمارا قیام خیف بن کنانہ میں ہوگا۔ جہاں قریش نے کفر کے لئے عہد و پیمان کیا تھا۔

(۱۴۲۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَاسِهِ الْمِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَه، جَآءَ رَجُلٌ

۱۴۲۴۔ ہم سے یحیٰی بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ فتح مکہ کے موقعہ پر جب نبی کریم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو سر مبارک پر خود تھی، آپ ﷺ نے اسے اتارا ہی تھا کہ ایک صاحب

فَقَالَ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلْهُ قَالَ مَالِكٌ وَّلَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا نَرٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا

نے آ کر عرض کی کہ ابن خطل کعبہ کے پردہ سے چمٹا ہوا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے (وہیں) قتل کر دو۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا، جیسا کہ ہم سمجھتے ہیں، نبی کریم ﷺ اس دن احرام باندھے ہوئے نہیں تھے۔

(۱۴۲۵) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَحَوْلَ الْبَيْتِ سِتُّوْنَ وَثَلٰثُمِائَةِ نُصُبٍ فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُوْدٍ فِىْ يَدِهٖ وَيَقُوْلُ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ

۱۴۲۵۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، انہیں ابن ابی نجیح نے، انہیں مجاہد نے، انہیں ابو معمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے دن جب نبی کریم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو بیت اللہ کے چاروں طرف تین سو ساٹھ بت تھے، آنحضور ﷺ ایک چھڑی سے، جو دست مبارک میں تھی، مارتے جاتے اور اس آیت کی تلاوت کرتے جاتے کہ "حق قائم ہو گیا اور باطل نہ اب ظاہر ہو گا اور نہ لوٹے گا۔

(۱۴۲۶) حَدَّثَنِىْ اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ اَبٰى اَنْ يَّدْخُلَ الْبَيْتَ وَفِيْهِ الْاٰلِهَةُ فَاَمَرَ بِهَا فَاُخْرِجَتْ فَاُخْرِجَ صُوْرَةُ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ فِىْ اَيْدِيْهِمَا مِنَ الْاَزْلَامِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ لَقَدْ عَلِمُوْا مَا اسْتَقْسَمَا بِهَا قَطُّ ثُمَّ دَخَلَ الْبَيْتَ فَكَبَّرَ فِىْ نَوَاحِى الْبَيْتِ وَخَرَجَ وَلَمْ يُصَلِّ فِيْهِ تَابَعَهٗ مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ وَقَالَ وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۲۶۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ جب مکہ آئے تو آپ ﷺ بیت اللہ میں اس وقت تک داخل نہیں ہوئے جب تک اس میں بت موجود رہے، بلکہ آپ ﷺ نے حکم دیا اور بتوں کو باہر نکال دیا گیا، انہیں میں ایک تصویر حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی بھی تھی اور ان کے ہاتھوں میں (پانسہ کے) تیر تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اللہ ان مشرکین کا برا کرے، انہیں خوب معلوم تھا کہ ان بزرگوں نے کبھی پانسہ نہیں پھینکا پھر آپ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور اندر چاروں طرف تکبیر کہی، پھر باہر تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے اندر نماز نہیں پڑھی تھی۔ اس روایت کی متابعت معمر نے ایوب کے واسطہ سے کی اور وہیب نے بیان کیا، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے۔

باب ۵۱۷. دُخُوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَعْلٰى مَكَّةَ وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِىْ يُوْنُسُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ يَوْمَ الْفَتْحِ

۵۱۷۔ نبی کریم ﷺ کا مکہ کے بالائی علاقہ کی طرف سے داخلہ۔ ❶ اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے نافع نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ اپنی سواری پر فتح مکہ کے دن مکہ کے بالائی علاقہ کی طرف سے شہر میں داخل

❶ اس سے پہلے ایک حدیث گذر چکی ہے، جس میں ہے آنحضور ﷺ نشیبی علاقہ سے داخل ہوئے اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بالائی علاقہ سے داخل ہونے کا حکم دیا۔ اس روایت میں اس کے خلاف ہے یعنی خود آنحضور ﷺ بالائی علاقہ سے داخل ہوئے تھے۔ اکثر محدثینؒ نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے۔

مِنْ اَعْلٰی مَکَّةَ عَلٰی رَاحِلَتِهٖ مُرْدِفًا اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَّمَعَهٗ بَلَالٌ وَّمَعَهٗ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ مِنَ الْحَجَبَةِ حَتّٰى اَنَاخَ فِي الْمَسْجِدِ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّاْتِيَ بِمِفْتَاحِ الْبَيْتِ فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَّبَلَالٌ وَّعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ فَمَكَثَ فِيْهِ نَهَارًا طَوِيْلًا ثُمَّ خَرَجَ فَاسْتَبَقَ النَّاسُ فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَوَّلَ مَنْ دَخَلَ فَوَجَدَ بَلَالًا وَّرَآءَ الْبَابِ قَآئِمًا فَسَاَلَهٗ اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ لَهٗ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَنَسِيْتُ اَنْ اَسْاَلَهٗ كَمْ صَلّٰى مِنْ سَجْدَةٍ

ہوئے تھے، اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، آپ ﷺ کے ساتھ بلال رضی اللہ عنہ اور کعبہ کے حاجب عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے، آخر اپنے اونٹ کو آپ ﷺ نے مسجد میں بٹھایا اور بیت اللہ کی کنجی لانے کا حکم دیا۔ پھر آپ ﷺ بیت اللہ کے اندر تشریف لے گئے، آپ ﷺ کے ساتھ اسامہ بن زید، بلال اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ آپ اندر کافی دیر تک ٹھہرے۔ جب باہر تشریف لائے تو لوگ جلدی سے آگے بڑھے، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سب سے پہلے اندر جانے والوں میں تھے۔ انہوں نے بیت اللہ کے دروازے کے پیچھے بلال رضی اللہ عنہ کو کھڑے ہوئے دیکھا اور ان سے پوچھا کہ آنحضور ﷺ نے کہاں نماز پڑھی ہے۔ انہوں نے اس جگہ کی طرف اشارہ کیا۔ جہاں آپ ﷺ نے نماز پڑھی تھی۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں یہ پوچھنا بھول گیا کہ آنحضور ﷺ نے نماز میں کتنی رکعتیں پڑھی تھیں۔ [1]

(۱۴۲۷) حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَآءٍ الَّتِيْ بِاَعْلٰى مَكَّةَ تَابَعَهٗ اَبُوْ اُسَامَةَ وَوُهَيْبٌ فِيْ كَدَآءٍ

۱۴۲۷۔ ہم سے ہیثم بن خارجہ نے حدیث بیان کی، ان سے حفص بن میسرہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ کے بالائی علاقہ کداء سے شہر میں داخل ہوئے تھے۔ اس روایت کی متابعت ابواسامہ اور وہیب نے کداء کے ذکر کے ساتھ کی ہے۔

(۱۴۲۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ اَعْلٰى مَكَّةَ مِنْ كَدَآءٍ.

۱۴۲۸۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے اور ان سے ان کے والد نے کہ نبی کریم فتح مکہ کے دن مکہ کے بالائی علاقہ کداء کی طرف سے داخل ہوئے تھے۔

باب ۵۱۸. مَنْزِلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ

۵۱۸۔ فتح مکہ کے دن نبی کریم ﷺ کی قیام گاہ۔

(۱۴۲۹) حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى مَا اَخْبَرَنَا اَحَدٌ اَنَّهٗ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰى غَيْرُ اُمِّ هَانِئٍ فَاِنَّهَا ذَكَرَتْ اَنَّهٗ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اغْتَسَلَ فِيْ بَيْتِهَا ثُمَّ

۱۴۲۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابن ابی لیلیٰ نے کہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کے سوا ہمیں کسی نے یہ خبر نہیں دی کہ نبی کریم ﷺ نے چاشت کی نماز پڑھی ہے انہیں نے بیان کیا کہ جب مکہ فتح ہوا تو آنحضور ﷺ نے ان

[1] ابھی ایک روایت میں تھا کہ بیت اللہ کے اندر آنحضور ﷺ نے نماز نہیں پڑھی تھی اور اس حدیث میں اس کے خلاف ہے یہ ایک طویل الذیل بحث ہے اور آئمہ کا اس میں اختلاف ہے کہ آنحضور ﷺ نے بیت اللہ کے اندر نماز پڑھی تھی یا نہیں، اس مضمون کی حدیث پہلے بھی گذر چکی ہے اور نوٹ بھی لکھا جا چکا ہے۔

صَلّٰی ثَمَانِیَ رَکَعَاتٍ قَالَتْ لَمْ اَرَه' صَلّٰی صَلَاةً اَخَفَّ مِنْهَا غَیْرَ اَنَّه' یُتِمُّ الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ

کے گھر غسل کیا اور آٹھ رکعت نماز پڑھی۔ انہوں نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کو میں نے اتنی ہلکی نماز پڑھتے کبھی نہیں دیکھا، اس میں بھی آپ ﷺ رکوع اور سجدے پوری طرح کرتے تھے۔

باب ۵۱۹.

باب ۵۱۹۔

(۱۴۳۰) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ رُکُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ

۱۴۳۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ اپنے رکوع اور سجدہ میں یہ پڑھتے تھے۔ "سبحانک اللھم ربنا وبحمدک اللھم اغفرلی۔"

(۱۴۳۱) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَان حَدَّثَنَا اَبُوْعُوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ کَانَ عُمَرُ یُدْخِلُنِیْ مَعَ اَشْیَاخِ بَدْرٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِمَ تُدْخِلُ هٰذَا الْفَتٰی مَعَنَا وَلَنَا اَبْنَاءٌ مِثْلُه' فَقَالَ اِنَّه' مِمَّنْ قَدْ عَلِمْتُمْ قَالَ فَدَعَاهُمْ ذَاتَ یَوْمٍ وَّدَعَانِیْ مَعَهُمْ قَالَ وَمَا اُرِیْتُه' دَعَانِیْ یَوْمَئِذٍ اِلَّا لِیُرِیَهُمْ مِنِّیْ فَقَالَ مَاتَقُوْلُوْنَ اِذَا جَآءَ نَصْرُاللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ حَتّٰی خَتَمَ السُّوْرَةَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اُمِرْنَا اَنْ نَّحْمَدَ اللّٰهَ وَنَسْتَغْفِرَه' اِذَا نُصِرْنَا وَفُتِحَ عَلَیْنَا وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا نَدْرِیْ اَوْلَمْ یَقُلْ بَعْضُهُمْ شَیْئًا فَقَالَ لِیْ یَا ابْنَ عَبَّاسٍؓ اَکَذَاکَ تَقُوْلُ قُلْتُ لَا قَالَ فَمَا تَقُوْلُ قُلْتُ هُوَاَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَهُ اللّٰهُ لَه' اِذَاجَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ فَتْحُ مَکَّةَ فَذَاکَ عَلَامَةُ اَجَلِکَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّه' کَانَ تَوَّابًا قَالَ عُمَرُ مَااَعْلَمُ مِنْهَا اِلَّا مَاتَعْلَمُ

۱۴۳۱۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ مجھے اپنی مجلس میں اس وقت بھی بلا لیتے۔ جب وہاں بدر کی جنگ میں شریک ہونے والے بزرگ بیٹھے ہوئے۔ ان میں سے ایک بزرگ نے کہا، اس نوجوان کو آپ ہماری مجلس میں کیوں بلاتے ہیں؟ اس کے جیسے تو ہمارے بچے ہیں۔ اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ وہ تو ان لوگوں میں سے ہے جنہیں آپ لوگ جانتے ہیں۔ بیان کیا کہ پھر ان حضرات اکابر کو ایک دن انہوں نے بلایا اور مجھے بھی بلایا۔ بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ مجھے اس دن آپ نے اس لئے بلایا تھا تاکہ انہیں دکھا سکیں (آپ کا علم وکمال) پھر آپ نے دریافت کیا، اذاجاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس یدخلون، ختم سورۃ تک...... کے متعلق آپ لوگوں کا کیا خیال تھا۔ کسی نے کہا کہ ہمیں اس آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اللہ کی حمد بیان کریں اور اس سے استغفار کریں کہ اس نے ہماری مدد کی اور ہمیں فتح عنایت فرمائی۔ بعض حضرات نے کہا کہ ہمیں اس کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہے اور بعض نے کوئی جواب نہیں دیا۔ پھر آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا، ابن عباس! کیا تمہاری بھی یہی رائے ہے؟ میں نے جواب دیا کہ نہیں، پوچھا، پھر تم کیا جواب دوگے؟ میں نے کہا کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی وفات کی طرف اشارہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کی مدد اور فتح حاصل ہوگئی، یعنی فتح مکہ، تو پھر یہ آپ ﷺ کی وفات کی نشانی ہے۔ اس

لئے آپ اپنے رب کی حمد کی تسبیح کیجئے اور اس کی مغفرت طلب کیجئے کہ وہ تو قبول کرنے والا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو کچھ تم نے کہا وہی میں بھی سمجھتا تھا۔

(۱۴۳۲) حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي شُرَيْحِ الْعَدَوِيِّ اَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ وَّهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوثَ اِلٰى مَكَّةَ ائْذَنْ لِّي اَيُّهَا الْاَمِيْرُ اُحَدِّثْكَ قَوْلًا قَامَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَدَ يَوْمَ الْفَتْحِ سَمِعَتْهُ اُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِي وَاَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهٖ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ لَايَحِلُّ لِامْرِئٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّسْفِكَ بِهَا دَمًا وَّلَايَعْضِدَ بِهَا شَجَرًا فَاِنْ اَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا فَقُوْلُوْا لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ اَذِنَ لِرَسُوْلِهٖ وَلَمْ يَاْذَنْ لَّكُمْ وَاِنَّمَا اَذِنَ لِيْ فِيْهَا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْاَمْسِ وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَقِيْلَ لِاَبِيْ شُرَيْحٍ مَاذَا قَالَ لَكَ عَمْرٌو قَالَ قَالَ اَنَا اَعْلَمُ بِذٰلِكَ مِنْكَ يَا اَبَا شُرَيْحٍ اِنَّ الْحَرَمَ لَا يُعِيْذُ عَاصِيًا وَّلَا فَارًّا بِدَمٍ وَّلَا فَارًّا بِخَرْبَةٍ

۱۴۳۲۔ ہم سے سعید بن شر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے مقبری نے کہ، ابوشریح عدوی رضی اللہ عنہ نے (مدینہ کے امیر) عمرو بن سعید سے کہا۔ عمرو بن سعید (عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے خلاف مکہ کی طرف لشکر بھیج رہے تھے۔ کہ اے امیر! مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ سے ایک حدیث بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے دوسرے دن ارشاد فرمائی تھی، اس حدیث کو میرے دونوں کانوں نے سنا، میرے قلب نے اس کو محفوظ رکھا اور جب حضور اکرم ﷺ ارشاد فرمارہے تھے تو میں اپنی آنکھوں سے آپ کو دیکھ رہا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے پہلے اللہ کی حمد وثنا بیان کی اور پھر فرمایا، بلاشبہ مکہ کو اللہ تعالیٰ نے باحرمت شہر قرار دیا ہے، کسی انسان نے اسے اپنی طرف سے باحرمت نہیں قرار دیا ہے۔ اس لئے کسی شخص کے لئے بھی جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو، جائز نہیں کہ اس میں کسی کا خون بہائے اور نہ کوئی اس سرزمین کا کوئی درخت کاٹے، اور اگر کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کے (فتح مکہ کے موقعہ پر) جنگ سے اپنے لئے بھی رخصت نکالے تو تم لوگ اس سے کہہ دینا کہ اللہ تعالیٰ نے صرف اپنے رسول کو (تھوڑی دیر کے لئے) اس کی اجازت دی تھی، تمہارے لئے قطعاً اجازت نہیں ہے، اور مجھے بھی اس کی اجازت، دن کے مختصر سے حصے کے لئے ملی تھی اور آج پھر اس کی حرمت اسی طرح لوٹ آئی ہے جس طرح کل یہ شہر باحرمت تھا، پس جو لوگ یہاں موجود ہیں وہ ان کو (میرا کلام پہنچادیں جو موجود نہیں ہیں۔'' ابوشریح رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ عمرو نے آپ کو پھر کیا جواب دیا تھا؟ تو آپ نے بتایا کہ اس نے کہا، میں اس کے متعلق تم سے زیادہ جانتا ہوں۔ حرم کسی گنہگار کو پناہ نہیں دیتا، خون کر کے بھاگنے والے کو بھی پناہ نہیں دیتا اور مفسد کو بھی پناہ نہیں دیتا۔

(۱۴۳۳) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ بِمَكَّةَ

۱۴۳۳۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی حبیب نے، ان سے عطا بن ابی رباح نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے، انہوں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فتح مکہ کے موقعہ پر مکہ معظمہ میں فرمایا تھا کہ اللہ اور اس کے

اِنَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ

رسول نے شراب کی خرید و فروخت حرام قرار دی ہے۔

باب ۵۲۰. مَقَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ زَمَنَ الْفَتْحِ

۵۲۰۔ فتح کے زمانہ میں نبی کریم ﷺ کا مکہ میں قیام۔

(۱۴۳۴) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا قبيصة حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيىٰ بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ اَنَسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَقَمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرًا نَقْصُرُ الصَّلٰوةَ

۱۴۳۴۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ح۔ اور ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی اسحاق نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ (مکہ میں) دس دن قیام کیا تھا اور اس مدت میں ہم نماز قصر کرتے تھے۔

(۱۴۳۵) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ تِسْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ

۱۴۳۵۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں عاصم نے خبر دی، انہیں عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے مکہ میں انیس ۱۹ دن قیام فرمایا تھا اور اس مدت میں صرف دو ۲ رکعتیں (چار رکعتوں) کی پڑھتے تھے۔ ❶

(۱۴۳۶) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْشِهَابٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَقَمْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ تِسْعَ عَشْرَةَ نَقْصُرُ الصَّلَاةَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَنَحْنُ نَقْصُرُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ تِسْعَ عَشْرَةَ فَاِذَا زِدْنَا اَتْمَمْنَا

۱۴۳۶۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابوشہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ سفر میں (فتح مکہ کے) انیس دن تک مقیم رہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم (سفر میں) انیس ۱۹ دن تک تو نماز قصر پڑھتے تھے۔ لیکن جب اس سے زیادہ مدت گذر جاتی ہے تو پھر پوری رکعتیں پڑھتے تھے۔

باب ۵۲۱. وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ صُعَيْرٍ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَسَحَ وَجْهَهٗ عَامَ الْفَتْحِ

۵۲۱۔ اور لیث بن سعد نے بیان کیا، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، انہیں عبداللہ بن ثعلبہ بن صعیر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ، نبی کریم ﷺ نے فتح مکہ کے دن ان کے چہرے پر ہاتھ پھیرا تھا۔

(۱۴۳۷) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سُنَيْنٍ اَبِيْ جَمِيْلَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا وَنَحْنُ مَعَ ابْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ وَزَعَمَ اَبُوْجَمِيْلَةَ اَنَّهٗ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجَ مَعَهٗ عَامَ الْفَتْحِ

۱۴۳۷۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں معمر نے، انہیں زہری نے اور انہیں سنین ابی جمیلہ رضی اللہ عنہ نے، زہری نے بیان کیا کہ جب ہم سے ابو جمیلہ نے حدیث بیان کی تو ہم سعید بن مسیب کے ساتھ تھے۔ بیان کیا کہ ابو جمیلہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی صحبت پائی ہے اور آپ کے ساتھ غزوہ

❶ یہ فتح مکہ کا واقعہ ہے۔ احناف نے اتنی مدت تک مکہ میں قیام کے باوجود قصر کرنے کی تاویل یہ بھی بیان کی ہے کہ ممکن ہے آنحضور ﷺ اقامت کی نیت نہ کی ہو اور آپ ﷺ نے وہاں اپنی اقامت حالات پر موقوف رکھی ہو، کیونکہ فتح مکہ کے بعد غزوہ حنین درپیش تھا۔ اس کے علاوہ اس سفر میں مکہ میں آپ ﷺ کی اقامت کی مدت مختلف فیہ ہے۔ بعض روایتوں میں پندرہ دن کی مدت بھی بیان کی گئی۔ اس سے پہلے انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں مکہ میں صرف دس دن قیام کا بیان ہے۔ یہ حجۃ الوداع میں ہوا تھا۔

فتح مکہ کے لئے نکلے تھے۔

۱۴۳۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ
زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ
مَةَ قَالَ قَالَ لِیْ اَبُوْقِلَابَةَ اَلا تَلْقَاهُ' فَتَسْاَ لُه' قَالَ
يتُه' فَسَاَلْتُه' فَقَالَ كُنَّا بِمَآءٍ مَّمَرِّ النَّاسِ وَكَانَ
رُ بِنَا الرُّكْبَانُ فَنَسْاَلُهُمْ مَالِلنَّاسِ مَالِلنَّاسِ مَاهٰذَا
جُلُ فَيَقُوْلُوْنَ يَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْ سَلَه' اَوْحٰی اِلَيْهِ
وْحٰی اللّٰهُ بِكَذَا فَكُنْتُ اَحْفَظُ ذٰلِكَ الْكَلَامَ
كَانَّمَا يُغْرٰی فِیْ صَدْرِیْ وَكَانَتِ الْعَرَبُ تَلَوَّمَ
سْلَامِهِمُ الْفَتْحَ فَيَقُوْلُوْنَ اُتْرُكُوْهُ وَقَوْمَه' فَاِنَّه' اِنْ
هَرَ عَلَيْهِمْ فَهُوَ نَبِیٌّ صَادِقٌ فَلَمَّا كَانَ وَقْعَةُ اَهْلِ
فَتْحِ بَادَرَ كُلُّ قَوْمٍ بِاِسْلَامِهِمْ وَبَدَرَاَبِیْ قَوْمِیْ
سْلَامِهِمْ فَلَمَّا قَدِمَ قَالَ جِئْتُكُمْ وَاللّٰهِ مِنْ
ندِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا فَقَالَ صَلُّوْا
لَاةَ كَذَا فِیْ حِيْنِ كَذَا وَصَلُّوْا كَذَا فِیْ حِيْنِ كَذَا
ذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَلْيُؤَذِّنْ اَحَدُ كُمْ وَلْيَؤُمَّكُمْ
كْثَرُ كُمْ قُرْاٰنًا فَنَظَرُوْا فَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌاَكْثَرَ قُرْاٰنًا
یْ لِمَا كُنْتُ اَتَلَقّٰی مِنَ الرُّكْبَانِ فَقَدَّ مُوْنِیْ بَيْنَ
دِيْهِمْ وَاَنَا ابْنُ سِتٍّ اَوْسَبْعِ سِنِيْنَ وَكَانَتْ عَلَیَّ
دَةٌ كُنْتُ اِذَا سَجَدْتُّ تَقَلَّصَتْ عَنِّیْ فَقَالَتِ
رَاَةٌ مِنَ الْحَیِّ اَلا تُغَطُّوْا عَنَّا اِسْتَ قَارِئِكُمْ
شْتَرَوْا فَقَطَعُوْا لِیْ قَمِيْصًا فَمَا فَرِحْتُ بِشَیْءٍ
رَحِیْ بِذٰلِكَ الْقَمِيْصِ

۱۴۳۸۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے ابوقلابہ کے واسطہ سے اور ان سے عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ نے ایوب نے بیان کیا کہ مجھ سے ابوقلابہ نے فرمایا، عمرو بن سلمہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ہو کر کیوں نہیں پوچھتے۔ ابوقلابہ نے بیان کیا کہ پھر میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے سوال کیا۔ آپ نے فرمایا کہ (جاہلیت میں ہمارا قیام ایک چشمے پر تھا) جو عام گذرگاہ تھی۔ سوار ہمارے قریب سے گذرتے تو ہم ان سے پوچھتے، لوگوں کا کیا رجحان ہے اس شخص کا معاملہ کیا ہے (اشارہ نبی کریم ﷺ کی طرف تھا) یہ لوگ بتاتے کہ وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے اور اللہ ان پر وحی نازل کرتا ہے یا اللہ نے ان پر وحی نازل کی ہے (قرآن کی کوئی آیت سناتے۔) میں وہ کلام یاد کر لیتا تھا اس کی باتیں میرے دل کو لگتی تھیں۔ ادھر سارا عرب فتح مکہ پر اپنے اسلام کو موقوف کئے ہوئے تھا، کہ اس نبی کو اور اس کی قوم (قریش) کو نمٹنے دو، اگر وہ ان پر غالب آ گئے تو پھر واقعی وہ سچے نبی ہیں۔ چنانچہ فتح مکہ جب حاصل ہوگئی تو ہر قوم نے اسلام لانے میں پہل کی اور میرے والد نے بھی میری قوم کے اسلام میں جلدی کی۔ پھر جب وہ (مدینہ سے) واپس آئے تو کہا کہ میں، خدا گواہ ہے، ایک سچے نبی کے پاس سے آ رہا ہوں، انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ فلاں نماز اس طرح فلاں وقت پڑھا کرو اور فلاں نماز اس طرح فلاں وقت پڑھا کرو اور جب نماز کا وقت ہو جائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور امامت وہ کرے جسے قران سب سے زیادہ محفوظ ہو۔ لوگوں نے جائزہ لیا (کہ قرآن سب سے زیادہ محفوظ ہے) تو کوئی شخص (ان کے قبیلے میں) مجھ سے زیادہ قرآن کا حافظ نہیں ملا۔ کیونکہ میں آنے جانے سوار سے سن کر قرآن مجید یاد کر لیا کرتا تھا، چنانچہ مجھے لوگوں نے امام بنایا، حالانکہ اس وقت میری عمر چھ یا سات سال کی تھی اور میرے پاس ایک ہی چادر تھی، جب میں (اسے لپیٹ کر) سجدہ کرتا تو اوپر ہو جاتی اور (چھپانے کی جگہ) کھل جاتی، اس پر قبیلہ کی ایک عورت نے کہا، تم اپنے قاری (امام) کا سرین تو پہلے چھپالو۔ آخر انہوں نے کپڑا خریدا اور میرے لئے ایک قمیص بنائی، میں جتنا خوش اس قمیص سے ہوا، اتنا کسی اور چیز سے نہیں ہوا تھا۔

(۱۴۳۹) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَّالِکٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اللَّیْثُ حَدَّثَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ کَانَ عُتْبَةُ بْنُ اَبِیْ وَ قَّاصٍ عَهِدَ اِلٰی اَخِیْهِ سَعْدٍ اَنْ یَّقْبِضَ ابْنَ وَلِیْدَةِ زَمْعَةَ وَقَالَ عُتْبَةُ اِنَّه ابْنِیْ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَکَّةَ فِی الْفَتْحِ اَخَذَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ ابْنَ وَلِیْدَةِ زَمْعَةَ فَاَقْبَلَ بِهٖ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَقْبَلَ مَعَه' عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فَقَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ هٰذَا ابْنُ اَخِیْ عَهِدَ اِلَیَّ اَنَّه' ابْنُه' قَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا اَخِیْ هٰذَا ابْنُ زَمْعَةَ وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِهٖ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَی ابْنِ وَلِیْدَةِ زَمْعَةَ فَاِذَا اَشْبَهُ النَّاسِ بِعُتْبَةَ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هُوَلَکَ هُوَ اَخُوْکَ یَاعَبْدَ بْنَ زَمْعَةَ مِنْ اَجْلِ اَنَّه' وُلِدَ عَلٰی فِرَاشِهٖ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجِبِیْ مِنْهُ یَاسَوْدَةُ لِمَارَاٰی مِنْ شَبَهِ عُتْبَةَ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ قَالَتْ عَآئِشَةُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَقَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَّکَانَ اَبُوْهُرَیْرَةَ یَصِیْحُ بِذٰلِکَ

۱۴۳۹۔ مجھ سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر د اوران سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ عتبہ بن ابی وقاص نے (زمانہ جاہلیت میں) اپنے بھائی سعد (رضی اللہ عنہ) کو وصیت کی تھی کہ وہ زمعہ کی باندی سے پیدا ہونے والے بچے کو اپنی پرورش میں لے لیں، عتبہ نے کہا تھا کہ وہ میرا لڑکا ہوگا چنانچہ جب فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کو لے لیا۔ پھر وہ اسے لے کر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے ساتھ عبد بن زمعہ رضی اللہ عنہ بھی آئے۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے تو یہ کہا کہ یہ میرے بھائی کا لڑکا ہے، بھائی نے وصیت کی تھی کہ وہ اسی کا لڑکا ہے۔ لیکن عبد بن زمعہ رضی اللہ عنہ کا یہ دعویٰ تھا کہ یارسول اللہ! یہ میرا بھائی ہے، (میرے والد) زمعہ کا بیٹا ہے کیونکہ انہیں کے ''فراش'' پر پیدا ہوا ہے۔ آنحضور ﷺ نے زمعہ کی باندی کے لڑکے کو دیکھا تو وہ واقعی (سعد رضی اللہ عنہ کے بھائی) عتبہ بن ابی وقاص کی صورت تھا، لیکن آنحضور ﷺ نے (قانون شریعت کے مطابق) فیصلہ یہ کیا کہ اے عبد بن زمعہ! یہ تمہارے ہی ساتھ رہے گا، یہ تمہارا بھائی ہے، کیونکہ یہ تمہارے والد کے فراش پر (یعنی اس کی باندی کے بطن سے) پیدا ہوا ہے لیکن دوسری طرف (ام المؤمنین سودہ رضی اللہ عنہا سے جو زمعہ کی صاحبزادی تھیں) فرمایا، سودہ! اس لڑکے سے پردہ کیا کرنا، کیونکہ آپ ﷺ نے اس لڑکے میں عتبہ بن ابی وقاص کی شباہت پائی تھی۔ ابن شہاب نے بیان کیا کہ ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا لڑکا ''فراش'' کے تحت ہوتا ہے، اور زنا کرنے والے کے حصے میں پتھر ہے۔ ابن شہاب نے بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس آخری ٹکڑے کو بہت بلند آواز سے بیان کیا کرتے تھے۔ (اس حدیث پر نوٹ گذر چکا ہے۔)

(۱۴۴۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا یُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّ امْرَاَةً سَرَقَتْ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ الْفَتْحِ فَفَزِعَ قَوْمُهَا اِلٰی اُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ یَسْتَشْفِعُوْنَه' قَالَ عُرْوَةُ فَلَمَّا کَلَّمَه'

۱۴۴۰۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی، انہیں زہری نے کہا کہ مجھے عروہ بن زبیر نے خبر دی کہ غزوہ فتح (مکہ) کے موقعہ پر ایک عورت نے نبی کریم ﷺ کے عہد میں چوری کر لی تھی۔ اس عورت کی قوم گھبرائی ہوئی اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے پاس آئی تا کہ وہ آنحضور ﷺ سے اس کی سفارش کردیں

سامَةُ فِيهَا تَلَوَّنَ وَجهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّم فَقَالَ اَتُكَلِّمُنِيْ فِي حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِاللّٰهِ قَالَ اُسَامَةُ اسْتَغْفِرْ لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمَّا كَانَ الْعَشِيُّ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيْبًا فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَاَهْلُه' ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّمَا اَهْلَكَ النَّاسَ قَبْلَكُمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ وَاِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ اَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْاَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا ثُمَّ اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بِتِلْكَ الْمَرْاَةِ فَقُطِعَتْ يَدُهَا فَحَسُنَتْ تَوْبَتُهَا بَعْدَ ذٰلِكَ وَ تَزَوَّجَتْ قَالَتْ عَآئِشَةُ فَكَانَتْ تَاْتِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَرْفَعُ حَاجَتَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(کہ اس کا ہاتھ سزا کے طور پر نہ کاٹا جائے) عروہ نے بیان کیا کہ جب اسامہ رضی اللہ عنہ نے اس کے بارے میں آنحضور ﷺ سے گفتگو کی تو آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا اور آپ نے فرمایا، تم مجھ سے اللہ کی قائم کردہ ایک حد کے بارے میں سفارش کرنے آئے ہو۔ اسامہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، میرے لئے دعائے مغفرت کیجئے، یارسول اللہ (ﷺ)! پھر دوپہر کے بعد آنحضور ﷺ نے صحابہؓ کو خطاب کیا اللہ تعالیٰ کی اس کی شان کے مطابق تعریف کرنے کے بعد فرمایا، امابعد، تم سے پہلے لوگ اس لئے ہلاک ہوگئے کہ اگر ان میں سے کوئی معزز شخص چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے، لیکن اگر کوئی کمزور چوری کر لیتا تو اس پر حد قائم کرتے، اور اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے، اگر فاطمہؓ بنت محمد بھی چوری کر لے تو میں اسکا بھی ہاتھ کاٹوں گا۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے اس عورت کے لئے حکم دیا اور اس کا ہاتھ کاٹ لیا گیا۔ پھر انہوں نے صدق دل سے توبہ کر لی اور شادی بھی کر لی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ بعد میں وہ میرے یہاں آتی تھیں اور کوئی ضرورت ہوتی تو میں رسول اللہ ﷺ کے سامنے پیش کر دیتی۔

(۱۴۴۱) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُجَاشِعٌ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَخِيْ بَعْدَ الْفَتْحِ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْتُكَ بِاَخِيْ لِتُبَايِعَه' عَلَى الْهِجْرَةِ قَالَ ذَهَبَ اَهْلُ الْهِجْرَةِ بِمَا فِيْهَا فَقُلْتُ عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ تُبَايِعُه' قَالَ اُبَايِعُه' عَلَى الْاِسْلَامِ وَالْاِيْمَانِ وَالْجِهَادِ فَلَقِيْتُ اَبَامَعْبَدٍ بَعْدُ وَكَانَ اَكْبَرَ هُمَا فَسَاَلْتُه' فَقَالَ صَدَقَ مُجَاشِعٌ

۱۴۴۱۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی ان سے عاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعثمان نے بیان کیا اور ان سے مجاشع رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے بعد میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنے بھائی کو لے کر حاضر ہوا اور عرض کی کہ یارسول اللہ (ﷺ)! میں اسے اس لئے لے کر حاضر ہوا ہوں تاکہ آپ ﷺ ہجرت پر اس سے بیعت لے لیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا، ہجرت کرنے والے اس کی فضیلت وثواب کو حاصل کر چکے (اور اب مدینہ کی طرف، مکہ سے ہجرت باقی نہیں رہی) میں نے عرض کی، پھر آپ اس سے کس چیز کا عہد (بیعت) لیں گے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، ایمان، اسلام اور جہاد کا، پھر میں (مجاشع رضی اللہ عنہ کے بھائی) ابوسعید رضی اللہ عنہ سے ملا، آپ دونوں بھائیوں سے بڑے تھے، میں نے آپ سے بھی اس حدیث کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ مجاشع نے حدیث ٹھیک طرح بیان کی۔

(۱۴۴۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ

۱۴۴۲۔ ہم سے محمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے حدیث بیان کی، ان

النَّهْدِيّ عَنْ مُجَاشِعِ بْنِ مَسْعُوْدٍ انْطَلَقْتُ بِاَبِیْ مَعْبَدٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم لِيُبَايِعَه' عَلَى الْهِجْرَةِ قَالَ مَضَتِ الْهِجْرَةُ لِاَهْلِهَا اُبَايِعُه' عَلَى الْاِسْلَامِ وَالْجِهَادِ فَلَقِيْتُ اَبَامَعْبَدٍ فَسَاَلْتُه' فَقَالَ صَدَقَ مُجَاشِعٌ وَقَالَ خَالِدٌ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ مُجَاشِعٍ اَنَّه' جَآءَ بِاَخِيْهِ مُجَالِدٍ

سے ابوعثمان نہدی نے اور ان سے مجاشع بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ
(اپنے بھائی) ابومعبد رضی اللہ عنہ کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت
حاضر ہوا، آپ سے ہجرت پر بیعت کرنے کے لئے۔ آنحضور ﷺ
فرمایا کہ ہجرت کی فضیلت وثواب تو ہجرت کرنے والوں کے ساتھ
ہو چکا، البتہ میں اس سے اسلام اور جہاد پر بیعت لیتا ہوں۔ پھر میں
ابومعبد رضی اللہ عنہ سے مل کر ان سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں
فرمایا کہ مجاشع نے ٹھیک طرح حدیث بیان کی اور خالد نے ابوعثمان
واسطہ سے بیان کی، ان سے مجاشع رضی اللہ عنہ نے کہ وہ اپنے بھائی مجا
رضی اللہ عنہ کو لے کر آئے تھے۔

(۱۴۴۳) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قُلْتُ لِاِبْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِنِّیْ اُرِيْدُ اَنْ اُهَاجِرَ اِلَى الشَّامِ قَالَ لَا هِجْرَةَ وَلٰكِنْ جِهَادٌ فَانْطَلِقْ فَاعْرِضْ نَفْسَكَ فَاِنْ وَجَدْتَّ شَيْئًا وَاِلَّا رَجَعْتَ وَقَالَ النَّضْرُ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنَا اَبُوْبِشْرٍ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ فَقَالَ لَاهِجْرَةَ الْيَوْمَ اَوْبَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَه'

۱۴۴۳۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر
حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر
اور ان سے مجاہد نے کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی کہ م
ارادہ ہے کہ شام ہجرت کر جاؤں۔ فرمایا، اب ہجرت باقی نہیں رہی، جہ
ہی باقی رہ گیا ہے، اس لئے جاؤ، اور خود کو پیش کرو، اگر تم نے کچھ پالیا
فبہا ورنہ واپس آجانا۔ نضر نے بیان کیا کہ ہمیں شعبہ نے خبر دی، انہی
ابوبشر نے خبر دی، انہوں نے مجاہد سے سنا کہ جب میں نے ابن عمر رض
اللہ عنہ سے عرض کی تو آپ نے فرمایا کہ اب ہجرت باقی نہیں ر
یا (فرمایا کہ) رسول اللہ ﷺ کے بعد، سابقہ حدیث کی طرح۔

(۱۴۴۴) حَدَّثَنِیْ اِسْحَاقُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْعَمْرٍو وَالْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عُبَيْدَةَ ابْنِ اَبِیْ لُبَابَةَ عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ جَبْرٍ الْمَكِّيِّ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَ يَقُوْلُ لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ

۱۴۴۴۔ مجھ سے اسحاق بن یزید نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ ب
حمزہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوعمرو اوزاعی نے حدیث بیا
کی، ان سے عبیدہ بن ابی لبابہ نے، ان سے مجاہد بن جبر مکی نے کہ عبدا
بن عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ فتح مکہ کے بعد ہجرت باقی نہیں
رہی۔

(۱۴۴۵) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِی الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَآءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ زُرْتُ عَآئِشَةَ مَعَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ فَسَاَلَهَا عَنِ الْهِجْرَةِ فَقَالَتْ لَا هِجْرَةَ الْيَوْمَ كَانَ الْمُؤْمِنُ يَفِرُّاَحَدُهُمْ بِدِيْنِهٖ اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخَافَةَ اَنْ يُّفْتَنَ عَلَيْهِ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَقَدْ اَظْهَرَاللّٰهُ الْاِسْلَامَ فَالْمُؤْمِنُ يَعْبُدُ رَبَّه' حَيْثُ شَآءَ

۱۴۴۵۔ ہم سے اسحاق بن یزید نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن حم
نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے اوزاعی نے حدیث بیان کی، ان
عطاء بن ابی رباح نے بیان کیا کہ میں عبید بن عمیر کے ساتھ عائشہ رض
اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا عبید نے ان سے ہجرت کے متعلق پوچ
تو انہوں نے فرمایا کہ اب ہجرت باقی نہیں رہی۔ پہلے مسلمان اپنے دی
کی خاطر اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف پناہ کے لئے آتے تھے، اس
خوف سے کہ کہیں دین کے معاملے میں فتنہ میں نہ مبتلا ہو جائیں، اس

وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ

لئے اب جب کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کو غالب کر دیا ہے تو مسلمان جہاں بھی چاہے اپنے رب کی عبادت کر سکتا ہے، اب تو خلوص نیت کے ساتھ جہاد باقی رہ گیا ہے۔ [1]

(۱۴۴۶) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ حَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَهِيَ حَرَامٌ بِحَرَامِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَاتَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِيْ وَلَمْ تَحْلِلْ لِيْ اِلَّا سَاعَةً مِّنَ الدَّهْرِ لَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا يُعْضَدُ شَوْكُهَا وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَاتَحِلُّ لُقَطَتُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ فَقَالَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِلَّا الْاِذْخِرَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَابُدَّ مِنْهُ لِلْقَيْنِ وَالْبُيُوْتِ فَسَكَتَ ثُمَّ قَالَ اِلَّا الْاِذْخِرَ فَاِنَّهٗ حَلَالٌ وَعَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُالْكَرِيْمِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِمِثْلِ هٰذَا اَوْنَحْوِ هٰذَا رَوَاهُ اَبُوْهُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۴۶۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عاصم نے حدیث بیان کی ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں حسن بن مسلم نے خبر دی اور انہیں مجاہد نے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن کھڑے ہوئے اور فرمایا، جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی تخلیق کی تھی اسی دن اس نے مکہ کے باحرمت علاقہ قرار دیا تھا، پس یہ شہر اللہ کے حکم کے مطابق قیامت تک کے لئے باحرمت ہے، مجھ سے پہلے کبھی کسی کے لئے حلال نہیں ہوا تھا اور نہ میرے بعد کسی کے لئے حلال ہوگا، اور میرے لئے بھی صرف ایک متعین اور محدود وقت کے لئے حلال ہوا تھا، یہاں (حدود حرم) کے شکار کے قابل جانور نہ بھڑکائے جائیں، یہاں کے کانٹے دار درخت نہ کاٹے جائیں، نہ یہاں کی گھاس کاٹی جائے اور یہاں پر گری پڑی چیز اس شخص کے سوا جو اعلان کا ارادہ رکھتا ہو اور کسی کے لئے اٹھانی جائز نہیں۔ اس پر عباس بن مطلب رضی اللہ عنہ نے کہا، یارسول اللہ ﷺ! اذخر (گھاس) کا مستثنیٰ کر دیجئے، کیونکہ سناروں کے لئے اور مکانات (کی تعمیر وغیرہ) کے لئے یہ ضروری ہے۔ آنحضور ﷺ خاموش ہوگئے پھر فرمایا، اذخر اس حکم سے مستثنیٰ ہے، اس کا (کاٹنا) حلال ہے۔ اور ابن جریج سے روایت ہے، انہیں عبدالکریم نے خبر دی، انہیں عکرمہ نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، سابقہ حدیث کی طرح، بمثلھا یا نحو ھذا (راوی کو شک ہے) اس کی روایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بھی نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی ہے۔

باب ۵۲۲. قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَيَوْمَ حُنَيْنٍ اِذْاَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئًا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ اِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرٌ

۵۲۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور حنین کے دن جب کہ تم کو اپنی کثرت تعداد پر غرہ ہوگیا تھا، پھر وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور تم پر زمین باوجود اپنی فراخی کے تنگی کرنے لگی، پھر تم پیٹھ دے کر بھاگ کھڑے ہوئے، اس کے بعد اللہ نے اپنی طرف سے تسلی نازل کی غفور رحیم تک

[1] جن حضرات نے ہجرت کے متعلق صحابہؓ سے سوال کیا وہ اسلامی حکومت کے تحت ہی رہتے تھے اور چونکہ دینی آزادی مکہ میں حاصل نہیں تھی، اس لئے وہاں سے ہجرت کا حکم ہوا تھا اور ہجرت کا مقصد بھی یہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سب سے پہلی ہجرت حبشہ کی طرف ہوئی۔ جہاں اس کے سوا کہ انہیں عبادت کی آزادی ہو اور کچھ بھی نہیں تھا۔ مدینہ بھی ابتداء میں کوئی دارالاسلام نہیں تھا۔ جن حضرات نے سوال کیا ان کا مقصد اسلامی مملکت ہی کے حدود میں ہجرت کرنا تھا۔ ہجرت کا منشاء کیونکہ اس سے حاصل نہیں ہوتا تھا۔ اس لئے اس کی ممانعت کی گئی۔ دارالکفر سے ہجرت کا سوال ہی ان حضرات نے نہیں اٹھایا تھا۔

رَّحِيْمٌ

(۱۴۴۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ رَاَيْتُ بِيَدِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی ضَرْبَةً قَالَ ضُرِبْتُهَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قُلْتُ شَهِدْتَّ حُنَيْنًا قَالَ قَبْلَ ذٰلِکَ

۱۴۴۷۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن نمیر نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ہارون نے حدیث بیان کی، انہیں اسماعیل نے خبر دی۔ بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں زخم کا نشان دیکھا۔ پھر آپ نے فرمایا کہ مجھے یہ زخم اس وقت آیا تھا جب میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ حنین میں شریک تھا، میں نے کہا، آپ حنین میں شریک تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ اس سے پہلے (بھی کئی غزوات میں شریک ہو چکا تھا۔)

(۱۴۴۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَااَبَاعُمَارَةَ اَتَوَلَّيْتَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ اَمَّا اَنَا فَاَشْهَدُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ لَمْ يُوَلِّ وَلٰكِنْ عَجِلَ سَرَعَانُ الْقَوْمِ فَرَشَقَتْهُمْ هَوَازِنُ وَاَبُوْسُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ اٰخِذٌ بِرَاْسِ بَغْلَتِهِ الْبَيْضَآءِ يَقُوْلُ اَنَاالنَّبِیُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

۱۴۴۸۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، ان کے یہاں ایک شخص آیا تھا اور ان سے کہنے لگا تھا کہ اے ابوعمارہ! کیا آپ نے حنین کی لڑائی میں پیٹھ پھیر لی تھی؟ انہوں نے فرمایا، میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ نبی کریم ﷺ اپنی جگہ سے نہیں ہٹے تھے۔ البتہ جو لوگ قوم میں جلد باز تھے، انہوں نے اپنی جلد بازی کا ثبوت دیا تھا، پس قبیلہ ہوازن والوں نے ان پر تیر برسائے۔ ابوسفیان بن حارث رضی اللہ عنہ، آنحضور ﷺ کے سفید خچر کی لگام تھامے ہوئے تھے اور آنحضور ﷺ فرمارہے تھے۔ میں نبی ہوں، اس میں جھوٹ کا شائبہ بھی نہیں، میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں۔

(۱۴۴۹) حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قِيْلَ لِلْبَرَآءِ وَاَنَا اَسْمَعُ اَوَلَّيْتُمْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ اَمَّا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا كَانُوْا رُمَاةً فَقَالَ اَنَاالنَّبِیُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبْ

۱۴۴۹۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے کہ براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا، میں سن رہا تھا، کہ کیا آپ حضرات نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوہ حنین میں پیٹھ پھیر لی تھی؟ انہوں نے فرمایا جہاں تک حضور اکرم ﷺ کا تعلق ہے تو آپ ﷺ نے پیٹھ نہیں پھیری تھے۔ وہ (کفار) تیر انداز تھے۔ آنحضور ﷺ نے اس موقعہ پر فرمایا تھا، میں نبی ہوں، اس میں جھوٹ کا شائبہ نہیں، میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں۔

(۱۴۵۰) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ سَمِعَ الْبَرَآءَ وَ سَاَلَهٗ رَجُلٌ مِّنْ قَيْسٍ اَفَرَرْتُمْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ لٰكِنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَفِرَّ كَانَتْ هَوَازِنُ رُمَاةً وَّاِنَّا لَمَّا

۱۴۵۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا، اور ان سے قبیلہ قیس کے ایک صاحب نے سوال کیا تھا کہ کیا آپ لوگ نبی کریم ﷺ کو غزوہ حنین میں چھوڑ کر بھاگ پڑے تھے؟ انہوں نے فرمایا لیکن حضور اکرم ﷺ اپنی جگہ

حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ انكَشَفُوْا فَاَكْبَبْنَا عَلَى الْغَنَائِمِ فَاسْتُقْبِلْنَا بِالسِّهَامِ وَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَاِنَّ اَبَا سُفْيَانَ اٰخِذٌ بِزِمَامِهَا وَهُوَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَاكَذِب قَالَ اسرائيل وزُهَيْرٌ نَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَغْلَتِهِ

سے نہیں ہٹے تھے۔ قبیلہ ہوازن کے لوگ تیرانداز تھے، جب ہم نے ان پر حملہ کیا تو وہ پسپا ہو گئے۔ پھر ہم لوگ مال غنیمت میں لگ گئے (نتیجہ یہ ہوا کہ) ہمیں ان کے تیروں کا سامنا کرنا پڑا، میں نے خود دیکھا تھا کہ حضور اکرم ﷺ اپنے سفید خچر پر تشریف رکھے ہوئے تھے اور ابوسفیان رضی اللہ عنہ اس کی لگام تھامے ہوئے تھے، آنحضور ﷺ فرما رہے تھے، میں نبی ہوں، اس میں جھوٹ کا کوئی شائبہ نہیں۔ اسرائیل اور زہیر نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ اپنے خچر سے اتر گئے تھے (اور اللہ کی مدد کی دعا کی تھی۔)

(۱۴۵۱) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ لَيْثٌ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّحَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ وَّزَعَمَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اَخْبَرَاهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ حِيْنَ جَآءَهُ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ فَسَاَلُوْهُ اَنْ يُّرَدَّ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعِيْ مَنْ تَرَوْنَ وَاَحَبُّ الْحَدِيْثِ اِلَيَّ اَصْدَقُهُ فَاخْتَارُوْا اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ اِمَّا السَّبْيَ وَاِمَّا الْمَالَ وَقَدْ كُنْتُ اسْتَانَيْتُ بِكُمْ وَكَانَ اَنْظَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعَ عَشَرَةَ لَيْلَةً حِيْنَ قَفَلَ مِنَ الطَّائِفِ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ رَآدٍّ اِلَيْهِمْ اِلَّا اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ قَالُوْا فَاِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُسْلِمِيْنَ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اِخْوَانَكُمْ قَدْ جَآءُوْنَا تَائِبِيْنَ وَاِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ اَنْ اَرُدَّ اِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يُّطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى حَظِّهِ حَتّٰى نُعْطِيَهُ اِيَّاهُ مِنْ اَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۱۴۵۱۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے۔ ح۔ اور مجھ سے اسحٰق نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب کے بھتیجے نے حدیث بیان کی کہ محمد بن شہاب نے بیان کیا اور ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا اور انہیں مروان بن حکم اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ جب قبیلہ ہوازن کا وفد مسلمان ہو کر حاضر ہوا تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے، انہوں نے کہا کہ ان کا مال (جو مسلمانوں کے پاس غنیمت کے طور پر آیا تھا) اور ان کے (قبیلے کے) قیدی انہیں واپس دے دیئے جائیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، جیسا کہ آپ لوگ دیکھ رہے ہیں، میرے ساتھ اور لوگ بھی ہیں اور سچی بات مجھے سب سے زیادہ پسند ہے، اس لئے آپ لوگ ایک ہی چیز پسند کر لیجئے، یا قیدی یا مال (دونوں چیزیں واپس نہیں ہو سکتیں) میں نے آپ ہی لوگوں کے خیال سے (قیدیوں کی تقسیم میں) تاخیر کی تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے طائف سے واپس ہو کر تقریباً دس دن ان کا انتظار کیا تھا۔ آخر جب ہوازن پر یہ واضح ہو گیا کہ آنحضور ﷺ انہیں صرف ایک ہی چیز واپس کریں گے تو انہوں نے کہا کہ پھر ہم اپنے (قبیلے کے) قیدیوں کی واپسی چاہتے ہیں، چنانچہ آنحضور ﷺ نے مسلمانوں کو خطاب کیا، اللہ تعالیٰ کی اس کی شان کے مطابق ثنا کرنے کے بعد فرمایا، امابعد، تمہارے بھائی (قبیلہ ہوازن) توبہ کر کے ہمارے پاس آئے ہیں، اور میری رائے ہے کہ ان کے قیدی انہیں واپس کر دیئے جائیں، اس لئے جو شخص (بلا کسی دنیاوی صلہ کے) اپنی خوشی سے واپس کرنا چاہے وہ واپس کر دے اور جو لوگ اپنا حصہ نہ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا لَا نَدْرِیْ مَنْ اَذِنَ مِنْكُمْ فِیْ ذٰلِكَ مِمَّنْ لَمْ يَاْذَنْ فَارْجِعُوْا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَآءُ كُمْ اَمْرَكُمْ فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَآءُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرُوْهُ اَنَّهُمْ طَيَّبُوْا وَاَذِنُوْا هٰذَا الَّذِیْ بَلَغَنِیْ عَنْ سَبْىِ هَوَازِنَ

چھوڑنا چاہتے ہوں، وہ یوں کر لیں کہ اس کے بعد جو سب سے پہلے غنیمت اللہ تعالیٰ ہمیں عنایت فرمائے اس میں سے ہم انہیں اس کے بدلہ میں دے دیں تو وہ ان کے قیدی واپس کر دیں۔ تمام صحابہؓ نے کہا، یا رسول اللہ ﷺ! ہم خوشی سے (بلا کسی بدلہ کے) واپس کرنا چاہتے ہیں لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا، اس طرح ہمیں اس کا امتیاز نہیں ہوا کہ کس نے اپنی خوشی سے واپس کیا ہے اور کس نے نہیں، اس لئے سب لوگ واپس جائیں اور تمہارے نمائندے تمہارا معاملہ ہمارے پاس لائیں۔ چنانچہ سب حضرات واپس آ گئے اور ان کے نمائندوں نے ان سے گفتگو کی، پھر آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ سب نے خوشی اور بشاشت قلب کے ساتھ اجازت دی ہے۔ یہی وہ حدیث جو مجھے قبیلہ ہوازن کے قیدیوں کے متعلق پہنچی ہے۔

(۱۴۵۲) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا قَفَلْنَا مِنْ حُنَيْنٍ سَاَلَ عُمَرُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَذْرٍ كَانَ نَذَرَهٗ فِی الْجَاهِلِيَّةِ اِعْتِكَافٍ فَاَمَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَفَآئِهٖ وَقَالَ بَعْضُهُمْ حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَرَوَاهُ جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ وَّحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۵۲۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! ح۔ اور مجھ سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ایوب نے، انہیں نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب ہم غزوہ حنین سے واپس ہو رہے تھے تو عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اپنی ایک نذر کے متعلق پوچھا جو انہوں نے زمانہ جاہلیت میں اعتکاف کی مانی تھی، اور آنحضور ﷺ نے انہیں اسے پوری کرنے کا حکم دیا۔ اور بعض (احمد بن عبدہ ضبی) نے حماد کے حوالہ سے روایت بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے۔ اور اس کی روایت جریر بن حازم اور حماد بن سلمہ نے ایوب کے واسطہ سے کی، ان سے نافع نے، ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ، نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

(۱۴۵۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيْرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ مَّوْلٰى اَبِیْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَضَرَبْتُهٗ مِنْ وَّرَآئِهٖ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهٖ بِالسَّيْفِ

۱۴۵۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں یحییٰ بن سعید نے، انہیں عمر بن کثیر بن افلح نے، انہیں ابوقتادہ کے مولا ابومحمد نے، اور ان سے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حنین کے موقعہ پر ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ نکلے۔ جب جنگ ہوئی تو مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی، میں نے دیکھا کہ ایک مشرک ایک مسلمان کے اوپر چڑھا ہوا ہے، میں نے پیچھے سے اس کی گردن پر تلوار ماری اور اس کی زرہ کاٹ ڈالی، اب وہ مجھ پر پلٹ پڑا اور مجھے اتنی زور

فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ وَاَقْبَلَ عَلَیَّ فَضَمَّنِیْ ضَمَّةً وَّ جَدْتُّ مِنْهَا رِیْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَکَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِیْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ قَالَ اَمْرُاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ثُمَّ رَجَعُوْا وَجَلَسَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِیْلًا لَّه، عَلَیْهِ بَیِّنَةٌ فَلَه، سَلَبُه، فَقُلْتُ مَنْ یَّشْهَدُ لِیْ ثُمَّ جَلَسْتُ قَالَ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَه، فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَنْ یَّشْهَدُ لِیْ ثُمَّ جَلَسْتُ قَالَ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَه، فَقُمْتُ فَقَالَ مَالَکَ یَا اَبَا قَتَادَةَ فَاَخْبَرْتُه، فَقَالَ رَجُلٌ صَدَقَ وَ سَلَبُه، عِنْدِیْ فَاَرْضِهٖ مِنِّیْ فَقَالَ اَبُوْ بَکْرٍ لَاهَا اللّٰهِ اِذًا لَا یَعْمِدُ اِلٰی اَسَدٍ مِّنْ اُسُدِ اللّٰهِ یُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیُعْطِیْکَ سَلَبَه، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِهٖ فَاَعْطَانِیْهِ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِیْ بَنِیْ سَلِمَةَ فَاِنَّه، لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُه، فِی الْاِسْلَامِ وَ قَالَ اللَّیْثُ حَدَّثَنِیْ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ کَثِیْرِ بْنِ اَفْلَحَ عَنْ اَبِیْ مُحَمَّدٍ مَّوْلٰی اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ قَالَ لَمَّا کَانَ یَوْمُ حُنَیْنٍ نَظَرْتُ اِلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ یُقَاتِلُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَاٰخَرُ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ یَخْتِلُه، مِنْ وَّرَائِهٖ لِیَقْتُلَه، فَاَسْرَعْتُ اِلَی الَّذِیْ یَخْتِلُه، فَرَفَعَ یَدَه، لِیَضْرِبَنِیْ وَاَضْرِبَ یَدَه، فَقَطَعْتُهَا ثُمَّ اَخَذَنِیْ فَضَمَّنِیْ ضَمًّا شَدِیْدًا حَتّٰی تَخَوَّفْتُ ثُمَّ تَرَکَ فَتَحَلَّلَ وَدَفَعْتُه، ثُمَّ قَتَلْتُه، وَانْهَزَمَ الْمُسْلِمُوْنَ وَانْهَزَمْتُ مَعَهُمْ فَاِذَا بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِی النَّاسِ فَقُلْتُ لَه، مَاشَاْنُ النَّاسِ قَالَ اَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ تَرَاجَعَ النَّاسُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَقَامَ بَیِّنَةً عَلٰی قَتِیْلٍ قَتَلَه، فَلَه، سَلَبُه، فَقُمْتُ لِاَلْتَمِسَ بَیِّنَةً عَلٰی قَتِیْلِیْ فَلَمْ اَرَ اَحَدًا یَّشْهَدُ لِیْ فَجَلَسْتُ ثُمَّ بَدَالِیْ

سے بھینچا کہ موت کی بو مجھے آنے لگی، آخر وہ مر گیا اور مجھے چھوڑ دیا۔ پھر میری ملاقات عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی، میں نے پوچھا، لوگوں کو کیا ہو گیا ہے؟ انہوں نے فرمایا یہی اللہ عزوجل کا فیصلہ ہے۔ پھر مسلمان پلٹے اور (جنگ ختم ہونے کے بعد) حضور اکرم ﷺ تشریف فرما ہوئے اور فرمایا جس نے کسی مشرک کو قتل کیا ہو اور اس کے لئے کوئی شاہد بھی رکھتا ہو تو اس کا تمام سامان وہتھیار اسے ملے گا۔ میں نے (کھڑے ہوکر) کہا میرے لئے کون گواہی دے گا؟ پر میں بیٹھ گیا۔ بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ نے دوبارہ یہی فرمایا۔ اس مرتبہ پھر میں نے کھڑے ہوکر کہا کہ میرے لئے کون گواہی دے گا؟ اور پھر بیٹھ گیا، آنحضور ﷺ نے پھر اپنا فرمان دہرایا تو میں اس مرتبہ بھی کھڑا ہوا۔ آنحضور ﷺ نے اس مرتبہ فرمایا، کیا بات ہے؟ ابوقتادہ! میں نے آپ ﷺ کو بتایا تو ایک صاحب نے کہا کہ یہ سچ کہتے ہیں اور ان کے مقتول کا ساز و سامان میرے پاس ہے، آپ ﷺ میرے حق میں انہیں راضی کر دیں (کہ سامان مجھ سے نہ لیں) اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، انہیں، خدا کی قسم، اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر، جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے لڑتا ہے، آنحضور ﷺ اس کا حق تمہیں ہرگز نہیں دے سکتے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ سچ کہا، تم سامان ابوقتادہ کو دے دو۔ انہوں نے سامان مجھے دے دیا۔ میں نے اس سامان سے قبیلہ بنوسلمہ میں ایک باغ خریدا۔ اسلام کے بعد یہ میرا پہلا مال تھا جسے میں نے حاصل کیا تھا۔ اور لیث نے بیان کیا، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن کثیر بن افلح نے، ان سے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے مولا ابومحمد نے کہ ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، غزوۂ حنین کے موقعہ پر میں نے ایک مشرک کو دیکھا کہ ایک مسلمان سے دست و گریبان تھا اور ایک دوسرا مشرک پیچھے سے مسلمان کو قتل کرنے کے لئے گھات لگا رہا تھا، پہلے تو میں اسی کی طرف بڑھا۔ اس نے اپنا ہاتھ مجھے مارنے کے لئے اٹھایا تو میں نے اس کے ہاتھ پر وار کر کے کاٹ دیا۔ اس کے بعد وہ مجھ سے چمٹ گیا اور اتنی زور سے مجھے بھینچا کہ میں ڈر گیا۔ آخر اس نے مجھے چھوڑ دیا اور ڈھیلا پڑ گیا۔ میں نے اسے دھکا دے کر قتل کر دیا۔ اور مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی اور میں بھی ان کے ساتھ بھاگ پڑا، لوگوں میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نظر آئے تو میں نے ان سے پوچھا، لوگ بھاگ کیوں رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا

فَذَكَرْتُ اَمْرَهٗ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ جُلَسَائِهٖ سَلَاحُ هٰذَا الْقَتِيْلِ الَّذِیْ يَذْكُرُ عِنْدِیْ فَاَرْضِهٖ مِنْهُ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ كَلَّا لَا يُعْطِهٖ اُصَيْبِغَ مِنْ قُرَيْشٍ وَّيَدَعَ اَسَدًا مِّنْ اَسَدِ اللّٰهِ يُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَدَّاهُ فَاشْتَرَيْتُ مِنْهُ خِرَافًا فَكَانَ اَوَّلَ مَالٍ تَاَثَّلْتُهٗ فِی الْاِسْلَامِ

کہ اللہ تعالیٰ کا یہی فیصلہ تھا۔ پھر لوگ آنحضور ﷺ کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس پر دلیل قائم کر دے گا کہ کسی مقتول کو اسی نے قتل کیا ہے تو اس کا ساز و سامان اسے ملے گا۔ میں اپنے مقتول پر شاہد کے لئے اٹھا، لیکن مجھے کوئی شاہد دکھائی نہیں دیا۔ آخر میں بیٹھ گیا۔ پھر میرے سامنے ایک صورت آئی، میں نے اپنے معاملے کی اطلاع حضور اکرم ﷺ کو دی۔ آپ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے ایک صاحب نے کہا کہ ان کے مقتول کا ہتھیار میرے پاس ہے، آپ میرے حق میں انہیں راضی کر دیں۔ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ہرگز نہیں، اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کو چھوڑ کر جو اللہ اور اس کے رسول کیلئے جنگ کرتا ہے، قریش کے ایک بزدل کو؟ آنحضور ﷺ نہیں دے سکتے۔ بیان کیا کہ چنانچہ آنحضور کھڑے ہوئے اور مجھے وہ سامان عطا فرمایا۔ میں نے اس سے ایک باغ خریدا، اور یہ سب سے پہلا مال تھا جسے میں نے اسلام لانے کے بعد حاصل کیا تھا۔

باب ۵۲۳. غَزَاةِ اَوْطَاسٍ

۵۲۳۔ غزوۂ اوطاس۔

(۱۴۵۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰى رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا فَرَغَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ بَعَثَ اَبَا عَامِرٍ عَلٰى جَيْشٍ اِلٰى اَوْطَاسٍ فَلَقِیَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ فَقُتِلَ دُرَيْدٌ وَهَزَمَ اللّٰهُ اَصْحَابَهٗ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى وَبَعَثَنِیْ مَعَ اَبِیْ عَامِرٍ فَرُمِیَ اَبُوْعَامِرٍ فِیْ رُكْبَتِهٖ رَمَاهُ جُشَمِیٌّ بِسَهْمٍ فَاَثْبَتَهٗ فِیْ رُكْبَتِهٖ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ يَا عَمِّ مَنْ رَمَاكَ فَاَشَارَ اِلٰى اَبِیْ مُوْسٰى فَقَالَ ذَاكَ قَاتِلِی الَّذِیْ رَمَانِیْ فَقَصَدْتُ لَهٗ فَلَحِقْتُهٗ فَلَمَّا رَاٰنِیْ وَلّٰى فَاتَّبَعْتُهٗ وَجَعَلْتُ اَقُوْلُ لَهٗ اَلَا تَسْتَحْیِ اَلَا تَثْبُتُ فَكَفَّ فَاخْتَلَفْنَا ضَرْبَتَيْنِ بِالسَّيْفِ فَقَتَلْتُهٗ ثُمَّ قُلْتُ لِاَبِیْ عَامِرٍ قَتَلَ اللّٰهُ صَاحِبَكَ قَالَ فَانْزِعْ هٰذَا السَّهْمَ فَنَزَعْتُهٗ فَنَزَا مِنْهُ الْمَآءُ قَالَ يَا ابْنَ اَخِیْ اَقْرِئِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّلَامَ وَقُلْ لَهٗ اسْتَغْفِرْ لِیْ وَاسْتَخْلَفَنِیْ اَبُوْعَامِرٍ عَلَى النَّاسِ

۱۴۵۴۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ نے، ان سے ابوبردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوۂ حنین سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے ایک دستے کے ساتھ ابوعامر رضی اللہ عنہ کو وادی اوطاس کی طرف بھیجا۔ اس معرکے میں درید بن الصمۃ سے مڈبھیڑ ہوئی۔ درید قتل کر دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے لشکر کو شکست دی، ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوعامر رضی اللہ عنہ کے ساتھ آنحضور ﷺ نے مجھے بھی بھیجا تھا۔ ابوعامر رضی اللہ عنہ کے گھٹنے میں تیر آ کر لگا۔ بنی جشم کے ایک شخص نے ان پر تیر مارا تھا اور ان کے گھٹنے میں اتار دیا تھا۔ میں ان کے پاس پہنچا اور عرض کی، چچا! یہ تیر آپ پر کس نے پھینکا ہے؟ انہوں نے مجھے اشارے سے بتایا کہ وہ میرا قاتل، جس نے مجھے نشانہ بنایا تھا، میں اس کی طرف لپکا اور اس کے قریب پہنچ گیا لیکن جب اس نے مجھے دیکھا تو بھاگ پڑا، میں نے اس کا پیچھا کیا اور یہ کہتا جاتا تھا، تجھے شرم نہیں آتی، تجھ سے مقابلہ نہیں کیا جاتا۔ آخر وہ رک گیا اور ہم نے ایک دوسرے پر تلوار سے وار کیا۔ میں نے اسے قتل کر دیا اور ابوعامر سے جا کر کہا کہ اللہ نے آپ کے قاتل کو قتل کروا دیا۔

فَمَكُثَ يَسِيرًا ثُم مَاتَ فَرَجَعْتُ فَدَخَلْتُ عَلَى النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِهِ عَلَى سَرِيْرٍ مُرَمَّلٍ وَّعَلَيْهِ فِرَاشٌ قَدْ اَثَّرَ رِمَالُ السَّرِيْرِ بِظَهْرِهٖ وَجَنْبَيْهِ فَاَخْبَرْتُه' بِخَبَرِنَا وَخَبَرَ اَبِىْ عَامِرٍ وَقَالَ قُلْ لَه' اسْتَغْفِرْ لِى فَدَعَا بِمَآءٍ فَتَوَضَّأَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعُبَيْدٍ اَبِىْ عَامِرٍ وَرَاَيْتُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِّنْ خَلْقِكَ مِنَ النَّاسِ فَقُلْتُ وَلِىْ فَاسْتَغْفِرْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَه' وَاَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلًا كَرِيْمًا قَالَ اَبُوْبُرْدَةَ اِحْدَاهُمَا لِاَبِىْ عَامِرٍ وَّالْاُخْرٰى لِاَبِىْ مُوْسٰى

انہوں نے فرمایا کہ (گھٹنے میں سے) تیر نکال لو۔ میں نے نکال لیا تو اس سے خون جاری ہو گیا۔ پھر انہوں نے فرمایا، بھتیجے! حضور اکرم ﷺ کو میرا سلام پہنچانا اور عرض کرنا کہ میرے لئے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ ابو عامر رضی اللہ عنہ نے لوگوں پر مجھے اپنا نائب بنا دیا۔ اس کے بعد وہ تھوڑی دیر اور زندہ رہے اور شہادت پائی۔ میں واپس ہوا اور حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ ﷺ اپنے گھر میں بانوں کی ایک چار پائی پر تشریف رکھتے تھے، اس پر کوئی بستر بچھا ہوا نہیں تھا اور بانوں کے نشانات آپ ﷺ کی پیٹھ اور پہلو پر پڑ گئے تھے۔ میں نے آپ ﷺ سے اپنے اور ابو عامر رضی اللہ عنہ کے واقعات بیان کئے اور یہ کہ انہوں نے استغفار کے لئے عرض کیا ہے، آنحضور ﷺ نے پانی طلب فرمایا اور وضو کیا پھر ہاتھ اٹھا کر دعا کی، اے اللہ! عبید ابو عامر کی مغفرت فرما، میں نے آپ ﷺ کی بغل کی سفیدی (جب آپ ﷺ دعا کر رہے تھے) دیکھی۔ پھر آنحضور ﷺ نے دعا کی، اے اللہ قیامت کے دن ابو عامر کو اپنی بہت سی مخلوق سے بلند تر درجہ عنایت فرما، میں نے عرض کی، اور میرے لئے بھی اللہ سے مغفرت طلب فرما دیجئے۔ آنحضور ﷺ نے دعا کی، اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہوں کو معاف فرما۔ اور قیامت کے دن اسے اچھا مقام عنایت فرما۔ ابو بردہ نے بیان کیا کہ ایک دعا ابو عامر رضی اللہ عنہ کے لئے تھی اور دوسری ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ کے لئے۔

باب ۵۲۴. غَزْوَةِ الطَّائِفِ فِىْ شَوَّالٍ سَنَةَ ثَمَانٍ قَالَه' مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ

۵۲۴۔ غزوۂ طائف، شوال ۰۸ ہجری میں موسیٰ بن عقبہ نے بیان کیا۔

(۱۴۵۵) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ سَمِعَ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا دَخَلَ عَلَىَّ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِىْ مُخَنَّثٌ فَسَمِعَهٗ يَقُوْلُ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ اُمَيَّةَ يَاعَبْدَاللّٰهِ اَرَاَيْتَ اِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الطَّائِفَ غَدًا فَعَلَيْكَ بِابْنَةِ غَيْلَانَ فَاِنَّهَا تُقْبِلُ بِاَرْبَعٍ وَّتُدْبِرُ بِثَمَانٍ وَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَدْخُلَنَّ هٰؤُلَاءِ عَلَيْكُنَّ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ وَقَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ الْمُخَنَّثُ هِيتٌ۔ حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ بِهٰذَا وَزَادَ وَهُوَ مُحَاصِرٌ

۱۴۵۵۔ ہم سے حمیدی نے بیان کیا، انہوں نے سفیان سے سنا، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے زینب بنت ابی سلمہ نے اور ان سے ان کی والدہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ میرے یہاں تشریف لائے تو میرے پاس ایک مخنث بیٹھا ہوا تھا پھر آنحضور ﷺ نے سنا کہ وہ عبداللہ بن امیہ سے کہہ رہا تھا کہ اے عبداللہ! دیکھو، اگر کل اللہ تعالیٰ نے طائف کی فتح تمہیں عنایت فرمائی تو غیلان کی بیٹی کو نہ چھوڑنا، وہ جب سامنے آتی ہے تو چار بل دکھائی دیتے ہیں اور جب مڑتی ہے تو آٹھ دکھائی دیتے ہیں۔ اس لئے حضور ﷺ نے فرمایا، یہ شخص اب تمہارے گھروں میں نہ آیا کرے۔ ابن عیینہ نے بیان کیا کہ ابن جریج نے فرمایا، اس مخنث کا نام ہیت تھا۔ ہم سے محمود

الطَّآئِفَ يَوْمَئِذٍ

نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے اسی طرح اور یہ اضافہ کیا ہے کہ آنحضور ﷺ اس وقت طائف کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔

(١٤٥٧) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِى الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِالْاَعْمٰى عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ لَمَّا حَاصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّائِفَ فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا قَالَ اِنَّا قَافِلُوْنَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَثَقُلَ عَلَيْهِمْ وَقَالُوْا نَذْهَبُ وَلَا نَفْتَحُه' وَقَالَ مَرَّةً نَقْفُلُ فَقَالَ اغْدُوْا عَلَى الْقِتَالِ فَغَدَوْا فَاَصَابَهُمْ جِرَاحٌ فَقَالَ اِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَاَعْجَبَهُمْ فَضَحِكَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً فَتَبَسَّمَ قَالَ قَالَ الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الْخَبَرَ كُلَّه'

۱۴۵۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابوالعباس شاعر اعمیٰ نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے، آپ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ نے طائف کا محاصرہ کیا اور کوئی خاص پیش رفت نہیں ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب انشاء اللہ ہم واپس ہو جائیں گے۔ صحابہ کے لئے یہ مرحلہ بڑا شاق تھا۔ انہوں نے کہا کہ بغیر فتح کے ہم واپس چلے جائیں! (راوی نے) ایک مرتبہ (نذھب کے بجائے) نقفل کا لفظ استعمال کیا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر صبح سویرے میدان میں جنگ کے لئے آ جاؤ۔ صحابہؓ صبح سویرے ہی آ گئے، لیکن ان کی بہت بڑی تعداد زخمی ہوئی۔ اب پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انشاء اللہ ہم کل واپس چلے جائیں گے۔ صحابہؓ نے اسے بہت پسند کیا۔ آنحضور ﷺ اس پر ہنس پڑے۔ اور سفیان نے ایک مرتبہ بیان کیا کہ آنحضور ﷺ مسکرا دیئے۔ بیان کیا کہ حمیدی نے بیان کیا کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی، اس پوری خبر کی۔

(١٤٥٨) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدًا وَّهُوَ اَوَّلُ مَنْ رَّمٰى بِسَهْمٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَبَابَكْرَةَ وَكَانَ تَسَوَّرَ حِصْنَ الطَّائِفِ فِىْ اُنَاسٍ فَجَآءَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا سَمِعْنَا النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ ادَّعٰى اِلٰى غَيْرِ اَبِيْهِ وَهُوَ يَعْلَمُ فَالْجَنَّةُ عَلَيْهِ حَرَامٌ وَقَالَ هِشَامٌ وَّاَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ اَوْاَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِىِّ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدًا وَّاَبَابَكْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَاصِمٌ قُلْتُ لَقَدْ شَهِدَ عِنْدَكَ رَجُلَانِ حَسْبُكَ بِهِمَا قَالَ اَجَلْ اَمَّا اَحَدُهُمَا فَاَوَّلُ مَنْ رَّمٰى بِسَهْمٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَنَزَلَ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۴۵۸۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم نے بیان کیا، انہوں نے ابوعثمان سے سنا، کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے سنا جنہوں نے سب سے پہلے اللہ کے راستے میں تیر چلایا تھا اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے، جو طائف کے قلعہ پر چند مسلمانوں کے ساتھ چڑھے تھے اور اس طرح نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ ان دونوں حضرات نے بیان کیا کہ ہم نے حضور اکرم ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ جو شخص، جانتے ہوئے اپنے باپ کے سوا دوسرے کی طرف اپنی نسبت کرے گا تو جنت اس پر حرام ہے۔ اور ہشام نے بیان کیا اور انہیں معمر نے خبر دی، انہیں عاصم نے، انہیں ابوالعالیہ یا ابوعثمان نہدی نے (راوی کو شبہ تھا)، کہا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہما سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ عاصم نے بیان کیا کہ میں نے (ابوالعالیہ یا ابوعثمان نہدی سے) کہا، آپ سے یہ روایت

ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ وَّ عِشْرِيْنَ مِنَ الطَّائِفِ

ایسے دو اصحاب (سعد اور ابوبکرہ رضی اللہ عنہما) نے بیان کی ہے کہ یقین کے لئے انہیں کی شخصیتیں کافی ہیں۔ انہوں نے فرمایا۔ یقیناً، ان میں سے ایک (سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) تو وہ ہیں جنہوں نے اللہ کے راستے میں سب سے پہلے تیر چلایا تھا اور دوسرے (ابوبکرہ رضی اللہ عنہ) وہ ہیں جو بائیس افراد کو ساتھ لے کر طائف کے (قلعہ پر چڑھے اور اس طرح) آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔

(۱۴۵۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ نَازِلٌ بِالْجِعْرَانَةِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَمَعَهٗ بِلَالٌ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اَلَا تُنْجِزُلِيْ مَاوَعَدْتَنِيْ فَقَالَ لَهٗ اَبْشِرْ فَقَالَ قَدْ اَكْثَرْتَ عَلَيَّ مِنْ اَبْشِرْ فَاَقْبَلَ عَلٰى اَبِيْ مُوْسٰى وَبِلَالٍ كَهَيْئَةِ الْغَضْبَانِ فَقَالَ رَدَّ الْبُشْرٰى فَاقْبَلَا اَنْتُمَا قَالَا قَبِلْنَا ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ فِيْهِ مَآءٌ فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهٗ فِيْهِ وَمَجَّ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ اشْرَبَا مِنْهُ وَاَفْرِغَا عَلٰى وُجُوْهِكُمَا وَنُحُوْرِكُمَا وَاَبْشِرَا فَاَخَذَا الْقَدَحَ فَفَعَلَا فَنَادَتْ اُمُّ سَلَمَةَ مِنْ وَّرَآءِ السِّتْرِ اَنْ اَفْضِلَا لِاُمِّكُمَا فَاَفْضَلَا لَهَا مِنْهُ طَائِفَةً

۱۴۵۹۔ ہم سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ نے، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے قریب ہی تھا، جب آپ جعرانہ سے، جو مکہ اور مدینہ کے درمیان میں ایک مقام ہے، اتر رہے تھے، آپ ﷺ کے ساتھ بلال رضی اللہ عنہ تھے۔ اسی عرصہ میں آنحضور ﷺ کے پاس ایک اعرابی آیا اور کہنے لگا کہ آپ نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے اسے پورا کیوں نہیں کرتے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں بشارت ہو۔ اس پر وہ اعرابی بولا، بشارت تو آپ مجھے بہت دے چکے! پھر آنحضور ﷺ نے چہرہ مبارک ابوموسیٰ اور بلال رضی اللہ عنہما کی طرف پھیرا۔ آپ ﷺ بہت غصے میں معلوم ہو رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا، اس نے بشارت واپس کر دی، اب تم دونوں اسے قبول کر لو، ان دونوں حضرات نے عرض کی، ہم نے قبول کی۔ پھر آپ ﷺ نے پانی کا ایک پیالہ طلب فرمایا اور اپنے دونوں ہاتھوں اور چہرے کو اس میں دھویا اور اسی میں کلی کی اور (ابوموسیٰ اشعری اور بلال رضی اللہ عنہما سے) فرمایا کہ اس کا پانی پی لو اور اپنے چہروں اور سینوں پر اسے ڈال دو اور بشارت حاصل کرو۔ ان دونوں حضرات نے پیالہ لے لیا اور ہدایت کے مطابق عمل کیا۔ پردہ کے پیچھے سے ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے بھی فرمایا کہ اپنی ماں کے لئے بھی کچھ چھوڑ دینا۔ چنانچہ ان حضرات نے ان کے لئے بھی ایک حصہ چھوڑ دیا۔

(۱۴۶۰) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَآءٌ اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ اَخْبَرَ اَنَّ يَعْلٰى كَانَ يَقُوْلُ لَيْتَنِيْ اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ قَالَ فَبَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قَدْ اُظِلَّ بِهٖ مَعَهٗ فِيْهِ نَاسٌ مِّنْ

۱۴۶۰۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں عطاء نے خبر دی، انہیں صفوان بن یعلیٰ بن امیہ نے خبر دی کہ یعلیٰ رضی اللہ عنہ نے کہا، کاش میں رسول اللہ ﷺ کو اس وقت دیکھ سکتا جب آپ ﷺ پر وحی نازل ہوتی ہے۔ بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ جعرانہ میں قیام پذیر تھے، آپ ﷺ کے لئے ایک کپڑے کا سایہ کر دیا گیا تھا اور اس میں چند صحابہ بھی

اَصْحَابِهٖ اِذْ جَآءَهٗ اَعْرَابِیٌّ عَلَيْهِ جُبَّةٌ مُتَضَمِّخٌ بِطِيْبٍ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ رَجُلٍ اَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ فِيْ جُبَّةٍ بَعْدَ مَاتَضَمَّخَ بِالطِّيْبِ فَاَشَارَ عُمَرُ اِلٰى يَعْلٰى بِيَدِهٖ اَنْ تَعَالَ فَجَآءَ يَعْلٰى فَاَدْخَلَ رَاْسَهٗ فَاِذَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْمَرُّ الْوَجْهِ يَغِطُّ كَذٰلِكَ سَاعَةً ثُمَّ سُرِّیَ عَنْهُ فَقَالَ اَيْنَ الَّذِیْ يَسْاَلُنِیْ عَنِ الْعُمْرَةِ اٰنِفًا فَالْتُمِسَ الرَّجُلُ فَاُتِیَ بِهٖ فَقَالَ اَمَّا الطِّيْبُ الَّذِیْ بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّاَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِیْ عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِیْ حَجِّكَ

آپ ﷺ کے ساتھ موجود تھے۔ اتنے میں ایک اعرابی آئے، وہ ایک جبہ پہنے ہوئے تھے، خوشبو میں بسا ہوا۔ انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! ایک ایسے شخص کے بارے میں آپ کا کیا حکم ہے جو اپنے جبہ میں خوشبو لگانے کے بعد عمرہ کا احرام باندھے؟ فوراً ہی عمر رضی اللہ عنہ یعلیٰ رضی اللہ عنہ کو آنے کے لئے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ یعلیٰ رضی اللہ عنہ حاضر ہوگئے اور اپنا سر (آنحضور ﷺ کو دیکھنے کے لئے) اندر کر لیا۔ آنحضور ﷺ کا چہرہ مبارک سرخ ہورہا تھا۔ اور زور زور سے سانس چل رہا تھا۔ (ثقل وحی کی وجہ سے) تھوڑی دیر تک یہی کیفیت رہی، پھر ختم ہوگئی تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ ابھی عمرہ کے متعلق جس نے مجھ سے سوال کیا تھا وہ کہاں ہے؟ انہیں تلاش کر کے لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو خوشبو تم نے لگا رکھی ہے اسے تین مرتبہ دھولو اور جبہ اتار دو، اور پھر عمرہ میں وہی اعمال کرو (طواف وسعی) جو حج میں کرتے ہو۔

(۱۴۶۱) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَاصِمٍ قَالَ لَمَّا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَسَمَ فِی النَّاسِ فِی الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَلَمْ يُعْطِ الْاَنْصَارَ شَيْئًا فَكَاَنَّهُمْ وَجَدُوْا اِذْ لَمْ يُصِبْهُمْ مَااَصَابَ النَّاسَ فَخَطَبَهُمْ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَمْ اَجِدْكُمْ ضُلَّالًا فَهَدٰكُمُ اللّٰهُ بِیْ وَكُنْتُمْ مُتَفَرِّقِيْنَ فَاَلَّفَكُمُ اللّٰهُ بِیْ وَعَالَةً فَاَغْنَاكُمُ اللّٰهُ بِیْ كُلَّمَا قَالَ شَيْئًا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمَنُّ قَالَ مَايَمْنَعُكُمْ اَنْ تُجِيْبُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلَّمَا قَالَ شَيْئًا قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمَنُّ قَالَ لَوْ شِئْتُمْ قُلْتُمْ جِئْتَنَا كَذَا وَكَذَا اَلَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاةِ وَالْبَعِيْرِ وَتَذْهَبُوْنَ بِالنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رِحَالِكُمْ لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَاً مِّنَ الْاَنْصَارِ وَلَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَّشِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِیَ الْاَنْصَارِ وَشِعْبَهَا الْاَنْصَارُ شِعَارٌ وَالنَّاسُ دِثَارٌ اِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِیْ اُثْرَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوْنِیْ عَلَى الْحَوْضِ

۱۴۶۱۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عباد بن تمیم نے، ان سے عبداللہ بن زید بن عاصم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حنین کے موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو جو غنیمت دی تھی۔ آپ ﷺ نے اس کی تقسیم مؤلفۃ القلوب (کمزور ایمان کے لوگ جو فتح مکہ کے بعد ایمان لائے تھے) میں کردی اور انصار کو اس میں سے کچھ نہیں دیا۔ غالباً اس کا انہیں ملال ہوا کہ وہ مال جو آنحضور ﷺ نے دوسروں کو دیا انہیں نہیں دیا۔ آنحضور ﷺ نے اس کے بعد انہیں خطاب کیا اور فرمایا اے معشر انصار! کیا میں نے تمہیں گمراہ نہیں پایا تھا، پھر تمہاری اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ ہدایت کی، اور تم میں باہم دشمنی اور نااتفاقی تھی تو اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ تم میں باہم محبت والفت پیدا کی اور تم محتاج تھے، اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعہ تمہیں غنی اور بے نیاز کیا۔ آنحضور ﷺ کے ایک ایک جملے پر انصار کہتے جاتے تھے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ہم سب سے زیادہ احسان مند ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میری باتوں کا جواب دینے سے تمہیں کون چیز مانع رہی؟ بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کے ہر ارشاد پر انصار عرض کرتے جاتے کہ اللہ اور رسول ﷺ کے ہم سب سے زیادہ احسان مند ہیں۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم چاہتے تو مجھ سے اس طرح بھی کہہ سکتے

تھے (کہ آپ آئے تو لوگ آپ کو جھٹلا رہے تھے۔ لیکن ہم نے آپ کی تصدیق کی وغیرہ) کیا تم اس پر راضی اور خوش نہیں ہو کہ جب لوگ اونٹ اور بکریاں لے کر جا رہے ہوں گے تو تم اپنے گھروں کی طرف رسول اللہ ﷺ کو ساتھ لئے جا رہے ہو گے؟ اگر ہجرت کی فضیلت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد بن جاتا، لوگ خواہ کسی گھاٹی یا وادی میں چلیں، میں تو انصار کی وادی اور گھاٹی میں چلوں گا، انصار اس کپڑے کی طرف ہیں جو ہمیشہ جسم سے لگا رہتا ہے اور دوسرے لوگ اوپر کے کپڑے کی طرح ہیں، تم لوگ (انصار) دیکھو گے کہ میرے بعد تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی، تم اس وقت صبر کرنا، یہاں تک کہ مجھ سے حوض پر آ ملو۔

(۱۴۶۲) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ نَاسٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ حِیْنَ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَااَفَآءَ مِنْ اَمْوَالِ هَوَازِنَ فَطَفِقَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعْطِیْ رِجَالًا الْمِائَةَ مِنَ الْاِبِلِ فَقَالُوْا یَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعْطِیْ قُرَیْشًا وَ یَتْرُکُنَا وَسُیُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَآئِهِمْ قَالَ اَنَسٌ فَحُدِّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَقَالَتِهِمْ فَاَرْسَلَ اِلَی الْاَنْصَارِ فَجَمَعَهُمْ فِیْ قُبَّةٍ مِّنْ اَدَمٍ وَّلَمْ یَدْعُ مَعَهُمْ غَیْرَهُمْ فَلَمَّا اجْتَمَعُوْا قَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاحَدِیْثٌ بَلَغَنِیْ عَنْکُمْ فَقَالَ فُقَهَآءُ الْاَنْصَارِ اَمَّا رُءَ وَسَاءُ نَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمْ یَقُوْلُوْا شَیْئًا وَاَمَّا نَاسٌ مِّنَّا حَدِیْثَةٌ اَسْنَانُهُمْ فَقَالُوْا یَغْفِرُ اللّٰهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعْطِیْ قُرَیْشًا وَّیَتْرُکُنَا وَسُیُوْفُنَا تَقْطُرُ مِنْ دِمَآئِهِمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّیْ اُعْطِیْ رِجَالًا حَدِیْثِیْ عَهْدٍ بِکُفْرٍ اَتَاَلَّفُهُمْ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ یَّذْهَبَ النَّاسُ بِالْاَمْوَالِ وَتَذْهَبُوْنَ بِالنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی رِحَالِکُمْ فَوَاللّٰهِ لَمَا تَنْقَلِبُوْنَ بِهٖ خَیْرٌ مِّمَّا یَنْقَلِبُوْنَ بِهٖ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ رَضِیْنَا فَقَالَ

۱۴۶۲۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی۔ بیان کیا کہ جب قبیلہ ہوازن کے مال میں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو جو دینا تھا وہ دیا تو انصار کے چند افراد کو رنج و ملال ہوا۔ کیونکہ آنحضور ﷺ نے کچھ افراد (مؤلفۃ القلوب) کو سوسو اونٹ دے دیئے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ اللہ اپنے رسول اللہ ﷺ کی مغفرت کرے، قریش کو آپ عنایت فرما رہے ہیں اور ہم کو نظر انداز کر دیا ہے، حالانکہ ابھی ہماری تلواروں سے ان کا خون ٹپک رہا ہے۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انصار کی یہ بات حضور اکرم ﷺ کے سامنے نقل ہوئی تو آپ ﷺ نے انہیں بلا بھیجا اور چمڑے کے ایک خیمے میں انہیں جمع کیا، ان کے ساتھ ان کے علاوہ کسی کو بھی آپ ﷺ نے نہیں بلایا تھا۔ جب سب حضرات جمع ہو گئے تو آنحضور ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا، تمہاری جو بات مجھے معلوم ہوئی ہے کیا وہ صحیح ہے؟ انصار کے جو سمجھدار افراد تھے انہوں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! جو لوگ ہمارے معزز اور سردار ہیں۔ انہوں نے ایسی کوئی بات نہیں کہی ہے، البتہ ہمارے کچھ افراد جو ابھی نو عمر ہیں انہوں نے کہا ہے کہ اللہ رسول اللہ ﷺ کی مغفرت کرے۔ قریش کو آپ ﷺ دے رہے ہیں اور ہمیں نظر انداز کر دیا ہے حالانکہ ابھی ہماری تلواروں سے ان کا خون ٹپک رہا ہے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، میں ایسے لوگوں کو دیتا ہوں جو ابھی نئے نئے اسلام میں داخل ہوئے ہیں، اس طرح میں ان کی تالیف قلب کرتا ہوں، کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ دوسرے لوگ تو مال و دولت ساتھ

لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَتَجِدُوْنَ اُثْرَةً شَدِيْدَةً فَاصْبِرُوْا حَتّٰى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنِّىْ عَلَى الْحَوْضِ قَالَ اَنَسٌ فَلَمْ يَصْبِرُوْا

لے جائیں اور تم نبی ﷺ کو اپنے ساتھ اپنے گھر لے جاؤ، خدا گواہ ہے کہ جو چیز تم اپنے ساتھ لے جاؤ گے وہ اس سے بہتر ہے جو وہ لے جا رہے ہیں۔ انصار نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! ہم اس پر راضی اور خوش ہیں، اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا، میرے بعد تم دیکھو گے کہ تم پر دوسروں کو ترجیح دی جائے گی، اس وقت صبر کرنا، یہاں تک کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے آملو، میں حوض پر ملوں گا۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، لیکن انصار نے صبر نہیں کیا (آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد۔)

(۱۴۶۳) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ قَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ فَغَضِبَتِ الْاَنْصَارُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا بَلٰى قَالَ لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا اَوْشِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِىَ الْاَنْصَارِ اَوْ شِعْبَهُمْ

۱۴۶۳۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی۔ ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالتیاح نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے زمانہ میں آنحضور ﷺ نے قریش میں (حنین) کی غنیمت کی تقسیم کر دی۔ انصار اس سے اور رنجیدہ ہوئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا تم اس پر خوش اور راضی نہیں ہو کہ دوسرے لوگ دنیا اپنے ساتھ لے جائیں اور تم اپنے ساتھ رسول ﷺ کو لے جاؤ۔ انصارؓ نے عرض کی کہ ہم اس پر راضی اور خوش ہیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ دوسرے کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی وادی اور گھاٹی میں چلوں گا۔

(۱۴۶۴) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اَنْبَأَنَا هِشَامُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ الْتَقٰى هَوَازِنَ وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةُ الاٰفٍ وَّالطُّلَقَآءُ فَاَدْبَرُوْا قَالَ يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ لَبَّيْكَ نَحْنُ بَيْنَ يَدَيْكَ فَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ فَاَعْطَى الطُّلَقَآءَ وَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَلَمْ يُعْطِ الْاَنْصَارَ شَيْئًا فَقَالُوْا فَدَعَاهُمْ فَاَدْخَلَهُمْ فِىْ قُبَّةٍ فَقَالَ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاةِ وَالْبَعِيْرِ وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْسَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَّسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ شِعْبًا لَّاخْتَرْتُ شِعْبَ الْاَنْصَارِ

۱۴۶۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ازہر نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے، انہیں ہشام بن زید بن انس نے خبر دی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حنین میں جب قبیلہ ہوازن سے جنگ شروع ہوئی تو نبی کریم ﷺ کے ساتھ دس ہزار فوج تھی (صحابہ کی اور) قریش کے وہ لوگ بھی ساتھ تھے جنہیں فتح مکہ کے بعد آنحضور ﷺ نے چھوڑ دیا تھا۔ پھر سب نے پیٹھ پھیر لی، آنحضور ﷺ نے پکارا، اے معشر انصار! انہوں نے جواب دیا کہ ہم حاضر ہیں، یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کے ہر حکم کی تکمیل کے لئے، ہم حاضر ہیں، ہم آپ کے سامنے ہیں! پھر آنحضور ﷺ اپنی سواری سے اتر گئے اور فرمایا کہ میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ پھر مشرکین کو شکست ہو گئی، جن لوگوں کو آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے بعد چھوڑ دیا تھا۔ اور مہاجرین کو آنحضور ﷺ نے دیا لیکن انصار کو کچھ نہیں دیا۔ اس پر انصارؓ نے اپنے ملال کا اظہار کیا تو آنحضور ﷺ نے انہیں بلایا اور ایک خیمہ میں جمع کیا، پھر فرمایا کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ دوسرے لوگ بکرے اور اونٹ اپنے

ساتھ لے جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو اپنے ساتھ لے جاؤ، آنحضور ﷺ نے فرمایا، اگر لوگ کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں اور انصار دوسری گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی گھاٹی میں چلنا پسند کروں گا۔

(۱۴۶۵) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا مِّنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ إِنَّ قُرَيْشًا حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ وَّ مُصِيبَةٍ وَّ إِنِّي أَرَدْتُ أَنْ أَجْبُرَ هُمْ وَأَتَأَ لَّفَهُمْ أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَّرْجِعَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى بُيُوْتِكُمْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَّسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ شِعْبًا لَّسَلَكْتُ وَادِيَ الْأَنْصَارِ أَوْ شِعْبَ الْأَنْصَارِ

۱۴۶۵۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی۔ ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے قتادہ سے سنا اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انصار کے کچھ افراد کو جمع کیا اور فرمایا کہ قریش کے کفر اور مصائب کا دور ابھی ختم ہوا ہے، میرا مقصد صرف ان کی دلجوئی اور تالیف قلب تھا۔ کیا تم اس پر راضی اور خوش نہیں ہو کہ لوگ دنیا لے کر اپنے ساتھ جائیں اور تم اللہ کے رسول ﷺ کو اپنے گھر لے جاؤ۔ سب حضرات بولے، کیوں نہیں (ہم اس پر راضی ہیں)۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اگر دوسرے لوگ کسی وادی میں چلیں اور انصار کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کی وادی یا گھاٹی میں چلوں گا۔

(۱۴۶۶) حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ لَمَّا قَسَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِسْمَةَ حُنَيْنٍ قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ مَا أَرَادَ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ ثُمَّ قَالَ رَحِمَ اللّٰهِ عَلٰى مُوْسٰى لَقَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ.

۱۴۶۶۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ حنین کے مال غنیمت کی تقسیم کر رہے تھے تو انصار کے ایک شخص نے (جو منافق تھا) کہا کہ اس تقسیم میں اللہ کی رضا اور خوشنودی کا کوئی لحاظ نہیں رکھا گیا ہے۔ میں نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ ﷺ کو اس کی اطلاع دی تو چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا، پھر آپ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ، موسیٰ علیہ السلام پر رحم فرمائے، انہیں اس سے بھی زیادہ ایذاء پہنچائی گئی تھی اور انہوں نے صبر کیا تھا۔

(۱۴۶۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ اٰثَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسًا أَعْطَى الْأَقْرَعَ مِائَةً مِّنَ الْإِبِلِ وَأَعْطٰى عُيَيْنَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَأَعْطٰى نَاسًا فَقَالَ رَجُلٌ مَّا أُرِيْدَ بِهٰذِهِ الْقِسْمَةِ وَجْهُ اللّٰهِ فَقُلْتُ لَأُخْبِرَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَحِمَ اللّٰهُ مُوْسٰى قَدْ أُوْذِيَ بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ

۱۴۶۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوۂ حنین کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے چند افراد کے ساتھ ترجیحی معاملہ کیا، چنانچہ اقرع بن حابس کو (جو مؤلفۃ القلوب میں سے تھے) سو۱۰۰ اونٹ دیئے۔ عیینہ بن حصن فزاری کو بھی اتنے ہی دیئے اور اسی طرح دوسرے اشراف عرب کو دیا۔ اس پر ایک شخص نے کہا کہ اس تقسیم میں اللہ کی رضا اور خوشنودی کا کوئی خیال نہیں کیا گیا ہے (ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ) میں نے کہا کہ میں اس

کی خبر رسول اللہ ﷺ کو کروں گا۔ (جب آنحضور ﷺ نے یہ کلمہ سنا تو) فرمایا، اللہ موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے کہ انہیں اس سے بھی زیادہ ایذاء پہنچائی گئی، لیکن انہوں نے صبر کیا۔

(۱۴۶۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ ابْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ اَقْبَلَتْ هَوَازِنُ وَغَطَفَانُ وَغَيْرُهُمْ بِنَعَمِهِمْ وَذَرَارِيِّهِمْ وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةُ اٰلَافٍ وَّمِنَ الطُّلَقَآءِ فَاَدْبَرُوْا عَنْهُ حَتّٰى بَقِيَ وَحْدَهٗ فَنَادٰى يَوْمَئِذٍ نِدَآءَيْنِ لَمْ يُخْلِطْ بَيْنَهُمَا الْتَفَتَ عَنْ يَّمِيْنِهٖ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ ثُمَّ الْتَفَتَ عَنْ يَّسَارِهٖ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا لَبَّيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَآءَ فَنَزَلَ فَقَالَ اَنَا عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ فَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ فَاَصَابَ يَوْمَئِذٍ غَنَائِمَ كَثِيْرَةً فَقَسَمَ فِي الْمُهَاجِرِيْنَ وَالطُّلَقَآءِ وَلَمْ يُعْطِ الْاَنْصَارَ شَيْئًا فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ اِذَا كَانَتْ شَدِيْدَةٌ فَنَحْنُ نُدْعٰى وَيُعْطِي الْغَنِيْمَةَ غَيْرَنَا فَبَلَغَهٗ ذٰلِكَ فَجَمَعَهُمْ فِي قُبَّةٍ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الْاَنْصَارِ مَاحَدِيْثٌ بَلَغَنِي عَنْكُمْ فَسَكَتُوْا فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَلَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا وَتَذْهَبُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحُوْزُوْنَهٗ اِلٰى بُيُوْتِكُمْ قَالُوْا بَلٰى فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا وَّسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ شِعْبًا لَّاَخَذْتُ شِعْبَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ هِشَامٌ يَااَبَاحَمْزَةَ وَاَنْتَ شَاهِدٌ ذَاكَ قَالَ وَاَيْنَ اَغِيْبُ عَنْهُ

۱۴۶۸۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے معاذ بن معاذ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن زید بن انس بن مالک نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ قبیلہ ہوازن اور غطفان اپنے مویشی اور بال بچوں کو ساتھ لے کر جنگ کے لئے نکلے۔ اس وقت آنحضور ﷺ کے ساتھ جو لشکر تھا ان میں وہ لوگ بھی تھے جنہیں آنحضور ﷺ نے فتح مکہ کے بعد معاف کر دیا تھا۔ پھر سب نے پیٹھ پھیر لی اور حضور اکرم ﷺ تنہا رہ گئے، اس دن آنحضور ﷺ نے دو (۲) مرتبہ پکارا، دونوں پکار ایک دوسرے سے الگ الگ تھیں، آپ ﷺ نے دائیں طرف متوجہ ہو کر پکارا، اے معشر انصار! انہوں نے جواب دیا ہم حاضر ہیں، یارسول اللہ آپ کو بشارت ہو ہم آپ ﷺ کے ساتھ ہیں۔ پھر آپ ﷺ بائیں طرف متوجہ ہوئے اور آواز دی، اے معشر انصار! انہوں نے بھی جواب دیا کہ ہم حاضر ہیں یا رسول اللہ ﷺ! بشارت ہو ہم آپ ﷺ کے ساتھ ہیں۔ آنحضور ﷺ اس وقت ایک سفید خچر پر سوار تھے پھر آپ ﷺ اتر گئے اور فرمایا، میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، انجام کار مشرکین کو شکست ہوئی اور اس لڑائی میں بہت زیادہ غنیمت حاصل ہوئی۔ آنحضور ﷺ نے اسے مہاجرین میں اور ان قریشیوں میں جنہیں فتح مکہ کے موقعہ پر آپ ﷺ نے معاف کر دیا تھا، تقسیم کر دیا۔ انصار کو اس میں سے کچھ نہیں عطا فرمایا۔ انصار (کے بعض نوجوان قسم کے افراد) نے کہا کہ جب سخت وقت آتا ہے تو ہمیں بلایا جاتا ہے اور غنیمت دوسروں کو دے دی جاتی ہے۔ یہ بات حضور اکرم ﷺ تک پہنچی تو آپ ﷺ نے انصار کو ایک خیمہ میں جمع کیا اور فرمایا، اے معشر انصار! کیا وہ بات صحیح ہے جو تمہارے بارے میں مجھے معلوم ہوئی ہے؟ اس پر وہ خاموش ہو گئے۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا، اے معشر انصار! کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ لوگ دنیا اپنے ساتھ لے جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو اپنے گھر لے جاؤ؟ انصار نے عرض کی، ہم اسی پر راضی اور خوش ہیں۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر لوگ کسی وادی میں چلیں اور انصار کسی گھاٹی میں چلیں تو میں انصار ہی کی گھاٹی

میں چلنا پسند کروں گا۔ اس پر ہشام نے پوچھا، اے ابوحمزہ! کیا آپ وہاں موجود تھے؟ انہوں نے فرمایا کہ میں آنحضور ﷺ سے جدا ہی کب ہوتا تھا۔

باب ۵۲۵. السَّرِيَّةِ الَّتِيْ قِبَلَ نَجْدٍ

۵۲۵۔ نجد کی طرف مہم کی روانگی۔

(۱۴۶۹) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً قِبَلَ نَجْدٍ فَكُنْتُ فِيْهَا فَبَلَغَتْ سِهَامُنَا اثْنَيْ عَشَرَ بَعِيْرًا وَّنُفِلْنَا بَعِيْرًا بَعِيْرًا فَرَجَعْنَا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ بَعِيْرًا

۱۴۶۹۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے نجد کی طرف ایک مہم روانہ کی۔ میں بھی اس میں شریک تھا۔ اس میں ہمارا حصہ (مال غنیمت میں) بارہ بارہ اونٹ تھا اور ایک ایک اونٹ ہمیں مزید دیا گیا۔ اس طرح ہم تیرہ اونٹ ساتھ لے کر واپس ہوئے۔

باب ۵۲۶. بَعْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى بَنِيْ جَذِيْمَةَ

۵۲۶۔ نبی کریم ﷺ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بنی جذیمہ کی طرف بھیجا۔

(۱۴۷۰) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَّ حَدَّثَنِيْ نُعَيْمٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى بَنِيْ جَذِيْمَةَ فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَلَمْ يُحْسِنُوْا اَنْ يَّقُوْلُوْا اَسْلَمْنَا فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ صَبَاْنَا صَبَاْنَا فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ مِنْهُمْ وَيَاْسِرُ وَدَفَعَ اِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمٌ اَمَرَ خَالِدٌ اَنْ يَّقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا اَقْتُلُ اَسِيْرِيْ وَلَا يَقْتُلُ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِيْ اَسِيْرَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَاهُ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ مَرَّتَيْنِ

۱۴۷۰۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی۔ ح۔ اور مجھ سے نعیم نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سالم نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بنی جذیمہ کی طرف بھیجا۔ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے انہیں اسلام کی دعوت دی۔ لیکن انہیں ''اسلمنا'' (ہم اسلام لائے) کہنا نہیں آتا تھا، اس کے بجائے وہ ''صبانا، صبانا'' (ہم بے دین ہوگئے، یعنی اپنے آبائی دین سے) کہنے لگے۔ خالد رضی اللہ عنہ نے انہیں قتل کرنا اور قید کرنا شروع کر دیا، اور پھر ہم میں (جو اس مہم میں شریک تھے) سے ہر شخص کو اس کا قیدی دے دیا۔ پھر جب دن کا وقت ہوا تو انہوں نے ہم سب کو حکم دیا کہ ہم اپنے قیدیوں کو قتل کر دیں، میں نے کہا، خدا کی قسم، میں اپنے قیدی کو قتل نہیں کروں گا اور نہ میرے ساتھیوں میں کوئی اپنے قیدی کو قتل کرے۔ آخر جب ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے صورت حال کا تذکرہ کیا تو آپ نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی، اے اللہ! میں اس فعل سے برأت کرتا ہوں جو خالد نے کیا۔ دو مرتبہ آپ ﷺ نے یہ جملہ دہرایا۔

باب ۵۲۷. سَرِيَّةِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ وَعَلْقَمَةَ بْنِ مُجَزِّزٍ الْمُدْلِجِيِّ وَيُقَالُ اِنَّهَا

۵۲۷۔ عبداللہ بن حذافہ سہمی اور علقمہ بن مجزز مدلجی رضی اللہ عنہما کی مہم پر روانگی سے سریۃ الانصار (انصار کی مہم) کہا جاتا تھا۔

سَرِيَّةُ الْاَنْصَارِ

(۱۴۷۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعْدُبْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِيْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً فَاسْتَعْمَلَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ وَاَمَرَهُمْ اَنْ يُّطِيْعُوْهُ فَغَضِبَ فَقَالَ اَلَيْسَ اَمَرَكُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُطِيْعُوْنِيْ قَالُوْا بَلٰى فَاجْمَعُوْا لِيْ حَطَبًا فَجَمَعُوْا فَقَالَ اَوْقِدُوْا نَارًا فَاَوْقَدُوْهَا فَقَالَ ادْخُلُوْهَا فَهَمُّوْا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يُمْسِكُ بَعْضًا وَّيَقُوْلُوْنَ فَرَرْنَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّارِ فَمَا زَالُوْا حَتّٰى خَمِدَتِ النَّارُ فَسَكَنَ غَضَبُهٗ فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْدَخَلُوْهَا مَاخَرَجُوْا مِنْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الطَّاعَةُ فِي الْمَعْرُوْفِ

۱۴۷۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سعد بن عبیدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعبدالرحمٰن نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مہم روانہ کی اور اس کا امیر ایک انصاری صحابیؓ کو بنایا اور مہم کے شرکاء کو حکم دیا کہ سب لوگ اپنے امیر کی اطاعت کریں۔ پھر امیر (کسی بات پر) غصہ ہوئے اور اپنے فوجیوں سے پوچھا کہ کیا تمہیں رسول اللہ ﷺ نے میری اطاعت کا حکم نہیں دیا ہے؟ سب نے کہا کہ دیا ہے انہوں نے کہا، تم سب لکڑیاں جمع کرو، انہوں نے لکڑیاں جمع کیں تو امیر نے حکم دیا کہ اس میں آگ لگاؤ انہوں نے آگ لگادی۔ اب انہوں نے حکم دیا کہ سب اس میں کود جاؤ، مہم میں شریک صحابہؓ کود جانا ہی چاہتے تھے کہ انہیں میں سے بعض نے بعض کو (جو کودنا چاہتے تھے) روکا اور کہا کہ ہم تو اس آگ ہی کے خوف سے رسول اللہ ﷺ کی پناہ میں آئے ہیں! ان باتوں میں وقت گذر گیا اور آگ بجھ گئی، اس کے بعد امیر کا غصہ بھی ٹھنڈا ہوگیا۔ جب اس کی اطلاع نبی کریم ﷺ کو پہنچی تو آپ نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ اس میں کود جاتے تو پھر قیامت تک اس میں سے نہ نکلتے، اطاعت وفرمانبرداری کا حکم نیک کاموں کے لئے ہے۔

باب۵۲۸ . بَعْثُ اَبِيْ مُوْسٰى وَمُعَاذٍ اِلَى الْيَمَنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

۵۲۸۔ حجۃ الوداع سے پہلے آنحضور ﷺ نے ابوموسیٰ اور معاذ رضی اللہ عنہما کو یمن بھیجا۔

(۱۴۷۲) حَدَّثَنَا مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْمَلِكِ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَامُوْسٰى وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ وَبَعَثَ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا عَلٰى مِخْلَافٍ قَالَ وَ لِلْيَمَنِ مِخْلَافَانِ ثُمَّ قَالَ يَسِّرَا وَّلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَا تُنَفِّرَافَانْطَلَقَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اِذَا سَارَفِيْ اَرْضِهٖ كَانَ قَرِيْبًا مِّنْ صَاحِبِهٖ اَحْدَثَ بِهٖ عَهْدًافَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَسَارَ مُعَاذٌ فِيْ اَرْضِهٖ قَرِيْبًا مِّنْ صَاحِبِهٖ اَبِيْ مُوْسٰى فَجَآءَ يَسِيْرُ عَلٰى بَغْلَتِهٖ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيْهِ وَاِذَا هُوَ جَالِسٌ وَّقَدِ اجْتَمَعَ اِلَيْهِ النَّاسُ

۱۴۷۲۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبردہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوموسیٰ اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کو یمن (عامل بنا کر) بھیجا۔ بیان کیا کہ دونوں حضرات کو اس کے ایک ایک صوبے میں بھیجا۔ بیان کیا کہ یمن کے دو (۲) صوبے تھے۔ پھر آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، ان کے لئے آسانیاں پیدا کرنا، دشواریاں نہ پیدا کرنا، انہیں خوش رکھنے کی کوشش کرنا، رنجیدہ اور ملول کرنے کی نہیں۔ دونوں حضرات اپنے حدود عمل کی طرف روانہ ہوگئے۔ دونوں حضرات میں سے جب کوئی اپنے حدود کی آراضی کی دیکھ بھال کے لئے نکلتے اور اپنے دوسرے ساتھی کے حدود عمل سے قریب پہنچ جاتے تو ان سے تجدید

وَاِذَا رَجُلٌ عِنْدَه، قَدْ جُمِعَتْ يَدَاهُ اِلٰى عُنُقِهٖ فَقَالَ لَه، مُعَاذٌ يَاعَبْدَاللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ اَيُّمَ هٰذَا قَالَ هٰذَا رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ اِسْلَامِهٖ قَالَ لَااَنْزِلُ حَتّٰى يُقْتَلَ قَالَ اِنَّمَا جِيْءَ بِهٖ لِذٰلِكَ فَانْزِلْ قَالَ مَااَنْزِلُ حَتّٰى يُقْتَلَ فَاَمَرَبِهٖ فَقُتِلَ ثُمَّ نَزَلَ فَقَالَ يَاعَبْدَاللّٰهِ كَيْفَ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ قَالَ اَتَفَوَّقُه، تَفَوُّقًا قَالَ فَكَيْفَ تَقْرَأُ اَنْتَ يَا مُعَاذُ قَالَ اَنَامُ اَوَّلَ اللَّيْلِ فَاَقُوْمُ وَقَدْ قَضَيْتُ جُزْئِيْ مِنَ النَّوْمِ فَاَقْرَأُ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لِيْ فَاَحْتَسِبُ نَوْمَتِيْ كَمَا اَحْتَسِبُ قَوْمَتِيْ

عہد (ملاقات) کے لئے آتے اور سلام کرتے۔ ایک مرتبہ معاذ رضی اللہ عنہ اپنی آراضی میں اپنے صاحب ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے قریب پہنچ گئے اور (حسب معمول) اپنے خچر پر ان سے ملاقات کے لئے چلے، جب ان کے قریب پہنچے تو دیکھا کہ وہ بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کے پاس کچھ لوگ جمع ہیں اور ایک شخص ان کے سامنے ہے جس کی مشکیں کسی ہوئی ہیں۔ معاذ رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا، اے عبداللہ بن قیس! یہ کیا ماجرا ہے؟ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس شخص نے اسلام لانے کے بعد پھر کفر اختیار کرلیا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ پھر جب تک اسے قتل نہ کردیا جائے میں اپنی سواری سے نہیں اتروں گا۔ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قتل کرنے کے لئے ہی اسے یہاں لایا گیا ہے، آپ اتر جائیے لیکن انہوں نے اب بھی یہی فرمایا کہ جب تک اسے قتل نہ کردیا جائے میں نہ اتروں گا۔ آخر ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے حکم دیا اور اسے قتل کر دیا گیا، تب آپ اپنی سواری سے اترے، اور پوچھا، عبداللہ! آپ قرآن کس طرح پڑھتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں وقفے کے ساتھ ایک حصہ قرآن پڑھتا ہوں۔ پھر انہوں نے معاذ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ معاذ! آپ قرآن مجید کس طرح پڑھتے ہیں؟ معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، رات کے ابتدائی حصے میں سوتا ہوں، پھر اپنی نیند کا ایک حصہ پورا کر کے میں اٹھ بیٹھتا ہوں اور جو کچھ اللہ تعالیٰ نے میرے مقدر میں رکھا ہے، اس میں قرآن مجید پڑھتا ہوں، اس طرح بیداری میں جس ثواب کی امید اللہ تعالیٰ سے رکھتا ہوں، سونے کی حالت کے ثواب کا بھی اس کی بارگاہ سے متوقع ہوں۔

(۱۴۷۳) حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَه، اِلَى الْيَمَنِ فَسَاَلَه، عَنْ اَشْرِبَةٍ تُصْنَعُ بِهَا فَقَالَ وَمَا هِيَ قَالَ الْبِتْعُ وَالْمِزْرُ فَقُلْتُ لِاَبِيْ بُرْدَةَ مَاالْبِتْعُ قَالَ نَبِيْذُ الْعَسَلِ وَالْمِزْرُ نَبِيْذُ الشَّعِيْرِ فَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ رَوَاهُ جَرِيْرٌ وَّعَبْدُالْوَاحِدِ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ

۱۴۷۳۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبانی نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی بردہ نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ سے ان مشروبات کا حکم پوچھا جو یمن میں بنائے جاتے تھے، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ وہ کیا ہیں؟ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ ''البتع'' اور ''المزر'' (سعید بن ابی بردہ نے بیان کیا کہ) میں نے ابوبردہ (اپنے والد) سے پوچھا، البتع کیا چیز ہے؟ انہوں نے بتایا کہ شہد سے تیار کی ہوئی شراب۔ اور المزر جو سے تیار کی ہوئی شراب! آنحضور ﷺ نے جواب میں فرمایا کہ ہر نشہ آور مشروب حرام ہے۔ اس کی روایت جریر اور عبدالواحد نے

شیبانی کے واسطہ سے کی اور انہوں نے ابو بردہ کے واسطہ سے۔

(۱۴۷۴) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَدَّه' اَبَا مُوْسٰى وَمُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ يَسِّرَا وَلَا تُعَسِّرَا وَبَشِّرَا وَلَاتُنَفِّرَا وَتَطَاوَعَا فَقَالَ اَبُوْ مُوْسٰى يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّ اَرْضَنَابِهَا شَرَابٌ مِّنَ الشَّعِيْرِ الْمِزْرُ وَشَرَابٌ مِّنَ الْعَسَلِ الْبِتْعُ فَقَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ فَانْطَلَقَا فَقَالَ مُعَاذٌ لِّاَبِىْ مُوْسٰى كَيْفَ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ قَالَ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّعَلٰى رَاحِلَتِىْ وَاَتَفَوَّقُه' تَفَوُّقًا قَالَ اَنَا فَاَنَامُ وَاَقُوْمُ فَاَحْتَسِبُ نَوْمَتِىْ كَمَا اَحْتَسِبُ قَوْمَتِىْ وَضَرَبَ فُسْطَاطًا فَجَعَلَا يَتَزَاوَرَانِ فَزَارَ مُعَاذٌ اَبَامُوْسٰى فَاِذَارَجُلٌ مُّوْثَقٌ فَقَالَ مَا هٰذَا فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَهُوْدِىٌّ اَسْلَمَ ثُمَّ ارْتَدَّ فَقَالَ مُعَاذٌ لَّاَضْرِبَنَّ عُنُقَه' تَابَعَهُ الْعَقَدِىُّ وَوَهْبٌ عَنْ شُعْبَةَ وَ قَالَ وَكِيْعٌ وَالنَّضْرُ وَاَبُوْدَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِالْحَمِيْدِ عَنِ الشَّيْبَانِىِّ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ

۱۴۷۴۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی بردہ نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے دادا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ اور معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن (کا عامل بنا کر) بھیجا اور فرمایا کہ آسانی پیدا کرنا، دشواریوں میں نہ ڈالنا، لوگوں کو خوش اور راضی رکھنے کی کوشش کرنا، رنجیدہ اور ملول نہ بنانا، اور تم دونوں آپس میں موافقت رکھنا۔ اس پر ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اے اللہ کے نبی! ہمارے ملک میں جو سے ایک شراب تیار ہوتی ہے جس کا نام "المزر" ہے۔ اور شہد سے ایک شراب تیار ہوتی ہے جو "البتع" کہلاتی ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ہر نشہ آور (چیز) حرام ہے۔ پھر دونوں حضرات روانہ ہوئے۔ معاذ رضی اللہ عنہ نے ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے پوچھا، آپ قرآن کس طرح پڑھتے ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ کھڑے ہو کر بھی، بیٹھ کر بھی اور اپنی سواری پر بھی! اور میں تھوڑے تھوڑے وقفے کے ساتھ پڑھتا ہوں۔ معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، لیکن میرا معمول یہ ہے کہ (ابتداء شب میں) میں سوجاتا ہوں اور پھر بیدار ہوجاتا ہوں، اسی طرح میں اپنی نیند پر بھی ثواب کے لئے متوقع ہوں جس طرح بیدار ہو کر (عبادت کرنے پر) ثواب کی مجھے توقع ہے۔ اور انہوں نے ایک خیمہ نصب کروالیا، اور ایک دوسرے سے ملاقات برابر ہوتی رہتی۔ ایک مرتبہ معاذ رضی اللہ عنہ، ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لئے آئے، دیکھا کہ ایک شخص بندھا ہوا ہے، پوچھا، یہ کیا قصہ ہے؟ ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ ایک یہودی ہے، پہلے خود اسلام لایا اور اب پھر مرتد ہو گیا ہے معاذ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اسے قتل کئے بغیر نہ رہوں گا۔ اس روایت کی متابعت عقدی اور وہب نے شعبہ کے واسطہ سے کی، ان سے سعید نے، ان سے ان کے والد نے، ان کے دادا کے واسطہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے واسطہ سے اس کی روایت جریر بن عبدالحمید نے شیبانی کے واسطہ سے کی، انہوں نے ابو بردہ کے واسطہ سے۔

(۱۴۷۵) حَدَّثَنِىْ عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ عَائِذٍ حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ يَقُوْلُ حَدَّثَنِىْ

۱۴۷۵۔ مجھ سے عباس بن ولید نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب بن عائذ نے، ان سے قیس بن مسلم نے بیان کیا، انہوں نے طارق بن شہاب سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ

اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَرْضِ قَوْمِيْ فَجِئْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنِيْخٌ بِالْاَبْطَحِ فَقَالَ اَحَجَجْتَ يَاعَبْدَاللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ قُلْتُ نَعَمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَيْفَ قُلْتَ قَالَ قُلْتُ لَبَّيْكَ اِهْلَالًا كَاِهْلَالِكَ قَالَ فَهَلْ سُقْتَ مَعَكَ هَدْيًا قُلْتُ لَمْ اَسُقْ قَالَ فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَاسْعَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ فَفَعَلْتُ حَتّٰى مَشَطَتْ لِيْ اِمْرَاَةٌ مِّنْ نِّسَآءِ بَنِيْ قَيْسٍ وَمَكُثْنَا بِذٰلِكَ حَتّٰى اسْتُخْلِفَ عُمَرُ

مجھ سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے میری قوم کے وطن (یمن) میں بھیجا۔ پھر میں آیا تو حضور اکرم ﷺ (مکہ کی) وادی ابطح میں پڑاؤ کئے ہوئے تھے، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا عبداللہ بن قیس، تم نے حج کا احرام باندھ لیا۔ میں نے عرض کیا جی ہاں یارسول اللہ۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا (کلمات احرام) کس طرح کہے؟ بیان کیا کہ میں نے عرض کی (کہ یوں کلمات ادا کئے ہیں) ''اے اللہ میں حاضر ہوں، اور جس طرح آنحضور ﷺ نے احرام باندھا ہے میں نے اسی طرح باندھا ہے۔ دریافت فرمایا! تم اپنے ساتھ قربانی کا جانور بھی لائے ہو؟' میں نے کہا کہ کوئی جانور تو میں اپنے ساتھ نہیں لایا، فرمایا، پھر تم پہلے بیت اللہ کا طواف اور صفا اور مروہ کی سعی کرلو، ان افعال کی ادائیگی کے بعد حلال ہوجانا۔ میں نے اسی طرح کیا اور بنوقیس کی ایک خاتون نے میرے سر میں کنگھا کیا۔ عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت تک ہم اسی طرح عمل کرتے رہے۔

(۱۴۷۶) حَدَّثَنِيْ حِبَّانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ عَنْ زَكَرِيَّاءَ بْنِ اِسْحَاقَ عَنْ يَّحْيَى بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ مَّوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِيْنَ بَعَثَهٗ اِلَى الْيَمَنِ اِنَّكَ سَتَاْتِيْ قَوْمًا مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ فَاِذَا جِئْتَهُمْ فَادْعُهُمْ اِلٰى اَنْ يَّشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ طَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ فَاِنْ هُمْ. اَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَآئِهِمْ فَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَآئِهِمْ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ بِذٰلِكَ فَاِيَّاكَ وَكَرَآئِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ طَوَّعَتْ طَاعَتْ وَاَطَاعَتْ لُغَةٌ طِعْتُ وَطُعْتُ وَاَطَعْتُ

۱۴۷۶۔ مجھ سے حبان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں زکریا بن اسحاق نے، انہیں یحییٰ بن عبداللہ صیفی نے، انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا ابومعبد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن (عامل بناکر) بھیجتے وقت انہیں یہ ہدایت کی تھی کہ تم ایک ایسی قوم کی طرف جارہے ہو جو اہل کتاب میں سے ہیں، اس لئے جب تم ان کے یہاں پہنچو تو انہیں اس کی دعوت دو کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، اگر اس میں وہ تمہاری مان لیں تو پھر انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے روزانہ ان پر پانچ وقت کی نمازیں فرض کی ہیں۔ جب یہ بھی مان لیں تو انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر صدقہ بھی فرض کیا ہے، جو ان کے مالدار افراد سے لیا جائے گا اور انہیں کے غریبوں میں تقسیم کردیا جائے گا جب یہ بھی مان جائیں تو پھر (صدقہ وصول کرتے وقت) ان کا سب سے عمدہ مال لینے سے پرہیز کرنا اور مظلوم کی آہ سے ہر وقت ڈرتے رہنا کہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ ابوعبداللہ نے کہا طوعت، طاعت اور اطاعت ایک لغت ہے اسی سے طِعت، طُعت اور اطعت مشتق ہے۔

(۱۴۷۷) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ

۱۴۷۷۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے

عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَمْرِوبْنِ مَيْمُوْنٍ اَنَّ مُعَاذًا رَّضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ لَمَّا قَدِمَ الْيَمَنَ صَلّٰى بِهِمُ الصُّبْحَ فَقَرَأَ وَاتَّخَذَاللّٰهُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًافَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ لَقَدْ قَرَّتْ عَيْنُ اُمِّ اِبْرَاهِيْمَ زَادَ مُعَاذٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حَبِيْبٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَرَأَ مُعَاذٌ فِىْ صَلَاةِ الصُّبْحِ سُوْرَةَ النِّسَآءِ فَلَمَّا قَالَ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً قَالَ رَجُلٌ خَلْفَهٗ قَرَّتْ عَيْنُ اُمِّ اِبْرَاهِيْمَ

حدیث بیان کی، ان سے حبیب بن ابی ثابت نے، ان سے سعید بن جبیر نے، ان سے عمرو بن میمون نے اور ان سے معاذ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب وہ یمن پہنچے اور یمن والوں کو صبح کی نماز پڑھائی اور نماز میں آیت "واتخذ اللہ ابراھیم خلیلا" کی قرات کی تو ان میں سے ایک صاحب (نماز ہی میں) بولے کہ ابراہیم علیہ السلام کی والدہ کی آنکھ ٹھنڈی ہوگئی ہوگی۔ ❶ معاذ نے شعبہ کے واسطہ سے اپنی روایت میں اضافہ کیا۔ ان سے حبیب نے، ان سے سعید نے، ان سے عمرو نے کہ نبی کریم ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا۔ وہاں انہوں نے صبح کی نماز میں سورۂ نساء پڑھی، جب اس آیت پر پہنچے "واتخذ اللہ ابراھیم خلیلا." تو ایک صاحب نے جو ان کے پیچھے کھڑے ہوئے تھے کہا کہ ابراہیم کی والدہ کی آنکھ ٹھنڈی ہوگئی ہوگی۔

باب ۵۲۹. بَعْثِ عَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ وَّخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اِلَى الْيَمَنِ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

۵۲۹۔ حجۃ الوداع سے پہلے علی بن ابی طالب اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کو یمن بھیجنا۔

(۱۴۷۸) حَدَّثَنِىْ اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا اِبْرٰهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ ثُمَّ بَعَثَ عَلِيًّا بَعْدَذٰلِكَ مَكَانَهٗ فَقَالَ مُرْاَصْحٰبَ خَالِدٍ مَنْ شَآءَ مِنْهُمْ اَنْ يُّعَقِّبَ مَعَكَ فَلْيُعَقِّبْ وَمَنْ شَآءَ فَلْيُقْبِلْ فَكُنْتُ فِيْمَنْ عَقَّبَ مَعَهٗ قَالَ فَغَنِمْتُ اَوَاقِ ذَوَاتِ عَدَدٍ

۱۴۷۸۔ مجھ سے احمد بن عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن یوسف بن اسحاق بن ابی اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ساتھ یمن بھیجا، بیان کیا کہ پھر اس کے بعد ان کی جگہ علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور آنحضور ﷺ نے انہیں ہدایت کی کہ خالد کے ساتھیوں سے کہو کہ جو ان میں سے تمہارے ساتھ یمن رہنا چاہے وہ رہ سکتا ہے اور جو وہاں سے واپس آنا چاہے اسے بھی اختیار ہے، میں ان لوگوں میں سے تھا جو ان کے ساتھ یمن رہ گئے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ مجھے غنیمت میں بہت سے اوقیے ملے تھے۔

(۱۴۷۹) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا عَلِىُّ ابْنُ سُوَيْدِ ابْنِ مَنْجُوْفٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ رَضِىَ اللّٰهِ عَنْهُ قَالَ بَعَثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اِلٰى خَالِدٍ لِيَقْبِضَ

۱۴۷۹۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے روح بن عباد نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن سوید بن منجوف نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن بریدہ نے اور ان سے ان کے والد (بریدہ بن حصیب) رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے خالد بن ولید رضی

❶ یعنی ابھی یمن کے لوگوں کو یہ معلوم نہیں تھا کہ نماز میں بات کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اس لئے انہوں نے نماز پڑھتے ہی میں جب ابراہیم علیہ السلام کا وصف قرآن مجید سے سنا تو بول پڑے۔ آنکھ کے ٹھنڈی ہونے سے مراد مسرت و سرور ہے۔

الْخُمسَ وَكُنْتُ اُبْغِضُ عَلِيًّا وَّ قَدِ اغْتَسَلَ فَقُلْتُ لِخَالِدٍ اَلَاتَرٰى اِلٰى هٰذَا فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ يَابُرَيْدَةُ اَتُبْغِضُ عَلِيًّا فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ لَا تُبْغِضْهُ فَاِنَّ لَهٗ فِي الْخُمُسِ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ

اللہ عنہ کی جگہ علی رضی اللہ عنہ کو (یمن) بھیجا تا کہ غنیمت کے خمس (پانچواں حصہ) کو اپنی تحویل میں لے لیں۔ مجھے علی رضی اللہ عنہ سے بہت بغض تھا اور میں نے انہیں غسل کرتے دیکھا تھا۔ ❶ میں نے خالد رضی اللہ عنہ سے کہا، آپ ان صاحب کو نہیں دیکھتے (اشارہ علی رضی اللہ عنہ کی طرف تھا) پھر جب ہم حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو میں نے آپ ﷺ سے بھی اس کا ذکر کیا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، بریدہ! کیا تمہیں علیؓ کی طرف سے کبیدگی ہے؟ میں نے عرض کی کہ جی ہاں۔ فرمایا، اس کی طرف سے کبیدگی نہ رکھو، کیونکہ خمس (غنیمت کے پانچویں حصے) میں اس کا اس سے بھی زیادہ حق ہے۔

(۱۴۸۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ ابْنِ شُبْرُمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ نُعْمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاسَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ بَعَثَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْيَمَنِ بِذُهَيْبَةٍ فِيْ اَدِيْمٍ مَّقْرُوْظٍ لَّمْ تُحَصَّلْ مِنْ تُرَابِهَا قَالَ فَقَسَمَهَا بَيْنَ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ بَيْنَ عُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرٍ وَّاَقْرَعَ بْنِ حَابِسٍ وَّزَيْدِ الْخَيْلِ وَالرَّابِعُ اِمَّاعَلْقَمَةُ وَاِمَّاعَامِرُ بْنُ الطُّفَيْلِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ كُنَّا نَحْنُ اَحَقُّ بِهٰذَا مِنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَا تَأْمَنُوْنِيْ وَاَنَا اَمِيْنُ مَنْ فِي السَّمَاءِ يَاْتِيْنِيْ خَبَرُالسَّمَآءِ صَبَاحًا وَّمَسَاءً قَالَ فَقَامَ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ نَاشِزُ الْجَبْهَةِ كَثُّ اللِّحْيَةِ مَحْلُوْقُ الرَّاسِ مُشَمَّرُ الْاِزَارِ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ قَالَ وَيْلَكَ اَوَلَسْتُ اَحَقَّ اَهْلِ الْاَرْضِ اَنْ يَّتَّقِيَ اللّٰهَ قَالَ ثُمَّ وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا اَضْرِبُ عُنُقَهٗ قَالَ لَا لَعَلَّهٗ اَنْ يَّكُوْنَ يُصَلِّيْ فَقَالَ خَالِدٌ وَكَمْ مِّنْ مُّصَلٍّ يَقُوْلُ بِلِسَانِهٖ مَا لَيْسَ فِيْ قَلْبِهٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَمْ اُوْمَرْ اَنْ اَنْقُبَ

۱۴۸۰۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے عمارہ بن قعقاع بن شبرمہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی نعیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ یمن سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بیری کے پتوں سے دباغت دیئے، ہوئے چمڑے کے ایک تھیلے میں سونے کے چند ڈبے بھیجے، ان سے (کان کی) مٹی ابھی صاف نہیں کی گئی تھی۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے وہ سونا چار افراد میں تقسیم کردیا۔ عیینہ بن بدر، اقرع بن حابس، زید بن خیل اور چوتھے علقمہ تھے یا عامر بن طفیل۔ آپ کے اصحاب میں سے ایک صاحب نے اس پر کہا کہ ان لوگوں سے زیادہ ہم اس مال کے مستحق تھے۔ بیان کیا کہ جب آنحضور ﷺ کو معلوم ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم مجھ پر اطمینان نہیں کرتے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا امین بنایا ہے اور اس کی وحی میرے پاس صبح وشام آتی ہے۔ بیان کیا کہ پھر ایک شخص، جس کی آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں، رخسار اٹھے ہوئے تھے، پیشانی بھی ابھری ہوئی تھی، گھنی ڈاڑھی اور سر منڈا ہوا، تہبند اٹھائے ہوئے تھا، کھڑا ہوا، اور کہنے لگا۔ یارسول اللہ! اللہ سے ڈریئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا! افسوس، کیا میں اس روئے زمین پر اللہ سے ڈرنے کا سب سے زیادہ مستحق نہیں ہوں۔ بیان کیا کہ پھر وہ شخص چلا گیا، خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! میں کیوں نہ اس شخص کی گردن ماردوں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، نہیں، ممکن ہے، نماز پڑھتا ہو۔ اس پر

❶ انہیں یہ شبہ ہوگیا تھا کہ علی رضی اللہ عنہ نے ناجائز طریقہ پر خمس میں سے ایک باندی لی ہے اور اس سے ہم بستر ہوئے ہیں اور اسی وجہ سے غسل کیا ہے۔

قُلُوبَ النَّاسِ وَلَا اَشُقَّ بُطُونَهُمْ قَالَ ثُمَّ نَظَرَ اِلَيْهِ وَهُوَ مُقَفٍّ فَقَالَ اِنَّهٗ يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمٌ يَّتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ رَطْبًا لَّا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ وَاَظُنُّهٗ قَالَ لَئِنْ اَدْرَكْتُهُمْ لَاَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ ثَمُوْدَ

خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ بہت سے نماز پڑھنے والے ایسے ہیں جو زبان سے (اسلام وایمان کا کلمہ) کہتے ہیں اور ان کے دل میں نہیں ہوتا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا مجھے اس کا حکم نہیں ہوا ہے کہ لوگوں کے دلوں کی کھوج لگاؤں اور نہ اس کا حکم ہوا ہے ان کے پیٹ چاک کروں۔ پھر آنحضور ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو وہ چہرہ دوسری طرف کئے ہوئے تھا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کی نسل سے ایک ایسی قوم نکلے گی جو کتاب اللہ کی تلاوت بڑی خوش الحانی کے ساتھ کرے گی، لیکن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، دین سے وہ لوگ اس طرح نکل چکے ہوں گے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے اور میرا خیال ہے کہ آنحضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا، اگر میں ان کے دور میں ہوا تو ان کا اس طرح استیصال کروں گا جیسا قوم ثمود کا استیصال ہو گیا تھا۔

(۱۴۸۱) حَدَّثَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ عَطَآءٌ قَالَ جَابِرٌ اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اَنْ يُّقِيْمَ عَلٰى اِحْرَامِهٖ زَادَ مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ عَطَآءٌ قَالَ جَابِرٌ فَقَدِمَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِسِعَايَتِهٖ قَالَ لَهٗ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ قَالَ بِمَا اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاَهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا اَنْتَ قَالَ وَاَهْدٰى لَهٗ عَلِيٌّ هَدْيًا

۱۴۸۱۔ ہم سے مکی بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے کہ عطاء نے بیان کیا اور ان سے جابرؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے (جب وہ یمن سے مکہ آئے) فرمایا تھا کہ وہ اپنے احرام پر باقی رہیں۔ محمد بن ابی بکر نے ابن جریج کے واسطہ سے اضافہ کیا ہے کہ ان سے عطاء نے بیان کیا کہ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ علی رضی اللہ عنہ اپنی ولایت (یمن) سے آئے تو آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا، علی! تم نے احرام کس طرح باندھا ہے؟ عرض کی کہ جس طرح احرام آنحضور ﷺ نے باندھا ہو! فرمایا کہ پھر قربانی کا جانور بھی دو اور جس طرح احرام باندھا ہے اسی کے مطابق عمل کرو۔ بیان کیا کہ علی رضی اللہ عنہ نے ایک قربانی کا جانور حضور اکرم ﷺ کو دیا تھا۔

(۱۴۸۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ حَدَّثَنَا بَكْرٌ اَنَّهٗ ذَكَرَ لِابْنِ عُمَرَ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَّ حَجَّةٍ فَقَالَ اَهَلَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ وَاَهْلَلْنَا بِهٖ مَعَهٗ فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَكُنْ مَّعَهٗ هَدْيٌ فَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً وَّكَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيٌ فَقَدِمَ عَلَيْنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ مِّنَ الْيَمَنِ حَاجًّا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اَهْلَلْتَ فَاِنَّ مَعَنَا اَهْلَكَ

۱۴۸۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن مفضل نے حدیث بیان کی، ان سے حمید طویل نے، ان سے بکر نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا تھا کہ انس رضی اللہ عنہ نے ان سے حدیث بیان کی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عمرہ اور حج کا احرام باندھا تھا۔ اس پر ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے حج کا احرام باندھا تھا اور ہم نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ حج ہی کا احرام باندھا تھا۔ پھر جب ہم مکہ آئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کے ساتھ ہدی نہ ہو وہ اپنے حج کے احرام کو عمرہ کا کرلے (اور عمرہ کے بعد حج کرے، اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہدی۔ (قربانی کا

قَالَ اَهْلَلْتُ بِمَا اَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَامْسِكْ فَاِنَّ مَعَنَا هَدْيًا

جانور) تھا۔ پھر علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ یمن سے حج کا احرام باندھ کر آئے، آنحضور ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا کہ کس طرح احرام باندھا ہے؟ ہمارے ساتھ تمہاری اہل (فاطمہ رضی اللہ عنہا) بھی ہیں۔ انہوں نے عرض کی کہ میں نے اسی چیز کا احرام باندھا ہے جس کا آنحضور ﷺ نے باندھا ہو، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر اپنے احرام پر قائم رہو۔ کیونکہ ہمارے ساتھ ھدی ہے۔

باب ۵۳۰. غَزْوَةِ ذِي الْخَلَصَةِ

۵۳۰۔ غزوۂ ذوالخلصہ۔

(۱۴۸۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا بَيَانٌ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ كَانَ بَيْتٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يُقَالُ لَهٗ ذُوالْخَلَصَةِ وَالْكَعْبَةُ الْيَمَانِيَّةُ وَالْكَعْبَةُ الشَّامِيَّةُ فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ فَنَفَرْتُ فِيْ مِائَةٍ وَّخَمْسِيْنَ رَاكِبًا فَكَسَرْنَاهُ وَقَتَلْنَا مَنْ وَّجَدْنَا عِنْدَهٗ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَدَعَا لَنَا وَلِاَحْمَسَ

۱۴۸۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے بیان نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے اور ان سے جریر بن عبداللہ البجلی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جاہلیت میں ایک بتکدہ تھا اور اس کے بت کا نام ذوالخلصہ تھا، اسے کعبہ یمانیہ اور کعبہ شامیہ بھی کہا جاتا تھا۔ آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا، ذوالخلصہ (کے وجود کی اذیت سے) مجھے کیوں نہیں نجات دلاتے؟ چنانچہ میں نے ڈیڑھ سو سواروں کے ساتھ کوچ کیا، پھر ہم نے اس بت کدہ کو مسمار کر دیا۔ اور اس میں ہم نے جس کو پایا قتل کر دیا پھر میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور آپ ﷺ کو اس کی اطلاع دی تو آپ ﷺ نے ہمارے اور قبیلہ احمس کے لئے دعا کی۔

(۱۴۸۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ حَدَّثَنَا قَيْسٌ قَالَ قَالَ لِيْ جَرِيْرٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا تُرِيْحُنِيْ مِنْ ذِي الْخَلَصَةِ وَكَانَ بَيْتًا فِيْ خَثْعَمَ يُسَمَّى الْكَعْبَةَ الْيَمَانِيَةَ فَانْطَلَقْتُ فِيْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِّنْ اَحْمَسَ وَكَانُوْا اَصْحَابَ خَيْلٍ وَّكُنْتُ لَا اَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَضَرَبَ فِيْ صَدْرِيْ حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ اَصَابِعِهٖ فِيْ صَدْرِيْ وَقَالَ اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَّهْدِيًّا فَانْطَلَقَ اِلَيْهَا فَكَسَرَهَا وَحَرَّقَهَا ثُمَّ بَعَثَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ جَرِيْرٍ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُكَ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَاَنَّهَا جَمَلٌ اَجْرَبُ قَالَ فَبَارَكَ فِيْ خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ

۱۴۸۴۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا تم مجھے ذوالخلصہ سے کیوں نہیں نجات دلاتے! یہ (بت) قبیلہ خثعم کے ایک بتکدہ کا تھا، اسے کعبہ یمانیہ بھی کہتے تھے۔ چنانچہ میں ڈیڑھ سو قبیلہ احمس کے سواروں کو ساتھ لے کر روانہ ہوا۔ یہ سب شہسوار تھے۔ میں گھوڑے کی سواری اچھی طرح نہیں کر پاتا تھا چنانچہ آنحضور ﷺ نے میرے سینے پر مارا، میں نے آپ ﷺ کی انگلیوں کا نشان اپنے سینے پر دیکھا۔ پھر آپ ﷺ نے دعا کی کہ اے اللہ! اسے گھوڑے کا اچھا سوار بنا دیجئے اور اسے ہدایت کرنے والا اور خود ہدایت یافتہ بنا دیجئے۔ پھر وہ اس بتکدہ کی طرف روانہ ہوئے اور اسے منہدم کر کے آگ لگا دی۔ پھر آنحضور ﷺ کی خدمت میں اطلاع بھیجی۔ جریر رضی اللہ عنہ کے قاصد نے آ کر عرض کی، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق

کے ساتھ مبعوث کیا، میں اس وقت تک آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے نہیں چلا جب تک وہ خارش زدہ اونٹ کی طرح (سیاہ اور ویران) نہیں ہو گیا۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے قبیلہ احمس کے سواروں اور پیادوں کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

(۱۴۸۵) حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلاَ تُرِيْحُنِیْ مِنْ ذِی الْخَلَصَةِ فَقُلْتُ بَلٰى فَانْطَلَقْتُ فِیْ خَمْسِيْنَ وَمِائَةِ فَارِسٍ مِّنْ اَحْمَسَ وَكَانُوْ اَصْحَابَ خَيْلٍ وَكُنْتُ لَااَثْبُتُ عَلَى الْخَيْلِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبَ يَدَه، عَلٰى صَدْرِیْ حَتّٰى رَاَيْتُ اَثَرَ يَدِهٖ فِیْ صَدْرِیْ وَقَالَ اللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ وَاجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا قَالَ فَمَا وَقَعْتُ عَنْ فَرَسٍ بَعْدُ قَالَ وَكَانَ ذُوالْخَلَصَةِ بَيْتًا بِالْيَمَنِ لِخَثْعَمَ وَ بَجِيْلَةَ فِيْهِ نُصُبٌ تُعْبَدُ يُقَالُ لَهُ الْكَعْبَةُ قَالَ فَاَتَا هَافَحَرَّقَهَا بِالنَّارِ وَكَسَرَهَا قَالَ وَلَمَّا قَدِمَ جَرِيْرٌ الْيَمَنَ كَانَ بِهَا رَجُلٌ يَسْتَقْسِمُ بِالْاَزْ لَامِ فَقِيْلَ لَه، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰهُنَا فَاِنْ قَدَرَ عَلَيْكَ ضَرَبَ عُنُقَكَ قَالَ فَبَيْنَمَا هُوَ يَضْرِبُ بِهَا اِذْ وَقَفَ عَلَيْهِ جَرِيْرٌ فَقَالَ لَتَكْسِرَ نَّهَاوَلَتَشْهَدَنَّ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ اَوْلَاَضْرِبَنَّ عُنُقَكَ قَالَ فَكَسَرَهَا وَ شَهِدَ ثُمَّ بَعَثَ جَرِيْرٌ رَجُلًا مِّنْ اَحْمَسَ يُكْنٰى اَبَا اَرْطَاةَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَشِّرُه، بِذٰلِكَ فَلَمَّا اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا جِئْتُ حَتّٰى تَرَكْتُهَا كَاَنَّهَا جَمَلٌ اَجْرَبُ قَالَ فَبَرَّكَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خَيْلِ اَحْمَسَ وَرِجَالِهَا خَمْسَ مَرَّاتٍ

۱۴۸۵۔ ہم سے یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ابواسامہ نے خبر دی، انہیں اسماعیل بن ابی خالد نے، انہیں قیس نے اور ان سے جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ذوالخلصہ سے مجھے کیوں نہیں نجات دلاتے! میں نے عرض کی کہ میں حکم کی تعمیل کروں گا، چنانچہ قبیلۂ احمس کے ڈیڑھ سو سواروں کو ساتھ لے کر میں روانہ ہوا۔ یہ سب اچھے سوار تھے، لیکن میں سواری اچھی طرح نہیں کر پاتا تھا۔ میں نے اس کے متعلق آنحضور ﷺ سے ذکر کیا تو آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے میرے سینے پر مارا جس کا نشان میں نے اپنے سینہ پر دیکھا، اور آنحضور ﷺ نے دعا کی، اے اللہ! اسے اچھا سوار بنا دے اور اسے ہدایت کرنے والا خود ہدایت پایا ہوا بنا دے۔ بیان کیا کہ پھر اس کے بعد میں کبھی کسی گھوڑے سے نہیں گرا۔ بیان کیا کہ ذوالخلصہ ایک بتکدہ (کا بت) تھا، یمن میں قبیلہ خثعم اور بجیلہ کا۔ اس میں بت تھے جن کی عبادت کی جاتی تھی، اور اسے کعبہ بھی کہتے تھے۔ بیان کیا کہ پھر جریر رضی اللہ عنہ وہاں پہنچے اور اسے آگ لگا دی اور منہدم کر دیا۔ بیان کیا کہ جب جریر رضی اللہ عنہ پہنچے تو وہاں ایک شخص تھا، جو (مشرکین کے طریقے کے مطابق) تیروں سے فال نکالا کرتا تھا۔ اس سے کسی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے قاصد یہاں آ گئے ہیں، اگر انہوں نے تمہیں پا لیا تو تمہاری گردن مار دیں گے۔ بیان کیا کہ ابھی وہ (تیروں سے) فال نکال ہی رہا تھا کہ جریر رضی اللہ عنہ وہاں پہنچ گئے۔ آپ نے اس سے فرمایا کہ ابھی اسے توڑ کر کلمہ لا الہ الا اللہ پڑھ لو، ورنہ میں تمہاری گردن مار دوں گا۔ بیان کیا کہ اس شخص نے تیر وغیرہ توڑ ڈالے اور کلمہ ایمان کا اقرار کر لیا۔ اس کے بعد جریر رضی اللہ عنہ نے قبیلہ احمس کے ایک صحابی، ابوارطاۃ نامی کو حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بھیجا، آپ ﷺ کو خوشخبری سنانے کے لئے جب وہ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے، میں آپ ﷺ کی خدمت میں اس وقت تک نہیں چلا جب

تک اس بتکدہ کو خارش زدہ اونٹ کی طرح نہیں کر دیا۔ بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے قبیلۂ احمس کے سواروں اور پیادوں کے لئے پانچ مرتبہ برکت کی دعا کی۔

باب ۵۳۱. غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ وَهِيَ غَزْوَةُ لَخْمٍ وَّجُذَامَ قَالَهُ' اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ وَ قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ يَزِيْدَ عَنْ عُرْوَةَ هِيَ بِلَادُ بَلِيٍّ وَّعُذْرَةَ وَبَنِي الْقَيْنِ

۵۳۱۔ غزوۂ ذات السلاسل۔

یہ وہ غزوہ ہے جو قبائل لخم و جذام کے ساتھ پیش آیا تھا۔ ابن اسحاق نے یزید کے واسطہ سے اور انہوں نے عروہ کے واسطہ سے کہ ذات السلاسل قبائل بلی، عذرہ اور بنی القین کو کہتے ہیں۔

(۱۴۸۶) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّآءِ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَلٰى جَيْشِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ قَالَ فَاَتَيْتُهُ' فَقُلْتُ اَيُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ قُلْتُ مِنَ الرِّجَالِ قَالَ اَبُوْهَا قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ عُمَرُ فَعَدَّ رِجَالًا فَسَكَتُّ مَخَافَةَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ فِيْ اٰخِرِهِمْ

۱۴۸۶۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں خالد بن عبداللہ نے خبر دی، انہیں خالد نے، انہیں ابوعثمان نے کہ رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو غزوۂ ذات السلاسل کے لئے بھیجا۔ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (غزوہ سے واپس آ کر) میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور آپ ﷺ سے پوچھا کہ آپ کو سب سے زیادہ عزیز کون شخص ہے؟ فرمایا کہ عائشہؓ میں نے پوچھا، اور مردوں میں؟ فرمایا کہ اس کے والد۔ میں نے پوچھا۔ اس کے بعد؟ فرمایا کہ عمرؓ۔ اس طرح آپ ﷺ نے کئی اصحابؓ کے نام لئے اور میں خاموش ہو گیا کہ کہیں مجھے سب سے بعد میں نہ آپ کر دیں۔

باب ۵۳۲. ذَهَابِ جَرِيْرٍ اِلَى الْيَمَنِ

۵۳۲۔ جریر رضی اللہ عنہ کی یمن کو روانگی۔

(۱۴۸۷) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ الْعَبَسِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ كُنْتُ بِالْبَحْرِ فَلَقِيْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ اَهْلِ الْيَمَنِ ذَاكَلَاعٍ وَّذَا عَمْرٍو فَجَعَلْتُ اُحَدِّثُهُمْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ' ذُوْ عَمْرٍو لَئِنْ كَانَ الَّذِيْ تَذْكُرُ مِنْ اَمْرِ صَاحِبِكَ لَقَدْ مَرَّ عَلٰى اَجَلِهٖ مُنْذُ ثَلَاثٍ وَّاَقْبَلَا مَعِيْ حَتّٰى اِذَا كُنَّا فِيْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ رُفِعَ لَنَا رَكْبٌ مِّنْ قِبَلِ الْمَدِيْنَةِ فَسَاَلْنَاهُمْ فَقَالُوْا قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْبَكْرٍ وَّالنَّاسُ صَالِحُوْنَ فَقَالَا اَخْبِرْ صَاحِبَكَ اَنَّا قَدْجِئْنَا وَلَعَلَّنَا سَنَعُوْدُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَرَجَعَا اِلَى الْيَمَنِ فَاَخْبَرْتُ اَبَابَكْرٍ بِحَدِيْثِهِمْ قَالَ اَفَلَا جِئْتَ بِهِمْ فَلَمَّا كَانَ بَعْدُ

۱۴۸۷۔ مجھ سے عبداللہ بن ابی شیبہ عبسی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ادریس نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے، ان سے قیس نے اور ان سے جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (یمن سے واپسی میں مدینہ آنے کے لئے) میں بحری راستے سے سفر کر رہا تھا۔ اس وقت یمن کے دو افراد، ذوکلاع اور ذوعمرو سے میری ملاقات ہوئی۔ میں ان سے رسول اللہ ﷺ کی باتیں بیان کرنے لگا۔ اس پر ذوعمرو نے کہا کہ اگر تمہارے صاحب (یعنی حضور اکرم ﷺ) وہی ہیں جن کا تم ذکر کر رہے ہو تو ان کی وفات کو بھی تین سال گذر چکے۔ یہ دونوں میرے ساتھ ہی (مدینہ) چل رہے تھے۔ راستے میں ہمیں مدینہ کی طرف سے آتے ہوئے کچھ سوار دکھائی دیئے۔ ہم نے ان سے پوچھا تو انہوں نے اس کی تصدیق کی کہ حضور اکرم ﷺ وفات پا گئے ہیں۔ آپ کے خلیفہ ابوبکر رضی اللہ عنہ منتخب ہوئے ہیں اور لوگ اب بھی خدا ترس اور صالح ہیں۔ ان دونوں نے مجھ سے کہا کہ اپنے صاحب (ابوبکر رضی اللہ عنہ) سے کہنا کہ

قَالَ لِیْ ذُوْ عَمْرٍو یَاجَرِیْرُ اِنَّ بِکَ عَلَیَّ کَرَامَةً وَّاِنِّیْ مُخْبِرُکَ خَبَرًا اَنَّکُمْ مَعْشَرَ الْعَرَبِ لَنْ تَزَالُوا بِخَیْرٍ مَّا کُنْتُمْ اِذَا هَلَکَ اَمِیْرٌ تَاَمَّرْتُمْ فِیْ اٰخَرَ فَاِذَا کَانَتْ بِالسَّیْفِ کَانُوْا مُلُوْکًا یَغْضَبُوْنَ غَضَبَ الْمُلُوْکِ وَیَرْضَوْنَ رِضَا الْمُلُوْکِ

ہم آئے تھے (لیکن آنحضور ﷺ کی وفات کی خبر سن کر واپس جارہے ہیں) اور انشاء اللہ پھر مدینہ آئیں گے۔ دونوں یمن واپس چلے گئے۔ پھر میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ان کی باتوں کی اطلاع دی تو آپ نے فرمایا کہ پھر انہیں اپنے ساتھ لائے کیوں نہیں؟ بہت دنوں بعد ذوعمرو نے ایک مرتبہ مجھ سے کہا کہ جریر! تمہارا مجھ پر احسان ہے اور تمہیں میں ایک بات بتاؤں گا کہ تم اہل عرب اس وقت تک خیر و بھلائی کے ساتھ رہو گے جب تک تمہارا طرز عمل یہ ہوگا کہ جب تمہارا کوئی امیر وفات پا جائے تو تم (باہمی صلاح و مشورہ سے) اپنا کوئی دوسرا امیر منتخب کر لیا کرو گے، لیکن جب (امارت کے لئے) تلوار تک بات پہنچ جائے گی تو تمہارے امیر بادشاہ بن جائیں گے، بادشاہوں کی طرح غصہ ہوا کریں گے اور انہیں کی طرح راضی اور خوش ہوا کریں گے۔

باب ۵۳۳. غَزْوَةِ سَیْفِ الْبَحْرِ وَهُمْ یَتَلَقَّوْنَ عِیْرًا لِّقُرَیْشٍ وَّاَمِیْرُهُمْ اَبُوْعُبَیْدَةَ

۵۳۳۔ غزوۂ سیف البحر۔ یہ دستہ قریش کے قافلہ تجارت کی گھات میں تھا۔ امیر ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ تھے۔

(۱۴۸۸) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِکٌ عَنْ وَهْبِ بْنِ کَیْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا قِبَلَ السَّاحِلِ وَاَمَّرَ عَلَیْهِمْ اَبَا عُبَیْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَهُمْ ثَلَاثُمِائَةٍ فَخَرَجْنَا وَکُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِیْقِ فَنِیَ الزَّادُ فَاَمَرَ اَبُوْعُبَیْدَةَ بِاَزْوَادِ الْجَیْشِ فَجُمِعَ فَکَانَ مِزْوَدَیْ تَمْرٍ فَکَانَ یَقُوْتُنَا کُلَّ یَوْمٍ قَلِیْلٌ قَلِیْلٌ حَتّٰی فَنِیَ فَلَمْ یَکُنْ یُصِیْبُنَا اِلَّا تَمْرَةٌ تَمْرَةٌ فَقُلْتُ مَا تُغْنِیْ عَنْکُمْ تَمْرَةٌ فَقَالَ لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِیْنَ فَنِیَتْ ثُمَّ انْتَهَیْنَا اِلَی الْبَحْرِ فَاِذَا حُوْتٌ مِثْلُ الظَّرِبِ فَاَکَلَ مِنْهَا الْقَوْمُ ثَمَانَ عَشْرَةَ لَیْلَةً ثُمَّ اَمَرَ اَبُوْعُبَیْدَةَ بِضِلَعَیْنِ مِنْ اَضْلَاعِهٖ فَنُصِبَا ثُمَّ اَمَرَ بِرَاحِلَةٍ فَرُحِلَتْ ثُمَّ مَرَّتْ تَحْتَهُمَا فَلَمْ تُصِبْهُمَا

۱۴۸۸۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے وہب بن کیسان نے حدیث بیان کی اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ساحل سمندر کی طرف ایک مہم بھیجی اور امیر ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو بنایا۔ اس میں تین سو (۳۰۰) افراد شریک تھے۔ ہم روانہ ہوئے اور ابھی راستے ہی میں تھے کہ زاد راہ ختم ہو گیا۔ جو کچھ بچ رہا تھا وہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے حکم سے جمع کیا گیا تو دو (۲) تھیلے کھجوروں کے جمع ہو گئے۔ اب ہمیں روزانہ تھوڑا تھوڑا اسی میں سے کھانے کو ملتا تھا۔ آخر جب یہ بھی ختم (کے قریب) پہنچ گیا تو ہمارے حصے میں صرف ایک ایک کھجور آتی تھی۔ میں نے عرض کی کہ ایک کھجور سے کیا ہوتا رہا ہوگا؟ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں اس کی قدر صحیح معنوں میں اس وقت ہوئی جب کھجور بالکل ہی ختم ہو گئی تھی۔ آخر ہم سمندر کے کنارے پہنچ گئے۔ اتفاق سے سمندر سے ہمیں ایک مچھلی ملی جو پہاڑی جیسی تھی۔ اس مچھلی کو سارا لشکر اٹھارہ دن تک کھاتا رہا بعد میں ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے حکم سے اس کی پسلی کی دو (۲) ہڈیاں کھڑی کی گئیں اور ایک سواری کجاوہ سمیت اس کے نیچے سے گذاری گئی وہ سواری نیچے سے گذر گئی اور ہڈیوں کو چھوا تک نہیں۔

۱۴۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ
الَّذِيْ حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرِوبْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ
رَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
هِ وَسَلَّمَ ثَلاَ ثَمِائَةِ رَاكِبٍ اَمِيْرُنَا اَبُوْعُبَيْدَةَ بْنَ
رَّاحِ نَرْصُدُ عِيْرَ قُرَيْشٍ فَاَقَمْنَا بِالسَّاحِلِ نِصْفَ
رٍ فَاَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِيْدٌ حَتّٰى اَكَلْنَا الْخَبَطَ
مِّيَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ جَيْشُ الْخَبَطِ فَاَلْقٰى لَنَا
حْرُ دَابَّةً يُقَالُ لَهَا الْعَنْبَرُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ
هَنَّا مِنْ وَدَكِهٖ حَتّٰى ثَابَتْ اِلَيْنَا اَجْسَامُنَا فَاَخَذَ
عُبَيْدَةَ ضِلَعًا مِّنْ اَضْلاَعِهٖ فَنَصَبَهٗ فَعَمَدَ اِلٰى
وَلَ رَجُلٍ مَّعَهٗ قَالَ سُفْيَانُ مَرَّةً ضِلَعًا مِّنْ اَضْلاَعِهٖ
صَبَهٗ وَاَخَذَ رَجُلًا وَّبَعِيْرًا فَمَرَّ تَحْتَهٗ قَالَ جَابِرٌ وَ
نَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ ثُمَّ نَحَرَ
اَثَ جَزَائِرَ ثُمَّ نَحَرَ ثَلاَثَ جَزَائِرَ ثُمَّ اَنَّ اَبَاعُبَيْدَةَ
اهُ وَكَانَ عَمْرٌو يَقُوْلُ اَخْبَرَنَا اَبُوْصَالِحٍ اَنَّ قَيْسَ
سَعْدٍ قَالَ لِاَبِيْهِ كُنْتُ فِي الْجَيْشِ فَجَاعُوْا قَالَ
حَرْ قَالَ نَحَرْتُ قَالَ ثُمَّ جَاعُوْا قَالَ انْحَرْ قَالَ
رْتُ قَالَ ثُمَّ جَاعُوْا قَالَ انْحَرْ قَالَ نَحَرْتُ قَالَ
جَاعُوْا قَالَ انْحَرْ قَالَ نُهِيْتُ

۱۴۸۹۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم نے عمرو بن دینار کے حوالے سے جو یاد کیا ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے تین (۳۰۰) سو سواروں کے ساتھ بھیجا اور ہمارا امیر ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو بنایا، تا کہ ہم قریش کے قافلہ تجارت کی گھات میں رہیں۔ ساحل سمندر پر ہم پندرہ دن تک پڑاؤ ڈالے رہے۔ ہمیں (اس سفر میں) بڑی سخت بھوک اور فاقے کا سامان کرنا پڑا۔ یہاں تک نوبت پہنچی کہ ہم نے ببول کے پتے (خبط) کھا کر وقت گذارا، اسی لئے اس مہم کا نام "جیش الخبط" بھی پڑ گیا۔ پھر اتفاق سے سمندر نے ہمارے لئے ایک مچھلی ساحل پر پھینک دی، اس مچھلی کا نام عنبر تھا۔ ہم نے اس مچھلی کو پندرہ دن تک کھایا اور اس کی چربی کو تیل کے طور پر (اپنے جسموں پر) ملا۔ اس سے ہمارے بدن کی طاقت وقوت پھر لوٹ آئی۔ بعد میں ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس کی ایک پسلی نکال کر کھڑی کروائی اور جو لشکر میں سب سے لمبے صحابی تھے انہیں اس کے نیچے سے گذارا۔ سفیان نے ایک مرتبہ اس طرح بیان کیا کہ اس کی ایک پسلی نکال کر کھڑی کر دی اور ایک شخص کو سواری پر (سوار کرا کے) اس کے نیچے سے گذارا۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لشکر کے ایک صاحب نے پہلے تین اونٹ ذبح کئے۔ پھر تین اونٹ ذبح کئے اور جب تیسری مرتبہ تین اونٹ ذبح کئے تو ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے انہیں روک دیا (کیونکہ اگر سب اونٹ ذبح کر دیئے جاتے تو سفر میں دشواری پیش آتی) اور عمر بیان کرتے تھے، انہیں ابوصالح نے خبر دی کہ قیس بن سعد رضی اللہ عنہ نے (واپس آ کر) اپنے والد سے کہا کہ میں بھی لشکر میں تھا جب بھوک وفاقہ تک نوبت پہنچی تو کہا کہ اونٹ ذبح کرو۔ بیان کیا کہ میں نے ذبح کر دیا کہ پھر بھوکے ہوئے تو کہا کہ اونٹ ذبح کرو، میں نے ذبح کیا۔ بیان کیا کہ پھر بھوکے ہوئے تو کہا کہ اونٹ ذبح کرو، میں نے ذبح کیا پھر بھوکے ہوئے تو کہا کہ اونٹ ذبح کرو۔ بیان کیا کہ اس مرتبہ مجھے (امیر لشکر کی طرف سے) ممانعت ہو گئی۔

۱۴۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ
رَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرًا رَضِيَ
هُ عَنْهُ يَقُوْلُ غَزَوْنَا جَيْشَ الْخَبَطِ وَاُمِّرَ اَبُوْعُبَيْدَةَ

۱۴۹۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں عمرو نے خبر دی اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم "جیش الخبط میں

فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِيْدًا فَاَلْقَى الْبَحْرُ حُوْتًا مَيِّتًا لَّمْ نَرَمِثْلَه' يُقَالُ لَهُ الْعَنْبَرُ فَاَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ فَاَخَذَ اَبُوْعُبَيْدَةَ عَظْمًا مِّنْ عِظَامِهٖ فَمَرَّالرَّاكِبُ تَحْتَه' فَاَخْبَرَنِيْ اَبُوالزُّبَيْرِ اَنَّه' سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ قَالَ اَبُوْعُبَيْدَةَ كُلُوْا فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوْا رِزْقًا اَخْرَجَه اللّٰهُ اَطْعِمُوْنَا اِنْ كَانَ مَعَكُمْ فَاَتَاهُ بَعْضُهُمْ فَاَكَلَه'

شریک تھے، ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ، ہمارے امیر تھے۔ پھر ہمیں شدید فاقہ اور بھوک سے گذرنا پڑا۔ آخر سمندر نے ایک ایسی مردہ مچھلی باہر پھینکی کہ ہم نے ویسی مچھلی نہیں دیکھی تھی۔ اسے عنبر کہتے تھے۔ وہ مچھلی ہم نے پندرہ دن تک کھائی۔ پھر ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس کی ایک ہڈی کھڑی کروادی اور سوار اس کے نیچے سے گذر گیا۔ (ابن جریج نے بیان کیا کہ) پھر مجھے ابوالزبیر نے خبر دی تھی، اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اس مچھلی کو کھاؤ۔ پھر جب ہم مدینہ واپس آئے تو ہم نے اس کا تذکرہ نبی کریم ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ روزی کھاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے بھیجی ہے، اگر تمہارے پاس اس میں سے کچھ بچی ہو تو مجھے بھی کھلاؤ، چنانچہ ایک صاحب نے لا کر آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا اور آپ ﷺ نے تناول فرمایا۔

باب ۵۳۴. حَجّ اَبِيْ بَكْرٍ بِالنَّاسِ فِيْ سَنَةِ تِسْعٍ

۵۳۴۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لوگوں کے ساتھ ۹ ہجری میں حج۔

(۱۴۹۱) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُوالرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ اَبَابَكْرِ الصِّدِّيْقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعَثَه' فِي الْحَجَّةِ الَّتِيْ اَمَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يَوْمَ النَّحْرِفِيْ رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ لَايَحُجُّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَايَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ

۱۴۹۱۔ ہم سے سلیمان بن داؤد ابوالربیع نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حجۃ الوداع سے پہلے جس حج کا امیر بنا کر بھیجا تھا اس میں ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے چند صحابہؓ کے ساتھ قربانی کے دن (منیٰ میں) یہ اعلان کرنے کے لئے بھیجا تھا کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک (بیت اللہ کا) حج نہیں کر سکے گا۔ اور نہ کوئی شخص بیت اللہ کا طواف۔ ننگے ہو کر کر سکے گا۔

(۱۴۹۲) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اٰخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ كَامِلَةً بَرَآءَةٌ وَاٰخِرُ سُوْرَةٍ نَزَلَتْ خَاتِمَةُ سُوْرَةِ النِّسَآءِ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ

۱۴۹۲۔ مجھ سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آخری سورۃ جس کا اکثر حصہ ایک ساتھ نازل ہوا وہ سورۂ براءت ہے اور آخری سورۃ جس کا آخری حصہ نازل ہوا وہ سورۂ نساء کی یہ آیت ہے۔ ''و یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ۔''

باب ۵۳۵. وَفْدُ بَنِيْ تَمِيْمٍ

۵۳۵۔ بنی تمیم کا وفد۔

(۱۴۹۳) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ صَخْرَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ الْمَازِنِيِّ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَتٰى نَفَرٌ مِّنْ

۱۴۹۳۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوصخرہ نے، ان سے صفوان بن محرز مازنی نے اور ان سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بنوتمیم کے چند افراد (کا

تَمِیمٍ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰی یَابَنِیْ تَمِیمٍ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْبَشَّرْتَنَا فَاَعْطِنَا فَرُوِیَ ذٰلِکَ فِیْ وَجْہِہٖ فَجَآءَ نَفَرٌ مِّنَ الْیَمَنِ فَقَالَ اَقْبَلُوا الْبُشْرٰی اِذْ لَمْ یَقْبَلْھَا بَنُوْتَمِیمٍ قَالُوْا قَدْ قَبِلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

ایک وفد) نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا، اے بنو تمیم! بشارت قبول کرو۔ وہ کہنے لگے کہ بشارت تو آپ ﷺ ہمیں دے چکے، کچھ اور دیجئے بھی۔ ان کے اس جواب پر حضور اکرم ﷺ کے چہرہ مبارک پر ناگواری کا اثر دیکھا گیا۔ پھر یمن کے چند افراد (پر مشتمل ایک وفد) آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا کہ بنو تمیم نے بشارت نہیں قبول کی، تم قبول کرلو، انہوں نے عرض کی، بسر و چشم، یا رسول اللہ (ﷺ!)

بابٌ ۵۳۶. قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ غَزْوَۃَ عُیَیْنَۃَ بْنِ حِصْنِ بْنِ حُذَیْفَۃَ بْنِ بَدْرٍ بَنِی الْعَنْبَرِ مِنْ بَنِیْ تَمِیمٍ بَعَثَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْھِمْ فَاَغَارَ وَاَصَابَ مِنْھُمْ نَاسًاوَسَبٰی مِنْھُمْ نِسَآءً

۵۳۶۔ ابن اسحاق نے بیان کیا کہ غزوۂ عیینہ بن حصن بن حذیفہ بن بدر رضی اللہ عنہ، آپ کو رسول اللہ ﷺ نے بنی تمیم کی شاخ بنو العنبر کی طرف بھیجا تھا۔ آپ نے ان پر حملہ کیا، ان کے بہت سے آدمیوں کو قتل کیا اور ان کی عورتوں کو قید کیا۔

(۱۴۹۴) حَدَّثَنِیْ زُھَیْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ عُمَارَۃَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِیْ زُرْعَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ لَااَزَالُ اُحِبُّ بَنِیْ تَمِیمٍ بَعْدَ ثَلَاثٍ سَمِعْتُھُنَّ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُھَا فِیْھِمْ ھُمْ اَشَدُّ اُمَّتِیْ عَلَی الدَّجَّالِ وَکَانَتْ فِیْھِمْ سَبِیَّۃٌ عِنْدَ عَآئِشَۃَ فَقَالَ اَعْتِقِیْھَا فَاِنَّھَا مِنْ وُّلْدِ اِسْمَاعِیْلَ وَجَآءَ تْ صَدَقَاتُھُمْ فَقَالَ ھٰذِہٖ صَدَقَاتُ قَوْمٍ اَوْقَوْمِیْ

۱۴۹۴۔ مجھ سے زہیر بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے عمارہ بن قعقاع نے، ان سے ابو زرعہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اس وقت سے ہمیشہ بنو تمیم سے محبت رکھتا ہوں، جب سے نبی کریم ﷺ کی زبانی ان کے تین اوصاف کے متعلق میں نے سنا ہے آنحضور ﷺ نے ان کے متعلق فرمایا تھا کہ بنو تمیم دجال کے حق میں میری امت کے سب سے زیادہ سخت افراد ثابت ہوں گے، اور بنو تمیم کی ایک قیدی خاتون عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے آزاد کردو، کیونکہ یہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہے۔ اور ان کے یہاں سے صدقہ وصول ہو کر آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ ایک قوم کا۔ یا (یہ فرمایا کہ) یہ میری قوم کا صدقہ ہے۔

(۱۴۹۵) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا ھِشَامُ بْنُ یُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَیْجٍ اَخْبَرَھُمْ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ اَنَّ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ الزُّبَیْرِ اَخْبَرَھُمْ اَنَّہٗ قَدِمَ رَکْبٌ مِّنْ بَنِیْ تَمِیمٍ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَمِّرِالْقَعْقَاعَ بْنَ مَعْبَدِ بْنِ زُرَارَۃَ قَالَ عُمَرُ بَلْ اَمِّرِالْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ مَّااَرَدْتَّ اِلَّا خِلَافِیْ قَالَ عُمَرُ مَااَرَدْتُّ خِلَافَکَ فَتَمَارَیَا حَتّٰی ارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُھُمَا فَنَزَلَ فِیْ ذٰلِکَ

۱۴۹۵۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں ابن ابی ملیکہ نے اور انہیں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ بنو تمیم کے چند سوار نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے (اور عرض کی کہ آپ ہمارا کوئی امیر منتخب کردیجئے) ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ قعقاع بن معبد بن زرارہ کو ان کا امیر منتخب کردیجئے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ (ﷺ!) بلکہ آپ اقرع بن حابس کو امیر منتخب فرمادیجئے۔ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا (عمر رضی اللہ عنہ سے) کہ تمہارا مقصد صرف مجھ

يَاَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا حَتّٰى انْقَضَتْ

سے اختلاف کرنا ہے، عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ٹھیک ہے، میرا مقصد صرف تمہاری رائے سے اختلاف کرنا ہی ہے۔ دونوں حضرات میں بات بڑھ گئی اور آواز بلند ہوگئی۔ اسی واقعہ پر یہ آیت نازل ہوئی کہ "یاایھا الذین اٰمنوا لاتقدموا" آخر آیت تک۔

باب ۵۳۷ . وَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ

۵۳۷۔ وفد عبدالقیس۔

(۱۴۹۶) حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا اَبُوْعَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنْ اَبِي جَمْرَةَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ لِي جَرَّةً يُنْتَبَذُ لِي نَبِيذٌ فَاَشْرَبُه' حُلْوًا فِي جَرٍّ اِنْ اَكْثَرْتُ مِنْهُ فَجَالَسْتُ الْقَوْمَ فَاَطَلْتُ الْجُلُوْسَ خَشِيْتُ اَنْ اَفْتَضِحَ فَقَالَ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِالْقَيْسِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَرْحَبًا بِالْقَوْمِ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا النَّدَامٰى فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ مُضَرَ وَاِنَّا لَانَصِلُ اِلَيْكَ اِلَّا فِي اَشْهُرِ الْحُرُمِ حَدِّثْنَا بِجُمَلٍ مِّنَ الْاَمْرِ اِنْ عَمِلْنَا بِهٖ دَخَلْنَا الْجَنَّةَ وَنَدْعُوْا بِهٖ مَنْ وَّرَآءَ نَاقَالَ اٰمُرُكُمْ بِاَرْبَعٍ وَّاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعِ الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاالْاِيْمَانُ بِاللّٰهِ شَهَادَةُ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءُ الزَّكٰوةِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ وَاَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغَانِمِ الْخُمُسَ وَاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعٍ مَّاانْتُبِذَفِي الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ

۱۴۹۶۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں ابو عامر عقدی نے خبر دی، ان سے قرہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجمرہ نے کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ میرے پاس ایک گھڑا ہے جس میں میرے لئے نبیذ تیار کی جاتی ہے، میں وہ میٹھی نبیذ آبخورے سے پیتا ہوں۔ (اس میں معمولی سا نشہ بھی پیدا ہوجاتا ہے) چنانچہ اگر میں اسے زیادہ پی لوں، پھر لوگوں کے ساتھ مجلس میں بیٹھوں اور دیر تک بیٹھا رہوں تو مجھے ڈر ہے کہ کہیں رسوائی نہ اٹھانی پڑ جائے۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قبیلہ عبدالقیس کا وفد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا، خوش آمدید اس قوم کے لئے جو رسوائی اور ندامت اٹھائے بغیر آئی ہے۔ انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ!) ہمارے اور آپ ﷺ کے (مدینہ کے) درمیان میں مشرکین مضر کے قبائل پڑتے ہیں۔ اس لئے ہم آپ ﷺ کی خدمت میں صرف باحرمت مہینوں میں ہی حاضر ہوسکتے ہیں، آپ ہمیں وہ احکام وہدایات دے دیں کہ اگر ہم ان پر عمل کرتے رہیں تو جنت میں داخل ہوں، اور جو لوگ ہمارے ساتھ نہیں آسکے ہیں، انہیں بھی وہ ہدایات پہنچادیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور چار چیزوں سے روکتا ہوں۔ میں تمہیں حکم دیتا ہوں، اللہ پر ایمان لانے کا، تمہیں معلوم ہے، اللہ پر ایمان لانا کسے کہتے ہیں؟ اس کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، نماز قائم کرنے کا، زکات دینے، رمضان کے روزے رکھنے اور مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ (بیت المال کو) ادا کرنے کا حکم دیتا ہوں۔ اور میں تمہیں چار چیزوں سے روکتا ہوں، یعنی دباء، نقیر، حنتم اور مزفت، (نبیذ بنانے کے برتن) سے جس میں نبیذ بنائی جاتی ہے۔

(۱۴۹۷) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِي جَمْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِالْقَيْسِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۴۹۷۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجمرہ نے بیان کیا، کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا آپ بیان کرتے تھے کہ جب قبیلہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَّبِيْعَةَ وَقَدْحَالَتْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ كُفَّارُ مُضَرَ فَلَسْنَا نَخْلُصُ اِلَيْكَ اِلَّا فِيْ شَهْرٍ حَرَامٍ فَمُرْنَابِاَشْيَآءَ نَاخُذُ بِهَا وَنَدْعُوْا اِلَيْهَا مَنْ وَّرَآءَ نَا قَالَ اٰمُرُكُمْ بِاَرْبَعٍ وَّاَنْهَاكُمْ عَنْ اَرْبَعٍ اَلْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَعَقَدَ وَاحِدَةً وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَاَنْ تُؤَدُّوْالِلّٰهِ خُمُسَ مَاغَنِمْتُمْ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الدُّبَّآءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ وَالْمُزَفَّتِ

عبدالقیس کا وفد حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ! ہم لوگ قبیلہ ربیعہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ہمارے اور آپ ﷺ کے درمیان کفار مضر کے قبائل پڑتے ہیں، ہم آنحضور ﷺ کی خدمت میں صرف حرمت والے مہینوں میں ہی حاضر ہو سکتے ہیں! اس لئے آپ چند ایسی چیزوں کا حکم دیجئے کہ ہم بھی ان پر عمل کریں اور جو لوگ ہمارے ساتھ نہیں آسکے ہیں انہیں بھی اس کی دعوت دیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں چار چیزوں کا حکم دیتا ہوں اور چار چیزوں سے روکتا ہوں، (میں تمہیں حکم دیتا ہوں) اللہ پر ایمان لانے کا یعنی اس کی گواہی کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں، پھر آپ نے (اپنی انگلی سے) ایک کا اشارہ کیا، اور نماز قائم کرنے کا، زکات دینے کا اور اس کا کہ مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ (بیت المال کو) ادا کرتے رہنا۔ اور میں تمہیں دباء، نقیر، مزفت اور حنتم کے استعمال سے روکتا ہوں۔

(۱۴۹۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ عَمْرٌو وَقَالَ بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ اَنَّ كُرَيْبًا مَّوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ اَزْهَرَ وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اَرْسَلُوْا اِلٰى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَافَقَالُوْا اقْرَأْ عَلَيْهَا السَّلَامَ مِنَّا جَمِيْعًا وَاسْئَلْهَا عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَاِنَّا اُخْبِرْنَا اَنَّكِ تُصَلِّيْهِمَا وَقَدْ بَلَغَنَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْهُمَاقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّكُنْتُ اَضْرِبُ مَعَ عُمَرَ النَّاسَ عَنْهُمَا قَالَ كُرَيْبٌ فَدَخَلْتُ عَلَيْهَا وَبَلَّغْتُهَا مَا اَرْسَلُوْنِيْ فَقَالَتْ سَلْ اُمَّ سَلَمَةَ فَاَخْبَرْتُهُمْ فَرَدُّوْنِيْ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ بِمِثْلِ مَااَرْسَلُوْنِيْ اِلٰى عَآئِشَةَ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْهُمَا وَاِنَّهُ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ وَعِنْدِيْ نِسْوَةٌ مِّنْ بَنِيْ حَرَامٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَصَلَّاهُمَا فَاَرْسَلْتُ اِلَيْهِ الْخَادِمَ فَقُلْتُ قُوْمِيْ اِلٰى جَنْبِهِ فَقُوْلِيْ تَقُوْلُ اُمُّ سَلَمَةَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَمْ اَسْمَعْكَ تَنْهٰى عَنْ هَاتَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ فَاَرَاكَ

۱۴۹۸۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہیں عمرو نے خبر دی۔ اور بکر بن مضر نے بیان کیا، ان سے عمرو بن حارث نے، ان سے بکیر نے اور ان سے کریب، ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا، نے بیان کی کہ ابن عباس، عبدالرحمٰن بن ازہر اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہم نے انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ ام المؤمنین سے ہم سب کا سلام کہنا اور عصر کے بعد دو(۲) رکعتوں کے متعلق ان سے پوچھنا اور یہ کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ انہیں پڑھتی ہیں اور ہمیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں پڑھنے سے روکا تھا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ان دو رکعتوں کے پڑھنے پر، عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ لوگوں کو مارا کرتا تھا (ان کے دور خلافت میں۔) کریب نے بیان کیا کہ پھر میں ام المؤمنین کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان حضرات کا پیغام پہنچایا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اس کے متعلق ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھو۔ میں نے ان حضرات کو آکر اس کی اطلاع دی تو انہوں نے مجھے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا، وہ باتیں پوچھنے کے لئے جو عائشہ رضی اللہ عنہا سے انہوں نے پچھوائی تھیں۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے خود بھی رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ عصر کے بعد دو(۲) رکعتوں سے منع کرتے تھے، لیکن ایک مرتبہ آپ ﷺ نے عصر کی نماز پڑھی، پھر

تُصَلِّيهِمَا فَإِنْ اَشَارَ بِيَدِهٖ فَاسْتَأْخِرِیْ فَفَعَلَتِ الْجَارِيَةُ فَاَشَارَ بِيَدِهٖ فَاسْتَأْخَرَتْ عَنْهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَابِنْتَ اَبِیْ اُمَيَّةَ سَأَلْتِ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ اِنَّهٗ اَتَانِیْ اُنَاسٌ مِّنْ عَبْدِالْقَيْسِ بِالْاِسْلَامِ مِنْ قَوْمِهِمْ فَشَغَلُوْنِیْ عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ فَهُمَا هَاتَانِ

میرے یہاں تشریف لائے، میرے پاس اس وقت انصار کے قبیلہ بنوحرام کی کچھ عورتیں بیٹھی ہوئی تھیں، اور آپ ﷺ نے دو(۲) رکعت نماز پڑھی۔ یہ دیکھ کر میں نے خادمہ کو آپ کی خدمت میں بھیجا اور اسے ہدایت کردی کہ آنحضور ﷺ کے پہلو میں کھڑی ہوجانا اور عرض کرنا کہ ام سلمہ نے پوچھا ہے، یارسول اللہ! میں نے تو آپ سے ہی سنا تھا اور آپ نے عصر کے بعد ان دو رکعتوں کے پڑھنے سے منع کیا تھا، لیکن آج میں خود آپ کو دو(۲) رکعت پڑھتے دیکھ رہی ہوں۔ اگر آنحضور ﷺ ہاتھ سے اشارہ کریں تو پھر پیچھے ہٹ جانا۔ خادمہ نے میری ہدایت کے مطابق کیا۔ اور آنحضور ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ کیا تو وہ پیچھے ہٹ گئی۔ پھر جب فارغ ہوئے تو فرمایا اے بنت ابی امیہ! عصر کے بعد کی دو(۲) رکعتوں کے متعلق تم نے سوال کیا ہے، وجہ یہ ہوئی تھی کہ قبیلہ عبدالقیس کے کچھ لوگ میرے یہاں اپنی قوم کا اسلام لے کر آئے تھے اور ان کی وجہ سے ظہر کے بعد کی دو(۲) رکعتیں میں نہیں پڑھ سکا تھا۔ یہ انہیں رکعتوں کی قضا ہے۔

(۱۴۹۹) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ عَبْدُالْمَلِكِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ هُوَ ابْنُ طَهْمَانَ عَنْ اَبِیْ جَمْرَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَوَّلُ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ بَعْدَ جُمُعَةٍ جُمِّعَتْ فِیْ مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَسْجِدِ عَبْدِالْقَيْسِ بِجُوَاثٰی يَعْنِی قرية من البحرين

۱۴۹۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد الجعفی نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عامر عبدالملک نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، یہ طہمان کے صاحبزادے ہیں۔ ان سے ابوجمرہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے بعد سب سے پہلا جمعہ جواثی کی مسجد عبدالقیس میں منعقد ہوا۔ جواثی، بحرین کی ایک بستی ہے۔

باب ۵۳۸. وَفْدِ بَنِیْ حَنِيْفَةَ وَحَدِيْثُ ثُمَامَةَ بْنِ اُثَالٍ

۵۳۸۔ وفد بنوحنیفہ اور ثمامہ بن اثال کا واقعہ۔

(۱۵۰۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَآءَتْ بِرَجُلٍ مِّنْ بَنِیْ حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهٗ ثُمَامَةُ بْنُ اُثَالٍ فَرَبَطُوْهُ بِسَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِی الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ اِلَيْهِ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاعِنْدَكَ يَاثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ خَيْرٌ يَامُحَمَّدُ اِنْ تَقْتُلْنِیْ تَقْتُلْ ذَادَمٍ وَاِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاكِرٍ وَاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْمَالَ فَسَلْ مِنْهُ مَاشِئْتَ حَتّٰی كَانَ الْغَدُ ثُمَّ قَالَ لَهٗ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ

۱۵۰۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سعید بن ابی سعید نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے نجد کی طرف کچھ سوار بھیجے۔ وہ قبیلہ بنوحنیفہ کے (سرداروں میں سے) ایک شخص، ثمامہ بن اثال نامی کو پکڑ لائے اور مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا۔ حضور اکرم ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا، ثمامہ! اب کیا خیال ہے؟ انہوں نے کہا، محمد! میرے پاس خیر ہے، (اس کے باوجود) اگر آپ مجھے قتل کردیں تو ایک ایسے شخص کو قتل کریں گے جو قتل کا مستحق ہے اور اگر آپ مجھ پر احسان کریں گے تو ایک ایسے شخص پر احسان کرو گے جو (احسان کرنے والے کا) شکر ادا کیا کرتا ہے، لیکن اگر آپ کو

مَاقُلْتُ لَکَ اِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلٰی شَاکِرٍ فَتَرَکَہٗ حَتّٰی کَانَ بَعْدَالْغَدِ فَقَالَ مَاعِنْدَکَ یَاثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِیْ مَاقُلْتُ لَکَ فَقَالَ اَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ اِلٰی نَخْلٍ قَرِیْبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ یَامُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَاکَانَ عَلَی الْاَرْضِ وَجْهٌ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ وَّجْهِکَ فَقَدْ اَصْبَحَ وَجْهُکَ اَحَبَّ الْوُجُوْهِ اِلَیَّ وَاللّٰهِ مَاکَانَ مِنْ دِیْنٍ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ دِیْنِکَ فَاَصْبَحَ دِیْنُکَ اَحَبَّ الدِّیْنِ اِلَیَّ وَاللّٰهِ مَاکَانَ مِنْ بَلَدٍ اَبْغَضَ اِلَیَّ مِنْ بَلَدِکَ فَاَصْبَحَ بَلَدُکَ اَحَبَّ الْبِلَادِ اِلَیَّ وَاِنَّ خَیْلَکَ اَخَذَتْنِیْ وَاَنَا اُرِیْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَاتَرٰی فَبَشَّرَہٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَرَہٗ اَنْ یَّعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَکَّةَ قَالَ لَهٗ قَائِلٌ صَبَوْتَ قَالَ لَاوَلٰکِنْ اَسْلَمْتُ مَعَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَاللّٰهِ لَایَاْتِیْکُمْ مِّنَ الْیَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتّٰی یَاْذَنَ بِهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

مال مطلوب ہے، تو جتنا چاہیں مجھ سے طلب کر سکتے ہیں۔ آنحضور ﷺ وہاں سے چلے آئے دوسرے دن آپ ﷺ نے پھر فرمایا، اب کیا خیال ہے ثمامہ! انہوں نے کہا، وہی جو میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ اگر آپ نے احسان کیا تو ایک ایسے شخص پر احسان کریں گے جو شکرادا کیا کرتا ہے۔ آنحضور ﷺ پھر چلے آئے، تیسرے دن پھر آپ ﷺ نے ان سے فرمایا، اب کیا خیال ہے، ثمامہ! انہوں نے کہا کہ وہی جو میں آپ سے پہلے کہہ چکا ہوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ثمامہ کو چھوڑ دو۔ (رسی کھول دی گئی تو) وہ مسجد نبوی سے قریب ایک باغ میں گئے اور غسل کر کے مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور پڑھا۔ "اشهدان لااله الاالله واشهد ان محمداً رسول الله" (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔) اے محمد، خدا گواہ ہے، روئے زمین پر کوئی چہرہ آپ کے چہرے سے مبغوض نہیں تھا، لیکن آج آپ کے چہرہ سے زیادہ مجھے کوئی محبوب نہیں ہے۔ خدا گواہ ہے، کوئی دین آپ کے دین سے زیادہ مجھے مبغوض نہیں تھا لیکن آج آپ کا دین مجھے سب سے زیادہ پسندیدہ اور عزیز ہے، خدا گواہ ہے، کوئی شہر آپ کے شہر سے مجھے زیادہ مبغوض نہیں تھا لیکن آج آپ کا شہر میرا سب سے زیادہ محبوب شہر ہے آپ کے سواروں نے جب مجھے پکڑا تو میں عمرہ کا ارادہ کر چکا تھا۔ اب آپ کا کیا حکم ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے انہیں بشارت دی اور عمرہ ادا کرنے کا حکم دیا۔ جب وہ مکہ پہنچے تو کسی نے کہا، بے دین ہو گئے؟ انہوں نے جواب دیا کہ نہیں، بلکہ میں محمد ﷺ کے ساتھ ایمان لایا ہوں اور خدا کی قسم اب تمہارے یہاں یمامہ سے گیہوں کا ایک دانہ بھی اس وقت تک نہیں آ سکتا جب تک نبی کریم ﷺ اجازت نہ دے دیں۔ رضی اللہ عنہ۔

(۱۵۰۱) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ حُسَیْنٍ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَدِمَ مُسَیْلَمَةُ الْکَذَّابُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ یَقُوْلُ اِنْ جَعَلَ لِیْ مُحَمَّدٌ مِّنْ بَعْدِهٖ تَبِعْتُهٗ وَقَدِمَهَا فِیْ بَشَرٍ کَثِیْرٍ مِّنْ قَوْمِهٖ فَاَقْبَلَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ ثَابِتُ بْنُ

۱۵۰۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن ابی حسین نے، انہیں نافع بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں مسلیمہ کذاب آیا، اس دعوے کے ساتھ کہ اگر محمد مجھے اپنے بعد (اپنا نائب و خلیفہ) بنا دیں تو میں ان کی اتباع کرلوں، اس کے ساتھ اس کی قوم (بنوحنیفہ) کا بہت بڑا لشکر تھا۔ آنحضور ﷺ اس کی طرف تشریف لے گئے۔ آپ کے ساتھ ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ بھی تھے، آپ

قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ وَّفِيْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِطْعَةُ جَرِيْدٍ حَتّٰى وَ قَفَ عَلٰى مُسَيْلَمَةَ فِيْ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ لَوْسَاَلْتَنِيْ هٰذِهِ الْقِطْعَةَ مَا اَعْطَيْتُكَهَا وَلَنْ تَعْدُوَ اَمْرَ اللّٰهِ فِيْكَ وَلَئِنْ اَدْبَرْتَ لَيَعْقِرَنَّكَ اللّٰهُ وَاِنِّيْ لَاَرَاكَ الَّذِيْ اُرِيْتُ فِيْهِ مَارَاَيْتُ وَهٰذَا ثَابِتٌ يُجِيْبُكَ عَنِّيْ ثُمَّ انْصَرَفَ عَنْهُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَسَاَلْتُ عَنْ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ اُرَى الَّذِيْ اُرِيْتُ فِيْهِ مَا رَاَيْتُ فَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْهُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا اَنَانَآئِمٌ رَاَيْتُ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ فَاَهَمَّنِيْ شَاْ نُهُمَا فَاُوْحِيَ اِلَيَّ فِي الْمَنَامِ اَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ بَعْدِيْ اَحَدُ هُمَا الْعَنْسِيُّ وَالْاٰخَرُ مُسَيْلِمَةُ

کے ہاتھ میں کھجور کی ایک ٹہنی تھی، جہاں مسیلمہ اپنی فوج کے ساتھ پڑاؤ کـ ہوئے تھا، آپ وہیں جا کر ٹھہر گئے، اور آپ نے اس سے فرمایا، اگر مجھ سے یہ ٹہنی مانگو گے تو میں تمہیں یہ بھی نہیں دوں گا، اور تم اللہ کے ا فیصلے سے آگے نہیں بڑھ سکتے جو تمہارے بارے میں پہلے ہی ہو چکا ـ تم نے اگر میری اطاعت سے روگردانی کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کـ دے گا، میرا تو خیال ہے کہ تم وہی ہو جو مجھے خواب میں دکھائے گئے تھـ اب تمہاری باتوں کا جواب ثابت دیں گے۔ پھر آپ واپس تشریف لائے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے متعلق پوچھا کہ ''میرا تو خیال ہے کہ تم وہی ہو جو مجھے خوا میں دکھائے گئے تھے، تو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میں سویا ہوا تھا کہ میں نے اپنے ہاتھوں میں سونے کے د کنگن دیکھے، مجھے انہیں دیکھ کر بڑا رنج ہوا، پھر خواب ہی میں مجھ پر وحی کی گئی کہ میں انہیں پھونک دوں، چنانچہ میں نے انہیں پھونکا تو وہ اڑ گئے میں نے اس کی تعبیر دو جھوٹوں سے لی جو میرے بعد نکلیں گے ایک اس عنسی تھا اور دوسرا مسیلمہ کذاب۔

(۱۵۰۲) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ ابْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنْ هَمَّامٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا نَآئِمٌ اُتِيْتَ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِيْ كَفِّيْ سِوَارَنِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَيَّ فَاُوْحِيَ اِلَيَّ اَنِ انْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَيْنِ الَّذَيْنِ اَنَا بَيْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَآءَ وَصَاحِبَ الْيَمَامَةِ

۱۵۰۲۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزا نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے، ان سے ہمام نے اور انہوں ـ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرما خواب میں میرے پاس زمین کے خزانے لائے گئے اور میرے ہاتھو میں سونے کے دو (۲) کنگن رکھ دیئے گئے۔ یہ مجھ پر بڑا شاق گذرا۔ اس ـ بعد مجھے وحی کی گئی کہ میں انہیں پھونک دوں۔ میں نے پھونکا تو وہ اڑ گئے میں نے اس کی تعبیر دو جھوٹوں سے لی جن کے درمیان میں میں ہوں، یعـ صاحب صنعاء (اسود عنسی) اور صاحب یمامہ (مسیلمہ کذاب)

(۱۵۰۳) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ مَهْدِيَّ ابْنَ مَيْمُوْنٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَارَجَآءِ الْعُطَارِدِيَّ يَقُوْلُ كُنَّا نَعْبُدُ الْحَجَرَ فَاِذَا وَجَدْنَا حَجَرًا هُوَ اَخْيَرُ مِنْهُ اَلْقَيْنَاهُ وَاَخَذْنَا الْاٰخَرَ فَاِذَا لَمْ نَجِدْ حَجَرًا جَمَعْنَا جُثْوَةً مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ جِئْنَا بِالشَّاةِ فَحَلَبْنَاهُ عَلَيْهِ ثُمَّ طُفْنَا بِهٖ فَاِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَجَبٍ قُلْنَا مُنَصِّلُ الْاَسِنَّةِ فَلَا نَدَعُ رُمْحًا فِيْهِ حَدِيْدَةٌ وَلَاسَهْمًا فِيْهِ

۱۵۰۳۔ ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے مہد بن میمون سے سنا، کہا کہ میں نے ابو رجاء عطاردی رضی اللہ عنہ سے سنا، بیان کرتے تھے کہ ہم پتھر کی پوجا کرتے تھے اور اگر کوئی پتھر ہمیں اس ـ اچھا مل جاتا (جس کی ہم پوجا کر رہے ہوتے) تو اسے پھینک دیتے او اس دوسرے کی پوجا شروع کر دیتے۔ اگر ہمیں پتھر نہ ملتا تو مٹی کا ڈھیر جم کر لیتے اور بکری لا کر اس پر دوہتے اور اس کے گرد چکر لگاتے۔ پھ رجب کا مہینہ آ جاتا تو ہم کہتے کہ یہ مہینہ نیزوں کو دو۔ رکھنے کا ہے، چنانچ

حَدِيْدَةٌ اِلَّا نَزَعْنَاهُ وَاَلْقَيْنَاهُ شَهْرَ رَجَبٍ وَّسَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ يَقُوْلُ كُنْتُ يَوْمَ بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا اَرْعَى الْاِبِلَ عَلٰى اَهْلِيْ فَلَمَّا سَمِعْنَا بِخُرُوْجِهٖ فَرَرْنَا اِلَى النَّارِ اِلٰى مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابِ

ہمارے پاس لوہے سے بنے ہوئے جتنے بھی نیزے یا تیر ہوتے ہم رجب کے مہینے میں انہیں اپنے سے دور رکھتے اور انہیں کسی طرف پھینک دیتے۔ اور میں نے ابورجاء سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مبعوث ہوئے تو میں ابھی کم عمر تھا اور اپنے گھر کے اونٹ چرایا کرتا تھا۔ پھر جب ہم نے آپ کی (قریش پر چڑھائی اور فتح مکہ کی خبر) سنی تو آگ میں جا کر ہم نے پناہ لے لی، یعنی مسیلمہ کذاب کے یہاں۔

باب ۵۳۹. قِصَّةُ الْاَسْوَدِ الْعَنَسِيِّ

۵۳۹۔ اسود عنسی کا واقعہ۔

(۱۵۰۴) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ عُبَيْدَةَ ابْنِ نَشِيْطٍ وَّكَانَ فِيْ مَوْضِعٍ اٰخَرَ اسْمُهٗ عَبْدُاللّٰهِ اَنَّ عُبَيْدَاللّٰهِ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ مُسَيْلِمَةَ الْكَذَّابَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَنَزَلَ فِيْ دَارِ بِنْتِ الْحَارِثِ وَكَانَ تَحْتَهٗ بِنْتُ الْحَارِثِ ابْنِ كُرَيْزٍ وَّهِيَ اُمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهٗ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ وَهُوَ الَّذِيْ يُقَالُ لَهٗ خَطِيْبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضِيْبٌ فَوَقَفَ عَلَيْهِ فَكَلَّمَهٗ فَقَالَ لَهٗ مُسَيْلِمَةُ اِنْ شِئْتَ خَلَّيْتَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْاَمْرِ ثُمَّ جَعَلْتَهٗ لَنَا بَعْدَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْسَاَلْتَنِيْ هٰذَا الْقَضِيْبَ مَا اَعْطَيْتُكَهٗ وَاِنِّيْ لَاُرَاكَ الَّذِيْ اُرِيْتُ فِيْهِ مَا اُرِيْتُ وَهٰذَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ وَّسَيُجِيْبُكَ عَنِّيْ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ سَاَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ عَنْ رُؤْيَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِيْ ذَكَرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ذُكِرَ لِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا اَنَا نَآئِمٌ اُرِيْتُ اَنَّهٗ وُضِعَ فِيْ يَدَيَّ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَفَظِعْتُهُمَا وَكَرِهْتُهُمَا فَاُذِنَ لِيْ فَنَفَخْتُهُمَا فَطَارَا فَاَوَّلْتُهُمَا كَذَّابَيْنِ يَخْرُجَانِ فَقَالَ عُبَيْدُاللّٰهِ اَحَدُهُمَا

۱۵۰۴۔ ہم سے سعید بن محمد جرمی نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن عبیدہ ابن نشیط نے، دوسرے موقعہ پر (ابن عبیدہ) کے نام کی تصریح ہے یعنی عبداللہ۔ اور ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے بیان کیا کہ ہمیں معلوم ہے کہ جب مسیلمہ کذاب مدینہ آیا تو بنت حارث کے گھر اس نے قیام کیا، کیونکہ بنت حارث بن کریز اس کی بیوی تھی۔ یہی عبداللہ بن عامر (کی اولاد) کی بھی ماں ہے۔ پھر حضور اکرم ﷺ اس کے یہاں تشریف لائے (تبلیغ کے لئے) آپ کے ساتھ ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ بھی تھے، ثابت رضی اللہ عنہ وہی ہیں جو حضور اکرم ﷺ کے خطیب کے نام سے مشہور تھے۔ حضور اکرم ﷺ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ آنحضور ﷺ اس کے پاس آکر ٹھہر گئے اور اس سے گفتگو کی، مسیلمہ نے کہا کہ اگر آپ چاہیں تو آپ ہمارے اور نبوت کے درمیان حائل نہ ہوں اور اپنے بعد ہمیں اسے سونپ دیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم مجھ سے یہ چھڑی مانگو گے تو میں تمہیں یہ بھی نہیں دے سکتا، میرا خیال تو یہ ہے کہ تم وہی ہو جو مجھے خواب میں دکھائے گئے تھے۔ یہ ثابت بن قیس ہیں اور میری طرف سے تمہاری باتوں کا جواب یہی دیں گے۔ پھر آنحضور ﷺ واپس تشریف لائے۔ عبیداللہ بن عبداللہ نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے حضور اکرم ﷺ کے اس خواب کے متعلق پوچھا جس کا ذکر آپ نے کیا تھا تو انہوں نے بتایا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ میرے ہاتھوں پر سونے کے دو کنگن رکھ دیئے گئے ہیں میں اس سے بہت گھبرایا اور ان کنگنوں سے مجھے تشویش ہوئی، پھر مجھے حکم ہوا اور میں نے انہیں پھونک دیا تو یہ دونوں کنگن اڑ گئے۔ میں نے

الْعَنسِيُّ الَّذِىْ قَتَلَه، فَيْرُوْزُ بِالْيَمَنِ وَالْاٰخَرُ مُسَيْلَمَةُ الْكَذَّابُ

اس کی تعبیر دو جھوٹوں سے لی جو خروج کرنے والے ہیں، عبید اللہ نے بیان کیا کہ ان میں سے ایک اسود عنسی تھا جسے فیروز نے یمن میں قتل کیا اور دوسرا مسیلمہ کذاب تھا۔

باب ۵۴۰. قِصَّةِ اَهْلِ نَجْرَانَ

۵۴۰۔ اہل نجران کا واقعہ۔

(۱۵۰۵) حَدَّثَنِىْ عَبَّاسُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ جَآءَ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ صَاحِبَا نَجْرَانَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدَانِ اَنْ يُلَاعِنَاهُ قَالَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ لَاتَفْعَلْ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ كَانَ نَبِيًّا فَلَاعَنَّا لَانُفْلِحُ نَحْنُ وَلَا عَقِبُنَا مِنْ بَعْدِنَا قَالَا اِنَّا نُعْطِيْكَ مَاسَاَلْتَنَا وَابْعَثْ مَعَنَا رَجُلًا اَمِيْنًا وَّلَا تَبْعَثْ مَعَنَا اِلَّا اَمِيْنًا فَقَالَ لَاَبْعَثَنَّ مَعَكُمْ رَجُلًا اَمِيْنًا حَقَّ اَمِيْنٍ فَاسْتَشْرَفَ لَه، اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُمْ يَااَبَاعُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ فَلَمَّا قَامَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا اَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

۱۵۰۵۔ مجھ سے عباس بن حسین نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابو اسحاق نے، ان سے صلہ بن زفر نے اور ان سے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نجران کے دو سردار عاقب اور سید، رسول اللہ ﷺ سے مباہلہ کرنے کے لئے آئے تھے۔ لیکن ایک نے اپنے دوسرے ساتھی سے کہا کہ ایسا نہ کرو کیونکہ خدا کی قسم، اگر یہ نبی ہوئے اور پھر بھی ہم نے ان سے مباہلہ کیا تو نہ ہم پنپ سکتے ہیں اور نہ ہمارے بعد ہماری نسلیں۔ پھر ان دونوں نے آنحضور ﷺ سے کہا کہ جو کچھ آپ کا مطالبہ ہی، ہم اسے پورا کرنے کے لئے تیار ہیں، آپ ہمارے ساتھ کوئی امانتدار شخص بھیج دیجئے جو بھی آدمی آپ ہمارے ساتھ بھیجیں اسے امانتدار ضرور ہونا چاہئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ایک ایسا آدمی بھیجوں گا جو امانت دار ہوگا اور پورا پورا امانتدار ہوگا۔ صحابہ حضور اکرم ﷺ کے فیصلے کے منتظر تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ ابوعبیدہ بن الجراح! اٹھو۔ جب وہ کھڑے ہوئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ اس امت کے امین ہیں۔

(۱۵۰۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قال حدثنا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَااِسْحَاقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَآءَ اَهْلُ نَجْرَانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا ابْعَثْ لَنَا رَجُلًا اَمِيْنًا فَقَالَ لَاَبْعَثَنَّ اِلَيْكُمْ رَجُلًا اَمِيْنًاحَقَّ اَمِيْنٍ فَاسْتَشْرَفَ لَهُ النَّاسُ فَبَعَثَ اَبَاعُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ

۱۵۰۶۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابو اسحاق سے سنا، انہوں نے صلہ بن زفر سے اور ان سے ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اہل نجران، نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ ہمارے ساتھ کوئی امانت دار آدمی بھیجئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ایسا آدمی بھیجوں گا جو ہر حیثیت سے امانت دار ہوگا۔ صحابہؓ منتظر تھے، آخر آنحضور ﷺ نے ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔

(۱۵۰۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

۱۵۰۷۔ ہم سے ابو الولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ہر امت میں امین (امانت دار) ہوتے ہیں اور اس امت کے امین ابوعبیدہ بن الجراح ہیں۔

باب ۵۴۱. قِصَّةِ عُمَانَ وَالْبَحْرَيْنِ

۵۴۱۔ عمان و بحرین کا واقعہ۔

۱۵۰۸ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ سَمِعَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْقَدْ جَآءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَقَدْ اَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا ثَلَاثًا فَلَمْ يَقْدَمْ مَالُ الْبَحْرَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قَدِمَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ اَمَرَمُنَادِيًا فَنَادٰى مَنْ كَانَ لَهٗ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ وَعِدَةٌ فَلْيَاْتِنِيْ قَالَ جَابِرٌ فَجِئْتُ اَبَابَكْرٍ فَاَخْبَرْتُهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْجَآءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ اَعْطَيْتُكَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا ثَلَاثًا قَالَ فَاَعْطَانِيْ قَالَ جَابِرٌ فَلَقِيْتُ اَبَابَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ فَسَاَلْتُهٗ فَلَمْ يُعْطِنِيْ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَلَمْ يُعْطِنِيْ ثُمَّ اَتَيْتُهُ الثَّالِثَةَ فَلَمْ يُعْطِنِيْ فَقُلْتُ لَهٗ قَدْ اَتَيْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِيْ ثُمَّ اَتَيْتُكَ فَلَمْ تُعْطِنِيْ فَاِمَّا اَنْ تُعْطِيَنِيْ وَاِمَّا اَنْ تَبْخَلَ عَنِّيْ فَقَالَ اَقُلْتَ تَبْخَلُ عَنِّيْ وَاَيُّ دَاءٍ اَدْوَأُ مِنَ الْبُخْلِ قَالَهَا ثَلَاثًا مَا مَنَعْتُكَ مِنْ مَرَّةٍ اِلَّا وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اُعْطِيَكَ وَعَنْ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ جِئْتُهٗ فَقَالَ لِيْ اَبُوْبَكْرٍ عُدَّهَا فَعَدَدْتُّهَا فَوَجَدْتُّهَا خَمْسَ مِائَةٍ فَقَالَ خُذْ مِثْلَهَا مَرَّتَيْنِ

۱۵۰۸۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی کہ ابن المنکدر نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا، اگر میرے پاس بحرین سے مال آیا تو میں تمہیں اتنا اتنا تین مرتبہ دوں گا، لیکن بحرین سے جس وقت مال آیا تو حضور اکرم ﷺ کی وفات ہو چکی تھی، اس لئے وہ مال ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ نے اعلان کروایا کہ اگر کسی کا حضور اکرم ﷺ پر قرض یا کسی سے حضور اکرم ﷺ کا کوئی وعدہ ہو تو وہ میرے پاس آئے۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ان کے یہاں گیا اور انہیں بتایا کہ حضور اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ اگر میرے پاس بحرین سے مال آیا تو میں تمہیں اتنا اتنا تین مرتبہ دوں گا۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے ان سے ملاقات کی اور ان سے اس کے متعلق کہا لیکن انہوں نے اس مرتبہ بھی مجھے نہیں دیا۔ میں پھر ان کے یہاں گیا، لیکن اس مرتبہ بھی انہوں نے ٹال دیا۔ میں تیسری مرتبہ گیا۔ اس مرتبہ بھی انہوں نے ٹال دیا۔ اس لئے میں نے ان سے کہا کہ میں آپ کے یہاں ایک مرتبہ آیا، آپ نے نہیں دیا، پھر آیا اور آپ نے نہیں دیا، پھر تیسری مرتبہ آیا ہوں اور آپ اس مرتبہ بھی ٹال رہے ہیں، اگر آپ کو مجھے دینا ہے تو دے دیجئے، یا پھر میرے معاملے میں بخل سے کام لیجئے۔ اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم نے کہا ہے کہ میرے معاملہ میں بخل کرلو، بھلا بخل سے بڑھ کر اور کیا بیماری ہو سکتی ہے۔ تین مرتبہ انہوں نے یہ جملہ دہرایا، اور کہا میں نے تمہیں جب بھی ٹالا تو میرا ارادہ یہی تھا کہ تمہیں بہر حال دینا ہے۔ اور عمرو سے روایت ہے، ان سے محمد بن علی نے بیان کیا، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں حاضر ہوا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ اسے گن لو۔ میں نے گنا تو پانچ سو تھا فرمایا کہ دو مرتبہ اتنا ہی اور لے لو۔

باب ۵۴۲. قُدُوْمِ الْاَشْعَرِيِّيْنَ وَاَهْلِ الْيَمَنِ وَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ مِنِّيْ وَ اَنَا مِنْهُمْ

۵۴۲۔ قبیلہ اشعر اور اہل یمن کی آمد۔

ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے بیان کیا کہ اشعری مجھ سے ہیں اور میں ان میں سے ہوں۔

(۱۵۰۹) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ وَّاِسْحَاقُ بْنُ نَصْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ

۱۵۰۹۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد اور اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے یحییٰ بن آدم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابو اسحاق نے، ان

اَبِی مُوْسٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ قَدِمْتُ اَنَا وَاَخِیْ مِنَ الْیَمَنِ فَمَکَثْنَا حِیْنًا مَّانَرٰی ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَّاُمَّه' اِلَّا مِنْ اَهْلِ الْبَیْتِ مِنْ کَثْرَةِ دُخُوْلِهِمْ وَلُزُوْمِهِمْ لَه'

سے اسود بن یزید نے اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہ میں اور میرے بھائی یمن سے آئے تو ہم (ابتداء) میں بہت دنوں تک یہ سمجھتے رہے کہ ابن مسعود اور ان کی والدہ رضی اللہ عنہما اہل بیت سے ہیں، کیونکہ یہ آنحضور ﷺ کے گھر میں بکثرت آیا جایا کرتے تھے اور ہر وقت آنحضور ﷺ کے ساتھ رہا کرتے تھے۔

(۱۵۱۰) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالسَّلَامِ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ زَهْدَمٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ اَبُوْمُوْسٰی اَکْرَمَ هٰذَا الْحَیَّ مِنْ جَرْمٍ وَّاِنَّا لَجُلُوْسٌ عِنْدَه' وَهُوَ یَتَغَدّٰی دَجَاجًا وَفِی الْقَوْمِ رَجُلٌ جَالِسٌ فَدَعَاهُ اِلَی الْغَدَآءِ فَقَالَ اِنِّیْ رَاَیْتُه' یَاْکُلُ شَیْئًا فَقَذِرْتُه' فَقَالَ هَلُمَّ فَاِنِّیْ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَاْ کُلُه' فَقَالَ اِنِّیْ حَلَفْتُ لَآاٰکُلُه' فَقَالَ هَلُمَّ اُخْبِرْکَ عَنْ یَّمِیْنِکَ اِنَّا اَتَیْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِّنَ الْاَشْعَرِیِّیْنَ فَاسْتَحْمَلْنَاهُ فَاَبٰی اَنْ یَّحْمِلَنَا فَاسْتَحْمَلْنَاهُ فَحَلَفَ اَنْ لَّایَحْمِلَنَا ثُمَّ لَمْ یَلْبَثِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُتِیَ بِنَهْبِ اِبِلٍ فَاَمَرَ لَنَا بِخَمْسِ ذَوْدٍ فَلَمَّا قَبَضْنَا هَا قُلْنَا تَغَفَّلْنَا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَمِیْنَه' لَانُفْلِحُ بَعْدَهَا اَبَدًا فَاَ تَیْتُه' فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ حَلَفْتَ اَنْ لَّاتَحْمِلَنَا وَقَدْ حَمَلْتَنَا قَالَ اَجَلْ وَلٰکِنْ لَّآاَحْلِفُ عَلٰی یَمِیْنٍ فَاَرٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا اِلَّآاَتَیْتُ الَّذِیْ هُوَخَیْرٌ مِّنْهَاوَ تَحَلَّلْتُهَا

۱۵۱۰۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالسلام نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے زہدم نے بیان کیا کہ جب ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ (کوفہ کے امیر بن کر، عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں) آئے تو اس قبیلہ جرم کا انہوں نے بہت اعزاز کیا۔ ہم آپ کی خدمت میں حاضر تھے اور آپ مرغ کا گوشت کھا رہے تھے۔ حاضرین میں ایک اور صاحب بھی بیٹھے ہوئے تھے، ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے انہیں کھانے پر بلایا تو ان صاحب نے کہا کہ جب سے میں نے مرغیوں کو کچھ (گندی) چیزیں کھاتے دیکھا ہے اسی وقت سے مجھے اس کے گوشت سے گھن آنے لگی ہے۔ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آؤ بھی، میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس کا گوشت کھاتے دیکھا ہے۔ ان صاحب نے کہا، لیکن میں نے اس کا گوشت نہ کھانے کی قسم کھا رکھی ہے۔ آپ نے فرمایا، تم آ تو جاؤ، میں تمہیں تمہاری قسم کے بارے میں بھی بتاؤں گا۔ ہم قبیلہ اشعر کے لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے سواری کے لئے جانور مانگے (غزوۂ تبوک کے لئے۔) آنحضور ﷺ نے ہمیں جانور مہیا کرنے سے معذوری ظاہر کی، ہم نے پھر آپ ﷺ سے مانگا تو آپ ﷺ نے اس مرتبہ قسم کھالی کہ میں تم لوگوں کو کوئی سواری نہیں دوں گا۔ لیکن ابھی کچھ زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ غنیمت میں کچھ اونٹ آئے اور آنحضور ﷺ نے ہمیں اس میں سے پانچ اونٹوں کے دیئے جانے کا حکم عنایت فرمایا۔ جب ہم نے انہیں لے لیا تو پھر ہم نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے، آنحضور ﷺ اپنی قسم بھول گئے ہیں، ایسی صورت میں تو ہمیں کبھی کامیابی وفلاح حاصل نہیں ہوسکتی، چنانچہ میں حاضر ہوا اور عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! پہلے آپ نے قسم کھائی تھی کہ ہمیں آپ سواری کے جانور نہیں دیں گے اور پھر آپ ﷺ نے عنایت فرمائے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، ٹھیک ہے، لیکن جب بھی میں کوئی قسم کھاتا ہوں اور پھر اس کے

سو دوسری صورت مجھے اس سے بہتر نظر آتی ہے تو میں وہی کرتا ہوں جو بہتر ہوتا ہے۔

(۱۵۱۱) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْصَخْرَةَ جَامِعُ بْنُ شَدَّادٍ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ مُحْرِزِ الْمَازِنِیُّ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَیْنٍ قَالَ جَآءَ تْ بَنُوْتَمِیْمٍ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبْشِرُوْا یَا بَنِیْ تَمِیْمٍ قَالُوْا اَمَّا اِذْ بَشَّرْتَنَا فَاَعْطِنَا فَتَغَیَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْیَمَنِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اقْبَلُوا الْبُشْرٰی اِذْ لَمْ یَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِیْمٍ قَالُوْا قَدْ قَبِلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ

۱۵۱۱۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعاصم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوسفیان نے حدیث بیان کی ان سے ابوصخرہ جامع بن شداد نے حدیث بیان کی، ان سے صفوان بن محرز مازنی نے حدیث بیان کی، ان سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ بنوتمیم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا، اے بنوتمیم۔ بشارت قبول کرو۔ انہوں نے کہا کہ جب آپ نے ہمیں بشارت دی ہے تو کچھ عنایت بھی فرمایئے۔ اس پر آنحضور ﷺ کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ پھر یمن کے کچھ لوگ آئے، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ بنوتمیم نے بشارت قبول نہیں کی تم قبول کرلو۔ انہوں نے عرض کی کہ ہم نے قبول کی یارسول اللہ ﷺ!

(۱۵۱۲) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُعْفِیُّ حَدَّثَنَا وَهْبُ ابْنُ جَرِیْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُعَنْ اِسْمَاعِیْلَ بْنَ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ قَیْسٍ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِیْمَانُ هٰهُنَا وَاَشَارَ بِیَدِهٖ اِلَی الْیَمَنِ وَالْجَفَآءُ وَغَلَظَ الْقُلُوْبِ فِی الْفَدَّادِیْنَ عِنْدَ اُصُوْلِ اَذْنَابِ الْاِبِلِ مِنْ حَیْثُ یَطْلُعُ قُرْنَاالشَّیْطَانِ رَبِیْعَةَ وَ مُضَرَ

۱۵۱۲۔ ہم سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی، ان سے وہب بن جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے، ان سے قیس بن ابی حازم نے اور ان سے ابومسعود رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، ایمان تو ادھر ہے اور آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے یمن کی طرف اشارہ کیا۔ اور بے رحمی اور سخت دلی اونٹ کی دم کے پیچھے پیچھے رہنے والوں میں ہے، جدھر سے شیطان کے دونوں سینگ نکلتے ہیں (یعنی مشرق) قبیلہ ربیعہ اور مضر میں۔

۱۵۱۳. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ عَنْ ذَکْوَانَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَاکُمْ اَهْلُ الْیَمَنِ هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً وَّاَلْیَنُ قُلُوْبًا اَلْاِیْمَانُ یَمَانٍ وَالْحِکْمَةُ یَمَانِیَةٌ وَالْفَخْرُ وَالْخُیَلَاءُ فِیْ اَصْحَابِ الْاِبِلِ وَالسَّکِیْنَةُ وَالْوَقَارُ فِیْ اَهْلِ الْغَنَمِ وَقَالَ غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَیْمَانَ سَمِعْتُ ذَکْوَانَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ.

۱۵۱۳۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے ان سے سلیمان نے، ان سے ذکوان نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تمہارے یہاں اہل یمن آ گئے ہیں، یہ لوگ رقیق القلب، نرم دل ہوتے ہیں، ایمان یمن کا ہے اور حکمت بھی یمن کی ہے اور فخر و تکبر اونٹ والوں میں ہوتا ہے اور سکینت و وقار بکری والوں میں ہوتا ہے اور غندر نے بیان کیا، ان سے شعبہ نے، ان سے سلیمان نے، انہوں نے ذکوان سے سنا، انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے۔

(۱۵۱۴) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَخِیْ عَنْ سُلَیْمَانَ عَنْ ثَوْرِبْنِ زَیْدٍ عَنْ اَبِی الْغَیْثِ عَنْ اَبِیْ

۱۵۱۴۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے بھائی نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے، ان سے ثور ابن زید نے، ان سے

هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِيْمَانُ يَمَانٍ وَالْفِتْنَةُ هٰهُنَا، هٰهُنَا يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ.

(۱۵۱۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ اَضْعَفُ قُلُوْبًا وَّاَرَقُّ اَفْئِدَةً اَلْفِقْهُ يَمَانٍ وَّالْحِكْمَةُ يَمَانِيَةٌ

(۱۵۱۶) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا مَّعَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فَجَآءَ خَبَّابٌ فَقَالَ يَااَبَاعَبْدِالرَّحْمٰنِ اَيَسْتَطِيْعُ هٰٓؤُلَآءِ الشَّبَابُ اَنْ يَّقْرَءُوْا كَمَا تَقْرَاُ قَالَ اَمَا اِنَّكَ لَوْشِئْتَ اَمَرْتُ بَعْضَهُمْ يَقْرَاُ عَلَيْكَ قَالَ اَجَلْ قَالَ اقْرَاْ يَاعَلْقَمَةُ فَقَالَ زَيْدُ بْنُ حُدَيْرٍ اَخُوْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ اَتَاْمُرُ عَلْقَمَةَ اَنْ يَّقْرَاَ وَلَيْسَ بِاَقْرَئِنَا قَالَ اَمَا اِنَّكَ اِنْ شِئْتَ اَخْبَرْتُكَ بِمَا قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ قَوْمِكَ وَقَوْمِهٖ فَقَرَاْتُ خَمْسِيْنَ اٰيَةً مِنْ سُوْرَةِ مَرْيَمَ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى؟ قَالَ قَدْ اَحْسَنَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ مَااَقْرَاُ شَيْئًا اِلَّا وَهُوَ يَقْرَؤُهٗ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلٰى خَبَّابٍ وَّعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِّنْ ذَهَبٍ فَقَالَ اَلَمْ يَاْنِ لِهٰذَا الْخَاتَمِ اَنْ يُّلْقٰى قَالَ اَمَا اِنَّكَ لَنْ تَرَاهُ عَلَىَّ بَعْدَالْيَوْمِ فَاَلْقَاهُ رَوَاهُ غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ

ابوالغیث نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ایمان یمن کا ہے، اور فتنہ یہاں ہے جہاں سے شیطان کے سینگ نکلتے ہیں۔

۱۵۱۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تمہارے یہاں اہل یمن آئے ہیں، نرم دل، رقیق القلب۔ سمجھ یمن کی ہے اور حکمت یمن کی ہے۔

۱۵۱۶۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے اور ان سے علقمہ نے بیان کیا کہ ہم ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اتنے میں خباب رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور کہا، ابوعبدالرحمٰن کیا یہ نوجوان اسی طرح قرآن پڑھ سکتے ہیں جیسے آپ پڑھتے ہیں؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر آپ چاہیں تو میں کسی سے تلاوت کے لئے کہوں۔ انہوں نے فرمایا کہ ضرور! اس پر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، علقمہ! تم پڑھو، زید بن حدیر، زیاد بن حدیر کے بھائی، بولے، آپ علقمہ سے تلاوت قرآن کے لئے فرماتے ہیں، حالانکہ وہ ہم سب سے اچھے قاری نہیں ہیں۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اگر تم چاہو تو میں تمہیں وہ حدیث سنادوں جو رسول اللہ ﷺ نے تمہاری قوم اور اس کی قوم کے بارے میں فرمائی تھی۔ آخر میں نے سورۂ مریم کی پچاس آیتیں پڑھ کر سنائیں۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا، کیا رائے ہے؟ خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، بہت خوب پڑھا۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو آیت بھی میں جس طرح پڑھتا ہوں یہ بھی اسی طرح پڑھتا ہے۔ پھر آپ خباب رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے، ان کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی تھی، آپ نے فرمایا، کیا ابھی وقت نہیں آیا ہے کہ یہ انگوٹھی پھینک دی جائے۔ خباب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، آج کے بعد آپ یہ انگوٹھی میرے ہاتھ میں نہیں دیکھیں گے۔ چنانچہ آپ نے انگوٹھی اتار دی۔ اس کی روایت غندر نے شعبہ کے واسطے سے کی ہے۔

باب ۵۴۳ قِصَّةِ دَوْسٍ وَالطُّفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو الدَّوْسِىِّ

۵۴۳۔ قبیلہ دوس اور طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ کا واقعہ۔

(۱۵۱۷) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

۱۵۱۷۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ذکوان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ جَاءَ الطُّفَیْلُ بْنُ عَمْرٍو اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم فَقَالَ اِنَّ دَوْسًا قَدْ ھَلَکَتْ عَصَتْ وَاَبَتْ فَادْعُ اللّٰہَ عَلَیْھِمْ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اھْدِ دَوْسًا وَاْتِ بِھِمْ

اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ طفیل بن عمرو نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ قبیلہ دوس تو تباہ ہوا۔ نافرمانی اور انکار کیا (اللہ کے حکم سے) آپ اللہ سے ان کے لئے بددعا کیجئے، آنحضور ﷺ نے فرمایا، اے اللہ! قبیلہ دوس کو ہدایت دے اور انہیں یہاں پہنچادے۔

(۱۵۱۸) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ عَنْ قَیْسٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ قَالَ لَمَّا قَدِمْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْتُ فِی الطَّرِیْقِ:

یَالَیْلَةً مِّنْ طُوْلِھَا وَعَنَائِھَا
عَلٰی اَنَّھَا مِنْ دَارَةِ الْکُفْرِ نَجَّتِ

وَاَبَقَ غُلَامٌ لِیْ فِی الطَّرِیْقِ فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَبَایَعْتُہٗ فَبَیْنَا اَنَا عِنْدَہٗ اِذَا طَلَعَ الْغُلَامُ فَقَالَ لِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَااَبَاھُرَیْرَةَ ھٰذَا غُلَامُکَ فَقُلْتُ ھُوَ لِوَجْہِ اللّٰہِ فَاَعْتَقْتُہٗ

۱۵۱۸۔ مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں ہونے کے لئے چلا تو راستے میں، میں نے یہ شعر پڑھا (ترجمہ) اے رات! تو نے اپنی درازی اور مشقت کے باوجود، مجھے علاقہ کفر سے نجات تو دی۔" اور میرا غلام بھاگ گیا تھا۔ پھر میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ سے بیعت کی۔ ابھی اپ کے پاس میں بیٹھا ہی ہوا تھا کہ غلام دکھائی دیا۔ حضور اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا، ابوہریرہ! یہ ہے تمہارا غلام! میں نے کہا، وہ لوجہ اللہ ہے، میں نے اسے آزاد کردیا۔

باب ۵۴۴۔ قِصَّةِ وَفْدِ طَیِّئٍ وَّحَدِیْثِ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ

۵۴۴۔ قبیلہ طے کے وفد اور عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کا واقعہ۔

(۱۵۱۹) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْمَلِکِ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَیْثٍ عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ اَتَیْنَا عُمَرَ فِیْ وَفْدٍ فَجَعَلَ یَدْعُوْ رَجُلًا وَیُسَمِّیْھِمْ فَقُلْتُ اَمَا تَعْرِفُنِیْ یَااَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ بَلٰی اَسْلَمْتَ اِذْ کَفَرُوْا وَاَقْبَلْتَ اِذْ اَدْبَرُوْا وَوَفَیْتَ اِذْ غَدَرُوْا وَعَرَفْتَ اِذْ اَنْکَرُوْا فَقَالَ عَدِیٌّ فَلَا اُبَالِیْ اِذًا

۱۵۱۹۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن حریث نے اور ان سے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں (ان کے دور خلافت میں) ایک وفد کی صورت میں آئے۔ آپ ایک ایک شخص کو نام لے لے کر بلاتے جاتے تھے۔ میں نے آپ سے کہا، کیا آپ مجھے پہچانتے نہیں؟ یا امیر المؤمنین! فرمایا، تمہیں بھی نہیں پہچانوں گا، تم اس وقت اسلام لائے تھے جب یہ سب کفر پر قائم تھے، تم نے اس وقت توجہ کی جب یہ سب اعراض کررہے تھے، اس وقت وفا کی، جب یہ سب غدر کررہے تھے اور اس وقت پہچانا جب ان سب نے انکار کیا تھا۔ عدی رضی اللہ عنہ نے فرمایا، پھر اب مجھے کوئی پروا نہیں۔

الحمدللہ تفہیم البخاری کا سترھواں پارہ مکمل ہوا۔

اٹھارہواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۵۴۵. حَجَّةِ الْوَدَاعِ

(۱۵۲۰) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهٗ هَدْيٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَايَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا فَقَدِمْتُ مَعَهٗ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ وَلَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْقُضِيْ رَاْسَكِ وَامْتَشِطِيْ وَاَهِلِّيْ بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ اَرْسَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ اِلَى التَّنْعِيْمِ فَاعْتَمَرْتُ فَقَالَ هٰذِهٖ مَكَانُ عُمْرَتِكِ قَالَتْ فَطَافَ الَّذِيْنَ اَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوْا ثُمَّ طَافُوْا طَوَافًا اٰخَرَ بَعْدَ اَنْ رَجَعُوْا مِنْ مِّنًى وَاَمَّا الَّذِيْنَ جَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَاِنَّمَا طَافُوْا طَوَافًا وَّاحِدًا

۵۴۵۔ حجۃ الوداع۔

۱۵۲۰۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ بن زبیرؓ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ ہم نے عمرہ کا احرام باندھا تھا۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کے ساتھ ہدی ہوا سے چاہئے کہ عمرہ کے ساتھ حج کا بھی احرام باندھ لے اور جب تک دونوں کے افعال ادا نہ کر لے احرام سے نہ نکلے۔ پھر میں آپ کے ساتھ جب مکہ آئی تو میں حائضہ ہوگئی۔ اس لئے نہ بیت اللہ کا طواف کر سکی اور نہ صفا و مروہ کی سعی۔ میں نے اس کی شکایت حضور اکرم ﷺ سے کی تو آپ نے فرمایا کہ سر کھول لو اور کنگھا کر لو۔ اس کے بعد حج کا احرام باندھو اور عمرہ چھوڑ دو۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر جب ہم حج ادا کر چکے تو آنحضور ﷺ نے مجھے (میرے بھائی) عبدالرحمٰن بن ابی بکر کے ساتھ تنعیم سے (عمرہ کرنے کے لئے) بھیجا اور میں نے عمرہ کیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ تمہارے اس عمرہ کی قضا ہے (جو تم نے چھوڑ دیا تھا) بیان کیا کہ جن لوگوں نے صرف عمرہ کا احرام باندھا تھا۔ وہ بیت اللہ کا طواف اور صفا اور مروہ کی سعی کے بعد حلال ہو گئے۔ پھر منیٰ سے واپسی کے بعد انہوں نے دوسرا طواف (حج کا) کیا لیکن جن لوگوں نے حج اور عمرہ دونوں کا احرام ایک ساتھ باندھا تھا، انہوں نے ایک ہی طواف کیا۔

(۱۵۲۱) حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ فَقَدْ حَلَّ فَقُلْتُ مِنْ اَيْنَ قَالَ هٰذَا ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ مِنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ وَمِنْ اَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهٗ اَنْ يَّحِلُّوْا فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ قُلْتُ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ بَعْدَ الْمُعَرَّفِ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ

۱۵۲۱۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عطا نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ عمرہ کرنے والا صرف بیت اللہ کے طواف سے حلال ہو سکتا ہے (ابن جریج نے کہا) میں نے عطاء سے پوچھا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یہ کیا فرمایا؟ انہوں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "ثم محلها الى البيت العتيق" سے، اور نبی کریم ﷺ کے اس حکم کی وجہ سے جو آپ نے اپنے

يُرَاهُ، قَبْلُ وَبَعْدُ

اصحاب کو حجۃ الوداع میں احرام کھول دینے کے لئے دیا تھا۔ میں نے کہا کہ یہ حکم تو وقوف عرفہ کے بعد کے لئے ہے۔ انہوں نے بیان کیا، لیکن ابن عباس ﷺ اسے وقوف عرفہ سے پہلے اور بعد دونوں کے لئے سمجھتے تھے۔

(۱۵۲۲) حَدَّثَنِي بَيَانٌ حَدَّثَنَا النَّضْرُ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ طَارِقًا عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبُطْحَاءِ فَقَالَ اَحَجَجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ كَيْفَ اَهْلَلْتَ قُلْتُ لَبَّيْكَ بِاِهْلَالٍ كَاِهْلَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ طُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَاَتَيْتُ امْرَاَةً مِنْ قَيْسٍ فَفَلَتْ رَاْسِيْ

۱۵۲۲۔ مجھ سے بیان نے حدیث بیان کی، ان سے نضر نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، ان سے قیس نے بیان کیا، انہوں نے طارق سے سنا اور ان سے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اس وقت آپ وادی بطحاء میں قیام کئے ہوئے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا تم نے حج کا احرام باندھ لیا؟ میں نے عرض کی کہ جی ہاں! دریافت فرمایا احرام کس طرح باندھا ہے؟ عرض کی (اس طرح) لبیک باہلال کاہلال النبی ﷺ یعنی میں بھی اسی طرح احرام باندھتا ہوں جس طرح نبی کریم ﷺ نے باندھا ہو) آنحضور ﷺ نے فرمایا پہلے (عمرہ کے لئے) بیت اللہ کا طواف کرو۔ پھر صفا اور مروہ کی سعی اور حلال ہو جاؤ۔ چنانچہ میں بیت اللہ کا طواف اور صفا اور مروہ کی سعی کر کے قبیلہ قیس کی ایک خاتون کے یہاں آیا اور انہوں نے میرے سر سے جوئیں نکالیں۔

(۱۵۲۳) حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ اَخْبَرَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ، اَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَزْوَاجَهُ اَنْ يَّحْلِلْنَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَتْ حَفْصَةُ فَمَا يَمْنَعُكَ فَقَالَ لَبَّدْتُ رَاْسِيْ وَقَلَّدْتُ هَدْيِيْ فَلَسْتُ اَحِلُّ حَتّٰى اَنْحَرَ هَدْيِيْ

۱۵۲۳۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، انہیں انس بن عیاضؓ نے خبر دی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے انہیں خبر دی کہ حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر اپنی ازواج کو حکم دیا کہ (عمرہ کے افعال ادا کرنے کے بعد) حلال ہو جائیں۔ حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی (یا رسول اللہ ﷺ)! پھر آپ کیوں نہیں حلال ہوتے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں نے اپنے بالوں کو جما لیا ہے اور اپنی ہدی کو قلادہ پہنا دیا ہے اس لئے میں جب تک ہدی کی قربانی نہ کر لوں حلال نہیں ہو سکتا۔

(۱۵۲۴) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ حَدَّثَنِي شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً مِّنْ خَثْعَمَ اسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَالْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِيْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

۱۵۲۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے (اور امام بخاری علیہ الرحمۃ نے کہا) اور مجھ سے محمد بن یوسف نے بیان کیا، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے ابن شہاب نے خبر دی، انہیں سلیمان بن یسار نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ قبیلہ خثعم کی ایک خاتون نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک مسئلہ پوچھا۔ فضل بن عباس

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّ فَرِیْضَةَ اللّٰهِ عَلٰی عِبَادِهٖ اَدْرَکَتْ اَبِیْ شَیْخًا کَبِیْرًا لَّا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَسْتَوِیَ عَلَی الرَّاحِلَةِ فَهَلْ یَقْضِیْ اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ

رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ ہی کی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ! اللہ کا جو فریضہ اس کے بندوں پر ہے (یعنی حج اور اس کے افعال) میرے والد کے لئے بھی ضروری ہو چکا ہے۔ لیکن بڑھاپے کی وجہ سے ان کی حالت یہ ہے کہ وہ سواری پر بھی سیدھے نہیں بیٹھ سکتے، تو کیا میں ان کی طرف سے حج ادا کر سکتی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں!

(۱۵۲۵) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُرَیْجُ ابْنُ النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَقْبَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ وَهُوَ مُرْدِفٌ اُسَامَةَ عَلَی الْقَصْوَآءِ وَمَعَهٗ بِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ حَتّٰی اَنَاخَ عِنْدَ الْبَیْتِ ثُمَّ قَالَ لِعُثْمَانَ ائْتِنَا بِالْمِفْتَاحِ فَجَآءَهٗ بِالْمِفْتَاحِ فَفَتَحَ لَهُ الْبَابَ فَدَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاُسَامَةُ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ ثُمَّ اَغْلَقُوْا عَلَیْهِمُ الْبَابَ فَمَکَثَ نَهَارًا طَوِیْلًا ثُمَّ خَرَجَ وَابْتَدَرَ النَّاسُ الدُّخُوْلَ فَسَبَقْتُهُمْ فَوَجَدْتُّ بِلَالًا قَآئِمًا مِّنْ وَّرَآءِ الْبَابِ فَقُلْتُ لَهٗ اَیْنَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلّٰی بَیْنَ ذَیْنِکَ الْعَمُوْدَیْنِ الْمُقَدَّمَیْنِ وَکَانَ الْبَیْتُ عَلٰی سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ سَطْرَیْنِ صَلّٰی بَیْنَ الْعَمُوْدَیْنِ مِنَ السَّطْرِ الْمُقَدَّمِ وَجَعَلَ بَابَ الْبَیْتِ خَلْفَ ظَهْرِهٖ وَاسْتَقْبَلَ بِوَجْهِهِ الَّذِیْ یَسْتَقْبِلُکَ حِیْنَ تَلِجُ الْبَیْتَ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْجِدَارِ قَالَ وَنَسِیْتُ اَنْ اَسْاَلَهٗ کَمْ صَلّٰی وَعِنْدَ الْمَکَانِ الَّذِیْ صَلّٰی فِیْهِ مَرْمَرَةٌ حَمْرَآءُ

۱۵۲۵۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سریج بن نعمان نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ تشریف لائے۔ آپ کی سواری پر پیچھے اسامہ رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے اور آپ کے ساتھ بلال اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ آخر آپ نے بیت اللہ کے پاس اپنی سواری بٹھا دی اور عثمان رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اب کنجی لاؤ۔ وہ کنجی لائے اور دروازہ کھولا۔ آنحضور ﷺ اندر داخل ہوئے تو آپ کے ساتھ اسامہ، بلال اور عثمان رضی اللہ عنہم بھی اندر گئے۔ پھر دروازہ اندر سے بند کر لیا اور دیر تک اندر ہی رہے۔ جب آپ باہر تشریف لائے تو لوگ اندر جانے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنے لگے۔ میں سب سے آگے بڑھ گیا۔ میں نے دیکھا کہ بلال رضی اللہ عنہ دروازے کے پیچھے کھڑے ہیں، میں نے ان سے پوچھا کہ نبی کریم ﷺ نے نماز کہاں پڑھی تھی؟ انہوں نے بتایا کہ آگے کے ان دو ستونوں کے درمیان آپ ﷺ نے نماز ادا کی تھی۔ بیت اللہ میں چھ ستون تھے دو قطاروں میں اور آنحضور ﷺ نے آگے کی قطار کے دو ستونوں کے درمیان نماز پڑھی تھی۔ بیت اللہ کا دروازہ آپ کی پشت پر تھا۔ اور چہرہ مبارک اس طرف تھا جدھر دروازے سے اندر جاتے ہوئے چہرہ کرنا پڑتا ہے۔ آپ کے اور دیوار کے درمیان (تین ہاتھ کا فاصلہ تھا) ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ یہ پوچھنا میں بھول گیا کہ آنحضور ﷺ نے کتنی رکعت نماز پڑھی تھی، جس جگہ آپ نے نماز پڑھی تھی وہاں نہایت نفیس اعلیٰ درجے کا سرخ پتھر جڑا ہوا تھا۔

(۱۵۲۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ وَاَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

۱۵۲۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان کو شعیب نے خبر دی۔ انہیں زہری نے، ان سے عروہ بن زبیر اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی اور انہیں نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا

وَسَلَّمَ اَخْبَرَ تْهُمَا اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاضَتْ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَابِسَتُنَا هِيَ فَقُلْتُ اِنَّهَا قَدْ اَفَاضَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَنْفِرْ

نے خبر دی کہ آنحضور ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا حجۃ الوداع کے موقع پر حائضہ ہوگئی تھیں۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کیا ابھی ہمیں ان کی وجہ سے رکنا پڑے گا؟ میں نے عرض کی یارسول اللہ! یہ مکہ آنے کے بعد طواف زیارت کر چکی ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، کہ پھر چلنا چاہئے۔

(۱۵۲۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَتَحَدَّثُ بِحَجَّةِ الْوَدَاعِ وَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا وَلَا نَدْرِيْ مَاحَجَّةُ الْوَدَاعِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ ذَكَرَ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَاَطْنَبَ فِيْ ذِكْرِهٖ وَقَالَ مَابَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ اِلَّا اَنْذَرَ اُمَّتَهٗ اَنْذَرَهٗ نُوْحٌ وَّالنَّبِيُّوْنَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاِنَّهٗ يَخْرُجُ فِيْكُمْ فَمَا خَفِيَ عَلَيْكُمْ مِنْ شَاْنِهٖ فَلَيْسَ يَخْفٰى عَلَيْكُمْ اِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِاَعْوَرَ وَاِنَّهٗ اَعْوَرُ عَيْنِ الْيُمْنٰى كَاَنَّ عَيْنَهٗ عِنَبَةٌ طَافِيَةٌ اَلَا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ دِمَآءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَآ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ ثَلٰثًا وَيْلَكُمْ اَوْوَيْحَكُمْ انْظُرُوْا لَاتَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

۱۵۲۷۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے ابن وہب نے خبر دی۔ کہا کہ مجھ سے عمرو بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے بیان کیا کہ ہم حجۃ الوداع (وداعی حج) کہا کرتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ باحیات تھے اور ہم نہیں سمجھتے تھے کہ حجۃ الوداع کا مفہوم کیا ہوگا۔ پھر آنحضور ﷺ نے اللہ کی حمد اور اس کی ثنا بیان کی اور مسیح دجال کا ذکر پوری تفصیل کے ساتھ کیا۔ آپ نے فرمایا کہ جتنے بھی انبیاء اللہ نے بھیجے سب نے دجال سے اپنی امت کو ڈرایا ہے، نوح علیہ السلام نے اپنی امت کو اس سے ڈرایا ہے اور دوسرے انبیاء نے بھی جو آپ کے بعد مبعوث ہوئے اور وہ تمہی (امت مسلمہ) میں سے نکلے گا (اور خدائی کا دعویٰ کرے گا) پس اگر کسی وجہ سے تمہیں اس کے متعلق اشتباہ ہو تو یاد رکھنا کہ تم اپنے رب کی ان تین صفات کو پوری طرح جانتے ہو، ایک تو یہ کہ تمہارا رب کانا نہیں ہے۔ اور مسیح دجال دائیں آنکھ سے کانا ہوگا، اس کی آنکھ ایسی معلوم ہوگی، جیسے انگور کا دانہ خوب سن لو کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر تمہارے باہم خون اور اموال اسی طرح حرام کئے ہیں جیسے اس دن کی حرمت اس شہر اور اس مہینے میں ہے۔ ہاں کیا میں نے پہنچا دیا؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ آپ نے پہنچا دیا۔ فرمایا اے اللہ! تو گواہ رہنا۔ تین مرتبہ آپ ﷺ نے یہ جملہ دہرایا۔ افسوس! آپ نے ویلکم فرمایا، یا ویحکم (راوی کو شک ہے) ادھر دیکھو میرے بعد کافر نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگ جاؤ۔

(۱۵۲۸) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَاتِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَّاَنَّهٗ حَجَّ بَعْدَمَاهَاجَرَ حَجَّةً وَّاحِدَةً لَّمْ يَحُجَّ بَعْدَهَا حَجَّةَ الْوَدَاعِ قَالَ اَبُوْاِسْحٰقَ وَبِمَكَّةَ اُخْرٰى

۱۵۲۸۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے انیس غزوے کئے اور ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا، اس حج کے بعد پھر آپ نے کوئی حج نہیں کیا تھا یہ حج حجۃ الوداع تھا۔ ابواسحاق نے بیان

کیا کہ دوسرا حج آپ نے (ہجرت سے پہلے) مکہ میں کیا تھا۔

(۱۵۲۹) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ جَرِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِجَرِيْرٍ اسْتَنْصِتِ النَّاسَ فَقَالَ لَاتَرْجِعُوْا بَعْدِيْ كُفَّارًا يَّضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

۱۵۲۹۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن مدرک نے، ان سے ابوزرعہ بن عمرو بن جریر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر جریر رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ لوگوں کو خاموش کر دو۔ پھر فرمایا میرے بعد کافر نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو۔

(۱۵۳۰) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّمَانُ قَدِاسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِّنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثَةٌ مُّتَوَالِيَاتٌ ذُوالْقَعْدَةِ وَذُوالْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَرَجَبُ مُضَرَ الَّذِيْ بَيْنَ جُمَادٰى وَشَعْبَانَ اَيُّ شَهْرٍهٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِاسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ ذُو الْحِجَّةِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَاَيُّ بَلَدٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِاسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ الْبَلْدَةَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَاَيُّ يَوْمٍ هٰذَا قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ سَيُسَمِّيْهِ بِغَيْرِاسْمِهٖ قَالَ اَلَيْسَ يَوْمَ النَّحْرِ قُلْنَا بَلٰى قَالَ فَاِنَّ دِمَآءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ قَالَ مُحَمَّدٌ وَّاَحْسِبُهٗ قَالَ وَاَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِ كُمْ هٰذَا وَسَتَلْقَوْنَ رَبَّكُمْ فَسَيَسْأَلُكُمْ عَنْ اَعْمَالِكُمْ اَلَا فَلَا تَرْجِعُوْا بَعْدِيْ ضُلَّالًا يَّضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ اَلَا لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ فَلَعَلَّ بَعْضَ مَنْ يُّبَلِّغُهٗ اَنْ يَّكُوْنَ اَوْعٰى لَهٗ مِنْ بَعْضِ مَنْ سَمِعَهٗ فَكَانَ مُحَمَّدٌ اِذَا ذَكَرَهٗ يَقُوْلُ صَدَقَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ مَرَّتَيْنِ

۱۵۳۰۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے، ان سے ابن ابی بکرہ نے اور ان سے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا زمانہ اپنی اصل ہیئت پر آ گیا ہے، اس دن کی طرح جب اللہ نے زمین و آسمان کی تخلیق کی تھی۔ سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں، چار ان میں سے حرمت والے مہینے ہیں۔ تین مسلسل، ذی قعدہ، ذی الحجہ اور محرم (اور چوتھا) رجب مضر جو جمادی الاول اور شعبان کے درمیان میں پڑتا ہے (پھر آپ نے دریافت فرمایا) یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول کو بہتر علم ہے۔ اس پر آپ خاموش ہو گئے، ہم نے سمجھا، شاید آپ اس کا کوئی اور نام رکھیں گے مشہور نام کے علاوہ۔ لیکن آپ نے فرمایا کیا یہ ذی الحجہ نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی کہ کیوں نہیں۔ پھر دریافت فرمایا یہ شہر کونسا ہے؟ ہم نے عرض کی اللہ اور اس کے رسول کو بہتر علم ہے۔ آپ پھر خاموش ہو گئے۔ ہم نے سمجھا شاید اس کا کوئی اور نام آپ رکھیں گے۔ مشہور نام کے علاوہ۔ لیکن آپ نے فرمایا کیا یہ مکہ نہیں ہے؟ ہم نے عرض کی کہ کیوں نہیں (یہ مکہ ہی ہے) پھر آپ نے دریافت فرمایا اور یہ دن کونسا ہے؟ ہم نے عرض کی کہ اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ بہتر علم ہے۔ پھر آپ خاموش ہو گئے اور ہم نے سمجھا شاید آپ اس کا نام اس کے مشہور نام کے سوا کوئی اور نام رکھیں گے لیکن آپ نے فرمایا کیا یہ یوم النحر (قربانی کا دن) نہیں ہے ہم نے عرض کی کہ کیوں نہیں۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا پس تمہارا خون اور تمہارا مال۔ محمد نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے کہ ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا اور تمہاری عزت تم پر اسی طرح حرام ہے جس طرح یہ دن، تمہارے اس شہر اور تمہارے اس مہینے میں اور تم بہت جلد اپنے رب سے ملو گے اور وہ تم سے

تمہارے اعمال کے بارے میں سوال کرے گا۔ ہاں، پس میرے بعد تم گمراہی میں مبتلا نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردن مارنے لگے۔ ہاں اور جو یہاں موجود ہیں وہ ان لوگوں کو پہنچا دیں جو موجود نہیں ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ جسے وہ پہنچائیں ان میں سے کوئی ایسا بھی ہو جو یہاں بعض سننے والوں سے زیادہ اس حدیث کو محفوظ رکھ سکتا ہو۔ محمد بن سیرین جب اس حدیث کا ذکر کرتے تو فرماتے کہ محمد ﷺ نے سچ فرمایا پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا تو کیا میں نے پہنچا دیا۔ آپ ﷺ نے دو مرتبہ یہ جملہ فرمایا۔

(۱۵۳۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ الثَّوْرِيُّ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ اَنَّ اُنَاسًا مِنَ الْيَهُوْدِ قَالُوْا لَوْنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْنَا لَاتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا فَقَالَ عُمَرُ اَيَّةُ اٰيَةٍ فَقَالُوْا اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ اَيَّ مَكَانٍ اُنْزِلَتْ اُنْزِلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ

۱۵۳۱۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان ثوری نے حدیث بیان کی، ان سے قیس بن مسلم نے، ان سے طارق بن شہاب نے کہ چند یہودیوں نے کہا کہ اگر یہ آیت ہمارے یہاں نازل ہوئی ہوتی تو ہم اس دن عید منایا کرتے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کون سی آیت؟ انہوں نے کہا "الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی" (آج میں نے تم پر اپنے دین کو کامل کیا اور اپنی نعمت پوری کردی) اس پر عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے خوب معلوم ہے کہ یہ آیت کہاں نازل ہوئی تھی۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ میدان عرفہ میں کھڑے تھے۔

(۱۵۳۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَّمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجَّةٍ وَّمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَّعُمْرَةٍ وَّاَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ فَاَمَّا مَنْ اَهَلَّ بِالْحَجِّ اَوْجَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَلَمْ يَحِلُّوْا حَتّٰى يَوْمِ النَّحْرِ

۱۵۳۲۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاسود محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ہم جب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (حج کے لئے) نکلے تو کچھ لوگ ہم میں سے عمرہ کا احرام باندھے ہوئے تھے، کچھ حج کا۔ اور کچھ عمرہ اور حج دونوں کا۔ حضور اکرم ﷺ نے بھی حج کا احرام باندھا تھا۔ جو لوگ حج کا احرام باندھے ہوئے تھے یا جنہوں نے حج اور عمرہ دونوں کا احرام باندھا تھا وہ یوم نحر میں حلال ہوئے تھے۔

(۱۵۳۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ وَّقَالَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا مَالِكٌ مِّثْلَهٗ

۱۵۳۳۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی اور انہوں نے اپنی روایت اس تصریح کے ساتھ بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع (کے لئے ہم نکلے) ہم سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی اور ان سے مالک نے حدیث بیان کی، اسی طرح۔

(۱۵۳۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ هُوَا بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ

۱۵۳۴۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، آپ سعد کے صاحبزادے ہیں۔ ان سے

عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عَادَنِى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِنْ وَّجَعٍ اَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بَلَغَ بِىْ مِنَ الْوَجَعِ مَاتَرٰى وَاَنَا ذُوْمَالٍ وَّلَا يَرِثُنِىْ اِلَّا ابْنَةٌ لِّىْ وَاحِدَةٌ اَفَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثَىْ مَالِىْ قَالَ لَا قُلْتُ اَفَاَتَصَدَّقُ بِشَطْرِهٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَبِالثُّلُثِ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اِنَّكَ اَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَآءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَّتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ وَلَسْتَ تُنْفِقُ نَفَقَةً تَبْتَغِىْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا اُجِرْتَ بِهَا حَتَّى اللُّقْمَةَ تَجْعَلُهَا فِىْ فِىْ امْرَاَتِكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُخَلَّفُ بَعْدَ اَصْحَابِىْ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ فَتَعْمَلَ عَمَلًا تَبْتَغِىْ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ اِلَّا ازْدَدْتَ بِهٖ دَرَجَةً وَّرِفْعَةً وَّلَعَلَّكَ تُخَلَّفُ حَتّٰى يَنْتَفِعَ بِكَ اَقْوَامٌ وَّيُضَرَّ بِكَ اٰخَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اَمْضِ لِاَصْحَابِىْ هِجْرَتَهُمْ وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ لٰكِنِ الْبَآئِسُ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ رَثٰى لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُوُفِّىَ بِمَكَّةَ

ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عامر بن سعد نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔ بیماری نے مجھے موت کے منہ میں لا ڈالا تھا۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! جیسا کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ مرض اس حد کو پہنچ گیا ہے اور میرے پاس مال ہے، وارث تنہا میری لڑکی ہے تو کیا میں اپنا دو تہائی مال صدقہ کردوں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نہیں۔ میں نے عرض کی آدھا کردوں؟ فرمایا کہ نہیں۔ میں نے عرض کی پھر تہائی کروں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تہائی بہت ہے۔ تم اپنے وارثوں کو صاحب مال چھوڑ کر جاؤ تو یہ اس سے بہتر ہے کہ انہیں محتاج چھوڑ و اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں۔ اور تم جو کچھ بھی خرچ کروگے، اگر اس سے اللہ کی رضا جوئی مقصود رہی تو تمہیں اس پر اجر ملے گا۔ اس لقمہ پر بھی تمہیں اجر ملے گا جو تم اپنی بیوی کے منہ میں رکھو گے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! (بیماری کی وجہ سے) کیا میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ (مدینہ) نہیں جاسکوں گا؟ فرمایا اگر تم نہیں جاسکے تب بھی اگر تم اللہ کی رضا جوئی کے لئے کوئی عمل کرو تو تمہارا درجہ اور مرتبہ بلند ہوگا اور امید ہے کہ تم ابھی زندہ رہو گے اور تم سے کچھ لوگوں (مسلمانوں) کو نفع پہنچے گا اور کچھ لوگوں (اسلام کے دشمنوں) کو نقصان! اے اللہ! میرے ساتھیوں (صحابہ) کی ہجرت کو کامل فرمادے اور انہیں پیچھے نہ ہٹا لیکن محتاج وضرورت مند تو سعد بن خولہ ہیں (رضی اللہ عنہ) حضور اکرم ﷺ نے ان کے مکہ میں وفات پاجانے کی وجہ سے اظہار غم کیا۔

(۱۵۳۵) حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اَبُوْضَمْرَةَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَآ اَخْبَرَهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ رَاْسَهٗ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

۱۵۳۵۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوضمرہ نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں اپنا سر منڈوایا تھا۔

(۱۵۳۶) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُّوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَّافِعٍ اَخْبَرَهٗ ابْنُ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَقَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَاُنَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ

۱۵۳۶۔ ہم سے عبید اللہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن بکر نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے، انہیں نافع نے اور انہیں ابن عمر رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ اور آپ کے ساتھ آپ کے بعض اصحاب نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر سر منڈایا تھا اور بعض دوسرے صحابہؓ نے ترشوا لینے پر

اکتفا کیا تھا۔

(۱۵۳۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي عُبَيْدُاللهِ بْنُ عَبْدِاللهِ اَنَّ عَبْدَاللهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ اَقْبَلَ يَسِيْرُ عَلَى حِمَارٍ وَّرَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ بِمِنًى فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فَسَارَالْحِمَارُ بَيْنَ يَدَيْ بَعْضِ الصَّفِّ ثُمَّ نَزَلَ عَنْهُ فَصَفَّ مَعَ النَّاسِ

۱۵۳۷۔ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبید اللہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ ایک گدھے پر سوار ہو کر آئے تو رسول اللہ ﷺ منیٰ میں کھڑے لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے حجۃ الوداع کے موقعہ پر۔ آپ کا گدھا صف کے کچھ حصے کے آگے سے گزرا۔ پھر آپ اتر کر لوگوں کے ساتھ صف میں کھڑے ہو گئے۔

(۱۵۳۸) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ سُئِلَ اُسَامَةُ وَاَنَا شَاهِدٌ عَنْ سَيْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّتِهِ فَقَالَ الْعَنَقَ فَاِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ

۱۵۳۸۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے بیان کیا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا کہ اسامہ رضی اللہ عنہ سے حجۃ الوداع کے موقعہ پر نبی کریم ﷺ کی (سفر میں) رفتار کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ اس طرح چلتے تھے کہ سواری کا کجاوہ حرکت کرتا رہتا تھا اور جب کشادہ جگہ ملتی تو اس سے تیز چلتے تھے۔

(۱۵۳۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللهِ بْنُ مُسْلَمَةَ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِاللهِ ابْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ اَنَّ اَبَا اَيُّوْبَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ جَمِيْعًا

۱۵۳۹۔ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے عدی بن ثابت نے، اور ان سے عبداللہ بن یزید خطمی نے اور انہیں ابوایوب رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کے موقعہ پر مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھی تھیں۔

باب ۵۴۶. غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهِيَ غَزْوَةُ الْعُسْرَةِ

۵۴۶۔غزوۂ تبوک اس کا نام غزوۂ عسرت (تنگی کا غزوہ) بھی ہے۔

(۱۵۴۰) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِاللهِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ اَرْسَلَنِيْ اَصْحَابِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُهُ الْحُمْلَانَ لَهُمْ اِذْهُمْ مَّعَهُ فِيْ جَيْشِ الْعُسْرَةِ وَهِيَ غَزْوَةُ تَبُوْكَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللهِ اِنَّ اَصْحَابِيْ اَرْسَلُوْنِيْ اِلَيْكَ لِتَحْمِلَهُمْ فَقَالَ وَاللهِ لَا اَحْمِلُكُمْ عَلٰى شَيْءٍ وَّوَافَقْتُهُ وَهُوَ غَضْبَانُ وَلَا اَشْعُرُ وَرَجَعْتُ حَزِيْنًا مِّنْ مَّنْعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ مَّخَافَةِ اَنْ يَّكُوْنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ

۱۵۴۰۔مجھ سے محمد بن علاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے برید بن عبداللہ بن ابی بردہ نے، اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھے میرے ساتھیوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا کہ میں آپ سے ان کے لئے سواری کے جانور کی درخواست کروں۔ وہ لوگ آپ کے ساتھ جیش عسرت میں شریک ہونا چاہتے تھے، یہی غزوۂ تبوک ہے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! میرے ساتھیوں نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے تا کہ آپ ان کے لئے سواری کے جانوروں کا انتظام کر دیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا خدا گواہ ہے میں انہیں کسی قیمت پر سواری کے جانور نہیں دے سکتا۔ میں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ عَلَيَّ فَرَجَعْتُ إِلَى أَصْحَابِي فَأَخْبَرْتُهُمُ الَّذِي قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أَلْبَثْ إِلَّا سُوَيْعَةً إِذْ سَمِعْتُ بِلَالًا يُنَادِي أَيْ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ قَيْسٍ فَأَجَبْتُهُ فَقَالَ أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوكَ فَلَمَّا أَتَيْتُهُ قَالَ خُذْ هٰذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ وَهٰذَيْنِ الْقَرِينَيْنِ لِسِتَّةِ أَبْعِرَةٍ ابْتَاعَهُنَّ حِينَئِذٍ مِنْ سَعْدٍ فَانْطَلِقْ بِهِنَّ إِلَى أَصْحَابِكَ فَقُلْ إِنَّ اللّٰهَ أَوْقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هٰؤُلَاءِ فَارْكَبُوهُنَّ فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِمْ بِهِنَّ فَقُلْتُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُكُمْ عَلَى هٰؤُلَاءِ وَلٰكِنِّي وَاللّٰهِ لَا أَدَعُكُمْ حَتّٰى يَنْطَلِقَ مَعِي بَعْضُكُمْ إِلَى مَنْ سَمِعَ مَقَالَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَظُنُّوا أَنِّي حَدَّثْتُكُمْ شَيْئًا لَمْ يَقُلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا لِي إِنَّكَ عِنْدَنَا لَمُصَدَّقٌ وَلَنَفْعَلَنَّ مَا أَحْبَبْتَ فَانْطَلَقَ أَبُومُوسٰى بِنَفَرٍ مِنْهُمْ حَتّٰى أَتَوُا الَّذِينَ سَمِعُوا قَوْلَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْعَهُ إِيَّاهُمْ ثُمَّ إِعْطَاءَ هُمْ بَعْدُ فَحَدَّثُوهُمْ بِمِثْلِ مَا حَدَّثَهُمْ بِهِ أَبُومُوسٰى

جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا تو آپ غصہ میں تھے۔ اور میں اسے محسوس نہ کر سکا تھا حضور اکرم ﷺ کے انکار سے میں بہت غمگین واپس ہوا۔ یہ خوف بھی دامن گیر تھا کہ کہیں آپ کی وجہ سے مکدر نہ ہو گئے ہوں۔ میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور انہیں حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کی خبر دی۔ لیکن ابھی زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ میں نے بلال رضی اللہ عنہ کی آواز سنی۔ وہ پکار رہے تھے اے عبداللہ بن قیس! میں نے جواب دیا تو انہوں نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ تمہیں بلا رہے ہیں۔ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہ دو جوڑے اور یہ دو جوڑے لے لو، اس طرح آپ نے چھ اونٹ عنایت فرمائے ان اونٹوں کو آپ نے اسی وقت سعد رضی اللہ عنہ سے خریدا تھا اور فرمایا کہ انہیں اپنے ساتھیوں کو دے دو۔ اور انہیں بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے، یا آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ (ﷺ) نے تمہاری سواری کے لئے انہیں دیا ہے، ان پر سوار ہو جاؤ۔ میں ان اونٹوں کو لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور ان سے کہا کہ آنحضور ﷺ نے تمہاری سواری کے لئے عنایت فرمائے ہیں لیکن خدا گواہ ہے کہ اب تمہیں ان صحابہ کے پاس چلنا پڑے گا جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کا ارشاد (جب میں نے اونٹ آپ سے مانگے تھے) سنا تھا۔ کہیں تم یہ خیال نہ کر بیٹھو کہ میں نے تم سے حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کے متعلق غلط بات کہہ دی تھی انہوں نے کہا، کہ آپ کی سچائی میں ہمیں قطعی کوئی شبہ نہیں لیکن اگر آپ کا اصرار ہے تو ہم ایسا بھی کر لیں گے۔ ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ ان میں سے چند حضرات کو لے کر ان صحابہؓ کے پاس آئے جنہوں نے حضور ﷺ کا وہ ارشاد سنا تھا کہ آنحضور ﷺ نے پہلے تو دینے سے انکار کیا تھا لیکن پھر عنایت فرمایا۔ ان صحابہؓ نے بھی اسی طرح حدیث بیان کی جس طرح ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کی تھی۔

(۱۵۴۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى تَبُوكَ وَاسْتَخْلَفَ عَلِيًّا فَقَالَ أَتُخَلِّفُنِي فِي الصِّبْيَانِ وَالنِّسَاءِ قَالَ أَلَا تَرْضٰى أَنْ تَكُونَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هٰرُونَ مِنْ مُوسٰى إِلَّا أَنَّهُ لَيْسَ نَبِيٌّ بَعْدِي وَ

۱۵۴۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے، ان سے حکم نے، ان سے مصعب بن سعد نے اور ان سے ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے تشریف لے گئے تو علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنا نائب بنایا۔ علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ آپ مجھے بچوں اور عورتوں میں چھوڑے چلے جا رہے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں ہو کہ میرے لئے تم ایسے

قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ سَمِعْتُ مُصْعَبًا

(۱۵۴۲) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ بَكْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَآءً يُّخْبِرُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعُسْرَةَ قَالَ كَانَ يَعْلٰى يَقُوْلُ تِلْكَ الْغَزْوَةُ اَوْثَقُ اَعْمَالِیْ عِنْدِیْ قَالَ عَطَآءٌ قَالَ صَفْوَانُ قَالَ يَعْلٰى فَكَانَ لِیْ اَجِيْرٌ فَقَاتَلَ اِنْسَانًا فَعَضَّ اَحَدُهُمَا يَدَالْاٰخَرِ قَالَ عَطَآءٌ فَلَقَدْ اَخْبَرَنِیْ صَفْوَانُ اَيُّهُمَا عَضَّ الْاٰخَرَ فَنَسِيْتُهٗ قَالَ فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهٗ مِنْ فِی الْعَاضِّ فَانْتَزَعَ اِحْدٰى ثَنِيَّتَيْهِ فَاَتَيَاالنَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَهْدَرَ ثَنِيَّتَهٗ قَالَ عَطَآءٌ وَّحَسِبْتُ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَيَدَعُ يَدَهٗ فِیْ فِيْكَ تَقْضِمُهَا كَاَنَّهَا فِیْ فِیْ فَحْلٍ يَّقْضِمُهَا

ہو جیسے موسیٰ علیہ السلام کے لئے ہارون علیہ السلام تھے لیکن فرق یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اور ابوداؤد نے بیان کیا، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے، اور انہوں نے مصعب سے سنا۔

۱۵۴۲۔ ہم سے عبید اللہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن بکر نے حدیث بیان کی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ میں نے عطاء سے سنا، انہوں نے خبر دیتے ہوئے کہا کہ مجھے صفوان بن یعلیٰ بن امیہ نے خبر دی اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ غزوۂ عسرت میں شریک تھا، بیان کیا کہ یعلیٰ رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اپنے تمام اعمال میں اسی پر سب سے زیادہ اعتماد ہے۔ عطاء نے بیان کیا، ان سے صفوان نے بیان کیا کہ یعلیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے ایک مزدور بھی اپنے ساتھ لے لیا تھا۔ وہ ایک شخص سے لڑ پڑا اور ایک نے دوسرے کا ہاتھ دانت سے کاٹا۔ عطاء نے بیان کیا کہ مجھے صفوان نے خبر دی کہ ان دونوں میں سے کس نے اپنے مقابل کا ہاتھ کاٹا تھا۔ یہ مجھے یاد نہیں ہے۔ بہر حال جس کا ہاتھ کاٹا گیا تھا اس نے اپنا ہاتھ کاٹنے والے کے منہ سے کھینچا تو کاٹنے والے کا آگے کا ایک دانت بھی ساتھ چلا آیا۔ وہ دونوں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آنحضور ﷺ نے دانت کے ٹوٹنے پر کوئی مواخذہ نہیں کیا۔ عطاء نے بیان کیا میرا خیال ہے کہ انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ پھر کیا وہ تمہارے منہ میں اپنا ہاتھ رہنے دیتا تاکہ تم اسے اونٹ کی طرح چبا جاتے۔

باب ۵۴۷ . حَدِيْثُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَّ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَزَّوَجَلَّ وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا

۵۴۷۔ کعب بن مالک رضی اللہ عنہٗ کا واقعہ۔ اور اللہ عزوجل کا ارشاد "وعلى الثلثة الذين خلفوا"۔

(۱۵۴۳) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبِ ابْنِ مَالِكٍ وَّكَانَ قَائِدَ كَعْبٍ مِّنْ بَنِيْهِ حِيْنَ عَمِیَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُّحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوْكَ قَالَ كَعْبٌ لَّمْ اَتَخَلَّفْ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا اِلَّا فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ غَيْرَ اَنِّیْ كُنْتُ تَخَلَّفْتُ فِیْ غَزْوَةِ

۱۵۴۳۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے، ان سے عبداللہ بن کعب بن مالک نے کہ جب کعب رضی اللہ عنہ نابینا ہو گئے تھے تو ان کے صاحبزادوں میں سے آپ ہی کعب رضی اللہ عنہ کو راستے میں لے کر چلا کرتے تھے، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کعب رضی اللہ عنہ سے ان کے غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہو سکنے کا واقعہ سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ غزوۂ تبوک کے سوا اور کسی غزوہ میں ایسا نہیں ہوا تھا کہ میں رسول اللہ ﷺ

بَدْرٍ وَلَمْ يُعَاتِبْ اَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْهَا اِنَّمَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ عِيْرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى جَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ عَدُوِّهِمْ عَلٰى غَيْرِ مِيْعَادٍ وَّلَقَدْ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ حِيْنَ تَوَاثَقْنَا عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَآ اُحِبُّ اَنَّ لِيْ بِهَا مَشْهَدَ بَدْرٍ وَّاِنْ كَانَتْ بَدْرٌ اَذْكَرَ فِي النَّاسِ مِنْهَا كَانَ مِنْ خَبَرِيْ اَنِّيْ لَمْ اَكُنْ قَطُّ اَقْوٰى وَلَآ اَيْسَرَ حِيْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْهُ فِيْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ وَاللّٰهِ مَااجْتَمَعَتْ عِنْدِيْ قَبْلَهٗ رَاحِلَتَانِ قَطُّ حَتّٰى جَمَعْتُهُمَا فِيْ تِلْكَ الْغَزْوَةِ وَلَمْ يَكُنْ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰى بِغَيْرِهَا حَتّٰى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ غَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَّاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَّمَفَازًا وَّعَدُوًّا كَثِيْرًا فَجَلّٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ اَمْرَهُمْ لِيَتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِيْ يُرِيْدُ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيْرٌ وَّلَايَجْمَعُهُمْ كِتَابٌ حَافِظٌ يُرِيْدُ الدِّيْوَانَ قَالَ كَعْبٌ فَمَا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّتَغَيَّبَ اِلَّا ظَنَّ اَنْ سَيَخْفٰى لَهٗ مَالَمْ يَنْزِلْ فِيْهِ وَحْيُ اللّٰهِ وَغَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْغَزْوَةَ حِيْنَ طَابَتِ الثِّمَارُ وَالظِّلَالُ وَتَجَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ فَطَفِقْتُ اَغْدُوْلِكَيْ اَتَجَهَّزَ مَعَهُمْ فَاَرْجِعُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا فَاَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ اَنَا قَادِرٌ عَلَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ يَتَمَادٰى بِيْ حَتَّى اشْتَدَّ بِالنَّاسِ الْجِدُّ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ مَعَهٗ وَلَمْ اَقْضِ مِنْ جَهَازِيْ شَيْئًا فَقُلْتُ اَتَجَهَّزُ بَعْدَهٗ بِيَوْمٍ اَوْيَوْمَيْنِ ثُمَّ اَلْحَقُهُمْ فَغَدَوْتُ بَعْدَ اَنْ فَصَلُوْا لِاَ تَجَهَّزَ فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا ثُمَّ غَدَوْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ وَلَمْ اَقْضِ شَيْئًا فَلَمْ يَزَلْ بِيْ حَتّٰى اَسْرَعُوْا وَتَفَارَطَ الْغَزْوُ

کے ساتھ شریک نہ ہوا ہوں۔ البتہ غزوۂ بدر میں بھی میں شریک نہیں ہوا تھا لیکن جو لوگ غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے، ان کے متعلق حضور اکرم نے کسی قسم کی ناگواری کا اظہار نہیں کیا تھا۔ کیونکہ آپ اس موقعہ پر قریش کے قافلے کی تلاش میں نکلے تھے (جنگ کا ارادہ نہیں تھا) لیکن اللہ تعالیٰ کے حکم سے، کسی سابقہ تیاری کے بغیر آپ کی دشمنوں سے مڈ بھیڑ ہوگئی اور میں لیلۂ عقبہ میں (انصار کے ساتھ) حضور اکرم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ یہ وہی رات ہے جس میں ہم نے (مکہ میں) اسلام کے لئے عہد کیا تھا اور مجھے تو یہ غزوہ بدر سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ اگر چہ بدر کا لوگوں کی زبانوں پر چرچا بہت ہے۔ میرا واقعہ یہ ہے کہ میں اپنی زندگی میں کبھی اتنا قوی اور اتنا صاحب مال نہیں ہوا تھا جتنا اس موقعہ پر۔ جب کہ میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تبوک کے غزوے میں شریک نہیں ہو سکا تھا۔ خدا گواہ ہے کہ اس سے پہلے کبھی میرے پاس دو اونٹ جمع نہیں ہوئے تھے لیکن اس موقعہ پر میرے پاس دو اونٹ تھے۔ حضور اکرم ﷺ جب کبھی کسی غزوے کے لئے تشریف لے جاتے تو آپ اس کے لئے ذو معنی الفاظ استعمال کیا کرتے تھے (تا کہ معاملہ راز میں رہے) لیکن اس غزوہ کا جب موقع آیا تو گرمی بڑی شدید تھی۔ سفر بھی بہت طویل تھا۔ بیابانی راستہ اور دشمن کی فوج کی کثرت تعداد۔ تمام مشکلات سامنے تھیں۔ اس لئے حضور اکرم نے مسلمانوں سے اس غزوہ کے متعلق بہت صراحت کے ساتھ بتا دیا تھا تا کہ اس کے مطابق پوری طرح تیاری کر لیں۔ چنانچہ آپ نے اس سمت کی بھی نشان دہی کر دی جدھر سے آپ کا جانے کا ارادہ تھا۔ مسلمان بھی آپ کے ساتھ بہت تھے۔ اتنے کہ کسی رجسٹر میں سب کے ناموں کا اندراج بھی مشکل تھا۔ کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ کوئی بھی شخص اگر اس غزوے میں شریک نہ ہونا چاہتا تو وہ یہ خیال کر سکتا تھا کہ اس کی غیر حاضری کا کسی کو پتہ نہیں چلے گا (لشکر کی کثرت کی وجہ سے) الا یہ کہ اس کے متعلق وحی نازل ہو حضور اکرم ﷺ جب اس غزوے کے لئے تشریف لے جا رہے تھے تو پھل پکنے کا زمانہ تھا اور سایہ میں بیٹھ کر لوگ لطف اندوز ہوتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ بھی تیاریوں میں مصروف تھے اور آپ کے ساتھ مسلمان بھی۔ لیکن میں روزانہ یہ سوچا کرتا تھا کہ کل سے میں بھی تیاری کروں گا۔ اور اس طرح ہر روز اسے ٹالتا رہا۔ مجھے اس کا یقین تھا کہ میں تیاری کر لوں گا، مجھے ذرائع

وَهَمَمْتُ اَنْ اَرْتَحِلَ فَاُدْرِكَهُمْ وَلَيْتَنِىْ فَعَلْتُ فَلَمْ يُقَدَّرْلِىْ ذٰلِكَ فَكُنْتُ اِذَا خَرَجْتُ فِى النَّاسِ بَعْدَ خُرُوْجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَطُفْتُ فِيْهِمْ اَحْزَنَنِىْ اَنِّىْ لَآاَرٰى اِلَّارَجُلًا مَّغْمُوْ صًا عَلَيْهِ النِّفَاقُ اَوْرَجُلًا مِّمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ مِنَ الضُّعَفَآءِ وَلَمْ يَذْكُرْنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغَ تَبُوْكَ فَقَالَ وَهُوَ جَالِسٌ فِى الْقَوْمِ بِتَبُوْكَ مَا فَعَلَ كَعْبٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِىْ سَلِمَةَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ حَبَسَه' بُرْدَاهُ وَنَظَرُه' فِىْ عِطْفَيْهِ فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ بِئْسَ مَا قُلْتَ وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ اِلَّا خَيْرًا فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ فَلَمَّا بَلَغَنِىْ اَنَّه' تَوَجَّهَ قَافِلًا حَضَرَنِىْ هَمِّىْ وَطَفِقْتُ اَتَذَكَّرُالْكَذِبَ وَاَقُوْلُ بِمَا ذَا اَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهٖ غَدًا وَّاسْتَعَنْتُ عَلٰى ذٰلِكَ بِكُلِّ ذِىْ رَاْىٍ مِّنْ اَهْلِىْ فَلَمَّا قِيْلَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَظَلَّ قَادِمًا زَاحَ عَنِّى الْبَاطِلُ وَعَرَفْتُ اَنِّىْ لَنْ اَخْرُجَ مِنْهُ اَبَدًا بِشَىْءٍ فِيْهِ كَذِبٌ فَاَجْمَعْتُ صِدْقَه' وَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَادِ مًا وَكَانَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَاَ بِالْمَسْجِدِ فَيَرْكَعُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ لِلنَّاسِ فَلَمَّا فَعَلَ ذٰلِكَ جَآءَ هُ الْمُخَلَّفُوْنَ فَطَفِقُوْا يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْهِ وَيَحْلِفُوْنَ لَه' وَكَانُوْا بِضْعَةً وَّثَمَانِيْنَ رَجُلًا فَقَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَانِيَتَهُمْ وَبَايَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَوَكَلَ سَرَآئِرَهُمْ اِلَى اللّٰهِ فَجِئْتُه' فَلَمَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ تَبَسَّمَ تَبَسُّمَ الْمُغْضَبِ ثُمَّ قَالَ تَعَالَ فَجِئْتُ اَمْشِىْ حَتّٰى جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ لِىْ مَا خَلَّفَكَ اَلَمْ تَكُنْ قَدِ ابْتَعْتَ ظَهْرَكَ فَقُلْتُ بَلٰى اِنِّىْ وَاللّٰهِ لَوْجَلَسْتُ عِنْدَ غَيْرِكَ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا لَرَاَيْتُ اَنْ سَاَخْرُجُ مِنْ سَخَطِهٖ بِعُذْرٍ وَّلَقَدْ اُعْطِيْتُ جَدَلًا وَّلٰكِنِّىْ وَاللّٰهِ لَقَدْ

میسر ہیں۔ یونہی وقت گزرتا رہا۔ اور آخر لوگوں نے اپنی تیاریاں مکمل بھی کرلیں اور حضور اکرم ﷺ مسلمانوں کو ساتھ لے کر روانہ ہو گئے، اس وقت تک میں نے کوئی تیاری نہیں کی تھی۔ اس موقعہ پر بھی میں نے اپنے دل کو یہی کہہ کر سمجھالیا کہ کل یا پرسوں تک تیاری کرلوں گا اور پھر لشکر سے جاملوں گا کوچ کے بعد دوسرے دن میں نے تیاری کے لئے سوچا لیکن اس دن بھی کوئی تیاری نہیں کی۔ پھر تیسرے دن کے لئے سوچا اور اس دن بھی کوئی تیاری نہیں کی۔ یوں وقت گزرتا گیا اور اسلامی لشکر بہت آگے بڑھ گیا۔ غزوہ میں شرکت میرے لئے بہت دور کی بات ہوگئی اور میں یہی ارادہ کرتا رہا کہ یہاں سے چل کر انہیں پالوں گا۔ کاش میں نے ایسا کرلیا ہوتا لیکن یہ میرے مقدر میں نہیں تھا۔ حضور اکرم ﷺ کے تشریف لے جانے کے بعد جب میں باہر نکلتا تو مجھے بڑا رنج ہوتا کیونکہ یا تو وہ لوگ نظر آتے جن کے چہروں سے نفاق ٹپکتا تھا۔ یا پھر وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ نے معذور اور ضعیف قرار دے دیا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے میرے متعلق کسی سے کچھ نہیں پوچھا تھا لیکن جب آپ تبوک پہنچ گئے تو وہیں ایک مجلس میں آپ نے دریافت فرمایا کہ کعب نے کیا کیا۔ بنو سلمہ کے ایک صاحب نے کہا کہ یارسول اللہ! اس کے کبر و غرور نے اسے آنے نہیں دیا اس پر معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بولے۔ تم نے بڑی بات کہی۔ یارسول اللہ (ﷺ)! خدا گواہ ہے ہمیں ان کے متعلق خیر کے سوا اور کچھ معلوم نہیں، آنحضور ﷺ نے کچھ نہیں فرمایا۔ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب مجھے معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ واپس تشریف لارہے ہیں، تو اب مجھ پر فکر و تردد سوار ہوا اور میرا ذہن کوئی ایسا جھوٹا بہانہ تلاش کرنے لگا جس سے میں کل آنحضور ﷺ کی ناراضگی سے بچ سکوں، اپنے گھر کے ہر ذی رائے سے اس کے متعلق میں نے مشورہ لیا۔ لیکن جب مجھے معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ مدینہ سے بالکل قریب آچکے ہیں تو باطل خیالات میرے ذہن سے چھٹ گئے اور مجھے یقین ہوگیا کہ اس معاملہ میں جھوٹ بول کر میں اپنے آپ کو کسی طرح محفوظ نہیں کر سکتا۔ چنانچہ میں نے سچی بات کہنے کا پختہ ارادہ کرلیا۔ صبح کے وقت حضور اکرم ﷺ تشریف لائے۔ جب آپ کسی سفر سے واپس تشریف لاتے تو یہ آپ کی عادت تھی کہ پہلے مسجد میں تشریف لے جاتے اور دو رکعت نماز پڑھتے۔ پھر لوگوں کے ساتھ مجلس میں بیٹھتے۔ دستور کے مطابق جب

عَلِمْتُ لَئِنْ حَدَّثْتُکَ الْیَوْمَ حَدِیْثَ کَذِبٍ تَرْضٰی بِهٖ عَنِّیْ لَیُوْشِکَنَّ اللّٰهُ اَنْ یُّسْخِطَکَ عَلَیَّ وَلَئِنْ حَدَّثْتُکَ حَدِیْثَ صِدْقٍ تَجِدُ عَلَیَّ فِیْهِ اِنِّیْ لَاَرْجُوْ فِیْهِ عَفْوَاللّٰهِ لَاوَاللّٰهِ مَا کَانَ لِیْ مِنْ عُذْرٍ وَّاللّٰهِ مَا کُنْتُ قَطُّ اَقْوٰی وَلَآ اَیْسَرَ مِنِّیْ حِیْنَ تَخَلَّفْتُ عَنْکَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا هٰذَا فَقَدْ صَدَقَ فَقُمْ حَتّٰی یَقْضِیَ اللّٰهُ فِیْکَ فَقُمْتُ وَثَارَ رِجَالٌ مِّنْ بَنِیْ سَلِمَةَ فَاتَّبَعُوْنِیْ فَقَالُوْا لِیْ وَاللّٰهِ مَاعَلِمْنَاکَ کُنْتَ اَذْنَبْتَ ذَنْبًا قَبْلَ هٰذَا وَلَقَدْ عَجَزْتَ اَنْ لَّاتَکُوْنَ اعْتَذَرْتَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَا اعْتَذَرَ اِلَیْهِ الْمُتَخَلِّفُوْنَ قَدْ کَانَ کَا فِیَکَ ذَنْبَکَ اسْتِغْفَارُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَکَ فَوَاللّٰهِ مَازَالُوْا یُؤَنِّبُوْنَنِیْ حَتّٰی اَرَدْتُّ اَنْ اَرْجِعَ فَاُکَذِّبَ نَفْسِیْ ثُمَّ قُلْتُ لَهُمْ هَلْ لَقِیَ هٰذَا مَعِیَ اَحَدٌ قَالُوْا نَعَمْ رَجُلَانِ قَالَا مِثْلَ مَاقُلْتَ فَقِیْلَ لَهُمَا مِثْلَ مَا قِیْلَ لَکَ فَقُلْتُ مَنْ هُمَا قَالُوْامُرَارَةُ بْنُ الرَّبِیْعِ الْعَمْرِیُّ وَهِلَالُ بْنُ اُمَیَّةَ الْوَاقِفِیُّ فَذَ کَرُوْالِیْ رَجُلَیْنِ صَالِحَیْنِ قَدْ شَهِدَا بَدْرًا فِیْهِمَا اُسْوَةٌ فَمَضَیْتُ حِیْنَ ذَکَرُوْهُمَا لِیْ وَنَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِیْنَ عَنْ کَلَامِنَآاَیُّهَا الثَّلٰثَةُ مِنْ بَیْنِ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ فَاجْتَنَبَنَا النَّاسُ وَتَغَیَّرُوْا لَنَا حَتّٰی تَنَکَّرَتْ فِیْ نَفْسِیَ الْاَرْضُ فَمَا هِیَ الَّتِیْ اَعْرِفُ فَلَبِثْنَا عَلٰی ذٰلِکَ خَمْسِیْنَ لَیْلَةً فَاَمَّا صَاحِبَایَ فَاسْتَکَانَا وَقَعَدَا فِیْ بُیُوْتِهِمَا یَبْکِیَانِ وَاَمَّا اَنَا فَکُنْتُ اَشَبَّ الْقَوْمِ وَاَجْلَدَهُمْ فَکُنْتُ اَخْرُجُ فَاَشْهَدُ الصَّلٰوةَ مَعَ الْمُسْلِمِیْنَ وَاَطُوْفُ فِی الْاَسْوَاقِ وَلَا یُکَلِّمُنِیْ اَحَدٌ وَّاٰتِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاُسَلِّمُ عَلَیْهِ وَهُوَ فِیْ مَجْلِسِهٖ بَعْدَالصَّلٰوةِ فَاَقُوْلُ فِیْ نَفْسِیْ هَلْ حَرَّکَ شَفَتَیْهِ بِرَدِّ السَّلَامِ عَلَیَّ اَمْ لَاثُمَّ اُصَلِّیْ

آپ فارغ ہو چکے تو آپ کی خدمت میں وہ لوگ آئے جو غزوہ میں شریک نہیں ہو سکے تھے اور قسم کھا کھا کر اپنے عذر بیان کرنے لگے، ایسے لوگوں کی تعداد تقریباً اسی تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کے ظاہر کو قبول فرمالیا، ان سے عہد لیا، ان کے لئے مغفرت کی دعا کی اور ان کے باطن کو اللہ کے سپرد کیا اس کے بعد میں حاضر ہوا۔ میں نے سلام کیا تو آپ مسکرائے۔ آپ کی مسکراہٹ میں تلخی تھی۔ پھر فرمایا آؤ۔ میں چند قدم چل کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ آپ نے مجھ سے دریافت فرمایا کہ تم غزوہ میں کیوں شریک نہیں ہوئے کیا تم نے کوئی سواری نہیں خریدی تھی؟ میں نے عرض کی میرے پاس سواری موجود تھی، خدا گواہ ہے، اگر میں آپ کے سوا کسی دنیادار شخص کے سامنے آج بیٹھا ہوا ہوتا تو کوئی عذر گھڑ کر اس کی ناراضگی سے بچ سکتا تھا۔ مجھے خوبصورتی اور صفائی کے ساتھ گفتگو کا سلیقہ حاصل ہے لیکن خدا گواہ ہے مجھے یقین ہے کہ اگر آج میں آپ کے سامنے کوئی جھوٹا عذر بیان کر کے آپ کو راضی کر لوں تو بہت جلد اللہ تعالیٰ آپ کو مجھ سے ناراض کر دے گا اس کی بجائے اگر میں آپ سے سچی بات بیان کر دوں تو یقیناً آنحضور ﷺ کو میری طرف سے کبیدگی ہوگی لیکن اللہ سے مجھے عفو و درگذر کی پوری امید ہے۔ نہیں، خدا گواہ ہے مجھے کوئی عذر نہیں تھا، خدا گواہ ہے، اس وقت سے پہلے کبھی میں اتنا قوی اور فارغ البال نہیں تھا اور پھر بھی میں آپ کے ساتھ شریک نہیں ہو سکا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہوں نے سچی بات بتا دی ہے۔ اچھا اب جاؤ، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے بارے میں خود کوئی فیصلہ کر دے۔ میں اٹھ گیا اور میرے پیچھے بنو سلمہ کے کچھ افراد بھی دوڑے ہوئے آئے اور مجھ سے کہنے لگے کہ بخدا! ہمیں تمہارے متعلق یہ معلوم نہیں تھا کہ اس سے پہلے تم نے کوئی گناہ کیا ہے اور تم نے بڑی کوتاہی کی کہ حضور اکرم ﷺ کے سامنے ویسا ہی کوئی عذر نہیں بیان کیا جیسا دوسرے نہ شریک ہونے والوں نے بیان کر دیا تھا، تمہارے گناہ کے لئے تمہارے لئے حضور اکرم کا استغفار ہی کافی ہو جاتا، بخدا! ان لوگوں نے مجھے اس پر اتنی ملامت کی کہ مجھے خیال آیا کہ واپس جا کر حضور اکرم ﷺ سے کوئی جھوٹا عذر کر آؤں۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کیا میرے علاوہ کسی اور نے بھی مجھ جیسا عذر بیان کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ہاں دو (۲) حضرات نے اسی طرح معذرت کی جس طرح تم نے کی اور انہیں جواب بھی وہی ملا جو

قَرِيبًا مِنْهُ فَأُسَارِقُهُ النَّظَرَ فَإِذَا أَقْبَلْتُ عَلَى صَلٰوتِي أَقْبَلَ إِلَيَّ وَإِذَا الْتَفَتُّ نَحْوَهُ أَعْرَضَ عَنِّي حَتّٰى إِذَا طَالَ عَلَيَّ ذٰلِكَ مِنْ جَفْوَةِ النَّاسِ مَشَيْتُ حَتّٰى تَسَوَّرْتُ جِدَارَ حَائِطِ أَبِي قَتَادَةَ وَهُوَ ابْنُ عَمِّي وَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَارَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ فَقُلْتُ يَا أَبَا قَتَادَةَ أَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ هَلْ تَعْلَمُنِي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَسَكَتَ فَعُدْتُ لَهُ فَنَشَدْتُهُ فَسَكَتَ فَعُدْتُ لَهُ فَنَشَدْتُهُ فَقَالَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ فَفَاضَتْ عَيْنَايَ وَتَوَلَّيْتُ حَتّٰى تَسَوَّرْتُ الْجِدَارَ قَالَ فَبَيْنَا أَنَا أَمْشِي بِسُوقِ الْمَدِينَةِ إِذَا نَبَطِيٌّ مِنْ أَنْبَاطِ أَهْلِ الشَّامِ مِمَّنْ قَدِمَ بِالطَّعَامِ يَبِيعُهُ بِالْمَدِينَةِ يَقُولُ مَنْ يَدُلُّ عَلَى كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ فَطَفِقَ النَّاسُ يُشِيرُونَ لَهُ حَتّٰى إِذَا جَاءَ فِي دَفَعَ إِلَيَّ كِتَابًا مِنْ مَلِكِ غَسَّانَ فَإِذَا فِيهِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِي أَنَّ صَاحِبَكَ قَدْ جَفَاكَ وَلَمْ يَجْعَلْكَ اللّٰهُ بِدَارِ هَوَانٍ وَلَا مَضْيَعَةٍ فَالْحَقْ بِنَا نُوَاسِكَ فَقُلْتُ لَمَّا قَرَأْتُهَا وَهٰذَا أَيْضًا مِنَ الْبَلَاءِ فَتَيَمَّمْتُ بِهَا التَّنُّورَ فَسَجَرْتُهُ بِهَا حَتّٰى إِذَا مَضَتْ أَرْبَعُونَ لَيْلَةً مِنَ الْخَمْسِينَ إِذَا رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِينِي فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ فَقُلْتُ أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا أَفْعَلُ قَالَ لَا بَلِ اعْتَزِلْهَا وَلَا تَقْرَبْهَا وَأَرْسَلَ إِلَى صَاحِبَيَّ مِثْلَ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لِامْرَأَتِي الْحَقِي بِأَهْلِكِ فَتَكُونِي عِنْدَهُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ فِي هٰذَا الْأَمْرِ قَالَ كَعْبٌ فَجَاءَتِ امْرَأَةُ هِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ شَيْخٌ ضَائِعٌ لَيْسَ لَهُ خَادِمٌ فَهَلْ تَكْرَهُ أَنْ أَخْدُمَهُ قَالَ وَلٰكِنْ لَا يَقْرَبْكِ قَالَتْ إِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا بِهِ حَرَكَةٌ إِلَى شَيْءٍ وَاللّٰهِ مَا زَالَ يَبْكِي مُنْذُ كَانَ مِنْ أَمْرِهِ

تمہیں ملا۔ میں نے پوچھا کہ ان کے نام کیا ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ مرارہ بن ربیع عمروی اور ہلال بن امیہ واقفی رضی اللہ عنہما۔ ان دو(۲) ایسے صحابہؓ کا نام انہوں نے لے دیا تھا جو صالح تھے اور بدر کی جنگ میں شریک ہوئے تھے، ان کا طرز عمل میرے لئے نمونہ بن گیا۔ چنانچہ انہوں نے جب ان حضرات کا نام لیا تو میں اپنے گھر چلا آیا اور حضور اکرم ﷺ نے ہم سے بات چیت کرنے کی ممانعت کر دی۔ بہت سے جو غزوے میں شریک نہیں ہوئے تھے ان میں سے صرف ہم تین سے۔ لوگ ہم سے الگ تھلگ رہنے لگے اور سب لوگ بدل گئے، ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ساری کائنات بدل گئی ہے۔ ہمارا اس سے کوئی واسطہ ہی نہیں ہے۔ پچاس دن تک ہم اسی طرح رہے میرے دو ساتھیوں (یعنی مرارہ اور ہلال رضی اللہ عنہما) نے تو اپنے گھروں سے نکلنا ہی چھوڑ دیا بس روتے رہتے تھے لیکن میرے اندر ہمت و جرات تھی۔ میں باہر نکلتا تھا۔ لیکن مجھ سے بولتا کوئی نہ تھا۔ میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بھی حاضر ہوتا تھا۔ آپ ﷺ کو سلام کرتا۔ جب آپ ﷺ نماز کے بعد مجلس میں بیٹھتے تھے۔ میں اس کی جستجو میں لگا رہتا تھا کہ دیکھوں سلام کے جواب میں حضور اکرم ﷺ کے مبارک ہونٹ ہلے یا نہیں۔ پھر آپ کے قریب ہی نماز پڑھنے لگ جاتا اور آپ کو کنکھیوں سے دیکھتا رہتا۔ جب میں اپنی نماز میں مشغول ہو جاتا، تو آنحضور ﷺ میری طرف دیکھتے لیکن جونہی میں آپ کی طرف دیکھتا آپ چہرہ پھیر لیتے۔ آخر جب اس طرح لوگوں کی بے رخی بڑھتی ہی گئی تو میں (ایک دن) ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کے باغ کی دیوار پر چڑھ گیا۔ وہ میرے چچازاد بھائی تھے اور مجھے ان سے بہت تعلق خاطر تھا۔ میں نے انہیں سلام کیا لیکن خدا گواہ ہے انہوں نے بھی میرے سلام کا جواب نہیں دیا۔ میں نے کہا ابو قتادہ! تمہیں اللہ کا واسطہ، کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ اور اس کے رسول سے مجھے کتنی محبت ہے؟ انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے دوبارہ ان سے یہی سوال کیا خدا کا واسطہ دے کر۔ لیکن اب بھی وہ خاموش تھے۔ پھر میں نے اللہ کا واسطہ دے کر ان سے یہی سوال کیا۔ اس مرتبہ انہوں نے صرف اتنا کہا کہ اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔ اس پر میرے آنسو پھوٹ پڑے۔ میں واپس چلا آیا اور دیوار پر چڑھ کر (نیچے باہر) اتر آیا۔ آپ نے بیان کیا کہ ایک دن میں مدینہ کے بازار میں جا رہا تھا کہ شام کا ایک کاشتکار جو غلہ فروخت

مَاكَانَ اِلٰى يَوْمِهٖ هٰذَا فَقَالَ لِيْ بَعْضُ اَهْلِيْ لَواسْتَاْذَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَاَتِكَ كَمَآ اَذِنَ لِامْرَاَةِ هِلَالِ بْنِ اُمَيَّةَ اَنْ تَخْدُمَه' فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَااَسْتَاْذِنُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يُدْرِيْنِيْ مَا يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنْتُه' فِيْهَا وَاَنَا رَجُلٌ شَابٌّ فَلَبِثْتُ بَعْدَذٰلِكَ عَشْرَ لَيَالٍ حَتّٰى كَمَلَتْ لَنَا خَمْسُوْنَ لَيْلَةً مِّنْ حِيْنَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِنَا فَلَمَّا صَلَّيْتُ صَلٰوةَ الْفَجْرِ صُبْحَ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً وَّاَنَا عَلٰى ظَهْرِ بَيْتٍ مِّنْ بُيُوْتِنَا فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ قَدْ ضَاقَتْ عَلَيَّ نَفْسِيْ وَضَاقَتْ عَلَيَّ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ سَمِعْتُ صَوْتَ صَارِخٍ اَوْفٰى عَلٰى جَبَلِ سَلْعٍ بِاَعْلٰى صَوْتِهٖ يَاكَعْبَ بْنَ مَالِكٍ اَبْشِرْ قَالَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا وَّ عَرَفْتُ اَنْ قَدْجَآءَ فَرَجٌ وَّاٰذَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا حِيْنَ صَلّٰى صَلٰوةَ الْفَجْرِ فَذَهَبَ النَّاسُ يُبَشِّرُوْنَنَا وَذَهَبَ قِبَلَ صَاحِبَيَّ مُبَشِّرُوْنَ وَرَكَضَ اِلَيَّ رَجُلٌ فَرَسًا وَّسَعٰى سَاعٍ مِّنْ اَسْلَمَ فَاَوْفٰى عَلَى الْجَبَلِ وَكَانَ الصَّوْتُ اَسْرَعَ مِنَ الْفَرَسِ فَلَمَّا جَآءَنِي الَّذِيْ سَمِعْتُ صَوْتَه' يُبَشِّرُنِيْ نَزَعْتُ لَه' ثَوْبَيَّ فَكَسَوْتُه' اِيَّاهُمَا بِبُشْرَاهُ وَاللّٰهِ مَآ اَمْلِكُ غَيْرَهُمَا يَوْمَئِذٍ وَاسْتَعَرْتُ ثَوْبَيْنِ فَلَبِسْتُهُمَا وَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتَلَقَّانِي النَّاسُ فَوْجًا فَوْجًا يُهَنُّوْنِيْ بِالتَّوْبَةِ يَقُوْلُوْنَ لِتَهْنِكَ تَوْبَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ قَالَ كَعْبٌ حَتّٰى دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ حَوْلَهُ النَّاسُ فَقَامَ اِلَيَّ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِاللّٰهِ يُهَرْوِلُ حَتّٰى صَافَحَنِيْ وَهَنَّانِيْ وَاللّٰهِ مَا قَامَ اِلَيَّ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ غَيْرَه' وَلَآ اَنْسَاهَا لِطَلْحَةَ قَالَ كَعْبٌ فَلَمَّا

کرنے مدینہ آیا تھا، پوچھ رہا تھا کہ کعب بن مالک کہاں رہتے ہیں۔ لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا تو وہ میرے پاس آیا اور ملک غسان کا ایک خط مجھے دیا اس خط میں یہ تحریر تھا۔ ''امابعد! مجھے معلوم ہوا ہے کہ تمہارے صاحب (یعنی حضور اکرم ﷺ) تمہارے ساتھ زیادتی کرنے لگے ہیں، اللہ تعالیٰ نے تمہیں کوئی ذلیل نہیں پیدا کیا ہے کہ تمہارا حق ضائع کیا جائے۔ تم ہمارے یہاں آجاؤ ہم تمہارے ساتھ بہتر سے بہتر معاملہ کریں گے۔'' جب میں نے یہ خط پڑھا تو میں نے کہا کہ یہ ایک اور مصیبت آ گئی۔ میں نے اس خط کو تنور میں جلا دیا، ان پچاس دنوں میں سے جب چالیس دن گزر چکے تھے تو رسول اللہ ﷺ کے قاصد میرے پاس آئے اور کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے تمہیں حکم دیا ہے کہ اپنی بیوی کے بھی قریب نہ جاؤ۔ میں نے پوچھا، میں اسے طلاق دے دوں یا پھر مجھے کیا کرنا چاہئے؟ انہوں نے بتایا کہ نہیں صرف ان سے جدا رہو، ان کے قریب نہ جاؤ۔ میرے دونوں ساتھیوں کو (جنہوں نے میری طرح معذرت کی تھی) بھی یہی حکم آپ نے بھیجا تھا۔ میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ اب اپنے میکے چلی جاؤ۔ اور اس وقت تک وہیں رہو جب تک اللہ تعالیٰ اس معاملے میں کوئی فیصلہ کر دے۔ کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ (جن کا مقاطعہ ہوا تھا) کی بیوی حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) ہلال بن امیہ بہت ہی بوڑھے اور ناتواں ہیں، ان کے پاس کوئی خادم بھی نہیں ہے کیا اگر میں ان کی خدمت کر دیا کروں تو آپ ناپسند فرمائیں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ صرف ان سے صحبت نہ کرو، انہوں نے عرض کی خدا گواہ ہے وہ تو کسی چیز کے لئے حرکت بھی نہیں کر سکتے جب سے یہ عتاب ان پر ہوا ہے وہ دن ہے اور آج کا دن، ان کے آنسو تھمنے کو نہیں آتے۔ میرے گھر کے بعض افراد نے کہا کہ جس طرح ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کی بیوی کو ان کی خدمت میں رہنے کی اجازت آنحضور ﷺ نے دے دی ہے آپ بھی اسی طرح کی اجازت آنحضور ﷺ سے لے لیجئے۔ میں نے کہا نہیں خدا کی قسم! میں اس کے لئے آنحضور سے اجازت نہیں لوں گا۔ میں جوان ہوں۔ معلوم نہیں جب اجازت لینے جاؤں تو آنحضور ﷺ کیا فرمائیں۔ اس طرح دس دن اور گزر گئے اور جب سے آنحضور ﷺ نے ہم سے بات چیت کرنے کی ممانعت فرمائی تھی اس کے

سَلَّمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبْرُقُ وَجْهُهُ مِنَ السُّرُوْرِ اَبْشِرْ بِخَيْرِ يَوْمٍ مَرَّ عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ اُمُّكَ قَالَ قُلْتُ اَمِنْ عِنْدِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَمْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ قَالَ لَا بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سُرَّ اسْتَنَارَ وَجْهُهُ حَتّٰى كَاَنَّهُ قِطْعَةُ قَمَرٍ وَكُنَّا نَعْرِفُ ذٰلِكَ مِنْهُ فَلَمَّا جَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ صَدَقَةً اِلَى اللّٰهِ وَاِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ قُلْتُ فَاِنِّيْ اَمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا نَجَّانِيْ بِالصِّدْقِ وَاِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ لَّا اُحَدِّثَ اِلَّا صِدْقًا مَّا بَقِيْتُ فَوَاللّٰهِ مَآ اَعْلَمُ اَحَدًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَبْلَاهُ اللّٰهُ فِيْ صِدْقِ الْحَدِيْثِ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ مِمَّآ اَبْلَانِيْ مَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا كَذِبًا وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ يَّحْفَظَنِيَ اللّٰهُ فِيْمَا بَقِيْتُ وَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ فَوَاللّٰهِ مَآ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِّعْمَةٍ قَطُّ بَعْدَ اَنْ هَدَانِيْ لِلْاِسْلَامِ اَعْظَمَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ صِدْقِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّآ اَكُوْنَ كَذَبْتُهُ فَاَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِلَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ اَنْزَلَ الْوَحْيَ شَرَّ مَا قَالَ لِاَحَدٍ فَقَالَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ قَالَ كَعْبٌ وَّكُنَّا تَخَلَّفْنَا اَيُّهَا الثَّلٰثَةُ

پچاس دن پورے ہو گئے۔ پچاسویں رات کی صبح کو جب میں فجر کی نماز پڑھ چکا اور اپنے گھر کی چھت پر بیٹھا ہوا تھا اس طرح جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے۔ میرا دم گھٹا جا رہا تھا اور زمین اپنی تمام وسعتوں کے باوجود میرے لئے تنگ ہوتی جا رہی تھی۔ کہ میں نے ایک پکارنے والی کی آواز سنی جبل سلع پر چڑھ کر کوئی بلند آواز سے کہہ رہا تھا اے کعب بن مالک! تمہیں بشارت ہو۔ انہوں نے بیان کیا کہ یہ سنتے ہی میں سجدے میں گر پڑا اور مجھے یقین ہو گیا کہ اب کشائش ہو جائے گی۔ فجر کی نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اللہ کی بارگاہ میں ہماری توبہ کی قبولیت کا اعلان کر دیا تھا۔ لوگ میرے یہاں بشارت دینے کے لئے آنے لگے۔ اور میرے دو ساتھیوں کو بھی جا کر بشارت دی۔ ایک صاحب (زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ) اپنا گھوڑا دوڑائے آ رہے تھے، ادھر قبیلہ اسلم کے ایک صحابی نے پہاڑی پر چڑھ کر (آواز دی) اور آواز گھوڑے سے زیادہ تیز تھی۔ جن صحابیؓ نے (سلع پہاڑی پر سے) آواز دی تھی جب وہ میرے پاس بشارت دینے آئے تو اپنے دونوں کپڑے اتار کر اس بشارت کی خوشی میں میں نے انہیں دے دیئے خدا گواہ کہ اس وقت ان دو کپڑوں کے سوا (دینے کے لائق) اور میری ملکیت میں کوئی چیز نہیں تھی۔ پھر میں نے (ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے) دو کپڑے مانگ کر پہنے اور حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جوق در جوق لوگ مجھ سے ملاقات کرتے جاتے تھے اور مجھے توبہ کی قبولیت پر بشارت دیتے جاتے تھے۔ کہتے تھے اللہ کی بارگاہ میں توبہ کی قبولیت مبارک ہو۔ کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، آخر میں مسجد میں داخل ہوا۔ حضور اکرم ﷺ تشریف رکھتے تھے۔ چاروں طرف صحابہؓ کا مجمع تھا۔ طلحہ بن عبید اللہ دوڑ کر میری طرف بڑھے اور مجھ سے مصافحہ کیا اور مبارکباد دی۔ خدا گواہ ہے (وہاں موجو) مہاجرین میں سے کوئی بھی ان کے سوا میرے آنے پر کھڑا نہیں ہوا۔ طلحہ کا یہ احسان میں کبھی نہیں بھولوں گا۔ کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب میں نے حضور اکرم ﷺ کو سلام کیا تو آپ نے فرمایا آپؐ کا چہرہ مبارک خوشی اور مسرت سے دمک اٹھا تھا۔ اس مبارک دن کے لئے تمہیں بشارت ہو۔ جو تمہاری عمر کا سب سے مبارک دن ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! یہ بشارت آپ کی طرف سے ہے یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے؟ فرمایا نہیں بلکہ اللہ کی طرف سے۔ حضور اکرم ﷺ جب کسی بات پر

عَنْ اَمْرِ اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ قَبِلَ مِنْهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ حَلَفُوْا لَه' فَبَا یَعَهُمْ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ وَاَرْجَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمْرَنَا حَتّٰی قَضَی اللّٰهُ فِیْهِ فَبِذٰلِکَ قَالَ اللّٰهُ وَعَلَی الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا وَلَیْسَ الَّذِیْ ذَکَرَاللّٰهُ مِمَّا خُلِّفْنَا عَنِ الْغَزْوِ اِنَّمَا هُوَ تَخْلِیْفُه' اِیَّانَا وَاِرْجَآءُہ' اَمْرَنَا عَمَّنْ حَلَفَ لَه' وَاعْتَذَرَ اِلَیْهِ فَقَبِلَ مِنْهُ

خوش ہوتے تو چہرہ مبارک منور ہو جاتا تھا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے چاند کا ٹکڑا ہو۔ آپ کی مسرت ہم چہرہ مبارک سے سمجھ جاتے تھے۔ پھر جب میں آپ کے سامنے بیٹھ گیا تو عرض کی یا رسول اللہ! اپنی توبہ کی قبولیت کی خوشی میں میں اپنا مال اللہ اور اس کے رسول کی راہ میں صدقہ کر دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا لیکن کچھ مال اپنے پاس بھی رکھ لو، یہ زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کی پھر میں خیبر کا حصہ اپنے پاس رکھ لوں گا۔ میں نے پھر عرض کی یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے سچ بولنے کی وجہ سے نجات دی۔ اب میں اپنی توبہ کی قبولیت کی خوشی میں یہ عہد کرتا ہوں کہ جب تک زندہ رہوں گا، سچ کے سوا اور کوئی بات زبان پر نہ لاؤں گا۔ پس خدا گواہ ہے جب سے میں نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے یہ عہد کیا۔ میں کسی ایسے مسلمان کو نہیں جانتا جسے اللہ تعالیٰ نے سچ بولنے کی وجہ سے اتنا نوازا ہو جتنی نوازشات وانعامات اس کے مجھ پر سچ بولنے کی وجہ سے ہیں۔ جب سے میں نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے یہ عہد کیا پھر آج تک کبھی جھوٹ کا ارادہ بھی نہیں کیا اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ باقی زندگی میں بھی مجھے اس سے محفوظ رکھے گا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر یہ آیت (ہمارے بارے میں) نازل کی تھی ''یقیناً اللہ تعالیٰ نے نبی، مہاجرین اور انصار کی توبہ قبول کی۔'' اس کے ارشاد ''وکونوا مع الصادقین'' تک۔ خدا گواہ ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسلام کے لئے ہدایت کے بعد، میری نظر میں حضور اکرم ﷺ کے سامنے اس سچ بولنے سے بڑھ کر اللہ کا مجھ پر اور کوئی انعام نہیں ہوا ہے کہ میں نے جھوٹ نہیں بولا۔ اور اس طرح اپنے کو ہلاک نہیں کیا جیسا کہ جھوٹ بولنے والے ہلاک ہو گئے تھے۔ نزول وحی کے زمانہ میں جھوٹ بولنے والوں پر اللہ تعالیٰ نے اتنی شدید وعید فرمائی ہے جتنی شدید کسی دوسرے کے لئے نہیں فرمائی ہوگی۔ فرمایا ہے۔ ''سیحلفون باللہ لکم اذا انقلبتم'' ارشاد ''فان اللہ لایرضی عن القوم الفاسقین'' تک۔ کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا چنانچہ ہم تین ان لوگوں کے معاملے سے جدا رہے جنہوں نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے قسم کھالی تھی اور آپ نے ان کی بات مان بھی لی تھی۔ ان سے بیعت بھی لی تھی اور ان کے لئے طلب مغفرت بھی فرمائی تھی۔ ہمارا معاملہ حضور اکرم ﷺ نے چھوڑ دیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے خود اس کا فیصلہ فرمایا تھا، اللہ تعالیٰ نے آیت ''وعلی الثلثة الذین خلفوا'' میں اسی کی

طرف اشارہ کیا ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہمارے غزوہ میں شریک نہ ہو سکنے کا تذکرہ نہیں کیا ہے بلکہ اس کا تذکرہ کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے ہمارے معاملے کو پیچھے ڈال دیا تھا (اور فیصلہ اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیا تھا) بخلاف ان لوگوں کے جنہوں نے قسم کھالی تھی اور اپنے عذر بیان کئے تھے کہ آنحضور ﷺ نے ان کے عذر قبول کر لئے تھے۔

باب ۵۴۸۔ نُزُوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِجْرَ

۵۴۸۔ مقام حجر میں حضور اکرم ﷺ کا قیام۔

(۱۵۴۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحِجْرِ قَالَ لَاتَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مَّآ اَصَابَهُمْ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ ثُمَّ قَنَّعَ رَاْسَهٗ وَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى اَجَازَ الْوَادِيَ

۱۵۴۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد جعفی نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سالم نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مقام حجر ❶ سے گزرے تو آپ ﷺ نے فرمایا ان لوگوں کی آبادیوں سے جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا جب گزرنا ہے تو روتے ہوئے ہی گزرو، ایسا نہ ہو کہ تم پر بھی وہی عذاب آ جائے جو ان پر آیا تھا پھر آپ نے سر مبارک پر چادر ڈال لی اور بڑی تیزی کے ساتھ چلنے لگے یہاں تک کہ اس وادی سے نکل آئے۔

(۱۵۴۵) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِ الْحِجْرِلَا تَدْخُلُوْا عَلٰى هٰٓؤُلَاۤءِ الْمُعَذَّبِيْنَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَآ اَصَابَهُمْ

۱۵۴۵۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اصحاب حجر کے متعلق فرمایا، اس معذب قوم کی بستی سے جب تمہیں گزرنا ہی ہے تو تم روتے ہوئے گزرو، کہیں تم پر بھی وہ عذاب نہ آ جائے جو ان پر آیا تھا۔

(۱۵۴۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ نَافِعِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اَبِيْهِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَعْضِ حَاجَتِهٖ فَقُمْتُ اَسْكُبُ عَلَيْهِ الْمَآءَ لَآاَعْلَمُهٗ اِلَّا قَالَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَغَسَلَ وَجْهَهٗ وَذَهَبَ يَغْسِلُ ذِرَاعَيْهِ فَضَاقَ عَلَيْهِ كُمُّ الْجُبَّةِ فَاَخْرَجَهُمَا مِنْ تَحْتِ جُبَّتِهٖ فَغَسَلَهُمَا ثُمَّ مَسَحَ

۱۵۴۶۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے، ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے، ان سے سعد بن ابراہیم نے، ان سے نافع بن جبیر نے، ان سے عروہ بن مغیرہ نے اور ان سے ان کے والد مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ قضاء حاجت کے لئے تشریف لے گئے تھے پھر (جب آپ قضاء حاجت سے فارغ ہو کر واپس آئے تو) آپ کو وضو کے لئے میں پانی لے کر حاضر ہوا۔ جہاں تک مجھے یقین ہے انہوں نے یہی بیان کیا کہ یہ واقعہ غزوۂ تبوک کا ہے۔ پھر آنحضور ﷺ نے چہرہ مبارک دھویا اور جب کہنیوں تک ہاتھ دھونے کا

❶ "حجر" حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کی بستی کا نام ہے یہ وہی قوم ہے جس پر اللہ تعالیٰ کا عذاب زلزلہ، شدید دھماکوں اور بجلی کی کڑک و چمک کی صورت میں نازل ہوا تھا جب حضور اکرم ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے تشریف لے جا رہے تھے تو یہ مقام راستے میں پڑا تھا۔ حجر شام اور مدینہ کے درمیان ایک بستی تھی۔

عَلٰی خُفَّیْهِ

ارادہ کیا تو جبہ کی آستین تنگ نکلی۔ چنانچہ آپ نے ہاتھ جبے کے نیچے سے نکال لیا اور انہیں دھویا پھر خفین پر مسح کیا۔

(۱۵۴۷) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ يَحْيٰی عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْ حُمَيْدٍ اَقْبَلْنَا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ حَتّٰی اِذَآ اَشْرَفْنَا عَلَی الْمَدِيْنَةِ قَالَ هٰذِهٖ طَابَةُ وَهٰذَا اُحُدٌ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهٗ

۱۵۴۷۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عباس بن سہل ابن سعد نے اور ان سے ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ ہم غزوۂ تبوک سے واپس آ رہے تھے۔ جب آپ مدینہ کے قریب پہنچے تو (مدینہ کی طرف اشارہ کر کے) فرمایا کہ یہ "طابہ" ہے اور یہ احد پہاڑی ہے۔ یہ ہم سے محبت رکھتی ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں۔

(۱۵۴۸) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ اِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ اَقْوَامًا مَّاسِرْتُمْ مَسِيْرًا وَّلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا اِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ

۱۵۴۸۔ ہم سے احمد بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی۔ انہیں حمید طویل نے خبر دی اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ جب رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک سے واپس ہوئے اور مدینہ کے قریب پہنچے تو آپ نے فرمایا مدینہ میں بہت سے ایسے لوگ ہیں کہ جہاں بھی تم چلے اور جس وادی کو بھی تم نے قطع کیا وہ (اپنے دل سے) تمہارے ساتھ ساتھ تھے صحابہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! اگرچہ ان کا قیام اس وقت بھی مدینہ میں ہی رہا ہو؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا ہاں! وہ مدینہ میں رہتے ہوئے بھی (اپنے دل سے تمہارے ساتھ تھے) وہ کسی عذر کی وجہ سے رک گئے تھے۔

باب ۵۴۹۔ كِتَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی كِسْرٰی وَقَيْصَرَ

۵۴۹۔ کسریٰ اور قیصر کو رسول اللہ ﷺ کے خطوط۔

(۱۵۴۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ فِیْ كِتَابِهٖ اِلٰی كِسْرٰی مَعَ عَبْدِاللّٰهِ بْنُ حُذَافَةَ السَّهْمِیِّ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰی عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ فَدَفَعَهٗ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ اِلٰی كِسْرٰی فَلَمَّا قَرَاهٗ مَزَّقَهٗ فَحَسِبْتُ اَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ قَالَ فَدَعَا عَلَيْهِم رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ

۱۵۴۹۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا انہیں عبیداللہ بن عبداللہ نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے (ملک فارس) کسریٰ کے پاس اپنا گرامی نامہ عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ کو دے کر بھیجا۔ اور انہیں حکم دیا کہ یہ مکتوب بحرین کے گورنر کو دے دیں (جو کسریٰ کی طرف سے متعین تھا) کسریٰ نے جب آپ کا مکتوب پڑھا تو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ میرا خیال ہے کہ ابن مسیب نے بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ نے ان کے لئے بدعا کی کہ وہ بھی پاش پاش ہو جائیں۔

(۱۵۵۰) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ قَالَ لَقَدْ نَفَعَنِى اللّٰهُ بِكَلِمَةٍ سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامَ الْجَمَلِ بَعْدَ مَاكِدْتُّ اَنْ اَلْحَقَ بِاَصْحَابِ الْجَمَلِ فَاُقَاتِلَ مَعَهُمْ قَالَ لَمَّا بَلَغَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ اَهْلَ فَارِسَ قَدْ مَلَّكُوْا عَلَيْهِمْ بِنْتَ كِسْرٰى قَالَ لَنْ يُّفْلِحَ قَوْمٌ وَّلَّوْا اَمْرَهُمْ اِمْرَاَةً

۱۵۵۰۔ ہم سے عثمان بن ہیثم نے حدیث بیان کی ان سے عوف نے حدیث بیان کی، ان سے حسن نے، ان سے ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ جمل کے موقعہ پر وہ جملہ میرے کام آ گیا جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا۔ میں ارادہ کر چکا تھا کہ اصحاب جمل (عائشہ رضی اللہ عنہا اور آپ کا لشکر) کے ساتھ شریک ہو کر (علی رضی اللہ عنہ کی فوج سے) لڑوں۔ آپ نے بیان کیا کہ جب حضور اکرم ﷺ کو معلوم ہوا کہ اہل فارس نے کسریٰ کی لڑکی کو وارث تخت وتاج بنا دیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ وہ قوم کبھی فلاح نہیں پا سکتی جس نے اپنا حکمران کسی عورت کو بنایا ہو۔

(۱۵۵۱) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ عَنِ السَّآئِبِ بْنِ يَزِيْدَ يَقُوْلُ اَذْكُرُ اَنِّىْ خَرَجْتُ مَعَ الْغِلْمَانِ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ نَتَلَقّٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ سُفْيٰنُ مَرَّةً مَّعَ الصِّبْيَانِ

۱۵۵۱۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے سنا، انہوں نے سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ مجھے یاد ہے، جب میں بچوں کے ساتھ ثنیۃ الوداع کی طرف رسول اللہ ﷺ کا استقبال کرنے گیا تھا، سفیان نے ایک مرتبہ (مع الغلمان کے بجائے) مع الصبیان بیان کیا۔

(۱۵۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّآئِبِ اَذْكُرُاَنِّىْ خَرَجْتُ مَعَ الصِّبْيَانِ نَتَلَقَّى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ مَقْدَمَهٗ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ

۱۵۵۲۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے اور ان سے سائب رضی اللہ عنہ نے کہ مجھے یاد ہے جب میں بچوں کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کا استقبال کرنے گیا تھا، آپ غزوۂ تبوک سے واپس تشریف لا رہے تھے۔

باب ۵۵۰. مَرَضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَفَاتِهٖ وَقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ وَقَالَ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَآئِشَةُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِىْ مَرَضِهِ الَّذِىْ مَاتَ فِيْهِ يَاعَآئِشَةُ مَآاَزَالُ اَجِدُ اَلَمَ الطَّعَامِ الَّذِىْ اَكَلْتُ بِخَيْبَرَ فَهٰذَا اَوَانُ وَجَدْتُّ انْقِطَاعَ اَبْهَرِىْ مِنْ ذٰلِكَ السُّمِّ

۵۵۰۔ نبی کریم ﷺ کی علالت اور آپ کی وفات۔ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ "آپ کو بھی مرنا ہے اور انہیں بھی مرنا ہے۔ پھر تم سب قیامت کے دن اپنے رب کے حضور میں مباحثہ کرو گے۔" اور یونس نے بیان کیا، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ اپنے مرض وفات میں فرماتے تھے کہ خیبر میں (زہر آلود) لقمہ جو میں نے اپنے منہ میں رکھ لیا تھا اس کی اذیت آج بھی میں محسوس کرتا ہوں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میری شہ رگ اس زہر کی اذیت کی وجہ سے کٹ جائے گی۔

(۱۵۵۳) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ

۱۵۵۳۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ نے ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اور ان

قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقْرَأُفِی الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ثُمَّ مَاصَلّٰی لَنَا بَعْدَھَا حَتّٰی قَبَضَہُ اللّٰہُ

سے ام فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے سنا رسول اللہ ﷺ مغرب کی نماز میں والمرسلات عرفاً کی قراءت کر رہے تھے، اس کے بعد پھر آپ نے ہمیں کبھی نماز نہیں پڑھائی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح قبض کر لی۔

(۱۵۵۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ یُدْنِی ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ لَہٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اِنَّ لَنَآ اَبْنَآءً مِّثْلَہٗ فَقَالَ اِنَّہٗ مِنْ حَیْثُ تَعْلَمُ فَسَاَلَ عُمَرُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ اِذَا جَآءَ نَصْرُاللّٰہِ وَالْفَتْحُ فَقَالَ اَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَہٗ اِیَّاہُ فَقَالَ مَآاَعْلَمُ مِنْھَآ اِلَّا مَاتَعْلَمُ

۱۵۵۴۔ ہم سے محمد بن عرعرہ نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ آپ کو (مجالس میں) اپنے قریب بٹھاتے تھے، اس پر عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اعتراض کیا کہ اس جیسے تو ہمارے بچے ہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے یہ طرزعمل جس وجہ سے اختیار کیا وہ آپ کو معلوم بھی ہے؟ پھر عمر رضی اللہ عنہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اس آیت یعنی "اذا جاء نصراللّٰہ و الفتح" کے متعلق پوچھا، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کی وفات تھی۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے (آیت میں) اسی کی اطلاع دی ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو تم نے بتایا میں بھی اس آیت کے متعلق جانتا ہوں۔

(۱۵۵۵) حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ سُلَیْمَانَ الْاَحْوَلِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَوْمَ الْخَمِیْسِ وَمَا یَوْمُ الْخَمِیْسِ اشْتَدَّ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَجَعُہٗ فَقَالَ ائْتُوْنِیْ اَکْتُبْ لَکُمْ کِتَابًا لَّنْ تَضِلُّوْا بَعْدَہٗ اَبَدًا فَتَنَازَعُوْا وَلَا یَنْبَغِیْ عِنْدَ نَبِیٍّ تَنَازُعٌ فَقَالُوْا مَاشَانُہٗ اَھَجَرَ اسْتَفْھِمُوْہُ فَذَھَبُوْا یَرُدُّوْنَ عَلَیْہِ فَقَالَ دَعُوْنِیْ فَالَّذِیْ اَنَا فِیْہِ خَیْرٌ مِّمَّا تَدْعُوْنِیْٓ اِلَیْہِ وَاَوْصَاھُمْ بِثَلٰثٍ قَالَ اَخْرِجُوا الْمُشْرِکِیْنَ مِنْ جَزِیْرَۃِ الْعَرَبِ وَاَجِیْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِمَا کُنْتُ اُجِیْزُ ھُمْ وَسَکَتَ عَنِ الثَّالِثَۃِ اَوْقَالَ فَنَسِیْتُھَا

۱۵۵۵۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان احول نے، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا۔ کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جمعرات کے دن کا ذکر کیا اور فرمایا معلوم بھی ہے جمعرات کے دن کیا ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے مرض میں شدت اسی دن ہوئی تھی۔ اس وقت آپ نے فرمایا تھا کہ لاؤ میں تمہارے لئے ہدایات لکھ دوں۔ کہ اس کے بعد پھر تم کبھی صحیح راستے کو نہ چھوڑو گے لیکن وہاں اختلاف و نزاع ہو گیا (کہ آنحضور ﷺ کو اس شدت کی حالت میں لکھوانے کی تکلیف دینی چاہئے یا نہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا) نبی کے سامنے اختلاف و نزاع نہ ہونا چاہئے۔ بعض حضرات نے کہا، کیا بات ہے شاید آپ کا وقت قریب آ گیا ہے۔ اس کے متعلق خود آنحضور ﷺ ہی سے پوچھ لیا جائے (کہ آپ کے حکم کی تعمیل کی جائے یا آپ کی تکلیف کے پیش نظر اسے ملتوی کر دیا جائے) یہ جملہ صحابہ نے آپ کے سامنے کئی بار دہرایا۔ پھر آپ ﷺ نے خود ہی فرما دیا کہ مجھے چھوڑ دو۔ میں جس احوال و کیفیات میں ہوں وہ اس سے بہتر ہے جو تم چاہتے ہو۔ اس کے بعد آپ کے صحابہ کو تین چیزوں کی وصیت کی۔ فرمایا کہ مشرکین کو

جزیرہ عرب سے نکال دو۔ وفود (جو قبائل کے تمہارے پاس آئیں) انہیں اس طرح دیا کرو جس طرح میں دیتا آیا ہوں اور (سلیمان احول نے بیان کیا کہ سعید بن جبیر نے) تیسری وصیت کے متعلق سکوت اختیار فرمایا یا انہوں نے یہ کہا کہ میں اسے بھول گیا ہوں۔

(۱۵۵۶) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَیْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا حُضِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَفِی الْبَیْتِ رِجَالٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلُمُّوْا اَکْتُبْ لَکُمْ کِتَابًا لَّاتَضِلُّوْا بَعْدَه، فَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْغَلَبَهُ الْوَجَعُ وَعِنْدَ کُمُ الْقُرْاٰنُ حَسْبُنَا کِتَابُ اللّٰهِ فَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْبَیْتِ وَاخْتَصَمُوْا فَمِنْهُمْ مَنْ یَّقُوْلُ قَرِّبُوْا یَکْتُبْ لَکُمْ کِتَابًا لَا تَضِلُّوْا بَعْدَه، وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ غَیْرَ ذٰلِکَ فَلَمَّا اَکْثَرُوا اللَّغْوَ وَالْاِخْتِلَافَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا قَالَ عُبَیْدُاللّٰهِ فَکَانَ یَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّ الرَّزِیَّةَ کُلَّ الرَّزِیَّةِ مَاحَالَ بَیْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبَیْنَ اَنْ یَّکْتُبَ لَهُمْ ذٰلِکَ الْکِتَابَ لِاخْتِلَافِهِمْ وَلَغَطِهِمْ

۱۵۵۶۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو گھر میں بہت سے صحابہ موجود تھے۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ لاؤ۔ میں تمہارے لئے ایک دستاویز لکھ دوں کہ اس کے بعد پھر تم گمراہ نہ ہو سکو۔ اس پر بعض صحابہ نے کہا کہ آنحضور ﷺ اس وقت کرب و بے چینی کے عالم میں ہیں۔ تمہارے پاس قرآن موجود ہے۔ ہمارے لئے تو اللہ کی کتاب کافی ہے۔ پھر اہل بیت میں اس مسئلہ میں اختلاف ونزاع ہونے لگا۔ بعض نے تو یہ کہا کہ آنحضور ﷺ کو کوئی چیز دے دو کہ اس پر آپ دستاویز لکھوا دیں۔ اور تم اس کے بعد گمراہ نہ ہو سکو۔ بعض حضرات نے اس سے مختلف دوسری رائے پر اصرار کیا جب اختلاف ونزاع زیادہ ہوا تو آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہاں سے جاؤ۔ عبیداللہ نے بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مصیبت سب سے بڑی یہ تھی کہ لوگوں نے اختلاف اور شور کر کے آنحضور ﷺ کو وہ دستاویز نہیں لکھنے دی۔

(۱۵۵۷) حَدَّثَنَا یَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِیْلِ اللَّخْمِیُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا فِیْ شَکْوَاهُ الَّذِیْ قُبِضَ فِیْهِ فَسَآرَّهَا بِشَیْءٍ فَبَکَتْ ثُمَّ دَعَاهَا فَسَآرَّهَا بِشَیْءٍ فَضَحِکَتْ فَسَأَلْنَا عَنْ ذٰلِکَ فَقَالَتْ سَآرَّنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه، یُقْبَضُ فِیْ وَجَعِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ فَبَکَیْتُ ثُمَّ سَآرَّنِیْ فَاَخْبَرَنِیْ اَنِّیْ اَوَّلُ اَهْلِهٖ یَتْبَعُه، فَضَحِکْتُ

۱۵۵۷۔ ہم سے یسرہ بن صفوان بن جمیل لخمی نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ مرض الوفات میں رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور آہستہ سے کوئی بات ان سے کہی جس پر وہ رونے لگیں۔ پھر دوبارہ آہستہ سے کوئی بات کہی جس پر وہ ہنسنے لگیں۔ پھر ہم نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ آپ کی وفات اسی مرض میں ہو جائے گی۔ میں یہ سن کر رونے لگی۔ دوسری مرتبہ آپ نے مجھ سے جب سرگوشی کی تو یہ فرمایا کہ آپ کے گھر کے افراد میں سب سے پہلے میں آپ سے جا ملوں گی تو میں ہنستی تھی۔

(۱۵۵۸) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَسْمَعُ اَنَّهٗ لَایَمُوْتُ نَبِیٌّ حَتّٰی یُخَیَّرُ بَیْنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ فَسَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ وَاَخَذَتْهُ بُحَّةٌ یَّقُوْلُ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ اَلْاٰیَةَ فَظَنَنْتُ اَنَّهٗ خُیِّرَ

۱۵۵۸۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے، ان سے عروہ نے اوران سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں سنتی آئی تھی کہ ہر نبی کو وفات سے پہلے دنیا اور آخرت کے بارے میں اختیار دیا جاتا ہے پھر میں نے رسول اللہ ﷺ سے بھی سنا آپ اپنے مرض الوفات میں فرمارہے تھے۔ آپ کی آواز بھاری ہوچکی تھی۔ آپ آیت "مع الذین انعم اللّٰہ علیھم الخ" کی تلاوت کررہے تھے (یعنی ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ نے انعام کیا ہے) مجھے یقین ہوگیا کہ آپ کو بھی اختیار دے دیا گیا ہے (اور آپ ﷺ نے آخرت کی زندگی پسند فرمالی ہے۔)

(۱۵۵۹) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَمَّا مَرِضَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَرَضَ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ جَعَلَ یَقُوْلُ فِی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی

۱۵۵۹۔ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعد نے، ان سے عروہ نے اوران سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے مرض الوفات میں باربار فرماتے تھے "اللھم فی الرفیق الاعلیٰ" (اے اللہ! مجھے جماعت انبیاء اور صدیقین میں پہنچادے جو اعلیٰ علیین میں رہتے ہیں۔)

(۱۵۶۰) حَدَّثَنَا اَبُو الْیَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اِنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ صَحِیْحٌ یَقُوْلُ اِنَّهٗ لَمْ یُقْبَضْ نَبِیٌّ قَطُّ حَتّٰی یَرٰی مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ یُحَیَّا اَوْیُخَیَّرَ فَلَمَّا اشْتَكٰی وَحَضَرَهُ الْقَبْضُ وَ رَاْسُهٗ عَلٰی فَخِذِ عَآئِشَةَ غُشِیَ عَلَیْهِ فَلَمَّآ اَفَاقَ شَخَصَ بَصَرُهٗ نَحْوَسَقْفِ الْبَیْتِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ فِی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی فَقُلْتُ اِذًا لَّایُجَاوِرُنَا فَعَرَفْتُ اَنَّهٗ حَدِیْثُهُ الَّذِیْ كَانَ یُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِیْحٌ

۱۵۶۰۔ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبردی۔ انہیں زہری نے کہ عروہ بن زبیر نے بیان کیا اوران سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ تندرستی اور صحت کے زمانے میں رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ جب بھی کسی نبی کی روح قبض کی جاتی ہے تو پہلے جنت میں اس کی قیام گاہ اسے ضرور دکھادی جاتی ہے۔ پھر اسے (دنیا یا آخرت کی زندگی کے منتخب کرنے کا) اختیار دیا جاتا ہے (راوی کو شک تھا کہ لفظ یحیا ہے یا یخیر، دونوں کا مفہوم ایک ہے) پھر جب حضور اکرم ﷺ بیمار پڑے اور وقت قریب آگیا تو سر مبارک عائشہ رضی اللہ عنہا کی ران پر تھا اور آپ پر غشی طاری ہوگئی تھی۔ جب افاقہ ہوا تو آپ کی آنکھیں گھر کی چھت کی صرف اٹھ گئیں اور آپ نے فرمایا اللّٰھم فی الرفیق الاعلیٰ۔ میں سمجھ گئی کہ اب حضور اکرم ہمیں (یعنی دنیاوی زندگی کو) پسند نہیں فرمائیں گے، مجھے وہ حدیث یاد آگئی جو آپ نے صحت کے زمانے میں بیان فرمائی تھی۔

(۱۵۶۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَفَّانُ عَنْ صَخْرِبْنِ جُوَیْرِیَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ

۱۵۶۱۔ہم سے محمد نے حدیث بیان کی ان سے عفان نے حدیث بیان کی۔ ان سے صخر بن جویریہ نے، ان سے عبدالرحمن بن قاسم نے، ان

عَآئِشَةَ دَخَلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُسْنِدَتُه' اِلٰى صَدْرِیْ وَمَعَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ سِوَاكٌ رَّطْبٌ يَّسْتَنُّ بِهٖ فَاَبَدَّه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَصَرَه' فَاَخَذْتُ السِّوَاكَ فَقَصَمْتُه' وَنَفَضْتُه' وَطَيَّبْتُه' ثُمَّ دَفَعْتُه' اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنَّ بِهٖ فَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَنَّ اِسْتِنَانًا قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهُ فَمَا عَدَا اَنْ فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَه' اَوْاِصْبَعَه' ثُمَّ قَالَ فِي الرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى ثَلٰثًا ثُمَّ قَضٰى وَكَانَتْ تَقُوْلُ مَاتَ بَيْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ

سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ (ان کے بھائی) عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضور اکرم میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں ایک تازہ مسواک استعمال کے لئے تھی۔ حضور اکرم ﷺ اس مسواک کی طرف دیکھتے رہے۔ چنانچہ میں نے ان سے مسواک لے لی اور اسے اپنے دانتوں سے چبا کر اچھی طرح جھاڑنے اور صاف کرنے کے بعد آنحضور ﷺ کو دے دی۔ آپ نے وہ مسواک استعمال کی جتنے عمدہ طریقہ سے آنحضور ﷺ اس وقت مسواک کر رہے تھے۔ میں نے آپ کو اتنی اچھی مسواک کرتے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ مسواک سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے اپنا ہاتھ یا اپنی انگلی اٹھائی اور فرمایا "في الرفيق الا علي" تین مرتبہ، اور آپ کا انتقال ہو گیا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ حضور اکرم ﷺ کی وفات ہوئی تو سر مبارک میری ہنسلی اور ٹھوڑی کے درمیان میں تھا۔

(۱۵۶۲) حَدَّثَنِیْ حِبَّانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ اَنَّ عَآئِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى نَفَثَ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ وَمَسَحَ عَنْهُ بِيَدِهٖ فَلَمَّا اشْتَكٰى وَجَعَهُ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِيْهِ طَفِقْتُ اَنْفُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِیْ كَانَ يَنْفِثُ وَاَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

۱۵۶۲۔ مجھ سے حبان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں یونس نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے، کہا کہ مجھے عروہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ جب بیمار پڑتے تو اپنے اوپر معوذتین (سورۂ فلق اور سورۃ الناس) پڑھ کر دم کر لیتے تھے۔ اور اپنے جسم پر اپنے ہاتھ پھیر لیا کرتے تھے۔ پھر جب وہ مرض آپ کو لاحق ہوا جس میں آپ کی وفات ہوئی تو میں معوذتین پڑھ کر آپ پر دم کیا کرتی تھی۔ اور ہاتھ پر دم کر کے حضور اکرم ﷺ کے جسم پر پھیرا کرتی تھی۔

(۱۵۶۳) حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ مُخْتَارٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَآئِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْغَتْ اِلَيْهِ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ وَهُوَ مُسْنِدٌ اِلَیَّ ظَهْرَه' يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِيْقِ

۱۵۶۳۔ ہم سے معلّٰی بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن مختار نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے حدیث بیان کی، ان سے عباد بن عبداللہ بن زبیر نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ وفات سے کچھ پہلے آنحضور ﷺ پشت سے آپ کا سہارا لئے ہوئے تھے۔ آپ نے کان لگا کر سنا کہ حضور اکرم ﷺ کہہ رہے ہیں 'اے اللہ! میری مغفرت فرمائیے۔ مجھ پر رحم کیجئے اور رفیقوں سے مجھے ملا دیجئے۔

(۱۵۶۴) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ هِلَالِ الْوَزَّانِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ

۱۵۶۴۔ ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال وزان نے، ان سے عروہ بن زبیر نے اور

عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ لَمْ يَقُمْ مِنْهُ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَآءِ هِمْ مَسَاجِدَ قَالَتْ عَآئِشَةُ لَوْلَا ذٰلِکَ لَاُبْرِزَ قَبْرُه، خَشِیَ اَنْ يُّتَّخَذَ مَسْجِدًا

ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے مرض الوفات میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کو اپنی رحمت سے دور کردیا کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا تھا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اگر یہ بات نہ ہوتی تو آپ کی قبر بھی کھلی رکھی جاتی لیکن آپ کو یہ خطرہ تھا کہ کہیں آپ کی قبر کو بھی سجدہ نہ کیا جانے لگے۔

(۱۵۶۵) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمَّا ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاشْتَدَّ بِه وَجَعُه اسْتَاْذَنَ اَزْوَاجَه اَنْ يُّمَرَّضَ فِیْ بَيْتِیْ فَاَذِنَّ لَه، فَخَرَجَ وَهُوَبَيْنَ الرَّجُلَيْنِ تَخُطُّ رِجْلَاهُ فِی الْاَرْضِ بَيْنَ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ وَبَيْنَ رَجُلٍ اٰخَرَ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ فَاَخْبَرْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بِالَّذِیْ قَالَتْ عَآئِشَةُ فَقَالَ لِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ هَلْ تَدْرِیْ مَنِ الرَّجُلُ الْاٰخَرُ الَّذِیْ لَمْ تُسَمِّ عَآئِشَةُ قَالَ قُلْتُ لَاقَالَ بْنُ عَبَّاسٍ هُوَ عَلِیٌّ وَّكَانَتْ عَآئِشَةُ زَوْجُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُحَدِّثُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ بَيْتِیْ وَاشْتَدَّ بِه وَجَعُه، قَالَ هَرِيْقُوْا عَلَیَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَّمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّیْ اَعْهَدُ اِلَی النَّاسِ فَاَجْلَسْنَاهُ فِیْ مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ طَفِقْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ مِنْ تِلْکَ الْقِرَبِ حَتّٰی طَفِقَ يُشِيْرُ اِلَيْنَا بِيَدِه اَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ قَالَتْ ثُمَّ خَرَجَ اِلَی النَّاسِ فَصَلّٰی لَهُمْ وَ خَطَبَهُمْ وَاَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ وَعَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ قَالَا لَمَّا نَزَلَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَه، عَلٰی وَجْهِه فَاِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَّجْهِه وَهُوَ كَذٰلِکَ يَقُوْلُ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَی الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰی اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَآءِ هِمْ

۱۵۶۵۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، کہا کہ مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے خبر دی اور ان سے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ کے لئے اٹھنا بیٹھنا دشوار ہوگیا اور آپ کے مرض نے شدت اختیار کرلی تو تمام ازواج مطہرات سے آپ نے میرے گھر میں ایام مرض گزارنے کے لئے اجازت مانگی۔ سب نے جب اجازت دے دی تو آپ (میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے) نکلے۔ آپ دو حضرات کا سہارا لئے ہوئے تھے اور آپ کے پاؤں زمین سے گھسٹ رہے تھے۔ جن دو صحابہ کا آپ سہارا لئے ہوئے تھے ان میں ایک عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ تھے اور ایک اور صاحب۔ عبیداللہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت کی خبر عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو دی تو آپ نے فرمایا۔ معلوم ہے وہ دوسرے صاحب جن کا نام عائشہ رضی اللہ عنہا نے نہیں لیا، کون ہیں؟ بیان کیا کہ میں نے عرض کی مجھے تو نہیں معلوم ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ علی رضی اللہ عنہ تھے اور نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی تھیں کہ حضور اکرم ﷺ جب میرے گھر میں آگئے اور تکلیف بہت بڑھ گئی۔ تو آپ نے فرمایا کہ سات مشکیزے پانی کے بھر کر لاؤ اور مجھ پر دھارو۔ ممکن ہے اس طرح میں لوگوں کو کچھ نصیحت کرنے کے قابل ہو جاؤں چنانچہ ہم نے آپ کو آپ کی زوجہ مطہرہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے ایک لگن میں بٹھایا اور انہیں مشکیزوں سے آپ پر پانی دھارنے لگے۔ آخر آنحضور ﷺ نے اپنے ہاتھ کے اشارہ سے روکا کہ بس ہو چکا۔ بیان کیا کہ پھر آپ لوگوں کے مجمع میں گئے اور نماز پڑھائی اور لوگوں کو خطاب کیا اور مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی اور ان سے عائشہ اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ شدت مرض کے ایام میں حضور اکرم ﷺ اپنی چادر کھینچ

مَسَاجِدَ يُحَذِّرُ مَا صَنَعُوْا اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُاللّٰهِ اَنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاجَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ وَمَا حَمَلَنِیْ عَلٰى كَثْرَةِ مُرَاجَعَتِهٖ اِلَّا اَنَّه، لَمْ يَقَعْ فِیْ قَلْبِیْ اَنْ يُّحِبَّ النَّاسُ بَعْدَه، رَجُلًا قَامَ مَقَامَه، اَبَدًا وَّلَا كُنْتُ اُرٰى اَنَّه، لَنْ يَّقُوْمَ اَحَدٌ مَقَامَه، اِلَّا تَشَآءَمَ النَّاسُ بِهٖ فَاَرَدْتُّ اَنْ يَّعْدِلَ ذٰلِکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِیْ بَكْرٍ رَوَاهُ ابْنُ عُمَرَ وَاَبُوْمُوْسٰى وَابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کر بار بار اپنے چہرے پر ڈالتے تھے پھر جب دم گھٹنے لگتا تو چہرے سے ہٹا دیتے، آپ اسی شدت کے عالم میں فرماتے تھے، یہود و نصاریٰ اللہ کی رحمت سے دور ہوئے۔ کیونکہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا تھا، اس طرح آپ (اپنی امت کو) ان کا عمل اختیار کرنے سے بچتے رہنے کی تاکید کر رہے تھے۔ مجھے عبید اللہ نے خبر دی کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ میں نے اس معاملہ (یعنی ایام مرض میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امام بنانے کے سلسلے) میں حضور اکرم ﷺ سے بار بار پوچھا۔ میں بار بار آپ سے صرف اس لئے پوچھ رہی تھی کہ مجھے یقین تھا کہ جو شخص (حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں) آپ کی جگہ پر کھڑا ہوگا لوگ اس سے محبت نہیں رکھ سکتے بلکہ میرا خیال تھا کہ لوگ اس سے بدفالی لیں گے اس لئے میں چاہتی تھی کہ آنحضور ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس کا حکم نہ دیں۔ اس کی روایت ابن عمر، ابوموسیٰ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے کی۔

(۱۵۶۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِی ابْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقٰسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّه، لَبَيْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ فَلَا اَكْرَهُ شِدَّةَ الْمَوْتِ لِاَحَدٍ اَبَدًا بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۵۶۶۔ ہم سے عبد اللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن الہاد نے حدیث بیان کی ان سے عبد الرحمٰن بن قاسم نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ میری، ہنسلی اور ٹھوڑی کے درمیان میں (سر رکھے ہوئے) تھے۔ حضور اکرم کی شدت (سکرات) دیکھنے کے بعد اب میں کسی کے لئے بھی نزع کی شدت کو برا نہیں خیال کرتی۔

(۱۵۶۷) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبِ ابْنِ اَبِیْ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِکٍ الْاَنْصَارِيُّ وَكَانَ كَعْبُ بْنُ مَالِکٍ اَحَدَ الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ تِيْبَ عَلَيْهِمْ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَه، اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ وَجَعِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِيْهِ فَقَالَ النَّاسُ يَا اَبَا حَسَنٍ كَيْفَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصْبَحَ بِحَمْدِاللّٰهِ بَارِئًا فَاَخَذَ بِيَدِهٖ عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَقَالَ لَه، اَنْتَ وَاللّٰهِ بَعْدَ

۱۵۶۷۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن شعیب بن ابی حمزہ نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبد اللہ بن کعب بن مالک انصاری نے خبر دی۔ اور کعب بن مالک رضی اللہ عنہ ان تین صحابہ میں سے ایک تھے جن کی توبہ قبول ہوئی تھی (غزوۂ تبوک میں شرکت نہ کرنے کی) انہیں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے پاس سے باہر آئے۔ یہ اس مرض کا واقعہ ہے جس میں آپ نے وفات پائی تھی۔ صحابہؓ نے آپ سے پوچھا ابوالحسن! حضور اکرم نے صبح کیسے گزاری؟ انہوں نے بتایا کہ بحمد اللہ اب آپ کو افاقہ ہے پھر عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ نے علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کے کہا

ثَلٰثٍ عَبْدُالْعَصَا وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ لَاُرٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْفَ يُتَوَفّٰی مِنْ وَّجْعِهٖ هٰذَا اِنِّیْ لَاَعْرِفُ وُجُوْهَ بَنِیْ عَبْدِالْمُطَّلِبِ عِنْدَ الْمَوْتِ اِذْهَبْ بِنَآ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْنَسْاَلْهُ فِيْمَنْ هٰذَا الْاَمْرُ اِنْ كَانَ فِيْنَا عَلِمْنَا ذٰلِكَ وَاِنْ كَانَ فِیْ غَيْرِنَا عَلِمْنَاهُ فَاَوْصٰی بِنَا فَقَالَ عَلِیٌّ اِنَّا وَاللّٰهِ لَئِنْ سَاَلْنَا هَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنَعْنَاهَا لَايُعْطِيْنَاهَا النَّاسُ بَعْدَهٗ وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ لَا اَسْاَلُهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ تم خدا کی قسم! تین دن کے بعد محکومانہ زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاؤ گے۔ خدا گواہ ہے مجھے تو ایسے آثار نظر آرہے ہیں کہ حضور اکرم اس مرض سے افاقہ نہیں پاسکیں گے۔ موت کے وقت بنو عبدالمطلب کے چہروں کی مجھے خوب شناخت ہے۔ اب ہمیں حضور اکرم ﷺ کے پاس چلنا چاہئے۔ اور آپ سے پوچھنا چاہئے کہ خلافت ہمارے بعد کسے ملے گی، اگر ہم اس کے مستحق ہیں تو ہمیں معلوم ہو جائے گا اور اگر کوئی دوسرا مستحق ہوگا تو وہ بھی معلوم ہو جائے گا اور آنحضور ﷺ ہمارے متعلق اپنے خلیفہ کو ممکن ہے کچھ وصیتیں کر دیں۔ لیکن علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم! اگر ہم نے اس وقت آپ سے اس کے متعلق کچھ پوچھا اور آپ نے انکار کر دیا تو پھر لوگ ہمیں ہمیشہ کے لئے اس سے محروم کر دیں گے۔ میں تو ہرگز آنحضور ﷺ سے اس کے متعلق کچھ نہیں پوچھوں گا۔

(۱۵۶۸) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ الْمُسْلِمِيْنَ بَيْنَمَا هُمْ فِیْ صَلَاةِ الْفَجْرِ مِنْ يَّوْمِ الْاِثْنَيْنِ وَاَبُوْ بَكْرٍ يُصَلِّیْ لَهُمْ لَمْ يَفْجَاهُمْ اِلَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَشَفَ سِتْرَ حُجْرَةِ عَآئِشَةَ فَنَظَرَ اِلَيْهِمْ وَهُمْ فِیْ صُفُوْفِ الصَّلٰوةِ ثُمَّ تَبَسَّمَ يَضْحَكُ فَنَكَصَ اَبُوْبَكْرٍ عَلٰی عَقِبَيْهِ لِيَصِلَ الصَّفَّ وَظَنَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ اَنْ يَّخْرُجَ اِلَی الصَّلٰوةِ فَقَالَ اَنَسٌ وَهَمَّ الْمُسْلِمُوْنَ اَنْ يَّفْتَتِنُوْا فِیْ صَلَاتِهِمْ فَرَحًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ بِيَدِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتِمُّوْا صَلَاتَكُمْ ثُمَّ دَخَلَ الْحُجْرَةَ وَاَرْخَی السِّتْرَ

۱۵۶۸۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہا کہ مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پیر کے دن مسلمان فجر کی نماز پڑھ رہے تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نماز پڑھا رہے تھے کہ اچانک حضور اکرم ﷺ نظر آئے۔ آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کا پردہ اٹھا کر صحابہ کو دیکھ رہے تھے۔ صحابہ نماز میں صف بستہ کھڑے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے دیکھ کر تبسم فرمایا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ پیچھے ہٹنے لگے تاکہ صف میں آجائیں آپ نے سمجھا کہ حضور اکرم ﷺ نماز کے لئے تشریف لانا چاہتے ہیں۔ انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، قریب تھا کہ مسلمان اس خوشی کی وجہ سے جو حضور اکرم ﷺ کو دیکھ کر انہیں ہوئی تھی۔ اپنی نماز کے بارے میں آزمائش میں پڑ جاتے لیکن آنحضور ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ نماز پوری کرلو۔ پھر آپ حجرہ کے اندر تشریف لے گئے اور پردہ ڈال لیا۔

(۱۵۶۹) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عِيْسَی ابْنُ يُوْنُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِی ابْنُ اَبِیْ مُلَيْكَةَ اَنَّ اَبَا عَمْرٍو ذَكْوَانَ مَوْلٰی عَآئِشَةَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَآئِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ اِنَّ مِنْ نِّعَمِ اللّٰهِ عَلَیَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّیَ فِیْ بَيْتِیْ

۱۵۶۹۔ مجھ سے محمد بن عبید نے حدیث بیان کی۔ ان سے عیسیٰ بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن سعید نے بیان کیا انہیں ابن ابی ملیکہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا کے مولیٰ ابو عمرو ذکوان نے، کہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں۔ اللہ کی بہت سی نعمتوں میں ایک نعمت مجھ پر یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات میرے گھر میں اور

وَفِیْ یَوْمِیْ وَبَیْنَ سَحْرِیْ وَ نَحْرِیْ وَ اَنَّ اللّٰهَ جَمَعَ بَیْنَ رِیْقِیْ وَ رِیْقِهٖ عِنْدَ مَوْتِهٖ دَخَلَ عَلَیَّ عَبْدُالرَّحْمٰنِ وَبِیَدِهِ السِّوَاکُ وَاَنَا مُسْنِدَةٌ رَّسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَیْتُه، یَنْظُرُ اِلَیْهِ وَعَرَفْتُ اَنَّه، یُحِبُّ السِّوَاکَ فَقُلْتُ اٰخُذُه، لَکَ فَاَشَارَ بِرَاْسِهٖ اَنْ نَعَمْ فَتَنَاوَلْتُه، فَاشْتَدَّ عَلَیْهِ وَقُلْتُ اُلَیِّنُه، لَکَ فَاَشَارَ بِرَاْسِهٖ اَنْ نَعَمْ فَلَیَّنْتُه، وَبَیْنَ یَدَیْهِ رَکْوَةٌ اَوْ عُلْبَةٌ یَشُکُّ عُمَرُ فِیْهَا مَآءٌ فَجَعَلَ یُدْخِلُ یَدَیْهِ فِی الْمَآءِ فَیَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَه، یَقُوْلُ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ اِنَّ لِلْمَوْتِ سَکَرَاتٍ ثُمَّ نَصَبَ یَدَه، فَجَعَلَ یَقُوْلُ فِی الرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی حَتّٰی قُبِضَ وَمَالَتْ یَدُه،

میری باری کے دن ہوئی۔ آپ اس وقت میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضور کی وفات کے وقت میرے اور آنحضور ﷺ کے تھوک کو ایک ساتھ جمع کیا تھا، کہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ گھر میں آئے تو ان کے ہاتھ میں ایک مسواک تھی۔ آنحضور ﷺ مجھ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ میں نے دیکھا کہ آپ اس مسواک کو دیکھ رہے ہیں۔ میں سمجھ گئی کہ آپ مسواک کرنا چاہتے ہیں۔ اس لئے میں نے آپ سے پوچھا یہ مسواک آپ کے لئے لے لوں؟ آپ نے سر کے اشارہ سے اثبات میں جواب دیا۔ میں نے وہ مسواک ان سے لے لی۔ آنحضور ﷺ اسے چبا نہ سکے۔ میں نے پوچھا آپ کے لئے میں اسے نرم کر دوں؟ آپ نے سر کے اشارہ سے اثبات میں جواب دیا۔ میں نے مسواک نرم کر دی، آپ کے سامنے ایک بڑا پیالہ تھا، چمڑے کا یا لکڑی کا (راوی حدیث) عمر کو اس سلسلے میں شک تھا۔ اس کے اندر پانی تھا۔ آنحضور ﷺ بار بار اپنے ہاتھ اس کے اندر داخل کرتے اور پھر انہیں اپنے چہرے پر پھیرتے۔ اور فرماتے لاالٰہ الا اللہ (اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں) موت کے وقت شدت ہوتی ہے۔ پھر آپ اپنا ہاتھ اٹھا کر کہنے لگے "فی الرفیق الاعلیٰ" یہاں تک کہ آپ رحلت فرما گئے اور ہاتھ نیچے آ گیا۔

(۱۵۷۰) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَسْاَلُ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ یَقُوْلُ اَیْنَ اَنَا غَدًا اَیْنَ اَنَا غَدًا یُرِیْدُ یَوْمَ عَائِشَةَ فَاَذِنَ لَه، اَزْوَاجُه، یَکُوْنُ حَیْثُ شَآءَ فَکَانَ فِیْ بَیْتِ عَآئِشَةَ حَتّٰی مَاتَ عِنْدَهَا قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَاتَ فِی الْیَوْمِ الَّذِیْ کَانَ یَدُوْرُ عَلَیَّ فِیْهِ فِیْ بَیْتِیْ فَقَبَضَهُ اللّٰهُ وَاِنَّ رَاْسَه، لَبَیْنَ نَحْرِیْ وَسَحْرِیْ وَخَالَطَ رِیْقُه، رِیْقِیْ ثُمَّ قَالَتْ دَخَلَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ وَّمَعَه، سِوَاکٌ یَسْتَنُّ بِهٖ فَنَظَرَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَه، اَعْطِنِیْ هٰذَا السِّوَاکَ یَاعَبْدَالرَّحْمٰنِ فَاَعْطَانِیْهِ فَقَصَمْتُه، ثُمَّ مَضَغْتُه،

۱۵۷۰۔ ہم سے اسمٰعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے حدیث بیان کی۔ انہیں ان کے والد نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ مرض الوفات میں رسول اللہ ﷺ پوچھتے رہتے تھے کہ کل میرا قیام کہاں ہوگا، کل میرا قیام کہاں ہوگا؟ آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کے منتظر تھے۔ پھر ازواج مطہرات نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر قیام کی اجازت دے دی اور آپ کی وفات انہیں کے گھر میں ہوئی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ آپ کی وفات اسی دن ہوئی جس دن قاعدہ کے مطابق میرے یہاں آپ کے قیام کی باری تھی۔ رحلت کے وقت سر مبارک میرے سینے پر تھا اور میرا تھوک آپ کے تھوک کے ساتھ ملا تھا انہوں نے بیان کیا کہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور ان کے ہاتھ میں استعمال کے قابل مسواک تھی۔ آنحضور ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو میں نے کہا کہ عبدالرحمٰن! یہ مسواک مجھے دے دو۔ انہوں نے مسواک

فَاَعْطَيْتُه‘ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنَّ بِهٖ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ اِلٰى صَدْرِىْ

مجھے دے دی میں نے اسے اچھی طرح چبایا اور جھاڑ کر آنحضور ﷺ کو دی۔ پھر آپ نے وہ مسواک کی، اس وقت آپ میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔

(۱۵۷۱) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَيْتِىْ وَفِىْ يَوْمِىْ وَبَيْنَ سَحْرِىْ وَنَحْرِىْ وَكَانَتْ اِحْدَانَا تُعَوِّذُه‘ بِدُعَآءٍ اِذَا مَرِضَ فَذَهَبْتُ اُعَوِّذُه‘ فَرَفَعَ رَاْسَه‘ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ فِى الرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى فِى الرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى وَمَرَّ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ وَّ فِىْ يَدِهٖ جَرِيْدَةٌ رَطْبَةٌ فَنَظَرَ اِلَيْهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَظَنَنْتُ اَنَّ لَه‘ بِهَا حَاجَةً فَاَخَذْتُهَا فَمَضَغْتُ رَاْسَهَا وَنَفَضْتُهَا فَدَفَعْتُهَآ اِلَيْهِ فَاسْتَنَّ بِهَا كَاَحْسَنِ مَا كَانَ مُسْتَنًّا ثُمَّ نَاوَلَنِيْهَا فَسَقَطَتْ يَدُه‘ اَوْسَقَطَتْ مِنْ يَدِهٖ فَجَمَعَ اللّٰهُ بَيْنَ رِيْقِىْ وَرِيْقِهٖ فِىْ اٰخِرِ يَوْمٍ مِّنَ الدُّنْيَا وَاَوَّلِ يَوْمٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ

۱۵۷۱۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات میرے گھر میں، میری باری کے دن ہوئی، آپ اس وقت میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ جب آپ بیمار پڑتے تو ہم آپ کی صحت کے لئے دعائیں کیا کرتے تھے۔ اس بیماری میں بھی آپ کے لئے دعا کرنے لگیں، لیکن آپ فرمارہے تھے۔ "فی الرفیق الاعلیٰ۔ فی الرفیق الاعلیٰ" اور عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ آئے تو ان کے ہاتھ میں ایک تازہ ٹہنی تھی۔ آنحضور ﷺ نے اس کی طرف دیکھا تو میں سمجھ گئی کہ آپ مسواک کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ وہ ٹہنی میں نے ان سے لے لی، پہلے میں نے اسے چبایا۔ پھر جھاڑ کر آپ کو دے دی۔ آنحضور ﷺ نے اس سے مسواک کی۔ جس طرح پہلے آپ ﷺ مسواک کیا کرتے تھے اس سے بھی اچھی طرح سے۔ پھر آنحضور ﷺ نے وہ مسواک مجھے عنایت فرمائی اور آپ کا ہاتھ جھک گیا یا (راوی نے یہ بیان کیا کہ) مسواک آپ کے ہاتھ سے چھوٹ گئی۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے میرے اور آنحضور ﷺ کے تھوک کو اس دن جمع کر دیا۔ جو آپ کی دنیا کی زندگی کا سب سے آخری اور آخرت کی زندگی کا سب سے پہلا دن تھا۔

(۱۵۷۲) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ اَبَابَكْرٍ اَقْبَلَ عَلٰى فَرَسٍ مِنْ مَّسْكَنِهٖ بِالسُّنْحِ حَتّٰى نَزَلَ فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَلَمْ يُكَلِّمِ النَّاسَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى عَآئِشَةَ فَتَيَمَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُغَشًّى بِثَوْبِ حِبَرَةٍ فَكَشَفَ عَنْ وَّجْهِهٖ ثُمَّ اَكَبَّ عَلَيْهِ فَقَبَّلَه‘ وَبَكٰى ثُمَّ قَالَ بِاَبِىْ اَنْتَ وَاُمِّىْ وَاللّٰهِ لَايَجْمَعُ اللّٰهُ عَلَيْكَ مَوْتَتَيْنِ اَمَّا الْمَوْتَةُ الَّتِىْ كُتِبَتْ عَلَيْكَ فَقَدْ مُتَّهَا

۱۵۷۲۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں ابو سلمہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی قیام گاہ سخ سے گھوڑے پر آئے۔ اور آکر اترے۔ پھر مسجد کے اندر گئے۔ کسی سے آپ نے کوئی بات نہیں کی اس کے بعد آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں آئے۔ اور حضور اکرم ﷺ کی طرف گئے۔ نعش مبارک ایک یمنی چادر سے ڈھکی ہوئی تھی۔ آپ نے چہرہ کھولا اور جھک کر چہرہ مبارک کا بوسہ لیا اور رونے لگے پھر کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ پر دو مرتبہ موت طاری

قَالَ الزُّهْرِیُّ وَحَدَّثَنِیْ اَبُوْسَلَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَابَکْرٍ خَرَجَ وَعُمَرُ یُکَلِّمُ النَّاسَ فَقَالَ اجْلِسْ یَاعُمَرُ فَاَبٰی عُمَرُ اَنْ یَّجْلِسَ فَاَقْبَلَ النَّاسُ اِلَیْهِ وَتَرَکُوْا عُمَرَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ اَمَّا بَعْدُ مَنْ کَانَ مِنْکُمْ یَعْبُدُ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ یَعْبُدُاللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ حَیٌّ لَّایَمُوْتُ قَالَ اللّٰهُ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْخَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اِلٰی قَوْلِهٖ الشّٰاکِرِیْنَ وَقَالَ وَاللّٰهِ لَکَاَنَّ النَّاسَ لَمْ یَعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ حَتّٰی تَلَاهَا اَبُوْ بَکْرٍ فَتَلَقَّاهَا مِنْهُ النَّاسُ کُلُّهُمْ فَمَا اَسْمَعُ بَشَرًا مِّنَ النَّاسِ اِلَّا یَتْلُوْهَا فَاَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ اَنَّ عُمَرَ قَالَ وَاللّٰهِ مَاهُوَ اِلَّآ اَنْ سَمِعْتُ اَبَابَکْرٍ تَلَاهَا فَعَرَفْتُ حَتّٰی مَاتُقِلُّنِیْ رِجْلَایَ وَحَتّٰی اَهْوَیْتُ اِلَی الْاَرْضِ حِیْنَ سَمِعْتُهٗ تَلَاهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْمَاتَ

نہیں کرے گا۔ جو ایک موت آپ کے مقدر میں تھی وہ آپ پر طاری ہو چکی ہے۔ زہری نے بیان کیا۔ اور ان سے ابوسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے تو عمر رضی اللہ عنہ لوگوں سے کچھ کہہ رہے تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا عمر! بیٹھ جایئے لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ اتنے میں لوگ عمر رضی اللہ عنہ کو چھوڑ کر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آ گئے۔ آپ نے فرمایا۔ امابعد! تم میں جو بھی محمد ﷺ کی پرستش کرتا تھا تو اسے معلوم ہونا چاہئے کہ ان کی وفات ہو چکی ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا تو (اس کا معبود) اللہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے اور اس پر کبھی موت طاری نہیں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ محمد صرف رسول ہیں ان سے پہلے بھی رسول گزر چکے ہیں۔'' ارشاد ''الشاکرین'' تک۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، خدا گواہ ہے۔ ایسا محسوس ہوا کہ جیسے پہلے سے لوگوں کو معلوم ہی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے۔ اور جب ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی تلاوت کی تو سب نے آپ سے یہ آیت سیکھی ہے۔ اب یہ حال تھا کہ جو بھی سنتا تھا۔ وہی اس کی تلاوت کرنے لگ جاتا تھا (زہری نے بیان کیا کہ) پھر مجھے سعید بن مسیب نے خبر دی کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا خدا گواہ ہے مجھے اس وقت ہوش آیا جب میں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اس آیت کی تلاوت کرتے سنا۔ جس وقت میں نے انہیں تلاوت کرتے سنا کہ حضور اکرم ﷺ کی وفات ہو گئی ہے تو میں سکتے میں آ گیا اور ایسا محسوس ہوا کہ میرے پاؤں میرا بوجھ نہیں اٹھا پائیں گے اور میں زمین پر گر جاؤں گا۔

(۱۵۷۳) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مُوْسَی بْنِ اَبِیْ عَائِشَةَ عَنْ عُبَیْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَابَکْرٍ قَبَّلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَوْتِهٖ

۱۵۷۳۔ مجھ سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے یحییٰ ابن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے موسیٰ بن ابی عائشہ نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے اور ان سے عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آپ کو بوسہ دیا تھا۔

(۱۵۷۴) حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا یَحْیٰی وَزَادَ قَالَتْ عَائِشَةُ لَدَدْنَاهُ فِیْ مَرَضِهٖ فَجَعَلَ یُشِیْرُ اِلَیْنَا اَنْ لَّاتَلُدُّوْنِیْ فَقُلْنَا کَرَاهِیَةُ الْمَرِیْضِ لِلدَّوَآءِ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ اَلَمْ اَنْهَکُمْ اَنْ تَلُدُّوْنِیْ قُلْنَا کَرَاهِیَةَ

۱۵۷۴۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی (عبداللہ بن ابی شیبہ کی حدیث کی طرح) لیکن انہوں نے اپنی اس روایت میں یہ اضافہ کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا آنحضور ﷺ کے مرض میں ہم آپ کے منہ میں دوا دینے لگے تو

الْمَرِيْضِ لِلدَّوَآءِ فَقَالَ لَايَبْقَى اَحَدٌ فِي الْبَيْتِ اِلَّا لُدَّ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَّا الْعَبَّاسَ فَاِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْكُمْ رَوَاهُ ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ ﷺ نے اشارہ سے دوا دینے سے منع کیا۔ ہم نے سمجھا کہ مریض کو دوا پینے سے (بعض اوقات) جو ناگواری ہوتی ہے یہ بھی اسی کا نتیجہ ہے (اس لئے ہم نے اصرار کیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ گھر میں جتنے افراد ہیں سب کے منہ میں میرے سامنے دوا ڈالی جائے صرف عباس اس سے مستثنیٰ ہیں کہ وہ تمہارے ساتھ اس فعل میں شریک نہیں تھے۔ اس کی روایت ابن ابی الزناد نے بھی کی۔ ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

(۱۵۷۵) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا اَزْهَرُ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ عَآئِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى اِلٰى عَلِيٍّ فَقَالَتْ مَنْ قَالَهُ لَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنِّي لَمُسْنِدَتُهُ اِلٰى صَدْرِي فَدَعَا بِالطَّسْتِ فَانْخَنَثَ فَمَاتَ فَمَا شَعَرْتُ فَكَيْفَ اَوْصٰى اِلٰى عَلِيٍّ

۱۵۷۵۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں ازہر نے خبر دی، انہیں ابن عون نے خبر دی، انہیں ابراہیم نے اور ان سے اسود نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے اس کا ذکر آیا کہ نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو کوئی (خاص) وصیت کی تھی تو آپ نے فرمایا۔ یہ کون کہتا ہے۔ میں خود نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھی۔ آپ میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ آپ نے طشت منگوایا۔ پھر آپ ایک طرف جھک گئے اور آپ کی وفات ہوگئی۔ اس وقت مجھے بھی کچھ احساس نہیں ہوا۔ پھر علی رضی اللہ عنہ کو آپ نے کس طرح وصیت کی تھی؟

(۱۵۷۶) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنْ طَلْحَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِي اَوْفٰى اَوْصَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا فَقُلْتُ كَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ اَوْاُمِرُوْا بِهَا قَالَ اَوْصٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ

۱۵۷۶۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن مغول نے حدیث بیان کی، ان سے طلحہ نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا رسول اللہ ﷺ نے کوئی وصیت کی تھی (علی رضی اللہ عنہ کو، یا اپنے ترکہ وغیرہ کے متعلق؟) انہوں نے فرمایا کہ نہیں۔ میں نے پوچھا کہ پھر مسلمانوں کو کس طرح (موت کے وقت) وصیت کرنی چاہئے؟ انہوں نے فرمایا کہ کتاب اللہ کے مطابق۔

(۱۵۷۷) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ عَمْرِوبْنِ الْحَارِثِ قَالَ مَاتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا وَّلَا دِرْهَمًا وَّلَا عَبْدًا وَّلَآ اَمَةً اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَآءَ الَّتِيْ كَانَ يَرْكَبُهَا وَسِلَاحَهٗ وَاَرْضًا جَعَلَهَا لِابْنِ السَّبِيْلِ صَدَقَةً

۱۵۷۷۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے نہ درہم چھوڑے تھے نہ دینار نہ کوئی غلام نہ باندی۔ سوا اپنے سفید خچر کے جس پر آپ سوار ہوا کرتے تھے اور آپ کا ہتھیار اور وہ زمین جو آپ نے مجاہدوں اور مسافروں کے لئے وقف کر رکھی تھی۔

(۱۵۷۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا ثَقُلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ يَتَغَشَّاهُ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رضى اللّٰه

۱۵۷۸۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے، اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ شدت مرض کے زمانے میں نبی کریم ﷺ کی کرب و

عنها وَاكَرْبَ اَبَاهُ فَقَالَ لَهَا لَيْسَ عَلٰى اَبِيْكِ كَرْبٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلَمَّا مَاتَ قَالَتْ يَا اَبَتَاهُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ يَا اَبَتَاهُ مَنْ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَاوَاهُ يَا اَبَتَاهُ اِلٰى جِبْرِيْلَ نَنْعَاهُ فَلَمَّا دُفِنَ قَالَتْ فَاطِمَةُ رضى الله عنها يَا اَنَسُ اَطَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ

بے چینی بہت بڑھ گئی تھی۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا آہ! والد کو کتنی بے چینی ہے۔ آنحضور نے اس پر فرمایا آج کے بعد تمہارے والد کی یہ کرب و بے چینی نہیں رہے گی۔ پھر جب آنحضور ﷺ کی وفات ہوگئی۔ تو فاطمہ رضی اللہ عنہا کہتی تھیں ہائے ابا جان! آپ ﷺ اپنے رب کے بلاوے پر چلے گئے۔ ہائے ابا جان! آپ جنت الفردوس میں اپنے مقام پر چلے گئے۔ ہم جبریل علیہ السلام کو آپ کی وفات کی خبر سناتے ہیں۔ پھر جب آنحضور ﷺ دفن کر دیئے گئے تو آپ نے انس رضی اللہ عنہ سے کہا انس! تمہارے دل رسول اللہ ﷺ کی نعش پر مٹی ڈالنے کے لئے کس طرح آمادہ ہوگئے تھے۔

باب ۱۵۵۱. اٰخِرِ مَاتَكَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۵۵۱۔ نبی کریم ﷺ کا آخری کلمہ جو زبان مبارک سے نکلا۔

(۱۵۷۹) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ قَالَ يُوْنُسُ قَالَ الزُّهْرِيُّ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ فِيْ رِجَالٍ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ صَحِيْحٌ اِنَّهُ لَمْ يُقْبَضْ نَبِيٌّ حَتّٰى يَرٰى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ فَلَمَّا نَزَلَ بِهٖ وَرَاْسُهُ عَلٰى فَخِذِيْ غُشِيَ عَلَيْهِ ثُمَّ اَفَاقَ فَاَشْخَصَ بَصَرَهُ اِلٰى سَقْفِ الْبَيْتِ ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى فَقُلْتُ اِذًا لَّا يَخْتَارُنَا وَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَدِيْثُ الَّذِيْ كَانَ يُحَدِّثُنَا وَهُوَ صَحِيْحٌ قَالَتْ فَكَانَتْ اٰخِرَ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى

۱۵۷۹۔ ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے بیان کیا، ان سے زہری نے بیان کیا انہیں سعید بن مسیب نے کئی اہل علم کی موجودگی میں خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ حالت صحت میں فرمایا کرتے تھے کہ ہر نبی کی روح قبض کرنے سے پہلے انہیں جنت میں ان کی قیام گاہ دکھا دی جاتی ہے پھر اختیار دیا جاتا ہے (کہ چاہیں آخرت کی زندگی پسند کریں اور اگر چاہیں تو دنیا کی زندگی پسند کریں) پھر جب آپ بیمار ہوئے تو آپ کا سر مبارک میری ران پر تھا اس وقت آپ پر غشی طاری ہوگئی جب ہوش میں آئے تو آپ نے اپنی نظر گھر کی چھت کی طرف اٹھالی اور فرمایا "اللهم الرفيق الاعلى" (اے اللہ! مجھے اپنی بارگاہ میں انبیاء اور صدیقین سے ملا دے) میں اسی وقت سمجھ گئی کہ اب آپ ہمیں پسند نہیں کر سکتے اور مجھے وہ حدیث یاد آ گئی جو آپ حالت صحت میں ہم سے بیان کیا کرتے تھے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ آخری کلمہ جو زبان مبارک سے نکلا وہ یہی تھا کہ "اللهم الرفيق الاعلى"۔

باب ۵۵۲. وَفَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۵۵۲۔ نبی کریم ﷺ کی وفات۔

(۱۵۸۰) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِثَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ يُنْزَلُ

۱۵۸۰۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے (بعثت کے بعد) مکہ میں دس

عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا

سال تک قیام کیا جس میں آپ پر وحی نازل ہوتی رہی اور مدینہ میں بھی دس سال تک آپ کا قیام رہا۔

(۱۵۸۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَّسِتِّيْنَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَّ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهٗ

۱۵۸۱۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ بن زبیر نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ کی عمر تریسٹھ ۶۳ سال تھی، ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے سعید بن میتب نے بھی اسی طرح خبر دی تھی۔

باب ۵۵۳

۵۵۳۔

(۱۵۸۲) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِرْعُهٗ مَرْهُوْنَةٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ بِثَلٰثِيْنَ

۱۵۸۲۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے اسود نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ کی وفات ہوئی تو آپ کی زرہ ایک یہودی کے ہاں تیس صاع جو کے بدلے میں گروی رکھی ہوئی تھی۔

باب ۵۵۴. بَعْثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ

۵۵۴۔ نبی کریم ﷺ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو مرض الوفات میں ایک مہم پر روانہ کرتے ہیں۔

(۱۵۸۳) حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اِسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ فَقَالُوْا فِيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْبَلَغَنِيْ اَنَّكُمْ قُلْتُمْ فِيْ اُسَامَةَ وَاِنَّهٗ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ

۱۵۸۳۔ ہم سے ابو عاصم ضحاک بن مخلد نے حدیث بیان کی۔ ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سالم نے اور ان سے ان کے والد (عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) نے کہ نبی کریم ﷺ نے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو ایک مہم کا امیر بنایا تو بعض صحابہؓ نے ان کی امارت پر اعتراض کیا اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم اسامہ پر اعتراض کر رہے ہو حالانکہ وہ مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے۔

(۱۵۸۴) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا وَّاَمَّرَ عَلَيْهِمْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَطَعَنَ النَّاسُ فِيْ اِمَارَتِهٖ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ اِمَارَتِهٖ فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِيْ اِمَارَةِ اَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ وَاَيْمُ اللّٰهِ اِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلْاِمَارَةِ وَاِنْ كَانَ لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ وَاِنَّ هٰذَا لَمِنْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ بَعْدَهٗ

۱۵۸۴۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک مہم روانہ کی اور اس کا امیر اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بنایا، لوگوں نے ان کی امارت پر اعتراض کیا (کہ اکابر مہاجرین وانصار کی موجودگی میں ایک کم عمر کس طرح امیر ہوسکتا ہے؟) اس پر نبی کریم ﷺ نے صحابہ کو خطاب کیا اور فرمایا اگر آج تم اس کی امارت پر اعتراض کرتے ہو (یہ کوئی نئی بات نہیں ہے تم اس سے پہلے اس کے والد کی امارت پر اسی طرح اعتراض کر چکے ہو اور خدا گواہ ہے کہ

اس کے والد (زید رضی اللہ عنہ) امارت کے اہل اور مستحق تھے اور مجھے سب سے زیادہ عزیز تھے اور یہ (یعنی اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ) ان کے بعد مجھے سب سے زیادہ عزیز ہے۔

باب ۵۵۵۔

(۱۵۸۵) حَدَّثَنَا اَصْبَغُ قَالَ اَخْبَرَنِی ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِی عَمْرٌو عَنِ ابْنِ اَبِی حَبِیْبٍ عَنْ اَبِی الْخَیْرِ عَنِ الصُّنَابِحِیِّ اَنَّهٗ قَالَ لَهٗ مَتٰی هَا جَرْتَ قَالَ خَرَجْنَا مِنَ الْیَمَنِ مُهَاجِرِیْنَ فَقَدِمْنَا الْجُحْفَةَ فَاَقْبَلَ رَاكِبٌ فَقُلْتُ لَهُ الْخَبَرَ فَقَالَ دَفَنَّا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ خَمْسٍ قُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ فِی لَیْلَةِ الْقَدْرِ شَیْئًا قَالَ نَعَمْ اَخْبَرَنِی بِلَالٌ مُؤَذِّنُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ فِی السَّبْعِ فِی الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ

۵۵۵۔

۱۵۸۵۔ ہم سے اصبغ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے ابن وہب نے خبر دی، کہا کہ مجھے عمرو نے خبر دی انہیں ابن ابی حبیب نے ان سے ابوالخیر نے (عبدالرحمٰن بن عیلہ) صنابحی کے حوالہ سے۔ جناب ابوالخیر نے آپ سے پوچھا تھا کہ آپ نے کب ہجرت کی تھی؟ انہوں نے بیان کیا کہ ہم ہجرت کے ارادے سے یمن سے چلے، ابھی ہم مقام جحفہ میں پہنچے تھے کہ ایک سوار سے ہماری ملاقات ہوئی ہم نے ان سے مدینہ کی خبر پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ نبی کریم ﷺ کی وفات کو پانچ دن گزر چکے ہیں (ابوالخیر نے بیان کیا کہ) میں نے پوچھا آپ نے لیلۃ القدر کے متعلق کوئی حدیث سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں! حضور اکرم ﷺ کے مؤذن بلال رضی اللہ عنہ نے مجھے خبر دی ہے کہ لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرہ کے ساتویں دن ہوتی ہے۔

باب ۵۵۶. كَمْ غَزَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

(۱۵۸۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ قَالَ سَاَلْتُ زَیْدَ بْنَ اَرْقَمَ كَمْ غَزَوْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبْعَ عَشْرَةَ قُلْتُ كَمْ غَزَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تِسْعَ عَشْرَةَ

(۱۵۸۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ حَدَّثَنَا الْبَرَآءُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَةَ

(۱۵۸۸) حَدَّثَنِیْ اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلِ بْنِ هِلَالٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ كَهْمَسٍ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

۵۵۶۔ نبی کریم ﷺ نے کتنے غزوے کئے۔

۱۵۸۶۔ ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ نبی کریم ﷺ کے ساتھ آپ نے کتنے غزوے کئے تھے؟ انہوں نے بتایا کہ سترہ ۱۷ میں نے پوچھا اور آنحضور ﷺ نے کتنے غزوے کئے تھے؟ فرمایا کہ انیس ۱۹۔

۱۵۸۷۔ ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پندرہ غزووں میں شریک رہا ہوں۔

۱۵۸۸۔ مجھ سے احمد بن حسن نے حدیث بیان کی ان سے احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے کہمس نے، ان سے ابن بریدہ نے اور ان سے ان کے والد (بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سولہ غزووں میں شریک رہے تھے۔

كِتَابُ التَّفْسِيْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اِسْمَانِ مِنَ الرَّحْمَةِ الرَّحِيْمُ وَالرَّاحِمُ بِمَعْنًى وَّاحِدٍ كَالْعَلِيْمِ وَ الْعَالِمِ

باب۵۵۷. مَاجَآءَ فِىْ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُمِّيَتْ اُمَّ الْكِتَابِ اَنَّهٗ يُبْدَأُ بِكِتَابَتِهَا فِى الْمَصَاحِفِ وَيُبْدَأُ بِقِرَآءَ تِهَا فِى الصَّلٰوةِ وَالدِّيْنُ اَلْجَزَاءُ فِى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ بِالدِّيْنِ بِالْحِسَابِ مَدِيْنِيْنَ مُحَاسَبِيْنَ

(۱۵۸۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ كُنْتُ اُصَلِّىْ فِى الْمَسْجِدِ فَدَعَانِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَنِّىْ كُنْتُ اُصَلِّىْ فَقَالَ اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ ثُمَّ قَالَ لِىْ لَاُعَلِّمَنَّكَ سُوْرَةً هِىَ اَعْظَمُ السُّوَرِ فِى الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ تَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِىْ فَلَمَّا اَرَادَاَنْ يَّخْرُجَ قُلْتُ لَهٗ اَلَمْ تَقُلْ لَاُعَلِّمَنَّكَ سُوْرَةً هِىَ اَعْظَمُ سُوْرَةٍ فِى الْقُرْاٰنِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ هِىَ السَّبْعُ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ الَّذِىْ اُوْتِيْتُهٗ

باب۵۵۸. غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ

(۱۵۹۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ

کتاب التفسیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الرحمٰن الرحیم (اللہ تعالیٰ کی) دو صفتیں "الرحمۃ" سے مشتق ہیں۔ الرحیم اور الراحم دونوں ہم معنی ہیں جیسے العلیم اور العالم۔

۵۵۷۔ (سورہ) فاتحۃ الکتاب سے متعلق روایت۔

ام الکتاب اس سورۃ کا نام اس لئے رکھا گیا کہ قرآن میں اسی سے کتابت کی ابتداء کرتے ہیں اور نماز میں بھی قراءت کی ابتداء اسی سے ہوتی ہے اور "الدین" جزاء کے معنی میں ہے۔ خواہ خیر میں ہو، شر میں (بولتے ہیں) "کما تدین تدان" (جیسا کرو گے ویسا بھرو گے) مجاہد نے فرمایا کہ "الدین" حساب کے معنی میں ہے "مدینین" بمعنی "محاسبین"۔

۱۵۸۹۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے بیان کیا ان سے خبیب بن عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے حفص بن عاصم نے اور ان سے ابوسعید بن معلی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اسی حالت میں بلایا۔ میں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ (پھر بعد میں حاضر ہو کر) عرض کی کہ یا رسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا اللہ تعالیٰ نے تم سے نہیں فرمایا ہے۔ "استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم" (اللہ اور اس کے رسول جب تمہیں بلائیں تو جواب دو) پھر آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ آج میں تمہیں مسجد سے نکلنے سے پہلے ایک ایسی سورت کی تعلیم دوں گا جو قرآن کی سب سے عظیم سورت ہے۔ پھر آپ نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے لیا اور جب آپ باہر نکلنے لگے تو میں نے یاد دلایا کہ آنحضور ﷺ نے مجھے قرآن کی سب سے عظیم سورت بتانے کا وعدہ کیا تھا آپ ﷺ نے فرمایا الحمدللہ رب العالمین، یہی وہ سبع مثانی اور قرآن عظیم ہے جو مجھے عطا کیا گیا ہے۔

۵۵۸۔ غیر المغضوب علیهم ولا الضالین.

۱۵۹۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں سمی نے، انہیں ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَاالضَّآلِّيْنَ فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَمَنْ وَّافَقَ قَوْلُه' قَوْلَ الْمَلٰٓئِكَةِ غُفِرَلَه' مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِه

عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جب امام "غیر المغضوب علیھم و لاالضالین" کہے تو تم آمین کہو کہ جس کا یہ کہنا ملائکہ کے کہنے کے ساتھ ہو جاتا ہے اس کی تمام پچھلی خطائیں معاف ہو جاتی ہیں۔

سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ

سورۂ بقرہ

باب ۵۵۹. قَوْلِهٖ وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الْاَ سْمَآءَ كُلَّهَا

۵۵۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وعلم اٰدم الاسمآء کلھا."

(۱۵۹۱) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ قَالَ لِيْ خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَجْتَمِعُ الْمُؤْمِنُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُوْنَ لَوِاسْتَشْفَعْنَا اِلٰى رَبِّنَا فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ فَيَقُوْلُوْنَ اَنْتَ اَبُو النَّاسِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَاَسْجَدَ لَكَ مَلٰٓئِكَتَه' وَعَلَّمَكَ اَسْمَآءَ كُلِّ شَيْءٍ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتّٰى يُرِيْحَنَا مِنْ مَّكَانِنَا هٰذَا فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَاكُمْ وَيَذْكُرُ ذَنْبَه' فَيَسْتَحْيِ ائْتُوْا نُوْحًا فَاِنَّه' اَوَّلُ رَسُوْلٍ بَعَثَهُ اللّٰهُ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ فَيَاْتُوْنَه' فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَا كُمْ وَ يَذْ كُرُ سُؤَالَه' رَبَّه' مَالَيْسَ لَه' بِهٖ عِلْمٌ فَيَسْتَحْيِ فَيَقُوْلُ ائْتُوْا خَلِيْلَ الرَّحْمٰنِ فَيَاْتُوْنَه' فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَا كُمْ ائْتُوْا مُوْسٰى عَبْدًا كَلَّمَهُ اللّٰهُ وَاَعْطَاهُ التَّوْرٰةَ فَيَاْتُوْنَه' فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَاكُمْ وَيَذْكُرُ قَتْلَ النَّفْسِ بِغَيْرِ نَفْسٍ فَيَسْتَحْيِ مِنْ رَّبِّهٖ فَيَقُوْلُ ائْتُوْا عِيْسٰى عَبْدَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلَه' وَ كَلِمَةَ اللّٰهِ وَرُوْحَه' فَيَقُوْلُ لَسْتُ هُنَا كُمْ ائْتُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدًا غَفَرَاللّٰهُ لَه' مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ فَيَاْتُوْنِيْ فَا نْطَلِقُ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَ عَلٰى رَبِّيْ فَيُؤْذَنَ فَاِذَا رَاَيْتُ رَبِّيْ وَقَعْتُ سَاجِدًا فَيَدَعُنِيْ مَاشَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ يُقَالُ ارْفَعْ رَاْسَكَ وَسَلْ تُعْطَهْ وَقُلْ يُسْمَعْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِيْ فَاَحْمَدُه'

۱۵۹۱۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، ان سے انس رضی اللہ عنہ نے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے، اور مجھ سے خلیفہ نے بیان کیا ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی۔ ان سے سعید نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا مؤمنین قیامت کے دن جمع ہوں گے اور (آپس میں) کہیں گے، کاش اپنے رب کے حضور میں آج کسی کو اپنا سفارشی بنا کر لے جاتے۔ چنانچہ سب لوگ حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے کہ آپ انسانوں کے جدامجد ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کی اپنے ہاتھ سے تخلیق کی ہے۔ آپ کے لئے ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا اور آپ کو ہر چیز کا نام سکھایا، آپ ہمارے لئے اپنے رب کے حضور میں سفارش کر دیجئے۔ تاکہ آج کی اس پریشانی سے ہمیں نجات ملے۔ آدم علیہ السلام فرمائیں گے۔ مجھ میں اس کی جرأت نہیں۔ آپ اپنی لغزش کو یاد کریں گے اور آپ کو (اللہ کے حضور سفارش کے لئے جاتے ہوئے) حیاء دامنگیر ہوگی۔ (فرمائیں گے کہ) تم لوگ نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ سب سے پہلے نبی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے (میرے بعد) روئے زمین پر مبعوث کیا تھا سب لوگ نوح علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے۔ وہ بھی فرمائیں گے کہ مجھ میں اس کی جرأت نہیں اور وہ اپنے رب سے اپنے سؤل کو یاد کریں گے جس کے متعلق انہیں کوئی علم نہیں تھا آپ کو بھی حیاء دامنگیر ہوگی اور فرمائیں گے کہ خلیل الرحمن ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ، لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گے لیکن آپ بھی فرمائیں گے کہ مجھ میں اس کی جرأت نہیں، موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ ان سے اللہ تعالیٰ

بِتَحْمِيْدٍ يُعَلِّمُنِيْهِ ثُمَّ اَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِيْ حَدًّا فَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ ثُمَّ اَعُوْدُ اِلَيْهِ فَاِذَا رَاَيْتُ رَبِّيْ مِثْلَه' ثُمَّ اَشْفَعُ فَيَحُدُّلِيْ حَدًّا فَاُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ ثُمَّ اَعُوْدُ الرَّابِعَةَ فَاَقُوْلُ مَابَقِيَ فِي النَّارِ اِلَّامَنْ حَبَسَهُ الْقُرْاٰنُ وَوَجَبَ عَلَيْهِ الْخُلُوْدُ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ اِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْاٰنُ يَعْنِيْ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى خَالِدِيْنَ فِيْهَا

نے کلام فرمایا تھا اور تورات دی تھی، لوگ آپ کے پاس آئیں گے لیکن آپ بھی عذر کریں گے کہ مجھ میں اس کی جرأت نہیں، آپ کو بغیر کسی حق کے ایک شخص کو قتل کرنا یاد آ جائے گا اور اپنے رب کے حضور میں جاتے ہوئے حیاء دامن گیر ہوگی۔ فرمائیں گے عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول، اس کا کلمہ اور اس کی روح ہیں لیکن عیسیٰ علیہ السلام بھی فرمائیں گے کہ مجھ میں اس کی جرأت نہیں۔ تم محمد ﷺ کے پاس جاؤ۔ وہ اللہ کے بندے ہیں اور اللہ نے ان کے تمام اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دیئے تھے۔ چنانچہ لوگ میرے پاس آئیں گے۔ میں ان کے ساتھ جاؤں گا اور اپنے رب سے اجازت چاہوں گا۔ مجھے اجازت مل جائے گی۔ پھر میں اپنے رب کو دیکھتے ہی سجدہ میں گر پڑوں گا اور جو کچھ اللہ چاہے گا وہ دعا مانگوں گا۔ پھر مجھ سے کہا جائے گا کہ اپنا سر اٹھاؤ اور مانگو تمہیں دیا جائے گا، کہو تمہاری بات سنی جائے گی، شفاعت کرو تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور اللہ کی وہ حمد بیان کروں گا جو مجھے اس کی طرف سے سکھائی گئی ہوگی۔ اس کے بعد شفاعت کروں گا اور میرے لئے ایک حد مقرر کر دی جائے گی۔ میں انہیں جنت میں داخل کروں گا اور پھر جب واپس آؤں گا تو اپنے رب کو پہلے کی طرح دیکھوں گا اور شفاعت کروں گا اس مرتبہ پھر میرے لئے حد مقرر کر دی جائے گی جنہیں میں جنت میں داخل کروں گا چوتھی مرتبہ جب میں واپس آؤں گا تو عرض کروں گا کہ جہنم میں ان لوگوں کے سوا اور کوئی اب باقی نہیں رہا جنہیں قرآن نے اس میں روک لیا ہے اور ان کے لئے ہمیشہ کے لئے جہنم میں رہنا ضروری قرار دے دیا ہے ابوعبداللہ نے کہا کہ ''جنہیں قرآن نے اس میں روک لیا ہے'' سے اشارہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف ہے کہ ''(کفار) جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔''

باب ۵۶۰. قَالَ مُجَاهِدٌ اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ اَصْحَابِهِمْ مِّنَ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُحِيْطٌ بِالْكٰفِرِيْنَ اَللّٰهُ جَامِعُهُمْ صِبْغَةٌ: دِيْنٌ عَلَى الْخَاشِعِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَقًّا قَالَ مُجَاهِدٌ بِقُوَّةٍ يَعْمَلُ بِمَا فِيْهِ وَقَالَ اَبُوالْعَالِيَةِ مَرَضٌ شَكٌّ وَمَا خَلْفَهَا عِبْرَةٌ لِّمَنْ بَقِيَ لَاشِيَةَ فِيْهَا لَابَيَاضَ وَقَالَ غَيْرُه' يَسُوْمُوْنَكُمْ يُوْلُوْنَكُمْ

۵۶۰۔ مجاہد نے بیان کیا کہ ''الٰی شیاطینهم'' سے مراد ان کے منافق اور مشرک ساتھی ہیں۔ (ارشاد خداوندی):۔ ''محیط بالکافرین'' کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کافروں کو جمع کرے گا۔ ''علی الخاشعین'' یعنی مؤمنین پر حق ہے۔ مجاہد نے فرمایا۔ ''بقوة'' سے مراد عمل ہے۔ ابوالعالیہ نے فرمایا کہ ''مرض'' سے مراد شک ہے۔ ''صبغة'' بمعنی دین۔ ''وما خلفها'' یعنی اپنے بعد آنے والوں کے لئے عبرت۔ ''لاشية فيها''

اَلْوَلَايَةُ مَفْتُوحَةً مَصْدَرُ الْوَلَاءِ وَهِيَ الرُّبُوْبِيَّةُ وَاِذَا كُسِرَتِ الْوَاوُ فَهِيَ الْاِمَارَةُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اَلْحُبُوْبُ الَّتِيْ تُؤْكَلُ كُلُّهَا فُوْمٌ فَادَّارَءْتُمْ اِخْتَلَفْتُمْ وَقَالَ قَتَادَةُ فَبَآءُوْا فَانْقَلَبُوْا وَقَالَ غَيْرُهٗ يَسْتَفْتِحُوْنَ يَسْتَنْصِرُوْنَ شَرَوْا بَاعُوْا رَاعِنَا مِنَ الرَّعُوْنَةِ اِذَآ اَرَادُوْا اَنْ يُّحَمِّقُوْا اِنْسَانًا قَالُوْا رَاعِنَا لَا تَجْزِيْ لَا تُغْنِيْ اِبْتَلٰى اِخْتَبَرَ خُطُوَاتٍ مِنَ الْخَطْوِ وَالْمَعْنٰى اٰثَارُهٗ

یعنی اس میں سفیدی نہ ہو۔ان کے غیر (ابوعبید قاسم بن سلام) نے فرمایا کہ ''یسومونکم'' بمعنی ''یولونکم'' ہے 'ولایۃ' واؤ کے فتح کے ساتھ۔ ولاء کا مصدر ہے۔ پرورش کے معنی میں۔اور واؤ کے کسرہ کے ساتھ امارت کے معنی میں ہے۔بعض حضرات نے فرمایا کہ جتنے اناج کھائے جاتے ہیں سب پر ''فوم'' کا اطلاق ہوتا ہے۔ ''فادارءتم'' بمعنی ''اختلفتم'' ، قتادہ نے فرمایا کہ ''فباء وا'' بمعنی ''فانقلبوا'' ہے۔ دوسرے بزرگ نے فرمایا کہ ''یستفتحون'' بمعنی ''یستنصرون'' ہے ''شروا'' بمعنی ''باعوا''۔ ''راعنا'' رعونت سے مشتق ہے۔ یہودی جب کسی کو احمق بنانا چاہتے تو کہتے کہ ''راعنا''۔ ''لاتجزی'' بمعنی لاتغنی۔ ''ابتلی'' بمعنی ''اختبر'' ''خطوات'' خطو سے مشتق ہے۔معنی یہ ہیں کہ شیطان کے آثار (کی پیروی نہ کرو۔)

باب ۵۶۱. قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

۵۶۱۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''فلا تجعلوا للّٰہ انداداً وانتم تعلمون.''

(۱۵۹۲) حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ عَنْ عَمْرِو ابْنِ شُرَحْبِيْلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ عِنْدَاللّٰهِ قَالَ اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَّهُوَ خَلَقَكَ قُلْتُ اِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِيْمٌ قُلْتُ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ وَاَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ تَخَافُ اَنْ يَّطْعَمَ مَعَكَ قُلْتُ ثُمَّ اَيٌّ قَالَ اَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ.

۱۵۹۲۔ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابووائل نے، ان سے عمرو بن شرحبیل نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا، اللہ کے نزدیک کون سا گناہ سب سے بڑا ہے فرمایا یہ کہ تم اللہ کا کسی کو شریک ٹھہراؤ۔ حالانکہ اسی نے تم کو پیدا کیا ہے۔میں نے عرض کی یہ تو واقعی سب سے بڑا گناہ ہے۔اس کے بعد کون سا گناہ سب سے بڑا ہے؟ فرمایا یہ کہ تم اپنی اولاد کو اس خوف سے مار ڈالو کہ اپنے ساتھ اسے بھی کھلانا پڑے گا۔ میں نے پوچھا اور اس کے بعد۔ فرمایا یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کرو۔

باب ۵۶۲. قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْآ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْمَنُّ صَمْغَةٌ وَّالسَّلْوٰى الطَّيْرُ

۵۶۲۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد 'اور تم پر ہم نے بادل کا سایہ کیا اور تم پر ہم نے من وسلوی نازل کیا کہ کھاؤ، ان پاکیزہ چیزوں کو جو ہم نے تمہیں عطا کی ہیں۔ہم نے تم پر ظلم نہیں کیا تھا بلکہ تم نے خود اپنے اوپر ظلم کیا۔'' مجاہد نے فرمایا کہ ''من'' ایک گوندھا (ترنجبین) اور ''سلوی'' پرندے تھے۔

(۱۵۹۳) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَآؤُهَا شِفَآءٌ لِّلْعَيْنِ

۱۵۹۳۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے ان سے عمرو بن حریث نے اور ان سے سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''کماۃ'' (یعنی کھبی) بھی من میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کی

بیماریوں میں مفید ہے۔

باب ۵۶۳. قَوْلِهِ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَا كُمْ وَ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ رَغَدًا وَّاسِعٌ كَثِيْرٌ

۵۶۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد'' اور جب ہم نے کہا کہ اس قریہ میں داخل ہو جاؤ اور پوری فراخی کے ساتھ جہاں چاہو، کھاؤ، اور دروازے سے جھکتے ہوئے داخل ہو۔ اور یوں کہتے ہوئے جاؤ کہ اے اللہ ہمارے گناہ معاف کر دے تو ہم تمہارے گناہ معاف کر دیں گے اور ان احکام پر جو زیادہ خلوص کے ساتھ عمل کرے گا اس کے اجر میں اضافہ کریں گے۔'' ''رغدا'' بمعنی واسع کثیر۔

(۱۵۹۴) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنِ مَهْدِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامِ ابْنِ مَنَبِّهٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم قَالَ قِيْلَ لِبَنِيّ اِسْرَآئِيْلَ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى اَسْتَاهِهِمْ فَبَدَّ لُوْا وَقَالُوْا حِطَّةٌ حَبَّةٌ فِيْ شَعَرَةٍ

۱۵۹۴۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے عبدالرحمٰن بن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے ابن المبارک نے، ان سے معمر نے، ان سے ہمام بن منبہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بنی اسرائیل کو یہ حکم ہوا تھا کہ دروازے سے جھکتے ہوئے داخل ہوں اور حطۃ کہتے ہوئے (یعنی اے اللہ! ہمارے گناہ معاف کر دے) لیکن (انہوں نے عدول کیا اور) سرین کے بل گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے اور کلمہ (حطۃ) کو بھی بدل دیا اور کہا کہ حطۃ، حبۃ فی شعرۃ (مذاق اور دل لگی کے طور پر)۔

باب ۵۶۴. قَوْلِهِ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ وَقَالَ عِكْرِمَةُ جَبْرَو مِيْكَ وَسَرَافِ عَبْدٌ اِيْلُ اللّٰهُ

۵۶۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''من کان عدوا لجبریل'' عکرمہ نے فرمایا کہ جبر، میک اور سراف بندہ کے معنی میں ہے اور ''ایل'' اللہ کے معنی میں۔

(۱۵۹۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ سَمِعَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ سَلَامٍ بِقُدُوْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَهُوَ فِيْ اَرْضٍ يَّخْتَرِفُ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم فَقَالَ اِنِّيْ سَآئِلُكَ عَنْ ثَلَاثٍ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا نَبِيٌّ فَمَآ اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ وَمَا اَوَّلُ طَعَامِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَمَا يَنْزِعُ الْوَلَدَ اِلٰى اَبِيْهِ اَوْاِلٰى اُمِّهٖ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بِهِنَّ جِبْرِيْلُ اٰنِفًا قَالَ جِبْرِيْلُ؟ قَالَ نَعَمْ قَالَ ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ اَمَّا اَوَّلُ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ فَنَارٌ تَحْشُرُ النَّاسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَى الْمَغْرِبِ وَمَآ اَوَّلُ طَعَامِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ حُوْتٍ وَّاِذَا سَبَقَ مَآءُ الرَّجُلِ

۱۵۹۵۔ ہم سے عبداللہ بن منیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے عبداللہ بن بکر سے سنا۔ بیان کیا کہ مجھ سے حمید نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ (جو علماء یہود میں سے تھے) نے رسول اللہ ﷺ کی (مدینہ) تشریف آوری کے متعلق سنا تو وہ اپنے باغ میں پھل توڑ رہے تھے۔ پھر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ میں آپ سے تین چیزوں کے متعلق پوچھوں گا۔ جنہیں نبی کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ قیامت کی نشانیوں میں سب سے پہلی نشانی کیا ہے؟ اہل جنت کی ضیافت کے لئے سب سے پہلے کیا چیز پیش کی جائے گی؟ بچہ کب اپنے باپ پر پڑتا ہے اور کب اپنی ماں پر؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا مجھے ابھی جبرائیل علیہ السلام نے آ کر اس کے متعلق بتایا ہے۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بولے جبرائیل؟ فرمایا ہاں! عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ وہ تو یہودیوں کے دشمن ہیں۔ اس پر آنحضور ﷺ یہ آیت تلاوت کی ''م

مَآءَ الْمَرْاَةِ نَزَعَ الْوَلَدَ وَاِذَا سَبَقَ مَآءُ الْمَرْاَةِ نَزَعَتْ قَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهُتٌ وَاِنَّهُمْ اِنْ يَّعْلَمُوْا بِاِسْلَامِیْ قَبْلَ اَنْ تَسْاَلَهُمْ يَبْهَتُوْنِیْ فَجَآءَ تِ الْيَهُوْدُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ رَجُلٍ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْكُمْ قَالُوْا خَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا وَسَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِ نَا قَالَ اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَالُوْا اَعَاذَهُ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِکَ فَخَرَجَ عَبْدُاللّٰهِ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالُوْا شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا وَانْتَقَصُوْهُ قَالَ فَهٰذَا الَّذِیْ كُنْتُ اَخَافُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ

كان عدواً لجبريل فانه نزله علىٰ قلبک" (اوران کے سوالات کے جواب دیئے) قیامت کی سب سے پہلی نشانی ایک آگ کی صورت میں ظاہر ہوگی جو تمام انسانوں کو مشرق سے مغرب کی طرف جمع کرلائے گی۔ اہل جنت کی ضیافت کے لئے جو کھانا سب سے پہلے پیش کیا جائے گا وہ مچھلی کے جگر کا ایک قیمتی ٹکڑا ہوگا۔ اور جب مرد کا پانی عورت کے پانی پر سبقت کر جاتا ہے تو بچہ باپ پر پڑتا ہے اور جب عورت کا پانی مرد کے پانی پر سبقت کر جاتا ہے۔ تو بچہ ماں پر پڑتا ہے۔ عبداللہ بن سلام بول اٹھے "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔" (پھر عرض کی) یارسول اللہ ﷺ یہود بڑی بہتان تراش قوم ہے۔ اگر اس سے پہلے کہ آپ میرے متعلق ان سے کچھ پوچھیں انہیں میرے اسلام کا پتہ چل گیا تو مجھ پر بہتان تراشیاں شروع کردیں گے۔ چنانچہ جب یہودی آئے تو حضور اکرم ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا۔ عبداللہ تمہارے یہاں کیسے سمجھے جاتے ہیں؟ وہ کہنے لگے ہم میں سب سے بہتر اور ہم میں سب سے بہتر کے بیٹے، ہمارے سردار کے بیٹے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اگر وہ اسلام لے آئیں پھر تمہارا کیا خیال ہوگا؟ کہنے لگے، اللہ تعالیٰ اس سے انہیں اپنی پناہ میں رکھے، اتنے میں عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔" اب وہ یہودی ان کے متعلق کہنے لگے کہ یہ ہم میں سب سے بدتر ہے اور سب سے بدتر شخص کا بیٹا ہے اور ان کی اہانت و تنقیص شروع کر دی۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یارسول اللہ ﷺ یہی وہ چیز ہے جس سے میں ڈرتا تھا۔

باب ۵۶۵. قَوْلِهٖ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْنُنْسِهَا

۵۶۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ما ننسخ من اٰية اوننسها."

(۱۵۹۶) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰی حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ اَقْرَؤُنَا اُبَیٌّ وَّاَقْضَانَا عَلِیٌّ وَّاِنَّا لَنَدَعُ مِنْ قَوْلِ اُبَیٍّ وَّ ذَاکَ اَنَّ اُبَيًّا يَّقُوْلُ لَااَدَعُ شَيْئًا سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی مَانَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْنُنْسِهَا

۱۵۹۶۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے حبیب نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ہم میں سب سے بہتر قاری قرآن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہیں اور ہم میں سب سے زیادہ علی رضی اللہ عنہ میں قضا (مقدمات کے فیصلے) کی صلاحیت ہے۔ اس کے باوجود ہم ابی رضی اللہ عنہ کی اس بات کو تسلیم نہیں کر سکتے۔ ابی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں

نے رسول اللہ ﷺ سے جن آیات کی بھی تلاوت سنی ہے میں انہیں نہیں چھوڑ سکتا۔ ❶ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ "ماننسخ من اٰیۃ اوننسھا" (ہم نے جو آیت بھی منسوخ کی یا اسے بھلایا تو اس سے اچھی آیت لائے۔)

باب ۵۲۶. قَوْلِهٖ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ

۵۲۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اتخذاللہ ولداً سبحٰنہ"

(۱۵۹۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ كَذَّبَنِيْ ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ فَاَمَّا تَكْذِيْبُهٗ اِيَّايَ فَزَعَمَ اَنِّيْ لَااَقْدِرُ اَنْ اُعِيْدَهٗ كَمَا كَانَ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّايَ فَقَوْلُهٗ لِيْ وَلَدٌ فَسُبْحَانِيْ اَنْ اَتَّخِذَ صَاحِبَةً اَوْوَلَدًا

۱۵۹۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی۔ انہیں عبداللہ بن ابی حسین نے، ان سے نافع بن جبیر نے حدیث بیان کی۔ اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ ابن آدم نے مجھے جھٹلایا حالانکہ اس کے لئے یہ مناسب نہ تھا۔ اس نے مجھے برا بھلا کہا حالانکہ اس کے لئے یہ مناسب نہ تھا۔ اس کا مجھے جھٹلانا تو یہ ہے کہ وہ کہتا ہے کہ میں اسے دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نہیں ہوں۔ اور اس کا مجھے برا بھلا کہنا یہ ہے کہ میرے اولاد بتاتا ہے۔ میری ذات اس سے پاک ہے کہ میں بیوی یا اولاد بناؤں۔

باب ۵۶۷. قَوْلِهٖ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى مَثَابَةً يَثُوْبُوْنَ يَرْجِعُوْنَ

۵۶۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی"۔ مثابۃ۔ یعنی جس کی طرف لوٹ لوٹ کر آتے ہیں۔

(۱۵۹۸) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ وَافَقْتُ اللّٰهَ فِيْ ثَلٰثٍ اَوْوَافَقَنِيْ رَبِّيْ فِيْ ثَلٰثٍ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَوِاتَّخَذْتَ مَقَامَ اِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى وَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ فَلَوْاَ اَمَرْتَ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحِجَابِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ الْحِجَابِ قَالَ وَبَلَغَنِيْ مُعَاتَبَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ نِسَآئِهٖ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِنَّ قُلْتُ اِنِ انْتَهَيْتُنَّ اَوْلَيُبَدِّلَنَّ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا مِنْكُنَّ حَتّٰى اَتَيْتُ اِحْدٰى نِسَآئِهٖ قَالَتْ يَاعُمَرُ اَمَا فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَايَعِظُ نِسَآءَهٗ حَتّٰى تَعِظَهُنَّ اَنْتَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَسٰى

۱۵۹۸۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے، ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ تین مواقع پر اللہ تعالیٰ کے (نازل ہونے والے حکم سے میری رائے) پہلے ہی مطابقت ہوگئی تھی۔ یا میرے رب نے تین مواقع پر میری رائے کے مطابق حکم نازل فرمایا۔ میں نے عرض کی تھی یا رسول اللہ (ﷺ)! کاش آپ مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناتے (طواف کے بعد، تو یہی آیت نازل ہوئی) اور میں نے عرض کی تھی کہ یا رسول اللہ! آپ کے گھر میں نیک اور برے ہر طرح کے لوگ آتے ہیں۔ کاش آپ امہات المؤمنین کو پردہ کا حکم دے دیتے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت حجاب (پردہ کی آیت) نازل فرمائی۔ بیان کیا اور مجھے بعض ازواج مطہرات سے نبی کریم ﷺ کی ناراضگی کا علم ہوا۔ میں ان کے یہاں گیا اور ان سے کہا کہ تم لوگ باز

❶ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نسخ آیات کے قائل نہیں تھے حالانکہ یہ ایک مسلمہ مسئلہ ہے۔ غالباً انہیں آیات کے نسخ کے متعلق روایات معلوم نہیں رہی ہوں گی۔

رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ اَلْاٰيَةَ وَقَالَ ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى ابْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنِىْ حُمَيْدٌ سَمِعْتُ اَنَسًا عَنْ عُمَرَ

آ جاؤ۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تم سے بہتر ازواج آنحضور ﷺ کے لئے بدل دے گا۔ بعد میں میں ازواج مطہرات میں سے ایک کے یہاں گیا تو وہ مجھ سے کہنے لگیں کہ عمر! رسول اللہ ﷺ تو اپنی ازواج کو اتنی نصیحتیں نہیں کرتے جتنی تم انہیں کرتے رہتے ہو۔ آخر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ''کوئی حیرت نہ ہونی چاہئے اگر آپ کا رب تمہیں طلاق دے دے اور دوسری مسلمان بیویاں تم سے بہتر بدل دے۔ آخر آیت تک۔ اور ابن ابی مریم نے بیان کیا۔ انہیں یحییٰ بن ایوب نے خبر دی۔ ان سے حمید نے حدیث بیان کی اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا۔ عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے۔

باب ۵۶۸. قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّاۤ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَلْقَوَاعِدُ اَسَاسُهٗ وَاحِدَتُهَا قَاعِدَةٌ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ وَاحِدُهَا قَاعِدٌ

۵۶۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جب ابراہیم اور اسمٰعیل بیت اللہ کی بنیاد اٹھا رہے تھے (اور یہ دعا کرتے جاتے تھے کہ) اے ہمارے رب! ہماری طرف سے اسے قبول فرمائیے کہ آپ خوب سننے والے اور بڑے جاننے والے ہیں۔'' قواعد کا واحد قاعدہ آتا ہے اور عورتوں کے متعلق جب قواعد بولتے ہیں تو اس کا واحد ''قاعد'' ہوتا ہے۔

(۱۵۹۹) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ اَخْبَرَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَمْ تَرَ اَنَّ قَوْمَكِ بَنَوُا الْكَعْبَةَ وَاقْتَصَرُوْا عَنْ قَوَاعِدِ اِبْرٰهِيْمَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَرُدُّهَا عَلٰى قَوَاعِدِ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ فَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لَئِنْ كَانَتْ عَآئِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحَجَرَ اِلَّاۤ اَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلٰى قَوَاعِدِ اِبْرٰهِيْمَ

۱۵۹۹۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے ان سے سالم بن عبداللہ نے، ان سے عبداللہ بن محمد بن ابی بکر نے، ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ دیکھتی نہیں کہ جب تمہاری قوم (قریش) نے کعبہ کی تعمیر کی تو ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں سے اسے کم کر دیا۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ! پھر آپ ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد کے مطابق پھر سے کعبہ کی تعمیر کیوں نہیں کروا دیتے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اگر تمہاری قوم ابھی نئی نئی کفر سے نکلی نہ ہوتی (تو میں ایسا ہی کرتا) ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے تو میرا خیال ہے کہ آنحضور ﷺ نے ان دو رکنوں کا جو حطیم کے قریب ہیں (طواف کے وقت) بوسہ دینا اسی لئے ترک کیا تھا کہ بیت اللہ کی تعمیر ابراہیم علیہ السلام کی بنیاد کے مطابق مکمل نہیں تھی۔

باب ۵۶۹. وَقَوْلِهٖ قُوْلُوْۤا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا

۵۶۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''قولوا اٰمنا باللّٰہ و ماۤ انزل الینا۔''

۱۶۰۰. حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ

۱۶۰۰۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے عثمان بن عمر نے

عُمَرَ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيْرٍ عَنْ اَبِى سَلَمَةَ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْكِتَابِ يَقْرَءُ وْنَ التَّوْرٰةَ بِالْعِبْرَانِيَّةِ وَيُفَسِّرُوْنَهَا بِالْعَرَبِيَّةِ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتُصَدِّقُوْآ اَهْلَ الْكِتَابِ وَلَاتُكَذِّبُوْهُمْ وَ قُوْلُوْآ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا الْاٰيَةَ

حدیث بیان کی انہیں علی بن مبارک نے خبر دی۔ انہیں یحییٰ بن ابی کثیر نے، انہیں ابوسلمہ نے کہ ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ اہل کتاب (یعنی یہودی) توراۃ کو خود عبرانی زبان میں پڑھتے ہیں لیکن مسلمانوں کے لئے اس کی تفسیر عربی میں کرتے ہیں۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو اور نہ تکذیب بلکہ یہ کہا کرو ''اٰمنا باللّٰہ ومآ انزل الینا'' (یعنی ہم اللہ پر اور جو احکام اللہ کی طرف سے ہم پر نازل ہوئے، ان پر ایمان لائے۔

باب ۵۷۰. قَوْلِهِ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَاوَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

۵۷۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے وقوف لوگ ضرور کہیں گے کہ مسلمانوں کو ان کے سابقہ قبلہ سے کس چیز نے پھیر دیا۔ آپ کہہ دیجئے کہ اللہ ہی کا مشرق و مغرب ہے اور اللہ جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی ہدایت دیتا ہے۔''

(۱۶۰۱) حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ سَمِعَ زُهَيْرًا عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا وَّكَانَ يُعْجِبُهٗ اَنْ تَكُوْنَ قِبْلَتُهٗ قِبَلَ الْبَيْتِ وَاَنَّهٗ صَلّٰى اَوْ صَلَّاهَا صَلٰوةَ الْعَصْرِ وَصَلّٰى مَعَهٗ قَوْمٌ فَخَرَجَ مِمَّنْ كَانَ صَلّٰى مَعَهٗ فَمَرَّ عَلٰى اَهْلِ الْمَسْجِدِ وَهُمْ رَاكِعُوْنَ قَالَ اَشْهَدُ بِاللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ مَكَّةَ فَدَارُوْا كَمَا هُمْ قِبَلَ الْبَيْتِ وَكَانَ الَّذِىْ مَاتَ عَلَى الْقِبْلَةِ قَبْلَ اَنْ تُحَوَّلَ قِبَلَ الْبَيْتِ رِجَالٌ قُتِلُوْا لَمْ نَدْرِ مَانَقُوْلُ فِيْهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

۱۶۰۱۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، انہوں نے زہیر سے سنا انہوں نے ابواسحاق سے اور انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت المقدس کی طرف رخ کر کے سولہ ۱۶ یا سترہ ۱۷ مہینے تک نماز پڑھی۔ لیکن آنحضور چاہتے تھے کہ آپ کا قبلہ بیت اللہ (کعبہ) ہو جائے۔ (آخر ایک دن اللہ کے حکم سے) آپ نے عصر کی نماز (بیت اللہ کی طرف رخ کر کے) پڑھی۔ اور آپ کے ساتھ بہت سے صحابہ نے بھی پڑھی۔ جن صحابہ نے یہ نماز آپ کے ساتھ پڑھی تھی ان میں سے ایک صحابی مدینہ کی ایک مسجد کے قریب سے گزرے اس مسجد میں (جماعت ہو رہی تھی اور) لوگ رکوع میں تھے۔ انہوں نے اس پر کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی ہے تمام نمازی اسی حالت میں بیت اللہ کی طرف پھر گئے۔ اس کے بعد صحابہؓ نے یہ سوال اٹھایا کہ جو لوگ تحویل قبلہ سے پہلے انتقال کر گئے ان کے متعلق ہم کیا کہیں (ان کی نمازیں ہوئیں یا نہیں) اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''اللہ ایسا نہیں کہ تمہاری عبادات کو ضائع کرے۔ بلاشبہ اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان اور بڑا رحیم ہے۔''

باب ۵۷۱. وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا

۵۷۱۔ ''اور اسی طرح ہم نے تم کو امت وسط (امت عادل) بنایا۔ تا کہ تم گواہ رہو۔ لوگوں پر، اور رسول گواہ رہیں تم پر۔''

(۱۶۰۲) حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ

۱۶۰۲۔ ہم سے یوسف بن راشد نے حدیث بیان کی، ان سے جریر اور

وَاَبُوْاُسَامَةَ وَ اللَّفْظُ لِجَرِيْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ وَّقَالَ اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْصَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ ٍالْخُدْرِىِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْعٰى نُوْحٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَارَبِّ فَيَقُوْلُ هَلْ بَلَّغْتَ فَيَقُوْلُ نَعَمْ فَيُقَالُ لِاُمَّتِهِ هَلْ بَلَّغَكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ مَآ اَتَانَا مِنْ نَّذِيْرٍ فَيَقُوْلُ مَنْ يَّشْهَدُلَكَ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ وَّاُمَّتُهٗ فَيَشْهَدُوْنَ اَنَّهٗ قَدْ بَلَّغَ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ جَلَّ ذِكْرُهٗ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا وَّالْوَسَطُ الْعَدْلُ

ابواسامہ نے حدیث بیان کی۔حدیث کے الفاظ جریر کی روایت کے مطابق ہیں،ان سے اعمش نے،ان سے ابوصالح نے اور ابواسامہ نے بیان کیا (یعنی اعمش کے واسطہ سے) کہ ہم سے ابوصالح نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن نوح علیہ السلام کو بلایا جائے گا۔ وہ عرض کریں گے لبیک وسعدیک یارب! اللہ رب العزت فرمائے گا کیا تم نے میرا پیغام پہنچا دیا تھا؟ نوح علیہ السلام عرض کریں گے کہ میں نے پہنچا دیا تھا۔ پھر ان کی امت سے پوچھا جائے گا کیا انہوں نے تمہیں میرا پیغام پہنچایا تھا؟ وہ لوگ کہیں گے کہ ہمارے یہاں کوئی ڈرانے والا نہیں آیا۔ اللہ تعالیٰ (نوح علیہ السلام سے) ارشاد فرمائیں گے، آپ کے حق میں کوئی گواہی بھی دے سکتا ہے؟ وہ فرمائیں گے کہ محمد (ﷺ) اور ان کی امت۔ چنانچہ آنحضور ﷺ کی امت ان کے حق میں گواہی دے گی کہ انہوں نے پیغام پہنچا دیا تھا اور رسول (یعنی آنحضور ﷺ) اپنی امت کے حق میں گواہی دیں گے (کہ انہوں نے سچی گواہی دی) یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد سے کہ "اور اسی طرح ہم نے تم کو امت وسط بنایا تا کہ تم لوگوں کے لئے گواہی دو اور رسول تمہارے لئے گواہی دیں۔ (آیت میں) وسط،عدل کے معنی میں ہے۔

باب ۵۷۲. قَوْلِهٖ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِىْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

۵۷۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جس قبلہ پر آپ اب تک تھے اسے تو ہم نے اسی لئے رکھا تھا کہ ہم پہچان لیتے رسول کی اتباع کرنے والے کو الٹے پاؤں چلے جانے والوں سے یہ حکم بہت گراں ہے مگر ان لوگوں کو نہیں جنہیں اللہ نے راہ دکھا دی ہے اور اللہ ایسا نہیں کہ ضائع ہو جانے دے تمہارے ایمان کو، اور اللہ تو لوگوں پر بڑا شفیق ہے۔

(۱۶۰۳) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بَيْنَا النَّاسُ يُصَلُّوْنَ الصُّبْحَ فِىْ مَسْجِدِ قُبَآءٍ اِذَاجَآءَ جَآءٍ فَقَالَ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْاٰنًا اَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا فَتَوَجَّهُوْآ اِلَى الْكَعْبَةِ

۱۶۰۳۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ لوگ مسجد قباء میں صبح کی نماز پڑھ ہی رہے تھے، کہ ایک صاحب آئے اور انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ پر "قرآن" نازل کیا ہے کہ آپ کعبہ کا استقبال کریں (نماز میں) لہذا آپ لوگ بھی کعبہ کی طرف رخ کر لیجئے۔ سب نمازی اسی وقت کعبہ کی طرف پھر گئے۔

باب ۵۷۳. قَوْلِهٖ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى

۵۷۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک ہم نے دیکھ لیا آپ کے منہ کا بار

السَّمَآءِ اِلٰی عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

بار آسمان کی طرف اٹھنا۔ سو ہم آپ کو ضرور متوجہ کردیں گے اس قبلہ کی طرف جسے آپ چاہتے ہیں'' ارشاد ''عما تعملون'' تک۔

(۱۶۰۴) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ لَمْ یَبْقَ مِمَّنْ صَلَّی الْقِبْلَتَیْنِ غَیْرِیْ

۱۶۰۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرے سوا ان صحابہ میں سے جنہوں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی تھی اور کوئی اب زندہ نہیں رہا۔

باب ۵۷۴. قَوْلِهٖ وَلَئِنْ اَتَیْتَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتَابَ بِکُلِّ اٰیَةٍ مَاتَبِعُوْا قِبْلَتَکَ اِلٰی قَوْلِهٖ اِنَّکَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِیْنَ

۵۷۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اگر آپ ان لوگوں کے سامنے جنہیں کتاب مل چکی ہے ساری ہی نشانیاں لے آئیں جب بھی یہ آپ کے قبلہ کی پیروی نہ کریں گے۔'' ارشاد ''انک اذا لمن الظّٰلمین'' تک۔

(۱۶۰۵) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ بَیْنَمَا النَّاسُ فِی الصُّبْحِ بِقُبَآءٍ جَآءَ هُمْ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اللَّیْلَةَ قُرْاٰنٌ وَّاُمِرَ اَنْ یَّسْتَقْبِلَ الْکَعْبَةَ اَلَا فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَکَانَ وَجْهُ النَّاسِ اِلَی الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا بِوُجُوْهِهِمْ اِلَی الْکَعْبَةِ

۱۶۰۵۔ ہم سے خالد بن مخلد نے حدیث بیان کی ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لوگ مسجد قباء میں صبح کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک صاحب وہاں آئے اور کہا کہ رات رسول اللہ ﷺ پر قرآن نازل ہوا ہے اور آپ کو حکم ہوا ہے کہ (نماز میں) کعبہ کا استقبال کریں۔ پس آپ لوگ بھی اب کعبہ کی طرف رخ کرلیجئے۔ بیان کیا کہ لوگوں کا رخ اس وقت شام (بیت المقدس) کی طرف تھا، اسی وقت لوگ کعبہ کی طرف پھر گئے۔

باب ۵۷۵. قَوْلِهٖ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَ هُمْ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ اِلٰی قَوْلِهٖ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ

۵۷۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جن لوگوں کو ہم کتاب دے چکے ہیں وہ آپ کو پہچانتے ہیں اس طرح جیسے اپنی نسل والوں کو پہچانتے ہیں اور بے شک ان میں کے کچھ لوگ خوب چھپاتے ہیں حق کو'' ارشاد ''من الممترین'' تک۔

(۱۶۰۶) حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ قَزْعَةَ حَدَّثَنَا مَالِکٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَیْنَا النَّاسُ بِقُبَاءٍ فِیْ صَلَاةِ الصُّبْحِ اِذْ جَآءَ هُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اللَّیْلَةَ قُرْاٰنٌ وَّقَدْ اُمِرَ اَنْ یَّسْتَقْبِلَ الْکَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَکَانَتْ وُجُوْهُهُمْ اِلَی الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَی الْکَعْبَةِ

۱۶۰۶۔ ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لوگ مسجد قباء میں صبح کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک صاحب (مدینہ سے) آئے اور کہا کہ رات رسول اللہ ﷺ پر قرآن نازل ہوا ہے اور آپ کو حکم ہوا کہ کعبہ کا استقبال کریں۔ اس لئے آپ لوگ بھی کعبہ کی طرف پھر جائیے۔ اس وقت ان کا رخ شام کی طرف تھا۔ چنانچہ سب نمازی کعبہ کی طرف پھر گئے۔

باب ۵۷۶. وَلِکُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّیْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَیْرَاتِ اَیْنَمَا تَکُوْنُوْا یَاْتِ بِکُمُ اللّٰهُ جَمِیْعًا اِنَّ

۵۷۶۔ ''اور ہر ایک کے لئے کوئی رخ ہوتا ہے، جدھر وہ متوجہ رہتا ہے۔ سو تم نیکیوں کی طرف بڑھو۔ تم جہاں کہیں بھی ہوگے اللہ تم سب کو پالے

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

گا، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔"

(۱۶۰۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْاِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ قَالَ صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا ثُمَّ صَرَفَهُ نَحْوَ الْقِبْلَةِ

۱۶۰۷۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ ہم نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ سولہ یا سترہ مہینے تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا۔

باب ۵۷۷۔ قَوْلِهٖ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ شَطْرَهٗ تِلْقَآؤُهٗ

۵۷۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور آپ جس جگہ سے بھی باہر نکلیں، اپنا منہ مسجد حرام کی طرف موڑ لیا کریں اور یہ آپ کے پروردگار کی طرف سے امر حق ہے اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کر رہے ہو" شطرہ کے معنی قبلہ کی طرف۔

(۱۶۰۸) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ ابْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ بَيْنَا النَّاسُ فِى الصُّبْحِ بِقُبَآءٍ اِذْجَآءَ هُمْ رَجُلٌ فَقَالَ اُنْزِلَ اللَّيْلَةَ قُرْآنٌ فَاُمِرَاَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَاسْتَدَارُوْا كَهَيْئَتِهِمْ فَتَوَجَّهُوْآ اِلَى الْكَعْبَةِ وَكَانَ وَجْهُ النَّاسِ اِلَى الشَّامِ

۱۶۰۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی ان سے عبدالعزیز بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ لوگ قباء میں صبح کی نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک صاحب آئے اور کہا کہ رات قرآن نازل ہوا ہے اور کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم ہوا ہے اس لئے آپ لوگ بھی کعبہ کی طرف رخ کر لیجئے اور جس حالت میں ہیں اسی طرح اس کی طرف متوجہ ہو جایئے۔ (یہ سنتے ہی) تمام صحابہؓ کعبہ کی طرف متوجہ ہو گئے۔ اس وقت لوگوں کا رخ شام کی طرف تھا۔

باب ۵۷۸۔ قَوْلِهٖ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُمَا كُنْتُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ

۵۷۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور آپ جس جگہ سے بھی باہر نکلیں اپنا منہ مسجد حرام کی طرف موڑ لیا کریں اور تم لوگ جہاں کہیں بھی ہو اپنا منہ اس کی طرف موڑ لیا کرو۔ "لعلکم تھتدون" تک۔

(۱۶۰۹) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا النَّاسُ فِىْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ بِقُبَآءٍ اِذْجَآءَ هُمْ اٰتٍ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اللَّيْلَةَ وَقَدْ اُمِرَاَنْ يَّسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوْهَا وَكَانَتْ وُجُوْهُهُمْ اِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوْا اِلَى الْقِبْلَةِ

۱۶۰۹۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے، انہیں عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابھی لوگ مسجد قباء میں صبح کی نماز پڑھ ہی رہے تھے کہ ایک صاحب آئے اور کہا کہ رات رسول اللہ ﷺ پر قرآن نازل ہوا ہے اور آپ کو کعبہ کی طرف رخ کرنے کا حکم ہوا ہے اس لئے آپ لوگ بھی اسی طرف رخ کر لیجئے۔ لوگ شام کی طرف متوجہ ہو کر نماز پڑھ رہے تھے لیکن اسی وقت کعبہ کی طرف پھر گئے۔

باب ۵۷۹۔ قَوْلِهٖ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِاعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ

۵۷۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "صفا اور مروہ بے شک اللہ کی یادگاروں میں سے ہیں۔ سو جو کوئی بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے اس پر ذرا بھی گناہ

يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ شَعَآئِرُ عَلَامَاتٌ وَاحِدَتُهَا شَعِيرَةٌ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الصَّفْوَانُ الْحَجَرُ وَيُقَالُ الْحِجَارَةُ الْمُلْسُ الَّتِي لَا تُنْبِتُ شَيْئًا وَّالْوَاحِدَةُ صَفْوَانَةٌ بِمَعْنَى الصَّفَا وَالصَّفَا لِلْجَمِيعِ

نہیں کہ ان دونوں کے درمیان آمدورفت کرے اور جو کوئی خوشی سے کوئی امر خیر کرے سو اللہ تو بڑا قدر دان ہے بڑا علم رکھنے والا ہے۔ شعائر بمعنی علامات، اس کا واحد شعیرۃ ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صفوان پتھر کے معنی میں ہے ایسے پتھر کو کہتے ہیں جس پر کوئی چیز نہیں اگتی۔ واحد صفوانۃ ہے۔ صفا ہی کے معنی میں اور صفا جمع کے لئے آتا ہے۔

(١٦١٠) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ أَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ قُلْتُ لِعَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ حَدِيثُ السِّنِّ أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا فَمَا أَرَى عَلَى أَحَدٍ شَيْئًا أَنْ لَّا يَطَّوَّفَ بِهِمَا فَقَالَتْ عَآئِشَةُ كَلَّا لَوْ كَانَتْ كَمَا تَقُولُ كَانَتْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَّا يَطَّوَّفَ بِهِمَا إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِي الْأَنْصَارِ كَانُوا يُهِلُّونَ لِمَنَاةَ وَكَانَتْ مَنَاةُ حَذْوَ قُدَيْدٍ وَّكَانُوا يَتَحَرَّجُونَ أَنْ يَّطُوفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَلَمَّا جَآءَ الْإِسْلَامُ سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطُوفَ بِهِمَا

۱۶۱۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، انہیں مالک نے خبر دی، انہیں ہشام بن عروہ نے، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا، ان دنوں میں نوعمر تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس ارشاد کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے "صفا اور مروہ بے شک اللہ کی یادگاروں میں سے ہیں۔ سو جو کوئی بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر ذرا بھی گناہ نہیں کہ ان دونوں کے درمیان آمدورفت (یعنی طواف) کرے" میرا خیال ہے کہ اگر کوئی ان کا طواف نہ کرے تو اس پر بھی کوئی گناہ نہ ہونا چاہئے؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ہرگز نہیں جیسا کہ تمہارا خیال ہے اگر مسئلہ یہی ہوتا تو پھر واقعی ان کے طواف نہ کرنے میں کوئی گناہ نہ تھا لیکن یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی تھی (اسلام سے پہلے) انصار منات بت کے نام سے احرام باندھتے تھے۔ یہ بت مقام قدید میں رکھا ہوا تھا اور انصار صفا اور مروہ کی سعی کو اچھا نہیں سمجھتے تھے۔ جب اسلام آیا تو انہوں نے سعی کے متعلق آنحضور ﷺ سے پوچھا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "صفا اور مروہ بے شک اللہ کی عبادت گاہوں میں سے ہیں۔ سو جو کوئی بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر ذرا بھی گناہ نہیں کہ ان دونوں کے درمیان آمدورفت (سعی) کرے۔"

(١٦١١) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ كُنَّا نَرَى أَنَّهُمَا مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا كَانَ الْإِسْلَامُ أَمْسَكْنَا عَنْهُمَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ إِلَى قَوْلِهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا

۱۶۱۱۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عاصم بن سلیمان نے بیان کیا اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے صفا اور مروہ کے متعلق پوچھا آپ نے بتایا کہ اسے ہم جاہلیت کے کاموں میں سے سمجھتے تھے۔ جب اسلام آیا تو ہمیں ان کی سعی سے، جھجک ہوئی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ "ان الصفا والمروۃ" ارشاد "ان یطوف بہما" تک۔

باب ۵۸۰. قَوْلِهِ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ

۵۸۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ اللہ کے علاوہ

اللّٰهِ اَنْدَادًا اَضْدَادًا وَاحِدُهَا نِدٌّ

دوسروں کوشریک بنائے ہوئے ہیں۔ انداداً بمعنی اضداداً۔ واحدند۔

(۴۶۱۲) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَةً وَّقُلْتُ اُخْرٰى قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَهُوَ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ نِدًّا دَخَلَ النَّارَ وَقُلْتُ اَنَا مَنْ مَّاتَ وَهُوَ لَايَدْ عُوْ لِلّٰهِ نِدًّا دَخَلَ الْجَنَّةَ

۱۶۱۲۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش، نے ان سے شقیق نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک کلمہ ارشاد فرمایا اور میں نے (آپ کے ارشاد کے مطابق وضاحت کے لئے) ایک اور بات کہی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جوشخص اس حالت میں مرجائے کہ وہ اللہ کے سوااوروں کو بھی اس کا شریک ٹھہراتا رہا ہوتو وہ جہنم میں جاتا ہے اور میں نے یوں کہا کہ جوشخص اس حالت میں مرے کہ اللہ کا کسی کوشریک نہ ٹھہراتا رہا ہوتو وہ جنت میں جاتا ہے۔

باب ۵۸۱. قَوْلِهٖ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ اِلٰى قَوْلِهٖ عَذَابٌ اَلِيْمٌ عُفِیَ تُرِکَ

۵۸۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اے ایمان والو! تم پر مقتولوں کے باب میں قصاص فرض کردیا گیا ہے، آزاد کے بدلہ میں آزاد اور غلام کے بدلہ میں غلام'' ارشاد ''عذاب الیم'' تک عفی بمعنی ترک۔

(۱۶۱۳) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَّقُوْلُ كَانَ فِیْ بَنِیْۤ اِسْرَآئِيْلَ الْقِصَاصُ وَلَمْ تَكُنْ فِيْهِمُ الدِّيَةَ فَقَالَ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَیْءٌ فَالْعَفْوُاَنْ يَّقْبَلَ الدِّيَةَ فِی الْعَمَدِ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ يَّتَّبِعُ بِالْمَعْرُوْفِ وَيُؤَدِّیْ بِاِحْسَانٍ ذٰلِکَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ مِّمَّا كُتِبَ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِکَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ قَتَلَ بَعْدَ قُبُوْلِ الدِّيَةِ

۱۶۱۳۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے مجاہد سے سنا، کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ بنی اسرائیل میں قصاص تھا لیکن دیت نہیں تھی۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس امت سے کہا کہ ''تم پر مقتولوں کے باب میں قصاص فرض کیا گیا، آزاد کے بدلے میں آزاد، اور غلام کے بدلے میں غلام اور عورت کے بدلے میں عورت، ہاں جس کسی کو اس کے فریق مقابل کی طرف سے کچھ معافی مل جائے'' تو معافی سے مراد یہی دیت قبول کرنا ہے۔ ''سو مطالبہ معقول اور نرم طریقہ سے کرنا چاہئے اور مطالبہ کو اس فریق کے پاس خوبی سے پہنچانا چاہئے۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے رعایت اور مہربانی ہے'' یعنی اس کے مقابلہ میں جو تم سے پہلی امتوں پر فرض تھا۔ ''سو جو کوئی اس کے بعد بھی زیادتی کرے گا اس کے لئے آخرت میں عذاب دردناک ہوگا۔'' (زیادتی سے مراد یہ ہے کہ) دیت بھی لے لی اور پھر اس کے بعد قتل بھی کردیا۔

(۱۶۱۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ اَنَّ اَنَسًا حَدَّثَهُمْ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ

۱۶۱۴۔ ہم سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی ان سے حمید نے حدیث بیان کی، ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کتاب اللہ کا حکم قصاص کا ہے۔

(۱۶۱۵) حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ عَبْدَاللّٰهِ

۱۶۱۵۔ مجھ سے عبداللہ بن منیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے عبداللہ

بْنَ بَكْرٍ السَّهْمِيَّ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ الرُّبَيِّعَ عَمَّتَه، كَسَرَتْ ثَنِيَّةَ جَارِيَةٍ فَطَلَبُوٓا اِلَيْهَا الْعَفْوَ فَاَبَوْا فَعَرَضُوا الْاَرْشَ فَاَبَوْا فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَوْا اِلَّا الْقِصَاصَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُكْسَرُ ثَنِيَّةُ الرُّبَيِّعِ لَا وَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا تُكْسَرُ ثَنِيَّتُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِيَ الْقَوْمُ فَعَفَوْا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَّوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّه،

بن بکر سہمی سے سنا، ان سے حمید نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ میری پھوپھی ربیع نے ایک لڑکی کے دانت توڑ دیئے۔ پھر اس لڑکی سے لوگوں نے عفو کی درخواست کی۔ لیکن اس لڑکی کے قبیلے والے نہیں تیار ہوئے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ قصاص کے سوا اور کسی چیز پر تیار نہیں تھے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے قصاص کا حکم دے دیا اس پر انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ یا رسول اللہ! کیا ربیع (رضی اللہ عنہا) کے دانت توڑ دیئے جائیں گے؟ نہیں، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے ان کے دانت نہ توڑے جانے چاہئیں (ان کی بزرگی اور مرتبہ کی وجہ سے) اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا انس! کتاب اللہ کا حکم قصاص کا ہی ہے پھر لڑکی والے راضی ہو گئے اور انہوں نے معاف کر دیا۔ اس پر آنحضور نے فرمایا کچھ اللہ کے بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کا نام لے کر قسم کھا لیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرتا ہے (اشارہ انس بن نضر رضی اللہ عنہ کی طرف تھا۔)

باب ۵۸۲. قَوْلِهٖ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ

۵۸۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسا کہ ان لوگوں پر فرض کئے گئے تھے جو آپ سے پہلے ہوئے تھے۔ عجب نہیں کہ تم متقی بن جاؤ"

(۱۶۱۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَؓ قَالَ كَانَ عَاشُوْرَآءُ يَصُوْمُهٗ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ قَالَ مَنْ شَآءَ صَامَه، وَمَنْ شَآءَ لَمْ يَصُمْهُ

۱۶۱۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبید اللہ نے بیان کیا، انہیں نافع نے خبر دی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عاشوراء کے دن جاہلیت میں ہم روزہ رکھتے تھے (اور ابتداء میں مسلمان بھی رکھتے تھے) لیکن جب رمضان کے روزے نازل ہو گئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کا جی چاہے عاشوراء کا روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے نہ رکھے۔

۱۶۱۷. حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَؓ كَانَ عَاشُوْرَآءُ يُصَامُ قَبْلَ رَمَضَانَ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ قَالَ مَنْ شَآءَ صَامَ وَمَنْ شَآءَ اَفْطَرَ

۱۶۱۷۔ ہم سے عبد اللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عینیہ نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ عاشوراء کا روزہ رمضان کے روزوں کے حکم سے پہلے رکھا جاتا تھا۔ پھر جب رمضان کے روزوں کا حکم نازل ہوا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس کا جی چاہے عاشوراء کا روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے نہ رکھے۔

(۱۶۱۸) حَدَّثَنِىْ مَحْمُوْدٌ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ

۱۶۱۸۔ مجھ سے محمود نے حدیث بیان کی، انہیں عبید اللہ نے خبر دی، انہیں

اِسْرَآئِیْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ دَخَلَ عَلَیْهِ الْاَشْعَثُ وَھُوَ یَطْعَمُ فَقَالَ الْیَوْمُ عَاشُوْرَآءُ فَقَالَ کَانَ یُصَامُ قَبْلَ اَنْ یَنْزِلَ رَمَضَانُ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ تُرِکَ فَادْنُ فَکُلْ

اسرائیل نے، انہیں منصور نے، انہیں ابراہیم نے، انہیں علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اشعث ان کے یہاں آئے، آپ اس وقت کھانا کھا رہے تھے۔ اشعث نے کہا کہ آج تو عاشوراء کا دن ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس دن کا روزہ، رمضان کے روزوں کے نازل ہونے سے پہلے رکھا جاتا تھا لیکن جب رمضان کے روزے کا حکم نازل ہوا تو یہ روزہ چھوڑ دیا گیا۔ آؤ تم بھی کھانے میں شریک ہو جاؤ۔

(۱۶۱۹) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا یَحْیٰی حَدَّثَنَا ھِشَامٌ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ کَانَ یَوْمُ عَاشُوْرَآءَ تَصُوْمُهٗ قُرَیْشٌ فِی الْجَاھِلِیَّةِ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَصُوْمُهٗ فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ صَامَهٗ وَاَمَرَ بِصِیَامِهٖ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ کَانَ رَمَضَانُ الْفَرِیْضَةَ وَتُرِکَ عَاشُوْرَآءُ فَکَانَ مَنْ شَآءَ صَامَهٗ وَمَنْ شَاءَ لَمْ یَصُمْهُ

۱۶۱۹۔ مجھ سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ عاشوراء کے دن قریش زمانہ جاہلیت میں روزے رکھتے تھے اور نبی کریم ﷺ بھی اس دن روزہ رکھتے تھے۔ جب آپ مدینہ تشریف لائے تو یہاں بھی آپ نے اس دن روزہ رکھا (کیونکہ پچھلی امتوں میں بھی یہ روزہ مشروع تھا) اور صحابہ کو بھی اس کے رکھنے کا حکم دیا لیکن جب رمضان کے روزوں کا حکم نازل ہوا تو رمضان کے روزے فرض ہو گئے اور عاشوراء کے روزے (کی فرضیت) باقی نہیں رہی۔ اب جس کا جی چاہے اس دن بھی روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے نہ رکھے۔

باب ۵۸۳. قَوْلِهٖ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَّرِیْضًا اَوْعَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَھُوَ خَیْرٌ لَّهٗ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ وَقَالَ عَطَآءٌ یُفْطِرُ مِنَ الْمَرَضِ کُلِّهٖ کَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَقَالَ الْحَسَنُ وَاِبْرَاھِیْمُ فِی الْمُرْضِعِ وَالْحَامِلِ اِذَا خَافَتَا عَلٰی اَنْفُسِھِمَا اَوْ وَلَدِھِمَا تُفْطِرَانِ ثُمَّ تَقْضِیَانِ وَاَمَّا الشَّیْخُ الْکَبِیْرُ اِذَا لَمْ یُطِقِ الصِّیَامَ فَقَدْ اَطْعَمَ اَنَسٌ بَعْدَ مَا کَبِرَ عَامًا اَوْعَامَیْنِ کُلَّ یَوْمٍ مِّسْکِیْنًا خُبْزًا وَّلَحْمًا وَّاَفْطَرَ قِرَآءَةُ الْعَامَّةِ یُطِیْقُوْنَهٗ وَھُوَ اَکْثَرُ

۵۸۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "(یہ روزے) گنتی کے چند روزے (ہیں) پھر تم میں سے جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو اس پر دوسرے دنوں کا شمار رکھنا (لازم ہے) اور جو لوگ اسے مشکل سے برداشت کر سکیں ان کے ذمہ فدیہ ہے (کہ وہ) ایک مسکین کا کھانا ہے۔ اور جو کوئی خوشی خوشی نیکی کرے اس کے حق میں بہتر ہے اور اگر تم علم رکھتے ہو تو بہتر تمہارے حق میں یہی ہے کہ تم روزے رکھو۔" عطاء نے کہا کہ ہر بیماری میں روزہ چھوڑ سکتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے اور حسن اور ابراہیم نے کہا کہ دودھ پلانے والی اور حاملہ کو اگر اپنی یا اپنے بچے کی جان کا خوف ہو تو وہ روزہ چھوڑ سکتی ہے۔ اور پھر اس کی قضا کر لیں۔ جہاں تک بہت بوڑھے آدمی کا سوال ہے جو روزہ آسانی سے برداشت نہ کر سکتا ہو تو انس رضی اللہ عنہ بھی جب بوڑھے ہو گئے تھے تو ایک سال یا دو سال روزانہ ایک مسکین کو روٹی اور گوشت دیا کرتے تھے۔ اور روزہ چھوڑ دیا تھا۔ عام قراءت "یطیقونہ" ہے اور یہی اکثر کی رائے ہے۔

(۱۶۲۰) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا زَکَرِیَّآءُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِیْنَارٍ عَنْ عَطَآءٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ یَقْرَأُ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطَوَّ قُوْنَه' فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَیْسَتْ بِمَنْسُوْخَةٍ هُوَا الشَّیْخُ الْکَبِیْرُ وَالْمَرْأَةُ لَایَسْتَطِیْعَانِ اَنْ یَّصُوْمَا فَلْیُطْعِمَا مَکَانَ کُلِّ یَوْمٍ مِّسْکِیْنًا

۱۶۲۰۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں روح نے خبر دی، ان سے زکریا بن اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء نے اور انھوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ یوں قرات کر رہے تھے۔ "وعلی الذین یُطَوَّقُوْنَهٗ" (تفعیل) فدیۃ طعام مسکین" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیت منسوخ نہیں ہے اس سے مراد بہت بوڑھا مرد یا بہت بوڑھی عورت ہے جو روزے کی طاقت نہ رکھتی ہو۔ انہیں چاہئے کہ ہر روزہ کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دیں۔"

باب ۵۸۴. قوله فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ

۵۸۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "پس تم میں سے جو کوئی اس مہینے کو پائے لازم ہے کہ وہ مہینے بھر روزے رکھے۔"

(۱۶۲۱) حَدَّثَنَا عَیَّاشُ بْنُ الْوَلِیْدِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْاَعْلٰی حَدَّثَنَا عُبَیْدُاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّه' قَرَأَ فِدْیَةُ طَعَامِ مَسَاکِیْنَ قَالَ هِیَ مَنْسُوْخَةٌ

۱۶۲۱۔ ہم سے عیاش بن ولید نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالاعلیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ انہوں نے یوں قراءت کی "فدیۃ (بغیر تنوین) طعام مساکین" فرمایا کہ یہ آیت منسوخ ہے۔

(۱۶۲۲) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ حَدَّثَنَا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ یَّزِیْدَ مَوْلٰی سَلَمَةَ بْنِ الْاَکْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَه' فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْکِیْنٍ کَانَ مَنْ اَرَادَ اَنْ یُّفْطِرَ وَیَفْتَدِیَ حَتّٰی نَزَلَتِ الْاٰیَةُ الَّتِیْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا مَاتَ بُکَیْرٌ قَبْلَ یَزِیْدَ

۱۶۲۲۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن مضر نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن حارث نے، ان سے بکیر بن عبداللہ نے، ان سے سلمہ بن الاکوع کے مولا یزید نے اور ان سے سلمہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "وعلی الذین یطیقونه فدیة طعام مسکین" تو جس کا جی چاہتا تھا روزہ چھوڑ دیتا تھا اور اس کے بدلے میں فدیہ دے دیتا تھا، یہاں تک کہ اس کے بعد والی آیت نازل ہوئی اور اس نے پہلی آیت کو منسوخ کر دیا۔ ابوعبداللہ (امام بخاریؒ) نے کہا کہ بکیر کا انتقال یزید سے پہلے ہو گیا تھا۔

باب ۵۸۵. قَوْلِهٖ اُحِلَّ لَکُمْ لَیْلَةَ الصِّیَامِ الرَّفَثُ اِلٰی نِسَآئِکُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّکُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّکُمْ کُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَکُمْ فَتَابَ عَلَیْکُمْ وَعَفَا عَنْکُمْ فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَاکَتَبَ اللّٰهُ لَکُمْ

۵۸۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جائز کر دیا گیا ہے تمہارے لئے روزوں کی رات میں اپنی بیویوں سے مشغول ہونا۔ وہ تمہارے لئے لباس ہیں اور تم ان کے لئے لباس ہو، اللہ کو خبر ہو گئی کہ تم اپنے کو خیانت میں مبتلا کرتے رہتے تھے۔ اس نے تم پر رحمت سے توجہ فرمائی اور تم سے درگزر کر دی، سو اب تم ان سے ملو ملاؤ اور اسے تلاش کرو جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے۔

(۱۶۲۳) حَدَّثَنَا عُبَیْدُاللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِیْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ

۱۶۲۳۔ ہم سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے۔ ح۔ اور ہم سے احمد

حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ ابْنُ يُوسُفَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ لَمَّا نَزَلَ صَوْمُ رَمَضَانَ كَانُوْا لَا يَقْرَبُوْنَ النِّسَآءَ رَمَضَانَ كُلَّهُ وَكَانَ رِجَالٌ يَّخُوْنُوْنَ اَنْفُسَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ

بن عثمان نے حدیث بیان کی، ان سے شریح بن مسلمہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا، انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا کہ جب رمضان کے روزے کا حکم نازل ہوا تو مسلمان پورے رمضان میں اپنی بیویوں کے قریب نہیں جاتے تھے اور کچھ لوگوں نے اپنے کو خیانت میں مبتلا کرلیا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ''اللہ کو خبر ہوگئی کہ تم اپنے کو خیانت میں مبتلا کرتے رہتے تھے۔ پس اس نے تم پر رحمت سے توجہ فرمائی اور تم سے درگزر کردی۔''

باب ۵۸۶. قَوْلِهٖ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عَاكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ اِلٰى قَوْلِهٖ تَتَّقُوْنَ اَلْعَاكِفُ الْمُقِيْمُ

۵۸۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور کھاؤ اور پیو۔ جب تک کہ تم پر صبح کا سفید خط سیاہ خط سے نمایاں ہو جائے پھر روزے کو رات (ہونے) تک پورا کرو۔ اور بیویوں سے اس حال میں صحبت نہ کرو جب تم اعتکاف کئے ہوئے مسجدوں میں'' ارشاد ''تتقون'' تک۔ عاکف بمعنی مقیم۔''

(۱۶۲۴) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيٍّ قَالَ اَخَذَ عَدِيٌّ عِقَالًا اَبْيَضَ وَعِقَالًا اَسْوَدَ حَتّٰى كَانَ بَعْضُ الَّيْلِ نَظَرَ فَلَمْ يَسْتَبِيْنَا فَلَمَّآ اَصْبَحَ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ جَعَلْتُ تَحْتَ وِسَادَتِيْ قَالَ اِنَّ وِسَادَكَ اِذًا لَعَرِيْضٌ اِنْ كَانَ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ وَالْاَسْوَدُ تَحْتَ وِسَادَتِكَ

۱۶۲۴۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے شعبی نے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے، آپ نے بیان کیا کہ آپ نے ایک سفید دھاگا اور ایک سیاہ دھاگا لیا (اور سوتے ہوئے اپنے ساتھ رکھ لیا) جب رات کا کچھ حصہ گذر گیا تو آپ نے اسے دیکھا۔ وہ دونوں نمایاں نہیں ہوئے تھے۔ جب صبح ہوئی تو عرض کیا، یارسول اللہ! میں نے اپنے تکیے کے نیچے (سفید و سیاہ دھاگے رکھے تھے اور کچھ نہیں ہوا) تو آنحضور ﷺ نے اس پر (مزاحاً) فرمایا۔ پھر تو تمہارا تکیہ بہت لمبا چوڑا ہوگا کہ (آیت میں مذکور) صبح کا سفید خط اور سیاہ خط اس کے نیچے آ گیا تھا۔

(۱۶۲۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ اَهُمَا الْخَيْطَانِ قَالَ اِنَّكَ لَعَرِيْضُ الْقَفَا اِنْ اَبْصَرْتَ الْخَيْطَيْنِ ثُمَّ قَالَ لَابَلْ هُوَ سَوَادُ الَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ

۱۶۲۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے مطرف نے، ان سے شعبی نے اور ان سے عدی ابن حاتم نے بیان کیا کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ! (آیت میں) الخیط الابیض اور الخیط الاسود سے کیا مراد ہے، کیا ان سے مراد دو (۲) دھاگے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تمہاری کھوپری پھر تو بڑی لمبی چوڑی ہوگی اگر تم نے دو دھاگے دیکھے ہیں۔ پھر فرمایا کہ ان سے مراد رات کی سیاہی اور صبح کی سفیدی ہے۔

(۱۶۲۶) حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا اَبُوْغَسَّانَ

۱۶۲۶۔ ہم سے ابن ابی مریم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوغسان محمد

مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ حَدَّثَنِی اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ وَ اُنْزِلَتْ وَكُلُوْا وَاشْرَ بُوْا حَتّٰی يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَ سْوَدِ وَلَمْ يُنْزَلْ مِنَ الْفَجْرِ وَكَانَ رِجَالٌ اِذَا اَرَادُوا الصَّوْمَ رَبَطَ اَحَدُ هُمْ فِیْ رِجْلَيْهِ الْخَيْطَ الْاَ بْيَضَ وَالْخَيْطَ الْاَسْوَدَ وَلَا يَزَالُ يَاكُلُ حَتّٰی يَتَبَيَّنَ لَهٗ رُؤْ يَتُهُمَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ بَعْدَهٗ مِنَ الْفَجْرِ فَعَلِمُوْا اَنَّمَا يَعْنِی اللَّيْلَ مِنَ النَّهَارِ

ابن مطرف نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے حدیث بیان کی، اوران سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "کلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود" اور "من الفجر" کے الفاظ ابھی نازل نہیں ہوئے تھےتو بہت سے صحابہ جب روزہ رکھنے کا ارادہ رکھتے تو اپنے دونوں پاؤں میں سفید دھاگا باندھ لیتے اور سیاہ دھاگا باندھ لیتے۔اور پھر جب تک وہ دونوں دھاگے صاف دکھائی دینے نہ لگ جاتے برابر کھاتے پیتے رہتے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے "من الفجر" کے الفاظ جب نازل کردیئے تو انہیں معلوم ہوا کہ اس سے مراد رات (کی سیاہی سے) دن (کی سفیدی کا امتیاز) ہے۔

باب۵۸۷. قَوْلِهٖ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّمَنِ اتَّقٰی وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔

۵۸۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور یہ تو کوئی بھی نیکی نہیں کہ تم گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آؤ۔البتہ نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص تقویٰ اختیار کرےاور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ اور اللہ سے تقویٰ اختیار کئے رہو تاکہ فلاح پاجاؤ۔

(۱۶۲۷) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ كَانُوْٓا اِذَآ اَحْرَمُوْا فِی الْجَاهِلِيَّةِ اَتَوُالْبَيْتَ مِنْ ظَهْرِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَ لَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰی وَ اْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا

۱۶۲۷۔ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے اوران سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب جاہلیت میں احرام باندھ لیتے تو گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے داخل ہوتے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ "اور یہ کوئی نیکی نہیں ہے کہ تم گھروں میں ان کی پشت کی طرف سے آؤ۔البتہ نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص تقویٰ اختیار کرے، اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ۔"

باب۵۸۸. قَوْلِهٖ قَاتِلُوْ هُمْ حَتّٰی لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَ انَ اِلَّا عَلَی الظّٰلِمِيْنَ

۵۸۸۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اوران سے لڑو یہاں تک کہ فساد (عقیدہ) باقی نہ رہ جائے۔اوردین اللہ ہی کے لئے رہ جائے۔سو اگر وہ باز آجائیں تو سختی کسی پر بھی نہیں بجز (اپنے حق میں) ظلم کرنے والوں کے۔"

(۱۶۲۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَاَتَاهُ رَجُلَانِ فِیْ فِتْنَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ فَقَالَ اِنَّ النَّاسَ صَنَعُوْا وَاَنْتَ ابْنُ عُمَرَ وَصَاحِبُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَخْرُجَ فَقَالَ يَمْنَعُنِیْ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ دَمَ اَخِیْ فَقَالَآ اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ وَقَاتِلُوْهُمْ

۱۶۲۸۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کہ آپ کے پاس ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے فتنے کے زمانہ میں دوآدمی آئے اور کہا کہ لوگوں میں اختلاف و نزاع پیدا ہوچکا ہے۔آپ عمر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اوررسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں، آپ کیوں خاموش ہیں؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا

حَتّٰی لَاتَکُوْنَ فِتْنَۃٌ فَقَالَ قَاتَلْنَاحَتّٰی لَمْ تَکُنْ فِتْنَۃٌ وَّکَانَ الدِّیْنَ لِلّٰہِ وَاَنْتُمْ تُرِیْدُوْنَ اَنْ تُقَاتِلُوْا حَتّٰی تَکُوْنَ فِتْنَۃٌ وَیَکُوْنَ الدِّیْنُ لِغَیْرِ اللّٰہِ وَزَادَ عُثْمَانُ ابْنُ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ وَھْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ فُلَانٌ وَّحَیْوَۃُ ابْنُ شُرَیْحٍ عَنْ بَکْرِبْنِ عَمْرِوالْمَعَافِرِیِّ اَنَّ بُکَیْرَ ابْنَ عَبْدِاللّٰہِ حَدَّثَہٗ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ رَجُلاً اَتَی ابْنَ عُمَرَ فَقَالَ یَآاَبَاعَبْدِالرَّحْمٰنِ مَاحَمَلَکَ عَلٰی اَنْ تَحُجَّ عَامًا وَّ تَعْتَمِرَ عَامًا وَّتَتْرُکَ الْجِھَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ قَدْ عَلِمْتَ مَارَغَّبَ اللّٰہُ فِیْہِ قَالَ یَا ابْنَ اَخِیْ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ اِیْمَانٍ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَالصَّلٰوۃِ الْخَمْسِ وَصِیَامِ رَمَضَانَ وَاَدَآءِ الزَّکٰوۃِ وَحَجِّ الْبَیْتِ قَالَ یَآ اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَلاَ تَسْمَعُ مَاذَکَرَ اللّٰہُ فِیْ کِتَابِہٖ وَاِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَھُمَا اِلٰی اَمْرِاللّٰہِ قَاتِلُوْھُمْ حَتّٰی لَاتَکُوْنَ فِتْنَۃٌ قَالَ فَعَلْنَا عَلٰی عَھْدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَانَ الْاِسْلَامُ قَلِیْلًا فَکَانَ الرَّجُلُ یُفْتَنُ فِیْ دِیْنِہٖ اِمَّا قَتَلُوْہُ وَاِمَّا یُعَذِّبُوْہُ حَتّٰی کَثُرَ الْاِسْلَامُ فَلَمْ تَکُنْ فِتْنَۃٌ قَالَ فَمَا قَوْلُکَ فِیْ عَلِیٍّ وَّ عُثْمَانَ قَالَ اَمَّا عُثْمَانُ فَکَانَ اللّٰہُ عَفَا عَنْہُ وَاَمَّا اَنْتُمْ فَکَرِھْتُمْ اَنْ یَّعْفُوَ عَنْہُ وَاَمَّا عَلِیٌّ فَابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَخَتَنُہٗ وَاَشَارَ بِیَدِہٖ فَقَالَ ھٰذَابَیْتُہٗ حَیْثُ تَرَوْنَ

کہ میری خاموشی کی وجہ صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے کسی بھی بھائی کا خون مجھ پر حرام قرار دیا ہے۔ اس پر انہوں نے کہا، کیا اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا ہے کہ ''اور ان سے لڑو، یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے۔'' ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہم (قرآن کے حکم کے مطابق) لڑے ہیں یہاں تک کہ فساد (عقیدہ) باقی نہیں رہا اور دین خالص اللہ کے لئے ہوگیا۔ لیکن تم لوگ چاہتے ہو کہ تم اس لئے لڑو کہ اور فساد ہو اور دین اللہ غیر اللہ کے لئے ہو جائے۔ اور عثمان بن صالح نے اضافہ کیا ہے کہ ان سے ابن وہب نے بیان کیا، انہیں فلاں اور حیاۃ بن شریح نے خبر دی، انہیں بکر ابن عمرو معافری نے، ان سے بکیر بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے کہ ایک صاحب ابن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ اے ابو عبدالرحمٰن! کیا وجہ ہے کہ آپ ایک سال حج کرتے ہیں اور ایک سال عمرہ، اور اللہ عزوجل کے راستے میں جہاد میں شریک نہیں ہوتے آپ کو خود معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جہاد کی طرف کتنی توجہ دلائی ہے؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بیٹے! اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔ پانچ وقت نماز پڑھنا، رمضان کے روزے رکھنا، زکاۃ دینا اور حج کرنا، انہوں نے کہا اے عبدالرحمٰن! کتاب اللہ میں جو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کیا آپ کو وہ معلوم نہیں ہے کہ ''مسلمانوں کی دو جماعتیں اگر باہم جنگ کریں تو ان میں صلاح کراؤ'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''الیٰ امر اللہ'' تک (اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد کہ ان سے جنگ کرو) یہاں تک کہ فساد باقی نہ رہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ہم یہ فرض انجام دے چکے ہیں اسلام اس وقت کمزور تھا اور آدمی اپنے دین کے بارے میں فتنہ میں مبتلا کر دیا جاتا تھا لیکن اب اسلام طاقتور ہو چکا ہے اس لئے (وہ) فساد باقی نہیں رہا، ان صاحب نے پوچھا، پھر علی اور عثمان رضی اللہ عنہما کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تھا اگر چہ تم لوگ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تعالیٰ انہیں معاف کرتا۔ اور علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی اور آپ کے داماد ہیں۔ اور ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ ان کا گھر ہے تم دیکھ سکتے ہو۔

باب ۵۸۹. قَوْلِہٖ وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّھْلُکَۃِ وَاَحْسِنُوْآ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ

۵۸۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہو اور اپنے کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو۔ اور اچھے کام کرتے رہو۔ یقیناً اللہ اچھے

الْمُحْسِنِيْنَ اَلتَّهْلُكَةُ وَالْهَلَاكُ وَاحِدٌ

(۱۶۲۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاوَآئِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَاتُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ قَالَ نَزَلَتْ فِي النَّفَقَةِ

کام کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ تھلکۃ اور ھلاک ہم معنی ہیں۔

۱۶۲۹۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں نضر نے خبر دی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے بیان کیا ان سے ابووائل نے سنا اور ان سے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ''اور اللہ کی راہ میں خرچ کرتے رہو اور اپنے کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ ڈالو'' اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

باب ۵۹۰۔ قَوْلِهٖ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْبِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ

۵۹۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''لیکن اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں کوئی تکلیف ہو۔''

(۱۶۳۰) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ابْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ قَالَ قَعَدْتُّ اِلٰى كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ يَعْنِيْ مَسْجِدَ الْكُوْفَةِ فَسَاَلْتُهٗ عَنْ فِدْيَةٍ مِّنْ صِيَامٍ فَقَالَ حُمِلْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلٰى وَجْهِيْ فَقَالَ مَا كُنْتُ اُرٰى اَنَّ الْجَهْدَ قَدْ بَلَغَ بِكَ هٰذَآ اَمَا تَجِدُ شَاةً قُلْتُ لَاقَالَ صُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اَوْاَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ لِكُلِّ مِسْكِيْنٍ نِصْفُ صَاعٍ مِّنْ طَعَامٍ وَّاحْلِقْ رَاْسَكَ فَنَزَلَتْ فِيَّ خَاصَّةً وَّهِيَ لَكُمْ عَامَّةً

۱۶۳۰۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالرحمٰن بن اصبہانی نے بیان کی، انہوں نے عبداللہ بن معقل سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ میں کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں اس مسجد میں حاضر ہوا، ان کی مراد کوفہ کی مسجد سے تھی۔ اور آپ سے روزے کے فدیہ کے متعلق پوچھا۔ آپ نے بیان کیا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لوگ لے گئے اور جوئیں (سر سے) میرے چہرے پر گر رہی تھیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میرا خیال یہ نہیں تھا کہ تم اس حد تک تکلیف میں مبتلا ہو گئے۔ تم کوئی بکری نہیں مہیا کر سکتے؟ میں نے عرض کی کہ نہیں، فرمایا پھر تین دن کے روزے رکھ لو یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو، ہر مسکین کو ایک صاع کھانا اور اپنا سر منڈ والو (آپ احرام باندھے ہوئے تھے) تو یہ آیت خاص میرے بارے میں نازل ہوئی تھی لیکن اس کا حکم تم سب کے لئے عام ہے۔

باب ۵۹۱۔ قَوْلِهٖ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ

۵۹۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تو پھر جو شخص عمرہ سے مستفید ہوا سے حج کے ساتھ ملا کر۔''

(۱۶۳۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عِمْرَانَ اَبِيْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْرَجَاءٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ اُنْزِلَتْ اٰيَةُ الْمُتْعَةِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَفَعَلْنَاهَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُنْزَلْ قُرْاٰنٌ يُّحَرِّمُهٗ وَلَمْ يَنْهَ عَنْهَا حَتّٰى مَاتَ قَالَ رَجُلٌ بِرَاْيِهٖ مَاشَآءَ

۱۶۳۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے عمران ابی بکر نے، ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی اور ان سے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (حج میں) تمتع کا حکم قرآن میں نازل ہوا اور ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اسی طرح (حج) کیا۔ پھر اس کے بعد قرآن نے اسے ممنوع نہیں قرار دیا اور نہ اس سے آنحضور ﷺ نے روکا۔ یہاں تک کہ آپ کی وفات ہو گئی (لہذا تمتع اب بھی جائز ہے) یہ تو ایک صاحب نے اپنی رائے سے جو چاہا کہہ دیا۔

باب ۵۹۲۔ قَوْلِهٖ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا

۵۹۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تمہیں اس باب میں کوئی مضائقہ نہیں کہ تم اپنے

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ

پروردگار کے یہاں سے معاش تلاش کرو۔"

(۱۶۳۲) حَدَّثَنِي مُحَمَّدٌ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ عُكَاظُ وَمَجَنَّةُ وَذُوا الْمَجَازِ اَسْوَاقًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَتَاَثَّمُوْٓا اَنْ يَّتَّجِرُوْا فِي الْمَوَاسِمِ فَنَزَلَتْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ فِيْ مَوَاسِمِ الْحَجِّ

۱۶۳۲۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے ابن عیینہ نے خبر دی انہیں عمرو نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عکاظ مجنہ اور ذوالمجاز زمانہ جاہلیت کے بازار (میلے) تھے۔ اس لئے (اسلام کے بعد) موسم حج میں صحابہؓ نے وہاں کاروبار کو برا سمجھا تو یہ آیت نازل ہوئی کہ "تمہیں اس باب میں کوئی مضائقہ نہیں کہ تم اپنے پروردگار کے یہاں سے تلاش معاش کرو۔

باب ۵۹۳. قَوْلِهٖ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

۵۹۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ہاں تو تم وہاں جا کر واپس آؤ جہاں سے لوگ واپس آتے ہیں۔"

(۱۶۳۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ كَانَتْ قُرَيْشٌ وَّمَنْ دَانَ دِيْنَهَا يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَكَانُوْا يُسَمُّوْنَ الْحُمْسَ وَكَانَ سَائِرُ الْعَرَبِ يَقِفُوْنَ بِعَرَفَاتٍ فَلَمَّا جَآءَ الْاِسْلَامُ اَمَرَ اللّٰهُ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاتِيَ عَرَفَاتٍ ثُمَّ يَقِفَ بِهَا ثُمَّ يُفِيْضَ مِنْهَا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ

۱۶۳۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن حازم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ قریش اور ان کے طریقے کی پیروی کرنے والے عرب (حج کے لئے) مزدلفہ میں ہی وقوف کرتے تھے۔ اس کا نام انہوں نے "الحمس" رکھا تھا۔ اور باقی عرب عرفات کے میدان میں وقوف کرتے تھے۔ پھر جب اسلام آیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو حکم دیا کہ آپ عرفات میں آئیں اور وہیں وقوف کریں اور پھر وہاں سے مزدلفہ آئیں، اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا یہی مقصد ہے کہ "پھر تم وہاں جا کر واپس آؤ جہاں سے لوگ واپس آتے ہیں۔"

۱۶۳۴. حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ ابْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ اَخْبَرَنِيْ كُرَيْبٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَطَوَّفُ الرَّجُلُ بِالْبَيْتِ مَاكَانَ حَلَالًا حَتّٰى يُهِلَّ بِالْحَجِّ فَاِذَا رَكِبَ اِلٰى عَرَفَةَ فَمَنْ تَيَسَّرَلَهٗ هَدِيَّةٌ مِّنَ الْاِبِلِ اَوِالْبَقَرِ اَوِالْغَنَمِ مَاتَيَسَّرَلَهٗ مِنْ ذٰلِكَ اَيَّ ذٰلِكَ شَآءَ غَيْرَ اِنْ لَّمْ يَتَيَسَّرْلَهٗ فَعَلَيْهِ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَذٰلِكَ قَبْلَ يَوْمِ عَرَفَةَ فَاِنْ كَانَ اٰخِرُ يَوْمٍ مِّنَ الْاَيَّامِ الثَّلٰثَةِ يَوْمَ عَرَفَةَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ ثُمَّ لِيَنْطَلِقْ حَتّٰى يَقِفَ بِعَرَفَاتٍ مِّنْ صَلٰوةِ الْعَصْرِ اِلٰى اَنْ يَّكُوْنَ الظَّلَامُ ثُمَّ لِيَدْفَعُوْا مِنْ عَرَفَاتٍ اِذَآ اَفَاضُوْا مِنْهَا حَتّٰى يَبْلُغُوْا جَمْعًا الَّذِيْ يَبِيْتُوْنَ بِهٖ ثُمَّ لِيَذْكُرِ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّاَكْثِرُوا التَّكْبِيْرَ

۱۶۳۴۔ مجھ سے محمد بن ابی بکر نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی۔ انہیں کریب نے خبر دی۔ اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ کسی شخص کے لئے بیت اللہ کا طواف اس وقت تک حلال نہیں تھا جب تک وہ حج کے لئے احرام نہ باندھ لے۔ پھر جب وقوف عرفہ کے لئے جائے تو جس کے پاس ہدی (قربانی کا جانور) ہو، اونٹ گائے یا بکری جس کی بھی وہ قربانی کر سکتا ہو (کرے) البتہ اگر وہ ہدی مہیا نہ کر سکا ہو تو اس پر ایام حج میں تین دن کے روزے واجب ہیں یہ تین دن کے روزے یوم عرفہ سے پہلے پہلے پورے ہو جانے چاہئیں مگر ان تین روزوں میں آخری روزہ وقوف عرفہ کے دن پڑ جائے۔ پھر بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ اس کے بعد اسے روانہ ہونا چاہئے اور عرفہ میں قیام کرنا چاہئے۔ عصر کی نماز کے وقت سے رات کی تاریکی پھیل جانے تک پھر عرفات سے روانگی

وَالتَّهْلِيْلَ قَبْلَ اَنْ تُصْبِحُوْا ثُمَّ اَفِيْضُوْا فَاِنَّ النَّاسَ كَانُوْا يُفِيْضُوْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ حَتّٰى تَرْمُوا الْجَمْرَةَ .

ہوگی اور وہاں سے چل کر مزدلفہ پہنچیں گے جہاں رات گزارنی ہوگی، وہاں جتنا ہو سکے، اللہ کا ذکر کیا جائے۔ اور تکبیر و تہلیل بھی خوب کی جائے صبح ہونے تک۔ آخر یہاں سے بھی روانگی ہوگی۔ کیونکہ لوگ یہاں سے اسی طرح روانہ ہوتے تھے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ "ہاں تو تم وہاں جا کر واپس آؤ جہاں سے لوگ واپس آتے ہیں اور اللہ سے مغفرت طلب کرو۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے" اور آخر میں جمرہ عقبہ کی رمی کرو۔

باب ۵۹۴. قَوْلِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

۵۹۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور کوئی ان میں ایسے ہوتے ہیں جو کہتے ہیں کہ اے پروردگار ہمارے! ہم کو دنیا میں بھی بہتری دے اور آخرت میں بھی بہتری اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچائے رکھنا۔"

(۱۶۳۵) حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ عَنْ عَبْدِالْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

۱۶۳۵۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ دعا کرتے تھے "اے پروردگار ہمارے! ہم کو دنیا میں بھی بہتری دے اور آخرت میں بھی بہتری اور ہم کو آگ کے عذاب سے بچائے رکھنا۔"

باب ۵۹۵. قَوْلِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ وَقَالَ عَطَآءٌ النَّسْلُ الْحَيْوَانُ

۵۹۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "درآنحالیکہ وہ شدید ترین جھگڑالو ہے" عطاء نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد (ویہلک الحرث والنسل میں) نسل سے مراد حیوان ہے۔

(۱۶۳۶) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَآئِشَةَ تَرْفَعُهٗ قَالَ اَبْغَضُ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ وَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۶۳۶۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ وہ شخص ہے جو سخت جھگڑالو ہے۔" اور عبداللہ (بن ولید عدنی) نے بیان کیا کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے، ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے اور ان سے نبی کریم ﷺ نے۔

باب ۵۹۶. قَوْلِهٖ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ اِلٰى قَرِيْبٌ

۵۹۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "کیا تم یہ گمان رکھتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ درآنحالیکہ ابھی تم پر ان لوگوں کے حالات پیش نہیں آئے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں، انہیں تنگی اور سختی پیش آئی" اور ارشاد "قریب" تک۔

(۱۶۳۷) حَدَّثَنَآ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِيْ مُلَيْكَةَ يَقُوْلُ

۱۶۳۷۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہوں نے ابن ابی ملیکہ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَتّٰى اِذَا اسْتَيْاَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْآ اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا خَفِيْفَةً ذَهَبَ بِهَا هُنَاكَ وَتَلاَ حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَه' مَتٰى نَصْرُاللّٰهِ اَلَآ اِنَّ نَصْرَاللّٰهِ قَرِيْبٌ فَلَقِيْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ فَذَكَرْتُ لَه' ذٰلِكَ فَقَالَ قَالَتْ عَآئِشَةُ مَعَاذَاللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا وَعَدَاللّٰهُ رَسُوْلَه' مِنْ شَيْءٍ قَطُّ اِلَّا عَلِمَ اَنَّه' كَآئِنٌ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ وَلٰكِنْ لَّمْ يَزَلِ الْبَلَآءُ بِالرُّسُلِ حَتّٰى خَافُوْآ اَنْ يَّكُوْنَ مَنْ مَّعَهُمْ يُكَذِّبُوْنَهُمْ فَكَانَتْ تَقْرَؤُهَا وَظَنُّوْآ اَنَّهُمْ قَدْ كُذِّبُوْا مُثَقَّلَةً

سے سنا۔ بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ "حتی اذآ استیاس الرسل وظنواانهم قد كذبوا" (میں کذبوا کو ذال کی) تخفیف کے ساتھ قرأت کرتے تھے۔ آیت کا جو مفہوم وہ مراد لے سکتے تھے، لیا۔ اس کے بعد یوں تلاوت کرتے "حتی يقول الرسول والذين امنوا معه، متى نصرالله الآ ان نصر الله قريب" پھر میری ملاقات عروہ بن زبیر سے ہوئی تو میں نے اس قراءت کا ذکر ان سے کیا، انہوں نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا معاذ اللہ! خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ نے رسول سے جو بھی وعدہ کیا، تو انہیں اس کا کامل یقین ہوتا کہ ان کی وفات سے پہلے یہ ضرور ظہور پذیر ہوگا۔ البتہ انبیاء پر مصیبتیں اور آزمائشیں جب انتہاء کو پہنچ جاتیں، تو انہیں خوف دامن گیر ہوتا کہ کہیں وہ لوگ انہیں جھٹلا نہ دیں جو ان کے ساتھ ہیں۔ چنانچہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس کی قرأت "وظنوا انهم قد كذبوا" (ذال کی) تشدید کے ساتھ کرتی تھیں۔

باب ۵۹۷. قَوْلِهٖ تَعَالٰى نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ اَلْاٰيَةَ

(۱۶۳۸) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا النَّضْرُبْنُ شُمَيْلٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَّافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا قَرَاَ الْقُرْاٰنَ لَمْ يَتَكَلَّمْ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْهُ فَاَخَذْتُ عَلَيْهِ يَوْمًا فَقَرَاَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى مَكَانٍ قَالَ تَدْرِيْ فِيْمَآ اُنْزِلَتْ قُلْتُ لَاقَالَ اُنْزِلَتْ فِيْ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ مَضٰى وَعَنْ عَبْدِالصَّمَدِ حَدَّثَنِيْٓ اَبِيْ حَدَّثَنِيْٓ اَيُّوْبُ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ قَالَ يَأْتِيْهَا فِيْ رَوَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

۵۹۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں سو تم اپنے کھیت میں آؤ جس طرح چاہو اور اپنے حق میں آئندہ کے لئے کچھ کرتے رہو۔"

۱۶۳۸۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں نضر بن شمیل نے خبر دی انہیں ابن عون نے خبر دی۔ ان سے نافع نے بیان کیا کہ جب ابن عمر رضی اللہ عنہ قرآن پڑھتے تو (قرآن کے علاوہ کوئی دوسرا لفظ) زبان پر نہیں لاتے تھے، یہاں تک کہ تلاوت سے فارغ ہو جاتے۔ ایک دن میں (قرآن مجید لے کر) ان کے سامنے بیٹھ گیا اور انہوں نے سورۂ بقرہ کی تلاوت شروع کی۔ جب اس آیت (مذکورہ) پر پہنچے تو فرمایا معلوم ہے یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی تھی؟ میں نے عرض کی کہ نہیں، فرمایا کہ فلاں فلاں چیز کے لئے نازل ہوئی تھی۔ اور پھر تلاوت کرنے لگے۔ اور عبدالصمد سے روایت ہے، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ آیت "سو تم اپنے کھیت میں آؤ جس طرح چاہو" کے بارے میں فرمایا کہ (پیچھے سے بھی) آسکتا ہے۔ اس کی روایت محمد بن یحییٰ بن سعید نے کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ۔

(۱۶۳۹) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعْتُ جَابِرًا قَالَ كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ اِذَا جَامَعَهَا مِنْ وَّرَآئِهَا جَآءَ الْوَلَدُاَحْوَلَ فَنَزَلَتْ نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ

۱۶۳۹۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن منکدر نے اور انہوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے بیان کیا کہ یہودی کہتے تھے کہ اگر عورت سے ہم بستری کے لئے کوئی پیچھے سے آئے گا تو بچہ بھینگا پیدا ہوگا اس پر یہ آیت نازل ہوئی، کہ ''تمہاری بیویاں تمہاری کھیتی ہیں سو اپنے کھیت میں آؤ جدھر سے چاہو۔''

باب۵۹۸. قَوْلِهٖ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْ هُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

۵۹۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جب تم عورتوں کو طلاق دے چکو اور پھر وہ اپنی مدت کو پہنچ چکیں تو تم انہیں اس سے مت روکو کہ وہ اپنے شوہروں سے نکاح کر لیں۔

(۱۶۴۰) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْعَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَاعَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ كَانَتْ لِىْ اُخْتٌ تُخْطَبُ اِلَىَّ وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ يُّوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ حَدَّثَنِىْ مَعْقِلُ بْنُ يَسَارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ اُخْتَ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَتَرَكَهَا حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَخَطَبَهَا فَاَبٰى مَعْقِلٌ فَنَزَلَتْ فَلَا تَعْضُلُوْ هُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ

۱۶۴۰۔ ہم سے عبید اللہ بن سعید نے حدیث بیان کی ان سے ابو عامر عقدی نے حدیث بیان کی، ان سے عباد بن راشد نے حدیث بیان کی۔ ان سے حسن نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے بیان کیا کہ میری ایک بہن تھیں جن کا پیغام میرے پاس آیا تھا اور ابراہیم نے بیان کیا، ان سے یونس نے، ان سے حسن نے اور ان سے معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی۔ اور ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی اور ان سے حسن نے کہ معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی بہن کو ان کے شوہر نے طلاق دے دی تھی، لیکن جب عدت گزر گئی تو انہوں نے پھر ان کے لئے پیغام نکاح بھیجا۔ معقل رضی اللہ عنہ نے اس پر انکار کیا تو آیت نازل ہوئی کہ ''تم انہیں اس سے مت روکو کہ وہ اپنے شوہروں سے نکاح کریں۔''

باب۵۹۹. قَوْلِهٖ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا اِلٰى بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ يَعْفُوْنَ يَهَبْنَ

۵۹۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جاتے ہیں اور بیویاں چھوڑ جاتے ہیں، وہ بیویاں اپنے آپ کو چار مہینے اور دس دن تک روکے رکھیں ''بما تعملون خبیر'' تک۔ یعفون بمعنی یھبن۔

(۱۶۴۱) حَدَّثَنِىْ اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ ابْنُ زُرَيْعٍ عَنْ حَبِيْبٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ قُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا قَالَ قَدْ نَسَخَتْهَا الْاٰيَةُ الْاُخْرٰى فَلِمَ تَكْتُبُهَآ اَوْتَدَعُهَا قَالَ يَاابْنَ اَخِىْ لَآاُغَيِّرُ شَيْئًا مِّنْهُ مِنْ مَّكَانِهٖ

۱۶۴۱۔ ہم سے امیہ بن بسطام نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے حبیب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے آیت ''اور تم میں جو لوگ وفات پا جاتے ہیں اور بیویاں چھوڑ جاتے ہیں'' کے متعلق عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ اس آیت کو دوسری آیت نے منسوخ کر دیا ہے۔ اس لئے اسے (مصحف میں) نہ لکھیں، یا (یہ کہا کہ) نہ

رہنے دیں۔ اس پر عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بیٹے! میں (قرآن کا) کوئی حرف اس کی جگہ سے نہیں ہٹا سکتا۔

(۱۶۴۲) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شِبْلٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا قَالَ كَانَتْ هٰذِهِ الْعِدَّةُ تَعْتَدُّ عِنْدَ اَهْلِ زَوْجِهَا وَاجِبٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَّصِیَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَی الْحَوْلِ غَیْرَاِخْرَاجٍ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا فَعَلْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ قَالَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهَا تَمَامَ السَّنَةِ سَبْعَةَاَشْهُرٍ وَّعِشْرِیْنَ لَیْلَةً وَّ صِیَّةً اِنْ شَآءَ تْ سَكَنَتْ فِیْ وَصِیَّتِهَا وَاِنْ شَآءَ تْ خَرَجَتْ وَهُوَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰی غَیْرَ اِخْرَاجٍ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فَالْعِدَّةُ كَمَا هِیَ وَاجِبٌ عَلَیْهَا زَعَمَ ذٰلِکَ عَنْ مُّجَاهِدٍ وَ قَالَ عَطَآءٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَسَخَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ عِدَّتَهَا عِنْدَ اَهْلِهَا فَتَعْتَدُّ حَیْثُ شَآءَ تْ وَهُوَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰی غَیْرَ اِخْرَاجٍ قَالَ عَطَآءٌ اِنْ شَآءَ تِ اعْتَدَّتْ عِنْدَ اَهْلِهٖ وَسَكَنَتْ فِیْ وَصِیَّتِهَا وَاِنْ شَآءَ تْ خَرَجَتْ لِقَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْكُمْ فِیْمَا فَعَلْنَ قَالَ عَطَآءٌ ثُمَّ جَآءَ الْمِیْرَاثُ فَنَسَخَ السُّكْنٰی فَتَعْتَدُّ حَیْثُ شَآئَتْ وَلَا سُكْنٰی لَهَا وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَآءُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ بِهٰذَا وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِیْحٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَسَخَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ عِدَّتَهَا فِیْٓ اَهْلِهَا فَتَعْتَدُّ حَیْثُ شَآءَ تْ لِقَوْلِ اللّٰهِ غَیْرَ اِخْرَاجٍ نَّحْوَهٗ

۱۶۴۲۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے روح نے حدیث بیان کی، ان سے شبل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی نجیح نے اور ان سے مجاہد نے آیت ''اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جاتے ہیں اور بیویاں چھوڑ جاتے ہیں'' کے بارے میں فرمایا کہ یہ (یعنی چار مہینے دس دن کی) عدت تھی۔ جو شوہر کے گھر عورت کو گذارنی ضروری تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں (ان پر لازم ہے) اپنی بیویوں کے حق میں نفع اٹھانے کی وصیت (کر جانے) کی کہ وہ ایک سال تک گھر سے نکل جائیں۔ لیکن اگر (خود) نکل جائیں تو کوئی گناہ تم پر نہیں۔ اس باب میں جسے وہ (بیویاں) شرافت کے ساتھ کریں۔'' فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عورت کے لئے سات مہینے اور بیس دن وصیت کے قرار دیئے کہ اگر وہ اس مدت میں چاہے تو اپنے لئے وصیت کے مطابق (شوہر کے گھر میں ہی) ٹھہرے اور اگر چاہے تو کہیں اور چلی جائے، کہ اگر ایسی عورت کہیں اور چلی جائے تو تمہارے حق میں کوئی مضائقہ نہیں۔ پس عدت کے ایام تو وہ ہیں جنہیں گذارنا اس پر ضروری ہے (یعنی چار مہینے دس دن) شبل نے مجاہد کے واسطہ سے اسے بیان کیا اور عطاء نے بیان کیا، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس آیت نے عورت کے لئے صرف شوہر کے گھر میں عدت گذارنے کے حکم کو منسوخ قرار دے دیا۔ گویا اب جہاں چاہے عدت گزار سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اسی کے متعلق بتایا گیا ہے کہ ''(گھر سے) نکالی نہ جائیں'' (لیکن اگر خود نکل جائیں تو کوئی گناہ نہیں) عطاء نے فرمایا کہ اگر عورت چاہے تو عدت شوہر کے گھر میں گذارے اور اس کے حق میں جو وصیت ہے اس کے مطابق وہیں قیام کرے اور اگر وہ چاہے تو دوسری جگہ بھی گذار سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''تو کوئی گناہ تم پر نہیں، اس باب میں جسے وہ بیویاں شرافت کے ساتھ کریں'' کی وجہ سے۔ عطاء نے فرمایا کہ پھر میراث کا حکم نازل ہوا۔ اور اس نے (عورت کے لئے) سکنیٰ کے حق کو منسوخ قرار دیا۔ اب عورت جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے، اسے سکنیٰ دینا ضروری نہیں۔ اور محمد بن یوسف نے روایت کی، ان سے ورقاء

نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی نجیح نے اور ان سے مجاہد نے یہی روایت۔ اور ابن ابی نجیح سے روایت ہے۔ ان سے عطاء نے بیان کیا اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس آیت نے صرف شوہر کے گھر میں عدت کے حکم کو منسوخ قرار دیا ہے، اب وہ جہاں چاہے عدت گذار سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "غیر اخراج" وغیرہ کی روشنی میں۔

(۱۶۴۳) حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ جَلَسْتُ اِلٰى مَجْلِسٍ فِيْهِ عُظْمٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَفِيْهِمْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ اَبِىْ لَيْلٰى فَذَكَرْتُ حَدِيْثَ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ فِىْ شَانِ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ فَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ وَلٰكِنَّ عَمَّه' كَانَ لَايَقُوْلُ ذٰلِكَ فَقُلْتُ اِنِّىْ لَجَرِئٌ اِنْ كَذَبْتُ عَلٰى رَجُلٍ فِىْ جَانِبِ الْكُوْفَةِ وَرَفَعَ صَوْتَه' قَالَ ثُمَّ خَرَجْتُ فَلَقِيْتُ مٰلِكَ بْنَ عَامِرٍ اَوْ مَالِكَ بْنَ عَوْفٍ قُلْتُ كَيْفَ كَانَ قَوْلُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فِى الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِىَ حَامِلٌ فَقَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا التَّغْلِيْظَ وَلَاتَجْعَلُوْنَ لَهَا الرُّخْصَةَ لَنَزَلَتْ سُوْرَةُ النِّسَآءِ الْقُصْرٰى بَعْدَ الطُّوْلٰى وَقَالَ اَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدٍ لَقِيْتُ اَبَا عَطِيَّةَ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ

۱۶۴۳۔ ہم سے حبان نے حدیث بیان کی ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ بن عون نے خبر دی، ان سے محمد بن سیرین نے بیان کیا کہ میں انصار کی ایک مجلس میں حاضر ہوا۔ اکابر انصار اس مجلس میں موجود تھے۔ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بھی تشریف رکھتے تھے، میں نے وہاں سبیعہ بنت حارث کے معاملے سے متعلق عبداللہ بن عتبہ کی حدیث کا ذکر کیا۔ عبدالرحمٰن نے فرمایا لیکن ان کے چچا (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) ایسا نہیں کہتے تھے (محمد بن سیرین نے بیان کیا) میں نے کہا کہ پھر تو میں نے ایک ایسے بزرگ کے متعلق جھوٹ بولنے میں جراًت کی ہے جو کوفہ میں ابھی موجود ہیں، ان کی آواز بلند ہوگئی تھی۔ بیان کیا کہ پھر جب میں اس مجلس سے اٹھا تو راستے میں مالک بن عامر یا (راوی کو شبہ تھا) مالک بن عوف سے ملاقات ہوگئی۔ میں نے ان سے پوچھا کہ جس عورت کے شوہر کا انتقال ہو جائے اور وہ حمل سے ہو تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس کے متعلق کیا فرماتے تھے؟ انہوں نے بیان کیا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ تم لوگ اس پر سختی کے متعلق کیوں سوچتے ہو؟ اسے رخصت کیوں نہیں دیتے۔ سورۂ نساء قصریٰ (سورۂ طلاق) طولیٰ (بقرہ) کے بعد نازل ہوئی ہے اور ایوب نے بیان کیا، ان سے محمد نے کہ میں ابوعُطیہ مالک بن عامر سے ملا۔ (بغیر شک)۔

باب ۶۰۰. قَوْلِهٖ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى

۶۰۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "سب ہی نمازوں کی پابندی رکھو۔ اور خصوصاً درمیانی نماز کی۔"

(۱۶۴۴) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ هِشَامٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۶۴۴۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے، ان سے عبیدہ نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ مجھ سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا

قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَبَسُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ مَلَأَاللّٰهُ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ اَوْاَجْوَافَهُمْ شَكَّ يَحْيٰى نَارًا

کہ مجھ سے محمد بن سیرین نے حدیث بیان کی، ان سے عبیدہ نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے غزوہ خندق کے موقعہ پر فرمایا تھا، ان کفار نے ہمیں صلوٰۃ وسطیٰ (درمیانی نماز) نہیں پڑھنے دی اور سورج غروب ہو گیا خدا ان کی قبروں اور گھروں کی یا ان کے پیٹوں کو، یحییٰ کو شک تھا، آگ سے بھر دے۔

باب ۲۰۱. قَوْلِهٖ وَ قُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ مُطِيْعِيْنَ

۲۰۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اللہ کے سامنے عاجزوں کی طرح کھڑے رہا کرو۔'' قانتین بمعنی مطیعین۔

(۱۶۴۵) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ اِسْمٰعِيْلَ ابْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِىِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا نَتَكَلَّمُ فِى الصَّلٰوةِ يُكَلِّمُ اَحَدُنَا اَخَاهُ فِىْ حَاجَتِهٖ حَتّٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ فَاُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ

۱۶۴۵۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے اسمٰعیل بن ابی خالد نے، ان سے حارث بن شبیل نے، ان سے عمرو شیبانی نے اور ان سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ابتداء اسلام میں) ہم نماز پڑھتے ہوئے بات بھی کر لیا کرتے تھے، کوئی بھی شخص اپنے دوسرے بھائی سے اپنی کسی ضرورت کے لئے کہہ لیتا تھا، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ ''سب ہی نمازوں کی پابندی رکھو اور خصوصاً درمیانی نماز کی، اور اللہ کے سامنے عاجزوں کی طرح کھڑے رہا کرو'' اس آیت کے ذریعہ ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا۔

باب ۲۰۲. قَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْرُكْبَانًا فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّالَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ كُرْسِيُّهٗ عِلْمُهٗ يُقَالُ بَسْطَةً زِيَادَةً وَّفَضْلًا اَفْرِغْ اَنْزِلْ وَلَا يَؤُدُهٗ لَايُثْقِلُهٗ اٰدَنِىْ اَثْقَلَنِىْ وَالْاٰدُ وَالْاَيْدُ الْقُوَّةُ السِّنَةُ نُعَاسٌ يَتَسَنَّهْ يَتَغَيَّرْ فَبُهِتَ ذَهَبَتْ حُجَّتُهٗ خَاوِيَةٌ لَّآ اَنِيْسَ فِيْهَا عُرُوْشُهَا اَبْنِيَتُهَا السِّنَةُ نُعَاسٌ نُنْشِزُهَا نُخْرِجُهَا اِعْصَارٌ رِيْحٌ عَاصِفٌ تَهُبُّ مِنَ الْاَرْضِ اِلَى السَّمَآءِ كَعَمُوْدٍ فِيْهِ نَارٌ وَّقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ صَلْدًا لَّيْسَ عَلَيْهِ شَىْءٌ وَّ قَالَ عِكْرِمَةُ وَابِلٌ مَطَرٌ شَدِيْدٌ الطَّلُّ النَّدٰى وَهٰذَا مَثَلُ عَمَلِ الْمُؤْمِنِ يَتَسَنَّهْ يَتَغَيَّرْ

۲۰۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''لیکن اگر تمہیں اندیشہ ہو تو تم پیدل ہی (پڑھ لیا کرو) یا سواری پر۔ پھر جب تم امن میں آجاؤ تو اللہ کو یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں سکھایا ہے جس کو تم جانتے بھی نہ تھے۔'' ابن جبیر نے فرمایا کہ (قرآن مجید میں) کرسیہ سے مراد اللہ تعالیٰ کا علم ہے۔ بسطة ای زیادة وفضلاً افرغ بمعنی انزل. ولایؤده ای لایثقله. ادنی ای اثقلنی. اٰد اور اید. قوت کے معنی میں ہیں۔ السنة یعنی اونگھ (لم) یتسنہ بمعنی یتغیر۔ فبہت یعنی اس کے پاس کوئی دلیل نہ رہی۔ خاویۃ جہاں کوئی انیس وغم خوار نہ ہو۔ عروشھا یعنی ابنیتھا۔ السنۃ بمعنی اونگھ۔ ننشزھا بمعنی نخرجھا۔ عصار۔ ایسی تیز ہوا جو زمین سے آسمان کی طرف ستون کی طرح اٹھتی ہے اور اس میں آگ ہوتی ہے۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صلداً ایسی مٹی جس پر کچھ اگا ہوا نہ ہو اور عکرمہ نے فرمایا کہ وابل مطر شدید کو کہتے ہیں۔ طل بمعنی شبنم اور یہ مؤمن کے عمل کی مثال ہے یتسنہ بمعنی یتغیر۔

(۱۶۴۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ اِذَاسُئِلَ عَنْ

۱۶۴۶۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے کہ جب عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

صَلٰوۃِ الْخَوْفِ قَالَ یَتَقَدَّمُ الْاِمَامُ وَطَآئِفَۃٌ مِّنَ النَّاسِ فَیُصَلِّیْ بِھِمُ الْاِمَامُ رَکْعَۃً وَّتَکُوْنُ طَآئِفَۃٌ مِّنْھُمْ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ الْعَدُوِّ لَمْ یُصَلُّوْا فَاِذَا صَلُّوا الَّذِیْنَ مَعَہٗ رَکْعَۃً اسْتَاْخَرُوْا مَکَانَ الَّذِیْنَ لَمْ یُصَلُّوْا وَلَا یُسَلِّمُوْنَ وَ یَتَقَدَّمُ الَّذِیْنَ لَمْ یُصَلُّوْا فَیُصَلُّوْنَ مَعَہٗ رَکْعَۃً ثُمَّ یَنْصَرِفُ الْاِ مَامُ وَقَدْ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ فَیَقُوْمُ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنَ الطَّآئِفَتَیْنِ فَیُصَلُّوْنَ لِاَنْفُسِھِمْ رَکْعَۃً بَعْدَ اَنْ یَّنْصَرِفَ الْاِمَامُ فَیَکُوْنُ کُلُّ وَاحِدٍ مِّنَ الطَّآئِفَتَیْنِ قَدْ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ فَاِنْ کَانَ خَوْفٌ ھُوَ اَشَدُّ مِنْ ذٰلِکَ صَلُّوْا رِجَالًا قِیَامًا عَلٰی اَقْدَامِھِمْ اَوْرُکْبَانًا مُّسْتَقْبِلِی الْقِبْلَۃِ اَوْغَیْرَ مُسْتَقْبِلِیْھَا قَالَ مَالِکٌ قَالَ نَافِعٌ لَآ اُرٰی عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عُمَرَ ذَکَرَ ذٰلِکَ اِلَّا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

سے نماز خوف کے متعلق پوچھا جاتا تو آپ فرماتے کہ امام، مسلمانوں کو ایک جماعت کو لے کر خود آگے بڑھے اور انہیں ایک رکعت نماز پڑھائے۔ اس دوران میں مسلمانوں کی دوسری جماعت ان کے اور دشمن کے درمیان میں رہے۔ یہ لوگ نماز میں ابھی شریک نہ ہوں گے۔ پھر جب امام ان لوگوں کو ایک رکعت پڑھا چکے جو پہلے اس کے ساتھ تھے تو اب یہ لوگ پیچھے ہٹ جائیں گے اور ان کی جگہ لے لیں گے جنہوں نے اب تک نماز نہیں پڑھی ہے لیکن یہ لوگ سلام نہیں پھیریں گے۔ اب وہ لوگ آگے بڑھیں گے جنہوں نے نماز نہیں پڑھی ہے اور امام انہیں بھی ایک رکعت نماز پڑھائے گا اب امام دو رکعت پڑھ چکنے کے بعد نماز سے فارغ ہو چکا (اگر فرض صرف دو۲ رکعت نماز تھی) پھر دونوں جماعتیں (جنہوں نے الگ الگ امام کی ساتھ ایک ایک رکعت نماز پڑھی تھی) اپنی بقیہ ایک ایک رکعت ادا کریں گی۔ جب کہ امام اپنی نماز سے فارغ ہو چکا ہے۔ اس طرح دونوں جماعتوں کی دو۲ دو۲ رکعت پوری ہو جائیں گی۔ لیکن اگر خوف اس سے بھی زیادہ ہے (اور مذکورہ صورت بھی ممکن نہیں) تو ہر شخص تنہا نماز پڑھ لے، پیدل ہو یا سوار۔ قبلہ کی طرف رخ ہو یا نہ ہو۔ مالک نے بیان کیا، ان سے نافع نے کہ ظاہر ہے، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تفصیلات رسول اللہ ﷺ سے سن کر ہی بیان کی ہوں گی۔

باب ۶۰۳ . قَوْلِہٖ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْکُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا

۶۰۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں۔"

(۱۶۴۷) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰہِ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ وَیَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَبِیْبُ ابْنُ الشَّھِیْدِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ قَالَ قَالَ ابْنُ الزُّبَیْرِ قُلْتُ لِعُثْمَانَ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ الَّتِیْ فِی الْبَقَرَۃِ وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْکُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا اِلٰی قَوْلِہٖ غَیْرَ اِخْرَاجٍ قَدْ نَسَخَتْھَا الْاُخْرٰی فَلِمَ تَکْتُبُھَا قَالَ تَدَعُھَا یَا ابْنَ اَخِیْ لَآ اُغَیِّرُ شَیْئًا مِّنْہُ مِنْ مَّکَانِہٖ قَالَ حُمَیْدٌ اَوْنَحْوَ ھٰذَا

۱۶۴۷۔ مجھ سے عبداللہ بن ابی اسود نے حدیث بیان کی، ان سے حمید ابن اسود اور یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے حبیب بن شہید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ سورۂ بقرہ کی آیت یعنی "جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں۔" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "غیر اخراج" تک کو دوسری آیت نے منسوخ کر دیا ہے۔ اس لئے آپ اسے مصحف میں نہ لکھیں۔ عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا بیٹے! یہ آیت مصحف میں ہی رہے گی، میں کسی حرف کو اس کی جگہ سے نہیں ہٹا سکتا۔ حمید نے بیان کیا کہ یا آپ نے اسی طرح کے الفاظ کہے۔

باب ۶۰۴ . قَوْلِہٖ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاھِیْمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ

۶۰۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور (وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جب ابراہیم

تُحْيِ الْمَوْتٰى

نے عرض کی کہ اے میرے پروردگار! مجھے دکھادے کہ تو مردوں کو کس طرح زندہ کرے گا۔"

(۱۶۴۸) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ وَسَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَحَقُّ بِالشَّکِّ مِنْ اِبْرَاهِیْمَ اِذْ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰى قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ

۱۶۴۸۔ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہیں یونس نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے انہیں ابوسلمہ اور سعید نے، ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، شک کرنے کا تو ہمیں ابراہیم علیہ السلام سے زیادہ حق ہے۔ جب انہوں نے عرض کیا تھا کہ "اے میرے پروردگار! مجھے دکھادے کہ تو مردوں کو کس طرح زندہ کرے گا؟ ارشاد ہوا کہ، کیا آپ کو یقین نہیں ہے؟ عرض کی ضرور ہے لیکن یہ درخواست اس لئے ہے کہ قلب کو اور اطمینان ہوجائے۔"

باب ۶۰۵. قَوْلِهٖ اَیَوَدُّ اَحَدُکُمْ اَنْ تَکُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ اِلٰى قَوْلِهٖ تَتَفَکَّرُوْنَ

۶۰۵۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اس کا ایک باغ ہو۔" ارشاد "تتفکرون" تک۔

(۱۶۴۹) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَبِیْ مُلَیْکَةَ یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَسَمِعْتُ اَخَاهُ اَبَابَکْرِ بْنَ اَبِیْ مُلَیْکَةَ یُحَدِّثُ عَنْ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ یَوْمًا لِاَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْمَ تَرَوْنَ هٰذِهِ الْاٰیَةَ نَزَلَتْ اَیَوَدُّ اَحَدُکُمْ اَنْ تَکُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ قَالُوْا اللّٰهُ اَعْلَمُ فَغَضِبَ عُمَرُ فَقَالَ قُوْلُوْا نَعْلَمُ اَوْلَا نَعْلَمُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِیْ نَفْسِیْ مِنْهَا شَیْءٌ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ عُمَرُ یَا ابْنَ اَخِیْ قُلْ وَلَا تُحَقِّرْ نَفْسَکَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ضُرِبَتْ مَثَلًا لِعَمَلٍ قَالَ عُمَرُ اَیُّ عَمَلٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِعَمَلٍ قَالَ عُمَرُ لِرَجُلٍ غَنِیٍّ یَعْمَلُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ ثُمَّ بَعَثَ اللّٰهُ لَهُ الشَّیْطَانَ فَعَمِلَ بِالْمَعَاصِیْ حَتّٰى اَغْرَقَ اَعْمَالَهٗ

۱۶۴۹۔ہم سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے، انہوں نے عبداللہ بن ابی ملیکہ سے سنا، وہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ آپ نے فرمایا (ابن جریج نے کہا) اور میں نے ان کے بھائی ابوبکر بن ابی ملیکہ سے سنا۔ وہ عبید بن عمیر کے واسطہ سے بیان کرتے تھے کہ ایک دن عمر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے اصحاب سے دریافت فرمایا کہ آپ حضرات کا کیا خیال ہے یہ آیت کس سلسلے میں نازل ہوئی ہے "کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اس کا ایک باغ ہو" سب نے کہا کہ اللہ زیادہ جاننے والا ہے عمر رضی اللہ عنہ بہت غصے ہوگئے اور فرمایا صاف جواب دیجئے کہ آپ لوگوں کو اس سلسلے میں کچھ معلوم ہے یا نہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی امیر المؤمنین! میرے ذہن میں اس سے متعلق کچھ چیز ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا بیٹے! تمہیں کہو، اور اپنے کو کمتر نہ سمجھو، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ اس میں عمل کی مثال بیان کی گئی ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کیسے عمل کی، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ عمل کی، عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک مالدار شخص کی مثال بیان کی گئی ہے جو پہلے تو اللہ عزوجل کی اطاعت کرتا تھا لیکن پھر اللہ تعالیٰ نے اس پر شیطان کو مسلط کردیا اور وہ معاصی میں مبتلا ہوگیا اور اس نے اس کے سارے اعمال غارت کردیئے۔"

باب۲۰۶ . قَوْلِهٖ لَايَسْأَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا يُقَالُ اَلْحَفَ عَلَىَّ وَاَلَحَّ عَلَىَّ وَاَحْفَانِىْ بِالْمَسْئَلَةِ فَيُحْفِكُمْ يُجْهِدْ كُمْ

(۱۶۵۰) حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ شَرِيْكُ بْنُ اَبِىْ نَمِرٍ اَنَّ عَطَآءَ بْنَ يَسَارٍ وَّعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِىْ عَمْرَةَ الْاَنْصَارِىَّ قَالَا سَمِعْنَا اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِىْ تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلَا اللُّقْمَةُ وَلَا اللُّقْمَتَانِ اِنَّمَا الْمِسْكِيْنُ الَّذِىْ يَتَعَفَّفُ وَاقْرَءُ وْآ اِنْ شِئْتُمْ يَعْنِىْ قَوْلَهٗ لَايَسْأَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا

۲۰۶۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''وہ لوگوں سے لگ لپٹ کر نہیں مانگتے'' بولتے ہیں الحف علی، الح علی، اور احفانی بالمسئلة (سب کے معنی لگ لپٹ کر مانگنے کے ہیں) کہ تمہیں تھکا دے۔

۱۶۵۰۔ہم سے ابن ابی مریم نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے شریک بن ابی نمیر نے حدیث بیان کی ان سے عطاء بن یسار اور عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ انصاری نے بیان کیا اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مسکین وہ نہیں ہے جسے ایک دو کھجور، ایک دو لقمے در بدر لئے پھریں۔ مسکین وہ ہے جو مانگنے سے بچتا ہے اور اگر تمہارا جی چاہے تو اس آیت کی تلاوت کر لو کہ ''وہ لوگوں سے لگ لپٹ کر نہیں مانگتے۔''

باب۲۰۷ . قَوْلِ اللّٰهِ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا اَلْمَسُّ الْجُنُوْنُ

(۱۶۵۱) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ ابْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتِ الْاٰيَاتُ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِى الرِّبَا قَرَاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِى الْخَمْرِ

۲۰۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''حالانکہ اللہ نے بیع کو حلال کیا اور سود کو حرام کیا ہے'' المس بمعنی جنون۔

۱۶۵۱۔ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی ان سے سلمہ نے حدیث بیان کی ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب ربوا کے سلسلے میں سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں نازل ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں پڑھ کر لوگوں کو سنایا اور اس کے بعد شراب کا کاروبار حرام قرار پایا۔

باب ۲۰۸ . قَوْلِهٖ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا يُذْهِبُهٗ

(۱۶۵۲) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ سَمِعْتُ اَبَا الضُّحٰى يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لَمَّآ اُنْزِلَتِ الْاٰ يٰتُ الْاَوَاخِرُ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاهُنَّ فِى الْمَسْجِدِ فَحَرَّمَ التِّجَا رَةَ فِى الْخَمْرِ

۲۰۸۔ارشاد ''اللہ سود کو مٹاتا ہے۔'' یمحق بمعنی یذھب۔

۱۶۵۲۔ہم سے بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی۔ انہیں شعبہ نے انہیں سلیمان نے انہوں نے ابوالضحیٰ سے سنا، وہ مسروق کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا جب سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں نازل ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور مسجد میں انہیں پڑھ کر سنایا، اس کے بعد شراب کا کاروبار حرام ہو گیا۔

باب۲۰۹ . قَوْلِهٖ فَاْذَ نُوْا بِحَرْبٍ فَاعْلَمُوْا

۲۰۹۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تو خبردار ہو جاؤ جنگ کے لئے'' (اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے) (فاذنوا) بمعنی فاعلموا۔

(۱۶۵۳) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنْ

۱۶۵۳۔مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے،

مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اُنْزِلَتِ الْاٰيَاتُ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ قَرَاَهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَحَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ

ان سے ابوالضحیٰ نے ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ جب سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں نازل ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں مسجد میں پڑھ کر سنایا اور شراب کا کاروبار حرام ہو گیا۔

باب ۶۱۰. قَوْلِهٖ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

۶۱۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اگر تنگ دست ہے تو اس کے لئے آسودہ حالی تک مہلت ہے اور اگر معاف کر دو تو تمہارے حق میں اور بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔''

(۱۶۵۴) وَقَالَ لَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ وَّالْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّآ اُنْزِلَتِ الْاٰيَاتُ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهُنَّ عَلَيْنَا ثُمَّ حَرَّمَ التِّجَارَةَ فِي الْخَمْرِ

۱۶۵۴۔ اور ہم سے محمد بن یوسف نے بیان کیا، ان سے سفیان نے، ان سے منصور اور اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب سورۂ بقرہ کی آخری آیات نازل ہوئیں تو رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور ہمیں پڑھ کر سنایا اور شراب کی تجارت حرام ہو گئی۔

باب ۶۱۱. قَوْلِهٖ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ

۶۱۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد! ''اور اس دن سے ڈرتے رہو جس میں تم سب اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔''

(۱۶۵۵) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اٰخِرُ اٰيَةٍ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰيَةُ الرِّبَا

۱۶۵۵۔ ہم سے قبیصہ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عاصم نے، ان سے شعبی نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آخری آیت جو نبی کریم ﷺ پر نازل ہوئی، وہ سود سے متعلق تھی۔

باب ۶۱۲. قَوْلِهٖ وَاِنْ تُبْدُوْا مَافِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْتُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

۶۱۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو کچھ تمہارے نفسوں کے اندر ہے اگر تم ان کو ظاہر کر دو یا اسے چھپائے رکھو، بہرحال اللہ اس کا حساب تم سے لے گا۔ پھر جسے چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

(۱۶۵۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ حَدَّثَنَا مِسْكِيْنٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّآءِ عَنْ مَرْوَانَ الْاَصْفَرِ عَنْ رَّجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ عُمَرَ اَنَّهَا قَدْ نُسِخَتْ وَاِنْ تُبْدُوْا مَافِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ اَلْاٰيَةَ

۱۶۵۹۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے نفیلی نے حدیث بیان کی۔ ان سے مسکین نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے خالد حذاء نے، ان سے مروان اصفر نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی یعنی ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ آیت ''اور جو کچھ تمہارے نفسوں کے اندر ہے۔ اگر تم ان کو ظاہر کر دو یا چھپائے رکھو'' آخر آیت تک منسوخ ہو گئی تھی۔

باب ۶۱۳. قَوْلِهٖ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِصْرًا عَهْدًا وَ يُقَالُ غُفْرَانَكَ مَغْفِرَتَكَ فَاغْفِرْلَنَا

۶۱۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''پیغمبر ایمان لائے اس پر جو ان پر اللہ کی طرف سے نازل ہوا ہے'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''اصرا'' عہد کے معنی میں ہے۔ بولتے ہیں ''غفرانک'' یعنی ''آپ کی مغفرت (مانگتے

ہیں) کہ ہمیں معاف کر دیجئے۔

(۱۶۶۰) حَدَّثَنِی اِسۡحٰقُ اَخۡبَرَنَا رَوۡحٌ اَخۡبَرَنَا شُعۡبَةُ عَنۡ خَالِدِ الۡحَذَّآءِ عَنۡ مَّرۡوَانَ الۡاَصۡفَرِ عَنۡ رَجُلٍ مِّنۡ اَصۡحَابِ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَحۡسِبُه، اِبۡنَ عُمَرَ اِنۡ تُبۡدُوۡا مَافِیۡ اَنۡفُسِكُمۡ اَوۡتُخۡفُوۡهُ قَالَ نَسَخَتۡهَا الۡاٰيَةُ الَّتِیۡ بَعۡدَهَا

۱۶۶۰۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں روح نے خبر دی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں خالد حذاء نے، انہیں مروان اصفر نے اور نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی نے (مروان اصفر نے) کہا کہ وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ ہیں، آپ نے آیت "وان تبدوا مافی انفسکم اوتخفوہ" الآیۃ کے متعلق فرمایا کہ اس کو آیت لایکلف اللّٰہ نفساً الاوسعھا نے منسوخ کر دیا ہے۔

سُوۡرَةُ اٰلِ عِمۡرَانَ

سورہ آل عمران

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

تُقَاةٌ وَّ تَقِيَّةٌ وَّاحِدَةٌ صِرٌّ بَرۡدٌ شَفَا حُفۡرَةٍ مِّثۡلُ شَفَا الرَّكِيَّةِ وَهُوَحَرۡفُهَا تُبَوِّئُ تَتَّخِذُ مُعَسۡكَرًا الۡمُسَوَّمُ الَّذِیۡ لَه، سِيۡمَآءٌ بِعَلَامَةٍ اَوۡبِصُوۡفَةٍ اَوۡبِمَا كَانَ رِبِّيُّوۡنَ الۡجَمِيۡعُ وَالۡوَاحِدُ رِبِّیٌّ تَحُسُّوۡنَهُمۡ تَسۡتَاصِلُوۡنَهُمۡ قَتۡلاً غُزًّا وَّاحِدُهَا غَازٍ سَنَكۡتُبُ سَنَحۡفَظُ نُزُلاً ثَوَابًا وَّيَجُوۡزُ وَمُنۡزَلٌ مِّنۡ عِنۡدِاللّٰهِ كَقَوۡلِكَ اَنۡزَلۡتُه، وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَّالۡخَيۡلُ الۡمُسَوَّمَةُ الۡمُطَهَّمَةُ الۡحِسَانُ وَقَالَ ابۡنُ جُبَيۡرٍ وَّحَصُوۡرًا لَّايَاۡتِی النِّسَآءَ وَقَالَ عِكۡرِمَةُ مِنۡ فَوۡرِ هِمۡ مِّنۡ غَضَبِهِمۡ يَوۡمَ بَدۡرٍ وَّقَالَ مُجَاهِدٌ يُخۡرِجُ الۡحَیَّ النُّطۡفَةَ تَخۡرُجُ مَيِّتَةً وَّيَخۡرُجُ مِنۡهَا الۡحَیُّ الا بۡكَارُ اَوَّلُ الۡفَجۡرِ وَالۡعَشِیُّ مَيۡلُ الشَّمۡسِ اُرَاهُ اِلٰی اَنۡ تَغۡرُبَ

تقاۃ اور تقیہ ہم معنی ہیں۔ صر بمعنی برد' شفا حفرۃ، شفا الرکیۃ (رکیۃ۔ بمعنی کنواں) کی طرح ہے، یعنی اس کا کنارہ۔ تبوئ بمعنی تتخذ معسکراً۔ المسوم یعنی جس کی کوئی علامت ہو۔ کسی طرح کی بھی علامت ہو، ربیون جمع ہے واحد ربی ہے۔ تحسونھم ای تستاصلونھم قتلا۔ غزا کا واحد غاز ہے۔ سنکتب ای سنحفظ۔ نزلاً ای ثواباً، اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئی ہوئی چیز کے معنی میں بھی لیا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں ''انزلتہ'' سے مشتق ہوگا۔ مجاہدؒ نے فرمایا کہ "الخیل المسومۃ" کے معنی ہیں کامل الخلقت اور خوبصورت۔ ابن جبیر نے فرمایا کہ ''حصور'' ایسا شخص جو عورتوں کے پاس نہ جائے۔ عکرمہ نے فرمایا ''من فورھم'' یعنی جس غضب وجوش کا انہوں نے بدر کی لڑائی میں مظاہرہ کیا تھا۔ مجاہدؒ نے فرمایا کہ ''یخرج الحی'' میں مراد نطفہ ہے کہ پہلے بے جان ہوتا ہے پھر اس سے ایک حیات وجود پذیر ہوتی ہے۔ ''الابکار'' یعنی طلوع فجر۔ ''العشی'' یعنی سورج کا ڈھلنا، میرا خیال ہے کہ غروب تک (عشی کا اطلاق ہوتا ہے۔)

باب ۶۱۴۔ مِنۡهُ اٰيٰتٌ مُّحۡكَمٰتٌ وَّقَالَ مُجَاهِدٌ اَلۡحَلَالُ وَالۡحَرَامُ وَاُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ يُّصَدِّقُ بَعۡضُه، بَعۡضًا كَقَوۡلِهٖ تَعَالٰی وَمَايُضِلُّ بِهٖۤ اِلَّا الۡفٰسِقِيۡنَ وَكَقَوۡلِهٖ جَلَّ ذِكۡرُه، وَيَجۡعَلُ الرِّجۡسَ عَلَی الَّذِيۡنَ لَايَعۡقِلُوۡنَ وَكَقَوۡلِهٖ وَالَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا زَادَهُمۡ هُدًی

۶۱۴۔ ''اس میں محکم آیتیں ہیں۔''

''مجاہدؒ نے فرمایا کہ اس سے مراد حلال وحرام ہیں۔'' اور دوسری آیتیں متشابہ ہیں کہ بعض آیتیں بعض کی تصدیق کرتی ہیں جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "ومایضل بہ الاالفسقین" اور دوسرے موقعہ پر ارشاد ہے۔ "ویجعل الرجس علی الذین لایعقلون" اور جیسے اللہ تعالیٰ

زَيْغٌ شَكٌّ اِبْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ الْمُشْتَبِهَاتِ وَالرَّاسِخُوْنَ يَعْلَمُوْنَ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ

کا ارشاد ہے۔"والذین اهتدوا زادهم هدی"زیغ بمعنی شک۔ فتنہ کی تلاش میں ہیں، یعنی آیات متشابہات میں موشگافیاں کر کے "والراسخون" یعنی جو لوگ پختہ علم والے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لے آئے۔"

(۱۶۶۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التُّسْتَرِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ تَلاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هُوَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَ اُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ اِلٰى قَوْلِهٖ اُولُوا الْاَلْبَابِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَارَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّى اللّٰهُ فَاحْذَرُوْهُمْ

۱۶۶۱۔ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابراہیم تستری نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ملیکہ نے، ان سے قاسم بن محمد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی "وہ وہی خدا ہے جس نے آپ پر کتاب اتاری ہے، اس میں محکم آیتیں ہیں اور وہی کتاب کا اصل مدار ہیں اور دوسری آیتیں متشابہ ہیں، سو وہ لوگ جن کے دلوں میں کجی ہے وہ اس کے اسی حصے کے پیچھے ہو لیتے ہیں جو متشابہ ہیں۔ شورش کی تلاش میں اور اس کے غلط مطلب کی تلاش میں" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اولوالالباب" تک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو متشابہ آیتوں کے پیچھے پڑے ہوئے ہوں تو متنبہ ہو جاؤ کہ یہی وہی لوگ ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نے (آیت میں) نشاندہی کی ہے، اس لئے ان سے بچتے رہو۔

باب۶۱۵. قَوْلِهٖ وَ اِنِّیْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

۶۱۵۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔"

(۱۶۶۲) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ مَّوْلُوْدٍ يُّوْلَدُ اِلَّا وَ الشَّيْطَانُ يَمَسُّهٗ حِيْنَ يُوْلَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًامِّنْ مَّسِّ الشَّيْطَانِ اِيَّاهُ اِلَّا مَرْيَمَ وَابْنَهَا ثُمَّ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ وَاِنِّیْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

۱۶۶۲۔مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سعید بن مسیب نے اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہر مولود جب پیدا ہوتا ہے تو شیطان اسے پیدا ہوتے ہی چھوتا ہے اور جس سے وہ مولود چلاتا ہے، سوا مریمؑ اور ان کے صاحبزادے (عیسیٰ علیہما السلام) کے۔ پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو "انی اعیذ ھا بک و ذریتھا من الشیطان الرجیم" (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا۔)

باب۶۱۶. قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِاللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ لَا خَيْرَ اَلِيْمٌ مُؤْلِمٌ مُوْجِعٌ مِنَ الْاَلَمِ وَهُوَ فِیْ مَوْضِعِ مُفْعِلٍ

۶۱۶۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو قلیل قیمت پر بیچ ڈالتے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جن کے کوئی حصہ آخرت میں نہیں۔ (لا خلاق لهم ای) لاخیر لهم الیم بمعنی مولم موجع من الالم مفعل کے وزن پر۔

(۱۶۶۳) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَآئِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ يَمِيْنَ صَبْرٍ لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ لَّقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَاخَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ قَالَ فَدَخَلَ الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ وَقَالَ مَايُحَدِّثُكُمْ اَبُوْعَبْدِالرَّحْمٰنِ قُلْنَا كَذَا وَكَذَا قَالَ فِيَّ اُنْزِلَتْ كَانَتْ لِيْ بِئْرٌ فِيْٓ اَرْضِ ابْنِ عَمٍّ لِّيْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيِّنَتُكَ اَوْيَمِيْنُهٗ فَقُلْتُ اِذًا يَّحْلِفُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ يَّقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ لَّقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ

۱۶۶۳۔ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس شخص نے اس لئے قسم کھانے کی جرأت کی تا کہ کسی مسلمان کا مال (ناجائز طریقہ سے) حاصل کرلے تو جب وہ اللہ سے ملے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر نہایت غضبناک ہوں گے، پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کی اس ارشاد کی تصدیق میں آیت نازل کی، ''بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو قلیل قیمت پر بیچتے ہیں، یہ وہی لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں'' آخر آیت تک۔ بیان کیا کہ اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور پوچھا، ابوعبدالرحمٰن (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) نے آپ لوگوں سے کوئی حدیث بیان کی ہے؟ ہم نے بتایا کہ اس اس طرح حدیث بیان کی۔ آپ نے اس پر فرمایا کہ یہ حدیث تو میرے ہی بارے میں نازل ہوئی تھی، میرے ایک چچازاد بھائی کی زمین میں میرا ایک کنواں تھا (ہم دونوں کا اس کے بارے میں نزاع ہوا اور مقدمہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ نے فرمایا کہ تم گواہ پیش کرد پھر اس کی قسم پر فیصلہ ہوگا، میں نے عرض کی پھر تو، یا رسول اللہ (ﷺ)! وہ (جھوٹی) قسم کھالے گا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جھوٹی قسم کی اس لئے جرأت کرے کہ اس کے ذریعہ کسی مسلمان کا مال قبھائے اور اس کی نیت بری ہو تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ اللہ اس پر نہایت غضبناک ہوں گے۔

(۱۶۶۴) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ هُوَا بْنُ اَبِيْ هَاشِمٍ سَمِعَ هُشَيْمًا اَخْبَرَنَاالْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى اَنَّ رَجُلًا اَقَامَ سِلْعَةً فِي السُّوْقِ فَحَلَفَ فِيْهَا لَقَدْ اَعْطٰى بِهَا مَالَمْ يُعْطِهٖ لِيُوْقِعَ فِيْهَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَنَزَلَتْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِاللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِلٰى اٰخِرِالْاٰيَةِ

۱۶۶۴۔ہم سے علی نے حدیث بیان کی، آپ ابی ہاشم کے صاحبزادے ہیں۔ انہوں نے ہشیم سے سنا، انہیں عوام بن حوشب نے خبر دی، انہیں ابراہیم بن عبدالرحمٰن نے اور انہیں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ نے کہ ایک شخص نے بازار میں سامان بیچتے ہوئے قسم کھائی کہ فلاں شخص اس سامان کا اتنا دے رہا تھا، حالانکہ کسی نے اتنی قیمت نہیں لگائی تھی، بلکہ اس کا مقصد صرف یہ تھا کہ اس طرح کسی مسلمان کو ٹھگ لے تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ''بیشک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو قلیل قیمت پر بیچتے ہیں'' آخر آیت تک۔

(۱۶۶۵) حَدَّثَنَا نَصْرُ ابْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوٗدَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ

۱۶۶۵۔ہم سے نصر بن علی بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن داؤد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے، ان سے ابن ابی

مُلَيْكَةَ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ كَانَتَا تَخْرِزَانِ فِيْ بَيْتٍ اَوْفِي الْحُجْرَةِ فَخَرَجَتْ اِحْدَاهُمَا وَقَدْ اُنْفِذَ بِاِشْفًا فِيْ كُفِّهَا فَادَّعَتْ عَلَى الْاُخْرٰى فَرُفِعَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْيُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَذَهَبَ دِمَآءُ قَوْمٍ وَّاَمْوَالُهُمْ ذَكِّرُوْهَا بِاللّٰهِ وَقْرَءُ وْا عَلَيْهَا اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ فَذَكَّرُوْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ

ملیکہ نے کہ دوعورتیں کسی گھریا حجرہ میں بیٹھ کرموزے سیا کرتی تھیں، ان میں سے ایک عورت باہر نکلی، اس کے ہاتھ میں موزے سینے کا سوا چبھ گیا تھا، اور اس کا الزام اسی دوسری پر تھا، مقدمہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ اگر صرف دعویٰ کی وجہ سے لوگوں کا مطالبہ پورا کیا جانے لگے تو بہت سوں کا خون اور مال برباد ہو جائے (جب کہ اس کے پاس کوئی گواہ نہیں ہے تو دوسری عورت جس پر اس کا الزام ہے) اللہ کی یاد دلاؤ اور اس کے سامنے یہ آیت پڑھو، "ان الذين يشترون بعهدالله وايمانهم" چنانچہ جب لوگوں نے اسے اللہ سے ڈرایا تو اس نے اعتراف کرلیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا، قسم مدعیٰ علیہ کو کھانی پڑے گی۔

باب ۶۱۷. قُلْ يٰاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّااللّٰهَ سَوَآءٍ قَصْدٌ

۶۱۷۔ آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب ایسے قول کی طرف آ جاؤ جو ہم میں، تم میں مشترک ہے وہ یہ کہ ہم بجز اللہ کے اور کسی کی عبادت نہ کریں۔"سواء یعنی درمیانہ۔

(۱۶۶۲) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ هِشَامٍ عَنْ مَعْمَرٍ ح وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سُفْيَانَ مِنْ فِيْهِ اِلٰى فِيَّ قَالَ انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِيْ كَانَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَبَيْنَا اَنَا بِالشَّامِ اِذْجِيْءَ بِكِتَابٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى هِرَقْلَ قَالَ وَكَانَ دِحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَآءَ بِهٖ فَدَفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى فَدَفَعَهٗ عَظِيْمُ بُصْرٰى اِلٰى هِرَقْلَ قَالَ فَقَالَ هِرَقْلُ هَلْ هٰهُنَا اَحَدٌ مِّنْ قَوْمِ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ فَقَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَدُعِيْتُ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا عَلٰى هِرَقْلَ فَاُجْلِسْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَيُّكُمْ اَقْرَبُ نَسَبًا مِّنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِيْ يَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِيٌّ فَقَالَ اَبُوْسُفْيَانَ فَقُلْتُ اَنَا فَاَجْلَسُوْنِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَجْلَسُوْا اَصْحَابِيْ خَلْفِيْ ثُمَّ دَعَا

۱۶۶۲۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے معمر نے۔ ح۔ اور مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور میں نے خود ان کی زبان سے یہ حدیث سنی، انہوں نے بیان کیا کہ جس مدت میں میرے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان صلح (حدیبیہ کے معاہدہ کے مطابق) تھی، میں (سفر تجارت پر) گیا ہوا تھا، میں شام میں تھا کہ آنحضور ﷺ کا مکتوب ہرقل کے پاس پہنچا۔ انہوں نے بیان کیا کہ دحیہ الکلبی رضی اللہ عنہ نے وہ خط لایا تھا ۔ اور عظیم بصریٰ کے حوالے کر دیا تھا اور ہرقل کے پاس اس کے واسطہ سے پہنچا تھا۔ بیان کیا کہ ہرقل نے پوچھا، کیا ہمارے حدود سلطنت میں اس شخص کی قوم کے بھی کچھ لوگ ہیں جو نبی ہونے کا دعویدار ہے؟ درباریوں نے بتایا کہ جی ہاں موجود ہیں۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ پھر مجھے قریش کے چند دوسرے افراد کے ساتھ بلایا گیا۔ ہم ہرقل کے دربار میں داخل ہوئے اور اس کے سامنے ہمیں بٹھا دیا گیا۔ اس نے

بِتَرْجُمَانِهٖ فَقَالَ قُلْ لَهُمْ اِنِّیْ سَائِلٌ هٰذَا عَنْ هٰذَا الرَّجُلِ الَّذِیْ یَزْعُمُ اَنَّهٗ نَبِیٌّ فَاِنْ كَذَّبَنِیْ فَكَذِّبُوْهُ قَالَ اَبُوْ سُفْیَانَ وَایْمُ اللّٰهِ لَوْلَا اَنْ یُّؤْثِرُوْا عَلَیَّ الْكَذِبَ لَكَذَبْتُ ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ سَلْهُ كَیْفَ حَسَبُهٗ فِیْكُمْ قَالَ قُلْتُ هُوَ فِیْنَا ذُوْحَسَبٍ قَالَ فَهَلْ كَانَ مِنْ اٰبَآئِهٖ مَلِكٌ قَالَ قُلْتُ لَاقَالَ فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهٗ بِالْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْلَ مَا قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ اَیَتَّبِعُهٗ اَشْرَافُ النَّاسِ اَمْ ضُعَفَآؤُهُمْ قَالَ قُلْتُ بَلْ ضُعَفَآؤُهُمْ قَالَ یَزِیْدُوْنَ اَوْیَنْقُصُوْنَ قَالَ قُلْتُ لَابَلْ یَزِیْدُوْنَ قَالَ هَلْ یَرْتَدُّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ عَنْ دِیْنِهٖ بَعْدَ اَنْ یَّدْخُلَ فِیْهِ سَخْطَةً لَهٗ قَالَ قُلْتُ لَاقَالَ فَهَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَكَیْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ اِیَّاهُ قَالَ قُلْتُ تَكُوْنُ الْحَرْبُ بَیْنَنَا وَبَیْنَهٗ سِجَالًا یُصِیْبُ مِنَّا وَنُصِیْبُ مِنْهُ قَالَ فَهَلْ یَغْدِرُ قَالَ قُلْتُ لَا وَنَحْنُ مِنْهُ فِیْ هٰذِهِ الْمُدَّةِ لَانَدْرِیْ مَاهُوَ صَانِعٌ فِیْهَا قَالَ وَاللّٰهِ مَاأَمْكَنَنِیْ مِنْ كَلِمَةٍ اُدْخِلُ فِیْهَا شَیْئًا غَیْرَ هٰذِهٖ قَالَ فَهَلْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهٗ قُلْتُ لَا ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهٖ قُلْ لَهٗ اِنِّیْ سَاَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهٖ فِیْكُمْ فَزَعَمْتَ اَنَّهٗ فِیْكُمْ ذُوْحَسَبٍ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِیْ اَحْسَابِ قَوْمِهَا وَسَاَلْتُكَ هَلْ كَانَ فِیْ اٰبَآئِهٖ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَقُلْتُ لَوْ كَانَ مِنْ اٰبَآئِهٖ مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ یَّطْلُبُ مُلْكَ اٰبَآئِهٖ وَسَاَلْتُكَ عَنْ اَتْبَاعِهٖ اَضُعَفَآؤُهُمْ اَمْ اَشْرَافُهُمْ فَقُلْتَ بَلْ ضُعَفَآؤُهُمْ وَهُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَاَلْتُكَ هَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُوْنَهٗ بِالْكَذِبِ قَبْلَ اَنْ یَّقُوْلَ مَا قَالَ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَعَرَفْتُ اَنَّهٗ لَمْ یَكُنْ لِّیَدَعَ الْكَذِبَ عَلَی النَّاسِ ثُمَّ یَذْهَبَ فَیَكْذِبَ عَلَی اللّٰهِ وَسَاَلْتُكَ هَلْ یَرْتَدُّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ عَنْ دِیْنِهٖ بَعْدَ اَنْ یَّدْخُلَ فِیْهِ سَخْطَةً لَّهٗ فَزَعَمْتَ اَنْ لَا وَكَذٰلِكَ الْاِیْمَانُ اِذَا خَالَطَ بَشَاشَةَ الْقُلُوْبِ وَسَاَلْتُكَ هَلْ یَزِیْدُوْنَ اَمْ

پوچھا، تم لوگوں میں اس شخص سے زیادہ قریب کون ہے جو نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے؟ ابوسفیان نے بیان کیا کہ میں نے کہا کہ میں زیادہ قریب ہوں۔ اب درباریوں نے مجھے بادشاہ کے بالکل قریب بٹھادیا اور میرے دوسرے ساتھیوں کو میرے پیچھے بٹھادیا، اس کے بعد ترجمان کو بلایا اور اس سے ہرقل نے کہا کہ انہیں بتاؤ کہ میں اس شخص کے متعلق تم سے کچھ سوالات کروں گا جو نبی ہونے کا دعویدار ہے، اگر یہ (یعنی ابوسفیان رضی اللہ عنہ) جھوٹ بولے تو تم اس کی تکذیب کر دینا۔ ابوسفیان کا بیان تھا کہ خدا کی قسم، اگر مجھے اس کا خوف نہ ہوتا کہ میرے ساتھی کہیں میرے جھوٹ کا راز نہ فاش کر دیں تو میں (آنحضور ﷺ کے بارے میں) ضرور جھوٹ بولتا۔ پھر ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا کہ اس سے پوچھو کہ جس نے نبی ہونے کا دعویٰ کیا ہے وہ اپنے نسب میں کیسے ہیں؟ ابوسفیان نے بیان کیا کہ میں نے کہا، ان کا نسب ہم میں بہت باعزت ہے۔ اس نے پوچھا کیا ان کے آباء واجداد میں کوئی بادشاہ بھی ہوا تھا؟ بیان کیا کہ میں نے کہا نہیں، اس نے پوچھا، تم نے دعویٰ نبوت سے پہلے کبھی ان پر جھوٹ کی تہمت لگائی تھی؟ میں نے کہا نہیں، پوچھا، انکی پیروی معزز لوگ زیادہ کرتے ہیں یا کمزور؟ میں نے کہا کہ قوم کے کمزور لوگ زیادہ ہیں۔ اس نے پوچھا، ان کے ماننے والوں میں زیادتی ہوتی رہتی ہے یا کمی؟ میں نے کہا کہ نہیں، بلکہ زیادتی ہوتی رہتی ہے۔ پوچھا کبھی ایسا بھی کوئی واقعہ پیش آیا ہے کہ کوئی شخص ان کے دین کو قبول کرنے کے بعد پھر ان سے بدگمان ہو کر انہیں چھوڑ دیا ہو؟ میں نے کہا ایسا بھی کبھی نہیں ہوا۔ اس نے پوچھا، تم نے کبھی ان سے جنگ بھی کی ہے؟ میں نے کہا کہ ہاں۔ اس نے پوچھا، تمہاری ان کے ساتھ جنگ کا کیا نتیجہ رہا؟ میں نے کہا کہ ہماری جنگ کی مثال ایک ڈول کی ہے کہ کبھی ان کے حق میں رہی اور کبھی ہمارے حق میں، اس نے پوچھا، کبھی انہوں نے تمہارے ساتھ کوئی دھوکہ بھی کیا؟ میں نے کہا کہ اب تک تو نہیں کیا، لیکن آج کل بھی ہمارا ان سے ایک معاہدہ چل رہا ہے نہیں کہا جاسکتا کہ اس میں ان کا طرز عمل کیا رہے گا۔ ابوسفیان نے بیان کیا کہ بخدا، اس جملہ کے سوا اور کوئی بات میں اس پوری گفتگو میں اپنی طرف سے نہیں ملا سکا۔ پھر اس نے پوچھا اس سے پہلے بھی یہ دعویٰ تمہارے یہاں کسی نے کیا تھا؟ میں نے کہا کہ نہیں۔ اس کے بعد ہرقل نے اپنے ترجمان سے

يَنْقُصُوْنَ فَزَعَمْتَ اَنَّهُمْ يَزِيْدُوْنَ وَ كَذٰلِكَ الْاِيْمَانُ حَتّٰى يَتِمَّ وَسَاَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَزَعَمْتَ اَنَّكُمْ قَاتَلْتُمُوْهُ فَتَكُوْنُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُوْنَ مِنْهُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلٰى ثُمَّ تَكُوْنُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ وَسَاَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ اَنَّهٗ لَا يَغْدِرُ وَكَذٰلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَاَلْتُكَ هَلْ قَالَ اَحَدٌ هٰذَا الْقَوْلَ قَبْلَهٗ فَزَعَمْتَ اَنْ لَّا فَقُلْتُ لَوْ كَانَ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ اَحَدٌ قَبْلَهٗ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيْلَ قَبْلَهٗ قَالَ ثُمَّ قَالَ بِمَ يَاْمُرُكُمْ قَالَ قُلْتُ يَاْمُرُنَا بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ قَالَ اِنْ يَّكُ مَا تَقُوْلُ فِيْهِ حَقًّا فَاِنَّهٗ نَبِيٌّ وَّ قَدْ كُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّهٗ خَارِجٌ وَّلَمْ اَكُ اَظُنُّهٗ مِنْكُمْ وَلَوْ اَنِّيْ اَعْلَمُ اَنِّيْ اَخْلُصُ اِلَيْهِ لَاَحْبَبْتُ لِقَآءَهٗ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهٗ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهٗ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ قَالَ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهٗ فَاِذَا فِيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ اِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَدْعُوْكَ بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ اَسْلِمْ تَسْلَمْ وَاَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللّٰهُ اَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ فَاِنْ تَوَلَّيْتَ فَاِنَّ عَلَيْكَ اِثْمَ الْاَرِيْسِيِّيْنَ وَيٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَنْ لَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ اِلٰى قَوْلِهٖ اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَآءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْاَصْوَاتُ عِنْدَهٗ وَكَثُرَ اللَّغَطُ وَاُمِرْنَا فَاُخْرِجْنَا قَالَ فَقُلْتُ لِاَصْحَابِيْ حِيْنَ خَرَجْنَا لَقَدْ اَمِرَ اَمْرُ ابْنِ اَبِيْ كَبْشَةَ اَنَّهٗ لَيَخَافُهٗ مَلِكُ بَنِي الْاَصْفَرِ فَمَا زِلْتُ مُوْقِنًا بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ سَيَظْهَرُ حَتّٰى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْاِسْلَامَ قَالَ الزُّهْرِيُّ فَدَعَا هِرَقْلُ عُظَمَآءَ الرُّوْمِ فَجَمَعَهُمْ فِيْ دَارٍ لَّهٗ فَقَالَ يَامَعْشَرَ الرُّوْمِ هَلْ لَّكُمْ فِي الْفَلَاحِ وَالرُّشْدِ اٰخِرَ

کہا اس سے کہو کہ میں نے تم سے نبی کے نسب کے بارے میں پوچھا تو تم نے بتایا کہ وہ تم لوگوں میں باعزت اور اونچے نسب کے سمجھے جاتے ہیں، انبیاء کا بھی یہی حال ہے، ان کی بعثت ہمیشہ قوم کے صاحب حسب و نسب خاندان میں ہوتی ہے۔ اور میں نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا کوئی ان کے آباء واجداد میں بادشاہ گذرا ہے تو تم نے اس کا انکار کیا۔ میں اس سے اس فیصلہ پر پہنچا کہ اگر ان کے آباء واجداد میں کوئی بادشاہ گذرا ہوتا تو ممکن تھا کہ وہ اپنی خاندانی سلطنت کو اس طرح واپس لینا چاہتے ہوں۔ اور میں نے تم سے ان کی اتباع کرنے والوں کے متعلق پوچھا کہ آیا وہ قوم کے کمزور لوگ ہیں یا اشراف، تو تم نے بتایا کہ کمزور لوگ ان کی پیروی کرنے والوں میں (زیادہ) ہیں۔ یہی طبقہ ہمیشہ سے انبیاء کی اتباع کرتا رہا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کہ کیا تم نے دعوے نبوت سے پہلے ان پر جھوٹ کا کبھی شبہ کیا تھا تو تم نے اس کا بھی انکار کیا۔ میں نے اس سے یہ سمجھا کہ جس شخص نے لوگوں کے معاملے میں کبھی جھوٹ نہ بولا ہو، وہ اللہ کے معاملے میں کس طرح جھوٹ بول دے گا!! اور میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کے دین کو قبول کرنے کے بعد پھر ان سے بدگمان ہو کر کوئی شخص ان کے دین سے کبھی پھرا بھی ہے تو تم نے اس کا بھی انکار کیا، ایمان کا یہی اثر ہوتا ہے، بشرطیکہ وہ دل کی گہرائیوں میں اتر جائے۔ میں نے تم سے پوچھا تھا کہ ان کے ماننے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہتا ہے یا کمی تو تم نے بتایا کہ اضافہ ہوتا ہے ایمان کا یہی معاملہ ہے۔ یہاں تک کہ وہ کمال کو پہنچ جائے۔ میں نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا تم نے کبھی ان سے جنگ بھی کی ہے تو تم نے بتایا کہ تم نے جنگ کی ہے اور تمہارے درمیان لڑائی کا نتیجہ نوبت بنوبت رہا ہے۔ کبھی تمہارے حق میں اور کبھی ان کے حق میں، انبیاء کا بھی یہی معاملہ ہے۔ انہیں آزمائشوں میں ڈالا جاتا ہے اور آخر کار انجام انہیں کے حق میں ہوتا ہے۔ اور میں نے تم سے پوچھا تھا کہ انہوں نے تمہارے ساتھ کبھی خلاف عہد بھی معاملہ کیا تو تم نے اس سے بھی انکار کیا، انبیاء کبھی عہد کے خلاف نہیں کرتے۔ میں نے تم سے پوچھا تھا کہ کیا تمہارے یہاں اس طرح کا دعویٰ پہلے بھی کسی نے کیا تھا تو تم نے کہا کہ پہلے کسی نے اس طرح کا دعویٰ نہیں کیا، میں اس سے اس فیصلہ پر پہنچا کہ اگر کسی نے تمہارے یہاں اس سے پہلے اس طرح کا دعویٰ کیا ہوتا تو یہ کہا جا سکتا تھا

الْاَبَدِ وَاَنْ يَّثْبُتَ لَكُمْ مُلْكُكُمْ قَالَ فَحَاصُوْا حَيْصَةَ حُمُرِ الْوَحْشِ اِلَى الْاَبْوَابِ فَوَجَدُوْهَا قَدْ غُلِّقَتْ فَقَالَ عَلَيَّ بِهِمْ فَدَعَا بِهِمْ فَقَالَ اِنِّيْ اِنَّمَا اخْتَبَرْتُ شِدَّتَكُمْ عَلٰى دِيْنِكُمْ فَقَدْ رَاَيْتُ مِنْكُمُ الَّذِيْ اَحْبَبْتُ فَسَجَدُوْا لَهٗ وَرَضُوْا عَنْهُ

کہ یہ بھی اسی کی نقل کر رہے ہیں، بیان کیا کہ پھر ہرقل نے پوچھا، وہ تمہیں کن چیزوں کا حکم دیتے ہیں؟ میں نے کہا کہ نماز، زکوٰۃ، صلہ رحمی اور پاکدامنی کا! آخر اس نے کہا کہ جو کچھ تم نے بتایا ہے اگر وہ صحیح ہے تو یقیناً وہ نبی ہیں اس کا علم تو مجھے بھی تھا کہ ان کی بعثت ہونے والی ہے، لیکن یہ خیال نہ تھا کہ وہ تمہاری قوم میں مبعوث ہوں گے، اگر مجھے ان تک پہنچ سکنے کا یقین ہوتا تو میں ضرور ان سے ملاقات کرتا اور اگر میں ان کی خدمت میں ہوتا تو ان کے قدموں کو دھوتا اور ان کی حکومت میرے ان دو قدموں تک پہنچ کر رہے گی۔ بیان کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ کا مکتوب گرامی منگوایا اور اسے پڑھا اس میں یہ لکھا ہوا تھا، اللہ، رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ کے رسول کی طرف سے عظیم روم ہرقل کی طرف، سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی اتباع کرے، امابعد، میں تمہیں اسلام کی طرف بلاتا ہوں، اسلام لاؤ تو سلامتی پاؤ گے اور اسلام لاؤ تو اللہ تمہیں دہرا اجر دے گا، لیکن اگر روگردانی کی تو تمہاری رعایا کے کفر کا بار بھی تم پر ہوگا اور ''اے اہل کتاب، ایک ایسے قول کی طرف آؤ جو ہم میں اور تم میں مشترک ہے، وہ یہ کہ بجز اللہ کے اور کسی کی عبادت نہ کریں۔'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''اشهدوا بانا مسلمون'' تک۔ جب ہرقل مکتوب گرامی پڑھ چکا تو دربار میں بڑا شور و ہنگامہ برپا ہو گیا، اور پھر ہمیں دربار سے باہر کر دیا گیا باہر آکر میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابن ابی کبشہ (حضور اکرم ﷺ کی طرف اشارہ تھا) کا معاملہ تو اب اس حد تک پہنچ چکا ہے کہ ملک بنی الاصفر (ہرقل) بھی ان سے ڈرنے لگا۔ اس واقعہ کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ آنحضور ﷺ غالب آکر رہیں گے، اور آخر اللہ تعالیٰ نے اسلام کی روشنی میرے دل میں بھی ڈال دی۔ زہری نے بیان کیا کہ پھر ہرقل نے روم کے سرداروں کو بلایا اور انہیں ایک خاص کمرے میں جمع کیا، پھر ان سے کہا، اے معشر روم! کیا تم ہمیشہ کے لئے اپنی فلاح و ہدایت چاہتے ہو اور یہ کہ تمہارا ملک تمہارے ہی ہاتھ میں رہے بیان کیا کہ یہ سنتے ہی وہ سب وحشی جانوروں کی طرح دروازے کی طرف بھاگے، دیکھا تو دروازہ بند تھا۔ پھر ہرقل نے سب کو اپنے پاس بلایا کہ انہیں میرے پاس لاؤ اور ان سے کہا کہ میں نے تو تمہیں آزمایا تھا کہ تم اپنے دین میں کتنے پختہ ہو، اب میں نے اس چیز کا مشاہدہ کر لیا جو مجھے پسند تھی (یعنی تمہاری دین مسیحی میں پختگی) چنانچہ سب درباریوں نے

اسے سجدہ کیا اور اس سے خوش ہو گئے۔

باب ۶۱۸. قَوْلِهٖ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ اِلٰى بِهٖ عَلِيْمٌ

۶۱۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جب تک تم اپنی محبوب چیزوں کو خرچ نہ کرو گے (کامل) نیکی (کے مرتبہ) کو نہ پہنچ سکو گے۔" ارشاد "بہ علیم" تک۔

(۱۶۶۷) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ كَانَ اَبُوْطَلْحَةَ اَكْثَرَ اَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ نَخْلاً وَّكَانَ اَحَبَّ اَمْوَالِهٖ اِلَيْهِ بِيْرُحَآءَ وَّكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَ يَشْرَبُ مِنْ مَّآءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ فَلَمَّآ اُنْزِلَتْ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَامَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِيْ اِلَيَّ بِيْرُحَآءَ وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِّلّٰهِ اَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَاللّٰهِ فَضَعْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ اَرٰكَ اللّٰهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ ذٰلِكَ مَالٌ رَّآئِحٌ ذٰلِكَ مَالٌ رَآئِحٌ وَّقَدْ سَمِعْتُ مَاقُلْتَ وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ اَبُوْطَلْحَةَ اَفْعَلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَسَمَهَا اَبُوْطَلْحَةَ فِيْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ ذٰلِكَ مَالٌ رَّابِحٌ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى قَالَ قَرَاْتُ عَلٰى مَالِكٍ مَّالٌ رَّآئِحٌ

۱۶۶۷۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ نے، انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ مدینہ میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس انصار میں سب سے زیادہ کھجور کے باغات تھے اور "بیرحاء" کا باغ اپنی تمام جائیداد میں انہیں سب سے زیادہ محبوب تھا یہ باغ مسجد نبوی ﷺ کے سامنے ہی تھا اور حضور اکرم ﷺ بھی اس میں تشریف لے جاتے اور اس کے شیریں اور طیب پانی کو پیتے۔ پھر جب آیت "جب تک تم اپنی محبوب چیزوں کو خرچ نہ کرو گے (کامل) نیکی کے مرتبہ کو نہ پہنچ سکو گے" نازل ہوئی تو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اٹھے اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب تک تم اپنی محبوب چیزوں کو خرچ نہ کرو گے نیکی کے مرتبہ کو نہ پہنچ سکو گے، اور میرا سب سے زیادہ محبوب مال "بیرحاء" ہے اور یہ اللہ کی راہ میں صدقہ ہے، اللہ ہی سے میں اس کے ثواب و اجر کی توقع رکھتا ہوں، پس یارسول اللہ (ﷺ)! جہاں آپ مناسب سمجھیں اسے استعمال کریں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا خوب یہ فانی ہی دولت تھی، یہ فانی ہی دولت تھی (اور تم نے اسے اللہ کے راستے میں دے کر ایک اچھے مصرف میں خرچ کر دیا ہے) جو کچھ تم نے کہا ہے وہ میں نے سن لیا اور میرا خیال ہے کہ تم اپنے عزیز و اقرباء کو اسے دے دو۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ میں ایسا ہی کروں گا۔ یارسول اللہ! چنانچہ انہوں نے وہ باغ اپنے عزیزوں اور اپنے چچازاد بھائیوں میں تقسیم کر دیا۔ عبداللہ بن یوسف اور روح بن عبادہ نے "ذلک مال رابح" (ربح سے) بیان کیا۔ مجھ سے یحییٰ بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے مالک کے سامنے "مال رائح" (رواح سے) پڑھا تھا۔

(۱۶۶۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ فَجَعَلَهَا لِحَسَّانَ وَاُبَيٍّ وَّاَنَا اَقْرَبُ اِلَيْهِ وَلَمْ يَجْعَلْ لِّيْ مِنْهَا شَيْئًا

۱۶۶۸۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے انصاری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ثمامہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ باغ حسان اور ابی رضی اللہ عنہما کو دے دیا تھا۔ میں ان دونوں حضرات سے ان کا زیادہ قریبی عزیز تھا، لیکن مجھے نہیں دیا۔

باب ۶۱۹. قَوْلِهٖ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰةِ فَاتْلُوْهَا اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

(۱۶۶۹) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اَبُوْضَمْرَةَ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ الْيَهُوْدَ جَآءُوْا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ مِّنْهُمْ وَامْرَاَةٍ قَدْ زَنَيَا فَقَالَ لَهُمْ كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ بِمَنْ زَنٰى مِنْكُمْ قَالُوْا نُحَمِّمُهُمَا وَنَضْرِبُهُمَا فَقَالَ اَلَا تَجِدُوْنَ فِي التَّوْرٰةِ الرَّجْمَ فَقَالُوْا لَانَجِدُ فِيْهَا شَيْئًا فَقَالَ لَهُمْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰةِ فَاتْلُوْهَا اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ فَوَضَعَ مِدْرَاسُهَا الَّذِيْ يُدَرِّسُهَا مِنْهُمْ كَفَّهٗ عَلٰى اٰيَةِ الرَّجْمِ فَطَفِقَ يَقْرَاُ مَادُوْنَ يَدِهٖ وَمَا وَرَآءَهَا وَلَا يَقْرَاُ اٰيَةَ الرَّجْمِ فَنَزَعَ يَدَهٗ مِنْ اٰيَةِ الرَّجْمِ فَقَالَ مَاهٰذِهٖ فَلَمَّا رَاَوْاذٰلِكَ قَالُوْا هِيَ اٰيَةُ الرَّجْمِ فَاَمَرَ بِهِمَا فَرُجِمَا قَرِيْبًا مِّنْ حَيْثُ مَوْضِعِ الْجَنَائِزِ عِنْدَالْمَسْجِدِ فَرَاَيْتُ صَاحِبَهَا يَجْنَا عَلَيْهَا يَقِيْهَا الْحِجَارَةَ

۶۱۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تو آپ کہہ دیجئے کہ توریت لاؤ اور اسے پڑھو اگر تم سچے ہو۔"

۱۶۶۹۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوضمرہ نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ یہودی، نبی کریم ﷺ کے پاس اپنے قبیلہ کے ایک مرد اور ایک عورت کو لائے جنہوں نے زنا کی تھی۔ آنحضور ﷺ نے ان سے پوچھا اگر تم میں کوئی زنا کرے تو تم اس کے ساتھ کیا معاملہ کرتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ ہم اس کا منہ کالا کر کے اسے مارتے پیٹتے ہیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کیا توریت میں رجم کا حکم نہیں موجود ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے تو توریت میں اس طرح کی کوئی چیز نہیں دیکھی ہے، عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ (جو یہودیوں کے بہت بڑے عالم تھے) بولے کہ تم جھوٹ بول رہے ہو، توریت لاؤ اور اسے پڑھو، اگر تم سچے ہو۔ (جب توریت لائی گئی) تو ان کے ایک بہت بڑے عالم نے جو انہیں توریت پڑھایا کرتا تھا، آیت رجم پر اپنا ہاتھ رکھ لیا اور اس سے پہلے اور اس کے بعد کی عبارت پڑھنے لگا، لیکن آیت رجم نہیں پڑھی تھی۔ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے اس کے ہاتھ کو آیت رجم پر سے ہٹا دیا اور اس سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ جب یہودیوں نے دیکھا تو کہنے لگے کہ یہ آیت رجم ہے۔ پھر آنحضور ﷺ نے حکم دیا اور ان دونوں کو مسجد نبوی کے قریب ہی، جہاں جنازے لاکر رکھے جاتے تھے، رجم کر دیا گیا۔ میں نے دیکھا کہ اس عورت کا ساتھی عورت کو پتھر سے بچانے کے لئے اس پر جھک جھک جاتا تھا۔

باب ۶۲۰. قَوْلِهٖ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

(۱۶۷۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَّيْسَرَةَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ قَالَ خَيْرَ النَّاسِ لِلنَّاسِ يَاْتُوْنَ بِهِمْ فِي السَّلَاسِلِ فِيْ اَعْنَاقِهِمْ حَتّٰى يَدْخُلُوْا فِي الْاِسْلَامِ

۶۲۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تم لوگ بہترین جماعت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہو۔"

۱۶۷۰۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے میسرہ نے، ان سے ابوحازم نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے آیت "تم لوگ بہترین جماعت ہو جو لوگوں کے لئے پیدا کی گئی ہو" کے متعلق فرمایا کہ کچھ لوگ دوسروں کے لئے نفع بخش ہیں کہ انہیں زنجیروں میں باندھ کر لاتے ہیں، اور بالآخر وہ اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں۔

باب ۶۲۱. قَوْلِهٖ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا

۶۲۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جب تم میں سے دو جماعتیں اس کا خیال کر بیٹھی

(۱۶۷۱) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ يَقُوْلُ فِيْنَا نَزَلَتْ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا قَالَ نَحْنُ الطَّآئِفَتَان بَنُوْحَارِثَةَ وَبَنُوسَلِمَةَ وَمَا نُحِبُّ وَقَالَ سُفْيٰنُ مَرَّةً وَّمَا يَسُرُّنِىْ اَنَّهَا لَمْ تُنَزَّلْ لِقَوْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا

تھیں کہ ہمت ہار دیں۔
۱۶۷۱۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ عمرو نے بیان کیا، انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہمارے ہی بارنے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ جب تم سے دو جماعتیں اس کا خیال کر بیٹھی تھیں کہ ہمت ہار دیں، درآنحالیکہ اللہ دونوں کا مددگار تھا۔ بیان کیا کہ ہم دو جماعتیں بنو حارثہ اور بنو سلمہ تھے۔ اور ہم پسند نہیں کرتے۔ سفیان نے ایک مرتبہ اس طرح بیان کیا، اور ہمارے لئے کوئی مسرت کا مقام نہ تھا اگر یہ آیت نازل نہ ہوتی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس میں یہ بھی فرمایا ہے ''درآنحالیکہ اللہ ان دونوں کا مددگار تھا۔''

باب ۶۲۲. قَوْلِهٖ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَىْءٌ

۶۲۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''آپ کو اس امر میں کوئی دخل نہیں۔''

(۱۶۷۲) حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِىْ سَالِمٌ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ فِى الرَّكْعَةِ الْاٰخِرَةِ مِنَ الْفَجْرِ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَّفُلَانًا وَّفُلَانًا بَعْدَ مَايَقُوْلُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَىْءٌ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ رَوَاهُ اِسْحٰقُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ

۱۶۷۲۔ ہم سے حبان بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، ان سے سالم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آپ نے فجر کی دوسری رکعت کے رکوع سے سر اٹھا کر یہ بددعاء کی ''اے اللہ! فلاں، فلاں اور فلاں (قبائل) کو اپنی رحمت سے دور رکھدیجئے'، یہ بددعاء آپ نے سمع اللہ لمن حمدہ اور ربنالک الحمد کے بعد کی تھی۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی ''آپ کو اس امر میں کوئی دخل نہیں۔'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد "فانھم ظٰلمون' تک۔ اس کی روایت اسحاق بن راشد نے زہری کے واسطہ سے کی ہے۔

(۱۶۷۳) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلٰى اَحَدٍ اَوْيَدْعُوَ لِاَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ فَرُبَّمَا قَالَ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ ابْنَ الْوَلِيْدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَّعَيَّاشَ بْنَ اَبِىْ رَبِيْعَةَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَوَاجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِىْ يُوْسُفَ يَجْهَرُ بِذٰلِكَ وَكَانَ يَقُوْلُ فِىْ

۱۶۷۳۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن مسیب اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی پر بددعا کرنا چاہتے یا کسی کے لئے دعا کرنا چاہتے تو رکوع کے بعد کرتے۔ سمع اللہ لمن حمدہ اللھم ربنالک الحمد کے بعد بعض اوقات آپ نے یہ دعا بھی کی ''اے اللہ! ولید بن ولید، سلمہ بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دیجئے، اے اللہ! مضر والوں کو سختی کے ساتھ جھنجھوڑ دیجئے اور ان میں ایسی قحط سالی لائیے جیسی یوسف علیہ السلام کے زمانے میں ہوئی تھی'' آپ بلند آواز سے یہ دعا کرتے۔ اور آپ نماز فجر کی بعض رکعت میں یہ دعاء

بَعضِ صَلاةِ الْفَجرِ اَللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَّفُلَانًا لِاَحْيَآءٍ مِّنَ الْعَرَبِ حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ الْاٰيَةَ

کرتے ''اے اللہ! فلاں اور فلاں کو اپنی رحمت سے دور کر دیجئے'' عرب کے چند خاص قبائل کے حق میں (یہ بددعاء آپ کرتے تھے) یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی کہ ''آپ کو اس امر میں کوئی دخل نہیں۔''

باب ۶۲۳. قَوْلِهٖ وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِیْٓ اُخْرٰكُمْ وَهُوَ تَانِيْثُ اٰخِرِكُمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ فَتْحًا اَوْ شَهَادَةً

۶۲۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور رسول تم کو پکار رہے تھے تمہارے پیچھے کی جانب سے۔'' اخراکم، آخرکم کی تانیث ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا دو سعادتوں میں سے ایک ہے، فتح یا شہادت۔

(۱۶۷۴) حَدَّثَنَا عَمْرُو ابْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ بْنَ عَازِبٍ قَالَ جَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الرَّجَّالَةِ يَوْمَ اُحُدٍ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ جُبَيْرٍ وَاَقْبَلُوْا مُنْهَزِمِيْنَ فَذَاكَ اِذْيَدْعُوْهُمُ الرَّسُوْلُ فِیْٓ اُخْرٰهُمْ وَلَمْ يَبْقَ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرُ اثْنَیْ عَشَرَ رَجُلًا

۱۶۷۴۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ احد کی لڑائی میں رسول اللہ ﷺ نے (تیراندازوں کے) پیدل دستے پر عبداللہ بن جبیر رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تھا۔ پھر بہت سے مسلمانوں نے پیٹھ پھیر لی تھی، آیت ''اور رسول تم کو پکار رہے تھے تمہارے پیچھے کی جانب سے'' میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے، اس وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ بارہ صحابہؓ کے سوا اور کوئی باقی نہیں رہا تھا۔

باب ۶۲۴. قَوْلِهٖ اَمَنَةً نُّعَاسًا

۶۲۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تمہارے اوپر راحت نازل کی (یعنی) غنودگی۔''

(۱۶۷۵) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْ يَعْقُوْبَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَنَسٌ اَنَّ اَبَاطَلْحَةَ قَالَ غَشِيَنَا النُّعَاسُ وَ نَحْنُ فِیْ مَصَافِنَا يَوْمَ اُحُدٍ قَالَ فَجَعَلَ سَيْفِیْ يَسْقُطُ مِنْ يَّدِیْ وَاٰخُذُهٗ وَيَسْقُطُ وَاٰخُذُهٗ

۱۶۷۵۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن ابو یعقوب نے حدیث بیان کی، ان سے حسین بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، احد کی لڑائی میں جب ہم صف بستہ کھڑے تھے تو ہم پر غنودگی طاری ہوگئی تھی۔ بیان کیا کہ کیفیت یہ ہوگئی تھی کہ میری تلوار بار بار گرتی اور میں اسے اٹھاتا۔

باب ۶۲۵. قَوْلِهٖ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآاَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ اَلْقَرْحُ الْجِرَاحُ اسْتَجَابُوْآ اَجَابُوْا يَسْتَجِيْبُ يُجِيْبُ

۶۲۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کے کہنے کو مان لیا۔ بعد اس کے کہ انہیں زخم لگ چکا تھا ان میں سے جو نیک اور متقی ہیں ان کے لئے اجر عظیم ہے۔'' القرح ای الجرح استجابوا ای اجابوا. یستجیب ای یجیب.

باب ۶۲۶. ان الناس قد جمعوا لكم الاية

۶۲۶۔ لوگوں نے تمہارے خلاف بڑا سامان اکٹھا کیا ہے۔''

(۱۶۷۶) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ اُرَاهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ اَبِیْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِی الضُّحٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ قَالَهَا اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ

۱۶۷۶۔ ہم سے احمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، میرا خیال ہے، کہ انہوں نے کہا کہ ہم سے ابوبکر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحصین نے اور ان سے ابوالضحیٰ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے

السَّلَامُ حِيْنَ اُلْقِيَ فِي النَّارِ وَقَالَهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْ هُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ·

کہا "حسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل" ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے) ابراہیم علیہ السلام نے کہا تھا، اس وقت جب آپ کو آگ میں ڈالا گیا تھا، اور یہی محمد ﷺ نے اس وقت کہا تھا جب (ابوسفیان کے آدمیوں نے مسلمانوں کو مرعوب کرنے کے لئے) کہا تھا کہ لوگ (یعنی قریش) نے تمہارے خلاف بڑا سامان اکٹھا کر رکھا ہے، ان سے ڈرو، لیکن اس نے ان کا (جوش) ایمان اور بڑھا دیا اور یہ لوگ بولے کہ ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے (حسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل)۔

(۱۶۷۷) حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كَانَ اٰخِرُ قَوْلِ اِبْرَاهِيْمَ حِيْنَ اُلْقِيَ فِي النَّارِ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

۱۶۷۷۔ ہم سے مالک بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحصین نے، ان سے ابوالضحیٰ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو آخری کلمہ آپ کی زبان مبارک سے یہ نکلا "حسبی اللّٰہ ونعم الوکیل."

باب۷۲۲۔ قَوْلِهٖ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ الْاٰيَةَ سَيُطَوَّقُوْنَ كَقَوْلِكَ طَوَّقْتُهٗ بِطَوْقٍ

۷۲۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو لوگ کہ اس مال میں بخل کرتے رہتے ہیں جو کچھ اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دے رکھا ہے وہ ہرگز یہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے حق میں کچھ اچھا ہے، نہیں، بلکہ ان کے حق میں بہت برا ہے یقیناً قیامت کے دن انہیں طوق پہنایا جائے گا، اس مال کا جس میں انہوں نے بخل کیا، اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں اور زمین کا، اور اللہ جو تم کرتے ہو اس سے خبردار ہے۔

(۱۶۷۸) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُنِيْرٍ سَمِعَ اَبَاالنَّضْرِ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ هُوَا بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهٗ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَاْخُذُ بِلِهْزِ مَتَيْهِ يَعْنِيْ بِشِدْ قَيْهِ يَقُوْلُ اَنَامَالُكَ اَنَاكَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَلَايَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ

۱۶۷۸۔ مجھ سے عبداللہ بن منیر نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابوالنضر سے سنا، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جسے اللہ تعالیٰ نے مال و دولت دی اور پھر اس نے اس کی زکوٰۃ نہیں ادا کی تو (آخرت میں) اس کا مال نہایت زہریلے سانپ کی صورت اختیار کرے گا جس کی آنکھوں کے اوپر دو نقطے ہوں گے اور وہی اس کی گردن میں ہار کی طرح پہنا دیا جائے گا۔ پھر وہ سانپ اس کے دونوں جبڑوں کو پکڑ کر کہے گا کہ میں ہی تیرا مال ہوں، میں ہی تیرا خزانہ ہوں، پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی "اور جو لوگ کہ اس مال میں بخل کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دے رکھا ہے" آخر آیت تک۔

باب ۲۲۸. قَوْلِهٖ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْآ اَذًى كَثِيْرًا

۶۲۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد' اور یقیناً تم لوگ بہت سی دلآ زاری کی باتیں ان سے (بھی) سنو گے جنہیں تم سے پہلے کتاب مل چکی ہے اور ان سے بھی جو مشرک ہیں۔''

(۱۶۷۹) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ اَخْبَرَه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ عَلٰى حِمَارٍ عَلٰى قَطِيْفَةٍ فَدَكِيَّةٍ وَّ اَرْدَفَ اُسَامَةَ ابْنَ زَيْدٍ وَّ رَاءَ ہ' يَعُوْدُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِيْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ قَالَ حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنُ سَلُوْلَ وَ ذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُّسْلِمَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ فَاِذَا فِي الْمَجْلِسِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَ الْيَهُوْدِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَه فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسُ عَجَاجَةُ الدَّآبَّة خَمَّرَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ اَنْفَه' بِرِدَآئِهٖ ثُمَّ قَالَ لَا تُغَبِّرُوْا عَلَيْنَا فَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَا هُمْ اِلَى اللّٰهِ وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ ابْن سَلُوْلٍ اَيُّهَا الْمَرْءُ اِنَّه' لَاَحْسَنَ مِمَّا تَقُوْلُ اِنْ كَانَ حَقًّا فَلَا تُؤْذِيْنَا بِهٖ فِيْ مَجْلِسِنَا اِرْجِعْ اِلٰى رَحْلِكَ فَمَنْ جَآئَكَ فَاقْصُصْ عَلَيْهِ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاغْشَنَا بِهٖ فِيْ مَجَالِسِنَا فَاِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُوْنَ وَ الْمُشْرِكُوْنَ وَالْيَهُوْدُ حَتّٰى كَادُوْا يَتَثَاوَرُوْنَ فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَنُوْا ثُمَّ رَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَآبَّةً فَسَارَ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا سَعْدُ اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ اَبُوْ حُبَابٍ يُرِيْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيِّ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

۱۶۷۹۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا۔ انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی اور انہیں اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ ایک گدھے کی پشت پر فدک کا بنایا ہوا ایک موٹا کپڑا رکھنے کے بعد سوار ہوئے اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھایا، آپ بنو حارث بن خزرج میں سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے تشریف لے جا رہے تھے، یہ جنگ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے۔ راستہ میں ایک مجلس سے آپ گذرے جس میں عبداللہ بن ابی بن سلول (منافق) بھی موجود تھا، یہ عبداللہ بن ابی کے بظاہر اسلام لانے سے بھی پہلے کا واقعہ ہے۔ مجلس میں مسلمان اور مشرکین یعنی بت پرست اور یہودی سب طرح کے لوگ تھے انہیں میں عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ سواری کی (ٹاپوں سے گرداڑی اور) مجلس والوں پر پڑی تو عبداللہ بن ابی نے چادر سے اپنی ناک بند کر لی اور کہنے لگا کہ ہم پر گرد نہ اڑاؤ، اتنے میں رسول اللہ ﷺ (بھی قریب پہنچ گئے اور) انہیں سلام کیا پھر آپ سواری سے اتر گئے اور اہل مجلس کو اللہ کی طرف بلایا اور قرآن کی آیتیں پڑھ کر سنائیں۔ اس پر عبداللہ بن ابی بن سلول کہنے لگا، میاں جو کلام آپ نے پڑھ کر سنایا اس سے عمدہ کلام کوئی نہیں ہوسکتا۔ اگر چہ یہ کلام بہت اچھا ہے پھر بھی ہماری مجلسوں میں آ آ کر ہمیں تکلیف نہ دیا کیا کیجئے۔ اپنے گھر بیٹھئے، اگر کوئی آپ کے پاس جائے تو اسے اپنی باتیں سنایا کیجئے (یہ سن کر) عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ضرور، یا رسول اللہ (ﷺ)! آپ ہماری مجلسوں میں تشریف لایا کیجئے ہم اسی کو پسند کرتے ہیں۔ اس کے بعد مسلمان، مشرکین اور یہودی آپس میں ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے اور قریب تھا کہ دست وگریبان تک نوبت پہنچ جاتی لیکن حضور اکرم ﷺ انہیں خاموش اور ٹھنڈا کرنے لگے اور آخر سب لوگ خاموش ہو گئے۔ پھر حضور اکرم ﷺ اپنی سواری پر سوار ہو کر وہاں سے چلے آئے اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے یہاں تشریف لے گئے۔ حضور اکرم ﷺ نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے بھی اس کا تذکرہ کیا کہ، سعد تم نے نہیں

اعْفُ عَنْهُ وَاصْفَحْ عَنْهُ فَوَالَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ لَقَدْ جَآءَ اللّٰهُ بِالْحَقِّ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْکَ لَقَدِ اصْطَلَحَ اَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَیْرَةِ عَلٰی اَنْ یُّتَوِّجُوْهُ فَیُعَصِّبُوْنَهٗ بِالْعِصَابَةِ فَلَمَّا اَبَی اللّٰهُ ذٰلِکَ بِالْحَقِّ الَّذِیْ اَعْطَاکَ اللّٰهُ شَرِقَ بِذٰلِکَ فذالک فَعَلَ بِهٖ مَارَاَیْتَ فَعَفَا عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ یَعْفُوْنَ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ وَاَهْلِ الْکِتَابِ کَمَآ اَمَرَهُمُ اللّٰهُ وَیَصْبِرُوْنَ عَلَی الْاَذٰی قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْآ اَذًی کَثِیْرًا الْاٰیَةَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَدَّکَثِیْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْکِتٰبِ لَوْیَرُدُّوْنَکُمْ مِنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِکُمْ کُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ اِلٰی اٰخِرِ الْاٰیَةِ وَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتَاَوَّلُ الْعَفْوَمَآ اَمَرَهُ اللّٰهُ بِهٖ حَتّٰی اَذِنَ اللّٰهُ فِیْهِمْ فَلَمَّا غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَدْرًا فَقَتَلَ اللّٰهُ بِهٖ صَنَادِیْدَ کُفَّارِ قُرَیْشٍ قَالَ ابْنُ اُبَیِّ ابْنِ سَلُوْلَ وَمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَعَبَدَةِ الْاَوْثَانِ هٰذَآ اَمْرٌ قَدْ تَوَجَّهَ فَبَایِعُوا الرَّسُوْلَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الْاِسْلَامِ فَاَسْلَمُوْا

سنا، ابوحباب آپ کی مراد عبداللہ بن ابی بن سلول سے تھی۔ کیا کہہ رہا تھا، اس نے اس طرح کی باتیں کی ہیں، سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) اسے معاف فرما دیجئے اور اس سے درگذر کیجئے۔ اس ذات کی قسم جس نے آپ پر کتاب نازل کی ہے اللہ نے آپ کے ذریعہ وہ حق بھیجا ہے جو اس نے آپ پر نازل کیا ہے، اس شہر (مدینہ) کے لوگ (آپ کے یہاں تشریف لانے سے پہلے) اس پر متفق ہو چکے تھے کہ اسے (عبداللہ بن ابی کو) تاج پہنا دیں اور (شاہی) عمامہ اس کے سر پر باندھ دیں، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے اس حق کے ذریعہ جو آپ کو اس نے عطا کیا ہے۔ اس باطل کو روک دیا تو اب وہ چڑ گیا ہے اور اس وجہ سے وہ معاملہ اس نے آپ کے ساتھ کیا جو آپ نے خود ملاحظہ فرمایا ہے، حضور اکرم ﷺ نے اسے معاف کر دیا، آنحضور ﷺ اور صحابہؓ مشرکین اور اہل کتاب سے درگذر کیا کرتے تھے اور ان کی اذیتوں پر صبر کیا کرتے تھے۔ اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے ''اور یقیناً تم بہت سی دل آزاری کی باتیں ان سے بھی سنو گے جنہیں تم سے پہلے کتاب مل چکی ہے اور ان سے بھی جو مشرک ہیں (اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ) اختیار کرو تو یہ تاکیدی احکام میں سے ہیں۔'' اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''بہت سے اہل کتاب تو دل ہی سے چاہتے ہیں کہ تمہیں ایمان (لے آنے) کے بعد پھر سے کافر بنا لیں، حسد کی راہ سے جو ان کے نفسوں میں ہے۔'' آخر آیت تک۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا حکم تھا حضور اکرم ﷺ ہمیشہ کفار کو معاف کر دیا کرتے تھے، آخر اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کے ساتھ (غزوہ کی) اجازت دی اور جب آپ نے غزوۂ بدر کیا تو اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے مطابق کفار قریش کے سردار اس میں مارے گئے تو عبداللہ بن ابی بن سلول اور اس کے دوسرے مشرک اور بت پرست ساتھیوں نے آپس میں مشورہ کیا کہ اب تو معاملہ پلٹ گیا ہے، چنانچہ ان سب نے بھی (اپنے کفر کو چھپاتے ہوئے) حضور اکرم ﷺ سے اسلام پر بیعت کر لی اور اسلام میں (بظاہر) داخل ہو گئے۔

باب ۶۲۹۔ قَوْلِهٖ لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَفْرَحُوْنَ بِمَا اَتَوْا

۶۲۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جو لوگ اپنے کرتوتوں پر خوش ہوتے ہیں (اور چاہتے ہیں کہ جو کام نہیں کئے ہیں ان پر بھی ان کی مدح کی جائے) سو ایسے لوگوں کے لئے ہرگز خیال نہ کرو (کہ وہ عذاب سے حفاظت میں رہیں گے۔)

(۱۶۸۰) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُنٰفِقِيْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْغَزْوِ تَخَلَّفُوْا عَنْهُ وَفَرِحُوْا بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَذَرُوْا اِلَيْهِ وَحَلَفُوْا وَاَحَبُّوْا اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَنَزَلَتْ لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ الْاٰيَةَ

۱۶۸۰۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے زید بن اسلم نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں منافقین یہ کیا کرتے تھے کہ جب حضور اکرم ﷺ غزوے کے لئے تشریف لے جاتے تو یہ آپ کے ساتھ نہ جاتے اور آپ کے علی الرغم غزوہ میں شریک نہ ہونے پر بہت خوش ہوا کرتے تھے لیکن جب حضور اکرم ﷺ واپس آتے تو اعذار بیان کرنے پہنچتے اور قسمیں کھا لیتے بلکہ اس کے بھی خواہش مند رہتے کہ (مجاہدین کے ساتھ) ان کی بھی تعریف کی جائے، اس عمل پر جو یہ کرتے نہیں تھے۔ اسی پر یہ آیت نازل ہوئی "لایحسبن الذین یفرحون" آخر آیت تک (ترجمہ گذر چکا۔)

(۱۶۸۱) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَنَّ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ مَرْوَانَ قَالَ لِبَوَّابِهٖ اِذْهَبْ يَارَافِعُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْ لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بِمَا اُوْتِيَ وَاَحَبَّ اَنْ يُّحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ مُعَذَّبًا لَنُعَذَّبَنَّ اَجْمَعُوْنَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّمَا لَكُمْ وَلِهٰذِهٖ اِنَّمَا دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُوْدَ فَسَاَلَهُمْ عَنْ شَيْءٍ فَكَتَمُوْهُ اِيَّاهُ وَاَخْبَرُوْهُ بِغَيْرِهٖ فَاَرَوْهُ اَنْ قَدِ اسْتَحْمَدُوْآ اِلَيْهِ بِمَا اَخْبَرُوْهُ عَنْهُ فِيْمَا سَاَلَهُمْ وَفَرِحُوْا بِمَآاُوْتُوْا مِنْ كِتْمَانِهِمْ ثُمَّ قَرَاَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاِذْ اَخَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ كَذٰلِكَ حَتّٰى قَوْلِهٖ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَالَمْ يَفْعَلُوْا تَابَعَهٗ عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّهٗ اَخْبَرَ اَنَّ مَرْوَانَ بِهٰذَا

۱۶۸۱۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں ابن ابی ملیکہ نے اور انہیں علقمہ بن وقاص نے خبر دی کہ مروان بن حکم نے (جب وہ مدینہ کے امیر تھے) اپنے بواب سے کہا کہ رافع ابن عباس رضی اللہ عنہ کے یہاں جاؤ اور ان سے پوچھو کہ اگر ہر شخص کو، جو اپنے کئے پر خوش ہو اور چاہتا ہو کہ جو عمل اس نے نہیں کیا ہے اس پر بھی اس کی تعریف کی جائے عذاب ہوگا پھر تو ہم میں سے کوئی بھی عذاب سے نہ بچ سکے گا (کیونکہ آیت کے ظاہر سے یہی مفہوم ہوتا ہے) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم لوگ یہ سوال کیوں اٹھاتے ہو، وہ تو رسول اللہ ﷺ نے یہودیوں کو بلایا تھا اور ان سے ایک چیز پوچھی تھی (جو ان کی آسمانی کتاب میں موجود تھی) انہوں نے اصل اور حقیقت کو چھپایا اور دوسری چیز بیان کر دی، اس کے باوجود اس کے خواہش مند رہے کہ حضور اکرم ﷺ کے سوال کے جواب میں جو کچھ انہوں نے بتایا ہے اس پر ان کی تعریف کی جائے اور ادھر اصل حقیقت کو چھپا کر بھی بڑے خوش تھے، پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس آیت کی تلاوت کی "(اور وہ وقت بھی قابل ذکر ہے) جب اللہ نے اہل کتاب سے عہد لیا تھا کہ کتاب کو پوری طرح ظاہر کر دینا، لوگوں پر "ارشاد" جو لوگ اپنے کرتوتوں پر خوش ہوتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ جو کام نہیں کئے ہیں ان پر بھی ان کی تعریف کی جائے۔ اس روایت کی متابعت عبدالرزاق نے ابن جریج کے واسطے سے کی، ان سے ابن مقاتل نے

حدیث بیان کی، انہیں حجاج نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے، انہیں ابن ابی ملیکہ نے خبر دی، انہیں حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف نے خبر دی، مروان کے اوپر کی حدیث کی طرح۔

باب ۶۳۰۔ قَوْلِهٖ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْاٰیَۃَ

۶۳۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے ادل بدل میں اہل عقل کے لئے (بڑی) نشانیاں ہیں۔''

(۱۶۸۲) حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ شَرِیْکُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اَبِیْ نَمِرٍ عَنْ كُرَیْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِیْ مَیْمُوْنَةَ فَتَحَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَهْلِهٖ سَاعَةً ثُمَّ رَقَدَ فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّیْلِ الْاٰخِرُ قَعَدَ فَنَظَرَ اِلَی السَّمَآءِ فَقَالَ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ثُمَّ قَامَ فَتَوَضَّاَ وَاسْتَنَّ فَصَلّٰی اِحْدٰی عَشْرَةَ رَكْعَةً ثُمَّ اَذَّنَ بِلَالٌ فَصَلّٰی رَكْعَتَیْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّی الصُّبْحَ

۱۶۸۲۔ ہم سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، کہا کہ مجھے شریک بن عبداللہ بن ابی نمر نے خبر دی، انہیں کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ایک رات اپنی خالہ (ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر سویا، پہلے رسول اللہ ﷺ نے اپنی اہل (میمونہ رضی اللہ عنہا) کے ساتھ تھوڑی دیر تک بات چیت کی (جب آپ رات کے وقت گھر میں تشریف لائے) پھر سو گئے، جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی تھا تو آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور آسمان کی طرف نظر کی اور یہ آیت تلاوت کی ''بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور دن رات کے ادل بدل میں اہل عقل کے لئے (بڑی) نشانیاں ہیں۔'' اس کے بعد آپ کھڑے ہوئے اور وضو کی اور مسواک کی، پھر گیارہ رکعتیں پڑھیں۔ جب بلال رضی اللہ عنہ نے (فجر کی) اذان دی تو آپ نے دو رکعت (فجر کی سنت) پڑھی، اور باہر تشریف لائے اور فجر کی نماز پڑھائی۔

باب ۶۳۱۔ قَوْلِهٖ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَكَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

۶۳۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یہ (یعنی وہ اہل عقل جن کا ذکر اوپر کی آیت میں ہوا) ایسے ہیں کہ جو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر (برابر) یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے رہتے ہیں۔''

(۱۶۸۳) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍؓ عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَیْمَانَ عَنْ كُرَیْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ بِتُّ عِنْدَ خَالَتِیْ مَیْمُوْنَةَ فَقُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ اِلٰی صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَطُرِحَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وِسَادَةٌ فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ طُوْلِهَا فَجَعَلَ یَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهٖ ثُمَّ قَرَاَ الْاٰیَاتِ الْعَشْرَ

۱۶۸۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن انس نے، ان سے مخرمہ بن سلیمان نے، ان سے کریب نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ایک رات اپنی خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے یہاں سویا، ارادہ یہ تھا کہ آج رسول اللہ ﷺ کی نماز دیکھوں گا۔ میں نے آپ کے لئے گدا بچھا دیا اور آپ اس کے طول میں لیٹ گئے پھر (جب آپ آخری رات میں بیدار ہوئے تو) چہرہ مبارک پر ہاتھ پھیر کر نیند کے آثار دور کرنے لگے، پھر آل عمران کی آخری آیات ختم تک پڑھیں۔

الْاَوَاخِرَ مِنْ اٰلِ عِمْرَانَ حَتّٰی خَتَمَ ثُمَّ اَتٰی شَنًّا مُّعَلَّقًا فَاَخَذَہ' فَتَوَضَّا ثُمَّ قَامَ یُصَلِّیْ فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَاصَنَعَ ثُمَّ جِئْتُ فَقُمْتُ اِلٰی جَنْبِہٖ فَوَضَعَ یَدَہٗ عَلٰی رَاْسِیْ ثُمَّ اَخَذَ بِاُذُنِیْ فَجَعَلَ یَفْتِلُھَا ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ اَوْتَرَ

اس کے بعد آپ ایک مشکیزے کے پاس آئے اور اس سے پانی لے کر وضو کی اور نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوگئے، میں بھی کھڑا ہوگیا اور جو کچھ آپ نے کیا تھا وہی سب کچھ میں نے بھی کیا اور آپ کے پاس آ کر آپ ﷺ کے پہلو میں کھڑا ہوگیا؟ آپ نے میرے سر پر اپنا ہاتھ رکھا اور کان کو پکڑ کر ملنے لگے، پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت نماز پڑھی، پھر دو رکعت نماز پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی اور پھر دو رکعت پڑھی، پھر وتر پڑھی۔

باب ۶۳۲۔ قَوْلِہٖ رَبَّنَا اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَہ' وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ

۶۳۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اے ہمارے پروردگار تو نے جسے دوزخ میں داخل کر دیا، اسے واقعی رسوا بھی کر دیا اور ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہیں۔''

(۱۶۸۴) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِیْسٰی حَدَّثَنَا مَالِکٌ عَنْ مَّخْرَمَۃَ بْنِ سُلَیْمَانَ عَنْ کُرَیْبٍ مَّوْلٰی عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ عَبْدَاللّٰہِ بْنَ عَبَّاسٍؓ اَخْبَرَہ' اَنَّہ' بَاتَ عِنْدَ مَیْمُوْنَۃَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھِیَ خَالَتُہ' قَالَ فَاضْطَجَعْتُ فِیْ عَرْضِ الْوِسَادَۃِ وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَھْلُہ' فِیْ طُوْلِھَا فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتَّی انْتَصَفَ اللَّیْلُ اَوْقَبْلَہ' بِقَلِیْلٍ اَوْ بَعْدَہ' بِقَلِیْلٍ ثُمَّ اسْتَیْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ یَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَّجْھِہٖ بِیَدِہٖ ثُمَّ قَرَاَ الْعَشْرَ الْاٰیَاتِ الْخَوَاتِمَ مِنْ سُوْرَۃِ اٰلِ عِمْرَانَ ثُمَّ قَامَ اِلٰی شَنٍّ مُّعَلَّقَۃٍ فَتَوَضَّأَ مِنْھَا فَاَحْسَنَ وُضُوْءَ ہٗ ثُمَّ قَامَ یُصَلِّیْ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَا صَنَعَ ثُمَّ ذَھَبْتُ فَقُمْتُ اِلٰی جَنْبِہٖ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَہُ الْیُمْنٰی عَلٰی رَاْسِیْ وَاَخَذَ بِاُذُنِیْ بِیَدِہِ الْیُمْنٰی یَفْتِلُھَا فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ اَوْتَرَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰی جَآءَ ہُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ خَفِیْفَتَیْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّی الصُّبْحَ

۱۶۸۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے معن بن عیسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے مخرمہ بن سلیمان نے، ان سے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا کریب نے اور انہیں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی، کہ ایک رات آپ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر سوئے جو آپ کی خالہ تھیں۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں بستر کے عرض میں لیٹا۔ (پائتیں یا سرھانے، اس وقت آپ کی عمر بہت کم تھی) اور حضور اکرم ﷺ اور آپ کی اہل طول میں لیٹے۔ پھر حضور اکرم سو گئے اور آدھی رات میں یا اس سے تھوڑی دیر پہلے یا بعد میں آپ بیدار ہوئے اور چہرہ پر ہاتھ پھیر کر نیند کے آثار ختم کئے، پھر سورۂ آل عمران کی آخری دس آیتوں کی تلاوت کی۔ اس کے بعد آپ اٹھ کر مشکیزے کے قریب تشریف لے گئے جو لٹکا ہوا تھا، اور اس کے پانی سے وضو کی، تمام آداب وارکان کی پوری رعایت کے ساتھ، اور نماز کے لئے کھڑے ہوگئے۔ میں نے بھی آپ ہی کی طرح (وضو وغیرہ) کی اور آپ کے پہلو میں جا کر کھڑا ہوگیا۔ آنحضور ﷺ نے اپنا داہنا ہاتھ میرے سر پر رکھا اور اسی ہاتھ سے میرا کان پکڑ کر ملنے لگے، پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی اور پھر دو رکعت پڑھی اور آخر میں وتر پڑھی۔ اس سے فارغ ہو کر آپ لیٹ گئے، پھر جب مؤذن آئے تو آپ اٹھے اور دو ہلکی (فجر کی سنت کی) رکعتیں پڑھیں اور نماز کے لئے باہر تشریف لے گئے۔

باب ۶۳۳۔ قَوْلِہٖ رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ

۶۳۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اے ہمارے پروردگار، ہم نے ایک پکارنے

لِلْاِيْمَانِ الْاٰيَةَ

والے کو سنا ایمان کی پکار کرتے ہوئے" آخر آیت تک۔

(۱۶۸۵) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ مَّخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ كُرَيْبٍ مَّوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَه، اَنَّه، بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ خَالَتُه، قَالَ فَاضْطَجَعْتُ فِي عَرْضِ الْوِسَادَةِ وَاضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُه، فِيْ طُوْلِهَا فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا انْتَصَفَ اللَّيْلُ اَوْقَبْلَه، بِقَلِيْلٍ اَوْبَعْدَه، بِقَلِيْلٍ اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَّجْهِه بِيَدِه ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الْاٰيَاتِ الْخَوَاتِمَ مِنْ سُوْرَةِ اٰلِ عِمْرَانَ ثُمَّ قَامَ اِلٰى شَنٍّ مُّعَلَّقَةٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهَا فَاَحْسَنَ وُضُوْءَه، ثُمَّ يُصَلِّيْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقُمْتُ فَصَنَعْتُ مِثْلَ مَاصَنَعَ ثُمَّ ذَهَبْتُ فَقُمْتُ اِلٰى جَنْبِه فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى رَأْسِيْ وَاَخَذَ بِاُذُنِي الْيُمْنٰى يَفْتِلُهَا فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اَوْتَرَ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى جَآءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ

۱۶۸۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی۔ ان سے مالک نے، ان سے مخرمہ بن سلیمان نے، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا کریب نے اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر سوئے، میمونہ رضی اللہ عنہا آپ کی خالہ تھیں۔ بیان کیا کہ میں بستر کے عرض میں لیٹ گیا اور حضور اکرم ﷺ اور آپ کی اہل طول میں لیٹے، پھر آنحضور ﷺ سو گئے اور آدھی رات میں یا اس سے تھوڑی دیر پہلے یا تھوڑی دیر بعد آپ بیدار ہوئے اور بیٹھ کر چہرہ پر نیند کے آثار دور کرنے کے لئے ہاتھ پھیرنے لگے اور سورۂ آل عمران کی آخری دس آیات پڑھیں۔ اس کے بعد آپ مشکیزہ کے پاس گئے جو لٹکا ہوا تھا، اس سے وضو کی، تمام آداب کی رعایت کے ساتھ، پھر نماز کے لئے کھڑے ہوئے، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں بھی اٹھا اور میں نے بھی آپ کی طرح کیا اور جا کر آپ ﷺ کے پہلو میں کھڑا ہو گیا، تو آنحضور ﷺ نے اپنا داہنا ہاتھ میرے سر پر رکھا، اور میرے داہنے کان کو پکڑ کر ملنے لگے، پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی، پھر دو رکعت پڑھی اور آخر میں انہیں وتر بنایا۔ پھر لیٹ گئے اور جب مؤذن آپ ﷺ کے پاس آئے تو آپ اٹھے اور دو خفیف رکعتیں پڑھ کر باہر تشریف لے گئے اور صبح کی نماز پڑھائی۔

سُوْرَةُ النِّسَاءِ

سورۃ النساء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْتَنْكِفُ يَسْتَكْبِرُ قِوَامًا قِوَامُكُمْ مِّنْ مَّعَايِشِكُمْ لَهُنَّ سَبِيْلًا يَعْنِي الرَّجْمَ لِلثَّيِّبِ وَالْجَلْدَ لِلْبِكْرِ وَقَالَ غَيْرُه، مَثْنٰى وَثُلٰثَ يَعْنِي اثْنَتَيْنِ وَ ثَلَاثًا وَّ اَرْ بَعًا وَّلَا تُجَاوِزُ الْعَرَبُ رُبَاعَ

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (قرآن مجید کی آیت میں) یستنکف، یستکبر کے معنی میں ہے قواما (قیما) یعنی جس پر تمہارے معاش کی بنیاد قائم ہے۔ "لھن سبیلا" یعنی شادی شدہ کے لئے رجم اور کنوارے کے لئے کوڑے کی سزا (جب وہ زنا کا ارتکاب کریں اور دوسرے حضرات نے کہا کہ (آیت میں) مثنیٰ وثلاث ورباع سے مراد ہے دو دو تین تین اور چار چار۔ اہل عرب رباع سے آگے، (اس وزن پر) استعمال نہیں کرتے۔

باب ۶۳۴۔ قَوْلِهٖ وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّاتُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی

۶۳۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیموں کے باب میں انصاف نہ کر سکو گے۔

(۱۶۸۶) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَجُلًا کَانَتْ لَهٗ یَتِیْمَةٌ فَنَکَحَهَا وَکَانَ لَهَا عَذْقٌ وَّکَانَ یُمْسِکُهَا عَلَیْهِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهَا مِنْ نَّفْسِهٖ شَیْءٌ فَنَزَلَتْ فِیْهِ وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّاتُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی اَحْسِبُهٗ قَالَ کَانَتْ شَرِیْکَتَهٗ فِیْ ذٰلِکَ الْعَذْقِ وَفِیْ مَالِهٖ

۱۶۸۶۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں ہشام بن عروہ نے خبر دی انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک صاحب کی پرورش میں ایک یتیم لڑکی تھی، پھر انہوں نے اس سے نکاح کر لیا، اس یتیم لڑکی کی ملکیت میں کھجور کا ایک باغ تھا، اسی بات کی وجہ سے انہوں نے اس سے نکاح کیا تھا، حالانکہ دل میں اس سے کوئی تعلق نہ تھا۔ اس سلسلے میں یہ آیت نازل ہوئی کہ "اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیموں کے باب میں انصاف نہ کر سکو گے" میرا خیال ہے کہ عروہ نے بیان کیا کہ اس باغ میں اور اس کے مال میں بھی وہ یتیم لڑکی شریک کی حیثیت رکھتی تھی۔

(۱۶۸۷) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِیْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ کَیْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَیْرِ اَنَّهٗ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَقَالَتْ یَابْنَ اُخْتِیْ هٰذِهِ الْیَتِیْمَةُ تَکُوْنُ فِیْ حَجْرِ وَلِیِّهَا تُشْرِکُهٗ فِیْ مَالِهٖ وَیُعْجِبُهٗ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَیُرِیْدُ وَلِیُّهَا اَنْ یَّتَزَوَّجَهَا بِغَیْرِ اَنْ یُّقْسِطَ فِیْ صَدَاقِهَا فَیُعْطِیَهَا مِثْلَ مَایُعْطِیْهَا غَیْرُهٗ فَنُهُوْا عَنْ اَنْ یَّنْکِحُوْهُنَّ اِلَّا اَنْ یُّقْسِطُوْا لَهُنَّ وَیَبْلُغُوْا لَهُنَّ اَعْلٰی سُنَّتِهِنَّ فِی الصَّدَاقِ فَاُمِرُوْا اَنْ یَّنْکِحُوْا مَاطَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَآءِ سِوَاهُنَّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَاِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَیَسْتَفْتُوْنَکَ فِی النِّسَآءِ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰی فِیْ اٰیَةٍ اُخْرٰی وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْکِحُوْهُنَّ رَغْبَةُ اَحَدِکُمْ عَنْ یَّتِیْمَتِهٖ حِیْنَ تَکُوْنُ قَلِیْلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ قَالَتْ فَنُهُوْآ اَنْ یَّنْکِحُوْا عَنْ مَّنْ رَّغِبُوْا فِیْ مَالِهٖ وَجَمَالِهٖ فِیْ یَتَامَی النِّسَآءِ اِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ اَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ اِذْکُنَّ قَلِیْلَاتِ الْمَالِ وَالْجَمَالِ

۱۶۸۷۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن کیسان نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی آپ نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ کا ارشاد "اور اگر تمہیں خوف ہو کہ تم یتیموں کے باب میں انصاف نہ کر سکو گے" کے متعلق پوچھا تھا، عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میری بہن کے بیٹے!! یہ ایسی یتیم لڑکی کے متعلق ہے جو اپنے ولی کی زیر پرورش ہو اور اس کے مال میں بھی شریک کی حیثیت رکھتی ہو، ادھر ولی اس مال پر بھی نظر رکھتا ہو اور اس کے جمال سے بھی لگاؤ ہو، لیکن اس کی مہر کے بارے میں انصاف سے کام لئے بغیر اس سے نکاح کرنا چاہتا ہو اور اتنا مہر اسے نہ دینا چاہتا ہو، جتنا دوسرے دے سکتے ہوں تو ایسے لوگوں کو روکا گیا ہے کہ وہ ایسی یتیم لڑکیوں سے اسی صورت میں نکاح کر سکتے ہیں جب ان کے ساتھ انصاف کریں اور ویسی لڑکیوں کا جتنا مہر معاشرہ میں ہوتا ہے اس میں سب سے اعلیٰ اور بہترین صورت اختیار کریں، ورنہ ان کے علاوہ جن دوسری عورتوں سے بھی ان کا جی چاہے وہ نکاح کر سکتے ہیں۔ عروہ نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اس آیت کے نازل ہونے کے بعد پھر صحابہؓ نے حضور اکرم ﷺ سے مسئلہ پوچھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "ویستفتونک فی النساء" عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ دوسری آیت میں "وتر غبون ان تنکحوھن" سے یہ مراد ہے کہ جب کسی کی زیر پرورش یتیم لڑکی کے پاس مال بھی کم ہو اور جمال بھی کم ہو تو

وہ اس سے نکاح کرنے سے بچتا ہے، آپ نے فرمایا کہ اس لئے انہیں ان یتیم لڑکیوں سے نکاح کرنے سے بھی روکا گیا جو صاحب مال و جمال ہوں، لیکن اگر انصاف کر سکیں۔ (تو ان سے نکاح کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں) یہ حکم خاص طور سے اس لئے بھی ہے کہ اگر وہ صاحب مال و جمال نہ ہوتیں تو یہی ان سے نکاح کرنا پسند نہ کرتے۔

اب ۶۳۵. قَوْلِهٖ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ الْمَعْرُوْفِ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ اَلْاٰيَةَ وَبِدَاراً مُبَادَرَةً اَعْتَدْنَا اَعْدَدْنَا اَفْعَلْنَا بنَ الْعَتَادِ

۶۳۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "البتہ جو شخص نادار ہو وہ مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے، اور جب ان کے حوالے کرنے لگو تو ان پر گواہ بھی کر لیا کرو" آخر آیت تک۔ بدارا بمعنی مبادرۃ۔ اعتدنا بمعنی اعددنا، عتاد سے افعلنا کے وزن پر۔

(۱۶۸۸) حَدَّثَنِيْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ الْمَعْرُوْفِ اَنَّهَا نَزَلَتْ فِيْ مَالِ الْيَتِيْمِ اِذَا كَانَ فَقِيْرًا اَنَّهٗ يَاْكُلُ مِنْهُ مَكَانَ قِيَامِهٖ عَلَيْهِ بِمَعْرُوْفٍ

۱۶۸۸۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ بن نمیر نے خبر دی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "بلکہ جو شخص خوشحال ہو وہ اپنے کو بالکل روکے رکھے، البتہ جو شخص نادار ہو وہ مناسب مقدار میں کھا سکتا ہے کے بارے میں فرمایا کہ یہ آیت یتیم کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ اگر ولی نادار ہو تو یتیم کی پرورش اور دیکھ بھال کے بدلے میں مناسب مقدار میں (یتیم کے مال میں سے) کھا سکتا ہے۔

اب ۶۳۶. قَوْلِهٖ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسٰكِيْنُ اَلْاٰيَةَ

۶۳۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب تقسیم کے وقت اعزہ اور یتیم اور مسکین موجود ہوں آخر آیت تک۔"

(۱۶۸۹) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ حُمَيْدٍ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنُ قَالَ هِيَ مُحْكَمَةٌ وَلَيْسَتْ بِمَنْسُوْخَةٍ تَابَعَهٗ سَعِيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ

۱۶۸۹۔ ہم سے احمد بن حمیدؒ نے حدیث بیان کی، انہیں عبیداللہ اشجعی نے خبر دی، انہیں سفیان نے، انہیں شیبانی نے انہیں عکرمہ نے انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت "اور جب تقسیم کے وقت اعزہ اور یتیم اور مسکین موجود ہوں" کے متعلق فرمایا کہ یہ محکم ہے منسوخ نہیں ہے اس کی متابعت سعید نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کی۔

اب ۶۳۷. قَوْلِهٖ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ

۶۳۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی میراث) کے بارہ میں حکم دیتا ہے۔"

(۱۶۹۰) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ مُنْكَدِرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابوبكر فى بنى سلمة ماشيين فوجدنى النبىّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَعْقِلُ فَدَعَا بِمَآءٍ فَتَوَضَّاَ

۱۶۹۰۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی کہ انہیں ابن جریج نے خبر دی۔ بیان کیا کہ مجھے ابن منکدر رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، کہ نبی کریم ﷺ اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ قبیلہ بنو سلمہ تک پیدل چل کر میری عیادت کے لئے تشریف لائے۔ حضور اکرم ﷺ نے ملاحظہ فرمایا

مِنْهُ ثُمَّ رَشَّ عَلَيَّ فَأَفَقْتُ فَقُلْتُ مَاتَأْمُرُنِي اَنْ اَصْنَعَ فِيْ مَالِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَنَزَلَتْ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ اَوْلَادِكُمْ

کہ مجھ پر بے ہوشی کی کیفیت طاری ہے اس لئے آپ نے پانی منگوایا اور وضو کر کے اس کا پانی مجھ پر چھڑکا۔ میں ہوش میں آ گیا۔ پھر میں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! آپ کا کیا حکم ہے، میں اپنے مال کا کیا کروں؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی میراث) کے بارے میں حکم دیتا ہے۔''

باب ۶۳۸۔ قَوْلِهٖ وَلَكُمْ نِصْفُ مَاتَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ

۶۳۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور تمہارے لئے اس مال کا آدھا حصہ ہے جو تمہاری بیویاں چھوڑ جائیں۔

(۱۶۹۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ وَرْقَاءَ عَنِ ابْنِ نَجِيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ مَآ اَحَبَّ فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ وَجَعَلَ لِلْاَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسَ وَالثُّلُثَ وَجَعَلَ لِلْمَرْاَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ

۱۶۹۱۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ورقاء نے، ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے عطاء نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (ابتداء میں والدین کا مال) بیٹے کو ملتا تھا، البتہ والدین کو وصیت کرنے کا اختیار تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے جیسا مناسب سمجھا اس میں نسخ کر دیا، چنانچہ اب مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے اور مورث کے والدین یعنی ان دونوں میں ہر ایک کے لئے اس مال کا چھٹا حصہ ہے (بشرطیکہ مورث کی کوئی اولاد ہو) لیکن اگر اس کے اولاد نہ ہو، بلکہ اس کے والدین ہی اس کے وارث ہوں تو (اس کی ماں کا) ایک تہائی حصہ ہوگا، اور بیوی کا آٹھواں حصہ ہوگا (جب کہ اولاد ہو، لیکن اگر اولاد نہ ہو تو) چوتھائی ہوگا، اور شوہر کا آدھا حصہ ہوگا (جب کہ اولاد نہ ہو، لیکن اگر اولاد ہوئی تو) چوتھائی ہوگا۔

باب ۶۳۹۔ قَوْلِهٖ لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا الْاٰيَةَ وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَاتَعْضُلُوْهُنَّ لَاتَقْهَرُوْهُنَّ حُوْبًا اِثْمًا تَعُوْلُوْا تَمِيْلُوْا نِحْلَةً النِّحْلَةُ الْمَهْرُ

۶۳۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم عورتوں کے جبراً مالک ہو جاؤ'' الآیۃ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (آیت میں) لا تعضلوھن کے معنی ہیں کہ ان پر جبر و قہر نہ کرو، حوبا یعنی گناہ۔ تعولوا یعنی تمیلوا۔ نحلۃ یعنی مہر۔

(۱۶۹۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الشَّيْبَانِيُّ وَذَكَرَهٗ اَبُو الْحَسَنِ السُّوَآئِيُّ وَلَا اَظُنُّهٗ ذَكَرَهٗ اِلَّا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا وَّلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ قَالَ كَانُوْٓا اِذَا مَاتَ الرَّجُلُ كَانَ اَوْلِيَآءُهٗ اَحَقَّ بِامْرَاَتِهٖ اِنْ شَآءَ بَعْضُهُمْ تَزَوَّجَهَا وَاِنْ شَآءُوْا زَوَّجُوْهَا وَاِنْ

۱۶۹۲۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، ان سے اسباط بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبانی نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے شیبانی نے بیان کیا کہ یہ حدیث ابوالحسن سوائی نے بھی بیان کی ہے اور جہاں تک مجھے یقین ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطے سے ہی بیان کی ہے کہ آیت ''اے ایمان والو، تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم عورتوں کے جبراً مالک ہو جاؤ اور نہ انہیں اس غرض سے قید رکھو کہ تم نے انہیں جو کچھ دے رکھا ہے اس کا کچھ حصہ وصول کر لو'' آپ نے بیان کیا کہ جاہلیت میں کسی عورت کا شوہر

شَآءَ وْا لَمْ يُزَوِّجُوْهَا فَهُمْ اَحَقُّ بِهَا مِنْ اَهْلِهَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ ذٰلِكَ

مرجاتا تو شوہر کے رشتہ دار اس عورت کے زیادہ مستحق سمجھے جاتے، اگر انہیں میں سے کوئی چاہتا تو اس سے شادی کر لیتا یا پھر وہ جس سے چاہتے اسی سے اس کی شادی کرتے اور چاہتے تو نہ بھی کرتے، اس طرح عورت کے گھر والوں کے مقابلہ میں بھی شوہر کے رشتہ دار اس کے زیادہ مستحق سمجھے جاتے، اسی پر یہ آیت نازل ہوئی ۔

باب ۶۴۰ . قَوْلِهٖ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْاَقْرَبُوْنَ اَلْاٰيَةَ مَوَالِيَ اَوْلِيَآءَ وَرَثَةً عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ هُوَ مَوْلَى الْيَمِيْنِ وَهُوَ الْحَلِيْفُ وَالْمَوْلٰى اَيْضًا اِبْنُ الْعَمِّ وَالْمَوْلَى الْمُنْعِمُ الْمُعْتِقُ وَالْمَوْلَى الْمُعْتَقُ وَالْمَوْلَى الْمَلِيْكُ وَالْمَوْلٰى مَوْلًى فِي الدِّيْنِ

۶۴۰ ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو مال والدین اور قرابت دار چھوڑ جائیں اس کے لئے ہم نے وارث ٹھہرا دیئے ہیں" الآیۃ معمر نے بیان کیا کہ "(موالی) سے مراد میت کے ولی اور وارث ہیں، جن سے معاہدہ ہو وہ مولی الیمین کہلاتے ہیں یعنی حلیف، مولا چچا کی اولاد کو بھی کہتے ہیں (غلام کو بھی جو) آزاد کر دیا گیا ہو، مولا بادشاہ کو بھی کہتے ہیں اور مولی، دینی موالی بھی ہوتا ہے۔

(۱۶۹۳) حَدَّثَنِي الصَّلْتُ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ اِدْرِيْسَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ قَالَ وَرَثَةً وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ كَانَ الْمُهَاجِرُوْنَ لَمَّا قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ يَرِثُ الْمُهَاجِرُ الْاَنْصَارِيَّ دُوْنَ ذَوِيْ رَحِمِهٖ لِلْاُخُوَّةِ الَّتِيْ اٰخَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمْ فَلَمَّا نَزَلَتْ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ نُسِخَتْ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْنَ عَاقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ مِنَ النَّصْرِ وَالرِّفَادَةِ وَالنَّصِيْحَةِ وَقَدْ ذَهَبَ الْمِيْرَاثُ وَيُوْصِيْ لَهٗ سَمِعَ اَبُوْاُسَامَةَ اِدْرِيْسَ وَسَمِعَ اِدْرِيْسُ طَلْحَةَ.

۱۶۹۳ ۔ ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ادریس نے، ان سے طلحہ بن مصرف نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ کہ (آیت میں) "لکل جعلنا موالی" سے مراد ورثاء ہیں اور "والذین عقدت ایمانکم" سے مراد یہ ہے کہ جب مہاجرین مدینہ آئے تو قرابت داروں کے علاوہ انصار کے وارث مہاجرین بھی ہوتے تھے، اس بھائی چارہ کی وجہ سے جو نبی کریم ﷺ نے مہاجرین اور انصار کے درمیان کرایا تھا پھر جب یہ آیت نازل ہوئی کہ "لکل جعلنا موالی" تو پہلا طریقہ منسوخ ہو گیا پھر بیان کیا کہ "والذین عاقدت ایمانکم" سے وہ لوگ مراد ہیں جو مدد، معاونت اور نصیحت کا معاملہ رکھتے ہوں، لیکن اب ان کے لئے میراث کا حکم منسوخ ہو گیا، البتہ ان کے لئے وصیت کر سکتا ہے۔ یہ حدیث ابو اسامہ نے ادریس سے سنی اور ادریس نے طلحہ سے۔

باب ۶۴۱ . قَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ يَعْنِيْ زِنَةَ ذَرَّةٍ

۶۴۱ ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک اللہ ایک ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرے گا" (مثقال ذرۃ سے) مراد ذرہ برابر ہے۔

(۱۶۹۴) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا اَبُوْعُمَرَ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ نِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ اُنَاسًا فِيْ زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَرٰى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

۱۶۹۴ ۔ مجھ سے محمد بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، ان سے ابو عمر حفص بن میسرہ نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ کچھ صحابہؓ نے رسول اللہ ﷺ کے عہد میں آپ سے پوچھا یا رسول اللہ! کیا قیامت کے دن ہم اپنے رب کو دیکھ سکیں گے؟ حضور اکرم ﷺ نے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ هَلْ تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ بِالظَّهِيْرَةِ ضَوْءٌ لَّيْسَ فِيْهَا سَحَابٌ قَالُوْا لَا قَالَ وَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ ضَوْءٌ لَّيْسَ فِيْهَا سَحَابٌ قَالُوْا لَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا كَمَا تُضَارُّوْنَ فِيْ رُؤْيَةِ اَحَدِهِمَا اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ يَّتْبَعُ كُلُّ اُمَّةٍ مَّا كَانَتْ تَعْبُدُ فَلَا يَبْقٰى مَنْ كَانَ يَعْبُدُ غَيْرَاللّٰهِ مِنَ الْاَصْنَامِ وَالْاَنْصَابِ اِلَّا يَتَسَاقَطُوْنَ فِي النَّارِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يَبْقَ اِلَّا مَنْ كَانَ يَعْبُدُاللّٰهَ بَرٌّ اَوْفَاجِرٌ وَّغُبَّرَاتُ اَهْلِ الْكِتَابِ فَيُدْعَى الْيَهُوْدُ فَيُقَالُ لَهُمْ مَّنْ كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ قَالُوْا كُنَّا نَعْبُدُ عُزَيْرَ بْنَ اللّٰهِ فَيُقَالُ لَهُمْ كَذَبْتُمْ مَّااتَّخَذَاللّٰهُ مِنْ صَاحِبَةٍ وَّلَا وَلَدٍ فَمَاذَا تَبْغُوْنَ فَقَالُوْا عَطِشْنَا رَبَّنَا فَاسْقِنَا فَيُشَارُ اَلَا تَرِدُوْنَ فَيُحْشَرُوْنَ اِلَى النَّارِ كَاَنَّهَا سَرَابٌ يَّحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا فَيَتَسَاقَطُوْنَ فِي النَّارِ ثُمَّ يُدْعَى النَّصَارٰى فَيُقَالُ لَهُمْ مَّنْ كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ قَالُوْا كُنَّا نَعْبُدُ الْمَسِيْحَ ابْنَ اللّٰهِ فَيُقَالُ لَهُمْ كَذَبْتُمْ مَّااتَّخَذَاللّٰهُ مِنْ صَاحِبَةٍ وَّلَا وَلَدٍ فَيُقَالُ لَهُمْ مَاذَا تَبْغُوْنَ فَكَذٰلِكَ مِثْلَ الْاَوَّلِ حَتّٰى اِذَا لَمْ يَبْقَ اِلَّا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللّٰهَ مِنْ بَرٍّ اَوْ فَاجِرٍ اَتَاهُمْ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ فِيْ اَدْنٰى صُوْرَةٍ مِّنَ الَّتِيْ رَاَوْهُ فِيْهَا فَيُقَالُ مَاذَا تَنْتَظِرُوْنَ تَتْبَعُ كُلُّ اُمَّةٍ مَّا كَانَتْ تَعْبُدُ قَالُوْا فَارَقْنَا النَّاسَ فِي الدُّنْيَا عَلٰى اَفْقَرِمَا كُنَّا اِلَيْهِمْ لَمْ نُصَاحِبْهُمْ وَنَحْنُ نَنْتَظِرُ رَبَّنَا الَّذِيْ كُنَّا نَعْبُدُ فَيَقُوْلُ اَنَا رَبُّكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ لَانُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا مَّرَّتَيْنِ اَوْثَلٰثًا

فرمایا کہ ہاں! کیا سورج کو دوپہر کے وقت دیکھنے میں تمہیں کوئی دشواری ہوتی ہے جب کہ اس پر بادل بھی نہ ہو، صحابہؓ نے عرض کی کہ نہیں، پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اور کیا چودھویں کے چاند کو دیکھنے میں تمہیں دشواری پیش آتی ہے، جب کہ اس پر بادل نہ ہو؟ صحابہؓ نے عرض کی کہ نہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ بس اسی طرح تم بلا کسی دشواری اور رکاوٹ کے اللہ عزوجل کو دیکھوگے، قیامت کے دن ایک منادی نداد ے گا کہ ہر امت اپنے معبودان (باطل) کو لے کر حاضر ہو جائے۔ اس وقت اللہ کے سوا جتنے بھی بتوں اور پتھروں کی پوجا ہوتی تھی سب کو جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ پھر جب وہی لوگ باقی رہ جائیں گے جو صرف اللہ کی پوجا کیا کرتے تھے۔ خواہ نیک ہوں یا گنہگار، اور بقایا اہل کتاب، تو پہلے یہود کو بلایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ تم (اللہ کے سوا) کس کی پوجا کرتے تھے؟ وہ عرض کریں گے کہ عزیز بن اللہ کی، اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا، لیکن تم جھوٹے تھے، اللہ نے نہ کسی کو اپنی بیوی بنایا اور نہ بیٹا، اب تم کیا چاہتے ہو؟ وہ کہیں گے ہمارے رب! ہم پیاسے ہیں، ہمیں پانی پلا دیجئے، انہیں اشارہ کیا جائے گا کہ کیا ادھر نہیں چلتے چنانچہ سب کو جہنم کی طرف لے جایا جائے گا، وہ سراب کی طرح نظر آئے گی، بعض بعض کے ٹکڑے کیئے دے رہی ہوگی، چنانچہ سب کو آگ میں ڈال دیا جائے گا۔ پھر نصاریٰ کو بلایا جائے گا، اور ان سے پوچھا جائے گا کہ تم کس کی عبادت کیا کرتے تھے وہ کہیں گے کہ ہم مسیح بن اللہ کی عبادت کرتے تھے، ان سے بھی کہا جائے گا کہ تم جھوٹے تھے اللہ نے کسی کو بیوی اور بیٹا نہیں بنایا، پھر ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا چاہتے ہیں اور ان کے ساتھ یہودیوں کی طرح معاملہ کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ جب ان لوگوں کے سوا اور کوئی باقی نہ رہے گا جو صرف اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ خواہ وہ نیک ہوں گے یا گنہگار، تو ان کے پاس ان کا رب ایسی تجلی میں آئے گا جو ان کے لئے سب سے زیادہ قریب الفہم ہوگی، اب ان سے کہا جائے گا، اب تمہیں کس کا انتظار ہے، ہر امت اپنے معبودوں کو ساتھ لے کر جا چکی، وہ جواب دیں گے کہ ہم دنیا میں جب لوگوں سے (جنہوں نے کفر کیا تھا) جدا ہوئے تو ہم ان میں سب سے زیادہ محتاج تھے پھر بھی ہم نے ان کا ساتھ نہیں دیا، اور اب ہمیں اپنے رب کا انتظار ہے جس کی ہم عبادت کرتے تھے اللہ رب العزت فرمائے گا کہ تمہارا رب میں ہی ہوں، اس پر

تمام مسلمان بول اٹھیں گے کہ ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے، دو یا تین مرتبہ۔

باب۶۴۲. قَوْلِهٖ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا اَلْمُخْتَالُ وَالْخَتَّالُ وَاحِدٌ نَّطْمِسُ نُسَوِّيْهَا حَتّٰى تَعُوْدَ كَاَقْفَائِهِمْ طَمَسَ الْكِتَابَ مَحَاهُ سَعِيْرًا وُّقُوْدًا

۶۴۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "سو اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک ایک گواہ حاضر کریں گے اور ان لوگوں پر آپ کو بطور گواہ پیش کریں گے۔" المختال اور ختال ایک ہی چیز ہے۔ "نطمس وجوھھم" کا مفہوم یہ ہے کہ ہم ان کے چہروں کو برابر کر دیں گے اور وہ سر کے پچھلے حصے کی طرح ہو جائیں گے (اسی سے) طمس الکتاب آتا ہے یعنی اسے مٹایا۔ سعیرا بمعنی ایندھن۔

(۱۶۹۵) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ يَحْيٰى بَعْضُ الْحَدِيْثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِقْرَاْ عَلَيَّ قُلْتُ اَقْرَاُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ اُنْزِلَ قَالَ فَاِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَسْمَعَهٗ مِنْ غَيْرِيْ فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ سُوْرَةَ النِّسَآءِ حَتّٰى بَلَغْتُ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا قَالَ اَمْسِكْ فَاِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

۱۶۹۵۔ ہم سے صدقہ نے حدیث بیان کی، انہیں یحییٰ نے خبر دی، انہیں سفیان نے، انہیں سلیمان نے، انہیں ابراہیم نے انہیں عبیدہ نے اور انہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے، یحییٰ نے بیان کیا کہ حدیث کا کچھ حصہ عمرو بن مرہ کے واسطہ سے ہے (بواسطہ ابراہیم) کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مجھ سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا مجھے قرآن پڑھ کر سنائیے میں نے عرض کی، آنحضور ﷺ کو میں پڑھ کر سناؤں؟ وہ تو آپ ﷺ پر ہی نازل ہوا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں دوسرے سے سننا چاہتا ہوں۔ چنانچہ میں نے آپ ﷺ کو سورہ نساء سنانی شروع کی، جب میں "فكيف اذا جئنا من كل امة بشهيد وجئنا بک علىٰ هولاء شهيدا۔" (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا) پر پہنچا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ٹھہر جاؤ۔ میں نے دیکھا تو آپ ﷺ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

باب۶۴۳. قَوْلِهٖ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰى اَوْعَلٰى سَفَرٍ اَوْجَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ صَعِيْدًا وَّجْهَ الْاَرْضِ وَقَالَ جَابِرٌ كَانَتِ الطَّوَاغِيْتُ الَّتِيْ يَتَحَاكَمُوْنَ اِلَيْهَا فِيْ جُهَيْنَةَ وَاحِدٌ وَّفِيْ اَسْلَمَ وَاحِدٌ وَّفِيْ كُلِّ حَيٍّ وَّاحِدٌ كُهَّانٌ يُنَزِّلُ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ وَقَالَ عمرالجبتُ السحرو الطَّاغُوْتُ الشَّيْطَانُ وقال عِكْرِمَةُ الْجِبْتُ بِلِسَانِ الْحَبَشَةِ شَيْطَانٌ وَّالطَّاغُوْتُ الْكَاهِنُ.

۶۴۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو، یا تم میں سے کوئی استنجا سے آیا ہو۔" صعیدا بمعنی زمین کی ظاہری سطح۔ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "طاغوت" جن کے یہاں جاہلیت میں لوگ فیصلے کے لئے جاتے تھے، ایک قبیلہ جہینہ میں تھا، ایک قبیلہ اسلم میں تھا اور ہر قبیلہ میں ایک طاغوت ہوتا تھا۔ یہ وہی کاہن تھے جن کے پاس شیطان (مستقبل کی خبریں لے کر) آیا کرتے تھے۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، کہ "الجبت" سے مراد سحر ہے اور "الطاغوت" بمعنی کاہن آتا ہے۔

(۱۶۹۶) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ هَلَكَتْ قِلَادَةٌ لِاَسْمَآءَ

۱۶۹۶۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبدہ نے خبر دی، انہیں ہشام نے، انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے

فَبَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ طَلَبِهَا رِجَالًا فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسُوْا عَلٰى وُضُوْءٍ وَّلَمْ يَجِدُوْا مَآءً فَصَلُّوْا وَهُمْ عَلٰى غَيْرِ وُضُوْءٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يَعْنِیْ اٰيَةَ التَّيَمُّمِ

بیان کیا کہ (مجھ سے) اسماء رضی اللہ عنہا کا ایک ہار گم ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے چند صحابہؓ کو اسے تلاش کرنے کے لئے بھیجا۔ ادھر نماز کا وقت ہوگیا، نہ لوگ باوضو تھے اور نہ پانی موجود تھا، اس لئے وضو کے بغیر نماز پڑھی، اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت تیمم نازل کی۔

باب ۶۴۴۔ قَوْلِهٖ اُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ ذَوِی الْاَمْرِ

۶۴۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اور اپنے میں سے "اولو الامر" کی، اولو الامر سے مراد اہل اقتدار ہیں۔"

(۱۶۹۷) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ ابْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْكُمْ قَالَ نَزَلَتْ فِیْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَدِیٍّ اِذْ بَعَثَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَرِيَّةٍ

۱۶۹۷۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں حجاج بن محمد نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے انہیں یعلی بن مسلم نے، انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیت "اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اور اپنے میں سے اہل اقتدار کی، عبداللہ بن حذافہ بن قیس بن عدی کے بارے میں نازل ہوئی تھی، جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایک مہم پر روانہ کیا تھا۔

باب ۶۴۵۔ قَوْلِهٖ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

۶۴۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "سو آپ کے پروردگار کی قسم ہے کہ یہ لوگ ایمان دار نہ ہوں گے جب تک یہ لوگ اس جھگڑے میں جو ان کے آپس میں ہوں، آپ کو حکم نہ بنالیں۔

(۱۶۹۸) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ خَاصَمَ الزُّبَيْرُ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فِیْ شَرِيْجٍ مِّنَ الْحَرَّةِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْقِ يَازُبَيْرُ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰى جَارِكَ فَقَالَ الْاَنْصَارِیُّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ فَتَلَوَّنَ وَجْهُهٗ ثُمَّ قَالَ اسْقِ يَازُبَيْرُ ثُمَّ احْبِسِ الْمَآءَ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَى الْجَدْرِ ثُمَّ اَرْسِلِ الْمَآءَ اِلٰى جَارِكَ وَاسْتَوْعَى النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ حَقَّهٗ فِیْ صَرِيْحِ الْحُكْمِ حِيْنَ اَحْفَظَهُ الْاَنْصَارِیُّ كَانَ اَشَارَ عَلَيْهِمَا بِاَمْرٍ لَّهُمَا فِيْهِ سَعَةٌ قَالَ الزُّبَيْرُ فَمَا اَحْسَبُ هٰذِهِ الْاٰيَاتِ اِلَّا نَزَلَتْ فِیْ ذٰلِكَ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ

۱۶۹۸۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے اور ان سے عروہ بن زبیر نے بیان کیا کہ زبیر رضی اللہ عنہ کا ایک انصاری صحابی سے مقام حرہ کے ایک نالے کے بارے میں نزاع ہوگیا (کہ اس سے کون اپنے باغ کو پہلے سینچنے کا حق رکھتا ہے) نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ زبیر پہلے تم اپنا باغ سینچ لو پھر اپنے پڑوسی کو پانی دے دینا، اس پر انصاری صحابی نے کہا، یارسول اللہ ﷺ اس لئے کہ یہ آپ ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں، آنحضور ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ یہ سن کر بدل گیا اور آپ ﷺ نے فرمایا زبیر! اپنے باغ کو سینچو اور پانی اس وقت تک روکے رکھو کہ منڈیر تک بھر جائے، پھر اپنے پڑوسی کے لئے اسے چھوڑو۔ (پہلے آنحضور ﷺ نے انصاری کے ساتھ اپنے فیصلے میں رعایت رکھی تھی) لیکن اس مرتبہ آپ ﷺ نے زبیر رضی اللہ عنہ کو بصراحت پورا حق دے دیا۔ کیونکہ انصاری نے ایسی بات کہی تھی کہ غصہ قدرتی تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنے پہلے فیصلہ میں دونوں کے

لئے رعایت رکھی تھی۔ زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے، یہ آیات اسی سلسلے میں نازل ہوئی تھیں "سو آپ کے پروردگار کی قسم ہے کہ یہ لوگ ایماندار نہ ہوں گے جب تک یہ لوگ اس جھگڑے میں جو ان کے آپس میں ہوں، آپ ﷺ کو حکم نہ بنالیں۔

باب ۶۴۶. قَوْلِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ

۶۴۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تو ایسے لوگ ان کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے (اپنا خاص) انعام کیا ہے۔ یعنی پیغمبر (اولیاء اللہ، شہداء، وغیرہ)۔"

(۱۶۹۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ نَبِيٍّ يَمْرَضُ اِلَّا خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَكَانَ فِيْ شَكْوَاهُ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ اَخَذَتْهُ بُحَّةٌ شَدِيْدَةٌ فَسَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ فَعَلِمْتُ اَنَّهٗ خُيِّرَ

۱۶۹۹۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن حوشب نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ جو نبی بھی (آخری مرتبہ) بیمار پڑتا ہے تو اسے دنیا اور آخرت کا اختیار دیا جاتا ہے۔ چنانچہ آنحضور ﷺ کی مرض وفات میں جب آواز گلے میں پھنسنے لگی تو میں نے سنا کہ آپ ﷺ فرمارہے تھے۔ "ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ نے انعام کیا ہے یعنی انبیاء صدیقین، شہداء اور صالحین۔" اس سے میں سمجھ گئی کہ آپ کو بھی اختیار دیا گیا ہے۔

باب ۶۴۷. قَوْلِهٖ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَى الظَّالِمِ اَهْلُهَا

۶۴۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور تمہیں کیا (عذر) ہے کہ تم جنگ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں اور ان لوگوں کے لئے جو کمزور ہیں، مردوں میں سے اور عورتوں اور لڑکوں میں سے" لآیۃ۔

(۱۷۰۰) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍؓ قَالَ كُنْتُ اَنَا وَاُمِّيْ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ

۱۷۰۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ نے بیان کیا کہ انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میں اور میری والدہ "مستضعفین" (کمزوروں) میں سے تھے۔

(۱۷۰۱) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍؓ تَلَا اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ قَالَ كُنْتُ اَنَا وَاُمِّيْ مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ وَيُذْكَرُ عَنْ عَبَّاسٍؓ حَصِرَتْ ضَاقَتْ تَلْوُوْا اَلْسِنَتَكُمْ بِالشَّهَادَةِ وَقَالَ غَيْرُهٗ الْمُرَاغَمُ الْمُهَاجَرُ رَاغَمْتُ هَاجَرْتُ قَوْمِيْ مَوْقُوْتًا مُوَقَّتًا وَّقْتَهٗ عَلَيْهِمْ

۱۷۰۱۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت "الا المستضعفین من الرجال والنساء والولدان" کی تلاوت کی اور فرمایا کہ میں اور میری والدہ بھی ان لوگوں میں سے تھیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے معذور رکھا تھا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "حصرت" معنی میں ضاقت کے ہے۔ "تلووا" یعنی تمہاری زبانوں سے گواہی ادا ہوگی۔ اور ان کے سوا نے فرمایا

کہ "المراغم"، بمعنی مہاجر ہے راغمت ای ھاجرت قومی۔ "موقوتا"، یعنی جو وقت کے لئے متعین ہو۔

باب ۶۴۸۔ قَوْلِهٖ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَدَّدَهُمْ فِئَةٌ جَمَاعَةٌ

۶۴۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم منافقین کے باب میں دو گروہ ہو گئے ہو، درآنحالیکہ اللہ نے ان کے کرتوتوں کے باعث انہیں الٹا پھیر دیا، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (ارکسھم) بمعنی بددھم ہے، فئۃ یعنی جماعۃ۔

(۱۷۰۲) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ وَّعَبْدُالرَّحْمٰنِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ رَجَعَ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اُحُدٍ وَّكَانَ النَّاسُ فِيْهِمْ فِرْقَتَيْنِ فَرِيْقٌ يَّقُوْلُ اقْتُلْهُمْ وَفَرِيْقٌ يَّقُوْلُ لَا فَنَزَلَتْ فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَقَالَ اِنَّهَا طَيْبَةُ تَنْفِي الْخَبَثَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبَثَ الْفِضَّةِ

۱۷۰۲۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی۔ ان سے غندر اور عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عدی نے، ان سے عبداللہ بن یزید نے اور ان سے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہ آیت "اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم منافقین کے باب میں دو گروہ ہو گئے ہو۔" کے بارے میں فرمایا کہ کچھ لوگ (منافقین جو بظاہر) نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔ جنگ احد میں (موقعہ پر سے آپ ﷺ کو چھوڑ کر) واپس چلے آئے تھے تو ان کے بارے میں مسلمانوں کی دو جماعتیں بن گئیں، ایک جماعت تو یہ کہتی تھی کہ (یارسول اللہ ﷺ!) ان (منافقین) سے قتال کیجئے اور ایک جماعت کہتی تھی کہ ان سے قتال نہ کیجئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ "تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم منافقین کے باب میں دو گروہ ہو گئے ہو۔" اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مدینہ "طیبہ" ہے۔ خباثت کو اس طرح دور کر دیتا ہے جیسے آگ چاندی کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے۔

باب ۶۴۹۔ قَوْلِهٖ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِالْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ اَفْشَوْهُ يَسْتَنْبِطُوْنَهٗ يَسْتَخْرِجُوْنَهٗ حَسِيْبًا كَافِيًا اِلَّا اِنَاثًا يَعْنِي الْمَوَاتَ حَجَرًا اَوْمَدَرًا وَّمَآ اَشْبَهَهٗ مَرِيْدًا مُّتَمَرِّدًا فَلَيُبَتِّكُنَّ بَتَّكَهٗ قَطَّعَهٗ قِيْلًا وَّقَوْلًا وَّاحِدٌ طُبِعَ خُتِمَ

۶۴۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور انہیں جب کوئی بات امن یا خوف کی پہنچتی ہے تو یہ اسے پھیلا دیتے ہیں۔" (اذاعوبہ بمعنی) افشوہ۔ یستنبطونہ ای یستخرجونہ، حسیبا یعنی کافیا۔ "الا اناثا" یعنی غیر ذی روح چیزیں جیسے پتھر، مٹی کے ڈھیلے یا اس طرح کی چیزیں مریدا متمردا۔ "فلیبتکن"، بتکہ بمعنی قطعہ۔ قیلا اور قولا ہم معنی ہیں۔ طبع ای ختم۔

باب ۶۵۰۔ قَوْلِهٖ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ

۶۵۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو کوئی کسی مسلمان کو قصداً قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم ہے۔

(۱۷۰۳) حَدَّثَنَا اٰدَمُ ابْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ اٰيَةٌ اخْتَلَفَ فِيْهَا اَهْلُ الْكُوْفَةِ فَرَحَلْتُ فِيْهَا اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَسَاَلْتُهٗ عَنْهَا فَقَالَ نَزَلَتْ هٰذِهٖ

۱۷۰۳۔ ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ بن نعمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے سعید بن جبیر سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ علماء کوفہ کا اس آیت کے بارے میں اختلاف ہو گیا تھا، چنانچہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کی

اَلْاٰ یَۃُ وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءُہٗ جَھَنَّمُ ھِیَ اٰخِرُمَا نَزَلَ وَمَا نَسَخَھَا شَیْءٌ

خدمت میں اس کے لئے سفر کر کے پہنچا اور آپ سے اس کے متعلق پوچھا آپ نے فرمایا کہ یہ آیت ''اور جو کوئی کسی مسلمان کو قتل کرے اس کی سزا جہنم ہے'' نازل ہوئی اور اس باب کی سب سے آخری آیت ہے اسے کسی دوسری آیت سے منسوخ نہیں کیا ہے۔

باب ۶۵۱. قَوْلِہٖ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰی اِلَیْکُمُ السَّلَمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا اَلسِّلْمُ وَالسَّلَمُ وَالسَّلَامُ وَاحِدٌ

۶۵۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو تمہیں سلام کرتا ہوا سے یہ مت کہہ دیا کرو کہ تو تو مسلمان ہی نہیں''، السلم اور السلم اور السلام ہم معنی ہیں۔

(۱۷۰۴) حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَآءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَلَاتَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰی اِلَیْکُمُ السَّلَامَ لَسْتَ مُؤْمِنًا قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ کَانَ رَجُلٌ فِیْ غُنَیْمَۃٍ لَّہٗ فَلَحِقَہُ الْمُسْلِمُوْنَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ فَقَتَلُوْہُ وَاَخَذُوْا غُنَیْمَتَہٗ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ فِیْ ذٰلِکَ اِلٰی قَوْلِہٖ عَرَضَ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا تِلْکَ الْغُنَیْمَۃُ قَالَ قَرَاَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اَلسَّلَامُ

۱۷۰۴۔ مجھ سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے عطاء نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت ''اور جو تمہیں سلام کرتا ہوا سے یہ مت کہہ دیا کرو کہ تو تو مومن ہی نہیں ہے۔'' کے بارے میں فرمایا کہ ایک صاحب اپنی بکریوں کا ریوڑ چرا رہے تھے، (ایک مہم پر جاتے ہوئے) کچھ مسلمان انہیں ملے تو انہوں نے کہا ''السلام علیکم'' لیکن مسلمانوں نے (یہ سمجھ کر یہ کافر ہیں) انہیں قتل کر دیا اور ان کی بکریوں پر قبضہ کر لیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی تھی'' ارشاد ''عرض الحياة الدنيا'' تک اس سے اشارہ انہیں بکریوں کی طرف تھا بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ''السلام'' قراءت کی ہے۔

باب ۶۵۲. قَوْلِہٖ لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

۶۵۲۔ مسلمانوں میں سے (بلا عذر گھر) بیٹھ رہنے والے اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے۔

(۱۷۰۵) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اِبْرَاھِیْمُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ کَیْسَان عَنِ ابْنِ شِھَابٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ سَھْلُ بْنُ سَعْدِ السَّاعِدِیُّ اَنَّہٗ رَاٰی مَرْوَانَ ابْنَ الْحَکَمِ فِی الْمَسْجِدِ فَاَقْبَلْتُ حَتّٰی جَلَسْتُ اِلٰی جَنْبِہٖ فَاَخْبَرَنَا اَنَّ زَیْدَ بْنَ ثَابِتٍ اَخْبَرَہٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَمْلٰی عَلَیْہِ لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُجَاھِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَجَآءَہٗ ابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ وَّھُوَ یُمِلُّھَا عَلَیَّ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَاللّٰہِ لَوْاَسْتَطِیْعُ الْجِھَادَ لَجَاھَدْتُ وَکَانَ اَعْمٰی فَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفَخِذُہٗ عَلٰی فَخِذِیْ فَثَقُلَتْ عَلَیَّ حَتّٰی خِفْتُ اَنْ تَرُضَّ

۱۷۰۵۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح بن کیسان نے ان سے ابن شہاب نے بیان کیا اور ان سے سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہ آپ نے مروان بن حکم بن عاص کو مسجد میں دیکھا (بیان کیا کہ) پھر میں ان کے پاس آیا اور ان کے پہلو میں بیٹھ گیا، انہوں نے مجھے خبر دی اور انہیں زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے خبر دی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے یہ آیت لکھوائی ''مسلمانوں میں سے (گھر) بیٹھ رہنے والے اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے جہاد کرنے والے برابر نہیں ہو سکتے'' ابھی آنحضور ﷺ آیت لکھوا ہی رہے تھے کہ ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ آ گئے اور عرض کی، خدا گواہ ہے، یارسول اللہ ﷺ اگر میں جہاد میں شرکت پر قادر ہوتا تو یقیناً جہاد کرتا آپ نابینا تھے اس کے بعد اللہ نے اپنے رسول پر وحی نازل کی، آپ ﷺ کی

فَخِذِیْ ثُمَّ سُرِّیَ عَنْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ

ران میری ران پر تھی (شدت وحی کی وجہ سے) اس کا مجھ پر اتنا بوجھ پڑا کہ مجھے اپنی ران کے پھٹ جانے کا اندیشہ ہوگیا تھا، آخر یہ کیفیت ختم ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے "غیر اولی الضرر" کے الفاظ مزید نازل کئے (یعنی جو لوگ معذور ہوں وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔)

(۱۷۰۶) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ زَیْدًا فَکَتَبَهَا فَجَآءَ ابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَشَکَا ضَرَارَتَه' فَاَنْزَلَ اللّٰهُ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ ۔

۱۷۰۶۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جو آیت لایستوی القٰعدون من المؤمنین نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے زید رضی اللہ عنہ کو کتابت کے لئے بلایا اور انہوں نے وہ آیت لکھ دی۔ پھر ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے اور اپنے نابینا ہونے کا عذر پیش کیا تو اللہ تعالیٰ نے "غیر اولی الضرر" کے الفاظ نازل کئے۔

(۱۷۰۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ اِسْرَآئِیْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ادْعُوْا فُلَانًا فَجَآءَه' وَمَعَهُ الدَّوَاةُ وَاللَّوْحُ اَوِالْکَتِفُ فَقَالَ اکْتُبْ لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَخَلْفَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا ضَرِیْرٌ فَنَزَلَتْ مَکَانَهَا لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ غَیْرُ اُولِی الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

۱۷۰۷۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت "لایستوی القاعدون من المؤمنین" نازل ہوئی تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ فلاں (یعنی زید بن ثابت رضی اللہ عنہ) کو بلاؤ۔ وہ اپنے ساتھ دوات اور لوح یا پتر لے کر حاضر ہوئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا لکھو۔ "لایستوی القاعدون من المؤمنین والمجاهدون فی سبیل اللّٰه" ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نے جو حضور اکرم ﷺ کے پیچھے موجود تھے، عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) میں نابینا ہوں۔ چنانچہ وہیں اس طرح آیت نازل ہوئی، "لایستوی القاعدون من المؤمنین غیر اولی الضرر والمجاهدون فی سبیل اللّٰه" (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا ہے۔)

(۱۷۰۸) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَیْجٍ اَخْبَرَهُمْ ح وَحَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُالْکَرِیْمِ اَنَّ مِقْسَمًا مَّوْلٰی عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ اَخْبَرَه' اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ اَخْبَرَه' لَا یَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَنْ بَدْرٍ وَّالْخَارِجُوْنَ اِلٰی بَدْرٍ

۱۷۰۸۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی۔ ح۔ اور مجھ سے اسحٰق نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، انہیں عبدالکریم نے خبر دی، انہیں عبداللہ بن حارث کے مولا مقسم نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ "لایستوی القاعدون من المؤمنین" (سے اشارہ ہے ان لوگوں کی طرف) جو بدر میں شریک تھے اور جنہوں نے (بلاکسی عذر کے) بدر کی لڑائی میں شرکت نہیں کی تھی۔

باب ۶۵۳. قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا الْاٰيَةَ

۶۵۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک ان لوگوں کی جان جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کر رکھا ہے، (جب) فرشتے قبض کرتے ہیں تو ان سے کہیں گے کہ تم کس کام میں تھے، وہ بولیں گے ہم اس ملک میں بے بس تھے۔ فرشتے کہیں گے کہ اللہ کی سرزمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کر جاتے۔ الآیہ۔

(۱۷۰۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَغَيْرُهٗ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوالْاَسْوَدِ قَالَ قُطِعَ عَلٰٓى اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ بَعْثٌ فَاكْتُتِبْتُ فِيْهِ فَلَقِيْتُ عِكْرِمَةَ مَوْلٰى بْنِ عَبَّاسٍؓ فَاَخْبَرْتُهٗ فَنَهَانِيْ عَنْ ذٰلِكَ اَشَدَّ النَّهْيِ ثُمَّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اَنَّ نَاسًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ يُكَثِّرُوْنَ سَوَادَ الْمُشْرِكِيْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِي السَّهْمُ فَيُرْمٰى بِهٖ فَيُصِيْبُ اَحَدَهُمْ فَيَقْتُلُهٗ اَوْيُضْرَبُ فَيُقْتَلُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ الْاٰيَةَ رَوَاهُ اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ

۱۷۰۹۔ ہم سے عبداللہ بن یزید المقری نے حدیث بیان کی۔ ان سے حیوۃ وغیرہ (ابن لہیعہ) نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے محمد بن عبدالرحمٰن ابوالاسود نے حدیث بیان کی، کہا کہ اہل مدینہ (جب مکہ میں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا دور تھا۔ شام والوں کے خلاف) لڑنے پر مجبور کئے گئے۔ مجھے بھی لڑنے والی جماعت میں شریک کر لیا گیا تو ابن عباس رضی اللہ عنہ کے مولا عکرمہ سے میں ملا اور انہیں اس صورت حال کی اطلاع کی، انہوں نے مجھے بڑی شدت کے ساتھ اس سے منع کیا اور فرمایا کہ مجھے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے خبر دی تھی کہ کچھ مسلمان مشرکین کے ساتھ رہتے تھے اور اس طرح رسول اللہ ﷺ کے خلاف مشرکین کی جماعت میں اضافہ کا سبب بنتے تھے (کیونکہ مجبوراً انہیں بھی محاذ جنگ پر آنا پڑتا تھا) پھر تیر آتا اور وہ سامنے پڑ جاتے تو انہیں لگ جاتا اور اس طرح ان کی جان جاتی یا تلوار سے (غلطی میں) انہیں قتل کر دیا جاتا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی تھی "بیشک ان لوگوں کی جان جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کر رکھا ہے (جب) فرشتے قبض کرتے ہیں" آخر آیت تک۔ اس کی روایت لیث نے اسود کے واسطہ سے کی۔

باب ۶۵۴. قَوْلِهٖ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَايَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَايَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا

۶۵۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بجز ان لوگوں کے جو مردوں اور عورتوں، بچوں میں سے کمزور ہوں کہ نہ کوئی تدبیر ہی کر سکتے ہوں اور نہ کوئی راہ پاتے ہوں۔"

(۱۷۱۰) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ قَالَ كَانَتْ اُمِّيْ مِمَّنْ عَذَرَ اللّٰهُ

۱۷۱۰۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے "الاالمستضعفین" کے سلسلے میں فرمایا کہ میری والدہ بھی ان لوگوں میں تھیں جنہیں اللہ نے معذور رکھا تھا۔

باب ۶۵۵. قَوْلِهٖ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا

۶۵۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تو یہ لوگ ایسے ہیں کہ اللہ انہیں معاف کر دے گا اور اللہ تو ہے ہی بڑا معاف کرنے والا" آلایۃ۔

(۱۷۱۱) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى

۱۷۱۱۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث

عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَیْنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الْعِشَآءَ اِذْ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه، ثُمَّ قَالَ قَبْلَ اَنْ یَّسْجُدَ اَللّٰهُمَّ نَجِّ عَیَّاشَ ابْنَ اَبِیْ رَبِیْعَةَ اَللّٰهُمَّ نَجِّ سَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ اَللّٰهُمَّ نَجِّ الْوَلِیْدَ بْنَ الْوَلِیْدِ اَللّٰهُمَّ نَجِّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَکَ عَلٰی مُضَرَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ سِنِیْنَ کَسِنِیْ یُوْسُفَ

بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے عشاء کی نماز میں (رکوع سے اٹھتے ہوئے) سمع الله لمن حمده کہا اور پھر سجدہ میں جانے سے پہلے) یہ دعا کی ''اے اللہ، عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دیجئے۔ اے اللہ سلمہ بن ہشام کو نجات دیجئے، اے اللہ ولید بن ولید کو نجات دیجئے، اے اللہ کمزور مسلمانوں کو نجات دیجئے، اے اللہ قبیلہ مضر کو سخت سزا دیجئے، اے اللہ انہیں ایسی قحط سالی میں مبتلا کیجئے جیسی یوسف علیہ السلام کے زمانے میں آئی تھی۔

باب ۶۵۵۔ قَوْلِهٖ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اِنْ کَانَ بِکُمْ اَذًی مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ کُنْتُمْ مَّرْضٰی اَنْ تَضَعُوْآ اَسْلِحَتَکُمْ

۶۵۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور تمہارے لئے اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں کہ اگر تمہیں بارش سے تکلیف ہو رہی ہو یا تم بیمار ہو تو اپنے ہتھیار اتار رکھو۔''

(۱۷۱۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَبُوالْحَسَنِ اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یَعْلٰی عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنْ کَانَ بِکُمْ اَذًی مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ کُنْتُمْ مَّرْضٰی قَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ کَانَ جَرِیْحًا

۱۷۱۲۔ ہم سے ابوالحسن محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی انہیں حجاج نے خبر دی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں یعلیٰ نے خبر دی، انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت ''ان کان بکم اذی من مطر او کنتم مرضی'' (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا) کے سلسلے میں فرمایا کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ زخمی تھے۔

باب ۶۵۶۔ قَوْلِهٖ وَ یَسْتَفْتُوْنَکَ فِی النِّسَآءِ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِیْهِنَّ وَمَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ فِی الْکِتَابِ فِیْ یَتَامَی النِّسَآءِ

۶۵۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''لوگ آپ ﷺ سے عورتوں کے باب میں طلب کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تمہیں ان کے بارے میں (وہی) فتویٰ دیتا ہے اور (وہ آیاتؑ) بھی جو تمہیں کتاب کے اندر ان یتیم عورتوں کے باب میں پڑھ کر سنائی جاتی ہے۔''

(۱۷۱۳) حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَآئِشَةَ وَیَسْتَفْتُوْنَکَ فِی النِّسَآءِ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِیْهِنَّ اِلٰی قَوْلِهٖ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْکِحُوْهُنَّ قَالَتْ هُوَالرَّجُلُ تَکُوْنُ عِنْدَهُ الْیَتِیْمَةُ هُوَ وَلِیُّهَا وَوَارِثُهَا فَاَشْرَکَتْهُ فِیْ مَالِهٖ حَتّٰی فِی الْعَذْقِ فَیَرْغَبُ اَنْ یَّنْکِحَهَا وَیَکْرَهُ اَنْ یُّزَوِّجَهَا رَجُلًا فَیَشْرَکُه، فِیْ مَالِهٖ بِمَا شَرِکَتْهُ فَیَعْضُلُهَا فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ

۱۷۱۳۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہؓ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن عروہ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے، آیت ''لوگ آپ ﷺ سے عورتوں کے باب میں فتویٰ طلب کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تمہیں ان کے بارے میں (وہی) فتویٰ دیتا ہے'' ارشاد ''وترغبون ان تنکحوھن'' تک، آپ نے بیان کیا کہ یہ آیت ایسے شخص کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ اگر اس کی پرورش میں کوئی یتیم لڑکی ہو اور وہ اس کا وارث بھی ہو اور لڑکی اس کے مال میں بھی حصہ دار ہو، یہاں تک کہ باغ میں بھی، اب وہ شخص خود اس سے نکاح کرنا چاہے، کیونکہ اسے یہ پسند نہیں کہ کسی دوسرے سے اس کا نکاح کر دے کہ وہ اس کے اس مال

میں حصہ دار بن جائے جس میں لڑکی حصہ دار تھی اس وجہ سے اس لڑکی کا کسی دوسرے شخص سے وہ نکاح نہ ہونے دے تو ایسے شخص کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی۔

باب۶۵۷. قَوْلِهٖ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْاِعْرَاضًا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ شِقَاقٌ تفاسُدٌ وَّاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ هَوَاهُ فِي الشَّيْءِ يُحْرِصُ عَلَيْهِ كَالْمُعَلَّقَةِ لَاهِيَ اَيِّمٌ وَّلَا ذَاتُ زَوْجٍ نُشُوْزًا بُغْضًا

۶۵۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے زیادتی یا بے التفاتی کا اندیشہ ہو'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (آیت میں) شقاق بمعنی فساد و نزاع ہے۔ ''و احضرت الا نفس الشح'' یعنی کسی چیز کے لئے اس کی خواہش کہ جس کا اسے لالچ ہو۔ ''کالمعلقة'' یعنی نہ تو وہ بیوہ رہے اور نہ شوہر والی۔ نشوزاً یعنی بغضاً۔

(۱۷۱۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا قَالَتِ الرَّجُلُ تَكُوْنُ عِنْدَهُ الْمَرْاَةُ لَيْسَ بِمُسْتَكْثِرٍ مِّنْهَا يُرِيْدُ اَنْ يُّفَارِقَهَا فَتَقُوْلُ اَجْعَلُكَ مِنْ شَانِيْ فِيْ حِلٍّ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ فِيْ ذٰلِكَ

۱۷۱۴۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں ہشام بن عروہ نے خبر دی، انہیں ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے آیت ''اور کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے زیادتی یا بے التفاتی کا اندیشہ ہو'' کے متعلق فرمایا کہ ایسا مرد جس کے ساتھ اس کی بیوی رہتی ہے لیکن شوہر کو اس کی طرف کوئی خاص التفات نہیں، بلکہ وہ اسے جدا کر دینا چاہتا ہے۔ اس پر عورت کہتی ہے کہ میں اپنا (نان ونفقہ) معاف کر دیتی ہوں (تم مجھے طلاق نہ دو) تو ایسی صورت کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی۔

باب۶۵۸. قَوْلِهٖ اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اَسْفَلَ النَّارِ نَفَقًا سَرَبًا

۶۵۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یقیناً منافق دوزخ کے سب سے نچلے طبقہ میں ہوں گے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (الدرک الاسفل سے مراد) جہنم کا سب سے نچلا طبقہ ہے۔ نفقاً بمعنی سرباً۔

(۱۷۱۵) حَدَّثَنَا عُمَرُبْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ كُنَّا فِيْ حَلْقَةِ عَبْدِاللّٰهِ فَجَآءَ حُذَيْفَةُ حَتّٰى قَامَ عَلَيْنَا فَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لَقَدْ اُنْزِلَ النِّفَاقُ عَلٰى قَوْمٍ خَيْرٍ مِّنْكُمْ قَالَ الْاَسْوَدُ سُبْحَانَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ فَتَبَسَّمَ عَبْدُاللّٰهِ وَجَلَسَ حُذَيْفَةُ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ فَتَفَرَّقَ اَصْحَابُهٗ فَرَمَانِيْ بِالْحَصَا فَاَتَيْتُهٗ فَقَالَ حُذَيْفَةُ عَجِبْتُ مِنْ ضَحِكِهٖ وَقَدْ عَرَفَ مَاقُلْتُ لَقَدْ اُنْزِلَ النِّفَاقُ عَلٰى قَوْمٍ كَانُوْا خَيْرًا

۱۷۱۵۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے اسود نے بیان کیا کہ ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حلقہ درس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ حذیفہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور ہمارے پاس کھڑے ہو کر سلام کیا۔ پھر فرمایا نفاق میں وہ جماعت مبتلا ہوگئی تھی جو تم سے بہتر تھی۔ اس پر اسود رحمۃ اللہ علیہ بولے سبحان اللہ، اللہ تعالیٰ تو فرماتا ہے کہ ''منافق دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے'' عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسکرانے لگے اور حذیفہ رضی اللہ عنہ مسجد کے کونے میں جا کر بیٹھ گئے اس کے بعد عبداللہ رضی اللہ عنہ اٹھ گئے اور آپ کے شاگرد بھی ادھر ادھر چلے گئے۔ پھر

مِّنْكُمْ ثُمَّ تَابُوْا فَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مجھ پر کنکری پھینکی (مجھے بلانے کے لئے) میں حاضر ہوگیا تو فرمایا کہ مجھے عبداللہ بن مسعود کی ہنسی پر حیرت ہوئی حالانکہ جو کچھ میں نے کہا تھا اسے وہ خوب سمجھتے تھے۔ یقیناً نفاق میں ایک جماعت کو مبتلا کیا گیا تھا جو تم سے بہتر تھی لیکن پھر انہوں نے توبہ کر لی اور اللہ نے بھی ان کی توبہ قبول کر لی۔

باب ۶۵۹. قَوْلِهٖ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَيُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ

۶۵۹۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یقیناً ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی بھیجی" ارشاد "اور یونس اور ہارون اور سلیمان پر۔" تک۔

(۱۷۱۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَايَنْبَغِىْ لِاَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى

۱۷۱۶۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی ان سے سفیان نے بیان کیا) ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی کے لئے مناسب نہیں کہ مجھے یونس بن متیٰ علیہ السلام سے بہتر کہے۔

(۱۷۱۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ حَدَّثَنَا هِلَالٌ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى فَقَدْ كَذَبَ

۱۷۱۷۔ہم سے محمد بن سنان نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جو شخص یہ کہتا ہے کہ میں (آنحضور ﷺ) یونس بن متیٰ سے افضل ہوں وہ جھوٹ کہتا ہے۔

باب ۶۶۰. قَوْلِهٖ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلٰلَةِ اِنِ امْرُؤٌ اَهَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ وَّالْكَلٰلَةُ مَنْ لَّمْ يَرِثْهُ اَبٌ اَوْ اِبْنٌ وَهُوَ مَصْدَرٌ مِّنْ تَكَلَّلَهُ النَّسَبُ

۶۶۰۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ تمہیں (میراث) کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی شخص مرجائے اور اس کے کوئی اولاد نہ ہو اور اس کے ایک بہن ہو تو اسے اس ترکہ کا نصف ملے گا اور وہ مرد وارث ہوگا اس (بہن کے کل ترکہ) کا اگر اس بہن کے اولاد نہ ہو۔ اور "کلالہ" اسے کہتے ہیں جس کے وارثوں میں نہ باپ ہو نہ بیٹا۔ یہ لفظ مصدر ہے اور "تکلله، النسب" سے مشتق ہے۔

(۱۷۱۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ قَالَ اٰخِرُ سُوْرَةٍ نَّزَلَتْ بَرَآءَةٌ وَّ اٰخِرُ اٰيَةٍ نَّزَلَتْ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلٰلَةِ

۱۷۱۸۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، اور انہوں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ (احکام میراث کے سلسلہ میں) سب سے آخر میں سورۂ براءت نازل ہوئی تھی اور سب سے آخر میں جو آیت نازل ہوئی وہ "یستفتونک قل اللّٰہ یفتیکم فی الکلٰلة" تھی۔

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حُرُمٌ وَّاحِدُهَا حَرَامٌ فَبِمَا نَقْضِهِمْ بِنَقْضِهِمْ اَلَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ جَعَلَ اللّٰهُ تَبُوْءُ تَحْمِلُ دَآئِرَةٌ دَوْلَةٌ وَّ قَالَ غَيْرُهُ الْاِغْرَآءُ التَّسْلِيْطُ اُجُوْرَ هُنَّ مُهُوْرَهُنَّ اَلْمُهَيْمِنُ اَلْاَمِيْنُ اَلْقُرْاٰنُ اَمِيْنٌ عَلٰى كُلِّ كِتَابٍ قَبْلَهٗ قَالَ سُفْيَانُ مَافِي الْقُرْاٰنِ اٰيَةٌ اَشَدُّ عَلَيَّ مِنْ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مَخْمَصَةٌ مَّجَاعَةٌ مَنْ اَحْيَاهَا يَعْنِيْ مَنْ حَرَّمَ قَتْلَهَا اِلَّابِحَقٍّ حَيِيَ النَّاسُ مِنْهُ جَمِيْعًا شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا سَبِيْلًا وَّسُنَّةً

تفسیر سورہ مائدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(آیت میں) ''حرم'' کا واحد حرام ہے۔''فبما نقضهم میثا قهم'' یعنی بنقضهم "التی کتب الله" ای جعل الله تبوء یعنی تحمل۔ دائرة ای دولة. بعض دوسرے حضرات نے کہا کہ (آیت، اغرینا بینهم العداوة میں) اغراء معنی میں تسلیط کے ہے۔''اجورهن. ای مهورهن "المهيمن" یعنی امین، قرآن تمام کتب سابقہ پر امین ہے (یعنی جو اس کے مطابق ہو، اسے لینا چاہئے اور جو اس کے خلاف ہو اسے رد کر دینا چاہئے۔) سفیان نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے زیادہ میرے لئے قرآن میں اور کوئی فرمان سخت نہیں کہ "لستم علی شئی حتی تقیموا التوراة والانجیل وما انزل الیکم من ربکم"مخمصة یعنی مجاعة.''من احیاها یعنی جس نے بغیر حق کے قتل نفس کو حرام قرار دیا۔ اس نے تمام انسانوں کو زندگی بخشی. شرعة ومنهاجا یعنی سبیلا وسنة.

باب ۶۶۱. قَوْلِهٖ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَّخْمَصَةٌ مَّجَاعَةٌ

(۱۷۱۹) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَتِ الْيَهُوْدُ لِعُمَرَ اِنَّكُمْ تَقْرَءُ وْنَ اٰيَةً لَّوْ نَزَلَتْ فِيْنَآ لَاتَّخَذْ نَاهَا عِيْدًا فَقَالَ عُمَرُ اِنِّيْ لَاَعْلَمُ حَيْثُ اُنْزِلَتْ وَاَيْنَ اُنْزِلَتْ وَاَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اُنْزِلَتْ يَوْمَ عَرَفَةَ وَاِنَّا وَاللّٰهِ بِعَرَفَةَ قَالَ سُفْيَانُ وَاَشُكُّ كَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَمْ لَا اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ

۶۶۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''آج میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کر دیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا مخمصة بمعنی مجاعة.

۱۷۱۹۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے قیس نے اور ان سے طارق بن شہاب نے بیان کیا کہ یہودیوں نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ لوگ ایک ایسی آیت تلاوت کرتے ہیں کہ اگر ہمارے یہاں وہ نازل ہوئی ہوتی تو ہم (جس دن وہ نازل ہوئی ہوتی) اس دن خوشی منایا کرتے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں خوب اچھی طرح جانتا ہوں۔ کہ یہ آیت کہاں اور کب نازل ہوئی تھی، اور جب عرفہ کے دن نازل ہوئی تو حضور اکرم ﷺ کہاں تشریف رکھتے تھے، خدا گواہ ہے، ہم اس وقت میدان عرفہ میں تھے۔ سفیان نے کہا کہ مجھے شک ہے کہ وہ جمعہ کا دن تھا یا نہیں۔ ''آج میں نے تمہارے لئے دین کامل کر دیا۔''

باب ۶۶۲. قَوْلِهٖ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا تَيَمَّمُوْا تَعَمَّدُوْا اٰمِّيْنَ عَامِدِيْنَ اَمَّمْتُ

۶۶۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''پھر تم کو پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم کر لیا کرو۔'' تیمموا یعنی تعمدوا۔ (اسی سے آتا ہے)، آمین یعنی عامدین،

وَتَيَمَّمْتُ وَاحِدٌ وَّقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَمَسْتُمْ وَتَمَسُّوْهُنَّ وَاللّٰتِىْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ وَالْاِفْضَآءُ النِّكَاحِ

امت اور تیممت ایک معنی میں ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "لمستم، تمسوھن، اللاتی دخلتم بھن اور الافضاء" سب کے معنی ہم بستری کرنے کے ہیں۔

(۱۷۲۰) حَدَّثَنَآ اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقٰسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ حَتّٰى اِذَاكُنَّا بِالْبَيْدَآءِ اَوْبِذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِّىْ فَاَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْتِمَاسِهٖ وَ اَقَامَ النَّاسُ مَعَهٗ وَلَيْسُوْا عَلٰى مَآءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَآءٌ فَاَتَى النَّاسُ اِلٰى اَبِىْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ فَقَالُوْا اَلَا تَرٰى مَاصَنَعَتْ عَآئِشَةُ اَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِالنَّاسِ وَلَيْسُوْا عَلٰى مَآءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَآءٌ فَجَآءَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعٌ رَّاْسَهٗ عَلٰى فَخِذِىْ قَدْ نَامَ فَقَالَ حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسَ وَلَيْسُوْا عَلٰى مَآءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَآءٌ قَالَتْ عَآئِشَةُؓ فَعَاتَبَنِىْ اَبُوْبَكْرٍ وَّقَالَ مَاشَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ وَجَعَلَ يَطْعُنُنِىْ بِيَدِهٖ فِىْ خَاصِرَتِىْ وَلَا يَمْنَعُنِىْ مِنَ التَّحَرُّكِ اِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فَخِذِىْ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصْبَحَ عَلٰى غَيْرِ مَآءٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ التَّيَمُّمِ فَقَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ مَّاهِىَ بِاَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَاٰلَ اَبِىْ بَكْرٍ قَالَتْ فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِىْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَاِذَالْعِقْدُ تَحْتَهٗ

۱۷۲۰۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے، ان سے ان کے والد نے، اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ روانہ ہوئے۔ اور جب ہم مقام بیداء یا ذات الجیش تک پہنچے تو میرا ہار گم ہو گیا۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ نے اسے تلاش کروانے کے لئے وہیں قیام کیا اور صحابہؓ نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ قیام کیا، وہاں کہیں پانی نہیں تھا، اور صحابہ کے ساتھ بھی پانی نہیں تھا۔ لوگ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے، ملاحظہ نہیں فرماتے، عائشہ نے کیا کر رکھا ہے اور حضور اکرم ﷺ کو یہیں ٹھہرا لیا اور ہمیں بھی حالانکہ یہاں کہیں پانی نہیں ہے، اور نہ کسی کے پاس ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ (میرے یہاں) آئے حضور اکرم ﷺ سر مبارک میری ران پر رکھ کر سو گئے تھے۔ اور کہنے لگے۔ تم نے آنحضور ﷺ کو اور سب لوگوں کو روک لیا، حالانکہ یہاں کہیں پانی نہیں ہے اور نہ کسی کے ساتھ پانی ہے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مجھ پر بہت ناراض ہوئے اور جو اللہ تعالیٰ کو منظور تھا مجھے کہا سنا اور ہاتھ سے میری کوکھ میں کچوکے لگائے۔ میں نے صرف اس خیال سے حرکت نہیں کی کہ حضور اکرم ﷺ میری ران پر سر مبارک رکھے ہوئے تھے۔ پھر حضور اکرم ﷺ اٹھے اور صبح تک کہیں پانی کا نام و نشان نہیں تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تیمم کی آیت نازل کی، تو اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آل ابی بکر، یہ تمہاری کوئی پہلی برکت نہیں ہے۔ بیان کیا کہ پھر ہم نے وہ اونٹ اٹھایا جس پر میں سوار تھی تو ہار اسی کے نیچے مل گیا۔

(۱۷۲۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِىْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَمْرٌوؒ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَهٗ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ سَقَطَتْ قِلَادَةٌ لِّىْ بِالْبَيْدَآءِ وَنَحْنُ دَاخِلُوْنَ الْمَدِيْنَةَ فَاَنَاخَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَزَلَ فَثَنٰى رَاْسَهٗ فِىْ

۱۷۲۱۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھے عمرو نے خبر دی، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ میرا ہار مقام بیداء میں گم ہو گیا تھا۔ ہم مدینہ واپس آ رہے تھے۔ نبی کریم ﷺ نے وہیں اپنی سواری روک دی اور اتر

حَجْرِیْ رَاقِداً اَقْبَلَ اَبُوْبَکْرٍ فَلَکَزَنِیْ لَکْزَۃً شَدِیْدَۃً وَقَالَ حَبَسْتِ النَّاسَ فِیْ قِلَادَۃٍ فَبِیَ الْمَوْتُ لِمَکَانِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَوْجَعَنِیْ ثُمَّ اِنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْتَیْقَظَ وَحَضَرَتِ الصُّبْحُ فَالْتُمِسَ الْمَآءُ فَلَمْ یُوْجَدْ فَنَزَلَتْ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ اَلْاٰیَۃَ فَقَالَ اُسَیْدُ بْنُ حُضَیْرٍ لَقَدْ بَارَکَ اللّٰہُ لِلنَّاسِ فِیْکُمْ یَااٰلَ اَبِیْ بَکْرٍ مَّآ اَنْتُمْ اِلَّا بَرَکَۃٌ لَّھُمْ

گئے۔ پھر حضور اکرم ﷺ سر مبارک میری گود میں رکھ کر سو رہے تھے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر آ گئے اور میرے سینے پر زور سے ہاتھ مار کر فرمایا کہ ایک ہار کے لئے تم نے حضور اکرم ﷺ کو روک لیا ہے۔ لیکن حضور اکرم ﷺ کے آرام کے خیال سے میں بے حس و حرکت بیٹھی رہی، حالانکہ (ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مارنے سے) مجھے تکلیف ہوئی تھی۔ پھر حضور اکرم ﷺ بیدار ہوئے اور صبح کا وقت ہوا اور پانی کی تلاش ہوئی لیکن کہیں پانی کا نام ونشان نہ تھا۔ اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ نے کہا، اے آل ابی بکر تمہیں اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لئے باعث برکت بنایا ہے یقیناً تم لوگوں کے لئے باعث خیر و برکت ہو۔

باب ۶۶۳ . قَوْلِہٖ فَاذْھَبْ اَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلَآ اِنَّا ھٰھُنَا قَاعِدُوْنَ

۶۶۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سو آپ خود اور آپ کے خداوند چلے جائیں اور آپ دونوں لڑ بھڑ لیں۔ ہم تو یہاں سے ٹلتے نہیں۔''

(۱۷۲۲) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَیْمٍ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِیْلُ عَنْ مُخَارِقٍ عَنْ طَارِقِ ابْنِ شِھَابٍ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ شَھِدْتُّ مِنَ الْمِقْدَادِ ح وَحَدَّثَنِیْ حَمْدَانُ ابْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا اَبُوالنَّضْرِ حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مُخَارِقٍ عَنْ طَارِقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰہِ قَالَ قَالَ الْمِقْدَادُ یَوْمَ بَدْرٍ یَّارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا لَانَقُوْلُ لَکَ کَمَا قَالَتْ بَنُوْٓ اِسْرَآئِیْلَ لِمُوْسٰی فَاذْھَبْ اَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلَا اِنَّا ھٰھُنَا قَاعِدُوْنَ وَلٰکِنِ امْضِ وَنَحْنُ مَعَکَ فَکَاَنَّہٗ سُرِّیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَرَوَاہُ وَکِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مُخَارِقٍ عَنْ طَارِقٍ اَنَّ الْمِقْدَادَ قَالَ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

۱۷۲۲۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے مخارق نے، ان سے طارق بن شہاب نے اور انہوں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ میں مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ کے قریب موجود تھا۔ ح۔ اور مجھ سے حمدان بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالنضر نے حدیث بیان کی، ان سے اشجعی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے مخارق نے، ان سے طارق نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ بدر کے موقعہ پر مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ نے کہا تھا۔ یارسول اللہ ﷺ! ہم آپ سے وہ بات نہیں کہیں گے جو بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ سے کہی تھی کہ ''آپ خود اور آپ کے خداوند چلے جائیں اور آپ دونوں لڑ بھڑ لیں ہم تو یہاں سے ٹلنے کے نہیں۔'' بلکہ آپ (محاذ پر) تشریف لے چلئے۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کو ان کی اس گفتگو سے مسرت ہوئی اور وکیع نے روایت کی، ان سے سفیان نے، ان سے مخارق نے، ان سے طارق نے کہ مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے یہ کہا تھا۔

باب ۶۶۴ . قَوْلِہٖ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْیُصَلَّبُوْٓا اِلٰی قَوْلِہٖ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ اَلْمُحَارَبَۃُ لِلّٰہِ اَلْکُفْرُ بِہٖ

۶۶۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد پھیلانے میں لگے رہتے ہیں۔ ان کی سزا بس یہی ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سولی دیئے جائیں''، ارشاد ''اوینفوا من الارض'' تک، اللہ تعالیٰ سے محاربہ (جنگ) اس کا انکار کرنا ہے۔''

(۱۷۲۳) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ سُلْمَانُ اَبُوْرَجَآءٍ مَّوْلٰی اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ اَنَّه' کَانَ جَالِسًا خَلْفَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِیْزِ فَذَکَرُوْا وَذَکَرُوْا فَقَالُوْا وَقَالُوْا قَدْ اَقَادَتْ بِهَا الْخُلَفَآءُ فَالْتَفَتَ اِلٰی اَبِیْ قِلَابَةَ وَهُوَ خَلْفَ ظَهْرِهٖ فَقَالَ مَا تَقُوْلُ یَاعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ زَیْدٍ اَوْ قَالَ مَاتَقُوْلُ یَااَبَاقِلَابَةَ قُلْتُ مَاعَلِمْتُ نَفْسًا حَلَّ قَتْلُهَا فِی الْاَسْلَامِ اِلَّا رَجُلٌ زَنٰی بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْقَتَلَ نَفْسًا بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْحَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا اَنَسٌ بِکَذَا وَ کَذَا قُلْتُ اِیَّایَ حَدَّثَ اَنَسٌ قَالَ قَدِمَ قَوْمٌ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَلَّمُوْهُ فَقَالُوْا قَدِ اسْتَوْ خَمْنَا هٰذِهِ الْاَرْضَ فَقَالَ هٰذِهٖ نَعَمٌ لَّنَا تَخْرُجُ فَاخْرُجُوْا فِیْهَا فَاشْرَبُوْا مِنْ البانها ابوالها فخرجوا فیها فشربوا مِنْ وَاَلْبَانِهَا وَاسْتَصَحُّوْا وَمَالُوْا عَلَی الرَّاعِیْ فَقَتَلُوْهُ وَاطَّرَدُوا النَّعَمَ فَمَا یُسْتَبْطَأُ مِنْ هٰٓؤُلَآءِ قَتَلُوا النَّفْسَ وَحَارَبُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَه' وَخَوَّفُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ فَقُلْتُ تَتَّهِمُنِیْ قَالَ حَدَّثَنَا بِهٰذَآ اَنَسٌ قَالَ وَقَالَ یَآاَهْلَ کَذَا اِنَّکُمْ لَنْ تَزَالُوْا بِخَیْرٍ مَّآاُبْقِیَ هٰذَا فِیْکُمْ وَمِثْلُ هٰذَا

۱۷۲۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابن عوف نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلمان ابورجاء ابوقلابہ کے مولا نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوقلابہ نے کہ وہ (امیر المومنین) عمر بن عبدالعزیز کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے (مجلس میں قیامت کے مسائل پر) لوگ بحث کر رہے تھے، لوگوں نے کہا کہ آپ سے پہلے خلفاء راشدین نے بھی اس میں قصاص لیا ہے۔ پھر عمرو بن عبدالعزیز حمۃ اللہ علیہ ابوقلابہ کی طرف متوجہ ہوئے۔ وہ پیچھے بیٹھے ہوئے تھے اور پوچھا۔ عبداللہ بن زید، آپ کی کیا رائے ہے، یا یوں کہا کہ ابوقلابہ! آپ کی کیا رائے ہے میں نے کہا کہ مجھے تو کوئی ایسی صورت معلوم نہیں ہے کہ اسلام میں کسی شخص کا قتل جائز ہو سوا اس کے کہ کسی نے شادی شدہ ہونے کے باوجود زنا کیا ہو یا ناحق کسی کو قتل کیا ہو، یا اللہ اور اس کے رسول سے لڑا ہو۔" اس پر عنبسہ نے کہا کہ ہم سے انسؓ نے اس طرح حدیث بیان کی تھی ابوقلابہ بولے کہ مجھ سے بھی انہوں نے یہ حدیث بیان کی تھی، بیان کیا کہ کچھ لوگ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے (اور اسلام پر بیعت کرنے کے بعد) آنحضور ﷺ سے کہا کہ ہمیں اس سرزمین (مدینہ) کی آب و ہوا موافق نہیں آئی، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ ہمارے یہ اونٹ چرنے جا رہے ہیں تم بھی ان کے ساتھ چلے جاؤ اور ان کا دودھ اور پیشاب پیو (کیونکہ ان کے مرض کا یہی علاج تھا) چنانچہ وہ لوگ ان اونٹوں کے ساتھ گئے اور ان کا دودھ اور پیشاب پیا جس سے انہیں صحت حاصل ہوگئی۔ اس کے بعد انہوں نے (حضور اکرم ﷺ کے چرواہے) کو پکڑ کے قتل کر دیا اور اونٹ لے کر بھاگنے لگے۔ اب ایسے لوگوں سے (بدلہ لینے میں) کیا تامل ہوسکتا ہے، انہوں نے ایک شخص کو قتل کیا، اور اللہ اور اس کے رسول سے لڑے اور حضور اکرم ﷺ کو خوفزدہ کرنا چاہا۔ عنبسہ نے اس پر کہا، سبحان اللہ! میں نے کہا، کیا تم مجھے جھٹلانا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا کہ یہی حدیث انس رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بھی بیان کی تھی (لیکن آپ کو یہ حدیث زیادہ بہتر طریقہ پر یاد ہے) ابوقلابہ نے بیان کیا کہ عنبسہ نے کہا اے اہل شام! جب تک تمہارے یہاں ابوقلابہ یا ان جیسے عالم موجود ہیں، تمہارے یہاں ہمیشہ خیر و بھلائی رہے گی۔

باب ۶۶۵۔ قَوْلِهٖ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ

۶۶۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور زخموں میں قصاص ہے۔

(۱۷۲۴) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ اَخْبَرَنَا الْفَزَارِیُّ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَسَرَتِ الرُّبَیِّعُ وَهِیَ عَمَّةُ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ ثَنِیَّةَ جَارِیَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَطَلَبَ الْقَوْمُ الْقِصَاصَ فَاَتَوُا النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْقِصَاصِ فَقَالَ اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ عَمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ لَا وَاللّٰهِ لَا تُكْسَرُ سِنُّهَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَنَسُ كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ فَرَضِیَ الْقَوْمُ وَقَبِلُوا الْاَرْشَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَّوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ

۱۷۲۴۔ ہم سے محمد بن سلام نے حدیث بیان کی، انہیں فزاری نے خبر دی۔ انہیں حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ربیع رضی اللہ عنہا نے جو انس رضی اللہ عنہ کی پھوپھی تھیں، انصار کی ایک لڑکی کے آگے کے دانت توڑ دیئے، لڑکی والوں نے قصاص کا مطالبہ کیا اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آنحضور ﷺ نے بھی قصاص (بدلہ) کا حکم دیا۔ انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے چچا انس بن نضر رضی اللہ عنہ نے کہا۔ نہیں، خدا کی قسم، ان کا دانت نہ توڑا جانا چاہیے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا انس، لیکن کتاب اللہ کا حکم قصاص ہی کا ہے پھر لڑکی والے راضی ہوگئے اور دیت (مالی صورت میں بدلہ) لینا منظور کرلیا۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے بہت سے بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کا نام لے کر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم پوری کرتا ہے۔

باب ۶۶۶. قَوْلِهٖ یٰٓاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ

۶۶۶۔ اے رسول اللہ (ﷺ) پہنچا دیجئے جو آپ ﷺ پر رب کی طرف سے نازل ہوا۔

(۱۷۲۵) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ اِسْمَاعِیْلَ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَنْ حَدَّثَكَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَتَمَ شَیْئًا مِّمَّآ اُنْزِلَ عَلَیْهِ فَقَدْ كَذَبَ وَاللّٰهُ یَقُوْلُ یٰٓاَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ الْاٰیَةَ

۱۷۲۵۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے شعبی نے ان سے مسروق نے کہ ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا جو شخص بھی تم سے یہ کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ پر جو کچھ نازل کیا تھا اس میں سے آپ نے کچھ چھپالیا تھا تو وہ جھوٹا ہے اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ ''اے پیغمبر، جو کچھ آپ پر آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا ہے، یہ (سب) آپ (لوگوں تک) پہنچا دیجئے۔''

باب ۶۶۷. قَوْلِهٖ لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِكُمْ

۶۶۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ تم سے تمہاری بے معنی قسموں پر مواخذہ نہیں کرتا۔''

(۱۷۲۶) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ لَا یُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِكُمْ فِیْ قَوْلِ الرَّجُلِ لَا وَاللّٰهِ وَبَلٰی وَاللّٰهِ

۱۷۲۶۔ ہم سے علی بن سلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ آیت ''اللہ تم سے تمہاری بے معنی قسموں پر مواخذہ نہیں کرتا۔'' کسی کو اس طرح قسم کھانے کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ نہیں، خدا کی قسم، ہاں خدا کی قسم، (جو قسم بلا کسی ارادہ کے زبان پر آجاتی ہے۔)

(۱۷۲۷) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ عَنْ هِشَامٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَاهَا

۱۷۲۷۔ ہم سے احمد بن ابی رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے نضر نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا، انہیں ان کے والد نے خبر

كَانَ لَا يَحْنَثُ فِيْ يَمِيْنٍ حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ كَفَّارَةَ الْيَمِيْنِ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ لَا اَرٰى غَيْرَهَا خَيْرًا مِّنْهَا اِلَّا قَبِلْتُ رُخْصَةَ اللّٰهِ وَفَعَلْتُ الَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ

دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ان کے والد (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) اپنی قسم کے خلاف کبھی نہیں کیا کرتے تھے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے قسم کے کفارہ کا حکم نازل کر دیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اب اگر اس کے (یعنی جس کے لئے قسم کھا رکھی تھی) سوا دوسری چیز مجھے اس سے بہتر معلوم ہوتی ہے تو میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی رخصت پر عمل کرتا ہوں اور وہی کرتا ہوں، جو بہتر ہوتا ہے۔

باب ۶۶۸۔ قَوْلِهٖ لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ

۶۶۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اپنے اوپر ان پاکیزہ چیزوں کو جو اللہ نے تمہارے لئے جائز کی ہیں حرام نہ کر لو۔''

(۱۷۲۸) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نَغْزُوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا نِسَآءٌ فَقُلْنَا اَلَا نَخْتَصِيْ فَنَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ فَرَخَّصَ لَنَا بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ نَّتَزَوَّجَ الْمَرْاَةَ بِالثَّوْبِ ثُمَّ قَرَاَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ

۱۷۲۸۔ ہم سے عمرو بن عون نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوے کیا کرتے تھے اور ہمارے ساتھ ہماری بیویاں نہیں ہوتی تھیں۔ اس پر ہم نے عرض کی کہ ہم اپنے کو خصی کیوں نہ کر لیں۔ لیکن آنحضور ﷺ نے ہمیں اس سے روک دیا (کہ یہ ناجائز ہے) اور اس کے بعد ہمیں اس کی اجازت دی کہ ہم کسی عورت سے کپڑے (یا کسی بھی چیز) کے بدلے میں نکاح کر سکتے ہیں (یعنی متعہ کی جو بعد میں حرام ہو گیا) پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی ''اے ایمان والو! اپنے اوپر ان پاکیزہ چیزوں کو حرام نہ کرو جو اللہ نے تمہارے لئے جائز کی ہیں۔''

باب ۶۶۹۔ قَوْلِهٖ اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْاَزْلَامُ الْقِدَاحُ يَقْتَسِمُوْنَ بِهَا فِي الْاُمُوْرِ وَ النُّصُبُ اَنْصَابٌ يُذْبَحُوْنَ عَلَيْهَا وَقَالَ غَيْرُهٗ الزَّلَمُ الْقِدْحُ لَا رِيْشَ لَهٗ وَهُوَ وَاحِدُ الْاَزْلَامِ وَالْاِسْتِقْسَامُ اَنْ يُّجِيْلَ الْقِدَاحَ فَاِنْ نَهَتْهُ انْتَهٰى وَاِنْ اَمَرَتْهُ فَعَلَ مَا تَاْمُرُهٗ وَقَدْ اَعْلَمُوْا لِقِدَاحٍ اَعْلَامًا بِضُرُوْبٍ يَسْتَقْسِمُوْنَ بِهَا وَفَعَلْتُ مِنْهُ قَسَمْتُ وَالْقُسُوْمُ الْمَصْدَرُ

۶۶۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''شراب اور جوا اور بت اور پانسے تو بس نری گندی باتیں ہیں، شیطان کے کام۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''الازلام'' سے مراد وہ تیر ہیں جن سے وہ اپنے معاملات میں فال نکالتے تھے۔ ''نصب'' (بیت اللہ کے چاروں طرف وہ کھڑے کئے ہوئے پتھر تھے جن پر وہ قربانی کیا کرتے تھے۔ دوسرے صاحب نے فرمایا کہ ''زلم'' وہ تیر ہیں جن کے پر نہیں ہوا کرتے، ازلام کا واحد ہے ''استقسام'' یعنی پانسا، پھینکنا کہ اس میں ممانعت آ جائے تو رک جائیں اور اگر حکم آ جائے تو حکم کے مطابق عمل کریں، تیروں پر انہوں نے مختلف قسم کے نشانات لگا رکھے تھے اور انہیں سے فال نکالا کرتا تھا۔ استقسام سے (لازم) فعلت کے وزن پر قسمت ہے اور قسوم مصدر ہے۔

(۱۷۲۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنِيْ عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عُمَرَ ابْنِ

۱۷۲۹۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن بشر نے خبر دی، ان سے عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، کی،

عَبدُالعَزِيزِ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرٌ قَالَ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ وَاِنَّ فِي الْمَدِينَةِ يَوْمَئِذٍ لَخَمْسَةَ اَشْرِبَةٍ مَّا فِيهَا شَرَابُ الْعِنَبِ

کہا کہ مجھ سے نافع نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو مدینہ میں اس وقت پانچ قسم کی شراب استعمال ہوتی تھی، لیکن انگوری شراب کا استعمال نہیں ہوتا تھا۔

(۱۷۳۰) حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا بْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا عَبْدُالعَزِيزِ ابْنُ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ مَّا كَانَ لَنَا خَمْرٌ غَيْرُ فَضِيخِكُمْ هٰذَا الَّذِي تُسَمُّونَهُ الْفَضِيخَ فَاِنِّي لَقَآئِمٌ اَسْقِي اَبَا طَلْحَةَ وَفُلاَ نًا وَّفُلاَ نًا اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ وَهَلْ بَلَغَكُمُ الْخَبَرُ فَقَالُوْا وَمَا ذَاكَ قَالَ حُرِّمَتِ الْخَمْرُ قَالُوْآ اَهْرِقْ هٰذِهِ الْقِلاَلَ يَااَنَسُ قَالَ فَمَا سَاَلُوْا عَنْهَا وَلَا رَاجَعُوْهَا بَعْدَ خَبَرِ الرَّجُلِ

۱۷۳۰۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن علیہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، ہم لوگ تمہاری "فضیح" (کھجور سے تیار شدہ شراب) کے سوا اور کوئی شراب استعمال نہیں کرتے تھے، یہی جس کا نام تم نے فضیح رکھ رکھا ہے، میں کھڑا ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو پلا رہا تھا اور فلاں (اور فلاں) کو، کہ ایک صاحب آئے اور کہا نہیں کچھ خبر بھی ہے؟ لوگوں نے پوچھا کیا بات ہے؟ انہوں نے بتایا کہ شراب حرام قرار دی جا چکی ہے۔ فوراً ہی ان حضرات نے کہا، انس اب ان (شراب کے) مٹکوں کو بہادو۔ انہوں نے بیان کیا کہ ان صاحب کی اطلاع کے بعد پھر ان حضرات نے اس میں سے (ایک قطرہ بھی) نہ مانگا اور نہ پھر اس کا استعمال کیا۔

(۱۷۳۱) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ قَالَ صَبَّحَ اُنَاسٌ غَدَاةَ اُحُدٍ الْخَمْرَ فَقُتِلُوْا مِنْ يَّوْمِهِمْ جَمِيعًا شُهَدَآءَ وَذٰلِكَ قَبْلَ تَحْرِيمِهَا

۱۷۳۱۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی۔ انہیں عمرو نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ غزوہ احد میں بہت سے صحابہؓ نے صبح صبح ہی شراب پی اور اس دن وہ سب حضرات شہید کر دیئے گئے۔ اس وقت تک شراب حرام نہیں ہوئی تھی۔

(۱۷۳۲) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا عِيسٰى وَابْنُ اِدْرِيسَ عَنْ اَبِي حَيَّانَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ عَلٰى مِنْبَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهُ نَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ وَهِيَ مِنْ خَمْسَةٍ مِّنَ الْعِنَبِ وَالتَّمْرِ وَالْعَسَلِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ وَالْخَمْرُ مَاخَامَرَ الْعَقْلَ

۱۷۳۲۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم حنظلی نے حدیث بیان کی، انہیں عیسیٰ اور ابن ادریس نے خبر دی، انہیں ابوحیان نے، انہیں شعبی نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نبی کریم ﷺ کے منبر پر کھڑے فرما رہے تھے، اما بعد، اے لوگو۔ جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو وہ پانچ چیزوں سے تیار کی جاتی تھی، انگور، کھجور، شہد، گیہوں اور جو سے، اور شراب ہر وہ مشروب ہے جو عقل کو زائل کر دے۔

باب ۶۷۰. قَوْلِهٖ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوْآ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

۶۷۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لوگ ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے رہتے ہیں ان پر اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جس کو وہ کھاتے ہوں" ارشاد "واللہ یحب المحسنین" تک۔

(۱۷۳۳) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ

۱۷۳۳۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید

حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍؓ اَنَّ الْخَمْرَ الَّتِيْ اُهْرِيْقَتِ الْفَضِيْخُ وَزَادَنِيْ مُحَمَّدٌ عَنْ اَبِي النُّعْمَانِ قَالَ كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ فِيْ مَنْزِلِ اَبِيْ طَلْحَةَ فَنَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادٰى فَقَالَ اَبُوْطَلْحَةَ اخْرُجْ فَانْظُرْ مَاهٰذَا الصَّوْتُ قَالَ فَخَرَجْتُ فَقُلْتُ هٰذَا مُنَادِيًا يُنَادِيْ اَلَا اِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالَ لِي اذْهَبْ فَاَهْرِقْهَا قَالَ فَجَرَتْ فِيْ سِكَاكِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ وَكَانَتْ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْفَضِيْخَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ قُتِلَ قَوْمٌ وَّ هِيَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا

نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے حدیث بیان کی ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ (حرمت نازل ہونے کے بعد) جو شراب بہائی گئی تھے وہ "فضیخ" تھے۔ (امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا) اور مجھ سے محمد نے ابوالنعمان کے حوالہ سے اس اضافہ کے ساتھ بیان کیا (کہ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا) میں صحابہ کی ایک جماعت کو ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے گھر شراب پلا رہا تھا کہ شراب کی حرمت نازل ہوئی۔ آنحضور ﷺ نے منادی کو حکم دیا اور انہوں نے اعلان کرنا شروع کیا۔ ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، باہر جا کے دیکھو یہ آواز کیسی ہے بیان کیا کہ میں باہر آیا۔ (اور آواز صاف طریقے سے سن کر اندر گیا) اور کہا کہ یہ ایک منادی ہے اور اعلان کر رہا ہے کہ "خبر دار ہو جاؤ۔ شراب حرام ہوگئی ہے۔" یہ سنتے ہی انہوں نے مجھ سے کہا کہ جاؤ اور شراب بہادو۔ بیان کیا کہ مدینہ کی گلیوں میں شراب بہنے لگی۔ بیان کیا کہ ان دنوں فضیخ شراب استعمال ہوتی تھی۔ بعض لوگوں نے (شراب کو جو اس طرح بہتے دیکھا تو) کہنے لگے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ لوگوں نے شراب سے اپنا پیٹ بھر رکھا تھا اور اسی حالت میں انہیں قتل کر دیا گیا ہے بیان کیا کہ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اور نیک کام کرتے رہتے ہیں ان پر اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جس کو وہ کھاتے ہوں۔"

باب ۱۷۱۔ قَوْلِهٖ لَاتَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ

۱۷۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں ناگوار گذریں۔"

(۱۷۳۴) حَدَّثَنَا مُنْذِرُ بْنُ الْوَلِيْدِ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْجَارُوْدِيُّ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُوْسَى ابْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةً مَاسَمِعْتُ مِثْلَهَا قَطُّ قَالَ لَوْتَعْلَمُوْنَ مَآاَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا قَالَ فَغَطّٰى اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُجُوْهَهُمْ لَهُمْ خَنِيْنٌ فَقَالَ رَجُلٌ مَّنْ اَبِيْ قَالَ فُلَانٌ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَاتَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ رَوَاهُ النَّضْرُ وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ عَنْ شُعْبَةَ

۱۷۳۴۔ ہم سے منذر بن ولید بن عبدالرحمٰن جارودی نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے موسیٰ بن انس نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا خطبہ دیا کہ میں نے ویسے خطبہ کبھی نہیں سنا تھا، آپ نے فرمایا جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تمہیں بھی معلوم ہوتا تو تم ہنستے کم اور روتے زیادہ۔ بیان کیا کہ پھر حضور اکرم ﷺ کے صحابہؓ نے اپنے چہرے چھپالیے۔ باوجود ضبط کے ان کے رونے کی آواز سنائی دے رہی تھی۔ ایک صاحب نے اس موقعہ پر پوچھا، میرے والد کون ہیں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ فلاں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ "ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں ناگوار گذریں" اس کی روایت نضر اور روح

بن عبادہ نے شعبہ کے واسطے سے کی۔

(۱۷۳۵) حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا اَبُو الْجُوَيْرِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ كَانَ قَوْمٌ يَسْأَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْتِهْزَآءً فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مَنْ اَبِىْ وَيَقُوْلُ الرَّجُلُ تَضِلُّ نَاقَتُه' اَيْنَ نَاقَتِىْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِمْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الْاٰيَةِ كُلِّهَا

۱۷۳۵۔ ہم سے فضل بن سہل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالنضر نے حدیث بیان کی، ان سے ابوخیثمہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوجویریہ نے حدیث بیان کیا اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بعض لوگ رسول اللہ ﷺ سے مذاقاً سوالات کیا کرتے تھے کوئی شخص یوں پوچھتا کہ میرا باپ کون ہے؟ کسی کی اگر اونٹنی گم ہو جاتی تو وہ یہ پوچھتے کہ میری اونٹنی کہاں ہوگی ایسے ہی لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ ''اے ایمان والو! ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائے تو تمہیں ناگوار گذرے، یہاں تک کہ پوری آیت پڑھ کر سنائی۔

باب ۶۷۲. قَوْلِهٖ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّسَآئِبَةٍ وَّلَاوَصِيْلَةٍ وَّلَاحَامٍ وَّاِذْ قَالَ اللّٰهُ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ وَاِذْ هٰهُنَا صِلَةٌ الْمَآئِدَةُ اَصْلُهَا مَفْعُوْلَةٌ كَعِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ وَ تَطْلِيْقَةٍ بَآئِنَةٍ وَّالْمَعْنٰى مِيْدَبِهَا صَاحِبُهَا مِنْ خَيْرٍ يُقَالُ مَادَنِىْ يَمِيْدُنِىْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ مُتَوَفِّيْكَ مُمِيْتُكَ

۶۷۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ نے نہ بحیرہ کو شروع کیا ہے، نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حامی کو۔'' ''واذ قال اللّٰه'' (میں قال) معنی میں یقول کے ہے اور ''اذ'' یہاں زائدہ ہے۔ ''المائدة'' اصل میں مفعولة (ميمودة) کے معنے میں ہے۔ جیسے عیشة راضية اور تطليقة بائنة میں ہے، اور (لغت کے اعتبار سے) معنی یہ ہیں کہ خیر کے ساتھ اس خوراک کا ذخیرہ وہ جمع کرے۔ اسی سے بولتے ہیں مادنی یمیدنی۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ متوفیک کے معنی ہیں ممیتک۔

(۱۷۳۶) حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ ابْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ الْبَحِيْرَةُ الَّتِىْ يُمْنَعُ دَرُّهَا لِلطَّوَاغِيْتِ فَلَا يَحْلُبُهَا اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ وَالسَّآئِبَةُ كَانُوْا يُسَيِّبُوْنَهَا لِاٰلِهَتِهِمْ لَايُحْمَلُ عَلَيْهَا شَیْءٌ قَالَ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ عَمْرَو بْنَ عَامِرِ الْخُزَاعِىَّ يَجُرُّ قُصْبَه' فِى النَّارِ كَانَ اَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَآئِبَ وَالْوَصِيْلَةُ النَّاقَةُ الْبِكْرُ تُبَكِّرُ فِىْ اَوَّلِ نِتَاجِ الْاِبِلِ ثُمَّ تُثَنِّىْ بَعْدُ بِاُنْثٰى وَكَانُوْا يُسَيِّبُوْنَهُمْ لِطَوَاغِيْتِهِمْ اِنْ وَصَلَتْ اِحْدَاهُمَا بِالْاُخْرٰى لَيْسَ بَيْنَهُمَا ذَكَرٌ وَّالْحَامُ فَحْلُ الْاِبِلِ يَضْرِبُ الضِّرَابَ الْمَعْدُوْدَ فَاِذَا قَضٰى ضِرَابَه' وَدَعُوْهُ لِلطَّوَاغِيْتِ وَاَعْفُوْهُ مِنَ

۱۷۳۶۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی۔ ان سے صالح بن کیسان نے اور ان سے ابن شہاب نے اور ان سے سعید بن مسیب نے بیان کیا کہ ''بحیرہ'' اس اونٹنی کو کہتے تھے۔ جس کا دودھ بتوں کے لئے وقف کر دیا جاتا اور کوئی شخص اس کے دودھ کو دوہنے کا مجاز نہ سمجھا جاتا۔ اور ''سائبہ'' اس اونٹنی کو کہتے تھے جسے وہ اپنے دیوتاؤں کے نام پر آزاد چھوڑ دیتے تھے اور اس سے بار برداری وغیرہ کا کوئی کام نہ لیتے تھے۔ بیان کیا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ اپنی آنتوں کو جہنم میں گھسیٹ رہا تھا اس نے سب سے پہلے سائبہ کی رسم نکالی تھی۔ اور ''وصیلہ'' اس جوان اونٹنی کو کہتے تھے جو پہلی مرتبہ مادہ بچہ جنتی اور پھر دوسری مرتبہ بھی مادہ ہی جنتی، اسے بھی وہ دیوتاؤں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے، لیکن اسی صورت میں جب کہ وہ متواتر دو مرتبہ مادہ بچہ جنتی اور اس درمیان میں کوئی نر بچہ نہ ہوتا۔ اور ''حامی'' نر اونٹ کی

الْحَمْلِ فَلَمْ يُحْمَلْ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَسَمُّوْهُ الْحَامِيَ وَقَالَ اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ سَمِعْتُ سَعِيْدًا قَالَ يُخْبِرُهٗ بِهٰذَا قَالَ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ وَرَوَاهُ ابْنُ الْهَادِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ يَعْقُوْبَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ الْكِرْمَانِيُّ حَدَّثَنَا حَسَّانُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ جَهَنَّمَ يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَرَاَيْتُ عَمْرًوا يَجُرُّ قُصْبَهٗ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ سَيَّبَ السَّوَآئِبَ

ایک قسم، تو اس سے اونٹنی کے بچے کی پیدائش کی تعداد اہل عرب مقرر کر لیتے تھے اور جب وہ مقرر تعداد پوری ہو جاتی تو اسے دیوتاؤں کے لئے چھوڑ دیتے، اسے بار برداری وغیرہ کی بھی چھٹی مل جاتی لہذا اس پر کسی قسم کا بوجھ نہ لادا جاتا، اس کا نام وہ 'حامی' رکھتے تھے اور ابوالیمان نے بیان کیا، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہوں نے سعید بن میتب سے سنا، کہا کہ انہوں نے زہری سے یہ تفصیلات بیان کیں۔ سعید بن مسیب نے بیان کیا، اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ آپ ﷺ نے اس طرح ارشاد فرمایا تھا۔'' اور اس کی روایت ابن الہاد نے کی، ان سے ابن شہاب زہری نے، ان سے سعید بن میتب نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ مجھ سے محمد بن ابی یعقوب اور ابوعبداللہ کرمانی نے حدیث بیان کی، ان سے حسان بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، میں نے جہنم کو دیکھا کہ اس کے بعض حصے بعض دوسرے حصوں کو کھائے جا رہے تھے اور میں نے عمرو کو دیکھا کہ اپنی آنتیں اس میں گھسیٹتا پھر رہا تھا، یہی وہ شخص ہے جس نے سب سے پہلے سائبہ کی رسم ایجاد کی تھی۔

باب ۶۷۳. قَوْلِهٖ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ

۶۷۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور میں ان پر گواہ رہا، جب تک میں ان کے درمیان رہا، پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا (جب سے) تو ہی ان پر نگران ہے اور تو ہر چیز پر گواہ ہے۔''

(۱۷۳۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَآيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ اِلَى اللّٰهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَالَ كَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ وَعْدًا عَلَيْنَا اِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ ثُمَّ قَالَ اَلَا وَاِنَّ اَوَّلَ الْخَلَآئِقِ يُكْسٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِبْرَاهِيْمُ اَلَا وَاِنَّهٗ يُجَآءُ بِرِجَالٍ مِّنْ اُمَّتِيْ يُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ يَارَبِّ اُصَيْحَابِيْ

۱۷۳۷۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہیں مغیرہ بن نعمان نے خبر دی، کہا کہ میں نے سعید بن جبیر سے سنا اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا اور فرمایا، اے لوگو! (قیامت کے دن) تم اللہ کے پاس جمع کئے جاؤ گے۔ ننگے پاؤں، ننگے جسم اور بغیر ختنہ کے۔ پھر آنحضور ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی، ''جس طرح ہم نے اول بار پیدا کرنے کے وقت ابتداء کی تھی، اسی طرح اسے دوبارہ کر دیں گے۔ ہمارے ذمہ وعدہ ہے، ہم ضرور اسے کر کے رہیں گے'' آخر آیت تک۔ پھر فرمایا قیامت کے دن تمام مخلوق میں سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو کپڑا پہنایا جائے

فَيُقَالُ اِنَّكَ لَاتَدْرِىْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ فَيُقَالُ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ

گا۔ ہاں اور میری امت کے کچھ افراد کو لایا جائے گا، اور انہیں جہنم کی طرف لے جایا جائے گا۔ میں عرض کروں گا۔ میرے رب! یہ تو میرے امتی ہیں؟ مجھ سے کہا جائے گا، آپ کو نہیں معلوم ہے کہ انہوں نے آپ کے بعد نئی چیزیں (شریعت میں) نکالی تھیں، اس وقت میں بھی وہی کہوں گا جو عبد صالح (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہا ہوگا کہ ''میں ان پر گواہ رہا جب تک میں ان کے درمیان رہا، پھر جب تو نے مجھے اٹھالیا، (جب سے) تو ہی ان پر نگران ہے۔'' مجھے بتایا جائے گا کہ آپ کی وفات کے بعد یہ لوگ دین سے پھر گئے تھے۔

باب۶۷۴۔ قَوْلِهٖ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْلَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

۶۷۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''تو اگر انہیں عذاب دے، تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بھی تو زبردست ہے، حکمت والا ہے۔''

(۱۷۳۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مُغِيْرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ وَاِنَّ نَاسًا يُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّادُمْتُ فِيْهِمْ اِلٰى قَوْلِهٖ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

۱۷۳۸۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ بن نعمان نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہیں (قیامت کے دن جمع کیا جائے گا، اور کچھ لوگوں کو جہنم کی طرف لے جایا جائے گا۔ اس وقت میں بھی وہی کہوں گا جو عبد صالح نے کہا ہوگا کہ ''میں ان پر گواہ رہا، جب تک میں ان کے درمیان رہا'' ارشاد ''العزیز الحکیم تک۔''

سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ فِتْنَتُهُمْ مَعْذِرَتُهُمْ مَعْرُوْشَاتٍ مَا يُعْرَشُ مِنَ الْكَرْمِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ حَمُوْلَةً مَا يُحْمَلُ عَلَيْهَا وَلَلَبَسْنَا لَشَبَّهْنَا يَنْاَوْنَ يَتَبَاعَدُوْنَ تُبْسَلَ تُفْضَحَ اُبْسِلُوْا اُفْضِحُوْا بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ اَلْبَسْطُ الضَّرْبُ اسْتَكْثَرْتُمْ اَضْلَلْتُمْ كَثِيْرًا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِنْ ثَمَرَاتِهِمْ وَمَا لَهُمْ نَصِيْبًا وَلِلشَّيْطَانِ وَالْاَوْثَانِ نَصِيْبًا اَكِنَّةً وَّاحِدُهَا كِنَانٌ اَمَّا اشْتَمَلَتْ يَعْنِىْ هَلْ تَشْتَمِلُ اِلَّا عَلٰى ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى فَلِمَ تُحَرِّمُوْنَ بَعْضًا وَّتُحِلُّوْنَ بَعْضًا مَّسْفُوْحًا مُهْرَاقًا صَدَفَ اَعْرَضَ اُبْلِسُوْا اُوْيِسُوْا وَاُبْسِلُوْٓا اُسْلِمُوْا

سورہ انعام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''فتنتہم'' یعنی معذرتہم۔ ''معروشات'' مایعرش من الکرم وغیر ذلک ''حمولة'' مایحمل علیها ''للبسنا'' ای لشبهنا. ''ینأون'' ای یتباعدون. ''تبسل'' ای تفضح، ابسلوا ای افضحوا. '' باسطوا ایدیهم'' میں بسط بمعنی ضرب ہے۔ اکثرتم اے اضللتم کثیراً ذرأ من الحرث یعنی وہ اپنے پھل اور مال میں سے اللہ کا کچھ حصہ متعین کر دیتے تھے، اور کچھ شیطان اور بتوں کا۔ اکنۃ کا واحد کنان ہے ''اما اشتملت'' یعنی پیٹ میں بچہ یا نر ہوگا یا مادہ۔ پھر تم ایک کو حرام اور دوسرے کو حلال کیوں قرار دیتے ہو۔ ''مسفوحاً'' ''ای مهراقاً. صدف'' ای اعرض. ''ابلسوا'' ای اؤیسوا ''ابلسوا'' ای اسلموا. ''سرمداً'' ای

سَرْمَدًا دَآئِمًا اِسْتَهْوَتْهُ اَضَلَّتْهُ تَمْتَرُوْنَ تَشُكُّوْنَ وَقْرٌ صَمَمٌ وَّاَمَّا الْوِقْرُ الْحِمْلُ اَسَاطِيْرُ وَاحِدُهَا اُسْطُوْرَةٌ وَّاِسْطَارَةٌ وَّهِيَ التُّرَّهَاتُ الْبَاْسَآءُ مِنَ الْبَاْسِ وَيَكُوْنَ مِنَ الْبُؤْسِ جَهْرَةً مُّعَايَنَةً الصُّوَرُ جَمَاعَةُ صُوْرَةٍ كَقَوْلِهٖ سُوْرَةٌ وَّ سُوَرٌ مَّلَكُوْتٌ مُّلْكٌ مَّثَلُ رَهَبُوْتٌ خَيْرٌ مِّنْ رَّحَمُوْتٍ وَيَقُوْلُ تُرْهَبُ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تُرْحَمَ جَنَّ اَظْلَمَ تَعَالٰى:علا وان تعدل: تقسط. لايقبل منهافي ذلك اليوم يُقَالُ عَلَى اللّٰهِ حُسْبَانُهٗ اَىْ حِسَابُهٗ وَيُقَالُ حُسْبَانًا مَرَامِيَ وَّرُجُوْمًا لِّلشَّيَاطِيْنِ مُسْتَقَرٌّ فِي الصُّلْبِ وَمُسْتَوْدَعٌ فِي الرَّحِيْمِ الْقِنْوُ الْعِذْقُ وَالْاِثْنَانِ قِنْوَانِ وَالْجَمَاعَةُ اَيْضًا قِنْوَانٌ مِثْلُ صِنْوٍ وَّصِنْوَانٍ.

دائماً." استهوته' ای اضلته. تمترون ای تشکون. "وقر" ای صمم، لیکن وقر (واؤ کے کسرہ کے ساتھ) بوجھ کے معنی میں آتا ہے۔ "اساطیر" کا واحد اسطورۃ اور اسطارۃ ہے یعنی دیو مالائیں۔ "الباساء" باس سے مشتق ہے اور بوس سے بھی ہوسکتا ہے۔ "جہرۃ" اے معاینۃ۔ "صور" صورۃ کی جمع ہے جیسے سورۃ اور سور۔ "ملکوت" بمعنی ملک رھبوت اور رحموت کے وزن پر بولتے ہیں ترھب خیر من ان ترحم. "جن" بمعنی اظلم "تعالیٰ" ای علا۔

باب۶۷۵. قَوْلِهٖ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَايَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ

۶۷۵۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اس کے پاس ہیں غیب کے خزانے، انہیں بجز اس کے کوئی نہیں جانتا۔"

(۱۷۳۹) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَافِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَّمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ

۱۷۳۹۔ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوشہاب نے، ان سے سالم بن عبداللہ نے اور ان سے ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، غیب کے خزانے پانچ ہیں (اور اس آیت میں بیان ہوئے ہیں) "بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے۔ اور وہی مینہ برساتا ہے، اور وہی جانتا ہے کہ رحموں میں کیا ہے اور کوئی بھی نہیں جان سکتا کہ وہ کل کیا عمل کرے گا، اور نہ کوئی یہ جان سکتا ہے کہ وہ کس زمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ ہی علم والا ہے، خبر رکھنے والا۔

باب۶۷۶. قَوْلِهٖ قُلْ هُوَالْقَادِرُ عَلٰى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَلْاٰيَةَ يَلْبِسَكُمْ يَخْلِطَكُمْ مِنَ الْاِلْتِبَاسِ يَلْبِسُوْا يَخْلِطُوْا شِيَعًا فِرَقًا

۶۷۶۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "آپ کہہ دیجئے کہ اللہ (اس پر بھی) قادر ہے کہ تمہارے اوپر کوئی عذاب مسلط کردے، تمہارے اوپر سے" آخر آیت تک۔ يَلْبِسَكُمْ ای یخلطکم، التباس سے مشتق ہے۔ یلبسوا ای یخلطوا، شیعاً بمعنی فرقاً."

(۱۷۴۰) حَدَّثَنَا اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ جَابِرٍؓ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ قُلْ هُوَالْقَادِرُ عَلٰى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعُوْذُ بِوَجْهِكَ قَالَ اَوْمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ قَالَ اَعُوْذُ

۱۷۴۰۔ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت "قل هوالقادر علیٰ ان یبعث علیکم عذابا من فوقکم" (ترجمہ اوپر گزر چکا)، نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے کہا، (اے اللہ) میں اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ پھر نازل ہوئی،

بِوَجْهِكَ اَوْيَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَآ اَهْوَنُ اَوْهٰذَا اَيْسَرُ

"او من تحت ارجلکم" آنحضور ﷺ نے اس پر بھی فرمایا کہ میں اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں (لیکن) "اویلبسکم شیعا ویذیق بعضکم بأس بعض" پر آپ نے فرمایا کہ یہ آسان ہے۔ (پہلی دو صورتوں کے مقابلے میں۔)

باب ۶۷۷ . قَوْلِهٖ وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ

۶۷۷۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "(جو لوگ ایمان لائے) اور انہوں نے اپنے ایمان کو ظلم سے مخلوط نہیں کیا۔"

(۱۷۴۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِؓ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ قَالَ اَصْحَابُهٗ وَاَيُّنَالَمْ يَظْلِمْ فَنَزَلَتْ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

۱۷۴۱۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے سلیمان نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب "ولم یلبسوا ایمانهم بظلم" نازل ہوئی تو صحابہؓ نے کہا، ہم میں کون ہوگا جس کا دامن ظلم سے پاک ہوگا۔ اس پر یہ آیت اتری "بے شک شرک ظلم عظیم ہے۔"

باب ۶۷۸ . قَوْلِهٖ وَ يُوْنُسَ وَلُوْطًا وَّ كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ

۶۷۸۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور یونسؑ اور لوطؑ کو اور ان میں سے ایک کو ہم نے جہان والوں پر فضیلت دی تھی۔"

(۱۷۴۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ اَنْ يَّقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ ابْنِ مَتّٰى

۱۷۴۲۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے ان سے ابوالعالیہ نے بیان کیا کہ مجھ سے تمہارے نبی کے چچازاد بھائی یعنی ابن عباس نے حدیث بیان کی کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی کے لئے مناسب نہیں کہ مجھے یونس بن متیٰ علیہ السلام سے بہتر بتائے۔

(۱۷۴۳) حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِيْ اِيَاسٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَؓ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْبَغِيْ لِعَبْدٍ اَنْ يَّقُوْلَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ يُّوْنُسَ بْنِ مَتّٰى

۱۷۴۳۔ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہیں سعد بن ابراہیم نے خبر دی۔ کہا کہ میں نے حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف سے سنا، انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی شخص کے لئے مناسب نہیں کہ مجھے یونس بن متی علیہ السلام سے بہتر بتائے۔

باب ۶۷۹ . قَوْلِهٖ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ

۶۷۹۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی تھی، سو آپ بھی ان کے طریقہ پر چلئے۔"

(۱۷۴۴) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سُلَيْمٰنُ الْاَحْوَلُ اَنَّ مُجَاهِدًا اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍؓ اَفِيْ صٓ سَجْدَةٌ فَقَالَ نَعَمْ ثُمَّ تَلَا وَوَهَبْنَا اِلٰى قَوْلِهٖ

۱۷۴۴۔مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے سلیمان احول نے خبر دی، انہیں مجاہد نے خبر دی کہ انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، کیا سورۂ ص میں بھی سجدہ ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا،

فَبِهُدٰهُمُ اقْتَدِهْ ثُمَّ قَالَ هُوَ مِنْهُمْ زَادَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ وَ مُحَمَّدُبْنُ عُبَيْدٍ وَسَهْلُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْعَوَّامِ عَنْ مُّجَاهِدٍ قُلْتُ لِا بْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ اُمِرَ اَنْ يَّقْتَدِىَ بِهِمْ

ہاں، پھر آپ نے آیت، ''ووھبنا'' سے بہداھم اقتدہ'' تک تلاوت کی اورفرمایا کہ داؤد علیہ السلام بھی ان انبیاء میں شامل ہیں (جن کا ذکر آیت میں ہوا ہے اور جن کی اقتداء کے لئے آنحضور ﷺ سے کہا گیا ہے) یزید بن ہارون، محمد بن عبید اور سہل بن یوسف نے عوام کے واسطہ سے اضافہ کیا ہے، ان سے مجاہد نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا، تو آپ نے فرمایا کہ تمہارے نبی ﷺ بھی ان میں سے ہیں جنہیں ان انبیاء کی اقتداء کا حکم دیا گیا ہے۔

باب ۶۸۰ . قَوْلِهٖ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِىْ ظُفُرٍ وَّمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَا الْاٰيَةَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُلَّ ذِىْ ظُفُرٍ الْبَعِيْرُ وَالنَّعَامَةُ الْحَوَايَا الْمَبْعَرُ وَقَالَ غَيْرُهٗ هَادُوْا صَارُوْا يَهُوْدًا وَّاَمَّا قَوْلُهٗ هُدْنَا تُبْنَا هَآئِدٌ تَآئِبٌ

۶۸۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو لوگ کہ یہودی ہوئے ان پر گھر والے کل جانور ہم نے حرام کردیئے تھے اور گائے اور بکری میں سے ہم نے ان پر ان دونوں کی چربیاں حرام کی تھیں'' آخر آیت تک، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کل ذی ظفر'' سے مراد اونٹ اور شتر مرغ ہیں۔ ''الحوایا'' بمعنی اوجھڑی، اور دوسرے صاحب نے فرمایا کہ ''ھادوا'' کے معنی یہ ہیں کہ وہ یہودی ہوگئے، لیکن ''ھد نا'' کا مفہوم یہ ہے کہ ہم نے توبہ کی، اس سے ھائد، تائب کے معنی میں آتا ہے۔

(۱۷۴۵) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَّزِيْدَ ابْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ قَالَ عَطَآءٌ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ لَمَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهَا جَمَلُوْهُ ثُمَّ بَاعُوْهُ فَاَكَلُوْهَا وَقَالَ اَبُوْعَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْحَمِيْدِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ كَتَبَ اِلَىَّ عَطَآءٌ سَمِعْتُ جَابِرًا عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۷۴۵۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن ابی حبیب نے کہ عطاء نے بیان کیا کہ انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آنحضور ﷺ نے فرمایا اللہ یہودیوں کو سمجھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان پر مردہ جانوروں کی چربی حرام کردی تو اس کا تیل نکال کر اسے بیچنے اور کھانے لگے، اور ابو عاصم نے بیان کیا، ان سے عبدالحمید نے حدیث بیان کی، ان سے یزید نے حدیث بیان کی، انہیں عطاء نے لکھا تھا کہ میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا اور انہوں نے نبی کریم ﷺ سے۔

باب ۶۸۱ . قَوْلِهٖ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

۶۸۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور بےحیائیوں کے پاس بھی نہ جاؤ، (خواہ) وہ اعلانیہ ہوں۔ اور (خواہ) پوشیدہ۔''

(۱۷۴۶) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ وَآئِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَآ اَحَدَ اَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا شَىْءَ اَحَبُّ اِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ وَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهٗ قُلْتُ سَمِعْتَهٗ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَرَفَعَهٗ قَالَ نَعَمْ۔ وَكِيْلٌ

۱۷۴۶۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ سے زیادہ اور کوئی غیرت مند نہیں، یہی وجہ ہے کہ اس نے بےحیائیوں کو حرام قرار دیا۔ خواہ وہ اعلانیہ ہوں خواہ پوشیدہ اور اللہ کو اپنی مدح وتعریف سے زیادہ اور کوئی چیز پسند نہیں، یہی وجہ ہے کہ اس نے اپنی مدح کی ہے (عمرو بن مرہ نے بیان کیا کہ)

حَفِيظٌ وَّمُحِيطٌ بِهٖ قُبُلاً جَمْعُ قَبِيلٍ وَّالْمَعْنٰى اَنَّهٗ ضُرُوْبٌ لِلْعَذَابِ كُلُّ ضَرْبٍ مِّنْهَا قَبِيلٌ زُخْرُفَ كُلُّ شَيْءٍ حَسَّنْتَهٗ وَوَشَّيْتَهٗ وَهُوَ بَاطِلٌ فَهُوَ زُخْرُفٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ حَرَامٌ وَّ كُلُّ مَمْنُوْعٍ فَهُوَ حِجْرٌ مَّحْجُوْرٌ وَّ الْحِجْرُ كُلُّ بِنَآءٍ بَنَيْتَهٗ وَ يُقَالُ لِلْاُنْثٰى مِنَ الْخَيْلِ حِجْرٌ وَّيُقَالُ لِلْعَقْلِ حِجْرٌ وَّحِجًى وَّاَمَّا الْحِجْرُ فَمَوْضِعُ ثَمُوْدَ وَمَا حَجَرْتَ عَلَيْهِ مِنَ الْاَرْضِ فَهُوَ حِجْرٌ وَّ مِنْهُ سُمِّيَ حَطِيْمُ الْبَيْتِ حِجْرًا فَكَاَنَّهٗ مُشْتَقٌّ مِّنْ مَّحْطُوْمٍ مِثْلُ قَتِيْلٍ مِّنْ مَّقْتُوْلٍ وَّاَمَّا حَجْرُ الْيَمَامَةِ فَهُوَ مَنْزِلٌ

میں نے پوچھا، آپ نے خود عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنی تھی؟ انہوں نے بیان کیا کہ ہاں۔ میں نے پوچھا، اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث بیان کی تھی؟ کہا کہ ہاں۔ ''وکیل'' بمعنی حفیظ اور وہ ذات کہ کوئی چیز اس کے حدود علم واحاطہ سے باہر نہ ہو۔ ''قبلاً'' قبیل کی جمع ہے، مفہوم یہ ہے کہ عذاب کی مختلف صورتیں ہوں گی، الگ الگ۔ ''زخرف القول'' ہر اس چیز کو کہتے ہیں جسے آپ خوبصورتی اور لیپا پوتی کر کے پیش کریں، حالانکہ وہ باطل اور بے بنیاد ہو تو اسے کہیں گے ''زخرف'' اور ''حرث حجر'' یعنی حرام، ہر ممنوع چیز کو جو کہہ سکتے ہیں، محجور کے معنی میں۔ عمارت پر بھی ''حجر'' کا اطلاق آتا ہے گھوڑی کو بھی حجر کہتے ہیں اور عقل کو بھی حجر کہتے ہیں اور ''حجی'' بھی، اور ''حجر'' بھی ثمود کی بستی کا بھی نام تھا، ہر ممنوعہ علاقہ محجر کہلاتا ہے۔ حطیم کعبہ کو بھی اسی وجہ سے کہتے ہیں۔ گویا وہ محطوم کے مفہوم کو ادا کرتا ہے جیسے قتیل، مقتول کے۔ اور ''حجر الیمامہ'' ایک مقام کا نام ہے۔

باب ۶۸۲. قَوْلِهٖ هَلُمَّ شُهَدَآءَ كُمْ لُغَةُ اَهْلِ الْحِجَازِ هَلُمَّ لِلْوَاحِدِ وَالْاِثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ

۶۸۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد، ''(آپ کہتے ہیں کہ) اپنے گواہوں کو لاؤ'' ''ھلم'' اہل حجاز کے محاورہ میں واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لئے آتا ہے۔

(۱۷۴۷) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا فَاِذَا رَاٰهَا النَّاسُ اٰمَنَ مَنْ عَلَيْهَا فَذَاكَ حِيْنَ لَايَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ قَبْلُ

۱۷۴۷۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے عمارہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوزرعہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی، جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہولے۔ جب لوگ اسے دیکھیں گے تو ایمان لائیں گے۔ لیکن یہ وہ وقت ہوگا جب کسی ایسے شخص کو اس کا ایمان کوئی نفع نہ دے گا۔ جو پہلے سے ایمان نہ رکھتا ہو۔

(۱۷۴۸) حَدَّثَنِيْ اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا فَاِذَا طَلَعَتْ وَرَاٰهَا النَّاسُ اٰمَنُوْا اَجْمَعُوْنَ وَذٰلِكَ حِيْنَ لَايَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا ثُمَّ قَرَاَ الْاٰيَةَ

۱۷۴۸۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالرزاق نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، قیامت اس وقت تک برپا نہ ہوگی، جب تک سورج مغرب سے نہ طلوع ہولے گا۔ جب مغرب سے سورج طلوع ہوگا اور لوگ دیکھ لیں گے تو سب ایمان لائیں گے۔ لیکن یہ وقت ہوگا جب کسی کو اس کا ایمان نفع نہ دے گا، پھر آیت کی تلاوت کی۔

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّرِيَاشًا الْمَالُ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ فِي الدُّعَآءِ وَفِيْ غَيْرِهٖ عَفَوْا كَثُرُوْا وَكَثُرَتْ اَمْوَالُهُمْ اَلْفَتَّاحُ الْقَاضِيْ افْتَحْ بَيْنَنَا اقْضِ بَيْنَنَا نَتَقْنَا رَفَعْنَا انْبَجَسَتْ انْفَجَرَتْ مُتَبَّرٌ خُسْرَانٌ اٰسٰى اَحْزَنُ تَاْسَ تَحْزَنْ وَقَالَ غَيْرُهٗ مَامَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ يَخْصِفَانِ اَخَذَ الْخِصَافَ مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ يُؤَلِّفَانِ الْوَرَقَ يَخْصِفَانِ الْوَرَقَ بَعْضَهٗ اِلٰى بَعْضٍ سَوْاٰتِهِمَا كِنَايَةٌ عَنْ فَرْجَيْهِمَا وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ هٰهُنَا اِلَى الْقِيَامَةِ وَالْحِيْنُ عِنْدَ الْعَرَبِ مِنْ سَاعَةٍ اِلٰى مَالَا يُحْصٰى عَدَدُهَا الرِّيَاشُ وَالرِّيْشُ وَاحِدٌ وَّهُوَ مَاظَهَرَ مِنَ اللِّبَاسِ قَبِيْلُهٗ جِيْلُهُ الَّذِيْ هُوَ مِنْهُمْ اِدَّارَكُوْا اجْتَمَعُوْا وَمَشَاقُّ الْاِنْسَانِ وَالدَّآبَّةِ كُلُّهُمْ يُسَمّٰى سُمُوْمًا وَاحِدُهَا سَمٌّ وَهِيَ عَيْنَاهُ وَمَنْخِرَاهُ وَفَمُهٗ وَاُذُنَاهُ وَدُبُرُهٗ وَاِحْلِيْلُهٗ غَوَاشٍ مَّاغُشُوْا بِهٖ نُشُرًا مُتَفَرِّقَةً نَكِدًا قَلِيْلًا يَغْنَوْا يَعِيْشُوْا حَقِيْقٌ حَقٌّ اسْتَرْهَبُوْهُمْ مِنَ الرَّهْبَةِ تَلْقَفُ تَلْقَمُ طَآئِرُهُمْ حَظُّهُمْ طُوْفَانٌ مِّنَ السَّيْلِ وَيُقَالُ لِلْمَوْتِ الْكَثِيْرِ الطُّوْفَانُ الْقُمَّلُ الْحُمْنَانُ يُشْبِهُ صِغَارَ الْحَلَمِ عُرُوْشٌ وَّعَرِيْشٌ بِنَآءٌ سُقِطَ كُلُّ مَنْ نَدِمَ فَقَدْ سُقِطَ فِيْ يَدِهٖ الْاَسْبَاطُ قَبَائِلُ بَنِي اِسْرَآئِيْلَ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ يَتَعَدَّوْنَ لَهٗ يُجَاوِزُوْنَ تَعْدُ تُجَاوِزْ شُرَّعًا شَوَارِعَ بَئِيْسٍ شَدِيْدٍ اَخْلَدَ قَعَدَ وَتَقَاعَسَ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ نَاْتِيْهِمْ مِنْ مَّاْمَنِهِمْ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَاَتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا مِنْ جِنَّةٍ مِّنْ جُنُوْنٍ فَمَرَّتْ بِهٖ اسْتَمَرَّ بِهَا الْحَمْلُ فَاَتَمَّتْهُ يَنْزَغَنَّكَ يَسْتَخِفَّنَّكَ طَيْفٌ مُلِمٌّ بِهٖ لَمَمٌ وَّيُقَالُ طَآئِفٌ وَّهُوَ وَاحِدٌ يَمُدُّوْنَهُمْ يُزَيِّنُوْنَ وَخِيْفَةً خَوْفًا وَّخُفْيَةً مِّنَ الْاِخْفَآءِ وَالْاٰصَالُ

سورۂ اعراف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ ''وریاشا'' یعنی مال۔ ''انه لا یحب المعتدین'' یعنی دعاء میں اور اس کے علاوہ دوسری چیزوں میں (حد سے تجاوز کرنے والوں کو اللہ پسند نہیں کرتا) ''عفوا'' یعنی ان کی تعداد میں اضافہ ہوا اور ان کے مال میں بھی۔ ''الفتاح'' یعنی قاضی، بولتے ہیں۔ ''افتح بیننا'' یعنی ہمارا فیصلہ کر دیجئے۔ "نتقنا الجبل' ای رفعنا. انبجست"ای انفجرت. "متبر'ای خسران "آسی"ای احزن، تاس ای تحزن. دوسرے صاحب نے فرمایا۔ "ما منعک ان لاتسجد"ای مامنعک ان تسجد. "یخصفان" یعنی آدم وحوا علیہما السلام جنت کے پتوں کو جوڑ کر شرم گاہ چھپانے کی کوشش کرنے لگے۔ ''سوآتہما'' سے شرم گاہ کی طرف کنایہ ہے۔ ''متاع الی حین'' یہاں قیامت تک کی مہلت کے لئے ہے۔ ''حین'' عرب میں تھوڑی دیر کے لئے بھی آتا ہے اور غیر محدود عرصہ کے لئے بھی، الریاش اور الریش ایک معنی ہیں۔ یعنی اوپر کا لباس۔ ''قبیلہ'' یعنی اس کا گروہ، جس سے اس کا تعلق تھا۔ ''ادارکوا'' ای اجتمعوا۔ انسان اور چوپائے سب کے ''مشاق'' کو ''مسموم'' کہتے ہیں اس کا واحد سم ہے۔ مشاق میں دونوں آنکھیں، ناک، منہ، دونوں کان اور پیچھے اور آگے کی شرم گاہ داخل ہے۔ "غواش" ای ما غشوا به" نشراً" ای متفرقة، نکداً ای قلیلا. یغنوا ای یعیشوا. حقیق ای حق. "استرھبوھم"رھبۃ سے مشتق ہے۔ "تلقف" ای تلقم. 'طائر ھم" ای حظھم "طوف"یعنی سیلاب کا اموات کی کثرت کو بھی طوفان کہتے ہیں۔ ''الاسباط'' یعنی بنی اسرائیل کے قبائل "یعدون فی السبت" یعنی اس دن حد سے انہوں نے تجاوز شروع کر دیا۔ تعد یعنی تجاوز۔ ''شرعاً'' ای شوارع "بئیس" ای شدید. "اخلدالی الارض ای قعد وتقاعس "سنستدرجھم"ای ناتیھم من مامنھم. جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے فاتاھم اللہ من حیث لم یحتسبوا "من جنۃ" ای من جنون "ایان مرسھا" ای منی خروجھا. "ینزغنک" ای یستخفنک "طیف" ای لمیم، اس سے استعمال ہوتا ہے۔ ''وبہ لمم، طائف اور یہ ایک

وَاحِدُهَا اَصِيلٌ مَّا بَيْنَ الْعَصْرِ اِلَى الْمَغْرِبِ كَقَوْلِهٖ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا

معنی میں ہے۔ یمدونھم ای یزنون. "خیفة" یعنی خوف سے اور خفیة، اخفاء سے مشتق ہے۔ "لآ صال" کا واحد اصل ہے، عصر سے مغرب تک کے وقت پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں "بکرة واصیلا۔"

باب ۶۸۳. قَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّىَ الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

۶۸۳۔ اللہ عزوجل کا ارشاد۔ "آپ کہہ دیجئے کہ میرے پروردگار نے تو بس بے ہودگی کو حرام کیا ہے، ان میں سے جو ظاہر ہوں (ان کو بھی) اور جو پوشیدہ ہوں (ان کو بھی۔)

(۱۷۴۹) حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِىْ وَآئِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ نَعَمْ وَرَفَعَهٗ قَالَ لَا اَحَدَ اَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ فَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا اَحَدَ اَحَبُّ اِلَيْهِ الْمَدْحَةُ مِنَ اللّٰهِ فَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهٗ

۱۷۴۹۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے (عمرو بن مرہ نے بیان کیا کہ) میں نے (ابووائل سے) پوچھا کیا آپ نے یہ حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے خود سنی ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے بیان کی تھی، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ سے زیادہ اور کوئی غیرت مند نہیں ہے اس لئے اس نے بے حیائیوں کو حرام کیا۔ خواہ ظاہر میں ہوں یا پوشیدہ اور اللہ سے زیادہ اپنی مدح کو پسند کرنے والا اور کوئی نہیں۔ اسی لئے اس نے خود اپنی تعریف کی ہے۔

باب ۶۸۴. قَوْلِهٖ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ قَالَ رَبِّ اَرِنِىْ اَنْظُرْ اِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرَانِىْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرَانِىْ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا فَلَمَّآ اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَرِنِىْ اَعْطِنِىْ

۶۸۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب موسیٰ ہمارے وقت (موعود) پر آ گئے اور ان سے ان کا پروردگار ہم کلام ہوا، موسیٰ بولے، اے میرے پروردگار! مجھے اپنے کو دکھلا دیجئے (کہ) میں آپ کو ایک نظر دیکھ لوں (اللہ نے فرمایا) تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتے البتہ تم (اس) پہاڑ کی طرف دیکھو، سو اگر یہ اپنی جگہ پر برقرار رہا تو تم بھی دیکھ سکو گے، پھر جب ان کے پروردگار نے پہاڑ پر اپنی تجلی ڈالی تو (تجلی نے) پہاڑ کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بے ہوش ہو کر گر پڑے پھر جب انہیں افاقہ ہوا تو بولے، تو پاک ہے، میں تجھ سے معذرت کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں۔" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، "ارنی" "اعطنی" کے معنی میں ہے۔

(۱۷۵۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِىِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ نِالْخُدْرِىِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ اِلَى النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ لُطِمَ وَجْهُهٗ وَ قَالَ

۱۷۵۰۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن یحییٰ مازنی نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک یہودی شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس کے منہ پر کسی نے

يَامُحَمَّدُ اِنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِكَ مِنَ الْاَنْصَارِ لَطَمَ فِیْ وَجْهِیْ قَالَ اُدْعُوْهُ فَدَعَوْهُ قَالَ لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَه' قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ مَرَرْتُ بِالْيَهُوْدِ فَسَمِعْتُه' يَقُوْلُ وَالَّذِی اصْطَفٰی مُوْسٰی عَلَى الْبَشَرِ فَقُلْتُ وَعَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَخَذَتْنِیْ غَضْبَةٌ فَلَطَمْتُه' قَالَ لَاتُخَيِّرُوْنِیْ مِنْ بَيْنِ الْاَنْبِيَآءِ فَاِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ يُّفِيْقُ فَاِذَا اَنَا بِمُوْسٰی اٰخِذٌ بِقَآئِمَةٍ مِّنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ فَلَا اَدْرِیْ اَفَاقَ قَبْلِیْ اَمْ جُزِیَ بِصَعْقَهِ الطُّوْرِ

چانٹا مارا تھا، اس نے کہا، اے محمد (ﷺ)! آپ (ﷺ) کے ان صحابہ میں سے ایک شخص نے مجھے چانٹا مارا ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا، انہیں بلاؤ لوگوں نے انہیں بلایا پھر آنحضور ﷺ نے ان سے پوچھا کہ تم نے اسے چانٹا کیوں مارا ہے، انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) میں یہودیوں کی طرف سے گزرا تو میں نے سنا کہ یہ کہہ رہا تھا، اس ذات کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو تمام انسانوں پر فضیلت دی، میں نے کہا اور محمد ﷺ پر بھی مجھے اس کی بات پر غصہ آ گیا اور میں نے اسے چانٹا مار دیا۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا، مجھے انبیاء پر فضیلت نہ دیا کرو۔ قیامت کے دن تمام لوگ بے ہوش کر دیئے جائیں گے سب سے پہلے میں ہوش میں آؤں گا، لیکن میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا کہ آپ عرش کا ایک پایہ پکڑے کھڑے ہوں گے اب مجھے معلوم نہیں کہ وہ مجھ سے پہلے ہوش میں آ گئے تھے یا طور کی بے ہوشی کا انہیں بدلہ دیا گیا تھا۔

باب ۶۸۵. قَوْلِهِ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی

۶۸۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''من وسلویٰ''۔

(۱۷۵۱) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ عَنْ عَمْرِ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَآءُ هَا شِفَآءُ الْعَيْنِ

۱۷۵۱۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالملک نے، ان سے عمرو ابن حریث نے اور ان سے سعید بن زید رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کھمبی ''من'' میں سے ہے اور اس کا پانی آنکھوں کے لئے شفا ہے۔

باب ۶۸۶. قَوْلِهِ قُلْ يَآاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا نِالَّذِیْ لَه' مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْیٖ وَيُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الَّذِیْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِه وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ

۶۸۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''کہہ دیجئے کہ اے انسانو! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں، تم سب کی طرف اسی اللہ کا جس کی حکومت ہے آسمانوں میں اور زمین میں، سوا اس کے کوئی معبود نہیں، وہی زندہ کرتا ہے۔ اور وہی مارتا ہے، سو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے امی رسول و نبی ﷺ پر جو خود ایمان رکھتا ہے، اللہ اور اس کے کلاموں پر اور اس کی پیروی کرتے رہو تا کہ تم راہ پا جاؤ۔''

(۱۷۵۲) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ وَمُوْسَی بْنُ هَارُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ الْعَلَآءِ بْنِ زَبْرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْاِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاالدَّرْدَآءِ يَقُوْلُ كَانَتْ بَيْنَ اَبِیْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ مُحَاوَرَةٌ فَاَغْضَبَ اَبُوْبَكْرٍ عُمَرَ فَانْصَرَفَ عَنْهُ عُمَرُ مُغْضَبًا يَسْاَلُه' اَنْ يَّسْتَغْفِرَ لَه'

۱۷۵۲۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان بن عبدالرحمٰن اور موسیٰ بن ہارون نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن علاء بن زبر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے بسر بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوادریس خولانی نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابودرداء رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا، کہ ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے درمیان بحث سی ہوگئی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ، ابوبکر رضی اللہ عنہ پر

فَلَمْ يَفْعَلْ حَتّٰى اَغْلَقَ بَابَهٗ فِيْ وَجْهِهٖ فَاَقْبَلَ اَبُوْبَكْرٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوالدَّرْدَاءِ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا صَاحِبُكُمْ هٰذَا فَقَدْ غَامَرَ قَالَ وَنَدِمَ عُمَرُ عَلٰى مَاكَانَ مِنْهُ فَاَقْبَلَ حَتّٰى سَلَّمَ وَجَلَسَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَصَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَبَرَ قَالَ اَبُوالدَّرْدَآءِ وَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ اَبُوْبَكْرٍ يَّقُوْلُ وَاللّٰهِ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَاَنَاكُنْتُ اَظْلَمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُوْالِيْ صَاحِبِيْ هَلْ اَنْتُمْ تَارِكُوْا لِيْ صَاحِبِيْ اِنِّيْ قُلْتُ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا فَقُلْتُمْ كَذَبْتَ وَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ صَدَقْتَ قَالَ اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ غَامَرَ سَابَقَ بِالْخَيْرِ

غصہ ہو گئے اور ان کے پاس سے آنے لگے، ابو بکر رضی اللہ عنہ بھی ان کے پیچھے پیچھے ہو گئے، معافی مانگتے ہوئے، لیکن عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں معاف نہیں کیا اور (گھر پہنچ کر) اندر سے دروازہ بند کر لیا۔ اب ابو بکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم لوگ اس وقت حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تمہارے یہ صاحب (یعنی ابو بکر رضی اللہ عنہ) لڑ کر آئے ہیں۔ بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ بھی اپنے طرز عمل پر نادم ہوئے اور حضور اکرم ﷺ کی طرف چلے اور سلام کر کے آپ ﷺ کے قریب بیٹھ گئے۔ پھر حضور اکرم ﷺ سے سارا واقعہ بیان کیا۔ ابو درداء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آپ بہت غصے ہوئے، ادھر ابو بکر رضی اللہ عنہ بار بار یہ عرض کرتے کہ یا رسول اللہ! واقعی میری ہی زیادتی تھی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، کیا تم لوگ مجھے میرے صاحب کو مجھ سے جدا کرنا چاہتے ہو، کیا تم لوگ میرے صاحب کو مجھ سے جدا کرنا چاہتے ہو، جب میں نے کہا تھا کہ اے انسانو! بے شک میں اللہ کا رسول ہوں، تم سب کی طرف، تو تم لوگوں نے کہا کہ تم جھوٹ بولتے ہو، اس وقت ابو بکرؓ نے کہا تھا کہ آپ ﷺ سچے ہیں، ابو عبید اللہ نے کہا ''غامر'' کے معنی ہیں کہ خیر میں سبقت کی ہے۔

باب۶۸۷. قَوْلِهٖ وَ قُوْلُوْا حِطَّةٌ

۶۸۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور کہتے جاؤ توبہ ہے۔''

(۱۷۵۳) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَامَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ لِبَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ ادْخُلُواالْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ فَبَدَّلُوْا فَدَخَلُوْا يَزْحَفُوْنَ عَلٰى اَسْتَاهِهِمْ وَقَالُوْا حَبَّةٌ فِيْ شَعْرَةٍ

۱۷۵۳۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں عبد الرزاق نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام بن منبہ نے، انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ بنی اسرائیل سے کہا گیا تھا کہ دروازے میں (عاجزی سے) جھکتے ہوئے داخل ہو اور کہتے جاؤ کہ توبہ ہے تو ہم تمہاری خطائیں معاف کر دیں گے، لیکن انہوں نے حکم بدل ڈالا سرین سے گھسٹتے ہوئے داخل ہوئے اور یہ کہا کہ ''حبة فی شعرة۔''

باب۶۸۸. قَوْلِهٖ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ الْعُرْفُ الْمَعْرُوْفُ

۶۸۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''درگذر اختیار کیجئے اور نیک کام کا حکم دیتے رہئے اور جاہلوں سے کنارہ کش ہو جایا کیجئے۔'' ''العرف'' معروف کے معنی میں ہے۔

(۱۷۵۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ

۱۷۵۴۔ ہم سے ابو الیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے

عُتْبَةَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَدِمَ عُيَيْنَةُ بْنُ حِصْنِ ابْنِ حُذَيفَةَ فَنزَلَ عَلَى ابْنِ اَخِيهِ الْحُرِّ بْنِ قَيْسٍ وَّ كَانَ مِنَ النَّفَرِ الَّذِيْنَ يُدْنِيهِمْ عُمَرُ وَكَانَ الْقُرَّآءُ اَصْحَابَ مَجَالِسِ عُمَرَ وَمُشَاوَرَتِهٖ كُهُوْلًا كَانُوْا اَوْ شُبَّانًا فَقَالَ عُيَيْنَةُ لِا بْنِ اَخِيهِ يَا ابْنَ اَخِيْ لَكَ وَجْهٌ عِنْدَ هٰذَا الْاَمِيْرِ فَاسْتَاْذِنْ لِيْ عَلَيْهِ قَالَ سَاَسْتَاْذِنُ لَكَ عَلَيْهِ قَالَ بْنُ عَبَّاسٍؓ فَاسْتَاْذَنَ الْحُرُّ لِعُيَيْنَةَ فَاَذِنَ لَهٗ عُمَرُ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ هِيَ يَابْنَ الْخَطَّابِ فَوَاللّٰهِ مَا تُعْطِيْنَا الْجَزْلَ وَلَاتَحْكُمُ بَيْنَنَا بِالْعَدْلِ فَغَضِبَ عُمَرُ حَتّٰى هَمَّ بِهٖ فَقَالَ لَهُ الْحُرُّ يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذِالْعَفْوَ وَامُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ وَ اِنَّ هٰذَا مِنَ الْجٰهِلِيْنَ وَاللّٰهِ مَاجَا وَزَهَا عُمَرُ حِيْنَ تَلاَهَا عَلَيْهِ وَكَانَ وَقَّافًا عِنْدَ كِتَابِ اللّٰهِ

خبر دی، اوران سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عیینہ بن حصن بن حذیفہ نے اپنے بھتیجے حر بن قیس کے یہاں آ کر قیام کیا۔ حران چند مخصوص افراد میں تھے جنہیں عمر رضی اللہ عنہ اپنے بہت قریب رکھتے تھے، جو لوگ قرآن مجید کے زیادہ عالم اور قاری ہوتے۔ عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں انہیں کو زیادہ تقرب حاصل ہوتا تھا اور ایسے حضرات آپ کے مشیر ہو سکتے تھے، اس کی کوئی قید نہیں تھی کہ کہنہ عمر ہوں یا نوجوان۔ عیینہ نے اپنے بھتیجے سے کہا کہ تمہیں اس امیر کی مجلس میں بہت تقرب حاصل ہے۔ میرے لئے بھی مجلس میں حاضری کی اجازت لے دو۔ حر بن قیس نے کہا کہ میں آپ کے لئے بھی اجازت مانگوں گا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، چنانچہ انہوں نے عیینہ کے لئے بھی اجازت مانگی اور عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں مجلس میں آنے کی اجازت دے دی۔ مجلس میں جب وہ پہنچے تو کہنے لگے۔ اے خطاب کے بیٹے! خدا کی قسم نہ تو تم ہمیں مال ہی دیتے ہو اور نہ عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ کرتے ہو۔ عمر رضی اللہ عنہ کو اس بات پر بڑا غصہ آیا اور آگے بڑھ ہی رہے تھے کہ حر بن قیس نے عرض کی۔ اے امیر المؤمنین! اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے خطاب کر کے فرمایا تھا ''درگذر اختیار کیجئے اور نیک کام کا حکم دیجئے اور جاہلوں سے کنارہ کش ہوجایا کیجئے'' اور یہ بھی جاہلوں میں سے ہیں، خدا گواہ ہے کہ جب حر نے قرآن مجید کی تلاوت کی تو عمر رضی اللہ عنہ بالکل ٹھنڈے پڑ گئے، اور کتاب اللہ کے حکم کے سامنے آپ کی یہی کیفیت ہوتی تھی۔

(۱۷۵۵) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ قَالَ مَآاَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَّا فِيْ اَخْلَاقِ النَّاسِ وَقَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ اَمَرَاللّٰهُ نَبِيَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْخُذَ الْعَفْوَ مِنْ اَخْلَاقِ النَّاسِ اَوْكَمَا قَالَ

۱۷۵۵۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اوران سے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیت ''درگذر اختیار کیجئے اور نیک کام کا حکم دیتے رہئے۔ لوگوں کے اخلاق (درست کرنے) کے لئے نازل ہوئی ہے اور عبداللہ بن براد نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے ان سے ان کے والد نے اوران سے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا ہے کہ لوگوں کے اخلاق ٹھیک کرنے کے لئے درگذر اختیار کریں۔ اوکما قال۔

سُوْرَةُ الْاَنْفَال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَوْلُه' يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَ نْفَالِ قُلِ الْاَ نْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْاَنفَالُ الْمَغَانِمُ قَالَ قَتَادَةُ رِيْحُكُمْ الْحَرْبُ يُقَالُ نَافِلَةٌ عَطِيَّةٌ

سورۂ انفال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۶۸۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یہ لوگ آپ سے غنیمتوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ غنیمتیں اللہ کی ملک ہیں (اصلاً) اور رسول کی (تبعاً) پس اللہ سے ڈرتے رہو، اور اپنے آپس کی اصلاح کرو۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''انفال'' کے معنی ہیں غنیمتیں۔ قتادہ نے فرمایا کہ ''ریحکم'' سے لڑائی مراد ہے۔ ''نافلۃ'' عطیہ کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

(۱۷۵۶) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ ابْنُ سُلَيْمَانَ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ سُوْرَةُ نَفَالِ قَالَ نَزَلَتْ فِىْ بَدْرٍ۔ الشَّوْكَةُ الْحَدُّ مُرْدِفِيْنَ فَوْجًا بَعْدَ فَوْجٍ رَدِفَنِىْ وَ اَرْدَفَنِىْ جَآءَ بَعْدِىْ ذُوْقُوْا بَاشِرُوْا وَجَرِّبُوْا وَلَيْسَ هٰذَامِنْ ذَوْقِ الْفَمِ فَيَرْكُمَه' يَجْمَعُه' شَرِّدْ فَرِّقْ وَاِنْ جَنَحُوْا طَلَبُوْا يُثْخِنَ يَغْلِبَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مُكَآءً اِدْخَالُ اَصَابِعِهِمْ فِىْ اَفْوَاهِهِمْ وَتَصْدِيَةً الصَّفِيْرُ لِيُثْبِتُوْكَ لِيَحْبِسُوْكَ

۱۷۵۶۔ مجھ سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی۔ ان سے سعید بن سلیمان نے حدیث بیان کی، انہیں ہشیم نے خبر دی، انہیں ابوبشر نے خبر دی، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سورۂ انفال کے متعلق پوچھا، تو انہوں نے فرمایا کہ غزوۂ بدر میں نازل ہوئی تھی۔ "الشوکۃ" ای الحد۔ ''مردفین'' یعنی جماعت در جماعت۔ اسی سے ہے ردفنی اور اردفنی یعنی میرے بعد آیا۔ ذوقوا ای باشرو او جربوا یہ ذوق الفم سے مشتق نہیں ہے۔ ''فیرکمہ'' ای تجمعہ۔ شرد ای فرق۔ "وان جنحوا. ای طلبوا. یثخن ای یغلب. مجاہد نے فرمایا کہ ''مکاء'' یعنی اپنی انگلیاں وہ منہ میں ڈالتے اور سیٹی بجاتے تھے۔ ''لیبتوک'' ای لیحبسوک.

باب ۶۹۰. اِنَّ شَرَّالدَّوَآبِّ عِنْدَاللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَايَعْقِلُوْنَ

۶۹۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔ ''بدترین حیوانات اللہ کے نزدیک وہ بہرے گونگے ہیں جو عقل سے ذرا کام نہیں لیتے۔''

(۱۷۵۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَآءُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّ شَرَّالدَّ وَآبِّ عِنْدَاللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَايَعْقِلُوْنَ قَالَ هُمْ نَفَرٌ مِّنْ بَنِىْ عَبْدِالدَّارِ

۱۷۵۷۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے ورقاء نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے مجاہد نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ آیت ''بدترین حیوانات اللہ کے نزدیک وہ بہرے گونگے ہیں جو عقل سے ذرا کام نہیں لیتے'' بنو عبدالدار کے کچھ لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

باب ۶۹۱. قَوْلِهٖ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّه' اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ اسْتَجِيْبُوْا اَجِيْبُوْا لِمَا يُحْيِيْكُمْ يُصْلِحُكُمْ

۶۹۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد، ''اے ایمان والو، اللہ اور رسول کو لبیک کہو جب کہ وہ (یعنی رسول) تم کو تمہاری زندگی بخش چیز کی طرف بلائیں اور جانے رہو کہ اللہ آڑ بن جاتا ہے درمیان انسان اور اس کے قلب کے اور یہ کہ تم (سب) کو اسی کے پاس اکٹھا ہونا ہے۔'' استجیبوا اے

اجيبوا. "لما يحييكم" اى لما يصلحكم.

(۱۷۵۸) حَدَّثَنِي اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ سَمِعْتُ حَفْصَ ابْنَ عَاصِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ كُنْتُ اُصَلِّيْ فَمَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَانِيْ فَلَمْ اٰتِهٖ حَتّٰى صَلَّيْتُ ثُمَّ اَتَيْتُهٗ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِيَ اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَ لِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ ثُمَّ قَالَ لَاُعَلِّمَنَّكَ اَعْظَمَ سُوْرَةٍ فِي الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجَ فَذَكَرْتُ لَهٗ وَقَالَ مُعَاذٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبٍ سَمِعَ حَفْصًا سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ رَّجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا وَ قَالَ هِيَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ

۱۷۵۸۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، انہیں روح نے خبر دی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے حبیب بن عبدالرحمٰن نے، انہوں نے حفص بن عاصم سے سنا اور ان سے ابوسعید بن معلّٰی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نماز پڑھ رہا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے پکارا۔ میں (فوراً) آپ کی خدمت میں نہ پہنچ سکا۔ بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد حاضر ہوا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کہ آنے میں دیر کیوں ہوئی، کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم نہیں دیا ہے کہ "اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کو لبیک کہو، جب کہ وہ (یعنی رسول) تم کو بلائیں" پھر آپ نے فرمایا۔ مسجد سے نکلنے سے پہلے میں تمہیں قرآن کی عظیم ترین سورۃ بتاؤں گا۔ تھوڑی دیر بعد آنحضور ﷺ باہر تشریف لے جانے لگے تو میں نے آپ کو یاد دلایا۔ اور معاذ نے بیان کیا، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے خبیب نے، انہوں نے حفص سے سنا اور انہوں نے ابوسعید بن معلیٰ رضی اللہ عنہ جو نبی کریم ﷺ کے صحابی تھے، سے سنا یہی حدیث اور انہوں نے بیان کیا وہ سورۃ "الحمدللہ رب العالمین" ہے جو سبع مثانی کہلاتی ہے۔

باب ۶۹۲. قَوْلِهٖ وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَالْحَقُّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ مَا سَمَّى اللّٰهُ تَعَالٰى مَطَرًا فِي الْقُرْاٰنِ اِلَّا عَذَابًا وَّتُسَمِّيْهِ الْعَرَبُ الْغَيْثُ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا

۶۹۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور (وہ وقت بھی یاد دلایئے) جب (ان لوگوں نے) کہا تھا کہ اے اللہ اگر یہ (کلام) تیری طرف سے واقعی ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسادے یا پھر (کوئی اور ہی) عذاب دردناک لے آ۔" ابن عیینہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے "مطر" (بارش) کا ذکر قرآن میں عذاب ہی کے موقعہ پر کیا ہے، عرب اسے "غیث" کہتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "وینزل الغیث من بعد ماقنطوا" میں ہے۔

(۱۷۵۹) حَدَّثَنِيْ اَحْمَدُ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْحَمِيْدِ هُوَابْنُ كُرْدِيْدٍ صَاحِبُ الزِّيَادِيِّ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ اَبُوْجَهْلٍ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ فَنَزَلَتْ وَمَاكَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ وَمَا لَهُمْ اَنْ لَّايُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ

۱۷۵۹۔ مجھ سے احمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ بن معاذ نے حدیث بیان کی۔ ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے صاحب الزیادی عبدالحمید نے، آپ کردید کے صاحبزادے تھے۔ آپ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ابوجہل نے کہا تھا کہ اے اللہ (اگر یہ کلام) تیری طرف سے واقعی ہے تو ہم پر آسمانوں سے پتھر برسادے یا پھر کوئی اور ہی عذاب دردناک لے آ۔ تو اس پر آیت حالانکہ اللہ ایسا نہیں کرے گا کہ انہیں عذاب دے اس حال میں کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ ان پر عذاب لائے گا

الْحَرَامِ الْاٰیَةَ

اس حال میں کہ وہ استغفار کر رہے ہوں، ان لوگوں کے لئے نہیں کہ اللہ ان پر عذاب (ہی سرے سے) نہ لائے درآنحالیکہ وہ مسجد حرام سے روکتے ہیں'' آخر آیت تک۔

باب۶۹۳. قَوْلِهٖ وَمَا کَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا کَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ

۶۹۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''حالانکہ اللہ ایسا نہیں کرے گا کہ انہیں عذاب دے اس حال میں کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ ان پر عذاب لائے گا اس حالت میں کہ وہ استغفار کر رہے ہوں۔''

(۱۷۶۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْحَمِيْدِ صَاحِبِ الزِّيَادِيِّ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِکٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ اَللّٰهُمَّ اِنْ کَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِکَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ فَنَزَلَتْ وَمَاکَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا کَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ وَمَا لَهُمْ اَنْ لَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الْاٰيَةَ

۱۷۶۰۔ ہم سے محمد بن نضر نے حدیث بیان کی، ان سے عبیداللہ بن معاذ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے صاحب زیادی عبدالحمید نے اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ابوجہل نے کہا تھا کہ اے اللہ! اگر یہ کلام تیری طرف سے واقعی ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسادے یا پھر کوئی اور ہی عذاب لے آ۔'' اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''حالانکہ اللہ ایسا نہیں کرے گا، کہ انہیں عذاب دے اس حال میں کہ آپ ان میں موجود ہوں اور نہ اللہ ان پر عذاب لائے گا اس حال میں کہ وہ استغفار کر رہے ہوں، ان لوگوں کے لئے نہیں کہ اللہ ان پر عذاب ہی سرے سے نہ لائے درآنحالیکہ وہ مسجد حرام سے روکتے ہیں۔'' آخر آیت تک۔

باب۶۹۴. قَوْلِهٖ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰی لَاتَکُوْنَ فِتْنَةٌ

۶۹۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ان سے لڑو، یہاں تک کہ فساد، (عقیدہ) باقی نہ رہ جائے۔''

(۱۷۶۱) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يَحْيٰی حَدَّثَنَا حَيْوَةُ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ بُکَيْرٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا جَآءَهٗ فَقَالَ يَااَبَاعَبْدِالرَّحْمٰنِ اَلَا تَسْمَعُ مَاذَکَرَ اللّٰهُ فِیْ کِتَابِهٖ وَ اِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا اِلٰی اٰخِرِ الْاٰيَةِ فَمَا يَمْنَعُکَ اَنْ لَّا تُقَاتِلَ کَمَا ذَکَرَ اللّٰهُ فِیْ کِتَابِهٖ فَقَالَ يَاابْنَ اَخِیْ اَغْتَرُّ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَا اُقَاتِلُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَغْتَرَّ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ الَّتِیْ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا اِلٰی اٰخِرِهَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰی لَاتَکُوْنَ فِتْنَةٌ قَالَ ابْنُ عُمَرَ قَدْ فَعَلْنَا عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۷۶۱۔ ہم سے حسن بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے حیوۃ نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن عمرو نے، ان سے بکیر نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صاحب آپ کے پاس آئے اور کہا، اے ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ نے نہیں سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا کہا ہے ''جب مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں'' آخر آیت تک، پھر اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق (مسلمانوں کی باہمی) لڑائی میں کیوں حصہ نہیں لیتے۔ آپ نے فرمایا بھتیجے! میں اس آیت کی تاویل کرتا ہوں اور (مسلمانوں سے) جنگ میں حصہ نہیں لیتا، یہ اس سے بہتر ہے کہ مجھے اس آیت کی تاویل کرنی پڑے جس میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ''اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے گا (گو اس کا بدلہ جہنم ہے)

وَسَلَّمَ اِذْكَانَ الْاِسْلَامُ قَلِيْلًا فَكَانَ الرَّجُلُ يُفْتَنُ فِيْ دِيْنِهٖ اِمَّا يَقْتُلُوْهُ وَاِمَّا يُوْثِقُوْهُ حَتّٰى كَثُرَ الْاِسْلَامُ فَلَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ فَلَمَّا رَاٰى اَنَّهٗ لَايُوَافِقُهٗ فِيْمَا يُرِيْدُ قَالَ فَمَا قَوْلُكَ فِيْ عَلِيٍّ وَّعُثْمَانَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَاقَوْلِيْ فِيْ عَلِيٍّ وَّ عُثْمَانَ اَمَّا عُثْمَانُ فَكَانَ اللّٰهُ قَدْ عَفَا عَنْهُ فَكَرِهْتُمْ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُ وَاَمَّا عَلِيٌّ فَابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَتَنُهٗ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ وَهٰذِهٖ ابْنَتُهٗ اَوْبِنْتُهٗ حَيْثُ تَرَوْنَ

آخر آیت تک ۔ فرمایا، اللہ تعالیٰ نے تو یہ ارشاد فرمایا ہے کہ ''ان سے لڑو، یہاں تک فساد (عقیدہ) باقی نہ رہے فرمایا ہم نے یہ رسول اللہ ﷺ کے عہد میں کیا۔ جب اسلام (کے ماننے والوں کی تعداد) کم تھی، اس وقت آدمی اپنے دین کے معاملے میں آزمائش میں مبتلا ہو جاتا تھا۔ یا اسے قتل کر دیا جاتا یا قید کر دیا جاتا۔ لیکن پھر اسلام کو طاقت حاصل ہوگئی اور وہ فساد باقی نہیں رہا (جو آیت میں ذکر ہوا ہے) پھر جب ان صاحب نے دیکھا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ ان کی رائے ماننے کے لئے کسی طرح تیار نہیں، تو آپ سے پوچھا، عثمان اور علی (رضی اللہ عنہما) کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عثمان اور علی رضی اللہ عنہما کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو تو اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تھا۔ اگر چہ تم نہیں چاہتے کہ اللہ انہیں معاف کرتا۔ اور علی رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ کے چچا زاد بھائی اور آپ ﷺ کے داماد تھے، اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ حضور اکرم ﷺ کی صاحبزادی (کا مکان) ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔

(۱۷۶۲) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا بَيَانٌ اَنَّ وَبَرَةَ حَدَّثَهٗ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ جُبَيْرٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا اَوْ اِلَيْنَا ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ رَجُلٌ كَيْفَ تَرٰى فِيْ قِتَالِ الْفِتْنَةِ فَقَالَ وَهَلْ تَدْرِيْ مَاالْفِتْنَةُ كَانَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَاتِلُ الْمُشْرِكِيْنَ وَ كَانَ الدُّخُوْلُ عَلَيْهِمْ فِتْنَةً وَّلَيْسَ كَقِتَالِكُمْ عَلَى الْمُلْكِ

۱۷۶۲۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے بیان نے حدیث بیان کی، ان سے وبرہ نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے سعید بن جبیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے، تو ایک صاحب نے ان سے پوچھا کہ (مسلمانوں کے باہمی) فتنہ اور جنگ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا تمہیں معلوم بھی ہے ''فتنہ'' کیا چیز ہے۔ محمد ﷺ مشرکین سے جنگ کرتے تھے اور ان میں ٹھہر جانا ہی فتنہ تھا۔ آنحضور ﷺ کی جنگ، تمہاری ملک وسلطنت کی خاطر جنگ کی طرح نہیں تھی۔

باب ۶۹۵. قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّايَفْقَهُوْنَ

۶۹۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اے نبی! مؤمنوں کو قتال پر آمادہ کیجئے۔ اگر تم میں سے بیس آدمی بھی ثابت قدم ہوں گے تو دو سو پر غالب آجائیں گے۔ اور اگر تم میں سے سو ۱۰۰ ہوں گے تو ایک ہزار کافروں پر غالب آجائیں گے۔ اس لئے کہ یہ ایسے لوگ ہیں جو کچھ نہیں سمجھتے۔''

(۱۷۶۳) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَمَّا نَزَلَتْ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ فَكُتِبَ عَلَيْهِمْ اَنْ

۱۷۶۳۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اگر تم میں سے بیس آدمی بھی

لَا يَفِرَّ وَاحِدٌ مِّنْ عَشَرَةٍ فَقَالَ سُفْيَانُ غَيْرَ مَرَّةٍ اَنْ لَّا يَفِرَّ عِشْرُوْنَ مِنْ مِّائَتَيْنِ ثُمَّ نَزَلَتِ الْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمُ الْاٰيَةَ فَكَتَبَ اَنْ لَّا يَفِرَّ مِائَةٌ مِّنْ مِّائَتَيْنِ زَادَ سُفْيَانُ مَرَّةً نَّزَلَتْ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ قَالَ سُفْيٰنُ وَ قَالَ ابْنُ شُبْرُمَةَ وَاَرَى الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىَ عَنِ الْمُنْكَرِ مِثْلَ هٰذَا

ثابت قدم ہوں تو دوسو پر غالب آ جائیں گے۔''تو مسلمانوں کے لئے ضروری قرار دے دیا گیا کہ ایک مسلمان دس کافروں کے مقابلے سے نہ بھاگے اور کئی مرتبہ سفیان نے یہ بھی کہا کہ بیس(۲۰)، دوسو(۲۰۰) کے مقابلے سے نہ بھاگیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ 'اب اللہ نے تم پر تخفیف کر دی' اس کے بعد یہ ضروری قرار دیا کہ ایک سو، دوسو کے مقابلے سے نہ بھاگیں۔ سفیان نے ایک مرتبہ اس اضافہ کے ساتھ روایت بیان کی کہ آیت نازل ہوئی ''مومنوں کو قتال پر آمادہ کیجئے اگر تم میں سے بیس ثابت قدم ہوں گے'' سفیان نے بیان کیا اور ان سے ابن شبرمہ نے بیان کیا کہ میرا خیال ہے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں بھی اسی نوعیت کا حکم ہے۔

باب ۶۹۶. قَوْلِهٖ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا اَلْاٰيَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ

۶۹۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد 'اب اللہ نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں جوش کی کمی ہے۔'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد، واللہ مع الصابرین تک۔

(۱۷۶۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِاللّٰهِ السُّلَمِيُّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا جَرِيْرُبْنُ حَازِمٍ قَالَ اَخْبَرَنِي الزُّبَيْرُ ابْنُ خِرِّيْتٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ حِيْنَ فُرِضَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَّايَفِرَّ وَاحِدٌ مِّنْ عَشَرَةٍ فَجَآءَ التَّخْفِيْفُ فَقَالَ الْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ قَالَ فَلَمَّا خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْهُمْ مِّنَ الْعِدَّةِ نَقَصَ مِنَ الصَّبْرِ بِقَدْرِ مَاخُفِّفَ عَنْهُمْ

۱۷۶۴۔ ہم سے یحییٰ بن عبداللہ سلمی نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ بن مبارک نے خبر دی، انہیں جریر بن حازم نے خبر دی۔ کہا کہ مجھے زبیر بن خریت نے خبر دی، انہیں عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب یہ آیت اتری۔ ''اگر تم میں سے بیس آدمی بھی ثابت قدم ہوں گے تو وہ دوسو پر غالب آ جائیں گے۔'' تو مسلمانوں نے بڑا بار محسوس کیا کیونکہ اس آیت میں ان پر یہ فرض قرار دیا گیا تھا کہ ایک مسلمان دس کافروں کے مقابلے سے نہ بھاگے۔ اس لئے اس کے بعد تخفیف کی گئی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''اب اللہ نے تم سے تخفیف کر دیا اور معلوم کر لیا کہ تم میں جوش کی کمی ہے، سو اب اگر تم میں سے سو۱۰۰ ثابت قدم ہوں گے تو دوسو۲۰۰ پر غالب آ جائیں گے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تعداد کی اس تخفیف سے مسلمانوں کے استقلال اور ثابت قدمی میں بھی فرق آ گیا تھا۔

بحمد اللہ تفہیم البخاری کا اٹھارہواں پارہ ختم ہوا۔

انیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُوْرَۃُ بَرَآءَۃَ

وَلِيْجَةً؟ كُلُّ شَيْءٍ اَدْخَلْتَه' فِيْ شَيْءٍ اَلشُّقَّةُ اَلسَّفَرُ خَبَالُ اَلْفَسَادُ وَالْخَبَالُ الْمَوْتُ وَلَاتَفْتِنِّيْ لَاتُوَبِّخْنِيْ كَرْهًا وَّكُرْهًا وَّاحِدٌ مُّدَّخَلًا يُدْخَلُوْنَ فِيْهِ يَجْمَحُوْنَ يُسْرِعُوْنَ وَالْمُؤْتَفِكَاتِ ائْتَفَكَتِ انْقَلَبَتْ بِهَا الْاَرْضُ اَهْوٰى اَلْقَاهُ فِيْ هُوَّةٍ عَدْنٍ خُلْدٍ عَدَنْتُ بِاَرْضٍ اَيْ اَقَمْتُ وَمِنْهُ مَعْدِنٌ وَّ يُقَالُ فِيْ مَعْدِنِ صِدْقٍ فِيْ مَنْبَتِ صِدْقٍ اَلْخَوَالِفُ الْخَالِفُ الَّذِيْ خَلَفَنِيْ فَقَعَدَ بَعْدِيْ وَمِنْهُ يَخْلُفُه' فِي الْغَابِرِيْنَ وَ يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ النِّسَآءُ مِنَ الْخَالِفَةِ وَاِنْ كَانَ جَمْعَ الذُّكُوْرِ فَاِنَّه' لَمْ يُوْجَدْ عَلٰى تَقْدِيْرِ جَمْعِهٖ اِلَّا حَرْفَانِ فَارِسٌ وَّفَوَارِسُ وَهَالِكٌ وَّهَوَالِكُ اَلْخَيْرَاتُ وَاحِدُهَا خَيْرَةٌ وَّهِيَ الْفَوَاضِلُ مُرْجَوْنَ مُؤَخَّرُوْنَ الشَّفَا شَفِيْرٌ وَّهُوَ حَدُّه' وَالْجُرُفُ مَا تَجَرَّفَ مِنَ السُّيُوْلِ وَالْاَوْدِيَةِ هَارٍ هَآئِرٍ يُقَالُ تَهَوَّرَتِ الْبِئْرُ اِذَا انْهَدَمَتْ وَانْهَارَ مِثْلُه' لَاَوَّاهٌ شَفَقًا وَّفَرَقًا وَّقَالَ الشَّاعِرُ اِذَا مَاقُمْتُ اَرْحَلُهَا بِلَيْلٍ تَاَوَّه' اٰهَةَ الرَّجُلِ الْحَزِيْنِ

سورۂ براءۃ

(اللہ تعالیٰ کے کلام میں) ''ولیجہ'' سے وہ چیز مراد ہے جسے کسی دوسری چیز میں داخل کریں۔ ''الشقۃ'' بمعنی سفر۔ ''الخبال'' ای الفساد، خبال، موت کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے ''ولاتفتنی'' ای لاتوبخنی کرھا'' (بفتح کاف) اور کرھا (بضم کاف) کے ایک معنی ہیں۔ ''مدخلا'' یعنی وہ چیز جس میں داخل ہوتے ہیں یجمحون'' ای یسرعون. ''الموتفکات'' انفکت سے ہے یعنی ان بستیوں کو پلٹ دیا گیا تھا۔ ''اھویٰ'' اس سے القاہ فی ھوۃ استعمال ہوتا ہے۔ ''عدن'' ''ای خلد' بولتے ہیں عدنت بارض ای اقمت بھا۔ اس سے معدن نکلا ہے، بولتے ہیں۔ ''فی معدن صدق'' ای فی منبت صدق. ''الخوالف'' یعنی وہ پیچھے رہ جانے والا جو میرے ساتھ نہ آیا ہو اور میرے آنے کے بعد اپنے گھر بیٹھا رہا ہو۔ یخلفہ فی الغابرین بھی اسی سے استعمال ہوا ہے۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ مؤنث کی جمع ہو۔ یعنی خالفۃ کی اگرچہ اس وزن کا استعمال مذکر ہی کی جمع میں آتا ہے، کیونکہ مذکر کی جمع کے لئے (فواعل کے وزن پر) دو ہی لفظ پائے گئے ہیں، فارس سے فوارس اور ھالک سے ھوالک. ''الخیرات'' کا واحد خیرۃ ہے۔ یعنی فضیلت اور بھلائی۔ مرجؤن ای مؤخرون۔ ''شفا'' شفیر کے معنے میں ہے یعنی کنارہ ''الجرف'' یعنی نالے وغیرہ جو سیلاب کی وجہ سے وادیوں میں ہوتے ہیں۔ ھار ای ھائر۔ ''لاواہ'' یعنی انتہائی درجہ میں رحیم وشفیق اور رقیق القلب۔ شاعر نے کہا ہے۔ ''اذماقمت ارحلھا بلیل. تاوہ آھۃ الرجل الحزین:'' (جب میں رات کے وقت اپنی اونٹنی کا کجاوہ کستا ہوں تو وہ کسی غمزدہ کی طرح آہ بھرتی ہے۔

باب ۶۹. قَوْلِهٖ بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلَى الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اُذُنٌ يُّصَدِّقُ تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَنَحْوُهَا كَثِيْرٌ

۶۹۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد 'دست برداری ہے اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے ان مشرکین (کے عہد) سے جن سے تم نے عہد کر رکھا ہے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ 'اذن' کا مفہوم یہ ہے کہ ہر کسی بات

وَالزَّكَاتُ الطَّاعَةُ وَالْإِخْلَاصُ لَايُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ لَايَشْهَدُوْنَ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ يُضَاهُوْنَ يُشَبِّهُوْنَ

پر یقین کرلے "تطہرھم" اور تزکیہم بہا کے ایک معنی ہیں، (قرآن مجید اور لغات عرب میں) اس کی مثالیں بکثرت ہیں۔ "الزکاۃ" یعنی طاعت واخلاص "لایؤتون الزکاۃ" یعنی کلمہ لاالٰہ الااللہ کی گواہی نہیں دیتے۔ "یضاھون" ای یشبھون۔

(۱۷۶۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ يَقُوْلُ اٰخِرُ اٰيَةٍ نَّزَلَتْ يَسْتَفْتُوْنَكَ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِى الْكَلَالَةِ وَاٰخِرُ سُوْرَةٍ نَّزَلَتْ بَرَآءَةٌ

۱۷۶۵۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے دیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا آپ نے فرمایا کہ سب سے آخر میں یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ "یستفتونک قل اللّٰہ یفتیکم فی الکلالۃ" اور سب سے آخر میں سورۂ براءۃ نازل ہوئی تھی۔

باب۶۹۸۔ قَوْلِهٖ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْآ اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِى الْكَافِرِيْنَ سِيْحُوْا سِيْرُوْا

۶۹۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد سو (اے مشرکو) زمین میں چار ماہ چل پھرلو اور جانے رہو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے، بلکہ اللہ ہی کافروں کو رسوا کرنے والا ہے "سیحوا ای سیروا۔"

(۱۷۶۶) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّ اَخْبَرَنِىْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِىْ اَبُوْ بَكْرٍ فِىْ تِلْكَ الْحَجَّةِ فِىْ مُؤَذِّنِيْنَ بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُوْنَ بِمِنًى اَنْ لَّا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ قَالَ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ ثُمَّ اَرْدَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ وَّاَمَرَهٗ اَنْ يُّؤَذِّنَ بِبَرَآءَةٍ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فَاَذَّنَ مَعَنَا عَلِىٌّ يَوْمَ النَّحْرِ فِىْ اَهْلِ مِنًى بِبَرَآءَةٍ وَاَنْ لَّايَحُجَّ بَعْدَالْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ

۱۷۶۶۔ ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے (کہا) اور مجھے حمید بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس حج کے موقع پر (جس کا آنحضور ﷺ نے انہیں امیر بنایا تھا) مجھے بھی ان اعلان کرنے والوں میں رکھا تھا۔ جنہیں آپ نے یوم نحر میں اس لئے بھیجا تھا کہ اعلان کردیں کہ آئندہ سال سے کوئی مشرک حج نہ کرے اور کوئی شخص بیت اللہ کا طواف ننگے ہوکر نہ کرے۔ حمید بن عبدالرحمٰن نے بیان کیا، پھر اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو پیچھے سے بھیجا اور انہیں سورۂ براۃ کے احکام کے اعلان کرنے کا حکم دیا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، چنانچہ ہمارے ساتھ علی رضی اللہ عنہ نے بھی یوم نحر ہی میں سورۂ براءۃ کا اعلان کیا اور اس کا آئندہ سال سے کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی ننگے ہوکر طواف کرے۔

باب۶۹۹۔ قَوْلِهٖ وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ بَرِىْءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ رَسُوْلُهٗ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِى اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ اٰذَنَهُمْ اَعْلَمَهُمْ

۶۹۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اعلان (کیا جاتا ہے) اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لوگوں کے سامنے بڑے حج کے دن کہ اللہ اور اس کا رسول مشرکوں سے دست بردار ہیں، پھر بھی اگر تم توبہ کرلو، تو تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر تم روگردانی کئے رہے تو جانے رہو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور کافروں کو عذاب دردناک کی خوشخبری سنا

دیکھئے۔ "آذنهم ای اعلمهم۔

(۱۷۶۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَنِيْ اَبُوْبَكْرٍ فِيْ تِلْكَ الْحَجَّةِ فِي الْمُؤَذِّنِيْنَ بَعَثَهُمْ يَوْمَ النَّحْرِ يُؤَذِّنُوْنَ بِمِنًى اَنْ لَّا يَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ قَالَ حُمَيْدٌ ثُمَّ اَرْدَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَمَرَه' اَنْ يُّؤَذِّنَ بِبَرَآءَةٍ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ فَاَذَّنَ مَعَنَا عَلِيٌّ فِيْ اَهْلِ مِنًى يَوْمَ النَّحْرِ بِبَرَآءَةٍ وَاَنْ لَّايَحُجَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ

۱۷۶۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا۔ انہیں حمید بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حج کے موقعہ پر (جس کا آنحضور ﷺ نے انہیں امیر بنایا تھا) ان اعلان کرنے والوں میں رکھا تھا جنہیں آپ نے یوم نحر میں بھیجا تھا۔ منیٰ میں یہ اعلان کرنے کے لئے کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی شخص بیت اللہ کا طواف ننگا ہو کر کرے۔ حمید نے بیان کیا کہ پھر پیچھے سے نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور انہیں حکم دیا کہ سورۃ براءۃ کا اعلان کردیں۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے ساتھ منیٰ کے میدان میں یوم نحر میں سورۃ براءۃ کا اعلان کیا اور یہ کہ کوئی مشرک آئندہ سال سے حج نہ کرے اور نہ کوئی بیت اللہ کا طواف ننگا ہو کر کرے۔

باب ۷۰۰. قَوْلِهٖ اِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ

۷۰۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "مگر ہاں وہ مشرکین اس سے مستثنیٰ ہیں، جن سے تم نے عہد لیا تھا۔"

(۱۷۶۸) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَه' اَنَّ اَبَا بَكْرٍ بَعَثَه' فِي الْحَجَّةِ الَّتِيْ اَمَّرَه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا قَبْلَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِيْ رَهْطٍ يُؤَذِّنُ فِي النَّاسِ اَنْ لَّا يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ وَّلَا يَطُوْفُ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ فَكَانَ حُمَيْدٌ يَقُوْلُ يَوْمَ النَّحْرِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ مِنْ اَجْلِ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

۱۷۶۸۔ ہم سے اسحٰق نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے، انہیں حمید بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور انہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس حج کے موقعہ پر جس کا انہیں رسول اللہ ﷺ نے امیر بنایا تھا۔ حجۃ الوداع سے (ایک سال) پہلے انہیں بھی ان اعلان کرنے والوں میں رکھا تھا جنہیں لوگوں میں آپ نے یہ اعلان کرنے کے لئے بھیجا تھا کہ آئندہ سال سے کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی بیت اللہ کا طواف ننگا ہو کر کرے۔ حمید کہا کرتے تھے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یوم نحر بڑے حج کا دن ہے۔

باب ۷۰۱. قَوْلِهٖ فَقَاتِلُوْآ اَئِمَّةَ الْكُفْرِ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ

۷۰۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "تم قتال کرو (ان) پیشوایان کفر سے کہ (اس صورت میں) ان کی قسمیں باقی نہیں رہیں۔"

(۱۷۶۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ مَابَقِيَ مِنْ اَصْحَابِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اِلَّا

۱۷۶۹۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل نے حدیث بیان کی اور ان سے زید بن وہب نے حدیث بیان کی، کہ ہم حذیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر تھے،

ثَلٰثَةٌ وَلَا مِنَ الْمُنٰفِقِیْنَ اِلَّا اَرْبَعَةٌ فَقَالَ اَعْرَابِیٌّ اِنَّکُمْ اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تُخْبِرُوْنَا فَلَا نَدْرِیْ فَمَا بَالُ هٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ یَبْقُرُوْنَ بُیُوْتَنَا وَیَسْرِقُوْنَ اَعْلَاقَنَا قَالَ اُولٰٓئِکَ الْفُسَّاقُ اَجَلْ لَمْ یَبْقَ مِنْهُمْ اِلَّا اَرْبَعَةٌ اَحَدُهُمْ شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَوْشَرِبَ الْمَآءَ الْبَارِدَ لَمَا وَجَدَ بَرْدَهٗ

آپ نے فرمایا، اس آیت کے مخاطبین میں نبی کریم ﷺ کے صرف تین صحابی باقی رہ گئے ہیں اور چار منافقین! اس پر ایک اعرابی نے پوچھا، آپ حضرات حضور اکرم ﷺ کے صحابی ہیں، ہمیں ان لوگوں کے متعلق بتایئے کہ ان کا کیا حشر ہوگا جو ہمارے گھروں میں نقب لگا کر اچھی چیزیں اڑا لے جاتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ یہ فاسق ہیں، ہاں ان میں چار کے سوا اور کوئی باقی نہیں رہا ہے اور ایک تو اتنا بوڑھا ہو چکا ہے کہ اگر ٹھنڈا پانی پیتا ہے تو اس کی ٹھنڈ بھی اسے محسوس نہیں ہوتی۔

باب ۷۰۲۔ قَوْلِهٖ وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ

۷۰۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو لوگ کہ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اس کو خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں، آپ انہیں ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے۔"

(۱۷۷۰) حَدَّثَنَا الْحَکَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَیْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ اَنَّ عَبْدَالرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجَ حَدَّثَهٗ اَنَّهٗ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْهُرَیْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَکُوْنُ کَنْزُ اَحَدِکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ

۱۷۷۰۔ ہم سے حکم بن نافع نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن اعرج نے حدیث بیان کی، بیان کیا کہ مجھ سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ تمہارا خزانہ (جس میں سے اللہ کا حق نہ ادا کیا گیا ہو) قیامت کے دن (انتہائی زہریلے) (اقرع) سانپ کی صورت اختیار کرے گا۔

(۱۷۷۱) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ مَرَرْتُ عَلٰی اَبِیْ ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ فَقُلْتُ مَآ اَنْزَلَکَ بِهٰذِهِ الْاَرْضِ قَالَ کُنَّا بِالشَّامِ فَقَرَأْتُ وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ قَالَ مُعَاوِیَةُ مَاهٰذِهٖ اِلَّا فِیْ اَهْلِ الْکِتَابِ قَالَ قُلْتُ اِنَّهَا لَفِیْنَا وَفِیْهِمْ

۱۷۷۱۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے زید بن وہب نے بیان کیا کہ میں مقام ربذہ میں ابوذر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اس بیابان میں آپ نے کیوں قیام کو پسند کیا؟ فرمایا کہ ہم شام میں تھے، میں نے یہ آیت پڑھی "اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اس کو خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں آپ انہیں ایک دردناک عذاب کی خبر سنا دیجئے" تو معاویہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ یہ آیت ہمارے بارے میں نہیں ہے۔ بلکہ اہل کتاب کے بارے میں ہے، فرمایا کہ میں نے اس پر کہا کہ یہ ہمارے بارے میں بھی ہے اور اہل کتاب کے بارے میں بھی ہے۔

باب ۷۰۳۔ قَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ یَوْمَ یُحْمٰی عَلَیْهَا فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُکْوٰی بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا کَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ فَذُوْقُوْا مَا کُنْتُمْ تَکْنِزُوْنَ

۷۰۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اس روز (واقع ہوگا) جب کہ اس (سونے چاندی) کو دوزخ کی آگ میں تپایا جائے گا۔ پھر اس سے ان کی پیشانیوں کو اور ان کے پہلوؤں کو اور ان کی پشتوں کو داغا جائے گا، یہی ہے وہ جسے تم اپنے واسطے جمع کرتے رہے تھے، سو اب مزہ چکھو اپنے جمع

کرنے کا۔"

(۱۷۷۲) وَ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبِ بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَقَالَ هٰذَا قَبْلَ اَنْ تُنْزَلَ الزَّكٰوةُ فَلَمَّا اُنْزِلَتْ جَعَلَهَا اللّٰهُ طُهْرًا لِّلْاَمْوَالِ

۱۷۷۲۔احمد بن شبیب بن سعید نے بیان کیا کہ ہم سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے اور ان سے خالد بن اسلم نے کہ ہم عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلے تو آپ نے فرمایا کہ یہ (مذکورہ بالا آیت) زکوٰۃ کے حکم سے پہلے نازل ہوئی تھی، پھر جب زکوٰۃ کا حکم نازل ہوگیا تو اللہ تعالیٰ نے زکوٰۃ ہی کو مال کی پاکی اور طہارت کا سبب بنادیا۔

باب ۷۰۴. قَوْلِهٖ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَاللّٰهِ اثْنَاعَشَرَ شَهْرًا فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ اَلْقَيِّمُ هُوَ الْقَائِمُ

۷۰۴۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک مہینوں کا شمار اللہ کے نزدیک بارہ ہی مہینے ہیں کتاب الٰہی میں (اس روز سے) جس روز سے کہ اس نے آسمان اور زمین پیدا کئے اور ان میں سے چار مہینے حرمت والے ہیں۔" قیم بمعنی القائم۔

(۱۷۷۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرَةَ عن ابى بكرة عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهٖ يَوْمَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ السَّنَةُ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا مِّنْهَا اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ثَلٰثٌ مُّتَوَالِيَاتٌ ذُوالْقَعْدَةِ وَ ذُوا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ وَ رَجَبُ مُضَرَالَّذِىْ بَيْنَ جُمَادَىٰ وَ شَعْبَانَ

۱۷۷۳۔ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے محمد نے اور ان سے ابن ابی بکرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، زمانہ پھر اپنی پہلی صورت وہیئت پر آ گیا ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی تخلیق کی تھی۔ سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے، ان میں سے چار حرمت والے مہینے ہیں، تین تو متواتر یعنی ذی قعدہ، ذوالحجہ اور محرم اور چوتھا رجب مضر جو جمادی الاخریٰ اور شعبان کے درمیان میں پڑتا ہے۔

باب ۷۰۵. قَوْلِهٖ ثَانِىَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَافِى الْغَارِمَعَنَا نَاصِرُنَا السَّكِيْنَةُ فَعِيْلَةٌ مِّنَ السُّكُوْنِ

۷۰۵۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جب کہ دو(۲) میں سے ایک وہ تھے دونوں غار میں (موجود) تھے۔" "معنا" یعنی ہمارا مددگار۔ سکینۃ ،فعیلۃ کے وزن پر سکون سے مشتق ہے۔

(۱۷۷۴) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ حَدَّثَنَا اَنَسٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبُوْبَكْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْغَارِ فَرَاَيْتُ اٰثَارَ الْمُشْرِكِيْنَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْاَنَّ اَحَدَهُمْ رَفَعَ قَدَمَهٗ رَاٰنَاقَالَ مَا ظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا

۱۷۷۴۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے حبان نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے ثابت نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، آپ نے فرمایا کہ میں غار میں، نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا کہ مشرکوں کی آہٹ میں نے محسوس کی اور بولا، یارسول اللہ (ﷺ)! اگر ان میں سے کسی نے اپنے قدم بھی اٹھالئے تو ہمیں ضرور دیکھ لے گا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، لیکن تمہارا ایسے دو(۲) کے متعلق کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ ہو۔

(۱۷۷۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ

۱۷۷۵۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عیینہ

عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّه، قَالَ حِيْنَ وَ قَعَ بَيْنَه، وَبَيْنَ ابْنِ الزُّبَيْرِ قُلْتُ اَبُوْهُ الزُّبَيْرُ وَاُمُّه، اَسْمَآءُ وَخَالَتُه، عَائِشَةُ وَجَدُّه، اَبُوْبَكْرٍ وَجَدَّتُه، صَفِيَّةُ فَقُلْتُ لِسُفْيٰنَ اِسْنَادُه، فَقَالَ حَدَّثَنَا فَشَغَلَه، اِنْسَانٌ وَلَمْ يَقُلِ ابْنُ جُرَيْجٍ

نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب (بیعت کے سلسلے میں) میرا عبداللہ بن زبیر سے اختلاف ہوگیا تھا تو میں نے کہا کہ ان کے (یعنی عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کے) والد زبیر رضی اللہ عنہ تھے ان کی والدہ اسماء رضی اللہ عنہا تھیں، ان کی خالہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں، ان کے نانا ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور ان کی دادی (حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی) صفیہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ (عبداللہ بن محمد نے بیان کیا کہ) میں نے سفیان (ابن عیینہ) سے پوچھا کہ اس روایت کی سند کیا ہے؟ تو انہوں نے کہنا شروع کیا حدثنا (ہم سے حدیث بیان کی) لیکن ابھی اتنا ہی کہنے پائے تھے کہ انہیں ایک دوسرے شخص نے متوجہ کر لیا اور (راوی کا نام) ابن جریج وہ نہ بیان کر سکے۔

(۱۷۷۶) حَدَّثَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ مُعِيْنٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ ابْنُ اَبِیْ مُلَيْكَةَ وَكَانَ بَيْنَهُمَا شَیْءٌ فَغَدَوْتُ عَلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ اَتُرِيْدُ اَنْ تُقَاتِلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ فَتُحِلَّ حَرَمَ اللّٰهِ فَقَالَ مَعَاذَاللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ ابْنَ الزُّبَيْرِ وَبَنِیْ اُمَيَّةَ مُحِلِّيْنَ وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ لَااُحِلُّه، اَبَدًا قَالَ قَالَ النَّاسُ بَايِعْ لِابْنِ الزُّبَيْرِ فَقُلْتُ وَاَيْنَ بِهٰذَاالْاَمْرِ عَنْهُ اَمَّا اَبُوْهُ فَحَوَارِیُّ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ الزُّبَيْرَ وَاَمَّا جَدُّه، فَصَاحِبُ الْغَارِ يُرِيْدُ اَبَابَكْرٍ وَّ اُمُّه، فَذَاتُ النِّطَاقِ يُرِيْدُ اَسْمَآءَ وَ اَمَّا خَالَتُه، فَاُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ يُرِيْدُ عَآئِشَةَ وَاَمَّا عَمَّتُه، فَزَوْجُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ خَدِيْجَةَ وَاَمَّا عَمَّةُ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَدَّتُه، يُرِيْدُ صَفِيَّةَ ثُمَّ عَفِيْفٌ فِی الْاِسْلَامِ قَارِئٌ لِّلْقُرْاٰنِ وَاللّٰهِ اِنْ وَصَلُوْنِیْ وَصَلُوْنِیْ مِنْ قَرِيْبٍ وَّاِنْ رَبُّوْنِیْ رَبَّنِیْ اَكْفَآءٌ كِرَامٌ فَاٰثَرَ التُّوَيْتَاتِ وَالْاُسَامَاتِ وَالْحُمَيْدَاتِ يُرِيْدُ اَبْطُنًا مِّنْ بَنِیْ اَسَدٍ بَنِیْ تُوَيْتٍ وَّبَنِیْ اُسَامَةَ وَبَنِیْ اَسَدٍ اِنَّ ابْنَ اَبِی الْعَاصِ بَرَزَ يَمْشِی الْقُدَمِيَّةَ يَعْنِیْ عَبْدَالْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ وَاِنَّه، لَوّٰى ذَنَبَه، يَعْنِیْ

۱۷۷۶۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن معین نے حدیث بیان کی، ان سے حجاج نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، ان سے ابن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ ابن عباس اور ابن زبیر رضی اللہ عنہما کے درمیان اختلاف ونزاع پیدا ہوگیا تھا، میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، آپ ابن زبیر رضی اللہ عنہ سے جنگ کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے باوجود کہ اللہ کے حرم کی بے حرمتی ہوگی؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا معاذ اللہ یہ تو اللہ تعالیٰ نے ابن زبیرؓ اور بنو امیہ کے مقدر میں لکھ دیا ہے کہ وہ حرم کی بے حرمتی کریں، خدا گواہ ہے، میں کسی صورت میں بھی اس بے حرمتی کے لئے تیار نہیں ہوں، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ لوگوں نے مجھ سے کہا تھا کہ ابن زبیر سے بیعت کرلو، میں نے ان سے کہا کہ مجھے ان کی خلافت کو تسلیم کرنے میں کیا تامل ہوسکتا ہے، ان کے والد نبی کریم ﷺ کے حواری تھے، ان کی مراد زبیر رضی اللہ عنہ سے تھی، ان کے نانا صاحب غار تھے (اشارہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی طرف تھا) ان کی والدہ صاحب نطاقین تھیں، یعنی اسماء رضی اللہ عنہا، ان کی خالہ ام المومنین تھیں، مراد عائشہ رضی اللہ عنہا سے تھی، ان کی پھوپھی نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ تھیں، مراد خدیجہ رضی اللہ عنہا سے تھی اور حضور اکرم ﷺ کی پھوپھی ان کی دادی ہیں، اشارہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی طرف تھا اس کے علاوہ وہ خود اسلام میں ہمیشہ صاف کردار اور پاک دامن رہے اور قرآن کے عالم ہیں، اور خدا کی

ابْنَ الزُّبَيْرِ

قسم اگر وہ مجھ سے اچھا برتاؤ کریں تو بہر حال ہم ان کے قریب و عزیز ہیں اور اگر وہ ہمارے حاکم ہیں تو ہمارے ہی جیسے ہیں اور شریف ہیں، لیکن انہوں نے تویت اسامہ اور حمید والوں کو ہم پر ترجیح دی ہے، آپ کی مراد مختلف قبائل یعنی بنو اسد، بنو تویت، بنو اسامہ اور بنو اسد سے تھی، ادھر ابن ابی العاص بہت آگے بڑھ چکا ہے اور مسلسل کامیابیاں حاصل کئے جا رہا ہے، آپ کی مراد عبدالملک بن مراون سے تھی، لیکن انہوں نے صرف پسپا ہو جانا ہے، یعنی ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے۔

(۱۷۷۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍؓ فَقَالَ اَلاَ تَعْجَبُوْنَ لِابْنِ الزُّبَيْرِ قَامَ فِيْ اَمْرِهٖ هٰذَا فَقُلْتُ لَأُحَاسِبَنَّ نَفْسِيْ لَهٗ مَاحَاسَبْتُهَا لِاَبِيْ بَكْرٍ وَّلَا لِعُمَرَ وَلَهُمَا كَانَا اَوْلٰى بِكُلِّ خَيْرٍ مِّنْهُ وَقُلْتُ ابْنُ عَمَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ اَبِيْ بَكْرٍ وَّابْنُ اَخِيْ خَدِيْجَةَ وَابْنُ اُخْتِ عَآئِشَةَؓ فَاِذَا هُوَ يَتَعَلّٰى عَنِّيْ وَلَا يُرِيْدُ ذٰلِكَ فَقُلْتُ مَاكُنْتُ اَظُنُّ اَنِّيْ اَعْرِضُ هٰذَا مِنْ نَفْسِيْ فَيَدَعُهٗ وَمَآ اُرَاهُ يُرِيْدُ خَيْرًا وَّاِنْ كَانَ لَابُدَّ لَاَنْ يَّرُبَّنِيْ بَنُوْ عَمِّيْ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ يَّرُبَّنِيْ غَيْرُهُمْ

۱۷۷۷۔ ہم سے محمد بن عبید بن میمون نے حدیث بیان کی، ان سے عیسیٰ بن یونس نے حدیث بیان کی۔ ان سے عمر ابن سعید نے بیان کیا، انہیں ابن ابی ملیکہ نے خبر دی کہ ہم ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا ابن زبیر پر تمہیں حیرت نہیں ہوتی، وہ اب خلافت کے لئے کھڑے ہو گئے ہیں تو میں نے ارادہ کر لیا کہ (ان کے فضائل بیان کرنے کے لئے) میں اپنے کو وقف کر دوں گا، جو میں نے ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے لئے بھی نہیں کیا تھا۔ حالانکہ وہ دونوں حضرات ان سے ہر حیثیت سے بہتر تھے (کیونکہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ کے فضائل عام طور سے لوگوں کو معلوم نہیں ہیں اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہ کے فضائل سب کو معلوم تھے) اور میں نے ان کے متعلق کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی کی اولاد میں سے ہیں۔ زبیر رضی اللہ عنہ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بیٹے، خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھائی کے بیٹے، عائشہ رضی اللہ عنہا کی بہن کے بیٹے لیکن (دوسری طرف ان کا معاملہ یہ رہا کہ) وہ مجھ پر اپنی بڑائی جتانا چاہتے ہیں اور مجھے اپنے قریب اور خواص میں نہیں رکھنا چاہتے۔ اس لئے میں نے سوچا کہ مجھے بھی خود کو ان کے سامنے اس طرح نہ پیش کرنا چاہئے، بہر حال میرا خیال ہے کہ ان کا یہ طرز عمل کچھ بہتر نتائج کا حامل نہیں ہوگا، اگرچہ میرے چچا کی اولاد مجھ پر حاکم ہو یہ اس سے بہتر ہے کہ کوئی دوسرا حاکم بنے۔

باب ۷۰۶. قَوْلِهٖ وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ قَالَ مُجَاهِدٌ يَتَاَلَّفُهُمْ بِالْعَطِيَّةِ

۷۰۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "نیز ان کا جن کی دلجوئی منظور ہے" مجاہد نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ ان لوگوں کو کچھ دے دلا کر ان کی دلجوائی کرتے تھے۔

(۱۷۷۸) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نُعْمٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ بُعِثَ

۱۷۷۸۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، انہیں ان کے والد نے، انہیں ابن ابی نعم نے اور ان سے ابوسعید

اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ فَقَسَّمَه، بَيْنَ اَرْبَعَةٍ وَّقَالَ اَتَاَلَّفُهُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مَّاعَدَلْتَ فَقَالَ يَخْرُجُ مِنْ ضِئْضِئِ هٰذَا قَوْمٌ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ

رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے پاس کچھ مال آیا تو آپ ﷺ نے چار اشخاص میں اسے تقسیم کر دیا اور فرمایا کہ میرا مقصد ان کی دلجوئی ہے اس پر ایک شخص بولا کہ آپ نے انصاف نہیں کیا، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص کی نسل سے ایک ایسی قوم پیدا ہوگی جو دین سے دور ہو جائے گی۔

باب۷۰۷. قَوْلِهِ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ يَلْمِزُوْنَ يَعِيْبُوْنَ وَجُهْدَهُمْ وَجَهْدَهُمْ طَاقَتَهُمْ

۷۰۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہ ایسے ہیں جو صدقات کے باب میں نفل صدقہ دینے والے مسلمانوں پر اعتراض کرتے ہیں "یلمزون ای یعیبون جهدهم' جهدهم ای طاقتهم."

(۱۷۷۹) حَدَّثَنِيْ بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَبُوْمُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا اُمِرْنَا بِالصَّدَقَةِ كُنَّا نَتَحَامَلُ فَجَآءَ اَبُوْعَقِيْلٍ بِنِصْفِ صَاعٍ وَّجَآءَ اِنْسَانٌ بِاَكْثَرَ مِنْهُ فَقَالَ الْمُنَافِقُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ صَدَقَةِ هٰذَا وَمَا فَعَلَ هٰذَا الْاٰخَرُ اِلَّا رِئَآءً فَنَزَلَتْ اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِيْنَ لَايَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ اَلْاٰيَةَ

۱۷۷۹۔ مجھ سے ابو محمد بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں سلیمان نے، انہیں ابو وائل نے اور ان سے ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہمیں صدقہ کا حکم ہوا تو ہم بوجھ اٹھاتے (اور اس کی مزدوری صدقہ میں دے دیتے) چنانچہ ابو عقیل رضی اللہ عنہ آدھا صاع صدقہ لے کر آئے اور ایک دوسرے صحابی اس سے زیادہ لائے۔ اس پر منافقوں نے کہا کہ اللہ کو اس (یعنی ابو عقیل رضی اللہ عنہ کے صدقہ کی کوئی ضرورت نہیں تھی اور اس دوسرے نے تو محض دکھاوے کے لئے صدقہ دیا ہے چنانچہ آیت نازل ہوئی کہ "یہ ایسے لوگ ہیں جو صدقات کے باب میں نفلی صدقہ دینے والے مسلمانوں پر اعتراض کرتے ہیں۔ اور خصوصاً ان لوگوں پر جنہیں بجز ان کی محنت مزدوری کے کچھ نہیں ملتا۔" آخر آیت تک۔

(۱۷۸۰) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ اُسَامَةَ اَحَدَّثَكُمْ زَائِدَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ بِالصَّدَقَةِ فَيَحْتَالُ اَحَدُنَا حَتّٰى يَجِيْءُ بِالْمُدِّ وَاِنَّ لِاَحَدِهِمُ الْيَوْمَ مِاَةَ اَلْفٍ كَاَنَّه، يُعَرِّضُ بِنَفْسِهٖ

۱۷۸۰۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، بیان کیا کہ میں نے ابو اسامہ سے پوچھا کہ آپ حضرات سے زائدہ نے حدیث بیان کی تھی کہ ان سے سلیمان نے، ان سے شقیق نے اور ان سے ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ صدقہ کی ترغیب دیتے تھے تو آپ کے بعض صحابہ محنت مزدوری کر کے لاتے اور (بڑی مشکل سے) ایک مد کا صدقہ کر سکتے۔ لیکن آج انہیں میں بعض ایسے ہیں جن کے پاس لاکھوں ہے غالباً آپ کا اشارہ خود اپنی طرف تھا۔

باب۷۰۸ قَوْلِهِ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

۷۰۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "آپ ان کے لئے استغفار کریں خواہ ان کے لئے استغفار نہ کریں، اگر آپ ان کے لئے ستر بار بھی استغفار کریں گے (جب بھی اللہ انہیں نہیں بخشے گا۔")

(۱۷۸۱) حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ

۱۷۸۱۔ ہم سے عبید بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ

عَنْ عَبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُاللّٰهِ جَآءَ ابْنُه، عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَه، اَنْ يُعْطِيَه، قَمِيْصَه، يُكَفِّنُ فِيْهِ اَبَاهُ فَاَعْطَاهُ ثُمَّ سَاَلَه، اَنْ يُصَلِّيَ فَقَامَ عُمَرُ فَاَخَذَ بِثَوْبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَقَدْ نَهَاكَ رَبُّكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا خَيَّرَنِي اللّٰهُ فَقَالَ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً وَّسَازِيْدُه، عَلَى السَّبْعِيْنَ قَالَ اِنَّه، مُنَافِقٌ قَالَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ

نے، ان سے عبیداللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ جب عبداللہ بن ابی (منافق) کا انتقال ہوا تو اس کے لڑکے عبیداللہ بن عبداللہ (جو پختہ مسلمان تھے) رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آنحضور ﷺ اپنی قمیص ان کے والد کے کفن کے لئے عنایت فرمادیں۔ آنحضور ﷺ نے قمیص عنایت فرمائی۔ پھر انہوں نے عرض کی کہ آنحضور ﷺ نماز جنازہ بھی پڑھا دیں۔ آنحضور ﷺ نماز جنازہ پڑھانے کے لئے بھی آگے بڑھ گئے، اتنے میں عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کا دامن پکڑ لیا اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) آپ اس کی نماز جنازہ پڑھانے جارہے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے منع بھی فرمادیا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے فرمایا ہے کہ ”آپ ان کے لئے استغفار کریں خواہ ان کے لئے استغفار نہ کریں۔ اگر آپ ان کے لئے ستر(۷۰)بار بھی استغفار کریں۔ (جب بھی اللہ انہیں نہیں بخشے گا) اس لئے میں ستر(۷۰)مرتبہ سے بھی زیادہ استغفار کروں گا) وہ ممکن ہے کہ اللہ زیادہ استغفار کرنے سے معاف کردے) عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی، لیکن یہ شخص تو منافق ہے۔ بیان کیا کہ آخر آنحضور ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا کہ ”اور ان سے جو کوئی مرجائے اس پر کبھی بھی نماز نہ پڑھیئے اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہو جایئے۔“

(۱۷۸۲) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ وَّقَالَ غَيْرُه، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّه، قَالَ لَمَّامَاتَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلٍ دُعِيَ لَه، رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَلَمَّا قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَثَبْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُصَلِّيَ عَلَى ابْنِ اُبَيِّ وَقَدْ قَالَ يَوْمَ كَذَاوَكَذَا وَكَذَا قَالَ اُعَدِّدُ عَلَيْهِ قَوْلَه، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اَخِّرْعَنِّيْ يَا عُمَرُ فَلَمَّا اَكْثَرْتُ عَلَيْهِ قَالَ اِنِّيْ خُيِّرْتُ فَاخْتَرْتُ لَوْ اَعْلَمُ اَنِّيْ اِنْ زِدْتُّ عَلَى السَّبْعِيْنَ يُغْفَرْلَه، لَزِدْتُّ

۱۷۸۲۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، اور ان کے علاوہ (ابوصالح عبداللہ بن صالح) نے بیان کیا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عبیداللہ بن عبداللہ نے خبر دی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اور ان سے عمر رضی اللہ عنہ نے۔ جب عبداللہ بن ابی بن سلول کا انتقال ہوا تو رسول اللہ ﷺ سے اس کی نماز پڑھانے کے لئے کہا گیا، جب حضور اکرم ﷺ نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے تو میں جھپٹ کے آپ کے پاس پہنچا اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! آپ ابن ابی (منافق) کی نماز پڑھانے کے لئے تیار ہو گئے ہیں، حالانکہ اس نے فلاں فلاں دن اس طرح کی باتیں (اسلام کے خلاف) کی تھیں، بیان کیا کہ میں اس کی کہی ہوئی باتیں ایک ایک کر کے پیش کرنے لگا۔ لیکن حضور اکرم ﷺ نے تبسم

عَلَيْهَا قَالَ فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَمْ يَمْكُثْ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى نَزَلَتِ الْاٰيَتَانِ مِنْ بَرَآءَةٍ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا اِلٰى قَوْلِهٖ وَهُمْ فَاسِقُوْنَ قَالَ فَعَجِبْتُ بَعْدُ مِنْ جُرْأَتِيْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ

فرمایا، عمر! صف میں جا کے کھڑے ہو جاؤ میں نے اصرار کیا تو آپ نے فرمایا کہ مجھے (منافقوں کے بارے میں) اختیار دیا گیا ہے اس لئے میں نے (ان کے لئے استغفار کرنے اور ان پر نماز جنازہ پڑھانے ہی کو) پسند کیا، اگر مجھے یہ معلوم ہو جائے کہ ستر(۷۰) مرتبہ سے زیادہ استغفار کرنے سے اس کی مغفرت ہو جائے گی تو میں ستر(۷۰) مرتبہ سے زیادہ استغفار کروں گا۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے نماز پڑھائی اور واپس تشریف لائے، تھوڑی ہی دیر ابھی ہوئی تھی کہ سورۂ براءۃ کی دو آیتیں نازل ہوئیں، "اور ان میں سے جو کوئی مر جائے اس پر کبھی بھی نماز نہ پڑھیئے" ارشاد "وھم فاسقون" تک بیان کیا کہ بعد میں مجھے حضور اکرم ﷺ کے سامنے اپنی اس درجہ جرأت پر خود بھی حیرت ہوئی، اور اللہ اور اس کی رسول بہتر جاننے والے ہیں۔

باب ۷۰۹۔ قَوْلِهٖ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّ لَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ

۷۰۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور ان میں سے جو کوئی مر جائے اس پر کبھی بھی نماز نہ پڑھیئے اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہو جایئے۔"

(۱۷۸۳) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عَيَاضٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ جَآءَ ابْنُهٗ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُ قَمِيْصَهٗ وَاَمَرَهٗ اَنْ يُّكَفِّنَهٗ فِيْهِ ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ عَلَيْهِ فَاَخَذَ عُمَرُؓ بْنُ الْخَطَّابِ بِثَوْبِهٖ فَقَالَ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَهُوَ مُنَافِقٌ وَّقَدْ نَهَاكَ اللّٰهُ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لَهُمْ قَالَ اِنَّمَا خَيَّرَنِيَ اللّٰهُ اَوْ اَخْبَرَنِيْ فَقَالَ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ فَقَالَ سَاَزِيْدُهٗ عَلٰى سَبْعِيْنَ قَالَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّيْنَا مَعَهٗ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَا تُصَلِّ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فَاسِقُوْنَ

۱۷۸۳۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے انس بن عیاض نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوا تو اس کے بیٹے عبداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آنحضور ﷺ نے انہیں اپنی قمیص عنایت فرمائی اور فرمایا کہ اس قمیص سے اسے کفن دیا جائے، پھر آپ ﷺ اس پر نماز پڑھانے کے لئے کھڑے ہوئے۔ تو عمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کا دامن پکڑ لیا اور عرض کی، آپ اس پر نماز پڑھنے کے لئے تیار ہو گئے۔ حالانکہ یہ منافق ہے، اللہ تعالیٰ بھی آپ کو ان کے لئے استغفار سے منع کر چکا ہے، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے یا (اس کے بجائے راوی نے) (اخبرنی کہا) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ آپ ان کے لئے استغفار کریں خواہ ان کے لئے استغفار نہ کریں اگر آپ ان کے لئے ستر بار بھی استغفار کریں جب بھی اللہ انہیں نہیں بخشے گا۔" آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں ستر(۷۰) مرتبہ سے بھی زیادہ استغفار کروں گا۔ بیان کیا کہ پھر آپ نے اس پر نماز پڑھی اور ہم نے بھی آپ ﷺ کے ساتھ پڑھی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "اور ان میں سے جو کوئی مر جائے اس پر کبھی بھی نماز نہ پڑھیئے اور نہ اس کی قبر پر کھڑے

ہو جائے بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ اس حال میں مرے ہیں کہ وہ نافرمان تھے۔"

باب ۱۷۱۰. قَوْلِهٖ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ

۱۷۱۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "عنقریب یہ لوگ تمہارے سامنے جب تم ان کے پاس جاؤ گے اللہ کی قسم کھا جائیں گے تا کہ تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑے رہو، سو تم ان کو ان کی حالت پر چھوڑے رہو، بے شک یہ گندے ہیں اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، بدلہ میں اس کے جو کچھ وہ کرتے رہے۔"

(۱۷۸۴) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ تَبُوْكَ وَاللّٰهِ مَآ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ نِّعْمَةٍ بَعْدَ اِذْ هَدٰنِيْ اَعْظَمَ مِنْ صِدْقِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّآ اَكُوْنَ كَذَبْتُهٗ فَاَهْلِكَ كَمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا حِيْنَ اُنْزِلَ الْوَحْيُ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ اِلَى الْفَاسِقِيْنَ

۱۷۸۴۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ نے اور ان سے عبداللہ بن کعب بن مالک نے بیان کیا کہ انہوں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے ان کے غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہو سکنے کا واقعہ سنا، آپ نے فرمایا خدا کی قسم ہدایت کے بعد اللہ نے مجھ پر اتنا بڑا اور کوئی انعام نہیں کیا جتنا رسول اللہ ﷺ کے سامنے سچ بولنے کے بعد ظہور پذیر ہوا تھا (اللہ تعالیٰ کا انعام یہ تھا کہ) مجھے جھوٹ بولنے سے باز رکھا۔ ورنہ میں بھی اسی طرح ہلاک ہو جاتا جس طرح دوسرے جھوٹی معذرتیں بیان کرنے والے ہلاک ہوئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں وحی نازل کی تھی کہ "عنقریب یہ لوگ تمہارے سامنے، جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے۔ اللہ کی قسم کھا جائیں گے" الفاسقین تک۔

باب ۱۷۱۱. قَوْلِهٖ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

۱۷۱۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور کچھ اور لوگ ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا، انہوں نے ملے جلے عمل کئے تھے (کچھ) بھلے اور کچھ بری، تو قع ہے کہ اللہ ان پر توجہ کرے، بے شک اللہ بڑا مغفرت والا، بڑا رحمت والا ہے۔"

(۱۷۸۵) حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ هُوَابْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ حَدَّثَنَا اَبُوْرَجَآءٍ حَدَّثَنَا سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَآ اَتَانِي اللَّيْلَةَ اٰتِيَانِ فَابْتَعَثَانِيْ فَانْتَهَيْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ مَبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَّلَبِنِ فِضَّةٍ فَتَلَقَّانَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِّنْ خَلْقِهِمْ كَاَحْسَنِ مَآ اَنْتَ رَآءٍ وَشَطْرٌ كَاَقْبَحِ مَآ اَنْتَ رَآءٍ قَالَا لَهُمُ اذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِيْ ذٰلِكَ النَّهْرِ فَوَقَعُوْا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوْآ اِلَيْنَا

۱۷۸۵۔ ہم سے مؤمل بن ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے عوف نے حدیث بیان کی، ان سے ابورجاء نے حدیث بیان کی اور ان سے سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم سے فرمایا، رات (خواب میں) میرے پاس دو فرشتے آئے اور مجھے اٹھا کر ایک ایسے شہر میں لے گئے جو سونے اور چاندی کی اینٹوں سے بنایا گیا تھا، وہاں ہمیں ایسے لوگ ملے جن کا آدھا بدن نہایت خوبصورت، اتنا کہ کسی نے ایسا حسن نہ دیکھا ہوگا اور بدن کا دوسرا نصف حصہ نہایت بدصورت تھا اتنا کہ کسی نے ایسی بدصورتی

قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْٓءُ عَنْهُمْ فَسَارُوْا فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ قَالَا لِيْ هٰذِهٖ جَنَّةُ عَدْنٍ وَّ هٰذَاكَ مَنْزِلُكَ قَالَا اَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِّنْهُمْ حَسَنٌ وَّشَطْرٌ مِّنْهُمْ قَبِيْحٌ فَاِنَّهُمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

نہیں دیکھی ہوگی، دونوں فرشتوں نے ان لوگوں سے کہا کہ جاؤ اور اس نہر میں غوطہ لگا آؤ وہ گئے اور نہر میں غوطہ لگا آئے، جب وہ ہمارے پاس دوبارہ واپس آئے تو ان کی بدصورتی جاتی رہی تھی اور اب وہ نہایت حسین اور خوبصورت نظر آتے تھے۔ پھر فرشتوں نے مجھ سے کہ یہ "جنت عدن" ہے اور یہ آپ کی منزل ہے، جن لوگوں کو ابھی آپ نے دیکھا کہ جس کا آدھا حصہ خوبصورت تھا اور آدھا بدصورت، تو یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے نیک اعمال کے ساتھ کچھ برے عمل بھی کئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کردیا تھا۔

باب ۷۱۲. قَوْلِهٖ مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ

۷۱۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "نبی اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے مغفرت کی دعا کریں۔"

(۱۷۸۶) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ اَبَاطَالِبِ الْوَفَاةُ دَخَلَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ اَبُوْ جَهْلٍ وَّ عَبْدُ ابْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْ عَمِّ قُلْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ اُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَاللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ وَّعَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ يَااَبَاطَالِبِ اَتَرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَالَمْ اُنْهَ عَنْكَ فَنَزَلَتْ مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْكَانُوْا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَاتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ

۱۷۸۶۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں سعید بن مسیب نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ جب جناب ابوطالب کے انتقال کا وقت قریب ہوا تو نبی کریم ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے، اس وقت وہاں ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بھی موجود تھے، آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا، چچا! لا الٰہ الا اللہ کہہ دیجئے، میں اسی کلمہ کو اللہ کی بارگاہ میں پیش کرلوں گا (آپ کی بخشش کے لئے) اس پر ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ کہنے لگے۔ ابوطالب! کیا آپ عبدالمطلب کے دین سے پھر جائیں گے؟ حضور اکرم ﷺ نے کہا کہ اب میں آپ کے لئے برابر مغفرت کی دعا مانگتا رہوں گا، جب تک مجھے اس سے روک نہ دیا جائے، تو یہ آیت نازل ہوئی نبی اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے مغفرت کی دعا کریں اگرچہ وہ (مشرکین) رشتہ دار ہی ہوں جب ان پر یہ ظاہر ہو چکے کہ وہ (اموات) اہل دوزخ ہیں۔"

باب ۷۱۳. قَوْلِهٖ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَاكَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

۷۱۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک اللہ نے نبی پر اور مہاجرین وانصار پر رحمت کے ساتھ توجہ فرمائی جنہوں نے نبی کا ساتھ تنگی کے وقت میں دیا، اس کے بعد کہ ان میں سے ایک گروہ کے دلوں میں کچھ تزلزل ہو چلا تھا، پھر (اللہ نے) ان لوگوں پر رحمت کے ساتھ توجہ فرمادی بے شک وہ ان کے حق میں بڑا شفیق ہے، بڑا رحمت والا ہے۔"

(۱۷۸۷) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ ابْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ

۱۷۸۷۔ ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن

وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ قَالَ اَحْمَدُ وَحَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ كَعْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ كَعْبٍ وَّ كَانَ قَآئِدَ كَعْبٍ مِّنْ بَنِیْهِ حِیْنَ عَمِیَ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ فِیْ حَدِیْثِهٖ وَعَلَی الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا قَالَ فِیْٓ اٰخِرِ حَدِیْثِهٖ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِیْ اَنْ اَنْخَلِعَ مِنْ مَّالِیْ صَدَقَةً اِلَی اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَیْرٌ لَّكَ

وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے یونس نے خبر دی، احمد بن صالح نے بیان کیا کہ ہم سے عنبسہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا۔ انہیں عبدالرحمٰن بن کعب نے خبر دی کہا کہ مجھے عبداللہ بن کعب نے خبر دی (ان کے والد) کعب بن مالک رضی اللہ عنہ جب نابینا ہو گئے تھے تو صاحبزادوں میں یہی آپ کو راستے میں ساتھ لے کر چلتے تھے انہوں نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے ان کے اس واقعہ کے سلسلے میں سنا جس کے بارے میں آیت "وعلی الثلاثة الذین خلفوا" نازل ہوئی تھی آپ نے آخر میں (حضور اکرم ﷺ سے) عرض کیا کہ اپنی توبہ کے قبول ہونے کی خوشی میں میں اپنا تمام مال اللہ اور اس کے رسول کے راستے میں صدقہ کرتا ہوں۔ لیکن آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنا کچھ مال اپنے پاس ہی رہنے دو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے۔

باب ۱۷۱۴. قَوْلِهٖ وَعَلَی الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ خُلِّفُوْا حَتّٰٓی اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَیْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَیْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ لِیَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

۱۷۱۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور ان تینوں پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا، جہاں تک کہ جب زمین ان پر باوجود اپنی فراخی کے تنگی کرنے لگی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی بجز اسی کی طرف کے، پھر اس نے ان پر رحمت سے توجہ فرمائی تا کہ وہ رجوع کرتے رہا کریں، بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، بڑا رحمت والا ہے۔"

(۱۷۸۸) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ شُعَیْبٍ حَدَّثَنَا مُوْسَی ابْنُ اَعْیَنَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ رَاشِدٍ اَنَّ الزُّهْرِیَّ حَدَّثَهٗ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ وَّهُوَ اَحَدُ الثَّلٰثَةِ الَّذِیْنَ تِیْبَ عَلَیْهِمْ اَنَّهٗ لَمْ یَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَطُّ غَیْرَ غَزْوَتَیْنِ غَزْوَةِ الْعُسْرَةِ وَغَزْوَةِ بَدْرٍ قَالَ فَاَجْمَعْتُ صِدْقَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضُحًی وَّكَانَ كُلَّمَا یَقْدَمُ مِنْ سَفَرٍ سَافَرَهٗ اِلَّا ضُحًی وَّكَانَ یَبْدَءُ بِالْمَسْجِدِ فَیَرْكَعُ رَكْعَتَیْنِ وَنَهَی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَلَامِیْ وَكَلَامِ صَاحِبَیَّ وَلَمْ یَنْهَ عَنْ

۱۷۸۸۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے احمد بن ابی شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن اعین نے حدیث بیان کی، ان سے اسحاق بن راشد نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے بیان کی، کہا کہ مجھے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے خبر دی، ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ ان تین صحابہ میں سے تھے۔ جن کی توبہ قبول کی گئی تھی (آپ نے بیان کیا کہ) دو۲ غزووں، غزوۂ عسرت (یعنی غزوۂ تبوک) اور غزوۂ بدر کے سوا اور کسی غزوے میں کبھی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جانے سے نہیں چوکا تھا بیان کیا کہ چاشت کے وقت جب رسول اللہ ﷺ (غزوہ سے واپس تشریف لائے) تو میں نے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کر لیا (اور یہی بات آپ کے سامنے بیان کر دی کہ میں بلا کسی عذر کے غزوہ میں شریک نہ ہوا۔) اور آپ کا سفر سے واپس آنے میں معمول یہ تھا کہ چاشت کے

كَلَامِ اَحَدٍ مِّنَ الْمُتَخَلِّفِيْنَ غَيْرِنَا فَاجْتَنَبَ النَّاسُ
كَلَامَنَا فَلَبِثْتُ كَذٰلِكَ حَتّٰى طَالَ عَلَيَّ الْاَمْرُ وَمَا
مِنْ شَيْءٍ اَهَمُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ فَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ يَمُوْتُ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكُوْنَ مِنَ النَّاسِ بِتِلْكَ
الْمَنْزِلَةِ فَلَا يُكَلِّمُنِيْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ وَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ
فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَوْبَتَنَا عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
حِيْنَ بَقِيَ الثُّلُثُ الْاٰخِرُ مِنَ اللَّيْلِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اُمِّ سَلَمَةَ وَكَانَتْ اُمُّ سَلَمَةَ
مُحْسِنَةً فِيْ شَاْنِيْ مَعْنِيَّةً فِيْ اَمْرِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اُمَّ سَلَمَةَ تِيْبَ عَلٰى كَعْبٍ
قَالَتْ اَفَلَا اُرْسِلُ اِلَيْهِ فَاُبَشِّرَهٗ قَالَ اِذًا يَحْطِمَكُمُ
النَّاسُ فَيَمْنَعُوْنَكُمُ النَّوْمَ سَائِرَ اللَّيْلَةِ حَتّٰى اِذَا
صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ
الْفَجْرِ اٰذَنَ بِتَوْبَةِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَكَانَ اِذَا اسْتَبْشَرَ
اسْتَنَارَ وَجْهُهٗ حَتّٰى كَاَنَّهٗ قِطْعَةٌ مِّنَ الْقَمَرِ وَكُنَّا اَيُّهَا
الثَّلٰثَةُ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا عَنِ الْاَمْرِ الَّذِيْ قُبِلَ مِنْ هٰؤُلَاءِ
الَّذِيْنَ اعْتَذَرُوْا حِيْنَ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَنَا التَّوْبَةَ فَلَمَّا ذُكِرَ
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ
الْمُتَخَلِّفِيْنَ وَاعْتَذَرُوْا بِالْبَاطِلِ ذُكِرُوْا بِشَرِّ مَا
ذُكِرَ بِهٖ اَحَدٌ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا
رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا
اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ
الْاٰيَةَ

وقت ہی آپ (مدینہ) پہنچتے تھے اور سب سے پہلے مسجد میں تشریف لے جاتے اور دو رکعت نماز پڑھتے (بہر حال) حضور اکرم ﷺ نے مجھ سے اور میری طرح عذر بیان کرنے والے دو (۲) اور صحابہؓ سے صحابہ کو بات چیت کرنے سے منع کر دیا، ہمارے علاوہ اور بھی بہت سے لوگ (جو بظاہر مسلمان تھے) غزوے میں شریک نہیں ہوئے، لیکن آپ نے ان میں سے کسی سے بھی بات چیت کی ممانعت نہیں کی تھی، چنانچہ لوگوں نے ہم سے بات چیت کرنا چھوڑ دیا میں اسی حالت میں ٹھہرا رہا، معاملہ بہت طول پکڑتا جارہا تھا۔ ادھر میری نظر میں سب سے اہم معاملہ یہ تھا کہ اگر کہیں (اس عرصہ میں) میں مر گیا تو حضور اکرم ﷺ مجھ پر نماز جنازہ نہیں پڑھیں گے یا (خدانخواستہ) حضور اکرم ﷺ کی وفات ہو جائے، تو لوگوں کا یہی طرز عمل میرے ساتھ پھر ہمیشہ کے لئے باقی رہ جائے گا، نہ مجھ سے کوئی گفتگو کرے گا اور نہ مجھ پر نماز جنازہ پڑھے گا۔ آخر اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ حضور اکرم ﷺ پر اس وقت نازل کی جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ گیا تھا، حضور اکرم ﷺ اس وقت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تشریف رکھتے تھے۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا معاملہ میرے ساتھ احسان و کرم کا تھا اور وہ میری مدد کیا کرتی تھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، ام سلمہ! کعب کی توبہ قبول ہوگئی۔ انہوں نے عرض کی پھر میں ان کے یہاں کسی کو بھیج کر یہ خوشخبری کیوں نہ پہنچوا دوں؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا یہ خبر سنتے ہی لوگ جمع ہو جائیں گے اور ساری رات تمہیں سونے نہیں دیں گے۔ چنانچہ آنحضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھنے کے بعد بتایا کہ اللہ نے ہماری توبہ قبول کر لی ہے۔ آنحضور ﷺ نے جب یہ خوشخبری سنائی تو آپ ﷺ کا چہرہ مبارک منور اور روشن ہو گیا، جیسے چاند کا ٹکڑا ہو، اور (غزوہ میں نہ شریک ہونے والے دوسرے افراد سے) جنہوں نے معذرت کی تھی اور ان کی معذرت قبول بھی ہوگئی تھی، ہم تین صحابہ کا معاملہ بالکل مختلف تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری توبہ قبول ہونے کے متعلق وحی نازل کی، لیکن جب ان دوسرے غزوہ میں شریک نہ ہونے والے افراد کا ذکر کیا، جنہوں نے حضور ﷺ کے سامنے جھوٹ بولا تھا اور بے بنیاد معذرت کی تھی تو اس درجہ برائی کے ساتھ کیا کہ کسی کا بھی اتنی برائی کے ساتھ ذکر نہ کیا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ''یہ لوگ تمہارے سب کے سامنے عذر پیش کریں گے جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے۔ آپ کہہ

دیجئے کہ بہانے نہ بناؤ۔ ہم ہرگز تمہاری بات نہ مانیں گے! بے شک ہم کو اللہ تمہاری خبر دے چکا ہے اور عنقریب اللہ اور اس کا رسول ﷺ تمہارا عمل دیکھ لیں گے۔" آخر آیت تک۔

باب ۷۱۵. قَوْلِهٖ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ

۷۱۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور راستبازوں کے ساتھ رہا کرو۔"

(۱۷۸۹) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَّكَانَ قَآئِدَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ قِصَّةِ تَبُوْكَ فَوَاللّٰهِ مَا اَعْلَمُ اَحَدًا اَبْلَاهُ اللّٰهُ فِيْ صِدْقِ الْحَدِيْثِ اَحْسَنَ مِمَّآ اَبْلَانِيْ مَا تَعَمَّدْتُ مُنْذُ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِيْ هٰذَا كَذِبًا وَّاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ اِلٰى قَوْلِهٖ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ

۱۷۸۹۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے اور ان سے عبداللہ بن کعب بن مالک نے، آپ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کو ساتھ لے کر چلتے تھے (جب وہ نابینا ہو گئے تھے) بیان کیا کہ میں نے کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ غزوہ تبوک میں اپنی عدم شرکت کا واقعہ بیان کر رہے تھے (فرمایا) خدا گواہ ہی، سچ بولنے کا جتنا عمدہ پھل اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا، کسی کو نہ دیا ہوگا۔ جب سے رسول اللہ ﷺ کے سامنے میں نے اس واقعہ میں سچی بات کہی تھی، اس وقت سے آج تک کبھی جھوٹ کا ارادہ بھی نہیں کیا، اور اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر یہ آیت نازل کی تھی کہ "بیشک اللہ نے نبی پر اور مہاجرین وانصار پر رحمت کے توجہ فرمائی" آیت مع الصادقین تک۔

باب ۷۱۶. قَوْلِهٖ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ مِنَ الرَّاْفَةِ

۷۱۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "بے شک تمہارے پاس ایک پیغمبر آئے ہیں، تمہاری ہی جنس میں سے جو چیز تمہیں مضرت پہنچاتی ہے انہیں بہت گراں گذرتی ہی، تمہاری (بھلائی) کے حریص ہیں، ایمان والوں کے حق میں بڑے ہی شفیق ہیں، مہربان ہیں۔" (رؤوف رأفۃ) سے مشتق ہے۔

(۱۷۹۰) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيَّ وَكَانَ مِمَّنْ يَّكْتُبُ الْوَحْيَ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُوْ بَكْرٍ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ وَعِنْدَهٗ عُمَرُ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍؓ اَنَّ عُمَرَ اَتَانِيْ فَقَالَ اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِالنَّاسِ وَاِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّآءِ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيْرٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا اَنْ تَجْمَعُوْهُ وَاِنِّيْ لَاَرٰى اَنْ تَجْمَعَ الْقُرْاٰنَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍؓ قُلْتُ لِعُمَرَ كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَّمْ يَفْعَلْهُ

۱۷۹۰۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سباق نے خبر دی اور ان سے زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نے (آپ کاتب وحی تھے) بیان کیا کہ جنگ یمامہ کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے بلا بھیجا، ان کے پاس عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، آپ نے مجھ سے فرمایا۔ عمرؓ میرے پاس آئے اور کہا کہ جنگ یمامہ میں بہت زیادہ مسلمان شہید ہو گئے ہیں اور مجھے خطرہ ہے کہ (کفار کے ساتھ) لڑائیوں میں یونہی قرآن کے علماء اور قاری شہید ہوں گے اور اس طرح قرآن کا علم ضائع ہوگا، اب تو ایک ہی صورت ہے کہ آپ حضرات قرآن کی تدوین کر لیں اور میرا خیال ہے کہ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ ھُوَ وَاللّٰہِ خَیْرٌ فَلَمْ یَزَلْ عُمَرُ یُرَاجِعُنِیْ فِیْہِ حَتّٰی شَرَحَ اللّٰہُ لِذٰلِکَ صَدْرِیْ وَرَاَیْتُ الَّذِیْ رَاٰی عُمَرُ قَالَ زَیْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَعُمَرُ عِنْدَہٗ جَالِسٌ لَایَتَکَلَّمُ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ اِنَّکَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ وَّلَا نَتَّھِمُکَ کُنْتَ تَکْتُبُ الْوَحْیَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْاٰنَ فَاجْمَعْہُ فَوَاللّٰہِ لَوْکَلَّفَنِیْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَاکَانَ اَثْقَلَ عَلَیَّ مِمَّا اَمَرَنِیْ بِہٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْاٰنِ قُلْتُ کَیْفَ تَفْعَلَانِ شَیْئًا لَّمْ یَفْعَلْہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ ھُوَ وَاللّٰہِ خَیْرٌ فَلَمْ اَزَلْ اُرَاجِعُہٗ حَتّٰی شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرِیْ لِلَّذِیْ شَرَحَ اللّٰہُ لَہٗ صَدْرَاَبِیْ بَکْرٍ وَّعُمَرَ فَقُمْتُ فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْاٰنَ اَجْمَعُہٗ مِنَ الرِّقَاعِ وَالْاَکْتَافِ وَالْعُسُبِ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰی وَجَدْتُّ مِنْ سُوْرَۃِ التَّوْبَۃِ اٰیَتَیْنِ مَعَ خُزَیْمَۃَ الْاَنْصَارِیِّ لَمْ اَجِدْھُمَا مَعَ اَحَدٍ غَیْرِہٖ لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ اِلٰی اٰخِرِھِمَا وَکَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِیْ جُمِعَ فِیْہِ الْقُرْاٰنُ عِنْدَ اَبِیْ بَکْرٍ حَتّٰی تَوَفَّاہُ اللّٰہُ ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰی تَوَفَّاہُ اللّٰہُ ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَۃَ بِنْتِ عُمَرَ تَابَعَہٗ عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ وَاللَّیْثُ عَنْ یُّوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ وَّقَالَ اللَّیْثُ حَدَّثَنِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ وَّقَالَ مَعَ اَبِیْ خُزَیْمَۃَ الْاَنْصَارِیِّ وَقَالَ مُوْسٰی عَنْ اِبْرَاھِیْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ شِھَابٍ مَّعَ اَبِیْ خُزَیْمَۃَ وَتَابَعَہٗ یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ اَبِیْہِ وَقَالَ اَبُوْثَابِتٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیْمُ وَقَالَ مَعَ خُزَیْمَۃَ اَوْاَبِیْ خُزَیْمَۃَ

آپ اس کام کے لئے زیادہ مناسب رہیں گے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس پر میں نے عمرؓ سے کہا، ایسا کام میں کس طرح کر سکتا ہوں جو خود رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا تھا (یعنی قرآن مجید کی تدوین و ترتیب) عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، خدا کی قسم یہ تو محض ایک نیک کام ہے اس کے بعد عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے اس معاملہ پر گفتگو کرتے رہے اور آخر میں اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی شرح صدر عطا فرمایا اور میری بھی رائے وہی ہوگئی جو عمر رضی اللہ عنہ کی تھی۔ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ وہیں خاموش بیٹھے ہوئے تھے، پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم جوان اور سمجھ دار ہو۔ ہمیں تم پر کسی قسم کا شبہ بھی نہیں اور تم حضور اکرم ﷺ کی وحی لکھا بھی کرتے تھے اس لئے تم ہی قرآن مجید (کے مخطوطے) تلاش کر کے انہیں (لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق) جمع کر دو۔ خدا گواہ ہے کہ اگر ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے کوئی پہاڑ اٹھا کے لے جانے کے لئے کہتے تو یہ میرے لئے اتنا گراں نہیں تھا جتنا قرآن کی جمع و ترتیب کا حکم! میں نے عرض کی کہ آپ حضرات ایک ایسے کام کے کرنے پر کس طرح آمادہ ہوگئے، جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا تھا۔ تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خدا کی قسم، یہ ایک نیک کام ہے پھر میں ان سے اس مسئلہ پر گفتگو کرتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی اسی طرح شرح صدر عطا فرمایا جس طرح ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو عطا فرمایا تھا۔ چنانچہ میں اٹھا اور میں نے کھال ہڈی اور کھجور کی شاخوں سے (جن پر قرآن مجید لکھا ہوا تھا، اس دور رواج کے مطابق) قرآن مجید کو جمع کرنا شروع کیا اور لوگوں کے (جو قرآن کے حافظ تھے) حافظہ سے بھی مدد لی اور سورۂ توبہ کی دو آیتیں خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس مجھے ملیں، ان کے علاوہ کسی کے پاس (یہ دو ۲ سورتیں لکھی ہوئی صورت میں) مجھے نہیں ملی تھی، (وہ آیتیں یہ تھیں) ''لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم'' آخر تک (ترجمہ اوپر گذر چکا) پھر مصحف جس میں قرآن مجید کو جمع کیا گیا تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا۔ آپ کی وفات کے بعد عمرؓ کے پاس محفوظ رہا پھر آپ کی وفات کے بعد آپ کی صاحبزادی، (ام المومنین) حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس محفوظ رہا۔ اس روایت کی متابعت عثمان بن عمر اور لیث نے کی، ان سے یونس نے ان سے ابن شہاب نے، اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے عبدالرحمٰن بن خالد

نے حدیث بیان کی، اور ان سے ابن شہاب نے اور کہا کہ (سورۂ براءۃ کی مذکورہ دو آیتیں ابوخزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس (تحقیق بجائے خزیمہ رضی اللہ عنہ کے) اس روایت کی متابعت یعقوب بن ابراہیم نے کی، ان سے ان کے والد نے "اور ابوثابت نے بیان کیا کہ ہم سے ابراہیم نے حدیث بیان کی اور کہا کہ خزیمہ کے پاس یا ابوخزیمہ کے پاس (شک کے ساتھ)۔"

سُوْرَةُ يُوْنُسَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ فَاخْتَلَطَ فَنَبَتَ بِالْمَآءِ مِنْ كُلِّ لَوْنٍ

باب۷۱۷. قَالُوا اتَّخَذَاللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَه' هُوَ الْغَنِيُّ وَقَالَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ خَيْرٌيُّقَالُ تِلْكَ ايَات يَعْنِيْ هٰذِهِ اَعْلَامُ الْقُرْآنِ وَ مِثْلُه' حَتّٰى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِمْ اَلْمَعْنٰى بِكُمْ دَعْوَا هُمْ دُعَآؤُ هُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ دَنَوْا مِنَ الْهَلَكَةِ اَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْئَتُه' فَاتَّبَعَهُمْ وَاتْبَعَهُمْ وَاحِدٌ عَدْوًامِنَ الْعُدْوَان وَقَالَ مُجَاهِدٌ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَا لَهُمْ بِالْخَيْرِ قَوْلُ الْاِنْسَانِ لِوَلَدِهٖ وَمَالِهٖ اِذَاغَضِبَ اَللّٰهُمَّ لَاتُبَارِكْ فِيْهِ وَالْعَنْهُ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ لَاُهْلِكَ مَنْ دُعِيَ عَلَيْهِ وَلَاَمَاتَه' لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى مِثْلُهَا حُسْنٰى وَزِيَادَةٌ مَّغْفِرَةٌ وَقَالَ غَيْرُه' النَّظَرُ اِلٰى وَجْهِهٖ الْكِبْرِيَآءُ الْمُلْكُ

سورۂ یونس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "فاختلط" کا مفہوم یہ ہے کہ پانی سے ہر طرح نباتات اگ آئے۔

۷۱۷۔ کہتے ہیں کہ اللہ نے ایک بیٹا بنا رکھا ہے، سبحان اللہ! "بے نیاز ہے وہ" زید بن اسلم نے بیان کیا کہ "ان لھم قدم صدق" سے محمد ﷺ کی طرف اشارہ ہے اور مجاہد نے بیان کیا کہ اس سے مراد خیر ہے۔ "تلک آیات" یعنی یہ قرآن کی نشانیاں ہیں، اسی طرح اس آیت میں ہے "حتیٰ اذا کنتم فی الفلک وجرین بھم" یعنی بکم "دعواھم" ای دعائھم. "احیط بھم" یعنی ہلاکت و بربادی کے قریب آ گئے، جیسے "احاطت بہ خطیئۃ" فاتبعھم اور اتبعھم کے ایک معنی ہیں۔ "عدو" عدوان سے ہے۔ آیت "یعجل اللہ للناس الشر استعجالھم بالخیر" کے متعلق مجاہد نے فرمایا کہ اس سے مراد غصہ کے وقت آدمی کا اپنی اولاد اور اپنے مال کے متعلق یہ کہنا ہے کہ اے اللہ! اس میں برکت نہ فرما اور اس کو اپنی رحمت سے دور کر دے تو (بعض اوقات ان کی یہ بددعا نہیں لگتی) کیونکہ ان کی تقدیر کا فیصلہ پہلے ہی ہو چکا تھا اور (بعض اوقات) جن پر بددعا کی جاتی ہے۔ وہ ہلاکت و برباد ہو جاتے ہیں "للذین احسنوا الحسنیٰ" ای مثلھا "زیادۃ" ای مغفرۃ ان کے غیر (یعنی ابوقتادہ) نے فرمایا کہ مراد اللہ تعالیٰ کا دیدار ہے۔ "الکبریاء" ای الملک.

باب۷۱۸. قَوْلُهٗ وَجَاوَزْنَا بِبَنِيْۤ اِسْرَآئِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُه' بَغْيًا وَّعَدْوًا حَتّٰۤى اِذَا اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّه' لَآاِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْ اٰمَنَتْ بِهٖ

۷۱۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر کے پار کر دیا۔ پھر فرعون اور اس کے لشکر نے ظلم و زیادتی (کے ارادہ) سے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو بولا، میں ایمان لاتا ہوں کہ کوئی خدا

بَنُوْٓا اِسْرَآئِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ نُنَجِّيْكَ نُلْقِيْكَ عَلٰى نَجْوَةٍ مِّنَ الْاَرْضِ وَهُوَ النَّشْرُ الْمَكَانُ الْمُرْتَفِعُ

نہیں بجز اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اور میں مسلموں میں (داخل ہوتا) ہوں "ننجیک ای نلقیک علی نجوة من الارض" نجوة "بمعنی النشرو هوالمكان المرتفع."

(۱۷۹۱) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَالْیَهُوْدُ تَصُوْمُ عَاشُوْرَآءَ فَقَالُوْا هٰذَا یَوْمٌ ظَهَرَ فِیْهِ مُوْسٰی عَلٰی فِرْعَوْنَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهٖ اَنْتُمْ اَحَقُّ بِمُوْسٰی مِنْهُمْ فَصُوْمُوْا

۱۷۹۱۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو یہود عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے انہوں نے بتایا کہ اس دن موسیٰ علیہ السلام، فرعون پر غالب آئے تھے، اس پر آنحضور ﷺ نے اپنے صحابہؓ سے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام کے ہم ان سے زیادہ مستحق ہیں، اس لئے تم بھی روزہ رکھو۔

سُوْرَةُ هُوْدٍ

سورۂ ہود

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ اَبُوْمَيْسَرَةَ الْاَوَّاهُ الرَّحِيْمُ بِالْحَبَشَةِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَادِیَ الرَّاْیِ مَاظَهَرَ لَنَا وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْجُوْدِیُّ جَبَلٌ بِالْجَزِیْرَةِ وَقَالَ الْحَسَنُ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِیْمُ یَسْتَهْزِءُ وْنَ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَقْلِعِیْ اَمْسِكِیْ عَصِیْبٌ شَدِیْدٌ لَاجَرَمَ بَلٰی وَفَارَ التَّنُّوْرُ نَبَعَ الْمَآءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ وَجْهُ الْاَرْضِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اور ابومیسرہ نے بیان کیا کہ "اواہ" حبشہ کی زبان میں رحیم کے معنی میں ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، بادی الرای یعنی جو بغیر غور و فکر کے معلوم ہو جائے، مجاہد نے فرمایا کہ "الجودی" جزیرہ کا ایک پہاڑ ہے، حسن نے فرمایا کہ "انک لانت الحلیم" (جی ہاں۔ آپ بڑے بردبار ہیں) کفار استہزاء کے طور پر کہا کرتے تھے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "اقلعی" ای امسکی، "عصیب" ای شدید. "لا جرم" ای بلی "وفار التنور" ای نبع الماء اور عکرمہ نے فرمایا کہ (تنور سے مراد) روئے زمین ہے۔

بَاب ۱۷۱۹. اَلَا اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ اَلَاحِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ وَقَالَ غَيْرُهٗ وَحَاقَ نَزَلَ يَحِيْقُ يَنْزِلُ يَؤُسٌ فَعُوْلٌ مِنْ يَئِسْتُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَبْتَئِسْ تَحْزَنْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ شَكٌّ وَّامْتِرَآءٌ فِی الْحَقِّ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ مِنَ اللّٰهِ اِنِ اسْتَطَاعُوْا

۱۷۱۹۔سنو، سنو وہ لوگ اپنے سینوں کو دہرا کئے دیتے ہیں تاکہ اپنی باتیں اللہ سے چھپا سکیں، سنو، سنو! وہ لوگ جس وقت اپنے کپڑے لپیٹتے ہیں (اس وقت بھی) وہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں، بے شک وہ (ان کے) دلوں کے اندر (کی باتوں) سے خوب واقف ہے۔" ان کے غیر نے کہا کہ "حاق" بمعنی نزل ہے۔ یحیق ای ینزل. "یؤس" یئست سے فعول کے وزن پر ہے۔ مجاہد نے فرمایا کہ تبتئس ای تحزن. "یثنون صدورهم." یعنی حق کے بارے میں شک و امتراء۔ "لیستخفوا منه" ای من الله ان استطاعوا

(۱۷۹۲) حَدَّثَنَا الحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَبَّاحٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّه، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقْرَأُ اَلَا اِنَّهُمْ يَثْنُوْنِیْ صُدُوْرُهُمْ قَالَ سَأَلْتُه، عَنْهَا فَقَالَ اُنَاسٌ كَانُوْا يَسْتَحْيُوْنَ اَنْ يَّتَخَلَّوْا فَيُفْضُوْآ اِلَى السَّمَآءِ وَاَنْ يُّجَامِعُوْا نِسَآءَ هُمْ فَيُفْضُوْآ اِلَى السَّمَآءِ فَنَزَلَ ذٰلِكَ فِيْهِمْ

۱۷۹۲۔ ہم سے حسن بن محمد بن صباح نے حدیث بیان کی، ان سے حجاج نے حدیث بیان کی، کہا کہ ابن جریج نے بیان کیا، انہیں محمد بن عباد بن جعفر نے خبر دی اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ آیت کی قرأت اس طرح کرتے تھے "الا انهم يثنونى صدورهم" میں نے ان سے آیت کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ کچھ لوگ اس میں حیا محسوس کرتے تھے کہ کھلی ہوئی جگہ میں خلاء کے لئے بیٹھیں یا کھلی ہوئی جگہ میں اپنی بیویوں کے ساتھ ہم بستری کریں، تو آیت انہیں کے بارے میں نازل ہوئی۔

(۱۷۹۳) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَّ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ ابْنُ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَرَأَ اَلَا اِنَّهُمْ يَثْنُوْنِیْ صُدُوْرُهُمْ قُلْتُ يَا اَبَا الْعَبَّاسِ مَا تَثْنُوْنِیْ صُدُوْرُ هُمْ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ يُجَامِعُ امْرَاَتَه، فَيَسْتَحِیْ اَوْيَتَخَلّٰى فَيَسْتَحِیْ فَنَزَلَتْ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَ هُمْ

۱۷۹۳۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے، انہیں محمد بن عباد بن جعفر نے خبر دی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ اس طرح قرأت کرتے تھے۔ "الا انهم يثنونى صدورهم" (آیت کا ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا ہے) میں نے پوچھا، اے ابوالعباس! "يثنونى صدورهم" کا کیا مفہوم ہے۔ فرمایا کہ کچھ لوگ اپنی بیوی سے ہم بستری کرتے ہوئے بھی حیا محسوس کرتے تھے اور خلاء کے لئے بیٹھتے ہوئے بھی حیا محسوس کرتے تھے۔ انہیں کے باری میں یہ آیت نازل ہوئی کہ "الا انهم يثنون صدورهم."

(۱۷۹۴) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلَا اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَ هُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ وَقَالَ غَيْرُه، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْتَغْشُوْنَ يُغَطُّوْنَ رُءُوْسَهُمْ سِيْٓءَ بِهِمْ سَآءَ ظَنُّه، بِقَوْمِهٖ وَضَاقَ بِهِمْ بِاَضْيَافِهٖ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ بِسَوَادٍ وَّقَالَ مُجَاهِدٌ اُنِيْبُ اَرْجِعُ

۱۷۹۴۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی اور ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، کہا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت کی قرأت اس طرح کی تھی "الا انهم يثنون صدورهم. يستخفوا منه الاحين يستغشون ثيابهم" اور عمرو بن دینار کے علاوہ نے بیان کیا، ابن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطے سے کہ "يستغشون" یعنی اپنے سر چھپا لیتے تھے۔ "سیٔ بہم" یعنی اپنی قوم سے وہ بدگمان ہوگئے تھے۔ "ضاق بہم" یعنی اپنے مہمانوں کے بارے میں (وہ تنگ ہوگئے تھے کہ ان کی قوم انہیں بھی پریشان کرے گی۔) "بقطع من الليل" یعنی کچھ حصہ۔ مجاہد نے فرمایا کہ "انیب" ارجع کے معنی میں ہے۔

باب ۷۲۰. قَوْلِهٖ وَكَانَ عَرْشُه، عَلَى الْمَآءِ

۷۲۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اس کا عرش (حکومت) پانی پر تھا۔"

(۱۷۹۵) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ

۱۷۹۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا

اَنْفِقْ اُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ يَدُاللهِ مَلْاٰى لَاتَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّآءُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَقَالَ اَرَاَيْتُمْ مَّا اَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ فَاِنَّه' لَمْ يَغِضْ مَافِيْ يَدِهٖ وَكَانَ عَرْشُه' عَلَى الْمَآءِ وَبِيَدِهِ الْمِيْزَانُ يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ اعْتَرَاكَ افْتَعَلْتَ مِنْ عَرَوْتُه' اَيْ اَصَبْتُه' وَمِنْهُ يَعْرُوْهُ وَاعْتَرَانِيْ اَخَذَ بِنَا صِيَتِهَا اَيْ فِيْ مِلْكِهٖ وَسُلْطَانِهٖ عَنِيْدٌ وَّعَنُوْدٌ وَّعَانِدٌ وَّاحِدٌ هُوَ تَاكِيْدُ التَّجَبُّرِ اسْتَعْمَرَ كُمْ جَعَلَكُمْ عُمَّارًا اَعْمَرْتُهُ الدَّارَ فَهِيَ عُمْرٰى جَعَلْتُهَا لَه' نَكِرَهُمْ وَاَنْكَرَهُمْ وَاسْتَنْكَرَهُمْ وَاحِدٌ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ كَاَنَّه' فَعِيْلٌ مِّنْ مَّاجِدٍ مَّحْمُوْدٌ مِنْ حَمِدَ سِجِّيْلٌ الشَّدِيْدُ الْكَبِيْرُ سِجِّيْلٌ وَّ سِجِّيْنٌ وَّاللَّامُ وَالنُّوْنُ اُخْتَانِ وَقَالَ تَمِيْمُ بْنُ مُقْبِلٍ

وَرَجْلَةٍ يَّضْرِبُوْنَ الْبَيْضَ ضَاحِيَةً
ضَرْبًا تَوَاصٰى بِهِ الْاَبْطَالُ سِجِّيْنًا

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا اِلٰى اَهْلِ مَدْيَنَ لِاَنَّ مَدْيَنَ بَلَدٌ وَّمِثْلُه' وَاسْاَلِ الْقَرْيَةَ وَاسْاَلِ الْعِيْرَ يَعْنِيْ اَهْلَ الْقَرْيَةِ وَالْعِيْرِوَرَآءَ كُمْ ظِهْرِيًّا يَقُوْلُ لَمْ تَلْتَفِتُوْا اِلَيْهِ وَيُقَالُ اِذَا لَمْ يَقْضِ الرَّجُلُ حَاجَتَه' ظَهَرْتَ بِحَاجَتِيْ وَجَعَلْتَنِيْ ظِهْرِيًّا وَّالظِّهْرِيُّ هٰهُنَا اَنْ تَاخُذَ مَعَكَ دَابَّةً اَوْوِعَآءً تَسْتَظْهِرُ بِهٖ اَرَاذِلُنَا سُقَّاطُنَا اِجْرَامِيْ هُوَ مَصْدَرٌ مِنْ اَجْرَمْتُ وَبَعْضُهُمْ يَقُوْلُ جَرَمْتُ اَلْفُلْكَ وَالْفَلَكَ وَاحِدٌ وَّهِيَ السَّفِيْنَةُ وَالسُّفُنُ مُجْرَاهَا مَدْفَعُهَا وَهُوَ مَصْدَرُ اَجْرَيْتُ وَاَرْسَيْتُ حَبَسْتُ وَ يُقْرَاُ مُرْسَاهَا مِنْ رَّسَتْ هِيَ وَمَجْرَاهَا مِنْ جَرَتْ هِيَ وَمَجْرِيْهَا وَّمُرْسِيْهَا مِنْ فُعِلَ بِهَا الرَّاسِيَاتُ ثَابِتَاتٌ

ہے کہ (میری راہ میں) خرچ کروتو میں بھی تمہیں دوں گا اور فرمایا، اللہ کا خزانہ بھرا ہوا ہے رات اور دن کے مسلسل خرچ اس میں کمی پیدا نہیں کرسکتے اور فرمایا تم نے دیکھا نہیں جب سے اللہ نے آسمان وزمین کو پیدا کیا ہے مسلسل خرچ کئے جارہا ہے۔لیکن اس کے خزانے میں کوئی کمی نہیں ہوئی، اس کا عرش حکومت پانی پر تھا اور اس کے ہاتھ میں میزان عدل ہے جسے وہ جھکاتا اور اٹھاتا ہے۔''اعتراک''عروۃ سے افتعال کے باب سے ہے، ''ای اصبتة'' اسی سے یعروہ اور اعترانی آتا ہے۔''اخذبنا صیتها'' ای فی ملکه وسلطانه، عنیدعنوداور عاند ہم معنی ہیں اور کبروبڑائی کے لئے مبالغہ کے طور پر اس کا استعمال ہوتا ہے ''استعمرکم'' ای جعلکم عمارا بولتے ہیں''اعمرته الدار فهی عمری'' یعنی اعمرت العمری کے لئے۔) اس کی ملکیت میں دے دیا۔نکرھم، انکرھم، اور استنکرھم ایک معنی میں ہے۔''حمید مجید'' مجید، ماجد سے فعیل کے وزن پر ہے (اور حمید یعنی) محمود، حمد سے۔''سجیل'' یعنی سخت اور بڑا۔سجیل اور سجین (ہم معنی ہیں) لام اور نون میں بہت قرابت ربط ہے تمیم بن مقبل کا شعر ہے:

''ورجلة یضربون البیض ضاحیة
ضرباً تواصیٰ به الابطال سجیناً''

''اور مدین کی طرف ہم نے ان کے بھائی شعیب کو بھیجا'' یعنی مدین والوں کی طرف، کیونکہ مدین ایک شہر تھا، اسی طرح ''واسأل القرية'' واسأل العير ہے یعنی اہل قریہ اور اہل عیر۔''وراء کم ظهريا'' یعنی شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اللہ کے حکم کی کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ جب کوئی کسی کی ضرورت پوری نہ کرے تو کہتے ہیں ظهرت بحاجتی یا جعلتنی ظهريا اور ''ظهری'' اس موقعہ پر اس مفہوم کے لئے آیا ہے کہ کوئی اپنے ساتھ جانور یا برتن رکھے تاکہ (ضرورت کے وقت) اس سے کام لے۔ ''اراذلنا'' ای سقاطنا''اجرامی'' اجرمت کا مصدر ہے اور بعض نے کہا ہے کہ جرمت کا ہے۔''الفلک اور الفلک ایک ہیں'' (واحد میں) بمعنی سفینہ (کشتی) اور (جمع میں) بمعنی سفن۔''مجراها'' ای مدفعها، یہ اجریت کا مصدر ہے۔اور ارسیت ای جلست، اور ''مرسٰها'' رست السفینة سے مشتق ہے، اور ''مجراها'' جرت السفینة سے مشتق ہے، نیز اس کی قرأت'' مجریها و مرسیها کی گئی ہے، فعل بها سے۔

"الراسیات" ای ثابتات.

باب ۷۲۱. قَوْلِهٖ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ وَاحِدُ الْاَشْهَادِ شَاهِدٌ مِّثْلُ صَاحِبٍ وَّ اَصْحَابٍ

۷۲۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد" اور گواہ کہیں گے کہ یہی لوگ ہیں، جنہوں نے اپنے پروردگار کی نسبت جھوٹ باتیں لگائی تھیں، سنو، سنو کہ اللہ کی لعنت ہے ظالموں پر" اشہاد کا واحد شاہد ہے، جیسے صاحب اور اصحاب۔

(۱۷۹۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ وَّ هِشَامٌ قَالَا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ قَالَ بَيْنَا ابْنُ عُمَرَ يَطُوْفُ اِذْعَرَضَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَوْقَالَ يَا ابْنَ عُمَرَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّجْوٰى فَقَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْنَى الْمُؤْمِنُ مِنْ رَّبِّهٖ وَقَالَ هِشَامٌ يَّدْ نُوا الْمُؤْمِنُ حَتّٰى يَضَعَ عَلَيْهِ كَنَفَهٗ فَيُقَرِّرُهٗ بِذُنُوْبِهٖ تَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا يَقُوْلُ اَعْرِفُ يَقُوْلُ رَبِّ اَعْرِفُ مَرَّتَيْنِ فَيَقُوْلُ سَتَرْتُهَا فِي الدُّنْيَا وَاَغْفِرُ هَالَكَ الْيَوْمَ ثُمَّ تُطْوٰى صَحِيْفَةُ حَسَنَاتِهٖ وَاَمَّا الْاٰخَرُوْنَ اَوِالْكُفَّارُ فَيُنَادٰى عَلٰى رُءُوْسِ الْاَشْهَادِ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ وَقَالَ شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ

۱۷۹۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے سعید اور ہشام نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ ہم سے قتادہ نے حدیث بیان کی، اور ان سے صفوان بن محرز نے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ طواف کر رہے تھے کہ ایک شخص آپ کے سامنے آیا اور پوچھا اے عبدالرحمٰن! یا یہ کہا کہ اے ابن عمر! کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سرگوشی کے متعلق کچھ سنا ہے (جو اللہ اور مومنین کے درمیان قیامت کے دن ہوگی) آپ نے بیان کیا کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا آپ فرما رہے تھے کہ مؤمن اپنے رب سے اتنا قریب ہو جائے گا۔ اور ہشام نے یدنوا المؤمن (بجائے یدنی المؤمن کے) بیان کیا (مفہوم ایک ہے۔) یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان پر اپنا ہاتھ رکھے گا (یعنی رحمت سے توجہ فرمائے گا) اور اس کے گناہوں کا اقرار کرائے گا کہ فلاں گناہ تمہیں یاد ہے؟ بندہ عرض کرے گا، یاد ہے، میرے رب! مجھے یاد ہے، دو مرتبہ اقرار کرے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں نے دنیا میں تمہارے گناہوں کی پردہ پوشی کی اور آج بھی تمہاری مغفرت کروں گا۔ پھر اسے اس کے حسنات کا صحیفہ دیا جائے گا لیکن دوسرے لوگ یا (یہ کہا کہ) کفار تو ان کے متعلق بھرے مجمع میں اعلان کیا جائے گا کہ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی نسبت جھوٹ باتیں لگائی تھیں اور شیبان نے بیان کیا ان سے قتادہ نے کہ ہم سے صفوان نے حدیث بیان کی۔

باب ۷۲۲. قَوْلِهٖ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ الْعَوْنُ الْمُعِيْنُ رَفَدْتُهٗ اَعَنْتُهٗ تَرْكَنُوْا تَمِيْلُوْا فَلَوْلَا كَانَ فَهَلَّا كَانَ اُتْرِفُوْا اُهْلِكُوْا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ صَوْتٌ شَدِيْدٌ وَّصَوْتٌ ضَعِيْفٌ

۷۲۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد" اور آپ کے پروردگار کی پکڑ اسی طرح ہے جب وہ بستی والوں کو پکڑتا ہے جو آپ اپنے اوپر) ظلم کرتے رہتے ہیں، بے شک اس کی پکڑ بڑی تکلیف دہ ہے، بڑی سخت ہے۔"
"الرفد المرفود" ای العون المعین، رفدته ای اعنته. "ترکنوا" ای تمیلوا. "فلو لاکان" ای فهلا کان. "اترفوا" ای اهلکوا. ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "زفیر وشهیق" یعنی تیز آواز اور ہلکی آواز۔

(۱۷۹۷) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا

۱۷۹۷۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابو معاویہ نے

اَبُوْمُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا بُرَيْدُ بْنُ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِي مُوْسٰیؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِيْ لِلظَّالِمِ حَتّٰى اِذَآ اَخَذَه' لَمْ يُفْلِتْه' قَالَ ثُمَّ قَرَاَ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَه' اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ

خبر دی، ان سے برید بن ابی بردہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بردہ نے اور ان سے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والے کو مہلت دیتا رہتا ہے۔ لیکن جب پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا۔ بیان کیا کہ پھر آپ نے آیت کی تلاوت کی۔ ''اور آپ کے پروردگار کی پکڑ اسی طرح ہے، جب وہ بستی والوں کو پکڑتا ہے جو (اپنے اوپر) ظلم کرتے رہتے ہیں، بے شک اس کی پکڑ بڑی تکلیف دہ ہے۔ بڑی سخت ہے۔''

باب۷۲۳. قَوْلِهٖ وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ وَزُلَفًا سَاعَاتٍ بَعْدَ سَاعَاتٍ وَّ مِنْهُ سُمِّيَتِ الْمُزْدَلِفَةُ الزُّلَفُ مَنْزِلَةٌ بَعْدَ مَنْزِلَةٍ وَّاَمَّا زُلْفٰى فَمَصْدَرٌ مِّنَ الْقُرْبٰى اِزْدَلَفُوْا اجْتَمَعُوْا وَ اَزْلَفْنَا جَمَعْنَا

۷۲۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ نماز کی پابندی رکھئے دن کے دونوں سروں پر اور رات کے کچھ حصوں میں، بے شک نیکیاں مٹا دیتی ہیں بدیوں کو، یہ ایک نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے۔'' ''زلفا'' یعنی ایک وقفہ کے بعد دوسرا وقفہ، اسی سے مزدلفہ ہے۔ الزلف یعنی ایک منزل کے بعد دوسری منزل، اور زلفیٰ مصدر ہے بمعنی القربیٰ ازدلفوا ای اجتمعوا، ازلفنا ای جمعنا.

(۱۷۹۸) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَصَابَ مِنِ امْرَاَةٍ قُبْلَةً فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَه' فَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ قَالَ الرَّجُلُ اِلَيَّ هٰذِهٖ قَالَ لِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ اُمَّتِيْ

۱۷۹۸۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید نے حدیث بیان کی آپ زریع کے صاحبزادے ہیں، ان سے سلیمان تیمی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعثمان نے اور ان سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صاحب نے کسی (اجنبیہ) عورت کا بوسہ لے لیا، پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اپنی اس لغزش کا ذکر کیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اور آپ نماز کی پابندی رکھئے، دن کے دونوں سروں پر اور رات کے کچھ حصوں میں، بے شک نیکیاں مٹا دیتی ہیں بدیوں کو، یہ ایک نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے'' ان صاحب نے عرض کی، کیا یہ آیت صرف میرے ہی لئے ہے (کہ نیکیاں بدیوں کو مٹا دیتی ہے)؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کے ہر فرد کے لئے ہے جو اسپر عمل کرے۔

سُوْرَةُ يُوْسُفَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ فُضَيْلٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُتَّكَأً اَلْاُتْرُجُّ قَالَ فُضَيْلٌ اَلْاُتْرُجُّ بِالْحَبْشِيَّةِ مُتْكًا وقال ابن عيينة عَنْ رَجُلٍ عَنْ مُجَاهِدٍ مُتْكًا كُلُّ شَيْءٍ قُطِعَ

سورۂ یوسف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اور فضیل نے کہا، ان سے حصین نے اور ان سے مجاہد نے کہ، متکاءً لیموں کو کہتے ہیں، فضیل نے کہا کہ لیموں کو حبشی زبان میں ''متکا'' کہتے ہیں۔ اور ابن عیینہ نے ایک صاحب کے واسطہ سے اور انہوں نے مجاہد

بِالسِّكِّيْنِ وَقَالَ قَتَادَةُ لَذُوْ عِلْمٍ عَامِلٌ بِمَا عَمِلَ وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ صَوَاعٌ مَكُّوْكُ الْفَارِسِيِّ الَّذِيْ يَلْتَقِيْ طَرَفَاهُ كَانَتْ تَشْرَبُ بِهِ الْاَعَاجِمُ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُفَنِّدُوْنَ تُجَهِّلُوْنَ وَقَالَ غَيْرُه، غَيَابَةٌ كُلُّ شَيْءٍ غَيَّبَ عَنْكَ شَيْئًا فَهُوَ غَيَابَةٌ وَالْجُبُّ الرَّكِيَّةُ الَّتِيْ لَمْ تُطْوَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا بِمُصَدِّقٍ اَشُدَّه، قَبْلَ اَنْ يَّاْخُذَ فِي النُّقْصَانِ يُقَالُ بَلَغَ اَشُدَّه، وَبَلَغُوْا اَشُدَّ هُمْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ وَاحِدُهَا شَدٌّ وَالْمُتَّكَأُ مَااتَّكَأْتَ عَلَيْهِ لِشَرَابٍ اَوْلِحَدِيْثٍ اَوْلِطَعَامٍ وَّاَبْطَلَ الَّذِيْ قَالَ الْاُتْرُجُّ وَلَيْسَ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ الْاُتْرُجُّ فَلَمَّا احْتُجَّ عَلَيْهِمْ بِاَنَّهُ الْمُتَّكَأُ مِنْ نَّمَارِقَ فَرُّوْا اِلَى شَرٍّ مِّنْهُ فَقَالُوْا اِنَّمَا هُوَ الْمُتْكُ سَاكِنَةَ التَّاءِ وَ وَاِنَّمَا الْمُتْكُ طَرَفُ الْبَظْرِ وَمِنْ ذٰلِكَ قِيْلَ لَهَا مَتْكَاءُ وَابْنُ الْمَتْكَاءِ فَاِنْ كَانَ ثَمَّ اُتْرُجٌّ فَاِنَّه، بَعْدَ الْمُتَّكَإِ شَغَفَهَا يُقَالُ بَلَغَ شِغَافَهَا وَهُوَ غِلَافُ قَلْبِهَا وَاَمَّا شَعَفَهَا فَمِنَ الْمَشْعُوْفِ اَصْبُ اَمِيْلُ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ مَالَا تَاْوِيْلَ لَه، وَالضِّغْثُ مِلْءُ الْيَدِمِنْ حَشِيْشٍ وَّمَا اَشْبَهَه، وَ مِنْهُ وَ خُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا لَا مِنْ قَوْلِهٖ اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ وَّاحِدُهَا ضِغْثٌ نَمِيْرٌ مِنَ الْمِيْرَةِ وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ مَّايَحْمِلُ بَعِيْرٌاٰوٰى اِلَيْهِ ضَمَّ اِلَيْهِ السِّقَايَةَ مِكْيَالٌ تَفْتَأُ لَاتَزَالُ اسْتَيْاَسُوْا يَئِسُوْا لَاتَايْئَسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ مَعْنَاهُ الرَّجَاءُ خَلَصُوْا نَجِيًّا اعْتَزَلُوْا نَجِيًّا وَّالْجَمِيْعُ اَنْجِيَةٌ يَتَنَاجَوْنَ الْوَاحِدُ نَجِيٌّ وَّالْاِثْنَانِ وَالْجَمْعُ نَجِيٌّ وَّاَنْجِيَةٌ حَرَضًا مُحْرَضًا يُذِيْبُكَ الْهَمُّ تَحَسَّسُوْا تَخَبَّرُوْا مُزْجَاةٌ قَلِيْلَةٌ غَاشِيَةٌ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ عَامَّةٌ مُجَلِّلَةٌ

کے واسطہ سے بیان کیا کہ "متکا" ہراس چیز کو کہیں گے جسے چھری سے کاٹا جاسکتا ہو۔ اور قتادہ نے فرمایا کہ "لذو علم" یعنی وہ شخص جو اپنے علم کے مطابق عمل بھی کرتا ہو۔ اور ابن جبیر نے فرمایا کہ "صواع" مکوک فارسی (ایک پیمانہ) کو کہتے ہیں اس کا اوپر کا حصہ تنگ ہوتا ہے، اور اہل عجم اس میں شراب پیتے تھے، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "تفندون" ای تجہلون، اور ان کے غیر نے فرمایا کہ "غیابة" ہراس چیز کو کہتے ہیں جو تم سے کسی چیز کو چھپا دے، ایسی چیز غیابة کہلائے گی۔ "الجب" اس کنویں کو کہتے ہیں جس کے مینڈ یر نہ ہو "بمؤمن لنا" ای بمصدق۔ "اشدہ" یعنی انحطاط سے پہلے کی عمر، بولتے ہیں "بلغ اشدہ"، "اور بلغوا اشدھم" بعض حضرات نے کہا ہے کہ اس کا واحد شد ہے اور "متکا" (جمہور کی قرأت کے مطابق) وہ چیز جس پر پیتے وقت یا کھاتے یا بات کرتے وقت ٹیک لگائیں۔ اس طرح جن لوگوں نے "متکا" (ہمزہ کے بغیر) کو لیموں کے معنی میں بتایا تھا ان کے قول کو غلط قرار دیا ہے، یہ لفظ کلام عرب میں اس معنی میں استعمال بھی نہیں ہوتا۔ پھر جب ان لوگوں کے خلاف یہ دلیل پیش کی کہ متکا "تو گدے کو کہتے ہیں، تو وہ پہلے سے بھی غلط معنی اس کے بیان کرنے لگے اور کہا کہ یہ لفظ "متک" ہے، تا کہ سکون کے ساتھ یعنی عورت کی شرم گاہ، اور اسی وجہ سے عورت کو متکا اور ابن المتکا کہتے ہیں، جی ہاں، اگر وہاں (زلیخا کی مجلس میں) لیموں رہا ہوگا تو وہ ٹیک لگا کے ہی (کھایا گیا ہوگا) "شغفہا" کہتے ہیں بلغ شغا فہا یعنی غلاف قلبہا، اور (ایک قرأت میں) شعفہا مشعوف سے ہے "اصب ای امیل." "اضغاث احلام" یعنی جس خواب کی کوئی تعبیر نہ ہو، اور "ضغث" گھاس پھوس سے ہاتھ بھر لینے کو کہتے ہیں۔ "خذ بیدک ضغثا" اسی سے ہے، اضغاث احلام سے نہیں ہے اضغاث کا واحد ضغث ہے "نمیر" میرة سے مشتق ہے "نزداد کیل بعیر" یعنی جتنا اونٹ اٹھا سکتا ہو۔ "آوی الیه" ای ضم الیه. "السقایة" ایک پیمانہ ہے۔ "استیأسوا" یعنی یئسوا۔ اور "لاتائیسوا من روح اللّٰہ" کا مفہوم ہے امید (رحمت خداوندی کی)۔ "خلصوا نجیا" ای اعتزلوا نجیا" جمع انجیه ہے۔ واحد نجی اور تثنیہ اور جمع نجی ہے اور انجیہ بھی "حرضا" ای محرضا یعنی غم آپ کو گھلا دے گا۔ "تحسسوا" ای تخبروا مزجاة ای قلیلة" غاشیة من عذاب اللّٰہ یعنی ایسی سزا جو عام ہو

اور سب ہی کے لئے ہو۔

باب ۷۲۴. قَوْلِهِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْحَاقَ

۷۲۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اپنا انعام تمہارے اوپر اور اولاد یعقوب پر پورا کرے گا جیسا کہ وہ اسے اس سے قبل پورا کر چکا ہے تمہارے دادا، پردادا ابراہیم اور اسحاق پر۔''

(۱۷۹۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَرِيْمُ بْنُ الْكَرِيْمِ بْنِ الْكَرِيْمِ بْنِ الْكَرِيْمِ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحٰقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ

۱۷۹۹۔ ہم نے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن دینار نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، کریم بن کریم بن کریم بن کریم یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم تھے علیہم السلام والصلوٰۃ۔

باب ۷۲۵. قَوْلِهِ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ

۷۲۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یقیناً یوسف اور ان کے بھائیوں (کے قصہ) میں نشانیاں ہیں پوچھنے والوں کے لئے۔''

(۱۸۰۰) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النَّاسِ اَكْرَمُ قَالَ اَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَاَكْرَمُ النَّاسِ يُوْسُفُ نَبِيُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِيِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِيْلِ اللّٰهِ قَالُوْا لَيْسَ عَنْ هٰذَا نَسْئَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْاَلُوْنِيْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَخِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْاِسْلَامِ اِذَا فَقُهُوْا تَابَعَهٗ اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ

۱۸۰۰۔ مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبدہ نے خبر دی، انہیں عبیداللہ نے انہیں سعید بن ابی سعید نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ سے کسی نے سوال کیا کہ انسانوں میں کون سب سے زیادہ شریف ہے تو آپ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ شریف وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔ صحابہؓ نے عرض کی کہ ہمارے سوال کا مقصد یہ نہیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر سب سے زیادہ شریف یوسف علیہ السلام ہیں نبی اللہ بن نبی اللہ بن نبی اللہ بن خلیل اللہ۔ صحابہؓ نے عرض کی کہ ہمارے سوال کا یہ بھی مقصد نہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اچھا، عرب کے خانوادوں کے متعلق تم معلوم کرنا چاہتے ہو؟ صحابہؓ نے عرض کی، جی ہاں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، جاہلیت میں جو لوگ شریف و کریم سمجھے جاتے تھے، اسلام لانے کے بعد بھی وہ شریف ہیں، جب کہ دین کی سمجھ بھی انہیں حاصل ہو جائے، اس روایت کی متابعت ابو اسامہ نے عبیداللہ کے واسطہ سے کی۔

باب ۷۲۶. قَوْلِهِ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا سَوَّلَتْ زَيَّنَتْ

۷۲۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یعقوب نے کہا (جی نہیں) بلکہ تمہارے لئے تمہارے دل نے ایک بات گھڑلی ہے۔''

(۱۸۰۱) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ ح قَالَ وَحَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ النُّمَيْرِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ ابْنُ يَزِيْدَ الْاَيْلِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ

۱۸۰۱۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی۔ ان سے صالح نے ان سے ابن شہاب نے۔ ح۔ (مصنف نے کہا) اور ہم سے حجاج نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن عمر نمیری نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن یزید ایلی

سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَعَلْقَمَةَ ابْنَ وَقَّاصٍ وَعُبَيْدَاللّٰهِ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ حَدِيثِ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ لَهَا اَهْلُ الْإِفْكِ مَاقَالُوْا فَبَرَّاَهَا اللّٰهُ كُلٌّ حَدَّثَنِي طَآئِفَةً مِنَ الْحَدِيثِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ وَاِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِيْ اِلَيْهِ قُلْتُ اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا اَجِدُ مَثَلاً اِلَّا اَبَايُوسُفَ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ الْعَشْرَ الْاٰيَاتِ

نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زہری سے سنا، انہوں نے عروہ بن زبیر، سعید بن میسب علقمہ بن وقاص اور عبید اللہ بن عبداللہ سے نبی کریم کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس واقعہ کے متعلق سنا، جس میں تہمت لگانے والوں نے آپ پر تہمت لگائی تھی، اور پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کی براءت نازل کی تھی، ان تمام حضرات نے مجھ سے واقعہ کا ایک ایک حصہ بیان کیا، (واقعہ بیان کرتے ہوئے انہوں نے بیان کیا کہ) نبی کریم ﷺ نے فرمایا (عائشہ رضی اللہ عنہا سے) کہ اگر تم بری ہو تو عنقریب اللہ تعالیٰ تمہاری براءت نازل کر دے گا، لیکن اگر تم نے کسی گناہ کا ارادہ کیا تھا تو اللہ سے مغفرت طلب کرو اور اس کے حضور میں توبہ کرو (عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ) میں نے اس پر کہا، بخدا، میری اور تمہاری مثال یوسف علیہ السلام کے والد (یعقوب علیہ السلام) جیسی ہے (اور انہیں کی کہی ہوئی بات میں بھی دہراتی ہوں کہ) ''سو صبر (ہی) اچھا ہے اور تم جو کچھ بیان کرتے ہو اس پر اللہ ہی مدد کرے۔'' اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے (عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت میں آیت) نازل کی ''ان الذین جاءو بالافک'' دس آیتیں۔

(۱۸۰۲) حَدَّثَنَا مُوسٰى حَدَّثَنَا اَبُوعَوَانَةَ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ قَالَ حَدَّثَنِي مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ حَدَّثَتْنِي اُمُّ رُوْمَانَ وَهِيَ اُمُّ عَآئِشَةَ قَالَتْ بَيْنَا اَنَا وَعَآئِشَةُ اَخَذَتْهَا الْحُمّٰى فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّ فِيْ حَدِيثٍ تُحُدِّثَ قَالَتْ نَعَمْ وَقَعَدَتْ عَآئِشَةُ قَالَتْ مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَيَعْقُوبَ وَبَنِيهِ وَ اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ

۱۸۰۲۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے، ان سے ابووائل نے بیان کیا کہ مجھ سے مسروق بن اجدع نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے ام رومان رضی اللہ عنہا نے بیان کیا۔ آپ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ہیں، آپ نے بیان کیا کہ میں اور عائشہ بیٹھے ہوئے تھے، کہ عائشہ کو بخار چڑھ گیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ غالباً یہ ان باتوں کی وجہ سے ہوا ہوگا۔ جن کا چرچا ہو رہا ہے۔ ام رومان رضی اللہ عنہا نے کہا کہ جی ہاں اور عائشہ رضی اللہ عنہا بیٹھ گئیں اور کہا کہ میری اور آپ لوگوں کی مثال، یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں جیسی ہے ''اور تم لوگ جو کچھ بیان کرتے ہو اس پر اللہ ہی مدد کرے۔

باب۷۲۷۔ قَوْلِهٖ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ وَقَالَ عِكْرِمَةُ هَيْتَ لَكَ بِالْحَوْرَانِيَّةِ هَلُمَّ وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ تَعَالَهْ

۷۲۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جس عورت کے گھر میں وہ تھے وہ اپنا مطلب حاصل کرنے کو پھسلانے لگی اور دروازے بند کر لئے اور بولی کہ بس آجاؤ'' اور عکرمہ نے فرمایا کہ ''ھیت لک'' حورانی زبان میں ''ھلم'' کے معنی میں ہے اور ابن جبیر نے اس کے معنی تعالہ بتائے ہیں۔

(۱۸۰۳) حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ عَنْ

۱۸۰۳۔ مجھ سے احمد بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے بشر بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان

عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ هَيْتَ لَكَ قَالَ وَاِنَّمَا يَقْرَءُ وْهَا كَمَا عُلِّمْنَآ هَامَثْوَاهُ مَقَامُه' وَاَلْفَيَآ وَجَدَا اَلْفَوْا اٰبَآءَ هُمْ اَلْفَيْنَا وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ بَلْ عَجِبْتُ وَيَسْخَرُوْنَ

نے، ان سے ابووائل نے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ''ھیت لک'' پڑھا اور فرمایا کہ جس طرح ہمیں یہ لفظ سکھایا گیا ہے اسی طرح ہم پڑھتے ہیں۔ ''مثواہ'' ای مقامہ، ''الفیا'' ای وجدا۔ اسی سے ہے الفوا آباءھم، الفینا۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ''بل عجبت ویسخرون.''

(۱۸۰۴) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ قُرَيْشًا لَّمَّا اَبْطَوْا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاِ سْلَامِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى اَكَلُوْا الْعِظَامَ حَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَى السَّمَآءِ فَيَرٰى بَيْنَه' وَبَيْنَهَا مِثْلَ الدُّخَانِ قَالَ اللّٰهُ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ قَالَ اللّٰهُ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ اَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَمَضَتِ الْبَطْشَةُ

۱۸۰۴۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے مسلم نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ قریش نے جب رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے میں تاخیر کی، تو آپ نے ان کے حق میں بددعا کی کہ اے اللہ! ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانہ کا سا قحط نازل فرما، چنانچہ ایسا قحط پڑا کہ کوئی چیز نہیں ملتی تھی اور وہ ہڈیوں کے کھانے پر مجبور ہو گئے تھے۔ لوگوں کی اس وقت یہ کیفیت تھی کہ آسمان کی طرف نظر اٹھا کے دیکھتے تھے تو دھواں نظر آتا تھا۔ (بھوک و پیاس کی شدت کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''تو آپ انتظار کیجئے اس روز کا، جب آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو'' اور فرمایا ''بے شک ہم چندے اس عذاب کو ہٹا لیں گے اور تم بھی (اپنی پہلی حالت پر) لوٹ آؤ گے۔'' ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا قیامت کے دن کفار سے عذاب کو ہٹایا جائے گا۔ حالانکہ دھویں کا واقعہ بھی گذر چکا اور پکڑ بھی ہو چکی۔

باب ۷۲۸. قَوْلِهٖ فَلَمَّا جَآءَ هُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْاَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ قَالَ مَاخَطْبُكُنَّ اِذْرَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ قُلْنَ حَاشَا لِلّٰهِ وَحَاشَ وَحَاشٰى تَنْزِيْهٌ وَاسْتِثْنَآءٌ حَصْحَصَ وَضَحَ

۷۲۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''پھر جب قاصد ان کے پاس پہنچا تو (یوسف علیہ السلام نے) کہا کہ اپنے آقا کے پاس واپس جا اور اس سے دریافت کر کہ ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ زخمی کر لئے تھے بے شک میرا پروردگار عورتوں کے فریب سے خوب واقف ہے (بادشاہ نے) کہا (اے عورتو!) تمہارا کیا واقعہ ہے جب تم نے یوسفؑ سے اپنا مطلب نکالنے کی خواہش کی تھی، وہ بولیں، حاشا للّٰہ۔

(۱۸۰۵) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ تَلِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا لَقَدْ كَانَ

۱۸۰۵۔ ہم سے سعید بن تلید نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن بن قاسم نے حدیث بیان کی، ان سے بکر بن مضر نے، ان سے عمر بن حارث نے، ان سے یونس بن یزید نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے سعید بن مسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ لوط علیہ السلام پر اپنی رحمت نازل فرمائے کہ انہوں نے رکن شدید کی پناہ لینے کے لئے کہا تھا اور اگر

يَأْوِىْ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِى السِّجْنِ مَالَبِثَ يُوْسُفُ لَاَجَبْتُ الدَّاعِىَ وَنَحْنُ اَحَقُّ مِنْ اِبْرَاهِيْمَ اِذْ قَالَ لَهٗ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ

میں قید خانہ میں اتنے دنوں تک رہ چکا ہوتا جتنے دنوں یوسف علیہ السلام رہے تھے تو بلانے والے کی بات رد نہ کرتا، اور ہم ابراہیم علیہ السلام کی اتباع کے زیادہ حق دار ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان سے کہا، کیا تمہیں اس پر ایمان نہیں ہے؟ ابراہیم علیہ السلام نے عرض کی، کیوں نہیں، میں تو صرف یہ چاہتا ہوں کہ مجھے مزید اطمینان قلب ہو جائے۔

باب ۷۲۹. قَوْلِهٖ حَتّٰى اِذَااسْتَيْاَسَ الرُّسُلُ

۷۲۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہاں تک کہ پیغمبر مایوس ہو گئے ہیں۔"

(۱۸۰۶) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهٗ وَهُوَ يَسْاَلُهَا عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَتّٰى اِذَا اسْتَيْاَسَ الرُّسُلُ قَالَ قُلْتُ اَكُذِبُوْا اَمْ كُذِّبُوْا قَالَتْ عَائِشَةُ كُذِّبُوْا قُلْتُ فَقَدِ اسْتَيْقَنُوْآ اَنَّ قَوْمَهُمْ كَذَّبُوْهُمْ فَمَا هُوَ بِالظَّنِّ قَالَتْ اَجَلْ لَعَمْرِىْ لَقَدِ اسْتَيْقَنُوْا بِذٰلِكَ فَقُلْتُ لَهَا وَظَنُّوْآ اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا قَالَتْ مَعَاذَ اللّٰهِ لَمْ تَكُنِ الرُّسُلُ تَظُنُّ ذٰلِكَ بِرَبِّهَا قُلْتُ فَمَا هٰذِهِ الْاٰيَةُ قَالَتْ هُمْ اَتْبَاعُ الرُّسُلِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ صَدَّقُوْهُمْ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْبَلَآءُ وَ اسْتَاخَرَ عَنْهُمُ النَّصْرُ حَتّٰى اِذَااسْتَيْاَسَ الرُّسُلُ مِمَّنْ كَذَّبَهُمْ مِّنْ قَوْمِهِمْ وَظَنَّتِ الرُّسُلُ اَنَّ اَتْبَاعَهُمْ قَدْ كَذَّبُوْهُمْ جَآءَهُمْ نَصْرُاللّٰهِ عِنْدَ ذٰلِكَ

۱۸۰۶۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے، ان سے صالح نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، عروہ نے آپ سے آیت حتی اذا استیاس الرسل (ترجمہ اوپر گذر چکا ہے) کے متعلق پوچھا تھا عروہ نے بیان کیا کہ میں نے پوچھا تھا، (آیت میں) کُذِبوا (تخفیف کے ساتھ) ہے یا کُذّبوا (تشدید کے ساتھ)؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کذبوا (تشدید کے ساتھ)؟ اس پر میں نے آپ سے کہا کہ انبیاء تو یقین کے ساتھ جانتے تھے کہ ان کی قوم انہیں جھٹلا رہی ہے، ظن وگمان کا اس میں کیا سوال تھا (کہ قرآن نے ظن کے ساتھ بیان کیا؟) عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، تم نے صحیح کہا، انہیں یقین کے ساتھ معلوم تھا۔ اس پر میں نے آیت یوں پڑھی "وظنوا انهم قد كذبوا" (تخفیف کے ساتھ) تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، معاذ اللہ! انبیاء کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس طرح کا کوئی گمان نہیں تھا۔ میں نے عرض کی۔ پھر آیت کا مفہوم کیا ہوگا آپ نے فرمایا، آیت میں انبیاء کے ان متبعین کا ذکر ہوا ہے جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے اور انبیاء کی انہوں نے تصدیق کی تھی۔ لیکن آزمائش کا سلسلہ ان پر بہت طویل ہو گیا اور اللہ کی مدد میں تاخیر ہوئی، اتنی کہ پیغمبر اپنی قوم کے ان لوگوں سے مایوس ہو گئے جنہوں نے ان کی تکذیب کی تھی، اور انہیں یہ بھی خیال گذرا کہ کہیں ان کے متبعین بھی ان کی تکذیب نہ کر بیٹھیں، اس وقت ان کے پاس اللہ کی مدد پہنچی۔

(۱۸۰۷) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ فَقُلْتُ لَعَلَّهَا كُذِبُوْا مُخَفَّفَةً قَالَتْ مَعَاذَاللّٰهِ

۱۸۰۷۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں عروہ نے خبر دی کہ میں نے (عائشہ رضی اللہ عنہا سے) کہا، ہوسکتا ہے یہ کذبوا ہو، تخفیف کے ساتھ، تو انہوں نے فرمایا، معاذ اللہ!

سُوْرَةُ الرَّعْدِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ مَثَلُ الْمُشْرِكِ الَّذِیْ عَبَدَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا غَيْرَه، كَمَثَلِ الْعَطْشَانِ الَّذِیْ يَنْظُرُ اِلٰى خَيَالِهٖ فِی الْمَآءِ مِنْ بَعِيْدٍ وَّهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَنَاوَلَه، وَلَا يَقْدِرُ وَقَالَ غَيْرُه، سَخَّرَ ذَلَّلَ مُتَجَاوِرَاتٌ مُتَدَانِيَاتٌ اَلْمَثُلَاتُ وَاحِدُهَا مَثُلَةٌ وَهِیَ الْاَشْبَاهُ وَالْاَمْثَالُ وَقَالَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا بِمِقْدَارٍ بِقَدَرٍ مُعَقِّبَاتٌ مَلَآئِكَةٌ حَفَظَةٌ تُعَقِّبُ الْاُوْلٰى مِنْهَا الْاُخْرٰى وَمِنْهُ قِيْلَ الْعَقِيْبُ يُقَالُ عَقَّبْتُ فِیْ اَثَرِهِ الْمِحَالَ الْعُقُوْبَةَ كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَقْبِضَ عَلَى الْمَآءِ رَابِيًا مِنْ رَبَا يَرْبُوْا اَوْمَتَاعٍ زَبَدٌ اَلْمَتَاعُ مَا تَمَتَّعْتَ بِهٖ جُفَآءً اَجْفَاتِ الْقِدْرُ اِذَا غَلَتْ فَعَلَاهَا الزَّبَدُ ثُمَّ تَسْكُنُ فَيَذْهَبُ الزَّبَدُ بِلَا مَنْفَعَةٍ فَكَذٰلِكَ يُمَيِّزُ الْحَقَّ مِنَ الْبَاطِلِ الْمِهَادُ الْفِرَاشُ يَدْرَئُوْنَ يَدْفَعُوْنَ دَرَاْتُه، دَفَعْتُه، سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اَیْ يَقُوْلُوْنَ سَلَامٌ وَّاِلَيْهِ مَتَابِ تَوْبَتِیْ اَفَلَمْ يَيْاَسْ لَمْ يَتَبَيَّنْ قَارِعَةٌ دَاهِيَةٌ فَاَمْلَيْتُ اَطَلْتُ مِنَ الْمَلِیِّ وَالْمِلَاوَةِ وَمِنْهُ مَلِيًّا وَيُقَالُ لِلْوَاسِعِ الطَّوِيْلِ مِنَ الْاَرْضِ مَلًى مِّنَ الْاَرْضِ اَشَقُّ اَشَدُّ مِنَ الْمَشَقَّةِ مُعَقِّبٌ مُغَيِّرٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مُتَجَاوِرَاتٌ طَيِّبُهَا وَخَبِيْثُهَا السِّبَاخُ صِنْوَانٌ النَّخْلَتَانِ اَوْ اَكْثَرُ فِیْ اَصْلٍ وَّاحِدٍ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ وَّحْدَهَا بِمَآءٍ وَّاحِدٍ كَصَالِحِ بَنِیْ اٰدَمَ وَخَبِيْثِهِمْ اَبُوْهُمْ وَاحِدٌ السَّحَابُ الثِّقَالُ الَّذِیْ فِيْهِ الْمَآءُ كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ يَدْعُوا الْمَآءَ بِلِسَانِهٖ اَوْيُشِيْرُ اِلَيْهِ بِيَدِهٖ فَلَا يَاْتِيْهِ اَبَدًا سَالَتْ اَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا تَمْلَأُ بَطْنَ وَادٍ زَبَدًا رَّابِيًا زَبَدًا لِّسَّيْلِ خَبَثُ الْحَدِيْدِ وَالْحِلْيَةِ

سورۂ رعد

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اورابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''کباسط کفیہ'' میں مشرک کی مثال بیان کی گئی ہے جو اللہ کے ساتھ دوسرے معبودوں کی بھی عبادت کرتا ہے یعنی اس کی مثال اس پیاسے جیسی ہے جو پانی کے خیال میں مگن ہو کہ دور سے (وہ خود بخود آ کے اس کے منہ میں پہنچ جائے گا) وہ اسے حاصل کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اس پر قدرت حاصل نہیں ہے۔ ان کے غیر نے کہا کہ "سخر" یعنی ذلل. "متجاورات" ای متدانیات "المثلات" کا واحد مثلة ہے، یعنی اشباہ وامثال اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "الا مثل ایام الذین خلوا." "بمقدار" ای بقدر. "معقبات" یعنی حفاظت کرنے والے فرشتے جو یکے بعد دیگرے مسلسل آتے رہتے ہیں، اسی سے عقیب آتا ہے اور بولتے ہیں عقبت فی اثره. "المحال" ای العقوبة. "کباسط کفیه الی الماء" یعنی تاکہ پانی کو (اپنی، ہتھیلیوں میں) روک لے (حالانکہ یہ بے فائدہ ہے) ''رابیا'' ربا یربو سے مشتق ہے۔ ''متاع زبد'' وہ سامان جو استعمال ہوتا رہتا ہے (جیسے برتن وغیرہ) جفاء'' ای اجفات القدر'' یعنی جب ہانڈی میں جوش آتا ہے تو جھاگ اوپر اٹھ آتا ہے اور جب جوش کم ہوتا ہے تو جھاگ میں بھی کمی ہو جاتی ہے، لیکن فائدہ کچھ بھی نہیں! اسی طرح اللہ تعالیٰ حق و باطل کو جدا جدا کرتا ہے۔ "المھاد" ای الفراش. "یدرؤن" ای یدفعون، درأته، ای دفعته "سلام علیکم" یعنی وہ سلام کریں گے۔ "والیه متاب" ای توبتی. "افلم ییائس" ای لم یتبین. "قارعة" ای داهية "فاملیت" ای اطلت ملی اور ملاوۃ سے مشتق ہے، اسی لئے ملیاً آتا ہے، زمین اگر طویل وعریض ہو (یعنی صحرا و بیابان) تو اس کے لئے ملی من الارض کہتے ہیں ''اشق'' ای اشد، مشقۃ سے مشتق ہے۔ ''معقب ای مغیر۔'' متجاورات'' یعنی طیب و خبیث دونوں ملے ہوئے تھے ''صنوان'' ایک کھجور کی جڑ سے نکلی ہوئی دو (۲) یا اس سے زیادہ شاخیں۔ ''وغیر صنوان یعنی تنہا کھجور کا درخت ایک پانی دیا ہوا، مثال ہے بنی آدم کے صالح اور خبیث کی کہ سب کے جدا مجد ایک ہیں۔'' ''السحاب الثقال'' یعنی وہ بادل جس میں پانی ہو۔'' کباسط کفیہ'' یعنی

زبان سے پانی کو بلائے اور ہاتھ سے اس کی طرف اشارہ کرے تو وہ اس کے پاس کبھی نہیں آئے گا۔ ''سالت اودیة بقدرہا'' یعنی جتنے میں وادی بھر جائے۔ ''زبدا رابیا'' لوہے اور زیوروں کا میل۔

باب ۷۳۰. قَوْلِهِ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَاتَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ غِيْضَ نُقِصَ

۷۳۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ کو علم رہتا ہے اس کا جو کچھ کسی عورت کے حمل میں ہوتا ہے اور جو کچھ (عورتوں کے) رحم میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔'' غیض ای نقص۔

(۱۸۰۸) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ لَّا يَعْلَمُهَا اِلَّااللّٰهُ لَايَعْلَمُ مَافِيْ غَدٍ اِلَّااللّٰهُ وَلَايَعْلَمُ مَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ اِلَّااللّٰهُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى يَاْتِي الْمَطَرُ اَحَدٌ اِلَّااللّٰهُ وَلَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ وَلَا يَعْلَمُ مَتٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ اِلَّا اللّٰهُ۔

۱۸۰۸۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے معن نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، غیب کے پانچ خزانے ہیں جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہونے والا ہے، اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ عورتوں کے رحم میں کیا کمی بیشی ہوتی رہتی ہے، اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ بارش کب برسے گی، کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کی موت کہاں واقع ہوگی اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ قیامت کب برپا ہوگی۔

سُوْرَةُ اِبْرَاهِيْمَ

سورۂ ابراہیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَادٍ دَاعٍ وَّقَالَ مُجَاهِدٌ صَدِيْدٌ قَيْحٌ وَّدَمٌ وَّقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اُذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اَيَادِيَ اللّٰهِ عِنْدَكُمْ وَاَيَّامَهٗ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مِنْ كُلِّ مَاسَاَلْتُمُوْهُ رَغِبْتُمْ اِلَيْهِ فِيْهِ يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا يَلْتَمِسُوْنَ لَهَا عِوَجًا وَّاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ اَعْلَمَكُمْ اٰذَنَكُمْ رَدُّوْا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ هٰذَا مَثَلٌ كَفُّوْا عَمَّا اُمِرُوْا بِهٖ مَقَامِيْ حَيْثُ يُقِيْمُهُ اللّٰهُ بَيْنَ يَدَيْهِ مِنْ وَّرَآئِهٖ قُدَّامِهٖ لَكُمْ تَبَعًا وَاحِدُهَا تَابِعٌ مِّثْلُ غَيَبٍ وَّغَآئِبٍ بِمُصْرِخِكُمْ اسْتَصْرَخَنِيْ اسْتَغَاثَنِيْ يَسْتَصْرِخُهٗ مِنَ الصُّرَاخِ وَلَاخِلَالَ مَصْدَرُ خَالَلْتُهٗ خِلَالًا وَّيَجُوْزُ اَيْضًا جَمْعُ خُلَّةٍ وَّخِلَالٍ اُجْتُثَّتْ اسْتُؤْصِلَتْ

باب۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''ھاد'' ای داع۔ مجاہد نے فرمایا ''صدید'' ای قیح ودم۔ ابن عیینہ نے فرمایا "اذکروا نعمة اللہ علیکم" یعنی جو تم پر اللہ تعالیٰ کے احسانات ہیں اور گذشتہ امتوں کے ساتھ پیش آنے والے حوادث کو یاد کرو، مجاہد نے فرمایا ''من کل ماسألتموہ'' یعنی جس کے تم خواہش مند ہو۔ "یبغونها عوجاً" یعنی یلتمسون لها عوجاً۔ "واذ تاذن ربکم" یعنی نہایت مناسب طریقہ پر تمہیں بلایا۔ ''ردوا ایدیهم فی افواههم'' مثل ہے یعنی جس چیز کا انہیں حکم دیا گیا تھا انہوں نے نہیں کیا۔ ''مقامی'' یعنی (حساب کے لئے) جس موقعہ پر اللہ تعالیٰ اپنے سامنے کھڑا کرائے گا۔ "من ورائه" ای قدامه. "لکم تبعاً" اس کا واحد تابع ہے جیسے غیب اور غائب "بمصر حکم" استصرخنی ای استغاثنی، یستصرخه، صراخ سے ہے۔ ''لا خلال'' مصدر ہے خاللتہ خلالا سے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ خلال، خلة کی جمع ہو۔ "اجتثت" ای استو صلت۔

باب ۷۳۱. قَوْلِهٖ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ

۷۳۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔ (کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے کیسی اچھی تمثیل کلمہ طیبہ کی بیان (فرمائی کہ) وہ ایک پاکیزہ درخت کے مشابہ ہے جس کی جڑ (خوب) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں (خوب) اونچائی میں جا رہی ہیں، وہ اپنا پھل ہر فصل میں (اپنے پروردگار کے حکم سے) دیتا رہتا ہے۔"

(۱۸۰۹) حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبِرُوْنِيْ بِشَجَرَةٍ تُشْبِهُ اَوْ كَالرَّجُلِ الْمُسْلِمِ لَايَتَحَاتُّ وَرَقُهَا وَلَا وَلَا وَلَا تُؤْتِيْ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ وَرَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ لَا يَتَكَلَّمَانِ فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ فَلَمَّا لَمْ يَقُوْلُوْ شَيْئًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ النَّخْلَةُ فَلَمَّا قُمْنَا قُلْتُ لِعُمَرَ يَااَبَتَاهُ وَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ اَنَّهَا النَّخْلَةُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَكَلَّمَ قَالَ لَمْ اَرَكُمْ تَكَلَّمُوْنَ فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَكَلَّمَ اَوْ اَقُوْلَ شَيْئًا قَالَ عُمَرُ لَاَنْ تَكُوْنَ قُلْتَهَا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ كَذَا وَكَذَا

۱۸۰۹۔ مجھ سے عبید اللہ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے، ان سے عبید اللہ نے، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے، آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، اچھا ایسے درخت کی مثال بتاؤ یا ایسے مسلمان کی (راوی کو شبہ تھا) جس کے پتے نہ جھڑتے ہوں اور نہ فلاں چیز ہوئی اور نہ فلاں اور نہ فلاں اور وہ اپنا پھل ہر فصل میں دیتا ہے؟ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ فوراً میرے ذہن میں آ گیا کہ یہ کھجور کا درخت ہے، لیکن میں نے دیکھا کہ ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی مجلس میں خاموش ہیں، اس لئے میں نے بولنا مناسب نہ سمجھا۔ جب کسی نے کوئی جواب نہیں دیا تو حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ کھجور کا درخت ہے۔ جب ہم مجلس سے اٹھے تو میں نے والد بزرگوار عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خدا گواہ ہے، میرے ذہن میں اسی وقت یہ بات تھی کہ مراد کھجور کا درخت ہے۔ آپ نے فرمایا، پھر تم نے کہا کیوں نہیں؟ عرض کی، جب میں نے دیکھا کہ آپ حضرات بھی کچھ نہیں بول رہے ہیں اس لئے میں نے بھی بولنا مناسب نہ سمجھا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ اگر تم نے بتا دیا ہوتا تو مجھے یہ فلاں اور فلاں چیز سے زیادہ عزیز تھا۔

باب ۷۳۲. قَوْلِهٖ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

۷۳۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اللہ ایمان والوں کو اس پکی بات کی برکت سے مضبوط رکھتا ہے۔"

(۱۸۱۰) حَدَّثَنَا اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ عَنِ الْبَرَآءِ ابْنِ عَازِبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ اِذَاسُئِلَ فِي الْقَبْرِ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

۱۸۱۰۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے علقمہ بن مرثد نے خبر دی، کہا کہ میں نے سعد بن عبیدہ سے سنا اور انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مسلمان سے جب قبر میں سوال ہوگا تو وہ گواہی دے گا۔ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، یہی مفہوم ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اللہ ایمان" والوں کو اس پکی بات (کی برکت) سے

فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ

مضبوط رکھتا ہے، دنیوی زندگی میں (بھی) اور آخرت میں (بھی) کا۔

باب۷۳۳۔ قَوْلِهٖ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا اَلَمْ تَعْلَمْ كَقَوْلِهٖ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِيْنَ خَرَجُوا الْبَوَارُ الْهَلَاكُ بَارَ يَبُوْرُ بَوْرًا قَوْمًا بُوْرًا هَالِكِيْنَ

۷۳۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کے معاوضہ میں کفر کیا" "الم تعلم" ایسا ہی ہے جیسے الم ترکیف، الم ترالی الذین خرجوا" "البوار" ای الھلاک باریبوربوراً سے، قوماً بوراً ای ھالکین۔

(۱۸۱۱) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَآءٍ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا قَالَ هُمْ كُفَّارُ اَهْلِ مَكَّةَ

۱۸۱۱۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی ان سے عمرو نے ان سے عطاء نے اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آیت "الم ترالی الذین بدلوانعمۃ اللہ کفراً" میں کفار اہل مکہ مراد ہیں۔

سُوْرَةُ الْحِجْرِ

سورۃ الحجر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم۔

وَقَالَ مُجَاهِدٌ صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ اَلْحَقُّ يَرْجِعُ اِلَی اللّٰهِ وَعَلَيْهِ طَرِيْقُهٗ لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ عَلَی الطَّرِيْقِ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَمْرُكَ لَعَيْشُكَ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ اَنْكَرَهُمْ لُوْطٌ وَقَالَ غَيْرُهٗ كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ اَجَلٌ لَّوْمَاتَاْتِيْنَا هَلَّا تَاْتِيْنَا شِيَعٌ اُمَمٌ وَلِلْاَوْلِيَآءِ اَيْضًا شِيَعٌ وَّقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُهْرَعُوْنَ مُسْرِعِيْنَ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ لِلنَّاظِرِيْنَ سُكِّرَتْ غُشِّيَتْ بُرُوْجًا مَنَازِلَ لِلشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَوَاقِحَ مَلَاقِحَ مُلْقِحَةً حَمَاٍ جَمَاعَةُ حَمَاةٍ وَهُوَالطِّيْنُ الْمُتَغَيِّرُوَ الْمَسْنُوْنُ الْمَصْبُوْبُ تَوْجَلْ تَخَفْ دَابِرَ اٰخِرَ لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ اَلْاِمَامُ كُلُّ مَااْئتَمَمْتَ وَاهْتَدَيْتَ بِهِ الصَّيْحَةُ الْهَلَكَةُ

مجاہد نے فرمایا کہ "صراط علی مستقیم" سے مراد وہ حق ہے جو اللہ کی طرف پہنچاتا ہو اور اسی راہ حق پر وہ چل رہا ہو۔ "لبامام مبین، ای علی الطریق (الواضح) ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "لعمرک" ای لعیشک۔ "قوم منکرون" یعنی لوط علیہ السلام نے انہیں اجنبی سمجھا۔ اور ان کے غیر نے کہا کہ "کتاب معلوم، سے مراد مدت مقدرہ ہے "لوما تأیتنا" ای ھلاتا تینا۔ "شیع" ای امم، دوستوں کو بھی "شیع" کہہ دیتے ہیں۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "یہرعون" بمعنی مسرعین ہے۔ "للمتوسمین" "ای للناظرین سکرت" ای غشیت۔ "بروجا" یعنی سورج و چاند کی منزلیں "لواقح" ای ملا قح و ملحقۃ "حماءٍ" حماۃ کی جمع ہے۔ ایسی مٹی کو کہتے ہیں، جس میں (امتداد زمانہ کی وجہ سے) تغیر پیدا ہوگیا ہو۔ "المسنون" ای المصبوب۔ "توجل" ای تخف "دابر" ای آخر لبامام مبین" امام ہر اس چیز کو کہیں گے جس کی پیروی کی جائے اور جس کے ذریعے سیدھا راستہ معلوم کیا جائے "الصیحۃ" ای الھلکۃ۔

باب۷۳۴۔ قَوْلِهٖ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ

۷۳۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ہاں مگر کوئی بات چوری چھپے سن بھاگے تو اس کے پیچھے ایک روشن شعلہ ہو لیتا ہے۔

(۱۸۱۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ

۱۸۱۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ فِی السَّمَآءِ ضَرَبَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَالسِّلْسِلَةِ عَلٰی صَفْوَانٍ قَالَ عَلِیٌّ وَّقَالَ غَيْرُهٗ صَفْوَانٍ يَنْفُذُ هُمْ ذٰلِكَ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَاقَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْ قَالَ الْحَقُّ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِيْرُ فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُوا السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُوا السَّمْعِ هٰكَذَا وَاحِدٌ فَوْقَ اٰخَرَ وَصَفَ سُفْيٰنُ بِيَدِهٖ وَفَرَّجَ بَيْنَ اَصَابِعِ يَدِهِ الْيُمْنٰى نَصَبَهَا بَعْضَهَا فَوْقَ بَعْضٍ فَرُبَّمَا اَدْرَكَ الشِّهَابُ الْمُسْتَمِعَ قَبْلَ اَنْ يَّرْمِیَ بِهَا اِلٰی صَاحِبِهٖ فَيُحْرِقَهٗ وَرُبَّمَالَمْ يُدْرِكْهُ حَتّٰی يُرْمِیَ بِهَا اِلَی الَّذِیْ يَلِيْهِ اِلَی الَّذِیْ هُوَاَسْفَلَ مِنْهُ حَتّٰی يُلْقُوْهَا اِلَی الْاَرْضِ وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ حَتّٰی تَنْتَهِیَ اِلَی الْاَرْضِ فَتُلْقٰی عَلٰی فَمِ السَّاحِرِ فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذِبَةٍ فَيُصَدَّقُ فَيَقُوْلُوْنَ اَلَمْ يُخْبِرْنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا يَكُوْنُ كَذَا وَكَذَا فَوَجَدْنَاهُ حَقًّا لِلْكَلِمَةِ الَّتِیْ سَمِعَتْ مِنَ السَّمَآءِ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ آپ نے فرمایا، جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی فیصلہ فرماتے ہیں تو ملائکہ اطاعت و تسلیم کے لئے اپنے پر مارتے ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں ہے کہ جیسے کسی چکنے پتھر پر زنجیر کے (مارنے سے آواز پیدا ہوتی ہے) اور علی بن المدینی نے بیان کیا کہ یوسف بن عیینہ کے غیر نے کہا کہ اللہ اپنے حکم کو فرشتوں تک پہنچاتا ہے (اور ان پر یک بیک دہشت سی طاری ہوجاتی ہے) لیکن پھر خوف ان کے دلوں سے زائل ہوجاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ رب العزت نے کیا ارشاد فرمایا؟ اس پر (مقرب ملائکہ) جواب دیتے ہیں، جو کچھ بارگاہ کبریائی سے ارشاد ہوا وہ حق ہے اور وہ علی و کبیر ہے۔ اس طرح اللہ کے حکم کو (کبھی) وہ بھی سن لیتے ہیں جو چوری چھپے سننے والے ہوتے ہیں، اور انہوں نے مسترقوالسمع کے الفاظ بیان کئے، یعنی یکے بعد دیگرے، اور سفیان بن عیینہ نے اپنے ہاتھ سے سننے کی اس کیفیت کی وضاحت کی، اپنے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو کھول کے اور انہیں ایک سلسلے میں رکھ کے۔ تو کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اس سے پہلے کہ اوپر والا اپنے دوسرے ساتھی کو بتائے وہ روشن شعلہ اس پر گرتا ہے۔ اور اسے جلاڈالتا ہے اور کبھی ایسا نہیں ہوتا اور وہ اپنے قریب کے ساتھی کو وہ حکم خداوندی بتادیتا ہے اور وہ اپنے قریب کے ساتھی کو بتاتا ہے اس طرح زمین تک پہنچ جاتا ہے اور ساحروں کی زبان سے وہ ادا ہوتا ہے۔ وہ خود بھی اس میں سو جھوٹ ملا کے اسے بیان کرتے ہیں اور اس طرح ساحروں کی تصدیق کی جانے لگتی ہے اور ان سے سننے والے کہتے ہیں کہ ہمیں فلاں ساحر نے فلاں دن فلاں بات نہیں بتائی تھی اور فلاں دن فلاں بات بتائی تھی اور پھر وہ سچ نکلی۔ یہ وہی کلمہ اور حکم ہوتا ہے، جسے شیاطین آسمان سے سن پاتے ہیں۔

(۱۸۱۳) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ وَزَادَوالْكَاهِنِ وَحَدَّثَنَا سُفْيَانُ فَقَالَ قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ وَقَالَ عَلٰی فَمِ السَّاحِرِ قُلْتُ لِسُفْيَانَ اَنْتَ سَمِعْتَ عَمْرًا قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ

۱۸۱۳۔ ہم سے علی بن عبد اللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عمرو نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کوئی فیصلہ کرتا ہے اور کاہن اس میں اضافہ کرکے بیان کرتے ہیں۔ اور ہم سے سفیان نے بیان کیا کہ ان سے عمرو نے بیان کیا، انہوں نے عکرمہ سے سنا اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہ جب اللہ تعالیٰ کوئی فیصلہ کرتا ہے اور پھر وہ

لِسُفْيٰنَ اِنَّ اِنسَانًا رَوٰى عَنْكَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ وَيَرْ فَعُه' اَنَّه' قَرَاَ فُرِّغَ قَالَ سُفْيَانُ هٰكَذَا قَرَاَ عَمْرٌو فَلَا اَدْرِىْ سَمِعَه' هٰكَذَا اَمْ لَاقَالَ سُفْيَانُ وَهِىَ قِرَآءَ تُنَا

ساحر کی زبان پر آتا ہے۔علی بن عبداللہ نے بیان کیا کہ اس پر میں نے سفیان سے پوچھا کیا آپ نے خود عمرو سے حدیث سنی تھی کہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عکرمہ سے سنی اور انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، تو سفیان نے کہا کہ ہاں (میں نے خود سنا تھا) اس پر میں نے عرض کی کہ ایک صاحب آپ کے واسطہ سے روایت کرتے تھے کہ آپ نے عمرو سے، انہوں نے عکرمہ سے سنا۔ اور انہوں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے، نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے کہ آنحضور ﷺ نے ''فُرِّغ'' پڑھا تھا؟ سفیان نے بیان کیا کہ عمرو نے بھی اسی طرح پڑھا تھا، مجھے یہ نہیں معلوم کہ انہوں نے اسی طرح سنا تھا یا نہیں (کیونکہ اس کی انہوں نے کوئی تصریح نہیں تھی) سفیان نے فرمایا کہ یہی ہماری بھی قراءت ہے۔

باب۷۳۵. قَوْلِهٖ وَ لَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ

۷۳۵۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور بالیقین حجر والوں نے بھی ہمارے فرستادوں کو جھٹلایا۔''

(۱۸۱۴) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحٰبِ الْحِجْرِ لَاتَدْخُلُوْا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ اِلَّا اَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ فَلَا تَدْخُلُوْا عَلَيْهِمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِثْلُ مَا اَصَابَهُمْ

۱۸۱۴۔ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے معن نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن دینار نے اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے اصحاب حجر کے متعلق فرمایا تھا کہ اس قوم کی بستی سے جب گزرنا ہی پڑ گیا ہے تو روتے ہوئے گذرو۔ اور اگر روتے ہوئے نہیں گذر سکتے تو پھر اس میں نہ جاؤ، کہیں تم پر بھی وہی عذاب نہ آ جائے۔ جو ان پر آیا تھا۔

باب۷۳۶.قَوْلِهٖ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ

۷۳۶۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور بالیقین ہم نے آپ کو (وہ) سات (آیتیں) دیں (جو) مکرر (پڑھی جاتی ہیں) اور قرآن عظیم (دیا)۔

(۱۸۱۵) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُعَلّٰى قَالَ مَرَّبِىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُصَلِّىْ فَدَعَانِىْ فَلَمْ اٰتِهٖ حَتّٰى صَلَّيْتُ ثُمَّ اَتَيْتُ فَقَالَ مَامَنَعَكَ اَنْ تَاْتِيَ فَقُلْتُ كُنْتُ اُصَلِّىْ فَقَالَ اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُعَلِّمُكَ اَعْظَمَ سُوْرَةٍ فِى الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ

۱۸۱۵۔مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے خبیب بن عبدالرحمٰن نے ان سے حفص بن عاصم نے اور ان سے ابوسعید بن معلّٰی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گذرے میں اس وقت نماز پڑھ رہا تھا۔ آنحضور ﷺ نے مجھے بلایا (لیکن میں نے جواب نہیں دیا) بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ فوراً ہی کیوں نہیں آئے؟ عرض کی کہ نماز پڑھ رہا تھا۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کیا اللہ نے تم لوگوں کو حکم نہیں

مِنَ الْمَسْجِدِ فَذَهَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَذَكَّرْتُهُ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ اُوْتِيْتُهُ

دیا ہے کہ اے ایمان والو! جب اللہ اور اس کے رسول تمہیں بلائیں تو لبیک کہو۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا، کیوں نہ آج میں تمہیں، مسجد سے نکلنے سے پہلے قرآن کی سب سے عظیم سورت بتاؤں! پھر آپ ﷺ (بتانے سے پہلے) مسجد سے باہر تشریف لے جانے کے لئے اٹھے تو میں نے یاد دہانی کرائی۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ، الحمدللّٰہ رب العالمین، یہی سبع مثانی ہے اور یہی قرآن عظیم ہے، جو مجھے دیا گیا ہے۔

(۱۸۱۶) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمُّ الْقُرْاٰنِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ

۱۸۱۶۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ذئب نے حدیث بیان کی، ان سے سعید مقبری نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ام القرآن (یعنی سورۂ فاتحہ) ہی سبع مثانی اور قرآن عظیم ہے۔

باب ۷۳۷. قَوْلِهٖ اَلَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ الْمُقْتَسِمِيْنَ الَّذِيْنَ حَلَفُوْا وَمِنْهُ لَا اُقْسِمُ اَيْ اُقْسِمُ وَتُقْرَءُ لَاُقْسِمُ قَاسَمَهُمَا حَلَفَ لَهُمَا وَلَمْ يَحْلِفَا لَهٗ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَقَاسَمُوْا تَحَالَفُوْا

۷۳۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔ "جنہوں نے قرآن کے ٹکڑے ٹکڑے کر رکھے ہیں۔ "المقتسمین" یعنی جنہوں نے قسم کھائی، اسی سے "لااقسم" ہے بمعنی اقسم، اور اس کی ایک قرآت "لَاُقسم" بھی ہے "قاسمھما" یعنی ابلیس نے آدم وحوا علیہما السلام کے سامنے قسم کھائی لیکن آدم وحوا علیہما السلام نے قسم نہیں کھائی تھی۔ مجاہد نے فرمایا کہ تحالفوا ای تقاسموا۔"

(۱۸۱۷) حَدَّثَنِيْ يَعْقُوْبُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْبِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ ابْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ قَالَ هُمْ اَهْلُ الْكِتٰبِ جَزَّئُوْهُ اَجْزَآءً فَاٰمَنُوْا بِبَعْضِهٖ وَكَفَرُوْا بِبَعْضِهٖ

۱۸۱۷۔ مجھ سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، انہیں ابو بشر نے خبر دی، انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت "جنہوں نے قرآن کے ٹکڑے ٹکڑے کر رکھے ہیں" کے متعلق فرمایا کہ اس سے مراد اہل کتاب ہیں کہ انہوں نے اپنی کتاب کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور پھر بعض پر ایمان لائے اور بعض کا کفر کیا۔

(۱۸۱۸) حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ مُوْسٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ ظَبْيَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ قَالَ اٰمَنُوْا بِبَعْضٍ وَّكَفَرُوْا بِبَعْضٍ اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى

۱۸۱۸۔ مجھ سے عبید اللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے ان سے ابوظبیان نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ آیت "کما انزلنا علی المقتسمین" (جیسا ہم نے وہ عذاب نازل کر رکھا ہے قسما قسمی کرنے والوں پر) یہود ونصاریٰ کے متعلق ہے کہ کتاب اللہ کے کچھ حصوں پر ایمان لائے اور کچھ حصوں کا انکار کیا۔

باب ۷۳۸. قَوْلِهٖ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ قَالَ سَالِمٌ اَلْمَوْتُ

۷۳۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہئے، یہاں تک کہ آپ کو امر یقین پیش آ جائے" سالم نے فرمایا کہ (امر یقین سے مراد) موت ہے۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رُوْحُ الْقُدُسِ جِبْرِيْلُ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ فِيْ ضَيْقٍ يُقَالُ اَمْرٌ ضَيْقٌ وَّ ضَيِّقٌ مِثْلُ هَيْنٍ وَّ هَيِّنٍ وَّ لَيْنٍ وَّلَيِّنٍ وَّ مَيْتٍ وَّمَيِّتٍ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ اخْتِلَافِهِمْ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَمِيْدَ تَكَفَّأُ مُفْرَطُوْنَ مَنْسِيُّوْنَ وَقَالَ غَيْرُهٗ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ هٰذَا مُقَدَّمٌ وَّمُؤَخَّرٌ وَّذٰلِكَ اَنَّ الْاِسْتِعَاذَةَ قَبْلَ الْقِرَآءَةِ وَمَعْنَاهَا الْاِعْتِصَامُ بِاللّٰهِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تُسِيْمُوْنَ تَرْعَوْنَ شَاكِلَتِهٖ نَاحِيَتِهٖ قَصْدُ السَّبِيْلِ الْبَيَانُ الدِّفْءُ مَااسْتَدْفَاْتَ تُرِيْحُوْنَ بِالْعَشِيِّ وَ تَسْرَحُوْنَ بِالْغَدَاةِ بِشِقِّ يَعْنِي الْمَشَقَّةَ عَلٰى تَخَوُّفٍ تَنَقُّصٍ الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً وَّهِيَ تُؤَنَّثُ وَتُذَكَّرُ وَكَذٰلِكَ النَّعَمُ لِلْاَنْعَامِ جَمَاعَةُ النَّعَمِ سَرَابِيْلَ قُمُصٌ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ فَاِنَّهَا الدُّرُوْعُ دَخَلًا بَيْنَكُمْ كُلُّ شَيْءٍ لَّمْ يَصِحَّ فَهُوَ دَخَلٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حَفَدَةً مَّنْ وَّلَدَ الرَّجُلُ السَّكَرُ مَاحُرِّمَ مِنْ ثَمَرَتِهَا وَالرِّزْقُ الْحَسَنُ مَآاَحَلَّ اللّٰهُ وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ صَدَقَةَ اَنْكَاثًا هِيَ خَرْقَآءُ كَانَتْ اِذَا اَبْرَمَتْ غَزْلَهَا نَقَضَتْهُ وَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ الْاُمَّةُ مُعَلِّمُ الْخَيْرِ وَالْقَانِتُ الْمُطِيْعُ

سورۂ نحل

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

"روح القدس" یعنی جبریل، (اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اس طرف اشارہ ہے) "نزل به الروح الامین" "فیضیق بولتے ہیں امرضَیْق (سکونِ یاء) وضَیِّق (تشدید یاء) جیسے هَیْن وهَیِّن، مَیْت و مَیِّت، لَیْن ولَیِّن، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "فی تقلبهم" ای فی اختلافهم۔ مجاہد نے فرمایا، "تمید" ای تکفا. "مفرطون" ای منسیون. اور ان کے غیر نے کہا کہ "فاذا قرات القرآن فاستعذبالله" میں تقدیم وتاخیر ہے۔ کیونکہ قرآن پڑھنے سے پہلے استعاذہ ہونا چاہئے، اور استعاذہ کے معنی اعتصام باللہ ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "تسمیون ای ترعون شاکلته ای ناحیته" "قصد السبیل" یعنی بیان "الدف، ای مااستدفات به. "تریحون" ای بالعشی "وتسرحون" ای بالغداة. "یشق" یعنی مشقتا۔ "تخوف" ای تنقص. "انعام" یعنی اونٹ، اس کا استعمال مذکر میں بھی ہوتا ہے، اور مؤنث میں بھی اسی طرح نعم کا بھی، انعام، نعم کی جمع ہے۔ "سرابیل" یعنی قمیصیں جو گرمی (سردی) سے تمہاری حفاظت کرتی ہیں، لیکن وہ سرابیل (قمیصیں) جو لڑائی کے وقت میں حفاظت کرتی ہیں۔ وہ زرہیں ہیں) "دخلاًبینکم" ہروہ چیز جو غیر درست ہو۔ "دخل" کہلاتی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "حفدة" اولاد کو کہتے ہیں۔ "السکر" وہ ہے جو کھجور میں حرام کیا گیا ہے اور "رزق حسن" وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے حلال کیا ہے۔ اور ابن عیینہ نے صدقہ کے واسطے سے بیان کیا کہ "انکاثا" سے مراد خرقاء (ایک عورت کا نام) ہے۔ جب وہ سوت کات چکتی تو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی تھی۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "امة" سے مراد خیر کی تعلیم دینے والے اور "القانت" یعنی مطیع۔

باب ۷۳۹. قَوْلِهٖ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

(۱۸۱۹) حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ مُوْسٰى اَبُوْعَبْدِاللّٰهِ الْاَعْوَرُ عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ اَنَسٍ

۷۳۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور تم میں سے بعض کو نکمی عمر کی طرف لوٹایا جاتا ہے۔"

۱۸۱۹۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ہارون بن موسیٰ ابوعبداللہ اعور نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے اور ان سے

بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُوْا اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْكَسَلِ وَاَرْذَلِ الْعُمُرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَ فِتْنَةِ الْمَحْيَآ وَالْمَمَاتِ

سُوْرَةُ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ فِیْ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ وَالْكَهْفِ وَمَرْيَمَ اِنَّهُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْاُوَلِ وَهُنَّ مِنْ تِلَادِیْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ يَهُزُّوْنَ وَقَالَ غَيْرُهٗ نَغَضَتْ سِنُّكَ اَیْ تَحَرَّكَتْ وَقَضَيْنَا اِلٰى بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ اَخْبَرْنَا هُمْ اَنَّهُمْ سَيُفْسِدُوْنَ وَالْقَضَآءُ عَلٰى وُجُوْهٍ وَقَضٰى رَبُّكَ اَمَرَرَبُّكَ وَمِنْهُ الْحُكْمُ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِیْ بَيْنَهُمْ وَمِنْهُ الْخَلْقُ فَقَضَا هُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ نَفِيْرًا مَنْ يَّنْفِرُمَعَهٗ وَلِيُتَبِّرُوْا يُدَمِّرُوْامَا عَلَوْا حَصِيْرًا مَّحْبِسًا مَّحْصَرًا حَقَّ وَجَبَ مَيْسُوْرًا لَّيِّنًا خِطْأً اِثْمًا وَّهُوَ اِسْمٌ مِّنْ خَطِئْتُ وَالْخَطَأُ مَفْتُوْحٌ مَّصْدَرُهٗ مِنَ الْاِثْمِ خَطِئْتُ بِمَعْنٰى اَخْطَاْتُ تَخْرِقُ تَقْطَعُ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰى مَصْدَرٌ مِّنْ نَّاجَيْتُ فَوَصَفَهُمْ بِهَا وَالْمَعْنٰى يَتَنَاجَوْنَ رُفَاتًا حُطَامًا وَّاسْتَفْزِزْاِسْتَخِفَّ بِخَيْلِكَ الْفُرْسَانِ وَالرَّجْلُ الرَّجَّالَةُ وَاحِدُهَا رَاجِلٌ مِّثْلُ صَاحِبٍ وَصَحْبٍ وَّتَاجِرٍ وَّتَجْرٍ حَاصِبًا الرِّيْحُ الْعَاصِفُ وَالْحَاصِبُ اَيْضًا مَّاتَرْمِیْ بِهِ الرِّيْحُ وَمِنْهُ حَصَبُ جَهَنَّمَ يُرْمٰى بِهٖ فِیْ جَهَنَّمَ وَ هُوَ حَصَبُهَا وَ يُقَالُ حَصَبَ فِی الْاَرْضِ ذَهَبَ وَالْحَصَبُ مُشْتَقٌّ مِنَ الْحَصْبَآءِ وَالْحِجَارَةِ تَارَةً مَّرَّةً وَّجَمَاعَتُهٗ تِيَرَةٌ وَّتَارَاتٌ لَاَحْتَنِكَنَّ لَاَسْتَاْ صِلَنَّهُمْ يُقَالُ احْتَنَكَ فُلَانٌ مَّاعِنْدَ فُلَانٍ مِّنْ عِلْمٍ اسْتَقْصَاهُ طَآئِرُهٗ حَظُّهٗ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ دعا کرتے تھے۔ اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے، سستی سے، عذاب قبر سے، دجال کے فتنہ سے اور زندگی اور موت کے فتنہ سے۔

سورۂ بنی اسرائیل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا، انہوں نے عبدالرحمٰن بن یزید سے سنا، کہ میں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے سورۂ بنی اسرائیل سورۂ کہف اور سورۂ مریم کے متعلق فرمایا کہ ان کا مرتبہ بہت بلند ہے اور دوسری سورتوں کے مقابلہ میں انہیں اولیت حاصل ہے۔ (آیت) "فسينغضون اليک رؤوسهم" کے متعلق ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (ینغضون کے معنی ہیں) یھزون۔ اور دوسرے بزرگ نے فرمایا (آیت) "نغضت سنک" ای تحرکت. "وقضينا الیٰ بنی اسرائيل" یعنی ہم نے انہیں مطلع کر دیا تھا کہ وہ فساد کریں گے، قضاء کا استعمال متعدد مواقع کے لئے آتا ہے، قضیٰ ربک یعنی امر ربک، حکم (فیصلہ) مفہوم کی ادائیگی کے لئے بھی آتا ہے، جیسے "ان ربک يقضی بينهم" میں، خلق کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے "فقضاهن سبع سموات." نفيراً من ينفر معه سے نکلا ہے۔ ليتبروا ای يدمروا ماعلوا. "حصيراً محبساً محصراً." "حق" ای وجب، "ميسوراً" ای ليناً. "خطأ" ای اثما، یہ خطئت کا اسم ہے، اور خطاء فتحہ کے ساتھ اس کا مصدر ہے۔ اثم (گناہ) کے معنی میں، خطئت بمعنی اخطئت ہے۔ "تخرق" ای تقطع "واذهم نجویٰ" ناجیت سے مصدر ہے، پھر انہیں "نجوٰی" وصف کے طور پر کہا، معنی ہے يتناجون. "رفاتاً" ای حطاماً. "بخيلک" ای الفرسان، "الرجل" ای الرجالة، اس کا واحد راجل ہے۔ جیسے صاحب اور صحب، تاجر اور تجر میں۔ "حاصباً ای الريح العاصف اور حاصب ان چیزوں کو بھی کہتے ہیں جنہیں ہوا اڑا لے جاتی ہے اور اسی سے حصب جہنم" ہے یعنی جہنم میں ڈالا جائے گا، اور بولتے ہیں۔ "حصب فی

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كُلُّ سُلْطَانٍ فِي الْقُرْاٰنِ فَهُوَ حُجَّةٌ وَّلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ لَمْ يُحَالِفْ اَحَدًا

الارض بمعنی ذہب اور حصب، حصباء بمعنی الحجارۃ سے مشتق ہے تارۃ ای مرۃ جمع تیرۃ اور تارات آتی ہے۔ لاحتنکن ای لاستاصلنھم، بولتے ہیں "احتنک فلان ماعند فلان من علم" ای استقصاہ "طائرۃ" ای حظہ، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قرآن مجید میں جہاں جہاں لفظ "سلطان" آیا ہے تو وہ حجت کے معنی میں ہے "ولی من الذل" ای لم یحالف احداً۔

باب ۷۴۰۔

(۱۸۲۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ بِاِيْلِيَآءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَّلَبَنٍ فَنَظَرَ اِلَيْهِمَا فَاَخَذَ اللَّبَنَ قَالَ جِبْرِيْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ لَوْاَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ

۱۸۲۰۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں یونس نے خبر دی۔ ح۔ اور ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے عنبسہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے کہ ابن مسیّب نے بیان کیا اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ معراج کی رات میں نبی کریم ﷺ کے سامنے (ایلیاء) (بیت المقدس) میں دو پیالے پیش کئے گئے، ایک شراب کا اور دوسرا دودھ کا، آنحضور ﷺ نے دونوں کو دیکھا اور دودھ کا اٹھالیا، اس پر جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے جس نے آپ کو فطرت کی ہدایت کی، اگر آپ ﷺ نے شراب کا پیالہ اٹھا لیا ہوتا تو آپ ﷺ کی امت گمراہ ہو جاتی۔

(۱۸۲۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَبُوْسَلَمَةَ سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَمَّا كَذَّبَنِيْ قُرَيْشٌ قُمْتُ فِي الْحِجْرِ فَجَلَّى اللّٰهُ لِيْ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَطَفِقْتُ اُخْبِرُهُمْ عَنْ اٰيَاتِهٖ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَيْهِ زَادَ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ لَمَّا كَذَّبَنِيْ قُرَيْشٌ حِيْنَ اُسْرِيَ بِيْ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ نَحْوَهٗ، قَاصِفًا رِيْحٌ تَقْصِفُ كُلَّ شَيْءٍ كَرَّمْنَا وَاَكْرَمْنَا وَاحِدٌ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ عَذَابَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ عَذَابَ الْمَمَاتِ خِلَافَكَ وَخَلْفَكَ سَوَآءٌ وَّنَاٰءَ تَبَاعَدَ شَاكِلَتِهٖ نَاحِيَتِهٖ وَهِيَ مِنْ شَكْلِهٖ صَرَّفْنَا وَجَّهْنَا قَبِيْلًا مُعَايَنَةً وَّمُقَابَلَةً وَّقِيْلَ

۱۸۲۱۔ ہم سے احمد بن صالح نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے یونس نے خبر دی، انہیں ابن شہاب نے ان سے ابوسلمہ نے بیان کیا اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا، کہا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ جب مجھے قریش نے جھٹلایا (معراج کے واقعہ کے سلسلہ میں) تو میں (کعبہ کے) مقام حجر پر کھڑا تھا اور میرے سامنے پورا بیت المقدس کر دیا گیا تھا۔ میں اسے دیکھ دیکھ کر اس کی ایک ایک علامت بیان کرنے لگا۔ یعقوب بن ابراہیم نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ ہم سے میرے بھتیجے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے چچا نے کہ (رسول اللہ ﷺ نے فرمایا) جب مجھے قریش نے میری بیت المقدس کی معراج کے سلسلہ میں جھٹلایا، پہلی حدیث کی طرح "قاصفا" یعنی وہ آندھی جو ہر چیز کو توڑ پھوڑ دے۔ کرمنا اور اکرمنا ایک ہے۔ "ضعف الحیاۃ" یعنی عذاب الحیاۃ اور ضعف الممات یعنی عذاب الممات۔ خلاف اور خلفک کے ایک معنی

الْقَابِلَةُ لِاَنَّهَا مُقَابِلَتُهَا وَتَقْبَلُ وَلَدَهَا خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ اَنْفَقَ الرَّجُلُ اَمْلَقَ وَنَفِقَ الشَّيْءُ ذَهَبَ قَتُوْرًا مُقَتِّرًا الْاَذْقَانِ مُجْتَمِعُ اللَّحْيَيْنِ وَالْوَاحِدُ ذَقَنٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَّوْفُوْرًا وَّافِرًا تَبِيْعًا ثَائِرًا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَصِيْرًا خَبَتْ طَفِئَتْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَاتُبَذِّرْ لَاتُنْفِقْ فِي الْبَاطِلِ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ رِّزْقٍ مَّثْبُوْرًا مَلْعُوْنًا لَاتَقْفُ لَاتَقُلْ فَجَاسُوْا يَتَمَّمُوْا يُزْجِي الْفُلْكَ يُجْرِي الْفُلْكَ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ لِلْوُجُوْهِ

ہیں۔ نای ای تباعد۔ شاکلتہ ای ناحیۃ اور یہ شکلہ سے مشتق ہے۔ "صرفنا ای وجھنا۔ "قبیلا" ای معاینۃ ومقابلۃ، اسی سے قابلہ (دایہ) ہے کیونکہ وہ بھی بچہ جننے والی عورت اور اس کے بچہ کے سامنے ہوتی ہے۔ "خشیۃ الا نفاق" بولتے ہیں۔ انفق الرجل ای املق، اور نفق الشئی ای ذھب۔ قتوراً ای مقتراً۔ الاذقان ای مجتمع للحسیین" واحدذقن۔ مجاہد نے فرمایا کہ موفوراً بمعنی وافراً۔ تبیعا ای ثائراً۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (تبیعا بمعنی) نصیراً ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ لاتبذر ای لاتنفق فی الباطل ابتغاء رحمۃ ای رزق مثبوراً ای ملعونا۔ لاتقف ای لاتقل فجاسوا ای تیمموا۔ یزجی الفلک ای یجری الفلک یخرون للاذقان ای للوجوہ۔

باب ۷۴۱. وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا الْاٰيَةَ

۷۴۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب ہم ارادہ کر لیتے ہیں کہ کسی بستی کو ہلاک کریں گے تو اس (بستی) کے خوشحال لوگوں کو حکم دیتے ہیں۔" آخر آیت تک۔

(۱۸۲۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ اَخْبَرَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا نَقُوْلُ لِلْحَيِّ اِذَا كَثُرُوْافِي الْجَاهِلِيَّةِ اَمِرَ بَنُوْ فُلَانٍ حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَقَالَ اَمِرَ

۱۸۲۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، انہیں منصور نے خبر دی، انہیں ابووائل نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب کسی قبیلہ کے افراد بڑھ جاتے تو زمانہ جاہلیت میں ہم ان کے متعلق کہا کرتے تھے کہ امر بنوفلاں، ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، اور اس روایت میں انہوں نے بھی امر بیان کیا۔

باب ۷۴۲. قَوْلِهٖ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا

۷۴۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے لوگوں کی نسل جنہیں ہم نے نوحؑ کے ساتھ کشتی میں سوار کیا تھا، وہ بے شک بڑے شکر گذار بندے تھے۔"

(۱۸۲۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا اَبُوْحَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهٗ فَنَهَسَ مِنْهَا نَهْسَةً ثُمَّ قَالَ اَنَاسَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَهَلْ تَدْرُوْنَ مِمَّ ذٰلِكَ يَجْمَعُ النَّاسُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ يُسْمِعُهُمُ الدَّاعِيْ وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ وَتَدْنُو الشَّمْسُ فَيَبْلُغُ

۱۸۲۳۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں ابوحیان تیمی نے خبر دی، انہیں ابوزرعہ بن عمرو بن جریر نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گوشت لایا گیا اور دست کا حصہ آپ ﷺ کے سامنے پیش کیا گیا تو آپ نے اپنے دانتوں سے اسے تناول فرمایا، آنحضور ﷺ کو دستی کا گوشت بہت پسند تھا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا، قیامت کے دن میں لوگوں کا سردار ہوں گا۔ تمہیں معلوم بھی ہے۔ یہ کون سا دن ہوگا؟ اس دن دنیا کی ابتداء سے قیامت کے دن تک کی ساری خلقت جمع ہوگی۔

النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَالَا يُطِيقُوْنَ وَلَا يَحْتَمِلُوْنَ فَيَقُوْلُ النَّاسُ اَلَا تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ اَلَا تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَّشْفَعُ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ فَيَقُوْلُ بَعْضُ النَّاسِ لِبَعْضٍ عَلَيْكُمْ بِاٰدَمَ فَيَاْتُوْنَ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَيَقُوْلُوْنَ لَهٗ اَنْتَ اَبُوالْبَشَرِ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهٖ وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُّوْحِهٖ وَاَمَرَالْمَلٰٓئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَانَحْنُ فِيْهِ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَاقَدْبَلَغَنَا فَيَقُوْلُ اٰدَمُ اِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ نَهَانِيْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهٗ نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ اِذْهَبُوْا اِلٰى غَيْرِيْ اِذْهَبُوْٓا اِلٰى نُوْحٍ فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَقُوْلُوْنَ يَانُوْحُ اِنَّكَ اَنْتَ اَوَّلُ الرُّسُلِ اِلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ وَقَدْ سَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَانَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنَّهٗ قَدْ كَانَتْ لِيْ دَعْوَةٌ دَعَوْتُهَا عَلٰى قَوْمِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ اِذْهَبُوْٓا اِلٰى غَيْرِيْ اِذْهَبُوْٓا اِلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ فَيَقُوْلُوْنَ يَااِبْرَاهِيْمُ اَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهٗ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ لَهُمْ اِنَّ رَبِّيْ قَدْغَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ مِثْلَهٗ وَاِنِّيْ قَدْكُنْتُ كَذَبْتُ ثَلٰثَ كَذِبَاتٍ فَذَكَرَهُنَّ اَبُوْحَيَّانَ فِي الْحَدِيْثِ نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ اِذْهَبُوْٓا اِلٰى غَيْرِيْ اِذْهَبُوْٓا اِلٰى مُوْسٰى فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَقُوْلُوْنَ يٰمُوْسٰى اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَضَّلَكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهٖ وَبِكَلَامِهٖ عَلَى النَّاسِ اِشْفَعْ لَنَآ اِلٰى رَبِّكَ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ فَيَقُوْلُ اِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَّمْ يَغْضَبْ قَبْلَهٗ مِثْلَهٗ وَلَنْ يَّغْضَبَ بَعْدَهٗ

ایک چٹیل میدان میں کہ ایک پکارنے والے کی آواز سب کے کانوں تک پہنچ سکے گی اور ایک نظر سب کو دیکھ سکے گی۔ سورج بالکل قریب ہوجائے گا۔ اور لوگوں کی پریشانی اور بے قراری کو کوئی انتہا نہ رہے گی، برداشت سے باہر ہوجائے گی، لوگ آپس میں کہیں گے، دیکھتے نہیں کہ ہماری کیا حالت ہوگئی ہے، کیا کوئی ایسا برگزیدہ بندہ نہیں ہے جو رب العزت کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کرے؟ بعض لوگ بعض سے کہیں گے کہ آدم علیہ السلام کے پاس چلنا چاہئے۔ چنانچہ سب لوگ آدم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے، آپ انسانوں کے جدامجد ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور اپنی طرف سے خصوصیت کے ساتھ آپ میں روح پھونکی، فرشتوں کو حکم دیا اور انہوں نے آپ کو سجدہ کیا، اس لئے آپ اپنے رب کے حضور میں ہماری شفاعت کردیجئے، آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہم کس حال کو پہنچ چکے ہیں، آدم علیہ السلام کہیں گے کہ میرا رب آج انتہائی غضبناک ہے۔ اس سے پہلے اتنا غضبناک وہ کبھی نہیں ہوا تھا اور نہ آج کے بعد کبھی اتنا غضبناک ہوگا اور رب العزت نے مجھے بھی درخت سے روکا تھا، لیکن میں نے اس کی نافرمانی کی تھی، نفسی، نفسی، نفسی، کسی اور کے پاس جاؤ ہاں نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ چنانچہ سب لوگ نوح علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے، اے نوح! آپ سب سے پہلے پیغمبر ہیں جو اہل زمین کی طرف بھیجے گئے تھے، اور آپ کو اللہ تعالیٰ نے "شکر گذار بندہ" (عبد شکور) کا خطاب دیا ہے، آپ ہی ہمارے لئے اپنے رب کے حضور میں شفاعت کردیجئے، آپ دیکھ رہے ہیں کہ ہم کس حالت میں پہنچ گئے ہیں۔ نوح علیہ السلام بھی کہیں گے کہ میرا رب اتنا تو غضبناک ہوا ہے کہ اس سے پہلے کبھی اتنا غضبناک نہیں ہوا تھا اور نہ آج کے بعد کبھی اتنا غضبناک ہوگا۔ اور مجھے ایک دعا کی قبولیت کا یقین دلایا گیا تھا جو میں نے اپنی قوم کے خلاف کرلی تھی، نفسی، نفسی، نفسی میرے سوا کسی اور کے پاس جاؤ، ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ سب لوگ ابراہیمؑ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے، اے ابراہیمؑ! آپ اللہ کے نبی اور اللہ کے خلیل ہیں روئے زمین میں منتخب، آپ ہماری شفاعت کیجئے، آپ ملاحظہ فرمارہے ہیں کہ ہم کس حالت کو پہنچ چکے ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام بھی کہیں گے کہ آج میرا رب بہت غضبناک ہے؟ اتنا غضبناک نہ

مِثْلَه‘ وَاِنِّیْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ اُؤْمَرْ بِقَتْلِهَا نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْآ اِلٰی غَیْرِیْ اِذْهَبُوْآ اِلٰی عِیْسٰی فَیَاْتُوْنَ عِیْسٰی فَیَقُوْلُوْنَ یَاعِیْسٰی اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَکَلِمَتُه‘ اَلْقَاهَآ اِلٰی مَرْیَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ وَکَلَّمْتَ النَّاسَ فِی الْمَهْدِصَبِیًّا اِشْفَعْ لَنَآ اَلاَ تَرٰی اِلٰی مَا نَحْنُ فِیْهِ فَیَقُوْلُ عِیْسٰی اِنَّ رَبِّیْ قَدْغَضِبَ الْیَوْمَ غَضَبًا لَمْ یَغْضَبْ قَبْلَه‘ مِثْلَه‘ وَلَنْ یَّغْضَبَ بَعْدَه‘ مِثْلَه‘ وَلَمْ یَذْکُرْ ذَنْبًا نَفْسِیْ نَفْسِیْ نَفْسِیْ اِذْهَبُوْآ اِلٰی غَیْرِیْ اِذْهَبُوْآ اِلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَاْتُوْنَ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَقُوْلُوْنَ یَا مُحَمَّدُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَخَاتِمُ الْاَنْبِیَآءِ وَقَدْ غَفَرَاللّٰهُ لَکَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَاتَاَخَّرَ اِشْفَعْ لَنَا اِلٰی رَبِّکَ اَلاَ تَرٰی اِلٰی مَانَحْنُ فِیْهِ فَاَنْطَلِقُ فَاٰتِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَاَقَعُ سَاجِدًالِّرَبِّیْ عَزَّوَ جَلَّ ثُمَّ یَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَیَّ مِنْ مَّحَامِدِهٖ وَ حُسْنِ الثَّنَآءِ عَلَیْهِ شَیْئًا لَّمْ یَفْتَحْهُ عَلٰی اَحَدٍ قَبْلِیْ ثُمَّ یُقَالُ یَامُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَکَ سَلْ تُعْطَهْ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِیْ فَاَقُوْلُ اُمَّتِیْ یَارَبِّ اُمَّتِیْ یَارَبِّ فَیُقَالُ یَامُحَمَّدُ اَدْخِلْ مِنْ اُمَّتِکَ مَنْ لَّاحِسَابَ عَلَیْهِمْ مِّنَ الْبَابِ الْاَیْمَنِ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَهُمْ شُرَکَآءُ النَّاسِ فِیْمَا سِوٰی ذٰلِکَ مِنَ الْاَبْوَابِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖٓ اِنَّ مَابَیْنَ الْمِصْرَاعَیْنِ مِنْ مَّصَارِیْعِ الْجَنَّةِ کَمَا بَیْنَ مَکَّةَ وَحِمْیَرَ اَوْ کَمَا بَیْنَ مَکَّةَ وَبُصْرٰی

وہ پہلے ہوا تھا اور نہ آج کے بعد ہوگا، اور میں نے تین جھوٹ بولے تھے، (راوی) ابوحیان نے اپنی روایت میں ان تینوں کا ذکر کیا ہے۔ نفسی، نفسی، نفسی، میرے سوا کسی اور کے پاس جاؤ، ہاں موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ، سب لوگ موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے، اور عرض کریں گے، اے موسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی طرف سے رسالت اور اپنے کلام کے ذریعہ فضیلت دی۔ آپ ہماری شفاعت اپنے رب کے حضور میں کریں آپ ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ ہم کس حالت کو پہنچ چکے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام کہیں گے کہ آج اللہ تعالیٰ بہت غضبناک ہے، اتنا غضبناک کہ وہ نہ پہلے کبھی ہوا تھا اور نہ آج کے بعد کبھی ہوگا، اور میں نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا۔ حالانکہ اللہ کی طرف سے مجھے اس کا کوئی حکم نہیں ملا تھا، نفسی، نفسی، نفسی، میرے سوا کسی اور کے پاس جاؤ، ہاں عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ سب لوگ عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے، اور عرض کریں گے، اے عیسیٰ علیہ السلام! آپ اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ ہیں جسے اللہ نے مریم علیہا السلام پر ڈالا تھا اور اللہ کی طرف سے روح ہیں، آپ نے (خرق عادت کے طور پر) بچپن میں گہوارے میں سے لوگوں سے بات کی تھی، ہماری شفاعت کیجئے، آپ خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ ہماری کیا حالت ہو چکی ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام بھی کہیں گے کہ میرا رب آج اس درجہ غضبناک ہے۔ کہ نہ اس سے پہلے کبھی اتنا غضبناک ہوا تھا اور نہ کبھی ہوگا اور آپ کسی لغزش کا ذکر نہیں کریں گے (صرف اتنا کہیں گے) نفسی، نفسی، نفسی، میرے سوا کسی اور کے پاس جاؤ، ہاں، محمد ﷺ کے پاس جاؤ۔ سب لوگ حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے اے محمد ﷺ! آپ اللہ کے رسول اور سب سے آخری پیغمبر ہیں اور اللہ تعالیٰ نے آپ کے تمام اگلے پچھلے گناہ، معاف کر دیئے ہیں، اپنے رب کے حضور میں ہماری شفاعت کیجئے، آپ خود ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ ہم کس حالت کو پہنچ چکے ہیں (حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ آخر میں آگے بڑھوں گا اور عرش کے نیچے پہنچ کر اپنے رب عزوجل کے لئے سجدہ میں گر پڑوں گا، پھر اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنی حمد اور حسن ثناء کے دروازے کو کھول دے گا کہ مجھ سے پہلے کسی کو وہ طریقے اور وہ محامد نہیں بتائے تھے۔ پھر کہا جائے گا، اے محمد (ﷺ) اپنا سر اٹھایئے، مانگئے آپ کو دیا جائے گا، شفاعت کیجئے، آپ کی

شفاعت قبول کی جائے گی۔ اب میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور عرض کروں گا، میری امت اے میرے رب! میری امت اے میرے رب! کہا جائے گا، اے محمد (ﷺ) اپنی امت کے ان لوگوں کو جن پر کوئی حساب نہیں ہے، جنت کے داہنے دروازے (الباب الایمن) سے داخل کیجئے، ویسے انہیں اختیار ہے، جس دروازے سے چاہیں دوسرے لوگوں کے ساتھ داخل ہو سکتے ہیں۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ و قدرت میں میری جان ہے، جنت کے دروازے کے دونوں کناروں میں اتنا فاصلہ ہے جتنا مکہ اور حمیر میں ہے یا جتنا مکہ اور بصریٰ میں ہے۔

باب۷۴۳. قَوْلِهٖ وَ اٰتَيْنَا دَاو'دَ زَبُوْرًا

۷۴۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور ہم نے داؤد کو زبور عطاء کی۔"

(۱۸۲۴) حَدَّثَنِیْ اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُفِّفَ عَلٰى دَاو'دَ الْقِرَآءَ ةُ فَكَانَ يَاْمُرُ بِدَآبَّتِهٖ لِتُسْرَجَ فَكَانَ يَقْرَاُ قَبْلَ اَنْ يَّفْرُغَ يَعْنِی الْقُرْاٰنَ

۱۸۲۴۔ ہم سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے ان سے ہمام نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، داؤد علیہ السلام پر زبور کی تلاوت آسان کر دی گئی تھی۔ آپ گھوڑے پر زین کسنے کا حکم دیتے اور اس سے پہلے کہ زین کسی جا چکے تلاوت سے فارغ ہو چکتے تھے۔

باب۷۴۴. قَوْلِهٖ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا

۷۴۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "آپ کہیے تم جن کو اللہ کے سوا معبود قرار دے رہے ہو، ذرا ان کو پکارو تو سہی، سو نہ وہ تم سے تکلیف دور ہی کر سکتے ہیں اور نہ (اسے) بدل سکتے ہیں۔"

(۱۸۲۵) حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ حَدَّثَنِیْ سُلَيْمَانُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ قَالَ كَانَ نَاسٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعْبُدُوْنَ نَاسًا مِّنَ الْجِنِّ فَاَسْلَمَ الْجِنُّ وَ تَمَسَّكَ هٰؤُلَاءِ بِدِيْنِهِمْ زَادَ الْاَشْجَعِیُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

۱۸۲۵۔ مجھ سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے، ان سے معمر نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے (آیت) "الی ربهم الوسيلة" کے متعلق، کہ کچھ لوگ جنوں کی عبادت کرتے تھے، لیکن جن حلقہ بگوش اسلام ہوئے اور یہ لوگ اس کے باوجود اپنے اسی پرانے دین پر قائم رہے۔ اشجعی نے سفیان کے واسطہ سے یہ اضافہ کیا اور ان سے اعمش نے بیان کیا تھا کہ "قل ادعوا الذين زعمتم۔"

باب۷۴۵. قَوْلِهٖ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ

۷۴۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہ لوگ جن کو یہ (مشرکین) پکار رہے ہیں (خود ہی) اپنے پروردگار کا قرب ڈھونڈھ رہے ہیں۔"

(۱۸۲۶) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ فِیْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ قَالَ نَاسٌ مِّنَ الْجِنِّ

۱۸۲۶۔ ہم سے بشر بن حارث نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں سلیمان نے، انہیں ابراہیم نے، انہیں ابو معمر نے اور انہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ نے آیت "الذين يدعون يبتغون الیٰ ربهم الوسيلة" (ترجمہ عنوان کے تحت گذر چکا) کے

يَعْبُدُوْنَ فَاَسْلَمُوْا

متعلق فرمایا کہ (مشرکین) جنوں کی عبادت کرتے تھے۔ لیکن وہ مسلمان ہو گئے۔

باب ۷۴۶. قَوْلِهٖ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْ يَا الَّتِيْۤ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ

۷۴۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ہم نے جو منظر آپ کو دکھلایا تھا، اسے ہم نے لوگوں کی آزمائش کا سبب بنادیا۔''

(۱۸۲۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْ يَا الَّتِيْۤ اَرَيْنَاكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ قَالَ هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ اُرِيَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ وَالشَّجَرَةُ الْمَلْعُوْنَةُ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ

۱۸۲۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت ''وما جعلنا الرء یا التی اریناک الافتنة للناس'' کے متعلق فرمایا کہ یہ آنکھ کا مشاہدہ تھا جو رسول اللہ ﷺ کو شب معراج میں دکھایا گیا تھا اور ''شجرۂ ملعونہ'' سے مراد تھوہڑ کا درخت ہے۔

باب ۷۴۷. قَوْلِهٖ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا قَالَ مُجَاهِدٌ صَلٰوةَ الْفَجْرِ

۷۴۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے شک صبح کی نماز حضوری کا وقت ہے۔'' مجاہد نے فرمایا کہ (قرآن فجر سے مراد) فجر کی نماز ہے۔

(۱۸۲۸) حَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ وَابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضْلُ صَلٰوةِ الْجَمِيْعِ عَلٰى صَلٰوةِ الْوَاحِدِ خَمْسٌ وَّعِشْرُوْنَ دَرَجَةً وَّتَجْتَمِعُ مَلٰئِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلٰئِكَةُ النَّهَارِ فِيْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ يَقُوْلُ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِقْرَءُ وْٓا اِنْ شِئْتُمْ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا

۱۸۲۸۔ مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں ابوسلمہ اور ابن مسیب نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، تنہا نماز پڑھنے کے مقابلے میں جماعت سے نماز پڑھنے کی فضیلت پچیس گنا زیادہ ہے اور صبح کی نماز میں رات کے اور دن کے فرشتے (ڈیوٹی بدلتے ہوئے) اکٹھے ہو جاتے ہیں، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھو، ''وقرآن الفجر ان قرآن الفجر کان مشہودا'' (ترجمہ گذر چکا)۔

باب ۷۴۸. قَوْلِهٖ عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

۷۴۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''عجب کیا کہ آپ کا پروردگار آپ کو مقام محمود میں جگہ دے۔''

(۱۸۲۹) حَدَّثَنِيْ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ اٰدَمَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ يَصِيْرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جُثًا كُلُّ اُمَّةٍ تَتْبَعُ نَبِيَّهَا يَقُوْلُوْنَ يَافُلَانُ اِشْفَعْ حَتّٰى تَنْتَهِيَ الشَّفَاعَةُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذٰلِكَ يَوْمَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

۱۸۲۹۔ مجھ سے اسماعیل بن ابان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی، ان سے آدم بن علی نے بیان کیا اور انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ قیامت کے دن امتیں گروہ در گروہ چلیں گی، ہر امت اپنے نبی کے پیچھے ہوگی اور (انبیاء سے) کہے گی کہ اے فلاں! ہماری شفاعت کر دیجئے (سب انکار کریں گے) آخر شفاعت کے لئے وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں گے، تو یہی وہ دن ہے جب اللہ تعالیٰ حضور اکرم ﷺ کو مقام محمود پر فائز کرے گا۔

(۱۸۳۰) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النِّدَآءَ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِيْ وَعَدْتَّه حَلَّتْ لَه شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۸۳۰۔ ہم سے علی بن عباس نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب بن ابی حمزہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن منکدر نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس نے اذان سن کر یہ دعاء پڑھی اے اللہ! اس دعوت نامہ کے رب اور کھڑی ہونے والی نماز کے رب، محمد (ﷺ) کو قرب اور فضیلت عطا فرما اور انہیں مقام محمود پر مبعوث فرما، جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔'' تو اس کے لئے قیامت کے دن میری شفاعت ضروری ہوگی۔ اس کی روایت حمزہ بن عبداللہ نے اپنے والد کے واسطہ سے کی اور انہوں نے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے۔

باب ۷۴۹. قَوْلِهٖ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا يَزْهَقُ يَهْلِكُ

۷۴۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ کہہ دیجئے کہ حق (بس اب) آ ہی گیا اور باطل مٹ گیا، بیشک باطل تھا مٹنے والا۔'' یزھق ای یھلک۔

(۱۸۳۱) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَحَوْلَ الْبَيْتِ سِتُّوْنَ وَثَلٰثُمِائَةِ نُصُبٍ فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِيْ يَدِهٖ وَيَقُوْلُ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ

۱۸۳۱۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے مجاہد نے، ان سے ابو معمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ جب مکہ میں (فتح کے بعد داخل ہوئے تو بیت اللہ کے چاروں طرف تین سو ساٹھ بت تھے، آنحضور ﷺ اپنے ہاتھ کی لکڑی سے ہر ایک کو ٹھوکا دیتے اور پڑھتے "جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا، جاء الحق وما يبدئ الباطل وما يعيد."

باب ۷۵۰. قَوْلِهٖ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ

۷۵۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ سے یہ روح کی بابت پوچھتے ہیں۔''

(۱۸۳۲) حَدَّثَنَا عُمَرُ ابْنُ حَفْصِ ابْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ بَيْنَا اَنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرْثٍ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلٰى عَسِيْبٍ اِذْ مَرَّ الْيَهُوْدُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ فَقَالَ مَا رَابُكُمْ اِلَيْهِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَايَسْتَقْبِلُكُمْ بِشَيْءٍ تَكْرَهُوْنَه فَقَالُوْا سَلُوْهُ فَسَاَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ فَاَمْسَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ شَيْئًا فَعَلِمْتُ اَنَّه يُوْحٰى اِلَيْهِ فَقُمْتُ مَقَامِيْ فَلَمَّا نَزَلَ الْوَحْيُ قَالَ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا

۱۸۳۲۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے علقمہ نے، ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک کھیت پر موجود تھے، آنحضور ﷺ اس وقت کھجور کے ایک تنے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے کہ یہودی اس طرف سے گذرے۔ کسی یہودی نے اپنے دوسرے ساتھی سے کہا کہ ان سے روح کے متعلق پوچھو۔ ان میں سے کسی نے اس پر کہا کہ ایسا کیوں کرتے ہو؟ دوسرا یہودی بولا یہ ایسا سوال ہے کہ اس کا وہ کوئی جواب نہ دے پائیں گے جسے تم بھی پسند نہیں کرتے۔ رائے اس پر ٹھہری کہ روح کے متعلق پوچھنا ہی چاہئے، چنانچہ انہوں نے آپ سے اس کے متعلق سوال کیا، آنحضور ﷺ تھوڑی دیر

کے لئے خاموش ہوئے اور کسی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔ میں سمجھ گیا کہ اس وقت آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے، اس لئے میں وہیں کھڑا رہا جب وحی کا سلسلہ ختم ہوا تو آپ نے آیت کی تلاوت کی، اور یہ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں، کہہ دیجئے کہ روح میرے پروردگار کے حکم ہی سے ہے اور تمہیں علم تو تھوڑا ہی دیا گیا ہے۔''

باب ۱۵۷. قَوْلِهٖ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

۱۵۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے اور نہ (بالکل) چپکے ہی چپکے پڑھئے۔''

(۱۸۳۳) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَاتُخَافِتْ بِهَا]الَ نَزَلَتْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ]خْتَفٍ بِمَكَّةَ كَانَ اِذَا صَلّٰى بِاَصْحَابِهٖ رَفَعَ صَوْتَهٗ]لْقُرْآنِ فَاِذَا سَمِعَ الْمُشْرِكُوْنَ سَبُّوا الْقُرْآنَ وَمَنْ]زَلَهٗ وَمَنْ جَآءَ بِهٖ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ]لَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ اَیْ بِقِرَآءَتِكَ]يَسْمَعَ الْمُشْرِكُوْنَ فَيَسُبُّوا الْقُرْآنَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا عَنْ اَصْحَابِكَ فَلَا تُسْمِعُهُمْ وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا

۱۸۳۳۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بشر نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے، اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''اور آپ نماز میں نہ تو بہت پکار کر پڑھئے اور نہ (بالکل) چپکے ہی چپکے پڑھئے'' کے متعلق فرمایا کہ یہ آیت اس وقت نازل ہوئی تھی جب رسول اللہ ﷺ کی (ابتداء میں دعوت اسلام کا) اظہار واعلان نہیں ہوا تھا، تو اس زمانہ میں جب آپ اپنے صحابہؓ کے ساتھ نماز پڑھتے تو قرآن مجید کی تلاوت بلند آواز سے کرتے، مشرکین سنتے تو قرآن کو بھی گالی دیتے اور اس کے نازل کرنے والے اور اس کے لانے والے کو بھی، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے کہا کہ آپ نماز نہ تو بہت پکار کر پڑھئے مراد قرآن مجید کی تلاوت سے تھی، کہ مشرکین سن کر گالیاں دیں اور نہ بالکل چپکے ہی چپکے پڑھئے کہ آپ کے صحابہ بھی نہ سن سکیں، بلکہ درمیانی آواز میں پڑھئے۔

(۱۸۳۴) حَدَّثَنِيْ طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا زَآئِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اُنْزِلَ ذٰلِكَ فِي الدُّعَآءِ

۱۸۳۴۔ مجھ سے طلق بن غنام نے حدیث بیان کی، ان سے زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ یہ آیت دعا کے سلسلے میں نازل ہوئی تھی۔

سُوْرَةُ الْكَهْفِ

سورۂ کہف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

]قَالَ مُجَاهِدٌ تَقْرِضُهُمْ تَتْرُكُهُمْ وَكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ]هَبٌ وَّفِضَّةٌ وَّقَالَ غَيْرُهٗ جَمَاعَةُ الثَّمَرِ بَاخِعٌ مُهْلِكٌ اَسَفًا نَدَمًا اَلْكَهْفُ الْفَتْحُ فِي الْجَبَلِ

اور مجاہد نے کہا کہ (آیت میں) ''تقرضھم'' کا معنی ہے تترکھم ''وکان له، ثمر'' ای ذھب وفضة اور مجاہد کے غیر نے کہا کہ یہ ثمر کی جمع ہے۔ ''باخع'' ای مھلک۔ ''اسفاً'' ای ندماً۔ ''الکھف''

وَالرَّقِيْمُ الْكِتَابُ مَرْ قُوْمٌ مَّكْتُوْبٌ مِّنَ الرَّقْمِ رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْ بِهِمْ اَلْهَمْنَا هُمْ صَبْرًا لَّوْلَآاَنْ رَّبَطْنَاعَلٰى قَلْبِهَا شَطَطًا اِفْرَاطًا مِّرْفَقًا كُلُّ شَیْءٍ اِرْ تَفَقْتَ بِهٖ تَزَاوَرُ تَمِيْلُ مِنَ الزَّوَرِوَالْاَزْوَرُ الْاَمْيَلُ فَجْوَةٌ مُّتَّسَعٌ وَّالْجَمْعُ فَجَوَاتٌ وَّفِجَآءٌ مِثْلُ رَكْوَةٍ وَّرِكَآءٍ اَلْوَصِيْدُ الْفِنَآءُ جَمْعُهٗ وَصَآئِدُ وَوُصُدٌ وَّيُقَالُ اَلْوَصِيْدُ اَلْبَابُ مُؤْصَدَةٌ مُّطْبَقَةٌ اٰصَدَ الْبَابَ وَاَوْصَدَ بَعَثْنَاهُمْ اَحْيَيْنَا هُمْ اَزْكٰى اَكْثَرُ وَيُقَالُ اَحَلُّ وَ يُقَالُ اَكْثَرُ رَيْعًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ لَمْ تَنْقُصْ وَقَالَ سَعِيْدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَلرَّقِيْمُ اَللَّوْحُ مِنْ رَّصَاصٍ كَتَبَ عَامِلُهُمْ اَسْمَاءَ هُمْ ثُمَّ طَرَحَهٗ فِیْ خَزَانَتِهٖ فَضَرَبَ اللّٰهُ عَلٰى اٰذَانِهِمْ فَنَامُوْا وَقَالَ غَيْرُهٗ وَاَلَتْ تَئِلُ تَنْجُوْ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَّوْئِلًا مَّحْرِزًا لَّايَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا لَّايَعْقِلُوْنَ

یعنی پہاڑ کی کھوہ، "الرقیم" ای الکتاب" مرقوم" ای مکتوب، رقم سے مشتق ہے۔ "ربطنا علی قلوبھم" ای الھمناھم، (اسی سے آیت) لولا ان ربطنا علی قلبھا ہے) "شططاً" ای افراطاً. "الوصید" ای الفناء، جمع وصائد اور وصد ہے، وصید، دروازے کو بھی کہتے ہیں، مؤصدة ای مطبعة، اس کا اشتقاق آصدالباب واوصد سے ہے (ای اطبقہ) "بعثناھم" ای احییناھم. "ازکی" ای اکثر اور احل کے معنی میں بھی کہا گیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ "جس میں نموزیادہ ہو۔" "لم تظلم" ای تنقص. سعید بن جبیر نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطے سے بیان کیا کہ "الرقیم" سے مراد وہ تختی ہے جس پر اصحاب کہف کے عامل نے ان کے نام کھدوا کر اپنے خزانے میں ڈلوادیا تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی قوت سماعت ختم کر دی اور وہ سو گئے، ان کے غیر نے کہا کہ والت تئل ای تنجو مجاہد نے کہا کہ "موئلا" ای محرزاً. لایستطیعون سمعا ای لا یعقلون.

باب ۷۵۲. قَوْلِهٖ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَیْءٍ جَدَلًا

۷۵۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور انسان جھگڑنے میں سب سے بڑھ کر ہے۔"

(۱۸۳۵) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَلِیُّ بْنُ حُسَيْنٍ اَنَّ حُسَيْنَ بْنَ عَلِیٍّ اَخْبَرَهٗ عَنْ عَلِیٍّ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرَقَهٗ وَفَاطِمَةَ قَالَ اَلَا تُصَلِّيَانِ رَجْمًا بِالْغَيْبِ لَمْ يَسْتَبِنْ، فُرُطًا نَدَمًا، سُرَادِقُهَا مِثْلُ السُّرَادِقِ، وَالْحُجْرَةِ الَّتِیْ تُطِيْفُ بِالْفَسَاطِيْطِ يُحَاوِرُهٗ مِنَ الْمُحَاوَرَةِ لٰكِنَّا هُوَاللّٰهُ رَبِّیْ اَیْ لٰكِنْ اَنَا هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ ثُمَّ حَذَفَ الْاَلِفَ وَاَدْغَمَ اِحْدَى النُّوْنَيْنِ فِی الْاُخْرٰى زَلَقًا لَّايَثْبُتُ فِيْهِ قَدَمٌ هُنَا لِكَ الْوَلَايَةُ مَصْدَرُ الْوَلِیِّ عُقْبًا عَاقِبَةٌ وَّعُقْبٰى وَعُقْبَةٌ وَّاحِدٌ وَّهِیَ الْاٰخِرَةُ قِبَلًا وَّقُبُلًا وَّقَبَلًا اِسْتِئْنَا فَالِيُدْ حِضُوْا لِيُزِيْلُوْا الدَّحْضُ الزَّلَقُ

۱۸۳۵۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے صالح نے ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں علی بن حسین نے خبر دی، انہیں حسین بن علی رضی اللہ عنہ نے خبر دی اور انہیں علی رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ رات کے وقت ان کے اور فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے اور فرمایا، تم لوگ نماز نہیں پڑھ رہے۔ "رجما بالغیب" یعنی جس کے متعلق وہ خود اندھیرے میں ہیں۔ "فرطاً" ای ندما۔ "سرادقھا" یعنی پردے اور قناتیں جو بڑے بڑے خیموں میں ہوتی ہیں، "یحاورہ" محاورة سے مشتق ہے، "لکناھواللہ ربی" اصل میں لکن انا ھو اللہ ربی تھا۔ پھر الف کو حذف کیا گیا۔ اور دونوں نون ایک دوسرے میں مدغم کر دیئے گئے "زلقاً" یعنی جس پر قدم نہ ٹھہر سکے۔ "ھنالک الولایة" (میں ولایة) ولی کا مصدر ہے، "عقباً" ای عاقبة، اور عقبیٰ اور عقبة ایک ہیں۔ آخرت کے معنی میں۔ "قبلاً، قبلاً و قبلاً" ای استینافاً" لید حضو (ای لیزیلوا،

باب ۷۵۳. قَوْلِهٖ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰهُ لَاۤ اَبْرَحُ حَتّٰى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِىَ حُقُبًا زَمَانًا وَّجَمْعُه' اَحْقَابٌ

(۱۸۳۶) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍؓ اِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِىَّ يَزْعُمُ اَنَّ مُوْسٰى صَاحِبَ الْخَضِرِ لَيْسَ هُوَ مُوْسٰى صَاحِبَ بَنِىْٓ اِسْرَآئِيْلَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ كَذَبَ عَدُوُّاللّٰهِ حَدَّثَنِىْ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ اَنَّه' سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مُوْسٰى قَامَ خَطِيْبًا فِىْ بَنِىْٓ اِسْرَآئِيْلَ فَسُئِلَ اَىُّ النَّاسِ اَعْلَمُ فَقَالَ اَنَا فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَيْهِ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ اِنَّ لِىْ عَبْدًا بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ مُوْسٰى يَارَبِّ فَكَيْفَ لِىْ بِهٖ قَالَ تَاْخُذُ مَعَكَ حُوْتًا فَتَجْعَلُه' فِىْ مِكْتَلٍ فَحَيْثُمَا فَقَدْتَّ الْحُوْتَ فَهُوَ ثَمَّ فَاَخَذَ حُوْتًا فَجَعَلَه' فِىْ مِكْتَلٍ ثُمَّ انْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَه' بِفَتَاهُ يُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ حَتّٰى اِذَا اَتَيَا الصَّخْرَةَ وَضَعَا رُءُوْسَهُمَا فَنَامَا وَاضْطَرَبَ الْحُوْتُ فِى الْمِكْتَلِ فَخَرَجَ مِنْهُ فَسَقَطَ فِى الْبَحْرِ فَاتَّخَذَ سَبِيْلَه' فِى الْبَحْرِ سَرَبًا وَّاَمْسَكَ اللّٰهُ عَنِ الْحُوْتِ جِرْيَةَ الْمَآءِ فَصَارَ عَلَيْهِ مِثْلَ الطَّاقِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ نَسِىَ صَاحِبُه' اَنْ يُّخْبِرَه' بِالْحُوْتِ فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتِهِمَا حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰهُ اٰتِنَا غَدَآءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا قَالَ وَلَمْ يَجِدْ مُوْسَى النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَا الْمَكَانَ الَّذِىْ اَمَرَاللّٰهُ بِهٖ فَقَالَ لَه' فَتَاهُ اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ وَمَآ اَنْسَانِيْهِ اِلَّا الشَّيْطَانُ اَنْ اَذْكُرَه' وَاتَّخَذَ سَبِيْلَه' فِى الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ فَكَانَ لِلْحُوْتِ سَرَبًا وَّلِمُوْسٰى

الدحض ای الزلق.)

۷۵۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "(اور وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ اپنے خادم سے بولے کہ میں برابر چلتا رہوں گا تا آنکہ دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچ جاؤں، یا (یونہی) سالہا سال تک چلتا رہوں۔"

۱۸۳۶۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے سعید بن جبیر نے خبر دی۔ کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا نوف بکالی کہتے ہیں کہ جن موسیٰ (علیہ السلام) کی خضر علیہ السلام کے ساتھ ملاقات ہوئی تھی وہ بنی اسرائیل کے (رسول) موسیٰ (علیہ السلام) کے علاوہ دوسرے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، دشمن خدا نے غلط کہا۔ مجھ سے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے تو ان سے پوچھا گیا کہ انسانوں میں سب سے زیادہ علم کسے ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ مجھے، اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب نازل کیا کیونکہ انہوں نے علم کو اللہ تعالیٰ پر محمول نہیں کیا تھا، اللہ تعالیٰ نے انہیں وحی کے ذریعہ بتایا کہ دو سمندروں کے سنگم پر میرا ایک بندہ ہے جو تم سے زیادہ علم رکھتا ہے موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی۔ اے رب! میں ان تک کیسے پہنچ پاؤں گا؟ اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ اپنے ساتھ ایک مچھلی لے لو اور اسے ایک تھیلے میں رکھ لو، وہ جہاں گم ہو جائے بس میرا بندہ وہیں ملے گا، چنانچہ آپ نے ایک مچھلی لی اور تھیلے میں رکھ کر روانہ ہوئے، آپ کے ساتھ آپ کے خادم یوشع بن نون رحمۃ اللہ علیہ بھی تھے۔ جب یہ دونوں حضرات چٹان کے پاس آئے تو سر رکھ کر سو گئے، ادھر مچھلی تھیلے میں پھڑ پھڑائی، تھیلے سے نکل گئی اور دریا میں اس نے اپنا راستہ پالیا۔ مچھلی جہاں گری تھی اللہ تعالیٰ نے وہاں دریا کی روانی کو روک دیا اور وہاں مچھلی ایک نالی کی طرح اٹک کر رہ گئی۔ پھر جب موسیٰ علیہ السلام بیدار ہوئے تو ان کے خادم مچھلی کے متعلق بتانا بھول گئے، اس لئے دن اور رات کا جو حصہ باقی تھا اس میں یہ چلتے رہے، دوسرے دن موسیٰ علیہ السلام نے اپنے خادم سے فرمایا کہ اب کھانا لاؤ سفر نے بہت تھکا دیا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام اس وقت تک نہیں تھکے، جب تک وہ اس مقام سے نہ گذر لئے جس کا اللہ تعالیٰ نے انہیں حکم دیا

وَلِفَتَاهُ عَجَبًا فَقَالَ مُوْسٰى ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِيْ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا قَالَ رَجَعَا يَقُصَّانِ اٰثَارَهُمَا حَتّٰى انْتَهَيَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِذَا رَجُلٌ مُسَجًّى ثَوْبًا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوْسٰى فَقَالَ الْخَضِرُ وَاَنّٰى بِاَرْضِكَ السَّلَامُ قَالَ اَنَا مُوْسٰى قَالَ مُوْسٰى بَنِيْٓ اِسْرَائِيْلَ قَالَ نَعَمْ اَتَيْتُكَ لِتُعَلِّمَنِيْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا يَامُوْسٰٓى اِنِّيْ عَلٰى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ لَاتَعْلَمُهٗ اَنْتَ وَاَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَ اللّٰهُ لَا اَعْلَمُهٗ فَقَالَ مُوْسٰى سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَا اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْاَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا فَانْطَلَقَا يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ فَمَرَّتْ سَفِيْنَةٌ فَكَلَّمُوْهُمْ اَنْ يَّحْمِلُوْهُمْ فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوْهُ بِغَيْرِ نَوْلٍ فَلَمَّا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ لَمْ يَفْجَاْ اِلَّا وَالْخَضِرُ قَدْ قَلَعَ لَوْحًا مِّنْ اَلْوَاحِ السَّفِيْنَةِ بِالْقَدُوْمِ فَقَالَ لَهُ مُوْسٰى قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَّ اِلٰى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا اِمْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَاتُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَاتُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا قَالَ وَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتِ الْاُوْلٰى مِنْ مُّوْسٰى نِسْيَانًا قَالَ وَجَآءَ عُصْفُوْرٌ فَوَقَعَ عَلٰى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ فَنَقَرَفِي الْبَحْرِ نَقْرَةً فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ مَا عِلْمِيْ وَ عِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا مِثْلُ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنْ هٰذَا الْبَحْرِ ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِيْنَةِ فَبَيْنَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ اِذْ اَبْصَرَ الْخَضِرُ غُلَامًا يَّلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَاَخَذَ الْخَضِرُ رَاْسَهٗ بِيَدِهٖ فَاقْتَلَعَهٗ بِيَدِهٖ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ مُوْسٰى اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ

تھا، اب ان کے خادم نے کہا آپ نے نہیں دیکھا جب ہم چٹان کے پاس تھے تو مچھلی کے متعلق بتانا میں بھول گیا تھا اور صرف شیطان نے یاد رہنے نہیں دیا ہے۔ اس نے تو عجیب طریقہ سے اپنا راستہ سمندر میں بنا لیا تھا۔ مچھلی تو سمندر میں اپنا راستہ پا گئی تھی اور موسیٰ اور ان کے خادم کو حیرت میں ڈال گئی تھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ وہی جگہ تھی جس کی تلاش میں ہم تھے، چنانچہ دونوں حضرات پیچھے اسی راستہ سے لوٹے۔ بیان کیا کہ دونوں حضرات پیچھے اپنے نقش قدم پر لوٹے اور آخر اس چٹان تک پہنچ گئے۔ وہاں انہوں نے دیکھا کہ ایک صاحب (خضر علیہ السلام) کپڑے میں لپٹے ہوئے وہاں موجود ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے انہیں سلام کیا۔ خضر علیہ السلام نے کہا کہ ''اس سرزمین پر'' سلام'' کہاں سے آ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ میں موسیٰ ہوں، پوچھا بنی اسرائیل کے موسیٰ؟ فرمایا کہ جی ہاں۔ آپ کے پاس اس لئے حاضر ہوا ہوں تاکہ جو رشد و ہدایت کا علم آپ کو حاصل ہے وہ مجھے بھی سکھا دیں خضر علیہ السلام نے فرمایا، موسیٰ! آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے۔ مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک خاص علم ملا، جسے آپ نہیں جانتے، اسی طرح آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو علم ملا ہے وہ میں نہیں جانتا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا، انشاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں کسی معاملہ میں آپ کے خلاف نہیں کروں گا، خضر علیہ السلام نے فرمایا، اچھا اگر آپ میرے ساتھ چلیں تو کسی چیز کے متعلق سوال نہ کریں یہاں تک کہ میں خود آپ کو اس کے متعلق بتا دوں گا۔ اب دونوں حضرات سمندر کے ساحل پر روانہ ہوئے۔ اتنے میں ایک کشتی گذری، انہوں نے کشتی والوں سے بات کی کہ انہیں بھی اس پر سوار کر لیں، کشتی والوں نے خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور کسی کرایہ کے بغیر انہیں سوار کر لیا جب دونوں حضرات کشتی پر بیٹھ گئے تو خضر علیہ السلام نے کلہاڑے سے کشتی کا ایک تختہ نکال ڈالا اس وقت موسیٰ علیہ السلام نے دیکھا تو خضر علیہ السلام سے کہا کہ ان لوگوں نے ہمیں بغیر کسی کرایہ کے اپنی کشتی میں سوار کر لیا تھا اور آپ نے انہیں کی کشتی چیر ڈالی، تاکہ سارے مسافر ڈوب جائیں بلاشبہ آپ نے یہ بڑا ناگوار طرز عمل اختیار کیا ہے۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا، کیا میں نے آپ سے پہلے ہی نہ کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا جو بات میں بھول گیا تھا اس پر آپ مجھ سے مواخذہ نہ کیجئے اور میرے

اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ وَهٰذَا اَشَدُّ مِنَ الْاُوْلٰى قَالَ اِنْ سَاَلْتُکَ عَنْ شَیْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِیْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّیْ عُذْرًا فَانْطَلَقَا حَتّٰى اِذَا اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِ ۣاسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ قَالَ مَآئِلٌ فَقَامَ الْخَضِرُ فَاَقَامَهٗ بِيَدِهٖ فَقَالَ مُوْسٰى قَوْمٌ اَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُطْعِمُوْنَا وَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِیْ وَبَيْنِکَ اِلٰى قَوْلِهٖ ذٰلِکَ تَاْوِيْلُ مَالَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدِدْنَا اَنَّ مُوْسٰى كَانَ صَبَرَ حَتّٰى يَقُصَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا مِنْ خَبَرِهِمَا قَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَّقْرَأُ وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَّلِکٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا كَانَ يَقْرَأُ وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا وَكَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنِيْنَ

معاملہ میں تنگی نہ کیجئے، بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، یہ پہلی مرتبہ موسیٰ علیہ السلام نے بھول کر انہیں ٹوکا تھا۔ بیان کیا کہ اتنے میں ایک چڑیا آئی اور اس نے سمندر میں اپنی ایک مرتبہ چونچ ماری تو خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ میرے اور آپ کے علم کی حیثیت اللہ کے علم کے مقابلہ میں اس سے زیادہ نہیں ہے جتنا اس چڑیا نے اس سمندر کے پانی سے کم کیا ہے۔ پھر دونوں حضرات کشتی سے اتر گئے۔ ابھی وہ ساحل سمندر ہی پر چل رہے تھے کہ خضر علیہ السلام نے ایک بچہ کو دیکھا جو دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، آپ نے اس بچے کا سر اپنے ہاتھ میں دبایا اور اسے (گردن سے) اکھاڑ دیا اور اس کی جان لے لی۔ موسیٰ علیہ السلام اس پر بولے، آپ نے ایک بے گناہ کی جان بغیر کسی جان کے بدلے کے لے لی۔ یہ آپ نے بڑا ناپسندیدہ کام کیا۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ میں تو پہلے ہی کہہ چکا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے۔ سفیان بن عیینہ (راوی حدیث) نے بیان کیا، اور یہ پہلے سے بھی زیادہ سخت تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے آخر اس مرتبہ بھی معذرت کی کہ اگر میں نے اس کے بعد پھر آپ سے کوئی سوال کیا تو آپ مجھے ساتھ نہ رکھئے گا۔ آپ میرا بار بار عذر سن چکے ہیں (اس کے بعد میرے لئے بھی عذر کا کوئی موقع نہ رہے گا) پھر دونوں حضرات روانہ ہوئے، یہاں تک کہ ایک بستی میں پہنچے اور بستی والوں سے کہا کہ ہمیں اپنا مہمان بنالو، لیکن انہوں نے میزبانی سے انکار کیا۔ پھر انہیں بستی میں ایک دیوار دکھائی دی جو بس گرنے ہی والی تھی۔ بیان کیا کہ دیوار جھک رہی تھی۔ خضر علیہ السلام کھڑے ہو گئے اور دیوار اپنے ہاتھ سے سیدھی کر دی۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ ان لوگوں کے یہاں ہم آئے اور ان سے کھانے کے لئے کہا، لیکن انہوں نے ہماری میزبانی سے انکار کیا، اگر آپ چاہتے تو دیوار کے اس سیدھا کرنے کے کام پر اجرت لے سکتے تھے خضر علیہ السلام نے فرمایا کہ اب میرے اور آپ کے درمیان جدائی ہے، اللہ تعالیٰ کے ارشاد "ذلک تاویل مالم تستطع علیه صبراً" تک۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہم تو چاہتے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام نے صبر کیا ہوتا تاکہ اللہ تعالیٰ ان کے اور واقعات ہم سے بیان کرتا۔ سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اس آیت کی تلاوت کرتے تھے۔ (جس میں خضر علیہ السلام نے اپنے کاموں کی وجہ بیان کی

ہے کہ) کشتی والوں کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر اچھی کشتی کو چھین لیا کرتا تھا اور اس کی بھی آپ تلاوت کرتے تھے کہ" اور (جس کی گردن خضر علیہ السلام نے توڑ دی تھی) تو وہ (اللہ کے علم میں) کافر تھا اور اس کے والدین مؤمن تھے۔

باب۷۵۴۔ قَوْلِهٖ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا مَّذْهَبًا يَّسْرُبُ يَسْلُكُ وَمِنْهُ سَارِبٌ بِالنَّهَارِ

۷۵۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جب وہ دونوں، دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچے تو دونوں حضرات اپنی مچھلی بھول گئے، مچھلی نے دریا میں اپنا راستہ بنا لیا۔" "سربا" یعنی راستہ، یسرب یعنی چلتا ہے، اسی سے "سارب بالنہار" آتا ہے (دن میں چلنے والا)۔"

(۱۸۳۷) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يَعْلَى ابْنُ مُسْلِمٍ وَّ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ يَّزِيْدُ اَحَدُ هُمَا عَلٰى صَاحِبِهٖ وَغَيْرُهُمَا قَدْ سَمِعْتُهٗ يُحَدِّثُهٗ عَنْ سَعِيْدٍ قَالَ اِنَّا لَعِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍؓ فِيْ بَيْتِهٖ اِذْ قَالَ سَلُوْنِيْ قُلْتُ اَيْ اَبَا عَبَّاسٍؓ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَآءَكَ بِالْكُوْفَةِ رَجُلٌ قَاصٌّ يُقَالُ لَهٗ نَوْفٌ يَّزْعُمُ اَنَّهٗ لَيْسَ بِمُوْسٰى بَنِيْۤ اِسْرَآئِيْلَ اَمَّا عَمْرٌو فَقَالَ لِيْ قَالَ قَدْ كَذَبَ عَدُوُّاللّٰهِ وَاَمَّا يَعْلٰى فَقَالَ لِيْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ حَدَّثَنِيْۤ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوْسٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ ذَكَّرَالنَّاسَ يَوْمًا حَتّٰۤى اِذَا فَاضَتِ الْعُيُوْنُ وَرَقَّتِ الْقُلُوْبُ وَلّٰى فَاَدْرَكَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ فِي الْاَرْضِ اَحَدٌ اَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ لَا فَعَتَبَ عَلَيْهِ اِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَى اللّٰهِ قِيْلَ بَلٰى قَالَ اَيْ رَبِّ فَاَيْنَ قَالَ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ قَالَ اَيْ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْ عَلَمًا اَعْلَمُ ذٰلِكَ بِهٖ فَقَالَ لِيْ عَمْرٌو قَالَ حَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوْتُ وَقَالَ لِيْ يَعْلٰى قَالَ خُذْنُوْنًا مَّيِّتًا حَيْثُ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ فَاَخَذَ حُوْتًا فَجَعَلَهٗ فِيْ مِكْتَلٍ فَقَالَ لِفَتَاهُ لَاۤ اُكَلِّفُكَ اِلَّاۤ اَنْ تُخْبِرَنِيْ بِحَيْثُ يُفَارِقُكَ الْحُوْتُ قَالَ مَا كَلَّفْتَ كَثِيْرًا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ جَلَّ ذِكْرُهٗ وَاِذْ قَالَ

۱۸۳۷۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی۔ کہا کہ مجھے یعلیٰ بن مسلم اور عمرو بن دینار نے خبر دی سعید بن جبیر کے واسطہ سے۔ دونوں حضرات ایک دوسرے کی روایت میں کمی اور اضافہ کے ساتھ حدیث بیان کرتے تھے اور ان کے علاوہ ایک اور صحابی نے بھی سعید بن جبیر سے سن کر حدیث بیان کی، کہ آپ نے فرمایا، میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کے گھر حاضر تھا۔ آپ نے فرمایا کہ مجھ سے پوچھو، میں نے عرض کی، اے ابوعباس! اللہ آپ پر مجھے قربان کرے۔ کوفہ میں ایک قصہ گو شخص نوف نامی ہے اور وہ کہتا ہے کہ موسیٰ صاحب خضر وہ نہیں تھے جو بنی اسرائیل کے پیغمبر موسیٰ علیہ السلام ہوئے ہیں (ابن جریج نے بیان کیا کہ) عمرو بن دینار نے تو روایت اس طرح بیان کی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ دشمن خدا جھوٹی بات کہتا ہے، لیکن یعلیٰ بن مسلم نے اپنی روایت میں اس طرح مجھ سے بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھ سے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے رسول تھے، ایک دن آپ نے لوگوں (بنی اسرائیل) کو وعظ و تذکیر کی یہاں تک کہ لوگوں کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے اور دل پسیج گئے تو آپ واپس جانے کے لئے مڑے۔ اس وقت ایک شخص نے آپ سے پوچھا، اے اللہ کے رسول! کیا دنیا میں آپ سے بڑا کوئی عالم ہے؟ آپ نے فرمایا کہ نہیں،، اس پر اللہ نے عتاب نازل کیا، کیونکہ آپ نے علم کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں کی تھی۔ آپ سے کہا گیا کہ ہاں تم سے بھی بڑا عالم ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی، اے پروردگار! وہ کہاں ہیں؟ فرمایا دو

مُوْسٰی لِفَتَاهُ یُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ لَیْسَتْ عَنْ سَعِیْدٍ قَالَ فَبَیْنَمَا هُوَ فِیْ ظِلِّ صَخْرَةٍ فِیْ مَکَانٍ ثَرْیَانَ اِذْ تَضَرَّبَ الْحُوْتُ وَمُوْسٰی نَائِمٌ فَقَالَ فَتَاهُ لَا اُوْقِظُهٗ حَتّٰی اِذَا اسْتَیْقَظَ نَسِیَ اَنْ یُّخْبِرَهٗ وَتَضَرَّبَ الْحُوْتُ حَتّٰی دَخَلَ الْبَحْرَ فَاَمْسَکَ اللّٰهُ عَنْهُ جِرْیَةَ الْبَحْرِ حَتّٰی کَاَنَّ اَثَرَهٗ فِیْ حَجَرٍ قَالَ لِیْ عَمْرٌو هٰکَذَا کَاَنَّ اَثَرَهٗ فِیْ حَجَرٍ وَّحَلَّقَ بَیْنَ اِبْهَامَیْهِ وَاللَّتَیْنِ تَلِیَانِهِمَا لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا قَالَ قَدْ قَطَعَ اللّٰهُ عَنْکَ النَّصَبَ لَیْسَتْ هٰذِهٖ عَنْ سَعِیْدٍ اَخْبَرَهٗ فَرَجَعَا فَوَجَدَا خَضِرًا قَالَ لِیْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ سُلَیْمَانَ عَلٰی طِنْفِسَةٍ خَضْرَآءَ عَلٰی کَبِدِ الْبَحْرِ قَالَ سَعِیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ مُسَجًّی بِثَوْبِهٖ قَدْ جَعَلَ طَرَفَهٗ تَحْتَ رِجْلَیْهِ وَطَرَفَهٗ تَحْتَ رَاْسِهٖ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ مُوْسٰی فَکَشَفَ عَنْ وَّجْهِهٖ وَقَالَ هَلْ بِاَرْضِیْ مِنْ سَلَامٍ مَّنْ اَنْتَ قَالَ اَنَا مُوْسٰی قَالَ مُوْسٰی بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا شَاْنُکَ قَالَ جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِیْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ اَمَا یَکْفِیْکَ اَنَّ التَّوْرٰةَ بِیَدَیْکَ وَاَنَّ الْوَحْیَ یَاْتِیْکَ یَا مُوْسٰی اِنَّ لِیْ عِلْمًا لَّا یَنْبَغِیْ لَکَ اَنْ تَعْلَمَهٗ وَاِنَّ لَکَ عِلْمًا لَّا یَنْبَغِیْ لِیْ اَنْ اَعْلَمَهٗ فَاَخَذَ طَائِرٌ بِمِنْقَارِهٖ مِنَ الْبَحْرِ وَقَالَ وَاللّٰهِ مَا عِلْمِیْ وَمَا عِلْمُکَ فِیْ جَنْبِ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا کَمَا اَخَذَ هٰذَا الطَّآئِرُ بِمِنْقَارِهٖ مِنَ الْبَحْرِ حَتّٰی اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ وَجَدَا مَعَابِرَ صِغَارًا تَحْمِلُ اَهْلَ هٰذَا السَّاحِلِ الی اهل هذا الساحل الْاٰخَرِ عَرَفُوْهُ فَقَالُوْا عَبْدُاللّٰهِ الصَّالِحُ قَالَ قُلْنَا لِسَعِیْدٍ خَضِرٌ قَالَ نَعَمْ لَا تَحْمِلُهٗ بِاَجْرٍ فَخَرَقَهَا وَوَتَدَ فِیْهَا وَتَدًا قَالَ مُوْسٰی اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا اِمْرًا قَالَ مُجَاهِدٌ مُنْکَرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا کَانَتِ الْاُوْلٰی نِسْیَانًا وَّالْوُسْطٰی شَرْطًا وَّالثَّالِثَةُ عَمَدًا قَالَ

دریاؤں کے سنگم پر، عرض کی، اے پروردگار! میرے لئے ان کی کوئی پہچان متعین کر دیجئے کہ میں انہیں اس سے پہچان لوں، عمرو نے مجھ سے اپنی روایت اس طرح بیان کی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا، جہاں تم سے تمہاری مچھلی جدا ہو جائے (وہیں وہ ملیں گے) اور یعلیٰ نے حدیث اس طرح بیان کی کہ ایک مردہ مچھلی ساتھ لے لو، جہاں اس مچھلی میں روح پڑ جائے۔ (وہیں وہ ملیں گے) موسیٰ علیہ السلام نے مچھلی ساتھ لے لی اور اسے ایک تھیلے میں رکھ لیا۔ آپ نے اپنے رفیق سفر سے فرمایا کہ بس تمہیں اتنی تکلیف دوں گا۔ جب مچھلی تم سے جدا ہو جائے تو مجھے بتانا، انہوں نے عرض کی کہ آپ نے تو کچھ کام ذمہ نہ کیا۔ اسی کی طرف اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "واذقال موسیٰ لفتاہ" میں وہ فتی (رفیق سفر) یوشع بن نون رضی اللہ عنہ تھے۔ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ (راوی حدیث) نے ان کے نام کی تعیین نہیں کی تھی۔ بیان کیا کہ پھر وہ ایک چٹان کے سایہ میں ٹھہر گئے جہاں نمی اور ٹھنڈک تھی۔ اس وقت مچھلی حرکت کرنے لگی۔ موسیٰ علیہ السلام سو رہے تھے اس لئے رفیق سفر نے سوچا کہ آپ کو جگانا نہ چاہئے۔ لیکن جب موسیٰ علیہ السلام بیدار ہوئے تو وہ مچھلی کی حرکت کے متعلق بھول گئے، اسی عرصہ میں مچھلی نے ایک حرکت کی اور پانی میں چلی گئی۔ اللہ تعالیٰ نے مچھلی کی جگہ پانی کے بہاؤ کو۔ روک دیا جس سے وہ پتھر کی طرح وہیں رک گئی۔ عمرو بن دینار نے مجھ سے بیان کیا کہ اس طرح وہ پانی میں معلق ہو گئی تھی، آپ نے دونوں انگوٹھوں اور اس سے قریب کی انگلیوں سے حلقہ بنا کر اس کی کیفیت بتائی (اس کے بعد کچھ دور اور وہ حضرات آگے گئے، پھر موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہمیں اب اس سفر میں تھکن محسوس ہو رہی ہے۔ ان کے رفیق سفر نے عرض کی، اللہ نے آپ کی تھکن کو دور کر دیا ہے (اور مچھلی زندہ ہو گئی ہے) ابن جریج نے بیان کیا کہ یہ ٹکڑا سعید بن جبیر سے نہیں مروی ہے۔ یوشع بن نون رضی اللہ عنہ نے موسیٰ علیہ السلام کو واقعہ بتایا تو دونوں حضرات واپس لوٹے اور خضر علیہ السلام سے ملاقات ہوئی۔ مجھ سے عثمان بن ابی سلیمان نے بیان کیا کہ دریا کے بیچ میں ایک چھوٹے سے ردیں دار فرش پر آپ تشریف رکھتے تھے۔ اور سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ آپ اپنے کپڑے سے تمام جسم لپیٹے ہوئے تھے۔ اس کا ایک کنارہ آپ کے پاؤں کے نیچے تھا اور دوسرا سر کے اوپر تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے پہنچ کر سلام کیا تو آپ

لَاتُؤَاخِذْنِیْ بِمَا نَسِیْتُ وَلَا تُرْ هِقْنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرًا لَّقِیَا غُلَامًا فَقَتَلَه' قَالَ یَعْلٰی قَالَ سَعِیْدٌ وَّجَدَ غِلْمَانًا یَّلْعَبُوْنَ فَاَخَذَ غُلَامًا کَافِرًا ظَرِیْفًا فَاَضْجَعَه' ثُمَّ ذَبَحَه' بِالسِّکِّیْنِ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّةً بِغَیْرِ نَفْسٍ لَّمْ تَعْمَلْ بِالْحِنْثِ وَکَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَرَاَهَا زَکِیَّةً زَاکِیَةً مُّسْلِمَةً کَقَوْلِکَ غُلَامًا زَکِیًّا فَانْطَلَقَا فَوَجَدَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَاَقَامَه' قَالَ سَعِیْدٌ بِیَدِهٖ هٰکَذَا وَرَفَعَ یَدَه' فَاسْتَقَامَ قَالَ یَعْلٰی حَسِبْتُ اَنَّ سَعِیْدًا قَالَ فَمَسَحَه' بِیَدِهٖ فَاسْتَقَامَ لَوْشِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا قَالَ سَعِیْدٌ اَجْرًا نَّاْ کُلُه' وَ کَانَ وَرَآءَ هُمْ وَکَانَ اَمَا مَهُمْ قَرَاَهَا ابْنُ عَبَّاسٍ اَمَامَهُمْ مَّلِکٌ یَّزْعُمُوْنَ عَنْ غَیْرِ سَعِیْدٍ اَنَّه' هُدَدُ بْنُ بُدَدَ وَّالْغُلَامُ الْمَقْتُوْلُ اسْمُه' یَزْعُمُوْنَ جَیْسُوْرٌ مَّلِکٌ یَّاْخُذُ کُلَّ سَفِیْنَةٍ غَصْبًا فَاَرَدْتُّ اِذَا هِیَ مَرَّتْ بِهٖ اَنْ یَّدَعَهَا لِعَیْبِهَا فَاِذَا جَاوَزُوْآ اَصْلَحُوْهَا فَانْتَفَعُوْا بِهَا وَمِنْهُمْ مَنْ یَّقُوْلُ سَدُّوْهَا بِقَارُوْرَةٍ وَّ مِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ بِالْقَارِ کَانَ اَبَوَاهُ مُؤْمِنَیْنِ وَکَانَ کَافِرًا فَخَشِیْنَا اَنْ یُّرْهِقَهُمَا طُغْیَانًا وَّکُفْرًا اَنْ یَّحْمِلَهُمَا حُبُّه' عَلٰی اَنْ یُّتَا بِعَاهُ عَلٰی دِیْنِهٖ فَاَرَدْنَآ اَنْ یُّبْدِلَ لَهُمَا رَبُّهُمَا خَیْرًا مِّنْهُ زَکٰوةً لِّقَوْلِهٖ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّةً وَّ اَقْرَبَ رُحْمًا وَّاَقْرَبَ رُحْمًا هُمَابِهٖ اَرْحَمُ مِنْهُمَا بِالْاَوَّلِ الَّذِیْ قَتَلَ خَضِرٌ وَّزَعَمَ غَیْرُ سَعِیْدٍ اَنَّهُمَا اُبْدِ لَاجَارِیَةً وَّاَمَّا دَاوٗدُ بْنُ اَبِیْ عَاصِمٍ فَقَالَ عَنْ غَیْرِ وَاحِدٍ اَنَّهَا جَارِیَةٌ

نے اپنا چہرہ کھولا اور کہا، میری اس سرزمین میں اور سلام! آپ کون ہیں؟ فرمایا کہ میں موسیٰ ہوں، پوچھا موسیٰ بنی اسرائیل؟ فرمایا کہ ہاں۔ پوچھا آپ کیوں آئے ہیں؟ فرمایا کہ میرے آنے کا مقصد یہ ہے کہ جو ہدایت کا علم آپ کو حاصل ہے وہ مجھے بھی سکھادیں۔ اس پر خضر علیہ السلام نے فرمایا، کیا آپ کے لئے یہ کافی نہیں ہے کہ توریت آپ کے ہاتھ میں ہے اور آپ پر وحی نازل ہوتی ہے، اے موسیٰ مجھے جو علم حاصل ہے اس کا سیکھنا آپ کے لئے مناسب نہیں ہے۔ اسی طرح آپ کو جو علم حاصل ہے اس کا سیکھنا میرے لئے مناسب نہیں ہے۔ اس عرصہ میں ایک چڑیا نے اپنی چونچ سے دریا کا پانی لیا تو آپ نے فرمایا۔ خدا گواہ ہے کہ میرا اور آپ کا علم اللہ کے علم کے مقابلے میں اس سے زیادہ نہیں ہے جتنا اس چڑیا نے دریا کا پانی اپنی چونچ میں لیا ہے، کشتی پر چڑھنے کے وقت انہوں نے چھوٹی چھوٹی کشتیاں دیکھیں جو ایک ساحل کے لوگوں کو دوسرے ساحل پر لے جا کر چھوڑ آتی تھیں۔ کشتی والوں نے خضر علیہ السلام کو پہچان لیا اور کہا کہ یہ اللہ کے صالح بندے ہیں ہم ان سے کرایہ نہیں لیں گے۔ لیکن خضر علیہ السلام نے کشتی میں شگاف کر دیئے اور اس میں (تختوں کی جگہ) کیلیں گاڑ دیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے کہا آپ نے اس لئے اسے پھاڑ ڈالا ہے کہ اس کے مسافروں کو ڈبو دیں، بلاشبہ آپ نے ایک بڑا ناگوار کام کیا ہے۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے آیت میں ''امراً'' کا ترجمہ ''منکراً'' کیا ہے۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے۔ موسیٰ علیہ السلام کا یہ سوال تو بھولنے کی وجہ سے تھا لیکن دوسرا بطور شرط تھا، اور تیسرا قصداً انہوں نے کیا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے اس پہلے سوال پر کہا کہ جو میں بھول گیا اس پر مجھ سے مواخذہ نہ کیجئے اور میرے معاملہ میں تنگی نہ کیجئے پھر انہیں ایک بچہ ملا تو خضر علیہ السلام نے اسے قتل کر دیا۔ یعلیٰ نے بیان کیا کہ سعید بن جبیر نے کہا کہ خضر علیہ السلام کو چند بچے ملے جو کھیل رہے تھے۔ آپ نے ان میں سے ایک بچہ کو پکڑا جو کافر اور چالاک تھا اور اسے لٹا کر چھری سے ذبح کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا، آپ نے قصاص کے ایک بے گناہ جان کو جس نے کہ برا کام نہیں کیا تھا۔ قتل کر ڈالا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ آیت میں ''زکیة'' کی قرأت ''زاکیة'' کیا کرتے تھے بمعنی مسلمة جیسے ''غلاما زکیا'' میں ہے۔ پھر وہ دونوں

حضرات آگے بڑھے تو ایک دیوار نظر پڑی جو بس گرنے ہی والی تھی۔ خضر علیہ السلام نے اسے ٹھیک کر دیا۔ سعید بن جبیر نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کر کے بتایا کہ اس طرح یعلیٰ بن مسلم نے بیان کیا، میرا خیال ہے کہ سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ خضر علیہ السلام نے دیوار پر ہاتھ پھیر کر اسے ٹھیک کر دیا، موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر آپ چاہتے تو اس پر اجر لے سکتے تھے۔ سعید بن جبیر نے اس کی تشریح کی کہ اجرت جسے ہم کھا سکتے۔'' آیت ''وکان وراء ھم'' کی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے قرأت ''وکان امامھم'' کی یعنی کشتی جہاں جا رہی تھی اس ملک میں ایک بادشاہ تھا، سعید کے سوا دوسرے راوی سے اس بادشاہ کا نام ھدد بن بدد نقل کرتے ہیں اور جس بچہ کو خضر علیہ السلام نے قتل کیا تھا اس کا نام جیسور بیان کرتے ہیں۔ تو وہ بادشاہ ہر (نئی اور اچھی) کشتی کو زبردستی چھین لیا کرتا تھا، اس لئے میں نے چاہا کہ جب یہ کشتی اس کے سامنے سے گذرے تو اس کے اس عیب کی وجہ سے (جو میں نے اس میں کر دیا ہے) اسے نہ چھینے۔ جب کشتی والے اس بادشاہ کے حدود سلطنت سے گذر جائیں گے تو خود اسے ٹھیک کر لیں گے اور اسے کام میں لاتے رہیں گے، بعض لوگوں کا تو یہ خیال ہے کہ انہوں نے کشتی کو سیسہ لگا کر جوڑا تھا اور بعض کہتے ہیں کہ تارکول سے جوڑا تھا (اور جس بچہ کو قتل کر دیا ہے) تو اس کے والدین مومن تھے اور وہ بچہ (اللہ کی تقدیر میں) کافر تھا۔ اس لئے ہمیں ڈر تھا کہ کہیں (بڑا ہو کر) وہ انہیں بھی سرکشی اور کفر میں نہ مبتلا کر دے کہ اپنے لڑکے سے انتہائی محبت انہیں اس کے دین کی اتباع پر مجبور کر دے، اس لئے ہم نے چاہا کہ اللہ اس کے بدلہ میں انہیں کوئی نیک اور اس سے بہتر اولاد دے۔'' ''واقرب رحماً'' یعنی اس کے والدین اس بچہ پر جواب اللہ تعالیٰ انہیں دے گا پہلے سے زیادہ مہربان ہوں جسے خضر علیہ السلام نے قتل کر دیا ہے۔ سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ان والدین کو اس بچہ کے بدلے ایک لڑکی دی گئی تھی۔ داؤد بن عاصم رحمۃ اللہ علیہ کئی حوالوں سے نقل کرتے ہیں کہ وہ لڑکی ہی تھی۔

باب ۷۵۵. قَوْلِهٖ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰهُ اٰتِنَا غَدَآئَنَا لَقَدْ لَقِیْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا اِلٰی قَوْلِهٖ عَجَبًا صُنْعًا عَمَلاً حِوَلًا تَحَوُّلًا قَالَ ذٰلِکَ مَا کُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلٰی اٰثَارِهِمَا قَصَصًا اِمْرًا وَّنُکْرًا دَاهِیَةً یَنْقَضَّ

۷۵۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''پس جب دونوں اس جگہ سے آگے بڑھ گئے تو موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رفیق سفر سے فرمایا کہ ہمارا کھانا لاؤ ہمیں اب تھکن محسوس ہونے لگی ہے۔'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''عجبا'' تک۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں صنعا'' عمل کے معنی میں ہے، ''حولاً'' بمعنی پھر

يُنقَاضُ كَمَا تَنقَاضُ السِّنُّ لَتَخِذْتَ وَاتَّخَذْتَ وَاحِدٌ رُحْمًا مِّنَ الرُّحْمِ وَهِيَ اَشَدُّ مُبَالَغَةً مِّنَ الرَّحْمَةِ وَنَظُنُّ اَنَّهُ مِنَ الرَّحِيْمِ وَ تُدْعىٰ مَكَّةُ اُمَّ رُحْمٍ اَيِ الرَّحْمَةِ تَنزِلُ بِهَا

جانا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا۔ یہی تو وہ چیز تھی جو ہم چاہتے تھے۔ چنانچہ دونوں حضرات الٹے پاؤں واپس لوٹے۔ ارشاد خداوندی ''امراً'' اور ''نکراً'' دونوں عظیم اور بڑے کے معنی میں ہیں۔ ''ینقض'' یعنی گرنے ہی والی تھی جیسے دانت کے گرنے کے لئے ''ینقاض السن'' بولتے ہیں ''لتخذت'' (بالتخفیف) ''اتخذت (بالتشدید) ایک معنی میں ہے ''رحما'' رحم سے ہے اور اس میں رحمت کے مقابلہ میں بہت زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے، اور بعضوں نے اسے رحیم سے مشتق مانا ہے۔ مکہ کو ام رحم اس لئے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اس پر نازل ہوتی رہتی ہے۔

(۱۸۳۸) حَدَّثَنِيْ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍؓ اِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ اَنَّ مُوْسٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ لَيْسَ بِمُوْسَى الْخَضِرِ فَقَالَ كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَامَ مُوْسٰى خَطِيْبًا فِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ فَقِيْلَ لَهٗ اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ قَالَ اَنَا فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَيْهِ وَ اَوْحٰى اِلَيْهِ بَلٰى عَبْدٌ مِّنْ عِبَادِيْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ اَيْ رَبِّ كَيْفَ السَّبِيْلُ اِلَيْهِ قَالَ تَاْخُذُ حُوْتًا فِيْ مِكْتَلٍ فَحَيْثُمَا فَقَدْتَّ الْحُوْتَ فَاتَّبِعْهُ قَالَ فَخَرَجَ مُوْسٰى وَمَعَهٗ فَتَاهُ يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ وَّمَعَهُمَا الْحُوْتُ حَتّٰى انْتَهَيَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَنَزَلَا عِنْدَهَا قَالَ فَوَضَعَ مُوْسٰى رَاْسَهٗ فَنَامَ قَالَ سُفْيٰنُ وَفِيْ حَدِيْثِ غَيْرِ عَمْرٍو قَالَ وَفِيْ اَصْلِ الصَّخْرَةِ عَيْنٌ يُقَالُ لَهَا الْحَيَاةُ لَا يُصِيْبُ مِنْ مَّآءِ هَا شَيْءٌ اِلَّا حَيِيَ فَاَصَابَ الْحُوْتَ مِنْ مَّآءِ تِلْكَ الْعَيْنِ قَالَ فَتَحَرَّكَ وَانْسَلَّ مِنَ الْمِكْتَلِ فَدَخَلَ الْبَحْرَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مُوْسٰى قَالَ لِفَتَاهُ اٰتِنَا غَدَآءَ نَا الْاٰيَةَ قَالَ وَلَمْ يَجِدِ النَّصَبَ حَتّٰى جَاوَزَمَآ اُمِرَ بِهٖ قَالَ لَهٗ فَتَاهُ يُوْشَعُ ابْنُ نُوْنٍ اَرَاَيْتَ اِذْ اَوَيْنَا اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ

۱۸۳۸۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھ سے سفیان بن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے اور ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا۔ کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے عرض کی نوف بکالی کہتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام جو اللہ کے نبی تھے وہ نہیں جنہوں نے خضر علیہ السلام سے ملاقات کی تھی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا، دشمن خدا نے غلط بات کہی، [1] ہم سے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کو وعظ کے لئے کھڑے ہوئے تو آپ سے پوچھا گیا کہ سب سے بڑا عالم کون شخص ہے؟ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر عتاب کیا کیونکہ انہوں نے علم کی نسبت اللہ کی طرف نہیں کی تھی، اور ان کے پاس وحی بھیجی کہ ہاں، میرے بندوں میں سے ایک بندہ مجمع البحرین پر ہے اور وہ تم سے بڑا عالم ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی، اے پروردگار! ان تک پہنچنے کا طریقہ کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک مچھلی تھیلے میں ساتھ لے لو۔ پھر جہاں وہ مچھلی گم ہو جائے وہیں انہیں تلاش کرو۔ بیان کیا کہ موسیٰ علیہ السلام نکل پڑے اور آپ کے ساتھ آپ کے رفیق سفر یوشع بن نون رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ مچھلی ساتھ تھی، جب چٹان تک پہنچے تو وہاں ٹھہر گئے، موسیٰ علیہ السلام اپنا سر رکھ کر وہیں سو گئے، عمرو کی روایت کے سوا دوسری روایت کے حوالہ سے سفیان نے بیان کیا کہ اس چٹان میں جڑ میں ایک چشمہ تھا، جسے ''حیاۃ'' کہا جاتا تھا۔ جس چیز پر اس کا پانی پڑ جاتا وہ زندہ ہو جاتا تھا۔ اس مچھلی پر بھی اس کا پانی پڑا تو اس کے اندر حرکت پیدا ہوئی اور وہ اپنے تھیلے سے

[1] ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ان کے متعلق یہ لفظ محض تنبیہ اور توبیخ کے طور پر کہے تھے یہ مقصد نہیں تھا کہ واقعی وہ اللہ کے دشمن ہیں۔

الْحُوْتَ اَلْاٰیَةَ قَالَ فَرَجَعَا یَقُصَّانِ فِیْ اٰثَارِهِمَا فَوَجَدَ فِی الْبَحْرِ کَا لطَّاقِ مَمَرَّ الْحُوْتِ فَکَانَ لِفَتَاهُ عَجَبًا وَّلِلْحُوْتِ سَرَبًا قَالَ فَلَمَّا انْتَهَیَا اِلَی الصَّخْرَةِ اِذْهُمَا بِرَجُلٍ مُّسَجًّی بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ عَلَیْهِ مُوْسٰی قَالَ وَاَنّٰی بِاَرْضِکَ السَّلَامُ فَقَالَ اَنَا مُوْسٰی قَالَ مُوْسٰی بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ هَلْ اَتَّبِعُکَ عَلٰٓی اَنْ تُعَلِّمَنِیْ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ لَهُ الْخَضِرُ یَامُوْسٰی اِنَّکَ عَلٰی عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَکَهُ اللّٰهُ لَآاَعْلَمُه' وَاَنَا عَلٰی عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِیْهِ اللّٰهُ لَاتَعْلَمُه' قَالَ بَلْ اَتَّبِعُکَ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِیْ فَلَا تَسْئَلْنِیْ عَنْ شَیْءٍ حَتّٰٓی اُحْدِثَ لَکَ مِنْهُ ذِکْرًا فَانْطَلَقَا یَمْشِیَانِ عَلَی السَّاحِلِ فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِیْنَةٌ فَعُرِفَ الْخَضِرُ فَحَمَلُوْ هُمْ فِیْ سَفِیْنَتِهِمْ بِغَیْرِ نَوْلٍ یَّقُوْلُ بِغَیْرِ اَجْرٍ فَرَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ قَالَ وَوَقَعَ عُصْفُوْرٌ عَلٰی حَرْفِ السَّفِیْنَةِ فَغَمَسَ مِنْقَارَهُ الْبَحْرَ فَقَالَ الْخَضِرُ لِمُوْسٰی مَا عِلْمُکَ وَعِلْمِیْ وَعِلْمُ الْخَلَآئِقِ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ اِلَّا مِقْدَارُ مَاغَمَسَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنْقَاره' قَالَ فَلَمْ یَفْجَا مُوْسٰی اِذْ عَمَدَ الْخَضِرُ اِلٰی قَدُوْمٍ فَخَرَقَ السَّفِیْنَةَ فَقَالَ لَه' مُوْسٰی قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَیْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَّ اِلٰی سَفِیْنَتِهِمْ فَخَرَقْهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ اَلْاٰیَةَ فَانْطَلَقَا اِذَا هُمَا بِغُلَامٍ یَّلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَاَخَذَ الْخَضِرُ بِرَاْسِهٖ فَقَطَعَه' قَالَ لَه' مُوْسٰی اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَکِیَّةً بِغَیْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَیْئًا نُّکْرًا قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّکَ اِنَّکَ لَنْ تَسْتَطِیْعَ مَعِیَ صَبْرًا اِلٰی قَوْلِهٖ فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ یَّنْقَضَّ فَقَالَ بِیَدِهٖ هٰکَذَا فَاَقَامَه' فَقَالَ لَه' مُوْسٰی اِنَّا دَخَلْنَا هٰذِهِ الْقَرْیَةَ فَلَمْ یُضَیِّفُوْنَا وَلَمْ یُطْعِمُوْنَا لَوْشِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَیْنِیْ وَبَیْنِکَ سَاُنَبِّئُکَ بِتَاْوِیْلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَّلَیْهِ صَبْرًا فَقَالَ

نکل کر دریا میں چلی گئی، موسیٰ علیہ السلام جب بیدار ہوئے تو آپ نے اپنے رفیق سفر سے فرمایا کہ ہمارا کھانا لاؤ الآیۃ بیان کیا کہ سفر میں موسیٰ علیہ السلام کو اس وقت تک کوئی تھکن محسوس نہیں ہوئی۔ جب تک وہ متعینہ جگہ سے آگے نہیں بڑھ گئے۔ رفیق سفر یوشع بن نون نے اس پر کہا، آپ نے دیکھا جب ہم چٹان کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے میں مچھلی کے متعلق کہنا بھول گیا، الآیۃ۔ بیان کیا کہ پھر دونوں حضرات اُلٹے پاؤں واپس لوٹے۔ دیکھا کہ جہاں مچھلی پانی میں گری تھی وہاں اس کے گذرنے کی جگہ طاق کی سی صورت بنی ہوئی ہے مچھلی تو پانی میں چلی گئی تھی۔ لیکن یوشع بن نون رضی اللہ عنہ کو اس طرح اس کے رک جانے پر تعجب تھا جب چٹان پر پہنچے تو دیکھا کہ ایک بزرگ کپڑے میں لپٹے ہوئے وہاں موجود ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے انہیں سلام کیا تو انہوں نے فرمایا کہ تمہاری اس سرزمین میں سلام کہاں سے آ گیا؟ آپ نے فرمایا کہ میں موسیٰ ہوں۔ پوچھا بنی اسرائیل کے موسیٰ؟ فرمایا کہ جی ہاں۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا۔ کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں۔ تاکہ جو ہدایت کا علم اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا ہے وہ آپ مجھے بھی سکھا دیں۔ خضر علیہ السلام نے جواب دیا کہ آپ کو اللہ کی طرف سے ایسا علم حاصل ہے جو میں نہیں جانتا اور اسی طرح مجھے اللہ کی طرف سے ایسا علم حاصل ہے جو آپ نہیں جانتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا، لیکن میں آپ کے ساتھ رہوں گا۔ خضر علیہ السلام نے اس پر کہا کہ اگر آپ کو میرے ساتھ رہنا ہی ہے تو پھر مجھ سے کسی چیز کے متعلق نہ پوچھے گا، میں خود آپ کو بتا دوں گا۔ چنانچہ دونوں حضرات دریا کے کنارے کنارے روانہ ہوئے، ان کے قریب سے ایک کشتی گذری تو خضر علیہ السلام کو کشتی والوں نے پہچان لیا اور اپنی کشتی میں آپ کو بغیر کرایہ کے چڑھا لیا دونوں حضرات کشتی میں سوار ہو گئے۔ بیان کیا کہ اس عرصہ میں ایک چڑیا کشتی کے کنارے آ کے بیٹھی اور اس نے اپنی چونچ کو دریا میں ڈالا تو خضر علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا، آپ کا اور تمام مخلوقات کا علم اللہ کے علم کے مقابلہ اس سے زیادہ نہیں ہے جتنا اس چڑیا نے اپنی چونچ میں دریا کا پانی لیا ہے۔ بیان کیا کہ پھر یکدم جب خضر علیہ السلام نے پھاوڑا اٹھایا اور کشتی کو پھاڑ ڈالا تو موسیٰ علیہ السلام اس طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا ان لوگوں نے ہمیں بغیر کسی کرایہ کے اپنی کشتی میں سوار کر لیا تھا اور آپ نے اس کا بدلہ یہ دیا کہ ان کی کشتی ہی کو چیر ڈالا کہ اس کے مسافر ڈوب مریں۔ بلاشبہ

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ دِدْنَا اَنَّ مُوْسٰى صَبَرَ حَتّٰى يَقُصَّ عَلَيْنَا مِنْ اَمْرِهِمَا قَالَ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ يَقْرَأُ وَكَانَ اَمَامَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَاَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا

آپ نے بڑا ناپسندیدہ کام کیا، پھر دونوں حضرات آگے بڑھے تو دیکھا کہ ایک بچہ جو بہت سے دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، خضر علیہ السلام نے اس کا سر پکڑا اور کاٹ ڈالا، اس پر موسیٰ علیہ السلام بول پڑے کہ آپ نے بلا کسی قصاص و بدلہ کے ایک معصوم جان لے لی، یہ تو بڑی ناگوار بات ہے۔ خضر علیہ السلام نے فرمایا، میں نے آپ سے پہلے ہی نہیں کہہ دیا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے، اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''پس اس بستی والوں نے ان کی میزبانی سے انکار کیا، پھر اسی بستی میں انہیں ایک دیوار دکھائی دی جو بس گرنے ہی والی تھی، خضر علیہ السلام نے اپنا ہاتھ یوں اس پر پھیرا اور اسے سیدھا کر دیا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا، ہم اس بستی میں آئے تو انہوں نے ہماری میزبانی سے انکار کیا اور ہمیں کھانا بھی نہیں دیا۔ اگر آپ چاہتے تو اس پر اجرت لے سکتے تھے، خضر علیہ السلام نے فرمایا۔ بس یہاں سے اب میرے اور آپ کی درمیان جدائی ہے اور میں آپ کو ان کاموں کی وجہ بتاؤں گا۔ جن پر آپ صبر نہیں کر سکے تھے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کاش موسیٰ علیہ السلام نے صبر کیا ہوتا اور اللہ تعالیٰ ان کے سلسلے میں اور واقعات ہم سے بیان کرتا۔ بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ (''وکان وراء هم ملک کے بجائے'') ''وکان امامهم ملک یاخذ کل سفینة صالحة غصباً'' قرأت کرتے تھے اور وہ بچہ (جسے قتل کیا تھا) اس کے والدین مؤمن تھے (اور یہ کافر ہوتا)۔

باب ۷۵۶. قَوْلِهٖ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا

۷۵۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''کیا ہم بتادیں آپ کو ان کے متعلق جو اپنے اعمال کے اعتبار سے گھاٹے میں ہیں۔

(۱۸۳۹) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ مُصْعَبٍ قَالَ سَاَلْتُ اَبِىْ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا هُمُ الْحَرُوْرِيَّةُ قَالَ لَاهُمُ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى اَمَّا الْيَهُوْدُ فَكَذَّبُوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَّا النَّصَارٰى فَكَفَرُوْا بِالْجَنَّةِ وَقَالُوْا لَاطَعَامَ فِيْهَا وَلَا شَرَابَ وَالْحَرُوْرِيَّةُ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَكَانَ سَعْدٌ يُسَمِّيْهِمُ الْفَاسِقِيْنَ

۱۸۳۹۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے مصعب بن سعد بن ابی وقاص سے بیان کیا کہ میں نے اپنے والد (سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ) سے آیت ''هل ننبئکم بالاخسرین اعمالاً۔'' (ترجمہ اوپر گذر چکا) کے متعلق سوال کیا کہ اس سے خوارج مراد ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ نہیں، اس سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں۔ یہود نے تو محمد ﷺ کی تکذیب کی، اور نصاریٰ نے جنت کا انکار کیا اور کہا کہ اس میں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں ملے گی۔ اور خوارج وہ ہیں، جنہوں نے اللہ کے عہد و میثاق کو توڑا۔ سعد رضی اللہ عنہ انہیں فاسق کہا کرتے تھے۔

باب۷۵۷. قَوْلِهٖ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ اَلْاٰیَةَ

۷۵۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی نشانیوں کو اور اس سے ملنے کو جھٹلایا، پس ان کے تمام اعمال غارت ہو گئے۔

(۱۸۴۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ. حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ مَرْیَمَ اَخْبَرَنَا الْمُغِیْرَةُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهٗ لَیَاْتِی الرَّجُلُ الْعَظِیْمُ السَّمِیْنُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ لَا یَزِنُ عِنْدَاللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَّقَالَ اقْرَءُوْا فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَزْنًا وَّعَنْ یَّحْیَی بْنِ بُکَیْرٍ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ مِثْلَهٗ

۱۸۴۰۔ ہم سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن ابی مریم نے حدیث بیان کی۔ انہیں مغیرہ نے خبر دی، کہا کہ مجھ سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بلاشبہ قیامت کے دن ایک بہت بھاری بھرکم موٹا تازہ شخص آئے گا، لیکن وہ اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر بھی کوئی وقعت نہیں رکھے گا اور فرمایا کہ پڑھ، "فلا نقیم لهم یوم القیٰمة وزناً" (قیامت کے دن ان کا کوئی وزن نہ ہوگا۔) اور یحییٰ بن بکیر سے روایت ہے، ان سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابوالزناد نے اسی حدیث کی طرح روایت کی ہے۔

کٓهٰیٰعٓصٓ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَبْصِرْ بِهِمْ وَاَسْمِعِ اللّٰهُ یَقُوْلُهٗ وَهُمُ الْیَوْمَ لَا یَسْمَعُوْنَ وَلَا یُبْصِرُوْنَ فِیْ ضَلَالٍ مُّبِیْنٍ یَعْنِیْ قَوْلَهٗ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ الْکُفَّارُ یَوْمَئِذٍ اَسْمَعُ شَیْءٍ وَّاَبْصَرُهٗ لَاَرْجُمَنَّکَ لَاَشْتُمَنَّکَ وَرِئْیًا مَنْظَرًا وَّقَالَ اَبُوْوَائِلٍ عَلِمَتْ مَرْیَمُ اَنَّ التَّقِیَّ ذُوْ نُهْیَةٍ حَتّٰی قَالَتْ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْکَ اِنْ کُنْتَ تَقِیًّا وَّقَالَ ابْنُ عُیَیْنَةَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا تُزْعِجُهُمْ اِلَی الْمَعَاصِیْ اِزْعَاجًا وَّقَالَ مُجَاهِدٌ اِدًّا عِوَجًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وِرْدًا عِطَاشًا اَثَاثًا مَالًا اِدًّا قَوْلًا عَظِیْمًا رِکْزًا صَوْتًا غَیًّا خُسْرَانًا بُکِیًّا جَمَاعَةُ بَاکٍ صِلِیًّا صَلِیَ یَصْلٰی نَدِیًّا وَّالنَّادِیْ وَاحِدٌ مَجْلِسًا۔

کھٰیٰعص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا (اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے متعلق) "ابصربهم و اسمع" کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، کفار آج کچھ نہیں سن رہے ہیں، اور نہ کچھ دیکھ رہے ہیں، کھلی ہوئی گمراہی میں پڑے ہیں، لیکن قیامت کے دن سب سے زیادہ سننے والے اور دیکھنے والے ہوں گے (اگرچہ یہ انہیں کچھ بھی نفع نہ دے گا) ارشاد خداوندی "لارجمنک" لا شتمنک کے معنی میں ہے۔ "وریا" بمعنی منظر۔ اور ابووائل نے بیان کیا کہ مریم علیہا السلام جانتی تھیں کہ خوف خدا رکھنے والا شخص عقلمند و دانا ہوتا ہے اسی لئے انہوں نے (جبرائیل علیہ السلام کو مرد کی صورت میں دیکھ کر (فرمایا تھا کہ "میں تجھ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں، اگر تو خوف خدا رکھنے والا ہے" اور ابن عیینہ نے فرمایا کہ "تؤزهم ازا" ای تزعجهم الی المعاصی ازعاجاً (شیاطین انہیں گناہوں کے لئے ابھارتے رہتے ہیں۔) مجاہد نے فرمایا "ادا" بمعنی عوجاً ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "ورداً" یعنی عطاشاً۔ "اثاثاً" ای مالاً۔ "اداً"، ای قولاً عظیماً۔ "رکزاً" ای صوتا؟ "ابن عباس رضی اللہ عنہ کے سوا دوسرے صاحب نے کہا "غیاً" بمعنی خسران ہے۔ ندیا" اور نادی ایک چیز ہے بمعنی مجلس۔

باب ۷۵۸. قَوْلِهٖ وَ اَنْذِرْ هُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ

(۱۸۴۱) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الاَعْمَشُ حَدَّثَنَا اَبُوْصَالِحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ نِالْخُدْرِىِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتٰى بِالْمَوْتِ كَهَيْئَةِ كَبْشٍ اَمْلَحَ فَيُنَادِىْ مُنَادِيًا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَشْرَئِبُّوْنَ وَيَنْظُرُوْنَ فَيَقُوْلُ هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ هٰذَا الْمَوْتُ وَكُلُّهُمْ قَدْرَاٰهُ ثُمَّ يُنَادِىْ يَااَهْلَ النَّارِ فَيَشْرَئِبُّوْنَ وَيَنْظُرُوْنَ فَيَقُوْلُ هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا فَيَقُوْلُوْنَ نَعَمْ هٰذَا الْمَوْتُ وَ كُلُّهُمْ قَدْرَاٰهُ فَيُذْبَحُ ثُمَّ يَقُوْلُ يَااَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ فَلاَ مَوْتَ وَيَااَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ فَلاَ مَوْتَ ثُمَّ قَرَءَ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِىَ الْاَمْرُوَهُمْ فِىْ غَفْلَةٍ وَّهٰٓؤُلَآءِ فِىْ غَفْلَةٍ اَهْلُ الدُّنْيَا وَهُمْ لَايُؤْمِنُوْنَ

۷۵۸۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "وانذرھم یوم الحسرۃ ۔"

۱۸۴۱۔ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابو صالح نے حدیث بیان کی، اوران سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، قیامت کے دن موت ایک چتی دار مینڈھے کی شکل میں لائی جائے گی ایک آواز دینے والا آواز دے گا کہ اے جنت والو! تمام جنتی گردن اٹھا اٹھا کر دیکھیں گے، آواز دینے والا پوچھے گا، اسے بھی پہچانتے ہو؟ وہ بولیں گے کہ ہاں، یہ موت ہے، ہر شخص اسے (موت کے وقت) دیکھ چکا ہے۔ پھر اسے ذبح کردیا جائے گا اور آواز دینے والا جنتیوں سے کہے گا کہ اب تمہارے لئے ہیشگی ہے، موت تم پر کبھی نہ آئے گی اور اے جہنم والو تمہیں بھی ہمیشہ اسی طرح رہنا ہے، تم پر بھی موت کبھی نہیں آئے گی۔ پھر آپ نے تلاوت کی: "وانذرھم یوم الحسرۃ" الخ (اور آپ انہیں حسرت کے دن سے ڈرائیے جب کہ اخیر فیصلہ کردیا جائے گا اور یہ لوگ بے پرواہی میں پڑے ہیں اور ایمان نہیں لاتے۔)

باب ۷۵۹. قَوْلِهٖ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِرَبِّكَ

(۱۸۴۲) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِبْرِيْلَ مَا يَمْنَعُكَ اَنْ تَزُوْرَنَا اَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرُنَا فَنَزَلَتْ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا

۷۵۹۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔"وما نتنزل الا بامر ربک۔"

۱۸۴۲۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے عمر بن ذر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، ان سے سعید بن جبیر نے اوران سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا جیسا کہ اب آپ کی ملاقات کا معمول ہے، اس سے زیادہ آپ ہم سے ملاقات کے لئے کیوں نہیں آیا کرتے؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی "وما نتنزل الابامر ربک الخ" (یعنی فرشتے) نازل نہیں ہوتے۔ بجز آپ کے پروردگار کے حکم کے، اسی کی ملک ہے جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے۔

باب ۷۶۰. قَوْلِهٖ اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا

(۱۸۴۳) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ سَمِعْتُ خَبَابًا قَالَ جِئْتُ الْعَاصِىَ ابْنَ وَآئِلِ السَّهْمِىَّ اَتَقَاضَاهُ حَقًّالِىْ عِنْدَهٗ فَقَالَ لَااُعْطِيْكَ

۷۶۰۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد "افرأیت الذی کفربلیتنا وقال لا وتین مالا وولداً۔"

۱۸۴۳۔ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں نے خباب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے فرمایا کہ میں عاص بن وائل سہمی کے یہاں اپنا حق مانگنے

حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَاحَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَاِنِّيْ لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اِنَّ لِيْ هُنَاكَ مَالًا وَّوَلَدًا فَاَقْضِيْكَه، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اَفَرَاَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَعَنْ شُعْبَةَ وَحَفْصٌ وَّاَبُوْمُعَاوِيَةَ وَوَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ

گیا۔① وہ کہنے لگا کہ جب تک تم محمد ﷺ کا کفر نہیں کرو گے میں تمہیں اجرت نہیں دوں گا، میں نے اس پر کہا کہ یہ میں کبھی نہیں کر سکتا، یہاں تک کہ تم مرنے کے بعد پھر زندہ کئے جاؤ۔ اس پر وہ بولا، کیا مرنے کے بعد پھر مجھے زندہ کیا جائے گا؟ میں نے کہا کہ ہاں، ضرور۔ کہنے لگا کہ پھر وہاں بھی میرے پاس مال واولاد ہوگی اور میں وہیں تمہاری اجرت بھی دے دوں گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ۔ "افرأیت الذی کفر بآیٰتنا وقال لاوتین مالًا وولداً" (بھلا آپ نے اس شخص کو بھی دیکھا جو ہماری نشانیوں سے کفر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے مال اور اولاد مل کر رہیں گے) اس حدیث کی روایت ثوری، شعبہ، حفص، ابومعاویہ اور وکیع نے اعمش کے واسطہ سے کی ہے (رحمہم اللہ تعالیٰ)۔

بَاب ۷۶۱. قَوْلِهٖ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ. اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَالرَّحْمٰنِ عَهْدًا قَالَ مَوْثِقًا

۷۶۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اطلع الغیب ام اتخذ عندالرحمٰن عھداً" "عھدا" ای موثقاً۔

(۱۸۴۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ قَيْنًا بِمَكَّةَ فَعَمِلْتُ لِلْعَاصِ بْنِ وَآئِلِ السَّهْمِيِّ سَيْفًا فَجِئْتُ اَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لَا اُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ قُلْتُ لَا اَكْفُرُ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ يُحْيِيْكَ قَالَ اِذَآ اَمَاتَنِي اللّٰهُ ثُمَّ بَعَثَنِيْ وَلِيْ مَالٌ وَّوَلَدٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اَفَرَاَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا، وَّوَلَدًا اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَالرَّحْمٰنِ عَهْدًا قَالَ مَوْثِقًا. لَمْ يَقُلِ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ سَيْفًا وَلَا مَوْثِقًا

۱۸۴۴۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی۔ انہیں اعمش نے، انہیں ابوالضحیٰ نے، انہیں مسروق نے اور ان سے خباب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مکہ میں، میں لوہار تھا اور عاص بن وائل سہمی کے لئے میں نے ایک تلوار بنائی تھی (اجرت باقی تھی اس لئے) ایک دن میں اس کی اجرت مانگنے آیا تو کہنے لگا کہ اس وقت تک نہیں دوں گا جب تک تم محمد ﷺ کا انکار نہیں کرو گے۔ میں نے کہا میں آنحضور ﷺ کی نبوت کا انکار ہرگز نہیں کرنے کا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے مار دے اور پھر زندہ کرے۔ وہ کہنے لگا کہ جب اللہ تعالیٰ مجھے مار کر دوبارہ زندہ کرے گا تو میرے پاس اس وقت مال واولاد بھی ہوگی (اور اسی وقت تم اپنی اجرت مجھ سے لے لینا) اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "افرایت الذی کفر بآیٰتنا وقال لاوتین مالًاوولداً اطلع الغیب ام تخذ عندالرحمٰن عھداً" (بھلا آپ نے اس شخص کو بھی دیکھا جو ہماری نشانیوں سے کفر کرتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ مجھے تو مال واولاد مل کر رہیں گے تو کیا یہ غیب پر مطلع ہوگیا ہے یا اس نے خدائے رحمان سے کوئی عہد کر لیا ہے) عہد بمعنی موثقاً (جس کا کرنا ضروری ہو) اشجعی نے سفیان کے واسطہ

① خباب رضی اللہ عنہ لوہار کا کام کیا کرتے تھے اور عاص بن وائل نے ان سے ایک تلوار بنوائی تھی۔ اس کی مزدوری باقی تھی، وہی مانگنے گئے تھے عمرو ابن عاص رضی اللہ عنہ مشہور صحابی اس کے لڑکے ہیں۔ واقعہ مکہ کا ہے۔

سے اپنی روایت میں ''موثقا'' اور ''سیفا'' کے الفاظ نہیں کہے ہیں۔

باب ۷۶۲. قَوْلِهٖ كَلَّا سَنَكْتُبُ مَايَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا

۷۶۲۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد کلا سنکتب مایقول ونمدلهٗ من العذاب مداً. (ہرگز نہیں ہم اس کا کہا ہوا لکھ لیتے ہیں۔ اور اس کا عذاب بڑھاتے ہی چلے جائیں گے۔)

(۱۸۴۵) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمٰنَ سَمِعْتُ اَبَاالضُّحٰی يُحَدِّثُ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ قَيْنًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَ كَانَ لِيْ دَيْنٌ عَلَى الْعَاصِي ابْنِ وَآئِلٍ قَالَ فَاَتَاهُ يَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لَااُعْطِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَا اَكْفُرُ حَتّٰى يُمِيْتَكَ اللّٰهُ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ فَذَرْنِيْ حَتّٰى اَمُوْتَ ثُمَّ اُبْعَثَ فَسَوْفَ اُوْتٰى مَالًا وَّوَلَدًا فَاَقْضِيْكَ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ اَفَرَاَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَ قَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّ وَلَدًا

۱۸۴۵۔ہم سے بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے سلیمان نے، انہوں نے ابوالضحیٰ سے سنا ان سے مسروق نے حدیث بیان کی کہ خباب رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں زمانہ جاہلیت میں لوہار کا کام کرتا تھا۔ اور عاص بن وائل پر (اسی سلسلے میں میرا قرض تھا۔ بیان کیا کہ آپ اس کے پاس اپنا قرض مانگنے آئے تو کہنے لگا کہ جب تک تم محمد ﷺ کا انکار نہیں کرتے، تمہاری مزدوری نہیں مل سکتی۔ آپ نے اس پر جواب دیا کہ خدا کی قسم، میں ہرگز آنحضور ﷺ کا انکار نہیں کرسکتا، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہیں مارے اور پھر دوبارہ زندہ کرے۔ عاص کہنے لگا کہ پھر مرنے تک مجھ سے قرض کا مطالبہ نہ کرو۔ مرنے کے بعد جب میں زندہ ہوں گا تو مجھے مال واولاد بھی ملیں گے اور اس وقت تمہارا قرض دے دوں گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''افرأیت الذی کفر بآیتنا وقال لاوتین مالا وولدا'' الخ (ترجمہ گذر چکا۔)

باب ۷۶۳. قَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ وَنَرِثُهٗ مَايَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ الْجِبَالُ هَدًّا هَدْمًا

۷۶۳۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ونرثهٗ ما یقول ویاتینا فرداً'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آیت الجبال ھداً'' کا مطلب یہ ہے کہ پہاڑ ڈھے جائیں گے۔

(۱۸۴۶) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ خَبَّابٍ قَالَ كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا وَّكَانَ لِيْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَآئِلٍ دَيْنٌ فَاَتَيْتُهٗ اَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لِيْ لَا اَقْضِيْكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ قَالَ قُلْتُ لَنْ اَكْفُرَ بِهٖ حَتّٰى تَمُوْتَ ثُمَّ تُبْعَثَ قَالَ وَاِنِّيْ لَمَبْعُوْثٌ مِّنْ بَعْدِ الْمَوْتِ سَوْفَ اَقْضِيْكَ اِذَارَجَعْتُ اِلٰى مَالٍ وَّوَلَدٍ قَالَ نَزَلَتْ اَفَرَاَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّلَدًا اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَالرَّحْمٰنِ عَهْدًا كَلَّا سَنَكْتُبُ مَايَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا

۱۸۴۶۔ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے اور ان سے خباب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں لوہار تھا اور عاص بن وائل پر میرا قرض چاہئے تھا۔ میں اس کے پاس تقاضا کرنے گیا تو کہنے لگا کہ جب تک تم محمد ﷺ کا انکار نہیں کرو گے۔ تمہارا قرض نہیں دوں گا، میں نے کہا کہ میں آنحضور ﷺ کا انکار ہرگز نہیں کروں گا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہیں مارے اور پھر زندہ کرے، اس نے اس پر پوچھا، کیا موت کے بعد میں دوبارہ زندہ کیا جاؤں گا پھر تو مجھے مال واولاد بھی مل جائیں گے، اور اسی وقت تمہارا قرض بھی ادا کروں گا، بیان کیا کہ اس کے متعلق آیت نازل ہوئی کہ ''افرأیت الذی کفر بأیتنا وقال لاوتین مالا

نَرِثُه' مَايَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا

ولداً.'' ''اطلع الغیب ام اتخذ عندالرحمٰن عهداً کلا سنکتب مایقول ونمدله' من العذاب مداً ونرثه ما یقول ویأتینا فرداً.'' (بھلا آپ نے اس شخص کو بھی دیکھا جو ہماری نشانیوں سے کفر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے تو مال اور اولاد مل کر رہیں گے، تو کیا یہ غیب پر مطلع ہو گیا ہے۔ یا اس نے خدائے رحمان سے کوئی عہد کر لیا ہے؟ ہرگز نہیں، البتہ ہم اس کا کہا ہوا بھی لکھے لیتے ہیں اور اس کے لئے عذاب بڑھاتے ہی چلے جائیں گے اور اس کی کہی ہوئی کے ہم ہی مالک رہ جائیں گے اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا۔)

سُوْرَةُ طٰهٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ وَّالضَّحَّاكُ بِالنَّبْطِيَّةِ طٰهٰ يَا رَجُلُ يُقَالُ كُلُّ مَالَمْ يَنْطِقْ بِحَرْفٍ اَوْفِيْهِ تَمْتَمَةٌ اَوْفَافَاةٌ فَهِيَ عُقْدَةٌ، اَزْرِىْ ظَهْرِىْ فَيُسْحِتَكُمْ يُهْلِكَكُمْ، الْمُثْلٰى تَانِيْثُ الْاَمْثَلِ يَقُوْلُ بِدِيْنِكُمْ يُقَالُ خُذِالْمُثْلٰى خُذِ الْاَمْثَلَ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا يُقَالُ هَلْ اَتَيْتَ الصَّفَّ الْيَوْمَ يَعْنِى الْمُصَلَّى الَّذِىْ يُصَلّٰى فِيْهِ فَاَوْجَسَ اَضْمَرَ خَوْفًا فَذَهَبَتِ الْوَاوُمِنْ خِيْفَةٍ لِكَسْرَةِ الْخَآءِ فِىْ جُذُوْعٍ اَىْ عَلٰى جُذُوْعٍ خَطْبُكَ بَالُكَ مِسَاسَ مَصْدَرُمَاسَّه' مِسَاسًا لَنَنْسِفَنَّه' لَنَذْرِيَنَّه' قَاعًا يَعْلُوْهُ الْمَآءُ الصَّفْصَفُ الْمُسْتَوِىْ مِنَ الْاَرْضِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مِنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ الْحُلِىِّ الَّذِىْ اسْتَعَارُوْامِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ فَقَذَفْتُهَا فَاَلْقَيْتُهَا اَلْقٰى صَنَعَ فَنَسِىَ مُوْسٰى هُمْ يَقُوْلُوْنَه' اَخْطَا الرَّبَّ لَايَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا الْعِجْلُ هَمْسًا حِسُّ الْاَقْدَامِ حَشَرْتَنِىْ اَعْمٰى عَنْ حُجَّتِىْ وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا فِى الدُّنْيَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِقَبَسٍ ضَلُّوا الطَّرِيْقَ وَ كَانُوْا شَا تِيْنَ فَقَالَ اِنْ لَّمْ اَجِدْ عَلَيْهَا مَنْ يَّهْدِىْ الطَّرِيْقَ اٰتِيْكُمْ بِنَارٍ تُوْ قِدُوْنَ وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اَمْثَلُهُمْ اَعْدَلُهُمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَضْمًا لَايُظْلَمُ

سورہ طٰہٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن جبیر اور ضحاک رحمہما اللہ نے کہا کہ حبشی زبان میں ''طٰہٰ'' کا مفہوم ہے ''اے مرد'' جب کوئی حرف ادا نہ ہوتا ہو یا زبان سے بولتے وقت ''تم تم'' یا ''فافا'' کی سی آواز نکلتی ہو تو اس کے لئے ''عقدۃ'' کہتے ہیں۔ ''ازری'' یعنی ظہری۔ ''فیسحتکم'' یعنی یھلکم ''المثلیٰ'' امثل کا مؤنث ہے یعنی تمہارا دین جس پر تم اب تک قائم ہو، بولتے ہیں ''خذ المثلیٰ'' یعنی افضل وبہتر کو اختیار کرلو۔ ''ثم ائتو صفا'' بولتے ہیں، ''هل اتیت الصف الیوم'' یعنی کیا تم اس جگہ آج آئے تھے جہاں نماز پڑھی جاتی ہے۔ ''فاوجس'' یعنی دل میں خوف محسوس کیا خاء کے کسرہ کی وجہ سے ''خیفۃ'' کے واؤ کو یاء سے بدل دیا گیا ہے ''فی جزوع'' یعنی علی جزوع۔ ''خطبک'' یعنی بالک۔ ''مساس، مساسہ مساسا کا مصدر ہے۔ ''لننسفنہ'' ای لنذرینه ''قاعاً'' جس زمین کے اوپر پانی آ جائے ''الصفصف'' یعنی ہموار زمین۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''اوزاراً'' بمعنی اثقالاً ہے۔ ''من زینة القوم'' یعنی وہ زیورات جو بنی اسرائیل نے آل فرعون سے عاریت کے طور پر لئے تھے ''فقذفتها'' ای فالقیتها۔ القیٰ بمعنی صنع۔ ''فنسی'' یعنی موسیٰ علیہ السلام بھول گئے اور اس کی اتباع کرنے والے کہنے لگے کہ موسیٰ تو رب کی تلاش میں غلط راستے پر چلے گئے ہیں (یعنی ان کے کہنے کے مطابق رب تو وہی گوسالہ تھا) ''لا یرجع الیهم قولاً'' مراد اسی گوسالہ سے ہے کہ وہ ان کی باتوں کا جواب نہیں دیتا تھا ''همساً'' یعنی قدموں کی چاپ ''حشرتنی اعمیٰ'' یعنی میرے دلائل وشواہد سے بے

فَيُهْضَمُ مِنْ حَسَنَاتِهِ عِوَجًا وَّادِيًا اَمْتًا رَابِيَةً سِيْرَتَهَا حَالَتَهَا الْاُوْلٰى النُّهٰى التُّقٰى ضَنْكًا الشَّقَآءُ هَوٰى شَقِىَ الْمُقَدَّسِ الْمُبَارَكِ طُوًى اِسْمُ الْوَادِىْ بِمَلْكِنَا بِاَمْرِنَا مَكَانًا سُوًى مُنْصَفٌ بَيْنَهُمْ يَبَسًا يَابِسًا عَلٰى قَدَرٍ مَّوْعِدٍ لَّاتَنِيَا تَضْعُفَا

بہرہ اور اندھا کر کے تو نے مجھے اٹھایا (آخرت میں) ورنہ میں تو دنیا میں بڑی بصیرت والا تھا "بقبس" کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کی اہل راستہ بھول گئے، سردی پڑ رہی تھی۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی ایسا شخص نہ ملا جو راستہ بتا دے تو میں آگ لاؤں گا، تا کہ تم اسے روشن کر لو۔ ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "امثلہم"، یعنی اعدلہم۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ہضماً، کی تفسیر میں فرمایا کہ اس پر زیادتی نہیں ہوگی اور اس کی نیکیاں برباد نہیں جائیں گی "عوجاً" "ای وادیاً" "امۃ" ای رابیۃ۔"سیرتھا" یعنی پہلی سی "النھی" ای التقی۔"ضنکاً" ای الشقاء۔"ھویٰ" ای شقی۔ "بالوادی المقدس" ای المبارک۔ "طویٰ" اس وادی کا نام ہے۔"بملکنا" ای بامرنا۔ مکاناً سویٰ یعنی ان کے درمیان نصف نصف ہوگا۔ یبساً" بمعنی یابساً۔

باب ۷۶۴۔ قَوْلِهٖ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِىْ

۷۶۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "واصطنعتک لنفسی"۔

(۱۸۴۷) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَهْدِىُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْتَقٰى اٰدَمُ وَمُوْسٰى فَقَالَ مُوْسٰى لِاٰدَمَ اَنْتَ الَّذِىْ اَشْقَيْتَ النَّاسَ وَاَخْرَجْتَهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ قَالَ لَهٗ اٰدَمُ اَنْتَ الَّذِى اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهٖ وَاصْطَفَاكَ لِنَفْسِهٖ وَاَنْزَلَ عَلَيْكَ التَّوْرٰةَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَوَجَدْتَّهَا كُتِبَ عَلَىَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِىْ قَالَ نَعَمْ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى اَلْيَمُّ الْبَحْرُ

۱۸۴۷۔ ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے مہدی بن میمون نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن سیرین نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ آدم اور موسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ملاقات ہوئی تو موسیٰ علیہ السلام نے آدم علیہ السلام سے کہا کہ آپ ہی نے انسان کو پریشانی میں ڈالا ہے اور اسے جنت سے نکالا ہے۔ آدم علیہ السلام نے جواب دیا کہ آپ وہی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رسالت کے لئے منتخب کیا اور خود اپنے لئے منتخب کیا اور آپ پر توریت نازل کی؟ موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ جی ہاں۔ اس پر آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ پھر آپ نے تو دیکھا ہی ہوگا کہ میری پیدائش سے پہلے ہی یہ سب کچھ میرے لئے لکھ دیا گیا تھا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ جی ہاں معلوم ہے۔ چنانچہ آدم علیہ السلام، موسیٰ علیہ السلام پر غالب رہے "الیم" یعنی دریا۔

باب ۷۶۵۔ قَوْلِهٖ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى اَنْ اَسْرِ

بِعِبَادِىْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِى الْبَحْرِ يَبَسًا لَّاتَخَافُ دَرَكًا وَّلَاتَخْشٰى فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَاغَشِيَهُمْ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى

۷۶۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی

کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے جاؤ، پھر ان کے لئے سمندر میں (عصا مار کر) خشک راستہ بنا لینا تم کو نہ پا لئے جانے کا اندیشہ ہوگا اور نہ تم کو (اور کوئی) خوف ہوگا۔ پھر فرعون نے اپنے لشکر سمیت ان کا پیچھا کیا تو دریا جب ان پر آ ملنے کو تھا آ ملا، اور فرعون نے تو اپنی قوم کو گمراہ ہی

کیا تھا اور سیدھی راہ پر نہ لایا۔"

(۱۸۴۸) حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَالْيَهُوْدُ تَصُوْمُ عَاشُوْرَآءَ فَسَاَلَهُمْ فَقَالُوْا هٰذَا الْيَوْمُ الَّذِيْ ظَهَرَ فِيْهِ مُوْسٰى عَلٰى فِرْعَوْنَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَوْلٰى بِمُوْسٰى مِنْهُمْ فَصُوْمُوْهُ

۱۸۴۸۔ مجھ سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے روح نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بشر نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو یہودی عاشوراء کا روزہ رکھتے تھے۔ آنحضور ﷺ نے ان سے اس کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ اس دن موسیٰ علیہ السلام نے فرعون پر غلبہ پایا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس پر فرمایا کہ پھر ہم ان کے مقابلہ میں موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ حقدار ہیں۔ تم لوگ بھی اس دن روزہ رکھو۔

باب ۷۶۶. قَوْلِهٖ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى

۷۶۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد۔

(۱۸۴۹) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ النَّجَّارِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَآجَّ مُوْسٰى اٰدَمَ فَقَالَ لَهٗ اَنْتَ الَّذِيْ اَخْرَجْتَ النَّاسَ مِنَ الْجَنَّةِ بِذَنْبِكَ وَاَشْقَيْتَهُمْ قَالَ قَالَ اٰدَمُ يَامُوْسٰى اَنْتَ الَّذِي اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهٖ وَبِكَلَامِهٖ اَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى اَمْرٍ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِيْ اَوْقَدَّرَهٗ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى

۱۸۴۹۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب بن نجار نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے، ان سے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ موسیٰ علیہ السلام نے آدم علیہ السلام سے بحث کی اور ان سے کہا کہ آپ ہی نے اپنے لغزش کے نتیجہ میں انسان کو جنت سے نکالا، اور مشقت میں ڈالا ہی، آدم علیہ السلام نے اس پر فرمایا کہ اے موسیٰ! آپ کو اللہ نے اپنی رسالت کے لئے منتخب کیا، اور ہم کلامی کا شرف بخشا۔ کیا آپ ایک ایسی بات پر مجھے ملامت کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے میری پیدائش سے بھی پہلے میرے لئے مقدر کر دیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، چنانچہ آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام پر بحث میں غالب رہے۔

سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَنِيْۤ اِسْرَآئِيْلَ وَالْكَهْفُ وَمَرْيَمُ طٰهٰ وَالْاَنْبِيَآءُ هُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْاُوَلِ وَهُنَّ مِنْ تِلَادِيْ وَقَالَ قَتَادَةُ جُذَاذًا قَطَّعَهُنَّ وَقَالَ الْحَسَنُ

سورۃ الانبیاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسحاق نے بیان کیا کہ میں نے عبدالرحمٰن بن یزید سے سنا اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سورۂ بنی اسرائیل، سورۂ کہف، سورۂ مریم اور سورۂ طٰہٰ ابتداء میں مکہ میں نازل ہوئی تھیں اور نہایت فصیح و بلیغ ہیں اور انہیں پہلے

فِیْ فَلَکٍ مِثْلُ فَلْکَةِ الْمِغْزَلِ یَسْبَحُوْنَ یَدُوْرُوْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ نَفَشَتْ رَعَتْ یُصْحَبُوْنَ یُمْنَعُوْنَ اُمَّتُکُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً قَالَ دِیْنُکُمْ دِیْنٌ وَّاحِدٌ وَّقَالَ عکرمة حَصَبُ حطب بالحبشیه وقال غَیْرُه' اَحَسُّوْا تَوَقَّعُوْهُ مِنْ اَحْسَسْتُ خَامِدِیْنَ هَامِدِیْنَ حَصِیْدٌ مُسْتَاصِلٌ یَّقَعُ عَلَی الْوَاحِدِ وَالْاِثْنَیْنِ وَالْجَمِیْعِ لَایَسْتَحْسِرُوْنَ لَایَعْیُوْنَ وَمِنْهُ حَسِیْرٌ وَّحَسَرْتُ بَعِیْرِیْ عَمِیْقٌ بَعِیْدٌ نُکِسُوْا رُدُّوْا صَنْعَةَ لَبُوْسِ الدُّرُوْعُ تَقَطَّعُوْا اَمْرَهُمْ اختلفوا الحَسِیْسَ وَالْحِسُّ وَالْجَرْسُ وَالْهَمْسُ وَاحِدٌ وَّهُوَ مِنَ الصَّوْتِ الْخَفِیِّ اٰذَنَّاکَ اَعْلَمْنَاکَ اٰذَنْتُکُمْ اِذَا اَعْلَمْتَه' فَاَنْتَ وَهُوَ عَلٰی سَوَآءٍ لَّمْ تَغْدِرْ وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَعَلَّکُمْ تُسْئَلُوْنَ تُفْهَمُوْنَ ارْتَضٰی رَضِیَ التَّمَاثِیْلُ اَلاَصْنَامُ السِّجِلِّ الصَّحِیْفَةُ

ہی میں نے یاد کیا تھا۔ قتادہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آیت میں ''جذذاً'' کا مطلب ہے کہ انہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''فی فلک'' یعنی جیسے چرخے دم کڑے ہیں، ''یسبحون'' ای یدُرون۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''نفشت'' بمعنی رعت ہے۔ ''یصبحون'' ای یمنعون امتکم امة واحدة'' کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تمہارا دین ایک دین ہے۔ عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''حصب'' حبشہ کی زبان میں لکڑی کو کہتے ہیں دوسرے حضرات نے کہا کہ ''احسوا'' بمعنی توقعوا ہے، احسست سے مشتق ہے ''خامدین'' ای ہامدین۔ ''حصید'' ای مستاصل واحد، تثنیہ اور جمع سب کے لئے استعمال ہوتا ہے ''لایستحسرون'' ای لایعیون، اسی سے حسیر اور حسرت بعیری استعمال ہوتا ہے (یعنی میرا اونٹ تھک گیا) ''عمیق'' ای بعید. نکسوا '' ای ردوا. ''صنعة لبوس بمعنی الدروع. ''تقطعوا امر هم'' ای اختلفوا ''الحسیس'' اور الحس، جرس اور ھمس ہم معنی ہیں، بمعنی پست آواز ''آذناک'' بمعنی اعلمناک. آذنتکم. اس وقت بولتے ہیں۔ جب آپ مخاطب کو کسی بات کی خبر دے چکے ہوں۔ اب آپ اور وہ دونوں اس میں برابر ہیں، یعنی جب آپ نے اسے پوری اطلاع دے دی تو آپ نے عذر نہیں کیا۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''لعلکم تسئلون'' ای تفھمون. ''ارتضیٰ ای رضی. ''التماثیل بمعنی اصنام ''السجل'' یعنی صحیفه.

باب ۷۶۷. قَوْلِهٖ کَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ

۷۶۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد'' جیسا کہ ہم نے ابتداء کی تھی آفرینش کی۔''

(۱۸۵۱) حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ ابْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ شَیْخٌ مِنَ النَّخَعِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ قَالَ خَطَبَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّکُمْ مَّحْشُوْرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا کَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُه' وَعْدًا عَلَیْنَآ اِنَّا کُنَّا فَاعِلِیْنَ ثُمَّ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ یُّکْسٰی یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِبْرَاهِیْمُ اَلَا اِنَّه' یُجَآءُ بِرِجَالٍ مِّنْ اُمَّتِیْ فَیُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ یَارَبِّ اَصْحَابِیْ فَیُقَالُ لَاتَدْرِیْ مَآاَحْدَثُوْا بَعْدَکَ فَاَقُوْلُ کَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ وَکُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّادُمْتُ اِلٰی قَوْلِهٖ

۱۸۵۱۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے نخع کے شیخ مغیرہ بن نعمان نخعی نے ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک دن خطبہ دیا اور فرمایا کہ تم سب لوگ قیامت کے دن ننگے پاؤں، ننگے جسم اور غیر مختون حالت میں اللہ کے حضور میں جمع کئے جاؤ گے (اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) پھر سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کو کپڑا پہنایا جائے گا اور ہاں کچھ لوگ میری امت کے لائے جائیں گے اور انہیں شمال کی طرف (جہنم کی طرف) لے جایا جائے گا تو میں کہوں گا کہ اے میرے رب! یہ تو میرے ساتھی ہیں۔ مجھے بتایا جائے گا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا نئی چیزیں

شَهِيدٌ فَيُقَالُ اِنَّ هٰؤُلَآءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْ تَدِّيْنَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ مُنْذُفَارَقْتَهُمْ

ایجاد کی تھیں۔ اس وقت میں بھی وہی کہوں گا جو صالح بندے عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے۔ "مجھے بتایا جائے گا کہ آپ کے بعد یہ لوگ دین سے پھر گئے تھے۔"

سُوْرَةُ الْحَجِّ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ الْمُخْبِتِيْنَ الْمُطْمَئِنِّيْنَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ اِذَا حَدَّثَ اَلْقَى الشَّيْطَانُ فِيْ حَدِيْثِهٖ فَيُبْطِلُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ وَ يُحْكِمُ اٰيٰتِهٖ وَيُقَالُ اُمْنِيَّتُه' قِرَاءَ تُه' اِلَّا اَمَانِيَّ يَقْرَئُوْنَ وَلاَ يَكْتُبُوْنَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَّشِيْدٌ بِالْقَصَّةِ وَقَالَ غَيْرُه' يَسْطُوْنَ يَفْرُطُوْنَ مِنَ السَّطْوَةِ وَيُقَالُ يَسْطُوْنَ يَبْطُشُوْنَ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ اُلْهِمُوْا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِسَبَبٍ بِحَبْلٍ اِلٰى سَقَفِ الْبَيْتِ تَذْهَلُ تُشْغَلُ

سورۃ الحج

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "المخبتین" ای المطمئنین "اذاتمنی القی الشیطان فی امنیة" کی تفسیر میں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب نبی کریم ﷺ آیات کی تلاوت کرتے ہیں تو شیطان اپنی بات اس میں ملانے کی کوشش کرتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ شیطان کی بات کومٹا دیتا ہے اور اپنی آیات کو محکم اور ثابت رکھتا ہے۔ ❶ "امنیۃ" یعنی قراءتہ۔ "الا امانی" یعنی پڑھتے ہیں لیکن لکھتے نہیں۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "مشید" یعنی گچے سے مضبوط کیا ہوا۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ "یسطون" ای یفرطون سطوۃ سے مشتق ہے، بولتے ہیں، یسطون اے یبطشون۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "سبب" یعنی رسی جو چھت سے لگی ہوئی ہو۔ "تذھل" ای تشغل۔

باب۷۶۸. قَوْلِهٖ وَ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى

(۱۸۵۲) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا اَبُوْصَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يٰاٰدَمُ يَقُوْلُ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ فَيُنَادِيْ بِصَوْتٍ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُخْرِجَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ بَعْثًا اِلَى النَّارِ قَالَ يَارَبِّ وَمَا بَعْثُ النَّارِ قَالَ مِنْ كُلِّ اَلْفٍ اُرَاهُ قَالَ تِسْعَ مِائَةٍ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ فَحِيْنَئِذٍ تَضَعُ الْحَامِلُ حَمْلَهَا وَيَشِيْبُ الْوَلِيْدُ وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَاهُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى تَغَيَّرَتْ وُجُوْهُهُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ

۷۶۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور لوگ تجھے نشہ میں دکھائی دیں گے۔"

۱۸۵۲۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابوصالح نے حدیث بیان کی اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ عزوجل قیامت کے دن آدم علیہ السلام سے ارشاد فرمائے گا، اے آدم! آپ عرض کریں گے، میں حاضر ہوں، ہمارے رب! آپ کی فرمانبرداری کے لئے۔ پھر ایک آواز آئے گی کہ اللہ پاک آپ کو حکم دیتا ہے کہ اپنی نسل میں سے جہنم میں بھیجنے کے لئے ان لوگوں کو نکالئے جو اس کے مستحق ہیں۔ آپ عرض کریں گے، اے رب! ان کی تعداد کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ ہر ایک ہزار میں سے میرا خیال ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ، نوسوننانوے (افراد کو جہنم میں لے جانے کے لئے نکال لو) کیونکہ انہوں نے جہنم کے عمل کئے

---

❶: علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے آیت کا ترجمہ اس طرح کیا ہے "کوئی نبی نہیں جس نے امید نہ باندھی ہو اپنی امت کے متعلق کہ ان کو ہدایت ہو، تو شیطان نے ان لوگوں کے قلوب میں زیغ پیدا کر کے ان کی آرزو کو پورا نہ ہونے دیا ہو اور اس میں کھوٹ نہ ڈال دی ہو۔"

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَّاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ تِسْعَمِائَةٍ وَّتِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ وَمِنْكُمْ وَاحِدٌ ثُمَّ اَنْتُمْ فِي النَّاسِ كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَآءِ فِيْ جَنْبِ الثَّوْرِ الْاَبْيَضِ اَوْكَا الشَّعْرَةِ الْبَيْضَآءِ فِيْ جَنْبِ الثَّوْرِ الْاَسْوَدِ وَاِنِّيْ لَاَرْجُوْا اَنْ تَكُوْنُوْا رُبْعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا ثُمَّ قَالَ شَطْرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا قَالَ اَبُوْاُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ تَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَقَالَ مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَّتِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ وَقَالَ جَرِيْرٌ وَعِيْسَى ابْنُ يُوْنُسَ وَاَبُوْمُعَاوِيَةَ سَكْرٰى وَمَا هُمْ بِسَكْرٰى

تھے) یہی وہ وقت ہوگا کہ (دہشت کی وجہ سے) حاملہ عورتوں کے حمل گر جائیں گے، بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور لوگ تجھے نشہ میں دکھائی دیں گے حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے اور لیکن اللہ کا عذاب ہے ہی شدید یعنی محض دہشت اور خوف کی وجہ سے ان کی یہ کیفیت ہو جائے گی) حضور اکرم ﷺ کا یہ ارشاد سن کر مجلس میں موجود صحابہؓ اتنے پژمردہ اور پریشان ہو گئے کہ ان کے چہروں کا رنگ بدل گیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ نوسو ننانوے افراد یاجوج ماجوج (اور ان کی طرح دوسرے مشرکین و کفار کے طبقوں) کے ہوں گے۔ (جو جہنم میں ڈالیں جائیں گے) اور ایک ہزار میں سے ایک (جو جنت میں لے جایا جائے گا۔) وہ تم میں سے (اور تمہارے طریقہ اختیار کرنے والوں میں سے) ہوگا۔ اور تم محشر میں اتنے کم ہوگے جیسے سر سے پاؤں تک سفید بیل کے جسم میں کہیں ایک سیاہ بال ہوتا ہے یا جیسے بالکل سیاہ بیل کے جسم پر کہیں سفید بال نظر آ جاتا ہے، اور مجھے امید ہے کہ تم لوگ (یعنی آنحضور ﷺ کی امت کے مؤمن) جنت والوں کے ایک چوتھائی ہوگے۔ ہم نے یہ سن کر خوشی سے اللہ اکبر کہا تو آپ نے فرمایا کہ تم اہل جنت کے ایک تہائی ہوں گے۔ ہم نے پھر خوشی سے اللہ اکبر کہا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اہل جنت کے آدھے تم ہوگے۔ ہم نے پھر اللہ اکبر کہا۔ ابواسامہ نے اعمش کے واسطہ سے بیان کیا کہ 'وتری الناس سکاریٰ وما هم بسکاری" اور بیان کیا کہ "ہر ہزار میں نوسو ننانوے" (اہل جہنم ہوں گے) جریر اور عیسیٰ بن یونس اور ابو معاویہ نے آیت اس طرح پڑھی "سکریٰ وماهم بسکریٰ" "وماهم بسکاری کے بجائے۔)

باب ۷۶۹. قَوْلِهٖ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُاللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ شَكٍّ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ نِاطْمَاَنَّ بِهٖ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ نِانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ اِلٰى قَوْلِهٖ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ اَتْرَفْنَاهُمْ وَسَّعْنَاهُمْ

۷۶۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد' اور انسانوں میں کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جو اللہ کی پرستش کنارہ پر (کھڑا ہو کر) کرتا ہے، پھر اگر اسے کوئی نفع پہنچ گیا تو وہ اس پر جمار ہا اور اگر کہیں اس پر کوئی آزمائش آپڑی تو وہ منہ اٹھا کر واپس چل دیا۔ (یعنی) دنیا و آخرت دونوں کو کھو بیٹھا'' اللہ تعالیٰ کے ارشاد' یہی تو ہے انتہائی گمراہی، اترفنا هم ای وسعناهم.

(۱۸۵۳) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحٰرِثِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ يَقْدَمُ الْمَدِيْنَةَ فَاِنْ وَّلَدَتِ امْرَاَتُهٗ غُلَامًا وَّنُتِجَتْ

۱۸۵۳۔ مجھ سے ابراہیم بن حارث نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحصین نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آیت ''اور انسانوں میں کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جو اللہ کی پرستش کنارہ پر (کھڑا ہو کر) کرتا ہے'' کے متعلق

خَيْلُهُ قَالَ هٰذَادِيْنٌ صَالِحٌ وَّاِنْ لَّمْ تَلِدِ امْرَاَتُهُ وَلَمْ تُنْتَجْ خَيْلُهُ قَالَ هٰذَا دِيْنُ سُوْءٍ

فرمایا کہ بعض افراد مدینہ آتے (اور اپنے اسلام کا اظہار کرتے) اس کے بعد اگر اسی کی بیوی کے یہاں لڑکا پیدا ہوتا اور گھوڑی بھی بچہ دیتی تو وہ کہتے کہ دین (اسلام) بڑا اچھا دین ہے، لیکن اگر ان کے ہاں لڑکا نہ پیدا ہوتا اور گھوڑی بھی کوئی بچہ نہ دیتی تو کہتے کہ یہ تو برا دین ہے (اس پر مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی۔)

باب ۷۷۰. قَوْلِهٖ هٰذٰنِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ

۷۷۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے باب میں جھگڑا کیا۔

(۱۸۵۴) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ ابْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْهَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهُ كَانَ يُقْسِمُ فِيْهَا اِنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ هٰذٰنِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ نَزَلَتْ فِيْ حَمْزَةَ وَصَاحِبَيْهِ وَعُتْبَةَ وَصَاحِبَيْهِ يَوْمَ بَرَزُوْا فِيْ يَوْمِ بَدْرٍ رَّوَاهُ سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ وَّ قَالَ عُثْمَانُ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ قَوْلَهُ

۱۸۵۴۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، انہیں ابو ہاشم نے خبر دی، انہیں ابو مجلز نے، انہیں قیس بن عباد نے اور انہیں ابوذر رضی اللہ عنہ نے، آپ قسم کھا کر بیان کرتے تھے کہ یہ آیت "یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے باب میں جھگڑا کیا۔ حمزہ رضی اللہ عنہ اور آپ کے دونوں ساتھیوں (علی بن ابی طالب اور عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہما مسلمانوں کی طرف سے) اور (مشرکین کی طرف سے عتبہ اور اس کے دونوں ساتھیوں (شیبہ اور ولید بن عتبہ) کے بارے میں نازل ہوئی تھی، اس واقعہ کی طرف اشارہ ہے، جب انہوں نے بدر کی لڑائی میں میدان میں آکر دعوت مبارزت دی تھی۔ اس کی روایت سفیان نے ابو ہاشم کے واسطہ سے کی۔ اور عثمان نے جریر کے واسطہ سے، انہوں نے منصور سے، انہوں نے ابو ہاشم سے اور انہوں نے ابو مجلز سے یہی حدیث۔

(۱۸۵۵) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمٰنَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ ابْنِ عُبَادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّجْثُوْ بَيْنَ يَدَيِ الرَّحْمٰنِ لِلْخُصُوْمَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ قَيْسٌ وَّفِيْهِمْ نَزَلَتْ هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ قَالَ هُمُ الَّذِيْنَ بَارَزُوْا يَوْمَ بَدْرٍ عَلِيٌّ وَّحَمْزَةُ وَعُبَيْدَةُ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَعُتْبَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ وَالْوَلِيْدُ ابْنُ عُتْبَةَ

۱۸۵۵۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی، بیان کیا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ ہم سے ابو مجلز نے حدیث بیان کی، ان سے قیس بن عباد نے اور ان سے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں پہلا شخص ہوں گا جو رب رحمٰن کے حضور میں قیامت کے دن اپنا دعویٰ پیش کرنے کے لئے چہار زانو بیٹھے گا۔ قیس نے بیان کیا کہ آپ ہی حضرات کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ، یہ دونوں فریق ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کے باب میں جھگڑا کیا، بیان کیا کہ یہی وہ حضرات ہیں جنہوں نے بدر کی لڑائی میں دعوت مبارزت دی تھی۔ یعنی علی، حمزہ، اور عبیدہ رضی اللہ عنہم نے (مسلمانوں کی طرف سے) اور شیبہ بن ربیعہ، عتبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ نے (کفار کی طرف سے)۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ سَبْعَ طَرَآئِقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ لَهَا سَابِقُوْنَ سَبَقَتْ لَهُمُ السَّعَادَةُ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ خَآئِفِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ بَعِيْدٌ بَعِيْدٌ فَاسْئَلِ الْعَآدِّيْنَ الْمَلٰئِكَةَ لَنَاكِبُوْنَ الْعَادِلُوْنَ كَالِحُوْنَ عَابِسُوْنَ مِنْ سُلَالَةٍ الْوَلَدُ وَالنُّطْفَةُ السُّلَالَةُ وَالْجِنَّةُ وَالْجُنُوْنُ وَّاحِدٌ وَّالْغُثَآءُ الزَّبَدُ وَمَا ارْتَفَعَ عَنِ الْمَآءِ وَمَالَا يُنْتَفَعُ بِهٖ يَجْأَرُوْنَ يَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَهُمْ كَمَا تَجْاَرُ الْبَقَرَةُ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ رَجَعَ عَلٰى عَقِبَيْهِ سَامِرًامِّنَ السَّمَرِ وَالْجَمِيْعُ السُّمَّارُ وَالسَّامِرُ هٰهُنَا فِىْ مَوْضِعِ الْجَمْعِ تُسْحَرُوْنَ تَعْمُوْنَ مِنَ السِّحْرِ

سورة المؤمنين

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عینیہ نے بیان کیا کہ آیت میں ''سبع طرائق'' سے مراد سات آسمان ہیں۔ ''لہا سابقون'' یعنی خیر وسعادت میں وہ آگے آگے ہیں ''قلوبہم وجلۃ'' یعنی خوفزدہ۔ "ھیھات ھیھات" بمعنی بعید بعید۔ ''فاسئال العادین'' یعنی فرشتوں (سے پوچھ لو) "لناکبون" ای لعادلون. ''کالحون'' ای "عابسون" بعض نے کہا کہ ''من سلالۃ'' میں سلالۃ کے معنی بچہ اور نطفہ ہے۔ ''جنۃ'' اور جنون ہم معنی ہیں ''الغثاء'' بمعنی جھاگ یعنی وہ چیز جو پانی کے اوپر اٹھ جاتی ہے اور جس سے کوئی نفع نہیں ہوتا۔ ''یجارون'' یعنی اپنی آواز بلند کرتے ہیں جیسے گائے چلاتی ہے ''علی اعقابکم'' یعنی الٹے پاؤں لوٹ گیا۔ ''سامراً'' سمر سے نکلا ہے (رات کے وقت قصہ گوئی) جمع سمار اور سامر آتی ہے اس موقعہ پر آیت میں ''سامرا'' جمع کے موقعہ پر استعمال ہوا ہے ''تسحرون'' یعنی کس طرح تم جادو سے اندھے ہوئے جا رہے ہو (کہ حق تمہیں باطل نظر آتا ہے۔)

سُوْرَةُ النُّوْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ خِلَالِهٖ مِنْ بَيْنِ اَضْعَافِ السَّحَابِ سَنَابَرْقِهِ الضِّيَآءُ مُذْعِنِيْنَ يُقَالُ لِلْمُسْتَخْذِىْ مُذْعِنٌ اَشْتَاتًا وَّشَتّٰى وَشِتَاتٌ وَّشَتٌّ وَّاحِدٌ وَّقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنَا هَابَيَّنَّاهَا وَقَالَ غَيْرُهٗ سُمِّىَ الْقُرْاٰنُ بِجَمَاعَةِ السُّوَرِ وَسُمِّيَتِ السُّوْرَةُ لِاَنَّهَا مَقْطُوْعَةٌ مِّنَ الْاُخْرٰى فَلَمَّا قُرِنَ بَعْضُهَا اِلٰى بَعْضٍ سُمِّىَ قُرْاٰنًا وَّقَالَ سَعْدُ بْنُ عِيَاضٍ الثُّمَالِىُّ الْمِشْكَاةُ الْكُوَّةُ بِلِسَانِ الْحَبْشَةِ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ تَالِيْفَ بَعْضِهٖ اِلٰى بَعْضٍ فَاِذَاقَرَاْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ فَاِذَا جَمَعْنَاهُ وَاَلَّفْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ اَىْ مَاجُمِعَ فِيْهِ فَاعْمَلْ بِمَا اَمَرَكَ وَانْتَهِ عَمَّانَهَاكَ اللّٰهُ وَيُقَالُ لَيْسَ لِشِعْرِهٖ قُرْاٰنٌ اَىْ تَالِيْفٌ وَسُمِّىَ الْفُرْقَانَ لِاَنَّهٗ يُفَرِّقُ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَيُقَالُ

سورۃ النور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں) ''من خلالہ'' کا مفہوم ہے کہ ''بادل کے پردوں میں سے۔'' ''سنابرقہ'' بمعنی روشنی ہے ''مذعنین'' عاجزی کرنے والے، مطیع ومنقاد کو ''مذعن'' کہتے ہیں۔ ''اشتاتا، اور شتی شتات اور شت ہم معنی ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''سورۃ انزلنا ھا'' کا مطلب ہے کہ ہم نے واضح کیا۔ بعض دوسرے حضرات نے فرمایا کہ ''قرآن'' نام اس لئے ہے کہ یہ سورتوں کا مجموعہ ہے اور ''سورۃ'' نام کی وجہ یہ ہے کہ ایک سورت دوسری سورت سے الگ اور جدا ہوتی ہے۔ جب انہیں سورتوں کو آپس میں ملا دیں تو اس کا نام ''قرآن'' ہو جاتا ہے۔ سعد بن عیاض ثمالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''مشکاۃ'' بمعنی طاق ہے۔ حبشی زبان میں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ان علینا جمعہ وقرآنہ'' یعنی ہمارے ذمہ ہے اس کے مختلف حصوں کی تالیف وتدوین "فاذا قرأناہ فاتبع قرآنہ" یعنی جب ہم نے اس کی تالیف وتدوین کردی تو اب تم اس کی اتباع کرو اس کے احکام کو بجالاؤ اور جن چیزوں سے اس میں منع کیا گیا ہے ار

لِلْمَرْأَةِ مَاقَرَاتْ بِسَلًا قَطُّ اَیْ لَمْ تَجْمَعْ فِیْ بَطْنِهَا وَلَدًا وَّ قَالَ فَرَّضْنَاهَا اَنْزَلْنَا فِيْهَا فَرَائِضَ مُخْتَلِفَةً وَّمَنْ قَرَاَ فَرَضْنَاهَا يَقُوْلُ فَرَضْنَا عَلَيْكُمْ وَ عَلٰى مَنْ بَعْدَ كُمْ قَالَ مُجَاهِدٌ اَ وِالطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا لَمْ يَدْرُوْا لِمَا بِهِمْ مِنَ الصِّغَرِ وَقَالَ الشَّعْبِيُّ اُولِی الْاِرْبَةِ مَنْ لَّيْسَ لَهٗ اِرْبٌ وَّقَالَ طَاوٗسٌ هُوَالْاَحْمَقُ الَّذِیْ لَاحَاجَةَ لَهٗ فِی النِّسَآءِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَايُهِمُّهٗ اِلَّا بَطْنُهٗ وَلَايُخَافُ عَلَى النِّسَآءِ

سے باز رہو۔ بولتے ہیں "لیس لشعره قرآن" یہاں بھی قرآن، تالیف کے ہی معنی میں ہے ''فرقان'' اس کا نام اس لئے ہے کہ حق و باطل کے درمیان امتیاز کرتا ہے۔ عورت کے لئے بولتے ہیں، "ماقرأت بسلى قط" یعنی اس کے پیٹ کے ساتھ بچہ کبھی نہیں جمع ہوا ہے۔ ''فرضناها'' یعنی مختلف فرائض ہم نے اس میں نازل کئے۔ جن حضرات نے ''فرضناها'' (تخفیف کے ساتھ) پڑھا ہے وہ اس کا مفہوم یہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے تم پر اور تمہارے بعد کے لوگوں پر فرض کیا۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے آیت "اوالطفل الذين لم يظهروا" کے متعلق فرمایا کہ مطلب یہ ہے کہ بچپن کی وجہ سے وہ ابھی عورتوں کی پردہ کی چیزوں کو نہیں سمجھتے۔ شعبی نے فرمایا کہ "اولى الاربة" یعنی جنہیں عورت کی حاجت نہیں ہے۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ ہیں جنہیں صرف اپنے پیٹ کی فکر ہو اور عورتوں کے بارے میں ان سے کوئی خوف نہ ہو۔ طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مراد ایسا احمق شخص ہے۔ جسے عورت کی کوئی خواہش نہ ہو۔

باب ۱۷۷۔ قَوْلِهٖ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ

۱۷۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو لوگ اپنی بیویوں کو تہمت لگائیں اور ان کے پاس بجز اپنے (اور) کوئی گواہ نہ ہو تو ان کی شہادت یہ ہے کہ وہ (مرد) چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ میں سچا ہوں۔''

(۱۸۵۶) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِی الزُّهْرِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُوَيْمِرًا اَتٰى عَاصِمَ ابْنَ عَدِيٍّ وَّكَانَ سَيِّدَ بَنِیْ عِجْلَانَ فَقَالَ كَيْفَ تَقُوْلُوْنَ فِیْ رَجُلٍ وَّجَدَمَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ اَمْ كَيْفَ يَصْنَعُ سَلْ لِّیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَتٰى عَاصِمٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَآئِلَ فَسَاَلَهٗ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرِهَ الْمَسَآئِلَ وَعَابَهَا قَالَ عُوَيْمِرٌ وَّاللّٰهِ لَا اَنْتَهِیْ حَتّٰى اَسْئَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَجَآءَ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ

۱۸۵۶۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے زہری نے حدیث بیان کی، ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عویمر رضی اللہ عنہ، عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، آپ بنی عجلان کے سردار تھے، انہوں نے آپ سے کہا کہ آپ حضرات کا ایک ایسے شخص کے بارے میں کیا خیال ہے جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی غیر مرد کو پالیتا ہے کیا وہ اسے قتل کر دے؟ لیکن تم پھر اسے قصاص میں قتل کر دو گے! آخر ایسی صورت میں انسان کیا طریقہ اختیار کرے؟ رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھ کے مجھے بتایئے! چنانچہ عاصم رضی اللہ عنہ، حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ (صورت مذکورہ میں شوہر کیا کرے گا؟) آنحضور ﷺ نے ان مسائل (میں سوال و جواب) کو ناپسند فرمایا۔ جب عویمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا تو انہوں نے بتا دیا کہ رسول

رَجُلاً اَیَقْتُلُه، فَتَقْتُلُوْ نَه، اَمْ کَیْفَ یَصْنَعُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فِیْکَ وَفِیْ صَاحِبَتِکَ فَاَمَرَ هُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُلَاعَنَةِ بِمَا سَمَّی اللّٰهُ فِیْ کِتَابِه فَلاَ عَنَهَا ثُمَّ قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ حَبَسْتُهَا فَقَدْ ظَلَمْتُهَا فَطَلَّقَهَا فَکَانَتْ سُنَّةً لِّمَنْ کَانَ بعدهما فی المتلا عنین ثم قال رسول اللّٰه صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُنْظُرُوْا فَاِنْ جَآءَ تْ بِه اَسْحَمَ اَدْعَجَ الْعَیْنَیْنِ عَظِیْمَ الْاَلْیَتَیْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَیْنِ فَلاَ اَحْسِبُ عُوَیْمِرًا اِلَّا قَدْ صَدَقَ عَلَیْهَا وَاِنْ جَآءَ تْ بِه اُحَیْمِرَ کَاَ نَّه، وَحَرَةٌ فَلاَ اَحْسِبُ عُوَ یْمِرًا اِلَّا قَدْ کَذَبَ عَلَیْهَا فَجَآءَ تْ بِه عَلَی النَّعْتِ الَّذِیْ نَعَتَ بِه رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَصْدِیْقِ عُوَیْمِرٍ فَکَانَ بَعْدُ یُنْسَبُ اِلٰی اُمِّه

اللہ ﷺ نے ان مسائل کو ناپسند فرمایا ہے۔عویمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ واللہ! میں خود حضور اکرم ﷺ سے اسے پوچھوں گا۔ چنانچہ آپ آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ) ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایک غیر مرد کو دیکھتا ہے، کیا وہ اسے قتل کر دے؟ لیکن پھر آپ حضرات قصاص میں قاتل کو قتل کریں گے! ایسی صورت میں اس شخص کو کیا کرنا چاہئے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں قرآن کی آیت نازل کی ہے۔ پھر آپ نے انہیں قرآن کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق لعان کا حکم دیا۔ ❶ اور عویمر رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کے ساتھ لعان کیا، پھر انہوں نے کہا یارسول اللہ (ﷺ) اگر میں اپنی بیوی کو روکے رکھوں تو یہ اس پر ظلم ہوگا۔ اس لئے آپ نے انہیں طلاق دے دی، اس کے بعد لعان کے بعد میاں بیوی میں جدائی کا طریقہ جاری ہوگیا۔ حضور اکرم ﷺ نے پھر فرمایا کہ دیکھتے رہو اگر اس عورت کے کالا، بہت کالی پتلیوں والا، بھاری سرین اور بھرئی ہوئی پنڈلیوں والا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ تو میرا خیال ہے کہ عویمر نے الزام غلط نہیں لگایا ہے لیکن اگر سرخ و (چھپکلی جیسا ایک زہریلا جانور) جیسا پیدا ہوتو میرا خیال ہے کہ عویمر نے غلط الزام لگایا ہے اس کے بعد ان عورت کے جو بچہ پیدا ہوا وہ انہیں صفات کے مطابق تھا جو آنحضور

---

❶ اگر شوہر اپنی بیوی کو کسی کے ساتھ زنا میں مبتلا دیکھ لے تو ظاہر ہے کہ وہ دوسروں کو دکھانا پسند نہیں کرے گا۔ ادھر شریعت میں زنا کے احکام بہت سخت ہیں، اس کی سزا بھی اتنی ہی شدید ہے۔ جتنا ثبوت کا بہم پہنچانا، زنا کی شرعی سزا اسی وقت دی جا سکتی ہے جب چار سچے اور عادل گواہ عین حالت زنا میں مرد وعورت کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کی صاف لفظوں میں گواہی دیں گے۔ اگر کسی نے کسی پر زنا کا الزام لگایا اور اسلامی قانون کے مطابق گواہ نہ مہیا کر سکا تو اس کی بھی سزا بہت شدید ہے، اب اگر ایک باغیرت شوہر اپنی بیوی کو اس عظیم گناہ میں مبتلا دیکھتا ہے تو اس کے لئے دہری مصیبت ہے، ظاہر ہے کہ نہ اسے اتنی مہلت مل سکتی ہے کہ چار گواہوں کو لا کے دکھائے اور نہ وہ خود اسے گوارا ہی کر سکتا ہے ایسی صورت میں اگر وہ اپنی بیوی پر زنا کا الزام لگاتا ہے تو حد قذف (الزام زنا کی سزا) کا مستحق ٹھہرتا ہے اور اگر خاموش رہتا ہے تو یہ بھی اس کے لئے ناقابل برداشت ہے۔ اور اگر قانون اپنے ہاتھ میں لیتا ہے اور خود کوئی اقدام کر بیٹھتا ہے تو اسے پھر قانون شکنی کی سزا بھگتنی پڑے گی۔ ایسی ہی ایک صورت حال حضور اکرم ﷺ کے مبارک عہد میں بھی پیش آ گئی تھی اور قرآن مجید نے اس مشکل کا حل یہ بتایا کہ اگر ایسی کوئی صورت پیش آ جائے تو شوہر کو اسلامی عدالت میں آنا چاہئے اور اپنی بیوی کے ساتھ لعان کرنا چاہئے۔ لعان کی صورت یہ ہے کہ شوہر عدالت میں کھڑا ہو کر یہ کہے کہ ''میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ میں نے اپنی بیوی پر جو زنا کا الزام لگایا ہے اس میں میں سچا ہوں'' یہ الفاظ چار مرتبہ وہ کہے گا اور پانچویں مرتبہ کہے گا کہ ''مجھ پر اللہ کی لعنت ہو اگر میں اپنے اس الزام دینے میں جھوٹا ہوں۔'' اب اگر عورت اپنے شوہر کے اس الزام کا انکار کرتی ہے تو اس سے بھی کہا جائے گا کہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ ''بلاشبہ اس کا شوہر زنا کی اس الزام دہی میں جھوٹا ہے'' اور پانچویں مرتبہ کہے گی کہ ''مجھ پر اللہ کا غضب ہو اگر مرد سچا ہے۔'' اگر اس نے شوہر کے الزام کی مذکورہ طریقہ سے تردید کر دی تو اس پر زنا کی حد نہیں لگائی جائے گی۔ یہی وہ طریقہ ہے جو اس صورت حال میں قرآن مجید نے بتایا ہے۔ لعان کے بعد میاں بیوی میں جدائی کر دی جائے گی۔

ﷺ نے بیان کی تھیں اور جس سے عویمر رضی اللہ عنہ کی تصدیق ہوتی تھی۔ چنانچہ اس لڑکے کو اس کی ماں کی طرف منسوب کیا جاتا تھا۔

باب ۷۷۲. قَوْلِهٖ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ

۷۷۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور پانچویں بار یہ کہے کہ مجھ پر اللہ کی لعنت ہو اگر میں جھوٹا ہوں۔''

(۱۸۵۷) حَدَّثَنِیْ سُلَیْمٰنُ بْنُ دَاوٗدَ اَبُوالرَّبِیْعِ حَدَّثَنَا فُلَیْحٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَجُلًا اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَیْتَ رَجُلًا رَّاٰی مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَیَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ اَمْ کَیْفَ یَفْعَلُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْهِمَا مَاذُکِرَ فِی الْقُرْاٰنِ مِنَ التَّلَاعُنِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قُضِیَ فِیْکَ وَفِیْ امْرَاَتِکَ قَالَ فَتَلَاعَنَا وَاَنَاشَاهِدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَفَارَقَهَا فَکَانَتْ سُنَّةً اَنْ یُّفَرَّقَ بَیْنَ الْمُتَلَاعِنَیْنِ وَکَانَتْ حَامِلًا فَاَنْکَرَ حَمْلَهَا وَکَانَ ابْنُهَا یُدْعٰی اِلَیْهَا ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِی الْمِیْرَاثِ اَنْ یَّرِثَهَا وَتَرِثَ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا

۱۸۵۷۔ مجھ سے ابوالربیع سلیمان بن داؤد نے حدیث بیان کی، ان سے فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے کہ ایک صاحب (یعنی عویمر رضی اللہ عنہ) رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی۔ یارسول اللہ (ﷺ) ایسے شخص کے متعلق آپ کیا فرمائیں گے۔ جس نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک غیر مرد کو دیکھا ہو، کیا وہ اسے قتل کر دے گا؟ لیکن پھر آپ حضرات قصاص میں قاتل کو قتل کر دیں گے۔ پھر اسے کیا کرنا چاہئے؟ انہیں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے وہ آیات نازل کیں جن میں ''لعان'' کا ذکر ہے چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ کیا جا چکا ہے، بیان کیا کہ پھر دونوں میاں بیوی نے لعان کیا اور میں اس وقت حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھا۔ پھر آپ نے دونوں میں جدائی کرادی اور دو لعان کرنے والوں میں اس کے بعد یہی طریقہ قائم ہو گیا کہ ان میں جدائی کرادی جائے، ان کی بیوی حاملہ تھیں، لیکن انہوں نے اس کا بھی انکار کر دیا۔ چنانچہ جب بچہ پیدا ہوا تو اسے ماں ہی کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔ میراث کا یہ طریقہ متعین ہوا کہ بیٹا ماں کا وارث ہوتا ہے اور ماں اللہ کے مقرر کئے ہوئے حصہ کے مطابق بیٹے کی وارث ہوتی ہے۔

باب ۷۷۳. قَوْلِهٖ وَیَدْرَاُ عَنْهَاالْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْکٰذِبِیْنَ

۷۷۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور عورت سے سزا اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک مرد جھوٹا ہے۔''

(۱۸۵۸) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عِکْرَمَةُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍؓ اَنَّ هِلَالَ ابْنَ اُمَیَّةَ قَذَفَ امْرَاَتَهٗ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَرِیْکِ بْنِ سَحْمَآءَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْبَیِّنَةَ اَوْحَدٌّ فِیْ ظَهْرِکَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا رَاٰی اَحَدُنَا عَلٰی امْرَاَتِهٖ رَجُلًا یَنْطَلِقُ یَلْتَمِسُ الْبَیِّنَةَ فَجَعَلَ النَّبِیُّ

۱۸۵۸۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی عدی نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام بن حسان نے، ان سے عکرمہ نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے سامنے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ تہمت لگائی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کے گواہ لاؤ۔ ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد لگائی جائے گی۔ انہوں نے عرض کی یارسول اللہ (ﷺ) ایک شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایک غیر کو مبتلا دیکھتا ہے، تو کیا وہ ایسی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْبَيِّنَةَ وَاِلَّاحَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ هِلَالٌ وَّالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنِّي لَصَادِقٌ فَلَيُنْزِ لَنَّ اللّٰهُ مَايُبَرِّئُ ظَهْرِي مِنَ الْحَدِّ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ فَقَرَاَ حَتّٰى بَلَغَ اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا فَجَآءَ هِلَالٌ فَشَهِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ اَنَّ اَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَالْخَامِسَةِ وَقَّفُوْهَاوَ قَالُوا اِنَّهَا مُوْجِبَةٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَتَلَكَّاَتْ وَنَكَصَتْ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهَا تَرْجِعُ ثُمَّ قَالَتْ لَااَفْضَحُ قَوْمِيْ سَآئِرَالْيَوْمِ فَمَضَتْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْصِرُوْهَا فَاِنْ جَآءَ تْ بِهٖ اَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ سَابِغَ الْاَلْيَتَيْنِ خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ ابْنِ سَحْمَآءَ فَجَآءَ تْ بِهٖ كَذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَامَا مَضٰى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لِيْ وَلَهَا شَاْنٌ

حالت میں گواہ تلاش کرنے جائے گا، لیکن حضور اکرم ﷺ یہی فرماتے رہے کہ گواہ لاؤ، ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد جاری کی جائے گی۔ اس پر ہلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے، میں سچا ہوں، اور اللہ تعالیٰ خود ہی کوئی ایسی چیز نازل فرمادیں گے جس کے ذریعہ میرے اوپر سے حد ساقط ہو جائے گی۔ اتنے میں جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور یہ آیت نازل ہوئی "والذین یرمون ازواجہم" تا "ان کان من الصادقین" (جس میں ایسی صورت میں لعان کا حکم ہے) جب نزول وحی کا سلسلہ ختم ہوا تو آنحضور ﷺ نے ہلال رضی اللہ عنہ کو آدمی بھیج کر بلوایا۔ آپ آئے اور آیت میں مذکورہ قاعدہ کے مطابق چار مرتبہ) گواہی دی۔ حضور اکرم ﷺ نے اس موقعہ پر فرمایا کہ اللہ خوب جانتا ہے کہ تم میں سے ایک جھوٹا ہے۔ تو کیا وہ توبہ کرنے پر آمادہ نہیں ہے۔ اس کے بعد ان کی بیوی کھڑی ہوئیں اور انہوں نے بھی گواہی دی، جب وہ پانچویں پر پہنچیں (اور چار مرتبہ اپنی برأت کی گواہی دینے کے بعد، کہنے لگیں کہ اگر میں جھوٹی ہوں تو مجھ پر اللہ کا غضب ہو) تو لوگوں نے انہیں روکنے کی کوشش کی اور کہا کہ (اگر تم جھوٹی ہو تو) اس سے تم پر اللہ کا عذاب ضرور ہوگا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس پر وہ ہچکچائیں۔ ہم نے سمجھا کہ اب وہ اپنا بیان واپس لے لیں گی۔ لیکن یہ کہتے ہوئے کہ زندگی بھر کے لئے میں اپنی قوم کو رسوا نہیں کروں گی، پانچویں گواہی بھی دے دی۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دیکھنا، اگر خوب سیاہ آنکھوں والا، بھاری سرین اور بھری بھری پنڈلیوں والا پیدا ہوا تو پھر وہ شریک بن سحماء ہی کا ہوگا۔ چنانچہ جب پیدا ہوا تو وہ اسی شکل و ہیئت کا تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ اگر کتاب اللہ کا حکم نہ آچکا ہوتا تو میں اسے عبرتناک سزا دیتا۔

باب ۷۷۴. قَوْلِهٖ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ

۷۷۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ مجھ پر اللہ کا غضب ہو اگر مرد سچا ہے۔"

(۱۸۵۹) حَدَّثَنَا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَمِّي الْقٰسِمُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَقَدْ سَمِعَ مِنْهُ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلًا رَمٰى امْرَاَتَهٗ فَانْتَفٰى مِنْ وَّلَدِهَا فِيْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَلَاعَنَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ ثُمَّ

۱۸۵۹۔ ہم سے مقدم بن محمد بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے چچا قاسم بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے، قاسم نے عبید اللہ سے حدیث سنی تھی۔ اور عبید اللہ نے نافع سے اور انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے کہ ایک صاحب نے اپنی بیوی پر رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک غیر کے ساتھ تہمت لگائی اور کہا کہ عورت کا حمل

قَضٰی بِالْوَلَدِ لِلْمَرْاَةِ وَ فَرَّقَ بَیْنَ الْمُتَلَاعِنَیْنَ

میرا نہیں ہے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ کے حکم سے دونوں میاں بیوی نے اللہ کے مقرر کردہ قاعدہ کے مطابق لعان کیا۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے بچہ کے متعلق فیصلہ کیا کہ وہ عورت ہی کا ہوگا اور لعان کرنے والے دونوں میاں بیوی میں جدائی کروادی۔

باب ۷۷۵. قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُ وْا بِالْاِفْکِ عُصْبَةٌ مِّنْکُمْ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّکُمْ بَلْ هُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ لِکُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّااکْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِیْمٌ اَفَّاکٌ کَذَّابٌ

۷۷۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے شک جن لوگوں نے تہمت لگائی ہے وہ تم میں سے ایک چھوٹا سا گروہ ہے، تم اسے اپنے حق میں برا نہ سمجھو، بلکہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہی ہے، ان میں سے ہر شخص کو جس نے جتنا جو کچھ کیا تھا گناہ ہوا۔ اور جس نے ان میں سے سب سے بڑھ کر حصہ لیا تھا اس کے لئے سزا بھی سب سے بڑھ کر سخت ہے۔'' افاک بمعنی جھوٹا۔

(۱۸۶۰) حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مُعَمَّرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی کِبْرَهٗ قَالَتْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَیِّ ابْنِ سَلُوْلٍ

۱۸۶۰۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ ''والذی تولّٰی کبرہٗ'' (اور جس نے ان میں سے سب سے بڑھ کر حصہ لیا تھا) سے مراد عبداللہ بن ابی بن سلول (منافق) ہے۔

باب ۷۷۶. قَوْلِهٖ وَلَوْلَا اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَیْرًا وَّقَالُوْا هٰذَا اِفْکٌ مُّبِیْنٌ لَوْلَاجَآءُ وْ عَلَیْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاِذْ لَمْ یَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِکَ عِنْدَاللّٰهِ هُمُ الْکٰذِبُوْنَ

۷۷۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جب تم لوگوں نے یہ افواہ سنی تھی تو کیوں نہ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنوں کے حق میں نیک گمان کیا اور یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ یہ تو صریح طوفان بندی ہے، یہ لوگ اپنے قول پر چار گواہ کیوں نہ لائے، سو جب یہ لوگ گواہ نہیں لائے تو بس یہ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہی ہیں۔

(۱۸۶۱) حدثنا یَحْیَی بْنُ بُکَیْرٍ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ ابْنُ الزُّبَیْرِ وَ سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ وَعَلْقَمَةُ بْنُ وَقَّاصٍ وَعُبَیْدُ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ حَدِیْثِ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ قَالَ لَهَا اَهْلُ الْاِفْکِ مَاقَالُوْا فَبَرَّاَهَا اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَکُلٌّ حَدَّثَنِیْ طَآئِفَةً مِّنَ الْحَدِیْثِ وَبَعْضُ حَدِیْثِهِمْ یُصَدِّقُ بَعْضًا وَّ اِنْ کَانَ بَعْضُهُمْ اَوْعٰی لَهٗ مِنْ بَعْضٍ الَّذِیْ حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَآ اَرَادَ اَنْ یَّخْرُجَ اَقْرَعَ بَیْنَ

۱۸۶۱۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں عروہ بن زبیر، سعید بن مسیب، علقمہ بن وقاص اور عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمہم اللہ نے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ بیان کیا، یعنی جس میں تہمت لگانے والوں نے آپ کے متعلق افواہ اڑائی تھی اور پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے بری اور پاک قرار دیا تھا۔ ان تمام حضرات نے پوری حدیث کا ایک ایک ٹکڑا بیان کیا اور ان راویوں میں سے بعض کا بیان دوسرے کے بیان کی تصدیق کرتا ہے، یہ الگ بات ہے کہ ان میں سے بعض راوی کو بعض دوسرے کے مقابلے میں حدیث زیادہ بہتر طریقہ پر محفوظ تھی۔ مجھ سے یہ حدیث عروہ رحمۃ اللہ علیہ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ سے اس طرح بیان کی

اَزْوَاجِهٖ فَاَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهٗ، قَالَتْ عَآئِشَةُ فَاَقْرَعَ
بَيْنَنَا فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا فَخَرَجَ سَهْمِيْ فَخَرَجْتُ مَعَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَانَزَلَ
الْحِجَابُ فَاَنَا اُحْمَلُ فِيْ هَوْدَجِيْ وَاُنْزَلُ فِيْهِ فَسِرْنَا
حَتّٰى اِذَا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ
غَزْوَتِهٖ تِلْكَ وَقَفَلَ وَدَنَوْنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ قَافِلِيْنَ اٰذَنَ
لَيْلَةً بِالرَّحِيْلِ فَمَشَيْتُ حَتّٰى جَاوَزْتُ الْجَيْشَ فَلَمَّا
قَضَيْتُ شَاْنِيْ اَقْبَلْتُ اِلٰى رَحْلِيْ فَاِذَا عِقْدٌ لِّيْ مِنْ
جَزْعِ ظَفَارٍ قَدِ انْقَطَعَ فَالْتَمَسْتُ عِقْدِيْ وَحَبَسَنِيْ
ابْتِغَآؤُهٗ، وَاَقْبَلَ الرَّهْطُ الَّذِيْنَ كَانُوْا يَرْحَلُوْنَ لِيْ
فَاحْتَمَلُوْا هَوْدَجِيْ فَرَحَلُوْهُ عَلٰى بَعِيْرِيَ الَّذِيْ
كُنْتُ رَكِبْتُ وَهُمْ يَحْسِبُوْنَ اَنِّيْ فِيْهِ وَكَانَ النِّسَآءُ
اِذْ ذَاكَ خِفَافًا لَّمْ يُثْقِلْهُنَّ اللَّحْمُ اِنَّمَا تَاْكُلُ الْعُلْقَةَ
مِنَ الطَّعَامِ فَلَمْ يَسْتَنْكِرِ الْقَوْمُ خِفَّةَ الْهَوْدَجِ حِيْنَ
رَفَعُوْهُ وَكُنْتُ جَارِيَةً حَدِيْثَةَ السِّنِّ فَبَعَثُوا الْجَمَلَ
وَسَارُوْا فَوَجَدْتُّ عِقْدِيْ بَعْدَ مَااسْتَمَرَّ الْجَيْشُ
فَجِئْتُ مَنَازِلَهُمْ وَلَيْسَ بِهَادَاعٍ وَّلَامُجِيْبٌ فَاَمَمْتُ
مَنْزِلِي الَّذِيْ كُنْتُ بِهٖ وَظَنَنْتُ اَنَّهُمْ سَيَفْقِدُوْنِّيْ
فَيَرْجِعُوْنَ اِلَيَّ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسَةٌ فِيْ مَنْزِلِيْ غَلَبَتْنِيْ
عَيْنِيْ فَنِمْتُ وَكَانَ صَفْوَانُ ابْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ
ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ مِنْ وَّرَآءِ الْجَيْشِ فَادَّلَجَ فَاَصْبَحَ
عِنْدَ مَنْزِلِيْ فَرَاٰى سَوَادَ اِنْسَانٍ نَّآئِمٍ فَاَتَانِيْ فَعَرَفَنِيْ
حِيْنَ رَاٰنِيْ وَكَانَ يَرَانِيْ قَبْلَ الْحِجَابِ فَاسْتَيْقَظْتُ
بِاسْتِرْجَاعِهٖ حِيْنَ عَرَفَنِيْ فَخَمَّرْتُ وَجْهِيْ بِجِلْبَابِيْ
وَاللّٰهِ مَا كَلَّمَنِيْ كَلِمَةً وَّلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً
غَيْرَاسْتِرْجَاعِهٖ حَتّٰى اَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ فَوَطِئَ عَلٰى
يَدَيْهَا فَرَكِبْتُهَا فَانْطَلَقَ يَقُوْدُبِيَ الرَّاحِلَةَ حَتّٰى اَتَيْنَا
الْجَيْشَ بَعْدَ مَانَزَلُوْا مُوْغِرِيْنَ فِيْ نَحْرِ الظَّهِيْرَةِ
فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِيْ تَوَلَّى الْاِفْكَ

کہ نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ جب حضور
اکرم ﷺ سفر کا ارادہ کرتے تو اپنی ازواج میں سے کسی کو اپنے ساتھ لے
جانے کے لئے قرعہ اندازی کرتے جن کا نام نکل جاتا انہیں اپنے ساتھ
لے جاتے۔ آپ نے بیان کیا کہ ایک غزوہ کے موقعہ پر اسی طرح آپ
نے قرعہ ڈالا اور میرا نام نکلا، میں آپ کے ساتھ روانہ ہوئی۔ یہ واقعہ پردہ
کے حکم نازل ہونے کے بعد کا ہے (اونٹ پر) مجھے ہودج سمیت چڑھا
دیا جاتا اور اسی طرح اتار لیا جاتا۔ یوں ہمارا سفر جاری رہا۔ پھر جب حضور
اکرم ﷺ اس غزوہ سے فارغ ہو کر واپس ہوئے اور ہم مدینہ کے قریب
پہنچ گئے تو ایک رات جب کوچ کا حکم ہوا۔ میں (قضاء حاجت کے لئے)
پڑاؤ سے کچھ دور رہ گئی اور قضاء حاجت کے بعد اپنے کجاوہ کے پاس واپس
آ گئی۔ اس وقت مجھے احساس ہوا کہ میرا ظفار کی موتیوں کا بنا ہوا ہار کہیں
(راستہ میں) گر گیا ہے۔ میں اسے تلاش کرنے لگی اور اس میں اتنا محو
ہو گئی کہ کوچ کا خیال ہی نہ رہا۔ اتنے میں جو لوگ میرے ہودج کو سوار کیا
کرتے تھے آئے اور میرے ہودج کو اٹھا کر اس اونٹ پر رکھ دیا جو میری
سواری کے لئے متعین تھا۔ انہوں نے یہی سمجھا کہ میں اس میں بیٹھی ہوئی
ہوں، ان دنوں عورتیں بہت ہلکی پھلکی ہوتی تھیں۔ گوشت سے ان کا جسم
بھاری نہیں ہوتا تھا۔ کیونکہ کھانے پینے کو بہت کم ملتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ
جب لوگوں نے ہودج کو اٹھایا تو اس کے ہلکے پن میں انہیں کوئی اجنبیت
نہیں محسوس ہوئی۔ میں یوں بھی اس وقت کم عمر لڑکی تھی۔ چنانچہ ان
لوگوں نے اس اونٹ کو اٹھایا اور چل پڑے۔ مجھے ہار اس وقت ملا جب
لشکر گذر چکا تھا۔ میں جب پڑاؤ پر پہنچی تو وہاں نہ کوئی پکارنے والا تھا اور نہ
کوئی جواب دینے والا۔ میں وہاں جا کے بیٹھ گئی جہاں پہلے بیٹھی ہوئی
تھی، مجھے یقین تھا کہ جلد ہی انہیں عدم موجودگی کا علم ہو جائے گا۔ اور پھر
وہ مجھے تلاش کرنے کے لئے یہاں آئیں گے۔ میں اپنی اسی جگہ پر بیٹھی
ہوئی تھی کہ میری آنکھ لگ گئی اور میں سو گئی۔ صفوان بن معطل سلمی ثم ذکوانی
رضی اللہ عنہ لشکر کے پیچھے پیچھے آ رہے تھے (تا کہ اگر لشکر والوں سے کوئی
چیز چھوٹ جائے تو اسے اٹھا لیں۔ سفر میں یہ دستور تھا) رات کا آخری
حصہ تھا، جب میرے مقام پر پہنچے تو صبح ہو چکی تھی۔ انہوں نے (دور
سے) ایک انسانی سایہ دیکھا کہ پڑا ہوا ہے۔ وہ میرے قریب آئے اور
مجھے دیکھتے ہی پہچان گئے۔ پردہ کے حکم سے پہلے انہوں نے مجھے دیکھا

عَبْدُاللّٰهِ ابْنَ اُبَيّ ابْنَ سَلُوْلَ فَقَدِ مْنَا الْمَدِيْنَةَ فَاشْتَكَيْتُ حِيْنَ قَدِمْتُ شَهْرًا وَّ النَّاسُ يُفِيضُوْنَ فِي قَوْلِ اَصْحَابِ الْاِفْكِ لَااَشْعُرُ لِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ يُرِ يْبُنِيْ فِيْ وَجَعِيْ اَنِّيْ لَااَعْرِفُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطفَ الَّذِيْ كُنْتُ اَرٰى مِنْهُ حِيْنَ اَشْتَكِيْ اِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُوْلُ كَيْفَ تِيْكُمْ ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَذَاكَ الَّذِيْ يُرِيْبُنِيْ وَلَا اَشْعُرُ حَتّٰى خَرَجْتُ بَعْدَ مَا نَقَهْتُ فَخَرَجَتْ مَعِيْ اُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَا صِعِ وَهُوَ مُتَبَرَّزُنَا وَكُنَّا لَانَخْرُجُ اِلَّا لَيْلًا اِلٰى لَيْلٍ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ نَّتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيْبًا مِّنْ بُيُوْتِنَا وَاَمْرُنَا اَمْرُالْعَرَبِ الْاُوَلِ فِي التَّبَرُّزِ قِبَلَ الْغَائِطِ فَكُنَّا نَتَاَذّٰى بِالْكُنُفِ اَنْ نَّتَّخِذَهَا عِنْدَ بُيُوْتِنَا فَانْطَلَقْتُ اَنَاوَاُمُّ مِسْطَحٍ وَهِيَ ابْنَةُ اَبِيْ رُهْمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ وَّاُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ خَالَةُ اَبِيْ بَكْرِ نِالصِّدِّيْقِ وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ فَاَقْبَلْتُ اَنَا وَ اُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ بَيْتِيْ قَدْ فَرَغْنَا مِنْ شَاْنِنَا فَعَثَرَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ فِيْ مِرْطِهَا فَقَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا بِئْسَ مَاقُلْتِ اَتَسُبِّيْنَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا قَالَتْ اَيْ هَنْتَاهُ اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَاقَالَ قَالَتْ قُلْتُ وَمَا قَالَ فَاَخْبَرَتْنِيْ بِقَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ فَازْدَدْتُّ مَرَضًا عَلٰى مَرَضِيْ قَالَتْ فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى بَيْتِيْ وَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعْنِيْ سَلَّمَ ثُمَّ قَالَ كَيْفَ تِيْكُمْ فَقُلْتُ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اٰتِيَ اَبَوَيَّ قَالَتْ وَاَنَا حِيْنَئِذٍ اُرِيْدُ اَنْ اَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَمِنْ قِبَلِهِمَا قَالَتْ فَاَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُ اَبَوَيَّ فَقُلْتُ لِاُمِّيْ يَااُمَّتَاهُ مَايَتَحَدَّثُ النَّاسُ قَالَتْ يَابُنَيَّةُ هَوِّنِيْ عَلَيْكِ فَوَ اللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ قَطُّ وَضِيْئَةً عِنْدَ رَجُلٍ يُّحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ اِلَّا كَثَّرْنَ عَلَيْهَا قَالَتْ فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَقَدْ

تھا۔ جب وہ مجھے پہچان گئے تو انا للہ پڑھنے لگے۔ میں ان کی آواز پر جاگ گئی، اور اپنا چہرہ چادر سے چھپا لیا۔ اللہ گواہ ہے، اس کے بعد انہوں نے مجھ سے ایک لفظ بھی نہیں کہا اور نہ میں نے انا للہ وانا الیہ راجعون کے سوا ان کی زبان سے کوئی کلمہ سنا۔ اس کے بعد انہوں نے اپنا اونٹ بٹھا دیا اور میں اس پر سوار ہو گئی وہ (خود پیدل اونٹ کو آگے سے کھینچتے ہوئے لے چلے۔ ہم لشکر سے اس وقت ملے جب وہ بھری دو پہر میں (دھوپ سے بچنے کے لئے) پڑاؤ کئے ہوئے تھے۔ اس کے بعد جسے ہلاک ہونا تھا وہ ہلاک ہوا۔ اس تہمت میں پیش پیش عبداللہ بن ابی بن سلول منافق تھا۔ مدینہ پہنچ کر میں بیمار پڑ گئی اور ایک مہینہ تک بیمار رہی۔ اس عرصہ میں لوگوں میں تہمت لگانے والوں کی باتوں کا بڑا چرچا رہا، لیکن مجھے ان باتوں کا کوئی احساس بھی نہیں تھا۔ صرف ایک معاملہ سے مجھے شبہ سا ہوتا تھا کہ میں اپنی اس بیماری میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اس لطف و محبت کا اظہار نہیں دیکھتی تھی جو سابقہ علالت کے دنوں میں دیکھ چکی تھی۔ حضور اکرم ﷺ اندر تشریف لاتے اور سلام کر کے صرف اتنا پوچھ لیتے کہ کیا حال ہے؟ اور پھر واپس چلے جاتے۔ آنحضور ﷺ کے اسی طرز عمل سے مجھے شبہ ہوتا تھا، لیکن صورت حال کا مجھے کوئی احساس نہیں تھا۔ ایک دن جب (بیماری سے کچھ افاقہ تھا) کمزوری باقی تھی تو میں باہر نکلی۔ میرے ساتھ ام مسطح رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ ہم "مناصع" کی طرف گئے قضاء حاجت کے لئے ہم وہیں جایا کرتے تھے۔ قضاء حاجت کے لئے ہم صرف رات ہی کو جایا کرتے تھے۔ یہ اس سے پہلے کی بات ہے جب ہمارے گھروں کے قریب ہی بیت الخلاء بن گئے تھے۔ اس وقت تک ہم قدیم عرب کے دستور کے مطابق قضاء حاجت آبادی سے دور جا کر کیا کرتے تھے اس سے ہمیں تکلیف ہوتی تھی کہ بیت الخلاء ہمارے گھر کے قریب بنا دیئے جائیں۔ بہر حال میں اور ام مسطح قضاء حاجت کے لئے روانہ ہوئے آپ ابی رھم بن عبد مناف کی صاحبزادی تھیں اور آپ کی والدہ صخر بن عامر کی صاحبزادی تھیں۔ اس طرح آپ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خالہ ہوتی ہیں۔ آپ کے صاحبزادے مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ قضاء حاجت کے بعد جب ہم گھر واپس آنے لگیں تو ام مسطح رضی اللہ عنہا کا پاؤں انہیں کی چادر میں الجھ کر پھسل گیا۔ اس پر ان کی زبان سے نکلا مسطح برباد ہوا۔ میں نے کہا آپ نے بری بات کہی، آپ ایک

تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا قَالَتْ فَبَكَيْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى اَصْبَحْتُ لَايَرْقَالِيْ دَمْعٌ وَّلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ حَتّٰى اَصْبَحْتُ اَبْكِيْ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ ابْنَ اَبِيْ طَالِبٍ وَّ اُسَامَةَ ابْنَ زَيْدٍ حِيْنَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَأْمِرُهُمَا فِيْ فِرَاقِ اَهْلِهٖ قَالَتْ فَاَمَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَاَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِيْ يَعْلَمُ مِنْ بَرَآءَةِ اَهْلِهٖ وَبِالَّذِيْ يَعْلَمُ لَهُمْ فِيْ نَفْسِهٖ مِنَ الْوُدِّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَهْلَكَ وَمَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا وَّاَمَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَآءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ وَّاِنْ تَسْاَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ قَالَتْ فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيْرَةَ فَقَالَ اَيْ بَرِيْرَةُ هَلْ رَّاَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يُّرِيْبُكِ قَالَتْ بَرِيْرَةُ لَاوَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنْ رَّاَيْتُ عَلَيْهَا اَمْرًا اَغْمِصُهٗ عَلَيْهَا اَكْثَرَ مِنْ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِيْنِ اَهْلِهَا فَتَاْتِي الدَّاجِنُ فَتَاْكُلُهٗ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَعْذَرَ يَوْمَئِذٍ مِنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ قَالَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَعَلَى الْمِنْبَرِ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ مَنْ يَّعْذِرُلِيْ مِنْ رَّجُلٍ قَدْ بَلَغَنِيْ اَذَاهُ فِيْٓ اَهْلِ بَيْتِيْ فَوَ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْٓ اِلَّا خَيْرًا وَّ لَقَدْ ذَكَرُوْا رَجُلًا مَّاعَلِمْتُ عَلَيْهِ اِلَّا خَيْرًا وَّمَاكَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِيْٓ اِلَّا مَعِيْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذِ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَعْذِرُكَ مِنْهُ اِنْ كَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْتُ عُنُقَهٗ وَاِنْ كَانَ مِنْ اِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا اَمْرَكَ قَالَتْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا وَّلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ فَقَالَ لِسَعْدٍ كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُهٗ وَلَاتَقْدِرُ عَلٰى قَتْلِهٖ فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ

ایسے شخص کو برا کہتی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک رہا ہے، انہوں نے کہا، واہ اس کی بکواس آپ نے نہیں سنی؟ میں نے پوچھا، انہوں نے کیا کہا ہے؟ پھر انہوں نے مجھے تہمت لگانے والوں کی باتیں بتائیں پہلے سے بیمار تھی ہی، ان باتوں کو سن کر میرا مرض اور بڑھ گیا۔ آپ نے بیان کیا کہ پھر جب میں گھر پہنچی اور رسول اللہ ﷺ اندر تشریف لائے تو آپ نے سلام کیا اور دریافت فرمایا کہ کیسی طبیعت ہے؟ میں نے عرض کی کہ کیا آنحضور ﷺ مجھے اپنے والدین کے گھر جانے کی اجازت دیں گے؟ آپ نے بیان کیا کہ میرا مقصد والدین کے پاس جانے سے یہ تھا کہ اس خبر کی حقیقت ان سے پوری طرح معلوم ہو جائے گی۔ بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ نے مجھے اجازت دے دی اور میں اپنے والدین کے گھر آ گئی۔ میں نے والدہ سے پوچھا کہ یہ لوگ کس طرح کی باتیں کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا بیٹی صبر کرو، کم ہی کوئی ایسی حسین و جمیل عورت کسی ایسے مرد کے نکاح میں ہوگی جو اس سے محبت رکھتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں اور پھر بھی وہ اس طرح اسے نیچا دکھانے کی کوشش نہ کریں۔ بیان کیا کہ اس پر میں نے کہا، سبحان اللہ، اس طرح کی باتیں تو دوسرے لوگ کر رہے ہیں، (میری سوکنوں کا اس سے کیا تعلق!) بیان کیا کہ اس کے بعد میں رونے لگی، اور رات بھر روتی رہی، صبح ہوگئی لیکن میرے آنسو نہیں تھمتے تھے اور نہ نیند کا آنکھ میں نام و نشان تھا۔ صبح ہوگئی اور میں روئے جا رہی تھی، اسی عرصہ میں حضور اکرم ﷺ نے علی بن ابی طالب اور اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو بلایا، کیونکہ اس معاملہ میں آپ پر کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی، آپ نے انہیں اپنی بیوی کو جدا کرنے کے سلسلہ میں مشورہ کرنے کے لئے بلایا تھا۔ آپ نے بیان کیا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے تو حضور ﷺ کو اسی کے مطابق مشورہ دیا جس کا انہیں علم تھا کہ آپ کی اہلیہ (یعنی خود عائشہ رضی اللہ عنہا) اس تہمت سے بری ہیں۔ اس کے علاوہ وہ یہ بھی جانتے تھے کہ آنحضور ﷺ کو ان سے کتنا تعلق خاطر ہے، آپ نے عرض کی کہ یارسول اللہ (ﷺ)! آپ (ﷺ) کی اہلیہ کے بارے میں خیر و بھلائی کے سوا اور ہمیں کسی چیز کا علم نہیں۔ البتہ علی ؓ نے کہا کہ یارسول اللہ (ﷺ)! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں کی ہے، عورتیں اور بھی بہت ہیں ان کی باندی (بریرہؓ) سے بھی آپ اس معاملہ میں دریافت فرمالیں۔ عائشہؓ نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے بریرہ

حُضَيْرٍ وَّهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدٍ فَقَالَ لِسَعْدِ ابْنِ عُبَادَةَ
كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهٗ فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ
الْمُنَافِقِيْنَ فَتَثَاوَرَالْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى
هَمُّوْٓا اَنْ يَّقْتَتِلُوْا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوْا وَسَكَتَ
قَالَتْ فَمَكَثْتُ يَوْمِىْ ذٰلِكَ لَايَرْقَاُلِىْ دَمْعٌ وَّلَا
اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ قَالَتْ فَاَصْبَحَ اَبَوَاىَ عِنْدِىْ وَقَدْ
بَكَيْتُ لَيْلَتَيْنِ وَ يَوْمًالَّا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ وَّيَرْقَاُلِىْ دَمْعٌ
يَظُنَّانِ اَنَّ الْبُكَآءَ فَالِقٌ كَبِدِىْ قَالَتْ فَبَيْنَمَا هُمَا
جَالِسَانِ عِنْدِىْ وَاَنَا اَبْكِىْ فَاسْتَاْذَنَتْ عَلَىَّ امْرَاَةٌ
مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاَذِنْتُ لَهَافَجَلَسَتْ تَبْكِىْ مَعِىْ قَالَتْ
فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ قَالَتْ وَلَمْ يَجْلِسْ
عِنْدِىْ مُنْذُ قِيْلَ مَاقِيْلَ قَبْلَهَا وَقَدْ لَبِثَ شَهْرًا لَّا
يُوْحٰى اِلَيْهِ فِىْ شَاْنِىْ قَالَتْ فَتَشَهَّدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ جَلَسَ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ
يَاعَآئِشَةُ فَاِنَّهٗ قَدْ بَلَغَنِىْ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا فَاِنْ
كُنْتِ بَرِيْئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ وَاِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ
بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِى اللّٰهَ وَ تُوْبِىْ اِلَيْهِ فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا
اعْتَرَفَ بِذَنْبِهٖ ثُمَّ تَابَ اِلَى اللّٰهِ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَتْ
فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَقَالَتَهٗ قَلَصَ دَمْعِىْ حَتّٰى مَآ اُحِسَّ مِنْهُ قَطْرَةً فَقُلْتُ
لِاَبِىْ اَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْمَا
قَالَ قَالَ وَاللّٰهِ مَآ اَدْرِىْ مَآ اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لِاُمِّىْ اَجِيْبِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَآاَدْرِىْ مَا اَقُوْلُ
لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَقُلْتُ
وَاَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ لَآاَقْرَءُ كَثِيْرًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ
اِنِّىْ وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُ لَقَدْ سَمِعْتُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ

رضی اللہ عنہا کو بلایا، اور دریافت فرمایا، بریرہ! کیا تم نے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے، جس سے شبہ گذرا ہو؟ انہوں نے عرض کی نہیں، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں نے ان میں کوئی ایسی بات نہیں پائی جو چھپانے کے قابل ہو ایک بات ضرور ہے کہ وہ کم عمر لڑکی ہیں، آٹا گوندھتے میں بھی سو جاتی ہیں اور اتنے میں کوئی بکری یا پرندہ وغیرہ وہاں پہنچ جاتا ہے اور ان کا گندھا ہوا آٹا کھا جاتا ہے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور اس دن آپ نے عبداللہ بن ابی بن سلول کی شکایت کی، بیان کیا کہ آنحضور ﷺ نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا، اے معشر مسلمین! ایک ایسے شخص کے بارے میں کون میری مدد کرے گا، جس کی اذیت رسانی اب میرے گھر تک پہنچ گئی ہے، اللہ گواہ ہے کہ اپنی اہلیہ میں خیر کے سوا اور میں کچھ نہیں جانتا، اور یہ لوگ جس مرد کا نام لے رہے ہیں ان کے بارے میں بھی خیر کے سوا میں اور کچھ نہیں جانتا۔ وہ جب بھی میرے گھر میں گئے ہیں تو میرے ساتھ ہی گئے ہیں۔ اس پر سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ اٹھے اور کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ کی مدد کروں گا۔ اور اگر وہ ہمارے بھائیوں یعنی قبیلہ خزرج میں کا کوئی آدمی ہے تو آپ ہمیں حکم دیں، تعمیل میں کوئی کوتاہی نہیں ہوگی۔ بیان کیا کہ اس کے بعد سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے۔ آپ قبیلہ خزرج کے سردار تھے، اس سے پہلے آپ مرد صالح تھے، لیکن آج آپ پر (قومی) حمیت غالب آ گئی تھی (عبداللہ بن ابی بن سلول منافق، آپ ہی کے قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا) آپ نے اٹھ کر سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا، اللہ کی قسم، تم نے جھوٹ کہا ہے، تم اسے قتل نہیں کر سکتے تم میں اس کے قتل کی طاقت بھی نہیں ہے۔ پھر اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، آپ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچیرے بھائی تھے۔ آپ نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ خدا کی قسم تم جھوٹے ہو، ہم اسے ضرور قتل کریں گے۔ تم منافق ہو کہ منافقوں کی طرف داری میں لڑتے ہو۔ اتنے میں دونوں قبیلے اوس و خزرج اٹھ کھڑے ہوئے اور نوبت آپس میں ہی قتل و قتال تک پہنچ گئی۔ رسول اللہ ﷺ منبر پر کھڑے تھے۔ آپ لوگوں کو خاموش کرنے لگے۔ آخر سب لوگ چپ ہو گئے اور آنحضور ﷺ بھی خاموش ہو گئے۔ بیان کیا کہ اس دن بھی میں برابر روتی رہی نہ آنسو تھمتا تھا اور نہ نیند آتی تھی۔ بیان کیا کہ جب (دوسری) صبح

حَتّٰى اسْتَقَرَّ فِیْ اَنْفُسِکُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهٖ فَلَئِنْ قُلْتُ لَکُمْ اِنِّیْ بَرِیْئَةٌ وَاللّٰهُ یَعْلَمُ اَنِّیْ بَرِیْئَةٌ لَاتُصَدِّقُوْنِیْ بِذَالِکَ وَلَئِنِ اعْتَرَفْتُ لَکُمْ بِاَمْرٍ وَّاللّٰهُ یَعْلَمُ اَنِّیْ بَرِیْئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّیْ وَاللّٰهِ مَآاَجِدُ لَکُمْ مَثَلاً اِلَّا قَوْلَ اَبِیْ یُوْسُفَ قَالَ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ قَالَتْ ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰی فِرَاشِیْ قَالَتْ وَاَنَا حِیْنَئِذٍ اَعْلَمُ اَنِّیْ بَرِیْئَةٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ مُبَرِّئِیْ بِبَرَآءَتِیْ وَلٰکِنْ وَّاللّٰهِ مَا کُنْتُ اَظُنُّ اَنَّ اللّٰهَ مُنْزِلٌ فِیْ شَاْنِیْ وَحْیًا یُّتْلٰی وَلَشَاْنِیْ فِیْ نَفْسِیْ کَانَ اَحْقَرَ مِنْ اَنْ یَّتَکَلَّمَ اللّٰهُ فِیَّ بِاَمْرٍ یُّتْلٰی وَلٰکِنْ کُنْتُ اَرْجُوْا اَنْ یَّرٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی النَّوْمِ رُؤْیَا یُبَرِّءُ نِی اللّٰهُ بِهَا قَالَتْ فَوَ اللّٰهِ مَاقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَلَاخَرَجَ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْبَیْتِ حَتّٰی اُنْزِلَ عَلَیْهِ فَاَخَذَهٗ مَاکَانَ یَاْخُذُهٗ مِنَ الْبُرَحَآءِ حَتّٰی اِنَّهٗ لَیَتَحَدَّرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ وَهُوَ فِیْ یَوْمٍ شَاتٍ مِّنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِیْ یُنْزَلُ عَلَیْهِ قَالَتْ فَلَمَّا سُرِّیَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُرِّیَ عَنْهُ وَهُوَ یَضْحَکُ فَکَانَتْ اَوَّلَ کَلِمَةٍ تَکَلَّمَ بِهَا یَاعَآئِشَةُ اَمَّا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَقَدْ بَرَّاَکِ فَقَالَتْ اُمِّیْ قُوْمِیْ اِلَیْهِ قَالَ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَااَقُوْمُ اِلَیْهِ وَلَآ اَحْمَدُ اِلَّا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِنَّ الَّذِیْنَ جَآءُوْا بِالْاِ فْکِ عُصْبَةٌ مِّنْکُمْ لَا تَحْسَبُوْهُ الْعَشْرَ الْاٰیَاتِ کُلَّهَا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذَا فِیْ بَرَآءَتِیْ قَالَ اَبُوْبَکْرِ نِ الصِّدِّیْقُ وَکَانَ یُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحِ بْنِ اُثَاثَةَ لِقَرَابَتِهٖ مِنْهُ وَفَقْرِهٖ وَاللّٰهِ لَااُنْفِقُ عَلٰی مِسْطَحٍ شَیْئًا اَبَدًا بَعْدَ الَّذِیْ قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَایَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْکُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ یُّؤْتُوْا اُولِی الْقُرْبٰی وَالْمَسَاکِیْنَ وَالْمُهَاجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْآ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَکُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ قَالَ

ہوئی تو میرے والدین میرے پاس ہی موجود تھے۔ دو راتیں اور ایک دن مجھے مسلسل روتے ہوئے گذر گیا تھا۔ اس عرصہ میں نہ مجھے نیند آئی تھی اور نہ آنسو تھمتے تھے۔ والدین سوچنے لگے کہ کہیں روتے روتے میرا دل نہ پھٹ جائے۔ بیان کیا کہ ابھی وہ اسی طرح میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور میں روئے جارہی تھی کہ قبیلہ انصار کی ایک خاتون نے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ میں نے انہیں اندر آنے کی اجازت دے دی۔ وہ بھی میرے ساتھ بیٹھ کر رونے لگیں۔ ہم اسی حال میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ اندر تشریف لائے اور بیٹھ گئے۔ آپ نے بیان کیا کہ جب سے مجھ پر تہمت لگائی گئی تھی اس وقت سے اب تک آنحضور ﷺ میرے پاس نہیں بیٹھے تھے۔ آپ ﷺ نے ایک مہینہ تک اس معاملہ میں انتظار کیا اور آپ ﷺ پر اس سلسلہ میں کوئی وحی نازل نہیں ہوئی۔ بیان کیا کہ بیٹھنے کے بعد آنحضور ﷺ نے تشہد پڑھا اور فرمایا، اما بعد، اے عائشہ! تمہارے بارے میں مجھے اس طرح کی اطلاعات پہنچی ہیں، پس اگر تم بری ہو تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت خود کردے گا، لیکن اگر تم سے غلطی سے کوئی گناہ ہو گیا ہے تو اللہ سے دعائے مغفرت کرو اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرو، کیونکہ بندہ جب اپنے گناہ کا قرار کر لیتا ہے اور پھر اللہ سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے۔ بیان کیا کہ جب حضور اکرم ﷺ اپنی گفتگو ختم کر چکے تو میرے آنسو اس طرح خشک ہو گئے جیسے ایک قطرہ بھی پانی نہ رہا ہو۔ میں نے اپنے والد (ابوبکر رضی اللہ عنہ) سے کہا آپ میری طرف سے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیجئے۔ انہوں نے فرمایا، اللہ گواہ ہے، میں نہیں سمجھتا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ سے اس سلسلے میں کیا کہنا ہے۔ پھر میں نے اپنی والدہ سے کہا کہ آنحضور ﷺ کی باتوں کا میری طرف سے جواب دیجئے۔ انہوں نے بھی یہی کہا کہ اللہ گواہ ہے، مجھے نہیں معلوم کہ میں آپ ﷺ سے کیا عرض کروں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر میں خود ہی بولی۔ میں اس وقت نوعمر لڑکی تھی، میں نے بہت زیادہ قرآن بھی پڑھا نہ تھا (میں نے کہا کہ) خدا گواہ ہے، میں تو یہ جانتی ہوں کہ ان افواہوں کے متعلق جو کچھ آپ لوگوں نے سنا ہے وہ آپ لوگوں کے دل میں جم ہو گیا ہے اور آپ لوگ اسے صحیح سمجھنے لگے ہیں، اب اگر میں یہ کہتی ہوں کہ میں ان تہمتوں سے بری ہوں، اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں واقعی بری ہوں، تو آپ حضرات میری بات کا یقین نہیں کریں گے۔ لیکن اگر

اَبُوْ بَكْرٍ بَلٰى وَاللّٰهِ اِنِّىْ اُحِبُّ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لِىْ فَرَجَعَ اِلٰى مِسْطَحٍ النَّفَقَةَ الَّتِىْ كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ وَقَالَ وَاللّٰهِ لَااَنْزِعُهَا مِنْهُ اَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ وَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْاَلُ زَيْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ عَنْ اَمْرِىْ فَقَالَ يَازَيْنَبُ مَاذَا عَلِمْتِ اَوْرَاَيْتِ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْمِىْ سَمْعِىْ وَبَصَرِىْ مَا عَلِمْتُ اِلَّا خَيْرًا قَالَتْ وَهِىَ الَّتِىْ كَانَتْ تُسَامِيْنِىْ مِنْ اَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ وَطَفِقَتْ اُخْتُهَا حَمْنَةُ تُحَارِبُ لَهَا فَهَلَكَتْ فِيْمَنْ هَلَكَ مِنْ اَصْحَابِ الْاِ فْكِ

میں تہمت کا اعتراف کرلوں، حالانکہ اللہ کے علم میں ہے کہ میں اس سے قطعاً بری ہوں تو آپ لوگ میری تصدیق کرنے لگیں گے۔ اللہ گواہ ہے کہ میرے پاس آپ لوگوں کے لئے کوئی مثال نہیں ہے، سوا یوسف علیہ السلام کے والد (یعقوب علیہ السلام) کے اس ارشاد کے کہ آپ نے فرمایا تھا ''پس صبر ہی اچھا ہے اور تم جو کچھ بیان کرتے ہو، اس پر اللہ ہی مدد کرے گا۔'' بیان کیا کہ پھر میں نے اپنا رخ دوسری طرف کرلیا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی۔ کہا کہ مجھے بہر حال یقین تھا کہ میں بری ہوں اور اللہ تعالیٰ میری برأت ضرور کرے گا، لیکن خدا گواہ ہے، مجھے اس کا وہم و گمان بھی نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں ایسی وحی نازل فرمائے گا جس کی تلاوت کی جائے گی (یعنی قرآن مجید میں) میں اپنی حیثیت اس سے بہت کم تر سمجھتی تھی، اللہ تعالیٰ نے میرے بارے میں وحی متلو (قرآن مجید کی آیات) نازل فرمائیں۔ البتہ مجھے اس کی توقع ضرور تھی کہ حضور اکرم ﷺ میرے متعلق کوئی خواب دیکھیں گے اور اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ میری برأت کردیں۔ بیان کیا کہ اللہ گواہ ہے رسول اللہ ﷺ ابھی اپنی اسی مجلس میں تشریف رکھتے تھی، گھر والوں میں سے بھی کوئی باہر نہ نکلا تھا کہ آپ ﷺ پر وحی کا نزول شروع ہوا اور وہی کیفیت آپ ﷺ پر طاری ہوئی جو وحی کے نازل ہوتے ہوئے طاری ہوتی تھی، یعنی آپ ﷺ پسینے پسینے ہوگئے اور پسینہ موتیوں کی طرح جسم اطہر سے ڈھلنے لگا، حالانکہ سردی کے دن تھے۔ یہ کیفیت آپ ﷺ اس وحی کی شدت کی وجہ سے طاری ہوتی تھی جو آپ ﷺ پر نازل ہوتی تھی۔ بیان کیا کہ پھر جب آنحضور ﷺ کی کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ تبسم فرما رہے تھے اور سب سے پہلا کلمہ جو آپ ﷺ کی زبان مبارک سے نکلا یہ تھا کہ عائشہ! اللہ نے تمہیں بری قرار دیا ہے۔ میری والدہ نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ کے سامنے کھڑی ہوجاؤ۔ بیان کیا کہ میں نے کہا، اللہ گواہ ہے، میں ہرگز آپ ﷺ کے سامنے کھڑی نہیں ہوں گی اور اللہ عزوجل کے سوا کسی کی حمد نہیں کروں گی۔ اللہ تعالیٰ نے جو آیت نازل کی تھی وہ یہ تھی کہ ''بے شک جن لوگوں نے تہمت لگائی ہے وہ تم میں سے ایک چھوٹا سا گروہ ہے، مکمل دس آیتوں تک۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں میری برأت میں نازل کردیں تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو مسطح بن اثاثہ رضی اللہ عنہ کے اخراجات ان سے قرابت اور ان کی محتاجی کی وجہ سے خود اٹھایا کرتے تھے، آپ نے ان کے متعلق فرمایا کہ خدا کی

قسم، اب میں مسطح پر کبھی ایک دھیلا بھی خرچ نہیں کروں گا۔ اس نے عائشہؓ پر کیسی کیسی تہمتیں لگا دی ہیں، اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''اور جو لوگ تم میں بزرگی اور وسعت والے ہیں، اور قرابت والوں کو اور مسکینوں کو اور اللہ کے راستے میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں یہ چاہئے کہ معاف کرتے رہیں اور درگذر کرتے رہیں۔ کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہارے قصور معاف کرتا رہے۔ بے شک اللہ بڑا مغفرت والا، بڑا رحمت والا ہے۔'' ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا کی قسم میری تو یہی خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرمادیں۔ چنانچہ مسطح رضی اللہ عنہ کو آپ پھر وہ تمام اخراجات دینے لگے جو پہلے دیا کرتے تھے اور فرمایا کہ خدا کی قسم، اب کبھی ان کا خرچ بند نہیں کروں گا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ام المؤمنین زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی میرے معاملہ میں پوچھا۔ آپ نے دریافت فرمایا کہ زینب تم نے بھی کوئی چیز کبھی دیکھی ہے؟ انہوں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ میری کان اور میری آنکھ محفوظ رہی۔ میں نے ان کے اندر خیر کے سوا اور کوئی چیز نہیں دیکھی۔ بیان کیا کہ ازواج مطہرات میں وہی ایک تھیں جو مجھ سے بلند وارفع رہنا چاہتی تھیں، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے تقویٰ وطہارت کی وجہ سے انہیں محفوظ رکھا اور انہوں نے کوئی خلاف واقعہ بات میرے متعلق نہیں کہی۔ لیکن ان کی بہن حمنہ ان کے لئے بلا وجہ لڑیں اور تہمت لگانے والوں کے ساتھ وہ بھی ہلاک ہوئیں۔

باب۷۷۷. قَوْلِهٖ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُه' فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَلَقَّوْنَه' يَرْوِيْهِ بَعْضُكُمْ عَنْ بَعْضٍ تُفِيْضُوْنَ تَقُوْلُوْنَ

۷۷۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اگر تم پر اللہ کا فضل و کرم نہ ہوتا، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی تو جس شغل میں تم پڑے تھے، اس میں تم پر سخت عذاب واقع ہوتا، مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''تلقونہ'' کا مطلب یہ ہے کہ تم میں سے بعض، بعض سے نقل کرتا تھا ''تفیضون'' بمعنی تقولون ہے۔

(۱۸۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُلَيْمٰنُ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ اَبِيْ وَآئِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ اُمِّ رُوْمَانَ اُمِّ عَائِشَةَؓ اَنَّهَا قَالَتْ لَمَّارُمِيَتْ عَائِشَةُ خَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا

۱۸۶۲۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سلیمان نے خبر دی، انہیں حصین نے، انہیں ابووائل نے، انہیں مسروق نے اور ان سے ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت لگائی گئی تو وہ بے ہوش ہوکر گر پڑی تھیں۔

باب۷۷۸. قَوْلِهٖ اِذْ تَلَقَّوْنَه' بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ

۷۷۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''(عذاب عظیم کے مستحق تو اس وقت ہوتے)

بِاَفْوَاهِكُمْ مَّالَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا وَّهُوَ عِنْدَاللّٰهِ عَظِيْمٌ

جب تم اپنی زبان سے اسے نقل در نقل کر رہے تھے اور اپنے منہ سے وہ کچھ کہہ رہے تھے، جس کی تمہیں کوئی تحقیق نہ تھی، اور تم اسے ہلکا سمجھ رہے تھے، حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی بات تھی۔''

(۱۸۶۳) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا هِشَامٌ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ سَمِعْتُ عَآئِشَةَ تَقْرَأُ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ

۱۸۶۳۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، انہیں ابن جریج نے خبر دی کہ ابن ملیکہ نے بیان کیا کہ میں نے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا، آپ مذکورہ بالا آیت ''اذ تلقونہ بالستکم'' (جب تم اپنی زبانوں سے اسے نقل در نقل کر رہے تھے) پڑھ رہی تھیں۔

باب ۷۷۹. قَوْلِهٖ وَلَوْلَآ اِذْسَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّايَكُوْنُ لَنَا اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ

۷۷۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور تم نے جب اسے سنا تھا تو کیوں نہ کہہ دیا تھا کہ ہم کیسے ایسی بات منہ سے نکالیں، توبہ، یہ تو سخت بہتان ہے۔''

(۱۸۶۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيْدِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ اسْتَأْذَنَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ قَبْلَ مَوْتِهَا عَلٰى عَآئِشَةَؓ وَهِيَ مَغْلُوْبَةٌ قَالَتْ اَخْشٰى اَنْ يُّثْنِيَ عَلَيَّ فَقِيْلَ ابْنُ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ وُّجُوْهِ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَتْ ائْذَنُوْا لَهٗ فَقَالَ كَيْفَ تَجِدِيْنَكِ قَالَتْ بِخَيْرٍ اِنِ اتَّقَيْتُ قَالَ فَاَنْتِ بِخَيْرٍ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ زَوْجَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَنْكِحْ بِكْرًا غَيْرَكِ وَنَزَلَ عُذْرُكِ مِنَ السَّمَآءِ وَدَخَلَ ابْنُ الزُّبَيْرِ خِلَافَهٗ فَقَالَتْ دَخَلَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ فَاَثْنٰى عَلَيَّ وَدِدْتُّ اَنِّيْ كُنْتُ نَسْيًا مَّنْسِيًّا

۱۸۶۴۔ ہم سے محمد بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید قطان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عمر بن ابی سعید بن ابی حسین نے بیان کیا، ان سے ابن ابی ملیکہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی وفات سے تھوڑی دیر پہلے، جبکہ آپ کو نزع کی کرب و بے چینی تھی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آپ کے پاس آنے کی اجازت چاہی۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ میری تعریف نہ کریں۔ ❶ کسی نے عرض کی کہ رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں اور خود بھی صاحب وجاہت وعزت ہیں (اس لئے آپ کو اجازت دے دینی چاہئے) اس پر آپ نے فرمایا کہ پھر انہیں اندر بلالو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے آپ سے پوچھا کہ آپ کس حال میں ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ اگر میں نے تقویٰ اختیار کیا ہوگا تو خیر کے ساتھ ہی گذر جائے گی۔ اس پر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انشاء اللہ آپ خیر کے ساتھ ہی ہوں گی۔ آپ رسول اللہ ﷺ کی زوجۂ مطہرہ ہیں اور آپ کے سوا آنحضور ﷺ نے کسی کنواری عورت سے نکاح نہ فرمایا اور آپ کی برأت (قرآن مجید میں) لوح محفوظ سے نازل ہوئی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے تشریف لے جانے کے بعد آپ کی خدمت میں ابن زبیر رضی اللہ عنہ حاضر ہوئے، آپ نے ان سے فرمایا کہ ابھی ابن عباسؓ آئے تھے اور میری تعریف کی، میں تو چاہتی ہوں کہ میں ایک بھولی بسری چیز ہوتی۔

---

❶ جان کنی کا عالم تھا، اس لئے آپ نے یہ پسند نہیں کیا کہ آپ کی تعریف ایسی حالت میں کی جائے۔

۱۸۶۵۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَهَّابِ بْنِ عَبْدِالْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْفٍ عَنِ الْقَاسِمِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَاذَنَ عَلٰی عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا نَحْوَه، وَلَمْ يَذْكُرْ نَسْيًا مَّنْسِيًّا

۱۸۶۵۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب بن عبدالمجید نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عون نے حدیث بیان کی، ان سے قاسم نے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آنے کی اجازت چاہی۔ مذکورہ بالا حدیث کی طرح، لیکن اس حدیث میں راوی نے نسیا منسیا (بھولی بسری) کا ذکر نہیں کیا۔

باب ۷۸۰۔ قَوْلِهٖ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖ اَبَدًا

۷۸۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ پھر اس قسم کی حرکتیں کبھی نہ کرنا۔

(۱۸۶۶)۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَآءَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ يَّسْتَاْذِنُ عَلَيْهَا قُلْتُ اَتَاْذَنِيْنَ لِهٰذَا قَالَتْ اَوَلَيْسَ قَدْ اَصَابَه، عَذَابٌ عَظِيْمٌ قَالَ سُفْيَانُ تَعْنِیْ ذَهَابَ بَصَرِهٖ فَقَالَ حَصَانٌ رَزَانٌ مَا تُزَنُّ بِرِيْبَةٍ وَتُصْبِحُ غَرْثٰی مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ ٭ قَالَتْ لٰكِنْ اَنْتَ

۱۸۶۶۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسرور نے کہا عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات کی، حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی۔ میں نے عرض کی کہ آپ انہیں بھی اجازت دیتی ہیں (حالانکہ انہوں نے بھی آپ پر تہمت لگانے والوں کا ساتھ دیا تھا) اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ کیا انہیں اس کی ایک بڑی سزا نہیں مل چکی ہے۔ سفیان نے کہا کہ آپ کا اشارہ ان کے نابینا ہو جانے کی طرف ہے۔ ❶ پھر حضرت حسان رضی اللہ نے یہ شعر پڑھا:
''عفیفہ اور بڑی عقلمند ہیں کہ آپ کے متعلق کسی کو شبہ نہیں گذر سکتا۔ آپ غافل اور پاکدامن عورتوں کا گوشت کھانے سے کامل پرہیز کرتی ہیں۔'' ❷
عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا۔

باب ۷۸۱۔ قَوْلِهٖ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ

۷۸۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اللہ تم سے صاف صاف احکام بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا علم والا ہے، بڑا حکمت والا ہے۔''

(۱۸۶۶) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا بْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ عَلٰی عَائِشَةَ فَشَبَّبَ وَقَالَ حَصَانٌ رَزَّانٌ مَاتُزَنُّ بِرِيْبَةٍ وَتُصْبِحُ غَرْثٰی مِنْ لُحُوْمِ الْغَوَافِلِ قَالَ لَسْتَ كَذَاكَ قُلْتُ تَدَعِيْنَ مِثْلَ هٰذَا يَدْخُلُ عَلَيْكِ وَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَالَّذِیْ تَوَلّٰی كِبْرَه، مِنْهُمْ فَقَالَتْ وَاَیُّ

۱۸۶۶۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے ابن عدی نے حدیث بیان کی، انہیں شعبہ نے خبر دی، انہیں اعمش نے، انہیں ابوالضحیٰ نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور یہ شعر پڑھا۔ عفیفہ اور بڑی عقلمند ہیں، آپ کے متعلق کسی کو شبہ نہیں گذر سکتا۔ آپ غافل اور پاکدامن عورتوں کا گوشت کھانے سے پرہیز کرتی ہیں۔'' اور اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا، لیکن آپ نے ایسا نہیں کیا۔ بعد میں، میں نے عرض کی کہ

---

❶ حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔ اس مصرع میں قرآن مجید کی اس آیت کی طرف تلمیح ہے کہ جس میں غیبت کو اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یعنی جو عورتیں غافل اور لاپرواہ ہوتی ہیں ان کی اس عادت کی وجہ سے آپ دوسروں کے سامنے ان کی کسی طرح کی برائی نہیں کرتیں کہ یہ غیبت ہے اور غیبت کرنا، اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے مترادف ہے۔

عَذَابٌ اَشَدُّ مِنَ الْعَمي وَقَالَتْ وَقَدْ كَانَ يَرُدُّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ ایسے شخص کو اپنے پاس آنے دیتی ہیں؟ اللہ تعالیٰ تو یہ آیت بھی نازل کر چکا ہے کہ ''اور جس نے ان میں سے سب سے بڑا حصہ لیا الخ'' عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ نابینا ہو جانے سے بڑھ کر اور کیا بڑی سزا ہوگی۔ پھر آپ نے فرمایا کہ حسان رضی اللہ عنہ، رسول اللہ ﷺ کی طرف سے کفار کی ہجو کا جواب دیا کرتے تھے۔

باب ۷۸۰. قَوْلِهِ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ تَشِيْعُ تَظْهَرُ

۷۸۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یقیناً جو لوگ چاہتے ہیں کہ مومنین کے درمیان بے حیائی کا چرچا رہے، ان کے لئے سزائے دردناک ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ اللہ علم رکھتا ہے اور تم علم نہیں رکھتے۔ اور اگر اللہ کا فضل و کرم نہ ہوتا اور یہ بات نہ ہوتی کہ اللہ بڑا شفیق، بڑا رحیم ہے (تو تم بھی نہ بچتے)، تشیع بمعنی تظہر۔

باب ۷۸۱. قَوْلِهِ وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْا اُولِي الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

۷۸۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو لوگ تم میں بزرگی اور وسعت والے ہیں، وہ قرابت والوں اور مسکینوں کو اور اللہ کے راستہ میں ہجرت کرنے والوں کو دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں، چاہئے کہ معاف کرتے رہیں اور درگذر کرتے رہیں کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہارے قصور معاف کرتا رہے۔ بے شک اللہ بڑا مغفرت والا، بڑا رحمت والا ہے۔''

(۱۸۶۷) وَقَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا ذُكِرَ مِنْ شَاْنِي الَّذِيْ ذُكِرَ وَمَا عَلِمْتُ بِهٖ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيَّ خَطِيْبًا فَتَشَهَّدَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَشِيْرُوْا عَلَيَّ فِيْ اُنَاسٍ اَبَنُوْا اَهْلِيْ وَاَيْمُ اللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلٰى اَهْلِيْ مِنْ سُوْءٍ وَّاَبَنُوْهُمْ بِمَنْ وَّاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ وَلَا يَدْخُلُ بَيْتِيْ قَطُّ اِلَّا وَاَنَا حَاضِرٌ وَّلَا غِبْتُ فِيْ سَفَرٍ اِلَّا غَابَ مَعِيْ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فَقَالَ ائْذَنْ لِّيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ نَضْرِبَ اَعْنَاقَهُمْ وَقَامَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي الْخَزْرَجِ وَكَانَتْ اُمُّ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِّنْ رَهْطِ ذٰلِكَ الرَّجُلِ فَقَالَ كَذَبْتَ اَمَا وَاللّٰهِ اَنْ لَّوْ كَانُوْا مِنَ الْاَوْسِ مَآ اَحْبَبْتَ اَنْ تُضْرَبَ اَعْنَاقُهُمْ حَتّٰى كَادَ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ شَرٌّ فِي الْمَسْجِدِ وَمَا عَلِمْتُ فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ

۱۸۶۷۔ اور ابو اسامہ نے ہشام بن عروہ کے واسطہ سے بیان کیا کہ انہوں نے کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب میرے متعلق ایسی باتیں کہی گئیں، جن کا مجھے وہم و گمان بھی نہیں تھا تو رسول اللہ ﷺ (ایک مدت کے بعد) میرے معاملہ میں لوگوں کو خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے۔ آپ نے شہادت کے بعد اللہ کی حمد و ثنا شان کے مطابق کی اور پھر فرمایا، اما بعد! تم لوگ مجھے ایسے لوگوں کے بارے میں مشورہ دو جنہوں نے میری اہلیہ پر تہمت لگائی ہے، اور اللہ گواہ ہے کہ میں نے اپنی اہلیہ میں کوئی برائی نہیں دیکھی ہے، اور تہمت بھی ایسے شخص کے ساتھ لگائی ہے کہ اللہ گواہ ہے، ان میں بھی میں نے کبھی کوئی برائی نہیں دیکھی۔ وہ میرے گھر میں جب بھی داخل ہوئے تو میری موجودگی ہی میں داخل ہوئے اور اگر میں کبھی سفر کی وجہ سے مدینہ میں نہیں ہوتا تو وہ بھی نہیں ہوتے اور میرے ساتھ ہی رہتے ہیں۔ اس کے بعد سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی، یا رسول اللہ! ہمیں اجازت عطا فرمائیے کہ ہم ایسے لوگوں کی گردنیں اڑا دیں، اس کے بعد قبیلہ خزرج کے ایک صاحب (سعد بن عبادہ رضی اللہ

ذٰلِکَ الْیَوْمِ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِیْ وَمَعِیْ اُمُّ مِسْطَحٍ فَعَثَرَتْ وَ قَالَتْ تَعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ اَیْ اُمِّ تُسُبِّیْنَ ابْنَکِ وَ سَکَتَتْ ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّانِیَةَ فَقَالَتْ تَّعِسَ مِسْطَحٌ فَقُلْتُ لَهَا تُسُبِّیْنَ ابْنَکِ ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ تَّعِسَ مِسْطَحٌ فَانْتَهَرْ تُهَا فَقَالَتْ وَاللّٰهِ مَااَسُبُّهُ اِلَّافِیْکِ فَقُلْتُ فِیْ اَیِّ شَانِیْ قَالَتْ فَبَقَرَتْ اِلَیَّ الْحَدِیْثَ فَقُلْتُ وَقَدْ کَانَ هٰذَا قَالَتْ نَعَمْ وَاللّٰهِ فَرَجَعْتُ اِلٰی بَیْتِیْ کَانَ الَّذِیْ خَرَجْتُ لَهٗ لَااَجِدُ مِنْهُ قَلِیْلًا وَّلَا کَثِیْرًا وَّوُعِکْتُ فَقُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَرْسِلْنِیْ اِلٰی بَیْتِ اَبِیْ فَاَرْسَلَ مَعِیَ الْغُلَا مَ فَدَخَلْتُ الدَّارَ فَوَجَدْتُ اُمَّ رُوْمَانَ فِی السُّفْلِ وَاَبَابَکْرٍ فَوْقَ الْبَیْتِ یَقْرَءُ فَقَالَتْ اُمِّی مَاجَآءَ بِکِ یَابُنَیَّةُ فَاَخْبَرْتُهَا وَذَکَرْتُ لَهَا الْحَدِیْثَ وَاِذَا هُوَ لَمْ یَبْلُغْ مِنْهَا مِثْلَ مَا بَلَغَ مِنِّیْ فَقَالَتْ یَا بُنَیَّةُ خَفِّضِیْ عَلَیْکِ الشَّانَ فَاِنَّهٗ وَاللّٰهِ لَقَلَّمَا کَانَتْ اِمْرَاَةٌ حَسْنَآءُ عِنْدَ رَجُلٍ یُّحِبُّهَا لَهَا ضَرَآئِرُ اِلَّا حَسَدْنَهَا وَ قِیْلَ فِیْهَا وَاِذَا هُوَ لَمْ یَبْلُغْ مِنْهَا مَا بَلَغَ مِنِّیْ قُلْتُ وَقَدْ عَلِمَ بِهٖ اَبِیْ قَالَتْ نَعَمْ قُلْتُ وَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ نَعَمْ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَعْبَرْتُ وَبَکَیْتُ فَسَمِعَ اَبُوْبَکْرٍ صَوْتِیْ وَهُوَ فَوْقَ الْبَیْتِ یَقْرَأُ فَنَزَلَ فَقَالَ لِاُمِّیْ مَاشَانُهَا قَالَتْ بَلَغَهَا الَّذِیْ ذُکِرَ مِنْ شَانِهَا فَفَاضَتْ عَیْنَاهُ قَالَ اَقْسَمْتُ عَلَیْکِ اَیْ بُنَیَّةُ اِلَّا رَجَعْتِ اِلٰی بَیْتِکِ فَرَجَعْتُ وَلَقَدْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْتِیْ فَسَاَلَ عَنِّیْ خَادِ مَتِیْ فَقَالَتْ لَاوَاللّٰهِ مَاعَلِمْتُ عَلَیْهَا عَیْبًا اِلَّا اَنَّهَا کَانَتْ تَرْقُدُ حَتّٰی تَدْخُلَ الشَّاةُ فَتَاْکُلَ خَمِیْرَهَا اَوْعَجِیْنَهَا وَانْتَهَرَهَا بَعْضُ اَصْحَابِهٖ فَقَالَ اَصْدُقِیْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَسْقَطُوْا لَهَابِهٖ فَقَالَتْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ

عنہ) کھڑے ہوئے، حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کی والدہ اسی قبیلہ کی تھیں، انہوں نے کھڑے ہوکر کہا کہ تم جھوٹے ہو، اگر وہ لوگ (تہمت لگانے والے) قبیلہ اوس کے ہوتے تو تم کبھی انہیں قتل کرنا پسند نہ کرتے، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مسجد ہی میں اوس وخزرج کے قبائل میں باہم فساد ہوجائے گا۔ مجھے ابھی تک تہمت وغیرہ کا کوئی علم نہ تھا، اسی دن کی رات میں، میں قضائے حاجت کے لئے نکلی، میرے ساتھ ام مسطح رضی اللہ عنہا بھی تھیں وہ (راستے میں) پھسل گئیں اوران کی زبان سے نکلا کہ مسطح تباہ ہو۔ میں نے کہا، آپ اپنے بیٹے کو کوستی ہیں، اس پر وہ خاموش ہوگئیں۔ پھر دوبارہ وہ پھسلیں اوران کی زبان سے وہی الفاظ نکلے کہ مسطح تباہ ہو۔ میں نے پھر کہا کہ اپنے بیٹے کو کوستی ہو۔ پھر وہ تیسری بار پھسلیں تو میں نے پھر انہیں ٹوکا، انہوں نے بتایا کہ خدا گواہ ہے، میں تو آپ ہی کی وجہ سے اسے کوستی ہوں۔ میں نے کہا کہ میرے کس معاملہ مین انہیں آپ کوس رہی ہیں؟ بیان کیا کہ اب انہوں نے سارا راز کھولا، میں نے پوچھا، کیا واقعی یہ سب کچھ کہا گیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہاں۔ خدا گواہ ہے۔ پھر میں اپنے گھر آ گئی، لیکن (ان واقعات کو سن کر غم اور دہشت کا یہ عالم تھا کہ) مجھے کچھ خبر نہیں کہ کس چیز کے لئے باہر گئی تھی اور کہاں سے آئی ہوں۔ ذرہ برابر مجھے اس کا احساس نہ تھا۔ اس کے بعد مجھے بخار چڑھ گیا اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ مجھے میرے والد کے گھر پہنچوا دیجئے۔ آنحضور ﷺ نے میرے ساتھ ایک بچہ کو کردیا۔ میں گھر پہنچی تو میں نے دیکھا کہ (والدہ) ام رومان رضی اللہ عنہا نیچے کے حصے میں ہیں اور (والد) ابوبکر رضی اللہ عنہ بالائی حصہ میں کچھ پڑھ رہے ہیں، والدہ نے پوچھا بیٹی! اس وقت کیسے آ گئیں۔ میں نے وجہ بتائی اور واقعہ کی تفصیلات سنائیں، ان باتوں سے جتنا میں متاثر ہوگئی تھی، ایسا محسوس ہوا کہ وہ اتنا متاثر نہیں ہیں۔ انہوں نے فرمایا، بیٹی اتنی ہلکان کیوں کرتی ہو، کم ہی ایسی کوئی خوبصورت عورت کسی ایسے مرد کے نکاح میں ہوگی جو اس سے محبت رکھتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں اور وہ اس سے حسد نہ کریں اور اس میں سو عیب نہ نکالیں۔ اس تہمت سے وہ اس درجہ بالکل بھی متاثر نہیں ہوئی تھیں جتنا میں متاثر تھی۔ میں نے پوچھا، والد کے علم میں بھی یہ باتیں آ گئی ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ہاں، میں نے پوچھا اور رسول اللہ ﷺ کے؟ انہوں نے بتایا کہ آنحضور ﷺ کے علم میں بھی سب کچھ ہے۔ میں

مَاعَلِمْتُ عَلَيْهَا اِلَّا مَايَعْلَمُ الصَّآئِغُ عَلٰى تِبْرِ الذَّهَبِ الْاَحْمَرِ وَبَلَغَ الْاَمْرُ اِلٰى ذٰلِکَ الرَّجُلِ الَّذِیْ قِيْلَ لَه' فَقَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ مَا كَشَفْتُ كَنَفَ اُنْثٰى قَطُّ قَالَتْ عَآئِشَةُ ؓ فَقُتِلَ شَهِيْدًا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَتْ وَاَصْبَحَ اَبَوَایَ عِنْدِیْ فَلَمْ يَزَالَا حَتّٰى دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ صَلَّى الْعَصْرَ ثُمَّ دَخَلَ وَ قَدْ اِكْتَنَفَنِیْ اَبَوَایَ عَنْ يَّمِيْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ فَحَمِدَاللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّابَعْدُ يَاعَآئِشَةُ اِنْ كُنْتِ قَارَفْتِ سُوْٓءً اَوْظَلَمْتِ فَتُوْبِیْ اِلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ مِنْ عِبَادِهٖ قَالَتْ وَقَدْ جَآءَ تِ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَهِیَ جَالِسَةٌ بِالْبَابِ فَقُلْتُ اَلَا تَسْتَحْيِ مِنْ هٰذِهِ الْمَرْاَةِ اَنْ تَذْ كُرَشَيْئًا فَوَعَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالْتَفَتُّ اِلٰى اَبِیْ فَقُلْتُ اَجِبْهُ قَالَ فَمَا ذَآ اَقُوْلُ فَالْتَفَتُّ اِلٰى اُمِّیْ فَقُلْتُ اَجِيْبِيْهِ فَقَالَتْ اَقُوْلُ مَاذَا فَلَمَّا لَمْ يُجِيْبَاهُ تَشَهَّدْتُ فَحَمِدْتُّ اللّٰهَ وَاَثْنَيْتُ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ اَهْلُه' ثُمَّ قُلْتُ اَمَّا بَعْدُ فَوَاللّٰهِ لَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ اِنِّیْ لَمْ اَفْعَلْ وَاللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَشْهَدُ اِنِّیْ لَصَادِقَةٌ مَّاذَاکَ بِنَا فِعِیْ عِنْدَكُمْ لَقَدْ تَكَلَّمْتُمْ بِهٖ وَاُشْرِبَتْهُ قُلُوْبُكُمْ وَاِنْ قُلْتُ اِنِّیْ فَعَلْتُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنِّیْ لَمْ اَفْعَلْ لَتَقُوْلَنَّ قَدْ بَآ ءَ تْ بِهٖ عَلٰى نَفْسِهَا وَاِنِّیْ وَاللّٰهِ مَآ اَجِدُ لِیْ وَ لَكُمْ مَّثَلاً وَّالْتَمَسْتُ اسْمَ يَعْقُوْبَ فَلَمْ اَقْدِرْ عَلَيْهِ اِلَّا اَبَايُوْسُفَ حِيْنَ قَالَ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ وَاُنْزِلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَاعَتِهٖ فَسَكَتْنَا فَرُفِعَ عَنْهُ وَاِنِّیْ لَاَ تَبَيَّنُ السُّرُوْرَ فِیْ وَجْهِهٖ وَهُوَ يَمْسَحُ جَبِيْنَه' وَيَقُوْلُ اَبْشِرِیْ يَاعَآئِشَةُ فَقَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَآءَ تَکِ قَالَتْ وَكُنْتُ اَشَدَّ مَاكُنْتُ غَضَبًا فَقَالَ لِیْ اَبَوَایَ قُوْمِیْٓ اِلَيْهِ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَااَقُوْمُ اِلَيْهِ وَلَااَحْمَدُه' وَلَااَحْمَدُكُمَا وَلٰكِنْ

یہ سن کر رونے لگی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی میری آواز سن لی، وہ گھر کے بالائی حصہ میں کچھ پڑھ رہے تھے، اتر کر نیچے آئے اور والدہ سے پوچھا کہ اسے کیا ہوگیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ وہ تمام باتیں اسے بھی معلوم ہوگئی ہیں، جو اس کے متعلق کہی جارہی ہیں، ان کی بھی آنکھیں بھر آئیں اور فرمایا، بیٹی! تمہیں قسم دیتا ہوں، اپنے گھر واپس چلی جاؤ۔ چنانچہ میں واپس چلی آئی (جب میں اپنے والدین کے گھر تھی تو) رسول اللہ ﷺ میرے حجرہ میں تشریف لائے تھے اور میری خادمہ (بریرہ رضی اللہ عنہا) سے میرے متعلق پوچھا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ نہیں، خدا گواہ ہے، میں ان کے اندر کوئی عیب نہیں جانتی، البتہ ایسا ہوجایا کرتا تھا کہ (کم عمری کی غفلت کی وجہ سے) کہ (آٹا گوندھتے ہوئے) سوجایا کرتیں اور بکری آکر ان کا گندھا ہوا آٹا کھا جاتی۔ رسول اللہ ﷺ کے بعض صحابہؓ نے ڈانٹ کر ان سے کہا کہ آنحضور ﷺ کو بات صحیح صحیح کیوں نہیں بتادیتی۔ پھر انہوں نے کھول کر صاف لفظوں میں ان سے واقعہ کی تصدیق چاہی۔ اس پر وہ بولیں کہ سبحان اللہ، میں تو عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس طرح جانتی ہوں جس طرح سنار کھرے سونے کو جانتا ہے۔ اس تہمت کی خبر جب ان صاحب کو معلوم ہوئی جن کے ساتھ یہ تہمت لگائی گئی تھی (یعنی صفوان رضی اللہ عنہ) تو انہوں نے کہا کہ سبحان اللہ، اللہ گواہ ہے کہ میں نے آج تک کسی غیر عورت کا کپڑا نہیں کھولا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر انہوں نے اللہ کے راستے میں شہادت پائی۔ بیان کیا کہ صبح کے وقت میرے والدین میرے پاس آگئے اور میرے ہی پاس رہے۔ آخر عصر کی نماز سے فارغ ہوکر رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لائے۔ میرے والدین مجھے دائیں بائیں طرف سے پکڑے ہوئے تھے۔ آنحضور ﷺ نے اللہ کی حمد وثناء کی اور فرمایا، امابعد! اے عائشہ! اگر تم نے واقعی کوئی برا کام کیا ہے اور اپنے اوپر ظلم کیا ہے تو پھر اللہ سے توبہ کرو، کیونکہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ایک انصاری خاتون بھی آگئی تھیں اور دروازے پر بیٹھی ہوئی تھیں، میں نے عرض کی، آپ ان خاتون کا خیال نہیں فرمایئے۔ کہیں یہ (اپنی سمجھ کے مطابق کوئی الٹی سیدھی) کوئی بات کہہ دیں۔ پھر آنحضور ﷺ نے نصیحت فرمائی۔ اس کے بعد میں اپنے والد کی طرف متوجہ ہوئی اور کہا کہ آپ آنحضور ﷺ کو جواب دیں۔ انہوں نے فرمایا کہ میں کیا

اَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِیْ اَنْزَلَ بَرَآءَ تِیْ لَقَدْ سَمِعْتُمُوْهُ فَمَآ اَنْكَرْ تُمُوْهُ وَلاَ غَیَّرْ تُمُوْهُ وَكَانَتْ عَآئِشَةُ تَقُوْلُ اَمَّا زَیْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِدِیْنِهَا فَلَمْ تَقُلْ اِلَّا خَیْرًا وَّاَمَّا اُخْتُهَا حَمْنَةُ فَهَلَكَتْ فِیْمَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِیْ یَتَكَلَّمُ فِیْهِ مِسْطَحٌ وَّ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ وَّالْمُنَافِقُ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اُبَیٍّ وَّهُوَالَّذِیْ كَانَ یَسْتَوْشِیْهِ وَیَجْمَعُهٗ وَهُوَ الَّذِیْ تَوَلّٰی كِبْرَهٗ مِنْهُمْ هُوَ وَحَمْنَةُ قَالَتْ فَحَلَفَ اَبُوْبَكْرٍ اَنْ لَّایَنْفَعَ مِسْطَحًا بِنَافِعَةٍ اَبَدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَلَا یَاْتَلِ اُولُواالْفَضْلِ مِنْكُمْ اِلٰی اٰخِرِ الْاٰیَةِ یَعْنِیْ اَبَابَكْرٍ وَّالسَّعَةِ اَنْ یُّؤْتُوْا اُولِی الْقُرْبٰی وَالْمَسٰكِیْنَ یَعْنِیْ مِسْطَحًا اِلٰی قَوْلِهٖ اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ حَتّٰی قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ بَلٰی وَاللّٰهِ یَارَبَّنَا اِنَّا لَنُحِبُّ اَنْ تَغْفِرَلَنَا وَعَادَ لَهٗ بِمَا كَانَ یَصْنَعُ

کہوں! پھر میں والدہ کی طرف متوجہ ہوئی اور ان سے عرض کی کہ آپ جواب دیجئے۔ انہوں نے بھی یہی کہا کہ میں کیا کہوں۔ جب کسی نے میری طرف سے کچھ نہیں کہا تو میں نے شہادت کے بعد اللہ کی شان کے مطابق اس کی حمد وثناء کی اور کہا۔ امابعد! اللہ گواہ ہے، اگر میں آپ لوگوں سے یہ کہوں کہ میں نے اس طرح کی کوئی بات نہیں کی۔ اور اللہ عزوجل گواہ ہے کہ میں اپنے اس دعوے میں سچی ہوں گی، تو آپ لوگوں کے خیال کو بدلنے میں میری یہ بات مجھے کوئی نفع نہیں پہنچائے گی کیونکہ یہ بات آپ لوگوں کے دل میں رچ بس گئی ہے اور اگر میں یہ کہہ دوں کہ میں نے واقعی یہ کام کیا ہے، حالانکہ اللہ خوب جانتا ہے کہ میں نے ایسا نہیں کیا ہے، تو آپ لوگ کہیں گے کہ اس نے تو جرم کا اقرار خود کرلیا ہے) خدا گواہ ہے کہ میری اور آپ لوگوں کی مثال یوسف علیہ السلام کے والد (یعقوب علیہ السلام) کی سی ہے، کہ انہوں نے فرمایا تھا، ''پس صبر ہی اچھا ہے اور تم لوگ جو کچھ بیان کرتے ہو اس پر اللہ میری مدد کرے۔'' میں نے ذہن پر بہت زور دیا کہ یعقوب علیہ السلام کا نام یاد آجائے لیکن نہیں یاد آیا۔ اسی وقت رسول اللہ ﷺ پر وحی کا نزول شروع ہوگیا، اور ہم سب خاموش ہوگئے۔ پھر آپ سے یہ کیفیت ختم ہوئی تو میں نے دیکھا کہ مسرت وخوشی آنحضور ﷺ کے چہرہ مبارک سے ظاہر ہے آنحضور ﷺ نے (پسینہ سے) اپنی پیشانی صاف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا، عائشہ! تمہیں بشارت ہو، اللہ تعالیٰ نے تمہاری براءت نازل کردی ہے۔ بیان کیا کہ اس وقت مجھے بڑا طیش آرہا تھا۔ میرے والدین نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑی ہوجاؤ، میں نے کہا کہ خدا گواہ ہے۔ میں آنحضور ﷺ کے سامنے کھڑی نہیں ہوں گی نہ آنحضور ﷺ کا شکریہ ادا کروں گی، اور نہ آپ لوگوں کا شکریہ ادا کروں گی، میں تو صرف اس اللہ کا شکر ادا کروں گی جس نے میری براءت نازل کی ہے۔ آپ لوگوں نے تو یہ افواہ سنی اور اس کا انکار بھی نہ کرسکے، اس کے ختم کرنے کی بھی کوشش نہیں کی، عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو اللہ تعالیٰ نے ان کی دینداری اور تقویٰ کی وجہ سے اس تہمت میں پڑنے سے محفوظ رکھا انہوں نے خیر کے سوا اور کوئی بات نہیں کہی۔ البتہ ان کی بہن حمنہ رضی اللہ عنہا ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہلاک ہوئیں، (یعنی انہوں نے بھی افواہ پھیلانے میں حصہ لیا) اس افواہ کو پھیلانے میں مسطح

اور حسان (رضی اللہ عنہما) اور منافق عبداللہ بن ابی نے حصہ لیا تھا۔ عبداللہ بن ابی منافق ہی نے اس افواہ کو پھیلانے کی کوشش کی تھی اور وہی ہر روز نئی نئی باتیں پیدا کرتا تھا۔ اسی شخص نے سب سے بڑھ کر اس میں حصہ لیا تھا اور حمنہ بھی اس کے ساتھ ہوگئی تھیں۔ بیان کیا کہ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی کہ مسطح رضی اللہ عنہ کو کوئی فائدہ آئندہ کبھی نہیں پہنچائیں گے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''اور جو لوگ تم میں بزرگی اور وسعت والے ہیں'' الخ اس سے مراد ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں وہ قرابت والوں اور مسکینوں کو'' اس سے مراد مسطح رضی اللہ عنہ ہیں۔ (دینے سے قسم نہ کھا بیٹھیں) اللہ تعالیٰ کے ارشاد، کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ اللہ تمہارے قصور معاف کرتا رہے، بے شک اللہ بڑا مغفرت والا بڑا رحمت والا ہے۔'' چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہاں، خدا کی قسم، اے ہمارے رب! ہم تو اسی کے خواہش مند ہیں کہ آپ ہماری مغفرت فرمادیں پھر آپ سابق کی طرح مسطح رضی اللہ عنہ کو اخراجات دینے لگے۔

باب ۷۸۲۔ قَوْلِهٖ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَقَالَ اَحْمَدُ بْنُ شَبِيْبٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ عَنْ يُوْنُسَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ يَرْحَمُ اللّٰهُ نِسَآءَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلَ لَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ شَقَّقْنَ مُرُوْطَهُنَّ فَاخْتَمَرْنَ بِهٖ

۷۸۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں'' اور احمد بن شبیب نے بیان کیا، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اللہ مہاجرین اولین کی عورتوں پر رحم فرمائے، جب اللہ تعالیٰ نے آیت ''اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں۔'' نازل کی تو انہوں نے اپنے تہبندوں کو پھاڑ کر ان کے دوپٹے بنالئے۔ ❶

(۱۸۶۹) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ ابْنُ نَافِعٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ كَانَتْ تَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ اَخَذْنَ اُزُرَهُنَّ فَشَقَّقْنَهَا مِنْ قِبَلِ الْحَوَاشِىْ فَاخْتَمَرْنَ بِهَا

۱۸۶۹۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن نافع نے حدیث بیان کی، ان سے حسن بن مسلم نے، ان سے صفیہ بنت شیبہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی تھیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اور اپنے دوپٹے اپنے سینوں پر ڈالے رہا کریں'' تو (انصار کی عورتوں نے) اپنے تہبندوں کے کنارے پھاڑ کر ان سے اپنے سینوں کو چھپالیا۔

❶ عرب جاہلیت میں دوپٹے کو سینے پر ڈالنے کا رواج نہیں تھا اور موجودہ فرنگی تمدن کی طرح عرب جاہلیت میں بھی عورتیں لباس اس طرح پہنتیں کہ پشت کا حصہ تو کچھ ڈھکا رہتا، لیکن سینہ کا حصہ عریاں رکھتی تھیں اور دوپٹے کی قسم کی اگر کوئی چیز ہوتی تو اسے سینہ پر رکھنے کے بجائے لمبائی میں یونہی ڈالے رہتیں۔

اَلْفُرْقَانُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَبَآءً مَّنْثُوْرًامَّاتَسْفِیْ بِهِ الرِّيْحُ مَدَّالظِّلَّ مَابَيْنَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ اِلٰی طُلُوْعِ الشَّمْسِ سَاكِنًا دَآئِمًا عَلَيْهِ دَلِيْلاً طُلُوْعُ الشَّمْسِ خِلْفَةً مَّنْ فَاتَه، مِنَ الَّيْلِ عَمَلٌ اَدْرَكَه، بِالنَّهَارِ اَوْفَاتَه، بِالنَّهَارِ اَدْرَكَه، بِالَّيْلِ وَقَالَ الْحَسَنُ هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَمَاشَیْءٌ اَقَرَّ لِعَيْنِ الْمُؤْمِنِ اَنْ يَّرٰی حَبِيْبَه، فِیْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ ثُبُوْرًا وَّيْلاً وَّقَالَ غَيْرُه، السَّعِيْرُ مُذَكَّرٌ وَّا لتَّسَعُّرُ وَالْاِضْطِرَامُ التَّوَقُّدُ الشَّدِيْدُ تُمْلٰی عَلَيْهِ تُقْرَأُ عَلَيْهِ مِنْ اَمْلَيْتُ وَ اَمْلَلْتُ الرَّسُّ الْمَعْدِنُ جَمْعُه، رِسَاسٌ مَّايُعْبَأُ يُقَالُ مَاعَبَأْتُ بِهٖ شَيْئًا لَّايُعْتَدُّبِهٖ غَرَامًا هَلَاكًا وَّقَالَ مُجَاهِدٌ وَّعَتَوْا طَغَوْا وَقَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَاتِيَةٍ عَتَتْ عَلَی الْخُزَّانِ

سورۂ الفرقان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''ھباء منثوراً'' سے مراد وہ چیز ہے جو ہوا کے ساتھ غبار کی صورت میں بہتا رہتا ہے۔ ''مدالظل'' سے طلوع فجر سے طلوع شمس تک کا وقفہ مراد ہے۔ ''ساکنا'' یعنی ''دائما''۔ ''علیہ دلیلا'' سے مراد طلوع شمس ہے۔ ''خلفۃ'' کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص رات کا اپنا کوئی عمل انجام نہ دے سکا تھا اور دن کو اسے بجالایا۔ یا دن کا کوئی عمل انجام نہ دے سکا تھا اور رات کو بجالایا۔ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''ھب لنا من ازواجنا'' (والی آیت میں قرۃ عین) سے مراد اللہ کی اطاعت ہے اور اس سے بڑھ کر مومن کی آنکھ کی تازگی کا اور کیا سامان ہوسکتا ہے کہ وہ اپنے حبیب کو اللہ کی اطاعت میں دیکھے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''ثبورا'' بمعنی ویلا ہے۔ دوسرے صاحب نے فرمایا کہ لفظ ''سعیر'' مذکر ہے، ''تسعر'' اور ''اضطرام'' کا مفہوم ہے ''آگ کا تیزی کے ساتھ جلنا۔'' ''تملی علیہ'' ای تقرا علیہ، املیت اور امللت سے ماخوذ ہے۔ ''الرس'' بمعنی معدن ہے، جمع رساس آتی ہے ''مایعبا'' بولتے ہیں ''ماعبات بہ شیئا'' جب کسی چیز کی کوئی حیثیت نظر میں نہ ہو، کسی شمار قطار میں نہ ہو۔ ''غراما ای ہلاکا'' مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ''وعتوا'' بمعنی طغوا ہے۔ ابن عیینہ نے فرمایا کہ ''عاتیۃ'' سے مراد وہ ہوا ہے جو ہوا پر موکل فرشتوں نے چلائی ہو۔

باب ۷۸۳. قَوْلِهٖ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰی وُجُوْهِهِمْ اِلٰی جَهَنَّمَ اُولٰٓئِکَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ اَضَلُّ سَبِيْلاً

۷۸۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے۔ یہ لوگ جگہ کے لحاظ سے بدترین اور طریقہ میں بہت گمراہ ہیں۔''

(۱۸۷۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نِالْبَغْدَادِیُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَانَبِیَّ اللّٰهِ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلٰی وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ اَلَيْسَ الَّذِیْ اَمْشَاهُ عَلَی الرِّجْلَيْنِ فِی الدُّنْيَا قَادِرًا عَلٰی اَنْ يُّمْشِيَه، عَلٰی وَجْهِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ قَتَادَةُ بَلٰی وَعِزَّةِ رَبِّنَا

۱۸۷۰۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن محمد بغدادی نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ ایک صاحب نے پوچھا، اے اللہ کے نبی! کافر کو قیامت کے دن اس کے چہرہ کے بل کس طرح بلایا جائے گا؟ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا! اللہ جس نے تمہیں اس دنیا میں پاؤں پر چلایا ہے اس پر قادر ہے کہ قیامت کے دن کافر کو اس کے چہرہ کے ذریعہ چلائے۔ قتادہ نے فرمایا،

یقیناً ہمارے رب کی عزت کی قسم، یونہی ہوگا۔

باب ۷۸۴. قَوْلِهٖ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَايَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَايَزْنُوْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا اَلْاَثَامُ الْعُقُوْبَةَ

۷۸۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہیں پکارتے اور جس (انسان) کی جان کو اللہ نے محفوظ قرار دیا ہے، اسے قتل نہیں کرتے، مگر ہاں حق، پر اور نہ زنا کرتے ہیں، اور جو کوئی ایسا کرے گا اسے سزا سے سابقہ پڑے گا۔'' اثاماً بمعنی عقوبت وسزا ہے۔

(۱۸۷۱) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَنْصُوْرٌ وَّسُلَيْمٰنُ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ اَبِىْ مَيْسَرَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ وَ حَدَّثَنِىْ وَاصِلٌ عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ اَوْسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ الذَّنْبِ عِنْدَاللّٰهِ اَكْبَرُ قَالَ اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَّهُوَ خَلَقَكَ قُلْتُ ثُمَّ اَىٌّ قَالَ ثُمَّ اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ اَنْ يَّطْعَمَ مَعَكَ قُلْتُ ثُمَّ اَىٌّ قَالَ اَنْ تَزْنِىَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ قَالَ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ تَصْدِيْقًا لِّقَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَايَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

۱۸۷۱۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان ثوری نے بیان کیا کہ ہم سے منصور اور سلیمان نے بیان کیا۔ ان سے ابووائل نے، ان سے ابومیسرہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے (سفیان ثوری نے کہا کہ) اور مجھ سے واصل نے حدیث بیان کی، ان سے ابووائل نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے پوچھا، یا (آپ نے یہ فرمایا کہ) رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کونسا گناہ اللہ کے نزدیک سب سے بڑا ہے؟ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا، یہ کہ تم اللہ کا کسی کو شریک ٹھہراؤ، حالانکہ اسی نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ میں نے پوچھا، اس کے بعد کونسا؟ فرمایا کہ اس کے بعد سب سے بڑا گناہ یہ ہے کہ تم اپنی اولاد کو اس خوف سے مار ڈالو کہ وہ تمہاری روزی میں شریک ہوگی۔ میں نے پوچھا اس کے بعد کونسا؟ فرمایا اس کے بعد یہ کہ تم اپنی پڑوسی کی بیوی سے زنا کرو۔ بیان کیا کہ یہ آیت حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کی تصدیق کے لئے نازل ہوئی کہ ''اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہیں پکارتے اور جس (انسان) کی جان کو اللہ نے محفوظ قرار دیا ہے اسے قتل نہیں کرتے، مگر ہاں حق پر۔''

(۱۸۷۲) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِى الْقٰسِمُ بْنُ اَبِىْ بَزَّةَ اَنَّهٗ سَاَلَ سَعِيْدَ ابْنَ جُبَيْرٍ هَلْ لِّمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا مِنْ تَوْبَةٍ فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّابِالْحَقِّ فَقَالَ سَعِيْدٌ قَرَاْتُهَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ كَمَا قَرَاْتَهَا عَلَىَّ فَقَالَ هٰذِهٖ مَكِّيَّةٌ نَسَخَتْهَا اٰيَةٌ مَّدَنِيَّةٌ الَّتِىْ فِىْ سُوْرَةِ النِّسَآءِ

۱۸۷۲۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے قاسم بن ابی بزہ نے خبر دی، انہوں نے سعید بن جبیر سے پوچھا کہ اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کردے تو اس کی اس گناہ سے توبہ قبول ہوسکتی ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ نہیں۔ ابن بزہ نے بیان کیا کہ میں نے اس پر یہ آیت پڑھی کہ ''اور جس کی جان کو اللہ نے محفوظ قرار دیا ہے اسے قتل نہیں کرتے، مگر حق کے ساتھ۔'' سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے بھی یہ آیت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے سامنے پڑھی تھی، تو انہوں نے فرمایا تھا کہ مکی آیت ہے اور مدنی آیت جو اس سلسلہ میں سورہ نساء میں ہے اسی

(۱۸۷۳) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ اخْتَلَفَ اَهْلَ الْکُوْفَةِ فِیْ قَتْلِ الْمُؤْمِنِ فَرَحَلْتُ فِیْهِ اِلَی ابْنِ عَبَّاسٍؓ فَقَالَ نَزَلَتْ فِیْ اٰخِرِ مَانَزَلَ وَلَمْ یَنْسَخْهَا شَیْءٌ

سے اس کا حکم منسوخ ہوگیا ہے۔ ❶

۱۸۷۳۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے مغیرہ بن نعمان نے، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ اہل کوفہ کا مومن کے قتل کے مسئلے میں اختلاف ہوا (کہ اس کے قاتل کی توبہ قبول ہوسکتی ہے یا نہیں) تو میں سفر کر کے ابن عباس رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پہنچا تو آپ نے فرمایا کہ (سورۂ نساء کی آیت جس میں یہ ذکر ہے کہ جس نے کسی مسلمان کو قصداً قتل کیا اس کی جزا جہنم ہے) اس سلسلہ میں سب سے آخر میں نازل ہوئی ہے، اور کسی دوسری چیز سے منسوخ نہیں ہوتی ہے۔

(۱۸۷۴) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍؓ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی فَجَزَآ ءُ هٗ جَهَنَّمُ قَالَ لَاتَوْبَةَ لَهٗ وَعَنْ قَوْلِهٖ جَلَّ ذِکْرُهٗ لَایَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ قَالَ کَانَتْ هٰذِهٖ فِی الْجَاهِلِیَّةِ

۱۸۷۴۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ''فجزاءہ جہنم'' کے متعلق سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس کی توبہ قبول نہیں ہوگی اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''لا یدعون مع اللہ الٰہاً اٰخر'' کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ ان لوگوں کے متعلق ہے جنہوں نے زمانہ جاہلیت میں قتل کیا ہو۔ ❷

باب ۷۸۵. قَوْلِهٖ یُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا

۷۸۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''قیامت کے دن اس کا عذاب بڑھتا جائے گا اور وہ اس میں ہمیشہ ذلیل ہوکر پڑا رہے گا۔''

(۱۸۷۵) حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَیْبَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ اَبْزٰی سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءُ هٗ جَهَنَّمُ وَقَوْلِهٖ وَلَایَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ حَتّٰی بَلَغَ اِلَّا مَنْ تَابَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ اَهْلُ مَکَّةَ فَقَدْ عَدَلْنَا بِاللّٰهِ وَقَتَلْنَا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّابِالْحَقِّ وَاَتَیْنَا الْفَوَاحِشَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَّامَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا اِلٰی قَوْلِهٖ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا

۱۸۷۵۔ ہم سے سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا ان سے عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیت ''اور جو کوئی کسی مؤمن کو قصداً قتل کرے، اس کی جزا جہنم ہے۔'' اور سورۂ الفرقان کی آیت ''اور جس انسان کی جان کو اللہ نے محفوظ قرار دیا ہے اسے قتل نہیں کرتے مگر ہاں حق پر۔'' الا من تاب و اٰمن تک۔ میں نے اس آیت کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو اہل مکہ نے کہا کہ پھر تو ہم نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک بھی ٹھہرایا ہے اور ناحق ایسے قتل بھی کئے ہیں جنہیں اللہ نے محفوظ قرار دیا تھا اور خواہش کا بھی ارتکاب کیا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت

---

❶ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ مسلک جمہور امت کے خلاف ہے۔ ممکن ہے کہ آپ نے سد باب ذریعہ کے طور پر یہ حکم بیان کیا ہو۔ ❷ یعنی جن لوگوں نے زمانہ جاہلیت میں قتل کیا ہو اور پھر اسلام لائے ہوں تو ان کا حکم اس آیت میں بتایا گیا ہے۔ لیکن اگر کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کو ناحق قتل کردے تو ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک اس کی سزا جہنم ہے۔ اس گناہ سے اس کی توبہ قبول نہیں ہے۔

نازل کی "مگر ہاں جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک کام کرتا رہے سے اللہ بڑا مغفرت والا، بڑا رحمت والا ہے۔" تک۔

باب ۷۸۶. قَوْلِهٖ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَ عَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

۷۸۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "مگر ہاں جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک کام کرتا رہے، سو ایسے لوگوں کو اللہ ان کی بدیوں کی جگہ نیکیاں عنایت کرے گا اور اللہ تو ہے ہی بڑا مغفرت والا، بڑا رحمت والا۔

(۱۸۷۶) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا اَبِىْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اَمَرَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبْزٰى اَنْ اَسْاَلَ ابْنَ عَبَّاسٍؓ عَنْ هَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ لَمْ يَنْسَخْهَا شَىْءٌ وَّعَنْ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ قَالَ نَزَلَتْ فِىْ اَهْلِ الشِّرْكِ

۱۸۷۶۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں ان کے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں منصور نے، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ مجھے عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے دو آیتوں کے بارے میں پوچھوں یعنی "اور جس نے کسی مؤمن کو قصداً قتل کیا" (الخ) میں نے آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ آیت کسی چیز سے بھی منسوخ نہیں ہوئی ہے (اور دوسری آیت جس کے) بارے میں (مجھے انہوں نے پوچھنے کا حکم دیا تھا وہ یہ تھی) "اور جو لوگ کسی اور کو اللہ کے ساتھ معبود نہیں پکارتے۔" آپ نے اس کے متعلق فرمایا کہ مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

باب ۷۸۷. قَوْلِهٖ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا هَلَكَةً

۷۸۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "پس عنقریب (جھٹلانا ان کے لئے) وبال بن کر رہے گا۔"

(۱۸۷۷) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ الدُّخَانُ وَالْقَمَرُ وَالرُّوْمُ وَالْبَطْشَةُ وَ اللِّزَامُ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا

۱۸۷۷۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے مسلم نے حدیث بیان کی۔ ان سے مسروق نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا (قیامت کی) پانچ نشانیاں گذر چکی ہیں، (۱) دھواں (جس کا ذکر آیت یوم تأتی السماء بدخان مبین میں ہے) (۲) چاند (جس کا ذکر آیت اقتربت الساعۃ وانشق القمر میں ہے)۔ (۳) روم (جس کا ذکر غلبت الروم میں ہے)، (۴) بطشہ (جس کا ذکر یوم نبطش البطشۃ الکبریٰ میں ہے) اور (۵) وبال (جس کا ذکر فسوف یکون لزاما میں ہے)۔

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

سورۃ الشعراء

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَعْبَثُوْنَ تَبْنُوْنَ، هَضِيْمٌ يَتَفَتَّتُ اِذَامُسَّ مُسَحَّرِيْنَ الْمَسْحُوْرِيْنَ اللَّيْكَةُ وَالْاَيْكَةُ جَمْعُ اَيْكَةٍ وَهِىَ جَمْعُ شَجَرٍ يَوْمِ الظُّلَّةِ اِظْلَالُ الْعَذَابِ اِيَّاهُمْ

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "تعبثون" بمعنی تبنون ہے۔ "ہضیم" سے مراد وہ چیز ہے کہ چھوڑتے ہی اس کے اجزاء بکھر جائیں "مسحرین" بمعنی مسحورین ہے "لیکۃ" اور "الایکۃ" ایکۃ کی جمع ہے، اور یہ "شجر" کی جمع

مَّوْزُوْنٍ مَعْلُوْمٍ كَالطَّوْدِ الْجَبَلِ لَشِرْذِمَةٌ طَآئِفَةٌ قَلِيْلَةٌ فِي السَّاجِدِيْنَ الْمُصَلِّيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ كَاَنَّكُمْ الرِّيْعُ الْاَيْفَاعُ مِنَ الْاَرْضِ وَجَمْعُهُ رِيَعَةٌ وَّاَرْيَاعٌ وَّاحِدُهُ الرِّيْعَةُ مَصَانِعَ كُلُّ بِنَآءٍ فَهُوَ مَصْنَعَةٌ فَرِهِيْنَ مَرِحِيْنَ فَارِهِيْنَ بِمَعْنَاهُ وَيُقَالُ فَارِهِيْنَ حَاذِقِيْنَ تَعْثَوْا اَشَدُّ الْفَسَادِ عَاثَ يَعِيْثُ عَيْثًا الْجِبِلَّةُ الْخَلْقُ جُبِلَ خُلِقَ وَمِنْهُ جُبُلًا وَّجِبِلًا وَّجُبْلًا يَعْنِي الْخَلْقَ

ہے۔ ''یوم الظلۃ'' سے مراد ان پر عذاب کا سایہ پڑنا ہے ''موزون'' ای معلوم ''کالطود'' ای الجبل، مجاہد کے غیر نے کہا کہ ''لشرذمۃ'' میں ''شرذمۃ'' چھوٹی سی جماعت کو کہتے ہیں۔ ''فی الساجدین'' ای المصلین۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''لعلکم تخلدون'' میں ''لعلکم'' کانکم کے معنی میں ہے ''الریع'' یعنی زمین کا بالائی حصہ اس کی جمع ریعۃ اور ارياع ہے، اس کا واحد ریعۃ ہے۔ ''مصانع'' ہر طرح کی عمارت کو ''مصنعۃ'' کہتے ہیں۔ ''فرھین'' ای مرحین، فارھین بھی اسی معنی میں ہے۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ ''فارھین'' بمعنی حاذقین ہے۔ ''تعثوا'' سے مراد انتہائی شدید قسم کا فساد ہے، یہ لفظ عاث یعیث عیثاً کے معنی میں ہے۔ ''الجبلۃ'' ای الخلق، جبل بمعنی خلق استعمال ہوتا ہے، اس سے جبلا (بضم جیم) جبلا (بکسر جیم) اور جبلا (بضم جیم وسکون با) نکلا ہے۔ یہ سب خلق کے معنی میں ہے۔

بَاب ۷۸۸. قَوْلِهٖ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ

۷۸۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور مجھے رسوانہ کرنا اس دن جب سب اٹھائیں جائیں گے۔''

(۱۸۷۸) وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ رَاٰى اَبَاهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَيْهِ الْغَبَرَةُ وَالْقَتَرَةُ الْغَبَرَةُ هِيَ الْقَتَرَةُ

۱۸۷۸۔ اور ابراہیم بن طہمان نے بیان کیا کہ ان سے ابن ابی ذئب نے، ان سے سعید بن ابی سعید مقبری نے، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام اپنی والد (آذر) کو قیامت کے دن دیکھیں گے کہ ان پر سیاہی ہے، غبرۃ اور قترۃ ہم معنی ہیں۔

(۱۸۷۹) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ حَدَّثَنَا اَخِيْ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَلْقٰى اِبْرَاهِيْمُ اَبَاهُ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ اِنَّكَ وَعَدْتَّنِيْ اَلَّاتُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ اِنِّيْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ

۱۸۷۹۔ ہم سے اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے بھائی (عبدالحمید) نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی ذئب نے، ان سے سعید مقبری نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام اپنے والد سے (قیامت کے دن) جب ملیں گے تو اللہ تعالیٰ سے عرض کریں گے کہ اے رب! آپ نے وعدہ کیا تھا کہ آپ مجھے اس دن رسوا نہیں کریں گے، جب سب اٹھائے جائیں گے، لیکن اللہ تعالیٰ جواب دیں گے کہ میں نے جنت کو کافروں پر حرام قرار دے دیا ہے۔

بَاب ۷۸۹. وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ اِلَيٰ جَانِبَكَ

۷۸۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ اپنے کنبہ کے عزیزوں کو ڈراتے رہیے (اور جو مسلمانوں میں داخل ہو کر آپ کی راہ پر چلے) تو آپ اس کے ساتھ مشفقانہ فروتنی سے پیش آئیے۔''

(۱۸۸۰) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَکَ الْاَقْرَبِيْنَ صَعِدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَی الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِیْ يَابَنِیْ فِهْرٍ يَابَنِیْ عَدِیٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتّٰی اجْتَمَعُوْا فَجَعَلَ الرَّجُلُ اِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ اَنْ يَّخْرُجَ اَرْسَلَ رَسُوْلًا لِيَنْظُرَ مَا هُوَ فَجَآءَ اَبُوْلَهَبٍ وَّقُرَيْشٌ فَقَالَ اَرَاَيْتَكُمْ لَوْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِیْ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ اَكُنْتُمْ مُصَدِّقِیَّ قَالُوْا نَعَمْ مَا جَرَّبْنَا عَلَيْکَ اِلَّا صِدْقًا قَالَ فَاِنِّیْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَیْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْلَهَبٍ تَبًّا لَّکَ سَآئِرَ الْيَوْمِ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ

۱۸۸۰۔ ہم سے عمر بن حفص بن غیاث نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت ''اور آپ اپنے کنبہ کو ڈراتے رہئے'' نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ ''صفا'' پہاڑی پر چڑھ گئے اور پکارنے لگے، اے بنی فہر اے بنی عدی! اور قریش کے دوسرے خانوادو۔ اس آواز پر سب جمع ہو گئے۔ اگر کوئی کسی وجہ سے نہ آ سکا تو اس نے اپنا نمائندہ بھیج دیا، تاکہ معلوم ہو کہ کیا بات ہے۔ ابولہب قریش کے دوسرے افراد کے ساتھ مجمع میں تھا۔ آنحضور ﷺ نے انہیں خطاب کر کے فرمایا، تمہارا کیا خیال ہے، اگر میں تم سے کہوں کہ وادی میں (پہاڑی کے پیچھے) ایک لشکر ہے اور وہ تم پر حملہ کرنا چاہتا ہے تو کیا تم میری اس اطلاع کی تصدیق کرو گے؟ سب نے کہا کہ ہاں، ہم آپ کی تصدیق کریں گے۔ ہم نے ہمیشہ آپ کو سچا ہی پایا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ پھر سنو، میں تمہیں اس شدید عذاب سے ڈراتا ہوں جو بالکل سامنے ہے۔ اس پر ابولہب بولا، تجھ پر سارے دن تباہی نازل ہو، کیا تم نے ہمیں اسی لئے اکٹھا کیا تھا۔ اسی واقعہ پر آیت ''ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ برباد ہو گیا نہ اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی ہی۔'' نازل ہوئی۔

(۱۸۸۱) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَاَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَکَ الْاَقْرَبِيْنَ قَالَ يَامَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَوْكَلِمَةً نَحْوَهَا اِشْتَرُوْآ اَنْفُسَكُمْ لَآ اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا يَّابَنِیْ عَبْدِمَنَافٍ لَآاُغْنِیْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّيَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَآاُغْنِیْ عَنْکِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّيَافَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلِيْنِیْ مَاشِئْتِ مِنْ مَّالِیْ لَآاُغْنِیْ عَنْکِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا تَابَعَهٗ اَصْبَغُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ يُّوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

۱۸۸۱۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سعید بن مسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، جب آیت ''اور اپنے کنبے کے عزیزوں کو ڈراتے رہئے'' نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ (صفا) پہاڑی پر کھڑے ہوئے اور آواز دی کہ اے معشر قریش! یا اسی طرح کا کوئی کلمہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ اللہ کی اطاعت کے ذریعہ اپنی جانوں کو اس کے عذاب سے بچاؤ (اگر تم شرک سے باز نہ آئے تو) میں اللہ کی بارگاہ میں تمہارے لئے کسی درجہ میں مفید نہیں ہوں گا، اے بنی عبد مناف! اللہ کے بارے میں تمہارے لئے بالکل کچھ نہیں کر سکوں گا، اے عباس بن عبدالمطلب! اللہ کی بارگاہ میں تمہارے لئے کچھ بھی نہیں کر سکوں گا، اے صفیہ! رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی، میں اللہ کے یہاں کچھ فائدہ نہ پہنچا سکوں گا۔ اے فاطمہ، محمد (ﷺ) کی بیٹی! میرے مال میں

سے جو چاہو مجھ سے مانگو، لیکن اللہ کی بارگاہ میں تمہیں کوئی فائدہ نہ پہنچا سکوں گا۔ اس روایت کی متابعت اصبغ نے ابن وہب کے واسطہ سے انہوں نے یونس سے اور انہوں نے ابن شہاب سے کی۔

النَّمْلُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْخَبْأُمَا خَبَأْتَ لَاقِبَلَ لَاطَاقَةَ الصَّرْحُ كُلُّ مِلَاطٍ اتُّخِذَ مِنَ الْقَوَارِيْرِ وَالصَّرْحُ الْقَصْرُ وَجَمَاعَتُهٗ صُرُوْحٌ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَّلَهَا عَرْشٌ سَرِيْرٌ كَرِيْمٌ حُسْنُ الصَّنْعَةِ وَغَلَآءِ الثَّمَنِ مُسْلِمِيْنَ طَائِعِيْنَ رَدِفَ اقْتَرَبَ جَامِدَةً قَائِمَةً اَوْزِعْنِيْ اِجْعَلْنِيْ وَقَالَ مُجَاهِدٌ نَكِّرُوْا غَيِّرُوْا وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ يَقُوْلُهٗ سُلَيْمٰنُ الصَّرْحَ بِرْكَةُ مَآءٍ ضَرَبَ عَلَيْهَا سُلَيْمٰنُ قَوَارِيْرَ اَلْبَسَهَا اِيَّاهُ

سورۂ النمل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

''الخبأ'' یعنی وہ چیز جو چھپی ہوئی ہو''لاقبل ای لا طاقۃ، الصرح'' ہر بلور سے بنے ہوئے پختہ فرش کو کہتے ہیں۔ محل کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اس کی جمع ''صروح'' ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''ولہا عرش ای سریر کریم'' سے مراد کاریگری کا بہترین نمونہ اور بیش قیمت ہونا ہے۔ ''مسلمین'' بمعنی طائعین ''ردف ای اقترب جامدۃ اے قائمۃ'' اوزعنی ای اجعلنی۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''نکروا'' بمعنی غیروا ہے ''واوتینا العلم'' سلیمان علیہ السلام نے فرمایا تھا ''الصرح'' سے مراد پانی کا وہ حوض ہے جس کے اوپر سلیمان علیہ السلام نے بلور کا فرش بچھا دیا تھا۔

اَلْقَصَصُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ اِلَّا مُلْكَهٗ وَيُقَالُ اِلَّا مَآ اُرِيْدَ بِهٖ وَجْهُ اللّٰهِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ الْاَنْبَآءُ الْحُجَجُ

سورۃ القصص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ہر شے فنا ہونے والی ہے بجز اس کی ذات کے'' (الا وجہہ سے مراد ہے) ''بجز اس کی سلطنت کے'' بعض حضرات نے اس سے مراد وہ اعمال لئے جو اللہ کی رضا وخوشنودی کے لئے کئے گئے ہوں۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''الانباء'' بمعنی الحجج ہے۔

باب ۷۹۰. قَوْلِهٖ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ

(۱۸۸۲) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ ابْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَمَّا حَضَرَتْ اَبَاطَالِبِ الْوَفَاةُ جَآئَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ عِنْدَهٗ اَبَاجَهْلٍ وَعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ اَبِيْ اُمَيَّةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ فَقَالَ اَيْ عَمِّ قُلْ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ كَلِمَةً اُحَاجُّ لَكَ بِهَا عِنْدَاللّٰهِ فَقَالَ اَبُوْجَهْلٍ وَّعَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اَبِيْ اُمَيَّةَ اَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۷۹۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جس کو آپ چاہیں ہدایت نہیں کر سکتے، البتہ اللہ ہدایت دیتا ہے اسے جس کے لئے اس کی مشیت ہوتی ہے۔''

۱۸۸۲۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں سعید بن میسّب نے خبر دی، ان سے ان کے والد (میسّب بن حزن رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ جب ابوطالب کی وفات کا وقت ہوا تو رسول اللہ ﷺ ان کے پاس آئے، ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بن مغیرہ وہاں پہلے ہی سے موجود تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، چچا! آپ صرف کلمہ ''لا الہ الا اللہ'' پڑھ دیجئے، تاکہ اسی کلمہ کے ذریعہ اللہ کی بارگاہ میں آپ کی شفاعت کروں۔ اس پر ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بولے کیا عبدالمطلب کے مذہب سے پھر جاؤ گے؟ آنحضور

وَسَلَّمَ يَعْرِضُهَا عَلَيْهِ وَيُعِيْدَانِهٖ بِتِلْكَ الْمَقَالَةِ حَتّٰى
قَالَ اَبُوْطَالِبٍ اٰخِرَمَا كَلَّمَهُمْ عَلٰى مِلَّةِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ
وَاَبٰى اَنْ يَّقُوْلَ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ مَالَمْ
اُنْهَ عَنْكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْآ
اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْالِلْمُشْرِكِيْنَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ اَبِيْ طَالِبٍ
فَقَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ
لَاتَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ
قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اُولِي الْقُوَّةِ لَا يَرْفَعُهَا الْعُصْبَةُ مِنَ
الرِّجَالِ لَتَنُوْءُ لَتُثْقِلُ فَارِغًا اِلَّا مِنْ ذِكْرِ مُوْسٰى
الْفَرِحِيْنَ الْمَرِحِيْنَ قُصِّيْهِ اتَّبِعِيْ اَثَرَهٗ وَقَدْيَكُوْنُ اَنْ
يَقُصَّ الْكَلَامَ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ عَنْ جُنُبٍ عَنْ
بُعْدٍ وَعَنْ جَنَابَةٍ وَّاحِدٌ وَعَنِ اجْتِنَابٍ اَيْضًا يَّبْطِشُ
وَيَبْطُشُ يَاْتَمِرُوْنَ يَتَشَاوَرُوْنَ الْعُدْوَانُ وَالْعَدَآءُ
وَالتَّعَدِّيْ وَاحِدٌ اٰنَسَ اَبْصَرَ جَذْوَةٌ قِطْعَةٌ مِّنَ
الْخَشَبِ لَيْسَ فِيْهَا لَهَبٌ وَّالْحَيَّاتُ اَجْنَاسٌ الْجَآنُّ
وَالْاَفَاعِيْ وَالْاَسَاوِدُ رِدْاً مُّعِيْنًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ
يُّصَدِّقُنِيْ وَقَالَ غَيْرُهٗ سَنَشُدُّ سَنُعِيْنُكَ كُلَّمَا
عَزَّزْتَ شَيْئًا فَقَدْ جَعَلْتَ لَهٗ عَضُدًا مَقْبُوْحِيْنَ
مُهْلَكِيْنَ وَصَّلْنَا بَيَّنَّاهُ وَاَتْمَمْنَاهُ يُجْبٰى يُجْلَبُ
بَطِرَتْ اَشِرَتْ فِيْ اُمِّهَا رَسُوْلًا اُمُّ الْقُرٰى مَكَّةُ وَمَا
حَوْلَهَا تُكِنُّ تُخْفِيْ اَكْنَنْتُ الشَّيْءَ اَخْفَيْتُهٗ وَكَنَنْتُهٗ
اَخْفَيْتُهٗ وَاَظْهَرْتُهٗ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ مِثْلُ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ يُوَسِّعُ عَلَيْهِ
وَيُضَيِّقُ عَلَيْهِ

ﷺ بار باران سے یہی کہتے رہے (کہ آپ صرف یہی ایک کلمہ پڑھ لیں)
اور یہ دونوں بھی اپنی بات ان کے سامنے بار بار دہراتے رہے (کہ کیا تم
عبدالمطلب کے مذہب سے پھر جاؤ گے؟) انجام کار ابوطالب کی زبان
سے جو آخری کلمہ نکلا وہ یہی تھا کہ وہ عبدالمطلب کے مذہب پر ہی قائم
ہیں۔ انہوں نے ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنے سے انکار کردیا۔ بیان کیا کہ رسول
اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ گواہ ہے۔ میں آپ کے لئے طلب مغفرت کرتا
رہوں گا، تاآنکہ مجھے اس سے روک نہ دیا جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ
آیت نازل کی ''نبی اور ایمان والوں کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ
مشرکین کے لئے دعاءِ مغفرت کریں۔'' اور خاص جناب ابوطالب کے
بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ آنحضور ﷺ سے کہا گیا کہ ''جس کو آپ
چاہیں ہدایت نہیں کرسکتے، اللہ ہدایت دیتا ہے۔ اسے جس کے لئے اس
کی مشیت ہوتی ہے۔'' ابن عباس رضی اللہ نے فرمایا کہ ''اولی القوۃ'' سے
مراد یہ ہے کہ (قارون کے خزانے کی کنجیوں کو) مردوں کی ایک جماعت
بھی نہیں اٹھا پاتی تھی ''لتنوء'' ای لتثقل ''فارغا'' (یعنی موسیٰ علیہ السلام کی
والدہ کا دل ہر غم و اندیشہ سے خالی تھا) سوائے موسیٰ علیہ السلام کے ذکر
کے۔ ''الفرحین'' ای المرحین ''قصیہ'' ای اتبعی اثرہ یہ لفظ واقعہ کو بیان
کرنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے، جیسے آیت ''نحن نقص علیک''
میں ہے۔ ''عن جنب'' ای عن بعد، عن جنابۃ اور عن اجتناب بھی اس معنی
میں ہیں۔ ''یبطش'' (بکسر طاء) اور ''یبطش'' (بضم طاء) (دونوں
طرح پڑھا جاتا ہے) ''یاتمرون'' ای یتشاورون ''العدوان'' اور العداء
اور التعدی سب ایک معنی میں ہیں ''آنس'' ای ابصر ''الجذوۃ'' لکڑی کا
موٹا ٹھا (جس کے سرے پر آگ ہو، لیکن) اس میں شعلہ نہ ہو اور
''الشہاب'' وہ ہے جس میں شعلہ ہو۔ ''الحیات'' بھی سانپ اژدھے اور
سیاہ سانپ کی جنس سے ہیں ''ردا'' ای معینا، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے
فرمایا کہ مراد یہ ہے کہ میری تصدیق کرے غیر ابن عباس نے کہا کہ
''سنشد'' بمعنی سنعینک ہے۔ جب تم کسی کی مدد کرتے ہو تو گویا اس کے
بازو بن جاتے ہو (آیت میں بھی ''عضد'' بمعنی بازو کا یہی مفہوم ہے)
''مقبوحین'' ای مھلکین ''وصلنا'' ای بیناہ واتممناہ۔ ''یجبی'' ای یجلب
''بطرت'' ای اشرت'' فی امھا رسولا'' ''ام القری'' مکہ اور اس کا قرب و
جوار کا علاقہ ہے۔ ''تکن'' ای تخفی، بولتے ہیں۔ ''اکننت الشئ'' ای اخفیتہ

اور "کنتہ" اخفیتہ اور اظہرتہ دونوں معنی میں آتا ہے (یہ اضداد میں سے ہے) "ویکان اللہ" مثل الم تر ان اللہ کے ہے "ان اللہ یبسط الرزق لمن یشاء ویقدر" یعنی رزق کو جس پر چاہتا ہے کشادہ کر دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے۔

باب ۱۷۹۱. قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْآنَ الْاٰیَةَ

۱۷۹۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جس خدا نے آپ پر قرآن کو فرض کیا ہے۔" آخر آیت تک۔

(۱۸۸۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ اَخْبَرَنَا یَعْلٰی حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ الْعُصْفُرِیُّ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ قَالَ اِلٰی مَکَّةَ

۱۸۸۳۔ ہم سے محمد بن مقاتل نے حدیث بیان کی، انہیں یعلیٰ نے خبر دی، ان سے سفیان عصفری نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ (آیت مذکورہ بالا میں) "لرادک الی معاد" سے مراد ہے (کہ جس خدا نے آپ پر قرآن فرض کیا ہے) وہ آپ کو مکہ پھر پہنچا دے گا۔

اَلْعَنْکَبُوْتُ

سورۃ العنکبوت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قَالَ مُجَاهِدٌ وَّ کَانُوْا مُسْتَبْصِرِیْنَ ضَلٰلَةً وَقَالَ غَیْرُہٗ اَلْحَیَوَانُ وَالْحَیُّ وَاحِدٌ فَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ عَلِمَ اللّٰهُ ذٰلِکَ اِنَّمَا هِیَ بِمَنْزِلَةِ فَلِیُمَیِّزَ اللّٰهُ کَقَوْلِهٖ لِیَمِیْزَ اللّٰهُ الْخَبِیْثَ اَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ اَوْزَارِهِمْ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "وکانوا مستبصرین" ای مستبصرین ضللۃ۔ غیر مجاہد نے کہا کہ "الحیوان" اور الحی" ہم معنی ہیں۔ "فلیعلمن اللہ" ای علم اللہ ذلک، یہی صورت "لیمیز اللہ الخبیث من الطیب" میں "لیمیز اللہ" کی ہے۔ اثقالاً مع اثقالھم ای اوزاراً مع اوزارھم

الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ

سورۂ الم غلبت الروم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَلَا یَرْبُوْا مَنْ اَعْطٰی یَبْتَغِیْ اَفْضَلَ فَلَا اَجْرَ لَهٗ فِیْهَا قَالَ مُجَاهِدٌ یُحْبَرُوْنَ یُنَعَّمُوْنَ یَمْهَدُوْنَ یُسَوُّوْنَ الْمَضَاجِعَ الْوَدْقُ الْمَطَرُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَلْ لَّکُمْ مِّمَّا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ فِی الْاٰلِهَةِ وَفِیْهِ تَخَافُوْنَهُمْ اَنْ یَّرِثُوْکُمْ کَمَا یَرِثُ بَعْضُکُمْ بَعْضًا یَصَّدَّعُوْنَ یَتَفَرَّقُوْنَ فَاصْدَعْ وَقَالَ غَیْرُہٗ ضَعْفٌ وَّضُعْفٌ لُغَتَانِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ السُّوْٓاٰی الْاِسَآءَةُ جَزَآءُ الْمُسِیْئِیْنَ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"فلا یربوا" کا مفہوم یہ ہے کہ اگر کسی نے کسی شخص کو کوئی چیز دی (ہدیہ کے طور پر) اور اپنی دی ہوئی چیز سے بہتر اس سے لینے کا خواہشمند ہے تو اسے اس پر کوئی ثواب نہیں ملے گا۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "یحبرون" بمعنی ینعمون ہے "یمھدون" ای یسوون المضاجع "الودق" ای المطر۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ھل لکم مما ملکت ایمانکم۔ اللہ تعالیٰ اور ان معبودوں کے بارے میں (نازل ہوئی تھی جن کی وہ اللہ کے سوا عبادت کیا کرتے تھے) تخافونھم یعنی کیا تمہیں ان غلاموں کا ایسا ہی خوف ہے کہ وہ تمہارے وارث بن جائیں گے۔ جیسا کہ تم میں بعض اپنے بعض عزیز کا وارث ہوتا ہے "یصدعون" ای یتفرقون۔

(۱۸۸۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ

۱۸۸۴۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے

حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ وَّالْاَعْمَشُ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یُحَدِّثُ فِیْ کِنْدَةَ فَقَالَ یَجِیْءُ دُخَانٌ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَیَاْخُذُ بِاَسْمَاعِ الْمُنَافِقِیْنَ وَاَبْصَارِهِمْ یَاْخُذُ الْمُؤْمِنَ کَهَیْئَةِ الزُّکَامِ فَفَزِعْنَا فَاَتَیْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ وَّکَانَ مُتَّکِئًا فَغَضِبَ فَجَلَسَ فَقَالَ مَنْ عَلِمَ فَلْیَقُلْ وَمَنْ لَّمْ یَعْلَمْ فَلْیَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ یَّقُوْلَ لِمَا لَا یَعْلَمُ لَا اَعْلَمُ فَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِیِّهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُلْ مَآ اَسْئَلُکُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَکَلِّفِیْنَ وَاِنَّ قُرَیْشًا اَبْطَؤُا عَنِ الْاِسْلَامِ فَدَعَا عَلَیْهِمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلَیْهِمْ بِسَبْعٍ کَسَبْعِ یُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰی هَلَکُوْا فِیْهَا وَاَکَلُوا الْمَیْتَةَ وَالْعِظَامَ وَیَرَی الرَّجُلُ مَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ کَهَیْئَةِ الدُّخَانِ فَجَآءَهٗ اَبُوْسُفْیَانَ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ جِئْتَ تَاْمُرُنَا بِصِلَةِ الرَّحِمِ وَاِنَّ قَوْمَکَ قَدْ هَلَکُوْا فَادْعُ اللّٰهَ فَقَرَاَ فَارْتَقِبْ یَوْمَ تَاْتِی السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِیْنٍ اِلٰی قَوْلِهٖ عَآئِدُوْنَ اَفَیُکْشَفُ عَنْهُمْ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ اِذَا جَآءَ ثُمَّ عَادُوْٓا اِلٰی کُفْرِهِمْ فَذٰلِکَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی یَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْکُبْرٰی یَوْمَ بَدْرٍ وَّ لِزَامًا یَوْمَ بَدْرٍ الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ اِلٰی سَیَغْلِبُوْنَ وَالرُّوْمُ قَدْ مَضٰی ۔

حدیث بیان کی، ان سے منصور اور اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ ایک شخص نے قبیلہ کندہ میں حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ قیامت کے دن ایک دھواں اٹھے گا جو منافقوں کی قوت سماعت و بصارت کو ختم کر دے گا، لیکن مؤمن پر اس کا اثر صرف زکام جیسا ہوگا۔ ہم اس کی بات سے بہت گھبرا گئے۔ پھر میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا (اور انہیں ان صاحب کی یہ حدیث سنائی) آپ اس وقت ٹیک لگائے ہوئے تھے، اسے سن کر بہت غصے ہوئے اور سیدھے بیٹھ گئے۔ پھر فرمایا کہ اگر کسی کو کسی بات کا واقعی علم ہے تو پھر اسے بیان کرنا چاہئے، لیکن اگر علم نہیں ہے تو کہہ دینا چاہئے کہ اللہ زیادہ جاننے والا ہے (اور اپنی لاعلمی کا اعتراف کر لینا چاہئے)۔ یہ بھی علم ہی ہے کہ آدمی اپنی لاعلمی کا اعتراف کر لے اور صاف کہہ دے کہ میں نہیں جانتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا تھا ''قل ما اسئلکم علیہ من اجر وما انا من المتکلفین'' (آپ کہہ دیجئے کہ میں اپنی تبلیغ و دعوت پر تم سے کوئی اجر نہیں چاہتا اور نہ میں بناوٹ کرتا ہوں) اصل میں واقعہ یہ ہے کہ قریش کسی طرح اسلام نہیں لاتے تھے، اس لئے آنحضور ﷺ نے ان کے حق میں بددعا کی کہ اے اللہ! ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانہ جیسا قحط بھیج کر میری مدد کیجئے۔ پھر ایسا قحط پڑا کہ لوگ تباہ و برباد ہو گئے اور مردار اور ہڈیاں کھانے لگے۔ کوئی اگر فضا میں دیکھتا (تو فاقہ کی وجہ سے) اسے دھوئیں جیسا نظر آتا۔ پھر ابوسفیان آئے اور کہا اے محمد (ﷺ)! آپ ہمیں صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں، لیکن آپ کی قوم تباہ و برباد ہو رہی ہے۔ اللہ سے دعا کیجئے (کہ ان کی یہ مصیبت ٹلے) اس پر آنحضور ﷺ نے یہ آیت پڑھی ''فارتقب یوم تاتی السماء بدخان مبین'' الی قولہ ''عائدون'' ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ قحط کا یہ عذاب تو آنحضور ﷺ کی دعا کے نتیجے میں ختم ہو گیا تھا لیکن) کیا آخرت کا عذاب بھی ان سے ٹل جائے گا؟ چنانچہ قحط ختم ہونے کے بعد پھر وہ کفر سے باز نہ آئے، اس کی طرف اشارہ ''یوم نبطش البطشۃ الکبریٰ'' میں ہے، یہ بطش کفار پر غزوہ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی (کہ ان کے بڑے بڑے سردار قتل کر دیئے گئے تھے اور ''لزاما'' (قید) سے اشارہ بھی معرکہ بدر ہی کی طرف ہے۔ ''الم غلبت الروم'' سے ''سیغلبون'' تک کا واقعہ بھی گذر چکا ہے (کہ رومیوں نے اہل فارس پر فتح پائی تھی۔)

باب ۷۹۲. قَوْلِهٖ لَاتَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ لِدِيْنِ اللّٰهِ خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ دِيْنُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْفِطْرَةُ الْاِسْلَامُ

(۱۸۸۵) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ ابْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَاهُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ اَوْيُنَصِّرَانِهٖ اَوْيُمَجِّسَانِهٖ كَمَا تُنْتَجُ الْبَهِيْمَةُ بَهِيْمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تُحِسُّوْنَ فِيْهَا مِنْ جَدْعَاءَ ثُمَّ يَقُوْلُ فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ

۷۹۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ کی بنائی ہوئی فطرت (خلق اللہ) میں کوئی تبدیلی نہیں'' خلق اللہ سے مراد دین اللہ ہے۔ خلق الاولین ای دین الاولین۔ فطرۃ ہی اسلام ہے۔

۱۸۸۵۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں یونس نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے خبر دی، اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہر پیدا ہونے والا دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے، لیکن اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا لیتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے جانور کا بچہ صحیح سالم پیدا ہوتا ہے۔ کیا تم نے ان میں ناک کان کٹا ہوا کوئی بچہ دیکھا ہے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی ''اللہ کی اس فطرت کا اتباع کرو، جس پر اس نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بنائی ہوئی فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں، یہی ہے سیدھا دین۔

لُقْمَانُ

سورۂ لقمان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۷۹۳. قَوْلِهٖ لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

(۱۸۸۶) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوْا اَيُّنَا لَمْ يَلْبِسْ اِيْمَانَهٗ بِظُلْمٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ لَيْسَ بِذَاكَ اَلَا تَسْمَعُ اِلٰى قَوْلِ لُقْمَانَ لِابْنِهٖ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

۷۹۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اللہ کا شریک نہ ٹھہرانا، بے شک، شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔''

۱۸۸۶۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت ''جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی آمیزش نہیں کی، نازل ہوئی تو اصحاب رسول اللہ ﷺ بہت گھبرائے اور عرض کی کہ ہم میں کون ایسا ہوگا جس نے اپنے ایمان کے ساتھ ظلم کی آمیزش نہیں کی ہوگی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ آیت میں ظلم سے یہ مراد نہیں ہے۔ تم نے لقمان علیہ السلام کی وہ نصیحت نہیں سنی، جو انہوں نے اپنے بیٹے کو کی تھی کہ ''بے شک شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔''

باب ۷۹۴. قَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ

(۱۸۸۷) حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۷۹۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے۔''

۱۸۸۷۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے، ان سے ابوحیان نے، ان سے ابوزرعہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَوْمًا بَارِزًا لِلنَّاسِ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ يَمْشِىْ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالْإِيْمَانُ قَالَ الْإِيْمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَلِقَائِهٖ وَتُؤْمِنَ بِالْبَعْثِ الْاٰخِرِ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا الْإِسْلَامُ قَالَ الْاِسْلَامُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكَ شَيْئًا وَّ تُقِيْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِيَ الزَّكٰوةَ الْمَفْرُوْضَةَ وَتَصُوْمَ رَمَضَانَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاالْإِحْسَانُ قَالَ الْإِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَاللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ قَالَ مَاالْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّآئِلِ وَلٰكِنْ سَاُحَدِّثُكَ عَنْ اَشْرَاطِهَا وَ اِذَا كَانَ الْحُفَاةُ الْعُرَاةُ رُؤُسَ النَّاسِ فَذَاكَ مِنْ اَشْرَاطِهَا فِيْ خَمْسٍ لَّا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَافِي الْاَرْحَامِ ثُمَّ انْصَرَفَ الرَّجُلُ فَقَالَ رُدُّوْا عَلَيَّ فَاَخَذُوْا لِيَرُدُّوْا فَلَمْ يَرَوْا شَيْئًا فَقَالَ هٰذَا جِبْرِيْلُ جَآءَ لِيُعَلِّمَ النَّاسَ دِيْنَهُمْ

کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن لوگوں کے ساتھ تشریف رکھتے تھے کہ ایک نو وارد خدمت میں حاضر ہوئے اور پوچھا یا رسول اللہ (ﷺ)! ایمان کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ اللہ، اس کے فرشتوں، رسولوں اور اس کی ملاقات پر ایمان لاؤ اور قیامت کے دن پر ایمان لاؤ۔ انہوں نے پوچھا، یارسول اللہ (ﷺ)! اسلام کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، اسلام یہ ہے کہ تنہا اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ۔ نماز قائم کرو، جو زکوٰۃ تم پر فرض ہے اسے ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو۔ انہوں نے پوچھا، یارسول اللہ (ﷺ)! احسان کیا ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ احسان یہ ہے کہ تم اللہ کی اس طرح عبادت کرو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو، کیونکہ اگر تم اسے نہیں دیکھتے تو وہ تو تمہیں دیکھتا ہی ہے۔ انہوں نے پوچھا، یارسول اللہ (ﷺ)! قیامت کب برپا ہوگی؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جس سے پوچھا جا رہا ہے خود وہ سائل سے زیادہ اس کے وقوع کے متعلق نہیں جانتا۔ البتہ میں تمہیں اس کی چند نشانیاں بتاتا ہوں۔ جب عورت ایسی اولاد جنے گی جو اس کے آقا بن جائیں گے تو یہ قیامت کی نشانی ہے، جب ننگے پاؤں، ننگے جسم لوگ لوگوں پر حاکم ہو جائیں گے تو یہ قیامت کی نشانی ہے۔ قیامت بھی ان پانچ چیزوں میں سے ہے جسے اللہ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے۔ وہی مینہ برساتا ہے اور وہی جانتا ہے کہ ماں کے رحم میں کیا ہے (لڑکا یا لڑکی) پھر وہ صاحب اٹھ کر چلے گئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں میرے پاس واپس بلا لاؤ۔ لوگوں نے اسے تلاش کیا تاکہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں دوبارہ لائیں۔ لیکن ان کا کہیں پتہ نہیں تھا۔ پھر آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ صاحب جبرئیل تھے (انسانی صورت میں) لوگوں کو دین کی باتیں سکھانے آئے تھے۔

(۱۸۸۸) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٰنَ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيْحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ

۱۸۸۸۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی'' کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ کہا کہ مجھ سے عمر بن محمد بن زید بن عبداللہ بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، غیب کی کنجیاں پانچ ہیں، اس کے بعد آپ نے اس آیت کی تلاوت کی ''بے شک اللہ ہی کو قیامت کا علم ہے۔'' آخر تک۔

تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَّهِيْنٍ ضَعِيْفٍ نُطْفَةُ الرَّجُلِ ضَلَلْنَا هَلَكْنَا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْجُرُزُ الَّتِي لَاتُمْطَرُ اِلَّا مَطَرًا لَّايُغْنِي عَنْهَا شَيْئًا يَهْدِ نُبَيِّنُ

سورۂ تنزیل السجدہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاہد نے فرمایا کہ ''مھین'' بمعنی ضعیف ہے۔ مرد کے نطفہ کے لئے آیا ہے۔ ''ضللنا'' ای ھلکنا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''الجرز'' اس قطعۂ زمین کو کہتے ہیں جہاں اگر کبھی پانی برس بھی گیا تو بس اتنا کہ اس کو کوئی فائدہ نہ ہو (یعنی بے آب وگیاہ علاقہ) ''نھد'' ای نبین۔

باب ۷۹۵. قَوْلِهٖ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ

۷۹۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سو کسی کو علم نہیں جو جو سامان خزانۂ غیب میں ان کے لئے مخفی ہے۔''

۱۸۸۹. حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى اَعْدَدْتُّ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَالَاعَيْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَاخَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ قَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اِقْرَءُ وْآاِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآاُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ قَالَ عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ مِثْلَهٗ قِيْلَ لِسُفْيَانَ رِوَايَةً قَالَ فَاَيُّ شَيْءٍ قَالَ اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ قَرَأَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قُرَّاتِ اَعْيُنٍ

۱۸۸۹۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں نے صالح اور نیک بندوں کے لئے دو چیزیں تیار رکھی ہیں، جنہیں کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہوگا، نہ کسی کان نے سنا ہوگا اور نہ کسی کے گمان وخیال میں وہ آئی ہوں گی۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر چاہو تو اس آیت کو استشہاد کے لئے پڑھ لو کہ: ''سو کسی کو علم نہیں جو جو سامان آنکھوں کی ٹھنڈک کا خزانہ غیب میں ان کے لئے مخفی ہے۔'' علی بن مدینی نے بیان کیا کہ ہم سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے، سابق حدیث کی طرح۔ سفیان سے پوچھا گیا کہ یہ آپ نبی کریم ﷺ کی حدیث روایت کررہے ہیں یا اپنے اجتہاد سے فرمارہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ (اگر آنحضور ﷺ کی حدیث نہیں) تو پھر کیا ہے! ابومعاویہ نے بیان کیا، ان سے اعمش نے اوران سے صالح نے کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے (آیت مذکورہ میں) قرأت (جمع کے ساتھ) پڑھا تھا۔

(۱۸۹۰) حَدَّثَنِي اِسْحٰقُ بْنُ نَصْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ حَدَّثَنَا اَبُوْصَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْدَدْتُّ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ مَالَاعَيْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَاخَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ ذُخْرًا بَلَهٗ

۱۸۹۰۔ مجھ سے اسحاق بن نصر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوصالح نے حدیث بیان کی، اوران سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے اپنے صالح بندوں کے لئے وہ چیزیں تیار رکھی ہیں جنہیں کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہوگا۔ کسی کان نے نہ سنا

مَآ اُطْلِعْتُمْ عَلَيْهِ ثُمَّ قَرَأَ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

ہوگا اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا کبھی گمان وخیال پیدا ہوا ہوگا۔ اللہ کی ان نعمتوں سے واقفیت اور آ گاہی تو دور کی بات ہے (ان کا کسی کو گمان وخیال بھی پیدا نہیں ہوا ہوگا) پھر آنحضور ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی کہ "سو کسی کو علم نہیں جو جو سامان آنکھوں کی ٹھنڈک کا خزانہ غیب میں ان کے لئے مخفی ہے، یہ صلہ ہے ان کے نیک اعمال کا۔"

اَلْاَحْزَابُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَقَالَ مُجَاهِدٌ صَيَاصِيهِمْ قُصُوْرِهِمْ

باب ۷۹۶. قَوْلِهِ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

سورۃ الاحزاب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "صیاصیہم" بمعنی قصورہم ہے۔

۷۹۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "نبی مومنین کے ساتھ خود ان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں۔"

۱۸۹۱ حَدَّثَنَا. اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَامِنْ مُؤْمِنٍ اِلَّا وَاَنَا اَوْلَى النَّاسِ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ تَرَكَ مَالًا فَلْيَرِثْهُ عَصَبَتُهٗ مَنْ كَانُوْا فَاِنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْضِيَاعًا فَلْيَاْتِنِيْ وَاَنَا مَوْلَاهُ

۱۸۹۱۔ ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ہلال بن علی نے، ان سے عبدالرحمٰن بن ابی عمرہ نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کوئی مومن ایسا نہیں کہ میں خود اس کے نفس سے بھی زیادہ اس سے دنیا اور آخرت میں تعلق نہ رکھتا ہوں۔ اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو کہ، نبی مومنین کے ساتھ خود ان کے نفس سے بھی زیادہ تعلق رکھتے ہیں، پس جو مومن بھی (مرنے کے بعد) ترکہ مال واسباب چھوڑے گا اس کے عزیز واقارب، جو بھی ہوں، اس کے مال کے وارث ہوں گے، لیکن اگر کسی مومن نے کوئی قرض چھوڑا ہے یا اولاد چھوڑی ہے تو وہ میرے پاس آجائیں۔ ان کا ذمہ دار میں ہوں۔

باب ۷۹۷. قَوْلِهِ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ

۷۹۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "انہیں (آزاد شدہ غلاموں کو) ان کے باپوں کی طرف منسوب کرو۔"

(۱۸۹۲) حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا مُوْسَى ابْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَالِمٌ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاكُنَّا نَدْعُوْهُ اِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحَمَّدٍ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْاٰنُ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَاللّٰهِ

۱۸۹۲۔ ہم سے معلی بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن مختار نے حدیث بیان کی۔ ان سے موسیٰ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سالم نے حدیث بیان کی، اور ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے آزاد کئے ہوئے غلام زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو ہم ہمیشہ زید بن محمد کہہ کر پکارتے تھے، یہاں تک کہ قرآن کی یہ آیت نازل ہوئی کہ "انہیں ان کے باپوں کی طرف منسوب کرو کہ

یہی اللہ کے نزدیک راستی کی بات ہے۔''

باب ۷۹۸. قَوْلِهٖ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا نَحْبَهٗ عَهْدَهٗ اَقْطَارُهَا جَوَانِبُهَا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا لَاَعْطَوْهَا

۷۹۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سو ان میں کچھ ایسے بھی ہیں جو اپنی نذر پوری کر چکے اور کچھ ان میں کے راستہ دیکھ رہے ہیں اور انہوں نے ذرا فرق نہیں آنے دیا۔ ''نحبہ'' ای عہدہ۔ ''اقطارھا'' ای جوانبھا۔ ''الفتنۃ'' لآتوھا (میں لاتوھا) بمعنی لاعطوھا ہے۔

(۱۸۹۳) حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِىُّ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ نَرٰى هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ فِىْ اَنَسِ بْنِ النَّضْرِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ

۱۸۹۳۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبداللہ انصاری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے حدیث بیان کی، ان سے ثمامہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہمارا خیال ہے کہ یہ آیت انس بن نضر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ اہل ایمان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اس میں سچے اترے۔

(۱۸۹۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ لَمَّا نَسَخْنَا الصُّحُفَ فِى الْمَصَاحِفِ فَقَدْتُ اٰيَةً مِّنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُهَا لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ اِلَّا مَعَ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِىِّ الَّذِىْ جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهٗ شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ

۱۸۹۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، انہیں خارجہ بن زید بن ثابت نے خبر دی اور ان سے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ہم قرآن مجید کو مصحف کی صورت میں جمع کر رہے تھے تو مجھے سورۂ ''الاحزاب'' کی ایک آیت (کہیں لکھی ہوئی) نہیں مل رہی تھی۔ میں وہ آیت رسول اللہ ﷺ سے سن چکا تھا۔ آخر وہ مجھے خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی، جن کی شہادت کو رسول اللہ ﷺ نے دو مؤمن مردوں کی شہادت کے برابر قرار دیا تھا۔ وہ آیت یہ تھی ''اہل ایمان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے اللہ سے جو عہد کیا تھا اس میں وہ سچے اترے۔''

باب ۷۹۹. قَوْلِهٖ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا التَّبَرُّجُ اَنْ تُخْرِجَ مَحَاسِنَهَا سُنَّةَ اللّٰهِ اسْتَنَّهَا جَعَلَهَا

۷۹۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اے نبی ﷺ، آپ اپنی بیویوں سے فرما دیجئے کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اس کو مقصود رکھتی ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ متاع دنیوی دے دلا کر خوبی کے ساتھ رخصت کر دوں۔'' معمر نے کہا کہ ''تبرج'' یہ ہے کہ عورت اپنے حسن کا مرد کے سامنے مظاہرہ کرے۔ ''سنۃ اللہ'' یعنی وہ طریقہ و معمول جو اللہ نے اپنے لئے رکھا ہے۔

(۱۸۹۵) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ اَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَآءَهَا حِيْنَ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُّخَيِّرَ اَزْوَاجَهٗ فَبَدَاَ بِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

۱۸۹۵۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا، کہا کہ مجھے ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے خبر دی اور انہیں نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا کہ آنحضور ﷺ اپنی ازواج کو (آپ ﷺ کے ساتھ رہنے یا آپ ﷺ سے علیحدگی کا) اختیار دیں تو آپ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّیْ ذَاكِرٌ اَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ اَنْ تَسْتَعْجِلِیْ حَتّٰی تَسْتَاْمِرِیْ اَبَوَيْكِ وَ قَدْ عَلِمَ اَنَّ اَبَوَیَّ لَمْ يَكُوْنَا يَاْمُرَانِّیْ بِفِرَاقِهٖ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِلٰی تَمَامِ الْاٰيَتَيْنِ فَقُلْتُ لَهٗ فَفِیْ اَیِّ هٰذَا اَسْتَاْمِرُ اَبَوَیَّ فَاِنِّیْ اُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ

ﷺ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھی تشریف لے گئے اور فرمایا کہ میں تم سے ایک معاملہ کے متعلق کہنے آیا ہوں، ضروری نہیں کہ تم اس میں جلد بازی سے کام لو، اپنے والدین سے بھی مشورہ کر سکتی ہو۔ آنحضور ﷺ تو جانتے ہی تھے کہ میرے والد کبھی آنحضور ﷺ سے علیحدگی کا مشورہ نہیں دے سکتے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ "اے نبی ﷺ، اپنی بیویوں سے فرما دیجئے۔" آخر آیت تک۔ میں نے عرض کی، لیکن کس چیز کے لئے مجھے اپنے والدین سے مشورہ کی ضرورت ہے کھلی ہوئی بات ہے کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ اور عالم آخرت کو چاہتی ہوں۔

باب ۸۰۰. قَوْلِهٖ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا وَقَالَ قَتَادَةُ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰی فِیْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ الْقُرْاٰنُ وَالسُّنَّةُ

۸۰۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور اگر تم اللہ کو، اس کے رسول ﷺ کو اور عالم آخرت کو مقصود رکھتی ہو تو اللہ نے تم میں سے نیک کرداروں کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔" قتادہ نے بیان کیا کہ آیت اور تم آیات اللہ اور اس "حکمت" کو یاد رکھو جو تمہارے گھروں میں پڑھ کر سنائے جاتے رہتے ہیں۔ (آیات اللہ سے مراد) قرآن اور (حکمت سے مراد) سنت ہے۔

(۱۸۹۶) وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِیْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمَّا اُمِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَخْيِيْرِ اَزْوَاجِهٖ بَدَاَبِیْ فَقَالَ اِنِّیْ ذَاكِرٌ لَّكِ اَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ اَنْ لَّا تَعْجَلِیْ حَتّٰی تَسْتَامِرِیْ اَبَوَيْكِ قَالَتْ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّ اَبَوَیَّ لَمْ يَكُوْنَا يَاْمُرَانِّیْ بِفِرَاقِهٖ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ ثَنَآئُهٗ قَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا اِلٰی اَجْرًا عَظِيْمًا قَالَتْ فَقُلْتُ فَفِیْ اَیِّ هٰذَا اَسْتَاْمِرُ اَبَوَیَّ فَاِنِّیْ اُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ قَالَتْ ثُمَّ فَعَلَ اَزْوَاجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَافَعَلْتُ تَابَعَهٗ مُوْسَی ابْنُ اَعْيَنَ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْسَلَمَةَ وَ قَالَ عَبْدُالرَّزَّاقِ وَاَبُوْسُفْيَانَ الْمَعْمَرِیُّ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ

۱۸۹۶۔ اور لیث نے بیان کیا کہ مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ ﷺ کو حکم ہوا کہ اپنی ازواج کو اختیار دیں تو آنحضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ میں تم سے ایک معاملہ کے متعلق کہنے آیا ہوں، ضروری نہیں کہ تم جلدی کرو، اپنے والدین سے بھی مشورہ لے سکتی ہو۔ آپ نے بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کو تو معلوم ہی تھا کہ میرے والدین آپ ﷺ سے علیحدگی کا کبھی مشورہ نہیں دے سکتے۔ بیان کیا کہ پھر آنحضور ﷺ نے (وہ آیت جس میں یہ حکم تھا) پڑھی کہ اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے "اے نبی (ﷺ) اپنی بیویوں سے فرما دیجئے کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی بہار کو مقصود رکھتی ہو" سے "اجراً عظیماً" تک بیان کیا کہ میں نے عرض کی، لیکن اپنے والدین سے مشورہ کی کس بات کے لئے ضرورت ہے۔ ظاہر ہے کہ میں اللہ، اس کے رسول ﷺ اور عالم آخرت کو مقصود رکھتی ہوں۔ بیان کیا کہ پھر دوسری ازواج مطہراتؓ نے بھی یہی کیا جو میں کر چکی تھی۔ اس کی متابعت موسیٰ بن اعین نے معمر کے واسطہ سے کی کہ ان سے زہری نے بیان کیا کہ انہیں ابوسلمہ نے خبر دی،

اور عبدالرزاق اور ابوسفیان معمری نے معمر کے واسطہ سے بیان کیا، ان سے زہری نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے۔

باب ۸۰۱. قَوْلِهٖ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ

۸۰۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور آپ اپنے دل میں وہ چھپاتے رہے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپ لوگوں کی طرف سے اندیشہ کر رہے تھے۔ حالانکہ اللہ ہی اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اس سے ڈرا جائے۔

(۱۸۹۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ نَزَلَتْ فِيْ شَاْنِ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَّزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

۱۸۹۷۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے معلیٰ بن منصور نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے، ان سے ثابت نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیت ''اور آپ اپنے دل میں وہ چھپاتے رہے جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا'' زینب بنت جحش اور زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے معاملہ کے سلسلے میں نازل ہوئی تھی۔

باب ۸۰۲. قَوْلِهٖ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ تُرْجِيْ تُؤَخِّرُ اَرْجِهٖ اَخِّرْهُ

۸۰۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ان (ازواج مطہرات) میں سے آپ جس کو چاہیں اپنے سے دور رکھیں اور جس کو چاہیں اپنے نزدیک رکھیں اور جن کو آپ نے الگ رکھا ہو، ان میں سے کسی کو پھر طلب کر لیں، جب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''ترجی'' اے توخر ''ارجہ'' ای اخرہ۔

(۱۸۹۸) حَدَّثَنَا زَكَرِيَّآءُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ قَالَ هِشَامٌ حَدَّثَنَا عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَؓ قَالَتْ كُنْتُ اَغَارُ عَلَى اللَّاتِيْ وَهَبْنَ اَنْفُسَهُنَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَقُوْلُ اَتَهَبُ الْمَرْاَةُ نَفْسَهَا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِيْٓ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ قُلْتُ مَآاَرٰى رَبَّكَ اِلَّا يُسَارِعُ فِيْ هَوَاكَ

۱۸۹۸۔ ہم سے زکریا بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے بیان کیا، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جو عورتیں اپنے نفس کو رسول اللہ ﷺ کے لئے ہبہ کرنے آتی تھیں مجھے ان پر بڑی غیرت آتی تھی۔ میں کہتی کیا عورت خود ہی اپنے کو کسی مرد کے لئے پیش کر سکتی ہے؟ ❶ پھر جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی کہ ''ان میں سے آپ جس کو چاہیں اپنے دور رکھیں اور جس کو چاہیں اپنے نزدیک رکھیں اور جن کو آپ نے الگ رکھا تھا ان میں سے کسی کو پھر طلب کر لیں، جب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں ہے'' تو میں نے کہا کہ میں تو سمجھتی ہوں کہ آپ کا رب آپ کی مراد بلا تاخیر پوری کر دینا چاہتا ہے۔

---

❶ طبری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت باسناد حسن موجود ہے کہ جن عورتوں نے اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے ہبہ کر دیا تھا۔ ان میں سے کسی کو بھی آپ ﷺ نے اپنے ساتھ نہیں رکھا تھا۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے لئے اسے مباح قرار دیا تھا۔ لیکن بہرحال یہ آپ ﷺ کے منشاء پر موقوف تھا۔ آنحضور ﷺ کو یہ مخصوص اجازت تھی کہ اگر کوئی مؤمنہ عورت بلا مہر اپنے آپ کو آپ ﷺ کے نکاح میں دینا چاہے تو یہ صرف آپ ﷺ کے لئے جائز ہے، دوسرے مسلمانوں کو اس کی اجازت نہیں۔ یہ واقعہ اسی سے متعلق ہے۔

(۱۸۹۹) حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَاْذِنُ فِیْ يَوْمِ الْمَرْاَةِ مِنَّا بَعْدَ اَنْ اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْ اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ فَقُلْتُ لَهَا مَا كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ قَالَتْ كُنْتُ اَقُوْلُ لَهٗ اِنْ كَانَ ذَاكَ اِلَیَّ فَاِنِّیْ لَآ اُرِيْدُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنْ اُوْثِرَ عَلَيْكَ اَحَدًا تَابَعَهٗ عَبَّادُ ابْنُ عَبَّادٍ سَمِعَ عَاصِمًا.

۱۸۹۹۔ ہم سے حبان بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی، انہیں عاصم احول نے خبر دی، انہیں معاذہ نے اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد یہ بھی کہ ''ان میں سے آپ جس کو چاہیں اپنے سے دور رکھیں اور جن کو آپ نے الگ کر رکھا تھا، ان میں سے کسی کو پھر طلب کر لیں جب بھی آپ پر کوئی گناہ نہیں'' اگر (ازواج مطہرات) میں سے کسی کی باری میں کسی دوسری بیوی کے پاس جانا چاہتے تو جن کی باری ہوتی ان سے اجازت لیتے تھے (معاذہ نے بیان کیا کہ) میں نے اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ ایسی صورت میں آپ آنحضور ﷺ سے کیا کہتی تھیں؟ انہوں نے فرمایا کہ میں تو یہ عرض کر دیتی تھی کہ یارسول اللہ ﷺ! اگر یہ اجازت آپ مجھ سے لے رہے ہیں تو میں اپنی باری کا کسی دوسرے پر ایثار نہیں کر سکتی۔ اس روایت کی متابعت عباد نے کی۔ انہوں نے عاصم سے سنا۔

بَاب. ۸۰۳. قَوْلِهٖ لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَنَا ظِرِيْنَ اِنَاهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَامُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِی النَّبِیَّ فَيَسْتَحْیٖ مِنْكُمْ وَاللّٰهُ لَايَسْتَحْیٖ مِنَ الْحَقِّ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْآ اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖ اَبَدًا اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَاللّٰهِ عَظِيْمًا يُقَالُ اِنَاهُ اِدْرَكُهٗ اَنَا يَاْنِیْ اَنَاةً لَّعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا اِذَا وَصَفْتَ صِفَةَ الْمُؤَنَّثِ قُلْتَ قَرِيْبَةً وَّاِذَا جَعَلْتَهٗ ظَرْفًا وَّبَدَلًا وَّلَمْ تُرِدِ الصِّفَةَ نَزَعْتَ الْهَآءَ مِنَ الْمُؤَنَّثِ وَكَذٰلِكَ لَفْظُهَا فِی الْوَاحِدِ وَالْاِثْنَيْنِ وَالْجَمِيْعِ لِلذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى

۸۰۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''نبی ﷺ کے گھروں میں مت جایا کرو، بجز اس وقت کہ جب تمہیں کھانے کے لئے (آنے کی اجازت دی جائے) ایسی طور پر کہ اس کی تیاری کے منتظر نہ ہو، البتہ جب تم کو بلایا جائے تب جایا کرو۔ پھر جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جایا کرو اور باتوں میں جی لگا کر مت بیٹھے رہا کرو۔ اس بات سے نبی ﷺ کو ناگواری ہوتی ہے۔ سو وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں اور اللہ صاف صاف بات کہنے سے (کسی کا) لحاظ نہیں کرتا اور جب تم ان (رسول کی ازواج) سے کوئی چیز مانگو تو ان سے پردہ کے باہر سے مانگا کرو، یہ تمہارے اور ان کے دلوں کے پاک رہنے کا عمدہ ذریعہ ہے اور تمہیں جائز نہیں کہ تم رسول اللہ ﷺ کو (کسی طرح بھی) تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ کہ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی بیویوں سے کبھی بھی نکاح کرو۔ بے شک یہ اللہ ﷺ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے۔'' ''اناہ'' یعنی اس کی تیاری کے (منتظر نہ رہو) انا یانی، اناۃ سے نکلا ہے۔ ''ولعل الساعۃ تکون قریباً'' جب یہ لفظ مونث کی صفت کے طور پر آئے تو ''قریبۃ'' (کے ساتھ آتا ہے، لیکن جب ظرف اور بدل، صفت نہ ہو تو مونث کی ہا اس سے حذف کر دیجائے گی (قریب) جب یہ لفظ صفت نہ ہو تو واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مونث سب میں اسی طرح استعمال ہوتا ہے۔

(۱۹۰۰) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَّحْيٰى عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ

۱۹۰۰۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے حمید

اَنَسٌ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ فَلَوْاَمَرْتَ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِالْحِجَابِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَتَ الْحِجَابِ

نے اوران سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ (ﷺ)! آپ (ﷺ) کے پاس اچھے برے ہر طرح کے لوگ آتے ہیں، اس لئے بہتر تھا کہ آپ ﷺ ازواج مطہراتؓ کو پردہ کا حکم دے دیں، اس کے بعد پردہ کی آیت نازل ہوئی۔

(۱۹۰۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمٰنَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ حَدَّثَنَا اَبُوْ مِجْلَزٍ عَنْ اَنَسٍ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ ابْنَةَ جَحْشٍ دَعَا الْقَوْمَ فَطَعِمُوْا ثُمَّ جَلَسُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ وَاِذَا هُوَ كَاَنَّهٗ يَتَهَيَّاُ لِلْقِيَامِ فَلَمْ يَقُوْمُوْا فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ قَامَ فَلَمَّا قَامَ قَامَ مَنْ قَامَ وَقَعَدَ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ فَجَآءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَدْخُلَ فَاِذَالْقَوْمُ جُلُوْسٌ ثُمَّ اِنَّهُمْ قَامُوْا فَانْطَلَقْتُ فَجِئْتُ فَاَخْبَرْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُمْ قَدِ انْطَلَقُوْافَجَآءَ حَتّٰى دَخَلَ فَذَهَبْتُ اَدْخُلُ فَاَلْقَى الْحِجَابَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ الْاٰيَةَ

۱۹۰۱۔ ہم سے محمد بن عبداللہ رقاشی نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا۔ انہوں نے بیان کیا، ہم سے ابومجلز نے حدیث بیان کی، اوران سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو قوم کو آپ ﷺ نے دعوت ولیمہ دی۔ کھانا کھانے کے بعد لوگ (گھر کے اندر ہی) بیٹھے (دیر تک) باتیں کرتے رہے۔ آنحضور ﷺ نے ایسا کیا گویا آپ ﷺ اٹھنا چاہتے ہیں (تاکہ لوگ سمجھ جائیں اور اٹھ جائیں، لیکن کوئی بھی نہیں اٹھا۔ جب آپ ﷺ نے دیکھا کہ کوئی نہیں اٹھتا تو آپ ﷺ کھڑے ہوگئے۔ جب آپ ﷺ کھڑے ہوئے تو دوسرے لوگ بھی کھڑے ہوگئے۔ لیکن تین اشخاص اب بھی بیٹھے رہ گئے۔ آنحضور جب باہر سے اندر جانے کے لئے آئے تو دیکھا کہ کچھ لوگ اب بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس کے بعد وہ لوگ بھی اٹھ گئے تو میں نے آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر اطلاع دی کہ وہ لوگ بھی چلے گئے ہیں تو آپ ﷺ اندر تشریف لائے۔ میں نے بھی چاہا کہ اندر جاؤں، لیکن آنحضور ﷺ نے دروازہ کا پردہ گرالیا۔ اس کے بعد آیت (مذکورہ بالا) نازل ہوئی کہ ''اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں مت جایا کرو۔'' آخر آیت تک۔

(۱۹۰۲) حَدَّثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ اَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ اَنَا اَعْلَمُ النَّاسِ بِهٰذِهِ الْاٰيَتِ اٰيَةِ الْحِجَابِ لَمَّا اُهْدِيَتْ زَيْنَبُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ مَعَهٗ فِي الْبَيْتِ صَنَعَ طَعَامًا وَّدَعَا الْقَوْمَ فَقَعَدُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ ثُمَّ يَرْجِعُ وَهُمْ قُعُوْدٌ يَّتَحَدَّثُوْنَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّا اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰهُ

۱۹۰۲۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابوقلابہ نے کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں اس آیت، یعنی آیت حجاب (کے شان نزول) کے متعلق خوب جانتا ہوں، جب زینب رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ ﷺ نے نکاح کیا اور وہ آنحضور ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے گھر ہی میں تھیں تو آپ نے کھانا تیار کروایا اور قوم کو بلایا۔ (کھانے سے فارغ ہونے کے بعد) لوگ بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ آنحضور ﷺ باہر جاتے اور پھر اندر آتے (تاکہ لوگ اٹھ جائیں) لیکن لوگ بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اے ایمان والو! نبی

اِلٰی قَوْلِهٖ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ فَضُرِبَ الْحِجَابُ وَقَامَ الْقَوْمُ

ﷺ کے گھروں میں مت جایا کرو۔ بجز اس وقت کہ جب تمہیں (کھانے کے لئے) آنے کی اجازت دی جائے۔ ایسے طور پر کہ اس کی تیاری کے منتظر نہ رہو۔" اللہ تعالیٰ کے ارشاد "من وراء حجاب" تک۔ اس کے بعد پردہ ہونے لگا اور لوگ کھڑے ہوگئے۔

(۱۹۰۳) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِیْزِ ابْنُ صُهَیْبٍ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ بُنِیَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِزَیْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ بِخُبْزٍ وَّلَحْمٍ فَاُرْسِلْتُ عَلَی الطَّعَامِ دَاعِیًا فَیَجِیْءُ قَوْمٌ فَیَاْکُلُوْنَ وَیَخْرُجُوْنَ ثُمَّ یَجِیْءُ قَوْمٌ فَیَاْکُلُوْنَ وَیَخْرُجُوْنَ فَدَعَوْتُ حَتّٰی مَآاَجِدُ اَحَدًا اَدْعُوْهُ قَالَ ارْفَعُوْا طَعَامَکُمْ وَ بَقِیَ ثَلٰثَةُ رَهْطٍ یَتَحَدَّثُوْنَ فِی الْبَیْتِ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ اِلٰی حُجْرَةِ عَآئِشَةَؓ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَهْلَ الْبَیْتِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَقَالَتْ وَعَلَیْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ کَیْفَ وَجَدْتَّ اَهْلَکَ بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ فَتَقَرّٰی حُجَرَ نِسَآئِهٖ کُلِّهِنَّ یَقُوْلُ لَهُنَّ کَمَا یَقُوْلُ لِعَآئِشَةَؓ وَ یَقُلْنَ لَهٗ کَمَا قَالَتْ عَآئِشَةُؓ ثُمَّ رَجَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا ثَلٰثَةُ رَهْطٍ فِی الْبَیْتِ یَتَحَدَّثُوْنَ وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَدِیْدَ الْحَیَآءِ فَخَرَجَ مُنْطَلِقًا نَّحْوَ حُجْرَةِ عَآئِشَةَ فَمَا اَدْرِیْ اَخْبَرْتُهٗ اَوْ اُخْبِرَ اَنَّ الْقَوْمَ خَرَجُوْا فَرَجَعَ حَتّٰی اِذَا وَضَعَ رِجْلَهٗ فِیْ اُسْکُفَّةِ الْبَابِ دَاخِلَةً وَّاُخْرٰی خَارِجَةً اَرْخَی السِّتْرَ بَیْنِیْ وَبَیْنَهٗ وَاُنْزِلَتْ اٰیَةُ الْحِجَابِ

۱۹۰۳۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن صہیب نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے نکاح کے بعد گوشت اور روٹی تیار کروائی اور مجھے کھانے پر لوگوں کو بلانے کے لئے بھیجا۔ پھر کچھ لوگ آتے اور کھا کر واپس چلے جاتے، پھر دوسرے لوگ آتے اور کھا کر واپس چلے جاتے، میں بتلاتا رہا۔ آخر جب کوئی باقی نہ رہا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اب دسترخوان اٹھالو۔ لیکن تین اشخاص گھر میں باتیں کرتے رہے۔ آنحضور ﷺ باہر نکل آئے اور عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے سامنے جا کر فرمایا۔ السلام علیکم اہل البیت ورحمۃ اللہ علیہ۔ انہوں نے کہا، علیک السلام ورحمۃ اللہ۔ اپنی اہلیہ کو آپ ﷺ نے کیسا پایا؟ اللہ برکت عطا فرمائے۔ آنحضور ﷺ اسی طرح تمام ازواج مطہراتؓ کے حجروں کے سامنے گئے اور جس طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا اسی طرح سب سے فرمایا اور انہوں نے بھی عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرح جواب دیا۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ واپس تشریف لائے تو وہ تین صاحبان اب بھی گھر میں بیٹھے باتیں کررہے تھے۔ آنحضور ﷺ بہت زیادہ باحیا و بامروت تھے۔ آپ ﷺ (نے یہ دیکھ کر کہ لوگ ابھی بیٹھے ہوئے ہیں) عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کی طرف پھر چلے گئے، مجھے یاد نہیں کہ خود میں نے آنحضور ﷺ کو اطلاع دی تھی یا کسی اور نے اطلاع دی تھی کہ وہ لوگ گھر میں سے چلے گئے ہیں۔ آنحضور ﷺ اب واپس تشریف لائے اور پاؤں چوکھٹ پر رکھا۔ ابھی آپ ﷺ کا ایک پاؤں اندر تھا اور ایک پاؤں باہر کہ آپ ﷺ نے پردہ گرالیا اور پردہ کی آیت نازل ہوئی۔

(۱۹۰۴) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ابْنُ مَنْصُوْرٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ بَکْرٍ السَّهْمِیُّ حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ عَنْ اَنَسٍؓ قَالَ اَوْلَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حِیْنَ بَنٰی بِزَیْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ فَاَشْبَعَ النَّاسَ خُبْزًاوَّ لَحْمًا

۱۹۰۴۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی۔ انہیں عبداللہ بن بکر سہمی نے خبر دی، ان سے حمید طویل نے حدیث بیان کی کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے زینب بنت جحش سے نکاح پر دعوت ولیمہ کی اور گوشت اور روٹی لوگوں کو کھلائی۔ پھر آپ

ثُمَّ خَرَجَ اِلٰی حُجَرِ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ صَبِيْحَةَ بِنَآئِهٖ فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِنَّ وَيَدْعُوْ لَهُنَّ وَيُسَلِّمْنَ عَلَيْهِ وَيَدْعُوْنَ لَهٗ فَلَمَّا رَجَعَ اِلٰی بَيْتِهٖ رَاٰی رَجُلَيْنِ جَرٰی بِهِمَا الْحَدِيْثُ فَلَمَّا رَاٰهُمَا رَجَعَ عَنْ بَيْتِهٖ فَلَمَّا رَاَی الرَّجُلَانِ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ عَنْ بَيْتِهٖ وَ ثَبَامُسْرِعِيْنَ فَمَآ اَدْرِیْ اَنَا اَخْبَرْتُهٗ بِخُرُوْجِهِمَا اَمْ اُخْبِرَ فَرَجَعَ حَتّٰی دَخَلَ الْبَيْتَ وَاَرْخَی السِّتْرَ بَيْنِیْ وَبَيْنَهٗ وَاُنْزِلَتْ اٰيَةُ الْحِجَابِ وَقَالَ ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰی حَدَّثَنِیْ حُمَيْدٌ سَمِعَ اَنَسًا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ﷺ امہات المومنین کے حجروں کی طرف گئے، جیسا کہ آپ ﷺ کا معمول تھا کہ نکاح کی صبح کو آپ جایا کرتے تھے۔ آپ انہیں سلام کرتے اوران کے حق میں دعا کرتے، اورامہات المومنین بھی آپ کوسلام کرتیں اور آپ کے لئے دعا کرتیں امہات المومنینؓ کے حجروں سے جب آپ اپنے حجرہ میں واپس تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دیکھا کہ وہ صاحبان بحث و گفتگو کررہے ہیں۔ جب آپ ﷺ نے انہیں بیٹھے ہوئے دیکھا تو پھر آپ ﷺ حجرہ سے نکل گئے، ان دوحضرات نے جب دیکھا کہ اللہ کے نبی ﷺ اپنے حجرہ سے واپس چلے گئے ہیں تو بڑی جلدی جلدی وہ اٹھ کر باہر نکل گئے۔ مجھے یادنہیں کہ میں نے آنحضور کوان کے چلے جانے کی اطلاع دی یا کسی اور نے، پھر آنحضور ﷺ واپس آئے اور گھر میں آتے ہی دروازہ کا پردہ گرالیا۔ اور آیت حجاب نازل ہوئی اور ابن ابی مریم نے بیان کیا، انہیں یحیٰی نے خبر دی۔ ان سے حمید نے حدیث بیان کی، اور انہوں نے انس رضی اللہ عنہ سے سنا نبی کریم ﷺ کے حوالہ کے ساتھ۔

(۱۹۰۵) حَدَّثَنِیْ زَكَرِيَّآءُ بْنُ يَحْيٰی حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ خَرَجَتْ سَوْدَةُ بَعْدَ مَاضُرِبَ الْحِجَابُ لِحَاجَتِهَا فَكَانَتِ امْرَاَةً جَسِيْمَةً لَّا تَخْفٰی عَلٰی مَنْ يَّعْرِفُهَا فَرَاٰهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَاسَوْدَةُ اَمَا وَاللّٰهِ مَاتَخْفَيْنَ عَلَيْنَا فَانْظُرِیْ كَيْفَ تَخْرُجِيْنَ قَالَتْ فَانْكَفَاَتْ رَاجِعَةً وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَيْتِیْ وَاِنَّهٗ لَيَتَعَشّٰی وَفِیْ يَدِهٖ عَرْقٌ فَدَخَلَتْ فَقَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِیْ فَقَالَ لِیْ عُمَرُ كَذَا وَكَذَا قَالَتْ فَاَوْحَی اللّٰهُ اِلَيْهِ ثُمَّ رُفِعَ عَنْهُ وَاِنَّ الْعَرْقَ فِیْ يَدِهٖ مَا وَضَعَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ قَدْ اُذِنَ لَكُنَّ اَنْ تَخْرُجْنَ لِحَاجَتِكُنَّ

۱۹۰۵۔ ہم سے زکریا بن یحیٰی نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابواسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے، ان سے ان کے والد نے اوران سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد قضاء حاجت کے لئے نکلیں، وہ بہت بھاری بھرکم تھیں، جوانہیں جانتا تھا اس سے وہ پوشیدہ نہیں رہ سکتی تھیں۔ راستے میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں دیکھ لیا اور کہا اے سودہ! ہاں خدا کی قسم آپ ہم سے اپنے آپ کونہیں چھپا سکتیں۔ دیکھئے تو آپ کس طرح باہر نکلی ہیں۔ بیان کیا کہ سودہ رضی اللہ عنہا الٹے پاؤں وہاں سے واپس آ گئیں۔ رسول اللہ ﷺ اس وقت میرے حجرے میں تشریف رکھتے تھے اور رات کا کھانا کھا رہے تھے۔ آنحضور ﷺ کے ہاتھ میں اس وقت گوشت کی ایک ہڈی تھی۔ سودہ رضی اللہ عنہا نے داخل ہوتے ہی کہا۔ یارسول اللہ (ﷺ)! میں قضا حاجت کے لئے نکلی تھی تو عمرؓ نے مجھ سے یہ باتیں کیں۔ بیان کیا کہ آنحضور ﷺ پر وحی کا نزول شروع ہوگیا اور تھوڑی دیر بعد یہ کیفیت ختم ہوئی۔ ہڈی اب بھی آپ ﷺ کے دست مبارک میں تھی۔ آپ ﷺ نے اسے رکھا نہیں تھا۔ پھر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) قضاء حاجت کے لئے باہر جانے کی اجازت دے دی گئی ہے۔

باب ۸۰۴. قَوْلِهٖ اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا وَّلَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِیْٓ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآاِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوَاتِهِنَّ وَلَانِسَائِهِنَّ وَلَامَامَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا

۸۰۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو گے یا اسے (دل میں) پوشیدہ رکھو گے تو اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے، ان (رسول کی ازواج) پر کوئی گناہ نہیں سامنے آنے میں، اپنے باپوں کے اور اپنے بیٹوں کے اور اپنے بھائیوں کے اور اپنے بھانجوں کے اور اپنی (شریک دین) عورتوں کے اور نہ اپنی باندیوں کے، اور اللہ سے ڈرتی رہو، بے شک اللہ ہر چیز پر حاضر وناظر ہے۔''

(۱۹۰۶) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَآئِشَةَ قَالَتْ اِسْتَاْذَنَ عَلَیَّ اَفْلَحُ اَخُوْا اَبِی الْقُعَيْسِ بَعْدَ مَآ اُنْزِلَ الْحِجَابُ فَقُلْتُ لَآ اٰذَنُ لَهٗ حَتّٰی اَسْتَاْذِنَ فِيْهِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اَخَاهُ اَبَا الْقُعَيْسِ لَيْسَ هُوَاَرْضَعَنِیْ وَلٰكِنْ اَرْضَعَتْنِیْ اِمْرَاَةُ اَبِی الْقُعَيْسِ فَدَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَفْلَحَ اَخَا اَبِی الْقُعَيْسِ اسْتَاْذَنَ فَاَبَيْتُ اَنْ اٰذَنَ حَتّٰی اَسْتَاْذِنَكَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا مَنَعَكِ اَنْ تَاْذَنِيْنَ عَمَّكِ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الرَّجُلَ لَيْسَ هُوَ اَرْضَعَنِیْ وَلٰكِنْ اَرْضَعَتْنِیْ اِمْرَاَةُ اَبِی الْقُعَيْسِ فَقَالَ ائْذَنِیْ لَهٗ فَاِنَّهٗ عَمُّكِ تَرِبَتْ يَمِيْنُكِ قَالَ عُرْوَةُ فَلِذٰلِكَ كَانَتْ عَآئِشَةُ تَقُوْلُ حَرِّمُوْا مِنَ الرَّضَاعَةِ مَاتُحَرِّمُوْنَ مِنَ النَّسَبِ

۱۹۰۶۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، انہیں شعیب نے خبر دی، انہیں زہری نے، ان سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی، اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پردہ کا حکم نازل ہونے کے بعد ابوالقعیس کے بھائی افلح رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ملنے کی اجازت چاہی، لیکن میں نے کہلوا دیا کہ جب تک اس سلسلے میں رسول اللہ ﷺ سے معلوم نہ کرلوں، ان سے نہیں مل سکتی۔ میں نے سوچا کہ ان کے بھائی ابوالقعیس نے مجھے تھوڑا ہی دودھ پلایا تھا، مجھے دودھ پلانے والی تو ابوالقعیس کی بیوی تھیں۔ پھر آنحضور ﷺ تشریف لائے تو میں نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ (ﷺ)! ابوالقعیس کے بھائی افلح نے مجھ سے ملنے کی اجازت چاہی، لیکن میں نے یہ کہلوا دیا کہ جب تک آنحضور ﷺ سے اجازت نہ لے لوں ان سے ملاقات نہیں کر سکتی۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اپنے چچا سے ملنے سے تم نے کیوں انکار کر دیا۔ میں نے عرض کیا، یارسول اللہ (ﷺ)! ابوالقعیس نے تھوڑا ہی مجھے دودھ پلایا تھا، دودھ پلانے والی تو ان کی بیوی تھیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ انہیں اندر آنے کی اجازت دے دو۔ احمق وہ تمہارے چچا ہیں۔ عروہ نے بیان کیا کہ اسی وجہ سے عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ رضاعت سے بھی وہ چیزیں مثلاً نکاح وغیرہ حرام ہو جاتی ہیں جو نسب سے حرام ہوتی ہیں۔

باب ۸۰۵. قَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِیِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا قَالَ اَبُوالْعَالِيَةِ صَلٰوةُ اللّٰهِ ثَنَآءُهٗ عَلَيْهِ عِنْدَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَصَلٰوةُ الْمَلٰٓئِكَةِ الدُّعَآءُ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يُصَلُّوْنَ يُبَرِّكُوْنَ لَنُغْرِيَنَّكَ لَنُسَلِّطَنَّكَ

۸۰۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر رحمت بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی آپ ﷺ پر رحمت بھیجا کرو، اور خوب سلام بھیجا کرو۔'' ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''صلوٰۃ'' کی نسبت اگر اللہ کی طرف ہو تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ نبی کی فرشتوں کے سامنے ثناء وتعریف کرتا ہے اور اگر ملائکہ کی طرف ہو تو دعا اس سے مراد لی جاتی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (آیت میں) ''یصلون'' بمعنی

برکت کی دعا کرنے کے ہیں۔ "لنغرینک" ای لنسلطنک۔

(۱۹۰۷) حَدَّثَنِی سَعِیْدُ ابْنُ یَحْییٰ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ الْحَکَمِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ کَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَیْکَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَکَیْفَ الصَّلٰوةُ قَالَ قُوْلُوْآ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

۱۹۰۷۔ مجھ سے سعید بن یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے مسعر نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے، ان سے ابن ابی لیلیٰ نے اور ان سے کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ نے کہ عرض کیا، یارسول اللہ ﷺ! آپ پر سلام کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہوگیا ہے، لیکن آپ ﷺ پر "صلوٰۃ" کا کیا طریقہ ہوگا؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یوں پڑھا کرو۔ "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ" (ترجمہ گذر گیا ہے)۔

(۱۹۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ ابْنُ الْهَادِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ قُلْنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا التَّسْلِیْمُ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ قَالَ قُوْلُوْآ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَبُوْصَالِحٍ عَنِ اللَّیْثِ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

۱۹۰۸۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن الہاد نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن خباب نے اور ان سے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے عرض کی، یارسول اللہ (ﷺ)! آپ پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہوگیا ہے، لیکن "صلوٰۃ" (درود) بھیجنے کا کیا طریقہ ہوگا۔ آنحضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یوں کہا کرو "اللهم صل علی محمد عبدک ورسولک کما صلیت علیٰ ابراهیم وبارک علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد کما بارکت علی ابراهیم" ابوصالح نے بیان کیا کہ اوران سے لیث نے (ان الفاظ کے ساتھ) علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد کما بارکت علیٰ آل ابراهیم۔

(۱۹۰۹) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ وَالدَّرَاوَرْدِیُّ عَنْ یَّزِیْدَ وَقَالَ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

۱۹۰۹۔ ہم سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن ابی حازم نے اور دراوردی نے حدیث بیان کی، اوران سے یزید نے، انہوں نے اس طرح بیان کیا کہ "کما صلیت علیٰ ابراهیم وبارک علی محمدوآل محمد کما بارکت علیٰ ابراهیم وآل ابراهیم"

باب ۸۰۶. قَوْلِهٖ لَاتَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی

۸۰۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ان لوگوں کی طرح نہ ہوجانا جنھوں نے موسیٰ علیہ السلام کو ایذا پہنچائی تھی۔"

(۱۹۱۰) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنِ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدٍ

۱۹۱۰۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی۔ انہیں روح بن عبادہ نے خبر دی، ان سے عوف نے حدیث بیان کی، ان سے حسن بصری

وَّخِلاسٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مُوْسٰی كَانَ رَجُلًا حَیِیًّا وَّذٰلِکَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ اٰذَوْا مُوْسٰی فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَاللّٰهِ وَجِیْهًا

اور محمد بن سیرین اور خلاس نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ موسیٰ علیہ السلام بڑے باحیا تھے۔ اسی کے مطابق اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ ''اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو ایذا پہنچائی تھی، سو اللہ نے انہیں بری ثابت کر دیا اور اللہ کے نزدیک وہ بڑے معزز ہیں۔

سَبَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یُقَالُ مُعَاجِزِیْنَ مُسَابِقِیْنَ بِمُعْجِزِیْنَ بِفَآئِتِیْنَ سَبَقُوْا فَاتُوْا لَایُعْجِزُوْنَ لَایَفُوْتُوْنَ یَسْبِقُوْنَا یُعْجِزُوْنَا قَوْلُهٗ بِمُعْجِزِیْنَ بِفَائِتِیْنَ وَمَعْنٰی مُعَاجِزِیْنَ مُغَالِبِیْنَ یُرِیْدُ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنْ یُّظْهِرَ عَجْزَصَاحِبِهٖ مِعْشَارٌ عُشْرٌ اَلْاُكُلُ الثَّمَرُ بَاعِدْ وَبَعِّدْ وَاحِدٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَّایَعْزُبُ لَایَغِیْبُ الْعَرِمُ السُّدُّ مَآءٌ اَحْمَرُ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ فِی السُّدِّ فَشَقَّهٗ وَهَدَمَهٗ وَحَفَرَ الْوَادِیَ فَارْتَفَعَتَا عَنِ الْجَنْبَیْنِ وَغَابَ عَنْهُمَا الْمَآءُ فَیَبِسَتَا وَلَمْ یَكُنِ الْمَآءُ الْاَحْمَرُ مِنَ السُّدِّ وَلٰكِنْ كَانَ عَذَابًا اَرْسَلَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِنْ حَیْثُ شَآءَ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ شُرَحْبِیْلَ الْعَرِمُ الْمُسَنَّاةُ بِلَحْنِ اَهْلِ الْیَمَنِ وَقَالَ غَیْرُهٗ الْعَرِمُ الْوَادِیْ السَّابِغَاتُ الدُّرُوْعُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ یُجَازٰی یُعَاقَبُ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ بِطَاعَةِ اللّٰهِ مَثْنٰی وَفُرَادٰی وَاحِدًا وَّاثْنَیْنِ التَّنَاوُشُ الرَّدُّ مِنَ الْاٰخِرَةِ اِلَی الدُّنْیَا وَبَیْنَ مَایَشْتَهُوْنَ مِنْ مَّالٍ اَوْوَلَدٍ اَوْزَهْرَةٍ بِاَشْیَاعِهِمْ بِاَمْثَالِهِمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْجَوَابِ كَالْجَوْبَةِ مِنَ الْاَرْضِ الْخَمْطُ الْاَرَاکُ وَالْاَثْلُ الطَّرْفَآءُ الْعَرِمُ الشَّدِیْدُ

سورۂ سبا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بولتے ہیں ''معاجزین'' یعنی سابقین ''بمعجزین'' ای بفائتین۔ ''معاجزین'' ای مغالبین ''معاجزی'' ای مسابقی ''سبقوا'' بمعنی فاتوا۔ ''لایعجزون'' ای لایفوتون ''یسبقونا''۔ ای یعجزونا۔ ارشاد ''بمعجزین'' ای بفائتین'' معاجزین کا معنی مغالبین ہے، یعنی دونوں فریق اس کوشش میں تھے کہ اپنے مقابل کی بے بسی ظاہر کریں۔ ''معشار'' بمعنی عشر ہے ''الاکل'' سے مراد ثمر ہے ''باعد'' اور بعد ہم معنی ہیں۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ''لایعزب'' بمعنی لایغیب ہے۔ ''العرم'' بمعنی بند ہے، یعنی سرخ رنگ کا پانی۔ اللہ تعالیٰ نے اس بند پر بھیجا جس نے اسے پھاڑ دیا، ڈھا دیا اور وادی کو کھود کر رکھ دیا۔ اس کے نتیجہ میں دونوں طرف کے باغ برباد ہو گئے، پھر پانی بھی ختم ہو گیا اور باغ خشک ہو گئے۔ یہ سرخ پانی اس بند کا نہیں تھا، اسے تو اللہ تعالیٰ نے جہاں سے چاہا، ان پر عذاب کے طور پر بھیجا تھا۔ عمرو بن شرحبیل نے کہا کہ ''العرم'' اہل یمن کی زبان میں پانی کے بند کو کہتے ہیں۔ ان کے غیر نے کہا کہ ''العرم'' بمعنی وادی ہے۔ ''السابغات'' ای الدروع'' اور مجاہد نے فرمایا کہ ''یجازی'' ای یعاقب۔ ''اعظکم بواحدۃ'' یعنی میں تمہیں اللہ کی طاعت کی نصیحت کرتا ہوں۔ ''مثنیٰ وفرادیٰ'' ای وحداً واثنین۔ ''التناوش'' یعنی آخرت سے لوٹ کر دنیا میں آنا۔ ''بین مایشتھون'' سے مراد مال، اولاد اور دنیا کی خوشحالی ہے۔ ''باشیاعھم'' ای بامثالھم، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کالجواب'' کا مفہوم ہے کہ زمین کھلیان کی طرح۔ ''الخمط'' پیلو ''الاثل'' جھاؤ۔ ''العرم'' سخت شدید۔

باب ۸۰۷. قَوْلِهٖ حَتّٰی اِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ

۸۰۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو وہ آپس میں پوچھتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا

کہا، وہ کہتے ہیں کہ حق (بات کا حکم فرمایا) اور (واقعی) وہ عالیشان ہے، سب سے بڑا ہے۔

(۱۹۱۱) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرٌو قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقُوْلُ اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَى اللّٰهُ الْاَمْرَ فِي السَّمَآءِ ضَرَبَتِ الْمَلٰئِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَاَنَّه' سِلْسِلَةٌ عَلٰى صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا لِلَّذِىْ قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ فَيَسْمَعُهَا مُسْتَرِقُ السَّمْعِ وَمُسْتَرِقُ السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُه' فَوْقَ بَعْضٍ وَّوَصَفَ سُفْيَانُ بِكَفِّهٖ فَحَرَ فَهَا وَبَدَّدَبَيْنَ اَصَابِعِهٖ فَيَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيُلْقِيْهَا اِلٰى مَنْ تَحْتَه' حَتّٰى يُلْقِيَهَا عَلٰى لِسَانِ السَّاحِرِ اَوِالْكَاهِنِ فَرُبَّمَا اَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ اَنْ يُلْقِيَهَا وَرُبَّمَا اَلْقَاهَا قَبْلَ اَنْ يُدْرِكَه' فَيَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَيُقَالُ اَلَيْسَ قَدْ قَالَ لَنَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا وَكَذَا فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِيْ سَمِعَ مِنَ السَّمَآءِ

۱۹۱۱۔ ہم سے حمید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے حدیث بیان کی، کہا میں نے عکرمہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی بات کا فیصلہ کرتے ہیں تو فرشتے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے لئے جھکتے ہوئے خضوع کرتے ہوئے اپنے بازو پھڑ پھڑاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد انہیں اس طرح سنائی دیتا ہے جیسے چکنے پتھر پر زنجیر کے لگنے سے آواز پیدا ہوتی ہے۔ پھر جب ان کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوجاتی ہے تو وہ آپس میں پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا کہا۔ وہ کہتے ہیں کہ حق بات کا حکم فرمایا اور واقعی وہ عالیشان ہے، سب سے بڑا ہے، پھر ان کی یہی گفتگو چوری چھپے سننے والے شیطان سن بھاگتے ہیں۔ شیطان آسمان کے نیچے یوں نیچے اوپر ہوتے ہیں۔ سفیان نے اس موقعہ پر ہتھیلی کے ذریعہ سے پہلے اسے جھکا کر پھر پھیلا کر شیاطین کے اجتماع کی کیفیت بتائی۔ الغرض وہ شیاطین کوئی ایک کلمہ سن لیتے ہیں اور اپنے نیچے والے کو بتاتے ہیں۔ اس طرح وہ کلمہ ساحر یا کاہن تک پہنچتا ہے۔ کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ اس سے پہلے کہ وہ یہ کلمہ اپنے سے نیچے والے کو بتائیں شہاب ثاقب انہیں آدبوچتا ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جب وہ بتالیتے ہیں تو شہاب ثاقب ان پر آپڑتا ہے، اس کے بعد کاہن اس میں سوجھوٹ ملا کر لوگوں سے بیان کرتا ہے۔ (ایک بات جب اس میں سے صحیح ہوجاتی ہے تو ان کے معتقدین کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ کیا اسی طرح ہم سے فلاں فلاں کاہن نے نہیں کہا تھا۔) اس کلمہ کی وجہ سے جو آسمان پر شیاطین نے سنا تھا، کاہنوں اور ساحروں کی لوگ تصدیق کرنے لگتے ہیں۔

باب۸۰۸. قَوْلِهٖ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ

۸۰۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "یہ تو تم کو بس ایک ڈرانے والے ہیں، عذاب شدید کی آمد سے پہلے۔"

(۱۹۱۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِوبْنِ مُرَّةَ عَنْ

۱۹۱۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن حازم نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان

سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ يَاصَبَاحَاهُ فَاجْتَمَعَتْ اِلَيْهِ قُرَيْشٌ قَالُوْا مَالَكَ قَالَ اَرَاَيْتُمْ لَوْاَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ الْعَدُوَّيُصَبِّحُكُمْ اَوْيُمَسِّيْكُمْ اَمَاكُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِيْ قَالُوْا بَلٰى قَالَ فَاِنِّيْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْلَهَبٍ تَبًّالَّكَ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ

سے عمرو بن مرہ نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ صفا پہاڑی پر چڑھے اور پکارا ''یا صباحاہ'' اس آواز پر قریش جمع ہو گئے اور پوچھا کہ کیا بات ہے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا، تمہاری کیا رائے ہے، اگر میں تمہیں بتاؤں کہ دشمن صبح کے وقت یا رات کے وقت تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق نہیں کرو گے؟ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کی تصدیق کریں گے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ پھر میں تم کو عذاب شدید کی آمد سے پہلے ڈرانے والا ہوں۔ ابولہب بولا، تم ہلاک ہو جاؤ، کیا تم نے اسی لئے ہمیں بلایا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت ''تبت یدا ابی لہب'' نازل فرمائی۔

بحمد اللہ تفہیم البخاری کا انیسواں پارہ مکمل ہوا۔

بیسواں پارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۸۰۹. سُوْرَةُ الْمَلآئِكَةِ

قَالَ مُجَاهِدٌ اَلْقِطْمِيْرُ لِفَافَةُ النَّوَاةِ مُثْقَلَةٌ مُثَقَّلَةٌ وَقَالَ غَيْرُه' اَلْحَرُوْرُ بِالنَّهَارِ مَعَ الشَّمْسِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْحَرُوْرُ بِاللَّيْلِ وَالسَّمُوْمُ بِالنَّهَارِ وَغَرَابِيْبُ اَشَدُّ سَوَادٍ الْغِرْبِيْبُ اَلشَّدِيْدُ السَّوَادِ

۸۰۹۔سورۃ الملائکہ (فاطر)

مجاہد نے کہا کہ "القطمیر" ای لفافة النواة "مثقلہ" (بالتخفیف) بمعنی مثقلہ (بالتشدید) ہے۔ان کے غیر نے کہا کہ "الحرور" کا تعلق دن میں سورج کے ساتھ ہے۔ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "الحرور" کا تعلق رات کے ساتھ ہے اور "السموم" کا تعلق دن کے ساتھ ہے "غرابیب سود" یعنی گہرے سیاہ "غربیب" بمعنی گہرا سیاہ۔

سُوْرَةُ يٰسٓ

وَقَالَ مُجَاهِدٌ فَعَزَّزْنَا شَدَّدْنَا يَاحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ كَانَ حَسْرَةً عَلَيْهِمْ اِسْتِهْزَآؤُهُمْ بِالرُّسُلِ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ لَايَسْتُرُضَوْ اَحَدِهِمَا ضَوْءَ الْاٰخَرِ وَلَا يَنْبَغِيْ لَهُمَا ذٰلِكَ سَابِقُ النَّهَارِ يَتَطَالَبَانِ حَثِيْثَيْنِ نَسْلَخُ نُخْرِجُ اَحَدَهُمَا مِنَ الْاٰخَرِ وَيَجْرِيْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِنْ مِثْلِهٖ مِنَ الْاَنْعَامِ فَكِهُوْنَ مُعْجَبُوْنَ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ عِنْدَ الْحِسَابِ وَيُذْكَرُ عَنْ عِكْرِمَةَ الْمَشْحُوْنَ الْمُوْقَرُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَآئِرُكُمْ مَصَا ئِبُكُمْ يَنْسِلُوْنَ يَخْرُجُوْنَ مَرْقَدِنَا مَخْرَجِنَا اَحْصَيْنَاهُ حَفِظْنَاهُ مَكَانَتِهِمْ وَمَكَانِهِمْ وَاحِدٌ

سورۂ یٰسین

اور مجاہد نے کہا کہ "فعززنا" اے شددنا "یا حسرة علی العباد" یعنی دنیا میں انبیاء کے استہزاء کے نتیجہ میں آخرت میں ان کی حالت قابل حسرت وافسوس ہوگی "ان تدرک القمر" یعنی ایک کی روشنی دوسرے کی روشنی پر اثر انداز نہیں ہوتی اور نہ ان (چاند اور سورج) کے لئے یہ مناسب ہے "سابق النہار" یعنی دونوں (دن اور رات) ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے بلا کسی درمیانی وقفہ اور بلا کسی تاخیر وتوقف کے گردش میں ہیں "نسلخ" یعنی ہم ان میں سے ایک کو دوسرے سے نکالتے ہیں۔اور ان میں سے ہر ایک اپنے مستقر کی طرف چلتا رہتا ہے "من مثلہ" ای من الانعام "فکھون" ای معجبون "جند محضرون" یعنی عند الحساب عکرمہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ "المشحون" بمعنی الموقر (لدی ہوئی) ہے۔ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "طائرکم" اے مصائبکم۔"ینسلون" ای یخرجون "مرقدنا" اے مخرجنا "احصیناہ" یعنی ہم نے اسے لوح محفوظ میں محفوظ کرلیا ہے "مکانتھم" اور مکانھم ہم معنی ہیں۔

باب ۸۱۰. قَوْلِهٖ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

۸۱۰۔اور (ایک نشانی) آفتاب (بھی کہ) اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے۔یہ اندازہ ٹھہرایا ہوا ہے زبردست اور علم والے (اللہ) کا۔

(۱۹۱۳) حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۱۹۱۳۔ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی،ان سے اعمش نے حدیث بیان کی۔ان سے ابراہیم تیمی نے،ان سے ان کے والد نے اور ان سے

قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ عِنْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ فَقَالَ يَااَبَاذَرٍّ اَتَدْرِيْ اَيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ فَاِنَّهَا تَذْهَبُ حَتّٰى تَسْجُدَ تَحْتَ الْعَرْشِ فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ

ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آفتاب غروب ہونے کے وقت میں مسجد کے اندر نبی کریم ﷺ کے ساتھ موجود تھا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا ابوذر! تمہیں معلوم ہے یہ آفتاب کہاں غروب ہوتا ہے؟ میں نے عرض کی۔ اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ چلتا رہتا ہے یہاں تک کہ عرش کے نیچے سجدہ ریز ہو جاتا ہے اس کا بیان اللہ کے اس ارشاد میں ہوا ہے کہ "اور آفتاب اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے یہ اندازہ ٹھہرایا ہوا ہے زبردست اور علم والے کا۔"

(۱۹۱۴) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا قَالَ مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ

۱۹۱۴۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم تیمی نے ان سے ان کے والد نے، اور ان سے ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اور آفتاب اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے۔" کے متعلق سوال کیا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اس کا ٹھکانا (مستقر) عرش کے نیچے ہے۔

سُوْرَةُ وَالصَّآفَّاتِ

سورہ والصافات

باب ۸۱۱. وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَ يَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ يُرْمَوْنَ وَاصِبٌ دَائِمٌ لَازِبٌ لَازِمٌ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ يَعْنِي الْحَقَّ الْكُفَّارُ تَقُوْلُهٗ لِلشَّيْطٰنِ غَوْلٌ وَجَعُ بَطْنٍ يُنْزَفُوْنَ لَا تَذْهَبُ عُقُوْلُهُمْ قَرِيْنٌ شَيْطَانٌ يُهْرَعُوْنَ كَهَيْئَةِ الْهَرْوَلَةِ يَزِفُّوْنَ النَّسَلَانُ فِي الْمَشْيِ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا قَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ الْمَلٰٓئِكَةُ بَنَاتُ اللّٰهِ وَاُمَّهَاتُهُمْ بَنَاتُ سَرَوَاتِ الْجِنِّ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ سَتُحْضَرُ لِلْحِسَابِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةُ صِرَاطِ الْجَحِيْمِ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ وَوَسْطِ الْجَحِيْمِ لَشَوْبًا يُخْلَطُ طَعَامُهُمْ وَيُسَاطُ بِالْحَمِيْمِ مَدْحُوْرًا مَطْرُوْدًا بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ يُذْكَرُ بِخَيْرٍ يَسْتَسْخِرُوْنَ يَسْخَرُوْنَ بَعْلًا رَبًّا الاسباب السماء

۸۱۱۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "ویقذفون بالغیب من مکان بعید" میں "من مکان بعید" سے مراد "من کل مکان" ہے "ویقذفون من کل جانب" میں یقذفون سے مراد یرمون ہے "واصب" اے دائم۔ "لازب" اے لازم۔ "تاتوننا عن الیمین" یعنی الحق۔ یہ الفاظ کفار شیاطین سے کہیں گے۔ "غول" اے وجع بطن۔ "ینزفون" یعنی ان کی عقل نہیں جاتی رہے گی "قرین" بمعنی شیطان ہے۔ "یہرعون" سے اشارہ ہرولہ (تیز چلنے) کی ہیئت کی طرف ہے۔ "یزفون" یعنی چلنے میں تیزی اور جلدی۔ "وبین الجنة نسباً" کفار قریش کہتے تھے کہ فرشتے اللہ کی لڑکیاں ہیں (ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس پر ان سے پوچھا کہ پھر ان کی مائیں کون ہیں تو انہوں نے کہا) کہ ان کی مائیں جن سرداروں کی لڑکیاں ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ "لقد علمت الجنة انهم لمحضرون" یعنی حساب کے لئے حاضر کئے جائیں گے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "لنحن الصافون" میں مراد فرشتے ہیں۔ "صراط الجحیم" یعنی سواء الجحیم ووسط الجحیم۔ "شوبا" یعنی ان کے کھانوں میں شدید گرم پانی کی

آمیزش کردی جائے گی۔ "مدحوراً" اے مطروداً۔ "بیض مکنون" ای اللؤلؤ المکنون" وترکنا علیه فی الآخرین" یعنی ان کا ذکر خیر ہوتا رہے گا۔ "یستسخرون" یعنی یسخرون۔ "بعلاً" ای ربا۔ "الاسباب" ای السماء۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور بلاشبہ یونس رسولوں میں سے تھے۔"

وقوله وَاِنَّ یُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ

(۱۹۱۵) حَدَّثَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَآئِلٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یَّکُوْنَ خَیْرًا مِّنِ ابْنِ مَتّٰی

۱۹۱۵۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابووائل نے، ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کسی کے لئے مناسب نہیں کہ وہ یونس بن متیٰ علیہ السلام سے بہتر ہونے کا دعویٰ کرے۔

(۱۹۱۶) حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِیٍّ مِنْ بَنِیْ عَامِرِ بْنِ لُؤَیٍّ عَنْ عَطَآءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْ یُوْنُسَ بْنِ مَتّٰی فَقَدْ کَذَبَ

۱۹۱۶۔ مجھ سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی۔ ان سے محمد بن فلیح نے حدیث بیان کی۔ ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی۔ ان سے بنی عامر بن لوی کے ہلال بن علی نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جو شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ میں یونس بن متیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے افضل ہوں، وہ جھوٹا ہے۔

سُوْرَةُ صٓ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سورۂ ص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب ۸۱۲.

۸۱۲۔

(۱۹۱۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْعَوَّامِ قَالَ سَاَلْتُ مُجَاهِدًا عَنِ السَّجْدَةِ فِیْ صٓ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ وَکَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ یَسْجُدُ فِیْهَا

۱۹۱۷۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے منذر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عوام بن حوشب نے بیان کیا کہ میں نے مجاہد سے سورۂ ص میں سجدہ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ یہ سوال ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بھی کیا گیا تھا تو آپ نے اس آیت کی تلاوت کی "یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی تھی۔ پس آپ بھی انہیں کی ہدایت کی اتباع کیجئے۔" اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اس میں سجدہ کرتے تھے۔

(۱۹۱۸) حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَیْدِ الطَّنَافِسِیُّ عَنِ الْعَوَّامِ قَالَ سَاَلْتُ مُجَاهِدًا عَنْ سَجْدَةِ صٓ فَقَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ مِنْ اَیْنَ سَجَدْتَّ فَقَالَ اَوَمَا تَقْرَاُ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ

۱۹۱۸۔ مجھ سے محمد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبید الطنافسی نے، ان سے عوام نے بیان کیا کہ میں نے مجاہد سے سورۂ ص میں سجدہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا کہ اس سورہ میں آیت سجدہ کے لئے دلیل کیا ہے

وَسُلَيمَانَ أُولَئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهُ فَكَانَ دَاوُدُ مِمَّنْ أُمِرَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّقْتَدِيَ بِهِ فَسَجَدَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُجَابٌ عَجِيبٌ الْقِطُّ الصَّحِيفَةُ هُوَ هٰهُنَا صَحِيفَةُ الْحَسَنَاتِ وَ قَالَ مُجَاهِدٌ فِي عِزَّةٍ مُعَازِّينَ الْمِلَّةَ الْاٰخِرَةَ مِلَّةُ قُرَيْشٍ الْاِخْتِلَاقُ الْكَذِبُ الْاَسْبَابُ طُرُقُ السَّمَآءِ فِيٓ اَبْوَابِهَا جُنْدٌ مَّاهُنَالِكَ مَهْزُومٌ يَعْنِيٓ اُولٰٓئِكَ الْاَحْزَابُ الْقُرُوْنُ الْمَاضِيَةُ فَوَاقٍ رُجُوْعٌ قِطَّنَا عَذَابَنَا اتَّخَذْنَا هُمْ سُخْرِيًّا اَحَطْنَا بِهِمْ اَتْرَابٌ اَمْثَالٌ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْاَيْدُ الْقُوَّةُ فِي الْعِبَادَةِ الْاَبْصَارُ الْبَصَرُ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ مِنْ ذِكْرٍ طَفِقَ مَسْحًا يَمْسَحُ اَعْرَافَ الْخَيْلِ وَعَرَا قِيْهَا الْاَصْفَادِ الْوَثَاقِ.

آپ نے فرمایا کہ کیا تم قرآن مجید میں یہ نہیں پڑھتے کہ "اور ان کی نسل سے داؤد اور سلیمان ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے یہ ہدایت دی تھی سو آپ بھی ان کی ہدایت کی اتباع کیجئے۔" داؤد علیہ السلام بھی ان میں سے تھے جن کی اتباع کا آنحضور کو حکم تھا۔ چونکہ داؤد علیہ السلام کے سجدہ کا اس میں ذکر ہے اس لئے آنحضور ﷺ نے بھی اس موقعہ پر سجدہ کیا۔ عجاب بمعنی عجیب ہے۔ قط بمعنی صحیفہ، آیت میں مراد نیکیوں کا صحیفہ ہے، مجاہد نے فرمایا کہ "فی عزة" ای معازین. "الملة الآخرة" سے مراد ملت قریش ہے "الاختلاق" ای الکذب. "الاسباب" یعنی آسمان کے اس کے دروازے سے راستے۔ "جندماھنالک مھزوم" سے مراد قریش ہیں۔ "اولئک الاحزاب" ای القرون الماضیہ۔ "فواق" ای رجوع۔ "قطعا" ای عذابنا۔ "اتخذناھم سخریا" ای احطنابھم. "اتراب" ای امثال. "الاید" یعنی عبادت میں قوت والا۔ "الابصار" ای البصر فی امر الله. "حب الخیر عن ذکر ربی" ای من ذکر ربی. "طفق مسحاً" یعنی گھوڑوں کی ٹانگوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔ "الاصفاد" ای الوثاق.

باب ۸۱۳. هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

۸۱۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور مجھے ایسی سلطنت دے کہ میرے بعد کسی کو میسر نہ ہو۔ بے شک آپ بڑے دینے والے ہیں۔"

(۱۹۱۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ عِفْرِيْتًا مِّنَ الْجِنِّ تَفَلَّتَ عَلَيَّ الْبَارِحَةَ اَوْكَلِمَةً نَحْوَهَا لِيَقْطَعَ عَلَيَّ الصَّلٰوةَ فَاَمْكَنَنِي اللّٰهُ مِنْهُ وَاَرَدْتُّ اَنْ اَرْبِطَهٗ اِلٰى سَارِيَةٍ مِّنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتّٰى تُصْبِحُوْا وَتَنْظُرُوْٓا اِلَيْهِ كُلُّكُمْ فَذَكَرْتُ قَوْلَ اَخِيْ سُلَيْمَانَ رَبِّ هَبْ لِيْ مُلْكًا لَّايَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِيْ قَالَ رَوْحٌ فَرَدَّهٗ خَاسِئًا

۱۹۱۹۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے روح اور محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے محمد بن زیاد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گزشتہ رات ایک سرکش جن اچانک میرے پاس آیا، یا اسی طرح کا کلمہ آپ نے فرمایا، تاکہ میری نماز خراب کرے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے اس پر قدرت دے دی اور میں نے سوچا کہ اسے مسجد کے کسی کھمبے سے باندھ دوں تاکہ صبح کے وقت تم سب لوگ بھی اسے دیکھ سکو، لیکن مجھے اپنے بھائی سلیمانؑ کی دعا یاد آ گئی کہ "اے میرے رب! مجھے ایسی سلطنت دے کہ میرے بعد کسی کو میسر نہ ہو" روح نے بیان کیا، چنانچہ آنحضور نے اس جن کو نامراد واپس کر دیا۔

باب ۸۱۴. وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ

۸۱۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور نہ میں بناوٹ کرنے والا ہوں۔"

(۱۹۲۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰى

۱۹۲۰۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے

عبدُاللّٰهِ ابنَ مَسعُودٍ قَالَ يَآ يُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ يَّقُوْلَ لِمَا لَايَعْلَمُ اللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ عَزَّوَجَلَّ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ وَسَاُحَدِّثُكُمْ عَنِ الدُّخَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا قُرَيْشًا اِلَى الْاِسْلَامِ فَابْطَأُوْا عَلَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ فَحَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى اَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْجُلُوْدَ حَتّٰى جَعَلَ الرَّجُلُ يَرٰى بَيْنَهٗ وَبَيْنَ السَّمَآءِ دُخَانًا مِنَ الْجُوْعِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ قَالَ فَدَعَوْا رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْجَآءَ هُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ اَفَيُكْشَفُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ فَكَشَفَ ثُمَّ عَادُوْا فِيْ كُفْرِهِمْ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ بَدْرٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ.

مسروق نے کہ ہم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے فرمایا اے لوگو! جس شخص کو کسی چیز کا علم ہو تو وہ اسے بیان کرے اور اگر علم نہ ہو تو کہے کہ اللہ ہی کو زیادہ علم ہے (یعنی اپنی لا علمی ظاہر کر دے) کیونکہ یہ بھی علم ہی ہے کہ جو چیز نہ جانتا ہو اس کے متعلق کہہ دے کہ اللہ ہی زیادہ جاننے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے بھی کہہ دیا تھا کہ ''آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس (قرآن یا تبلیغ وحی) پر کوئی معاوضہ نہیں چاہتا ہوں'' اور میں ''دخان'' (دھوئیں) کے بارے میں بتاؤں گا (جس کا ذکر قرآن میں آیا ہے) رسول اللہ ﷺ نے قریش کو اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے تاخیر کی۔ آنحضور ﷺ نے ان کے حق میں بددعا کی کہ اے اللہ! ان پر یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی سی قحط سالی کے ذریعہ میری مدد کیجئے۔ چنانچہ قحط پڑا اور اتنا زبردست کہ ہر چیز ختم ہوگئی اور لوگ مردار اور چمڑے کھانے پر مجبور ہوگئے۔ بھوک کی شدت کی وجہ سے یہ عالم تھا کہ آسمان کی طرف اگر کوئی نظر اٹھاتا تو دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا۔ اس کے متعلق اللہ کا ارشاد ہے کہ ''پس انتظار کرو اس دن کا جب آسمان کھلا ہوا دھواں لائے گا جو لوگوں پر چھا جائے گا۔ یہ دردناک عذاب ہے'' بیان کیا کہ پھر قریش دعا کرنے لگے کہ ''اے ہمارے رب! اس عذاب کو ہم سے ہٹا لے تو ہم ایمان لائیں گے۔ لیکن وہ نصیحت سننے والے کہاں ہیں، ان کے پاس تو رسول صاف معجزات و دلائل کے ساتھ آچکا ہے اور وہ اس سے اعراض کر چکے ہیں۔ اور وہ کہہ چکے ہیں کہ اسے تو سکھایا جا رہا ہے۔ یہ مجنون ہے۔ بے شک ہم تھوڑے دنوں کے لئے ان سے عذاب ہٹا لیں گے۔ یقیناً تم پھر کفر ہی کی طرف لوٹ جاؤ گے۔ کیا قیامت میں بھی عذاب ہٹایا جائے گا۔ ❶ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر یہ عذاب تو ان سے دور کر دیا گیا لیکن جب وہ دوبارہ کفر میں مبتلا ہوگئے تو بدر کی لڑائی میں اللہ نے انہیں پکڑا۔ اللہ کے اس ارشاد میں اسی طرف اشارہ ہے کہ ''جس دن ہم سخت پکڑیں گے، بلاشبہ ہم انتقام لینے والے ہیں۔''

باب ۸۱۵. سُوْرَةُ الزُّمَرِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ

۸۱۵۔ سورۃ الزمر۔

❶ یہ آخری جملہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر آج دنیا کا عذاب جو قحط کی صورت میں ان پر نازل ہوا ہے ان سے دور کر دیا جائے، تو کیا قیامت میں بھی ایسا ممکن ہے وہاں تو ان کی بڑی سخت پکڑ ہوگی اور کوئی چیز اللہ کے دائمی عذاب سے انہیں نجات نہیں دے سکتی۔

بِوَجْهِهٖ يُجَرُّ عَلٰى وَجْهِهٖ فِي النَّارِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا ذِيْ عِوَجٍ لَبْسٍ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ مَثَلٌ لِاٰلِهَتِهِمُ الْبَاطِلِ وَالْاِلٰهِ الْحَقِّ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ بِالْاَوْثَانِ خَوَّلْنَا اَعْطَيْنَا وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ الْقُرْاٰنِ وَصَدَّقَ بِهٖ الْمُؤْمِنُ يَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَقُوْلُ هٰذَا الَّذِيْ اَعْطَيْتَنِيْ عَمِلْتُ بِمَا فِيْهِ مُتَشَاكِسُوْنَ الشَّكِسُ الْعَسِرُ لَايَرْضٰى بِالْاِنْصَافِ وَرَجُلًا سَلَمًا وَيُقَالُ سَالِمًا صَالِحًا اشْمَاَزَّتْ نَفَرَتْ بِمَفَازَتِهِمْ مِنَ الْفَوْزِ حَافِّيْنَ اَطَافُوْا بِهٖ مُطِيْفِيْنَ بِحِفَافَيْهِ بِجَوَانِبِهٖ مُتَشَابِهًا لَيْسَ مِنَ الْاِشْتِبَاهِ وَلٰكِنْ يُّشْبِهُ بَعْضُهٗ بَعْضًا فِي التَّصْدِيْقِ

مجاہد نے فرمایا کہ ''افمن یتقی بوجہ'' کے معنی چہرے کے بل جہنم میں گھسیٹے جانے کے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرح ہے کہ ''کیا وہ شخص بہتر ہے جسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا یا وہ جو قیامت کے دن سلامتی کے ساتھ آئے گا۔ "ذی عوج": ای لبس. "ورجلاً سلما لرجل" میں مشرکین کے معبودان باطل اور معبود حق کی مثال بیان کی گئی ہے۔ "ویخوفونک بالذین من دونه" میں مراد بت ہیں۔ "خولنا" ای اعطینا. "والذی جاء بالصدق" میں ''صدق'' سے مراد قرآن ہے۔ "وصدق به" یعنی مؤمن قیامت کے دن آئے گا، اور کہے گا کہ اے رب! یہی وہ (قرآن) ہے جو ہمیں آپ نے دیا اور میں نے اس کے احکام پر عمل کیا۔ "متشاکسون" الرجل الشکس ایسے اکھڑ آدمی کو کہتے ہیں جو انصاف اور حق پر رضا مند نہ ہو "ورجلاً سلماً" سالم بمعنی صالح ہے "اشمازت" ای نفرت. "بمفازتهم" فوز سے نکلا ہے۔ ''حافین'' اے اطافوا به مطیفین۔ بحفافیه ای بجوانبه. "متشابها" اشتباہ سے نہیں نکلا ہے بلکہ مفہوم یہ ہے کہ وہ (قرآن) تصدیق میں بعض بعض سے مشابہ ہے۔

باب۸۱۶. قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَاتَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَا لْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

۸۱۶۔ (اللہ تعالیٰ کا ارشاد) آپ کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو جو اپنے اوپر زیادتیاں کر چکے ہو اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو، بیشک اللہ سارے گناہ معاف کر دے گا، بے شک وہ بڑا غفور ہے بڑا رحیم ہے۔

(۱۹۲۰) حَدَّثَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ يَعْلٰى اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ اَخْبَرَهٗ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَهْلِ الشِّرْكِ كَانُوْا قَدْ قَتَلُوْا وَاَكْثَرُوْا وَزَنَوْا وَاَكْثَرُوْا فَاَتَوْا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اِنَّ الَّذِيْ تَقُوْلُ وَتَدْعُوْآ اِلَيْهِ لَحَسَنٌ لَوْ تُخْبِرُنَا اَنَّ لِمَا عَمِلْنَا كَفَّارَةً فَنَزَلَ وَالَّذِيْنَ لَايَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَنَزَلَ قُلْ يَاعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

۱۹۲۰۔ مجھ سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی۔ انہیں ابن جریج نے خبر دی، ان سے یعلیٰ نے بیان کیا، انہیں سعید بن جبیر نے خبر دی اور انہیں ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ مشرکین میں بعض نے قتل کا ارتکاب کیا تھا اور کثرت کے ساتھ اسی طرح بہت سے زنا کا ارتکاب کرتے رہے تھے۔ پھر وہ محمد ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آپ جو کچھ کہتے ہیں اور جس کی طرف دعوت دیتے ہیں (یعنی اسلام) یقیناً وہ بڑی اچھی چیز ہے لیکن ہمیں یہ بتائیے کہ اب تک ہم نے جو گناہ کئے ہیں اس کا کفارہ کیا ہوگا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''اور وہ لوگ جو اللہ کے سوا اور کسی دوسرے معبود کو نہیں پکارتے اور کسی بھی جان کو قتل نہیں کرتے جس کا قتل کرنا اللہ نے حرام کیا ہے، ہاں مگر حق کے ساتھ۔'' اور یہ آیت نازل ہوئی۔ ''آپ کہہ دیجئے کہ اے میرے بندو جو اپنے اوپر زیادتیاں کر چکے ہو اللہ کی رحمت سے

مایوس مت ہو، بے شک اللہ سارے گناہ معاف کر دے گا۔ بے شک وہ بڑا غفور ہے، بڑا رحیم ہے۔''

باب ۸۱۷. وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ

۸۱۷۔ اور لوگوں نے اللہ کی عظمت نہ کی جیسی عظمت کرنا چاہئے تھی۔

(۱۹۲۱) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَآءَ حِبْرٌ مِنَ الْاَحْبَارِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّا نَجِدُ اَنَّ اللّٰهَ يَجْعَلُ السَّمٰوَاتِ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْاَرَضِيْنَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالشَّجَرَ عَلٰى اِصْبَعٍ وَالْمَآءَ وَالثَّرٰى عَلٰى اِصْبَعٍ وَسَآئِرَ الْخَلَائِقِ عَلٰى اِصْبَعٍ فَيَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ تَصْدِيْقًا لِقَوْلِ الْحِبْرِ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ

۱۹۲۱۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے عبیدہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ علماء یہود میں سے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ اے محمد (ﷺ) ہم تورات میں پاتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں کو ایک انگلی پر رکھ لے گا۔ اسی طرح زمین کو ایک انگلی پر، درختوں کو ایک انگلی پر، پانی اور مٹی کو ایک انگلی پر، اور تمام دوسری مخلوقات کو ایک انگلی پر، اور پھر ارشاد فرمائے گا کہ میں ہی بادشاہ ہوں۔ آنحضور ﷺ اس پر ہنس دیئے اور آپ کے سامنے کے دانت دکھائی دینے لگے۔ آپ کا یہ ہنسنا اس یہودی عالم کی تصدیق میں تھا۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی ''اور ان لوگوں نے اللہ کی عظمت نہ کی جیسی عظمت کرنا چاہئے تھی اور حال یہ ہے کہ ساری زمین اسی کی مٹھی میں ہوگی۔ قیامت کے دن، اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں لپٹے ہوں گے، وہ پاک ہے اور برتر ہے، ان لوگوں کے شرک سے۔''

(۱۹۲۲) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ وَيَطْوِی السَّمٰوَاتِ بِيَمِيْنِهٖ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ مُلُوْكُ الْاَرْضِ

۱۹۲۲۔ ہم سے سعید بن عفیر نے بیان کیا، کہا مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے اور ان سے ابوسلمہ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرما رہے تھے۔ قیامت کے دن اللہ ساری زمین کو اپنی مٹھی میں لے لے گا اور آسمان کو اپنے داہنے ہاتھ میں لپیٹ لے گا۔ پھر فرمائے گا، آج سلطانی میری ہے، کہاں ہیں دنیا کے بادشاہ؟

باب ۸۱۸. قَوْلُهٗ وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِی السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ

۸۱۸۔ اور صور پھونکا جائے گا تو ان سب کے ہوش اڑ جائیں گے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں، بجز اس کے جس کو اللہ چاہے۔ پھر دوبارہ صور پھونکا جائے گا تو دفعۃً سب کے سب اٹھ کھڑے ہوں گے، دیکھتے بھالتے ہوئے۔

(۱۹۲۳) حَدَّثَنِی الْحَسَنُ حَدَّثَنَآ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُالرَّحِيْمِ عَنْ زَكَرِيَّآءَ ابْنِ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ اَوَّلُ مَنْ يَّرْفَعُ

۱۹۲۳۔ مجھ سے حسن نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن خلیل نے حدیث بیان کی، انہیں عبدالرحیم نے خبر دی، انہیں زکریا بن ابی زائدہ نے، انہیں عامر نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، آخری مرتبہ صور پھونکے جانے کے بعد سب سے پہلے اپنا سر اٹھانے

رَاْسَه‘ بَعْدَ النَّفْخَةِ الْاٰخِرَةِ فَاِذَا اَنَا بِمُوْسٰى مُتَعَلِّقٌ بِالْعَرْشِ فَلَآ اَدْرِىْٓ اَكَذٰلِكَ كَانَ اَمْ بَعْدَ النَّفْخَةِ

والا میں ہوں گا۔ لیکن اس وقت میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا کہ عرش کے ساتھ لپٹے ہوئے ہیں، اب مجھے نہیں معلوم کہ آپ پہلے ہی سے اسی طرح تھے یا دوسرے صور کے بعد (مجھ سے پہلے اٹھ کر عرش الٰہی کو تھام لیا تھا۔)

(۱۹۲۴) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاصَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ اَرْبَعُوْنَ قَالُوْا يَا اَبَاهُرَيْرَةَ اَرْبَعُوْنَ يَوْمًا قَالَ اَبَيْتُ قَالُوْا اَرْبَعُوْنَ سَنَةً قَالَ اَبَيْتُ قَالُوْٓا اَرْبَعُوْنَ شَهْرًا قَالَ اَبَيْتُ وَ يَبْلٰى كُلُّ شَىْءٍ مِّنَ الْاِنْسَانِ اِلَّا عَجْبَ ذَنْبِهٖ فِيْهِ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ

۱۹۲۴۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، انہوں نے ابوصالح سے سنا اور انہوں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، دونوں صور کے پھونکے جانے کا درمیانی عرصہ چالیس ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں نے پوچھا، کیا چالیس دن مراد ہیں؟ آپ نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم۔ پھر انہوں نے پوچھا چالیس سال؟ اس پر بھی آپ نے انکار کیا پھر انہوں نے پوچھا چالیس مہینے؟ اس کے متعلق بھی آپ نے لاعلمی ظاہر کی اور ہر چیز فنا ہو جائے گی، سوائے ریڑھ کی ہڈی کے کہ اسی سے ساری مخلوق دوبارہ بنائی جائے گی۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ

سورۃ المؤمن

باب ۸۱۹. قَالَ مُجَاهِدٌ مَجَازُهَا مَجَازُ اَوَائِلِ السُّوَرِ وَيُقَالُ بَلْ هُوَ اِسْمٌ لِقَوْلِ شُرَيْحِ بْنِ اَبِىْ اَوْفَى الْعَبَسِىِّ يُذَكِّرُنِىْ حَامِيْمَ وَالرُّمْحُ شَاجِرٌ فَهَلَّا تَلَا حَامِيْمَ قَبْلَ التَّقَدُّمِ الطَّوْلُ اَلتَّفَضُّلُ دَاخِرِيْنَ خَاضِعِيْنَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِلَى النَّجَاةِ اَلْاِيْمَانُ لَيْسَ لَه‘ دَعْوَةٌ يَعْنِى الْوَثَنَ يُسْجَرُوْنَ تُوْقَدُ بِهِمُ النَّارُ تَمْرَحُوْنَ تَبْطَرُوْنَ وَكَانَ الْوَلَاءُ بْنُ زِيَادٍ يُذَكِّرُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ لِمَ تُقَنِّطُ النَّاسَ قَالَ وَاَنَا اَقْدِرُ اَنْ اُقَنِّطَ النَّاسَ وَاللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَقُوْلُ يَاعِبَادِىَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَاتَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ وَيَقُوْلُ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحَابُ النَّارِ وَلٰكِنَّكُمْ تُحِبُّوْنَ اَنْ تُبَشَّرُوْا بِالْجَنَّةِ عَلٰى مَسَاوِىْ اَعْمَالِكُمْ وَاِنَّمَا بَعَثَ اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُبَشِّرًا بِالْجَنَّةِ لِمَنْ اَطَاعَه‘ وَمُنْذِرًا بِالنَّارِ مَنْ عَصَاهُ

۸۱۹۔ مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس آیت میں بھی ''حٰم'' ایسا ہی ہے جیسے اور بہت سی سورتوں کے شروع میں آیا ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہ نام ہے۔ دلیل شریح بن ابی اوفی عبسی کا قول ہے (جنگ جمل کے موقعہ پر) حامیم مجھے اس وقت یاد دلاتی ہے جب نیزے ایک دوسرے کے ساتھ گتھے ہوئے ہیں، کیوں نہ حامیم لڑائی میں آنے سے پہلے پڑھی گئی۔ "الطول" ای التفضل. "داخرین" ای خاضعین۔ مجاہد نے فرمایا کہ "الی النجاة" میں ایمان مراد ہے۔ "لیس له دعوة" میں بت مراد ہیں۔ ''یسجرون'' یعنی ان کے لئے آگ بھڑکائی جائے گی تمرحون ای تبطرون. علاء بن زیاد رحمۃ اللہ علیہ دوزخ سے لوگوں کو ڈرا رہے تھے تو ایک شخص نے کہا کہ آپ لوگوں کو مایوس کیوں کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا میری مجال ہے کہ میں لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس کروں۔ اللہ تعالیٰ نے تو خود فرمایا ہے کہ ''اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ہے، اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، لیکن اس نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ''بے شک اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے اہل دوزخ ہیں۔'' اصل میں تو تم لوگوں کی تو یہ خواہش ہے کہ تمہارے برے اعمال پر بھی تمہیں جنت کی بشارت دی جاتی رہے۔ یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ

نے محمد ﷺ کو ان لوگوں کے لئے جنت کی بشارت دے کر بھیجا تھا جو اس کی اطاعت کریں لیکن جو لوگ اس کی نافرمانی کریں انہیں آپ دوزخ سے ڈرانے والے تھے۔

(۱۹۲۵) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى ابْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِوبْنِ الْعَاصِ اَخْبِرْنِيْ بِاَشَدِّمَا صَنَعَ الْمُشْرِكُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ بِفِنَآءِ الْكَعْبَةِ اِذْ اَقْبَلَ عُقْبَةُ بْنُ اَبِيْ مُعَيْطٍ فَاَخَذَ بِمَنْكِبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوٰى ثَوْبَه' فِيْ عُنُقِهٖ فَخَنَقَه' خَنْقًا شَدِيْدًافَاَقْبَلَ اَبُوْبَكْرٍ فَاَخَذَ بِمَنْكِبِهٖ وَدَفَعَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْجَآءَ كُمْ بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ رَّبِّكُمْ

۱۹۲۵۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ولید بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے اوزاعی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے یحییٰ بن ابی کثیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے محمد بن ابراہیم تیمی نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی آپ نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ سخت معاملہ مشرکین نے کیا کیا تھا؟ بیان کیا کہ آنحضور ﷺ کعبہ کے قریب نماز پڑھ رہے تھے کہ عقبہ بن ابی معیط آیا۔ اس نے آنحضور ﷺ کا شانہ مبارک پکڑ کر آپ کی گردن میں اپنا کپڑا لپیٹ دیا اور اس کپڑے سے آپ کا گلا بڑی سختی کے ساتھ گھونٹنے لگا، اتنے میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی آ گئے اور آپ نے اس بدبخت کا مونڈھا پکڑ کر اسے آنحضور ﷺ سے جدا کیا اور کہا کہ کیا تم ایک ایسے شخص کو قتل کر دینا چاہئے ہو جو کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔ اور وہ تمہارے رب کے پاس سے اپنی سچائی کے لئے معجزات بھی لایا ہے۔

حٰمٓ السجدة

سورہ حٰمٓ السجدۃ

باب ۸۲۰. وَقَالَ طَاؤُسٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِئْتِيَا طَوْعًا اَعْطِيَا قَالَتَآ اَتَيْنَاطَـآئِعِيْنَ اَعْطَيْنَا وَقَالَ الْمِنْهَالُ عَنْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِّابْنِ عَبَّاسٍ اِنِّيْ اَجِدُ فِي الْقُرْاٰنِ اَشْيَآءَ تَخْتَلِفُ عَلَيَّ قَالَ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَ لُوْنَ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَ لُوْنَ وَلَايَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا رَبَّنَا مَاكُنَّا مُشْرِكِيْنَ فَقَدْ كَتَمُوْا فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَقَالَ اَمِ السَّمَآءُ بَنَاهَا اِلٰى قَوْلِهٖ دَحَاهَا فَذَكَرَ خَلْقَ السَّمَآءِ قَبْلَ خَلْقِ الْاَرْضِ ثُمَّ قَالَ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ اِلٰى طَآئِعِيْنَ فَذَكَرَ فِيْ هٰذِهٖ خَلْقَ الْاَرْضِ قَبْلَ السَّمَآءِ وَقَالَ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَحِيْمًا عَزِيْزًا حَكِيْمًا سَمِيْعًا بَصِيْرًا فَكَاَنَّه' كَانَ ثُمَّ

۸۲۰۔ طاؤس نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا کہ "ائتیا طوعاً" بمعنی اعطیا ہے۔ "قالتا اتینا طائعین" ای اعطینا منہال نے سعید کے واسطہ سے بیان کیا کہ ایک شخص نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں قران میں بہت سی آیتیں ایک دوسرے کے خلاف پاتا ہوں۔ مثلاً آیت "اس دن (قیامت کے دن) ان کے درمیان کوئی رشتہ ناطہ باقی نہیں رہے گا۔ اور وہ باہم ایک دوسرے سے پوچھیں گے" (کے خلاف ہے) اسی طرح ایک آیت میں ہے کہ "وہ اللہ سے کوئی بات نہیں چھپائیں گے۔" لیکن دوسری آیت میں ان کا یہ قول نقل ہوا ہے کہ "اے ہمارے رب! ہم مشرکین میں سے نہیں تھے۔" اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنا مشرک ہونا چھپائیں گے۔" اسی طرح آیت "ام السماء بنا ھا ...... تا دحاھا" میں آسمان کو زمین سے پہلے پیدا کرنے کا ذکر ہے۔ جب کہ "ائنکم لتکفرون بالذی خلق الارض فی

مَضٰى فَقَالَ فَلَا اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ فِي النَّفْخَةِ الْاُوْلٰى ثُمَّ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰاتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ عِنْدَ ذٰلِكَ وَلَا يَتَسَآءَ لُوْنَ ثُمَّ فِي النَّفْخَةِ الْاٰخِرَةِ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَتَسَآءَ لُوْنَ وَاَمَّا قَوْلُه' مَاكُنَّا مُشْرِكِيْنَ وَلَايَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ لِاَهْلِ الْاِخْلَاصِ ذُنُوْبَهُمْ وَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ تَعَالَوْا نَقُوْلُ لَمْ نَكُنْ مُشْرِكِيْنَ فَخَتَمَ عَلٰى اَفْوَاهِمْ فَتَنْطِقُ اَيْدِيْهِمْ فَعِنْدَ ذٰلِكَ عُرِفَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يُكْتَمُ حَدِيْثًا وَّ عِنْدَه' يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الْاٰيَةَ وَخَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ خَلَقَ السَّمَآءَ ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰ هُنَّ فِيْ يَوْمَيْنِ اٰخَرَيْنِ ثُمَّ دَحَا الْاَرْضَ وَدَحْوُهَا اَنْ اَخْرَجَ مِنْهَا الْمَآءَ وَالْمَرْعٰى وَخَلَقَ الْجِبَالَ وَالْجِمَالَ وَالْاٰكَامَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ يَوْمَيْنِ اٰخَرَيْنِ فَذٰلِكَ قَوْلُه' دَحَاهَا وَقَوْلُه' خَلَقَ الْاَ رْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَجُعِلَتِ الْاَ رْضُ وَمَا فِيْهَا مِنْ شَيْءٍ فِيْ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ وَّخُلِقَتِ السَّمٰوٰاتُ فِيْ يَوْمَيْنِ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا سَمّٰى نَفْسَه' ذٰلِكَ وَذٰلِكَ قَوْلُه' اَيْ لَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يُرِدْ شَيْئًا اِلَّآ اَصَابَ بِهِ الَّذِيْٓ اَرَادَ فَلَا يَخْتَلِفُ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنُ فَاِنَّ كُلًّا مِّنْ عِنْدِاللّٰهِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَّمْنُوْنٌ مَحْسُوْبٌ اَقْوَا تَهَا اَرْزَاقَهَا فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا مِمَّا اُمِرَبِهٖ نَحِسَاتٍ مَشَائِيْمَ وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ عِنْدَ الْمَوْتِ اهْتَزَّتْ بِالنَّبَاتِ وَرَبَتْ وَارْتَفَعَتْ وَقَالَ غَيْرُه' مِنْ اَكْمَامِهَا حِيْنَ تَطْلُعُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ اَيْ بِعَمَلِيْ اَنَا مَحْقُوْقٌ بِهٰذَا سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ قَدَّرَهَا سَوَآءً فَهَدَيْنَا هُمْ دَلَلْنَا هُمْ عَلَى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ كَقَوْلِهٖ وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ وَكَقَوْلِهٖ هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ وَالْهُدٰى الَّذِيْ هُوَ الْاِرْشَادُ بِمَنْزِلَةِ اَصْعَدْنَاهُ مِنْ ذٰلِكَ قَوْلُه'

یومین" تا "طائعین" میں زمین کو آسمان سے پہلے پیدا کرنے کا ذکر ہے۔ ایک آیت میں ہے کہ "وکان اللّٰہ غفوراً رحیماً" دوسری جگہ "وکان اللّٰہ عزیزاً حکیماً" تیسری جگہ ہے "سمیعاً بصیراً" ان آیات سے تو معلوم ہوتا ہے کہ اللہ میں یہ صفات پہلے تھیں لیکن اب نہیں ہیں، ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آیت "قیامت کے دن ان کے درمیان کوئی رشتہ ناطہ نہیں رہے گا" نفخہ اولیٰ (پہلی مرتبہ صور پھونکے جانے) کے بعد کا ذکر ہے۔ ارشاد ہے کہ "پھر صور پھونکا جائے گا تو اس سے ان تمام پر بے ہوشی طاری ہو جائے گی جو آسمانوں اور زمینوں میں ہوں گے سوا ان کے جنہیں اللہ چاہے گا اس وقت ان میں کوئی رشتہ ناطہ نہیں رہے گا اور نہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں گے۔" پھر جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو "ان میں بعض بعض کی طرف متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے پوچھیں گے۔" دوسرا اشکال یعنی ایک طرف یہ آیت کہ "وہ اللہ سے کوئی بات نہیں چھپائیں گے" اور دوسری طرف مشرکین کا یہ کہنا کہ "ہم مشرکین میں سے نہیں تھے" اس میں صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اخلاص والوں کے گناہ معاف کر دیگا۔ مشرکین کہیں گے کہ آؤ ہم بھی کہیں کہ "ہم مشرکین میں سے نہیں تھے" (تاکہ ہمارے بھی گناہ معاف ہو جائیں) اللہ اس وقت ان کے منہ پر مہر لگا دے گا اور ان کے ہاتھ پاؤں بول پڑیں گے (اور ان کے شرک کی گواہی دیں گے) اس وقت معلوم ہو جائے گا کہ اللہ سے کوئی بات نہیں چھپائی جا سکتی۔ اور اس وقت کفار خواہش کریں گے" آخر آیت تک۔ زمین و آسمان کے پیدا کرنے کے سلسلہ میں صورت یہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے زمین پیدا کی دو دنوں میں، پھر آسمان پیدا کیا۔ پھر آسمان کی طرف توجہ فرمائی اور انہیں بھی برابر کیا۔ دوسرے دنوں میں، پھر زمین کو برابر کیا، اس کا برابر کرنا یہ تھا کہ اس میں پانی اور چراگاہیں پیدا کیں، پہاڑ پیدا کئے اور اونٹ اور ٹیلے پیدا کئے اور وہ سب چیزیں پیدا کیں جو آسمانوں اور زمین کے درمیان ہیں یہ بھی دو دن میں ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "دحاہا" میں یہی بیان ہوا ہے۔ "وخلق الارض فی یومین" (بھی صحیح ہے) لیکن زمین اور جو کچھ اس کے اندر ہے سب کی پیدائش چار دن میں ہوئی۔ (اس پیدائش میں دو ابتدائی دن لگے اور دو آخری) اور آسمانوں کو دو دن میں پیدا کیا "وکان اللّٰہ غفوراً رحیما" یا اس جیسی آیتوں

اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدَا هُمُ اقْتَدِهْ' یُوْزَعُوْنَ یُکَفُّوْنَ مِنْ اَکْمَامِهَا قِشْرُ الْکُفُرّٰی هِیَ الْکُمُّ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ اَلْقَرِیْبُ مِنْ مَّحِیْصٍ حَاصَ حَادَ مِرْیَةٌ وَمُرْیَةٌ وَاحِدٌ اَیْ اِمْتِرَآءٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ اَلْوَعِیْدُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ اَلصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْاِسَآءَ ةِ فَاِذَا فَعَلُوْهُ عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ کَاَنَّه' وَلِیٌّ حَمِیْمٌ وَمَاکُنْتُمْ تَسْتَکْبِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْکُمْ سَمْعُکُمْ وَلَآاَبْصَارُکُمْ وَلَا جُلُوْدُکُمْ وَلٰکِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَایَعْلَمُ کَثِیْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ

کے متعلق جوتم نے کہا ہے تو اللہ تعالیٰ نے خود اپنا نام ان صفات پر رکھا ہے اور یہی اس کا ارشاد ہے یعنی یہ کہ وہ ہمیشہ ان صفات کے ساتھ متصف رہے گا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جب بھی کسی پر رحم کرنا چاہے گا تو اس کی رحمت اس شخص تک لازماً پہنچے گی۔ قرآن مجید کے مضامین کو باہم ایک دوسرے کے خلاف نہ بناؤ۔ کیونکہ سب اللہ کی طرف سے ہے۔ مجھ سے یہ حدیث یوسف بن عدی نے بیان کی، ان سے عبداللہ بن عمرؓ نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن ابی انیسہ نے اور ان سے منہال نے اور ماجدہ نے کہا کہ ''ممنون'' بمعنی محسوب۔ ''اقواتها'' اے ارزاقها۔ ''في كل سماء امرها'' یعنی جن کا حکم دیا گیا ہے ''نحسات'' یعنی نامبارک، برے۔ ''وقيضنا لهم قرناء'' اى قرنا هم بهم. ''تنزل عليهم الملائكة'' اى عند الموت ''اهتزت'' اى بالنبات ''وربت'' بمعنی ارتفعت۔ غیر مجاہد نے کہا کہ ''من اكمامها'' جب وہ کھلتا ہے ''ليقولن هذالى'' اى بعملى. مطلب یہ ہے کہ ''میں اس کا اپنے عمل اور علم کی بناء پر مستحق ہوں۔'' ''سواء للسائلين'' اى قدرها سواء. ''فهدينا هم'' یعنی ہم نے انہیں خیر اور شر کا راستہ بتا دیا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ''وهديناه النجدين'' اور ایک دوسرے موقعہ پر ارشاد ہے ''هديناه السبيل'' ہدایت جو ارشاد کے معنی میں ہے۔ اس کا مفہوم، منزل مقصود تک پہنچا دینا ہے۔ اس معنی میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے کہ ''اولئک الذين هداهم اللّٰه فبهداهم اقتده'' ''يوزعون'' اى يكفون. ''من اكمامها'' مراد خوشہ کے اوپر کا چھلکا ہے اسے ''کم'' کہتے ہیں ''ولى حميم'' اى القريب. ''من محيص'' حاص عنه سے مشتق ہے بمعنی بھاگا ''مریہ'' اور ''مریہ'' ایک معنی میں ہیں یعنی شک' مجاہدؒ نے فرمایا کہ ''اعملوا ما شئتم'' وعید ہے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ''بالتى هى احسن'' کا مفہوم ہے کہ غصہ کے وقت صبر سے کام لینا۔ ناگواری پیش آئے تو معاف کرنا۔ جب وہ عفو اور صبر سے کام لیں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں محفوظ رکھے گا اور ان کے دشمن کو ان کے سامنے جھکا دے گا، وہ ایسا ہو جائے گا جیسا ولی دوست ہوا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد اور تم اس بات سے اپنے کو چھپا ہی نہیں سکتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری جلدیں گواہی دیں گی بلکہ تمہیں تو یہ خیال تھا کہ اللہ کو بہت سی ان چیزوں کی خبر ہی نہیں

جنہیں تم کرتے رہے۔

(۱۹۲۶) حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ ابْنُ زُرَيْعٍ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ اَلْاٰيَةَ كَانَ رَجُلَانِ مِنْ قُرَيْشٍ وَّخَتَنٌ لَّهُمَا مِنْ ثَقِيْفٍ اَوْرَجُلَانِ مِنْ ثَقِيْفٍ وَّخَتَنٌ لَّهُمَا مِنْ قُرَيْشٍ فِىْ بَيْتٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَتَرَوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ حَدِيْثَنَا قَالَ بَعْضُهُمْ يَسْمَعُ بَعْضَه' وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَئِنْ كَانَ يَسْمَعُ بَعْضَه' لَقَدْ يَسْمَعُ كُلَّه' فَاُنْزِلَتْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا اَبْصَارُكُمْ اَلْاٰيَةَ وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمْ اَلْاٰيَةَ

۱۹۲۶۔ ہم سے صلت بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یزید بن زریع نے حدیث بیان کی، ان سے روح بن قاسم نے، ان سے منصور نے، ان سے مجاہد نے، ان سے ابومعمر نے اور ان سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے آیت ''اور تم اس بات سے اپنے کو چھپا نہیں سکتے تھے کہ تمہارے کان گواہی دیں گے...... الخ کے متعلق فرمایا کہ قریش کے دو افراد اور بیوی کی طرف سے ان کا قبیلہ ثقیف کا کوئی رشتہ دار یا ثقیف کے دو افراد تھے اور بیوی کی طرف سے ان کا قریش کا کوئی رشتہ دار۔ بہر حال یہ خانہ کعبہ کے پاس بیٹھے تھے۔ ان میں سے بعض نے کہا کہ کیا تمہارا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری باتیں سنتا ہوگا ایک نے کہا کہ بعض باتیں سنتا ہے، دوسرے نے کہا کہ اگر بعض باتیں سن سکتا ہے تو سب سنتا ہوگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ''اور تم اس بات سے اپنے کو چھپا ہی نہیں سکتے تھے کہ تمہارے خلاف تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں گواہی دیں گی'' آخر آیت تک۔ ''اور یہ تمہارا گمان ہے الخ۔

(۱۹۲۷) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنْ اَبِىْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اجْتَمَعَ عِنْدَالْبَيْتِ قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِىٌّ اَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِىٌّ كَثِيْرَةٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ قَلِيْلَةٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَتَرَوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ قَالَ الْاٰخَرُ يَسْمَعُ اِنْ جَهَرْنَا وَلَا يَسْمَعُ اِنْ اَخْفَيْنَا وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنْ كَانَ يَسْمَعُ اِذَا جَهَرْنَا فَاِنَّه' يَسْمَعُ اِذَا اَخْفَيْنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ اَلْاٰيَةَ وَكَانَ سُفْيَانُ يُحَدِّثُنَا بِهٰذَا فَيَقُوْلُ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ اَوِابْنُ اَبِىْ نَجِيْحٍ اَوْحُمَيْدٌ اَحَدُهُمْ اَوِاثْنَانِ مِنْهُمْ ثُمَّ ثَبَتَ عَلٰى مَنْصُوْرٍ وَتَرَكَ ذٰلِكَ مِرَارًا غَيْرَ وَاحِدَةٍ

۱۹۲۷۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے مجاہد نے، ان سے ابومعمر نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ خانہ کعبہ کے پاس دو قریشی اور ایک ثقفی یا ایک قریشی اور دو ثقفی بیٹھے ہوئے تھے ان کے پیٹ بہت پھولے ہوئے تھے لیکن دل سمجھ سے عاری تھے ایک نے ان میں سے کہا تمہارا کیا خیال ہے، کیا اللہ ہماری باتوں کو سنتا ہے؟ دوسرے نے کہا اگر ہم زور سے باتیں کریں تو سنتا ہے لیکن آہستہ آہستہ بولیں تو نہیں سنتا۔ تیسرے نے کہا کہ اگر اللہ زور سے بولنے پر سن سکتا ہے تو آہستہ بولنے پر بھی سنتا ہوگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اور تم اس بات سے اپنے کو چھپا ہی نہیں سکتے تھے کہ تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری جلدیں گواہی دیں'' آخر آیت تک۔ سفیان ہم سے یہ حدیث بیان کرتے تھے۔ اور کہا کہ ہم سے منصور نے یا ابن ابی نجیح نے یا حمید نے، ان میں سے کسی ایک نے یہ حدیث بیان کی۔ پھر آپ منصور ہی کا ذکر کرتے تھے اور دوسروں کا ذکر ایک سے زیادہ مرتبہ نہیں کیا۔

باب ۸۲۱. قَوْلِهٖ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ اَلْاٰيَةَ

۸۲۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سو یہ لوگ اگر صبر کریں جب بھی دوزخ ہی ان کا ٹھکانہ ہے۔''

(۱۹۲۸) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِىٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى

۱۹۲۸۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بِنَحْوِهٖ

بیان کی، ان سے سفیان ثوری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے منصور نے حدیث بیان کی، ان سے مجاہد نے، ان سے ابو معمر نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے سابقہ حدیث کی طرح۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ

باب ۸۲۲. وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَقِيْمًا لَاتَلِدُ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا اَلْقُرْآنُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ يَذْرَأُكُمْ فِيْهِ نَسْلٌ بَعْدَ نَسْلٍ لَاحُجَّةَ بَيْنَنَا لَاخُصُوْمَةَ طَرْفٍ خَفِيٍّ ذَلِيْلٍ وَقَالَ غَيْرُهٗ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ يَتَحَرَّكْنَ وَلَايَجْرِيْنَ فِي الْبَحْرِ شَرَعُوا ابْتَدَعُوْا

۸۲۲۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ''عقیما'' کے معنی لاتلد منقول ہیں۔ ''روحاً من امرنا'' سے مراد قرآن ہے۔ مجاہد نے فرمایا۔ ''یذرأ کم فیه'' یعنی نسل در نسل تمہیں رحم میں پیدا کرتا رہے گا۔ "لاحجة بيننا" ای لاخصومة. "طرف خفي" ای ذلیل، غیر مجاہد نے کہا کہ "فيظللن رواکد علیٰ ظهره" یعنی موجوں کے ساتھ حرکت کرتے ہیں، سمندر میں بہہ نہیں جاتے۔ "شرعوا" ای ابتدعوا.

باب ۸۲۳. قَوْلِهٖ اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى

۸۲۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سوا رشتہ داری کی محبت کے۔''

(۱۹۲۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِالْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ طَاؤُسًا عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهٖ اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ قُرْبٰى اٰلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَجِلْتَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اِلَّاكَانَ لَهٗ فِيْهِمْ قَرَابَةٌ فَقَالَ اِلَّا اَنْ تَصِلُوْا مَابَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ مِّنَ الْقَرَابَةِ

۱۹۲۹۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے، ان سے عبدالملک بن میسرہ نے بیان کیا کہ میں نے طاؤس سے سنا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''سوا رشتہ داری کی محبت کے'' کے متعلق پوچھا گیا تو سعید بن جبیر نے فرمایا کہ آل محمد ﷺ کی رشتہ داری مراد ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس پر فرمایا کہ تم نے جلد بازی کی۔ قریش کی کوئی شاخ نہیں تھی جس میں آنحضور ﷺ کی رشتہ داری نہ رہی ہو۔ آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں تم سے صرف یہ چاہتا ہوں کہ تم اس رشتہ داری کی وجہ سے صلہ رحمی کا معاملہ کرو جو میرے اور تمہارے درمیان میں قائم ہے۔

حٰمٓ الزُّخْرُفِ

باب ۸۲۴. وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَلٰى اُمَّةٍ عَلٰى اِمَامٍ وَقِيْلِهٖ يَارَبِّ تَفْسِيْرُهٗ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَانَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰهُمْ وَلَانَسْمَعُ قِيْلَهُمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَلَوْلَا اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَوْلَآ اَنْ جَعَلَ النَّاسَ كُلَّهُمْ كُفَّارًا لَجَعَلْتُ لِبُيُوْتِ الْكُفَّارِ سَقْفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَا رِجَ مِنْ فِضَّةٍ وَّهِيَ دَرَجٌ وَّسُرُرُ فِضَّةٍ مُقْرِنِيْنَ مُطِيْقِيْنَ اٰسَفُوْنَا اَسْخَطُوْنَا يَعْشُ يَعْمٰى وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ اَيْ تُكَذِّبُوْنَ

۸۲۴۔ مجاہد نے فرمایا کہ علیٰ امة ای علیٰ امام۔ "وقيله يارب" کی تفسیر یہ ہے کہ ''کیا ان کا یہ خیال ہے کہ ہم ان کے رازوں کو اور ان کی سرگوشیوں کو نہیں سن رہے ہیں اور ہم ان کی باتوں سے غافل ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ سب لوگ ایک ہی طریقہ کے ہو جائیں گے تو جو لوگ خدائے رحمٰن سے کفر کرتے ہیں ان کے گھروں کی چھتیں ہم چاندی کی کر دیتے اور زینے بھی''، یعنی چاندی کے کر دیتے۔ "مقرنين" ای مطیعين. "آسفونا" ای اسخطونا "یعش" ای یعمیٰ. مجاہد نے فرمایا کہ "افنضرب عنکم الذکر"

بِالْقُرْاٰنِ ثُمَّ لَاتُعَاقَبُوْنَ عَلَيْهِ وَمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ مُقْرِنِيْنَ يَعْنِى الْإِبِلَ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ الْجَوَارِى جَعَلْتُمُوْهُنَّ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا فَكَيْفَ تَحْكُمُوْنَ لَوْشَآءَ الرَّحْمٰنُ مَاعَبَدْنَاهُمْ يَعْنُوْنَ الْاَوْثَانَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَالَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ اَىِ الْاَوْثَانِ اِنَّهُمْ لَايَعْلَمُوْنَ فِىْ عَقِبِهٖ وَلَدِهٖ مُقْتَرِنِيْنَ يَمْشُوْنَ مَعًا سَلَفًا قَوْمُ فِرْعَوْنَ سَلَفًا لِكُفَّارِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَثَلاً عِبْرَةً يَصِدُّوْنَ يَضِجُّوْنَ مُبْرِمُوْنَ مُجْمِعُوْنَ اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّنِىْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ الْعَرَبُ تَقُوْلُ نَحْنُ مِنْكَ الْبَرَآءُ وَالْخَلَآءُ وَالْوَاحِدُ وَالْاِثْنَانِ وَالْجَمِيْعُ مِنَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ يُقَالُ فِيْهِ بَرَآءٌ لِاَنَّهٗ مَصْدَرٌ وَلَوْ قَالَ بَرِىْءٌ لَقِيْلَ فِى الْاِثْنَيْنِ بَرِيْئَانِ وَفِى الْجَمِيْعِ بَرِيْئُوْنَ وَقَرَأَ عَبْدُاللّٰهِ اِنَّنِىْ بَرِىْءٌ بِالْيَآءِ وَالزُّخْرُفُ الذَّهَبُ مَلٰٓئِكَةٌ يَخْلُفُوْنَ يَخْلُفُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا وَنَادَوْا يَامَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ الْاٰيَةَ

مفہوم یہ ہے کہ تم قرآن کو جھٹلاتے رہو اور پھر بھی تمہیں سزا نہ دی جائے۔ "ومضیٰ مثل الاولین" ای سنة الاولین. "مقرنین" سے اشارہ اونٹ، گھوڑے، خچر اور گدھوں کی طرف ہے۔ "ینشأ فی الحلیة" یعنی لڑکیاں جنہیں تم اللہ کی اولاد کہتے ہو۔ یہ تمہارا فیصلہ آخر کس بنیاد پر ہے۔ "لوشاء الرحمٰن ماعبدناہم" میں مراد بتوں سے ہے کہ اگر اللہ چاہتا تو یہ ان کی عبادت نہ کرتے، بوجہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد "مالھم بذلک من علم" کے۔ مطلب یہ ہے کہ بتوں کو کوئی علم نہیں ہے "فی عقبه" ای ولده. "مقرنین" ای یمشون معاً. "سلفاً" سے مراد قوم فرعون ہے۔ یعنی محمد ﷺ کی امت کے کفار کے لئے وہ پیشرو اور نمونہ عبرت ہے۔ "یصدون" ای یضجون. "مبرمون" ای مجمعون. "اول العابدین" ای اول المؤمنین. "اننی براء مما تعبدون" عرب یہ محاورہ استعمال کرتے تھے۔ کہتے تھے۔ نحن منک البراء والخلاء۔ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر اور مؤنث سب کے لئے "براء" استعمال ہوتا ہے کیونکہ یہ مصدر ہے۔ البتہ اگر "بریٔ" استعمال کریں، تو تثنیہ کے لئے "بریٔان" اور جمع کے لئے "بریٔون" استعمال کرنا ہوگا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کی قراءت "انی بریٔ" کی ہے۔ یاء کے ساتھ "الزخرف" بمعنی سونا ہے۔ "ملائکة یخلفون" یعنی بعض بعض کے پیچھے آئے گا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور یہ لوگ پکاریں گے، کہ اے مالک (داروغہ جہنم) تمہارا پروردگار ہمارا کام ہی تمام کردے۔ وہ کہے گا کہ تمہیں تو اسی حال میں پڑا رہنا ہے۔"

(۱۹۳۰) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَآءٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَى الْمِنْبَرِ وَنَادَوْا يَامَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ وَقَالَ قَتَادَةُ مَثَلاً لِلْاٰخِرِيْنَ عِظَةً وَقَالَ غَيْرُهٗ مُقْرِنِيْنَ ضَابِطِيْنَ يُقَالُ فُلَانٌ مُقْرِنٌ لِفُلَانٍ ضَابِطٌ لَهٗ وَالْاَكْوَابُ الْاَبَارِيْقُ الَّتِىْ لَاخَرَاطِيْمَ لَهَا وَقَالَ قَتَادَةُ اُمُّ الْكِتَابِ اَىْ اَصْلُ الْكِتَابِ اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ اَىْ مَاكَانَ لِلّٰهِ وَلَدٌ فَاَنَا اَوَّلُ الْاٰنِفِيْنَ وَهُمَا لُغَتَانِ رَجُلٌ عَابِدٌ وَعَبِدٌ وَقَرَأَ عَبْدُاللّٰهِ وَقَالَ الرَّسُوْلُ

۱۹۳۰۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی۔ ان سے سفیان بن عیینہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے عطاء نے، ان سے صفوان بن یعلیٰ نے اور ان سے ان کے والد نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو منبر پر یہ آیت پڑھتے سنا "اور یہ لوگ پکاریں گے کہ اے مالک تمہارا پروردگار ہمارا کام ہی تمام کردے" اور قتادہ نے فرمایا کہ "مثلاً للآخرین کا مفہوم ہے "نصیحت اپنے بعد والوں کے لئے"۔ اور قتادہ نے کہا کہ "مقرنین" ای ضابطین. فلان مقرن لفلان ای ضابطله "الاکواب" یعنی بغیر ٹونٹی کے لوٹے۔ قتادہ نے فرمایا کہ "ام الکتاب" سے مراد اصل کتاب ہے "اول العابدین" کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ کی کوئی اولاد نہیں۔ اور اس کا انکار کرنے والا سب سے پہلے میں

يَارَبِّ وَيُقَالُ اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ الْجَاحِدِيْنَ مِنْ عَبِدَ يَعْبُدُ اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اِنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ مُشْرِكِيْنَ وَاللّٰهِ لَوْاَنَّ هٰذَا الْقُرَاٰنَ رُفِعَ حَيْثُ رَدَّهٗ اَوَائِلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ لَهَلَكُوْا فَاَهْلَكْنَا اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ عَقُوْبَةُ الْاَوَّلِيْنَ جُزْءً عِدْلًا

ہوں۔"رجل عابد وعبد" دولغت ہیں اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے (بجائے وقیل یارب کے) "وقال الرسول یارب" قرأت کی ہے۔ بولتے ہیں "اول العابدین" ای الجاحدین. عبد یعبد سے "افنضرب عنکم الذکر صفحا ان کنتم قوماً مسرفین" میں مسرفین سے مراد (جیسا کہ قتادہ نے فرمایا، مشرکین ہیں۔ واللہ اگر یہ قرآن اٹھالیا جاتا۔ جب کہ ابتداء میں قریش نے اسے رد کر دیا تھا۔ تو سب ہلاک ہو جاتے۔ "فاھلکنا اشد منھم بطشا" "ومضیٰ مثل الاولین" سے مراد عقوبة الاولین. "جزء" ای عدلاً.

سُوْرَةُ الدُّخَانِ

سورة الدخان

باب ۱۸۲۵. وَقَالَ مُجَاهِدٌ رَهْوًا طَرِيْقًا يَابِسًا عَلَى الْعَالَمِيْنَ عَلٰى مَنْ بَيْنَ ظَهْرَيْهِ فَاعْتِلُوْهُ اِدْفَعُوْهُ وَزَوَّجْنَاهُمْ بِحُوْرٍ اَنْكَحْنَاهُمْ حُوْرًا عِيْنًا يُحَارُ فِيْهَا الطَّرْفُ تَرْجُمُوْنَ اَلْقَتْلَ وَرَهْوًا سَاكِنًا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَالْمُهْلِ اَسْوَدَ كَمُهْلِ الزَّيْتِ وَقَالَ غَيْرُهٗ تُبَّعٍ مُلُوْكُ الْيَمَنِ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يُسَمّٰى تُبَّعًا لِاَنَّهٗ يَتْبَعُ صَاحِبَهٗ وَالظِّلُّ يُسَمّٰى تُبَّعًا لِاَنَّهٗ يَتْبَعُ الشَّمْسَ

۸۲۵۔ مجاہد نے فرمایا کہ "رھواً" ای طریقاً یا بساً. علی العالمین ای علی من بین ظھریه. "فاعتلوہ" ای ادفعوہ. "وزوجناھم بحور" یعنی ہم ان کا نکاح بڑی آنکھوں والی حوروں سے کریں گے جنہیں دیکھ کر آنکھیں حیرت زدہ رہ جاتی ہوں۔ "ترجمون" ای القتل. "رھواً" ای ساکنا. ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کالمہل یعنی سیاہ زیتون کے تیل کی تلچھٹ جیسا۔ غیر ابن عباسؓ نے فرمایا کہ "تبع" یمن کے بادشاہوں کو کہتے تھے ہر ایک کو "تبع" کہتے ہیں کیونکہ وہ اپنے جانے والے صاحب کے بعد آتا تھا، سایہ کو بھی اس مناسبت سے "تبع" کہتے ہیں کہ وہ سورج کے تابع ہے۔

باب۸۲۶: فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ قَالَ قَتَادَةُ فَارْتَقِبْ فَانْتَظِرْ

(۱۹۳۱) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ مَضٰى خَمْسٌ اَلدُّخَانُ وَالرُّوْمُ وَالْقَمَرُ اَلْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ

۸۲۶۔ پس آپ انتظار کیجئے اس روز کا جب آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو۔ قتادہ نے فرمایا، کہ "فارتقب" ای فانتظر.

۱۹۳۱۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش نے، ان سے مسلم نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ (قیامت کی) پانچ علامتیں گذر چکی ہیں۔ "الدخان" دھواں۔ "الروم" (غلبہ روم) "القمر" چاند کا ٹکڑے ہونا۔) "البطشة" پکڑ۔ اور "اللزام" (ہلاکت اور قید)

باب۸۲۷. قَوْلِهٖ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ

۸۲۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ان سب لوگوں پر چھا جائے۔ یہ ایک عذاب دردناک ہوگا۔"

(۱۹۳۲) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْمُعٰوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ

۱۹۳۲۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابومعاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے مسلم نے، ان سے مسروق نے

اِنَّمَا كَانَ هٰذَا لِاَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا اسْتَعْصَوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَلَيْهِمْ بِسِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ فَاَصَابَهُمْ قَحْطٌ وَجَهْدٌ حَتّٰى اَكَلُوا الْعِظَامَ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ اِلَى السَّمَآءِ فَيَرٰى مَابَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجُهْدِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ قَالَ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اسْتَسْقِ اللّٰهَ لِمُضَرَ فَاِنَّهَا قَدْ هَلَكَتْ قَالَ لِمُضَرَ اِنَّكَ لَجَرِيْءٌ فَاسْتَسْقٰى فَسُقُوْا فَنَزَلَتْ اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ فَلَمَّا اَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ عَادُوْا اِلٰى حَالِهِمْ حِيْنَ اَصَابَتْهُمُ الرَّفَاهِيَةُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ قَالَ يَعْنِيْ يَوْمَ بَدْرٍ

بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ (قحط) اس لئے پڑا تھا کہ قریش نے جب رسول اللہ ﷺ کی دعوت کو قبول کرنے کی بجائے شرک پر جمے رہے تو آپ ﷺ نے ان کے لئے ایسے قحط کی بددعا کی جیسا یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں پڑا تھا۔ چنانچہ قحط اور مصیبت کا شدید دور آیا اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ لوگ ہڈیاں تک کھانے پر مجبور ہوگئے۔ لوگ آسمان کی طرف نظریں اٹھاتے لیکن بھوک اور فاقہ کی شدت کی وجہ سے دھوئیں کے سوا اور کچھ نظر نہ آتا اسی کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''تو آپ انتظار کیجئے اس روز کا جب آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو جو لوگوں پر چھا جائے۔ یہ ایک دردناک عذاب ہوگا'' بیان کیا کہ پھر ایک صاحب حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ قبیلہ مضر کے لئے بارش کی دعا کیجئے کہ وہ برباد ہو چکے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا مضر کے حق میں دعا کے لئے کہتے ہو۔ تم بڑے جری ہو۔ آخرالامر آنحضور ﷺ نے ان کے لئے دعا کی اور بارش ہوئی۔ اس پر آیت ''انکم عائدون'' نازل ہوئی۔ (یعنی اگرچہ تم نے ایمان کا وعدہ کیا ہے لیکن تم کفر کی طرف پھر لوٹ جاؤ گے)۔ چنانچہ جب پھر ان میں خوشحالی ہوئی تو شرک کی طرف لوٹ گئے (اور اپنے ایمان کے وعدہ کو بھلا دیا) اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''جس روز ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے (اس روز ہم پورا بدلہ لیں گے'' بیان کیا اس آیت سے مراد بدر کی لڑائی ہے۔

باب۱۸۲۸ قَوْلِهٖ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ

۱۸۲۸۔ اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو دور کیجئے۔ ہم ضرور ایمان لے آئیں گے۔

(۱۹۳۳) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ اَنْ تَقُوْلَ لِمَا لَا تَعْلَمُ اَللّٰهُ اَعْلَمُ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ اَنَّ قُرَيْشًا لَمَّا غَلَبُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ اَكَلُوْا فِيْهَا الْعِظَامَ الْمَيْتَةَ مِنَ الْجُهْدِ حَتّٰى جَعَلَ اَحَدُهُمْ يَرٰى مَابَيْنَهٗ

۱۹۳۳۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی۔ ان سے وکیع نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ بھی علم ہی ہے کہ تمہیں اگر کوئی بات معلوم نہیں ہے تو (اس کے متعلق اپنی لاعلمی ظاہر کردو) اور کہہ دو کہ اللہ ہی زیادہ جاننے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا کہ ''آپ اپنی قوم سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں اور نہ میں بناوٹی باتیں کرتا ہوں۔ جب قریش حضور اکرم ﷺ کو تکلیف پہنچانے اور آپ کے ساتھ معاندانہ روش میں برابر بڑھتے ہی رہے تو آپ نے ان کے لئے بددعا

وَبَيْنَ السَّمَآءِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ مِنَ الْجُوْعِ قَالُوْا رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ فَقِيْلَ لَه‘ اِنْ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَادُوْا فَدَعَا رَبَّه‘ فَكَشَفَ عَنْهُمْ فَعَادُوْا فَانْتَقَمَ اللّٰهُ مِنْهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ فَذٰلِكَ قَوْلُه‘ تَعَالٰى يَوْمَ تَاْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ اِلٰى قَوْلِهٖ جَلَّ ذِكْرُه‘ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ

کی کہ ''اے اللہ ان کے خلاف میری مدد ایسے قحط کے ذریعہ کیجئے جیسا کہ یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں پڑا تھا۔ چنانچہ قحط پڑا۔ اور بھوک اور فاقہ کی شدت کا یہ عالم تھا کہ لوگ ہڈیاں اور مردار کھانے پر مجبور ہو گئے۔ لوگ آسمان کی طرف دیکھتے تھے لیکن فاقہ کی وجہ سے دھویں کے سوا اور کچھ نظر نہ آتا تھا۔ آخر انہوں نے کہا کہ ''اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو دور کیجئے، ہم ضرور ایمان لے آئیں گے، لیکن اللہ تعالیٰ نے ان سے کہہ دیا تھا کہ اگر ہم نے یہ عذاب دور کر دیا تو پھر تم اسی اپنی پہلی حالت پر لوٹ آؤ گے۔ حضور اکرم ﷺ نے پھر ان کے حق میں دعا کی اور یہ عذاب ان سے ہٹ گیا لیکن وہ پھر بھی کفر و شرک ہی پر جمے رہے۔ اس کا بدلہ اللہ تعالیٰ نے بدر کی لڑائی میں لیا۔ یہی واقعہ آیت ''جس روز آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہوگا'' سے ''ہم ضرور انتقام لیں گے'' تک بیان ہوا ہے۔

باب ۸۲۹ قَوْلِهٖ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَ هُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ اَلذِّكْرَ وَالذِّكْرٰى وَاحِدٌ

۸۲۹۔ ''ان کو کب اس سے نصیحت ہوتی ہے۔ حالانکہ ان کے پاس پیغمبر کھلے ہوئے دلائل کے ساتھ آچکا ہے۔'' ''الذکر، اور الذکری'' ہم معنی ہیں۔

(۱۹۳۴) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَعَا قُرَيْشًا كَذَّبُوْهُ وَاسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَصَابَتْهُمْ سَنَةٌ حَصَّتْ يَعْنِىْ كُلَّ شَىْءٍ حَتّٰى كَانُوْا يَاْكُلُوْنَ الْمَيْتَةَ فَكَانَ يَقُوْمُ اَحَدُهُمْ فَكَانَ يَرٰى بَيْنَه‘ وَبَيْنَ السَّمَآءِ مِثْلَ الدُّخَانِ مِنَ الْجَهْدِ وَالْجُوْعِ ثُمَّ قَرَاَ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِى السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ حَتّٰى بَلَغَ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ عَآئِدُوْنَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ اَفَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ وَالْبَطْشَةُ الْكُبْرٰى يَوْمَ بَدْرٍ

۱۹۳۴۔ ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی، ان سے جریر بن حازم نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے۔ ان سے ابوالضحیٰ نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے فرمایا کہ جب نبی کریم ﷺ نے قریش کو اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے آپ کو جھٹلایا اور آپ کے ساتھ سرکشی کی۔ آنحضور ﷺ نے ان کے لئے بددعا کی کہ اے اللہ! میری ان کے خلاف یوسف علیہ السلام جیسے قحط کے ذریعہ مدد کیجئے۔ قحط پڑا اور ہر چیز فنا ہوگئی۔ لوگ مردار کھانے لگے۔ کوئی شخص کھڑا ہو کر آسمان کی طرف دیکھتا تو بھوک اور فاقہ کی وجہ سے آسمان اور اس کے درمیان دھواں ہی دھواں نظر آتا تھا۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت شروع کی ''تو آپ انتظار کیجئے۔ اس روز کا جب آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو جو لوگوں پر چھا جائے۔ یہ ایک دردناک عذاب ہوگا...... تا ...... بے شک ہم چندے اس عذاب کو ہٹا لیں گے اور تم بھی اپنی پہلی حالت پر لوٹ آؤ گے'' عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا قیامت کے عذاب سے بھی وہ بچ سکیں گے؟ فرمایا کہ ''سخت پکڑ'' بدر کی لڑائی میں ہوئی تھی۔

باب ۸۳۰ قَوْلِهٖ ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ

۸۳۰۔ پھر بھی یہ لوگ اس سے سرتابی کرتے رہے اور یہی کہتے رہے کہ یہ

سکھایا ہوا ہے، دیوانہ ہے۔

(۱۹۳۵) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ وَمَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قُلْ مَآاَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاٰى قُرَيْشًا اِسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ فَاَخَذَتْهُمُ السَّنَةُ حَتّٰى حَصَّتْ كُلَّ شَيْءٍ حَتّٰى اَكَلُوا الْعِظَامَ وَالْجُلُوْدَ فَقَالَ اَحَدُهُمْ حَتّٰى اَكَلُوا الْجُلُوْدَ وَالْمَيْتَةَ وَجَعَلَ يَخْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ فَاَتَاهُ اَبُوْسُفْيَانَ فَقَالَ اَيْ مُحَمَّدُ اِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا فَادْعُوااللّٰهَ اَنْ يَّكْشِفَ عَنْهُمْ فَدَعَا ثُمَّ قَالَ تَعُوْدُوْا بَعْدَ هٰذَا فِيْ حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ ثُمَّ قَرَاَ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ اِلٰى عَآئِدُوْنَ اَيُكْشَفُ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ فَقَدْ مَضَى الدُّخَانُ وَالْبَطْشَةُ وَاللِّزَامُ وَقَالَ اَحَدُهُمُ الْقَمَرُ وَقَالَ الْاٰخَرُ الرُّوْمُ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ

۱۹۳۵۔ ہم سے بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہیں محمد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں سلیمان اور منصور نے، انہیں ابوالضحیٰ نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو مبعوث کیا اور آپ سے فرمایا کہ ''کہہ دیجئے کہ میں تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں۔ اور نہ میں بناوٹی باتیں کرنے والوں میں ہوں'' پھر جب آپ نے دیکھا کہ قریش عناد سے باز نہیں آتے تو آپ نے ان کے لئے بددعا کی کہ ''اے اللہ! ان کے خلاف میری مدد ایسے قحط سے کیجئے جیسا یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں پڑا تھا۔'' قحط پڑا اور ہر چیز تباہ ہوگئی۔ لوگ ہڈی اور چمڑے کھانے پر مجبور ہو گئے (سلیمان اور منصور راویان حدیث میں سے) ایک نے بیان کیا کہ ''وہ چمڑے اور مردار کھانے پر مجبور ہو گئے'' اور زمین سے دھواں سا نکلنے لگا۔ آخر ابوسفیان آئے اور کہا کہ اے محمد (ﷺ) آپ کی قوم ہلاک ہو چکی، اللہ سے دعا کیجئے کہ قحط ان سے دور کر دے'' آنحضور ﷺ نے دعا کی (اور قحط ختم ہوگیا) لیکن اس کے بعد پھر وہ کفر کی طرف لوٹ گئے۔ منصور کی روایت میں ہے کہ پھر آپ نے یہ آیت پڑھی ''تو آپ اس روز کا انتظار کیجئے جب آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو...... عائدون تک'' کیا آخرت کا عذاب بھی ان سے دور ہو سکے گا؟ ''دھواں'' اور ''سخت پکڑ'' اور ''ہلاکت'' گذر چکے۔ بعض نے ''چاند'' اور بعض نے ''غلبہ روم'' کا بھی ذکر کیا (کہ یہ بھی گذر چکا) جس روز ہم بڑی سخت پکڑ کریں گے (اس روز) ہم پورا بدلہ لے لیں گے۔''

(۱۹۳۶) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ خَمْسٌ قَدْ مَضَيْنَ اَللِّزَامُ وَالرُّوْمُ وَالْبَطْشَةُ وَالْقَمَرُ وَالدُّخَانُ

۱۹۳۶۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے مسلم نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پانچ (قرآن مجید کی پیشین گوئیاں) گذر چکی ہیں ''لزام'' (بدر کی لڑائی کی ہلاکت) ''الروم'' (غلبہ روم) ''البطشۃ'' (سخت پکڑ) ''القمر'' (چاند کا ٹکڑے ہونا) اور ''الدخان'' (دھواں) شدت فاقہ کی وجہ سے۔

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ

سورۂ جاثیہ

باب ۸۳۱. مُسْتَوْفِزِيْنَ عَلَى الرُّكَبِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ

۸۳۱۔ ''جاثیہ'' یعنی (خوف کی وجہ سے) دوزانو ہوں گے۔ مجاہد نے فرمایا

نَسْتَنْسِخُ نَكْتُبُ نَنْسَاكُمْ نَتْرُكُكُمْ

کہ "نستنسخ" بمعنی نکتب۔ "ننساکم" ای نترککم۔

باب ۸۳۲. قَوْلِهِ وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ الْاٰيَة

۸۳۲۔ "اور ہم کو تو صرف زمانہ ہی ہلاک کرتا ہے۔"

(۱۹۳۷) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يُؤْذِيْنِي ابْنُ اٰدَمَ يَسُبُّ الدَّهْرَ وَاَنَا الدَّهْرُ بِيَدِي الْاَمْرُ اُقَلِّبُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

۱۹۳۷۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے حدیث بیان کی، ان سے سعید ابن المسیب نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ابن آدم مجھے تکلیف پہنچاتا ہے۔ وہ زمانہ کو گالی دیتا ہے۔ حالانکہ میں ہی زمانہ ہوں۔ میرے ہی ہاتھ میں سب کچھ ہے، اللہ ہی رات اور دن کو ادلتا بدلتا رہتا ہے۔

سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ

سورۃ الاحقاف

باب ۸۳۳. وَقَالَ مُجَاهِدٌ تُفِيْضُوْنَ تَقُوْلُوْنَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اَثَرَةٍ وَّاُثْرَةٍ وَّاَثَارَةٍ بَقِيَّةِ عِلْمٍ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ لَسْتُ بِاَوَّلِ الرُّسُلِ وَقَالَ غَيْرُهٗ اَرَاَيْتُمْ هٰذِهِ الْاَلِفُ اِنَّمَا هِيَ تَوَعُّدٌ اَنْ صَحَّ مَاتَدْعُوْنَ لَايَسْتَحِقُّ اَنْ يُّعْبَدَ وَلَيْسَ قَوْلُهٗ اَرَاَيْتُمْ بِرُؤْيَةِ الْعَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَبَلَغَكُمْ اَنَّ مَاتَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ خَلَقُوْا شَيْئًا

۸۳۳۔ مجاہد نے فرمایا کہ "تفیضون" اے تقولون۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ "اثرۃ" اثرۃ اور اثارۃ بمعنی علم کا باقی ماندہ ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "بدعا من الرسل یعنی میں کوئی پہلا رسول نہیں ہوں۔ غیر ابن عباسؓ نے فرمایا کہ "ارایتم" میں ہمزہ استفہام تہدید کے لئے ہے یعنی اگر تمہارا دعویٰ صحیح ہو، پھر بھی وہ عبادت کئے جانے کا مستحق نہیں ہے (کیونکہ مخلوق کو عبادت صرف خالق کی کرنی چاہئے) "ارایتم" (بمعنی دیکھنے) سے نہیں ہے بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ کیا تمہیں معلوم ہے کیا تمہیں اس کی اطلاع پہنچی ہے کہ اللہ کے سوا تم جن کی عبادت کرتے ہو انہوں نے بھی کچھ پیدا کیا ہے؟

باب ۸۳۴. قَوْلِهِ وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَا اَتَعِدَانِنِيْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَاللّٰهِ حَقٌّ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ

۸۳۴۔ اور جس شخص نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تف ہے تم پر، کیا تم مجھے یہ خبر دیتے ہو کہ میں قبر سے نکالا جاؤں گا درآنحالیکہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکی ہیں اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کر رہے ہیں (اور اس اولاد سے کہہ رہے ہیں) ارے تیری کم بختی، تو ایمان لا۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ تو اس پر وہ کہتا کیا ہے کہ یہ تو بس اگلوں کے ڈھکوسلے ہیں۔

(۱۹۳۸) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ قَالَ كَانَ مَرْوَانُ عَلَى الْحِجَازِ اسْتَعْمَلَهٗ مُعَاوِيَةُ فَخَطَبَ فَجَعَلَ يَذْكُرُ يَزِيْدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ لِكَيْ يُبَايِعَ لَهٗ بَعْدَ اَبِيْهِ فَقَالَ لَهٗ عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ اَبِيْ بَكْرٍ شَيْئًا فَقَالَ خُذُوْهُ فَدَخَلَ بَيْتَ عَآئِشَةَ فَلَمْ يَقْدِرُوْا

۱۹۳۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسمٰعیل نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابو عوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو بشر نے، ان سے یوسف بن ماہک نے بیان کیا کہ مروان کو معاویہ رضی اللہ عنہ نے حجاز کا امیر (گورنر) بنایا تھا۔ اس نے ایک موقعہ پر خطبہ دیا اور خطبہ میں یزید بن معاویہ کا بار بار ذکر کیا تا کہ اس کے والد (حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ) کے بعد اس سے لوگ بیعت کریں۔ اس پر عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ نے اعتراضاً کچھ فرمایا۔

فَقَالَ مَرْوَانُ اِنَّ هٰذَا الَّذِیْ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِیْهِ وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَا اَتَعِدَانِنِیْ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ مِنْ وَّرَآءِ الْحِجَابِ مَاانْزَلَ اللّٰهُ فِیْنَا شَیْئًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ اِلَّا اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ عُذْرِیْ

مروان نے کہا کہ اسے پکڑلو۔عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ، عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں چلے گئے اور مروان نے کہا کہ اسی شخص کے بارے میں قرآن کی یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ ''جس شخص نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تف ہے تم پر، کیا تم مجھے خبر دیتے ہو۔'' اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ ہمارے (آل ابی بکرؓ) کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کوئی آیت نازل نہیں کی ہاں (تہمت سے) میری براءت ضرور نازل کی تھی۔

باب ۸۳۵. قَوْلِهٖ فَلَمَّا رَاَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ اَوْدِیَتِهِمْ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا بَلْ هُوَ مَااسْتَعْجَلْتُمْ بِهٖ رِیْحٌ فِیْهَا عَذَابٌ اَلِیْمٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَارِضٌ اَلسَّحَابُ

۸۳۵۔ ''پھر جب ان لوگوں نے بادل کو اپنی وادیوں کے مقابل آتے دیکھا تو بولے کہ یہ تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا۔نہیں بلکہ یہ تو وہ ہے جس کی تم جلدی مچایا کرتے تھے یعنی ایک آندھی جس میں دردناک عذاب ہے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عارض بمعنی بادل ہے۔

(۱۹۳۹) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنَا عَمْرٌو اَنَّ اَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهٗ عَنْ سُلَیْمَانَ ابْنِ یَسَارٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ مَارَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِكًا حَتّٰی اَرٰی مِنْهُ لَهَوَاتِهٖ اِنَّمَا كَانَ یَتَبَسَّمُ قَالَتْ وَكَانَ اِذَارَاٰی غَیْمًا اَوْرِیْحًا عُرِفَ فِیْ وَجْهِهٖ قَالَتْ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوُالْغَیْمَ فَرِحُوْا رَجَآءَ اَنْ یَّكُوْنَ فِیْهِ الْمَطَرُ وَاَرَاكَ اِذَا رَاَیْتَهٗ عُرِفَ فِیْ وَجْهِكَ الْكَرَاهِیَةُ فَقَالَ یَاعَآئِشَةُ مَا یُؤْمِنُنِیْ اَنْ یَّكُوْنَ فِیْهِ عَذَابٌ عُذِّبَ قَوْمٌ بِالرِّیْحِ وَقَدْ رَاٰی قَوْمٌ الْعَذَابَ فَقَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا

۱۹۳۹۔ ہم سے احمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن وہب نے حدیث بیان کی، انہیں عمرو نے خبر دی، ان سے ابوالنضر نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان بن یسار نے اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو کبھی اس طرح ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ کے حلق کا کوا نظر آ جائے بلکہ آپ تبسم فرمایا کرتے تھے، بیان کیا کہ جب بھی آپ بادل یا ہوا دیکھتے تو (گھبراہٹ اور اللہ کا خوف) آپ کے چہرے مبارک سے پہچان لیا جاتا۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! جب لوگ بادل دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں کہ اس سے بارش برسے گی لیکن اس کے برخلاف آپ کو میں دیکھتی ہوں کہ جب آپ بادل دیکھتے ہیں تو ناگواری کا اثر آپ کے چہرہ پر نمایاں ہو جاتا ہے آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اے عائشہ کیا ضمانت ہے کہ اس میں عذاب نہ ہو۔ایک قوم (عاد) پر ہوا کا عذاب آیا تھا انہوں نے عذاب دیکھا تو بولے کہ ''یہ تو بادل ہے جو ہم پر برسے گا۔''

باب ۸۳۶. سورة۔اَلَّذِیْنَ كَفَرُوْا اَوْزَارَهَا اٰثَامُهَا حَتّٰی لَا یَبْقٰی اِلَّا مُسْلِمٌ عَرَّفَهَا بَیَّنَهَا وَ قَالَ مُجَاهِدٌ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلِیُّهُمْ عَزَمَ الْاَمْرُ جَدَّ الْاَمْرُ فَلَا تَهِنُوْا لَاتَضْعُفُوْا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَضْغَانَهُمْ حَسَدُهُمْ اٰسِنٍ مُتَغَیِّرٍ

۸۳۶۔سورۃ الذین کفروا۔ "اوزارھا" ای آثامھا۔ ''یہاں تک کہ مسلمان کے سوا اور کوئی باقی نہ رہے گا۔'' ''عرفھا'' ای بینھا۔مجاہد نے فرمایا کہ "مولی الذین اٰمنوا" ای ولیھم. "عزم الامر" ای جدالامر "فلا تھنوا" ای لاتضعفوا. ابن عباسؓ نے فرمایا "اضغانھم" ای حسدھم. "آسن" ای متغیر.

باب ۸۳۷. وَ تُقَطِّعُوْآ اَرْحَامَكُمْ

۸۳۷۔ "وتقطعوا ارحامکم"

(۱۹۴۰) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ قَالَ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي مُزَرِّدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ لَهٗ مَهْ قَالَتْ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِكَ مِنَ الْقَطِيْعَةِ قَالَ اَلَا تَرْضَيْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰى يَا رَبِّ قَالَ فَذَاكِ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْآ اَرْحَامَكُمْ

۱۹۴۰۔ہم سے خالد بن مخلد نے بیان کیا۔ان سے سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے معاویہ بن ابی مزرد نے حدیث بیان کی۔ان سے سعید بن یسار نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کی جب اس کی پیدائش سے فارغ ہوا تو ''رحم'' نے کھڑے ہوکر رحم کرنے والے اللہ کے دامن میں پناہ لی۔اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا۔کیا تجھے یہ پسند نہیں کہ جو تجھ کو جوڑے میں بھی اسے جوڑوں اور جو تجھے توڑے میں بھی اسے توڑ دوں۔رحم نے عرض کی ہاں اے میرے رب! اللہ تعالیٰ نے فرمایا پھر ایسا ہی ہوگا۔ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر تمہارا جی چاہے تو یہ آیت پڑھ لو ''اگر تم کنارہ کش رہو تو آیا تم کو یہ احتمال بھی ہے کہ تم لوگ دنیا میں فساد مچادو گے اور آپس میں قطع قرابت کرلو گے۔''

(۱۹۴۱) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَمِّي اَبُو الْحُبَابِ سَعِيدُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ بِهٰذَا ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ

۱۹۴۱۔ہم سے ابراہیم بن حمزہ نے حدیث بیان کی، ان سے حاتم نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ نے بیان کیا، ان سے ان کے چچا ابوالحباب سعید بن یسار نے حدیث بیان کی اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے سابقہ حدیث کی طرح۔پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تمہارا جی چاہے تو آیت ''اگر تم کنارہ کش رہو'' پڑھ لو۔

(۱۹۴۲) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي الْمُزَرِّدِ بِهٰذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوْآ اِنْ شِئْتُمْ فَهَلْ عَسَيْتُمْ

۱۹۴۲۔ہم سے بشر بن محمد نے حدیث بیان کی، انہیں عبداللہ نے خبر دی انہیں معاویہ بن ابی مزرد نے خبر دی۔سابقہ حدیث کی طرح۔(اور یہ کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تمہارا جی چاہے تو آیت ''اگر تم کنارہ کش رہو'' پڑھ لو۔

سُوْرَةُ الْفَتْحِ

سورۃ الفتح

باب ۸۳۸. وَقَالَ مُجَاهِدٌ سِيْمَاهُمْ فِي وُجُوْهِهِمْ السَّحْنَةُ وَ قَالَ مَنْصُوْرٌ عَنْ مُجَاهِدٍ اَلتَّوَاضُعُ شَطْأَهٗ فِرَاخَهٗ فَاسْتَغْلَظَ غَلُظَ سُوْقِهٖ السَّاقُ حَامِلَةُ الشَّجَرَةِ وَيُقَالُ دَآئِرَةُ السَّوْءِ كَقَوْلِكَ رَجُلُ السَّوْءِ وَدَائِرَةُ السَّوْءِ الْعَذَابُ تُعَزِّرُوْهُ تَنْصُرُوْهُ شَطْأَهٗ شَطْءُ السُّنْبُلِ تُنْبِتُ الْحَبَّةُ عَشْرًا اَوْ ثَمَانِيًا اَوْ سَبْعًا فَيَقْوٰى بَعْضُهٗ بِبَعْضٍ فَذَاكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى

۸۳۸۔اور مجاہد نے بیان کیا "سیما هم فی وجوههم" یعنی چہرہ کی ملائمت۔اور منصور نے مجاہد کے حوالہ سے نقل کیا کہ اس کا مفہوم تواضع ہے۔"شطأه" ای فراخه. "فاستغلظ" ای غلظ. "سوقه" میں سوق بمعنی تناہ ہے جو پودے کو کھڑا رکھتا ہے۔"دائرة السوء" رجل السوء کی طرح ہے۔دائرۃ السوء یعنی عذاب "یعزروه" ای ینصروه. "شطأه" یعنی پودے کی سوئی۔ایک دانہ میں دس، آٹھ سات سوئیاں نکلتی ہیں اور ایک دوسرے کو تقویت پہنچاتی ہیں۔اللہ تعالیٰ کے قول ''پھر اس

فَاٰزَرَه' قَوَّاهُ وَلَوْكَانَتْ وَاحِدَةً لَّمْ تَقُمْ عَلٰى سَاقٍ وَهُوَ مَثَلُ ضَرَبَهُ اللّٰهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ خَرَجَ وَحْدَه' ثُمَّ قَوَّاهُ بِاَصْحَابِهٖ كَمَا قَوَّى الْحَبَّةَ بِمَا يُنْبِتُ مِنْهَا

نے اپنی سوئی کو قوی کیا۔'' میں یہی ارشاد ہے اگر وہ ایک ہی ہوتی تو تنے پر کھڑی نہیں ہوسکتی تھی۔ یہ مثال اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے لئے دی ہے، کہ آپ پہلے تنہا (دعوت اسلام لے کر) نکلے۔ پھر آپ کو آپ کے صحابہ کے ذریعہ تقویت ملی۔ جیسے دانہ کو ان سوئیوں سے تقویت ملتی ہے جو اس سے اگتے ہیں۔

باب ۸۳۹. اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

۸۳۹۔ بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی فتح دی۔

(۱۹۴۳) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسِيْرُ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ وَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَسِيْرُ مَعَه' لَيْلًا فَسَاَلَه' عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يُجِبْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ سَاَلَه' فَلَمْ يُجِبْهُ ثُمَّ سَاَلَه' فَلَمْ يُجِبْهُ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَكِلَتْكَ اُمُّ عُمَرَ نَزَرْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلَّ ذٰلِكَ لَايُجِيْبُكَ قَالَ عُمَرُ فَحَرَّكْتُ بَعِيْرِيْ ثُمَّ تَقَدَّمْتُ اَمَامَ النَّاسِ وَخَشِيْتُ اَنْ يُّنْزَلَ فِي الْقُرْاٰنِ فَمَا نَشِبْتُ اَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَّصْرُخُ بِيْ فَقُلْتُ لَقَدْ خَشِيْتُ اَنْ يَّكُوْنَ نَزَلَ فِيَّ قُرْاٰنٌ فَجِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَقَدْ اُنْزِلَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ لَهِيَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَرَاَ اِنَّا فَتَحْنَالَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا

۱۹۴۳۔ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں جا رہے تھے۔ عمر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ چل رہے تھے، رات کا وقت تھا۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے سوال کیا لیکن حضور اکرم ﷺ نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر انہوں نے سوال کیا اور اس مرتبہ بھی آنحضور ﷺ نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر انہوں نے اس پر کہا، عمر کی ماں اسے روئے۔ آنحضور ﷺ سے تم نے تین مرتبہ سوال میں اصرار کیا لیکن آنحضور ﷺ نے تمہیں کسی مرتبہ جواب نہیں دیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ پھر میں نے اپنے اونٹ کو حرکت دی اور لوگوں سے آگے بڑھ گیا۔ مجھے خوف تھا کہ کہیں میرے بارے میں قرآن مجید کی کوئی آیت نہ نازل ہو، ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ ایک پکارنے والے کی آواز میں نے سنی جو مجھے ہی پکار رہا ہے۔ میں نے کہا کہ مجھے تو خوف تھا ہی کہ میرے بارے میں کوئی آیت نہ نازل ہو جائے۔ میں آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سلام کیا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا مجھ پر آج رات ایک سورت نازل ہوئی ہے اور مجھے اس کائنات سے زیادہ عزیز ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے پھر آپ نے آیت ''بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی فتح دی'' کی تلاوت کی۔

(۱۹۴۴) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا قَالَ الْحُدَيْبِيَّةُ

۱۹۴۴۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے، حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے قتادہ سے سنا۔ اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آیت ''بے شک ہم نے آپ کو کھلی ہوئی فتح دی''، صلح حدیبیہ کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

(۱۹۴۵) حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ قَرَاَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ سُوْرَةَ

۱۹۴۵۔ ہم سے مسلم بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے معاویہ بن قرہ نے حدیث بیان کی۔ اور ان سے عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ

الْفَتْحِ فَرَجَّعَ فِيهَا قَالَ مُعَاوِيَةُ لَوْشِئْتُ اَنْ اَحْكِيَ لَكُمْ قِرَاءَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَفَعَلْتُ

کے دن سورۂ فتح خوب خوش الحانی سے پڑھی۔ معاویہ بن قرہ نے کہا کہ اگر میں چاہوں کہ تمہارے سامنے آنحضور ﷺ کی اس موقعہ پر طرز قرأت کی نقل کروں تو کرسکتا ہوں۔

باب ۸۴۰ قوله لِيَغْفِرَلَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَوَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا

۸۴۰۔ تاکہ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف کردے اور آپ پر احسانات کی تکمیل کردے اور آپ کو سیدھے راستہ پر لے چلے۔

(۱۹۴۶) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا زِيَادٌ اَنَّهٗ، سَمِعَ الْمُغِيْرَةَ يَقُوْلُ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ فَقِيْلَ لَهٗ، غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَاتَاَخَّرَ قَالَ اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا

۱۹۴۶۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں ابن عیینہ نے خبر دی، ان سے زیاد نے حدیث بیان کی اور انہوں نے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نماز میں رات بھر کھڑے رہے، تا آنکہ آپ کے دونوں پاؤں سوج گئے۔ آپ سے عرض کی گئی کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی اگلی پچھلی تمام خطائیں معاف کردی ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا، کیا میں شکرگزار بندہ نہ بنوں؟

(۱۹۴۷) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ سَمِعَ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ حَتّٰى تَتَفَطَّرَ قَدَمَاهُ فَقَالَتْ عَآئِشَةُ لِمَ تَصْنَعُ هٰذَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ قَالَ اَفَلَا اُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ عَبْدًا شَكُوْرًا فَلَمَّا كَثُرَ لَحْمُهٗ، صَلّٰى جَالِسًا فَاِذَآ اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ قَامَ فَقَرَاَ ثُمَّ رَكَعَ

۱۹۴۷۔ ہم سے حسن بن عبدالعزیز نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرحمٰن یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہیں حیوۃ نے خبر دی انہیں ابوالاسود نے انہوں نے عروہ سے سنا اور انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی کریم ﷺ رات کی نماز میں اتنا طویل قیام کرتے تھے کہ آپ کے قدم پھٹ جاتے۔ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ عرض کی کہ یارسول اللہ آپ اتنی زیادہ مشقت کیوں اٹھاتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے تو آپ کی اگلی پچھلی تمام خطائیں معاف کردی ہیں۔ آپ نے فرمایا کیا پھر میں شکرگزار بندہ بننا پسند نہ کروں۔ عمر کے آخری حصہ میں (جب طویل قیام دشوار ہوگیا تو) آپ بیٹھ کر رات کی نماز پڑھتے اور جب رکوع کا وقت آتا تو کھڑے ہوجاتے (اور تقریباً تیس یا چالیس آیتیں) مزید پڑھتے۔ پھر رکوع کرتے۔

باب ۸۴۱. قَوْلِهٖ اِنَّآ اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَ نَذِيْرًا

۸۴۱۔ بے شک ہم نے آپ کو گواہ اور بشارت دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

(۱۹۴۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ ابْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ عَطَآءِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ الَّتِيْ فِي الْقُرْاٰنِ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا قَالَ فِي التَّوْرَاةِ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّحِرْزًا

۱۹۴۸۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی ان سے عبدالعزیز بن ابی سلمہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے بلال بن ابی ہلال نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے عبداللہ بن عمرو بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ یہ آیت جو قرآن میں ہے ''اے نبی بے شک ہم نے آپ کو گواہ، بشارت دینے والا، اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے'' تو آنحضور ﷺ کے متعلق یہی اللہ تعالیٰ نے توریت میں بھی فرمایا تھا ''اے نبی! بے شک ہم نے آپ کو

لِّلاُ مِّيِّيْنَ اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّيْتُکَ الْمُتَوَکِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِيْظٍ وَّلَاسَخَّابٍ بِالْاَسْوَاقِ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَةَ بِالسَّيِّئَةِ وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ وَلَنْ يَّقْبِضَهُ اللّٰهُ حَتّٰى يُقِيْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَآءَ بِاَنْ يَّقُوْلُوْا لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ فَيُفْتَحُ بِهَآ اَعْيُنًا عُمْيًا وَّاٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا

گواہ، بشارت دینے والا اوران پڑھوں (عربوں) کی حفاظت کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔آپ میرے بندے ہیں اور میرے رسول ہیں۔میں نے آپ کا نام متوکل رکھا، آپ نہ بدخو ہیں اور نہ سخت دل اور نہ بازاروں میں شور کرنے والے اور نہ وہ برائی کا بدلہ برائی سے دیں گے بلکہ معاف اور درگزر سے کام لیں گے۔اور اللہ ان کی روح اس وقت تک قبض نہیں کرے گا جب تک وہ کج قوم (عربی) کو سیدھا نہ کرلیں گے یعنی جب تک وہ لا الٰہ الا اللہ کا اقرار نہ کرلیں گے پس اس کلمہ توحید کے ذریعہ وہ اندھی آنکھوں کو اور بہرے کانوں کو اور پردہ پڑے ہوئے دلوں کو کھول دیں گے۔

باب ۸۴۲. قَوْلِهٖ هُوَالَّذِیْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ

۸۴۲۔وہ (اللہ) وہی تو ہے جس نے اہل ایمان کے دلوں میں سکینت (تحمل) پیدا کیا۔

(۱۹۴۹) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ وَفَرَسٌ لَّهٗ مَرْبُوْطٌ فِی الدَّارِ فَجَعَلَ يَنْفِرُ فَخَرَجَ الرَّجُلُ فَنَظَرَ فَلَمْ يَرَشَيْئًا وَّجَعَلَ يَنْفِرُ فَلَمَّآ اَصْبَحَ ذَكَرَ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تِلْکَ السَّكِيْنَةُ تَنَزَّلَتْ بِالْقُرْاٰنِ

۱۹۴۹۔ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے ان سے ابواسحٰق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے ایک صحابی (اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ رات میں سورۂ کہف) پڑھ رہے تھے اور ان کا ایک گھوڑا جو گھر میں بندھا ہوا تھا۔بدکنے لگا۔تو وہ صحابی نکلے (یہ دیکھنے کے لئے کہ گھوڑا کس وجہ سے بدک رہا ہے) لیکن انہوں نے کوئی خاص چیز نہیں دیکھی۔وہ گھوڑا بہر حال بدک رہا تھا صبح کے وقت وہ صحابی آنحضور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور رات کے واقعہ کا تذکرہ کیا۔آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ (جس سے گھوڑا بدکا تھا) "سکینت" [1] تھی جس کا قرآن میں تذکرہ آیا ہے۔

باب ۸۴۳. قَوْلِهٖ اِذْ يُبَايِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

۸۴۳۔جب کہ وہ بیعت کر رہے تھے، درخت کے نیچے۔

(۱۹۵۰) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ

۱۹۵۰۔ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے اور ان سے جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ صلح حدیبیہ کے موقعہ پر ہم (مسلمان) ایک ہزار چار سو تھے (لشکر میں)۔

(۱۹۵۱) حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ

۱۹۵۱۔ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے شبابہ نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے

[1] اس کے متعلق علماء کے مختلف اقوال نقل ہوتے ہیں۔امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ مختار قول یہ ہے کہ یہ مخلوقات میں سے ہی کوئی چیز ہے جس میں طمانیت اور رحمت ہوتی ہے اور اسی کے ساتھ ملائکہ بھی ہوتے ہیں۔یہ آیت صلح حدیبیہ کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی اور مسلمانوں کے صبر و ثبات اور ان کی طمانیت کو بیان کیا گیا ہے۔

صُهْبَانَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلِ الْمُزَنِيِّ مِمَّنْ شَهِدَالشَّجَرَةَ نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَذْفِ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ الْمُغَفَّلِ الْمُزَنِيَّ فِي الْبَوْلِ فِي الْمُغْتَسَلِ

بیان کیا انہوں نے عقبہ بن صہبان سے سنا اور انہوں نے عبداللہ بن مغفل مزنی رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے بیان کیا کہ میں درخت کے نیچے بیعت کے موقعہ پر موجود تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے دو انگلیوں کے درمیان کنکری لے کر پھینکنے سے منع فرمایا تھا اور عقبہ بن صہبان نے بیان کیا کہ میں نے عبداللہ بن مغفل مزنی سے غسل خانہ میں پیشاب کرنے کے متعلق سنا (یعنی یہ کہ آپ نے اس سے منع فرمایا۔)

(۱۹۵۲) حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ ابْنِ الضَّحَّاكِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الشَّجَرَةِ

۱۹۵۲۔ مجھ سے محمد بن ولید نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جعفر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے، ان سے ابوقلابہ نے اور ان سے ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ نے، اور آپ (صلح حدیبیہ کے موقعہ پر) درخت کے نیچے بیعت کرنے والوں میں سے تھے۔

(۱۹۵۳) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحٰقَ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنِ سِيَاهٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ قَالَ اَتَيْتُ اَبَاوَآئِلٍ اَسْاَلُه' فَقَالَ كُنَّا بِصِفِّيْنَ فَقَالَ رَجُلٌ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ اِلٰى كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَ عَلِيٌّ نَعَمْ فَقَالَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ اِتَّهِمُوْآ اَنْفُسَكُمْ فَلَقَدْ رَاَيْتُنَا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ يَعْنِي الصُّلْحَ الَّذِيْ كَانَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْنَرٰى قِتَالاً لَقَاتَلْنَا فَجَآءَ عُمَرُ فَقَالَ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ اَلَيْسَ قَتْلاَ نَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلاَ هُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلٰى قَالَ فَفِيْمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِيْ دِيْنِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمُ اللّٰهُ بَيْنَنَا فَقَالَ يَاابْنَ الْخَطَّابِ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَلَنْ يُّضَيِّعَنِي اللّٰهُ اَبَدًا فَرَجَعَ مُتَغَيِّظًا فَلَمْ يَصْبِرْ حَتّٰى جَآءَ اَبَابَكْرٍ فَقَالَ يَا اَبَابَكْرٍ اَلَسْنَا عَلَى الْحَقِّ وَهُمْ عَلَى الْبَاطِلِ قَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اِنَّه' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَنْ يُّضَيِّعَهُ اللّٰهُ اَبَدًا فَنَزَلَتْ سُوْرَةُ الْفَتْحِ

۱۹۵۳۔ ہم سے احمد بن اسحٰق سلمی نے حدیث بیان کی، ان سے یعلٰی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن سیاہ نے، ان سے حبیب بن ثابت نے بیان کیا کہ میں ابووائل رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ایک مسئلہ پوچھنے کے لئے حاضر ہوا (خوارج کے متعلق) انہوں نے فرمایا کہ ہم مقام صفین میں پڑاؤ ڈالے ہوئے تھے (جہاں علی اور معاویہ رضی اللہ عنہما کی جنگ ہوئی تھی) ایک شخص نے کہا کہ آپ کا کیا خیال ہے اگر کوئی شخص کتاب اللہ کی طرف بلائے صلح کے لئے (پھر آپ کیا کریں گے) علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ٹھیک ہے (میں اس پر سب سے پہلے عمل کے لئے تیار ہوں لیکن خوارج نے جو معاویہ رضی اللہ عنہ کے خلاف علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، اس کے خلاف آواز اٹھائی) اس پر سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے فرمایا، تم پہلے اپنا جائزہ لو۔ ہم لوگ حدیبیہ کے موقعہ پر موجود تھے، آپ کی مراد اس صلح سے تھی جو مقام حدیبیہ میں نبی کریم ﷺ اور مشرکین کے درمیان ہوئی تھی اور جنگ کا موقعہ آتا تو ہم اس سے پیچھے ہٹنے والے نہیں تھے۔ (لیکن صلح کی بات چلی تو ہم نے اس میں بھی صبر و ثبات کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا) اتنے میں عمر رضی اللہ عنہ (آنحضور ﷺ کی خدمت میں) حاضر ہوئے اور عرض کی، کیا ہم حق پر نہیں ہیں اور کیا کفار باطل پر نہیں ہیں؟ کیا ہمارے مقتولین جنت میں نہیں جائیں گے اور کیا ان کے مقتولین دوزخ میں نہیں جائیں گے؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیوں نہیں! عمر رضی اللہ عنہ نے کہا پھر ہم اپنے دین کے بارے

میں ذلت کا مظاہرہ کیوں کریں۔ (یعنی دب کر صلح کیوں کریں) اور کیوں واپس جائیں۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کا حکم بھی فرمایا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے ابن خطابؓ! میں اللہ کا رسول ہوں اور اللہ مجھے کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ عمر رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے پاس سے واپس آ گئے۔ آپ کو غصہ آ رہا تھا، صبر نہیں آیا اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا اے ابو بکرؓ! کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں ہیں۔ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بھی وہی جواب دیا کہ اے ابن خطابؓ! حضور اکرم ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ انہیں ہرگز ضائع نہیں کرے گا پھر سورۃ ''الفتح'' نازل ہوئی۔

سُوْرَةُ الْحُجُرَات

باب ۸۴۴. وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَاتُقَدِّمُوْا لَاتَفْتَاتُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِهٖ اِمْتَحَنَ اَخْلَصَ لَاتَنَابَزُوْا لَايُدْعٰى بِالْكُفْرِ بَعْدَالْاِسْلَامِ يَلِتْكُمْ يَنْقُصْكُمْ اَلَتْنَا نَقَصْنَا لَاتَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ اَلْاٰيَةَ تَشْعُرُوْنَ تَعْلَمُوْنَ وَمِنْهُ الشَّاعِرُ

سورۃ الحجرات

۸۴۴۔ مجاہد نے فرمایا "لاتقدموا" یعنی رسول اللہ ﷺ سے (غیر ضروری) مسائل نہ پوچھا کرو۔ کہیں اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی زبان سے کوئی فیصلہ نہ کرا دے (اور تمہارے لئے بعد میں سخت ہو) "امتحن" ای اخلص. "لا تنا بزوا" یعنی اسلام لانے کے بعد کسی شخص کو کفر کی طرف منسوب کر کے نہ پکارا جائے "یلتکم" ای ینقصکم. التنا ای نقصنا. "اپنی آواز کو نبی کی آواز سے بلند نہ کیا کرو......" آخر تک۔ "تشعرون" ای تعلمون. اسی سے "الشاعر" آتا ہے۔

(۱۹۵۳) حَدَّثَنَا يَسَرَةُ بْنُ صَفْوَانَ بْنِ جَمِيْلٍ اللَّخْمِيُّ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ قَالَ كَادَ الْخَيِّرَانِ اَنْ يَّهْلِكَا اَبَابَكْرٍ وَّعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا رَفَعَا اَصْوَاتَهُمَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَدِمَ عَلَيْهِ رَكْبُ بَنِيْ تَمِيْمٍ فَاَشَارَ اَحَدُهُمَا بِالْاَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ اَخِيْ بَنِيْ مُجَاشِعٍ وَاَشَارَ الْاٰخَرُ بِرَجُلٍ اٰخَرَ قَالَ نَافِعٌ لَآ اَحْفَظُ اِسْمَهٗ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ لِعُمَرَ مَااَرَدْتَّ اِلَّا خِلَافِيْ قَالَ مَااَرَدْتُّ خِلَافَكَ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا فِيْ ذٰلِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ اَلْاٰيَةَ قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ فَمَا كَانَ عُمَرُ يُسْمِعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ حَتّٰى

۱۹۵۳۔ ہم سے یسرہ بن صفوان بن جمیل لخمی نے حدیث بیان کی، ان سے نافع بن عمر نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے بیان کیا کہ قریب تھا کہ دو(۲) سب سے بہتر افراد تباہ ہو جائیں یعنی ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما۔ ان دونوں حضرات نے نبی کریم ﷺ کے سامنے اپنی آواز بلند کر دی تھی۔ یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب بنی تمیم کے سوار آئے (اور آنحضور ﷺ سے درخواست کی کہ ہمارا کوئی امیر بنا دیں) ان میں سے ایک (عمر رضی اللہ عنہ) نے بنی مجاشع کے اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ کے انتخاب کے لئے کہا تھا۔ اور دوسرے (ابو بکر رضی اللہ عنہ) نے ایک دوسرے کا نام پیش کیا تھا۔ نافع نے بیان کیا کہ ان صاحب کا نام مجھے یاد نہیں۔ اس پر ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ کا مقصد مجھ سے اختلاف کرنے کے سوا اور کچھ نہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرا مقصد صرف آپ سے اختلاف کرنا نہیں ہے، اس پر ان دونوں حضرات کی آواز بلند

يَسْتَفْهِمَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ ذٰلِكَ عَنْ اَبِيْهِ يَعْنِيْ اَبَابَكْرٍ

ہوگئی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''اے ایمان والو! اپنی آواز کو نبی کی آواز سے بلند نہ کیا کرو......الخ'' عبداللہ ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے سامنے اتنی آہستہ آہستہ بات کرتے کہ آپ ﷺ صاف سن بھی نہ سکتے تھے اور دوبارہ پوچھنا پڑتا تھا انہوں نے اپنے نانا یعنی ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق اس سلسلے میں کوئی چیز بیان نہیں کی۔

(۱۹۵۴) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ اَنْبَانِيْ مُوْسَى بْنُ اَنَسٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَقَدَ ثَابِتَ ابْنَ قَيْسٍ فَقَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا اَعْلَمُ لَكَ عِلْمَه، فَاَتَاهُ فَوَجَدَه، جَالِسًا فِيْ بَيْتِهِ مُنَكِّسًا رَاْسَه، فَقَالَ لَه، مَاشَاْنُكَ فَقَالَ شَرٌّ كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَه، فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُه، وَهُوَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَاَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَه، اَنَّه، قَالَ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ مُوْسٰى فَرَجَعَ اِلَيْهِ الْمَرَّةَ الْاٰخِرَةَ بِبِشَارَةٍ عَظِيْمَةٍ فَقَالَ اذْهَبْ اِلَيْهِ فَقُلْ لَه، اِنَّكَ لَسْتَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَلٰكِنَّكَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

۱۹۵۴۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے ازہر بن سعد نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابن عون نے خبر دی، کہا کہ مجھے موسیٰ بن انس نے خبر دی اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے ثابت بن قیس ❶ رضی اللہ عنہ کو نہیں پایا۔ ایک صحابیؓ نے عرض کی یارسول اللہ (ﷺ) میں آپ کے لئے ان کی خبر لاتا ہوں۔ پھر وہ ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے یہاں آئے، دیکھا کہ وہ گھر میں سر جھکائے بیٹھے ہیں۔ پوچھا، کیا حال ہے؟ کہا کہ برا۔ نبی کریم ﷺ کی آواز کے مقابلہ میں بلند آواز سے بولا کرتا تھا، اب سارا عمل اکارت ہوا اور اہل دوزخ میں سے قرار دے دیا گیا۔ وہ صاحب نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے جو کچھ کہا تھا اس کی اطلاع آپ کو دی۔ موسیٰ بن انس نے بیان کیا کہ وہ صاحب اب دوبارہ ان کے لئے ایک عظیم بشارت لے کر ان کے پاس آئے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ ان کے پاس جاؤ اور کہو کہ تم اہل دوزخ میں سے نہیں ہو بلکہ تم اہل جنت میں سے ہو۔

باب ۸۴۱. قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرَاتِ اَكْثَرُهُمْ لَايَعْقِلُوْنَ

۸۴۱۔ بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر عقل سے کام نہیں لیتے۔

(۱۹۵۵) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَنَّ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُمْ اَنَّه، قَدِمَ رَكْبٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ اَمِّرِ الْقَعْقَاعَ بْنَ مَعْبَدٍ وَقَالَ عُمَرُ بَلْ اَمِّرِ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مَآ اَرَدْتَّ اِلَىَّ اَوْ اِلَّا خِلَافِيْ فَقَالَ عُمَرُ مَآ اَرَدْتُّ خِلَافَكَ فَتَمَا رَيَا

۱۹۵۵۔ ہم سے حسن بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے حجاج نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں ابن ابی ملیکہ نے خبر دی۔ اور انہیں عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ قبیلہ بنی تمیم کے سواروں کا وفد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آیا، ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ان کا امیر آپ قعقاع بن معبد کو بنا دیں، اور عمر رضی اللہ عنہ نے کہا، بلکہ آپ اقرع بن حابس کو امیر بنائیں۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس پر کہا کہ آپ کا مقصد تو صرف میری مخالفت کرنا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کہا

❶ آپ انصار کے خطیب ہیں آپ کی آواز بہت بلند تھی۔ جب مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی اور مسلمانوں کو نبی کریم ﷺ کے سامنے بلند آواز سے بولنے سے منع کیا گیا تو اتنے غمزدہ ہوئے کہ گھر سے باہر نہیں نکلتے تھے۔ آنحضور ﷺ نے جب انہیں نہیں دیکھا تو ان کے متعلق پوچھا۔

حَتّٰى اِرْ تَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمَا فَنَزَلَ فِىْ ذٰلِكَ يَاۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ حَتّٰى انْقَضَتِ الْاٰيَةُ وَلَوْاَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

کہ میں نے آپ کے خلاف کرنے کی غرض سے یہ نہیں کہا تھا اس پر دونوں حضرات میں بحث ہوگئی اور آواز بھی بلند ہوگئی۔ اسی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی'' اے ایمان والو! تم اللہ اور اس کے رسول سے پہلے کسی کام میں سبقت مت کیا کرو......'' آخر آیت تک۔'' اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ان کے پاس باہر آجاتے تو ان کے حق میں بہتر ہوتا۔''

سُوْرَةُ قٓ

باب ۸۴۲. رَجْعٌ بَعِيْدٌ رَدٌّ فُرُوْجٍ فُتُوْقٌ وَاحِدُهَا فَرْجٌ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ فِىْ حَلْقِهٖ اَلْحَبْلُ حَبْلُ الْعَاتِقِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَاتَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْ عِظَامِهِمْ تَبْصِرَةً بَصِيْرَةً حَبَّ الْحَصِيْدِ اَلْحِنْطَةُ بَاسِقَاتٍ الطِّوَالُ اَفَعَيِيْنَا اَفَاَعْيٰى عَلَيْنَا وَقَالَ قَرِيْنُهٗ الشَّيْطَانُ الَّذِىْ قُيِّضَ لَهٗ فَنَقَبُوْا ضَرَبُوْا اَوْاَلْقَى السَّمْعَ لَايُحَدِّثُ نَفْسَهٗ بِغَيْرِهٖ حِيْنَ اَنْشَاكُمْ وَاَنْشَا خَلْقَكُمْ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ رَصَدٌ سَائِقٌ وَّ شَهِيْدٌ اَلْمَلَكَانِ كَاتِبٌ وَّشَهِيْدٌ شَهِيْدٌ شَاهِدٌ بِالْقَلْبِ لُغُوْبٌ النَّصَبُ وَقَالَ غَيْرُهٗ نَضِيْدٌ اَلْكُفُرّٰى مَادَامَ فِىْ اَكْمَامِهٖ وَمَعْنَاهُ مَنْضُوْدٌ بَعْضُهٗ عَلٰى بَعْضٍ فَاِذَا خَرَجَ مِنْ اَكْمَامِهٖ فَلَيْسَ بِنَضِيْدٍ فِىْ اِدْبَارِ النُّجُوْمِ وَاَدْبَارِ السُّجُوْدِ كَانَ عَاصِمٌ يَفْتَحُ الَّتِىْ فِىْ قٓ وَيَكْسِرُ الَّتِىْ فِى الطُّوْرِ وَتُكْسَرَانِ جَمِيْعًا وَتُنْصَبَانِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَوْمَ الْخُرُوْجِ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْقُبُوْرِ

سورۂ ق

۸۴۲۔ "رجع بعید" ای رد. "فروج" ای فتوق۔ اس کا واحد فرج ہے۔ "من حبل الورید" یعنی رگ گردن۔ مجاہد نے فرمایا کہ "ماتنقص الارض" سے مراد ان کی ہڈیاں ہیں جنہیں مٹی کم کرتی ہے۔ "تبصرة" ای بصیرة. "حب الحصید" بمعنی گیہوں ہے۔ "باسقات" ای الطوال. "افعیینا" یعنی کیا جب ہم نے تمہیں پیدا کیا تو ہم اس سے عاجز تھے۔ ''وقال قرینه'' میں قرین سے مراد شیطان ہے۔ جو اس کے ساتھ ساتھ رہتا ہے۔ "فنقبوا" ای ضربوا. "اوالقی السمع" یعنی اس کی طرف کان لگائے ہوئے ہیں۔ اس کے سوا کسی چیز کی طرف توجہ نہیں۔ "رقیب عتید" ای رصد. "سائق وشهيد" دو فرشتے ہیں۔ ایک کاتب ہے اور دوسرا گواہ۔ ''شہید'' دل سے گواہی دینے والا۔ ''لغوب'' النصب۔ غیر مجاہد نے کہا کہ ''نضید'' بمعنی شگوفہ جب تک وہ اپنے غلاف میں ہے۔ منضود کے معنی میں ہے یعنی تہ بتہ۔ جب شگوفہ اپنے غلاف سے باہر آجائے پھر اسے ''نضید'' نہیں کہیں گے۔ "فی ادبار السجود" (سورۂ طور میں) اور "ادبار السجود" (اس سورة میں) عاصم۔ سورۂ ق (زیر تفسیر) میں ''ادبار'' کے ہمزہ پر فتح پڑھتے تھے۔ اور سورة الطور میں کسرہ پڑھتے تھے۔ دونوں سورتوں میں کسرہ اور فتحہ پڑھ سکتے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "یوم الخروج" یعنی حشر کے لئے قبروں سے نکلیں گے۔

باب ۸۴۳. قَوْلِهٖ وَ تَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ

(۱۹۵۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا حَرَمِىٌّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُلْقٰى فِى النَّارِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ حَتّٰى يَضَعَ قَدَمَهٗ فَتَقُوْلُ

۸۴۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد'' اور وہ (جہنم) کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے؟''

۱۹۵۶۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی۔ ان سے حرمی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جہنم میں (جو اس کے مستحق ہوں گے انہیں) ڈالا جائے گا اور وہ کہے گی کہ کچھ اور

قَطْ قَطْ

بھی ہے؟ یہاں تک کہ اللہ رب العزت اپنا قدم اس پر رکھیں گے اور وہ کہے گی کہ بس بس۔

(۱۹۵۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ سُفْيَانَ الْحُمَيْرِيُّ سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنُ مَهْدِيّ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَفَعَهُ وَاَكْثَرَ مَاكَانَ يُوقِّفُهُ اَبُوسُفْيَانَ يُقَالُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ فَيَضَعُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَدَمَهُ عَلَيْهَا فَتَقُوْلُ قَطِ قَطِ

۱۹۵۷۔ ہم سے محمد بن موسیٰ قطان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوسفیان حمیری سعید بن یحییٰ بن مہدی نے حدیث بیان کی، ان سے عوف نے، ان سے محمد نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے، ابوسفیان اکثر اس حدیث کو آنحضور ﷺ کے حوالہ کے بغیر ذکر کرتے تھے کہ جہنم سے پوچھا جائے گا، تو بھر بھی گئی؟ اور وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے؟ پھر رب تبارک وتعالیٰ اپنا قدم اس پر رکھیں گے اور وہ کہے گی کہ بس بس۔

(۱۹۵۸) حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَقَالَتِ النَّارُ اُوْثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِيْنَ وَالْمُتَجَبِّرِيْنَ وَقَالَتِ الْجَنَّةُ مَالِيْ لَا يَدْخُلُنِيْ اِلَّا ضُعَفَآءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِلْجَنَّةِ اَنْتِ رَحْمَتِيْ اَرْحَمُ بِكِ مَنْ اَشَآءُ مِنْ عِبَادِيْ وَ قَالَ لِلنَّارِ اِنَّمَا اَنْتِ عَذَابٌ اُعَذِّبُ بِكِ مَنْ اَشَآءُ مِنْ عِبَادِيْ وَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِلْؤُهَا فَاَمَّا النَّارُ فَلَا تَمْتَلِيءُ حَتّٰى يَضَعَ رِجْلَهُ فَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ قَطْ فَهُنَا لِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوٰى بَعْضُهَا اِلٰى بَعْضٍ وَلَا يَظْلِمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ خَلْقِهٖ اَحَدًا وَّ اَمَّا الْجَنَّةُ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ الْغُرُوْبِ

۱۹۵۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جنت اور دوزخ نے بحث کی، دوزخ نے کہا۔ میں متکبروں اور ظالموں کے لئے خاص کی گئی ہوں۔ جنت نے کہا مجھے کیا ہوا کہ میرے اندر صرف کمزور اور کم رتبہ (دنیاوی اعتبار سے) لوگ داخل ہوں گے، اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت سے کہا کہ تو میری رحمت ہے، تیرے ذریعہ میں اپنے بندوں میں جس پر چاہوں رحم کروں۔ اور دوزخ سے کہا کہ تو عذاب ہے۔ تیرے ذریعہ میں اپنے بندوں میں سے جسے چاہوں، عذاب دوں۔ جنت اور دوزخ دونوں بھریں گی، دوزخ تو اس وقت تک نہیں بھرے گی جب تک اللہ رب العزت اپنا قدم اس پر نہیں رکھ دیں گے۔ اس وقت وہ بولے گی کہ بس بس، اور اس وقت بھر جائے گی اور اس کا بعض حصہ بعض دوسرے حصے پر چڑھ جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں کسی پر بھی ظلم نہیں کرے گا اور جنت کے لئے اللہ تعالیٰ ایک مخلوق پیدا کرے گا۔'' اور اپنے رب کی حمد وتسبیح کرتے رہئے، آفتاب نکلنے سے پہلے اور اس کے چھپنے سے پہلے۔''

(۱۹۵۹) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ جَرِيْرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا لَيْلَةً مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ اِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ اَرْبَعَ عَشْرَةَ فَقَالَ اِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هٰذَا لَاتُضَامُّوْنَ فِيْ

۱۹۵۹۔ ہم سے اسحاق بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے ان سے اسماعیل نے، ان سے قیس بن ابی حازم نے، اور ان سے جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم ایک رات نبی کریم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، چودھویں رات تھی۔ آنحضور ﷺ نے چاند کی طرف دیکھا اور پھر فرمایا کہ یقیناً تم اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جس

رُؤْيَتِهٖ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّاتُغْلَبُوْا عَلٰى صَلٰوةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا فَا فْعَلُوْا ثُمَّ قَرَاَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ

طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو۔ اس کی رؤیت میں تم دھکا پیل نہیں کرو گے (بلکہ بڑے اطمینان سے ایک دوسرے کو دھکا دیئے بغیر دیکھو گے) اس لئے اگر تمہارے لئے ممکن ہو تو سورج نکلنے اور ڈوبنے سے پہلے نماز نہ چھوڑو، پھر آپ نے آیت ''اور اپنے رب کی حمد و تسبیح کرتے رہئے آفتاب نکلنے سے پہلے اور چھپنے سے پہلے'' کی تلاوت کی۔

(۱۹۶۰) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِیْ نَجِيْحٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَمَرَهٗ اَنْ يُّسَبِّحَ فِیْ اَدْبَارِ الصَّلَوَاتِ كُلِّهَا يَعْنِیْ قَوْلَهٗ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ

۱۹۶۰۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے ورقاء نے حدیث بیان کی۔ اور ان سے ابن ابی نجیح نے، ان سے مجاہد نے بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے انہیں تمام نمازوں کے بعد تسبیح پڑھنے کا حکم دیا تھا، آپ کا مقصد اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''وادبار السجود'' کی تشریح کرنا تھا۔

وَالذَّارِيَاتِ

سورۃ الذاریات

باب ۸۴۴. قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عنه اَلرِّيَاحُ وَقَالَ غَيْرُهٗ تَذْرُوْهُ تُفَرِّقُهٗ وَفِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ تَاْكُلُ وَتَشْرَبُ فِیْ مَدْ خَلٍ وَّاحِدٍ وَّيَخْرُجُ مِنْ مَّوْضِعَيْنِ فَرَاغَ فَرَجَعَ فَصَكَّتْ فَجَمَّعَتْ اَصَابِعَهَا فَضَرَبَتْ جَبْهَتَهَا وَالرَّمِيْمِ نَبَاتُ الْاَرْضِ اِذَا يَبِسَ وَدِيْسَ لَمُوْسِعُوْنَ اَیْ لَذُوْا سَعَةٍ وَّكَذٰلِكَ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ يَعْنِی الْقَوِیَّ زَوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى وَاخْتِلَافُ الْاَلْوَانِ حُلْوٌ وَّحَامِضٌ فَهُمَا زَوْجَانِ فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مِنَ اللّٰهِ اِلَيْهِ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ مَاخَلَقْتُ اَهْلَ السَّعَادَةِ مِنْ اَهْلِ الْفَرِيْقَيْنِ اِلَّا لِيُوَحِّدُوْنَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ خَلَقَهُمْ لِيَفْعَلُوْا فَفَعَلَ بَعْضٌ وَتَرَكَ بَعْضٌ وَلَيْسَ فِيْهِ حُجَّةٌ لِاَهْلِ الْقَدْرِ وَالذَّنُوْبُ الدَّلْوُ الْعَظِيْمُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ صَرَّةٍ صَيْحَةٍ ذَنُوْبًا سَبِيْلًا اَلْعَقِيْمُ الَّتِیْ لَاتَلِدُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَالْحُبُكِ اِسْتِوَآؤُهَا وَحُسْنُهَا فِیْ غَمْرَةٍ فِیْ ضَلَالَتِهِمْ يَتَمَادُوْنَ وَقَالَ غَيْرُهٗ تَوَاصَوْا تَوَاطَئُوْا وَقَالَ غَيْرُهٗ مُسَوَّمَةً مُعَلَّمَةً مِّنَ السِّيْمَا

۸۴۴۔ علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''الذاریات'' ہوائیں ہیں، ان کے غیر نے کہا کہ ''تذرُوہ'' ای تفرقه. ''وفی انفسکم افلا تبصرون'' یعنی خود تمہاری ذات میں نشانیاں ہیں، کیا تم نہیں دیکھتے کہ کھانا پینا ایک راستے سے ہوتا ہے لیکن وہ فضلہ بن کر دوسرے راستے سے نکلتا ہے ''فراغ'' اے فرجع۔ ''فصکت'' یعنی مٹھی باندھ کر اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا۔ ''الرمیم'' زمین کی ہریالی جب خشک ہو جاتا ہے اور روندی جائے۔ ''لموسعون'' ای لذوسعة۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''علی الموسع قدرہ'' میں بھی یہی معنی ہیں یعنی قوی۔ ''زوجین'' یعنی نر و مادہ۔ یہی صورت رنگوں کے اختلاف اور میٹھے اور کھٹے ہونے میں ہے کہ یہ بھی زوج کہے جاسکتے ہیں ''ففروا الی الله'' یعنی اللہ کی معصیت سے اس کی اطاعت کی طرف بھاگ کر آؤ ''الا لیعبدون'' یعنی جن و انس میں جتنی بھی سعید روحیں ہیں، انہیں میں نے صرف اپنی توحید پرستی کے لئے پیدا کیا ہے۔ بعض حضرات نے اس کا مفہوم یہ لیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا تو سب کو اسی مقصد سے کیا تھا کہ وہ اللہ کی توحید کو مانیں۔ لیکن بعض نے مانا اور بعض نے نہیں مانا۔ معتزلہ کے لئے اس میں کوئی دلیل نہیں ہے۔ ''الذنوب'' بڑا ڈول۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''ذنوبا'' بمعنی راستہ ہے۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''صرة'' ای صیحة. ''العقیم'' جس کے بچہ نہ پیدا ہو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''الحبک'' سے مراد آسمان کا برابر ہونا اور اس کا حسن ہے ''فی غمرة'' یعنی اپنی گمراہی میں بڑھتے جاتے

ہیں۔ غیرابن عباس نے کہا ''تواصوا'' ای تواطؤا۔ غیرابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ''مسومۃ'' یعنی نشان لگا ہوا، سیما سے مشتق ہے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ

باب ۸۴۵۔ وَقَالَ قَتَادَةُ مَسْطُوْرٌ مَكْتُوْبٌ وَ قَالَ مُجَاهِدٌ اَلطُّوْرُ الْجَبَلُ بِالسُّرْيَانِيَّةِ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ صَحِيْفَةٍ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ سَمَآءٌ اَلْمَسْجُوْرُ اَلْمُوْقَدِ وَقَالَ الْحَسَنُ تُسْجَرُ حَتّٰى يَذْهَبَ مَآءُ هَا فَلاَ يَبْقٰى فِيْهَا قَطْرَةٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلَتْنَا هُمْ نَقَصْنَا وَقَالَ غَيْرُه' تَمُوْرُ تَدُوْرُ اَحْلاَ مُهُمْ اَلْعُقُوْلُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْبَرُّ اَللَّطِيْفُ كِسْفًا قِطْعًا اَلْمَنُوْنُ اَلْمَوْتُ وَقَالَ غَيْرُه' يَتَنَا زَعُوْنَ يَتَعَاطَوْنَ

سورہ والطّور

۸۴۵۔ قتادہ نے فرمایا کہ ''مسطور'' بمعنی مکتوب ہے۔ مجاہد نے فرمایا ''الطور'' سریانی زبان میں پہاڑ کے معنی میں ہے۔ ''رق منشور'' یعنی صحیفہ۔ ''السقف المرفوع'' یعنی آسمان۔ ''المسجور'' ای الموقد حسن نے فرمایا کہ سمندر میں اتنا جوش اور طغیانی آئے گی کہ اس کا سارا پانی جاتا رہے گا اور اس میں ایک قطرہ بھی باقی نہ رہے گا۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''التناہم'' ای نقصنا۔ غیر مجاہد نے کہا کہ ''تمور'' ای تدور'' احلامھم'' ای العقول ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''البر'' ای اللطیف. ''کسفًا'' ای قطعاً. ''المنون'' ای الموت، ان کے غیر نے کہا یتنا زعون : ای یتعاطون۔

(۱۹۶۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ زَيْنَبَ ابْنَةِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ شَكَوْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّىْ اَشْتَكِىْ فَقَالَ طُوْفِىْ مِنْ وَّرَآءِ النَّاسِ وَاَنْتِ رَاكِبَةٌ فَطُفْتُ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ اِلٰى جَنْبِ الْبَيْتِ يَقْرَأُ بِالطُّوْرِ وَكِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ

۱۹۶۱۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے بیان کیا، انہیں مالک نے خبر دی۔ انہیں محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل نے، انہیں عروہ نے، انہیں زینب بنت ابی سلمہ نے اور ان سے ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ (حج کے موقعہ پر) میں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ میں بیمار ہوں، آپ نے فرمایا کہ پھر سواری پر بیٹھ کر لوگوں کے پیچھے سے طواف کرلو۔ چنانچہ میں نے طواف کیا اور آنحضور ﷺ اس وقت خانہ کعبہ کے پہلو میں نماز پڑھ رہے تھے۔ اور سورۂ ''والطور و کتاب مسطور'' کی تلاوت کر رہے تھے۔

(۱۹۶۲) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثُوْنِىْ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِى الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ فَلَمَّا بَلَغَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَىْءٍ اَمْ هُمُ الْخَالِقُوْنَ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ الْمُسَيْطِرُوْنَ كَادَ قَلْبِىْ اَنْ يَّطِيْرَ قَالَ سُفْيَانُ فَاَمَّا اَنَا فَاِنَّمَا سَمِعْتُ الزُّهْرِىَّ يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۹۶۲۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے میرے اصحاب نے زہری کے واسطہ سے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن جبیر بن مطعم نے اور ان سے ان کے والد جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ آپ مغرب کی نماز میں سورۂ ''والطور'' پڑھ رہے تھے۔ جب آپ اس آیت پر پہنچے، ''کیا یہ لوگ بغیر کسی کے پیدا کئے پیدا ہوگئے۔ یا یہ خود (اپنے) خالق ہیں؟ یا انہوں نے آسمان اور زمین کو پیدا کرلیا ہے۔ اصل یہ ہے کہ ان میں یقین ہی نہیں۔ کیا ان لوگوں کے پاس آپ کے پروردگار کے خزانے ہیں یا یہ لوگ حاکم (مجاز) ہیں۔'' تو میرا دل اڑنے لگا۔ سفیان نے بیان کیا لیکن میں نے زہری سے سنا ہے، وہ محمد بن جبیر بن مطعم کے

وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ لَمْ اَسْمَعْهُ' زَادَ الَّذِيْ قَالُوْا لِيْ

حوالہ سے حدیث بیان کرتے تھے، ان سے ان کے والد (جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ) نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو مغرب میں سورہ ''والطور'' پڑھتے سنا۔ (سفیان نے کہا کہ) میرے اصحاب نے اس کے بعد جو اضافہ کیا ہے وہ میں نے براہ راست زہری سے نہیں سنا۔

سُوْرَةُ النَّجْمِ

سورۂ النجم

باب۸۴۶. وَقَالَ مُجَاهِدٌ ذُوْمِرَّةٍ ذُوْ قُوَّةٍ قَابَ قَوْسَيْنِ حَيْثُ الْوَتَرُ مِنَ الْقَوْسِ ضِيْزٰى عَوْجَآءُ وَاَكْدٰى قَطَعَ عَطَاءَ ه' رَبُّ الشِّعْرٰى هُوَ مِرْزَمُ الْجَوْزَآءِ الَّذِيْ وَفّٰى وَفّٰى مَافُرِضَ عَلَيْهِ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ سَامِدُوْنَ الْبُرْطَمَةُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ يَتَغَنَّوْنَ بِالْحِمْيَرِيَّةِ وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ اَفَتُمَارُوْنَهُ اَفَتُجَادِلُوْنَهُ' وَمَنْ قَرَأَ اَفَتَمْرُوْنَهُ' يَعْنِيْ اَفَتَجْحَدُوْنَهُ' مَازَاغَ الْبَصَرُ بَصَرُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا طَغٰى وَلَا جَاوَزَ مَارَاٰى فَتَمَارَوْا كَذَّبُوْا وَقَالَ الْحَسَنُ اِذَا هَوٰى غَابَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَغْنٰى وَاَقْنٰى اَعْطٰى فَاَرْضٰى

۸۴۶۔مجاہد نے کہا کہ "ذومرة" ای ذوقوة." قاب قوسین" یعنی کمان کی تانت جتنا فاصلہ "ضیزی" ای عوجاء."اکدیٰ" یعنی دینا بند کردیا۔"رب الشعری" (میں ''الشعریٰ'' سے مراد) "مرزم الجوزاء" (پرانی ستارا) ہے۔ "الذی وفی" یعنی جو ان پر فرض تھا سے پورا کیا۔"ازفت الآزفة" ای اقتربت الساعة "سامدون" سے مراد برطمہ (ایک کھیل) ہے۔عکرمہ نے فرمایا کہ حمیری زبان میں ''گانے'' کے معنی میں ہے۔ابراہیم نے فرمایا"افتمارونه" ای افتجادلونه. جن حضرات نے اسے "افتمرونه" پڑھا ہے، ان کے یہاں "افتجحدونه" کے معنی میں ہے "ما زاغ البصر" ای بصر محمد صلی اللہ علیه وسلم"وما طغیٰ" ای لاجاوز ماراٰی."فتماروا" ای کذبوا. حسن نے فرمایا"اذا ھویٰ" غاب۔ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "اغنیٰ واقنیٰ" یعنی دیا اور خوش کردیا۔

(۱۹۶۳) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ ابْنِ اَبِيْ خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا يَااُمَّتَاهُ هَلْ رَاٰى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهٗ' فَقَالَتْ لَقَدْ قَفَّ شَعْرِيْ مِمَّا قُلْتَ اَيْنَ اَنْتَ مِنْ ثَلَاثٍ مَنْ حَدَّثَكَهُنَّ فَقَدْ كَذَبَ مَنْ حَدَّثَكَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَبَّهٗ' فَقَدْ كَذَبَ ثُمَّ قَرَأَتْ لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ وَمَنْ حَدَّثَكَ اَنَّهٗ' يَعْلَمُ مَافِيْ غَدٍ فَقَدْ كَذَبَ ثُمَّ قَرَأَتْ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَنْ حَدَّثَكَ اَنَّهٗ' كَتَمَ فَقَدْ كَذَبَ

۱۹۶۳۔ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اسماعیل بن ابی خالد نے، ان سے عامر نے اور ان سے مسروق نے بیان کیا کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا ام المؤمنین کیا محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا تھا؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تم نے ایسی بات کہی کہ میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔کیا تم ان تین باتوں سے بھی بے خبر ہو؟ جو شخص بھی تم سے یہ تین باتیں بیان کرے وہ جھوٹا ہے۔جو شخص یہ کہتا ہے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا وہ جھوٹا ہے پھر آپ نے آیت "لاتدرکه الابصار..... تا من وراء حجاب" کی تلاوت کی۔(فرمایا کہ) کسی انسان کے لئے ممکن نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے سوا اس کے کہ وحی کے ذریعہ ہو یا پھر پردے کے پیچھے سے ہو۔اور جو شخص تم سے کہے کہ آنحضور ﷺ آنے والے کل کی بات جانتے تھے وہ جھوٹا ہے۔اس کے لئے آپ نے آیت ''اور کوئی شخص نہیں جانتا

ثُمَّ قَرَأَتْ يَآ يُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْاٰيَةَ وَلٰكِنَّهٗ رَاٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ صُوْرَتِهٖ مَرَّتَيْنِ

کہ کل کیا کرے گا'' کی تلاوت کی۔ اور جو شخص تم سے کہے کہ آنحضور نے تبلیغ دین میں کوئی بات چھپالی تھی وہ جھوٹا ہے۔ پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی ''اے رسول! پہنچا دیجئے وہ سب کچھ جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے'' ہاں حضور اکرم ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دو مرتبہ دیکھا تھا۔

(۱۹۶۴) حَدَّثَنَآ اَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ زِرًّا عَنْ عَبْدِاللّٰهِ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْاَدْنٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآاَوْحٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ رَاٰى جِبْرِيْلَ لَهٗ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ

۱۹۶۴۔ ہم سے ابوالنعمان نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے شیبانی نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زر سے سنا اور انہوں نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے آیت ''سو دو کمانوں کا فاصلہ رہ گیا بلکہ اور بھی کم۔ پھر اللہ نے اپنے بندہ پر وحی نازل کی جو کچھ بھی نازل کیا'' کے متعلق بیان کیا کہ ہم سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام کو (آپ کی اصل صورت میں) دیکھا۔ آپ کے چھ سو باز و تھے۔

(۱۹۶۵) حَدَّثَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ سَاَلْتُ زِرًّا عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآاَوْحٰى قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُاللّٰهِ اَنَّ مُحَمَّدً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى جِبْرِيْلَ لَهٗ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ

۱۹۶۵۔ ہم سے طلق بن غنام نے حدیث بیان کی، ان سے زائدہ نے حدیث بیان کی، ان سے شیبانی نے بیان کیا کہ میں نے زر سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''سو دو کمانوں کا فاصلہ رہ گیا بلکہ اور بھی کم۔ پھر اللہ نے اپنے بندہ پر وحی نازل کی جو کچھ بھی نازل کیا'' کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ ہمیں عبداللہ بن مسعود نے خبر دی کہ محمد ﷺ نے جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا تھا'' آپ کے چھ سو باز و تھے۔

(۱۹۶۶) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى قَالَ رَاٰى رَفْرَفًا اَخْضَرَ قَدْ سَدَّ الْاُفُقَ

۱۹۶۶۔ ہم سے قبیصہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابرہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے آیت ''آپ نے اپنے رب کی عظیم نشانیاں دیکھیں'' کے متعلق فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے رفرف کو دیکھا جو سبز تھا اور افق پر محیط تھا۔

باب ۸۴۷. قَوْلُهٗ اَفَرَاَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزّٰى

۸۴۷۔ بھلا تم نے لات و عزیٰ کے حال میں بھی غور کیا۔

(۱۹۶۷) حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَشْهَبِ حَدَّثَنَآ اَبُوالْجَوْزَآءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اللَّاتَ رَجُلٌ يَلُتُّ سَوِيْقَ الْحَآجِّ

۱۹۶۷۔ ہم سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاشہب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالجوزاء نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ ''لات'' اس شخص کو کہتے تھے جو حاجیوں کے ستو گھولتا تھا۔

(۱۹۶۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ ابْنُ يُوْسُفَ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمِيْدِ

۱۹۶۸۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے، انہیں حمید بن

بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ فَقَالَ فِیْ حَلْفِهٖ وَاللَّاتِ وَالْعُزّٰى فَلْيَقُلْ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَمَنْ قَالَ لِصَاحِبِهٖ تَعَالَ اُقَامِرْكَ فَلْيَتَصَدَّقْ

عبدالرحمٰن نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص قسم کھائے اور کہے کہ قسم ہے لات اور عزیٰ کی تو اسے فوراً (مکافات کے لئے) کہنا چاہئے کہ ''اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں (لاالٰہ الااللہ ❶ اور جو شخص اپنے ساتھی سے یہ کہے کہ آؤ جوا کھیلیں اسے فوراً صدقہ دینا چاہئے۔

باب ۸۴۸. قَوْلُهٗ وَ مَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى

۸۴۸۔ ''اور تیسرے منات کے۔''

(۱۹۶۹) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِیُّ سَمِعْتُ عُرْوَةَ قُلْتُ لِعَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقَالَتْ اِنَّمَا كَانَ مَنْ اَهَلَّ بِمَنَاةَ الطَّاغِيَةِ الَّتِیْ بِالْمُشَلَّلِ لَايَطُوْفُوْنَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ فَطَافَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُسْلِمُوْنَ قَالَ سُفْيَانُ مَنَاةُ بِالْمُشَلَّلِ مِنْ قُدَيْدٍ وَقَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَآئِشَةُ نَزَلَتْ فِی الْاَنْصَارِ كَانُوْا هُمْ وَغَسَّانُ قَبْلَ اَنْ يُّسْلِمُوْا يُهِلُّوْنَ لِمَنَاةَ مِثْلَهٗ وَقَالَ مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِمَّنْ كَانَ يُهِلُّ لِمَنَاةَ وَمَنَاةُ صَنَمٌ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ قَالُوْا يَا نَبِیَّ اللّٰهِ كُنَّا لَانَطُوْفُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ تَعْظِيْمًا لِّمَنَاةَ نَحْوَهٗ

۱۹۶۹۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے حدیث بیان کی، انہوں نے عروہ سے سنا انہوں نے بیان کیا کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ جو لوگ ''منات'' بت کے نام پر احرام باندھتے تھے جو مقام مشلل میں تھا وہ صفا اور مروہ کے درمیان (حج وعمرہ میں) آمد ورفت نہیں کرتے تھے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی ''بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اس کا طواف کیا، اور مسلمانوں نے بھی۔ سفیان نے فرمایا کہ مناۃ مقام قدید پر مشلل میں تھا اور عبدالرحمٰن بن خالد نے بیان کیا کہ ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ یہ آیت انصار کے بارے میں نازل ہوئی تھی، اسلام سے پہلے انصار اور قبیلہ غسان کے لوگ منات کے نام پر احرام باندھتے تھی سابقہ حدیث کی طرح اور معمر نے زہری کے واسطے سے بیان کیا، ان سے عروہ نے، ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ قبیلہ انصار کے کچھ لوگ منات کے نام کا احرام باندھتے تھے۔ منات ایک بت تھا جو مکہ اور مدینہ کے درمیان رکھا ہوا تھا۔ (اسلام کے بعد) ان لوگوں نے کہا کہ یارسول اللہ (ﷺ) ہم منات کی تعظیم کی وجہ سے صفا او رمروہ کے درمیان آمد ورفت (سعی) نہیں کیا کرتے تھے۔

باب ۸۴۹. قَوْلُهٗ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا

۸۴۹۔ ''غرض یہ کہ اللہ کی اطاعت کرو اور اس کی عبادت کرو۔''

(۱۹۷۰) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَجَدَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۹۷۰۔ ہم سے ابو معمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے سورة

---

❶ اصل میں یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جو عربوں میں سے نیا نیا اسلام میں داخل ہوا ہو۔ چونکہ پہلے سے زبان پر یہ کلمات چڑھے ہوئے تھے اس لئے فرمایا کہ اگر غلطی سے زبان پر اس طرح کے کلمات آ جائیں تو فوراً اس کی مکافات کر لینی چاہئے۔

بِالنَّجْمِ وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِكُوْنَ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ تَابَعَهُ اِبْنُ طَهْمَانَ عَنْ اَيُّوْبَ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ عُلَيَّةَ اِبْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

النجم میں سجدہ کیا اور آپ کے ساتھ مسلمانوں نے اور تمام جن وانس نے سجدہ کیا اس روایت کی متابعت ابن طہمان نے ایوب کے واسطہ سے کی تھی۔ ابن علیہ نے (ایوب کے واسطہ سے) ابن عباس رضی اللہ عنہ کا ذکر روایت میں نہیں کیا۔

(۱۹۷۱) حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْاَحْمَدَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ ابْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَوَّلُ سُوْرَةٍ اُنْزِلَتْ فِيْهَا سَجْدَةٌ وَالنَّجْمِ قَالَ فَسَجَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَجَدَ مَنْ خَلْفَهٗ اِلَّا رَجُلًا رَاَيْتُهٗ اَخَذَ كَفًّا مِّنْ تُرَابٍ فَسَجَدَ عَلَيْهِ فَرَاَيْتُهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ قُتِلَ كَافِرًا وَهُوَ اُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ

۱۹۷۱۔ ہم سے نضر بن علی نے حدیث بیان کی، انہیں ابواحمد نے خبر دی ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، ان سے اسود بن یزید نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ سب سے پہلے نازل ہونے والی سورۃ سجدہ سورۃ النجم ہے۔ پھر بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے (اس کی تلاوت کے بعد) سجدہ کیا اور جتنے لوگ آپ کے پیچھے تھے سب نے آپ کے ساتھ سجدہ کیا (بلاتخصیص مسلم وکافر کے) سوا ایک شخص کے، میں نے دیکھا کہ اس نے اپنی ہتھیلی میں مٹی اٹھائی اور اسی پر سجدہ کیا۔ بعد میں (بدر کی لڑائی میں) میں نے اسے دیکھا کہ کفر کی حالت میں قتل کیا ہوا پڑا ہے۔ وہ شخص امیہ بن خلف تھا۔

سُوْرَةُ اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ

سورۂ اقتربت الساعۃ

باب ۸۵۰. قَالَ مُجَاهِدٌ مُّسْتَمِرٌّ ذَاهِبٌ مُزْدَجَرٌ مُتَنَاهٍ وَازْدُجِرَ فَاسْتُطِيْرَ جُنُوْنًا دُسُرٌ اَضْلَاعُ السَّفِيْنَةِ لِمَنْ كَانَ كُفِرَ لَهٗ جَزَآءً مِّنَ اللّٰهِ مُحْتَضَرٌ يَحْضُرُوْنَ الْمَآءَ وَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ مُهْطِعِيْنَ النَّسَلَانُ اَلْخَبَبُ السِّرَاعُ وَقَالَ غَيْرُهٗ فَتَعَاطٰى فَعَاطَهَا بِيَدِهٖ فَعَقَرَهَا اَلْمُحْتَظِرِ كَحِظَارٍ مِّنَ الشَّجَرِ مُحْتَرِقٌ اُزْدُجِرَ اِفْتَعَلَ مِنْ زَجَرْتُ كُفِرَ فَعَلْنَا بِهٖ وَبِهِمْ مَافَعَلْنَا جَزَآءً لِّمَا صُنِعَ بِنُوْحٍ وَّاَصْحَابِهٖ مُسْتَقِرٌّ عَذَابٌ حَقٌّ يُقَالُ الْاَشَرُ الْمَرَحُ وَالتَّجَبُّرُ

۸۵۰۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''مستمر'' ای ذاہب۔ ''مزدجر'' ای متناہ۔ (فی الزجر) ازدجر ای استطیر جنونا۔ ''دسر'' یعنی کشتی کی تختیاں۔ ''لمن کان کفر'' یعنی بوجہ اس کے کہ نوح علیہ السلام کا انکار کیا گیا تھا پس اللہ کی طرف سے بدلہ کے طور پر (ان کی قوم کو عذاب اور نوح علیہ السلام اور مومنوں کو نجات دی گئی) ''محتضر'' یعنی صالح علیہ السلام کی قوم کے لوگ پانی پر اپنی باری پر حاضر ہوا کریں گے۔ ابن جبیر نے فرمایا کہ ''مہطعین'' ای النسلان۔ ''الخبب'' ای السراع۔ غیر ابن جبیر نے کہا کہ ''فتعاطی'' یعنی اونٹنی پر وار کیا اور اسے ذبح کر دیا۔ ''المحتظر'' یعنی درختوں کی باڑ جو جل گئی ہو۔ ''ازدجر'' زجرت سے افتعال کا صیغہ ہے۔ ''کفر'' یعنی ہم نے نوح علیہ السلام اور ان کی قوم کے ساتھ جو کچھ کیا وہ بدلہ تھا۔ ان اعمال کا جو انکی قوم نے ان کے اور ان کے مؤمن اصحاب کے ساتھ کیا تھا۔ ''مستقر'' ای عذاب حق ''الاشر'' یعنی اترانا اور تکبر کرنا۔

(۱۹۷۲) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ

۱۹۷۲۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے اور سفیان نے، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے ابومعمر نے اور ان سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِرْقَتَيْنِ فِرْقَةٌ فَوْقَ الْجَبَلِ وَفِرْقَةٌ دُوْنَه' فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِشْهَدُوْا

رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں (مکہ میں آپ ﷺ کے معجزہ کے طور پر) چاند دوٹکڑے ہوگیا تھا۔ایک ٹکڑا پہاڑ کے اوپر تھا اور دوسرا اس کے پیچھے چلا گیا تھا۔آنحضور ﷺ نے اسی موقعہ پر ہم سے فرمایا کہ گواہ رہنا۔

(۱۹۷۳) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَ فِرْقَتَيْنِ فَقَالَ لَنَا اِشْهَدُوْا اِشْهَدُوْا

۱۹۷۳۔ہم سے علی نے حدیث بیان کی،ان سے سفیان نے حدیث بیان کی،انہیں ابن نجیح نے خبر دی،انہیں مجاہد نے،انہیں ابومعمر نے،اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ چاند شق ہوگیا اور اس وقت ہم بھی نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔ چنانچہ اس کے دوٹکڑے ہوگئے۔ آنحضور ﷺ نے ہم سے فرمایا کہ گواہ رہنا،گواہ رہنا۔

(۱۹۷۴) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ بَكْرٌ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ فِيْ زَمَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۱۹۷۴۔ہم سے یحیٰی بن بکیر نے حدیث بیان کی،کہا کہ مجھ سے بکر نے حدیث بیان کی،ان سے جعفر نے،ان سے عراک بن مالک نے،ان سے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود نے،کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں چاند شق ہوگیا تھا۔

(۱۹۷۵) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَاَلَ اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يُّرِيَهُمْ اٰيَةً فَاَرَاهُمُ انْشِقَاقَ الْقَمَرِ

۱۹۷۵۔ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے یونس بن محمد نے حدیث بیان کی،ان سے شیبان نے حدیث بیان کی،ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ مکہ والوں نے نبی کریم ﷺ سے معجزہ دکھانے کا مطالبہ کیا تو آنحضور نے انہیں چاند شق ہونے کا معجزہ دیکھایا۔

(۱۹۷۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ انْشَقَّ الْقَمَرُ فِرْقَتَيْنِ

۱۹۷۶۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی،ان سے یحیٰی نے حدیث بیان کی،ان سے شعبہ نے،ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ چاند دوٹکڑوں میں شق ہوگیا تھا۔

باب ۸۵۱ قَوْلُه' تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ كُفِرَ وَلَقَدْ تَّرَكْنَا هَا اٰيَةً فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ قَالَ قَتَادَةُ اَبْقَى اللّٰهُ سَفِيْنَةَ نُوْحٍ حَتّٰى اَدْرَكَهَآ اَوَآئِلُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

۸۵۱۔"جو (کشتی) ہماری نگرانی میں رواں تھی۔یہ سب انتقام میں اس شخص (نوح علیہ السلام) کے تھا جس کا انکار کیا گیا تھا۔اور ہم نے اس واقعہ کو نشان (عبرت) کے طور پر رہنے دیا۔سو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا" قتادہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کی کشتی کو باقی رکھا اور اس امت (محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کے اسلاف نے اسے پایا۔

(۱۹۷۷) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۱۹۷۷۔ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی،ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی،ان سے ابواسحاق نے،ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ "فہل من مدکر"

پڑھا کرتے تھے۔

باب ۸۵۲. قَوْلِهٖ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ قَالَ مُجَاهِدٌ يَسَّرْنَا هَوَّنَّا قِرَآءَ تَه‘

۸۵۲۔ ''اور ہم نے آسان کر دیا ہے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لئے، سو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟'' مجاہد نے فرمایا کہ ''یسرنا'' یعنی ہم نے اس کی قرأت آسان کر دی۔

(۱۹۷۸) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَّحْيٰى عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّه‘ كَانَ يَقْرَأُ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۱۹۷۸۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے، ان سے ابواسحاق نے، ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ''فہل من مدکر'' پڑھا کرتے تھے۔ (سو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا؟)

باب ۸۵۳. قَوْلِهٖ اَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِیْ وَ نُذُرِ

۸۵۳۔ گویا وہ اکھڑی ہوئی کھجوروں کے تنے ہیں۔ سو دیکھو میرا عذاب اور میری تنبیہیں کیسی رہیں۔

(۱۹۷۹) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ اَنَّه‘ سَمِعَ رَجُلًا سَاَلَ الْاَسْوَدَ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ اَوْ مُذَّكِرٍ فَقَالَ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ يَقْرَؤُهَا فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ قَالَ وَسَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ دَالًا

۱۹۷۹۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے، انہوں نے ایک شخص کو اسود سے پوچھتے سنا کہ آیت میں ''فہل من مدکر'' ہے یا ''مذکر''؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ ''فہل من مدکر'' پڑھتے تھے، آپ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو بھی ''فہل من مدکر'' پڑھتے سنا ہے۔

باب ۸۵۴. قَوْلِهٖ فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ وَ لَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۸۵۴۔ سو وہ (ثمود) ایسے ہو گئے جیسے کانٹوں کے باڑ لگانے والے کا چورا۔ اور ہم نے قرآن کو آسان کر دیا ہے نصیحت حاصل کرنے والوں کے لئے سو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔

(۱۹۸۰) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ اَخْبَرَنَا اَبِیْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ الْاٰيَةَ

۱۹۸۰۔ ہم سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، انہیں ان کے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے، انہیں ابواسحاق نے، انہیں اسود نے اور انہیں ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے، کہ نبی کریم ﷺ نے ''فہل من مدکر'' پڑھا۔ الاٰیۃ۔

باب ۸۵۵. قَوْلُه‘ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ فَذُوْقُوْا عَذَابِیْ وَ نُذُرِ

۸۵۵۔ اور صبح سویرے ہی ان پر عذاب دائمی آ پہنچا، کہ لو میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھو۔

(۱۹۸۱) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۱۹۸۱۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے ''فہل من مدکر'' پڑھا۔

باب ۸۵۶. قَوْلُه‘ وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۸۵۶۔ اور ہم تمہارے ہم طریقہ لوگوں کو ہلاک کر چکے ہیں۔ سو ہے کوئی نصیحت حاصل کرنے والا۔

(۱۹۸۲) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ

۱۹۸۲۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی۔ ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے، ان سے اسود بن یزید نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے سامنے "فہل من مدکر" پڑھا تو آپ نے فرمایا کہ "فہل من مدکر"۔

باب۸۵۷. قَوْلُهٗ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ

۸۵۷۔ سوعنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

(۱۹۸۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ حَوْشَبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ حَدَّثَنِىْ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ابْنُ مُسْلِمٍ عَنْ وُهَيْبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِىْ قُبَّةٍ يَوْمَ بَدْرٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اَللّٰهُمَّ اِنْ تَشَأْ لَا تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ فَاَخَذَ اَبُوْبَكْرٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ وَهُوَ يَثِبُ فِى الدِّرْعِ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ

۱۹۸۳۔ ہم سے محمد بن عبداللہ بن حوشب نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے۔ ح۔ اور مجھ سے محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عفان بن مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے، ان سے خالد نے حدیث بیان کی، ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہ رسول اللہ ﷺ جب کہ آپ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر چھوٹے سے خیمے میں تشریف رکھتے تھے، یہ دعا کر رہے تھے کہ اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد اور وعدہ (مدد کا) یاد دلاتا ہوں۔ اے اللہ! اگر تو چاہے گا تو آج کے بعد تیری عبادت نہ کی جائے گی۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کا ہاتھ پکڑ لیا اور عرض کی، بس یارسول اللہ! آپ نے اپنے رب سے بہت الحاح وزاری سے دعا کر لی۔ اس وقت آنحضور ﷺ زرہ بند خوشی اور جوش میں تھے اور آپ نکلے تو زبان مبارک پر یہ آیت تھی "سوعنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔

باب۸۵۸. قَوْلُهٗ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَ اَمَرُّ يَعْنِىْ مِنَ الْمَرَارَةِ

۸۵۸۔ لیکن ان کا اصل وعدہ تو قیامت کا دن ہے اور قیامت بڑی سخت اور ناگوار چیز ہے۔ "امر" مرارۃ سے ہے۔

(۱۹۸۴) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَهُمْ قَالَ اَخْبَرَنِىْ يُوْسُفُ ابْنُ مَاهَكٍ قَالَ اِنِّىْ عِنْدَ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ لَقَدْ اُنْزِلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَاِنِّىْ لَجَارِيَةٌ اَلْعَبُ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ

۱۹۸۴۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام ابن یوسف نے حدیث بیان کی انہیں ابن جریج نے خبر دی، کہا کہ مجھے یوسف بن ماہک نے خبر دی، انہوں نے بیان کیا کہ میں عائشہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر تھا، آپ نے فرمایا کہ جس وقت آیت "لیکن ان کا اصل وعدہ تو قیامت کا دن ہے اور قیامت بڑی سخت اور ناگوار چیز ہے۔" محمد ﷺ پر مکہ میں نازل ہوئی، تو میں بچی تھی اور کھیلا کرتی تھی۔

(۱۹۸۵) حَدَّثَنِىْ اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۱۹۸۵۔ مجھ سے اسحاق نے حدیث بیان کی ان سے خالد بن عبداللہ بن طحان نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن مہران نے حدیث بیان کی

وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ لَّهُ يَوْمَ بَدْرٍ اَنْشُدُكَ عَهْدَكَ وَوَعْدَكَ اَللّٰهُمَّ اِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْيَوْمِ اَبَدًا فَاَخَذَ اَبُوْبَكْرٍ بِيَدِهٖ فَقَالَ حَسْبُكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَدْ اَلْحَحْتَ عَلٰى رَبِّكَ وَهُوَ فِي الدِّرْعِ فَخَرَجَ وَهُوَ يَقُوْلُ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ

ان سے عکرمہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ، جب کہ آپ بدر کی لڑائی کے موقعہ پر میدان میں ایک چھوٹے سے خیمے میں تشریف رکھتے تھے، یہ دعا کر رہے تھے کہ ''اے اللہ! میں تجھے تیرا عہد اور وعدہ یاد دلاتا ہوں، اے اللہ! اگر تو چاہے گا تو آج کے بعد پھر کبھی تیری عبادت نہیں کی جائے گی (یعنی مسلمانوں کے فنا ہونے کی صورت میں) اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنحضور ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر عرض کیا، بس یارسول اللہ! آپ اپنے رب سے خوب الحاح وزاری کے ساتھ دعا کر چکے ہیں۔ آنحضورؐ اس وقت زرہ بند تھے، آپ باہر تشریف لائے تو آپ کی زبان مبارک پر یہ آیت تھی ''سوعنقریب یہ جماعت شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے لیکن ان کا اصل وعدہ تو قیامت کا دن ہے اور قیامت بڑی سخت اور ناگواری چیز ہے۔''

سُوْرَةُ الرَّحْمٰن

باب ۸۵۹. قال مجاهد بحسبان كحسبان الرحى وقال غيره وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ يُرِيْدُ لِسَانَ الْمِيْزَانِ وَالْعَصْفُ بَقْلُ الزَّرْعِ اِذَا قُطِعَ مِنْهُ شَيْءٌ قَبْلَ اَنْ يُّدْرِكَ فَذٰلِكَ الْعَصْفُ وَالرَّيْحَانُ رِزْقُهٗ وَالْحَبُّ الَّذِيْ يُؤْكَلُ مِنْهُ وَالرَّيْحَانُ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ الرِّزْقُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ وَالْعَصْفُ يُرِيْدُ الْمَاكُوْلَ مِنَ الْحَبِّ وَالرَّيْحَانُ النَّضِيْجُ الَّذِيْ لَمْ يُؤْكَلْ وَقَالَ غَيْرُهٗ اَلْعَصْفُ وَرَقُ الْحِنْطَةِ وَقَالَ الضَّحَّاكُ الْعَصْفُ التِّبْنُ وَقَالَ اَبُوْمَالِكٍ اَلْعَصْفُ اَوَّلُ مَا يَنْبُتُ نُسَمِّيْهِ النَّبَطُ هَبُوْرًا وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْعَصْفُ وَرَقُ الْحِنْطَةِ وَالرَّيْحَانُ الرِّزْقُ وَالْمَارِجُ اللَّهَبُ الْاَصْفَرُ وَالْاَخْضَرُ الَّذِيْ يَعْلُوا النَّارَ اِذَا اُوْقِدَتْ وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَنْ مُّجَاهِدٍ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ لِلشَّمْسِ فِي الشِّتَآءِ مَشْرِقٌ وَّمَشْرِقٌ فِي الصَّيْفِ وَرَبُّ الْمَغْرِ بَيْنِ مَغْرِبُهَا فِي الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ لَا يَبْغِيَانِ لَايَخْتَلِطَانِ اَلْمُنْشَاٰتُ مَارُفِعَ قَلْعُهٗ مِنَ السُّفُنِ فَاَمَّا مَالَمْ يُرْفَعْ قَلْعُهٗ فَلَيْسَ بِمُنْشَاٰةٍ وَقَالَ مُجَاهِدٌ كالفخار كما يصنع الفخار الشواظ لهب من نار وَنُحَاسُ الصُّفْرُ يُصَبُّ عَلٰى رُؤُسِهِمْ

سُوْرَةُ الرَّحْمٰن

۸۵۹۔ مجاہد نے فرمایا ''بحسبان'' ای کحسبان الرحیٰ۔ ان کے غیر نے کہا کہ ''واقیموا الوزن'' میں مراد ترازو کی ڈنڈی ہے۔ ''العصف'' کھیت کی گھاس، کھیتی پکنے سے پہلے جن پودوں کو کاٹ لیا جاتا ہے انہیں ''العصف'' کہتے ہیں۔ ''الریحان'' کلام عرب میں روزی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ''الریحان'' یعنی اس کی روزی اور کھیتی سے حاصل شدہ دانے جو کھاتے ہیں بعض حضرات نے کہا کہ ''العصف'' سے مراد وہ دانہ جو کھانے کے قابل ہو۔ اور ''الریحان'' پختہ دانہ جو کھایا نہ جاتا ہو۔ غیر مجاہد نے کہا کہ ''العصف'' گیہوں کے تنے کے پتے کو کہتے ہیں۔ ضحاک نے فرمایا کہ ''العصف'' سوکھی گھاس کو کہتے ہیں۔ ابو مالک نے فرمایا کہ ''العصف'' اسے کہتے ہیں جو سب سے پہلے اگتا ہے۔ حبشی زبان میں اسے ''ہبور'' کہتے ہیں اور مجاہد نے فرمایا کہ ''العصف'' گیہوں کے پودے کا پتا۔ اور ''الریحان'' روزی، غزا کے معنی میں ہے۔ ''المارج'' زرد اور سبز شعلے جو آگ سے اس وقت اٹھتے ہیں جب وہ بھڑکائی جاتی ہے۔ بعض نے مجاہد کے واسطہ سے بیان کیا کہ ''رب المشرقین'' میں مشرقین سے مراد جاڑے میں سورج کے طلوع ہونے کی جگہ اور گرمی میں سورج کے طلوع ہونے کی جگہ ہے اور ''رب المغربین'' سے جاڑے اور گرمی میں سورج کے غروب ہونے کی جگہ مراد ہے ''لایبغیان'' ای لایختلطان ''المنشآت'' وہ جہاز جو سمندروں میں پہاڑوں کی طرح کھڑے ہوں۔ جو جہاز ایسے نہ ہوں

يُعَذَّبُوْنَ بِهٖ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ يَهُمُّ بِالْمَعْصِيَةِ فَيَذْكُرُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَيَتْرُكُهَا اَلشُّوَاظُ لَهَبٌ مِنْ نَارٍ مُدْهَآمَّتٰنِ سُوْدَاوَانِ مِنَ الرِّيِّ صَلْصَالٍ طِيْنٌ خُلِطَ بِرَمْلٍ فَصَلْصَلَ كَمَا يُصَلْصِلُ الْفَخَّارُ وَيُقَالُ مُنْتِنٌ يُرِيْدُوْنَ بِهٖ صَلَّ يُقَالُ صَلْصَالٌ كَمَا يُقَالُ صَرَّ الْبَابُ عِنْدَ الْاِغْلَاقِ وَصَرْصَرَ مِثْلُ كَبْكَبْتُهٗ فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَيْسَ الرُّمَّانُ وَالنَّخْلُ بِالْفَاكِهَةِ وَاَمَّا الْعَرَبُ فَاِنَّهَا تَعُدُّهَا فَاكِهَةً كَقَوْلِهٖ عَزَّوَجَلَّ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى فَاَمَرَهُمْ بِالْمُحَافَظَةِ عَلٰى كُلِّ الصَّلَوٰتِ ثُمَّ اَعَادَ الْعَصْرَ تَشْدِيْدًا لَهَا كَمَآ اُعِيْدَ النَّخْلُ وَالرُّمَّانُ وَمِثْلُهَا اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ قَالَ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَقَدْ ذَكَرَهُمْ فِيْ اَوَّلِ قَوْلِهٖ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَقَالَ غَيْرُهٗ اَفْنَانٌ اَغْصَانٌ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ مَا يُجْتَنٰى قَرِيْبٌ وَّ قَالَ الْحَسَنُ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ نِعَمِهٖ وَقَالَ قَتَادَةُ رَبِّكُمَا يَعْنِي الْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَ قَالَ اَبُوالدَّرْدَآءِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ يَغْفِرُ ذَنْبًا وَ يَكْشِفُ كَرْبًا وَيَرْفَعُ قَوْمًا وَيَضَعُ اٰخَرِيْنَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بَرْزَخٌ حَاجِزٌ اَلْاَنَامُ الْخَلْقُ نَضَّاخَتَانِ فَيَّاضَتَانِ ذُوالْجَلَالِ ذُوالْعَظَمَةِ وَقَالَ غَيْرُهٗ مَارِجٌ خَالِصٌ مِّنَ النَّارِ يُقَالُ مَرَجَ الْاَمِيْرُ رَعِيَّتَهٗ اِذَا خَلَّاهُمْ يَعْدُو بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مَرَجَ اَمْرُ النَّاسِ مَرِيْجٌ مُّلْتَبِسٌ مَرَجَ اِخْتَلَطَ الْبَحْرَانِ مِنْ مَرَجْتَ دَابَّتَكَ تَرَكْتَهَا سَنَفْرُغُ لَكُمْ سَنُحَاسِبُكُمْ لَايَشْغَلُهٗ شَيْءٌ عَنْ شَيْءٍ وَّهُوَ مَعْرُوْفٌ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ يُقَالُ لَاتَفَرَّغَنَّ لَكَ وَمَابِهٖ شُغْلٌ لَاٰخُذَنَّكَ عَلٰى غِرَّتِكَ

انہیں ''منشآ ة'' نہیں کہیں گے۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''کالفخار'' ای کما یصنع ''الفخار''، ''الشواظ'' آگ کا شعلہ۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''نحاس'' یعنی پیتل ہے۔ ''خاف مقام ربہ'' یعنی وہ شخص جو معصیت کا ارادہ کرتا ہے، لیکن اللہ عزوجل یاد آجاتے ہیں اور وہ معصیت کا ارادہ چھوڑ دیتا ہے۔ ''مدہامتان'' یعنی شادابی کی وجہ سے اتنے گہرے سبز ہیں کہ سیاہی نما ہوگئے ہیں۔ ''صلصال'' یعنی مٹی ریت کے ساتھ مل گئی ہو اور ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی ہو۔ بعض کہتے ہیں ''منتن'' کے معنی میں ہے یعنی ''صل'' اور ''صلصال'' کا ایک ہی مفہوم ہے۔ جیسے دروازہ بند کرتے وقت ''صرالباب'' بولتے ہیں اور صرصر بھی اس کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (یعنی مضاعف ثلاثی، مضاعف رباعی سے ماخوذ ہے) اور جیسے ''کبکبتہ'' کببتہ کے معنی میں۔ میوے اور خرمے اور انار۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ انار اور خرمے میوہ نہیں ہیں۔ بہرحال عرب تو انہیں میوہ ہی کہتے ہیں۔ یہاں ایسی ہی ترکیب استعمال کی گئی ہے۔ جیسی دوسری آیت ''اور حفاظت کرو تمام نمازوں کی اور بیچ کی نماز کی'' میں استعمال ہوئی ہے کہ پہلے تمام نمازوں کی حفاظت کا حکم دیا، پھر تاکید کے لئے عصر کی نماز کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا۔ اسی طرح اس آیت میں عام میوہ کے ذکر کے بعد انار اور خرمے کا خاص طور سے ذکر کیا۔ یہ ترکیب ایک اور موقعہ پر بھی استعمال ہوئی ہے۔ ''کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ کو وہ تمام چیزیں سجدہ کرتی ہیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں۔'' پھر فرمایا ''اور بہت سے لوگ'' (یہاں انسانوں کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا) ''اور بہت سے ایسے ہیں جن کے حق میں عذاب کا فیصلہ کر دیا گیا۔'' ''وہ تمام چیزیں جو آسمان میں اور جو زمین میں ہیں'' میں انسان بھی آجاتے ہیں۔ لیکن پھر ان کا خصوصیت کے ساتھ بھی ذکر کیا۔ غیر مجاہد نے کہا کہ ''افنان'' ای اغصان ''جنا الجنتین دان'' یعنی دونوں درختوں کے پھل جو توڑے جائیں گے وہ بہت ہی قریب ہوں گے۔ حسن نے فرمایا کہ ''فبای آلاء'' یعنی اللہ کی نعمتیں۔ قتادہ نے فرمایا کہ ''ربکما تکذبان'' میں تثنیہ کا صیغہ انس و جن کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''کل یوم ہو فی شان'' یعنی جس میں وہ گناہ معاف کرتا ہے، تکلیف دور کرتا ہے۔ بعض قوموں کو بلندی پر پہنچاتا ہے اور بعض کو گراتا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ

عنہ نے فرمایا کہ ''برزخ بمعنی حاجز'' ہے۔ ''الانام'' الخلق ''نضاختان'' اے فیاضتان ''ذوالجلال'' ای ذوالعظمة۔ غیر ابن عباسؓ نے کہا کہ ''مارج'' یعنی آگ کا خاص شعلہ (بغیر دھوئیں کے) ''مرج الامیر رعیتہ'' اس وقت بولتے ہیں جب امیر رعایا کو کھلی چھٹی دے دے کہ رعایا ایک دوسرے پر ظلم کرتی پھرے۔ ''مرج امرالناس'' ای اختلط۔ مریج ای ملتبس۔ مرج یعنی دو دریا مل گئے۔ مرجت دابتک سے ماخوذ۔ چھوڑنے کے معنی میں ''سنفرغ لکم'' یعنی ہم تمہارا حساب لیں گے، ورنہ اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز کسی بھی دوسری چیز سے غافل نہیں کرسکتی۔ یہ استعمال کلام عرب میں جانا پہچانا ہے۔ بولتے ہیں ''لاتفرغن لک'' حالانکہ کوئی مشغولیت نہیں ہوئی (بلکہ یہ وعید او تحدید ہے) گویا وہ یہ کہہ رہا ہے کہ تمہاری اس غفلت کا تمہیں مزہ چکھاؤں گا۔

باب ۸۶۰. قَوْلِهٖ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ

۸۶۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور ان باغوں سے کم درجہ میں دو اور باغ بھی ہیں۔''

(۱۹۸۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِی الْاَسْوَدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِالصَّمَدِ الْعَمِّیُّ حَدَّثَنَا اَبُوْعِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ عَنْ اَبِیْ بَکْرِبْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَنَّتٰنِ مِنْ فِضَّةٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَجَنَّتٰنِ مِنْ ذَهَبٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَ بَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْآ اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَآءُ الْكِبْرِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ حُوْرٌ مَّقْصُوْرَاتٌ فِي الْخِيَامِ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حُوْرٌ سُوْدُالْحَدَقِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَقْصُوْرَاتٌ مَحْبُوْسَاتٌ قُصِرَ طَرْفُهُنَّ وَاَنْفُسُهُنَّ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ قَاصِرَاتٌ لَايَبْغِيْنَ غَيْرَ اَزْوَاجِهِنَّ

۱۹۸۶۔ ہم سے عبداللہ بن ابی الاسود نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز بن عبدالصمد العمی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعمران الجونی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبکر بن عبداللہ بن قیس نے اور ان سے ان کے والد (عبداللہ بن قیس ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (جنت میں) دو باغ ہوں گے، جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں چاندی کی ہوں گی اور دو دوسرے باغ ہوں گے جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں سونے کی ہوں گے اور جنت عدن سے جنتیوں کے اپنے رب کے دیدار میں کوئی چیز سوائے رداء کبر کے جو اس کی ذات پر ہوگی حائل نہ ہوگی۔ ''گورے رنگ والیاں خیموں میں محفوظ ہوں گی'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''حور'' یعنی سیاہ چشم۔ مجاہد نے فرمایا ''مقصورات'' یعنی محبوسات۔ یعنی ان کی نظریں اور ان کی ذات ان کے شوہروں کے لئے محفوظ ہوگی، وہ انہیں کے لئے ہوں گی۔ ان کے سوا کسی دوسرے کو نہ چاہیں گی۔

(۱۹۸۷) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِالصَّمَدِ حَدَّثَنَا اَبُوْعِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِی

۱۹۸۷۔ ہم سے محمد بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبدالعزیز ابن عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعمران جونی نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبکر بن عبداللہ بن قیس نے اور ان سے ان کے والد نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جنت میں کھوکھلے کشادہ موتی کا خیمہ ہوگا۔

الْجَنَّةِ خَيْمَةً مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ عَرْضُهَا سِتُّونَ مِيْلًا فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَآ اَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الْاٰخَرِيْنَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهَا وَجَنَّتَانِ مِنْ كَذَا اٰنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْآ اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ

اس کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی اور اس کے ہر کنارے پر حور ہوگی۔ ایک کنارے والی دوسرے کنارے والی کو نہ دیکھ سکے گی۔ اور مومن ان کے پاس باری باری جائے گا اور دو باغ ہوں گے جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں چاندی کی ہوں گی اور ایسے بھی دو باغ ہوں گے جن کے برتن اور تمام دوسری چیزیں سونے کی ہوں گی۔ جنت عدن میں جنتیوں اور اللہ رب العزت کے دیدار کے درمیان سوائے رداء کبر کے جو اس کے اوپر ہوگی اور کوئی چیز حائل نہ ہوگی۔

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

سورۃ الواقعہ

باب ۸۶۱. وَقَالَ مُجَاهِدٌ رُجَّتْ زُلْزِلَتْ بُسَّتْ فُتَّتْ لُتَّتْ كَمَا يُلَتُّ السَّوِيْقُ اَلْمَخْضُوْدُ اَلْمُوْقَرُ حَمْلًا وَيُقَالُ اَيْضًا لَا شَوْكَ لَهٗ مَنْضُوْدٌ اَلْمَوْزُ وَالْعُرُبُ اَلْمُحَبَّبَاتُ اِلٰى اَزْوَاجِهِنَّ ثُلَّةٌ اُمَّةٌ يَحْمُوْمٌ دُخَانٌ اَسْوَدُ يُصِرُّوْنَ يُدِيْمُوْنَ اَلْهِيْمُ اَلْاِبِلُ الظِّمَآءُ لَمُغْرَمُوْنَ لَمُلْزَمُوْنَ رَوْحٌ جَنَّةٌ وَرَخَاءٌ وَ رَيْحَانٌ اَلرِّزْقُ وَنُنْشِاَكُمْ فِيْ اَيِّ خَلْقٍ نَشَآءُ وَ قَالَ غَيْرُهٗ تَفَكَّهُوْنَ تَعْجَبُوْنَ عُرُبًا مُثَقَّلَةً وَاحِدُهَا عَرُوْبٌ مِثْلَ صَبُوْرٍ وَّصُبُرٍ يُسَمِّيْهَآ اَهْلُ مَكَّةَ الْعَرِبَةَ وَاَهْلُ الْمَدِيْنَةِ الْغَنِجَةَ وَاَهْلُ الْعِرَاقِ الشَّكِلَةَ وَقَالَ فِيْ خَافِضَةٍ لِقَوْمٍ اِلَى النَّارِ وَرَافِعَةٍ اِلَى الْجَنَّةِ مَوْضُوْنَةٍ مَنْسُوْجَةٍ وَمِنْهُ وَضِيْنُ النَّاقَةِ وَالْكُوْبُ لَااٰذَانَ لَهٗ وَلَاعُرْوَةَ وَالْاَبَارِيْقُ ذَوَاتُ الْاٰذَانِ وَالْعُرٰى مَسْكُوْبٍ جَارٍ وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ مُتْرَفِيْنَ مُتَمَتِّعِيْنَ مَاتُمْنُوْنَ هِيَ النُّطْفَةُ فِيْ اَرْحَامِ النِّسَآءِ لِلْمُقْوِيْنَ لِلْمُسَافِرِيْنَ وَالْقِيُّ اَلْقَفْرُ بِمَوَاقِعِ النُّجُوْمِ بِمُحْكَمِ الْقُرْاٰنِ وَيُقَالُ بِمَسْقَطِ النُّجُوْمِ اِذَا سَقَطْنَ وَمَوَاقِعُ و مَوْقِعٌ وَاحِدٌ مُدْهِنُوْنَ مُكَذِّبُوْنَ مِثْلُ لَوْتُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ فَسَلَامٌ لَّكَ اَيْ مُسَلَّمٌ لَّكَ اِنَّكَ مِنْ اَصْحَابِ الْيَمِيْنِ وَاُلْقِيَتْ اِنَّ وَهُوَ مَعْنَاهَا كَمَا تَقُوْلُ اَنْتَ مُصَدَّقٌ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِيْلٍ اِذَا كَانَ قَدْ قَالَ اِنِّيْ مُسَافِرٌ عَنْ قَلِيْلٍ وَقَدْ يَكُوْنُ كَالدُّعَاءِ لَهٗ كَقَوْلِكَ

۸۶۱۔ اور مجاہد نے فرمایا کہ "رجت" ای زلزلت "بست" بمعنی فتت۔ یعنی اس طرح لت پت کر دیا جائے جیسے ستو (گھی وغیرہ میں) کیا جاتا ہے۔ "المخضود" جو بوجھ سے لدا ہو، اسے بھی کہتے ہیں، جس میں کانٹے نہ ہوں۔ "منضود" بمعنی کیلا "العرب" اپنے شوہروں سے محبت کرنے والیاں "ثلۃ" ای امۃ۔ "یحموم" سیاہ دھواں "یصرون" ای یدیمون "الھیم" وہ اونٹ جسے پیاس کا ہڑکا لگ گیا ہو۔ "لمغرمون" ای لملزمون "روح" ای جنۃ ورخاء اور "الریحان" بمعنی الرزق "ننشاکم" یعنی جس مخلوق میں بھی ہم چاہیں تمہیں پیدا کر دیں۔ غیر مجاہد نے فرمایا کہ "تفکھون" ای تعجبون، عربا کا واحد عروب ہے۔ جیسے صبور اور صبر۔ اہل مکہ اسے "العربۃ" کہتے ہیں۔ اہل مدینہ "الغنجۃ" کہتے ہی اور اہل عراق "الشکلۃ" کہتے ہیں۔ "خافضۃ" یعنی وہ ایک جماعت کو جہنم کی پستی میں لے جانے والی ہے اور دوسری جماعت کو جنت کی بلندی پر پہنچانے والی ہے۔ "موضونۃ" ای منسوجۃ "الکوب" بے ٹونٹی بھی ہو اور دستی بھی "مسکوب" ای جار "وفرش مرفوعۃ" یعنی بعض بعض کے اوپر ہوں گے۔ "مترفین" ای متنعمین۔ "مدینین" ای محاسبین "ماتمنون" ای النطفۃ فی ارحام النساء۔ "للمقوین" ای للمسافرین "القی" بمعنی القفر "بمواقع النجوم" ای بمحکم القرآن۔ بمسقط النجوم اس وقت بولتے ہیں جب ستارے گرتے ہیں۔ مواقع اور موقع دونوں کا مفہوم ایک ہی ہے۔ "مدھنون" ای مکذبون جیسے لوتدھن فیدھنون میں ہے "سلام لک" یعنی تجھ پر سلامتی ہو کہ تو اصحاب یمین میں سے ہے۔ آیت میں "ان" لفظوں میں مذکور نہیں ہوا۔ اگرچہ معنی موجود ہے۔ بولتے ہیں "انت مصدق مسافر عن قلیل" (یہاں بھی اصل میں انک مسافر ہے) یہ اس وقت استعمال ہوتا ہے جب کسی سے مخاطب نے یہ کہا ہو کہ "انی مسافر عن قلیل"

فَسَقْيًا مِنَ الرِّجَالِ اِنْ رُفِعَتِ السَّلَامُ فَهُوَ مِنَ الدُّعَآءِ تُوْرُوْنَ تَسْتَخْرِجُوْنَ اَوْرَيْتُ اُوْقِدْتُ لَغْوًا بَاطِلاً تَاْثِيْمًا كَذِبًا

(اس کا جواب سابقہ جملہ سے دیتے وقت ''ان'' حذف کردیا جاتا ہے۔ اگرچہ معنی مذکور ہوتا ہے)۔ لفظ ''سلام'' مخاطب کو دعا کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ''فسقیا من الرجال'' میں بھی دعا ہی ہے۔ ''سلام'' کو رفع ہو جبھی دعا کے لئے ہوگا ''تورون'' ای تستخرجون ''اوریت'' بمعنی اوقدت سے ماخوذ ہے۔ ''لغوا'' ای باطلا ''تاثیما'' ای کذبا؟

باب ۸۶۲. قَوْلِهٖ وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ

۸۶۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور لمبا سایہ ہوگا۔''

(۱۹۸۸) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يَبْلُغُ بِهِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِى الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِىْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَايَقْطَعُهَا وَاقْرَءُوْا اِنْ شِئْتُمْ وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ

۱۹۸۸۔ ہمیں علی بن عبداللہ نے خبر دی ان سے سفیان نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابوالزناد نے، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ آپ فرماتے تھے کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا تھا کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ جنت میں ایک درخت ہوگا (اتنا بڑا کہ) سوار اس کے سایہ میں سو سال تک چلے گا اور پھر بھی اسے طے نہ کر سکے گا۔ اگر تمہارا جی چاہے تو آیت ''اور لمبا سایہ ہوگا'' کی قرأت کرو۔

سُوْرَةُ الْحَدِيْدُ

سورۃ الحدید

باب ۸۶۳. قَالَ مُجَاهِدٌ جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ مُعَمَّرِيْنَ فِيْهِ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ مِنَ الضَّلَالَةِ اِلَى الْهُدٰى وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ جُنَّةٌ وَّسِلَاحٌ مَوْلَاكُمْ اَوْلٰى بِكُمْ لِئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتَابِ لِيَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ يُقَالُ الظَّاهِرُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا وَالْبَاطِنُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ عِلْمًا اُنْظُرُوْنَا اِنْتَظِرُوْنَا

باب ۸۶۳۔ مجاہد نے فرمایا ''جعلکم مستخلفین'' ای معمرین فیہ ''من الظلمات الی النور'' یعنی من الضلالۃ الی الہدیٰ ''منافع للناس'' ای جنۃ و سلاح ''مولاکم'' ای اولی بکم ''لئلا یعلم اہل الکتاب'' ای لیعلم اہل الکتاب۔ ہر چیز کے ظاہر پر بھی علم کا اطلاق ہوتا ہے اور باطن پر بھی۔ ''انظرونا'' ای انتظرونا۔

سُوْرَةُ الْمُجَادِلَةِ

سورۃ المجادلۃ

باب ۸۶۴. وَقَالَ مُجَاهِدٌ يُحَآدُّوْنَ يُشَآقُّوْنَ اللّٰهَ كُبِتُوْا اُخْزِيُوْا مِنَ الْخِزْىِ اِسْتَحْوَذَ غَلَبَ

باب ۸۶۴۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''یحادون'' ای یشاقون اللہ ''کبتوا'' ای اخزیوا۔ الخزی سے ماخوذ ہے۔ ''استحوذ'' ای غلب۔

سُوْرَةُ الْحَشْرِ

سورۃ الحشر

باب ۸۶۵. قَوْلُهٗ اَلْجَلَآءُ الْاِخْرَاجُ مِنْ اَرْضٍ اِلٰى اَرْضٍ

باب ۸۶۵۔ ''الجلاء'' ایک سرزمین سے دوسری جگہ نکال دینا (جلاوطنی)

(۱۹۸۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ سُوْرَةُ التَّوْبَةِ قَالَ التَّوْبَةُ هِىَ الْفَاضِحَةُ مَا زَالَتْ تَنْزِلُ وَمِنْهُمْ وَ مِنْهُمْ حَتّٰى ظَنُّوْا اَنَّهَا لَمْ تُبْقِ اَحَدًا مِّنْهُمْ اِلَّا ذُكِرَ فِيْهَا قَالَ قُلْتُ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ قَالَ نَزَلَتْ فِىْ بَدْرٍ قَالَ قُلْتُ سُوْرَةُ الْحَشْرِ قَالَ نَزَلَتْ فِىْ بَنِى النَّضِيْرِ

۱۹۸۹۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، انہیں ابوبشر نے خبر دی، ان سے سعید بن جبیر نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سورۃ التوبہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا ''التوبۃ'' کے متعلق دریافت کرتے ہو، وہ تو لوگوں کے بھید کھولنے والی سورۃ ہے۔ جب تک اس کی آیت ''ومنہم ومنہم'' سے شروع ہوتی رہیں، لوگوں نے تو یہ سوچنا شروع کر دیا تھا کہ اب ان میں کوئی بھی ایسا شخص

باقی نہ رہے جس کا ذکر اسی طرح اس آیت میں نہ آجائے۔ بیان کیا کہ میں نے سورۃ الانفال کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ غزوۂ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی۔ بیان کیا کہ میں نے سورۃ الحشر کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ قبیلہ بنوالنضیر کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔

(۱۹۹۰) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَىٰ بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَآ اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سُوْرَةُ الْحَشْرِ قَالَ قُلْ سُوْرَةُ النَّضِيْرِ

۱۹۹۰۔ ہم سے حسن بن مدرک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن حماد نے حدیث بیان کی، انہیں ابوعوانہ نے خبر دی، انہیں ابوبشر نے اور ان سے سعید نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سورۃ الحشر کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا بلکہ اسے سورۃ النضیر کہو۔

باب ۸۶۶. قَوْلُهٗ: مَاقَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ نَخْلَةٍ

۸۶۶۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹے" آیت میں لینۃ بمعنی نخلۃ ہے۔

(۱۹۹۱) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّقَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَقَطَعَ وَهِيَ الْبُوَيْرَةُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِيْنَ

۱۹۹۱۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے نافع نے اور ان سے ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے بنونضیر کے کھجور کے درخت جلا دیئے تھے اور انہیں کاٹ ڈالا تھا۔ یہ درخت مقام "بویرہ" میں تھے، پھر اس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی کہ "جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹے یا انہیں ان کی جڑوں پر قائم رہنے دیا، سو یہ دونوں اللہ ہی کے حکم کے موافق ہیں اور تاکہ اللہ نافرمانوں کو رسوا کرے۔

باب ۸۶۷. قَوْلُهٗ: مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

۸۶۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور جو کچھ اللہ نے اپنے رسول کو ان سے بطور فے ❶ دلوایا۔

(۱۹۹۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ غَيْرَ مَرَّةٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَّالِكِ ابْنِ اَوْسِ ابْنِ الْحَدَثَانِ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَتْ اَمْوَالُ بَنِي النَّضِيْرِ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنْهَا نَفَقَةَ

۱۹۹۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے کئی مرتبہ عمرو کے واسطہ بیان کیا، ان سے زہری نے، ان سے مالک بن اوس بن حدثان نے اور ان سے عمر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ بنی نضیر کے اموال کو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو بطور فے دیا تھا۔ یعنی اس کے لئے گھوڑے اور اونٹ دوڑائے بغیر۔ ان اموال کا خرچ کرنا خاص طور پر رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں تھا۔ چنانچہ آپ اسی میں سے ازواج مطہرات کا سالانہ خرچ دیتے تھے اور جو باقی بچتا تھا اس سے سامان جنگ

---

❶ فقہ کی اصطلاح میں "فئی" وہ مال ہے جو اہل حرب سے بلا جنگ حاصل ہو جائے۔ یہود بنی نضیر کے خلاف آنحضور ﷺ کی کارروائی ان کی مسلسل معاندانہ روش کی وجہ سے تھی۔ بہرحال حالات جنگ میں مخالف کے قلعہ کو توڑنے، باغات اور کھیتوں کو اجاڑنے کی بھی ضرورت پیش آتی ہے اور اس کی اسلام نے اجازت دی ہے۔ بہت سے حالات میں اگر اس طرح کی کارروائی نہ کی جائے تو اس کا نتیجہ شکست بھی ہو سکتا ہے۔ فقہاء کا اس پر اتفاق ہے کہ اس طرح کی کارروائی حالات جنگ میں جائز ہے۔

سَنَتِهٖ ثُمَّ يَجْعَلُ مَابَقِيَ فِي السَّلاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور گھوڑوں کے لئے خرچ کرتے تا کہ اللہ کے راستہ میں جہاد کے موقعہ پر کام آئیں۔

باب۸۶۸. قَوْلُهٗ وَمَآ اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ

۸۶۸۔ "تو رسول تمہیں جو کچھ دیں، لے لیا کرو"

(۱۹۹۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَالْمُوْتَشِمَاتِ وَالْمُتَنَمِّصَاتِ وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ امْرَاَةً مِنْ بَنِيْ اَسَدٍ يُقَالُ لَهَا اُمُّ يَعْقُوْبَ فَجَاءَ تْ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَكَيْتَ فَقَالَ وَمَالِيْ لَا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَاْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَاتَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَاْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِّيْهِ اَمَا قَرَاْتِ وَمَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَاِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ قَالَتْ فَاِنِّيْ اَرٰى اَهْلَكَ يَفْعَلُوْنَهٗ قَالَ فَاذْهَبِيْ فَانْظُرِيْ فَذَهَبَتْ فَنَظَرَتْ فَلَمْ تَرَ مِنْ حَاجَتِهَا شَيْئًا فَقَالَ لَوْ كَانَتْ كَذٰلِكَ مَاجَامَعْتُنَا

۱۹۹۳۔ ہم سے محمد بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے گودنے والیوں اور گودوانے والیوں پر لعنت بھیجی ہے، چہرے کے بال اکھاڑنے والیوں اور حسن کے لئے آگے کے دانتوں میں کشادگی کرنے والیوں پر لعنت بھیجی ہے کہ یہ اللہ کی پیدا کی ہوئی صورت میں تبدیلی کرتی ہیں۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ کلام قبیلہ بنی اسد کی ایک عورت کو معلوم ہوا جو ام یعقوب کے نام سے معروف تھی۔ وہ آئی اور کہا کہ مجھے معلوم ہوا کہ آپ نے اس طرح کی عورتوں پر لعنت بھیجی ہے؟ ابن مسعود نے فرمایا آخر کیوں نہ میں انہیں لعنت کروں، جنہیں رسول اللہ ﷺ نے لعنت کی ہے اور جو کتاب اللہ کے حکم کے اعتبار سے ملعون ہے۔ اس عورت نے کہا کہ قرآن مجید تو میں نے بھی پڑھا ہے۔ لیکن آپ جو کچھ کہتے ہیں، میں نے تو اس میں کہیں یہ بات دیکھی نہیں۔ آپ نے فرمایا اگر تم نے پڑھا ہوتا تو تمہیں ضرور مل جاتا، کیا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی ہے کہ "تو رسول اللہ ﷺ تمہیں جو کچھ دیں، لے لیا کرو اور جس سے وہ تمہیں روک دیں رک جایا کرو۔" اس نے کہا کہ پڑھی ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر آنحضور ﷺ نے ان چیزوں سے روکا ہے۔ اس پر اس عورت نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ آپ کے گھر میں بھی ایسا ہی کرتی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ جاؤ اور دیکھ لو۔ وہ عورت گئی اور اس نے دیکھا۔ لیکن اس طرح کی ان کے یہاں کوئی چیز اسے نہیں ملی۔ پھر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر وہ بھی اسی طرح کرتیں تو میں کبھی ان کے قریب نہ جاتا۔

(۱۹۹۴) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ ذَكَرْتُ لِعَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ حَدِيْثَ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاصِلَةَ قَالَ سَمِعْتُهٗ مِنِ امْرَاَةٍ يُقَالُ لَهَآ اُمُّ يَعْقُوْبَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَ حَدِيْثِ مَنْصُوْرٍ

۱۹۹۴۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے بیان کیا کہ میں نے عبدالرحمٰن بن عابس سے منصور بن معتمر کی حدیث کا ذکر کیا جو وہ ابراہیم کے واسطہ سے بیان کرتے تھے کہ ان سے علقمہ نے اور ان سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے سر کے قدرتی بالوں کے ساتھ مصنوعی بال لگانے والیوں پر لعنت بھیجی تھی۔ عبدالرحمٰن بن عابس نے کہا کہ میں نے

بھی منصور کی حدیث کی طرح ام یعقوب نامی ایک عورت سے سنا تھا، وہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بیان کرتی تھی۔

باب ۸۶۹. قَوْلُهٗ وَالَّذِیْنَ تَبَوَّأُوا الدَّارَ وَالْاِیْمَانَ

۸۶۹۔ ''اوران لوگوں کا (بھی حق ہے) جو دارالاسلام اور ایمان میں ان کے قبل سے قرار پکڑتے ہوئے ہیں۔''

(۱۹۹۵) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرٍ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَیْمُوْنٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اُوْصِی الْخَلِیْفَةَ بِالْمُهَاجِرِیْنَ الْاَوَّلِیْنَ اَنْ یَّعْرِفَ لَهُمْ حَقَّهُمْ وَاُوْصِی الْخَلِیْفَةَ بِالْاَنْصَارِ الَّذِیْنَ تَبَوَّأُوا الدَّارَ وَالْاِیْمَانَ مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّهَاجِرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّقْبَلَ مِنْ مُّحْسِنِهِمْ وَ یَعْفُوَ عَنْ مُّسِیْئِهِمْ

۱۹۹۵۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبکرؓ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے اور ان سے عمرو بن میمون نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے (زخمی ہونے کے بعد شہادت سے پہلے) فرمایا، میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو مہاجرین اولین کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ ان کا حق پہچانے اور میں اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو انصار کے بارے میں وصیت کرتا ہوں جو دارالاسلام اور ایمان میں نبی کریم ﷺ کی ہجرت سے پہلے قرار پکڑے ہوئے ہیں۔ یہ کہ ان میں جو نیکوکار ہیں ان کی پذیرائی اور اگر ان سے غلطی ہو تو اس سے درگذر کرے۔

باب ۸۷۰. قَوْلُهٗ وَ یُؤْثِرُوْنَ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ اَلْاٰیَةَ اَلْخَصَاصَةُ اَلْفَاقَةُ اَلْمُفْلِحُوْنَ اَلْفَائِزُوْنَ بِالْخُلُوْدِ اَلْفَلَاحُ اَلْبَقَاءُ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ عَجِّلْ وَقَالَ الْحَسَنُ حَاجَةً حَسَدًا

۸۷۰۔ ''اور اپنے سے مقدم رکھتے ہیں۔'' آخر آیت تک۔
''الخصاصہ'' بمعنی فاقہ ہے ''المفلحون'' اے الفائزون بالخلود۔
''الفلاح'' ای البقاء ''حی علی الفلاح'' یعنی جلدی کرو فلاح و بقاء کی طرف آنے میں۔ حسن نے فرمایا کہ ''الحاجۃ'' بمعنی حسد ہے۔

(۱۹۹۶) حَدَّثَنِیْ یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ کَثِیْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا فُضَیْلُ بْنُ غَزْوَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْحَازِمِ الْاَشْجَعِیُّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَتٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَنِیَ الْجَهْدُ فَاَرْسَلَ اِلٰی نِسَآئِهٖ فَلَمْ یَجِدْ عِنْدَهُمْ شَیْئًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا رَجُلٌ یُّضَیِّفُهٗ هٰذِهِ اللَّیْلَةَ یَرْحَمُهُ اللّٰهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ اَنَا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَذَهَبَ اِلٰی اَهْلِهٖ فَقَالَ لِامْرَاَتِهٖ ضَیْفُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاتَدَّخِرِیْهِ شَیْئًا قَالَتْ وَاللّٰهِ مَاعِنْدِیْ اِلَّا قُوْتُ الصِّبْیَةِ قَالَ فَاِذَآ اَرَادَ الصِّبْیَةُ الْعَشَآءَ فَنَوِّمِیْهِمْ وَتَعَالَیْ فَاَطْفِئِی السِّرَاجَ وَنَطْوِیْ بُطُوْنَنَا اللَّیْلَةَ فَفَعَلَتْ ثُمَّ غَدَا

۱۹۹۶۔ مجھ سے یعقوب بن ابراہیم بن کثیر نے روایت بیان کی، ان سے اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے فضیل بن غزوان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم اشجعی نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک صاحب (ابوہریرہ رضی اللہ عنہ) حاضر ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ! میں فاقہ سے ہوں۔ آنحضور ﷺ نے انہیں ازواج مطہرات کے پاس بھیجا کہ (وہ آپ کی ضیافت کریں) لیکن ان کے پاس کوئی چیز کھانے کی نہیں تھی۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کیا کوئی شخص ایسا نہیں جو آج رات اس مہمان کی میزبانی کرے؟ اللہ اس پر رحم کرے گا۔ اس پر ایک انصاری صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کی، یارسول اللہ، یہ آج میرے مہمان ہیں۔ پھر وہ انہیں اپنے ساتھ لے گئے اور اپنی بیوی سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے مہمان ہیں، کوئی چیز ان سے بچا کے نہ رکھنا۔ بیوی نے کہا، اللہ گواہ ہے، میرے پاس اس وقت بچوں کے کھانے کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہے۔ انصاری صحابی نے کہا

الرَّجُلُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَقَدْ عَجِبَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اَوْضَحِکَ مِنْ فُلَانٍ وَّفُلَانَةٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰی اَنْفُسِهِمْ وَلَوْكَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ

کہ اگر بچے کھانا مانگیں تو انہیں سلادو اور آؤ یہ چراغ بھی بجھادو۔ آج رات ہم بھوکے ہی رہیں گے (اور جو کچھ کھانا ہے مہمان کو کھلا دیں گے) بیوی نے ایسا ہی کیا۔ پھر وہ انصاری صحابی صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فلاں (انصاری صحابی) اور اس کی بیوی (کے عمل) کو پسند فرمایا۔ یا (آپ نے فرمایا کہ) اللہ مسکرایا (یعنی اللہ ان کے اس عمل سے راضی اور خوش ہوا) پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ”اور اپنے سے مقدم رکھتے ہیں، اگر چہ خود فاقہ میں ہی ہوں۔“

سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

باب ۸۷۱۔ وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَاتَجْعَلْنَا فِتْنَةً لَاتُعَذِّبْنَا بِاَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْنَ لَوْكَانَ هٰٓؤُلَآءِ عَلَى الْحَقِّ مَا اَصَابَهُمْ هٰذَا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ اُمِرَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِ نِسَآئِهِمْ كُنَّ كَوَافِرَ بِمَكَّةَ

(۱۹۹۷) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ رَافِعٍ كَاتِبَ عَلِيٍّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُوْلُ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَالزُّبَيْرَ وَالْمِقْدَادَ فَقَالَ اِنْطَلِقُوْا حَتّٰى تَاْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ فَاِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَخُذُوْهُ مِنْهَا فَذَهَبْنَا تَعَادٰى بِنَا خَيْلُنَا حَتّٰى اَتَيْنَا الرَّوْضَةَ فَاِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ فَقُلْنَا اَخْرِجِي الْكِتَابَ فَقَالَتْ مَامَعِيْ مِنْ كِتَابٍ فَقُلْنَا لَتُخْرِجَنَّ الْكِتَابَ اَوْلَنُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ فَاَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا فَاَتَيْنَا بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا فِيْهِ مِنْ حَاطِبِ بْنِ اَبِيْ بَلْتَعَةَ اِلٰى اُنَاسٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ مِمَّنْ بِمَكَّةَ يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ اَمْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاهٰذَا يَاحَاطِبُ قَالَ لَاتَعْجَلْ عَلَيَّ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ امْرَاً مِّنْ قُرَيْشٍ وَّلَمْ اَكُنْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَكَانَ مَنْ مَّعَکَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ لَهُمْ

سورۃ الممتحنہ

باب ۸۷۱۔ مجاہد نے فرمایا کہ ”لاتجعلنا فتنۃ“ یعنی ہمیں ان (کافروں) کے ہاتھوں عذاب میں مبتلا نہ کرنا کہ وہ کہنے لگیں کہ اگر یہ حق پر ہوتے تو آج ان پر یہ مصیبت نہ آتی۔ ”بعصم الکوافر“ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کو حکم ہو گیا کہ اپنی ان بیویوں کو جدا کر دیں جو مکہ میں کافرہ ہیں۔

۱۹۹۷۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن دینار نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے حسن بن محمد ابن علی نے حدیث بیان کی، انہوں نے علی رضی اللہ عنہ کے کاتب عبید اللہ ابن ابی رافع سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ سے میں نے سنا۔ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے زبیر اور مقداد رضی اللہ عنہما کو روانہ کیا اور فرمایا کہ چلے جاؤ اور جب مقام خاخ کے باغ پر پہنچو (جو مکہ معظمہ اور مدینہ کے درمیان تھا) تو وہاں تمہیں ہودج میں ایک عورت ملے گی۔ اس کے ساتھ ایک خط ہوگا۔ وہ خط تم اس سے لے لینا۔ چنانچہ ہم روانہ ہوئے۔ ہمارے گھوڑے ہمیں صبار رفتاری کے ساتھ لے جا رہے تھے۔ آخر جب ہم اس باغ پر پہنچے تو واقعی وہاں ہم نے ہودج میں ایک عورت کو پالیا۔ ہم نے اس سے کہا خط نکالو۔ اس نے کہا میرے پاس کوئی خط نہیں ہے۔ ہم نے اس سے کہا کہ خط نکالو ورنہ ہم تمہارا سارا کپڑا اتار کر تلاشی لے لیں گے۔ آخر اس نے اپنی چوٹی سے خط نکالا۔ یہ حضرات وہ خط لے کر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس خط میں لکھا ہوا تھا کہ حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے مشرکین کے چند افراد کی طرف جو مکہ میں تھے۔ اس خط میں انہوں نے (فتح مکہ کی مہم کے متعلق) آنحضور ﷺ کے کچھ راز بتائے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے

قَرَابَاتٌ يَحْمُوْنَ بِهَآ اَهْلِيهِمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِمَكَّةَ فَاَحْبَبْتُ اِذْ فَاتَنِيْ مِنَ النَّسَبِ فِيهِمْ اَنْ اَصْنَعَ اِلَيْهِمْ يَدًا يَحْمُوْنَ قَرَابَتِيْ وَمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ كُفْرًا وَّلَا اِرْتِدَادًا عَنْ دِيْنِيْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ قَدْ صَدَقَكُمْ فَقَالَ عُمَرُ دَعْنِيْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَضْرِبَ عُنُقَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ شَهِدَ بَدْرًا وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اِعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ قَالَ عَمْرٌو وَنَزَلَتْ فِيهِ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ قَالَ لَا اَدْرِي الْاٰيَةَ فِي الْحَدِيْثِ اَوْقَوْلُ عَمْرٍو

دریافت فرمایا، حاطب! یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی، یارسول اللہ ﷺ! میرے معاملہ میں جلدی نہ فرمائیں۔ میں قریش کے ساتھ (زمانہ قیام مکہ میں) رہا کرتا تھا۔ لیکن ان کے قبیلہ و خاندان سے میرا کوئی تعلق نہیں تھا۔ اس کے برخلاف آپ کے ساتھ جو دوسرے مہاجرین ہیں، ان کی قریش میں رشتہ داریاں ہیں اور ان کی رعایت سے قریش مکہ میں رہ جانے والے ان کے اہل وعیال اور مال کی حفاظت کریں گے۔ میں نے چاہا کہ جبکہ ان سے میرا کوئی نسبی تعلق نہیں ہے تو اس موقعہ پر ان پر ایک احسان کردوں اور اس کی وجہ سے وہ میرے رشتہ داروں کی مکہ میں حفاظت کریں۔ یارسول اللہ! میں نے یہ عمل کفر یا اپنے دین سے ارتداد کی وجہ سے نہیں کیا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، یقیناً انہوں سے تم سے سچی بات بتادی ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ بولے یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں، میں اس کی گردن ماردوں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، یہ بدر کی جنگ میں ہمارے ساتھ موجود تھے، تمہیں کیا معلوم، اللہ تعالیٰ شرکاء بدر کے تمام حالات سے واقف تھا (اور اس کے باوجود) ان کے متعلق فرمایا کہ ''جو جی چاہے کرو، میں نے تمہیں معاف کردیا۔'' عمر بن دینار نے فرمایا کہ حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ ہی کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی کہ ''اے ایمان والو! تم میرے دشمن اور اپنے دشمن کو دوست نہ بنالینا۔'' سفیان نے کہا کہ مجھے اس کا علم نہیں کہ یہ آیت بھی حدیث کا ایک ٹکڑا ہے یا عمرو بن دینار کا قول ہے۔

(۱۹۹۸) حَدَّثَنَا عَلِيٌّ قِيْلَ لِسُفْيَانَ فِيْ هٰذَا فَنَزَلَتْ لَاتَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ قَالَ سُفْيَانُ هٰذَا فِيْ حَدِيْثِ النَّاسِ حَفِظْتُهٗ مِنْ عَمْرٍو مَاتَرَكْتُ مِنْهُ حَرْفًا وَمَا اَرٰى اَحَدًا حَفِظَهٗ غَيْرِيْ

۱۹۹۸۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی کہ سفیان بن عیینہ سے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھا گیا کہ یہ آیت ''لاتتخذوا عدوی'' انہیں کے بارے میں نازل ہوئی تھی؟ سفیان نے فرمایا کہ لوگوں کی روایت میں تو یونہی ہے، لیکن میں نے عمرو کے واسطہ سے جو حدیث یاد کی اس میں سے ایک حرف بھی میں نے نہیں چھوڑا اور میرا خیال ہے کہ عمرو سے میرے سوا کسی اور نے یہ حدیث یاد نہیں کی ہوگی۔

باب ۸۷۲. قَوْلُهٗ اِذَاجَآءَ كُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ

۸۷۲۔ جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کرکے آئیں۔

(۱۹۹۹) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَمِّهٖ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ اَنَّ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

۱۹۹۹۔ ہم سے اسحاق نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے بھتیجے ابن شہاب نے اپنے چچا محمد بن مسلم کے واسطہ سے، انہیں عروہ نے خبر دی اور انہیں نبی کریم ﷺ کی زوجہ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ اس آیت کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ يَقُوْلُ اللّٰهُ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ اِلٰى قَوْلِهٖ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَآئِشَةُ فَمَنْ اَقَرَّ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ قَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ بَايَعْتُكِ كَلَامًا وَلَا وَاللّٰهِ مَامَسَّتْ يَدُه‘ يَدَامْرَاَةٍ قَطُّ فِي الْمُبَايَعَةِ مَا يُبَايِعُهُنَّ اِلَّا بِقَوْلِهٖ قَدْ بَايَعْتُكِ عَلٰى ذٰلِكَ تَابَعَه‘ يُوْنُسُ وَمَعْمَرٌ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَقَالَ اِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ وَعَمْرَةَ

نازل ہونے کے بعد ان مؤمن عورتوں کا امتحان لیا کرتے تھے جو ہجرت کر کے مدینہ آتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تھا کہ "اے نبی! جب آپ سے مسلمان عورتیں بیعت کرنے کے لئے آئیں...... غفور رحیم تک۔ عروہؓ نے بیان کیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ چنانچہ جو عورت اس شرط (آیت میں مذکور یعنی ایمان وغیرہ) کا اقرار کر لیتی تو آنحضور ﷺ اس سے فرماتے کہ میں نے تمہاری بیعت قبول کر لی (زبانی) اور ہرگز نہیں اللہ گواہ ہے آنحضور ﷺ کے ہاتھ نے کسی عورت کا ہاتھ بیعت لیتے وقت کبھی نہیں چھوا۔ صرف آپ ان سے زبانی بیعت لیتے تھے کہ ان چیزوں (آیت مذکور) پر قائم رہنا۔ اس روایت کی متابعت یونس، معمر اور عبدالرحمٰن بن اسحاق نے زہری کے واسطہ سے کی (اور اسحاق بن راشد نے زہری کے واسطہ سے بیان کیا) کہ ان سے عروہ اور عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے بیان کیا۔

باب ۸۷۳. قَوْلُه‘ اِذَا جَآءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ

۸۷۳۔ جب مسلمان عورتیں آپ کے پاس آئیں کہ آپ سے بیعت کریں۔

(۲۰۰۰) حَدَّثَنَا اَبُوْمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَارِثِ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ بَايَعْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ عَلَيْنَآ اَنْ لَّايُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّنَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ فَقَبَضَتْ اِمْرَاَةٌ يَدَهَا فَقَالَتْ اَسْعَدَتْنِيْ فُلَانَةٌ اُرِيْدُ اَنْ اَجْزِيَهَا فَمَا قَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا فَانْطَلَقَتْ وَرَجَعَتْ فَبَايَعَهَا

۲۰۰۰۔ ہم سے ابومعمر نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالوارث نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے حدیث بیان کی، ان سے حفصہ بنت سیرین نے اور ان سے ام عطیہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی تو آپ ﷺ نے ہمارے سامنے اس آیت کی تلاوت کی "اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گی۔" اور ہمیں نوحہ (یعنی میت پر زور زور سے رونا پیٹنا) کرنے سے منع فرمایا۔ آنحضور ﷺ کی اس ممانعت پر ایک عورت (خود ام عطیہ رضی اللہ عنہا) نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور عرض کی کہ فلاں عورت نے نوحہ میں میری مدد کی تھی۔ میں چاہتی ہوں کہ اس کا بدلہ چکا آؤں۔ آنحضور ﷺ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ چنانچہ وہ گئیں اور پھر دوبارہ آ کر آنحضور ﷺ سے بیعت کی۔

(۲۰۰۱) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ سَمِعْتُ الزُّبَيْرَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ قَالَ اِنَّمَا هُوَ شَرْطٌ شَرَطَهُ اللّٰهُ لِلنِّسَآءِ

۲۰۰۱۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے وہب بن جریر نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے میرے والد نے حدیث بیان کی۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے زبیر سے سنا، انہوں نے عکرمہ سے، انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "اور مشروع باتوں میں آپ کی نافرمانی نہ کریں گی" کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ یہ بھی ایک شرط تھی جسے اللہ تعالیٰ نے (آنحضور ﷺ سے بیعت کے

وقت) عورتوں کے لئے ضروری قرار دیا تھا۔

(۲۰۰۲) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَاهُ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ اِدْرِيْسَ سَمِعَ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتُبَايِعُوْنِيْ عَلٰى اَنْ لَّاتُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا تَزْنُوْا وَلَاتَسْرِقُوْا وَقَرَأَ اٰيَةَ النِّسَآءِ وَاَكْثَرَ لَفْظُ سُفْيَانَ قَرَأَ الْاٰيَةَ فَمَنْ وَفٰى مِنْكُمْ فَاَجْرُه، عَلَى اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ فَهُوَ كَفَّارَةٌ ومن اصاب منها شينا فستره اللّٰه له فَهُوَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَذَّبَه، وَاِنْ شَآءَ غَفَرَلَه، تَابَعَه، عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ فِي الْاٰيَةِ

۲۰۰۲۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے زہری نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابوادریس نے حدیث بیان کی اور انہوں نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم مجھ سے اس بات پر بیعت کرو گے کہ ''اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ گے اور نہ زنا کرو گے اور نہ چوری کرو گے۔'' آپ نے سورۃ النساء کی آیتیں پڑھیں۔ سفیان اکثر صرف ''الآیۃ'' کہا کرتے تھے۔ پھر تم میں سے جو شخص اس عہد کو پورا کرے گا تو اس کا اجر اللہ پر ہے اور جو کوئی ان میں سے کسی عہد کی خلاف ورزی کر بیٹھا اور اس پر اسے سزا بھی مل گئی تو سزا اس کے لئے کفارہ بن جائے گی۔ لیکن کسی نے اپنے عہد کے خلاف کیا اور اللہ نے اسے چھپالیا تو وہ اللہ کے حوالے ہے، اللہ چاہے تو اسے اس پر عذاب دے اور اگر چاہے تو معاف کردے۔ اس روایت کی متابعت عبدالرزاق نے معمر کے واسطہ سے کی۔

(۲۰۰۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحِيْمِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ وَاَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمٍ اَخْبَرَه، عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ شَهِدْتُّ الصَّلٰوةَ يَوْمَ الْفِطْرِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ فَكُلُّهُمْ يُصَلِّيْهَا قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ يَخْطُبُ بَعْدُ فَنَزَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ حِيْنَ يُجَلِّسُ الرِّجَالَ بِيَدِهٖ ثُمَّ اَقْبَلَ يَشُقُّهُمْ حَتّٰى اَتَى النِّسَآءَ مَعَ بِلَالٍ فَقَالَ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّايُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَايَسْرِقْنَ وَلَايَزْنِيْنَ وَلَايَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَايَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَه، بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ حَتّٰى فَرَغَ مِنَ الْاٰيَةِ كُلِّهَا ثُمَّ قَالَ حِيْنَ فَرَغَ اَنْتُنَّ عَلٰى ذٰلِكَ وَقَالَتِ امْرَاَةٌ وَّاحِدَةٌ لَّمْ يُجِبْهُ غَيْرُهَا نَعَمْ يَارَسُوْلَ

۲۰۰۳۔ ہم سے محمد بن عبدالرحیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہارون بن معروف نے حدیث بیان کی اور ان سے عبداللہ بن وہب نے حدیث بیان کی، بیان کیا کہ مجھے ابن جریج نے خبر دی، انہیں حسن بن مسلم نے خبر دی، انہیں طاؤس نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ عیدالفطر کی نماز پڑھی۔ تمام حضرات نے نماز خطبہ سے پہلے پڑھی اور خطبہ بعد میں دیا (ایک مرتبہ خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد) نبی کریم ﷺ اترے، گویا اب بھی آنحضور ﷺ میری نظروں کے سامنے ہیں۔ جب آپ لوگوں کو اپنے ہاتھ کے اشارے سے بٹھا رہے تھے۔ پھر آپ ﷺ صف چیرتے ہوئے آگے بڑھے اور وہاں تشریف لائے جہاں عورتیں تھیں۔ بلال رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے۔ پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی ''اے نبی! جب مسلمان عورتیں آپ کے پاس آئیں کہ آپ سے ان باتوں پر بیعت کریں کہ اللہ کے ساتھ نہ کسی کو شریک کریں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری کریں گی اور نہ اپنے بچوں کو قتل کریں گی اور نہ کوئی بہتان لگائیں گی، جسے اپنے ہاتھ اور پاؤں کے

اللّٰهِ لَا يَدْرِى الْحَسَنُ مَنْ هِىَ قَالَ فَتَصَدَّقْنَ وَبَسَطَ بِلَالٌ ثَوْبَهُ فَجَعَلْنَ يُلْقِيْنَ الْفَتَخَ وَالْخَوَاتِيْمَ فِىْ ثَوْبِ بِلَالٍ

درمیاں گھڑلیں۔" آپ نے پوری آیت آخر تک پڑھی۔ جب آپ آیت پڑھ چکے تو فرمایا۔ تم ان شرائط پر قائم رہنے کا اقرار کرتی ہو؟ ان میں سے ایک عورت نے جواب دیا، ہاں یارسول اللہ! ان کے سوا اور کسی عورت نے کوئی بات نہیں کی۔ حسن کو اس عورت کا نام معلوم نہیں تھا، بیان کیا کہ پھر عورتوں نے صدقہ دینا شروع کیا اور بلال رضی اللہ عنہ نے اپنا کپڑا پھیلایا۔ عورتیں بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں چھلے اور انگوٹھیاں ڈالنے لگیں۔

سُوْرَةُ الصَّف

سورۃ الصّف

باب ۸۷۴. وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَنْ اَنْصَارِىْ اِلَى اللّٰهِ مَنْ يَّتَّبِعُنِىْ اِلَى اللّٰهِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَرْصُوْصٌ مُلْصَقٌ بَعْضُهُ بِبَعْضٍ وَقَالَ غَيْرُهُ بِالرَّصَاصِ
قَوْلُهُ تَعَالٰى مِنْ بَعْدِى اسْمُهُ اَحْمَدُ

باب ۸۷۴۔ مجاہد نے فرمایا کہ "من انصاری الی اللہ" یعنی اللہ کے راستہ میں میری کون اتباع کرے گا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "مرصوص" یعنی اس کا بعض حصہ بعض سے جڑا ہوا۔ غیر ابن عباس نے کہا کہ یہ "رصاص" (بمعنی سیسہ) سے ماخوذ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جو میرے بعد آنے والے ہیں اور جن کا نام احمد ہے۔"

(۲۰۰۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَخْبَرَنِىْ مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ ابْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِىْ اَسْمَاءً اَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا الْمَاحِى الَّذِىْ يَمْحُوا اللّٰهُ بِىَ الْكُفْرَ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِىْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى قَدَمِىْ وَاَنَا الْعَاقِبُ

۲۰۰۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان کو شعیب نے خبر دی، ان سے زہری نے بیان کیا۔ انہیں محمد بن جبیر بن مطعم نے خبر دی، اور ان سے ان کے والد جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرمارہے تھے کہ میرے کئی نام ہیں۔ میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں ماحی ہوں کہ جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کفر کو مٹا دے گا اور میں حاشر ہوں کہ اللہ تعالیٰ سب کو حشر میں میرے بعد جمع کرے گا اور میں عاقب ہوں۔

سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ

سورۃ الجمعۃ

باب ۸۷۵. قَوْلُهُ وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ وَقَرَأَ عُمَرُ فَامْضُوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ

باب ۸۷۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور دوسروں کے لئے بھی ان میں سے (آپ کو بھیجا) جو ابھی ان میں شامل نہیں ہوئے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے "فامضوا الی ذکر اللہ" پڑھا۔

(۲۰۰۵) حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِىْ ابْنُ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ اَبِى الْغَيْثِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ قَالَ قُلْتُ مَنْ هُمْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَلَمْ يُرَاجِعْهُ حَتّٰى سَاَلَ ثَلَاثًا وَفِيْنَا

۲۰۰۵۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے سلیمان بن بلال نے حدیث بیان کی، ان سے ثور نے، ان سے ابوالغیث نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ سورۃ الجمعۃ کی یہ آیتیں نازل ہوئیں "اور دوسروں کے لئے بھی ان میں سے جو ابھی ان میں شامل نہیں ہوئے ہیں" (آنحضور ﷺ ہادی اور معلم ہیں) بیان کیا کہ میں نے عرض کی

سَلْمَانُ الْفَارِسِیُّ وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَه، عَلٰی سَلْمَانَ ثُمَّ قَالَ لَوْکَانَ الْاِیْمَانُ عِنْدَ الثُّرَیَّا لَنَالَه، رِجَالٌ اَوْرَجُلٌ مِّنْ هٰٓؤُلَآءِ

یارسول اللہ! یہ دوسرے کون لوگ ہیں؟ آنحضور ﷺ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ آخر یہی سوال تین مرتبہ کیا۔ مجلس میں سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ آنحضور ﷺ نے ان پر ہاتھ رکھ کر فرمایا۔ اگر ایمان ثریا پر بھی ہوگا تو ان کی قوم کے کچھ لوگ یا (آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ) ایک شخص اسے پالے گا۔

(۲۰۰۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِالْوَهَّابِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ اَخْبَرَنِیْ ثَوْرٌ عَنْ اَبِی الْغَیْثِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَنَالَه، رِجَالٌ مِّنْ هٰٓؤُلَآءِ

۲۰۰۶۔ ہم سے عبداللہ بن عبدالوہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالعزیز نے حدیث بیان کی، انہیں ثور نے خبر دی، انہیں ابوالغیث نے، انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اور انہیں نبی کریم ﷺ نے کہ "ان کی قوم کے کچھ لوگ اسے پالیں گے" (اس روایت میں اظہار شک کے بغیر "رجال" کا لفظ موجود ہے۔)

باب ۸۷۶. قَوْلُه، وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً

۸۷۶۔ اور جب بھی ایک سودے کو دیکھا۔

(۲۰۰۷) حَدَّثَنِیْ حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا خَالِدُ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا حُصَیْنٌ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ وَعَنْ اَبِیْ سُفْیَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَقْبَلَتْ عِیْرٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَنَحْنُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَثَارَالنَّاسُ اِلَّا اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْلَهْوَ ا نِانْفَضُّوْٓا اِلَیْهَا

۲۰۰۷۔ مجھ سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے حصین نے حدیث بیان کی، ان سے سالم بن ابی الجعد نے اور ابوسفیان نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے واسطے سے، آپ نے بیان کیا کہ جمعہ کے دن سامان تجارت لئے ہوئے اونٹ آئے۔ ہم اس وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے، انہیں دیکھ کر سوا بارہ افراد کے سب لوگ ادھر ہی دوڑ پڑے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی "اور (بعض لوگوں نے) جب بھی ایک سودے یا تماشہ کی چیز کو دیکھا تو اس کی طرف دوڑتے ہوئے بکھر گئے۔"

سُوْرَةُ الْمُنَافِقُوْنَ

سورۃ المنافقون

باب ۸۷۷. قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّکَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَی الْکَاذِبُوْنَ

باب ۸۷۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم بے شک گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں...... لکاذبون" تک۔

(۲۰۰۸) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ رَجَآءٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ کُنْتُ فِیْ غَزَاةٍ فَسَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اُبَیٍّ یَقُوْلُ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَنْفَضُّوْا مَنْ حَوْلَه، وَلَوْ رَجَعْنَا مِنْ عِنْدِهٖ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِعَمِّیْ اَوْلِعُمَرَ فَذَکَرَه، لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَانِیْ فَحَدَّثْتُه، فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اُبَیٍّ وَاَصْحَابِهٖ فَحَلَفُوْا مَاقَالُوْا فَکَذَّبَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

۲۰۰۸۔ ہم سے عبداللہ بن رجاء نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں ایک غزوہ میں تھا اور میں نے (منافقوں کے سردار) عبداللہ بن ابی کو کہتے سنا کہ جو لوگ رسول کے پاس جمع ہیں، ان پر خرچ نہ کرو تا کہ وہ خود ہی منتشر ہو جائیں۔ اس نے یہ بھی کہا کہ اب اگر ہم مدینہ لوٹ کر جائیں گے تو غلبہ والا وہاں سے مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا۔ میں نے اس کا ذکر اپنے چچا (سعد بن عبادہ انصاری رضی اللہ عنہ) سے کیا۔ یا عمر رضی اللہ عنہ سے۔ (اس کا ذکر کیا، راوی کو شک تھا) انہوں نے اس کا ذکر نبی کریم ﷺ سے کیا۔ آنحضور ﷺ نے مجھے بلایا۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَہ، فَاَصَابَنِیْ ھَمٌّ لَّمْ یُصِبْنِیْ مِثْلُہ، قَطُّ فَجَلَسْتُ فِی الْبَیْتِ فَقَالَ لِیْ عَمِّیْ مَآاَرَدْتَّ اِلٰی اَنْ کَذَّبَکَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَمَقَتَکَ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِذَا جَآءَ کَ الْمُنَافِقُوْنَ فَبَعَثَ اِلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ صَدَّقَکَ یَازَیْدُ

میں نے تمام تفصیلات آپ کو سنادیں۔آنحضور ﷺ نے عبداللہ بن ابی اوراس کے ساتھیوں کو بلا بھیجا۔انہوں نے قسم کھالی کہ انہوں نے اس طرح کی کوئی بات نہیں کہی تھی۔اس پر آنحضور ﷺ نے میری تکذیب فرمادی۔اوراس کی تصدیق، مجھے اس واقعہ کا اتنا صدمہ ہوا کہ کبھی نہ ہوا تھا۔پھر میں گھر میں بیٹھ رہا۔میرے چچانے کہا کہ میرا خیال نہیں تھا کہ حضور اکرم ﷺ تمہاری تکذیب کریں گے اور تم پر ناراض ہوں گے۔پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی''جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں''۔اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے مجھے بلوایا اور اس آیت کی تلاوت کی اور فرمایا زید! اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کردی ہے۔

باب ۸۷۸. قَوْلُہ، اِتَّخَذُوْآ اَیْمَانَھُمْ جُنَّةً یَّجْتَنُّوْنَ بِھَا

۸۷۸۔''ان لوگوں نے اپنی قسموں کو سپر بنا رکھا ہے۔''یعنی جس سے وہ پردہ پوشی کرتے ہیں۔

(۲۰۰۹) حَدَّثَنَا اٰدَمُ بْنُ اَبِیْ اِیَاسٍ حَدَّثَنَآ اِسْرَائِیْلُ عَنْ اَبِیْٓ اِسْحَاقَ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کُنْتُ مَعَ عَمِّیْ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ ابْنَ اُبَیِّ ابْنَ سَلُوْلٍ یَقُوْلُ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ حَتّٰی یَنْفَضُّوْا وَقَالَ اَیْضًا لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَی الْمَدِیْنَةِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْھَا الْاَذَلَّ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِعَمِّیْ فَذَکَرَعَمِّیْ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ اُبَیِّ وَاَصْحَابِہٖ فَحَلَفُوْا مَا قَالُوْا فَصَدَّقَھُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَکَذَّ بَنِیْ فَاَصَابَنِیْ ھَمٌّ لَمْ یُصِبْنِیْ مِثْلُہ، فَجَلَسْتُ فِیْ بَیْتِیْ فَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اِذَا جَآءَ کَ الْمُنَافِقُوْنَ اِلٰی قَوْلِہٖ ھُمُ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ لَاتُنْفِقُوْا عَلٰی مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ اِلٰی قَوْلِہٖ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْھَا الْاَذَلَّ فَاَرْسَلَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَھَا عَلَیَّ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ قَدْ صَدَّقَکَ

۲۰۰۹۔ہم سے آدم بن ابی ایاس نے حدیث بیان کی،ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی،ان سے ابواسحاق نے اور ان سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اپنے چچا کے ساتھ تھا۔میں نے عبداللہ بن ابی بن سلول کو کہتے سنا کہ''جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں،ان پر خرچ مت کرو۔تاکہ وہ ان کے پاس سے منتشر ہوجائیں''یہ بھی کہا کہ اگر اب ہم مدینہ لوٹ کر جائیں گے تو غلبہ والا وہاں سے مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا۔میں نے اس کی یہ بات چچا سے آکر کہی اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا۔آنحضور ﷺ نے عبداللہ بن ابی اوراس کے ساتھیوں کو بلوالیا۔انہوں نے قسم کھالی کہ ایسی کوئی بات انہوں نے نہیں کہی تھی۔آنحضور ﷺ نے بھی ان کی تصدیق اور میری تکذیب فرمادی۔مجھے اس حادثہ کا اتنا صدمہ پہنچا کہ ایسا کبھی نہیں پہنچا ہوگا۔میں گھر کے اندر بیٹھ گیا۔پھر اللہ نے یہ آیت نازل کی۔''جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں''۔ارشاد''یہی لوگ تو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہیں ان پر خرچ مت کرو۔''اور ارشاد''غلبہ والا وہاں سے مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا''تک۔آنحضور ﷺ نے مجھے بلوایا اور میرے سامنے اس آیت کی تلاوت کی۔پھر فرمایا،اللہ نے تمہاری تصدیق کردی۔

باب ۸۷۹. قَوْلُہ، ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ کَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ فَھُمْ لَایَفْقَھُوْنَ

۸۷۹۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد''یہ اس سبب سے ہے کہ یہ لوگ ایمان لے آئے پھر کافر ہوگئے۔سوان کے دلوں پر مہر کردی گئی،پس اب یہ نہیں سمجھتے۔''

(۲۰۱۰) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ الْقُرَظِيَّ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَيٍّ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ اَيْضًا لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ اَخْبَرْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَامَنِيَ الْاَنْصَارُ وَحَلَفَ عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ اُبَيٍّ مَاقَالَ ذٰلِكَ فَرَجَعْتُ اِلَى الْمَنْزِلِ فَنِمْتُ فَدَعَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهٗ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ وَنَزَلَ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا الْاٰيَةَ وَقَالَ ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۰۱۰۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے حکم نے بیان کیا، انہوں نے محمد بن کعب قرظی سے سنا، کہا کہ میں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے بیان کیا کہ جب عبداللہ بن ابی بن سلول نے کہا کہ جولوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں، ان پر خرچ نہ کرو، یہ بھی کہا کہ اب اگر ہم مدینہ واپس گئے تو ہم میں سے غالب مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا، تو میں نے یہ خبر نبی کریم ﷺ تک پہنچائی۔ اس پر انصار نے مجھے ملامت کی اور عبداللہ بن ابی نے قسم کھالی کہ اس نے یہ بات نہیں کہی تھی۔ پھر میں گھر واپس آ گیا اور سو گیا۔ اس کے بعد مجھے آنحضور ﷺ نے طلب فرمایا اور میں حاضر ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کر دی اور یہ آیت نازل ہوئی ہے کہ ''اور یہی وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں کہ نہ خرچ کرو...... آخر تک۔'' اور ابن ابی زائدہ نے اعمش کے واسطہ سے بیان کیا، ان سے عمرو نے، ان سے ابن ابی لیلیٰ نے اور ان سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

باب۸۸۰. وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ

۸۸۰۔ اور جب آپ ان کو دیکھیں تو ان کے قد و قامت آپ کو خوشنما معلوم ہوں اور اگر یہ بات کرنے لگیں تو آپ ان کی باتیں سننے لگیں۔ گویا یہ لکڑیاں ہیں سہارے سے لگائی ہوئی۔ ہر غل پکار کو یہ اپنے ہی اوپر سمجھنے لگتے ہیں۔ یہی لوگ (پورے) دشمن ہیں۔ پس آپ ان سے ہوشیار رہیے۔ اللہ ان کو غارت کرے، کہاں پھرے چلے جاتے ہیں۔

(۲۰۱۱) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ ابْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ اَصَابَ النَّاسَ فِيْهِ شِدَّةٌ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اُبَيٍّ لِاَصْحَابِهٖ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِهٖ وَقَالَ لَئِنْ رَّجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهٗ فَاَرْسَلَ اِلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ اُبَيٍّ فَسَاَلَهٗ فَاجْتَهَدَ يَمِيْنَهٗ مَافَعَلَ قَالُوْا كَذَبَ زَيْدٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ مِمَّا قَالُوْا شِدَّةٌ حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ تَصْدِيْقِيْ

۲۰۱۱۔ ہم سے عمرو بن خالد نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر بن معاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحاق نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر (غزوۂ تبوک میں یا بنی المصطلق) میں تھے۔ جس میں لوگوں پر بڑے تنگ اوقات آئے تھے۔ (زادِ سفر کی کمی کی وجہ سے) عبداللہ ابن ابی نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ''جو لوگ رسول کے پاس جمع ہیں ان پر کچھ خرچ مت کرو تاکہ وہ ان کے پاس سے منتشر ہو جائیں۔'' اس نے یہ بھی کہا کہ ''اگر ہم اب مدینہ لوٹ کر جائیں گے تو غلبہ والا وہاں سے مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا۔'' میں نے حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی اس گفتگو کی اطلاع دی تو آپ ﷺ نے عبداللہ بن ابی کو بلا کر پوچھا۔ اس نے بڑی قسمیں کھا کر کہا کہ میں نے

فِيْ اِذَا جَآءَ کَ الْمُنَا فِقُوْنَ فَدَعَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْتَغْفِرَ لَهُمْ فَلَوَّوْا رُؤُسَهُمْ وَقَوْلُهٗ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ قَالَ كَانُوْا رِجَالاً اَجْمَلَ شَيْءٍ

ایسی کوئی بات نہیں کہی۔لوگوں نے کہا کہ زید نے رسول اللہ ﷺ سے جھوٹ کہا۔لوگوں کی اس طرح کی باتوں سے میں بڑا دل گرفتہ ہوا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میری تصدیق فرمائی اور یہ آیت نازل ہوئی ''جب آپ کے پاس منافق آتے ہیں'' پھر آنحضور ﷺ نے انہیں بلایا تا کہ ان کے لئے مغفرت کی دعا کریں۔لیکن انہوں نے اپنے سر پھیر لئے۔زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''خشب مسندۃ'' (سہارے سے لگائی ہوئی لکڑی ان کے لئے اس لئے کہا گیا کہ) وہ بڑے خوبصورت اور اچھے قد وقامت کے تھے۔

باب ۸۸۱. قَوْلِهٖ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْارُؤُسَهُمْ وَرَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ حَرَّكُوْا اِسْتَهْزَأُ وْابِا لنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُقْرَأُ بِالتَّخْفِيْفِ مِنْ لَوَيْتُ

۸۸۱۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد''اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ تمہارے لئے استغفار کریں تو وہ اپنا سر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ بے رخی کر رہے ہیں۔تکبر کرتے ہوئے (لووا بمعنی حرکوا ہے) یعنی نبی کریم ﷺ سے استہزاء کرتے ہیں۔بعض نے اس کی قرأت بالتخفیف ''لویت'' سے کی ہے۔

(۲۰۱۲) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَمِّيْ فَسَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلٍ يَقُوْلُ لَاتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا وَلَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّيْ فَذَكَرَ عَمِّيْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَهُمْ فَاَصَابَنِيْ غَمٌّ لَّمْ يُصِبْنِيْ مِثْلُهٗ قَطُّ فَجَلَسْتُ فِيْ بَيْتِيْ وَقَالَ مَااَرَدْتَّ اِلٰى اَنْ كَذَّبَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَقَتَكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِذَا جَآئَكَ الْمُنَافِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَرْسَلَ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَاَهَا وَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ

۲۰۱۲۔ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی۔ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی،ان سے ابواسحاق نے اور ان سے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اپنے چچا کے ساتھ تھا۔میں نے عبداللہ بن ابی بن سلول کو کہتے سنا کہ جو لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس ہیں ان پر کچھ خرچ نہ کرو۔تا کہ وہ منتشر ہو جائیں اور اگر اب ہم مدینہ واپس لوٹیں گے تو ہم میں سے جو غالب ہیں وہ مغلوبوں کو نکال باہر کردے گا۔میں نے اس کا ذکر اپنے چچا سے کیا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا۔جب آنحضور ﷺ نے انہیں کی تصدیق کر دی تو مجھے اس کا اتنا صدمہ ہوا کہ پہلے کبھی کسی بات پر نہ ہوا ہوگا۔میں اپنے گھر میں بیٹھ گیا۔میرے چچا نے کہا کہ تمہارا کیا مقصد تھا کہ آنحضور ﷺ نے تمہیں جھٹلایا اور تم پر ناراض ہوئے؟ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ آپ بے شک اللہ کے رسول ہیں۔'' آنحضور ﷺ نے مجھے بلوا کر اس آیت کی تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری تصدیق کردی ہے۔

باب ۸۸۲. قَوْلُهٗ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَاللّٰهُ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِى الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ

۸۸۲۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد''ان کے لئے برابر ہے خواہ آپ ان کے لئے استغفار کریں یا ان کے لئے استغفار نہ کریں۔اللہ انہیں بہر حال نہ بخشے گا،بے شک اللہ ایسے نافرمان لوگوں کو (توفیق) ہدایت نہیں دیتا۔

۲۰۱۳) حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ قَالَ عَمْرٌو مِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَّا فِی غَزَاۃٍ قَالَ سُفْیَانُ مَرَّۃً فِی جَیْشٍ فَکَسَعَ جُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِیْنَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ نْصَارِیُّ یَالَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِیُّ لْمُهَاجِرِیْنَ فَسَمِعَ ذَاکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ لَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَابَالُ دَعْوٰی جَاهِلِیَّۃٍ قَالُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ کَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِیْنَ رَجُلًا مِّنَ لْاَنْصَارِ فَقَالَ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَۃٌ فَسَمِعَ بِذٰلِکَ بْدُاللّٰهِ بْنُ اُبَیٍّ فَقَالَ فَعَلُوْهَا اَمَا وَاللّٰهِ لَئِنْ رَّجَعْنَآ ی الْمَدِیْنَۃِ لَیُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَبَلَغَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ عْنِیْ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی لّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ لَایَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا قْتُلُ اَصْحَابَهٗ وَکَانَتِ الْاَنْصَارُ اَکْثَرَ مِنَ لْمُهَاجِرِیْنَ حِیْنَ قَدِمُوا الْمَدِیْنَۃَ ثُمَّ اِنَّ الْمُهَاجِرِیْنَ کْثُرُوْا بَعْدُ قَالَ سُفْیَانُ فَحَفِظْتُهٗ مِنْ عَمْرٍو قَالَ عَمْرٌو سَمِعْتُ جَابِرًا کُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ سَلَّمَ

۲۰۱۳۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے بیان کیا اور انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ ہم ایک غزوہ میں تھے۔ سفیان نے ایک مرتبہ (بجائے غزوہ کے) جیش (لشکر) کا لفظ کہا۔ مہاجرین میں سے ایک صاحب نے انصار کے ایک فرد کو مار دیا۔ انصاری نے کہا کہ یا للانصار! اور مہاجرین نے کہا یاللمہاجرین! رسول اللہ ﷺ نے بھی اسے سنا اور فرمایا کیا قصہ ہے، یہ جاہلیت کی پکار کیسی ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ یارسول اللہ! ایک مہاجر نے ایک انصاری کو مار دیا ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اس طرح جاہلیت کی پکار تو چھوڑ دو کہ ایک نہایت ناگوار اور بری بات ہے۔ عبداللہ بن ابی نے بھی یہ بات سنی تو کہا، اچھا اب یہاں تک نوبت پہنچ گئی۔ خدا کی قسم! جب ہم مدینہ لوٹیں گے تو ہم میں سے غالب مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا۔ اس کی اطلاع آنحضور ﷺ کو بھی پہنچ گئی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کی، یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو۔ آئندہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد (ﷺ) اپنے ساتھیوں کو قتل کر دیتا تھا۔ جب مہاجرین مدینہ منورہ آئے تو انصار کی تعداد ان سے زیادہ تھی۔ لیکن بعد میں ان (مہاجرین) کی تعداد زیادہ ہوگئی تھی۔ سفیان نے بیان کیا کہ میں نے یہ حدیث عمرو سے یاد کی۔ عمرو نے بیان کیا کہ میں نے جابر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے۔

اب ۸۸۳. قَوْلُهٗ هُمُ الَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ لَاتُنْفِقُوْا عَلٰی نْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰی یَنْفَضُّوْا وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ لسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰکِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ لَایَفْقَهُوْنَ

۸۸۳۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''یہی لوگ تو کہتے ہیں کہ جولوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہیں، ان پر خرچ مت کرو، یہاں تک کہ وہ آپ ہی منتشر ہو جائیں گے۔ حالانکہ اللہ ہی کے تو ہیں آسمان اور زمین کے خزانے، البتہ منافقین ہی نہیں سمجھتے۔

۲۰۱۴) حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اِسْمَاعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ عُقْبَۃَ عَنْ مُوْسٰی نِ عُقْبَۃَ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ اَنَّهٗ سَمِعَ نَسَ بْنَ مَالِکٍ یَقُوْلُ حَزِنْتُ عَلٰی مَنْ اُصِیْبَ الْحَرَّۃِ فَکَتَبَ اِلَیَّ زَیْدُ بْنُ اَرْقَمَ وَّبَلَغَهٗ شِدَّۃُ حُزْنِیْ

۲۰۱۴۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن عقبہ نے بیان کیا کہ مجھ سے عبداللہ بن فضل نے حدیث بیان کی، اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے آپ کا بیان کیا کہ حرہ میں جولوگ شہید کر دیئے گئے تھے ان پر مجھے بڑا صدمہ ہوا۔ ❶ زید بن ارقم رضی اللہ

❶ ۶۳ ہجری میں یہ واقعہ پیش آیا تھا۔ مدینہ منورہ کے لوگوں نے یزید کی بیعت سے انکار کر دیا تھا۔ اس نے ایک عظیم قوم بھیجی جس نے مدینہ منورہ پہنچ کر وہاں قتل ام کیا۔ انصار کی ایک بہت بڑی تعداد اس حادثہ میں شہید ہوگئی تھی۔ انس رضی اللہ عنہ ان دنوں بصرہ میں تھے، جب آپ کو اس کی اطلاع ملی تو بہت رنجیدہ ہوئے۔

يَذْكُرُ اَنَّه' سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِاَبْنَآءِ الْاَنْصَارِ وَشَكَّ ابْنُ الْفَضْلِ فِيْٓ اَبْنَآءِ اَبْنَآءِ الْاَنْصَارِ فَسَالَ اَنَسًا بَعْضُ مَنْ كَانَ عِنْدَه' فَقَالَ هُوَالَّذِىْ يَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الَّذِىْ اَوْفَى اللّٰهُ لَه' بِاُذُنِهٖ

عنہ کو میرے شدت غم کی اطلاع پہنچی تو انہوں نے مجھے لکھا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے۔ آنحضور ﷺ فرمارہے تھے کہ اے اللہ انصار کی مغفرت فرما اوران کے بیٹوں کی بھی مغفرت فرما۔ عبداللہ بن فضل کو اس میں شک تھا کہ آپ ﷺ نے انصار کے بیٹوں کے بیٹوں کا بھی ذکر کیا تھا یا نہیں۔ انس رضی اللہ عنہ سے آپ کی مجلس کے حاضرین میں سے کسی نے سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ہی وہ ہیں جن کے سننے کی اللہ تعالیٰ نے تصدیق کی تھی۔

باب ۸۸۴. قَوْلِهٖ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ

۸۸۴۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اگر ہم اب مدینہ لوٹ کر جائیں گے تو غلبہ والا وہاں سے مغلوبوں کو نکال باہر کرے گا۔ حالانکہ غلبہ تو بس اللہ ہی کا ہے اور اس کے پیغمبر کا اور ایمان والوں کا، البتہ منافقین علم نہیں رکھتے۔''

(۲۰۱۵) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ قَالَ حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُوْلُ كُنَّا فِىْ غَزَاةٍ فَكَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلاً مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ الْاَنْصَارِىُّ يَالَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِىُّ يَالَلْمُهَاجِرِيْنَ فَسَمَّعَهَا اللّٰهُ رَسُوْلَه' صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَاهٰذَا فَقَالُوْا كَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ الْاَنْصَارِىُّ يَالَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِىُّ يَالَلْمُهَاجِرِيْنَ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعُوْهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ قَالَ جَابِرٌ وَّ كَانَتِ الْاَنْصَارُ حِيْنَ قَدِمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ ثُمَّ كَثُرَالْمُهَاجِرُوْنَ بَعْدُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اُبَىٍّ اَوَقَدْ فَعَلُوْا وَاللّٰهِ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعْنِىْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ لَايَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَه'

۲۰۱۵۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے یاد کی۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ بیان کرتے تھے کہ ہم ایک غزوہ میں تھے، مہاجرین کے ایک فرد نے انصار کے ایک صاحب کو مار دیا۔ انصار نے کہا یاللانصار اور مہاجر نے کہا یاللمہاجرین! اللہ تعالیٰ نے یہ اپنے رسول ﷺ کو بھی سنایا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا کیا بات ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ ایک مہاجر نے ایک انصاری کو مار دیا ہے۔ اس پر انصاری نے کہا یاللانصار! اور مہاجر نے کہا کہ یاللمہاجرین! آنحضور ﷺ نے فرمایا اس طرح پکارنا چھوڑ دو کہ یہ نہایت ناگوار عمل ہے۔ جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ مدینہ تشریف لائے تو شروع میں انصار کی تعداد زیادہ تھی لیکن بعد میں مہاجرین زیادہ ہو گئے تھے۔ عبداللہ بن ابی نے کہا اچھا اب نوبت یہاں تک پہنچ گئی، خدا کی قسم! اگر اب ہم مدینہ لوٹے تو ہم میں جو غالب ہیں وہ مغلوبوں کو نکال باہر کریں گے۔ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ یارسول اللہ! مجھے اجازت مرحمت فرمائیے کہ میں اس منافق کی گردن مار دوں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو، آئندہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد (روحی وابی وامی فداہ) اپنے ساتھیوں کو قتل کیا کرتا تھا۔

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ

سورۃ التغابن

باب ۸۸۵. وَقَالَ عَلْقَمَةُ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَه' هُوَالَّذِىْ اِذَا اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ رَضِىَ

باب ۸۸۵۔ علقمہ نے فرمایا کہ آیت ''اور جو کوئی اللہ پر ایمان رکھتا ہے وہ اسے راہ دکھا دیتا ہے'' سے مراد وہ شخص ہے کہ اگر اس پر کوئی مصیبت آپڑتی

عَرَفَ اَنَّهَا مِنَ اللّٰهِ .

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ

باب ۸۸۶. وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَبَالَ اَمْرِهَا جَزَآءُ اَمْرِهَا

(۲۰۱۶) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَخْبَرَهُ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَآئِضٌ فَذَكَرَ عُمَرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيْضَ فَتَطْهُرَ فَاِنْ بَدَالَهُ اَنْ يُطَلِّقَهَا فَلْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا قَبْلَ اَنْ يَّمَسَّهَا فَتِلْكَ الْعِدَّةُ كَمَآ اَمَرَهُ اللّٰهُ

باب ۸۸۷. وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهُ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ وَاحِدُهَا ذَاتُ حَمْلٍ

(۲۰۱۷) حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيٰى قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ وَاَبُوْهُرَيْرَةَ جَالِسٌ عِنْدَهُ فَقَالَ اَفْتِنِيْ فِيْ امْرَاَةٍ وَلَدَتْ بَعْدَ زَوْجِهَا بِاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اٰخِرُ الْاَجَلَيْنِ قُلْتُ اَنَا وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ يَعْنِيْ اَبَاسَلَمَةَ فَاَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ غُلَامَهُ كُرَيْبًا اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ يَسْاَلُهَا فَقَالَتْ قُتِلَ زَوْجُ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةِ وَهِيَ حُبْلٰى فَوَضَعَتْ بَعْدَ مَوْتِهٖ بِاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً فَخُطِبَتْ فَاَنْكَحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَبُوالسَّنَابِلِ فِيْمَنْ خَطَبَهَا وَقَالَ

ہے تو اس پر راضی رہتا ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

سورۃ الطلاق

باب ۸۸۶۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''وبال امرہا'' ای جزاء امرہا۔

۲۰۱۶۔ ہم سے یحیٰی بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں سالم نے خبر دی اور انہیں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے خبر دی کہ آپ نے اپنی بیوی کو جبکہ وہ حائضہ تھیں، طلاق دے دی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا ذکر کیا۔ آنحضور ﷺ اس پر بہت غصہ ہوئے اور فرمایا کہ وہ ان سے (اپنی بیوی سے) رجعت کریں (لوٹا لیں) اور اپنے ساتھ (سابق کی طرح نکاح میں) رکھیں، یہاں تک کہ ماہواری سے پاک ہو جائیں۔ پھر ماہواری آئے اور پھر وہ اس سے پاک ہوں، اب اگر وہ طلاق دینا مناسب سمجھیں تو اس پاکی (طہر) کے زمانہ میں ان سے ہم بستری سے پہلے طلاق دے سکتے ہیں۔ پس یہی وقت ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (مردوں کو) حکم دیا ہے (کہ اس میں یعنی طہر میں طلاق دیں)۔

۸۸۷۔ اور حمل والیوں کی میعاد ان کے حمل کا پیدا ہو جانا ہے اور جو کوئی اللہ سے تقویٰ اختیار کرے گا، اللہ اس کے ہر کام میں آسانی پیدا کر دے گا۔ ''اولات الاحمال'' کا واحد ''ذات الحمل'' ہے۔

۲۰۱۷۔ ہم سے سعد بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے بیان کیا، انہیں ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے خبر دی، بیان کیا کہ ایک شخص ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، آنے والے نے پوچھا کہ آپ مجھے اس عورت کے متعلق مسئلہ بتایئے، جس نے اپنے شوہر کی وفات کے چالیس دن بعد بچہ جنا؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ (متوفی عنہا زوجہا کی) عدت کی دو مدتوں میں جو مدت لمبی ہو اس کی رعایت کرے۔ (ابوسلمہ نے بیان کیا کہ) میں نے عرض کی کہ (قرآن مجید میں تو ان کی عدت کا یہ حکم ہے) ''حمل والیوں کی میعاد ان کے حمل کا پیدا ہو جانا ہے۔'' ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہی تھا۔ ❶ آپ کی مراد ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے تھی

❶ یہ ایک عام عربی محاورہ ہے۔ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں کوئی قرابت نہیں تھی۔ یہاں آپ نے عربوں کے عام دستور کے مطابق انہیں بھتیجا (ابن اخی بھائی کا لڑکا) کہا۔

سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُوالنُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كُنْتُ فِي حَلْقَةٍ فِيهَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ اَبِي لَيْلٰى وَكَانَ اَصْحَابُه' يُعَظِّمُوْنَه' فَذَكَرَ اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ فَحَدَّثْتُ بِحَدِيْثِ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ فَضَمَّزَنِيْ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ قَالَ مُحَمَّدٌ فَفَطِنْتُ لَه' فَقُلْتُ اِنِّيْ اِذًا لَّجَرِيْءٌ اِنْ كَذَبْتُ عَلٰى عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ فِيْ نَاحِيَةِ الْكُوْفَةِ فَاسْتَحْيَا وَقَالَ لٰكِنْ عَمُّه' لَمْ يَقُلْ ذَاكَ فَلَقِيْتُ اَبَاعَطِيَّةَ مَالِكَ بْنَ عَامِرٍ فَسَاَلْتُه' فَذَهَبَ يُحَدِّثُنِيْ حَدِيْثَ سُبَيْعَةَ فَقُلْتُ هَلْ سَمِعْتَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ فِيْهَا شَيْئًا فَقَالَ كُنَّا عِنْدَ عَبْدِاللّٰهِ فَقَالَ اَتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا التَّغْلِيْظَ وَلَاتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا الرُّخْصَةَ لَنَزَلَتْ سُوْرَةُ النِّسَآءِ الْقُصْرٰى بَعْدَ الطُّوْلٰى وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ

کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام کریب کو ام المؤمنین ام سلمہ رض
اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا یہی مسئلہ پوچھنے کے لئے۔ام المؤمنین ۔
بتایا کہ سبیعہ اسلمیہ رضی اللہ عنہا کے شوہر (سعد بن خولہ رضی اللہ عن
شہید کردیئے گئے تھے، وہ اس وقت حاملہ تھیں۔شوہر کی موت ۔
چالیس دن بعد انہوں نے بچہ جنا۔پھر ان کے پاس نکاح کا پیغام پہنچا ا
رسول اللہ ﷺ نے ان کا نکاح کردیا، ابوالسنابل بھی ان کے پاس پیغا
نکاح بھیجنے والوں میں تھے اور سلیمان بن حرب اور ابوالنعمان نے بیا
کیا کہ ہم سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب ۔
اوران سے محمد بن سیرین نے بیان کیا کہ میں ایک مجلس میں، جس م
عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ بھی تھے، موجود تھا۔ان کے شاگردان کی عظم
کرتے تھے۔ میں نے وہاں سبیعہ بنت الحارث کی حدیث عبداللہ ب
عتبہ کے واسطہ سے بیان کی، بیان کیا کہ اس پر ان کے ایک شاگرد ۔
ہونٹوں سے سیٹی بجا کر تنبیہ کی۔محمد بن سیرین نے بیان کیا کہ میں سمجھ
اور کہا کہ عبداللہ بن عقبہ کوفہ میں ابھی موجود ہیں۔اگر میں ان کی طرف
بھی جھوٹ منسوب کرتا ہوں، تو بڑی دیدہ دلیری کی بات ہوگی۔ مج
تنبیہ کرنے والے صاحب اس پر شرمندہ ہوگئے اور عبدالرحمٰن بن ابی لی
نے فرمایا، لیکن ان کے چچا تو یہ بات نہیں کہتے تھے (ابن سیرین ۔
بیان کیا کہ) پھر میں ابوعطیہ مالک بن عامر سے ملا اور ان سے یہ مسئ
پوچھا۔وہ بھی سبیعہ والی حدیث بیان کرنے لگے۔لیکن میں نے ان ۔
کہا آپ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی اس سلسلہ میں کچھ
ہے؟ انہوں نے بیان کیا کہ ہم عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حا
تھے، تو آپ نے فرمایا، کیا تم اس پر (جس کے شوہر کا انتقال ہوگیا اور
حاملہ ہو، عدت کی مدت کو طول دے کر) سختی کرنا چاہتے ہو۔اور رخصت
سہولت دینے کے لئے تیار نہیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ النس
القصریٰ (سورۃ الطلاق) الطولیٰ (سورۃ البقرہ) کے بعد نازل
اور فرمایا ''اور حمل والیوں کی میعاد ان کے حمل کا پیدا ہوجانا ہے۔'' ❶

سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ

سورۃ التحریم

باب ۸۸۸. يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ تَبْتَغِي

باب ۸۸۸۔''اے نبی! جس چیز کو اللہ نے آپ کیلئے حلال کیا ہے، اسے آ

❶ حاملہ اور جس کا شوہر وفات پا گیا ہو ان کی عدت سے متعلق آیات کے سلسلے میں سلف کا اختلاف رہا ہے۔ جمہور کا یہی مسلک ہے کہ بچہ کا پیدا ہو جانا ہی اس
عدت ہے اور اس کے بعد وہ دوسرا نکاح کرسکتی ہے، خواہ مدت طویل ہو یا مختصر۔ابن مسعودؓ کا یہی مسلک تھا

مَرْضَاةَ اَزْوَاجِکَ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

کیوں حرام کرر ہے ہیں اپنی بیوی کی خوشی حاصل کرنے کے لئے اور اللہ بڑا مغفرت والا ہے، بڑی رحمت والا ہے۔

(۲۰۱۸) حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ فُضَالَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَّحْيىٰ عَنِ ابْنِ حَكِيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ فِي الْحَرَامِ يُكَفِّرُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

۲۰۱۸۔ ہم سے معاذ بن فضالہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے، ان سے ابن حکیم نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر کسی نے اپنے اوپر کوئی چیز حلال حرام کرلی تو اس کا کفارہ دینا ہوگا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''بے شک تمہارے لئے تمہارے رسول کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔''

(۲۰۱۹) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَآءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ وَيَمْكُثُ عِنْدَهَا فَوَاطَيْتُ اَنَا وَحَفْصَةُ عَنْ اَيَّتُنَا دَخَلَ عَلَيْهَا فَلْتَقُلْ لَهٗ اَكَلْتَ مَغَافِيْرَ اِنِّيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ مَغَافِيْرَ قَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ كُنْتُ اَشْرَبُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ ابْنَةِ جَحْشٍ فَلَنْ اَعُوْدَ لَهٗ وَقَدْ حَلَفْتُ لَا تُخْبِرِيْ بِذٰلِكَ اَحَدًا

۲۰۱۹۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے، انہیں عطاء نے، انہیں عبید بن عمیر نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ (ام المؤمنین) زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے گھر میں شہد پیتے تھے اور وہاں ٹھہرتے تھے۔ پھر میرا اور حفصہ (رضی اللہ عنہا) کا اس پر اتفاق ہوا کہ ہم میں سے جس کے پاس بھی آنحضور (زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کے یہاں سے شہد پی کر آنے کے بعدؐ) داخل ہوں تو وہ کہے کہ آپ نے پیاز کھائی ہے؟ آپ کے منہ سے پیاز کی بوآتی ہے۔ (چنانچہ جب آپ تشریف لائے تو پلان کے مطابق کہا گیا۔ آنحضور ﷺ بدبو کو بہت ناپسند فرماتے تھے) آپ ﷺ نے فرمایا میں نے پیاز نہیں کھائی ہے۔ البتہ زینب بنت جحش کے یہاں شہید پیا کرتا تھا، لیکن اب ہرگز نہیں پیوں گا۔ میں نے اس کی قسم کھالی ہے۔ لیکن تم کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا۔ (اس پر مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی)۔

باب ۸۸۹۔ تَبْتَغِيْ مَرْضَاةَ اَزْوَاجِکَ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ

۸۸۹۔ آپ اپنی بیویوں کی خوشی حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اللہ نے تمہارے لئے قسموں کا کھولنا مقرر کردیا ہے۔

(۲۰۲۰) حَدَّثَنَا عَبْدُالْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَّحْيىٰ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يُحَدِّثُ اَنَّهٗ قَالَ مَكَثْتُ سَنَةً اُرِيْدُ اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَنْ اٰيَةٍ فَمَآ اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَسْاَلَهٗ هَيْبَةً لَّهٗ حَتّٰى خَرَجَ حَاجًّا فَخَرَجْتُ مَعَهٗ فَلَمَّا رَجَعْتُ وَكُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيْقِ عَدَلَ اِلَى الْاَرَاكِ لِحَاجَةٍ لَّهٗ قَالَ فَوَقَفْتُ

۲۰۲۰۔ ہم سے عبدالعزیز بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان ابن بلال نے حدیث بیان کی، ان سے یحیٰی نے، ان سے عبید بن حنین نے کہا آپ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا۔ آپ نے فرمایا، ایک آیت کے متعلق عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے پوچھنے کے لئے ایک سال تک میں گومگو میں مبتلا رہا۔ آپ کا اتنا رعب تھا کہ میں آپ سے نہ پوچھ سکا۔ آخر آپ حج کے لئے گئے تو میں بھی آپ کے ساتھ ہولیا۔ واپسی میں جب ہم راستہ میں تھے تو رفع

لَه‘ حَتّٰی فَرَغَ ثُمَّ سِرْتُ مَعَه‘ فَقُلْتُ يَااَمِيْرَالْمُؤْمِنِيْنَ مَنِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَزْوَاجِهٖ فَقَالَ تِلْكَ حَفْصَةُ وَعَآئِشَةُ قَالَ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ اِنْ كُنْتُ لَاُرِيْدُ اَنْ اَسْاَلَكَ عَنْ هٰذَا مُنْذُ سَنَةٍ فَمَا اَسْتَطِيْعُ هَيْبَةً لَكَ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ مَاظَنَنْتَ اَنَّ عِنْدِيْ مِنْ عِلْمٍ فَاسْاَلْنِيْ فَاِنْ كَانَ لِيْ عِلْمٌ خَبَّرْتُكَ بِهٖ قَالَ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ وَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَا نَعُدُّ لِلنِّسَآءِ اَمْرًا حَتّٰى اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِنَّ مَآ اَنْزَلَ وَقَسَمَ لَهُنَّ مَا قَسَمَ قَالَ فَبَيْنَا اَنَا فِيْ اَمْرٍ اَتَاَمَّرُه‘ اِذْ قَالَتْ اِمْرَاَتِيْ لَوْ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَقُلْتُ لَهَا مَالَكِ وَلِمَا هٰهُنَا فِيْمَا تَكَلُّفُكِ فِيْ اَمْرٍ اُرِيْدُه‘ فَقَالَتْ لِيْ عَجَبًا لَكَ يَاابْنَ الْخَطَّابِ مَا تُرِيْدُ اَنْ تُرَاجَعَ اَنْتَ وَاِنَّ ابْنَتَكَ لَتُرَاجِعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَظَلَّ يَوْمَه‘ غَضْبَانَ فَقَامَ عُمَرُ فَاَخَذَ رِدَآءَه‘ مَكَانَه‘ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى حَفْصَةَ فَقَالَ لَهَا يَا بُنَيَّةُ اِنَّكِ لَتُرَاجِعِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَظَلَّ يَوْمَه‘ غَضْبَانَ فَقَالَتْ حَفْصَةُ وَاللّٰهِ اِنَّا لَنُرَاجِعُه‘ فَقُلْتُ تَعْلَمِيْنَ اَنِّيْ اُحَذِّرُكِ عُقُوْبَةَ اللّٰهِ وَغَضَبَ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَابُنَيَّةُ لَايَغُرَّنَّكِ هٰذِهِ الَّتِيْ اَعْجَبَهَا حُسْنُهَا حُبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ يُرِيْدُ عَآئِشَةَ قَالَ ثُمَّ خَرَجْتُ حَتّٰى دَخَلْتُ عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ لِقَرَابَتِيْ مِنْهَا فَكَلَّمْتُهَا فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ عَجَبًالَّكَ يَاابْنَ الْخَطَّابِ دَخَلْتَ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى تَبْتَغِيَ اَنْ تَدْخُلَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَزْوَاجِهٖ فَاَخَذَتْنِيْ وَاللّٰهِ اَخْذًا كَسَرَتْنِيْ عَنْ بَعْضِ مَاكُنْتُ اَجِدُ فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا وَكَانَ لِيْ صَاحِبٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ اِذَا غِبْتُ اَتَانِيْ بِالْخَبَرِ وَاِذَا غَابَ كُنْتُ اَنَا اٰتِيْهِ بِالْخَبَرِ وَنَحْنُ نَتَخَوَّفُ مَلِكًا مِّنْ مُلُوْكِ غَسَّانَ ذُكِرَ لَنَا

حاجت کے لئے آپ پیلو کے درختوں میں گئے۔ بیان کیا کہ میں آپ کے انتظار میں کھڑا رہا۔ جب آپ فارغ ہوکر آئے تو پھر میں آپ کے ساتھ چلا۔ اس وقت میں نے کہا امیر المومنین! امہات المومنین میں سے وہ کونسی دو عورتیں تھیں جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے لئے منصوبہ بنایا تھا؟ آپ نے فرمایا کہ حفصہ اور عائشہ (رضی اللہ عنہما) بیان کیا کہ میں نے عرض کیا، بخدا میں یہ سوال آپ سے کرنے کے لئے ایک سال سے ارادہ کر رہا تھا۔ لیکن آپ کے رعب کی وجہ سے پوچھنے کی ہمت نہیں ہوتی تھی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایسا نہ کیا کرو، جس مسئلہ کے متعلق تمہارا خیال ہو کہ میرے پاس اس سلسلے میں کوئی علم ہے تو پوچھ لیا کرو۔ اگر میرے پاس واقعی اس کا علم ہوا تو تمہیں بتا دیا کروں گا۔ بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ گواہ ہے، جاہلیت میں ہماری نظر میں عورتوں کی کوئی حیثیت نہیں تھی، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں وہ احکام نازل کئے جو نازل کرنے تھے (یعنی ان کے ساتھ حسن معاشرت اور دوسرے حقوق سے متعلق) اور ان کے حقوق مقرر کئے جو مقرر کرنے تھے۔ فرمایا کہ ایک دن میں سوچ رہا تھا کہ میری بیوی نے مجھ سے کہا کہ بہتر ہے اگر تم اس معاملہ کو فلاں فلاں طرح کرو۔ میں نے کہا تمہارا اس میں کیا کام۔ معاملہ مجھ سے متعلق ہے، تم اس میں دخل دینے والی کون ہو؟ میری بیوی نے اس پر کہا، حیرت ہے تمہارے اس طرز عمل پر ابن خطاب! تم اپنی باتوں کا جواب برداشت نہیں کر سکتے۔ تمہاری لڑکی (حفصہ رضی اللہ عنہا) تو رسول اللہ ﷺ کو جواب دیتی ہے۔ ایک دن تو اس نے حضور ﷺ کو غصہ کر دیا تھا۔ عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور اپنی چادر اوڑھ کر حفصہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تشریف لے گئے۔ اور فرمایا بیٹی! کیا تم رسول اللہ ﷺ کی باتوں کا جواب دیتی ہو، یہاں تک کہ تم نے آنحضور ﷺ کو دن بھر ناراض رکھا۔ حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا، واللہ! ہم آنحضور ﷺ کو جواب دیتے ہیں۔ (عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ) میں نے کہا جان لو، میں تمہیں اللہ کی سزا اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی سے ڈراتا ہوں۔ بیٹی! اس کی وجہ سے دھوکا میں نہ آ جانا جس نے حضور اکرم ﷺ کی محبت حاصل کر لی ہے۔ آپ کا اشارہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف تھا۔ فرمایا پھر میں وہاں سے نکل کر ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا، کیونکہ وہ بھی میری رشتہ دار تھیں۔ میں نے ان سے بھی گفتگو کی،

اَنَّه' يُرِيْدُ اَنْ يَّسِيْرَ اِلَيْنَا فَقَدْ اِمْتَلاَ تْ صُدُوْرُنَا مِنْهُ فَاِذَا صَاحِبِى الْاَنْصَارِىُّ يَدُقُّ الْبَابَ فَقَالَ افْتَحْ افْتَحْ فَقُلْتُ جَآءَ الْغَسَّانِىُّ فَقَالَ بَلْ اَشَدُّ مِنْ ذٰلِكَ اِعْتَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَزْوَاجَه' فَقُلْتُ رَغِمَ اَنْفُ حَفْصَةَ وَعَآئِشَةَ فَاَخَذْتُ ثَوْبِىْ فَاَخْرُجُ حَتّٰى جِئْتُ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَشْرُبَةٍ لَّه' يَرْقٰى عَلَيْهَا بِعَجَلَةٍ وَغُلاَمٌ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْوَدُ عَلٰى رَاْسِ الدَّرَجَةِ فَقُلْتُ لَه' قُلْ هٰذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَاَذِنَ لِىْ قَالَ عُمَرُ فَقَصَصْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَلَمَّا بَلَغْتُ حَدِيْثَ اُمِّ سَلَمَةَ تَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّه' لَعَلٰى حَصِيْرٍ مَّابَيْنَه' وَبَيْنَه' شَىْءٌ وَتَحْتَ رَاْسِهٖ وِسَادَةٌ مِّنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيْفٌ وَاِنَّ عِنْدَ رِجْلَيْهِ قَرَظًا مَّصْبُوْبًا وَعِنْدَ رَاْسِهٖ اَهَبٌ مُّعَلَّقَةٌ فَرَاَيْتُ اَثَرَالْحَصِيْرِ فِىْ جَنْبِهٖ فَبَكَيْتُ فَقَالَ مَايُبْكِيْكَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ كِسْرٰى وَقَيْصَرَ فِيْمَاهُمَا فِيْهِ وَاَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَمَاتَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْاٰخِرَةُ

انہوں نے کہا حیرت ہے ابن خطاب! آپ ہر معاملہ میں دخل اندازی کرتے ہیں اور اب چاہتے ہیں کہ آنحضور ﷺ اور ان کی ازواج کے معاملات میں بھی دخل دیں۔ واللہ! انہوں نے میری ایسی گرفت کی کہ میرے غصہ کو توڑ کر رکھ دیا۔ میں ان کے گھر سے باہر نکل آیا۔ میرے ایک انصاری ساتھی تھے، جب میں حضورا کرم ﷺ کی مجلس میں حاضر نہ ہوتا تو مجلس کی تمام باتیں مجھ سے آ کر بتایا کرتے تھے اور جب وہ حاضر نہ ہوتے تو میں انہیں آ کر بتایا کرتا تھا۔ اس زمانہ میں ہمیں غسان کے بادشاہ کی طرف سے خطرہ تھا۔ اطلاع ملی تھی کہ وہ ہم پر چڑھائی کا ارادہ کر رہا ہے۔ چنانچہ ہمارے دماغ میں ہر وقت یہی خطرہ منڈلاتا رہتا تھا۔ اچانک میرے انصاری ساتھی نے دروازہ کھٹکھٹایا اور کہا کھولو، کھولو۔ میں نے کہا معلوم ہوتا ہے غسانی آ گئے۔ انہوں نے کہا بلکہ اس سے بھی زیادہ اہم معاملہ درپیش ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج سے علیحدگی اختیار کر لی۔ میں نے کہا، حفصہ اور عائشہ کی ناک غبار آلود ہو۔ چنانچہ میں نے اپنا کپڑا پہنا اور باہر نکل آیا۔ میں جب پہنچا تو حضورا کرم ﷺ اپنے بالا خانہ میں تشریف رکھتے تھے۔ جس پر سیڑھی سے چڑھا جاتا تھا۔ حضور اکرم ﷺ کا ایک حبشی غلام سیڑھی کے سرے پر موجود تھا۔ میں نے کہا آنحضور ﷺ سے عرض کرو کہ عمر بن خطاب آیا ہے اور اندر آنے کی اجازت چاہتا ہے۔ پھر میں نے آنحضور ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر اپنا سارا واقعہ سنایا۔ جب میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی گفتگو پر پہنچا تو آپ ﷺ نے تبسم فرمایا۔ اس وقت آنحضور ﷺ کھجور کی ایک چٹائی پر تشریف رکھتے تھے۔ آپ ﷺ کے جسم مبارک اور چٹائی کے درمیان کوئی اور چیز نہیں تھی۔ آپ کے سر کے نیچے ایک چمڑے کا تکیہ تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔ پاؤں کی طرف سلم کے پتوں کا ڈھیر تھا اور سر کی طرف مشکیزہ لٹک رہا تھا۔ میں نے چٹائی کے نشانات آپ کے پہلو پر دیکھے تو رو پڑا۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا، کس بات پر رونے لگے؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! قیصر و کسریٰ کو دنیا کا ہر طرح کا آرام و راحت حاصل ہے، حالانکہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کیا تم اس پر خوش نہیں کہ ان کے حصے دنیا میں ہیں اور ہمارے حصے آخرت میں۔

باب ۸۹۰. وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِىُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ

۸۹۰۔ اور جب نبی ﷺ نے ایک بات اپنی بیوی سے چپکے سے فرمائی۔ پھر جب ان کی بیوی نے وہ بات (کسی اور کو) بتا دی اور اللہ نے نبی کو اس

بَعْضَه، وَاَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْبَاَکَ هٰذَا قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ فِیْهِ عَائِشَةُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

کی خبر دی تو نبی ﷺ نے اس کا کچھ حصہ بتلا دیا اور کچھ کو ٹال گئے۔ پھر جب نبی ﷺ نے ان بیوی کو وہ بات بتلا دی تو وہ بولیں کہ آپ کو کس نے اس کی خبر دی؟ آپ نے کہا کہ مجھے خبر دی علم رکھنے والے نے۔ اس باب میں عائشہ رضی اللہ عنہا کی بھی ایک حدیث نبی کریم ﷺ کے واسطہ سے ہے۔

(۲۰۲۱) حَدَّثَنَا عَلِیٌّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُبَیْدَ بْنَ حُنَیْنٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا یَقُوْلُ اَرَدْتُّ اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ فَقُلْتُ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ مَنِ الْمَرْاَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا اَتْمَمْتُ کَلَامِیْ حَتّٰی قَالَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ قَوْلُه، اِنْ تَتُوْبَآ اِلَی اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُکُمَا صَغَوْتُ وَاَصْغَیْتُ مِلْتُ لِتَصْغٰی لِتَمِیْلَ وَاِنْ تَظَاهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمَلٰٓئِکَةُ بَعْدَ ذٰلِکَ ظَهِیْرٌ عَوْنٌ تَظَاهَرُوْنَ تَعَاوَنُوْنَ وَقَالَ مُجَاهِدٌ قُوْآ اَنْفُسَکُمْ وَاَهْلِیْکُمْ اَوْصُوْآ اَنْفُسَکُمْ وَاَهْلِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰهِ وَاَدِّبُوْهُمْ ۔

۲۰۲۱۔ ہم سے علی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے عبید بن حنین سے سنا۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے ایک مسئلہ پوچھنے کا ارادہ کیا اور عرض کی امیر المؤمنین! وہ کون دو عورتیں تھیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں منصوبہ بنایا تھا؟ ابھی میں نے اپنی بات پوری بھی نہیں کی تھی کہ آپ نے فرمایا عائشہ اور حفصہ نے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اے دونوں (بیبیو) اگر تم اللہ کے سامنے توبہ کرلو تو تمہارے دل (اسی طرف) مائل ہو رہے ہیں۔" صغوت اور اصغیت میلان کے معنی میں آتے ہیں۔ لتصغٰی ای لتمیل۔ "اور اگر نبی کے مقابلہ میں تم کاروائیاں کرتی رہیں تو نبی کا رفیق تو اللہ ہے اور جبریل ہیں اور نیک مسلمان ہیں اور ان کے علاوہ فرشتے مددگار ہیں۔" "ظہیر" بمعنی عون۔ "تظاہرون" ای تعاونون۔ مجاہد نے فرمایا کہ "قوا انفسکم واہلیکم" اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اللہ سے تقویٰ اختیار کرنے کی وصیت کرو اور انہیں ادب سکھاؤ۔

(۲۰۲۲) حَدَّثَنَا الْحُمَیْدِیُّ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُبَیْدَ بْنَ حُنَیْنٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ اَرَدْتُّ اَنْ اَسْاَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْاَتَیْنِ اللَّتَیْنِ تَظَاهَرَتَا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَکَثْتُ سَنَةً فَلَمْ اَجِدْ لَه، مَوْضِعًا حَتّٰی خَرَجْتُ مَعَه، حَاجًّا فَلَمَّا کُنَّا بِظَهْرَانَ ذَهَبَ عُمَرُ لِحَاجَتِهٖ فَقَالَ اَدْرِکْنِیْ بِالْوَضُوْءِ فَاَدْرَکْتُه، بِالْاِدَاوَةِ فَجَعَلْتُ اَسْکُبُ عَلَیْهِ وَرَاَیْتُ مَوْضِعًا فَقُلْتُ یَآ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ مَنِ الْمَرْاَتَانِ اللَّتَانِ تَظَاهَرَتَا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَمَآ اَتْمَمْتُ کَلَامِیْ حَتّٰی

۲۰۲۲۔ ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن سعید نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے عبید بن حنین سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے ان دو عورتوں کے متعلق سوال کرنا چاہا، جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے لئے پلان بنایا تھا۔ ایک سال میں اسی حیص بیص میں رہا اور مجھے کوئی موقعہ نہیں ملتا تھا۔ آخر آپ کے ساتھ حج کے لئے نکلا (واپسی میں) جب ہم مقام ظہران میں تھے تو عمر رضی اللہ عنہ رفع حاجت کے لئے گئے۔ پھر فرمایا میرے لئے وضو کا پانی لاؤ۔ میں ایک برتن میں پانی لایا اور آپ کو وضو کرانے لگا۔ مناسب موقعہ دیکھ کر میں نے عرض کی امیر المؤمنین! وہ دو عورتیں کون

قَالَ عَآئِشَةُ وَحَفْصَةُ. عَسٰى رَبُّه' اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَه' اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَآئِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَآئِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَّاَبْكَارًا

ہیں، جنہوں نے نبی کریم ﷺ کے لئے پلان بنایا تھا۔ ابھی میں نے اپنی بات پوری بھی نہ کی تھی کہ آپ نے فرمایا عائشہ اور حفصہ! اللہ تعالیٰ کا ارشاد' اور اگر نبی تمہیں طلاق دے دیں تو ان کا پروردگار تمہارے عوض انہیں تم سے بہتر بیویاں دے دے گا۔ اسلام والیاں، ایمان والیاں، فرمانبرداری کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں، عبادت کرنے والیاں، روزہ رکھنے والیاں، شوہر دیدہ بھی اور کنواریاں بھی۔

(۲۰۲۳) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِجْتَمَعَ نِسَآءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُنَّ عَسٰى رَبُّه' اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَه' اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةَ

۲۰۲۳۔ ہم سے عمرو بن عون نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، ان سے حمید نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ نبی کریم ﷺ کی ازواج آنحضور ﷺ کو غیرت دلانے کے لئے مجتمع ہوگئیں تو میں نے ان سے کہا۔ اگر نبی تمہیں طلاق دیدیں تو ان کا پروردگار تمہارے عوض انہیں تم سے بہتر بیویاں دے دے گا۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی۔

سورة الملک

سورۂ ملک

باب ۸۹۱. تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ التَّفَاوُتُ الْاِخْتِلَافُ وَالتَّفَوُّتُ وَاحِدٌ تَمَيَّزُ تَقَطَّعُ مَنَاكِبِهَا جَوَانِبِهَا تَدَّعُوْنَ وَتَدْعُوْنَ مِثْلُ تَذَّكَّرُوْنَ وَتَذْكُرُوْنَ وَيَقْبِضْنَ يَضْرِبْنَ بِاَجْنِحَتِهِنَّ وَقَالَ مُجَاهِدٌ صَآفَّاتٍ عَنْ بُسْطُ اَجْنِحَتِهِنَّ وَنُفُوْرٌ اَلْكُفُوْرُ

باب ۸۹۱۔ سورۃ تبارک الذی بیدہ الملک "التفاوت" بمعنی الاختلاف، "التفاوت" اور "التفوت" ہم معنی ہیں۔ تمیز "تقطع" مناکبہا "اے جوانبہا۔ تدعون اور تدعون ایک ہی ہیں۔ جیسے تذکرون اور تذکرون۔ "ویقبضن" ای یضربن باجنحتہن۔ اور مجاہد نے فرمایا کہ "صافات" سے مراد ان کے بازوؤں کا پھیلانا ہے۔ "نفور" بمعنی الکفور ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ

سورۂ القلم

باب ۸۹۲. قال ابن عباس يتخافتون ينتجون السرار والكلام الخفي وَقَالَ قَتَادَةُ حَرْدٍ جِدٍّ فِيْ اَنْفُسِهِمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَضَآلُّوْنَ اَضْلَلْنَا مَكَانَ جَنَّتِنَا وَقَالَ غَيْرُه' كَالصَّرِيْمِ كَالصُّبْحِ اِنْصَرَمَ مِنَ اللَّيْلِ وَاللَّيْلِ اِنْصَرَمَ مِنَ النَّهَارِ وَهُوَ اَيْضًا كُلُّ رَمْلَةٍ اِنْصَرَمَتْ مِنْ مُعْظَمِ الرَّمْلِ وَالصَّرِيْمُ اَيْضًا اَلْمَصْرُوْمُ مِثْلُ قَتِيْلٍ وَّمَقْتُوْلٍ

باب ۸۹۲۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "یتخافتون" بمعنی ینتجون ہے۔ رازداری اور آہستہ آہستہ بات کرنا اور قتادہ نے فرمایا کہ "حرد" ای جد انفسہم۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "لضالون" یعنی ہم اپنی جنت کی جگہ بھول گئے۔ غیر ابن عباس نے فرمایا کہ "کالصریم" یعنی اس صبح جیسا جو رات سے کٹ جاتی ہے اس رات جیسا جو دن سے کٹ جاتی ہے، ہر اس ریت پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جو ریت کے تودہ سے الگ ہو جائے، الصریم بمعنی مصروم بھی استعمال ہے۔ جیسے قتیل بمعنی مقتول۔

باب ۸۹۳. عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ

۸۹۳۔ سخت مزاج ہے اس کے علاوہ بدنسب بھی ہے۔

(۲۰۲۴) حَدَّثَنَا مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ عَنْ مُّجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ قَالَ

۲۰۲۴۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابو حصین نے، ان سے مجاہد نے، اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت "سخت مزاج ہے اس کے

رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ لَهُ زَنَمَةٌ مِثْلُ زَنَمَةِ الشَّاةِ

علاوہ بدنسب بھی ہے'' کے متعلق فرمایا کہ یہ آیت قریش کے ایک شخص کے متعلق نازل ہوئی تھی (اس کی گردن میں) ایک نشانی تھی، جیسے بکری میں نشانی ہوتی ہے (کہ بعض بکریوں میں کوئی عضو زائد ہوتا ہے)۔

(۲۰۲۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَارِثَةَ بْنَ وَهْبٍ الْخُزَاعِيَّ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْاَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ

۲۰۲۵۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے معبد بن خالد نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے حارثہ بن وہب خزاعی رضی اللہ عنہ سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا، آپ فرمارہے تھے کیا میں تمہیں اہل جنت کے متعلق نہ بتادوں، وہ دیکھنے میں کمزور وناتوان ہوگا (لیکن اللہ کے یہاں اس کا مرتبہ یہ ہوگا کہ) اگر کسی بات پر اللہ کی قسم کھالی تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور پورا کردے گا اور کیا میں تمہیں اہل دوزخ کے متعلق نہ بتادوں۔ ہر بدخو، بوجھل جسم والا اور مغرور۔

باب ۸۹۴. يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ

۸۹۴۔ وہ دن (یاد کرنے کے قابل ہے) جب ساق کی تجلی فرمائی جائے گی۔

۲۰۲۶ حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ خَالِدِ ابْنِ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَكْشِفُ رَبُّنَا عَنْ سَاقِهٖ فَيَسْجُدُ لَهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ وَّمُؤْمِنَةٍ وَّيَبْقٰى مَنْ كَانَ يَسْجُدُ فِي الدُّنْيَا رِيَآءً وَّسُمْعَةً فَيَذْهَبُ لِيَسْجُدَ فَيَعُوْدُ ظَهْرُهٗ طَبَقًا وَّاحِدًا

۲۰۵۶۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے خالد بن یزید نے، ان سے سعید بن ابی ہلال نے، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے عطاء بن یسار نے اور ان سے ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، آپ فرمارہے تھے کہ ہمارا رب (قیامت کے دن) اپنی ساق کی تجلی فرمائے گا اس وقت ہر مؤمن مرد اور ہر مؤمن عورت اس کے لئے سجدہ میں گر پڑیں گے۔ البتہ باقی رہ جائیں گے جو دنیا میں دکھاوے اور شہرت کے لئے سجدہ کرتے تھے اور جب وہ سجدہ کرنا چاہیں گے تو ان کی پیٹھ تختہ ہوجائے گی (اور وہ سجدہ کے لئے مڑ نہ سکیں گے)۔

باب ۸۹۵. اَلْحَآقَّةُ عِيْشَةٌ رَّاضِيَةٌ يُرِيْدُ فِيْهَا الرِّضَا الْقَاضِيَةَ الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى الَّتِيْ مُتُّهَا لَمْ اُحْيَا بَعْدَهَا مِنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ اَحَدٌ يَكُوْنُ لِلْجَمْعِ وَلِلْوَاحِدِ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْوَتِيْنُ نِيَاطُ الْقَلْبِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَغٰى كَثُرَ وَيُقَالُ بِالطَّاغِيَةِ بِطُغْيَانِهِمْ وَيُقَالُ طَغَتْ عَلَى الْخَزَّانِ كَمَا طَغَى الْمَآءُ عَلٰى قَوْمِ نُوْحٍ

۸۹۵۔ ''عیشۃ راضیۃ'' مزے کی زندگی ''القاضیۃ'' یعنی پہلی موت جو مجھے آئی تھی، پھر میں اس کے بعد زندہ ہوتا۔ ''من احد عنہ حاجزین'' احد جمع اور واحد دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''الوتین'' رگ دل کو کہتے ہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''طغیٰ'' کثر۔ ''بالطاغیۃ'' ان کی سرکشی اور کفر میں زیادتی کی وجہ سے کہا گیا۔ ''طغت علی الخزان'' یعنی ہوا قابو سے باہر ہوگئی اور قوم ثمود کو ہلاک کردیا۔ جیسا کہ پانی نوح علیہ السلام کی قوم کے لئے بے قابو ہوگیا تھا۔

باب ۸۹۶. سَاَلَ سَآئِلٌ اَلْفَصِيْلَةُ اَصْغَرُ اٰبَآئِهِ الْقُرْبٰى اِلَيْهِ يَنْتَمِيْ مَنِ انْتَمٰى لِلشَّوٰى اَلْيَدَانِ

۸۹۶۔ سورۂ سأل سائل۔

''الفصیلۃ'' یعنی اس کے آباء میں سب سے قریبی جس سے وہ جدا ہوا ہے

وَالرِّجْلَانِ وَالْاَطْرَافُ وَجِلْدَةُ الرَّأْسِ يُقَالُ لَهَا شَوَاةٌ وَمَاكَانَ غَيْرَ مَقْتَلٍ فَهُوَ شَوًى وَالْعِزُوْنَ اَلْجَمَاعَاتُ وَوَاحِدُهَا عِزَّةٌ

اور جس کی طرف اس کی نسبت کی جاتی ہے "للشوی" دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں، اطراف بدن اور سر کا چمڑا۔ سب کے لئے "شواۃ" کا لفظ استعمال ہوتا ہے اور جسم انسانی کا ہر وہ حصہ جہاں سے قتل نہ کیا جاتا ہو "شوی" ہے۔ "عزون" بمعنی جماعات ہے اس کا واحد عزۃ استعمال ہوتا ہے۔

باب ۸۹۷. اِنَّآ اَرْسَلْنَا اَطْوَارًا طَوْرًا كَذَا وَطَوْرًا كَذَا يُقَالُ عَدَا طَوْرَهُ' اَىْ قَدْرَهُ' وَالْكُبَّارُ اَشَدُّ مِنَ الْكُبَارِ وَكَذٰلِكَ جُمَّالٌ وَجَمِيْلٌ لِاَنَّهَا اَشَدُّ مُبَالَغَةً وَكُبَّارٌ اَلْكَبِيْرُ وَكُبَارًا اَيْضًا بِالتَّخْفِيْفِ وَالْعَرَبُ تَقُوْلُ رَجُلٌ حُسَّانٌ وَجُمَّالٌ وَحُسَانٌ مُخَفَّفٌ وَجُمَالٌ مُخَفَّفٌ دَيَّارًا مِنْ دَوْرٍ وَلٰكِنَّهُ' فَيْعَالٌ مِّنَ الدَّوْرَانِ كَمَاقَرَأَ عُمَرُ اَلْحَىُّ الْقَيَّامُ وَهِىَ مِنْ قُمْتُ وَقَالَ غَيْرُهُ' دَيَّارًا اَحَدًا تَبَارًا هَلَاكًا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِدْرَارًا يَتْبَعُ بَعْضُهَا بَعْضًا وَقَارًا عَظَمَةً

۸۹۷۔ سورۂ انا ارسلنا۔

"اطواراً" یعنی طرح طرح سے بولتے ہیں "عدا طورہ" یعنی اپنے مرتبہ سے تجاوز کر گیا۔ "الکبار" (بالتشدید) میں "الکبار" (بالتخفیف) کے مقابلہ میں شدت پائی جاتی ہے۔ اسی طرح "جمال" (بالتشدید) میں جمیل سے زیادہ مبالغہ ہے۔ یہی حال "کبار" کا اور کبیر اور کبار (جبکہ تخفیف کے ساتھ ہو) کا بھی ہے۔ عرب بولتے تھے "رجل حسان و جمال" اسی طرح تخفیف کے ساتھ "حسان اور جمال" بھی دیاراً دور سے مشتق ہے۔ البتہ اگر فیعال کے وزن پر لیا جائے تو یہ دوران سے ہوگا۔ جیسا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے "الحی القیام" پڑھا۔ قمت سے، ان کے غیر نے کہا کہ "دیاراً" بمعنی احدا ہے۔ "تباراً" ای ہلاکاً ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "مدراراً یعنی بعض بعض کے پیچھے" "وقاراً" ای عظمۃ۔

(۲۰۲۷) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ وَقَالَ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا صَارَتِ الْاَوْثَانُ الَّتِىْ كَانَتْ فِىْ قَوْمِ نُوْحٍ فِى الْعَرَبِ بَعْدُ اَمَّا وَدٌّ كَانَتْ لِكَلْبٍ بِدَوْمَةِ الْجَنْدَلِ وَاَمَّا سُوَاعٌ كَانَتْ لِهُذَيْلٍ وَاَمَّا يَغُوْثُ فَكَانَتْ لِمُرَادٍ ثُمَّ لِبَنِىْ غُطَيْفٍ بِالْجُوْفِ عِنْدَ سَبَا وَاَمَّا يَعُوْقُ وَكَانَتْ لِهَمْدَانَ وَاَمَّا نَسْرٌ فَكَانَتْ لِحِمْيَرَ لِاٰلِ ذِى الْكَلَاعِ اَسْمَاءُ رِجَالٍ صَالِحِيْنَ مِنْ قَوْمِ نُوْحٍ فَلَمَّا هَلَكُوْا اَوْحَى الشَّيْطَانُ اِلٰى قَوْمِهِمْ اَنِ انْصِبُوْا اِلٰى مَجَالِسِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا يَجْلِسُوْنَ اَنْصَابًا وَ سَمُّوْهَا بِاَسْمَآئِهِمْ فَفَعَلُوْا فَلَمْ تُعْبَدْ حَتّٰى اِذَا هَلَكَ اُولٰٓئِكَ وَتَنَسَّخَ الْعِلْمُ عُبِدَتْ

۲۰۲۷۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے اور عطاء نے بیان کیا اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جو بت نوح علیہ السلام کی قوم میں پوجے جاتے تھے، بعد میں وہی عرب میں پوجے جانے لگے تھے۔ "ود" دومۃ الجندل میں بنی کلب کا بت تھا۔ "سواع" بنی ہذیل کا تھا "یغوث" بنی مراد کا تھا۔ اور مراد کی شاخ بنی غطیف کا جو وادی جوف میں قوم سبا کے پاس رہتے تھے "یعوق" بنی ہمدان کا بت تھا۔ "نسر" حمیر کا بت تھا جو ذوالکلاع کے آل میں تھے۔ یہ پانچوں نوح علیہ السلام کی قوم کے صالح افراد کے نام تھے۔ جب ان کی وفات ہوگئی تو شیطان نے ان کی قوم کے دل میں ڈالا کہ اپنی مجلسوں میں جہاں وہ بیٹھتے تھے، بت نصب کر لیں۔ اور ان بتوں کے نام اپنے صالح افرد کے نام پر رکھ لیں۔ چنانچہ ان لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ اس وقت ان بتوں کی عبادت نہیں ہوئی۔ لیکن جب وہ لوگ بھی مر گئے جنھوں نے بت نصب کئے تھے اور صورتحال کا علم لوگوں کو نہ رہا تو ان کی عبادت ہونے لگی۔

باب ۸۹۸. قُلْ اُوْحِىَ اِلَىَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لِبَدًا

۸۹۸۔ سورۂ قل اوحی الی۔

اَعْوَانًا

ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "لبدا" بمعنی اعوانًا ہے۔

(۲۰۲۸) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ طَآئِفَةٍ مِّنْ اَصْحَابِهٖ عَامِدِيْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ وَاُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ فَقَالُوْا مَا لَكُمْ فَقَالُوْا حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ وَاُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ قَالَ مَاحَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ اِلَّا مَاحَدَثَ فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا فَانْظُرُوْا مَاهٰذَا الْاَمْرُ الَّذِىْ حَدَثَ فَانْطَلَقُوْا فَضَرَبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا يَنْظُرُوْنَ مَاهٰذَا الْاَمْرُ الَّذِىْ حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ قَالَ فَانْطَلَقَ الَّذِيْنَ تَوَجَّهُوْا نَحْوَتِهَامَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَخْلَةٍ وَّهُوَ عَامِدٌ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَّهُوَ يُصَلِّىْ بِاَصْحَابِهٖ صَلَاةَ الْفَجْرِ فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْاٰنَ تَسَمَّعُوْا لَهٗ فَقَالُوْا هٰذَا الَّذِىْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَآءِ فَهُنَالِكَ رَجَعُوْٓا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَقَالُوْا يَاقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِىْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ عَلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ اُوْحِىَ اِلَىَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ وَاِنَّمَا اُوْحِىَ اِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ

۲۰۲۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اصحاب کے ساتھ سوق عکاظ (مکہ اور طائف کے درمیان ایک وادی جہاں عربوں کا ایک مشہور میلہ لگتا تھا) کا قصد کیا۔ اس زمانہ میں شیاطین تک آسمانوں کی خبروں کے پہنچنے میں رکاوٹ قائم کردی گئی تھی اور ان پر شہاب ثاقب چھوڑے جاتے تھے۔ جب شیاطین اپنی قوم کے پاس لوٹ کر آئے تو ان کی قوم نے ان سے پوچھا کہ کیا بات ہوئی؟ انہوں نے بتایا کہ آسمان کی خبروں اور ہمارے درمیان رکاوٹ قائم کردی گئی ہے اور ہم پر شہاب ثاقب چھوڑے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آسمانوں کی خبروں اور تمہارے درمیان رکاوٹ قائم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ کوئی خاص بات (جیسے نبی کی بعثت) پیش آئی ہے۔ اس لئے روئے زمین کے مشرق ومغرب میں پھیل جاؤ اور پتہ لگاؤ کہ کونسی بات پیش آگئی ہے۔ چنانچہ شیاطین مشرق ومغرب میں پھیل گئے تاکہ اس بات کا پتہ لگائیں کہ آسمان کی خبروں کے ان تک پہنچنے میں جو رکاوٹ پیدا کی گئی ہے وہ کس عظیم واقعہ کی بناء پر ہے۔ بیان کیا کہ جو شیطان اس کھوج میں نکلے تھے ان کا ایک گروہ تہامہ کی طرف بھی آنکلا (جو مکہ معظمہ سے ایک دن کی مسافت پر ہے) جہاں رسول اللہ ﷺ سوق عکاظ کی طرف جاتے ہوئے کھجور کے ایک باغ کے پاس ٹھہرے تھے۔ آنحضور ﷺ اس وقت صحابہؓ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھ رہے تھے۔ جب شیاطین نے قرآن مجید سنا تو اس کی طرف متوجہ ہوگئے۔ پھر انہوں نے کہا کہ یہی ہے وہ جس کی وجہ سے تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ پیدا ہوئی ہے۔ اس کے بعد وہ اپنی قوم کی طرف لوٹ آئے اور ان سے کہا (جیسا کہ قرآن نے ان کا قول نقل کیا ہے) "ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے، جو راہ راست بتلاتا ہے۔ سو ہم تو اس پر ایمان لے آئے اور ہم اپنے پروردگار کا شریک کسی کو نہ بنائیں گے۔" اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر یہ آیت نازل کی۔ "آپ کہئے کہ میرے پاس وحی آئی اس بات کی کہ جنات میں سے ایک جماعت نے قرآن سنا۔" یہی جنوں کا قول (جو اوپر بیان ہوا) آنحضور ﷺ پر وحی ہوا تھا۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ

باب ۸۹۹. وَقَالَ مُجَاهِدٌ وَ تَبَتَّلْ اَخْلِصْ وَقَالَ الْحَسَنُ اَنْكَا لًا قُيُوْدًا مُنْفَطِرٌ بِهٖ مُثْقَلَةٌ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا الرَّمْلُ السَّائِلُ وَبِيْلًا شَدِيْدًا

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ

باب ۹۰۰. قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَسِيْرٌ شَدِيْدٌ قَسْوَرَةٌ رِكْزُ النَّاسِ وَاَصْوَاتُهُمْ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ اَلْاَسَدُ وَكُلُّ شَدِيْدٍ قَسْوَرَةٌ مُسْتَنْفِرَةٌ نَافِرَةٌ مَذْعُوْرَةٌ

(۲۰۲۹) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ عَلِيِّ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ سَاَلْتُ اَبَاسَلْمَةَ ابْنَ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ اَوَّلِ مَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُلْتُ يَقُوْلُوْنَ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ فَقَالَ اَبُوْسَلْمَةَ سَاَلْتُ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ ذٰلِكَ فَقُلْتُ لَهٗ مِثْلَ الَّذِيْ قُلْتَ فَقَالَ جَابِرٌ لَا اُحَدِّثُكَ اِلَّا مَاحَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاوَرْتُ بِحِرَآءٍ فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِيْ هَبَطْتُ فَنُوْدِيْتُ فَنَظَرْتُ عَنْ يَّمِيْنِيْ فَلَمْ اَرَشَيْئًا فَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِيْ فَلَمْ اَرَشَيْئًا وَنَظَرْتُ اَمَامِيْ فَلَمْ اَرَشَيْئًا وَنَظَرْتُ خَلْفِيْ فَلَمْ اَرَشَيْئًا فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَرَاَيْتُ شَيْئًا فَاَتَيْتُ خَدِيْجَةَ فَقُلْتُ دَثِّرُوْنِيْ وَصُبُّوْا عَلَيَّ مَآءً بَارِدًا قَالَ فَدَثَّرُوْنِيْ وَصَبُّوْا عَلَيَّ مَآءً بَارِدًا قَالَ فَنَزَلَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ

قَوْلُهٗ قُمْ فَاَنْذِرْ

(۲۰۳۰) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا

سورۃ المزمل

باب ۸۹۹۔ مجاہد نے فرمایا کہ "وتبتل" ای اخلص۔ حسن نے فرمایا "انکالا" ای قیوداً۔ "منفطر بہ" ای مثقلۃ بہ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "کثیبا مہیلا" یعنی ریگ رواں۔ "وبیلا" ای شدیداً۔

سورۃ المدثر

باب ۹۰۰۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "عسیر" ای شدید۔ "قسورۃ" یعنی لوگوں کا شوروغل۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس کے معنی شیر بتاتے ہیں۔ ہر سخت چیز کو "قسورۃ" کہہ سکتے ہیں "مستنفرۃ" ای نافرۃ مذعورۃ۔

۲۰۲۹۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے وکیع نے حدیث بیان کی، ان سے علی بن مبارک نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ ابن ابی کثیر نے، انہوں نے ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا کہ قرآن مجید کی کونسی آیت سب سے پہلے نازل ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا کہ "یاایھا المدثر" میں نے عرض کی کہ لوگ تو کہتے ہیں کہ "اقرأ باسم ربک الذی خلق" سب سے پہلے نازل ہوئی تھی۔ ابو سلمہ نے اس پر کہا کہ میں نے جابر بن عبداللہؓ سے اس کے متعلق پوچھا تھا۔ اور جو بات ابھی تم نے مجھ سے کہی وہی میں نے بھی ان سے کہی تھی۔ لیکن جابرؓ نے فرمایا کہ میں تم سے وہی حدیث بیان کرتا ہوں جو ہم سے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمائی تھی، آپ نے فرمایا تھا کہ میں غار حرا میں ایک مدت کے لئے گوشہ نشین تھا۔ جب گوشہ نشینی کے ایام پورے کر کے پہاڑ سے اترا تو مجھے آواز دی گئی۔ میں نے اس آواز پر اپنے دائیں بائیں دیکھا۔ لیکن کوئی چیز نہیں دکھائی دی۔ پھر بائیں طرف دیکھا۔ ادھر بھی کوئی چیز نہیں دکھائی دی۔ سامنے دیکھا ادھر بھی کوئی چیز نہیں دکھائی دی۔ پیچھے کی طرف دیکھا اور ادھر بھی کوئی چیز نہیں دکھائی دی۔ اب میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا تو مجھے ایک چیز دکھائی دی۔ پھر میں خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ مجھے کپڑا اوڑھا دو اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہاؤ۔ فرمایا کہ پھر انہوں نے مجھے کپڑا اوڑھایا اور ٹھنڈا پانی مجھ پر دھارا۔ فرمایا کہ پھر یہ آیت نازل ہوئی "اے کپڑے میں لپٹنے والے اٹھئے۔ پھر (کافروں کو) ڈرایئے اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کیجئے۔"

اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اٹھئے پھر کافروں کو ڈرایئے۔"

۲۰۳۰۔ مجھ سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی۔ ان سے عبدالرحمٰن بن

عَبْدُالرَّحْمٰنِ ابْنُ مَهْدِيّ وَّغَيْرُهٗ قَالَا حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاوَرْتُ بِحِرَآءٍ مِّثْلَ حَدِيْثِ عُثْمَانَ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ

مہدی اور ان کے غیر (ابوداؤد طیالسی) نے حدیث بیان کی کہ ہم سے حرب بن شداد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ بن ابی کثیر نے، ان سے ابوسلمہ نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، میں غار حرا میں گوشہ نشین رہا۔ عثمان بن عمر کی حدیث کی طرح جو انہوں نے علی بن مبارک کے واسطہ سے بیان کی۔

باب ۹۰۱. وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ

۹۰۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کیجئے۔''

(۲۰۳۱) حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالصَّمَدِ حَدَّثَنَا حَرْبٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ سَاَلْتُ اَبَا سَلَمَةَ اَيُّ الْقُرْاٰنِ اُنْزِلَ اَوَّلَ فَقَالَ يَاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ اُنْبِئْتُ اَنَّهٗ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ فَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ اَيُّ الْقُرْاٰنِ اُنْزِلَ اَوَّلُ فَقَالَ يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ اُنْبِئْتُ اَنَّهٗ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ فَقَالَ لَا اُخْبِرُكَ اِلَّا بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاوَرْتُ فِيْ حِرَآءٍ فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِيْ هَبَطْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِيَ فَنُوْدِيْتُ فَنَظَرْتُ اَمَامِيْ وَخَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ فَاِذَاهُوَ جَالِسٌ عَلٰى عَرْشٍ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَاَتَيْتُ خَدِيْجَةَ فَقُلْتُ دَثِّرُوْنِيْ وَصُبُّوْا عَلَيَّ مَآءً بَارِدًا وَّاُنْزِلَ عَلَيَّ يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ

۲۰۳۱۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالصمد نے حدیث بیان کی، ان سے حرب نے حدیث بیان کی کہا کہ میں نے ابوسلمہ سے پوچھا کہ قرآن مجید کی کونسی آیت سب سے پہلے نازل ہوئی تھی؟ فرمایا کہ ''یاایھا المدثر'' میں نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ ''اقرأ باسم ربک الذی خلق'' سب سے پہلے نازل ہوئی تھی۔ ابوسلمہ نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ قرآن مجید کی کونسی آیت سب سے پہلے نازل ہوئی تھی، تو انہوں نے فرمایا کہ ''یاایھا المدثر'' (اے کپڑے میں لپٹنے والے) میں نے ان سے یہی کہا تھا کہ مجھے تو معلوم ہوا ہے کہ ''اقرأ باسم ربک'' سب سے پہلے نازل ہوئی تھی تو انہوں نے فرمایا کہ میں تمہیں وہی خبر دے رہا ہوں جو میں نے رسول اللہ سے سنی تھی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں نے غار حرا میں گوشہ نشینی اختیار کی۔ جب گوشہ نشینی کی مدت پوری کر چکا اور نیچے اتر کر وادی کے بیچ میں پہنچا تو مجھے آواز دی گئی۔ میں نے اپنے آگے پیچھے، دائیں بائیں، دیکھا تو مجھے دکھائی دیا کہ فرشتہ آسمان اور زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہے۔ پھر میں خدیجہ کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ مجھے کپڑا اوڑھا دو اور میرے اوپر ٹھنڈا پانی دھارو۔ اور مجھ پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''اے کپڑے میں لپٹنے والے اٹھئے۔ پھر کافروں کو ڈرایئے اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کیجئے۔''

باب ۹۰۲. وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ

۹۰۲۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھئے۔''

(۲۰۳۲) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَحَدَّثَنِيْ عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ فَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ فَقَالَ

۲۰۳۲۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے شہاب نے۔ ح اور مجھ سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں زہری نے خبر دی، انہیں، ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اور ان سے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔ آنحضور ﷺ درمیان میں وحی کا سلسلہ رک

فِيْ حَدِيْثِهٖ فَبَيْنَا اَنَا اَمْشِيْ اِذْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِّنَ السَّمَآءِ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَاِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَآءَ نِيْ بِحِرَآءٍ جَالِسٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَدَثِّرُوْنِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ اِلٰى وَالرُّجْزَفَاهْجُرْ قَبْلَ اَنْ تُفْرَضَ الصَّلٰوةُ وَهِيَ الْاَوْثَانُ

جانے کا حال بیان کرر ہے تھے۔آپ نے اپنی حدیث میں فرمایا کہ میں چل رہا تھا کہ میں نے آسمان کی طرف سے ایک آواز سنی۔ میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا تو وہی فرشتہ موجود تھا جو میرے پاس غار حرا میں آیا تھا اور آسمان وزمین کے درمیان پر بیٹھا ہوا تھا۔ میں اس کے خوف سے گھبرا گیا۔پھر میں گھر واپس آیا اور (خدیجہ رضی اللہ عنہا سے) کہا کہ مجھے کپڑا اوڑھادو، مجھے کپڑا اوڑھادو۔انہوں نے مجھے کپڑا اوڑھادیا۔پھر اللہ تعالیٰ نے آیت ''یاایھا المدثر'' سے ''والرجز فاہجر'' تک نازل کی۔یہ نماز فرض کیے جانے سے پہلے نازل ہوئی تھی۔''الرجز'' سے مراد بت ہیں۔

باب۹۰۳. قَوْلُهٗ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ يُقَالُ الرُّجْزُ وَالرِّجْسُ الْعَذَابُ

۹۰۳۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور بتوں سے الگ رہیے'' الرجز'' اور ''الرجس'' عذاب کے معنی میں ہیں۔

(۲۰۳۳) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ سَمِعْتُ اَبَاسَلْمَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ فَبَيْنَا اَنَا اَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِّنَ السَّمَآءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ قِبَلَ السَّمَآءِ فَاِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَآءَ نِيْ بِحِرَآءٍ قَاعِدٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَجُئِثْتُ مِنْهُ حَتّٰى هَوَيْتُ اِلَى الْاَرْضِ فَجِئْتُ اَهْلِيْ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَزَمَّلُوْنِيْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ اِلٰى قَوْلِهٖ فَاهْجُرْ قَالَ اَبُوْسَلَمَةَ وَالرُّجْزُ الْاَوْثَانُ ثُمَّ حَمِيَ الْوَحْيُ وَتَتَابَعَ

۲۰۳۳۔ہم سے عبداللہ بن یوسف نے بیان کیا، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا کہ میں نے ابوسلمہ سے سنا۔انہوں نے بیان کیا کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سنا۔آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔آنحضور ﷺ درمیان میں وحی کے سلسلے کے رک جانے سے متعلق حدیث بیان کرر ہے تھے کہ میں چل رہا تھا کہ میں نے آسمان کی طرف سے آواز سنی۔اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھا کر دیکھا تو وہی فرشتہ (جبرئیل علیہ السلام) نظر آئے جو میرے پاس غار حرا میں آئے تھے۔وہ کرسی پر آسمان اور زمین کے درمیان میں بیٹھے ہوئے تھے۔میں انہیں دیکھ کر اتنا گھبرایا کہ زمین پر گر پڑا۔پھر میں اپنی بیوی کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ مجھے کپڑا اوڑھادو، مجھے کپڑا اوڑھادو۔تو انہوں نے مجھے کپڑا اوڑھادیا۔پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''یاایھا المدثر۔تا فاہجر'' ابوسلمہ نے بیان کیا کہ ''الرجز'' بمعنی بت ہے۔پھر برابر وحی آتی رہی اور سلسلہ نہیں ٹوٹا۔

سُوْرَةُ الْقِيَامَةِ

سورۃ القیامۃ

باب۹۰۴. قَوْلُهٗ وَلَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ سُدًى هَمَلًا لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ سَوْفَ اَتُوْبُ سَوْفَ اَعْمَلُ لَاوَزَرَ لَاحِصْنَ

باب۹۰۴۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''آپ اس کو (یعنی قرآن کو) جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے''۔ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''سدیٰ'' ای ھملا۔''لیفجر امامہ'' یعنی انسان یہی کہتا رہتا ہے کہ جلدی ہی توبہ کرلوں گا۔جلد ہی اچھے اعمال کردوں گا۔(لیکن نہیں کرتا) ''لاوزر'' ای لاحصن۔

(۲۰۳۴) حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا

۲۰۳۴۔ہم سے حمیدی نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث

مُوسَى بْنُ اَبِىْ عَآئِشَةَ وَكَانَ ثِقَةً عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ حَرَّكَ بِهٖ لِسَانَهٗ وَوَصَفَ سُفْيَانُ يُرِيْدُ اَنْ يَحْفَظَهٗ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ لَاتُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ

بیان کی، ان سے موسیٰ بن ابی عائشہؓ نے حدیث بیان کی اور موسیٰ ثقہ تھے۔ سعید بن جبیر کے واسطہ سے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ پر وحی نازل ہوتی، تو آپ اس پر اپنی زبان ہلایا کرتے تھے۔ سفیان نے کہا کہ اس ہلانے سے آپ کا مقصود وحی کو یاد کرنا ہوتا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''آپ قرآن کو جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے۔ یہ تو ہمارے ذمہ ہے۔ اس کا جمع کردینا اور اس کا پڑھوا دینا۔

(۲۰۳۵) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِىْ عَآئِشَةَ اَنَّهٗ سَاَلَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ قَالَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَانَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ فَقِيْلَ لَاتُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ يَخْشٰى اَنْ يَنْفَلِتَ مِنْهُ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ اَنْ نَجْمَعَهٗ فِىْ صَدْرِكَ وَقُرْاٰنَهٗ اَنْ تَقْرَاَهٗ فَاِذَا قَرَاْنَاهُ يَقُوْلُ اُنْزِلَ عَلَيْهِ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ اَنْ نُبَيِّنَهٗ عَلٰى لِسَانِكَ قَوْلَهٗ

۲۰۳۵۔ ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے ان سے موسیٰ بن ابی عائشہ نے کہا انہوں نے سعید بن جبیر سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''آپ قرآن کو لینے کے لئے زبان نہ ہلایا کیجئے'' کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جب رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوتی تو آپ ہونٹ ہلاتے تھے۔ اس لئے آپ سے کہا کہ وحی پر اپنی زبان کو نہ ہلایا کیجئے۔ آنحضور ﷺ بھول جانے کے خوف سے ایسا کرتے تھے۔ ''بلاشبہ ہمارے ذمہ ہے اس کا جمع کردینا اور اس کا پڑھوانا'' یعنی یہ کہ ہم خود آپ کے دل میں اسے محفوظ کردیں گے ''اور اس کا پڑھوانا'' یہ ہے کہ آنحضور ﷺ اسے اپنی زبان سے پڑھ لیں۔ ''تو جب ہم اسے پڑھنے لگیں'' یعنی جب آپ پر وحی نازل ہونے لگے تو آپ اس کے تابع ہوجایا کیجئے۔ ''پھر اس کا بیان کرادینا ہمارے ذمہ ہے۔'' یعنی ہم اس وحی کو آپ کے ذریعہ بیان کرادیں گے۔

باب ۹۰۵. قَوْلِهٖ فَاِذَا قَرَاْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَرَاْنَاهُ بَيَّنَّاهُ فَاتَّبِعْ اِعْمَلْ بِهٖ

۹۰۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''پھر جب ہم اسے پڑھنے لگیں۔ تو آپ اس کے تابع ہوجایا کیجئے۔'' ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''قرأناہ'' بمعنی بیناہ ہے ''فاتبع'' یعنی اعمل بہ۔

(۲۰۳۶) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِىْ عَآئِشَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِىْ قَوْلِهٖ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ جِبْرِيْلُ بِالْوَحْيِ وَكَانَ مِمَّا يُحَرِّكُ بِهٖ لِسَانَهٗ وَشَفَتَيْهِ فَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ وَكَانَ يُعْرَفُ مِنْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ الْاٰيَةَ الَّتِىْ فِىْ لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاتُحَرِّكْ بِهٖ

۲۰۳۷۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے موسیٰ بن ابی عائشہؓ نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''آپ اس کو جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے۔'' کے متعلق فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام وحی آپ پر نازل کرتے تو رسول اللہ ﷺ اپنی زبان اور ہونٹ ہلایا کرتے تھے (یاد کرنے کے لئے اس کی وجہ سے آپ پر دہرا بار پڑتا) اور آپ پر بہت سخت گزرتا۔ یہ آپ کے چہرے سے بھی

لِسَانَکَ لِتَعْجَلَ بِهٖ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَه' وَقُرْاٰنَه' قَالَ عَلَيْنَا اَنْ نَجْمَعَه' فِیْ صَدْرِکَ وَقُرْاٰنَه' فَاِذَا قَرَاْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَه' فَاِذَآ اَنْزَلْنَاهُ فَاسْتَمِعْ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَه' عَلَيْنَا اَنْ نُّبَيِّنَهٗ بِلِسَانِکَ قَالَ فَكَانَ اِذَااَتَاهُ جِبْرِيْلُ اَطْرَقَ فَاِذَا ذَهَبَ قَرَاَه' كَمَا وَعَدَهُ اللّٰهُ اَوْلٰی لَکَ فَاَوْلٰی تَوَعُّدٌ

ظاہر ہوتا تھا۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے وہ آیت نازل کی جو سورۂ ''لااقسم بیوم القیامۃ'' میں ہے آپ اس کو جلدی جلدی لینے کے لئے اس پر زبان نہ ہلایا کیجئے۔ یہ تو ہمارے ذمہ ہے۔اس کا جمع کر دینا اور اس کا پڑھوانا۔ پھر جب ہم اسے پڑھنے لگیں تو آپ اس کے تابع ہو جایا کیجئے۔ یعنی جب ہم وحی نازل کریں تو آپ غور سے سنیں۔ ''پھر اس کا بیان کرا دینا بھی ہمارے ذمہ ہے'' یعنی یہ بھی ہمارے ذمہ ہے کہ ہم اسے آپ کی زبانی لوگوں کے سامنے بیان کرا دیں۔ بیان کیا کہ چنانچہ اس کے بعد جب جبرئیل علیہ السلام وحی لے کر آتے تو آنحضور خاموش ہو جاتے۔اور جب چلے جاتے تو پڑھتے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے وعدہ کیا تھا۔ ''اولیٰ لک فاولیٰ'' تہدید ہے۔

سُوْرَةُ الدَّهْر

باب۹۰۶. هَلْ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ يُقَالُ مَعْنَاهُ اَتٰی عَلَی الْاِنْسَانِ وَهَلْ تَكُوْنَ جَحْدًا وَتَكُوْنُ خَبَرًا وَهٰذَا مِنَ الْخَبَرِ يَقُوْلُ كَانَ شَيْئًا فَلَمْ يَكُنْ مَذْكُوْرًا وَذٰلِکَ مِنْ حِيْنِ خَلَقَهٗ مِنْ طِيْنٍ اِلٰی اَنْ يُّنْفَخَ فِيْهِ الرُّوْحُ اَمْشَاجٍ اَلْاَخْلَاطُ مَآءُ الْمَرْاَةِ وَمَآءُ الرَّجُلِ اَلدَّمُ وَالْعَلَقَةُ وَيُقَالُ اِذَا خَلَطَ مَتَسِيْجٌ كَقَوْلِکَ لَه' خَلِيْطٌ وَمَمْشُوْجٌ مِثْلُ مَخْلُوْطٍ وَيُقَالُ سَلَاسِلًا وَاَغْلَالًا وَلَمْ يُجِزْ بَعْضُهُمْ مُسْتَطِيْرًا مُمْتَدًّا الْبَلَاءَ وَالْقَمْطَرِيْرُ الشَّدِيْدُ يُقَالُ يَوْمٌ قَمْطَرِيْرٌ وَيَوْمٌ قُمَاطِرٌ وَّالْعَبُوْسُ وَالْقَمْطَرِيْرُ وَالْقُمَاطِرُ وَالْعَصِيْبُ اَشَدُّ مَايَكُوْنُ مِنَ الْاَيَّامِ فِی الْبَلَآءِ وَقَالَ مَعْمَرٌ اَسْرَهُمْ شِدَّةَ الْخَلْقِ وَكُلُّ شَیْءٍ شَدَدْتَه' مِنْ قَتَبٍ فَهُوَ مَاْسُوْرٌ

سورۂ الدھر

باب۹۰۶۔ کہا گیا ہے کہ اس کا مفہوم ''اتٰی علی الانسان'' ہے۔ ہل نفی کے لئے بھی آتا ہے اور خبر کے لئے بھی۔ آیت میں خبر ہی کے لئے ہے۔ ارشاد ہے کہ انسان کبھی ایک چیز تھا لیکن قابل ذکر نہیں تھا۔ یہ مٹی سے اس کی پیدائش کے بعد روح پھونکے جانے تک کی مدت کا ذکر ہے۔ ''امشاج'' ای اخلاط۔ اس سے مراد عورت کا پانی اور مرد کا پانی ہے کہ پھر وہ خون ہوتا ہے۔ اس کے بعد علقہ (خون بستہ) ہوتا ہے۔ جب کوئی چیز کسی چیز میں مل جائے تو اس کے لئے ''مشیج'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں اسے ''خلیط'' بھی کہہ سکتے ہیں اور ''ممشوج'' مثل مخلوط کے ہے۔ ''سلاسلا واغلالا'' پڑھا گیا ہے۔ لیکن بعض حضرات اسے جائز نہیں سمجھتے۔ ''مستطیرا'' ای ممتدا'' الشر بمعنی البلاء ہے ''القمطریر'' ای الشدید۔ بولتے ہیں۔ ''یوم قمطریر'' اور ''یوم قماطر'' العبوس اور ''القمطریر'' اور ''القماطر'' اور ''العصیب'' مصیبت کے انتہائی سخت و تلخ دنوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ معمر نے فرمایا کہ ''اسرہم'' ای شدۃ الخلق'' اور ہر چیز جو کجاوہ سے باندھی جائے اسے ''ماسور'' کہتے ہیں۔

سوره وَالْمُرْسَلَاتِ

باب ۹۰۷. وَقَالَ مُجَاهِدٌ جِمَالَاتٌ حِبَالٌ اِرْكَعُوْا صَلُّوْا لَايَرْكَعُوْنَ لَايُصَلُّوْنَ وَسُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَايَنْطِقُوْنَ وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَاكُنَّا مُشْرِكِيْنَ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ فَقَالَ اِنَّه' ذُوا اَلْوَانٍ مَرَّةً يَنْطِقُوْنَ وَمَرَّةً يُخْتَمُ عَلَيْهِمْ

سورۃ المرسلات

۹۰۷۔ اور مجاہد نے فرمایا کہ ''الجمالات'' ای الحبال ''ارکعوا'' ای صلوا ''لا یرکعون'' ای لا یصلون۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشادات ''لا ینطقون'' واللہ ربنا ما کنا مشرکین اور ''الیوم نختم علی افواہہم'' کے متعلق پوچھا گیا (کہ ان میں تطبیق کی کیا صورت ہے؟) تو آپ نے

فرمایا کہ یہ مختلف امور مختلف حالات میں ظاہر ہوں گے۔ ایک مرتبہ تو وہ بولیں گے (اور اپنے ہی خلاف شہادت دیں گے) اور دوسری حالت یہ پیش آئے گی کہ "ان پر مہر لگائی جائے گی" (اور وہ کوئی بات زبان سے نہ نکال سکیں گے)۔

(۲۰۳۷) حَدَّثَنِي مَحْمُوْدٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُنْزِلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلَاتِ وَاِنَّا لَنَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ فَخَرَجَتْ حَيَّةٌ فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا فَدَخَلَتْ جُحْرَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا

۲۰۳۷۔ ہم سے محمود نے حدیث بیان کی، ان سے عبید اللہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے اسرائیل نے، ان سے منصور نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور آپ پر سورۂ "والمرسلات" نازل ہوئی تھی اور ہم اس کو آپ حضور ﷺ کے منہ سے حاصل کر رہے تھے کہ اتنے میں ایک سانپ نکل آیا۔ ہم لوگ اس کی طرف بڑھے، لیکن وہ بچ نکلا اور اپنے سوراخ میں گھس گیا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ وہ تمہارے شر سے محفوظ ہو گیا اور تم اس کے شر سے محفوظ رہے۔

(۲۰۳۸) حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَخْبَرَنَا يَحْيَى ابْنُ اٰدَمَ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ بِهٰذَا وَعَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهٗ وَتَابَعَهٗ اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ وَقَالَ حَفْصٌ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْعَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ وَقَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ

۲۰۳۸۔ ہم سے عبدہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی۔ انہیں یحییٰ بن آدم نے خبر دی، انہیں اسرائیل نے اور انہیں منصور نے اسی حدیث کی اور (سند سابق کے ساتھ) اسرائیل سے روایت ہے بواسطہ اعمش، ابراہیم بواسطہ علقمہ، بواسطہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، سابق حدیث کی طرح اور اس کی متابعت اسود بن عامر نے اسرائیل کے واسطہ سے کی۔ اور حفص ابو معاویہ، سلیمان بن قرم نے اعمش کے واسطہ سے بیان کیا۔ ان سے ابراہیم نے، ان سے اسود نے اور یحییٰ بن حماد نے بیان کیا۔ انہیں ابوعوانہ نے خبر دی، انہیں مغیرہ نے، انہیں ابراہیم نے انہیں علقمہ نے اور انہیں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اور ابن اسحاق نے بیان کیا، ان سے عبدالرحمٰن بن اسود نے، انہوں نے اپنے باپ سے اور ان سے عبداللہ رضی اللہ عنہ نے۔

(۲۰۳۹) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَارٍ اِذَا نَزَلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلَاتِ فَتَلَقَّيْنَا هَا مِنْ فِيْهِ وَاِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا اِذْ خَرَجَتْ حَيَّةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ اقْتُلُوْهَا قَالَ فَابْتَدَرْنَاهَا فَسَبَقَتْنَا قَالَ فَقَالَ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا

۲۰۳۹۔ ہم سے قتیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے اسود نے بیان کیا اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غار میں تھے کہ آپ پر سورۃ المرسلات نازل ہوئی۔ ہم نے آیت آپ کے منہ سے حاصل کی۔ اس وحی سے آپ کے دہن مبارک کی تازگی ابھی ختم نہیں ہوئی تھی (یعنی آیت کے نازل ہوتے ہی آپ سے آیت سنی اور یاد کی) اتنے میں ایک سانپ نکل پڑا۔ آنحضور ﷺ نے

فرمایا اسے زندہ نہ چھوڑو۔ بیان کیا کہ ہم اس کی طرف بڑھے، لیکن وہ نکل گیا۔ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ تم اس کے شر سے محفوظ رہے اور وہ تمہارے شر سے محفوظ رہا۔

باب ۹۰۸ . قَوْلُهٗ اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ

(۲۰۴۰) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنِ عَابِسٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ قَالَ كُنَّا نَرْفَعُ الْخَشَبَ بِقَصَرٍ ثَلاَثَةَ اَذْرُعٍ اَوْ اَقَلَّ فَنَرْفَعُهٗ لِلشِّتَآءِ فَنُسَمِّيْهِ الْقَصَرَ

۹۰۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''وہ انگارے برسائے گا بڑے بڑے محل جیسے۔''

۲۰۴۰۔ ہم سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی، ان سے عبدالرحمٰن بن عابس نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیت ''وہ انگارے برسائے گا جیسے بڑے محل'' کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ہم تین ہاتھ کی لکڑیاں اٹھا کر رکھتے تھے۔ ایسا ہم جاڑوں کے لئے کرتے تھے (تاکہ جلانے کے کام آئے) اوراس کا نام ہم ''قصر'' رکھتے تھے۔

باب ۹۰۹ . قَوْلُهٗ كَاَنَّهٗ جِمَالَاتٌ صُفْرٌ

(۲۰۴۱) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيٰى اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ عَابِسٍ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كُنَّا نَعْمِدُ اِلَى الْخَشَبَةِ ثَلاَثَةَ اَذْرُعٍ وَفَوْقَ ذٰلِكَ فَنَرْفَعُهٗ لِلشِّتَآءِ فَنُسَمِّيْهِ الْقَصَرَ كَاَنَّهٗ جِمَالَاتٌ صُفْرٌ حِبَالُ السُّفُنِ تَجْمَعُ حَتّٰى تَكُوْنَ كَاَوْسَاطِ الرِّجَالِ

۹۰۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''گویا کہ وہ زرد زرد اونٹ ہیں۔''

۲۰۴۱۔ ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی۔ ان سے عبدالرحمٰن بن عابس نے حدیث بیان کی اور انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سنا، آیت ''ترمی بشرر کالقصر'' کے متعلق، آپ نے فرمایا کہ ہم تین ہاتھ یا اس سے بھی لمبی لکڑیاں اٹھا کر جاڑوں کے لئے رکھ لیتے تھے۔ ایسی لکڑیوں کو ہم ''قصر'' کہتے تھے۔ ''کانہ جمالات صفر'' سے مراد کشتی کی رسیاں ہیں جنہیں ایک دوسرے سے باندھ دیتے تھے تاکہ مضبوط ہو جائے۔

باب ۹۱۰ . قَوْلِهٖ هٰذَا يَوْمُ لاَ يَنْطِقُوْنَ

۹۱۰۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''آج وہ دن ہے کہ اس میں یہ لوگ بول ہی نہ سکیں گے۔''

(۲۰۴۲) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِيْمُ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَارٍ اِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ وَالْمُرْسَلاَتِ فَاِنَّهٗ لَيَتْلُوْهَا وَاِنِّیْ لَاَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيْهِ وَاِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا اِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوْهَا فَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيْتُمْ شَرَّهَا قَالَ عُمَرُ حَفِظْتُهٗ مِنْ اَبِیْ فِیْ غَارٍ بِمِنٰى

۲۰۴۲۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے اسود نے اور ان سے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک غار میں تھے کہ آنحضور ﷺ پر ''والمرسلات'' نازل ہوئی۔ پھر آنحضور ﷺ نے اس کی تلاوت کی اور میں نے اسے آپ ہی کے منہ سے حاصل کیا۔ وحی سے آپ کے منہ کی تازگی اس وقت بھی باقی تھی کہ اتنے میں ہماری طرف ایک سانپ اچھلا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے مار ڈالو۔ ہم اس کی طرف بڑھے لیکن وہ بھاگ گیا۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ وہ بھی تمہارے شر سے اسی طرح بچ نکلا جیسا کہ تم اس کے شر سے بچ گئے۔ عمر

نے بیان کیا کہ یہ حدیث میں نے اپنے والد سے اس طرح یاد کی کہ ''منی کے ایک غار میں۔''

سورة عَمَّ يَتَسَآءَ لُوْنَ

باب ۹۱۱. قَالَ مُجَاهِدٌ لَايَرْجُوْنَ حِسَابًا لَايَخَافُوْنَه' لَايَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا لَايُكَلِّمُوْنَه' اِلَّا اَنْ يَّاْذَنَ لَهُمْ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهَّاجًا مُضِيْئًا عَطَآءً حِسَابًا جَزَآءً كَافِيًا اَعْطَانِيْ مَا اَحْسَبَنِيْ اَيْ كَفَانِيْ

سورۂ عم یتساءلون

باب ۹۱۱۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''لایرجون حسابا'' کا مفہوم یہ ہے کہ یہ لوگ حساب قیامت کا خوف ہی نہیں رکھتے تھے۔ ''لایملکون منه خطابا'' یعنی اللہ سے کوئی شخص بات نہ کر سکے گا۔ بجز ان کے جنہیں اللہ اجازت دے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''وهاجاً'' ای مضیئاً ''عطاء حساباً'' ای جزاءً کافیاً بولتے ہیں ''اعطانی ما احسبنی'' بمعنی کفانی۔

باب ۹۱۲. يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا زُمَرًا

۹۱۲۔ ''وہ دن کہ جب صور پھونکا جائے گا تو تم گروہ گروہ ہو کر آ ؤ گے۔'' ''افواجا'' ای زمراً۔

(۲۰۴۳) حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَابَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ اَرْبَعُوْنَ قَالُو اربعون يَوْمًا قَالَ اَبَيْتُ قَالَ اَرْبَعُوْنَ شَهْرًا قَالَ اَبَيْتُ قَالَ اَرْبَعُوْنَ سَنَةً قَالَ اَبَيْتُ قَالَ ثُمَّ يُنْزِلُ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مَاءً فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الْبَقْلُ لَيْسَ مِنَ الْاِنْسَانِ شَيْءٌ اِلَّا يَبْلٰى اِلَّا عَظْمًا وَّاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنْبِ وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الْخَلْقُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

۲۰۴۳۔ ہم سے محمد نے حدیث بیان کی، انہیں ابومعاویہ نے خبر دی۔ انہیں اعمش نے، انہیں ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دو صور پھونکے جانے کے درمیان چالیس کا وقفہ ہوگا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں نے پوچھا کیا چالیس دن مراد ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ مجھے معلوم نہیں۔ فرمایا پھر شاگردوں نے پوچھا کیا چالیس مہینے مراد ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ مجھے معلوم نہیں، شاگردوں نے پوچھا کیا چالیس سال مراد ہیں؟ فرمایا کہ مجھے معلوم نہیں۔ فرمایا کہ پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برسائے گا جس کی وجہ سے تمام مردے جی اٹھیں گے جیسے سبزیاں پانی سے اگ آتی ہیں اس وقت انسان کا ہر حصہ گل چکا ہوگا، سوا ریڑھ کی ہڈی کے اور اس سے قیامت کے دن تمام مخلوق دوبارہ بنائی جائے گی۔

سورة وَالنّٰزِعٰتِ

باب ۹۱۳. وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْاٰيَةَ الْكُبْرٰى عَصَاهُ وَيَدُه' يُقَالُ النَّاخِرَةُ وَالنَّخِرَةُ سَوَآءٌ مِثْلُ الطَّامِعِ وَالطَّمِعِ وَالْبَاخِلِ وَالْبَخِيْلِ وَقَالَ بَعْضُهُمُ النَّخِرَةُ الْبَالِيَةُ وَالنَّاخِرَةُ الْعَظْمُ الْمُجَوَّفُ الَّذِيْ يَمُرُّفِيْهِ الرِّيْحُ فَيَنْخَرُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ الْحَافِرَةِ الَّتِيْ اَمْرُنَا الْاَوَّلُ اِلَى الْحَيَاةِ وَقَالَ غَيْرُه' اَيَّانَ مُرْسَاهَا مَتٰى مُنْتَهَاهَا وَمُرْسَى السَّفِيْنَةِ حَيْثُ تَنْتَهِيْ

سورۂ والنازعات

باب ۹۱۳۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''الآیة الکبریٰ'' سے مراد آپ کا عصا اور آپ کا ہاتھ ہے۔ ''الناخرة'' ''النخرة'' ایک معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے الطامع اور الطمع اور الباخل اور البخیل ایک ہی معنی میں استعمال ہوتے ہیں بعض حضرات نے کہا کہ ''النخرة'' بمعنی بوسیدہ ہے اور ''الناخرة'' اس مجوف ہڈی کو کہتے ہیں جس میں اگر ہوا گزرے تو آواز پیدا ہو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''الحافرة'' سے مراد ہماری پہلی زندگی ہے، ان کے غیر نے کہا کہ ''ایان مرساها'' ای متیٰ منتهاها۔ ''مرسیٰ السفینة'' جہاں کشتی لنگر انداز ہوتی ہے۔

(۲۰۴۴) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْحَازِمٍ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِاِصْبَعَيْهِ هٰكَذَا بَالْوُسْطٰى وَالَّتِىْ تَلِى الْاِبْهَامَ بُعِثْتُ وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

۲۰۴۴۔ہم سے احمد بن مقدام نے حدیث بیان کی ان سے فضیل بن سلیمان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحازم نے حدیث بیان کی اور ان سے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کے قریب والی انگلی کے اشارے سے فرمارہے تھے کہ میری بعثت اس طرح ہوئی کہ میرے اور قیامت کے درمیان صرف اتنا فاصلہ ہے۔ ❶

سورة عَبَسَ

سورۂ عبس

باب ۹۱۴. عَبَسَ كَلَحَ وَاَعْرَضَ وَقَالَ غَيْرُهٗ مُطَهَّرَةٌ لَايَمَسُّهَآ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ وَهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَهٰذَا مِثْلُ قَوْلِهٖ فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا جَعَلَ الْمَلَآئِكَةَ وَالصُّحُفَ مُطَهَّرَةً لِاَنَّ الصُّحُفَ يَقَعُ عَلَيْهَا التَّطْهِيْرُ فَجَعَلَ التَّطْهِيْرَ لِمَنْ حَمَلَهَا اَيْضًا سَفَرَةٌ اَلْمَلَآئِكَةُ وَاحِدُ هُمْ سَافِرٌ سَفَرْتُ اَصْلَحْتُ بَيْنَهُمْ وَجُعِلَتِ الْمَلَائِكَةُ اِذَا نَزَلَتْ بِوَحْيِ اللّٰهِ وَتَادِيَتِهٖ كَالسَّفِيْرِ الَّذِىْ يُصْلِحُ بَيْنَ الْقَوْمِ وَقَالَ غَيْرُهٗ تَصَدّٰى تَغَافَلَ عَنْهُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ لَمَّا يَقْضِ لَايَقْضِىْ اَحَدٌ مَااُمِرَ بِهٖ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَرْهَقُهَا تَغْشَاهَا شِدَّةٌ مُسْفِرَةٌ مُشْرِقَةٌ بِاَيْدِىْ سَفَرَةٍ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبَةٌ اَسْفَارًا كُتُبًا تَلَهّٰى تَشَاغَلَ يُقَالُ وَاحِدُ الْاَسْفَارِ سِفْرٌ

باب ۹۱۴۔ ''عبس'' ای کلح واعرض۔ ''مطہرۃ'' یعنی اسے سوائے پاکوں کے اور کوئی نہیں چھوتا۔ مراد فرشتے ہیں۔ یہ مثل اللہ تعالیٰ کے ارشاد ''فالمدبرات امرا'' سے ہے۔ فرشتوں اور صحیفوں دونوں کو ''مطہرۃ'' کہا۔ حالانکہ اصلاً تطہیر کا تعلق صرف صحیفوں سے تھا لیکن اس کے حاملین پر بھی اس کا اطلاق کیا۔ ''سفرۃ'' سے مراد فرشتے ہیں، اس کا واحد سافر ہے۔ ''سفرت بین القوم'' یعنی میں نے ان میں صلح کرادی۔ وحی نازل کرنے اور اس کو انبیاء تک پہنچانے میں فرشتوں کو مثل ''سفیر'' کے قرار دیا گیا ہے۔ جو قوموں میں صلح کراتا ہے، ان کے غیر نے کہا کہ ''تصدی'' ای تغافل عنہ۔ مجاہد نے فرمایا ''لما یقض'' اے لایقضی احد ما امر بہ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''ترہقہا'' ای تغشاہا شدۃ۔ ''مسفرۃ'' ای مشرقۃ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''بایدی سفرۃ'' ای کتبۃ من الملائکۃ۔ ''اسفاراً'' ای کتباً ''تلھی'' ای تشاغل. کہتے ہیں کہ ''اسفار'' کا واحد ''سفر'' ہے۔

(۲۰۴۵) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ اَوْفٰى يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الَّذِىْ يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَهُوَ حَافِظٌ لَهٗ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ وَمَثَلُ الَّذِىْ يَقْرَاُ وَهُوَ يَتَعَاهَدُهٗ وَهُوَ عَلَيْهِ شَدِيْدٌ فَلَهٗ اَجْرَانِ

۲۰۴۵۔ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے زرارہ بن اوفی سے سنا، وہ سعد بن ہشام کے واسطہ سے حدیث بیان کرتے تھے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ اس شخص کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس کا حافظ بھی ہے۔ مکرم اور نیک لکھنے والے (فرشتوں) جیسی ہے اور جو شخص قرآن مجید کو بار بار پڑھتا ہے۔ اور وہ اس کے لئے دشوار ہے تو اسے دہرا اجر ملے گا۔

---

❶ یعنی قیامت میں اور آنحضور کی بعثت میں صرف اتنا فاصلہ ہے جتنا دو انگلیوں میں ہے۔ محدثین نے اس کی مختلف توجیہات بیان کی ہیں۔ اس کی یہ توجیہ زیادہ مناسب ہے کہ دنیا کے ازاول تا آخر وجود کی تشبیہ انگلیوں سے دی گئی ہے اور مراد یہ ہے کہ اکثر مدت گزر چکی اور جو کچھ مدت باقی رہ گئی ہے وہ اس مدت کے مقابلہ میں بہت کم ہے جو گذر چکی ہے۔

سورة التكوير

باب۹۱۵ .اِنْكَدَرَتْ اِنْتَثَرَتْ وَقَالَ الْحَسَنَ سُجِّرَتْ ذَهَبَ مَآئُوهَا فَلاَ يَبْقٰى قَطْرَةٌ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْمَسْجُوْرُ اَلْمَمْلُوْءُ وَقَالَ غَيْرُه' سُجِّرَتْ اَفْضٰى بَعْضُهَآ اِلٰى بَعْضٍ فَصَارَتْ بَحْرًا وَاحِدًا وَالْخُنَّسُ تَخْنِسُ فِىْ مَجْرَاهَا تَرْجِعُ وَ تَكْنِسُ تَسْتَتِرُ كَمَا تَكْنِسُ الظِّبَاءُ تَنَفَّسَ اِرْتَفَعَ النَّهَارُ وَالظَّنِيْنُ اَلْمُتَّهَمُ وَالضَّنِيْنُ يُضَنُّ بِهٖ وَقَالَ عُمَرُ النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ يُزَوَّجُ نَظِيْرُه' مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ثُمَّ قَرَاَ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ عَسْعَسَ اَدْبَرَ

سورۂ التکویر

۹۱۵۔''انکدرت'' ای انتثرت۔حسن نے فرمایا کہ ''سجرت'' یعنی اس کا پانی جاتا رہا اور اس میں ایک قطرہ بھی باقی نہ رہا۔مجاہد نے فرمایا کہ ''المسجور'' ای المملوء۔ان کے غیر نے کہا کہ ''سجرت'' کا مفہوم یہ ہے کہ ایک دوسرے میں مل کر بڑا دریا بن گیا۔''الخنس'' یعنی جو پیچھے اپنی جگہ پر لوٹ آتا ہے تکنس چھپنے کے معنی میں ہے جیسے ''الظباء'' (پانچوں مشہور ستارے زحل مشتری وغیرہ) (چھپ جاتے ہیں۔''تنفس'' ای ارتفع النہار ''الظنین'' ای المتہم۔''ضنین'' بمعنی بخیل ہے عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''النفوس زوجت'' یعنی اہل جنت و اہل دوزخ اپنے اپنے جیسے لوگوں کے ساتھ جمع کردیئے جائیں گے۔پھر عمر رضی اللہ عنہ نے دلیل کے طور پر یہ آیت پڑھی ''احشروا الذین ظلموا وازواجھم'' ''عسعس'' ای ادبر.

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ

باب۹۱۶ . وَقَالَ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ فُجِّرَتْ فَاضَتْ وَقَرَاَ الْاَعْمَشُ وَعَاصِمٌ فَعَدَلَكَ بِالتَّخْفِيْفِ وَقَرَاَه' اَهْلُ الْحِجَازِ بِالتَّشْدِيْدِ وَاَرَادَ مُعْتَدِلَ الْخَلْقِ وَمَنْ خَفَّفَ يَعْنِىْ فِىْ اَىِّ صُوْرَةٍ مَّا شَاءَ اِمَّا حَسَنٌ وَاِمَّا قَبِيْحٌ وَطَوِيْلٌ وَقَصِيْرٌ

سورۂ اذا السماء انفطرت

۹۱۶۔ربیع بن خثیم نے فرمایا کہ ''فجرت'' ای فاضت۔اعمش اور عاصم نے ''فعدلک'' بالتخفیف قرائت کی ہے۔لیکن اہل حجاز اس کی قرائت تشدید کے ساتھ کرتے ہیں۔اور معتدل الخلق مراد لیتے ہیں۔جو حضرات تخفیف کے ساتھ پڑھتے ہیں وہ اس سے مراد لیتے ہیں کہ اللہ نے جس صورت میں چاہا پیدا کیا۔اچھی بری، لمبی، ٹھگنی۔

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ

باب۹۱۷ .وَقَالَ مُجَاهِدٌ رَانَ ثَبْتُ الْخَطَايَا ثُوِّبَ جُوْزِىَ وَقَالَ غَيْرُه' اَلْمُطَفِّفُ لَايُوْفِىْ غَيْرَه'

سورۂ ویل للمطففین

۹۱۷۔مجاہد نے فرمایا کہ ''ران'' ای ثبت الخطایا۔''ثوب'' ای جوزی۔غیر مجاہد نے فرمایا۔''المطفف'' جو پورا تول کر نہ دے۔

(۲۰۴۶) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَتّٰى يَغِيْبَ اَحَدُهُمْ فِىْ رَشْحِهٖ اِلٰى اَنْصَافِ اُذُنَيْهِ

۲۰۴۶۔ہم سے ابراہیم بن منذر نے حدیث بیان کی، ان سے معن نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، جس دن لوگ دونوں جہاں کے پالنے والے کے سامنے حساب دینے کے لئے کھڑے ہوں گے تو کانوں کی لو تک پسینہ میں ڈوب جائیں گے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ

باب۹۱۸ .قَالَ مُجَاهِدٌ كِتَابَه' بِشِمَالِهٖ يَاْخُذُ كِتَابَه' مِنْ وَّرَآءِ ظَهْرِهٖ وَسَقَ جَمَعَ مِنْ دَآبَّةٍ ظَنَّ اَنْ لَّنْ

سورۂ اذا السماء انشقت

۹۱۸۔مجاہد نے فرمایا کہ ''کتابہ بشمالہ'' کا مفہوم یہ ہے کہ وہ اپنا نامہ عمل اپنی پیٹھ پیچھے سے لے گا۔''وسق'' ای جمع من دابۃ. ''طن

يَحُوْرَ لَايَرْجِعَ اِلَيْنَا

ان لن یحور" ای لا یرجع الینا.

(۲۰۴۷) حَدَّثَنَا عَمْرُوبْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا يَحْيىٰ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِىْ مُلَيْكَةَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ح)

۲۰۴۷۔ہم سے عمرو بن علی نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عثمان بن اسود نے بیان کیا، انہوں نے ابن ابی ملیکہ سے سنا اور انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا۔آپ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا۔

(۲۰۴۸) حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (ح)

۲۰۴۸۔ہم سے سلیمان بن حرب نے حدیث بیان کی ان سے حماد بن زید نے حدیث بیان کی، ان سے ایوب نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ کے حوالہ سے۔

(۲۰۴۹) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ عَنْ يَّحْيىٰ عَنْ اَبِىْ يُوْنُسَ حَاتِمِ ابْنِ اَبِىْ صَغِيْرَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ اَحَدٌ يُحَاسَبُ اِلَّا هَلَكَ قَالَتْ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَآءَكَ اَلَيْسَ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا قَالَ ذٰلِكَ الْعَرْضُ يُعْرَضُوْنَ وَمَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ

۲۰۴۹۔ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابو یونس حاتم بن ابی صغیرہ نے، ان سے ابن ابی ملیکہ نے، ان سے قاسم نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کسی کا بھی قیامت کے دن حساب لے لیا گیا، تو وہ ہلاک ہوجائے گا۔عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں ؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ مجھے آپ پر قربان کرے، کیا اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا ہے کہ "تو جس کسی کا نامہ عمل اس کے داہنے ہاتھ میں لے گا سو اس سے آسان حساب لیا جائے گا" (کہ آیت میں تو حساب پر بھی چھوٹ جانے کا ذکر ہے) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ آیت میں جس حساب کا ذکر ہے وہ تو صرف پیشی ہوگی۔وہ پیش کئے جائیں گے (اور چھوٹ جائیں گے) لیکن جس سے بھی پوری طرح حساب لے لیا گیا وہ ہلاک ہوگا۔

(۲۰۵۰) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ النَّضْرِ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بِشْرٍ جَعْفَرُ بْنُ اِيَاسٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ حَالًا بَعْدَ حَالٍ قَالَ هٰذَا نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۰۵۰۔ہم سے سعید بن نضر نے حدیث بیان کی، انہیں ہشیم نے خبر دی انہیں ابو بشر جعفر بن ایاس نے خبر دی، ان سے مجاہد نے بیان کیا کہ ابن عباس ؓ نے فرمایا۔"لترکبن طبقاً عن طبق" یعنی تم کو ضرور ایک حالت کے بعد دوسری حالت پر پہنچنا ہے۔بیان کیا کہ مراد نبی کریم ﷺ ہیں (کہ کامیابی آہستہ آہستہ ہوگی۔)

اَلْبُرُوْج

سورۃ البروج

باب ۹۱۹ .وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْاُخْدُوْدُ شَقٌّ فِى الْاَرْضِ فَتَنُوْا عَذَّبُوْا

۹۱۹۔مجاہد نے فرمایا کہ "الاخدود" بمعنی خندق ہے "فتنوا" ای عذبوا.

اَلطَّارِق

سورۃ الطارق

باب ۹۲۰. وَقَالَ مُجَاهِدٌ ذَاتِ الرَّجْعِ سَحَابٌ يَرْجِعُ بِالْمَطَرِ ذَاتِ الصَّدْعِ تَتَصَدَّعُ بِالنَّبَاتِ

۹۲۰۔مجاہد نے فرمایا کہ "ذات الرجع" یعنی بادل جو بارش لاتا ہے۔"ذات الصدع" (زمین) جو سبزہ اگانے کے لئے پھٹ جاتی ہے۔

باب ۹۲۱ .سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ

۹۲۱۔سورۂ سبح اسم ربک

(۲۰۵۱) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَیْنَا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ وَابْنُ اُمِّ مَکْتُوْمٍ فَجَعَلَا یُقْرِئَانِنَا الْقُرْاٰنَ ثُمَّ جَآءَ عَمَّارٌ وَّبِلَالٌ وَّسَعْدٌ ثُمَّ جَآءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فِیْ عِشْرِیْنَ ثُمَّ جَاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا رَاَیْتُ اَهْلَ الْمَدِیْنَةِ فَرِحُوْا بِشَیْءٍ فَرَحَهُمْ بِهٖ حَتّٰی رَاَیْتُ الْوَلَائِدَ وَالصِّبْیَانَ یَقُوْلُوْنَ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ قَدْ جَآءَ فَمَا جَآءَ حَتّٰی قَرَاْتُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلٰی فِیْ سُوَرٍ مِّثْلِهَا

۲۰۵۱۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی کہا کہ مجھے میرے والد نے خبر دی، انہیں شعبہ نے انہیں ابواسحاق نے اور ان سے براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کے (مہاجر) (صحابہ میں سب سے پہلے ہمارے پاس (مدینہ منورہ) آنے والے مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما تھے۔ مدینہ پہنچ کر ان حضرات نے ہمیں قرآن مجید پڑھانا شروع کر دیا۔ پھر عمار، بلال اور سعد رضی اللہ عنہم آئے۔ پھر عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیس صحابہ کو ساتھ لے کر آئے۔ اس کے بعد نبی کریم ﷺ تشریف لائے۔ میں نے کبھی مدینہ والوں کو اتنا خوش و مسرور نہیں دیکھا تھا جتنا وہ حضور اکرم ﷺ کی آمد پر ہوئے تھے۔ بچیاں اور بچے بھی کہنے لگے تھے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں ہمارے یہاں تشریف لائے ہیں۔ میں نے آنحضور ﷺ کی مدینہ تشریف آوری سے پہلے ہی "سبح اسم ربک الا علیٰ" اور اس جیسی اور سورتیں پڑھ لی تھیں۔

هَلْ اَتٰکَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ

سورۂ ہل اتاک حدیث الغاشیۃ

باب ۹۲۲۔ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ النَّصَارٰی وَقَالَ مُجَاهِدٌ عَیْنٌ اٰنِیَةٌ بَلَغَ اِنَاهَا وَحَانَ شُرْبُهَا حَمِیْمٍ اٰنٍ بَلَغَ اِنَاهُ لَایَسْمَعُ فِیْهَا لَاغِیَةً شَتْمًا اَلضَّرِیْعُ نَبْتٌ یُقَالُ لَهُ الشِّبْرِقُ یُسَمِّیْهِ اَهْلُ الْحِجَازِ اَلضَّرِیْعَ اِذَا یَبِسَ وَهُوَ سُمٌّ بِمُسَیْطِرٍ بِمُسَلَّطٍ وَیُقْرَاُ بِالصَّادِ وَالسِّیْنِ وَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِیَابَهُمْ مَرْجِعُهُمْ

۹۲۲۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "عاملة ناصبة" سے مراد نصاریٰ ہیں۔ مجاہد نے فرمایا کہ "عین انیة" یعنی اس کا برتن انتہائی گرم اور کھولتا ہوگا اور اس سے انہیں پانی پلایا جائے گا۔ "حمیم آن" اس وقت بولتے ہیں جب برتن بہت گرم ہو جائے "لا یسمع فیھا لا غیة" یعنی جنت میں گالم گلوچ نہیں سنی جائے گی "الضریع" ایک قسم کی گھاس ہے جسے الشبرق کہا جاتا ہے اور اہل حجاز اسے "الضریع" اس وقت کہتے ہیں جب وہ خشک ہو جاتی ہے۔ وہ زہریلی ہوتی ہے۔ "بمسیطر" ای بمسلط یہ صاد اور سین دونوں سے ہو سکتا ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "ایابہم" یعنی مرجعہم۔

وَالْفَجْرِ

سورۃ الفجر

باب ۹۲۳۔ وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْوَتْرُ اللّٰهُ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ اَلْقَدِیْمَةِ وَالْعِمَادُ اَهْلُ عَمُوْدٍ لَایُقِیْمُوْنَ یعنی اَهْلَ خِیَامٍ سَوْطَ عَذَابٍ الَّذِیْ عُذِّبُوْا بِهٖ اَکْلًا لَّمًّا اَلسَّفُّ وَجَمًّا اَلْکَثِیْرُ وَقَالَ مُجَاهِدٌ کُلُّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ فَهُوَ شَفْعٌ اَلسَّمَاءُ شَفْعٌ وَالْوَتْرُ اللّٰهُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی وَقَالَ غَیْرُهٗ سَوْطَ عَذَابٍ کَلِمَةٌ تَقُوْلُهَا الْعَرَبُ لِکُلِّ نَوْعٍ مِّنَ الْعَذَابِ یَدْخُلُ فِیْهِ السَّوْطُ

باب ۹۲۳۔ مجاہد نے فرمایا کہ "الوتر" سے مراد اللہ ہے۔ "ارم ذات العماد" ای القدیمة۔ "العماد" یعنی خیموں والے خانہ بدوش جو ایک جگہ قیام نہیں کرتے۔ "سوط عذاب" یعنی جس سے انہیں عذاب دیا جائے گا۔ "اکلا لما" ای السف "جما" ای الکثیر مجاہد نے فرمایا کہ ہر چیز جو اللہ نے پیدا کی اس کا جوڑا بھی بنایا چنانچہ آسمان کا جوڑا (زمین ہے) اور "الوتر" (اکیلا و یکتا) اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہے۔ "سوط عذاب" کے متعلق غیر مجاہد نے کہا کہ اس کلمہ کا استعمال اہل عرب ہر طرح کے عذاب کے لئے کرتے تھے۔ جس

لَبِالْمِرْصَادِ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ تَحَاضُّوْنَ تُحَافِظُوْنَ وَتَحُضُّوْنَ تَامُرُوْنَ بِاِطْعَامِهِ اَلْمُطْمَئِنَّةُ الْمُصَدِّقَةُ بِالثَّوَابِ وَقَالَ الْحَسَنُ يٰۤاَيَّتُهَا النَّفْسُ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ قَبْضَهَا اِطْمَانَّتْ اِلَى اللّٰهِ وَاطْمَانَّ اللّٰهُ اِلَيْهَا وَرَضِيَتْ عَنِ اللّٰهِ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَاَمَرَ بِقَبْضِ رُوْحِهَا وَاَدْ خَلَهَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَجَعَلَه' مِنْ عِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ وَقَالَ غَيْرُه' جَابُوْا نَقَبُوْا مِنْ جَيْبِ الْقَمِيْصِ قُطِعَ لَه' جَيْبٌ يَجُوْبُ الْفَلَاةَ يَقْطَعُهَا لَمًّا لَمَمْتُه' اَجْمَعُ اَتَيْتُ عَلٰى اٰخِرِهٖ

میں کوڑے کے ذریعہ عذاب بھی شامل تھا۔"لبالمرصاد" ای الیہ المصیر۔"تحاضون" ای تحافظون."یحضون" ای یا مرون باطعامہ"الطمئنۃ" ای المصدقۃ بثوابہ. حسن نے "یاایتھا النفس المطمئنۃ" کے متعلق فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ ایسی روح کو قبض کرنا چاہے گا تو وہ اللہ کی طرف سے مطمئن ہوگی اور اللہ کو اس کی طرف سے اطمینان۔ وہ اللہ سے راضی وخوش ہوگی اور اللہ اس سے راضی وخوش ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اس روح کے قبض کئے جانے کا حکم دے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا اور اپنے صالح بندوں میں سے بنالے گا۔ غیر حسن نے کہا "جابوا" ای نقبوا. جیب القمیص سے مشتق ہے بمعنی قمیص کے لئے جیب کا ٹا۔ بولتے ہیں "یجوب الفلاۃ" یعنی چٹیل میدان طے کرلیا۔

سورۃ لَا اُقْسِمُ

سورۂ لا اقسم

باب ۹۲۴. وَقَالَ مُجَاهِدٌ بِهٰذَا الْبَلَدِ مَكَّةَ لَيْسَ عَلَيْكَ مَا عَلَى النَّاسِ فِيْهِ مِنَ الْاِثْمِ وَوَالِدٍ اٰدَمَ وَمَا وَلَدَ لُبَدًا كَثِيْرًا وَالنَّجْدَيْنِ اَلْخَيْرُ وَالشَّرُّ مَسْغَبَةٍ مَجَاعَةٍ مَتْرَبَةٍ اَلسَّاقِطُ فِي التُّرَابِ يُقَالُ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ فَلَمْ يَقْتَحِمِ الْعَقَبَةَ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ فَسَّرَ الْعَقَبَةَ فَقَالَ وَمَا اَدْرٰكَ مَاالْعَقَبَةُ فَكُّ رَقَبَةٍ اَوْاِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ

باب ۹۲۴۔ مجاہد نے فرمایا کہ "بہذا البلد" سے مکہ معظمہ مراد ہے۔ یعنی آنحضور پر تھوڑے سے وقفہ کے لئے اللہ کے حکم سے حلال کرلینے میں گناہ نہیں ہے جیسا کہ دوسروں کے لئے اس میں گناہ ہے۔ "والد" یعنی آدم "ما لد" (یعنی اولیاء اور آپ کی ذریت کے دوسرے صلحاء) "لبداً" ای کثیراً. "والنجدین" ای الخیر والشر "مسغبۃ" ای مجاعۃ. "متربۃ" ای الساقط فی التراب. بولتے ہیں "فلااقتحم العقبۃ" فلاں شخص گھاٹی سے گزرا یعنی دنیا کی گھاٹی سے ابھی نہیں گزرا ہے۔ پھر "عقبۃ" کی تفسیر کی کہ آپ کو معلوم ہے گھاٹی کیا ہے؟ وہ گردن کا چھڑانا ہے یا کھانا کھلانا ہے فاقہ کے دن میں۔

سورۃ الشمس وضحاھا

سورۂ والشمس وضحاہا

باب ۹۲۵. وَقَالَ مُجَاهِدٌ بِطَغْوٰهَا بِمَعَاصِيْهَا وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا عُقْبٰى اَحَدٍ

۹۲۵۔ مجاہد نے فرمایا کہ "بطغواھا" ای بمعا صیہا. "ولایخاف عقباھا" یعنی اس کے اخیر نتیجہ سے اسے کوئی اندیشہ پیدا نہیں ہوا۔

(۲۰۵۲) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّه' اَخْبَرَه' عَبْدُاللّٰهِ بْنُ زَمْعَةَ اَنَّه' سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَذَكَرَ النَّاقَةَ وَالَّذِيْ عَقَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذِا نْبَعَثَ اَشْقَاهَا اِنْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَزِيْزٌ عَارِمٌ مَنِيْعٌ فِيْ رَهْطِهٖ مِثْلُ اَبِيْ زَمْعَةَ وَذَكَرَ النِّسَآءَ فَقَالَ يَعْمِدُ اَحَدُ كُمْ يَجْلِدُ امْرَاَتَه' جَلْدَ

۲۰۵۲۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے وہیب نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور انہیں عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔ آنحضور ﷺ نے اپنے ایک خطبہ میں صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا ذکر فرمایا اور اس شخص کا بھی ذکر فرمایا جس نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالی تھیں۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا "اذا نبعث اشقاھا" یعنی اس اونٹنی کو مار ڈالنے کے لئے ایک مفسد بد بخت جو اپنی قوم میں

الْعَبْدِ فَلَعَلَّهُ يُضَاجِعُهَا مِنْ اٰخِرِ يَوْمِهٖ ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِيْ ضَحِكِهِمْ فِي الضَّرْطَةِ وَقَالَ لِمَ يَضْحَكُ اَحَدُكُمْ مِمَّا يَفْعَلُ وَقَالَ اَبُوْمُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ اَبِيْ زَمْعَةَ عَمِّ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ

ابوزمعہ کی طرح غالب اور طاقتور تھا، اٹھا۔ آنحضور ﷺ نے عورتوں کا بھی ذکر فرمایا (یعنی ان کے حقوق وغیرہ کا) اور فرمایا کہ تم میں سے بعض اپنی بیوی کو غلاموں کی طرح کوڑے مارتے ہیں۔ حالانکہ اسی دن کے ختم ہونے پر وہ اس سے ہم بستری بھی کرتے ہیں۔ (یعنی عورتوں کے ساتھ اس طرح کا معاملہ درست نہیں ہے) پھر آپ نے انہیں ریاح خارج ہونے پر ہنسنے سے منع فرمایا۔ اور فرمایا کہ ایک کام جو تم سے ہر شخص کرتا ہے، اسی پر تم دوسروں پر کس طرح ہنستے ہو؟ اور ابومعاویہ نے حدیث بیان کی، ان سے ہشام نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے یہ الفاظ فرمائے کہ "ابوزمعہ کی طرح جو زبیر بن عوام کا چچا تھا۔"

وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى

سورۂ واللیل اذا یغشیٰ

باب۹۲۶. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ بِالْحُسْنٰى بِالْخَلَفِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ تَرَدّٰى مَاتَ وَتَلَظّٰى تَوَهَّجُ وَقَرَاَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ تَتَلَظّٰى

۹۲۶۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا "بالحسنیٰ" ای بالخلف۔ مجاہد نے فرمایا کہ "تردیٰ" ای مات. "تلظی" ای توھج. عبید بن عمیر نے اسے تتلظی پڑھا تھا۔

باب۹۲۷. وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى

(۲۰۵۳) حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ بْنُ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ دَخَلْتُ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ اَصْحَابِ عَبْدِاللّٰهِ الشَّامَ فَسَمِعَ بِنَا اَبُوالدَّرْدَاءِ فَاَتَانَا فَقَالَ اَفِيْكُمْ مَنْ يَّقْرَاُ فَقُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَاَيُّكُمْ اَقْرَاُ فَاَشَارُوْا اِلَيَّ فَقَالَ اِقْرَاْ فَقَرَاْتُ وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى قَالَ اَنْتَ سَمِعْتَهَا مِنْ فِيْ صَاحِبِكَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَاَنَا سَمِعْتُهَا مِنْ فِي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰؤُلَاءِ يَاْبُوْنَ عَلَيْنَا

۹۲۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اور قسم ہے دن کی جب وہ روشن ہو جائے۔"

۲۰۵۳۔ ہم سے قبیصہ بن عقبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے ان سے ابراہیم نے اور ان سے علقمہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود کے چند شاگردوں کے ساتھ میں شام پہنچا۔ ہمارے متعلق ابوالدرداءؓ نے سنا تو ہم سے ملنے تشریف لائے۔ اور دریافت فرمایا تم میں سے کوئی قرآن مجید کا قاری بھی ہے؟ ہم نے کہا جی ہاں ہے۔ دریافت فرمایا کہ سب سے اچھا قاری کون ہے؟ لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا آپ نے فرمایا کہ پھر کوئی آیت تلاوت کرو۔ میں نے "واللیل اذا یغشٰی والنھار اذا تجلیٰ والذکر والا نثی" کی تلاوت کی ابوالدرداءؓ نے پوچھا کیا تم نے خود یہ آیت اپنے صاحب (عبداللہ بن مسعودؓ) کی زبانی اسی طرح سنی ہے؟ میں نے کہا جی ہاں۔ آپ نے اس پر فرمایا کہ میں نے بھی نبی کریم ﷺ کی زبانی یہ آیت اسی طرح سنی ہے۔ لیکن شام والے ہماری بات نہیں مانتے (اس کے بجائے یہ مشہور قرأت "ماخلق الذکر والانثی" پڑھتے ہیں۔)

باب۹۲۸. وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى

۹۲۸۔ اور قسم ہے اس کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا۔

(۲۰۵۴) حَدَّثَنَا عُمَرُ حَدَّثَنَا اَبِی حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ قَدِمَ اَصْحَابُ عَبْدِاللّٰهِ عَلٰی اَبِی الدَّرْدَآءِ فَطَلَبَهُمْ فَوَجَدَهُمْ فَقَالَ اَيُّكُمْ يَقْرَأُ عَلٰی قِرَآءَةِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ كُلُّنَا قَالَ فَاَيُّكُمْ اَحْفَظُ وَاَشَارُوْآ اِلٰی عَلْقَمَةَ قَالَ كَيْفَ سَمِعْتَه‘ يَقْرَأُ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰی قَالَ عَلْقَمَةُ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰی قَالَ اَشْهَدُ اَنِّی سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ هٰكَذَا وَهٰٓؤُلَآءِ يُرِيْدُوْنِی عَلٰی اَنْ اَقْرَأَ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی وَاللّٰهِ لَآ اُتَابِعُهُمْ

۲۰۵۴۔ ہم سے عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے حدیث بیان کی۔ ان سے ابراہیم نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے شاگرد (اصحاب) ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے یہاں (شام) آئے، آپ نے انہیں تلاش کیا اور پا لیا پھر ان سے دریافت فرمایا کہ تم میں کون عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت کے مطابق قراءت کر سکتا ہے؟ شاگردوں نے کہا کہ ہم سب کر سکتے ہیں۔ دریافت فرمایا کہ کسے ان کی قراءت زیادہ محفوظ ہے؟ سب نے علقمہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرف اشارہ کیا آپ نے دریافت فرمایا کہ انہیں ''والليل اذا يغشى'' کی قرأت کرتے کس طرح سنا ہے؟ علقمہ نے کہا کہ ''والذكر والانثى'' (بغیر ماخلق کے) فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے بھی رسول اللہ ﷺ کو اسی طرح قراءت کرتے سنا ہے لیکن یہ لوگ (اہل شام) چاہتے ہیں کہ میں ''ماخلق الذكر والانثى'' پڑھو۔ واللہ! میں ان کی پیروی نہیں کروں گا۔

باب ۹۲۹۔ قَوْلُه‘ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی

۹۲۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا۔''

(۲۰۵۵) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِیِّ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ فِیْ جَنَازَةٍ فَقَالَ مَامِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُه‘ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُه‘ مِنَ النَّارِ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَتَّكِلُ فَقَالَ اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُّيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَأَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی اِلٰی قَوْلِهٖ لِلْعُسْرٰی

۲۰۵۵۔ ہم سے ابو نعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے سعید بن عبیدہ نے، ان سے ابوعبدالرحمٰن سلمی نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ ''بقیع الغرقد'' (مدینہ منورہ کا مقبرہ) میں ایک جنازہ کے سلسلہ میں تھے۔ آنحضور ﷺ نے اس موقعہ پر فرمایا تم میں کوئی ایسا نہیں جس کا ٹھکانا جنت یا جہنم میں نہ لکھا جا چکا ہو، صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ (ﷺ) پھر کیوں نہ ہم اپنی اس تقدیر پر اعتماد کر لیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ عمل کرتے رہو کہ ہر شخص کو اسی عمل کی سہولت ملتی رہتی ہے (جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے) پھر آپ نے آیت ''سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا ..... تا ..... للعسریٰ کی تلاوت کی۔

(۲۰۵۶) حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُالْوَاحِدِ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِی عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا قُعُوْدًا عِنْدَالنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

۲۰۵۶۔ ہم سے مسدد نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالواحد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے سعد بن عبیدہ نے ان سے ابوعبدالرحمٰن نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر سابق حدیث بیان کی۔

باب ۹۳۰ . فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى

(۲۰۵۷) حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعْدِ ابْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ فِىْ جَنَازَةٍ فَاَخَذَ عُوْدًا يَنْكُتُ فِى الْاَرْضِ فَقَالَ مَامِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهٗ مِنَ النَّارِ اَوْمِنَ الْجَنَّةِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى الْاٰيَةَ قَالَ شُعْبَةُ وَحَدَّثَنِىْ بِهٖ مَنْصُوْرٌ فَلَمْ اُنْكِرْهُ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ

۹۳۰۔ سو ہم اس کے لئے مصیبت کی چیز آسلان کر دیں گے۔

۲۰۵۷۔ ہم سے بشر بن خالد نے حدیث بیان کی، انہیں محمد بن جعفر نے خبر دی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے سلیمان نے ان سے سعد بن عبیدہ نے، ان سے ابوعبدالرحمٰن سلمی اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ ایک جنازہ میں تھے۔ آپ نے ایک لکڑی اٹھائی اور اس سے زمین پر نشان بناتے ہوئے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص ایسا نہیں جس کا جنت یا جہنم کا ٹھکانا لکھا نہ جا چکا ہو۔ صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ! کیا پھر ہم اسی پر بھروسہ نہ کرلیں؟ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ عمل کرتے رہو کہ ہر شخص کو سہولت دی گئی ہے (انہیں اعمال کی جن کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے) ''سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا، آخر آیت تک۔ شعبہ نے بیان کیا کہ مجھ سے سابق حدیث منصور نے بیان کی اور انہوں نے بھی سلیمان اعمش کی حدیث کی موافقت کی۔

باب ۹۳۱ . وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى

(۲۰۵۸) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ قَالَ كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَقْعَدُهٗ مِنَ النَّارِ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ لَااعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ ثُمَّ قَرَاَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى اِلٰى قَوْلِهٖ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى قَوْلُهٗ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى

۹۳۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور جس نے بخل کیا اور بے پروائی برتی۔''

۲۰۵۸۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی ان سے وکیع نے حدیث بیان کی ان سے اعمش نے، ان سے سعد بن عبیدہ نے ان سے ابوعبدالرحمٰن نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ تم میں کوئی ایسا نہیں جس کا جہنم کا ٹھکانا اور جنت کا ٹھکانا لکھا نہ جا چکا ہو۔ ہم نے عرض کی یارسول اللہ (ﷺ) پھر ہم اسی پر بھروسہ نہ کرلیں؟ فرمایا نہیں عمل کرتے رہو کیونکہ ہر شخص کو آسانی دی گئی ہے۔ اس کے بعد آپ نے اس آیت کی تلاوت کی۔ ''سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا سو ہم اس کے لئے راحت کی چیز آسان کر دیں گے'' تا ''فسنیسرہ للعسری'' اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''اور اچھی بات کو جھٹلایا۔''

(۲۰۵۹) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِىْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كُنَّا فِىْ جَنَازَةٍ فِىْ بَقِيْعِ الْغَرْ قَدِ فَاَتَا نَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ وَقَعَدْنَا حَوْلَهٗ وَمَعَهٗ مِخْصَرَةٌ فَنَكَّسَ فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِمِخْصَرَتِهٖ ثُمَّ قَالَ

۲۰۵۹۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے حدیث بیان کی ان سے سعد بن عبیدہ نے، ان سے ابوعبدالرحمٰن سلمی نے اور ان سے علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم ''بقیع الغرقد'' میں ایک جنازہ کے ساتھ تھے۔ پھر رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لائے۔ آپ بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے چاروں طرف بیٹھ گئے آپ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی۔ آپ نے سر

مَامِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ وَمَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ اِلَّا كُتِبَ مَكَانُهَا مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَاِلَّا قَدْ كُتِبَتْ شَقِيَّةً اَوْسَعِيْدَةً قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلاَ نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ فَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَسَيَصِيْرُ اِلٰى اَهْلِ السَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنَّا مِنْ اَهْلِ الشَّقَآءِ فَسَيَصِيْرُاِلٰى عَمَلِ اَهْلِ الشَّقَاوَةِ قَالَ اَمَّا اَهْلُ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ اَهْلِ السَّعَادَةِ وَاَمَّا اَهْلُ الشَّقَاوَةِ فَيُيَسَّرُوْنَ لِعَمَلِ اَهْلِ الشَّقَآءِ ثُمَّ قَرَاَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى اَلْاٰ يَةَ

جھکالیا۔ پھر چھڑی سے زمین پر نشان بنانے لگے۔ پھر فرمایا کہ تم میں کوئی شخص ایسا نہیں، کوئی پیدا ہونے والی جان ایسی نہیں جس کا جنت اور جہنم کا ٹھکانا لکھا نہ جاچکا ہو۔ یہ لکھا جاچکا ہے کہ کون سعید ہے اور کون بد بخت۔ ایک صاحب نے عرض کی یارسول اللہ! پھر کیا حرج ہے اگر ہم اپنی اسی تقدیر پر بھروسہ کرلیں اور عمل چھوڑ دیں۔ جو ہم میں شخص سعید و نیک ہوگا وہ نیکوں کے ساتھ جا ملے گا اور جو بد بخت ہوگا اس کے بد بختوں کے سے اعمال ہوجائیں گے۔ آنحضور ﷺ نے اس پر فرمایا کہ جو لوگ سعید ہوتے ہیں، انہیں سعیدوں ہی کے عمل کی توفیق اور سہولت حاصل ہوتی ہے اور جو بد بخت ہوں گے انہیں بد بختوں ہی جیسے عمل کی توفیق و سہولت ہوتی ہے۔ پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی "سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا سو ہم اس کے لئے راحت کی چیز آسان کردیں گے۔"

باب ۹۳۲ . فَسَنُيَسِّرُه' لِلْعُسْرٰى

(۲۰۲۰) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ جَنَازَةٍ فَاَخَذَ شَيْئًا فَجَعَلَ يَنْكُتُ بِهِ الْاَرْضَ فَقَالَ مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُه' مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُه' مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلاَ نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ قَالَ اعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِّمَا خُلِقَ لَه' اَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ اَهْلِ السَّعَادَةِ وَاَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الشَّقَآءِ فَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ اَهْلِ الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَاَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى اَلْاٰ يَةَ

۹۳۲۔ "سو ہم اس کے لئے مصیبت کی چیز آسان کردیں گے۔"

۲۰۲۰۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی۔ ان سے اعمش نے بیان کیا انہوں نے سعد بن عبیدہ سے سنا، ان سے ابوعبدالرحمٰن سلمی حدیث بیان کرتے تھے کہ علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ ایک جنازے کے ساتھ تھے پھر آپ نے ایک چیز لی اور اس سے زمین پر نشان بنانے لگے اور فرمایا تم میں سے کوئی ایسا شخص نہیں جس کا جہنم کا ٹھکانا یا جنت کا ٹھکانا لکھا نہ جاچکا ہو صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ! تو پھر ہم کیوں نہ اپنی تقدیر پر بھروسہ کرلیں۔ اور عمل چھوڑ دیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ عمل کرو کہ ہر شخص کو ان اعمال کے لئے سہولت و توفیق دی جاتی ہے جن کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔ جو شخص نیک اور سعید ہوگا اسے نیکوں کے عمل کی توفیق ملی ہوتی ہے اور جو بد بخت ہوتا ہے اسے بد بختوں کے عمل کی توفیق حاصل ہے۔ پھر آپ نے آیت "سو جس نے دیا اور اللہ سے ڈرا اور اچھی بات کو سچا سمجھا، سو ہم اس کے لئے راحت کی چیز آسان کردیں گے" آخر تک تلاوت کی۔

سورۂ والضحٰی

سورۂ والضحٰی

باب ۹۳۳ . وَقَالَ مُجَاهِدٌ اِذَا سَجٰى اِسْتَوٰى وَقَالَ غَيْرُه' اَظْلَمَ وَسَكَنَ عَآئِلًا ذُوْعِيَالٍ

باب ۹۳۳۔ مجاہد نے فرمایا کہ "اذا سجی" ای استوی. ان کے غیر نے اس کے معنی "اظلم و سکن" کئے ہیں۔ "عائلا" ذوعیال۔

(۲۰۶۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ

۲۰۶۱۔ ہم سے احمد بن یونس نے حدیث بیان کی، ان سے زہیر نے

حَدَّثَنَا الاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدَبَ بْنَ سُفْيَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اشْتَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ اَوْثَلاَ ثًا فَجَآءَ تْ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ يَامُحَمَّدُ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ يَّكُوْنَ شَيْطَا نُكَ قَدْ تَرَكَكَ لَمْ اَرَه، قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ اَوْ ثَلاَ ثًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى

قَوْلُه، مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى يُقْرَأُ بِالتَّشْدِيْدِ وَالتَّخْفِيْفِ بِمَعْنًى وَاحِدٍ مَاتَرَكَكَ رَبُّكَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا تَرَكَكَ وَمَآ اَبْغَضَكَ

حدیث بیان کی، ان سے اسود بن قیس نے حدیث بیان کی، کہا میں نے جندب ابن سفیان رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ بیمار پڑ گئے اور دو یا تین راتوں کو (تہجد کے لئے) نہیں اٹھ سکے پھر ایک عورت (ابولہب کی بیوی عوراء) آئی اور کہنے لگی اے محمد! میرا خیال ہے کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا ہے۔ دو یا تین راتوں سے میں دیکھ رہی ہوں کہ تمہارے پاس نہیں آیا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ "قسم ہے دن کی روشنی کی اور رات کی جب وہ قرار پکڑے کہ آپ کے پروردگار نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ آپ سے بیزار ہوا ہے" اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد "ماودعک ربک وما قلیٰ" تشدید اور تخفیف دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے۔ اور معنی ایک ہی رہیں گے یعنی "آپ کو چھوڑا نہیں ہے" ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مفہوم یہ ہے "ماترکک وما ابغضک."

(۲۰۶۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَسْوَدِ ابْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ قَالَتْ امْرَاَةٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَااَرٰى صَاحِبَكَ اِلَّا اَبْطَاَكَ فَنَزَلَتْ مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى

۲۰۶۲۔ ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی ان سے محمد بن جعفر غندر نے حدیث بیان کی ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی ان سے اسود بن قیس نے بیان کیا کہ میں نے جندب بجلی رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ایک عورت (ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا) نے کہا یا رسول اللہ! میں دیکھتی ہوں کہ آپ کے صاحب (جبرائیل علیہ السلام) آپ کے پاس آنے میں دیر کرتے ہیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ "آپ کے پروردگار نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ آپ سے بیزار ہے۔

اَلَمْ نَشْرَحْ

سورۂ الم نشرح

باب ۹۳۴۔ وَقَالَ مُجَاهِدٌ وِزْرَكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْقَضَ اَثْقَلَ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اى مَعَ ذٰلِكَ الْعُسْرِ يُسْرًا اٰخَرَ كَقَوْلِهٖ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّااِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ وَلَنْ يَغْلِبَ عُسْرٌ يُسْرَيْنِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ فَانْصَبْ فِيْ حَاجَتِكَ اِلٰى رَبِّكَ وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلَمْ نَشْرَحْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَه، لِلْاِ سْلَامِ

باب ۹۳۴۔ مجاہد نے فرمایا کہ "وزرک" سے نبوت سے پہلے کے کام ہیں "انقض" ای اثقل۔ "مع العسر یسراً" کے متعلق ابن عباس نے فرمایا کہ مطلب یہ ہے کہ "اس تنگی کے ساتھ دوسری آسانی" جیسے اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں (مؤمنین کے لئے تعدد حسنیٰ کا ذکر ہے کہ) "هل تربصون بنا الا احدی الحسنیین" اور (جب کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ) ایک تنگی دو آسانیوں پر غالب نہیں آ سکتی" مجاہد نے فرمایا کہ "فانصب" ای فی حاجتک الی ربک. ابن عباس رضی اللہ عنہ سے "الم نشرح لک صدرک" کا مفہوم نقل کیا جاتا ہے کہ آنحضور ﷺ کا دل اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا تھا۔

سورۃ وَالتِّيْنِ

سورۂ والتین

باب ۹۳۵ . وَقَالَ مُجَاهِدٌ هُوَالتِّيْنُ وَالزَّيْتُوْنُ الَّذِىْ يَاْكُلُ النَّاسُ يُقَالُ فَمَا يُكَذِّبُكَ فَمَا الَّذِىْ يُكَذِّبُكَ بِاَنَّ النَّاسَ يُدَا نُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ كَانَّه' قَالَ وَمَنْ يَّقْدِرُ عَلٰى تَكْذِيْبِكَ بِالثَّوَابِ وَالْعِقَابِ.

(۲۰۶۳) حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِىْ عَدِىٌّ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَآءَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِىْ سَفَرٍ فَقَرَأَ فِى الْعِشَآءِ فِىْ اِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ بِالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ تَقْوِيْمِ الْخَلْقِ

باب ۹۳۵۔ مجاہد نے فرمایا کہ آیت میں وہی تین (انجیر) اور زیتون ذکر ہوئے ہیں جنہیں لوگ کھاتے ہیں۔ "فمایکذبک" یعنی کون سی چیز آپ سے اُس بات کی تکذیب کرا رہی ہے کہ لوگوں کے ان کے اعمال کا بدلہ ملے گا گویا مقصد کہنے کا یہ ہے کہ ثواب اور عقاب کے متعلق کون شخص آپ کی تکذیب پر قدرت رکھتا ہے۔

۲۰۶۳۔ ہم سے حجاج بن منہال نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھے عدی نے خبر دی، کہا کہ میں نے براء رضی اللہ عنہ سے سنا کہ نبی کریم ﷺ ایک سفر میں تھے۔ اور عشاء کی ایک رکعت میں سورہ والتین کی تلاوت کی۔

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ

سورۃ اقرأ باسم ربک الذی خلق

باب ۹۳۶ . وَقَالَ قُتَيْبَةُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَّحْيَى ابْنِ عَتِيْقٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اكْتُبْ فِى الْمُصْحَفِ فِىْ اَوَّلِ الْاِمَامِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاجْعَلْ بَيْنَ السُّوْرَتَيْنِ خَطًّا وَقَالَ مُجَاهِدٌ نَادِيَه' عَشِيْرَتَه' الزَّبَانِيَةُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ قَالَ الرُّجْعٰى الْمَرْجِعُ لَنَسْفَعًا قَالَ لَنَاْخُذاً وَلَنَسْفَعَنْ بِالنُّوْنِ وَهِىَ الْخَفِيْفَةُ سَفَعْتُ بِيَدِهٖ اَخَذْتُ

(۲۰۶۴) حَدَّثَنَا يَحْيىٰ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ مَرْوَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ بْنِ اَبِىْ رِزْمَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْصَالِحٍ سَلْمُوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُاللّٰهِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ شِهَابٍ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَه' اَنَّ عَآئِشَةَ زَوْجَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ اَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةَ فِى النَّوْمِ فَكَانَ لَايَرٰى رُؤْيَا اِلَّا جَآءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ ثُمَّ حُبِّبَ اِلَيْهِ الْخَلَاءُ فَكَانَ يَلْحَقُ بِغَارِ حِرَآءٍ فَيَتَحَنَّثُ فِيْهِ قَالَ وَالتَّحَنُّثُ التَّعَبُّدُ اللَّيَالِىَ ذَوَاتِ الْعَدَدِ قَبْلَ اَنْ يَّرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهٖ وَيَتَزَوَّدُ لِذٰلِكَ ثُمَّ يَرْجِعُ اِلٰى

۹۳۶۔ اور قتیبہ نے بیان کیا کہ ہم سے حماد نے حدیث بیان کی ان سے یحییٰ بن عتیق نے کہ حسن بصری نے فرمایا کہ مصحف (قرآن مجید) میں سورۂ فاتحہ کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ اور دو سورتوں کے درمیان (امتیاز کے لئے صرف) ایک خط کھینچ لیا کرو۔ مجاہد نے فرمایا کہ "نادیه" ای عشیرته. "الزبانية" ای الملائكة. معمر نے کہا کہ "الرجعی" المرجع. "لنسفعا" ای لنا خذا. لنسفعن بالنون خفیفہ کے ساتھ ہے۔ "سفعت بیده" ای اخذت.

۲۰۶۴۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی۔ ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے (مصنف نے کہا) اور مجھ سے سعید بن مروان نے حدیث بیان کی، ان سے محمد بن عبدالعزیز بن ابی رزمہ نے حدیث بیان کی۔ انہیں ابوصالح سلمویہ نے خبر دی کہا کہ مجھ سے عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے یونس بن یزید نے بیان کیا۔ کہا کہ مجھے ابن شہاب نے خبر دی۔ انہیں عروہ بن زبیر نے خبر دی اور ان سے نبی کریم ﷺ کی زوجۂ مطہرہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کو سب سے پہلے سچے خواب دکھائے جاتے تھے۔ چنانچہ اس دور میں آپ جو خواب بھی دیکھ لیتے۔ وہ چیز سفیدہ صبح کی طرح ظاہر ہو جاتی پھر آپ کے دل میں خلوت گزینی کی محبت ڈال دی گئی اس دور میں آپ غار حراء میں تشریف لے جاتے اور آپ وہاں "تحنث" کرتے۔ عروہ نے کہا کہ "تحنث" سے مراد ہے "چند گنے چنے دنوں میں

خَدِيْجَةَ فَيَتَزَوَّدُ بِمِثْلِهَا حَتّٰى فَجِئَهُ الْحَقُّ وَهُوَ فِيْ غَارِ حِرَآءٍ فَجَآءَهُ الْمَلَكُ فَقَالَ اقْرَأْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَآاَنَا بِقَارِیٍٔ قَالَ فَاَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِيْ فَقَالَ اقْرَأْ قُلْتُ مَآاَنَا بِقَارِیٍٔ فَاَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ الثَّانِيَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِيْ فَقَالَ اقْرَأْ قُلْتُ مَا اَنَا بِقَارِیٍٔ فَاَخَذَنِيْ فَغَطَّنِيْ الثَّالِثَةَ حَتّٰى بَلَغَ مِنِّي الْجُهْدَ ثُمَّ اَرْسَلَنِيْ فَقَالَ اقْرَأْبِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ الْاٰيَاتَ اِلٰي قَوْلِهٖ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ فَرَجَعَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْجُفُ بَوَادِرُهٗ حَتّٰى دَخَلَ عَلٰى خَدِيْجَةَ فَقَالَ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَزَمَّلُوْهُ حَتّٰى ذَهَبَ عَنْهُ الرَّوْعُ قَالَ لِخَدِيْجَةَ اَيْ خَدِيْجَةُ مَالِيْ لَقَدْ خَشِيْتُ عَلٰى نَفْسِيْ فَاَخْبَرَهَا الْخَبَرَ قَالَتْ خَدِيْجَةُ كَلَّا اَبْشِرْ فَوَاللّٰهِ لَايُخْزِيْكَ اللّٰهُ اَبَدًا فَوَاللّٰهِ اِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَصْدُقُ الْحَدِيْثَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَكْسِبُ الْمَعْدُوْمَ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِيْنُ عَلٰى نَوَآئِبِ الْحَقِّ فَانْطَلَقَتْ بِهٖ خَدِيْجَةُ حَتّٰى اَتَتْ بِهٖ وَرَقَةَ بْنَ نَوْفَلٍ وَّهُوَابْنُ عَمِّ خَدِيْجَةَ اَخِيْ اَبِيْهَا وَكَانَ امْرَأً تَنَصَّرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ وَيَكْتُبُ مِنَ الْاِنْجِيْلِ بِالْعَرَبِيَّةِ مَاشَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّكْتُبَ وَكَانَ شَيْخًا كَبِيْرًا قَدْ عَمِيَ فَقَالَتْ خَدِيْجَةُ يَا عَمِّ اسْمَعْ مِنِ ابْنِ اَخِيْكَ قَالَ وَرَقَةُ يَاابْنَ اَخِيْ مَاذَاتَرٰى فَاَخْبَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرَ مَارَاٰى فَقَالَ وَرَقَةُ هٰذَا النَّامُوْسُ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلٰى مُوْسٰى لَيْتَنِيْ فِيْهَا جَذَعًا لَيْتَنِيْٓ اَكُوْنُ حَيًّا ثُمَّ ذَكَرَ حَرْفًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَمُخْرِجِيَّ هُمْ قَالَ وَرَقَةُ نَعَمْ لَمْ يَاْتِ رَجُلٌ بِمَاجِئْتَ بِهٖ اِلَّا اُوْذِيَ وَاِنْ يُّدْرِكْنِيْ يَوْمُكَ

عبادت گزاری" آپ اس کے لئے اپنے گھر سے توشہ لے جایا کرتے تھے (جتنے دن عبادت کے لئے آپ کو غار حراء کی تنہائی میں رہنا ہوتا) آپ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے یہاں دوبارہ تشریف لاتے اور اسی طرح توشہ لے جاتے۔ بالآخر جب آپ غار حراء میں تھے کہ حق اچانک آپ کے پاس آ گیا۔ چنانچہ فرشتہ (جبرائیل علیہ السلام) آپ کے پاس آئے اور کہا کہ پڑھیے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ بیان کیا کہ پھر مجھے فرشتہ نے پکڑ لیا اور اتنا بھینچا کہ میں ہلکان ہو گیا۔ پھر انہوں نے مجھے چھوڑ دیا اور کہا کہ پڑھیے۔ میں نے اس مرتبہ بھی یہی کہا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ انہوں نے پھر دوسری مرتبہ مجھے پکڑ کر اس طرح بھینچا کہ میں ہلکان ہو گیا اور چھوڑنے کے بعد کہا کہ پڑھیے۔ میں نے اس مرتبہ بھی یہی کہا کہ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ انہوں نے تیسری مرتبہ پھر اسی طرح مجھے پکڑ کے بھینچا کہ میں ہلکان ہو گیا اور کہا کہ آپ پڑھیے، اپنے پروردگار کے نام کے ساتھ جس نے سب کو پیدا کیا ہے جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا ہے، آپ قرآن پڑھا کیجئے اور آپ کا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعہ سے تعلیم دی ہے...... ہے۔ "علم الا نسان مالم یعلم" تک۔ پھر حضور اکرم ان پانچ آیات کو لے کر واپس تشریف لائے اور (خوف و گھبراہٹ کی وجہ سے) آپ کا شانۂ مبارک تھرتھرا رہا تھا آپ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچ کر فرمایا کہ مجھے چادر اوڑھا دو، مجھے چادر اوڑھا دو۔ چنانچہ انہوں نے آپ کو چادر اوڑھا دی۔ جب خوف و گھبراہٹ آپ سے دور ہوئی تو آپ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا سے کہا اب کیا ہوگا۔ مجھے تو اپنی جان کا خطرہ ہے۔ پھر آپ نے سارا واقعہ انہیں سنایا خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہرگز نہیں، آپ کو بشارت ہو۔ خدا کی قسم! اللہ آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا۔ خدا گواہ ہے آپ صلہ رحمی کرتے ہیں۔ ہمیشہ سچ بولتے ہیں، کمزور و ناتوانوں کا بار اٹھاتے ہیں۔ جنہیں کہیں سے نہ ملتا، وہ آپ کے یہاں سے پالیتے ہیں۔ مہمان نوازی کرتے ہیں اور حق کے راستے میں پیش آنے والی مصیبتوں پر لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ پھر خدیجہ رضی اللہ عنہا آنحضور ﷺ کو لے کر ورقہ بن نوفل کے پاس آئیں۔ وہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے چچا اور آپ کے والد کے بھائی تھے۔ وہ زمانہ جاہلیت میں ہی نصرانی ہو گئے تھے اور عربی لکھ لیتے تھے جس طرح اللہ نے چاہا انہوں نے

حَيًّا اَنْصُرُکَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ اَنْ تُوُفِّيَ وَفَتَرَالْوَحْيُ فَتْرَةً حَتّٰى حَزِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ شِهَابٍ فَاَخْبَرَنِيْ اَبُوْسَلَمَةَ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِاللّٰهِ الْاَنْصَارِيَّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ قَالَ فِيْ حَدِيْثِهٖ بَيْنَا اَنَا اَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَآءِ فَرَفَعْتُ بَصَرِيْ فَاِذَا الْمَلَکُ الَّذِيْ جَآءَ نِيْ بِحِرَآءٍ جَالِسٌ عَلٰى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ فَفَرِقْتُ مِنْهُ فَرَجَعْتُ فَقُلْتُ زَمِّلُوْنِيْ زَمِّلُوْنِيْ فَدَثَّرُوْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ وَثِيَابَکَ فَطَهِّرْ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ قَالَ اَبُوْسَلَمَةَ وَهِيَ الْاَوْثَانُ الَّتِيْ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَعْبُدُوْنَ قَالَ ثُمَّ تَتَابَعَ الْوَحْيُ

انجیل بھی عربی میں لکھی تھی، وہ بہت بوڑھے تھے اور نا بینا ہو گئے تھے۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا چچا اپنے بھتیجے کا حال سنیے، ورقہ نے کہا۔ بیٹے! تم نے کیا دیکھا ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے سارا واقعہ سنایا جو کچھ بھی آپ نے دیکھا تھا اس پر ورقہ نے کہا یہی وہ ناموس (جرائیل علیہ السلام) ہیں جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے تھے۔ کاش میں تمہاری نبوت کے زمانہ میں جوان و توانا ہوتا۔ کاش میں اس وقت تک زندہ رہ جاؤں، پھر ورقہ نے کچھ اور کہا (کہ میں جب آپ کی قوم آپ کو مکہ سے نکالے گی۔) حضور اکرم ﷺ نے پوچھا کیا واقعی یہ لوگ مجھے یہاں سے نکال دیں گے؟ ورقہ نے کہا کہ ہاں۔ جو دعوت آپ لے کر آئے ہیں اسے جو بھی لے کر آیا تو اسے ضرور تکلیف دی گئی۔ اگر میں آپ کی نبوت کے زمانہ میں زندہ رہ گیا تو میں ضرور آپ کی مدد کروں گا بھر پور طریقہ پر۔ اس کے بعد ورقہ کا انتقال ہو گیا اور کچھ دنوں کے لئے وحی کا آنا بھی بند ہو گیا۔ حضور اکرم ﷺ وحی کے بند ہو جانے کی وجہ سے غمگین رہنے لگے۔ محمد بن شہاب نے حدیث بیان کی، انہیں ابوسلمہ نے خبر دی اور ان سے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ آپ وحی کے کچھ دنوں کے لئے رک جانے کا ذکر فرما رہے تھے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ میں چل رہا تھا کہ میں نے آسمان کی طرف سے ایک آواز سنی۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو وہی فرشتہ (جبرائیل علیہ السلام) جو میرے پاس غار حرا میں آئے تھے آسمان اور زمین کے درمیان کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے میں ان سے بہت ڈرا اور گھر واپس آ کر میں نے کہا کہ مجھے چادر اوڑھا دو۔ مجھے چادر اوڑھا دو۔ چنانچہ گھر والوں نے مجھے چادر اوڑھا دی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ''اے کپڑے میں لپٹنے والے اٹھئے (پھر کافروں کو) ڈرایئے اور اپنے پروردگار کی بڑائی بیان کیجئے اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھئے اور بتوں سے الگ رہیے'' ابوسلمہ نے فرمایا کہ ''الرجز'' جاہلیت کے بت تھے جن کی وہ پرستش کرتے تھے۔ بیان کیا کہ پھر وحی کا سلسلہ جاری ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا۔''

قَوْلُهٗ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ

(۲۰۶۵) حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ اَوَّلُ مَابُدِئَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

۲۰۶۵۔ ہم سے ابن بکیر نے حدیث بیان کی ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے، ان سے عروہ نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ شروع میں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ فَجَآءَ هُ الْمَلَكُ فَقَالَ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَأْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ

رسول اللہ ﷺ کو سچے خواب دکھائے جانے لگے تھے پھر آپ کے پاس فرشتہ آیا اور کہا کہ ''آپ پڑھئے اپنے پروردگار نے نام کے ساتھ جس نے (سب کو) پیدا کیا ہے۔ جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا ہے آپ (قرآن) پڑھا کیجئے اور آپ کا پروردگار بڑا کریم ہے۔''

باب۹۳۷. قَوْلُهٗ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ

۹۳۷۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''آپ پڑھا کیجئے اور آپ کا رب بڑا کریم ہے۔''

(۲۰۶۶) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَقَالَ اللَّيْثُ حَدَّثَنِىْ عَقِيْلٌ قَالَ مُحَمَّدٌ اَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا اَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ جَآءَ هُ الْمَلَكُ فَقَالَ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ

۲۰۶۶۔ ہم سے عبداللہ بن محمد نے حدیث بیان کی ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی۔ انہیں زہری نے۔ ح۔ اور لیث نے بیان کیا کہ ان سے عقیل نے حدیث بیان کی، ان سے محمد نے بیان کیا انہیں عروہ نے خبر دی اور انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ رسول اللہ ﷺ کی ابتداء سچے خوابوں کے ذریعہ کی گئی۔ پھر فرشتہ آیا اور کہا کہ ''آپ پڑھئے اپنے پروردگار کے نام کے ساتھ جس نے سب کو پیدا کیا ہے۔ جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا ہے۔ آپ (قرآن) پڑھا کیجئے۔ اور آپ کا پروردگار بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعہ تعلیم دی۔

(۲۰۶۷) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عَقِيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ قَالَتْ عَآئِشَةُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فَرَجَعَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَدِيْجَةَ فَقَالَ زَمِّلُوْنِىْ زَمِّلُوْنِىْ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

۲۰۶۷۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے عقیل نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا انہوں نے عروہ سے سنا۔ آپ سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ پھر رسول اللہ ﷺ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس واپس تشریف لائے۔ اور فرمایا کہ مجھے چادر اوڑھادو۔ مجھے چادر اوڑھادو۔ پھر آپ نے پوری حدیث بیان کیا۔

باب۹۳۸. كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ

۹۳۸۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ہاں ہاں! اگر یہ شخص باز نہ آیا تو ہم اسے پیشانی کے بل پکڑ کر گھسیٹیں گے، دروغ وخطا میں آلودہ پیشانی۔

(۲۰۶۸) حَدَّثَنَا يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ اَبُوْجَهْلٍ لَئِنْ رَاَيْتُ مُحَمَّدًا يُّصَلِّىْ عِنْدَ الْكَعْبَةِ لَاَطَأَنَّ عَلٰى عُنُقِهٖ فَبَلَغَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْفَعَلَهٗ لَاَخَذَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ تَابَعَهٗ عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ عَنْ عَبْدِالْكَرِيْمِ

۲۰۶۸۔ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، ان سے معمر نے، ان سے عبدالکریم جزری نے، ان سے عکرمہ نے بیان کیا، ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوجہل نے کہا تھا کہ اگر میں نے محمد (ﷺ، ابی وامی فداہ) کو کعبہ کے پاس نماز پڑھتے دیکھ لیا تو اس کی گردن مروڑ دوں گا۔ حضور اکرم ﷺ کو جب یہ بات پہنچی تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر اس نے ایسا کیا تو اسے فرشتے پکڑ لیں گے۔ اس روایت کی متابعت عمرو بن خالد نے کی ان

سے عبید اللہ نے ان سے عبدالکریم نے بیان کیا۔

باب ۹۳۹. اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ يُقَالُ اَلْمَطْلَعُ هُوَالطُّلُوْعُ وَالْمَطْلِعُ اَلْمَوْضِعُ الَّذِیْ يَطْلَعُ مِنْهُ اَنْزَلْنَاهُ اَلْهَاءُ كِنَايَةٌ عَنِ الْقُرْاٰنِ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ مَخْرَجَ الْجَمِيْعِ وَالْمُنْزِلُ هُوَ اللّٰهُ وَالْعَرَبُ تُؤَكِّدُ فِعْلَ الْوَاحِدِ فَتَجْعَلُهٗ بِلَفْظِ الْجَمِيْعِ لِيَكُوْنَ اَثْبَتَ وَاَوْكَدَ

۹۳۹۔سورۂ انا انزلناہ.

کہتے ہیں کہ "المطلع" بمعنی طلوع ہے۔ مطلع اصل میں اس جگہ کو کہتے ہیں جہاں سے طلوع ہوتا ہے۔ "انزلناہ" میں "ہ" کی ضمیر سے اشارہ قرآن مجید کی طرف ہے۔ صیغہ جمع کا استعمال کیا حالانکہ نازل کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے۔ کیونکہ عرب تاکید کے لئے ایک فرد کے کام کو جمع کے صیغہ کے ساتھ بیان کرتے تھے۔ ایسا کلام میں زور اور تاکید پیدا کرنے کے لئے کرتے تھے۔

لَمْ يَكُنْ

سورۂ لم یکن

باب ۹۴۰. مُنْفَكِّيْنَ زَآئِلِيْنَ قَيِّمَةٌ اَلْقَائِمَةُ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ اَضَافَ الدِّيْنِ اِلَى الْمُؤَنَّثِ

۹۴۰۔"منفكين" اى زائلين. "قيمة" اى قائمة.

"دین القیمۃ" میں دین کی اضافت مؤنث کی طرف کی۔

(۲۰۶۹) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ سَمِعْتُ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَیٍّ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْكَ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قَالَ وَ سَمَّانِیْ قَالَ نَعَمْ فَبَكٰى

۲۰۶۹۔ہم سے محمد بن بشار نے حدیث بیان کی، ان سے غندر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہوں نے قتادہ سے سنا اور انہوں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہیں "لم یکن الذین کفروا" پڑھ کر سناؤں۔ ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام بھی لیا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ اس پر وہ رونے لگے۔

(۲۰۷۰) حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ اَبِیْ حَسَّانَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَیٍّ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِیْ اَنْ اَقْرَاَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ اُبَیٌّ آللّٰهُ سَمَّانِیْ لَكَ قَالَ اللّٰهُ سَمَّاكَ لِیْ فَجَعَلَ اُبَیٌّ يَبْكِیْ قَالَ قَتَادَةُ فَاُنْبِئْتُ اَنَّهٗ قَرَاَ عَلَيْهِ لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ

۲۰۷۰۔ہم سے حسان بن ابی حسان نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا۔ نبی کریم ﷺ نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہیں قرآن (سورۂ لم یکن) پڑھ کر سناؤں ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی، کیا آپ سے اللہ تعالیٰ نے میرا نام بھی لیا تھا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں! اللہ تعالیٰ نے تمہارا نام بھی مجھ سے لیا تھا۔ ابی رضی اللہ عنہ یہ سن کر رونے لگے۔ قتادہ نے بیان کیا کہ مجھے خبر دی گئی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے انہیں "لم یکن الذین کفروا من اهل الکتاب" پڑھ کر سنائی تھی۔

(۲۰۷۱) حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ دَاوٗدَ اَبُوْجَعْفَرٍ الْمُنَادِیْ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى

۲۰۷۱۔ہم سے احمد بن ابی داؤد ابو جعفر منادی نے حدیث بیان کی، ان سے روح نے حدیث بیان کی ان سے سعید بن ابی عروبہ نے، ان سے قتادہ نے اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَنِيْ اَنْ اُقْرِئَكَ الْقُرْاٰنَ قَالَ اللّٰهُ سَمَّانِيْ لَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَقَدْ ذُكِرْتُ عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ قَالَ نَعَمْ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ

ابی بن کعبؓ سے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تمہیں قرآن (کی آیت لم یکن) پڑھ کر سناؤں، انہوں نے پوچھا، کیا اللہ نے آپ سے میرا نام بھی لیا تھا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں، ابی بن کعبؓ بولے۔ دونوں جہان کے پالنے والے کی بارگاہ میں میرا ذکر ہوا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ اس پر ان کی آنکھوں سے آنسو نکل پڑے۔ ❶

اِذَا زُلْزِلَتِ

سورۃ اذا زلزلت الارض زلزالہا

باب ۱۹۴۱. اَلْاَرْضُ زِلْزَالَهَا قَوْلُهٗ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ يُقَالُ اَوْحٰى لَهَا اَوْحٰى اِلَيْهَا وَ وَحٰى لَهَا وَوَحٰى اِلَيْهَا وَاحِدٌ

باب ۱۹۴۱۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "سو جو کوئی ذرہ بھر بھی نیکی کرے گا اسے دیکھ لے گا۔" اوحیٰ الیہا اور اوحیٰ لہا۔ اور وحیٰ لہا اور وحی الیہا ہم معنی ہیں۔

(۲۰۷۲) حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحِ نِ السَّمَّانِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْخَيْلُ لِثَلَاثَةٍ لِرَجُلٍ اَجْرٌ وَلِرَجُلٍ سِتْرٌ وَلِرَجُلٍ وِزْرٌ فَاَمَّا الَّذِيْ لَهٗ اَجْرٌ فَرَجُلٌ رَبَطَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاَطَالَ لَهَا فِيْ مَرْجٍ اَوْ رَوْضَةٍ فَمَا اَصَابَتْ فِيْ طِيَلِهَا ذٰلِكَ فِي الْمَرْجِ وَالرَّوْضَةِ كَانَ لَهٗ حَسَنَاتٍ وَلَوْ اَنَّهَا قَطَعَتْ طِيَلَهَا فَاسْتَنَّتْ شَرَفًا اَوْ شَرَفَيْنِ كَانَتْ اٰثَارُهَا وَاَرْوَاثُهَا حَسَنَاتٍ لَهٗ وَلَوْ اَنَّهَا مَرَّتْ بِنَهَرٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ وَلَمْ يُرِدْ اَنْ يَّسْقِيَ بِهٖ كَانَ ذٰلِكَ حَسَنَاتٍ لَهٗ فَهِيَ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ اَجْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا تَغَنِّيًا وَتَعَفُّفًا وَلَمْ يَنْسَ حَقَّ اللّٰهِ فِيْ رِقَابِهَا وَلَا ظُهُوْرِهَا فَهِيَ لَهٗ سِتْرٌ وَرَجُلٌ رَبَطَهَا فَخْرًا وَّرِيَاءً وَنِوَاءً فَهِيَ عَلٰى ذٰلِكَ وِزْرٌ فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهَا عَلَيَّ اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةَ الْفَاذَّةَ الْجَامِعَةَ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

۲۰۷۲۔ ہم سے اسماعیل بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے مالک نے حدیث بیان کی، ان سے زید بن اسلم نے، ان سے ابوصالح سمان نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ گھوڑا تین طرح کے لوگوں کے لئے تین قسم کے نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ ایک شخص کے لئے اجر ہے، دوسرے کے لئے وہ پردہ ہے، تیسرے کے لئے وبال ہے۔ جس کے لئے اجر و ثواب کا باعث ہے وہ شخص ہے جو اسے اللہ کے راستہ میں جہاد کی غرض سے پالتا ہے چراگاہ یا (اس کی بجائے راوی نے یہ کہا) باغ میں اس کی رسی کو دراز کر دیتا ہے (تاکہ خوب گھاس کھائے) چنانچہ وہ گھوڑا چراگاہ یا باغ میں اپنی رسی کے حدود میں جو کچھ بھی کھاتا پیتا ہے اور اگر اس گھوڑے نے اپنی رسی تڑالی اور ایک دو کوڑے (پھینکنے کی دوری) تک اپنے حدود سے آگے بڑھ گیا تو اس کے نشانات قدم اور اس کی لید بھی مالک کے لئے اجر و ثواب بن جاتی ہے۔ اور اگر کسی نہر سے گزرتے ہوئے اس میں سے مالک کے قصد و ارادہ کے بغیر خود ہی پانی پی لیا تو یہ بھی مالک کے لئے اجر و ثواب بن جاتا ہے، دوسرا شخص جس کے لئے گھوڑا اس کا پردہ ہے یہ وہ شخص ہے جس نے لوگوں سے بے نیاز رہنے اور (لوگوں کے سامنے غربت کے اظہار سے) بچنے کے لیے اسے پالا ہے اور اس گھوڑے کی گردن پر جو اللہ

❶ آیت کا مضمون یہ ہے کہ "جو لوگ کافر تھے اہل کتاب اور مشرکین میں سے، وہ باز آنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے پاس واضح دلیل نہ آتی۔ (یعنی) اللہ کا ایک رسول جو انہیں پاک صحیفے پڑھ کر سنائے جن میں درست مضامین درج ہوں۔" حضور اکرم ﷺ کی زبانی اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنے تذکرہ کے متعلق سن کر ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی آنکھوں سے مسرت و خوشی کے آنسو نکل پڑے۔ یقیناً اس وقت آپ کا دل خوف و خشوع سے بھی بھر گیا ہوگا۔ کہ کہیں اللہ کی نعمتوں کے شکر کی ادائیگی میں کوتاہی نہ ہو جائے۔

خَيْرًا يَّرَه، وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَه، تعالیٰ کا حق ہی اور اس کی پیٹھ کا جو حق ہے اسے بھی نہیں بھولا ہے تو گھوڑا اس کے لئے پردہ ہے اور جو شخص گھوڑا اپنے دروازے پر فخر اور نمائش اور (اسلام اور مسلمانوں کی) دشمنی کی غرض سے باندھتا ہے وہ اس کے لئے وبال ہے۔ حضور اکرم ﷺ سے گدھوں کے متعلق پوچھا گیا (کہ کیا یہ بھی گھوڑے کے حکم میں ہیں؟) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے متعلق مجھ پر کوئی خاص آیت سوا اس بے مثال اور جامع آیت کے نازل نہیں کی۔ یعنی "سو جو کوئی ذرہ بھر نیکی کرے گا اسے دیکھ لے گا اور جو کوئی ذرہ بھر برائی کرے گا وہ اسے دیکھ لے گا۔"

(۲۰۷۳) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِي صَالِحِ السَّمَّانِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ فَقَالَ لَمْ يُنْزَلْ عَلَيَّ فِيْهَا شَيْءٌ اِلَّا هٰذِهِ الْاٰيَةُ الْجَامِعَةُ الْفَاذَّةُ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَه، وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَه،

باب ۲۰۷۳۔ ہم سے یحییٰ بن سلیمان نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ابن وہب نے حدیث بیان کی۔ انہیں مالک نے خبر دی، انہیں زید بن اسلم نے، انہیں ابوصالح نے اور انہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ رسول اللہ ﷺ سے گدھوں کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس جامع اور بے مثال آیت کے سوا مجھ پر اس کے بارے میں اور کوئی خاص حکم نازل نہیں ہوا ہے یعنی "سو جو کوئی ذرہ بھر نیکی کرے گا اسے دیکھ لے گا۔ اور جو کوئی ذرہ بھر برائی کرے گا وہ اسے دیکھ لے گا۔"

سورۃ وَالْعَادِيَاتِ

باب ۹۴۲. وَقَالَ مُجَاهِدٌ اَلْكَنُوْدُ اَلْكَفُوْرُ يُقَالُ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا رَفَعْنَ بِهٖ غُبَارًا لِحُبِّ الْخَيْرِ مِنْ اَجْلِ حُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ لَبَخِيْلٌ وَ يُقَالُ لِلْبَخِيْلِ شَدِيْدٌ حُصِّلَ مُيِّزَ

سورۃ العادیات

باب ۹۴۲۔ مجاہد نے فرمایا کہ "الكنود" اى الكفور. بولتے ہیں "فاثرن به نقعاً" اى رفعن به غباراً. "لحب الخير. اى من اجل حب الخير. "لشديد" اى لبخيل. اسی طرح "بخیل" کے لئے بھی شدید استعمال کرتے ہیں۔ "حصل" اے میز۔

سورۃ اَلْقَارِعَةُ

باب ۹۴۳. كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ كَغَوْغَاءِ الْجَرَادِ يَرْكَبُ بَعْضُه، بَعْضًا كَذٰلِكَ النَّاسُ يَجُوْلُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ كَالْعِهْنِ كَاَلْوَانِ الْعِهْنِ وَقَرَاَ عَبْدُاللّٰهِ كَالصُّوْفِ

سورۃ القارعۃ

باب ۹۴۳۔ "كالفراش المبثوث" یعنی پریشان ٹڈیوں کی طرح کہ جیسے وہ ایسی حالت میں ایک دوسرے پر چڑھ جاتی ہیں۔ یہی حال (قیامت کے دن) انسانوں کا ہوگا ایک دوسرے پر گر رہے ہوں گے۔ "كالعهن" اى كالوان العهن. عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اس کی قرائت "کالصوف" کرتے تھے۔

سورۃ اَلْهَاكُمْ

باب ۹۴۴. وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلتَّكَاثُرُ مِنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ

سورہ الہاکم

باب ۹۴۴۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "التکاثر" یعنی مال و اولاد کا زیادہ ہونا۔

سورۃ وَالْعَصْرِ

باب ۹۴۵. وَقَالَ يَحْيَى اَلدَّهْرُ اُقْسِمَ بِهٖ

سورۃ العصر

باب ۹۴۵۔ یحییٰ نے فرمایا کہ "العصر" سے مراد زمانہ ہے۔ اس کی قسم کھائی گئی ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ

باب ۹۴۶ . اَلْحُطَمَةُ اِسْمُ النَّارِ مِثْلُ سَقَرَ وَلَظٰى

سورہ ویل لکل ہمزۃ

۹۴۶۔ ''الحطمۃ'' دوزخ کا نام ہے۔ جیسے سقر اور لظی بھی اس کے ناموں میں ہیں۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ

باب ۹۴۷ . قَالَ مُجَاهِدٌ اَلَمْ تَرَ اَلَمْ يَعْلَمْ قَالَ مُجَاهِدٌ اَبَابِيْلُ مُتَتَابِعَةً مُجْتَمِعَةً وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِنْ سِجِّيْلٍ هِيَ سَنْكِ وَكِلْ

سورۃ الم ترکیف

باب ۹۴۷۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''الم تر'' ای الم تعلم۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''ابابیل'' یعنی لگاتار جھنڈ کے جھنڈ پرندے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ''من سجیل'' میں پتھر اور مٹی مراد ہے۔

لِاِيْلَافِ قُرَيْشٍ

باب ۹۴۸ . وَقَالَ مُجَاهِدٌ لِاِيْلَافِ اَلِفُوْا ذٰلِكَ فَلَا يَشُقُّ عَلَيْهِمْ فِي الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ وَاٰمَنَهُمْ مِنْ كُلِّ عَدُوِّهِمْ فِيْ حَرَمِهِمْ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ لِاِيْلَافِ لِنِعْمَتِيْ عَلٰى قُرَيْشٍ.

سورہ لایلاف قریش

باب ۹۴۸۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''لایلاف'' یعنی وہ اس کے خوگر ہو گئے ہیں اس لئے جاڑوں میں (یمن کا سفر) اور گرمیوں میں (شام کا) ان پر گراں نہیں گزرتا۔ ''آمنہم'' یعنی انہیں ہر طرح کے دشمن سے حدود حرم میں امن دیا۔

اَرَاَيْتَ

باب ۹۴۹ . وَقَالَ مُجَاهِدٌ يَدُعُّ يَدْفَعُ عَنْ حَقِّهٖ يُقَالُ هُوَ مِنْ دَعَعْتُ يُدَعُّوْنَ يُدْفَعُوْنَ سَاهُوْنَ لَاهُوْنَ وَالْمَاعُوْنَ الْمَعْرُوْفُ كُلُّهٗ وَقَالَ بَعْضُ الْعَرَبِ الْمَاعُوْنَ الْمَآءُ وَقَالَ عِكْرِمَةُ اَعْلَاهَا الزَّكٰوةُ الْمَفْرُوْضَةُ وَاَدْنَاهَا عَارِيَةُ الْمَتَاعِ

سورۂ اراَیت

باب ۹۴۹۔ مجاہد نے فرمایا کہ ''یدع'' یعنی اس کے حق سے اس کو دھکے دیتا ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ ''دععت، یدعون'' سے نکلا ہے بمعنی یدفعون۔ ''ساھون'' ای لاھون. ''الماعون'' سے مراد نفع بخش اچھی چیز ہے۔ بعض اہل عرب نے اس کے معنی پانی بتائے ہیں۔ عکرمہ نے فرمایا کہ اس کا سب سے بلند درجہ فرض زکاۃ کی ادائیگی ہے اور سب سے کمتر درجہ کسی سامان کو عاریت پر دینا ہے۔

اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ

باب ۹۵۰ . وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ شَانِئَكَ عَدُوَّكَ

۲۰۷۴ حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَمَّا عُرِجَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السَّمَآءِ قَالَ اَتَيْتُ عَلٰى نَهَرٍ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ مُجَوَّفًا فَقُلْتُ مَا هٰذَا يَاجِبْرِيْلُ قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ

سورۂ انا اعطیناک الکوثر

باب ۹۵۰۔ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ''شانئک'' ای عدوک.

۲۰۷۴۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب نبی کریم ﷺ کو معراج ہوئی تو اس کے متعلق حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں ایک نہر کے کنارے پر پہنچا جس کے دونوں کنارے موتیوں کے کھوکھلے گنبد کے تھے۔ میں نے پوچھا، اے جبرائیل! یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا کہ یہ ''کوثر'' ہے۔

(۲۰۷۵) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ عَنْ

۲۰۷۵۔ ہم سے خالد بن یزید کاہلی نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابواسحٰق نے، ان سے ابوعبیدہ

عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَ سَأَلْتُهَا عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّآ اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ قَالَتْ نَهَرٌ اُعْطِيَهٗ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاطِئَاهُ عَلَيْهِ دُرٌّ مُجَوَّفٌ اٰنِيَتُهٗ كَعَدَدِ النُّجُوْمِ رَوَاهُ زَكَرِيَّآءُ وَاَبُوالْاَحْوَصِ وَمُطَرِّفٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ

نے کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "میں نے آپ کو کوثر عطا کیا ہے" کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ یہ "کوثر" ایک نہر ہے جو تمہارے نبی ﷺ کو دی گئی ہے۔ اس کے دو کنارے ہیں، جن میں کھوکھلے موتی ہیں۔ اس کے برتن ستاروں کی طرح ان گنت ہیں۔ اس حدیث کی روایت زکریا، ابوالاحوص اور مطرف نے ابو اسحاق کے واسطہ سے کی۔

(۲۰۷۸) حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا اَبُوْبِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ فِي الْكَوْثَرِ هُوَ الْخَيْرُ الَّذِيْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ قَالَ اَبُوْ بِشْرٍ قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ فَاِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهٗ نَهَرٌ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ سَعِيْدٌ النَّهَرُ الَّذِيْ فِي الْجَنَّةِ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ

۲۰۷۶۔ ہم سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہشیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے حدیث بیان کی، ان سے سعید ابن جبیر نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے "کوثر" کے متعلق فرمایا کہ وہ "خیر کثیر" ہے جو اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو دی ہے۔ ابوبشر نے بیان کیا کہ میں نے سعید بن جبیر سے عرض کی، لوگوں کا تو خیال ہے کہ اس سے جنت کی ایک نہر مراد ہے؟ سعید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جنت کی نہر بھی اس "خیر کثیر" میں سے ایک ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو دی ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ

سورۂ قل یا ایہا الکافرون

باب ۹۵۱۔ يُقَالُ لَكُمْ دِيْنُكُمْ اَلْكُفْرُ وَلِيَ دِيْنِ اَلْاِسْلَامُ وَلَمْ يَقُلْ دِيْنِيْ لِاَنَّ الْاٰيَاتِ بِالنُّوْنِ فَحُذِفَتِ الْيَآءُ كَمَا قَالَ يَهْدِيْنِ وَ يَشْفِيْنِ وَقَالَ غَيْرُهٗ لَآ اَعْبُدُ مَاتَعْبُدُوْنَ اَلْاٰنَ وَلَآ اُجِيْبُكُمْ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ وَلَآ اَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ وَهُمُ الَّذِيْنَ قَالَ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا

باب ۹۵۱۔ بیان کیا گیا ہے کہ "لکم دینکم" سے مراد کفر ہے اور "لی دین" سے مراد اسلام ہے "دینی" نہیں ہے۔ کیونکہ اس سے پہلے کی آیات کا ختم نون پر ہوا ہے اس لئے (فواصل کی رعایت کرتے ہوئے) یہاں بھی "یاء" کو حذف کر دیا۔ جیسے بولتے ہیں یہدین، یشفین۔ ان کے غیر نے کہا کہ آیت "نہ تو میں تمہارے معبودوں کی پرستش کروں گا، یعنی جن معبودوں کی تم اس وقت پرستش کرتے ہو اور نہ میں تمہاری یہ لنو بیت اپنی زندگی میں قبول کروں گا" اور نہ تم میرے معبود کی پرستش کرو گے۔" اس سے مراد وہ کفار ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ "اور جو وحی تمہارے رب کی طرف سے نازل کی جاتی ہے، ان میں سے بہتوں کو سرکشی اور کفر میں اور بڑھا دیتی ہے۔"

باب ۹۵۲۔ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ

باب ۹۵۲۔ سورہ اذا جاء نصر اللہ۔

(۲۰۷۷) حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا اَبُوالْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ مَا صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً بَعْدَ اَنْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ اِلَّا يَقُوْلُ فِيْهَا

۲۰۷۷۔ ہم سے حسن بن ربیع نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالاحوص نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ آیت "جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچی" جب نازل ہوئی تھی، رسول اللہ ﷺ نے کوئی نماز ایسی نہیں پڑھی جس میں آپ یہ دعا نہ کرتے۔ "پاک ہے تیری ذات،

سُبْحَانَکَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ

اے ہمارے رب اور تیرے ہی لئے حمد ہے۔ اے اللہ! میری مغفرت فرمادے۔"

(۲۰۷۸) حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِی الضُّحیٰ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُکْثِرُ اَنْ یَّقُوْلَ فِیْ رُکُوْعِهٖ وَسُجُوْدِهٖ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِکَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ یَتَاَوَّلُ الْقُرْاٰنَ

۲۰۷۸۔ ہم سے عثمان بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے جریر نے حدیث بیان کی، ان سے منصور نے، ان سے ابوالضحیٰ نے، ان سے مسروق نے اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ (سورۂ فتح کے نازل ہونے کے بعد) اپنے رکوع اور سجدوں میں بکثرت یہ دعا پڑھتے تھے۔ "پاک ہے تیری ذات، اے ہمارے رب! اور تیرے ہی لئے حمد ہے اے اللہ! میری مغفرت فرمادے۔" قرآن مجید کے حکم پر اس طرح آپ عمل کرتے تھے۔ (سورۂ فتح میں آپ کو حمد و استغفار کا حکم ہوا تھا۔

باب۹۵۳. وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا

۹۵۳۔ "اور آپ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہوتے دیکھ لیں۔"

(۲۰۷۹) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ حَبِیْبِ ابْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ سَاَلَهُمْ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالیٰ اِذَا جَآءَ نَصْرُاللّٰهِ وَالْفَتْحُ قَالُوْا فَتْحُ الْمَدَآئِنِ وَالْقُصُوْرِ قَالَ مَاتَقُوْلُ یَاابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ اَجَلٌ اَوْمَثَلٌ ضُرِبَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نُعِیَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهٗ کَانَ تَوَّابًا تَوَّابٌ عَلَی الْعِبَادِ وَ التَّوَّابُ مِنَ النَّاسِ اَلتَّآئِبُ مِنَ الذَّنْبِ

۲۰۷۹۔ ہم سے عبداللہ بن ابی شیبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عبدالرحمٰن نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے، ان سے حبیب بن ابی ثابت نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہ عمر رضی اللہ عنہ نے شیوخ بدر سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچے" کے متعلق پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ اس سے اشارہ شہروں اور محلات کی فتح کی طرف ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابن عباس! تمہارا کیا خیال ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ اس میں وفات کی یا محمد ﷺ کی شان بیان کی گئی ہے۔ آپ کی وفات کی آپ کو خبر دی گئی ہے "تو آپ اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیجئے اور اس سے استغفار کیجئے۔ بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔" التواب من الناس۔ وہ شخص ہے جو خطاؤں سے توبہ کرتا رہے۔

(۲۰۸۰) حَدَّثَنَا مُوْسَی بْنُ اِسْمٰعِیْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْعُوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ عُمَرُ یُدْخِلُنِیْ مَعَ اَشْیَاخِ بَدْرٍ فَکَاَنَّ بَعْضَهُمْ وَجَدَ فِیْ نَفْسِهٖ فَقَالَ لِمَ تُدْخِلُ هٰذَا مَعَنَا وَلَنَا اَبْنَآءٌ مِّثْلُهٗ فَقَالَ عُمَرُ اِنَّهٗ مِنْ حَیْثُ عَلِمْتُمْ فَدَعَا ذَاتَ یَوْمٍ فَاَدْخَلَهٗ مَعَهُمْ فَمَا رُئِیْتُ اَنَّهٗ دَعَانِیْ یَوْمَئِذٍ اِلَّا لِیُرِیَهُمْ قَالَ مَاتَقُوْلُوْنَ فِیْ

۲۰۸۰۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابوعوانہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبشر نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ مجھے شیوخ بدر کے ساتھ مجلس میں بٹھاتے تھے۔ بعض (عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو) اس پر اعتراض تھا، انہوں نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اسے آپ مجلس میں ہمارے ساتھ بٹھاتے ہیں، اس کے جیسے تو ہمارے بچے ہیں۔ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس کی وجہ تمہیں معلوم

قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالیٰ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ فَقَالَ بَعْضُهُمْ اُمِرْنَا نَحْمَدُ اللّٰهَ وَنَسْتَغْفِرُه، اِذَا نُصِرْنَا وَ فَتَحَ عَلَيْنَا وَ سَكَتَ بَعْضُهُمْ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا فَقَالَ لِيْ اَكَذٰ اكَ تَقُوْلُ يَاابْنَ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ لَاقَالَ فَمَا تَقُوْلُ قُلْتُ هُوَاَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَه، لَه، قَالَ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَ ذٰلِكَ عَلَامَةُ اَجَلِكَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّه، كَانَ تَوَّابًا فَقَالَ عُمَرُ مَااَعْلَمُ مِنْهَا اِلَّا مَاتَقُوْلُ

ہے۔ (یعنی رسول اللہ ﷺ کی قرابت اور خود ان کی ذکاوت و ذہانت) پھر انہوں نے ایک دن ابن عباس ؓ کو بلایا اور انہیں شیوخ بدر کے ساتھ بٹھایا (ابن عباس ؓ نے فرمایا) میں سمجھ گیا کہ آپ نے آج مجھے انہیں دکھانے کے لئے بلایا ہے۔ پھر ان سے پوچھا، اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے "جب اللہ کی مدد اور فتح آ پہنچے" بعض حضرات نے کہا کہ جب ہمیں مدد اور فتح حاصل ہو تو اللہ کی حمد اور اس سے استغفار کا ہمیں آیت میں حکم دیا گیا ہے، کچھ لوگ خاموش رہے اور کوئی جواب نہیں دیا۔ پھر آپ نے پوچھا ابن عباس! کیا تمہارا بھی یہی خیال ہے؟ میں نے عرض کی کہ نہیں، پوچھا۔ پھر تمہاری کیا رائے ہے؟ میں نے عرض کی کہ اس میں رسول اللہ ﷺ کی وفات کی طرف اشارہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آنحضور ﷺ کو یہی چیز بتائی ہے اور فرمایا کہ "جب اللہ کی مدد آ پہنچے" یعنی پھر یہ آپ کی وفات کی علامت ہے۔ اس لئے آپ اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیجئے اور اس سے استغفار کیجئے۔ بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔ عمر ؓ نے اس پر فرمایا کہ میں بھی وہی جانتا ہوں جو تم نے کہا۔

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ

سورۂ تبت یدا ابی لہب وتب

باب ۹۵۴. تَبَابٌ خُسْرَانٌ تَتْبِيْبٌ تَدْمِيْرٌ

(۲۰۸۱) حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْاُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ وَرَهْطَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى صَعِدَ الصَّفَا فَهَتَفَ يَا صَبَاحَاهُ فَقَالُوْا مَنْ هٰذَا فَاجْتَمَعُوْا اِلَيْهِ فَقَالَ اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ مِنْ سَفْحِ هٰذَا الْجَبَلِ اَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوْامَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا قَالَ فَاِنِّيْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ قَالَ اَبُوْلَهَبٍ تَبًّا لَّكَ مَاجَمَعْتَنَا اِلَّا لِهٰذَا ثُمَّ قَامَ فَنَزَلَتْ

باب ۹۵۴۔ "تباب" ای خسران۔ "تتبیب" ای تدمیر۔

۲۰۸۱۔ ہم سے یوسف بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابو اسامہ نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی "آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے" تو رسول اللہ ﷺ صفا پہاڑ پر چڑھ گئے اور پکارا "یا صباحاہ" ❶ قریش نے کہا یہ کون ہے؟ پھر وہاں سب آ کر جمع ہو گئے۔ آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے کہ اگر میں تمہیں بتاؤں کہ ایک لشکر اس پہاڑ کے پیچھے سے نکلنے والا ہے تو کیا تم مجھے سچا سمجھو گے؟ انہوں نے کہا کہ ہمیں جھوٹ کا آپ سے تجربہ نہیں ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔ پھر میں تمہیں شدید عذاب سے ڈراتا ہوں جو تمہارے سامنے ہے۔ اس پر

---

❶ دشمن کے حملہ کے خطرہ کے اپنی قوم کو تنبیہ کرنے کے لئے اہل عرب ان الفاظ کے ساتھ پکارا کرتے تھے۔ آنحضور ﷺ کو بھی ان کے کفر و شرک اور جہالت کے خلاف انہیں تنبیہ کرنا اور ڈرانا تھا اس لئے آپ نے انہیں اسی طرح پکارا جس طرح دشمن کے خطرہ کے وقت پکارا جاتا تھا۔

تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ وَقَدْ تَبَّ هٰكَذَا قَرَأَ هَا الْاَعْمَشُ يَوْمَئِذٍ قَوْلُهٗ وَتَبَّ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَا لُهٗ وَمَا كَسَبَ

ابولہب بولا، تو تباہ ہو، کیا تم نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا۔ پھر آنحضور ﷺ وہاں سے چلے آئے اور آپ پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ''دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے ابولہب کے اور وہ برباد ہو گیا، نہ اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی ہی۔''

(۲۰۸۲) حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْبَطْحَآءِ فَصَعِدَ اِلَى الْجَبَلِ فَنَادٰى يَاصَبَاحَاهُ فَاجْتَمَعَتْ اِلَيْهِ قُرَيْشٌ فَقَالَ اَرَاَيْتُمْ اِنْ حَدَّثْتُكُمْ اَنَّ الْعَدُوَّ مُصَبِّحُكُمْ اَوْمُمَسِّيكُمْ اَكُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِىْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاِنِّىْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَىْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْلَهَبٍ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا تَبًّا لَّكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ اِلٰى اٰخِرِهَا

۲۰۸۲۔ ہم سے محمد بن سلام نے حدیث بیان کی، انہیں ابو معاویہ نے خبر دی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے، ان سے سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ بطحا کی طرف تشریف لے گئے اور پہاڑی پر چڑھ گئے اور پکارا ''یا صباحاہ'' قریش (اس آواز پر) آپ کے پاس جمع ہو گئے۔ آنحضور ﷺ نے ان سے پوچھا، تمہارا کیا خیال ہے، اگر میں تمہیں بتاؤں کہ دشمن تم پر صبح کے وقت یا شام کے وقت حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ انہوں نے کہا کہ ہاں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا تو میں تمہیں شدید عذاب سے ڈراتا ہوں جو تمہارے سامنے ہے۔ ابولہب بولا۔ تم تباہ ہو جاؤ۔ کیا تم نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''تبت یدا ابی لہب'' آخر تک۔

قَوْلُهٗ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ''ایک شعلہ زن آگ میں پڑے گا۔''

(۲۰۸۳) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِىْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ اَبُوْلَهَبٍ تَبًّا لَّكَ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ. وَامْرَاَتُهٗ حَمَّا لَةَ الْحَطَبِ وَقَالَ مُجَاهِدٌ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ تَمْشِىْ بِالنَّمِيْمَةِ، فِىْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ يُقَالُ مِنْ مَّسَدٍ لِيْفِ الْمُقْلِ وَهِىَ السِّلْسِلَةُ الَّتِىْ فِى النَّارِ

۲۰۸۳۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے آپ کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو بن مرہ نے حدیث بیان کی، ان سے سعید بن جبیرؓ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابولہب نے کہا تھا کہ تو تباہ ہو، کیا تم نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا؟ اس پر آیت ''تبت یدا ابی لہب'' نازل ہوئی اور اس کی بیوی بھی (شعلہ زن آگ میں پڑے گی) جو لکڑیاں لاد کر لانے والی ہے۔'' مجاہد نے فرمایا کہ ''لکڑیاں لاد کر لانے والی'' سے مراد یہ ہے کہ وہ چغل خوری کرتی تھی اور آنحضور ﷺ اور مشرکین کے درمیان دشمنی کی آگ بھڑکاتی تھی۔ اس کی گردن میں رسی پڑی ہو گی خوب بٹی ہوئی۔ کہتے ہیں کہ اس سے مراد گوگل کی رسی [1] ہے۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ اس سے مراد وہ زنجیر ہے جو دوزخ میں اس کے گلے میں پڑی ہو گی۔

[1] یعنی جس رسی سے لکڑی کے گٹھے باندھ کر جنگل سے لایا کرتی تھی ایک دن اسی طرح وہ لکڑیاں لا رہی تھی۔ رسی اس کے گلے میں پڑی ہوئی تھی۔ بوجھ سے تھک کر ایک پتھر پر آرام کرنے کے لئے بیٹھ گئی۔ ایک فرشتہ نے پیچھے سے آ کر اس کی رسی کھینچی اور اس کا گلا گھونٹ دیا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ آیت میں وہی رسی مراد ہے۔

باب ۹۵۵ . قَوْلُهٗ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ يُقَالُ لَايُنَوَّنُ اَحَدٌ اَىْ وَاحِدٌ

باب ۹۵۵۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "قل ھو اللہ احد"۔
بعض نے کہا کہ "احد کی تنوین نہیں پڑھی جائے گی (جبکہ آگے کے لفظ سے اس کا وصل ہو) واحد کے معنی میں ہے۔

(۲۰۸۴) حَدَّثَنَا اَبُوالْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوالزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ كَذَّبَنِي ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ فَاَمَّا تَكْذِيْبُهٗ اِيَّاىَ فَقَوْلُهٗ لَنْ يُّعِيْدَنِيْ كَمَا بَدَاَنِيْ وَلَيْسَ اَوَّلُ الْخَلْقِ بِاَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ اِعَادَتِهٖ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّاىَ فَقَوْلُهُ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَّاَنَا الْاَحَدُ الصَّمَدُ لَمْ اَلِدْ وَلَمْ اُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِّيْ كُفُواً اَحَدٌ قَوْلُهٗ اَللّٰهُ الصَّمَدُ وَالْعَرَبُ تُسَمِّي اَشْرَافَهَا الصَّمَدَ قَالَ اَبُوْوَائِلٍ هُوَ السَّيِّدُ الَّذِىْ انْتَهٰى سُؤْدَدُهٗ

۲۰۸۴۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے ابوالزناد نے حدیث بیان کی، ان سے اعرج نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ مجھے ابن آدم (انسان) نے جھٹلایا حالانکہ اس کے لئے یہ مناسب نہیں تھا۔ مجھے جھٹلانا یہ ہے کہ کہتا ہے کہ اللہ نے جس طرح مجھے پہلی مرتبہ پیدا کیا ہے دوبارہ زندہ نہیں کرے گا۔ حالانکہ میرے لئے دوبارہ زندہ کرنے سے پہلی مرتبہ پیدا کرنا آسان نہیں ❶ ہے۔ اس کا مجھے گالی دینا یہ ہے کہ کہتا ہے اللہ نے اپنا بیٹا بنایا ہے۔ حالانکہ میں ایک ہوں، بے نیاز ہوں، نہ میرے کوئی اولاد ہے اور نہ میں کسی کی اولاد ہوں اور نہ کوئی میرے برابر کا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد "اللہ بے نیاز ہے" عرب اپنے سرداروں کو "صمد" کہتے تھے۔ ابووائل نے فرمایا کہ "صمد اس سردار کو کہتے ہیں جس پر سرداری ختم ہو۔

(۲۰۸۵) حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَّبَنِيْ ابْنُ اٰدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ وَشَتَمَنِيْ وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ ذٰلِكَ اَمَّا تَكْذِيْبُهٗ اِيَّاىَ اَنْ يَّقُوْلَ اِنِّيْ لَنْ اُعِيْدَهٗ كَمَا بَدَاْتُهٗ وَاَمَّا شَتْمُهٗ اِيَّاىَ اَنْ يَّقُوْلَ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا وَّاَنَا الصَّمَدُ الَّذِىْ لَمْ اَلِدْ وَلَمْ اُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لِّيْ كُفُوًا اَحَدٌ لَمْ يَلِدْ .وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ كُفُوًا وَّكَفِيْئًا وَّكِفَاءً وَّاحِدٌ

۲۰۸۵۔ ہم سے اسحاق بن منصور نے حدیث بیان کی، کہا کہ ہم سے عبدالرزاق نے حدیث بیان کی، انہیں معمر نے خبر دی، انہیں ہمام نے، ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے) ابن آدم نے مجھے جھٹلایا۔ حالانکہ اس کے لئے مناسب نہیں تھا۔ اس نے مجھے گالی دی، حالانکہ اسے اس کا حق نہیں تھا۔ مجھے جھٹلانا یہ ہے کہ کہتا ہے کہ میں اسے دوبارہ زندہ نہیں کرسکتا۔ جیسا کہ میں نے اسے پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا۔ اس کا گالی دینا یہ ہے کہ کہتا ہے اللہ نے بیٹا بنالیا ہے۔ حالانکہ میں بے نیاز ہوں۔ میرے نہ کوئی اولاد ہے اور نہ میں کسی کی اولاد ہوں اور نہ کوئی میرے برابر ہے۔ "کفوا اور کفیا" اور "کفاءا" ہم معنی ہیں۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

سورۂ قل اعوذ برب الفلق

باب ۹۵۶ . وَقَالَ مُجَاهِدٌ غَاسِقٌ اللَّيْلُ اِذَا وَقَبَ

باب ۹۵۶۔ مجاہد نے فرمایا کہ "غاسق" بمعنی رات ہے۔ "اذا وقب"

❶ یعنی اللہ کے لئے دونوں برابر ہیں اور ہر چیز کا عدم و وجود صرف اس کے اشارے و حکم پر موقوف ہے۔ لیکن یہاں انسانی فہم کے مطابق گفتگو ہو رہی ہے کہ جس اللہ نے کسی نمونہ کے بغیر انسان کو پیدا کیا ہے، کیا اسے مارنے کے بعد دوبارہ اسے نہیں پیدا کرسکتا۔

غُرُوْبُ الشَّمْسِ يُقَالُ هُوَ اَبْيَنُ مِنْ فَرَقِ وَفَلَقِ الصُّبْحِ وَ قَبَ اِذَا دَخَلَ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ وَ اَظْلَمَ

سورج کا ڈوب جانا مراد ہے۔ بولتے ہیں ''ابین من فرق وفلق الصبح'' وقب'' جب تار کی ہو جائے اور سورج غائب ہو جائے۔

(۲۰۸۶) حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ وَّعَبْدَةَ عَنْ زِرِّبْنِ حُبَيْشٍ قَالَ سَاَلْتُ اُبَىَّ بْنَ كَعْبٍ عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ فَقَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قِيْلَ لِىْ فَقُلْتُ فَنَحْنُ نَقُوْلُ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۰۸۶۔ ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی، انؓ سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عاصم اور عبدہ نے، ان سے زر بن حبیش نے بیان کیا۔ انہوں نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) کے بارے میں پوچھا تو آپ نے بیان کیا کہ میں نے بھی رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ سے کہا گیا (جبرئیل علیہ السلام کی زبانی) ورنہ میں نے اسی طرح کہا۔ چنانچہ ہم بھی وہی کہتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے کہا۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

سورۂ قل اعوذ برب الناس

باب ۹۵۷ .وَيُذْكَرُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَلْوَسْوَاسِ اِذَا وُلِدَ خَنَسَهُ الشَّيْطَانُ فَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ ذَهَبَ وَاِذَا لَمْ يُذْكَرِ اللّٰهُ ثَبَتَ عَلٰى قَلْبِهٖ

باب ۹۵۷۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ''الوسواس'' کے متعلق فرمایا کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کے کوکھ میں مارتا ہے۔ پر جب وہاں اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو وہ بھاگ جاتا ہے اور اگر اللہ کا نام نہ لیا گیا تو اس کے دل پر جم جاتا ہے۔

(۲۰۲۷) حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ اَبِىْ لُبَابَةَ عَنْ زِرِّابْنِ حُبَيْشٍ وَحَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ زِرٍّ قَالَ سَاَلْتُ اُبَىَّ بْنَ كَعْبٍ قُلْتُ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ اِنَّ اَخَاكَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ اُبَىٌّ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِىْ قِيْلَ لِىْ قُلْ فَقُلْتُ قَالَ فَنَحْنُ نَقُوْلُ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۰۲۷۔ ہم سے علی بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے عبدہ بن ابی لبابہ نے حدیث بیان کی، ان سے زر بن حبیش نے (سفیان نے کہا) اور ہم سے عاصم نے (بھی) حدیث بیان کی۔ ان سے زر نے بیان کیا کہ میں نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا یا ابا المنذر! آپ کے بھائی (دینی) تو یہ کہتے ہیں (سورۂ معوذتین کے متعلق) ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا۔ آنحضور ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ (جبرئیل علیہ السلام کی زبانی) مجھ سے کہا گیا اور میں نے کہا، ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم بھی وہی کہتے ہیں جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا۔ ❶

---

❶ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ رائے منسوب کی جاتی ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ ''معوذتین'' قرآن میں سے نہیں ہیں بلکہ آپ کا خیال یہ تھا کہ یہ آیتیں وقتی ضرورت کے لئے نازل ہوئی تھیں۔ جیسے اعوذ باللہ ہے۔ اس لئے انہیں قرآن میں داخل کرنا صحیح نہیں ہے، آپ کہتے تھے کہ خود معوذتین کی ابتداء ''قل'' (آپ کہئے) سے ہوئی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسری دعاؤں کی طرح اس کی بھی آپ کو تعلیم دی گئی تھی۔ بہت سے علماء نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف اس قول کی نسبت ہی کو سرے سے غلط ٹھہرایا ہے اور اس کی سند کو کمزور بتایا ہے۔ نوویؒ نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ معوذتین اور سورۂ فاتحہ قرآن مجید کا جزو ہیں۔ اگر امت کے اس اجماع کے خلاف کوئی اس کو نہیں مانتا اور ان میں سے کسی ایک سورۃ کے بھی قرآن میں سے ہونے کا انکار کرتا ہے تو یہ کفر ہے۔ انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف اس قول کی نسبت باطل اور بے بنیاد ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَضَآئِلُ الْقُرْاٰن

باب ۹۵۸. كَيْفَ نُزُوْلُ الْوَحْيِ وَ اَوَّلُ مَا نَزَلَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَلْمُهَيْمِنُ اَلْاَ مِيْنُ اَلْقُرْآنُ اَمِيْنٌ عَلٰى كُلِّ كِتَابٍ قَبْلَه‘

(۲۰۸۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ شَيْبَانَ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ اَخْبَرَتْنِىْ عَآئِشَةُ وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَا لَبِثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ عَشَرَ سِنِيْنَ يُنْزَلُ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا

(۲۰۸۹) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ قَالَ اُنْبِئْتُ اَنَّ جِبْرِيْلَ اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَه‘ اُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَ يَتَحَدَّثُ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمِّ سَلَمَةَ مَنْ هٰذَا اَوْ كَمَا قَالَ قَالَتْ هٰذَا دِحْيَةُ فَلَمَّا قَامَ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَاحَسِبْتُه‘ اِلَّا اِيَّاهُ حَتّٰى سَمِعْتُ خُطْبَةَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُ خَبَرَ جِبْرِيْلَ اَوْ كَمَا قَالَ قَالَ اَبِىْ قُلْتُ لِاَبِىْ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کے فضائل

۹۵۸۔ وحی کا نزول کس طرح ہوتا تھا اور سب سے پہلے کونسی آیت نازل ہوئی؟ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ "المہیمن" امین کے معنی میں ہے۔ قرآن اپنے سے پہلے کی ہر کتاب سماوی کا امین ہے۔

۲۰۸۸۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے شیبان نے، ان سے یحییٰ نے، ان سے ابوسلمہ نے بیان کیا اور انہیں عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہم نے خبر دی کہ نبی کریم ﷺ پر مکہ میں دس سال تک قرآن نازل ہوتا رہا اور مدینہ میں بھی دس سال تک آپ پر قرآن نازل ہوتا رہا۔

۲۰۸۹۔ ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے معتمر نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے اپنے والد سے سنا، ان سے ابوعثمان نے بیان کیا کہ مجھے معلوم ہوا کہ جبریل علیہ السلام نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور آپ ﷺ سے بات کرنے لگے۔ اس وقت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کے پاس موجود تھیں۔ حضور اکرم ﷺ نے ان سے پوچھا کہ یہ کون ہیں یا اسی طرح کے الفاظ آپ نے فرمائے۔ ام المومنین نے کہا کہ دحیۃ الکلبی رضی اللہ عنہ۔ جب آپ کھڑے ہوئے، ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا، خدا گواہ ہے اس

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) ابن حزم نے بھی اسے ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر ایک تہمت قرار دیا ہے۔ علماء نے تفصیل کے ساتھ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأت نقل کی ہے۔ آپ کے تمام ان شاگردوں نے جو قرآن کی قرأت کے امام ہیں اور آپ سے قرأت نقل کرتے ہیں، سب ہی معوذتین کو قرآن کا جزو مانتے ہیں۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہر سال مسجد نبوی ﷺ میں تراویح پڑھتے تھے۔ ظاہر ہے کہ معوذتین بھی پڑھتے رہے ہوں گے، لیکن ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کسی موقعہ پر ثابت نہیں کہ آپ نے ان کے قرآن سے ہونے کا انکار کیا ہو۔ اس لئے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف اس قول کی نسبت قطعاً لغو اور بے بنیاد ہے۔ جس سند سے یہ قول نقل کیا گیا ہے اس کے بعض راویوں کو محدثین نے کمزور لکھا ہے۔ اس سے بھی قطع نظر تمام امت کا اس پر اتفاق ہے کہ معوذتین بھی قرآن کا جزو ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف اگر انکار کی نسبت کو صحیح بھی مان لیا جائے تو جن روایتوں سے یہ ثابت ہوتا ہے اس میں یہ کہیں نہیں ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کے وحی الٰہی اور تالیف سماوی سے انکار کیا۔ صرف اتنی بات معلوم ہوتی ہے کہ آپ کے نزدیک معوذتین قرآن مجید سے ممتاز اور ایک الگ چیز ہیں۔ بالکل یہی صورت احناف اور بعض دوسرے ائمہ کے یہاں بسم اللہ سے کی ہے کہ وحی منزل تو یہ سب کے یہاں ہے۔ صرف احناف کے نزدیک اس کا وہ حکم نہیں ہے جو قرآن مجید کی تمام دوسری سورتوں کا ہے۔ یعنی احناف یہ مانتے ہیں کہ بسم اللہ الرحمٰن بھی قرآن مجید کی ایک آیت ہے۔ لیکن اس کے باوجود ایک حیثیت سے اسے خارج بھی سمجھتے ہیں اور قرآن مجید کی تمام دوسری سورتوں اور اس میں بعض احکام میں فرق کرتے ہیں۔ مثلاً یہی کہ جہری نمازوں میں احناف کے نزدیک بسم اللہ جہر کے ساتھ نہ پڑھنا چاہئے۔ اسی طرح کی رائے (اگر اس کی نسبت کو صحیح مان لیا جائے) یقیناً ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی معوذتین کے بارے میں رہی ہوگی۔

عُثْمَانَ مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا قَالَ مِنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ

وقت میں بھی میں انہیں دحیۃ الکلبی ہی سمجھتی رہی۔ بالآخر جب میں نے نبی کریم ﷺ کا خطبہ سنا، جس میں آپ نے جبریل علیہ السلام کی خبر سنائی (تب مجھے حقیقت حال معلوم ہوئی) یا اسی طرح کے الفاظ بیان کئے (معتمر نے بیان کیا کہ) میرے والد (سلیمان) نے کہا۔ میں نے ابوعثمان سے کہا کہ آپ نے یہ حدیث کس سے سنی تھی؟ انہوں نے بتایا کہ اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے۔

(۲۰۹۰) حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنَ الْاَنْبِيَآءِ نَبِيٌّ اِلَّا اُعْطِيَ مَامِثْلُه' اٰمَنَ عَلَيْهِ الْبَشَرُ وَاِنَّمَا كَانَ الَّذِيْ اُوْتِيْتُ وَحْيًا اَوْحَاهُ اللّٰهُ اِلَيَّ فَاَرْجُوْا اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ تَابِعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

۲۰۹۰۔ ہم سے عبداللہ بن یوسف نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے سعید المقبری نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے اور ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ ہر نبی کو ایسے ہی معجزات عطا کئے گئے جوان کے زمانہ کے مطابق ہوں کہ (انہیں دیکھ کر) لوگ ان پر ایمان لائیں اور مجھے جو معجزہ دیا گیا ہے وہ وحی (قرآن) ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نازل کی ہے۔ اس لئے مجھے امید ہے کہ میں تمام انبیاء میں اپنے متبعین کی حیثیت سے سب سے بڑھ کر رہوں گا۔

(۲۰۹۱) حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحِ ابْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَنَسُ ابْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى تَابَعَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ وَفَاتِهٖ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اَكْثَرَ مَاكَانَ الْوَحْيُ ثُمَّ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ

۲۰۹۱۔ ہم سے عمرو بن محمد نے حدیث بیان کی، ان سے یعقوب بن ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے، ان سے صالح بن کیسان نے، ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ پر متواتر وحی نازل کرتا رہا۔ اور آپ کی وفات کے قریبی زمانہ میں تو وحی کا سلسلہ اور بڑھ گیا تھا۔ پھر اس کے بعد حضور اکرم ﷺ کی وفات ہوگئی۔

(۲۰۹۲) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبًا يَقُوْلُ اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً اَوْلَيْلَتَيْنِ فَاَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ مَآ اُرٰى شَيْطَانَكَ اِلَّا قَدْتَرَكَكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَالضُّحٰى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰى مَاوَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى

۲۰۹۲۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے سفیان نے حدیث بیان کی، ان سے اسود بن قیس نے کہا کہ میں نے جندب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ بیمار پڑے اور ایک یا دو راتوں میں (تہجد کے لئے) نہ اٹھ سکے تو ایک عورت آنحضور ﷺ کے پاس آئی اور کہنے لگی۔ محمد (ﷺ) میرا خیال ہے کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔ ''قسم ہے دن کی روشنی کی، جب وہ قرار پکڑے کہ آپ کے پروردگار نے نہ آپ کو چھوڑا ہے اور نہ آپ سے بیزار ہے۔''

باب ۹۵۹. نَزَلَ الْقُرْآنُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ وَالْعَرَبِ

۹۵۹۔ قرآن مجید قریش اور عرب کی زبان میں نازل ہوا۔ (اللہ تعالیٰ کا

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ

(۲۰۹۳) حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ فَاَمَرَ عُثْمَانُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ وَعَبْدَاللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ اَنْ يَّنْسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ وَقَالَ لَهُمْ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ عَرَبِيَّةٍ مِّنْ عَرَبِيَّةِ الْقُرْآنِ فَاكْتُبُوْهَا بِلِسَانِ قُرَيْشٍ فَاِنَّ الْقُرْآنَ اُنْزِلَ بِلِسَانِهِمْ فَفَعَلُوْا

(۲۰۹۴) حَدَّثَنَا اَبُوْنُعَيْمٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا عَطَآءٌ وَّقَالَ مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَآءٌ قَالَ اَخْبَرَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ يَعْلٰى ابْنِ اُمَيَّةَ اَنَّ يَعْلٰى كَانَ يَقُوْلُ لَيْتَنِيْ اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فَلَمَّا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجِعْرَانَةِ عَلَيْهِ ثَوْبٌ قَدْ اُظِلَّ عَلَيْهِ وَمَعَهٗ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ اِذْ جَآءَهٗ رَجُلٌ مُّتَضَمِّخٌ بِطِيْبٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ تَرٰى فِيْ رَجُلٍ اَحْرَمَ فِيْ جُبَّةٍ بَعْدَ مَا تَضَمَّخَ بِطِيْبٍ فَنَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاعَةً فَجَآءَهُ الْوَحْيُ فَاَشَارَ عُمَرُ اِلٰى يَعْلٰى اَنْ تَعَالَ فَجَآءَ يَعْلٰى فَاَدْخَلَ رَاْسَهٗ فَاِذَا هُوَ مُحْمَرُّ الْوَجْهِ وَيَغِطُّ كَذٰلِكَ سَاعَةً ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَقَالَ اَيْنَ الَّذِيْ يَسْاَلُنِيْ عَنِ الْعُمْرَةِ اٰنِفًا فَالْتُمِسَ الرَّجُلُ فَجِيْءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَّا الطِّيْبُ الَّذِيْ بِكَ فَاغْسِلْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّاَمَّا الْجُبَّةُ فَانْزِعْهَا ثُمَّ اصْنَعْ فِيْ عُمْرَتِكَ كَمَا تَصْنَعُ فِيْ حَجِّكَ

ارشاد ہے) ''قرآناً عربیاً'' اور ''واضح عربی زبان میں۔''

۲۰۹۳۔ ہم سے ابوالیمان نے حدیث بیان کی، ان سے شعیب نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے اور انہیں انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے خبر دی۔ آپ نے بیان کیا۔ چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے زید بن ثابت، سعید بن عاص، عبداللہ بن زبیر، عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا کہ قرآن مجید کو مصحفوں میں لکھیں اور فرمایا کہ اگر قرآن مجید کے کسی لفظ کے سلسلہ میں تمہارا زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے اختلاف ہو تو اس لفظ کو قریش کی زبان کے مطابق لکھو، کیونکہ قرآن انہی کی زبان پر نازل ہوا ہے۔ چنانچہ ان حضرات نے ایسا ہی کیا۔

۲۰۹۴۔ ہم سے ابونعیم نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے عطاء نے حدیث بیان کی۔ ح۔ اور مسدد نے بیان کیا کہ ہم سے یحییٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابن جریج نے بیان کیا، انہیں عطاء نے خبر دی، کہا کہ مجھے صفوان بن یعلیٰ بن امیہ نے خبر دی کہ یعلیٰ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ کاش! میں رسول اللہ ﷺ کو اس وقت دیکھتا جب آپ پر وحی نازل ہوتی ہے۔ چنانچہ جب حضور اکرم ﷺ مقام جعرانہ میں قیام پذیر تھے، آپ کے اوپر کپڑے سے سایہ کر دیا گیا تھا اور آپ کے ساتھ آپ کے چند صحابہ موجود تھے کہ ایک شخص جو خوشبو میں بسا ہوا تھا آیا، اور عرض کی یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جس نے خوشبو میں بسا ہوا ایک جبہ پہن کر احرام باندھا ہو۔ تھوڑی دیر کے لئے۔ آنحضور ﷺ نے دیکھا اور پھر آپ ﷺ پر وحی آنا شروع ہوگئی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے یعلیٰ رضی اللہ عنہ کو اشارہ سے بلایا۔ یعلیٰ رضی اللہ عنہ آئے اور اپنا سر (اس کپڑے کے جس سے آنحضور ﷺ کے لئے سایہ کیا گیا تھا) اندر کر لیا۔ آنحضور ﷺ کا چہرہ اس وقت سرخ ہو رہا تھا اور آپ تیزی سے سانس لے رہے تھے (ثقل وحی کی وجہ سے) تھوڑی دیر تک یہی کیفیت رہی۔ پھر یہ کیفیت دور ہوگئی اور آپ نے دریافت فرمایا کہ جس نے ابھی مجھ سے عمرہ کے متعلق پوچھا تھا وہ کہاں ہے؟ اس شخص کو تلاش کر کے آنحضور ﷺ کے پاس لایا گیا، آپ نے ان صاحب سے فرمایا، جو خوشبو تمہارے بدن یا کپڑے پر لگی ہوئی ہے اسے تین مرتبہ دھو لو اور جبہ کو اتار دو۔ پھر عمرہ میں بھی اسی طرح کرو جس طرح حج میں کرتے ہو۔

باب ۹۶۰. جَمْعِ الْقُرْآن

(۲۰۹۵) حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمَاعِيْلَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ ابْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُوْبَكْرٍ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَه، قَالَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ عُمَرَ اَتَانِيْ فَقَالَ اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّآءِ الْقُرْآنِ وَاِنِّيْ اَخْشٰى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّآءِ بِالْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ كَثِيْرٌ مِّنَ الْقُرْآنِ وَ اِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ قُلْتُ لِعُمَرَ كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَّمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمَرُ هٰذَا وَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِذٰلِكَ وَرَاَيْتُ فِيْ ذٰلِكَ الَّذِيْ رَاٰى عُمَرُ قَالَ زَيْدٌ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَّانَتَّهِمُكَ وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ فَوَاللّٰهِ لَوْكَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَاكَانَ اَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّآ اَمَرَنِيْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ قُلْتُ كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَّمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَوَاللّٰهِ خَيْرٌ فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْبَكْرٍ يُرَاجِعُنِيْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَه، صَدْرَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْاٰنَ اَجْمَعُه، مِنَ الْعُسُبِ وَاللِّخَافِ وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ اَبِيْ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِه، لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَتّٰى خَاتِمَةِ بَرَآءَةٍ فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَيَاتَه، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

۹۶۰۔جمع قرآن۔

۲۰۹۵۔ہم سے موسیٰ بن اسماعیل نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی، ان سے عبید بن سباق نے اور ان سے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جنگ یمامہ میں (صحابہ کی بہت بڑی تعداد کے) شہید ہو جانے کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے بلا بھیجا۔ اس وقت عمر رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس ہی موجود تھے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ عمر میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ جنگ میں بہت بڑی تعداد میں قرآن کے قاریوں کی شہادت ہوگئی ہے اور مجھے ڈر ہے کہ اسی طرح کفار کے ساتھ دوسری جنگوں میں بھی قراء قرآن بڑی تعداد میں قتل ہو جائیں گے اور یوں قرآن کے جاننے والوں کی بہت بڑی تعداد ختم ہو جائے گی۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ آپ قرآن مجید کو (باقاعدہ صحیفوں میں) جمع کرنے کا حکم دے دیں۔ میں نے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ ایک ایسا کام کس طرح کریں گے جو رسول اللہ ﷺ نے (اپنی زندگی میں) نہیں کیا۔ عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا یہ جواب دیا کہ اللہ گواہ ہے، یہ تو ایک کار خیر ہے۔ عمر یہ بات مجھ سے مسلسل کہتے رہے اور آخر اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ میں مجھے بھی شرح صدر عطا فرمایا اور اب میری بھی وہی رائے ہوگئی ہے جو عمر رضی اللہ عنہ کی ہے۔ زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ (زید رضی اللہ عنہ) جوان اور عقلمند ہیں، آپ کو معاملہ میں متہم بھی نہیں کیا جاسکتا اور آپ رسول اللہ ﷺ کی وحی بھی لکھتے تھے۔ اس لئے آپ قرآن مجید کو پوری تلاش اور عرق ریزی کے ساتھ ایک جگہ جمع کر دیجئے۔ اللہ گواہ ہے، اگر لوگ مجھے کسی پہاڑ کو بھی اس کی جگہ سے دوسری جگہ ہٹانے کے لئے کہتے تو میرے لئے یہ کام اتنا اہم نہیں تھا جتنا کہ ان کا یہ حکم کہ میں قرآن مجید کو جمع کردوں۔ میں نے اس پر کہا کہ آپ لوگ ایک ایسا کام کرنے کی ہمت کیسے کرتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے خود نہیں کیا تھا؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ گواہ ہے۔ یہ ایک عمل خیر ہے۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ یہ جملہ برابر دہراتے رہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی ان کی اور عمر رضی اللہ عنہما کی طرح شرح صدر عنایت فرمایا۔ چنانچہ میں نے قرآن مجید (جو مختلف چیزوں پر لکھا ہوا موجود تھا) کی تلاش شروع کی اور قرآن مجید کو

کھجور کی چھلی ہوئی شاخوں، پتلے پتھروں سے (جس پر اس زمانہ میں لکھا جاتا تھا اور جن پر قرآن مجید بھی لکھا گیا تھا) اور لوگوں کے سینوں (قرآن کے حافظوں کے حافظہ) کی مدد سے جمع کرنے لگا۔ سورۂ توبہ کی آخری آیتیں مجھے ابوخزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس لکھی ہوئی ملیں۔ یہ چند آیات مکتوب شکل میں ان کے سوا اور کسی کے پاس نہیں تھیں۔ وہ آیتیں ''لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم'' سے سورۂ براۃ (توبہ) کے خاتمہ تک۔ جمع کے بعد قرآن مجید کے صحیفے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس محفوظ تھے۔ پھر ان کی وفات کے بعد عمر رضی اللہ عنہ نے جب تک وہ زندہ رہے اپنے ساتھ رکھا۔ پھر ام المؤمنین حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس محفوظ رہے۔

(۲۰۹۶) حَدَّثَنَا مُوْسٰی حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهٗ اَنَّ حُذَيْفَةَ بْنَ الْيَمَانِ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ وَكَانَ يُغَازِيْ اَهْلَ الشَّامِ فِيْ فَتْحِ اِرْمِيْنِيَةَ وَاَذْرَبِيْجَانَ مَعَ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَاَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اِخْتِلَافُهُمْ فِي الْقِرَاءَةِ فَقَالَ حُذَيْفَةُ لِعُثْمَانَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَدْرِكْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ قَبْلَ اَنْ يَّخْتَلِفُوْا فِي الْكِتَابِ اِخْتِلَافَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَاَرْسَلَ عُثْمَانُ اِلٰى حَفْصَةَ اَنْ اَرْسِلِيْ اِلَيْنَا بِالصُّحُفِ نَنْسَخُهَا فِي الْمَصَاحِفِ ثُمَّ نَرُدُّهَا اِلَيْكِ فَاَرْسَلَتْ بِهَا حَفْصَةُ اِلٰى عُثْمَانَ فَاَمَرَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَّعَبْدَاللّٰهِ ابْنَ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ فَنَسَخُوْهَا فِي الْمَصَاحِفِ وَقَالَ عُثْمَانُ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلَاثَةِ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِيْ شَيْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ فَاِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ فَفَعَلُوْا حَتّٰى نَسَخُوا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ رَدَّ عُثْمَانُ الصُّحُفَ اِلٰى حَفْصَةَ وَاَرْسَلَ اِلٰى كُلِّ اُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِّمَّا نَسَخُوْا وَاَمَرَ بِمَا سِوَاهُ مِنَ الْقُرْاٰنِ فِيْ كُلِّ صَحِيْفَةٍ اَوْمُصْحَفٍ اَنْ يُّحْرَقَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَاَخْبَرَنِيْ خَارِجَةُ ابْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ سَمِعَ

۲۰۹۶۔ ہم سے موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم نے حدیث بیان کی، ان سے ابن شہاب نے حدیث بیان کی اور ان سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، کہ حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ امیر المؤمنین عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، اس وقت عثمان رضی اللہ عنہ آرمیدیا اور آذربائیجان کی فتح کے سلسلہ میں شام کے غازیوں کے لئے جنگ کی تیاریوں میں مصروف تھے تاکہ وہ اہل عراق کو ساتھ لے کر جنگ کریں۔ حذیفہ رضی اللہ عنہ قرآن مجید کی قرأت کے اختلاف کی وجہ سے بہت پریشان تھے۔ آپ نے عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ امیر المؤمنین! اس سے پہلے کہ یہ امت (مسلمہ) بھی یہودیوں اور نصرانیوں کی طرح کتاب اللہ میں اختلاف کرنے لگے، آپ اس کی خبر لیجئے۔ چنانچہ عثمان رضی اللہ عنہ نے حفصہ رضی اللہ عنہا کے یہاں کہلایا کہ صحیفے (جنہیں زید رضی اللہ عنہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے حکم سے جمع کیا تھا اور جن پر مکمل قرآن مجید لکھا ہوا تھا) ہمیں دے دیں تاکہ ہم انہیں مصحفوں میں (کتابی شکل میں) نقل کروالیں۔ پھر اصل ہم آپ کو لوٹا دیں گے۔ حفصہ رضی اللہ عنہا نے وہ صحیفے عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیئے اور آپ نے زید بن ثابت، عبداللہ بن زبیر، سعید بن العاص، عبدالرحمن بن حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے اس جماعت کے تین قریشی اصحاب سے فرمایا کہ اگر آپ حضرات کا قرآن مجید کے کسی لفظ کے سلسلہ میں زید رضی اللہ عنہ سے اختلاف ہو تو اسے قریش کی زبان کے مطابق لکھ لیں۔ کیونکہ قرآن مجید نازل بھی قریش ہی کی زبان میں ہوا تھا۔ چنانچہ ان

زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ فَقَدْتُ ايَةً مِّنَ الْاَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْنَا الْمُصْحَفَ قَدْ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهَا فَالْتَمَسْنَاهَا فَوَجَدْنَاهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَاعَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَاَلْحَقْنَا هَا فِيْ سُوْرَتِهَا فِي الْمُصْحَفِ

حضرات نے ایسا ہی کیا اور جب تمام صحیفے مختلف مصاحف میں نقل کر لئے گئے تو عثمان رضی اللہ عنہ نے ان صحیفوں کو حفصہ رضی اللہ عنہا کو واپس لوٹا دیا اور اپنی سلطنت کے ہر علاقہ میں نقل شدہ مصحف کا ایک ایک نسخہ بھجوادیا اور حکم دیا کہ اس کے سوا کوئی چیز اگر قرآن کی طرف منسوب کی جاتی ہے، خواہ وہ کسی صحیفہ یا مصحف میں ہو تو اسے جلا دیا جائے۔ ابن شہاب نے بیان کیا کہ مجھے خارجہ بن زید بن ثابت نے خبر دی۔ انہوں نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ جب ہم (عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں) مصحف کی صورت میں قرآن مجید کو نقل کر رہے تھے تو مجھے سورۂ احزاب کی ایک آیت نہیں ملی، حالانکہ میں اس آیت کو بھی رسول اللہ ﷺ سے سنا کرتا تھا اور آپ اس کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ پھر ہم نے اسے تلاش کیا تو وہ خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی۔ وہ آیت یہ تھی ''من المؤمنین رجال صدقوا ماعاہدوا اللہ علیہ'' چنانچہ ہم نے یہ آیت اس کی صورت میں مصحف میں لکھ دی۔

باب ۹۶۱ . كَاتِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۶۱۔ نبی کریم ﷺ کے کاتب۔

(۲۰۹۷) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ ابْنَ السَّبَّاقِ قَالَ اِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنَّكَ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعْتُ حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ اٰيَتَيْنِ مَعَ اَبِيْ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهُمَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهٖ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ اِلٰى اٰخِرِهٖ

۲۰۹۷۔ ہم سے یحییٰ بن بکیر نے حدیث بیان کی، ان سے لیث نے حدیث بیان کی، ان سے یونس نے، ان سے ابن شہاب نے، ان سے ابن سباق نے بیان کیا اور ان سے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت میں مجھے بلایا اور فرمایا کہ آپ رسول اللہ ﷺ کی وحی لکھتے تھے، اس لئے قرآن (جمع کرنے کے لئے) تلاش کیجئے۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیتیں مجھے ابوخزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس لکھی ہوئی ملیں۔ ان کے سوا اور کہیں یہ دو آیتیں نہیں مل رہی تھیں۔ وہ آیتیں یہ تھیں ''لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم'' آخر تک۔

(۲۰۹۸) حَدَّثَنَا عُبَيْدُاللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُدْعُ لِيْ زَيْدًا وَلْيَجِئْ بِاللَّوْحِ وَالدَّوَاةِ وَالْكَتِفِ اَوِالْكَتِفِ وَالدَّوَاةِ ثُمَّ قَالَ اكْتُبْ لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ وَخَلْفَ ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

۲۰۹۸۔ ہم سے عبیداللہ بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، ان سے اسرائیل نے، ان سے ابواسحاق نے اور ان سے براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب آیت ''لایستوی القاعدون من المؤمنین والمجاہدون فی سبیل اللہ'' نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ زید کو میرے پاس بلاؤ اور ان سے کہو کہ تختی، دوات اور ہڈی (لکھنے کا سامان) لے کر آئیں یا (راوی نے اس کے بجائے) ہڈی اور دوات (کہا) پھر (جب وہ آ گئے) آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ لکھو ''لایستوی القاعدون الخ''، حضور اکرم ﷺ کے پیچھے

وَسَلَّمَ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا تَامُرُنِىْ فَاِنِّىْ رَجُلٌ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ فَنَزَلَتْ مَكَانَهَا لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ غَيْرُ اُولِى الضَّرَرِ

عمرو بن ام مکتوم تھے، جو نابینا تھے۔ انہوں نے عرض کی یارسول اللہ! پھر آپ کا میرے بارے میں کیا حکم ہے، میں تو نابینا ہوں؟ چنانچہ پہلی آیت کی جگہ ''لایستوی القاعدون من المومنین فی سبیل اللہ غیر اولی الضرر'' نازل ہوئی۔

باب۹۶۲. اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ

۹۶۲۔قرآن مجید سات طریقوں سے نازل ہوا۔

(۲۰۹۹) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُاللّٰهِ ابْنُ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمَا حَدَّثَه' اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَقْرَاَنِىْ جِبْرِيْلُ عَلٰى حَرْفٍ فَرَاجَعْتُه' فَلَمْ اَزَلْ اَسْتَزِيْدُ وَيَزِيْدُنِىْ حَتّٰى انْتَهٰى اِلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ

۲۰۹۹۔ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عبداللہ بن عبداللہ نے حدیث بیان کی، اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وحی کی مجھے ایک طریقہ کے مطابق تعلیم دی۔ لیکن میں ان کی طرف رجوع کرتا رہا اور مسلسل ان سے اس میں اضافہ کے لئے کہتا رہا۔ (امت کی سہولت کے لئے) اور وہ اس میں اضافہ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ انہوں نے سات طریقوں کے مطابق مجھے پڑھایا۔

(۲۱۰۰) حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عُفَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ وَعَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِالْقَارِىِّ حَدَّثَاهُ اَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ هِشَامَ ابْنَ حَكِيْمٍ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِىْ حَيَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَعْتُ لِقِرَآءَ تِهٖ فَاِذَا هُوَ يَقْرَاُ عَلٰى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ لَّمْ يُقْرِئْنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكِدْتُ اُسَاوِرُه' فِى الصَّلٰوةِ فَتَصَبَّرْتُ حَتّٰى سَلَّمَ فَلَبَّبْتُه' بِرِدَآئِهٖ فَقُلْتُ مَنْ اَقْرَاَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِىْ سَمِعْتُكَ تَقْرَاُ قَالَ اَقْرَاَنِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ كَذَبْتَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَقْرَاَنِيْهَا عَلٰى غَيْرِ مَا قَرَاْتَ فَانْطَلَقْتُ بِهٖ اَقُوْدُه' اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّىْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَاُ بِسُوْرَةِ الْفُرْقَانِ عَلٰى حُرُوْفٍ لَّمْ تُقْرِئْنِيْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسِلْهُ اِقْرَاْ

۲۱۰۰۔ہم سے سعید بن عفیر نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے لیث نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے عقیل نے حدیث بیان کی اور ان سے ابن شہاب نے بیان کیا، ان سے عروہ بن زبیر نے حدیث بیان کی، ان سے مسور بن مخرمہ اور عبدالرحمٰن بن عبدالقاری نے حدیث بیان کی، انہوں نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ بیان کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ کی حیات میں، میں نے ہشام بن حکیم کو سورۂ فرقان نماز میں پڑھتے سنا۔ میں نے ان کی قرأت کو غور سے سنا تو معلوم ہوا کہ وہ سورت دوسرے طریقہ سے پڑھ رہے ہیں۔ حالانکہ مجھے اس طرح آنحضور ﷺ نے نہیں پڑھایا تھا۔ قریب تھا کہ میں ان کا سر نماز ہی میں پکڑ لیتا، لیکن میں نے بڑی مشکل سے صبر کیا اور جب انہوں نے سلام پھیرا تو میں نے ان کی چادر سے ان کی گردن باندھ کر پوچھا یہ سورہ جو میں نے ابھی تمہیں پڑھتے ہوئے سنی ہے، تمہیں کس نے اس طرح پڑھائی ہے؟ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اسی طرح پڑھائی ہے۔ میں نے کہا تم جھوٹ بولتے ہو۔ خود حضور اکرم ﷺ نے مجھے اس سے مختلف دوسرے طریقہ سے پڑھائی، جس طرح تم پڑھ رہے تھے۔ بالآخر میں انہیں کھینچتا ہوا حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں نے اس شخص سے سورۂ فرقان ایسے طریقوں سے پڑھتے سنی جن کی آپ ﷺ

يَاهِشَامُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْقِرَآءَةَ الَّتِي سَمِعْتُه' يَقْرَأُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ اُنْزِلَتْ ثُمَّ قَالَ اِقْرَأْ يَاعُمَرُ فَقَرَأْتُ الْقِرَاءَةَ الَّتِي اَقْرَأَنِي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَالِكَ اُنْزِلَتْ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ اُنْزِلَ عَلٰى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَءُ وْامَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

نے مجھے تعلیم نہیں دی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا، پہلے انہیں چھوڑ دو، ہشام! پڑھ کر سناؤ۔ انہوں نے آنحضور ﷺ کے سامنے بھی اسی طرح پڑھا، جس طرح میں نے انہیں نماز میں پڑھتے سنا تھا۔ آنحضور ﷺ نے یہ سن کر فرمایا کہ یہ سورت اسی طرح نازل ہوئی ہے۔ پھر فرمایا عمر! اب تم پڑھ کر سناؤ، میں نے اس طرح پڑھا جس طرح آنحضور ﷺ نے مجھے تعلیم دی تھی۔ آنحضور ﷺ نے اسے بھی سن کر فرمایا کہ اسی طرح نازل ہوئی۔ یہ قرآن سات طریقوں سے نازل ہوا ہے۔ پس تمہیں جس طرح آسان ہو پڑھو۔

باب ۹۶۳ . تَالِيْفِ الْقُرْاٰنِ

۹۶۳۔ قرآن مجید کی ترتیب وتدوین۔

(۲۱۰۱) حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ اَنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ اَخْبَرَ هُمْ قَالَ وَاَخْبَرَنِي يُوْسُفُ ابْنُ مَاهَكٍ قَالَ اِنِّي كُنْتُ عِنْدَ عَآئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اِذْ جَآئَهَا عِرَاقِيٌّ فَقَالَ اَيُّ الْكَفَنِ خَيْرٌ قَالَتْ وَيْحَكَ وَمَا يَضُرُّكَ قَالَ يَااُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَرِيْنِي مُصْحَفَكِ قَالَتْ لِمَ قَالَ لَعَلِّي اُوَلِّفُ الْقُرْاٰنَ عَلَيْهِ فَاِنَّه' يُقْرَأُ غَيْرَ مُؤَلَّفٍ قَالَتْ وَمَايَضُرُّكَ اَيَّهُ اٰيَةٍ قَرَأْتَ قَبْلُ اِنَّمَا نَزَلَ اَوَّلَ مَانَزَلَ مِنْهُ سُوْرَةٌ مِّنَ الْمُفَصَّلِ فِيْهَا ذِكْرُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ حَتّٰى اِذَا تَابَ النَّاسُ اِلَى الْاِسْلَامِ نَزَلَ الْحَلَالُ وَالْحَرَامُ وَلَوْ نَزَلَ اَوَّلَ شَيْءٍ لَاتَشْرَبُوا الْخَمْرَ لَقَالُوْا لَانَدَعُ الْخَمْرَ اَبَدًا لَقَدْ نَزَلَ بِمَكَّةَ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنِّي لَجَارِيَةٌ اَلْعَبُ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ وَمَا نَزَلَتْ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَالنِّسَآءِ اِلَّاوَاَنَا عِنْدَه' قَالَ فَاَخْرَجَتْ لَهُ الْمُصْحَفَ فَاَمْلَتْ عَلَيْهِ اٰيَ السُّوْرَةِ

۲۱۰۱۔ ہم سے ابراہیم بن موسیٰ نے حدیث بیان کی، انہیں ہشام بن یوسف نے خبر دی، انہیں ابن جریج نے خبر دی، بیان کیا کہ مجھے یوسف ابن ماہک نے خبر دی، انہوں نے بیان کیا کہ میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک عراقی ان کے پاس آیا، اور پوچھا کہ کس طرح کا کفن افضل ہے؟ ام المؤمنینؓ نے فرمایا، افسوس تمہیں (یہ مسئلہ جانے بغیر) کیا نقصان ہے۔ پھر اس شخص نے کہا کہ ام المؤمنین! مجھے اپنا مصحف دکھا دیجئے۔ آپ نے فرمایا کیوں؟ اس نے کہا تا کہ میں بھی قرآن مجید اسی ترتیب کے مطابق پڑھوں، کیونکہ لوگ بغیر ترتیب کے پڑھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ تم جو جو آیت بھی (دوسری سورت پڑھنے سے پہلے) پڑھو، تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ مفصلات میں سب سے پہلے وہ سورت نازل ہوئی جس میں جنت اور دوزخ کا ذکر ہے۔ پھر جب لوگوں کا اسلام کی طرف رجوع شروع ہوا تو حلال وحرام کے مسائل نازل ہوئے۔ اگر پہلے ہی یہ حکم نازل ہو جاتا کہ ''شراب مت پیؤ'' تو وہ کہتے کہ ہم شراب کبھی نہیں چھوڑ سکتے۔ اور اگر پہلے ہی یہ حکم نازل ہو جاتا کہ ''زنا مت کرو'' تو وہ کہتے کہ زنا ہم کبھی نہیں چھوڑیں گے۔ اس کے بجائے مکہ میں محمد ﷺ پر اس وقت جب میں بچی تھی اور کھیلا کرتی تھی، یہ آیت نازل ہوئی ''بل الساعۃ موعدہم والساعۃ ادھی وامر'' لیکن سورۂ بقرہ اور سورۂ نساء (جن میں احکام ہیں) اس وقت نازل ہوئیں، جب میں حضور اکرم ﷺ کے پاس تھی۔ بیان کیا کہ پھر آپ نے اس عراقی کے لئے مصحف نکالا اور ہر سورت کی آیات کی تفصیل لکھوائی۔

(۲۱۰۲) حَدَّثَنَا اٰدَمُ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ

۲۱۰۲۔ ہم سے آدم نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان

قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَالرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ فِيْ بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ وَ الْكَهْفِ وَمَرْيَمَ وَطٰهٰ وَالْاَنْبِيَآءِ اِنَّهُنَّ مِنَ الْعِتَاقِ الْاُوَلِ وَهُنَّ مِنْ تِلَادِيْ

کی، ان سے ابواسحاق نے بیان کیا، انہوں نے عبدالرحمٰن بن یزید سے سنا اور انہوں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنا۔ آپ نے سورۂ بنی اسرائیل، سورۂ کہف، سورۂ مریم، سورۂ طٰہٰ اور سورۂ انبیاء کے متعلق فرمایا کہ یہ پانچوں سورتیں سب سے عمدہ ہیں جو ابتداء میں نازل ہوئی تھیں اور انکا نزول ابتداء ہی میں ہوا تھا۔ (لیکن اس کے باوجود ترتیب کے اعتبار سے یہ مؤخر ہیں)۔

(۲۱۰۳) حَدَّثَنَآ اَبُوالْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَنْبَاَنَا اَبُوْاِسْحَاقَ سَمِعَ الْبَرَآءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ تَعَلَّمْتُ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ قَبْلَ اَنْ يَّقْدَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۲۱۰۳۔ ہم سے ابوالولید نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، انہیں ابواسحاق نے خبر دی، انہوں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا، آپ نے بیان کیا کہ میں نے سورۂ ''سبح اسم ربک'' نبی کریم ﷺ کے مدینہ منورہ آنے سے پہلے ہی سیکھ لی تھی۔

(۲۱۰۴) حَدَّثَنَا عَبْدَانُ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ قَدْ عَلِمْتُ النَّظَآئِرَ الَّتِيْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُهُنَّ اثْنَيْنِ اثْنَيْنِ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ فَقَامَ عَبْدُاللّٰهِ وَدَخَلَ مَعَهٗ عَلْقَمَةُ وَخَرَجَ عَلْقَمَةُ فَسَاَلْنَاهُ فَقَالَ عِشْرُوْنَ سُوْرَةً مِنْ اَوَّلِ الْمُفَصَّلِ عَلٰى تَاْلِيْفِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اٰخِرُهُنَّ الْحَوَامِيْمُ حٰمٓ الدُّخَانُ وَعَمَّ يَتَسَآءَ لُوْنَ

۲۱۰۴۔ ہم سے عبدان نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحمزہ نے، ان سے اعمش نے، ان سے شقیق نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں ان مماثل سورتوں کو جانتا ہوں جنہیں نبی کریم ﷺ ہر رکعت میں دو دو پڑھتے تھے۔ پھر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے (مجلس سے اور اپنے گھر میں) چلے گئے۔ علقمہ بھی آپ کے ساتھ اندر گئے۔ جب علقمہ رحمۃ اللہ باہر نکلے تو ہم نے ان سے پوچھا (انہیں سورتوں کے متعلق) آپ نے بیان کیا کہ مفصلات کی ابتدائی بیس سورتیں ہیں اور ان میں آخر کی حم والی سورتیں اور سورۂ عم یتساءلون۔

باب ۹۶۴۔ كَانَ جِبْرِيْلُ يَعْرِضُ الْقُرْاٰنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَسْرُوْقٌ عَنْ عَآئِشَةَ عَنْ فَاطِمَةَ رضی اللہ عنہا اَسَرَّ اِلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرِيْلَ يُعَارِضُنِيْ بِالْقُرْاٰنِ كُلَّ سَنَةٍ وَاِنَّهٗ عَارَضَنِي الْعَامَ مَرَّتَيْنِ وَلَآ اُرَاهُ اِلَّا حَضَرَ اَجَلِيْ

۹۶۴۔ جبرئیل علیہ السلام نبی کریم ﷺ سے قرآن مجید کا دور کرتے تھے اور مسروق نے بیان کیا اور ان سے عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے چپکے سے بتایا کہ جبرئیل علیہ السلام مجھ سے ہر سال قرآن مجید کا دور کرتے ہیں اور اس سال انہوں نے مجھ سے دو مرتبہ دور کیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ میری مدت حیات پوری ہو گئی ہے۔

(۲۱۰۵) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ قَزَعَةَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِاللّٰهِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ وَاَجْوَدُ مَايَكُوْنُ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ لِاَنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ يَلْقَاهُ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ حَتّٰى يَنْسَلِخَ يَعْرِضُ

۲۱۰۵۔ ہم سے یحییٰ بن قزعہ نے حدیث بیان کی، ان سے ابراہیم بن سعد نے حدیث بیان کی، ان سے زہری نے، ان سے عبیداللہ بن عبداللہ نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ خیر کے معاملہ میں سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں آپ کی سخاوت کی تو کوئی حد و انتہاء ہی نہیں تھی۔ کیونکہ رمضان کے مہینوں میں جبرئیل علیہ السلام آپ سے آ کر ہر رات ملتے تھے، یہاں تک کہ رمضان کا مہینہ ختم

عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ فَاِذَا لَقِيَهُ جِبْرِيْلُ كَانَ اَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ

ہو جاتا۔ آپ ان راتوں میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے۔ جب جبرئیل علیہ السلام آپ سے ملتے تو اس زمانہ میں آنحضور ﷺ تیز ہوا سے بھی بڑھ کر سخی ہو جاتے تھے۔

(۲۱۰۶) حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ جِبْرِيْلُ يَعْرِضُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ كُلَّ عَامٍ مَّرَّةً فَعَرَضَ عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ وَكَانَ يَعْتَكِفُ كُلَّ عَامٍ عَشْرًا فَاعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ فِي الْعَامِ الَّذِيْ قُبِضَ فِيْهِ

۲۱۰۶۔ ہم سے خالد بن یزید نے حدیث بیان کی، ان سے ابوبکرؓ نے حدیث بیان کی، ان سے ابوحصین نے، ان سے ابوصالح نے اور ان سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جبرئیل علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہر سال ایک مرتبہ قرآن مجید کا دور کیا کرتے تھے۔ لیکن جس سال آنحضور ﷺ کی وفات ہوئی تھی اس میں آپ نے آنحضور ﷺ کے ساتھ دو مرتبہ دور کیا۔ آنحضور ﷺ ہر سال دس دن کا اعتکاف کرتے تھے، لیکن جس سال آپ ﷺ کی وفات ہوئی اس سال آپ نے بیس دن کا اعتکاف کیا۔

باب ۹۶۵۔ اَلْقُرَّآءِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۹۶۵۔ نبی کریم ﷺ کے وہ صحابہ جو قرآن مجید کی قرأت میں امتیاز رکھتے تھے۔

(۲۱۰۷) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مَّسْرُوْقٍ ذَكَرَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَمْرٍو عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ لَاأَزَالُ اُحِبُّهُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خُذُوا الْقُرْاٰنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَّسَالِمٍ وَّمُعَاذٍ وَّاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

۲۱۰۷۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے شعبہ نے حدیث بیان کی، ان سے عمرو نے، ان سے ابراہیم نے، ان سے مسروق نے کہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا اور فرمایا کہ اس وقت سے ان کی محبت میرے دل میں گھر کر گئی ہے جب سے میں نے آنحضور ﷺ کو یہ کہتے سنا کہ قرآن مجید کو چار اصحاب سے حاصل کرو۔ (۱) عبداللہ بن مسعودؓ (۲) سالمؓ (۳) معاذ اور (۴) ابی بن کعب رضی اللہ عنہم۔

(۲۱۰۸) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ خَطَبَنَا عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعًا وَّسَبْعِيْنَ سُوْرَةً وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّيْ مِنْ اَعْلَمِهِمْ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَمَا اَنَا بِخَيْرِهِمْ قَالَ شَقِيْقٌ فَجَلَسْتُ فِي الْحِلَقِ اَسْمَعُ مَا يَقُوْلُوْنَ فَمَا سَمِعْتُ رَادًّا يَقُوْلُ غَيْرَ ذٰلِكَ

۲۱۰۸۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے شقیق بن سلمہ نے بیان کیا کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا کہ اللہ گواہ ہے، میں نے تقریباً ستر سورتیں خود رسول اللہ ﷺ کی زبان سے سن کر حاصل کی ہیں۔ اللہ گواہ ہے حضور اکرم ﷺ کے صحابہ کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ میں ان سب سے زیادہ قرآن جاننے والا ہوں۔ حالانکہ میں ان سے افضل و بہتر نہیں ہوں۔ شقیق نے بیان کیا کہ پھر میں مجلس میں بیٹھا تا کہ صحابہ کی رائے سن سکوں کہ وہ اس کے متعلق کیا کہتے ہیں۔ لیکن میں نے کسی سے اس کی تردید نہیں سنی۔

(۲۱۰۹) حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ

۲۱۰۹۔ مجھ سے محمد بن کثیر نے حدیث بیان کی، انہیں سفیان نے خبر دی،

عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنَّا بِحِمْصَ فَقَرَأَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ سُوْرَةَ يُوْسُفَ فَقَالَ رَجُلٌ مَّا هٰكَذَا اُنْزِلَتْ قَالَ قَرَأْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنْتَ وَوَجَدَ مِنْهُ رِيْحَ الْخَمْرِ فَقَالَ اَتَجْمَعُ اَنْ تُكَذِّبَ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَتَشْرَبَ الْخَمْرَ فَضَرَبَهُ الْحَدَّ

انہیں اعمش نے خبر دی، انہیں ابراہیم نے، ان سے علقمہ نے بیان کیا کہ ہم حمص میں تھے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورۂ یوسف پڑھی تو ایک شخص بولا کہ اس طرح نہیں نازل ہوئی تھی۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اس سورت کی تلاوت کی تھی اور آپ نے میری قرأت کی تحسین فرمائی تھی۔ آپ نے محسوس کیا کہ اس کے منہ سے شراب کی بو آ رہی تھی۔ تو فرمایا کہ اللہ کی کتاب کے متعلق کذب بیانی اور شراب نوشی جیسے گناہ ایک ساتھ کرتا ہے۔ پھر آپ نے اس پر حد جاری کروائی۔

(۲۱۱۰) حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا اَبِيْ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُاللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ غَيْرُهٗ مَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّا اَنَا اَعْلَمُ اَيْنَ اُنْزِلَتْ وَلَاۤ اُنْزِلَتْ اٰيَةٌ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ اِلَّاۤ اَنَا اَعْلَمُ فِيْمَ اُنْزِلَتْ وَلَوْ اَعْلَمُ اَحَدًا اَعْلَمَ مِنِّيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَبْلُغُهُ الْاِبِلُ لَرَكِبْتُ اِلَيْهِ

۲۱۱۰۔ ہم سے عمر بن حفص نے حدیث بیان کی، ان سے ان کے والد نے حدیث بیان کی، ان سے اعمش نے حدیث بیان کی، ان سے مسلم نے حدیث بیان کی، ان سے مسروق نے بیان کیا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اللہ کی قسم، جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ کتاب اللہ کی جو سورت بھی نازل ہوئی، اس کے متعلق میں جانتا ہوں کہ کہاں نازل ہوئی اور کتاب اللہ کی جو آیت بھی نازل ہوئی اس کے متعلق مجھے معلوم ہے کہ کس کے بارے میں نازل ہوئی اور اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ کوئی شخص مجھ سے زیادہ کتاب اللہ کا علم رکھتا ہے اور اونٹ ہی اس کے پاس مجھے پہنچا سکتے ہیں (یعنی دور کی مسافت ہے) تب بھی میں اس کے پاس پہنچوں گا (اور اس سے علم حاصل کروں گا)۔

(۲۱۱۱) حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَنْ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِّنَ الْاَنْصَارِ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَاَبُوْزَيْدٍ تَابَعَهُ الْفَضْلُ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسٍ

۲۱۱۱۔ ہم سے حفص بن عمر نے حدیث بیان کی، ان سے ہمام نے حدیث بیان کی، ان سے قتادہ نے حدیث بیان کی، کہا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں قرآن مجید کو کن حضرات نے جمع کیا تھا؟ آپ نے فرمایا کہ چار اصحاب نے اور چاروں انصار کے قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ابی بن کعب، معاذ بن جبل، زید بن ثابت اور ابوزید رضوان اللہ علیہم۔ اس روایت کی متابعت فضل نے حسین بن واقد کے واسطہ سے کی۔ ان سے ثمامہ نے اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے۔

(۲۱۱۲) حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ ابْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ وَثُمَامَةُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَجْمَعِ الْقُرْاٰنَ غَيْرُ اَرْبَعَةٍ اَبُو الدَّرْدَاۤءِ وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ وَزَيْدُ

۲۱۱۲۔ ہم سے معلی بن اسد نے حدیث بیان کی، ان سے عبداللہ بن مثنیٰ نے حدیث بیان کی، کہا کہ مجھ سے ثابت بنانی اور ثمامہ نے حدیث بیان کی اور ان سے انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ کی وفات تک قرآن مجید کو چار اصحاب کے سوا اور کسی نے جمع نہیں کیا تھا۔

بْنُ ثَابِتٍ وَاَبُوْزَيْدٍ قَالَ وَنَحْنُ وَرِثْنَاهُ

ابودرداء، معاذ بن جبل، زید بن ثابت اور ابوزید رضی اللہ عنہ۔ انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابوزید رضی اللہ عنہ کے وارث ہم ہوئے ہیں۔

(۲۱۱۳) حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ اُبَىٌّ اَقْرَأُنَا وَاِنَّا لَنَدَعُ مِنْ لَّحْنِ اُبَىٍّ وَاُبَىٌّ يَقُوْلُ اَخَذْتُهٗ مِنْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا اَتْرُكُهٗ لِشَىْءٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَانَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْنُنْسِهَانَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْمِثْلِهَا

۲۱۱۳۔ ہم سے صدقہ بن فضل نے حدیث بیان کی، انہیں یحیٰی نے خبر دی، انہیں سفیان نے، انہیں حبیب بن ابی ثابت نے، انہیں سعید بن جبیر نے اور ان سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہم میں سب سے اچھے قاری ہیں، اس کے باوجود ہم ابی کی قرأت (اگر کسی آیت کی تلاوت منسوخ ہوگئی ہے) چھوڑ دیتے ہیں۔ حالانکہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے اسے رسول اللہ ﷺ کے دہن مبارک سے حاصل کیا ہے۔ میں اسے کسی اور وجہ سے نہیں چھوڑتا (بلکہ چھوڑنے کی وجہ آنحضور ﷺ ہی کا ارشاد ہوتا ہے کہ آیت منسوخ ہوگئی) اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے کہ ”ہم جب کسی آیت کو منسوخ کرتے ہیں یا اسے بھلا دیتے ہیں تو اس سے بہتر لاتے ہیں یا اسی کی مثل۔“

الحمدللہ تفہیم البخاری کا بیسواں پارہ مکمل ہوا

ثم الحمدللہ

تفہیم البخاری کی جلد دوم ختم ہوئی